تیسیر القرآن

قرآنِ مجید کا نہایت آسان ترجمہ

مع تشریحی فوائد

جلد اول

سورۂ فاتحہ تا سورۂ بنی اسرائیل

از:

مفتی محمود بن مولانا سلیمان حافظجی باردولی

مدرس جامعہ اسلامیہ تعلیم الدین ڈابھیل سملک گجرات انڈیا

نورانی مکاتب

www.nooranimakatib.com

تیسیر القرآن

قرآنِ مجید کا نہایت آسان ترجمہ

مع

تشریحی فوائد

جلد اول

از سورۂ فاتحہ تا سورۂ بنی اسرائیل

از

مفتی محمود بن مولانا سلیمان حافظ جی بارڈولی

استاذ: جامعہ اسلامیہ تعلیم الدین ڈابھیل

ناشر

نورانی مکاتب

تفصیلات

نام کتاب:.......... تیسیر القرآن، قرآن مجید کا آسان ترین ترجمہ (جلد اول)

مترجم:.................. مفتی محمود صاحب بارڈولی دامت برکاتہم

صفحات: ۶۱۵

ناشر:....................... ...... نورانی مکاتب

WWW.NOORANI MAKATIB.COM

ملنے کے پتے

مولانا یوسف صاحب بھانا، محمودنگر، ڈابھیل۔ 98240,96267

Email id: yusuf_bhana@hotmail.com

ادارۃ الصدیق ڈابھیل، گجرات۔ 99133,19190 \ 99048,86188

جامعہ دارالاحسان، بارڈولی، سورت، گجرات

جامعہ دارالاحسان، تواپور، نندوربار، مہاراشٹر

نمبر شمار	فہرست مضامین	صفحہ
❁	پیش لفظ	۵
❁	مقدمہ	۹
۱	سورۃ فاتحہ	۱۵
۲	پارہ نمبر (۱)	۱۵
۳	سورۃ بقرہ	۱۹
۴	پارہ نمبر (۲)	۶۲
۵	پارہ نمبر (۳)	۱۰۳
۶	سورۃ آل عمران	۱۱۹
۷	پارہ نمبر (۴)	۱۴۵
۸	سورۃ نساء	۱۷۵
۹	پارہ نمبر (۵)	۱۸۶
۱۰	پارہ نمبر (۶)	۲۲۴
۱۱	سورۃ مائدہ	۲۳۳
۱۲	پارہ نمبر (۷)	۲۶۳
۱۳	سورۃ انعام	۲۷۵
۱۴	پارہ نمبر (۸)	۳۰۵
۱۵	سورۃ اعراف	۳۲۱
۱۶	پارہ نمبر (۹)	۳۴۳
۱۷	سورۃ انفال	۳۶۹

پیش لفظ

الحمدللّٰہ الرحمن الذي أنزل القرآن،والصلوة والسلام علی سیدنامحمد خاتم النبیین الذي علمنا القرآن،وعلی اٰلہ وصحبہ وعلی من تبعھم الناشرین القرآن لفظاًومعنی۔

أما بعد: اس ربِّ کریم کا ہم شکر ادا کر ہی نہیں سکتے، انعامات کی ایسی موسلا دھار بارش! کہ کس منہ سے اور کونسی نعمت کے لیے شکر کیا جائے سمجھ سے بالاتر ہے؛ لیکن میرے رب کا بہت ہی بڑا فضل اور انعام یہ ہوا کہ ربِّ کریم نے اِس بندۂ نااہل سے اپنے کلامِ پاک کے ترجمہ کا کام لیا۔

یوں تو اردو زبان میں قرآنِ کریم کے متعدد تراجم ہیں اور سبھی ماشاء اللہ! مفید ہیں؛ اس کے باوجود بندے کے دل میں اللہ تعالیٰ نے یہ بات ڈالی کہ ایک ترجمہ بالکل سہل اور سلیس اردو زبان میں ہونا چاہیے؛ چنانچہ اس ربِّ کریم کی اعانت اور مدد مانگتے ہوئے اس کام کو حرمِ مکہ سے شروع کر دیا۔

چوں کہ تدریس کے شروع زمانے؛ بلکہ سالِ اول سے بحمد اللہ! قرآن کے معانی ومطالب پڑھانے کا سلسلہ جاری ہے اور جلالین کا سبق بھی، نیز عوام میں بھی درسِ قرآن کا سلسلہ چل رہا ہے ان ذمے داریوں نے کافی ہمت افزائی کی اور الحمدللہ! ان سالوں کے درمیان اردو، عربی تفاسیر اور اردو تراجم دیکھنے کا موقع ملتا رہا؛ خصوصاً ترجمۂ شیخ الہند، کشف الرحمن (سحبان الہند مولانا احمد سعید صاحب دہلویؒ) معارف القرآن، اور ابھی ماضی قریب میں آسان ترجمۂ قرآن (مفتی محمد تقی عثمانی صاحب دامت برکاتہم) سے بھی استفادہ کیا اور لغات القرآن (مولانا عبد الرشید نعمانی، مولانا عبد الدائم الجلالی) اور مفردات القرآن للراغب اصفہانی کو بار بار دیکھنے کا موقع ملا۔

ہمت بڑھنے کا ایک سبب یہ بھی تھا کہ طلبہ کے درمیان ترجمہ کافی مقبول رہا؛ چنانچہ طلبہ اس ترجمہ کو کاپیوں میں بھی نقل کرتے اور بعض طلبہ تو سالہائے گذشتہ کی کاپی لے کر سبق میں آتے اور گذشتہ اور موجودہ سبق کا مقابلہ کر کے جو چیز زائد سنی جاتی اسے نوٹ کر لیتے۔ شاید یہی سبب ہے کہ میں نے اس ترجمہ کے حاشیہ پر ایک ہی آیت کے دو، تین ترجمے کیے ہیں؛ تاکہ مجھ جیسے کمزور حضرات بھی اس کو آسانی سے سمجھ سکیں۔

بتوفیقِ الٰہی کافی سالوں کے بعد اس ترجمہ کو شائع کرنے کی میں نے ہمت کر ہی لی اور الحمد للہ! اس میں مستقل لگ گیا، رفتہ رفتہ کام ہوتا رہا؛ یہاں تک کہ امسال یہ پایۂ تکمیل کو پہنچا اور طباعت کے لیے روانہ کیا جارہا ہے، مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس موقع پر کام کی نوعیت بھی قارئین کی خدمت میں پیش کردی جائے۔

کام کی نوعیت

(۱) بین القوسین کی عبارت آیت کے مفہوم کو واضح کرنے کے لیے ہے، کسی جگہ قرآنی لفظ کا دوسرا ترجمہ ہے، نیز بہت سارے مقامات پر حاشیہ میں دوسرا ترجمہ نقل کردیا گیا ہے۔

(۲) مختلف تفاسیر میں سے راجح کو ترجیح دی گئی ہے۔

(۳) ایک لفظ کے متعدد معانی میں سے ایک کی تعیین میں سیاق وسباق کی رعایت کی گئی ہے۔

(۴) ایک لفظ کا الگ الگ آیت میں الگ الگ ترجمہ اس کے مختلف معانی ہونے کی وجہ سے کیا گیا ہے؛ تاکہ سب معانی قاری کے سامنے آجائے۔ نیز اس بات کا بھی خاص اہتمام کیا گیا ہے کہ ضمائر کے مراجع راجح قول کے اعتبار سے واضح کیے جائے؛ تاکہ مرادِ باری تعالیٰ کو سمجھنا سہل اور آسان ہوجائے۔

(۵) تعظیم کے خاطر اللہ تعالیٰ کے لیے جمع کا صیغہ استعمال کرنے کی کوشش کی گئی ہے؛ البتہ بعض جگہ توحیدِ خالص کی اہم ضرورت کے پیشِ نظر واحد کا ترجمہ کیا گیا ہے۔

(٦) ترجمہ لفظی نہیں ہے؛ بلکہ تشریحی، تفہیمی اور توضیحی ہے؛ تاکہ آیت کا ترجمہ پڑھتے ہی مفہوم سمجھ میں آجائے، اسی وجہ سے بعض مقامات پر قوس کی عبارت طویل ہوگئی ہے۔

(۷) چوں کہ اکابر کے ترجمہ کے ساتھ موافقت کی بھرپور کوشش کی گئی ہے؛ اس لیے جہاں کہیں نیا ترجمہ نظر آئے وہ اکابر میں سے کسی کے ترجمہ کے ساتھ ضرور موافقت کرتا ہوگا۔

(۸) ہر سورت کے شروع میں سورت کی وجہِ تسمیہ، اس کی کوئی منقول فضیلت، یا آپ ﷺ سے کسی نماز کے موقع پر اس کو پڑھنا ثابت ہو تو اس کی بھی نشان دہی کی گئی ہے۔

(۹) سورتوں کے فضائل اور مسنون قرآت کے لیے حسب ذیل کتابوں سے استفادہ کیا گیا ہے:[۱] التذكار في أفضل الأذكار (امام ابوعبداللہ محمد بن ابی بکر انصاری قرطبیؒ)۔

[۲] فضائلِ حفاظ القرآن (قاری محمد طاہر رحیمی مدنی)۔

[۳] رسالہ مسنون قراۃ (محدث ومقری زین العابدین اعظمیؒ)۔

[۴] آثار السنن۔

(۱۰) سورتوں کی ترتیب نزولی کے نمبر کے لیے "دکتور سیف بن راشد الجابری" کی کتاب "مقاصد أسماء سور القرآن الكريم" پر اعتماد کیا گیا ہے۔

اِس ترجمہ میں ایک خاص قابلِ لحاظ امر یہ ہے کہ بندہ نے "ملاوی" کے اسفار کے موقع پر مستورات کے سامنے اور عوام کے درمیان قرآنِ کریم میں آئے ہوئے خواتین کے واقعات کو تفصیل سے بیان کیا تھا جو اب تک نو جلدوں میں آچکے ہیں؛ لہذا جہاں کہیں بھی قرآن میں کسی خاتون کا کوئی قصہ آیا تو میں نے اس قصہ کی تفصیل بیانات کی جلد نمبر بتلا کر اس کے حوالے کر دی ہے۔

نیز بفضلہ تعالیٰ بہت سارے ایسے مقامات جن کا تذکرہ قرآنِ کریم میں آیا ہے بندے کو ان کے دیکھنے کا موقع نصیب ہوا ہے اور کتابوں کی شکل میں وہ سفرنامے شائع بھی ہوئے ہیں؛ لہذا قرآن میں جس جگہ ان مقامات کا تذکرہ آیا ہے میں نے ان کی تفصیل کو اپنے سفرنامے — جو "دیکھی ہوئی دنیا" کے نام سے شائع ہوئے اور اب تک چار جلدوں میں تیار ہو کر اس کا کافی حصہ شائع بھی ہو چکا ہے — کے حوالے کر دی ہے۔

اخیر میں اہلِ علم قارئین سے ایک اہم گزارش یہ ہے کہ آپ کے ہاتھوں میں موجود ترجمۂ قرآن کا یہ پہلا ایڈیشن ہے، ترجمے یا طباعت کی کوئی غلطی ہوگی تو دوسرے ایڈیشن میں اس کی اصلاح کر لی جائے گی ان شاء اللہ تعالیٰ! اس لیے ایسی کوئی قابلِ اصلاح چیز نظر سے گذرے تو ضرور مطلع فرمائیں، نیز عوامی حلقوں میں عمومی بیانات کرنے کی وجہ سے بندے کی اردو بھی بہت بلند اور معیاری نہیں رہی ہے، اگر تعبیر کی کوئی فروگذاشت ہو تو بھی اطلاع فرمائیں بندہ تہہِ دل سے ممنون و مشکور ہوگا۔

اس موقع پر میں اپنے ان تمام عزیزوں کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جنھوں نے اس کاوش میں میری بھر پور مدد کی، جی تو یہ چاہتا تھا کہ ان تمام کا ناموں کے ساتھ ذکر کروں؛ لیکن ان کے اصرارِ عدمِ ذکر کو مقدم رکھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کو دنیا وآخرت میں ہر قسم کی نعمتیں، لذتیں اور راحتیں عطا فرمائے اور اپنی شایانِ شان بدلہ عطا فرمائے، اِس کاوش کو ہدایت کا اور لوگوں کے فائدے کا اور اپنی رضا وخوشنودی کا سبب بنائے، آمین۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم وتب علینا انک انت التواب الرحیم۔

فقط والسلام

(مفتی) محمود حافظ جی، بارڈولی

جامعہ اسلامیہ تعلیم الدین، ڈابھیل، سملک

مورخہ: ۳/ذی الحجہ ۱۴۳۸ھ

مطابق

۲۶/اگست ۲۰۱۷ء

مقدمہ

علومِ قرآن کے متعلق چند ضروری باتیں

افادات: سیدی ومرشدی واستاذی حضرت فقیہ الامت مفتی محمود حسن گنگوہیؒ

نوٹ: قرآنِ مجید کی متعدد تفاسیر میں اور الگ سے بہت سارے مضامین علومِ تفسیر کے عنوان سے موجود ہیں، یہاں حضرتؒ کی چند باتیں بطورِ تبرک پیش کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہوں۔

خطِّ عروض اور خطِّ قرآن توفیقی ہیں

بندہ (جامع ومرتب) نے دریافت کیا کہ عربی رسم الخط میں فعل کے صیغۂ جمع مذکر کے آگے الف لکھا جاتا ہے، قرآنِ حکیم کی آیت ''وما کنت تتلوا من قبلہ الخ'' میں تتلوا کے صیغۂ جمع نہ ہونے کے باوجود اس کے آگے الف ہے ایسا کیوں ہے؟ تو ارشاد فرمایا کہ: کوئی بات نہیں ''الخطان لا یقاسان: خط العروض وخط القرآن'' یعنی خطِ عروض اور خطِ قرآن کو قیاس نہیں کیا جاسکتا؛ اس لیے کہ یہ توفیقی ہے، قیاسی نہیں۔ (ملفوظات فقیہ الامت: ۱/ ۳۸)

نتیجہ: قرآنِ مجید کو جہاں بھی لکھیں تو قواعدِ رسم کی پابندی کر کے لکھیں۔

قرآنِ پاک کے بعض الفاظ پر غرابت کا اشکال

فرمایا کہ: ایک عالم سے کسی معترض نے کہا کہ: قرآنِ پاک میں تین لفظ ایسے ہیں جو کلامِ عرب میں مستعمل نہیں؛ یعنی غریب ہیں۔ جن کی وجہ سے قرآنِ پاک کے فصاحت وبلاغت کے اعلیٰ معیار پر ہونے میں کلام ہے۔ اول: هزو۔ حق تعالیٰ کے قول ''اتخذنا هزوا'' میں۔ دوم: کبار۔ حق تعالیٰ کے قول ''ومکروا مکرا کبارا'' میں۔ سوم: عجاب، اللہ کے ارشاد ''وقال الکافرون هذا شیئ عجاب'' میں۔ انھوں نے فرمایا کہ: یہ الفاظ عرب میں متروک الاستعمال نہیں، قصور آپ کے تتبع (تلاش کرنے) کا ہے۔ اس کے بعد ایک دیہاتی عربی بوڑھے کو بلایا جو شہر سے دور رہتا تھا، اس سے کہا: اجلس۔ وہ بیٹھ گیا، پھر کہا: قم۔ وہ کھڑا ہو گیا، پھر کہا: اجلس۔ وہ بیٹھ گیا، پھر کہا: قم۔ وہ کھڑا ہو

گیا، اسی طرح تیسری مرتبہ ہوا، چوتھی مرتبہ وہ بوڑھا بولا: "اتخذنی هزوا،انی شیخ کبار،ان هذا لشیء عجاب" یعنی کیا آپ میرا مذاق بناتے ہیں؟ میں بہت بوڑھا آدمی ہوں، آپ کا میرے ساتھ یہ سلوک عجیب بات ہے۔ اس کے بعد ان عالم صاحب نے اس معترض سے کہا کہ: دیکھیے! یہ بوڑھا دیہات میں رہتا ہے، شہری زبان سے اس کو کوئی واسطہ نہیں، یہ رسالہ، اخبار وغیرہ کچھ نہیں دیکھتا کہ ان میں دیکھ کر یہ الفاظ بول دیے ہوں، اس سے ظاہر ہوا کہ قصور آپ کی تلاش کا ہے جس کی وجہ سے ان الفاظ کو غریب کہتے ہو۔ ہم الزام ان کو دیتے تھے، قصور اپنا نکل آیا۔ (ملفوظات فقیہ الامت: ۴، ص: ۳۲)

تفسیر و تاویل

ارشاد فرمایا کہ: تفسیر کے معنیٰ "مرادِ خداوندی کو واضح کرنا" ہے اور اس کے لیے تین چیزیں ضروری ہیں:

اول یہ کہ لفظ کے حقیقی معنیٰ مراد لیے جائیں یا مجازِ متعارف سے خروج نہ ہو۔

دوم یہ کہ اس معنیٰ کو شاہدانِ وحی (حضرات صحابۂ کرامؓ) کے قول سے مؤید کرنا۔

سوم یہ کہ نصوصِ شرعیہ ظاہرہ کا اس معنیٰ کے خلاف نہ ہونا۔

اگر یہ تینوں چیزیں ہوں تو تفسیر تفسیر ہے؛ ورنہ کوئی ایک فوت ہو جائیں تو تاویل قریب ہے، دو فوت ہو جائیں تو تاویل بعید ہے، اور تینوں فوت ہو جائیں تو تحریف ہے۔ تفسیر عزیزی میں ایسا ہی لکھا ہے۔

جو بات اللہ کی نہیں اس کو اللہ کی بات بتلانا۔

جو شخص کوئی حکم کرے اور کہے کہ اللہ کا حکم ہے اور حقیقتاً وہ اللہ کا حکم نہ ہو؛ بلکہ اس نے غلط حکم کو اللہ کا حکم بتایا ہو تو اس نے کفر کیا۔

قرآن میں رحمت کا تذکرہ زیادہ ہے یا قہر کا؟

سوال: اللہ تعالیٰ نے قرآنِ کریم میں اپنے قہر کا ذکر زیادہ فرمایا ہے یا رحمت کا؟ مجھے ایسا

محسوس ہوتا ہے کہ اپنے غضب کا ذکر زیادہ فرمایا ہے۔

الجواب حامداو مصلیا:

ایسا نہیں ہے؛ بلکہ رحمت کے وعدے اور بشارتیں زیادہ ہیں، عذاب وغضب کے لیے تو نافرمانی کی قید ہے اور ثواب ورحمت کے لیے اعمالِ صالحہ کی قید نہیں، مثلاً معصوم بچے کچھ کیے بغیر ہی بخشے جائیں گے۔ فقط واللہ اعلم۔ حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۴/۲/۹۰ھ۔

عدمِ ذکر ذکرِ عدم کو مستلزم نہیں

سوال: مؤمن ہونے کے لیے ایمان باللہ اور ایمان بالرسول دونوں ضروری ہیں، اللہ و رسول میں سے اگر کسی ایک پر بھی ایمان نہ لائے تو مؤمن نہیں ہوسکتا؛ لیکن آیت: ''ان الذین امنوا والذین ھادوا الخ'' میں ایمان بالرسول کا کہیں ذکر نہیں، اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ایمان بالرسول ضروری نہیں، اگر ضروری ہے تو عدمِ ذکر کی وجہ تحریر فرمائی جائے؟

الجواب: ایمان بالرسول کے ساتھ ایمان بالملائکہ اور ایمان بالکتب بھی ضروری ہے، نیز ایمان بالقدر بھی ضروری ہے؛ لیکن ہر آیت میں تمام چیزوں کو بیان نہیں کیا گیا، موقع اور محل کے لحاظ سے کہیں تمام چیزوں کا ذکر کردیا گیا، کہیں بعض کا، اسی طرح یہاں بھی بعض کے بیان پر اکتفا کیا گیا، جس کی حکمت بیان کی جاسکتی ہے، مثلاً: یہ کہ جتنے فرقے اس آیت میں بیان کیے گئے ہیں وہ سب ایمان بالرسول رکھتے تھے، یہود ونصاریٰ کا حال تو ظاہر ہے، صابئین کے متعلق بھی ایک قول یہی ہے۔

جس طرح عدمِ ذکر سے ایمان بالکتب، ایمان بالملائکہ، ایمان بالقدر کی ضرورت کی نفی کرنا صحیح نہیں اسی طرح ایمان بالرسول کی ضرورت کی نفی کرنا بھی درست نہیں۔

ایک کلیہ یاد رکھیے کہ عدمِ ذکر، ذکرِ عدم کو مستلزم نہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

تفسیر قرآن ذاتی مطالعے سے

سوال: کیا تعلیم یافتہ مسلمان مرد جس کو اردو، انگریزی، ہندی اور تھوڑا بہت عربی سے تعلق ہو وہ آدمی تفسیر قرآن کو بیان کرسکتا ہے یا نہیں؟ جیسے بیان القرآن یا ابن کثیر، مظہری وغیرہ؛ یعنی دیکھ

کر اپنے اہل وعیال کو یا مسجد میں چند آدمیوں کو پڑھ کر سنا سکتا ہے یا نہیں؟ اسی طرح درسِ قرآن وغیرہ کے لیے کیا عالم ہونا شرط ہے، یا تعلیم یافتہ مرد بھی کر سکتا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً

قرآنِ پاک کا ترجمہ یا تفسیر وہ شخص بیان کرے جس نے ترجمہ یا تفسیر استاذ سے حاصل کیا ہو، محض اپنے ذاتی مطالعے سے قرآنِ کریم کی تفسیر کو حاصل کرنا اور پھر بیان کرنا مناسب نہیں: (۱) قرآنِ کریم کو دیگر کتب کی طرح نہ سمجھیں، اس کی شان بہت بلند ہے، اس کے لیے بہت سے علوم کی ضرورت ہے (۲) جو حضرات ذاتی مطالعہ سے اس کو سمجھتے اور سمجھاتے ہیں وہ بہت سی غلطیوں میں مبتلا ہوتے ہیں اور دوسروں کو مبتلا کرتے ہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

ایک آیت پر اشکال وجواب

"ولو کان من عند غیر اللّٰہ لوجدوا فیہ اختلافا کثیرا" بعض مفسرین نے تو اس آیت کا مطلب یہ بتایا کہ آیت میں اختلاف سے مراد اختلاف فی البلاغۃ ہے مطلب یہ ہے کہ مکمل قرآنِ پاک فصاحت وبلاغت کے اعلیٰ معیار پر ہے، ایسا اختلاف نہیں کہ بعض اعلیٰ معیار پر ہو اور بعض اعلیٰ معیار پر نہ ہو، بخلاف غیر اللہ کے کہ اس کا کلام فصاحت وبلاغت کے ایک معیار پر نہیں ہوتا۔ اگر قرآن پاک غیر اللہ کا کلام ہوتا اور اس کی نسبت وہ غیر اللہ، حق تعالیٰ شانہ کی طرف کرتا اور اس کو کلامِ الٰہی بتلاتا تو اس میں کثیر تناقض ہوتا؛ اس لیے کہ غیر کلام الٰہی کو کلام الٰہی بتلانے والے کلام کے لیے تناقض لازم ہے؛ تاکہ اس کے کلام میں تناقض دیکھ کر لوگ کلامِ الٰہی اور غیرِ کلامِ الٰہی میں تمیز پیدا کر سکیں۔ (ملفوظات فقیہ الامت: ۲، ص: ۳۶)

قرآن میں تدبّر

جو شخص جس قدر زیادہ تدبر کے ساتھ عظمتِ قرآنِ کریم کا لحاظ کرتے ہوئے تلاوت کرے گا اسی قدر زیادہ ثواب پائے گا۔ تدبّر کے لیے صرفی صیغوں اور نحوی ترکیبوں کا ذہن میں آنا ضروری نہیں؛ بلکہ کلام اور متکلم کی جلالتِ شان اور آیاتِ رحمت وآیاتِ عذاب پر رجا وخوف اور اوامر ونواہی

پر عزم عمل و اجتناب وغیرہ اثرات کا پیدا ہونا تدبر کا ثمرہ ہے۔

ایک بڑا زبردست عالم بھی اگر بے دھیانی سے تلاوت کرتا ہے تو وہ ان ثمرات سے خالی رہتا ہے، صَرف و نحو سے ناواقف آدمی اگر دھیان سے تلاوت کرتا ہے تو اس کے قلب میں بھی رقت پیدا ہوتی ہے اور ایمان قوی ہوتا ہے۔ عالم اگر دھیان سے کام لے تو اس کے لیے زیادہ موقع ہے، اس کا درجہ ہی بلند ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ علم۔

قرآنِ کریم کی آیتوں کی مقدار میں اختلاف کی ایک وجہ

حضورِ اکرم ﷺ راس الآیۃ کو بتلانے کے لیے رؤوسِ آیات پر وقف فرماتے تھے، محلِ آیات کو بتلانے کے بعد وصل کرتے تھے تو سامع کو خیال ہوتا کہ جہاں وقف کیا تھا وہ فاصلہ (یعنی راس الآیۃ) نہیں ہے۔ (الاتقان فی علوم القرآن للسیوطی، ص: ۱۴۶)

لہٰذا وقف و وصل کی تعیین کے سلسلے میں سامعین میں سے جس کسی نے اپنے ذوق و فہم سے جو سمجھا تھا اسی کو بیان کیا اسی کے نتیجے میں قرآنی آیتوں کی تعداد شماری میں اختلاف ہو گیا۔

وکیل کا لفظ

”وکیل“ کس کو کہتے ہیں! اپنے معاملات کو اللہ کے سپرد کر دیا جائے اور دل سے پورا بھروسہ رکھے کہ میرا حقیقی کارساز وہی ہے جس طرح چاہے وہ کام بنادے، ظاہری اسباب مؤثرِ حقیقی نہیں ہیں۔

فرشتوں ہی کو سجدہ کا حکم کیوں؟

اللہ نے جب فرشتوں کو حضرت آدمؑ کے سامنے سجدہ کا حکم دیا تو اس حکم میں ابلیس بھی شامل تھا؛ البتہ آیتِ کریمہ میں سجدہ کے حکم کے لیے جو ملائکہ کی تخصیص ہے وہ ان کی شرافت کی وجہ سے ہے اور ضابطہ یہ ہے کہ جب کسی کی تعظیم کے لیے حکم کیا جاتا ہے تو بڑوں کو خطاب کیا جاتا ہے، چھوٹے تبعاً اس میں داخل ہو جاتے ہیں اور چھوٹے اپنے آپ کو خود بہ خود مامور سمجھتے ہیں چاہے چھوٹوں کو خصوصیت

سے خطاب نہ کیا جائے۔

قرآن میں یہود ونصاریٰ کی باتیں

یہود ونصاریٰ کی کتابوں میں جو چیزیں قرآن وحدیث کے خلاف ہیں، ان کو تفسیرِ قرآن کے لیے بطورِ تائید پیش کرنا درست نہیں؛ بلکہ گمراہی ہے اور جو چیزیں خلاف نہیں ہیں ان کو پیش کرنے میں مضائقہ نہیں۔

سورۃ الفاتحة

(المکیة)

آیاتها: ۷۔

رکوعاتها: ۱۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

ایک قول کے مطابق سورۂ علق کی ابتدائی پانچ آیات کے نزول کے موقع پر بسم اللہ کا نزول ہو چکا تھا۔

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ حضورِ اقدس ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ جب استاذ بچے سے کہتا ہے پڑھو''بسم اللہ الرحمن الرحیم'' پھر بچہ پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس بچے کے لیے اور معلم اور اس کے والدین کے لیے جہنم سے آزادی لکھ دیتے ہیں۔

سورۂ فاتحہ

اس سورت میں سات آیتیں ہیں، مکہ مکرمہ میں نازل ہونے والی مکمل پہلی سورت ہے اور کہا جاتا ہے کہ: دوسری مرتبہ مدینۂ منورہ میں بھی اس کا نزول ہوا، یہ اس کی شرافت اور عظمت کی دلیل ہے۔ سورۂ مدثر کے بعد اور سورۂ لہب سے پہلے پانچ (۵) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس کو سورۂ فاتحہ کہتے ہیں، موجودہ ترتیب مصاحف میں قرآنِ مجید اسی سے شروع ہوتا ہے اور اس کو''سورۃ الحمد'' بھی کہتے ہیں، اس کے شروع میں لفظ''الحمد'' ہے۔

خود باری تعالیٰ نے اس کو''سبع مثانی''اور''قرآنِ عظیم'' فرمایا **وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ** (الحجر)

ترجمہ: اور (اے نبی!) پکی بات یہ ہے کہ ہم نے تم کو سات آیتیں جو بار بار پڑھی جاتی ہیں اور (ان سات آیات کو) عظمت والا قرآن (بھی کہا جا سکتا ہو) دے رکھا ہے۔

یہ سورت نماز کی ہر رکعت میں دوہرائی جاتی ہے اور وظیفے کے طور پر بار بار اس کو پڑھا جاتا ہے، اور اس چھوٹی سی سورت کو''قرآنِ عظیم'' یعنی بڑا قرآن درجہ کے اعتبار سے فرمایا گیا۔ قرآن کے جملہ مقاصد کے بیان کی جامع یہ سورت ہے۔

اسی طرح اس سورت کو''ام القرآن'' بھی کہا گیا ہے؛ یعنی قرآن کے تمام علوم کا اجمالی نقشہ اس سورت میں موجود ہے۔

سورۃ الحمد بھی نام ہے، اس سورت میں اللہ تعالیٰ کے اسما اور صفات کے ذریعے ثنا اور بزرگی بیان کی گئی ہے اور حمد بھی کی گئی ہے۔

سورۃ الشافیہ، الشفاء، اساس القرآن، سورۃ الصلوۃ یہ سب نام بھی ہیں۔

مکمل نازل ہونے والی پہلی سورت "سورۃ فاتحہ" بتلائی جاتی ہے۔

حدیث شریف کا خلاصہ: آسمان کا ایک خاص دروازہ کھولا گیا جو پہلے کبھی نہیں کھولا گیا تھا اور اس سے ایک ایسا فرشتہ اترا جو کبھی زمین پر نہیں اترا تھا، اس فرشتے نے نبی کریم ﷺ کو سلام پیش کیا اور عرض کیا کہ: آپ ایسے دو نوروں کی خوش خبری سن لیجیے جو آپ سے پہلے کسی نبی کو نہیں دیے گئے: ایک سورۃ فاتحہ اور دوسرا سورۃ بقرہ کی آخری آیتیں، اور ان میں جتنی دعائیں ہیں وہ سب قبول ہوں گی۔

اور نور کا مطلب ہے یہ دونوں قیامت کے دن اپنے پڑھنے والوں کے آگے آگے چلیں گی۔

حدیث شریف سے سورۃ فاتحہ کا ایک عمل: ایک شخص کو بچھو نے کاٹ لیا تھا، حضرت ابو سعید خدری ﷺ نے سات مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کیا، اس کی ترتیب یہ ہوئی: ہر مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر منہ میں تھوک جمع کر کے بچھو کی کاٹی ہوئی جگہ پر تھوک لے جاتے (یعنی لگا دیتے) اللہ تعالیٰ نے صحت عطا فرمادی، اس پر تیس بکریاں بھی مل گئیں، خود نبی کریم ﷺ نے اس کی تصویب فرمائی۔

جس گھر میں کسی شخص نے سورۃ فاتحہ اور آیۃ الکرسی کو پڑھ لیا اس گھر کے تمام افراد کو پورا دن کسی انسان یا جن کی بری نظر نہیں لگ سکتی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۙ﴿۱﴾ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۙ﴿۲﴾ مٰلِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ ؕ﴿۳﴾ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ؕ﴿۴﴾ اِہۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ ۙ﴿۵﴾ صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡہِمۡ ۬ۙ﴿۶﴾ غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡہِمۡ وَ لَا الضَّآلِّیۡنَ ﴿۷﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

سورۃ الفاتحۃ

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لیے لائق ہیں جو تمام عالموں کو پالنے والے ہیں ﴿۱﴾ جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۲﴾ (جو اللہ تعالیٰ) بدلے کے دن کے مالک ہیں ﴿۳﴾ (اے اللہ!) ہم آپ ہی کی عبادت کرتے ہیں اور ہم آپ ہی سے مدد مانگتے ہیں ﴿۴﴾ آپ ہم کو سیدھے راستے پر چلائیے ﴿۵﴾ ایسے لوگوں کے (سیدھے) راستے پر جن پر آپ نے (اپنا) انعام (یعنی فضل) فرمایا ہے ﴿۶﴾ (یہ وہ لوگ ہیں) جن پر نہ آپ کا غصہ اترا ہے اور نہ بھٹکے ہوئے ہیں ﴿۷﴾

آمین (اے اللہ! اس دعا کو قبول فرمالیجیے)

سورة البقرة

(المدنية)

آیاتها: ۲۸٦۔

رکوعاتها: ۴۰۔

سورۂ بقرہ

یہ سورت مدنی ہے، اس میں دو سو چھیاسی (۲۸۶) آیتیں ہیں، مدینہ میں نازل ہونے والی اول سورت ہے۔ سورۂ مطففین کے بعد اور سورۂ انفال سے پہلے ستاسی (۸۷) نمبر پر نازل ہوئی۔

"بقرہ" عربی زبان میں گائے بیل کو کہتے ہیں، اس سورت میں اللہ تعالیٰ نے گائے کا ایک عجیب وغریب واقعہ بیان فرمایا ہے۔

فوائد: (۱) جس گھر میں یہ سورت پڑھی جاتی ہے وہاں سے شیطان ہوا خارج کرتے ہوئے بھاگ جاتا ہے، اگر دن میں پڑھی جائے تو تین دن تک شیطان گھر میں نہیں آتا اور رات میں پڑھی جائے تو تین رات تک نہیں آتا۔

حضرت ابو امامہ باہلی ؓ فرماتے ہیں کہ: میں نے اللہ کے رسول ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ: قرآن کریم کو پڑھا کرو؛ کیوں کہ وہ قیامت کے دن اس کے پڑھنے والے کی سفارش کرے گا، تم دو روشن سورتیں "سورۂ بقرہ" اور "آلِ عمران" پڑھا کرو؛ کیوں کہ یہ دونوں سورتیں قیامت کے دن (حامل قرآن کے آگے) دو گھرے سیاہ بادلوں یا دو سائبانوں یا صف بستہ پرندوں کی دو ٹولیوں کی شکل میں آئیں گی، یہ دونوں سورتیں اپنے پڑھنے والوں کی زبردست سفارش کریں گی، سورۂ بقرہ پڑھا کرو؛ کیوں کہ یہ باعثِ برکت ہے اور اس کو چھوڑنا موجب حسرت ہے، جادوگر اور سست لوگ اس کے پڑھنے کی طاقت نہیں رکھتے ہیں۔

(۲) حضرت عبد اللہ ابن مسعود ؓ نے فرمایا: جو شخص رات کے وقت سورۂ بقرہ کی دس آیتیں پڑھ لے تو اس رات میں جن اور شیاطین گھر میں نہیں آئیں گے، پڑھنے والے اور اس کے گھر والوں کو کوئی آفت، بیماری، رنج وغم اور ناگوار چیز پیش نہیں آئے گی، اور اگر یہی آیات کسی مجنون پر پڑھ دی جائیں تو افاقہ ہوگا۔ دس آیتوں سے مراد: شروع کی چار آیتیں، پھر آیۃ الکرسی اور اس کے بعد کی دو آیتیں "ھم فیھا خالدون" تک اور اخیری تین آیتیں؛ یعنی "للّٰہ ما فی السموات" سے ختم سورت تک۔

عبد اللہ ابن مسعود ؓ کے ایک شاگرد مغیرہ بن سبیع فرماتے ہیں: جس نے ان آیتوں کو

رات کو سوتے وقت پڑھنے کا معمول بنا دیا وہ قرآن کبھی نہیں بھولے گا۔

سورۂ بقرہ کی ایک عجیب خوبی: یہ قرآنِ مجید کی سب سے بڑی سورت ہے، فضیلت کے اعتبار سے سب سے بڑی آیت یعنی آیۃ الکرسی اور مقدار کے اعتبار سے سب سے بڑی آیت یعنی آیتِ مداینہ اسی سورت میں ہے۔ اور نزول کے اعتبار سے سب سے آخری آیت "**واتقوا یوما ترجعون فیه الی الله**" بھی اسی سورت میں ہے۔

آیۃ الکرسی کی فضیلت: (۱) ایک روایت میں ہے: جو شخص ہر فرض نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھے گا تو اس کو جنت میں داخل ہونے کے لیے سوائے موت کے دوسری کوئی رکاوٹ نہیں ہے؛ یعنی موت کے فوراً بعد وہ جنت کے آثار اور راحت و آرام کا مشاہدہ کرنے لگے گا۔

نیز ایک فرض نماز کے بعد تلاوت کرے تو دوسری نماز تک اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہے گا۔

(۲) سوتے وقت بستر پر آیۃ الکرسی پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک حفاظت کرنے والا (فرشتہ) مقرر کر دیا جاتا ہے اور صبح تک گھر، جان، مال، اولاد سب کی چور اور شیطان اور ڈکیٹوں سے حفاظت کی جاتی ہے۔

حضرت عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ جب اپنے مکان میں داخل ہوتے تھے تو گھر کے چاروں کونوں میں آیۃ الکرسی پڑھ لیا کرتے تھے۔

ابوداؤد نے اپنی سند کے ذریعہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے یہ قول نقل کیا ہے کہ میرے خیال میں نہیں آتا کہ کوئی عاقل، بالغ آدمی دینِ اسلام میں داخل ہوا ہو اور وہ آیۃ الکرسی پڑھے بغیر رات کو سو جایا کرتا ہو۔

سورۂ بقرہ کی آخری آیتوں کی فضیلت: (۱) پانچ وقت کی نماز (۲) سورۂ بقرہ کی آخری آیتیں (۳) اور غیر مشرک کے کبیرہ گناہوں کی بخشش یہ تینوں چیزیں حضرت نبی کریم ﷺ کو معراج کی رات میں ساتویں آسمان پر سدرۃ المنتہیٰ کے قریب باری تعالیٰ کی ملاقات کے وقت بطورِ تحفہ کے عطا کی گئی۔

اس سورت کو ایسی دو آیتوں پر ختم کیا گیا جو نبی کریم ﷺ کو عرش کے نیچے والے خصوصی خزانے میں سے عطا کی گئی۔

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما راوی ہیں کہ: حضور ﷺ فجر (کی سنت) کی پہلی رکعت میں سورہ بقرہ کی آیت ''قولوا امنا باللہ وما انزل الینا'' اور دوسری رکعت میں (آل عمران کی آیت) ''امنا باللہ واشھد بانا مسلمون'' پڑھا کرتے تھے۔

حضور ﷺ نے فرمایا: تم اپنی عورتوں اور اولاد کو بھی یہ آیتیں سکھایا کرو۔

جس نے عشا کی نماز کے بعد ان دونوں آیتوں کو پڑھ لیا (تورات کی عبادت اور تہجد کی نماز کی طرف سے) کافی ہو جائے گا۔

تین رات مسلسل کسی گھر میں آیۃ الکرسی پڑھی جاوے تو شیطان اس کے قریب بھی نہیں آسکتا۔

دفن کے بعد سورہ بقرہ کی ابتدائی آیتیں قبر پر میت کے سرہانے پر اور آخری آیتیں پیر کے قریب کھڑے ہو کر پڑھنا حدیث سے ثابت ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓ ﴿۱﴾ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۲﴾ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۳﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ﴿۴﴾ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۶﴾ خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۷﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جس کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

الم ﴿۱﴾ یہ کتاب (یعنی قرآن) ایسی ہے کہ اس میں ذرا برابر شک نہیں ہے، تقویٰ والوں کو ① راستہ بتلاتی ہے ﴿۲﴾ وہ (متقی) لوگ وہ ہیں جو غیب پر ایمان رکھتے ہیں اور وہ نماز کو قائم رکھتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے وہ خرچ کرتے ہیں ﴿۳﴾ اور وہ (متقی) لوگ جو (وحی) تم پر اتاری گئی اس پر بھی ایمان رکھتے ہیں اور جو (وحی) تم سے پہلے اتاری گئی اس پر بھی، اور وہ لوگ آخرت پر یقین رکھتے ہیں ﴿۴﴾ یہی (متقی) لوگ اپنے رب کی طرف سے صحیح راستے پر ہیں اور یہی لوگ کامیاب ہونے والے ہیں ② ﴿۵﴾ یقیناً جن لوگوں نے کفر اپنا لیا ہے ③ ان کے لیے برابر ہے کہ (اے نبی!) تم ان کو (جہنم کی آگ سے) ڈراؤ ④ یا تم ان کو نہ ڈراؤ، وہ (کافر) ایمان لانے والے نہیں ہیں ﴿۶﴾ اللہ تعالیٰ نے ان (کافروں) کے دلوں پر اور ان کے کانوں پر مُہر لگادی ہے اور ان کی آنکھوں پر پردہ (ڈال دیا گیا) ہے اور ان کے لیے (کفر کی سزا میں) بڑا عذاب ہے ﴿۷﴾

---

① تقویٰ کے دو معنی ہیں: ڈرنا اور بچنا، دونوں کو ملانے سے تقویٰ کی تعریف ہو جاتی ہے کہ ''اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے جن چیزوں کو حرام کیا ہے اس سے بچنا''۔ ② اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والوں کی یہاں چھ (۶) نشانیاں بیان کی گئیں، ایسے اوصاف والے لوگ فلاح یاب ہوں گے۔ لفظ ''فلاح'' دین، دنیا اور آخرت کی ہر طرح کی بھلائیوں کو شامل ہے۔ ③ (دوسرا ترجمہ) کفر کی عادت بنالی۔ ④ نبی جو ڈر سناتے ہیں اس میں شفقت ہوتی ہے۔ بہت سے مترجمین اس طرح کے مواقع میں ''ڈر سنانے'' کا ترجمہ بھی کرتے ہیں۔

وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَ بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَ مَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝۸ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ وَ مَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّاۤ اَنْفُسَهُمْ وَ مَا يَشْعُرُوْنَ ۝۹ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۙ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ۚ وَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۢ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ۝۱۰ وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ ۙ قَالُوْۤا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ۝۱۱ اَلَاۤ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَ لٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ۝۱۲ وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَاۤ اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْۤا اَنُؤْمِنُ كَمَاۤ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ

اور کچھ لوگ (یعنی منافقین) ایسے (بھی) ہیں جو (نبی ﷺ اور مسلمانوں کے سامنے اپنی زبان سے یہ) کہتے ہیں کہ: ہم اللہ تعالیٰ اور قیامت کے دن پر ایمان لے آئے؛ حالاں کہ وہ (حقیقت میں دل سے) بالکل ایمان نہیں لائے ہیں ﴿۸﴾ وہ (منافق) لوگ اللہ تعالیٰ اور ایمان والوں سے دھوکا بازی کرتے ہیں① اور (حقیقت میں) خود اپنے آپ ہی کو وہ (منافقین) دھوکا دیتے ہیں② اور ان کو (اس بات کا) احساس نہیں ہے③ ﴿۹﴾ ان (منافقوں) کے دلوں میں بیماری ہے، پھر اللہ تعالیٰ نے ان کی بیماری کو اور بڑھا دیا اور ان کے جھوٹ بولنے پر ان کے لیے دردناک عذاب (تیار) ہے ﴿۱۰﴾ اور جب ان (منافقوں) کو کہا جاتا ہے کہ: تم زمین میں فساد مت مچاؤ④، تو وہ (منافقین) کہتے ہیں کہ: ہم تو اصلاح ہی کرتے ہیں ﴿۱۱﴾ (اچھی طرح) سن لو! یقیناً وہ (منافق) لوگ ہی فساد کرنے والے ہیں؛ لیکن وہ (فساد کو فساد) سمجھتے نہیں ہیں ﴿۱۲﴾ اور جب ان (منافقوں) سے کہا جاتا ہے کہ: تم لوگوں (یعنی کامل مؤمن صحابہ ؓ) کے ایمان لانے کی طرح ایمان لے آؤ تو وہ (منافقین جواب میں) کہتے ہیں کہ: کیا ہم ایسا ہی ایمان لائیں جیسا (وہ) بیوقوف لوگ ایمان لائے ہیں؟⑤

---

① یعنی دھوکا دینے کی کوشش کرتے ہیں۔

② چوں کہ دھوکا کی سزا خود ان کو بھگتنی ہے (اللہ تعالیٰ کو کوئی دھوکا نہیں دے سکتا؛ لیکن آپ ﷺ اور مسلمانوں کو دھوکا دینے کو اللہ تعالیٰ کو دھوکا دینے سے تعبیر فرمایا ہے، یہ نبی ﷺ اور صحابۂ کرام ؓ کے لیے بڑی اونچی بات ہے۔

③ کہ دھوکا کی سزا دنیا و آخرت میں کیسی خطرناک ہے۔

④ ظاہری ایمان سے لوگوں کو دھوکہ دینا اور مسلمانوں میں انتشار پھیلانا وغیرہ۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) ہم بیوقوفوں کی طرح ایمان لانے کے لیے تیار نہیں ہیں (یعنی صحابہ ؓ کی طرح دل سے ایمان لانے کے لیے تیار نہیں ہے) حضرات صحابۂ کرام ؓ کے ایمان کو معیار بنایا گیا یہ ان کے لیے سعادتِ عظمیٰ ہے۔

أَلَآ إِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَإِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَإِذَا خَلَوْا إِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا إِنَّا مَعَكُمْ ۙ إِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۵﴾ أُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ۪ فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿۱۶﴾

(دھیان سے) سنو! یقیناً وہی (منافقین خود) بیوقوف ہیں①،لیکن وہ جانتے نہیں②اور (ان منافقوں کا طریقہ یہ ہے کہ) جب وہ (منافقین) ایمان والوں سے ملتے ہیں تو (مسلمانوں کو خوش کرنے کے لیے زبان سے) کہتے ہیں کہ: ہم تو ایمان لے آئے ہیں اور جب وہ (منافق) تنہائی میں اپنے شیطانوں ③سے ملتے ہیں تو (ان سے) کہتے ہیں کہ: ہم تو یقیناً تمھارے ساتھ ہیں④، ہم تو صرف (مسلمانوں کا) مذاق اڑاتے ہیں ﴿۱۴﴾ اللہ تعالیٰ ان (منافقوں) کے ساتھ مذاق (کا معاملہ) کرتے ہیں⑤ اور وہ (اللہ تعالیٰ) ان (منافقوں) کو ان کی شرارت میں بڑھاتے ہیں⑥ کہ وہ (اپنی شرارت میں) بھٹکتے رہتے ہیں⑦ ﴿۱۵﴾ ان ہی (منافق) لوگوں نے ہدایت چھوڑ کر گمراہی کو اپنا لیا، سو (ان منافقوں کو) ان کے کاروبار میں نفع نہیں ہوا اور ان کو صحیح راستہ بھی نصیب نہیں ہوا⑧ ﴿۱۶﴾

---

① حضراتِ صحابہؓ نے ایمان کی خاطر دنیا کا بڑے سے بڑا نقصان گوارہ کیا، اس چیز کو یہ لوگ بیوقوفی سمجھتے ہیں؛ حالاں کہ یہ کامل عقل مندی کی بات ہے۔

② (دوسرا ترجمہ) سن لو! حقیقت میں وہ منافق خود ہی بیوقوف ہیں، لیکن ان کو (اپنی بیوقوفی کی) خبر نہیں ہے (یعنی دنیوی فانی اغراض کے لیے آخرت کی دائمی راحت چھوڑنا یہ بڑی بیوقوفی ہے، لیکن اتنی آسان بات بھی وہ نہیں جانتے)۔

③ یعنی سرداروں سے جو شیطان جیسے ہیں۔

④ یعنی تمھارے جیسے یہود یا کافر ہی ہیں۔

⑤ (دوسرا) اللہ تعالیٰ ان (منافقین) کی مذاق کا (دنیا و آخرت میں) بدلہ دیتے ہیں۔

⑥ (دوسرا) اور اللہ تعالیٰ ان کو ڈھیل دیتا ہے۔

⑦ یعنی وہ منافقین عقل سے ایسے اندھے ہوگئے ہیں کہ وہ صحیح رائے قائم نہیں کر سکتے۔

⑧ ہر انسان کو پیدائشی طور پر اللہ تعالیٰ فطرتِ ایمان، توحید پر پیدا فرماتے ہیں، اگر انسان اس کو ضائع کر دے تو پھر وہ گمراہی پر چلا جاتا ہے۔

مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي اسْتَوْقَدَ نَارًا فَلَمَّا أَضَاءَتْ مَا حَوْلَهُ ذَهَبَ اللَّهُ بِنُورِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِي ظُلُمَاتٍ لَا يُبْصِرُونَ ﴿١٧﴾ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُونَ ﴿١٨﴾ أَوْ كَصَيِّبٍ مِنَ السَّمَاءِ فِيهِ ظُلُمَاتٌ وَرَعْدٌ وَبَرْقٌ يَجْعَلُونَ أَصَابِعَهُمْ فِي آذَانِهِمْ مِنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ وَاللَّهُ مُحِيطٌ بِالْكَافِرِينَ ﴿١٩﴾ يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ أَبْصَارَهُمْ كُلَّمَا أَضَاءَ لَهُمْ مَشَوْا فِيهِ وَإِذَا أَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوا وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَأَبْصَارِهِمْ إِنَّ اللَّهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٢٠﴾

ان (منافقوں) کی حالت اس شخص جیسی ہے جس نے آگ روشن کی، پھر جب اس (آگ) نے اس کے آس پاس کی چیزوں کو روشن کر دیا تو اللہ تعالیٰ نے ان کی روشنی زائل کر دی اور ان کو اندھیریوں میں (اس طرح) چھوڑ دیا کہ ان (منافقوں) کو کچھ سجھ میں نہیں آتا① ﴿۱۷﴾ (وہ منافقین) بہرے ہیں، گونگے ہیں، اندھے ہیں، وہ (منافق گمراہی سے ہدایت کی طرف) واپس نہیں آئیں گے② ﴿۱۸﴾ یا (ان منافقوں کی مثال ایسی بھی ہے) جیسے کہ آسمان سے بارش زور سے برستی ہو، اس میں اندھیریاں ہوں اور (بادل کے) گرج (کی آواز) ہو اور (بجلی کی) چمک ہو، وہ (منافقین) کڑکے کی آواز سے موت کے ڈر سے اپنی انگلیوں (یعنی پوروں) کو اپنے کانوں میں ڈال دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے کافروں کو گھیرے میں لے رکھا ہے ﴿۱۹﴾ ایسا لگتا ہے کہ بجلی ان کی بینائی اچک لیوے③، جب بھی وہ (بجلی) ان (منافقوں) کے لیے روشنی کر دیتی ہے تو وہ اس (روشنی) میں چلنے لگتے ہیں اور جب وہ (بجلی) ان (منافقوں) پر اندھیرا کر دیتی ہے تو وہ کھڑے رہ جاتے ہیں اور اگر اللہ تعالیٰ چاہیں تو ان کے سننے اور دیکھنے کی صلاحیت (یا طاقت) کو ختم کر دیں، یقیناً اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں ﴿۲۰﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) وہ کچھ دیکھ پاتے نہیں ہیں۔
② (دوسرا ترجمہ) سو وہ (منافق گمراہی سے) باہر نہیں نکلیں گے۔
③ یعنی ختم کر دیوے۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ ٱعْبُدُوا۟ رَبَّكُمُ ٱلَّذِى خَلَقَكُمْ وَٱلَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ﴿٢١﴾ ٱلَّذِى جَعَلَ لَكُمُ ٱلْأَرْضَ فِرَٰشًا وَٱلسَّمَآءَ بِنَآءً وَأَنزَلَ مِنَ ٱلسَّمَآءِ مَآءً فَأَخْرَجَ بِهِۦ مِنَ ٱلثَّمَرَٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۖ فَلَا تَجْعَلُوا۟ لِلَّهِ أَندَادًا وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿٢٢﴾ وَإِن كُنتُمْ فِى رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلَىٰ عَبْدِنَا فَأْتُوا۟ بِسُورَةٍ مِّن مِّثْلِهِۦ وَٱدْعُوا۟ شُهَدَآءَكُم مِّن دُونِ ٱللَّهِ إِن كُنتُمْ صَٰدِقِينَ ﴿٢٣﴾ فَإِن لَّمْ تَفْعَلُوا۟ وَلَن تَفْعَلُوا۟ فَٱتَّقُوا۟ ٱلنَّارَ ٱلَّتِى وَقُودُهَا ٱلنَّاسُ وَٱلْحِجَارَةُ ۖ أُعِدَّتْ لِلْكَٰفِرِينَ ﴿٢٤﴾

اے لوگو! تم اپنے اس رب کی عبادت کرو جس نے تم کو اور تم سے پہلے لوگوں کو پیدا کیا؛ تا کہ تم (عبادت کے ذریعہ عذاب سے) بچ جاؤ① ﴿۲۱﴾ (وہ رب) جس نے تمھارے لیے زمین کو بچھونا بنایا اور آسمان کو چھت (بنایا) اور اسی (رب) نے آسمان سے (بارش کا) پانی اتارا، پھر (اسی رب نے) اس (پانی) کے ذریعہ سے تمھارے رزق کے لیے پھل پیدا کیے، سو جب تم (ان سب باتوں کو) جانتے ہو تو اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ بناؤ② ﴿۲۲﴾ اور اگر اس (قرآن) کے بارے میں جو ہم نے اپنے بندے (محمد ﷺ) پر اتارا تم کو (واقعی) ذرا بھی شک ہو تو اِس (قرآن) جیسی ایک سورت ہی تم بنا کر کے بتا دو، اور (اس کام کے لیے) اللہ تعالیٰ کے سوا تم اپنے مددگاروں کو بلا لو، اگر تم سچے ہو (کہ ہم قرآن جیسی سورت بنا سکتے ہیں) ﴿۲۳﴾ پھر اگر تم نے ایسا نہ کیا اور (آنے والے زمانے میں) کبھی بھی تم ایسا نہیں کر سکو گے تو (پھر) تم (جہنم کی) ایسی آگ سے بچو جس کا ایندھن لوگ اور پتھر ہوں گے، وہ (آگ، قرآن کلامِ الٰہی ہے اس کا) انکار کرنے والوں کے لیے تیار کی جا چکی ہے ﴿۲۴﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) تم متقی بن جاؤ۔

② (دوسرا ترجمہ) کسی کو مقابل نہ ٹھیراؤ۔

وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ كُلَّمَا رُزِقُوْا
مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ ۙ وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ؕ وَلَهُمْ فِيْهَاۤ
اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۙ وَّهُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖۤ اَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوْضَةً فَمَا
فَوْقَهَا ؕ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَيَقُوْلُوْنَ
مَاذَاۤ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۘ يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا ۙ وَّيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا ؕ وَمَا يُضِلُّ بِهٖۤ اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ ۝

اور (اے نبی!) جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے ان کو تم خوش خبری سناؤ ① کہ ان کے لیے ایسے باغات ہیں جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہیں، ان (جنتیوں) کو ان (باغات) میں سے جب بھی کوئی پھل کھانے کے لیے دیا جائے گا تو وہ (جنتی لوگ) کہیں گے کہ: یہ (پھل) تو وہی ہے جو ہم کو پہلے بھی (کھانے کے لیے) دیا جا چکا ہے اور انھیں ایک دوسرے سے (صورت میں) ملتے جلتے پھل دیے جائیں گے اور ان کے لیے اس (جنت) میں پاکیزہ بیویاں ہوں گی اور وہ (جنتی لوگ) اس (جنت) میں ہمیشہ رہیں گے ﴿۲۵﴾ یقیناً اللہ تعالیٰ شرماتے نہیں ہیں کہ (کسی بات کو سمجھانے کے لیے) کوئی بھی مثال دیویں، مچھر کی یا اس (مچھر) سے زیادہ معمولی چیز کی ②، سو جو لوگ ایمان لائے ہیں وہ تو یہ جانتے (یا سمجھتے) ہیں کہ یہ (مثال جو) ان کے رب کی طرف سے (آئی ہے وہ) بالکل ٹھیک ہے اور جو لوگ کافر ہیں سو وہ (ایسا) کہتے ہیں کہ: اس (معمولی مثال) سے اللہ تعالیٰ کا کیا مقصد ہے؟ وہ (اللہ تعالیٰ) اس مثال (کی وجہ) سے بہت سوں کو گمراہ کرتے ہیں ③ اور وہ (اللہ تعالیٰ) اس (مثال) سے بہت سوں کو ہدایت دیتے ہیں ④ اور وہ (اللہ تعالیٰ) نافرمانوں ہی کو اس (مثال) سے گمراہ کرتے ہیں ﴿۲۶﴾

---

① بشارت: [1] کسی کو پہلے سے خبر نہ ہو ایسی خوش کرنے والی خبر دینا اور اس خوشی کے آثار ظاہر میں بھی نظر آنے لگے [۲] اس خبر کی وجہ سے چمڑی پر خوشی کے اثرات بالکل ظاہر ہو جائے۔

② یا اس سے بڑھ کر کسی چیز کی۔

③ جو لوگ مثال کو صحیح نہیں مانتے، مناسب نہیں مانتے، بے موقع مانتے ہیں ان کو۔

④ جو لوگ ایسی مثال کو صحیح، مناسب اور صحیح موقع پر سمجھتے ہیں ان کو۔

الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ ۪ وَ يَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَ يُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۞ كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَ كُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ۚ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۞ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۗ ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ؕ وَ هُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۞

وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ جَاعِلٌ فِي الْاَرْضِ خَلِيْفَةً ؕ قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَآءَ ۚ

(نافرمان) وہ لوگ ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ جو عہد کیا اس کو پکا کرنے کے بعد توڑ دیتے ہیں اور وہ ان تعلقات کو توڑ دیتے ہیں جن کو جوڑنے کا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے اور وہ زمین میں فساد مچاتے ہیں، بس یہی لوگ (دنیا و آخرت میں) نقصان میں پڑنے والے ہیں ﴿۲۷﴾ تم اللہ تعالیٰ کا کیسے انکار کرتے ہو①؛ حالاں کہ تم تو بے جان تھے سو اس (اللہ تعالیٰ) نے تم کو زندہ کر دیا، پھر وہ (اللہ تعالیٰ) تم کو (دنیا کی مقررہ زندگی ختم ہونے پر) موت دیں گے، پھر وہ (اللہ تعالیٰ) تم کو (آخرت میں) زندہ کریں گے، پھر تم اسی (اللہ تعالیٰ) کی طرف (حساب کے لیے) لوٹائے جاؤ گے② ﴿۲۸﴾ (اللہ تعالیٰ کی ذات) وہی ہے جس نے زمین کی تمام چیزیں تمھارے (فائدے کے) لیے بنائی ہے، پھر اس (اللہ تعالیٰ) نے آسمان کا قصد کیا، سو ان کو سات آسمانوں (کی شکل) میں ٹھیک بنا دیا اور وہ (اللہ تعالیٰ) ہر چیز کو پوری طرح جانتے ہیں ﴿۲۹﴾

اور (وہ وقت یاد کرو) جب تمھارے رب نے فرشتوں کو فرمایا کہ: میں زمین میں ایک خلیفہ (یعنی نائب) بنانے والا ہوں، تو وہ (فرشتے) کہنے لگے: (اے ہمارے پروردگار!) کیا آپ اس (زمین) میں ایسے (انسان) کو پیدا کریں گے جو اس (زمین) میں فساد کرے گا اور وہ خون بہائے گا

---

① یعنی اللہ کی توحید یا اللہ کے موجود ہونے کا۔

② انسان دنیا میں آنے سے قبل ایک طویل عرصہ بے جان پڑا ہوتا ہے، رحمِ مادر میں جب حمل چار ماہ کا ہوتا ہے تب اس میں جان پڑتی ہے، دنیوی زندگی کے بعد پھر موت ہے اور موت کے بعد اخروی ابدی زندگی ہے۔

وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ ؕ قَالَ إِنِّي أَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُونَ ۝ وَعَلَّمَ آدَمَ الْأَسْمَاءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلَائِكَةِ فَقَالَ أَنْبِئُونِي بِأَسْمَاءِ هَٰؤُلَاءِ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ۝ قَالُوا سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا إِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ۖ إِنَّكَ أَنْتَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ ۝ قَالَ يَا آدَمُ أَنْبِئْهُمْ بِأَسْمَائِهِمْ ۖ فَلَمَّا أَنْبَأَهُمْ بِأَسْمَائِهِمْ قَالَ أَلَمْ أَقُلْ لَكُمْ إِنِّي أَعْلَمُ غَيْبَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَأَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُونَ ۝ وَإِذْ قُلْنَا لِلْمَلَائِكَةِ اسْجُدُوا لِآدَمَ فَسَجَدُوا إِلَّا إِبْلِيسَ أَبَىٰ وَاسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكَافِرِينَ ۝

حالاں کہ ہم (فرشتے) آپ کی حمد وثنا ① پڑھتے ہیں اور آپ کی پاکی بیان کرتے ہیں، تو اس (اللہ تعالیٰ) نے فرمایا کہ: یقیناً جو (بات) میں جانتا ہوں وہ تم نہیں جانتے ہو ﴿۳۰﴾ اور اس (اللہ تعالیٰ) نے آدم (علیہ السلام) کو سب چیزوں کے نام سکھلا دیے، پھر وہ چیزیں اس (اللہ تعالیٰ) نے فرشتوں کے سامنے رکھ دیں، سو اس (اللہ تعالیٰ) نے (فرشتوں سے) فرمایا کہ: اگر تم سچے ہو ② تو ان سب چیزوں کے نام مجھ کو بتلاؤ ﴿۳۱﴾ ان سب (فرشتوں) نے (اللہ تعالیٰ سے) کہا: آپ کی ذات تو پاک ہے، جتنا علم آپ نے ہم کو سکھلایا ہے اس کے سوا ہم کچھ نہیں جانتے، یقیناً آپ ہی بڑے علم، بڑی حکمت کے مالک ہیں ﴿۳۲﴾ اس (اللہ تعالیٰ) نے فرمایا: اے آدم! تو ان (فرشتوں) کو ان سب (چیزوں) کے نام بتلا دے، سو اس (آدم) نے جب ان (فرشتوں) کو ان سب (چیزوں) کے نام (جلدی جلدی) بتلا دیے تب اس (اللہ تعالیٰ) نے (فرشتوں کو) فرمایا کہ: کیا میں نے تم سے کہا نہیں تھا کہ: آسمانوں اور زمین کی چھپی ہوئی چیزوں کو یقیناً میں ہی جانتا ہوں اور جو باتیں تم ظاہر کرتے ہو اور جو باتیں تم چھپاتے ہو وہ سب کچھ مجھ کو معلوم ہے ﴿۳۳﴾ اور جب ہم نے فرشتوں کو حکم دیا کہ: تم آدم کے سامنے ③ سجدہ کرو، تو ابلیس کے سوا سب (فرشتوں) نے سجدہ کیا، اس (ابلیس) نے (اللہ تعالیٰ کا حکم ماننے سے) انکار کر دیا اور خود کو بڑا سمجھا اور وہ کافروں میں سے ہو گیا ﴿۳۴﴾

---

① یعنی حمد وثنا کے ساتھ تسبیح میں لگے ہیں۔ ② کہ ہمارے ہوتے ہوئے خلافت کے لیے انسان کو بنانے کی ضرورت نہیں۔
③ حضرت آدمؑ کے علمی کمالات پر عملی تعظیم کا اظہار ہوا، یا ان کو قبلہ مانو اور حکمِ الٰہی کو سجدہ کرو۔
نوٹ: ایک قول یہ ہے کہ ابلیس جنات کی قوم میں سے تھا (از ملفوظاتِ فقیہ الامت)۔

وَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا ۪ وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۞ فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيْهِ ۪ وَقُلْنَا اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ۞ فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۞ قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّىْ هُدًى فَمَنْ تَبِعَ هُدَاىَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۞ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۞

اور ہم نے کہا: اے آدم! تم اور تمھاری بیوی جنت میں رہو اور تم دونوں اس (جنت) میں سے (جو چاہو) جہاں سے چاہو خوب جی بھر کر کے کھاؤ اور (اے آدم وحوا!) تم دونوں اس (خاص) درخت کے قریب مت جانا؛ ورنہ تم دونوں نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو جاؤ گے ﴿۳۵﴾ سو ان دونوں (آدم اور حوا) کو شیطان نے اس (درخت) کی وجہ سے پھسلا دیا①، پھر وہ دونوں (اس جنت میں عزت وراحت سے) جس (مزے) میں رہتے تھے اس سے اس (شیطان) نے ان دونوں کو نکال دیا اور ہم نے حکم دیا کہ: تم سب (آدم، حوا اور شیطان نیچے دنیا میں) اتر جاؤ، تم (آپس میں) ایک دوسرے کے دشمن بن کر رہو گے اور تمھارے لیے زمین میں ایک مدت (یعنی قیامت) تک کے لیے ٹھہرنا اور فائدہ اٹھانا (طے کر دیا گیا) ہے ﴿۳۶﴾ پھر آدم (علیہ السلام) نے (پورے شوق کے ساتھ) اپنے رب سے (توبہ کے) چند کلمات سیکھ لیے، (سو آدم علیہ السلام نے ان کلمات کے ذریعہ سے توبہ کی) تو اس (اللہ تعالیٰ) نے ان کی توبہ قبول کر لی، یقیناً وہی (اللہ تعالیٰ) بہت بڑے توبہ قبول کرنے والے، بہت مہربان ہیں ﴿۳۷﴾ ہم نے حکم دیا کہ: تم سب اس (جنت) سے نیچے (دنیا میں) اتر جاؤ، سو اگر میری طرف سے تمھارے پاس کوئی ہدایت آوے تو جو بھی میری (بھیجی ہوئی) ہدایت پر چلے گا تو ان پر کوئی خوف نہیں ہوگا اور وہ غمگین (بھی) نہیں ہوں گے ﴿۳۸﴾ اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہی لوگ آگ میں جانے والے ہیں② اس (آگ) میں وہ لوگ ہمیشہ رہیں گے ﴿۳۹﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) گمراہ کیا (یعنی کسی بھی طرح درخت سے کھلا ہی دیا)۔ ② (دوسرا ترجمہ) جہنمی ہیں۔

يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَوْفُوْا بِعَهْدِيْٓ اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ ۚ وَاِيَّايَ فَارْھَبُوْنِ۝ وَاٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ وَلَا تَكُوْنُوْٓا اَوَّلَ كَافِرٍۢ بِهٖ ۠ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۡ وَاِيَّايَ فَاتَّقُوْنِ۝ وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ۝ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ۝ اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ۝ وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ۭ وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَي الْخٰشِعِيْنَ۝

اے بنی اسرائیل ⓵ میں نے اپنے جو احسانات تم پر کیے ان کو تم یاد کرو ⓶ اور تم میرے عہد کو پورا کرو، میں تمھارے عہد کو پورا کروں گا اور (صرف) مجھ ہی سے تم لوگ ڈرو ⓷ ﴿۴۰﴾ اور جو کتاب (یعنی قرآن) میں نے اتاری اس کو تم مان لو؛ جبکہ وہ کتاب (یعنی قرآن) تمھارے پاس جو (کتاب یعنی تورات وانجیل) ہیں ان کو سچا بتلاتی ہے اور تم سب سے پہلے ⓸ اس (قرآن) کا انکار کرنے والے مت بنو، اور تم (دنیا کی) معمولی قیمت لے کر میرے احکام کو مت بیچو اور تم صرف میری ناراضگی سے بچتے رہو ﴿۴۱﴾ اور تم حق کے ساتھ باطل کو مت ملاؤ اور تم جان بوجھ کر حق کو مت چھپاؤ ﴿۴۲﴾ اور تم نماز قائم رکھو اور تم زکوۃ دیا کرو اور تم رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کیا کرو ⓹ ﴿۴۳﴾ کیا تم لوگوں کو نیکی کا حکم کرتے ہو اور خود اپنی ذات کو بھول جاتے ہو ⓺ حالاں کہ تم تو خود کتاب (یعنی تورات بھی) پڑھتے ہو، تو کیا پھر تم (اتنا بھی) سمجھتے نہیں ہو؟ ﴿۴۴﴾ اور تم مدد مانگو صبر کر کے اور نماز پڑھ کے، اور یقیناً وہ (نماز) بھاری تو لگتی ہے؛ مگر خشوع کرنے والے لوگوں پر ⓻ ﴿۴۵﴾

⓵ یعنی حضرت یعقوبؑ کی اولاد۔

⓶ (دوسرا ترجمہ) میں نے میری جو نعمت تم کو عطا کی اس کو یاد کرو۔

⓷ کسی اور سے مت ڈرو۔

⓸ یعنی تمھاری امت میں سے۔

⓹ اس میں امتِ محمدیہ کی طرح رکوع کے ساتھ باجماعت نماز ادا کرنے کا حکم ہے، یہود کی نماز میں رکوع نہیں تھا۔

⓺ خود عمل نہیں کرتے ہو، خود لاپرواہی اور غفلت برتتے ہو۔

⓻ یعنی ان کو بھاری نہیں لگتی۔ خشوع: یعنی نماز میں اللہ تعالیٰ کی طرف دھیان ہو، ظاہری عاجزی ہو اور ہر وقت اللہ کا ڈر رہو۔

الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ۝

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ۝ وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْـًٔا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ۝ وَاِذْ نَجَّيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ؕ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ۝ وَاِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَاَنْجَيْنٰكُمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ۝

(عاجزی کرنے والے) وہ (لوگ) ہیں جو خیال (یعنی یقین) کرتے ہیں کہ وہ اپنے رب سے ملنے والے ہیں اور یہ کہ اسی (اللہ تعالیٰ) کی طرف وہ لوٹنے والے ہیں ﴿۴۶﴾

اے بنی اسرائیل! تم میرے ان احسانات کو یاد کرو جو میں نے تم پر کیے ہیں① اور (یہ بھی یاد کرو کہ) میں نے تم کو تمام جہاں والوں پر فضیلت دی تھی② ﴿۴۷﴾ اور تم اس (قیامت کے) دن سے ڈرو جس دن کوئی شخص کسی کو ذرا برابر بھی کام نہیں آسکے گا اور نہ کسی (کی طرف) سے کوئی سفارش بھی قبول کی جائے گی اور نہ کسی (کی طرف) سے کسی قسم کا (عذاب سے چھٹکارے کا) عوض لیا جائے گا اور نہ ان (مجرموں) کو (کسی کی طرف سے) کوئی مدد پہنچے گی ﴿۴۸﴾ اور (اے بنی اسرائیل! وہ وقت بھی ذرا یاد کرو) جب ہم نے تم کو فرعونی لوگوں سے چھٹکارا دیا تھا جو تم کو بدترین سزا دیتے تھے تمھارے لڑکوں کو ذبح کرتے تھے اور تمھاری عورتوں کو زندہ رکھتے تھے اور ان (تمام حالات) میں تمھارے رب کی طرف سے (تمھارے لیے) بڑا امتحان تھا ﴿۴۹﴾ اور (اے بنی اسرائیل! ذرا وہ وقت بھی یاد کرو) جب ہم نے تمھارے لیے سمندر کو پھاڑ دیا تھا③ پھر (سمندر سے پار کر کے) ہم نے تم سب کو بچا لیا اور ہم نے فرعونی لوگوں کو (سمندر میں) ڈبو دیا تھا اور تم (ان سب باتوں کو اپنی آنکھوں سے) دیکھ رہے تھے④ ﴿۵۰﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) میری ان نعمتوں کو یاد کرو جو میں نے تم کو عطا کی ہے۔

② (دوسرا ترجمہ) تمام اقوامِ عالم پر فوقیت عطا کی تھی۔

③ یعنی سمندر میں راستے بنا دیے۔ ④ (دوسرا ترجمہ) اور ہم نے فرعونیوں کو تمھاری نظروں کے سامنے ڈبو دیا۔

وَاِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰۤى اَرْبَعِیْنَ لَیْلَةً ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ۝ ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ۝ وَاِذْ اٰتَیْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَالْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ۝ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ یٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْۤا اِلٰى بَارِىٕكُمْ فَاقْتُلُوْۤا اَنْفُسَكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ خَیْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِىٕكُمْ ؕ فَتَابَ عَلَیْكُمْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ۝

اور (اے بنی اسرائیل! وہ وقت بھی یاد کرو) جب ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) سے چالیس راتوں کا وعدہ کیا ① پھر اس (موسیٰ علیہ السلام) کے (طور پر جانے کے) بعد تم نے بچھڑے کو معبود بنالیا اور تم ظلم کر رہے تھے ﴿۵۱﴾ پھر اس (گناہ) کے بعد بھی ہم نے تم کو معاف کر دیا؛ تاکہ تم (اس معافی اور دوسری نعمت پر) شکر کرو ﴿۵۲﴾ اور (اے بنی اسرائیل! وہ وقت بھی یاد کرو) جب ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب (یعنی تورات) اور حق سے باطل کو جدا کرنے والے احکام دیے؛ تاکہ تم (اس پر عمل کر کے) صحیح راستے پر آجاؤ ② ﴿۵۳﴾ اور (اے بنی اسرائیل! وہ وقت بھی یاد کرو) جب موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم (بنی اسرائیل) سے کہا: اے میری قوم! تم نے بچھڑے کو معبود بنا کر یقیناً اپنا بڑا نقصان کیا ہے؛ سو (گناہ سے معافی کے لیے) تم اپنے پیدا کرنے والے کے سامنے توبہ کرو اور تم ایک دوسرے کو قتل کرو ③ (توبہ کا) یہی (طریقہ) تمھارے پیدا کرنے والے کے نزدیک تمھارے لیے بہتر ہے ④ سو ⑤ اس (اللہ تعالیٰ) نے تمھاری توبہ قبول کرلی، یقیناً وہی (اللہ تعالیٰ) بڑے توبہ قبول کرنے والے، سب سے زیادہ مہربان ہیں ﴿۵۴﴾

---

① کہ طور پر آکر اعتکاف کرے اور تورات لے جائے۔ ② یعنی ہدایت پالو۔

③ جنھوں نے بچھڑے کی عبادت نہیں کی وہ اپنے ہاتھ سے بچھڑے کی عبادت کرنے والوں کو قتل کر دیں۔

④ امتِ محمدیہ کے لوگ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں کہ ان کے لیے ایسی سخت توبہ کا حکم نہیں ہے، آسان توبہ اس امت کو ملی ہے کہ برے راستے کو چھوڑ کر ہدایت کے راستے پر لوٹ آویں؛ البتہ توبہ کے لیے یہ چیزیں شرط ہیں: [۱] کیے ہوئے گناہ پر ندامت [۲] گناہ کو ترک کرنا [۳] آئندہ نہ کرنے کا عزم [۴] اللہ تعالیٰ اور بندوں کے باقی حقوق کی ادائیگی۔

⑤ یعنی جب بچھڑے کی عبادت کرنے والوں کو قتل کر دیا گیا تو۔

وَاِذْ قُلْتُمْ یٰمُوْسٰی لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰی نَرَی اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿۵۵﴾ ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۵۶﴾ وَظَلَّلْنَا عَلَیْكُمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَیْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰی ؕ كُلُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْۤا اَنْفُسَهُمْ یَظْلِمُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَاِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْیَةَ فَكُلُوْا مِنْهَا حَیْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُوْلُوْا حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطٰیٰكُمْ ؕ وَسَنَزِیْدُ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۵۸﴾

اور (اے بنی اسرائیل! وہ وقت بھی یاد کرو) جب تم نے (طور پر یوں) کہا تھا: اے موسیٰ! ہم ہرگز تم پر ایمان نہیں لائیں گے جب تک کہ ہم (خود) اللہ تعالیٰ کو کھلم کھلا دیکھ نہ لیویں① (تمھارے اس غلط مطالبے کا) نتیجہ یہ ہوا کہ (زوردار آواز والی) بجلی نے تم کو پکڑ لیا اور تم (یہ منظر اپنی آنکھوں سے) دیکھ رہے تھے ﴿۵۵﴾ پھر ہم نے تمھاری موت کے بعد تم کو (زندہ کر کے) اٹھایا؛ تاکہ تم (اللہ تعالیٰ کا) شکر ادا کرو ﴿۵۶﴾ اور (اے بنی اسرائیل! وہ نعمتیں بھی یاد کرو کہ) ہم نے (وادیٔ تیہ میں) تمھارے اوپر بادل سے سایہ کیا اور ہم نے تمھارے اوپر ''منّ'' اور ''سلویٰ'' اتارا، جو پاکیزہ روزی ہم نے تم کو دی اس میں سے تم کھاؤ، اور (نافرمانی کر کے) ان (بنی اسرائیل کے) لوگوں نے ہمارا کوئی نقصان نہیں کیا؛ بلکہ وہ اپنا ہی نقصان کرتے رہے② ﴿۵۷﴾ اور (اے بنی اسرائیل! وہ وقت بھی یاد کرو) جب ہم نے (تم کو) حکم دیا کہ تم اس بستی میں داخل ہو جاؤ، سو اس (شہر) میں سے جہاں سے چاہو تم جی بھر کر کھاؤ اور تم (شہر کے) دروازے سے سجدہ کرتے ہوئے داخل ہو③ اور یہ بولتے ہوئے جاؤ کہ (اے اللہ!) ہم تو بخشش چاہتے ہیں'' (اس عمل کی برکت سے) ہم تمھارے گناہوں کو معاف کر دیں گے اور نیکی کرنے والوں کو ہم زیادہ (ثواب اور نعمتیں) دیں گے ﴿۵۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) جب ہم خود اللہ تعالیٰ کو اپنی آنکھوں سے سامنے دیکھ لیں گے تب ہی ہم آپ کی بات پر یقین کریں گے (کہ جو آواز ہم نے طور پر سنی یہ اللہ کی ہی ہے)۔

② یعنی اس نافرمانی کا نقصان دنیا و آخرت میں بھگتنا ہے۔

③ (دوسرا ترجمہ) سر جھکائے ہوئے داخل ہو۔ فعلی و قولی ادب دونوں کا آیت میں تذکرہ ہے، البتہ عملی مقدم ہے، شاید اس کی زیادہ اہمیت کی طرف اشارہ ہے۔

فَبَدَّلَ الَّذِیۡنَ ظَلَمُوۡا قَوۡلًا غَیۡرَ الَّذِیۡ قِیۡلَ لَهُمۡ فَاَنۡزَلۡنَا عَلَی الَّذِیۡنَ ظَلَمُوۡا رِجۡزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا کَانُوۡا یَفۡسُقُوۡنَ ﴿۵۹﴾

وَاِذِ اسۡتَسۡقٰی مُوۡسٰی لِقَوۡمِهٖ فَقُلۡنَا اضۡرِبۡ بِّعَصَاكَ الۡحَجَرَ ؕ فَانۡفَجَرَتۡ مِنۡهُ اثۡنَتَا عَشۡرَةَ عَیۡنًا ؕ قَدۡ عَلِمَ کُلُّ اُنَاسٍ مَّشۡرَبَهُمۡ ؕ کُلُوۡا وَاشۡرَبُوۡا مِنۡ رِّزۡقِ اللّٰهِ وَلَا تَعۡثَوۡا فِی الۡاَرۡضِ مُفۡسِدِیۡنَ ﴿۶۰﴾ وَاِذۡ قُلۡتُمۡ یٰمُوۡسٰی لَنۡ نَّصۡبِرَ عَلٰی طَعَامٍ وَّاحِدٍ فَادۡعُ لَنَا رَبَّكَ یُخۡرِجۡ لَنَا مِمَّا تُنۡۢبِتُ الۡاَرۡضُ مِنۡۢ بَقۡلِهَا وَقِثَّآئِهَا وَفُوۡمِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا ؕ قَالَ اَتَسۡتَبۡدِلُوۡنَ الَّذِیۡ هُوَ اَدۡنٰی بِالَّذِیۡ هُوَ خَیۡرٌ ؕ

سو جو لفظ (معافی کا) ان کو (بولنے کے لیے) کہا گیا تھا تو ظالموں نے اس کو دوسرے (مذاق کے) لفظ سے بدل دیا① اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ جو نافرمانی وہ کرتے تھے اس کی وجہ سے ظالموں پر ہم نے آسمان سے عذاب اتارا ﴿۵۹﴾

اور (وہ وقت بھی یاد کرو) جب موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم کے واسطے (وادیٔ تیہ میں) پانی کی دعا کی، تو ہم نے کہا کہ: (موسیٰ!) اپنے عصا کو (خاص) پتھر پر مارو، سو (لکڑی مارتے ہی) اس (پتھر) سے بارہ چشمے بہنے لگے② پکی بات یہ ہے کہ ہر قبیلے نے اپنے پانی پینے کی جگہ کو پہچان لیا، (ہم نے کہا) تم اللہ تعالیٰ کے (دیے ہوئے) رزق میں سے کھاؤ اور پیو اور تم زمین میں فساد مچاتے مت پھرو ﴿۶۰﴾ اور (اے بنی اسرائیل! وہ وقت بھی یاد کرو) جب تم نے کہا تھا: اے موسیٰ! ہم ایک ہی قسم کے کھانے (من وسلویٰ) پر ہرگز صبر (یعنی اکتفا) نہیں کریں گے: لہذا آپ ہمارے لیے اپنے رب سے دعا کریں کہ (عام طور پر) زمین جو چیزیں اگاتی ہے وہ چیزیں وہ (اللہ تعالیٰ) ہمارے لیے پیدا کریں؛ یعنی اس (زمین) کی سبزی اور اس کی ککڑی اور اس کے گیہوں③ اور اس کا مسور اور اس کی پیاز (ہم کو کھانے ملے) اس (موسیٰ علیہ السلام) نے کہا: کیا بہتر چیز بدل کر گھٹیا چیز تم لینا چاہتے ہو؟

---

① بنی اسرائیل نے دونوں طرح کے ادب کی خلاف ورزی کی تب بے ادبی پر عذاب نازل ہوا۔

② اس لیے کہ بنی اسرائیل کے بارہ خاندان تھے۔③ (دوسرا ترجمہ) لہسن۔

اِهْبِطُوْا مِصْرًا فَاِنَّ لَكُمْ مَّا سَاَلْتُمْ ؕ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ ۗ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿۶۱﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالنَّصٰرٰى وَالصّٰبِـِٕيْنَ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۶۲﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ؕ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۶۳﴾ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ۚ فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَكُنْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۶۴﴾

تم کسی شہر میں اتر و تو① وہ چیزیں جو تم نے مانگی ہیں② وہ تمھیں (وہاں) مل جائیں گی اور ذلتی اور محتاجگی ان کے ساتھ (ہمیشہ) لگادی گئی ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کے غضب کے حق دار ہوئے، یہ (سزا)③ اس لیے (دی گئی) کہ وہ اللہ تعالیٰ کے احکام کا انکار کرتے تھے اور نبیوں کو ناحق قتل کرتے تھے، اس کی وجہ یہ (بھی) تھی کہ انھوں نے (اللہ کی) نافرمانی کی اور وہ (شریعت کی) حد سے نکل جایا کرتے تھے ﴿۶۱﴾

یقینی بات ہے کہ جو لوگ ایمان لائے④ اور جو لوگ یہودی اور نصرانی اور صابی ہوئے (ان میں سے) جو بھی اللہ تعالیٰ پر اور آخرت کے دن پر ایمان لائے اور نیک کام کیے تو ان کے لیے ان کے رب کے پاس ان کا ثواب (ملنے والا) ہے اور ان پر کوئی خوف نہیں ہوگا اور وہ غمگین (بھی) نہیں ہوں گے ﴿۶۲﴾ اور (وہ وقت یاد کرو) جب ہم نے تم سے (تورات پر عمل کرنے کا) عہد لیا تھا اور ہم نے تمھارے اوپر طور پہاڑ کو اٹھا کر بلند کیا تھا کہ جو (تورات) ہم نے تم کو دی اس کو پوری طاقت سے پکڑ و⑤ اور جو (احکام) اس میں ہیں ان کو یاد رکھو؛ تا کہ تم کو (عمل کرنے سے) تقویٰ حاصل ہو جائے ﴿۶۳﴾ پھر اس (پکے قرار) کے بعد بھی تم (اپنے پورا عمل کرنے کے وعدے سے) پھر گئے، سو اگر اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی رحمت تم پر نہ ہوتی تو تم ضرور (تباہ و) برباد ہو جاتے ﴿۶۴﴾

---

① یعنی کسی شہر میں جاؤ۔ ② (دوسری تعبیر) تمھاری مانگی ہوئی چیزیں۔ ③ اس سزا کی وجہ یا نبیوں کے قتل پر دلیری کی وجہ۔
④ یعنی جو خود کو مسلمان کہتے ہیں۔ ⑤ یعنی پورا عمل کرو۔ (دوسرا ترجمہ) پوری عزیمت اور قوت سے قبول کرو۔

وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِينَ اعْتَدَوْا مِنكُمْ فِي السَّبْتِ فَقُلْنَا لَهُمْ كُونُوا قِرَدَةً خَاسِئِينَ ﴿٦٥﴾ فَجَعَلْنَاهَا نَكَالًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا خَلْفَهَا وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِينَ ﴿٦٦﴾ وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُكُمْ أَن تَذْبَحُوا بَقَرَةً ۖ قَالُوا أَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا ۖ قَالَ أَعُوذُ بِاللَّهِ أَنْ أَكُونَ مِنَ الْجَاهِلِينَ ﴿٦٧﴾ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّن لَّنَا مَا هِيَ ۚ قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَلَا بِكْرٌ عَوَانٌ بَيْنَ ذَٰلِكَ ۖ فَافْعَلُوا مَا تُؤْمَرُونَ ﴿٦٨﴾

اور پکی بات ہے کہ تم (اپنے) ان لوگوں کو (اچھی طرح) جانتے ہو جنھوں نے تم میں سے سنیچر کے دن کے (احکام کے) بارے میں زیادتی کی تو ہم نے ان کو کہا کہ: تم ذلیل بندر بن جاؤ① ﴿۶۵﴾ سو ہم نے اس (واقعہ) کو اس زمانے کے لوگوں کے لیے اور اس کے بعد والے لوگوں کے لیے عبرت اور تقویٰ والوں کے لیے نصیحت حاصل کرنے کا سامان بنا دیا ﴿۶۶﴾ اور (وہ وقت یاد کرو) جب موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم کو کہا کہ: یقیناً اللہ تعالیٰ تم کو حکم دیتے ہیں کہ تم ایک گائے ذبح کرو② (تو قوم کے) لوگوں نے کہا کہ: (اے موسیٰ!) کیا آپ ہم سے مذاق کرتے ہیں؟ وہ (موسیٰ علیہ السلام) کہنے لگے: میں اللہ تعالیٰ سے حفاظت چاہتا ہوں کہ میں (ایسے) نادانوں میں سے بنوں③ ﴿۶۷﴾ (قوم کے) لوگ کہنے لگے: (اے موسیٰ!) آپ ہمارے لیے اپنے رب سے دعا کر دیجیے④ کہ وہ (اللہ تعالیٰ) ہم کو صاف صاف بتلا دیویں کہ وہ (گائے) کیسی ہو؟ اس (موسیٰ علیہ السلام) نے کہا کہ: یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) حکم دیتے ہیں کہ: وہ ایسی گائے ہو جو بہت زیادہ بوڑھی بھی نہ ہو اور کم عمر (یعنی بچھڑی) بھی نہ ہو (بلکہ بڑھاپا اور بچپن) دونوں کے درمیان کی (عمر کی) ہو، (اے میری قوم بنی اسرائیل!) اب جس کام کا تم کو حکم دیا گیا ہے وہ کام تم کر ڈالو⑤ ﴿۶۸﴾

---

① یعنی اللہ کے حکم سے بندر بنا دیے گئے۔

② اس لیے کہ قاتل کو تلاش کرنا تھا۔

③ (دوسرا ترجمہ) احکامِ خداوندی میں تمسخر کرنے لگوں ایسی حالت سے میں اللہ تعالیٰ کی حفاظت چاہتا ہوں (معلوم ہوا مذاق میں بھی جھوٹ بات نہ بولے)۔

④ (دوسرا ترجمہ) درخواست کر دیجیے۔ ⑤ یعنی گائے کے بارے میں زیادہ سوالات مت کرو اور گائے ذبح کر دو۔

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا لَوْنُهَا ؕ قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَآءُ ۙ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النّٰظِرِيْنَ ۝ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ۙ إِنَّ الْبَقَرَ تَشٰبَهَ عَلَيْنَا ؕ وَإِنَّآ إِنْ شَآءَ اللّٰهُ لَمُهْتَدُونَ ۝ قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا ذَلُولٌ تُثِيرُ الْأَرْضَ وَلَا تَسْقِي الْحَرْثَ ۚ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيهَا ؕ قَالُوا الْـٰٔنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ ؕ فَذَبَحُوهَا وَمَا كَادُوا يَفْعَلُونَ ۝

وہ (قوم کے لوگ پھر) کہنے لگے: (اے موسیٰ!) آپ ہمارے لیے اپنے رب سے دعا کر دیجیے کہ ہم کو وہ (اللہ تعالیٰ) صاف صاف بتلا دیویں کہ اس (گائے) کا رنگ کیسا ہو؟ اس (موسیٰ) نے کہا: وہ (اللہ تعالیٰ) فرماتے ہیں کہ: وہ گائے زرد (یعنی پیلے) رنگ کی ہونی چاہیے، اس کا ایسا گہرا (زرد) رنگ ہو کہ دیکھنے والوں (کے دل) کو خوش کر دیوے ﴿۶۹﴾ (قوم کے) لوگ کہنے لگے: (اے موسیٰ!) آپ ہمارے لیے اپنے رب سے دعا کر دیجیے کہ وہ (اللہ تعالیٰ) ہم کو صاف صاف بتلا دیویں کہ وہ (گائے) کس قسم کی ہونی چاہیے؟ یقیناً وہ گائے ابھی بھی ہم پر مشتبہ ہے ① اور اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تو (گائے کی قسم کے ظاہر ہونے کے بعد) ہم ضرور (اس گائے کا) پتہ لگا لیں گے ﴿۷۰﴾ اس (موسیٰ علیہ السلام) نے کہا کہ: یقیناً وہ (میرے اللہ) یہ حکم دیتے ہیں کہ وہ ایسی گائے ہو جو محنت کر کے زمین کو جوتنے والی نہ ہو اور نہ تو وہ (گائے) کھیتی کو پانی دینے (یعنی سینچائی) کا کام کرتی ہو، (وہ گائے پوری طرح کام کاج کے اثرات یا عیب سے) سلامت ہو، اس (گائے) میں کسی طرح کا (دوسرے رنگ کا) داغ (یعنی دھبہ) نہ ہو، (قوم کے) لوگ کہنے لگے کہ: (اے موسیٰ!) اب تم صاف (یعنی پوری) بات لائے ②، سو انھوں نے اس (گائے) کو ذبح کیا ③ حالاں کہ لگتا نہ تھا کہ وہ یہ کام کریں گے ﴿۷۱﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) یقیناً گائے کے بارے میں ہم (ابھی بھی) شبہ میں پڑے ہوئے ہیں۔
② یعنی اب گائے کے بارے میں پوری بات ہمارے سامنے آ گئی۔
③ جس بچے کے پاس ایسے اوصاف والی گائے تھی اس سے خرید کر۔

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِیْهَا ؕ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ۚ﴿۷۲﴾ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ؕ كَذٰلِكَ یُحْیِ اللّٰهُ الْمَوْتٰی ۙ وَیُرِیْكُمْ اٰیٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۷۳﴾ ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِیَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ؕ وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا یَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا یَشَّقَّقُ فَیَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا یَهْبِطُ مِنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۷۴﴾ اَفَتَطْمَعُوْنَ اَنْ یُّؤْمِنُوْا لَكُمْ وَقَدْ كَانَ فَرِیْقٌ مِّنْهُمْ یَسْمَعُوْنَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ یُحَرِّفُوْنَهٗ مِنْۢ بَعْدِ مَا عَقَلُوْهُ وَهُمْ یَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾

اور (یاد کرو) جب (اے بنی اسرائیل!) تم نے ایک شخص کو قتل کر دیا تھا اور اس (قتل) کا الزام تم ایک دوسرے پر ڈال رہے تھے اور جو (راز) تم چھپانا چاہتے تھے اللہ تعالیٰ تو اس کو ظاہر کرنے والے ہی تھے① ﴿۷۲﴾ سو ہم نے حکم دیا کہ: (اے بنی اسرائیل!) اس (ذبح کی ہوئی گائے) کا ایک حصہ اس (مقتول) سے لگا دو② اسی طرح (قیامت میں) اللہ تعالیٰ مُردوں کو زندہ کریں گے اور وہ (اللہ تعالیٰ) اپنی قدرت کے نمونے تم کو دکھلاتے ہیں؛ تاکہ تم عقل سے کام لو ﴿۷۳﴾ پھر اس (طرح کے واقعات کو دیکھنے) کے بعد (بھی اے بنی اسرائیل!) تمھارے دل ایسے سخت ہو گئے کہ جیسے وہ پتھر ہیں یا اس (پتھر) سے بھی زیادہ سخت ہیں اور یقیناً بعض پتھروں میں سے تو نہریں بہہ کر نکلتی ہیں اور یقیناً ان (پتھروں) میں سے (دوسرے) بعض ایسے ہوتے ہیں کہ جب وہ پھٹتے ہیں تو اس میں سے پانی نکلتا ہے اور بعض ان میں سے (تیسری قسم کے پتھر) ایسے بھی ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ڈر سے (اوپر سے) نیچے کی طرف گرتے ہیں اور جو کام تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس سے بے خبر نہیں ہے ﴿۷۴﴾ (اے مسلمانو!) کیا پھر بھی تم توقع رکھتے ہو اس بات کی کہ وہ (یہودی) تمھارے کہنے سے ایمان لے آئیں گے اور (ان کا تو حال ایسا ہے کہ) ان کی ایک جماعت اللہ تعالیٰ کے کلام کو سنتی تھی پھر اس کو سمجھنے کے بعد (جان بوجھ کر) وہ اس کو بدل ڈالتے تھے؛ حالاں کہ وہ (اس بدلنے کی برائی کو) جانتے بھی تھے③ ﴿۷۵﴾

---

① یعنی حقیقی قاتل کون ہے وہ ظاہر کرنا تھا۔ ② تب اس مقتول نے زندہ ہو کر قاتل کا نام بتا دیا کہ میرے بھتیجے نے مجھے قتل کیا تھا۔ ③ یعنی اللہ کے احکام بدلنے پر دنیوی و اخروی سزائیں جانتے تھے۔

وَإِذَا لَقُوا الَّذِينَ آمَنُوا قَالُوا آمَنَّا وَإِذَا خَلَا بَعْضُهُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ قَالُوا أَتُحَدِّثُونَهُمْ بِمَا فَتَحَ اللَّهُ عَلَيْكُمْ لِيُحَاجُّوكُمْ بِهِ عِنْدَ رَبِّكُمْ ۚ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۝ أَوَلَا يَعْلَمُونَ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ ۝ وَمِنْهُمْ أُمِّيُّونَ لَا يَعْلَمُونَ الْكِتَابَ إِلَّا أَمَانِيَّ وَإِنْ هُمْ إِلَّا يَظُنُّونَ ۝

اور وہ (یہودی منافقین) جب ایمان والوں سے ملتے ہیں تو (زبان سے) کہتے ہیں کہ: ہم بھی ایمان لے آئے ہیں اور جب تنہائی (یا آپس) میں ایک دوسرے سے ملتے ہیں تو (یہودی کافر منافقین سے) کہتے ہیں کہ: جو باتیں اللہ تعالیٰ نے تم پر (تورات میں) کھولیں ① تم وہ باتیں ان (مسلمانوں) کو کیوں بتا دیتے ہو؟ تاکہ وہ (مسلمان قیامت کے دن) تمھارے خلاف ان باتوں سے تمھارے رب کے پاس دلیل بازی کریں ②، کیا پھر بھی تم (اتنی) بات سمجھتے نہیں ہو ③ ﴿76﴾ (جو لوگ آپس میں ایسی باتیں کرتے ہیں) کیا ان کو اتنا بھی معلوم نہیں ہے کہ جو بات وہ چھپاتے ہیں اور جو بات وہ لوگ ظاہر کرتے ہیں یقیناً اللہ تعالیٰ ان سب (باتوں) کو جانتے ہیں ﴿77﴾ اور ان (بنی اسرائیل) میں کچھ ان پڑھ لوگ بھی ہیں ④ جو کتاب (یعنی تورات) کا علم تو نہیں رکھتے، صرف (بڑوں سے سنی سنائی جھوٹی یعنی دل خوش کرنے والی باتوں پر) امیدیں (قائم کر رکھی) ہیں اور (ان کا کام یہ ہے کہ) وہ صرف خیالات باندھتے (یعنی قائم کرتے) رہتے ہیں ﴿78﴾

---

① تورات میں نبی کریم ﷺ کے متعلق جو بشارت آئی تھی یا قرآن کے متعلق جو خبر آئی تھی ان میں سے کوئی ایک آدھ بات منافقین اپنے ایمان کی سچائی کا ثبوت دینے کے لیے مسلمانوں کو کہہ دیتے، اس پر یہودی ناراض ہو جاتے کہ تم اس طرح راز کی بات مت بتایا کرو، ورنہ مسلمان اسی بات کو لیکر قیامت کے دن تمھارے خلاف حجت قائم کریں گے جیسے کوئی شخص زبان سے کسی بات کا اقرار کرے یا اقرار کی کوئی تحریر لکھ کر دیوے اور پھر اسی بات کا انکار کر دیوے تو بہت زیادہ رسوائی ہوتی ہے کہ اقرار کر کے پھر گیا۔

نوٹ: تورات اور انجیل میں تحریفات کے باوجود آج تک حضرت نبی کریم ﷺ کی بشارت واضح الفاظ میں موجود ہے۔

② کہ یہ یہود جانتے ہوئے بھی مانتے نہ تھے۔ (دوسرا ترجمہ) کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ مسلمان ان باتوں کی وجہ سے تمھارے رب کے سامنے تم پر الزام قائم کر دیں۔

③ (دوسرا ترجمہ) تم میں اتنی عقل بھی نہیں ہے۔ ④ یہود علماء کے مقابلہ میں عوام میں علم کی کمی۔

فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ بِاَيْدِيْهِمْ ۗ ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ لِيَشْتَرُوْا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ فَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا كَتَبَتْ اَيْدِيْهِمْ وَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا يَكْسِبُوْنَ ۞ وَقَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّاۤ اَيَّامًا مَّعْدُوْدَةً ؕ قُلْ اَتَّخَذْتُمْ عِنْدَ اللّٰهِ عَهْدًا فَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ عَهْدَهٗۤ اَمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۞

سو بہت بڑی تباہی ہے ان لوگوں کے لیے جو اپنے ہاتھوں سے کتاب لکھتے ہیں (۱) پھر (لوگوں سے) (یوں) کہتے ہیں کہ: یہ باتیں اللہ تعالیٰ کے یہاں سے (آئی) ہیں؛ تاکہ ایسی (جھوٹی) بات کے ذریعے تھوڑا سا (دنیا کا) سرمایہ وہ کما لیویں، سو ان کے ہاتھوں نے جو کچھ لکھا ہے اس کی وجہ سے ان کے لیے بڑی تباہی ہے اور اس (خود کی لکھی ہوئی باتوں) سے جو (دنیا کی) کمائی کی اس کی وجہ سے (بھی) ان کے لیے بھاری تباہی ہے ﴿۷۹﴾ اور وہ (بنی اسرائیل یوں) کہتے تھے کہ: ہم کو تو (جہنم کی) آگ بالکل نہیں لگے گی، ہاں چند گنتی کے دن (۲) (جہنم کی آگ لگے گی) تو (اے نبی!) تم (ان بنی اسرائیل سے) کہو کہ: کیا تم نے (اس معاملے میں) اللہ تعالیٰ سے (اس کا) کوئی عہد لے رکھا ہے (۳) کہ اللہ تعالیٰ اپنے عہد کے خلاف بالکل نہیں کریں گے یا تو تم اللہ تعالیٰ پر ایسی بات بولتے ہو جو تم جانتے ہی نہیں ہو (۴) ﴿۸۰﴾

---

(۱) یعنی توراۃ میں اپنی لکھی ہوئی بات کو ملاتے ہیں۔

(۲) [۱] بعض کے نزدیک سات دن؛ اس لیے کہ یہود کے زعم میں دنیا کی مجموعی عمر سات ہزار سال ہے، ایک ہزار کے بدلے ایک دن، اس طرح سات ہزار کے بدلے سات دن۔

[۲] بعض نے اس سے چالیس دن مراد لیے ہیں؛ اس لیے کہ قوم نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے طور پر تشریف لے جانے کے زمانے میں چالیس دن بچھڑے کی پرستش کی تھی۔

[۳] بعض نے چالیس سال مراد لیے ہیں؛ اس لیے کہ چالیس سال بنو اسرائیل وادیٔ تیہ میں حیران و پریشان پھرتے رہے۔ [۴] اور بعض نے ہر یہودی جتنے سال دنیا میں زندہ رہا اتنے سال جہنم میں جلے گا، یہ سب من گھڑت باتیں ہیں۔ (دوسرا ترجمہ) گنتی کے چند دنوں کے سوا (جہنم کی) آگ ہم کو مس بھی نہ کرے گی۔

(۳) اللہ تعالیٰ تھوڑے ہی دن تم کو جہنم میں ڈالے گا۔

(۴) یعنی ایسا کوئی عہد ہوا ہی نہیں ہے۔

بَلٰى مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً وَّاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْٓـــَٔتُهٗ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۸۱﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۸۲﴾

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ ۣ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْـنًا وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۭ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْكُمْ وَاَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۸۳﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ لَا تَسْفِكُوْنَ دِمَاۗءَكُمْ وَلَا تُخْرِجُوْنَ اَنْفُسَكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ ثُمَّ اَقْرَرْتُمْ وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ﴿۸۴﴾ ثُمَّ اَنْتُمْ هٰٓؤُلَاۗءِ تَقْتُلُوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَتُخْرِجُوْنَ فَرِيْقًا مِّنْكُمْ مِّنْ دِيَارِهِمْ ۡ

کیوں نہیں! (جہنم کا قاعدہ یہ ہے کہ) جس شخص نے گناہ کمایا اور اس کے گناہ نے سب طرف سے اس کو گھیر لیا① سو وہی جہنم میں جانے والے لوگ ہیں، اس میں وہ ہمیشہ رہیں گے ﴿۸۱﴾ (جنت کا قاعدہ) اور جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے وہی جنت میں جانے والے ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿۸۲﴾

اور (وہ وقت بھی یاد کرو) جب کہ ہم نے بنی اسرائیل سے اقرار لیا تھا (اس قرار کی باتیں یہ تھیں) کہ تم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرنا اور ماں باپ کے ساتھ اچھا سلوک کرو اور رشتے داروں اور یتیموں اور مسکینوں کے ساتھ بھی (اچھا سلوک کرو) اور تم لوگوں کو نیک بات کہتے رہنا اور تم نماز قائم رکھنا اور زکوۃ دیتے رہنا، پھر تم میں سے تھوڑے لوگوں کے سوا باقی سب (لوگ اس عہد سے) پھر گئے اور تم ہی لوگ (وعدہ کر کے) پھرنے والے ہو② ﴿۸۳﴾ اور (اے بنی اسرائیل! وہ وقت بھی یاد کرو) جب ہم نے تم سے اقرار لیا تھا (جس کی خاص خاص باتیں یہ تھیں) کہ تم آپس میں ایک دوسرے کا خون نہیں بہاؤ گے اور اپنوں کو اپنے وطن سے تم نہیں نکالو گے پھر تم نے (ان باتوں پر) اقرار کر لیا اور تم خود (اس اقرار کے) گواہ ہو ﴿۸۴﴾ پھر (اے بنی اسرائیل!) تم وہی لوگ تو ہو جو (اپنے اقرار کے خلاف کر کے) اپنوں کو قتل کرتے ہو اور تم اپنوں ہی میں سے کچھ لوگوں کو ان کے وطن سے نکالتے ہو

---

① گناہ کے گھیرنے کا مطلب یہ ہے کہ نیکی کا کوئی اثر تک نہ رہے، ظاہر ہے کہ یہ بات کافر میں ہوتی ہے۔
② (دوسرا ترجمہ) اور تمھاری تو عادت ہی ہے (اقرار کر کے) پھر جانا۔

تَظٰهَرُوْنَ عَلَیْهِمْ بِالْاِثْمِ وَ الْعُدْوَانِؕ-وَ اِنْ یَّاْتُوْكُمْ اُسٰرٰى تُفٰدُوْهُمْ وَ هُوَ مُحَرَّمٌ عَلَیْكُمْ اِخْرَاجُهُمْؕ-اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ وَ تَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍۚ-فَمَا جَزَآءُ مَنْ یَّفْعَلُ ذٰلِكَ مِنْكُمْ اِلَّا خِزْیٌ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَاۚ-وَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ یُرَدُّوْنَ اِلٰۤى اَشَدِّ الْعَذَابِؕ-وَ مَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ﴿۸۵﴾

(گویا) ان کے خلاف گناہ اور زیادتی کے کام میں (دوسروں کی) مدد کرتے ہو اور (عجیب بات یہ ہے کہ) اگر وہ (اپنے مذہبی یا خاندانی لوگ دشمنوں کے) قیدی بن کر تمھارے پاس آجائیں تو تم فدیہ دے کر ان کو چھڑا لیتے ہو؛ حالاں کہ (وطن سے) ان کو نکال دینا بھی تمھارے لیے حرام تھا①، تو کیا تم (تورات) کتاب کے بعض احکام مانتے ہو اور بعض (احکام) کا تم انکار کرتے ہو②؟ سو جو شخص تم میں سے ایسا کرتا ہے اس کی سزا یہی ہے کہ دنیوی زندگی میں رسوائی ہوگی اور قیامت کے دن وہ سخت عذاب میں لوٹا (یعنی ڈال) دیے جائیں گے اور جو کام تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس سے بے خبر نہیں ہے ﴿۸۵﴾

---

① مدینہ میں یہودیوں کے دو بڑے قبیلے رہتے تھے: ایک بنو قریظہ اور دوسرا بنو نضیر۔ بنو قریظہ کے یہودیوں کی قبیلۂ اوس کے لوگوں سے دوستی تھی اور قبیلہ خزرج کے لوگوں کی بنو نضیر کے یہودیوں کے ساتھ دوستی تھی، اب اوس اور خزرج میں آپس میں لڑائی ہوتی رہتی تھی تو دوستی کے تقاضے سے قبیلۂ بنو قریظہ کے لوگ اوس والوں کی مدد کرتے تھے اور اسی مدد کی وجہ سے جب بنو نضیر کے لوگ خزرج کے لوگوں کا ساتھ دینے آتے تو قریظہ اور نضیر کے لوگوں میں بھی لڑائی ہو جاتی اور بنو نضیر اور بنو قریظہ کے لوگ ایک دوسرے کے خاندان والوں کو قتل بھی کرتے اور جلاوطن کرنے کی نوبت آتی تو اس میں بھی مدد کرتے؛ حالاں کہ تورات میں یہودیوں کے لیے تین خاص حکم تھے: (۱) آپس میں قتل نہ کرنا (۲) وطن نہ چھڑانا۔ یہودی لوگ آپس میں ایک دوسرے کے خلاف دونوں حکم کی خلاف ورزی کر ڈالتے تھے اور کوئی ان کو تورات کا حکم یاد دلائے تو وہ یوں کہتے کہ: دوستوں کی تو مدد کرنی ہوتی ہے اور دوستوں کی مدد میں مجبوراً شریعت کی خلاف ورزی ہو جاتی ہے؛ حالاں کہ یہ بھی محض ایک حیلہ اور دھوکے بازی تھی؛ البتہ تورات میں ایک تیسرا حکم بھی تھا کہ (۳) اپنی قوم میں سے کسی کو جیل میں بند دیکھے تو روپیہ خرچ کر کے اس کو چھڑا کر کے لے آوے۔ اس تیسرے حکم پر بڑے اہتمام سے نضیر اور قریظہ دونوں عمل کرتے تھے، جب ان کو کوئی کہتا کہ: تم قیدیوں کو چھڑا لیتے ہو تو وہ کہتے کہ: کیا کریں تورات کے حکم پر عمل کرنا پڑتا ہے، یہ عجیب ان کی حالت تھی کہ تورات کے دو حکم پر عمل نہ کرے اور ایک حکم پر عمل کرے، ان کی اس دھوکے بازی کا پردہ چاک کیا گیا ہے (اللہ تعالیٰ کی طرف سے تورات میں عہد کے باوجود پھر بھی جلاوطن کرنے کی شرارت کر کے تم نے احکام الٰہی کی نافرمانی کی)۔

② جو احکام اپنی چاہت کے مطابق ہو اس پر عمل کرنا اور جو چاہت کے مطابق نہ ہو اس پر عمل نہ کرنا۔

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الْحَيَاةَ الدُّنْيَا بِالْآخِرَةِ ۖ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنصَرُونَ ﴿٨٦﴾

وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ وَقَفَّيْنَا مِن بَعْدِهِ بِالرُّسُلِ ۖ وَآتَيْنَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنَاتِ وَأَيَّدْنَاهُ بِرُوحِ الْقُدُسِ ۗ أَفَكُلَّمَا جَاءَكُمْ رَسُولٌ بِمَا لَا تَهْوَىٰ أَنفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ فَفَرِيقًا كَذَّبْتُمْ وَفَرِيقًا تَقْتُلُونَ ﴿٨٧﴾ وَقَالُوا قُلُوبُنَا غُلْفٌ ۚ بَل لَّعَنَهُمُ اللَّهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِيلًا مَّا يُؤْمِنُونَ ﴿٨٨﴾

ان ہی لوگوں نے دنیوی زندگی کو آخرت کے بدلے خرید لیا①، سو (کسی وقت بھی) ان سے عذاب ہلکا نہیں کیا جائے گا اور ان (لوگوں) کی (کہیں سے) مدد بھی نہیں کی جائے گی ﴿۸۶﴾

اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب (تورات) دی اور ہم نے اس کے بعد ایک کے پیچھے ایک (یعنی لگاتار) رسولوں کو بھیجا، اور مریم کے بیٹے عیسیٰ (علیہ السلام) کو ہم نے کھلے معجزے دیے (جو ان کی نبوت کی نشانی تھی) اور مقدس روح (یعنی جبرئیل علیہ السلام) کے ذریعہ ان کو ہم نے مدد پہنچائی (اے بنی اسرائیل!) کیا پھر (ایسا نہیں ہوا کہ) جب بھی کوئی رسول تمھاری نفسانی خواہشات کے خلاف احکام لایا تو تم تکبر کرنے لگے②، سو (رسولوں کی) ایک جماعت کو تم نے جھٹلا دیا اور ایک جماعت کو تم قتل ہی کر ڈالتے تھے ﴿۸۷﴾ اور (جو بنی اسرائیل ایمان نہیں لائے) وہ کہنے لگے کہ: ہمارے دل تو غلاف میں (حفاظت سے رکھے ہوئے) ہیں③؛ بلکہ ان کے کفر کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ان پر لعنت ڈال رکھی ہے، اس لیے کم ہی لوگ (ان میں سے) ایمان لاتے ہیں④ ﴿۸۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) جنھوں نے آخرت دے کر دنیا کی زندگی خرید لی۔

② اکڑ گئے کہ نہیں مانیں گے۔

③ (دوسرا ترجمہ) بنی اسرائیل کہنے لگے: ہمارے دل تو (علوم و معارف کا) خزانہ ہے (یعنی حضرت محمد ﷺ کی نصیحت کی ہم کو ضرورت نہیں) اول ترجمہ کا مطلب یہ ہے کہ دل حفاظت میں ہونے کی وجہ سے یہودیت دل سے نکلتی نہیں اور اسلام اندر داخل ہوگا نہیں۔

④ (دوسرا ترجمہ) وہ بہت ہی تھوڑا ایمان رکھتے ہیں۔

وَلَمَّا جَآءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ ۙ وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَلَمَّا جَآءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ ۚ فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۹﴾ بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ اَنْ يَّكْفُرُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بَغْيًا اَنْ يُّنَزِّلَ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۚ فَبَآءُوْ بِغَضَبٍ عَلٰى غَضَبٍ ۚ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۹۰﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا نُؤْمِنُ بِمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَيَكْفُرُوْنَ بِمَا وَرَآءَهٗ ۚ وَهُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ ۚ

اور جب ان (بنی اسرائیل) کے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے کتاب آئی (یعنی قرآن) جو ان کے پاس (پہلے سے) موجود (تورات) کو سچا بتلاتی ہے؛ حالاں کہ (ان بنی اسرائیل کا) پہلے (یہ طریقہ تھا کہ قرآن کے وسیلے سے) وہ کافروں کے خلاف فتح کی دعا مانگا کرتے تھے، سو جب ان (بنی سرائیل) کے پاس (پہلے سے) جانی پہچانی کتاب آچکی (یعنی قرآن) تو ان (بنی اسرائیل کے) لوگوں نے اس کو ماننے سے انکار کر دیا، سو (ایسے) کافروں پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے ﴿۸۹﴾ بہت بری ہے وہ چیز جس کے بدلے میں انھوں نے اپنے آپ کو بیچ ڈالا یہ کہ اللہ تعالیٰ کے اتارے ہوئے کلام (یعنی قرآن) کا اس ضد پر انھوں نے انکار کر دیا کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل (یعنی وحی) میں سے① اپنے بندوں میں سے جس پر چاہے اس پر (کیوں) اتارتے ہیں؟ سو وہ (بنی اسرائیل) غضب پر غضب کے حق دار ہوئے② اور کافروں کے لیے ذلیل کر دینے والا عذاب ہے ﴿۹۰﴾ اور جب ان (بنی اسرائیل) سے کہا جاتا ہے کہ: جو (قرآن) اللہ تعالیٰ نے اتارا اس پر تم ایمان لے آؤ تو (جواب میں یہ یوں) کہتے ہیں کہ: جو (کتاب: تورات) ہم پر اتاری گئی ہم (صرف) اس (کتاب) پر ایمان رکھتے ہیں اور اس (تورات) کے سوا (دوسری آسمانی کتابوں) کا وہ انکار کرتے ہیں؛ حالاں کہ وہ (قرآن) تو حق ہے (اور) ان (بنی اسرائیل) کے پاس جو (تورات) ہے (قرآن) اس کو سچا بتلاتا ہے،

---

① (دوسرا ترجمہ) اپنے فضل کا کوئی حصہ۔

② ایک غضب کفر کی وجہ سے، دوسرا حسد کی وجہ سے۔

قُلْ فَلِمَ تَقْتُلُوْنَ اَنْۢبِيَآءَ اللّٰهِ مِنْ قَبْلُ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ﴿۹۱﴾ وَلَقَدْ جَآءَكُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ﴿۹۲﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ؕ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاسْمَعُوْا ؕ قَالُوْا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا ۗ وَاُشْرِبُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ ؕ قُلْ بِئْسَمَا يَاْمُرُكُمْ بِهٖۤ اِيْمَانُكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ﴿۹۳﴾ قُلْ اِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ عِنْدَ اللّٰهِ خَالِصَةً مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ﴿۹۴﴾

تم (ان سے)① کہو: اگر تم واقعی (تورات پر) ایمان رکھتے تھے تو اس سے پہلے (یعنی پچھلے زمانے میں) اللہ تعالیٰ کے نبیوں کو تم کیوں قتل کرتے رہے؟②﴿۹۱﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ (خود) موسیٰ (علیہ السلام) تمھارے پاس کھلے معجزات لے کر آ چکے، پھر ان (موسیٰ علیہ السلام کے طور پر جانے) کے بعد تم نے بچھڑے کو معبود بنا لیا اور تم ظلم کرنے والے تھے③﴿۹۲﴾ اور (اے بنی اسرائیل! اس وقت کو یاد کرو) جب ہم نے تمھارا اقرار لیا تھا اور ہم نے طور پہاڑ کو اٹھا کر تم پر معلق کر دیا (ہم نے حکم دیا) کہ جو ہم نے تم کو دیا④ اس کو مضبوطی سے پکڑو⑤ اور (جو کچھ کہا جائے اس کو دھیان سے) سنو، تو ان (بنی اسرائیل کے) لوگوں نے کہا: ہم نے سن تو لیا اور (لیکن) ہم نے نہیں مانا⑥ ان کے کفر کی وجہ سے ان کے دلوں میں بچھڑے کی محبت پلا دی گئی⑦ (اے نبی!) تم (ان بنی اسرائیل سے) کہو: (تمھارے خیال میں) اگر تم ایمان والے ہو تو بہت بری بات ہے جو تمھارا (یہ اپنا خیالی) ایمان تم کو سکھاتا ہے⑧﴿۹۳﴾ (اے نبی!) تم (ان بنی اسرائیل سے) کہو کہ: اگر اللہ تعالیٰ کے یہاں آخرت کا گھر⑨ صرف تمھارے لیے خاص ہے، دوسرے لوگوں کے لیے نہیں⑩ تو اگر تمھاری یہ بات سچی ہے تو موت کی تمنا کر کے دکھا دو﴿۹۴﴾

① بنی اسرائیل کو تورات پر کامل ایمان کے دعوے کی تردید کرنے کے لیے یوں کہو کہ۔ ② اس لیے کہ تورات نبیوں کے قتل کی اجازت نہیں دیتی۔ ③ یعنی اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر بچھڑے کو معبود بنانا بڑا ظلم (یعنی کفر) تھا۔ ④ یعنی تورات کے احکام۔
⑤ یعنی اس پر کامل عمل کرو۔ ⑥ یعنی سنی ہوئی بات پر پہلے بھی عمل نہیں کیا اور اب بھی نہیں کریں گے۔
⑦ یعنی بسی ہوئی ہے (دوسرا ترجمہ) اتار دی گئی۔ ⑧ یعنی احکام کو نہ ماننا۔ ⑨ یعنی جنت کی نعمتیں۔ ⑩ جیسا کہ تم کہتے ہو۔

وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝ وَلَتَجِدَنَّهُمْ اَحْرَصَ النَّاسِ عَلٰى حَيٰوةٍ ۚ وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚ يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَةٍ ۚ وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهٖ مِنَ الْعَذَابِ اَنْ يُّعَمَّرَ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ۝

قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجِبْرِيْلَ وَمِيْكٰىلَ فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ ۝

اور (ہم تم کو بتا دیتے ہیں کہ اپنے) ان کاموں کی وجہ سے جو ان کے ہاتھ آگے بھیج چکے ہیں وہ (یہود) کبھی اس (موت) کی تمنا نہیں کریں گے، اور اللہ تعالیٰ (ان) ظالموں کو خوب اچھی طرح سے جانتے ہیں ① ﴿۹۵﴾ اور تم ان (یہودیوں) میں زندہ رہنے کی لالچ دوسرے لوگوں سے زیادہ پاؤ گے؛ بلکہ جن لوگوں نے شرک کیا ان سے بھی زیادہ (حریص پاؤ گے)، ان (یہود) میں سے ایک ایک یہ چاہتا ہے کہ وہ ہزار برس زندہ رہے؛ حالاں کہ اتنا لمبا جینا بھی ان کو عذاب سے بچا نہیں سکتا اور وہ لوگ جو کام کرتے ہیں اللہ تعالیٰ اس کو پوری طرح دیکھتے ہیں ﴿۹۶﴾

(اے نبی!) تم (ان یہود سے) کہہ دو کہ: جو شخص بھی جبرئیل (علیہ السلام) کا دشمن ہے ② (تو سنو!) اس (جبرئیل علیہ السلام) نے تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے وہ (قرآن) تمھارے دل پر اتارا ہے جو (قرآن) اپنے سے پہلی کتابوں کو سچا بتلاتا ہے اور صحیح راہ دکھلاتا ہے اور ایمان والوں کو (جنت کی) خوش خبری سناتا ہے ﴿۹۷﴾ جو شخص بھی اللہ تعالیٰ کا دشمن بنا اور اس (اللہ تعالیٰ) کے فرشتوں کا اور اس (اللہ تعالیٰ) کے رسولوں کا اور جبرئیل (علیہ السلام) کا اور میکائیل (علیہ السلام) کا تو (وہ آدمی سن لیوے کہ) یقیناً اللہ تعالیٰ کافروں کے دشمن ہیں ﴿۹۸﴾

---

① اس لیے ان کو ان کے ظلم کی سزا بھی دیں گے۔

② یہود یہ سمجھتے تھے کہ ہمارے آباء و اجداد پر عذاب حضرت جبرئیل علیہ السلام لاتے تھے؛ اس لیے دشمنی رکھتے تھے، یہود کی اس دشمنی سے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا۔

وَلَقَدْ اَنْزَلْنَاۤ اِلَیْكَ اٰیٰتٍۭ بَیِّنٰتٍۚ وَمَا یَكْفُرُ بِهَاۤ اِلَّا الْفٰسِقُوْنَ۝ اَوَكُلَّمَا عٰهَدُوْا عَهْدًا نَّبَذَهٗ فَرِیْقٌ مِّنْهُمْؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ۝ وَلَمَّا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِیْقٌ مِّنَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ ۙۗ كِتٰبَ اللّٰهِ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ كَاَنَّهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ۝ وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّیٰطِیْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَیْمٰنَۚ وَمَا كَفَرَ سُلَیْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّیٰطِیْنَ كَفَرُوْا یُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَۗ وَمَاۤ اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَیْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَؕ

اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے تمھاری طرف کھلی ہوئی آیتیں اتاریں اور جن لوگوں کی عادت نافرمانی کی ہے وہی لوگ ان (آیتوں) کا انکار کرتے ہیں ﴿۹۹﴾ کیا (ایسی بات نہیں ہے کہ) جب جب بھی ان (بنی اسرائیل کے) لوگوں نے کوئی عہد کیا تو ان میں سے ایک فریق نے اس (عہد) کو توڑ دیا①؛ بلکہ ان کے زیادہ لوگ ایسے ہیں جو ایمان ہی نہیں لاتے② ﴿۱۰۰﴾ اور جب ان (بنی اسرائیل) کے پاس اللہ تعالیٰ کے یہاں سے ایک رسول (یعنی حضرت محمد ﷺ) آگئے کہ وہ (رسول) ان (بنی اسرائیل) کے پاس جو کتاب (یعنی تورات) ہے، اس کو سچا بتلاتے ہیں تو اہلِ کتاب کی ایک جماعت نے اللہ تعالیٰ کی کتاب (یعنی تورات اور انجیل) کو اپنی پیٹھ کے پیچھے ایسا پھینک دیا گویا کہ وہ (اس کتاب کو) جانتے ہی نہیں ﴿۱۰۱﴾ اور وہ (بنی اسرائیل اللہ تعالیٰ کی کتاب کو چھوڑ کر) اس (جادو منتر) کے پیچھے پڑ گئے جس کو شیاطین سلیمان (علیہ السلام) کی حکومت کے زمانے میں پڑھا کرتے تھے اور سلیمان (علیہ السلام) نے کفر نہیں کیا؛ لیکن شیاطین نے کفر کیا جو لوگوں کو جادو سکھایا کرتے تھے اور وہ (بنی اسرائیل) اس (جادو کے علم) کے پیچھے بھی (پڑ گئے) جو (عراق کے) بابل شہر میں ہاروت اور ماروت (نامی) دو فرشتوں پر اتارا گیا تھا③

① یعنی پوری گستاخی سے رد کر دینا، عمل نہ کرنا۔

② تورات میں حضور ﷺ کی واضح علامات بیان کی گئی ہیں اور حضور ﷺ پر ایمان لانے کی دعوت دی گئی ہے؛ اس لیے جو شخص حضور ﷺ پر ایمان نہ لائے وہ تورات کا بھی مخالف ہے۔

③ یعنی ان دونوں کو الہام کے ذریعہ سکھایا گیا تھا۔

وَمَا يُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَاۤ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ؕ فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا
يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ ؕ وَمَا هُمْ بِضَآرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ
وَيَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ ؕ وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِى الْاٰخِرَةِ مِنْ
خَلَاقٍ ؕ وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖۤ اَنْفُسَهُمْ ؕ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَلَوْ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا
لَمَثُوْبَةٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ خَيْرٌ ؕ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا ؕ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝

اور وہ دونوں (فرشتے) کسی کو بھی جادو سکھانے سے پہلے (صاف) کہہ دیا کرتے تھے کہ: ہم تو (جادو سکھانے کے ذریعہ) صرف آزمائش کے لیے (بھیجے گئے) ہیں، لہذا تو (جادو کے سیکھنے کے پیچھے پڑ کے) کافر مت بن، پھر بھی ① وہ لوگ ان دونوں (فرشتوں) سے ایسا (جادو) سیکھتے تھے جس کے ذریعے مرد اور اس کی بیوی کے درمیان جدائی کر دیویں اور (اس بات کا یقین ہونا چاہیے کہ) وہ لوگ اس (جادو) کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر کسی کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتے اور وہ (بنی اسرائیل فرشتوں سے) ایسی چیز سیکھتے تھے جو ان کو نقصان دیتی تھی اور ان کو کوئی فائدہ نہیں دیتی تھی اور اتنی بات تو وہ بھی اچھی طرح جانتے تھے کہ جس نے بھی اس (جادو) کو اختیار کیا اس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہے اور وہ (جادو) بہت بری چیز ہے جس کے بدلے میں انھوں نے اپنی جانوں کو بیچ ڈالا، کاش کہ وہ (جادو کی برائی کو) جان لیتے ② ﴿۱۰۲﴾ اور اگر وہ (بنی اسرائیل جادو کے بجائے) ایمان لاتے اور تقویٰ والے ہو جاتے ③ تو (اس پر) اللہ تعالیٰ کے یہاں سے جو ثواب ملتا یقیناً وہ بہتر ہوتا، کاش کہ وہ (اس بات کو) جان لیتے ﴿۱۰۳﴾

اے ایمان والو! (رسول کو اپنی طرف مخاطب کرنے کے لیے) تم "رَاعِنَا" مت بولو اور "اُنْظُرْنَا" کہہ دیا کرو ④ اور (دھیان سے رسول کی بات کو) سنا کرو اور کافروں کے لیے دردناک عذاب ہے ﴿۱۰۴﴾

---

① یعنی اس طرح فرشتوں سے تنبیہ کرنے کے باوجود۔ ② اور جادو کو اپنا کر اپنی آخرت برباد نہ کرتے۔ باقی پیچھے ☜

مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَلَا الْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ خَيْرٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۰۵﴾ مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا ؕ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۰۶﴾

نہ تو اہلِ کتاب میں سے جو کافر لوگ ہیں وہ اور (دوسرے) مشرکین (بھی) پسند نہیں کرتے یہ کہ تم (مسلمانوں) پر تمہارے رب کی طرف سے کوئی بھلائی اتاری جائے؛ حالاں کہ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت جس کے لیے چاہتے ہیں (اس کے لیے) خاص کردیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ تو بڑے فضل کے مالک ہیں ﴿۱۰۵﴾ کسی آیت کو ہم جو منسوخ کردیتے ہیں یا ہم (ذہن سے) اس (آیت) کو بھلادیتے ہیں تو ہم اس سے بہتر یا اس کے برابر (آیت یا حکم) لے آتے ہیں① کیا تم کو یہ بات معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ تمام چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں ﴿۱۰۶﴾

⇐ **پچھلے صفحے کا ما بقیہ:** ② یعنی جادو کے کاموں سے خود کو بچالیتے۔ ③ یہودیوں نے ایک نئی شرارت شروع کی تھی کہ نبی کریم ﷺ کی مجلس میں آکر آپ ﷺ کو "راعنا" کا لفظ کہتے جو عبرانی زبان میں ایک گالی کا لفظ تھا اور زبان دبا کر "راعینا" بولے تو معنی "ہمارے چرواہے" ہوتا ہے اور یہودی لوگ اسی نیت سے یہ لفظ بولتے تھے، گرچہ عربی زبان میں اس کا معنی یہ بھی ہوتا تھا "ہماری مصلحت کی رعایت کیجیے" اس لیے عربی جاننے والے لوگ اس شرارت کو سمجھ نہیں پاتے تھے اور عربی مفہوم کے اعتبار سے بعض مسلمان بھی یہ لفظ استعمال کرنے لگے، اس پر وہ یہودی آپس میں بیٹھ کر ہنستے کہ دیکھو ہم نبی کو سب کے سامنے برا کہتے ہیں اور خود ان کے ماننے والے مسلمان بھی ہمارے ساتھ اسی میں شامل ہیں۔ اسی لیے یہ "راعنا" کا لفظ استعمال کرنا بند کروادیا گیا اور اس کے بجائے "انظرنا" یعنی "ہماری طرف نظر کیجیے" یہ لفظ استعمال کرنے کی تاکید کی گئی۔

اس سے یہ بات معلوم ہوئی کہ کسی جائز کام سے دوسروں کو ناجائز کام میں پڑنے کی گنجائش ملتی ہو تو ایسے جائز کام سے بھی بچنا چاہیے، بس اتنا ہے کہ وہ شریعت کے بنیادی فرائض میں سے نہ ہو۔

اس صفحے کا حاشیہ: ① نسخ کی وضاحت: ہر نبی کی شریعت میں بنیادی عقائد: توحید، رسالت، آخرت وغیرہ ہر زمانے میں ایک رہے ہیں؛ لیکن عمل سے متعلق جو احکام ہیں ان میں اللہ تعالیٰ نے الگ الگ زمانے میں تبدیلی فرمائی۔ اسی طرح جب نبی کریم ﷺ پر شروع میں وحی آئی تو احکام میں حالات کے اعتبار سے پہلے ایک حکم دیا گیا، پھر بدل کر اس کی جگہ دوسرا حکم دیا گیا، اس کو قرآن کی زبان میں نسخ کہتے ہیں، البتہ نبی کریم ﷺ کے دنیا سے تشریف لے جانے سے پہلے جو کچھ تبدیلی وغیرہ ہونی تھی وہ ہوچکی اور آپ ﷺ کی زندگی میں دین مکمل ہوچکا، آپ ﷺ کے بعد دین میں کسی کو کسی قسم کی تبدیلی کا کوئی حق نہیں ہے اور یہ نسخ دین میں کوئی عیب نہیں ہے؛ بلکہ یہ بھی ایک کامل حکمت کی چیز ہے جیسے کہ ایک ماہر ڈاکٹر مریض کے حالات کے اعتبار سے دوائی بدلتا رہتا ہے۔

أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۗ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا
نَصِيْرٍ ﴿۱۰۷﴾ أَمْ تُرِيْدُوْنَ أَنْ تَسْـَٔلُوْا رَسُوْلَكُمْ كَمَا سُئِلَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ۗ وَمَنْ يَّتَبَدَّلِ
الْكُفْرَ بِالْإِيْمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿۱۰۸﴾ وَدَّ كَثِيْرٌ مِّنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يَرُدُّوْنَكُمْ مِّنْۢ
بَعْدِ إِيْمَانِكُمْ كُفَّارًا ۚ حَسَدًا مِّنْ عِنْدِ أَنْفُسِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ ۚ فَاعْفُوْا
وَاصْفَحُوْا حَتّٰى يَأْتِيَ اللّٰهُ بِأَمْرِهٖ ۗ إِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۰۹﴾ وَأَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا
الزَّكٰوةَ ۗ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِأَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ ۗ إِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱۰﴾

کیا تم کو (یہ بات) معلوم نہیں کہ یقیناً آسمانوں اور زمین کی حکومت اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہے اور تمھارے لیے اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی حمایتی① اور مدد کرنے والا نہیں ہے ﴿۱۰۷﴾ (اے مسلمانو!) کیا تم یہ چاہتے ہو کہ تم اپنے رسول (یعنی محمد ﷺ) سے ایسے (نامناسب) سوال کرو② جیسے (تم سے) پہلے (زمانے میں) موسیٰ (علیہ السلام) سے (نامناسب) سوال کیے گئے③ اور جو شخص ایمان کے بدلے کفر اختیار کرے پکی بات ہے کہ وہ سیدھے راستے سے بھٹک گیا ﴿۱۰۸﴾ (اے مسلمانو!) بہت سارے اہلِ کتاب (یہود و نصاریٰ) اپنے دل کے حسد کی وجہ سے یہ چاہتے ہیں کہ تمھارے ایمان لانے کے بعد تمھیں پلٹا کر④ کافر بنا دیں، حق (یعنی اسلام کی سچائی) ان کے سامنے ظاہر ہو چکنے کے باوجود بھی، پھر جب تک کہ اللہ تعالیٰ اپنا کوئی حکم (ان سے جہاد کا) بھیج دے وہاں تک تم ان کو معاف کرو، اور درگذر کرو، یقیناً اللہ تعالیٰ تمام چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں ﴿۱۰۹﴾ اور (اے مسلمانو!) ⑤ تم نماز قائم کرتے رہو اور تم زکوۃ دیا کرو⑥ اور جو بھلائی کا عمل (کرکے) اپنے فائدے کے لیے تم آگے بھیج دو گے⑦ اس (کے ثواب) کو تم اللہ تعالیٰ کے یہاں (محفوظ) پاؤ گے⑧ یقیناً جو عمل تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس کو دیکھ رہے ہیں ﴿۱۱۰﴾

---

① یعنی کام بنانے والا ② جس سوال میں کوئی دینی فائدہ یا دنیوی کوئی اہم مصلحت نہ ہو ایسے سوال کرنے سے اپنے آپ کو بچانا چاہیے ③ نامناسب سوال کرنے والے بنی اسرائیل تھے؛ یعنی مسلمانوں کو اپنے نبی سے نامناسب سوال نہیں کرنا چاہیے ④ (دوسرا ترجمہ) پھر تم کو مرتد بنا کر کافر بنا دیں ⑤ اللہ کی طرف سے دشمنوں کے خلاف جہاد کا حکم اپنے وقت پر آئے گا ابھی تو ⑥ یعنی نصاب کے مطابق حساب کرکے پوری زکوۃ ⑦ یعنی آخرت میں جمع کراؤ گے ⑧ یعنی مرنے کے بعد وہ ثواب کام آئے گا۔

وَقَالُوا لَنْ يَدْخُلَ الْجَنَّةَ إِلَّا مَنْ كَانَ هُودًا أَوْ نَصٰرٰى ۗ تِلْكَ أَمَانِيُّهُمْ ۗ قُلْ هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۱۱﴾ بَلٰى ۚ مَنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهُ أَجْرُهُ عِنْدَ رَبِّهِ ۪ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۱۲﴾

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ لَيْسَتِ النَّصٰرٰى عَلٰى شَيْءٍ ۪ وَّقَالَتِ النَّصٰرٰى لَيْسَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰى شَيْءٍ ۙ وَّهُمْ يَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ۗ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ مِثْلَ قَوْلِهِمْ ۚ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۱۳﴾

اور وہ (یہود و نصاریٰ) کہتے ہیں کہ: جنت میں یہودی اور نصرانی کے سوا (دوسرا) کوئی ہرگز داخل نہیں ہوگا① یہ سب ان کی (بے اصل) آرزوئیں ہیں② (اے نبی!) تم (ان سے) کہو: اگر تم سچے ہو③ تو (اس پر) اپنی (کوئی) دلیل لاؤ④ ﴿۱۱۱﴾ کیوں نہیں: (اصل بات تو یہ ہے کہ) جو اپنا چہرا (یعنی زندگی کا رخ) اللہ تعالیٰ کے تابع کر دے⑤ اور وہ نیکی کے کام کرنے والا ہو⑥ تو اس (شخص) کو اپنے رب کے پاس اپنے (عمل کا) ثواب ملتا ہے اور ان لوگوں پر کوئی خوف نہیں اور وہ لوگ غمگین (بھی) نہیں ہوں گے ﴿۱۱۲﴾

اور یہود (یوں) کہنے لگے کہ: نصاریٰ کسی دین⑦ پر نہیں ہیں اور (جواب میں) نصاریٰ کہنے لگے کہ: یہود کسی دین پر نہیں ہیں؛ حالاں کہ وہ سب (یہود و نصاریٰ اپنی آسمانی) کتاب پڑھتے ہیں⑧ اسی طرح (یہ سن کر مشرکین) جن کے پاس کوئی (آسمانی) علم نہیں ہے وہ بھی ان (یہود و نصاریٰ) کے جیسی بات کہنے لگے⑨ سو جن باتوں (یعنی امور) کے متعلق وہ آپس میں اختلاف کر رہے ہیں اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ان (باتوں) کے متعلق ان کے درمیان فیصلہ فرما دیں گے⑩ ﴿۱۱۳﴾

---

① مذہب کو قومیت کے دائرے میں محدود کر دیا اور خود کی بڑائی، تخصیص جھاڑنی شروع کر دی۔ ② باطل، بے اصل، جھوٹی یا صرف دل خوش کرنے والی باتیں ہیں۔ ③ اپنے جنت کے تمہارے لیے خاص ہونے کے دعوے میں۔ ④ ظاہر ہے کہ ایسی کوئی دلیل نہیں ہے: اس لیے کہ دعویٰ ہی غلط ہے۔ ⑤ یعنی اللہ کا کامل فرماں بردار بن جاوے۔ ⑥ (دوسرا ترجمہ) نیک روش کا پابند بھی ہو۔ ⑦ یعنی صحیح دین کے راستہ پر نہیں ہے۔ ⑧ یعنی ایک دوسرے کے دین کی حقیقت جانتے ہوئے بھی ایک دوسرے کے دین کو بے بنیاد و بے اصل کہتے ہیں، یہ مذہبی تعصب کی بات ہے۔ ⑨ مشرکین، یہود و نصاریٰ کے دین کو غلط کہنے لگے؛ حالاں کہ خود مشرکین کا دین غلط ہے۔ ⑩ یعنی حق و باطل کو ظاہر فرمائیں گے۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ وَسَعٰى فِيْ خَرَابِهَا ؕ اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا خَآئِفِيْنَ ؕ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۱۴﴾ وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۚ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ بَلْ لَّهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۱۱۷﴾

اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی مسجدوں میں اس (اللہ تعالیٰ) کا نام لینے سے منع کرے اور ان (مسجدوں) کو ویران کرنے کی کوشش کرے اس سے بڑا ظالم کون ہوگا؟ ایسے لوگوں کو ان (مسجدوں) میں داخل ہونے کا کوئی حق نہیں پہنچتا، ہاں! (اللہ تعالیٰ کے) ڈر کے ساتھ (ہو تو اور بات ہے) ① ان (ظالموں) کے لیے دنیا میں (سخت) رسوائی ہے اور ان کے لیے آخرت میں بڑا عذاب ہے ② ﴿۱۱۴﴾ اور مشرق اور مغرب سب کے مالک اللہ تعالیٰ ہی ہیں، سو جس طرف بھی تم (اپنا) رخ (یعنی منہ) کرو گے اللہ تعالیٰ کا رخ (یعنی توجہ) وہاں ہے ③ یقیناً اللہ تعالیٰ وسعت والے ④ سب جانتے ہیں ﴿۱۱۵﴾ اور وہ (کافر لوگ) کہنے لگے کہ: اللہ تعالیٰ کوئی لڑکا رکھتے ہیں؛ (حالاں کہ) اس (اللہ تعالیٰ) کی ذات (اولاد سے اور تمام عیوب) پاک ہے؛ بلکہ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے وہ اس (اللہ تعالیٰ) کی مالکی میں ہے، ہر ایک اس کے تابع دار ہیں ⑤ ﴿۱۱۶﴾ (اللہ تعالیٰ) آسمانوں اور زمین کو بغیر نمونے کے بنانے والے ہیں، اور جب وہ (اللہ تعالیٰ) کسی کام کا فیصلہ کرتے ہیں ⑥ تو بس اسے (اتنا) کہہ دیتے ہیں کہ "ہو جا" سو وہ (کام) ہو جاتا ہے ﴿۱۱۷﴾

---

① یعنی تواضع اور مسجد کی تعظیم کے ساتھ مسجد میں داخل ہو سکتے ہیں۔

② مسجدِ حرام میں عبادت کرنے سے روکنے والے مکہ کے ان ظالموں کے لیے تھوڑے ہی عرصے میں حالات ایسے آگئے کہ مکہ فتح ہو گیا اور مسجدِ حرام میں ان کو ڈر ڈر کے داخل ہونا پڑا۔

③ یعنی اللہ تعالیٰ کے یہاں نماز کے لیے مطلوب جہت وہاں ہے۔

④ یعنی وسیع بخشش والے۔ ⑤ یعنی آسمان اور زمین کی ہر چیز اللہ تعالیٰ کا حکم پورا کرتی ہے۔

⑥ یعنی کسی کام کو کرنا چاہتے ہیں (دوسرا ترجمہ) کسی کام کو پورا کرنا چاہتے ہیں۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوْ تَاْتِيْنَآ اٰيَةٌ ؕ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ ؕ تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ۝ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۙ وَّلَا تُسْئَلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ۝ وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰى حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ ؕ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ الَّذِيْ جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ۝

اور جو لوگ جانتے نہیں ہیں وہ (ایسا) کہنے لگے کہ: اللہ تعالیٰ (بلاواسطہ) ہم سے کلام کیوں نہیں کرتے یا (اللہ تعالیٰ کے یہاں سے) ہمارے پاس (کوئی) نشانی (یعنی معجزہ) کیوں نہیں آجاتی؟① اسی طرح ان سے پہلے کے لوگ بھی (جو اپنے زمانے کے رسول کو نہیں مانتے تھے) ان کے جیسی باتیں کہہ چکے ہیں، ان (اگلے پچھلوں) کے دل آپس میں ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں، جو لوگ یقین حاصل کرنا چاہتے ہیں ان کو ہم (بہت سی) نشانیاں (پہلے ہی) صاف صاف بتلا چکے ہیں ﴿۱۱۸﴾ (اے نبی! یعنی محمد ﷺ) یقیناً ہم نے تم کو سچا دین دے کر بھیجا ہے، (اطاعت کرنے والوں کے لیے جنت کی) خوش خبری سنانے والا، اور (نہ ماننے والوں کے لیے جہنم کا) ڈر سنانے والا اور جو (لوگ اپنی مرضی سے) جہنم (کا راستہ) اختیار کر چکے ہیں② ان کے بارے میں تم سے کوئی سوال نہ ہوگا ﴿۱۱۹﴾ اور جب تک کہ تم ان (یہود و نصاریٰ) کے دین پر نہیں چلو گے وہاں تک یہود و نصاریٰ ہرگز تم سے خوش نہیں ہوں گے، (اے نبی!) تم (ان یہود و نصاریٰ سے) کہہ دو: اللہ تعالیٰ (دین کا) جو راستہ بتاوے وہی حقیقت میں سیدھا راستہ ہے③ اور تمہارے پاس (وحی کے ذریعہ) جو علم آگیا اس کے بعد بھی اگر (بالفرض) ان (یہود و نصاریٰ) کی خواہشات کے مطابق تم چلے تو اللہ تعالیٰ (کی پکڑ) سے بچانے کے لیے نہ تو تمہارا کوئی حمایتی ہوگا اور نہ کوئی مددگار ﴿۱۲۰﴾

---

① یعنی رسول کے واسطے کی ضرورت نہ رہے۔
② یعنی بدعملی سے جہنمی بن گئے۔
③ اس دور میں وہ راستہ اسلام ہے۔

اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۲۱﴾

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْـًٔا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا تَنْفَعُهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ؕ قَالَ اِنِّيْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ؕ قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۲۴﴾

جن کو ہم نے کتاب دی وہ اس (کتاب) کی تلاوت کا جو حق ہے اس کے مطابق ہی اس کی تلاوت کرتے ہیں① تو وہی لوگ اس (اللہ کی کتاب اور دین حق) پر (حقیقت میں) ایمان لاتے ہیں اور جو لوگ اس کو نہیں مانتے سو وہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیں ﴿۱۲۱﴾

اے بنی اسرائیل! میں نے اپنی جو نعمتیں تم کو عطا کی ہیں تم ان کو یاد کرو اور یہ (بھی یاد کرو) کہ میں نے تم کو تمام جہان والوں② پر فضیلت دی تھی ﴿۱۲۲﴾ اور تم اس (قیامت کے) دن سے ڈرو، جس دن کوئی (شخص) کسی کو ذرا بھی کام نہیں آئے گا اور کسی کی طرف سے (عذاب سے چھوٹنے کے لیے کسی قسم کا) فدیہ قبول نہیں کیا جائے گا اور کسی (مجرم) کو (کسی کی) سفارش بھی کام نہیں آئے گی اور ان (مجرموں) کو کوئی مدد بھی نہیں پہنچے گی ﴿۱۲۳﴾ اور (وہ واقعہ بھی یاد کرو) جب ابراہیم (علیہ السلام) کو ان کے رب نے بہت ساری باتوں میں آزمایا، سو ان سب کو اس (ابراہیم) نے پورا کر کے دکھلایا، اللہ تعالیٰ نے فرمایا③: میں تم کو لوگوں کا (دینی) پیشوا بناؤں گا تو اس (ابراہیم) نے عرض کیا: اور میری اولاد میں سے بھی (کسی کو پیشوا بنایا جائے گا؟) اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میرا عہد ظالموں کو نہیں ملے گا④ ﴿۱۲۴﴾

① یعنی اللہ کی دی ہوئی علمی صلاحیت سے قرآن کے مضامین کو سمجھا اور عملی طاقت سے قرآن کے احکام پر عمل کیا۔ الفاظ اور معنی میں کوئی تحریف نہ کرنا۔ ہر ہر لفظ صاف صاف ادا کرے، تجوید کے قوانین کی رعایت کرے۔ تلاوت کے وقت معنی اور مفہوم کی طرف دھیان دے۔ جنت کا ذکر آوے تو اس کا سوال کرے، جہنم کا ذکر آوے تو اس سے حفاظت چاہے۔

② (دوسرا ترجمہ) تمام اقوام عالم پر۔ ③ حضرت ابراہیم علیہ السلام امتحان میں کامیاب ہوئے تو اس پر خوش خبری کے طور پر۔

④ یعنی اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کر کے اپنی جان پر ظلم کرنے والوں کو پیشوا نہیں بنایا جائے گا۔

وَإِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَأَمْنًا ۖ وَاتَّخِذُوا مِن مَّقَامِ إِبْرٰهِيمَ مُصَلًّى ۖ وَعَهِدْنَا إِلَىٰ إِبْرٰهِيمَ وَإِسْمٰعِيلَ أَن طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّائِفِينَ وَالْعٰكِفِينَ وَالرُّكَّعِ السُّجُودِ ﴿١٢٥﴾ وَإِذْ قَالَ إِبْرٰهِيمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا آمِنًا وَارْزُقْ أَهْلَهُ مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنْ آمَنَ مِنْهُم بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ۖ قَالَ وَمَن كَفَرَ فَأُمَتِّعُهُ قَلِيلًا ثُمَّ أَضْطَرُّهُ إِلَىٰ عَذَابِ النَّارِ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿١٢٦﴾ وَإِذْ يَرْفَعُ إِبْرٰهِيمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَإِسْمٰعِيلُ ۖ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ۖ إِنَّكَ أَنتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿١٢٧﴾

اور (اس وقت کو بھی یاد کرو) جب کہ ہم نے بیت اللہ (یعنی کعبہ) کو لوگوں کے لیے بار بار آنے کی① اور امن کی جگہ بنادیا اور (ہم نے حکم دیا کہ: اے لوگو!) تم مقام ابراہیم کو نماز پڑھنے کی جگہ بنالیا کرو اور ہم نے ابراہیم و اسماعیل (علیہما السلام) کو پوری تاکید سے حکم دیا کہ: میرے گھر کو طواف کرنے والوں کے لیے اور اعتکاف کرنے والوں کے لیے اور رکوع اور سجدہ کرنے والوں کے لیے (یعنی نماز پڑھنے والوں کے لیے) تم خوب پاک رکھو② ﴿۱۲۵﴾ اور (وہ وقت بھی یاد کرو) جب ابراہیم (علیہ السلام) نے عرض کیا: اے میرے رب! آپ اس (شہر مکہ) کو امن والا بنادیجیے اور اس (مکہ) کے رہنے والوں میں سے جو اللہ تعالیٰ اور قیامت کے دن پر ایمان لاوے ان کو (قسم قسم کے) پھل (کھانے کے لیے) عطا فرمائیے، (اللہ تعالیٰ نے دعا کے جواب میں) ارشاد فرمایا: اور جس نے کفر کیا اس کو بھی میں تھوڑی مدت کے لیے فائدہ اٹھانے کا موقع دوں گا③ پھر میں اس (کافر) کو زبردستی دوزخ کے عذاب میں پہنچاؤں گا اور وہ (جہنم) رہنے کی بہت بری جگہ ہے④ ﴿۱۲۶﴾ اور (وہ وقت بھی یاد کرو) جب ابراہیم (علیہ السلام) گھر (یعنی خانۂ کعبہ) کی بنیادیں اونچی کررہے تھے⑤ اور اسماعیل بھی⑥ (اور وہ دونوں دعا کررہے تھے) اے ہمارے رب! آپ ہم سے (کعبہ کی تعمیر کی خدمت کو) قبول کرلیجیے⑦ یقیناً آپ ہی (ہر ایک کی دعا) پوری طرح سننے (اور ہر ایک کی دلی نیت کو) اچھی طرح جاننے ہیں ﴿۱۲۷﴾

---

① یعنی مرجع بنادیا ② ہر قسم کی ظاہری اور معنوی گندگی سے ③ یعنی پھلوں کی روزی دنیوی زندگی میں کافروں کو بھی ملے گی۔

④ (دوسرا ترجمہ) پہنچنے کی بہت بری جگہ ہے۔ ⑤ یعنی پرانی بنیاد پر جدید دیواریں بنارہے تھے۔

⑥ یعنی اس تعمیر کے کام میں شامل تھے۔ ⑦ ہر نیک عمل کے قبولیت کی دعا بھی کرتے رہنا چاہیے۔

رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَا أُمَّةً مُسْلِمَةً لَكَ وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ﴿۱۲۸﴾ رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولًا مِنْهُمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيهِمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿۱۲۹﴾

وَمَنْ يَرْغَبُ عَنْ مِلَّةِ إِبْرَاهِيمَ إِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهُ وَلَقَدِ اصْطَفَيْنَاهُ فِي الدُّنْيَا وَإِنَّهُ فِي الْآخِرَةِ لَمِنَ الصَّالِحِينَ ﴿۱۳۰﴾

اے ہمارے رب! اور آپ ہم کو اپنا پورا فرماں بردار بنا دیجیے ⑩ اور ہماری اولاد میں سے بھی ایک ایسی جماعت (یعنی امت) پیدا کر دیجیے جو آپ کی پوری فرماں بردار ہو اور آپ ہم کو ہماری عبادتوں کے طریقے سکھلا دیجیے ⑪ اور آپ ہماری توبہ قبول کر لیجیے ⑫ (اے اللہ!) یقیناً آپ ہی بہت توبہ قبول کرنے والے، بڑے رحم کرنے والے ہیں ﴿۱۲۸﴾ اے ہمارے رب! اور آپ ان (مکہ کے رہنے والوں) میں ان ہی میں سے ایک رسول بھیجیے جو ان کے سامنے آپ کی (یعنی قرآن کی) آیتوں کی تلاوت کیا کرے ⑬ اور ان (انسانوں) کو کتاب (یعنی قرآن) اور حکمت کی باتیں سکھلایا کرے اور ان کو (ظاہری و باطنی گندگی سے) پاک صاف بنائے، یقیناً آپ تو بڑے زبردست ہیں، بڑے حکمت والے ہیں ﴿۱۲۹﴾ اور کون ہے جو ابراہیم (علیہ السلام) کے طریقے سے اعراض کرے ⑭؟ مگر وہی شخص (منہ پھرائے گا) جس نے خود بے وقوفی اپنا لی ہو ⑮ اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے ان (ابراہیم علیہ السلام) کو دنیا میں (امامت جیسے اونچے مرتبے کے لیے) منتخب کر لیا تھا اور یقیناً وہ (ابراہیم علیہ السلام) آخرت میں نیک لوگوں (کی جماعت) میں (شامل) ہوں گے ﴿۱۳۰﴾

---

⑩ اس دعا میں اسلام پر بقا اور استقامت اور ترقی بھی شامل ہے، ایک جلیل القدر نبی اللہ تعالیٰ سے یہ دعا خود کے لیے اور اپنی اولاد کے لیے مانگے تو دوسروں کو بھی اس دعا کا خاص اہتمام کرنا چاہیے، خصوصاً اس دور میں ہر ایمان والا اس دعا کو مانگنے کا ہمیشہ اہتمام کرے۔

⑪ یعنی حج اور دوسرے شریعت کے احکام جن کو ہمیں انجام دینا ہے۔ ⑫ احکام پر عمل کرنے میں جو کوتاہی ہو تو۔

⑬ یعنی اولاً مکہ والوں کے سامنے پھر تمام انسانوں کے سامنے۔ ⑭ یعنی منہ پھرا لیوے اور نہ مانے۔

⑮ (دوسرا ترجمہ) جس نے خود کو بے وقوف بنایا ہو (تیسرا) جو اپنے آپ ہی کو نہ سمجھتا ہو۔

إِذْ قَالَ لَهُ رَبُّهُ أَسْلِمْ ۙ قَالَ أَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۳۱﴾ وَوَصّٰى بِهَآ إِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ وَيَعْقُوْبُ ؕ يٰبَنِيَّ إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّيْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ إِلَّا وَأَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ أَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ إِذْ حَضَرَ يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ ۙ إِذْ قَالَ لِبَنِيْهِ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ بَعْدِيْ ؕ قَالُوْا نَعْبُدُ إِلٰهَكَ وَإِلٰهَ اٰبَآئِكَ إِبْرٰهٖمَ وَإِسْمٰعِيْلَ وَإِسْحٰقَ إِلٰهًا وَّاحِدًا ۚۖ وَّنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۳﴾ تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْئَلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۴﴾

جب ان (ابراہیم علیہ السلام) کو ان کے رب نے حکم دیا کہ: تو (اللہ تعالیٰ کے) حکم کو مکمل پورا کرنے والا بن جا① تو (جواب میں فوراً) انھوں نے کہا کہ: میں تمام عالموں کے رب (کے ہر حکم) کا فرماں بردار بن گیا② ﴿۱۳۱﴾ اور ابراہیم (علیہ السلام) نے اسی کی③ اپنی اولاد کو وصیت کی تھی اور یعقوب (علیہ السلام) نے بھی (اسی اسلام کی وصیت کی اور فرمایا) اے میرے بیٹو! یقیناً اللہ تعالیٰ نے تمھارے لیے دین (یعنی اسلام) کو منتخب کرلیا ہے، سو (اے میرے بیٹو!) تم کو مسلمان ہونے کی حالت ہی میں موت آوے ﴿۱۳۲﴾ (اے لوگو!) یعقوب (علیہ السلام) کی موت کے وقت کیا تم خود وہاں موجود تھے؟④ جب کہ یعقوب (علیہ السلام) نے اپنے بیٹوں کو پوچھا تھا کہ: تم میرے (دنیا سے جانے کے) بعد کس کی عبادت کروگے؟ تو سب (بیٹوں) نے جواب دیا: ہم (اسی ایک اللہ تعالیٰ کی) عبادت کریں گے جو آپ (یعنی یعقوب) کے معبود اور آپ کے (اوپر تک) باپ دادا ابراہیم اور اسماعیل اور اسحاق (علیہم السلام) کے معبود ہیں اور ہم اسی (ایک اللہ تعالیٰ) کے فرماں بردار بن کر رہیں گے ﴿۱۳۳﴾ وہ ایک امت تھی⑤ جو (اپنے وقت پر آکر) چلی گئی، جو کچھ اس (جماعت) نے کمایا وہ اس کے لیے ہے اور (اے یہود!) تمھارا (اچھا یا برا) کمایا ہوا تم کو ملے گا اور ان کے کاموں کے بارے میں تم سے سوال نہیں کیا جائے گا ﴿۱۳۴﴾

---

① یعنی فرماں برداری پر قائم رہنا اور اطاعت میں ترقی کرنا۔ ② یعنی اللہ تعالیٰ کی فرماں برداری پر قائم اور باقی رہوں گا، حضرت ابراہیم پہلے ہی سے اللہ تعالیٰ کے فرماں بردار تھے، اس سوال کے جواب کے ذریعے ان کی فرماں برداری اور زیادہ مضبوط اور ظاہر ہوگئی اور دوسرے لوگوں کو بھی فرماں بردار رہنے کا سبق مل گیا۔ ③ اسلام کی یعنی اللہ کے ہر حکم کو پورا کرنے کی۔ ④ یعنی یہود تو موجود نہیں تھے، اللہ تعالیٰ موجود تھے۔ ⑤ اللہ کے نیک بندے نبیوں کی جماعت۔

وَقَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى تَهْتَدُوْا ؕ قُلْ بَلْ مِلَّةَ اِبْرٰهٖمَ حَنِیْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ۝ قُوْلُوْۤا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْنَا وَمَاۤ اُنْزِلَ اِلٰۤى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَاۤ اُوْتِیَ مُوْسٰى وَعِیْسٰى وَمَاۤ اُوْتِیَ النَّبِیُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۖ٘ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ۝ فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَاۤ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا هُمْ فِیْ شِقَاقٍ ۚ فَسَیَكْفِیْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ؕ

اور وہ (یہود و نصاریٰ) کہنے لگے: (اے مسلمانو!) تم یہودی یا نصرانی بن جاؤ، تم صحیح راستے پر آجاؤ گے (تو ان کو جواب میں) تم کہو: (نہیں) بلکہ (ہم تو) ابراہیم (علیہ السلام) کے دین پر عمل کریں گے جو بالکل ٹھیک (سیدھے) راستہ پر (یعنی موحد) تھے اور وہ (ابراہیم علیہ السلام) شرک کرنے والوں میں سے نہیں تھے ﴿۱۳۵﴾ (اے مسلمانو!) تم (یہود و نصاریٰ و مشرکین سے) کہہ دو: ہم تو اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہیں اور جو (قرآن) ہم پر اتارا گیا اس پر (تفصیلی ایمان لائے) ①اور جو (وحی) ابراہیم اور اسماعیل اور اسحاق اور یعقوب اور ان کی اولاد پر اتاری گئی اس پر بھی (ہم اجمالی طور ایمان لائے) ②اور جو (شریعت) موسیٰ و عیسیٰ کو دی گئی اس پر بھی اور جو (شریعت دوسرے) نبیوں کو ان کے رب کی طرف سے دی گئی (ہم ان سب کو صحیح مانتے ہیں) ہم ان (پیغمبروں) میں سے کسی کے درمیان (کوئی) تفریق نہیں کرتے ③اور ہم اسی (تمام نبیوں پر وحی اتارنے والے اللہ تعالیٰ) کے فرماں بردار ہیں ﴿۱۳۶﴾ سو اگر وہ (اہل کتاب اور کافر) بھی تمہارے (یعنی مسلمانوں) ④جیسا ایمان لے آویں تو پکی بات ہے کہ وہ (اہل کتاب اور کافر بھی) ہدایت پر آجائیں گے اور اگر وہ (یہود و نصاریٰ) منہ پھیر لیویں ⑤تو وہ یقیناً مخالفت میں پڑے ہوئے ہیں ⑥(اے محمد ﷺ! آپ ان کی دشمنی سے نہ گھبراؤ) سو عنقریب تمہاری طرف سے اللہ تعالیٰ ان (یہود و نصاریٰ اور کافروں) کو کافی ہو جائیں گے اور وہ (اللہ تعالیٰ) ہر بات کو سنتے (اور) ہر بات کو جانتے ہیں ﴿۱۳۷﴾

---

① یعنی ہمارا عمل قرآن کے مطابق ہے۔ ② یعنی ان نبیوں کی شریعت ان کے زمانے میں صحیح تھی یہ ہم مانتے ہیں۔ ③ یعنی سب رسولوں کو مانتے ہیں۔ ④ مراد حضرات صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہیں یعنی صحابہ کے ایمان کو معیار بتایا گیا یہ بڑی سعادت ہے۔ ⑤ یعنی مسلمانوں جیسا ایمان نہ لاوے۔ ⑥ یعنی حضرت محمد ﷺ اور دین حق کی مخالفت کر رہے ہیں۔

صِبْغَةَ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً ۫ وَّنَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ ﴿۱۳۸﴾ قُلْ اَتُحَآجُّوْنَنَا فِی اللّٰهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۚ وَلَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۚ وَنَحْنُ لَهٗ مُخْلِصُوْنَ ﴿۱۳۹﴾ اَمْ تَقُوْلُوْنَ اِنَّ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطَ كَانُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰی ؕ قُلْ ءَاَنْتُمْ اَعْلَمُ اَمِ اللّٰهُ ؕ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۰﴾ تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۱﴾

(اے مسلمانو! ان نصاریٰ سے کہہ دو: ہم نے تو) اللہ تعالیٰ کا رنگ قبول کر لیا① اور اللہ تعالیٰ کے رنگ سے بہتر کس کا رنگ ہوسکتا ہے؟ اور ہم تو اسی (ایک اللہ تعالیٰ) کی عبادت کرنے والے ہیں ﴿۱۳۸﴾ تم (ان یہود و نصاریٰ سے) کہہ دو: کیا تم اللہ تعالیٰ کے بارے میں ہم سے بحث کرتے ہو؟② حالاں کہ وہ (اللہ تعالیٰ) تو ہمارے رب ہیں اور تمھارے (سب کے بھی) رب ہیں اور ہمارے لیے ہمارے اعمال ہیں اور تمھارے لیے تمھارے اعمال ہیں اور ہم تو خالص اس (اللہ تعالیٰ ہی) کی اطاعت کرنے والے ہیں ﴿۱۳۹﴾ (اے یہود و نصاریٰ!) کیا تم (ایسا) کہتے ہو کہ: یقیناً ابراہیم اور اسماعیل اور اسحاق اور یعقوب اور ان کی اولاد وہ (سب) یہودی یا نصرانی تھے؟ تم (ان سے) کہو کہ: (ان کے مذہب کے بارے میں) تم زیادہ جانتے ہو یا اللہ تعالیٰ زیادہ جانتے ہیں؟ اور اس سے بڑا ظالم کون ہوگا جو اللہ تعالیٰ کے یہاں سے اس کے پاس آئی ہوئی شہادت کو چھپائے③؟ اور جو کام تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس سے بے خبر نہیں ہے ﴿۱۴۰﴾ وہ امت تھی جو (اپنے وقت پر دنیا میں آ کر) چلی گئی، جو کچھ اس (امت) نے کمایا وہ اس کے لیے ہے اور تمھارا کمایا ہوا (یعنی تمھارے کیے کرائے اعمال) تمھارے لیے ہے اور ان کے کاموں کے متعلق تم سے سوال نہیں کیا جائے گا ﴿۱۴۱﴾

---

① رنگ جس طرح سامنے سے نظر آجاتا ہے اسی طرح حقیقی دین داری دین دار پر نمایاں طور پر ظاہر ہوتی ہے یعنی ہم مکمل اللہ کے دین میں آگئے۔ ② یعنی اللہ تعالیٰ صرف تم یہود و نصاریٰ کی بخشش کریں گے اور ہم مسلمانوں کی بخشش نہیں کریں گے۔

③ شہادت: [۱] حضرت ابراہیمؑ کے ملتِ توحید ہونے کے بارے میں تھی جس کو انھوں نے چھپایا اور حضرت ابراہیمؑ کو یہودی اور نصرانی کہنے لگے [۲] حضور ﷺ کی صفات جو تورات میں تھی اس کو چھپایا۔

سَيَقُولُ السُّفَهَاءُ مِنَ النَّاسِ مَا وَلّٰىهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِيْ كَانُوْا عَلَيْهَا ۚ قُلْ لِّلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۚ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿١٤٢﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا ۗ وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِيْ كُنْتَ عَلَيْهَا اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ مِمَّنْ يَّنْقَلِبُ عَلٰى عَقِبَيْهِ ۗ وَاِنْ كَانَتْ لَكَبِيْرَةً اِلَّا عَلَى الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ ۗ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ ۗ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٤٣﴾

اب تو① بے وقوف لوگ (یوں) کہیں گے کہ: ان (مسلمانوں) کو اپنے اس قبلے سے (دوسری طرف) کس چیز نے پھیر دیا جس پر وہ (کچھ عرصے سے قائم) تھے؟ (اے نبی!) تم (جواب میں) کہو کہ: مشرق ومغرب سب اللہ تعالیٰ ہی کا ہے، وہ (اللہ تعالیٰ) جس کو چاہتے ہیں سیدھی راہ پر چلاتے ہیں ﴿١٤٢﴾ اور اسی طرح② ہم نے تم کو ایک معتدل امت بنایا؛ تاکہ (قیامت کے روز) لوگوں پر تم گواہ بنو اور رسول (محمد ﷺ) تم پر گواہ بنیں اور جس قبلے کی طرف (اب تک) تم (عارضی طور پر منہ کرتے چلے آرہے) تھے③ وہ (قبلہ) ہم نے صرف اس لیے مقرر کیا تھا تاکہ ہم معلوم کرلیویں④ کہ کون رسول کا حکم مانتا ہے اور کون اپنی ایڑیوں پر الٹا پھر جاتا ہے⑤ اور یقیناً یہ (قبلے کی تبدیلی) بڑی مشکل بات تھی؛ مگر ان لوگوں کے لیے جن کو اللہ تعالیٰ نے ہدایت دے دی⑥ اور اللہ تعالیٰ ایسے نہیں ہیں کہ تمہارے ایمان کو ضائع کریں⑦ حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ لوگوں پر بہت شفقت کرنے والے، نہایت مہربان ہیں ﴿١٤٣﴾

---

① یعنی جب کعبہ قبلہ مقرر ہوا اور بیت المقدس کی طرف منہ کرنا چھوڑ دیا گیا تب ② جس طرح اس امت کو افضل نبی حضرت محمد ﷺ عطا ہوئے، قرآن جیسی افضل کتاب ملی اسی طرح آخری نبی کی امت کو کعبہ جیسا افضل قبلہ عطا فرمایا اور تحویل کے حکم کے بعد لوگوں کو دل وجان سے اس کے قبول کرنے کی توفیق دی ③ ہجرت سے قبل بیت المقدس قبلہ تھا جو ہجرت کے بعد سولہ یا سترہ ماہ تک باقی رہا پھر کعبہ کو قبلہ قرار دیا گیا۔ دوسری روایت کے مطابق مکی زندگی میں کعبہ قبلہ تھا، ہجرت کے بعد ١٦ یا ١٧ ماہ بیت المقدس قبلہ رہا پھر دوبارہ کعبہ کو قبلہ بنایا گیا ④ (دوسرا ترجمہ) تمیز کردیوے ⑤ (دوسرا ترجمہ) یعنی ماننے سے انکار کردیتا ہے ⑥ ان کے لیے اس نئے قبلے پر عمل کرنا ذرا بھی مشکل نہیں ⑦ بعض لوگ یہ سمجھتے تھے کہ مسلمانوں کا تحویلِ قبلہ دین سے انحراف ہے اور اس سے ایمان ضائع ہوجاتا ہے، اس بے وقوفی والے خیال کا رد ہے، دوسرا ترجمہ "ایمان" کا "نماز" ہے: چوں کہ نماز ایمان کا اہم رکن ہے، تحویلِ قبلہ سے قبل پڑھی گئی نماز ضائع نہیں ہوئی یہ بتادیا گیا۔

قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَآءِ ۚ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا ۪ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٤٤﴾ وَلَئِنْ اَتَيْتَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ بِكُلِّ اٰيَةٍ مَّا تَبِعُوْا قِبْلَتَكَ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ ۚ وَمَا بَعْضُهُمْ بِتَابِعٍ قِبْلَةَ بَعْضٍ ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ مِّنْ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ اِنَّكَ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٤٥﴾ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ؕ

(اے ہمارے نبی!) پکی بات یہ ہے کہ ہم تمھارے چہرے کا بار بار آسمان کی طرف پھیرنا دیکھ رہے ہیں، سو تم جس قبلے (یعنی کعبہ) کو پسند کرتے ہو اس کی طرف ہم ضرور تمھارے رخ کو پھیر دیں گے ①، سو (اب سے) تم اپنا رخ مسجدِ حرام کی طرف پھیر لو اور (آئندہ) جہاں کہیں بھی تم لوگ ہو تو اپنے چہروں کو اسی (مسجدِ حرام ہی) کی طرف کر لیا کرو، اور یقیناً اہلِ کتاب اچھی طرح جانتے ہیں کہ وہ (قبلہ بدلنے کا حکم) حق ہے جو ان کے رب کی طرف سے (آیا) ہے، اور وہ (اہلِ کتاب قبلے کے بدلنے کی مخالفت کا) جو کام کر رہے ہیں اللہ تعالیٰ اس سے بے خبر نہیں ہیں ﴿۱۴۴﴾ اور اگر تم ان اہلِ کتاب کے سامنے (قبلہ کی تبدیلی کے) تمام دلائل پیش کر دو تب بھی وہ تمھارے قبلے کو ماننے والے نہیں ہیں اور نہ تم ان کے قبلے کو ماننے والے ہو اور نہ وہ (اہلِ کتاب) آپس میں ایک دوسرے کے قبلے کو ماننے والے ہیں اور جو (وحی کا) علم تمھارے پاس آچکا ہے اس کے بعد بھی اگر ان (اہلِ کتاب) کی خواہشات پر تم (بالفرض) چلیں تب تو یقیناً تمھارا شمار ظالموں میں ہوگا② ﴿۱۴۵﴾ جن لوگوں کو ہم نے کتاب (یعنی تورات اور انجیل) دی وہ اس (رسول یعنی حضرت محمد ﷺ) کو (اچھی طرح) پہچانتے ہیں جس طرح وہ اپنے (سگے) بیٹوں (یعنی اولاد) کو پہچانتے ہیں،

---

① یہ تبدیلیٔ قبلہ کا اللہ تعالیٰ کی طرف سے وعدہ ہو گیا جو ایک مستقل خوشی ہے، پھر اس وعدے کو پورا کرتے ہوئے فرمایا۔
② ظاہر بات ہے حضور ﷺ یہ کر ہی نہیں سکتے۔

وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنْهُمْ لَيَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۝ اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ۝

وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ؕ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَاِنَّهٗ لَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝

اور یقینی بات یہ ہے کہ ان (اہلِ کتاب) میں سے ایک جماعت (ایسے لوگوں کی ہے جو) جان بوجھ کر حق کو چھپاتی ہے①﴿۱۴۶﴾ حق وہی ہے جو تمھارے رب کی طرف سے ہے، سو (اس لیے) تم شک کرنے والوں میں بالکل شامل نہ ہونا﴿۱۴۷﴾

اور ہر ایک (مذہب والوں) کی ایک سمت (رخ کرنے کی) ہے جس کی طرف (اپنی عبادت میں) وہ رخ کرتے ہیں، سو تم نیک کاموں میں ایک دوسرے سے آگے بڑھو، تم سب جہاں بھی ہوں گے اللہ تعالیٰ (قیامت کے روز) تم سب کو (جمع کرکے اپنے پاس) لا دیں گے، حقیقت میں اللہ تعالیٰ ہر ہر چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں﴿۱۴۸﴾ اور جہاں سے بھی تم (سفر کے لیے) باہر نکلو تو اپنا منہ (نماز میں) مسجدِ حرام کی طرف کرلیا کرو②اور یقیناً یہی حق بات (کا حکم) ہے جو تمھارے رب کی طرف سے ہے اور جو عمل بھی تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس سے بے خبر نہیں ہے﴿۱۴۹﴾

---

① نبی کریم ﷺ کے تورات میں بیان شدہ علامات کی روشنی میں وہ آپ کو نبی حق جانتے تھے، لیکن پھر بھی لوگوں سے چھپاتے تھے۔

② قبلے کے بدلنے کا جو حکم آیا اس کے لیے واحد کا صیغہ تین مرتبہ اور جمع کا صیغہ دو مرتبہ استعمال ہوا ہے، اس طرح بار بار حکم دینے کی مختلف حکمتیں ہو سکتی ہیں:

(۱) قبلے کے بدلنے پر دشمنوں کی طرف سے بہت سارے اعتراضات ہوئے ان اعتراضات کو بند کرنا۔

(۲) مسلمانوں کے لیے بھی قبلے کا بدلنا ایک عظیم انقلاب تھا؛ اس لیے کہ آج تک جس قبلے کو صحیح سمجھ کر نماز میں اس کی طرف رخ کرتے رہے تھے اس کو اب چھوڑ کر نئے قبلے کی طرف رخ کرنا۔

(۳) عام حکم کو بتلانا تھا کہ سفر ہو کہ کسی جگہ مقیم ہو پھر یہ سفر اور اقامت کبھی طویل کبھی مختصر، کبھی عارضی کبھی مستقل ہر حال میں کعبہ ہی کی طرف رخ کرکے نماز پڑھنا ہے۔

(۴) یہ قبلے کی تبدیلی کا حکم خود نبی کریم ﷺ کے لیے اور آپ کی پوری امت کے لیے بھی ہے۔

وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۚ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوا وُجُوهَكُمْ شَطْرَهُ ۙ لِئَلَّا يَكُونَ لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ ۙ إِلَّا الَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْهُمْ ۚ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِي ۚ وَلِأُتِمَّ نِعْمَتِي عَلَيْكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ﴿١٥٠﴾ كَمَا أَرْسَلْنَا فِيكُمْ رَسُولًا مِنْكُمْ يَتْلُو عَلَيْكُمْ آيَاتِنَا وَيُزَكِّيكُمْ وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُمْ مَا لَمْ تَكُونُوا تَعْلَمُونَ ﴿١٥١﴾

اور جہاں سے بھی تم (سفر میں) باہر نکلو تو اپنا منہ (نماز میں) مسجدِ حرام کی طرف رکھا کرو اور جس جگہ بھی تم لوگ ہوا کرو تو اپنے چہروں کو اسی (مسجدِ حرام) کی طرف کرو①؛ تا کہ تمھارے خلاف لوگوں کو الزام قائم کرنے کا کوئی موقع نہ ملے؛ مگر ان میں سے جن لوگوں کی عادت ظلم بن چکی ہے (ایسے ضدی لوگ چپ نہیں رہیں گے) سو تم ان (لوگوں) سے مت ڈرو اور تم مجھ ہی سے ڈرو؛ اور تا کہ میں اپنی نعمت②تم پر پوری کروں اور تا کہ تم لوگ صحیح راہ پر رہو ﴿١٥٠﴾ (یہ احسان ایسا ہے)③ جیسا کہ ہم نے تمھارے درمیان تم ہی میں سے ایک رسول (محمد ﷺ) بھیجا جو تمھارے سامنے ہماری آیتوں کو پڑھ پڑھ کے سناتا ہے اور تم کو (ظاہری و باطنی گندگی سے) پاک (وصاف) کرتا ہے اور تم کو کتاب وحکمت کی تعلیم دیتا ہے اور جو باتیں (اب تک) تم نہیں جانتے تھے④ وہ تم کو سکھلاتا ہے ﴿١٥١﴾

---

① تمام عالم کی الگ الگ سمتوں سے بیت اللہ کی طرف رخ کر کے نماز پڑھو گے تو وہ اللہ تعالیٰ کے یہاں ایک ہی رخ سمجھا جائے گا۔

② دشمنوں کے طعن سے حفاظت ہو اور اللہ تعالیٰ انعام واکرام، برکات، انوار اور ہدایت کے پورے حق دار بنو اور آخرت میں جنت کا داخلہ مل جاوے یہ فضلِ الٰہی ہے۔

دوسرا مطلب: فضل اور انعام یعنی اسلام کی کامل ہدایت۔

③ آیت میں تشبیہ کا حاصل:

[۱] یعنی تمھارا پسندیدہ قبلہ کعبہ مل گیا وہ نعمت ہے، اسی طرح تم کو ایک کامل رسول اللہ تعالیٰ نے عطا فرمایا۔

[۲] کعبہ کی تعمیر مقبول ہو وہ دعا مقبول ہوئی اور نبی کی بعثت والی دعا بھی مقبول ہوئی۔

④ (دوسرا ترجمہ) یا جو باتیں تم (خود بھی) نہ جان سکتے تھے۔

فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ۝

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ۝ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ۭ بَلْ اَحْيَاۗءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ۝ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ ۭ وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ۝ الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ۝ اُولٰۗىِٕكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ ۣوَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ۝

سو (ان نعمتوں پر) تم مجھ کو یاد کرتے رہو، میں تم کو یاد رکھوں گا① اور (ان نعمتوں کے ملنے پر) تم میرا شکرادا کرتے رہو② اور تم میری ناشکری (یعنی نافرمانی) نہ کیا کرو ﴿۱۵۲﴾

اے ایمان والو! (مصیبت پر) صبر کر کے اور نماز پڑھ کر (اللہ تعالیٰ کی) مدد حاصل کرو③ یقیناً اللہ تعالیٰ (کی مدد) صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے ﴿۱۵۳﴾ اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کے راستے میں قتل (یعنی شہید) کیے جائیں ان کو تم (عام مُردوں کی طرح) مرے ہوئے مت کہو؛ بلکہ وہ تو سب زندہ ہیں④؛ لیکن تم کو (ان کی زندگی کا) احساس نہیں ہے⑤ ﴿۱۵۴﴾ اور ہم ضرور تم کو آزمائیں گے (کبھی) تھوڑے سے خوف سے اور (کبھی تو تھوڑی سی) بھوک سے اور (کبھی تو تھوڑے سے) مال اور جان اور پھلوں میں نقصان (یعنی کمی) کرنے سے اور (ایسے امتحان کے حالات میں) صبر کرنے والوں کو خوش خبری سنا دو ﴿۱۵۵﴾ (صبر کرنے والے) وہ ہیں کہ جب ان کو (کسی قسم کی) کوئی مصیبت پہنچتی ہے تو وہ کہتے ہیں: ہم سب تو اللہ تعالیٰ ہی کی ملکیت میں ہیں اور ہم سب اسی (اللہ تعالیٰ) کی طرف واپس جانے والے ہیں ﴿۱۵۶﴾ انہی (صبر کرنے والوں) پر ان کے رب کی طرف سے (خاص) عنایتیں ہوں گی اور رحمت (بھی) ہوگی اور وہی لوگ ہدایت پر ہیں ﴿۱۵۷﴾

---

① ذکر کا ایک معنیٰ "یاد کرنا" ہے جس کا تعلق دل سے ہے اور زبان اس کی ترجمان ہوتی ہے۔ ذکر کی ایک تفسیر 'اطاعت' یعنی ہر موقع پر شریعت کا جو حکم ہو اس کو پورا کرنا بھی ہے۔

② شکر: قلبی، لسانی، عملی تین طرح سے ہے۔ ③ نماز میں نصرتِ الٰہیہ کو کھینچ کر لانے کی تاثیر ہے۔

④ برزخی خاص قسم کی حیات۔ ⑤ تم ان کی زندگی کا ادراک نہیں کر سکتے۔

اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآىِٕرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنْ حَجَّ الْبَیْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَیْهِ اَنْ یَّطَّوَّفَ بِهِمَا ؕ وَمَنْ تَطَوَّعَ خَیْرًا ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِیْمٌ ﴿۱۵۸﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ یَكْتُمُوْنَ مَاۤ اَنْزَلْنَا مِنَ الْبَیِّنٰتِ وَالْهُدٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا بَیَّنّٰهُ لِلنَّاسِ فِی الْكِتٰبِ ۙ اُولٰٓىِٕكَ یَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ وَیَلْعَنُهُمُ اللّٰعِنُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ اِلَّا الَّذِیْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَبَیَّنُوْا فَاُولٰٓىِٕكَ اَتُوْبُ عَلَیْهِمْ ۚ وَاَنَا التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ ﴿۱۶۰﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ اُولٰٓىِٕكَ عَلَیْهِمْ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓىِٕكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ ﴿۱۶۱﴾ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا ۚ لَا یُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ یُنْظَرُوْنَ ﴿۱۶۲﴾

یقیناً صفا اور مَروہ (دونوں پہاڑ) اللہ (کے دین) کی (خاص) نشانیوں میں سے ہیں، لہٰذا جو شخص بھی اللہ تعالیٰ کے گھر کا حج یا عمرہ کرے تو اس شخص پر کوئی گناہ نہیں کہ وہ دونوں (پہاڑ) کے چکر لگائے اور جو شخص بھی نیکی کا کام خوشی (اور شوق) سے کرے گا① تو یقیناً اللہ تعالیٰ بڑی قدر کرنے والے② سب کچھ جاننے والے ہیں ﴿۱۵۸﴾ یقیناً جو لوگ ہمارے اتارے ہوئے صاف احکام اور ہدایت کی باتوں کو چھپاتے ہیں باوجود یہ کہ ہم ان کو (مضامین) کتاب (تورات و انجیل) میں لوگوں کے لیے کھول کھول کر بیان کر چکے ہیں، ایسے لوگوں پر اللہ تعالیٰ لعنت کرتے ہیں اور ان پر (دوسرے) سب لعنت کرنے والے بھی لعنت (یعنی لعنت کی بددعا) کرتے ہیں ﴿۱۵۹﴾ مگر (لعنت سے بچ گئے وہ لوگ) جنھوں نے توبہ کی اور انھوں نے (اپنی) اصلاح کرلی اور انھوں نے (آسمانی کتاب کی چھپائی ہوئی باتوں کو) ظاہر کر دیا تو ایسے لوگوں کی توبہ میں قبول کرلیتا ہوں اور میں تو بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا، سب پر مہربان ہوں ﴿۱۶۰﴾ حقیقت میں جن لوگوں نے کفر اپنالیا اور کفر ہی پر مرے ان لوگوں پر اللہ تعالیٰ کی اور فرشتوں کی اور تمام انسانوں کی لعنت ہے ﴿۱۶۱﴾ وہ اس (لعنت) میں ہمیشہ رہیں گے، ان پر سے (کبھی بھی) عذاب ہلکا نہیں کیا جائے گا اور (کسی وقت بھی) ان کو مہلت (بھی) نہیں دی جائے گی ﴿۱۶۲﴾

---

① یعنی نیکی کا کام کرنا تو ہے ہی تو بہتر یہ ہے کہ خوشی اور رغبت سے کرو۔

② نیکی کو قبول کر کے زیادہ نیکی کی توفیق دیوے اور آخرت میں اجر دیوے۔

وَإِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ ۖ لَّا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمَٰنُ الرَّحِيمُ ﴿١٦٣﴾

إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِي تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنفَعُ النَّاسَ وَمَا أَنزَلَ اللَّهُ مِنَ السَّمَاءِ مِن مَّاءٍ فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيهَا مِن كُلِّ دَابَّةٍ وَتَصْرِيفِ الرِّيَاحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ﴿١٦٤﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَن يَتَّخِذُ مِن دُونِ اللَّهِ أَندَادًا يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللَّهِ ۖ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِّلَّهِ ۗ وَلَوْ يَرَى الَّذِينَ ظَلَمُوا إِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ أَنَّ الْقُوَّةَ لِلَّهِ جَمِيعًا وَأَنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعَذَابِ ﴿١٦٥﴾

اور تمھارا (حقیقی) معبود ایک (اللہ تعالیٰ) ہی معبود ہے، اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا کوئی معبود نہیں، جن کی رحمت سب کے لیے ہے (اور وہ) بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۱۶۳﴾

یقیناً آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے میں اور رات اور دن کے (مسلسل) بدلنے میں اور ان کشتیوں میں جو لوگوں کے فائدے کا سامان لے کر سمندر میں چلتی ہیں اور اس (بارش کے) پانی میں جس کو اللہ تعالیٰ نے آسمان سے اتارا، پھر اس (بارش کے پانی) کے ذریعے زمین کو اس کے مُردہ ہونے (یعنی اجڑ جانے) کے بعد زندہ کر دیا اور ہر قسم کے جانور اس (زمین) میں پھیلا دیے اور ہواؤں کے (رخ) بدلنے میں اور جو بادل آسمان و زمین کے درمیان (اللہ تعالیٰ کے حکم کے) پابند رہ کر کام میں لگے ہوئے ہیں ان میں عقل سے کام لینے والوں کے لیے (اللہ تعالیٰ کی قدرت کی) بڑی نشانیاں ہیں ﴿۱۶۴﴾ اور کچھ لوگ ایسے ہیں جو اللہ تعالیٰ کے سوا (دوسروں) کو شریک بناتے ہیں، اللہ تعالیٰ سے جیسی محبت رکھنی چاہیے وہ ویسی محبت ان (شریکوں) سے رکھتے ہیں ① اور ایمان والے اللہ تعالیٰ ہی سے سب سے زیادہ محبت رکھتے ہیں ② اور کاش کہ یہ ظالم (یعنی کافر) لوگ جب (آنے والے) عذاب (کے منظر) کو دیکھ لیتے تو اسی وقت ان (کافروں) کو یقین ہو جاتا کہ طاقت تو پوری اللہ تعالیٰ ہی کی ہے ③ اور یہ کہ اللہ تعالیٰ کا عذاب (آخرت میں) بہت سخت ہوگا ④ ﴿۱۶۵﴾

---

① یعنی جیسی تعظیم اللہ تعالیٰ کی کرنی چاہیے یہ مشرکین بتوں کی ویسی تعظیم کرتے ہیں۔ باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر ←

اِذۡ تَبَرَّاَ الَّذِیۡنَ اتُّبِعُوۡا مِنَ الَّذِیۡنَ اتَّبَعُوۡا وَرَاَوُا الۡعَذَابَ وَتَقَطَّعَتۡ بِهِمُ الۡاَسۡبَابُ ﴿۱۶۶﴾ وَقَالَ الَّذِیۡنَ اتَّبَعُوۡا لَوۡ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَتَبَرَّاَ مِنۡهُمۡ كَمَا تَبَرَّءُوۡا مِنَّا ؕ كَذٰلِكَ یُرِیۡهِمُ اللّٰهُ اَعۡمَالَهُمۡ حَسَرٰتٍ عَلَیۡهِمۡ ؕ وَمَا هُمۡ بِخٰرِجِیۡنَ مِنَ النَّارِ ﴿۱۶۷﴾

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ كُلُوۡا مِمَّا فِی الۡاَرۡضِ حَلٰلًا طَیِّبًا ۖ وَّلَا تَتَّبِعُوۡا خُطُوٰتِ الشَّیۡطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمۡ عَدُوٌّ مُّبِیۡنٌ ﴿۱۶۸﴾ اِنَّمَا یَاۡمُرُكُمۡ بِالسُّوۡٓءِ وَالۡفَحۡشَآءِ وَاَنۡ تَقُوۡلُوۡا عَلَی اللّٰهِ مَا لَا تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۱۶۹﴾

جب ① وہ (لیڈر) لوگ جن کے کہنے پر (دنیا میں) دوسرے لوگ چلتے تھے اپنے پیروں کاروں سے بے تعلقی کا اعلان کریں گے ② اور وہ (عوام اور لیڈر) سب عذاب کو (اپنی آنکھوں سے) دیکھ لیں گے اور ان کے (آپس کے) سب تعلقات ختم ہو جائیں گے ﴿۱۶۶﴾ اور (اس وقت) عوام کہیں گے کہ: کاش ہم کو (دنیا میں) دوبارہ جانے کا موقع ملے تو ہم (دنیا میں) اعلان کر دیں گے کہ ان (لیڈروں) سے ہمارا کوئی تعلق نہیں ہے جیسا کہ ان لیڈروں نے ہم سے تعلق کے نہ ہونے کا (یہاں قیامت میں) اعلان کر دیا، اسی طرح اللہ تعالیٰ ان کو (قیامت میں) دکھلائیں گے کہ ان کے اعمال ان کے لیے حسرت ہی حسرت بن چکے ہیں اور وہ (لیڈر اور عوام) آگ سے نکلنے والے ہی نہیں ہیں ﴿۱۶۷﴾

اے لوگو! زمین میں جو حلال پاکیزہ چیزیں ہیں اس میں سے تم کھاؤ اور تم شیطان کے قدم بقدم نہ چلو، یقین رکھو کہ وہ (شیطان) تمھارا کھلا دشمن ہے ﴿۱۶۸﴾ یقیناً وہ (شیطان) تو تم کو بری باتوں کا اور بے حیائی کا ہی حکم دیتا ہے اور یہ کہ جو (باتیں) تم نہیں جانتے اس کا اللہ پر تم بہتان لگاؤ ③ ﴿۱۶۹﴾

⇐ پچھلے صفحے کا مابقیہ: ④ (دوسرا ترجمہ) اور جو ایمان والے ہیں وہ اللہ تعالیٰ سے محبت کرنے میں نہایت سخت (بہت مضبوط) ہے۔ ⑤ پھر اللہ کو چھوڑ کر کسی دوسرے کی عبادت نہ کرتے۔ ⑥ (دوسرا ترجمہ) اور اگر یہ ظالم جب دنیا میں کوئی تکلیف دیکھتے اس وقت یہ سمجھ لیتے کہ ساری طاقت اللہ تعالیٰ ہی کو حاصل ہے (اور دوسرے سب اللہ تعالیٰ کے سامنے عاجز ہیں) اور یقیناً اللہ کا عذاب (آخرت میں) بہت سخت ہوگا۔

اِس صفحہ کا حاشیہ: ① یعنی آخرت میں عذاب کا سخت ہونا خاص طور پر اس وقت معلوم ہوگا جب۔ ② یعنی ہمارا (اس) عوام سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ ③ (دوسرا ترجمہ) اللہ کے بارے میں تم ایسی باتیں بولو جن باتوں کی حقیقت تم جانتے نہیں ہو۔

نوٹ: انسان انسان کے متعلق بغیر جانے کوئی بات بولے تو وہ برا ہے تو پھر اللہ کے معاملے میں بے بنیاد باتیں بولنا نہایت خطرناک ہے

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَآ اَلْفَيْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ شَيْـًٔا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ۝ وَمَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا كَمَثَلِ الَّذِيْ يَنْعِقُ بِمَا لَا يَسْمَعُ اِلَّا دُعَآءً وَّنِدَآءً ؕ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَاشْكُرُوْا لِلّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ۝ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ ۚ

اور جب ان (کافروں) کو یہ بات کہی جاتی ہے کہ جو احکام اللہ تعالیٰ نے اتارے اس کے مطابق تم چلو تو وہ (کافر) جواب دیتے ہیں کہ: (نہیں) بلکہ ہم تو اسی طریقے پر چلیں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادوں کو پایا ہے، بھلا کیا ان (کافروں) کے باپ دادا (دین کی) ذرا بھی سمجھ نہ رکھتے ہوں اور سیدھے راستے پر نہ ہوں تب بھی؟① ﴿۱۷۰﴾ اور (ضدی) کافروں (کو اسلام کی دعوت دینے) کی مثال اس شخص جیسی ہے جو کسی ایسے (جانور) کے پیچھے چلّاتا ہو جو سوائے پکار اور آواز کے کچھ نہ سنتا ہو② وہ (کافر) بہرے، گونگے، اندھے ہیں؛ لہٰذا وہ (کافر اسلام کو) سمجھتے نہیں ہیں③ ﴿۱۷۱﴾ اے ایمان والو! جو پاکیزہ روزی ہم نے تم کو دی اس میں سے کھاؤ اور اگر (حقیقت میں) تم اسی (اللہ تعالیٰ) کی عبادت کرتے ہو تو (پھر کامل اور حقیقی) شکر (بھی) اللہ تعالیٰ کا ادا کرو ﴿۱۷۲﴾ یقیناً مردار اور (بہنے والا) خون اور خنزیر کا گوشت اور جس جانور پر اللہ تعالیٰ کے سوا کسی دوسرے کا نام پکارا (یعنی بولا) گیا ہو صرف یہ سب اس (اللہ تعالیٰ) نے تم پر حرام کر دیے ہیں،

---

① یعنی تب بھی انہی باپ دادا کے کفر والے راستے پر چلنے کی بات کریں گے؟

② جس طرح جانور کچھ سمجھتا نہیں اسی طرح آڑے ہوئے کافر اسلام کو سمجھتے نہیں اور قبول نہیں کرتے۔

③ قرآنِ مجید میں متعدد مقامات پر کافروں کے لیے اس طرح کے الفاظ آئے ہیں، مراد یہ ہے کہ وہ کان سے سنتے تو ہیں؛ لیکن کام کی بات جس کے ذریعے ایمان قبول کر لیوے وہ سمجھتے نہیں ہیں، ایسے بہرے بن جاتے ہیں جیسے حق بات سنی ہی نہیں، زبان سلامت ہے، بولتے بھی خوب ہیں؛ لیکن سچی بات، ایمان کو قبول کرنے کی بات زبان پر آتی ہی نہیں، آنکھ بھی سلامت ہے؛ لیکن آخرت کا نفع، نقصان ان کو نظر آتا ہی نہیں ہے۔

فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ ۚ إِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٧٣﴾ إِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَشْتَرُوْنَ بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۙ أُولٰٓئِكَ مَا يَأْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ إِلَّا النَّارَ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ ﴿١٧٤﴾ أُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ ۚ فَمَآ أَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ ﴿١٧٥﴾ ذٰلِكَ بِأَنَّ اللّٰهَ نَزَّلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ ۗ وَإِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِي الْكِتٰبِ لَفِيْ شِقَاقٍ ۢ بَعِيْدٍ ﴿١٧٦﴾

سو اگر کوئی شخص (آخری درجے کی) مجبوری میں ہو① (اور کھانے کا) مقصد لذت حاصل کرنا نہ ہو② اور ضرورت سے زیادہ نہ کھاوے تو اس (شخص) پر (کھانے کا) کوئی گناہ نہیں ہے، یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ تو بڑے بخشنے والے، بڑے مہربان ہیں ﴿۱۷۳﴾ یقیناً جو لوگ اللہ تعالیٰ کی اتاری ہوئی کتاب میں سے (بہت سی باتوں کو) چھپاتے ہیں اور اس (چھپانے) کے بدلے میں (دنیا کا) تھوڑا سا عوض لیتے ہیں ویسے لوگ اپنے پیٹ میں جہنم کی آگ ہی بھر رہے ہیں، اور قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ان (چھپانے والوں) سے (خوشی کی) بات نہیں کریں گے اور وہ (اللہ تعالیٰ) ان کو (گناہوں سے) پاک نہیں کریں گے اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے ﴿۱۷۴﴾ انہی (آسمانی کتابوں کی حق بات چھپانے والے) لوگوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی کو خرید لیا اور مغفرت کے بدلے عذاب کو (لے لیا) سو (ایسی بری حرکت کر کے) تعجب کی بات ہے کہ جہنم کی آگ سہنے کے لیے وہ کتنے تیار ہیں! ﴿۱۷۵﴾ یہ (سزا) اس لیے (ہوئی) کہ اللہ تعالیٰ نے تو کتاب ٹھیک اتاری اور جن لوگوں نے (سچی) کتاب میں اختلاف کھڑا کر دیا وہ تو ضد میں (سچائی کے راستے سے بہت) دور جا کر پڑے ہیں③ ﴿۱۷۶﴾

---

① اور ان حرام چیزوں میں سے جان بچانے کے لیے کچھ کھالیویں۔

② (دوسرا ترجمہ) نافرمانی نہ کرے۔

③ (دوسرا ترجمہ) تو وہ یقیناً ایسی مخالفت میں پڑے ہیں جو (حق کے راستے سے) بہت دور ہے۔

لَيْسَ الْبِرَّ أَنْ تُوَلُّوا وُجُوهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلَٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ
الْآخِرِ وَالْمَلَٰٓئِكَةِ وَالْكِتَٰبِ وَالنَّبِيِّينَ ۚ وَآتَى الْمَالَ عَلَىٰ حُبِّهِ ذَوِي الْقُرْبَىٰ وَالْيَتَٰمَىٰ وَالْمَسَٰكِينَ
وَابْنَ السَّبِيلِ وَالسَّآئِلِينَ وَفِي الرِّقَابِ ۚ وَأَقَامَ الصَّلَوٰةَ وَآتَى الزَّكَوٰةَ ۚ وَالْمُوفُونَ بِعَهْدِهِمْ
إِذَا عَٰهَدُوا ۖ وَالصَّٰبِرِينَ فِي الْبَأْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِينَ الْبَأْسِ ۗ أُولَٰٓئِكَ الَّذِينَ صَدَقُوا ۖ وَأُولَٰٓئِكَ
هُمُ الْمُتَّقُونَ ﴿۱۷۷﴾ يَٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلَى ۖ الْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ
بِالْعَبْدِ وَالْأُنْثَىٰ بِالْأُنْثَىٰ ۚ فَمَنْ عُفِيَ لَهُ مِنْ أَخِيهِ شَيْءٌ فَاتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوفِ وَأَدَآءٌ إِلَيْهِ بِإِحْسَٰنٍ ۗ

تم صرف اپنے چہروں کو مشرق اور مغرب کی طرف پھیر لو اسی کا نام (کامل) نیکی نہیں ہے: لیکن (کامل) نیکی یہ ہے کہ لوگ اللہ تعالیٰ پر اور آخرت کے دن پر اور فرشتوں پر اور (سب آسمانی) کتابوں پر اور (تمام) نبیوں پر ایمان لاویں اور اس (اللہ) کی محبت میں ① (اپنا) مال رشتے داروں کو اور یتیموں کو اور مسکینوں کو اور مسافر کو اور سوال کرنے والوں کو اور گردن چھڑانے میں ② (دیویں) اور وہ نماز کو قائم کریں اور زکوۃ بھی ادا کریں اور جب بھی کوئی (جائز کام کا) عہد کریں تو اپنے عہد کو پورا کرنے کی عادت ہو اور تنگی (یعنی سختی، فقیری) اور تکلیف (یعنی بیماری، مصیبت) اور جنگ کے وقت میں صبر کرنے کی عادت ہو، ایسے لوگ ہی (نیکی پر ہونے کے دعوے میں) سچے ہیں اور ایسے لوگ ہی تقویٰ والے ہیں ﴿۱۷۷﴾ اے ایمان والو! (جن لوگوں کو ناحق قتل کر دیا جاوے ان) مقتولوں کے بارے میں (قاتل سے) قصاص لینا تم پر فرض ہے، آزاد کے بدلے آزاد اور غلام کے عوض غلام اور عورت کے بدلے عورت (ہی کو قتل کیا جائے گا) پھر اگر اس (قاتل) کو اس کے بھائی (مقتول کے وارث) ③ کی طرف سے کچھ معافی دے دی جائے ④ تو وہ اچھے طریقے سے مانگنے کا حق رکھتا ہے ⑤ اور اس (قاتل) پر خوشی کے ساتھ ادا کرنا ضروری ہے ⑥

---

① یا مال کی محبت دل میں ہے اس کے باوجود مال خرچ کرے یا فقیروں کے ساتھ محبت کرتے ہوئے مال دیوے ان کو حقیر نہ سمجھے۔ ② یعنی غلاموں اور قیدی کو آزاد کرانے میں۔ ③ مقتول کا وارث رشتے دار جو قصاص چاہتا ہے، اس سے یہاں ایمانی اخوت یاد دلا کر معافی کی ترغیب دی گئی۔ ④ یعنی قصاص چھوڑ دیا جائے۔ ⑤ یعنی مقتول کے رشتے دار وارث معافی کے بدلے میں دیت کی رقم) اچھے طریقے سے مانگنے کا حق رکھتا ہے، اور قاتل بھی اچھے برتاؤ سے ادا کرے۔ ⑥ یعنی قصاص کی معافی کے بدلے میں دیت کی رقم مقتول کے وارث کو۔

ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ۭ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ يّٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝ كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ خَيْرَۨا ښ الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَي الْمُتَّقِيْنَ ۝

یہ (قصاص کی معافی اور دیت کی رقم) تمھارے رب کی طرف سے آسانی اور رحمت ہے، سو اس (آسانی) کے بعد بھی جو کوئی زیادتی کرے گا تو اس کے لیے (آخرت میں) دردناک عذاب ہے ① ﴿۱۷۸﴾ اور اے عقل والو! قصاص لینے میں تمھارے لیے (دوسروں کی) زندگی (کی حفاظت) ہے ② پوری امید ہے کہ (قصاص کے ڈر سے ناحق قتل سے) تم بچتے رہو گے ③ ﴿۱۷۹﴾ جب تم میں سے کسی کی موت کا وقت قریب آجائے ④ اگر وہ (مرتے وقت اپنے پیچھے) کچھ مال چھوڑے تو والدین کے لیے اور قریبی رشتے داروں کے لیے انصاف کے ساتھ تم پر وصیت کرنا فرض ہے، (اللہ تعالیٰ سے) ڈرنے والوں پر (اس طرح کی وصیت کرنا) ضروری حق ہے ⑤ ﴿۱۸۰﴾

---

① یعنی قاتل دیت کی رقم دینے میں ٹال مٹول یا انکار کرے، اسی طرح مقتول کے رشتے دار دیت کی رقم بھی لیویں اور قاتل کو قتل کرنے کی یا تکلیف دینے کی بھی کوشش کریں یہ سب زیادتی ہے۔

② (دوسرا ترجمہ) اے عقل والو! اس قصاص کے حکم میں تمھاری زندگی اور بقا ہے۔ عقل استعمال کرکے سوچو تو حقیقت سمجھ میں آوے گی کہ قاتل سے قصاص لینے کے ذریعے دوسروں کی زندگی بچ جائے گی؛ یعنی دوسرے لوگ ڈر جاویں گے اور قتل کے جرم کا ارتکاب نہ کریں گے۔

③ (دوسرا ترجمہ) پوری امید ہے کہ تم اس (قصاص کے حکم کی خلاف ورزی کرنے) سے بچتے رہو گے۔

④ یعنی موت کے آثار ظاہر ہونے لگے۔ ⑤ شروع اسلام میں کسی کا انتقال ہوجاتا تو اس کے مال میں سے وارثوں کے کوئی حصے متعین نہیں تھے، مرنے والے کا پورا مال اس کے بڑے لڑکوں کو مل جاتا تھا، اسی لیے اس آیت میں یہ حکم دیا گیا کہ ہر انسان اپنی موت سے پہلے والدین اور دوسرے رشتے داروں کے لیے وصیت کرکے جائے کہ فلاں فلاں کو اتنا اتنا حصہ دیا جائے، پھر جب سورۂ نساء میں ۱۱ سے لیکر ۱۴ تک کی آیتیں نازل ہوئیں تو مرنے والے کا کون وارث ہوگا اور اس کے کتنے حصے ہوں گے وہ سب خود اللہ تعالیٰ نے بیان فرمادیا؛ اس لیے اس آیت میں جس وصیت کا ذکر ہے وہ فرض نہیں رہی؛ لیکن کسی آدمی کے ذمے کسی کا کوئی حق ہے تو اس کو ادا کردیوے اور ابھی ادا کرنے کی طاقت نہ ہو تو وصیت کردیوے یہ فرض ہے، اسی طرح مرنے والے کے مال میں جو لوگ شرعاً وارث نہیں ہیں ان کے لیے اپنے مال میں سے یا کسی دینی کام کے لیے ایک تہائی تک وصیت کرنا جائز ہے۔

فَمَنْۢ بَدَّلَهٗ بَعْدَمَا سَمِعَهٗ فَاِنَّمَاۤ اِثْمُهٗ عَلَى الَّذِیْنَ یُبَدِّلُوْنَهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ﴿۱۸۱﴾ فَمَنْ خَافَ مِنْ مُّوْصٍ جَنَفًا اَوْ اِثْمًا فَاَصْلَحَ بَیْنَهُمْ فَلَاۤ اِثْمَ عَلَیْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۸۲﴾

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَیْكُمُ الصِّیَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۸۳﴾ اَیَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِیْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَیَّامٍ اُخَرَ ؕ وَ عَلَى الَّذِیْنَ یُطِیْقُوْنَهٗ فِدْیَةٌ طَعَامُ مِسْكِیْنٍ ؕ فَمَنْ تَطَوَّعَ خَیْرًا فَهُوَ خَیْرٌ لَّهٗ ؕ وَ اَنْ تَصُوْمُوْا خَیْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۴﴾

پھر جس شخص نے اس (مرنے والے سے وصیت) کو سننے کے بعد اس میں تبدیلی کرڈالی تو اس کو تبدیل کرنے والوں پر ہی اس (وصیت تبدیل کرنے) کا گناہ ہوگا① یقیناً اللہ تعالیٰ تو (ہر چیز کو) سنتے ہیں (اور تمام چیزوں کو) جانتے ہیں ﴿۱۸۱﴾ پھر جس کو ڈر ہے کہ وصیت کرنے والا (غلط) طرف داری یا (حق تلفی کا) گناہ کررہا ہے تو ان (مرحوم کے وارثوں اور وصیت والوں) کے درمیان (شرعی قانون کے مطابق وصیت بدل کر) صلح کرادے تو اس (صلح کرانے والے) پر کوئی گناہ نہیں ہے② یقیناً اللہ تعالیٰ تو بہت معاف کرنے والے، بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۱۸۲﴾

اے ایمان والو! تم پر روزے فرض کیے گئے جس طرح تم سے پہلے (پچھلی امت کے) لوگوں پر فرض کیے گیے تھے؛ تاکہ تم تقویٰ والے بن جاؤ ﴿۱۸۳﴾ چند ہی دن گنتی کے (روزے رکھنے ہیں)① پھر جو شخص تم میں سے (رمضان میں) بیمار ہوجائے یا سفر میں ہو تو (جتنے روزے چھوٹ گئے) دوسرے دنوں میں (روزے رکھ کر) اتنی گنتی کو پورا کرنا ہے، اور جن لوگوں کو روزے کی طاقت ہے (لیکن روزہ نہ رکھنا چاہیں) تو وہ مسکین کو کھانا دے کر (روزہ نہ رکھنے کا) فدیہ دے دیویں② پھر جو شخص خوشی سے کوئی نیکی کرے تو یہ اس کے لیے بہتر ہے اور اگر تم سمجھ دار ہو تو (سنو! رمضان میں) تمہارا روزہ رکھنا ہی تمہارے لیے زیادہ اچھا ہے ﴿۱۸۴﴾

---

① مرنے والے کی زبان سے جس نے بھی کوئی وصیت سنی تو اس میں اپنی طرف سے کم زیادہ نہ کرے؛ بلکہ وصیت کے مطابق عمل کرنا واجب ہے، کسی آدمی نے وصیت کرنے میں ناانصافی کردی تو مرنے سے پہلے پہلے اس کو سمجھا بجھا کر وصیت میں شریعت کے حکم کے مطابق تبدیلی کروادیوے اور اگر کوئی آدمی نامناسب یا شرعی حکم کے خلاف وصیت کرکے مرگیا؛

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْٓ اُنْزِلَ فِیْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًی لِّلنَّاسِ وَبَیِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰی وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْیَصُمْهُ ؕ وَمَنْ كَانَ مَرِیْضًا اَوْ عَلٰی سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَیَّامٍ اُخَرَ ؕ یُرِیْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْیُسْرَ وَلَا یُرِیْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ ؗ وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰی مَا هَدٰىكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ ؕ اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ۙ

رمضان کا مہینہ وہ ہے جس میں لوگوں کے لیے ہدایت (کی باتوں) سے بھرا ہوا قرآن اتارا گیا اور یہ (قرآن) ہدایت کے صاف اور حق کو باطل سے جدا کرنے والے دلائل کا مجموعہ ہے، سو جو شخص تم میں سے (روزہ کی صلاحیت کی حالت میں رمضان کا) مہینہ پاوے تو وہ ضرور اس کے روزے رکھے، اور جو شخص (رمضان میں) بیمار ہو یا سفر میں ہو تو (جتنے روزے چھوٹ گئے) اتنی گنتی دوسرے دنوں میں (روزہ رکھ کر) پوری کر لے، اللہ تعالیٰ تمھارے لیے آسانی کرنا چاہتے ہیں اور تم کو (کسی) مشکل میں ڈالنا نہیں چاہتے؛ اور تاکہ (اس طرح آسان اور رعایت والے احکام کے ذریعے) تم (پورے رمضان کے روزوں کی) گنتی پوری کر لو اور اس (اللہ تعالیٰ) نے تم کو ہدایت کا راستہ بتا دیا اس پر (اس کا احسان مانتے ہوئے) تم اللہ کی بڑائی بیان کرو؛ اور تاکہ تم شکر کرنے والے بن جاؤ ﴿۱۸۵﴾ اور جب تم سے میرے بارے میں میرے بندے پوچھیں تو (بتلا دو کہ) میں یقیناً (اتنا) قریب ہوں کہ جب کوئی (دعا کرنے والا) مجھ سے دعا کرے تو میں (بلا واسطہ) دعا کرنے والے کی دعا قبول کرتا ہوں

۞ تو جن کے لیے وصیت کی ہے ان کے ساتھ وارثوں کی شریعت کے حکم کے موافق صلح کرا دیوے، اس طرح کی تبدیلی میں گناہ بھی نہیں ہوگا؛ بلکہ بہتر ہوگا۔ ⓶ یعنی ایسی صلح کرا دینی چاہیے۔ ⓷ انتیس یا تیس دن روزے رکھنا ہے۔

⓸ اس قرأت کے مطابق یہ حکم (فدیہ والا) روزے کی طاقت والے کے لیے اب منسوخ ہے۔ دوسری قرأت میں آیت ”**لا یطیقونه**“ ہے اس اعتبار سے معنیٰ یہ ہوگا کہ ”جو لوگ روزے کی طاقت نہ رکھتے ہوں (بڑھاپے کی وجہ سے یا ایسی بیماری کی وجہ سے جس سے اچھے ہونے کی کوئی امید نہ ہو) تو وہ ایک مسکین کو کھانا دے کر روزہ نہ رکھنے کا فدیہ دیوے“ (اس صورت میں آیت کو منسوخ ماننے کی بھی ضرورت نہیں ہے)۔

نوٹ: اوپر آیتوں میں رمضان کا تذکرہ، بعد والی آیت میں بھی رمضان کا تذکرہ، درمیان میں سوال اور دعا کی بات آ گئی، یہ رمضان میں دعا کی اہمیت کی طرف اشارہ معلوم ہوتا ہے۔

فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ ﴿١٨٦﴾ أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلَىٰ نِسَائِكُمْ ۚ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَأَنتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ۗ عَلِمَ اللَّهُ أَنَّكُمْ كُنتُمْ تَخْتَانُونَ أَنفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنكُمْ ۖ فَالْآنَ بَاشِرُوهُنَّ وَابْتَغُوا مَا كَتَبَ اللَّهُ لَكُمْ ۚ

(جب میں اتنا مہربان ہوں) تو ان (بندوں) کو چاہیے کہ وہ میرے حکموں کو (دل سے) مانیں اور مجھ پر ایمان (یعنی یقین) رکھیں؛① تا کہ وہ نیک راہ پر آجائیں ﴿۱۸۶﴾ (رمضان کے) روزہ (رکھنے) کی رات میں اپنی بیویوں سے جماع کرنا (اب) تمھارے لیے حلال کر دیا گیا ہے، وہ (بیویاں) تمھارے لیے لباس ہیں② اور تم ان کے لباس ہو② اللہ تعالیٰ کو معلوم تھا کہ تم اپنے حق میں خیانت کر رہے تھے③ پھر اس (اللہ) نے تم پر عنایت کی اور تمھاری غلطی معاف کر دی④ سو اب (اگر چاہو تو) تم ان (عورتوں) سے جماع کر لیا کرو⑤ اور اللہ تعالیٰ نے تمھارے لیے جو لکھ دیا وہ تم حاصل کرو⑥

---

① دعا کی قبولیت کے بارے میں اور دوسرے کاموں کے بننے کے لیے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا یقین ہو۔

② میاں اور بیوی کو آپس میں ایک دوسرے کے لیے لباس کہا گیا: (الف) لباس انسان کے گلے لگا ہوتا ہے، اسی طرح میاں بیوی ایک دوسرے کے گلے لگے ہوتے ہیں، یہ کامل اتصال کی بات ہے۔

(ب) لباس پہننے سے انسان کا ستر چھپ جاتا ہے، اسی طرح میاں بیوی ایک دوسرے کے عیوب کو چھپاتے ہیں اور برے کام سے حفاظت کا ذریعہ ہوتے ہیں۔

(ج) جس طرح انسان لباس کا محتاج ہوتا ہے اسی طرح میاں بیوی کو آپس میں ایک دوسرے کی ضرورت رہتی ہے، ایک دوسرے کے بغیر صبر نہیں ہوتی۔

(د) شریف انسان کو لباس سے جدائی گوارہ نہیں، اسی طرح میاں بیوی کو ایک دوسرے سے جدائی گوارہ نہیں۔

(ہ) آیت میں عورت کے لباس ہونے کو مقدم کیا گیا، سمجھ میں آیا کہ مرد عورت کی طرف اس طرح کے معاملات میں سبقت اور پہل کرتا ہے اور مرد کی طرف سے یہ چیزیں بکثرت پیش آتی ہیں۔

③ پہلے رمضان کی راتوں میں ایک بار سو گئے تو اٹھ کر صحبت کرنا منع تھا پھر بھی تم تنہائی میں بے بس ہو کر صحبت کر لیتے تھے یہ۔

④ جماع کو خیانت سے تعبیر فرمایا، یا اس زمانے کے حکم کے اعتبار سے رات کو سونے کے بعد جماع کرنے کی برائی کو بتانا ہے، خیانت یعنی اس طرح کی کوتاہی ہو جاتی تھی۔④ (دوسرا ترجمہ) اللہ نے تمھاری توبہ قبول کر لی اور تم کو معاف کر دیا۔

⑤ رمضان کی پوری رات میں کسی بھی وقت صحبت جائز ہونے کا حکم آنے کے بعد اب اجازت ہے۔

⑥ حصول لذت کے ساتھ جو اولاد مقدر ہے اسے حاصل کرو۔ "کتب" کا دوسرا ترجمہ: تمھارے لیے مقدر کر دیا ہے۔

وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ۪ ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ ۚ وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ وَاَنْتُمْ عٰكِفُوْنَ ۙ فِي الْمَسٰجِدِ ؕ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَقْرَبُوْهَا ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ۝ وَلَا تَاْكُلُوْۤا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوْا بِهَاۤ اِلَى الْحُكَّامِ لِتَاْكُلُوْا فَرِيْقًا مِّنْ اَمْوَالِ النَّاسِ بِالْاِثْمِ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ؕ قُلْ هِيَ مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ ؕ

اور صبح (صادق) کی سفید دھاری (یعنی سفیدی، رات کی) سیاہ دھاری (یعنی سیاہی) سے جدا ہو کر تم کو صاف نظر آوے وہاں تک تم کھاؤ اور پیو، پھر تم رات تک روزے کو پورا کیا کرو اور تم مسجد میں اعتکاف میں بیٹھے ہو تب (رات یا دن میں) ان (عورتوں) سے جماع نہ کرو، یہ اللہ تعالیٰ (کے احکام) کی حدیں (مقرر کردی گئی) ہیں، لہذا تم (ان کو توڑنے کے ارادے سے) ان کے پاس بھی مت جانا① اسی طرح اللہ تعالیٰ اپنے احکام لوگوں کے لیے صاف صاف بیان کرتے ہیں؛ تا کہ لوگ (احکام کی مخالفت سے) بچتے رہیں ﴿۱۸۷﴾ اور تم آپس میں ایک دوسرے کا مال ناجائز طریقے سے نہ کھاؤ② اور تم ان (مالوں کے مقدمے) کو حاکموں کے پاس (ایسے مقصد سے) مت لے جاؤ③ کہ لوگوں کے مال کا کوئی حصہ تم ظلم کر کے (ناحق) کھا جاؤ اور تم تو (حقیقت) جانتے ہو④ ﴿۱۸۸﴾

یہ (بعض صحابہ ہر مہینے کے) نئے چاند کے بارے میں تم سے سوال کرتے ہیں (اے نبی!) تم (ان سے) کہو کہ: وہ (یعنی ہر مہینے نئے چاند کا نکلنا) لوگوں کے لیے (مختلف معاملات میں) اور حج کے اوقات کو پہچاننے کا ذریعہ ہے

---

① اللہ کے حکم کی خلاف ورزی کرنے کی کوشش نہ کرنا۔

② یعنی کسی کا مال غلط طریقے سے مت لے لو۔

③ تم باطل پر ہو تمھارا کوئی حق نہیں ہے اس بات کو جانتے ہوئے بھی غلط مقدمہ کے ذریعہ کسی کے مال کو کھا جانے کی کوشش مت کرو، جو مال شرعاً تمھارا نہ ہو وہ کسی عدالت کے فیصلے کی وجہ سے تمھارا نہ ہوگا۔

④ اس بات کو جانتے ہوئے کہ تمھارا کوئی حق نہیں ہے پھر بھی غلط مقدمات سے ہڑپ کرنے کی کوشش مت کرو۔

وَلَيْسَ الْبِرُّ بِأَنْ تَأْتُوا الْبُيُوتَ مِنْ ظُهُوْرِهَا وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقٰى ۚ وَأْتُوا الْبُيُوتَ مِنْ أَبْوَابِهَا ۪ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۸۹﴾ وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ؕ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۱۹۰﴾ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ وَأَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ حَيْثُ أَخْرَجُوْكُمْ وَالْفِتْنَةُ أَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ۚ وَلَا تُقٰتِلُوْهُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ حَتّٰى يُقٰتِلُوْكُمْ فِيْهِ ۚ فَإِنْ قٰتَلُوْكُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ ؕ كَذٰلِكَ جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۹۱﴾

اور یہ کوئی نیکی کی بات نہیں ہے کہ تم (دروازے کو چھوڑ کر) گھروں میں ان کے پیچھے کی طرف سے آؤ؛ لیکن نیکی تو یہ ہے کہ کوئی شخص تقویٰ اختیار کرے، اور تم گھروں میں ان کے دروازوں سے آیا کرو اور تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو①؛ تا کہ تم لوگ فلاح پاؤ ﴿۱۸۹﴾ اور جو لوگ تم سے (اسلام کی مخالفت میں) جنگ کرتے ہیں تم بھی ان لوگوں سے اللہ تعالیٰ کے راستے میں جنگ کرو② اور تم زیادتی مت کرو③ یقیناً اللہ تعالیٰ زیادتی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتے ﴿۱۹۰﴾ اور تم ان لوگوں کو④ جہاں پاؤ (وہاں) قتل کرو اور تم ان کو نکالو اس جگہ (یعنی مکہ) سے جہاں سے انھوں نے تم کو (جبراً) نکالا اور فتنہ تو قتل سے بھی زیادہ سخت ہے⑤ اور تم ان (دین کے دشمنوں) سے مسجد حرام کے پاس (یعنی حدودِ حرم میں) اس وقت تک لڑائی مت کرو جب تک کہ وہ خود اس (حدودِ حرم) میں تم سے لڑائی (شروع) نہ کریں⑥ سو وہ (دشمن) اگر تم سے (حدودِ حرم میں) لڑائی (شروع) کر دیں تو تم بھی ان سے لڑو، یہی (ایسے) کافروں کی سزا ہے ﴿۱۹۱﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اللہ کے حکموں کو توڑنے سے بچو۔ ② یعنی اللہ کے دین کی خاطر جنگ ہو، محض حکومت بڑھانا اور مال حاصل کرنا مقصود نہ ہو۔ ③ اور تم کو عورتیں، بچے، بہت بوڑھے، دنیوی کاموں سے ہٹ کر مذہبی عبادت میں مشغول رہنے والے اور معذور لوگ جو جنگ میں شریک نہ ہوں تو ان کو مارنے کی اجازت نہیں ہے، ہاں اگر یہ لوگ کسی طرح بھی لڑائی میں کافروں کی مدد کریں تو ان کو قتل کرنا جائز ہے، اسی طریقے سے جس قوم سے جنگ نہ کرنے کا معاہدہ ہوا ہو تو معاہدہ کی مدت میں معاہدہ توڑ کر لڑائی مت کرو۔ جنگ میں بھی ہمارا دین ہم کو انصاف، اعتدال اور حدود کی رعایت سکھاتا ہے تو دوسرے مقامات میں تو بدرجۂ اولیٰ اس کی رعایت کرنی ہے۔ ④ یعنی جو کافر دین کی خاطر تم سے دشمنی رکھے اور لڑے۔
⑤ فتنہ یعنی خود دینِ اسلام کو قبول نہ کرنا، دوسروں کو اسلام سے روکنا، شرارت کرنا، حرم میں عبادت کے لیے آنے سے روکنا، اس کے علاوہ فتنے کا مطلب عہد کو توڑنا، کفر و شرک کرنا، مسلمانوں کو عمرہ کرنے سے روکنا جیسا کہ مکہ کے ←

فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ ؕ فَاِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ اِلَّا عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ۝ اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ وَالْحُرُمٰتُ قِصَاصٌ ؕ فَمَنِ اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ ۪ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ۝

سوا گروہ (دشمن) رک جاویں ① تو یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ بہت معاف کرنے والے، بہت زیادہ مہربان ہیں ﴿۱۹۲﴾ اور (اے مسلمانو!) تم ان (دین کے دشمنوں) سے لڑو، یہاں تک کہ فتنہ (یعنی کفر اور شرک) باقی نہ رہے ② اور دین (فقط) اللہ تعالیٰ ہی کا باقی رہے ③، سوا گروہ (دشمن کفر سے) رک جاویں (اور ایمان لے آویں) ④ تو سختی صرف ظالموں (یعنی کافروں) پر ہی رہے گی ﴿۱۹۳﴾ احترام والے مہینے کا بدلا ہے احترام والا مہینہ ⑤ اور (اس لیے کہ) احترام کرنے میں تو برابری ہے ⑥ سو جو (کافر) تمھارے اوپر زیادتی کرے تو جیسی زیادتی اس نے تم پر کی ایسی ہی زیادتی تم اس پر کرو اور تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور تم (یہ بات) جان لو کہ اللہ تعالیٰ (کی مدد) ڈرنے والوں کے ساتھ ہے ﴿۱۹۴﴾

⇐ کافروں نے ۶ھ میں نبی ﷺ اور صحابہ کرام ؓ کو عمرہ کے لیے آنے سے روکا جس کے نتیجے میں صلح حدیبیہ کا واقعہ پیش آیا۔

① یعنی حرم میں اپنی طرف سے جنگ کی ابتدا مت کرو۔

اس صفحہ کا حاشیہ: ① کفر اور جنگ کرنے سے رک جاویں اور اسلام قبول کر لیویں۔

② امن کی حالت ہو یا جنگ کی مسلمانوں کو سچائی اور انصاف ہی پر قائم رہنا چاہیے اس کے خلاف کوئی بات نہ کہنی چاہیے، نہ کرنی چاہیے۔ فائدہ: جنگ کسی درجے میں نامناسب چیز ہے، لیکن فتنہ اور شرارت کی جڑ اور بنیاد کا قائم رہنا اس سے بھی زیادہ سخت اور برائی ہے؛ اسی لیے فتنے اور شرارت کو ختم کرنے کے لیے جنگ کو گوارہ کر لیا جائے، گویا ایک بڑی برائی کو ختم کرنے کے لیے ایک ہلکی اور چھوٹی، ظاہراً نامناسب چیز کو اختیار کر لینا عقل مندی اور انصاف ہے۔

③ یعنی لوگ اسلام مذہب قبول کر لیں۔

④ کفر سے رک جاویں تو آخرت میں جنت کے حق دار ہوں گے اور دنیا میں بھی امن ملے گا اور جو لوگ ناانصافی کریں اور کفر و شرک میں پڑے رہیں، تو سختی صرف (ایسے) ظالموں (کافروں) پر ہی رہے گی۔

⑤ یعنی اگر کافر احترام والے مہینے کا ادب کر کے لڑائی نہ کریں تو تم بھی اس کا لحاظ رکھو۔

⑥ اگر وہ کافر چار احترام والے مہینے: رجب، ذی قعدہ، ذی الحجہ اور محرم کا احترام کریں تو تم بھی احترام کرو اور اگر احترام نہ کریں اور لڑائی کریں تو تم ان کا دفاع کرو۔

وَأَنفِقُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلَا تُلْقُوا بِأَيْدِيكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ ۛ وَأَحْسِنُوا ۛ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ۝ وَأَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلَّهِ ۚ فَإِنْ أُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۖ وَلَا تَحْلِقُوا رُءُوسَكُمْ حَتَّىٰ يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهُ ۚ فَمَن كَانَ مِنكُم مَّرِيضًا أَوْ بِهِ أَذًى مِّن رَّأْسِهِ فَفِدْيَةٌ مِّن صِيَامٍ أَوْ صَدَقَةٍ أَوْ نُسُكٍ ۚ فَإِذَا أَمِنتُمْ فَمَن تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ

اور تم اللہ تعالیٰ کے راستے میں (مال) خرچ کرو اور اپنے آپ کو خود اپنے ہاتھوں سے ہلاکت میں مت ڈالو اور تم نیکی کرو، یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ نیکی کرنے والوں کو پسند کرتے ہیں ﴿۱۹۵﴾ اور تم حج اور عمرہ (خاص) اللہ تعالیٰ کے لیے پورا کرو①، سو اگر تم روک لیے جاؤ② تو جو قربانی کا جانور آسانی سے مل جائے (وہ اللہ تعالیٰ کے واسطے ذبح کر دو) اور جب تک قربانی کا جانور اپنی جگہ (یعنی حرم کی حد میں) پہنچ (کر ذبح) نہ (ہو) جاوے وہاں تک تم (احرام کھولنے کے لیے) اپنے سروں کو نہ منڈاؤ، (ہاں!) سو جو شخص تم میں سے (احرام کی حالت میں) بیمار ہو جاوے، یا اس کو اپنے سر میں تکلیف ہونے لگے تو (تین) روزے رکھ کر یا (چھ فقیروں کو) صدقہ دے کر یا (ایک بکری) ذبح کر کے فدیہ ادا کرے③ پھر جب تم مطمئن ہو④ تو جو شخص عمرے کو حج کے ساتھ (ایک سفر میں) ملا کر فائدہ اٹھائے⑤ تو (شکرانے کے طور پر) جو بھی جانور ہدی کے طور پر آسانی سے مل جاوے (تو اس کو اللہ کے نام پر ذبح کرنا ضروری ہے)

---

① یعنی نیت کر کے حج، عمرہ شروع کرنے کے بعد۔

② یعنی اگر حج اور عمرہ شروع کرنے کے بعد پورا کرنے میں کوئی رکاوٹ آجائے۔

③ یعنی تکلیف کی وجہ سے سر منڈانا پڑا تو اس کے بدلے۔

④ امن کے حاصل ہونے کی دو صورتیں ہیں:

(الف) پہلے ہی سے دشمن کا کوئی خطرہ نہیں تھا۔

(ب) دشمن کا خطرہ تھا، لیکن وہ ختم ہو گیا۔ اس کا خلاصہ: عام معمول کے مطابق حالات کہ جس میں کوئی رکاوٹ اور خطرہ نہ ہو۔

⑤ یعنی حج تمتع کرے یا قران کرے۔

فَمَنۡ لَّمۡ یَجِدۡ فَصِیَامُ ثَلٰثَۃِ اَیَّامٍ فِی الۡحَجِّ وَ سَبۡعَۃٍ اِذَا رَجَعۡتُمۡ ؕ تِلۡکَ عَشَرَۃٌ کَامِلَۃٌ ؕ ذٰلِکَ لِمَنۡ لَّمۡ یَکُنۡ اَہۡلُہٗ حَاضِرِی الۡمَسۡجِدِ الۡحَرَامِ ؕ وَ اتَّقُوا اللّٰہَ وَ اعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰہَ شَدِیۡدُ الۡعِقَابِ ﴿۱۹۶﴾

اَلۡحَجُّ اَشۡہُرٌ مَّعۡلُوۡمٰتٌ ۚ فَمَنۡ فَرَضَ فِیۡہِنَّ الۡحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَ لَا فُسُوۡقَ ۙ وَ لَا جِدَالَ فِی الۡحَجِّ ؕ وَ مَا تَفۡعَلُوۡا مِنۡ خَیۡرٍ یَّعۡلَمۡہُ اللّٰہُ ؕ؃ وَ تَزَوَّدُوۡا فَاِنَّ خَیۡرَ الزَّادِ التَّقۡوٰی ۫ وَ اتَّقُوۡنِ یٰۤاُولِی الۡاَلۡبَابِ ﴿۱۹۷﴾

سو جس کے پاس (قربانی کرنے کی) گنجائش نہ ہو تو (اس کے ذمے) تین روزے حج کے دنوں میں (۹ ذی الحجہ تک) رکھنا ضروری ہے اور (حج سے فارغ ہو کر منیٰ سے) جب تم واپس لوٹو تب (مکہ میں یا وطن آکر) سات (روزے رکھنا ہے، اس طرح) وہ دس (روزے قربانی کے بدلے کے) پورے ہوں گے (جن کا رکھنا ضروری ہے) یہ حکم (یعنی ایک سفر میں عمرہ اور حج کو ملا کر فائدہ اٹھانا) ایسے شخص کے لیے (جائز) ہے جس کے گھر والے مسجدِ حرام کے پاس نہ رہتے ہوں① اور تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور تم جان لو کہ اللہ تعالیٰ کی سزا سخت ہے ﴿۱۹۶﴾

حج کے مہینے تو معروف (و مشہور) ہیں، سو جو شخص ان (مہینوں) میں (احرام باندھ کر) حج کو (اپنے لیے) لازم کر لیوے تو حج کے دوران فحش بات (اور کام) نہ کرے اور گناہ کے کام نہ کرے اور (کسی سے) جھگڑا (بھی) نہ کرے اور جو نیکی کا کام تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس کو جانتے ہیں② اور تم راستے کا توشہ ساتھ میں لے لو؛ کیوں کہ (اپنے سفر کا) توشہ ساتھ لینے کا بہترین فائدہ سوال سے بچے رہنا ہے③ اور اے عقل والو! تم میری نافرمانی سے بچتے رہو ﴿۱۹۷﴾

---

① یعنی جو آفاقی ہو۔

② اس لیے اللہ تعالیٰ نیکی پر تم کو ثواب دیں گے۔

③ یعنی سفر کی ضروری چیزیں ساتھ لینے سے انسان دوسرے سے سوال کرنے سے بچا رہے گا۔ (دوسرا ترجمہ) کیوں کہ سفر کا بہترین سامان تقویٰ ہے۔

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَبْتَغُوا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَإِذَا أَفَضْتُمْ مِّنْ عَرَفَاتٍ فَاذْكُرُوا اللَّهَ عِندَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ ۖ وَاذْكُرُوهُ كَمَا هَدَاكُمْ وَإِن كُنتُم مِّن قَبْلِهِ لَمِنَ الضَّالِّينَ ﴿١٩٨﴾ ثُمَّ أَفِيضُوا مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ النَّاسُ وَاسْتَغْفِرُوا اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٩٩﴾ فَإِذَا قَضَيْتُم مَّنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللَّهَ كَذِكْرِكُمْ آبَاءَكُمْ أَوْ أَشَدَّ ذِكْرًا ۗ فَمِنَ النَّاسِ مَن يَقُولُ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا وَمَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ﴿٢٠٠﴾

(حج کے سفر میں تجارت اور مزدوری کر کے) تمھارے اپنے رب کا فضل (یعنی حلال روزی) تلاش کرنے میں تمھارے لیے کوئی گناہ نہیں ہے ① سو جب تم (نو ۹ ذی الحجہ کو غروب آفتاب کے بعد) عرفات سے روانہ ہو تو مشعرِ حرام (یعنی مزدلفہ) کے پاس اللہ تعالیٰ کا تم ذکر کرو اور جس طرح تم کو بتایا ہے اسی طرح تم اس (اللہ تعالیٰ) کا ذکر کرو ② حقیقت یہ ہے کہ تم اس (بتانے) سے پہلے ناواقفوں میں سے تھے ﴿١٩٨﴾ پھر (یہ بھی دھیان میں رکھو اے قریش!) تم بھی وہاں (یعنی عرفات) جا کر واپس آؤ جہاں سے اور لوگ (یعنی عام حاجی) واپس آتے ہیں اور تم اللہ تعالیٰ سے استغفار کرو ③ یقیناً اللہ تعالیٰ تو بہت معاف کرنے والے، سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں ④ ﴿١٩٩﴾ پھر جب تم اپنے حج کے (بڑے) کام پورے کر چکو تو تم اللہ تعالیٰ کا ذکر کرو ⑤ جیسے کہ تم اپنے باپ دادوں کو (زمانۂ جاہلیت میں) یاد کیا کرتے تھے؛ بلکہ ان (باپ دادوں) کی یاد سے بھی زیادہ (اللہ کا) ذکر کرو اور بعض لوگ تو (دعا میں بس) یہ کہتے ہیں: اے ہمارے رب! آپ ہم کو دنیا ہی میں (سب کچھ) دے دیجیے، اور ایسے (دعا کرنے والے) شخص کے لیے آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہے ⑥ ﴿٢٠٠﴾

---

① حلال روزی کو آیتِ کریمہ میں فضل سے تعبیر کیا گیا ہے؛ اس لیے کہ انسانوں کے لیے روزی کا انتظام کرنا باری تعالیٰ کے لیے ضروری نہیں ہے، وہ محض اپنے فضل سے روزی کا انتظام فرماتے ہیں۔ سفر کا مقصد حج ہو، باقی چیز ضمنی ہو۔

② ایک مطلب ہے: اللہ نے تم کو ہدایت دی ہے اس کے شکرانے میں تم اللہ تعالیٰ کا ذکر کرو۔

③ یعنی قریش عرفات نہیں جاتے تھے، مزدلفہ ہی سے واپس لوٹ جاتے تھے اس پر۔

④ شریعت کے قانون میں امت کے لیے مثالی مساوات کا حکم ہے، دین کے عمومی احکام میں کسی بھی امتی کے لیے کوئی امتیاز نہیں سب کے لیے برابری ہے۔ ⑤ یعنی خاص منیٰ کے قیام ١١، ١٢، ١٣ تاریخ میں۔ اور حج کے بعد والی زندگی بھی ذکر کی کثرت والی ہو جائے۔ ⑥ جس کا آخرت کی طرف دھیان نہیں ہے اس لیے وہ آخرت کا منکر ہے۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿٢٠١﴾ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّمَّا كَسَبُوْا ۭ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿٢٠٢﴾ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ ۭ فَمَنْ تَعَجَّلَ فِيْ يَوْمَيْنِ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۚ وَمَنْ تَاَخَّرَ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۙ لِمَنِ اتَّقٰى ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿٢٠٣﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰي مَا فِيْ قَلْبِهٖ ۙ وَھُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ ﴿٢٠٤﴾

اور ان میں سے بعض لوگ وہ ہیں جو (دعامیں) یہ کہتے ہیں: اے ہمارے رب! آپ ہم کو دنیا میں بھلائی دیجیے اور آخرت میں بھی بھلائی (دیجیے) اور ہم کو (جہنم کی) آگ کے عذاب سے بچالیجیے ﴿۲۰۱﴾ انہی لوگوں کے لیے ان کی (دنیا کے اعمال کی) کمائی کی وجہ سے (آخرت میں ثواب کا بڑا) حصہ ہے① اور اللہ تعالیٰ بہت جلدی حساب لینے والے ہیں ﴿۲۰۲﴾ اور گنتی کے چند دنوں میں② تم اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے رہو③ سو جو شخص دو ہی دن میں (منیٰ سے) جلدی (مکہ) چلا گیا تو اس پر کوئی گناہ نہیں ہے اور جو شخص (۱۳ تاریخ تک منیٰ میں رہ کر) تاخیر سے (مکہ) آیا تو اس پر بھی کوئی گناہ نہیں ہے، یہ (اللہ تعالیٰ سے) ڈرنے والے (آدمی) کے لیے ہے④ اور تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور (یہ بات) جان لو کہ تم سب کو (لے جاکر) اسی (اللہ تعالیٰ) کے سامنے جمع کیا جائے گا ﴿۲۰۳﴾ اور لوگوں میں سے ایک شخص وہ بھی ہے کہ دنیوی زندگی کے بارے میں تم کو اس کی باتیں بڑی اچھی (مزے دار) لگتی ہیں اور وہ اپنے دل کی بات پر اللہ تعالیٰ کو گواہ بھی بناتا ہے؛ حالاں کہ وہ (تمہارے مخالفوں میں) سب سے زیادہ لڑنے (جھگڑنے) والا ہے⑤ ﴿۲۰۴﴾

---

① (دوسرا) ایسے ہی لوگوں کو (دنیا و آخرت میں) اپنی کمائی کا بڑا حصہ (بھلائی کی شکل میں) ملے گا۔

② یعنی ایامِ تشریق میں تکبیرِ تشریق ہر فرض نماز کے بعد پڑھو اور کنکریاں مارتے ہوئے بھی اللہ کا ذکر کرو۔

③ حج کے احکام کے دوران مختلف آیتوں میں ذکر کی خاص تاکید آئی ہے، اعمالِ حج میں مختلف مواقع پر مختلف اذکار اور احکام ثابت ہیں؛ لیکن خاص بات یہ ہے کہ یہ عبادت غفلت سے گزارنی نہیں ہے؛ بلکہ ہر موقع پر اللہ کے احکام کو پورے طور پر ادا کیا جاوے اور اللہ تعالیٰ کی یاد سے بالکل غفلت نہ برتی جائے، عامۃً حجاج کرام سے ہونے والی غفلت پر بھی تنبیہ ہوگئی۔

④ [۱] یعنی تیرھویں تاریخ تک منیٰ میں رکنا یہ متقی حاجی کا کام ہے [۲] جو آدمی اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہی نہیں اس کو احکام کی تفصیل اور ثواب اور گناہ کی کوئی پرواہ نہیں ہوتی۔ ⑤ مراد اخنس بن شریق ہے۔

وَاِذَا تَوَلّٰى سَعٰى فِى الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ ﴿۲۰۵﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ فَحَسْبُهٗ جَهَنَّمُ ؕ وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۲۰۶﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِىْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۲۰۷﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِى السِّلْمِ كَآفَّةً ۪ وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۲۰۸﴾

اور (اے نبی!) جب وہ (آپ کی مجلس سے اٹھ کر) واپس جاتا ہے تو زمین میں فساد کرنے کی غرض سے اس (زمین) میں دوڑ دھوپ کرتا پھرتا ہے① اور کھیتی اور جانور کو برباد کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ فساد کو پسند نہیں کرتے ﴿۲۰۵﴾ اور جب اس کو کہا جاتا ہے کہ: ''تو اللہ تعالیٰ سے ڈر'' تو (اس کا) گھمنڈ اس کو گناہ پر (اور زیادہ) ابھارتا ہے، سو اس کے لیے جہنم (کی سزا) کافی ہے اور وہ بہت ہی برا بچھونا ہے② ﴿۲۰۶﴾ اور کچھ لوگ ایسے (مخلص) بھی ہیں جو اللہ تعالیٰ کی خوشی حاصل کرنے کے لیے اپنی جان تک خرچ کر ڈالتے ہیں③ اور اللہ تعالیٰ (ایسے) بندوں پر بڑی شفقت کرتے ہیں④ ﴿۲۰۷﴾ اے ایمان والو! تم پوری طرح اسلام میں داخل ہو جاؤ⑤ اور تم شیطان کے قدم بہ قدم مت چلو⑥ یقین جانو کہ وہ (شیطان) تو تمھارا کھلا ہوا دشمن ہے ﴿۲۰۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) زمین میں فساد کرنے کی پوری کوشش کرتا ہے۔

② یہ آیت اگرچہ خاص آدمی کے متعلق نازل ہوئی ہے، لیکن جو بھی اس طرح کی حرکت کرے گا وہ سزا کا مستحق ہوگا۔

③ یعنی اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لیے جان تک کی بازی لگا دیتے ہیں اور اپنا سب کچھ قربان کرنے کے لیے تیار ہو جاتے ہیں۔

④ اللہ کی ایک صفت "رَءُوْف" بھی ہے اسی "رَءُوْف" والی صفت کا تقاضا ہے کہ بندوں کو اللہ کی رضا حاصل ہونے کے لیے جو کام ضروری ہے اس کی بندوں کو توفیق دیتے ہیں۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) تم پورے پورے اسلام میں داخل ہو جاؤ۔ (تیسرا) تم پورے (مکمل) اسلام میں داخل ہو جاؤ۔ دینی امور کا خلاصہ آسانی کے لیے پانچ شعبوں میں تقسیم کر کے بتایا جاتا ہے: (۱) عقائد (۲) عبادات (۳) معاملات (۴) معاشرت (۵) اخلاق۔ اور اہلِ حکومت کے لیے سیاسیات۔ جب ان تمام شعبوں میں اللہ تعالیٰ کے احکام کو اپنایا جائے وہ کامل اسلام کہلانے کے قابل ہوتا ہے۔ ہر مومن کا ظاہر و باطن، صبح سے شام، ولادت سے موت اور زندگی کا ہر موقع غمی خوشی وہ اسلامی طریقے سے انجام دینا ہے۔ ⑥ یعنی شیطان کی بات پر عمل مت کرو۔

فَإِنْ زَلَلْتُمْ مِّنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْكُمُ الْبَيِّنٰتُ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۰۹﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۲۱۰﴾

سَلْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ كَمْ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ اٰيَةٍۢ بَيِّنَةٍ ؕ وَمَنْ يُّبَدِّلْ نِعْمَةَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۱۱﴾ زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَيَسْخَرُوْنَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۘ وَالَّذِيْنَ اتَّقَوْا فَوْقَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۲۱۲﴾

پھر تمھارے پاس صاف احکام (یا دلائل) آچکنے کے بعد بھی اگر تم (سیدھے راستے سے) پھسل گئے ① تو (اس بات کو) جان لو کہ یقیناً اللہ تعالیٰ بڑے زبردست ② بڑی حکمت والے ہیں ﴿۲۰۹﴾ کیا یہ (کافر ایمان لانے کے لیے) صرف اس بات کا انتظار کر رہے ہیں کہ (خود) اللہ تعالیٰ فرشتوں کے ساتھ ③ بادلوں کے سائبانوں میں ان کے سامنے آجائے ④ اور (سب) کاموں کا فیصلہ ہی کر دیا جائے اور (آخرکار) تمام معاملات (کے فیصلے) اللہ تعالیٰ ہی کی طرف لوٹائے جاویں گے ﴿۲۱۰﴾

تم بنی اسرائیل سے پوچھو کہ: کتنی ساری کھلی نشانیاں (یعنی احکام) ہم نے ان کو دی ہیں اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی نعمت اس کے پاس پہنچ جانے کے بعد اس کو بدل ڈالے تو (اس کو یاد رکھنا چاہیے) یقیناً اللہ تعالیٰ سخت سزا دینے والے ہیں ﴿۲۱۱﴾ دنیا کی زندگی کافروں کے لیے دل کش (یعنی خوش نما) بنادی گئی ہے اور وہ (کافر) ایمان والوں پر ہنستے ہیں ⑤ اور تقویٰ (یعنی کفر و شرک سے بچنے) والے قیامت کے دن ان (کافروں) سے اعلیٰ درجے پر ہوں گے اور اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں بے حساب رزق عطا فرماتے ہیں ﴿۲۱۲﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) ڈگمگا گئے۔ ② اللہ تعالیٰ ایسے زبردست ہے کہ کوئی اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔

③ (دوسرا ترجمہ) یا اللہ تعالیٰ اور فرشتے۔ ④ یہ سب قیامت میں ہوگا۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) ایمان والوں کا مذاق اڑاتے ہیں۔ مسلمان فکرِ آخرت میں اللہ کے احکام کو پورا کرنے میں مشغول ہیں جس سے دنیا کا ظاہری نقصان ہوتا ہوا نظر آتا ہے۔ کافروں کو تعجب ہوتا ہے کہ یہ کیسے لوگ ہیں جو اپنی دنیا کا بڑا نقصان کرتے ہیں؛ اس لیے اس فکرِ آخرت پر مسلمانوں کا مذاق اڑاتے ہیں۔

كَانَ النَّاسُ أُمَّةً وَّاحِدَةً فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ وَأَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ وَمَا اخْتَلَفَ فِيْهِ إِلَّا الَّذِيْنَ أُوْتُوْهُ مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ فَهَدَى اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِإِذْنِهٖ وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٢١٣﴾ أَمْ حَسِبْتُمْ أَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَأْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ مَسَّتْهُمُ الْبَأْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ أَلَآ إِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ ﴿٢١٤﴾

(شروع میں) سب لوگ ایک ہی دین پر تھے ① پھر اللہ تعالیٰ نے نبیوں کو بھیجا ② جو (ایمان والوں کو جنت کی) خوش خبری سناتے تھے اور (نافرمانوں کو جہنم سے) ڈراتے تھے اور اس (اللہ تعالیٰ) نے ان (نبیوں) کے ساتھ سچی کتاب اتاری؛ تاکہ جس چیز میں وہ اختلاف کر رہے ہیں اس میں لوگوں کے درمیان وہ فیصلہ کریں اور (افسوس کی بات تو یہ ہے کہ) جن کو وہ کتاب دی گئی کھلے احکام ان کو مل جانے کے بعد محض آپس کی ضد کی وجہ سے انہی لوگوں نے اس (کتاب) میں اختلاف کیا، پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے حکم (یعنی فضل) سے وہ (اختلاف کرنے والے) جن حق باتوں میں اختلاف کرتے تھے ان میں ایمان والوں کو صحیح راستے کی ہدایت دی اور اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں اس کو سیدھا راستہ بتلا دیتے ہیں ﴿۲۱۳﴾ (اے مسلمانو!) کیا تم نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ تم (ایسے ہی) جنت میں داخل ہو جاؤ گے؟ حالاں کہ ابھی تک تو تمہارے اوپر تم سے پہلے گزرے ہوئے لوگوں جیسے حالات بھی نہیں آئے، ان (پہلے لوگوں) کو (دین کی خاطر) بڑی سختی اور تکلیف پہنچی اور وہ لوگ ہلا دیے گئے، یہاں تک کہ رسول اور ان کے ساتھ ایمان والے کہنے لگے کہ: ''اللہ تعالیٰ کی مدد کب آئے گی'' سن لو! اللہ تعالیٰ کی مدد تو (قریب میں) آنے ہی والی ہے ﴿۲۱۴﴾

---

① یعنی: [الف] عالمِ ارواح میں ''بَلٰی'' والے قول کے وقت سب مُوَحِّد تھے [ب] حضرت آدمؑ اور حواؑ کے ابتدائی زمانہ میں سب لوگ توحید پر تھے [ج] آدمؑ سے ادریسؑ تک پورے ایک ہزار سال تک سب مؤمن تھے [د] نوحؑ کے ساتھ کشتی میں بیٹھنے والے جب غرقِ عالم کے بعد دوبارہ کشتی سے رکنے پر دنیا میں آئے تب سب مسلمان ہی تھے۔ ② طبیعتوں کے اختلاف اور شیطانی اغوا کے نتیجے میں عقائد میں اختلاف پیدا ہوا تو اس اختلاف کو دور کرنے کے لیے نبیوں کو بھیجا گیا۔

يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ۭ قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۭ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ۝ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَھُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَھُوْا شَـيْـــًٔا وَّھُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تُحِبُّوْا شَـيْـــًٔا وَّھُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝

يَسْــَٔلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيْهِ ۭ قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ ۭ وَصَدٌّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَكُفْرٌۢ بِهٖ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۤ وَ اِخْرَاجُ اَھْلِهٖ مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَالْفِتْنَةُ اَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ ۭ

وہ (صحابہ) آپ سے سوال کرتے ہیں کہ (اللہ تعالیٰ کو خوش کرنے کے لیے) کیا خرچ کریں؟ تو تم (جواب میں یوں) کہو کہ: جو مال بھی تم خرچ کرو① تو وہ والدین اور رشتے داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافر کے لیے ہونا چاہیے اور جو (بھی) تم بھلائی کا کام کرتے ہو (تو) اللہ تعالیٰ کو یقیناً اس کی پوری خبر ہے②﴿۲۱۵﴾ تم پر لڑائی کرنا فرض کیا گیا ہے③ اور وہ تم کو بھاری لگتا ہے اور ایسا ہو سکتا ہے کہ ایک چیز کو تم پسند نہ کرو؛ حالاں کہ وہ چیز تمھارے لیے بہتر ہو، اور یہ بھی ممکن ہے کہ تم ایک چیز کو پسند کرو؛ حالاں کہ وہ چیز تمھارے لیے بری ہو، اور (ہر چیز کی حقیقت) اللہ تعالیٰ جانتے ہیں اور تم لوگ جانتے نہیں ہو﴿۲۱۶﴾

یہ لوگ تم سے سوال کرتے ہیں احترام والے مہینے میں جنگ کے بارے میں (تو اے نبی!) تم (ان سے یوں) کہو کہ: اس (احترام کے مہینے) میں جنگ کرنا بڑا گناہ ہے اور (لیکن لوگوں کو) اللہ تعالیٰ کے راستے سے روکنا④ اور اس (اللہ تعالیٰ) کا انکار کرنا اور مسجدِ حرام (میں عبادت) سے (لوگوں کو روکنا) اور اس (مسجدِ حرام) کے رہنے والوں (مسلمانوں) کو وہاں سے نکالنا اللہ تعالیٰ کے یہاں اس (لڑائی) سے بھی زیادہ بڑا گناہ ہے اور فتنہ کرنا⑤ قتل سے بھی بڑا گناہ ہے،

---

① قرآن میں مال کو "خیر" کہا، اس کی حکمت یہ سمجھ میں آتی ہے کہ انسان مال کی وجہ سے خیریت سے رہتا ہے، چوری، ڈکیتی اور سوال کرنے سے بچ جاتا ہے۔ ② اور وہ اس کا بدلہ (ثواب) ضرور دیں گے۔ ③ یعنی دین کی خاطر دشمنی کرنے والوں سے خاص خاص حالات میں۔ ④ کوئی مسلمان ہو تو اس کو تکلیف پہنچانا کہ ڈر کے مارے دوسرے لوگ مسلمان نہ ہو اور جو ایمان لانا چاہے اس کو اسلام سے بدگمان کرنا؛ تا کہ وہ ایمان لانے سے رک جائے۔ ⑤ لوگوں کو دین سے پھیرنا۔

وَلَا يَزَالُونَ يُقَاتِلُونَكُمْ حَتّٰى يَرُدُّوكُمْ عَنْ دِينِكُمْ إِنِ اسْتَطَاعُوا ۚ وَمَنْ يَرْتَدِدْ مِنْكُمْ
عَنْ دِينِهِ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَأُولٰئِكَ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۖ وَأُولٰئِكَ
أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٢١٧﴾ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَاجَرُوا وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ
اللَّهِ ۙ أُولٰئِكَ يَرْجُونَ رَحْمَتَ اللَّهِ ۚ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿٢١٨﴾ يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ ۖ قُلْ
فِيهِمَا إِثْمٌ كَبِيرٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَإِثْمُهُمَا أَكْبَرُ مِنْ نَفْعِهِمَا ۗ وَيَسْأَلُونَكَ مَاذَا يُنْفِقُونَ ۖ
قُلِ الْعَفْوَ ۗ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُونَ ﴿٢١٩﴾ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۗ

اور وہ (کافر لوگ) تم (مسلمانوں) سے برابر لڑتے ہی رہیں گے یہاں تک کہ اگر ان (کافروں) کا بس چلے تو تم (مسلمانوں) کو تمھارے دین سے ہی ہٹا دیں① اور تم میں سے جو شخص بھی اپنا دین چھوڑ کر مرتد ہو جائے اور وہ کافر ہو کر مرے تو ان لوگوں کے اعمال دنیا اور آخرت میں ضائع ہو جائیں گے اور ایسے لوگ جہنمی ہیں، وہ اس (جہنم) میں ہمیشہ رہیں گے ﴿۲۱۷﴾ یقینی بات یہ ہے کہ جو لوگ ایمان لائے اور جن لوگوں نے ہجرت کی اور انھوں نے اللہ تعالیٰ کے راستے میں (دین کی خاطر دشمنوں سے) جہاد کیا تو ایسے ہی لوگ اللہ تعالیٰ کی رحمت کی امید رکھتے ہیں اور اللہ تعالیٰ تو بہت معاف کرنے والے، بہت مہربان ہیں ﴿۲۱۸﴾ یہ لوگ تم سے شراب اور جوئے کے بارے میں سوال کرتے ہیں (اے نبی!) تم (جواب میں یوں) کہو کہ: ان (شراب اور جوئے دونوں) میں بڑا گناہ ہے اور لوگوں کے لیے کچھ فائدے (بھی) ہیں؛ لیکن ان دونوں (شراب اور جوئے) کا گناہ (یعنی نقصان) اِن دونوں کے فائدے سے زیادہ بڑا ہے اور وہ (لوگ) تم سے سوال کرتے ہیں (کہ اللہ تعالیٰ کو خوش کرنے کے لیے) وہ کیا خرچ کریں؟ (اے نبی! جواب میں) یوں کہو کہ: ضرورت سے زیادہ جتنا بھی ہو (وہ سب کچھ خرچ کرو) اسی طرح اللہ تعالیٰ احکام کو تمھارے لیے صاف صاف بیان کرتے ہیں؛ تاکہ تم غور و فکر کیا کرو ﴿۲۱۹﴾ دنیا کے بارے میں بھی اور آخرت کے بارے میں بھی②

---

① یعنی اسلام چھڑوا دیوے ② دنیا فانی ہے؛ لیکن دنیا میں انسان کو بہت ساری ضروریات ہیں؛ اس لیے دنیا میں جائز ضروریات میں ضرورت کے مطابق خرچ کرو، آخرت ہمیشہ رہنے والی ہے، ثواب ملنے کی جگہ ہے؛ اس لیے ثواب حاصل کرنے اور اللہ کو خوش کرنے کے لیے صدقات و خیرات بھی کرو، خلاصہ یہ کہ دنیا و آخرت دونوں کے مناسب حال سوچ سمجھ کر خرچ کیا کرو۔

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْيَتٰمٰى ۭ قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ ۭ وَاِنْ تُخَالِطُوْهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ ۭ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ لَاَعْنَتَكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ ۭ وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ وَّلَوْ اَعْجَبَتْكُمْ ۚ وَلَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يُؤْمِنُوْا ۭ وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكُمْ ۭ اُولٰۗىِٕكَ يَدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ښ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِاِذْنِهٖ ۚ وَيُبَيِّنُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۝

اور وہ (صحابہ) تم سے سوال کرتے ہیں یتیموں کے بارے میں (اے نبی!) تم (جواب میں ایسا) کہو کہ: ان (یتیموں کے مالی حال) کو ٹھیک (کرنے کی محنت) کرنا نیکی کا کام ہے① اور اگر تم ان (یتیموں) کا خرچا اپنے (کھانے کے خرچے کے) ساتھ ملا جلا کر کرو (تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے؛ اس لیے کہ) وہ تو تمھارے بھائی (ہی) ہیں اور اللہ تعالیٰ (معاملات) بگاڑنے والے کو سنوارنے والے سے الگ پہچانتے ہیں اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتے تو تم کو مشکل میں ڈال دیتے، یقیناً اللہ تعالیٰ بڑے زبردست ہیں، ہر کام کی حکمت ان کو معلوم ہے ﴿۲۲۰﴾ اور تم (اے مسلمان مردو!) مشرکہ عورتوں سے اس وقت تک شادی مت کرو جب تک کہ وہ ایمان نہ لے آویں اور (یہ بات یاد رکھو کہ) یقیناً ایمان والی باندی کسی بھی مشرکہ عورت سے بہتر ہی ہے، چاہے وہ (مشرکہ عورت) تم کو پسند آرہی ہو اور تم (مسلمان عورتوں کا) مشرک مردوں کے ساتھ نکاح مت کراؤ جب تک کہ وہ (مشرک مرد) ایمان نہ لے آویں اور (یہ بات سن لو کہ) یقیناً (ایک) ایمان والا غلام کسی بھی مشرک مرد سے بہتر ہی ہے اگرچہ وہ (مشرک مرد) تم کو کتنا ہی بھلا کیوں نہ معلوم ہوتا ہو② وہ (مشرک مرد و عورت) تو (کفر کے ذریعے) تم کو (جہنم کی) آگ کی طرف دعوت دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اپنے حکم سے جنت اور مغفرت کی طرف دعوت دے رہے ہیں اور وہ (اللہ تعالیٰ) لوگوں کے لیے اپنے احکام صاف صاف بیان کرتے ہیں؛ تاکہ وہ لوگ نصیحت قبول کریں ﴿۲۲۱﴾

① (دوسرا ترجمہ) ان (یتیموں) کی بھلائی ہو ایسی کوشش کرنا نیکی کا کام ہے۔ ② تو بھی تم ان سے شادی مت کرو۔

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ ۭ قُلْ هُوَ اَذًى ۙ فَاعْتَزِلُوا النِّسَاۗءَ فِي الْمَحِيْضِ ۙ وَلَا تَقْرَبُوْھُنَّ حَتّٰى يَطْهُرْنَ ۚ فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْھُنَّ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّـوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ﴿٢٢٢﴾ نِسَاۗؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ ۠ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ ۡ وَقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢٢٣﴾ وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّاَيْمَانِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْا وَتَتَّقُوْا وَتُصْلِحُوْا بَيْنَ النَّاسِ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٢٢٤﴾

اور وہ (صحابہ) تم سے حیض کے بارے میں سوال کرتے ہیں① (اے نبی!) تم (ان کو جواب میں) کہو کہ: وہ (حیض) تو گندی چیز ہے، سو حیض کی حالت میں تم عورتوں سے الگ رہو اور جب تک وہ (عورتیں حیض سے) پوری طرح پاک نہ ہوں وہاں تک (جماع کرنے کے لیے) ان کے پاس مت جاؤ، پھر جب وہ (عورتیں) پوری طرح حیض سے پاک ہو جائیں تو ان (عورتوں) کے پاس اسی طریقے سے جاؤ جس طریقے (یعنی جگہ) سے جانے کا اللہ تعالیٰ نے تم کو حکم دیا ہے② یقیناً اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والوں سے محبت رکھتے ہیں اور خوب پاک صاف رہنے والوں کو پسند کرتے ہیں ﴿٢٢٢﴾ تمھاری بیویاں تمھارے لیے کھیتی ہیں، سو تم اپنی کھیتی میں (آگے والے راستے سے) جس طرح سے چاہو آؤ اور اپنے لیے آگے (آخرت میں کام آنے والے اچھے اعمال) بھیجو اور تم اللہ تعالیٰ سے (ہر حالت میں) ڈرو اور تم (اس بات کو) جان کر رکھو کہ تم اس (اللہ تعالیٰ) سے ملنے والے ہو③ اور (اے نبی!) ایمان والوں کو (جنت کی) خوش خبری سنا دو ﴿٢٢٣﴾ اور تم اللہ تعالیٰ (کے مبارک نام) کو اپنی قسموں میں (لوگوں کے ساتھ) نیک سلوک کرنے اور تقویٰ اپنانے اور لوگوں کے درمیان صلح کرانے (جیسے اچھے کاموں) سے رک جانے کا ذریعہ مت بناؤ④ اور اللہ تعالیٰ تو ہر بات کو سننے والے، اچھی طرح جاننے والے ہیں ﴿٢٢٤﴾

---

① حیض کا خون آیا ہوا اس وقت حیض کی جگہ کے بارے میں سوال، اور خود حیض کا خون کیا ہے۔

② (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ نے جس جگہ (یعنی آگے) سے جانے کی اجازت دی ہے اس جگہ سے جاؤ (جماع کے لیے)۔

③ (دوسرا ترجمہ) تم یقیناً اللہ کے حضور پیش ہونے والے ہو۔ ④ (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ (کے نام) کو اپنی قسموں میں (فاسد) غرض کے لیے استعمال مت کرو کہ (اللہ کے مبارک نام سے قسم کھا کر) لوگوں کے ساتھ نیک سلوک کرنا،

لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ۝ لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ ۚ فَاِنْ فَآءُوْ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَاِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ فَاِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝

تمھاری لغو قسموں میں اللہ تعالیٰ تمھاری پکڑ نہیں کریں گے؛ لیکن اپنے دلوں کے ارادے سے جو قسم کھائی ہے اس (کے توڑنے) پر وہ (اللہ تعالیٰ) تمھاری پکڑ کریں گے اور اللہ تعالیٰ تو بہت معاف کرنے والے، بڑے حلیم ہیں ① ﴿۲۲۵﴾ جو لوگ اپنی بیویوں سے جماع نہ کرنے کی قسم کھا لیتے ہیں تو ان کو چار مہینے کی مہلت ہے، پھر اگر وہ (قسم توڑ کر) رجوع کرلیں ② تو یقینی بات ہے اللہ تعالیٰ سب سے زیادہ معاف کرنے والے، بڑے رحم کرنے والے ہیں ﴿۲۲۶﴾ اور اگر وہ (قسم کھانے والے بیوی کو) چھوڑ دینے کا پکا ارادہ کرلیں ③ تو یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ ہر بات کو سننے والے، جاننے والے ہیں ﴿۲۲۷﴾

⬅ تقویٰ اپنانا، لوگوں کے درمیان صلح کرانا (جیسے اچھے کاموں سے) تم رک جاؤ (یعنی دور رہو)۔ (اچھے کام تو کرنے کے ہوتے ہیں، اللہ تعالیٰ کے نام سے قسم کھا کر اچھے کاموں کو مت چھوڑ دو، اسی طرح اچھے کام کرنے کے لیے کہا جاوے تو اللہ تعالیٰ کے نام سے قسم کھا کر انکار مت کردو۔ اسی طرح بات بات میں قسم کھانے سے اللہ تعالیٰ کے مبارک نام کی عظمت جیسی چاہیے ویسی باقی نہ رہے گی۔

اِس صفحے کا حاشیہ: ① لفظ حلیم کے معانی: (۱) جو اپنے نافرمان اور کافر بندوں کو جلد سزا نہیں دیا کرتے؛ بلکہ ان کو مہلت دیتے ہیں، اگر وہ توبہ کرلیں تو ان کے گناہوں کو معاف کرتے ہیں (۲) جو بدلہ لینے میں جلدی نہیں کرتے اور وہ اللہ تعالیٰ کیسے بدلہ لینے میں جلدی کریں گے جن کو کسی کے بارے میں اپنی پکڑ سے بھاگ جانے کا کوئی اندیشہ نہیں ہے (۳) جو گناہوں کو بہت زیادہ معاف کرنے والے ہوں اور عیوب کو بہت زیادہ چھپانے والے ہو (۴) جو گناہوں کو چھپانے کے ساتھ معاف کر دیتے ہیں (۵) جو کسی نافرمان کی نافرمانی سے جوش میں نہیں آتے اور کسی سرکش کی سرکشی ان کو بے چین نہیں کرتی (۶) ایک عارف کا قول ہے: ساری تعریفوں کے مستحق اللہ ہیں جو جاننے کے باوجود بردباری کرتے ہیں اور عذاب دینے پر قادر ہونے کے باوجود معاف کرتے ہیں۔ صفتِ حلم میں سے بندے کو وافر حصہ اس طور حاصل ہوسکتا ہے کہ وہ بردباری اختیار کرے اور اپنے آپ کو غصہ پینے پر آمادہ کرے اور بردباری کے ذریعے غصے کی آگ بجھانے کی کوشش کرے۔

② (دوسرا ترجمہ) مل جاوے (یعنی چار مہینے پورے ہونے سے پہلے بیوی سے جماع کرلیوے تو صرف قسم کا کفارہ دینا ہے)۔

③ یعنی چار مہینے تک جماع نہیں کیا تو بیوی کو طلاق پڑ جائے گی۔

وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ ؕ وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ يَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِيْٓ
اَرْحَامِهِنَّ اِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَبُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِيْ ذٰلِكَ اِنْ اَرَادُوْٓا
اِصْلَاحًا ؕ وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِيْ عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۪ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝
اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ۪ فَاِمْسَاكٌۢ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌۢ بِاِحْسَانٍ ؕ وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ
تَاْخُذُوْا مِمَّآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ شَيْـًٔا اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا يُقِيْمَا
حُدُوْدَ اللّٰهِ ۙ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيْمَا افْتَدَتْ بِهٖ ؕ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوْهَا ۚ

اور جن عورتوں کو طلاق دے دی گئی ہو وہ عورتیں تین مرتبہ حیض آنے تک خود کو روکے رکھیں ① اور اگر وہ (طلاق والی عورتیں) اللہ تعالیٰ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتی ہوں تو ان کے لیے حلال نہیں کہ جو کچھ (حیض یا حمل) اللہ تعالیٰ نے ان کے رحموں میں پیدا کیا ہے وہ اس کو چھپائیں اور ان (مطلقہ عورتوں) کے شوہر اس عدت (کے دنوں) میں ان سے رجوع کر لینے کے زیادہ حق دار ہیں، اگر وہ (ان عورتوں سے) حسن سلوک کا ارادہ رکھتے ہوں اور ان (عورتوں) کو ضابطے کے مطابق ویسے ہی حقوق حاصل ہیں جیسے ان (مردوں) کو ان (عورتوں) پر (حقوق حاصل) ہیں اور مردوں کو ان (عورتوں) پر ایک درجہ (فضیلت) حاصل ہے اور اللہ تعالیٰ تو بڑے زبردست، بڑی حکمت کے مالک ہیں ② ﴿٢٢٨﴾

طلاق (رجعی) دو مرتبہ تک دی جا سکتی ہے، پھر (اس کے بعد شوہر کے لیے دو ہی راستے ہیں) یا تو پورے حقوق ادا کرتے ہوئے (بیوی کو اپنے نکاح میں) رکھ لینا ہے ③ یا تو (رجوع نہ کرے اور) اچھے انداز سے چھوڑ دینا ہے اور (اے شوہرو!) تمھارے لیے حلال نہیں ہے کہ جو کچھ تم ان (بیویوں) کو دے چکے اس میں سے کچھ واپس لے لو؛ الا یہ کہ ان دونوں (میاں بیوی) کو اس بات کا خطرہ ہو کہ (نکاح باقی رہے گا تو) وہ دونوں اللہ تعالیٰ کی حدود کی پابندی نہیں کر سکیں گے، پھر اگر تم کو خطرہ ہو کہ (نکاح باقی رکھنے میں) وہ دونوں اللہ تعالیٰ کی حدود قائم نہ رکھ سکیں گے تو اس میں ان دونوں پر کوئی گناہ نہیں ہے کہ وہ عورت مال کا بدلہ دے کر الگ ہو جاوے، یہ تو سب اللہ تعالیٰ کی حدیں ہیں، لہذا تم اس سے آگے مت بڑھو،

---

① یعنی تین حیض تک عدت میں رہیں۔ ② باری تعالیٰ کی صفات جو آیت کے آخر میں لائی جاتی ہیں اس کا سابقہ ⇐

وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۲۹﴾ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ ؕ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يَّتَرَاجَعَآ اِنْ ظَنَّآ اَنْ يُّقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۰﴾ وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ سَرِّحُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ ۪ وَلَا تُمْسِكُوْهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوْا ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ؕ وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا ۫

اور جو بھی اللہ تعالیٰ کے حدود سے آگے نکل جائے گا، سو ایسے ہی لوگ ظالم ہیں ﴿۲۲۹﴾ پھر اگر (دو کے بعد) تیسری طلاق بھی شوہر نے عورت کو دے دی تو وہ (طلاق والی عورت) اس وقت تک اس (اپنے پہلے شوہر) کے لیے حلال نہیں ہوگی جب تک کہ وہ (عورت) اس کے علاوہ کسی دوسرے شوہر سے نکاح① نہ کرلیوے، پھر اگر وہ (دوسرا شوہر بھی) اس عورت کو طلاق دے دیوے تو وہ دونوں پھر آپس میں مل جاویں اس میں ان پر کوئی گناہ نہیں ہے، جب کہ ان دونوں کو یقین ہو کہ وہ اللہ تعالیٰ کی حدود کو قائم رکھیں گے اور یہ اللہ تعالیٰ کی حدیں ہیں جن کو اللہ تعالیٰ جاننے والی قوم کے واسطے صاف صاف بیان کرتے ہیں ﴿۲۳۰﴾ اور جب تم نے عورتوں کو طلاق (رجعی) دے دی اور وہ (عورتیں) اپنی عدت پوری کرنے کے قریب پہنچ جائیں تو (اے شوہرو! دو کام میں سے ایک کام کرو) بھلائی کے ساتھ تم ان کو (اپنے نکاح میں) روکے رکھو یا بھلائی کے ساتھ ان (عورتوں) کو چھوڑ دو اور تم ستانے کی غرض سے ان (عورتوں) کو (نکاح میں) روکے مت رکھو؛ تا کہ تم (ان پر) زیادتی کرو اور جو بھی ایسا کرے گا تو پکی بات ہے کہ وہ اپنی ہی جان پر ظلم کرے گا اور تم اللہ تعالیٰ کے احکام کو مذاق مت بناؤ،

⊃ مضمون سے بڑا ربط ہوتا ہے، یہاں دو صفت لائی گئیں: [۱] عزیز: یعنی حقوق کی ادائیگی میں کوتاہی کروگے تو اللہ تعالیٰ کی پکڑ زبردست ہے [۲] حکیم: یعنی شریعت کے تمام احکام حکمت سے بھرے ہوتے ہیں۔

⑫ یہ رکھ لینے کو رجعت کہتے ہیں جو عدت کے زمانے ہی میں ہو سکتی ہے۔

اس صفحے کا حاشیہ:

① جس دوسرے نکاح کے بعد جماع بھی ہوا ہو، یہ شرط بھی حدیث شریف سے ثابت ہے۔

وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمَآ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝۲۳۱

وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ اِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ ذٰلِكَ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِكُمْ اَزْكٰى لَكُمْ وَاَطْهَرُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝۲۳۲ وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ؕ وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَهَا ۚ لَا تُضَآرَّ وَالِدَةٌۢ بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُوْدٌ لَّهٗ بِوَلَدِهٖ ۗ

اور اللہ تعالیٰ نے جو احسانات تم پر کیے اسے اور (خاص کر) کتاب وحکمت کی باتیں جو تم پر اتاری جس کے ذریعہ وہ (اللہ تعالیٰ) تم کو نصیحت کرتے ہیں ان سب کو یاد رکھو اور اللہ تعالیٰ سے تم ڈرتے رہو اور تم یہ بات سمجھ لو کہ یقیناً اللہ تعالیٰ ہر چیز کو اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۲۳۱﴾

اور جب تم عورتوں کو طلاق دے چکو پھر وہ (عورتیں) اپنی عدت کو پوری کر چکیں تو ان (عورتوں) کو ان کے (پہلے والے) شوہروں سے (دوبارہ) نکاح کرنے سے تم (یعنی عورت کے والی) مت روکو جب کہ وہ (دونوں مرد اور عورت) آپس کی خوشی سے بھلائی کے ساتھ رہنا چاہیں، ان باتوں کی نصیحت تم میں سے اس شخص کو کی جاتی ہے جو اللہ تعالیٰ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہو، یہ (نصیحت مان لینا) تمھارے لیے زیادہ صاف ستھرا اور زیادہ پاکیزہ طریقہ ہے اور اللہ تعالیٰ جانتے ہیں اور تم لوگ جانتے نہیں ہو ﴿۲۳۲﴾ اور مائیں پورے دوسال اپنی اولاد کو دودھ پلائیں①، یہ مدت ان لوگوں کے لیے ہے جو دودھ پلانے کی مدت پوری کرنا چاہیں اور جس باپ کا وہ بچہ ہے اس پر ضروری ہے کہ ان (دودھ پلانے والی ماؤں) کے کھانے اور ان کے کپڑے کا خرچہ معروف طریقے سے اٹھائے، کسی شخص کو اس کی وسعت (یعنی حیثیت) سے زیادہ تکلیف نہیں دی جاتی، نہ ماں کو اس کے بچے کی وجہ سے تکلیف پہنچائی جائے اور نہ باپ کو اس کے بچے کی وجہ سے (تکلیف دی جائے)

---

① طلاق کے احکام کے درمیان بچے کو دودھ پلانے کا ذکر اس وجہ سے آیا کہ بعض مرتبہ یہ مسئلہ ماں باپ کے درمیان جھگڑے کا سبب بن جاتا ہے۔

وَعَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ ۚ فَإِنْ أَرَادَا فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِّنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا ۗ وَإِنْ أَرَدْتُّمْ أَنْ تَسْتَرْضِعُوا أَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِذَا سَلَّمْتُمْ مَّا آتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوفِ ۗ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ﴿۲۳۳﴾ وَالَّذِينَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُونَ أَزْوَاجًا يَتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا ۚ فَإِذَا بَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيمَا فَعَلْنَ فِي أَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوفِ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ﴿۲۳۴﴾ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيمَا عَرَّضْتُمْ بِهِ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَاءِ أَوْ أَكْنَنْتُمْ فِي أَنْفُسِكُمْ ۚ

اور (اگر بچے کا باپ نہ ہو تو محرم) وارث پر اسی طرح (بچے کو دودھ پلانے اور پرورش) کی ذمے داری ہے، پھر اگر وہ دونوں (یعنی بچے کے ماں، باپ) آپس کی خوشی اور مشورے سے (دو سال پورے ہونے سے پہلے ہی بچے کا) دودھ چھڑانا چاہیں تو (اس میں بھی) ان دونوں پر کوئی گناہ نہیں، اور اگر تم یہ چاہو کہ کسی (دایا) سے اپنے بچوں کو دودھ پلواؤ تو بھی تم پر کوئی گناہ نہیں ہے، جب کہ تم نے (دودھ پلانے کی) جو اجرت دینا طے کی تھی وہ بھلے طریقے سے (قاعدے کے مطابق) تم (دایا کو) دے دو اور تم اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو اور (یہ بات) تم جان رکھو کہ تم جو اعمال کرتے ہو ان کو اللہ تعالیٰ اچھی طرح دیکھ رہے ہیں ﴿۲۳۳﴾ اور تم میں سے جن کی وفات ہو جائے اور وہ (مرنے والے اپنے پیچھے) بیویاں چھوڑ کر جائیں تو وہ (بیویاں) اپنے آپ کو چار مہینے اور دس دن تک (عدت میں) روکے رکھیں، پھر جب وہ (عورتیں) اپنی (عدت کی) مدت کو پوری کر چکیں تو وہ اپنے بارے میں جو وہ شرعی قانون کے مطابق کرنا چاہیں ① تو اس میں تم پر کوئی گناہ نہیں ہے اور جو عمل بھی تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ کو اس کی پوری خبر ہے ﴿۲۳۴﴾ اور (عدت جاری ہو تب) اشارے اشارے میں تمھارا عورتوں کو شادی کا پیغام (اگر دینا چاہو تو) دینے میں یا تمھارا (شادی کا ارادہ) اپنے دل میں چھپا کر کے رکھنے میں تم (مردوں) پر کوئی گناہ نہیں ہے،

---

① یعنی عدت کے بعد عورت دوسری شادی کر سکتی ہے۔

عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ وَلٰكِنْ لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا اِلَّآ اَنْ تَقُوْلُوْا قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۬ۥ وَلَا تَعْزِمُوْا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتٰبُ اَجَلَهٗ ؕ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ فَاحْذَرُوْهُ ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۲۳۵﴾

لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ مَا لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ اَوْ تَفْرِضُوْا لَهُنَّ فَرِيْضَةً ۖۚ وَّمَتِّعُوْهُنَّ ۚ عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهٗ ۚ مَتَاعًا بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۲۳۶﴾

اللہ تعالیٰ کو یہ بات معلوم ہے کہ تم ان عورتوں (سے نکاح) کا تذکرہ کرو گے①لیکن تم چھپ کر ان (عورتوں) سے وعدہ مت کرنا؛ الا یہ کہ مناسب طریقے سے کوئی بات کہہ دو②اور جب تک کہ مقررہ عدت اپنی مدت کو پہنچ نہ جاوے وہاں تک تم نکاح کا عقد پکا کرنے کا ارادہ بھی مت کرو اور تم جان لو کہ جو بات تمھارے دلوں میں ہے اللہ تعالیٰ اس کو جانتے ہیں، سو تم اس (اللہ تعالیٰ کی نافرمانی) سے ڈرتے رہو اور جان لو کہ یقیناً اللہ تعالیٰ تو بہت معاف کرنے والے، بڑے تحمل والے ہیں ﴿۲۳۵﴾

جن (عورتوں) کو تم نے ہاتھ بھی نہیں لگایا③اور ان کے لیے تم نے کوئی مہر بھی مقرر نہیں کیا (ایسی صورت میں) تم اگر (کسی خاص ضرورت سے) ان عورتوں کو طلاق دے دو تو (اس میں) تم پر کوئی گناہ نہیں ہے اور (ایسی صورت میں) ان (عورتوں) کو کچھ تحفہ دے دو، وسعت والے پر اس کی حیثیت کے مطابق (ان عورتوں کو)④اور غریب آدمی پر اس کی حیثیت کے مطابق ہے، بھلے طریقے سے فائدہ پہنچائے (یعنی تحفہ دیوے) جو (لوگوں سے معاملہ کرنے میں) نیک ہیں ان کے لیے یہ ضروری ہے ﴿۲۳۶﴾

---

①(دوسرا ترجمہ) تم ان سے نکاح کا خیال کرو گے۔

②(دوسرا ترجمہ) ہاں شریعت کے قانون کے مطابق جتنی بات کہہ سکتے ہو اتنی کہہ دو؛ یعنی اس کو آپ کے متعلق نکاح کی چاہت کا اشارہ مل جائے۔

③یعنی جماع یا خلوتِ صحیحہ نہیں کی۔

④یہ اس بات کی نشانی ہے کہ طلاق ضرورت کے پیشِ نظر دی ہے اور طلاق کے بعد بھی عورت کے ساتھ عناد والا برتاؤ نہیں ہے۔

وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيْضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ اِلَّآ اَنْ يَّعْفُوْنَ اَوْ يَعْفُوَا الَّذِيْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ ؕ وَاَنْ تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ؕ وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۲۳۷﴾ حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى ۚ وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ ﴿۲۳۸﴾ فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْ رُكْبَانًا ۚ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۹﴾

اور اگر تم نے ان (عورتوں) کو طلاق دے دی ان (عورتوں) کو ہاتھ لگانے سے پہلے اور تم ان (عورتوں) کے لیے مہر مقرر کر چکے تھے تو جتنا مہر مقرر کیا تھا اس کا آدھا دینا (ضروری) ہے؛ الا یہ کہ وہ (عورتیں رعایت کر کے) معاف کر دیویں (اور مہر ہی نہ مانگیں) یا وہ (شوہر) جس کے ہاتھ میں نکاح کا اختیار ہے وہ (رعایت کر کے) معاف کر دے (یعنی پورا مہر دے دیوے) اور تمھارا (اپنے حقوق) معاف کر دینا تقویٰ سے زیادہ قریب ہے اور تم آپس میں ایک دوسرے پر احسان کرنا① مت بھولو، جو عمل بھی تم کرتے ہو یقیناً اللہ تعالیٰ اس کو دیکھ رہے ہیں ﴿۲۳۷﴾ تم تمام نمازوں کا پورا خیال رکھو② اور (خاص طور پر) درمیانی نماز کا (برابر خیال کرو) اور اللہ تعالیٰ کے سامنے (نماز میں) فرماں بردار بن کر کھڑے رہو③ ﴿۲۳۸﴾ پھر اگر تم کو (دشمن کا) خوف ہو تو کھڑے کھڑے یا سوار ہو کر (نماز پڑھو④) پھر جب تم کو امن حاصل ہو جائے (یعنی خوف جاتا رہے) تو تم اللہ تعالیٰ کو یاد کرو جیسا اس (اللہ تعالیٰ) نے تم کو وہ سکھلایا جو تم (پہلے سے) جانتے نہیں تھے ﴿۲۳۹﴾

① رعایت، دریادلی سے سلوک کرنا، میاں بیوی کے سلوک، خوش گواری، پاس داری کا لحاظ۔

② معاشرتی الجھنوں میں انسان بنیادی فرائض سے غافل نہ رہے اس کی طرف اشارہ معلوم ہو رہا ہے۔ دوسری بات: صلوۃ وسطیٰ کی تعیین میں الگ الگ اقوال ہیں، حالات اور زمانے کے اعتبار سے ہر قول کی اہمیت ہے، جن علاقوں میں جس زمانے میں رات کو خریداری زیادہ ہو جاتی ہے تو عشا صلوۃ وسطیٰ ہو جاتی ہے، ویسے زیادہ تر اقوال عصر کے متعلق ہے۔

③ (دوسرا ترجمہ) باادب کھڑے رہو۔

④ جنگ میں جب باقاعدہ نماز پڑھنے کا موقع نہ ملے تو کھڑے کھڑے اشارے سے نماز پڑھ لیوے، چلتے ہوئے نماز نہ پڑھے، کھڑے ہونے کا بھی موقع نہ ہو تو قضا کر سکتے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا ۚۖ وَّصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ مَّتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ اِخْرَاجٍ ۚ فَاِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْ مَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ مِنْ مَّعْرُوْفٍ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۴۰﴾ وَلِلْمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ﴿۲۴۱﴾ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۲۴۲﴾

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ ۪ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ۫ ثُمَّ اَحْيَاهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۲۴۳﴾

اور تم میں سے جن کی بھی وفات ہو جائے اور وہ بیویوں کو (اپنے پیچھے) چھوڑ کر جاویں تو وہ اپنی بیویوں کے بارے میں ایک سال تک خرچ دینے کی اور گھر سے نہ نکالنے کی وصیت کر کے جائے، پھر اگر وہ (عورتیں) خود نکل جائیں① تو تم پر اس میں کوئی گناہ نہیں ہے کہ وہ (عورتیں) اپنی ذات کے بارے میں قاعدے کے مطابق جو کچھ بھی کریں② اور اللہ تعالیٰ تو بڑے اقتدار کے مالک ہیں، حکمت کے مالک ہیں ﴿۲۴۰﴾ اور (سب) مطلقہ عورتوں کو قاعدے کے مطابق فائدہ پہنچانا ہے③ (ایسا کرنا) تقویٰ والوں پر ایک حق ہے④ ﴿۲۴۱﴾ اللہ تعالیٰ اپنے احکام تمہارے لیے اسی طرح (وضاحت کے ساتھ) بیان کرتے ہیں؛ تاکہ تم سمجھداری سے کام لو ﴿۲۴۲﴾

کیا تم کو ان لوگوں کا حال معلوم نہیں⑤ جو موت سے بچنے کے لیے اپنے گھروں سے نکلے تھے اور وہ ہزاروں (انسان) تھے، سو اللہ تعالیٰ نے ان کو حکم دیا کہ تم مر جاؤ، پھر اس (اللہ تعالیٰ) نے (لمبے زمانے کے بعد) ان کو زندہ کر دیا، یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ لوگوں پر فضل فرماتے ہیں؛ لیکن اکثر لوگ (اللہ تعالیٰ کا) شکر نہیں کرتے ﴿۲۴۳﴾

---

① ایک سال پورا ہونے سے پہلے۔ یہ آیت منسوخ الحکم، باقی التلاوت ہے۔ ② (دوسرا ترجمہ) تو تم پر کوئی گناہ نہیں ہے (کہ شوہر کے گھر سے نکلنے کے بعد) وہ عورتیں اپنے حق میں کوئی بھلی بات کریں۔ ③ (دوسرا ترجمہ) سب مطلقہ عورتوں کو بھلائی کے ساتھ فائدہ پہنچانا ہے۔ ④ یعنی تقویٰ والے اخلاقی طور پر ضروری سمجھیں گے اگرچہ ایک صورت کے علاوہ متعہ مستحب ہے۔ ⑤ اس طرح کے واقعات قرآن مجید میں کئی جگہوں پر ہیں جو حضور ﷺ کے زمانے سے بہت پہلے ہو چکے تھے اس لیے آنکھ سے دیکھنے کا کوئی امکان ہی نہیں؛ اس لیے ایسے مواقع پر "اَلَمْ تَرَ" سے اس واقعہ کا علم اور ادراک ہونا مراد ہوتا ہے اور اس واقعے کے مشہور ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔

وَقَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝ مَنْ ذَا الَّذِي يُقْرِضُ اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضَاعِفَهُ لَهُ أَضْعَافًا كَثِيرَةً ۚ وَاللَّهُ يَقْبِضُ وَيَبْسُطُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ۝ أَلَمْ تَرَ إِلَى الْمَلَإِ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ مِنْ بَعْدِ مُوسَىٰ إِذْ قَالُوا لِنَبِيٍّ لَهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۖ قَالَ هَلْ عَسَيْتُمْ إِنْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ أَلَّا تُقَاتِلُوا ۖ قَالُوا وَمَا لَنَا أَلَّا نُقَاتِلَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَقَدْ أُخْرِجْنَا مِنْ دِيَارِنَا وَأَبْنَائِنَا ۖ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا إِلَّا قَلِيلًا مِنْهُمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِالظَّالِمِينَ ۝

اور تم اللہ تعالیٰ کی راہ میں جنگ کرو اور تم جان لو کہ یقینی بات ہے اللہ تعالیٰ تو بہت سننے والے، بہت جاننے والے ہیں ﴿۲۴۴﴾ کون شخص ہے جو اللہ تعالیٰ کو اچھے طریقے پر قرض دیوے ① پھر اس (کے دیے ہوئے قرض) کو وہ (اللہ تعالیٰ) ② اس کے لیے کئی گنا زیادہ کر دیویں، اور اللہ تعالیٰ ہی تنگی (یعنی کمی) کرتے ہیں ③ اور وسعت دیتے ہیں اور تم (سب) کو اسی (اللہ تعالیٰ) کی طرف لوٹایا جائے گا ﴿۲۴۵﴾ کیا تم کو بنی اسرائیل کی ایک جماعت کا قصہ معلوم نہیں؟ جو (قصہ) موسیٰ (علیہ السلام) کے دنیا سے جانے) کے بعد پیش آیا، جب کہ وہ (بنی اسرائیل) اپنے (زمانے کے) نبی سے کہنے لگے کہ: آپ ہمارے لیے ایک بادشاہ مقرر کر دو؛ تا کہ ہم (اس کی امارت میں) اللہ تعالیٰ کے راستے میں قتال کریں، نبی نے کہا: تمھارے بارے میں تو ایسا لگتا ہے کہ اگر تم پر جہاد فرض کیا جاوے تو تم جہاد نہیں کرو گے، وہ (بنی اسرائیل جواب میں) کہنے لگے کہ: ہمارے لیے ایسی کون سی گنجائش باقی ہے ④ کہ ہم اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد نہ کریں؛ حالاں کہ ہم کو اپنے گھروں اور اپنی اولاد سے نکال (کر دور کر) دیا گیا ہے، پھر جب ان پر جہاد فرض کیا گیا تو ان میں سے تھوڑے لوگوں کے سوا سب پیٹھ پھرا گئے ⑤ اور اللہ تعالیٰ ظالموں کو خوب اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۲۴۶﴾

---

① (۱) اللہ کے راستے میں اخلاص سے خرچ (۲) نیک اعمال (۳) مومنوں کو غیر سودی قرض دینا تینوں اس میں شامل ہے۔
② قرض دینے والے کے فائدے کے لیے۔ ③ (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ ناپ کر دیتے ہیں۔ ④ (دوسرا ترجمہ) ہمارے لیے کیا عذر ہوگا۔ ⑤ انسان بزدلی کی وجہ سے جنگ سے پھر جاتا ہے اور یہاں بنی اسرائیل میدانِ جنگ میں پہنچنے سے پہلے ہی راستے سے بھاگ گئے تھے۔

وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ إِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوْتَ مَلِكًا ۚ قَالُوْٓا اَنّٰى يَكُوْنُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا وَنَحْنُ اَحَقُّ بِالْمُلْكِ مِنْهُ وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً مِّنَ الْمَالِ ۚ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىهُ عَلَيْكُمْ وَزَادَهٗ بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ ۚ وَاللّٰهُ يُؤْتِيْ مُلْكَهٗ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿٢٤٧﴾ وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ إِنَّ اٰيَةَ مُلْكِهٖٓ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ فِيْهِ سَكِيْنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ اٰلُ مُوْسٰى وَاٰلُ هٰرُوْنَ تَحْمِلُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ ۚ إِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ إِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٢٤٨﴾

اور ان (بنی اسرائیل) سے ان کے (اس زمانے کے) نبی نے کہا کہ: اللہ تعالیٰ نے طالوت کو تم پر بادشاہ مقرر کر دیا ہے، وہ (بنی اسرائیل) کہنے لگے: اس (طالوت) کو ہم پر حکومت کرنے کا حق کیسے حاصل ہو گیا؟ حالاں کہ حکومت چلانے کے تو اس (طالوت) سے زیادہ ہم حق دار ہیں اور اس (طالوت) کو تو کوئی مالی وسعت بھی نہیں ملی ہے ① تو نبی نے کہا کہ: یقیناً اللہ تعالیٰ نے تمھارے مقابلے میں اس (طالوت) کو پسند فرما لیا اور اس (طالوت) کو علم (کی وسعت) اور جسم کے پھیلاؤ میں بڑھا دیا ہے ② اور اللہ تعالیٰ اپنی سلطنت جس کو چاہتے ہیں (اس کو) عطا فرماتے ہیں اور اللہ تعالیٰ بہت وسعت والے، بہت جاننے والے ہیں ③ ﴿۲۴۷﴾ اور ان (بنی اسرائیل) سے ان کے (اس زمانے کے) نبی نے کہا: یقیناً اس (طالوت) کے بادشاہ ہونے کی نشانی یہ ہے کہ تمھارے پاس وہ صندوق (واپس) آجائے گا جس میں تمھارے رب کی طرف سے دل کی تسلی کا سامان ہے اور موسیٰ و ہارون (علیہما السلام) کی اولاد جو کچھ چھوڑ کر گئے تھے ان میں سے باقی رہ جانے والی چیزیں بھی ہیں، اس (صندوق) کو فرشتے اٹھا کر لاویں گے، اگر تم مومن (یعنی یقین والے) ہو تو اس میں تمھارے لیے بڑی نشانی ہے ﴿۲۴۸﴾

---

① یعنی طالوت کوئی زیادہ مال دار نہیں ہے۔

② علم اور صحت افضل ہے جہالت اور مال کے مقابلے میں۔ اس آیت سے اہم سبق: ہمارے دین میں عہدے اوصاف خیر اور قابلیت کی بنیاد پر ہے، مال و دولت اور خاندانی بنیادوں پر نہیں ہے۔

③ اللہ تعالیٰ کی صفت وسعت والے ہونا یعنی فقیر کو، رائی کو اپنی وسعتوں سے بادشاہ بنا دیوے۔ وسعتِ صفتی مراد ہے۔

فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوتُ بِالْجُنُودِ ۙ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ مُبْتَلِيكُم بِنَهَرٍ ۚ فَمَن شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّي ۚ وَمَن لَّمْ يَطْعَمْهُ فَإِنَّهُ مِنِّي إِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةً بِيَدِهِ ۚ فَشَرِبُوا مِنْهُ إِلَّا قَلِيلًا مِّنْهُمْ ۚ فَلَمَّا جَاوَزَهُ هُوَ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ ۙ قَالُوا لَا طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوتَ وَجُنُودِهِ ۚ قَالَ الَّذِينَ يَظُنُّونَ أَنَّهُم مُّلَاقُو اللّٰهِ ۙ كَم مِّن فِئَةٍ قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيرَةً بِإِذْنِ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ مَعَ الصَّابِرِينَ ۝ وَلَمَّا بَرَزُوا لِجَالُوتَ وَجُنُودِهِ قَالُوا رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَانصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ ۝

پھر جب طالوت فوجوں کے ساتھ باہر نکلا تو اس (طالوت) نے (لشکروالوں سے) کہا کہ: یقیناً اللہ تعالیٰ ایک نہر (یعنی دریا) کے ذریعے تمھارا امتحان لینے والے ہیں، سو جو شخص بھی اس (دریا) سے (پانی) پیے گا تو وہ میرے ساتھیوں میں سے نہیں ہے اور جو اس (پانی) کو چکھے گا بھی نہیں تو وہ میرا (یعنی میری جماعت کا آدمی) ہے، ہاں! جو اپنے ہاتھ سے ایک چلو بھر (کے پی) لیوے (تو اتنی اجازت ہے) پھر (ایسا ہوا کہ) ان میں کے چند آدمیوں کے سوا باقی سب نے اس (دریا) سے (خوب) پانی پیا، پھر جب وہ (طالوت) اور ان کے ساتھ ایمان والے اس (دریا) کو پار کر گئے تو (دیکھا کہ طالوت کی بات ماننے والوں کی تعداد تو کم ہے، اس وقت) کچھ لوگ کہنے لگے کہ: آج کے دن جالوت اور اس کے لشکر سے مقابلے کی ہم میں بالکل طاقت نہیں ہے، (یہ بات سن کر) جو لوگ یقین رکھتے تھے کہ ان کو اللہ تعالیٰ سے (جا کر) ملنا ہے وہ کہنے لگے: بہت سی مرتبہ (ایسا ہوا کہ) چھوٹی سی جماعت اللہ تعالیٰ کے حکم سے بڑی جماعت پر غالب آ گئی اور اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے①﴿۲۴۹﴾ اور جب وہ لوگ (یعنی طالوت اور اس کے رفقا) جالوت اور اس کے لشکر کے (آمنے) سامنے ہوئے تو (طالوت اور ان کے ساتھیوں نے) دعا کی: اے ہمارے رب! آپ ہم پر (یعنی ہمارے دلوں پر) صبر ڈال دیجیے اور ہم کو ثابت قدم رکھیے اور کافر قوم کے مقابلے میں آپ ہماری مدد کیجیے﴿۲۵۰﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) (میدان میں) ثابت قدم رہنے والوں کے ساتھ اللہ کی مدد ہے۔

فَهَزَمُوهُمْ بِإِذْنِ اللّٰهِ ۛ وَقَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ وَاٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهٗ مِمَّا يَشَآءُ ۭ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ ۙ لَّفَسَدَتِ الْاَرْضُ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۝ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۭ وَاِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝

پھر انھوں نے (یعنی طالوت اور ان کے ساتھیوں نے) ان (جالوت اور اس کی فوج) کو اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہرادیا اور داود (علیہ السلام) نے جالوت کو قتل کر دیا اور اللہ تعالیٰ نے ان (داود علیہ السلام) کو حکومت اور حکمت (یعنی نبوت) عطا فرمائی اور اس (اللہ تعالیٰ) نے جو (علم) چاہا ان (داود علیہ السلام) کو سکھادیا اور اگر اللہ تعالیٰ بعض (مفسد) لوگوں کو بعض (اچھے) لوگوں کے ذریعے دفع نہ کرتے رہے تو زمین میں فساد پھیل پڑے[1] لیکن اللہ تعالیٰ تمام عالم والوں پر فضل والے ہیں ﴿۲۵۱﴾ یہ اللہ تعالیٰ کی آیتیں ہیں جن کو ہم تمھارے سامنے صحیح صحیح تلاوت کرتے ہیں اور یہ بات بالکل یقینی ہے کہ تم (یعنی محمد ﷺ) رسولوں میں سے ہو ﴿۲۵۲﴾

[1] مسلمانوں کو دین کے مخالفوں سے کسی نہ کسی طرح کی مدافعانہ کارروائی جاری رکھنی چاہیے، جہاں دفاعی قتال کی گنجائش نہ ہو تو پرامن احتجاج کی الگ الگ مختلف شکلیں بھی مفید ثابت ہوتی ہے۔

۞۞۞

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۘ مِنْهُمْ مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ ؕ وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلَ الَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ وَلٰكِنِ اخْتَلَفُوْا فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ وَمِنْهُمْ مَّنْ كَفَرَ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلُوْا ۟ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ۟

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ ؕ وَالْكٰفِرُوْنَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ۝

یہ جتنے پیغمبر ہیں ہم نے ان میں سے بعض (حضرات) کو بعض پر فضیلت عطا فرمائی ہے، ان (پیغمبروں) میں سے بعض تو وہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان سے کلام کیا، اور ان (پیغمبروں) میں سے بعض کو اللہ تعالیٰ نے درجات میں بلند فرمایا، اور ہم نے عیسیٰ مریم کے بیٹے کو (ان کی سچائی پر) کھلے دلائل عطا کیے اور ہم نے اس (عیسیٰ علیہ السلام) کی روح القدس (یعنی جبرئیل علیہ السلام) کے ذریعے تائید (یعنی مدد) کی ① اور اگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا تو ان (پیغمبروں) کے بعد کے لوگ ان کو صاف احکام مل جانے کے بعد (دین میں اختلاف پیدا کر کے) آپس میں نہ لڑتے، لیکن ان لوگوں نے (آپس میں) اختلاف کیا، سو ان میں سے کچھ ایمان لے آئے اور ان میں سے کچھ نے کفر اپنا لیا اور اگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا تو وہ آپس میں نہ لڑتے، لیکن اللہ تعالیٰ جو چاہتے ہیں وہی کرتے ہیں ﴿۲۵۳﴾

اے ایمان والو! جو رزق ہم نے تم کو دیا ہے اس میں سے (اللہ تعالیٰ کے راستے میں کچھ) خرچ کر لو، اس (قیامت کے) دن کے آنے سے پہلے جس میں کوئی سودا (یعنی خریدنا اور بیچنا) نہیں ہوگا اور (اس میں) نہ کوئی دوستی (کام آئے گی) اور (اس میں) نہ کوئی سفارش (چلے گی) اور جو لوگ کفر اختیار کر چکے ہیں وہی ظالم ہیں ﴿۲۵۴﴾

---

① "روح القدس" کے معنی ہے: مقدس روح، اور قرآن میں یہ لقب حضرت جبریل علیہ السلام کے لیے استعمال کیا گیا ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو حضرت جبریل علیہ السلام کی یہ تائید حاصل تھی کہ وہ ان کے دشمنوں سے ان کی حفاظت کے لیے ان کے ساتھ رہتے تھے۔

اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ۬ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّ لَا نَوْمٌؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَ مَا خَلْفَهُمْۚ وَ لَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَۚ وَ لَا یَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَاۚ وَ هُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ۝ لَاۤ اِكْرَاهَ فِی الدِّیْنِ ۙ۫ قَدْ تَّبَیَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَیِّۚ فَمَنْ یَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَ یُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰىۗ لَا انْفِصَامَ لَهَاؕ وَ اللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ۝

اللہ تعالیٰ ایسے ہیں کہ ان کے سوا کوئی عبادت کے قابل نہیں، ہمیشہ زندہ ہیں، سب کو سنبھالنے والے ہیں① ان (اللہ تعالیٰ) کو نہ اونگھ پکڑ سکتی اور نہ نیند② آسمانوں اور زمینوں میں جو کچھ ہے وہ اللہ تعالیٰ کی مالکی میں ہے، ایسا کون ہے جو ان (اللہ تعالیٰ) کے پاس ان (اللہ تعالیٰ) کی اجازت کے بغیر (کسی کی) سفارش کر سکے؟ وہ (اللہ تعالیٰ) ان (تمام مخلوق) کے آگے کے اور ان کے پیچھے کے حالات کو (اچھی طرح) جانتے ہیں③ اور وہ سب (مخلوق) ان (اللہ تعالیٰ) کے علم کی کوئی بات (اپنے علم کے) احاطے میں نہیں لا سکتے؛ مگر (ہاں) جتنا وہ (خود اللہ تعالیٰ) چاہیں④ ان (اللہ تعالیٰ) کی کرسی⑤ نے آسمانوں اور زمین کو گھیرا ہوا ہے⑥ اور ان دونوں (آسمان اور زمین) کی حفاظت کا ان (اللہ تعالیٰ) کو کوئی بوجھ نہیں ہے⑦ اور وہ (اللہ تعالیٰ) اونچے مقام والے ہیں، بڑی عظمت والے ہیں ﴿۲۵۵﴾ دین (کے بارے) میں کوئی زبردستی نہیں ہے، پکی بات یہ ہے کہ ہدایت کا راستہ گمراہی سے جدا ہو کر (پورے طور پر) ظاہر ہو چکا ہے، سو جو شخص طاغوت (یعنی بت اور شیطان) کا انکار کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ پر ایمان لاتا ہے تو اس نے حقیقت میں (بہت) مضبوط حلقہ (یعنی کڑا) تھام لیا ہے①، جو کبھی ٹوٹنے والا نہیں ہے اور اللہ تعالیٰ (ہر بات کو) سننے والے، (ہر چیز کو) جاننے والے ہیں ﴿۲۵۶﴾

① قیوم: وہ ذات ہے جو خود قائم ہو اور دوسروں کو قائم رکھے، سنبھالے۔

② جب انسان کو نیند آنے لگتی ہے تو شروع میں جو اثرات ظاہر ہوتے ہیں اس کو عربی میں "سِنَة" اور اردو میں "اونگھ" سے تعبیر کرتے ہیں، جس میں غفلت آنے لگتی ہے؛ لیکن سمجھ اور احساس باقی رہتا ہے، پھر جب مکمل غفلت آ جاوے، شعور اور احساس بھی باقی نہ رہے تو اس کو عربی میں "نوم" اور اردو میں "نیند" کہتے ہیں۔ (باقی اگلے صفحہ پر)

اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۵۷﴾

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْ حَآجَّ اِبْرٰهٖمَ فِيْ رَبِّهٖٓ اَنْ اٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ ۘ اِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّيَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۙ قَالَ اَنَا اُحْيٖ وَاُمِيْتُ ؕ قَالَ اِبْرٰهٖمُ فَاِنَّ اللّٰهَ يَاْتِيْ بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَاْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ فَبُهِتَ الَّذِيْ كَفَرَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۵۸﴾

اللہ تعالیٰ ایمان والوں کے ولی (یعنی مدد کرنے والے) ہیں، وہ (اللہ تعالیٰ) ان (ایمان والوں) کو (کفر کی) اندھیریوں سے (ایمان کی) روشنی کی طرف لاتے ہیں اور جو کافر ہیں، شیطان ان کے دوست ہیں جو ان (کافروں) کو (ایمان کی) روشنی سے نکال کر (کفر کی) اندھیریوں کی طرف لے جاتے ہیں، وہی لوگ آگ (میں جانے) والے ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿۲۵۷﴾

کیا تم نے اس شخص (کی حالت) پر غور نہیں کیا؟② جس کو اللہ تعالیٰ نے حکومت دی تھی، وہ ابراہیم (علیہ السلام) سے ان کے رب (اللہ تعالیٰ کے وجود) کے بارے میں حجت بازی (یعنی بحث) کرنے لگا، جب کہ ابراہیم (علیہ السلام) نے (اس سے) کہا کہ: میرے رب تو وہ ہیں جو زندگی دیتے ہیں اور موت دیتے ہیں تو (اس پر) وہ (ظالم) کہنے لگا کہ: میں (بھی) زندگی اور موت دیتا ہوں، (اس پر) ابراہیم (علیہ السلام) نے (اس ظالم سے) کہا کہ: یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ سورج کو (روزانہ) مشرق سے نکالا کرتے ہیں، سو اب تُو اس (سورج) کو (کسی ایک دن بھی) مغرب سے نکال کر لا، تو (اس بات کو سن کر) وہ کافر حیران رہ گیا اور اللہ تعالیٰ ایسی ظالم قوم کو ہدایت نہیں دیا کرتے ﴿۲۵۸﴾

⇐ ② ہر مخلوق کو پیدا کرنے سے پہلے کے حالات اور بعد کے حالات، اسی طرح ہر مخلوق کے ظاہری و باطنی حالات اللہ تعالیٰ جانتے ہیں ③ بندے اتنی بات اللہ کے علم کی جان سکتے ہیں جتنی اللہ تعالیٰ کو منظور ہو ④ (دوسرا ترجمہ) حکومت کا تخت ① یعنی اپنی وسعت کے گھیرے میں لے لیا ہے۔ کرسی کیسی ہے وہ آخرت میں معلوم ہوگا۔ ② (دوسرا ترجمہ) آسمان اور زمین کی حفاظت اللہ تعالیٰ کے لیے ذرہ بھی بھاری نہیں ہے۔ (تیسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ کے لیے ذرا بھی مشکل نہیں ہے۔

① یعنی مضبوطی سے پکڑ لیا۔ مراد اسلام ہے، جس طرح مضبوط حلقے کو پکڑنے سے آدمی آفت سے محفوظ ہو جاتا ہے، اسی طرح اسلام کو مضبوطی سے پکڑ لینے سے دنیا اور آخرت کے عذاب سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ ② (دوسرا) اس آدمی کا واقعہ نہیں دیکھا؟

أَوْ كَالَّذِي مَرَّ عَلَىٰ قَرْيَةٍ وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلَىٰ عُرُوشِهَا ۚ قَالَ أَنَّىٰ يُحْيِي هَٰذِهِ اللَّهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ۖ فَأَمَاتَهُ اللَّهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهُ ۖ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ۖ قَالَ لَبِثْتُ يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ۖ قَالَ بَل لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانظُرْ إِلَىٰ طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ ۖ وَانظُرْ إِلَىٰ حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ آيَةً لِّلنَّاسِ ۖ وَانظُرْ إِلَى الْعِظَامِ كَيْفَ نُنشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوهَا لَحْمًا ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُ قَالَ أَعْلَمُ أَنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٢٥٩﴾

یا اسی طرح (تم نے) اس شخص (کے واقعے) پر غور کیا جو ایک بستی پر ایسی حالت میں گزرا کہ اس (بستی) کے مکانات اپنی چھتوں پر گر گئے تھے ① اس شخص نے کہا: اللہ تعالیٰ اِس (بستی) کو اس کے مرنے (یعنی ویران ہونے) کے بعد کیسے (دوبارہ) زندہ کریں گے؟ ② اس پر اللہ تعالیٰ نے اس شخص کو سو سال تک موت دے دی، پھر اس (اللہ تعالیٰ) نے اس کو زندہ کر کے اٹھایا (اور پھر) اس (اللہ تعالیٰ) نے (اس سے) پوچھا: تو کتنی مدت تک (اس حالتِ موت میں) رہا؟ (تو جواب میں) اس شخص نے کہا: ایک دن یا ایک دن سے بھی کم (میں موت کی حالت میں رہا) اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ: (نہیں) بلکہ تو (اس موت کی حالت پر) سو سال رہا ہے، سو تو اپنے کھانے اور پینے کی چیزوں کو دیکھ! وہ (اللہ تعالیٰ کی قدرت سے) بالکل بھی سڑی نہیں ہیں اور (ساتھ ہی) تو اپنے گدھے کو دیکھ (کہ سڑ کر اس کی حالت کیسی ہوگئی؟) اور (اس طرح تم کو موت دے کر دوبارہ زندہ کرنے میں ہمارا مقصد یہ ہے کہ) تاکہ ہم تجھ کو لوگوں کے لیے (ہماری قدرت کا) ایک نشان بنائیں اور تو (مرے ہوئے گدھے کی) ہڈیوں کی طرف دیکھ! ہم کس طرح (اٹھا کر) ان کو جوڑ دیتے ہیں، پھر ہم ان پر (کس طرح) گوشت چڑھاتے ہیں، سو جب اس کے سامنے حقیقت کھل کر ظاہر ہوگئی تو وہ (بندہ) کہنے لگا: مجھے یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ تمام چیز پر قدرت رکھتے ہیں ③ ﴿۲۵۹﴾

---

① کسی حادثے میں پہلے چھت گری، پھر دیواریں گریں اور پوری بستی ویران ہوگئی۔

② اس سوچ کا منشا خدانخواستہ کوئی شک کرنا نہیں تھا؛ بلکہ حیرت کا اظہار تھا، اللہ تعالیٰ نے انھیں اپنی قدرت کا مشاہدہ اس طرح کرایا جس کا آیت میں ذکر ہے۔ ③ اس میں سے ایک مردے کو زندہ کرنا بھی ہے۔

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اَرِنِیْ كَیْفَ تُحْیِ الْمَوْتٰىؕ قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْؕ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّیَطْمَىٕنَّ قَلْبِیْؕ قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّیْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَیْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰى كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ یَاْتِیْنَكَ سَعْیًاؕ وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ۠﴿۲۶۰﴾

مَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِیْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍؕ وَاللّٰهُ یُضٰعِفُ لِمَنْ یَّشَآءُؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ﴿۲۶۱﴾

اور (وہ واقعہ ذرا سنو!) جب ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا: اے میرے رب! مجھے دکھایئے! آپ کس کیفیت سے مردوں کو زندہ کریں گے؟ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: کیا تجھ کو (اس مرنے کے بعد زندہ ہونے پر) یقین نہیں ہے؟ تو اس (ابراہیم) نے عرض کیا کہ: کیوں نہیں (یعنی یقین رکھتا ہوں) ① لیکن (چاہت یہ ہے کہ آنکھ سے وہ کیفیت دیکھ لوں)؛ تاکہ میرے دل کو پورا اطمینان حاصل ہو جاوے ②، اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ: اچھا تو چار پرندوں کو پکڑ لے، پھر ان کو اپنے سے مانوس کر لے ③ پھر (ذبح کر کے) ہر پہاڑ پر ان (پرندوں کے بدن) کا ایک ایک حصہ رکھ دے، پھر ان (پرندوں) کو تو پکار تو وہ (چاروں پرندے) تیرے پاس دوڑتے ہوئے چلے آویں گے، اور (یہ بات اچھی طرح) جان لے کہ یقیناً اللہ تعالیٰ زبردست حکمت والے ہیں ﴿۲۶۰﴾

جو لوگ اللہ تعالیٰ کے راستے میں اپنے مالوں کو خرچ کرتے ہیں ان کی مثال ایسی ہے جیسے ایک دانہ، اس (دانہ) نے سات بالیاں اگائیں (اور) ہر بالی میں سو دانے ہوں اور اللہ تعالیٰ جس کے لیے چاہتے ہیں (ثواب) بڑھا دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ وسعت والے، (ہر چیز) جاننے والے ہیں ﴿۲۶۱﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) یقین تو میں رکھتا ہوں۔

② اس سوال وجواب سے اللہ تعالیٰ نے یہ بات واضح کر دی کہ ابراہیم علیہ السلام کی یہ فرمائش خدانخواستہ کسی شک کی بنا پر نہیں تھی، ان کو خدا کی قدرتِ کاملہ پر پورا بھروسا تھا؛ لیکن آنکھوں سے دیکھنے کی بات ہی کچھ اور ہوتی ہے۔

③ جانور اور پرندوں کو ایک مدت تک اپنے پاس رکھنے سے وہ مانوس ہو جاتے ہیں، آپس میں جان پہچان ہو جاتی ہے، جب بھی آواز دے کر بلاؤ، آنے لگتے ہیں۔

اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا يُتْبِعُوْنَ مَاۤ اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّلَاۤ اَذًى ۙ لَّهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۞ قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّمَغْفِرَةٌ خَيْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَاۤ اَذًى ؕ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَلِيْمٌ ۞ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى ۙ كَالَّذِيْ يُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ فَتَرَكَهٗ صَلْدًا ؕ لَا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّمَّا كَسَبُوْا ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ۞

جو لوگ اپنے مالوں کو اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرتے ہیں، پھر خرچ کرنے کے بعد (جس پر خرچ کیا اس پر) احسان بھی نہیں جتلاتے اور تکلیف بھی نہیں دیتے تو ان (لوگوں) کے لیے ان (کے خرچ کیے ہوئے مال) کا ثواب ان کے رب کے پاس ہے اور ان پر کوئی خوف نہیں ہوگا اور وہ غمگین بھی نہیں ہوں گے ﴿۲۶۲﴾ (سوال کرنے والوں کو) نرمی سے (اچھا) جواب دینا اور معاف کر دینا ① اس صدقے سے بہتر ہے جس (صدقے) کے بعد کوئی تکلیف پہنچائی جائے اور اللہ تعالیٰ بے نیاز ہیں، حلیم ہیں ﴿۲۶۳﴾ اے ایمان والو! تم اپنے صدقات کو احسان جتلا کر اور تکلیف دے کر ضائع مت کرو، اس شخص کی طرح (ضائع مت کرو) جو (محض) لوگوں کو دکھلانے کے لیے اپنا مال خرچ کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ اور قیامت کے دن پر ایمان نہیں رکھتا ہے، سو (لوگوں کو دکھلا کر خرچ کرنے والے) اس شخص کی حالت صاف چکنے پتھر جیسی ہے جس پر (معمولی) مٹی (پڑی اور جمی) ہوئی ہو، سو اس (پتھر) پر زوردار بارش گرے اور وہ (بارش) اس کو (پہلے کی طرح) بالکل صاف کر دیوے، ایسے لوگوں کو ان کے کیے ہوئے کاموں کا کچھ ثواب ہاتھ میں نہیں آئے گا② اور اللہ تعالیٰ کافروں کو سیدھا راستہ نہیں دکھاتے ﴿۲۶۴﴾

---

① یعنی وہ اصرار کرے یا بے وقت آوے یا کسی طرح بھی تکلیف دیوے تب بھی۔

② چٹان پر اگر مٹی جمی ہو تو یہ امید ہو سکتی ہے کہ اس پر کوئی چیز اگائی جائے؛ لیکن اگر بارش مٹی بہا لے جائے تو چٹان کے چکنے پتھر کاشت کے قابل نہیں رہتے، اسی طرح صدقہ وخیرات سے آخرت کے ثواب کی امید ہوتی ہے؛ لیکن اگر ←

وَمَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَتَثْبِيْتًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ كَمَثَلِ جَنَّةٍۭ بِرَبْوَةٍ اَصَابَهَا وَابِلٌ فَاٰتَتْ اُكُلَهَا ضِعْفَيْنِ ۚ فَاِنْ لَّمْ يُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۲۶۵﴾ اَيَوَدُّ اَحَدُكُمْ اَنْ تَكُوْنَ لَهٗ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ لَهٗ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۙ وَاَصَابَهُ الْكِبَرُ وَلَهٗ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَآءُ ۚ فَاَصَابَهَآ اِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ ۗ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۶۶﴾

اور ان لوگوں کی مثال جو اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے اور اپنے دلوں میں (ثواب ملنے کے) پورے یقین کے ساتھ اپنے مالوں کو خرچ کرتے ہیں ایسی ہے جیسے کہ ایک اونچی جگہ پر باغ ہو، اس پر زوردار بارش برسے تو وہ (باغ) اپنے پھل دُگنا لائے، سو اگر اس (باغ) پر زوردار بارش نہ برسے تو ہلکی سی پھوار① بھی اس (اونچے باغ) کے لیے کافی ہے اور جو کام تم لوگ کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس کو خوب اچھی طرح دیکھتے ہیں ﴿۲۶۵﴾ کیا تم میں سے کوئی (یہ بات) پسند کرے گا کہ اس کے لیے کھجور اور انگوروں کا ایک باغ ہو② جس کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں (اور) اس (شخص) کے لیے اس (باغ) میں ہر قسم کے پھل (بھی) ہوں اور اس شخص پر بڑھاپا آ گیا ہو اور اس کی اولاد کمزور ہوں، اتنے میں ایک آگ سے بھرا ہوا بگولا (یعنی ہوا کا چکر) اس (باغ) پر آ پڑا، سو وہ (پورا باغ) جل گیا③، اسی طرح اللہ تعالیٰ (اپنی) آیتوں کو تمھارے لیے کھول کھول کر بیان کرتے ہیں؛ تاکہ تم غور کرو ﴿۲۶۶﴾

⇐ اس کے ساتھ ریاکاری یا احسان جتانے کی خرابی لگ جائے تو وہ صدقے کو بہا لے جاتی ہے اور ثواب کی کوئی امید نہیں رہتی۔

اس صفحہ کا حاشیہ:

① یعنی ہلکی سی بارش ہی برس جائے۔ ② جسے عرف میں باڑی بھی کہتے ہیں۔

③ صدقات وخیرات کو برباد کرنے کی یہ دوسری مثال اللہ تعالیٰ نے بیان کی ہے، جس طرح ایک آگ سے بھرا بگولا ہرے بھرے باغ کو یکا یک تباہ وبرباد کر ڈالتا ہے، اسی طرح ریا کاری یا صدقہ دے کر احسان جتلانا یا کسی اور طرح غریب آدمی کو ستانا صدقے کے عظیم ثواب کو برباد کر ڈالتا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّآ اَخْرَجْنَا لَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ ۠ وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ وَلَسْتُمْ بِاٰخِذِيْهِ اِلَّآ اَنْ تُغْمِضُوْا فِيْهِ ۭ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝ اَلشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَاْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَاۗءِ ۚ وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ۖ يُّؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ يَّشَاۗءُ ۚ وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا ۭ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُهٗ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝

اے ایمان والو! جو کچھ تم نے کمایا ہے اور جو چیزیں ہم نے تمھارے لیے زمین سے نکالی (یعنی پیدا کی) ہیں اس کی عمدہ چیزوں کا ایک حصہ (اللہ تعالیٰ کے راستے میں) تم خرچ کیا کرو اور اس میں سے خراب چیزوں کو (اللہ تعالیٰ کے نام پر) خرچ کرنے کا ارادہ بھی نہ کرو؛ حالاں کہ (کوئی دوسرا آدمی ایسی خراب چیز تم کو دیوے تو نفرت کی وجہ سے) تم خود بھی اس کو آنکھ بند کیے بغیر نہ لے سکو اور تم جان لو کہ اللہ تعالیٰ کسی کے محتاج نہیں ہیں (ہر قسم کی) تعریف کے مالک ہیں ﴿۲۶۷﴾ شیطان تم کو مفلسی سے ڈراتا ہے اور وہ تم کو بے حیائی① کی باتیں سکھاتا ہے② اور اللہ تعالیٰ اپنی مغفرت اور فضل کا تم سے وعدہ کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ بہت وسعت والے، (ہر بات) جاننے والے ہیں ﴿۲۶۸﴾ وہ (اللہ تعالیٰ) جس کو چاہتے ہیں دین کی سمجھ دیتے ہیں اور جس کو دین کی سمجھ عطا کی گئی تو پکی بات ہے کہ اس کو بہت ساری بھلائی عطا کی گئی اور عقل والے لوگ ہی نصیحت حاصل کرتے ہیں ﴿۲۶۹﴾ اور جو کچھ خیرات تم خرچ کروگے یا تم کوئی منت مانوگے تو یقینی بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو جانتے ہیں اور ظالموں کے لیے کوئی مدد کرنے والے نہیں ہوں گے ﴿۲۷۰﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) بخیلی۔ مفسرین کی ایک جماعت نے یہاں "فحشاء" سے بخیلی کا معنی مراد لیا ہے؛ یعنی خرچ کروگے تو مفلس ہو جاؤگے۔

② (دوسرا ترجمہ) شیطان تم کو بے حیائی کی باتوں کی ترغیب دیتا ہے۔

إِنْ تُبْدُوا الصَّدَقَاتِ فَنِعِمَّا هِيَ ۖ وَإِنْ تُخْفُوهَا وَتُؤْتُوهَا الْفُقَرَاءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَكُمْ ۚ وَيُكَفِّرُ
عَنْكُمْ مِنْ سَيِّئَاتِكُمْ ۗ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ﴿۲۷۱﴾ لَيْسَ عَلَيْكَ هُدَاهُمْ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يَهْدِي
مَنْ يَشَاءُ ۗ وَمَا تُنْفِقُوا مِنْ خَيْرٍ فَلِأَنْفُسِكُمْ ۚ وَمَا تُنْفِقُونَ إِلَّا ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللَّهِ ۚ وَمَا
تُنْفِقُوا مِنْ خَيْرٍ يُوَفَّ إِلَيْكُمْ وَأَنْتُمْ لَا تُظْلَمُونَ ﴿۲۷۲﴾ لِلْفُقَرَاءِ الَّذِينَ أُحْصِرُوا فِي سَبِيلِ
اللَّهِ لَا يَسْتَطِيعُونَ ضَرْبًا فِي الْأَرْضِ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ أَغْنِيَاءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ۚ تَعْرِفُهُمْ
بِسِيمَاهُمْ ۚ لَا يَسْأَلُونَ النَّاسَ إِلْحَافًا ۗ وَمَا تُنْفِقُوا مِنْ خَيْرٍ فَإِنَّ اللَّهَ بِهِ عَلِيمٌ ﴿۲۷۳﴾

اگر تم صدقات کو ظاہر کر کے دو تو بھی بہت اچھا ہے① اور اگر تم ان (صدقات) کو پوشیدہ رکھو اور اسے فقرا کو پہنچاؤ تو وہ تمھارے لیے اور بہتر ہے② اور وہ (اللہ تعالیٰ) تمھارے کچھ گناہ تم سے دور کر دیں گے③ اور تم جو کام کر رہے ہو اللہ تعالیٰ کو اس کی پوری خبر ہے ﴿۲۷۱﴾ (اے نبی!) ان (کافروں) کو سیدھے راستے پر لانا تمھاری ذمے داری نہیں ہے، بلکہ اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں (اس کو) سیدھے راستے پر لے آتے ہیں اور جو مال بھی تم خرچ کرتے ہو④ تو وہ (خود) تمھارے فائدے کے لیے (ہوتا) ہے، جب کہ تم اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے خرچ کرو گے اور جو مال (یعنی خیرات) بھی تم خرچ کرو گے تو تم کو وہ (ثواب) پورا پہنچا دیا جائے گا اور تم پر (ذرا بھی) ظلم نہیں کیا جاوے گا⑤ ﴿۲۷۲﴾ (مالی مدد خاص طور پر) ان فقیروں کے لیے ہے جنھوں نے اللہ تعالیٰ کے راستے میں خود کو اس طرح پابند رکھا ہے کہ (روزی کی تلاش کے لیے) وہ زمین میں چل پھر نہیں سکتے (ان کے کسی سے) سوال نہ کرنے کی وجہ سے ناواقف لوگ ان کو مال دار سمجھتے ہیں، تم ان (کے فقر) کو ان (کے چہرے) کی علامتوں سے پہچان سکتے ہو، وہ لوگوں سے لگ لپٹ کر (اصرار کر کے) سوال نہیں کرتے اور جو مال بھی تم خرچ کرتے ہو تو یقینی بات ہے کہ اللہ اس کو پوری طرح جانتے ہیں① ﴿۲۷۳﴾

---

① دوسروں کو صدقے کی ترغیب ہوگی اور اس کا تم کو بھی ثواب ملے گا۔ ② اس میں ریاکاری کا اندیشہ نہیں ہوگا اور فقیر کو لینے میں شرم نہیں ہوگی۔ ③ یعنی معاف کر دیں گے۔ ④ مال کو لفظ "خیر" سے تعبیر فرمایا: [الف] مال کی وجہ سے خیریت رہتی ہے [ب] مال کی وجہ سے بہت سارے خیر کے کام ہوتے ہیں۔ ⑤ یعنی ثواب میں کمی نہیں کی جائے گی۔

① (دوسرا ترجمہ) جو کام کی چیز تم خرچ کرو گے یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو پوری طرح جانتے ہیں۔

اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۲۷۴﴾ اَلَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ الرِّبٰوا لَا يَقُوْمُوْنَ اِلَّا كَمَا يَقُوْمُ الَّذِيْ يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ ۚ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْۤا اِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبٰوا ۘ وَاَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا ۚ فَمَنْ جَآءَهٗ مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ فَانْتَهٰى فَلَهٗ مَا سَلَفَ ۚ وَاَمْرُهٗۤ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَمَنْ عَادَ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۷۵﴾ يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِي الصَّدَقٰتِ ۚ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ اَثِيْمٍ ﴿۲۷۶﴾

جو لوگ اپنے مالوں کو رات میں اور دن میں چھپا کر کے اور ظاہر کر کے خرچ کرتے ہیں تو ان کے لیے ان کا ثواب ان کے رب کے پاس ہے اور ان پر کوئی خوف نہ ہوگا اور وہ غمگین نہیں ہوں گے ﴿۲۷۴﴾ جو لوگ سود کھاتے ہیں① وہ (قیامت کے دن قبر سے) اس شخص کے اٹھنے کی طرح ہی اٹھیں گے جس کو شیطان نے چھو کر (یعنی چمٹ کر، لگ کر) پاگل② بنا دیا ہو، یہ سزا اس لیے ہوگی کہ وہ یہ کہتے تھے کہ بیع③ بھی تو سود ہی کی طرح ہوتی ہے④ حالاں کہ (بیع اور سود میں کھلا فرق ہے، کہ) اللہ تعالیٰ نے خریدنے، بیچنے کو حلال کیا اور سود کو حرام کیا ہے، سو جس شخص کے پاس اس کے رب کی طرف سے نصیحت کی بات پہنچ گئی پھر وہ (آئندہ کے لیے سودی معاملات سے) رک گیا تو (حرمت سے پہلے) جو کچھ (سود) وہ لے چکا وہ اسی کا ہے اور اس (کے دل کے اندر) کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے حوالے ہے اور جس شخص نے دوبارہ پھر وہی کام کیا⑤ سو وہی لوگ آگ (میں جانے) والے ہیں، وہ اس (آگ) میں ہمیشہ رہیں گے ﴿۲۷۵﴾ اللہ تعالیٰ سود کو مٹاتے ہیں⑥ اور صدقات کو بڑھاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ہر ایک بڑے ناشکرے (بڑے) گنہگار کو پسند نہیں کرتے ﴿۲۷۶﴾

---

① یعنی سود کا لین دین کرتے ہیں۔ سود میں کسی طرح بھی مبتلا ہونا۔

② (دوسرا ترجمہ) حواس باختہ۔ ③ یعنی جائز طریقے سے خریدنا، بیچنا۔

④ کیوں کہ بیع میں بھی مقصود نفع حاصل کرنا ہوتا ہے اور سود میں بھی زیادہ ملتا ہے یا زیادہ دینا پڑتا ہے۔

⑤ یعنی سود کی حرمت کو نہ ماننے اور سودی لین دین کے حرام ہونے پر اعتراض کرتا رہے اور اس میں پڑا رہے۔

⑥ مٹانے کا مطلب یہ ہے کہ اگرچہ فی الحال ظاہری طور پر سود کھانے میں مال بڑھتا ہوا نظر آتا ہے، لیکن کبھی اللہ تعالیٰ

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ لَهُمْ أَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَذَرُوا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبَا إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ۝ فَإِنْ لَمْ تَفْعَلُوا فَأْذَنُوا بِحَرْبٍ مِنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ ۖ وَإِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوسُ أَمْوَالِكُمْ ۚ لَا تَظْلِمُونَ وَلَا تُظْلَمُونَ ۝ وَإِنْ كَانَ ذُو عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ إِلَىٰ مَيْسَرَةٍ ۚ وَأَنْ تَصَدَّقُوا خَيْرٌ لَكُمْ ۖ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ۝ وَاتَّقُوا يَوْمًا تُرْجَعُونَ فِيهِ إِلَى اللَّهِ ۖ ثُمَّ تُوَفَّىٰ كُلُّ نَفْسٍ مَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝

یقینی بات ہے کہ جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے اور انھوں نے نماز قائم کی اور انھوں نے زکوۃ ادا کی ان کو ان کا ثواب ان کے رب کے پاس ملے گا، اور ان پر کوئی خوف نہیں ہوگا اور وہ غمگین بھی نہیں ہوں گے ﴿۲۷۷﴾ اے ایمان والو! تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور اگر تم واقعی مومن ہو تو سود کا جو حصہ بھی (سود کے حرام ہونے کے اعلان کے بعد کسی سے لینا) باقی رہ گیا ہو اس کو چھوڑ دو ﴿۲۷۸﴾ سو اگر تم ایسا نہیں کرو گے ① تو تم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف سے جنگ کا اعلان سن لو اور اگر تم (سود سے) توبہ کرلو تو تم کو تمھارا اصل مال مل جائے گا، تم کسی پر ظلم مت کرو اور نہ تم پر ظلم کیا جائے ﴿۲۷۹﴾ اور اگر کوئی (مقروض) تنگی میں ہو ② تو اچھی حالت ہونے تک ③ مہلت دینی چاہیے اور اگر تم صدقہ ہی کردو ④ تو یہ تمھارے لیے بہتر ہے اگر تم سمجھو (تو) ﴿۲۸۰﴾ اور تم اس دن سے ڈرو جس میں تم کو اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹ کر جانا ہے، پھر ہر ایک نفس کو اس کے کیے ہوئے کاموں کا (پورے) پورا بدلہ دیا جائے گا اور ان پر کوئی ظلم نہیں کیا جائے گا ﴿۲۸۱﴾

⊃ اس آدمی پر ایسے حالات دنیا میں ڈال دیتے ہیں کہ دنیا میں ہی سب مال برباد ہو کر وہ آدمی فقیر بن جاتا ہے اور اگر دنیا میں برباد نہ بھی ہوا تو آخرت میں برباد ہونا یقینی ہے؛ کیونکہ وہاں اس آدمی پر عذاب ہوگا۔ اسی طرح سود والے معاملات میں خیر و برکت نہیں ہوتی چاہے مقدار بڑھ جائے۔

① یعنی سود سے باز نہیں آؤ گے۔

② یعنی قرض ادا کرنے کی طاقت نہ ہو۔

③ یعنی قرض ادا کرنے کی طاقت آجائے وہاں تک۔ ④ یعنی قرض کو معاف کردو۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى فَاكْتُبُوْهُ ؕ وَلْيَكْتُبْ بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌۢ بِالْعَدْلِ ۪ وَلَا يَاْبَ كَاتِبٌ اَنْ يَّكْتُبَ كَمَا عَلَّمَهُ اللّٰهُ فَلْيَكْتُبْ ۚ وَلْيُمْلِلِ الَّذِيْ عَلَيْهِ الْحَقُّ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ وَلَا يَبْخَسْ مِنْهُ شَيْــًٔا ؕ فَاِنْ كَانَ الَّذِيْ عَلَيْهِ الْحَقُّ سَفِيْهًا اَوْ ضَعِيْفًا اَوْ لَا يَسْتَطِيْعُ اَنْ يُّمِلَّ هُوَ فَلْيُمْلِلْ وَلِيُّهٗ بِالْعَدْلِ ؕ وَاسْتَشْهِدُوْا شَهِيْدَيْنِ مِنْ رِّجَالِكُمْ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُوْنَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَّامْرَاَتٰنِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَآءِ اَنْ تَضِلَّ اِحْدٰىهُمَا فَتُذَكِّرَ اِحْدٰىهُمَا الْاُخْرٰى ؕ وَلَا يَاْبَ الشُّهَدَآءُ اِذَا مَا دُعُوْا ؕ

اے ایمان والو! جب تم آپس میں مقرر کی ہوئی مدت کے لیے قرض کا کوئی معاملہ کرو تو تم اس کو لکھ لیا کرو اور جو شخص لکھنا جانتا ہو وہ تمھارے درمیان انصاف کے ساتھ لکھے، اور جو شخص لکھنا جانتا ہو وہ لکھنے سے انکار نہ کرے (بلکہ) جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو (لکھنا) سکھایا تو (اس نعمت کا شکریہ ہے کہ) اس کو لکھ دینا چاہیے اور جس کے ذمے حق واجب ہو رہا ہے[1] اس کو چاہیے کہ وہ (تحریر کا مضمون) لکھوائے اور (ادھار لینے والے کو) چاہیے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتا رہے جو اس کے رب ہیں اور اس (ادھار دینے والے کے حق کو لکھوانے) میں کوئی کمی نہ کرے (بلکہ پوری بات لکھوائے) سو اگر وہ شخص جس کے ذمے حق واجب ہو رہا ہے (یعنی ادھار لینے والا) ناسمجھ ہے (یعنی کم عقل ہے) یا کمزور ہے یا (کسی اور وجہ سے) وہ تحریر نہیں لکھوا سکتا تو اس (ادھار لینے والے) کا ذمہ دار (والی یا وکیل جس کو مدیون کی طرف سے کام کا اختیار ہوتا ہے وہ) انصاف کے ساتھ (ادھاری کی تحریر) لکھوائے اور (ادھاری کی تحریر میں لکھے ہوئے معاملے پر) تم اپنے (مسلمان) مردوں میں سے دو گواہ بنالو، سو اگر دو مرد (میسر) نہ ہوں تو جن گواہوں کو تم پسند کرو[2] ان میں سے ایک مرد اور دو عورتیں گواہ بنیں کہ ان دو (عورتوں) میں سے ایک (عورت) بھول جائے تو ان دو میں سے ایک دوسری کو یاد دلا دے اور گواہوں کو جب (گواہ بننے کے لیے یا گواہی دینے کے لیے) بلایا جاوے تو وہ انکار نہ کریں،

---

① یعنی ادھار لینے والا۔ مقروض، مدیون یا اس کی طرف سے اقرار ہو رہا ہے۔

② جن پر اطمینان ہونے کی وجہ سے یعنی عادل اور ثقہ ہونے کی وجہ سے جن کی گواہی معتبر ہو۔

وَلَا تَسْـَٔمُوْٓا اَنْ تَكْتُبُوْهُ صَغِيْرًا اَوْ كَبِيْرًا اِلٰٓى اَجَلِهٖ ؕ ذٰلِكُمْ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ وَاَقْوَمُ لِلشَّهَادَةِ وَاَدْنٰٓى اَلَّا تَرْتَابُوْٓا اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً حَاضِرَةً تُدِيْرُوْنَهَا بَيْنَكُمْ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَلَّا تَكْتُبُوْهَا ؕ وَاَشْهِدُوْٓا اِذَا تَبَايَعْتُمْ ۪ وَلَا يُضَآرَّ كَاتِبٌ وَّلَا شَهِيْدٌ ۬ؕ وَاِنْ تَفْعَلُوْا فَاِنَّهٗ فُسُوْقٌۢ بِكُمْ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ وَّلَمْ تَجِدُوْا كَاتِبًا فَرِهٰنٌ مَّقْبُوْضَةٌ ؕ فَاِنْ اَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا فَلْيُؤَدِّ الَّذِى اؤْتُمِنَ اَمَانَتَهٗ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ ؕ

اور قرضے کے کسی معاملے کو اس کے مقررہ وقت تک لکھنے میں تم کوتاہی مت کرو (یا اکتا مت جاؤ) چاہے معاملہ چھوٹا ہو یا بڑا، یہ (ادھاری کی تحریر لکھ لینا) اللہ تعالیٰ کے نزدیک بہت انصاف کی بات ہے اور گواہی کو درست رکھنے کا بہترین ذریعہ ہے اور اس بات سے بھی زیادہ نزدیک ہے کہ تم (مستقبل میں) شک میں نہیں پڑو گے ① مگر یہ کہ نقد لین دین سے تمھارے آپس میں کوئی سودا ہو تو اس کو نہ لکھنے میں تم پر کوئی حرج نہیں ہے اور (ہاں! اس قسم کے نقد) خریدنے بیچنے کے وقت پر بھی (احتیاطاً) تم گواہ بنا لیا کرو اور نہ لکھنے والے کو اور نہ گواہ بننے والے کو کوئی تکلیف پہنچائی جائے اور اگر تم یہ (تکلیف پہنچانے کا) کام کرو گے تو وہ تمھارے لیے گناہ کی بات ہوگی اور تم اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو اور اللہ تعالیٰ (آپس میں معاملات کیسے کرنا ہے وہ) تم کو سکھلاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ تمام چیز کو اچھی طرح جانتے ہیں ② ﴿۲۸۲﴾ اور اگر تم سفر میں ہو اور تم کو کوئی (ادھاری کی تحریر کو) لکھنے والا نہ ملے تو (ادھاری کی ادائگی کی ضمانت کے طور پر) کوئی چیز گروی ہو جس پر قبضہ بھی کر لیا گیا ہو ③ اور اگر (ایسے موقع پر) تم ایک دوسرے پر بھروسہ کرو (اور بغیر گروی ادھار دے دو) تو جس پر بھروسہ کیا گیا ④ وہ (پوری پوری) اپنی امانت (یعنی حق) ادا کر دیوے ⑤ اور وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتا رہے جو اس کے رب ہیں

---

① دَین جو وصول کرنا ہے اس کی مقدار کتنی ہے اور ادھاری کی مدت کتنی ہے اس میں کوئی شک باقی نہ رہے۔

② اللہ تعالیٰ کے یہاں معاملات کی صفائی کی اہمیت کی طرف اشارہ ہے، قرآن کی سب سے بڑی آیت معاملات کے متعلق ہے

③ یعنی گروی کی چیز پر ادھار دینے والے کا قبضہ ہو جائے بلکہ وہ اس سے فائدہ نہ اٹھائے۔

وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ ۚ وَمَنْ يَكْتُمْهَا فَإِنَّهُ آثِمٌ قَلْبُهُ ۗ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ عَلِيمٌ ﴿٢٨٣﴾

لِلَّهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ وَإِنْ تُبْدُوا مَا فِي أَنْفُسِكُمْ أَوْ تُخْفُوهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللَّهُ ۖ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَشَاءُ ۗ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٢٨٤﴾ آمَنَ الرَّسُولُ بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْهِ مِنْ رَبِّهِ وَالْمُؤْمِنُونَ ۚ كُلٌّ آمَنَ بِاللَّهِ وَمَلٰٓئِكَتِهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِنْ رُسُلِهِ ۚ وَقَالُوا سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا ۖ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ ﴿٢٨٥﴾

اور تم گواہی کو نہ چھپایا کرو اور جو شخص اس (گواہی) کو چھپائے گا اس کا دل گنہگار ہوگا① اور اللہ تعالیٰ تم جو کام کرتے ہو اس کو خوب اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۲۸۳﴾

آسمانوں میں جو کچھ ہے اور زمین میں جو کچھ ہے وہ (سب) اللہ تعالیٰ ہی کی ملکیت میں ہے، اور جو باتیں تمہارے دلوں میں ہیں چاہے تم اس کو ظاہر کرو یا اس کو تم چھپاؤ اللہ تعالیٰ تم سے اس کا حساب لیں گے، سو وہ (اللہ تعالیٰ) جس کو چاہیں گے معاف کر دیں گے اور وہ (اللہ تعالیٰ) جس کو چاہیں گے عذاب دیں گے اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں ﴿۲۸۴﴾ رسول (یعنی محمد ﷺ) پر ان کے رب کی طرف سے جو کچھ اتارا گیا وہ اس پر ایمان رکھتا ہے اور (رسول کے ساتھ) سب ایمان والے بھی (ایمان لائے) وہ سب اللہ تعالیٰ پر اور اس کے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر ایمان لے آئے② (وہ کہتے ہیں کہ ایمان لانے میں) ہم اس کے رسولوں میں سے کسی کے درمیان کوئی تفریق (یعنی جدائی) نہیں کرتے اور وہ سب کہتے ہیں کہ: ہم نے (اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے احکام کو دھیان سے) سن لیا اور (خوشی سے) ہم اطاعت کرتے ہیں، اے ہمارے رب! ہم آپ سے مغفرت چاہتے ہیں اور (ہم کو) آپ ہی کی طرف لوٹ کر آنا ہے ﴿۲۸۵﴾

⇐ ④ یعنی بغیر گروی رکھے ادھار لینے والا۔ ⑤ یعنی لیے ہوئے قرض یا ادھار مال کی پوری مقدار واپس کرے۔

اس صفحہ کا حاشیہ:

① یعنی گواہی کے چھپانے کا صرف زبان کا گناہ نہ سمجھے: بلکہ یہ تو دل کا گناہ ہے، اس لیے کہ اصل ارادہ تو پہلے دل ہی نے کیا۔
② یعنی تمام رسولوں کو برحق مانتے ہیں، عمل کریں گے حضرت محمد ﷺ کی شریعت پر۔

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَاۤ اِنْ نَّسِيْنَاۤ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَاۤ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ٙ وَاغْفِرْ لَنَا ٙ وَارْحَمْنَا ٙ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۸۶﴾

اللہ تعالیٰ کسی کو بھی اس کی وسعت (یعنی طاقت) سے زیادہ ذمے داری نہیں دیتے، جو اعمال اس نے کیے اس کا فائدہ اس کو ملے گا اور جو گناہ اس نے کیے اس کا نقصان اس پر پڑے گا، (اے مسلمانو! یہ دعا کرو) اے ہمارے رب! اگر ہم سے بھول یا چوک ہوجائے تو آپ (اس پر) ہماری پکڑ نہ فرمائیے، اے ہمارے رب! اور ہم پر ایسے (سخت احکام کا) بوجھ نہ ڈالیے جیسا بوجھ آپ نے ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا، اے ہمارے رب! اور آپ ایسے (سخت احکام کا) بوجھ ہم پر مت ڈالیے جن (کو اٹھانے) کی ہم میں طاقت نہ ہو، اور آپ ہم کو معاف کر دیجیے اور آپ ہم کو بخش دیجیے، اور آپ ہم پر رحم فرمائیے، آپ ہی ہماری مدد کرنے والے ہیں، سو کافر قوم کے مقابلے میں آپ ہماری مدد فرمائیے ﴿۲۸۶﴾

❀❀❀

سورة اٰل عمران

(المدنية)

اٰیاتہا:۲۰۰۔

رکوعاتہا:۲۰۔

سورۃ آلِ عمران

یہ سورت مدنی ہے، اس میں دوسو (۲۰۰) آیتیں ہیں، سورۃ بقرہ کے بعد اور سورۃ انفال سے پہلے یا اس کے بعد اڑتالیسویں (۴۸) نمبر یا (۸۹) نمبر پر نازل ہوئی۔

آلِ عمران کا مطلب ہے "عمران کا خاندان"۔ اس سورت میں آلِ عمران کے فضائل بیان کے گئے ہیں، یعنی عمران بن ماتان جو حضرت مریم علیہا السلام کے والد ہیں اور ان کی آل یعنی حضرت عمران کے خاندان والے جن میں حضرت مریمؑ اور حضرت عیسیٰ ﷺ وغیرہ شامل ہیں۔ حضرت موسیٰ ﷺ کے والد کا نام بھی عمران ہے؛ لیکن وہ اور ان کی نسل یہاں مراد نہیں ہے۔

صحیح مسلم میں حضرت ابوامامہ باہلی ﷺ سے مروی ہے کہ: تم دو روشن سورتیں: بقرہ و آل عمران پڑھا کرو؛ کیوں کہ یہ دونوں سورتیں قیامت کے دن (عمل کرنے والے قاری کے آگے آگے) دو گھرے سیاہ بادلوں یا دو سائبانوں یا صف بستہ پرندوں کی دو ٹولیوں کی شکل میں آئیں گی (ان دونوں سورتوں کے درمیان ایک روشنی اور چمک حدِ فاصل ہوگی جس سے بسم اللہ کے فاصلے کی طرف اشارہ ہے) یہ دونوں سورتیں اپنے پڑھنے والوں کی زبردست سفارش کریں گی۔

حضرت اسماء بنت یزیدؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کا اسمِ اعظم (جس کے ذریعہ دعا مانگی جائے تو قبول ہو جاتی ہے) ان دو آیتوں میں ہے: "والھکم اله واحد لا اله الا هو الرحمن الرحيم" (البقرۃ: ۱۶۳) دوسری آل عمران کی شروع والی آیت "الله لا اله الا هو الحي القيوم۔

اس سورت کی ایک آیت ﴿حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ﴾: حضرت نبیِ کریم ﷺ اور حضراتِ صحابہ نے غزوۂ احد کے فوراً بعد خطرناک موقع پر اس کو پڑھا تھا، اسی طرح جب حضرت ابراہیم ﷺ کو آگ میں ڈالا گیا تھا تب آپ نے اس کو پڑھا۔ معلوم ہوا کہ مصیبت اور تکلیف کے مواقع پر اس کا وِرد کرنا مفید ہے۔

اس سورت کا ایک نام "سورۃ مجادلہ" بھی منقول ہے؛ نجران (یمن) سے نصاریٰ کا ایک وفد نبیِ کریم ﷺ کی خدمت آیا اور انھوں نے حضرت عیسیٰ ﷺ کے الٰہ ہونے کے سلسلے میں مجادلہ اور مباحثہ کیا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓ ﴿۱﴾ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ﴿۲﴾ نَزَّلَ عَلَیْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْهِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِیْلَ ﴿۳﴾ مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ؕ اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِاٰیٰتِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِیْدٌ ؕ وَاللّٰهُ عَزِیْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ﴿۴﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَخْفٰى عَلَیْهِ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ ﴿۵﴾ هُوَ الَّذِیْ یُصَوِّرُكُمْ فِی الْاَرْحَامِ كَیْفَ یَشَآءُ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۶﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

الم ﴿۱﴾ اللہ تعالیٰ وہ ہیں جن کے سوا کوئی معبود نہیں، جو ہمیشہ زندہ (اور) پوری کائنات کو سنبھالنے والے ہیں ﴿۲﴾ جس (اللہ تعالیٰ) نے تم پر سچی کتاب اتاری ① جو اپنے سے پہلے (نازل ہونے) والی (کتابوں) کو سچا بتاتی ہے اور اس (اللہ تعالیٰ ہی) نے تورات وانجیل (بھی) اتاریں ﴿۳﴾ جو اس (قرآن) سے پہلے لوگوں کے لیے ہدایت کا ذریعہ تھیں ② اور اس (اللہ تعالیٰ) نے حق کو باطل سے جدا کرنے والی چیز بھی اتاری ③ یقینی بات ہے جن لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی آیتوں کا انکار کیا ان کے لیے سخت عذاب ہے اور اللہ تعالیٰ تو زبردست، انتقام (یعنی برائی کا بدلہ دینے) والے ہیں ﴿۴﴾ یقینی بات ہے کہ زمین اور آسمان میں کوئی چیز اللہ تعالیٰ سے (بالکل) چھپ نہیں سکتی ﴿۵﴾ وہی (اللہ تعالیٰ) ہیں جو ماؤں کے پیٹ میں جس طرح چاہتے ہیں تمہاری صورتیں بناتے ہیں، اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا کوئی معبود نہیں، بڑے زبردست، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۶﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) ایسی کتاب اتاری جو حق پر مشتمل ہے (یعنی جو سچے مضامین پر مشتمل ہے)

② (دوسرا ترجمہ) اس (قرآن) سے پہلے لوگوں کی ہدایت کے لیے تورات اور انجیل کو اتارا۔

③ قرآن خود حق اور باطل میں فیصلہ کرتا ہے، اسی طرح نبیوں کے معجزات بھی حق اور باطل میں جدائی کرتے ہیں اور ہر زمانے میں اس زمانے کے حالات کے مناسب حق اور باطل میں امتیاز کرنے والی چیزیں بھی اللہ تعالیٰ نے اتاریں۔

هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ مِنْهُ اٰيٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ ۭ فَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَاۗءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَاۗءَ تَاْوِيْلِهٖ ڤ وَمَا يَعْلَمُ تَاْوِيْلَهٗٓ اِلَّا اللّٰهُ ۘ وَالرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ ۙ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا ۚ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ ھَدَيْتَنَا وَھَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَھَّابُ ۝ رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝

(اے نبی!) اسی (اللہ تعالیٰ) نے تم پر کتاب (یعنی قرآن) اتاری، اس (کتاب) میں سے بعض آیتیں محکم ہیں① وہی (محکم آیتیں) کتاب کی اصل (بنیاد) ہیں اور دوسری (کچھ آیتیں) متشابہات ہیں② سو جن لوگوں کے دلوں میں ٹیڑھا پن ہے③ وہ ان متشابہ آیتوں کے پیچھے (لگے) رہتے ہیں④ فتنہ پیدا کرنے کی غرض سے اور ان کی تاویلات تلاش کرنے کے لیے⑤: حالاں کہ ان (متشابہ) کا صحیح مطلب تو اللہ تعالیٰ ہی جانتے ہیں اور جن لوگوں کا علم مضبوط ہے وہ (یوں) کہتے ہیں کہ: ہم ان (متشابہ آیات) پر (اجمالی) یقین رکھتے ہیں⑥ سب (آیتیں، محکم اور متشابہ) ہمارے رب کی طرف سے (اتری) ہیں اور عقل والے ہی نصیحت حاصل کرتے ہیں ﴿۷﴾ (ایسے عقل والے لوگ یہ دعا کرتے ہیں کہ) اے ہمارے رب! جب آپ ہم کو ہدایت دے چکے تو اب اس (ہدایت) کے بعد ہمارے دلوں میں ٹیڑھا پن پیدا نہ ہونے دیجیے اور (خاص) اپنے پاس سے آپ ہم کو رحمت عطا فرمائیے، یقینی بات ہے کہ آپ ہی سب سے زیادہ دینے والے ہیں ﴿۸﴾ اے ہمارے رب! یقینی بات ہے کہ آپ لوگوں کو ایک ایسے دن (یعنی قیامت) میں جمع کرنے والے ہیں جس (کے آنے) میں کوئی شک نہیں، یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ (اپنے) وعدے کے خلاف نہیں کرتے ﴿۹﴾

---

① محکم وہ آیتیں جن کا مطلب ظاہر ہو۔ ② یعنی جن کا حقیقی معنی ہم کو معلوم نہیں یا جس کا مطلب ظاہر نہیں ہے، یا مختلف معانی میں سے ایک معنی کو متعین کرنا مشکل ہے۔ ③ یعنی جن کی سوچ ہی ٹیڑھی ہے۔ ④ (دوسرا ترجمہ) وہ متشابہ آیتوں ہی میں لگے رہتے ہیں۔ ⑤ غلط تاویل کے ذریعہ اپنے غلط عقیدے کو ثابت کرنے کی کوشش کرنا۔ ⑥ یہ متشابہ آیات بھی اللہ تعالیٰ کے یہاں سے ہی آئی ہے اس بات کا ہم یقین رکھتے ہیں اگرچہ ان کا مفہوم ہم کو معلوم نہیں ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ أَمْوَالُهُمْ وَلَا أَوْلَادُهُمْ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمْ وَقُودُ النَّارِ ﴿١٠﴾ كَدَأْبِ آلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا ۚ فَأَخَذَهُمُ اللَّهُ بِذُنُوبِهِمْ ۗ وَاللَّهُ شَدِيدُ الْعِقَابِ ﴿١١﴾ قُلْ لِلَّذِينَ كَفَرُوا سَتُغْلَبُونَ وَتُحْشَرُونَ إِلَىٰ جَهَنَّمَ ۚ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿١٢﴾ قَدْ كَانَ لَكُمْ آيَةٌ فِي فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا ۖ فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَأُخْرَىٰ كَافِرَةٌ يَرَوْنَهُمْ مِثْلَيْهِمْ رَأْيَ الْعَيْنِ ۚ وَاللَّهُ يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهِ مَنْ يَشَاءُ ۗ

یقینی بات ہے کہ جن لوگوں نے کفر اپنا رکھا ہے اللہ تعالیٰ (کی پکڑ) کے مقابلے میں ان کے مال اور ان کی اولاد ان کے کچھ بھی کام نہیں آویں گے اور وہی لوگ آگ کا ایندھن بنیں گے ﴿۱۰﴾ ان کا حال فرعون والے اور ان کے پہلے لوگوں (کافروں) جیسا ہے کہ انھوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا، پھر (انجام یہ ہوا کہ) اللہ تعالیٰ نے ان کو ان کے گناہوں کی وجہ سے پکڑ لیا اور اللہ تعالیٰ کا عذاب سخت ہے ﴿۱۱﴾ جن لوگوں نے کفر اپنا لیا ہے تم ان سے کہہ دو کہ: عنقریب (دنیا میں) تم ہرا دیے جاؤ گے اور (آخرت میں) تم کو جمع کر کے جہنم کی طرف لے جایا جاوے گا اور وہ (جہنم) بہت برا ٹھکانا ہے ﴿۱۲﴾ پکی بات یہ ہے کہ تمھارے لیے دو جماعتوں① میں بڑی نشانی ہے جن میں آپس میں ایک دوسرے سے (بدر کے میدان میں) مقابلہ ہوا، ایک (مسلمانوں کی) جماعت اللہ تعالیٰ کے راستے میں لڑ رہی تھی اور دوسری جماعت کافروں کی تھی جو کھلی آنکھوں سے ان کو اپنے سے دوگنا زیادہ دیکھ رہے تھے② اور اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں اپنی مدد سے طاقت پہنچاتے ہیں،

---

① بدر کے واقعے میں ایک مسلمان کی جماعت اور دوسری مشرکین کی جماعت میں۔

② غزوۂ بدر میں الگ الگ حالات پیش آئے، یہاں ایک خاص حالت کا بیان ہے کہ کافروں کے لشکر کو مسلمانوں کی تعداد اپنے سے دوگنی نظر آ رہی تھی جس کی وجہ سے کافروں کے دلوں میں مسلمانوں کی تعداد کے زیادہ ہونے کے خیال سے ایک رعب پیدا ہو گیا۔ دوسرا: مسلمانوں کو کافروں کی تعداد اپنی تعداد سے دوگنی نظر آئی یعنی تقریباً چھ سو چھبیس (۶۲۶)؛ اس لیے کہ شجاع لوگ اپنے سے دوگنے سے مقابلے کو معمولی بات سمجھتے ہیں۔ حضرت علامہ عثمانیؒ کی بات کا خلاصہ: بدر میں ایک موقع پر مسلمان اور کافر ہر ایک کے لشکر کو ایسی حالت پیش آئی کہ ہر ایک مدِ مقابل کو اپنے سے دوگنا دیکھ رہے تھے؛ اس لیے کفار کے دل مرعوب ہو گئے اور مسلمانوں کو کفار کی تعداد اپنے سے دوگنی نظر آئی؛ اس لیے حق تعالیٰ کی طرف توجہ زیادہ ہو گئی اور سورۂ انفال میں ایک دوسرے موقع کا بیان ہے جس میں ہر لشکر کو دوسرا لشکر کم نظر آ رہا تھا۔

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّأُولِي الْأَبْصَارِ ﴿١٣﴾ زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوَاتِ مِنَ النِّسَاءِ وَالْبَنِينَ
وَالْقَنَاطِيرِ الْمُقَنطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْأَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ۗ
ذَٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ وَاللَّهُ عِندَهُ حُسْنُ الْمَآبِ ﴿١٤﴾ قُلْ أَؤُنَبِّئُكُم بِخَيْرٍ مِّن ذَٰلِكُمْ ۚ
لِلَّذِينَ اتَّقَوْا عِندَ رَبِّهِمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا وَأَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ
وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ بَصِيرٌ بِالْعِبَادِ ﴿١٥﴾ الَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا إِنَّنَا آمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا
ذُنُوبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿١٦﴾ الصَّابِرِينَ وَالصَّادِقِينَ وَالْقَانِتِينَ وَالْمُنفِقِينَ
وَالْمُسْتَغْفِرِينَ بِالْأَسْحَارِ ﴿١٧﴾

یقینی بات ہے اس میں آنکھوں (سے دیکھنے) والوں کے لیے بڑی عبرت ہے ﴿۱۳﴾ جو چیزیں (نفسانی) خواہشات کے مطابق ہوتی ہیں① ان (چیزوں) کی محبت لوگوں کے لیے خوش نما بنادی گئی، یعنی عورتیں اور بیٹے اور سونے اور چاندی کے جمع کیے ہوئے ڈھیر اور نشان لگائے ہوئے گھوڑے اور چوپائے اور کھیتی؛ (مگر) یہ سب دنیوی زندگی کا سامان ہے اور بہترین ٹھکانا تو اللہ تعالیٰ کے پاس ہے ﴿۱۴﴾ (اے نبی!) تم (ان سے) کہو کہ: کیا ان سب (دنیوی سامان) سے بہتر چیز میں تم کو بتلاؤں؟ تقویٰ والوں کے لیے ان کے رب کے پاس وہ باغات ہیں جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہیں، ان میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور پاکیزہ بیویاں (بھی) ہیں اور اللہ تعالیٰ کی خوشی بھی (ان کو حاصل ہوگی) اور اللہ تعالیٰ (تمام) بندوں کو اچھی طرح دیکھتے ہیں ﴿۱۵﴾ جو (تقویٰ والے بندے یوں) کہتے ہیں کہ: اے ہمارے رب! یقینی بات ہے کہ ہم ایمان لے آئے، سو آپ ہمارے گناہوں کو معاف کردیجیے اور آپ ہم کو آگ کے عذاب سے بچالیجیے ﴿۱۶﴾ جو صبر کرنے والے ہیں اور جو سچائی پر رہنے والے ہیں② اور جو فرماں بردار (یعنی ماننے والے) ہیں اور جو (اللہ تعالیٰ کی خوشی کے لیے) خرچ کرنے والے ہیں اور جو رات کے آخری حصے میں استغفار کرنے والے ہیں ﴿۱۷﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) مرغوب چیزوں کی محبت نے لوگوں کو فریفتہ کردیا ہے۔

② یعنی سچائی ان کی عادت ہے۔

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًۢا بِالْقِسْطِ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۸﴾ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ۣ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۱۹﴾

(خود) اللہ تعالیٰ نے گواہی ① دی ہے کہ یقینی بات ہے کہ اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور فرشتوں نے اور علم والوں نے بھی (توحید ہی کا اقرار کیا ہے) وہی (اللہ تعالیٰ) انصاف کو قائم کرنے والے ہیں، ان (اللہ تعالیٰ) کے سوا کوئی معبود نہیں، جو بڑے زبردست ہیں، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۱۸﴾ یقینی بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے یہاں (مقبول) دین (تو) اسلام ہی ہے، اور جن لوگوں کو کتاب دی گئی ② وہ (اسلام کی سچائی کا) علم ان کو حاصل ہونے کے بعد آپس کی حسد کی وجہ سے ہی مخالف ہو گئے ③ اور جو شخص بھی اللہ تعالیٰ کی آیتوں (پر ایمان لانے) سے انکار کرے تو یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ بہت جلد حساب لینے والے ہیں ﴿۱۹﴾

---

① شہادت کا معنی آگاہ کرنا: یعنی ہر ہر چیز سے توحید کا پتہ چلنا:

(الف) اللہ تعالیٰ کی گواہی کا مطلب: اس کائنات میں جتنی بھی چیزیں اللہ تعالیٰ نے بنائی ہیں ہر چیز اس کی وحدانیت کی دلیل ہے، اسی طرح آسمانی کتابوں میں جو باتیں اللہ نے بیان فرمائی ہے وہ سب توحید ہی کو بتلاتی ہیں۔

(ب) فرشتوں کی گواہی: فرشتے غیب کی بہت ساری چیزیں جانتے اور دیکھتے ہیں اور اپنے ذکر میں توحید سے بھرے ہوئے کلمات پڑھتے ہیں، اس سے فرشتوں کی بھی شہادت ہوگئی کہ اللہ ایک ہے اور فرشتے توحید کا پیغام بھی لاتے ہیں۔

(ج) اہل علم کی شہادت: اہل علم سے اللہ کے نبی اور پیغمبر خاص طور سے مراد ہیں، ساتھ ہی ہر زمانے کے آسمانی کتابوں کا علم رکھنے والے علما، یہ سب اللہ تعالیٰ کے ایک ہونے کی شہادت دیتے ہیں، اسی طرح جو لوگ اس دنیا میں اللہ کی پیدا کی ہوئی چیزوں میں غور کرتے ہیں وہ خود بھی اللہ کے ایک ہونے کی شہادت دیتے ہیں۔

② (دوسرا ترجمہ) اہل کتاب نے اسلام کے بارے میں جو اختلاف کیا۔

③ اہل کتاب کو مسلمانوں سے حسد تھا؛ اس لیے وہ ایمان نہیں لائے، اسی طرح اہل کتاب علما میں "بڑا" بننے کی ایک بیماری تھی تو ان کو یہ ڈر لگ گیا کہ اگر ہم ایمان لے آئے تو جو ہم کو عوام پر سرداری حاصل ہے وہ چلی جائے گی، اسی طرح "ضد" بھی ان میں تھی اور ضد انسان کو بہت ساری خیر سے محروم کرتی ہے۔

فَاِنْ حَآجُّوْكَ فَقُلْ اَسْلَمْتُ وَجْهِيَ لِلّٰهِ وَمَنِ اتَّبَعَنِ ؕ وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَالْاُمِّيّٖنَ ءَاَسْلَمْتُمْ ؕ فَاِنْ اَسْلَمُوْا فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۲۰﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّيَقْتُلُوْنَ الَّذِيْنَ يَاْمُرُوْنَ بِالْقِسْطِ مِنَ النَّاسِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۱﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؗ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۲۲﴾

(اے نبی!) سواگر وہ (مشرکین اور اہلِ کتاب میں سے اسلام کا انکار کرنے والے) تم سے جھگڑا کریں تو (جواب میں) کہہ دو کہ: میں نے اور میرے ماننے والوں نے اللہ تعالیٰ کی فرماں برداری قبول کر لی① اور (اے نبی!) جن کو کتاب دی گئی ہے ان سے اور (عرب کے) ان پڑھ (مشرک) لوگوں سے سوال کرو کہ: کیا تم اسلام قبول کرتے ہو؟ سو اگر وہ اسلام قبول کر لیں تو پکی بات یہ ہے کہ وہ سیدھا راستہ پالیں گے اور اگر وہ (اسلام قبول کرنے سے) منہ پھرا ویں② تو آپ کی ذمے داری تو (اللہ تعالیٰ کی بات) صرف پہنچا دینے کی ہے اور اللہ تعالیٰ (اپنے) بندوں کو (اچھی طرح) دیکھ رہے ہیں ﴿۲۰﴾

یقینی بات ہے جو لوگ اللہ تعالیٰ کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں اور نبیوں کا ناحق قتل کرتے ہیں اور لوگوں میں سے انصاف کا حکم دینے والوں③ کو قتل کرتے ہیں تو ان کو دردناک عذاب کی خوش خبری سنادو④ ﴿۲۱﴾ یہ وہ لوگ ہیں جن کے اعمال دنیا اور آخرت میں برباد ہو گئے اور ان کا کوئی بھی (آخرت میں) مدد کرنے والا نہیں ہوگا ﴿۲۲﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اپنا رخ اللہ تعالیٰ کی طرف کر لیا۔
② یعنی اسلام قبول کرنے سے انکار کرے۔
③ (دوسرا ترجمہ) انصاف کی ترغیب دینے والوں کو۔
④ کافر لوگ اپنے جن کرتوت پر آج دنیا میں خوش ہو رہے ہیں آخرت میں وہی کرتوت عذاب کا ذریعہ ہوں گے، اس سے معلوم ہوا کہ ان کافروں کے لیے عذاب پر خوش خبری کا لفظ استعمال ہوا وہ بھی ان کافروں کا ایک طرح کا مذاق ہے۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُدْعَوْنَ اِلٰى كِتٰبِ اللّٰهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ وَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ۪ وَغَرَّهُمْ فِيْ دِيْنِهِمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ۝ فَكَيْفَ اِذَا جَمَعْنٰهُمْ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ۪ وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ۝

(اے نبی!) کیا تم نے ان لوگوں (کی حالت) کو نہیں دیکھا جن کو کتاب (یعنی تورات) کا ایک حصہ دیا گیا (جب) ان کو اللہ تعالیٰ کی کتاب① کی طرف بلایا جاتا ہے؛ تاکہ وہ (اللہ تعالیٰ کی کتاب) ان کے درمیان میں فیصلہ کرے اس کے باوجود ان (اہل کتاب) کی ایک جماعت اعراض کرتے ہوئے منہ پھیر لیتی ہے ﴿۲۳﴾ یہ (قرآن کی دعوت کو نہ ماننا) اس لیے ہوا کہ وہ (اہل کتاب) کہنے لگے کہ: چند دنوں کے سوا جہنم کی آگ ہم کو ہرگز نہیں لگے گی اور ان کو ان کے دین کے بارے میں اپنی خود کی بنائی ہوئی (یعنی گھڑی ہوئی) باتوں نے دھوکے میں ڈال رکھا ہے ﴿۲۴﴾ پھر کیا حال ہوگا جب ہم ان کو اس (قیامت کے) دن میں جمع کر کے لاویں گے جس (کے آنے) میں ذرا بھی شک نہیں ہے اور ہر نفس کو اس کے کیے ہوئے کاموں کا پورا بدلہ دیا جائے گا اور ان پر کوئی ظلم نہیں ہوگا② ﴿۲۵﴾

---

① کتاب سے کیا مراد ہے؟

(الف) اگر قرآن مراد لیا جائے تو مطلب یہ ہوگا کہ خود تورات اور انجیل نے قرآن مجید کے سچا ہونے کی خوش خبری دی ہے، لہٰذا قرآن کی تعلیمات کی روشنی میں اپنے مذہبی اختلاف کا فیصلہ کرالو۔

(ب) کتاب سے مراد خود تورات اور انجیل ہے، تورات اور انجیل کی جو باتیں اصلی تھیں، تحریف سے بچی ہوئی تھیں اور وہ اصلی آسمانی مضامین کا تھوڑا بہت حصہ نبی کریم ﷺ کے زمانہ کے اہل کتاب کو پہنچا تھا، جن میں نبی کریم ﷺ اور قرآن کے سچائی کی باتیں تھیں؛ اگرچہ اس طرح کی کچھ باتیں آج بھی ان محرف کتابوں میں ہیں، تورات اور انجیل کی ان باتوں کی روشنی میں مذہبی اختلاف کا فیصلہ کرانا آسان ہے۔

② یعنی کسی انسان کی کوئی بھی نیکی ضائع نہیں ہوگی، چھوٹی بڑی ہر نیکی پر ثواب ملے گا، اسی طرح کسی نے کوئی جرم نہ کیا ہو اس کے باوجود اس نے یہ جرم کیا ایسا تا کہ سزا نہیں دی جائے گی جس کے جیسے اور جتنے گناہ ہوں گے اسی کے مطابق اس کو سزا دی جائے گی اس سے زیادہ سزا اس کو نہیں دی جائے گی۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۫ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۫ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۫ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

(اے نبی!) تم (ایسا) کہو کہ: اے اللہ! جو حکومت (یعنی اقتدار اور سلطنت) کے مالک ہیں آپ جس کو چاہتے ہیں حکومت عطا فرماتے ہیں اور آپ جس سے چاہتے ہیں (اس سے) حکومت کو چھین لیتے ہیں، اور آپ جس کو چاہتے ہیں (اس کو) عزت دیتے ہیں اور آپ جس کو چاہتے ہیں ذلیل کرتے ہیں، تمام (قسم کی) بھلائی آپ ہی کے اختیار میں ہے، یقینی بات ہے کہ آپ ہر چیز پر پوری طرح قدرت رکھتے ہیں① ﴿۲۶﴾ آپ رات کو دن میں داخل کرتے ہیں② اور آپ ہی دن کو رات میں داخل کرتے ہیں، اور آپ ہی جاندار (جیسے پودا) کو بے جان (جیسے بیج) سے نکالتے ہیں اور آپ ہی بے جان (جیسے انڈے) کو جاندار (جیسے مرغی) سے نکالتے ہیں③ اور آپ جس کو چاہتے ہیں بے حساب رزق عطا فرماتے ہیں ﴿۲۷﴾

① غزوۂ خندق کے موقع پر آپ ﷺ نے پیشین گوئی فرمائی تھی کہ مسلمان ''روم اور ایران'' کو فتح کریں گے تو اس وقت منافقین نے مذاق اڑایا تھا کہ ''یہ مسلمان اپنے بچاؤ کے لیے خندق کھود رہے ہیں اور کھانے کے فاقے ہیں اور اس زمانے کی دنیا کی سب سے بڑی حکومت روم و ایران کو فتح کرنے کا خواب دیکھ رہے ہیں'' اس موقع پر یہ آیات نازل ہوئیں جن میں مسلمانوں کو یہ دعا کی تلقین فرما کر ایک لطیف پیرائے میں ان منافقین کا جواب دے دیا گیا۔

② داخل کرنے کا کیا مطلب؟ سال کے بعض دنوں میں دن کا وقت رات میں داخل ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے رات لمبی ہو جاتی ہے جیسے سردیوں کے موسم میں۔ اسی طرح سال کے دوسرے بعض دنوں میں رات کا وقت دن میں داخل ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے دن لمبا اور رات چھوٹی ہو جاتی ہے جیسے گرمیوں کی موسم میں دیکھنے کو ملتا ہے اور یہ دن اور رات کا چھوٹا ہونا سورج اور چاند کے طلوع اور غروب سے لگا ہوا ہے۔ نتیجہ نکلا سورج اور چاند کا طلوع اور غروب رات اور دن کا لمبا اور چھوٹا ہونا یہ سب اللہ کے قبضۂ قدرت میں ہے۔ ③ کافر جو روحانی موت مرا ہوا ہے اس سے مسلمان اولاد اللہ تعالیٰ پیدا فرماتے ہیں، اسی طرح مسلمان جو روحانی زندہ ہے اس سے کافر اولاد پیدا فرماتے ہیں (نعوذ باللہ من ذلک) اسی طرح عالم سے جاہل اور جاہل سے عالم اور تندرست سے ناقص اور ناقص سے تندرست اللہ تعالیٰ پیدا فرماتے ہیں۔

لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ
مِنَ اللّٰهِ فِيْ شَيْءٍ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْهُمْ تُقٰىةً ۭ وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ۝
قُلْ اِنْ تُخْفُوْا مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ اَوْ تُبْدُوْهُ يَعْلَمْهُ اللّٰهُ ۭ وَيَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي
الْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ مُّحْضَرًا ښ
وَّمَا عَمِلَتْ مِنْ سُوْۗءٍ ۚ تَوَدُّ لَوْ اَنَّ بَيْنَهَا وَبَيْنَهٗٓ اَمَدًۢا بَعِيْدًا ۭ وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ۭ وَاللّٰهُ
رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ۝

مؤمن لوگ ایمان والوں کو چھوڑ کر کافروں کو (اپنا) مدد کرنے والا (یا دلی دوست) نہ بنائیں① اور جو شخص ایسا کام کرے گا اس کا اللہ تعالیٰ سے کوئی تعلق نہیں؛ مگر یہ کہ ان (کے ظلم اور شرارت) سے بچنے کے لیے تم بچاؤ کا کوئی راستہ اپناؤ (تو اس میں حرج نہیں ہے) اور اللہ تعالیٰ تم کو اپنی ذات سے (یعنی اپنے عذاب اور ناراضگی سے) ڈراتے ہیں② اور اللہ تعالیٰ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے ﴿۲۸﴾ (اے نبی!) تم (لوگوں کو) بتلادو کہ: جو کچھ تمھارے دلوں میں ہیں اگر تم اس کو چھپاؤ یا اس کو ظاہر کرو اللہ تعالیٰ اس کو جانتے ہیں اور آسمانوں میں جو کچھ ہے اور زمین میں جو کچھ ہے ان سب کو وہ (اللہ تعالیٰ) جانتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں ﴿۲۹﴾ (اس قیامت کے دن کو یاد کرو) جس دن ہر انسان جو کچھ بھلائی کا کام اس نے کیا (اس کو اپنے سامنے) موجود پائے گا اور جو کچھ برائی کا کام کیا تھا اس کو بھی (اپنے سامنے موجود پاکر) وہ تمنا کرے گا کہ کتنی اچھی بات ہوتی کہ اس کے اور اس کی برائی کے درمیان میں بہت دور کا فاصلہ ہوتا اور اللہ تعالیٰ تم کو اپنی ذات (یعنی اپنی ناراضگی) سے ڈراتے ہیں اور اللہ تعالیٰ (اپنے) بندوں پر بہت شفقت کرتے ہیں ﴿۳۰﴾

---

① یعنی ایسی دوستی اور قلبی محبت کا تعلق جس کے نتیجے میں دونوں کا مقصدِ زندگی اور نفع ونقصان ایک ہوجائے، اس قسم کا تعلق مسلمان کا صرف مسلمان ہی سے ہوسکتا ہے، اور کسی غیر مسلم سے ایسا تعلق رکھنا سخت گناہ ہے؛ البتہ جو غیر مسلم حالتِ جنگ میں نہ ہوں ان کے ساتھ حسنِ سلوک، رواداری اور خیر خواہی کا معاملہ نہ صرف جائز ہے؛ بلکہ مطلوب ہے۔

② یہ بھی اللہ تعالیٰ کی بڑی محبت ہے کہ وہ اپنے بندوں کو خود اپنی ہی ذات سے ڈراتے ہیں۔

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَ یَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝ قُلْ اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَ الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ الْكٰفِرِیْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰۤی اٰدَمَ وَ نُوْحًا وَّ اٰلَ اِبْرٰهِیْمَ وَ اٰلَ عِمْرٰنَ عَلَی الْعٰلَمِیْنَ ۝ ذُرِّیَّةًۢ بَعْضُهَا مِنْۢ بَعْضٍ ؕ وَ اللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ۝ اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝

(اے نبی!) تم (لوگوں سے) کہو کہ: اگر (واقعی) تم اللہ تعالیٰ سے محبت رکھتے ہو تو تم میری اتباع کرو، اللہ تعالیٰ تم سے محبت کریں گے اور اللہ تعالیٰ تمھارے لیے تمھارے گناہوں کو معاف کردیں گے اور اللہ تعالیٰ تو بہت معاف کرنے والے، بہت رحم کرنے والے ہیں ﴿۳۱﴾ (اے نبی!) تم (لوگوں سے) کہہ دو کہ: تم اللہ تعالیٰ اور (اس کے) رسول کی اطاعت کرو، پھر اگر تم منہ پھراؤ گے① تو یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ کافروں سے محبت نہیں رکھتے ﴿۳۲﴾ یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آدم (علیہ السلام) کو اور نوح (علیہ السلام) کو اور ابراہیم (علیہ السلام) کے خاندان کو② اور عمران کے خاندان کو تمام دنیا والوں پر (نبوت کے لیے) چن لیا تھا③ ﴿۳۳﴾ جو آپس میں ایک دوسرے کی اولاد ہیں اور اللہ تعالیٰ تو سب کچھ سنتے ہیں، سب کچھ جانتے ہیں ﴿۳۴﴾ (اللہ کے یہاں دعا قبول ہونے کا واقعہ سنو!) جب کہ عمران کی بیوی (حنہ) نے کہا: اے میرے رب! میں نے آپ کے لیے منت مانی ہے کہ جو بچہ میرے پیٹ میں ہے وہ (سب دنیوی کاموں سے) آزاد (ہوکر آپ کے لیے وقف) ہوگا④ سو آپ میری طرف سے (اس منت کو) قبول فرمالیجیے، یقینی بات ہے کہ آپ ہر ایک بات کو سنتے ہیں، ہر ایک بات کو جانتے ہیں ﴿۳۵﴾

---

① یعنی اطاعت نہیں کروگے۔

② بعض مفسرین نے "آل" سے خود حضرت ابراہیمؑ اور حضرت عمرانؑ ہی کو مراد لیا ہے۔

③ یعنی بحیثیت خاندان ان خاندانوں میں دوسروں کے مقابلے میں زیادہ تعداد میں نبی پیدا ہوئے۔

④ (دوسرا ترجمہ) دنیوی کاموں سے فارغ رکھا جاوے گا۔

فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ اِنِّيْ وَضَعْتُهَآ اُنْثٰى ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ ؕ وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰى ۚ وَاِنِّيْ سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَاِنِّيْٓ اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿۳۶﴾ فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ وَّاَنْۢبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا ۙ وَّكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا ۚ كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ ۙ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا ۚ قَالَ يٰمَرْيَمُ اَنّٰى لَكِ هٰذَا ؕ قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۷﴾ هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ ۚ قَالَ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ﴿۳۸﴾

پھر جب اس (عمران کی بیوی) کولڑکی پیدا ہوئی تو وہ (افسوس سے) کہنے لگی: اے میرے رب! مجھ سے تولڑکی پیدا ہوئی؛ حالاں کہ اللہ تعالیٰ تو پوری طرح جانتے ہیں اس (لڑکی کی شان) کو جوان کے یہاں پیدا ہوئی ہے اورلڑکا (جس کی وہ تمنا کرتے تھے) اِس لڑکی جیسا نہیں ہوسکتا اور میں نے اس کا نام "مریم" رکھا اور میں اس (لڑکی) کو اور اس کی اولاد کو شیطان مردود سے آپ کی حفاظت میں دیتی ہوں ﴿۳۶﴾ پھر اس (لڑکی) کو ان کے رب نے اچھی طرح قبول کرلیا اور بہترین طریقے سے اس کو بڑھایا① اور اس (اللہ تعالیٰ) نے وہ لڑکی زکریا (علیہ السلام) کی نگرانی میں دے دی② جب کبھی زکریا (علیہ السلام) اس (مریم) کے پاس مسجد میں③ آتے تو اس کے پاس کھانے کی کوئی نہ کوئی چیز پاتے، اس (زکریا علیہ السلام) نے پوچھا: اے مریم! یہ چیزیں تیرے پاس کہاں سے آئیں؟④ تو اس (مریم) نے جواب دیا کہ: وہ (کھانے کی چیزیں) اللہ تعالیٰ کے یہاں سے (آئی) ہیں، یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں بے حساب رزق دیتے ہیں⑤ ﴿۳۷﴾ اس موقع پر (اسی جگہ) زکریا (علیہ السلام) نے اپنے رب سے دعا کی (زکریا علیہ السلام نے دعا میں) عرض کیا: اے میرے رب! آپ مجھے اپنے پاس سے پاکیزہ اولاد عطا فرمائیے، یقینی بات ہے کہ آپ دعا کو بہت سنتے ہیں ﴿۳۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ نے بہترین طریقے سے اس لڑکی کو پروان چڑھایا۔ ② (دوسرا ترجمہ) زکریا اس لڑکی کے نگران بنے۔ ③ یعنی عبادت اور رہنے کے حجرے میں۔ ④ یعنی جب کہ مکان بند ہے اور باہر سے کسی کے آنے جانے کا امکان نہیں۔ ⑤ نوٹ: اس واقعے کی تفصیلات مع فوائد عجیبہ بندے کے خطبات جلد: دوم (۲) میں ملاحظہ فرمائیں۔

فَنَادَتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَهُوَ قَآئِمٌ يُّصَلِّيْ فِي الْمِحْرَابِ ۙ اَنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيٰى مُصَدِّقًا بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَسَيِّدًا وَّحَصُوْرًا وَّنَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّقَدْ بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ وَامْرَاَتِيْ عَاقِرٌ ۭ قَالَ كَذٰلِكَ اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ ۝ قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً ۭ قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ اِلَّا رَمْزًا ۭ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ كَثِيْرًا وَّسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ۝

سو (اس دعا کی قبولیت کا پتہ اس طرح چلا ایک دن) اس (زکریا علیہ السلام) کو جب کہ وہ عبادت کی جگہ میں کھڑے ہو کر نماز پڑھ رہے تھے، فرشتوں نے آواز دے کر کہا: اللہ تعالیٰ آپ کو یحییٰ کی (پیدائش کی) خوش خبری دیتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کے ایک کلمے (یعنی عیسیٰ علیہ السلام) کو سچا تاویں گے [1] اور وہ (دینی) سردار ہوں گے اور خود کو نفسانی خواہشات سے پورے طور پر روکنے والے ہوں گے [2] اور نبی ہوں گے (اور) نیک لوگوں میں (ان کا) شمار ہوگا ﴿۳۹﴾ وہ (زکریا علیہ السلام) بولے: اے میرے رب! میرے یہاں لڑکا کس طرح (پیدا) ہوگا؟ اور مجھ پر تو بڑھاپا پہنچ چکا ہے [3] اور میری بیوی (ایشاع) بانجھ ہے، اللہ تعالیٰ نے (جواب میں) فرمایا: اسی طرح (ہوگا) [4] اللہ تعالیٰ جو چاہتے ہیں وہ کرتے ہیں ﴿۴۰﴾ اس (زکریا علیہ السلام) نے کہا کہ: اے میرے رب! آپ میرے لیے (بچہ پیدا ہونے کے وقت کے قریب آنے کی) کوئی نشانی مقرر فرما دیجیے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تمھارے لیے نشانی یہ ہے کہ تم تین دن اشارے کے سوا لوگوں سے (کوئی) بات چیت نہیں کر سکو گے اور تم اپنے رب کا زیادہ سے زیادہ ذکر کرتے رہو اور تم صبح و شام (اللہ تعالیٰ کی) تسبیح کرتے رہو [5] ﴿۴۱﴾

---

[1] آپ بغیر باپ کے اللہ تعالیٰ کے کلمہ (کن) سے پیدا ہوئے تھے اس لئے آپ کو "کلمہ" کہا گیا۔

[2] (دوسرا ترجمہ) عورت کے پاس نہیں جاویں گے۔

[3] یعنی میں بوڑھا ہو چکا ہوں۔

[4] یعنی اسی حالت میں اللہ تعالیٰ بچہ عطا فرمائیں گے۔

[5] اللہ تعالیٰ ہر عیب سے پاک ہے ایسا مضمون والا کلمہ پڑھا کرو، کسی اللہ کے نیک بندے کی وجہ سے جگہوں میں برکت آتی ہے اور ایسی جگہوں میں دعائیں قبول ہوتی ہیں۔

وَاِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىكِ وَطَهَّرَكِ وَاصْطَفٰىكِ عَلٰى نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٢﴾ يٰمَرْيَمُ اقْنُتِيْ لِرَبِّكِ وَاسْجُدِيْ وَارْكَعِيْ مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ﴿٤٣﴾ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ؕ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يُلْقُوْنَ اَقْلَامَهُمْ اَيُّهُمْ يَكْفُلُ مَرْيَمَ ۪ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿٤٤﴾ اِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ مِّنْهُ ۖ اسْمُهُ الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ وَجِيْهًا فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿٤٥﴾ وَيُكَلِّمُ النَّاسَ فِى الْمَهْدِ وَكَهْلًا وَّمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٤٦﴾

اور (وہ واقعہ یاد کرو) جب فرشتوں نے کہا کہ: اے مریم! یقینی بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تجھ کو منتخب فرمالیا ہے اور تجھے (ہر قسم کے گندے اخلاق واعمال سے) پاک رکھا ہے اور تمام عالم کی عورتوں پر تجھ کو چن لیا ہے ﴿۴۲﴾ اے مریم! تو اپنے رب کی بندگی میں لگی رہ اور تو سجدہ کرتی رہ اور تو رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کرتی رہ ﴿۴۳﴾ (اے نبی!) یہ سب باتیں غیب کی خبروں میں سے ہیں جو ہم وحی کے ذریعہ تمھاری طرف پہنچا رہے ہیں، ورنہ تم ان لوگوں کے پاس (اس وقت) موجود نہیں تھے جب وہ (بیت المقدس کے اس دور کے علما) اپنے قلموں کو (دریا میں) ڈال رہے تھے، (اپنی اس بات کو طے کرنے کے لیے) کہ ان سب میں سے کون مریم کی کفالت کرے گا اور تم اس وقت بھی ان کے پاس موجود نہیں تھے جب وہ (اس پرورش کے معاملے میں) آپس میں (قلم کے ذریعہ قرعہ ڈالنے سے پہلے) بحث کر رہے تھے ﴿۴۴﴾ (وہ وقت بھی یاد کرو) جب کہ فرشتوں نے کہا: اے مریم! یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ تم کو اپنے ایک کلمے① کی (پیدائش کی) خوش خبری دیتے ہیں، جس کا نام "مسیح عیسیٰ ابن مریم" ہوگا جو دنیا اور آخرت میں بڑے مرتبے والا ہوگا اور (اللہ تعالیٰ کے) مقرب بندوں میں سے ہوگا ﴿۴۵﴾ اور وہ (عیسیٰ علیہ السلام) گہوارے میں اور بڑی عمر (یعنی ڈھیر پن) میں لوگوں سے بات کرے گا② اور وہ (اللہ تعالیٰ کے) نیک بندوں میں سے ہوگا ﴿۴۶﴾

---

① عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ کا "کلمہ" کہتے ہیں؛ اس کی دوسری وجہ یہ ہے کہ انھوں نے بچپن میں بڑا اعلیٰ کلام کیا تھا۔ ② متوسط عمر کا آدمی، پچاس کی عمر کے آس پاس، بالوں میں سفیدی سیاہی دونوں ہوں، اس کو "کہلاً" کہتے ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے آسمان پر جانے سے قبل یہ عمر ہوئی نہیں تھی؛ اس لیے دنیا میں واپس اتر کر اس عمر کا ہونا اور اس میں کلام کرنا معجزہ ہوگا۔

قَالَتْ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ وَلَدٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ ؕ قَالَ كَذٰلِكِ اللّٰهُ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ اِذَا قَضٰۤى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝ وَيُعَلِّمُهُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ۝ وَرَسُوْلًا اِلٰى بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ ۙ۬ اَنِّيْ قَدْ جِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۙ اَنِّيْۤ اَخْلُقُ لَكُمْ مِّنَ الطِّيْنِ كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ فَاَنْفُخُ فِيْهِ فَيَكُوْنُ طَيْرًۢا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَاُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَاُحْيِ الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَاْكُلُوْنَ وَمَا تَدَّخِرُوْنَ ۙ فِيْ بُيُوْتِكُمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝

وہ (مریم) بولی: اے میرے رب! میرے یہاں لڑکا کس طرح پیدا ہوگا؛ حالاں کہ مجھے کسی بشر نے ہاتھ تک نہیں لگایا؟ اللہ تعالیٰ نے جواب دیا①: اسی طرح اللہ تعالیٰ جو چاہتے ہیں پیدا فرماتے ہیں، جب وہ کسی کام کا فیصلہ کرلیتے ہیں تو اس (کام) کو (بس) اتنا فرماتے ہیں ’’ہوجا‘‘ تو وہ (کام) ہو جاتا ہے ﴿۴۷﴾ اور وہ (اللہ تعالیٰ) اس (عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام) کو (آسمانی) کتاب② اور حکمت اور (خاص کر) تورات اور انجیل کی تعلیم دیں گے ﴿۴۸﴾ اور بنی اسرائیل کی طرف رسول مقرر کرے گا (اور عیسیٰ علیہ السلام لوگوں سے یہ کہتے تھے) کہ میں تمھارے پاس تمھارے رب کے یہاں سے نشانی لے کر آیا ہوں، میں تمھارے سامنے مٹی (کے گارے) سے پرندے جیسی شکل بناتا ہوں، پھر اس میں پھونک مارتا ہوں تو وہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے (اڑتا ہوا) پرندہ بن جاتا ہے اور ماں کے پیٹ سے جو اندھا اور کوڑھ والا (آیا) ہو اس کو میں اچھا کر دیتا ہوں اور اللہ تعالیٰ کے حکم سے میں مُردوں کو زندہ کر دیتا ہوں اور جو (چیزیں) تم کھا کر آتے ہو اور جو (آنے والے دنوں کے لیے) اپنے گھروں میں ذخیرہ کر کے تم رکھتے ہو میں تم کو وہ بتا دیتا ہوں، اگر تم ایمان والے ہو تو یقیناً تمھارے لیے اس میں (کافی) نشانی ہے③ ﴿۴۹﴾

① فرشتوں کے واسطے سے جواب دیا۔ ② کتاب سے مراد: عام آسمانی کتابوں کا علم ہے خاص کر تورات وانجیل کا علم، اسی طرح قرآن وحدیث کا علم بھی سکھانا مراد ہوسکتا ہے؛ کیوں کہ حضرت عیسیٰ دنیا میں جب دوبارہ تشریف لاویں گے تو قرآن وحدیث کے مطابق حکم جاری کریں گے اور لکھنے کا فن سکھانا بھی مراد ہوسکتا ہے۔

③ یعنی توحید اور نبوت پر اگر تم ایمان لانا چاہو تو اس میں تمھارے لیے کافی دلیل ہے۔

وَمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَلِاُحِلَّ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ حُرِّمَ عَلَيْكُمْ وَجِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۣ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝ اِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۭ ھٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۝ فَلَمَّآ اَحَسَّ عِيْسٰى مِنْھُمُ الْكُفْرَ قَالَ مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ ۚ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ ۚ وَاشْهَدْ بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ۝ رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۝ وَمَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ۝

اور مجھ سے پہلے جو تورات (نازل ہوئی) تھی میں اس کو سچا بتاتا ہوں اور (میں اس لیے بھیجا گیا ہوں) تاکہ بعض وہ چیزیں جو تم پر حرام کردی گئی ہیں ان کو تمھارے لیے (اللہ تعالیٰ کے حکم سے) حلال کردوں اور میں تمھارے پاس تمھارے رب کی طرف سے (اپنے نبی ہونے پر) دلیل لے کر آیا ہوں سو تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور میری بات مانو ﴿۵۰﴾ یقینی بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ میرے بھی رب ہیں اور تمھارے بھی رب ہیں، سو انہی (اللہ تعالیٰ) کی تم عبادت کرو، یہی سیدھا راستہ ہے ﴿۵۱﴾ پھر جب عیسیٰ (علیہ السلام) نے معلوم کیا کہ وہ (بنی اسرائیل) تو کفر پر ہیں ① تو (عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے ماننے والوں سے) کہا: کون ہے جو اللہ تعالیٰ کے راستے میں میری مدد کرے ②؟ تو (جواب میں) حواریوں نے کہا کہ: ہم لوگ اللہ تعالیٰ (کے دین) کی مدد کرنے والے ہیں اور ہم اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے ہیں اور (اے عیسیٰ!) تم گواہ رہنا کہ ہم مسلمان (یعنی فرماں بردار) ہیں ﴿۵۲﴾ اے ہمارے رب! جو کچھ آپ نے نازل کیا ہم اس پر ایمان لائے اور ہم نے رسول (یعنی عیسیٰ علیہ السلام) کی اتباع کی ہے، سو آپ ہم کو (حق کی) گواہی دینے والوں کے ساتھ لکھ لیجیے ③ ﴿۵۳﴾ اور انھوں نے (یعنی یہودی کافروں نے عیسیٰ علیہ السلام کے خلاف) ایک خفیہ سازش کی اور اللہ تعالیٰ نے (عیسیٰ علیہ السلام کو بچانے کی) ایک خفیہ تدبیر کی اور اللہ تعالیٰ سب سے بہتر تدبیر کرنے والے ہیں ﴿۵۴﴾

① (دوسرا ترجمہ) سو جب عیسیٰ علیہ السلام کو بنی اسرائیل کے کفر پر ہونے کا احساس ہوگیا۔

② (دوسرا ترجمہ) کون ہے جو اللہ کے دین کی خاطر میری مدد کرے؟۔

③ (دوسرا ترجمہ) (آپ کا) حکم ماننے والوں کے ساتھ لکھ دیجیے۔

اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسٰۤى اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ اِلَىَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَجَاعِلُ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ اِلَىَّ مَرْجِعُكُمْ فَاَحْكُمُ بَيْنَكُمْ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ۝ فَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَاُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۖ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ۝ وَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ۗ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ۝ ذٰلِكَ نَتْلُوْهُ عَلَيْكَ مِنَ الْاٰيٰتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ۝ اِنَّ مَثَلَ عِيْسٰى عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ ۗ خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝ اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْمُمْتَرِيْنَ ۝

(وہ وقت یاد کرو) جب کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے عیسیٰ! یقینی بات ہے کہ میں تم کو (صحیح سالم اپنے پاس آسمان پر پورا) لے لوں گا① اور میں تم کو اپنے پاس اٹھالوں گا اور کافروں (کی تہمتوں) سے میں تم کو پاک کردوں گا اور جن لوگوں نے تمھاری اتباع کی ان کو قیامت کے دن تک (تمھارے) منکرین پر غالب رکھوں گا② پھر تم (سب) کو میرے پاس لوٹ کر آنا ہے، سو جن چیزوں میں تم اختلاف کرتے تھے میں ان میں تمھارے درمیان فیصلہ کردوں گا ﴿۵۵﴾ سو جن لوگوں نے کفر اپنالیا تو میں ان کو دنیا اور آخرت میں سخت عذاب دوں گا اور کوئی بھی ان کا مدد کرنے والا نہیں ہوگا ﴿۵۶﴾ اور جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے سو ان کو وہ (اللہ تعالیٰ) ان کا پورا ثواب دیں گے اور اللہ تعالیٰ ظالموں سے محبت نہیں کرتے ﴿۵۷﴾ یہ جو ہم تم کو پڑھ پڑھ کر سناتے ہیں یہ (تمھاری نبوت کے) دلائل ہیں اور حکمت سے بھری نصیحت ہے ﴿۵۸﴾ یقینی بات ہے کہ عیسیٰ (علیہ السلام) کی حالت اللہ تعالیٰ کے یہاں آدم (علیہ السلام) جیسی ہے کہ اس (آدم علیہ السلام) کو اس (اللہ تعالیٰ) نے مٹی سے بنایا، پھر اس (اللہ تعالیٰ) نے اس سے فرمایا: ”ہوجا“ تو وہ ہوگیا ﴿۵۹﴾ (عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں) حق وہی ہے جو تمھارے رب کی طرف سے (آیا) ہے، لہٰذا تم شک کرنے والوں میں شامل نہ ہوجانا ﴿۶۰﴾

① (دوسرا ترجمہ) اے عیسیٰ میں تیری (دنیا میں رہنے کی) مدت پوری کردوں گا۔ ② حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو ماننے والے دو طرح کے ہیں: (۱) صحیح طور پر ماننے والے مسلمان (۲) صرف برائے نام ماننے والے عیسائی لوگ۔

فَمَنْ حَآجَّكَ فِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَاَبْنَآءَكُمْ وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَكُمْ وَاَنْفُسَنَا وَاَنْفُسَكُمْ ۣ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ ﴿٦١﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْقَصَصُ الْحَقُّ ۚ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٦٢﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِالْمُفْسِدِيْنَ ﴿٦٣﴾

قُلْ يٰٓاَھْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَاۗءٍۢ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَيْـــًٔـا وَّلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ﴿٦٤﴾

پھر تمھارے پاس (حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق صحیح) علم آجانے کے بعد جو شخص بھی اس معاملے میں تم سے جھگڑا کرے تو (ان جھگڑنے والوں کو) کہہ دو کہ: آؤ، ہم اپنے بیٹوں کو اور تم تمھارے بیٹوں کو بلائیں اور ہم اپنی عورتوں کو اور تم تمھاری عورتوں کو (بلائیں) اور ہم خود بھی (شریک ہوں) اور تم خود بھی (شریک ہو) پھر ہم سب مل کر (اللہ تعالیٰ کے سامنے) گڑگڑا کر دعائیں کریں اور ہم جھوٹوں پر اللہ تعالیٰ کی لعنت بھیجیں ﴿۶۱﴾ یقینی بات ہے کہ یہی (جو ابھی بتایا گیا) واقعات کا سچا بیان ہے اور اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی بڑے زبردست، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۶۲﴾ پھر اگر وہ منہ پھرالیویں① تو فساد کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ خوب اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۶۳﴾

(اے نبی!) تم کہو کہ: اے اہلِ کتاب! تم سب ایک ایسی بات کی طرف آجاؤ جو ہمارے اور تمھارے درمیان میں برابر (اور مشترک) ہے یہ کہ ہم اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں اور ہم اس (اللہ تعالیٰ) کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کریں اور اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر ہم ایک دوسرے کو رب نہ بنائیں② پھر بھی اگر وہ منہ پھرالیویں③ تو تم (مسلمانوں ان اہلِ کتاب سے) کہہ دو کہ: تم گواہ رہنا کہ ہم مسلمان ہیں ﴿۶۴﴾

---

① یعنی جو سچی بات کو قبول نہیں کرتے۔

② (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر ہم میں سے کوئی کسی کو رب نہیں بنائے گا۔ ③ (دوسرا ترجمہ) بات قبول نہ کرے۔

يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَمَآ اُنْزِلَتِ التَّوْرٰىةُ وَالْاِنْجِيْلُ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ حَاجَجْتُمْ فِيْمَا لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ فَلِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْمَا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ مَا كَانَ اِبْرٰهِيْمُ يَهُوْدِيًّا وَّلَا نَصْرَانِيًّا وَّلٰكِنْ كَانَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاِبْرٰهِيْمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ وَهٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَدَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يُضِلُّوْنَكُمْ ؕ وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۝ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ۝

اے اہلِ کتاب! تم ابراہیم (علیہ السلام) کے بارے میں جھگڑا کیوں کرتے ہو؛ حالاں کہ تورات اور انجیل تو اس (ابراہیم) کے بعد ہی نازل ہوئی، کیا پھر بھی تم (اتنی بات) سمجھتے نہیں ہو؟ ﴿۶۵﴾ دیکھو! تم وہی لوگ تو ہو جو ان باتوں میں بحث کیا کرتے تھے جن کا تھوڑا بہت علم تم کو تھا، اب تم ان باتوں میں کیوں بحث کرتے ہو جن کا تم کو (بالکل) علم ہی نہیں ہے؟ اور اللہ تعالیٰ تو جانتے ہیں اور تم لوگ جانتے نہیں ہو ﴿۶۶﴾ ابراہیم (علیہ السلام) یہودی نہیں تھے اور نصرانی بھی نہیں تھے، لیکن وہ بالکل سیدھے راستے پر تھے، پورے فرماں بردار (یعنی حکم ماننے والے) تھے اور شرک کرنے والوں میں سے نہیں تھے ﴿۶۷﴾ ابراہیم (علیہ السلام) سے لوگوں میں سب سے زیادہ قریبی تعلق ان لوگوں کو تھا جنھوں نے اس (ابراہیم علیہ السلام) کی (ان کے زمانہ میں) اتباع کی اور یہ نبی (محمد ﷺ) اور جو (اس نبی پر) ایمان لائے ہیں ان کو بھی اور اللہ تعالیٰ ایمان والوں کے والی ہیں ﴿۶۸﴾ اہلِ کتاب کی ایک جماعت یہ چاہتی ہے کہ وہ (کسی طرح بھی) تم (مسلمانوں) کو گمراہ کر دیوے؛ حالاں کہ وہ اپنے سوا کسی اور کو گمراہ نہیں کرتے ① اور ان کو (اس کا) احساس بھی نہیں ہے ﴿۶۹﴾ اے اہلِ کتاب! تم اللہ تعالیٰ کی آیتوں کا کیوں انکار کرتے ہو②؟ حالاں کہ تم خود (ان آیتوں کے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہونے کی) گواہی دیتے ہو③ ﴿۷۰﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) حالاں کہ وہ خود ہی کو گمراہ کر رہے ہیں (چونکہ گمراہ کرنے کا وبال ان پر پڑے گا)۔
② یعنی تورات اور انجیل کی جن آیتوں میں حضور ﷺ کی نبوت کی سچائی کا بیان ہے۔ ③ (دوسرا ترجمہ) قائل ہو۔

يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَلْبِسُوْنَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ۝۷۱ وَقَالَتْ طَّآىِٕفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اٰمِنُوْا بِالَّذِيْۤ اُنْزِلَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَجْهَ النَّهَارِ وَاكْفُرُوْۤا اٰخِرَهٗ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ۝۷۲ وَلَا تُؤْمِنُوْۤا اِلَّا لِمَنْ تَبِعَ دِيْنَكُمْ ؕ قُلْ اِنَّ الْهُدٰى هُدَى اللّٰهِ ۙ اَنْ يُّؤْتٰۤى اَحَدٌ مِّثْلَ مَاۤ اُوْتِيْتُمْ اَوْ يُحَآجُّوْكُمْ عِنْدَ رَبِّكُمْ ؕ قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ۝۷۳

اے اہلِ کتاب! تم حق کو باطل کے ساتھ کیوں ملاتے ہو اور تم سچی بات کو جان بوجھ کر کیوں چھپاتے ہو؟ ﴿۷۱﴾

اور اہلِ کتاب کی ایک جماعت نے (اپنے کچھ لوگوں سے) کہا کہ: جو کتاب (نبی کے) ماننے والوں پر نازل ہوئی اس پر دن کے شروع حصہ میں تو ایمان لے آؤ اور اس (دن) کے آخری حصہ میں (اس قرآن کا) انکار کر دو، شاید (اس تدبیر سے) وہ (مسلمان اپنے دین سے) پھر جائیں ﴿۷۲﴾ اور (اہلِ کتاب نے آپس میں یہ بھی کہا کہ) جو تمھارے دین پر چلے (بس) اسی کو تم (دل سے) ماننا① (اے نبی!) تم (ان سے) کہہ دو کہ: حقیقت میں ہدایت وہی ہے جو ہدایت اللہ تعالیٰ دیوے اور یہ (نبوت وغیرہ) جو (کسی زمانے میں) تم کو دی گئی تھی وہ (اب) کسی اور کو کیوں مل گئی②؟ یا وہ (مسلمان) تم پر تمھارے رب کے پاس (کیوں) غالب آ گئے③؟ (اے نبی!) تم (ان سے) کہو: (ہر قسم کی) فضیلت تو اللہ تعالیٰ کے قبضے میں ہے، وہ (اللہ تعالیٰ) جس کو چاہتے ہیں اپنا فضل عطا فرماتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ تو وسعت والے ہیں، ہر چیز کو جانتے ہیں ﴿۷۳﴾

---

① بعض یہودی ظاہر میں مسلمان ہوئے تھے؛ لیکن دل سے اپنے پرانے مذہب پر ہی تھے، ان کو ان کے مذہب کے پکے لوگ سمجھا رہے ہیں کہ دیکھو! تم جو مسلمانوں کے سامنے خود کو مسلمان ظاہر کر رہے ہو یہ صرف دنیوی فائدے کے لیے ہے، صرف مسلمانوں کے سامنے دکھلاوے ہی کے لیے ایمان کو ظاہر کرنا ہے، باقی تم یہودی مذہب پر ہی ہو اور سچے دل سے تم کو صرف یہودی مذہب پر عمل کرنے والوں کی بات کو ماننا ہے۔ لگتا ایسا ہے کہ پکے یہودیوں کو ان منافق یہودیوں کو یہودیت پر جمانے کے لیے یہ باتیں کہنی پڑ رہی ہیں کہ کہیں ظاہر میں اسلام بولتے بولتے دل میں نہ آ جائے اور اوپر جو اسلام سے لوگوں کو بدگمان کرنے کا منصوبہ انھوں نے بنایا کہ صبح میں ایمان کا (ظاہری) اقرار کرو اور شام کو پھر سے اپنے کافر ہونے ☜

يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝ وَمِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ يُّؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِدِيْنَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ اِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَآئِمًا ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَيْسَ عَلَيْنَا فِي الْاُمِّيّٖنَ سَبِيْلٌ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۝ بَلٰى مَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ وَاتَّقٰى فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ۝

وہ (اللہ تعالیٰ) اپنی رحمت (یعنی نبوت اور ایمان) کے لیے جس کو چاہتے ہیں خاص کر لیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والے ہیں ﴿۷۴﴾ اور اہلِ کتاب میں سے کچھ (لوگ) ایسے (امانت دار) ہیں کہ (مال اور دولت کا) اگر تم ان کے پاس ایک ڈھیر بھی امانت رکھو تو وہ اسے تم کو واپس دے دیں گے اور ان (اہلِ کتاب) میں سے کچھ (دوسرے) ایسے بھی ہیں کہ تم اگر ایک دینار ان کے پاس امانت رکھو تو وہ اسے تم کو واپس نہیں دیں گے؛ الا یہ کہ تم ان (کے سر) پر (وصول کرنے کے لیے) ہر وقت کھڑے رہو (تو وہ واپس کریں گے) یہ (خیانت) اس وجہ سے کہ وہ (اہلِ کتاب) یہ کہتے ہیں کہ امیوں ① کا حق دبا لینے سے ہم کو کوئی گناہ نہیں ہوگا اور وہ (اس طرح) جان بوجھ کر اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بولتے ہیں ﴿۷۵﴾ (گناہ) کیوں نہیں (ہوگا؟ ضابطہ یہ ہے کہ) جو شخص اپنا عہد پورا کرے گا اور (گناہ خاص کر خیانت سے) بچے گا تو یقیناً اللہ تعالیٰ ایسے متقیوں سے محبت کرتے ہیں ﴿۷۶﴾

⬅ گذشتہ صفحے کا مابقیہ:

کا اعلان کر دو، اس میں بھی سچا ایمان لانا نہیں؛ بلکہ مسلمانوں کو اس تدبیر سے گمراہ کرنے کی کوشش کرنا ان کا مقصد تھا۔

① یعنی یہ سب سازشیں تم بنی اسرائیل اس حسد کی وجہ سے کر رہے ہو کہ جو نبوت اور آسمانی کتاب، فضائل اور کمالات کسی زمانے میں تم کو دیے گئے تھے وہ اب کے زمانے میں بنی اسماعیل کو کیوں مل گئے؟۔

② مذہبی اور دنیوی محنت میں مسلمان تم یہودیوں سے کیوں آگے نکل گئے یا مسلمان مذہبی مناظرہ میں کیوں غالب آجاتے ہیں، اسی حسد کی وجہ سے یہود اسلام اور مسلمانوں کو نیچا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ (دوسرا ترجمہ) یا یہ مسلمان تمھارے رب کے پاس تم سے حجت بازی کرے۔

① یعنی غیر یہودی عرب۔

إِنَّ الَّذِينَ يَشْتَرُونَ بِعَهْدِ اللَّهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيلًا أُولَٰئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِي الْآخِرَةِ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللَّهُ وَلَا يَنظُرُ إِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ وَإِنَّ مِنْهُمْ لَفَرِيقًا يَلْوُونَ أَلْسِنَتَهُم بِالْكِتَابِ لِتَحْسَبُوهُ مِنَ الْكِتَابِ وَمَا هُوَ مِنَ الْكِتَابِ وَيَقُولُونَ هُوَ مِنْ عِندِ اللَّهِ وَمَا هُوَ مِنْ عِندِ اللَّهِ وَيَقُولُونَ عَلَى اللَّهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ۝ مَا كَانَ لِبَشَرٍ أَن يُؤْتِيَهُ اللَّهُ الْكِتَابَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُولَ لِلنَّاسِ كُونُوا عِبَادًا لِّي مِن دُونِ اللَّهِ وَلَٰكِن كُونُوا رَبَّانِيِّينَ بِمَا كُنتُمْ تُعَلِّمُونَ الْكِتَابَ وَبِمَا كُنتُمْ تَدْرُسُونَ ۝

یقینی بات ہے کہ جو لوگ اللہ تعالیٰ سے کیے ہوئے عہد کو اور اپنی قسموں کو تھوڑی سی قیمت میں بیچ ڈالتے ہیں، تو ایسے لوگوں کے لیے آخرت میں (اللہ تعالیٰ کی رضا اور جنت کا) کوئی حصہ نہیں ہے اور اللہ تعالیٰ ان سے (محبت اور نجات کی) بات نہیں کریں گے اور قیامت کے دن وہ (اللہ تعالیٰ) ان کی طرف (رعایت کی نظر سے) نہیں دیکھیں گے اور وہ (اللہ تعالیٰ) ان کو (گناہوں سے) پاک نہیں کریں گے اور ان کے لیے دردناک عذاب ہوگا ﴿۷۷﴾ اور یقینی بات ہے کہ ان (اہل کتاب) کی ایک جماعت ہے جو (تورات) کتاب پڑھتے وقت اپنی زبان کو (اس طرح) مروڑ کر (اپنی خود بنائی ہوئی عبارت) پڑھتے ہیں؛ تاکہ تم اس (بنائی ہوئی عبارت) کو (اصل) کتاب (تورات) میں سے (ایک حصہ) سمجھو؛ حالاں کہ وہ کتاب کا حصہ نہیں ہے اور (اوپر سے) وہ (اہل کتاب اپنی بنائی ہوئی عبارت کے متعلق) کہتے ہیں کہ: یہ تو اللہ تعالیٰ کی بات ہے؛ حالاں کہ وہ (بات) اللہ تعالیٰ کے یہاں سے (آئی) نہیں ہے اور وہ جان بوجھ کر اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بولتے ہیں ﴿۷۸﴾ کسی بشر کا یہ کام نہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کو کتاب اور حکمت (یعنی صحیح علم اور دین کی سمجھ) اور نبوت عطا کرے، پھر وہ لوگوں سے کہے کہ: تم اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر میرے بندے بن جاؤ؛ لیکن (اس کے بجائے) یوں کہے کہ: تم جو (اللہ تعالیٰ کی) کتاب کی تعلیم دیتے ہو اور تم خود بھی (اللہ تعالیٰ کی کتاب) پڑھتے ہو اس کی برکت سے تم اللہ والے بن جاؤ ﴿۷۹﴾

وَلَا يَاْمُرَكُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِكَةَ وَالنَّبِيّٖنَ اَرْبَابًا ؕ اَيَاْمُرُكُمْ بِالْكُفْرِ بَعْدَ اِذْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ۠﴿۸۰﴾

وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِيْ ؕ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ؕ قَالَ فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ﴿۸۱﴾ فَمَنْ تَوَلّٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ﴿۸۲﴾ اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ﴿۸۳﴾

اور ایسا شخص (کبھی) تم کو یہ بات نہیں سکھلائے گا کہ تم فرشتوں اور نبیوں کو (اپنا) رب بنالو، جب تم مسلمان ہو چکے ہو تو اس کے بعد کیا وہ شخص تم کو کفر اپنانے کا حکم دے گا؟﴿۸۰﴾

اور (وہ وقت بھی یاد دلاؤ) جب اللہ تعالیٰ نے نبیوں سے اقرار لیا تھا کہ جو کتاب اور حکمت (یعنی شریعت کا علم) میں تم کو عطا کروں، پھر تمھارے پاس کوئی ایسا رسول آوے جو تمھارے پاس (پہلے سے) موجود (کتاب) کو سچا بتاتا ہو تو تم ضرور اس پر ایمان لانا اور ضرور تم اس کی مدد (بھی) کرنا، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: کیا تم نے اقرار کیا اور اس بات پر تم نے میرا عہد (یعنی حکم) قبول کیا؟ تو انھوں (یعنی نبیوں) نے عرض کیا: ہم اقرار کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تو تم سب (ایک دوسرے کے اقرار پر) گواہ رہو اور میں بھی تمھارے ساتھ گواہی دینے والوں میں (شامل) ہوں﴿۸۱﴾ پھر اس (پکے عہد) کے بعد بھی① جو پھر جاوے سو ایسے ہی لوگ نافرمان ہیں﴿۸۲﴾ کیا اب اللہ تعالیٰ کے دین کے سوا وہ لوگ کسی اور دین کو تلاش کرتے ہیں؛ حالاں کہ جو (مخلوق) بھی آسمانوں اور زمین میں ہیں (ان میں سے کچھ) خوشی سے اور (دوسرے کچھ) ناخوشی (یعنی لاچاری) سے اسی (اللہ تعالیٰ) کے سامنے فرماں بردار ہیں، اور اسی (اللہ تعالیٰ) کی طرف وہ سب لوٹائے جائیں گے②﴿۸۳﴾

---

① اوپر آیت میں جو عہد لیا گیا ہے وہ نبیوں کے لیے تھا جب نبی اس عہد کے پابند ہیں تو عام امتوں کو بدرجۂ اولیٰ اس عہد کی پابندی کرنی ہے؛ اس لیے جو انسان بھی نبیوں اور اللہ کے دین کی بات کا انکار کرے وہ نافرمان کافر ہوگا۔ ←

قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَاۤ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَمَاۤ اُنْزِلَ عَلٰۤى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَاۤ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَالنَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۪ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۫ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ۝ وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ ۚ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ كَيْفَ يَهْدِي اللّٰهُ قَوْمًا كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ وَشَهِدُوْۤا اَنَّ الرَّسُوْلَ حَقٌّ وَّجَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

(اے محمد!) تم (ان سے) کہو: ہم تو اللہ تعالیٰ پر ایمان لے آئے اور جو (دین) ہمارے اوپر اتارا گیا اس پر اور جو ابراہیم اور اسماعیل اور اسحاق اور یعقوب اور ان کی اولاد پر (دین) اتارا گیا اس پر اور جو (دین) موسیٰ اور عیسیٰ اور دوسرے نبیوں کو ان کے رب کی طرف سے دیا گیا اس پر بھی (ہم اجمالی ایمان لائے) ان (نبیوں) میں سے کسی کے درمیان بھی ہم (کوئی) فرق نہیں کرتے ① اور ہم اسی (ایک اللہ) کے فرماں بردار ہیں ﴿۸۴﴾ اور جو شخص بھی اسلام کے علاوہ کوئی اور دین اختیار کرنا چاہے گا تو اس سے وہ (دین اللہ تعالیٰ کے یہاں) ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا اور وہ شخص آخرت میں نقصان میں پڑنے والوں میں ہوگا ﴿۸۵﴾ اللہ تعالیٰ ایسی قوم کو کیسے ہدایت دیں گے جنھوں نے اپنے ایمان کے بعد کفر اختیار کیا؛ حالاں کہ یہ رسول سچے ہیں اس بات کی وہ (زبان سے) گواہی دے چکے تھے اور ان کے پاس (رسول کی سچائی کی) دلیلیں بھی آچکی تھیں اور ایسے ظالموں کو اللہ تعالیٰ ہدایت نہیں دیا کرتے ② ﴿۸۶﴾

⇐ ② جتنے بھی مسلمان ہیں وہ تو اللہ کے ہر حکم کو خوشی خوشی مانتے ہی ہیں اور جو کافر ہیں وہ اللہ کے دین کے احکام کو تو مانتے نہیں بلیکن اللہ کے فیصلے کے مطابق ہی ان کو زندگی گزارنی، موت، حیات، خوشی، غمی، روزی میں تنگی اور وسعت ہر چیز میں اللہ کے فیصلے کے وہ پابند ہیں۔

① یعنی کسی نبی کو ماننا، کسی نبی کو نہ ماننا یہ ہمارا طریقہ نہیں، تمام نبی اور ان کی شریعت کو ہم حق مانتے ہیں۔

② کچھ لوگ ایسے ہیں جو دل سے اسلام کو صحیح سمجھ رہے ہیں اس کے باوجود تکبر، حسد، مال اور عہدوں کی محبت کے خاطر ایمان نہیں قبول کرتے، ایسے لوگوں کو عام طور پر ایمان کی سعادت نصیب نہیں ہوتی، اسی طرح بعض لوگ ایسے بھی جو ایمان لانے کے بعد مرتد ہو گئے اور اس ارتداد کو ہدایت سمجھتے ہیں حالانکہ یہ ارتداد ہے، ہدایت نہیں ہے۔

أُولَٰئِكَ جَزَاؤُهُمْ أَنَّ عَلَيْهِمْ لَعْنَةَ اللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ ﴿٨٧﴾ خَالِدِينَ فِيهَا لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْظَرُونَ ﴿٨٨﴾ إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا مِنْ بَعْدِ ذَٰلِكَ وَأَصْلَحُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿٨٩﴾ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بَعْدَ إِيمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُوا كُفْرًا لَنْ تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الضَّالُّونَ ﴿٩٠﴾ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَمَاتُوا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يُقْبَلَ مِنْ أَحَدِهِمْ مِلْءُ الْأَرْضِ ذَهَبًا وَلَوِ افْتَدَىٰ بِهِ أُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ وَمَا لَهُمْ مِنْ نَاصِرِينَ ﴿٩١﴾

ان لوگوں کی سزا یہ ہے کہ یقیناً ان پر اللہ تعالیٰ کی اور فرشتوں کی اور تمام لوگوں کی لعنت ہوگی ﴿۸۷﴾ اس (لعنت) میں وہ ہمیشہ رہیں گے، (کسی وقت بھی) ان سے عذاب ہلکا نہیں کیا جائے گا اور ان کو ذرا سی ڈھیل (یعنی فرصت، مہلت) بھی نہیں ملے گی ﴿۸۸﴾ مگر اس کے بعد بھی جو شخص توبہ کر لیوے اور اصلاح کر لیوے تو یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے ہیں، سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۸۹﴾ (اس کے برخلاف) یقینی بات ہے کہ جن لوگوں نے اپنے ایمان کے بعد کفر اپنا لیا، پھر وہ کفر میں آگے ہی بڑھتے چلے گئے تو ان کی توبہ ہرگز قبول نہیں ہوگی اور ایسے لوگ بالکل ہی بھٹک چکے ہیں ﴿۹۰﴾ یقینی بات ہے کہ جن لوگوں نے کفر اپنایا اور وہ کافر ہونے ہی کی حالت میں مر گئے، ایسے لوگوں میں سے کسی سے بھی پوری زمین بھر کر سونا قبول نہیں کیا جائے گا، چاہے وہ اسے (یعنی پوری زمین بھر کر سونا اپنی جان عذاب سے) چھڑانے کے لیے فدیہ میں دینا چاہے[1] ایسے ہی لوگوں کے لیے دردناک عذاب ہے اور ان لوگوں کے لیے کوئی بھی مدد کرنے والا نہیں ہوگا ﴿۹۱﴾

---

[1] (دوسرا ترجمہ) وہ آدمی اپنی جان (عذاب سے) چھڑانے کے لیے پوری زمین بھر کر کے سونا دینا چاہے تو بھی اس سے قبول نہیں کیا جائے گا۔

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ۬ؕ وَ مَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَیْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِیْمٌ ۝ كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِّبَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِیْلُ عَلٰى نَفْسِهٖ مِنْ قَبْلِ اَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ فَاتْلُوْهَاۤ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ۝ فَمَنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَاُولٰٓىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ قُلْ صَدَقَ اللّٰهُ ۫ فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ اِبْرٰهِیْمَ حَنِیْفًا ؕ وَ مَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ۝ اِنَّ اَوَّلَ بَیْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیْ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّ هُدًى لِّلْعٰلَمِیْنَ ۝

تم (اے مسلمانو! کامل) نیکی ہرگز حاصل نہیں کرسکو گے، جب تک تم اپنی محبوب چیزوں میں سے (اللہ تعالیٰ کے لیے) خرچ نہ کرو گے①، اور جو کچھ بھی تم خرچ کرو یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۹۲﴾ تورات کے اترنے سے پہلے کھانے کی تمام چیزیں (جو اِس وقت مسلمانوں کے لیے حلال ہیں وہ) بنی اسرائیل کے لیے (بھی) حلال تھیں؛ مگر وہ چند چیزیں جو اسرائیل (یعنی یعقوب علیہ السلام) نے اپنے اوپر حرام کرلی تھیں②، (اے نبی!) تم (یہودیوں سے) کہو: اگر تم (تمھارے دعوے میں) سچے ہو تو تورات لاؤ اور اس کو پڑھو ﴿۹۳﴾ سو اس (طرح صاف بات آجانے) کے بعد جس شخص نے اللہ تعالیٰ پر جھوٹا بہتان باندھا سو وہی لوگ بڑے ظالم (یعنی گنہگار) ہیں ﴿۹۴﴾ تم کہہ دو کہ: اللہ تعالیٰ نے سچ فرمایا، سو تم ابراہیم (علیہ السلام) کے دین کی اتباع کرو، جو پوری طرح سیدھے راستے پر تھے اور وہ (بھی) مشرکوں میں سے نہیں تھے ﴿۹۵﴾ یقینی بات ہے کہ (دنیا کا) سب سے پہلا گھر جو لوگوں (کی عبادت) کے لیے مقرر کیا گیا وہ (یہی مکان ہے جو) مکہ میں ہے③ (جو شروع ہی سے) برکت والا ہے④ اور تمام عالموں کے لیے ہدایت (کا مرکز) ہے⑤ ﴿۹۶﴾

---

① جو چیز انسان کے کام میں آتی ہو، اسی طرح انسان کو اس کی حاجت اور ضرورت ہو انسان کو وہ چیز بڑی پیاری ہے۔ اس کو خرچ کرنا بہت بہتر ہے اور زائد (فالتو) چیزوں کو بھی خرچ کردینا چاہیے اس پر بھی اجر ملے گا۔

② جن چیزوں کو انھوں نے خود اپنی طرف سے حرام ٹھہرالیا تھا جیسے اونٹ کا گوشت۔

③ آیت میں ''بکۃ'' ''تباک'' سے ہے جس کے معنی ''ازدحام، بھیڑ'' کے ہے، وہاں طواف میں بھیڑ ہوتی ہے۔ یا ''بک'' سے مشتق ہے جس کے معنی ہے ''مزاحمت کرنا، پچھاڑنا'' ہے؛ چوں کہ جو شخص بھی مکہ میں ظلم کرنے کی یا الحاد کی ⬅

فِيهِ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰهِيْمَ ۚ وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ؕ وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا ؕ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۝ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى مَا تَعْمَلُوْنَ ۝

اس میں کھلی ہوئی نشانیاں ہیں① (اور) ابراہیم (علیہ السلام) کے کھڑے رہنے کی جگہ ہے، اور جو شخص بھی اس (کی حدود) میں داخل ہوا اس کو امن مل جاتا ہے، جو بھی اس گھر تک پہونچنے کی استطاعت② رکھتا ہو، ان لوگوں پر اللہ تعالیٰ کے لیے اس (گھر) کا حج کرنا (فرض) ہے اور جو شخص بھی انکار کرے ③ تو اللہ تعالیٰ کو تمام جہانوں کے لوگوں کی پروا نہیں ہے ﴿۹۷﴾ (اے نبی!) تم کہو: اے کتاب والو! تم اللہ تعالیٰ کی آیتوں (یعنی احکام) کا کیوں انکار کرتے ہو؟ اور جو تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس کے گواہ ہیں④ ﴿۹۸﴾

⇐ کوشش کرتا ہے اس کی کمر توڑ دی جاتی ہے۔ نوٹ: قرآن کے اشارہ سے اور رسولِ اکرم ﷺ کے عمل سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ مسلمان جب کبھی کوئی نئی آبادی بناوے تو سب سے اول مسجد کی فکر کرے۔

④ برکت کے معنی کسی چیز کا بڑھنا یا ثابت رہنا، مقدار بڑھ جائے یا جو موجود ہے اتنی ہی مقدار میں سارے ضروری کام پورے ہو جائے اس کو برکت کہتے ہیں۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) تمام جہاں کے لوگوں کے لیے (نماز جیسی عبادت میں) رہنما (یعنی قبلہ) ہے۔

اس صفحہ کا حاشیہ:

① نشانیاں: (۱) بیت اللہ کی برکت سے مکہ والے مخالفین کے حملے سے محفوظ ہیں۔

(۲) حدودِ حرم میں جانوروں کا شکاری سے فائدہ حاصل کرنا کہ وہاں کوئی شکار نہیں کر سکتا۔

(۳) بیت اللہ کی جس جانب بارش ہوتی ہے اس جانب کے ممالک زیادہ بارش سے مالا مال ہوتے ہیں۔

(۴) جمرات کی کنکر کا اٹھا لیا جانا؛ حالاں کہ ہر سال لاکھوں حجاج کے کنکر سے پہاڑ بن جانا چاہیے۔

(۵) مقامِ ابراہیم جو جنتی پتھر ہے اس میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے قدم مبارک کے نشانات کا باقی رہنا۔

② استطاعت یعنی قدرت، حیثیت، سفر کے آنے جانے کی اور قیام طعام کے ضروری خرچ کی طاقت مراد ہے، اور جن لوگوں کا خرچ شرعاً اس پر لازم ہے اس کا بھی نظم ہو۔ ③ جو آدمی حج کی فرضیت کا انکار کرے وہ آدمی کافر ہو جاتا ہے اور فرض مانتا ہو لیکن استطاعت ہونے کے باوجود حج نہ کرے تو اس کا یہ عمل کافروں جیسا ہے۔

④ (دوسرا) جو تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ کو ان سب کاموں کی خبر ہے۔

قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ تَبْغُوْنَهَا عِوَجًا وَّ اَنْتُمْ شُهَدَآءُ ؕ وَ مَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تُطِيْعُوْا فَرِيْقًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَ ۝ وَ كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ وَ اَنْتُمْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ اٰيٰتُ اللّٰهِ وَ فِيْكُمْ رَسُوْلُهٗ ؕ وَ مَنْ يَّعْتَصِمْ بِاللّٰهِ فَقَدْ هُدِيَ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَ لَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝

(اے نبی!) تم کہو کہ: اے اہلِ کتاب! تم اللہ تعالیٰ کے راستے میں عیب ڈھونڈھ (نے کی کوشش) کر کے ایمان لانے والوں کو اس (ایمان) سے کیوں روکتے ہو؟① حالاں کہ تم خود (حقیقت کو) جانتے ہو② اور جو کام تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس سے بے خبر نہیں ہیں ﴿۹۹﴾ اے ایمان والو! جن کو کتاب دی گئی ان میں سے کسی ایک جماعت کا اگر تم نے کہنا مان لیا (یعنی اطاعت کرلی) تو وہ تم کو تمھارے ایمان لانے کے بعد کافر بنا کر چھوڑیں گے ﴿۱۰۰﴾ اور تم کیسے کفر قبول کر سکتے ہو؟ حالاں کہ تم کو اللہ تعالیٰ کی آیتیں پڑھ پڑھ کر سنائی جاتی ہیں③ اور تم میں اس (اللہ تعالیٰ) کا رسول موجود ہے اور جو شخص اللہ تعالیٰ (کے دین) کو مضبوطی سے پکڑ لے پکی بات یہ ہے کہ وہ سیدھے راستے پر پہنچا دیا جاتا ہے ﴿۱۰۱﴾

اے ایمان والو! تم اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو جیسا کہ ان سے ڈرنے کا حق ہے④ اور تم مسلمان ہونے کی حالت ہی میں مرنا⑤ ﴿۱۰۲﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) جو ایمان لا چکا ہے ایسے شخص کو اللہ تعالیٰ کے راستے سے کیوں روکتے ہو اس طرح کہ تم اس راستے (اسلام) میں عیب ڈھونڈتے رہتے ہو (یعنی اسلام میں کوئی عیب نہیں ہے لیکن تم اپنی طرف سے عیب کھڑے کرتے ہو؛ تاکہ لوگ بدگمان ہو کر اسلام سے دور ہو جائیں۔ اس طرح کا برا کام اس دور کا اکثر میڈیا (media) انجام دے رہا ہے۔

② یعنی اسلام کا حق ہونا۔ ③ مشاہدہ یہ ہے کہ جن علاقوں میں قرآن پڑھا پڑھایا جاتا ہو تعلیماتِ رسول کو پڑھایا جاتا ہو اس پر عمل کیا جاتا ہو وہاں سے کفر دور رہتا ہے اور جو علاقے ان مبارک سلسلوں سے محروم ہوتے ہیں وہاں کفر، ارتداد قریب آنے لگتا ہے: اس لیے مکاتب قرآنیہ کے ذریعہ اس طرح کی مبارک تعلیمات کو عام کرنا ارتداد سے حفاظت کا بہترین ذریعہ ہے۔ ④ یعنی گناہ سے بچنے میں پوری طاقت خرچ کرنا، کامل اطاعت کی جائے اور معصیت سے مکمل بچا جائے۔

⑤ اسلامی زندگی گذارنا اختیاری چیز ہے اس کی برکت سے ان شاء اللہ! اسلام پر موت نصیب ہوگی۔

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا ۠ وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا ۚ وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ تَفَرَّقُوْا وَاخْتَلَفُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَھُمُ الْبَيِّنٰتُ ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ لَھُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝

اور تم سب مل کر اللہ تعالیٰ کی رسی (یعنی قرآن) کو مضبوط پکڑے رہو① اور تم (آپس میں) جدا جدا نہ ہو جاؤ اور تم اللہ تعالیٰ کے احسان کو جو تم پر ہے اس کو یاد رکھو جب کہ تم (آپس میں ایک دوسرے کے) دشمن تھے، پھر اس (اللہ تعالیٰ) نے تمھارے دلوں کو جوڑ دیا②، سو تم اس (اللہ تعالیٰ) کے فضل سے (آپس میں) بھائی بھائی ہو گئے اور تم (جہنم کی) آگ کے گڑھے کے کنارے پر تھے، سو اس (اللہ تعالیٰ) نے تم کو اس سے بچا لیا، اسی طرح اللہ تعالیٰ اپنے احکام تمھارے لیے کھول کھول کر بیان کرتے ہیں؛ تاکہ تم سیدھی راہ پر قائم رہو ﴿۱۰۳﴾ اور (ضرور) تمھارے درمیان ایک ایسی جماعت ہونی چاہیے جو بھلائی کی طرف دعوت دیا کرے اور اچھی باتیں سکھلایا کرے③ اور بری چیزوں سے روکا کرے اور وہی لوگ کامیاب ہونے والے ہیں ﴿۱۰۴﴾ اور تم ان (یہود اور نصاریٰ) لوگوں کی طرح مت ہو جانا جن کے پاس صاف صاف احکام پہنچ جانے کے بعد وہ (آپس میں) جدا جدا (یعنی متفرق) ہو گئے اور وہ (آپس میں) اختلاف میں پڑ گئے④ اور ایسے ہی لوگوں کے لیے (اس دن) بڑا عذاب ہے ﴿۱۰۵﴾

---

① "اللہ کی رسی" سے مراد "قرآن مجید ہے" حضرت عبد اللہ ابن مسعودؓ راوی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرآن اللہ تعالیٰ کی رسی ہے جو آسمان سے زمین تک لٹکی ہوئی ہے۔

② (دوسرا ترجمہ) دلوں میں الفت ڈال دی۔

③ یعنی یہ کام مسلسل ہوتے رہنے چاہئیے۔

④ علمی اختلافات اور عملی تفرقے انھوں نے کھڑے کر دیے جو ہر گز مناسب نہیں۔

يَّوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْوَدَّتْ وُجُوْهُهُمْ ۣ اَكَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ۝ وَاَمَّا الَّذِيْنَ ابْيَضَّتْ وُجُوْهُهُمْ فَفِيْ رَحْمَةِ اللّٰهِ ۭ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۭ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝

جس (قیامت کے) دن کچھ چہرے (یعنی ایمان والوں کے) سفید (یعنی چمکتے) ہوں گے اور کچھ چہرے (یعنی کافر اور نافرمان کے) کالے پڑے ہوں گے، سو جن کے چہرے کالے پڑے ہوں گے ان کو کہا جائے گا کہ تمہارے ایمان لانے کے بعد کیا تم نے کفر اپنا لیا تھا① ؟ سو جو کفر تم کرتے تھے اس کی سزا میں (اب) تم عذاب چکھو ﴿۱۰۶﴾ اور جن لوگوں کے چہرے سفید (یعنی روشن چمکتے) ہوں گے سو وہ اللہ تعالیٰ کی رحمت (یعنی جنت) میں ہوں گے، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿۱۰۷﴾ یہ اللہ تعالیٰ کی آیتیں ہیں جن کو ہم تمہارے سامنے ٹھیک ٹھیک (یعنی صحیح صحیح) پڑھ کر سناتے ہیں اور اللہ تعالیٰ تمام عالم والوں پر (ذرا سا بھی) ظلم کرنا نہیں چاہتے② ﴿۱۰۸﴾ اور آسمانوں میں جو کچھ ہے اور زمین میں جو کچھ ہے وہ سب اللہ تعالیٰ کی مالکی میں ہے اور تمام معاملات اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹائے جائیں گے ﴿۱۰۹﴾

---

① ایمان لانے کے بعد کفر کا مطلب:

(الف) جو اہلِ کتاب نبی کریم ﷺ کی بعثت سے پہلے تورات، انجیل میں بتائی ہوئی نشانیوں کی روشنی میں آپ ﷺ کو مانتے تھے اور آپ کی بعثت کا انتظار کرتے تھے، پھر جب آپ کی بعثت ہوئی تو ایمان لانے سے انکار کر دیا۔

(ب) ہر انسان کو اللہ تعالیٰ نے اسلام کی فطرت پر پیدا فرمایا؛ لیکن کافر لوگ اس فطرت کو ضائع کرتے ہیں اور کفر اپنا لیتے ہیں۔

(ج) مرتد اور منافق بھی مراد ہیں۔

(د) فاسق مسلمان جو ایمان لانے کے بعد کافروں کے جیسا عمل کرتے ہیں، یعنی جن ایمان والوں کا عمل کافروں جیسا ہے وہ بھی مراد ہے۔

② یعنی عذاب و ثواب جو کچھ ہے وہ عین انصاف اور مقتضائے رحمت و حکمت ہے۔

كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ؕ وَلَوْ اٰمَنَ اَهْلُ الْكِتٰبِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ مِنْهُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ وَاَكْثَرُهُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ اِلَّاۤ اَذًى ؕ وَاِنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ يُوَلُّوْكُمُ الْاَدْبَارَ ۫ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اَيْنَ مَا ثُقِفُوْۤا اِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ وَحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿۱۱۲﴾

تم (اے امتِ محمدیہ!) بہترین امت ہو جو (عالم میں عام) لوگوں کے فائدے کے لیے بھیجی گئی ہو، تم اچھا کام کرنے کے لیے کہتے ہو اور تم برے کاموں سے روکتے ہو اور تم اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہو، اور اگر اہلِ کتاب (بھی) ایمان لے آتے تو یہ ان کے حق میں بہتر ہوتا، ان میں سے کچھ تو ایمان والے ہیں ① اور اکثر ان میں سے نافرمان ہیں ② ﴿۱۱۰﴾ وہ (تھوڑا بہت) ستانے کے سوا تم کو (کوئی بڑا) نقصان ہرگز نہیں پہنچا سکیں گے اور اگر وہ تم سے لڑیں گے تو تم کو پیٹھ دکھا کر بھاگ جائیں گے، پھر ان کی کوئی مدد نہیں کی جائے گی ﴿۱۱۱﴾ جہاں کہیں بھی وہ (اہلِ کتاب) پائے جائیں ذلت ان پر ماری گئی ③ ؛ الا یہ کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی سبب بن جائے یا ④ لوگوں کی طرف سے کوئی ذریعہ نکل آوے اور وہ (اہلِ کتاب) اللہ تعالیٰ کا غضب لے کر لوٹے ہیں ⑤ اور ان (اہلِ کتاب) پر محتاجی مسلط کردی گئی ہے، اس (برے حال) کی وجہ یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی آیتوں کا انکار کرتے تھے اور نبیوں کو ناحق قتل کرتے تھے، (نیز) اس (بری حالت) کا سبب یہ (بھی) ہوا کہ وہ نافرمانی کرتے تھے ⑥ اور (اللہ تعالیٰ کی) حد سے وہ لوگ نکل گئے تھے ﴿۱۱۲﴾

---

① جو نبی کریم ﷺ پر ایمان لائے اور مسلمان ہو گئے۔ ② اس آیت کے متعلق اہم فوائد اور نکات بندہ کے خطبات جلد: ۷ میں ملاحظہ فرمائیں۔ ③ (دوسرا ترجمہ) ذلت ان پر لازم کردی گئی۔

④ جس کے سہارے وہ حفاظت میں آجاوے۔ (دوسرا ترجمہ) عام حضرات نے یہاں ''اور'' کا ترجمہ کیا ہے۔

⑤ یعنی اللہ تعالیٰ کے غضب کے مستحق ہو گئے ہیں۔ ان میں سے اکثر مالداری کے باوجود محتاج کی طرح رہتے ہیں۔

⑥ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی ان کی عادت بن گئی ہے، آج تک یہ سلسلہ جاری ہے۔

لَيْسُوْا سَوَآءً ۭ مِنْ اَھْلِ الْكِتٰبِ اُمَّةٌ قَاۗىِٕمَةٌ يَّتْلُوْنَ اٰيٰتِ اللّٰهِ اٰنَاۗءَ الَّيْلِ وَھُمْ يَسْجُدُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَمَا يَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ يُّكْفَرُوْهُ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِىَ عَنْھُمْ اَمْوَالُھُمْ وَلَآ اَوْلَادُھُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـــًٔـا ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ ھُمْ فِيْھَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ مَثَلُ مَا يُنْفِقُوْنَ فِيْ ھٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَثَلِ رِيْحٍ فِيْھَا صِرٌّ اَصَابَتْ حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَھُمْ فَاَھْلَكَتْهُ ۭ وَمَا ظَلَمَھُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ اَنْفُسَھُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۱۷﴾

(لیکن) وہ سب (اہلِ کتاب) ایک جیسے نہیں ہیں، اہلِ کتاب میں ایک جماعت ایسی بھی ہے جو (سیدھے راستے یعنی اسلام پر) قائم ہیں، وہ رات کی گھڑیوں میں اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو پڑھتے ہیں اور وہ (اللہ تعالیٰ کے آگے) سجدہ کرتے ہیں① ﴿۱۱۳﴾ اللہ تعالیٰ اور قیامت کے دن پر وہ ایمان رکھتے ہیں اور وہ اچھی باتیں سکھلاتے ہیں اور وہ برائی سے روکتے ہیں اور نیک کاموں (کے کرنے) میں جلدی کرتے ہیں② اور ایسے ہی (صفات والے) لوگ نیک لوگوں میں سے ہیں ﴿۱۱۴﴾ اور وہ لوگ جو بھی نیک کام کریں گے تو اس کی ہرگز ناقدری نہیں کی جائے گی③ اور اللہ تعالیٰ تقویٰ والوں کو بہت اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۱۱۵﴾ یقینی بات ہے جن لوگوں نے کفر اپنا لیا تو نہ ان کا مال اور نہ ان کی اولاد اللہ تعالیٰ (کے عذاب) کے مقابلے میں ان کے کچھ بھی کام آئیں گے اور وہی (جہنم کی) آگ (میں جانے) والے ہیں، اس میں وہ (کافر) ہمیشہ رہیں گے ﴿۱۱۶﴾ جو (کافر) لوگ اس دنیا کی زندگی میں جو کچھ (اپنے مال اور صلاحیت کو) خرچ کرتے ہیں اس (خرچ کے ضائع اور برباد ہونے) کی مثال ایسی ہے جیسے ایک سخت ٹھنڈک والی (تیز) ہوا ہو، جو ایسے لوگوں کی کھیتی کو جا لگے جنھوں نے اپنی جانوں پر ظلم کر رکھا ہو، سو وہ (ٹھنڈی ہوا) اس (کھیتی) کو (بالکل) برباد کر دیوے، اور اللہ تعالیٰ نے ان پر ظلم نہیں کیا؛ لیکن وہ خود اپنی جانوں پر ظلم کر رہے ہیں④ ﴿۱۱۷﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) نماز پڑھتے ہیں۔ ② (دوسرا) نیک کام کرنے میں پھرتیلے رہتے ہیں۔ ③ یعنی اس کے ثواب سے محروم نہیں رہیں گے۔ ④ یعنی خود اپنا نقصان کر رہے ہیں۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ لَا یَاْلُوْنَكُمْ خَبَالًاؕ وَدُّوْا مَا عَنِتُّمْۚ قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَآءُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۚۖ وَمَا تُخْفِیْ صُدُوْرُهُمْ اَكْبَرُؕ قَدْ بَیَّنَّا لَكُمُ الْاٰیٰتِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ﴿۱۱۸﴾ هٰۤاَنْتُمْ اُولَآءِ تُحِبُّوْنَهُمْ وَلَا یُحِبُّوْنَكُمْ وَتُؤْمِنُوْنَ بِالْكِتٰبِ كُلِّهٖۚ وَاِذَا لَقُوْكُمْ قَالُوْۤا اٰمَنَّا ۚۖۗ وَاِذَا خَلَوْا عَضُّوْا عَلَیْكُمُ الْاَنَامِلَ مِنَ الْغَیْظِؕ قُلْ مُوْتُوْا بِغَیْظِكُمْؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ﴿۱۱۹﴾

اے ایمان والو! تم اپنوں کے علاوہ (کسی دوسرے) کو (اپنا) رازدار مت بناؤ① وہ تمھارے خلاف فتنہ (فساد) کرنے میں کوئی کسر باقی نہیں رکھتے②، جتنی تم کو تکلیف پہنچے اس میں ان کی خوشی ہے③، دشمنی ان کی زبان سے ظاہر ہو چکی ہے اور جو (کینہ) اپنے سینوں میں وہ چھپا کر بیٹھے ہیں وہ تو اس (ظاہر ہونے والی دشمنی) سے بہت بڑا ہے، پکی بات یہ ہے کہ ہم نے (ان کی دشمنی کی) علامتیں تمھارے سامنے ظاہر کر دیں، اگر تم سمجھ سے کام لو④ ﴿۱۱۸﴾ (اے مسلمانو!) سن لو! تم ایسے ہو کہ تم ان (منافقوں) سے محبت (کا برتاؤ) رکھتے ہو اور وہ تم سے محبت نہیں رکھتے اور تم (مسلمان) تو تمام (آسمانی) کتابوں پر ایمان رکھتے ہو اور (ان کی حالت ایسی ہے کہ) جب وہ تم (مسلمانوں) سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں کہ: ہم تو ایمان لے آئے اور جب تنہائی میں ہوتے ہیں تو تمھارے خلاف غصہ کے مارے اپنی انگلیاں کاٹ کھاتے ہیں⑤ (ان کو ایسا) تم کہہ دو کہ: تم اپنے غصہ میں مرو⑥، یقینی بات ہے کہ سینوں میں چھپی ہوئی باتوں کو اللہ تعالیٰ خوب اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۱۱۹﴾

---

① بطانۃ: معتمد، مشیر، اپنے نظام میں دخل اندازی کرنے والا، یہ سب معانی ''بطانۃ'' کے نکلتے ہیں، جو یہاں آیت میں ہو سکتے ہیں۔

② (دوسرا ترجمہ) کوئی کوتاہی نہیں کرتے۔

③ (دوسرا ترجمہ) وہ تمھارے نقصان کی دل سے تمنا کرتے ہیں (تیسرا ترجمہ) وہ چاہتے ہیں کہ تم کو تکلیف پہنچے۔

④ تو ان یقینی علامتوں سے دشمن کو پہچان لوگے۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) انگلیاں چبا ڈالتے ہیں۔

⑥ یعنی اے منافقو! موت تک مسلمانوں کے متعلق غصے میں پڑے رہو، تمھارے اس غصے سے مسلمانوں کا کوئی نقصان نہیں ہو سکتا اور تمھاری جو چاہت ہے کہ مسلمان برباد ہو جائے وہ چیز حاصل نہ ہوگی۔

إِن تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ وَإِن تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ يَفْرَحُوا بِهَا ۖ وَإِن تَصْبِرُوا وَتَتَّقُوا لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْئًا ۗ إِنَّ اللَّهَ بِمَا يَعْمَلُونَ مُحِيطٌ ﴿١٢٠﴾
وَإِذْ غَدَوْتَ مِنْ أَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِينَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ ۗ وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿١٢١﴾ إِذْ هَمَّت طَّائِفَتَانِ مِنكُمْ أَن تَفْشَلَا وَاللَّهُ وَلِيُّهُمَا ۗ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ﴿١٢٢﴾ وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللَّهُ بِبَدْرٍ وَأَنتُمْ أَذِلَّةٌ ۖ فَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿١٢٣﴾

اگر تم (مسلمانوں) کو کوئی بھلائی پہنچے تو ان کو برا لگتا ہے اور اگر تم (مسلمانوں) کو کوئی برائی پہنچے تو وہ اس سے خوش ہوتے ہیں اور اگر تم صبر کو اپنا لو اور تم تقویٰ کے پابند رہو تو ان کی سازش تمہارا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکے گی، یقینی بات ہے کہ جو کام بھی وہ لوگ کر رہے ہیں وہ اللہ تعالیٰ (کے علم اور قدرت) کے احاطے میں ہیں① ﴿١٢٠﴾

اور (احد کی لڑائی کا وقت یاد کرو) جب صبح کے وقت تم اپنے گھر والوں سے نکلے، ایمان والوں کو لڑائی کی غرض سے (الگ الگ) ٹھکانوں پر مقرر کرنے لگے اور اللہ تعالیٰ ہر بات کو سنتے ہیں، ہر چیز کو جانتے ہیں② ﴿١٢١﴾ اس وقت تم میں سے دو قبیلے بزدلی دکھانے کا ارادہ کر رہے تھے③ اور اللہ تعالیٰ ان دونوں کے والی تھے④ اور مؤمنوں کو تو اللہ تعالیٰ پر ہی بھروسہ کرنا چاہیے ﴿١٢٢﴾ اور پکی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ بدر (کی لڑائی) میں تمہاری مدد کر چکے تھے؛ حالاں کہ تم (اس وقت) کمزور (یعنی بے بس) تھے؛ لہٰذا تم اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو؛ تاکہ تم شکر کرنے والے بن جاؤ ﴿١٢٣﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) ان کا ہر کام اللہ تعالیٰ کے قابو میں ہے۔

② اس روز حضرت عائشہؓ کی باری تھی، گویا کہ آپ ﷺ حضرت عائشہؓ کے مکان سے احد کے لیے روانہ ہوئے، اس سے حضرت عائشہؓ کی فضیلت ظاہر ہوئی۔

③ (دوسرا ترجمہ) جب کہ تم میں سے دو قبیلوں کے لوگ ہمت ہار گئے (واپس جانے کا) ارادہ کر رہے تھے۔ مراد: بنو حارثہ اور بنو سلمہ ہیں۔

④ (دوسرا ترجمہ) حالانکہ اللہ تعالیٰ ان دونوں کے مددگار تھے۔

نوٹ: اس میں دونوں قبیلے کی فضیلت کا بیان ہے، اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے ان کو جما دیا۔

اِذْ تَقُوْلُ لِلْمُؤْمِنِیْنَ اَلَنْ یَّكْفِیَكُمْ اَنْ یُّمِدَّكُمْ رَبُّكُمْ بِثَلٰثَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓىِٕكَةِ مُنْزَلِیْنَ ۝ بَلٰۤى ۙ اِنْ تَصْبِرُوْا وَ تَتَّقُوْا وَ یَاْتُوْكُمْ مِّنْ فَوْرِهِمْ هٰذَا یُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓىِٕكَةِ مُسَوِّمِیْنَ ۝ وَ مَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ وَ لِتَطْمَىِٕنَّ قُلُوْبُكُمْ بِهٖ ؕ وَ مَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْحَكِیْمِ ۝ لِیَقْطَعَ طَرَفًا مِّنَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اَوْ یَكْبِتَهُمْ فَیَنْقَلِبُوْا خَآىِٕبِیْنَ ۝ لَیْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ اَوْ یَتُوْبَ عَلَیْهِمْ اَوْ یُعَذِّبَهُمْ فَاِنَّهُمْ ظٰلِمُوْنَ ۝

(بدر میں یہ مدد اس وقت آئی) جب تم ایمان والوں سے کہہ رہے تھے: کیا تمھارے لیے یہ (بات) کافی نہیں ہے کہ تمھارے رب تین ہزار فرشتے (خاص طور سے) اتار کر تمھاری مدد کرے؟① ﴿۱۲۴﴾ کیوں نہیں؟ اگر تم صبر کرو گے② اور تم تقویٰ اپناؤ گے③ اور وہ (دشمن) چانک (ایک ساتھ) تم پر ٹوٹ پڑے تو تمھارے رب پانچ ہزار خاص نشان والے④ فرشتوں سے تمھاری مدد کریں گے ﴿۱۲۵﴾ اور اس (اتنی بڑی تعداد میں مدد) کو اللہ تعالیٰ نے تمھاری خوشی کے لیے ہی مقرر کیا؛ اور تاکہ اس (بڑی تعداد) کے ذریعہ تمھارے دلوں کو اطمینان حاصل ہو اور مدد (یا فتح) اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے آتی ہے جو (اللہ تعالیٰ) بڑے زبردست، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۱۲۶﴾ (بدر میں یہ مدد اللہ تعالیٰ نے اس لیے کی:) تاکہ کافروں کی ایک جماعت کو (اللہ تعالیٰ) ہلاک کردیویں یا (اللہ تعالیٰ) ان کو ذلیل کریں (یا ہرادیویں) کہ وہ (کافر) ناکام ہوکر واپس بھاگ جاویں ﴿۱۲۷﴾ (اے نبی!) تم کو ان (کافروں) کے اس معاملے میں کوئی اختیار نہیں ہے⑤ یا وہ (اللہ تعالیٰ) ان کو توبہ کی توفیق دیویں⑥ یا (اللہ تعالیٰ) ان کو عذاب دیویں؛ کیوں کہ یقینی بات ہے کہ وہ (کافر) ظالم ہیں ﴿۱۲۸﴾

① یعنی جو ملائکہ زمین پر مختلف انتظامات میں ہوتے ہیں ان کے علاوہ آسمان سے خاص مدد ہی کے لیے اتارے جائیں۔
② یعنی میدان میں ثابت قدم رہو گے۔ ③ یعنی نافرمانی سے بچو گے۔
④ خود فرشتوں پر بھی خاص نشانی تھی اور ان کے گھوڑوں پر بھی خاص نشانی تھی، جنگ کے موقع پر اپنی اپنی فوج کی پہچان کے لیے خاص وردی اور خاص نشان لگائے جاتے ہیں۔
⑤ کہ وہ کافر مسلمان بن جاویں یا کافر رہیں۔ ⑥ یعنی کافر مسلمان ہوجائیں۔

وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۹﴾

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوا الرِّبٰۤوا اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً ۪ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۳۰﴾ وَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْۤ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۳۱﴾ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ وَسَارِعُوْۤا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ ۙ اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳۴﴾

اور آسمانوں میں جو کچھ ہے اور زمین میں جو کچھ ہے وہ سب اللہ تعالیٰ ہی کا ہے، وہ (اللہ تعالیٰ) جس کو چاہتے ہیں معاف کر دیتے ہیں اور (اللہ تعالیٰ) جس کو چاہتے ہیں عذاب دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ تو سب سے زیادہ معاف کرنے والے، سب سے زیادہ مہربان ہیں ﴿۱۲۹﴾

اے ایمان والو! تم کئی گنا بڑھا کر سود مت کھاؤ اور تم اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو ①؛ تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ ﴿۱۳۰﴾ اور تم ایسی آگ سے بچو جو کافروں کے لیے تیار کی گئی ہے ﴿۱۳۱﴾ اور تم اللہ تعالیٰ اور رسول کی بات مانو؛ تاکہ تم پر رحم کیا جائے ﴿۱۳۲﴾ اور تم اپنے رب کی مغفرت اور ایسی جنت حاصل کرنے کے لیے ایک دوسرے سے بڑھ کر تیزی دکھاؤ ② کہ اس (جنت) کی چوڑائی آسمانوں اور زمین (جیسی) ہے جو تقویٰ والوں کے لیے تیار کی گئی ہے ﴿۱۳۳﴾ (تقویٰ والے لوگ وہ ہیں) جو خوشی (یعنی اچھی حالت) اور تکلیف میں (اللہ تعالیٰ کے لیے مال) خرچ کرتے ہیں ③ اور وہ غصہ کو دباتے ہیں ④ اور لوگوں کو معاف کر دیتے ہیں ⑤ اور اللہ تعالیٰ (ایسے) نیکی کرنے والوں سے محبت کرتے ہیں ﴿۱۳۴﴾

---

① اور ہر طرح کے سود سے خود کو بچاؤ۔ ② یعنی ایسے نیک اعمال میں ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرو جو اللہ تعالیٰ کی مغفرت اور جنت میں لے جانے کا ذریعہ بنے۔ ③ مال کی کمی کے زمانے میں بھی جو میسر ہو اس کا صدقہ کیا کرو، اس سے صدقہ کی نیک عادت باقی رہے گی اور صدقہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ وسعت عطا فرمائیں گے۔

④ (دوسرا ترجمہ) غصہ کو قابو میں رکھتے ہیں۔ ⑤ یعنی غصہ کو دبانا اور معاف کرنا ان کی عادت ہے۔

وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ ۔ وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۥ وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰى مَا فَعَلُوْا وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿١٣٥﴾ اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَجَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۔ وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿١٣٦﴾ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ ۥ فَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿١٣٧﴾

اور (تقویٰ والے لوگ) وہ ہیں کہ جب وہ کوئی کھلا گناہ کر بیٹھتے ہیں① یا (برا کام کر کے) اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں (تو فوراً) اللہ تعالیٰ کو یاد کرتے ہیں② سو (اللہ تعالیٰ سے) اپنے گناہوں کی معافی مانگتے ہیں اور (حقیقت بھی یہی ہے کہ) اللہ تعالیٰ کے سوا کون گناہوں کو معاف کر سکتا ہے؟ اور اپنے کیے ہوئے (گناہوں) پر اڑے نہیں رہتے③ حال یہ کہ وہ جانتے ہیں (کہ اللہ تعالیٰ بندوں کی سچی توبہ قبول کرتے ہیں) ﴿۱۳۵﴾ یہ (تقویٰ والے) وہ لوگ ہیں کہ ان کا بدلہ ان کے رب کی طرف سے مغفرت ہے اور (جنت کے) باغات ہیں جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی، ان (باغات) میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور (نیک عمل) کرنے والوں کا بدلہ کتنا اچھا ہے! ﴿۱۳۶﴾ تم سے پہلے بہت سارے واقعات ہو چکے ہیں، سو تم زمین میں چل پھر کر دیکھ لو④ کہ (نبیوں کو جھٹلانے والوں کا (برا) انجام کیسا ہوتا ہے؟ ﴿۱۳۷﴾

---

① یعنی بے حیائی کا کام ہو جاتا ہے۔

② یعنی گناہ کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کی عظمت اور عذاب کی یاد تازہ ہو جاتی ہے اور فوراً معافی مانگنے لگ جاتے ہیں، عام طور پر گناہ اللہ تعالیٰ کی یاد اور ذکر سے غفلت کی وجہ سے ہوتے ہیں؛ اس لیے گناہ ہو جائے تو فوراً اللہ تعالیٰ کو یاد کرو، ذکر میں مشغول ہو جاؤ اور معافی کے شرائط کے ساتھ استغفار کرو۔

شرائط توبہ: (۱) ندامت (۲) گناہ کا ترک (۳) آئندہ نہ کرنے کا عزم (۴) حقوق کی ادائیگی، اسی طرح دو رکعت استغفار کی نیت سے پڑھ کر کے بھی معافی مانگے۔

③ (دوسرا ترجمہ) جانتے ہوئے اپنے کیے ہوئے پر اصرار نہیں کرتے۔

④ عبرت کی نیت سے سفر اچھی چیز ہے، اب تو عبرت کے مقامات تفریح گاہ بن گئے ہیں، یا للعجب! مزید تفصیل کے لیے بندے کی تالیف ''دیکھی ہوئی دنیا'' دیکھیے۔

هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۳۸﴾ وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۹﴾ اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهٗ ؕ وَتِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ ۚ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَآءَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۰﴾ وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَمْحَقَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۴۱﴾ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۴۲﴾ وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَلْقَوْهُ ۪ فَقَدْ رَاَيْتُمُوْهُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿۱۴۳﴾

یہ (تمام) لوگوں کے لیے (صاف صاف) بیان (یعنی اعلان) ہے اور (خاص) تقوی والوں کے لیے ہدایت اور نصیحت ہے ﴿۱۳۸﴾ اور تم کم ہمت مت بنو① اور تم غمگین بھی مت ہو اور تم ہی لوگ غالب رہو گے اگر تم (کامل) ایمان والے ہو جاؤ ﴿۱۳۹﴾ (اے مسلمانو!) اگر تم کو ایک زخم (احد میں) پہنچا ہے تو اس (کافر) قوم کو بھی ایسا ہی زخم (اس سے پہلے بدر میں) پہنچ چکا ہے اور یہ (ہار جیت کے) دن (یا اوقات) ہیں جو ہم لوگوں کے درمیان باری باری بدلتے رہتے ہیں اور (احد میں جو تکلیف پہنچنے کے حالات آئے)؛ تا کہ اللہ تعالیٰ (کامل) ایمان والوں کو (جانچ کر یا ظاہر کر کے یا جدا کر کے) پہچان لیویں② اور تم (مسلمانوں) میں سے بعض لوگوں کو شہادت دیویں اور اللہ تعالیٰ ظلم کرنے والوں سے محبت نہیں رکھتے ﴿۱۴۰﴾ اور تا کہ اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو (گناہ کے میل کچیل سے) پاک کر دیویں اور کافروں (کے زور) کو (اللہ تعالیٰ) مٹا دیویں ﴿۱۴۱﴾ کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ تم (ایسے ہی) جنت میں داخل ہو جاؤ گے؛ حالاں کہ ابھی تک تو اللہ تعالیٰ نے (جانچ کر یا ظاہری طور پر جدا کر کے) تم میں سے نہ جہاد کرنے والوں کو معلوم کیا اور نہ ثابت قدم رہنے والوں کو معلوم کیا③ ﴿۱۴۲﴾ اور پکی بات ہے کہ اس (شہادت کی موت) کے سامنے آنے سے پہلے تم (شہادت کی) موت کی تمنا کیا کرتے تھے، سو واقعۃً تم نے اس (موت کے اسباب) کو اپنی کھلی آنکھوں سے دیکھ لیا④ ﴿۱۴۳﴾

---

① سست، کمزور مت بنو، ہمت مت ہارو۔
② (دوسرا ترجمہ) دیکھا ہی نہیں (یعنی کامل ایمان اور صبر کا ظاہر میں بھی امتحان ہوتا ہے)۔
④ غزوۂ احد میں موت کے حالات سامنے آ گئے تھے۔

وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُولٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۚ أَفَإِن مَّاتَ أَوْ قُتِلَ انقَلَبْتُمْ عَلَىٰ أَعْقَابِكُمْ ۚ وَمَن يَنقَلِبْ عَلَىٰ عَقِبَيْهِ فَلَن يَضُرَّ اللَّهَ شَيْئًا ۗ وَسَيَجْزِي اللَّهُ الشَّاكِرِينَ ﴿١٤٤﴾ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ أَن تَمُوتَ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ كِتَابًا مُّؤَجَّلًا ۗ وَمَن يُرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا نُؤْتِهِ مِنْهَا وَمَن يُرِدْ ثَوَابَ الْآخِرَةِ نُؤْتِهِ مِنْهَا ۚ وَسَنَجْزِي الشَّاكِرِينَ ﴿١٤٥﴾ وَكَأَيِّن مِّن نَّبِيٍّ قَاتَلَ مَعَهُ رِبِّيُّونَ كَثِيرٌ فَمَا وَهَنُوا لِمَا أَصَابَهُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَمَا ضَعُفُوا وَمَا اسْتَكَانُوا ۗ وَاللَّهُ يُحِبُّ الصَّابِرِينَ ﴿١٤٦﴾

اور محمد (ﷺ) رسول ہی تو ہے، پکی بات ہے کہ ان سے پہلے بہت سارے رسول گذر چکے ① سو اگر وہ فات پا جائیں یا ان کو شہید کر دیا جائے تو کیا تم ایڑیوں کے بل پھر جاؤ گے ② اور جو شخص بھی اپنی ایڑیوں کے بل پھر جائے گا تو وہ ہرگز اللہ تعالیٰ کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا اور عنقریب اللہ تعالیٰ شکر کرنے والوں کو بدلہ (یعنی ثواب) دیں گے ﴿۱۴۴﴾ اور کسی بھی نفس (یعنی جان والے) کے اختیار میں نہیں ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر مر جائے، جس (موت) کا ایک مقرر وقت پر آنا لکھا ہوا ہے اور جو شخص (بھی) دنیا کا ثواب (یعنی بدلہ) چاہتا ہے تو ہم اس کو اس (دنیا) میں سے کچھ حصہ دے دیتے ہیں اور جو شخص آخرت کا (ہمیشہ کا) ثواب چاہتا ہے تو ہم اس کو اس (آخرت) میں سے حصہ دے دیتے ہیں اور شکر کرنے والوں کو عنقریب ہم بدلہ دیں گے ③ ﴿۱۴۵﴾ اور بہت سارے نبی ہیں کہ ان کے ساتھ مل کر بہت سارے اللہ والوں نے (اللہ تعالیٰ کے دین کے لیے) جنگ کی، پھر ان کو اللہ تعالیٰ کے راستے میں جو تکلیف پہنچی اس سے وہ ہمت نہیں ہارے اور نہ کمزور ہوئے اور وہ نہ (دشمن کے آگے) جھکے ④ اور اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں سے محبت کرتے ہیں ﴿۱۴۶﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) بہت سارے رسول ہو چکے۔ ② یعنی اسلام چھوڑ دو گے۔

③ اس سے اشارہ مالِ غنیمت کی طرف ہے؛ یعنی اگر کوئی صرف مالِ غنیمت حاصل کرنے کی نیت سے جہاد میں شریک ہوگا تو اسے مالِ غنیمت میں سے تو حصہ مل جائے گا؛ لیکن آخرت کا ثواب حاصل نہیں ہوگا اور اگر اصل نیت اللہ کے حکم پر عمل کی ہوگی تو ثواب ملے گا اور ساتھ ساتھ مالِ غنیمت بھی ملے گا۔

④ یا دشمن سے دبے۔

وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ إِلَّا أَنْ قَالُوا رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَإِسْرَافَنَا فِي أَمْرِنَا وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِينَ۝ فَاٰتٰىهُمُ اللّٰهُ ثَوَابَ الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ۝

يٰۤاَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تُطِيْعُوا الَّذِينَ كَفَرُوْا يَرُدُّوْكُمْ عَلٰۤى اَعْقَابِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ۝ بَلِ اللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ۝ سَنُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ بِمَاۤ اَشْرَكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا ۚ وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ؕ وَبِئْسَ مَثْوَى الظّٰلِمِيْنَ۝

اوران (مجاہدین) کی زبان سے یہی بات نکلی کہ وہ (یوں) کہنے لگے کہ: اے ہمارے رب! آپ ہمارے گناہوں کو اور ہم سے ہمارے کاموں میں جو زیادتی ہوئی اس کو معاف فرما دیجیے اور آپ ہمارے قدموں کو جما دیجیے، اور آپ کافر قوم کے مقابلے میں ہماری مدد کیجیے ﴿۱۴۷﴾ سو اللہ تعالیٰ نے ان کو دنیا کا ثواب (یعنی بدلہ) اور آخرت کا بہترین ثواب عطا فرمایا اور اللہ تعالیٰ نیکی کرنے والوں کو پسند فرماتے ہیں ﴿۱۴۸﴾

اے ایمان والو! جنھوں نے کفر اپنا رکھا ہے اگر تم ان کی بات مانو گے تو وہ تم کو الٹے پاؤں (کفر کی طرف) پھیر دیں گے، سو (جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ) تم نقصان میں پڑ جاؤ گے ﴿۱۴۹﴾ (یہ کافر لوگ تمھاری مدد نہیں کرسکتے) بلکہ اللہ تعالیٰ ہی تمھاری مدد کرنے والے ہیں اور وہ (اللہ تعالیٰ) سب سے بہتر مدد کرنے والے ہیں ﴿۱۵۰﴾ جن لوگوں نے کفر اپنا لیا ہے عنقریب ہم ان کے دلوں میں رعب ڈال دیں گے؛ اس لیے کہ انھوں نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایسی چیز کو شریک کیا جس (کے شریک ہونے) کی اس (اللہ تعالیٰ) نے کوئی دلیل نہیں اتاری اور ان (کافروں) کا ٹھکانہ (جہنم کی) آگ ہے اور وہ ظالموں کے رہنے کی بہت بری جگہ ہے ﴿۱۵۱﴾

وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهٗٓ اِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ بِاِذْنِهٖ ۚ حَتّٰٓى اِذَا فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ فِى الْاَمْرِ وَعَصَيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَآ اَرٰىكُمْ مَّا تُحِبُّوْنَ ۭ مِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الدُّنْيَا وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ۚ ثُمَّ صَرَفَكُمْ عَنْھُمْ لِيَبْتَلِيَكُمْ ۚ وَلَقَدْ عَفَا عَنْكُمْ ۭ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَلَي الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

اور یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تمھارے ساتھ اپنا وعدہ (اس وقت) سچا کر دیا جب کہ تم ان (دشمنوں) کو اسی (اللہ تعالیٰ) کے حکم سے (احد کی لڑائی کے شروع میں) قتل کر رہے تھے، یہاں تک کہ جب تم ہمت ہار گئے اور (نبی کے) حکم (کو پورا کرنے) کے بارے میں آپس میں بحث (یعنی اختلاف) کرنے لگے اور اس (اللہ تعالیٰ) نے تم کو جو چیز پسند تھی وہ (فتح اور مالِ غنیمت①) تم کو دکھا دی اس کے بعد تم نے (امیر کی) بات نہیں مانی، تم میں سے کچھ لوگ وہ تھے جو دنیا کو چاہتے تھے②اور تم میں سے کچھ لوگ وہ تھے جو آخرت کو چاہتے تھے③، پھر اس (اللہ تعالیٰ) نے ان (کافروں) پر سے تمھارا رخ پھیر دیا④؛ تاکہ وہ (اللہ تعالیٰ) تمھارا امتحان لیوے، اور یقینی بات ہے کہ (اب) وہ (اللہ تعالیٰ) تم کو معاف کر چکے ہیں اور اللہ تعالیٰ تو ایمان والوں پر (بڑے) فضل (کرنے) والے ہیں﴿۱۵۲﴾

---

① "پسندیدہ چیز" یہاں مراد "مالِ غنیمت" ہے جسے دیکھ کر پیچھے ٹیلے کے اکثر حضرات اپنے امیر کے حکم کے خلاف ٹیلہ چھوڑ گئے تھے۔

② اس لیے کہ غنیمت کا مال دنیا میں بھی فائدہ مند ہے۔

③ حضرات صحابہؓ کے سامنے دو اہم چیزیں تھیں:

[۱] جس جگہ نبی کریم ﷺ نے بٹھایا تھا اس مورچے کی حفاظت۔

[۲] مالِ غنیمت کو جمع کرنا؛ چوں کہ جنگ میں ضابطے کے مطابق غنیمت کو جمع کرنے کے وہ مستحق تھے، اب اس وقت مصلحت یہ تھی کہ صرف مورچے کی حفاظت کی جائے؛ بلکہ انھوں نے مورچے کی حفاظت اور مالِ غنیمت کو جمع کرنا دونوں ثواب اس وقت حاصل کرنے کی کوشش کی اور جنگ ختم ہو گئی یہ سمجھ کر جگہ سے ہٹ گئے جو مناسب بات نہیں تھی؛ اس لیے حقیقت (یعنی مورچے کی حفاظت) کو ہی چاہا، حضرات صحابہؓ صرف حصولِ دنیا کو مقصود بالذات سمجھا ایسا نہیں تھا۔

④ (دوسرا ترجمہ) پھر اس (اللہ تعالیٰ) نے تم کو ان (کافروں) پر غالب آنے سے ہٹا دیا۔

إِذْ تُصْعِدُونَ وَلَا تَلْوُونَ عَلَىٰ أَحَدٍ وَالرَّسُولُ يَدْعُوكُمْ فِي أُخْرَاكُمْ فَأَثَابَكُمْ غَمًّا بِغَمٍّ لِّكَيْلَا تَحْزَنُوا عَلَىٰ مَا فَاتَكُمْ وَلَا مَا أَصَابَكُمْ ۗ وَاللَّهُ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ۝ ثُمَّ أَنزَلَ عَلَيْكُم مِّن بَعْدِ الْغَمِّ أَمَنَةً نُّعَاسًا يَغْشَىٰ طَائِفَةً مِّنكُمْ ۖ وَطَائِفَةٌ قَدْ أَهَمَّتْهُمْ أَنفُسُهُمْ يَظُنُّونَ بِاللَّهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ۖ يَقُولُونَ هَل لَّنَا مِنَ الْأَمْرِ مِن شَيْءٍ ۗ قُلْ إِنَّ الْأَمْرَ كُلَّهُ لِلَّهِ ۗ يُخْفُونَ فِي أَنفُسِهِم مَّا لَا يُبْدُونَ لَكَ ۖ يَقُولُونَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هَاهُنَا ۗ

جب تم منہ اٹھا کر چلے ہی جا رہے تھے اور تم کسی کو پیچھے مڑ کر نہیں دیکھ رہے تھے؛ حالاں کہ رسول تم کو تمھارے پیچھے کی جانب سے پکار رہے تھے، سو اللہ تعالیٰ نے تم (مسلمانوں) کو غم کی وجہ سے غم دیا①؛ تا کہ کسی چیز کے تمھارے ہاتھ سے نکل جانے کی وجہ سے اور کسی مصیبت کے پیش آنے کی وجہ سے تم غمگین نہ ہوا کرو② اور جو کام بھی تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ کو اس کی پوری خبر ہے ﴿۱۵۳﴾ پھر (اس) غم کے بعد (اللہ تعالیٰ نے) تم پر اطمینان اتارا، جو ایک اونگھ تھی، جو تم میں سے ایک جماعت پر پوری طرح چھا گئی تھی اور (دوسری) ایک جماعت کو اپنی جان ہی کی فکر لگی ہوئی تھی، جو اللہ تعالیٰ کے بارے میں ناحق (جھوٹے) جاہلوں جیسے گمان کر رہے تھے، وہ کہہ رہے تھے: کیا ہم کو بھی کوئی اختیار حاصل ہے③؟ تو تم (جواب میں ایسا) کہو کہ: اختیار تو سب کا سب اللہ تعالیٰ ہی کو حاصل ہے، یہ لوگ اپنے دلوں میں وہ بات چھپا رہے تھے جس کو وہ تمھارے سامنے ظاہر نہیں کر رہے تھے، ان کا کہنا یہ تھا کہ اگر اس معاملے میں ہم کو کچھ بھی اختیار حاصل ہوتا④ تو ہم یہاں (میدان احد میں) قتل نہ کیے جاتے،

① دو غم کس طرح: (۱) اجتہادی غلطی کی وجہ سے حضور (ﷺ) کے حکم کی خلاف ورزی ہوئی تو نبی کو تم نے غم پہنچایا اس پر اللہ تعالیٰ نے تم کو شکست کا غم پہنچایا۔ (۲) ساتھیوں کی شہادت اور شکست اس طرح غم پر غم تم کو پہنچا۔ (۳) احد میں مسلمان شروع میں کامیابی کی طرف آگے بڑھ رہے تھے وہ کامیابی فوت ہوگئی، اس کا غم اور ساتھ میں نبی کریم ﷺ کی شہادت کی افواہ پھیلی اس کا غم، اس طرح دوہرے غم جمع ہو گئے۔

② (دوسرا ترجمہ) تم زیادہ صدمہ نہ کرو۔ ③ یعنی مدینے سے باہر نہ نکلنے کی ہماری رائے کسی نے نہیں مانی اور مصیبت میں پھنس گئے۔ ④ ہمارا کچھ بھی چلتا، ہماری رائے پر عمل ہوتا، ہماری بات مانی جاتی یا ہمارا کام کچھ بنتے گا یا سب بگڑ گیا۔

قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِیْ بُیُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِیْنَ كُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَ لِیَبْتَلِیَ اللّٰهُ مَا فِیْ صُدُوْرِكُمْ وَ لِیُمَحِّصَ مَا فِیْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۵۴﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ تَوَلَّوْا مِنْكُمْ یَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ۙ اِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّیْطٰنُ بِبَعْضِ مَا كَسَبُوْا ۚ وَ لَقَدْ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِیْمٌ ﴿۱۵۵﴾

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَ قَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ اِذَا ضَرَبُوْا فِی الْاَرْضِ اَوْ كَانُوْا غُزًّى لَّوْ كَانُوْا عِنْدَنَا مَا مَاتُوْا وَ مَا قُتِلُوْا ۚ لِیَجْعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ حَسْرَةً فِیْ قُلُوْبِهِمْ ؕ وَ اللّٰهُ یُحْیٖ وَ یُمِیْتُ ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ﴿۱۵۶﴾

تو (اے نبی!) تم (جواب میں ایسا) کہو: اگر تم لوگ اپنے گھروں میں رہتے تو بھی جن کے لیے قتل ہونا (تقدیر میں) لکھا ہوا ہوتا تو وہ ضرور باہر نکل کر اپنی قتل کی جگہ پر پہنچ جاتے (یہ قتل وشکست کا معاملہ اس لیے پیش آیا) اور تاکہ جو کچھ تمھارے سینوں میں ہے اللہ تعالیٰ اس کو آزمائیں اور تاکہ جو (ایمان) تمھارے دلوں میں ہے اس کو (اللہ تعالیٰ وساوس وغیرہ سے) پاک صاف کر دیں اور اللہ تعالیٰ سینوں کی بات کو خوب اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۱۵۴﴾ یقینی بات ہے کہ جس دن دو لشکر ایک دوسرے سے ٹکرائے اس دن جو لوگ تم میں سے پیٹھ پھرا گئے حقیقت میں شیطان نے ان کے بعض گناہوں کی وجہ سے ان کے قدم ڈگمگا دیئے تھے اور پکی بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو معاف کر دیا، یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے، بڑے حلم والے ہیں ﴿۱۵۵﴾

اے ایمان والو! جنھوں نے کفر اپنا لیا ہے تم ان کی طرح مت ہو جانا، اور جب ان کے بھائی (زمین میں) کہیں سفر کرتے ہیں یا کسی جنگ میں شامل ہوتے ہیں (اور تقدیر کی بات کہ ان کو موت آ گئی یا وہ شہید ہو گئے) تو وہ (منافق) لوگ ان کے بارے میں (یوں) کہتے ہیں کہ: اگر وہ ہمارے پاس ہوتے تو نہ مرتے اور نہ قتل کر دیے جاتے (یہ بات اس لیے کہتے ہیں) تاکہ اللہ تعالیٰ ان باتوں کو ان کے دلوں میں افسوس کا ذریعہ بنا دے (ورنہ حقیقت یہ ہے کہ) زندگی اور موت تو اللہ تعالیٰ ہی دیتے ہیں اور جو عمل بھی تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس کو اچھی طرح دیکھتے ہیں ﴿۱۵۶﴾

وَلَئِن قُتِلْتُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللَّهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُونَ ﴿١٥٧﴾ وَلَئِن مُّتُّمْ
أَوْ قُتِلْتُمْ لَإِلَى اللَّهِ تُحْشَرُونَ ﴿١٥٨﴾ فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللَّهِ لِنتَ لَهُمْ ۖ وَلَوْ كُنتَ فَظًّا غَلِيظَ
الْقَلْبِ لَانفَضُّوا مِنْ حَوْلِكَ ۖ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ ۖ
فَإِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِينَ ﴿١٥٩﴾ إِن يَنصُرْكُمُ اللَّهُ فَلَا غَالِبَ
لَكُمْ ۖ وَإِن يَخْذُلْكُمْ فَمَن ذَا الَّذِي يَنصُرُكُم مِّن بَعْدِهِ ۗ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ﴿١٦٠﴾

اور اگر تم اللہ تعالیٰ کے راستے میں قتل کر دیے جاؤ① یا تم (مقرر وقت پر اپنی موت) مر جاؤ تب بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو مغفرت اور رحمت (ملنے والی) ہے وہ ان (چیزوں) سے کہیں زیادہ بہتر ہے جس کو وہ (نافرمان) لوگ جمع کر رہے ہیں ﴿۱۵۷﴾ اور اگر تم اپنی موت مر جاؤ یا تم کو قتل کر دیا جائے تو بھی تم اللہ تعالیٰ کے پاس ہی لے جا کر جمع کیے جاؤ گے ﴿۱۵۸﴾ سو اللہ تعالیٰ کی (بڑی) مہربانی کی وجہ سے تم ان کے لیے نرم (دل) ہو گئے② اور اگر تم سخت مزاج، سخت دل والے (یعنی بداخلاق، بدکلام) ہوتے تو یہ لوگ تمھارے پاس سے (ہٹ کر) منتشر ہو جاتے، سو تم ان کو معاف کر دو اور تم (اللہ تعالیٰ سے) ان کے لیے مغفرت کی دعا کرو اور تم (اہم) کاموں میں ان سے مشورہ کرتے رہو③ سو جب تم (کسی کام کا) پکا ارادہ کر لو تو اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ کرو، یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ بھروسہ کرنے والوں سے محبت کرتے ہیں ﴿۱۵۹﴾ اگر اللہ تعالیٰ تمھاری مدد کریں تو تم پر کوئی غالب آنے والا نہیں اور اگر وہ (اللہ تعالیٰ) تمھاری مدد نہ کریں تو کون ہے جو اس کے بعد تمھاری مدد کرے④؟ اور ایمان والوں کو اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے ﴿۱۶۰﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) شہید ہو جاؤ۔

② نبی کو وفادار اور جاں نثار صحابہ کے متعلق یہ ہدایت ہے، دوسروں کے لیے تو زیادہ ان اوصاف کو اپنانے کی تاکید ہے۔

③ صاحب وحی کو مشورہ کا حکم ہے تو دوسروں کے لیے تو اس کی اہمیت کئی گنا زیادہ ہے، مشورے سے ماتحتوں کی حوصلہ افزائی بھی ہوتی ہے اور کام کی مختلف شکلیں سامنے آتی ہیں۔

④ اللہ تعالیٰ کی مدد نہیں ہوگی تو انسان کو رسوائی سے کوئی بچا نہیں سکتا۔

وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَغُلَّ ۚ وَمَنْ يَغْلُلْ يَأْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ ثُمَّ تُوَفَّىٰ كُلُّ نَفْسٍ مَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿۱۶۱﴾ أَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَ اللَّهِ كَمَنْ بَاءَ بِسَخَطٍ مِنَ اللَّهِ وَمَأْوَاهُ جَهَنَّمُ ۚ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿۱۶۲﴾ هُمْ دَرَجَاتٌ عِنْدَ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ بَصِيرٌ بِمَا يَعْمَلُونَ ﴿۱۶۳﴾ لَقَدْ مَنَّ اللَّهُ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ إِذْ بَعَثَ فِيهِمْ رَسُولًا مِنْ أَنْفُسِهِمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَإِنْ كَانُوا مِنْ قَبْلُ لَفِي ضَلَالٍ مُبِينٍ ﴿۱۶۴﴾ أَوَلَمَّا أَصَابَتْكُمْ مُصِيبَةٌ قَدْ أَصَبْتُمْ مِثْلَيْهَا قُلْتُمْ أَنَّىٰ هَٰذَا ۖ

اور کسی نبی سے یہ نہیں ہوسکتا کہ وہ (مالِ غنیمت میں) خیانت کرے ①اور جس نے خیانت کی ہوگی وہ قیامت کے دن وہ (خیانت والی) چیز لے کر حاضر ہوگا②، پھر ہر شخص کو اس کے کیے ہوئے کاموں کا پورا بدلہ دیا جائے گا اور ان پر کوئی ظلم نہیں کیا جائے گا ﴿۱۶۱﴾ جو شخص اللہ تعالیٰ کی رضا (یعنی خوشی) کے تابع ہے تو کیا وہ اس شخص کی طرح ہوسکتا ہے جو اللہ تعالیٰ کی ناراضگی لے کر لوٹا ہو③؟ اور اس کا ٹھکانہ جہنم ہو اور وہ (جہنم) بہت بری پہنچنے کی جگہ ہے ﴿۱۶۲﴾ ان کے لیے اللہ تعالیٰ کے یہاں (الگ الگ) درجے ہیں اور وہ لوگ جو کام کرتے ہیں اللہ تعالیٰ اس کو پوری طرح دیکھتے ہیں ﴿۱۶۳﴾ پکی بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں پر احسان فرمایا جب کہ ان کے درمیان ان ہی میں سے ایک ایسے رسول بھیجے جو ان کے سامنے اس (اللہ تعالیٰ) کی آیتوں کی تلاوت کرتے ہیں ④اور ان کو (ظاہری و باطنی گندگی سے) پاک صاف کرتے ہیں اور ان کو کتاب اور حکمت کی باتیں سکھاتے ہیں، اور یقینی بات ہے کہ وہ (رسول کے تشریف لانے سے) پہلے کھلی ہوئی گمراہی میں پڑے ہوئے تھے ﴿۱۶۴﴾ اور جب (احد میں) ایک مصیبت تم کو پہنچی جس سے دوگنی مصیبت تم (دشمن کو بدر میں) پہنچا چکے تھے تو کیا تم ایسے موقع پر یوں کہنے لگے کہ: یہ (شکست کی مصیبت) کہاں سے آ گئی؟

---

① (دوسرا ترجمہ) وہ (کسی چیز کو) چھپا دیوے۔
② مؤمنوں کو ہر طرح کی خیانت سے بچنا چاہیے، خیانت کبیرہ گناہ ہے۔
③ یعنی اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا مستحق ہوا ہو۔
④ اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو پڑھ پڑھ کر سناتے ہیں۔

قُلْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۱۶۵﴾ وَمَاۤ اَصَابَكُمْ یَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِیَعْلَمَ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۶۶﴾ وَلِیَعْلَمَ الَّذِیْنَ نَافَقُوْا ۖۚ وَقِیْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا قَاتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اَوِ ادْفَعُوْا ؕ قَالُوْا لَوْ نَعْلَمُ قِتَالًا لَّاتَّبَعْنٰكُمْ ؕ هُمْ لِلْكُفْرِ یَوْمَىٕذٍ اَقْرَبُ مِنْهُمْ لِلْاِیْمَانِ ۚ یَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِهِمْ مَّا لَیْسَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا یَكْتُمُوْنَ ﴿۱۶۷﴾ اَلَّذِیْنَ قَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ وَقَعَدُوْا لَوْ اَطَاعُوْنَا مَا قُتِلُوْا ؕ قُلْ فَادْرَءُوْا عَنْ اَنْفُسِكُمُ الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۱۶۸﴾

تو تم (ان کو جواب میں) کہو: وہ (مصیبت) تو خود تمھاری طرف سے آئی ہے① یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ تمام چیز پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں ﴿۱۶۵﴾ اور وہ نقصان جو دو لشکر کے ٹکرانے کے دن ② تم کو پہنچا ہے وہ تو اللہ تعالیٰ کے حکم (یعنی قضائے الٰہی) سے (پہنچا) ہے؛ اور تا کہ اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو (ظاہر میں بھی جانچ کر) معلوم کرلیویں ﴿۱۶۶﴾ اور تا کہ وہ (اللہ تعالیٰ) منافقوں کو (بھی ظاہر کر کے) معلوم کرلیویں اور ان (منافقوں) سے (یہی تو) کہا گیا تھا کہ تم آؤ! اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جنگ کر دیا (کم از کم دشمن کا) دفاع کرو، تو (جواب میں منافقین) کہنے لگے: اگر ہم (اس کو اقعی) لڑائی سمجھتے تو ہم ضرور (جنگ میں) تمھارے ساتھ چلتے، (جس دن وہ منافقین یہ بات کہہ رہے تھے) اس دن وہ (منافقین ظاہر میں بھی) اپنے ایمان کی بہ نسبت کفر سے زیادہ قریب ہو گئے③، وہ (منافقین) اپنی زبان سے ایسی بات کہتے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں ہوتی ہے اور وہ (منافقین) جو کچھ (اپنے دلوں میں) چھپا رہے ہیں اللہ تعالیٰ اس کو خوب اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۱۶۷﴾ (منافق ایسے لوگ ہیں کہ) وہ خود تو بیٹھے رہے اور اپنے (شہید) بھائیوں کے متعلق④ کہنے لگے: کہ اگر وہ ہمارا کہنا مان لیتے (اور جنگ میں نہ جاتے) تو وہ قتل نہ کردیے جاتے، تم (ان منافقوں سے) کہہ دو: اگر تم (واقعی) سچے ہو تو (موت کا وقت آوے تب خود) اپنے اوپر سے موت کو ٹال دینا ﴿۱۶۸﴾

---

① نبی کی حاضری میں بھی نبی کے حکم کی خلاف ورزی کرو تو اللہ کی مدد رک جاتی ہے؛ گویا مصیبت کے حالات اپنی خود کی کوتاہی کی وجہ سے آئے ② مراد احد کی جنگ ③ زبان دل کی ترجمان ہوتی ہے ④ احد میں جو مسلمان شہید ہوئے تھے بہت سوں کی منافقوں کے ساتھ خاندانی رشتہ داری ہوتی تھی، کم سے کم وطن تو ایک تھا ہی؛ اس لیے خاندانی وطنی بھائی ہونا مراد ہے۔

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ۭ بَلْ اَحْيَاۗءٌ عِنْدَ رَبِّھِمْ يُرْزَقُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ فَرِحِيْنَ بِمَآ اٰتٰىھُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۙ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِھِمْ مِّنْ خَلْفِھِمْ ۙ اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْھِمْ وَلَا ھُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۷۰﴾ يَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۱﴾

اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ مِنْۢ بَعْدِ مَآ اَصَابَھُمُ الْقَرْحُ ڕ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا مِنْھُمْ وَاتَّقَوْا اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۷۲﴾ اَلَّذِيْنَ قَالَ لَھُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْھُمْ فَزَادَھُمْ اِيْمَانًا ڰ وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿۱۷۳﴾

اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کے راستے میں قتل (یعنی شہید) کر دیے گئے ہیں ان کو ہرگز مردہ مت سمجھنا؛ بلکہ وہ تو زندہ ہیں، ان کے رب کے پاس ان کو روزی عطا کی جاتی ہے ﴿۱۶۹﴾ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے ان کو جو دیا ہے اس پر وہ خوش وخرم ہیں، اور ان کے پیچھے جو (مسلمان ابھی شہید ہو کر) ان تک نہیں پہنچے (اور دنیا میں زندہ ہیں) ان کے بارے میں (بھی) وہ خوش ہیں کہ (جب وہ شہید ہو کر آخرت میں ان سے آ کر ملیں گے تب) ان پر کوئی خوف اور غم نہیں ہوگا ﴿۱۷۰﴾ اللہ تعالیٰ کی نعمت اور فضل پر وہ خوشی مناتے ہیں اور اس بات پر بھی (خوشی مناتے ہیں) کہ اللہ تعالیٰ ایمان والوں کے اجر کو ضائع نہیں کریں گے ﴿۱۷۱﴾

وہ لوگ ہیں جنھوں نے اپنے زخم کھانے کے بعد بھی اللہ تعالیٰ اور رسول کا حکم قبول کیا① ان میں سے جنھوں نے بھی نیک کام کیے اور تقویٰ اپنا لیا ہے ان کے لیے بڑا اجر ہے ﴿۱۷۲﴾ یہی وہ لوگ ہیں جن کو لوگوں نے یہ کہا تھا کہ: یقیناً (مکہ کے کافر) لوگوں نے تمھارے (مقابلے کے) لیے (بھرے سامان) جمع کیا ہے② لہٰذا تم ان سے ڈرتے رہنا، سو اس (خبر) نے ان کے ایمان کو اور زیادہ (قوی) کر دیا اور وہ (ایمان والے) بول اٹھے: ہم کو تو اللہ تعالیٰ ہی کافی ہیں اور وہ (اللہ تعالیٰ) کتنے اچھے کام بنانے والے ہیں ﴿۱۷۳﴾

---

① یعنی احد کی جنگ کے بعد جب مکہ کے دشمنوں کا پیچھا کرنے کے لیے بلایا گیا، یہ غزوۂ حمراء الاسد کی طرف اشارہ ہے۔

② (دوسرا ترجمہ) مکہ کے کافر لوگ تمھارے مقابلہ کے لیے جمع ہو گئے ہیں۔

فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ ۙ وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ ۝ اِنَّمَا ذٰلِكُمُ الشَّيْطٰنُ يُخَوِّفُ اَوْلِيَآءَهٗ ۪ فَلَا تَخَافُوْهُمْ وَخَافُوْنِ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَلَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِى الْكُفْرِ ۚ اِنَّهُمْ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَلَّا يَجْعَلَ لَهُمْ حَظًّا فِى الْاٰخِرَةِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّمَا نُمْلِىْ لَهُمْ خَيْرٌ لِّاَنْفُسِهِمْ ؕ اِنَّمَا نُمْلِىْ لَهُمْ لِيَزْدَادُوْٓا اِثْمًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝

سووہ (مسلمان) اللہ تعالیٰ کی نعمت اور فضل سے مالامال ہو کر ① اس طرح واپس ہوئے کہ ان کو ذرا سی تکلیف بھی نہیں پہنچی اور انھوں نے اللہ تعالیٰ کی مرضی کی اتباع کی ② اور اللہ تعالیٰ تو بڑے ہی فضل (فرمانے) والے ہیں ﴿۱۷۴﴾ حقیقت یہ ہے کہ شیطان (تم مسلمانوں کو) اپنے دوستوں سے ڈرایا کرتا ہے اگر تم (حقیقت میں) ایمان والے ہو تو تم ان (شیطان کے دوستوں) سے مت ڈرو اور مجھ ہی سے تم ڈرو ﴿۱۷۵﴾ اور جو لوگ دوڑ دوڑ کر کے کفر میں گرتے ہیں ③ وہ تم کو صدمہ میں نہ ڈالیں، یقین رکھو کہ وہ اللہ تعالیٰ کو ہرگز کچھ بھی نقصان نہیں پہنچا سکتے، اللہ تعالیٰ یہ چاہتے ہیں کہ آخرت (کے ثواب) میں ان کا کوئی حصہ نہ رکھیں اور ان کے لیے بڑا عذاب تیار ہے ﴿۱۷۶﴾ یقیناً جن لوگوں نے ایمان چھوڑ کر ④ کفر خریدا ہے، وہ اللہ تعالیٰ کا ذرا بھی کچھ بگاڑ نہیں سکتے اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے ﴿۱۷۷﴾ اور کافر لوگ ہرگز یہ نہ سمجھیں کہ جو ہم ان کو ڈھیل دے رہے ہیں وہ ان کے لیے کوئی اچھی بات ہو، ہم تو صرف ان کو ڈھیل دے رہے ہیں؛ تاکہ وہ گناہ (کرنے) میں ترقی کر جاویں ⑤ اور ان کے لیے عذاب ہے جو ذلیل کر کے رکھ دے گا ﴿۱۷۸﴾

---

① غزوۂ بدر صغریٰ کے موقع پر مسلمانوں کو بڑی نعمتیں حاصل ہوئی: (۱) سلامتی (۲) تجارتی نفع (۳) اللہ تعالیٰ نے کافروں کے دلوں میں مسلمانوں کا رعب ڈال دیا؛ اس لیے کفار بھاگ گئے، قتل و قتال نہیں ہوا۔

② (دوسرا ترجمہ) اور وہ اللہ تعالیٰ کی خوشی (کے مطابق) چلے۔

③ (دوسرا ترجمہ) جو لوگ کفر میں ایک دوسرے سے بڑھ کر تیزی دکھلاتے ہیں یعنی کفر میں پیش پیش رہتے ہیں۔

④ (دوسرا ترجمہ) ایمان بیچ کر۔ ⑤ (دوسرا ترجمہ) وہ گناہ زیادہ کریں۔

مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ ۭ وَمَا
كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَي الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِىْ مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۠ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ
وَرُسُلِهٖ ۚ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَلَكُمْ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ
اٰتٰىھُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ھُوَ خَيْرًا لَّھُمْ ۭ بَلْ ھُوَ شَرٌّ لَّھُمْ ۭ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ
الْقِيٰمَةِ ۭ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝ۧ

لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَاۗءُ ۘ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا
وَقَتْلَھُمُ الْاَنْۢبِيَاۗءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝

اللہ تعالیٰ کی یہ شان نہیں کہ وہ مسلمانوں کو اسی حالت پر چھوڑے رکھیں جس (حالت) پر تم اس وقت ہو، جب تک کہ وہ ناپاک (یعنی منافق) کو پاک (یعنی مؤمن) سے جدا نہ کردیں، اور (دوسری طرف) اللہ تعالیٰ کا یہ طریقہ بھی نہیں ہے کہ وہ (بغیر واسطے کے) غیب کی باتیں تم کو بتلادیا کریں؛ لیکن اللہ تعالیٰ (غیب کی خبر بتانے کے لیے) اپنے رسولوں میں سے جس کو چاہتے ہیں چن لیتے ہیں، سو تم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ اور اگر تم ایمان پر رہو گے اور تقویٰ والے رہو گے تو تمھارے لیے بڑا اجر ہے ﴿۱۷۹﴾ اور جو (مال) اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے ان کو دیا ہے اس میں بھی جو بخیلی کرتے ہیں وہ ہرگز ایسا نہ سمجھیں کہ وہ (بخیلی کرنا) ان کے لیے اچھا ہے؛ بلکہ وہ (بخیلی کرنا) ان کے لیے بہت برا ہے، جس (مال) میں وہ لوگ بخیلی کرتے رہے ہیں عنقریب قیامت کے دن وہ مال طوق (یا ہار) بنا کر ان کو (گلے میں) پہنا دیا جائے گا اور آسمانوں اور زمین کی میراث (یعنی حقیقی مالکی) اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہے اور جو عمل بھی تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس کی پوری خبر رکھتے ہیں ﴿۱۸۰﴾

بالکل پکی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان (گستاخ یہود) لوگوں کی بات سن لی جو یہ کہتے ہیں کہ: اللہ تعالیٰ تو فقیر ہے اور ہم مالدار ہیں، جو کچھ انھوں نے کہا وہ (ان کے اعمال نامہ میں) ہم لکھ رکھیں گے اور انھوں نے نبیوں کو جو ناحق قتل کیا ہے اس کو بھی (لکھ رکھیں گے) اور ہم (ان سے آخرت میں) کہیں گے: جلتی آگ کا عذاب تم چکھو ﴿۱۸۱﴾

ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۱۸۲﴾ اَلَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ
اِلَيْنَآ اَلَّا نُؤْمِنَ لِرَسُوْلٍ حَتّٰى يَاْتِيَنَا بِقُرْبَانٍ تَاْكُلُهُ النَّارُ ۭ قُلْ قَدْ جَاۗءَكُمْ رُسُلٌ مِّنْ
قَبْلِيْ بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالَّذِيْ قُلْتُمْ فَلِمَ قَتَلْتُمُوْهُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۸۳﴾ فَاِنْ كَذَّبُوْكَ
فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ جَاۗءُوْ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ وَالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ﴿۱۸۴﴾ كُلُّ نَفْسٍ
ذَاۗىِٕقَةُ الْمَوْتِ ۭ وَاِنَّمَا تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَاُدْخِلَ
الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ ۭ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿۱۸۵﴾

جو کرتوت تمہارے ہاتھوں نے آگے بھیج رکھے تھے یہ (جہنم) اس کی سزا ہے اور یقیناً اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر ظلم کرنے والے نہیں ہیں ﴿۱۸۲﴾ جن لوگوں کا کہنا یہ تھا کہ یقیناً اللہ تعالیٰ نے ہم (یہود) سے (پچھلے نبیوں کے واسطے سے) یہ عہد لے رکھا ہے کہ ہم کسی بھی رسول کی اس وقت تک تصدیق نہ کریں جب تک وہ ہمارے پاس ایسی قربانی نہ لے آویں جس کو (آسمانی) آگ کھا جاتی ہو① تو (ان کے جواب میں) تم (یوں) کہو: پکی بات ہے کہ مجھ سے پہلے بہت سارے رسول تمہارے پاس کھلی ہوئی نشانیاں اور وہ چیز (یعنی معجزات) بھی لے کر آئے جو تم نے (مجھ سے) کہی تھی② پھر اگر تم سچے ہی تھے تو تم نے ان (نبیوں) کو کیوں قتل کر دیا؟③ ﴿۱۸۳﴾ سو (اے محمد!) وہ (یہودی) لوگ گر تم کو جھٹلائیں تو (کوئی نئی بات نہیں ہے) پکی بات یہ ہے کہ تم سے پہلے بہت سارے رسولوں کو جھٹلایا جا چکا ہے؛ جو (رسول) کھلی ہوئی نشانیاں اور (لکھے ہوئے) صحیفے اور (حق کو) روشن کرنے والی کتاب (بھی) لائے تھے ﴿۱۸۴﴾ ہر جاندار کو موت (کا مزہ) چکھنا ہی ہے اور تمہارے (اعمال کے) بدلے قیامت کے دن تم کو پورے پورے دے دیے جائیں گے، سو جو شخص آگ سے دور رکھا گیا اور جنت میں داخل کر دیا گیا سو وہ صحیح معنی میں کامیاب ہو گیا اور دنیا کی زندگی (جنت کے مقابلے میں) دھوکے کے سامان کے سوا کچھ بھی نہیں ہے ﴿۱۸۵﴾

---

① ایسا کوئی معاہدہ نہیں ہوا تھا، یہ یہود کی جھوٹی بات نقل کی گئی، ایمان نہ لانے کا اس کو بہانہ ہی کہہ سکتے ہیں۔
② (دوسرا ترجمہ) جس کا تم نے مجھ سے مطالبہ کیا۔
③ نبیوں نے تمہاری مانگی ہوئی چیز دکھائی پھر ایمان لانے کے بجائے کیوں ان کو قتل کر دیا؟۔

لَتُبْلَوُنَّ فِي أَمْوَالِكُمْ وَأَنْفُسِكُمْ وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِينَ أَشْرَكُوا أَذًى كَثِيرًا ۚ وَإِنْ تَصْبِرُوا وَتَتَّقُوا فَإِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ ﴿۱۸۶﴾ وَإِذْ أَخَذَ اللّٰهُ مِيثَاقَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتٰبَ لَتُبَيِّنُنَّهُ لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُونَهُ ۖ فَنَبَذُوهُ وَرَاءَ ظُهُورِهِمْ وَاشْتَرَوْا بِهِ ثَمَنًا قَلِيلًا ۖ فَبِئْسَ مَا يَشْتَرُونَ ﴿۱۸۷﴾ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ يَفْرَحُونَ بِمَا أَتَوْا وَيُحِبُّونَ أَنْ يُحْمَدُوا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوا فَلَا تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ مِنَ الْعَذَابِ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿۱۸۸﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۗ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿۱۸۹﴾

(اے مسلمانو!) تم کو اپنے مالوں اور اپنی جانوں میں ضرور آزمایا جائے گا اور تم کو اپنے سے پہلے اہلِ کتاب سے اور مشرکوں سے بہت تکلیف دینے والی باتیں سننی پڑے گی اور اگر تم صبر سے کام لو اور تقویٰ کے پابند رہو تو یقیناً یہ (بڑے) ہمت کے کاموں میں سے ہے ﴿۱۸۶﴾ اور (ان اہلِ کتاب کو وہ وقت بھولنا نہیں چاہیے) جب کہ اللہ تعالیٰ نے اہلِ کتاب سے پکا عہد لیا تھا کہ تم اس (آسمانی کتاب کی تمام باتوں) کو لوگوں کے سامنے صاف صاف بیان کرہی دو گے اور اس (کتاب کی کسی بات) کو تم نہیں چھپاؤ گے، سو انھوں نے (یعنی اہلِ کتاب نے) اس (عہد) کو اپنی پیٹھوں کے پیچھے ڈال دیا① اور اس (کتاب) کے بدلے بہت ہی معمولی قیمت حاصل کرلی، سو کتنی بری چیز ہے جو وہ لوگ خریدتے ہیں② ﴿۱۸۷﴾ تم ہرگز یہ نہ سمجھنا کہ جو لوگ اپنے کیے ہوئے (برے) کام پر خوش ہو رہے ہیں اور وہ یوں چاہتے ہیں کہ جو کام انھوں نے نہیں کیے اس پر ان کی تعریف کی جاوے، سو ایسے لوگوں کے بارے میں تم ہرگز یہ مت سمجھنا کہ وہ عذاب سے چھوٹنے میں کامیاب ہوجائیں گے اور ان کے لیے تو دردناک عذاب ہے③ ﴿۱۸۸﴾ اور آسمانوں اور زمین کی حکومت اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہے اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں ﴿۱۸۹﴾

① یعنی بالکل عمل نہیں کیا۔ ② (دوسرا ترجمہ) وہ حاصل کررہے ہیں۔

③ آیت یہود کے متعلق نازل ہوئی، لیکن حکم عام ہے، برے کام پر خوش ہونا اور نہ کیے ہوئے کاموں پر تعریف کروانا چاہنا یہ عذاب کا ذریعہ بننے والی بات ہے۔

اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ ۚۙ الَّذِیْنَ یَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِیٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰی جُنُوْبِهِمْ وَیَتَفَكَّرُوْنَ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۞ رَبَّنَاۤ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَیْتَهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِیْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۞ رَبَّنَاۤ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِیًا یُّنَادِیْ لِلْاِیْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَیِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ۚ۞

یقینی بات ہے کہ آسمانوں اور زمین کے بنانے اور رات اور دن کے (لگا تار باری باری) بدلنے میں عقل والوں کے لیے بڑی نشانیاں ہیں ﴿۱۹۰﴾ وہ (عقلمند) لوگ جو کھڑے ہو کر اور بیٹھ کر اور اپنے پہلوؤں پر (لیٹ کر یعنی ہر حالت میں) اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہیں اور وہ آسمانوں اور زمین کی تخلیق (یعنی ساخت) میں غور وفکر کرتے ہیں (اور دل کے یقین کے ساتھ یہ کہتے ہیں کہ) اے ہمارے رب! یہ سب کچھ آپ نے بے مقصد نہیں بنایا، آپ کی ذات (فضول کاموں سے) پاک ہے، سو آپ ہم کو آگ کے عذاب سے بچا لیجیے ﴿۱۹۱﴾ اے ہمارے رب! یقینی بات یہ ہے کہ آپ جس کو آگ میں داخل کر دیں گے سو حقیقت میں اس کو آپ نے رسوا کر دیا اور (ایسے) ظالموں کا کوئی مدد کرنے والا نہیں ہوگا ﴿۱۹۲﴾ اے ہمارے رب! یقینی بات ہے کہ ہم نے ایک پکارنے والے (یعنی محمد ﷺ) کو سنا جو ایمان (لانے) کے لیے پکار رہے تھے کہ تم اپنے رب پر ایمان لے آؤ، سو ہم ایمان لے آئے، اے ہمارے رب! سو (ہماری درخواست ہے کہ) آپ ہمارے لیے ہمارے گناہوں کو معاف کر دیجیے اور ہماری برائیوں کو ہم سے مٹا دیجیے ① اور ہم کو نیک لوگوں کے ساتھ موت دیجیے ② ﴿۱۹۳﴾

① (دوسرا ترجمہ) ہماری برائیوں کو ہم سے دور کر دیجیے۔

② (دوسرا ترجمہ) ہم کو نیک لوگوں میں شامل کر کے موت دیجیے۔ معلوم ہوا کہ صالحین کے ساتھ حشر نشر مانگنے کی چیز ہے۔

رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ۝ فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّیْ لَاۤ اُضِيْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى ۚ بَعْضُكُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَاُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاُوْذُوْا فِیْ سَبِيْلِیْ وَقٰتَلُوْا وَقُتِلُوْا لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ ثَوَابًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الثَّوَابِ۝ لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِی الْبِلَادِ۝

اے ہمارے رب! اور جن چیزوں کا وعدہ آپ نے اپنے رسولوں کی معرفت ہم سے کیا ہے وہ ہم کو عطا فرما دیجیے اور آپ ہم کو قیامت کے دن رسوانہ کرنا، یقینی بات ہے کہ آپ کبھی بھی وعدے کی خلاف ورزی نہیں کیا کرتے ﴿۱۹۴﴾ سو ان کے رب نے ان کی دعا قبول فرمالی (اور اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا) کہ میں تم میں سے کسی عمل کرنے والے کا عمل ضائع کرنے والا نہیں ہوں، مرد ہو یا عورت ہو تم آپس میں ایک دوسرے جیسے ہو، سو جن لوگوں نے ہجرت کی اور وہ اپنے گھروں سے نکالے گئے اور میرے راستے میں وہ ستائے گئے اور انھوں نے (دین کے خاطر) لڑائی لڑی اور وہ قتل کر دیے گئے① تو ضرور میں ان سے ان کے گناہوں کو معاف کر دوں گا② اور ضرور میں ان کو ایسے باغات میں داخل کروں گا کہ ان کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی، یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بدلہ ملے گا اور اللہ تعالیٰ کے پاس تو بہترین بدلہ ہے③ ﴿۱۹۵﴾ کافروں کا (موج مزہ کے ساتھ) شہروں میں چلنا پھرنا تم کو ہرگز دھوکہ میں نہ ڈالے④ ﴿۱۹۶﴾

① (دوسرا ترجمہ) شہید کر دیے گئے۔ ② (دوسرا ترجمہ) میں ضرور ان سے ان کی برائیاں دور کر دوں گا۔

③ ثواب کے لغوی معنی آتے ہیں لوٹنے کے، پہلی حالت کی طرف لوٹنے کو بھی ثواب کہتے ہیں، انسان کا عمل جو بدلے کی طرف لوٹتا اس کو ثواب کہتے ہیں، چاہے وہ بدلہ اچھا ہو یا برا ہو، لیکن زیادہ تر اچھے بدلے کے لیے یہ لفظ استعمال ہوا ہے۔

④ کافروں کا تجارت کے لیے یا تفریحات کے لیے یا کسی دوسرے مقاصد کے لیے ایک جگہ سے دوسری جگہ چلنا پھرنا، موج مزہ، عیاشی کرنا دھوکہ کھانے کی چیز نہیں ہے کہ ایک مسلمان اس کو اہمیت اور رشک کی نگاہوں سے دیکھے؛ اس لیے کہ یہ دنیا کا چند روزہ مزہ ہے، مرتے ہی اس کا نام ونشان تک نہیں رہے گا۔ (دوسرا ترجمہ) اے نبی! شہر بہ شہر کافروں کا آنا جانا تم کو کسی مغالطہ میں مبتلا نہ کر دے۔

مَتَاعٌ قَلِيلٌ ۗ ثُمَّ مَأْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۚ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۹۷﴾ لٰكِنِ الَّذِينَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ خٰلِدِينَ فِيهَا نُزُلًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۗ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّلْأَبْرَارِ ﴿۱۹۸﴾ وَإِنَّ مِنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ لَمَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْكُمْ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْهِمْ خٰشِعِينَ لِلّٰهِ ۙ لَا يَشْتَرُونَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيلًا ۗ أُولٰٓئِكَ لَهُمْ أَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۗ إِنَّ اللّٰهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ﴿۱۹۹﴾ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا اصْبِرُوا وَصَابِرُوا وَرَابِطُوا ۗ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿۲۰۰﴾

یہ تھوڑا سا مزہ ہے (ان کو اڑا لینے دو) پھر ان کا ٹھکانہ جہنم ہے اور وہ (جہنم) بہت برا بچھونا ہے ﴿۱۹۷﴾ لیکن جو لوگ اپنے رب سے ڈرتے ہیں، ان کے لیے ایسے باغات ہیں، جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی، ان میں وہ ہمیشہ رہیں گے، اللہ تعالیٰ کی طرف سے (یہ ان کی) مہمانی ہے اور جو کچھ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے وہ نیک لوگوں کے لیے بہت ہی بہتر ہے ﴿۱۹۸﴾ اور اہلِ کتاب میں ضرور کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو اللہ پر ایمان رکھتے ہیں اور جو (دین کی تعلیم) تم پر اتاری گئی اس پر اور جو (تعلیم) ان پر اتاری گئی اس پر بھی (پورا ایمان رکھتے ہیں) ان کی حالت یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے آگے عاجزی کرنے والے ہیں، وہ اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو تھوڑی سی قیمت لے کر بیچ نہیں ڈالتے، یہ ایسے لوگ ہیں جن کے لیے ان کے رب کے پاس ان کا بدلہ ہے، یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ بہت جلد حساب لینے والے ہیں ﴿۱۹۹﴾ اے ایمان والو! (مصیبت پر) تم صبر اختیار کرو اور (دشمن سے مقابلے کے وقت پر) مضبوطی سے جمے رہو① اور مستعد رہو② اور تم اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو؛ تاکہ تم (مقصد میں) کامیاب ہو جاؤ ﴿۲۰۰﴾

---

① نیک کام کرنے میں خود کو جما کر رکھو اور اپنی خواہشات سے مقابلہ کرو۔

② (دوسرا ترجمہ) اور لگے رہو (تیسرا ترجمہ) سرحدوں کی حفاظت کے لیے جمے رہو۔ (اپنی نفس کی نگرانی کرنا بھی اس میں داخل ہے)۔

سورة النساء

(المدنية)

آیاتها:۱۷۶۔

رکوعاتها:۲۴۔

سورۃ نساء

یہ سورت مدنی ہے، اس میں ایک سو چھہتر (۱۷۶) یا (۱۷۵) آیتیں ہیں۔ سورۃ ممتحنہ کے بعد اور سورۃ زلزال سے پہلے ترانوے (۹۳) یا (۹۲) نمبر پر نازل ہوئی۔ اس کو نسائے کبریٰ بھی کہتے ہیں اور سورۃ طلاق کو نسائے صغریٰ کہتے ہیں۔

''نساء'' عورتوں کو کہتے ہیں، رشتے داریوں کے وجود میں آنے کی جگہ عورت کی رحم دانی بھی ہے، اس سورت میں عورتوں کے متعلق بہت سارے احکام آئے ہیں۔

حضرت عبداللہ بن مسعود ﷺ سے منقول ہے کہ: جو آدمی سورۃ نساء کی یہ دو آیتیں پڑھ لے:

(۱) وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَلَوْ اَنَّھُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَھُمْ جَاۗءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَھُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِـيْمًا ۝

(۲) وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْۗءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝

، پھر اللہ تعالیٰ سے استغفار کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت فرما دیں گے۔

اس سورت کی آیت ۹۵ کا ایک حصہ غیر اولی الضرر ہے جو پورے قرآن میں مستقل نزول کے اعتبار سے کم از کم مقدار ہے، پہلی آیت اس حصے کے بغیر نازل ہوئی تھی۔ آیت سن کر معذور صحابہ کرامؓ نے درخواست کی اس پر باری تعالیٰ نے یہ حصہ نازل فرمایا، اس میں صحابہ کرامؓ کی ایک بڑی فضیلت ظاہر ہوئی کہ اللہ تعالیٰ کے یہاں ظاہر میں کمزور، جہاد میں شرکت نہ کرسکے اس طرح کے صحابہ کرامؓ کی بھی قدر و قیمت تھی کہ ان کی تسلی کے لیے باقاعدہ وحی نازل ہوئی اور یہ حصہ بڑھایا گیا، اس جزو نے بتادیا کہ بیمار، لنگڑے، لنجے اور اندھے جیسے معذوروں پر جہاد فرض نہیں ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِیْرًا وَّنِسَآءً ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَیْكُمْ رَقِیْبًا ۝۱ وَاٰتُوا الْیَتٰمٰۤى اَمْوَالَهُمْ وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِیْثَ بِالطَّیِّبِ ۪ وَلَا تَاْكُلُوْۤا اَمْوَالَهُمْ اِلٰۤى اَمْوَالِكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حُوْبًا كَبِیْرًا ۝۲ وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِی الْیَتٰمٰى فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ۚ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً اَوْ مَا مَلَكَتْ اَیْمَانُكُمْ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰۤى اَلَّا تَعُوْلُوْا ۝۳

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں

اے انسانو! تم اپنے اس رب سے ڈرو جس نے تم کو ایک جاندار (یعنی آدم علیہ السلام) سے پیدا کیا اور اسی میں سے اس کا جوڑا (یعنی حوا کو) بنایا اور ان دونوں (کے ذریعہ) سے بہت سارے مرد اور عورتوں کو پھیلادیا اور تم اس اللہ تعالیٰ سے ڈرو جس کا واسطہ دے کر تم آپس میں ایک دوسرے سے (حقوق) مانگتے ہو اور رشتے داریوں (کی حق تلفی) سے (تم بچو) یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ تمھاری نگرانی کررہے ہیں ﴿۱﴾ اور تم یتیموں کو ان کا مال دے دو اور تم اچھے مال کو خراب مال سے مت بدلو اور تم ان (یتیم) کے مالوں کو اپنے مال کے ساتھ (غلط طریقے سے ملا کر) مت کھاؤ، یقیناً وہ تو بڑا گناہ ہے ﴿۲﴾ اور اگر تم کو ڈر ہو کہ یتیم لڑکیوں کے بارے میں (شادی کرکے) تم انصاف نہیں کر سکو گے تو (ان یتیم لڑکیوں کے ساتھ نکاح کرنے کے بجائے دوسری) عورتوں میں سے جو تم کو پسند آویں دو دو اور تین تین اور چار چار (عورتوں) سے نکاح کرلو، سو اگر تم کو یہ ڈر ہو کہ تم (ان دو یا زیادہ بیویوں کے درمیان) انصاف نہیں کرسکو گے تو پھر ایک ہی بیوی پر اکتفا کرو① یا تمھاری مالکی میں جو باندیاں ہیں ان پر (اکتفا کرو) ناانصافی سے بچنے کے لیے یہ طریقہ زیادہ قریب ہے ﴿۳﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) ایک ہی بیوی سے کام چلالو۔

وَاٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ؕ فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَیْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ هَنِیْٓـًٔا مَّرِیْٓـًٔا ۝ وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَآءَ اَمْوَالَكُمُ الَّتِیْ جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ قِیٰمًا وَّارْزُقُوْهُمْ فِیْهَا وَاكْسُوْهُمْ وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝ وَابْتَلُوا الْیَتٰمٰی حَتّٰۤی اِذَا بَلَغُوا النِّكَاحَ ۚ فَاِنْ اٰنَسْتُمْ مِّنْهُمْ رُشْدًا فَادْفَعُوْۤا اِلَیْهِمْ اَمْوَالَهُمْ ۚ وَلَا تَاْكُلُوْهَاۤ اِسْرَافًا وَّبِدَارًا اَنْ یَّكْبَرُوْا ؕ وَمَنْ كَانَ غَنِیًّا فَلْیَسْتَعْفِفْ ۚ وَمَنْ كَانَ فَقِیْرًا فَلْیَاْكُلْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ

اور تم عورتوں کو ان کا مہر (دل کی) خوشی سے ادا کر دیا کرو① پھر اگر وہ (عورتیں) خود خوشی سے اس (مہر) کا کچھ حصہ تمھارے لیے چھوڑ دیویں تو تم اس کو خوش گواری اور مزے سے کھاؤ (۴) اور تم (اے والیو! ان) ناسمجھوں② کو اپنے وہ مال حوالے نہ کرو جن مالوں کو اللہ تعالیٰ نے تمھارے لیے زندگی کے گذارے کا ذریعہ بنایا ہے③ اور تم ان (مال) میں سے ان (ناسمجھ) کو کھلاؤ اور ان کو کپڑے پہناؤ اور ان کو مناسب بات کہتے رہو (۵) اور یتیموں (کی عقل اور ہوشیاری) کو تم جانچتے رہو، یہاں تک کہ جب وہ نکاح (کے لائق عمر) کو پہنچ جائیں پھر اگر تم کو یہ محسوس ہو کہ ان (یتیموں) میں سمجھ داری آچکی ہے④ تو ان کا مال ان کے حوالے کر دو اور ان (یتیموں کے مال) کو ضرورت سے زیادہ (فضول خرچی کر کے) اور حاجت سے پہلے (جلدی کر کے) مت کھا جاؤ (اس خوف سے) کہ (کہیں) وہ (یتیم لڑکے) بڑے نہ ہو جائیں⑤ اور جو (یتیم کا والی) خود مال دار ہو تو (یتیم کا مال کھانے سے) بالکل بچتا رہے، اور جو (وہ والی خود) محتاج ہے تو وہ معروف طریقہ کے مطابق⑥ کھا لیا کرے،

---

① عربی زبان میں مہر کے لیے "صدقة" کا لفظ استعمال ہوتا ہے؛ چوں کہ مہر کے ذریعہ شوہر کی بیوی کی طرف پکی رغبت ظاہر ہوتی ہے۔ ② ناسمجھ سے مراد کون ہے؟ [۱] یتیم [۲] عورت اور بچے؛ یعنی عورت اور بچے کو سب کچھ حوالے کر کے آدمی پھر خود ان کا دست نگر بن جائے ایسا مت کرو [۳] ہر وہ بے وقوف مراد ہے جس کو اپنے مال کی حفاظت کا سلیقہ نہ ہو اور بے وقوفی سے مال ضائع کر دے۔ باری تعالیٰ کا منشا یہ معلوم ہو رہا ہے کہ یتیم، ضعیف اور عاجز لوگوں کا مال سلامت رہے۔

③ مال زندگی کا سرمایہ ہے، دینی اور دنیوی مصلحتوں اور ضرورتوں کا بقا مال پر ہے۔

④ یعنی مال سنبھالنے کی ہوشیاری اور صلاحیت۔ ⑤ اور ان کا مال ہاتھ میں دے دینا پڑے۔

⑥ اپنی ضروریات کو سامنے رکھ کر یتیم کی خدمت کی اجرت کا جو رواج چلتا ہو اس کے مطابق لے سکتا ہے۔

فَاِذَا دَفَعْتُمْ اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ فَاَشْهِدُوْا عَلَيْهِمْ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ۝۶ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ۪ وَلِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ اَوْ كَثُرَ ؕ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ۝۷ وَاِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ اُولُوا الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنُ فَارْزُقُوْهُمْ مِّنْهُ وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝۸ وَلْيَخْشَ الَّذِيْنَ لَوْ تَرَكُوْا مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعٰفًا خَافُوْا عَلَيْهِمْ ۪ فَلْيَتَّقُوا اللّٰهَ وَلْيَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ۝۹ اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى ظُلْمًا اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا ؕ وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيْرًا ۝۱۰

سو جب تم ان (یتیموں) کو ان کے مال حوالے کرو تو ان پر تم گواہ بنا لیا کرو اور اللہ تعالیٰ حساب لینے کے لیے کافی ہے ﴿۶﴾ مردوں کے لیے (چاہے بڑے ہوں یا چھوٹے) حصہ (مقرر) ہے اس (مال) میں سے جو (مردوں کے) ماں باپ نے اور نزدیک کے رشتہ داروں نے چھوڑا ہو اور عورتوں کے لیے بھی (چاہے عورت چھوٹی ہو یا بڑی) حصہ (مقرر) ہے اس (مال) میں سے جو (ان عورتوں کے) والدین اور نزدیک کے رشتہ داروں نے چھوڑا ہو، چاہے وہ (چھوڑا ہوا مال) کم ہو یا زیادہ ہو، یہ حصہ (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) مقرر ہے ﴿۷﴾ اور جب تقسیم کے وقت (جو وارث نہیں ہیں ایسے) رشتہ دار اور یتیم اور مسکین آ جاویں تو ان کو بھی اس (ترکے کے مال) میں سے کچھ (مال استحباباً) دے دو اور ان سب سے مناسب (یعنی نرمی سے) بات کرو ﴿۸﴾ اور (یتیموں کے مال میں گڑبڑ کرنے سے یہ خیال کر کے) ڈرنا چاہیے ایسے لوگوں کو کہ اگر وہ (خود)① اپنے پیچھے کمزور اولاد چھوڑ کر جاویں تو ان (اپنے بچوں) کے بارے میں کیسے کیسے اندیشے ہوتے ہیں؟ لہٰذا وہ (یتیموں کے بارے میں) اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہیں اور وہ سیدھی سچی بات کہیں ﴿۹﴾ یقینی بات ہے کہ جو لوگ یتیموں کے مال کو ناحق کھاتے ہیں، وہ تو اپنے پیٹوں میں آگ ہی بھر رہے ہیں اور عنقریب وہ لوگ بھڑکتی ہوئی آگ میں داخل ہوں گے ﴿۱۰﴾

① عام مسلمان، قوم کے ذمے دار، یتیم کے والی، مرحوم کے وصی ان سب کی ذمے داری ہے کہ یتیم کے مال کو ضائع ہونے سے بچاویں۔

يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْٓ اَوْلَادِكُمْ ۗ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ۚ فَاِنْ كُنَّ نِسَآءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ ۚ وَاِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ ۭ وَلِاَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ اِنْ كَانَ لَهٗ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلَدٌ وَّوَرِثَهٗٓ اَبَوٰهُ فَلِاُمِّهِ الثُّلُثُ ۚ فَاِنْ كَانَ لَهٗٓ اِخْوَةٌ فَلِاُمِّهِ السُّدُسُ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۭ اٰبَاۗؤُكُمْ وَاَبْنَاۗؤُكُمْ لَا تَدْرُوْنَ اَيُّھُمْ اَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا ۭ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۱﴾

اللہ تعالیٰ (ترکہ کی تقسیم کے لیے) تم کو تمھاری اولاد کے بارے میں حکم کرتے ہیں کہ مرد کا حصہ دو عورتوں کے حصہ کے برابر ہے، سو اگر (میراث لینے والی) عورتیں ہی عورتیں (یعنی لڑکیاں دو یا) دو سے زیادہ ہوں تو ان عورتوں (یعنی لڑکیوں) کو اس (مرنے والے) نے جو (مال) چھوڑا ہے اس میں سے دو تہائی حصہ ملے گا اور اگر ایک ہی لڑکی ہو تو اس کو (مرنے والے کے چھوڑے ہوئے مال کا) آدھا ملے گا اور اگر میت کی اولاد بھی ہوں تو مرنے والے کے والدین میں سے ہر ایک کو اس (میت) کے چھوڑے ہوئے مال کا چھٹا حصہ ملے گا اور اگر مرنے والے کی کوئی اولاد نہ ہوں، اور اس کے والدین ہی اس کے وارث ہوں تو اس (مرنے والے) کی ماں کو ایک تہائی حصہ ملے گا، سو اگر (مرنے والی کی اولاد نہ ہوں) مرنے والے کے ایک سے زیادہ بھائی (یا بہن) ہوں تو اس (مرنے والے) کی امّاں کو چھٹا حصہ ملیگا (یہ سب تقسیم میت نے) جو وصیت کی ہو اس کو پورا کرنے کے بعد یا (میت کا کوئی قرض ہو تو) قرض ادا کرنے کے بعد (ہوگی)، تم کو یہ بات معلوم نہیں ہے کہ تمھارے باپ (دادے) اور بیٹے (پوتے) میں سے کون فائدہ پہنچانے کے اعتبار سے تم سے زیادہ نزدیک ہے①، یہ (سب حصے) اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر کیے ہوئے ہیں، یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ خوب اچھی طرح جانتے ہیں، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۱۱﴾

---

① یہ تنبیہ اس لیے کی گئی کہ کوئی یہ سوچ سکتا ہے کہ فلاں وارث کو زیادہ حصہ ملتا تو اچھا ہوتا، یا فلاں کو کم ملنا مناسب تھا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمادیا کہ: تمھیں مصلحت کا ٹھیک ٹھیک علم نہیں ہے، اللہ نے جس کا جو حصہ مقرر فرمادیا ہے وہی مناسب ہے۔

وَلَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ أَزْوَاجُكُمْ إِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُنَّ وَلَدٌ ۚ فَإِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْنَ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصِينَ بِهَا أَوْ دَيْنٍ ۚ وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ إِنْ لَمْ يَكُنْ لَكُمْ وَلَدٌ ۚ فَإِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوصُونَ بِهَا أَوْ دَيْنٍ ۗ وَإِنْ كَانَ رَجُلٌ يُورَثُ كَلَالَةً أَوِ امْرَأَةٌ وَلَهُ أَخٌ أَوْ أُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا السُّدُسُ ۚ فَإِنْ كَانُوا أَكْثَرَ مِنْ ذَٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَاءُ فِي الثُّلُثِ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصَىٰ بِهَا أَوْ دَيْنٍ غَيْرَ مُضَارٍّ ۚ وَصِيَّةً مِنَ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَلِيمٌ ﴿١٢﴾

اور (اے شوہرو!) تمھارے لیے تمھاری بیویاں جو (مال) چھوڑ کر (مر) گئیں اس کا آدھا حصہ ہے اگر ان عورتوں کی کوئی اولاد (چاہے تم سے ہو یا اگلے شوہر سے زندہ) نہ ہوں، سو اگر ان (بیویوں) کی اولاد ہوں تو تم (شوہروں) کو ان (بیویوں) کے چھوڑے ہوئے (مال) کا چوتھائی حصہ ملے گا، بیویوں نے جو وصیت کی ہو یا جو قرضہ چھوڑا ہو اس کو ادا کرنے کے بعد اور ان (زندہ رہنے والی بیویوں) کے لیے تمھارے (یعنی مرنے والے شوہر کے) چھوڑے ہوئے (مال) میں سے چوتھائی حصہ ہوگا، اگر تمھاری اولاد نہ ہوں، سو اگر تمھاری اولاد ہوں تو ان (بیویوں) کو تمھارے چھوڑے ہوئے (مال) میں سے آٹھواں حصہ ملے گا تم نے جو وصیت کی ہو یا جو قرضہ چھوڑا ہے اس کو ادا کرنے کے بعد اور اگر جس کی میراث تقسیم کرنی ہے وہ مرد یا عورت کلالہ ہو① اور اس (کلالہ) کے (ماں شریک) بھائی یا بہن (زندہ) ہوں تو ان میں سے ہر ایک کو چھٹا حصہ ملے گا، سو اگر وہ (یعنی ماں شریک بھائی بہن دو یا دو) سے زیادہ ہوں تو وہ ایک تہائی حصہ میں (برابر) شریک ہوں گے، جو وصیت کی گئی ہو یا قرضہ چھوڑا ہو تو اس کو چکا دینے کے بعد (میراث دینی ہے) جب کہ کسی کو نقصان نہ پہنچائے②، یہ سب اللہ کی طرف سے تاکیدی حکم (دیا گیا) ہے اور اللہ تعالیٰ تو بڑے جاننے والے، بڑے حلیم ہیں ﴿۱۲﴾

---

① یعنی ایسے ہو کہ اس کے والدین اور اولاد کوئی زندہ نہ ہو۔ ② یعنی: [الف] مرنے والا قرض کا جھوٹا اقرار کرے [ب] ذاتی مال کو دوسرے کی امانت بتادے [ج] ایک تہائی سے زیادہ وصیت کرے [د] قرض باقی ہے لیکن وصول یابی کا اقرار کرے [ہ] مرض الوفات میں ایک تہائی سے زیادہ کسی کو ہدیہ دیوے، اس طرح ورثا کو نقصان پہنچانے کی شکلیں ہوسکتی ہیں، اس سے مرنے والے کو خود بچنا چاہیے اور مرنے والے کو بچانا بھی چاہیے۔

تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۳﴾ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا فِيْهَا ۪ وَلَهٗ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۱۴﴾

وَالّٰتِيْ يَاْتِيْنَ الْفَاحِشَةَ مِنْ نِّسَآئِكُمْ فَاسْتَشْهِدُوْا عَلَيْهِنَّ اَرْبَعَةً مِّنْكُمْ ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا فَاَمْسِكُوْهُنَّ فِي الْبُيُوْتِ حَتّٰى يَتَوَفّٰىهُنَّ الْمَوْتُ اَوْ يَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا ﴿۱۵﴾ وَالَّذٰنِ يَاْتِيٰنِهَا مِنْكُمْ فَاٰذُوْهُمَا ۚ فَاِنْ تَابَا وَاَصْلَحَا فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿۱۶﴾

یہ اللہ تعالیٰ کی حدیں ہیں ① اور جو شخص اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتا ہے، وہ (اللہ تعالیٰ) اس کو ایسے باغات میں داخل کریں گے جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی، ان (باغات) میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور یہ بہت بڑی کامیابی ہے ﴿۱۳﴾ اور جو شخص اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرتا ہے اور اس (اللہ تعالیٰ) کی (مقرر کی ہوئی) حدوں سے نکل جاتا ہے وہ (اللہ تعالیٰ) اس کو ایسی آگ میں داخل کریں گے جس میں وہ ہمیشہ رہے گا اور اس کو (آگ میں) ایسا عذاب ہوگا جو (اس کو) ذلیل کر کے رکھ دے گا ﴿۱۴﴾

اور تمھاری عورتوں میں سے جو بدکاری (یعنی زنا) کا کام کریں تو تم ان (عورتوں) کے خلاف اپنوں ② میں سے چار مردوں کو گواہ بنالو، پھر اگر وہ (چاروں زنا کی) گواہی دیویں تو تم ان (زنا والی عورتوں) کو گھروں میں اس وقت تک روکے رکھو کہ موت ان کو اٹھا کر لے جاوے یا اللہ تعالیٰ ان کے لیے کوئی راستہ مقرر فرما دیوے ③ ﴿۱۵﴾ اور تم میں سے جو دو مرد بدکاری کا کام کریں تو تم ان دونوں کو ایذا دو، پھر اگر وہ دونوں توبہ کر لیویں اور (اپنی) اصلاح کر لیویں تو ان کا خیال چھوڑ دو ④ یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ بڑے توبہ کو قبول کرنے والے اور بہت ہی مہربان ہیں ﴿۱۶﴾

---

① یعنی جو میراث تقسیم کرنے کے احکام بتائے گئے۔ ② یعنی اچھے مسلمان، آزاد، عاقل، بالغ مرد۔

③ اور جو وعدہ اس آیت میں کیا گیا وہ پورا کر دیا گیا، حدیث میں آیا ہے کہ شادی شدہ زنا کرے تو اس کو پتھر مار کر ہلاک کر دیا جائے اور قرآن کی دوسری آیت میں ہے کہ جس نے شادی نہیں کی اور زنا کیا اس کو (۱۰۰) کوڑے مارے جائیں۔

④ (دوسرا ترجمہ) ان کے پیچھے پڑنا چھوڑ دو۔

إِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللَّهِ لِلَّذِينَ يَعْمَلُونَ السُّوءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوبُونَ مِن قَرِيبٍ فَأُولَٰئِكَ يَتُوبُ اللَّهُ عَلَيْهِمْ ۗ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمًا ﴿١٧﴾ وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِينَ يَعْمَلُونَ السَّيِّئَاتِ ۚ حَتَّىٰ إِذَا حَضَرَ أَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ إِنِّي تُبْتُ الْآنَ وَلَا الَّذِينَ يَمُوتُونَ وَهُمْ كُفَّارٌ ۚ أُولَٰئِكَ أَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ﴿١٨﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا يَحِلُّ لَكُمْ أَن تَرِثُوا النِّسَاءَ كَرْهًا ۖ وَلَا تَعْضُلُوهُنَّ لِتَذْهَبُوا بِبَعْضِ مَا آتَيْتُمُوهُنَّ إِلَّا أَن يَأْتِينَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ۚ وَعَاشِرُوهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ ۚ فَإِن كَرِهْتُمُوهُنَّ فَعَسَىٰ أَن تَكْرَهُوا شَيْئًا وَيَجْعَلَ اللَّهُ فِيهِ خَيْرًا كَثِيرًا ﴿١٩﴾

اللہ تعالیٰ ان لوگوں کی توبہ ضرور قبول فرماتے ہیں جو لوگ نادانی سے کوئی برائی کر ڈالتے ہیں، پھر قریب ہی کے وقت میں توبہ کر لیتے ہیں، تو اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کی توبہ قبول فرما لیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ بڑے جاننے والے ہیں، بڑی حکمت والے ہیں① ﴿۱۷﴾ اور ایسے لوگوں کی توبہ قبول نہیں ہوتی جو گناہ کرتے رہتے ہیں، یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی کے پاس موت کا وقت آجاتا ہے② تب وہ کہتا ہے کہ اب میں توبہ کرتا ہوں اور نہ تو ان لوگوں کی (توبہ قبول ہوتی ہے) جو کفر ہی کی حالت میں مرجاتے ہیں، ایسے ہی لوگوں کے لیے ہم نے دکھ دینے والا عذاب تیار کر رکھا ہے ﴿۱۸﴾ اے ایمان والو! تمھارے لیے حلال نہیں ہے کہ تم عورتوں (کے مال یا جان) کو زبردستی میراث میں لے لو اور نہ اس غرض سے تم ان (عورتوں) کو روکے رکھو کہ جو کچھ تم نے ان کو دیا ہو اس کا کچھ حصہ واپس لے لو، الا یہ کہ وہ (عورتیں) کھلی بے حیائی کا کام کریں③ اور تم ان (عورتوں) کے ساتھ حسن سلوک سے زندگی بسر کرو، سو اگر تم ان (عورتوں) کو ناپسند کرو تو ایسا ہو سکتا ہے کہ تم کسی چیز کو ناپسند کرو اور اللہ تعالیٰ اس میں بہت ساری بھلائی رکھ دیوے ﴿۱۹﴾

---

① موت سے پہلے غیب کی دنیا اور فرشتے نظر آنے لگے اس سے پہلے پہلے جو توبہ اخلاص کے ساتھ ہوتی ہے وہ قبول ہو جاتی ہے یعنی دنیوی زندگی کے آخری وقت تک توبہ کا دروازہ کھلا ہوا ہے۔ ایسے ایمان کا تقاضہ ہے گناہ ہو جاوے تو قریب ہی میں توبہ کر لیوے تاخیر نہ کرے۔ ② (دوسرا ترجمہ) موت آ کر کھڑی ہو جاتی ہے (یعنی غیب کی دنیا کی چیزیں جیسے فرشتوں کا آنا جانا نظر آنے لگتا ہے)۔ ③ زنا، بدزبانی، شوہر کی نافرمانی جیسے کام کریں۔

وَإِنْ أَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ زَوْجٍ ۙ وَّآتَيْتُمْ إِحْدٰىهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَأْخُذُوْا مِنْهُ
شَيْئًا ۚ أَتَأْخُذُوْنَهٗ بُهْتَانًا وَّإِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۲۰﴾ وَكَيْفَ تَأْخُذُوْنَهٗ وَقَدْ أَفْضٰى بَعْضُكُمْ إِلٰى
بَعْضٍ وَّأَخَذْنَ مِنْكُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿۲۱﴾ وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ آبَاؤُكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ إِلَّا مَا
قَدْ سَلَفَ ۚ إِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً وَّمَقْتًا ۚ وَسَآءَ سَبِيْلًا ﴿۲۲﴾

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهٰتُكُمْ وَبَنٰتُكُمْ وَأَخَوٰتُكُمْ وَعَمّٰتُكُمْ وَخٰلٰتُكُمْ وَبَنٰتُ
الْأَخِ وَبَنٰتُ الْأُخْتِ وَأُمَّهٰتُكُمُ الّٰتِيْٓ أَرْضَعْنَكُمْ وَأَخَوٰتُكُمْ مِّنَ الرَّضَاعَةِ وَأُمَّهٰتُ
نِسَآئِكُمْ وَرَبَآئِبُكُمُ الّٰتِيْ فِيْ حُجُوْرِكُمْ مِّنْ نِّسَآئِكُمُ الّٰتِيْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ ۫ فَإِنْ لَّمْ تَكُوْنُوْا
دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ ۫ وَحَلَآئِلُ أَبْنَآئِكُمُ الَّذِيْنَ مِنْ أَصْلَابِكُمْ ۙ وَأَنْ
تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْأُخْتَيْنِ إِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ۗ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۲۳﴾

اور اگر ایک بیوی کے بدلے دوسری بیوی سے تم نکاح کرنا چاہو اور ان میں سے ایک (جس) کو (چھوڑنا چاہتے ہو) ڈھیر سارا مال (مہر یا ہدیہ میں) دے چکے ہو تو اس میں سے کچھ بھی واپس مت لو، کیا تم بہتان لگا کر (یعنی ناحق) اور کھلا گناہ (یعنی ظلم) کر کے وہ (دیا ہوا مال) واپس لینا چاہتے ہو؟ ﴿۲۰﴾ آخر کیسے تم وہ (مال واپس) لے سکتے ہو جب کہ تم آپس میں ایک دوسرے تک پہنچ چکے تھے (۱) اور وہ (عورتیں) تم سے (شرعاً) پکا عہد بھی لے چکی ہیں (۲) ﴿۲۱﴾ اور جن عورتوں سے (کسی بھی وقت) تمھارے باپوں (دادا، نانا) نے نکاح کیا ہو تم ان کے ساتھ نکاح مت کرو؛ مگر جو پہلے ہو چکا وہ ہو چکا، دراصل وہ (باپ دادا کی نکاح کی ہوئی عورت سے شادی کرنا) بڑی بے حیائی اور غضب کا کام ہے اور بہت ہی برا طریقہ ہے ﴿۲۲﴾

اور تمھارے اوپر حرام کردی گئی ہیں (۱) تمھاری مائیں (۲) اور تمھاری بیٹیاں (۳) اور تمھاری بہنیں (۴) اور تمھاری پھوپھیاں اور تمھاری خالائیں (۵) اور بھتیجیاں (۶) اور بھانجیاں (۷) اور تمھاری وہ مائیں جنھوں نے تم کو دودھ پلایا ہے (یعنی دایا) اور تمھاری دودھ شریک بہنیں اور تمھاری بیویوں کی مائیں (یعنی ساس) اور تمھاری بیویوں کی (اگلے شوہر سے) بیٹیاں جو تمھاری پرورش میں ہیں (۸) تمھاری ان

بیویوں سے جن کے ساتھ تم نے جماع کرلیا ہو⑪ ہاں! اگر تم نے ان سے جماع نہ کیا ہو⑫ تو تم پر (ان لڑکیوں سے نکاح کرنے میں) کوئی گناہ نہیں ہے اور تمھارے صلبی (یعنی نسلی) بیٹوں کی بیویاں (بہو بھی تم پر حرام ہے) اور یہ بھی (حرام ہے) کہ تم دو بہنوں کو ایک ساتھ (نکاح میں) جمع کرو؛ مگر جو کچھ پہلے ہو چکا⑬ (وہ معاف ہے) یقین رکھو اللہ تعالیٰ تو بڑے معاف کرنے والے ہیں بڑے رحم کرنے والے ہیں ﴿۲۳﴾

---

① یعنی تنہائی میں بغیر کسی حجاب کے ملنا، جماع کرنا، لطف اندوز ہونا یہ مراد ہے۔

② یعنی نکاح کا عہد جو اللہ کے نام کے ساتھ خطبہ پڑھ کر عام مجمع کے سامنے لیا جاتا ہے۔

③ یعنی ان تمام عورتوں سے نکاح جائز نہیں۔

④ اسی طرح دادی، نانی۔

⑤ اسی طرح پوتی، نواسی۔

⑥ سگی، ماں شریک، باپ شریک۔

⑦ خالہ اور پھوپھی سے اماّ اور ابا کی سگی، ماں شریک اور باپ شریک تینوں طرح کی بہنیں مراد ہیں۔

⑧ یعنی تینوں طرح کے بھائی کی بیٹی، پوتی، نواسی۔

⑨ تینوں طرح کی بہن کی لڑکیاں اور پوتی، نواسی۔

⑩ پرورش میں نہ ہو تب بھی یہی حکم ہے۔ یہاں عام حالت کا تذکرہ معلوم ہو رہا ہے۔

⑪ کسی عورت سے شادی کرنے کے بعد اس کے ساتھ جماع کیا تو اس کے اگلے شوہر سے جو بیٹی ہے وہ حرام ہو گئی اور صحبت نہ ہو سکی اور جدائی ہو جائے تو اس کے اگلے شوہر سے جو بیٹیاں ہیں وہ حرام نہ ہوں گی۔

⑫ اور ان کو طلاق دی یا انتقال ہو گیا۔

⑬ آیت نازل ہونے سے پہلے۔

وَّالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَیْمَانُكُمْ ۚ كِتٰبَ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ ۚ وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ مُّحْصِنِیْنَ غَیْرَ مُسٰفِحِیْنَ ؕ فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِیْضَةً ؕ وَلَا جُنَاحَ عَلَیْكُمْ فِیْمَا تَرٰضَیْتُمْ بِهٖ مِنْۢ بَعْدِ الْفَرِیْضَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِیْمًا حَكِیْمًا ﴿۲۴﴾ وَمَنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا اَنْ یَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ مَّا مَلَكَتْ اَیْمَانُكُمْ مِّنْ فَتَیٰتِكُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِیْمَانِكُمْ ؕ بَعْضُكُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ

اور وہ عورتیں (بھی تم پر حرام ہیں) جو دوسرے (شوہروں) کے نکاح (کے بندھن) میں ہوں، مگر جو (باندیاں) تمھاری مالکی میں آجائیں (ان کا حکم الگ ہے)①، یہ حکم تم پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے فرض ہیں، اور ان (حرام بتائی گئی عورتوں) کے علاوہ (باقی بہت ساری) عورتیں (اس طرح) تمھارے لیے حلال کردی گئیں کہ تم اپنا مال (یعنی مہر) خرچ کرکے (نکاح کے ذریعے) ان کو حاصل کرو، شرط یہ ہے کہ (مقصد باقاعدہ) نکاح کا بندھن قائم کرنا ہو، صرف شہوت پوری کرنا نہ ہو، پھر تم نے ان (عورتوں) سے نکاح کرکے فائدہ اٹھایا تو ان کو ان کا مقررہ مہر عطا کردو؛ البتہ (مہر) مقرر کرنے کے بعد آپس میں جس (کمی بیشی) پر تم راضی ہوجاؤ اس میں تم پر کوئی گناہ نہیں ہے، یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ بڑے جاننے والے، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۲۴﴾ اور تم میں سے جو لوگ آزاد مسلمان (پاک دامن) عورت سے نکاح کرنے کی طاقت نہ رکھتے ہوں تو تمھاری مالکی کی ایمان والی باندیوں میں سے کسی سے بھی نکاح کرسکتے ہیں② اور اللہ تعالیٰ تمھارے ایمان (کی حالت) کو خوب اچھی طرح جانتے ہیں، تم آپس میں ایک ہی ہو،

---

① مسلمان دار الحرب کے کافروں سے قتال کریں اور وہاں سے عورتیں قید کرکے لائیں اور ان کا شوہر دار الحرب میں ہی رہ گیا ہو تو اس کا نکاح دار الحرب والے شوہر سے ختم ہوگیا، اب اگر یہ عورت کتابیہ ہے یا مسلمان ہوگئی تو کوئی بھی مسلمان اس سے نکاح کرسکتا ہے، اسی طرح مسلمانوں کے امیر نے اگر اس کو باندی کے طور پر فوجیوں کو غنیمت میں تقسیم کردیا تب بھی ایک حیض آجانے کے بعد اس سے ہر طرح کا فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے، حمل ہو تو بچہ پیدا ہونے کے بعد فائدہ اٹھاوے۔

② یعنی کسی بھی مسلمان بھائی کی مسلمان باندی سے نکاح کرلو اس میں خرچ کم آتا ہے۔

فَانْكِحُوْهُنَّ بِاِذْنِ اَهْلِهِنَّ وَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ مُحْصَنٰتٍ غَيْرَ مُسٰفِحٰتٍ وَّلَا مُتَّخِذٰتِ اَخْدَانٍ ۚ فَاِذَآ اُحْصِنَّ فَاِنْ اَتَيْنَ بِفَاحِشَةٍ فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ مَا عَلَى الْمُحْصَنٰتِ مِنَ الْعَذَابِ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ الْعَنَتَ مِنْكُمْ ؕ وَاَنْ تَصْبِرُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۵﴾

يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ وَيَهْدِيَكُمْ سُنَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَيَتُوْبَ عَلَيْكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۶﴾

سوتم ان (باندیوں) سے ان کے مالکوں کی اجازت سے نکاح کرلیا کرو اور ان کو ان کا مہر دستور کے مطابق دے دیا کرو، بشرطیکہ نکاح کا رشتہ قائم کرنا (مقصود) ہو①، وہ کھلی ہوئی زنا کار نہ ہوں اور چھپی ہوئی دوستیاں نہ کرتی ہوں②، پھر جب وہ باندیاں (نکاح کے) بندھن میں آگئیں③ پھر اگر وہ زنا کا کام کریں تو (بغیر شادی والی) آزاد عورتوں کو (زنا کی) جو سزا دی جاتی ہے اس سے آدھی سزا ان کو دینا ضروری ہے④، یہ (باندی کے ساتھ نکاح کی اجازت) اس آدمی کے لیے ہے جو تم میں سے (نکاح نہ کرے تو) گناہ میں پڑنے سے ڈرتا ہو⑤ اور تم صبر کرلو (اور ضبط سے کام لو) تو تمھارے لیے بہت ہی بہتر ہے اور اللہ تعالیٰ تو بڑے معاف کرنے والے اور بڑے رحم کرنے والے ہیں ﴿۲۵﴾

اللہ تعالیٰ چاہتے ہیں کہ (اپنے احکام) تمھارے (فائدے کے) لیے صاف صاف بیان کردیں⑥ اور تم سے پہلے جو (نیک) لوگ گذرے ہیں ان کے طریقوں پر تم کو چلادیں اور (اللہ تعالیٰ) تمھاری توبہ قبول فرمائیں⑦ اور اللہ تعالیٰ بڑے جاننے والے، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۲۶﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) پاک دامن ہوں، یعنی نکاح آزاد عورت سے کرے یا باندی سے پاک دامنی کو خاص دیکھا جائے۔

② (دوسرا ترجمہ) چپکے چپکے (ناجائز) دوست بنانے والی نہ ہوں۔

③ یعنی بیوی بن گئی۔ ④ یعنی اس کو پچاس کوڑے مارے جائیں۔

⑤ اس لیے کہ دنیا و آخرت میں زنا کے گناہ کی سزا بھاری ہے۔

⑥ فائدہ: اللہ تعالیٰ کسی کو جہالت والے کاموں سے بچا کر رکھے یہ بھی اللہ تعالیٰ کی بڑی مہربانی ہے۔

⑦ (دوسرا ترجمہ) تم پر (رحمت کے ساتھ) توجہ فرمادیں۔

وَاللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْكُمْ ۣ وَيُرِيْدُ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الشَّهَوٰتِ اَنْ تَمِيْلُوْا مَيْلًا عَظِيْمًا ۝ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ ۚ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِّنْكُمْ ۣ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ۝ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ عُدْوَانًا وَّظُلْمًا فَسَوْفَ نُصْلِيْهِ نَارًا ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ۝ اِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبَاۗىِٕرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَنُدْخِلْكُمْ مُّدْخَلًا كَرِيْمًا ۝ وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَكُمْ عَلٰي بَعْضٍ ۭ

اور اللہ تعالیٰ چاہتے ہیں کہ تمھاری توبہ قبول فرمائے اور جو لوگ نفسانی خواہشات کے پیچھے لگے ہیں وہ یہ چاہتے ہیں کہ تم سیدھے راستے سے بہت دور ہٹ جاؤ① ﴿۲۷﴾ اللہ تعالیٰ چاہتے ہیں تمھارے ساتھ آسانی کا معاملہ کریں② اور انسان (طبعی طور پر) کمزور بنایا گیا ہے③ ﴿۲۸﴾ اے ایمان والو! تم آپس میں ایک دوسرے کا مال باطل (یعنی غیر شرعی) طریقے سے مت کھاؤ؛ الا یہ کہ کوئی تجارت تمھاری آپس کی خوشی سے ہوئی ہو اور تم اپنے آپ کو قتل نہ کرو④، یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ تم پر بہت ہی رحم کرنے والے ہیں ﴿۲۹﴾ اور جو شخص زیادتی اور ظلم کے طور پر یہ (قتل اور تمام ممنوع) کام کرے گا تو ہم عنقریب اس کو آگ میں داخل کریں گے اور ایسا کرنا اللہ تعالیٰ کے لیے (بالکل) آسان ہے ﴿۳۰﴾ اگر تم ان بڑے بڑے گناہوں سے بچو گے جن سے تم کو (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) روکا گیا ہے تو ہم تمھارے (چھوٹے) گناہوں کو تم سے معاف کر دیں گے اور ہم تم کو عزت کی جگہ (یعنی جنت) میں داخل کریں گے ﴿۳۱﴾ اور جن چیزوں میں اللہ تعالیٰ نے تم کو آپس میں ایک دوسرے پر فضیلت دی ہے اس کی تم تمنا مت کرو⑤

---

① یعنی پاک دامنی کی پاکیزہ راہ سے دور کرنا چاہتے ہیں ② (دوسرا) تمھارا بوجھ ہلکا کرنا چاہتے ہیں ③ خواہشوں پر صبر نہ کر سکنا یا انسانی کمزوری ہے؛ اس لیے اس کی تکمیل کی جائز صورتیں بتادی گئیں ④ یعنی خودکشی نہ کرو (دوسرا) آپس میں ایک دوسرے کو (ناحق) قتل بھی نہ کرو؛ اس لیے کہ دوسرے بھائی کا قتل خود کے قتل کی طرح ہے ⑤ خاص ایسے کمالات اور خوبیاں جن میں انسان کی محنت اور عمل کا کوئی دخل ہی نہیں ہے، جو محض اللہ کا انعام ہے، جیسے مرد ہونا، اس میں کوئی عورت کوشش نہ کرے کہ میں مرد بن جاؤں، اسی طرح خوب صورت ہونا، اس میں دوسرا برابری کی کوشش نہ کرے اور حسد میں نہ پڑے۔

لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوْا ؕ وَلِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ ؕ وَسْـَٔلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمًا ﴿۳۲﴾ وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِیَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ؕ وَالَّذِيْنَ عَقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ فَاٰتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ شَهِيْدًا ﴿۳۳﴾

اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَی النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰی بَعْضٍ وَّبِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ ؕ فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ؕ وَالّٰتِیْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِی الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ ۚ

مردوں کو ان کے کیے ہوئے کاموں میں سے حصہ ملے گا اور عورتوں کو ان کے کیے ہوئے کاموں کا حصہ ملے گا اور تم اللہ تعالیٰ سے اس کا فضل مانگو، یقین رکھو اللہ تعالیٰ ہر چیز کو پوری طرح جانتے ہیں ﴿۳۲﴾ اور والدین اور (دوسرے) رشتے دار (اپنے مرنے کے بعد) جو (مال) چھوڑ کر جاویں ہم نے اس میں سے ہر ایک کے لیے وارث مقرر کیے ہیں اور جن لوگوں سے تم نے (پہلے سے) کوئی عہد باندھا ہو تو ان کو ان کا حصہ دے دو①یقینی بات ہے کہ ہر چیز اللہ تعالیٰ کے پیشِ نظر ہے ﴿۳۳﴾

مرد عورتوں پر نگران (یعنی حاکم) ہیں②؛ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے ان میں سے ایک کو دوسرے پر فضیلت دی ہے اور (نیز) اس لیے (بھی) کہ ان مردوں نے (عورتوں پر) اپنا مال خرچ کیا ہے، سو جو عورتیں نیک ہوتی ہیں وہ (اپنے شوہروں کی بھی) فرماں بردار ہوتی ہیں (اور شوہر کی) غیر حاضری میں اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی حفاظت سے (شوہر کی آبرو اور مال کی) حفاظت کرتی ہیں، اور جن عورتوں کی شرارت کا تم کو ڈر ہو تو تم ان (عورتوں) کو (پہلے) نصیحت کرو اور (اس سے کام نہ چلے تو) تم ان کو بستروں میں تنہا چھوڑ دو③اور (اس سے بھی اصلاح نہ ہو تو) تم ان کو مارو④

---

① یہ ”مولی الموالات“ ہے، یہ رشتہ اب بھی ”نومسلم“ سے قائم ہو سکتا ہے۔

② قوام یعنی جو کسی کام کے کرنے یا اس کا انتظام کرنے کا ذمہ دار ہو، نظام چلانے والا۔

③ یعنی مکان چھوڑ کر نہ چلے جاؤ؛ بلکہ بستر الگ کر دو۔

④ مارنے میں ان باتوں کا لحاظ ضروری ہے: [۱] بدن پر نشان نہ پڑے [۲] ہڈی نہ ٹوٹے [۳] زخم نہ ہو [۴] چہرے پر نہ مارے، اس سلسلے میں تفصیل کے لیے بندہ کے خطبات میں ”پرسنل لاء“ والے خطبات ضرور دیکھیں۔

فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا ۝ وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا ۝ وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ ذِي الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ؕ

پھر اگر وہ تمھاری بات ماننے لگیں تو ان کے خلاف (ظلم کی) کارروائی کا کوئی راستہ تلاش نہ کرو، یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ سب کے اوپر، سب سے بڑے ہیں ﴿۳۴﴾ اور اگر تم کو ان دونوں (میاں بیوی) کے درمیان آپس میں کش مکش بڑھ جانے کا ڈر ہے تو ایک انصاف کرنے والا مرد کے گھر والوں میں سے اور ایک انصاف کرنے والا عورت کے گھر والوں میں سے (منتخب کرکے) بھیجو ① اگر وہ دونوں (سچے دل سے) اصلاح کا ارادہ کرلیں گے تو اللہ تعالیٰ ان دونوں (میاں بیوی) کے درمیان موافقت (یعنی جوڑ) کردیں گے ② یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ بڑے جاننے والے، بڑے خبر رکھنے والے ہیں ③ ﴿۳۵﴾ اور تم سب اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اور تم اس (اللہ تعالیٰ) کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کرو اور ماں باپ کے ساتھ نیک سلوک کرو اور رشتے داروں کے ساتھ اور یتیموں کے ساتھ اور مسکینوں کے ساتھ اور قریب والے پڑوسی کے ساتھ اور دور والے (یا اجنبی) پڑوسی کے ساتھ اور پاس میں بیٹھنے والے کے ساتھ اور مسافر کے ساتھ اور اپنے غلام، باندی کے ساتھ بھی (اچھا برتاؤ کرو)

---

① قرآن میں "حَکَم" کا لفظ ہے، یعنی:

[۱] جھگڑوں میں فیصلہ کرنے کی صلاحیت ہو۔

[۲] علم ہو۔ [۳] دیانت دار ہو۔

[۴] سب سے بڑی بات حکم کی نیت اور جذبات اچھے ہوں۔

② اچھی نیت پر اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا کہ جوڑ ہو جاوے گا۔

③ ازدواجی زندگی میں رطب و یابس چلتا رہتا ہے، اس کی اصلاح کی یہ چار تدبیریں بتائی ہیں البتہ کوئی شخص ان چاروں باتوں پر عمل نہ کرے اور سیدھا طلاق ہی دے ڈالے تو واقع ہو جائے گی۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرَاۨ ﴿۳۶﴾ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُوْنَ مَاۤ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۳۷﴾ وَالَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَمَنْ يَّكُنِ الشَّيْطٰنُ لَهٗ قَرِيْنًا فَسَآءَ قَرِيْنًا ﴿۳۸﴾ وَمَاذَا عَلَيْهِمْ لَوْ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِهِمْ عَلِيْمًا ﴿۳۹﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ۚ وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۴۰﴾

یقینی بات ہے کہ جو شخص اترانے والا، فخر کرنے والا (یعنی شیخی مارنے والا) ہے اللہ تعالیٰ اس کو پسند نہیں فرماتے① ﴿۳۶﴾ وہ ہیں جو لوگ (خود) بخیلی کرتے ہیں اور (دوسرے) لوگوں کو بخیلی سکھلا تے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنے فضل سے جو دیا ہے اس کو وہ چھپاتے ہیں② اور ہم نے کافروں کے لیے ذلیل کرنے والا عذاب تیار کیا ہے ﴿۳۷﴾ اور جو لوگ اپنے اموال کو لوگوں کو دکھلانے کے لیے خرچ کرتے ہیں اور وہ اللہ تعالیٰ پر ایمان نہیں رکھتے اور نہ قیامت کے دن پر (ایمان رکھتے) اور جس شخص کا شیطان دوست ہو وہ بہت ہی برا دوست ہے ﴿۳۸﴾ اور ان کا کونسا نقصان ہو جاتا اگر وہ اللہ تعالیٰ اور قیامت کے دن پر ایمان لاتے اور جو روزی اللہ تعالیٰ نے ان کو دی ہے اس میں سے (اللہ کے راستے میں اخلاص کے ساتھ) خرچ کرتے اور اللہ تعالیٰ ان (کے حال) کو خوب اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۳۹﴾ یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ ذرہ برابر بھی ظلم نہیں کرتے اور اگر ایک نیکی ہوگی تو (اللہ تعالیٰ) اس کو (کئی گنا) بڑھا دیں گے اور اپنے پاس سے (مزید) عظیم اجر دیں گے ﴿۴۰﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ اترانے والے کو، تکبر کرنے والے کو پسند نہیں کرتے۔

مختال: تکبر کرنے والا، جو دوسروں کی طرف دھیان نہ دیوے، خود کو ہی اونچا، بڑا سمجھے۔

فخور: جو لوگوں پر فخر کرتا ہو، خود بینی، خود پسندی میں مبتلا ہو، اللہ تعالیٰ اور بندوں کے حقوق کو ادا نہ کرتا ہو۔

② اللہ تعالیٰ نے جو مال دیا اس کو بخیلی سے چھپاوے اور لوگوں کو نہ دیوے، اسی طرح دین کا علم چھپاوے اور دین کی امانت دوسروں کو نہ پہنچاوے وہ بھی بخیل ہے۔

فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِن كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلَىٰ هَٰؤُلَاءِ شَهِيدًا ﴿٤١﴾ يَوْمَئِذٍ يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَعَصَوُا الرَّسُولَ لَوْ تُسَوَّىٰ بِهِمُ الْأَرْضُ وَلَا يَكْتُمُونَ اللَّهَ حَدِيثًا ﴿٤٢﴾

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَقْرَبُوا الصَّلَاةَ وَأَنتُمْ سُكَارَىٰ حَتَّىٰ تَعْلَمُوا مَا تَقُولُونَ وَلَا جُنُبًا إِلَّا عَابِرِي سَبِيلٍ حَتَّىٰ تَغْتَسِلُوا ۚ وَإِن كُنتُم مَّرْضَىٰ أَوْ عَلَىٰ سَفَرٍ أَوْ جَاءَ أَحَدٌ مِّنكُم مِّنَ الْغَائِطِ أَوْ لَامَسْتُمُ النِّسَاءَ فَلَمْ تَجِدُوا مَاءً فَتَيَمَّمُوا صَعِيدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوا بِوُجُوهِكُمْ وَأَيْدِيكُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَفُوًّا غَفُورًا ﴿٤٣﴾

سو (ان لوگوں کا) کیا حال ہوگا جب ہم ہر امت میں سے ایک گواہ طلب کریں گے اور (اے محمد!) ہم تم کو ان لوگوں پر گواہی کے لیے لائیں گے① ﴿۴۱﴾ جن لوگوں نے کفر کیا اور رسول کی نافرمانی کی وہ لوگ اس (قیامت کے) دن یہ آرزو کریں گے کہ کاش ان کو زمین (میں دھنسا کر اس) کے برابر کر دیا جاوے② (اور حساب نہ ہو) اور وہ (اس دن) اللہ تعالیٰ سے کوئی بات چھپا نہیں سکیں گے ﴿۴۲﴾

اے ایمان والو! جب تم نشے کی حالت میں ہو تب نماز کے قریب مت آؤ؛ جب تک کہ (زبان سے) جو کچھ بول رہے ہو اس کو تم سمجھنے لگو③ اور جنابت کی حالت میں بھی (نماز نہ پڑھو) جب تک تم غسل نہ کرلو؛ الا یہ کہ تم مسافر ہو④ اور اگر تم بیمار ہو یا سفر پر (نکلے) ہو یا تم میں سے کوئی (پیشاب، پاخانہ کی) حاجت کی جگہ سے فارغ ہو کر کے آیا ہو یا تم نے عورتوں کو چھوا (یعنی جماع کیا ہو) ہو، پھر تم کو پانی نہیں ملا تو پاک مٹی سے تم تیمم کرلو، سو (تیمم کرنے میں) اپنے چہروں اور اپنے ہاتھوں کا مسح کرلو، یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ بہت معاف کرنے والے، بہت زیادہ بخشنے والے ہیں ﴿۴۳﴾

---

① نبی کریم ﷺ اپنی امت کے فاسق، فاجر اور کافروں کے خلاف گواہی دیں گے، مراد اس سے نبی کریم ﷺ کے زمانے کے کافر اور منافق ہیں جن سے آپ ﷺ کو سابقہ پڑا، اسی طرح قیامت تک آنے والی پوری امت بھی مراد ہو سکتی ہے؛ اس لیے کہ امت کے اعمال آپ ﷺ پر پیش ہوتے رہتے ہیں، جس طرح پچھلی امتوں کے انبیا اپنی امت کے اعمال کی گواہی دیں گے اسی طرح آپ ﷺ اپنی امت کے اعمال کی گواہی دیں گے، اسی طریقے سے پچھلے نبیوں کی تائید میں گواہی دیں گے۔
② کاش زمین پھٹ جائے اور وہ دھنسا دیے جائیں۔ ③ یہ شروع میں حکم تھا، بعد میں شراب کے بالکل حرام ہونے کا حکم دوسری آیت میں آچکا ④ اس وقت پانی ملے تو غسل کے بغیر نماز صحیح نہیں اور پانی نہ ملے تو تیمم سے نماز جائز ہے۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِیْنَ اُوْتُوْا نَصِیْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ یَشْتَرُوْنَ الضَّلٰلَةَ وَ یُرِیْدُوْنَ اَنْ تَضِلُّوا السَّبِیْلَؕ(۴۴) وَ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَعْدَآىٕكُمْؕ-وَ كَفٰى بِاللّٰهِ وَلِیًّا٘ۗ-وَّ كَفٰى بِاللّٰهِ نَصِیْرًا(۴۵) مِنَ الَّذِیْنَ هَادُوْا یُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ وَ یَقُوْلُوْنَ سَمِعْنَا وَ عَصَیْنَا وَ اسْمَعْ غَیْرَ مُسْمَعٍ وَّ رَاعِنَا لَیًّۢا بِاَلْسِنَتِهِمْ وَ طَعْنًا فِی الدِّیْنِؕ-

کیا تم نے ان لوگوں کی حالت نہیں دیکھی جن کو کتاب (یعنی تورات کے علم) سے ایک (کافی) حصہ دیا گیا تھا وہ تو گمراہی خریدتے ہیں ① اور وہ تو یہ (بھی) چاہتے ہیں کہ تم (صحیح) راستے سے بھٹک جاؤ ﴿۴۴﴾ اور اللہ تعالیٰ تمہارے دشمنوں کو خوب اچھی طرح جانتے ہیں اور اللہ تعالیٰ حمایت کے لیے کافی ہے اور اللہ تعالیٰ مدد کرنے کے لیے کافی ہے ﴿۴۵﴾ یہودیوں میں سے کچھ لوگ وہ ہیں جو (تورات کے) الفاظ کو ان کی (اصلی) جگہوں سے (لفظاً و معنیً) پھرا دیتے ہیں اور (حضرت نبی کریم ﷺ سے بات کرتے وقت) اپنی زبان کو مروڑ کر دین میں طعنہ مارتے ہوئے ② ایسا کہتے ہیں ③ ''سَمِعْنَا وَعَصَیْنَا'' ④ (کہ ہم نے بات سن لی اور ہم نے نافرمانی کی) ''وَاسْمَعْ غَیْرَ مُسْمَعٍ'' ⑤ اور (ہماری بات سنیں آپ کو کوئی بات سنائی نہ جائے) اور ''رَاعِنَا'' ⑥ (بولتے ہیں)

---

① یعنی گمراہی اختیار کرتے ہیں۔

② بولنے کا لہجہ بدل کر بولتے ہیں، توقیر اور احترام کے لہجے سے بولنے کے بجائے تحقیر اور توہین کے انداز میں بولتے ہیں۔

③ یعنی دو معنیٰ والے الفاظ بولتے ہوئے، ایک معنیٰ اچھا ہوتا اور دوسرا برا ہوتا۔ ④ **سمعنا وعصینا**: اس کے دو مطلب ہیں ایک اچھا مطلب یہ ہے کہ ہم نے آپ کی بات سن لی اور آپ کا مخالف جو بہکانے کی بات ہم کو کرتا ہے وہ ہم نے نہیں مانی اور برا مطلب یہ ہے کہ ہم نے آپ کی بات سن لی؛ لیکن ہم مانیں گے نہیں اور عمل نہیں کریں گے۔

⑤ **واسمع غیر مسمع**: اس لفظ کے بھی دو مطلب ہیں اس کا اچھا مطلب یہ ہے کہ آپ ہماری بات سنو اور ہمیشہ آپ خوشی کی اور آپ کی موافقت کی بات سنتے رہو، کوئی رنج، غم اور مخالفت کی بات آپ کو سننی نہ پڑے اور برا مطلب یہ ہے کہ کوئی خوشی کی بات آپ کو سننے نہ ملے؛ بلکہ جو بات بھی آپ کہیں اس کی مخالفت ہو اور مخالف جواب آپ کو سننے پڑے۔

⑥ اچھا مطلب: ہماری رعایت کیجیے اور برا مطلب: یہودی زبان میں گالی۔ کبھی اس لفظ کو دبا کر بھی یہود بولتے ''راعینا'' تو معنیٰ ہمارا چرواہا۔

وَلَوْ اَنَّهُمْ قَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا وَاسْمَعْ وَانْظُرْنَا لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَاَقْوَمَ ۙ وَلٰكِنْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا عَلٰۤى اَدْبَارِهَاۤ اَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّاۤ اَصْحٰبَ السَّبْتِ ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ۝ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰۤى اِثْمًا عَظِيْمًا ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُزَكُّوْنَ اَنْفُسَهُمْ ؕ بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ۝

اور اگر وہ (یہودی لوگ دو معنی والے الفاظ کی جگہ پر) یوں کہتے کہ: "سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا" (ہم نے سنا اور ہم نے مان لیا ہے) اور "اسْمَعْ وَانْظُرْنَا" (آپ سن لیجیے اور ہماری طرف نظر (یعنی توجہ فرمایئے) تو (ایسی بات کہنا) ان کے لیے اچھا ہوتا اور (ان کا ایسا کہنا) بہت درست ہوتا؛ لیکن ان (یہودیوں) کے کفر کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنی رحمت سے دور کر دیا، سو تھوڑے لوگوں کے سوا باقی ایمان نہیں لاتے ﴿۴۶﴾ اے وہ لوگو جن کو کتاب (یعنی تورات) دی گئی! ہم نے جو (قرآن) اتارا اس کو مان لو، جو (قرآن) تمھارے پاس پہلے سے موجود (تورات کتاب) کو سچا بتلاتا ہے اس (عذاب کے آنے) سے پہلے کہ ہم چہروں (کے نشانات) کو مٹا (کر سپاٹ کر) دیویں، پھر ہم ان (چہروں) کو ان کی پیٹھ کی طرف الٹ دیویں یا ہم ان پر لعنت کریں جیسا کہ ہم نے سنیچر والوں پر لعنت کی تھی① اور اللہ تعالیٰ کا حکم تو پورا ہو کر ہی رہتا ہے ﴿۴۷﴾ یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ شرک کرنے کو معاف نہیں کرتے اور اس (شرک) سے کم درجے (کے صغیرہ یا کبیرہ گناہوں) کو جس کے لیے چاہتے ہیں معاف کر دیتے ہیں② اور جو شخص بھی اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرتا ہے پکی بات ہے کہ اس نے بڑے گناہ کا ارتکاب کیا ﴿۴۸﴾ کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو اپنے آپ کو پاکیزہ بتاتے ہیں (خود کو پاکیزہ بتانے سے کچھ نہیں ہوتا)؛ بلکہ اللہ تعالیٰ چاہتے ہیں (اس کو) پاکیزہ کرتے ہیں اور ان پر ذرے③ کے برابر بھی ظلم نہیں ہوگا ﴿۴۹﴾

---

① سورۂ اعراف آیت ۱۶۳ میں واقعہ آرہا ہے② شرک کو چھوڑ کر کامل توحید اپنا وے، یہی شرک کی تلافی کی شکل ہے۔ ③

اُنْظُرْ كَيْفَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ۭ وَكَفٰى بِهٖٓ اِثْمًا مُّبِيْنًا ۝

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَيَقُوْلُوْنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا هٰٓؤُلَاۗءِ اَهْدٰى مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سَبِيْلًا ۝ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۭ وَمَنْ يَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ نَصِيْرًا ۝ اَمْ لَھُمْ نَصِيْبٌ مِّنَ الْمُلْكِ فَاِذًا لَّا يُؤْتُوْنَ النَّاسَ نَقِيْرًا ۝ اَمْ يَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰي مَآ اٰتٰىھُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَقَدْ اٰتَيْنَآ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاٰتَيْنٰھُمْ مُّلْكًا عَظِيْمًا ۝

تم دیکھو! یہ اللہ تعالیٰ پر کیسا جھوٹا بہتان باندھتے ہیں؟ اور کھلا گناہ (یا کھلے مجرم) ہونے کے لیے یہی بات کافی ہے① ﴿۵۰﴾

(اے نبی!) کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جن کو کتاب (یعنی تورات) کا ایک (کافی) حصہ دیا گیا تھا (پھر بھی) وہ تو بت اور شیطان کو مانتے ہیں اور کافروں کے متعلق یہ کہتے ہیں کہ: یہ (کفار) ایمان والوں سے زیادہ سیدھے راستے پر ہیں② ﴿۵۱﴾ ان ہی لوگوں پر اللہ تعالیٰ نے لعنت کی ہے اور اللہ تعالیٰ جس پر لعنت کرتے ہیں تم ہرگز اس کے لیے کوئی مدد کرنے والا نہیں پاؤ گے ﴿۵۲﴾ کیا ان (یہودیوں) کو (دنیوی) حکومت کا کچھ حصہ ملا ہے؟ (اگر ایسا ہوتا) پھر تو یہ لوگوں کو ذرہ برابر بھی کوئی چیز نہیں دیتے ﴿۵۳﴾ یا وہ (یہودی دوسرے) لوگوں سے اس بات پر حسد کرتے ہیں جو اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنے فضل سے دیا ہے③ پکی بات یہ ہے کہ ہم ابراہیم (علیہ السلام) کے خاندان والوں کو کتاب اور نبوت عطا کر چکے ہیں اور ہم نے ان کو بڑی حکومت دی تھی ﴿۵۴﴾

⇐ ۴ کھجور کی گٹھلی کے درمیان کا ریشہ یا چھلی یا ایک دھاگا یا سوت کا تار کتنا باریک اور معمولی ہوتا ہے اتنا بھی ظلم نہیں ہوگا یعنی ظلم ہوگا ہی نہیں۔

① وہ کافر ہے پھر بھی خود کو اللہ تعالیٰ کے یہاں مقبول بتاتے ہیں، دنیا میں اللہ تعالیٰ کی جو نعمتیں ملتی ہیں اس کا مطلب یہ نکالتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے یہاں کفر پسندیدہ ہے: حالاں کہ یہ محض تہمت ہے، اللہ تعالیٰ نے کفر کو کبھی پسند نہیں فرمایا۔

② جنگِ احد کے بعد کعب بن اشرف مکہ گیا تھا، اس موقع پر ابوسفیان نے اس سے پوچھا تھا کہ: ہمارا مذہب زیادہ اچھا ہے یا مسلمانوں کا؟ تو اس نے کہا تھا کہ تمہارا مذہب مسلمانوں کے مذہب سے زیادہ بہتر ہے، اس واقعے کی طرف اشارہ ہے۔

③ نبی کریم ﷺ کو نبوت اور حکومت ملی اس پر یہود حسد کرتے ہیں ان کے حسد سے کیا ہوگا؟

فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ صَدَّ عَنْهُ ؕ وَكَفٰى بِجَهَنَّمَ سَعِيْرًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا سَوْفَ نُصْلِيْهِمْ نَارًا ؕ كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا غَيْرَهَا لِيَذُوْقُوا الْعَذَابَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَاۤ اَبَدًا ؕ لَهُمْ فِيْهَاۤ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۫ وَّنُدْخِلُهُمْ ظِلًّا ظَلِيْلًا ۝ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰۤى اَهْلِهَا ۙ وَاِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ۝

سو ان (لوگوں) میں سے کچھ تو اس (اللہ تعالیٰ کی بھیجی ہوئی کتاب) پر ایمان لے آئے اور ان میں سے کچھ وہ ہیں جو اس (پر ایمان لانے) سے رکے رہیں اور جہنم کی بھڑکتی آگ (ان کو داخل کرنے کے لیے) کافی ہے ﴿۵۵﴾ یقینی بات ہے کہ جنھوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا عنقریب ہم ان کو آگ میں داخل کریں گے، جب جب بھی ان کی کھالیں جل جائیں گی تو ہم ان (کھالوں) کی جگہ دوسری کھال بدل دیں گے؛ تاکہ وہ (ہمیشہ) عذاب کا مزہ چکھتے رہے، یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ بڑے ہی زبردست، بڑی ہی حکمت والے ہیں ﴿۵۶﴾ اور جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے ہم ان کو ایسے باغات میں داخل کریں گے جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی، ان (باغات) میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، ان کے لیے اس (جنت) میں پاکیزہ① بیویاں ہوں گی اور ہم ان کو گھنے سایہ② میں داخل کریں گے③ ﴿۵۷﴾ (اے مسلمانو! یاد رکھو) یقیناً اللہ تعالیٰ تم کو حکم دیتے ہیں کہ تم امانتوں کو اس (امانت) کے حق داروں کو پہنچاؤ، اور (اللہ تعالیٰ یہ بھی حکم دیتے ہیں کہ) جب تم لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو تو تم انصاف کے ساتھ فیصلہ کرو، یقین رکھو! اللہ تعالیٰ تم کو اچھی بات ہی کی نصیحت کرتے ہیں، یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ بہت سنتے ہیں، بہت دیکھتے ہیں ﴿۵۸﴾

---

① یعنی ظاہری وباطنی گندگی سے پاک۔

② اللہ تعالیٰ کے عرش کا سایا اور جنت کا ایسا سایہ جو کبھی ختم نہ ہوگا۔

③ اس میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ جنت میں روشنی تو ہوگی؛ مگر دھوپ کی تپش نہیں ہوگی۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ۝

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَحَاكَمُوْٓا اِلَى الطَّاغُوْتِ وَقَدْ اُمِرُوْٓا اَنْ يَّكْفُرُوْا بِهٖ ۭ وَيُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّضِلَّھُمْ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَھُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ رَاَيْتَ الْمُنٰفِقِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْكَ صُدُوْدًا ۝

اے ایمان والو! تم اللہ تعالیٰ کا کہنا مانو اور تم رسول کا کہنا مانو اور تم میں سے اولوالامر ① کا بھی (کہنا نو) پھر اگر تمھارے درمیان کسی چیز میں (آپس میں) اختلاف ہو جائے تو اگر واقعی تم اللہ تعالیٰ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہو تو اس کو اللہ تعالیٰ (کی کتاب) اور (اس کے) رسول (کی سنت) کی طرف لوٹایا کرو ②، یہ (دنیا میں) اچھا طریقہ ہے اور (آخرت میں اس کا) انجام بھی بہتر ہے ﴿۵۹﴾

کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ ایمان لائے اس (کتاب) پر جو تم پر اتاری گئی اور اس پر بھی جو (کتاب) تم سے پہلے اتاری گئی (اور) وہ (اپنے آپسی مقدمات میں) فیصلہ شیطان کے پاس لے جانا چاہتے ہیں ③؛ حالاں کہ پکی بات یہ ہے کہ اس کو نہ ماننے کا ان کو حکم دیا گیا اور شیطان یہ چاہتا ہے کہ ان کو (صحیح راستے سے) گمراہ کر کے دور لے جا کر ڈال دیوے ﴿۶۰﴾ اور جب ان کو کہا جاتا کہ تم اللہ تعالیٰ کے اتارے ہوئے حکم کی طرف آؤ اور رسول کی طرف آؤ ④ تو تم منافقین کو دیکھو گے کہ وہ تمھارے پاس آنے سے پوری طرح رک جاتے ہیں ﴿۶۱﴾

---

① اولوالامر: یعنی علما، فقہا جو رسول اللہ ﷺ کے نائب ہیں، اسی طرح حکومت کے ذمے دار جو شریعت کے مطابق کوئی حکم اور فیصلہ کریں۔

② (دوسرا ترجمہ) اللہ اور رسول کے حوالے کر دو۔

③ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر جس کسی کی بات مانی جائے یا جس کسی کی عبادت کی جائے وہ "طاغوت" ہے۔

④ تاکہ آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے حکم کے مطابق فیصلہ کریں۔

فَكَيْفَ إِذَآ أَصَٰبَتْهُم مُّصِيبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ ثُمَّ جَآءُوكَ يَحْلِفُونَ بِٱللَّهِ إِنْ أَرَدْنَآ إِلَّآ إِحْسَٰنًا وَتَوْفِيقًا ﴿٦٢﴾ أُو۟لَٰٓئِكَ ٱلَّذِينَ يَعْلَمُ ٱللَّهُ مَا فِى قُلُوبِهِمْ فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُل لَّهُمْ فِىٓ أَنفُسِهِمْ قَوْلًۢا بَلِيغًا ﴿٦٣﴾ وَمَآ أَرْسَلْنَا مِن رَّسُولٍ إِلَّا لِيُطَاعَ بِإِذْنِ ٱللَّهِ ۚ وَلَوْ أَنَّهُمْ إِذ ظَّلَمُوٓا۟ أَنفُسَهُمْ جَآءُوكَ فَٱسْتَغْفَرُوا۟ ٱللَّهَ وَٱسْتَغْفَرَ لَهُمُ ٱلرَّسُولُ لَوَجَدُوا۟ ٱللَّهَ تَوَّابًا رَّحِيمًا ﴿٦٤﴾ فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتَّىٰ يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوا۟ فِىٓ أَنفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوا۟ تَسْلِيمًا ﴿٦٥﴾

پھراس وقت ان کا کیا حال ہوتا ہے جب ان کے ہاتھوں کے (پہلے کیے ہوئے) کرتوت کی وجہ سے ان پر کوئی مصیبت (یعنی سزا اور ذلت) آپڑتی ہے، پھر وہ (منافقین) تمھارے پاس اللہ تعالیٰ کی قسمیں کھاتے ہوئے آتے ہیں کہ ہمارا مقصد صرف بھلائی اور میل ملاپ کرا دینا تھا ﴿۶۲﴾ یہی وہ لوگ ہیں کہ ان کے دلوں میں جو کچھ ہے اللہ تعالیٰ اس کو جانتے ہیں①، سو تم ان کو نظر انداز کر دو② اور تم ان کو نصیحت کرو اور خود ان سے ان کے بارے میں ایسی بات کہو جو دل میں پہنچنے والی ہو③ ﴿۶۳﴾ اور ہم نے کسی بھی رسول کو اس لیے بھیجا کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس کی اطاعت کی جاوے اور اگر یہ لوگ جب انھوں نے (گناہ کر کے) اپنی جانوں پر ظلم کیا تھا④ اسی وقت تمھارے پاس آجاتے پھر اللہ تعالیٰ سے معافی مانگتے اور رسول بھی ان کے لیے معافی کی دعا کرتے تو وہ اللہ تعالیٰ کو بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والے، بڑے رحم کرنے والے پاتے ﴿۶۴﴾ سو تمھارے رب کی قسم! وہ لوگ⑤ اس وقت تک (اللہ تعالیٰ کے یہاں کامل) مومن نہیں ہو سکتے جب تک وہ اپنے آپس کے جھگڑوں میں تم سے فیصلہ نہ کروائیں، پھر تم جو فیصلہ کر دو اس کے متعلق اپنے دلوں میں کوئی گرانی محسوس نہ کریں اور پوری طرح (خوشی سے تمھارے فیصلے کو) مان لیویں ﴿۶۵﴾

① ان منافقوں کے زبان سے کلمہ پڑھنے کی وجہ سے ان کو حقیقی مومن مت سمجھ لینا، حقیقت میں وہ سچے ایمان والے نہیں ہیں۔
② (دوسرا ترجمہ) ان کی پرواہ نہ کرو (تیسرا ترجمہ) آپ ان کی طرف سے دھیان ہٹالو (چوتھا) ان سے کوئی تعارض نہ کرو۔
③ (دوسرا ترجمہ) ایسی بات کہو جو اثر انداز ہو۔ ④ یعنی گناہ کر کے خود ہی کا نقصان کیا تھا۔ ⑤ لا: کا مطلب ہے فلیس الامر کما زعم ھؤلاء المنافقون۔

وَلَوْ أَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ أَنِ اقْتُلُوا أَنفُسَكُمْ أَوِ اخْرُجُوا مِن دِيَارِكُم مَّا فَعَلُوهُ إِلَّا قَلِيلٌ
مِّنْهُمْ ۖ وَلَوْ أَنَّهُمْ فَعَلُوا مَا يُوعَظُونَ بِهِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَأَشَدَّ تَثْبِيتًا ﴿٦٦﴾ وَإِذًا لَّآتَيْنَاهُم
مِّن لَّدُنَّا أَجْرًا عَظِيمًا ﴿٦٧﴾ وَلَهَدَيْنَاهُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيمًا ﴿٦٨﴾ وَمَن يُطِعِ اللَّهَ وَالرَّسُولَ فَأُولَٰئِكَ
مَعَ الَّذِينَ أَنْعَمَ اللَّهُ عَلَيْهِم مِّنَ النَّبِيِّينَ وَالصِّدِّيقِينَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِينَ ۚ وَحَسُنَ
أُولَٰئِكَ رَفِيقًا ﴿٦٩﴾ ذَٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللَّهِ ۚ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ عَلِيمًا ﴿٧٠﴾

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا خُذُوا حِذْرَكُمْ فَانفِرُوا ثُبَاتٍ أَوِ انفِرُوا جَمِيعًا ﴿٧١﴾

اور اگر ہم ان (منافقوں) پر فرض کر دیتے کہ اپنے آپ کو قتل کر دو① یا اپنے گھروں کو چھوڑ کر نکل جاؤ تو ان میں سے تھوڑے لوگوں کے سوا کوئی اس پر عمل نہ کرتا، اور اگر جس بات کی ان کو نصیحت کی جاتی ہے اس پر عمل وہ کر لیتے تو ان کے لیے زیادہ بہتر ہوتا اور (ایمان پر) زیادہ ثابت قدم رہنے کا ذریعہ بنتا② ﴿٦٦﴾ اور (جب وہ ایسا کرتے) تب تو ہم ان کو اپنی طرف سے بہت بڑا ثواب عطا کرتے ﴿٦٧﴾ اور ہم ان کو ضرور سیدھے راستے پر چلاتے ﴿٦٨﴾ اور جو لوگ اللہ تعالیٰ اور رسول (محمد ﷺ) کی اطاعت کرتے ہیں تو وہ ان لوگوں کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ تعالیٰ نے (کامل) انعام فرمایا ہے یعنی نبیوں اور صدیقین اور شہداء اور نیک لوگ اور وہ سب (حضرات) بڑے اچھے ساتھی ہیں ﴿٦٩﴾ (ان اچھے لوگوں کے ساتھ ہونا) یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے اور (لوگوں کے حالات سے) اللہ تعالیٰ کا واقف ہونا کافی ہیں③ ﴿٧٠﴾

اے ایمان والو! (دشمن سے مقابلے کے وقت) تم اپنے بچاؤ کا سامان لے لو، پھر (مقابلے کے لیے جیسا موقع ہو) الگ الگ دستوں کی شکل میں نکلو④ یا تم سب اکٹھے ہو کر کے نکلو ﴿٧١﴾

---

① یعنی خودکشی کرو۔

② (دوسرا ترجمہ) (ایمان) کو مضبوط کرنے کا ذریعہ بنتا۔

③ یعنی وہ اللہ تعالیٰ کسی کو یہ فضل وکمال معاذ اللہ! بے خبری کے ساتھ نہیں دیتے؛ بلکہ ہر شخص کے عملی حالات سے باخبر ہو کر دیتے ہیں۔

④ (دوسرا ترجمہ) چھوٹی چھوٹی ٹولیوں میں۔

وَاِنَّ مِنْكُمْ لَمَنْ لَّيُبَطِّئَنَّ ۚ فَاِنْ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالَ قَدْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیَّ اِذْ لَمْ اَكُنْ
مَّعَهُمْ شَهِيْدًا ۝ وَلَئِنْ اَصَابَكُمْ فَضْلٌ مِّنَ اللّٰهِ لَيَقُوْلَنَّ كَاَنْ لَّمْ تَكُنْۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهٗ
مَوَدَّةٌ يّٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ مَعَهُمْ فَاَفُوْزَ فَوْزًا عَظِيْمًا ۝ فَلْيُقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يَشْرُوْنَ
الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ۚ وَمَنْ يُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلْ اَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ
اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ
وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ

اور یقیناً تم میں کوئی (منافق) ایسا بھی ضرور ہوگا جو (دشمن کے مقابلہ میں جانے سے) ضرور دیر لگائے گا ① سو اگر (جنگ میں) تم کو کوئی مصیبت آگئی تو کہتا ہے: پکی بات ہے اللہ تعالیٰ نے مجھ پر انعام (یعنی فضل) کیا کہ میں ان کے ساتھ (لڑائی میں) حاضر نہ تھا ﴿۷۲﴾ اور اگر تم (جہاد کرنے والوں) پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی فضل آگیا ② تو وہ ضرور (یوں) کہے گا کہ: گویا تم میں اور اس کے بیچ میں کبھی کوئی دوستی کا تعلق نہیں تھا ③ اے کاش! میں ان کے ساتھ ہوتا تو مجھ کو بھی بڑی کامیابی مل جاتی ④ ﴿۷۳﴾ سو وہ (مخلص مسلمان) اللہ تعالیٰ کے راستے میں جنگ کریں جو دنیوی زندگی کو آخرت کے بدلے بیچ دیتے ہیں ⑤ اور جو شخص اللہ تعالیٰ کے راستے میں جنگ کرتا ہے پھر چاہے وہ قتل ہو جاوے یا (جیت کر) غالب آجائے (ہر حال میں) ہم اس کو عنقریب بڑا ثواب عطا کریں گے ﴿۷۴﴾ (اے مسلمانو!) اور تمہارے پاس کیا عذر ہے کہ اللہ تعالیٰ کے راستے میں اور ان کمزور (یعنی بے بس) مردوں اور عورتوں اور بچوں کی خاطر تم نہ لڑو ⑥ جو یوں (دعا مانگتے ہوئے) کہتے ہیں: اے ہمارے رب! آپ ہم کو اس بستی سے نکال دیجیے جس (بستی) کے لوگ ظالم ہیں،

---

① یعنی بلا وجہ تاخیر کرے گا۔ ② یعنی فتح اور غنیمت۔ ③ یہ منافقین کی اپنی غرض کی بات ہے کہ خود کو مال نہیں مل رہا ہے اس پر افسوس کرے، اس لیے کہ جب انسان کو کسی سے محبت اور تعلق ہوتا ہے تو اس کی کامیابی کو اپنی کامیابی سمجھ کر اس پر خوشی کا اظہار کرتا ہے، یہاں مسلمانوں کی کامیابی پر خوشی کی تو کوئی بات ہی نہیں کہی: بلکہ اپنے ہاتھ سے اپنی غرض فوت ہوگئی اس پر افسوس کو ظاہر کر رہے ہیں۔ ④ یعنی مجھے بھی بہت سارا غنیمت کا مال مل جاتا۔ ⑤ یعنی جو مسلمان دنیوی زندگی کے بدلے آخرت کو لے رہے ہیں (یعنی فانی دنیا کو چھوڑ چکے ہیں)۔ ⑥ تاکہ وہ ظالموں کے ظلم سے نجات حاصل کر سکیں، اللہ تعالیٰ کی رضا کو حاصل کرنا یہ قتال کا مقصد ہے، اسی طرح مظلوموں کو ظلم سے نجات دلانا یہ بھی قتال کا ایک مستقل مقصد ہے۔

وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۙۚ وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ۝ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ فَقَاتِلُوْٓا اَوْلِيَاۗءَ الشَّيْطٰنِ ۚ اِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ كَانَ ضَعِيْفًا ۝

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ قِيْلَ لَھُمْ كُفُّوْٓا اَيْدِيَكُمْ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۚ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْھُمْ يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْيَةً ۚ وَقَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ ۚ لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۭ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ ۚ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى ۣ وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ۝

اور آپ ہمارے لیے اپنی طرف سے کوئی حمایت کرنے والا مقرر کردیجیے اور آپ ہی ہمارے لیے اپنی طرف سے کوئی مدد کرنے والا بھیج دیجیے ﴿۷۵﴾ جو ایمان والے ہیں وہ اللہ تعالیٰ کے راستے میں قتال کرتے ہیں اور جو کافر لوگ ہیں وہ شیطان کے راستے میں قتال کرتے ہیں، سو (اے مسلمانو!) تم شیطان کے دوستوں سے جنگ کرو، یقیناً شیطان کی چال کمزور ہے ﴿۷۶﴾

کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جن کو کہا گیا تھا① کہ تم (ابھی جنگ سے) اپنے ہاتھ روک کر رکھو اور تم نماز قائم کرتے رہو اور تم زکوۃ دیتے رہو، سو جب ان پر (مدنی زندگی میں) جنگ کرنا فرض ہوا تب ان میں سے ایک جماعت لوگوں (یعنی کافروں) سے ایسے ڈرنے لگی جیسے کوئی اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے؛ بلکہ اس (اللہ تعالیٰ کے ڈر) سے بھی زیادہ ڈرنے لگے اور وہ (یوں) کہنے لگے: اے ہمارے رب! (ابھی) ہمارے اوپر جہاد کرنا آپ نے کیوں فرض کیا؟ تھوڑی سی مدت تک کے لیے آپ نے ہم کو مہلت کیوں نہیں دی؟ تم (جواب میں) کہو کہ: دنیا کا سامان بہت تھوڑا ہے② اور تقویٰ والے کے لیے آخرت بہتر ہے اور تم پر تاگے کے برابر (یعنی معمولی) ظلم (بھی) نہیں کیا جائے گا ﴿۷۷﴾

---

① مکی زندگی میں جب جنگ کی اجازت نہیں تھی تب۔

② (دوسرا ترجمہ) دنیا کا فائدہ بہت تھوڑا سا ہے۔

اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يُدْرِكْكُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِيْ بُرُوْجٍ مُّشَيَّدَةٍ ۭ وَاِنْ تُصِبْھُمْ حَسَنَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ وَاِنْ تُصِبْھُمْ سَيِّئَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِكَ ۭ قُلْ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ فَمَالِ هٰٓؤُلَاۗءِ الْقَوْمِ لَا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ حَدِيْثًا ۝ مَآ اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ۡ وَمَآ اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَّفْسِكَ ۭ وَاَرْسَلْنٰكَ لِلنَّاسِ رَسُوْلًا ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ۝ مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۝ وَيَقُوْلُوْنَ طَاعَةٌ ۡ فَاِذَا بَرَزُوْا مِنْ عِنْدِكَ بَيَّتَ طَاۗىِٕفَةٌ مِّنْھُمْ غَيْرَ الَّذِيْ تَقُوْلُ ۭ

تم جہاں بھی رہو گے (ایک وقت پر) موت (آ کر) تم کو (وہیں) پکڑ لے گی، چاہے تم مضبوط قلعے میں (حفاظت سے) رہو اور اگر ان (منافقین) کو کوئی بھلائی پہنچتی ہے تو کہتے ہیں کہ: یہ تو اللہ تعالیٰ کے یہاں سے آئی ① اور اگر ان (منافقوں) کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو کہتے ہیں کہ: یہ تمھاری (ناکام تدبیر کی) وجہ سے آئی ہے (اے نبی! جواب میں) تم کہہ دو: ہر ایک (اچھائی یا برائی) اللہ تعالیٰ کے یہاں سے ہی آئی ہے، آخر ان لوگوں کو کیا ہو گیا کہ وہ کوئی بات سمجھنے کے نزدیک بھی نہیں آتے؟ ﴿۷۸﴾ (اے انسان!) جو بھلائی بھی تم کو پہنچی سو وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے (یعنی اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہے) اور جو برائی تم کو پہنچی سو وہ تمھاری اپنی خطا کے سبب سے ہے (اے محمد!) اور ہم نے تم کو سب لوگوں کے لیے رسول بنا کر بھیجا ہے اور (آپ رسول ہیں اس بات پر) گواہی دینے کے لیے اللہ تعالیٰ کافی ہے ﴿۷۹﴾ جو شخص رسول کی اطاعت کرتا ہے تو پکی بات ہے کہ اس نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی اور جس نے بھی (اطاعت سے) منہ پھیر لیا تو ہم نے تم کو ان پر نگران بنا کر نہیں بھیجا ﴿۸۰﴾ اور وہ (منافقین تمھارے سامنے تو) کہتے ہیں کہ: ہمارا کام تو (آپ کی) اطاعت کرنا ہے، پھر جب وہ تمھارے پاس سے (نکل کر) باہر جاتے ہیں تو ان (منافقین) میں سے ایک جماعت کے لوگ (تم سے) جو بات کہتے ہیں اس کے خلاف رات کے وقت (خفیہ) مشورہ کرتے ہیں،

---

① مسلمانوں نے کوئی مضبوط تدبیر نہیں کی تھی۔ اتفاقی چیز سمجھتے ہیں۔

وَاللّٰهُ يَكْتُبُ مَا يُبَيِّتُوْنَ ۚ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۸۱﴾ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۭ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا ﴿۸۲﴾ وَاِذَا جَاۗءَھُمْ اَمْرٌ مِّنَ الْاَمْنِ اَوِ الْخَوْفِ اَذَاعُوْا بِهٖ ۭ وَلَوْ رَدُّوْهُ اِلَى الرَّسُوْلِ وَاِلٰٓى اُولِي الْاَمْرِ مِنْھُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ مِنْھُمْ ۭ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطٰنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۸۳﴾ فَقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ لَا تُكَلَّفُ اِلَّا نَفْسَكَ وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّكُفَّ بَاْسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا ﴿۸۴﴾

اور رات کے وقت جو مشورہ وہ کیا کرتے ہیں اللہ تعالیٰ اس کو لکھ رکھتے ہیں ① سو تم ان کو نظر انداز کر دو ② اور اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ کرو اور اللہ تعالیٰ کام بنانے کے لیے کافی ہے ﴿۸۱﴾ کیا بھلا وہ لوگ قرآن میں غور نہیں کرتے؟ اور اگر وہ (قرآن) اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کی طرف سے ہوتا تو وہ اس میں بہت زیادہ اختلافات (یعنی تفاوت) پاتے ﴿۸۲﴾ اور جب ان (منافقین) کے پاس کوئی (نئی) خبر امن کی یا ڈر کی پہنچتی ہے تو (تحقیق کیے بغیر) اس کو پھیلانا شروع کر دیتے ہیں ③ اور اگر وہ اس (خبر) کو (پھیلانے سے پہلے) رسول اور اپنے ذمے داروں تک لے جاتے ④ تو جو لوگ ان میں سے اس کی تحقیق کرنے والے ہیں وہ اس کی پوری حقیقت معلوم کرتے اور اگر اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی رحمت تم پر نہ ہوتی تو تھوڑے لوگوں کے سوا (باقی) تم سب شیطان کی اتباع کرنے (یعنی بات ماننے) میں لگ جاتے ﴿۸۳﴾ سو (اے نبی!) اللہ تعالیٰ کے راستے میں تم (دشمنوں سے) قتال کرو، تم صرف اپنی ذات ہی کے ذمے دار ہو اور مومنوں کو (جہاد کے لیے) ترغیب دیتے رہو، اللہ تعالیٰ سے (یقینی) امید ہے کہ وہ کافروں کی لڑائی (کے زور) کو روک دیویں اور اللہ تعالیٰ کی طاقت سب سے بڑی ہے اور (اللہ تعالیٰ کی) سزا بڑی سخت ہے ﴿۸۴﴾

---

① اللہ تعالیٰ ان کے خفیہ مشوروں کو ملائکہ کے ذریعہ لکھواتے ہیں۔ ② (دوسرا ترجمہ) ان کی طرف دھیان نہ دو۔

③ (دوسرا ترجمہ) اس کو مشہور کر دیتے ہیں (تیسرا) ہر ایک سے کہتے پھرتے ہیں۔

④ ذمے دار سے مراد: [۱] علما، فقہا۔ [۲] حکومت والے۔ [۳] کسی معاملہ کے ذمے دار اور اکابرین جو صحیح بات کی سمجھ اور خبر رکھتے ہیں۔

مَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَّكُنْ لَّهٗ نَصِيْبٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقِيْتًا ۝ وَاِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَآ اَوْ رُدُّوْهَا ۗ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَسِيْبًا ۝ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۗ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ۗ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِيْثًا ۝

جوشخص بھی اچھی سفارش کرتا ہے ① تو اس (سفارش کرنے والے) کو بھی اس میں سے ایک حصہ (ثواب کا) ملے گا اور جوشخص بری سفارش کرتا ہے تو اس (سفارش کرنے والے) کو اس (برائی) کا ایک حصہ ملے گا اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قدرت رکھتے ہیں ﴿۸۵﴾ اور جب تم کو کوئی سلامتی کی دعا دے تو تم اس سے بہتر الفاظ میں سلام کا جواب دو یا (کم سے کم) ان ہی الفاظ میں اس (سلام) کا جواب لوٹا دو، یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز کا حساب کرنے والے ہیں ﴿۸۶﴾ اللہ تعالیٰ وہ ہیں جن کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، وہ (اللہ تعالیٰ) تم کو قیامت کے دن ضرور جمع کریں گے جس (کے آنے) میں کوئی شک نہیں ہے اور اللہ تعالیٰ سے زیادہ سچی بات کس کی ہو سکتی ہے؟ ﴿۸۷﴾

---

① اچھی شفارش:

[۱] جس کا مقصد کسی کا حق پورا دلوانا ہو۔

[۲] جائز نفع پہنچانا ہو۔

[۳] نقصان سے بچانا ہو۔

[۴] رشوت نہ لی جائے۔

[۵] ناجائز کام میں نہ ہو۔

[۶] محض اللہ تعالیٰ کی رضا مقصود ہو۔

[۷] جس ثابت شدہ جرم کی سزا قرآن وحدیث میں آئی ہے اس میں نہ ہو۔

[۸] مسلمان کی حاجت روائی کی دعا کرنا یہ بھی اچھی شفارش ہے۔

فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنٰفِقِيْنَ فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوْا ؕ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ۝

پھر تم (مسلمانوں) کو کیا ہو گیا کہ تم منافقوں کے بارے میں دو گروہ بن گئے①؛ حالاں کہ اللہ تعالیٰ نے ان (منافقوں) کے (برے) کاموں کی وجہ سے ان کو (ظاہری کفر کی طرف) الٹا پھرا دیا ہے② کیا تم یہ ارادہ رکھتے ہو کہ ایسے شخص کو تم ہدایت پر لے آؤ جس کو اللہ تعالیٰ نے گمراہ کر دیا اور جس شخص کو اللہ تعالیٰ گمراہ کرتے ہیں تو تم ہرگز اس کے لیے کوئی (ایمان کا) راستہ نہیں پاؤ گے ﴿۸۸﴾

---

① یعنی قدرت کے باوجود دارالاسلام کو چھوڑ دینا یہ عملی ارتداد ہے جس سے نفاق ظاہر ہو ہی گیا؛ اس لیے ان کے بارے میں دو رائے نہ ہو۔

نوٹ: (۱) بعض لوگ ایسے تھے جو ظاہر میں ایمان نہیں لائے اور دل میں تو ایمان تھا ہی نہیں؛ لیکن مسلمانوں سے اور نبی کریم ﷺ سے ملاقات کرتے رہتے تھے اور محبت بھی دکھلاتے تھے؛ لیکن ان کا مقصد یہ تھا کہ اگر مسلمان ہماری قوم پر حملہ کریں تو ہمارے تعلق کی وجہ سے ہماری اور ہمارے گھر والوں کی حفاظت ہو، ان کی اس غلط نیت کا جب پتہ چل گیا تو دو رائے ہو گئیں بعض حضرات کا یہ کہنا تھا کہ ان سے تعلق بالکل ختم کر دیا جائے؛ تاکہ وہ ہم سے جدا ہو جائیں اور بعض حضرات کی رائے یہ تھی کہ ان سے تعلق باقی رکھو کہ اس تعلق کی برکت سے وہ لوگ ایمان کو قبول کر لیویں، اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں بتلا دیا کہ تم سب آپس میں ایک رائے ہو کر ان کے بارے میں کارروائی کرو جو آگے والی آیت میں ذکر کی گئی ہے۔

نوٹ: (۲) عرب کے کچھ مشرکین مکہ سے مدینہ آئے اور ظاہر کیا کہ ہم مسلمان ہیں، ہجرت کر کے آئے ہیں؛ حالاں کہ انھوں نے دل سے ایمان قبول نہیں کیا تھا، منافقین کی طرح تھے، پھر نبی ﷺ کے سامنے بہانہ کیا کہ مدینہ کی ہواء موافق نہیں آ رہی ہے یا ہم تجارت کا سامان لینے مکہ جا رہے ہیں، اس طرح کی باتیں کر کے مدینہ سے مکہ گئے، پھر وہیں رہ گئے، مدینہ واپس نہیں آئے، اس طرح اللہ تعالیٰ نے ان کے چھپے ہوئے کفر کو ظاہر فرما دیا تو مخلص صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے بعض حضرات نے ان کی حقیقت کے پیشِ نظر ان کو کافر ہی سمجھا اور کافروں والا سلوک ان کے ساتھ کیا جائے یہ ان کی رائے تھی، ان کی بڑی دلیل یہ تھی کہ ان کا دارالاسلام مدینہ چھوڑ کر دارالکفر مکہ چلا جانا اور وہیں رہ جانا کافر ہو جانے کی نشانی ہے اور دوسرے صحابہ حسنِ ظن کی وجہ سے ان کو مسلمان جیسا سمجھتے رہے؛ لیکن جب وہ مکہ واپس چلے گئے تو اب ان کے بارے میں کسی طرح کا اختلافِ رائے نہ ہونا چاہیے؛ چوں کہ اس وقت مکہ سے مدینہ ہجرت لازمی تھی اور قدرت کے باوجود ہجرت نہ کرے تو اس کو مسلمان قرار نہیں دیں گے۔

② (دوسرا ترجمہ) ان کا اوندھا کر دیا ہے۔

وَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ كَمَا كَفَرُوْا فَتَكُوْنُوْنَ سَوَآءً فَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ اَوْلِيَآءَ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ ۪ وَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۸۹﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ اِلٰى قَوْمٍۭ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ اَوْ جَآءُوْكُمْ حَصِرَتْ صُدُوْرُهُمْ اَنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ اَوْ يُقَاتِلُوْا قَوْمَهُمْ ۚ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَسَلَّطَهُمْ عَلَيْكُمْ فَلَقٰتَلُوْكُمْ ۚ فَاِنِ اعْتَزَلُوْكُمْ فَلَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ وَاَلْقَوْا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ ۙ فَمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيْلًا ﴿۹۰﴾

وہ (منافق) تو یہ چاہتے ہیں کہ جس طرح وہ (خود) کافر ہو گئے ہیں تم بھی کافر بن جاؤ؛ تاکہ (وہ منافق اور) تم (مسلمان) سب (کفر میں) برابر ہو جاؤ①، لہٰذا (اے مسلمانو!) تم ان میں سے کسی کو (اس وقت تک) اپنا دوست نہ بناؤ جب تک کہ وہ اللہ کی راہ میں ہجرت نہ کریں②، پھر اگر وہ (منافقین اسلام اور ہجرت کو) قبول نہ کریں تو جس جگہ بھی تم ان (منافقوں) کو پاؤ ان کو پکڑ واور ان کو قتل کر دو اور تم ان (منافقوں) میں سے کسی کو نہ (اپنا) دوست بناؤ اور نہ مددگار ﴿۸۹﴾ مگر جو (منافق) لوگ کسی ایسی قوم سے جا ملے کہ تمہارے اور ان کے درمیان (کوئی صلح کا) معاہدہ ہوا ہے، یا وہ لوگ تمہارے پاس ایسی حالت میں آئیں کہ تمہارے خلاف جنگ کرنے سے یا اپنی قوم کے خلاف جنگ کرنے سے ان کے دل تنگ ہوں③ اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتے تو ان کو تم پر مسلط کر دیتے④، تب وہ تم سے ضرور لڑنے لگ جاتے، سو اگر وہ تم سے (صلح کر کے) دور رہے پھر تم سے جنگ نہ کریں اور تمہارے ساتھ مصالحانہ رویہ رکھے تو اللہ تعالیٰ نے ایسے لوگوں کے خلاف تم کو کسی بھی کارروائی کا حق نہیں دیا⑤ ﴿۹۰﴾

---

① اسی کو ہمارے ملک کی اصطلاح میں یونیفارم سول کوڈ کہتے ہے۔ ایمانیات کے بجائے کفریات اپنا لینا۔

② اس لیے کہ اس زمانے میں دل سے مسلمان بن کر مدینہ منورہ کی ہجرت کرنا اپنے اسلام کو ظاہر میں ثابت کرنے کے لیے ضروری تھا۔ ③ (دوسرا ترجمہ) کبیدہ خاطر ہو۔ ④ (دوسرا ترجمہ) ان کو تم پر زور دے دیتے۔

⑤ یعنی ایسے غیر جانب دار لوگوں کے ساتھ مسلمانوں کو بھی صلح سے رہنا چاہیے اور مسلمانوں کی ہیبت کا ان کے دل میں آ جانا اللہ تعالیٰ کی نعمت سمجھو اور ان کو پکڑنے اور قتل کرنے سے بچنا چاہیے۔

سَتَجِدُوْنَ اٰخَرِيْنَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّاْمَنُوْكُمْ وَيَاْمَنُوْا قَوْمَهُمْ ؕ كُلَّمَا رُدُّوْۤا اِلَى الْفِتْنَةِ اُرْكِسُوْا فِيْهَا ۚ فَاِنْ لَّمْ يَعْتَزِلُوْكُمْ وَيُلْقُوْۤا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ وَيَكُفُّوْۤا اَيْدِيَهُمْ فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ ؕ وَاُولٰٓئِكُمْ جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۹۱﴾

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَـًٔا ۚ وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَـًٔا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَّدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰۤى اَهْلِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ يَّصَّدَّقُوْا ؕ فَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ؕ

(ان منافقین میں سے) کچھ دوسرے لوگ تم کو ایسے ملیں گے کہ وہ یہ چاہتے ہیں کہ تم (مسلمان) سے (بھی) امن میں رہیں ① اور اپنی قوم سے بھی امن میں رہیں (مگر ان کی حالت یہ ہے کہ) جب کبھی ان کو کسی شرارت (فتنہ و فساد) کی طرف بلایا جاتا ہے تو اس میں (جا کر) وہ اوندھے گر تے ہیں ②، سو اگر وہ تم سے (جنگ کرنے سے) جدا نہ ہوں ③ اور تم سے مصالحانہ رویہ نہ رکھیں اور اپنے ہاتھوں کو (مسلمانوں کے ساتھ لڑائی سے) نہ روکیں تو جہاں بھی تم ان کو پاؤ، تو ان کو پکڑو اور ان کو قتل کردو اور ایسے لوگوں کے خلاف کارروائی کرنے کی ہم نے تم کو کھلی سند دے دی ہے ﴿۹۱﴾

اور کسی ایمان والے کے لیے مناسب نہیں ہے کہ وہ کسی ایمان والے کو (ناحق) قتل کر دیوے؛ الا یہ کہ غلطی سے ایسا ہو جاوے اور جو شخص کسی ایمان والے کو غلطی سے قتل کر دیوے تو اس کے لیے ضروری ہے کہ ایک ایمان والے غلام یا باندی کو آزاد کر دیوے اور دیت اس (مقتول) کے وارثوں کو پہنچا دیوے؛ الا یہ کہ وہ (مقتول کے ورثا دیت کو) معاف کر دیویں، سو اگر وہ (مقتول) ④ تمھاری دشمن قوم سے ہے ⑤؛ حالاں کہ وہ (قاتل) خود ایمان والا ہے تو ایک مسلمان غلام یا باندی کو آزاد کرنا ضروری ہے ⑥

---

① یعنی لڑائی سے بے خطر رہے، بے خوف رہے۔

② یعنی ان کو مسلمانوں سے لڑنے کے لیے کہا جاتا ہے تو لڑنے کو فوراً تیار ہو جاتے ہیں۔

③ یعنی جنگ نہ چھوڑیں۔ ④ یعنی جس کو غلطی سے قتل کیا گیا ہے۔

⑤ یعنی دار الحرب کا رہنے والا کافر ہو اور کسی وجہ سے یہاں رہتا ہو۔ ⑥ یعنی دیت کی رقم نہیں دینی پڑے گی۔

وَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖ وَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ ۡ تَوْبَةً مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَاۗؤُهٗ جَهَنَّمُ خٰلِدًا فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيْمًا ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰٓى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا ۚ تَبْتَغُوْنَ عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۡ

اور اگر وہ (مقتول) کوئی ایسی قوم سے ہو کہ (جو مسلمان نہیں ہے اور) تمھارے اور ان کے درمیان کوئی معاہدہ ہے ① تو بھی اس (مقتول) کے گھر والوں (یعنی وارثوں) کو دیت سونپ دینا ضروری ہے اور ایک ایمان والے غلام یا باندی کو آزاد بھی کر دینا ہے، سو جس شخص کو (غلام یا باندی) نہ ملے تو دو مہینے لگاتار روزے رکھنا ہے، یہ توبہ کا طریقہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر کیا گیا ہے اور اللہ تعالیٰ تو سب کچھ جانتے ہیں، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۹۲﴾ اور جو شخص کسی ایمان والے کو جان بوجھ کر قتل کر دیتا ہے تو اس کی سزا جہنم ہے جس میں وہ ہمیشہ رہے گا ② اور اللہ تعالیٰ کا اس پر غضب ہوگا اور اس پر لعنت کرے گا اور اس (اللہ تعالیٰ) نے اس کے لیے بڑا عذاب تیار کر لیا ہے ﴿۹۳﴾ اے ایمان والو! جب تم اللہ تعالیٰ کے راستے میں سفر (کیا) کرو تو (ہر کام میں) پوری تحقیق کر لیا کرو اور جو شخص تم کو سلام کرے ③ تو اس سے ایسا مت کہو کہ: ''تو مومن نہیں ہے'' تم (صرف) دنیوی زندگی کا سامان (یعنی غنیمت) حاصل کرنا چاہتے ہو،

---

① یعنی ذمی تھا یا مستامن تھا یا اس کو قوم کے ساتھ کوئی صلح ہوئی تھی۔ نوٹ: غیر مسلموں کی جان کی حفاظت کا بھی اسلامی قانون کتنا اچھا ہے۔ ② کسی مسلمان کو حلال سمجھ کر ناحق جان بوجھ کر قتل کر دیوے تو وہ آدمی مرتد ہو جاتا ہے اور اس کی سزا دائمی جہنم ہے اور حلال نہ سمجھے اور جان بوجھ کر قتل کرے تو وہ ہمیشہ جہنم میں رہنے کا حق دار ہے، باقی یہ ہے کہ ایمان کی برکت سے دیر سے سہی اللہ تعالیٰ معاف فرما دیویں ایسی امید ہے یا خلود سے مراد: لمبی مدت جہنم میں رہنا ہے۔

③ سلام کا دوسرا مطلب ہے تمھاری اطاعت قبول کر لیوے۔

(نوٹ) یہاں ''سلام'' سے مراد جو ایمان کے اظہار کے طور پر ہو، ورنہ آج کل بہت سے مسلمان غیر مسلموں سے دوستیاں کرتے ہیں اور وہ غیر مسلم کفر پر رہتے ہوئے دوستی میں مسلمان کو سلام کرے وہ سلام علامتِ ایمان نہیں ہے۔ بس جو آدمی خود کو ظاہر میں مسلمان بتاوے اور اس کے لیے سلام کرے یہ کافی ہے۔

فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ ؕ كَذٰلِكَ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَتَبَيَّنُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝ لَا يَسْتَوِي الْقٰعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ وَالْمُجٰهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ دَرَجَةً ؕ وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ دَرَجٰتٍ مِّنْهُ وَمَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝

اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَالُوْا فِيْمَ كُنْتُمْ ؕ قَالُوْا كُنَّا مُسْتَضْعَفِيْنَ فِي الْاَرْضِ ؕ

سو اللہ تعالیٰ کے پاس تو بہت ساری غنیمت ہے (آخر) تم بھی تو پہلے ایسے ہی تھے، پھر اللہ تعالیٰ نے تم پر احسان کیا؛ لہذا (اب) تم اچھی طرح تحقیق کرلیا کرو، یقینی بات ہے کہ جو کام تم لوگ کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس کی پوری خبر رکھتے ہیں ﴿۹۴﴾ جن ایمان والوں کو کوئی (شرعی) معذوری نہ ہو اور وہ بیٹھے رہیں وہ اور اللہ تعالیٰ کے راستے میں اپنے مال اور اپنی جان سے جہاد کرنے والے برابر نہیں ہوسکتے، جو لوگ اپنے مال اور اپنی جان سے (اللہ تعالیٰ کے راستے میں) جہاد کرتے ہیں ان کو بیٹھے رہنے والوں پر اللہ تعالیٰ نے درجے کے اعتبار سے فضیلت دی ہے اور ہر ایک سے اللہ تعالیٰ نے بہت اچھا (یعنی جنت کا) وعدہ کیا ہے اور (اللہ تعالیٰ کے راستے میں) جہاد کرنے والوں کو بیٹھے رہنے والوں پر اللہ تعالیٰ نے بڑے ثواب میں فضیلت دی ہے ﴿۹۵﴾ (وہ عظیم اجر) اس (اللہ تعالیٰ) کی طرف سے درجات اور مغفرت اور رحمت ہوگی اور اللہ تعالیٰ تو بہت ہی معاف کرنے والے، بڑے رحم کرنے والے ہیں ﴿۹۶﴾

یقیناً جنھوں نے (مکہ سے مدینہ ہجرت نہ کرکے) اپنی جانوں پر ظلم کیا تھا[1] (اور اسی حالت میں) فرشتے ان کی روح قبض کرنے آتے ہیں تو وہ (فرشتے) کہتے ہیں: تم (دنیا میں) کس حالت میں تھے؟ تو وہ (ہجرت نہ کرنے والے جواب میں) کہتے ہیں کہ: ہم زمین میں بے بس تھے،

---

[1] یعنی ہجرت چھوڑ کر خود کو گنہگار کر رکھا تھا۔

قَالُوْٓا اَلَمْ تَكُنْ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا فِيْهَا ۭ فَاُولٰۗىِٕكَ مَاْوٰىھُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَسَاۗءَتْ مَصِيْرًا ۝ اِلَّا الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاۗءِ وَالْوِلْدَانِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ حِيْلَةً وَّلَا يَهْتَدُوْنَ سَبِيْلًا ۝ فَاُولٰۗىِٕكَ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّعْفُوَ عَنْھُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا غَفُوْرًا ۝ وَمَنْ يُّھَاجِرْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَجِدْ فِي الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّسَعَةً ۭ وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُھَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَي اللّٰهِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝

وَاِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ ڰ اِنْ خِفْتُمْ اَنْ يَّفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ

تو وہ (فرشتے) کہتے ہیں: کیا اللہ تعالیٰ کی زمین کشادہ نہیں تھی؟ سو تم ہجرت کر کے وہاں چلے جاتے، لہٰذا ایسے ہی لوگوں کا ٹھکانہ جہنم ہے اور وہ (جہنم) بہت ہی برا انجام ہے① ﴿۹۷﴾ مگر جو مرد اور عورتیں اور بچے (واقعی) بے بس (یعنی کمزور) تھے② جو (ہجرت کی) کوئی تدبیر نہیں کر سکتے تھے اور (نکلنے کا) کوئی راستہ بھی نہیں جانتے تھے ﴿۹۸﴾ تو پوری امید ہے کہ ان لوگوں کو اللہ تعالیٰ معاف کر دیں گے اور اللہ تعالیٰ تو بڑے معاف کرنے والے، بڑے بخشنے والے ہیں ﴿۹۹﴾ اور جو شخص بھی اللہ تعالیٰ کے راستے میں ہجرت کرتا ہے تو اس کو زمین میں بڑی جگہ اور وسعت ملے گی③ اور جو شخص بھی اپنے گھر سے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف ہجرت کرتے ہوئے نکلے گا، پھر موت نے آ کر اس کو پکڑ لیا تو اس کا ثواب اللہ تعالیٰ کے ذمہ ثابت ہو چکا اور اللہ تعالیٰ تو بہت زیادہ معاف کرنے والے، بڑے رحم کرنے والے ہیں ﴿۱۰۰﴾

اور جب تم زمین میں سفر میں نکلو اگر تم کو اس بات کا خوف ہو کہ کافر لوگ تم کو پریشان کریں گے تو تم کو اس بات میں کوئی گناہ نہیں ہے کہ تم نمازیں قصر کر لیا کرو،

---

① (دوسرا ترجمہ) اور وہ پہنچنے کی بہت بری جگہ ہے۔ ② یعنی جن میں ہجرت کرنے کی طاقت نہیں تھی۔
③ ہجرت کی برکت سے گناہوں کی معافی، حلال روزی، عمدہ وسیع مکان، مخالفین پر دینی غلبہ، عزت اور شرافت ملے گی اور دین کی اشاعت کا موقع بھی ملے گا۔

اِنَّ الْكٰفِرِيْنَ كَانُوْا لَكُمْ عَدُوًّا مُّبِيْنًا۝ وَاِذَا كُنْتَ فِيْهِمْ فَاَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلٰوةَ فَلْتَقُمْ طَآىِٕفَةٌ مِّنْهُمْ مَّعَكَ وَلْيَاْخُذُوْۤا اَسْلِحَتَهُمْ ۫ فَاِذَا سَجَدُوْا فَلْيَكُوْنُوْا مِنْ وَّرَآىِٕكُمْ ۪ وَلْتَاْتِ طَآىِٕفَةٌ اُخْرٰى لَمْ يُصَلُّوْا فَلْيُصَلُّوْا مَعَكَ وَلْيَاْخُذُوْا حِذْرَهُمْ وَاَسْلِحَتَهُمْ ۚ وَدَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ تَغْفُلُوْنَ عَنْ اَسْلِحَتِكُمْ وَاَمْتِعَتِكُمْ فَيَمِيْلُوْنَ عَلَيْكُمْ مَّيْلَةً وَّاحِدَةً ؕ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ كَانَ بِكُمْ اَذًى مِّنْ مَّطَرٍ اَوْ كُنْتُمْ مَّرْضٰۤى اَنْ تَضَعُوْۤا اَسْلِحَتَكُمْ ۚ وَخُذُوْا حِذْرَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا۝

یقینی بات ہے کہ کافر لوگ تو تمھارے کھلے ہوئے دشمن ہیں ①﴿۱۰۱﴾ اور (اے نبی!) جب (دشمن سے مقابلے کے وقت) تم ان (مسلمانوں) کے درمیان میں موجود ہوں، پھر تم ان کو نماز پڑھانے کھڑے ہوں ② تو چاہیے کہ ان (مسلمانوں) کی ایک جماعت تمھارے ساتھ (نماز پڑھنے) کھڑی ہوجائے اور وہ لوگ اپنے ہتھیار (اپنے ساتھ) لے لیویں، پھر جب وہ لوگ ③ سجدہ کر چکیں تو ان کو چاہیے کہ وہ تمھارے پیچھے چلے جائیں ④ اور دوسری جماعت جس نے (ابھی تک) نماز نہیں پڑھی وہ (آگے امام کے پیچھے) آجاویں، سو وہ تمھارے ساتھ نماز پڑھیں اور وہ (دوسری جماعت کے) لوگ اپنے بچاؤ کا سامان اور اپنے ہتھیار (ساتھ) لے لیویں (کیوں کہ) کافر لوگ تو یہ چاہتے ہیں کہ اگر تم اپنے ہتھیار اور اپنے سامان سے غافل ہوجاؤ تو وہ تم پر ایک دم حملہ کردیویں اور اگر بارش کی وجہ سے تم کو تکلیف ہووے یا تم بیمار ہوؤ تو اس بات میں تم پر کوئی گناہ نہیں ہے کہ تم اپنے ہتھیار (اتار کر) رکھ دو اور (اس وقت بھی) تم (صرف) اپنے بچاؤ (حفاظت) کا سامان (ساتھ) لے لو، یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کافروں کے لیے ذلیل کرنے والا عذاب تیار کیا ہے ﴿۱۰۲﴾

---

① عام طور پر دشمنوں کی طرف سے سفر میں خطرہ لگا رہتا ہے، ورنہ خطرہ نہ ہو تب بھی شرعی مقدار والے سفر میں نماز قصر کرنی ہے۔

② (دوسرا ترجمہ) تم ان (ساتھیوں) کو نماز پڑھاؤ۔

③ یعنی شروع سے امام کے ساتھ نماز پڑھنے والے۔

④ (دوسرا ترجمہ) تمھارے پاس سے پیچھے ہٹ جاویں۔

فَإِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِكُمْ ۚ فَإِذَا اطْمَأْنَنْتُمْ فَأَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ۚ إِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ۝ وَلَا تَهِنُوْا فِي ابْتِغَآءِ الْقَوْمِ ۖ إِنْ تَكُوْنُوْا تَأْلَمُوْنَ فَإِنَّهُمْ يَأْلَمُوْنَ كَمَا تَأْلَمُوْنَ ۚ وَتَرْجُوْنَ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا يَرْجُوْنَ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝

إِنَّا أَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَا أَرٰىكَ اللّٰهُ ۚ وَلَا تَكُنْ لِّلْخَآئِنِيْنَ خَصِيْمًا ۝ وَّاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ۖ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِيْنَ يَخْتَانُوْنَ أَنْفُسَهُمْ ۚ

پھر جب تم لوگ نماز پوری کر چکو تو کھڑے ہونے کی حالت میں (بھی) اور بیٹھنے کی حالت میں (بھی) اور اپنی کروٹ پر لیٹے لیٹے (بھی؛ یعنی ہر حالت میں) اللہ تعالیٰ کو یاد کرتے رہو① پھر جب (دشمن کے حملے سے) تم کو اطمینان ہو جاوے تو (قاعدے کے مطابق) تم نماز قائم کرو، یقینی بات ہے کہ نماز معین وقت (کی پابندی) کے ساتھ ایمان والوں پر فرض ہے②﴿۱۰۳﴾ اور تم (دشمن) قوم کا پیچھا کرنے سے ہمت مت ہارو، اگر تم (مسلمانوں) کو (زخموں سے) تکلیف پہنچی ہو تو یقیناً ان (کافروں) کو بھی تمہاری جیسی ہی (زخموں کی) تکلیف پہنچی ہے اور تم (مسلمانوں) کو اللہ تعالیٰ سے اس (ثواب) کی امید ہے جو ان (کافروں) کو نہیں ہے اور اللہ تو سب کچھ جانتے ہیں، بڑی حکمت والے ہیں﴿۱۰۴﴾

یقیناً ہم نے تمہاری طرف سچی کتاب (یعنی قرآن) اتاری ہے؛ تاکہ اللہ تعالیٰ نے تم کو جو (طریقہ) سمجھا دیا اس کے مطابق تم لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو اور تم خیانت کرنے والوں کی طرف داری کرنے والے نہ بنو﴿۱۰۵﴾ اور اللہ تعالیٰ سے استغفار کرو، یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ تو بہت زیادہ بخشنے والے، بڑے رحم کرنے والے ہیں﴿۱۰۶﴾ اور جو لوگ اپنے بارے میں خیانت کرتے ہیں③ ان لوگوں کی طرف سے (کسی بھی معاملے میں) تم وکیل مت بنو④

---

① یعنی دورانِ جنگ اللہ تعالیٰ کا ذکر جاری رہے اور جنگ کے وقت شرعی احکام کی خلاف ورزی نہ ہو۔

② (دوسرا ترجمہ) یقیناً معین (مقرر) وقتوں میں ایمان والوں پر نماز فرض ہے۔

③ (دوسرا ترجمہ) جو لوگ اپنے جی میں دغا رکھتے ہیں۔ ④ (دوسرا ترجمہ) آپ جواب مت دینا۔

إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا أَثِيْمًا ۟ يَّسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ وَلَا يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَهُمْ إِذْ يُبَيِّتُوْنَ مَا لَا يَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطًا ۝ هٰٓأَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ جٰدَلْتُمْ عَنْهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۫ فَمَنْ يُّجَادِلُ اللّٰهَ عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ أَمْ مَّنْ يَّكُوْنُ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ۝ وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا أَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ وَمَنْ يَّكْسِبْ إِثْمًا فَإِنَّمَا يَكْسِبُهٗ عَلٰى نَفْسِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝

یقیناً اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو جو بڑا خیانت کرنے والا، بڑا گنہگار ہو چاہتے نہیں ہیں ①﴿۱۰۷﴾ (ان لوگوں کی عادت یہ ہے کہ) وہ (عام) لوگوں سے تو شرماتے ہیں اور وہ اللہ تعالیٰ سے نہیں شرماتے؛ حالاں کہ وہ (اللہ تعالیٰ) اس وقت بھی ان کے پاس ہوتے ہیں جب وہ رات کو ایسی بات کا مشورہ کرتے ہیں جو بات اس (اللہ تعالیٰ) کو پسند نہیں ②اور وہ لوگ جو کچھ کررہے ہیں اللہ تعالیٰ نے ان سب کا احاطہ کر رکھا ہے﴿۱۰۸﴾ہاں! تمھاری اتنی ہی طاقت ہے کہ تم ان (خیانت کرنے والوں) کی طرف سے دنیوی زندگی میں جھگڑ رہے ہو③، پھر قیامت کے دن کون ان کی طرف سے اللہ تعالیٰ کو جواب دے گا؟ یا کون شخص ان (خیانت کرنے والوں) کا وکیل بنے گا؟﴿۱۰۹﴾اور جو شخص کوئی برائی کا کام کرتا ہے یا اپنی جان پر ظلم کرتا ہے، پھر اللہ تعالیٰ سے استغفار کرتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کو بڑے معاف کرنے والے، بڑے رحم کرنے والے پاوے گا﴿۱۱۰﴾اور جو شخص بھی کوئی گناہ کا کام کرتا ہے تو وہ اپنے گناہ سے خود ہی کو نقصان پہنچاتا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑے جاننے والے، حکمت کے مالک ہیں﴿۱۱۱﴾

① چھوٹی خیانت کو بھی اللہ تعالیٰ پسند نہیں کرتے، لیکن یہ آیت جس کے بارے میں نازل ہوئی وہ بشیر نام کا آدمی بڑا خیانت کرنے والا تھا، اس کی طرف اشارہ کرنے کے لیے یہ مبالغہ کا لفظ استعمال ہوا ہے۔ چھوٹی بڑی کسی طرح خیانت دین میں پسندیدہ نہیں ہے۔ ② (دوسرا ترجمہ) جب وہ رات کو اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہو ایسی باتوں کے مشورے کرتے ہیں۔
③ (دوسرا ترجمہ) خیانت کرنے والوں کی طرف سے دنیوی زندگی میں جواب دے دیا (دنیا میں تو اس کو بچانے کے لیے تم نے غلط طرف داری کرلی، آخرت میں اللہ کے عذاب سے اس کو کون بچا سکے گا؟ اللہ تعالیٰ کے سامنے کون اس کی طرف داری کر سکے گا؟

وَمَنْ يَّكْسِبْ خَطِيْۗـــَٔةً اَوْ اِثْمًا ثُمَّ يَرْمِ بِهٖ بَرِيْۗــــًٔا فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ۝
وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهٗ لَهَمَّتْ طَّاۗىِٕفَةٌ مِّنْهُمْ اَنْ يُّضِلُّوْكَ ۭ وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَھُمْ وَمَا يَضُرُّوْنَكَ مِنْ شَيْءٍ ۭ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ۭ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ۝ لَا خَيْرَ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰىھُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍۢ بَيْنَ النَّاسِ ۭ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ ابْتِغَاۗءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ۭ وَسَاۗءَتْ مَصِيْرًا ۝

اور جو شخص غلطی (یعنی چھوٹا گناہ کرتا ہے) یا (بڑا) گناہ کرتا ہے، پھر اس (گناہ) کا الزام کسی بے گناہ پر لگا دیوے تو پکی بات یہ ہے کہ وہ بڑا بہتان اور کھلے گناہ کا بوجھ اپنے (سر کے) اوپر اٹھاتا ہے ﴿۱۱۲﴾

اور (اے نبی!) اگر اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی رحمت تم پر نہ ہوتی تو ان (دشمنوں) میں سے ایک جماعت نے تم کو غلطی میں ڈالنے کا پکا ارادہ کر لیا تھا اور (حقیقت یہ ہے کہ) یہ لوگ خود اپنے سوا کسی کو گمراہ نہیں کر سکتے ① اور وہ آپ کو ذرہ بھی نقصان نہیں پہنچا سکتے اور اللہ تعالیٰ نے آپ پر کتاب اور حکمت اتاری اور آپ کو ایسی بات سکھلائی جس کو آپ (اب تک) نہیں جانتے تھے اور اللہ تعالیٰ کا فضل (ہمیشہ) آپ پر بہت بڑا ہے ﴿۱۱۳﴾ ان لوگوں کے بہت سارے خفیہ مشوروں میں کوئی خیر نہیں ہوتی؛ الا یہ کہ جو شخص صدقہ کرنے کا یا نیک کام کرنے کا یا لوگوں کے درمیان صلح کرانے کا حکم دیوے ② اور جو شخص یہ کام اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے کرتا ہے تو ہم اس کو عنقریب بڑا ثواب دیں گے ③ ﴿۱۱۴﴾ اور جو شخص اپنے سامنے ہدایت کے ظاہر ہوجانے کے بعد (بھی) رسول کی مخالفت کرے اور ایمان والوں کے (دینی) راستے کے سوا کوئی اور راستے پر چلے تو ہم اس کو اسی کے حوالے کر دیں گے جو راہ اس نے اختیار کی ہے ④ اور ہم اس کو (آخرت میں) جہنم میں ڈال دیں گے اور وہ (جہنم) بہت برا ٹھکانہ ہے ﴿۱۱۵﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اور وہ اپنے آپ ہی کو گمراہ کرتے ہیں ② یعنی ترغیب دیوے۔ ③ خفیہ مشوروں کے لیے بنیادی ضابطہ اس آیت میں ہے۔ ④ (دوسرا ترجمہ) تو ہم اس کو (دنیا میں) جو کچھ وہ کرتا ہے کرنے دیں گے۔

إِنَّ اللَّهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذَٰلِكَ لِمَنْ يَشَاءُ ۚ وَمَنْ يُشْرِكْ بِاللَّهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالًا بَعِيدًا ﴿۱۱۶﴾ إِنْ يَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ إِلَّا إِنَاثًا وَإِنْ يَدْعُونَ إِلَّا شَيْطَانًا مَرِيدًا ﴿۱۱۷﴾ لَعَنَهُ اللَّهُ ۘ وَقَالَ لَأَتَّخِذَنَّ مِنْ عِبَادِكَ نَصِيبًا مَفْرُوضًا ﴿۱۱۸﴾ وَلَأُضِلَّنَّهُمْ وَلَأُمَنِّيَنَّهُمْ وَلَآمُرَنَّهُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ آذَانَ الْأَنْعَامِ وَلَآمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللَّهِ ۚ وَمَنْ يَتَّخِذِ الشَّيْطَانَ وَلِيًّا مِنْ دُونِ اللَّهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُبِينًا ﴿۱۱۹﴾ يَعِدُهُمْ وَيُمَنِّيهِمْ ۖ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطَانُ إِلَّا غُرُورًا ﴿۱۲۰﴾

یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے ساتھ کسی کو شریک بنانے کو معاف نہیں کرتے اور اس (شرک) سے کم درجے کے گناہ (یعنی صغیرہ یا کبیرہ) جس کے لیے چاہتے ہیں معاف کر دیتے ہیں اور جو شخص بھی اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرتا ہے سو پکی بات ہے کہ وہ (سیدھے راستے سے) گمراہ ہو کر بہت دور جا کر گرتا ہے ﴿۱۱۶﴾ وہ (مشرکین) اس (اللہ تعالیٰ) کو چھوڑ کر صرف عورتوں (جیسی چیزوں ہی) کو پکارتے ہیں اور وہ (مشرک) لوگ جس کو پکارتے ہیں وہ سرکش شیطان کے علاوہ کوئی اور نہیں ہیں ﴿۱۱۷﴾ اللہ تعالیٰ نے جس (شیطان) پر لعنت کی ہے اور اس (شیطان) نے (اللہ تعالیٰ سے) کہا: میں تیرے بندوں میں سے (میری اطاعت کا) مقرر کیا ہوا حصہ ضرور لے کر ہی رہوں گا ① ﴿۱۱۸﴾ اور میں ان کو (سیدھے راستے سے) ضرور گمراہ کروں گا اور میں ان کو یقیناً (بے بنیاد) امیدیں دلاؤں گا اور میں ان کو ضرور (برے کام) سکھلاؤں گا تو وہ (بتوں کے نام پر) چوپایوں کے کان چیر ڈالیں گے ② اور میں ان کو ضرور سکھلاؤں گا تو وہ اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی صورتوں میں تبدیلی ہی کر ڈالیں گے ③ اور جس نے بھی اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر شیطان کو دوست بنایا تو پکی بات ہے کہ وہ کھلے نقصان میں پڑ گیا ﴿۱۱۹﴾ وہ (شیطان) ان سے (جھوٹے) وعدے کرتا ہے اور ان کو (بے بنیاد) آرزوؤں میں لگاتا ہے اور شیطان ان سے جو وعدہ کرتا ہے وہ تو دھوکا ہی ہے ﴿۱۲۰﴾

---

① یعنی انسانوں کے ایک بڑے حصے کو گمراہ کر کے شیطان اپنے ساتھ آگ میں لے جاوے گا، اسی طرح انسان کے کمائے ہوئے مال کا ایک حصہ شیطان گناہ میں خرچ کرواتا ہے۔ ② جاہلیت کے دور میں جانوروں کے کان چیر کر بتوں کے نام پر چھوڑ دیتے تھے۔ ③ مراد اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی صورتوں کو بگاڑ دیں گے جیسے ڈاڑھی منڈانا یا شرعی مقدار سے کم کتروانا وغیرہ۔

أُولٰٓئِكَ مَأْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۚ وَلَا يَجِدُوْنَ عَنْهَا مَحِيْصًا ﴿۱۲۱﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۭ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ قِيْلًا ﴿۱۲۲﴾ لَيْسَ بِاَمَانِيِّكُمْ وَلَآ اَمَانِيِّ اَهْلِ الْكِتٰبِ ۭ مَنْ يَّعْمَلْ سُوْۗءًا يُّجْزَ بِهٖ ۙ وَلَا يَجِدْ لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۲۳﴾ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ مِنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَھُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ نَقِيْرًا ﴿۱۲۴﴾ وَمَنْ اَحْسَنُ دِيْنًا مِّمَّنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَھُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۭ وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًا ﴿۱۲۵﴾

ان لوگوں کا ٹھکانہ جہنم ہے اور وہ اس (جہنم) سے (بچ کر) بھاگنے کا کوئی راستہ نہیں پاویں گے ﴿۱۲۱﴾ اور جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے ہم ان کو ایسے باغات میں داخل کریں گے جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی، جن میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا ہے اور اللہ تعالیٰ سے بات میں زیادہ سچا کون ہوسکتا ہے؟ ﴿۱۲۲﴾ (اے مسلمانو!) نہ تو تمھاری تمنائیں (جنت میں لے جانے کے لیے) کافی ہیں اور نہ تو اہلِ کتاب کی تمنائیں (جنت میں لے جانے کے لیے کافی ہیں؛ بلکہ بات یہ ہے کہ) جو شخص بھی کوئی برائی کرے گا اس کو اس کی سزا ملے گی اور اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر نہ کوئی حمایتی اس کو ملے گا اور نہ کوئی مدد کرنے والا (اس کو ملے گا) ﴿۱۲۳﴾ اور جو شخص بھی نیک کام کرتا ہے چاہے وہ مرد ہو یا عورت ہو، شرط یہ ہے کہ وہ ایمان والا ہو تو ایسے لوگ جنت میں داخل ہوں گے اور تِل کے برابر (بھی) ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا ﴿۱۲۴﴾ اور اس شخص سے زیادہ اچھا دین (یعنی طریقہ) کس کا ہوسکتا ہے جس نے اللہ تعالیٰ کے آگے اپنے چہرے کو جھکا لیا ہو① اور وہ نیکی کی عادت رکھتا ہو② اور ابراہیم (علیہ السلام) کی ملت پر چلتا ہو جو بالکل سیدھے راستے پر تھے اور اللہ تعالیٰ نے ابراہیم (علیہ السلام) کو (اپنا خالص) دوست بنالیا تھا ﴿۱۲۵﴾

---

① یعنی اللہ تعالیٰ کا پورا فرماں بردار ہو، سر تسلیم خم کرتا ہو۔

② یعنی وہ نیک کاموں میں لگا ہوا ہو (محسن: کا ایک مطلب اخلاص سے عبادت کرنا ہے)۔

وَلِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطًا۟

وَیَسْتَفْتُوْنَكَ فِی النِّسَآءِ ؕ قُلِ اللّٰهُ یُفْتِیْكُمْ فِیْهِنَّ ۙ وَمَا یُتْلٰی عَلَیْكُمْ فِی الْكِتٰبِ فِیْ یَتٰمَی النِّسَآءِ الّٰتِیْ لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَتَرْغَبُوْنَ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ وَالْمُسْتَضْعَفِیْنَ مِنَ الْوِلْدَانِ ۙ وَاَنْ تَقُوْمُوْا لِلْیَتٰمٰی بِالْقِسْطِ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَیْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِهٖ عَلِیْمًا۝ وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِنْۢ بَعْلِهَا نُشُوْزًا اَوْ اِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَیْهِمَاۤ اَنْ یُّصْلِحَا بَیْنَهُمَا صُلْحًا ؕ وَالصُّلْحُ خَیْرٌ ؕ

اور آسمانوں اور زمین میں جو کچھ (مخلوقات) ہیں وہ اللہ تعالیٰ کی مالکی میں ہیں اور اللہ تعالیٰ نے تمام چیزوں کا احاطہ کر رکھا ہے① (۱۲۶)

اور وہ لوگ تم سے عورتوں (کی میراث اور نکاح کی مہر) کے بارے میں شریعت کا حکم پوچھتے ہیں تو تم (جواب میں یہ) کہو کہ: اللہ تعالیٰ ان (عورتوں) کے بارے میں تم کو شرعی حکم بتلاتے ہیں اور کتاب (یعنی قرآن) میں جو آیتیں تم کو پڑھ کر سنائی جاتی ہیں وہ بھی ان یتیم لڑکیوں کے متعلق (شرعی حکم بتلاتی) ہیں، جن (یتیم لڑکیوں) کو تم ان کا مقرر کیا ہوا (میراث اور مہر کا) حق نہیں دیتے اور ان سے تم نکاح کرنا بھی چاہتے ہو② اور (قرآن کی آیتیں) کمزور بچوں کے بارے میں بھی (تم کو شرعی حکم بتاتی) ہیں اور یہ بھی (شرعی حکم ہے) کہ تم یتیموں کے بارے میں انصاف قائم کرو اور جو بھی بھلائی کا کام تم کرو گے تو یقیناً اللہ تعالیٰ کو اس کا پورا علم ہے③ (۱۲۷) اور اگر کسی عورت کو اپنے شوہر کی طرف سے زیادتی (یعنی لڑائی) یا بے رغبتی کا ڈر ہو تو ان دونوں (میاں بیوی) پر کوئی گناہ نہیں ہے کہ دونوں آپس میں (کسی خاص طریقے سے) صلح کر لیویں اور صلح کر لینا تو (ہر حالت میں) بہتر ہے،

---

① (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ نے تمام چیزوں کو اپنے قابو میں لے لیا ہے۔ ② تاکہ یتیم لڑکیوں کا مال کسی دوسرے کے گھر میں نہ چلا جاوے اور تمھارے پاس ہی رہے (دوسرا ترجمہ) اور ان یتیم لڑکیوں سے (خوب صورت نہ ہونے کی وجہ سے) تم نکاح کرنے سے نفرت کرتے ہو۔ ③ (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ اس کو اچھی طرح جانتے ہیں (لہذا تم کو اس کے مطابق ثواب دیں گے) نوٹ: اس آیت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ عورتوں کی میراث اور مہر اور یتامی کے متعلق جو احکام پہلے نازل ہو چکے ہیں وہ عارضی نہیں؛ بلکہ دائمی ہیں۔

وَأُحْضِرَتِ الْأَنفُسُ الشُّحَّ ۚ وَإِن تُحْسِنُوا وَتَتَّقُوا فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا ﴿۱۲۸﴾ وَلَن تَسْتَطِيعُوا أَن تَعْدِلُوا بَيْنَ النِّسَاءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ ۖ فَلَا تَمِيلُوا كُلَّ الْمَيْلِ فَتَذَرُوهَا كَالْمُعَلَّقَةِ ۚ وَإِن تُصْلِحُوا وَتَتَّقُوا فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿۱۲۹﴾ وَإِن يَتَفَرَّقَا يُغْنِ اللَّهُ كُلًّا مِّن سَعَتِهِ ۚ وَكَانَ اللَّهُ وَاسِعًا حَكِيمًا ﴿۱۳۰﴾ وَلِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ وَلَقَدْ وَصَّيْنَا الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ مِن قَبْلِكُمْ وَإِيَّاكُمْ أَنِ اتَّقُوا اللَّهَ ۚ وَإِن تَكْفُرُوا فَإِنَّ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۚ وَكَانَ اللَّهُ غَنِيًّا حَمِيدًا ﴿۱۳۱﴾

اور (طبعی طور پر ہر انسان کے) دلوں میں لالچ تو رکھی ہوئی ہے اور اگر تم احسان (یعنی اچھا برتاؤ) کرو اور تقویٰ والے بن جاؤ تو جو کام تم کرتے ہو یقیناً اللہ تعالیٰ کو اس کی پوری خبر ہے ﴿۱۲۸﴾ اور چاہے تم کتنی بھی لالچ رکھو① تب بھی تمام بیویوں کے درمیان برابری تم کر ہی نہیں سکتے② سو تم (کسی ایک بیوی کی طرف) پورے پورے جھک نہ جاؤ کہ اس (دوسری بیوی) کو بیچ میں لٹکی ہوئی چیز کی طرح چھوڑے رکھو اور اگر تم اصلاح کرلو③ اور (آئندہ) تقویٰ اپنا لو تو یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ تو بہت زیادہ معاف کرنے والے، بڑے رحم کرنے والے ہیں ﴿۱۲۹﴾ اور اگر دونوں (میاں وبیوی طلاق یا خلع سے) جدا ہو جائے تو اللہ تعالیٰ ہر ایک کو اپنی (قدرت اور رحمت کی) وسعت سے غنی کردیں گے④ اور اللہ تعالیٰ تو بہت وسعت والے، حکمت کے مالک ہیں ﴿۱۳۰﴾ اور آسمانوں میں جو کچھ ہے اور زمین میں جو کچھ ہے وہ اللہ تعالیٰ ہی کی مالکی میں ہے اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے تم سے پہلے اہل کتاب کو اور خود تم کو اسی بات کا حکم کیا کہ تم اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو، اور اگر تم کفر کرتے ہو (تو اللہ تعالیٰ کا کیا نقصان؟) سو یقینی بات یہ ہے کہ آسمانوں میں جو کچھ ہے اور زمین میں جو کچھ ہے وہ اللہ تعالیٰ ہی کی مالکی میں ہے⑤ اور اللہ تعالیٰ تو بے نیاز ہیں، سب خوبیوں والے ہیں ﴿۱۳۱﴾

① (دوسرا ترجمہ) اور تم کتنا بھی چاہو۔ ② قلبی محبت ایک ایسی چیز ہے کہ انسان تمام بیویوں میں برابری کی چاہت رکھتا ہو تو بھی نہیں کرسکتا، ظاہراً برابری تو کرسکتا ہے، اس لیے تو عربی زبان میں دل کو قلب کہتے ہیں جس کے مادہ میں پلٹنے اور پھرتے رہنے کا معنی پایا جاتا ہے۔ ③ یعنی پچھلے دنوں بیوی سے جو نامناسب معاملات کیے اس کی اصلاح کرلو۔
④ (دوسرا ترجمہ) دونوں کو ایک دوسرے کی حاجت سے بے نیاز (بے پروا) کردیں گے

وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۱۳۲﴾ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ اَيُّهَا النَّاسُ وَيَاْتِ بِاٰخَرِيْنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى ذٰلِكَ قَدِيْرًا ﴿۱۳۳﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ ثَوَابَ الدُّنْيَا فَعِنْدَ اللّٰهِ ثَوَابُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ﴿۱۳۴﴾

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ ۚ اِنْ يَّكُنْ غَنِيًّا اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا ۫

اور آسمانوں میں جو کچھ ہے اور زمین میں جو کچھ ہے اللہ تعالیٰ ہی کی مالکی میں ہے اور کام بنانے کے لیے اللہ تعالیٰ کافی ہیں ﴿۱۳۲﴾ اے لوگو! اگر وہ (اللہ تعالیٰ) چاہیں تو تم سب کو (دنیا سے) لے جاویں① اور (تمھاری جگہ) دوسروں کو لے آویں اور اس (لے جانے اور لانے) پر اللہ تعالیٰ پوری طرح قدرت رکھتے ہیں ﴿۱۳۳﴾ جو شخص (صرف) دنیا کا بدلہ چاہتا ہے تو (اس کو یاد رکھنا چاہیے کہ) اللہ تعالیٰ کے پاس دنیا اور آخرت (دونوں) کا بدلہ ہے② اور اللہ تعالیٰ تو ہر بات کو سنتے ہیں، ہر چیز کو دیکھتے ہیں ﴿۱۳۴﴾

اے ایمان والو! تم انصاف پر مضبوطی کے ساتھ قائم رہنے والے بنو، اللہ تعالیٰ کے خاطر (سچی) گواہی دینے والے (رہو) اگرچہ (اس صحیح گواہی میں) تمھارا یا (تمھارے) والدین کا اور رشتے داروں کا نقصان ہوتا ہو، اگر وہ (جس کے خلاف گواہی دینی ہے) مال دار ہو یا فقیر ہو تو اللہ تعالیٰ ان دونوں کی (تم سے) زیادہ بھلائی چاہنے والے ہیں،

⇐ (مطلب یہ ہے کہ مرد کو دوسری بیوی مل جاوے اور بیوی کو دوسرا شوہر مل جاوے اور ہر ایک کا کام اپنی جگہ چلتا رہے اور اللہ تعالیٰ ہر ایک کو روزی دے کر ہر ایک کی حاجت بھی پوری فرما دیں گے)۔

④ ایک ہی آیت میں دو مرتبہ آسمان، زمین کی ملکیت اللہ تعالیٰ کے لیے بیان کی گئی، تقویٰ کی تاکید اور اللہ کی شانِ بے نیازی کو تاکید کے ساتھ بتایا گیا۔

اس صفحے کا حاشیہ:

① یعنی فنا کر دیوے۔ ② یعنی آخرت کا اعلیٰ اور دنیا کا ادنیٰ بدلہ دونوں اللہ تعالیٰ کے پاس ہی ہے تو آخرت کا اعلیٰ بدلہ اللہ تعالیٰ سے زیادہ مانگو، دنیا کا حسن بھی مطلوب ہے۔

فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰٓى اَنْ تَعْدِلُوْا ۚ وَاِنْ تَلْوٗٓا اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۳۵﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَمَلٰۗىِٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ﴿۱۳۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيْلًا ﴿۱۳۷﴾

لہذا تم (ایسی) نفسانی خواہشات کے پیچھے مت چلو کہ تم حق سے ہٹ جاؤ اور اگر تم زبان کو دباؤ گے ① یا تم (شہادت دینے سے) خود کو بچاؤ گے ② تو یاد رکھنا تم جو کام کرتے ہو اللہ تعالیٰ ان کی پوری طرح خبر رکھتے ہیں ﴿۱۳۵﴾ اے ایمان والو! تم اللہ تعالیٰ پر اور اس کے رسول پر اور جو کتاب اس (اللہ) نے اپنے رسول پر اتاری اس پر اور جو کتاب اس (اللہ تعالیٰ) نے پہلے اتاری تھی اس پر تم ایمان لاؤ، اور جو شخص اللہ تعالیٰ کا اور اس کے فرشتوں کا اور اس کی کتابوں کا اور اس کے رسولوں کا اور قیامت کے دن کا انکار کرتا ہے تو پکی بات یہ ہے کہ وہ (سیدھے راستے سے) بھٹک کر دور جا کر پڑا ﴿۱۳۶﴾ یقینی بات یہ ہے کہ جو لوگ ایمان لائے، پھر انھوں نے کفر کیا، پھر وہ لوگ ایمان لائے، پھر کفر کیا، پھر (اپنے) کفر میں وہ بڑھتے چلے گئے، اللہ تعالیٰ ان لوگوں کی مغفرت نہیں کریں گے اور ان کو ہدایت کے راستے پر نہیں لاویں گے ③ ﴿۱۳۷﴾

---

① بات کو توڑ موڑ کر کے غلط گواہی دو گے، ہیر پھیر سے گواہی دوں گے۔

② یعنی سچی گواہی دینے کو ٹالو گے، شہادت سے پہلو تہی کرو گے۔

③ دو قول ہیں: [۱] یہ آیت منافقین کے متعلق ہے، نفاق سے انھوں نے صحیح، سچی توبہ ہی نہیں کی اور مرتے دم تک کفر پر ہی رہے، ان کا برا انجام ہوگا، ورنہ جو آدمی نفاق کے بعد کبھی بھی صحیح سچی توبہ کر لیوے اور اس پر موت تک جما ہوا رہے تو نفاق والا گناہ اللہ تعالیٰ معاف کر دیتے ہیں۔

[۲] دوسرا قول یہ ہے کہ یہ آیت یہود کے متعلق ہے، الگ الگ زمانے میں ان کے الگ الگ حالات رہے: **آمنوا:** حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لائے، **ثم کفروا:** حضرت موسیٰ علیہ السلام کے طور پر جانے کے زمانے میں بچھڑے کی پوجا کر کے کافر بن گئے، **ثم آمنوا:** پھر توبہ کر کے ایمان لائے، **ثم کفروا:** حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے انکار کی وجہ سے کافر ہو گئے، **ثم ازدادوا کفرا:** حضرت محمد ﷺ کے نبی ہونے کا انکار کر کے کفر میں آگے بڑھ گئے۔

بَشِّرِ الْمُنٰفِقِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ الَّذِيْنَ يَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ اَيَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ؕ وَقَدْ نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا وَيُسْتَهْزَاُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖٓ ۖ اِنَّكُمْ اِذًا مِّثْلُهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْكٰفِرِيْنَ فِيْ جَهَنَّمَ جَمِيْعَا ۙ الَّذِيْنَ يَتَرَبَّصُوْنَ بِكُمْ ۚ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللّٰهِ قَالُوْٓا اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ۖ وَاِنْ كَانَ لِلْكٰفِرِيْنَ نَصِيْبٌ ۙ قَالُوْٓا اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ

تم منافقین کو خوش خبری سنا دو کہ: ان کے لیے (آخرت میں) دردناک عذاب ہے ﴿۱۳۸﴾ جو (منافقین) ایمان والوں کو چھوڑ کر کافروں کو (اپنا) دوست بناتے ہیں، کیا وہ (منافق) ان (کافروں) کے پاس عزت ڈھونڈتے ہیں؟ سو عزت تو ساری کی ساری اللہ تعالیٰ ہی کے قبضے میں ہے ﴿۱۳۹﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ اس (اللہ تعالیٰ) نے تم پر کتاب (یعنی قرآن کی سورۂ انعام) میں یہ حکم اتارا کہ جب تم (کسی مجمع کے بارے میں) سنو کہ اللہ تعالیٰ کی آیتوں کے ساتھ کفر کیا جا رہا ہے اور (اس کی) ان (آیتوں) کا مذاق اڑایا جا رہا ہے تو ایسے لوگوں کے ساتھ اس وقت تک نہ بیٹھو جب تک کہ وہ اس کے سوا کوئی (دوسری) بات شروع نہ کر دیں① یقیناً تب تو② تم بھی (گناہ میں) ان جیسے ہی ہو جاؤ گے یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ منافقوں اور کافروں کو جہنم میں ایک ساتھ جمع کرنے والے ہیں ﴿۱۴۰﴾ جو (منافق) تمہارے (یعنی مسلمانوں کے برے انجام کے) بارے میں انتظار میں لگے رہتے ہیں، سو اگر تم (مسلمانوں) کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے فتح مل گئی تو وہ (یوں) کہتے ہیں کہ: کیا ہم تمہارے ساتھ نہیں تھے③؟ اور اگر کافروں کو (غلبے کا) کچھ حصہ مل گیا تو وہ (منافقین ان سے) کہنے لگتے ہیں کہ: کیا ہم تم پر غالب نہیں آ رہے تھے؟ اور ہم نے تم کو ایمان والوں سے بچا نہیں لیا تھا④؟

---

① (دوسرا) جب تک وہ دوسری بات میں مشغول نہ ہو جاویں ② اللہ تعالیٰ کی آیتوں کا انکار اور مذاق کرنے والوں کے ساتھ بیٹھے رہے تو ③ یعنی ہم کو بھی غنیمت میں سے حصہ دو ④ (دوسرا ترجمہ) کیا ہم نے تم کو گھیرا ہوا نہیں رکھ لیا تھا؟ (اس لیے تم کافروں کو جو کچھ فتح ملی اس کو ہمارا احسان سمجھو مگر ہم نے تم کافروں کو غالب کرنے کے لیے جان بوجھ کر مسلمانوں کی مدد نہیں کی نتیجہ یہ کہ جو کچھ مال تمہارے ہاتھ میں آیا اس میں سے ہم کو حصہ دو، یہ دونوں طرف سے حصہ لینے کی کوشش کرتے ہیں۔

فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۗ وَلَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلًا ﴿۱۴۱﴾ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ ۚ وَاِذَا قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى ۙ يُرَآءُوْنَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۴۲﴾ مُّذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ ۖ لَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ وَلَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ﴿۱۴۳﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۱۴۴﴾

سو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن تمہارے درمیان فیصلہ کریں گے اور اللہ تعالیٰ کافروں کو ایمان والوں پر (غالب آنے کا) ہرگز کوئی راستہ نہیں دیں گے ﴿۱۴۱﴾

یقینی بات ہے کہ منافق لوگ (اپنے خیال میں) اللہ تعالیٰ کو دھوکا دے رہے ہیں①؛ حالاں کہ وہ (اللہ تعالیٰ) ان کو دھوکے کی سزا دینے والے ہیں اور جب وہ نماز کے لیے کھڑے ہوتے ہیں تو بڑی سستی کے ساتھ کھڑے ہوتے ہیں②، وہ لوگوں کے سامنے (خود کے نمازی ہونے کا) دکھاوا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کا (زبان سے) ذکر بھی تھوڑا سا ہی کرتے ہیں ﴿۱۴۲﴾ وہ اس (کفر و ایمان) کے بیچ میں (منافقین) تردد (تذبذب) کی حالت میں ہیں، نہ (پورے طور پر) ان (مسلمانوں) کی طرف اور نہ (پورے طور پر) ان (کافروں) کی طرف اور جس کو اللہ تعالیٰ گمراہ کر دیتے ہیں تو تم ہرگز اس کے لیے (ہدایت پر آنے کا) کوئی راستہ نہیں پاؤ گے ﴿۱۴۳﴾ اے ایمان والو! تم ایمان والوں کو چھوڑ کر کافروں کو (اپنا) دوست مت بناؤ③، کیا تم چاہتے ہو کہ اللہ تعالیٰ کے پاس اپنے خلاف کھلا الزام قائم کرو؟④ ﴿۱۴۴﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) وہ چال بازی کرتے ہیں۔ ② کسلان اعتقادی اور عملی دونوں شامل ہے۔ نماز میں منافقین کو اکتاہٹ ہوتی تھی۔ صحیح اعتقاد اور ثواب کی امید سے نشاط آتا ہے، دونوں چیزیں منافقین میں مفقود تھیں۔ ③ چاہے وہ کھلا کافر ہو یا منافق ہو۔ ④ (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ کے پاس اپنے خلاف کھلی وجہ قائم کرو (کہ ہم عذاب کے حق دار تھے)۔

نوٹ: کافروں سے دلی دوستی کفر سے محبت کی علامت ہے یا کم از کم کفر سے نفرت کی کمی کی نشانی ہے اور ایسا شخص عذاب کے لیے اپنے خلاف ثبوت قائم کر رہا ہے۔

إِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ فِي الدَّرْكِ الْأَسْفَلِ مِنَ النَّارِ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ نَصِيْرًا ﴿۱۴۵﴾ إِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَأَصْلَحُوْا وَاعْتَصَمُوْا بِاللّٰهِ وَأَخْلَصُوْا دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ فَأُولٰٓئِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۖ وَسَوْفَ يُؤْتِ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ أَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۴۶﴾ مَا يَفْعَلُ اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ إِنْ شَكَرْتُمْ وَاٰمَنْتُمْ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيْمًا ﴿۱۴۷﴾

یقینی بات ہے کہ منافق لوگ آگ کے سب سے نیچے طبقے میں ہوں گے ① اور تم ان کے لیے ہرگز کوئی مدد کرنے والا نہیں پاؤ گے ﴿۱۴۵﴾ مگر جن (منافق) لوگوں نے (نفاق چھوڑ کر) توبہ کرلی اور (اپنی) اصلاح کرلی اور اللہ تعالیٰ کو مضبوطی سے پکڑ لیا اور (دکھلاوا چھوڑ کر) اپنے دین کو خالص اللہ تعالیٰ کے لیے کرلیا تو وہ لوگ ایمان والوں کے ساتھ ہوں گے اور اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو عنقریب بڑا اجر دیں گے ﴿۱۴۶﴾ اگر تم شکر کرنے والے بن جاؤ اور تم (صحیح معنیٰ میں) ایمان لے آؤ تو اللہ تعالیٰ تم کو عذاب دے کر کیا کریں گے اور اللہ تعالیٰ تو بڑے قدر کرنے والے (سب کے حالات کو) اچھی طرح جانتے ہیں ② ﴿۱۴۷﴾

---

① جنت میں درجات ہیں اسی طرح جہنم میں درکات ہیں۔

② یعنی ایمان لانے والے اور شکر کرنے والے کو اللہ تعالیٰ عذاب نہیں دیں گے، وہ تو نافرمانوں کو عذاب دیتے ہیں۔ انسان دنیا والوں سے قدردانی کو چاہتا ہے؛ حالاں کہ وہ کیسی بھی قدر کرے، فانی ہے، جنت اور رضائے الٰہی کی شکل میں اللہ تعالیٰ کے یہاں جو قدر ہوگی وہ دائمی اور باقی ہوگی۔

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا ۝ اِنْ تُبْدُوْا خَيْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ اَوْ تَعْفُوْا عَنْ سُوْٓءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِيْرًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ ۙ وَّيُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ۝ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا ۚ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۝ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَمْ يُفَرِّقُوْا بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ اُولٰٓئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝

اللہ تعالیٰ (کسی کی) بری بات ظاہر کرنا پسند نہیں کرتے ہیں①، مگر جس شخص پر ظلم کیا گیا② اور اللہ تعالیٰ تو (ہر ایک کی بات) سننے والے، (سب کچھ) جاننے والے ہیں ﴿۱۴۸﴾ اگر کوئی نیک کام تم ظاہر کر کے (یعنی سب کے سامنے) کرو یا اس کو چھپا کر کے کرو یا تم (کسی کی) برائی معاف کردو تو یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ بہت زیادہ معاف کرنے والے، بڑے قدرت والے ہیں ﴿۱۴۹﴾ یقینی بات ہے کہ جو لوگ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولوں کا انکار کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولوں کے درمیان فرق کرنا چاہتے ہیں③ اور وہ (یوں) کہتے ہیں کہ: ہم تو بعض (رسولوں) کو مانتے اور بعض کو نہیں مانتے اور اس (کفر اور ایمان) کے بیچ کوئی (نئے مذہب کا) راستہ نکالنا چاہتے ہیں ﴿۱۵۰﴾ یہی لوگ پکے (اصلی) کافر ہیں اور ہم نے کافروں کے لیے ذلیل کرنے والا عذاب تیار کر رکھا ہے ﴿۱۵۱﴾ اور جو لوگ اللہ تعالیٰ اور اس کے تمام رسولوں پر ایمان لائے اور ان میں سے کسی کے بیچ (ایمان لانے میں) فرق نہیں کرتے، ان لوگوں کو بہت جلد ان کا ثواب وہ (اللہ تعالیٰ) دیں گے اور اللہ تعالیٰ تو بہت زیادہ معاف کرنے والے، بڑے رحم کرنے والے ہیں ﴿۱۵۲﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) (کوئی) کسی کی بری بات ظاہر کرے اس کو اللہ تعالیٰ پسند نہیں کرتے۔ (تیسرا) اللہ تعالیٰ پسند نہیں کرتے کہ کوئی کسی کو ظاہر میں برا کہے۔ ② وہ مظلوم ظالم کے ظلم کی داستان ظاہر کر سکتا ہے؛ البتہ مظلوم خلاف واقعہ بات نہ کہے اور زائد بات نہ بتاوے۔ ③ بعض لوگ اللہ تعالیٰ کو مانتے ہیں اور رسول کو نہیں مانتے، کچھ لوگ کسی خاص نبی پر ایمان لاتے ہیں، دوسرے نبیوں کو نہیں مانتے ہیں۔

يَسْـَٔلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ كِتٰبًا مِّنَ السَّمَآءِ فَقَدْ سَاَلُوْا مُوْسٰٓى اَكْبَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَقَالُوْٓا اَرِنَا اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ۚ ثُمَّ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ فَعَفَوْنَا عَنْ ذٰلِكَ ۚ وَاٰتَيْنَا مُوْسٰى سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۱۵۳﴾ وَرَفَعْنَا فَوْقَهُمُ الطُّوْرَ بِمِيْثَاقِهِمْ وَقُلْنَا لَهُمُ ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُلْنَا لَهُمْ لَا تَعْدُوْا فِي السَّبْتِ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿۱۵۴﴾ فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ وَكُفْرِهِمْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَقَتْلِهِمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَّقَوْلِهِمْ قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ۭ بَلْ طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۵۵﴾

اہلِ کتاب تم سے سوال کرتے ہیں یہ کہ تم ان پر کوئی (خاص) کتاب آسمان سے اتار کر لاؤ (ان کے ایسے سوال سے تعجب مت کرو؛ اس لیے کہ) پکی بات یہ ہے کہ موسیٰ (علیہ السلام) سے اس سے بھی بڑا سوال وہ کر چکے ہیں، سو انھوں نے (یوں) کہا تھا کہ: ہم کو اللہ تعالیٰ کھلی آنکھوں سے دکھا دو①، سو ان کے ظلم (یعنی گستاخی) کی وجہ سے بجلی نے ان کو پکڑ لیا، پھر ان کے پاس (حق کی) کھلی نشانیاں پہنچ جانے کے بعد انھوں نے بچھڑے کو معبود بنالیا، سو ہم نے اس (غلطی) کو معاف کر دیا اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو صریح غلبہ عطا کیا تھا ﴿۱۵۳﴾ اور ان کا (تورات پر عمل کرنے کا) اقرار لینے کے لیے ہم نے طور پہاڑ کو ان پر اٹھایا تھا اور ہم نے ان سے کہا تھا کہ: تم سجدہ کرتے ہوئے (یعنی سر جھکا کر) دروازے میں داخل ہو اور ہم نے ان سے کہا کہ: تم سنیچر کے دن میں زیادتی مت کرو اور ہم نے ان سے مضبوط عہد لیا تھا ﴿۱۵۴﴾ سو (ہم نے ان کو سزا میں مبتلا کیا) ان (بنی اسرائیل) کے اپنے عہد کو توڑنے کی وجہ سے② اور ان کے اللہ تعالیٰ کی آیتوں (یعنی احکام) کا انکار کرنے کی وجہ سے اور ان کے نبیوں کو ناحق قتل کر دینے کی وجہ سے اور ان (بنی اسرائیل) کے اس کہنے کی وجہ سے کہ: ”ہمارے دل تو غلاف میں محفوظ ہیں“ بلکہ ان کے کفر کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ان پر مہر لگادی ہے، سو تھوڑی سی باتوں کے سوا وہ کسی بات پر بھی ایمان نہیں لاتے③ ﴿۱۵۵﴾

---

① یعنی اللہ تعالیٰ ہماری نظروں کے سامنے آجاویں نعوذ باللہ ② اس میں بنی اسرائیل پر الگ الگ سزاؤں کے آنے کی وجہ بتائی گئی ہے ③ اور نجات کے لیے مکمل ایمان چاہیے، ان کے پاس تو قلیل ایمان ہے اور وہ معتبر نہیں ہے (دوسرا ترجمہ) سو تھوڑے سے (لوگ) ہی ایمان لاتے ہیں (یعنی کامل ایمان حضرت عبداللہ بن سلامؓ جیسے چند ہی حضرات نے قبول کیا)۔

وَّبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ عَلٰى مَرْيَمَ بُهْتَانًا عَظِيْمًاۙ۝ وَّقَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ ؕ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًاۢ۝ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا۝ وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا۝ فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبٰتٍ اُحِلَّتْ لَهُمْ وَبِصَدِّهِمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَثِيْرًا۝

اوران (بنی اسرائیل) کے کفر کرنے کی وجہ سے اوران کے مریم پر بڑے بہتان کی بات کہنے کی وجہ سے ﴿۱۵۶﴾ اور (اسی طرح) ان کی اس بات کی وجہ سے کہ ہم نے مسیح مریم کے بیٹے، اللہ تعالیٰ کے رسول کو قتل کردیا تھا①؛ حالاں کہ انھوں نے اس (عیسیٰ علیہ السلام) کو قتل نہیں کیا اوراس کو سولی بھی نہیں دی؛ لیکن (حقیقت کے بارے میں) ان کو اشتباہ ہوگیا تھا اور یقیناً جولوگ اس (عیسیٰ) کے بارے میں مختلف باتیں کررہے ہیں دراصل اس میں وہ شک (یعنی غلط خیال) میں پڑے ہیں، اٹکل کی (یعنی خیالی) باتوں پر چلنے کے سوا ان کے پاس اس بارے میں کوئی (صحیح) علم نہیں ہے، اور یقیناً انھوں نے اس (عیسیٰ علیہ السلام) کو قتل نہیں کیا ﴿۱۵۷﴾ بلکہ اللہ تعالیٰ نے اس (عیسیٰ علیہ السلام) کو اپنے پاس (زندہ آسمانوں پر) اٹھالیا تھا اور اللہ تعالیٰ تو بڑے ہی زبردست ہیں، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۱۵۸﴾ اور جتنے بھی اہل کتاب ہیں② وہ اس پر اس (عیسیٰ علیہ السلام) کی موت سے پہلے ضرور ایمان لاویں گے③ اور قیامت کے دن وہ (عیسیٰ علیہ السلام) ان کے خلاف گواہی دیں گے④ ﴿۱۵۹﴾ سو یہودیوں کے ظلم کی وجہ سے بہت ساری پاکیزہ چیزیں جو (پہلے سے) ان کے لیے حلال تھیں ہم نے ان پر حرام کردیں اوراس کی وجہ یہ بھی تھی کہ وہ (یہود) بہت سے لوگوں کو اللہ تعالیٰ کے راستے سے روکتے تھے ﴿۱۶۰﴾

---

① نبی کے لیے قتل کی بات نبی سے عداوت کی دلیل ہے جس سے آدمی کافر بن جاتا ہے۔ ② (دوسرا ترجمہ) اہل کتاب کی جتنی بھی جماعتیں ہیں۔ ③ (دوسرا ترجمہ) جتنے بھی اہل کتاب ہیں وہ اپنی موت سے (ذرا) پہلے اس (حضرت عیسیٰ) پر ضرور ایمان لاتے ہیں یعنی جب عالمِ غیب نظر آنے لگے تب؛ حالاں کہ اس وقت کسی چیز کا ماننا فائدہ نہیں دیتا۔

④ گواہی یعنی یہود نے مجھے جھٹلایا تھا اور نصاریٰ نے مجھے اللہ کا بیٹا مانا تھا۔

وَّاَخْذِهِمُ الرِّبٰوا وَقَدْ نُهُوْا عَنْهُ وَاَكْلِهِمْ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ ؕ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝ لٰكِنِ الرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ مِنْهُمْ وَالْمُؤْمِنُوْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَاۤ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَالْمُقِيْمِيْنَ الصَّلٰوةَ وَالْمُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ اُولٰٓئِكَ سَنُؤْتِيْهِمْ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝

اِنَّاۤ اَوْحَيْنَاۤ اِلَيْكَ كَمَاۤ اَوْحَيْنَاۤ اِلٰى نُوْحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْۢ بَعْدِهٖ ۚ وَاَوْحَيْنَاۤ اِلٰۤى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَعِيْسٰى وَاَيُّوْبَ وَيُوْنُسَ وَهٰرُوْنَ وَسُلَيْمٰنَ ۚ وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ۝ وَرُسُلًا قَدْ قَصَصْنٰهُمْ عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَرُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ ؕ وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا ۝

اوران کے سود لینے کی وجہ سے: حالاں کہ ان کو (تورات میں) اس (سود لینے) سے منع کیا گیا تھا اوران کے لوگوں کے مالوں کو ناحق (یعنی غلط اور ناجائز) طریقے سے کھا جانے کی وجہ سے اور ہم نے ان میں سے کافروں کے لیے دردناک عذاب تیار کررکھا ہے ﴿۱۶۱﴾ لیکن ان (اہلِ کتاب) میں سے جو علم میں پکے ہیں اور جو ایمان والے ہیں جو تم پر اتاری گئی شریعت پر اور تم سے پہلے اتاری گئی شریعت پر ایمان لاتے ہیں اور (وہ) نماز قائم کرتے ہیں اور زکوۃ دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اور قیامت کے دن پر ایمان لاتے ہیں ایسے لوگوں کو ہم عنقریب بڑا ثواب دیں گے① ﴿۱۶۲﴾

(اے نبی!) یقینی بات ہے کہ ہم نے تمھاری طرف ایسی ہی وحی بھیجی جیسی وحی ہم نے نوح اوران کے بعد والے نبیوں پر بھیجی تھی اور ابراہیم اور اسماعیل اور اسحاق اور یعقوب اور ان کی اولاد (میں جو نبی تھے) اور عیسیٰ اور ایوب اور یونس اور ہارون اور سلیمان کی طرف ہم نے وحی بھیجی، اور ہم نے داؤد کو زبور (کتاب) دی ﴿۱۶۳﴾ اور (اسی طرح) بہت سارے رسول ایسے (ہم نے بھیجے) ہیں کہ ہم نے تمھارے سامنے ان کے واقعات پہلے سنا دیے اور بہت سارے رسول ایسے ہیں کہ ان کے واقعات ہم نے (اب تک) نہیں سنائے اور اللہ تعالیٰ نے موسیٰ کے ساتھ خاص کلام فرمایا② ﴿۱۶۴﴾

---

① معلوم ہوا کہ جو شریعتِ محمدی پر ایمان لے آئے ان کو معاف کردیا جائے گا۔

② (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ نے موسیٰ کے ساتھ (فرشتے کے واسطے کے بغیر) بہت ساری بات چیت کی۔

رُسُلًا مُّبَشِّرِیْنَ وَمُنْذِرِیْنَ لِئَلَّا یَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِیْزًا حَكِیْمًا ۝ لٰكِنِ اللّٰهُ یَشْهَدُ بِمَاۤ اَنْزَلَ اِلَیْكَ اَنْزَلَهٗ بِعِلْمِهٖ ۚ وَالْمَلٰٓىِٕكَةُ یَشْهَدُوْنَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِیْدًا ۝ اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ قَدْ ضَلُّوْا ضَلٰلًۢا بَعِیْدًا ۝ اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَظَلَمُوْا لَمْ یَكُنِ اللّٰهُ لِیَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِیَهْدِیَهُمْ طَرِیْقًا ۝ اِلَّا طَرِیْقَ جَهَنَّمَ خٰلِدِیْنَ فِیْهَاۤ اَبَدًا ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ یَسِیْرًا ۝ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَاٰمِنُوْا خَیْرًا لَّكُمْ ؕ

ان سب رسولوں کو (ایمان والوں کو جنت کی) خوش خبری سنانے والے اور (کافروں کو جہنم کا) ڈر سنانے والے بنا کر ہم نے اس لیے بھیجا؛ تاکہ رسولوں کے (آجانے کے) بعد لوگوں کو اللہ تعالیٰ کے سامنے عذر (یعنی حجت بازی) کرنے کا کوئی موقع نہ رہے اور اللہ تعالیٰ تو بڑے زبردست، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۱۶۵﴾ (لوگ مانیں کہ نہ مانیں) لیکن اللہ تعالیٰ (خود) اس بات کی گواہی دیتے ہیں کہ جو کچھ آپ پر (اس کتاب قرآن کے ذریعہ) اتارا ہے اس کو اپنے (خاص) علم سے اتارا ہے① اور فرشتے بھی گواہی دیتے ہیں اور (یوں تو) اللہ تعالیٰ گواہی دینے کے لیے کافی ہیں ﴿۱۶۶﴾ یقینا جن لوگوں نے کفر کیا اور (دوسروں کو) اللہ تعالیٰ کی راہ سے روکا پکی بات ہے کہ وہ بھٹک کر گمراہی میں بہت دور نکل گئے ہیں ﴿۱۶۷﴾ یقینی بات ہے جن لوگوں نے کفر کیا اور ظلم کیا②، اللہ تعالیٰ ان کو ہرگز معاف کرنے والے نہیں ہیں اور ان کو (ہدایت کا) راستہ بھی دکھلانے والے نہیں ہیں ﴿۱۶۸﴾ مگر جہنم کا راستہ (ان کو دکھایا جائے گا) جس (جہنم) میں وہ ہمیشہ ہمیش رہیں گے اور یہ (سزا دینا) اللہ تعالیٰ کے لیے بہت آسان ہے ﴿۱۶۹﴾ اے لوگو! پکی بات یہ ہے کہ تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس (ایک) رسول حق بات لے کر کے آچکے، سو تم (اس رسول پر) ایمان لے آؤ، تمہارا بھلا ہوگا③

---

① یا خاص علم کے ساتھ۔

② یعنی سچی بات کو چھپا کر دوسروں کو ایمان سے روک کر ظلم کیا یعنی دوسروں کا بھی نقصان کر رہے ہیں۔

③ (دوسرا ترجمہ) تمہارے لیے وہی بہتر ہے؛ یعنی دنیا اور آخرت دونوں میں بھلائی ہے۔

وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ وَلَا تَقُوْلُوْا عَلَي اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ۭ اِنَّمَا الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ ۚ اَلْقٰىهَآ اِلٰي مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِّنْهُ ۡ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ڟ وَلَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ ۭ اِنْتَھُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ۭ اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۭ سُبْحٰنَهٗٓ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ ۘ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَكَفٰي بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ۝

اور اگر (اب بھی) تم انکار کرو گے تو (تمھارا ہی نقصان ہے، اللہ تعالیٰ کا کوئی نقصان نہیں) اس لیے کہ یقینی بات ہے کہ آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے وہ اللہ تعالیٰ کی مالکی میں ہے اور اللہ تعالیٰ ہر بات کو جاننے والے، بڑی حکمت والے ہیں (۱۷۰) اے کتاب والو! تم اپنے دین میں مبالغہ مت کرو① اور تم اللہ تعالیٰ کے بارے میں حق بات کے سوا کوئی (غلط) بات نہ کہو②۔ پکی بات یہ ہے کہ مسیح عیسیٰ، مریم کا بیٹا، اللہ تعالیٰ کا ایک رسول ہے اور اس (اللہ تعالیٰ) کا ایک کلمہ ہے③ جس کو اس (اللہ تعالیٰ) نے (جبریل علیہ السلام کے واسطے سے) مریم تک پہنچایا ہے اور اس (اللہ تعالیٰ) کی طرف سے ایک روح (یعنی جان دار چیز) ہے④، سو تم اللہ تعالیٰ پر اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ اور (خدا) تین ہیں ایسی بات مت کہو، اس شرک کی بات کو تم چھوڑ دو، تمھارے لیے (یہی) بہتر ہے، یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی ایک معبود ہے، اپنے لیے بیٹے کے ہونے سے وہ (اللہ تعالیٰ) پاک ہے، آسمانوں میں جو کچھ ہے اور زمین میں جو کچھ ہے وہ اس (اللہ) کی مالکی میں ہے اور اللہ تعالیٰ کام بنانے کے لیے کافی ہیں (۱۷۱)

---

① (دوسرا ترجمہ) تم تمھارے دین میں حد سے آگے مت بڑھو۔ غلو کا حاصل یہ ہے کہ انسان اپنے یا اپنے جیسے نظریات، عقائد، اعمال، طریقۂ کار میں اپنے خلاف دوسروں کی ان چیزوں میں تنقید، تنقیص، تردید میں مبالغہ سے کام لیوے۔ ② جو بات دین میں نہیں ہے اس کو اپنی طرف سے دین میں داخل مت کرو۔ ③ مادی وظاہری اسباب میں مرد کے بغیر صرف اللہ تعالیٰ کا کلمہ "کن" یعنی "ہو جا" سے پیدا ہوئے۔ یا نشانی کا معنیٰ اللہ تعالیٰ کی قدرت کی نشانی۔ ④: (۱) روح کا ایک معنیٰ اللہ تعالیٰ کا حکم بھی ہوتا ہے (۲) روح رحمت کے معنیٰ میں بھی ہوتا ہے۔ یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کی طرف سے رحمت ہے (۳) روح سے روحانی حیات مراد ہے؛ یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بعثت انسانوں کے قلوب میں روحانی حیات کا ذریعہ (۴) مضاف محذوف ہے، ذی روح اور اللہ کی طرف نسبت بطورِ شرف ہے (۵) راز کا معنیٰ: آپ کی بغیر باپ کے تخلیق اللہ تعالیٰ کا راز ہے۔

لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ وَلَا الْمَلٰٓئِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ ۭ وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ اِلَيْهِ جَمِيْعًا ۝ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا وَاسْتَكْبَرُوْا فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ڏ وَّلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاۗءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا ۝ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَاعْتَصَمُوْا بِهٖ فَسَيُدْخِلُهُمْ فِيْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ ۙ وَّيَهْدِيْهِمْ اِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝

مسیح اللہ تعالیٰ کا بندہ ہونے میں ہرگز عار نہیں سمجھتے اور نہ تو مقرب فرشتے (اللہ تعالیٰ کا بندہ ہونے میں عار سمجھتے ہیں) اور جس کو بھی اس (اللہ تعالیٰ) کی بندگی سے عار آتی ہے اور وہ تکبر کرتا ہے تو (اس کو سمجھ لینا چاہیے کہ) عنقریب وہ (اللہ تعالیٰ) ان سب کو اپنے پاس جمع کریں گے ﴿۱۷۲﴾ سو جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے تو اللہ تعالیٰ ان کو ان کا پورا ثواب دیں گے اور ان کو وہ (اللہ تعالیٰ) اپنے فضل سے (اس سے بھی) زیادہ دیں گے اور جن لوگوں نے (اللہ تعالیٰ کی عبادت کو) عار سمجھا اور تکبر کیا تو وہ (اللہ تعالیٰ) ان کو دردناک عذاب دیں گے اور ان کو اللہ تعالیٰ کے سوا نہ تو کوئی حمایتی ملے گا اور نہ کوئی مددگار (ملیگا) ﴿۱۷۳﴾ اے لوگو! پکی بات یہ ہے کہ تمھارے پاس تمھارے رب کی طرف سے بڑی دلیل (خود حضور ﷺ کی ذات) آچکی اور ہم نے تمھاری طرف صاف نور (یعنی قرآن) اتار دیا ہے① ﴿۱۷۴﴾ سو جو لوگ اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے اور اس (اللہ تعالیٰ کے دین) کو مضبوطی سے پکڑ لیا تو وہ (اللہ تعالیٰ) عنقریب ایسے لوگوں کو اپنی رحمت اور فضل میں داخل کریں گے اور وہ (اللہ تعالیٰ) ان کو اپنے پاس پہنچنے کا سیدھا راستہ بتلا دیں گے① ﴿۱۷۵﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) ایسی روشنی اتاری جو (سچائی کو) پوری طرح ظاہر کر دے۔

① (دوسرا ترجمہ) (اللہ تعالیٰ) ان کو اپنی طرف آنے والی سیدھی راہ پر پہنچا دیں گے۔

يَسْتَفْتُوْنَكَ ۭ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلٰلَةِ ۭ اِنِ امْرُؤٌا هَلَكَ لَيْسَ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَهٗٓ اُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ ۚ وَهُوَ يَرِثُهَآ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهَا وَلَدٌ ۭ فَاِنْ كَانَتَا اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا الثُّلُثٰنِ مِمَّا تَرَكَ ۭ وَاِنْ كَانُوْٓا اِخْوَةً رِّجَالًا وَّنِسَاۗءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ۭ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اَنْ تَضِلُّوْا ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝

(اے نبی!) وہ لوگ تم سے (کلالہ کا) شرعی حکم پوچھتے ہیں تو تم جواب دو کہ: اللہ تعالیٰ تم کو کلالہ کے بارے میں شرعی حکم بتلاتے ہیں، اگر ایسا شخص مرجاوے کہ اس کی کوئی اولاد نہ ہو اور اس کی (حقیقی یا باپ شریک) بہن ہو تو اس (بہن) کو اس (مرنے والے) کے چھوڑے ہوئے مال کا آدھا حصہ ملے گا اور اگر اس (بہن) کی اولاد نہ ہو[1] تو وہ (بھائی) اس (بہن کے پورے مال) کا وارث ہوگا، پھر اگر (مرنے والے کی) دو بہنیں (یا زیادہ) ہوں تو ان دونوں (بہنوں) کو اس (بھائی) کے چھوڑے ہوئے (مال) میں سے دو تہائی (حصہ) ملیگا اور اگر (مرنے والے کے) مرد (بھائی بھی) اور عورتیں (بہن بھی) وارث ہوں تو دو عورتوں کے برابر ایک مرد کو حصہ ملے گا[2] اللہ تعالیٰ تمھارے لیے (احکام کو) کھول کھول کر بیان فرماتے ہیں؛ تاکہ تم گمراہ نہ ہوجاؤ اور اللہ تعالیٰ تو ہر چیز کو اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۱۷۶﴾

① والدین بھی نہ ہو اور بہن مرجاوے، بھائی زندہ ہو۔
② یعنی بھائی کو دوہرا اور بہن کو اکہرا حصہ ملیگا۔

سورة المائدة

(المدنية)

آياتها: ۱۲۰۔

رکوعاتها: ۱۶۔

سورۂ مائدہ

یہ سورت مدنی ہے، اس میں ایک سو بیس (۱۲۰) آیتیں ہیں، سورۂ فتح کے بعد اور سورۂ توبہ سے پہلے ایک سو بارہ (۱۱۲) نمبر پر نازل ہوئی۔

"مائدہ" دسترخوان کو کہتے ہیں، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواری حضرات نے جب درخواست کی اس پر اللہ تعالیٰ نے آسمان سے دسترخوان نازل فرمایا تھا۔

اس سورت کا ایک نام "سورۂ عقود" بھی ہے، اس سورت میں نکاح، مہر، قسم، امان، امانت، ودیعت اور وصیت وغیرہ عقود یعنی عہدوں کا تذکرہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ؕ اُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِیْمَةُ الْاَنْعَامِ اِلَّا مَا یُتْلٰی عَلَیْكُمْ غَیْرَ مُحِلِّی الصَّیْدِ وَ اَنْتُمْ حُرُمٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ یَحْكُمُ مَا یُرِیْدُ ① یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَآىِٕرَ اللّٰهِ وَ لَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَ لَا الْهَدْیَ وَ لَا الْقَلَآىِٕدَ وَ لَاۤ آٰمِّیْنَ الْبَیْتَ الْحَرَامَ یَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ رِضْوَانًا ؕ وَ اِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا ؕ

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

اے ایمان والو! تم قول وقرار کو پورا کرو①، تمہارے لیے چوپایوں کی قسم کے تمام جانور حلال کردیے گئے ہیں② سوائے ان (جانوروں) کے کہ (جن کا حرام ہونا) تم کو (آگے والی آیت میں) پڑھ کرسنا دیا جائے گا (لیکن) جب تم احرام کی حالت (اور حرم کی حد) میں ہوں تو تم (ان میں جو) شکار (کے جانور ہیں ان) کو حلال مت سمجھنا، یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ جو چاہتے ہیں (اس کا) حکم دیتے ہیں (۱) اے ایمان والو! تم اللہ تعالیٰ (کے دین) کی نشانیوں کو حلال مت سمجھو③ اور نہ احترام کے مہینے کو④ اور نہ ہدی (یعنی جو قربانی کا جانور حرم لے جایا جارہا ہو اس) کو اور نہ جن (جانوروں) کے گلے میں پٹہ ڈالا گیا ہو ان کو اور نہ ان لوگوں کو جو اپنے رب کا فضل اور خوشی حاصل کرنے کے لیے احترام والے گھر (یعنی کعبہ) کے ارادے سے جارہے ہوں⑤ اور جب تم (احرام کھول کرکے) حلال ہوجاؤ تو تم شکار (کرنا چاہو تو) کرلو،

---

①[۱] عقد بمعنی عہد چونکہ گرہ کی طرف عہد بھی باندھے جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے بندوں سے ایمان واطاعت کے متعلق جو عہد لیا ہے، یعنی اللہ تعالیٰ کے تمام احکام کو پورا کرنا۔

[۲] لوگوں کے آپس کے جائز کاموں کے معاہدے۔

[۳] آپس میں مدد کرنے کے لیے بات پکی کرنا۔

[۴] دو شخص یا دو جماعت کے درمیان کوئی کام کرنے یا چھوڑنے کی جو جائز پابندی ایک دوسرے پر ڈالی جاتے۔

② اونٹ، بکری، گائے اس طرح کے پالتو جانور کو عربی میں "انعام" اور اردو میں مویشی کہتے ہیں، جانوروں کی بولی مبہم ہوتی ہے اس لیے ان کو "بہیمہ" کہتے ہیں۔

باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر ⬅

وَلَا یَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ اَنْ صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اَنْ تَعْتَدُوْا ۘ وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۪ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۪ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ شَدِیْدُ الْعِقَابِ ﴿۲﴾ حُرِّمَتْ عَلَیْكُمُ الْمَیْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِیْرِ وَمَاۤ اُهِلَّ لِغَیْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوْذَةُ وَالْمُتَرَدِّیَةُ وَالنَّطِیْحَةُ وَمَاۤ اَكَلَ السَّبُعُ اِلَّا مَا ذَكَّیْتُمْ ۫ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَاَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ ؕ ذٰلِكُمْ فِسْقٌ ؕ

اور جس قوم کے ساتھ اس وجہ سے دشمنی ہو کہ انھوں نے تم کو مسجدِ حرام سے روکا تھا یہ (دشمنی) اس بات پر تم کو نہ ابھارے کہ تم (ان پر) زیادتی کرنے لگو اور تم نیکی اور تقویٰ (کے کام) میں ایک دوسرے کی مدد کیا کرو اور گناہ اور ظلم (کے کام) میں تم ایک دوسرے کی مدد مت کیا کرو اور تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو، یقیناً اللہ تعالیٰ کا عذاب بڑا سخت ہے ﴿۲﴾ تمھارے لیے حرام کر دیا گیا ہے مُردار (جانور) اور (بہنے والا) خون اور خنزیر کا گوشت اور وہ (جانور) جس پر اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کا نام پکارا گیا ہو اور جو (جانور) گلا گھونٹنے سے مرا ہو اور جو (جانور) چوٹ کھانے سے مر گیا ہو اور جو (جانور اوپر سے) گر کر مر گیا ہو اور جو (جانور کسی جانور کے) سینگ مارنے سے مرا ہو اور جس (جانور) کو کسی پھاڑ کھانے والے جانور نے (پھاڑ کھایا ہو (اور وہ مر جاوے)؛ الا یہ کہ (مرنے سے پہلے) تم اس کو ذبح کر دو (تو اس کو کھانا حلال ہے) اور وہ (جانور بھی حرام ہے) جن کو بتوں کے تھان① پر ذبح کیا گیا ہو اور یہ بات بھی (حرام ہے) کہ جوئے کے تیروں سے تم (گوشت وغیرہ) تقسیم کرو②، یہ سب باتیں بڑے گناہ ہیں،

⬅ ③ ادب واحترام ہی نہ ہو ایسا اس کے ساتھ برتاؤ نہ کرو۔

شعائر: جو چیزیں حق تعالیٰ کی عظمت اور معبودیت کے لیے خاص علامت قرار دی گئی ہو، اسی طرح جو چیز عرف میں مسلمان ہونے کی علامت سمجھی جائے جیسے مساجد، قرآن، دینی احکام، مکہ و مدینہ میں خاص خاص مقامات، اذان، ختنہ، حج، نماز باجماعت وغیرہ۔

④ رجب، ذی القعدہ، ذی الحجہ اور محرم یہ چار مہینے مراد ہیں۔ ⑤ یعنی ان سب کی بے ادبی مت کرو اور ان کے ادب کا لحاظ رکھو۔

اِس صفحے کا حاشیہ:

① اللہ تعالیٰ کے سوا دوسروں کی عبادت (پوجا) کی جگہ۔

② (دوسرا ترجمہ) (یہ بھی حرام ہے) کہ فال کے تیروں سے تم قسمت معلوم کرو۔

اَلْیَوْمَ یَىِٕسَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ دِیْنِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَ اخْشَوْنِؕ اَلْیَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِیْنَكُمْ وَ اَتْمَمْتُ عَلَیْكُمْ نِعْمَتِیْ وَ رَضِیْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًاؕ فَمَنِ اضْطُرَّ فِیْ مَخْمَصَةٍ غَیْرَ مُتَجَانِفٍ لِّاِثْمٍۙ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ۝۳ یَسْــٴَـلُوْنَكَ مَا ذَاۤ اُحِلَّ لَهُمْؕ قُلْ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّیِّبٰتُۙ وَ مَا عَلَّمْتُمْ مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِیْنَ تُعَلِّمُوْنَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ٘ فَكُلُوْا مِمَّاۤ اَمْسَكْنَ عَلَیْكُمْ وَ اذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَیْهِ۪ وَ اتَّقُوا اللّٰهَؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِیْعُ الْحِسَابِ۝۴

آج کے دن کافر لوگ تمھارے دین سے ناامید ہو گئے ہیں ①، سو (اے مسلمانو!) تم ان (کافروں) سے مت ڈرو اور مجھ ہی سے تم ڈرو، آج میں نے تمھارے لیے تمھارا دین (ہر طرح سے) مکمل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت میں نے پوری کر دی ② اور میں نے تمھارے لیے اسلام کو دین کے طور پر (ہمیشہ کے لیے) پسند کیا ③ ہاں! جو آدمی سخت بھوک کی وجہ سے مجبور ہو جائے ④ شرط یہ ہے کہ گناہ کی طرف مائل نہ ہو ⑤ تو یقیناً اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے، بڑے مہربان ہیں ﴿۳﴾ وہ لوگ تم سے سوال کرتے ہیں کہ کیا چیزیں ان کے لیے حلال کی گئی ہیں؟ تو (جواب میں) کہو: تمام پاکیزہ چیزیں تمھارے لیے حلال کی گئی ہیں اور جن شکاری جانوروں کو تم نے شکار پر دوڑانے کو سدھالیا ہو جب کہ تم نے ان کو وہ طریقے سکھلائے ہوں جو اللہ تعالیٰ نے تم کو تعلیم دیے ہیں، وہ (شکاری جانور) جس (جانور) کو (شکار کر کے) تمھارے لیے پکڑ رکھیں تو اس میں سے تم کھاؤ ⑥ اور اس (شکاری جانور کو دوڑاتے وقت اس) پر تم اللہ کا نام پڑھ لیا کرو اور تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو، یقیناً اللہ تعالیٰ بہت جلد حساب لینے والے ہیں ﴿۴﴾

---

① یعنی اسلام ختم بھی نہ ہوگا اور کبھی مغلوب بھی نہ ہوگا۔

② دینی نعمت یہ کہ احکام مکمل ہو گئے۔ دنیوی نعمت یہ کہ مسلمانوں کو طاقت اور مضبوطی مل گئی۔ اِکمال: کسی چیز سے جو غرض اور مقصود ہو وہ پورا ہو جائے۔ اِتمام: دوسری چیز کی ضرورت نہ رہے۔

③ لہٰذا پورے دین پر تم عمل کرو۔

④ اور مجبوری میں حرام چیز میں سے کچھ کھا لیوے۔

⑤ یعنی ضرورت سے زیادہ نہ کھائے اور کھانے میں لذت مقصد نہ ہو۔

⑥ یہاں خاص طور پر مراد کتے، باز اور ان جیسے جانور جن کو شکار کی تعلیم دی گئی ہے اور وہ شکار کر لا دیں تو شکار کیے ہوئے جانور آیت سے مستنبط شرائط کے ساتھ حلال ہے۔

اَلْیَوْمَ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّیِّبٰتُ ؕ وَ طَعَامُ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ ۪ وَ طَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ ؗ وَ الْمُحْصَنٰتُ مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ وَ الْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ اِذَاۤ اٰتَیْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ مُحْصِنِیْنَ غَیْرَ مُسٰفِحِیْنَ وَ لَا مُتَّخِذِیْۤ اَخْدَانٍ ؕ وَ مَنْ یَّكْفُرْ بِالْاِیْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ ؗ وَ هُوَ فِی الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ۠ ﴿۵﴾

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَ اَیْدِیَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَ امْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَ اَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَیْنِ ؕ وَ اِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ؕ

آج کے دن تمھارے لیے سب پاکیزہ چیزیں حلال کردی گئی ہیں اور جن کو کتاب دی گئی ان کا کھانا ① تمھارے لیے حلال ہے اور تمھارا کھانا ان (اہلِ کتاب) کے لیے حلال ہے، اور ایمان والی پاک دامن عورتیں بھی (تمھارے لیے حلال ہیں) اور تم سے پہلے جن کو کتاب دی گئی ان میں کی پاک دامن عورتیں بھی (تمھارے لیے حلال ہیں) جب کہ تم ان (عورتوں) کو نکاح (کے بندھن) میں لانے کے لیے ان کا مہر دے دو (بغیر نکاح کے) صرف خواہش پوری کرنی نہ ہو ② اور خفیہ دوستی کرنے والے نہ ہوں ③ اور جو شخص ایمان کا انکار کرتا ہے پکی بات یہ ہے کہ اس کا عمل ضائع ہو گیا اور وہ شخص آخرت میں نقصان اٹھانے والوں میں سے ہوگا ﴿۵﴾

اے ایمان والو! جب تم نماز (پڑھنے) کے لیے اٹھو ④ تو تم اپنے چہروں کو اور کہنیوں تک اپنے ہاتھوں کو دھو لیا کرو اور اپنے سروں کا مسح کرلیا کرو اور اپنے پیروں کو ٹخنوں تک (دھولیا کرو) اور اگر تم جنابت کی حالت میں ⑤ ہوں تو تم (پورے جسم کو دھو کر) اچھی طرح پاک ہو جاؤ،

① یعنی ذبح کیا ہوا جانور۔
② (دوسرا ترجمہ) اور صرف مستی کرنی مقصود نہ ہو۔
③ پرائی عورت سے معاشقہ جو آج کی دنیا میں ایک فیشن سمجھا جا رہا ہے اور اس کو لوگ برا بھی نہیں سمجھتے شریعت نے اس کو ناجائز قرار دیا ہے۔
④ یعنی نماز پڑھنے کا ارادہ کرو۔
⑤ یعنی بڑی ناپاکی کی حالت جس میں غسل کرنا ضروری ہوتا ہے۔

وَإِنْ كُنْتُمْ مَرْضَىٰ أَوْ عَلَىٰ سَفَرٍ أَوْ جَاءَ أَحَدٌ مِنْكُمْ مِنَ الْغَائِطِ أَوْ لَامَسْتُمُ النِّسَاءَ فَلَمْ
تَجِدُوا مَاءً فَتَيَمَّمُوا صَعِيدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوا بِوُجُوهِكُمْ وَأَيْدِيكُمْ مِنْهُ ۚ مَا يُرِيدُ اللّٰهُ
لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ حَرَجٍ وَلٰكِنْ يُرِيدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿٦﴾
وَاذْكُرُوا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمِيثَاقَهُ الَّذِي وَاثَقَكُمْ بِهِ ۙ إِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا ۖ وَاتَّقُوا
اللّٰهَ ۚ إِنَّ اللّٰهَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿٧﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُونُوا قَوَّامِينَ لِلّٰهِ شُهَدَاءَ
بِالْقِسْطِ ۖ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ عَلَىٰ أَلَّا تَعْدِلُوا ۚ اعْدِلُوا هُوَ أَقْرَبُ لِلتَّقْوَىٰ ۖ

اور اگر تم بیمار ہو یا سفر میں (نکلے) ہو یا تم میں سے کوئی استنجے سے فارغ ہو کر آیا ہو یا تم (مردوں) نے عورتوں سے ملاپ کیا ہو①، پھر (اس کے بعد) تم پانی کو نہ پاؤ② تو تم پاکیزہ مٹی سے تیمم کرو، سو تم اپنے چہروں کا اور اپنے ہاتھوں کا اس (مٹی) سے مسح کرلو، اللہ تعالیٰ تم پر کوئی تنگی کرنا نہیں چاہتے؛ لیکن وہ (اللہ تعالیٰ) تو تم کو پاک وصاف کرنا چاہتے ہیں؛ اور تاکہ وہ (اللہ تعالیٰ) تم پر اپنی نعمتوں کو پورا کریں؛ تاکہ تم شکر کرنے والے بن جاؤ﴿۶﴾ اور اللہ تعالیٰ کی جو نعمت تم پر ہے (اس کو) اور اس (اللہ تعالیٰ) کے اس عہد کو یاد رکھو جو اس نے تم سے (پکا کرکے) لیا تھا جب کہ تم نے کہا تھا کہ ہم نے (احکام کو) سن لیا اور ہم نے مان لیا اور تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو، یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ سینوں کی بات کو خوب اچھی طرح جانتے ہیں﴿۷﴾ اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ (کی خوشنودی اور رضا حاصل کرنے) کے لیے ہر وقت تیار رہو (اور) انصاف کے ساتھ گواہی دینے والے بنو③ اور کسی قوم کے ساتھ دشمنی تم کو اس بات کے لیے نہ ابھارے کہ تم انصاف کرنا چھوڑ دو (بلکہ) تم انصاف کرو④، وہ تقویٰ کے زیادہ نزدیک ہے⑤

---

① جماع کرنے سے غسل کی ضرورت پڑتی ہے۔ ② یعنی پانی کے استعمال کی طاقت نہ ہو۔

③ (دوسرا ترجمہ) اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ (کی خوشی) کے لیے (احکام کی) پوری پابندی کرنے والے (اور) انصاف کی گواہی دینے والے بنو۔

④ انصاف: افراط اور تفریط کے بغیر کسی کے ساتھ وہ معاملہ کرنا جس کا وہ واقعی مستحق ہے۔

⑤ شرعاً جو چیزیں حرام ہیں ان سے بچنے کی وجہ سے ایک نورانی کیفیت پیدا ہوتی ہے وہ بھی تقویٰ ہے۔

وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝۸ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝۹ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَاۤ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ۝۱۰ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْۤا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۱۱

وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ ۚ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيْبًا ؕ وَقَالَ اللّٰهُ اِنِّيْ مَعَكُمْ ؕ لَئِنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِيْ وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ

اور تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو①، یقینی بات ہے کہ جو کچھ (اعمال) تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ کو اس کی پوری خبر ہے ﴿۸﴾ جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے اللہ تعالیٰ نے وعدہ کیا ہے کہ ان کے لیے مغفرت اور بڑا ثواب ہے ﴿۹﴾ اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری نشانیوں کو جھٹلایا وہی لوگ دوزخ (میں رہنے) والے ہیں ﴿۱۰﴾ اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ کا احسان جو تم پر ہے اس کو یاد رکھو (خاص کر کے) جب کہ ایک قوم نے تم پر اپنا ہاتھ چلانے کا ارادہ کیا② تو اس (اللہ تعالیٰ) نے ان کے ہاتھ تم (کو نقصان پہنچانے) سے روک دیے اور تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور ایمان والوں کو تو اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے ﴿۱۱﴾

اور پکی بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ بنی اسرائیل سے اقرار لے چکے تھے اور ہم نے ان میں سے بارہ ذمے دار (یعنی نگران) مقرر کیے تھے اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ: یقیناً میں (اپنی مدد کے ذریعے) تمھارے ساتھ ہی ہوں، اگر تم نماز قائم کرو اور تم زکوٰۃ ادا کرو اور تم میرے (سب) رسولوں پر ایمان لاؤ اور تم ان (رسولوں) کی مدد کرو،

---

① محبت کے جذبات میں مغلوب ہو کر بے جا طرف داری نہ کرنا اور عداوت کے غلبے میں بے انصافی نہ کرنا یہ تقویٰ حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔

② مکہ کے قریشی کافروں کا حملہ مراد ہے۔ کفار کی تدابیر کو ناکام کر کے حفاظت کرنا یہ بھی مؤمنوں کے لیے اللہ تعالیٰ کی بڑی نعمت ہے۔

وَاَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا لَّاُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ فَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاۗءَ السَّبِيْلِ ﴿۱۲﴾ فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ لَعَنّٰهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوْبَهُمْ قٰسِيَةً ۚ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ ۙ وَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۚ وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلٰي خَاۗىِٕنَةٍ مِّنْهُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳﴾ وَمِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰٓى اَخَذْنَا مِيْثَاقَهُمْ فَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۠ فَاَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاۗءَ اِلٰي يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۭ وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللّٰهُ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿۱۴﴾

اور تم اللہ تعالیٰ کو اچھا قرض دو① تو میں تم سے ضرور تمہارے گناہوں کو دور کر دوں گا اور میں تم کو ضرور ایسے باغات میں داخل کروں گا جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی، سو اس کے بعد بھی جو شخص تم میں سے کفر اختیار کرے گا، سو پکی بات ہے کہ وہ سیدھی راہ سے بھٹک گیا ﴿۱۲﴾ سو ان لوگوں نے جو اپنے عہد کو توڑ ڈالا اس کی وجہ سے ہم نے ان کو اپنی رحمت سے دور کر دیا اور ہم نے ان کے دلوں کو سخت کر دیا، وہ (بنی اسرائیل کے علما اللہ تعالیٰ کے) کلمات کو اس کی جگہوں سے بدل دیتے ہیں② اور جو نصیحت ان کو کی گئی تھی اس کا بڑا حصہ وہ بھول چکے ہیں③ ان میں سے چند لوگوں کو چھوڑ کر ان کی (کسی نہ کسی) خیانت کا تم کو برابر پتہ چلتا رہے گا، سو (ابھی تو) تم ان کو معاف کر دو اور تم (ان سے) درگزر کرو، یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ نیکی کرنے والوں سے محبت کرتے ہیں ﴿۱۳﴾ اور جن لوگوں نے کہا کہ: ہم تو نصرانی ہی ہیں، ہم نے ان کا اقرار لیا، سو ان کو جو نصیحت کی گئی تھی اس کا بڑا حصہ وہ بھول گئے، سو ہم نے قیامت تک ان کے درمیان میں دشمنی اور بغض (یعنی کینہ) لازم کر دیا اور جو کام وہ کیا کرتے تھے عنقریب اللہ تعالیٰ ان کو بتلا دیں گے④ ﴿۱۴﴾

---

① یعنی اخلاص سے اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرو۔

② یعنی تورات کے الفاظ اور معانی میں تحریفات کرنا۔

③ یعنی اس سے فائدہ نہیں اٹھایا۔

④ پھر سزا دیں گے۔

يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيْرًا مِّمَّا كُنْتُمْ تُخْفُوْنَ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ۬ؕ قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۶﴾ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْۤا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ؕ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّهْلِكَ الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗ وَمَنْ فِى الْاَرْضِ جَمِيْعًا ؕ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۷﴾

اے کتاب والو! پکی بات یہ ہے کہ تمھارے پاس ہمارے رسول (محمد ﷺ) آچکے، کتاب (یعنی تورات وانجیل) کی بہت ساری باتیں جو تم چھپایا کرتے تھے اس کو تمھارے لیے وہ صاف صاف ظاہر کر دیتے ہیں اور بہت سی باتوں سے درگذر کرتے ہیں① پکی بات یہ ہے کہ تمھارے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے روشنی② اور (سچائی کو) ظاہر کرنے والی کتاب (یعنی قرآن) آچکی ﴿۱۵﴾ اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو سلامتی کے راستے دکھلاتے ہیں جو اس کی خوشی چاہتے ہوں اور وہ (اللہ تعالیٰ) اپنے حکم سے③ ان کو اندھیریوں سے روشنی کی طرف نکالتے ہیں اور وہ (اللہ تعالیٰ) ان کو (ہمیشہ) سیدھے راستے کی طرف ہدایت دیتے ہیں ﴿۱۶﴾ وہ لوگ یقیناً کافر ہوگئے ہیں جن لوگوں نے ایسی بات کہی کہ اللہ تعالیٰ ہی مسیح ابن مریم ہے (اے نبی!) تم (ان سے جواب میں) کہو کہ: اگر اللہ تعالیٰ مسیح مریم کے بیٹے کو اور اس کی اماں کو اور سب زمین والوں کو ہلاک کرنے کا ارادہ کرے تو کون ایسا ہے جو اللہ تعالیٰ کے ارادے کو روکنے کی ذرا بھی طاقت رکھتا ہو؟ اور آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے اس کی بادشاہت اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہے، وہ (اللہ تعالیٰ) جو چاہتے ہیں پیدا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں ﴿۱۷﴾

---

① یعنی جن باتوں کو اب چھپانے سے عقیدے یا عمل میں کوئی نقصان نہ ہو۔

② نور سے مراد حق کریم ﷺ کی بشری ذات نورانی الصفات ہے، اور بعض مفسرین نے عطفِ تفسیری قرار دیا، اس صورت میں نور اور روشنی سے مراد کتاب قرآن مجید ہے جو سراپا نور ہی نور ہے۔

③ مراد اپنی طرف سے نیک توفیق کے ذریعے سے۔

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصٰرٰى نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّآؤُهٗ ؕ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوْبِكُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؗ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰى فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَآءَنَا مِنْۢ بَشِيْرٍ وَّلَا نَذِيْرٍ ؗ فَقَدْ جَآءَكُمْ بَشِيْرٌ وَّنَذِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَعَلَ فِيْكُمْ اَنْۢبِيَآءَ وَجَعَلَكُمْ مُّلُوْكًا ۖۗ وَّاٰتٰىكُمْ مَّا لَمْ يُؤْتِ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ۝

یہود اور نصاریٰ کہنے لگے: ہم تو اللہ تعالیٰ کے بیٹے اور اس کے پیارے ہیں، تو تم (جواب میں) کہو: (اگر ایسی ہی بات ہوتی) تو پھر وہ (اللہ تعالیٰ) تمھارے گناہوں پر تم کو سزا کیوں دیتے ہیں؟ بلکہ تم اس (اللہ تعالیٰ) کی مخلوق میں سے (عام انسانوں کی طرح) ایک انسان ہو، وہ (اللہ تعالیٰ) جس کو چاہتے ہیں معاف کرتے ہیں اور جس کو چاہتے ہیں عذاب دیتے ہیں اور آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان میں ہے اس کی حکومت اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہے اور اسی (اللہ تعالیٰ) کی طرف (سب کو) لوٹ کر جانا ہے ﴿۱۸﴾ اے اہلِ کتاب! پکی بات یہ ہے کہ تمھارے پاس ہمارے رسول آچکے جو تمھارے سامنے (ہمارے احکام) کھول کر بتاتے ہیں (ایسے وقت میں یہ رسول آئے) جب کہ ایک زمانے سے رسولوں کے آنے کا سلسلہ بند تھا؛ تاکہ تم یہ نہ کہہ سکو کہ ہمارے پاس کوئی خوش خبری سنانے والا اور کوئی ڈرانے والا نہیں آیا، سو پکی بات یہ ہے کہ تمھارے پاس خوش خبری سنانے والا اور ڈرانے والا (یعنی رسول محمد ﷺ) آچکا اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں ﴿۱۹﴾

اور (وہ وقت یاد کرو) جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا: اے میری قوم! اللہ تعالیٰ کے جو احسان تم پر ہیں اس کو یاد کرو: جب کہ اس (اللہ تعالیٰ) نے تم میں بہت سارے نبی پیدا کیے اور تم کو حکمران بنایا① اور تم کو (کچھ) ایسی نعمت بھی عطا فرمائی جو (تم سے پہلے) جہاں والوں میں سے کسی کو عطا نہیں فرمائی ﴿۲۰﴾

---

① یعنی تمھارے خاندان میں حکومت اور مال داری عطا فرمائی۔

يٰقَوْمِ ادْخُلُوا الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِيْ كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَرْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿٢١﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّ فِيْهَا قَوْمًا جَبَّارِيْنَ ۖ وَاِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَا حَتّٰى يَخْرُجُوْا مِنْهَا ۚ فَاِنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا فَاِنَّا دٰخِلُوْنَ ﴿٢٢﴾ قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمَا ادْخُلُوْا عَلَيْهِمُ الْبَابَ ۚ فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّكُمْ غٰلِبُوْنَ ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٢٣﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَآ اَبَدًا مَّا دَامُوْا فِيْهَا فَاذْهَبْ اَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَآ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ ﴿٢٤﴾

اے میری قوم! تم اس مقدس زمین میں داخل ہو جاؤ جو اللہ تعالیٰ نے تمھارے حق میں لکھ دی ہے اور تم اپنی پیٹھ دکھا کر واپس مت بھاگو، ورنہ تم نقصان میں پڑ جاؤ گے① ﴿۲۱﴾ وہ (بنی اسرائیل) کہنے لگے کہ: اے موسیٰ! اس (شہر) میں تو (ایک) بڑی طاقتور قوم ہے اور جب تک وہ وہاں سے نکل نہ جاویں گے ہم ہرگز اس میں داخل نہیں ہوں گے، ہاں! اگر وہ لوگ وہاں سے نکل جاویں تو ہم ضرور داخل ہوں گے ﴿۲۲﴾ (موسیٰ علیہ السلام کی تائید میں) دو آدمیوں نے (بھی) کہا: جو کہ (اللہ تعالیٰ سے) ڈرنے والوں میں سے تھے، اللہ تعالیٰ نے ان دونوں پر اپنا (خاص) احسان کیا تھا② کہ تم ان پر (حملہ کر کے شہر کے) دروازے سے گھس جاؤ، سو جب تم اس (دروازے) میں داخل ہو جاؤ گے تو یقین رکھو (اسی وقت) تم غالب آجاؤ گے③ اور اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ رکھو اگر تم واقعی مؤمن ہو ﴿۲۳﴾ (مگر بنی اسرائیل پھر بھی یہی) کہنے لگے: اے موسیٰ! جب تک وہ لوگ اس (شہر) میں موجود ہیں ہم کبھی بھی اس (ملک) میں داخل نہیں ہوں گے، سو (اے موسیٰ! اگر ان سے لڑنا ہے تو) تم اور تمھارا رب دونوں جاؤ اور تم دونوں (ان سے) جنگ کرو، ہم تو یہیں پر بیٹھے ہیں ﴿۲۴﴾

---

① یعنی دنیا میں حکومت جاوے گی اور آخرت میں جہاد چھوڑنے کا گناہ ہوگا۔

② ان دونوں نے نبی سے جو عہد کیا تھا اس پر اللہ کے فضل سے ثابت قدم تھے، نبی کی پوری اطاعت کر رہے تھے اور نبی کی ہدایت کے مطابق طاقتور قوم کے حال کا جو راز تھا انھوں نے کھولا نہیں تھا۔

نوٹ: یہ دو شخص انہی بارہ سرداروں میں سے تھے، بہت سے مفسرینؒ نے ان کا نام حضرت یوشع ابن نون اور کالب ابن یوقنا لکھا ہے۔ ③ یعنی جلدی فتح ہوگی۔

قَالَ رَبِّ اِنِّیۡ لَاۤ اَمۡلِکُ اِلَّا نَفۡسِیۡ وَ اَخِیۡ فَافۡرُقۡ بَیۡنَنَا وَ بَیۡنَ الۡقَوۡمِ الۡفٰسِقِیۡنَ ﴿۲۵﴾ قَالَ فَاِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَیۡهِمۡ اَرۡبَعِیۡنَ سَنَةً ۚ یَتِیۡهُوۡنَ فِی الۡاَرۡضِ ؕ فَلَا تَاۡسَ عَلَی الۡقَوۡمِ الۡفٰسِقِیۡنَ ﴿۲۶﴾

وَ اتۡلُ عَلَیۡهِمۡ نَبَاَ ابۡنَیۡ اٰدَمَ بِالۡحَقِّ ۘ اِذۡ قَرَّبَا قُرۡبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنۡ اَحَدِهِمَا وَ لَمۡ یُتَقَبَّلۡ مِنَ الۡاٰخَرِ ؕ قَالَ لَاَقۡتُلَنَّكَ ؕ قَالَ اِنَّمَا یَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الۡمُتَّقِیۡنَ ﴿۲۷﴾ لَئِنۡۢ بَسَطۡتَّ اِلَیَّ یَدَكَ لِتَقۡتُلَنِیۡ مَاۤ اَنَا بِبَاسِطٍ یَّدِیَ اِلَیۡكَ لِاَقۡتُلَكَ ۚ اِنِّیۡۤ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۲۸﴾

اس (موسیٰ) نے کہا: اے میرے رب! اپنی ذات اور اپنے بھائی کے سوا کسی پر میرا کوئی اختیار نہیں ہے، سو آپ ہمارے اور نافرمان قوم کے درمیان فیصلہ کر دیجیے① ﴿۲۵﴾ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اب وہ مقدس زمین چالیس سال تک ان پر حرام کر دی گئی ہے② زمین (کے ایک خاص حصہ) میں وہ سر مارتے پھریں گے③، سو (اے موسیٰ!) تم نافرمان قوم پر افسوس (بھی) مت کرو ﴿۲۶﴾

اور (اے نبی محمد!) تم ان کے سامنے آدم (علیہ السلام) کے دونوں بیٹوں④ کی خبر (یعنی واقعہ) صحیح صحیح پڑھ کر سناؤ، جب دونوں نے (اللہ تعالیٰ کے لیے) قربانی پیش کی تو ان دونوں میں ایک کی (قربانی) قبول ہوگئی اور دوسرے کی (قربانی) قبول نہیں ہوئی (قابیل نے) کہا کہ⑤: میں تجھے ضرور قتل کر دوں گا (جس کی قربانی قبول ہوئی تھی اس ہابیل نے) کہا: اللہ تعالیٰ تو تقویٰ والوں ہی سے (قربانی) قبول کرتے ہیں ﴿۲۷﴾ اگر تو مجھ کو قتل کرنے کے لیے میری طرف اپنا ہاتھ بڑھائے گا تو میں اپنا ہاتھ تیری طرف تجھ کو قتل کرنے کے لیے نہیں اٹھاؤں گا، یقیناً میں تو تمام جہانوں کے رب اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہوں ﴿۲۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) سو آپ ہمارے اور نافرمان قوم کے درمیان فرق (جدائی) کر دیجیے۔

② یعنی گھر میں جا نہیں سکیں گے اور راستہ بھی نہیں ملے گا، بنی اسرائیل کے لیے چالیس سال ایک کھلا میدان قید خانہ بنا دیا گیا، کیسی عجیب قدرت ہے خدا تعالیٰ کی، وادیٔ تیہ کی تفصیلات بندے کی کتاب ''دیکھی ہوئی دنیا'' مصر کے سفر نامہ میں ملاحظہ فرمائیں۔ ③ (دوسرا ترجمہ) حیران و پریشان پھرتے رہیں گے۔ مراد وادیٔ تیہ ہے۔

④ یعنی قابیل اور ہابیل۔ ⑤ قابیل حقیقت میں نا قابل ثابت ہوا۔

إِنِّيْٓ أُرِيْدُ أَنْ تَبُوْٓأَ بِإِثْمِيْ وَإِثْمِكَ فَتَكُوْنَ مِنْ أَصْحٰبِ النَّارِ ۚ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ۝ فَطَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ قَتْلَ أَخِيْهِ فَقَتَلَهٗ فَأَصْبَحَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ فَبَعَثَ اللّٰهُ غُرَابًا يَّبْحَثُ فِي الْأَرْضِ لِيُرِيَهٗ كَيْفَ يُوَارِيْ سَوْءَةَ أَخِيْهِ ۚ قَالَ يٰوَيْلَتٰٓى أَعَجَزْتُ أَنْ أَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ فَأُوَارِيَ سَوْءَةَ أَخِيْ ۚ فَأَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِيْنَ ۝ مِنْ أَجْلِ ذٰلِكَ ۚ كَتَبْنَا عَلٰى بَنِيْٓ إِسْرَآءِيْلَ أَنَّهٗ مَنْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ أَوْ فَسَادٍ فِي الْأَرْضِ فَكَأَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا ۗ وَمَنْ أَحْيَاهَا فَكَأَنَّمَآ أَحْيَا النَّاسَ جَمِيْعًا ۗ وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا بِالْبَيِّنٰتِ ۫ ثُمَّ إِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فِي الْأَرْضِ لَمُسْرِفُوْنَ ۝

میں یہ چاہتا ہوں کہ تو اپنے گناہوں کے ساتھ میرے (قتل کے) گناہ کو بھی حاصل کر لیوے، سو تو جہنم والوں میں (شامل) ہو جائے اور یہی ظالموں کی سزا ہے ﴿۲۹﴾ سو اس (قابیل) کو اس کے نفس نے اپنے بھائی کے قتل پر راضی کر لیا، اور اس نے اس (اپنے بھائی) کو قتل کر (ہی) ڈالا تو وہ (قاتل) نقصان اٹھانے والوں میں شامل ہو گیا ﴿۳۰﴾ پھر اللہ تعالیٰ نے ایک کچّے بھیجا، جو زمین میں کھودنے لگا؛ تا کہ وہ (کچّا) اس (قاتل) کو بتائے کہ وہ اپنے بھائی کی لاش کس طرح چھپائے؟ (یہ دیکھ کر قاتل) بولا: ہائے افسوس! کیا میں اس کوے جیسا بھی نہیں ہو سکا کہ اپنے بھائی کی لاش میں چھپا دیتا، پھر وہ اس حالت پر پچھتانے لگا ﴿۳۱﴾ اسی (واقعے) کی وجہ سے (یہ فرمان) ہم نے بنی اسرائیل پر لکھ دیا کہ جو شخص کسی انسان کو قتل کر ڈالے؛ جب کہ اس (مقتول) نے کسی شخص کو قتل بھی نہیں کیا تھا یا زمین میں فساد بھی نہیں پھیلایا تھا[۱] تو اس نے (ایسا ہی جرم کیا) گویا کہ تمام لوگوں کو قتل کر دیا اور جو شخص کسی (کی زندگی) کو بچا لینے کا ذریعہ بنا تو (اس نے ایسا کام کیا) گویا کہ اس نے تمام لوگوں کی زندگی بچا لی اور پکی بات یہ ہے کہ ہمارے رسول ان (بنی اسرائیل) کے پاس کھلے کھلے احکام لے کر آئے، مگر اس کے بعد بھی ان میں سے بہت سے لوگ زمین میں زیادتیاں ہی کرتے رہتے ہیں ﴿۳۲﴾

---

[۱] (دوسرا ترجمہ) جو شخص کسی (دوسرے) شخص کو بغیر کسی انسانی خون کے بدلے کے یا زمین میں فساد پھیلائے بغیر قتل کر ڈالے۔

إِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْٓا اَوْ يُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ؕ ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۳۳﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهِمْ ۚ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۴﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۳۵﴾

جو لوگ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول سے لڑائی کرتے ہیں اور زمین میں فساد مچانے کے لیے ڈورتے پھرتے ہیں① ان کی سزا یہی ہے کہ وہ قتل کر دیے جائیں یا سولی پر چڑھا دیے جائیں یا ان کے ہاتھ اور پاؤں مخالف جانب سے کاٹ دیے جائیں② یا وہ زمین سے دور (یعنی جلاوطن) کر دیے جاویں، یہ ان کے لیے دنیا میں رسوائی ہے اور ان کے لیے آخرت میں بڑا عذاب ہے ﴿۳۳﴾ مگر جن لوگوں نے توبہ کر لی اس سے پہلے کہ تم ان پر قابو پالو (یعنی ان کو گرفتار کر لو) تو تم جان لو یقیناً اللہ تعالیٰ تو بہت معاف کرنے والے، بڑے رحم کرنے والے ہیں ﴿۳۴﴾

اے ایمان والو! تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور اس (اللہ تعالیٰ) تک (پہنچنے کا) وسیلہ تلاش کرو③ اور تم اس (اللہ تعالیٰ) کے راستے میں جہاد کرو؛ تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ ﴿۳۵﴾

---

① فساد [۱] یعنی اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کے قانون کی برکت سے اسلامی حکومت میں جو امن کا ماحول ہے اس کو ختم کرے۔ [۲] ہتھیاروں کے ساتھ عوام پر حملہ کر کے ڈاکے ڈالنے والے۔ [۳] بدامنی پھیلانے والے۔ [۴] راہ زنی کرنے والے یعنی جو اجتماعی شرارت کرتے ہیں۔ [۵] اسی طرح اہلِ حق کو دینِ حق سے روکنا یہ سب سے بڑا فساد ہے۔ [۶] اس میں نبی کی اہانت، ارتداد کی سعی وغیرہ بھی شامل ہے۔

② یعنی ایک طرف کا ہاتھ اور دوسری طرف کا پاؤں کاٹ دیا جائے۔

③ وسیلہ: یعنی اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرو اور رضا مندی والے کام کرو اور اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرو، اسی طرح وسیلہ جنت کا ایک اعلیٰ درجہ ہے جس کے اوپر کوئی درجہ ہی نہیں ہے، جو عرشِ رحمن سے نہایت قریب ہے، ہر مؤمن کو چاہیے کہ وہ اذان کے بعد درود پڑھ کر دعا پڑھنے کی عادت بنا دے، اس میں وسیلے کی دعا بھی ہے اور وہ جنت کا اعلیٰ مقام ہے جو حضرت نبی کریم ﷺ کے لیے خاص ہے اور اس کے نیچے کے درجات تمام مؤمنین کے لیے ہیں، اسی طرح وسیلے کی ایک تعبیر یہ ہے کہ ”ہر وہ چیز جو بندے کو رغبت و محبت کے ساتھ اپنے معبود کے قریب کر دیوے“۔

اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لِیَفْتَدُوْا بِهٖ مِنْ عَذَابِ یَوْمِ الْقِیٰمَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ۝ یُرِیْدُوْنَ اَنْ یَّخْرُجُوْا مِنَ النَّارِ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِیْنَ مِنْهَا ۫ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِیْمٌ ۝ وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا اَیْدِیَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ۝ فَمَنْ تَابَ مِنْۢ بَعْدِ ظُلْمِهٖ وَاَصْلَحَ فَاِنَّ اللّٰهَ یَتُوْبُ عَلَیْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ یُعَذِّبُ مَنْ یَّشَآءُ وَیَغْفِرُ لِمَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝

یقینی بات ہے کہ جن لوگوں نے کفر کیا، اگر زمین میں جو کچھ ہے وہ سب ان کے پاس ہو اور اس کے ساتھ اتنا ہی اور بھی ہو اور وہ ان (چیزوں) کو قیامت کے دن کے عذاب سے بچنے کے لیے فدیہ میں دینا چاہیں تب بھی ان کی طرف سے وہ قبول نہیں کیا جائے گا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے ﴿۳۶﴾ وہ (کافر) آگ سے نکل جانا چاہیں گے؛ حالاں کہ وہ اس (آگ) سے نکلنے والے نہیں ہیں اور ان کے لیے ہمیشہ کا عذاب ہے ﴿۳۷﴾ اور چوری کرنے والا مرد اور چوری کرنے والی عورت سو تم ان دونوں کے (پہنچوں سے) ہاتھ کاٹ دو، یہ ان دونوں کے کیے ہوئے کام کا بدلہ ہے (اور یہ) اللہ تعالیٰ کی طرف سے عبرتناک سزا ہے اور اللہ تعالیٰ تو بڑے زبردست، بڑی حکمت والے ہیں① ﴿۳۸﴾ سو جس شخص نے اپنے ظلم کرنے کے بعد توبہ کرلی اور اصلاح کرلی تو یقیناً اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول کریں گے، یقیناً اللہ تعالیٰ تو بہت زیادہ معاف کرنے والے، بڑے مہربان ہیں ﴿۳۹﴾ کیا تم کو (یہ بات) معلوم نہیں کہ آسمانوں اور زمین کی حکومت یقیناً اللہ تعالیٰ ہی کی ہے، وہ (اللہ تعالیٰ) جس کو چاہتے ہیں عذاب دیتے ہیں اور جس کو چاہتے ہیں معاف کردیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں ﴿۴۰﴾

---

① قابلِ احترام انسان کا ہاتھ جب خود انسان اس کے احترام کو چوری کرکے باقی نہ رکھے تو وہ ہاتھ بدن سے الگ کردیے جانے کے لائق ہوجاتا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الرَّسُوْلُ لَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ مِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْۤا اٰمَنَّا بِاَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِنْ قُلُوْبُهُمْ ۛۚ وَمِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا ۛۚ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ سَمّٰعُوْنَ لِقَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ۙ لَمْ يَاْتُوْكَ ؕ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ مِنْۢ بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ ۚ يَقُوْلُوْنَ اِنْ اُوْتِيْتُمْ هٰذَا فَخُذُوْهُ وَاِنْ لَّمْ تُؤْتَوْهُ فَاحْذَرُوْا ؕ وَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ فَلَنْ تَمْلِكَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ

اے رسول! جو لوگ دوڑ دوڑ کر کفر میں گرتے ہیں وہ تم کو غم میں نہ ڈالیں① (ایک) تو ان لوگوں میں سے ہیں جنھوں نے اپنے منہ (زبان) سے یہ کہہ دیا کہ ہم ایمان لائے ہیں؛ حالاں کہ ان کے دل ایمان نہیں لائے② اور (دوسرے) ان لوگوں میں سے ہیں جو یہودی ہیں، جھوٹ بولنے کے لیے جاسوسی کرتے ہیں③ وہ دوسری قوم (کو آپ کی بات پہنچانے) کے لیے جاسوسی کرتے ہیں، جو (قوم) تمھارے پاس آئی ہی نہیں④ وہ (اللہ تعالیٰ کی) باتوں کو بدل ڈالتے ہیں اس کا (صحیح) موقع (اورمحل) طے ہوجانے کے بعد⑤ وہ (یوں) کہتے ہیں کہ: اگر تم کو یہ حکم⑥ ملے تو اس کو لے لینا اور اگر ایسا (حکم) نہ ملے تو بچ کر نکل جانا اور جس کو اللہ تعالیٰ فتنہ (یعنی گمراہی) میں ڈالنا چاہے تو تم اس (کو بچانے) کے لیے اللہ تعالیٰ کے یہاں کچھ نہیں کرسکتے⑦

① (دوسرا ترجمہ) جو لوگ کفر میں تیزی دکھاتے ہیں وہ آپ کو غمگین نہ کریں۔

② یعنی منافق۔

③ (دوسرا ترجمہ) جھوٹی بات کان لگا کر سنتے ہیں (تیسرا) جھوٹی بات سننے کی ان کی عادت ہے۔ آیت میں لفظ **سمّٰعون** ہے جس کا معنی ہے بہت زیادہ سننا، حاصل معنی ہے جاسوسی کرنا۔ کان لگا کر سننا۔

④ (دوسرا ترجمہ) جس قوم نے (تکبر اور دشمنی کی وجہ سے) تم تک آنا ہی گوارا نہیں کیا۔ یعنی یہود خود تو آتے نہیں، منافقوں کے واسطے سے کیا فیصلہ ہوگا وہ معلوم کرواتے تھے۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) (اللہ تعالیٰ کی کتاب کے) کلمات کے معانی متعین ہوجانے کے بعد بدل دیتے ہیں (تیسرا) (اللہ تعالیٰ کے) کلام کو (جبکہ وہ) کلام اپنے صحیح موقع پر قائم ہوتا ہے (اس کے) بعد (لفظاً ومعنیً) بدلتے رہتے ہیں۔ یعنی باتوں کو بدل کر کہاں سے کہاں کر دیتے ہیں، یا بات کہیں سے کہیں لگاتے ہیں۔

⑥ یعنی تمھاری مرضی کے مطابق کا فیصلہ ملے تو عمل کرنا؛ ورنہ کسی بہانے سے چلے آنا۔

⑦ (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ (کے یہاں) سے (آنے والے عذاب سے) اس کو بچانے کے لیے آپ کچھ بھی نہیں کرسکتے۔

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ لَمْ يُرِدِ اللَّهُ أَن يُطَهِّرَ قُلُوبَهُمْ ۚ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ ۖ وَلَهُمْ فِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿٤١﴾ سَمَّاعُونَ لِلْكَذِبِ أَكَّالُونَ لِلسُّحْتِ ۚ فَإِن جَاءُوكَ فَاحْكُم بَيْنَهُمْ أَوْ أَعْرِضْ عَنْهُمْ ۖ وَإِن تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَن يَضُرُّوكَ شَيْئًا ۖ وَإِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُم بَيْنَهُم بِالْقِسْطِ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ ﴿٤٢﴾ وَكَيْفَ يُحَكِّمُونَكَ وَعِندَهُمُ التَّوْرَاةُ فِيهَا حُكْمُ اللَّهِ ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِن بَعْدِ ذَٰلِكَ ۚ وَمَا أُولَٰئِكَ بِالْمُؤْمِنِينَ ﴿٤٣﴾

یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں کو (کفریات سے) پاک کرنے کا اللہ تعالیٰ نے ارادہ ہی نہیں کیا① ان کے لیے دنیا میں رسوائی ہے، اور ان کے لیے آخرت میں بڑا عذاب ہے ﴿۴۱﴾ جھوٹ بولنے کے لیے یہ جاسوسی کرتے ہیں②، بڑے حرام کھانے والے ہیں③، سو اگر وہ لوگ تمھارے پاس (فیصلہ کرانے) آجاویں تو تم ان کے درمیان فیصلہ کرو یا تم ان سے اعراض کرو④ اور اگر تم ان سے اعراض کروگے⑤ تو (بھی) وہ ہرگز تم کو کچھ نقصان نہیں پہنچا سکیں گے اور اگر تم کو فیصلہ کرنا ہو تو تم ان کے درمیان انصاف سے فیصلہ کرو، یقیناً اللہ تعالیٰ انصاف کرنے والوں سے محبت رکھتے ہیں ﴿۴۲﴾ اور وہ لوگ تم سے کیسے فیصلہ کرائیں گے⑥؛ حالاں کہ ان کے پاس تورات موجود ہے، اس میں اللہ تعالیٰ کا حکم (لکھا ہوا) ہے، پھر بھی (یعنی نبی ﷺ کے یا تورات کے فیصلے) کے بعد وہ لوگ منہ پھیر لیتے ہیں⑦ اور (حقیقت میں) وہ لوگ ایمان والے نہیں ہیں ﴿۴۳﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) ان لوگوں کے دلوں کو (کفریات سے) پاک کرنا اللہ تعالیٰ کو منظور ہی نہیں۔

② (دوسرا ترجمہ) کان لگا لگا کر جھوٹی باتیں سننے والے ہیں (تیسرا) جھوٹی باتیں سننے کی عادت رکھتے ہیں۔

③ (دوسرا ترجمہ) حرام کا مال بہت کھانے والے ہیں۔ "سحت" کا لغوی معنی ہے کسی چیز کی بنیاد کھود کر اس کو برباد کر دینا، رشوت اور حرام مال کا یہی حال ہے کہ وہ دیانت کی بنیادوں کو کھود کر بالکل برباد کر دیتا ہے۔

④ یعنی ان کے مقدمے کو آپ نہ سنیں؛ بلکہ ٹال دیں۔

⑤ اور ان کا مقدمہ نہ چلائیں۔

⑥ (دوسرا ترجمہ) وہ لوگ آپ کو (فیصلے میں) کیسے حاکم بنانا چاہتے ہیں؟

⑦ یعنی ہٹ جاتے ہیں، مانتے نہیں۔

اِنَّاۤ اَنۡزَلۡنَا التَّوۡرٰىةَ فِيۡهَا هُدًى وَّنُوۡرٌ ۚ يَحۡكُمُ بِهَا النَّبِيُّوۡنَ الَّذِيۡنَ اَسۡلَمُوۡا لِلَّذِيۡنَ هَادُوۡا وَالرَّبّٰنِيُّوۡنَ وَالۡاَحۡبَارُ بِمَا اسۡتُحۡفِظُوۡا مِنۡ كِتٰبِ اللّٰهِ وَكَانُوۡا عَلَيۡهِ شُهَدَآءَ ۚ فَلَا تَخۡشَوُا النَّاسَ وَاخۡشَوۡنِ وَلَا تَشۡتَرُوۡا بِاٰيٰتِىۡ ثَمَنًا قَلِيۡلًا ؕ وَمَنۡ لَّمۡ يَحۡكُمۡ بِمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰۤـئِكَ هُمُ الۡكٰفِرُوۡنَ ﴿۴۴﴾ وَكَتَبۡنَا عَلَيۡهِمۡ فِيۡهَاۤ اَنَّ النَّفۡسَ بِالنَّفۡسِ ۙ وَالۡعَيۡنَ بِالۡعَيۡنِ وَالۡاَنۡفَ بِالۡاَنۡفِ وَالۡاُذُنَ بِالۡاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ ۙ وَالۡجُرُوۡحَ قِصَاصٌ ؕ فَمَنۡ تَصَدَّقَ بِهٖ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ ؕ وَمَنۡ لَّمۡ يَحۡكُمۡ بِمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰۤـئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوۡنَ ﴿۴۵﴾

یقیناً ہم ہی نے (موسیٰ پر) تورات اتاری تھی، اس میں ہدایت اور روشنی تھی (اس دور کے) وہ تمام نبی جو (اللہ تعالیٰ کے) فرماں بردار تھے یہودیوں (کے معاملات) میں اس (تورات) کے (حکم کے) مطابق فیصلہ کیا کرتے تھے، اور تمام اللہ والے اور علما بھی ①؛ کیوں کہ ان کو اللہ تعالیٰ کی کتاب کی حفاظت کا ذمے دار بنایا گیا تھا اور وہی (لوگ) اس پر نگران (بھی) تھے ②۔ سو (اے یہودیو!) تم لوگوں سے مت ڈرو اور تم مجھ ہی سے ڈرو اور میرے احکام کے بدلے (دنیا کی) تھوڑی سی قیمت مت لو، اور جو شخص بھی اللہ تعالیٰ کے اتارے ہوئے حکم کے مطابق فیصلہ نہ کرے، سو وہی لوگ کافر ہیں ﴿۴۴﴾ اور ہم نے اس (تورات) میں ان کے لیے یہ (حکم) لکھ دیا تھا کہ جان، جان کے بدلے میں اور آنکھ، آنکھ کے بدلے میں اور ناک، ناک کے بدلے میں اور کان، کان کے بدلے میں اور دانت، دانت کے بدلے میں اور زخموں میں بھی (اسی طرح برابری کا) بدلہ لیا جائے گا، سو جو بھی اس (بدلہ لینے) کو معاف کر دیوے تو وہ اس (معاف کرنے والے) کے لیے (گناہ کا) کفارہ ہوگا ③ اور جو شخص بھی اللہ کے اتارے ہوئے حکم کے مطابق فیصلہ نہ کرے سو وہی لوگ ظلم کرنے والے ہیں ﴿۴۵﴾

---

① یعنی اس تورات کے حکم کے مطابق فیصلہ کیا کرتے تھے۔ دو قسم کی جماعت تھی: اول: ربانیون: جن کی عبادت کی طرف توجہ زیادہ ہوتی تھی، اگرچہ علم بہ قدر ضرورت ہوتا تھا، ایسے دنیا سے بے رغبت لوگ جیسے مکتب کے ابتدائی مدرسین۔ دوم: احبار: جن میں علم زیادہ ہو اور عمل بھی ہو، یہ لوگ باتوں کو عمدہ طریقے سے پیش کرنے میں ماہر ہوتے تھے۔ دونوں جماعتوں کا مقصد اللہ اور رسول کی اطاعت؛ البتہ ان کے نام غلبہ کے اعتبار سے رکھے گئے جن میں عبادت کا غلبہ تھا ان کو "رب" کی طرف نسبت کر کے "ربانی" یعنی اللہ والے ان کا نام ہوا اور جن میں علم کا غلبہ تھا ان کو "احبار" کہا گیا۔ ←

وَقَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ فِيْهِ هُدًى وَّنُوْرٌ ۙ وَّمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ وَلْيَحْكُمْ اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ ۭ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَاۗءَهُمْ عَمَّا جَاۗءَكَ مِنَ الْحَقِّ ۭ لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا ۭ

اوران سب (نبیوں) کے پیچھے ہم نے مریم کے بیٹے عیسیٰ کو اس سے پہلی کتاب یعنی تورات کی تصدیق کرنے والا بنا کر بھیجا اور ہم نے اس (عیسیٰ) کو انجیل دی، اس (انجیل) میں ہدایت اور روشنی تھی اور وہ (انجیل) اپنے سے پہلی کتاب یعنی تورات کی تصدیق کرنے والی (یعنی سچا بتانے والی) تھی اور تقویٰ والوں کے لیے ہدایت اور نصیحت تھی ﴿۴۶﴾ اور انجیل والے اللہ تعالیٰ نے جو کچھ اس (انجیل) میں اتارا ہے اس کے مطابق فیصلہ کیا کریں اور جو شخص بھی اللہ تعالیٰ کے اتارے ہوئے حکم کے مطابق فیصلہ نہ کرے سو وہی لوگ نافرمان ہیں① ﴿۴۷﴾ اور (اے نبی!) ہم نے تم پر حق کے ساتھ کتاب اتاری ہے جو اپنے سے پہلی (آسمانی) کتابوں کو سچا بتلاتی ہے اور ان (اگلی کتابوں کے مضامین) کی حفاظت کرنے والی ہے، لہٰذا جو اللہ تعالیٰ نے (تم پر) اتارا ہے اسی کے مطابق ان کے درمیان فیصلہ کرو اور جو سچی بات تمھارے پاس آگئی اس کو چھوڑ کر تم ان کی خواہشات کے پیچھے مت چلو، ہم نے تم میں سے ہر ایک (امت) کے لیے (الگ الگ) شریعت اور طریقہ مقرر کیا ہے②

⇐ ① اور وہی (لوگ) اس پر گواہ (بھی) تھے۔ ② یعنی گناہ ختم ہونے کا ذریعہ ہوگا۔

اس صفحے کا حاشیہ:

① یہاں تین طرح کی آیتیں ہیں، تطبیق اس طرح ہو سکتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نازل کیے ہوئے احکام کے خلاف حکم دینا کبھی تو کفر ہوتا ہے اور کبھی ظلم و فسق، اگر عملاً اس کے خلاف کرنے کے ساتھ ساتھ اعتقاد میں بھی اس کو حق نہ جانتا ہو تو یہ کفر ہے اور اگر عقیدے کی رو سے تو ان احکام کو حق مانتا ہے، مگر عملاً اس کے خلاف کرتا ہے تو یہ ظلم و فسق ہے۔

② ہر زمانے میں ہر امت کو فروعات میں الگ الگ طریقہ دیا اور اصول ہر دور میں متحد رہے۔

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ؕ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَاَنِ احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ اَنْ يَّفْتِنُوْكَ عَنْ بَعْضِ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكَ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ اَنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّصِيْبَهُمْ بِبَعْضِ ذُنُوْبِهِمْ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ لَفٰسِقُوْنَ ﴿۴۹﴾ اَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُوْنَ ؕ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۵۰﴾

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰۤى اَوْلِيَآءَ ؕ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۱﴾

اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتے تو تم (سب) کو ایک ہی امت کر دیتے ① لیکن تا کہ جو کچھ اس نے تم کو دیا اس میں وہ (اللہ تعالیٰ) تم کو آزما دے، سو بھلائی کے کاموں میں ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی تم کوشش کرو، اللہ تعالیٰ ہی کے پاس تم سب کو واپس جانا ہے، سو جن چیزوں میں تم اختلاف کیا کرتے تھے وہ (اللہ تعالیٰ) تم کو اس کی حقیقت بتلا دیں گے ﴿۴۸﴾ اور یہ کہ اللہ تعالیٰ نے جو حکم اتارا اس کے مطابق تم ان لوگوں کے درمیان فیصلہ کیا کرو اور تم ان کی خواہشات کے مطابق مت چلو اور ان سے اس بات سے بچتے رہو ② کہ وہ تم کو فتنے میں ڈال کر کسی ایسے حکم سے تم کو ہٹا دیویں جو اللہ تعالیٰ نے تمھاری طرف اتارا ہے، سو اگر وہ لوگ نہ مانیں تو جان لو کہ اللہ تعالیٰ ان کو ان کے بعض گناہوں کی (کچھ) سزا (دنیا ہی میں) دینا چاہتے ہیں اور یقیناً لوگوں میں سے بہت سارے فاسق ہی ہیں ﴿۴۹﴾ بھلا کیا جاہلیت والا فیصلہ وہ حاصل کرنا چاہتے ہیں ③؟ اور جو قوم یقین رکھتی ہو ان کے واسطے اللہ تعالیٰ سے زیادہ اچھا فیصلہ کرنے والا کون ہو سکتا ہے؟ ﴿۵۰﴾

اے ایمان والو! تم یہود اور نصاریٰ کو (اپنا گہرا) دوست نہ بناؤ، وہ آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں اور جو شخص تم میں سے ان (یہود و نصاریٰ) سے دوستی کرے گا سو یقیناً وہ ان ہی میں سے ہوگا ④ یقیناً اللہ تعالیٰ ظلم کرنے والی قوم کو ہدایت نہیں دیں گے ﴿۵۱﴾

---

① الگ الگ زمانے میں الگ الگ شریعت آئی۔ ② (دوسرا ترجمہ) احتیاط رکھو (تیسرا) ان سے ہوشیار رہو۔

فَتَرَى الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يُّسَارِعُوْنَ فِيْهِمْ يَقُوْلُوْنَ نَخْشٰٓى اَنْ تُصِيْبَنَا دَآئِرَةٌ ؕ فَعَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَ بِالْفَتْحِ اَوْ اَمْرٍ مِّنْ عِنْدِهٖ فَيُصْبِحُوْا عَلٰى مَآ اَسَرُّوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ نٰدِمِيْنَ ۝ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ اِنَّهُمْ لَمَعَكُمْ ؕ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَاَصْبَحُوْا خٰسِرِيْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ يَاْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ ۙ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ز

سوتم دیکھوان لوگوں کو جن کے دلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے وہ ان (یہود ونصاریٰ) سے جلدی جلدی ملتے ہیں (یعنی دوستی کے تعلقات بڑھا رہے ہیں) وہ کہتے ہیں کہ ہم کوڈر ہے کہ ہم پر مصیبت کا کوئی چکر ① پیش نہ آجاوے ② سو (یہ بات) قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ (مسلمانوں کو) فتح دے دیویں ③ یا اپنی طرف سے کوئی (خاص) بات ظاہر کردیں ④ پھر (اس وقت) جو بات ان منافقوں نے اپنے دلوں میں چھپائی تھی اس پر وہ پچھتانے لگے ﴿۵۲﴾ اور (اس وقت) ایمان والے (تعجب سے) کہیں گے کہ: کیا یہ وہی لوگ ہیں جو اللہ تعالیٰ کی پکی قسمیں کھایا کرتے تھے کہ یقیناً وہ تمھارے ساتھ ہی ہیں، ان کے اعمال برباد ہو گئے جس کے نتیجے میں وہ لوگ نقصان میں رہ گئے ﴿۵۳﴾ اے ایمان والو! جو شخص بھی تم میں سے اپنے دین سے پھر جاوے ⑤ تو بہت جلدی اللہ تعالیٰ ایسی قوم کو لائیں گے کہ وہ (اللہ تعالیٰ) ان سے محبت کریں گے اور وہ لوگ اس (اللہ تعالیٰ) سے محبت کریں گے، ایمان والوں پر نرم (یعنی مہربانی کرنے والے)، کافروں کے لیے سخت ہوں گے،

⇐ ⑦ شریعت کے فیصلوں میں سب کے لیے عدل وانصاف ہے اور جاہلیت کے فیصلوں میں امیر اور غریب قوی اور کمزور میں فرق رکھا جاتا ہے؛ گویا آسمانی شریعت کے خلاف من گھڑت قوانین پر وہ عمل کرتے تھے۔

⑧ اگر کسی مسلمان نے اس قانون کی خلاف ورزی کر کے کسی یہودی یا نصرانی سے گہری دوستی کرلی تو وہ اسلام کی نظر میں بجائے مسلمان کے اسی قوم کا فرد شمار ہونے کے قابل ہے۔

① مصیبت جس پر آتی ہے وہ اس کو گھیر لیتی ہے، یہ "دائرہ" کی تعبیر کا مفہوم معلوم ہو رہا ہے۔

② یعنی مسلمان مغلوب ہو گئے اور کوئی برا وقت آ گیا تو یہ یہود ونصاریٰ ہماری مدد کریں گے؛ اس لیے ان سے بھی محبت رکھو۔

③ یعنی مکہ کی فتح ہو گئی۔ ④ اس کی ایک مراد منافقوں کے نفاق کا پردہ پھاڑ کر ان کو ظاہر کردیا جاوے جس میں ان کی رسوائی ہو۔ ⑤ یعنی مرتد ہو جاوے۔

يُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلَا يَخَافُونَ لَوْمَةَ لَائِمٍ ۚ ذَٰلِكَ فَضْلُ اللَّهِ يُؤْتِيهِ مَن يَشَاءُ ۚ وَاللَّهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ۝ إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُمْ رَاكِعُونَ ۝ وَمَن يَتَوَلَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا فَإِنَّ حِزْبَ اللَّهِ هُمُ الْغَالِبُونَ ۝

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِينَ اتَّخَذُوا دِينَكُمْ هُزُوًا وَلَعِبًا مِّنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ مِن قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ أَوْلِيَاءَ ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ۝ وَإِذَا نَادَيْتُمْ إِلَى الصَّلَاةِ اتَّخَذُوهَا هُزُوًا وَلَعِبًا ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُونَ ۝ قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ هَلْ تَنقِمُونَ مِنَّا إِلَّا أَنْ آمَنَّا بِاللَّهِ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْنَا وَمَا أُنزِلَ مِن قَبْلُ وَأَنَّ أَكْثَرَكُمْ فَاسِقُونَ ۝

اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کریں گے اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہیں ڈریں گے، یہ اللہ کا فضل ہے، وہ (اللہ) جس کو چاہتے ہیں فضل دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ تو بڑی وسعت والے، بڑے جاننے والے ہیں ﴿۵۴﴾ (اے مسلمانو!) یقیناً تمھارے مدد کرنے والے تو اللہ تعالیٰ ہی ہیں اور اس کے رسول ہیں اور وہ ایمان والے ہیں جو نماز قائم کرتے ہیں اور زکوۃ دیتے ہیں اور وہ (اللہ کے سامنے) عاجزی کرنے والے ہیں ﴿۵۵﴾ اور جو شخص اللہ کو اور اس کے رسول کو اور ایمان والوں کو دوست بناتا ہے (اور اللہ تعالیٰ کی جماعت میں شامل ہوجاتا ہے) تو یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ کی جماعت ہی غالب رہنے والی ہے ﴿۵۶﴾

اے ایمان والو! جن لوگوں کو تم سے پہلے کتاب دی گئی ان میں سے جنھوں نے تمھارے دین کو مذاق اور کھیل بنا رکھا ہے ان کو اور کافروں کو تم دوست مت بناؤ، اور اگر تم حقیقت میں ایمان والے ہو تو تم اللہ تعالیٰ (ہی) سے ڈرو ﴿۵۷﴾ اور جب تم نماز کے لیے اذان دیتے ہو تو وہ لوگ اس (اذان اور نماز) کے ساتھ کھیل اور مذاق کرتے ہیں، یہ اس واسطے کہ وہ (کافر) ایسے لوگ ہیں جو عقل نہیں رکھتے ﴿۵۸﴾ (اے نبی!) تم کہہ دو کہ: اے اہلِ کتاب! کیا تم کو ہماری صرف یہ بات بری لگتی ہے ① کہ ہم اللہ تعالیٰ پر اور جو (قرآن) ہم پر اتارا گیا اور جو (تورات وانجیل وغیرہ کتابیں) پہلے اتاری گئی اس پر ہم ایمان لائے، اور یقیناً تم میں سے اکثر لوگ نافرمان ہیں ﴿۵۹﴾

---

① (دوسرا) کیا تم ہمارے ساتھ صرف اس لیے بیر (یا ضد) رکھتے ہو (تیسرا) کیا تم صرف ہماری اس بات پر عیب لگاتے ہو۔

قُلْ هَلْ أُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكَ مَثُوبَةً عِنْدَ اللّٰهِ ۚ مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ وَغَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيرَ وَعَبَدَ الطَّاغُوتَ ۚ أُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّأَضَلُّ عَنْ سَوَآءِ السَّبِيلِ ﴿٦٠﴾ وَإِذَا جَآءُوكُمْ قَالُوٓا اٰمَنَّا وَقَدْ دَّخَلُوا بِالْكُفْرِ وَهُمْ قَدْ خَرَجُوا بِهٖ ۚ وَاللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَا كَانُوا يَكْتُمُونَ ﴿٦١﴾ وَتَرٰى كَثِيرًا مِّنْهُمْ يُسَارِعُونَ فِي الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَأَكْلِهِمُ السُّحْتَ ۚ لَبِئْسَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٦٢﴾ لَوْلَا يَنْهٰهُمُ الرَّبّٰنِيُّونَ وَالْأَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ الْإِثْمَ وَأَكْلِهِمُ السُّحْتَ ۚ لَبِئْسَ مَا كَانُوا يَصْنَعُونَ ﴿٦٣﴾

تم کہہ دو: کیا میں تم کو بتلاؤں کہ اس سے زیادہ بری سزا اللہ تعالیٰ کے یہاں کس کو ہوگی① یہ وہ (یہود) ہیں جن پر اللہ تعالیٰ نے لعنت کی اور ان پر غضب اترا، اور ان میں سے بعض کو بندر اور خنزیر بنا دیا اور ان لوگوں نے شیطان کی عبادت کی، ایسے ہی لوگوں کا بہت برا ٹھکانہ ہے اور (وہی لوگ) سیدھے راستے سے بہت زیادہ بھٹکے ہوئے ہیں ﴿٦٠﴾ اور جب وہ (منافق) لوگ تمھارے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ: ہم تو ایمان لے آئے؛ حالاں کہ وہ کفر لے کر (مسلمانوں کی مجلس میں) داخل ہوئے اور وہ اسی (کفر) کو لے کر نکلے اور اللہ تعالیٰ خوب اچھی طرح جانتے ہیں جس کو وہ لوگ چھپاتے ہیں ﴿٦١﴾ اور تم ان (یہودیوں) میں سے بہت سوں کو دیکھو گے کہ گناہ اور ظلم اور اپنے حرام کے مال کھانے میں دوڑ دوڑ کر وہ آگے بڑھتے ہیں، جو کام وہ کر رہے ہیں وہ بہت ہی برے ہیں ﴿٦٢﴾ اللہ والے اور علما گناہ کی بات کہنے سے اور حرام کا مال کھانے سے ان کو کیوں نہیں روکتے؟ بہت ہی برا کام ہے وہ جو وہ لوگ کر رہے ہیں② ﴿٦٣﴾

---

① مخاطبین کو اشتعال پیدا نہ ہو جائے ایسے عنوان سے خطاب کرنا یہ داعی کے لیے ضروری ہے، آیت میں مخاطب یہود ہے؛ لیکن موازنہ اور مثال کے انداز میں کلام کیا گیا ہے۔② (دوسرا ترجمہ) واقعی ان کی یہ عادت بری ہے۔

نوٹ: (۱) علمائے یہود نے نہی عن المنکر کا کام قصداً چھوڑ دیا اور اس کی عادت بنائی، یہ عادت محض دنیا طلبی کی وجہ سے تھی۔ نوٹ: (۲) اسی لیے حضرت عبداللہ ابن عباسؓ نے فرمایا کہ: یہ آیت قرآنِ کریم کی سخت آیت ہے کہ جس میں نہی عن المنکر چھوڑنے والے کو برائی کرنے والے کے درجے میں سمجھا گیا۔ نوٹ: (۳) عربی زبان میں جب لفظ ''فعل'' استعمال ہوتا ہے تو اس میں ہر قسم کا کام شامل ہوتا ہے، چاہے وہ کام قصداً کرے یا بغیر قصد کے کرے ←

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ يَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ ۚ غُلَّتْ اَيْدِيْهِمْ وَلُعِنُوْا بِمَا قَالُوْا ۘ بَلْ يَدٰهُ مَبْسُوْطَتٰنِ ۙ يُنْفِقُ كَيْفَ يَشَآءُ ۚ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ۚ وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۚ كُلَّمَآ اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ ۙ وَيَسْعَوْنَ فِى الْاَرْضِ فَسَادًا ۚ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۶۴﴾

اور یہودلوگ کہنے لگے: اللہ تعالیٰ کے ہاتھ (خرچ کرنے سے) بند ہو گئے ہیں① (بلکہ سچا جواب یہ ہے کہ) ہاتھ تو خود ان (یہودیوں) کے بند ہو گئے ہیں، انھوں نے ایسی (اللہ تعالیٰ کی شان میں گستاخی والی) بات کہی ہے کہ اس کی وجہ سے ان پر لعنت کی گئی ہے؛ بلکہ اس (اللہ تعالیٰ) کے دونوں ہاتھ پوری طرح کھلے ہوئے ہیں② وہ (اللہ تعالیٰ) جس طرح چاہتے ہیں خرچ کرتے ہیں اور (اے نبی!) تم پر جو (کلام) تمھارے رب کی طرف سے اتارا گیا ہے وہ ان میں سے بہت سوں میں (ان کی ضد کی وجہ سے) شرارت اور کفر ضرور بڑھا کر ہی رہے گا اور ہم نے ان کے آپس میں قیامت کے دن تک دشمنی اور بغض ڈال دیا ہے، جب کبھی بھی وہ (مسلمانوں کے ساتھ) لڑائی کے لیے آگ بھڑکاتے ہیں③ تو اللہ تعالیٰ اس (آگ) کو بجھا دیتے ہیں اور وہ زمین میں فساد پھیلانے میں لگے ہوئے ہیں اور اللہ تعالیٰ فساد کرنے والوں سے محبت نہیں رکھتے ﴿۶۴﴾

⬅ اور "عمل" کا لفظ جب بولا جاتا ہے تو اس سے مراد وہ کام ہوتا ہے جو قصد اور ارادے سے کیا جائے۔ اور "صنع" کا لفظ ایسے کام کے لیے بولا جاتا ہے جو کام انسان اپنے اختیار اور اپنے ارادے سے کرے اور اس کام کو عادت اور مقصد بنا لیوے۔ آیت میں عوام کے برے کاموں کو بتلانے کے لیے "**یعملون**" کا لفظ استعمال ہوا اور مشائخین اور علما کے لیے "**یصنعون**" کا لفظ استعمال ہوا۔ علما عوام سے بدگمان ہو گئے تھے کہ ہم ان کو برائیوں سے روکیں گے تو وہ رکیں گے نہیں اور بڑی بات تو یہ تھی کہ عوام سے تحفے حاصل کرنے کی لالچ میں سچائی کی حمایت کا جذبہ ہی علماء میں پیدا نہیں ہوتا تھا، برے کام کرنے والے علما کی عوام سے بھی زیادہ خطرناک حالت تھی۔

نتیجہ یہ نکلا کہ قوم کے لوگ اگر گناہ میں مبتلا ہوں اور علما کو اندازہ ہو کہ ہم ان کو روکیں گے تو وہ رک جائیں گے، پھر بھی نہ روکیں، چاہے کسی لالچ کی وجہ سے چاہے کسی ڈر کی وجہ سے تو ان علما کا یہ جرم اصل گنہگاروں سے بھی زیادہ خطرناک ہے اس لیے نہی عن المنکر کی کوشش تو کرتے ہی رہنا چاہیے نتیجہ اللہ تعالیٰ کے حوالے ہے۔

اس صفحے کا حاشیہ:

① یعنی نعوذ باللہ یہ لوگ اللہ کو بخیل کہنے لگے ② اللہ تعالیٰ تو بڑے سخاوت کرنے والے ہیں ③ (دوسرا) آگ ملگاتے ہیں۔

وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْكِتٰبِ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاَدْخَلْنٰهُمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۶۵﴾ وَلَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ لَاَكَلُوْا مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ ؕ مِنْهُمْ اُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ؕ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ سَآءَ مَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۶۶﴾

يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۶۷﴾

اور اگر اہل کتاب (قرآن اور محمد ﷺ پر) ایمان لاتے اور تقویٰ اختیار کرتے تو ہم ضرور ان کی برائیاں ان سے معاف کردیتے اور ہم ان کو ضرور نعمتوں کے باغات میں داخل کرتے ﴿۶۵﴾ اور اگر وہ (اہل کتاب) تورات اور انجیل ① اور جو (قرآن) ان پر ان کے رب کی طرف سے اتارا گیا اس پر (عمل کرنے کی) پوری پابندی کرتے تو وہ اپنے اوپر سے ② اور اپنے قدموں کے نیچے ③ سے (یعنی ہر طرف سے) ضرور کھاتے ④ کچھ ان میں سے سیدھے راستے پر بھی ہیں اور ان میں زیادہ لوگ وہ ہیں جو (بہت ہی) برے کام کرتے ہیں ﴿۶۶﴾

اے رسول! (محمد ﷺ) جو (کلام یا احکام) تم پر تمہارے رب کی طرف سے اتارا گیا وہ (تمام لوگوں کو) پہنچا دو اور اگر (بالفرض) تم نے ایسا نہیں کیا تو (اس کا مطلب یہ ہوگا کہ) تم نے اس (اللہ تعالیٰ) کا (کامل) پیغام نہیں پہنچایا اور اللہ تعالیٰ تم کو لوگوں (کی سازشوں) سے بچائیں گے ⑤ یقیناً اللہ تعالیٰ کفر کرنے والی قوم کو ہدایت نہیں دیتے ﴿۶۷﴾

---

① تورات اور انجیل پر پورا عمل اسی وقت ہوگا جب حضور ﷺ پر ایمان لے آویں۔ چونکہ تورات اور انجیل میں جابجا حضور ﷺ کی پیشین گوئی موجود ہیں۔

② یعنی آسمان سے برکت والا پانی برستا۔

③ یعنی زمین کی کھیتی۔

④ یعنی اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا رزق خوب فراغت سے کھاتے۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ تم کو حفاظت میں رکھیں گے۔

قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰى شَیْءٍ حَتّٰى تُقِيْمُوا التَّوْرٰىةَ وَ الْاِنْجِيْلَ وَ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَ لَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّ كُفْرًا ۚ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ الَّذِيْنَ هَادُوْا وَ الصّٰبِـُٔوْنَ وَ النَّصٰرٰى مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَ عَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ۝ لَقَدْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِیْۤ اِسْرَآءِيْلَ وَ اَرْسَلْنَاۤ اِلَيْهِمْ رُسُلًا ؕ كُلَّمَا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰۤى اَنْفُسُهُمْ ۙ فَرِيْقًا كَذَّبُوْا وَ فَرِيْقًا يَّقْتُلُوْنَ۝ وَ حَسِبُوْۤا اَلَّا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ فَعَمُوْا وَ صَمُّوْا ثُمَّ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُوْا وَ صَمُّوْا كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ ؕ وَ اللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ۝

(اے نبی!) تم (یوں) کہو کہ: اے اہلِ کتاب! جب تک تم تورات اور انجیل اور جو (قرآن) تم پر تمھارے رب کی طرف سے (محمد ﷺ کے واسطے سے) اتارا گیا اس کو قائم (یعنی پوری پابندی سے عمل) نہ کرو وہاں تک تم (صحیح دین کے) راستے پر نہیں ہو اور (اے نبی!) تم پر جو (قرآن) تمھارے رب کی طرف سے اتارا گیا ہے وہ ان میں سے بہت سوں کو شرارت اور کفر میں ضرور بڑھا دے گا، سو کافر قوم پر تم افسوس نہ کیا کرو ﴿۶۸﴾ یقیناً جو لوگ ایمان لائے اور جو لوگ یہودی اور صابی اور نصاریٰ ہیں جو بھی (ان میں سے) اللہ تعالیٰ اور قیامت کے دن پر ایمان لائیں اور نیک کام کریں تو ان پر کوئی خوف نہیں ہوگا اور وہ غمگین نہیں ہوں گے ﴿۶۹﴾ پکی بات ہے کہ بنی اسرائیل سے ہم نے (تورات میں تمام نبیوں کو سچا ماننے کا) عہد لیا تھا اور ہم نے ان کے پاس بہت سارے رسول بھیجے، جب بھی کوئی رسول ان کے پاس ایسا حکم لائے جس (حکم) کو ان کا دل پسند نہ کرتا ہو① تو (رسولوں کی) ایک جماعت کو ان لوگوں نے جھٹلا دیا اور ایک جماعت کو وہ قتل کر دیتے تھے ﴿۷۰﴾ اور انھوں نے ایسا سمجھ لیا کہ (ان کی نبیوں کے جھٹلانے پر) کوئی پکڑ نہیں ہوگی، اس لیے وہ لوگ اندھے اور بہرے ہو گئے، پھر اللہ تعالیٰ نے ان کی توبہ قبول کی② پھر (بھی) ان میں سے بہت سارے لوگ (اسی طرح) اندھے اور بہرے بنے رہے اور جو کام وہ لوگ کر رہے ہیں اللہ تعالیٰ اس کو اچھی طرح دیکھتے ہیں ﴿۷۱﴾

① اپنی چاہتوں کو احکامِ الٰہی کے تابع بنانا ہے نہ کہ احکام کو مرضی کے تابع بنانا۔

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۭ وَقَالَ الْمَسِيْحُ يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ ۭ اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ النَّارُ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ ۘ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّآ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۭ وَاِنْ لَّمْ يَنْتَهُوْا عَمَّا يَقُوْلُوْنَ لَيَمَسَّنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ اَفَلَا يَتُوْبُوْنَ اِلَى اللّٰهِ وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

پکی بات یہ ہے کہ وہ لوگ کافر ہو گئے جنھوں نے ایسی بات کہی: یقیناً اللہ تعالیٰ ہی مسیح ابن مریم ہیں؛ حالاں کہ (خود) مسیح نے (یہ) کہا تھا: اے بنی اسرائیل! تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو جو میرے بھی رب ہیں اور تمھارے بھی رب ہیں، یقینی بات ہے کہ جو شخص بھی اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرتا ہے تو پکی بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس پر جنت حرام کر دی ہے اور اس (شخص) کا ٹھکانہ آگ ہے اور (ایسے) ظالموں کا کوئی مدد کرنے والا نہیں ہوگا ﴿٧٢﴾ پکی بات یہ ہے کہ وہ (نصاریٰ لوگ بھی) کافر ہو چکے ہیں جو ایسا کہتے ہیں کہ: یقیناً اللہ تو تین (خداؤں) میں کا تیسرا ہے؛ حالاں کہ ایک معبود (اللہ تعالیٰ) کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور جو بات وہ (نصاریٰ) لوگ کہتے ہیں اگر وہ اس سے باز نہیں آئے ① تو ان میں سے جو لوگ کفر پر (قائم) ہیں ان کو دردناک عذاب پہنچ کر ہی رہے گا ﴿٧٣﴾ بھلا کیا وہ لوگ (ایسے غلط عقیدوں سے) اللہ تعالیٰ کے سامنے توبہ نہیں کرتے اور اس سے معافی نہیں مانگتے؛ حالاں کہ اللہ تعالیٰ تو بہت معاف کرنے والے، بڑے رحم کرنے والے ہیں ﴿٧٤﴾

⇐ پچھلے صفحے کا مابقیہ:

⑥ ان کی ہدایت کے لیے اگلے نبیوں کے بعد دوسرے نبی بھیجے گئے کہ وہ سیدھے راستے پر آویں، اس کے باوجود انھوں نے نبیوں کی اطاعت نہیں کی اور اوپر سے یہ بھی خیال کہ نبیوں کی مخالفت کے باوجود ان پر کوئی عذاب آنے والا نہیں ہے۔ بنی اسرائیل کی ان شرارتوں کی وجہ سے اللہ کا عذاب ان پر آیا اور ظالم لوگ ان پر مسلط کیے گئے تب انھوں نے توبہ کی؛ لیکن اچھے حالات ہوتے ہی شرارتوں میں لگ گئے نبیوں کو قتل کیا، سورۂ اسراء کے شروع میں اس کا بیان ہے۔

اس صفحے کا حاشیہ:

① (دوسرا ترجمہ) اگر یہ لوگ اپنی کہی ہوئی بات سے باز نہ آئے۔

مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۚ وَاُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ ۚ كَانَا يَاْكُلٰنِ الطَّعَامَ ۚ اُنْظُرْ كَيْفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ انْظُرْ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۷۵﴾ قُلْ اَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ۚ وَاللّٰهُ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۷۶﴾ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ غَيْرَ الْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعُوْۤا اَهْوَآءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ وَاَضَلُّوْا كَثِيْرًا وَّضَلُّوْا عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿۷۷﴾

لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْۢ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ۚ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿۷۸﴾

مسیح مریم کا بیٹا ایک رسول ہی تو ہے، اس سے پہلے بہت سارے رسول گذر ہی چکے ہیں، اور اس کی اماں بڑی سچائی پر چلنے والی (یعنی ولیہ) تھی، وہ (ماں، بیٹے) دونوں کھانا کھایا کرتے تھے، تم دیکھو! ہم ان کے لیے کس طرح کھول کھول کر (توحید کی) دلیلیں بیان کرتے ہیں پھر تم دیکھو کہ وہ کہاں الٹے جارہے ہیں ﴿۷۵﴾ (اے نبی!) تم (ان سے) کہو: اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر کیا تم ایسی چیز کی عبادت کرتے ہو جو تمھارے لیے نہ نقصان کی کوئی طاقت رکھتی ہو اور نہ نفع کی، اور اللہ تعالیٰ ہی بڑے سننے والے، بہت جاننے والے ہیں ﴿۷۶﴾ (اے نبی!) تم کہو: اے اہلِ کتاب! تم اپنے دین میں ناحق غلو مت کرو① اور تم ایسے لوگوں کی خواہشات پر مت چلو جو خود پہلے ہی سے گمراہ ہو گئے ہیں اور وہ بہت سوں کو گمراہ کر چکے ہیں اور وہ سیدھے راستے (کو جانتے ہوئے بھی اس) سے بھٹک گئے ہیں ﴿۷۷﴾

بنی اسرائیل کے جو لوگ کافر بن گئے ان پر (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) داؤد (علیہ السلام) اور مریم کے بیٹے عیسیٰ (علیہ السلام دونوں) کی زبان سے لعنت کی گئی②، یہ (لعنت) اس لیے ہوئی کہ وہ نافرمانی کرتے تھے اور وہ حد سے نکل جاتے تھے ﴿۷۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) تم تمھارے دین کی بات میں ناحق مبالغہ مت کرو۔

② ظاہری لعنت: بندر اور خنزیر کی شکل بنادی گئی۔

باطنی لعنت: اللہ کے نیک بندوں سے نفرت اور مشرکین کی محبت ان کے دل میں آئی۔

كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ۝ تَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ لَهُمْ اَنْفُسُهُمْ اَنْ سَخِطَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَفِي الْعَذَابِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ۝ وَلَوْ كَانُوْا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالنَّبِيِّ وَمَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوْهُمْ اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝ لَتَجِدَنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الْيَهُوْدَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚ وَلَتَجِدَنَّ اَقْرَبَهُمْ مَّوَدَّةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ قَالُوْۤا اِنَّا نَصٰرٰى ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّ مِنْهُمْ قِسِّيْسِيْنَ وَرُهْبَانًا وَّاَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۝

جو برائی کے کام وہ کرتے تھے اس سے آپس میں ایک دوسرے کو روکتے نہیں تھے ① جو کام وہ لوگ کرتے تھے واقعتاً وہ بہت ہی برے تھے ﴿۷۹﴾ ان (یہود) میں سے بہت سوں کو تم دیکھو گے کہ انھوں نے کافروں کو (اپنا) دوست بنایا ہوا ہے، جو (کام) وہ اپنے لیے آگے (آخرت میں) جو بھیج رہے ہیں یقیناً وہ بہت ہی برا ہے، اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ ان پر ناراض ہو گئے ہیں اور عذاب میں وہ ہمیشہ رہیں گے ﴿۸۰﴾ اور اگر وہ اللہ تعالیٰ پر اور نبی پر اور جو (کلام) ان کی طرف اتارا گیا اس پر ایمان لاتے تو ان (مشرکوں) کو کبھی بھی (اپنا) دوست نہ بناتے؛ لیکن ان میں کے زیادہ لوگ تو نافرمان ہیں ﴿۸۱﴾ (اے نبی!) تم ایمان والوں سے لوگوں میں سب سے زیادہ سخت دشمنی کرنے والے یہود اور شرک کرنے والوں کو پاؤ گے اور تم ان (غیر مسلموں میں سے) ایمان والوں سے دوستی کرنے میں زیادہ نزدیک ان لوگوں کو پاؤ گے جنھوں نے کہا کہ: ہم تو نصرانی ہی ہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ ان (نصرانیوں) میں بہت سارے علما اور (دنیا چھوڑ کر تنہائی میں رہنے والے) درویش لوگ ہیں اور اس واسطے کہ وہ (نصاریٰ) تکبر نہیں کرتے ② ﴿۸۲﴾

---

① خود بھی برائی سے رکتے نہیں تھے اور دوسروں کو بھی برائی سے روکتے نہیں تھے۔

② یہود اور مشرکین کے مقابلے میں نصاریٰ قدرے غنیمت ہے۔ جب کہ درویشی اور گوشہ نشینی اور تکبر میں کمی یہ سب اوصاف ہوں بعض مفسرین فرماتے ہیں کہ: یہ آیت نجاشی اور ان کے رفقا کے متعلق نازل ہوئی۔

وَاِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰٓى اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ ۚ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۸۳﴾ وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَا جَآءَنَا مِنَ الْحَقِّ ۙ وَنَطْمَعُ اَنْ يُّدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۴﴾ فَاَثَابَهُمُ اللّٰهُ بِمَا قَالُوْا جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزَآءُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۸۶﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبٰتِ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۸۷﴾

اور جب وہ ① اس کلام (یعنی قرآن) کو سنتے ہیں جو رسول (یعنی محمد ﷺ) پر اتارا گیا ہے تو تم ان کی آنکھوں کو دیکھو گے کہ وہ آنسوؤں سے بہہ رہی ہیں، اس وجہ سے کہ انھوں نے حق (یعنی اسلام) کو پہچان لیا ہے، وہ (یوں) کہتے ہیں کہ: اے ہمارے رب! ہم تو ایمان لے آئے، سو آپ ہم کو ماننے والوں کے ساتھ لکھ دیجیے ﴿۸۳﴾ اور ہم اللہ تعالیٰ پر اور جو سچا دین ہمارے پاس آ گیا ہے اس پر کیوں ایمان نہ لائیں؟ اور (پھر) ہم اس بات کی توقع رکھیں کہ ہمارے رب ہم کو نیک لوگوں میں داخل کر دیں گے ② ﴿۸۴﴾ سو اللہ تعالیٰ اُن کی (اِن) کہی ہوئی باتوں کے بدلے میں ان کو ایسے باغات عطا فرمائیں گے جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی، ان میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور نیکی کرنے والوں کا یہی بدلہ ہے ﴿۸۵﴾ اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہی لوگ جہنم والے ہیں ﴿۸۶﴾

اے ایمان والو! جو پاکیزہ چیزیں اللہ تعالیٰ نے تمھارے لیے حلال کر دی ہیں تم ان کو حرام مت کر لیا کرو اور تم (شریعت کی) حد سے آگے مت بڑھو، یقیناً اللہ تعالیٰ (شریعت کی) حد سے باہر نکلنے والوں سے محبت نہیں کرتے ﴿۸۷﴾

---

① یعنی نصاریٰ جو بعد میں مسلمان ہو گئے۔

② آخرت میں نیک لوگوں کے ساتھ شامل ہونے کی امید ایمان لانے پر موقوف ہے؛ اس لیے ایمان لانا ضروری ہے، اسی طرح حق قبول کرنے والوں پر ملامت کرنا نیک بختی نہیں ہے۔

وَكُلُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ حَلَالًا طَيِّبًا ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي أَنْتُمْ بِهِ مُؤْمِنُونَ ۝ لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللَّهُ بِاللَّغْوِ فِي أَيْمَانِكُمْ وَلَٰكِنْ يُؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُمُ الْأَيْمَانَ ۖ فَكَفَّارَتُهُ إِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسَاكِينَ مِنْ أَوْسَطِ مَا تُطْعِمُونَ أَهْلِيكُمْ أَوْ كِسْوَتُهُمْ أَوْ تَحْرِيرُ رَقَبَةٍ ۖ فَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ ۚ ذَٰلِكَ كَفَّارَةُ أَيْمَانِكُمْ إِذَا حَلَفْتُمْ ۚ وَاحْفَظُوا أَيْمَانَكُمْ ۚ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْأَنْصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝

اور اللہ تعالیٰ نے جو رزق تم کو دیا ہے تم اس میں سے حلال، پاکیزہ چیزیں① کھاؤ اور جس اللہ تعالیٰ پر تم ایمان رکھتے ہو تم اس سے ڈرتے رہو﴿۸۸﴾ اللہ تعالیٰ تمھاری لغو قسموں پر تمھاری پکڑ نہیں کریں گے② لیکن جو قسمیں تم نے مضبوط باندھیں③ ان (کے توڑنے) پر تمھاری پکڑ کریں گے، سو اس (پکی قسم توڑنے) کا کفارہ یہ ہے: جو درمیانی درجے کا کھانا تم اپنے گھر والوں کو کھلایا کرتے ہو ویسا دس مسکینوں کو کھلانا ہے یا ان (دس مسکینوں) کو کپڑے دو یا ایک گردن (یعنی غلام یا باندی) آزاد کرو، سو جس کے پاس (اس میں سے کچھ بھی) نہ ہو تو وہ تین دن کے روزے رکھے، یہ تمھاری قسموں کا کفارہ ہے جب تم قسم کھا بیٹھو (اور قسم توڑ ڈالی ہو) اور تم اپنی قسموں کی حفاظت کیا کرو④ اسی طرح اللہ تعالیٰ تمھارے لیے اپنے احکام صاف صاف بیان کرتے ہیں؛ تاکہ تم شکر کرنے والے بنو﴿۸۹﴾ اے ایمان والو! یقینی بات ہے کہ شراب اور جوا اور بتوں کے تھان⑤ اور قسمت معلوم کرنے کے تیر یہ سب ناپاک، شیطانی کام ہیں، لہٰذا تم اس سے بچو؛ تاکہ تم فلاح پا جاؤ﴿۹۰﴾

---

① طبیعت کی جس کی طرف رغبت کرے، لذیذ۔

② یعنی کفارہ واجب نہیں۔ لغو قسم: کسی گذشتہ واقعہ پر اپنے خیال کے مطابق سچا سمجھ کر قسم کھائے اور واقع میں وہ غلط ہو، اسی طرح بلا قصد جو قسم کے الفاظ زبان سے نکلے۔ ③ یعنی پکی کھائی۔

④ قسم کھانے میں جلد بازی نہ کرو، بلا ضرورت قسم نہ کھاؤ، قسم کھانے کے بعد شرعی یا طبعی ضرورت کے بغیر قسم کو مت توڑو۔

⑤ تھان: ہر بت کے آگے جانور ذبح کرنے کے لیے ایک خاص جگہ بناتے تھے، جہاں آکر لوگ اس بت کے نام پر جانور ذبح کرتے تھے، اسی طرح بغیر تراشے ہوئے پتھر جن میں کوئی صورت بنی ہوئی نہ ہو اس کو بھی ’’انصاب‘‘ کہتے ہیں۔

اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِى الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ﴿۹۱﴾ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْۤا اَنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۹۲﴾ لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْۤا اِذَا مَا اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاَحْسَنُوْا ۗ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۹۳﴾

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِّنَ الصَّيْدِ تَنَالُهٗۤ اَيْدِيْكُمْ وَرِمَاحُكُمْ

شیطان تو یہی ارادہ کرتا ہے کہ شراب اور جوئے کے ذریعے تمھارے درمیان دشمنی اور بغض ڈال دے اور تم کو اللہ تعالیٰ کے ذکر سے اور نماز سے روک دیوے، سو کیا تم (اب ان چیزوں سے) باز آجاؤ گے؟ (یعنی رک جاؤ) ﴿۹۱﴾ اور تم اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرو اور تم رسول کی اطاعت کرو اور تم (نافرمانی سے) بچتے رہو، سو اگر تم منہ پھرالو گے① تو تم جان لو کہ ہمارے رسول کی ذمے داری صرف صاف صاف (احکام) پہنچا دینا ہے ﴿۹۲﴾ جو لوگ ایمان والے ہوں اور وہ نیک کام کرتے رہیں تو (حرام ہونے سے پہلے) جو کچھ کھایا (یا پیا) اس کی وجہ سے ان پر کوئی گناہ نہیں ہے جب کہ وہ (اس وقت بھی حرام چیزوں سے) بچتے رہیں اور وہ ایمان پر (قائم) رہیں اور نیک کام کرتے رہیں، پھر (آئندہ جو چیزیں حرام کی گئیں اس سے بھی) وہ بچتے رہیں اور ایمان پر (مضبوط) رہیں، پھر تقویٰ پر رہیں② ور نیکی کیں اور اللہ تعالیٰ نیکی کرنے والوں سے محبت رکھتے ہیں③ ﴿۹۳﴾

اے ایمان والو! شکار کے کچھ جانوروں کے ذریعے سے اللہ تعالیٰ ضرور تمھاری آزمائش کریں گے④ جن کو تمھارے ہاتھ اور تمھارے نیزے حاصل کرسکیں گے؛

---

① یعنی اطاعت نہیں کروگے۔

② یعنی ایمان اور تقویٰ میں ترقی کرتے کرتے اونچے مقام پر پہنچ گئے۔

③ اس آیت میں تین مرتبہ "اتقوا" کا ذکر ہے، اس کی مراد یہ سمجھ میں آتی ہے کہ پہلے سے مراد کفر سے بچنا، دوسرے سے مراد گناہ کبیرہ سے بچنا اور تیسرے سے مراد گناہ صغیرہ سے بچنا ہے۔ پہلے "اٰمنوا" میں عمومی ایمان، دوسرے میں یقین مراد لیا جائے۔ ④ (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ ایک معمولی سی شکار کی بات میں تمھاری ضرور آزمائش کریں گے۔

لِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّخَافُهٗ بِالْغَيْبِ ۚ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٩٤﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ۚ وَمَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآءٌ مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ هَدْيًا بٰلِغَ الْكَعْبَةِ اَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسٰكِيْنَ اَوْ عَدْلُ ذٰلِكَ صِيَامًا لِّيَذُوْقَ وَبَالَ اَمْرِهٖ ۚ عَفَا اللّٰهُ عَمَّا سَلَفَ ۚ وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ اللّٰهُ مِنْهُ ۚ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ﴿٩٥﴾ اُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهٗ مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ ۚ وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُمًا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْۤ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿٩٦﴾

تاکہ اللہ تعالیٰ (ظاہر کر کے بھی) جان لیویں کہ کون بغیر دیکھے ہوئے اس (اللہ تعالیٰ کے عذاب) سے ڈرتا ہے، پھر جو شخص اس (حرمت) کے بعد زیادتی کرے گا تو اس کے لیے دردناک عذاب ہے ﴿۹۴﴾ اے ایمان والو! تم احرام کی حالت میں ہو تب شکار مت کرو اور جو شخص تم میں سے جان بوجھ کر اس (شکار) کو قتل کر دیوے تو (اس پر) اس قتل کیے ہوئے جانور جیسا چوپایوں میں سے بدلہ میں دینا ضروری ہوگا، جس کا تم میں سے دو معتبر ① شخص فیصلہ کریں گے، جس کو (ذبح کے لیے) کعبہ کے پاس پہنچا دیا جائے یا کفّارے میں (اس جانور کی قیمت کا) مسکینوں کو کھانا دے دیا جاوے ② یا اس کے برابر روزے رکھنے ہیں؛ تاکہ وہ (شکار کرنے والا) اپنے کیے ہوئے کام کے وبال کا مزہ چکھے، پہلے جو کچھ ہو چکا اللہ تعالیٰ اس کو معاف کر چکیں ہیں اور جو شخص دوبارہ یہ کام کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس سے انتقام لیں گے اور اللہ تعالیٰ تو بڑے زبردست انتقام لینے والے ہیں ﴿۹۵﴾ تمھارے لیے سمندر کا شکار کرنا اور اس کا کھانا خود تمھارے لیے اور (قافلہ میں چلنے والے) مسافروں کے لیے فائدہ اٹھانے کی غرض سے حلال کر دیا گیا ہے اور جب تک تم احرام کی حالت میں ہو تمھارے لیے زمین کا شکار حرام کیا گیا ہے اور تم اس اللہ تعالیٰ سے ڈرو جس کے پاس تم سب جمع کیے جاؤ گے ﴿۹۶﴾

---

① یعنی دیانت دار، تجربہ کار، صاحبِ بصیرت۔ ② اس شکار کی قیمت سے مساکین کو غلہ دینا ہے؛ یعنی ایک مسکین کو ایک صدقۂ فطر کی مقدار کا اناج، اس طرح پوری قیمت سے جس قدر مساکین کو ہو سکے ہر مسکین کو ایک صدقۂ فطر کی مقدار کا غلہ بانٹ دیا جائے یا جتنے مساکین کو غلہ دیا جا سکتا ہے اتنی مقدار میں روزے رکھیں۔

جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيٰمًا لِّلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ وَالْهَدْيَ وَالْقَلَآئِدَ ؕ ذٰلِكَ لِتَعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۹۷﴾ اِعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ وَاَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹۸﴾

اللہ تعالیٰ نے احترام والے گھر کعبہ کو لوگوں کے لیے (امن اور بھلائی کے) قیام کا ذریعہ بنایا ہے ① اور احترام والے مہینے ② اور ہدی ③ اور جن (جانوروں) کے گلے میں پٹے ④ ڈالا جاتا ہے ان کو بھی ⑤؛ یہ اس لیے تاکہ تم لوگ جان لو کہ آسمانوں میں جو کچھ ہے اور زمین میں جو کچھ ہے یقیناً اللہ تعالیٰ اس کو جانتے ہیں اور یقیناً اللہ تعالیٰ ہر چیز کو اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۹۷﴾ تم جان لو یقیناً اللہ تعالیٰ کا عذاب بہت سخت ہے اور یقیناً اللہ تعالیٰ بہت معاف کرنے والے، بڑے رحم کرنے والے ہیں ﴿۹۸﴾

---

① قیام کا مطلب:

(۱) جس پر کسی چیز کا قیام و بقا موقوف ہو۔

(۲) دنیا کا بقا کعبہ سے ہے، دنیا کی شروعات کعبے سے ہوئی اور قیامت کے قریب جب کعبہ نہ رہے گا تو پھر اس دنیا کا فنا ہونا شروع ہو جائے گا۔

(۳) اسی طرح کعبہ نماز، حج، عمرہ کے قائم ہونے کا ذریعہ ہے۔

(۴) مکہ کے لوگوں کو کعبہ کی برکت سے امن اور انواع و اقسام کے پھل ملتے ہیں۔

(۵) ظلم اور خون ریزی سے امن ہے۔

(۶) گویا کعبہ پورے عالم کے لوگوں کے لیے بقا اور امن کا ذریعہ ہے۔

(۷) پھر اللہ تعالیٰ کے آخری نبی حضرت محمد ﷺ کا مولد و مسکن ہے، جن کی ذات قیام انسانیت کا ذریعہ ہے۔

② ذی الحجہ کا مہینہ جس میں حج کیا جاتا ہے یا چاروں احترام والے مہینے: رجب، ذی القعدہ، ذی الحجہ، محرم سب مراد ہیں۔

③ حرم کے پاس ذبح کرنے کے لیے جو جانور لے جاتے ہیں۔

④ اسلام سے پہلے جاہلیت کے دور میں جو بھی آدمی حج کے لیے جاتا وہ اپنے گلے میں ایک پٹہ ڈال دیتا، جیسے آج کے جاہلیت کے دور کے حاجی گلے میں پھول کا ہار ڈالتے ہیں جو غلط کام ہے، جس سے لوگ یہ سمجھتے کہ یہ انسان حج میں جا رہا ہے، اسلام میں بھی قربانی کے جانور کے گلے میں پٹہ ڈالنا جائز ہے؛ تاکہ لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ یہ جانور کعبہ لے جا کر ذبح کرتا ہے تو کوئی اس کو نقصان نہیں پہنچاتا، سب اس کا احترام کرتے ہیں۔

⑤ ان سب کو بھی لوگوں کے لیے امن، بھلائی قائم ہونے کا ذریعہ بنا دیا ہے۔

مَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ ۞ قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰۤاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۞

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَسْـَٔلُوْا عَنْ اَشْيَآءَ اِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ ۚ وَاِنْ تَسْـَٔلُوْا عَنْهَا حِيْنَ يُنَزَّلُ الْقُرْاٰنُ تُبْدَ لَكُمْ ؕ عَفَا اللّٰهُ عَنْهَا ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ۞ قَدْ سَاَلَهَا قَوْمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ثُمَّ اَصْبَحُوْا بِهَا كٰفِرِيْنَ ۞

رسول کے ذمے تو (اللہ تعالیٰ کی بات) پہنچا دینا ہی ہے اور جو کچھ تم لوگ ظاہر کرتے ہو اور جو کچھ تم لوگ چھپاتے ہو اللہ تعالیٰ اس کو جانتے ہیں ﴿۹۹﴾ (اے نبی!) تم کہہ دو: ناپاک چیز اور پاک چیز برابر نہیں ہو سکتی ① اگرچہ ناپاک چیز کا زیادہ ہونا تم کو اچھا ہی لگتا ہو، سوائے عقل والو! تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو؛ تاکہ تم لوگ کامیابی حاصل کرلو ﴿۱۰۰﴾

اے ایمان والو! تم ایسی چیزوں کے بارے میں سوال مت کرو کہ اگر تم پر ظاہر کردی جاوے تو وہ تم کو بری لگے اور اگر ان (چیزوں) کے بارے میں ایسے وقت میں تم سوال کرو گے جب قرآن اتارا جا رہا ہو تو وہ تم پر ظاہر کردی جائیں گی ② اللہ تعالیٰ نے ان کو معاف کردیا ③ اور اللہ تعالیٰ تو بڑے معاف کرنے والے، حلیم ہیں ④ ﴿۱۰۱﴾ تم سے پہلے (زمانوں میں دوسری امت) کے لوگوں نے (اپنے رسولوں سے) اس قسم کے سوالات کیے تھے، پھر وہ ان کا (جواب ملا تو عمل کرنے سے) انکار کرنے لگے ﴿۱۰۲﴾

---

① خبیث سے مراد: حرام یا ناپاک چیز، گناہ کرنے والا یا برے اعمال اور طیب سے مراد: حلال یا پاک چیز، اطاعت کرنے والا اور اچھے اعمال۔

② لیکن جب پورا قرآن نازل ہو چکا تو پھر وحی کا سلسلہ بند کردیا گیا۔

③ یعنی پہلے جو ایسے نامناسب سوالات کیے گئے اس کو اللہ نے معاف کردیا؛ لیکن آئندہ ایسے سوال نہ کرنا۔

④ اللہ تعالیٰ کسی نافرمانی پر دنیا میں سزا نہ دیویں تو ایسا مت سمجھنا کہ آگے بھی کوئی سزا یا عذاب نہیں دیں گے۔

مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْۢ بَحِيْرَةٍ وَّلَا سَآئِبَةٍ وَّلَا وَصِيْلَةٍ وَّلَا حَامٍ ۙ وَّلٰكِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَفْتَرُوْنَ
عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ۭ وَاَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى
الرَّسُوْلِ قَالُوْا حَسْبُنَا مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَاۗءَنَا ۭ اَوَلَوْ كَانَ اٰبَاۗؤُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ شَيْــــًٔا وَّلَا
يَهْتَدُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۚ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ ۭ
اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝

اللہ تعالیٰ نے (کسی جانور کو) بحیرہ نہیں بنایا اور سائبہ بھی نہیں بنایا اور وصیلہ بھی نہیں بنایا اور حام بھی نہیں بنایا① لیکن کافر لوگ اللہ تعالیٰ پر جھوٹی تہمت باندھتے ہیں اور ان (کافروں) میں سے زیادہ لوگوں کو (دین کی صحیح) سمجھ نہیں ہے ﴿۱۰۳﴾ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ: جو چیز اللہ تعالیٰ نے اتاری اس کی طرف اور رسول کی طرف آؤ، تو وہ (جواب میں) کہتے ہیں: ہم نے جن (طریقوں) پر اپنے باپ دادوں کو پایا وہی ہمارے لیے کافی ہے، کیا بھلا ان کے باپ دادوں کو (دین کی) کسی بات کا علم نہ ہو اور وہ (آسمانی کتاب کی) ہدایت پر نہ ہو تو بھی (ان ہی کے پیچھے چلیں گے؟)② ﴿۱۰۴﴾ اے ایمان والو! تم اپنی جانوں کی فکر ضرور کرو، جب تم ہدایت پر ہو تو جو لوگ گمراہ ہو گئے ہیں وہ تم کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتے، تم سب کو اللہ تعالیٰ کے پاس لوٹ کر جانا ہے، سو جو کام تم کرتے تھے اسے وہ (اللہ تعالیٰ) تم کو بتلا دیں گے ﴿۱۰۵﴾

---

① بحیرہ، سائبہ، وصیلہ اور حام کی تفصیل:

بحیرہ: جس اونٹنی کا کان چیر کر اس کے دودھ کو بتوں کے لیے چھوڑ دیا جاوے، کوئی اس کا دودھ دوہتا نہیں تھا۔

سائبہ: جو اونٹنی بتوں کے لیے مکمل چھوڑ دی جاتی، اس پر کوئی سواری نہ کرتا، بوجھ نہ لادتا، کسی کام میں اس کو استعمال نہ کیا جاتا، یہ سلسلہ آج کے دور میں بھی ہے۔

وصیلہ: جس اونٹنی کو مسلسل مادہ بچے پیدا ہوں، درمیان میں کوئی بھی نر بچہ پیدا نہ ہو، ایسی اونٹنی کو بھی بتوں کے لیے چھوڑ دیتے تھے۔

حام: جو ایک خاص مقرر کی ہوئی مقدار میں (تقریباً دس) وطی کر لیوے یعنی اس کی نسل سے دس بچے پیدا ہو جائیں تو اس کو بھی مکمل بتوں کے نام پر چھوڑ دیتے اور اس کو کسی بھی کام میں نہ لاتے۔

② یعنی اس طرح کے جاہل آباء و اجداد کی جاہلانہ تقلید نہ کریں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ حِيْنَ الْوَصِيَّةِ اثْنٰنِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ اَوْ اٰخَرٰنِ مِنْ غَيْرِكُمْ اِنْ اَنْتُمْ ضَرَبْتُمْ فِى الْاَرْضِ فَاَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةُ الْمَوْتِ ؕ تَحْبِسُوْنَهُمَا مِنْۢ بَعْدِ الصَّلٰوةِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ اِنِ ارْتَبْتُمْ لَا نَشْتَرِىْ بِهٖ ثَمَنًا وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۙ وَلَا نَكْتُمُ شَهَادَةَ ۙ اللّٰهِ اِنَّاۤ اِذًا لَّمِنَ الْاٰثِمِيْنَ ﴿۱۰۶﴾ فَاِنْ عُثِرَ عَلٰٓى اَنَّهُمَا اسْتَحَقَّاۤ اِثْمًا فَاٰخَرٰنِ يَقُوْمٰنِ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِيْنَ اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْاَوْلَيٰنِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ لَشَهَادَتُنَاۤ اَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا وَمَا اعْتَدَيْنَاۤ ۖ اِنَّاۤ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۰۷﴾

اے ایمان والو! جب تم میں سے کوئی مرنے کے قریب ہو جاوے تو وصیت کرنے کے وقت تم میں سے دو امانت دار آدمی کو تمھارے درمیان (وصیت پر) گواہ بنانا مناسب ہے، یا تم زمین میں سفر میں نکلے ہو پھر (وہیں) موت کی مصیبت نے (آکر) تم کو پکڑ لیا (اور مسلمان گواہ نہ مل سکے) تو تمھارے غیروں میں سے دو (غیر مسلموں) کو (وصیت پر گواہ) بنا لو① (پھر) اگر تم (وارثوں) کو (ان دونوں وصیت کے گواہ کے بارے میں) کوئی شک ہو جاوے تو ان دونوں (گواہوں) کو نماز کے بعد روک لو، پھر وہ دونوں گواہ اللہ تعالیٰ کے نام کی قسم کھا کر (اس طرح) کہیں کہ: ہم اِس (قسم) کے ذریعے کوئی مال (یا فائدہ) لینا نہیں چاہتے، چاہے وہ (معاملہ ہمارے) کسی رشتے دار کا ہو اور اللہ تعالیٰ کی (طرف سے) گواہی (دینے کی جو ذمے داری ہم پر ہے اس) کو ہم نہیں چھپائیں گے (اگر ہم نے چھپایا) تب تو یقیناً ہم گنہگاروں میں سے ہو جائیں گے" ﴿۱۰۶﴾ پھر اگر (وصیت کے دونوں گواہوں کے بارے میں) پتہ چلا کہ (حق دبا کر جھوٹ بول کر) وہ دونوں گناہ کے حق دار ہوئے ہیں تو جن کا حق دبا ہے ان میں سے دوسرے دو آدمی جو (میت کے) زیادہ قریب کے (رشتے دار) ہوں (گواہی دینے کے لیے) ان کی جگہ کھڑے ہو جائیں گے، سو وہ دونوں اللہ تعالیٰ کے نام کی قسم کھا کر کہیں گے کہ: ان (پہلے) دو کی گواہی کے مقابلے میں ہماری گواہی زیادہ سچی ہے اور ہم نے (اس گواہی میں) بالکل زیادتی نہیں کی، یقیناً (اگر ہم نے زیادتی کی) تب تو ہم بڑے ظالم ہوں گے ﴿۱۰۷﴾

---

① وصیت پر گواہ مسلم اور غیر مسلم دونوں میں سے بنا سکتے ہیں چاہے سفر ہو یا وطن میں ہو، ایک گواہ بھی چل سکتا ہے، عادل ہو یا نہ ہو دونوں طرح کے چل سکتے ہیں۔

ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِالشَّهَادَةِ عَلٰى وَجْهِهَآ اَوْ يَخَافُوْٓا اَنْ تُرَدَّ اَيْمَانٌۢ بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاسْمَعُوْا ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝

يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اُجِبْتُمْ ؕ قَالُوْا لَا عِلْمَ لَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۝ اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ اذْكُرْ نِعْمَتِيْ عَلَيْكَ وَعَلٰى وَالِدَتِكَ ۘ اِذْ اَيَّدْتُّكَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۫ تُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا ۚ وَاِذْ عَلَّمْتُكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ۚ

اس (طریقے) میں زیادہ امید ہے کہ وہ (وصیت کے گواہ پہلے ہی سے) صحیح صحیح شہادت دیں گے یا اس بات سے ڈریں گے کہ (جھوٹی گواہی دی تو) ان (وصیت کے گواہ) سے قسموں کے بعد لوٹا کر (مرنے والے کے وارثوں سے دوسری) قسمیں لی جائے گی اور تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور تم (احکام کو) سنو اور اللہ تعالیٰ نافرمان قوم کو ہدایت نہیں دیتے ﴿۱۰۸﴾

جس دن اللہ تعالیٰ تمام رسولوں کو جمع کریں گے، پھر وہ (اللہ تعالیٰ) فرمائیں گے کہ: تم کو (امتوں کی طرف سے دین کی دعوت پر) کیا جواب ملا تھا؟ تو وہ (رسول جواب میں) کہیں گے: ہم کو (ان کے دل کی حقیقت کے بارے میں) کچھ معلوم نہیں ہے①، آپ ہی چھپی ہوئی باتوں کو پوری طرح جاننے والے ہیں ﴿۱۰۹﴾ جب (قیامت کے دن) اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: اے عیسیٰ مریم کے بیٹے! تو میرے احسانات جو تجھ پر اور تیری والدہ پر ہیں اس کو یاد کر، جب کہ میں نے پاک روح (جبریل علیہ السلام) کے ذریعے سے تیری مدد کی تھی، تو گھوارے میں اور بڑی عمر میں (دونوں حالتوں میں) لوگوں سے بات کیا کرتا تھا اور (وہ نعمت بھی یاد کرو کہ) جب میں نے تجھ کو کتاب②اور حکمت اور تورات اور انجیل سکھلائی تھی،

---

① علمِ الٰہی کے سامنے ہمارا علم کچھ نہیں، یا ہمارے بعد کیا ہوا؟ وہ معلوم نہیں۔

② حضرت عیسیٰ علیہ السلام بڑے اچھے ماہر کاتب بھی تھے اور حکمت اور علومِ نافعہ سے بھی اللہ تعالیٰ نے نوازا تھا۔ بعض حضرات نے یہاں "کتاب وحکمت" سے "قرآن وسنت" مراد لیا ہے، چوں کہ آخری دور میں دنیا میں تشریف لا کر اس کے مطابق عمل اور تبلیغ کرنی ہے، واللہ اعلم بالصواب۔

وَاِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّيْنِ كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ بِاِذْنِيْ فَتَنْفُخُ فِيْهَا فَتَكُوْنُ طَيْرًاۢ بِاِذْنِيْ وَتُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ بِاِذْنِيْ ۚ وَاِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتٰى بِاِذْنِيْ ۚ وَاِذْ كَفَفْتُ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَنْكَ اِذْ جِئْتَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۱۰﴾ وَاِذْ اَوْحَيْتُ اِلَى الْحَوَارِيّٖنَ اَنْ اٰمِنُوْا بِيْ وَبِرَسُوْلِيْ ۚ قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَاشْهَدْ بِاَنَّنَا مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ اِذْ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيْعُ رَبُّكَ اَنْ يُّنَزِّلَ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ ؕ قَالَ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾

اور (وہ احسان بھی یاد کرو) جب تو میرے حکم سے مٹی کے گارے سے پرندے جیسی صورت بناتا تھا، پھر تو اس میں پھونک مار دیا کرتا تھا تو وہ میرے حکم سے (سچ مچ) اڑنے والا ہو جاتا تھا اور ماں کے پیٹ سے جو اندھا اور کوڑھ والا ہو اس کو تو میرے حکم سے اچھا کر دیتا تھا اور جب تو میرے حکم سے مُردوں کو (زندہ) نکالتا تھا، اور (وہ نعمتیں یاد کرو) جب میں نے بنی اسرائیل کو تجھ سے (یعنی تکلیف دینے سے) اس وقت روک لیا تھا جب کہ تو ان (بنی اسرائیل) کے پاس (اپنی نبوت کی) کھلی ہوئی نشانیاں لے کر آیا تھا، سو ان (بنی اسرائیل) کے کافروں نے کہا تھا کہ: یہ تو کھلم کھلا جادو ہے ﴿۱۱۰﴾ اور (یہ واقعہ بھی یاد کرو) جب میں نے حواریین کی طرف (نبی کے واسطے سے) حکم بھیجا① یہ کہ تم مجھ پر اور میرے رسول پر ایمان لے آؤ تو (حواریین) کہنے لگے کہ: ہم ایمان لے آئے اور (اے اللہ!) آپ گواہ رہنا کہ ہم پورے فرماں بردار ہیں ﴿۱۱۱﴾ (وہ واقعہ بھی دھیان میں رکھنے جیسا ہے) جب حواریوں نے کہا: اے عیسیٰ مریم کے بیٹے! کیا آپ کے رب ایسا کر سکتے ہیں کہ ہم پر آسمان سے (کھانے کا بھرا) خوان اتاریں②؟ اس (عیسیٰ) نے کہا کہ: اگر تم حقیقت میں ایمان والے ہو تو تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو③ ﴿۱۱۲﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) میں نے حواریین کے دل میں بات ڈال دی۔ حضرت عیسیٰؑ کی حیات میں ان پر ایمان لانے والے حواری کہلاتے ہیں۔

② ہماری درخواست ہمارے لیے آسمانی کھانے کی ہے وہ بطور معجزہ پوری ہوگی کہ نہ ہوگی؟

③ روزی حاصل کرنے کے جو عام ذرائع ہیں وہ اختیار کرو۔

قَالُوْا نُرِيْدُ اَنْ نَّاْكُلَ مِنْهَا وَتَطْمَىِٕنَّ قُلُوْبُنَا وَنَعْلَمَ اَنْ قَدْ صَدَقْتَنَا وَنَكُوْنَ عَلَيْهَا مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ۝ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآىِٕدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝ قَالَ اللّٰهُ اِنِّيْ مُنَزِّلُهَا عَلَيْكُمْ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بَعْدُ مِنْكُمْ فَاِنِّيْٓ اُعَذِّبُهٗ عَذَابًا لَّآ اُعَذِّبُهٗٓ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ۝

وَاِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَاُمِّيَ اِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِيْ ۤ بِحَقٍّ ۭ

وہ (حواری لوگ) کہنے لگے: ہم چاہتے ہیں کہ اس (خوان) میں سے کھا دیں اور ہمارے دلوں کو (پورا) اطمینان ہو اور ہم (پہلے سے بھی زیادہ یقین سے) جان لیویں کہ آپ نے ہم سے (اپنے رسول ہونے کے بارے میں جو بھی کہا تھا وہ) سچ کہا تھا اور اس (معجزہ) پر ہم (دوسروں کے سامنے) گواہی دینے والوں میں شامل ہو جاویں ﴿۱۱۳﴾ مریم کے بیٹے عیسیٰ نے دعا کی: اے اللہ! ہمارے رب! آپ ہم پر آسمان سے (کھانے کا بھرا ہوا) خوان اتار دیجیے جو ہمارے لیے یعنی ہمارے پہلے① اور بعد (کے زمانے میں آنے) والے سب لوگوں کے لیے عید کا دن رہے② اور وہ (خوان) آپ کی (قدرت کی) نشانی ہو جاوے اور آپ ہم کو روزی دیجیے اور آپ تو روزی دینے والوں میں سب سے اچھے ہیں ﴿۱۱۴﴾ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یقین رکھو! وہ (کھانے کا بھرا ہوا خوان) میں تم پر اتارنے والا ہوں، سو جو شخص تم میں سے اس کے بعد کفر کرے گا تو میں ان کو ایسی سخت سزا دوں گا جو تمام دنیا والوں میں کسی کو بھی (ایسی سزا) نہیں دوں گا ﴿۱۱۵﴾

اور (قیامت کے دن کی بات سنو) جب اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: اے عیسیٰ مریم کے بیٹے! کیا تم نے لوگوں سے (ایسا) کہا تھا کہ تم اللہ تعالیٰ کے سوا مجھ کو اور میری ماں کو دو معبود بناؤ؟ تو وہ (عیسیٰ) کہیں گے (کہ اے اللہ!) آپ کی ذات تو (شرک سے) پاک ہے، میری مجال نہیں تھی کہ میں ایسی بات کہوں جس (کے کہنے) کا مجھے کوئی حق ہی نہیں،

---

① یعنی موجودہ زمانے کے لوگ۔ ② (دوسرا ترجمہ) خوشی کا موقع ہو جاوے (اس دن کو یادگار بنالیویں۔ عید میں خوشی ہر سال لوٹ کر آتی ہے اس لیے اس کو عید کہتے ہیں۔

اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ عَلِمْتَهٗ ؕ تَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِیْ وَ لَاۤ اَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِكَ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ﴿۱۱۶﴾ مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَاۤ اَمَرْتَنِیْ بِهٖۤ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّیْ وَ رَبَّكُمْ ۚ وَ كُنْتُ عَلَیْهِمْ شَهِیْدًا مَّا دُمْتُ فِیْهِمْ ۚ فَلَمَّا تَوَفَّیْتَنِیْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِیْبَ عَلَیْهِمْ ؕ وَ اَنْتَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدٌ ﴿۱۱۷﴾ اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۚ وَ اِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۱۱۸﴾ قَالَ اللّٰهُ هٰذَا یَوْمُ یَنْفَعُ الصّٰدِقِیْنَ صِدْقُهُمْ ؕ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَاۤ اَبَدًا ؕ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَ رَضُوْا عَنْهُ ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ﴿۱۱۹﴾ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ مَا فِیْهِنَّ ؕ وَ هُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۱۲۰﴾

اگر میں نے کوئی ایسی بات کہی ہوتی تو یقیناً آپ کو اس کا علم ہوتا، آپ تو میرے دل کی (ہر چھپی) بات کو جانتے ہیں اور میں آپ کی چھپی ہوئی باتوں کو (آپ کے بتائے بغیر) نہیں جانتا، یقیناً آپ تو تمام چھپی ہوئی باتوں کو پورا پورا جانتے ہو① ﴿۱۱۶﴾ میں نے ان لوگوں کو (کچھ) نہیں کہا تھا؛ مگر اتنی بات (کہی تھی) جس کا آپ نے مجھے حکم دیا تھا "یہ کہ تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو جو میرے بھی رب ہیں اور تمہارے بھی رب ہیں" اور جب تک میں ان میں موجود رہا ان (کے حالات) سے واقف تھا، پھر جب آپ نے مجھ کو اٹھالیا تو آپ ہی ان پر خبر رکھنے والے تھے اور آپ تو ہر چیز پر گواہ ہیں ﴿۱۱۷﴾ اگر آپ ان کو عذاب دیں تو وہ آپ ہی کے بندے ہیں② اور اگر آپ ان کو معاف کردیں تو یقیناً آپ تو بڑے زبردست، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۱۱۸﴾ (اس کے بعد) اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: یہ وہ دن ہے جس میں سچے لوگوں کو ان کا سچ نفع دے گا، ان کے لیے ایسے باغات ہیں جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی، ان (باغات) میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہوگئے اور وہ اس اللہ سے خوش ہوگئے، یہ بہت بڑی کامیابی ہوگی ﴿۱۱۹﴾ آسمانوں اور زمین اور جو کچھ بھی ان میں ہے ان (سب) کی حکومت اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہے اور وہ تمام چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں ﴿۱۲۰﴾

---

① قیامت کے دن ہونے والی بات پہلے سے بتادی گئی؛ تاکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پوری حقیقت لوگ سمجھ لیوے اور ان کو خدا یا خدا کا بیٹا نہ مانے۔ ② اور مالک کو حق ہوتا ہے کہ بندوں کو جرم پر سزا دیویں۔

سورة الأنعام

(المکیة)

آیاتها: ۱۶۵۔

رکوعاتها: ۲۰۔

سورۃ انعام

یہ سورت مکی ہے، اس میں ایک سو پینسٹھ (۱۶۵) آیتیں ہیں، سورۃ حجر کے بعد اور سورۃ صافات سے پہلے پچپن (۵۵) نمبر پر نازل ہوئی۔

مکہ مکرمہ میں رات کے وقت تقریباً ایک ساتھ یہ پوری سورت نازل ہوئی، ستر ہزار (۷۰۰۰۰) ملائکہ اس کے ساتھ تسبیح پڑھتے ہوئے دنیا میں آئے۔

اَنعام: نَعم کی جمع ہے: اصل اونٹ کو کہا جاتا ہے اور اہل عرب کے یہاں اونٹ بہت بڑی نعمت ہے، اور بھیڑ، بکری، گائے، بھینس وغیرہ کو بھی کہتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ؕ ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ۝۱ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ قَضٰۤى اَجَلًا ؕ وَاَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ۝۲ وَهُوَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَفِي الْاَرْضِ ؕ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهْرَكُمْ وَيَعْلَمُ مَا تَكْسِبُوْنَ ۝۳ وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ۝۴ فَقَدْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ؕ فَسَوْفَ يَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰٓؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۵

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

تمام تعریفیں اس اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور اندھیریاں اور روشنی بنائی، پھر بھی کافر لوگ (عبادت میں) اپنے رب کے ساتھ دوسروں کو برابر کا درجہ دیتے ہیں ﴿۱﴾ اسی (اللہ تعالیٰ) نے تم کو مٹی کے گارے سے پیدا کیا، پھر (تمھاری موت کا) ایک وقت مقرر کر دیا اور (مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونے کا) ایک وقت اس کے پاس متعین ہے، پھر بھی تم لوگ (قیامت کے بارے میں) شک میں پڑے ہوئے ہو① ﴿۲﴾ اور آسمانوں میں اور زمین میں وہی اللہ تعالیٰ (معبودِ برحق) ہیں② وہی تمھارے چھپے ہوئے اور تمھارے کھلے ہوئے (سب حالات) کو جانتے ہیں اور جو کچھ عمل تم (چھپ کر یا ظاہر میں) کر رہے ہو اس کو بھی وہ جانتے ہیں ﴿۳﴾ اور (اِن کافروں کی حالت یہ ہے کہ) ان کے پاس اُن کے رب کی نشانیوں میں سے جب بھی کوئی نشانی آتی ہے تو وہ اس سے منہ پھرا لیتے ہیں ﴿۴﴾ سو پکی بات یہ ہے کہ جب وہ سچی بات (یعنی قرآن) ان کے پاس آ گئی تو انھوں نے اس (سچی بات) کو جھٹلا دیا، تو اب (نتیجہ یہ ہوگا کہ) جس بات کا وہ مذاق اڑاتے تھے اس کی حقیقت بہت جلد ان کو معلوم ہو جائے گی ﴿۵﴾

---

① آیت میں دو "اجل" ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ اول اجل سے مراد انسان کی ولادت سے موت تک کی زندگی اور دوسرے اجل سے مراد موت سے لیکر دوسری مرتبہ زندہ ہونے تک کا وقت، یہ ایک تفسیر ہے۔

② (دوسرا ترجمہ) وہی اللہ تعالیٰ آسمانوں میں بھی ہے اور زمین میں بھی ہے۔

أَلَمْ يَرَوْا كَمْ أَهْلَكْنَا مِن قَبْلِهِم مِّن قَرْنٍ مَّكَّنَّاهُمْ فِي الْأَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّن لَّكُمْ
وَأَرْسَلْنَا السَّمَاءَ عَلَيْهِم مِّدْرَارًا وَجَعَلْنَا الْأَنْهَارَ تَجْرِي مِن تَحْتِهِمْ فَأَهْلَكْنَاهُم
بِذُنُوبِهِمْ وَأَنشَأْنَا مِن بَعْدِهِمْ قَرْنًا آخَرِينَ ﴿٦﴾ وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتَابًا فِي قِرْطَاسٍ
فَلَمَسُوهُ بِأَيْدِيهِمْ لَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُّبِينٌ ﴿٧﴾ وَقَالُوا لَوْلَا أُنزِلَ عَلَيْهِ
مَلَكٌ ۖ وَلَوْ أَنزَلْنَا مَلَكًا لَّقُضِيَ الْأَمْرُ ثُمَّ لَا يُنظَرُونَ ﴿٨﴾ وَلَوْ جَعَلْنَاهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنَاهُ رَجُلًا
وَلَلَبَسْنَا عَلَيْهِم مَّا يَلْبِسُونَ ﴿٩﴾

کیا انھوں نے (یعنی کافروں نے) نہیں دیکھا کہ ہم ان سے پہلے کتنی قوموں کو ہلاک کر چکے ہیں، جن
کو ہم نے زمین میں ایسی طاقت دی تھی ① جیسی طاقت (ابھی تک) تم کو (بھی) نہیں دی ② اور ہم
نے ان پر آسمان سے خوب (لگاتار) بارش برسائی اور ہم نے نہریں بنائیں جو ان کے نیچے سے بہتی
تھیں (اتنی ساری نعمت پر ایمان نہ لائے تو) پھر ہم نے ان کو ان کے گناہوں کی وجہ سے ہلاک کر دیا
اور ان کے بعد ہم نے دوسری امتوں کو پیدا کیا ﴿۶﴾ اور (ان کافروں کی حالت یہ ہے کہ) اگر ہم تم
پر کاغذ پر لکھی ہوئی کوئی کتاب اتارتے، پھر وہ (کافر) اس کو اپنے ہاتھوں سے چھو (کر کے بھی دیکھ)
لیتے پھر بھی کافر لوگ تو یہی بات کہتے کہ یہ تو کھلا ہوا جادو ہی ہے ﴿۷﴾ اور وہ (کافر) لوگ (یہ بات)
کہتے ہیں کہ: اس (نبی) پر کوئی فرشتہ کیوں نہیں اتارا گیا؟ اور اگر ہم کوئی فرشتہ اتار دیتے تو سب قصہ
ہی ختم ہو جاتا، پھر ان کو (ذرا بھی) ڈھیل نہ دی جاتی ③ ﴿۸﴾ اور اگر ہم اس (رسول) کو (انسان کے
بجائے) فرشتہ بناتے ④ تو ہم اس کو (بھی لازمی طور پر) آدمی ہی (کی شکل) بناتے اور ہم ان کو شبہات
میں پھر مبتلا کر دیتے جس (شبہ) میں وہ ابھی پھنسے ہوئے ہیں ﴿۹﴾

① یعنی ان کے جسم میں بڑی قوت دی گئی، مال و دولت کی بھی کثرت تھی۔
② (دوسرا ترجمہ) ایسا جما دیا تھا جتنا (ابھی تک) ہم نے تم کو نہیں جمایا۔
③ فرشتے کے آجانے کا معجزہ دیکھ لیتے اور اس کے بعد بھی ایمان نہ لاتے تو ان کو ذرا بھی مہلت نہیں ملتی اور فوراً ہلاک
کر دیے جاتے۔
④ (دوسرا ترجمہ) اور اگر ہم (انسان کے بجائے) کسی فرشتے کو رسول بنا کر بھیجتے۔

وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۰﴾ قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۱﴾ قُلْ لِّمَنْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قُلْ لِّلّٰهِ ؕ كَتَبَ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ؕ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ؕ اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ؕ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۳﴾ قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَتَّخِذُ وَلِيًّا فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ ؕ

اور (اے نبی!) پکی بات ہے کہ تم سے پہلے رسولوں کا (مخالفین کی طرف سے) مذاق اڑایا جاچکا ہے؛ پھر نتیجہ یہ ہوا کہ ان میں سے مذاق اڑانے والوں کو اسی (عذاب) نے آ کر گھیر لیا جس کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھے ﴿۱۰﴾

(اے نبی!) تم (ان کافروں سے) کہہ دو: تم زمین میں چلو پھرو، پھر دیکھو کہ جھٹلانے والوں کا کیسا انجام ہوا؟ ﴿۱۱﴾ (اے نبی!) تم (ان سے) پوچھو کہ: آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے وہ کس کی ملکیت میں ہے؟ (پھر وہ جواب نہ دیویں تو آپ ہی) جواب دیجیے کہ: وہ اللہ تعالیٰ ہی کی ملکیت ہے① اس (اللہ تعالیٰ) نے (مخلوق کے ساتھ) رحم کا برتاؤ کرنا اپنے ذمے لازم کر رکھا ہے، وہ (اللہ تعالیٰ) تم سب کو قیامت کے دن ضرور جمع کریں گے، اس میں ذرا بھی شک نہیں ہے، جن لوگوں نے خود اپنے لیے نقصان کا سودا کر رکھا ہے سو وہ ایمان نہیں لاتے ﴿۱۲﴾ اور رات اور دن میں ② جتنی مخلوقات بھی آرام پاتی ہیں وہ سب (مخلوقات) اسی (اللہ تعالیٰ) کی مالکی میں ہیں اور وہ (اللہ تعالیٰ ہر بات کو) پوری طرح سننے والے (ہر چیز کو) اچھی طرح جاننے والے ہیں ﴿۱۳﴾ (اے نبی!) تم کہو کہ: کیا اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کو میں مدد کرنے والا مقرر کروں③؟ جو آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے والے ہیں اور وہ (اللہ تعالیٰ) سب کو کھلاتے ہیں اور ان کو کوئی نہیں کھلاتا④

---

① اس سوال کا جواب متعین ہے، اس کے سوا جواب ہو ہی نہیں سکتا۔ ② تعمیم مکان اور زمان۔

③ سوال نفی کے لیے یعنی اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کو معبود بنانا ہی نہیں ہے۔ باقی حاشیہ اگلے صفحے پر

قُلْ اِنِّیْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَسْلَمَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ﴿۱۴﴾ قُلْ اِنِّیْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَیْتُ رَبِّیْ عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ﴿۱۵﴾ مَنْ یُّصْرَفْ عَنْهُ یَوْمَىِٕذٍ فَقَدْ رَحِمَهٗ ؕ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِیْنُ ﴿۱۶﴾ وَاِنْ یَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ؕ وَاِنْ یَّمْسَسْكَ بِخَیْرٍ فَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۱۷﴾ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْحَكِیْمُ الْخَبِیْرُ ﴿۱۸﴾ قُلْ اَیُّ شَیْءٍ اَكْبَرُ شَهَادَةً ؕ قُلِ اللّٰهُ ۟ۙ شَهِیْدٌۢ بَیْنِیْ وَبَیْنَكُمْ ۫ وَاُوْحِیَ اِلَیَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْۢ بَلَغَ ؕ

(اے نبی!) تم یہ (بھی) کہو کہ: مجھ کو تو یہ حکم ہوا ہے کہ (سب لوگوں میں) سب سے پہلا حکم ماننے والا بن کر میں رہوں اور تم شرک کرنے والوں میں ہرگز شامل مت ہونا ﴿۱۴﴾ (اے نبی!) تم کہہ دو کہ: اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو میں ایک بڑے دن (یعنی قیامت) کے عذاب سے ڈرتا ہوں ﴿۱۵﴾ جس شخص پر سے اس (قیامت کے) دن اس (عذاب) کو ہٹا دیا گیا تو یقیناً اس پر اللہ تعالیٰ نے بڑا رحم کیا اور یہی بہت بڑی کامیابی ہے ﴿۱۶﴾ اور اگر اللہ تعالیٰ تجھ کو کوئی تکلیف پہنچائیں تو اس (تکلیف) کو کوئی دور نہیں کر سکتا، صرف وہی (اللہ تعالیٰ ہی دور کر سکتے ہیں) اور اگر اللہ تعالیٰ تجھ کو کوئی بھلائی پہنچائیں تو وہ (اللہ تعالیٰ) ہر چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں ① ﴿۱۷﴾ اور وہ (اللہ تعالیٰ) اپنے بندوں پر (ہر اعتبار سے) غالب ہیں ② اور وہ (اللہ تعالیٰ) بڑی حکمت والے، بڑے خبر رکھنے والے ہیں ﴿۱۸﴾ (اے نبی!) تم (ان سے) پوچھو کہ: گواہی دینے کے لیے کونسی چیز سب سے بڑی ہے ③؟ (پھر تم (جواب میں خود) کہو کہ: اللہ تعالیٰ ہی (یعنی سب سے بڑے گواہ ہیں جو) میرے اور تمہارے درمیان گواہ ہیں اور مجھ پر یہ قرآن وحی کے ذریعے اتارا گیا؛ تاکہ میں تم کو اس (قرآن) کے ذریعے ڈراؤں اور جن کو یہ (قرآن) پہنچ جاوے ④ ان سب کو بھی (ڈراؤں)،

⇐ پچھلے صفحے کا بقیہ ⑫ (دوسرا ترجمہ) کیا اللہ تعالیٰ جو کہ آسمان اور زمین کے پیدا کرنے والے ہیں اور جو (سب) کو کھانا کھلاتے ہیں اور ان کو کوئی نہیں کھلاتا تو (ایسے اللہ تعالیٰ) کے سوا کسی (دوسرے) کو اپنا معبود قرار دوں؟

نوٹ: کھلانا ظاہر میں بھی ہوتا ہے اور کسی کو سامان بقا عطا کرنا یہ بھی ایک طرح کا کھلانا ہے۔

① اس لیے وہ بھلائی تم کو مل کر ہی رہے گی۔ ② زور والے۔

③ یعنی جس گواہی پر سارے اختلافات ختم ہو جائیں۔ ④ تعمیم نبوت کی طرف اشارہ ہے۔

أَئِنَّكُمْ لَتَشْهَدُونَ أَنَّ مَعَ اللَّهِ آلِهَةً أُخْرَىٰ ۚ قُل لَّا أَشْهَدُ ۚ قُلْ إِنَّمَا هُوَ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ وَإِنَّنِي بَرِيءٌ مِّمَّا تُشْرِكُونَ ﴿١٩﴾ الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَعْرِفُونَهُ كَمَا يَعْرِفُونَ أَبْنَاءَهُمُ ۘ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٢٠﴾

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَوْ كَذَّبَ بِآيَاتِهِ ۗ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الظَّالِمُونَ ﴿٢١﴾ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ نَقُولُ لِلَّذِينَ أَشْرَكُوا أَيْنَ شُرَكَاؤُكُمُ الَّذِينَ كُنتُمْ تَزْعُمُونَ ﴿٢٢﴾ ثُمَّ لَمْ تَكُن فِتْنَتُهُمْ إِلَّا أَن قَالُوا وَاللَّهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِينَ ﴿٢٣﴾

کیا تم واقعی یہ گواہی دے سکتے ہو کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ اور معبود بھی ہیں؟ (یہ بات) بتلا دو کہ: میں تو (کبھی بھی) شہادت نہیں دوں گا، تم یہ کہہ دو کہ: یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) تو ایک ہی معبود ہیں اور جن چیزوں کو تم شریک کرتے ہو یقیناً میں تو اس سے بری ہوں① ﴿١٩﴾ جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی وہ ان (آخری نبی) کو ایسا پہچانتے ہیں جیسا وہ اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں، جن لوگوں نے اپنے آپ کو نقصان میں ڈالا سو ایسے لوگ ایمان نہیں لائیں گے ﴿٢٠﴾

اور اس شخص سے بڑا ظالم کون ہوگا جس نے اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھا② یا اس (اللہ تعالیٰ) کی آیتوں کو جھٹلایا؟ یقیناً ایسے ظالموں کو فلاح نصیب نہیں ہوگی ﴿٢١﴾ اور جس (قیامت کے) دن ہم ان سب (مخلوق) کو (ایک ساتھ میدان میں) جمع کریں گے، پھر ہم مشرکوں سے پوچھیں گے کہ: تمہارے وہ شریک (یعنی معبود) کہاں ہیں جن کے (معبود ہونے کے) بارے میں تم دعویٰ کیا کرتے تھے؟ ﴿٢٢﴾ پھر ان کے پاس کوئی بہانہ نہیں ہوگا③؛ مگر وہ یوں کہیں گے کہ: ہمارے رب اللہ تعالیٰ کی قسم! کہ ہم شرک کرنے والے نہیں تھے ﴿٢٣﴾

---

① یعنی شرک سے میرا کوئی تعلق نہیں۔

②: (١) یعنی اللہ کی طرف شرک کی نسبت کی۔

(٢) جس کو اللہ تعالیٰ نے نبی نہیں بنایا پھر بھی وہ نبی ہونے کا دعویٰ کرے۔

(٣) سچے نبی کی بات نہ ماننا۔

③ یعنی معذرت کرنے کا سامان۔

اُنْظُرْ كَيْفَ كَذَبُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ۝ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ وَجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۭ وَاِنْ يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءُوْكَ يُجَادِلُوْنَكَ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ۝ وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَيَنْــــَٔـوْنَ عَنْهُ ۚ وَاِنْ يُّهْلِكُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ۝ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا عَلَي النَّارِ فَقَالُوْا يٰلَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِاٰيٰتِ رَبِّنَا وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ۝

دیکھوتو! وہ اپنے اوپر کیسا جھوٹ بولے اور جو (جھوٹ) وہ بناتے تھے وہ سب ان سے گم ہو گئے ﴿۲۴﴾ اوران (مشرکوں) میں سے کچھ ایسے بھی لوگ ہیں جو (آپ کے قرآن پڑھتے وقت) تمھاری طرف کان لگا کر (قرآن) سنتے ہیں اور (مگر سننے کا مقصد ماننا نہیں ہوتا تھا؛ اس لیے) ہم نے ان کے دلوں پر پردے ڈال دیے ہیں؛ تاکہ وہ اس (قرآن) کو سمجھ نہ سکیں اور ان کے کانوں میں بہرا پن (یا گرانی پیدا کردی) ہے، اور اگر وہ لوگ (ایک ایک کرکے) تمام نشانیاں بھی دیکھ لیویں تب بھی وہ ان پر ایمان نہیں لاویں گے (ان کی دشمنی) یہاں تک (پہنچ گئی ہے) کہ جب وہ (کافر لوگ) تمھارے پاس تم سے جھگڑا کرنے کے لیے آتے ہیں تو (یہ) کافرلوگ (اس قرآن کے بارے میں ایسا) کہتے ہیں کہ: یہ (قرآن) تو پہلے لوگوں کی کہانیاں ہی ہیں ﴿۲۵﴾ اور وہ (کافر لوگ) اس (قرآن) سے (دوسروں کو بھی) روکتے ہیں اور وہ (خود بھی) اس سے دور رہتے ہیں① اور وہ اپنی ہی جانوں کو ہلاکت میں ڈالتے ہیں اور وہ (اس بات کو) سمجھتے بھی نہیں ہیں ﴿۲۶﴾ اور (اے نبی!) کاش کہ تم (ان کی حالت) دیکھ سکتے جب وہ (کافر لوگ قیامت کے دن) آگ (یعنی جہنم) پر کھڑے کیے جاویں گے، سو وہ (کافر لوگ) بولیں گے: اے کاش! (کوئی ایسی صورت ہو) کہ ہم واپس (دنیا میں) بھیج دیے جاویں؛ اور ہم اپنے رب کی آیتوں کو نہ جھٹلائیں اور ہم ایمان لانے والوں میں شامل ہو جائیں ﴿۲۷﴾

---

① دوسرا ترجمہ: بھاگتے ہیں۔

بَلْ بَدَا لَهُمْ مَّا كَانُوْا يُخْفُوْنَ مِنْ قَبْلُ ۖ وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝ وَقَالُوْٓا اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ۝ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ۭ قَالَ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ۭ قَالُوْا بَلٰى وَرَبِّنَا ۭ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ۝

قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَاۗءِ اللّٰهِ ۭ حَتّٰٓي اِذَا جَاۗءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوْا يٰحَسْرَتَنَا عَلٰي مَا فَرَّطْنَا فِيْهَا ۙ وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ اَوْزَارَهُمْ عَلٰي ظُهُوْرِهِمْ ۭ اَلَا سَاۗءَ مَا يَزِرُوْنَ ۝

(حالاں کہ ان کی یہ آرزو بھی سچی نہیں ہوگی) بلکہ جن باتوں کو وہ اس سے پہلے چھپایا کرتے تھے وہ (آج) ان پر ظاہر ہوجائیں گی① اور اگر ان کو دوبارہ (دنیا میں) بھیج دیا جاوے تو بھی یہ وہی کام کریں گے جس سے ان کو روکا گیا تھا، اور (تم) یقین جانو کہ وہ پکے جھوٹے ہیں ﴿۲۸﴾ اور وہ تو (یوں بھی) کہتے ہیں کہ: بس ہماری تو (جو کچھ ہے وہ) یہی دنیوی زندگی ہے اور (مرنے کے بعد) ہم کو دوبارہ زندہ نہیں کیا جائے گا ﴿۲۹﴾ اور اگر تم وہ وقت دیکھو جب وہ (کافر) اپنے رب کے سامنے کھڑے کیے جائیں گے تو وہ (اللہ تعالیٰ ان سے) پوچھیں گے کہ: کیا یہ (دوبارہ زندہ ہونا) حق نہیں ہے؟ تو وہ (جواب میں) کہیں گے: کیوں نہیں! ہمارے رب کی قسم②! وہ (اللہ تعالیٰ) فرمائیں گے: سو جو کفر تم کیا کرتے تھے اس کے سبب تم عذاب (کا مزہ) چکھو ﴿۳۰﴾

پکی بات یہ ہے کہ جن لوگوں نے اللہ کی ملاقات کو جھٹلایا وہ نقصان میں پڑ گئے③ یہاں تک کہ جب قیامت ان کے سامنے اچانک آ کر کھڑی ہوجائے گی تب وہ کہیں گے: ہائے افسوس! ہماری اس کوتاہی پر جو اس (قیامت) کے بارے میں ہوئی ہے، اور وہ اپنی پیٹھوں پر اپنے (گناہوں کا بھاری) بوجھ لادے ہوئے ہوں گے④ سن لو! بہت ہی برا بوجھ ہے جو وہ (اپنے اوپر) اٹھائیں گے ﴿۳۱﴾

---

① مراد آخرت کا عذاب ہے جس کا دنیا میں انکار کرتے تھے، آج وہ سامنے ہوگا۔ [دوسرا ترجمہ] بلکہ دراصل وہ چیز (یعنی آخرت) ان کے سامنے کھل کر آچکی ہوگی جسے وہ پہلے چھپایا کرتے تھے (اس لیے مجبوراً یہ بات کہیں گے)

② یعنی موت کے بعد کی دوسری زندگی حق ہے۔ ③ (دوسرا ترجمہ) وہ لوگ تباہ ہوگئے۔

④ (دوسرا ترجمہ) اٹھائے ہوئے ہوں گے۔

وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ۭ وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ قَدْ نَعْلَمُ اِنَّهٗ لَيَحْزُنُكَ الَّذِيْ يَقُوْلُوْنَ فَاِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُوْنَكَ وَلٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ۝ وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوْا عَلٰي مَا كُذِّبُوْا وَاُوْذُوْا حَتّٰٓي اَتٰىهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَلَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۚ وَلَقَدْ جَاۗءَكَ مِنْ نَّبَاِى الْمُرْسَلِيْنَ ۝ وَاِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ اِعْرَاضُهُمْ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَبْتَغِيَ نَفَقًا فِي الْاَرْضِ اَوْ سُلَّمًا فِي السَّمَاۗءِ فَتَاْتِيَهُمْ بِاٰيَةٍ ۭ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَي الْهُدٰي فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ۝

اور دنیا کی زندگی تو کھیل اور تماشے کے سوا کچھ نہیں ہے اور جو لوگ ڈرتے ہیں ان کے لیے تو آخرت کا گھر ہی بہتر ہے، کیا پھر بھی تم (اتنی سی بات بھی) سمجھتے نہیں ہو؟ ﴿۳۲﴾ (اے نبی!) ہم کو معلوم ہے کہ ان (کافروں) کی باتیں تم کو رنج میں ڈالتی ہیں، سو حقیقت میں وہ (کافر لوگ) تم کو نہیں جھٹلاتے؛ لیکن ظالم لوگ اللہ تعالیٰ کی آیتوں کا (جان بوجھ کر) انکار کرتے ہیں ﴿۳۳﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ تم سے پہلے بہت سارے رسولوں کو جھٹلایا جا چکا ہے، پھر ان (رسولوں) کو جو جھٹلایا گیا اور ستایا گیا اس پر انھوں نے صبر کیا، یہاں تک کہ ہماری مدد ان کو پہنچ گئی اور اللہ تعالیٰ کی باتوں کو کوئی بدل نہیں سکتا اور پکی بات ہے کہ (پچھلے) رسولوں کے بعض واقعات تم تک (قرآن میں) پہنچ بھی چکے ہیں ﴿۳۴﴾ اور اگر ان (کافروں) کا (ایمان سے) منہ پھرانا تم کو بہت بھاری لگتا ہے تو تم اگر زمین کے اندر (جانے کی) کوئی سرنگ یا آسمان میں (چڑھنے کے لیے) کوئی سیڑھی تلاش کر کے (ان کا منا مانگا) معجزہ لا سکتے ہو تو لے آؤ، اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتے تو ان سب کو ہدایت پر جمع کر دیتے؛ لہٰذا تم ہرگز نادانوں میں شامل نہ ہونا① ﴿۳۵﴾

---

① کفار کی طرف سے بہت سارے بیجا معجزات کا مطالبہ ہوتا جس کا مقصد صرف ہٹ دھرمی اور ضد ہوتا، ان کی حالت تو ایسی ہے کہ تمام معجزات بھی دیکھ لیں تب بھی ایمان نہیں لاویں گے، ان کے مطالبات کو پورا کرنا بیکار ہے اور خدا کی حکمت کے بھی خلاف ہے۔ ہاں! اگر آپ ان کے مطالبات پورا کرنے کے لیے ان کے کہنے کے مطابق زمین کے اندر جانے کے لیے کوئی سرنگ بنا سکیں یا آسمان پر چڑھنے کے لیے کوئی سیڑھی ایجاد کر سکیں تو یہ بھی کر دیجیے اور ظاہر ہے کہ اللہ کے حکم کے بغیر آپ ایسا نہیں کر سکتے؛ اس لیے یہ فکر چھوڑ دیجیے کہ ان کے منہ مانگے مطالبات ان کو دکھائے جائیں۔ اس آیت کے ذریعہ آپ ﷺ کو ان ازلی کفار کے ایمان سے نا امید کرنا ہے اور تسلی ہے کہ ان کافروں کے ایمان نہ لانے سے آپ رنجیدہ نہ ہو۔

إِنَّمَا يَسْتَجِيبُ الَّذِينَ يَسْمَعُونَ ۘ وَالْمَوْتَىٰ يَبْعَثُهُمُ اللَّهُ ثُمَّ إِلَيْهِ يُرْجَعُونَ ﴿٣٦﴾ وَقَالُوا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ ۚ قُلْ إِنَّ اللَّهَ قَادِرٌ عَلَىٰ أَن يُنَزِّلَ آيَةً وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ① ﴿٣٧﴾ وَمَا مِن دَابَّةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا طَائِرٍ يَطِيرُ بِجَنَاحَيْهِ إِلَّا أُمَمٌ أَمْثَالُكُم ۚ مَّا فَرَّطْنَا فِي الْكِتَابِ مِن شَيْءٍ ۚ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّهِمْ يُحْشَرُونَ ﴿٣٨﴾ وَالَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا صُمٌّ وَبُكْمٌ فِي الظُّلُمَاتِ ۗ مَن يَشَإِ اللَّهُ يُضْلِلْهُ وَمَن يَشَأْ يَجْعَلْهُ عَلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿٣٩﴾

تمھاری دعوت تو وہی لوگ قبول کرتے ہیں جو (حق کی طلب کے ساتھ) سنتے ہیں اور جو مُردے ہیں اللہ تعالیٰ ان کو (قیامت میں) زندہ کر کے اٹھائیں گے، پھر وہ اسی (اللہ تعالیٰ) کی طرف لوٹائے جائیں گے ﴿۳۶﴾ اور وہ (کافر لوگ) کہنے لگے: اس (نبی) پر ان کے رب کی طرف سے (جیسی ہم چاہتے ہیں ویسی) کوئی نشانی کیوں نہیں اتاری گئی؟ (تو اے نبی!) تم (جواب میں) کہو کہ: یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ (منہ مانگی) نشانی اتارنے کی قدرت رکھتے ہیں؛ لیکن ان میں کے اکثر لوگ (اس کا انجام) نہیں جانتے① ﴿۳۷﴾ اور زمین میں جتنے بھی جانور چلتے ہیں اور جتنے بھی پرندے اپنے دونوں پروں سے اڑتے ہیں وہ تمھاری طرح (مخلوق) کی مختلف جماعتیں ہیں②، ہم نے کتاب (لوحِ محفوظ) میں کوئی کمی نہیں چھوڑی③، پھر وہ سب اپنے رب کی طرف جمع کرلے جائے جائیں گے ﴿۳۸﴾ اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہ بہرے ہیں اور گونگے ہیں، اندھیریوں میں پڑے ہیں④، اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں اس کو گمراہ کردیتے ہیں اور وہ (اللہ تعالیٰ) جس کو چاہتے ہیں اس کو سیدھی راہ پر لگادیتے ہیں ﴿۳۹﴾

---

① (۱) خود کے مانگے ہوئے معجزات مل جاویں اور ایمان نہ لاویں تو فوری عذاب آتا ہے۔
(۲) جن قوانینِ حکمت ورحمت پر تکوینی نظام کی بنیاد ہے اس کو وہ لوگ جانتے نہیں۔

② یعنی قیامت کے دن زندہ ہو کر اٹھنے اور حساب میں سب برابر ہیں، اسی طرح پیدائش اور نظامِ رزق میں بھی یہ مخلوق انسان کی طرح اللہ تعالیٰ کی محتاج ہیں۔

③ قیامت تک ہونے والی تمام چیزیں لوحِ محفوظ میں لکھ دی ہے۔

④ (دوسرا ترجمہ) اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا ہے وہ اندھیروں میں بھٹکتے بھٹکتے بہرے اور گونگے ہو چکے ہیں۔

قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ اَوْ اَتَتْكُمُ السَّاعَةُ اَغَيْرَ اللّٰهِ تَدْعُوْنَ ۚ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُوْنَ ۝ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَخَذْنٰهُمْ بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُوْنَ ۝ فَلَوْلَآ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا وَلٰكِنْ قَسَتْ قُلُوْبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ ۭ حَتّٰٓى اِذَا فَرِحُوْا بِمَآ اُوْتُوْٓا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ ۝

(اے نبی! ان کافروں سے) تم کہہ دو: اگر تم (شرک کے دعوے میں) سچے ہو تو بتاؤ اگر تمھارے پاس اللہ تعالیٰ کا عذاب آجاوے یا تمھارے پاس قیامت آجاوے تو کیا تم اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور (معبود) کو پکاروگے؟ (ہرگز نہیں) ﴿۴۰﴾ بلکہ تم اسی (اللہ تعالیٰ) کو پکاروگے، پھر جس مصیبت کی وجہ سے تم نے (اس کو) پکارا ہے اگر وہ چاہیں گے تو وہ اس (مصیبت) کو دور کر دیں گے، اور جن (بتوں) کو تم (اللہ تعالیٰ کے ساتھ) شریک ٹھہراتے ہو (ایسے حالات میں) تم ان سب کو بھول جاؤ گے ﴿۴۱﴾

اور (اے نبی!) پکی بات یہ ہے کہ ہم نے تم سے پہلی امتوں کی طرف رسول بھیجے تھے، پھر ہم نے (ان کی نافرمانی کی وجہ سے) ان کو سختی اور تکلیف میں مبتلا کیا تھا؛ تاکہ وہ لوگ عاجزی اختیار کریں① ﴿۴۲﴾ پھر جب ان کے پاس ہمارا عذاب پہنچا تو وہ (ہمارے سامنے) کیوں نہیں گڑگڑائے؟ لیکن (بات یہ تھی کہ) ان کے دل سخت ہو گئے تھے اور جو (برے) کام وہ کرتے تھے وہ شیطان نے ان کے سامنے شاندار کر کے دکھلائے تھے② ﴿۴۳﴾ پھر جو نصیحت ان کو کی گئی تھی جب وہ اس کو بھلا بیٹھے تو ہم نے ان پر ہر چیز کے دروازے کھول دیے، یہاں تک کہ جو (نعمتیں) ان کو دی گئی تھیں ان پر وہ اترانے لگے تو اچانک ہم نے ان کو (عذاب میں) پکڑ لیا، تب پھر وہ بالکل مایوس ہو کر رہ گئے ﴿۴۴﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) تاکہ وہ لوگ گڑگڑائیں۔ (تیسرا) تاکہ وہ لوگ ڈھیلے پڑ جاویں (اور کفر اور معصیت سے توبہ کر لویں)۔

② (دوسرا ترجمہ) بلکہ ان کے دل (تو اور) سخت ہو گئے اور جو (برے) کام وہ کرتے تھے شیطان ان کے سامنے شاندار کر کے دکھلاتا رہا۔

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۭ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ وَاَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلٰي قُلُوْبِكُمْ مَّنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِهٖ ۭ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ ۝ قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً اَوْ جَهْرَةً هَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ فَمَنْ اٰمَنَ وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ۝

سو ان ظالم لوگوں کی جڑ کاٹ کر رکھ دی گئی، اور اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جو تمام عالموں کے رب ہیں ①﴿۴۵﴾ (اے نبی!) تم (ان سے) کہو کہ: ذرا مجھے بتاؤ کہ اگر اللہ تعالیٰ تمہاری سننے کی طاقت اور تمہاری آنکھیں (تم سے) چھین لیویں اور تمہارے دلوں پر مہر لگا دیویں تو اللہ تعالیٰ کے سوا کونسا معبود ہے جو یہ (نعمتیں) لاکر تم کو دیوے؟ دیکھو کیسے کیسے مختلف طریقوں سے ہم دلائل بیان کرتے ہیں، پھر بھی وہ (ماننے سے) کتراتے ہیں ②﴿۴۶﴾ (اے نبی!) تم (ان سے) کہو کہ: ذرا تم بتاؤ کہ اگر اللہ تعالیٰ کا عذاب تمہارے پاس اچانک ③ یا کھلم کھلا آجاوے ④ تو (دونوں حالتوں میں) کیا ظالم لوگوں کے سوا کوئی اور بھی ہلاک ہوگا؟ ⑤﴿۴۷﴾ ہم رسولوں کو (نیک لوگوں کے لیے) خوش خبری سنانے اور (نافرمانی کرنے والوں کے لیے) ڈرانے کے لیے ہی بھیجتے ہیں، سو جو کوئی بھی ایمان لے آیا اور (اپنی) صلاح کرلی تو ان پر کوئی خوف نہیں ہوگا اور وہ غمگین بھی نہیں ہوں گے ﴿۴۸﴾ اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا ان کو ان کی نافرمانیاں کرنے کی وجہ سے عذاب پہنچ کر رہے گا ﴿۴۹﴾

---

① ظلم سے نہ رکنے والے ظالموں کا خاتمہ بھی ربوبیت اور رحمت کا اثر ہے۔
② (دوسرا ترجمہ) آپ دیکھیے کہ ہم کیسے آیتوں کو پھیر پھیر کر (الگ الگ انداز سے) بیان کرتے ہیں، پھر بھی وہ (ماننے سے) منہ پھرا لیتے ہیں (تیسرا) بے رخی کرتے ہیں۔
③ جس عذاب کی کوئی علامت پہلے سے ظاہر نہ ہو۔
④ یعنی علی الاعلان ہوشیاری کے وقت آوے یعنی جس کی کچھ اطلاع پہلے ہوجائے۔
⑤ (دوسرا ترجمہ) تب صرف ظالم لوگ ہی ہلاک ہوں گے۔

قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ مَلَكٌ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۗ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۗ اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ۝ وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ۝ وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ۗ مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّمَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِّنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

(اے نبی!) تم (ان کافروں سے) کہہ دو: میں تم سے (یہ) نہیں کہتا ہوں کہ میرے پاس اللہ تعالیٰ کے (تمام) خزانے ہیں اور نہ (میں یہ کہتا ہوں کہ) غیب کی (تمام) باتوں کا (پورا) علم میرے پاس ہے اور میں تم سے (یہ بھی) نہیں کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں، میں تو اپنے پاس (اللہ تعالیٰ کا) جو حکم آتا ہے اسی پر چلتا ہوں، تم (ان سے) کہو کہ: کیا ایک اندھا اور بینائی رکھنے والا (دونوں) برابر ہو سکتے ہیں؟ کیا بھلا پھر تم (اتنا بھی) سوچتے نہیں ہو؟ ﴿۵۰﴾

اور (اے نبی!) اس (قرآن) کے ذریعے سے تم ان لوگوں کو ڈراؤ جو اس بات کا خوف رکھتے ہیں کہ وہ اپنے رب کے پاس ایسی حالت میں جمع کیے جائیں گے کہ اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا ان کا کوئی مدد کرنے والا اور سفارش کرنے والا نہیں ہوگا؛ تاکہ (عذاب کی بات سن کر) وہ (گناہوں سے) بچنے لگیں ﴿۵۱﴾ اور جو لوگ صبح وشام اپنے رب کو پکارتے ہیں اس (رب) کی خوشی حاصل کرنے کے لیے ① ایسے (مخلص) لوگوں کو (اپنی مجلس سے) علیحدہ نہ کیجیے، ان (کے باطن کے اعمال) کے حساب کی کسی چیز کی ذمے داری تم پر نہیں ہے اور تمھارے (اعمال کے) حساب کی کوئی ذمے داری ان پر نہیں ہے، سو تم (بالفرض) ان (مخلص لوگوں) کو اپنے پاس سے ہٹاؤ تو پھر تم (بھی) ناانصافی کرنے والوں میں شامل ہو جائیں گے ② ﴿۵۲﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) جو لوگ صبح وشام اپنے رب کی یاد میں رہتے ہیں (ہر کام میں) اس کی خوشی حاصل کرنا چاہتے ہیں۔

② بے جا، بے موقع کوئی کام کرنا ظلم کہلاتا ہے، اگر بالفرض یہ (یعنی فقراء صحابہ کو مال داروں کی خاطر مجلس سے ہٹانے کا) کام کیا تو یہ ظلم ہوگا۔ ظاہر بات ہے کہ حضرت نبی کریم ﷺ ایسا کوئی نامناسب کام نہیں کر سکتے تھے، یہ دوسروں کو تنبیہ ہے۔

وَكَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِّيَقُولُوٓا أَهٰٓؤُلَآءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْۢ بَيْنِنَا ؕ أَلَيْسَ اللّٰهُ بِأَعْلَمَ بِالشّٰكِرِينَ ﴿۵۳﴾ وَإِذَا جَآءَكَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ أَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوٓءًۢا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَأَصْلَحَ ۙ فَأَنَّهٗ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿۵۴﴾ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلِتَسْتَبِينَ سَبِيلُ الْمُجْرِمِينَ ﴿۵۵﴾

قُلْ إِنِّي نُهِيتُ أَنْ أَعْبُدَ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ ؕ قُلْ لَّآ أَتَّبِعُ أَهْوَآءَكُمْ ۙ

اور اسی طرح ہم نے بعض (انسانوں) کو بعض کے ذریعے آزمائش میں ڈال رکھا ہے؛① تاکہ وہ (کافر لوگ مسلمانوں کے بارے میں یوں) کہیں کہ: کیا یہی (کم درجے کے) وہ لوگ ہیں کہ ہم سب کو چھوڑ کر اللہ تعالیٰ نے ان پر ہی (اسلام کا) احسان کیا، کیا اللہ تعالیٰ (اپنے) شکر کرنے والے بندوں کو (دوسروں سے) زیادہ جاننے والے نہیں ہے؟ ﴿۵۳﴾ اور جب تمھارے پاس وہ لوگ آئیں جو ہماری آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں تو تم (ان سے) کہو کہ: تم پر سلامتی ہو، تمھارے رب نے (یہ) رحم کا برتاؤ کرنا اپنے اوپر لازم کر رکھا ہے، کہ تم میں سے جو کوئی نادانی سے② کوئی برا کام کر بیٹھے، پھر اس کے بعد توبہ کر لے اور (اپنی) حالت درست کر لیوے تو یقین رکھو کہ (اللہ تعالیٰ کی شان یہ ہے کہ) وہ بہت زیادہ معاف کرنے والے، بڑے رحم کرنے والے ہیں ﴿۵۴﴾ اور اسی طرح ہم نشانیوں کو تفصیل سے بیان کرتے ہیں؛ اور تاکہ (لوگ سمجھیں اور) گنہگاروں کا راستہ (بھی سب کے سامنے) کھل کر آجاوے③ ﴿۵۵﴾

(اے نبی!) تم (ان مشرکین سے) کہہ دو کہ: اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر جن (بتوں) کو تم پکارتے ہو ان کی عبادت کرنے سے مجھے منع کیا گیا ہے (اے نبی!) تم (یہ بھی) کہہ دو کہ: میں تمھاری خواہشات کی پیروی نہیں کرسکتا④

---

① جیسے مالدار کے ذریعے غریبوں کی آزمائش، قوی کے ذریعے کمزور کا امتحان۔ ② جہالتِ عملی جو کام وقار کے خلاف ہوتا ہے، اسی طرح مؤمن جو بھی گناہ کرتا ہے تو اس کے انجام بد کے عدمِ استحضار سے کرتا ہے۔
③ اور نیک لوگوں کا راستہ بھی واضح ہو جاوے؛ تاکہ حق کو اپنانا اور باطل سے بچنا آسان ہو جاوے۔ (مجرموں کی راہ اس لیے ظاہر کی گئی: تاکہ اس سے دور رہنا آسان ہو جائے۔) ④ (دوسرا ترجمہ) میں تمھاری خوشی پر چل نہیں سکتا۔

قَدْ ضَلَلْتُ اِذًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ۝ قُلْ اِنِّيْ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَكَذَّبْتُمْ بِهٖ ۭ مَا عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ ۭ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ۭ يَقُصُّ الْحَقَّ وَهُوَ خَيْرُ الْفٰصِلِيْنَ۝ قُلْ لَّوْ اَنَّ عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ لَقُضِيَ الْاَمْرُ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِيْنَ۝ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ۭ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۭ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ۝

(اگر میں نے ایسا کیا) تب تو میں گمراہ ہو جاؤں گا اور ہدایت پانے والوں میں شامل نہیں رہوں گا① ﴿۵۶﴾ (اے نبی!) تم کہہ دو کہ: مجھ کو تو اپنے رب کی طرف سے ایک روشن دلیل (یعنی قرآن) مل چکی ہے جس پر میں (قائم) ہوں② اور تم نے تو اس کو جھٹلا دیا ہے، جس (عذاب) کو تم جلدی مانگتے ہو وہ میرے پاس نہیں ہے③ حکم تو اللہ تعالیٰ ہی کا چلتا ہے، وہ (اللہ تعالیٰ) سچی بات بیان فرماتے ہیں اور وہی سب سے اچھے فیصلہ کرنے والے ہیں ﴿۵۷﴾ (اے نبی!) تم کہہ دو: جس (عذاب) کی تم جلدی مچاتے ہو اگر وہ میرے اختیار میں ہوتا تو میرے اور تمھارے درمیان (کب سے) فیصلہ ہی ہو چکا ہوتا، اور اللہ تعالیٰ ظلم کرنے والوں کو اچھی طرح جانتے ہیں④ ﴿۵۸﴾ اور اسی (اللہ تعالیٰ) کے پاس غیب کی چابیاں ہیں⑤، جن کو اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا کوئی نہیں جانتا اور خشکی (یعنی زمین) اور سمندر میں جو بھی ہے وہ (اللہ تعالیٰ) اس کو جانتا ہے اور (کسی بھی درخت سے) کوئی پتہ نہیں گرتا جس کا اس (اللہ تعالیٰ) کو علم نہ ہو اور زمین کی اندھیریوں میں کوئی بھی دانہ اور کوئی بھی تر اور خشک چیز ایسی نہیں ہے جو ایک کھلی ہوئی کتاب (یعنی لوحِ محفوظ) میں نہ ہو ﴿۵۹﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) ہدایت پر چلنے والوں میں نہیں رہوں گا۔
② (دوسرا ترجمہ) یقیناً میں میرے رب کی طرف سے ایک روشن دلیل پر قائم ہوں۔
③ (دوسرا ترجمہ) اس کو لانا میرے اختیار میں نہیں ہے۔
④ اس لیے ان کو کب، کس طرح عذاب دینا ہے یہ بھی اللہ تعالیٰ کے علم میں ہے۔
⑤ (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ ہی کے پاس غیب کے خزانے ہیں۔ جو چیز ابھی تک وجود میں نہیں آئی یا وجود میں تو آ گئی ہے لیکن اللہ تعالیٰ نے اس پر کسی کو مطلع نہیں فرمایا وہ بھی غیب کہلاتی ہے۔

وَهُوَ الَّذِیْ یَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّیْلِ وَیَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ یَبْعَثُكُمْ فِیْهِ لِیُقْضٰۤى اَجَلٌ مُّسَمًّى ۚ ثُمَّ اِلَیْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ یُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ۠ ﴿۶۰﴾

وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَیُرْسِلُ عَلَیْكُمْ حَفَظَةً ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا یُفَرِّطُوْنَ ﴿۶۱﴾ ثُمَّ رُدُّوْۤا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ ؕ اَلَا لَهُ الْحُكْمُ ۫ وَهُوَ اَسْرَعُ الْحٰسِبِیْنَ ﴿۶۲﴾ قُلْ مَنْ یُّنَجِّیْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّخُفْیَةً ۚ لَىِٕنْ اَنْجٰىنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِیْنَ ﴿۶۳﴾

اور وہی (اللہ تعالیٰ) تو ہے جو رات میں تم کو سلا دیتے ہیں اور جو کچھ تم دن میں کر چکے ہو اس کو وہ (اللہ تعالیٰ) جانتے ہیں، پھر اس (آنے والے نئے دن) میں تم کو (دوبارہ نیند سے) اٹھا دیتے ہیں؛ تا کہ (تمھاری زندگی کی) مقررہ مدت پوری کی جائے، پھر تم (سب) کو اسی کی طرف واپس جانا ہے، پھر وہ (اللہ تعالیٰ) تم کو جو کام تم کیا کرتے تھے وہ اس کی حقیقت بتلا دیں گے ﴿۶۰﴾

اور وہی (اللہ تعالیٰ) اپنے بندوں پر (ہر اعتبار سے) غالب ہیں اور تمھارے اوپر حفاظت کرنے والے (فرشتے) بھیجتے ہیں، یہاں تک کہ جب تم میں سے کسی کی موت کا وقت آ جاتا ہے تو ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) اس کی روح قبض کر لیتے ہیں① اور وہ (کسی قسم کی ذرا برابر) کوتاہی نہیں کرتے② ﴿۶۱﴾ پھر وہ اپنے حقیقی مالک اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹائے جاویں گے، سن لو حکم تو اسی (اللہ تعالیٰ) کا (چلتا) ہے اور وہ (اللہ تعالیٰ) سب سے جلدی حساب لینے والے ہیں ﴿۶۲﴾ (اے نبی!) تم کہہ دو: زمین اور سمندر کی اندھیریوں سے کون تم کو بچا لیتا ہے جب تم اس (اللہ تعالیٰ) کو (بچانے کے لیے) گڑگڑا کر اور چپکے سے پکارتے ہو (اور تم یہ کہتے ہو) کہ اگر ہم کو اس (اللہ تعالیٰ) نے اس (مصیبت) سے بچا لیا تو ہم ضرور شکر کرنے والوں میں سے ہو جاویں گے ﴿۶۳﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) پورا وصول کر لیتے ہیں۔

② وقت، مکان، حالت کسی میں کسی طرح کی کوتاہی نہیں کرتے۔

قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿٦٤﴾ قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰٓى اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ اَوْ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ اَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَّيُذِيْقَ بَعْضَكُمْ بَاْسَ بَعْضٍ ۭ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَفْقَهُوْنَ ﴿٦٥﴾ وَكَذَّبَ بِهٖ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ ۭ قُلْ لَّسْتُ عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿٦٦﴾ لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ ۡ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿٦٧﴾ وَاِذَا رَاَيْتَ الَّذِيْنَ يَخُوْضُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖ ۭ وَاِمَّا يُنْسِيَنَّكَ الشَّيْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٦٨﴾

(اے نبی!) تم کہہ دو کہ: اللہ تعالیٰ تم کو ان (مصیبتوں) سے ① اور ہر (دوسری) تکلیف سے بچا لیتے ہیں، پھر تم شرک کرنے لگ جاتے ہو ﴿٦٤﴾ (اے نبی!) تم کہہ دو کہ: وہ (اللہ تعالیٰ) اس بات پر (پوری) قدرت رکھتے ہیں کہ تم پر عذاب بھیجے، تمھارے اوپر سے ② یا تمھارے پیروں کے نیچے سے ③ یا تم کو کئی مختلف فرقے کرکے آپس میں بھڑا دے ④ اور (آپس میں) تم کو ایک دوسرے کی لڑائی کا مزہ چکھاویں، تو دیکھ! ہم کس طرح مختلف طریقوں سے (توحید کی) نشانیاں بیان کرتے ہیں ⑤؛ تاکہ وہ (لوگ) سمجھ جاویں ﴿٦٥﴾ اور (اے نبی!) تمھاری قوم نے اس (قرآن) کو جھٹلا دیا؛ حالاں کہ وہ بالکل حق ہے ⑥ (اے نبی!) تم کہہ دو کہ: میں تم پر ذمے دار نہیں ہوں ﴿٦٦﴾ ہر ایک واقعے (یا خبر) کا ایک وقت مقرر ہے، اور عنقریب تم کو سب معلوم ہو جاوے گا ﴿٦٧﴾ اور جب تم ان لوگوں کو دیکھو جو ہماری آیتوں میں (بے ہودہ) نقطہ چینی کرنے میں لگے ہیں ⑦ تو تم ایسے لوگوں سے (اس وقت تک) الگ ہو جاؤ جب تک کہ وہ اس کے علاوہ دوسری کسی بات میں مشغول نہ ہو جائیں اور اگر کبھی شیطان تم کو (یہ حکم) بھلا دیوے تو یاد آنے کے بعد (ایسے) ظالم لوگوں کے ساتھ تم نہ بیٹھو ﴿٦٨﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) ان (اندھیریوں) سے۔ ② پتھر برسا دے یا ہوا چلا دے یا طوفانی بارش برسائے۔

③ زمین میں زلزلہ یا سیلاب کے ذریعے یا زمین میں دھسانے کے ذریعے۔

④ آپس میں فرقہ بندی و لڑائی یہ بھی عذاب کی ایک قسم ہے۔ ⑤ (دوسرا ترجمہ) ہم آیتوں کو کیسے پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں۔

⑥ (دوسرا ترجمہ) آپ کی قوم نے اس (عذاب) کو جھٹلا دیا؛ حالاں کہ اس (عذاب) کا آنا بالکل پکی بات ہے۔

⑦ (دوسرا ترجمہ) جو ہماری آیتوں کے بارے میں برا بھلا کہتے ہیں۔

وَمَا عَلَى الَّذِينَ يَتَّقُونَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّن شَيْءٍ وَلَٰكِن ذِكْرَىٰ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ﴿٦٩﴾ وَذَرِ الَّذِينَ اتَّخَذُوا دِينَهُمْ لَعِبًا وَلَهْوًا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا ۚ وَذَكِّرْ بِهِ أَن تُبْسَلَ نَفْسٌ بِمَا كَسَبَتْ لَيْسَ لَهَا مِن دُونِ اللَّهِ وَلِيٌّ وَلَا شَفِيعٌ وَإِن تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لَّا يُؤْخَذْ مِنْهَا ۗ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ أُبْسِلُوا بِمَا كَسَبُوا ۖ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيمٍ وَعَذَابٌ أَلِيمٌ بِمَا كَانُوا يَكْفُرُونَ ﴿٧٠﴾

قُلْ أَنَدْعُو مِن دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَنفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلَىٰ أَعْقَابِنَا بَعْدَ إِذْ هَدَانَا اللَّهُ

اوران (قرآن کی آیتوں کے بارے میں نکتہ چینی کرنے والوں) کے حساب کی کوئی ذمے داری تقویٰ والوں پر نہیں ہے؛ لیکن (تقویٰ والوں کی ذمے داری یہ ہے کہ) وہ نصیحت کردیویں؛ تاکہ وہ (ایسی باتوں سے) بچتے رہیں ﴿۶۹﴾ اورتم ان لوگوں کو (ان کی حالت پر) چھوڑ دو جنھوں نے اپنے دین کو کھیل اور تماشا بنالیا ہے ①اور دنیا کی زندگی نے ان کو دھوکے میں ڈال دیا ہے اور (ایسے لوگوں کو) اس (قرآن) کے ذریعے نصیحت کرتے رہو؛ تاکہ کوئی بھی شخص اپنے کیے ہوئے (برے) کاموں کی وجہ سے (ہلاکت میں اس طرح) پھنس نہ جاوے کہ اس (نفس کو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے بچانے) کے لیے اللہ تعالیٰ کے سوانہ کوئی مدد کرنے والا ہو اور نہ کوئی سفارش کرنے والا، اور (اس کی حالت یہ ہوگی کہ عذاب سے رہائی پانے کے لیے) اگر وہ ہر ایک چیز اپنے فدیے میں دے دیوے تو بھی وہ (فدیہ) اس سے قبول نہیں کیا جاوے گا، یہی (اپنے دین کو کھیل تماشا بنانے والے) وہ لوگ ہیں جو اپنے کیے ہوئے کاموں کی وجہ سے (ہلاکت میں) پھنسے ہیں، وہ لوگ جو کفر کرتے تھے اس کے بدلے میں ان کے لیے تیز گرم پینے کی چیز اور دردناک عذاب ہوگا ﴿۷۰﴾

(اے نبی!) تم (کافروں سے) کہہ دو کہ: کیا ہم اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر ایسی چیز کی عبادت کریں جو ہم کو نفع (بھی) نہیں پہنچاتی اور ہم کو نقصان (بھی) نہیں پہنچا سکتی؟ اور جب اللہ تعالیٰ ہم کو ہدایت دے چکے تو اس کے بعد بھی ہم کیا الٹے پاؤں پھر جاویں؟

---

① یعنی جس دین اسلام کا ماننا ان کے ذمے فرض تھا۔

كَالَّذِي اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ فِي الْأَرْضِ حَيْرَانَ ۖ لَهٗٓ اَصْحٰبٌ يَّدْعُوْنَهٗٓ اِلَى الْهُدَى ائْتِنَا ۗ
قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ۗ وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٧١﴾ وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ
وَاتَّقُوْهُ ۗ وَهُوَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿٧٢﴾ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۗ وَيَوْمَ
يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْنُ ۚ قَوْلُهُ الْحَقُّ ۗ وَلَهُ الْمُلْكُ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ ۗ عٰلِمُ الْغَيْبِ
وَالشَّهَادَةِ ۗ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ﴿٧٣﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ اَصْنَامًا اٰلِهَةً ۚ
اِنِّيْٓ اَرٰىكَ وَقَوْمَكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٧٤﴾

(تب تو حالت) اس شخص کی طرح (ہو جاوے گی) جس کو شیطانوں نے جنگل میں راستہ سے بھٹکا دیا ہو، جس کی وجہ سے وہ حیران (یعنی مارا مارا) پھرتا ہو، اس کے کچھ ساتھی ہوں جو اس کو سیدھے راستے کی طرف (آنے کے لیے) پکارتے ہوں کہ تو ہمارے پاس آجا①تم کہہ دو کہ: یقیناً اللہ تعالیٰ کی (دی ہوئی) ہدایت ہی (صحیح) ہدایت ہے اور ہم کو تو یہ حکم دیا گیا ہے کہ ہم تمام عالموں کے رب کے سامنے (فرماں برداری سے) جھک جاویں ﴿۷۱﴾ اور یہ کہ تم نماز قائم کرو اور اس (اللہ تعالیٰ کی نافرمانی) سے تم بچتے رہو اور وہی (اللہ تعالیٰ) ہیں جن کے پاس تم جمع کیے جاؤ گے ﴿۷۲﴾ اور وہی (اللہ تعالیٰ) ہیں جنھوں نے آسمانوں اور زمین کو ٹھیک پیدا کیا، جس دن وہ (اللہ تعالیٰ قیامت سے) فرمائیں گے کہ: تو ہو جا، سو وہ (قیامت واقع) ہو جائے گی، اس (اللہ تعالیٰ) کی بات سچی ہے②اور جس دن صور پھونکا جائے گا اس دن اسی (اللہ تعالیٰ) کی حکومت (ظاہراً اور حقیقۃً) ہوگی، وہ چھپی ہوئی اور حاضر (ہر) چیز کے جاننے والے ہیں اور وہی (اللہ تعالیٰ) بڑی حکمت کے مالک، پوری خبر رکھنے والے ہیں ﴿۷۳﴾ اور (وہ واقعہ بھی سننے جیسا ہے) جب ابراہیم (علیہ السلام) نے اپنے ابا آزر سے کہا: کیا تم بتوں کو معبود بنائے بیٹھے ہو؟ (اے ابا!) میں دیکھ رہا ہوں کہ تم اور تمھاری قوم یقیناً کھلی گمراہی میں ہے ﴿۷۴﴾

---

① لیکن وہ ایسا بھٹکا ہوا ہے کہ صحیح راستے پر پہنچ نہیں سکتا۔

② اللہ تعالیٰ جو فرماتے ہیں وہ ہو ہی جاتا ہے، خالی نہیں جاتا۔

وَكَذَٰلِكَ نُرِيٓ إِبۡرَٰهِيمَ مَلَكُوتَ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ وَلِيَكُونَ مِنَ ٱلۡمُوقِنِينَ ۝ فَلَمَّا جَنَّ عَلَيۡهِ ٱلَّيۡلُ رَءَا كَوۡكَبٗاۖ قَالَ هَٰذَا رَبِّيۖ فَلَمَّآ أَفَلَ قَالَ لَآ أُحِبُّ ٱلۡأٓفِلِينَ ۝ فَلَمَّا رَءَا ٱلۡقَمَرَ بَازِغٗا قَالَ هَٰذَا رَبِّيۖ فَلَمَّآ أَفَلَ قَالَ لَئِن لَّمۡ يَهۡدِنِي رَبِّي لَأَكُونَنَّ مِنَ ٱلۡقَوۡمِ ٱلضَّآلِّينَ ۝ فَلَمَّا رَءَا ٱلشَّمۡسَ بَازِغَةٗ قَالَ هَٰذَا رَبِّي هَٰذَآ أَكۡبَرُۖ فَلَمَّآ أَفَلَتۡ قَالَ يَٰقَوۡمِ إِنِّي بَرِيٓءٞ مِّمَّا تُشۡرِكُونَ ۝ إِنِّي وَجَّهۡتُ وَجۡهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضَ حَنِيفٗاۖ وَمَآ أَنَا۠ مِنَ ٱلۡمُشۡرِكِينَ ۝

اور اسی طرح ہم ابراہیم (علیہ السلام) کو آسمانوں اور زمین کی عجیب عجیب چیزیں دکھلاتے تھے؛ اور تا کہ وہ (کامل) یقین کرنے والوں میں سے ہو جاویں ﴿۷۵﴾ پھر جب اس (ابراہیم) کے سامنے رات (کی تاریکی) چھا گئی تو اس (ابراہیم) نے ایک تارا دیکھا، (ابراہیم نے) کہا: یہ میرا رب ہے؟[1] پھر جب وہ (تارا) ڈوب گیا تو اس (ابراہیم) نے کہا: میں ڈوبنے والوں کو پسند نہیں کرتا ہوں ﴿۷۶﴾ پھر جب اس (ابراہیم) نے (اسی رات یا بعد میں) چاند کو چمکتا دیکھا تو کہا کہ: یہ میرا رب ہے، پھر جب وہ (چاند بھی) غائب ہو گیا تو (ابراہیم علیہ السلام نے) کہا کہ: اگر مجھ کو میرے رب ہدایت نہ دیتے تو یقیناً میں گمراہ لوگوں میں شامل ہو جاتا[2] ﴿۷۷﴾ پھر جب اس (ابراہیم) نے سورج کو چمکتا ہوا دیکھا تو (ابراہیم نے) کہا: یہ میرا رب ہے، یہ (دوسرے ستاروں سے) زیادہ بڑا ہے، پھر جب وہ (سورج بھی) غروب ہو گیا تو (ابراہیم علیہ السلام نے) کہا: اے میری قوم! جن جن چیزوں کو تم (اللہ تعالیٰ کے ساتھ) شریک کرتے ہو یقیناً میں ان چیزوں سے سخت بیزار ہوں[3] ﴿۷۸﴾ یقین کے ساتھ میں نے اپنا رخ اس ذات کی طرف کر لیا ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے، میں بالکل سیدھے راستے پر ہوں[4] اور میں مشرکوں میں سے نہیں ہوں ﴿۷۹﴾

---

[1] انکار کے انداز میں سوال ہے یا مخاطبین کو سمجھانے کے لیے ان کے عقیدہ کے مطابق بات ہے۔

[2] چاند بہت حسین ہے، اللہ تعالیٰ کی دستگیری نہ ہو تو انسان اس کی پرستش میں پھنس جائے۔

[3] (دوسرا ترجمہ) میرا ان چیزوں سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ [4] (دوسرا ترجمہ) میں نے سب سے یکسو ہو کر اپنا رخ اس ذات کی طرف کر لیا ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے۔

وَحَاۗجَّهٗ قَوْمُهٗ ۭ قَالَ اَتُحَاۗجُّوْۗنِّىْ فِي اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنِ ۭ وَلَآ اَخَافُ مَا تُشْرِكُوْنَ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّشَاۗءَ رَبِّيْ شَيْـــًٔا ۭ وَسِعَ رَبِّيْ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ۭ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ۝ وَكَيْفَ اَخَافُ مَآ اَشْرَكْتُمْ وَلَا تَخَافُوْنَ اَنَّكُمْ اَشْرَكْتُمْ بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا ۭ فَاَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ اَحَقُّ بِالْاَمْنِ ۚ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝

وَتِلْكَ حُجَّتُنَآ اٰتَيْنٰهَآ اِبْرٰهِيْمَ عَلٰي قَوْمِهٖ ۭ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَاۗءُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ۝

اور اس (ابراہیم) کی قوم اس (ابراہیم) سے بحث (یعنی جھگڑا) کرنے لگی، اس (ابراہیم) نے (ان سے) کہا: کیا تم اللہ تعالیٰ (کی توحید) کے بارے میں مجھ سے بحث کرتے ہو؟ حالاں کہ اس نے مجھے ہدایت دے رکھی ہے، اور جن چیزوں کو تم اس (اللہ تعالیٰ) کے ساتھ شریک مانتے ہو میں ان سے (بالکل) نہیں ڈرتا ہوں①: الا یہ کہ میرے رب (مجھے) کچھ (نقصان پہنچانا) چاہیں②، میرے رب کے علم نے ہر چیز کو احاطے میں لے لیا ہے، کیا پھر بھی تم نصیحت نہیں مانتے؟ ﴿۸۰﴾ اور جن چیزوں کو تم نے (اللہ تعالیٰ کا) شریک بنا رکھا ہے میں ان سے کیسے ڈروں؟ حالاں کہ تم ان چیزوں کو اللہ تعالیٰ کا شریک ماننے سے نہیں ڈرتے جن (کے شریک ہونے) کے بارے میں اس (اللہ تعالیٰ) نے تم پر کوئی دلیل نہیں اتاری، اب اگر تم جانتے ہو تو (جواب دو کہ) دونوں فریق میں سے کونسا فریق امن (اطمینان) سے رہنے کا زیادہ حق دار ہے؟ ﴿۸۱﴾ جو لوگ ایمان لائے اور اپنے ایمان میں انھوں نے کسی طرح کا شرک نہیں ملایا ایسے ہی لوگوں کے لیے امن ہے اور وہی لوگ صحیح راستے پر ہیں ﴿۸۲﴾

اور یہ ہماری وہ مضبوط دلیل تھی جو ہم نے ابراہیم (علیہ السلام) کو ان کی قوم کے مقابلے میں دی تھی، ہم جس کے درجات کو چاہتے ہیں بلند کرتے ہیں، یقیناً تمھارے رب بڑی حکمت والے ہیں، (ہر چیز کو) اچھی طرح جاننے والے ہیں ﴿۸۳﴾

---

① کہ مجھے کچھ نقصان پہنچائیں گے۔ ② تو وہ نقصان ہر حالت میں پہنچ کر رہے گا۔

وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ؕ كُلًّا هَدَيْنَا ۚ وَنُوْحًا هَدَيْنَا مِنْ قَبْلُ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهٖ دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ وَاَيُّوْبَ وَيُوْسُفَ وَمُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۴﴾ وَزَكَرِيَّا وَيَحْيٰى وَعِيْسٰى وَاِلْيَاسَ ؕ كُلٌّ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَاِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَيُوْنُسَ وَلُوْطًا ؕ وَكُلًّا فَضَّلْنَا عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۶﴾ وَمِنْ اٰبَآئِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَاِخْوَانِهِمْ ۚ وَاجْتَبَيْنٰهُمْ وَهَدَيْنٰهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۸۷﴾ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَلَوْ اَشْرَكُوْا لَحَبِطَ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۸۸﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ۚ فَاِنْ يَّكْفُرْ بِهَا هٰٓؤُلَآءِ فَقَدْ وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَّيْسُوْا بِهَا بِكٰفِرِيْنَ ﴿۸۹﴾

اور ہم نے اس (ابراہیم) کو اسحاق (جیسا بیٹا) اور یعقوب (جیسا پوتا) دیا، سب کو ہم نے ہدایت دے رکھی تھی اور ہم نے نوح کو (تو ابراہیم سے) پہلے ہی ہدایت دے رکھی تھی اور اس (ابراہیم) کی اولاد میں سے داؤد اور سلیمان اور ایوب اور یوسف اور موسیٰ اور ہارون کو بھی (ہدایت دی تھی) اور نیک کام کرنے والوں کو ہم اسی طرح بدلہ دیتے ہیں ﴿۸۴﴾ اور زکریا اور یحیٰی اور عیسیٰ اور الیاس کو بھی (ہدایت دی تھی) ہر ایک نیک لوگوں میں سے تھے ﴿۸۵﴾ اور اسماعیل اور یسع اور یونس اور لوط کو بھی (ہدایت دی) اور ہر ایک کو ہم نے تمام عالم (کے لوگوں) پر فضیلت دے رکھی تھی ﴿۸۶﴾ اور (ابھی جن کے نام آئے) ان کے بعض باپ دادوں اور ان کی بعض اولاد کو اور ان کے بعض بھائیوں کو بھی (ہدایت دی تھی) اور ان سب کو ہم نے چن لیا اور ہم نے ان کو سیدھی راہ پر چلایا ﴿۸۷﴾ یہ اللہ تعالیٰ کی ہدایت ہے، وہ اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتے ہیں اس پر چلاتے ہیں، اور اگر (بالفرض) وہ (انبیا بھی) شرک کرنے لگتے تو ان کے بھی وہ سب (نیک) اعمال جو وہ کرتے تھے ضائع ہو جاتے① ﴿۸۸﴾ یہ وہی لوگ تھے جن کو ہم نے کتاب اور حکمت (یعنی شریعت) اور نبوت عطا کی تھی، سو اگر وہ (مکہ والے) اس کا انکار کر دیویں② (تو اس کی پرواہ نہ کرو) سو پکی بات یہ ہے کہ ہم نے اس (پر ایمان لانے) کے لیے (بہت سارے) ایسے لوگ مقرر کر دیے ہیں جو اس کا انکار کرنے والے نہیں ہیں ﴿۸۹﴾

---

① انبیا تو کبھی شرک کر ہی نہیں سکتے، لہذا یہ دوسروں کو سنانا ہے ② (دوسرا) اوپر بیان کی ہوئی باتیں اور تمہاری نبوت کا۔

أُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ ؕ قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۰﴾

وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖٓ اِذْ قَالُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى بَشَرٍ مِّنْ شَيْءٍ ؕ قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ الَّذِيْ جَآءَ بِهٖ مُوْسٰى نُوْرًا وَّهُدًى لِّلنَّاسِ تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِيْسَ تُبْدُوْنَهَا وَتُخْفُوْنَ كَثِيْرًا ۚ وَعُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنْتُمْ وَلَآ اٰبَآؤُكُمْ ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِيْ خَوْضِهِمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿۹۱﴾

یہ تمام (انبیا علیہم السلام) وہ تھے جن کو اللہ تعالیٰ نے ہدایت دی تھی، سو (اے محمد!) تم بھی ان کے راستے پر چلو① (ان کافروں سے) تم کہہ دو کہ: میں تم سے اس (تبلیغ) پر کوئی اجرت نہیں مانگتا، وہ (قرآن) تو تمام عالموں کے لیے نصیحت ہے ﴿۹۰﴾

اور ان کافروں نے اللہ تعالیٰ کی صحیح قدر نہیں پہچانی جب انھوں نے یہ کہا کہ: اللہ تعالیٰ نے کسی انسان پر کوئی چیز نہیں اتاری، (اے نبی!) تم (ان سے) سوال کرو کہ: جو کتاب موسیٰ (علیہ السلام) لے کر آئے تھے وہ کس نے اتاری تھی؟ جو (کتاب) لوگوں کے لیے نور اور ہدایت تھی، تم نے اس (کتاب) کو الگ الگ ورق کی شکل میں کر رکھا ہے، اس (میں سے کچھ) کو تم ظاہر کرتے ہو② اور بہت سے حصے کو تم چھپاتے ہو③ اور تم کو (اس کتاب کے ذریعے سے) وہ چیزیں سکھائی گئی تھیں جو نہ تم جانتے تھے اور نہ تمھارے باپ دادا (جانتے تھے، اے نبی! اس سوال کے جواب میں) تم (خود ہی بتا) کہہ دو کہ: (وہ کتاب تو) اللہ تعالیٰ ہی نے (اتاری ہے) پھر ان کو (ان کے حال پر) چھوڑ دو، وہ اپنی (بے ہودہ) خرافات میں مشغول رہیں④ ﴿۹۱﴾

---

① اصولِ دین سب کے متفق ہیں۔

② (دوسرا ترجمہ) لوگوں کو دکھلاتے ہو (جس میں تمھارے مطلب کے خلاف کوئی بات نہ ہو۔)

③ جو تمھارے مطلب کے خلاف ہو۔

④ (دوسرا ترجمہ) وہ اپنی (بے ہودہ) خرافات میں کھیلتے پڑے رہے ہیں۔

وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا ۭ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَهُمْ عَلٰي صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَي اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ قَالَ اُوْحِيَ اِلَيَّ وَلَمْ يُوْحَ اِلَيْهِ شَيْءٌ وَّمَنْ قَالَ سَاُنْزِلُ مِثْلَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ ۭ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ بَاسِطُوْٓا اَيْدِيْهِمْ ۚ اَخْرِجُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَي اللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ اٰيٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ ۝ وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰى كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّتَرَكْتُمْ مَّا خَوَّلْنٰكُمْ وَرَاۗءَ ظُهُوْرِكُمْ ۚ

اور یہ (قرآن بھی) ایک کتاب ہے جو ہم نے اتاری ہے، بڑی برکت والی ہے، جو اپنے سے پہلی (آسمانی کتابوں) کو سچا بتلانے والی ہے؛ اور (یہ اس لیے اتاری) تا کہ (اس کتاب کے ذریعے) تم تمام بستیوں کے مرکز (یعنی مکہ شہر) اور اس کے چاروں طرف (رہنے) والوں کو ڈراؤ اور جو لوگ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں وہ اس (قرآن) کو بھی مانتے (ہی) ہیں اور وہ اپنی نماز پر پوری پابندی کرتے ہیں ﴿۹۲﴾ اور اس شخص سے بڑا ظالم کون ہوگا جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹی تہمت لگائے یا (یوں) کہے کہ: مجھ پر وحی آئی ہے؛ حالاں کہ اس پر کوئی چیز وحی میں نہیں آئی، اور (اسی طرح) وہ شخص بھی (بڑا ظالم ہے) جو (یوں) کہے کہ: جو (کلام) اللہ تعالیٰ نے اتارا ہے میں بھی ویسا ہی کلام اتار دوں گا ① اور کاش کہ! آپ وہ وقت دیکھ سکتے جب ظالم لوگ موت کی سختیوں میں (پڑے) ہوں گے اور (موت کے) فرشتے (ان کی طرف) اپنے ہاتھ پھیلائے ② (یہ کہہ رہے) ہوں گے کہ تم اپنی جانیں (جلدی) نکالو تم اللہ تعالیٰ پر ناحق (یعنی جھوٹی) باتیں جو کہا کرتے تھے اور اس (اللہ تعالیٰ) کی آیتوں کے خلاف تکبر کیا کرتے تھے اس کی سزا میں آج تم کو ذلت کا عذاب دیا جائے گا ﴿۹۳﴾ اور (اللہ فرمائیں گے کہ) پکی بات یہ ہے کہ تم ہمارے پاس اسی طرح اکیلے (تن تنہا) حاضر ہوئے جیسے ہم نے تم کو پہلی مرتبہ پیدا کیا تھا اور جو کچھ (سامان) ہم نے تم کو دیا تھا وہ سب اپنے پیچھے تم چھوڑ کر آئے ہو،

---

① (دوسرا ترجمہ) اتار سکتا ہوں (تیسرا) میں بھی لا کر دکھاتا ہوں۔ ② (دوسرا ترجمہ) ہاتھ بڑھا کر۔

وَمَا نَرٰى مَعَكُمْ شُفَعَآءَكُمُ الَّذِیْنَ زَعَمْتُمْ اَنَّهُمْ فِیْكُمْ شُرَكٰٓؤُا ؕ لَقَدْ تَّقَطَّعَ بَیْنَكُمْ وَضَلَّ عَنْكُمْ مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ۠ ﴿۹۴﴾

اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰى ؕ یُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَیِّتِ مِنَ الْحَیِّ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿۹۵﴾ فَالِقُ الْاِصْبَاحِ ۚ وَجَعَلَ الَّیْلَ سَكَنًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ﴿۹۶﴾ وَهُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِیْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ﴿۹۷﴾

اور ہم کو تو تمھارے ساتھ تمھارے وہ سفارش کرنے والے بھی نظر نہیں آتے جن کے متعلق تمھارا یہ خیال تھا کہ وہ تمھارے معاملے میں (تمھارے ساتھ) شریک ہیں، حقیقت میں ان کے ساتھ تمھارے (آپس کے سارے) تعلقات ٹوٹ چکے ہیں اور جن (بتوں) کے بارے میں تم کو بڑا دعویٰ تھا (کہ وہ ہم کو بچالیں گے) وہ سب تم سے گم ہوگئے ہیں ﴿۹۴﴾

یقیناً اللہ تعالیٰ دانہ اور گٹھلی کو (زمین میں جانے کے بعد) پھاڑنے والے ہیں، وہی مرے ہوئے سے زندہ کو نکالتے ہیں اور وہی زندہ سے مرے ہوئے کو نکالنے والے ہیں، یہی تو اللہ تعالیٰ ہے، پھر تم (اس کو چھوڑ کر) کدھر الٹے پھرے جارہے ہو؟[1] ﴿۹۵﴾ وہی (اللہ تعالیٰ) صبح کی روشنی پھاڑ کر نکالنے والے ہیں اور اسی (اللہ تعالیٰ) نے رات کو سکون (یعنی راحت کا وقت) بنایا اور حساب کے لیے سورج اور چاند کو مقرر کیا ہے، یہ اندازہ (یعنی ضابطہ) ایک بڑے زبردست، بڑے جاننے والے (اللہ تعالیٰ ہی) کا (بنایا ہوا) ہے[2] ﴿۹۶﴾ اور وہی (اللہ تعالیٰ) ہے جس نے تمھارے (فائدے کے) لیے ستارے پیدا کیے؛ تاکہ اس کے ذریعے خشکی (یعنی زمین) اور سمندر کی اندھیریوں میں تم راستہ معلوم کرو، پکی بات یہ ہے کہ جاننے والی قوم کے لیے ہم نے آیتوں کو کھول کھول کر کے بیان کردیا ﴿۹۷﴾

---

[1] کوئی تم کو کدھر الٹا پھرا کر لے جارہا ہے؟۔

[2] (دوسرا ترجمہ) یہ (حساب کے مطابق سورج اور چاند کا چلنا یہ) منصوبہ ہے اس (اللہ تعالیٰ) کا جو زبردست، (ہر چیز کے) جاننے والے ہیں۔

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَّمُسْتَوْدَعٌ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّفْقَهُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ كُلِّ شَيْءٍ فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ وَمِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَّجَنّٰتٍ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ اُنْظُرُوْٓا اِلٰى ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَيَنْعِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكُمْ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝

اور وہی (اللہ تعالیٰ) ہے جس نے تم کو ایک جان (حضرت آدم علیہ السلام) سے پیدا کیا، پھر (ہر ایک کا) ایک ٹھہرنے کا مقام ① اور (ایک) امانت رکھے جانے کی جگہ (بنائی) ہے ②۔ پکی بات یہ ہے کہ جو لوگ سمجھتے ہیں ان کے لیے ہم نے آیتوں کو کھول کھول کر کے بیان کر دیا ﴿۹۸﴾ اور وہی (اللہ تعالیٰ) ہے جس نے آسمان سے (بارش کا) پانی اتارا، پھر ہم نے اس (پانی) کے ذریعے سے ہر قسم کی کونپلیں نکالیں ③، پھر اس (کونپل) میں سے ہم نے ہریالی پیدا کی ④ جن سے ہم ایک پر ایک چڑھے ہوئے دانے نکالتے ہیں، اور کھجور کے گابھے (یعنی شگوفے) میں سے (پھلوں کے) ایسے گچھے (یعنی خوشے) نکالتے ہیں جو (بوجھ سے زمین کی طرف) جھکے ہوئے ہوتے ہیں اور (اسی پانی سے ہم نے) انگور کے باغات اور زیتون اور انار (کے درخت پیدا کیے) جو ایک دوسرے سے ملتے جلتے بھی ہوتے ہیں اور ایک دوسرے سے ملتے جلتے نہیں بھی ہوتے ہیں، جب یہ (درخت) پھل دیتے ہیں تب ان کے پھلوں کو اور اس کے پکنے کو تم (غور سے) دیکھو، یقیناً اس میں ایمان والی قوم کے لیے بڑی نشانیاں ہیں ﴿۹۹﴾

---

① جہاں زیادہ دیر رہنا ہے جیسے آخرت۔

② جہاں عارضی تھوڑا رہنا ہے، جیسے پیدائش سے لے کر موت تک دنیا میں یا برزخ میں جس میں موت سے قیامت تک رہنا ہے۔

③ (دوسرا ترجمہ) ہر قسم کی اگنے والی چیز نکالی۔

④ (دوسرا ترجمہ) پھر ہم نے اس میں سبز رنگ کی شاخ نکالی، پھر ہم اس شاخ میں سے ایسے دانے نکالتے ہیں جو باہم اوپر تلے گتھے ہوئے ہوتے ہیں۔

وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ الْجِنَّ وَخَلَقَهُمْ وَخَرَقُوْا لَهٗ بَنِيْنَ وَبَنٰتٍۭ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿١٠٠﴾

بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اَنّٰى يَكُوْنُ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ ۭ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿١٠١﴾ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿١٠٢﴾ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ ۡ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿١٠٣﴾

اور ان مشرکوں نے جنات کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ (خدائی میں) شریک بنا رکھا ہے①؛ حالاں کہ اس (اللہ تعالیٰ) نے ہی ان (جنوں) کو بھی پیدا کیا ہے اور ان مشرکوں نے اس (اللہ تعالیٰ) کے لیے بغیر جانے (جہالت سے) بیٹے اور بیٹیاں گھڑ رکھی ہیں②؛ (حالاں کہ) اس (اللہ تعالیٰ کے بارے میں) جو باتیں یہ لوگ بتاتے ہیں وہ (اللہ تعالیٰ) ان سب سے پاک اور دور ہیں ﴿۱۰۰﴾

وہی (اللہ تعالیٰ) آسمانوں اور زمین کو نئی طرح سے بنانے والے ہیں، اس کی کوئی اولاد کہاں ہو سکتی ہے؟ حالاں کہ اس کی کوئی بیوی ہی نہیں ہے اور اس (اللہ تعالیٰ) نے ہی ہر چیز کو بنایا ہے اور وہی (اللہ تعالیٰ) ہر چیز کو پوری طرح جانتے ہیں ﴿۱۰۱﴾ یہی اللہ تعالیٰ تمھارے رب ہیں، اس کے سوا کوئی (حقیقی) معبود نہیں ہے، جو ہر چیز کو پیدا کرنے والے ہیں، لہٰذا تم اسی کی عبادت کرو اور وہ (اللہ تعالیٰ) ہر چیز کی نگرانی کرنے والے ہیں③ ﴿۱۰۲﴾ اس (اللہ تعالیٰ) کا آنکھیں ادراک④ نہیں کر سکتیں اور وہ (اللہ تعالیٰ سب کی) آنکھوں کا ادراک کرتے ہیں اور وہی (اللہ تعالیٰ) باریکی سے دیکھنے والے، پوری خبر رکھنے والے ہیں ﴿۱۰۳﴾

---

① جنات سے مراد شیاطین ہیں، یہ ان لوگوں کے باطل عقیدے کی طرف اشارہ ہے جو یہ کہتے تھے کہ تمام اچھی مخلوقات تو اللہ نے پیدا کی؛ لیکن تمام بری چیزیں اور موذی جانور شیطان نے پیدا کیے۔

② عیسائی حضرت عیسیٰؑ کو خدا کا بیٹا اور عرب کے مشرکین فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں کہا کرتے تھے۔

③ (حقیقی) کام بنانے والا ہے۔

④ یعنی حقیقت کا احاطہ (دوسرا ترجمہ) اس کو نگاہیں پا نہیں سکتی۔

قَدْ جَآءَكُمْ بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنْ اَبْصَرَ فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ عَمِیَ فَعَلَیْهَا ؕ وَمَاۤ اَنَا عَلَیْكُمْ بِحَفِیْظٍ ۝ وَكَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰیٰتِ وَلِیَقُوْلُوْا دَرَسْتَ وَلِنُبَیِّنَهٗ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ۝ اِتَّبِعْ مَاۤ اُوْحِیَ اِلَیْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِیْنَ ۝ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَاۤ اَشْرَكُوْا ؕ وَمَا جَعَلْنٰكَ عَلَیْهِمْ حَفِیْظًا ۚ وَمَاۤ اَنْتَ عَلَیْهِمْ بِوَكِیْلٍ ۝ وَلَا تَسُبُّوا الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَیَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًۢا بِغَیْرِ عِلْمٍ ؕ كَذٰلِكَ زَیَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ۪

(اے نبی! ان لوگوں سے کہہ دو کہ) پکی بات یہ ہے کہ تمھارے رب کی طرف سے تمھارے پاس (آنکھیں کھولنے والی) نشانیاں آچکیں، سوجس نے ان کو دیکھ لیا (اور ایمان لے آیا) تو اس کو اس کا فائدہ ہوگا اور جو (ان سے) اندھا رہا① تو وہ اپنا ہی نقصان کرے گا، اور میں تمھاری حفاظت پر ذمے دار نہیں ہوں ﴿۱۰۴﴾ اور اسی طرح ہم مختلف طریقوں سے آیتوں کو سمجھاتے ہیں②؛ اور تا کہ یہ لوگ (دشمنی کی وجہ سے یوں) کہیں کہ تم نے (یہ قرآن کسی سے) سیکھ لیا ہے③ اور تا کہ جاننے والوں کے لیے ہم اس (قرآن کی باتوں) کو اچھی طرح ظاہر کر دیں④ ﴿۱۰۵﴾ (اے نبی!) تمھارے رب کی طرف سے تم پر جو وحی بھیجی گئی تم اس کے مطابق چلو، اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا کوئی (حقیقی) معبود نہیں ہے اور تم مشرکین کی طرف دھیان مت دو⑤ ﴿۱۰۶﴾ اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتے تو وہ لوگ شرک نہ کرتے اور ہم نے تم کو ان کی حفاظت کے لیے مقرر نہیں کیا اور تم ان پر ذمے دار (بھی) نہیں ہوں ﴿۱۰۷﴾ اور (اے مسلمانو!) جن (بتوں) کی وہ (مشرکین) اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہیں تم ان کو برا مت کہو؛ ورنہ (کہیں ایسا نہ ہو کہ جہالت سے) بغیر سمجھے ہوئے حد سے آگے بڑھ کر وہ اللہ تعالیٰ کو برا کہنے لگے، اسی طرح ہر امت کے لیے ان کے اعمال ہم نے (ان کی نظر میں) مزین بنا کر کے دکھائے ہیں،

① یعنی آنکھ کھول کر دیکھا نہیں اور ایمان نہیں لایا۔
② (دوسرا ترجمہ) اسی طرح ہم آیتوں کو پھیر پھیر کر بیان کرتے
③ (دوسرا ترجمہ) پڑھ لیا ہے۔
④ مخالفین قرآن کے لیے کہیں گے کہ نبی کہیں سے سیکھ کر آئے اور سمجھدار لوگوں کے سامنے ظاہر ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔
⑤ (دوسرا ترجمہ) مشرکوں سے بے پرواہ ہو جاؤ۔

ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ لَّيُؤْمِنُنَّ بِهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ وَمَا يُشْعِرُكُمْ ۙ اَنَّهَآ اِذَا جَآءَتْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَنُقَلِّبُ اَفْـِٕدَتَهُمْ وَاَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ يُؤْمِنُوْا بِهٖۤ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّنَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝

پھر ان سب کو ان کے رب ہی کی طرف لوٹنا ہے، سو اس وقت جو اعمال وہ کرتے تھے ان کی حقیقت وہ (اللہ تعالیٰ) ان کو بتلا دیں گے ﴿۱۰۸﴾ اور ان (کافر) لوگوں نے اللہ تعالیٰ (کے نام) کی بڑی زوردار قسمیں کھائی کہ اگر ان کے پاس (ان کی چاہت کے مطابق) کوئی معجزہ آ جاوے تو وہ ضرور اس پر ایمان لے آویں گے، (اے نبی!) تم (ان سے) کہہ دو کہ: (ساری) نشانیاں (یعنی معجزات) تو اللہ تعالیٰ ہی کے قبضے میں ہے اور تم (مسلمانوں) کو کیا پتہ ہے کہ یہ لوگ (ان کی چاہت کے مطابق) ان (معجزات) کے آ جانے کے بعد بھی (دشمنی میں) ایمان نہیں لائیں گے ﴿۱۰۹﴾ اور جس طرح یہ لوگ پہلی مرتبہ اس (قرآن) پر ایمان نہیں لائے ہیں ہم (ان کی ضد کی وجہ سے) ان کے دلوں اور آنکھوں کو الٹ دیں گے اور ہم ان کو ان کی شرارت میں بھٹکتا ہوا چھوڑ دیں گے ﴿۱۱۰﴾

وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَاۤ اِلَیْهِمُ الْمَلٰٓىِٕكَةَ وَ كَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَ حَشَرْنَا عَلَیْهِمْ كُلَّ شَیْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا لِیُؤْمِنُوْۤا اِلَّاۤ اَنْ یَّشَآءَ اللّٰهُ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ یَجْهَلُوْنَ۝ وَ كَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِیٍّ عَدُوًّا شَیٰطِیْنَ الْاِنْسِ وَ الْجِنِّ یُوْحِیْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا ؕ وَ لَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَ مَا یَفْتَرُوْنَ۝ وَ لِتَصْغٰۤى اِلَیْهِ اَفْـِٕدَةُ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَ لِیَرْضَوْهُ وَ لِیَقْتَرِفُوْا مَا هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ۝

اور اگر ہم ان (کافروں) پر فرشتے اتار (بھی) دیویں اور مُردے (زندہ ہو کر) ان سے باتیں (بھی) کرنے لگے اور ہر (غیبی) چیز ان کے پاس ان کی آنکھوں کے سامنے لا کر ہم جمع بھی کر دیویں ①تب بھی یہ (کافر لوگ) ایمان لانے والے نہیں ہیں؛ الا یہ کہ اللہ تعالیٰ چاہے ②لیکن ان (کافروں) میں اکثر لوگ جہالت میں پڑے ہوئے ہیں ③﴿۱۱۱﴾ اور اسی طریقے سے ④(بہت سارے) شرارت پسند انسانوں اور جناتوں کو ہم نے (پہلے گذرے ہوئے) ہر نبی کا دشمن بنایا تھا جو دھوکہ دینے کی غرض سے ایک دوسرے کو خوش نما⑤ باتیں سکھاتے تھے ⑥اور اگر تمھارے رب چاہیں تو وہ اس (طرح کے کام) کو نہ کرتے، سو جو جھوٹ وہ بناتے ہیں اس میں ان کو پڑا رہنے دو ﴿۱۱۲﴾ اور (وہ نبی کے دشمن اس طرح کی باتیں اس لیے کرتے تھے؛) تاکہ وہ لوگ جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ان کے دل اس (فریب والی باتوں) کی طرف مائل ہو جاویں اور تاکہ وہ اس سے راضی بھی رہیں ⑦اور وہ تمام (برے) کام بھی کرتے رہیں جو وہ کرتے چلے آئے تھے ﴿۱۱۳﴾

---

① یعنی جنت، جہنم، فرشتے سب ان کے سامنے آجاویں۔
② یعنی ان کو ایمان پر مجبور کر دیوے یا ان کی تقدیر بدل دیوے۔
③ یعنی ان کے دلوں میں ایمان لانے کا ارادہ تو ہے نہیں پھر بھی معجزات مانگتے رہتے ہیں، یہ بڑی جہالت ہے۔
④ یعنی جس طرح یہ مکہ کے لوگ آج ہمارے نبی ﷺ کے دشمن ہیں اس طریقے سے۔
⑤ خوش نما یعنی چکنی چپڑی بات۔ جو بات ظاہر میں اچھی لگے اور اندر سے بالکل باطل اور دھوکا ہو وہ "زخرف القول" ہے۔
⑥ (دوسرا ترجمہ) دل میں ڈالتے تھے۔
⑦ (دوسرا ترجمہ) تاکہ وہ اس کو (دل سے) پسند کریں۔

أَفَغَيْرَ اللّٰهِ أَبْتَغِي حَكَمًا وَّهُوَ الَّذِيْٓ أَنْزَلَ إِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا ۭ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْلَمُوْنَ أَنَّهٗ مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ۝ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا ۭ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ وَإِنْ تُطِعْ أَكْثَرَ مَنْ فِي الْأَرْضِ يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ إِنْ يَّتَّبِعُوْنَ إِلَّا الظَّنَّ وَإِنْ هُمْ إِلَّا يَخْرُصُوْنَ ۝ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ مَنْ يَّضِلُّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۚ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ۝ فَكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ إِنْ كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ۝

کیا بھلا! اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر (کسی اور کو) فیصلہ کرنے والا میں تلاش کروں؛ حالاں کہ وہی (اللہ تعالیٰ) وہ ذات ہے جس نے تم پر کتاب (یعنی قرآن) اتاری جس میں (پوری) تفصیل ہے اور جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی وہ یقین رکھتے ہیں کہ وہ (کتاب) تمھارے رب ہی کی طرف سے ٹھیک ٹھیک اتاری گئی ہے، سو تم شک کرنے والوں میں بالکل شامل نہ ہونا ﴿۱۱۴﴾ اور تمھارے رب کا کلام (یعنی قرآن) سچائی اور انصاف① میں کامل ہے، اس (اللہ تعالیٰ) کی بات کو کوئی بدلنے والا نہیں ہے اور وہ بڑے سننے والے، بڑے جاننے والے ہیں ﴿۱۱۵﴾ اور جو لوگ زمین میں ہیں ان میں سے اکثر لوگوں کا② کہنا اگر (بالفرض) تم ماننے لگے تو وہ تم کو (بھی) اللہ تعالیٰ کے راستے سے گمراہ کردیں گے، وہ سب لوگ تو خیال (یعنی وہم) ہی کے پیچھے چلتے ہیں اور وہ لوگ تو (خیالی) اندازے (یعنی اٹکل) ہی لگاتے ہیں ﴿۱۱۶﴾ یقین رکھو! تمھارے رب وہی سب سے زیادہ جانتے ہیں کہ کون اس کے راستے سے بھٹک رہا ہے اور وہی (اللہ تعالیٰ) ان لوگوں کو بھی پوری طرح جانتے ہیں جو ہدایت پر ہیں ﴿۱۱۷﴾ اگر تم اس (اللہ تعالیٰ) کے احکام پر ایمان رکھتے ہو تو ہر اس (حلال) جانور میں سے کھاؤ جس پر (ذبح کرتے وقت) اللہ تعالیٰ کا نام لیا گیا ہو ﴿۱۱۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اعتدال۔

② دنیا میں اس وقت اکثریت گمراہ لوگوں کی ہے۔

وَمَا لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ اِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ اِلَيْهِ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا لَّيُضِلُّوْنَ بِاَهْوَآئِهِمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْسِبُوْنَ الْاِثْمَ سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوْا يَقْتَرِفُوْنَ ﴿۱۲۰﴾ وَلَا تَاْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَاِنَّهٗ لَفِسْقٌ ؕ وَاِنَّ الشَّيٰطِيْنَ لَيُوْحُوْنَ اِلٰٓى اَوْلِيٰٓـئِهِمْ لِيُجَادِلُوْكُمْ ۚ وَاِنْ اَطَعْتُمُوْهُمْ اِنَّكُمْ لَمُشْرِكُوْنَ ﴿۱۲۱﴾

اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِى النَّاسِ كَمَنْ مَّثَلُهٗ فِى الظُّلُمٰتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكٰفِرِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۲﴾

اور تمھارے لیے کیا رکاوٹ ہے کہ جس جانور پر (ذبح کے وقت) اللہ تعالیٰ کا نام لیا گیا ہو تم اس (جانور) میں سے بھی نہ کھاؤ؟ حالاں کہ اس (اللہ تعالیٰ) نے تم کو ان چیزوں کی تفصیل بتلا دی ہے جو تمھارے لیے حرام کی ہے؛ الایہ کہ تم جن کے (کھانے کے) لیے مجبور ہو جاؤ① اور یقیناً بہت سارے لوگ (وہ ہیں جو) بغیر کسی علم کے (صرف) اپنی خواہشات (غلط خیالات) کی بنا پر لوگوں کو گمراہ کرتے پھرتے ہیں، یقیناً تمھارے رب ہی حد سے گزرنے والوں کو خوب (اچھی طرح) جانتے ہیں ﴿۱۱۹﴾ اور تم کھلا گناہ اور چھپا ہوا گناہ چھوڑ دو، یقیناً جو لوگ گناہ کا کام کرتے ہیں عنقریب ان کو ان کے کیے ہوئے (گناہوں کی) سزا دی جائے گی ﴿۱۲۰﴾ اور جن جانوروں پر (ذبح کرتے وقت) اللہ تعالیٰ کا نام نہ لیا گیا ہو تم ان میں سے نہ کھاؤ اور وہ (یعنی اس کا کھانا) تو یقیناً کھلم کھلا گناہ ہے اور یقیناً شیاطین اپنے دوستوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتے رہتے ہیں؛ تاکہ وہ تم سے (بے کار) بحث (یعنی جھگڑا) کریں اور اگر (بالفرض) تم نے ان کا کہنا مانا تو یقیناً تم بھی مشرک ہو جاؤ گے ﴿۱۲۱﴾

کیا بھلا جو شخص مرا ہوا تھا① سو ہم نے اس کو زندہ کر دیا② اور ہم نے اس کو ایسا نور عطا کیا جس کو لے کر لوگوں میں چلتا پھرتا ہے③ (کیا) وہ اس شخص جیسا ہو سکتا ہے جو (مختلف) اندھیریوں میں (پڑا ہوا) ہو، وہ ان (اندھیریوں) سے باہر نکل نہیں سکتا، اسی طرح کافروں کو جو کام وہ کرتے ہیں ان کی نظر میں وہ خوش نما کر دیے گئے ہیں④ ﴿۱۲۲﴾

(حاشیہ اگلے صفحہ پر)

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا فِيْ كُلِّ قَرْيَةٍ اَكٰبِرَ مُجْرِمِيْهَا لِيَمْكُرُوْا فِيْهَا ۭ وَمَا يَمْكُرُوْنَ اِلَّا بِاَنْفُسِهِمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۝ وَاِذَا جَاۗءَتْهُمْ اٰيَةٌ قَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ حَتّٰى نُؤْتٰى مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ رُسُلُ اللّٰهِ ؔ اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ ۭ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا صَغَارٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعَذَابٌ شَدِيْدٌۢ بِمَا كَانُوْا يَمْكُرُوْنَ ۝ فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ ۚ وَمَنْ يُّرِدْ اَنْ يُّضِلَّهٗ يَجْعَلْ صَدْرَهٗ ضَيِّقًا حَرَجًا كَاَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَاۗءِ ۭ

اور اسی طرح ① ہم نے ہر بستی میں اس کے مجرموں کو سردار بنا دیے ② تاکہ وہ اس (بستی) میں (ایمان والوں کے خلاف) سازشیں کیا کریں اور وہ جو سازشیں کرتے ہیں وہ ان کے اپنے ہی خلاف پڑتی ہیں اور وہ سوچتے ہی نہیں ﴿۱۲۳﴾ اور جب ان (مکہ والوں) کے پاس (قرآن کی) کوئی آیت آتی ہے تو وہ (یوں) کہتے ہیں: ہم تو اس وقت تک ہرگز ایمان نہیں لائیں گے جب تک ہم کو ایسی چیز نہ دی جاوے جیسی اللہ تعالیٰ کے رسولوں کو دی جا چکی ہے ③ اللہ تعالیٰ خوب اچھی طرح جانتے ہیں کہ وہ اپنی رسالت کس کو دیویں ④ عنقریب (اس طرح کے) مجرموں کو وہ جو سازشیں کرتے تھے اس کے بدلے میں اللہ تعالیٰ کے یہاں ذلت اور سخت عذاب ہوگا ﴿۱۲۴﴾ سو جس شخص کو اللہ تعالیٰ ہدایت پر لانا چاہتے ہیں اس کے سینے کو اسلام کے لیے کھول دیتے ہیں، اور جس کو (اس کی ضد کی وجہ سے) گمراہ کرنا چاہتے ہیں تو اس کے سینے کو بہت ہی زیادہ تنگ کر دیتے ہیں (اور اس کو ایمان لانا ایسا بھاری لگتا ہے) جیسے اسے زبردستی آسمان پر چڑھنا پڑ رہا ہو،

پچھلے صفحہ کا حاشیہ: ① تو وہ حرام چیزیں تم ضرورت کے مطابق استعمال کر سکتے ہو۔ ② یعنی گمراہ تھا۔ ③ یعنی مسلمان بنا دیا۔
④ یعنی نور کی برکت سے گمراہی سے محفوظ رہتا ہے اور خود بھی اسلامی زندگی گذارے اور دوسروں کے ساتھ اسلامی طریقے سے برتاؤ کرے۔ دوسروں کو اس کے ایمانی نور سے فائدہ پہنچائے۔
⑤ یعنی کافروں کی سوچ میں کفر اچھی چیز ہے (دوسرا) اسی طرح مزین (بھلا) دکھایا ہے کافروں کو جو کام وہ کر رہے ہیں۔
اس صفحے کا حاشیہ: ① یعنی جس طرح مکہ کے بڑے لوگ سازشیں کر رہے ہیں اسی طرح۔
② (دوسرا ترجمہ) اور جس طرح مکہ کے بڑے لوگ جرم کر رہے ہیں اسی طرح ہم نے ہر بستی میں اس بستی کے سرداروں ہی کو (مخالف اور) مجرم بنا دیا۔ ③ یعنی خود ہم پر وحی نازل ہو، فرشتہ آوے۔
④ دوسرا ترجمہ: اللہ ہی اپنے پیغام بھیجنے کے محل (اور موقع) کو اچھی طرح جانتے ہیں۔

كَذٰلِكَ يَجْعَلُ اللّٰهُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۞ وَهٰذَا صِرَاطُ رَبِّكَ مُسْتَقِيْمًا ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ۞ لَهُمْ دَارُ السَّلٰمِ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَهُوَ وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۞ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ۚ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ مِّنَ الْاِنْسِ ۚ وَقَالَ اَوْلِيٰٓؤُهُمْ مِّنَ الْاِنْسِ رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ وَّبَلَغْنَاۤ اَجَلَنَا الَّذِيْۤ اَجَّلْتَ لَنَا ؕ قَالَ النَّارُ مَثْوٰىكُمْ خٰلِدِيْنَ فِيْهَاۤ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ۞

اسی طرح اللہ تعالیٰ ایمان نہ لانے والوں پر عذاب ڈالیں گے① ﴿۱۲۵﴾ اور یہ (اسلام ہی) تمھارے رب کا (بتایا ہوا) سیدھا راستہ ہے، پکی بات ہے کہ نصیحت قبول کرنے والوں کے لیے ہم نے آیتوں کو صاف صاف بیان کر دیا ہے ﴿۱۲۶﴾ جو (نیک) عمل وہ کرتے ہیں اس کی وجہ سے ان کے لیے ان کے رب کے پاس سلامتی کا گھر ہے② اور وہی (اللہ تعالیٰ) ان کے مددگار ہیں ﴿۱۲۷﴾ اور (اس قیامت کے دن کو یاد رکھو) جس دن وہ (اللہ تعالیٰ) ان سب (مخلوق) کو جمع کریں گے (اور اللہ تعالیٰ سب سے فرمائیں گے) اے جنات کی جماعت! تم نے بہت سارے انسانوں کو (گمراہ کر کے) اپنا بنا لیا تھا اور انسانوں میں سے ان (جنات) کے دوست بولیں گے: اے ہمارے رب! (دنیا میں) ہم نے (آپس میں) ایک دوسرے سے فائدہ حاصل کر لیا اور (بالآخر) آپ نے ہمارے لیے جو وقت (قیامت کا) متعین کیا تھا (اب) ہم اپنے اس وقت پر پہنچ گئے ہیں③، وہ (اللہ تعالیٰ) فرمائیں گے کہ: (جہنمی) آگ تم سب کا ٹھکانہ ہے، اس میں تم سب ہمیشہ رہو گے، مگر اللہ تعالیٰ جو چاہے④ یقیناً تمھارے رب بڑی حکمت والے ہیں، (ہر چیز کو) اچھی طرح جاننے والے ہیں ﴿۱۲۸﴾

---

① ”رجس“ کا دوسرا مطلب شیطان ہے؛ یعنی ایمان نہ لانے والوں پر اللہ تعالیٰ شیطان کو مسلط فرماتے ہیں۔

② ہر محنت اور مصیبت سے سلامت گھر جنت ہے۔ ”سلام“ اسمائے حسنیٰ میں سے ہے یعنی اللہ تعالیٰ جو گھر دیں گے وہ امن، سلامتی والا ہی ہوگا۔

③ یعنی قیامت آ گئی۔

④ جس کو اللہ تعالیٰ جہنم سے نکالنا چاہیں گے وہ سلامت رہے گا۔

وَكَذٰلِكَ نُوَلِّيْ بَعْضَ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضًا بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ۝
يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ قَالُوْا شَهِدْنَا عَلٰۤى اَنْفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَشَهِدُوْا عَلٰۤى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ۝ ذٰلِكَ اَنْ لَّمْ يَكُنْ رَّبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا غٰفِلُوْنَ۝ وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ؕ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ۝ وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَسْتَخْلِفْ مِنْ بَعْدِكُمْ مَّا يَشَآءُ كَمَاۤ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ ذُرِّيَّةِ قَوْمٍ اٰخَرِيْنَ۝

اور اسی طرح ① بعض ظالموں کو ہم (دوسرے) بعض کے ساتھ (جہنم میں) ان کی اس کمائی کی وجہ سے جو وہ کیا کرتے تھے ساتھ ملا دیں گے ② ﴿۱۲۹﴾

اے جنات اور انسان کی جماعت! کیا تمھارے پاس (خود) تم ہی میں سے ایسے رسول نہیں آئے تھے جو تم کو میری آیتیں پڑھ پڑھ کر سناتے ہوں اور تم کو تمھارے اس (قیامت کے) دن کے پیش آنے سے ڈراتے ہوں، تو وہ (سب مل کر) کہیں گے: ہم نے اپنے گناہ کا اقرار کر لیا ہے ③ اور (حقیقت میں) ان کو دنیا کی زندگی نے دھوکے میں ڈال دیا تھا اور وہ خود اپنے خلاف اعتراف کریں گے کہ وہ کافر تھے ﴿۱۳۰﴾ یہ (نبیوں کو جو بھیجا جاتا رہا وہ) اس لیے کہ تمھارا رب ایسا نہیں تھا کہ وہ بستی والوں کو (ان کے) ظلم کی وجہ سے ہلاک کر دیوے اور وہاں کے لوگوں کو (احکامِ الٰہی کی) خبر بھی نہ ہو ﴿۱۳۱﴾ اور ہر قسم کے لوگوں کو ان کے عمل کے اعتبار سے درجات ملیں گے اور جو کام بھی وہ لوگ کر رہے ہیں ان سے تمھارے رب بے خبر نہیں ہیں ﴿۱۳۲﴾ اور تمھارے رب تو بے نیاز ہیں، (بڑی) رحمت والے ہیں، اگر وہ چاہیں تو تم سب کو (دنیا سے) لے جاویں (یعنی ختم کر دیویں) اور تمھارے بعد جس کو چاہیں تمھاری جگہ لے آویں جیسا تم کو دوسری قوم کی اولاد سے پیدا کیا تھا ﴿۱۳۳﴾

① یعنی جس طرح دنیا میں سب گمراہوں کا آپس میں تعلق تھا اسی طرح۔ ② (دوسرا ترجمہ) (جس طرح کافروں کی ضد کی وجہ سے ان پر شیطان مسلط کیا گیا ہے) اسی طرح ہم ظالموں کو ایک دوسرے پر ان کے اعمال کی وجہ سے مسلط کر دیں گے ③ (دوسرا ترجمہ) ہم اپنے خلاف خود گواہی دیتے ہیں۔

إِنَّ مَا تُوعَدُونَ لَاٰتٍ ۙ وَّمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۱۳۴﴾ قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّىْ عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۱۳۵﴾ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَالْاَنْعَامِ نَصِيْبًا فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ وَهٰذَا لِشُرَكَآئِنَا ۚ فَمَا كَانَ لِشُرَكَآئِهِمْ فَلَا يَصِلُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَمَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ يَصِلُ اِلٰى شُرَكَآئِهِمْ ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿۱۳۶﴾ وَكَذٰلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَتْلَ اَوْلَادِهِمْ شُرَكَآؤُهُمْ لِيُرْدُوْهُمْ وَلِيَلْبِسُوْا عَلَيْهِمْ دِيْنَهُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳۷﴾

یقین رکھو جس کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے وہ (عذاب) آنے ہی والا ہے اور تم عاجز کردینے کی طاقت نہیں رکھتے ﴿۱۳۴﴾ (اے نبی!) تم کہہ دو: اے میری قوم! تم اپنی جگہ (اپنے طریقے کے مطابق) عمل کرتے رہو، میں بھی (اپنے طریقے کے مطابق اپنا) کام کررہا ہوں، سوعنقریب تم کو معلوم ہو جائے گا کہ دنیا کا انجام کس کے حق میں (اچھا) ہوتا ہے، یقیناً ظالم لوگ فلاح (یعنی کامیابی) پاتے نہیں ہیں ﴿۱۳۵﴾ اور اس (اللہ تعالیٰ) نے جو کھیتی اور جانور پیدا کیے ہیں ان میں سے ان کافروں نے اللہ تعالیٰ کا ایک حصہ مقرر کردیا، پھر اپنے (فاسد) خیال سے یہ کہتے ہیں کہ: اتنا (حصہ) اللہ تعالیٰ کا ہے اور اتنا (حصہ) ہمارے مقرر کیے ہوئے معبودوں کا ہے ①، پھر جو حصہ ان کے معبودوں کا ہوتا ہے سو وہ تو اللہ تعالیٰ کے پاس (کبھی) نہیں پہنچتا اور جو حصہ اللہ تعالیٰ کے لیے ہوتا ہے سو ان کے معبودوں کی طرف پہنچ جاتا ہے، کیسا برا وہ لوگ فیصلہ کرتے ہیں؟ ﴿۱۳۶﴾ اور اسی طرح بہت سے مشرکوں کو ان کے معبودوں (یعنی شیطانوں) نے سمجھا رکھا ہے ② کہ اپنی اولاد کو قتل کرنا اچھا کام ہے؛ تاکہ وہ ان (مشرکوں) کو (دنیا اور آخرت میں) بالکل ہلاک کرڈالیں اور تاکہ ان پر ان کے دین کو مشتبہ کردیں ③ اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتے تو وہ اس طرح کے کام نہ کرتے، لہٰذا جو جھوٹ وہ گھڑتے ہیں اسی میں ان کو چھوڑ دیجیے ﴿۱۳۷﴾

---

① یعنی جن کو ہم نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ (عبادت میں) شریک کررکھا ہے ان کا۔ ② (دوسرا ترجمہ) دل میں بٹھا رکھا ہے۔
③ یعنی جو دین کی بات نہیں ہے وہ ان کو دین کی بات سمجھا دیوے۔ دوسرا ترجمہ: ان کے دین کے بارے میں ان پر گڑبڑی (مغالطہ) ڈال دیوے۔

وَقَالُوا هَٰذِهِ أَنْعَامٌ وَحَرْثٌ حِجْرٌ لَا يَطْعَمُهَا إِلَّا مَنْ نَشَاءُ بِزَعْمِهِمْ وَأَنْعَامٌ حُرِّمَتْ ظُهُورُهَا وَأَنْعَامٌ لَا يَذْكُرُونَ اسْمَ اللَّهِ عَلَيْهَا افْتِرَاءً عَلَيْهِ ۚ سَيَجْزِيهِمْ بِمَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿١٣٨﴾ وَقَالُوا مَا فِي بُطُونِ هَٰذِهِ الْأَنْعَامِ خَالِصَةٌ لِذُكُورِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلَىٰ أَزْوَاجِنَا ۖ وَإِنْ يَكُنْ مَيْتَةً فَهُمْ فِيهِ شُرَكَاءُ ۚ سَيَجْزِيهِمْ وَصْفَهُمْ ۚ إِنَّهُ حَكِيمٌ عَلِيمٌ ﴿١٣٩﴾ قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ قَتَلُوا أَوْلَادَهُمْ سَفَهًا بِغَيْرِ عِلْمٍ وَحَرَّمُوا مَا رَزَقَهُمُ اللَّهُ افْتِرَاءً عَلَى اللَّهِ ۚ قَدْ ضَلُّوا وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ ﴿١٤٠﴾

اور وہ (مشرکین) کہنے لگے: یہ (خاص قسم کے) جانور اور کھیتی ممنوع ہے①، ان کا خیال ہے کہ جن کو ہم چاہیں اس کے سوا کوئی ان کو نہیں کھا سکتا اور کچھ (خاص قسم کے) جانور ہیں کہ جن کی پیٹھ پر سوار ہونا حرام قرار دیا گیا ہے اور کچھ (خاص قسم کے) جانور ہیں کہ جن پر وہ اللہ تعالیٰ کا نام نہیں لیتے② (یہ سب من گھڑت باتیں) ان (اللہ تعالیٰ) پر بہتان باندھ کر (کہتے ہیں) وہ (اللہ تعالیٰ) عنقریب جو بہتان وہ باندھتے تھے ان کا بدلہ دیں گے ﴿۱۳۸﴾ اور وہ (مشرک لوگ یہ بات بھی) کہتے ہیں کہ: ان (خاص) جانوروں کے پیٹوں میں جو (بچے) ہیں وہ تو ہمارے مَردوں کے لیے خاص (حلال) ہیں اور (اس کا کھانا) ہماری عورتوں پر حرام ہے اور اگر وہ (بچہ) مرا ہوا (پیدا) ہو تو وہ (مرد اور عورت) سب اس (کھانے) میں برابر شریک ہو جاویں، عنقریب وہ (اللہ تعالیٰ) ان کو ان کی (غلط) بیان کی ہوئی باتوں کی سزا دیں گے، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) بڑی حکمت والے ہیں، بڑے جاننے والے ہیں ﴿۱۳۹﴾ پکی بات ہے کہ وہ لوگ بڑے نقصان میں پڑ گئے ہیں جنھوں نے اپنی اولاد کو بے وقوفی سے بغیر سمجھے ہوئے قتل کر دیا اور جو (حلال) روزی اللہ تعالیٰ نے ان کو دی ہے اس کو اللہ تعالیٰ پر بہتان باندھ کر حرام کر لیا ہے، پکی بات یہ ہے کہ وہ (خود) گمراہ ہو گئے ہیں اور سیدھے راستے پر آئے ہی نہیں ہیں ﴿۱۴۰﴾

---

① یعنی ان کا استعمال ہر شخص کے لیے جائز نہیں ہے۔ ② یعنی بعض جانوروں کے بارے میں کافروں کے یہاں یہ طے تھا کہ اس کو ذبح کرتے وقت، ان کا گوشت کھاتے وقت، ان پر سواری کرتے وقت ان کا دودھ نکالتے وقت اللہ تعالیٰ کا نام نہیں لے سکتے کہ بتوں کی چیزوں میں اللہ تعالیٰ کی شرکت نہ ہو جاویں۔

وَهُوَ الَّذِیْٓ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ وَّغَیْرَ مَعْرُوْشٰتٍ وَّالنَّخْلَ وَالزَّرْعَ مُخْتَلِفًا اُكُلُهٗ وَالزَّیْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُتَشَابِهًا وَّغَیْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ كُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖۤ اِذَاۤ اَثْمَرَ وَاٰتُوْا حَقَّهٗ یَوْمَ حَصَادِهٖ ۖ٘ وَلَا تُسْرِفُوْا ؕ اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ الْمُسْرِفِیْنَ ۟ۙ وَمِنَ الْاَنْعَامِ حَمُوْلَةً وَّفَرْشًا ؕ كُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ ۟ۙ ثَمٰنِیَةَ اَزْوَاجٍ ۚ مِنَ الضَّاْنِ اثْنَیْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَیْنِ ؕ قُلْ ءٰٓالذَّكَرَیْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَیَیْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَیْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَیَیْنِ ؕ نَبِّـُٔوْنِیْ بِعِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ۟ۙ

اور وہی (اللہ تعالیٰ) ہے جس نے باغات (یعنی باڑیاں) پیدا کیے، (ان میں سے کچھ ایسے بیل والے ہیں) جو سہاروں سے اوپر چڑھائے جاتے ہیں اور (کچھ ایسے بھی ہیں) جو سہاروں سے (ٹٹیوں پر) چڑھائے نہیں جاتے اور کھجور کے درخت اور کھیتی (بھی پیدا کی) ان سب کے پھل (اور ذائقے) الگ الگ طرح کے ہیں (اللہ تعالیٰ ہی نے پیدا کیے)① اور زیتون اور انار (پیدا کیے) جو ایک دوسرے سے (صورت، شکل اور مزہ میں) ملتے جلتے بھی ہیں اور ایک دوسرے سے الگ الگ بھی ہیں، جب وہ پھل نکل آوے تب اس کے پھلوں کو کھاؤ اور جس دن تم اس کو کاٹو (تب) اس کا (مقررہ) حق ادا کرو اور تم فضول خرچی مت کرو، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) فضول خرچی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتے ﴿۱۴۱﴾ اور جانوروں میں سے بعض تو وہ (پیدا کیے) ہیں جو بوجھ اٹھاتے ہیں② اور (کچھ جانور ایسے ہیں) جو زمین سے لگے ہوئے ہیں③، اللہ تعالیٰ نے تم کو جو روزی دی اس میں سے تم کھاؤ اور تم شیطان کے قدموں پر مت چلو، یقین رکھو کہ وہ (شیطان) تو تمہارا کھلم کھلا دشمن ہے ﴿۱۴۲﴾ اس (اللہ تعالیٰ) نے آٹھ نر مادہ (یعنی جوڑے) پیدا کیے ہیں، دو (نر، مادہ) بھیڑوں (یا دنبہ) کی نسل سے اور دو بکریوں میں سے، تم (ان سے) پوچھو کہ کیا اس (اللہ تعالیٰ) نے دونوں نروں کو حرام کیا ہے یا دونوں مادہ کو (حرام کیا ہے) یا اس (بچے) کو (حرام کیا ہے) جو دونوں مادہ کے پیٹ میں موجود ہے؟! اگر تم سچے ہو تو صحیح (یعنی علمی) دلیل سے مجھ کو جواب دو ﴿۱۴۳﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) جن میں کھانے کی چیزیں مختلف (طریقے) کی حاصل ہوتی ہیں۔ ←

وَمِنَ الْإِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ۗ قُلْ آلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ أَمِ الْأُنثَيَيْنِ أَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ أَرْحَامُ الْأُنثَيَيْنِ ۖ أَمْ كُنتُمْ شُهَدَاءَ إِذْ وَصَّاكُمُ اللَّهُ بِهَٰذَا ۚ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا لِّيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ﴿١٤٤﴾ قُل لَّا أَجِدُ فِي مَا أُوحِيَ إِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلَىٰ طَاعِمٍ يَطْعَمُهُ إِلَّا أَن يَكُونَ مَيْتَةً أَوْ دَمًا مَّسْفُوحًا أَوْ لَحْمَ خِنزِيرٍ فَإِنَّهُ رِجْسٌ أَوْ فِسْقًا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللَّهِ بِهِ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ فَإِنَّ رَبَّكَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٤٥﴾

اور (اسی طرح) اونٹ میں سے دو (قسم: نر، مادہ پیدا کیے) اور گائے میں سے (بھی) دو (نر، مادہ پیدا کیے) تم (ان سے) پوچھو کہ کیا (اللہ تعالیٰ نے) دونر کو حرام کیا ہے یا دو مادہ کو (حرام کیا ہے) یا اس (بچے) کو حرام کیا ہے جس کو دونوں مادہ اپنے پیٹ میں لیے ہوئے ہوں؟ جب اللہ تعالیٰ نے تم کو ان (کے حرام ہونے) کا حکم دیا تھا تب تم خود (وہاں) موجود تھے؟ پھر جو شخص اللہ تعالیٰ پر جھوٹی تہمت باندھے اس سے بڑا ظالم کون ہوگا؟ تاکہ بغیر (علمی) تحقیق کے لوگوں کو گمراہ کردے، یقیناً اللہ تعالیٰ ظلم کرنے والی قوم کو ہدایت نہیں دیتے ﴿۱۴۴﴾

(اے نبی!) تم کہہ دو: جو احکام مجھ پر وحی کے ذریعے نازل ہوئے ہیں ان میں کوئی ایسی چیز کہ اس کو کھانا کسی کھانے والے کے لیے حرام کیا گیا ہو میں تو نہیں پاتا①؛ الا یہ کہ مردار ہو یا بہتا ہوا خون ہو یا خنزیر کا گوشت ہو، سو وہ تو بالکل ناپاک ہے یا وہ جانور جو نافرمانی کا ذریعہ ہو جس پر اللہ تعالیٰ کے سوا کا نام لیا گیا ہو، سو جو شخص (ان میں سے کسی بھی چیز کے کھانے پر) مجبور ہو جاوے جبکہ لذت حاصل کرنے والا نہ ہو، اور ضرورت سے زیادہ استعمال کرنے والا نہ ہو تو یقیناً تمھارے رب بہت زیادہ بخشنے والے، سب سے بڑے رحم کرنے والے ہیں ﴿۱۴۵﴾

⬅ ② یعنی اونچے قد کے ہیں، مال برداری کے کام آتے ہیں۔ ③ یعنی چھوٹے قد کے ہیں۔

اس صفحے کا حاشیہ:

① جن چیزوں کو تم نے اپنی مرضی سے حرام ٹھہرا رکھا ہے میرے پر نازل ہونے والی وحی میں وہ حرام نہیں ہیں۔

وَعَلَى الَّذِينَ هَادُوا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِي ظُفُرٍ ۖ وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُومَهُمَا إِلَّا مَا حَمَلَتْ ظُهُورُهُمَا أَوِ الْحَوَايَا أَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ۚ ذَٰلِكَ جَزَيْنَاهُم بِبَغْيِهِمْ ۖ وَإِنَّا لَصَادِقُونَ ۝ فَإِن كَذَّبُوكَ فَقُل رَّبُّكُمْ ذُو رَحْمَةٍ وَاسِعَةٍ وَلَا يُرَدُّ بَأْسُهُ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِينَ ۝ سَيَقُولُ الَّذِينَ أَشْرَكُوا لَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا أَشْرَكْنَا وَلَا آبَاؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِن شَيْءٍ ۚ كَذَٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ حَتَّىٰ ذَاقُوا بَأْسَنَا ۗ قُلْ هَلْ عِندَكُم مِّنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوهُ لَنَا ۖ إِن تَتَّبِعُونَ إِلَّا الظَّنَّ وَإِنْ أَنتُمْ إِلَّا تَخْرُصُونَ ۝ قُلْ فَلِلَّهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ۖ فَلَوْ شَاءَ لَهَدَاكُمْ أَجْمَعِينَ ۝

اور یہودیوں پر ہم نے تمام ناخن والے جانور حرام کردیے تھے، اور گائے اور بکری میں سے ان کی چربیاں ہم نے ان (یہودیوں) پر حرام کردی تھی؛ مگر جو (چربی) ان دونوں (گائے، بکری) کی پیٹھ یا آنتوں پر لگی ہوئی ہو یا جو (چربی) ہڈی کے ساتھ ملی ہوئی ہو (اس کا استعمال حلال تھا)، یہ ان کی شرارت کی وجہ سے ہم نے ان کو سزا دی اور یقیناً ہم تو سچے ہی ہیں ﴿۱۴۶﴾ سو اگر وہ تم کو جھٹلاویں تو کہہ دو کہ: تمھارے رب بڑی وسیع رحمت والے ہیں اور اس کا عذاب مجرم قوم سے ٹلنے والا نہیں ہے ﴿۱۴۷﴾ عنقریب مشرک لوگ کہیں گے کہ: اگر اللہ تعالیٰ چاہتے تو نہ ہم شرک کرتے اور نہ ہمارے باپ دادا (شرک کرتے) اور نہ ہی ہم کسی چیز کو حرام قرار دیتے، ان سے پہلے لوگوں نے (بھی) اسی طرح جھٹلایا تھا، یہاں تک کہ انھوں نے ہمارے عذاب کا مزہ چکھ لیا (اے نبی!) تم کہہ دو: کیا تمھارے پاس کوئی علم (یعنی دلیل) ہے تو ہم کو نکال کر کے دکھاؤ①؟ تم تو گمان (یعنی نرے اٹکل) پر ہی چلتے ہو اور تم تو وہی اندازے ہی لگاتے رہتے ہو② ﴿۱۴۸﴾ (اے نبی!) تم کہہ دو کہ: پس پکی دلیل (جو دل میں اتر جاوے وہ تو) اللہ تعالیٰ ہی کی ہے، سو اگر وہ (اللہ تعالیٰ) چاہتے تو تم سب کو ہدایت پر لے آتے ﴿۱۴۹﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) ہمارے سامنے ظاہر کرو۔

② (دوسرا ترجمہ) اور تم تو تخمینہ کی ہی باتیں کرتے ہو۔

قُلْ هَلُمَّ شُهَدَآءَكُمُ الَّذِيْنَ يَشْهَدُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ هٰذَا ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا فَلَا تَشْهَدْ مَعَهُمْ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَهُمْ بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ۠

قُلْ تَعَالَوْا اَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ اَلَّا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۚ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ ؕ نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَاِيَّاهُمْ ۚ وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ ۚ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ۝

(اے نبی!) تم کہہ دو کہ: تم اپنے گواہوں کو (سامنے) لاؤ جو یہ گواہی دیویں کہ اللہ تعالیٰ نے ان (بیان کی ہوئی اوپر کی) چیزوں کو حرام کیا ہے، سو اگر وہ ایسی گواہی دے بھی دیویں تو تم ان کے ساتھ گواہی دینے میں شامل نہ ہونا① اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے اور وہ دوسروں کو (عبادت میں) اپنے رب کے برابر کرتے ہیں تم ان کی خواہشات (یعنی خوشی) پر مت چلنا (۱۵۰)

(اے نبی!) تم (ان سے) کہو کہ: تم آؤ میں (تم کو) پڑھ کر سناؤں کہ تمھارے رب نے (حقیقت میں) کونسی باتیں تم پر حرام کی ہیں: یہ کہ تم اس (رب) کے ساتھ کسی چیز کو شریک مت کرو اور ماں، باپ کے ساتھ اچھا سلوک کرو اور تم اپنی اولاد کو مفلسی (یعنی غریبی) کے ڈر سے قتل مت کرو، ہم تم کو بھی روزی دیتے ہیں اور ان کو بھی (روزی دیتے ہیں) اور تم بے حیائی کے کاموں کے پاس مت جاؤ چاہے وہ (بے حیائی) کھلی ہوئی ہو اور چھپی ہوئی ہو② اور تم اس جان کو قتل مت کرو جس کو اللہ تعالیٰ نے احترام والا بنایا ہے؛ الا یہ کہ (قتل کرنے کا کوئی شرعی) حق بنتا ہو، یہ وہ باتیں ہیں جن کا انھوں نے تم کو تاکیدی حکم دیا ہے؛ تاکہ تم سمجھو (۱۵۱)

---

① (دوسرا ترجمہ) ان کی گواہی پہ سننا (تیسرا) تو تم (ان کی گواہی کا) اعتبار نہ کرنا۔

② برے ارادے اور خیالات بالقصد دل میں لانا اور اس کو پورا کرنے کی تدابیر کرنا۔ اسی طرح باطنی گناہ بھی مراد ہے۔

وَلَا تَقْرَبُوا مَالَ الْيَتِيمِ إِلَّا بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ أَشُدَّهُ ۚ وَأَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيزَانَ بِالْقِسْطِ ۖ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ۖ وَإِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۖ وَبِعَهْدِ اللّٰهِ أَوْفُوا ۚ ذٰلِكُمْ وَصّٰكُمْ بِهِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ﴿١٥٢﴾ وَأَنَّ هٰذَا صِرَاطِي مُسْتَقِيمًا فَاتَّبِعُوهُ ۖ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيلِهِ ۚ ذٰلِكُمْ وَصّٰكُمْ بِهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ﴿١٥٣﴾ ثُمَّ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتٰبَ تَمَامًا عَلَى الَّذِي أَحْسَنَ وَتَفْصِيلًا لِكُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً لَعَلَّهُمْ بِلِقَاءِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُونَ ﴿١٥٤﴾

اور تم یتیم کے مال کے قریب مت جاؤ؛ مگر ایسے طریقے سے (تصرف کرنے کی اجازت ہے) جو (اس یتیم کے حق میں) بہتر ہو، یہاں تک کہ وہ (یتیم) اپنی جوانی (کی عمر) تک پہنچ جاوے (تب اس کو اس کا مال حوالے کر دیا جاوے) اور تم ناپ اور تول انصاف کے ساتھ پوری کیا کرو، ہم کسی بھی نفس کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے① اور جب تم بات کہو تو انصاف کی (بات) کہو اگرچہ وہ قریبی رشتے دار ہی ہو (تب بھی) اور اللہ تعالیٰ کے عہد کو تم پورا کرو، یہ وہ باتیں ہیں جن کا انھوں نے تم کو تاکیدی حکم دیا ہے؛ تاکہ تم دھیان دو (اور عمل کرو) ﴿۱۵۲﴾ اور (اے نبی! ان سے) یہ بھی (کہہ دو) کہ یہ میرا راستہ بالکل سیدھا ہے②، سو تم اسی (راستے) پر چلو اور تم دوسرے راستوں پر مت چلو، ورنہ وہ تم کو اس (اللہ تعالیٰ) کے راستے سے جدا کر دیں گے، یہ وہ باتیں ہیں جن کا انھوں نے تم کو تاکیدی حکم دیا ہے؛ تاکہ تم تقویٰ والے بن جاؤ ﴿۱۵۳﴾ پھر ہم نے موسیٰ کو (بھی) ایک کتاب (یعنی تورات) دی تھی؛ تاکہ نیک کام کرنے والوں پر اللہ تعالیٰ کی نعمت پوری ہو اور (دین کے متعلق) ہر چیز کی تفصیل ہو③ اور (لوگوں کے لیے) ہدایت اور رحمت (کا ذریعہ) بنے؛ تاکہ وہ (آخرت میں) اپنے رب کی ملاقات پر یقین لے آویں ﴿۱۵۴﴾

---

① پوری پوری کوشش کرنی چاہیے کہ ناپ تول ٹھیک ہو، لیکن کوشش کے باوجود تھوڑا بہت فرق رہ جائے تو معاف ہے۔

② مکمل دین اسلام صراطِ مستقیم ہے۔

③ اس زمانہ کی دینی ضروریات کی تکمیل کے تمام اصول۔

وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ فَاتَّبِعُوْهُ وَاتَّقُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝ اَنْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ اُنْزِلَ الْكِتٰبُ عَلٰى طَآئِفَتَيْنِ مِنْ قَبْلِنَا ۪ وَاِنْ كُنَّا عَنْ دِرَاسَتِهِمْ لَغٰفِلِيْنَ ۝ اَوْ تَقُوْلُوْا لَوْ اَنَّآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْكِتٰبُ لَكُنَّآ اَهْدٰى مِنْهُمْ ۚ فَقَدْ جَآءَكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَصَدَفَ عَنْهَا ۭ سَنَجْزِي الَّذِيْنَ يَصْدِفُوْنَ عَنْ اٰيٰتِنَا سُوْٓءَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا يَصْدِفُوْنَ ۝ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ يَاْتِيَ رَبُّكَ اَوْ يَاْتِيَ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ ۭ يَوْمَ يَاْتِيْ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ اَوْ كَسَبَتْ فِيْٓ اِيْمَانِهَا خَيْرًا ۭ قُلِ انْتَظِرُوْٓا اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ۝

اور یہ (قرآن) برکت والی کتاب ہے جو ہم نے اتاری ہے، سو تم اس (کے احکام) پر چلو اور تم تقویٰ اپنالو؛ تا کہ تم پر (اللہ تعالیٰ کی) رحمت ہو﴿۱۵۵﴾ (ہم نے یہ کتاب اس لیے اتاری) تا کہ تم یہ نہ کہہ سکو کہ (آسمانی) کتاب ہم سے پہلے دو جماعت (یعنی یہود و نصاریٰ) پر ہی اتاری گئی تھی اور ہم تو ان کے پڑھنے پڑھانے سے بالکل بے خبر تھے﴿۱۵۶﴾ یا تم ایسا بھی نہ کہہ سکو کہ ہم لوگوں پر کوئی کتاب اتاری جاتی تو ہم ان (یہود و نصاریٰ) سے یقیناً بہت زیادہ ہدایت پر ہوتے، سو پکی بات ہے کہ تمھارے پاس تمھارے رب کی طرف سے روشن دلیل اور ہدایت اور رحمت آچکی ہے، سو اس شخص سے بڑا ظالم کون ہوگا جو اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو جھٹلاوے اور (لوگوں کو) ان سے روکے؟ عنقریب ان لوگوں کو جو ہماری آیتوں سے روکتے ہیں ان کے اس روکنے کی وجہ سے ہم برے عذاب کی سزا دیں گے﴿۱۵۷﴾ کیا وہ لوگ (ایمان لانے کے لیے) صرف اس بات کا انتظار کر رہے ہیں کہ ان (کافروں) کے پاس فرشتے آجاویں یا (خود) تمھارے رب آجاویں یا تمھارے رب کی کچھ آیتیں (یعنی بڑی نشانیاں) آجاویں[1]؟ (کیا تب یہ لوگ ایمان لادیں گے) جس دن تمھارے رب کی بعض (بڑی) نشانیاں آجاویں گی تو ایسے شخص کو اس کا ایمان لانا فائدہ نہیں دے گا جو اس سے پہلے ایمان نہ لایا ہو یا (پہلے ایمان تو لایا ہو؛ لیکن) اپنے ایمان میں کوئی نیکی کا کام نہ کیا ہو (اے نبی!) تم کہہ دو: تم انتظار کرو، یقیناً ہم بھی انتظار کرتے ہیں﴿۱۵۸﴾

[1] قیامت کی بڑی نشانی مراد ہے جیسے آفتاب کا مغرب سے نکلنا۔

إِنَّ الَّذِينَ فَرَّقُوا دِينَهُمْ وَكَانُوا شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِي شَيْءٍ ۚ إِنَّمَا أَمْرُهُمْ إِلَى اللَّهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُم بِمَا كَانُوا يَفْعَلُونَ ﴿١٥٩﴾ مَن جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا ۖ وَمَن جَاءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَىٰ إِلَّا مِثْلَهَا وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿١٦٠﴾ قُلْ إِنَّنِي هَدَانِي رَبِّي إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ دِينًا قِيَمًا مِّلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا ۚ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿١٦١﴾ قُلْ إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٦٢﴾ لَا شَرِيكَ لَهُ ۖ وَبِذَٰلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا أَوَّلُ الْمُسْلِمِينَ ﴿١٦٣﴾ قُلْ أَغَيْرَ اللَّهِ أَبْغِي رَبًّا وَهُوَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ ۚ وَلَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ إِلَّا عَلَيْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَىٰ ۚ

یقیناً جن لوگوں نے اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا① اور الگ الگ فرقوں میں (تقسیم) ہو گئے②، ان سے آپ کا کوئی تعلق نہیں، ان کا معاملہ تو (صرف) اللہ تعالیٰ کے حوالے ہے، پھر وہ (اللہ تعالیٰ) ان کو بتلا دیں گے جو کام بھی وہ کرتے تھے ﴿۱۵۹﴾ جو شخص نیکی لے کر آئے گا تو اس کو اس (نیکی) کا دس گنا (ثواب) ملے گا اور جو شخص کوئی برائی لے کر آئے گا تو اس کو صرف اسی (برائی) کے جیسی سزا دی جائے گی اور ان لوگوں پر کوئی ظلم نہیں کیا جائے گا ﴿۱۶۰﴾ (اے نبی!) تم کہہ دو: یقیناً مجھ کو تو میرے رب نے ایک سیدھے راستے کی ہدایت (یعنی سمجھ) دے دی ہے جو بالکل صحیح (مضبوط) دین ہے، ابراہیم کی ملت (یعنی دین) ہے، جو بالکل سیدھے راستے پر تھے اور وہ (ابراہیم) شرک کرنے والوں میں سے نہیں تھے ﴿۱۶۱﴾ (اے نبی!) تم کہہ دو کہ: یقیناً میری نماز اور میری قربانی (ہر ایک عبادت) اور میرا جینا اور میرا مرنا سب عالموں کے رب اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں ﴿۱۶۲﴾ اس (اللہ تعالیٰ) کا کوئی شریک نہیں ہے اور اسی بات کا مجھ کو حکم ملا ہے اور میں سب سے پہلا مسلمان (یعنی فرماں بردار) ہوں ﴿۱۶۳﴾ (اے نبی!) تم کہہ دو کہ: کیا اللہ تعالیٰ کے سوا میں کوئی اور رب تلاش کروں؛ حالاں کہ وہ ہر چیز کے رب (یعنی مالک) ہیں اور ہر نفس جو گناہ بھی کرتا ہے اس کا وبال (یعنی نقصان) اسی پر ہوتا ہے اور کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا،

---

① (دوسرا ترجمہ) دین میں جدائی پیدا کر دی یعنی الگ راہیں نکالی۔

② (دوسرا ترجمہ) الگ الگ بہت ساری جماعتیں بن گئیں۔

ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّكُمْ مَرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ﴿١٦٤﴾ وَهُوَ الَّذِي جَعَلَكُمْ خَلَائِفَ الْأَرْضِ وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجَاتٍ لِيَبْلُوَكُمْ فِي مَا آتَاكُمْ ۗ إِنَّ رَبَّكَ سَرِيعُ الْعِقَابِ وَإِنَّهُ لَغَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿١٦٥﴾

پھر تم کو تمھارے رب ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے، اس وقت وہ (اللہ تعالیٰ) ان سب باتوں کی حقیقت تم کو بتلادیں گے جس میں تم اختلاف (یعنی جھگڑا) کیا کرتے تھے ﴿۱۶۴﴾ اور وہی (اللہ تعالیٰ) ہے جس نے تم کو زمین میں اپنا خلیفہ (یعنی نائب) بنایا① اور جس نے تم میں سے ایک کو دوسرے پر (مختلف چیزوں میں) درجات کے اعتبار سے اونچا کیا ہے② تاکہ جو نعمتیں تم کو دی ہیں ان میں تم کو آزماویں، یقین رکھو کہ تمھارے رب بہت جلد سزا دینے والے ہیں اور یقیناً وہ (رب) تو بہت ہی زیادہ معاف کرنے والے ہیں، سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۱۶۵﴾

① اللہ تعالیٰ کی طرف سے انسانوں کو زمین میں تصرف کرنے کے اختیارات دیے گئے ہیں۔

② شکل، صورت، رنگ، لہجہ، اخلاق، رزق، عزت، جاہ مختلف اعتبار سے فرق رکھا ہے۔

سورۃ الأعراف

(المکیة)

أیاتها: ۲۰۶۔

رکوعاتها: ۲۴۔

سورۃ اعراف

یہ سورت مکی ہے، اس میں دو سو چھ (۲۰۶) آیتیں ہیں۔ سورۃ ص کے بعد اور سورۃ جن سے پہلے انتالیس (۳۹) نمبر پر نازل ہوئی۔

یہ عرف کی جمع ہے، معنی آتا ہے: اونچی جگہ۔ جنت اور جہنم کے درمیان ایک دیوار ہوگی اس کو اعراف کی دیوار کہتے ہیں، یہ دیوار جنت کی لذتوں کو جہنم تک اور جہنم کی تکلیفوں کو جنت تک پہنچنے سے مانع ہوگی، اس دیوار کا اوپر والا حصہ مراد لیا گیا ہے۔ اس سورت میں اس دیوار کا اور اس کے اوپر رہنے والے لوگوں کا ذکر کیا گیا ہے۔

جن لوگوں کی نیکیاں اور برائیاں برابر ہوں گی وہ کچھ وقت اعراف میں رہیں گے اور رشک اور لالچ کی نظروں سے اہلِ جنت کو دیکھتے رہیں گے؛ بالآخر ان کو بھی جنت کا داخلہ ملے گا۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

الٓمّٓصٓ ۝ كِتٰبٌ اُنۡزِلَ اِلَيۡكَ فَلَا يَكُنۡ فِيۡ صَدۡرِكَ حَرَجٌ مِّنۡهُ لِتُنۡذِرَ بِهٖ وَذِكۡرٰى لِلۡمُؤۡمِنِيۡنَ ۝ اِتَّبِعُوۡا مَاۤ اُنۡزِلَ اِلَيۡكُمۡ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ وَلَا تَتَّبِعُوۡا مِنۡ دُوۡنِهٖۤ اَوۡلِيَآءَ ؕ قَلِيۡلًا مَّا تَذَكَّرُوۡنَ ۝ وَكَمۡ مِّنۡ قَرۡيَةٍ اَهۡلَكۡنٰهَا فَجَآءَهَا بَاۡسُنَا بَيَاتًا اَوۡ هُمۡ قَآئِلُوۡنَ ۝ فَمَا كَانَ دَعۡوٰٮهُمۡ اِذۡ جَآءَهُمۡ بَاۡسُنَاۤ اِلَّاۤ اَنۡ قَالُوۡۤا اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيۡنَ ۝ فَلَنَسۡـَٔلَنَّ الَّذِيۡنَ اُرۡسِلَ اِلَيۡهِمۡ وَلَنَسۡـَٔلَنَّ الۡمُرۡسَلِيۡنَ ۝ فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيۡهِمۡ بِعِلۡمٍ وَّمَا كُنَّا غَآئِبِيۡنَ ۝

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

المص ﴿۱﴾ تم پر یہ کتاب (اس لیے) اتاری گئی؛ تاکہ اس کے ذریعے (لوگوں کو نافرمانی کی سزا سے) تم ڈراؤ؛ لہذا اس (کتاب) کی وجہ سے تمھارے دل میں کوئی تنگی نہ ہو① اور ایمان والوں کے لیے نصیحت ہو ﴿۲﴾ تمھارے رب کی طرف سے تم پر جو اتارا گیا اس پر تم چلو اور ان (اللہ تعالیٰ) کو چھوڑ کر دوسرے رفیقوں کی بات پر مت چلو، تم بہت کم دھیان دیتے ہو ﴿۳﴾ اور کتنی بستیاں ہم نے ہلاک کردی، سو ان کے پاس ہمارا عذاب رات کے وقت یا دوپہر کے وقت جب وہ سو رہے تھے تب آیا ﴿۴﴾ سو جب ان کے پاس ہمارا عذاب پہنچا تو اس وقت وہ لوگ پکار کر کے یہی بات کہنے لگے کہ: یقیناً ہم ہی لوگ ظالم تھے ﴿۵﴾ سو ہم ضرور ان لوگوں سے سوال کریں گے جن کے پاس رسول بھیجے گئے تھے اور ضرور ہم رسولوں سے بھی سوال کریں گے② ﴿۶﴾ پھر وہ (تمام اقوال) جو ہمارے علم میں ہے ان کے سامنے بیان کردیں گے اور (حالات کے پیش آنے کے وقت) ہم غائب نہیں تھے ﴿۷﴾

---

① یعنی مقصد پہنچانا ہے؛ اس لیے کسی کے نہ ماننے کی وجہ سے آپ کے دل میں تنگی نہ آوے۔ یعنی لوگوں کی طرف سے تکذیب کا خوف تبلیغ میں مانع نہ ہو۔ حرج کا دوسرا ترجمہ شک ہے۔

② امتوں سے سوال ہوگا کہ تم نے رسول کی بات مانی تھی یا نہیں اور رسولوں سے سوال ہوگا کہ امتوں نے تمھارا کہنا مانا یا نہیں۔

وَالْوَزْنُ يَوْمَئِذِ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِينُهُ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴿٨﴾ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِينُهُ فَأُولَٰئِكَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنفُسَهُم بِمَا كَانُوا بِآيَاتِنَا يَظْلِمُونَ ﴿٩﴾ وَلَقَدْ مَكَّنَّاكُمْ فِي الْأَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيهَا مَعَايِشَ ۗ قَلِيلًا مَّا تَشْكُرُونَ ﴿١٠﴾

وَلَقَدْ خَلَقْنَاكُمْ ثُمَّ صَوَّرْنَاكُمْ ثُمَّ قُلْنَا لِلْمَلَائِكَةِ اسْجُدُوا لِآدَمَ فَسَجَدُوا إِلَّا إِبْلِيسَ لَمْ يَكُن مِّنَ السَّاجِدِينَ ﴿١١﴾

اور اس (قیامت کے) دن صحیح وزن ہوگا①، سو جن کی ترازو کے پلڑے بھاری ہوں گے تو وہی لوگ کامیاب ہوں گے ﴿۸﴾ اور جن کی ترازو کے پلڑے ہلکے ہوں گے سو یہ وہی لوگ ہیں جنھوں نے اس وجہ سے کہ ہماری آیتوں کے ساتھ ظلم کرتے تھے خود کو نقصان میں ڈال دیا ﴿۹﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے تو تم کو زمین میں رہنے کی جگہ دی اور ہم نے تمھارے لیے اس (زمین) میں روزی کے اسباب بنا دیے②، تم بہت کم شکر گزاری کرتے ہو ﴿۱۰﴾

اور پکی بات ہے کہ ہم نے تم کو پیدا کیا، پھر ہم نے تمھاری صورت بنائی، پھر ہم نے فرشتوں سے کہا کہ: تم آدم کو سجدہ کرو تو ابلیس کے سوا سب نے سجدہ کیا③، وہ (ابلیس) سجدہ کرنے والوں میں شامل نہیں ہوا ﴿۱۱﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اس (قیامت کے) دن وزن ہونا بالکل پکی بات ہے۔

② زمین کا انسان کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے مالک بنایا گیا، یہ ملکیت اگرچہ عارضی ہے، لیکن انسان کے لیے بڑی نعمت ہے، اس میں روزی کے کتنے سارے اسباب ہیں اور آج انسان یہ عارضی ملکیت کے نشے میں چور ہو کر اللہ تعالیٰ کو بھول گیا ہے اور زمین کی قیمتوں کا بڑھنا یہ ایک آزمائش بن چکا ہے، کسی نے خوب کہا: زمین کی قیمت بڑھ گئی، ایمانیات کی قیمت گھٹ گئی؛ اس لیے کہ زمین کے سلسلہ میں جھوٹ، دھوکہ، فریب عام ہے، نعوذ باللہ من ذلک۔

③ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا اور اپنے علم خاص سے نوازا، پھر دونوں کا امتحان لیا جس میں آدم علیہ السلام کامیاب ہوئے، اس سے ملائکہ جان گئے کہ آدم علیہ السلام کے پاس ایسا علم ہے جو ان کے پاس نہیں جس کی بنا پر وہ فرشتوں سے فائق ہیں، پھر ان کی اس فوقیت اور فضیلت کے اظہار کے لیے "اسجدوا لآدم" کا حکم ہوا، علما نے اس کا ترجمہ یہ کیا ہے "آدم کی وجہ سے سجدہ کرو" یعنی آدم کے پیدا ہونے پر تم نے اعتراض کیا تھا اب تم نے دیکھ لیا کہ اس کو کتنی بڑی فوقیت و فضیلت حاصل ہے، اس کے پاس کتنا بڑا علم ہے، اس کی وجہ سے اب تم سجدہ کرو، یہ نہیں کہا کہ: آدم کو سجدہ کرو: ←

قَالَ مَا مَنَعَكَ أَلَّا تَسْجُدَ إِذْ أَمَرْتُكَ ۖ قَالَ أَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ خَلَقْتَنِي مِن نَّارٍ وَخَلَقْتَهُ مِن طِينٍ ﴿١٢﴾ قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا يَكُونُ لَكَ أَن تَتَكَبَّرَ فِيهَا فَاخْرُجْ إِنَّكَ مِنَ الصَّاغِرِينَ ﴿١٣﴾ قَالَ أَنظِرْنِي إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ ﴿١٤﴾ قَالَ إِنَّكَ مِنَ الْمُنظَرِينَ ﴿١٥﴾ قَالَ فَبِمَا أَغْوَيْتَنِي لَأَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيمَ ﴿١٦﴾ ثُمَّ لَآتِيَنَّهُم مِّن بَيْنِ أَيْدِيهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ وَعَنْ أَيْمَانِهِمْ وَعَن شَمَائِلِهِمْ ۖ وَلَا تَجِدُ أَكْثَرَهُمْ شَاكِرِينَ ﴿١٧﴾

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جب میں نے تجھ کو حکم دیا تو تجھے سجدہ کرنے سے کس چیز نے روکا؟ اس (ابلیس) نے کہا کہ: میں اس (آدم) سے بہتر ہوں، تو نے مجھے آگ سے پیدا کیا اور اس (آدم) کو تو نے مٹی سے پیدا کیا ﴿۱۲﴾ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: (اے ابلیس!) تو اس (آسمان) سے نیچے اتر؛ کیوں کہ تجھے حق نہیں ہے کہ اس میں (رہ کر) تو تکبر کرے، سو تو (باہر) نکل، یقیناً تو ذلیلوں میں سے ہے ﴿۱۳﴾ اس (ابلیس) نے کہا: (اے اللہ!) مجھ کو دوبارہ زندہ کیے جانے کے دن تک مہلت دیجیے ﴿۱۴﴾ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یقیناً تجھ کو مہلت دے دی گئی ﴿۱۵﴾ اس (ابلیس) نے کہا: (اے اللہ!) اب جیسا تو نے مجھ کو گمراہ کر دیا، میں بھی ضرور ان (انسانوں) کی تاک میں تیرے سیدھے راستے پر بیٹھ جاؤں گا ﴿۱۶﴾ پھر ان (انسانوں) کے آگے سے اور ان کے پیچھے سے اور ان کی داہنے طرف سے اور ان کی بائیں طرف سے ان کے پاس (بہکانے کے لیے حملہ کرنے) ضرور آؤں گا① اور آپ ان میں سے اکثر لوگوں کو شکر کرنے والا نہیں پائیں گے ﴿۱۷﴾

⇐ بلکہ آدم کی وجہ سے سجدہ کرو، جیسے بیت اللہ کی طرف منہ کر کے سجدہ کیا جاتا ہے تو وہ سجدہ خانۂ کعبہ کو نہیں کیا جاتا، سجدہ تو اللہ تعالیٰ کو کیا جاتا ہے، حتیٰ کہ علما نے لکھا ہے: جو شخص بیت اللہ کی طرف سجدہ کرتا ہے اور نیت کرتا ہے بیت اللہ کو سجدہ کرنے کی تو وہ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے، اسی طرح حضرت یوسف علیہ السلام کے لیے ان کے والدین اور بھائیوں نے سجدہ کیا (از ملفوظات فقیہ الامت)۔

① چار جہات سے تمام جہات مراد ہیں؛ گویا کہ شیطان نے تمام جہات سے حملہ کرنے کا عزم کیا ہے۔

(۱) نکتہ: شیطان نے چار جہات بولی؛ لیکن دو جہات اس کو بھلا دی گئی: ایک اوپر، دوسری نیچے۔ نیچے دیکھ کر چلنے سے بدنظری سے حفاظت ہوتی ہے، قرآن میں ایک جگہ نگاہ نیچے رکھنے کا صریح حکم موجود ہے۔ رہی اوپر والی جہت تو جب تک اونچی عمارتیں "اپارٹ مینٹ" کی شکل میں نہ ہوتی تھی اس دور میں اوپر کی طرف نظر کرنے سے بھی انسان بدنگاہی سے ⇐

قَالَ اخْرُجْ مِنْهَا مَذْءُومًا مَّدْحُورًا ۭ لَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكُمْ أَجْمَعِينَ ﴿١٨﴾ وَيَا آدَمُ اسْكُنْ أَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ فَكُلَا مِنْ حَيْثُ شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا هَٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُونَا مِنَ الظَّالِمِينَ ﴿١٩﴾ فَوَسْوَسَ لَهُمَا الشَّيْطَانُ لِيُبْدِيَ لَهُمَا مَا وُورِيَ عَنْهُمَا مِنْ سَوْآتِهِمَا وَقَالَ مَا نَهَاكُمَا رَبُّكُمَا عَنْ هَٰذِهِ الشَّجَرَةِ إِلَّا أَنْ تَكُونَا مَلَكَيْنِ أَوْ تَكُونَا مِنَ الْخَالِدِينَ ﴿٢٠﴾ وَقَاسَمَهُمَا إِنِّي لَكُمَا لَمِنَ النَّاصِحِينَ ﴿٢١﴾

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: (اے ابلیس!) تو اس (آسمان) سے ذلیل، مردود ہو کر نکل، ان (انسانوں) میں سے جو بھی تیرے پیچھے چلے گا میں ضرور تم سب سے جہنم کو بھر دوں گا ﴿۱۸﴾ اور اے آدم! تم اور تمھاری بیوی جنت میں رہو سو جہاں سے (جو چیز) تم چاہو کھاؤ اور اس درخت کے پاس (بھی) مت جانا؛ ورنہ (جو گئے تو) تم دونوں گنہگار ہو جاؤ گے ﴿۱۹﴾ سو شیطان نے ان دونوں (آدم وحوا) کے دلوں میں وسوسہ ڈال دیا؛ تاکہ ان دونوں کی شرم کی جگہیں جو ایک دوسرے سے چھپائی گئی تھی وہ ایک دوسرے کے سامنے کھول دیوے اور وہ (ابلیس) کہنے لگا: تم دونوں کو تمھارے رب نے اس درخت سے صرف اس لیے منع کیا کہ کہیں (ایسا نہ ہو کہ) تم دونوں (اس کو کھا کر) فرشتے بن جاؤ یا تم دونوں (جنت میں) ہمیشہ رہنے والوں میں سے بن جاؤ ﴿۲۰﴾ اور قسم کھا کر دونوں سے اس (شیطان) نے کہا: یقین رکھو! میں تم دونوں کے لیے بھلائی ہی چاہنے والوں میں سے ہوں ① ﴿۲۱﴾

⬅ محفوظ رہتا تھا؛ لیکن اب وہ بات نہ رہی۔ شیطان کی سب سے بڑی محنت یہ ہے کہ وہ انسانوں کو ناشکرا بناتا ہے۔

(۲) ہاں یہ بات ضرور ہے اوپر والے اللہ تعالیٰ کی طرف نظر ہو، اس کی بارگاہ میں دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے جائیں اور شیطان سے حفاظت کی دعا کی جائے اور نظریں جھکا کر رہیں تو ان شاء اللہ! حفاظت ہوگی۔

① مطلب یہ تھا چوں کہ اس درخت کی خاصیت یہ ہے کہ جو اس میں سے کھالیتا ہے وہ یا تو فرشتہ بن جاتا ہے یا اسے ہمیشہ کی زندگی حاصل ہو جاتی ہے، اس لیے اسے کھانے کے لیے مخصوص قوت کی ضرورت ہے، شروع میں آپ دونوں کو یہ قوت حاصل نہیں تھی؛ اس لیے منع کیا گیا تھا، اب ایک مدت سے جنت میں رہنے کی وجہ سے آپ میں وہ قوت پیدا ہو گئی ہے؛ اس لیے کھانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

نوٹ: حضرت آدم اور اماں حوا رضی اللہ عنہا کا پورا تفصیلی واقعہ خطبات محمود جلد ہفتم (۷) میں ملاحظہ فرمائیں۔

فَدَلّٰىهُمَا بِغُرُوْرٍ ۚ فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ۭ وَنَادٰىهُمَا رَبُّهُمَآ اَلَمْ اَنْهَكُمَا عَنْ تِلْكُمَا الشَّجَرَةِ وَاَقُلْ لَّكُمَآ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمَا عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۲۲﴾ قَالَا رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا ۫ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾ قَالَ اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۲۴﴾ قَالَ فِيْهَا تَحْيَوْنَ وَفِيْهَا تَمُوْتُوْنَ وَمِنْهَا تُخْرَجُوْنَ ﴿۲۵﴾

شیطان نے دھوکہ دے کر ان دونوں کو (اپنی بات ماننے کے لیے) مائل (یعنی تیار) کر ہی لیا، سو جب ان دونوں نے درخت کو چکھا (۱) تو ان دونوں کی شرم کی جگہیں ایک دوسرے کے سامنے کھل گئیں (۲) اور دونوں اپنے (بدن کے) اوپر جنت کے پتے (جوڑ جوڑ کر) چپکانے لگے (۳) اور ان دونوں کے رب نے ان دونوں کو آواز دی کہ: کیا میں نے تم دونوں کو اس درخت (کے پاس جانے) سے نہیں روکا تھا اور میں نے تم دونوں سے نہیں کہا تھا کہ: یقیناً شیطان تم دونوں کا کھلم کھلا دشمن ہے؟ ﴿۲۲﴾ دونوں کہنے لگے: اے ہمارے رب! ہم نے (آپ کے حکم کے خلاف کر کے) اپنی جانوں پر ظلم کیا ہے اور اگر آپ ہم کو معاف نہ کریں اور (آپ) ہم پر رحم نہ فرمائیں تو ہم ضرور نقصان میں پڑنے والوں میں سے ہو جاویں گے ﴿۲۳﴾ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تم (سب یہاں سے) نیچے اترو (۴) تم آپس میں ایک دوسرے کے دشمن ہوں گے اور تمھارے لیے زمین میں ایک مدت تک ٹھہرنا اور فائدہ اٹھانا ہوگا ﴿۲۴﴾ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اسی (زمین) میں تم زندہ رہو گے اور اسی میں تم کو موت آئے گی اور اسی سے تم (قیامت کے دن) نکالے جاؤ گے ﴿۲۵﴾

---

(۱) ممنوع چیز قلیل استعمال کرو یا کثیر یکساں ہے۔

(۲) یعنی جنتی لباس نکل گیا اور دونوں شرما گئے۔

نکتہ: ممنوع غذا کا اثر لباس پر بھی پڑتا ہے، بے حیائی والے لباس آج عام ہے اس میں بڑا دخل غیر شرعی آمدنی کا ہے۔

(۳) ستر عورت فطری تقاضہ ہے۔ (دوسرا ترجمہ) ملا ملا کر رکھنے لگے۔

(۴) نیچے اتارنے کا یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ وہ اطاعت کے جس بلند مقام پر تھے اس سے نیچے اتار لیا، اور یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ جنت سے دنیا میں اتار لیا۔

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا ؕ وَلِبَاسُ التَّقْوٰى ۙ ذٰلِكَ خَيْرٌ ؕ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ۝ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ كَمَآ اَخْرَجَ اَبَوَيْكُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ يَنْزِعُ عَنْهُمَا لِبَاسَهُمَا لِيُرِيَهُمَا سَوْاٰتِهِمَا ؕ اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ ؕ اِنَّا جَعَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَاِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً قَالُوْا وَجَدْنَا عَلَيْهَآ اٰبَآءَنَا وَاللّٰهُ اَمَرَنَا بِهَا ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ ؕ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝

اے آدم کی اولاد! پکی بات یہ ہے کہ ہم نے تم پر لباس اتارا ہے① جو تمھاری شرم کی جگہوں کو چھپاتا ہے اور (ایسے کپڑے بھی اتارے جو تمھارے لیے) زینت ہے② اور تقویٰ کا لباس وہ بہترین (لباس) ہے، یہ اللہ تعالیٰ کی آیتوں میں سے ہے③ تاکہ وہ لوگ غور کریں ﴿۲۶﴾ اے آدم کی اولاد! شیطان تم کو ہرگز (کسی) فتنے میں نہ ڈالے جیسا کہ تمھارے ابا، اماں کو جنت سے (وسوسہ ڈال کر کے) نکالا، کہ ان دونوں کا لباس بھی ان (کے جسم) سے اتروا دیا؛ تاکہ ان دونوں کو ان کی شرم کی جگہیں دکھادے، یقیناً وہ (شیطان) اور اس کی قوم (یعنی خاندان) تم کو ایسی جگہ سے دیکھتے ہیں جہاں سے تم ان کو (عادۃً) نہیں دیکھ سکتے، یقیناً ہم نے شیطانوں کو انہی لوگوں کا دوست بنا دیا ہے جو ایمان لاتے نہیں ہیں ﴿۲۷﴾ اور جب وہ (کافر لوگ) کوئی بے حیائی④ کا کام کرتے ہیں تو کہتے ہیں: ہم نے اپنے باپ دادوں کو اسی طرح کرتے دیکھا ہے اور اللہ تعالیٰ نے ہم کو یہی حکم دیا ہے، (اے نبی!) تم (ان سے) کہہ دو کہ: یقیناً اللہ تعالیٰ بے حیائی کا حکم نہیں دیا کرتے، کیا تم اللہ تعالیٰ پر ایسی باتیں لگاتے ہو جو تم جانتے نہیں ہو ﴿۲۸﴾

---

① لباس کا اصل مادہ خالص عطائے الٰہی ہے۔
② یعنی اچھا دکھنے کا اور جمال کا ذریعہ۔
③ یعنی لباس کا پیدا کرنا اللہ تعالیٰ کی قدرت اور حکمت کی نشانیوں میں سے ایک ہے۔
④ یعنی جس کام کی برائی کھلی ہو، انسانی فطرت اس کو برا سمجھے۔ کافر لوگ کعبہ کے اردگرد ننگا طواف بھی کرتے تھے۔

قُلْ اَمَرَ رَبِّيْ بِالْقِسْطِ ۣ وَاَقِيْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۬ كَمَا بَدَاَكُمْ تَعُوْدُوْنَ ۝ فَرِيْقًا هَدٰى وَفَرِيْقًا حَقَّ عَلَيْهِمُ الضَّلٰلَةُ ۭ اِنَّهُمُ اتَّخَذُوا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَاۗءَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّكُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا ۚ اِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ۝

قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ۭ قُلْ هِىَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝

(اے نبی!) تم کہہ دو: مجھ کو تو میرے رب نے انصاف کرنے کا حکم دیا ہے اور تم ہر نماز کے وقت اپنا رخ سیدھا رکھو ① اور تم اسی (اللہ تعالیٰ) کو (اس یقین کے ساتھ) پکارو کہ عبادت خالص اسی (اللہ) کا حق ہے ② جس طرح اس نے تم کو پہلی مرتبہ پیدا کیا اسی طرح تم دوبارہ پیدا ہوں گے ﴿۲۹﴾ (تم میں سے) ایک جماعت کو اس (اللہ تعالیٰ) نے (دنیا میں) ہدایت دے دی ہے اور دوسری جماعت پر گمراہی مقرر ہو چکی ہے؛ اس لیے کہ ان گمراہوں نے اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر شیطان کو دوست بنا رکھا ہے اور وہ یہ سمجھتے ہیں کہ یقیناً وہ سیدھے راستے پر ہیں ﴿۳۰﴾ اے آدم کی اولاد! ہر مسجد (یا نماز) کی حاضری کے وقت اپنا عمدہ لباس پہن کر تم آؤ اور کھاؤ اور پیو اور اسراف مت کرو، یقیناً اللہ تعالیٰ اسراف کرنے والوں کو پسند نہیں کرتے ﴿۳۱﴾

(اے نبی!) تم (ان سے) پوچھو: زینت کا جو سامان اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے لیے پیدا کیا ہے اور پاکیزہ چیزیں (جو اللہ تعالیٰ نے حلال فرمائی ہے) کس نے حرام کرلی؟ تم (ان سے جواب میں خود) کہو: یہ (نعمتیں) دنیوی زندگی میں تو اصل میں ایمان والوں کے لیے ہیں (ساتھ میں غیر مسلم بھی اس سے فائدہ اٹھاتے ہیں اور) قیامت کے دن تو خالص ان (ایمان والوں ہی) کے لیے ہوگی، اسی طرح ہم (اپنے) احکام سمجھداروں کے لیے تفصیل کے ساتھ بیان کرتے ہیں ﴿۳۲﴾

---

① عبادت کے وقت دل بھی اللہ تعالیٰ ہی کی طرف متوجہ ہو۔ نبوی طریقے سے عبادت ہو، عبادت میں استقامت ہو۔

② (دوسرا ترجمہ) اور تم اسی (اللہ تعالیٰ) کی عبادت اس طرح کرو کہ تم عبادت خالص اس (اللہ) کے لیے کرنے والے ہوں۔

قُلْ إِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَالْإِثْمَ وَالْبَغْيَ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَأَنْ تُشْرِكُوا بِاللَّهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ سُلْطَانًا وَأَنْ تَقُولُوا عَلَى اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿٣٣﴾ وَلِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ ۖ فَإِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ لَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً ۖ وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ ﴿٣٤﴾ يَا بَنِي آدَمَ إِمَّا يَأْتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ مِنْكُمْ يَقُصُّونَ عَلَيْكُمْ آيَاتِي ۙ فَمَنِ اتَّقَىٰ وَأَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿٣٥﴾ وَالَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَاسْتَكْبَرُوا عَنْهَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٣٦﴾ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَوْ كَذَّبَ بِآيَاتِهِ ۚ أُولَٰئِكَ يَنَالُهُمْ نَصِيبُهُمْ مِنَ الْكِتَابِ ۖ

(اے نبی!) تم کہہ دو: میرے رب نے تو (تمام) بے حیائی کے کاموں کو چاہے وہ کھلے ہوئے ہوں اور چھپے ہوئے ہوں اور (ہر) گناہ کو اور ناحق زیادتی کو حرام قرار دیا ہے اور اسی طرح (اللہ تعالیٰ نے اس بات کو بھی حرام کیا ہے کہ) تم اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی ایسی چیز کو شریک کرو جس کے بارے میں اس (اللہ تعالیٰ) نے کوئی دلیل نہیں اتاری ہے اور اسی طرح (یہ بھی حرام کر دیا کہ) تم اللہ تعالیٰ کے لیے وہ باتیں بولو جو تم کو معلوم نہیں ہے① ﴿۳۳﴾ اور ہر امت کے لیے ایک وعدہ مقرر ہے، پھر جب ان کا مقرر وقت آجائے گا تو ایک گھڑی بھی پیچھے نہیں ہوسکیں گے اور نہ آگے بڑھ سکیں گے ﴿۳۴﴾② اے آدم کی اولاد! اگر تمھارے پاس تمھیں میں سے پیغمبر آجاوے جو تم کو میری آیتیں پڑھ کر سنائے تو جو شخص (نبی کی بات مان کر) تقویٰ اپنا لیوے اور (اپنی) اصلاح کر لیوے تو ان پر کوئی خوف نہیں اور وہ غمگین بھی نہیں ہوں گے ﴿۳۵﴾ اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور ان (آیات) کے مقابلے میں تکبر کیا وہی لوگ جہنم والے ہیں اور اس میں وہ ہمیشہ رہیں گے ﴿۳۶﴾ سو اس شخص سے بڑا ظالم کون ہوگا جس نے اللہ تعالیٰ پر جھوٹ گڑھا یا اس (اللہ تعالیٰ) کے احکام کو جھٹلایا، ان لوگوں کے نصیب میں (عمر، رزق اور عزت وغیرہ) جتنا لکھا ہوا ہے وہ ان کو (یہاں دنیا میں) ملتا رہے گا،

① ویسے تو کسی بھی شخص کی طرف کوئی غلط بات منسوب کرنا ہر اعتبار سے ایک ناجائز اور غیر اخلاقی فعل ہے، لیکن اگر یہ جرم اللہ تعالیٰ کے ساتھ کیا جائے تو اس کی سنگینی انسان کو کفر تک لے جاتی ہے۔

② انسان کو دنیا میں پیدا کرنے سے پہلے عالم ارواح میں کہہ دیا گیا تھا کہ۔

حَتّٰۤى اِذَا جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ ۙ قَالُوْۤا اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا وَشَهِدُوْا عَلٰۤى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ۝ قَالَ ادْخُلُوْا فِيْۤ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ فِي النَّارِ ؕ كُلَّمَا دَخَلَتْ اُمَّةٌ لَّعَنَتْ اُخْتَهَا ؕ حَتّٰۤى اِذَا ادَّارَكُوْا فِيْهَا جَمِيْعًا ۙ قَالَتْ اُخْرٰىهُمْ لِاُوْلٰىهُمْ رَبَّنَا هٰۤؤُلَآءِ اَضَلُّوْنَا فَاٰتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ ؕ قَالَ لِكُلٍّ ضِعْفٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَعْلَمُوْنَ ۝ وَقَالَتْ اُوْلٰىهُمْ لِاُخْرٰىهُمْ فَمَا كَانَ لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ۝

یہاں تک کہ جب ان کے پاس ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے ان کی روح کو قبض کرنے کے لیے آپہنچیں گے تو وہ کہیں گے: تمھارے وہ معبود کہاں ہیں جن کو تم اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر پکارا کرتے تھے؟ تو وہ (کافر جواب میں) کہیں گے کہ: وہ تو سب ہم سے گم (یعنی غائب) ہو گئے اور (اس وقت) وہ خود اپنے خلاف گواہی دیں گے کہ حقیقت میں وہ کافر تھے ① ﴿۳۷﴾ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: جنات اور انسانوں کی جو (کافر) امتیں تم سے پہلے گذر چکی ہیں تم بھی ان کے ساتھ آگ میں داخل ہو جاؤ، جب بھی کوئی امت آگ میں داخل ہوگی تو وہ اپنے جیسی دوسری امت پر لعنت کرے گی، یہاں تک کہ جب وہ سب (اگلے، پچھلے) اس (آگ) میں جمع ہو جاویں گے، تو ان میں سے جو لوگ بعد میں (آگ میں) آئے ② تو وہ اپنے سے پہلے آنے والوں ③ کے بارے میں کہیں گے کہ: اے ہمارے رب! انھوں نے ہی ہمیں گمراہ کیا تھا! اس لیے آپ ان کو آگ کا دُگنا عذاب دیجیے، اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ: ہر ایک کے لیے دُگنا (عذاب) ہے؛ لیکن تم (ابھی) سمجھتے نہیں ہو ﴿۳۸﴾ اور ان میں سے (جہنم میں) پہلے آنے والے بعد میں آنے والوں سے کہیں گے کہ: بس اب تو تم کو (عذاب کے ہلکا ہونے کے بارے میں) ہم پر کوئی فضیلت حاصل نہیں ہے، لہٰذا تم جو (گناہ) کماتے تھے اس کے بدلے میں عذاب کا مزہ چکھو ﴿۳۹﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اور (اس وقت) وہ اپنے کافر ہونے کا اقرار کرلیں گے۔

② یعنی عوام۔ ③ یعنی پیشوا۔

اِنَّ الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَلَا یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى یَلِجَ الْجَمَلُ فِیْ سَمِّ الْخِیَاطِ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُجْرِمِیْنَ ﴿۴۰﴾ لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَّمِنْ فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِی الظّٰلِمِیْنَ ﴿۴۱﴾ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَاۤ ؗ اُولٰٓىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَنَزَعْنَا مَا فِیْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ ۚ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هَدٰىنَا لِهٰذَا ۫ وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِیَ لَوْلَاۤ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ ۚ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ؕ وَنُوْدُوْۤا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾

یقیناً جو لوگ ہماری آیتوں کو جھٹلاتے رہے اور اس کے مقابلے میں تکبر کرتے رہے ان کے لیے آسمان کے دروازے نہیں کھولے جائیں گے اور وہ جنت میں داخل نہیں ہوں گے جب تک کہ اونٹ سوئی کے ناکے میں گھس نہ جاوے① اور جرم کرنے والوں کو ہم اسی طرح سزا دیں گے ﴿۴۰﴾ ان کے لیے جہنم کا بچھونا ہے اور ان کے اوپر سے آگ کا اوڑھنا ہے اور ظلم کرنے والوں کو ہم اسی طرح سزا دیں گے ﴿۴۱﴾ اور جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے ہم کسی بھی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے②، وہی لوگ جنت والے ہیں، وہ اس (جنت) میں ہمیشہ رہیں گے ﴿۴۲﴾ اور ان (جنتیوں) کے دلوں میں (دنیا میں ایک دوسرے کے بارے میں) جو ناراضگی تھی (جنت میں داخل ہونے سے پہلے) ہم وہ نکال لیں گے، (ان کی حالت یہ ہوگی کہ) ان کے (مکانات کے) نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی اور وہ کہیں گے: شکر ہے اس اللہ تعالیٰ کا جس نے ہم کو یہاں پہنچا دیا اور اگر اللہ تعالیٰ ہم کو ہدایت نہ دیتے تو ہم (یہاں) نہ پہنچ سکتے تھے، واقعہ یہ ہے کہ ہمارے رب کے پیغمبر (ہمارے پاس) سچی بات لے کر آئے تھے اور (ان جنت والوں کو) پکار کر کہا جائے گا کہ تم جو عمل کرتے تھے اس کے بدلے میں تم کو اس جنت کا وارث بنا دیا گیا ہے ﴿۴۳﴾

---

① دوسری تفسیر: اس جگہ اونٹ مراد نہیں؛ بلکہ ”موٹا رسا“ مراد ہے؛ اس لیے کہ اونٹ سوئی کے ناکہ میں داخل ہونے والی چیز کی جنس سے نہیں، البتہ موٹا رسا جس سے کشتی باندھی جاتی ہے اس کی جنس سے ہے؛ اس لیے جمل سے یہاں اونٹ مراد نہیں موٹا رسا مراد ہے (از ملفوظات فقیہ الامت)۔ ② (دوسرا ترجمہ) طاقت سے زیادہ کوئی بھی کام نہیں بتلاتے۔

وَنَادٰۤى اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ اَصْحٰبَ النَّارِ اَنْ قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا ؕ قَالُوْا نَعَمْ ۚ فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌۢ بَیْنَهُمْ اَنْ لَّعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِیْنَ ۙ﴿۴۴﴾ الَّذِیْنَ یَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَ یَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَ هُمْ بِالْاٰخِرَةِ كٰفِرُوْنَ ۘ﴿۴۵﴾ وَ بَیْنَهُمَا حِجَابٌ ۚ وَ عَلَى الْاَعْرَافِ رِجَالٌ یَّعْرِفُوْنَ كُلًّۢا بِسِیْمٰىهُمْ ۚ وَ نَادَوْا اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ سَلٰمٌ عَلَیْكُمْ ۫ لَمْ یَدْخُلُوْهَا وَ هُمْ یَطْمَعُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَ اِذَا صُرِفَتْ اَبْصَارُهُمْ تِلْقَآءَ اَصْحٰبِ النَّارِ ۙ قَالُوْا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ۠﴿۴۷﴾

اور جنت والے جہنم والوں کو پکار کر کے پوچھیں گے کہ: ہم سے ہمارے رب نے جو وعدہ کیا تھا ہم نے تو اس کو بالکل سچا پایا، کیا تم سے تمھارے رب نے جو وعدہ کیا تھا اس کو سچا پایا؟ وہ جواب دیں گے کہ: جی ہاں! سوان (دونوں فریق) کے بیچ میں ایک پکارنے والا پکار کر کہے گا کہ: اللہ تعالیٰ کی لعنت ان ظالموں پر ہے ﴿۴۴﴾ جو اللہ تعالیٰ کے راستے سے روکتے تھے اور اس میں عیب تلاش کرتے تھے اور وہ آخرت کا بالکل انکار کرتے تھے ﴿۴۵﴾ اور ان دونوں (جنتیوں اور جہنمیوں) کے درمیان ایک آڑ ہوگی اور اعراف پر کچھ لوگ ہوں گے جو (جنتی اور جہنمی) ہر ایک کو ان کی علامتوں سے پہچانتے ہوں گے ① اور وہ (اعراف والے) جنت والوں کو پکار کر کہیں گے: تم پر سلامتی ہو (اور ان اعراف والوں کی حالت یہ ہوگی کہ) وہ (اب تک) اس (جنت) میں داخل نہیں ہوئے ہوں گے اور وہ (پورے شوق کے ساتھ جنت میں داخل ہونے کی) امید لگائے ہوئے ہوں گے ﴿۴۶﴾ اور جب ان (اعراف والوں) کی نظروں کو جہنم والوں کی طرف پھرایا جائے گا تو وہ (اعراف والے) کہیں گے: اے ہمارے رب! آپ ہم کو ظلم کرنے والی قوم کے ساتھ (جہنم میں) نہ رکھنا ﴿۴۷﴾

① یوں تو اعراف والے جنت اور جہنم دونوں کا نظارہ کر رہے ہوں گے؛ اس لیے انھیں جنتیوں اور دوزخیوں کو پہچاننے کے لیے کسی علامت کی ضرورت نہیں ہوگی؛ لیکن یہاں اشارہ اس بات کی طرف ہے کہ یہ لوگ جنت اور دوزخ والوں کو دنیا میں بھی ان کی علامتوں سے پہچانتے تھے اور چوں کہ یہ لوگ صاحبِ ایمان تھے اس لیے انھیں دنیا میں بھی اللہ تعالیٰ نے اتنی حس عطا فرمادی تھی کہ یہ متقی اور پرہیزگار لوگوں کے چہروں سے پہچان لیتے تھے کہ یہ نیک لوگ ہیں اور کافروں کے چہروں سے پہچان لیتے تھے کہ یہ کافر ہیں۔

وَنَادٰۤى اَصۡحٰبُ الۡاَعۡرَافِ رِجَالًا یَّعۡرِفُوۡنَهُمۡ بِسِیۡمٰهُمۡ قَالُوۡا مَاۤ اَغۡنٰی عَنۡكُمۡ جَمۡعُكُمۡ وَمَا كُنۡتُمۡ تَسۡتَكۡبِرُوۡنَ ﴿۴۸﴾ اَهٰۤؤُلَآءِ الَّذِیۡنَ اَقۡسَمۡتُمۡ لَا یَنَالُهُمُ اللّٰهُ بِرَحۡمَةٍ ؕ اُدۡخُلُوا الۡجَنَّةَ لَا خَوۡفٌ عَلَیۡكُمۡ وَلَاۤ اَنۡتُمۡ تَحۡزَنُوۡنَ ﴿۴۹﴾ وَنَادٰۤی اَصۡحٰبُ النَّارِ اَصۡحٰبَ الۡجَنَّةِ اَنۡ اَفِیۡضُوۡا عَلَیۡنَا مِنَ الۡمَآءِ اَوۡ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ؕ قَالُوۡۤا اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَهُمَا عَلَی الۡكٰفِرِیۡنَ ﴿۵۰﴾ الَّذِیۡنَ اتَّخَذُوۡا دِیۡنَهُمۡ لَهۡوًا وَّلَعِبًا وَّغَرَّتۡهُمُ الۡحَیٰوةُ الدُّنۡیَا ۚ فَالۡیَوۡمَ نَنۡسٰهُمۡ كَمَا نَسُوۡا لِقَآءَ یَوۡمِهِمۡ هٰذَا ۙ وَمَا كَانُوۡا بِاٰیٰتِنَا یَجۡحَدُوۡنَ ﴿۵۱﴾ وَلَقَدۡ جِئۡنٰهُمۡ بِكِتٰبٍ فَصَّلۡنٰهُ عَلٰی عِلۡمٍ هُدًی وَّرَحۡمَةً لِّقَوۡمٍ یُّؤۡمِنُوۡنَ ﴿۵۲﴾

اور اعراف والے ان (بہت سارے) آدمیوں کو جن کو وہ ان کی علامتوں ① سے پہچانتے ہوں گے آواز دے کر یوں کہیں گے کہ: تم کو تمھاری جماعت اور جو تکبر تم کرتے تھے وہ کچھ کام نہیں آئے ﴿۴۸﴾ کیا یہ وہی (غریب جنتی مسلمان) لوگ ہیں جن کے بارے میں تم قسم کھا کھا کر کہا کرتے تھے کہ اللہ تعالیٰ ان کو (اپنی) رحمت کا کوئی حصہ نہیں دیں گے (تو ان پر تو اتنی بڑی رحمت ہوئی کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو حکم دیا کہ) تم جنت میں داخل ہو جاؤ، تم پر نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ تم غمگین ہوں گے ﴿۴۹﴾ اور جہنم والے جنت والوں کو پکار کر کہیں گے کہ: تم تھوڑا سا پانی ہم پر ڈال دو یا جو روزی اللہ تعالیٰ نے تم کو دی ہے اس میں سے کچھ حصہ دے دو، وہ (جنتی لوگ) جواب دیں گے کہ: یقیناً اللہ تعالیٰ نے یہ دونوں چیزیں (ان) کافروں پر حرام کر دی ہے ﴿۵۰﴾ جنھوں نے اپنے دین کو تماشا اور کھیل بنایا تھا اور ان کو دنیا کی زندگی نے دھوکے میں ڈال دیا تھا، سو جس طرح ان کافروں نے اپنے اِس دن کی ملاقات کو بھلا دیا تھا اور (جس طرح) وہ ہماری آیتوں کا انکار کرتے تھے سو آج ہم ان کو اسی طرح بھلا دیں گے ② ﴿۵۱﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے ان کے پاس ایک ایسی کتاب (قرآن) پہنچا دی تھی جس میں ہم نے اپنے علم سے ہر چیز تفصیل سے بیان کر دی ہے، جو (کتاب) ایمان لانے والی قوم کے واسطے ہدایت اور رحمت ہے ﴿۵۲﴾

---

① دنیوی یا جہنم کے کالے چہروں والی علامتوں سے۔ ② یعنی رحم وکرم سے بھلائے جائیں گے۔

هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا تَاْوِيْلَهٗ ؕ يَوْمَ يَاْتِيْ تَاْوِيْلُهٗ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ نَسُوْهُ مِنْ قَبْلُ قَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۚ فَهَلْ لَّنَا مِنْ شُفَعَآءَ فَيَشْفَعُوْا لَنَاۤ اَوْ نُرَدُّ فَنَعْمَلَ غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ ؕ قَدْ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ۠ ﴿۵۳﴾

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۫ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا ۙ وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۴﴾

کیا وہ (کافر) لوگ اس (قرآن) کے (آئے ہوئے) آخری وعدے (یعنی قیامت کے ظاہر ہونے) کا انتظار کر رہے ہیں؟① جس دن اس (قرآن) کا (آیا ہوا قیامت کا) آخری وعدہ ظاہر ہو جائے گا (اس دن) وہ لوگ جو اس (آخری وعدے قیامت) کو پہلے سے بھول گئے تھے وہ کہیں گے کہ: پکی بات ہے ہمارے رب کے پیغمبر سچی بات لے کر آئے تھے، سو کیا ہمارے لیے کوئی سفارش کرنے والے ہیں جو ہمارے لیے سفارش کرتے ہوں یا ہم (دنیا میں) واپس لوٹا دیے جاویں کہ، پھر ہم (پہلے) جو (برے) کام کیا کرتے تھے (اب) اس کے بجائے دوسرے (نیک) عمل کریں، پکی بات ہے کہ انھوں نے اپنے آپ کو نقصان میں ڈالا اور جو (معبود) انھوں نے گڑھ رکھے تھے وہ ان سے گم ہو جائیں گے ﴿۵۳﴾

یقیناً تمھارے رب اللہ تعالیٰ ہی ہیں جنھوں نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا، پھر وہ (رب اپنی شان کے مطابق) عرش پر قائم ہوئے، رات کو دن پر اوڑھا دیتے ہیں (اس طرح) کہ وہ (رات) اس (دن) کے پیچھے دوڑتی ہوئی چلی آتی ہے② اور سورج اور چاند اور ستاروں کو بھی (پیدا کیا) جو اس کے حکم کے تابع ہیں③، سن لو! پیدا کرنا اور حکم کرنا سب اسی کا کام ہے (اور) اللہ تعالیٰ بڑی اونچی شان والے ہیں، جو سب عالموں کے رب ہیں ﴿۵۴﴾

---

① اسی طرح خود دنیوی عذاب کا واقع ہونا بھی مراد ہو سکتا ہے۔

② یعنی ایسا لگتا ہے کہ دن جلدی جلدی گذر گئے اور رات دفعۃً آجاتی ہے۔ ③ (دوسرا ترجمہ) کام میں لگا دیا۔

اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ۝ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ۭ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًۢا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۭ حَتّٰٓي اِذَآ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَاۗءَ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۭ كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝ وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهٗ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۚ وَالَّذِيْ خَبُثَ لَا يَخْرُجُ اِلَّا نَكِدًا ۭ كَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّشْكُرُوْنَ ۝

(اے لوگو!) تم گڑگڑا کر (بھی) اور چپکے چپکے اپنے رب سے دعا کرو، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) حد سے آگے بڑھنے والوں کو پسند نہیں کرتے ﴿۵۵﴾ اور زمین میں اس کی اصلاح ہوجانے کے بعد تم فساد مت مچاؤ① اور تم (عذاب کا) ڈر اور (رحمت کی) امید رکھتے ہوئے ان (اللہ تعالیٰ) کی عبادت کیا کرو، یقیناً اللہ تعالیٰ کی رحمت نیکی کرنے والوں سے قریب ہے ﴿۵۶﴾ اور وہی (اللہ تعالیٰ) ہیں جو اپنی رحمت (یعنی بارش) سے پہلے خوش خبری دینے والی ہوائیں بھیجتے ہیں، یہاں تک کہ جب وہ (ہوائیں) بھاری بادلوں کو اٹھا لیتی ہیں تو ہم اس کو مردہ شہر کی طرف ہانک کر لے جاتے ہیں، پھر ہم اس کے ذریعے پانی برساتے ہیں، پھر ہم اس (پانی) کے ذریعے ہر قسم کے پھل نکالتے ہیں، اسی طرح (قیامت کے دن) ہم مُردوں کو (زندہ کرکے) نکالیں گے؛ تاکہ تم (اللہ تعالیٰ کی قدرت پر) غور کرو ﴿۵۷﴾ اور جو عمدہ (زمین والا) شہر ہوتا ہے اس کی پیداوار اس کے رب کے حکم سے (خوب) نکلتی ہے اور جو خراب (زمین والا شہر) ہوتا ہے تو ناقص پیداوار کے سوا کچھ نہیں نکلتا②، اسی طرح ہم نشانیوں کو (مختلف طریقے سے) پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں شکر کرنے والی قوم کے واسطے ﴿۵۸﴾

① زمین کی اصلاح دو طرح سے ہیں: ایک ظاہری اصلاح یعنی زمین کو درخت اور کھیتی اگانے کے قابل بنا دیا، بارش کے ذریعے ساری زمین کو ہرا بھرا بنا دیا اور دوسری باطنی اصلاح: یعنی زمین پر رسول بھیجے اور کتابیں نازل فرمائی اور ہدایات کے ذریعے زمین کو کفر، شرک کے فساد سے پاک کر دیا۔ اور دونوں طرح کی اصلاح کی ضد فساد ہے۔

② **نَكِدًا:** یعنی ایسی پیداوار جو معمولی بے فائدہ اور مقدار میں کم ہو۔

لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اِنِّيْۤ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۞ قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهٖۤ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۞ قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ ضَلٰلَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۞ اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنْصَحُ لَكُمْ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۞ اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ وَلِتَتَّقُوْا وَلَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۞ فَكَذَّبُوْهُ فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ فِي الْفُلْكِ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا عَمِيْنَ ۞

پکی بات یہ ہے کہ ہم نے نوح (علیہ السلام) کو ان کی قوم کی طرف (رسول بنا کر) بھیجا، سو اس (نوح علیہ السلام) نے کہا کہ: اے میری قوم! تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو، تمھارے لیے اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، یقین جانو! میں تمھارے متعلق ایک بہت بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں ﴿۵۹﴾ اس (یعنی نوح علیہ السلام) کی قوم کے سرداروں نے کہا: ہم تو دیکھتے ہیں ① کہ تم کھلی گمراہی (یعنی غلطی) میں پڑے ہو ﴿۶۰﴾ اس (نوح علیہ السلام) نے کہا کہ: اے میری قوم! میں گمراہی (یعنی غلطی) میں نہیں ہوں؛ لیکن میں تو تمام عالموں کے رب کا (بھیجا ہوا) پیغمبر ہوں ﴿۶۱﴾ میں تم کو اپنے رب کے پیغامات پہنچاتا ہوں اور میں تمھاری بھلائی چاہتا ہوں اور میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایسی باتیں جانتا ہوں جن کا تم کو پتہ نہیں ہے ﴿۶۲﴾ بھلا کیا تم کو تعجب ہو رہا ہے کہ تمھیں میں سے ایک آدمی کے ذریعے تم کو تمھارے رب کی نصیحت پہنچی؛ تا کہ وہ (نبی) تم کو (عذاب سے) ڈراوے؛ اور تا کہ تم (اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے) بچو ②؛ اور تا کہ تم لوگوں پر رحم کیا جاوے ﴿۶۳﴾ سو ان لوگوں نے اس (نوح علیہ السلام) کو جھٹلایا، پھر ہم نے اس (نوح علیہ السلام) کو اور اس کے ساتھیوں کو کشتی میں (سوار کر کے) بچا لیا اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا ہم نے ان کو ڈبو دیا، یقیناً وہ اندھے لوگ تھے ﴿۶۴﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) ہم تو سمجھتے ہیں۔

② اللہ تعالیٰ کے تقویٰ کی برکت سے رحم و کرم کا وعدہ ہے۔

وَإِلَىٰ عَادٍ أَخَاهُمْ هُودًا ۗ قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُم مِّنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۚ أَفَلَا تَتَّقُونَ ﴿٦٥﴾ قَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِن قَوْمِهِ إِنَّا لَنَرَاكَ فِي سَفَاهَةٍ وَإِنَّا لَنَظُنُّكَ مِنَ الْكَاذِبِينَ ﴿٦٦﴾ قَالَ يَا قَوْمِ لَيْسَ بِي سَفَاهَةٌ وَلَٰكِنِّي رَسُولٌ مِّن رَّبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٦٧﴾ أُبَلِّغُكُمْ رِسَالَاتِ رَبِّي وَأَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ أَمِينٌ ﴿٦٨﴾ أَوَعَجِبْتُمْ أَن جَاءَكُمْ ذِكْرٌ مِّن رَّبِّكُمْ عَلَىٰ رَجُلٍ مِّنكُمْ لِيُنذِرَكُمْ ۚ وَاذْكُرُوا إِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَاءَ مِن بَعْدِ قَوْمِ نُوحٍ وَزَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ بَسْطَةً ۖ فَاذْكُرُوا آلَاءَ اللَّهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿٦٩﴾ قَالُوا أَجِئْتَنَا لِنَعْبُدَ اللَّهَ وَحْدَهُ وَنَذَرَ مَا كَانَ يَعْبُدُ آبَاؤُنَا ۖ فَأْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا إِن كُنتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ﴿٧٠﴾

اور قومِ عاد کی طرف ان کے بھائی ہود (علیہ السلام) کو (نبی بنا کر بھیجا) اس (ہود علیہ السلام) نے کہا کہ: اے میری قوم! تم (صرف) اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو، اس کے سوا تمھارا کوئی معبود نہیں ہے، کیا پھر بھی تم ڈرتے نہیں ہو؟ ﴿۶۵﴾ اس (ہود علیہ السلام) کی قوم کے کافر سردار کہنے لگے: ہم تو تم کو دیکھتے ہیں کہ تم میں کچھ عقل نہیں ہے اور ہمارا خیال یہ ہے کہ یقیناً تم جھوٹے لوگوں میں سے ہی ہو ﴿۶۶﴾ اس (ہود علیہ السلام) نے کہا: اے میری قوم! مجھ میں ذرا سی بھی بے وقوفی نہیں ہے؛ لیکن میں (تمام) عالموں کے رب کا رسول ہوں ﴿۶۷﴾ میں تم کو اپنے رب کے پیغامات پہنچاتا ہوں اور میں تو تمھاری بھلائی چاہتا ہوں (اور میں) امانت دار ہوں① ﴿۶۸﴾ بھلا کیا تم کو تعجب ہو رہا ہے کہ تم ہی میں سے ایک آدمی کے ذریعے تم کو تمھارے رب کی نصیحت پہنچی؛ تا کہ وہ تم کو ڈراوے اور تم یاد کرو جب اس (اللہ تعالیٰ) نے تم کو قومِ نوح کے بعد (زمین کا) خلیفہ بنایا② اور تم کو بدن کا پھیلاؤ (دوسروں سے) زیادہ عطا کیا③، سو تم اللہ تعالیٰ کے احسانات کو یاد کرو؛ تا کہ تم لوگ کامیاب ہو جاؤ ﴿۶۹﴾ (قوم کے) لوگ کہنے لگے: کیا تم ہمارے پاس اس لیے آئے ہو کہ ہم اکیلے اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں اور ہمارے باپ دادے جن (بتوں) کی عبادت کرتے تھے ہم ان کو چھوڑ دیں؟ اگر تو سچوں میں سے ہے تو ہمارے پاس وہ (عذاب) لا جس کی تو ہم کو دھمکی دیتا ہے④ ﴿۷۰﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اطمینان کرنے کے لائق ہوں۔ ② یعنی قائم مقام۔ ③ جسم کی لمبائی اور طاقت دوسروں سے زیادہ تم کو ملی ہے، تندرستی کے ساتھ جسم کا پھیلاؤ بھی ایک نعمت ہے اس سے بھی شان نمایاں ہوتی ہے۔ ④ (دوسرا) جس سے تو ہم کو ڈراتا ہے۔

قَالَ قَدْ وَقَعَ عَلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ رِجْسٌ وَّغَضَبٌ ؕ اَتُجَادِلُوْنَنِیْ فِیْۤ اَسْمَآءٍ سَمَّیْتُمُوْهَاۤ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّا نَزَّلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ فَانْتَظِرُوْۤا اِنِّیْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِیْنَ﴿۷۱﴾ فَاَنْجَیْنٰهُ وَالَّذِیْنَ مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَقَطَعْنَا دَابِرَ الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا وَمَا كَانُوْا مُؤْمِنِیْنَ﴿۷۲﴾

وَاِلٰی ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ قَدْ جَآءَتْكُمْ بَیِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰیَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِیْۤ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَیَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ﴿۷۳﴾

اس (ہود علیہ السلام) نے کہا: پکی بات ہے کہ تم پر تمھارے رب کی طرف سے عذاب اور غضب (کا آنا) طے ہو چکا ہے، کیا تم مجھ سے چند (بے حقیقت) ناموں کے بارے میں جھگڑا کرتے ہو جو تم نے اور تمھارے باپ دادوں نے (خود پہلے) رکھ لیے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان (کے معبود ہونے) پر کوئی دلیل نہیں اتاری؟ سو تم انتظار کرو، یقیناً میں بھی تمھارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں سے ہوں ﴿۷۱﴾ سو ہم نے اس (ہود علیہ السلام) کو اور اس کے ساتھیوں کو اپنی رحمت (اور کرم) سے (عذاب سے) بچا لیا اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور وہ ایمان لانے والے نہیں تھے ہم نے ان لوگوں کی جڑ کاٹ ڈالی① ﴿۷۲﴾

اور (قوم) ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح (علیہ السلام) کو (نبی بنا کر بھیجا)، اس (صالح علیہ السلام) نے کہا کہ: اے میری قوم! تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو، تمھارے لیے اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، پکی بات یہ ہے کہ تمھارے رب کی طرف سے تمھارے پاس ایک روشن دلیل آ چکی ہے، یہ اللہ تعالیٰ کی اونٹنی ہے جو تمھارے لیے ایک معجزہ بن کر آئی ہے بلٰہذا تم اس کو (آزاد) چھوڑ دو کہ وہ اللہ تعالیٰ کی زمین میں چرتی پھرے اور تم اس کو تکلیف پہنچانے کے ارادے سے ہاتھ بھی مت لگانا، ورنہ تم کو دردناک عذاب (آ کر) پکڑے گا ﴿۷۳﴾

---

① یعنی عذاب کے ذریعے بالکل ختم کر ڈالا۔

وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ عَادٍ وَّبَوَّاَكُمْ فِي الْاَرْضِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْ سُهُوْلِهَا قُصُوْرًا وَّتَنْحِتُوْنَ الْجِبَالَ بُيُوْتًا ۚ فَاذْكُرُوْٓا اٰلَآءَ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝ قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِمَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ صٰلِحًا مُّرْسَلٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ قَالُوْٓا اِنَّا بِمَآ اُرْسِلَ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ۝ قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا بِالَّذِيْٓ اٰمَنْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ۝ فَعَقَرُوا النَّاقَةَ وَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ وَقَالُوْا يٰصٰلِحُ ائْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ۝

اور (اللہ تعالیٰ کے احسان کو) تم یاد کرو جب تم کو قومِ عاد (کے ہلاک ہونے) کے بعد خلیفہ بنایا① اور تم کو زمین میں (اس طرح) بسایا تم نرم زمین پر بڑے بڑے محل بناتے ہو② اور تم پہاڑوں کو تراش کر کے (ان میں) گھر بناتے ہو، سو تم اللہ تعالیٰ کی (اِن) نعمتوں کو یاد کرو اور تم زمین میں فساد مچاتے ہوئے مت پھرو ﴿۷۴﴾ اس کی قوم کے سردار جنھوں نے تکبر کیا انھوں نے ان کمزور لوگوں سے ③ جوان (صالح علیہ السلام کی قوم) میں سے ایمان لا چکے تھے ان سے پوچھا کہ: کیا تم کو یقین ہے کہ صالح اپنے رب کی طرف سے بھیجا ہوا ہے؟ ان (کمزور) لوگوں نے جواب میں کہا کہ: جو حکم دے کر اس (صالح علیہ السلام) کو (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) بھیجا گیا ہم تو اس پر پورا ایمان رکھتے ہیں ﴿۷۵﴾ (یہ جواب سن کر) وہ تکبر کرنے والے کہنے لگے کہ: جس پر تم (کمزور لوگ) ایمان لائے ہو یقیناً ہم اس کا انکار کرتے ہیں ﴿۷۶﴾ سو ان (گھمنڈ کرنے والے) لوگوں نے (صالح علیہ السلام کی) اونٹنی کو کاٹ ڈالا اور انھوں نے اپنے رب کے حکم سے سرکشی کی اور وہ (گھمنڈی) لوگ (بے باکی سے) کہنے لگے: اے صالح! اگر تم واقعی رسولوں میں سے ہو تو وہ (عذاب) ہمارے پاس لے آؤ جس کی تم ہم کو دھمکی دیتے ہو④ ﴿۷۷﴾ سو ان (قومِ ثمود) کو زلزلے نے پکڑ لیا تو وہ صبح کے وقت اپنے گھر میں اوندھے پڑے رہ گئے ﴿۷۸﴾

---

① یعنی آباد کیا۔ ② یعنی ہموار میدانی علاقوں میں۔

③ کافر لوگ ایمان لانے والوں کو بلاوجہ کمزور سمجھتے تھے۔ ④ (دوسرا ترجمہ) جس سے تم ہم کو ڈراتے ہو۔

فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُحِبُّوْنَ النّٰصِحِيْنَ۝ وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ۝ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ۝ وَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ۝ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۖ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ۝ وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ؕ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ۝

پھر وہ (صالح علیہ السلام) ان سے منہ پھرا کر چلے گئے اور وہ کہنے لگے: اے میری قوم! پکی بات یہ ہے کہ میں نے تم کو اپنے رب کا پیغام پہنچا دیا اور میں نے تو تمھاری بھلائی چاہی؛ لیکن تم (ہو کہ) بھلائی چاہنے والوں کو پسند نہیں کرتے تھے ﴿۷۹﴾ اور (ہم نے) لوط (علیہ السلام) کو (رسول بنا کر بھیجا)①، جب اس (لوط علیہ السلام) نے اپنی قوم② سے کہا: کیا تم ایسی بے حیائی کا کام کرتے ہو جو تم سے پہلے (تمام) عالم والوں میں سے کسی نے نہیں کیا؟ ﴿۸۰﴾ یقیناً تم عورتوں کو چھوڑ کر مردوں کے پاس شہوت پوری کرنے کے لیے آتے ہو؛ بلکہ تم تو حد سے آگے نکل چکے ہو ﴿۸۱﴾ اور اس کی قوم کے پاس سوائے اس کے کوئی جواب نہیں تھا، کہ وہ (آپس میں) یوں کہنے لگے کہ: تم ان لوگوں کو اپنی بستی سے نکال دو، یقیناً یہ لوگ تو بہت ہی پاک رہنا چاہتے ہیں③ ﴿۸۲﴾ سو ہم نے اس (لوط علیہ السلام) کو اور ان کے متعلقین کو (عذاب سے) بچا لیا؛ مگر اس کی بیوی کو وہ تو (عذاب میں) پیچھے رہنے والوں میں سے تھی ﴿۸۳﴾ اور ہم نے ان پر ایک زور دار (پتھروں کی) بارش برسائی، سو تم دیکھو کہ جرم کرنے والوں کی سزا کیسی رہی!! ﴿۸۴﴾

---

① حضرت لوط حضرت ابراہیم کے بھتیجے تھے، اردن کے شہر سدوم میں نبی بنا کر بھیجے گئے تھے، مفصل تذکرہ ''خطباتِ محمود: جلد: ۸'' اور سفرنامہ دیکھی ہوئی دنیا میں ملاحظہ فرمائیں۔

② جن کی طرف بھیجے گئے اس امت سے۔

③ یہ ایک اور بھیانک بیماری ہے کہ نیک اور پاک رہنے والوں کو ان کی نیکی پر طنز کیا جائے اور ان کو تنگ کر کے نیکی سے روکنے کی خطرناک سازش کی جائے، قوم لوط والا یہ طرز تو آج بھی عام ہو رہا ہے۔

وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۗ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۗ قَدْ جَآءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا ۗ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَلَا تَقْعُدُوْا بِكُلِّ صِرَاطٍ تُوْعِدُوْنَ وَتَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِهٖ وَتَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ كُنْتُمْ قَلِيْلًا فَكَثَّرَكُمْ ۪ وَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَاِنْ كَانَ طَآئِفَةٌ مِّنْكُمْ اٰمَنُوْا بِالَّذِيْٓ اُرْسِلْتُ بِهٖ وَطَآئِفَةٌ لَّمْ يُؤْمِنُوْا فَاصْبِرُوْا حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ بَيْنَنَا ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ۝

اورمدین (والوں) کی طرف ان کے بھائی شعیب (علیہ السلام) کو (نبی بنا کر بھیجا) اس (شعیب علیہ السلام) نے کہا کہ: اے میری قوم! تم (صرف) اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو، اس کے سوا تمھارا کوئی معبود نہیں ہے، پکی بات ہے کہ تمھارے پاس تمھارے رب کی طرف سے کھلی دلیل آچکی ہے، سو تم ناپ اور (ترازو کا) تول پورا کیا کرو، اور تم لوگوں کو ان کی چیزیں گھٹا کر مت دو اور زمین میں اس کی اصلاح ہوجانے کے بعد تم فساد مت مچاؤ، اگر تم ایمان والے ہو تو یہی تمھارے لیے بہتر ہے ﴿۸۵﴾ اور تم ہر راستے پر (اس غرض سے) مت بیٹھا کرو کہ جو لوگ اس (اللہ تعالیٰ) پر ایمان لائے ہیں تم ان کو دھمکیاں دو اور (تم ان کو) اللہ تعالیٰ کے راستے سے روکو ① اور تم اس (یعنی اللہ تعالیٰ کے راستے) میں عیب تلاش کرو، اور تم (اللہ تعالیٰ کے احسان کو) یاد کرو جب تم (مال اور تعداد میں) کم تھے، سو اس (اللہ تعالیٰ) نے تم کو زیادہ کردیا اور تم دیکھو! فساد کرنے والوں کا (برا) انجام کیسا ہوا؟ ﴿۸۶﴾ اور اگر تم میں کی ایک جماعت اس (پیغام) پر ایمان لے آئی ہے جو میرے ذریعے سے بھیجا گیا ہے اور ایک جماعت ایمان نہیں لائی ہے، سو تم صبر کرو یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ ہمارے درمیان فیصلہ کردیں اور وہ تو بہترین فیصلہ کرنے والے ہیں ﴿۸۷﴾

---

① یعنی ایمان لانے سے روکو۔

قَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا مِن قَوْمِهِ لَنُخْرِجَنَّكَ يَا شُعَيْبُ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَكَ مِن قَرْيَتِنَا أَوْ لَتَعُودُنَّ فِي مِلَّتِنَا ۚ قَالَ أَوَلَوْ كُنَّا كَارِهِينَ ﴿٨٨﴾ قَدِ افْتَرَيْنَا عَلَى اللَّهِ كَذِبًا إِنْ عُدْنَا فِي مِلَّتِكُم بَعْدَ إِذْ نَجَّانَا اللَّهُ مِنْهَا ۚ وَمَا يَكُونُ لَنَا أَن نَّعُودَ فِيهَا إِلَّا أَن يَشَاءَ اللَّهُ رَبُّنَا ۚ وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ۚ عَلَى اللَّهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَأَنتَ خَيْرُ الْفَاتِحِينَ ﴿٨٩﴾ وَقَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِن قَوْمِهِ لَئِنِ اتَّبَعْتُمْ شُعَيْبًا إِنَّكُمْ إِذًا لَّخَاسِرُونَ ﴿٩٠﴾ فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَأَصْبَحُوا فِي دَارِهِمْ جَاثِمِينَ ﴿٩١﴾

اس (شعیب علیہ السلام) کی قوم میں سے جو تکبر کرنے والے سردار تھے انھوں نے کہا: اے شعیب! تجھ کو اور تیرے ساتھ جو ایمان لائے ہیں ان سب کو ہم ضرور اپنی بستی سے نکال دیں گے یا تم ہمارے دین میں چلے آؤ① اس (شعیب علیہ السلام) نے کہا: کیا ہم اگر (تمھارے دین کو) برا سمجھتے ہوں تب بھی (اس میں آجائیں)؟ ﴿۸۸﴾ جب کہ اللہ تعالیٰ نے ہم کو اس (کفر) سے بچالیا اس کے باوجود بھی اگر ہم تمھارے دین میں آجائیں تب تو ہم اللہ تعالیٰ پر جھوٹا بہتان باندھیں گے اور ہمارے لیے تو ممکن ہی نہیں کہ ہم اس (تمھارے دین) میں چلے آویں؛ الا یہ کہ ہمارے مالک اللہ تعالیٰ (ایسا) چاہیں (تو دوسری بات ہے)②، ہمارے رب کے علم نے ہر چیز کو (اپنے) احاطے (یعنی گھیرے) میں لے لیا ہے، اللہ تعالیٰ ہی پر ہم نے بھروسہ کیا، اے ہمارے رب! ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان آپ ہی ٹھیک فیصلہ کر دیجیے اور آپ تو سب سے بہتر فیصلہ کرنے والے ہیں ﴿۸۹﴾ اور اس (شعیب علیہ السلام) کی قوم کے کافر سردار (بقیہ عوام سے) کہنے لگے: اگر تم شعیب کی بات پر چلے تب تو تم یقیناً بڑے نقصان میں پڑوگے ﴿۹۰﴾ سو زلزلے نے ان کو پکڑ لیا، پھر وہ صبح کے وقت اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے ﴿۹۱﴾

---

① یعنی موجودہ توحید چھوڑ کر ہمارے دین کی طرف لوٹ آؤ۔

② اللہ تعالیٰ کفر کو پسند فرماتے نہیں ہیں اور نبی سے کفر ہونا محال ہے، آیت میں نبی کی طرف سے عجز اور انکساری کا اظہار ہے اور اللہ تعالیٰ پر توکل کی بات ہے کہ نیکی کرنا اور گناہ سے بچنا اللہ تعالیٰ ہی کی توفیق سے ہوتا ہے۔

الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ۚ اَلَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَانُوْا هُمُ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۹۲﴾ فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ ۚ فَكَيْفَ اٰسٰى عَلٰى قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿۹۳﴾

وَمَاۤ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّاۤ اَخَذْنَاۤ اَهْلَهَا بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَضَّرَّعُوْنَ ﴿۹۴﴾ ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ السَّيِّئَةِ الْحَسَنَةَ حَتّٰى عَفَوْا وَّقَالُوْا قَدْ مَسَّ اٰبَآءَنَا الضَّرَّآءُ وَالسَّرَّآءُ فَاَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۹۵﴾

جنھوں نے شعیب (علیہ السلام) کو جھٹلایا سو وہ ایسے ہو گئے جیسے وہاں پر کبھی آباد ہی نہ ہوئے ہوں، جنھوں نے شعیب (علیہ السلام) کو جھٹلایا وہی لوگ نقصان میں پڑ گئے ﴿۹۲﴾ اس وقت اس (شعیب علیہ السلام) نے اُن لوگوں سے منہ پھرا لیا① اور (یہ) کہا: اے میری قوم! پکی بات یہ ہے کہ میں نے تم کو اپنے رب کے پیغامات پہنچا دیے اور میں نے تو تمھاری بھلائی چاہی، سو کافر لوگوں (کے ہلاک ہونے) پر کیسے افسوس کروں؟ ﴿۹۳﴾

اور ہم نے کسی بھی بستی میں کسی نبی کو بھیجا تو ہم نے اُس بستی والوں کو سختی② اور تکلیف میں③ ضرور پکڑا؛ تا کہ وہ لوگ گڑ گڑائیں④ ﴿۹۴﴾ پھر ہم نے بُرے حالات کی جگہ اچھے حالات بدل دیے؛ یہاں تک کہ وہ بڑھ گئے⑤ اور وہ کہنے لگے کہ: ہمارے باپ دادوں کو (بھی) دکھ اور سکھ پیش آتے رہے ہیں⑥، پھر ہم نے اُن کو اچانک اس طرح پکڑ لیا کہ ان کو (پہلے سے اِس کا) پتہ بھی نہیں چل سکا ﴿۹۵﴾

① (دوسرا ترجمہ) سو شعیب علیہ السلام ان لوگوں سے منہ پھرا کر یہ کہتے ہوئے چل دیے۔

② فقر وفاقہ اور مالی نقصان۔ ③ بیماریاں، جانی نقصان۔

④ (دوسرا ترجمہ) تا کہ وہ لوگ عاجزی کریں۔ نبی کی بات نہ ماننے تو حالات ابتداءً رحمت بن کر آتے ہیں: تا کہ لوگ نبی کی بات مان لیوے۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) وہ پھلے پھولے (یعنی مال اور تندرستی میں خوب ترقی ہوئی)۔

⑥ یعنی مصیبت اور تکلیف کفر کی وجہ سے نہیں آئی؛ بلکہ یہ تو بس اتفاق ہے، دنیا ہے چلتا رہتا ہے۔

وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰۤى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنْ كَذَّبُوْا فَاَخَذْنٰهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ۝ اَفَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰۤى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا بَيَاتًا وَّهُمْ نَآئِمُوْنَ۝ اَوَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰۤى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا ضُحًى وَّهُمْ يَلْعَبُوْنَ۝ اَفَاَمِنُوْا مَكْرَ اللّٰهِ ۚ فَلَا يَاْمَنُ مَكْرَ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ۝

اَوَلَمْ يَهْدِ لِلَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِ اَهْلِهَاۤ اَنْ لَّوْ نَشَآءُ اَصَبْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ ۚ وَنَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ۝

اور اگر بستی والے ایمان لے آتے اور تقویٰ والے بن جاتے تو تم یقین رکھو کہ ہم اُن پر آسمان اور زمین (دونوں طرف) سے برکتیں کھول دیتے؛ لیکن انھوں نے (نبیوں کو) جھٹلایا، سو جو کام وہ کرتے تھے اس کی وجہ سے ہم نے اُن کو پکڑ لیا ﴿۹۶﴾ کیا پھر بھی اِس بات (کی طرف) سے بستی والوں کا ڈر ختم ہو گیا① کہ اُن پر ہمارا عذاب رات کو ایسے وقت آپڑے کہ وہ سوئے ہوئے ہوں ﴿۹۷﴾ اور کیا بستی والے اِس بات (کی طرف) سے نڈر ہو گئے کہ اُن پر ہمارا عذاب چاشت کے وقت میں② ایسی حالت میں آجاوے کہ وہ لوگ کھیلتے ہوں ﴿۹۸﴾ بھلا کیا وہ لوگ اللہ تعالیٰ کے مکر③ سے امن (یعنی اطمینان) میں ہو گئے④؟ سو اللہ تعالیٰ کے مکر (پکڑ) سے تو صرف وہی لوگ بے خوف ہوتے ہیں جو تباہ و برباد ہونے والے ہوں ﴿۹۹﴾

بھلا کیا زمین پر (پہلے زمانے میں) رہنے والوں کے (ہلاک ہونے کے) بعد اب جو لوگ (آج کل) اس (زمین) کے وارث بنے ہیں اُن کو یہ ہدایت (یعنی نصیحت) نہیں ملی کہ اگر ہم چاہیں تو اُن کو بھی اُن کے گناہوں کی وجہ سے کسی مصیبت میں پکڑ لے ویں اور (جو ضد پر رہیں) ہم اُن کے دلوں پر مہر لگا دیتے ہیں؛ لہٰذا وہ (کوئی بات) سنتے نہیں ﴿۱۰۰﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) کیا اِس بات کی طرف سے بستی والے امن (چین) میں آگئے۔

② چاشت یعنی صبح میں جب دھوپ پوری طرح پھیل جاوے وہ وقت۔

③ یعنی اللہ تعالیٰ کی اچانک پکڑ سے۔

④ (دوسرا ترجمہ) کیا اللہ تعالیٰ کے مکر کی طرف سے ان کا ڈر بالکل ختم ہو گیا؟۔

تِلْكَ الْقُرٰى نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآئِهَا ۚ وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا مِنْ قَبْلُ ؕ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ وَمَا وَجَدْنَا لِاَكْثَرِهِمْ مِّنْ عَهْدٍ ۚ وَاِنْ وَّجَدْنَآ اَكْثَرَهُمْ لَفٰسِقِيْنَ ۝ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَظَلَمُوْا بِهَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَقَالَ مُوْسٰى يٰفِرْعَوْنُ اِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ حَقِيْقٌ عَلٰٓى اَنْ لَّآ اَقُوْلَ عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ؕ قَدْ جِئْتُكُمْ بِبَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَرْسِلْ مَعِيَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۝ قَالَ اِنْ كُنْتَ جِئْتَ بِاٰيَةٍ فَاْتِ بِهَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ۝

(اے نبی!) یہ وہ بستیاں ہیں جن کے کچھ واقعات ہم آپ کو سناتے ہیں اور یقیناً ان (بستی کے لوگوں) کے پاس اُن کے پیغمبر کھلی نشانیاں لے کر آئے تھے؛ لیکن جس بات کو وہ پہلے جھٹلا چکے تھے اُس پر ایمان لانے کے لیے وہ تیار نہیں ہوئے، اسی طرح اللہ تعالیٰ کافروں کے دلوں پر مہر لگا دیتے ہیں ﴿۱۰۱﴾ اور ہم نے ان میں کے اکثر (لوگوں) کو عہد کو پورا کرنے والا نہیں پایا اور ہم نے تو ان میں کے اکثر (لوگوں) کو نافرمان ہی پایا ﴿۱۰۲﴾ پھر ہم نے ان (نبیوں) کے بعد موسیٰ (علیہ السلام) کو اپنی نشانیاں دے کر فرعون اور اس کے سرداروں کے پاس بھیجا تو انھوں نے اُن (نشانیوں) کے ساتھ ظلم کیا①، سو تو دیکھ فساد کرنے والوں کا کیسا انجام ہوا؟ ﴿۱۰۳﴾ اور موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا کہ: اے فرعون! یقینی بات ہے کہ میں (تمام) عالموں کے رب کا رسول ہوں ﴿۱۰۴﴾ میرے لیے یہی ضروری ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کے بارے میں حق بات ہی کہوں، پکی بات یہ ہے میں تمھارے رب کی طرف سے تمھارے پاس (میری سچائی پر) کھلی دلیل لے کر آیا ہوں، سو تو میرے ساتھ بنی اسرائیل کو (ملکِ شام) بھیج دے ﴿۱۰۵﴾ اس (فرعون) نے کہا: اگر تو (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) کوئی نشانی لے کر آیا ہے تو اس کو (ہمارے سامنے) لا، اگر تو سچوں میں سے ہے ﴿۱۰۶﴾ سو اس (موسیٰ علیہ السلام) نے اپنی لکڑی ڈال دی تب (اچانک) وہ کھلم کھلا اژدہا بن گئی ﴿۱۰۷﴾

① یعنی ماننے سے انکار کر دیا، ظالمانہ برتاؤ کیا۔

وَّنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِيَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِيْنَ۠﴿١٠٨﴾

قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌۙ﴿١٠٩﴾ يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ ۚ فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ﴿١١٠﴾ قَالُوْۤا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَاَرْسِلْ فِي الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَۙ﴿١١١﴾ يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ﴿١١٢﴾ وَجَآءَ السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ قَالُوْۤا اِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ﴿١١٣﴾ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ لَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ﴿١١٤﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰۤى اِمَّاۤ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّاۤ اَنْ نَّكُوْنَ نَحْنُ الْمُلْقِيْنَ﴿١١٥﴾ قَالَ اَلْقُوْا ۚ فَلَمَّاۤ اَلْقَوْا سَحَرُوْۤا اَعْيُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ﴿١١٦﴾

اور اس (موسیٰ علیہ السلام) نے اپنا ہاتھ کھینچ کر نکالا① تب وہ سب دیکھنے والوں کے سامنے چمک دار بن گیا ﴿۱۰۸﴾

فرعون کی قوم کے سردار (آپس میں) کہنے لگے: یقیناً یہ تو بڑا ماہر (یعنی جان کار) جادوگر ہے ﴿۱۰۹﴾ تم کو تمھارے ملک سے نکال دینا چاہتا ہے، (بولو!) اب تم کیا مشورہ دیتے ہو؟ ﴿۱۱۰﴾ ان سرداروں نے کہا: تو اس (موسیٰ) کو اور اس کے بھائی کو (کچھ وقت کے لیے) مہلت دے دے اور (تمام) شہروں میں جمع کر کے لانے والوں (یعنی چپراسی) کو بھیج دے ﴿۱۱۱﴾ کہ وہ ہر ماہر جادوگر کو (جمع کر کے) تیرے پاس لے آویں ﴿۱۱۲﴾ اور جادوگر لوگ فرعون کے پاس آئے، کہنے لگے: اگر ہم (موسیٰ پر) غالب آ گئے تو ہم کو کچھ بدلہ ملے گا؟ ﴿۱۱۳﴾ اس (فرعون) نے کہا: ہاں! (انعام تو ملے گا ہی) اور تم خاص (میرے) نزدیک کے لوگوں میں سے ہو جاؤ گے ﴿۱۱۴﴾ وہ (جادوگر) کہنے لگے: اے موسیٰ! یا تو (جو تم ڈالنا چاہتے ہو) تم ڈالو یا (ہم کو جوڑ النا ہے) ہم ڈال دیتے ہیں② ﴿۱۱۵﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: تم ہی (پہلے) ڈالو، سو جب اُن جادوگروں نے ڈالا تو انھوں نے لوگوں کی آنکھوں پر جادو کر دیا③ اور ان کو ڈرا دیا اور وہ بڑا (بھاری) جادو بنا کر لائے ﴿۱۱۶﴾

---

① یعنی گریبان سے بازو کے اندر سے بغل میں سے دبا کر۔ ② یعنی نبی کے ساتھ ادب کا برتاؤ کرنا جادوگروں کے لیے ایمان کا ذریعہ بن گیا۔ ③ یعنی نظر بندی کر دی۔

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا هِىَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ۞ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۞ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ۞ وَاُلْقِىَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۞ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۞ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۞ قَالَ فِرْعَوْنُ اٰمَنْتُمْ بِهٖ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّ هٰذَا لَمَكْرٌ مَّكَرْتُمُوْهُ فِى الْمَدِيْنَةِ لِتُخْرِجُوْا مِنْهَآ اَهْلَهَا ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۞ لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ ثُمَّ لَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۞ قَالُوْٓا اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ۞ وَمَا تَنْقِمُ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاٰيٰتِ رَبِّنَا لَمَّا جَآءَتْنَا ۚ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ۞

اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو حکم دیا کہ: تو اپنی لاٹھی ڈال دے، (موسیٰ علیہ السلام نے لکڑی ڈالی) تو اسی وقت جو جھوٹی چیزیں ان جادوگروں نے بنا رکھی تھیں ان (سب) کو اس نے نگلنا شروع کر دیا① ﴿۱۱۷﴾ سو حق ظاہر (یعنی ثابت) ہو گیا اور وہ (جادوگر) جو کام کر رہے تھے وہ غلط ہو گیا ﴿۱۱۸﴾ سو وہ (فرعون اور اُس کے جادوگر) اس جگہ پر ہار گئے اور ذلیل ہو کر واپس چلے گئے ﴿۱۱۹﴾ اور (اس واقعے سے) جادوگروں کو سجدہ میں گرا دیا گیا② ﴿۱۲۰﴾ وہ (جادوگر لوگ) کہنے لگے: ہم تو (تمام) عالموں کے رب پر ایمان لے آئے ﴿۱۲۱﴾ جو موسیٰ اور ہارون کے (بھی) رب ہیں ﴿۱۲۲﴾ فرعون (جادو گروں سے) کہنے لگا: تم میری اجازت سے پہلے ہی اس (موسیٰ) پر ایمان لے آئے ہو؟ یقیناً یہ ایک سازش ہے جو تم نے (مل جل کر اس) شہر میں بنائی ہے؛ تاکہ تم اِس (شہر) میں رہنے والوں کو یہاں سے نکال دو، سو تم کو (ایمان لانے کا انجام) ابھی پتہ چل جائے گا ﴿۱۲۳﴾ میں تمھارے ایک طرف کے ہاتھ اور دوسری طرف کے پاؤں ضرور کٹوا دوں گا، پھر تم سب کو (ایک ساتھ) ضرور سولی پر لٹکا دوں گا ﴿۱۲۴﴾ وہ (جادوگر) کہنے لگے: یقیناً ہم اپنے رب کی طرف واپس جائیں گے ﴿۱۲۵﴾ اور تو (اے فرعون!) ہمارے ساتھ صرف اس لیے دشمنی رکھتا ہے کہ ہمارے رب کی نشانیاں جب ہمارے پاس آ گئیں تو ہم اس پر ایمان لے آئے، اے ہمارے رب! آپ ہم کو صبر کی توفیق عطا فرمائیے اور آپ ہم کو مسلمان ہونے کی حالت میں وفات دیجیے ﴿۱۲۶﴾

① (دوسرا ترجمہ) ان (جادوگروں) کے سارے بنے بنائے کھیل کو نگلنا شروع کر دیا۔
② اللہ تعالیٰ کی طرف سے توفیق مل گئی، واقعے سے مبہوت ہو کر بے اختیار سجدے میں گرا دیے گئے۔

وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اَتَذَرُ مُوْسٰى وَقَوْمَهٗ لِيُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ وَيَذَرَكَ وَاٰلِهَتَكَ ؕ قَالَ سَنُقَتِّلُ اَبْنَآءَهُمْ وَنَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ ۚ وَاِنَّا فَوْقَهُمْ قٰهِرُوْنَ ﴿١٢٧﴾ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اسْتَعِيْنُوْا بِاللّٰهِ وَاصْبِرُوْا ۚ اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ ۙ يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿١٢٨﴾ قَالُوْۤا اُوْذِيْنَا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَاْتِيَنَا وَمِنْۢ بَعْدِ مَا جِئْتَنَا ؕ قَالَ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّهْلِكَ عَدُوَّكُمْ وَيَسْتَخْلِفَكُمْ فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٢٩﴾ وَلَقَدْ اَخَذْنَاۤ اٰلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِيْنَ وَنَقْصٍ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿١٣٠﴾

اور فرعون کی قوم کے سردار کہنے لگے: (اے فرعون!) کیا تو موسیٰ اور اس کی قوم کو (یوں ہی کھلا) چھوڑ رہا ہے کہ وہ ملک میں فساد پھیلاتے رہیں اور وہ تجھ کو اور تیرے معبودوں کو نظر انداز کرتے رہیں؟ فرعون نے کہا: (ایسے ہی تھوڑے چھوڑیں گے) عنقریب ہم ان کے بیٹوں کو قتل کر دیں گے اور ان کی عورتوں کو زندہ (باقی) رہنے دیں گے اور بلاشبہ ہم کو ان پر پورا قابو حاصل ہے ﴿۱۲۷﴾ موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا: تم اللہ تعالیٰ سے مدد حاصل کرو اور تم صبر کرو (اور گھبراؤ مت)، یقین رکھو! زمین تو اللہ تعالیٰ ہی کی ہے، وہ (اللہ تعالیٰ) اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتے ہیں اس (زمین) کا مالک بناتے ہیں اور آخر میں بھلائی تو تقویٰ والوں کے لیے ہی ہوگی ﴿۱۲۸﴾ وہ (بنی اسرائیل) کہنے لگے: (اے موسیٰ!) آپ کے ہمارے پاس تشریف لانے سے پہلے اور آپ کے ہمارے پاس تشریف لانے کے بعد (بھی) ہم کو ستایا گیا①، اس (موسیٰ علیہ السلام) نے کہا: وہ وقت (بہت) نزدیک ہے کہ ② تمہارا رب تمہارے دشمن کو ہلاک کر دیوے اور (فرعونیوں کی جگہ پر) تم کو زمین (یعنی ملک) کا خلیفہ (یعنی مالک) بنا دیوے، پھر وہ (اللہ تعالیٰ) دیکھے گا کہ تم کس طرح عمل کرتے ہو؟ ﴿۱۲۹﴾

اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے فرعون کے لوگوں کو قحط سالیوں میں اور پھلوں (یعنی پیداوار) کی کمی میں مبتلا کیا③؛ تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں ﴿۱۳۰﴾

---

① بنی اسرائیل کے بچوں کے قتل کے واقعات دو مرتبہ پیش آئے، حضرت موسیٰ علیہ السلام کی ولادت کے زمانہ میں اور پھر نبوت کے زمانہ میں، اگرچہ دونوں مرتبہ کے مقاصد الگ الگ تھے۔

② (دوسرا ترجمہ) پوری امید ہے کہ۔ ③ شہروں میں پھلوں کی کمی اور دیہات میں غلوں کی کمی۔

فَاِذَا جَآءَتْهُمُ الْحَسَنَةُ قَالُوْا لَنَا هٰذِهٖ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَیِّئَةٌ یَّطَّیَّرُوْا بِمُوْسٰی وَمَنْ مَّعَهٗ ؕ اَلَاۤ اِنَّمَا طٰٓئِرُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۱﴾ وَقَالُوْا مَهْمَا تَاْتِنَا بِهٖ مِنْ اٰیَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا ۙ فَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۳۲﴾ فَاَرْسَلْنَا عَلَیْهِمُ الطُّوْفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ اٰیٰتٍ مُّفَصَّلٰتٍ ۫ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِیْنَ ﴿۱۳۳﴾

سو جب ان (فرعونیوں) کے پاس اچھے حالات آئے تو وہ کہنے لگے کہ: یہ تو ہمارا حق ہے ① اور اگر ان پر برے حالات (یعنی مصیبت) پہنچ گئے تو موسیٰ (علیہ السلام) وران کے ساتھیوں کی نحوست بتانے لگے، سن لو (یہ تو) خود ان کی ہی نحوست تھی جو اللہ تعالیٰ کے علم میں تھی ②؛ لیکن ان میں اکثر لوگ جانتے نہیں ہیں ﴿۱۳۱﴾ اور وہ (فرعونی لوگ موسیٰ علیہ السلام سے) کہتے تھے: تم ہم پر جادو چلانے کے لیے کیسی بھی (عجیب) نشانی لے آؤ؛ لیکن ہم تم پر ایمان لانے والے نہیں ہیں ﴿۱۳۲﴾ سو (جب فرعونی لوگوں نے ایسی شرارت اپنائی تو) ہم نے ان پر طوفان اور ٹڈیاں اور جوئیں ③ (یا گھن کے کیڑے) اور بہت سارے مینڈک اور خون (عذاب کے طور پر) بھیجا، یہ سب الگ الگ نشانیاں تھیں، پھر بھی وہ تکبر کرتے رہے اور وہ گنہگار لوگ تھے ﴿۱۳۳﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) یہ تو ہمارے لیے ہونا ہی چاہیے تھا۔

② (دوسرا ترجمہ) ان کی اس نحوست کا سبب اللہ تعالیٰ کے علم میں ہے۔

③ "قُمّل" سے مراد: ابن عباسؓ سے ایک روایت ہے کہ وہ کیڑا مراد ہے جو اناج میں پیدا ہو کر اس کو خراب کر دیتا ہے (اردو میں اس کو سُرسُری کہتے ہیں) انہی سے ایک روایت ہے کہ اس سے وہ چھوٹی ٹڈی مراد ہے جس کے پر نہیں ہوتے اور وہ بھی غلہ کو گھن لگا دیتی ہے، مجاہدؒ، عکرمہؒ، اور قتادہؒ کی بھی یہی رائے ہے۔ ابن جریرؒ کہتے ہیں کہ: "جوں" کی طرح ایک کیڑا ہوتا ہے جو اونٹوں میں ہلاکت پیدا کرتا ہے اور راغب اصفہانی کہتے ہیں کہ: اس سے مراد وہ چھوٹی مکھی ہے جو انسانی صحت کے لیے بے حد مضرت رساں ہے۔ قُمّل: عربی میں عام طور پر "جوں" کو کہتے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ قُمّل اپنے معنی میں ان مصادیق کے لیے وسیع ہے؛ اس لیے ان تمام اطلاقات کی تطبیق کے لیے یہ کیوں نہ کہا جائے کہ اللہ تعالیٰ نے فرعونیوں پر یہ عذاب نازل فرمایا کہ انسانوں پر جوئیں مسلط کریں، ان کے کھانے پینے کی چیزوں میں مکھیوں کو پھیلا دیا، ان کے جانوروں میں ہلاک کرنے والا کیڑا پیدا کر دیا اور ان کے اناج اور غلہ میں گھن لگا کر خراب کر دینے والی سرسری کی تباہی پھیلا دی اور ان سب مہلک کیڑوں کو قرآن کے اعجاز نے "قُمّل" کی وسیع تعبیر میں بیان فرما دیا ہے۔

وَلَمَّا وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ قَالُوْا يٰمُوْسَى ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ لَئِنْ كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ وَلَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۚ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الرِّجْزَ اِلٰٓى اَجَلٍ هُمْ بٰلِغُوْهُ اِذَا هُمْ يَنْكُثُوْنَ ۞ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ فِى الْيَمِّ بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا غٰفِلِيْنَ ۞ وَاَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِيْنَ كَانُوْا يُسْتَضْعَفُوْنَ مَشَارِقَ الْاَرْضِ وَمَغَارِبَهَا الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ۚ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ الْحُسْنٰى عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ بِمَا صَبَرُوْا ۚ وَدَمَّرْنَا مَا كَانَ يَصْنَعُ فِرْعَوْنُ وَقَوْمُهٗ وَمَا كَانُوْا يَعْرِشُوْنَ ۞

اور جب بھی کوئی عذاب ان پر آپڑتا تو وہ (فرعونی لوگ) کہتے کہ: اے موسیٰ! اس (اللہ تعالیٰ) کا جو عہد تمھارے پاس ہے① اس کا واسطہ دے کر تم ہمارے لیے اپنے رب سے دعا کرو②، واقعتاً اگر تم نے ہم سے عذاب دور کر دیا تو ہم ضرور تم پر ایمان لے آئیں گے اور ہم تمھارے ساتھ بنی اسرائیل کو ضرور بھیج دیں گے ﴿۱۳۴﴾ سو جب ہم نے ان پر سے عذاب اتنی مدت تک کے لیے ہٹا دیا جس (مدت) تک③ وہ پہنچنے ہی والے تھے تو اسی وقت وہ عہد توڑ ڈالتے تھے ﴿۱۳۵﴾ آخر میں یہ ہوا کہ ہم نے ان سے (پورا) بدلہ لیا تو ہم نے ان کو سمندر میں ڈبو دیا؛ اس لیے کہ انھوں نے ہماری نشانیوں کو جھٹلایا تھا اور وہ ان سے بالکل غافل ہو گئے تھے ﴿۱۳۶﴾ اور جن لوگوں کو کمزور سمجھا جاتا تھا④ ہم نے ان کو ملک کے مشرقوں اور اس کے مغربوں کا مالک بنا دیا جس (ملک) میں ہم نے برکت رکھی تھی اور تمھارے رب کا نیکی کا⑤ وعدہ بنی اسرائیل کے حق میں ان کے صبر کی وجہ سے پورا ہوا اور فرعون اور اس کی قوم نے جو کچھ بنایا تھا اور جو اونچا چڑھا رکھا تھا⑥ ان سب کو ہم نے برباد کر ڈالا ﴿۱۳۷﴾

---

① مراد نبوت کے عہد کے واسطے سے دعا کرو، یا اللہ تعالیٰ کا ہر نبی سے عہد ہوتا ہے کہ قوم کے لوگ نافرمانی سے توبہ کر لیویں اور ایمان لے آویں تو عذاب دور کر دیا جاتا ہے۔ ② (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ نے تم کو (دعا کا) جو (مؤثر طریقہ) بتلایا ہے (اس کے مطابق) تم ہمارے لیے دعا کرو۔ ③ اس مدت سے مراد غرق کے ذریعہ موت تک کی مدت مراد ہے یا ایک مصیبت کے بعد دوسری مصیبت کے آنے تک کا وقت مراد ہے یعنی اتنی مدت میں بھی وعدہ توڑ کر نافرمانی کرنے لگتے؛ حالاں کہ مصیبت آتی اس وقت وہ پکا وعدہ کرتے کہ ہم آئندہ نافرمانی نہیں کریں گے۔ ④ (دوسرا ترجمہ) ان لوگوں کو جو کمزور کر دیے گئے تھے یعنی بنو اسرائیل۔ ⑤ (دوسرا ترجمہ) خیر کا کلمہ۔ ⑥ یعنی اونچے مکانات بنوائے تھے اور اونچے درخت اور بیلیں چڑھا رکھی تھی۔

وَجٰوَزْنَا بِبَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ الْبَحْرَ فَاَتَوْا عَلٰی قَوْمٍ یَّعْكُفُوْنَ عَلٰۤی اَصْنَامٍ لَّهُمْ ۚ قَالُوْا یٰمُوْسَی اجْعَلْ لَّنَاۤ اِلٰهًا كَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ ؕ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ۝ اِنَّ هٰۤؤُلَآءِ مُتَبَّرٌ مَّا هُمْ فِیْهِ وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ۝ قَالَ اَغَیْرَ اللّٰهِ اَبْغِیْكُمْ اِلٰهًا وَّهُوَ فَضَّلَكُمْ عَلَی الْعٰلَمِیْنَ ۝ وَاِذْ اَنْجَیْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ یَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ ۚ یُقَتِّلُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَیَسْتَحْیُوْنَ نِسَآءَكُمْ ؕ وَفِیْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِیْمٌ ۝

وَوٰعَدْنَا مُوْسٰی ثَلٰثِیْنَ لَیْلَةً وَّاَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِیْقَاتُ رَبِّهٖۤ اَرْبَعِیْنَ لَیْلَةً ۚ وَقَالَ مُوْسٰی لِاَخِیْهِ هٰرُوْنَ اخْلُفْنِیْ فِیْ قَوْمِیْ وَاَصْلِحْ وَلَا تَتَّبِعْ سَبِیْلَ الْمُفْسِدِیْنَ ۝

اور ہم نے بنی اسرائیل کو سمندر سے پار کرا دیا تو وہ ایسی قوم کے پاس سے گذرے ① جو اپنے بتوں کو پوجنے میں لگے ہوئے تھے، تو وہ (بنی اسرائیل) بولے: اے موسیٰ! ہمارے لیے (بھی ایسا ہی) دیوتا (یعنی معبود) مقرر کر دیجیے جیسے کہ ان لوگوں کے دیوتا ہے، تو اس (موسیٰ علیہ السلام) نے (جواب میں) کہا: واقعی تم تو بڑے جاہل لوگ ہو ﴿۱۳۸﴾ یقیناً یہ لوگ جس (بت پرستی) میں لگے ہوئے ہیں وہ تو برباد ہونے والا ہے اور وہ لوگ جو کچھ کر رہے ہیں وہ سراسر باطل (یعنی بے بنیاد) ہے ﴿۱۳۹﴾ اس (موسیٰ علیہ السلام) نے کہا: کیا اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر میں تمھارے لیے کوئی (دوسرا) معبود تلاش کروں؛ حالاں کہ اس (اللہ تعالیٰ) نے تم کو (تمام) عالموں پر فضیلت دی ﴿۱۴۰﴾ اور (وہ وقت یاد کرو) جب ہم نے تم کو فرعون کے لوگوں سے بچا لیا، وہ تم کو بہت بری تکلیف پہنچاتے تھے، تمھارے بیٹوں کو قتل کر دیتے تھے اور تمھاری عورتوں کو زندہ (باقی) رکھتے تھے، اور اس میں تمھارے رب کی طرف سے (تمھارے لیے) بڑی آزمائش تھی ﴿۱۴۱﴾

اور ہم نے موسیٰ سے تیس راتوں کا وعدہ کیا تھا② اور ہم نے ان کو دس راتیں بڑھا کر پورا کیا، سو (اس طرح) ان (موسیٰ علیہ السلام) کے رب کی مقرر کی ہوئی چالیس راتیں پوری ہو گئیں اور (طور پر جاتے وقت) موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنے بھائی ہارون سے کہا: میری قوم میں تم میرے خلیفہ (یعنی نائب) بن کر رہو اور اصلاح کرتے رہو اور تم فساد کرنے والے لوگوں کے راستے پر مت چلنا ﴿۱۴۲﴾

---

① دوسرا ترجمہ: ایسی قوم کے پاس پہنچے۔ ② ان راتوں میں طور پہاڑ پر آ کر اعتکاف کرو۔

وَلَمَّا جَآءَ مُوْسٰى لِمِيْقَاتِنَا وَكَلَّمَهٗ رَبُّهٗ ۙ قَالَ رَبِّ اَرِنِيْۤ اَنْظُرْ اِلَيْكَ ؕ قَالَ لَنْ تَرٰىنِيْ وَلٰكِنِ انْظُرْ اِلَى الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوْفَ تَرٰىنِيْ ۚ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا ۚ فَلَمَّاۤ اَفَاقَ قَالَ سُبْحٰنَكَ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ قَالَ يٰمُوْسٰۤى اِنِّى اصْطَفَيْتُكَ عَلَى النَّاسِ بِرِسٰلٰتِيْ وَبِكَلَامِيْ ۖ فَخُذْ مَاۤ اٰتَيْتُكَ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ۝ وَكَتَبْنَا لَهٗ فِى الْاَلْوَاحِ مِنْ كُلِّ شَىْءٍ مَّوْعِظَةً وَّتَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَىْءٍ ۚ فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ وَّاْمُرْ قَوْمَكَ يَاْخُذُوْا بِاَحْسَنِهَا ؕ سَاُورِيْكُمْ دَارَ الْفٰسِقِيْنَ ۝

اور جب موسیٰ (علیہ السلام) ہمارے مقرر کیے ہوئے (چلّے کے) وقت پر پہنچے اور ان سے ان کے رب نے کلام کیا تو موسیٰ (علیہ السلام) نے عرض کیا: اے میرے رب! آپ (اپنا جمال) مجھے دکھا دیجیے کہ میں آپ کو ایک نظر دیکھ لوں، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تم (دنیا میں رہتے ہوئے ان کمزور آنکھوں سے) مجھے ہرگز نہیں دیکھ سکو گے؛ لیکن تم پہاڑ کی طرف دیکھو، سو اگر وہ (پہاڑ) اپنی جگہ پر قائم رہا تو تم مجھے دیکھ لو گے، سو جب ان کے رب نے پہاڑ پر تجلی ڈالی تو اس کو ریزہ ریزہ کر دیا اور موسیٰ (علیہ السلام) بے ہوش ہو کر گر پڑے، پھر جب ان کو ہوش آیا تو بولے: (اے اللہ!) آپ تو پاک ہیں، میں آپ کے سامنے توبہ کرتا ہوں اور میں سب سے پہلے ایمان لاتا ہوں ﴿۱۴۳﴾ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے موسیٰ! یقیناً میں نے اپنے پیغام (یعنی نبوت دے کر) اور اپنے کلام کے ذریعے سے تم کو لوگوں پر خاص امتیاز دیا، سو جو چیز (یعنی نبوت اور تورات) میں نے تم کو دی اس کو تم لے لو اور تم شکر کرنے والوں میں سے ہو جاؤ ﴿۱۴۴﴾ اور ہم نے ان کے لیے تختیوں میں (۱) ہر قسم کی نصیحت اور ہر چیز کی (ضروری) تفصیل لکھ دی تھی، سو (اے موسیٰ!) اس کو تم مضبوطی سے پکڑو (۲) اور اپنی قوم کو حکم کرو کہ اس کی بہترین باتوں پر عمل کریں (۳)، میں عنقریب تم کو فاسقوں کا گھر دکھلاؤں گا (۴) ﴿۱۴۵﴾

---

(۱) دس یا سات یا دو تختیاں تھیں، سبز زمرد یا ٹھوس پتھر یا جنت کی بیری کی خشک لکڑی کی بنی ہوئی تختیاں تھیں۔

(۲) یعنی خود بھی عمل کرو اور تبلیغ بھی کرو۔

(۳) ہر ایک حکم اور بات عمدہ ہی تھی۔

(۴) مصر اور شام پر غلبہ کی اس میں بشارت ہے۔

سَأَصْرِفُ عَنْ آيَاتِيَ الَّذِينَ يَتَكَبَّرُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۚ وَإِنْ يَرَوْا كُلَّ آيَةٍ لَا يُؤْمِنُوا بِهَا ۚ وَإِنْ يَرَوْا سَبِيلَ الرُّشْدِ لَا يَتَّخِذُوهُ سَبِيلًا ۚ وَإِنْ يَرَوْا سَبِيلَ الْغَيِّ يَتَّخِذُوهُ سَبِيلًا ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَكَانُوا عَنْهَا غَافِلِينَ ۝ وَالَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَلِقَاءِ الْآخِرَةِ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ ۚ هَلْ يُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝

وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوسَىٰ مِنْ بَعْدِهِ مِنْ حُلِيِّهِمْ عِجْلًا جَسَدًا لَهُ خُوَارٌ ۚ أَلَمْ يَرَوْا أَنَّهُ لَا يُكَلِّمُهُمْ وَلَا يَهْدِيهِمْ سَبِيلًا ۘ اتَّخَذُوهُ وَكَانُوا ظَالِمِينَ ۝ وَلَمَّا سُقِطَ فِي أَيْدِيهِمْ وَرَأَوْا أَنَّهُمْ قَدْ ضَلُّوا قَالُوا لَئِنْ لَمْ يَرْحَمْنَا رَبُّنَا وَيَغْفِرْ لَنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ ۝

جو لوگ زمین میں ناحق تکبر کرتے ہیں ان لوگوں کو میں اپنی آیتوں سے پھیر دوں گا، اور اگر وہ تمام نشانیاں بھی دیکھ لیں گے تو بھی ان پر ایمان نہیں لائیں گے اور اگر وہ ہدایت کا راستہ دیکھیں گے تو بھی وہ اس کو اپنا راستہ نہیں بنائیں گے① اور اگر وہ گمراہی کا راستہ دیکھ لیں گے تو اس کو اپنا طریقہ بنالیں گے (اور عمل کرنے لگیں گے) یہ اس واسطے کہ انھوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا اور وہ ان کی طرف سے غفلت میں پڑے ہوئے تھے ﴿۱۴۶﴾ اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو اور آخرت کی ملاقات کو جھٹلایا تو ان کے اعمال برباد ہوگئے، جو کام وہ لوگ کرتے تھے اسی کا بدلہ ان کو دیا جائے گا ﴿۱۴۷﴾

اور موسیٰ (علیہ السلام) کی قوم نے ان (کے طور پر جانے) کے بعد اپنے زیورات (کو پگھلا کر اس) میں سے ایک بچھڑا اپنا بنایا② جو محض ایک مجسمہ تھا، اس میں بیل جیسی آواز تھی، کیا انھوں نے اتنا بھی نہیں دیکھا کہ وہ ان سے بات بھی نہیں کرسکتا اور ان کو کوئی (دین و دنیا کا) راستہ بھی بتا نہیں سکتا، انھوں نے اس (بچھڑے) کو معبود بنالیا اور وہ لوگ ظلم کرنے والے تھے ﴿۱۴۸﴾ اور جب وہ (بنی اسرائیل) اپنے کیے (ہوئے کام) پر پچھتانے لگے اور وہ سمجھ گئے کہ یقیناً وہ گمراہ ہوگئے تو کہنے لگے: اگر ہمارے رب نے ہم پر رحم نہیں کیا اور ہم کو معاف نہیں کیا تو ہم ضرور نقصان میں پڑ جائیں گے ﴿۱۴۹﴾

---

① یعنی اس کو اپنا کر عمل نہیں کریں گے۔

② یہ بچھڑا سامری نے بنایا تھا، اس کا مفصل تذکرہ سورۂ طٰہٰ میں آئے گا۔

وَلَمَّا رَجَعَ مُوْسٰۤى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۙ قَالَ بِئْسَمَا خَلَفْتُمُوْنِیْ مِنْۢ بَعْدِیْ ۚ اَعَجِلْتُمْ اَمْرَ رَبِّكُمْ ۚ وَاَلْقَى الْاَلْوَاحَ وَاَخَذَ بِرَاْسِ اَخِیْهِ یَجُرُّهٗۤ اِلَیْهِ ؕ قَالَ ابْنَ اُمَّ اِنَّ الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُوْنِیْ وَكَادُوْا یَقْتُلُوْنَنِیْ ۖؗ فَلَا تُشْمِتْ بِیَ الْاَعْدَآءَ وَلَا تَجْعَلْنِیْ مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ۝ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَلِاَخِیْ وَاَدْخِلْنَا فِیْ رَحْمَتِكَ ۖؗ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۝

اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ سَیَنَالُهُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَذِلَّةٌ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُفْتَرِیْنَ ۝

اور جب موسیٰ (علیہ السلام) بڑے غصے اور افسوس (یعنی رنج) کی حالت میں اپنی قوم کے پاس واپس آئے تو موسیٰ علیہ السلام نے (اپنی قوم سے) کہا: تم نے میرے (جانے کے) بعد میری بہت بُری نیابت (یعنی جانشینی) کی ①تم نے اپنے رب کے حکم میں کیوں جلدی کی ②؟ اور موسیٰ (علیہ السلام) نے (جلدی میں ایک طرف) تختیاں رکھ دی اور اپنے بھائی (ہارون علیہ السلام) کے سر (کے بال) کو پکڑ کر اس کو اپنی طرف کھینچنے لگے، بھائی (ہارون) نے کہا کہ: اے میری ماں کے بیٹے ③! یقینی بات ہے کہ ان لوگوں نے مجھے کمزور (یعنی بے حیثیت) سمجھا اور قریب تھا کہ وہ مجھ کو مار ہی ڈالتے، سو تو دشمنوں کو مجھ پر ہنسنے (یعنی خوش ہونے) کا موقع نہ دے اور تو مجھ کو ظلم کرنے والی قوم کے ساتھ شمار نہ کر ﴿۱۵۰﴾ موسیٰ نے کہا: اے میرے رب! آپ مجھ کو اور میرے بھائی کو معاف کر دیجیے اور ہم کو اپنی (خاص) رحمت میں داخل کر لیجیے اور آپ تو رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۱۵۱﴾

یقیناً جن لوگوں نے بچھڑے کو معبود بنالیا عنقریب ان پر ان کے رب کی طرف سے غضب اور دنیا کی زندگی میں (ہی) ذلت آپڑے گی اور بہتان باندھنے والوں کو ہم اسی طرح سزا دیتے ہیں ﴿۱۵۲﴾

---

① یعنی میری غیر حاضری میں بڑی غلط حرکت کی۔

② (دوسرا ترجمہ) تم لوگوں نے اپنے رب کے حکم (کے آنے سے پہلے) کیوں جلدی کر ڈالی؟۔

③ ماں کا نام دینے میں شفقت کو متوجہ کرنا ہے۔

وَالَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِهَا وَاٰمَنُوْۤا اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۝ وَلَمَّا سَكَتَ عَنْ مُّوْسَى الْغَضَبُ اَخَذَ الْاَلْوَاحَ ۖۚ وَفِيْ نُسْخَتِهَا هُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ۝ وَاخْتَارَ مُوْسٰى قَوْمَهٗ سَبْعِيْنَ رَجُلًا لِّمِيْقَاتِنَا ۚ فَلَمَّاۤ اَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ قَالَ رَبِّ لَوْ شِئْتَ اَهْلَكْتَهُمْ مِّنْ قَبْلُ وَاِيَّايَ ؕ اَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ السُّفَهَآءُ مِنَّا ۚ اِنْ هِيَ اِلَّا فِتْنَتُكَ ؕ تُضِلُّ بِهَا مَنْ تَشَآءُ وَتَهْدِيْ مَنْ تَشَآءُ ؕ اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الْغٰفِرِيْنَ۝ وَاكْتُبْ لَنَا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ اِنَّا هُدْنَاۤ اِلَيْكَ ؕ

اور جن لوگوں نے برے کام کیے، پھر ان کے بعد توبہ کرلی اور وہ ایمان لے آئے، تو یقیناً اس (توبہ) کے بعد تمھارے رب بہت زیادہ معاف کرنے والے، بڑے رحم کرنے والے ہیں ﴿۱۵۳﴾ اور جب موسیٰ (علیہ السلام) کا غصہ ٹھنڈا ہو گیا تو انھوں نے (تورات کی) تختیاں اٹھالیں، اور ان میں جو باتیں لکھی تھیں ان میں ہدایت اور رحمت تھی ایسے لوگوں کے لیے جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں ﴿۱۵۴﴾ اور موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم کے ستر آدمیوں کو چن لیا: ہمارے وعدے کے وقت (پر طور پر لانے) کے لیے، پھر جب ان (ستر آدمیوں) کو زلزلے نے پکڑ لیا تو اس (موسیٰ علیہ السلام) نے کہا کہ: اے میرے رب! اگر آپ چاہتے تو ان کو اور مجھ کو پہلے ہی ہلاک کر ڈالتے، کیا آپ ہم میں سے کچھ بے وقوفوں کے کام کی وجہ سے ہم سب کو ہلاک کردیں گے؟ وہ (واقعہ) تو آپ کی طرف سے صرف (ایک) امتحان (یعنی آزمائش) ہے، آپ اس کے ذریعے جس کو چاہتے ہیں گمراہ کرتے ہیں اور آپ جس کو چاہتے ہیں ہدایت دیتے ہیں، آپ ہماری مدد کرنے والے ہیں، سو آپ ہم کو معاف کردیجیے اور ہم پر رحم کیجیے اور آپ معاف کرنے والوں میں سب سے اچھے معاف کرنے والے ہیں ﴿۱۵۵﴾ اور ہمارے لیے اس دنیا میں (بھی) بھلائی لکھ دیجیے اور آخرت میں بھی (بھلائی لکھ دیجیے۔ اسی مقصد کے لیے) ہم آپ کی طرف ہی رجوع کرتے ہیں①

---

① (دوسرا ترجمہ) اور ہمارے لیے اس دنیا میں بھلائی مقرر کردیجیے اور آخرت میں ہم نے آپ کی طرف رجوع کیا۔

قَالَ عَذَابِیْٓ اُصِیْبُ بِهٖ مَنْ اَشَآءُ ۚ وَرَحْمَتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ ؕ فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِیْنَ یَتَّقُوْنَ
وَیُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالَّذِیْنَ هُمْ بِاٰیٰتِنَا یُؤْمِنُوْنَ ۚ اَلَّذِیْنَ یَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِیَّ الْاُمِّیَّ
الَّذِیْ یَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِی التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِیْلِ ؗ یَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْهٰىهُمْ
عَنِ الْمُنْكَرِ وَیُحِلُّ لَهُمُ الطَّیِّبٰتِ وَیُحَرِّمُ عَلَیْهِمُ الْخَبٰٓىِٕثَ وَیَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ
وَالْاَغْلٰلَ الَّتِیْ كَانَتْ عَلَیْهِمْ ؕ فَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِیْۤ
اُنْزِلَ مَعَهٗۤ ۙ اُولٰٓىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۠ قُلْ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْكُمْ جَمِیْعَا
الَّذِیْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ ۪

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اپنا عذاب میں جس پر چاہتا ہوں اس کو پہنچاتا ہوں اور میری رحمت ہر چیز پر چھائی ہوئی ہے، سو اس کو میں (خاص طور پر) ان لوگوں کے لیے لکھ دوں گا جو (مجھ سے) ڈرتے ہیں ① اور وہ زکوۃ دیتے رہتے ہیں، اور وہ لوگ ہماری آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں ﴿۱۵۶﴾ جو لوگ اس رسول نبی امی ② کی بات پر چلتے ہیں جن (کے تذکرہ) کو اپنے پاس موجود تورات اور انجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں، جو (رسول) ان کو اچھی بات کا حکم دیتے ہیں اور ان کو بری باتوں سے روکتے ہیں اور ان کے لیے پاکیزہ چیزوں کو حلال کرتے ہیں اور گندی (ناپاک) چیزوں کو ان پر حرام کرتے ہیں اور ان کے (سخت احکام کے) وہ بوجھ اور پابندیاں جو ان پر چلی آرہی تھیں ان کو ان سے دور کرتے ہیں، سو جو لوگ اس (نبی) پر ایمان لاتے ہیں اور اس (رسول) کی حمایت (یعنی تعظیم) کرتے ہیں اور اس (رسول) کی مدد کرتے ہیں اور جو نور (یعنی قرآن) اس (رسول) کے ساتھ اتارا گیا اس پر وہ چلتے ہیں وہی لوگ کامیاب ہونے والے ہیں ﴿۱۵۷﴾ (اے نبی!) تم (ان سے) کہہ دو: اے لوگو! میں تم سب کی طرف اس اللہ تعالیٰ کا (بھیجا ہوا) رسول ہوں کہ آسمانوں اور زمین میں اسی کی حکومت ہے، اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ (اللہ تعالیٰ) زندگی دیتے ہیں اور موت دیتے ہیں،

① (دوسرا ترجمہ) جو (نافرمانی سے) بچتے ہیں۔ ② حضور ﷺ کے لیے امی لفظ استعمال ہوا اس لیے اس کا مناسب مفہوم یہ ہے: جنھوں نے دنیا میں کسی انسان سے تعلیم حاصل نہ کی ہو۔

فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ۝ وَمِنْ قَوْمِ مُوْسٰۤى اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ۝ وَقَطَّعْنٰهُمُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ اَسْبَاطًا اُمَمًا ؕ وَاَوْحَيْنَاۤ اِلٰى مُوْسٰۤى اِذِ اسْتَسْقٰىهُ قَوْمُهٗۤ اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۚ فَانْۢبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ وَظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْهِمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ؕ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْۤا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ۝ وَاِذْ قِيْلَ لَهُمُ اسْكُنُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ وَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ وَقُوْلُوْا حِطَّةٌ وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطِيْٓـٰٔتِكُمْ ؕ سَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ۝

سو اللہ تعالیٰ پر اور اس کے اس رسول نبی امی پر جس کی شان یہ ہے کہ وہ خود بھی اللہ تعالیٰ اور اس کے تمام کلاموں (یعنی کتابوں) پر ایمان رکھتا ہے تم ایمان لاؤ اور تم اس (رسول نبی امی) کی بات مان لو؛ تا کہ تم لوگ ہدایت پر آجاؤ ﴿۱۵۸﴾ اور موسیٰ (علیہ السلام) کی قوم میں سے ایک جماعت ایسی (بھی) ہے جو (لوگوں کو) حق کا راستہ بتاتی ہے اور وہ اس (حق) کے مطابق انصاف سے کام کرتے ہیں ﴿۱۵۹﴾ اور ہم نے ان (بنی اسرائیل) کو بارہ خاندانوں میں الگ الگ جماعت (کی شکل) میں تقسیم کر دیا تھا اور جب موسیٰ کی قوم نے اس (موسیٰ علیہ السلام) سے پانی مانگا تو ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو حکم دیا کہ تم اپنی لاٹھی پتھر پر مارو، سو (مارتے ہی) اس (پتھر) میں سے بارہ چشمے (پھوٹ کر) بہنے لگے، (بنی اسرائیل کے) ہر خاندان کو اپنی پانی پینے کی جگہ معلوم ہوگئی اور ہم نے ان پر بادل کا سایہ کیا اور ہم نے ان پر من اور سلویٰ اتارا (ہم نے یہ حکم دیا) کہ جو پاکیزہ روزی ہم نے تم کو دی ہے تم اس میں سے کھاؤ اور انھوں نے ہمارا کوئی نقصان نہیں کیا؛ بلکہ وہ خود اپنی جانوں پر ظلم کرتے رہے ﴿۱۶۰﴾ اور جب ان (بنی اسرائیل) سے کہا گیا کہ: تم اس بستی میں (جا کر) رہو اور اس میں جہاں سے چاہو کھاؤ اور یہ کہتے ہوئے (شہر میں) جانا کہ اے اللہ! آپ ہم کو معاف کر دیجیے اور تم (بستی کے) دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے (یعنی جھکتے ہوئے) داخل ہونا تو ہم تمھارے گناہوں کو معاف کر دیں گے، ہم نیکی کرنے والوں کو زیادہ دیں گے ﴿۱۶۱﴾

فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ﴿۱۶۲﴾

وَسْـَٔلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ ۘ اِذْ يَعْدُوْنَ فِي السَّبْتِ اِذْ تَاْتِيْهِمْ حِيْتَانُهُمْ يَوْمَ سَبْتِهِمْ شُرَّعًا وَّيَوْمَ لَا يَسْبِتُوْنَ ۙ لَا تَاْتِيْهِمْ ۚ كَذٰلِكَ ۚ نَبْلُوْهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ﴿۱۶۳﴾ وَاِذْ قَالَتْ اُمَّةٌ مِّنْهُمْ لِمَ تَعِظُوْنَ قَوْمَا ۙ اللّٰهُ مُهْلِكُهُمْ اَوْ مُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۭ قَالُوْا مَعْذِرَةً اِلٰى رَبِّكُمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ﴿۱۶۴﴾ فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖٓ اَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ يَنْهَوْنَ عَنِ السُّوْٓءِ وَاَخَذْنَا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا بِعَذَابٍۢ بَىِٕيْسٍۢ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ﴿۱۶۵﴾ فَلَمَّا عَتَوْا عَنْ مَّا نُهُوْا عَنْهُ قُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِـِٕيْنَ﴿۱۶۶﴾

سو ان میں سے جو لوگ ظالم تھے ان سے جو بات کہی گئی تھی اس کو دوسری بات سے بدل دیا، سو وہ لوگ جو ظلم کرتے تھے اس کی وجہ سے ہم نے ان پر آسمان سے عذاب بھیجا ﴿۱۶۲﴾

اور (اے نبی!) تم ان (یہودیوں) سے اس بستی کے بارے میں پوچھو جو سمندر کے کنارے آباد تھی، جب وہ سنیچر کے دن کے بارے میں حد سے آگے بڑھنے لگے، جب ان کا سنیچر کا دن ہوتا تو ان کی مچھلیاں پانی پر (اچھل اچھل کر) ان کے سامنے آتی تھیں اور جب سنیچر کا دن نہیں ہوتا تو ان کے سامنے نہیں آتی تھیں، اسی طرح ہم ان کو ان کی نافرمانیوں کی وجہ سے آزماتے تھے ﴿۱۶۳﴾ اور جب ان میں سے ایک جماعت نے کہا کہ①: تم ان لوگوں کو کیوں نصیحت کرتے ہو کہ اللہ تعالیٰ ان کو ہلاک ہی کردیں گے یا ان کو سخت عذاب دیں گے؟ تو نصیحت کرنے والوں نے جواب دیا: اس لیے کہ ہمارے رب کے سامنے ہم اپنی ذمے داری سے سبک دوش ہو جائیں اور شاید کہ وہ لوگ (نافرمانی سے) بچنے لگے ﴿۱۶۴﴾ سو جو نصیحت ان کو کی گئی تھی جب وہ اس کو بھول گئے، تو برائی سے روکنے والوں کو تو ہم نے بچا لیا اور ظالموں کو جو نافرمانی وہ کرتے تھے اس کی وجہ سے ہم نے سخت عذاب میں پکڑ لیا ﴿۱۶۵﴾ سو جس (برے کام) سے ان کو روکا گیا تھا جب وہ اس میں حد سے آگے بڑھ گئے تو ہم نے ان سے کہا کہ: تم ذلیل بندر بن جاؤ ﴿۱۶۶﴾

① یعنی اس جماعت نے جو خود تو سنیچر کو مچھلی کا شکار نہیں کرتے تھے دوسری جماعت کو جو نصیحت کا کام کرتے تھے ان سے کہا۔

وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكَ لَيَبْعَثَنَّ عَلَيْهِمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ يَّسُوْمُهُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ ؕ اِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيْعُ الْعِقَابِ ۖۚ وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَقَطَّعْنٰهُمْ فِى الْاَرْضِ اُمَمًا ۚ مِنْهُمُ الصّٰلِحُوْنَ وَمِنْهُمْ دُوْنَ ذٰلِكَ ؗ وَبَلَوْنٰهُمْ بِالْحَسَنٰتِ وَالسَّيِّاٰتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۝ فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ وَّرِثُوا الْكِتٰبَ يَاْخُذُوْنَ عَرَضَ هٰذَا الْاَدْنٰى وَيَقُوْلُوْنَ سَيُغْفَرُ لَنَا ۚ وَاِنْ يَّاْتِهِمْ عَرَضٌ مِّثْلُهٗ يَاْخُذُوْهُ ؕ اَلَمْ يُؤْخَذْ عَلَيْهِمْ مِّيْثَاقُ الْكِتٰبِ اَنْ لَّا يَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ وَدَرَسُوْا مَا فِيْهِ ؕ وَالدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝

اور جب تمھارے رب نے اعلان کر دیا تھا① کہ قیامت کے دن تک ہم ان پر ضرور ایسے شخص کو مسلط کرتے رہیں گے جو ان کو (شدید) بری سزا دیتا رہے، یقیناً تمھارے رب تو جلدی سزا دینے والے ہیں اور وہ یقیناً بہت معاف کرنے والے، سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۱۶۷﴾ اور ہم نے ان (بنی اسرائیل) کو زمین میں الگ الگ جماعتوں میں تقسیم کر دیا② ان میں سے بعض نیک لوگ بھی تھے اور ان میں سے دوسری طرح کے (برے) لوگ بھی تھے اور ہم نے ان کو اچھے اور برے حالات کے ذریعے آزمایا تھا؛ تاکہ وہ باز آجائیں ﴿۱۶۸﴾ پھر ان کے بعد ان کی جگہ پر ایسے برے نائب آئے جو کتاب (یعنی تورات) کے وارث تو بنے③ لیکن وہ (احکام کے بدلے میں) اس ادنی زندگی کا سامان سمیٹتے ہیں④ اور وہ (اس گناہ کو معمولی سمجھتے ہوئے یوں) کہتے ہیں کہ: ہماری تو بخشش ہوجائے گی اور اگر ان کے پاس اس جیسا دوسرا سامان آجائے⑤ تو اس کو بھی لے لیتے ہیں⑥ کیا ان سے (تورات) کتاب میں یہ عہد نہیں لیا گیا تھا کہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سچ بات کے سوا کسی دوسری بات کی نسبت نہیں کریں گے؟ اور اس (تورات) میں جو کچھ لکھا ہے اس کو وہ پڑھ بھی چکے ہیں اور آخرت کا گھر جو لوگ ڈرتے ہیں ان کے لیے بہتر ہے، پھر بھی کیا تم لوگ سمجھتے نہیں ہو؟ ﴿۱۶۹﴾

① (دوسرا ترجمہ) خبر کردی۔ ② (دوسرا ترجمہ) متفرق کر دیا۔ ③ یعنی تورات کا علم حاصل کیا۔
④ ذلیل دنیا کا سامان جمع کرنا ان کا مقصد حیات بن گیا ہے۔
⑤ آیت میں لفظ ”عرض“ آیا ہے، سامان کا معنی ہے۔ دنیا کا سامان چاہے کتنا زیادہ ہو وہ عارضی ہے، یہ سمجھ میں آرہا ہے۔
⑥ یعنی ندامت نہیں ہوتی تھی اور مزید کی کوشش جاری رکھتے۔

وَالَّذِيْنَ يُمَسِّكُوْنَ بِالْكِتٰبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُصْلِحِيْنَ ۝ وَاِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَاَنَّهٗ ظُلَّةٌ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهٗ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۚ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝

وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِيْٓ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ ۚ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ؕ قَالُوْا بَلٰى ۛۚ شَهِدْنَا ۛۚ اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ ۝ اَوْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ اَشْرَكَ اٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّنْۢ بَعْدِهِمْ ۚ اَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُوْنَ ۝ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۝

اور جو لوگ (تورات) کتاب کو مضبوطی سے پکڑے ہوئے ہیں① اور نماز کی پابندی بھی کرتے ہیں تو ہم اصلاح کرنے والوں کی نیکی ضائع نہیں کریں گے ﴿۱۷۰﴾ اور جب ہم نے ان (بنی اسرائیل) پر پہاڑ کو اس طرح اٹھایا تھا جیسے کہ وہ کوئی چھت (یعنی سائبان) ہو اور ان (بنی اسرائیل) کو ایسا گمان (یعنی ڈر) ہو گیا تھا کہ وہ (پہاڑ) ان پر گرنے ہی والا ہے (اور کہا گیا کہ) جو (حکم) ہم نے تم کو دیا ہے اس کو تم مضبوطی سے پکڑ لو اور اس میں جو باتیں ہیں ان کو یاد رکھو؛ تاکہ تم تقویٰ والے بن جاؤ ﴿۱۷۱﴾

اور (وہ واقعہ یاد کرو) جب تمھارے رب نے آدم (علیہ السلام) کی اولاد کی پشتوں میں سے ان کی (تمام) اولادوں کو نکالا تھا اور ان کو خود انہی کے اوپر گواہ بنایا تھا (اور پوچھا تھا) کیا میں تمھارا رب نہیں ہوں؟ تو سب (لوگوں) نے کہا: کیوں نہیں (واقعی آپ ہمارے رب ہیں)، ہم سب (اس بات کی) گواہی دیتے ہیں، (یہ اقرار اس لیے لیا) تاکہ تم قیامت کے دن ایسا نہ کہہ سکو کہ ہم کو اس (توحید) کی بالکل خبر ہی نہیں تھی ﴿۱۷۲﴾ یا تم کہیں ایسا نہ کہنے لگو کہ: شرک تو (اصل میں) ہم سے پہلے ہمارے باپ دادوں نے کیا تھا② اور ہم تو ان کی اولاد تھے جو ان کے بعد (پیدا ہوئے) تھے، تو کیا ان غلط کام کرنے والوں کے کاموں کی وجہ سے آپ ہم کو ہلاک کر دو گے؟ ﴿۱۷۳﴾ اور اسی طرح ہم نشانیوں کو کھول کھول کر بیان کرتے ہیں؛ اور تاکہ وہ باز آجائیں ﴿۱۷۴﴾

---

① یعنی کتاب کی باتوں پر کامل عمل کرتے ہیں۔ ② یعنی اگلے لوگ جو شرک کو جاری کرنے والے تھے وہ اصلی مجرم ہیں۔

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ الَّذِيْٓ اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَاَتْبَعَهُ الشَّيْطٰنُ فَكَانَ مِنَ الْغٰوِيْنَ۝ وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّهٗٓ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ ۚ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ ۚ اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ ۭ ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ۝ سَاۗءَ مَثَلَا ۨالْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاَنْفُسَهُمْ كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ۝ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِيْ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ۝

اور (اے نبی!) تم ان لوگوں کو اس آدمی کا واقعہ پڑھ کر سنا دو جس کو ہم نے اپنی آیتیں عطا کیں①، پھر وہ (ان کو) چھوڑ کر اس میں سے نکل گیا② تو شیطان اس کے پیچھے لگ گیا، سو وہ گمراہ لوگوں میں سے ہو گیا﴿۱۷۵﴾ اور اگر ہم چاہتے تو اس کو ان (آیتوں پر عمل) کے ذریعے سے اونچے مرتبے والا کر دیتے؛ لیکن وہ ہمیشہ زمین کی طرف مائل ہو رہا③ اور وہ اپنی خواہش پر چلتا رہا تو اس کی مثال کتے جیسی ہے اگر تو اس پر بوجھ ڈالے④ تو بھی وہ ہانپنے لگتا ہے اور اگر تو اس کو (ایسے ہی) چھوڑ دیوے تو بھی ہانپنے لگتا ہے، یہ ان لوگوں کی مثال ہے جنھوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا (اے نبی!) تم (ان کو) واقعات سناتے رہو؛ تا کہ وہ غور و فکر سے کام کریں﴿۱۷۶﴾ ان لوگوں کی مثال (یعنی حالت) بہت بری ہے جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور وہ اپنا ہی نقصان کرتے رہے ہیں﴿۱۷۷﴾ جس کو اللہ تعالیٰ ہدایت دیتے ہیں سو وہی شخص ہدایت پانے والا ہے اور جس کو وہ گمراہ کر دیویں سو وہی لوگ نقصان میں پڑنے والے ہیں﴿۱۷۸﴾

---

① مراد: دینی احکام کا علم۔ "لرفعنٰہ" سے معلوم ہوا کہ اللہ کی آیتوں پر عمل دنیا آخرت میں بلندی کا ذریعہ ہے۔

② جو شخص آیاتِ الٰہیہ کو دنیوی رذیل غرض کے لیے استعمال کرے اس کے لیے علم وبال بنتا ہے۔ قرآن مجید میں کتے اور گدھے کی دو بدترین مثالیں آئی ہیں دونوں دنیا پرست اہلِ علم کے لیے ہیں، اللہ تعالیٰ ہم کو اپنے فضل سے حفاظت میں رکھے۔

③ دنیا میں جتنی چیزیں ہیں ان کا بالواسطہ یا بلاواسطہ زمین ہی سے تعلق ہے، اس لیے "اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ" کا مطلب یہ ہے کہ دنیوی زمینی چیزوں کی شہوتوں اور لذتوں کی طرف مائل ہو گیا۔ دوسرا ترجمہ: مگر وہ خود ہی پستی کی طرف مائل ہو گیا۔

④ (دوسرا ترجمہ) اس کی حالت کتے جیسی ہے اس کو ڈانٹ دیوے [تیسرا] اس پر حملہ کر دیوے۔

وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۖ لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ بِهَا ۫ وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا ۫ وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا ؕ اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ۝ وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ۪ وَذَرُوا الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اَسْمَآئِهٖ ؕ سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ وَمِمَّنْ خَلَقْنَآ اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَاُمْلِيْ لَهُمْ ؕ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ۝ اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا ٚ مَا بِصَاحِبِهِمْ مِّنْ جِنَّةٍ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝

اور حقیقت یہ ہے کہ ہم نے جنات اور انسان میں سے بہت ساروں کو جہنم کے لیے پیدا کیا ہے ①، ان کے دل تو ہیں؛ لیکن وہ ان سے سمجھتے نہیں ہیں اور ان کی آنکھیں تو ہیں؛ لیکن ان کے ذریعے وہ دیکھتے نہیں ہیں اور ان کے کان تو ہیں؛ لیکن وہ ان کے ذریعے سنتے نہیں ہیں، یہی لوگ جانوروں کی طرح ہیں؛ بلکہ وہ تو ان (جانور) سے بھی زیادہ بھٹکے ہوئے ہیں، یہی لوگ غفلت میں پڑے ہوئے ہیں ﴿۱۷۹﴾ اور اچھے اچھے نام (سب کے سب خاص) اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں؛ لہذا تم انہی (ناموں) سے اس (اللہ تعالیٰ) کو پکارو، جو لوگ اس کے ناموں میں ٹیڑھا راستہ اپناتے ہیں ان کو تم چھوڑ دو، جو کام وہ لوگ کرتے ہیں عنقریب اس کا بدلہ ان کو دیا جائے گا ﴿۱۸۰﴾ اور ہماری مخلوق میں سے ایک جماعت ایسی ہے جو (دین) حق (یعنی اسلام) کے موافق (لوگوں کو) راستہ دکھاتی ہے اور اسی (حق) کے مطابق وہ انصاف کرتی ہے ﴿۱۸۱﴾

اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا ہم ان کو آہستہ آہستہ (جہنم کی طرف) اس طرح پکڑیں گے کہ ان کو خبر بھی نہیں ہوگی ﴿۱۸۲﴾ اور میں ان کو ڈھیل دیتا ہوں، یقین رکھو میری پکڑ تو بڑی مضبوط ہے ﴿۱۸۳﴾ کیا ان لوگوں نے (اتنی سی بات کو بھی) نہیں سوچا کہ ان کے یہ صاحب ② کو کسی قسم کا جنون نہیں ہے، وہ تو صاف صاف ڈرانے والے ہیں ﴿۱۸۴﴾

---

① یعنی ان کی تقدیر میں یہ لکھا ہے کہ وہ اپنے اختیار سے ایسے کام کریں گے جو انھیں جہنم تک لے جائیں گے۔

② حضرت محمد ﷺ جنھوں نے ان کے ساتھ اب تک زندگی گذاری ہے۔

أَوَلَمْ يَنظُرُوا فِي مَلَكُوتِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللَّهُ مِن شَيْءٍ وَأَنْ عَسَىٰ أَن يَكُونَ قَدِ اقْتَرَبَ أَجَلُهُمْ ۖ فَبِأَيِّ حَدِيثٍ بَعْدَهُ يُؤْمِنُونَ ﴿١٨٥﴾ مَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَلَا هَادِيَ لَهُ ۚ وَيَذَرُهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ﴿١٨٦﴾ يَسْأَلُونَكَ عَنِ السَّاعَةِ أَيَّانَ مُرْسَاهَا ۖ قُلْ إِنَّمَا عِلْمُهَا عِندَ رَبِّي ۖ لَا يُجَلِّيهَا لِوَقْتِهَا إِلَّا هُوَ ۚ ثَقُلَتْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ لَا تَأْتِيكُمْ إِلَّا بَغْتَةً ۗ يَسْأَلُونَكَ كَأَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا ۖ قُلْ إِنَّمَا عِلْمُهَا عِندَ اللَّهِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿١٨٧﴾ قُل لَّا أَمْلِكُ لِنَفْسِي نَفْعًا وَلَا ضَرًّا إِلَّا مَا شَاءَ اللَّهُ ۚ وَلَوْ كُنتُ أَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوءُ ۚ إِنْ أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ وَبَشِيرٌ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ﴿١٨٨﴾

کیا انھوں نے آسمان اور زمین کی عجیب عجیب چیزوں اور اللہ تعالیٰ نے (دوسری) جتنی چیزیں پیدا کی ہیں ان میں غور نہیں کیا اور نہ اس بات پر (غور کیا) کہ شاید ان کا (موت کا) مقرر وقت قریب آپہنچا ہو، سو اس (قرآن) کے بعد کونسی بات (ہے جس) پر وہ ایمان لاویں گے؟ ﴿۱۸۵﴾ جس کو اللہ تعالیٰ گمراہ کردیں اس کو کوئی ہدایت دینے والا نہیں اور وہ (اللہ تعالیٰ) ان کو ان کی شرارت میں چھوڑے رکھتے ہیں کہ وہ حیران پھرتے رہیں ﴿۱۸۶﴾ یہ لوگ تم سے قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں وہ کب قائم ہوگی؟ (اے نبی!) تم (ان کو) جواب دو کہ: اس کی خبر تو صرف میرے رب ہی کے پاس ہے، وہی (اللہ تعالیٰ) اس (قیامت) کو اس کے وقت پر ظاہر کریں گے، (قیامت کا واقع ہونا) آسمانوں اور زمین میں بہت بھاری حادثہ ہوگا، وہ (قیامت) تمھارے پاس اچانک ہی آئے گی، وہ لوگ تم سے اس طرح سوال کرتے ہیں جیسا کہ تم اس کی تلاش میں لگے ہوئے ہو① (اے نبی!) تم (ان کو یہ) کہو: اس (قیامت) کا علم تو اللہ ہی کے پاس ہے؛ لیکن اکثر لوگ جانتے نہیں ہیں ﴿۱۸۷﴾ (اے نبی!) تم (ان سے) کہو: اللہ جتنا چاہے اس کے سوا میں اپنی ذات کے لیے نہ نفع (پہنچانے) کا اور نہ نقصان (دور کرنے) کا اختیار رکھتا ہوں اور اگر میں (تمام) غیب کی باتوں کو جانتا ہوتا تو میں بہت سارے فائدے (اپنے لیے) حاصل کرلیتا اور مجھ کو (کبھی) کوئی نقصان نہ پہنچتا، میں تو ایمان والے لوگوں کے لیے صرف ڈرانے والا اور خوش خبری سنانے والا ہی ہوں ﴿۱۸۸﴾ (حاشیہ اگلے صفحے پر)

هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِیَسْكُنَ اِلَیْهَا ۚ فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِیْفًا فَمَرَّتْ بِهٖ ۚ فَلَمَّاۤ اَثْقَلَتْ دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا لَىٕنْ اٰتَیْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِیْنَ۝ فَلَمَّاۤ اٰتٰىهُمَا صَالِحًا جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ فِیْمَاۤ اٰتٰىهُمَا ۚ فَتَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ۝ اَیُشْرِكُوْنَ مَا لَا یَخْلُقُ شَیْـًٔا وَّ هُمْ یُخْلَقُوْنَ۝ۖ وَ لَا یَسْتَطِیْعُوْنَ لَهُمْ نَصْرًا وَّ لَاۤ اَنْفُسَهُمْ یَنْصُرُوْنَ۝ وَ اِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا یَتَّبِعُوْكُمْ ؕ سَوَآءٌ عَلَیْكُمْ اَدَعَوْتُمُوْهُمْ اَمْ اَنْتُمْ صَامِتُوْنَ۝

وہ (اللہ تعالیٰ) جس نے تم کو ایک جان (یعنی آدمؑ) سے پیدا کیا اور اس میں سے اس کی بیوی (حوّا) کو پیدا کیا؛ تا کہ وہ اس سے سکون حاصل کرے، پھر جب مرد نے اس (عورت) کو ڈھانپ لیا ① تو (شروع میں) اس (عورت) کو ہلکا سا حمل رہ گیا، پھر وہ اس (حمل) کو لے کر (بے تکلف) چلتی پھرتی رہی، پھر جب وہ (حمل والی) عورت (حمل کے بڑا ہونے سے) بھاری ہو گئی تو وہ دونوں (میاں بیوی) اپنے رب اللہ تعالیٰ سے دعا کرنے لگے کہ: اگر آپ ہم کو صحیح سلامت (یعنی مکمل، تندرست) اولاد دیں گے تو ہم ضرور شکر کرنے والوں میں سے ہو جائیں گے ﴿۱۸۹﴾ سو جب اللہ تعالیٰ نے ان کو صحیح سلامت (یعنی تندرست) بچہ عطا کیا تو وہ دونوں ان کو اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی نعمت میں شریک مقرر کرنے لگے، سو جو شریک وہ لوگ بناتے ہیں اللہ تعالیٰ تو اس سے بہت دور ہیں ﴿۱۹۰﴾ کیا وہ (اللہ تعالیٰ کے ساتھ) ایسوں کو شریک بناتے ہیں کہ وہ ایک چیز بھی پیدا نہیں کر سکتے اور (بلکہ) وہ خود پیدا کیے گئے ہیں ﴿۱۹۱﴾ اور وہ (بت) نہ ان (کافروں) کی کوئی مدد کر سکتے ہیں اور نہ وہ (بت) اپنی خود کی مدد کر سکتے ہیں ﴿۱۹۲﴾ اور اگر تم ان کو ہدایت (یعنی صحیح راستہ) کی دعوت دو (یعنی پکارو) تو وہ تمہاری بات نہیں مانیں گے ② (بلکہ تم ان کو بلاؤ یا چپ رہو دونوں باتیں تمہارے لیے برابر ہیں ﴿۱۹۳﴾

پچھلے صفحے کا حاشیہ: ① (دوسرا ترجمہ) آپ اس کی تحقیقات کر چکے ہو (تیسرا) پورے پورے واقف ہے۔
اس صفحے کا حاشیہ: ① یعنی جماع کیا۔ ② تمہارے کہنے پر نہیں چلیں گے۔

إِنَّ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ عِبَادٌ أَمْثَالُكُمْ فَادْعُوهُمْ فَلْيَسْتَجِيبُوا لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ
صٰدِقِينَ۝ أَلَهُمْ أَرْجُلٌ يَمْشُونَ بِهَا أَمْ لَهُمْ أَيْدٍ يَبْطِشُونَ بِهَا أَمْ لَهُمْ أَعْيُنٌ
يُبْصِرُونَ بِهَا أَمْ لَهُمْ آذَانٌ يَسْمَعُونَ بِهَا قُلِ ادْعُوا شُرَكَاءَكُمْ ثُمَّ كِيدُونِ فَلَا
تُنْظِرُونِ۝ إِنَّ وَلِيِّيَ اللّٰهُ الَّذِي نَزَّلَ الْكِتٰبَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِينَ۝ وَالَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ
دُونِهٖ لَا يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَكُمْ وَلَا أَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُونَ۝ وَإِنْ تَدْعُوهُمْ إِلَى الْهُدٰى لَا
يَسْمَعُوا وَتَرٰىهُمْ يَنْظُرُونَ إِلَيْكَ وَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ۝ خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ
عَنِ الْجٰهِلِينَ۝ وَإِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ إِنَّهٗ سَمِيعٌ عَلِيمٌ۝

یقیناً جن (بتوں) کو تم اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر کے پکارتے ہو وہ تمھارے جیسے (اللہ تعالیٰ کے) بندے ہی
ہیں، سو تم ان کو پکار کر کے دیکھو اگر تم سچے ہو تو وہ تمھاری پکار کو قبول کریں① ﴿۱۹۴﴾ کیا ان (بتوں)
کے پیر ہیں جن سے وہ چلتے ہوں یا ان کے ہاتھ ہیں جن سے وہ پکڑتے ہوں یا ان کی آنکھیں ہیں
جن سے وہ دیکھتے ہوں یا ان کے کان ہیں جن سے وہ سنتے ہوں؟ (اے نبی!) تم کہہ دو: تم اپنے
سب شریکوں کو پکارو (یعنی بلاؤ) پھر تم میرے خلاف کوئی سازش (یعنی کارروائی) کرو، پھر مجھے
ذرا بھی مہلت مت دو ﴿۱۹۵﴾ یقیناً وہ اللہ تعالیٰ جنھوں نے کتاب اتاری وہ میری حمایت کرنے
والے ہیں اور وہی (اللہ تعالیٰ) نیک لوگوں کی مدد کرتے ہیں ﴿۱۹۶﴾ اور جن معبودوں کو تم اللہ تعالیٰ کو
چھوڑ کر پکارتے ہو وہ تمھاری مدد نہیں کر سکتے، اور وہ خود اپنی مدد بھی نہیں کر سکتے ﴿۱۹۷﴾ اور اگر تم ان
کو صحیح راستے پر بلاؤ② تو وہ سنیں گے بھی نہیں اور تم ان کو دیکھو گے (نظر ایسا آئے گا) کہ وہ تم کو (تاک
تاک کر) دیکھ رہے ہیں؛ حالاں کہ (واقعۃً) وہ کچھ بھی نہیں دیکھ رہے ہیں ﴿۱۹۸﴾ درگزر کرنے کی
عادت بنا لو اور نیک کام کا حکم کرتے رہو اور جاہلوں کی طرف دھیان مت دو ﴿۱۹۹﴾ اور اگر (کبھی)
شیطان کی طرف سے کوئی تم کو کچوکا لگ جائے③ تو اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگ لیا کرو، یقیناً وہ بڑے سننے
والے ہیں، بڑے جاننے والے ہیں ﴿۲۰۰﴾

---

① یعنی تمھارے کہنے کے مطابق کر دیویں ② (دوسرا ترجمہ) اگر ان کو کوئی بات بتلانے کے لیے پکارو تو ③ شیطان کی چھیڑ چھاڑ چالو رہتی ہے؛ اس لیے اللہ سے حفاظت کی دعا کرتے رہو (دوسرا ترجمہ) اگر شیطانی وسوسہ کسی وقت آپ کو ابھارے۔

إِنَّ الَّذِينَ اتَّقَوْا إِذَا مَسَّهُمْ طَٰئِفٌ مِّنَ الشَّيْطَٰنِ تَذَكَّرُوا فَإِذَا هُم مُّبْصِرُونَ ﴿۲۰۱﴾ وَإِخْوَٰنُهُمْ يَمُدُّونَهُمْ فِي الْغَيِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُونَ ﴿۲۰۲﴾ وَإِذَا لَمْ تَأْتِهِم بِآيَةٍ قَالُوا لَوْلَا اجْتَبَيْتَهَا ۚ قُلْ إِنَّمَا أَتَّبِعُ مَا يُوحَىٰ إِلَيَّ مِن رَّبِّي ۚ هَٰذَا بَصَائِرُ مِن رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ﴿۲۰۳﴾ وَإِذَا قُرِئَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوا لَهُ وَأَنصِتُوا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ﴿۲۰۴﴾ وَاذْكُر رَّبَّكَ فِي نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَخِيفَةً وَدُونَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْآصَالِ وَلَا تَكُن مِّنَ الْغَٰفِلِينَ ﴿۲۰۵﴾ إِنَّ الَّذِينَ عِندَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِهِ وَيُسَبِّحُونَهُ وَلَهُ يَسْجُدُونَ ﴿۲۰۶﴾

یقیناً جو لوگ تقویٰ والے ہیں جب ان کو شیطان کی طرف سے کوئی وسوسہ (یعنی غصہ یا گناہ کا خیال) آجاتا ہے① تو وہ (فوراً اللہ تعالیٰ کو) یاد کر لیتے ہیں تب ہی ان کی آنکھیں کھل جاتی ہیں②﴿۲۰۱﴾ اور جو ان (شیطانوں) کے بھائی ہیں وہ اِن کو گمراہی میں کھینچے چلے جاتے ہیں، پھر وہ (ان کو کھینچنے میں) کوتاہی نہیں کرتے③﴿۲۰۲﴾ اور جب تم ان کے پاس (ان کا مانگا ہوا) معجزہ لاتے نہیں ہو تو وہ کہتے ہیں کہ: تم خود (اپنی طرف سے) وہ (معجزہ) کیوں نہیں بنا لائے؟ (اے نبی!) تم جواب دے دو: میں تو اپنے رب کی طرف سے جو وحی مجھے بھیجی جاتی ہے اسی پر چلتا ہوں، یہ (قرآن) تو تمھارے رب کی طرف سے بصیرتوں کا مجموعہ ہے④ اور ہدایت ہے اور رحمت ہے ایمان لانے والی قوم کے واسطے﴿۲۰۳﴾ اور جب قرآن پڑھا جائے تو تم اس کو دھیان سے سنو اور تم چپ رہو؛ تاکہ تم لوگوں پر رحم کیا جاوے﴿۲۰۴﴾ اور صبح و شام اپنے رب کا ذکر کرو اپنے دل میں عاجزی کرتے ہوئے اور خوف کرتے ہوئے اور (زبان سے بھی ذکر کرو) آواز بہت اونچی کیے بغیر اور تم غفلت کرنے والوں میں سے مت ہو﴿۲۰۵﴾ یقیناً جو (فرشتے) تمھارے رب کے پاس ہیں وہ رب کی عبادت سے تکبر نہیں کرتے ہیں اور اس کی تسبیح پڑھتے ہیں اور اسی کو سجدہ کرتے ہیں﴿۲۰۶﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) یا کھو ستا لگتا ہے۔

② (دوسرا ترجمہ) تب ان کو سوجھ آجاتی ہے (حقیقت سمجھ میں آجانے سے شیطانی شرارت کا اثر باقی نہیں رہتا)۔

③ یعنی کافر کے ساتھ شیطان لگ جائے تو وہ ان کو ہمیشہ مصیبت میں مبتلا رکھتے ہیں۔

④ (دوسرا ترجمہ) سمجھ پیدا کرنے والی دلیلوں کا مجموعہ ہے۔

سورة الأنفال

(المدنية)

أياتها:٧٥۔

رکوعاتها:١٠۔

سورۃ انفال

یہ سورت مدنی ہے، اس میں پچھتر (۷۵) یا ستتر (۷۷) آیتیں ہیں۔ سورۃ آل عمران یا سورۃ بقرہ کے بعد اور سورۃ احزاب سے پہلے اٹھاسی (۸۸) یا نواسی (۸۹) نمبر پر نازل ہوئی۔

انفال نفل کی جمع ہے: لغوی معنیٰ ''زیادتی'' ہے۔ ویسے غنیمت کے مال کو انفال کہتے ہیں۔ عطیہ اور ہدیہ کو بھی کہا جاتا ہے۔

خلیفہ یا امیر کسی غازی کے لیے اس کے حصے سے زیادہ جو چیز مشروط کردے چاہے کسی متعین آدمی کے لیے یا غیر متعین آدمی کے لیے اس کو بھی نفل کہتے ہیں، جیسے کہا: جو کسی کو قتل کرے گا اس کا چھینا ہوا مال اسی کو دیا جائے گا۔

حضرت نبیٔ کریم ﷺ کی برکت سے غنیمت کا مال امت کے استعمال کرنا حلال ہوا، یہ بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک بخشش ہی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِؕ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ۪ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗۤ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ۝۱ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَۚۖ۝۲ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَؕ۝۳ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّاؕ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌۚ۝۴

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جس کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

(اے نبی!) وہ (صحابہ) تم سے غنیمت کے مالوں کے بارے میں سوال کرتے ہیں، تم (جواب میں ایسا) کہو کہ غنیمتوں (کے متعلق فیصلہ کرنے) کا حق تو اللہ تعالیٰ اور رسول ہی کا ہے، لہذا تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور آپس میں تعلقات ٹھیک رکھو اور تم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اگر تم ایمان والے ہو ﴿۱﴾ ایمان والے تو وہی لوگ ہیں کہ جب (ان کے سامنے) اللہ تعالیٰ کا ذکر ہوتا ہے تو ان کے دل ڈر جاتے ہیں① اور جب ان کے سامنے اس (اللہ تعالیٰ) کی آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو وہ ان کا ایمان مضبوط کر دیتی ہیں② اور وہ اپنے رب ہی پر بھروسہ کرتے ہیں ﴿۲﴾ جو نماز کو قائم کرتے ہیں اور جو روزی ہم نے ان کو دی ہے اس میں سے (اللہ تعالیٰ کے راستے میں) وہ خرچ کرتے ہیں ﴿۳﴾ وہی لوگ سچے ایمان والے ہیں، ان کے لیے ان کے رب کے پاس (بڑے) درجے اور مغفرت اور عزت والی روزی ہے ﴿۴﴾

---

① کسی کی عظمت اور جلالتِ شان کی وجہ سے جو ہیبت دل میں آوے وہ مراد ہے، اسی طرح گناہ کا ارادہ ہوا اور اللہ تعالیٰ کی یاد آ گئی، اللہ تعالیٰ کے عذاب سے ڈر گئے اور گناہ سے رک گئے۔

② یعنی ایمان میں ترقی ہوتی ہے۔ (دوسرا ترجمہ) زیادہ کر دیتی ہے۔

كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ ۪ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَكٰرِهُوْنَ ۝۵ يُجَادِلُوْنَكَ فِي الْحَقِّ بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى الْمَوْتِ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ۝۶ وَاِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ اَنَّهَا لَكُمْ وَتَوَدُّوْنَ اَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُوْنُ لَكُمْ

① جیسا کہ تم کو تمھارے رب نے (بدر کی طرف) تمھارے گھر سے (ایک) حق (کام) کے لیے نکالا اور یہ بات بھی ہے کہ ایمان والوں کی ایک جماعت (اس نکلنے کو) ناپسند کرتی تھی ﴿۵﴾ حق ظاہر ہو جانے کے بعد اس میں اس طرح سے وہ تم سے بحث کر رہے تھے جیسے ان کو موت کی طرف ہانکا جا رہا ہو اور وہ (اس موت کو آنکھوں سے) دیکھ رہے ہوں ﴿۶﴾ اور (وہ وقت یاد کرو) جب اللہ تعالیٰ تم سے دو جماعت میں سے ایک کا وعدہ کر رہے تھے کہ وہ (ایک) تمھارے ہاتھ آجائے گی اور تم یہ چاہتے تھے کہ جس میں (جان کے خطرے کا) کوئی کانٹا نہ ہو② وہ تمھارے ہاتھ آجاوے،

---

① آیت میں "کَمَا" کے ذریعہ جو تشبیہ دی جارہی ہے وہ کس چیز میں ہے؟

[۱] غزوۂ بدر میں پہلی مرتبہ مسلمانوں کو غنیمت کا مال ملا؛ اس لیے اس کی تقسیم میں آپس میں اختلاف ہو گیا؛ لیکن غنیمت کی تقسیم کے متعلق جب اللہ تعالیٰ کا حکم نازل ہوا تو اس پر آپس میں سب نے اتفاق سے عمل کیا، جس کی وجہ سے بڑی برکتیں حاصل ہوئیں، بالکل اسی طرح بدر کے موقع پر ابتدا میں ابوسفیان کے قافلے کو روکنا مقصود تھا، وہ قافلہ تو سلامت مکہ نکل گیا اور ابوجہل کے بھاری لشکر کے ساتھ مقابلے کی نوبت آئی، اِس اچانک بدلی ہوئی صورتِ حال میں شروع میں بعض حضرات کو اپنی قلت کی وجہ سے لڑنا پسند نہیں تھا؛ لیکن بعد میں اللہ تعالیٰ کے لیے سب حضرات لڑنے پر راضی ہو گئے جس کا بہت اچھا نتیجہ سامنے آیا۔

(۲) غزوۂ بدر میں اللہ تعالیٰ کی جو نصرت کا وعدہ تھا وہ پورا ہو کر رہا اور مسلمانوں کو بڑی کامیابی حاصل ہوئی، یہ چیز تو آنکھوں کے سامنے ہوئی، اس سے عبرت حاصل کرنا ہے کہ جس طرح یہ وعدہ یقین سے پورا ہوا بالکل اسی طرح آخرت میں جنت کے درجات اور مغفرت کا وعدہ پورا ہو کر ہی رہے گا جس کا ذکر آیت نمبر ۴ میں ہوا ہے۔

(۳) یہاں لفظ "نصرک" کو محذوف مانیں گے اور کاف تشبیہ کے لیے نہیں؛ بلکہ سبب کے لیے ہے، مطلب یہ ہوا کہ بدر میں آپ نے جو جہاد کیا وہ اپنی خواہش سے نہیں کیا؛ بلکہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے کیا، اللہ ہی کے حکم سے آپ گھر سے نکلے، یہ چیز آپ کے لیے اللہ کی مدد کا سبب بنی اور ایسا ہی ہوتا ہے جو شخص بھی اللہ کی اطاعت کرتا ہے اس کو اللہ تعالیٰ کی مدد حاصل ہوتی ہی جاتی ہے۔

② یعنی ابوسفیان والا تجارتی قافلہ جو ایک غیر مسلح جماعت تھی۔

وَيُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّحِقَّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ اَنِّيْ مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُرْدِفِيْنَ ۝ وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى وَلِتَطْمَئِنَّ بِهٖ قُلُوْبُكُمْ ۚ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝

اِذْ يُغَشِّيْكُمُ النُّعَاسَ اَمَنَةً مِّنْهُ وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً لِّيُطَهِّرَكُمْ بِهٖ وَيُذْهِبَ عَنْكُمْ رِجْزَ الشَّيْطٰنِ وَلِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ ۝

اور اللہ تعالیٰ نے یہ ارادہ کرلیا تھا کہ حق کو اپنے کلمات سے سچا (یعنی ظاہر) کر کے بتا دیویں اور کافروں کی جڑ کاٹ (کر کے پھینک) دیویں ﴿۷﴾ تاکہ (اللہ تعالیٰ) حق کا سچا ہونا اور باطل کا غلط ہونا ظاہر کر دیویں ①؛ اگرچہ گنہگار لوگ (اس بات کو) کتنا ہی ناپسند کریں ﴿۸﴾ (اے مسلمانو!) جب تم تمھارے رب سے مدد مانگ رہے تھے ② پھر اللہ تعالیٰ نے تمھاری دعا قبول کرلی (جواب میں ارشاد فرمایا) کہ یقین رکھو! میں ایک ہزار لگاتار آنے والے فرشتوں سے تمھاری مدد کروں گا ﴿۹﴾ اور وہ (فرشتوں سے مدد کرنے کا وعدہ) اللہ تعالیٰ نے محض اس لیے کیا تا کہ وہ (تمھارے لیے) خوش خبری بنے اور تا کہ تمھارے دلوں کو اس (بشارت) سے اطمینان حاصل ہو جاوے اور حقیقت میں مدد تو اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہوتی ہے، یقیناً اللہ تعالیٰ بڑے زبردست، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۱۰﴾

(وہ خاص موقع بھی ذرا یاد کرو) جب وہ (اللہ تعالیٰ) امن (یعنی سکون) دینے کے لیے اپنی طرف سے تم پر اونگھ ڈال رہے تھے اور آسمان سے تمھارے اوپر پانی برسا رہے تھے؛ تا کہ اس کے ذریعے تم کو پاک کر دیویں اور شیطان کی گندگی (یعنی وسوسہ) کو تم سے دور کر دیویں اور تا کہ تمھارے دلوں کو مضبوط کر دیویں اور اس کے ذریعے (تمھارے) قدموں کو جما دیویں ﴿۱۱﴾

---

① اللہ تعالیٰ کے احکام سے حق کا حق ہونا ثابت ہو ہی جاتا ہے، حق کو عملاً غلبہ مل ہی جاتا ہے۔

② بدر میں نبی کریم ﷺ نے خوب دعائیں مانگیں اور صحابۂ کرامؓ نے آمین کہی، بس وہ دعا قبول ہوگئی اور اللہ تعالیٰ کی نصرت آئی۔ ”فضائے بدر پیدا کر فرشتے تیری نصرت کو“۔ ”اتر سکتے ہیں گردوں سے قطار اندر قطار اب بھی“۔ دعائیں حالات کو بدل دیتی ہے، آج مسلمانوں کو اپنے اس اصلی کامیاب ہتھیار کو اپنانے کی سخت ضرورت ہے۔

إِذْ يُوحِي رَبُّكَ إِلَى الْمَلَٰٓئِكَةِ أَنِّي مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِينَ اٰمَنُوا ۚ سَأُلْقِي فِي قُلُوبِ الَّذِينَ
كَفَرُوا الرُّعْبَ فَاضْرِبُوا فَوْقَ الْأَعْنَاقِ وَاضْرِبُوا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ﴿١٢﴾ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ شَآقُّوا
اللّٰهَ وَرَسُولَهُ ۚ وَمَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ فَإِنَّ اللّٰهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ ﴿١٣﴾ ذَٰلِكُمْ فَذُوقُوهُ
وَأَنَّ لِلْكٰفِرِينَ عَذَابَ النَّارِ ﴿١٤﴾ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوٓا إِذَا لَقِيتُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا زَحْفًا فَلَا
تُوَلُّوهُمُ الْأَدْبَارَ ﴿١٥﴾ وَمَنْ يُّوَلِّهِمْ يَوْمَئِذٍ دُبُرَهُ إِلَّا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ أَوْ مُتَحَيِّزًا إِلَىٰ فِئَةٍ فَقَدْ
بَآءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَأْوٰىهُ جَهَنَّمُ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿١٦﴾

جب تمھارے رب فرشتوں کو حکم دے رہے تھے کہ میں تمھارے ساتھ ہی ہوں، سو تم ایمان والوں کو
جماؤ①، میں ابھی کافروں کے دلوں میں رعب ڈال دیتا ہوں، سو تم گردنوں پر مارو اور تم ان کو ہر ہر
پورو ے (یعنی جوڑ) پر چوٹ مارو ﴿١٢﴾ یہ (سزا) اس لیے ہے کہ انھوں نے اللہ تعالیٰ اور اس کے
رسول سے دشمنی کی ہے②اور جو شخص بھی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی مخالفت کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ
سخت سزا دینے والے ہیں ﴿١٣﴾ اس (دنیا میں سزا) کا مزہ تم چکھ لو اور یقین جانو کافروں کے لیے
آگ کا عذاب ہے ﴿١٤﴾ اے ایمان والو! جب تم مقابلے میں کافروں کے آمنے سامنے ہو جاؤ تو تم
ان (کافروں) کو پیٹھ نہ دکھاؤ③ ﴿١٥﴾ اور جو (مسلمان) اس (جنگ کے) دن ان (کافروں) کو
اپنی پیٹھ دکھائے گا تو پکی بات یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کا غصہ لے کر لوٹے گا اور اس کا ٹھکانہ جہنم ہوگا
اور وہ بہت بری رہنے کی جگہ ہے؛ الا یہ کہ (پیٹھ پھرانے کا مقصد) جنگ کی کوئی چال چل رہا ہو④ یا
(مجاہدوں کی) کسی دوسری جماعت میں شامل ہونا چاہتا ہو (تو اس کی اجازت ہے)⑤ ﴿١٦﴾

---

① یعنی ایمان والوں کی ہمت بڑھاؤ۔
② (دوسرا ترجمہ) اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کی ہے۔
③ یعنی جنگ کے میدان سے مت بھاگو۔ ④ یعنی پینترا بدلتا ہو۔
⑤ (دوسرا ترجمہ) اور اگر کوئی شخص کسی جنگی پینترے کی وجہ سے ایسا کر رہا ہو (یعنی میدان سے پیٹھ پھرا کر پیچھے ہٹ رہا ہو)
یا مسلمانوں کی کسی جماعت سے جا ملنا چاہتا ہو (تو اس کو اجازت ہے) مگر اس کے سوا جو شخص (لڑائی) کے دن اپنی پیٹھ
پھیرے گا تو وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے غضب لیکر لوٹے گا اور اس کا ٹھکانا جہنم ہوگا اور وہ بہت برا ٹھکانا ہے۔

فَلَمۡ تَقۡتُلُوۡهُمۡ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمۡ ۪ وَمَا رَمَيۡتَ اِذۡ رَمَيۡتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۚ وَلِيُبۡلِىَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ مِنۡهُ بَلَاۤءً حَسَنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيۡعٌ عَلِيۡمٌ ﴿۱۷﴾ ذٰلِكُمۡ وَاَنَّ اللّٰهَ مُوۡهِنُ كَيۡدِ الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿۱۸﴾ اِنۡ تَسۡتَفۡتِحُوۡا فَقَدۡ جَآءَكُمُ الۡفَتۡحُ ۚ وَاِنۡ تَنۡتَهُوۡا فَهُوَ خَيۡرٌ لَّكُمۡ ۚ وَاِنۡ تَعُوۡدُوۡا نَعُدۡ ۚ وَلَنۡ تُغۡنِىَ عَنۡكُمۡ فِئَتُكُمۡ شَيۡـًٔا وَّلَوۡ كَثُرَتۡ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ مَعَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۱۹﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَطِيۡعُوا اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ وَلَا تَوَلَّوۡا عَنۡهُ وَاَنۡتُمۡ تَسۡمَعُوۡنَ ﴿۲۰﴾

(اے مسلمانو!) پس (حقیقت یہ ہے کہ) تم نے ان (کافروں) کو قتل نہیں کیا؛ لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کو قتل کیا اور (اے نبی!) جب تم نے (ان کافروں کی طرف خاک کی مٹھی) پھینکی تو تم نے نہیں پھینکی؛ لیکن وہ تو اللہ تعالیٰ نے پھینکی؛ اور تاکہ اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو اپنی طرف سے اچھی طرح آزمائیں ①، یقیناً اللہ تعالیٰ (ہر بات کو) سنتے ہیں، ہر چیز کو جانتے ہیں ﴿۱۷﴾ یہ سب کچھ تو ہو گیا اور یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ کافروں کی سازش کو کمزور کر دیں گے ﴿۱۸﴾ (اے کافرو!) اگر تم فیصلہ کو چاہ رہے تھے ② تو پکی بات یہ ہے کہ تمھارے پاس فیصلہ آ چکا ③ اور اگر تم (شرارت کرنے سے) رک جاؤ گے تو یہ تمھارے لیے بہتر ہوگا اور اگر تم (آئندہ بھی) وہی (شرارت) کرتے رہے تو پھر ہم بھی یہی (سزا دینے کا کام) کریں گے اور تمھاری جماعت چاہے کتنی بھی بڑی ہو تم کو ہرگز کچھ بھی کام نہیں آوے گی اور یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ ایمان والوں کے ساتھ ہیں ﴿۱۹﴾

اے ایمان والو! تم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اور تم اس (اطاعت کرنے) سے منہ مت پھراؤ؛ حالاں کہ تم (اللہ اور اس کے رسول کے حکم کو) سنتے ہو (تو عمل بھی کرو) ④ ﴿۲۰﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اپنی طرف سے بہترین بدلہ عطا کریں (تیسرا) تاکہ اللہ تعالیٰ ایمان والوں پر اپنی طرف سے خوب احسان کریں (اللہ تعالیٰ کی نصرت کا آنا اور فتح نصیب ہونا یہ بھی اللہ تعالیٰ کا ایک انعام ہے، اس میں بھی امتحان ہوتا ہے کہ فتح کو اللہ تعالیٰ کا انعام سمجھ کر بندہ شکر ادا کرتا ہے یا اپنی قابلیت سمجھ کر فخر کرتا ہے اسی طرح مصیبت اور تکلیف بھی امتحان ہے۔

② مکہ سے روانگی کے وقت ابوجہل نے کعبہ کے پردے پکڑ کر دعا کی تھی: اے اللہ! ہمارے اور محمد میں تیرے نزدیک جو دین کے اعتبار سے بہتر ہو اسی کو فتح دیں۔

③ یعنی جو حق پر ہے ان مسلمانوں کا غلبہ ہو گیا۔

④ (دوسرا ترجمہ) اور تم سن کر اس سے منہ مت پھراؤ۔

وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿٢١﴾ اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٢٢﴾ وَلَوْ عَلِمَ اللّٰهُ فِيْهِمْ خَيْرًا لَّاَسْمَعَهُمْ ؕ وَلَوْ اَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٢٣﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ ۚ وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ يَحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ وَاَنَّهٗۤ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿٢٤﴾

اور تم ان (کافر اور منافق) لوگوں جیسے مت بنو جنھوں نے (زبان سے) کہا کہ: ہم نے سن لیا؛ حالاں کہ وہ حقیقت میں کچھ نہیں سنتے ① ﴿۲۱﴾ یقیناً (زمین پر چلنے والے) جانوروں میں اللہ تعالیٰ کے یہاں سب سے برے (جانور) وہ (حق بات سننے سے) بہرے (اور حق بات بولنے سے) گونگے ہیں، جو سمجھتے نہیں ہیں ﴿۲۲﴾ اور اگر اللہ تعالیٰ کے علم میں ان میں کچھ بھی بھلائی (یعنی حق کی طلب) ہوتی تو وہ (اللہ تعالیٰ) ان کو سننے کی توفیق عطا فرماتے اور اگر وہ (اللہ تعالیٰ) ان کو (ابھی کی حالت میں جبکہ ان میں حق کی طلب نہیں ہے) سنا دیتے تو وہ منہ پھیر کر ضرور بھاگ جاتے ﴿۲۳﴾ اے ایمان والو! تم اللہ تعالیٰ اور (اس کے) رسول کی دعوت قبول کرلو ② جبکہ وہ (رسول) تم کو ایسی بات کی طرف بلاوے جس (کو ماننے) میں تمھارے لیے (دنیا و آخرت میں عزت کی) زندگی ہے ③ اور تم جان لو کہ یقیناً اللہ تعالیٰ انسان سے اس کے دل کو روک لیتے ہیں ④ اور یہ کہ اسی (اللہ تعالیٰ) کے پاس تم سب جمع کر کے لے جائے جاؤ گے ﴿۲۴﴾

---

① وہ سننا معتبر ہے جس میں ماننا بھی ہو اور کافر، منافق مانتے نہیں تھے۔

② (دوسرا ترجمہ) حکم مان لو۔

③ نبی نے ایمان اور قرآن پر عمل کی دعوت دی، جہاد کا راستہ بتایا، اس میں دنیا و آخرت میں عزت ہے۔

④ (دوسرا ترجمہ) اللہ انسان اور اس کے دل کے درمیان حائل ہوجایا کرتے۔ مطلب: جس انسان میں نیکی ہو، لیکن کبھی گناہ کا تقاضا ہو اور وہ اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو گناہ سے بچا لیتے ہیں، اسی طرح اگر کسی کے دل میں نیکی کا خیال آجائے اور وہ اس کو ٹالتا رہے تو پھر نیکی کی توفیق سے محروم ہوجاتا ہے اور ایسے اسباب پیدا ہوجاتے ہیں کہ وہ نیکی نہیں کر پاتا۔ اسی طرح مزاج میں نامناسب ضد اور سستی کی وجہ سے بھی خیر کی توفیق چلی جاتی ہے۔

وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَآصَّةً ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿٢٥﴾ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ اَنْتُمْ قَلِيْلٌ مُّسْتَضْعَفُوْنَ فِي الْاَرْضِ تَخَافُوْنَ اَنْ يَّتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَاٰوٰىكُمْ وَاَيَّدَكُمْ بِنَصْرِهٖ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿٢٦﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِكُمْ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٢٧﴾ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿٢٨﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا وَّيُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿٢٩﴾

اور تم اس فتنہ (یعنی وبال) سے بچتے رہو جو تم میں سے خاص ظالموں (یعنی گناہ کرنے والوں) ہی پر نہیں پڑے گا① اور تم جان لو کہ یقیناً اللہ تعالیٰ سخت سزا دینے والے ہیں ﴿۲۵﴾ اور (وہ وقت) تم یاد کرو جب تم (تعداد میں) کم تھے، (مکہ کی) زمین میں کمزور سمجھے جاتے تھے، تم ڈرتے تھے کہ (کافر) لوگ تم کو اچک نہ لے جائیں②، پھر اس (اللہ تعالیٰ) نے تم کو (مدینہ منورہ میں اطمینان سے) رہنے کی جگہ دی اور اپنی مدد سے تم کو مضبوط کر دیا اور تم کو پاکیزہ چیزوں سے روزی دی؛ تاکہ تم لوگ شکر ادا کرو ﴿۲۶﴾ اے ایمان والو! تم اللہ تعالیٰ اور (اس کے) رسول سے خیانت (یعنی حقوق میں کمی) نہ کرو اور اپنی (آپس کی) امانتوں میں خیانت نہ کیا کرو؛ حالاں کہ تم (اس کا برا انجام) جانتے ہو ﴿۲۷﴾ اور تم جان لو کہ تمھارے مال اور تمھاری اولاد (حقیقت میں تمھارے لیے) ایک قسم کی آزمائش ہیں اور یہ کہ اللہ تعالیٰ کے پاس بڑا ثواب ہے ﴿۲۸﴾

اے ایمان والو! اگر تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو گے تو وہ تم کو حق اور باطل میں تمیز (یعنی فیصلہ کرنے کی صلاحیت) عطا کریں گے③ اور تمھارے گناہوں کو تم سے زائل کر دیں گے اور تم کو معاف کر دیں گے اور اللہ تعالیٰ تو بڑے فضل والے ہیں ﴿۲۹﴾

---

① امر بالمعروف، نہی عن المنکر اور قتال فی سبیل اللہ کے چھوڑنے پر عمومی عذاب آتا ہے، علانیہ اور متعدی گناہ سے روکو، ورنہ اللہ تعالیٰ کی پکڑ سب پر آئے گی۔ ② (دوسرا ترجمہ) نوچ لیویں۔ ③ فرقان: یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک نور ملتا ہے جو حق و باطل میں تمیز کرواتا ہے، اسی طرح نصرتِ الٰہی کی برکت سے حق و باطل میں عملی تمیز ہوتی ہے۔

وَاِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ اَوْ يَقْتُلُوْكَ اَوْ يُخْرِجُوْكَ ؕ وَيَمْكُرُوْنَ وَيَمْكُرُ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ۝ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا قَالُوْا قَدْ سَمِعْنَا لَوْ نَشَآءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَاۤ ۙ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّاۤ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ وَاِذْ قَالُوا اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ اَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ ؕ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ۝

اور (وہ وقت یاد کرو) جب (کہ مکہ کے) کافر تمھارے متعلق (مختلف) منصوبے بنا رہے تھے کہ (پکڑ کر کے) تم کو قید کر دیویں یا تم کو قتل کر دیویں یا تم کو (مکہ سے) نکال دیویں اور وہ (کافر لوگ اپنی) چال چل رہے تھے① اور اللہ تعالیٰ (بھی ان کے توڑ کے لیے) چال چل رہے تھے اور اللہ تعالیٰ سب سے اچھے منصوبے بنانے والے ہیں ﴿۳۰﴾ اور جب ان (کافروں) کے سامنے ہماری آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو وہ (یوں) کہتے ہیں کہ: ہم نے تو (آیتوں کو) سن لیا، اگر ہم چاہیں تو ہم بھی اس (قرآن) جیسا کہہ سکتے ہیں، یہ تو پہلے لوگوں کی کہانیاں ہی ہیں ﴿۳۱﴾ اور (ایک وقت وہ بھی تھا) جب ان کافروں نے (دعامیں) کہا تھا کہ: اے اللہ! اگر یہ (قرآن) وہی حق بات ہے جو آپ کے یہاں سے (اتر کر آیا) ہے تو (اس کو نہ ماننے کی وجہ سے) ہم پر آسمان سے پتھروں کی بارش برسا دیجیے یا آپ ہمارے پاس کوئی دردناک عذاب بھیج دیجیے ﴿۳۲﴾ اور اللہ تعالیٰ کی یہ شان نہیں ہے کہ تمھارے (یعنی محمد ﷺ کے) ان کے درمیان موجود رہتے ہوئے ان پر عذاب بھیج دیویں اور اللہ تعالیٰ کی یہ شان بھی نہیں ہے کہ وہ لوگ استغفار کرتے ہوں پھر بھی ان پر عذاب بھیج دیویں② ﴿۳۳﴾

---

① حیلہ اور تدبیر کے ذریعے سامنے والے کو اس کے ارادے پر عمل کرنے سے روک دینا "مکر" ہے، اچھا اور برا دونوں طرح کا مکر ہوتا ہے۔

② نبی کریم ﷺ کے وجود باجود کی برکت سے عمومی عذاب رک گیا۔ استغفار کے کلمات جیسے بھی ہوں کفار دوران طواف بولتے تھے اس کی برکت سے بھی عذاب دور ہو گیا تو پھر مسلمان صحیح استغفار کرے تو کتنا زیادہ فائدہ ہوگا!

وَمَا لَهُمْ أَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللَّهُ وَهُمْ يَصُدُّونَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَمَا كَانُوا أَوْلِيَاءَهُ ۚ إِنْ أَوْلِيَاؤُهُ إِلَّا الْمُتَّقُونَ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٣٤﴾ وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِندَ الْبَيْتِ إِلَّا مُكَاءً وَتَصْدِيَةً ۚ فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ ﴿٣٥﴾ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا يُنفِقُونَ أَمْوَالَهُمْ لِيَصُدُّوا عَن سَبِيلِ اللَّهِ ۚ فَسَيُنفِقُونَهَا ثُمَّ تَكُونُ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ يُغْلَبُونَ ۗ وَالَّذِينَ كَفَرُوا إِلَىٰ جَهَنَّمَ يُحْشَرُونَ ﴿٣٦﴾ لِيَمِيزَ اللَّهُ الْخَبِيثَ مِنَ الطَّيِّبِ وَيَجْعَلَ الْخَبِيثَ بَعْضَهُ عَلَىٰ بَعْضٍ فَيَرْكُمَهُ جَمِيعًا فَيَجْعَلَهُ فِي جَهَنَّمَ ۚ أُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ﴿٣٧﴾

اور ان میں کونسی ایسی خوبی کی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ ان پر عذاب نہ بھیجے؛ حالاں کہ وہ (مسلمانوں کو) مسجدِ حرام سے روکتے ہیں؛ حالاں کہ وہ اس کے متولی (بننے کے اہل) بھی نہیں ہیں، اس (مسجدِ حرام) کے (حقیقی) متولی تو صرف تقویٰ والے لوگ ہی ہوسکتے ہیں①؛ لیکن ان کے اکثر لوگ (اپنے نالائق ہونے کو) جانتے نہیں ہیں ﴿٣٤﴾ اور کعبہ کے پاس ان (کافروں) کی نماز سیٹیاں اور تالیاں بجانے کے سوا کچھ بھی نہیں تھی؛ لہٰذا تم جو کفر کرتے تھے اس کے بدلے میں عذاب کا مزہ چکھو ﴿٣٥﴾ یقیناً جن لوگوں نے کفر کیا ہے وہ اپنے مال کو خرچ کرتے ہیں؛ تاکہ (لوگوں کو) اللہ تعالیٰ کے راستے سے وہ روکیں، سو ابھی تو وہ لوگ (اسی طرح) مال کو خرچ کریں گے؛ پھر (انجام یہ ہوگا کہ) وہ (مال) ان کے لیے افسوس کا ذریعہ ہوگا، پھر (آخر میں) وہ ہرا دیے جائیں گے اور کافر لوگوں کو جہنم کے اندر جمع کردیا جائے گا② ﴿٣٦﴾ تاکہ اللہ تعالیٰ ناپاک (لوگوں کو یا مال) کو پاک (لوگوں اور مال) سے جدا کردیں، اور ناپاکوں کو ایک دوسرے پر رکھ کر ان سب کا ڈھیر بنائیں پھر اس (ڈھیر) کو جہنم میں ڈال دیویں، وہی لوگ نقصان میں پڑے رہنے والے ہیں ﴿٣٧﴾

---

① مساجد اور دینی اداروں کی تولیت کا بہترین اصول کہ متقی لوگ متولی بنیں۔

(دوسرا مطلب) اللہ کے دوست متقی لوگ ہی ہوتے ہیں۔

② (دوسرا ترجمہ) جہنم کی طرف لے جانے کے لیے جمع کیے جائیں گے۔

قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اِنْ يَّنْتَهُوْا يُغْفَرْ لَهُمْ مَّا قَدْ سَلَفَ ۚ وَاِنْ يَّعُوْدُوْا فَقَدْ مَضَتْ سُنَّتُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۸﴾ وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ ۚ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۳۹﴾ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ مَوْلٰىكُمْ ؕ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿۴۰﴾

(اے نبی!) تم (ان) کافروں سے کہہ دو: اگر وہ (کفر سے) رک جاتے ہوں تو پہلے جو کچھ ہو چکا ہے وہ معاف ہو جائے گا اور اگر وہی (کفر والے کام وہ) پھر کریں گے تو پچھلے (نافرمان) لوگوں کے ساتھ ایک (خاص) روش اختیار کی جا چکی ہے ① ﴿۳۸﴾ اور (اے مسلمانو!) ان (کافروں) کے ساتھ لڑائی جاری رکھو؛ یہاں تک کہ فتنہ (فساد) باقی نہ رہے اور دین سب کا سب اللہ تعالیٰ ہی کا ہو جائے، سو اگر وہ لوگ (کفر اور شرارت سے) رک جائیں ② تو یقین رکھو جو کام وہ لوگ کرتے ہیں اللہ تعالیٰ اس کو دیکھتے ہیں ﴿۳۹﴾ اور اگر وہ لوگ منہ پھیر لیں ③ تو (اے مسلمانو!) یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ تمھاری حمایت کرنے والے ہیں اور بہترین حمایت کرنے والے ہیں، کتنے اچھے وہ مدد کرنے والے ہیں! ﴿۴۰﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) پچھلے کافروں کے حق میں ہمارا قانون (عذاب کا) نافذ ہو چکا ہے وہی تمھارے لیے ہوگا (یعنی پچھلے زمانے کے نافرمانوں جیسا عذاب ان کو بھی دیا جائے گا)

② کفار اسلامی برادری میں آجائے یا مصالحت کر لیوے۔

③ یعنی بات نہ مانے اور کفر شرک ہی پر رہیں۔

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى
وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا يَوْمَ
الْفُرْقَانِ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۴۱﴾ اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الدُّنْيَا وَهُمْ
بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى وَالرَّكْبُ اَسْفَلَ مِنْكُمْ ۭ وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ فِي الْمِيْعٰدِ ۙ
وَلٰكِنْ لِّيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ڏ لِّيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْۢ بَيِّنَةٍ وَّيَحْيٰى مَنْ حَيَّ عَنْۢ
بَيِّنَةٍ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَسَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۴۲﴾

اور (اے مسلمانو!) تم جان لو جو چیز تم کو (لڑائی میں) غنیمت میں ملے تو اس کا پانچواں حصہ اللہ تعالیٰ کے لیے اور رسول کے لیے اور (رسول کے) رشتے داروں کے لیے اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافر کے لیے ہوگا، اگر تم اللہ تعالیٰ پر اور اس چیز پر ایمان رکھتے ہو جو ہم نے اپنے بندے (محمد ﷺ) پر فیصلے (یعنی بدر) کے دن اتاری تھی ① جس دن (مسلمانوں اور کافروں کی) دونوں فوجیں آپس میں ٹکرائی تھیں اور اللہ تعالیٰ تمام چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں ﴿۴۱﴾ (اے مسلمانو!) جب تم (میدان کی مدینہ سے) قریب والی جانب پر تھے اور وہ (مکہ کے کافر میدان کی مدینہ سے) دور والی جانب پر تھے اور (ابوسفیان کا) قافلہ تم سے نیچے (سمندر کے کنارے) اتر گیا تھا اور اگر تم (مسلمان اور کافر لڑائی کا) وقت آپس میں طے کرتے تو وقت طے کرنے میں تمھارے درمیان ضرور اختلاف ہو جاتا ② لیکن یہ (جو کچھ ہوا) ③ اس لیے ہوا تاکہ جو کام مقرر ہو چکا تھا اللہ تعالیٰ اس کو پورا کر کے دکھلائے ④ تاکہ جس کو مرنا ہو وہ کھلی دلیل ⑤ دیکھ کر کے مرے اور جس کو زندہ رہنا ہے وہ کھلی دلیل دیکھتے ہوئے زندہ رہے اور یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ بڑے سننے والے ہیں، اچھی طرح جاننے والے ہیں ﴿۴۲﴾

---

① اللہ تعالیٰ نے غزوہ بدر میں مسلمانوں کے لیے ملائکہ کے واسطے سے غیبی مدد نازل فرمائی تھی۔
② یعنی وقت طے کرنے میں یا مقرر وقت پر پہنچنے میں اختلاف ہوتا۔ ③ یعنی پہلے سے مقرر کیے بغیر دونوں لشکر ٹکرا گئے۔
④ یعنی حضرات صحابہ کرام کی ایک چھوٹی سی جماعت کو جو نبی کریم ﷺ کے ساتھ آئی تھی ان کو کافروں کے بڑے لشکر کے مقابلے میں کامیاب اور غالب کرنا تھا۔ ⑤ یعنی اسلام کی سچائی۔

اِذۡ يُرِيۡكَهُمُ اللّٰهُ فِىۡ مَنَامِكَ قَلِيۡلًا ؕ وَلَوۡ اَرٰٮكَهُمۡ كَثِيۡرًا لَّفَشِلۡتُمۡ وَلَتَنَازَعۡتُمۡ فِى الۡاَمۡرِ وَلٰـكِنَّ اللّٰهَ سَلَّمَ ؕ اِنَّهٗ عَلِيۡمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ ۞ وَاِذۡ يُرِيۡكُمُوۡهُمۡ اِذِ الۡتَقَيۡتُمۡ فِىۡۤ اَعۡيُنِكُمۡ قَلِيۡلًا وَّيُقَلِّلُكُمۡ فِىۡۤ اَعۡيُنِهِمۡ لِيَـقۡضِىَ اللّٰهُ اَمۡرًا كَانَ مَفۡعُوۡلًا ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرۡجَعُ الۡاُمُوۡرُ ۞

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِذَا لَقِيۡتُمۡ فِئَةً فَاثۡبُتُوۡا وَاذۡكُرُوا اللّٰهَ كَثِيۡرًا لَّعَلَّكُمۡ تُفۡلِحُوۡنَ ۞ وَاَطِيۡعُوا اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ وَلَا تَنَازَعُوۡا فَتَفۡشَلُوۡا وَتَذۡهَبَ رِيۡحُكُمۡ وَاصۡبِرُوۡا ؕ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيۡنَ ۞

(اے نبی! وہ وقت ذرا یاد کرو) جب اللہ تعالیٰ نے تم کو تمھارے خواب میں ان (دشمنوں) کی تعداد تھوڑی دکھائی اور اگر تم کو ان (کافروں) کی تعداد زیادہ دکھاتے تو (اے مسلمانو!) تم ہمت ہار ہی جاتے اور تمھارے درمیان (اس لڑائی کے) معاملے میں آپس میں اختلاف ہو جاتا؛ لیکن اللہ تعالیٰ نے بچا لیا①، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) تو سینوں کی بات کو خوب اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۴۳﴾ اور (وہ وقت بھی یاد کرو) جب تم ایک دوسرے سے مقابلے کے لیے آئے، تب اس (اللہ تعالیٰ) نے تمھاری آنکھوں میں ان (دشمنوں) کی تعداد کم کر کے دکھائی اور ان (دشمنوں) کی آنکھوں میں تمھاری تعداد کم کر کے دکھائی؛ تاکہ جس کام کا کرنا مقرر ہو چکا تھا اللہ تعالیٰ اس کو پورا کر دیویں اور تمام کام اللہ تعالیٰ ہی کی طرف لوٹائے جاتے ہیں ﴿۴۴﴾

اے ایمان والو! جب (کفار کی) کسی جماعت سے (جہاد میں) تمھارا مقابلہ ہو جائے تو تم ثابت قدم رہو اور تم اللہ تعالیٰ کا ذکر بہت زیادہ کرو②؛ تاکہ تم لوگ کامیاب ہو جاؤ ﴿۴۵﴾ اور تم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی بات مانو اور تم آپس میں جھگڑے مت کرو، ورنہ تم کمزور پڑ جاؤ گے اور تمھاری ہوا جاتی رہے گی اور تم صبر کرو، یقین رکھو! اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہیں ﴿۴۶﴾

---

① یعنی بزدلی یا آپس کے اختلاف سے اللہ تعالیٰ نے بچا لیا۔ ② ذکر سے دل میں قوت پیدا ہوتی ہے جس کی برکت سے دل مضبوط ہوتا ہے اور قدم اور دل دونوں جم جاویں تو کامیابی یقینی ہوتی ہے، جنگ کی گرمی میں اللہ کا ذکر کرنا یہ واقعی محبتِ الٰہی کی علامت ہے، ذکر میں نعرۂ تکبیر کی آوازیں بلند کرنا، اللہ پر توکل کرنا، ہر موقع پر اللہ و رسول کی اطاعت اور ذکر تسبیح سب مراد ہو سکتے ہیں، جب جنگ میں ذکر کی کثرت ہے تو امن کے حالات میں بدرجۂ اولیٰ ذکر کی کثرت کی تاکید ہے۔

وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بَطَرًا وَّرِئَآءَ النَّاسِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ۝ وَاِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ وَقَالَ لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَاِنِّيْ جَارٌ لَّكُمْ ۚ فَلَمَّا تَرَآءَتِ الْفِئَتٰنِ نَكَصَ عَلٰى عَقِبَيْهِ وَقَالَ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكُمْ اِنِّيْٓ اَرٰى مَا لَا تَرَوْنَ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ ؕ وَاللّٰهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝

اِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ غَرَّ هٰٓؤُلَآءِ دِيْنُهُمْ ؕ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝

اور تم ان (کافر) لوگوں کی طرح مت بنو جو اپنے گھروں سے اتراتے ہوئے اور لوگوں کو (اپنی شان) دکھاتے ہوئے نکلے اور وہ (لوگوں کو) اللہ تعالیٰ کی راہ سے روکتے تھے اور جو کام وہ لوگ کرتے ہیں وہ اللہ تعالیٰ کے قابو میں ہے ﴿۴۷﴾ اور جب شیطان نے ان کے کاموں کو ان کی نظروں میں مزین (یعنی خوش نما) کر کے دکھایا اور وہ (شیطان) کہنے لگا: آج لوگوں میں سے کوئی بھی تم پر غالب نہیں آسکتا، اور یقین رکھو کہ میں تمھاری حفاظت (یعنی حمایت) کرنے والا ہوں①، پھر جب (مسلمان اور کفار کی) دونوں فوجیں آمنے سامنے ہوگئیں تو وہ (شیطان) اپنی ایڑیوں پر الٹا بھاگا اور کہنے لگا میں تو تم سے الگ ہوں②، میں وہ چیز دیکھ رہا ہوں جو تم کو نظر نہیں آتی ہے③ یقیناً میں تو اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہوں اور اللہ تعالیٰ سخت عذاب دینے والے ہیں ﴿۴۸﴾

جب منافق لوگ اور وہ لوگ جن کے دلوں میں (شک کی) بیماری تھی وہ کہنے لگے: ان (مسلمانوں) کو ان کے دین نے دھوکے میں ڈال رکھا ہے④ اور جو اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرتا ہے تو یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ تو بڑے زبردست، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۴۹﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اور یقین رکھو کہ میں تمھارے ساتھ ہوں۔

② میں تمھارا ساتھ نہیں دے سکتا۔

③ یعنی فرشتوں کا لشکر۔

④ مسلمان خود کے دین کو حق سمجھ کر ایسے خطرے کے باوجود یہاں لڑنے آئے۔

وَلَوْ تَرَىٰٓ إِذْ يَتَوَفَّى الَّذِينَ كَفَرُوا ۙ الْمَلَٰٓئِكَةُ يَضْرِبُونَ وُجُوهَهُمْ وَأَدْبَارَهُمْ وَذُوقُوا عَذَابَ الْحَرِيقِ ﴿٥٠﴾ ذَٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيكُمْ وَأَنَّ اللَّهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ ﴿٥١﴾ كَدَأْبِ آلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ كَفَرُوا بِآيَاتِ اللَّهِ فَأَخَذَهُمُ اللَّهُ بِذُنُوبِهِمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ قَوِيٌّ شَدِيدُ الْعِقَابِ ﴿٥٢﴾ ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً أَنْعَمَهَا عَلَىٰ قَوْمٍ حَتَّىٰ يُغَيِّرُوا مَا بِأَنفُسِهِمْ ۙ وَأَنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿٥٣﴾ كَدَأْبِ آلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ كَذَّبُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ فَأَهْلَكْنَاهُم بِذُنُوبِهِمْ وَأَغْرَقْنَا آلَ فِرْعَوْنَ ۚ وَكُلٌّ كَانُوا ظَالِمِينَ ﴿٥٤﴾ إِنَّ شَرَّ الدَّوَابِّ عِندَ اللَّهِ الَّذِينَ كَفَرُوا فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٥٥﴾

اور (اے نبی!) کاش (ان کافروں کی حالت) تم اس وقت دیکھتے جب فرشتے ان کافروں کی روح قبض کرتے ہیں تو ان (کافروں) کے چہروں اور پیٹھوں پر مارتے ہیں① اور (فرشتے کہتے جاتے ہیں: اے کافرو! آگے چل کر) جلا دینے والے عذاب کا مزہ تم چکھو ﴿۵۰﴾ یہ (عذاب) تمھارے ہاتھوں نے جو (کفریہ) اعمال کر کے آگے بھیج دیے ان کا بدلہ ہے اور یقین رکھو اللہ تعالیٰ بندوں پر ظلم نہیں کرتے ﴿۵۱﴾ (ان کافروں کی حالت) فرعون والوں کی حالت جیسی ہے اور جو لوگ ان (فرعون والوں) سے پہلے تھے ان کے جیسی ہے کہ انھوں نے اللہ تعالیٰ کی آیتوں کا انکار کیا، سو اللہ تعالیٰ نے ان کو ان کے گناہوں کی سزا (یعنی عذاب) میں پکڑ لیا، یقین رکھو اللہ تعالیٰ کی طاقت بڑی ہے، عذاب بڑا سخت ہے ﴿۵۲﴾ یہ جو کچھ ہوا اس کا سبب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جب کسی قوم کو کوئی نعمت عطا فرماتے ہیں تو اس نعمت کو اس وقت تک نہیں بدلتے ہیں جب تک وہ (قوم کے لوگ) اپنی حالت کو بدل نہ دیویں اور یقین رکھو اللہ تعالیٰ (ہر بات) سنتے ہیں، (ہر چیز) جانتے ہیں ﴿۵۳﴾ (ان کافروں کی حالت) فرعون والوں کی حالت جیسی ہے اور جو لوگ ان سے بھی پہلے تھے ان کے جیسی ہے، انھوں نے اپنے رب کی آیتوں کو جھٹلایا، سو ہم نے ان کو ان کے گناہوں کی سزا میں ہلاک کر دیا اور ہم نے فرعون کی قوم کو ڈبو دیا اور وہ سب ظالم تھے ﴿۵۴﴾ یقیناً (زمین پر) چلنے والے سب جانوروں میں اللہ تعالیٰ کے یہاں سب سے برے کافر لوگ ہیں کہ وہ ایمان نہیں لاتے ﴿۵۵﴾

---

① مارنے سے جسمانی تکلیف، بولنے سے ذہنی اذیت۔

اَلَّذِيْنَ عٰهَدْتَّ مِنْهُمْ ثُمَّ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَهُمْ فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ وَّهُمْ لَا يَتَّقُوْنَ۝ فَاِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِمْ مَّنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ۝ وَاِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً فَانْۢبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَآءٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْخَآئِنِيْنَ۝

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَبَقُوْا ؕ اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ۝ وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ وَاٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ ۚ اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ ؕ

جن (کی حالت ایسی ہے کہ ان) سے تم نے (بار بار) معاہدہ کیا ہے؛ پھر وہ ہر مرتبہ اپنا معاہدہ توڑ ڈالتے ہیں اور وہ ڈرتے نہیں ہیں①﴿۵۶﴾ لہٰذا اگر وہ (معاہدہ توڑنے والے) لڑائی میں تمھارے ہاتھ آجائیں تو ان کو ایسی سزا دو کہ ان کے پیچھے جو (دوسرے کافر) ہیں وہ (بھی) بھاگ جائیں②؛ تاکہ وہ بھی عبرت حاصل کریں﴿۵۷﴾ اور (اے نبی!) اگر کسی قوم کی طرف سے دغابازی (یعنی معاہدہ توڑنے) سے تم ڈرتے ہو تو تم ان کا عہد ان کی طرف (اس طرح) واپس کردو③ کہ (تم اور وہ) دونوں برابر ہوجاویں④ یقیناً اللہ تعالیٰ خیانت کرنے والوں کو (دغا دینے والوں کو) پسند نہیں کرتے﴿۵۸﴾

اور کافر لوگ ہرگز ایسا خیال نہ کریں کہ وہ (بھاگ کر) بچ گئے، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ کو) عاجز نہیں کرسکتے﴿۵۹﴾ اور (اے مسلمانو!) ہر قسم کی قوت (جمع کرنے کے ذریعہ) سے اور گھوڑے پالنے سے ان (دشمنوں کے مقابلے) کے لیے جو تیاری تم کرسکو تم کرتے رہو؛ تاکہ تم اس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کے دشمن اور اپنے دشمن پر دھاک (یعنی رعب) جما سکو اور ان کے علاوہ دوسرے دشمنوں پر بھی (دھاک بیٹھ جاوے) ، جن کو تم جانتے نہیں ہو، اللہ تعالیٰ ان کو جانتے ہیں،

---

① معاہدہ توڑنے کا جو برا انجام دنیا آخرت میں ہوتا ہے، اس سے ڈرتے نہیں ہیں۔

② یعنی عبرت تاک سزا دیکھ کر دوسرے کافر تتر بتر منتشر ہوجائیں۔

③ (دوسرا ترجمہ) تو تم (ان کا معاہدہ) ان کی طرف سیدھے طریقے سے پھینک دو (تیسرا) تو جواب دو ان کو برابر برابر۔

④ ان کی طرف سے ہونے والی خلاف ورزی پر ان کو کھلے طور پر آگاہ کردیا جائے؛ تاکہ عہد ختم ہونے کی خبر میں تم اور وہ دونوں برابر ہوجائیں اور عہد کے باقی رکھنے میں اور جنگ کی تیاری کرنے میں دونوں طرف سے برابر کی تیاری ہوسکے۔

وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يُوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ۝ وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۝ وَاِنْ يُّرِيْدُوْٓا اَنْ يَّخْدَعُوْكَ فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ ؕ هُوَ الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ۝ وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ؕ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ؕ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ۝

اور اللہ تعالیٰ کے راستے میں تم جو کچھ بھی خرچ کرو گے وہ (یعنی اس کا ثواب) تم کو پورے پورا دے دیا جائے گا اور تم پر ظلم نہیں کیا جائے گا① ﴿۶۰﴾ اور اگر وہ (کافر لوگ) صلح کے لیے جھک جائیں② تو تم بھی اس (صلح) کے لیے تیار ہو جاؤ③ اور اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ کرو، یقیناً وہ بڑے سننے والے ہیں، بڑے جاننے والے ہیں ﴿۶۱﴾ اور اگر وہ (دشمن) تم کو دھوکا دینے کا ارادہ کریں تو یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ تو تم کو کافی ہیں، اسی (اللہ تعالیٰ) نے اپنی مدد کے ذریعہ اور ایمان والوں④ کے ذریعہ تمھارے ہاتھ مضبوط کردیے ﴿۶۲﴾ اور ان (مسلمانوں) کے دلوں میں آپس میں (ایک دوسرے کی) الفت (یعنی سچی محبت) پیدا کردی، اگر تم زمین بھر کی ساری دولت خرچ کرڈالتے تو بھی ان کے دلوں میں (یہ) الفت پیدا نہیں کرسکتے تھے⑤ لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کے درمیان الفت پیدا کردی، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) بڑے زبردست ہیں، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۶۳﴾ اے نبی! تم کو اور تمھاری اتباع کرنے والے مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ ہی کافی ہے⑥ ﴿۶۴﴾

---

① یعنی ثواب میں کمی نہیں کی جائے گی۔
② صلح کے لیے تیار ہو جائیں۔
③ اختیاری حکم ہے۔
④ صحابہؓ کی مثالی فضیلت ہے۔
⑤ حقیقی ایمان اور ایمان کے تقاضوں کو پورا کرنا جوڑ کا ذریعہ ہے۔
⑥ اے نبی! (حقیقت میں) اللہ تعالیٰ ہی آپ کے لیے کافی ہے اور (ظاہری سبب کے طور پر) تمھاری اتباع کرنے والے مؤمنین (وہ کافی ہیں)

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ ؕ اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ يَّغْلِبُوْۤا اَلْفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿٦٥﴾ اَلْـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا ؕ فَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ يَّغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ اَلْفٌ يَّغْلِبُوْۤا اَلْفَيْنِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿٦٦﴾ مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗۤ اَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِى الْاَرْضِ ؕ تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا ۖ وَاللّٰهُ يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٦٧﴾ لَوْلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيْمَاۤ اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿٦٨﴾

اے نبی! ایمان والوں کو جنگ کرنے کے لیے ابھارو①، اگر تم میں سے بیس ثابت قدم رہنے والے ہوں گے تو وہ دو سو (دشمنوں) پر غالب آجائیں گے اور اگر تم میں سے سو ہوں گے تو ایک ہزار کافروں پر غالب آجائیں گے؛ اس لیے کہ وہ (کافر) ایسے لوگ ہیں جو (دین کو) سمجھتے نہیں ہیں ﴿۶۵﴾ اب اللہ تعالیٰ نے تم سے بوجھ ہلکا کر دیا اور اس کے علم میں ہے کہ تمھارے اندر (کچھ) کمزوری ہے②، سو اگر تم میں سے سو ثابت قدم رہنے والے لوگ ہوویں تو وہ دو سو دشمنوں پر غالب آجائیں گے اور اگر تم میں سے ایک ہزار ہوں گے تو وہ دو ہزار پر اللہ تعالیٰ کے حکم سے غالب آجائیں گے اور اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہیں ﴿۶۶﴾ کسی نبی کی یہ شان نہیں ہے کہ اس کے قبضے میں قیدی باقی رہیں جب تک کہ وہ زمین میں (دشمن کا) خوب خون نہ بہا دیویں، تم تو دنیا کا سامان چاہتے ہو اور اللہ تعالیٰ (تمھارے لیے) آخرت (کا ثواب) چاہتے ہیں اور اللہ تعالیٰ تو بڑے زبردست ہیں، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۶۷﴾ اگر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک بات پہلے سے نہ لکھی جا چکی ہوتی③ تو (قیدیوں سے) جو تم نے (فدیہ) لیا اس کی وجہ سے تم پر بڑا عذاب آجاتا ﴿۶۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) شوق دلاؤ۔

② بعض ضعفا کی برکت سے احکام میں تخفیف ہوجایا کرتی ہے۔

③ [۱] اجتہادی غلطی پر عذاب نہیں ہوتا [۲] بدر کے شرکا کے لیے معافی کا اعلان لکھ دیا گیا تھا [۳] حضور ﷺ کی موجودگی میں نزولِ عذاب نہیں ہوتا [۴] بہت سارے قیدیوں کی تقدیر میں ایمان لانا لکھا جا چکا تھا۔

فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٦٩﴾

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّمَنْ فِيْۤ اَيْدِيْكُمْ مِّنَ الْاَسْرٰۤى ۙ اِنْ يَّعْلَمِ اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ خَيْرًا يُّؤْتِكُمْ خَيْرًا مِّمَّاۤ اُخِذَ مِنْكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٧٠﴾ وَاِنْ يُّرِيْدُوْا خِيَانَتَكَ فَقَدْ خَانُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ فَاَمْكَنَ مِنْهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٧١﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْۤا اُولٰٓئِكَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ

سو جو تم کو غنیمت میں ملا اس کو حلال پاکیزہ سمجھ کر کھاؤ اور تم اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو، یقیناً اللہ تعالیٰ بڑے معاف کرنے والے، سب پر رحم کرنے والے ہیں ﴿۶۹﴾

اے نبی! (بدر کے) جو قیدی تمھارے قبضے میں ہیں ان کو (ایسا) کہو کہ: اگر اللہ تعالیٰ تمھارے دلوں میں کوئی بھلائی ① دیکھیں گے تو تم سے جو (فدیہ میں) مال لیا گیا ہے اس سے بہتر تم کو دے دیں گے اور تمھارے گناہوں کو معاف کر دیں گے اور اللہ تعالیٰ تو بہت زیادہ معاف کرنے والے، سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۷۰﴾ اور اگر وہ لوگ آپ سے دغا بازی کرنے کا ارادہ کریں تو وہ اس سے پہلے اللہ تعالیٰ سے خیانت کر چکے ②، سو اس (اللہ تعالیٰ) نے ان کو پکڑوا دیا اور اللہ تعالیٰ (ہر چیز کو) جاننے والے، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۷۱﴾ یقیناً جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے ہجرت کی اور اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کیا اور جن لوگوں نے (مہاجرین کو مدینہ میں) جگہ دی ③ اور انھوں نے (مہاجرین کی) مدد کی ④ وہ (دونوں) آپس میں ایک دوسرے کے والی (یعنی وارث) ہیں ⑤

---

① یعنی جس ایمان کا ان قیدیوں میں سے بعض نے اعلان کیا ہے وہ بالکل واقعی اخلاص کے ساتھ ہے۔
② عالمِ ارواح میں کیے ہوئے عہد کو توڑ چکے۔ اسی طرح دنیا میں نبی ﷺ سے کئی بار دھوکہ بازی کر چکے۔
③ آباد کیا۔ ④ یعنی انصار کہلائے۔
⑤ ابتدائے اسلام میں وراثت، ہجرت اور مواخاتِ ایمانی کی بنیاد پر ملا کرتی تھی، بعد میں آیت ۷۵ نے بتایا کہ اب قیامت تک میراث رشتے داری کی بنیاد پر ملے گی۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يُهَاجِرُوْا مَا لَكُمْ مِّنْ وَّلَايَتِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا ۚ وَاِنِ اسْتَنْصَرُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ اِلَّا عَلٰى قَوْمٍۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۗ اِلَّا تَفْعَلُوْهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ فِي الْاَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيْرٌ ۝ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ۗ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا مَعَكُمْ فَاُولٰٓئِكَ مِنْكُمْ ۗ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ ۗ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝

اور جو لوگ ایمان لائے اور (اب تک) انھوں نے ہجرت نہیں کی تو جب تک وہ ہجرت نہ کریں (اے مسلمانو!) ان کی وراثت میں تمھارا کوئی حصہ نہیں ہے اور اگر وہ (ہجرت نہ کرنے والے مسلمان) دین کے بارے میں تم سے مدد مانگیں تو تم پر (ان کی مدد) کرنا ضروری ہے، مگر جب وہ ایسی قوم کے خلاف مدد مانگیں کہ تم (مسلمانوں) میں اور ان کے مابین (صلح کا) معاہدہ ہو① اور تم جو عمل بھی کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس کو دیکھتے ہیں ﴿۷۲﴾ اور کافر لوگ آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں②، اگر تم اس (حکم) پر عمل نہیں کرو گے تو زمین میں بڑا فتنہ اور بڑا فساد پھیل پڑے گا③ ﴿۷۳﴾ اور جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے ہجرت کی اور اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کرتے رہے اور جن لوگوں نے (ہجرت کرنے والوں کو) رہنے کی جگہ دی اور (ہجرت کرنے والوں کی) مدد کی وہی سچے ایمان والے ہیں، ان کے لیے مغفرت ہے اور عزت کی روزی ہے ﴿۷۴﴾ اور جو لوگ (صلح حدیبیہ کے) بعد ایمان لائے اور ہجرت کی اور تمھارے ساتھ (مل کر) جہاد کیا سو وہ لوگ بھی تم ہی میں (ثواب اور مرتبے کے اعتبار سے) شامل ہیں اور اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق رشتے دار آپس میں ایک دوسرے (کی وراثت) کے زیادہ حق دار ہیں، یقیناً اللہ تعالیٰ ہر چیز کو اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۷۵﴾

---

① یعنی ایسی صورت میں مدد نہیں کریں گے۔ ② کافر کافر کا رفیق اور وارث ہو سکتا ہے۔ ③ اسلام پر عمل کی برکت سے فتنوں سے حفاظت ہے، ورنہ بڑے بھاری فتنے آویں گے اور فساد عام ہوگا، جس کا مشاہدہ آج ہو رہا ہے۔

سورة التوبة

(المدنية)

آیاتها:۱۲۹۔

رکوعاتها:۱۶۔

سورۂ توبہ

یہ سورت مدنی ہے، اس میں ایک سو انتیس (۱۲۹) آیتیں ہیں۔ سورۂ فتح یا مائدہ کے بعد ایک سو تیرہ (۱۱۳) یا چودہ (۱۱۴) نمبر پر نازل ہوئی۔ مکمل طور پہ آخیری زمانے میں نازل ہونے والی سورت ہے۔ توبہ کا معنیٰ آتا ہے ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف لوٹنا، باز آجانا، متوجہ ہونا۔ بندہ جب نافرمانی سے باز آجاتا ہے، فرماں برداری کی طرف لوٹ آتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوتا ہے تو وہ حقیقی توبہ ہوتی ہے۔ جب لفظ "توبہ" اللہ کے لیے بولا جاتا ہے تو اس کا معنیٰ ہوتا ہے بندوں کی توبہ قبول کرنا اور بندوں کی طرف توجہ فرمانا۔ اس سورت میں مخلص مؤمنوں کی توبہ کا خاص ذکر کیا گیا ہے اور پوری سورت میں کئی مرتبہ توبہ کا تذکرہ ہوا ہے۔ اس سورت کا ایک نام برأت بھی ہے، برأت کا معنیٰ ہے: ہر اس چیز سے جس کا پاس رہنا برا لگتا ہو اس سے چھٹکارا تلاش کرنا۔ مشرکین کا مرکزِ اسلام یعنی مکہ میں مقیم رہنا یہ کسی طرح بھی مناسب نہیں تھا؛ اس لیے ان سے بیزاری کا اعلان کر کے مرکزِ اسلام سے دوسری جگہ چلے جانے کا تاکیدی حکم دیا گیا۔

ہر کام آسان ہونے اور غم و الجھن کے دور کرنے کا وظیفہ: ﴿حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ﴾ ایک حدیث میں ہے کہ جو شخص صبح شام یہ کلمات سات مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے ہر کام کو آسان فرمادیتے ہیں؛ یعنی دنیا و آخرت کے ہر اہم کاموں کی کفایت فرماتے ہیں (الترغیب، ابوداود)

اس سورت کے شروع میں بسم اللہ نازل نہیں ہوئی اس لیے اس سورت کے شروع میں بسم اللہ نہیں لکھی گئی ہے۔ جامع القرآن حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ: سب سورتوں کے شروع میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ہے سورۂ توبہ کے شروع میں کیوں نہیں؟

تو جواب دیا کہ: اس سورت کا مستقل سورت ہونا یقین کے ساتھ معلوم نہیں ہوا؛ اس واسطے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہو گیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بارے میں کوئی تصریح نہیں فرمائی؛ اس لیے اس کے شروع میں بسم اللہ نہیں لکھی گئی؛ مگر مضمون چوں کہ اس کا سورۂ انفال سے ملتا جلتا تھا اس واسطے اس کو کسی دوسری سورت کے بعد رکھنے کے بجائے سورۂ انفال کے بعد رکھا اور چوں کہ اس کے مستقل سورت ہونے کا بھی احتمال ہے اس واسطے اس کے شروع بسم اللہ کی جگہ چھوڑ دی گئی۔ (از ملفوظات فقیہ الامت)

بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ فَسِيْحُوْا فِي الْاَرْضِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ مُخْزِي الْكٰفِرِيْنَ ۝ وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ اَنَّ اللّٰهَ بَرِيْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۙ وَرَسُوْلُهٗ ۭ فَاِنْ تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ ۭ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ شَيْـــًٔا وَّلَمْ يُظَاهِرُوْا عَلَيْكُمْ اَحَدًا فَاَتِمُّوْٓا اِلَيْهِمْ عَهْدَهُمْ اِلٰى مُدَّتِهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ۝

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف سے جن مشرکوں سے تم نے عہد کر رکھا تھا ان سب کے خلاف بری ہونے کا① اعلان ہے ﴿۱﴾ سو تم (عرب کی) زمین میں چار مہینے (پوری آزادی کے ساتھ) گھوم پھر لو اور تم جان لو کہ یقیناً تم اللہ تعالیٰ کو عاجز نہیں کر سکو گے اور یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ کافروں کو رسوا کر کے ہی رہیں گے ﴿۲﴾ اور بڑے حج کے دن اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف سے تمام انسانوں کے لیے یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ یقیناً اللہ تعالیٰ مشرکوں سے بری (یعنی الگ، بیزار) ہیں اور اس کا رسول بھی (بری ہے) سو (اے مشرکو!) اگر تم (کفر سے) توبہ کرلو گے تو یہ تمھارے لیے اچھا ہوگا اور اگر تم (توبہ کرنے سے) منہ پھراؤ گے② تو تم جان لو کہ تم یقیناً اللہ تعالیٰ کو عاجز نہیں کر سکتے ہو اور کافروں کو دردناک عذاب کی خوش خبری سنا دو ﴿۳﴾ مگر (اے مسلمانو!) جن مشرکوں سے تم نے کوئی عہد کیا ہو، پھر انھوں نے تمھارا کوئی قصور نہیں کیا③ اور تمھارے مقابلے میں کسی کی مدد نہیں کی تو ایسوں کے ساتھ ان کے عہد کو ان کی مدت تک پورا کرو، یقیناً اللہ تعالیٰ ڈرنے والوں کو④ پسند کرتے ہیں ﴿۴﴾

---

① یعنی پہلے کے کیے ہوئے عہد کے ختم ہونے کا۔

② (دوسرا ترجمہ) اگر تم نہیں مانو گے۔

③ یعنی عہد نبھایا۔

④ یعنی احتیاط کرنے والوں کو۔

فَإِذَا انْسَلَخَ الْأَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِينَ حَيْثُ وَجَدْتُمُوهُمْ وَخُذُوهُمْ وَاحْصُرُوهُمْ وَاقْعُدُوا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ فَإِنْ تَابُوا وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ فَخَلُّوا سَبِيلَهُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿٥﴾ وَإِنْ أَحَدٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ اسْتَجَارَكَ فَأَجِرْهُ حَتَّىٰ يَسْمَعَ كَلَامَ اللَّهِ ثُمَّ أَبْلِغْهُ مَأْمَنَهُ ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٦﴾

كَيْفَ يَكُونُ لِلْمُشْرِكِينَ عَهْدٌ عِنْدَ اللَّهِ وَعِنْدَ رَسُولِهِ إِلَّا الَّذِينَ عَاهَدْتُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۖ فَمَا اسْتَقَامُوا لَكُمْ فَاسْتَقِيمُوا لَهُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِينَ ﴿٧﴾

سو جب احترام کے مہینے پورے ہو جاویں تو (جن) مشرکوں (نے تمہارا عہد توڑا تھا ان) کو تم جہاں بھی پاؤ ان کو قتل کرڈالو اور تم ان کو پکڑ و اور ان کو گھیرو① اور ان (کو پکڑنے) کے لیے ہر گھات کی جگہ (تاک لگا کر) بیٹھو، پھر اگر وہ توبہ کر لیویں اور نماز قائم کریں اور وہ زکوۃ دیویں تو ان کا راستہ چھوڑ دو②، یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ بہت زیادہ معاف کرنے والے، بڑے رحم کرنے والے ہیں ﴿۵﴾ اور اگر مشرکین میں سے کوئی بھی تم سے پناہ مانگے③ تو جب تک وہ اللہ تعالیٰ کا کلام سن لیوے اس وقت تک تم اس کو پناہ دے دو، پھر اس کو اس کی امن کی جگہ پر پہنچا دو④؛ یہ اس لیے کہ وہ ایسی قوم ہے جو جانتی نہیں ہے⑤ ﴿۶﴾

اللہ تعالیٰ کے نزدیک اور اس کے رسول کے نزدیک مشرکوں کے لیے معاہدہ کیسے باقی رہ سکتا ہے؟ اِلا یہ کہ جن (مشرکوں) سے تم نے مسجدِ حرام کے پاس عہد کیا، سو جب تک وہ تمہارے ساتھ سیدھے رہیں تو تم بھی ان کے ساتھ سیدھے رہو، یقین رکھو کہ اللہ تقویٰ والوں کو پسند کرتے ہیں ﴿۷﴾

---

① یہ جنگ کا حکم ہے جس میں اس طرح کی کارروائیاں ہوا ہی کرتی ہیں۔ ② یعنی قید، قتل نہ کرو۔

③ اطمینان سے اسلام کی باتوں کو سن سکے اور سمجھ سکے اس کے لیے اس کو دار الاسلام میں رہنے کی اجازت دو اور رہنے کے زمانے میں اس کی حفاظت کرو۔

④ یعنی اس کو امن کی جگہ (اس کا قبیلہ اس کی قوم میں) پہنچ جانے دو؛ تاکہ وہ سوچ سمجھ کر اپنی رائے قائم کرلے۔

⑤ غیر مسلموں کی بہت بڑی تعداد اسلام و قرآن اور نبی ﷺ سے ناواقف ہے ان کو مناسب ذرائع سے تعارف کروانا ضروری ہے۔

كَيْفَ وَإِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ لَا يَرْقُبُوْا فِيْكُمْ إِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ۭ يُرْضُوْنَكُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ وَتَاْبٰى قُلُوْبُهُمْ ۚ وَاَكْثَرُهُمْ فٰسِقُوْنَ ۸ اِشْتَرَوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِهٖ ۭ اِنَّهُمْ سَاۗءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۹ لَا يَرْقُبُوْنَ فِيْ مُؤْمِنٍ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُعْتَدُوْنَ ۱۰ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ ۭ وَنُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۱۱ وَاِنْ نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ عَهْدِهِمْ وَطَعَنُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ فَقَاتِلُوْٓا اَىِٕمَّةَ الْكُفْرِ ۙ اِنَّهُمْ لَآ اَيْمَانَ لَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَنْتَهُوْنَ ۱۲

(ان مشرکوں کی) رعایت کیسے ہوسکتی ہے①؟ جن کی حالت ایسی ہے کہ اگر وہ (کسی وقت) تم پر غالب آجاویں تو تمھارے معاملے میں نہ کسی رشتے داری کا خیال کریں اور نہ کسی معاہدے کا (خیال کریں) ، تم کو وہ اپنی زبانی باتوں سے خوش کررہے ہیں اور ان کے دل تو انکار کرتے ہیں، اور ان میں کے اکثر لوگ تو نافرمان ہیں ﴿۸﴾ انھوں نے اللہ تعالیٰ کی آیتوں کے بدلے میں (دنیا کی) تھوڑی سی قیمت لے لی② نتیجہ یہ ہوا کہ انھوں نے (لوگوں کو) اس (اللہ تعالیٰ) کے راستے سے روکا ہے، یقیناً وہ لوگ بہت برے کام کرتے ہیں ﴿۹﴾ یہ لوگ کسی مؤمن کے بارے میں نہ کسی طرح کی رشتے داری کا لحاظ کرتے ہیں اور نہ کسی معاہدے کا (لحاظ کرتے) اور وہی لوگ حد سے آگے بڑھے ہوئے ہیں ﴿۱۰﴾ سو اگر وہ لوگ توبہ کرلیں③ اور وہ لوگ نماز کو قائم کریں اور وہ لوگ زکوۃ دیویں تو وہ تمھارے دینی بھائی ہوجاویں گے اور ہم ان لوگوں کے لیے احکام کو کھول کھول کر بیان کرتے ہیں جو جاننا چاہتے ہیں ﴿۱۱﴾ اور اگر وہ لوگ اپنے عہد (کرنے) کے بعد اپنی قسموں (یعنی عہدوں) کو توڑ ڈالیں اور وہ تمھارے دین (یعنی اسلام) میں طعنے دیں④ تو تم کفر کے سرداروں سے لڑو⑤، یقیناً ایسے لوگوں کی قسموں کا کوئی اعتبار نہیں ہے شاید کہ وہ لوگ (کفر اور شرارت سے) رک جاویں ﴿۱۲﴾

① (دوسرا ترجمہ) ایسوں کے ساتھ کس طرح صلح قائم رہ سکتی ہے؟ ② دنیوی غرض سے عہد شکنی یہ دینِ صحیح کے مقابلے میں دنیا کو ترجیح دینا ہے ③ یعنی مسلمان ہوجائیں ④ یعنی اعتراض کیے (اسلام اور مسلمانوں کی اہانت کے لیے احکام میں علانیہ جو طعن وتشنیع کی جائے وہ مراد ہے) ⑤ مکہ کے سردار جو مسلمانوں کے خلاف ابھارتے رہتے تھے اور جنگی تیاری میں لگے رہتے تھے، دشمنوں کی طاقت میں اصل یہی لوگ تھے، ان کے خلاف کارروائی کا حکم ہوا؛ تاکہ دشمن کی طاقت ختم ہوجاوے۔

أَلَا تُقَاتِلُونَ قَوْمًا نَّكَثُوا أَيْمَانَهُمْ وَهَمُّوا بِإِخْرَاجِ الرَّسُولِ وَهُم بَدَءُوكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ أَتَخْشَوْنَهُمْ ۚ فَاللَّهُ أَحَقُّ أَن تَخْشَوْهُ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ﴿١٣﴾ قَاتِلُوهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللَّهُ بِأَيْدِيكُمْ وَيُخْزِهِمْ وَيَنصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِينَ ﴿١٤﴾ وَيُذْهِبْ غَيْظَ قُلُوبِهِمْ ۗ وَيَتُوبُ اللَّهُ عَلَىٰ مَن يَشَاءُ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿١٥﴾

کیا تم ایسے لوگوں سے جنگ نہیں کرو گے جنھوں نے اپنی قسموں کو توڑ ڈالا اور انھوں نے رسول (حضرت محمد ﷺ) کو نکالنے کا ارادہ کیا اور انہی لوگوں نے تمھارے خلاف پہلی مرتبہ (چھیڑنے کی) شروعات کی تھی (اے مسلمانو!) کیا تم ان لوگوں سے ڈرتے ہو؟ اگر تم ایمان والے ہو تو اللہ تعالیٰ ہی اس بات کے زیادہ مستحق ہیں کہ تم ان سے ڈرو① ﴿١٣﴾ تم ان سے لڑو، تو اللہ تعالیٰ ان کو تمھارے ہاتھوں سے سزا دیں گے اور (اللہ تعالیٰ) ان کو رسوا کر دیں گے اور (اللہ تعالیٰ) ان کے خلاف تمھاری مدد کریں گے② اور ایمان والی قوم کے سینوں کو (اللہ تعالیٰ) ٹھنڈا کریں گے③ ﴿١٤﴾ اور (اللہ تعالیٰ) ان (مسلمانوں) کے دلوں کا غصہ دور کر دیں گے اور اللہ تعالیٰ جس کو چاہیں گے اس کو توبہ کی توفیق دیں گے④ اور اللہ تعالیٰ تو بڑے جاننے والے ہیں، بڑی حکمت والے ہیں ﴿١٥﴾

---

① اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی کا ایسا خوف جو احکامِ شرعیہ کی ادائیگی میں رکاوٹ بنے وہ کسی مسلمان کے دل میں ہونا ہی نہیں چاہیے، ایمان اور ایسا خوف دونوں ایک دل میں جمع نہیں ہو سکتے۔

② (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ تم کو ان پر غالب کر دیں گے۔

③ یعنی شفا دیں گے (مظلوم کے دل میں ظالم کی طرف سے ہونے والے مسلسل مظالم کے نتیجہ میں جو غم، رنج، غصہ ہوتا ہے وہ قتال کی برکت سے ٹھنڈا ہوتا ہے)

④ جہاد اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے جو رحمۃ للعالمین حضرت محمد ﷺ کے ذریعہ اس امت کو ملی ہے، سابقہ زمانے میں ہوا، پانی، زلزلے کے عام عذاب آتے تھے، جس میں پوری قوم ہلاک کر دی جاتی، جب کہ جہاد کے ذریعہ خاص مجرم لوگوں کو سزا دی جاتی ہے، باقی جو بچ گئے ان میں سے بہت سوں کو ایمان کی سعادت ملی اور ہمیشہ کے لیے جنتی بن گئے۔ دیکھیے حضور ﷺ کو مکہ سے نکالنے پر مکہ پر عمومی عذاب آ جاتا تو پھر ہجرت سے لے کر فتح مکہ تک جو سینکڑوں حضرات کو ایمان کی سعادت ملی وہ کیسے ایمان لانے کا موقع پاتے؟ خلاصہ یہ کہ مرض کی گرہ کو کاٹ کر پورے جسم کو شفا کے ساتھ سلامت رکھنا یہ جہاد ہے، جو رحمت ہے۔

اَمۡ حَسِبۡتُمۡ اَنۡ تُتۡرَكُوۡا وَلَمَّا يَعۡلَمِ اللّٰهُ الَّذِيۡنَ جٰهَدُوۡا مِنۡكُمۡ وَلَمۡ يَتَّخِذُوۡا مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ وَلَا رَسُوۡلِهٖ وَلَا الۡمُؤۡمِنِيۡنَ وَلِيۡجَةً ؕ وَاللّٰهُ خَبِيۡرٌۢ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۱۶﴾

مَا كَانَ لِلۡمُشۡرِكِيۡنَ اَنۡ يَّعۡمُرُوۡا مَسٰجِدَ اللّٰهِ شٰهِدِيۡنَ عَلٰٓى اَنۡفُسِهِمۡ بِالۡكُفۡرِ ؕ اُولٰٓئِكَ حَبِطَتۡ اَعۡمَالُهُمۡ ۖۚ وَفِى النَّارِ هُمۡ خٰلِدُوۡنَ ﴿۱۷﴾ اِنَّمَا يَعۡمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنۡ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ وَلَمۡ يَخۡشَ اِلَّا اللّٰهَ فَعَسٰۤى اُولٰٓئِكَ اَنۡ يَّكُوۡنُوۡا مِنَ الۡمُهۡتَدِيۡنَ ﴿۱۸﴾ اَجَعَلۡتُمۡ سِقَايَةَ الۡحَـآجِّ وَعِمَارَةَ الۡمَسۡجِدِ الۡحَـرَامِ كَمَنۡ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ وَجٰهَدَ فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ ؕ لَا يَسۡتَوٗنَ عِنۡدَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهۡدِى الۡقَوۡمَ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿۱۹﴾

کیا تم نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ تم (ایسے ہی) چھوڑ دیے جاؤ گے؛ حالاں کہ ابھی تک تو اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو ظاہر نہیں کیا جو تم میں سے جہاد کرتے ہیں اور وہ اللہ اور اس کے رسول اور ایمان والوں کو چھوڑ کر کسی اور کو خصوصی راز دار نہیں بناتے ①اور تم جو کام بھی کرتے ہو اللہ تعالیٰ کو اس کی پوری خبر ہے ﴿۱۶﴾

مشرکین کا یہ کام نہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کی مسجدوں کو آباد کریں②؛ جب کہ ان کی حالت یہ ہے کہ وہ خود اپنے (عمل سے) کفر کی شہادت دیتے ہیں③، ایسے ہی لوگوں کے اعمال برباد ہو گئے اور آگ میں وہ ہمیشہ رہیں گے ﴿۱۷﴾ اللہ تعالیٰ کی مسجدوں کو آباد کرنا صرف ان لوگوں کا کام ہے جو اللہ تعالیٰ پر اور قیامت کے دن پر (دل سے) یقین رکھتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے، سو ایسے ہی لوگوں کے لیے امید ہے کہ وہ (لوگ) ہدایت پانے والوں میں سے ہوں گے ﴿۱۸﴾ (مکہ کے اے مشرکو!) کیا تم نے حاجیوں کو پانی پلانے کو اور مسجدِ حرام کو آباد رکھنے کو اس شخص (کے اعمال) کے برابر سمجھ رکھا ہے جو اللہ تعالیٰ پر اور قیامت کے دن پر ایمان لایا ہے اور اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کیا ہے؟ یہ (دونوں قسم کے) لوگ اللہ تعالیٰ کے یہاں برابر نہیں ہو سکتے اور ظلم کرنے والی قوم کو اللہ تعالیٰ ہدایت نہیں دیا کرتے ﴿۱۹﴾

---

① راز دارانہ قلبی دوستی ایمان والوں سے رکھو۔ ② اس میں مسجد کی تعمیر اور اعمال مساجد سے آباد کرنا، حفاظت کرنا، ضروریات کا نظم کرنا اور غیر مناسب چیزوں سے بچانا اور صفائی کرنا یہ سب شامل ہے۔ ③ اپنی ذات پر کفر تسلیم کرتے ہوئے: یعنی کافرانہ نام اور اعمال سے خود کا تعارف کراتے ہو۔

اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۙ اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۲۰﴾ یُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ لَّهُمْ فِیْهَا نَعِیْمٌ مُّقِیْمٌ ﴿۲۱﴾ خٰلِدِیْنَ فِیْهَآ اَبَدًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِیْمٌ ﴿۲۲﴾ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ اَوْلِیَآءَ اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِیْمَانِ ؕ وَمَنْ یَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۳﴾ قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِیْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ ِۨاقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَیْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِیْ سَبِیْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى یَاْتِیَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ وَاللّٰهُ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الْفٰسِقِیْنَ ﴿۲۴﴾

جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے ہجرت کی اور اپنے مال اور اپنی جان سے اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کیا ان کے لیے اللہ تعالیٰ کے یہاں بڑا درجہ ہے اور وہی لوگ کامیاب ہونے والے ہیں ﴿۲۰﴾ ان کے رب ان کو اپنی طرف سے رحمت اور خوشنودی اور ایسے باغات کی جن میں ان کے لیے ہمیشہ کی نعمتیں ہیں① خوش خبری دیتے ہیں ﴿۲۱﴾ ان (باغوں) میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، یقین رکھو اللہ تعالیٰ کے پاس بہت بڑا بدلہ ہے ﴿۲۲﴾ اے ایمان والو! اگر تمھارے باپ اور تمھارے بھائی ایمان کے مقابلے میں کفر کو (زیادہ) پسند کریں تو ان کو (اپنا) دوست مت بناؤ اور تم میں سے جو شخص بھی ان (باپوں اور بھائیوں) سے دوستی کرے گا تو وہی لوگ ظلم کرنے والے ہیں ﴿۲۳﴾ (اے نبی!) تم (مسلمانوں سے) کہہ دو: تمھارے باپ اور تمھارے بیٹے اور تمھارے بھائی اور تمھاری بیویاں اور تمھارا خاندان اور جو مال تم نے کمائے ہیں اور وہ کاروبار جس کے بند ہو جانے سے تم ڈرتے ہو اور وہ مکانات جو تم پسند کرتے ہو اگر یہ سب چیزیں اللہ تعالیٰ اور ان کے رسول اور ان (اللہ تعالیٰ) کے راستے میں جہاد کرنے سے تم کو زیادہ پسند ہیں، تب تو تم انتظار کرو یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اپنا حکم بھیج دیں② اور اللہ تعالیٰ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتے ﴿۲۴﴾

---

① دوسرا ترجمہ: ہمیشہ آرام۔ ② فرضیت کے موقع پر ہجرت نہ کرنے پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے عذاب کا حکم آجائے۔ ©

لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ ۙ وَّيَوْمَ حُنَيْنٍ ۙ اِذْ اَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْـًٔا وَّضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّيْتُمْ مُّدْبِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰي رَسُوْلِهٖ وَعَلَي الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا وَعَذَّبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ وَذٰلِكَ جَزَاۗءُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۶﴾ ثُمَّ يَتُوْبُ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَلٰي مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۷﴾ يٰٓاَيُّھَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا ۚ وَاِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖٓ اِنْ شَاۗءَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۸﴾

پکی بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے (لڑائی کی) بہت ساری جگہوں (یعنی میدانوں) میں تمہاری مدد کی اور (خاص کرکے) حنین کے دن بھی (تمہاری مدد کی) جب تم اپنی تعداد کے زیادہ ہونے پر خوش ہورہے تھے؛ مگر وہ (تعداد کی زیادتی) تم کو کچھ بھی کام نہیں آئی اور زمین اپنے وسیع ہونے کے باوجود تم پر تنگ ہوگئی، پھر تم (کافروں سے) پیٹھ دکھا کر پیچھے ہٹ گئے ﴿۲۵﴾ پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول پر اور ایمان والوں پر اپنی (طرف سے) سکینت اتاری ① اور ایسے لشکر بھیجے جو تم کو نظر نہیں آئے اور کافروں کو (سخت) سزا دی اور کافروں کی تو یہی سزا ہے ﴿۲۶﴾ پھر اللہ تعالیٰ اس (جنگ) کے بعد جس کو چاہیں گے اس کو توبہ (یعنی اسلام) کی توفیق عطا فرمائیں گے ② ور اللہ تعالیٰ بہت زیادہ معاف کرنے والے، سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۲۷﴾ اے ایمان والو! یقیناً مشرک لوگ تو سراپا ناپاک ہیں، سو وہ لوگ اس سال کے بعد مسجدِ حرام کے پاس نہ آدیں ③ اگر تم کو ڈر ہے مفلس ہوجانے کا تو اگر اللہ تعالیٰ چاہیں گے تو وہ تم کو بہت جلدی اپنے فضل سے غنی کریں گے، یقیناً اللہ تعالیٰ بڑے جاننے والے، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۲۸﴾

⇐ اسی طرح اگر ماں، باپ، بھائی، بیوی، اولاد وغیرہ کی محبت کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کے احکام کو پورا کرنے میں کوئی رکاوٹ آئی تو یہ چیزیں انسان کے لیے عذاب کا ذریعہ بن جاتی ہیں۔ اسی طرح ترکِ جہاد پر تنبیہ بھی معلوم ہورہی ہے۔

اس صفحے کا حاشیہ: ① خود نبی کریم ﷺ اور آپ کے ساتھ جمے رہنے والے صحابہ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل ہونے والی تسلی کی برکت سے فتح قریب نظر آنے لگی اور جو حضرات اچانک کے شدید حملے کی وجہ سے ادھر ادھر ہورہے تھے ان کے لیے تسلی ہوگئی اور وہ میدان میں آکر جم گئے۔ ② اہلِ حنین سے بہت ساروں کو ایمان کی سعادت نصیب ہوئی۔

③ پہلے مشرکانہ طور پر حج وعمرے ہوتے تھے، سن ۹ ہجری میں اس کو بند کرنے کا اعلان کردیا گیا۔

قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلَا يَدِيْنُوْنَ دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ۝ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُ ابْنُ اللّٰهِ وَقَالَتِ النَّصٰرَى الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ ۚ يُضَاهِـُٔوْنَ قَوْلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ؕ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝ اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَالْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ ۚ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ سُبْحٰنَهٗ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَيَاْبَى اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ يُّتِمَّ نُوْرَهٗ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۝

تم اہل کتاب میں سے ایسے لوگوں کے ساتھ لڑو جو نہ تو اللہ تعالیٰ پر اور نہ قیامت کے دن پر ایمان رکھتے اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول (محمد ﷺ) کی حرام کی ہوئی چیزوں کو حرام نہیں سمجھتے اور سچے دین کو قبول نہیں کرتے، یہاں تک کہ ماتحت بن کر① (اپنے) ہاتھ سے جزیہ دینا قبول کرلیں ﴿۲۹﴾

اور یہود کہنے لگے کہ: عزیر تو اللہ تعالیٰ کے بیٹے ہیں اور نصاریٰ کہنے لگے کہ: مسیح اللہ تعالیٰ کے بیٹے ہیں، یہ سب ان کی منہ کی بنائی ہوئی باتیں ہیں② ان سے پہلے جو کافر تھے انہی کے جیسی باتیں یہ بھی کہنے لگے، اللہ تعالیٰ ان کو ہلاک کردیں، یہ کہاں اوندھے پھرے جارہے ہیں؟ ﴿۳۰﴾ انھوں (یہود و نصاریٰ) نے اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر اپنے احبار (یعنی یہودی علما) اور اپنے راہبوں (یعنی نصرانی علما) کو اور مریم کے بیٹے مسیح کو رب بنالیا ہے③ حالاں کہ ان کو صرف ایک ہی معبود (اللہ تعالیٰ) کی عبادت کا حکم دیا گیا تھا، اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، جو شرک وہ کرتے ہیں اس سے وہ (اللہ تعالیٰ) پاک ہیں ﴿۳۱﴾ وہ (دشمن) یہ چاہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے نور (یعنی دین اسلام) کو اپنے منہ (کی پھونکوں) سے بجھا دیں④؛ حالاں کہ اللہ تعالیٰ اپنے نور کو پورا کیے بغیر نہیں رہیں گے، چاہے کافر لوگوں کو یہ بات کتنی ہی بری لگے ﴿۳۲﴾

---

① یعنی اسلامی احکام قوانین عامہ کی اطاعت اور بالادستی تسلیم کرلیوے۔ بعض نے "ذلیل ہوکر" یہ ترجمہ بھی کیا ہے۔
② یعنی اس بات پر کوئی دلیل نہیں یا ان کا یہ عقیدہ کوئی مخفی بات نہیں ہے۔ ③ اطاعتِ مطلقہ جو خالص اللہ تعالیٰ کا حق ہے یہود و نصاریٰ اپنے علما کو بھی ویسا سمجھتے تھے۔ ④ دین حق کو مٹانے کی کوشش کرنا مراد ہے۔

هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ وَالرُّهْبَانِ لَيَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ ۭ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ۝

اسی (اللہ تعالیٰ) نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچا دین دے کر بھیجا؛ تا کہ اس کو تمام دین پر غالب کر دیویں، چاہے مشرک لوگوں کو (یہ بات) پسند نہ ہو ﴿۳۳﴾ اے ایمان والو! یقینی بات ہے کہ بہت سارے احبار (یعنی یہودی علما) اور راہب (یعنی نصرانی علما) لوگوں کے مالوں کو غلط طریقے سے کھاتے ہیں اور وہ (لوگوں کو) اللہ تعالیٰ کے راستے سے روکتے ہیں اور جو لوگ سونے اور چاندی کو جمع کر کے رکھتے ہیں اور ان کو اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ نہیں کرتے ① تو ان لوگوں کو دردناک عذاب کی خوش خبری سنادو ﴿۳۴﴾ جس دن جہنم کی آگ میں (رکھ کر) ان (سونے چاندی) کو تپایا جائے گا، پھر ان (تپے ہوئے سونے چاندی) سے ان کی پیشانیوں کو اور ان کی کروٹوں (یعنی پہلوؤں) کو اور ان کی پیٹھوں کو داغا جائے گا ② (اور ان کو کہا جائے گا) یہ تمھارا وہی خزانہ ہے جو تم نے اپنے لیے جمع کر کے رکھا تھا، سو تم نے جو جمع کر کے رکھا تھا اس کا مزہ تم لوگ چکھو ﴿۳۵﴾

① مراد یہ ہے کہ اس جمع کیے ہوئے خزانوں کو اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ نہیں کرتے ان کے لیے یہ وعید ہے۔ قاضی صاحب نے تفسیر مظہری میں ضمیر چاندی کی طرف مانی ہے یعنی کسی کے پاس سونا اور چاندی تھوڑا تھوڑا ہو تو سونے کی قیمت بھی چاندی کے حساب میں لگا کر زکوۃ ادا کرے۔ سونا چاندی قلیل قلیل ہو یا دو میں سے کوئی ایک نقد کرنسی کے ساتھ جمع ہو جائے تو چاندی کے نصاب کو سامنے رکھ کر زکوۃ دیوے یعنی اس صورت میں ادنٰی نصاب کا اعتبار ہے، گرچہ اس وقت کا کم قیمت کا نصاب چاندی کا ہے، قیامت سے پہلے صورتِ حال بدل بھی سکتی ہے۔

② چندہ کرنے والے سفیروں اور فقیروں سے ناگواری کا اظہار کرنے کے لیے پہلے پیشانی چڑھائی، پھر کروٹ پھرالی اور پیٹھ دکھا کر چل دیے؛ اس لیے اسی ترتیب سے عذاب کی طرف اشارہ ہے۔

اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مِنْهَآ اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ فَلَا تَظْلِمُوْا فِيْهِنَّ اَنْفُسَكُمْ وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِيْنَ كَآفَّةً كَمَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ كَآفَّةً ؕ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ۝ اِنَّمَا النَّسِيْٓءُ زِيَادَةٌ فِي الْكُفْرِ يُضَلُّ بِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُحِلُّوْنَهٗ عَامًا وَّيُحَرِّمُوْنَهٗ عَامًا لِّيُوَاطِـُٔوْا عِدَّةَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ فَيُحِلُّوْا مَا حَرَّمَ اللّٰهُ ؕ زُيِّنَ لَهُمْ سُوْٓءُ اَعْمَالِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ۝

جس دن اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اسی دن سے مہینوں کی گنتی اللہ تعالیٰ کے نزدیک اللہ تعالیٰ کی کتاب (یعنی لوحِ محفوظ) میں بارہ مہینے مقرر ہیں، ان میں سے چار (مہینے) احترام والے ہیں، یہی دین (کا) سیدھا (سادہ ضابطہ) ہے①، سوان (چار مہینوں) میں (گناہ کر کے یا ترتیب بدل کر کے) اپنے اوپر ظلم مت کرو② اور (اے مسلمانو!) تم سب مشرکوں سے ہر حالت میں لڑتے رہو جس طرح وہ تم سب (مسلمانوں) سے ہر حالت میں لڑتے ہیں اور تم یہ بات جان لو کہ یقیناً اللہ تعالیٰ تقویٰ والوں کے ساتھ ہیں ﴿۳۶﴾ مہینوں کو آگے پیچھے کرنا کفر (کے زمانے) کی زیادہ کی ہوئی بات ہے③ اس کے ذریعہ کافر لوگ گمراہی میں پڑتے ہیں، وہ کسی سال میں اس (حرام مہینے) کو حلال کردیتے ہیں اور (دوسرے) کسی سال اس کو حرام کرلیتے ہیں؛ تاکہ اللہ تعالیٰ نے جو مہینے حرام کیے ہیں (بس) اس کی گنتی وہ (کسی طرح بھی) پوری کرلیں، پھر جو اللہ تعالیٰ نے حرام کیا اس کو حلال کرلیتے ہیں④، ان کے برے اعمال ان کی نظروں میں خوش نما کر کے دکھائے گئے ہیں اور اللہ تعالیٰ کافر قوم کو ہدایت نہیں دیا کرتے ﴿۳۷﴾

---

① دین کے معنی حساب یعنی یہی صحیح حساب ہے۔

② گناہ کرنے والا خود اپنی جان پر ظلم کرتا ہے؛ کیوں کہ گناہ کا برا انجام اس کی جان ہی کو بھگتنا پڑے گا۔

③ احترام کے مہینوں کو ترتیب میں آگے پیچھے کرنا: تاکہ لڑائی مسلسل لڑ سکے، یا اپنی طرف سے کرنا غلط ہے۔

④ یعنی مہینوں کو آگے پیچھے کر کے انھوں نے چار مہینے کی گنتی تو پوری کرلی؛ لیکن ترتیب بدلنے کا نتیجہ یہ ہوا کہ جس مہینے میں واقعۃً اللہ تعالیٰ نے لڑائی حرام قرار دی تھی، اس میں انھوں نے لڑائی کو حلال کرلیا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَا لَكُمْ اِذَا قِيْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ اِلَى الْاَرْضِ ؕ اَرَضِيْتُمْ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مِنَ الْاٰخِرَةِ ۚ فَمَا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَلِيْلٌ ۝ اِلَّا تَنْفِرُوْا يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ وَّيَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّوْهُ شَيْـًٔا ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۚ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ وَاَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى ؕ وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝

اے ایمان والو! تم کو کیا ہو گیا ہے کہ جب تم کو (یوں) کہا جاتا ہے کہ تم اللہ تعالیٰ کے راستے میں (جہاد کے لیے باہر) نکلو تو تم بھاری ہو کر کے زمین پر گرجاتے ہو①، کیا تم آخرت کے مقابلے میں دنیا کی زندگی پر راضی ہو گئے، سو دنیا کی زندگی کا نفع آخرت کے مقابلے میں بہت ہی تھوڑا ہے ﴿۳۸﴾ اگر تم (جہاد کے لیے) نہیں نکلے تو تم کو وہ (اللہ تعالیٰ) دردناک عذاب دیں گے اور تمھاری جگہ پر وہ (اللہ تعالیٰ) دوسری قوم کو لے آئیں گے② اور تم ان اللہ تعالیٰ (یعنی اس کے دین) کا کچھ بھی بگاڑ نہیں سکو گے اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں ﴿۳۹﴾ اگر تم اس (نبی) کی مدد نہیں کرو گے تو پکی بات ہے کہ (اللہ تعالیٰ اپنے نبی کی مدد کریں گے جیسا کہ) اللہ تعالیٰ اس (نبی) کی مدد اس (نازک) وقت میں کر چکے ہیں جب کافروں نے اس (نبی) کو (مکے سے) نکالا تھا، جبکہ وہ (آپ ﷺ) دو آدمیوں میں سے دوسرے تھے جس وقت وہ دونوں غار میں تھے، جب وہ (نبی) اپنے ساتھی (ابوبکرؓ) سے یہ کہہ رہا تھا کہ تم غم مت کرو، یقین رکھو اللہ تعالیٰ ہمارے ساتھ ہیں، پھر اللہ تعالیٰ نے اس (نبی) پر اپنی (طرف سے) سکینت (یعنی تسلی) نازل فرمائی اور اس (نبی) کی مدد (فرشتوں کے) ایسے لشکروں سے کی جو تم کو نظر نہیں آئے اور اس (اللہ تعالیٰ) نے کافروں کی بات نیچی کر دی اور اللہ کی بات (ہمیشہ) اونچی ہی رہتی ہے اور اللہ تعالیٰ بڑے زبردست، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۴۰﴾

---

① زمین پر گرجاتے ہو (یعنی جہاد کے لیے اٹھ کر چلتے نہیں ہو)۔ ② یعنی پیدا کریں گے۔

اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّثِقَالًا وَّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيْبًا وَّسَفَرًا قَاصِدًا لَّاتَّبَعُوْكَ وَلٰكِنْۢ بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ ؕ وَسَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ ۚ يُهْلِكُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝

عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ ۚ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَتَعْلَمَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ لَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ۝

تم (اللہ تعالیٰ کے راستے میں) چاہے ہلکے ہوں کہ بھاری ہوں نکلو① اور اپنے مال اور اپنی جانوں کے ذریعے اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کرو، اگر تم سمجھتے ہو تو یہی تمھارے لیے بہتر ہے ﴿۴۱﴾ اگر (دنیا کا) سامان نزدیک میں ملنے والا ہوتا اور سفر بھی آسان ہوتا تو وہ (منافق لوگ) ضرور تمھارے ساتھ (سفر میں) چلتے؛ لیکن سفر کی مسافت ان کو لمبی نظر آئی (اس لیے بیٹھ پڑے) اور عنقریب وہ اللہ تعالیٰ (کے نام) کی قسمیں کھائیں گے کہ اگر ہم سے ہو سکتا تو ہم ضرور تمھارے ساتھ (سفر میں) نکلتے (جھوٹی قسم کھا کر کے سفر میں نہ جا کر کے) وہ (منافق) لوگ اپنی ہی جانوں کو ہلاک کر رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ جانتے ہیں کہ وہ (منافق) لوگ بالکل جھوٹے ہی ہیں ﴿۴۲﴾

(اے نبی!) اللہ تعالیٰ نے تم کو معاف کر دیا ہے، تم نے ان کو (جہاد میں شریک نہ ہونے کی) اجازت کیوں دے دی؟ یہاں تک کہ تمھارے سامنے سچ بولنے والے ظاہر ہو جاتے اور جھوٹ بولنے والوں کو بھی تم جان لیتے ﴿۴۳﴾ جو لوگ اللہ تعالیٰ پر اور قیامت کے دن پر (واقعۃً) ایمان لاتے ہیں وہ اپنے مال اور اپنی جانوں سے جہاد کرنے کے بارے میں تم سے② اجازت نہیں مانگیں گے اور اللہ تعالیٰ تقویٰ والوں کو بہت اچھی طرح جانتے ہیں③ ﴿۴۴﴾

---

① ہلکے ہوں یا بھاری اس سے مراد: پیدل ہوں یا سوار، فقیر ہوں یا مال دار، جوان ہوں کہ بوڑھا، سامان کم ہو یا زیادہ ہر حالت میں نکلو② یعنی جہاد میں شریک نہ ہونے کی③ دین کے خاطر جان مال لگانے کے لیے تیار رہنا ایمان کامل کی نشانی ہے۔

اِنَّمَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَارْتَابَتْ قُلُوْبُهُمْ فَهُمْ فِيْ رَيْبِهِمْ يَتَرَدَّدُوْنَ۝ وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ لَاَعَدُّوْا لَهٗ عُدَّةً وَّلٰكِنْ كَرِهَ اللّٰهُ انْۢبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ وَقِيْلَ اقْعُدُوْا مَعَ الْقٰعِدِيْنَ۝ لَوْ خَرَجُوْا فِيْكُمْ مَّا زَادُوْكُمْ اِلَّا خَبَالًا وَّلَاَاوْضَعُوْا خِلٰلَكُمْ يَبْغُوْنَكُمُ الْفِتْنَةَ ۚ وَفِيْكُمْ سَمّٰعُوْنَ لَهُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ۝ لَقَدِ ابْتَغَوُا الْفِتْنَةَ مِنْ قَبْلُ وَقَلَّبُوْا لَكَ الْاُمُوْرَ حَتّٰى جَاۗءَ الْحَقُّ وَظَهَرَ اَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ كٰرِهُوْنَ۝

جولوگ اللہ تعالیٰ پر اور قیامت کے دن پر ایمان نہیں رکھتے اور ان کے (دین کے بارے میں) دل شک میں (پڑے ہوئے) ہیں سو وہ لوگ اپنے شک میں ہی بھٹک رہے ہیں، ایسے ہی لوگ تم سے (جہاد میں نہ آنے کی) اجازت مانگتے ہیں ﴿۴۵﴾ اور اگر وہ (جہاد میں) نکلنے کا ارادہ کرتے تو اس کے لیے کچھ سامان کی تیاری تو کرتے①؛ لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کا اٹھنا پسند نہیں کیا؛ اس لیے ان کو سست پڑا رہنے دیا② اور (ان کو) کہہ دیا گیا کہ: تم بیٹھے رہنے والوں③ کے ساتھ (یہاں) بیٹھے رہو ﴿۴۶﴾ اگر وہ (منافق) تمھارے ساتھ نکلتے بھی تو تمھارے درمیان فساد پھیلانے کے سوا اور کچھ نہیں کرتے اور تم میں فتنہ پھیلانے کے لیے تمھاری صفوں کے درمیان دوڑتے پھرتے④ اور (اب بھی) ان کے کچھ جاسوس لوگ تم میں (موجود) ہیں اور ظلم کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۴۷﴾ پکی بات یہ ہے کہ وہ (منافق لوگ) تو پہلے سے ہی فتنہ (فساد) کی تلاش میں رہتے ہیں⑤ اور تمھارے کاموں کو الٹتے رہے ہیں⑥ یہاں تک کہ حق آپہنچا اور اللہ تعالیٰ کا حکم غالب رہا اور وہ (منافق) لوگ (اس کو) پسند نہیں کرتے ہیں ﴿۴۸﴾

---

① مروجہ تبلیغی اصطلاح میں پیشگی تیاری کی ایک شکل "وصولی" ہے۔

② (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ نے ان کو روک دیا (اللہ تعالیٰ نے ان کو توفیق نہیں دی)۔

③ یعنی معذور، بچے، عورتیں، بوڑھوں کے ساتھ۔ ④ بعض لوگ خیر کے کاموں میں فتنے ہی کھڑے کرنے کا کام کرتے ہیں ایسے لوگ تو باہر ہی رہیں، اس میں کام کرنے والوں کی خیریت ہے۔

⑤ منافقین غزوۂ احد کے وقت آئے تھے، راستے سے ۳۰۰ واپس چلے گئے، گویا اس طرح کی حرکتیں کرنا ان کی پرانی عادت تھی۔ ⑥ (دوسرا ترجمہ) آپ کے متعلق الگ الگ تدبیروں کی الٹ پلٹ کرتے رہے ہیں۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ وَلَا تَفْتِنِّيْ ؕ اَلَا فِي الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا ؕ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ۝ اِنْ تُصِبْكَ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۚ وَاِنْ تُصِبْكَ مُصِيْبَةٌ يَّقُوْلُوْا قَدْ اَخَذْنَاۤ اَمْرَنَا مِنْ قَبْلُ وَيَتَوَلَّوْا وَّهُمْ فَرِحُوْنَ۝ قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَاۤ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰىنَا ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ۝ قُلْ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَاۤ اِلَّاۤ اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ ؕ وَنَحْنُ نَتَرَبَّصُ بِكُمْ اَنْ يُّصِيْبَكُمُ اللّٰهُ بِعَذَابٍ مِّنْ عِنْدِهٖۤ اَوْ بِاَيْدِيْنَا ۖؗ فَتَرَبَّصُوْۤا اِنَّا مَعَكُمْ مُّتَرَبِّصُوْنَ۝

اور ان (منافقوں) میں سے ایک ایسا بھی ہے جو کہتا ہے کہ: تم مجھ کو (جہاد میں نہ آنے کی) اجازت دے دو اور مجھ کو کسی فتنے میں مت ڈالو①، ارے! فتنے میں تو یہ (پہلے ہی) پڑے ہوئے ہیں② اور یقیناً جہنم (آخرت میں) کافروں کو گھیرنے والی ہے③ ﴿۴۹﴾ اگر تم کو کوئی بھلائی پہنچتی ہے تو ان کو تو برا لگتا ہے اور اگر تم کو کوئی دکھ پہنچتا ہے تو وہ (یوں) کہتے ہیں کہ: ہم نے پہلے سے ہی اپنا بچاؤ کر لیا تھا④ اور وہ خوش ہوتے ہوئے (تمھارے پاس سے) واپس چلے جاتے ہیں ﴿۵۰﴾ (اے نبی!) تم (ایسا) کہہ دو کہ: اللہ تعالیٰ نے ہمارے لیے جو مصیبت لکھ دی ہے اس کے سوا کوئی بھی (مصیبت) ہم کو پہنچ ہی نہیں سکتی، وہ (اللہ تعالیٰ) ہمارے مالک ہیں اور ایمان والوں کو اللہ تعالیٰ پر ہی بھروسہ کرنا چاہیے ﴿۵۱﴾ (اے نبی!) تم (ان کو) کہہ دو کہ: تم تو ہمارے لیے دو بھلائیوں⑤ میں سے ایک کا انتظار کرتے ہو اور ہم کو تمھارے بارے میں اس بات کا انتظار ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے پاس سے یا ہمارے ہاتھوں سے تم پر کوئی سزا بھیج دیویں، سو تم لوگ انتظار کرو، ہم بھی تمھارے ساتھ انتظار کرتے ہیں ﴿۵۲﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) گمراہی میں نہ ڈالیے، یہ بات جد بن قیس نامی منافق نے کہی تھی کہ رومیوں کی عورتوں کے حسن کے فتنہ میں پڑ جاؤں گا۔

(نوٹ) بعض لوگ خود ساختہ اعذار پیش کر کے اہم واقعی دینی کاموں سے پیچھے رہنے کی کوشش کرتے ہیں وہ سوچیں۔

② باطنی کفر اور نبی کریم ﷺ کی نافرمانی یہ بڑا فتنہ ہے۔

③ نفاق اور غلط عذر کر کے جہاد میں نہ جانا یہ سب وہ اسباب ہیں جو آخرت میں ان کو جہنم میں لے جانے کا ذریعہ بنیں گے۔

④ (دوسرا ترجمہ) ہمارا کام پہلے سے ہی سنبھال لیا تھا۔ ⑤ فتح اور غنیمت یا شہادت دونوں چیز ہمارے لیے بھلائی ہوتی ہے۔

قُلْ اَنْفِقُوْا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا لَّنْ يُّتَقَبَّلَ مِنْكُمْ ؕ اِنَّكُمْ كُنْتُمْ قَوْمًا فٰسِقِيْنَ۝ وَمَا مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ مِنْهُمْ نَفَقٰتُهُمْ اِلَّاۤ اَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ وَلَا يَاْتُوْنَ الصَّلٰوةَ اِلَّا وَهُمْ كُسَالٰى وَلَا يُنْفِقُوْنَ اِلَّا وَهُمْ كٰرِهُوْنَ۝ فَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَلَاۤ اَوْلَادُهُمْ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ۝ وَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ اِنَّهُمْ لَمِنْكُمْ ؕ وَمَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلٰكِنَّهُمْ قَوْمٌ يَّفْرَقُوْنَ۝ لَوْ يَجِدُوْنَ مَلْجَاً اَوْ مَغٰرٰتٍ اَوْ مُدَّخَلًا لَّوَلَّوْا اِلَيْهِ وَهُمْ يَجْمَحُوْنَ۝

(اے نبی!) تم (ان کو) کہہ دو کہ: تم (جہاد میں) خوشی سے خرچ کرو یا زبردستی (خرچ کرو) تم (لوگوں) سے (اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرنا) بالکل قبول نہیں کیا جائے گا، یقیناً تم لوگ تو ایسی قوم ہو جو (مسلسل) نافرمانی کرتی رہتی ہو ﴿۵۳﴾ اور ان کے (اللہ تعالیٰ کے راستے میں) خرچ کیے ہوئے مال کے ان سے قبول ہونے میں ان کو صرف اس لیے رکاوٹ آئی کہ انھوں نے اللہ تعالیٰ کا اور اس کے رسول کا انکار کیا اور وہ نماز نہیں پڑھتے، مگر بڑی سستی کرتے ہوئے (کچھ پڑھ لیتے ہیں) اور وہ (دل) نہ چاہتے ہوئے (اللہ تعالیٰ کے راستے میں) مال خرچ کرتے ہیں ﴿۵۴﴾ سو ان کے مال اور ان کی اولاد (کے زیادہ ہونے) سے تم کو تعجب نہیں ہونا چاہیے، یقیناً اللہ تعالیٰ تو یہی چاہتے ہیں کہ ان کو ان چیزوں کے ذریعے سے دنیا کی زندگی میں عذاب دیویں① اور ان کی جان کفر کی حالت ہی میں نکلے ﴿۵۵﴾ اور وہ (منافق لوگ) تو اللہ تعالیٰ (کے نام) کی قسم کھاتے ہیں کہ یقیناً وہ تم ہی میں سے ہیں②؛ حالاں کہ وہ تم میں سے نہیں ہیں؛ لیکن وہ تو ڈرپوک لوگ ہیں ﴿۵۶﴾ اگر ان (منافق لوگوں) کو کوئی پناہ کی جگہ مل جاتی یا (پہاڑ میں) غار مل جاتے یا سر گھسانے کی کوئی اور جگہ مل جاتی تو وہ بے لگام ہو کر کے جلدی سے اسی کی طرف بھاگتے③ ﴿۵۷﴾

---

① مال اور اولاد بہت سی مرتبہ انسان کے لیے بدنامی ومصیبت کا ذریعہ بن جاتی ہے، یہ بھی مستقل عذاب ہے، اللّٰھم احفظنا۔

② تاکہ ان منافقوں کے ساتھ کافروں جیسا برتاؤ نہ ہو۔

③ (دوسرا ترجمہ) تو وہ رسیاں تڑوا کر کے اسی کی طرف دوڑیں گے۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ فِي الصَّدَقٰتِ ۚ فَاِنْ اُعْطُوْا مِنْهَا رَضُوْا وَاِنْ لَّمْ يُعْطَوْا مِنْهَآ اِذَا هُمْ يَسْخَطُوْنَ ﴿٥٨﴾ وَلَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۙ وَقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَرَسُوْلُهٗٓ ۙ اِنَّآ اِلَى اللّٰهِ رٰغِبُوْنَ ﴿٥٩﴾

اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَالْغٰرِمِيْنَ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۭ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٦٠﴾

اوران (منافقوں) میں سے کچھ ایسے ہیں جو صدقات (کی تقسیم) میں تم پر عیب (یعنی طعنہ) لگاتے ہیں① اگر ان کو (ان کی مرضی کے مطابق) ان میں سے دے دیا جاوے تب تو وہ راضی ہو جاتے ہیں اور اگر (ان کی مرضی کے مطابق) ان میں سے ان کو نہ دیا جاوے تب تو وہ ناراض ہو جاتے ہیں ﴿۵۸﴾ اور اگر وہ (منافق) اللہ تعالیٰ نے اور اس کے رسول نے ان کو جو دیا اس پر راضی رہتے اور (یوں) کہتے کہ ہم کو تو اللہ تعالیٰ کافی ہیں، آئندہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ہم کو (اور زیادہ) دیں گے اور اس کے رسول بھی (ہم کو دیں گے) یقیناً ہم تو (دل سے) اللہ تعالیٰ ہی کو چاہتے ہیں② ﴿۵۹﴾

یقیناً صدقات③ تو (اصل میں) حق ہے فقیروں کا اور مسکینوں کا اور اس (زکوۃ) کے کام پر جانے والوں کا اور جن کی دل جوئی کرنا مقصود ہو ان کا اور (غلاموں کو)④ آزاد کرانے میں اور مقروضوں کا قرض ادا کرنے میں اور اللہ تعالیٰ کے راستے میں⑤ ور مسافروں (کی مدد) میں (خرچ کیا جاوے) یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے فریضہ ہے اور اللہ تعالیٰ بڑے جاننے والے ہیں، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۶۰﴾

① تفسیر ابن جریر میں کئی روایات اس قسم کی نقل کی گئی ہیں جن میں مذکور ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقات تقسیم فرمائے تو کچھ منافقین نے اعتراض کیا کہ یہ تقسیم (معاذ اللہ) انصاف کے مطابق نہیں ہے۔ وجہ یہی تھی کہ ان منافقوں کو ان کے مطلب کے مطابق نہیں دیا گیا تھا۔ ② (دوسرا ترجمہ) ہم تو اللہ تعالیٰ ہی سے توقع رکھنے والے ہیں۔

③ اللہ تعالیٰ کے لیے مال خرچ کرنا ایمان کی سچائی کی نشانی ہے۔ ④ غلاموں یعنی مکاتب کو۔

⑤ ''فی'' کا اعادہ سے اس مصرف میں خرچ کی اہمیت کی طرف اشارہ نکلتا ہے۔

وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ اُذُنٌ ؕ قُلْ اُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ؕ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۶۱﴾ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ لِيُرْضُوْكُمْ ۚ وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَحَقُّ اَنْ يُّرْضُوْهُ اِنْ كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۶۲﴾ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّهٗ مَنْ يُّحَادِدِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاَنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيْمُ ﴿۶۳﴾

اوران (منافقین) میں سے بعض وہ ہیں جو نبی کو تکلیف دیتے ہیں ①اور وہ (ایسا) کہتے ہیں کہ: وہ (نبی) تو کان ہی ہے ②تو (ان کو جواب میں) کہو کہ: جو تمھارے لیے بھلائی ہے اس میں تو کان ہے ③وہ (نبی) اللہ تعالیٰ پر ایمان لاتے ہیں اور (مخلص) ایمان والوں کی بات کو مان لیتے ہیں اور تم میں سے جو بھی ایمان ظاہر کرے ان کے ساتھ مہربانی کرتے ہیں اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کے رسول کو ستاتے ہیں ان کے لیے دردناک عذاب ہے ﴿۶۱﴾ وہ (منافق) لوگ تمھارے سامنے اللہ تعالیٰ کی قسم کھاتے ہیں؛ تاکہ وہ تم کو خوش کردیویں، اور اگر وہ (سچے) ایمان والے ہیں تو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول زیادہ حق دار ہیں کہ وہ ان کو راضی رکھیں ﴿۶۲﴾ کیا وہ لوگ اتنی بات نہیں جانتے جو شخص بھی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کا مقابلہ کرتا ہے تو اس کے لیے تو جہنم کی آگ ہے جس میں وہ ہمیشہ رہے گا، یہ بڑی رسوائی ہے ﴿۶۳﴾

---

① یعنی نبی کریم ﷺ کی شان میں ایسی بات بولتے ہیں جس کو سن کر آپ ﷺ کو تکلیف ہو۔

② یعنی ہر بات سن لیتے ہیں، منافقین حضرت نبی کریم ﷺ کی مذاق اڑاتے تھے اور یوں کہتے کہ حضرت محمد ﷺ تو جو کچھ سن لیتے ہیں اس پر یقین کر لیتے ہیں: اس لیے ہم کو کوئی فکر نہیں ہے، اگر ان کے خلاف ہماری کوئی سازش کھل بھی گئی تو قسم کھا کر خود کو بری بتادیں گے اور وہ مان بھی لیں گے۔ اس مذاق کا جواب اللہ تعالیٰ نے دیا: تمھاری سازش کی حقیقت نبی کریم ﷺ کو معلوم ہے؛ لیکن وہ مکارمِ اخلاق کی وجہ سے خاموش رہتے ہیں؛ اس لیے ایسا نہ سمجھو کہ ان کو کچھ خبر نہیں ہے، آج دنیا میں اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کے متعلق ایسا برتاؤ کرنے والوں کی بھی کوئی کمی نہیں ہے؛ لیکن ایسے لوگوں کو سمجھنا چاہیے کہ مکارمِ اخلاق سے غلط فائدہ نہ اٹھاویں۔ ③ جو بات تمھارے حق میں خیر ہی خیر ہو وہی بات کان دے کر سنتے ہیں، کسی بات کو سن لینا دو طریقے سے ہوتا ہے: (۱) تصدیق کے لیے یعنی اس بات کو صحیح سچا مان کر سن لینا (۲) کسی بات کو غلط جاننے کے باوجود اچھے اخلاق کی وجہ سے سن لینا۔ یہاں آیت میں دوسری بات کی طرف اشارہ ہے۔

يَحْذَرُ الْمُنٰفِقُوْنَ اَنْ تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُوْرَةٌ تُنَبِّئُهُمْ بِمَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ قُلِ اسْتَهْزِءُوْا ۚ اِنَّ اللّٰهَ مُخْرِجٌ مَّا تَحْذَرُوْنَ ﴿٦٤﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّمَا كُنَّا نَخُوْضُ وَنَلْعَبُ ؕ قُلْ اَبِاللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ وَرَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٦٥﴾ لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ ؕ اِنْ نَّعْفُ عَنْ طَآئِفَةٍ مِّنْكُمْ نُعَذِّبْ طَآئِفَةًۢ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿٦٦﴾

اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ بَعْضُهُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوْفِ وَيَقْبِضُوْنَ اَيْدِيَهُمْ ؕ نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ ؕ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿٦٧﴾

منافق لوگ اس بات سے ڈرتے رہتے ہیں کہ ان (مسلمانوں) پر (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) کوئی سورت اتاری جائے جو ان (منافقوں) کی دل کی باتوں کو ان کے سامنے ظاہر کر دیوے، تم (ان کو) کہو کہ: تم مذاق اڑاتے رہو، جس چیز سے تم ڈرتے ہو یقیناً اللہ تعالیٰ اس کو ظاہر کرنے ہی والے ہیں ﴿٦٤﴾ اور اگر تم ان (منافقوں) سے (مذاق کی وجہ کے بارے میں) سوال کرو تو وہ ضرور جواب میں (ایسا) کہیں گے کہ: ہم تو ہنسی مذاق (والی بات چیت) اور دل لگی کر رہے تھے تو (ان منافقوں کو ایسا) کہو کہ: کیا اللہ تعالیٰ کے ساتھ اور اس کی آیتوں کے ساتھ اور اس کے رسول کے ساتھ تم مذاق کر رہے تھے ﴿٦٥﴾ تم بہانے مت بناؤ، پکی بات یہ ہے کہ اپنے ایمان (کا دعوی کرنے) کے بعد تم نے (صریح) کفر کیا①، اگر ہم تم میں سے کسی ایک جماعت کو (مسلمان ہو جانے پر) معاف بھی کر دیں گے تو دوسری جماعت کو ہم ضرور سزا دیں گے②، اس لیے کہ وہ گنہگار لوگ ہیں ﴿٦٦﴾

منافق مرد اور منافق عورتیں سب آپس میں ایک جیسے ہیں، وہ بری بات سکھاتے ہیں اور اچھی بات سے روکتے ہیں اور اپنے ہاتھوں کو بند رکھتے ہیں③ انھوں نے اللہ تعالیٰ کو بھلا دیا④ تو اس (اللہ تعالیٰ) نے ان کو بھلا دیا⑤، یقیناً منافق لوگ ہی نافرمان ہیں ﴿٦٧﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) تم تو خود کو مؤمن بتا کر کفر کرنے لگے۔ ② جنھوں نے کفر ونفاق اور استہزاء سے توبہ نہیں کی ان کو۔
③ (دوسرا ترجمہ) اپنی مٹھی کو بند رکھتے ہیں؛ یعنی واجب حقوق کو بھی ادا نہیں کرتے، اللہ کے راستے میں جہاد بھی نہیں کرتے۔
④ یعنی اللہ تعالیٰ کی اطاعت نہیں کی۔ ⑤ یعنی اللہ تعالیٰ کی خصوصی رحمت ان کو نہیں ملی، بھول جانے کا جو مفہوم ہمارے محاورے میں استعمال ہوتا ہے وہ ہم باری تعالیٰ کے لیے مراد نہیں لے سکتے، اب آیت کا مفہوم اس طرح ہو سکتا ہے: ⇐

وَعَدَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ هِيَ حَسْبُهُمْ ۚ وَلَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿۶۸﴾ كَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ كَانُوْۤا اَشَدَّ مِنْكُمْ قُوَّةً وَّاَكْثَرَ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا ؕ فَاسْتَمْتَعُوْا بِخَلَاقِهِمْ فَاسْتَمْتَعْتُمْ بِخَلَاقِكُمْ كَمَا اسْتَمْتَعَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ بِخَلَاقِهِمْ وَخُضْتُمْ كَالَّذِيْ خَاضُوْا ؕ اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۶۹﴾ اَلَمْ يَاْتِهِمْ نَبَاُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ۬ۙ وَقَوْمِ اِبْرٰهِيْمَ وَاَصْحٰبِ مَدْيَنَ وَالْمُؤْتَفِكٰتِ ؕ

منافق مردوں سے اور منافق عورتوں سے اور کافروں سے اللہ تعالیٰ نے جہنم کی آگ کا وعدہ کیا ہے، وہ اس (جہنم کی آگ) میں ہمیشہ رہیں گے، وہی (جہنم) ان کو کافی ہے (دوسری کسی سزا کی ضرورت نہیں ہے) اور اللہ تعالیٰ نے ان پر لعنت کی ہے اور ان (منافقوں) کے لیے ہمیشہ کا (برقرار رہنے والا) عذاب ہے ﴿۶۸﴾ تمھاری حالت بھی ان لوگوں جیسی ہے جو تم سے پہلے تھے، وہ تم سے زیادہ طاقت والے تھے اور زیادہ مال اور اولاد والے تھے، سو انھوں نے (دنیا میں) اپنے حصے سے مزہ اڑا لیا، پھر تم نے بھی اسی طرح اپنے حصہ سے مزہ اڑایا جیسا کہ تم سے پہلے لوگوں نے اپنے حصہ سے مزہ اڑایا تھا①، اور جیسے وہ لوگ بیکار کاموں میں پڑے تھے ویسے تم بھی بیکار کاموں میں پڑے ہو، یہی لوگ تھے کہ دنیا اور آخرت میں ان کے اعمال برباد ہوگئے، اور وہی لوگ نقصان میں پڑنے والے ہیں ﴿۶۹﴾ کیا ان (منافقوں) کو ان سے پہلے جو لوگ تھے ان کی (عذاب کی) خبر نہیں پہنچی (یعنی) نوحؑ کی قوم کی اور عاد کی اور ثمود کی اور ابراہیمؑ کی قوم کی اور مدین والوں کی اور جن بستیوں کو الٹ دیا گیا تھا ان کی (یعنی حضرت لوطؑ کی قوم کی)،

⇐ (الف) ان منافقوں نے اللہ تعالیٰ کا خیال نہیں رکھا؛ یعنی اطاعت نہیں کی تو اللہ تعالیٰ نے ان کا خیال نہیں رکھا یعنی اپنی خصوصی رحمت سے نہیں نوازا۔

(ب) اللہ تعالیٰ کے احکام کو اس طرح چھوڑ دیا جیسا کہ بھول ہی گئے ہو تو اللہ تعالیٰ نے ان کو ثواب اور آخرت کے معاملے میں ایسا ہی چھوڑا کہ نیکی اور ثواب میں ان کا نام کہیں نہ رہا۔

① اگلے لوگ طرح طرح کی دنیوی لذتوں میں پڑ کر آخرت کو بھول گئے، مصیبت اور بداخلاقی میں مبتلا ہوگئے۔

اَتَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝ وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ اُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ۭ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۭ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝

ان (قوموں) کے پاس ان کے پیغمبر کھلی ہوئی نشانیاں لے کر آئے تھے، سو اللہ تعالیٰ نے ان پر ظلم نہیں کیا؛ لیکن وہ خود اپنی جانوں پر ظلم کر رہے تھے ﴿۷۰﴾ اور ایمان والے مرد اور ایمان والی عورتیں آپس میں ایک دوسرے کی مدد کرنے والے ہیں، اچھی بات سکھلاتے ہیں اور وہ بری بات سے روکتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور زکوۃ دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتے ہیں، ان ہی لوگوں پر اللہ تعالیٰ بہت جلد رحم کریں گے، یقین رکھو! اللہ تعالیٰ بڑے زبردست ہیں، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۷۱﴾ اللہ تعالیٰ نے ایمان والے مردوں سے اور ایمان والی عورتوں سے ایسے باغوں کا وعدہ کیا ہے کہ ان کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی، ان میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور سدا بہار باغوں میں ① پاکیزہ مکانات کا (جو ان کے لیے ہیں) اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے رضامندی (ان) سب (نعمتوں) سے بڑی ہے، یہی بہت بڑی کامیابی ہوگی ﴿۷۲﴾

اے نبی! کافروں اور منافقوں کے ساتھ تم جہاد کرو اور تم ان پر سختی کرو ② اور جہنم (کی آگ) ان کے رہنے کی جگہ ہے اور وہ بہت بری رہنے کی جگہ ہے ﴿۷۳﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) ہمیشہ رہنے کے باغات میں۔

② (۱) سامنے والا جیسے سلوک کا مستحق ہو اس میں کوئی رعایت نہ برتے (۲) احکام شرعیہ کو جاری کرنے میں کمی نہ کریں (۳) یعنی تمہارا عمل ان پر سختی کا ہو (۴) ایسی زبانی سختی جس میں گالی گلوچ ہو جائے وہ مناسب نہیں ہے۔

يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ مَا قَالُوْا ؕ وَلَقَدْ قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَكَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ وَهَمُّوْا بِمَا لَمْ يَنَالُوْا ۚ وَمَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ اَنْ اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَاِنْ يَّتُوْبُوْا يَكُ خَيْرًا لَّهُمْ ۚ وَاِنْ يَّتَوَلَّوْا يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَمَا لَهُمْ فِي الْاَرْضِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝ وَمِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ اٰتٰىنَا مِنْ فَضْلِهٖ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ فَلَمَّآ اٰتٰىهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ بَخِلُوْا بِهٖ وَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝ فَاَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِيْ قُلُوْبِهِمْ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَوْنَهٗ بِمَآ اَخْلَفُوا اللّٰهَ مَا وَعَدُوْهُ وَبِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ۝

وہ (منافق) لوگ اللہ تعالیٰ (کے نام) کی قسم کھاتے ہیں کہ یہ بات ① انھوں نے نہیں کہی؛ حالاں کہ پکی بات ہے کہ انھوں نے تو کفر کی بات کہی ہے ② اور اپنے اسلام (کے ظاہر کرنے) کے بعد وہ (صریح) کافر بن گئے اور انھوں نے تو ایسا کام کرنے کا ارادہ کیا تھا جس کام کو وہ کر نہیں سکے ③ اور ان منافقوں نے یہ صرف اس بات کا بدلہ لیا کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول نے ان کو اپنے فضل سے غنی کر دیا ④، سو اگر وہ (منافق) توبہ کر لیں تو ان کے لیے بھلائی ہے اور اگر وہ مانیں گے نہیں تو اللہ تعالیٰ ان کو دنیا اور آخرت میں دردناک عذاب دیں گے اور زمین (یعنی دنیا) میں ان کے لیے نہ کوئی طرف داری کرنے والا ہوگا اور نہ کوئی مدد کرنے والا (ہوگا) ﴿۷۴﴾ اور ان (منافقوں) میں سے کچھ ایسے بھی ہیں جنھوں نے اللہ تعالیٰ سے عہد کیا ہے کہ اگر وہ (اللہ تعالیٰ) ہم کو اپنے فضل سے دیں گے تو ہم ضرور صدقہ کریں گے اور ہم ضرور نیک لوگوں میں سے ہو جائیں گے ﴿۷۵﴾ پھر جب اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنے فضل سے دیا تو وہ اس میں بخیلی کرنے لگے اور وہ (اپنے عہد سے) پھر گئے اور (اس طرح) پھر جانے کی ان کی عادت ہے ﴿۷۶﴾ سو ان کی سزا میں اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں نفاق قائم کر دیا اس دن تک کہ جس دن وہ اس کے سامنے حاضر ہوں گے (یعنی قیامت تک)؛ اس لیے کہ انھوں نے اللہ تعالیٰ سے جو وعدہ کیا تھا اس کے خلاف کیا اور اس لیے کہ وہ لوگ جھوٹ بولا کرتے تھے ﴿۷۷﴾

---

① یعنی حضور ﷺ کی شان میں گستاخی والی۔ ② جس کے دل میں ایمان ہوگا وہ کبھی رسول ﷺ کی گستاخی نہیں کر سکتا، گستاخانہ بات اور عمل دلیل ہے نفاق کی۔ ③ یعنی نبی کریم ﷺ کے قتل کا منصوبہ۔ ④ یعنی احسان کا بدلہ قتل کی سازش۔

اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۝ اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الصَّدَقٰتِ وَالَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ اِلَّا جُهْدَهُمْ فَيَسْخَرُوْنَ مِنْهُمْ ۭ سَخِرَ اللّٰهُ مِنْهُمْ ۡ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ۭ اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝

فَرِحَ الْمُخَلَّفُوْنَ بِمَقْعَدِهِمْ خِلٰفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَكَرِهُوْٓا اَنْ يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَالُوْا لَا تَنْفِرُوْا فِي الْحَرِّ ۭ

کیا وہ لوگ اتنا بھی نہیں جانتے کہ ان کی چھپی ہوئی بات کو اور ان کے آپس کے مشوروں کو اللہ تعالیٰ جانتے ہیں اور یقیناً اللہ تعالیٰ تو تمام چھپی ہوئی باتوں کو پوری طرح جانتے ہیں ﴿۷۸﴾ وہ (منافق) لوگ جو دل کھول کر خرچ کرنے والے مومنوں کو طعنہ مارتے ہیں اور جن (مسلمانوں) کے پاس اپنی محنت (کی کمائی) کے سوا کچھ نہیں ہیں (وہ اپنی طاقت کے مطابق خرچ کرتے ہیں) سو وہ (منافقین) ان کا (بھی) مذاق اڑاتے ہیں، اللہ تعالیٰ ان کو ان کے مذاق اڑانے کی سزا دیں گے① اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے ﴿۷۹﴾ تم ان (منافقوں) کے لیے (اللہ تعالیٰ سے) معافی مانگو یا معافی نہ مانگو، اگر تم ان کے لیے ستر مرتبہ معافی مانگو گے تو بھی اللہ تعالیٰ ان کو ہرگز معاف نہیں کریں گے، یہ اس لیے کہ انھوں نے اللہ اور اس کے رسول کا انکار کیا اور اللہ تعالیٰ نافرمان قوم کو ہدایت نہیں دیتے ﴿۸۰﴾

رسول اللہ ﷺ کے (تبوک میں تشریف لے جانے کے) بعد پیچھے رہنے والے اپنے بیٹھے رہنے پر بھی خوش ہو گئے اور اپنے مال اور اپنی جان سے اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کرنا ان کو پسند نہیں تھا② اور وہ کہنے لگے کہ تم گرمی میں مت نکلو،

---

① بعض لوگوں کا مزاج عیب جوئی اور طعنہ زنی کا ہوتا ہے، لوگوں کی اچھائی بھی ان کو برائی ہی نظر آتی ہے۔ ایسے لوگوں نے غزوۂ تبوک میں زیادہ صدقہ دینے والوں کو ریا کا طعنہ دیا تو اپنی حیثیت کے مطابق کم دینے والوں کو بھی طعنہ دیا کہ چڑیا کی ٹانگ خرچ کرنے سے کیا حاصل؟ اس طرح کے لوگ ہر دور میں رہتے ہیں، ان کی طرف دھیان دیے بغیر اخلاص سے کام کرنا ہے۔ ② آرام طلبی اور کفر کی وجہ سے اللہ کے راستے میں نکلنے کو پسند نہیں کرتے۔

قُلْ نَارُ جَهَنَّمَ اَشَدُّ حَرًّا ۭ لَوْ كَانُوْا يَفْقَهُوْنَ ۞ فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا وَّلْيَبْكُوْا كَثِيْرًا ۚ جَزَاۗءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۞ فَاِنْ رَّجَعَكَ اللّٰهُ اِلٰى طَاۗىِٕفَةٍ مِّنْهُمْ فَاسْتَاْذَنُوْكَ لِلْخُرُوْجِ فَقُلْ لَّنْ تَخْرُجُوْا مَعِيَ اَبَدًا وَّلَنْ تُقَاتِلُوْا مَعِيَ عَدُوًّا ۭ اِنَّكُمْ رَضِيْتُمْ بِالْقُعُوْدِ اَوَّلَ مَرَّةٍ فَاقْعُدُوْا مَعَ الْخٰلِفِيْنَ ۞ وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓي اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰي قَبْرِهٖ ۭ اِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَاتُوْا وَهُمْ فٰسِقُوْنَ ۞ وَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَاَوْلَادُهُمْ ۭ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ۞

توتم (ان کو) کہو کہ: جہنم کی آگ بہت زیادہ گرم ہے، کاش کہ وہ (اس بات کو) سمجھتے ﴿۸۱﴾ سو ان (منافقوں) کو چاہیے کہ (دنیا میں) تھوڑا سا ہنس لیں اور جو کمائی (یعنی گناہ) وہ لوگ کرتے تھے اس کے بدلے میں (آخرت میں) وہ بہت زیادہ روتے رہیں① ﴿۸۲﴾ سو (اے نبی!) اللہ تعالیٰ تم کو ان (منافقوں) کی کسی جماعت کے پاس (تبوک سے فراغت پر) واپس لے جاویں اور وہ (کسی جہاد میں) نکلنے کے لیے تم سے اجازت مانگے تو تم (ان کو) کہہ دو: تم کبھی بھی میرے ساتھ نہیں نکلو گے② اور تم میرے ساتھ مل کر کسی دشمن سے کبھی نہیں لڑسکو گے، یقیناً تم نے تو پہلی بار بیٹھے رہنے کو پسند کیا تھا؛ لہٰذا اب بھی پیچھے رہنے والوں (معذوروں) کے ساتھ بیٹھے رہو③ ﴿۸۳﴾ اور ان (منافقوں) میں سے کوئی مرجاوے تو تم اس پر کبھی بھی (جنازے کی) نماز نہ پڑھنا اور اس کی قبر پر کھڑے بھی نہ رہنا؛ (کیوں کہ) ان منافقوں نے تو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کا انکار کیا ہے اور نافرمان ہونے کی حالت ہی میں وہ مرے ہیں ﴿۸۴﴾ اور ان (منافقوں) کے مال اور ان کی اولاد (کی کثرت) سے تم تعجب مت کرو، اللہ تعالیٰ تو یہ چاہتے ہیں کہ ان (چیزوں) کے ذریعہ ان کو دنیا کی زندگی میں عذاب دیویں اور ان کی جانیں کفر ہی کی حالت میں نکلیں ﴿۸۵﴾

---

① امر بمعنی خبر یعنی یقیناً ایسا ہوگا یا اس آیت سے بتلایا گیا۔

② اس وقت تم ان کو کہہ دینا کہ تم میرے ساتھ (جہاد میں) کبھی بھی نہیں چل سکو گے۔

③ یہ ان کے لیے دنیوی سزا تھی کہ آئندہ وہ خود جہاد میں شریک ہونا چاہیں تو بھی ان کو شریک نہ کیا جاوے۔

وَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ اَنْ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَجَاهِدُوْا مَعَ رَسُوْلِهِ اسْتَاْذَنَكَ اُولُوا الطَّوْلِ مِنْهُمْ وَقَالُوْا ذَرْنَا نَكُنْ مَّعَ الْقٰعِدِيْنَ ۞ رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ وَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ۞ لٰكِنِ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ ۫ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۞ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۞

وَجَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ لِيُؤْذَنَ لَهُمْ وَقَعَدَ الَّذِيْنَ كَذَبُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۞

اور جب کوئی سورت اس حکم کے ساتھ اتاری جاتی ہے کہ تم اللہ تعالیٰ پر ایمان لاؤ اور تم اس کے رسول کے ساتھ مل کر جہاد کرو تو ان (منافقوں) میں سے جو طاقت والے ہیں وہ تم سے اجازت مانگتے ہیں اور وہ (یوں) کہتے ہیں کہ: ہم کو (یہیں) چھوڑ دو، ہم بھی بیٹھے رہنے والوں کے ساتھ (یہیں) رہیں ①﴿۸۶﴾ پیچھے رہنے والی عورتوں میں شامل رہنا انھوں نے پسند کیا اور ان کے دلوں پر مہر لگا دی گئی ②، سو وہ سمجھتے نہیں ہیں (کہ وہ کیا کر رہے ہیں) ﴿۸۷﴾ لیکن رسول اور جو لوگ ان (رسول) کے ساتھ ایمان لائے انھوں نے اپنے مال اور اپنی جان کے ذریعہ جہاد کیا اور ایسے لوگوں کے لیے بھلائیاں ہیں اور ایسے ہی لوگ کامیاب ہوں گے ﴿۸۸﴾ اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے ایسے باغات تیار کیے ہیں کہ ان کے نیچے سے نہریں بہتی ہیں، وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے، یہ بہت بڑی کامیابی ہے ﴿۸۹﴾

اور دیہات کے لوگ بھی عذر کرتے ہوئے آئے؛ تاکہ ان کو بھی (جہاد میں شریک نہ ہونے کی) اجازت دے دی جاوے اور (ان دیہات والوں میں سے) جنھوں نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کو جھٹلایا وہ سب (گھر ہی میں تو) بیٹھے رہے ③، ان میں سے جو کافر ہیں عنقریب ان کو دردناک عذاب پہنچے گا ﴿۹۰﴾

---

① یعنی معذوروں کے ساتھ وطن میں رہیں۔ ② یعنی نیکی کی توفیق سے ہمیشہ کے لیے محروم کر دیے گئے۔

③ یہاں دیہات کے لوگ دو طرح کے بتائے گئے: (۱) تبوک میں نہ آئے بلکہ عذر پیش کرنے آئے (۲) بعض وہ جنھوں نے عذر پیش کرنے کی بھی زحمت گوارہ نہ کی۔

لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضٰى وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ مَا يُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ مَا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ سَبِيْلٍ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۙ﴿۹۱﴾ وَّلَا عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا مَاۤ اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَاۤ اَجِدُ مَاۤ اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ ۪ تَوَلَّوْا وَّاَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا اَلَّا يَجِدُوْا مَا يُنْفِقُوْنَ ﴿ؕ۹۲﴾ اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ وَهُمْ اَغْنِيَآءُ ۚ رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ ۙ وَطَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۹۳﴾

کمزور لوگوں پر اور بیمار لوگوں پر اور جن کے پاس خرچ کرنے کے لیے کچھ بھی نہیں ہے ان سب پر (جہاد میں نہ جانے کی وجہ سے) کوئی گناہ نہیں ہے، جبکہ وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے لیے دل صاف رکھتے ہیں ① اور نیکی کرنے والوں پر کوئی الزام نہیں ہے اور اللہ تعالیٰ تو بہت زیادہ معاف کرنے والے، سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۹۱﴾ اور ان لوگوں پر بھی (کوئی گناہ) نہیں ہے جو تمھارے پاس اس لیے آئے کہ تم ان کے لیے سواری کا انتظام کر دو، تو تم نے (جواب میں یوں) کہا کہ: ابھی میرے پاس کوئی ایسی (سواری کی) چیز نہیں ہے جس پر میں تم کو سوار کر دوں، تو وہ (یہ سن کر اس حالت میں) واپس چلے گئے اور ان کی آنکھوں میں سے غم کی وجہ سے آنسو بہہ رہے تھے اس بات پر کہ (اللہ تعالیٰ کے راستے میں) خرچ کرنے کی کوئی چیز وہ لوگ پاتے نہیں ہیں ﴿۹۲﴾ الزام تو ایسے لوگوں پر ہے جو مال دار ہونے کے باوجود تم سے اجازت مانگتے ہیں، پیچھے رہنے والی عورتوں کے ساتھ رہ جانے پر وہ خوش ہوئے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں پر مہر لگا دی ہے، اس لیے اب یہ کچھ نہیں جانتے ﴿۹۳﴾

① اللہ اور اس کے رسول سے وہ اخلاص والا تعلق رکھتے ہو۔

يَعْتَذِرُوْنَ اِلَيْكُمْ اِذَا رَجَعْتُمْ اِلَيْهِمْ ؕ قُلْ لَّا تَعْتَذِرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكُمْ قَدْ نَبَّاَنَا اللّٰهُ مِنْ اَخْبَارِكُمْ ؕ وَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ۝ سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ اِذَا انْقَلَبْتُمْ اِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ اِنَّهُمْ رِجْسٌ ؗ وَّمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ۝ يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ۚ فَاِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ۝ اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا وَّاَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا حُدُوْدَ مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ ؕ

جب تم (جہاد سے) ان (منافقوں) کی طرف واپس جاؤ گے تو وہ لوگ تمھارے سامنے بہانے کرنے آئیں گے تو تم (اے نبی!) کہہ دو کہ: تم بہانے مت بناؤ، ہم تمھاری بات ہرگز نہیں مانیں گے، اللہ تعالیٰ نے ہم کو تمھارے حالات اچھی طرح بتلا دیے ہیں اور آئندہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول تمھارے کام (یعنی کارگزاری) کو دیکھیں گے ①، پھر تم چھپی اور کھلی چیز کو جاننے والے (اللہ تعالیٰ) کی طرف لوٹا دیے جاؤ گے، پھر وہ (اللہ تعالیٰ) جو کام تم کرتے تھے اس کی حقیقت تم کو بتلا دیں گے ﴿۹۴﴾ جب تم (لوٹ کر) ان کے پاس واپس جاؤ گے تو وہ (منافق) لوگ تمھارے سامنے اللہ تعالیٰ کی قسمیں کھائیں گے؛ تاکہ تم ان سے درگزر کرو، تو تم ان کو نظر انداز کردو ②، یقیناً وہ (منافق) لوگ تو ناپاک ہیں اور جہنم ان کے رہنے کی جگہ ہے، جو (گناہ) وہ کماتے تھے یہ اس کی سزا ہے ﴿۹۵﴾ وہ لوگ تو تمھارے سامنے قسمیں کھائیں گے؛ تاکہ تم ان سے راضی ہو جاؤ، سو اگر تم ان (منافقوں) سے راضی ہو جاؤ گے تو بھی یہ بات تو یقینی ہے کہ اللہ تعالیٰ نافرمان لوگوں سے راضی نہیں ہوں گے ﴿۹۶﴾ گاؤں کے رہنے والے (جو منافق ہیں وہ) کفر اور نفاق میں بہت ہی سخت ہیں اور (وہ دوسروں سے) اس بات کے زیادہ لائق ہیں کہ جو احکام اللہ نے اپنے رسول پر اتارے ہیں وہ اس کو نہ سیکھیں ③

---

① آئندہ تمھارا طرزِ عمل کیسا رہے گا وہ اصل ہے، یہ "عملی توبہ" بتائی گئی۔ ② (دوسرا ترجمہ) تم بھی ان سے درگزر کرو۔ (تیسرا ترجمہ) ان کو ان کی حالت پر رہنے دو (یعنی زبان سے تنبیہ نہ کرو، شگفتہ تعلق بھی مت رکھو، یہ سب ان لوگوں کو بے فائدہ ہے؛ چوں کہ بنیادی چیز ان میں ایمان ہی نہیں) ③ (دوسرا ترجمہ) وہ اس سے ناواقف رہیں۔
نوٹ: اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ اہلِ علم سے دور رہتے ہیں اور دل میں قساوت ہے، جھوٹی قسم کی بھی کوئی پرواہ نہیں ہے۔

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۹۷﴾ وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يَّتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ مَغْرَمًا وَّيَتَرَبَّصُ بِكُمُ الدَّوَآئِرَ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۹۸﴾ وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ؕ اَلَاۤ اِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ ؕ سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹۹﴾

وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ ۙ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَاۤ اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۰۰﴾

اور اللہ تعالیٰ تو بہت زیادہ جاننے والے، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۹۷﴾ اور بعض دیہاتی ایسے ہیں ① جو (اللہ تعالیٰ کے نام پر) خرچ کرنے کو ایک قسم کا تاوان سمجھتے ہیں ② اور وہ انتظار کرتے ہیں کہ تم (مسلمانوں) پر مصیبت کا کوئی چکر آجاوے ③؛ (حالاں کہ) بری مصیبت کا چکر (خود) ان پر پڑنے والا ہے اور اللہ تعالیٰ تو بہت زیادہ سنتے ہیں، بڑے جاننے والے ہیں ﴿۹۸﴾ اور گاؤں کے رہنے والوں میں سے بعض ایسے بھی ہیں جو اللہ تعالیٰ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں اور جو کچھ (اللہ تعالیٰ کے نام پر) خرچ کرتے ہیں اس کو اللہ تعالیٰ کے نزدیک پہنچنے کا اور پیغمبر کی دعائیں حاصل کرنے کا ذریعہ سمجھتے ہیں، سن لو! یقیناً وہ چیز ان کے لیے (اللہ تعالیٰ کے) نزدیک پہنچنے کا ذریعہ ہے، اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو عنقریب اپنی رحمت میں داخل کریں گے، یقیناً اللہ تعالیٰ تو بہت زیادہ معاف کرنے والے، سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۹۹﴾

اور وہ مہاجرین اور انصار جنھوں نے (ایمان کی دعوت قبول کرنے میں) سب سے پہلے سبقت کی ④ اور جن لوگوں نے نیکی کے ساتھ ان کی اتباع کی ⑤ اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہوگئے اور وہ لوگ بھی اس (اللہ تعالیٰ) سے راضی ہوگئے اور اس (اللہ تعالیٰ) نے ان کے لیے باغات تیار کر رکھے ہیں کہ ان کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، ان میں ہمیشہ رہیں گے، یہ بہت بڑی کامیابی ہوگی ﴿۱۰۰﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) گاؤں (کے منافقوں) میں رہنے والے بعض ایسے بھی ہیں۔ ② یعنی بوجھ سمجھتے ہیں۔ ⇐

وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ مُنٰفِقُوْنَ ۛؕ وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ۛ مَرَدُوْا عَلَى النِّفَاقِ لَا تَعْلَمُهُمْ ؕ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ؕ سَنُعَذِّبُهُمْ مَّرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّوْنَ اِلٰى عَذَابٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾ وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۰۲﴾ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۰۳﴾

اور تمھارے آس پاس کے گاؤں (کے رہنے) والوں میں سے (بھی) بعض لوگ منافق ہیں اور مدینہ (کے رہنے) والوں میں سے بھی (بعض لوگ منافق ہیں) جو نفاق پر (ایسے) اڑ گئے ہیں ① کہ تم تو ان کو جانتے نہیں ہو، ہم ان کو جانتے ہیں، عنقریب ہم ان کو دو مرتبہ سزا دیں گے ② پھر (آخرت میں) بڑے عذاب کی طرف وہ لوگ بھیجے جائیں گے ﴿۱۰۱﴾ اور دوسرے (بعض) لوگوں نے اپنے گناہوں کا اقرار کر لیا ہے کہ انھوں نے کچھ نیک کام اور دوسرے برے کام کو آپس میں ملا دیا ہے ③ امید ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی توبہ قبول کر لیں گے، یقیناً اللہ تعالیٰ بہت معاف کرنے والے، سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۱۰۲﴾ (اے نبی!) تم ان کے مالوں میں سے صدقہ وصول کرو، جس کے ذریعے تم ان کو پاک اور صاف کر دو ④ اور (صدقہ لیتے وقت) تم ان کے لیے (برکت کی) دعا کر دو، یقیناً تمھاری دعا ان کے لیے سکون کا ذریعہ ہوگی اور اللہ تعالیٰ ہر بات اچھی طرح سنتے ہیں اور بڑے جاننے والے ہیں ﴿۱۰۳﴾

⊃ ④ یعنی کسی حادثے میں مسلمان ختم ہو جاویں۔ ⑤ (دوسرا ترجمہ) جو لوگ سب سے اول (ایمان کی دعوت) قبول کرنے والے ہیں۔ ⑥ (دوسرا ترجمہ) اخلاص کے ساتھ ان کے راستے پر چلے۔

اس صفحے کا حاشیہ:

① (دوسرا ترجمہ) جو نفاق میں (ایسے) ماہر ہو گئے ہیں۔

② یعنی قیامت سے پہلے دنیا میں دو مرتبہ عذاب ہے: (۱) نفاق کو چھپانے کی فکر اور دنیوی بدنامی (۲) عذاب قبر۔

③ برا عمل غزوۂ تبوک میں شرکت نہ کرنا اور نیک عمل یعنی دوسرے غزوات کی شرکت اور اعمال صالحہ یعنی انھوں نے کچھ اچھے اور کچھ برے ملے جلے کام کیے۔

④ (دوسرا) ان کو برکت والا بنا دو۔ نوٹ: دینی کاموں کے لیے کوئی مسلمان چندہ دیوے تو اس کے لیے دعا کرنی چاہیے۔

أَلَمْ يَعْلَمُوٓا أَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَأْخُذُ الصَّدَقٰتِ وَأَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ۝ وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ وَسَتُرَدُّوْنَ إِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ۝ وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِأَمْرِ اللّٰهِ إِمَّا يُعَذِّبُهُمْ وَإِمَّا يَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ۝ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا ضِرَارًا وَّكُفْرًا وَّتَفْرِيْقًا بَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَإِرْصَادًا لِّمَنْ حَارَبَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ مِنْ قَبْلُ ؕ وَلَيَحْلِفُنَّ إِنْ أَرَدْنَآ إِلَّا الْحُسْنٰى ؕ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ إِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ۝

کیا ان کو یہ بات معلوم نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتے ہیں اور (بندوں کے) صدقات (بھی) قبول کرتے ہیں اور یقین رکھو! اللہ تعالیٰ ہی بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والے، سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۱۰۴﴾ اور تم (ان لوگوں کو) کہہ دو کہ: تم عمل کرتے رہو، سو عنقریب اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اور ایمان والے تمہارے طرزِ عمل کو دیکھیں گے اور تم لوگ چھپی اور کھلی چیزوں کے جاننے والے (یعنی اللہ تعالیٰ) کی طرف واپس لوٹائے جاؤ گے، پھر وہ (اللہ تعالیٰ) تم کو جو کام تم کرتے تھے اس کی حقیقت بتلا دیں گے ﴿۱۰۵﴾ اور دوسرے کچھ لوگ ایسے ہیں جن کا فیصلہ اللہ تعالیٰ کا حکم آنے تک ملتوی کر دیا گیا ہے یا تو وہ ان کو سزا دیں اور یا وہ ان کو معاف کر دیں اور اللہ تعالیٰ تو بہت زیادہ جاننے والے، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۱۰۶﴾ اور جن لوگوں نے ایک مسجد (مسلمانوں کو) نقصان پہنچانے کے لیے اور کفر (کو طاقت پہنچانے) کے لیے اور ایمان والوں کے درمیان پھوٹ ڈالنے کے لیے بنائی اور اس آدمی کو① اڈہ (یعنی ٹھہرنے کی جگہ) دینے کے لیے جو پہلے سے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے ساتھ لڑائی (مخالفت) کر رہا ہے، اور (اوپر سے) ضرور یہ لوگ قسم کھائیں گے کہ ہمارا ارادہ تو بس بھلائی ہی کا ہے اور اللہ تعالیٰ گواہی دیتے ہیں کہ یقیناً وہ لوگ جھوٹے ہیں ﴿۱۰۷﴾

---

① حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ غسیل الملائکۃ کا باپ ابو عامر فاسق مراد ہے۔

لَا تَقُمْ فِيهِ أَبَدًا ۚ لَمَسْجِدٌ أُسِّسَ عَلَى التَّقْوَىٰ مِنْ أَوَّلِ يَوْمٍ أَحَقُّ أَنْ تَقُومَ فِيهِ ۚ فِيهِ رِجَالٌ يُحِبُّونَ أَنْ يَتَطَهَّرُوا ۚ وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِينَ ﴿١٠٨﴾ أَفَمَنْ أَسَّسَ بُنْيَانَهُ عَلَىٰ تَقْوَىٰ مِنَ اللَّهِ وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ أَمْ مَنْ أَسَّسَ بُنْيَانَهُ عَلَىٰ شَفَا جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ بِهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ ۗ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ﴿١٠٩﴾ لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِي بَنَوْا رِيبَةً فِي قُلُوبِهِمْ إِلَّا أَنْ تَقَطَّعَ قُلُوبُهُمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿١١٠﴾

إِنَّ اللَّهَ اشْتَرَىٰ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ أَنْفُسَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ بِأَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ۚ

(اے نبی!) تم اس میں کبھی (نماز کے لیے) کھڑے مت رہنا، البتہ وہ مسجد جس کی بنیاد پہلے ہی دن سے تقویٰ پر رکھی گئی ہے ① وہ زیادہ لائق ہے کہ تم اس میں (نماز کے لیے) کھڑے ہوں، اس (مسجد) میں ایسے لوگ ہیں جو صاف ستھرا رہنے کو پسند کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ پاک صاف رہنے والوں کو پسند فرماتے ہیں ﴿١٠٨﴾ کیا بھلا وہ شخص جس نے اپنی عمارت (یعنی مسجد) کی بنیاد اللہ تعالیٰ کے تقویٰ اور (اس کی) خوشنودی پر رکھی ہو وہ بہتر ہے یا (وہ بہتر ہوگا) جس آدمی نے اپنی عمارت (یعنی مسجد) کی بنیاد کسی کھائی کے کنارے پر رکھی ہو جو گرنے کو ہے ② جو اس (بانی) کو لے کر جہنم کی آگ میں گر پڑے اور اللہ تعالیٰ ظلم کرنے والی قوم کو ہدایت نہیں دیتے ﴿١٠٩﴾ ان کی وہ عمارت جو انھوں نے بنائی تھی وہ ان کے دلوں میں اس وقت تک برابر شک پیدا کرتی رہے گی جب تک ان کے دل کے ٹکڑے ٹکڑے نہ ہو جاویں ③ اور اللہ تعالیٰ بہت زیادہ جاننے والے، بڑی حکمت والے ہیں ﴿١١٠﴾

یقیناً اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں سے ان کی جانوں کو اور ان کے مالوں کو اس قیمت پر خرید لیا ہے کہ ان کے لیے جنت ہے،

---

① اس سے مراد مسجد قبا ہے اور مسجد نبوی بھی اس کے مصداق میں داخل ہے، دونوں ہی کی بنیاد تقویٰ اور اللہ کی خوشنودی پر تھی۔ ② ''جرف'' نالہ یا نہر کا وہ کنارہ جس کو پانی کے بہاؤ نے کاٹ کر کھو دیا ہوا اور وہ گرنے کے قریب ہو۔ (لغات قرآن)

③ اس سے مراد: (١) دل ہی ٹوٹ کے ختم ہو جائے تو ارمان بھی ختم ہو جائے۔ (٢) حقیقت میں دل تو ٹوٹتا نہیں؛ بلکہ مراد یہ ہے کہ حسرت اور ندامت ان کو ہمیشہ رہے گی یہ ایک محاورہ ہے۔

يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُونَ وَيُقْتَلُونَ ۖ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرٰىةِ وَالْإِنْجِيلِ وَالْقُرْاٰنِ ۚ وَمَنْ أَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوا بِبَيْعِكُمُ الَّذِي بَايَعْتُمْ بِهٖ ۚ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿۱۱۱﴾ اَلتَّآئِبُونَ الْعٰبِدُونَ الْحٰمِدُونَ السَّآئِحُونَ الرّٰكِعُونَ السّٰجِدُونَ الْاٰمِرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّاهُونَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُونَ لِحُدُودِ اللّٰهِ ۗ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ ﴿۱۱۲﴾ مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ اٰمَنُوا أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ وَلَوْ كَانُوا أُولِي قُرْبٰى مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحٰبُ الْجَحِيمِ ﴿۱۱۳﴾

کہ وہ اللہ تعالیٰ کے راستے میں قتال کرتے ہیں سو (کبھی تو) وہ (دشمنوں کو) مارتے ہیں اور (کبھی) وہ خود شہید ہوجاتے ہیں، یہ اس کے ذمہ ایک سچا وعدہ ہے جو تورات اور انجیل اور قرآن میں ہے اور اللہ تعالیٰ سے زیادہ اپنے وعدے کو پورا کرنے والا کون ہوگا؟ لہذا (اے مسلمانو!) تم اپنے اس (کامل) سودے پر جو تم نے اس (اللہ تعالیٰ) سے کرلیا ہے اس پر خوشیاں مناؤ اور یہی بہت بڑی کامیابی ہے ﴿۱۱۱﴾ وہ توبہ کرنے والے، (اللہ تعالیٰ کی) بندگی کرنے والے، (اللہ تعالیٰ کی) حمد کرنے والے، روزہ رکھنے والے①، رکوع کرنے والے، سجدہ کرنے والے، اچھی بات کا حکم کرنے والے اور بری بات سے روکنے والے اور اللہ تعالیٰ کی (یعنی دین کی) حدوں کی حفاظت کرنے والے ہیں اور (ایسے) ایمان والوں کو تم خوش خبری سنادو ﴿۱۱۲﴾ نبی اور (دوسرے) ایمان والوں کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ مشرکوں کے لیے (اللہ تعالیٰ سے) استغفار کریں، چاہے وہ (مشرک) رشتے دار ہی کیوں نہ ہو، ان کے سامنے یہ بات ظاہر ہوجانے کے بعد کہ یقیناً وہ (مشرکین ایمان نہ لانے کی وجہ سے) جہنم (میں جانے ہی) والے ہیں ﴿۱۱۳﴾

---

① اس کا دوسرا معنی "عبادت کے لیے گھر بار چھوڑ دینا بھی ہے" اس اعتبار سے جہاد اور طلب علم کے لیے جانے والے بھی اس کے مصداق ہیں۔ قرآن نے یہاں جو لفظ استعمال کیا ہے وہ "السائحون" ہے۔ اس لفظ کے اصل معنی تو سیاحت کرنے والے کے ہیں، لیکن آپ ﷺ نے اس کی تفسیر "روزہ رکھنے والے" سے فرمائی ہے۔ اور یہی تفسیر متعدد صحابہؓ اور تابعین سے منقول ہے۔ بظاہر روزے کو سیاحت اس لیے فرمایا گیا کہ جس طرح سفر میں انسان کے کھانے پینے، سونے، جاگنے وغیرہ کے معمولات قائم نہیں رہتے، اسی طرح روزے میں بھی ان معمولات میں فرق آجاتا ہے۔

وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَاۤ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗۤ اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّاَ مِنْهُ ؕ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ ۝ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًۢا بَعْدَ اِذْ هَدٰىهُمْ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمْ مَّا يَتَّقُوْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ اِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ؕ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝ لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنْۢ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيْغُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّهٗ بِهِمْ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝

اور ابراہیم (علیہ السلام) نے اپنے ابا کے لیے (اللہ تعالیٰ سے) معافی کی جو دعا مانگی تھی وہ تو صرف ایک وعدے کی وجہ سے جو اس نے اس (ابا) سے کیا تھا، پھر جب اس (ابراہیم علیہ السلام) پر یہ بات ظاہر ہو گئی کہ یقیناً وہ (ابا) تو اللہ تعالیٰ کا دشمن ہے تو اس (ابراہیم) نے اس سے تعلق ہی ختم کر دیا، یقیناً ابراہیم (علیہ السلام) بہت نرم دل① بہت زیادہ حلم والے تھے ﴿۱۱۴﴾ اور اللہ تعالیٰ ایسے نہیں ہیں کہ کسی قوم کو ہدایت دینے کے بعد ان کو گمراہ کر دیں جب تک کہ ان کے سامنے جن باتوں سے بچنا (ضروری) ہے اس کو کھول کر بیان نہ کر دیں، یقین رکھو! اللہ تعالیٰ ہر چیز کو پوری طرح جانتے ہیں ﴿۱۱۵﴾ یقیناً اللہ تعالیٰ ہی کے لیے آسمانوں اور زمین کی حکومت ہے، وہی (اللہ تعالیٰ) زندگی دیتے ہیں اور موت دیتے ہیں اور تمھارے لیے اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی حفاظت کرنے والا نہیں ہے اور مدد کرنے والا (بھی) نہیں ہے ﴿۱۱۶﴾ یقیناً اللہ تعالیٰ نے مہربانی کی نبی پر اور مہاجرین پر اور انصار پر جنھوں نے ایسی مشکل کی گھڑی میں نبی کا ساتھ دیا جب کہ ان میں سے بعض لوگوں کا دل ڈگمگانے کے قریب ہو گیا تھا، پھر اس (اللہ تعالیٰ) نے ان کو اپنی مہربانی سے سنبھال لیا، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) ان (ایمان والوں) کے ساتھ بہت زیادہ شفقت کرنے والے ہیں، بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۱۱۷﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) بہت زیادہ (اللہ تعالیٰ کے) سامنے آہ آہ کرنے والے (تیسرا) بہت زیادہ دعا کرنے والے (چوتھا) اللہ کے بندوں پر رحم کرنے والے۔

وَّعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ؕ حَتّٰۤى اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوْۤا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّاۤ اِلَيْهِ ؕ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۱۸﴾

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَلَا يَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَاٌ وَّلَا نَصَبٌ وَّلَا مَخْمَصَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَطَـُٔوْنَ مَوْطِئًا يَّغِيْظُ الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ ؕ

اور ان تین شخصوں پر بھی (اللہ نے رحمت کی نظر فرمائی) جن کا فیصلہ (آئندہ کے لیے) ملتوی رکھا گیا تھا، یہاں تک کہ جب زمین اپنی تمام وسعتوں کے باوجود ان پر تنگ ہوگئی اور خود ان کی زندگی بھی ان پر تنگ ہوگئی، اور وہ سمجھ گئے کہ اللہ تعالیٰ (کی پکڑ) سے اس (اللہ کی پناہ) کے بغیر کوئی پناہ کی جگہ نہیں مل سکتی، پھر اللہ تعالیٰ نے ان پر مہربانی فرمائی①؛ تاکہ وہ (آئندہ اللہ ہی کی طرف) رجوع کرتے رہیں، یقیناً اللہ تعالیٰ ہی توبہ کو بہت زیادہ قبول کرنے والے، سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۱۱۸﴾

اے ایمان والو! تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور تم سچے لوگوں کے ساتھ رہا کرو ﴿۱۱۹﴾ مدینہ (میں رہنے) والوں اور ان کے آس پاس کے دیہاتیوں کے لیے یہ بات مناسب نہیں تھی کہ وہ رسول اللہ (ﷺ کے ساتھ جہاد میں جانے) سے پیچھے رہ جاویں اور نہ یہ کہ اپنی جانوں کو اس (رسول ﷺ) کی جان سے زیادہ چاہنے لگیں②، یہ اس واسطے کہ ان (مجاہدین) کو جب کبھی بھی اللہ کے راستے میں پیاس لگتی ہے اور تھکن ہوجاتی ہے اور بھوک لگتی ہے اور وہ کوئی قدم رکھتے ہوں (یعنی چلتے ہوں) جس سے کافر لوگ غصہ ہوتے ہوں اور دشمن کے مقابلے میں وہ کوئی بھی کامیابی حاصل کرتے ہیں③ تو (ان مجاہدین کے اعمال ناموں میں) ان سب کاموں کے بدلے میں ان کے لیے ایک نیک عمل ضرور لکھا جاتا ہے،

---

① یعنی ان کی توبہ قبول فرمائی۔

② (دوسرا ترجمہ) اور ان (مسلمانوں) کے لیے یہ (بات بھی جائز) نہیں کہ بس وہ اپنی جان کو پیاری سمجھتے ہوئے اس (رسول اللہ ﷺ) کی جان سے بے فکر ہوجاویں۔ ③ (دوسرا ترجمہ) وہ دشمن سے کوئی بھی چیز چھین لیتے ہیں۔

إِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٢٠﴾ وَلَا يُنْفِقُوْنَ نَفَقَةً صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً وَّلَا يَقْطَعُوْنَ وَادِيًا إِلَّا كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ أَحْسَنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٢١﴾ وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا كَآفَّةً ۚ فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوْا إِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ ﴿١٢٢﴾

يٰٓأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَاتِلُوا الَّذِيْنَ يَلُوْنَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوْا فِيْكُمْ غِلْظَةً ۚ وَاعْلَمُوْا أَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿١٢٣﴾

یقیناً اللہ تعالیٰ نیکی کرنے والوں کا ثواب ضائع نہیں کرتے ﴿۱۲۰﴾ اور وہ (مجاہدین اللہ تعالیٰ کے راستے میں) تھوڑا سا خرچ یا بڑا خرچ کرتے ہیں اور کسی وادی کو وہ لوگ پار کرتے ہیں ان سب (کے ثواب) کو ان کے لیے لکھ ہی دیا جاتا ہے؛ تاکہ اللہ تعالیٰ ان کے بہترین کاموں کا ان کو بدلہ دیویں① ﴿۱۲۱﴾ اور ایمان والوں کے لیے یہ بھی مناسب نہیں ہے کہ وہ (ہر وقت) سب کے سب (جہاد کے لیے) نکل پڑیں بلہذا ایسا کیوں نہیں کرتے کہ ان کی ہر بڑی جماعت میں سے ایک چھوٹی جماعت (جہاد کے لیے) نکلے؛ تاکہ (باقی لوگ جو جہاد میں نہیں گئے ہیں) وہ دین کی سمجھ حاصل کرنے میں محنت کریں②؛ اور تاکہ جب ان کی قوم کے لوگ (یعنی مجاہدین) ان کے پاس واپس آئیں تو وہ (دین کی سمجھ حاصل کرنے والے) ان (مجاہدین) کو (اللہ تعالیٰ کے احکام سکھلا کر) ڈراویں؛ تاکہ وہ (احکام کے خلاف کرنے سے) بچتے رہیں ﴿۱۲۲﴾

اے ایمان والو! جو کافر لوگ تمھارے نزدیک ہیں③ ان سے تم جنگ کرو اور ان کو تمھارے برتاؤ میں سختی معلوم ہونی چاہیے④ اور تم لوگ جان لو کہ یقیناً اللہ تعالیٰ (کی مدد) تقویٰ والوں کے ساتھ ہے ﴿۱۲۳﴾

---

① دونوں آیتوں سے یہ بات ملتی ہے کہ اختیاری اور غیر اختیاری تمام اعمال پر اس مبارک راستے کی برکت سے اجر و ثواب ملتا ہے۔ ② "تفقہ" باب تفعل سے ہے جس میں محنت و مشقت کا معنی نکلتا ہے۔ ③ جہاد ایک خیر خواہی ہے، وہ مقام یا رشتے میں قریب لوگوں سے پہلے ہونی چاہیے۔ ④ جب جہاد ہو اس وقت بھی مضبوط رہو، ڈھیلے مت پڑو اور جب جہاد نہیں ہے؛ لیکن زمانہ صلح کا نہیں ہے اس وقت بھی تمھارا برتاؤ ان کے ساتھ ایسا ہو کہ تمھارے میں ڈھیلے پن کا احساس ان کو نہ ہو۔

وَإِذَا مَا أُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ اَيُّكُمْ زَادَتْهُ هٰذِهٖۤ اِيْمَانًا ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
فَزَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّهُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ۝ وَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا
اِلٰى رِجْسِهِمْ وَمَاتُوْا وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ۝ اَوَلَا يَرَوْنَ اَنَّهُمْ يُفْتَنُوْنَ فِيْ كُلِّ عَامٍ مَّرَّةً اَوْ
مَرَّتَيْنِ ثُمَّ لَا يَتُوْبُوْنَ وَلَا هُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ۝ وَاِذَا مَا اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ نَّظَرَ بَعْضُهُمْ اِلٰى
بَعْضٍ ۭ هَلْ يَرٰىكُمْ مِّنْ اَحَدٍ ثُمَّ انْصَرَفُوْا ۭ صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ۝

اور جب کوئی سورت اتاری جاتی ہے تو ان (منافقوں) میں کچھ ایسے لوگ بھی ہیں جو (آپس میں یا سادہ مسلمانوں سے یوں) کہتے ہیں کہ: اس (سورت) نے تم میں سے کس کے ایمان کو بڑھا دیا؟ سو بہر حال! جو لوگ (حقیقت میں) ایمان والے ہیں ان کے ایمان کو تو اس (سورت) نے زیادہ کر دیا ہے اور وہ لوگ (اس ایمان کے زیادہ ہونے پر) خوش ہو رہے ہیں ﴿۱۲۴﴾ اور رہے وہ لوگ جن کے دلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے تو اس (سورت) نے ان کی (پچھلی) گندگی میں دوسری (نئی) گندگی کا اضافہ کر دیا اور وہ لوگ مرتے دم تک کافر ہی رہے ﴿۱۲۵﴾ کیا وہ لوگ یہ بات نہیں دیکھتے کہ ہر سال ایک مرتبہ یا دو مرتبہ ان کی کوئی نہ کوئی آزمائش کی جاتی ہے① پھر بھی وہ لوگ توبہ نہیں کرتے② اور وہ لوگ نصیحت (بھی) حاصل نہیں کرتے ﴿۱۲۶﴾ اور جب کوئی (نئی) سورت اتاری جاتی ہے تو وہ (منافقین خاص انداز سے) ایک دوسرے کی طرف دیکھنے لگتے ہیں (پھر اشارے سے ایک دوسرے کو کہتے ہیں) کہ کیا (مسلمانوں میں سے) کوئی تم کو دیکھ تو نہیں رہا ہے؟ پھر وہ (نظر بچا کر مجلس سے) چل دیتے ہیں، اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں ہی کو پھرا دیا③؛ اس لیے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو کچھ سمجھتے ہی نہیں ہیں ﴿۱۲۷﴾

---

① یعنی ہر سال ایک بار یا دو بار کسی نہ کسی آفت میں پھنستے رہتے ہیں۔ شاید مقدار مقصود نہیں، بتلانا یہ ہے کہ آزمائشوں کا سلسلہ چلتا ہی رہتا ہے، پھر بھی وہ لوگ عبرت حاصل نہیں کرتے۔ ② یعنی باز نہیں آتے۔

③ یعنی حضور ﷺ کی مبارک مجلس سے کیا ہٹے، اللہ تعالیٰ نے ان کو ایمان سے ہٹا دیا۔ بے ادبی انسان کو بہت ساری خیرات سے یہاں تک کہ ایمان تک سے محرومی کا ذریعہ بن سکتی ہے۔ **اللھم احفظنا**۔

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾

پکی بات یہ ہے کہ تمھارے پاس ایک رسول تمھیں میں سے تشریف لائے ہیں، تمھاری تکلیف ان کو بہت بھاری لگتی ہے، تمھاری بھلائی وہ بہت چاہتے ہیں① ایمان والوں کے ساتھ بہت زیادہ شفقت کرنے والے، بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۱۲۸﴾ پھر بھی اگر وہ لوگ منہ پھرا لیویں② تو (اے نبی!) تم (ان سے) کہہ دو کہ: اللہ تعالیٰ میرے لیے کافی ہے، اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا کوئی معبود نہیں، اسی (اللہ تعالیٰ) پر میں نے بھروسہ کیا اور وہ (اللہ تعالیٰ) بہت بڑے عرش کے مالک ہیں ﴿۱۲۹﴾

① (دوسرا ترجمہ) تم کو بھلائی پہنچانے کی ان کو دھن لگی ہوئی ہے (تیسرا ترجمہ) تمھارے (فائدے اور ہدایت کے) لیے بڑے حریص ہیں۔ ② یعنی نبی کی دعوت کو قبول نہ کریں۔

سورۃ یونس

(المکیة)

آیاتھا:۱۰۹۔

رکوعاتھا:۱۱۔

سورۂ یونس

یہ سورت مکی ہے، اس میں ایک سونو (۱۰۹) آیتیں ہیں، سورۂ اسراء کے بعد اور سورۂ ہود سے پہلے اکیاون (۵۱) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت کی آیت نمبر (۸۱): حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو آدمی رات کو بستر پر لیٹ کر اس آیت کو پڑھ لے تو جادوگروں کا جادو اس پر نہیں چلے گا اور جس پر پہلے سے جادو ہوا ہو اس پر لکھ دیا جائے تو جادو ختم ہو جائے گا۔

حضرت یونس بن متیٰ: بنی اسرائیل میں سے پیغمبر ہیں، نینویٰ (عراق) کے علاقے میں ہدایت کے لیے بھیجے گئے، آپ کی امتِ دعوت میں ایک لاکھ سے زائد لوگ تھے، تقریباً چالیس روز مچھلی کے پیٹ میں رہے؛ اسی لیے آپ ذوالنون کے لقب سے مشہور ہوئے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ① اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى رَجُلٍ مِّنْهُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ قَالَ الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ ② اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ مَا مِنْ شَفِيْعٍ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اِذْنِهٖ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ③

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

الر، یہ حکمت سے بھری ہوئی کتاب کی آیتیں ہیں ﴿۱﴾ کیا (مکہ کے) لوگوں کو تعجب ہوا ہے کہ ہم نے انھی میں سے ایک آدمی کی طرف وحی بھیجی: یہ کہ تم لوگوں کو (نافرمانی کرنے پر اللہ تعالیٰ کے عذاب سے) ڈراؤ اور ایمان والوں کو تم خوش خبری سنادو کہ: ان کے لیے ان کے رب کے پاس سچا پایہ ہے ① تو کافر لوگ (یہ) کہنے لگے کہ: یہ (آدمی) تو کھلم کھلا جادوگر ہے ﴿۲﴾ یقیناً تمھارے رب اللہ تعالیٰ ہیں، جنھوں نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا، پھر وہ (اللہ تعالیٰ) عرش پر قائم ہوئے، وہی (اللہ تعالیٰ ہر) کام کا انتظام کرتے ہیں ②، کوئی بھی (اللہ تعالیٰ کے سامنے) سفارش نہیں کرسکتا؛ مگر اس کی اجازت کے بعد (سفارش ہوسکتی ہے) وہی اللہ تعالیٰ تمھارے رب ہیں، سو تم اسی کی عبادت کرو، کیا پھر بھی تم لوگ نصیحت حاصل نہیں کرتے؟ ﴿۳﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اونچا مرتبہ (انسان کی سعی اور ترقی کے لیے قدم ذریعہ ہے؛ اس لیے مجازی طور پر بلند مرتبہ اور ترقی کو عربی میں "قدم" اور اردو میں "بڑھتے قدم" کی تعبیر دیتے ہیں)

"صدق" کا لفظ بتاتا ہے کہ جنت کے درجات لازوال ہیں، یقینی ہیں، دنیوی درجات اور ترقی کی طرح عارضی نہیں ہیں، اسی طرح وہ درجات صدق واخلاص سے ملیں گے۔

② یعنی پیدا کرکے چھوڑ نہیں دیا؛ بلکہ تمام عالموں کا اور اس کی مخلوق کا انتظام بھی اللہ تعالیٰ کے پاس ہے، سب کا نظم ان کی قدرت میں ہے۔

إِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيعًا ۖ وَعْدَ اللَّهِ حَقًّا ۚ إِنَّهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ لِيَجْزِيَ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ بِالْقِسْطِ ۚ وَالَّذِينَ كَفَرُوا لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيمٍ وَعَذَابٌ أَلِيمٌ بِمَا كَانُوا يَكْفُرُونَ ﴿٤﴾ هُوَ الَّذِي جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَاءً وَالْقَمَرَ نُورًا وَقَدَّرَهُ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوا عَدَدَ السِّنِينَ وَالْحِسَابَ ۚ مَا خَلَقَ اللَّهُ ذَٰلِكَ إِلَّا بِالْحَقِّ ۚ يُفَصِّلُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ﴿٥﴾ إِنَّ فِي اخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا خَلَقَ اللَّهُ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَتَّقُونَ ﴿٦﴾ إِنَّ الَّذِينَ لَا يَرْجُونَ لِقَاءَنَا وَرَضُوا بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَاطْمَأَنُّوا بِهَا وَالَّذِينَ هُمْ عَنْ آيَاتِنَا غَافِلُونَ ﴿٧﴾ أُولَٰئِكَ مَأْوَاهُمُ النَّارُ بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿٨﴾

اسی (اللہ تعالیٰ) کی طرف تم سب کو واپس جانا ہے، اللہ تعالیٰ کا وعدہ بالکل سچا ہے، یقیناً وہ (تمام) مخلوق کو شروع (یعنی پہلی مرتبہ) میں (بھی) پیدا کرتے ہیں اور وہی اس کو دوسری مرتبہ بھی پیدا کریں گے؛ تاکہ ایمان والوں کو اور نیک کام کرنے والوں کو انصاف سے (پورا) بدلہ دیویں اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لیے گرم، کھولتا ہوا پانی پینے کے لیے اور دردناک عذاب ہوگا؛ اس لیے کہ وہ لوگ (ایمان کا) انکار کرتے تھے ﴿۴﴾ وہی (اللہ تعالیٰ) ہے جس نے سورج کو چمک دار بنایا اور چاند کو روشن بنایا اور اس (یا ان) کے لیے منزلیں مقرر کردیں؛ تاکہ تم سالوں کی گنتی کو اور حساب کو جان لو، اللہ تعالیٰ نے یہ سب چیزیں صحیح مقصد ہی کے لیے پیدا کی ہیں، وہ (اللہ تعالیٰ اپنی) دلیلوں کو کھول کھول کر بیان کرتے ہیں سمجھدار قوم کے واسطے ﴿۵﴾ یقیناً رات اور دن کے بدلنے میں① اور اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین میں جو کچھ بھی پیدا کیا ہے اس میں تقویٰ والے لوگوں کے لیے (توحید کی بڑی) نشانیاں ہیں ﴿۶﴾ یقیناً جو لوگ (آخرت میں) ہماری ملاقات کی امید ہی نہیں رکھتے اور وہ دنیا کی زندگی سے راضی ہوگئے اور وہ اس پر مطمئن ہوگئے② اور جو لوگ ہماری آیتوں کے بارے میں غفلت میں پڑے ہوئے ہیں ﴿۷﴾ ایسے ہی لوگوں کے لیے ان کے کمائے ہوئے (برے) کاموں کی وجہ سے آگ ٹھکانہ ہوگا ﴿۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) ایک کے بعد دوسرے کے آنے میں۔ ② یعنی دنیا میں جی لگا کر بیٹھ گئے۔

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ يَهْدِيهِمْ رَبُّهُمْ بِإِيمَانِهِمْ ۖ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهِمُ الْأَنْهٰرُ فِي جَنّٰتِ النَّعِيمِ ﴿۹﴾ دَعْوٰىهُمْ فِيهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيهَا سَلٰمٌ ۚ وَآخِرُ دَعْوٰىهُمْ أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ ﴿۱۰﴾

وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ إِلَيْهِمْ أَجَلُهُمْ ۖ فَنَذَرُ الَّذِينَ لَا يَرْجُونَ لِقَاءَنَا فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ﴿۱۱﴾

یقیناً جو لوگ ایمان لائے اور وہ نیک کام کرتے رہے ان کو ان کے ایمان کی وجہ سے ان کے رب (اس) منزل تک پہنچادیں گے کہ نعمتوں سے بھرے ہوئے باغات میں ان کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی ﴿۹﴾ ان کی اس (جنت) میں دعا یہ ہوگی کہ ① اے اللہ! آپ تو (ہر عیب سے) پاک ہیں اور اس میں ایک دوسرے کی ملاقات کے وقت سلام بولیں گے ② اور ان کی آخری بات یہ ہوگی کہ: ③ تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں جو تمام عالموں کے رب ہیں ﴿۱۰﴾

اور جس طرح لوگ بھلائی مانگنے میں جلدی کرتے ہیں اگر اسی طرح اللہ تعالیٰ لوگوں پر برائی بھیجنے میں جلدی کر دیتے ④ تو ان کی عمر (یعنی زندگی) کب سے ختم کر دی جاتی ⑤ سو جن لوگوں کو (آخرت میں) ہماری ملاقات کی امید ہی نہیں ہے ہم ان کو (ان کے حال پر) چھوڑے رکھتے ہیں کہ وہ اپنی شرارت میں بھٹکتے پھرتے رہیں ﴿۱۱﴾

---

① جنت میں کسی چیز کی چاہت کے اظہار کے لیے یہ اصطلاح بن جاوے گی، اس کے بولنے میں لذت بھی ہوگی، گویا صراحۃً کسی چیز کو مانگنے کی ضرورت نہ ہوگی، یا جنت میں داخلہ کے وقت بے ساختہ یہ جملہ بول اٹھیں گے۔

② جنت میں "سلام" کا کلمہ بشارت کے طور پر ہے، دنیا میں دعا کے طور پر ہے۔ ③ یا بات پوری کرتے وقت۔

④ انسان غصے کی حالت میں مال اور اولاد کے لیے بددعا کر ڈالتا ہے، اسی طرح آخرت کے منکرین عذاب کو فوری طلب کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ اس کو جلد قبول نہیں فرماتے، یہ بھی نوازش ہے، ورنہ تباہی جلد آجاوے۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) تو ان کا (عذاب کا) وعدہ کبھی کا پورا ہو چکا ہوتا۔ (لیکن ایسی جلد بازی اللہ تعالیٰ کی حکمت کے خلاف ہے، تا کہ سرکش لوگ گمراہی میں بھٹکتے رہیں اور ان پر حجت تمام ہو جائے اور جو کچھ سے کام لینا چاہتے ہوں انھیں راہِ راست پر آنے کا موقع مل جائے)

وَإِذَا مَسَّ الْإِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْۢبِهٖٓ اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَآئِمًا ۚ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَآ اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ۭ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٢﴾ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا ۙ وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿١٣﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰكُمْ خَلٰۗىِٕفَ فِي الْاَرْضِ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٤﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيَاتُنَا بَيِّنٰتٍ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَاۗءَنَا ائْتِ بِقُرْاٰنٍ غَيْرِ هٰذَآ اَوْ بَدِّلْهُ ۭ قُلْ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اُبَدِّلَهٗ مِنْ تِلْقَاۗئِ نَفْسِيْ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۚ اِنِّىْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿١٥﴾

اور جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو اپنے پہلو پر (سوکر) یا بیٹھے بیٹھے یا کھڑے کھڑے (ہر حالت میں) ہم کو پکارتا ہے، پھر جب اس سے ہم اس کی تکلیف دور کر دیتے ہیں تو وہ اس طرح چلا جاتا ہے جیسے خود کو پہنچنے والی تکلیف پر ہم کو پکارا ہی نہیں تھا① اسی طرح حد سے آگے بڑھنے والے (یعنی بے باک) لوگوں کے لیے جو (برے) کام وہ کر رہے ہیں خوش نما کر دیے جاتے ہیں ﴿۱۲﴾ اور پکی بات ہے کہ ہم نے تم سے پہلے بہت ساری جماعتوں کو ہلاک کر دیا، جب انھوں نے ظلم کیا؛ حالاں کہ ان کے پاس ان کے رسول کھلی نشانیاں لے کر آئے تھے؛ لیکن وہ ہرگز ایمان لانے والے نہیں تھے، گنہگار لوگوں کو ہم اسی طرح سزا دیتے ہیں ﴿۱۳﴾ پھر ہم نے ان کے بعد تم کو زمین میں نائب بنایا②؛ تا کہ ہم دیکھ لیویں کہ تم کس طرح عمل کرتے ہو؟ ﴿۱۴﴾ اور جب ان کے سامنے ہماری آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں جو بالکل صاف صاف ہیں تو جو لوگ (آخرت میں آکر) ہم سے ملنے کی امید نہیں رکھتے ہیں وہ (تم سے) کہنے لگتے ہیں کہ: اس (قرآن) کے سوا کوئی دوسرا قرآن ہمارے پاس لے آؤ یا اس (قرآن) میں تبدیلی کر دو (اے نبی! ان کو جواب میں) تم کہہ دو کہ: مجھے حق نہیں ہے کہ میں اس (قرآن) کو اپنی طرف سے بدل دوں، میں تو اپنے اوپر جو وحی آتی ہے صرف اسی کی اتباع کرتا ہوں، اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو میں بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں ﴿۱۵﴾

---

① یعنی ایسا بے تعلق ہو جاتا ہے۔ ② (دوسرا ترجمہ) آباد کر دیا۔

قُلْ لَّوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا تَلَوْتُهٗ عَلَيْكُمْ وَلَآ اَدْرٰىكُمْ بِهٖ ۖ فَقَدْ لَبِثْتُ فِيْكُمْ عُمُرًا مِّنْ قَبْلِهٖ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۶﴾ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ هٰٓؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ ؕ قُلْ اَتُنَبِّـُٔوْنَ اللّٰهَ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِى السَّمٰوٰتِ وَلَا فِى الْاَرْضِ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَمَا كَانَ النَّاسُ اِلَّآ اُمَّةً وَّاحِدَةً فَاخْتَلَفُوْا ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِىَ بَيْنَهُمْ فِيْمَا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۹﴾

(اے نبی!) تم کہہ دو: اگر اللہ تعالیٰ چاہتے تو میں اس (قرآن) کو تمھارے سامنے نہ پڑھتا اور تم کو اس (قرآن) سے واقف بھی نہ کراتا①، سو پکی بات ہے کہ میں اس (قرآن کے اترنے) سے پہلے بھی (اپنی) عمر کا ایک حصہ تمھارے درمیان میں رہ چکا ہوں، کیا پھر بھی تم (اتنی بات بھی) سمجھتے نہیں ہو؟ ﴿۱۶﴾ سو اس شخص سے بڑا ظالم کون ہوگا؟ جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھے یا اس (اللہ تعالیٰ) کی آیتوں کو جھوٹا بتلائے، یقیناً گنہگار کامیاب نہیں ہوتے ﴿۱۷﴾ وہ (مشرک) لوگ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر ایسی چیز کی عبادت کرتے ہیں جو ان کو نقصان بھی نہیں پہنچا سکتی اور ان کے نفع کی بھی مالک نہیں ہے اور (اوپر سے کافر لوگ) یہ بھی کہتے ہیں کہ: یہ سب (بت) اللہ تعالیٰ کے یہاں ہماری سفارش کرنے والے ہیں (اے نبی!) تم (ان کافروں کو) کہو: کیا تم اللہ تعالیٰ کو ایسی چیز بتلا رہے ہو جس (کے موجود ہونے) کی اللہ تعالیٰ کو نہ آسمانوں میں خبر ہے اور نہ زمین میں؟ اس کی ذات تو (ہر عیب سے) پاک ہے اور جو چیز وہ (کافر) شریک بتلاتے ہیں اس سے وہ (اللہ تعالیٰ) دور ہیں ﴿۱۸﴾ اور تمام انسان پہلے ایک ہی دین (یعنی توحید) پر تھے② پھر وہ (یعنی بعض لوگ) جدا ہو گئے③ اور اگر تمھارے رب کی طرف سے ایک بات پہلے سے طے نہ ہو چکی ہوتی④ تو جس معاملے میں وہ لوگ (آپس میں) اختلاف کر رہے ہیں اس کا فیصلہ ان کے درمیان (دنیا ہی میں) ہو چکا ہوتا ﴿۱۹﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اور نہ تو (اللہ تعالیٰ) تم کو اس سے واقف کراتے (تیسرا ترجمہ) میں تم کو اس کی خبر نہ دیتا۔

② انسانیت پر ایسے دور رہے ہیں جب تمام توحید پر تھے۔ ③ یعنی توحید سے ہٹ کر مشرک ہو گئے۔

④ کہ پورا عذاب دنیا میں نہیں، آخرت میں دیا جائے گا۔

وَيَقُولُونَ لَوْلَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ ۖ فَقُلْ إِنَّمَا الْغَيْبُ لِلَّهِ فَانتَظِرُوا إِنِّي مَعَكُم مِّنَ الْمُنتَظِرِينَ ﴿٢٠﴾

وَإِذَا أَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّن بَعْدِ ضَرَّاءَ مَسَّتْهُمْ إِذَا لَهُم مَّكْرٌ فِي آيَاتِنَا ۚ قُلِ اللَّهُ أَسْرَعُ مَكْرًا ۚ إِنَّ رُسُلَنَا يَكْتُبُونَ مَا تَمْكُرُونَ ﴿٢١﴾ هُوَ الَّذِي يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۖ حَتَّىٰ إِذَا كُنتُمْ فِي الْفُلْكِ وَجَرَيْنَ بِهِم بِرِيحٍ طَيِّبَةٍ وَفَرِحُوا بِهَا جَاءَتْهَا رِيحٌ عَاصِفٌ وَجَاءَهُمُ الْمَوْجُ مِن كُلِّ مَكَانٍ وَظَنُّوا أَنَّهُمْ أُحِيطَ بِهِمْ ۙ دَعَوُا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ ۚ

اور وہ (مکہ کے کافر) کہتے ہیں کہ: اس (نبی) پر اس کے رب کی طرف سے (جیسی وہ کافر کہتے ہیں ویسی) کوئی نشانی کیوں نہیں اتاری جاتی؟ تو تم (ان کو جواب میں ایسا) کہہ دو کہ: غیب کی باتیں تو صرف اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہیں①، سو تم انتظار کرو②، یقیناً میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں سے ہوں ﴿۲۰﴾

اور لوگوں کو تکلیف پہنچنے کے بعد جب ہم ان کو رحمت کا مزہ چکھاتے ہیں تو وہ لوگ اسی وقت ہماری آیتوں کے بارے میں چال بازی (یعنی شرارت یا حیلہ) کرنا شروع کر دیتے ہیں، تم (ان کو) کہو کہ: اللہ تعالیٰ بہت جلدی شرارت کی سزا دینے والے ہیں③، یقیناً جو حیلے تم کرتے ہو وہ ہمارے فرشتے لکھ لیتے ہیں ﴿۲۱﴾ وہی (اللہ تعالیٰ) ہے جو تم کو خشکی میں (بھی) اور سمندر میں (بھی) سفر کراتے ہیں، یہاں تک کہ جب تم کشتی میں (بیٹھے ہوئے) ہوتے ہو اور وہ (کشتیاں) اچھی (یعنی موافق) ہواؤں کے ذریعہ لوگوں کو لے کر (پانی پر) چلتی ہیں اور وہ (بیٹھنے والے) لوگ بھی اس (ہوا) سے بہت خوش ہوتے ہیں کہ (اچانک) اس کشتی پر تیز ہوا (یعنی آندھی) آجاتی ہے اور ہر طرف سے ان پر موجیں آنے لگتی ہیں اور وہ سمجھ لیتے ہیں کہ وہ ہر طرف سے گھر چکے ہیں تو وہ اللہ تعالیٰ ہی پر خالص اعتقاد کر کے پکارنے لگتے ہیں:

---

① (دوسرا ترجمہ) غیب کی باتیں تو صرف اللہ تعالیٰ ہی جانتے ہیں۔ ② کہ تم جو چاہتے ہو کہ تمہاری مرضی کے مطابق نشانیاں آویں وہ چاہت پوری ہوتی ہے یا نہیں اس کا انتظار کرو۔ ③ دوسرا: اللہ تعالیٰ (اس سے بھی) جلدی کوئی حیلہ بنا سکتے ہیں۔

لَئِنْ اَنْجَیْتَنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِیْنَ ﴿۲۲﴾ فَلَمَّاۤ اَنْجٰىهُمْ اِذَا هُمْ یَبْغُوْنَ فِی الْاَرْضِ بِغَیْرِ الْحَقِّ ؕ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْیُكُمْ عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ ۙ مَّتَاعَ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ۫ ثُمَّ اِلَیْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۳﴾ اِنَّمَا مَثَلُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ مِمَّا یَاْكُلُ النَّاسُ وَ الْاَنْعَامُ ؕ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا وَ ازَّیَّنَتْ وَ ظَنَّ اَهْلُهَاۤ اَنَّهُمْ قٰدِرُوْنَ عَلَیْهَاۤ ۙ اَتٰىهَاۤ اَمْرُنَا لَیْلًا اَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنٰهَا حَصِیْدًا كَاَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْاَمْسِ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَ اللّٰهُ یَدْعُوْۤا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ؕ وَ یَهْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۲۵﴾

(اے اللہ!) اگر آپ ہم کو اس (مصیبت) سے چھٹکارا دے دیں گے تو ہم ضرور شکر کرنے والوں میں ہوجائیں گے ﴿۲۲﴾ پھر جب وہ (اللہ تعالیٰ) ان کو بچالیتے ہیں تو پھر زیادہ وقت گزرتا نہیں کہ وہ زمین میں ناحق شرارت کرنے لگتے ہیں، اے لوگو! تمھاری شرارت کا وبال تمھارے اوپر ہی پڑنے والا ہے، (ابھی تو) دنیا کی زندگی سے فائدہ اٹھالو، پھر تم کو ہمارے ہی پاس لوٹ کر واپس آنا ہے، پھر ہم تم کو جو کام تم لوگ کرتے تھے ان کی حقیقت بتلادیں گے ﴿۲۳﴾ یقیناً دنیا کی زندگی کی حالت ایسی ہے جیسے کہ ہم نے آسمان سے پانی برسایا، پھر اس (بارش کے پانی) کے ذریعہ زمین سے اگنے والی چیزیں — جس کو انسان اور چوپائے کھاتے ہیں — خوب گھنی ہوکر نکلیں، یہاں تک کہ جب زمین نے اپنی رونق خوب اچھی حاصل کرلی اور مزین ہوگئی اور اس (زمین یا کھیت) کے مالکوں نے یہ خیال کیا کہ اب وہ (زمین کی کھیتی) پوری طرح ان کے (یعنی ہمارے) قابو میں ہے① تو (اچانک) اس (کھیتی) پر رات یا دن میں ہماری طرف سے حکم (یعنی کوئی حادثہ) آگیا، پھر ہم نے اس (کھیتی) کو کاٹ کر② ایسا بنادیا کہ لگتا تھا کہ کل یہاں کچھ اگا ہی نہیں تھا③، اسی طرح جو لوگ غور کرتے ہیں ان کے لیے ہم آیتوں کو کھول کھول کر بیان کرتے ہیں ﴿۲۴﴾ اور اللہ تعالیٰ (تم کو) سلامتی کے گھر (یعنی جنت) کی طرف بلاتے ہیں اور جس کو چاہتے ہیں سیدھے راستے پر پہنچادیتے ہیں④ ﴿۲۵﴾

---

① اور ہم جب چاہیں کھیتی کاٹ لیں گے ② (دوسرا ترجمہ) پھر ہم نے اس کو کاٹ کر ڈھیر کرڈالا (تیسرا) کٹا ہوا ڈھیر کرڈالا
③ یعنی کھیتی کاٹ لینے کے بعد جو منظر ہوتا ہے کہ زمین سپاٹ نظر آتی ہے ④ یعنی سیدھے راستے پر چلنے کی توفیق دیتے ہیں۔

لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا الْحُسْنَىٰ وَزِيَادَةٌ ۖ وَلَا يَرْهَقُ وُجُوهَهُمْ قَتَرٌ وَلَا ذِلَّةٌ ۚ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٢٦﴾ وَالَّذِينَ كَسَبُوا السَّيِّئَاتِ جَزَاءُ سَيِّئَةٍ بِمِثْلِهَا وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ۖ مَا لَهُمْ مِنَ اللَّهِ مِنْ عَاصِمٍ ۖ كَأَنَّمَا أُغْشِيَتْ وُجُوهُهُمْ قِطَعًا مِنَ اللَّيْلِ مُظْلِمًا ۚ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٢٧﴾ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ نَقُولُ لِلَّذِينَ أَشْرَكُوا مَكَانَكُمْ أَنْتُمْ وَشُرَكَاؤُكُمْ ۚ فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ ۖ وَقَالَ شُرَكَاؤُهُمْ مَا كُنْتُمْ إِيَّانَا تَعْبُدُونَ ﴿٢٨﴾ فَكَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ إِنْ كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغَافِلِينَ ﴿٢٩﴾

جن لوگوں نے اچھے کام کیے ان کے لیے بہترین حالات ہیں①اور (اس سے بھی) زیادہ (ملے گا) اوران کے چہروں پر نہ تو سیاہی چھائے گی اور نہ رسوائی، وہی لوگ جنت والے ہیں، وہ اس (جنت) میں ہمیشہ رہیں گے ﴿۲۶﴾ اور جن لوگوں نے برائیاں کمائی تو برائی کا بدلہ اسی (برائی) جیسا ہوگا اور ان پر رسوائی چھائی ہوئی ہوگی (اور) ان کو اللہ تعالیٰ (کے عذاب) سے کوئی بچانے والا نہیں ہوگا، ایسا لگے گا کہ ان کے چہرے اندھیری راتوں کے ٹکڑوں (یعنی تہوں) سے ڈھانپ دیے گئے ہیں، یہ لوگ جہنم والے ہیں، اس میں وہ ہمیشہ رہیں گے ﴿۲۷﴾ اور جس دن ہم ان سب (کافروں) کو جمع کر کے لائیں گے، پھر ہم مشرکوں سے کہیں گے کہ تم اور جن کو تم نے (اللہ تعالیٰ کا) شریک مانا تھا اپنی جگہ پر ذرا ٹھہر جاؤ②، پھر ہم ان کے درمیان میں (عابد اور معبود کا) جو تعلق (دنیا میں) تھا وہ ختم کر دیں گے اور ان کے شریک (یعنی باطل معبود) کہیں گے: تم تو ہماری عبادت نہیں کیا کرتے تھے ﴿۲۸﴾ سو اللہ تعالیٰ ہمارے اور تمھارے درمیان گواہی کے لیے کافی ہے کہ ہم کو تو تمھاری (ہمارے لیے) عبادت کی بالکل خبر ہی نہیں تھی③ ﴿۲۹﴾

---

① اچھے اعمال کرنے والوں کا دنیا آخرت میں اچھا حال ہوگا۔ یعنی آخرت میں جنت بھی ہوگی۔

② تا کہ تم کو دنیا میں بتوں سے کے متعلق جو عقیدت تھی اس کی حقیقت معلوم کرائی جائے۔

③ بت بے جان ہے ان کی کوئی عبادت کرتا ہے تو ان کو پتہ بھی نہیں چلتا اور قیامت میں جب اللہ ان کو بولنے کی طاقت دیں گے تو بت کہیں گے: اگر کافر ہماری عبادت کرتے تھے تو ہم کو ان کی خبر ہی نہیں تھی۔

هُنَالِكَ تَبْلُوا كُلُّ نَفْسٍ مَّا أَسْلَفَتْ وَرُدُّوا إِلَى اللَّهِ مَوْلَاهُمُ الْحَقِّ وَضَلَّ عَنْهُم مَّا كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿٣٠﴾

قُلْ مَن يَرْزُقُكُم مِّنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ أَمَّن يَمْلِكُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَمَن يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَن يُدَبِّرُ الْأَمْرَ ۚ فَسَيَقُولُونَ اللَّهُ ۚ فَقُلْ أَفَلَا تَتَّقُونَ ﴿٣١﴾ فَذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۖ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ إِلَّا الضَّلَالُ ۖ فَأَنَّىٰ تُصْرَفُونَ ﴿٣٢﴾ كَذَٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِينَ فَسَقُوا أَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٣٣﴾ قُلْ هَلْ مِن شُرَكَائِكُم مَّن يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ ۚ قُلِ اللَّهُ يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ ۖ فَأَنَّىٰ تُؤْفَكُونَ ﴿٣٤﴾

اس موقع پر ہر شخص جو اعمال بھی اس نے پہلے کر لیے ہیں اس کو پرکھ لے گا اور وہ سب اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹا دیے جائیں گے جو ان کے حقیقی مالک ہیں اور جو جھوٹے معبود وہ بنایا کرتے تھے وہ سب ان سے غائب (یعنی گم) ہو جائیں گے ﴿۳۰﴾

تم (ان سے) پوچھو: کون تم کو آسمان اور زمین سے روزی پہنچاتا ہے؟ یا کون (تمہارے) کانوں اور آنکھوں پر پورا اختیار رکھتا ہے اور کون مردے سے زندہ کو نکالتا ہے اور مردے کو زندہ سے نکالتا ہے اور وہ کون ہے جو کاموں کی تدبیر (یعنی انتظام) کرتا ہے؟ تو وہ (کافر لوگ) بھی فوراً جواب دیں گے کہ: اللہ تعالیٰ ہی (تمام کام کرتے ہیں) تو تم (ان سے) کہو کہ: پھر تم (شرک سے) کیوں نہیں ڈرتے؟ ﴿۳۱﴾ سو یہی اللہ تعالیٰ تمہارے سچے رب ہیں، سو حق کے بعد گمراہی کے سوا کیا (باقی) رہ جاتا ہے، پھر تم (صحیح راستے سے) کہاں پھرے جا رہے ہو؟ ﴿۳۲﴾ اسی طریقے سے ان نافرمانوں کے بارے میں تمہارے رب کی بات ثابت (یعنی پوری) ہو کر رہی کہ وہ لوگ ایمان نہیں لائیں گے ﴿۳۳﴾ (اے نبی!) تم (ان سے) کہو: جن کو تم نے (اللہ تعالیٰ کا) شریک مانا ہے کیا ان میں کوئی ایسا ہے جو مخلوق کو پہلی بار پیدا کرتا ہو، پھر (مرنے کے بعد) اس کو دوسری مرتبہ (بھی) پیدا کرے گا؟ تو (جواب میں) کہو کہ: اللہ تعالیٰ ہی مخلوق کو پہلی مرتبہ پیدا کرتے ہیں، پھر اس (مخلوق) کو دوسری مرتبہ بھی پیدا کریں گے، پھر کہاں سے تم (حق سے) الٹے پھرے جاتے ہو؟ ﴿۳۴﴾

قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ ؕ قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ ؕ اَفَمَنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا يَهِدِّيْٓ اِلَّآ اَنْ يُّهْدٰى ۚ فَمَا لَكُمْ ۫ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ۝ وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ اِلَّا ظَنًّا ؕ اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ۝ وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ يُّفْتَرٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۫ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝

(اے نبی!) تم (ان مشرکوں سے) کہو: تمہارے شریکوں میں کیا کوئی ایسا ہے جو صحیح راستہ بتا تا ہو؟ (پھر) تم (جواب میں) کہو کہ: اللہ تعالیٰ ہی صحیح راستہ بتلاتے ہیں، کیا بھلا جو صحیح راستہ بتلاتا ہو وہ اس بات کا زیادہ حق دار ہے کہ اس کی بات مانی جائے یا وہ (زیادہ حق دار ہے) کہ جب تک اس کو راستہ نہ بتلایا جاوے وہاں تک وہ خود راستہ پا نہ سکے، پھر تم کو کیا ہو گیا، تم کیسے فیصلے (یعنی انصاف) کرتے ہو؟① ﴿۳۵﴾ ان (مشرکوں) میں سے زیادہ لوگ اٹکل (یعنی گمان یا خیالات) پر ہی چلتے ہیں، یقینی بات ہے کہ حق کے مقابلے میں اٹکل (یعنی وہم) کی باتیں ذرا بھی فائدہ نہیں دیتی، جو کام بھی وہ کرتے ہیں یقیناً اللہ تعالیٰ اس کو پوری طرح جانتے ہیں ﴿۳۶﴾ اور یہ قرآن ایسا نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی نے اس کو (اپنی طرف سے) گھڑ (یعنی بنا) لیا ہو؛ بلکہ یہ (قرآن) تو اس سے پہلے کی (اتری ہوئی) وحی کو سچا بتلاتا ہے اور (اللہ تعالیٰ نے لوحِ محفوظ میں) جو باتیں لکھ دی ہیں ان کی تفصیل کرتا ہے② اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ یہ تمام عالموں کے رب کی طرف سے آیا ہوا ہے ﴿۳۷﴾ کیا وہ (کافر لوگ) یہ کہتے ہیں کہ: اس (نبی) نے قرآن کو خود گھڑ لیا ہے؟ تو تم (ان کو جواب میں ایسا) کہو کہ: تم بھی اس (قرآن) جیسی ایک سورت بنا کر لاؤ اور اللہ تعالیٰ کے سوا جس کو بھی تم بلا سکتے ہو بلا لو، اگر تم سچے ہو ﴿۳۸﴾

---

① کہ توحید چھوڑ کر شرک اپناتے ہو۔ ② (دوسرا ترجمہ) اور (پچھلی) کتابوں میں لکھے ہوئے (اجمالی احکام) کی تفصیل کرتا ہے (تیسرا) اور ضروری احکام کی تفصیل بیان کرتا ہے۔

بَلْ كَذَّبُوا بِمَا لَمْ يُحِيطُوا بِعِلْمِهِ وَلَمَّا يَأْتِهِمْ تَأْوِيلُهُ ۚ كَذَٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظَّالِمِينَ ﴿٣٩﴾ وَمِنْهُم مَّن يُؤْمِنُ بِهِ وَمِنْهُم مَّن لَّا يُؤْمِنُ بِهِ ۚ وَرَبُّكَ أَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِينَ ﴿٤٠﴾

وَإِن كَذَّبُوكَ فَقُل لِّي عَمَلِي وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ ۖ أَنتُم بَرِيئُونَ مِمَّا أَعْمَلُ وَأَنَا بَرِيءٌ مِّمَّا تَعْمَلُونَ ﴿٤١﴾ وَمِنْهُم مَّن يَسْتَمِعُونَ إِلَيْكَ ۚ أَفَأَنتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ وَلَوْ كَانُوا لَا يَعْقِلُونَ ﴿٤٢﴾ وَمِنْهُم مَّن يَنظُرُ إِلَيْكَ ۚ أَفَأَنتَ تَهْدِي الْعُمْيَ وَلَوْ كَانُوا لَا يُبْصِرُونَ ﴿٤٣﴾

بلکہ (حقیقت تو ایسی ہے کہ) جو بات پوری طرح ان (کافروں) کی سمجھ میں نہیں آئی اس (بات) کو انھوں نے جھٹلا دیا① اور ابھی تک اس (قرآن کو جھٹلانے) کا انجام (یعنی عذاب) ان کے سامنے نہیں آیا②؛ (بالکل) اسی طرح (بغیر تحقیق) ان سے پہلے لوگوں نے بھی جھٹلایا تھا، سو ظلم کرنے والوں کا انجام کیسا ہوا وہ تم دیکھو ﴿۳۹﴾ اور ان (مکہ کے کفار) میں سے کچھ لوگ ایسے ہیں جو اس (قرآن) پر آئندہ ایمان لائیں گے اور ان میں سے کچھ ایسے ہیں جو اس (قرآن) پر ایمان نہیں لائیں گے اور فساد کرنے والوں کو تمھارے رب خوب اچھی طرح جانتے ہیں③ ﴿۴۰﴾

اور اگر وہ (کافر لوگ) تم کو جھٹلا دیں تو تم (ان کو کہہ) دو کہ: میرے لیے میرا عمل ہے اور تمھارے لیے تمھارا عمل ہے، میں جو عمل کرتا ہوں تم اس کے ذمے دار نہیں ہو اور تم جو عمل کرتے ہو میں اس کا ذمے دار نہیں ہوں ﴿۴۱﴾ اور ان (کافروں) میں سے کچھ ایسے بھی ہیں جو تمھاری بات (ظاہر میں) دھیان سے سنتے ہیں④، تو کیا تم (قرآن) بہروں کو سنا سکتے ہو، چاہے وہ سمجھتے نہ ہو (تب بھی)؟ ﴿۴۲﴾ اور ان (کافروں) میں سے کچھ ایسے ہیں جو (ظاہرا) تمھاری طرف دیکھتے ہیں، تو کیا تم اندھوں کو راستہ دکھا سکتے ہو⑤ چاہے ان کو (کوئی چیز) سوجھتی نہ ہو؟⑥ ﴿۴۳﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) بلکہ حقیقت تو ایسی ہے کہ جس بات کو سمجھنے پر ان کو قابو حاصل نہیں ہوا اس بات کو انھوں نے جھٹلا دیا۔
② (دوسرا ترجمہ) ابھی تک تو اس (قرآن) کی تفسیر (یعنی مطلب یا پیش گوئی) ان کے دماغ میں نہیں اتری۔
③ اللہ تعالیٰ کی زمین پر کفر و شرک کرنا سب سے بڑا فساد ہے۔ ④ اور دل میں حق کی طلب اور ایمان کا ارادہ ہی نہیں ہے؛ اس لیے سننے کے باوجود بہروں کی طرح ہیں۔ ⑤ عقل کا اندھا ہونا مراد ہے۔ ⑥ (دوسرا ترجمہ) دکھائی نہ دیتی ہو۔

إِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْئًا وَّلٰكِنَّ النَّاسَ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿٤٤﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَاَنْ لَّمْ يَلْبَثُوْۤا اِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُوْنَ بَيْنَهُمْ ؕ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿٤٥﴾ وَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ اللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ ﴿٤٦﴾ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلٌ ۚ فَاِذَا جَآءَ رَسُوْلُهُمْ قُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿٤٧﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٤٨﴾

یقین رکھو اللہ تعالیٰ لوگوں پر ذرا بھی ظلم نہیں کرتے، لیکن لوگ اپنی ہی جانوں پر ظلم کرتے ہیں ① ﴿۴۴﴾ اور جس دن وہ (اللہ تعالیٰ) ان کو جمع کریں گے تو ان کو ایسا لگے گا کہ (دنیا یا قبر میں) دن کی ایک گھڑی بھر بھی وہ ٹھہرے نہیں ہیں، وہ آپس میں ایک دوسرے کو پہچانتے ہوں گے ② جن لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی ملاقات کو جھٹلایا پکی بات ہے کہ وہ لوگ نقصان میں ہوں گے اور وہ لوگ سیدھے راستے پر نہیں تھے ③ ﴿۴۵﴾ اور جس (عذاب) کی ہم نے ان (کافروں) کو دھمکی دی ہے ④ ان میں سے بعض (عذاب) اگر ہم تم کو (تمھاری زندگی میں) دکھادیں یا (اس دھمکی کے پورا ہونے سے پہلے) ہم تمھاری روح قبض کرلیویں، تو ہماری طرف ان کو واپس آنا ہے، پھر جو کام وہ لوگ کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کو اس کی اطلاع ہے ⑤ ﴿۴۶﴾ اور ہر امت کے لیے ایک رسول (بھیجا گیا) ہے، سو جب (ان کے پاس) ان کے رسول پہنچ جاتے ہیں تو ان کے درمیان انصاف کے ساتھ فیصلہ کردیا جاتا ہے ⑥ اور ان لوگوں پر کوئی ظلم نہیں کیا جاتا ﴿۴۷﴾ اور وہ (کافر) لوگ کہتے ہیں کہ: یہ (اللہ تعالیٰ کے عذاب کا) وعدہ کب پورا ہوگا؟ اگر تم سچے ہو (تو بتاؤ) ﴿۴۸﴾

---

① نافرمانی اپنی جان پر ظلم ہے۔ ② لیکن ایک دوسرے کی مدد نہیں کرسکیں گے۔

③ (دوسرا) جن لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی ملاقات کو جھٹلایا اور وہ لوگ سیدھے راستہ پر نہیں تھے وہی لوگ نقصان میں ہوں گے۔ ④ اور جو وعدے ہم ان سے لیے ہیں چاہے ان میں سے بعض (وعدے) تمھاری زندگی میں ہم تم کو دکھاوے یا ان وعدوں کے پورا ہونے سے پہلے آپ کی عمر پوری ہوجائے۔ وعدہ سے مراد اسلام کا غلبہ، کافروں کو سزا وغیرہ۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ اس پر شاہد ہیں (لہٰذا ان کو سزا ہوگی)۔

⑥ رسول کو نہ ماننے پر دنیا میں سزا کا اور آخرت میں عذاب کا فیصلہ۔

قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۭ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ۭ اِذَا جَاۗءَ اَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ۝ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُهٗ بَيَاتًا اَوْ نَهَارًا مَّاذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ اَثُمَّ اِذَا مَا وَقَعَ اٰمَنْتُمْ بِهٖ ۭ اٰۗلْــٰٔنَ وَقَدْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ۝ ثُمَّ قِيْلَ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ ۚ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ۝ وَيَسْتَنْۢبِـــُٔـوْنَكَ اَحَقٌّ هُوَ ړ قُلْ اِيْ وَرَبِّيْٓ اِنَّهٗ لَحَقٌّ ڤ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ۝
وَلَوْ اَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِي الْاَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهٖ ۭ

(اے نبی!) تم (جواب میں) کہہ دو کہ: میں اپنی ذات کے لیے نقصان (کو دور کرنے کا) اور نفع (کو حاصل کرنے) کا اختیار نہیں رکھتا؛ مگر اللہ تعالیٰ جتنا چاہے، ہر امت کے لیے ایک وقت (عذاب کا) مقرر ہے، جب ان کا وقت آجاتا ہے تو وہ ایک گھڑی پیچھے بھی نہیں ہٹ سکتے اور (ایک گھڑی) آگے بھی نہیں بڑھ سکتے ﴿۴۹﴾ (اے نبی!) تم (ان کافروں کو) کہو کہ: تم بتاؤ! اگر تمھارے پاس اس (اللہ تعالیٰ) کا عذاب رات کے وقت آجاوے یا دن کے وقت (آجاوے) تو وہ (عذاب) کونسی ایسی (شوق سے مانگنے کی) چیز ہے جس کی گنہگار لوگ جلدی مچا رہے ہیں① ﴿۵۰﴾ کیا پھر جب وہ (عذاب آ) پڑے گا تب تم اس کو مانو گے؟ (تب ان کو کہا جاوے گا) اب (تم اس عذاب کو) مانتے ہو؛ حالاں کہ تم اس کو (مذاق میں) جلدی مانگا کرتے تھے ﴿۵۱﴾ پھر ظالموں سے کہا جائے گا کہ: تم ہمیشہ کا عذاب چکھتے رہو، تم جو کماتے تھے اسی کی سزا تم کو دی جارہی ہے ﴿۵۲﴾ اور وہ (کافر لوگ) تم سے (تعجب اور انکار سے) پوچھتے ہیں کہ: (آخرت میں جہنم کا عذاب) کیا وہ حقیقت میں سچی بات ہے؟ تو تم (جواب میں) کہہ دو: ہاں! میرے رب کی قسم! وہ تو بالکل سچی بات ہے اور تم کسی طرح بھی (اللہ تعالیٰ کو) تھکا نہیں سکو گے ﴿۵۳﴾

اور (وہ عذاب ایسا خطرناک ہوگا کہ) اگر ہر ظلم کرنے والے شخص کے لیے زمین کی تمام دولت بھی ہووے تو وہ اس کو (اپنی جان چھڑانے کے لیے) فدیہ میں دے دے گا②

---

① استہزاءً جلدی مچاتے تھے۔ ② وہاں کوئی خزانہ ہوگا بھی نہیں اور بالفرض ہو تو لیا بھی نہیں جاوے گا۔

وَأَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَأَوُا الْعَذَابَ ۚ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝ أَلَا إِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۗ أَلَا إِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ يٰٓأَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ۗ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ۝ قُلْ أَرَءَيْتُمْ مَّآ أَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مِّنْ رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِّنْهُ حَرَامًا وَّحَلٰلًا ۗ قُلْ آٰللّٰهُ أَذِنَ لَكُمْ أَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ ۝

اور وہ لوگ جب عذاب کو دیکھ لیں گے تو اپنی ندامت کو چھپائیں گے [1] اور ان کے درمیان انصاف سے فیصلہ کر دیا جائے گا اور ان لوگوں پر ظلم نہیں کیا جائے گا ﴿۵۴﴾ سن لو! آسمانوں اور زمین میں جو کچھ بھی ہے وہ یقیناً اللہ تعالیٰ ہی کا ہے، سنو! اللہ تعالیٰ کا وعدہ تو سچا ہے؛ لیکن ان میں سے اکثر لوگ جانتے نہیں ہیں ﴿۵۵﴾ وہی (اللہ تعالیٰ) زندگی دیتے ہیں اور موت دیتے ہیں اور اسی (اللہ تعالیٰ) کی طرف تم لوٹا دیے جاؤ گے ﴿۵۶﴾ اے لوگو! پکی بات یہ ہے تمھارے پاس تمھارے رب کی طرف سے ایک نصیحت آچکی اور دلوں میں جو بیماری ہے اس کے لیے شفا ہے اور ایمان والوں کے لیے ہدایت اور رحمت کا سامان ہے ﴿۵۷﴾ (اے نبی!) تم (ان ایمان والوں سے) کہو: یہ سب اللہ تعالیٰ کے فضل اور اس کی رحمت سے ہوا ہے، سو اس (قرآن کے اترنے) پر ان (ایمان والوں) کو تو خوش ہونا چاہیے [2] یہ بہتر ہے (دنیا کے) اس (مال) سے جس کو وہ لوگ جمع کیا کرتے ہیں ﴿۵۸﴾ (اے نبی!) تم (ان سے) کہو: بھلا تم بتاؤ! اللہ تعالیٰ نے تمھارے لیے جو روزی اتاری سو تم نے (خود) اس میں سے بعض (چیزوں) کو حرام (کر دیا) اور بعض (چیزوں) کو حلال کر دیا تو تم کہو کہ کیا اللہ تعالیٰ نے تم کو ایسا کرنے کا حکم دیا تھا یا تم اللہ تعالیٰ پر جھوٹی تہمت باندھتے ہو؟ ﴿۵۹﴾

---

[1] جب ندامت ہوگی تو دیکھنے والے اس حال پر مذاق نہ اڑائے اس لیے وہ چھپانے کی کوشش کریں گے؛ لیکن وہ ندامت ایسی شدید ہوگی کہ وہ لوگ ضبط نہیں کر سکیں گے اور ندامت ظاہر ہو ہی جاوے گی۔ ''أسروا'': کا دوسرا ترجمہ ''ندامت کو ظاہر کرنا'' ہے۔ [2] (دوسرا ترجمہ) آپ ان (ایمان والوں) سے کہہ دیجیے کہ: (لوگوں) کو اللہ تعالیٰ کے اس انعام اور اس کی رحمت پر خوش ہونا چاہیے۔

وَمَا ظَنُّ الَّذِينَ يَفْتَرُونَ عَلَى اللَّهِ الْكَذِبَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُونَ ﴿٦٠﴾

وَمَا تَكُونُ فِي شَأْنٍ وَمَا تَتْلُو مِنْهُ مِنْ قُرْآنٍ وَلَا تَعْمَلُونَ مِنْ عَمَلٍ إِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُودًا إِذْ تُفِيضُونَ فِيهِ ۚ وَمَا يَعْزُبُ عَنْ رَبِّكَ مِنْ مِثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَلَا أَصْغَرَ مِنْ ذَٰلِكَ وَلَا أَكْبَرَ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُبِينٍ ﴿٦١﴾ أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿٦٢﴾ الَّذِينَ آمَنُوا وَكَانُوا يَتَّقُونَ ﴿٦٣﴾ لَهُمُ الْبُشْرَىٰ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ ۚ لَا تَبْدِيلَ لِكَلِمَاتِ اللَّهِ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿٦٤﴾

اور جو لوگ اللہ تعالیٰ پر جھوٹی تہمت باندھتے ہیں قیامت کے دن کے بارے میں ان لوگوں کا کیا خیال ہے؟① یقیناً اللہ تعالیٰ لوگوں پر فضل والے ہیں② لیکن ان میں اکثر لوگ (اللہ تعالیٰ کا) شکر ادا نہیں کرتے③ ﴿۶۰﴾

اور (اے نبی!) تم جس حالت میں بھی ہوتے ہو اور (ایک حالت یہ ہے کہ) قرآن کا جو حصہ بھی تم پڑھتے ہو④ اور (اے لوگو!) تم جو کام بھی کرتے ہو تو جس وقت تم اس (کام) میں مشغول ہوتے ہو⑤ ہم تم کو دیکھتے رہتے ہیں اور تمھارے رب سے کوئی بھی چیز ذرا برابر بھی چھپی ہوئی نہیں ہے، نہ تو زمین میں، نہ تو آسمان میں اور نہ تو اس (ذرّے) سے چھوٹی اور نہ (اس ذرے سے) بڑی چیز، مگر وہ کھلی کتاب (یعنی لوحِ محفوظ) میں (لکھی ہوئی) موجود ہے⑥ ﴿۶۱﴾ سن لو کہ! اللہ تعالیٰ کے جو دوست ہیں ان پر کوئی خوف نہیں اور وہ غمگین (بھی) نہیں ہوں گے ﴿۶۲﴾ جو ایمان لائے اور ڈرتے رہتے ہیں ﴿۶۳﴾ ان کے لیے دنیا کی زندگی میں اور آخرت میں خوش خبری ہے، اللہ تعالیٰ کی باتیں بدلتی نہیں ہیں، یہی وہ بہت بڑی کامیابی ہے ﴿۶۴﴾

---

① کیا وہ یہ سمجھتے ہیں کہ قیامت آوے گی ہی نہیں؛ اس لیے وہ بالکل ڈرتے ہی نہیں؟
② کہ فوراً سزا نہیں دیتے؛ بلکہ ڈھیل دیتے ہیں کہ انسان توبہ کرلے گا۔
③ یعنی قدر کرتے تو توبہ ضرور کرلیتے۔ ④ (دوسرا ترجمہ) آپ کہیں سے بھی قرآن پڑھتے ہو۔
⑤ (دوسرا ترجمہ) جس وقت تم اس کام کا کرنا شروع کرتے ہو۔ ⑥ اللہ تعالیٰ کے علم اور احاطے کی وسعت کا بیان ہے۔

وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ إِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيعًا ۚ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿٦٥﴾ أَلَا إِنَّ لِلّٰهِ مَنْ فِي
السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ ۗ وَمَا يَتَّبِعُ الَّذِينَ يَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ شُرَكَاءَ ۚ إِنْ
يَتَّبِعُونَ إِلَّا الظَّنَّ وَإِنْ هُمْ إِلَّا يَخْرُصُونَ ﴿٦٦﴾ هُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ اللَّيْلَ لِتَسْكُنُوا فِيهِ
وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۚ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيٰتٍ لِقَوْمٍ يَسْمَعُونَ ﴿٦٧﴾ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهُ ۖ
هُوَ الْغَنِيُّ ۖ لَهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۚ إِنْ عِنْدَكُمْ مِنْ سُلْطٰنٍ بِهٰذَا ۚ أَتَقُولُونَ
عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿٦٨﴾ قُلْ إِنَّ الَّذِينَ يَفْتَرُونَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُونَ ﴿٦٩﴾

اور ان (کافروں) کی (بنائی ہوئی) باتوں کی وجہ سے تم کو غم نہ ہو، یقین رکھو کہ عزت تو سب کی سب اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہے، وہی (اللہ تعالیٰ) بڑے سننے والے، بڑے جاننے والے ہیں ﴿٦٥﴾ سن لو! کہ آسمانوں میں جو کچھ ہے اور زمین میں جو کچھ ہے وہ سب اللہ تعالیٰ ہی کا ہے، جو لوگ اللہ تعالیٰ کے سوا (اپنے مقرر کیے ہوئے) شریکوں کو پکارتے ہیں وہ کس چیز کی اتباع کر رہے ہیں؟① وہ لوگ تو (بے حقیقت) خیال ہی پر چل رہے ہیں اور وہ لوگ تو صرف اٹکلیں دوڑاتے ہیں② ﴿٦٦﴾ وہی (اللہ تعالیٰ) ہے جس نے تمہارے لیے رات بنائی؛ تاکہ تم اس (رات) میں سکون حاصل کرو اور دن کو روشن بنادیا③ جو لوگ سنتے ہیں یقیناً ان کے لیے اس میں بڑی نشانیاں ہیں ﴿٦٧﴾ وہ (کافر) کہنے لگے کہ: اللہ تعالیٰ اولاد رکھتا ہے، اس کی ذات تو (اولاد سے) پاک ہے، وہ (اللہ تعالیٰ) غنی ہیں④ آسمانوں میں جو کچھ ہے اور زمین میں جو کچھ ہے وہ سب اسی (اللہ تعالیٰ) کی مالکی میں ہے، تمہارے پاس اس (غلط) بات پر کوئی دلیل نہیں ہے، کیا تم اللہ تعالیٰ پر ایسی (جھوٹی) بات کہتے ہو جس کو تم جانتے ہی نہیں ہو؟ ﴿٦٨﴾ (اے نبی!) تم کہہ دو کہ: جو لوگ اللہ تعالیٰ پر جھوٹی بات باندھتے ہیں وہ لوگ کامیاب نہیں ہوں گے ﴿٦٩﴾

---

① یعنی شرک پر ان کے پاس کوئی دلیل نہیں ہے۔

② (دوسرا ترجمہ) وہ نرا جھوٹ بولتے ہیں۔

③ (دوسرا ترجمہ) دن کو ایسا روشن بنادیا کہ تم اس میں دیکھ سکو۔

④ یعنی کسی کے محتاج نہیں ہیں۔

مَتَاعٌ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ إِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ نُذِيقُهُمُ الْعَذَابَ الشَّدِيدَ بِمَا كَانُوا يَكْفُرُونَ ۝٧٠

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ نُوحٍ ۘ إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ يَا قَوْمِ إِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُمْ مَقَامِي وَتَذْكِيرِي بِآيَاتِ اللَّهِ فَعَلَى اللَّهِ تَوَكَّلْتُ فَأَجْمِعُوا أَمْرَكُمْ وَشُرَكَاءَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُنْ أَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً ثُمَّ اقْضُوا إِلَيَّ وَلَا تُنْظِرُونِ ۝٧١ فَإِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَمَا سَأَلْتُكُمْ مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَى اللَّهِ ۖ وَأُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ ۝٧٢

دنیا میں تھوڑا سا فائدہ اٹھالینا ہے، پھر ان سب کو ہماری طرف لوٹ کر آنا ہے، پھر ہم ان کو سخت عذاب کا مزہ چکھائیں گے، جو کفر وہ لوگ کرتے تھے یہ اس کا بدلہ ہوگا①﴿۷۰﴾

اور (اے نبی!) تم ان کے سامنے نوح (علیہ السلام) کی خبر پڑھ کر سناؤ جب انھوں نے اپنی قوم سے کہا: اے میری قوم! اگر میرا (تمھارے درمیان میں) رہنا② اور اللہ تعالیٰ کی آیتوں کے ذریعہ میرا نصیحت کرنا تم کو بھاری لگتا ہے تو میں نے اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ کر رکھا ہے، اب تم (مجھے تکلیف دینے کے لیے) اپنی تدبیر جمع کرلو اور تمھارے شریکوں کو بھی (جمع کرلو)③، پھر تم کو اپنی تدبیر میں کوئی شک نہ ہے④، پھر تم (کو) میرے خلاف (جو کرنا ہو) کر ڈالو اور مجھ کو ذرا بھی مہلت مت دو﴿۷۱﴾ پھر اگر تم نے منہ پھیر ہی لیا (یعنی بات نہیں مانی) تو میں (اس تبلیغ پر) تم سے کوئی بدلہ نہیں مانگتا، میرا بدلہ تو (میرے) اللہ تعالیٰ ہی پر ہے اور مجھ کو تو حکم ہوا ہے کہ میں مسلمان بن کر رہوں﴿۷۲﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) پھر ہم ان کے کفر کے بدلے سخت سزا کا مزا چکھاویں گے۔

② (دوسرا ترجمہ) میرا (توحید کی دعوت دے کر کے) کھڑا ہونا۔

③ (دوسرا ترجمہ) تم اپنی کوئی تدبیر تمھارے اپنے شریکوں سے مل کر کے (میرے خلاف) پکی کرلو۔

④ (دوسرا ترجمہ) پھر وہ تدبیر تمھارے سامنے چھپی ہوئی نہ رہے (تیسرا) پھر تمھاری اس تدبیر کے بارے میں تم کو دل میں تنگی (گھٹن) نہ ہو (اس لیے کہ خفیہ تدبیر سے طبیعت میں گھٹن ہوتی ہے؛ اس لیے خفیہ تدبیر مت کرو جو کرنا ہو کھلم کھلا کرو)۔ اسی طرح بعض مرتبہ انسان کسی منصوبہ میں ناکام ہوتا ہے تو کہتا ہے میری فلاں تدبیر میں یہ کمی رہ گئی تھی؛ اس لیے ایسا ہوا تو ان کو کہہ دیا گیا کہ: اپنی تدبیر کو خوب اچھی طرح دیکھ لو، اس میں کوئی کمی نہ رہی ہو۔

فَكَذَّبُوهُ فَنَجَّيْنَٰهُ وَمَن مَّعَهُۥ فِى ٱلْفُلْكِ وَجَعَلْنَٰهُمْ خَلَٰٓئِفَ وَأَغْرَقْنَا ٱلَّذِينَ كَذَّبُوا۟ بِـَٔايَٰتِنَا ۖ فَٱنظُرْ كَيْفَ كَانَ عَٰقِبَةُ ٱلْمُنذَرِينَ ۝ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنۢ بَعْدِهِۦ رُسُلًا إِلَىٰ قَوْمِهِمْ فَجَآءُوهُم بِٱلْبَيِّنَٰتِ فَمَا كَانُوا۟ لِيُؤْمِنُوا۟ بِمَا كَذَّبُوا۟ بِهِۦ مِن قَبْلُ ۚ كَذَٰلِكَ نَطْبَعُ عَلَىٰ قُلُوبِ ٱلْمُعْتَدِينَ ۝ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنۢ بَعْدِهِم مُّوسَىٰ وَهَٰرُونَ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَمَلَإِي۟هِۦ بِـَٔايَٰتِنَا فَٱسْتَكْبَرُوا۟ وَكَانُوا۟ قَوْمًا مُّجْرِمِينَ ۝ فَلَمَّا جَآءَهُمُ ٱلْحَقُّ مِنْ عِندِنَا قَالُوٓا۟ إِنَّ هَٰذَا لَسِحْرٌ مُّبِينٌ ۝ قَالَ مُوسَىٰٓ أَتَقُولُونَ لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَكُمْ ۖ أَسِحْرٌ هَٰذَا وَلَا يُفْلِحُ ٱلسَّٰحِرُونَ ۝ قَالُوٓا۟ أَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ ءَابَآءَنَا وَتَكُونَ لَكُمَا ٱلْكِبْرِيَآءُ فِى ٱلْأَرْضِ ۖ

سوان لوگوں نے نوح (علیہ السلام) کو جھٹلا دیا تو ہم نے نوح کو اور اس کے ساتھیوں کو جو کشتی میں تھے ان سب کو (طوفان سے) بچا لیا اور ہم نے ان (عذاب سے بچ جانے والوں) کو (کافروں کی جگہ پر زمین میں) آباد (یعنی قائم مقام) کر دیا اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا ہم نے ان کو ڈبو دیا، سو جن کو (پہلے سے) ڈرا دیا گیا تھا ان کا انجام کیسا ہوا وہ تم دیکھ لو ﴿۷۳﴾ پھر ہم نے اس (نوح) کے بعد (مختلف) پیغمبروں کو ان کی اپنی اپنی قوم کی طرف بھیجا، سو وہ (پیغمبر) ان کے پاس کھلی نشانیاں لے کر آئے، پھر بھی جس بات کو وہ پہلے سے جھٹلا چکے تھے اس کو ماننے کے لیے وہ تیار ہی نہیں ہوئے، حد سے آگے بڑھ جانے والوں (کافروں) کے دلوں پر ہم اسی طریقے سے مہر لگا دیتے ہیں ﴿۷۴﴾ پھر ان سب کے بعد ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) اور ہارون (علیہ السلام) کو فرعون اور اس کے سرداروں کے پاس ہماری آیتوں کو لے کر بھیجا، تو انھوں نے تکبر کیا اور وہ گنہگار لوگ تھے ﴿۷۵﴾ سو جب ان لوگوں کے پاس ہماری طرف سے حق پہنچ گیا تو وہ کہنے لگے: یقیناً یہ کھلم کھلا جادو ہی ہے ﴿۷۶﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: کیا تم حق کے بارے میں جب کہ وہ (حق) تمھارے پاس آچکا (ایسا) کہتے ہو: بھلا! کیا یہ جادو ہے؟ حالاں کہ جادوگر لوگ کامیاب نہیں ہوا کرتے ﴿۷۷﴾ (قوم کے) لوگ کہنے لگے: کیا تم ہمارے پاس اس لیے آئے کہ جس (طریقے) پر ہم نے اپنے باپ دادوں کو پایا اس (طریقے) سے تم ہم کو ہٹا دیویں اور تم دونوں (بھائیوں) کو ملک میں سرداری مل جاوے؟

وَمَا نَحۡنُ لَكُمَا بِمُؤۡمِنِينَ۝ وَقَالَ فِرۡعَوۡنُ ٱئۡتُونِي بِكُلِّ سَٰحِرٍ عَلِيمٖ۝ فَلَمَّا جَآءَ ٱلسَّحَرَةُ قَالَ لَهُم مُّوسَىٰٓ أَلۡقُواْ مَآ أَنتُم مُّلۡقُونَ۝ فَلَمَّآ أَلۡقَوۡاْ قَالَ مُوسَىٰ مَا جِئۡتُم بِهِ ٱلسِّحۡرُۖ إِنَّ ٱللَّهَ سَيُبۡطِلُهُۥٓۖ إِنَّ ٱللَّهَ لَا يُصۡلِحُ عَمَلَ ٱلۡمُفۡسِدِينَ۝ وَيُحِقُّ ٱللَّهُ ٱلۡحَقَّ بِكَلِمَٰتِهِۦ وَلَوۡ كَرِهَ ٱلۡمُجۡرِمُونَ۝

فَمَآ ءَامَنَ لِمُوسَىٰٓ إِلَّا ذُرِّيَّةٞ مِّن قَوۡمِهِۦ عَلَىٰ خَوۡفٖ مِّن فِرۡعَوۡنَ وَمَلَإِيْهِمۡ أَن يَفۡتِنَهُمۡۚ وَإِنَّ فِرۡعَوۡنَ لَعَالٖ فِي ٱلۡأَرۡضِ وَإِنَّهُۥ لَمِنَ ٱلۡمُسۡرِفِينَ۝

اور ہم تم دونوں پر (کبھی) ایمان لانے والے نہیں ہیں ﴿۷۸﴾ اور فرعون نے (اپنے ملازموں سے) کہا کہ: تمام ہوشیار (یا بڑے جان کار یا ماہر) جادوگر کو میرے پاس (بلا کر) لاؤ ﴿۷۹﴾ سو جب جادوگر آ گئے تو موسیٰ (علیہ السلام) نے ان سے کہا کہ: تم کو (میدان میں) جو پھینکنا ہو پھینکو ﴿۸۰﴾ سو جب ان (جادوگر) لوگوں نے (اپنی رسیاں اور لاٹھیاں) ڈال دی (اور وہ سانپ بن کر دوڑتی نظر آئی) تو موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: جو کچھ تم نے دکھایا ہے① وہ تو جادو ہی ہے، یقیناً اللہ تعالیٰ اس (جادو) کو ابھی ملیا میٹ کر دیں گے، یقیناً اللہ تعالیٰ فساد کرنے والوں کے کام بننے نہیں دیتے ﴿۸۱﴾ اور اللہ تعالیٰ حق کو اپنے حکم سے سچا کر کے دکھلاتے ہیں چاہے گنہگار لوگ (اس کو) برا سمجھیں ﴿۸۲﴾

سو (شروع دور میں) موسیٰ (علیہ السلام) پر ان کی قوم کے صرف چند نوجوان ہی ایمان لائے② فرعون اور ان کے سرداروں سے ڈرنے کی وجہ سے کہ کہیں وہ ان کو مصیبت میں نہ ڈال دیویں اور یقیناً فرعون تو ملک میں بڑا زور دکھا رہا تھا اور یقیناً وہ حد سے آگے نکل جانے والوں میں سے تھا ﴿۸۳﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) تم جو بنا کر لائے ہو۔ نوٹ: حضرت موسیٰؑ کا ساحرین سے مقابلہ ایک میدان میں ہوا تھا، قدیم دور سے آج تک مصر میں میدان کا انقلابات سے گہرا ربط رہا ہے۔

② قوم کے نوجوان بڑے قیمتی ہوتے ہیں، ان پر اول محنت کی جائے تو ان شاء اللہ بہت اچھے نتائج نکلیں گے، ان میں قوتِ فیصلہ تیز ہوتی ہے، ہمت وجرأت سے کام لیتے ہیں۔

وَقَالَ مُوسٰى يٰقَوْمِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّسْلِمِيْنَ۝ فَقَالُوْا عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ۝ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ۝ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰى وَاَخِيْهِ اَنْ تَبَوَّاٰ لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُيُوْتًا وَّاجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ۝ وَقَالَ مُوْسٰى رَبَّنَآ اِنَّكَ اٰتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَمَلَاَهٗ زِيْنَةً وَّاَمْوَالًا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ رَبَّنَا لِيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِكَ ۚ

اور موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: اے میری قوم! اگر تم اللہ تعالیٰ پر (سچے دل سے) ایمان لا چکے ہو تو اسی پر تم بھروسہ کرو، اگر تم مسلمان ہو ﴿۸۴﴾ تو (قوم کے) لوگ کہنے لگے کہ: ہم نے اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ کر لیا، اے ہمارے رب! آپ ظالم قوم کے واسطے ہم کو فتنہ نہ بنائیے ① ﴿۸۵﴾ اور آپ اپنی رحمت سے ہم کو کافر قوم سے نجات عطا فرما دیجیے ﴿۸۶﴾ اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) اور ان کے بھائی کی طرف حکم بھیجا کہ: تم دونوں اپنی قوم کے لیے مصر میں گھروں کو برقرار رکھو ② اور تم اپنے گھروں کا رخ قبلے کی طرف بناؤ ③ اور تم لوگ نماز قائم کرو اور ایمان والوں کو خوش خبری سنا دو ﴿۸۷﴾ اور موسیٰ (علیہ السلام) نے (دعا میں) کہا: اے ہمارے رب! یقیناً آپ نے فرعون کو اور اس کے سرداروں کو رونق کا سامان اور بہت سارا مال دنیا کی زندگی میں دے رکھا ہے، اے ہمارے رب! جس کا نتیجہ یہ ہو رہا ہے کہ (اس کے ذریعے) وہ (لوگوں کو) آپ کے راستے سے گمراہ کر رہے ہیں ④

---

① (دوسرا ترجمہ) ظالم لوگوں کے ہاتھوں سے آپ ہم کو آزمائش میں نہ ڈالیے، یا تختۂ مشق نہ بنائیے۔
نوٹ: یہ دعائیہ کلمات آج کل کے حالات میں بڑے اہتمام سے مانگنے کی ضرورت ہے۔
② یعنی ڈر کر گھر نہ چھوڑو۔ اس لیے مکان کی تعمیر ایسی ہو کہ سکونت اور عبادت دونوں کام میں آوے (دوسرا ترجمہ) مصر میں مکان بناؤ۔ ③ (دوسرا ترجمہ) تمہارے گھروں ہی میں نماز کی جگہ بناؤ۔ یعنی خوف کی وجہ سے مسجد جانا معاف ہے، اس آیت سے مسلمانوں کو سبق ملتا ہے کہ مکان کی تعمیر کے وقت ہی نقشہ اس طرح بناؤ کہ ہر کمرے سے قبلہ رخ آسان ہو جاوے اور نماز کی ادائیگی میں سہولت رہے اور جہاں اس طرح کے نقشے میں دشواری ہو یا جو مکان پہلے سے بنے بنائے ہیں، ان میں قبلہ کے نشان بنا دیے جائیں۔
④ زینت کے اسباب اور مال کی کثرت یہ بھی گمراہی کے اسباب بن سکتے ہیں، العیاذ باللہ۔

رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿۸۸﴾ قَالَ قَدْ اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيْمَا وَلَا تَتَّبِعٰٓنِّ سَبِيْلَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۸۹﴾ وَجٰوَزْنَا بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْبَحْرَ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُوْدُهٗ بَغْيًا وَّعَدْوًا ؕ حَتّٰٓى اِذَآ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ ۙ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِيْٓ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِيْلَ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۹۰﴾ آٰلْـٰٔنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَكُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۹۱﴾ فَالْيَوْمَ نُنَجِّيْكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُوْنَ لِمَنْ خَلْفَكَ اٰيَةً ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ اٰيٰتِنَا لَغٰفِلُوْنَ ﴿۹۲﴾

اے ہمارے رب! آپ ان کے مالوں کو مٹا دیجیے اور ان کے دلوں کو اتنا سخت کر دیجیے کہ جب تک وہ دردناک عذاب کو دیکھ نہ لیں اس وقت تک وہ ایمان نہ لائیں ﴿۸۸﴾ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: (اے موسیٰ اور ہارون!) تم دونوں کی دعا قبول کر لی گئی ①، سو تم دونوں (اپنی حالت پر) ثابت قدم رہو اور جو لوگ علم سے محروم ہیں ان لوگوں کے راستے پر نہ چلنا ﴿۸۹﴾ اور ہم نے بنو اسرائیل کو سمندر پار کرا دیا تو فرعون اور اس کے لشکر نے ظلم اور زیادتی کے ارادے سے ان کا پیچھا کیا، یہاں تک کہ جب وہ (فرعون) ڈوبنے لگا تو بولا: میں ایمان لاتا ہوں کہ جس معبود پر بنی اسرائیل ایمان لائے ہیں اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور میں مسلمانوں میں سے ہوں ﴿۹۰﴾ (اس کو جواب دیا گیا) اب تو ایمان لاتا ہے؛ حالاں کہ اس سے پہلے تو نافرمانی کرتا رہا اور تو گمراہ کرنے والوں میں سے تھا ﴿۹۱﴾ سو آج ہم تیرے بدن کو بچا لیں گے؛ تاکہ تیرے پیچھے (آنے) والوں کے لیے (عبرت کی) ایک نشانی بن جائے اور یقیناً بہت سارے لوگ ہماری نشانیوں کے بارے میں غفلت ہی میں پڑے ہوئے ہیں ﴿۹۲﴾

① اللہ تعالیٰ سے دعا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے مانگی، اور حضرت ہارون علیہ السلام آمین کہہ رہے تھے، معلوم ہوا کہ آمین کہنے والا مانگی ہوئی دعا میں شامل ہوتا ہے، جیسے سورۂ فاتحہ امام نے پڑھی اور مقتدی نے آمین کہہ دی تو وہ بھی فاتحہ والی دعا مانگنے والا ہو گیا۔

وَلَقَدْ بَوَّأْنَا بَنِيٓ إِسْرَٰٓءِيلَ مُبَوَّأَ صِدْقٍ وَرَزَقْنَٰهُم مِّنَ ٱلطَّيِّبَٰتِ فَمَا ٱخْتَلَفُوا۟ حَتَّىٰ جَآءَهُمُ ٱلْعِلْمُ ۚ إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِى بَيْنَهُمْ يَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ فِيمَا كَانُوا۟ فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ۝ فَإِن كُنتَ فِى شَكٍّ مِّمَّآ أَنزَلْنَآ إِلَيْكَ فَسْـَٔلِ ٱلَّذِينَ يَقْرَءُونَ ٱلْكِتَٰبَ مِن قَبْلِكَ ۚ لَقَدْ جَآءَكَ ٱلْحَقُّ مِن رَّبِّكَ فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ ٱلْمُمْتَرِينَ ۝ وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ ٱلَّذِينَ كَذَّبُوا۟ بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِ فَتَكُونَ مِنَ ٱلْخَٰسِرِينَ ۝ إِنَّ ٱلَّذِينَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ ۝ وَلَوْ جَآءَتْهُمْ كُلُّ ءَايَةٍ حَتَّىٰ يَرَوُا۟ ٱلْعَذَابَ ٱلْأَلِيمَ ۝ فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ ءَامَنَتْ فَنَفَعَهَآ إِيمَٰنُهَآ إِلَّا قَوْمَ يُونُسَ لَمَّآ ءَامَنُوا۟ كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ ٱلْخِزْىِ فِى ٱلْحَيَوٰةِ ٱلدُّنْيَا وَمَتَّعْنَٰهُمْ إِلَىٰ حِينٍ ۝

اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے بنی اسرائیل کو (رہنے کے لیے) ایک اچھا ٹھکانہ دیا اور ہم نے ان کو پاکیزہ (یعنی نفیس) چیزوں میں سے روزی عطا کی، سو جب ان کے پاس (صحیح) علم پہنچ گیا تب ہی انھوں نے اس میں اختلاف کیا، یقیناً تمھارے رب قیامت کے دن جن چیزوں میں وہ اختلاف کرتے تھے ان میں ان کے درمیان فیصلہ کریں گے ﴿۹۳﴾ سو (اے نبی!) جو (کتاب) ہم نے تمھاری طرف اتاری اگر اس میں تم کو ذرا بھی شک ہے تو تم سے پہلے جو لوگ (آسمانی) کتاب پڑھتے تھے ان کو پوچھ لو①، پکی بات یہ ہے کہ تمھارے رب کی طرف سے تمھارے پاس سچی بات آچکی؛ لہٰذا تم شک کرنے والوں میں سے کبھی مت بنو ﴿۹۴﴾ اور جن لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو جھٹلایا تم ان لوگوں میں سے ہرگز مت بنو، ورنہ تم نقصان میں پڑنے والوں میں سے ہو جاؤ گے ﴿۹۵﴾ یہ بات تو یقینی ہے کہ جن لوگوں پر تمھارے رب کی بات (ازل سے) طے ہو چکی ہے وہ (کبھی) ایمان نہیں لائیں گے ﴿۹۶﴾ چاہے تمام قسم کی نشانیاں ان کے سامنے آجائیں (تو بھی وہ ایمان نہیں لائیں گے) یہاں تک کہ وہ دردناک عذاب کو دیکھ لیویں ﴿۹۷﴾ سو کوئی بستی ایسی کیوں نہیں ہوئی کہ (عذاب کو آنکھوں سے دیکھتے وقت) وہاں کے لوگ ایمان لاتے اور ان کا ایمان لانا ان کو نفع دیتا، سوائے یونس کی قوم کے، کہ جب وہ لوگ ایمان لائے تو ہم نے ان (پر) سے رسوائی کا عذاب دنیا کی زندگی میں دور کر دیا اور ہم نے ان کو ایک وقت (یعنی موت) تک آرام سے رہنے دیا② ﴿۹۸﴾ (حاشیہ ☚)

وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِی الْاَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِیْعًاؕ اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰی یَكُوْنُوْا مُؤْمِنِیْنَ﴿۹۹﴾ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تُؤْمِنَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِؕ وَیَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَی الَّذِیْنَ لَا یَعْقِلُوْنَ﴿۱۰۰﴾ قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِؕ وَمَا تُغْنِی الْاٰیٰتُ وَالنُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا یُؤْمِنُوْنَ﴿۱۰۱﴾ فَهَلْ یَنْتَظِرُوْنَ اِلَّا مِثْلَ اَیَّامِ الَّذِیْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِهِمْؕ قُلْ فَانْتَظِرُوْۤا اِنِّیْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِیْنَ﴿۱۰۲﴾ ثُمَّ نُنَجِّیْ رُسُلَنَا وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كَذٰلِكَۚ حَقًّا عَلَیْنَا نُنْجِ الْمُؤْمِنِیْنَ﴿۱۰۳﴾

قُلْ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِیْ شَكٍّ مِّنْ دِیْنِیْ فَلَاۤ اَعْبُدُ الَّذِیْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

اور اگر تمھارے رب چاہتے تو جتنے بھی لوگ زمین میں ہیں وہ سب کے سب ایمان لے آتے تو کیا تم لوگوں کو مجبور کرو گے کہ وہ ایمان لے ہی آویں؟ ﴿۹۹﴾ اور کسی بھی شخص سے یہ نہیں ہوسکتا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر ایمان لے آئے اور جو لوگ عقل سے کام نہیں لیتے اللہ تعالیٰ ان کو (کفر کی) گندگی میں مبتلا رکھتے ہیں① ﴿۱۰۰﴾ (اے نبی!) تم (ان کافروں سے) کہو کہ: تم نظر دوڑاؤ! آسمانوں اور زمین میں کیا کیا چیزیں ہیں؟ اور نشانیاں (یعنی دلائل) اور ڈرانے والے ایسے لوگوں کو کام نہیں آتے جو ایمان نہیں لاتے ہیں ﴿۱۰۱﴾ سو کیا وہ (کافر) لوگ (ایمان لانے کے واسطے) صرف اس طرح کے واقعات کا انتظار کر رہے ہیں جیسے (واقعات) ان سے پہلے گزرے ہوئے لوگوں کو پیش آئے تھے؟ (اے نبی!) تم (ان سے) کہہ دو کہ: سو تم انتظار کرو، میں بھی تمھارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں سے ہوں ﴿۱۰۲﴾ پھر ہم اپنے رسولوں کو اور ایمان والوں کو (عذاب سے) بچالیتے ہیں اسی طرح، ہم نے ہمارے ذمے یہ بات لے لی ہے کہ ہم (تمام) ایمان والوں کو بچالیا کرتے ہیں ﴿۱۰۳﴾

(اے نبی!) تم کہہ دو کہ: اے لوگو! اگر تم میرے دین کے بارے میں شک میں (پڑے) ہو تو اللہ تعالیٰ کے سوا تم لوگ جن (بتوں) کی عبادت کرتے ہو میں ان کی عبادت نہیں کرتا ہوں؛

⊃ گذشتہ صفحہ کا: ① نکتہ: بہت سارے شکوک کا ازالہ سوال سے ہو جاتا ہے ② (دوسرا ترجمہ) فائدہ اٹھانے کا موقع دیا۔
① یعنی جو لوگ حق کو سوچتے نہیں اللہ تعالیٰ ان کو کفر کی گندگی میں پڑا رہنے دیتے ہیں۔

وَلٰكِنْ اَعْبُدُ اللّٰهَ الَّذِیْ یَتَوَفّٰىكُمْ ۖۚ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۰۴﴾ وَاَنْ اَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّیْنِ حَنِیْفًا ۚ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ﴿۱۰۵﴾ وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا یَنْفَعُكَ وَلَا یَضُرُّكَ ۚ فَاِنْ فَعَلْتَ فَاِنَّكَ اِذًا مِّنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۱۰۶﴾ وَاِنْ یَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗۤ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ یُّرِدْكَ بِخَیْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ؕ یُصِیْبُ بِهٖ مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ﴿۱۰۷﴾ قُلْ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا یَهْتَدِیْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا یَضِلُّ عَلَیْهَا ۚ وَمَاۤ اَنَا عَلَیْكُمْ بِوَكِیْلٍ ﴿۱۰۸﴾ وَاتَّبِعْ مَا یُوْحٰۤى اِلَیْكَ وَاصْبِرْ حَتّٰى یَحْكُمَ اللّٰهُ ۖۚ وَهُوَ خَیْرُ الْحٰكِمِیْنَ ﴿۱۰۹﴾

لیکن میں تو اس اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا ہوں جو تمھاری روح کو قبض کرتے ہیں اور مجھ کو تو یہ حکم ہوا ہے کہ میں ایمان لانے والوں میں سے بن کر رہوں ﴿۱۰۴﴾ اور (مجھ سے تو یہ بھی کہا گیا ہے کہ) تم اپنا منہ دین (یعنی اسلام) پر بالکل سیدھا رکھو اور تم شرک کرنے والوں میں سے ہرگز مت بنو ﴿۱۰۵﴾ اور تم اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر ایسی چیز کو مت پکارو جو تم کو نفع بھی نہ دیوے اور تم کو نقصان بھی نہ دیوے، اگر تم نے ایسا کیا تب تو تم ظلم کرنے والوں میں سے ہو جاؤ گے ﴿۱۰۶﴾ اور اگر اللہ تعالیٰ تم کو کوئی تکلیف پہنچاویں تو اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا کوئی اس کو دور نہیں کر سکتا اور اگر وہ (اللہ تعالیٰ) تم کو کوئی بھلائی پہنچانے کا ارادہ کریں تو اس کے فضل کو کوئی واپس کرنے والا نہیں ہے، وہ اس (فضل) کو اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتے ہیں اس کو پہنچاتے ہیں اور وہ (اللہ تعالیٰ) تو بہت زیادہ معاف کرنے والے، سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۱۰۷﴾ (اے نبی!) تم کہو کہ: اے لوگو! تمھارے پاس تمھارے رب کی طرف سے حق آ گیا، سو جو شخص بھی ہدایت کا راستہ اختیار کرتا ہے وہ اپنے ہی فائدہ کے لیے ہدایت کا راستہ اپناتا ہے اور جو شخص کہ گمراہ ہو گیا تو گمراہی کا نقصان تو اسی کو پہنچے گا اور میں تمھارے اوپر ذمے دار نہیں ہوں ﴿۱۰۸﴾ اور (اے نبی!) جو وحی تمھارے پاس بھیجی جا رہی ہے تم اس پر چلو اور تم صبر کرو؛ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ فیصلہ کر دیویں اور وہ (اللہ تعالیٰ) بہترین فیصلہ کرنے والے ہیں ﴿۱۰۹﴾

سورة هود

(المكية)

آیاتها: ۱۲۳۔

رکوعاتها: ۱۰۔

سورۃ ہود

یہ سورت مکی ہے، اس میں ایک سو تیئیس (۱۲۳) آیتیں ہیں، سورۃ یونس کے بعد اور سورۃ یوسف سے پہلے باون (۵۲) نمبر پر نازل ہوئی۔

حضرت ہودؑ قومِ عاد کی سب سے زیادہ معزز شاخ "خلود" کے ایک فرد تھے، سرخ سفید رنگ، اللہ تعالیٰ کی طرف سے وجیہ شخصیت ملی تھی، ان کی ڈاڑھی بڑی تھی۔

ہود بن عبد اللہ بن ریاح بن خلود بن عاد بن عوض بن شالح بن ارفخشد بن سام بن نوح، مشہور پیغمبر تھے، جن کو قومِ عاد کی ہدایت کے لیے بھیجا گیا تھا، حضرت ہود علیہ السلام کی قوم کو ہی عادِ اولیٰ کہا جاتا ہے۔ (لغات القرآن ج:۶، ص:۱۴۱)

جو شخص اس سورت کی آیت "بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ۭ اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ" اور سورۃ زمر کی یہ آیت: "وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ڰ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ ۭ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ" پڑھ کر سمندر میں سوار ہو تو وہ غرق سے محفوظ رہے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

الٓرٰ ۟ کِتٰبٌ اُحۡکِمَتۡ اٰیٰتُہٗ ثُمَّ فُصِّلَتۡ مِنۡ لَّدُنۡ حَکِیۡمٍ خَبِیۡرٍ ۙ﴿۱﴾ اَلَّا تَعۡبُدُوۡۤا اِلَّا اللّٰہَ ؕ اِنَّنِیۡ لَکُمۡ مِّنۡہُ نَذِیۡرٌ وَّ بَشِیۡرٌ ۙ﴿۲﴾ وَّ اَنِ اسۡتَغۡفِرُوۡا رَبَّکُمۡ ثُمَّ تُوۡبُوۡۤا اِلَیۡہِ یُمَتِّعۡکُمۡ مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰۤی اَجَلٍ مُّسَمًّی وَّ یُؤۡتِ کُلَّ ذِیۡ فَضۡلٍ فَضۡلَہٗ ؕ وَ اِنۡ تَوَلَّوۡا فَاِنِّیۡۤ اَخَافُ عَلَیۡکُمۡ عَذَابَ یَوۡمٍ کَبِیۡرٍ ﴿۳﴾ اِلَی اللّٰہِ مَرۡجِعُکُمۡ ۚ وَ ہُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ﴿۴﴾ اَلَاۤ اِنَّہُمۡ یَثۡنُوۡنَ صُدُوۡرَہُمۡ لِیَسۡتَخۡفُوۡا مِنۡہُ ؕ اَلَا حِیۡنَ یَسۡتَغۡشُوۡنَ ثِیَابَہُمۡ ۙ یَعۡلَمُ مَا یُسِرُّوۡنَ وَ مَا یُعۡلِنُوۡنَ ۚ اِنَّہٗ عَلِیۡمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ ﴿۵﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

الر، یہ ایسی کتاب ہے کہ (دلائل کے اعتبار سے) اس کی آیتیں خوب مضبوط کی گئی ہیں① پھر بہت زیادہ حکمت والے، بڑے خبر رکھنے والے (اللہ تعالیٰ) کی طرف سے وہ (آیتیں) صاف صاف بیان کی گئی ہیں ﴿۱﴾ یہ کہ تم صرف اللہ تعالیٰ ہی کی عبادت کرو، یقیناً میں تمہارے لیے اس کی طرف سے ڈرانے والا② اور خوش خبری سنانے والا ہوں ﴿۲﴾ اور یہ کہ تم (اپنی پچھلی نافرمانی پر) اپنے رب سے معافی مانگو پھر (آئندہ کے لیے بھی) اس کی طرف رجوع کرو، وہ (اللہ تعالیٰ) تم کو مقررہ وقت تک (زندگی سے) اچھا فائدہ اٹھانے کا موقع دیں گے اور جس نے بھی زیادہ عمل کیا ہوگا اس کو اپنی طرف سے فضل (یعنی جنت) دیں گے اور اگر تم منہ پھراؤ گے تو میں تمہارے بارے میں ایک بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں ﴿۳﴾ تم سب کو اللہ تعالیٰ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے اور وہ (اللہ) تمام چیز پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں ﴿۴﴾ سن لو! وہ لوگ اس (اللہ تعالیٰ) سے چھپنے کے لیے اپنے سینوں کو (جھکا کر) دوہرا کر لیتے ہیں، سن لو! جس وقت وہ لوگ اپنے کپڑے اپنے اوپر اوڑھ (یعنی لپیٹ) لیتے ہیں اس وقت بھی وہ (اللہ تعالیٰ) جو چیز وہ لوگ چھپاتے ہیں اور جو (چیز) وہ ظاہر کرتے ہیں اُس کو جانتے ہیں، یقیناً وہ (اللہ) تو سینوں کی باتوں کو اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۵﴾

---

① قرآن کی آیات میں لفظی معنوی کسی طرح کی غلطی یا کمزوری کا کوئی امکان ہی نہیں ہے، یا منسوخ کے مقابلے میں ہے۔

② مراد: شفقت و محبت کے ساتھ دنیا و آخرت میں نقصان پہنچانے والی چیزوں سے ڈراتا۔

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا ۚ كُلٌّ فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ وَّكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۚ وَلَئِنْ قُلْتَ اِنَّكُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ مِنْۢ بَعْدِ الْمَوْتِ لَيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَلَئِنْ اَخَّرْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِلٰٓى اُمَّةٍ مَّعْدُوْدَةٍ لَّيَقُوْلُنَّ مَا يَحْبِسُهٗ ۚ اَلَا يَوْمَ يَاْتِيْهِمْ لَيْسَ مَصْرُوْفًا عَنْهُمْ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝

وَلَئِنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً ثُمَّ نَزَعْنٰهَا مِنْهُ ۚ اِنَّهٗ لَيَـُٔوْسٌ كَفُوْرٌ ۝

اور زمین پر چلنے والا کوئی جانور بھی ایسا نہیں ہے جس کی روزی اللہ تعالیٰ کے ذمے نہ ہو اور وہ (اللہ تعالیٰ) اس کے مستقل (یعنی زیادہ) ٹھہرنے کی جگہ اور جہاں وہ سونپا جاتا ہے (یعنی عارضی رہنے کی جگہ) اس کو بھی جانتے ہیں، ہر چیز کھلی ہوئی کتاب (یعنی لوحِ محفوظ) میں موجود ہے ﴿۶﴾ اور وہی (اللہ تعالیٰ) ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا اور (اس وقت) اس کا عرش پانی پر تھا؛ تاکہ وہ تم کو آزماویں کہ تم میں سے کون اچھا عمل کرتا ہے① اور (اے نبی!) اگر تم (یہ بات) کہو کہ: یقیناً تم لوگوں کو مرنے کے بعد (قیامت میں) دوبارہ زندہ کیا جاوے گا تو (اس پر) یہ کافر لوگ ضرور کہیں گے کہ: یہ تو صرف کھلا جادو ہے ﴿۷﴾ اور اگر ایک جانی ہوئی مدت (یعنی تھوڑے دنوں) تک ہم ان پر سے عذاب کو مؤخر (یعنی ملتوی) کر دیں گے تو وہ لوگ ضرور (ایسی بات) کہیں گے کہ: کونسی چیز نے اس (عذاب) کو روکے رکھا ہے؟ سن لو! جس دن وہ (عذاب) ان پر آجاوے گا تو پھر ان پر سے (کسی طرح بھی) واپس ہونے والا نہیں ہے اور جس (عذاب) کا وہ مذاق اڑاتے تھے وہ ان کو (چاروں طرف سے) گھیر لے گا ﴿۸﴾

اور اگر ہم انسان کو ہماری طرف سے کسی رحمت کا مزہ چکھا دیویں② پھر ہم اس (انسان) سے وہ (رحمت) واپس لے لیویں تو یقیناً وہ مایوس ہو جاوے گا، ناشکرا ہو جائے گا ﴿۹﴾

---

① جو عمل سنت کے مطابق اخلاص سے کیا جاوے۔ ② دوسرا: اپنی کسی نعمت سے لطف اندوز کریں۔

وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ نَعْمَآءَ بَعْدَ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ عَنِّيْ ؕ اِنَّهٗ لَفَرِحٌ فَخُوْرٌ ۙ﴿۱۰﴾ اِلَّا
الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ﴿۱۱﴾ فَلَعَلَّكَ تَارِكٌۢ بَعْضَ
مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَضَآئِقٌۢ بِهٖ صَدْرُكَ اَنْ يَّقُوْلُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ جَآءَ مَعَهٗ مَلَكٌ ؕ اِنَّمَآ
اَنْتَ نَذِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿۱۲﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ
مُفْتَرَيٰتٍ وَّادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۳﴾ فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا
لَكُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۴﴾

اور اگر ہم اس (انسان) کو تکلیف پہنچنے کے بعد اس کو نعمتوں کا مزہ چکھا دیں تو وہ (انسان) ضرور کہے گا کہ: مجھ سے تو (میری) تمام مصیبتیں دور ہو گئیں، پکی بات یہ ہے کہ وہ (انسان) تو بڑا اترانے والا، بڑا ہی فخر کرنے والا ہے① ﴿۱۰﴾ مگر جن لوگوں نے صبر کیا اور نیک کام کیے ایسے لوگوں کے لیے تو مغفرت ہے اور بڑا ثواب ہے ﴿۱۱﴾ (اے نبی) کیا ایسا ہو سکتا ہے کہ جو وحی تم پر اتاری جا رہی ہے اس کا کچھ حصہ تم چھوڑ دو؟ اور اس بات سے تمہارا دل تنگ ہو جاتا ہے② کہ وہ (کافر) لوگ (ایسا) کہتے ہیں کہ: اس (نبی) پر کوئی خزانہ کیوں نہیں اتارا گیا یا اس (نبی) کے ساتھ کوئی فرشتہ کیوں نہیں آیا (جو فرشتہ ہم سے بھی بات چیت کرتا؟) (اے نبی!) یقیناً تم تو ڈرانے والے ہو اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کے ذمہ دار ہے ﴿۱۲﴾ کیا وہ (کافر ایسا) کہتے ہیں کہ: اس (نبی) نے اس (قرآن) کو خود گڑھ لیا ہے؟ تو (ان کو) تم (جواب میں) کہو: پھر تو تم اس (قرآن) جیسی دس سورتیں (اپنی خود کی) بنائی ہوئی تم لے آؤ اور (اس کام میں مدد کے لیے) اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر جس کو بھی بلا سکتے ہو اس کو بلا لو اگر تم سچے ہو تو ﴿۱۳﴾ اور اگر وہ لوگ تمہاری (کہی ہوئی) بات قبول نہ کریں③ تو تم جان لو کہ وہ (قرآن) اللہ تعالیٰ کے علم (یعنی وحی) سے ہی اتارا گیا ہے اور یہ (بھی جان لو) کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، تو اب (بتاؤ) کیا تم مسلمان ہوتے ہو (یا نہیں)؟ ﴿۱۴﴾

---

① دنیا کی راحت اور مصیبت دونوں عارضی ہے، ناشکری اور اترانا دونوں بری عادت ہے۔
② (دوسرا ترجمہ) سو شاید آپ (تنگ ہو کر) جو احکام آپ کے پاس وحی کے ذریعے بھیجے جاتے ہیں ان میں سے بعض (کی تبلیغ) کو چھوڑ دینا چاہتے ہو اور آپ کا دل اس بات سے تنگ ہوتا ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ۔ ③ یعنی تمہارا کہنا کر نہ سکے۔

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ ۖ وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ۝ اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ۭ اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ مِنَ الْاَحْزَابِ فَالنَّارُ مَوْعِدُهٗ ۚ فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ ۤ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ۝

جو شخص بھی (اپنے اعمال کے ذریعہ) دنیا کی زندگی اور اس کی رونق حاصل کرنا چاہتا ہے تو ہم ان کو ان کے اعمال کا پورا بدلہ اس (دنیا ہی) میں دے دیں گے اور ان کے لیے اس (دنیا) میں کوئی نقصان نہیں کیا جائے گا ﴿۱۵﴾ ایسے لوگوں کے لیے آخرت میں آگ ہی ہوگی، ان لوگوں نے اس (دنیا) میں جو کام کیے وہ سب برباد ہو جائیں گے اور جو عمل وہ لوگ کر رہے تھے وہ (آخرت میں) بیکار ہو جائیں گے ﴿۱۶﴾ کیا (قرآن کا انکار کرنے والا اس شخص کے برابر ہو سکتا ہے) جو شخص اپنے رب کی طرف سے (آئی ہوئی) کھلی دلیل (یعنی قرآن) پر ہو اور (اس قرآن کے سچا ہونے پر) اس کے پیچھے ایک گواہ (یعنی ثبوت)① اس (اللہ تعالیٰ) کی طرف سے آیا ہو؟ اور اس (قرآن) سے پہلے موسیٰ (علیہ السلام) کی کتاب راستہ بتلانے والی اور رحمت تھی (وہ بھی قرآن کو سچا بتاتی ہے) وہی لوگ اس (قرآن) پر ایمان لاتے ہیں اور ان سب فرقوں میں سے جو بھی اس (قرآن) کا انکار کرے گا تو (جہنم کی) آگ اس کے وعدہ کی جگہ ہے، سو تم اس (قرآن) کے بارے میں کسی شک میں مت پڑو، یقیناً وہ (قرآن) تو تمھارے رب کی طرف سے (آئی ہوئی) بالکل سچی کتاب ہے؛ لیکن اکثر لوگ ایمان لاتے نہیں ہیں ﴿۱۷﴾

---

① قرآن مجید کی سچائی پر خود قرآن بھی گواہ ہے جو اس میں بے مثال فصاحت و بلاغت ہے وہ خود قرآن کی سچائی کی گواہی دیتی ہے یہ اعجاز قرآنی ہے، اسی طرح قرآن اتارا گیا حضرت نبی کریم ﷺ کی ذاتِ اقدس پر، آپ کے اخلاق، آپ کی مبارک عادتیں، آپ کی پاکیزہ زبان، آپ کا نورانی چہرہ یہ سب بھی آپ پر اتاری جانے والی کتاب قرآن کی سچائی کی دلیل ہے۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ؕ اُولٰٓئِكَ يُعْرَضُوْنَ عَلٰى رَبِّهِمْ وَيَقُوْلُ الْاَشْهَادُ هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ۚ اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۸﴾ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ؕ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ اُولٰٓئِكَ لَمْ يَكُوْنُوْا مُعْجِزِيْنَ فِى الْاَرْضِ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ۘ يُضٰعَفُ لَهُمُ الْعَذَابُ ؕ مَا كَانُوْا يَسْتَطِيْعُوْنَ السَّمْعَ وَمَا كَانُوْا يُبْصِرُوْنَ ﴿۲۰﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۱﴾ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ﴿۲۲﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَخْبَتُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ ۙ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۳﴾

اور اس شخص سے بڑا ظالم کون ہوگا جس نے اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھا، وہی لوگ اپنے رب کے روبرو حاضر کیے جائیں گے اور گواہی دینے والے (ملائکہ) کہیں گے کہ: یہی وہ لوگ ہیں جنھوں نے اپنے رب پر جھوٹ بولا تھا، سن لو! اللہ تعالیٰ کی لعنت ظلم کرنے والوں پر ہے ﴿۱۸﴾ جو لوگ اللہ تعالیٰ کے راستے (یعنی دین اسلام) سے روکتے ہیں اور اس (اللہ تعالیٰ کے راستے) میں ٹیڑھا پن تلاش کرتے ہیں اور وہی لوگ آخرت کا انکار کرتے ہیں ﴿۱۹﴾ وہ لوگ زمین میں (بھاگ کر کے اللہ تعالیٰ کو) عاجز نہیں کر سکتے ① اور ان کے لیے اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی مدد کرنے والے نہیں ہونگے، ان کے لیے عذاب کو دوگنا کر دیا جائے گا، وہ لوگ (دنیا میں حق سے نفرت کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کے احکام کو) سن بھی نہیں سکتے تھے اور (حق کی طرف) وہ دیکھتے بھی نہیں تھے ﴿۲۰﴾ وہی لوگ ہیں جنھوں نے خود کو برباد کر دیا ہے اور جو (معبود) انھوں نے (دنیا میں) گڑھ رکھے تھے وہ سب (قیامت میں) ان سے غائب (یعنی گم) ہو جائیں گے ﴿۲۱﴾ اس بات میں کوئی شک نہیں ہے کہ وہی لوگ آخرت میں سب سے زیادہ نقصان اٹھانے والے ہوں گے ﴿۲۲﴾ یقیناً جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے اور انھوں نے اپنے رب کے سامنے عاجزی کی وہی لوگ جنت والے ہیں، وہ اس (جنت) میں ہمیشہ رہیں گے ﴿۲۳﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) تھکا نہیں سکیں گے۔

مَثَلُ الْفَرِيقَيْنِ كَالْأَعْمَىٰ وَالْأَصَمِّ وَالْبَصِيرِ وَالسَّمِيعِ ۚ هَلْ يَسْتَوِيَانِ مَثَلًا ۚ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ﴿٢٤﴾ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِ إِنِّي لَكُمْ نَذِيرٌ مُبِينٌ ﴿٢٥﴾ أَنْ لَا تَعْبُدُوا إِلَّا اللَّهَ ۖ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ أَلِيمٍ ﴿٢٦﴾ فَقَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ قَوْمِهِ مَا نَرَاكَ إِلَّا بَشَرًا مِثْلَنَا وَمَا نَرَاكَ اتَّبَعَكَ إِلَّا الَّذِينَ هُمْ أَرَاذِلُنَا بَادِيَ الرَّأْيِ وَمَا نَرَىٰ لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ بَلْ نَظُنُّكُمْ كَاذِبِينَ ﴿٢٧﴾ قَالَ يَا قَوْمِ أَرَأَيْتُمْ إِنْ كُنْتُ عَلَىٰ بَيِّنَةٍ مِنْ رَبِّي وَآتَانِي رَحْمَةً مِنْ عِنْدِهِ فَعُمِّيَتْ عَلَيْكُمْ أَنُلْزِمُكُمُوهَا وَأَنْتُمْ لَهَا كَارِهُونَ ﴿٢٨﴾

(کافر اور مؤمن) ان دونوں فریق کی مثال ایسی ہے جیسے کہ ایک شخص اندھا اور بہرا ہو اور دوسرا شخص دیکھنے والا اور سننے والا ہو کیا ان دونوں کی حالت برابر ہو سکتی ہے؟ کیا پھر بھی تم لوگ دھیان نہیں دیتے ہو؟ ﴿۲۴﴾

اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے نوح (علیہ السلام) کو ان کی قوم کی طرف (رسول بنا کر) بھیجا کہ یقین رکھو کہ میں تمہارے لیے کھلم کھلا ڈرانے والا ہوں ﴿۲۵﴾ یہ کہ تم صرف اللہ تعالیٰ ہی کی عبادت کرو، یقیناً میں تمہارے بارے میں دردناک دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں ﴿۲۶﴾ سو ان (نوح علیہ السلام) کی قوم میں سے کافر سرداروں نے کہا: تو ہم کو ہمارے جیسا ہی ایک آدمی نظر آتا ہے اور ہم یہ دیکھ رہے ہیں کہ ہم میں سب سے زیادہ نیچی قوم کے لوگ وہی تمہاری بات مانتے ہیں (وہ بھی) بغیر سوچے سمجھے ① اور ہم کو اپنے اوپر تمہاری کوئی فضیلت نظر آتی نہیں ہے؛ بلکہ ہم تو تم کو جھوٹا ہی سمجھتے ہیں ﴿۲۷﴾ اس (نوح علیہ السلام) نے کہا: اے میری قوم! بتاؤ اگر میں اپنے رب کی طرف سے (آئی ہوئی) ایک روشن دلیل پر (قائم) ہوں اور اس (اللہ تعالیٰ) نے اپنے پاس سے مجھے ایک (خاص) رحمت (یعنی نبوت) عطا کی ہو، سو اس کی حقیقت تمہاری آنکھ سے چھپا دی گئی ہے، کیا ہم تم سے اس (رحمت) کو زبردستی چپٹا دیویں؛ حالاں کہ تم اس کو پسند نہیں کرتے ہو② ﴿۲۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اوپرا اوپر سے (تیسرا) ہماری قوم کے چند رذیل ہیں وہ سطحی رائے سے تمہاری پیروی کرنے والے ہو گئے ہیں۔ ② (دوسرا ترجمہ) کیا وہ تمہاری سمجھ میں نہیں آرہی ہو پھر بھی ہم تمہارے اوپر زبردستی مسلط کر دیویں (تیسرا) کیا ہم تم کو اس کے لیے مجبور کر دیویں؛ حالانکہ تم اس سے نفرت کرتے ہو۔

وَيٰقَوْمِ لَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مَالًا ۭ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَي اللّٰهِ وَمَآ اَنَا بِطَارِدِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۭ اِنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَلٰكِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْـهَلُوْنَ ۝ وَيٰقَوْمِ مَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ طَرَدْتُّهُمْ ۭ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَاۗىِٕنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ اِنِّىْ مَلَكٌ وَّلَآ اَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ تَزْدَرِيْٓ اَعْيُنُكُمْ لَنْ يُّؤْتِيَهُمُ اللّٰهُ خَيْرًا ۭ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ښ اِنِّىْٓ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ قَالُوْا يٰنُوْحُ قَدْ جٰدَلْتَنَا فَاَكْثَرْتَ جِدَالَنَا فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝

اور اے میری قوم! میں تم سے اس (تبلیغ) پر کوئی مال نہیں مانگتا، میرا بدلہ تو (میرے) اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے اور میں ایمان والوں کو ہٹانے (یعنی نکالنے) والا نہیں ہوں، یقیناً وہ اپنے رب سے ملاقات کرنے ہی والے ہیں، لیکن میں یہ دیکھتا ہوں کہ تم سب جاہل لوگ ہو﴿۲۹﴾ اور اے میری قوم! اگر میں ان (غریب ایمان والوں) کو (اپنے پاس) سے ہٹادوں تو اللہ تعالیٰ (کی پکڑ) سے کون مجھ کو چھڑائے گا①، کیا پھر بھی تم (اتنی بات بھی) نہیں سمجھتے؟﴿۳۰﴾ اور میں تم کو ایسا نہیں کہتا ہوں کہ میرے پاس اللہ تعالیٰ کے خزانے ہیں اور (میرا دعویٰ) ایسا نہیں ہے کہ میں (تمام) غیب کی باتیں جانتا ہوں اور میں یہ (بھی) نہیں کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں اور جو (میرے ماننے والے) لوگ تمھاری نظروں میں بالکل حقیر ہیں ان کے بارے میں (تمھاری طرح) یہ نہیں کہہ سکتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کو ہرگز کوئی بھی بھلائی (یعنی ثواب) نہیں دیں گے، جو بات ان کے دلوں میں ہے اللہ تعالیٰ اس کو خوب اچھی طرح جانتے ہیں، یقیناً تب تو میں ظلم کرنے والوں میں سے بن جاؤں گا②﴿۳۱﴾ (قوم کے) لوگوں نے کہا: اے نوح! پکی بات یہ ہے کہ تم نے ہم سے بحث کرلی سو تم نے ہم سے بہت بحث کرلی سو اگر تم سچے ہو تو جس (عذاب) کا تم ہم سے وعدہ کرتے ہو③ وہ ہمارے پاس لے آؤ﴿۳۲﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) کون مجھ کو بچائے گا۔ فقر و مسکنت کی وجہ سے کسی کی توہین اللہ کی پکڑ کا سبب بن سکتی ہے۔

② یعنی اگر ان کے دلوں میں اخلاص ہو اور میں ان کے بارے میں کوئی غلط بات کہہ دوں تب تو میں ظلم کرنے والوں میں سے بن جاؤں گا۔ ③ (دوسرا ترجمہ) ڈراتے ہو۔

قَالَ اِنَّمَا يَاْتِيْكُمْ بِهِ اللّٰهُ اِنْ شَآءَ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۳۳﴾ وَلَا يَنْفَعُكُمْ نُصْحِيْٓ اِنْ اَرَدْتُّ اَنْ اَنْصَحَ لَكُمْ اِنْ كَانَ اللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يُّغْوِيَكُمْ ۭ هُوَ رَبُّكُمْ ۣ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۳۴﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۭ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَعَلَيَّ اِجْرَامِيْ وَاَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُجْرِمُوْنَ ﴿۳۵﴾

وَاُوْحِيَ اِلٰى نُوْحٍ اَنَّهٗ لَنْ يُّؤْمِنَ مِنْ قَوْمِكَ اِلَّا مَنْ قَدْ اٰمَنَ فَلَا تَبْتَىِٕسْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَيَصْنَعُ الْفُلْكَ ۣ وَكُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلَاٌ مِّنْ قَوْمِهٖ سَخِرُوْا مِنْهُ ۭ قَالَ اِنْ تَسْخَرُوْا مِنَّا فَاِنَّا نَسْخَرُ مِنْكُمْ كَمَا تَسْخَرُوْنَ ﴿۳۸﴾

نوح (علیہ السلام) نے کہا: اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تو وہ ہی تمھارے پاس وہ (عذاب) لائیں گے اور تم لوگ (عذاب سے بھاگ کر) تھکا نہیں سکو گے ﴿۳۳﴾ اور تم کو میری نصیحت فائدہ نہیں دے گی اگر میں تمھارے ساتھ بھلائی کرنا چاہوں تو بھی؛ جبکہ (تمھاری ضد کی وجہ سے) اللہ تعالیٰ نے تم کو گمراہ کرنے کا ارادہ کرلیا ہو، وہی (اللہ تعالیٰ) تم سب کے رب ہیں اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے ﴿۳۴﴾ کیا یہ (کافر) لوگ (یوں) کہتے ہیں کہ: اس (محمد ﷺ) نے اس (قرآن) کو (خود) گڑھ لیا ہے؟ تو (ان کو جواب میں) تم کہو کہ: اگر میں نے اس کو خود بنالیا ہو تو میرے جرم کا وبال مجھ پر ہی ہوگا اور جو جرم تم لوگ کرتے ہو میں اس کا ذمے دار نہیں ہوں ﴿۳۵﴾

اور نوح (علیہ السلام) کی طرف وحی بھیجی گئی کہ تمھاری قوم میں سے جو لوگ (اب تک) ایمان لاچکے ہیں ان کے سوا کوئی دوسرا ہرگز ایمان نہیں لاوے گا؛ لہذا جو کام وہ لوگ کررہے ہیں اس کی وجہ سے تم غمگین مت ہوؤ ﴿۳۶﴾ اور (اے نوح!) تم ہماری نگرانی میں اور ہماری وحی (یعنی حکم) سے کشتی بنالو اور تم مجھ سے ظالموں (کی نجات) کے بارے میں بات مت کرو، کیوں کہ وہ (ظالم لوگ) ڈوبنے ہی والے ہیں ﴿۳۷﴾ اور نوح نے کشتی بنانے کا کام شروع کردیا، اور جب بھی ان کی قوم کے کچھ سردار لوگ ان کے پاس سے گزرتے تو وہ ان (نوح) پر ہنستے تھے نوح نے کہا: اگر تم ہم پر ہنستے ہو تو یقیناً ہم بھی (ایک دن) تم پر ہنسیں گے جس طرح تم (آج ہم پر) ہنس رہے ہو① ﴿۳۸﴾

---

① یعنی آگے چل کر ایسے حالات کھڑے ہوں گے جو تمھارے استہزاء کا موجب ہوں گے۔

فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ۝ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ قُلْنَا احْمِلْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ وَمَنْ اٰمَنَ ۭ وَمَآ اٰمَنَ مَعَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلٌ ۝ وَقَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْــرٖ۩ىهَا وَمُرْسٰىهَا ۭ اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَهِىَ تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ ۣ وَنَادٰي نُوْحُۨ ابْنَهٗ وَكَانَ فِيْ مَعْزِلٍ يّٰبُنَيَّ ارْكَبْ مَّعَنَا وَلَا تَكُنْ مَّعَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ قَالَ سَاٰوِيْٓ اِلٰي جَبَلٍ يَّعْصِمُنِيْ مِنَ الْمَاۗءِ ۭ قَالَ لَا عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ ۚ وَحَالَ بَيْنَهُمَا الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِيْنَ ۝

سو عنقریب تم لوگ جان لوگے کہ کس کے پاس ایسا عذاب آتا ہے جو اس کو رسوا کردے گا اور کس پر ہمیشہ رہنے والا عذاب اترتا ہے ﴿۳۹﴾ یہاں تک کہ جب ہمارا (عذاب دینے کا) حکم آپہنچا اور تنور (پانی سے) جوش مارنے لگا① تو ہم نے حکم دیا کہ: ہر قسم کے جانوروں میں سے (نر و مادہ) دو دو کے جوڑے اس (کشتی) میں سوار کرلو اور اپنے گھر والوں کو بھی؛ مگر جس کے بارے میں (ہمارا) حکم پہلے سے جاری ہوچکا ہو② اور جو ایمان لائے ہیں ان کو بھی (کشتی میں بٹھالو) اور نوح (علیہ السلام) کے ساتھ تھوڑے ہی لوگ ایمان لائے تھے ﴿۴۰﴾ اور نوح (علیہ السلام) نے (ساتھیوں سے) کہا کہ: تم اس (کشتی) میں سوار ہوجاؤ، اللہ تعالیٰ کے نام سے اس (کشتی) کا چلنا ہے اور اس کا ٹھہرنا بھی ہے، یقیناً میرے رب بہت زیادہ معاف کرنے والے، سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۴۱﴾ اور وہ (کشتی) پہاڑ جیسی (بلند) موجوں میں ان سب کو لے کر چلنے لگی اور نوح (علیہ السلام) نے اپنے بیٹے③ کو جبکہ وہ ایک الگ جگہ پر تھا آواز دی: اے میرے پیارے بیٹے! تو ہمارے ساتھ (کشتی میں) سوار ہوجا اور تو کافروں کے ساتھ شامل نہ ہو ﴿۴۲﴾ وہ (بیٹا) کہنے لگا کہ: ابھی میں کسی پہاڑ پر چلا جاؤں گا جو مجھ کو پانی (میں ڈوبنے) سے بچالے گا، نوح (علیہ السلام) نے فرمایا: آج اللہ تعالیٰ کی پکڑ سے کوئی بچانے والا نہیں ہے؛ مگر جس پر اللہ تعالیٰ ہی رحم کریں اور ان دونوں (باپ بیٹے) کے درمیان ایک موج حائل ہوگئی سو وہ (بیٹا) ڈوبنے والوں میں سے ہوگیا ﴿۴۳﴾

---

① یعنی تنور سے پانی ابلنے لگا۔ ② کہ وہ کفر کی وجہ سے پانی میں ڈوبنے ہی والے ہیں۔ وہ کشتی میں سوار نہیں ہوں گے۔
③ اس کا نام "یام" تھا جس کو کنعان کہتے ہیں بعض روایتوں سے پتہ چلتا ہے کہ وہ آپ کا سوتیلا بیٹا تھا۔

وَقِيلَ يٰٓأَرْضُ ابْلَعِي مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ أَقْلِعِي وَغِيضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْأَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُودِيِّ وَقِيلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِينَ ۝ وَنَادٰى نُوحٌ رَّبَّهٗ فَقَالَ رَبِّ إِنَّ ابْنِي مِنْ أَهْلِي وَإِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَأَنتَ أَحْكَمُ الْحٰكِمِينَ ۝ قَالَ يٰنُوحُ إِنَّهٗ لَيْسَ مِنْ أَهْلِكَ ۚ إِنَّهٗ عَمَلٌ غَيْرُ صٰلِحٍ ۖ فَلَا تَسْأَلْنِ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ۖ إِنِّي أَعِظُكَ أَن تَكُونَ مِنَ الْجٰهِلِينَ ۝ قَالَ رَبِّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ أَنْ أَسْأَلَكَ مَا لَيْسَ لِي بِهٖ عِلْمٌ ۖ وَإِلَّا تَغْفِرْ لِي وَتَرْحَمْنِي أَكُن مِّنَ الْخٰسِرِينَ ۝ قِيلَ يٰنُوحُ اهْبِطْ بِسَلٰمٍ مِّنَّا وَبَرَكٰتٍ عَلَيْكَ وَعَلٰى أُمَمٍ مِّمَّن مَّعَكَ ۚ

اور (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) کہا گیا: اے زمین! تو اپنا پانی نگل جا اور اے آسمان! تو (پانی برسانے سے) رک جا اور پانی سکھا دیا گیا① اور (کافروں کو ہلاک کرنے کا) کام پورا ہو گیا اور وہ (کشتی) جودی پہاڑ پر ٹھہر گئی اور (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) حکم ہوا کہ: ظالم لوگ (رحمت سے) دور ہو جاؤ ﴿۴۴﴾ اور نوح (علیہ السلام) نے اپنے رب کو پکارا: اور کہا اے میرے رب! یقیناً میرا بیٹا بھی میرے گھر والوں میں سے ہے اور یقیناً آپ کا وعدہ سچا ہے اور آپ حکم کرنے والوں میں سب سے اچھے حکم کرنے والے ہو ﴿۴۵﴾ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے نوح! یقیناً وہ (تمھارا بیٹا) تمھارے اہل میں سے نہیں ہے② کیوں کہ اس کا کام اچھا (یعنی صحیح) نہیں ہے؛ لہٰذا تم مجھ سے ایسی چیز کا سوال نہ کرو جس کی تم کو خبر نہ ہو، یقین رکھو میں تم کو نصیحت کرتا ہوں یہ کہ تم جاہلوں (یعنی نادانوں) میں سے مت بنو ﴿۴۶﴾ نوح (علیہ السلام) نے کہا: اے میرے رب! میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ (آئندہ) میں آپ سے ایسی چیز کے بارے میں سوال کروں جس کی حقیقت مجھ کو معلوم نہ ہو، اور اگر آپ مجھ کو معاف نہ کر دیں اور مجھ پر رحم نہ کریں تو میں نقصان میں پڑنے والوں میں سے ہو جاؤں گا ﴿۴۷﴾ (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) حکم دیا گیا: اے نوح! (کشتی سے) اتر جاؤ، ہماری طرف سے سلامتی اور برکتیں لے کر جو تمھارے لیے اور تمھارے ساتھ جتنی قومیں ہیں ان سب کے لیے ہیں،

---

① (دوسرا ترجمہ) اور پانی اتر گیا (تیسرا) پانی کم کر دیا گیا۔

② واقعی نبی کے اہل وہ ہیں جو ایمان لا کر نجات پاوے۔

وَاُمَمٌ سَنُمَتِّعُهُمْ ثُمَّ يَمَسُّهُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ تِلْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهَآ اِلَيْكَ ۚ مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَآ اَنْتَ وَلَا قَوْمُكَ مِنْ قَبْلِ هٰذَا ۛ فَاصْبِرْ ۛ اِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝ وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ۚ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۚ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُفْتَرُوْنَ ۝ يٰقَوْمِ لَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى الَّذِيْ فَطَرَنِيْ ۚ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ وَيٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى قُوَّتِكُمْ وَلَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِيْنَ ۝ قَالُوْا يٰهُوْدُ مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ وَّمَا نَحْنُ بِتَارِكِيْٓ اٰلِهَتِنَا عَنْ قَوْلِكَ وَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝

اور کچھ قومیں ایسی بھی ہیں جن کو ہم (دنیا میں چند دن) فائدہ اٹھانے کا موقع دیں گے، پھر ان کو ہماری طرف سے دردناک عذاب پہنچے گا ﴿۴۸﴾ یہ سب غیب کی خبریں ہیں جو وحی کے ذریعہ ہم تم کو بتلا رہے ہیں، یہ سب (واقعات ہمارے) اس (بتانے) سے پہلے نہ تو تم جانتے تھے، نہ تو تمھاری قوم جانتی تھی، سو تم صبر کرو، یقیناً اچھا انجام تقویٰ والوں ہی کے لیے ہے ﴿۴۹﴾

اور قومِ عاد کی طرف ان کے بھائی ہود کو (نبی بنا کر) بھیجا تو ہود نے کہا: اے میری قوم! تم صرف اللہ تعالیٰ ہی کی عبادت کرو، تمھارے لیے اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، تم لوگ تو جھوٹی بات ہی کہہ رہے ہو ﴿۵۰﴾ اے میری قوم! میں تم سے اس (تبلیغ) پر کوئی بدلہ نہیں مانگتا ہوں، میرے اجر (یعنی بدلے) کی ذمے داری اسی (اللہ تعالیٰ) پر ہے جس نے مجھ کو پیدا کیا، کیا پھر بھی تم لوگ سمجھتے نہیں ہو؟ ﴿۵۱﴾ اور اے میری قوم! تم اپنے رب سے معافی مانگو، پھر اس کے سامنے توبہ کرو، وہ تم پر آسمان سے موسلا دھار بارش برسائیں گے، اور تمھاری (ابھی موجود) قوت کو زیادہ کر کے تمھاری طاقت کو بڑھا دیں گے ① اور تم لوگ گنہگار بن کر (ایمان سے) مت پھر جاؤ ﴿۵۲﴾ قوم کے لوگ کہنے لگے: اے ہود! تم ہمارے پاس (اپنی سچائی کی) کوئی دلیل نہیں لائے ہو اور ہم تمھارے کہنے پر اپنے معبودوں کو چھوڑنے والے نہیں ہیں اور ہم تمھاری بات پر ایمان لانے والے نہیں ہیں ﴿۵۳﴾

---

① استغفار اور توبہ سے مال اور اولاد میں برکت ہوگی، جسمانی صحت و قوت بھی زیادہ ہوگی۔

إِنْ نَّقُوْلُ اِلَّا اعْتَرٰىكَ بَعْضُ اٰلِهَتِنَا بِسُوْٓءٍ ؕ قَالَ اِنِّیْٓ اُشْهِدُ اللّٰهَ وَاشْهَدُوْٓا اَنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ۙ﴿۵۴﴾ مِنْ دُوْنِهٖ فَكِیْدُوْنِیْ جَمِیْعًا ثُمَّ لَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۵۵﴾ اِنِّیْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّیْ وَرَبِّكُمْ ؕ مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِیَتِهَا ؕ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۵۶﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖٓ اِلَیْكُمْ ؕ وَیَسْتَخْلِفُ رَبِّیْ قَوْمًا غَیْرَكُمْ ۚ وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ شَیْـًٔا ؕ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ ﴿۵۷﴾ وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّیْنَا هُوْدًا وَّالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا ۚ وَنَجَّیْنٰهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِیْظٍ ﴿۵۸﴾

ہم تو یہی بات کہتے ہیں کہ: ہمارے بعض معبودوں نے تم کو بری طرح چھپیٹے میں لے لیا ہے① ہود (علیہ السلام) نے کہا: یقین رکھو! میں تو اللہ تعالیٰ کو گواہ بناتا ہوں اور تم بھی (اس بات پر) گواہ رہو کہ اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا جن کو تم شریک مانتے ہو میرا ان سے کوئی تعلق نہیں ہے ﴿۵۴﴾ سو تم سب مل کر میرے بارے میں (جو بھی) چال (چل سکتے ہو) چلو②، پھر مجھے (ذرہ برابر بھی) مہلت مت دو ﴿۵۵﴾ یقین رکھو! میں نے تو اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ کیا جو میرے بھی رب ہیں اور تمھارے بھی رب ہیں، جتنے بھی زمین پر چلنے والے جانور ہیں ان سب کی پیشانی کے بال اس نے پکڑ رکھے ہیں③ یقیناً میرے رب سیدھے راستے پر (چلنے سے ملتے) ہیں ﴿۵۶﴾ سو اگر تم لوگ (سچے دین سے) منہ پھراتے ہو تو جو پیغام دے کر مجھ کو تمھارے پاس بھیجا گیا تھا وہ تو میں نے تم کو پہنچا دیا اور (تم ایمان نہیں لاؤ گے تو اب) میرے رب (تم کو ہلاک کر کے) تمھاری جگہ کسی اور قوم کو آباد کریں گے، اور تم لوگ اس (اللہ تعالیٰ) کا کچھ بھی نقصان نہیں کر سکو گے، یقیناً میرے رب تمام چیزپر نگرانی کرنے والے ہیں ﴿۵۷﴾ اور جب ہمارا (عذاب کا) حکم آ پہنچا تو ہم نے ہود (علیہ السلام) اور ان کے ساتھ ایمان والوں کو اپنی (خاص) رحمت (کے ذریعہ عذاب) سے بچا لیا اور ہم نے ان کو بھاری عذاب سے نجات دی ﴿۵۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) جنون (آسیب) پہنچا یا ہے۔

② (دوسرا ترجمہ) میرے حق میں جو برائی کر سکتے ہو کر گزرو۔ ③ یعنی ان سب پر اللہ کا مکمل قابو ہے۔

وَتِلْكَ عَادٌ ۛ جَحَدُوا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَعَصَوْا رُسُلَهٗ وَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿۵۹﴾ وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اَلَآ اِنَّ عَادًا كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ۭ اَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ هُوْدٍ ﴿۶۰﴾

وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ هُوَ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيْهَا فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ۭ اِنَّ رَبِّيْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ﴿۶۱﴾ قَالُوْا يٰصٰلِحُ قَدْ كُنْتَ فِيْنَا مَرْجُوًّا قَبْلَ هٰذَآ اَتَنْهٰىنَآ اَنْ نَّعْبُدَ مَا يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُنَا وَاِنَّنَا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ﴿۶۲﴾

اور یہی قوم عاد ہے جنھوں نے اپنے رب کی آیتوں (یعنی نشانیوں) کا انکار کیا اور اس کے رسولوں کی نافرمانی کی اور ہر بڑے شرارت کرنے والے (حق کے) پکے دشمن کی بات پر وہ چلے ① ﴿۵۹﴾ اور اس دنیا میں ان کے پیچھے لعنت لازم کر دی گئی اور قیامت کے دن بھی (لعنت ان کے ساتھ رہے گی) سنو! قوم عاد نے یقیناً اپنے رب کا انکار کیا، سنو! قوم عاد کے لوگ (اللہ تعالیٰ کی رحمت سے) دور کر دیے گئے جو ہود (علیہ السلام) کی قوم تھی ﴿۶۰﴾

اور قوم ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح (علیہ السلام) کو (نبی بنا کر) بھیجا ② تو اس (صالح علیہ السلام) نے کہا: اے میری قوم! تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو، تمھارے لیے اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، اسی (اللہ تعالیٰ) نے تم کو زمین سے پیدا کیا اور تم کو اس میں آباد کر دیا، سو تم اس (اللہ تعالیٰ) سے معافی مانگو، پھر اسی (اللہ تعالیٰ) سے توبہ کرو، یقین رکھو کہ میرے رب تو بہت نزدیک ہیں (دعا کو) قبول کرنے والے ہیں ﴿۶۱﴾ قوم کے لوگ کہنے لگے: اے صالح! اس بات سے پہلے تو تو ہمارے درمیان ایسا رہا کہ (ہم کو) تجھ سے بڑی امید تھی ③ جن بتوں کی عبادت ہمارے باپ دادا کرتے آئے ہیں کیا ان کی عبادت سے تو ہم کو روکتا ہے؟ اور جس (دین) کی طرف تو ہم کو بلاتا ہے اس کے بارے میں ہم کو ایسا شک ہے کہ دل مانتا ہی نہیں ﴿۶۲﴾

---

① شریروں کی تائید اور ان کی اتباع یہ بھی عذاب لانے والے جرائم میں سے ہے۔ ② جن آیتوں میں نبی اور قوم کے درمیان بھائی ہونے کی بات کہی گئی ان میں کئی جگہوں پر خاندانی بھائی یا وطنی بھائی یا دونوں طرح کی اخوت مراد ہے۔

③ اعلانِ نبوت سے قبل بھی حضرات انبیا علیہم السلام بہت اچھے اخلاق پر ہوتے ہیں۔

قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَاٰتٰىنِيْ مِنْهُ رَحْمَةً فَمَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ عَصَيْتُهٗ فَمَا تَزِيْدُوْنَنِيْ غَيْرَ تَخْسِيْرٍ ﴿۶۳﴾ وَيٰقَوْمِ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْۤ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ قَرِيْبٌ ﴿۶۴﴾ فَعَقَرُوْهَا فَقَالَ تَمَتَّعُوْا فِيْ دَارِكُمْ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ ؕ ذٰلِكَ وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوْبٍ ﴿۶۵﴾ فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا صٰلِحًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَمِنْ خِزْيِ يَوْمِئِذٍ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿۶۶﴾ وَاَخَذَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۶۷﴾

اس (صالح علیہ السلام) نے کہا: اے میری قوم! تم بتاؤ اگر میں اپنے رب کی طرف سے (آئی ہوئی) ایک کھلی دلیل پر ہوں① اور اس (اللہ تعالیٰ) نے اپنی طرف سے مجھ کو رحمت (یعنی نبوت) دی ہے، اگر میں ہی اس (اللہ تعالیٰ) کی نافرمانی کروں تو اللہ تعالیٰ (کی پکڑ) سے کون مجھ کو بچالے گا سو (تبلیغ سے مجھے روک کر) تم تو میرا نقصان ہی زیادہ کر رہے ہو ﴿۶۳﴾ اور اے میری قوم! یہ اللہ تعالیٰ کی اونٹنی ہے جو تمھارے لیے نشانی (بن کر آئی) ہے، سو تم اس کو (آزاد) چھوڑ دو کہ وہ اللہ تعالیٰ کی زمین میں (چارا) کھاتی پھرے اور تم برے ارادے سے اس کو ہاتھ بھی مت لگاؤ②، ورنہ بہت جلدی عذاب (آکر) تم کو پکڑ لے گا③ ﴿۶۴﴾ سو انھوں نے اس (اونٹنی) کے پاؤں کاٹ ڈالے④ تو صالح (علیہ السلام) نے کہا کہ: تم تین دن اپنے گھروں میں مزے اڑا لو، یہ ایسا وعدہ ہے جو جھوٹا ہونے والا نہیں ہے ﴿۶۵﴾ سو جب ہمارا (عذاب کا) حکم آپہنچا تو ہم نے صالح (علیہ السلام) کو اور ان کے ساتھ ایمان والوں کو اپنی (خاص) رحمت کے ذریعہ بچالیا اور اس دن کی رسوائی سے (حفاظت میں رکھا) یقیناً تمھارے رب وہ تو بہت طاقت والے ہیں، بڑے زبردست ہیں ﴿۶۶﴾ اور ظالموں کو ایک بھیانک آواز نے پکڑ لیا، سو وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے ہوئے رہ گئے ﴿۶۷﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) میرے رب کی طرف سے آئی ہوئی ہدایت (یا صحیح سمجھ) پر ہوں۔

② (دوسرا ترجمہ) برائی پہنچانے کے مقصد سے تم اس کو ہاتھ بھی مت لگاؤ۔

③ (دوسرا ترجمہ) ورنہ تم کو فوری عذاب پکڑ لے گا۔

④ یعنی اونٹنی کو مار ڈالا۔

كَأَن لَّمْ يَغْنَوْا فِيهَا ۗ أَلَا إِنَّ ثَمُودَا كَفَرُوا رَبَّهُمْ ۗ أَلَا بُعْدًا لِّثَمُودَ ﴿٦٨﴾

وَلَقَدْ جَاءَتْ رُسُلُنَا إِبْرَاهِيمَ بِالْبُشْرَىٰ قَالُوا سَلَامًا ۖ قَالَ سَلَامٌ ۖ فَمَا لَبِثَ أَن جَاءَ بِعِجْلٍ حَنِيذٍ ﴿٦٩﴾ فَلَمَّا رَأَىٰ أَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ إِلَيْهِ نَكِرَهُمْ وَأَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيفَةً ۚ قَالُوا لَا تَخَفْ إِنَّا أُرْسِلْنَا إِلَىٰ قَوْمِ لُوطٍ ﴿٧٠﴾ وَامْرَأَتُهُ قَائِمَةٌ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنَاهَا بِإِسْحَاقَ وَمِن وَرَاءِ إِسْحَاقَ يَعْقُوبَ ﴿٧١﴾ قَالَتْ يَا وَيْلَتَىٰ أَأَلِدُ وَأَنَا عَجُوزٌ وَهَٰذَا بَعْلِي شَيْخًا ۖ إِنَّ هَٰذَا لَشَيْءٌ عَجِيبٌ ﴿٧٢﴾

ایسے ہوگئے جیسے اس (بستی) میں کبھی بسے ہی نہیں تھے، سنو! قومِ ثمود نے اپنے رب کا انکار کیا، سنو! ثمود کے لوگ (بھی اللہ کی رحمت سے) دور کردیے گئے ﴿۶۸﴾

اور پکی بات یہ ہے کہ ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے ابراہیم (علیہ السلام) کے پاس (انسانی شکل میں بیٹا پیدا ہونے کی) خوش خبری لے کر آئے تو ان فرشتوں نے (آکر) کہا کہ: سلام، تو اس (ابراہیم علیہ السلام) نے بھی (جواب میں) کہا: سلام، سو اس (ابراہیم علیہ السلام) نے دیر نہیں لگائی کہ ایک بھنا ہوا بچھڑا لے آئے ﴿۶۹﴾ پھر جب ابراہیم نے ان (آنے والوں) کے ہاتھوں کو دیکھا کہ اس (بھنے ہوئے بچھڑے) کی طرف بڑھتے نہیں ہیں تو ابراہیم (علیہ السلام) نے ان کو اجنبی سمجھا① اور وہ (ابراہیم علیہ السلام) ان کی وجہ سے دل میں ڈر گئے تو اس پر وہ (آنے والے) کہنے لگے: (ابراہیم!) تو مت ڈر، یقیناً ہم لوگ لوط (علیہ السلام) کی قوم کی طرف بھیجے گئے ہیں ﴿۷۰﴾ اور ان (ابراہیم علیہ السلام) کی بیوی (سارہ وہیں) کھڑی ہوئی تھی، سو (ان باتوں کو سن کر) ہنس پڑی پھر ہم نے اس (سارہ) کو اسحاق (علیہ السلام) کی (پیدائش کی) خوش خبری دی اور اسحاق (علیہ السلام) کے بعد یعقوب (علیہ السلام) (پوتے کی پیدائش) کی (خوش خبری دی) ﴿۷۱﴾ تو وہ عورت (سارہ) بولی: ہائے! کیا مجھ کو بچہ ہوگا؟ حالاں کہ میں تو بوڑھیا ہوگئی اور یہ میرے شوہر (بھی) بالکل بوڑھے ہوچکے ہیں، یقیناً یہ تو ایک بڑے تعجب کی بات ہے ﴿۷۲﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) ان کی وجہ سے ابراہیم علیہ السلام کو کھٹکا لگا۔

قَالُوْٓا اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ ۭ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ اِبْرٰهِيْمَ الرَّوْعُ وَجَاۗءَتْهُ الْبُشْرٰى يُجَادِلُنَا فِيْ قَوْمِ لُوْطٍ ۝ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَحَلِيْمٌ اَوَّاهٌ مُّنِيْبٌ ۝ يٰٓاِبْرٰهِيْمُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ۚ اِنَّهٗ قَدْ جَاۗءَ اَمْرُ رَبِّكَ ۚ وَاِنَّهُمْ اٰتِيْهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُوْدٍ ۝ وَلَمَّا جَاۗءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْۗءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالَ هٰذَا يَوْمٌ عَصِيْبٌ ۝ وَجَاۗءَهٗ قَوْمُهٗ يُهْرَعُوْنَ اِلَيْهِ ۭ وَمِنْ قَبْلُ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ السَّـيِّاٰتِ ۭ قَالَ يٰقَوْمِ هٰٓؤُلَاۗءِ بَنَاتِيْ هُنَّ اَطْهَرُ لَكُمْ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ فِيْ ضَيْفِيْ ۭ اَلَيْسَ مِنْكُمْ رَجُلٌ رَّشِيْدٌ ۝

تو (آنے والے مہمان) فرشتے کہنے لگے: کیا تو اللہ تعالیٰ کے حکم پر تعجب کرتی ہو؟① (اے ابراہیم کے) گھر والو! تم پر تو (خاص) اللہ تعالیٰ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہیں، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) تمام تعریف والے ہیں، بڑی شان والے ہیں ﴿۷۳﴾ پھر جب ابراہیم (علیہ السلام) کی گھبراہٹ دور ہوگئی اور ان کو خوش خبری مل گئی تو وہ لوط (علیہ السلام) کی قوم کے بارے میں ہم سے بحث کرنے لگے ﴿۷۴﴾ یقیناً ابراہیم (علیہ السلام) تو بڑے حلیم تھے، بڑے نرم دل تھے، انابت کرنے والے تھے ﴿۷۵﴾ اے ابراہیم! اس بات کو تو تم جانے دو، یقین کرلو کہ تمھارے رب کا حکم آہی پہنچا ہے اور یقیناً ان پر ایسا عذاب آنے والا ہے جو واپس نہیں کیا جاسکتا ﴿۷۶﴾ اور جب ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) لوط (علیہ السلام) کے پاس پہنچے تو وہ (لوط) ان (فرشتوں کے آنے) کی وجہ سے غمگین ہوئے اور ان (لوط) کا دل ان کی وجہ سے پریشان (یعنی تنگ) ہوا اور لوط کہنے لگے: یہ آج کا دن بڑا ہی سخت ہے ﴿۷۷﴾ اور ان (لوط علیہ السلام) کی قوم کے لوگ ان کے پاس دوڑتے ہوئے آئے اور پہلے سے ہی ان کو برے کام کرنے کی عادت تھی، لوط (علیہ السلام) نے کہا: اے میری قوم! یہ میری بیٹیاں ہیں وہ تمھارے لیے بہت زیادہ پاکیزہ ہیں، سو تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور مجھ کو میرے مہمانوں کے بارے میں رسوا مت کرو، کیا تم میں ایک بھی اچھی چال چلن والا آدمی نہیں ہے؟② ﴿۷۸﴾

---

① خانوادہ نبوت میں عجائبات کا نظارہ ہوتا ہی رہتا ہے اس میں تعجب کیسا؟ ② تمھارے درمیان کوئی آدمی ہوتا جو پوری قوم کو اچھی بات سکھاتا اور بری بات سے روکتا۔ جو شخص بھی اپنی قوم سے اس طرح کی خیر خواہی کرے وہ ”رشید“ ہے۔

قَالُوا لَقَدْ عَلِمْتَ مَا لَنَا فِي بَنٰتِكَ مِنْ حَقٍّ ۚ وَإِنَّكَ لَتَعْلَمُ مَا نُرِيدُ ﴿۷۹﴾ قَالَ لَوْ أَنَّ لِي بِكُمْ قُوَّةً أَوْ آوِي إِلَىٰ رُكْنٍ شَدِيدٍ ﴿۸۰﴾ قَالُوا يَا لُوطُ إِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ لَن يَصِلُوا إِلَيْكَ ۖ فَأَسْرِ بِأَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ اللَّيْلِ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنكُمْ أَحَدٌ إِلَّا امْرَأَتَكَ ۖ إِنَّهُ مُصِيبُهَا مَا أَصَابَهُمْ ۚ إِنَّ مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ ۚ أَلَيْسَ الصُّبْحُ بِقَرِيبٍ ﴿۸۱﴾ فَلَمَّا جَاءَ أَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً مِّن سِجِّيلٍ مَّنضُودٍ ﴿۸۲﴾ مُّسَوَّمَةً عِندَ رَبِّكَ ۖ وَمَا هِيَ مِنَ الظَّالِمِينَ بِبَعِيدٍ ﴿۸۳﴾

قوم کے لوگ کہنے لگے: تم کو تو معلوم ہی ہے کہ ہم کو تمھاری بیٹیوں میں کوئی دل چسپی (یعنی رغبت، خواہش اور غرض) نہیں ہے اور ہم جو کچھ چاہتے ہیں وہ تو تم کو معلوم ہی ہے ﴿۷۹﴾ لوط (علیہ السلام) نے کہا: کاش کہ میرے پاس تمھارے مقابلے کی کوئی طاقت ہوتی یا کوئی مضبوط سہارے کی پناہ لے سکتا! ﴿۸۰﴾ (ان آنے والے مہمان فرشتوں نے) کہا: اے لوط! یقیناً ہم تو تمھارے رب کے بھیجے ہوئے (یعنی فرشتے) ہیں، وہ تم تک ہرگز نہیں پہنچ سکتے: لہذا تو اپنے اہل کو① لے کر رات کے کسی حصے میں (بستی سے) نکل جا اور تم میں سے کوئی بھی پیچھے مڑ کر نہ دیکھے؛ مگر تمھاری بیوی، واقعہ یہ ہے کہ ان (قوم کے لوگوں) پر جو (عذاب) آنے والا ہے یقیناً وہ (عذاب) اس پر بھی آ کر ہی رہے گا، یقیناً ان (پر عذاب اترنے) کے لیے صبح کا وقت مقرر ہے، کیا صبح بالکل نزدیک نہیں ہے؟ ﴿۸۱﴾ پھر جب ہمارا (عذاب کا) حکم آ گیا تو ہم نے (اس زمین کو پلٹ کر) اس کے اوپر والے حصے کو نیچے والا حصہ کر دیا اور ہم نے اس (بستی) پر پکی ہوئی مٹی کے پتھر مسلسل برسائے ﴿۸۲﴾ تمھارے رب کے یہاں سے ان پر (خاص) نشان لگے ہوئے تھے② اور وہ (بستیاں مکہ کے) ظالموں سے کچھ دور بھی نہیں ہیں ﴿۸۳﴾

---

① یہاں اہل سے تمام ایمان والے مراد ہیں۔

② عذاب والے پتھر دوسرے عام پتھروں سے بالکل الگ تھے اور اس پر ہر مجرم کا نام لکھا ہوا تھا جس پتھر پر جس کا نام تھا وہ اسی کو جا کر لگتا تھا۔

وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۭ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ وَلَا تَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ اِنِّىْٓ اَرٰىكُمْ بِخَيْرٍ وَّاِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيْطٍ ۝ وَيٰقَوْمِ اَوْفُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَاۗءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝ بَقِيَّتُ اللّٰهِ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ڬ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ۝ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُنَآ اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِيْٓ اَمْوَالِنَا مَا نَشٰۗؤُا ۭ اِنَّكَ لَاَنْتَ الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ ۝

اور مدین والوں کی طرف ان کے بھائی شعیب کو (نبی بنا کر) بھیجا تو اس (شعیب علیہ السلام) نے کہا: اے میری قوم! تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو، اس کے سوا تمھارا کوئی معبود نہیں ہے اور تم لوگ ناپ اور تول میں کمی مت کیا کرو، یقیناً میں تم کو اچھی حالت (یعنی مال داری) میں دیکھتا ہوں اور یقیناً میں تم پر ایک ایسے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں جو تم کو (چاروں طرف سے) گھیر لے گا① ﴿۸۴﴾ اور اے میری قوم! تم ناپ اور تول کو انصاف کے ساتھ پورا کیا کرو اور تم لوگوں کو ان کی چیزیں گھٹا کر نہ دیا کرو② اور تم زمین میں فساد مچاتے مت پھرو ﴿۸۵﴾ (لوگوں کو پورے پورا دینے کے بعد حلال طریقے سے) اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا (جو نفع) بچ کر رہے وہ تمھارے لیے بہتر ہے اگر تم (میری بات) مانو تو③ اور میں تمھارے اوپر ذمے دار نہیں ہوں ﴿۸۶﴾ (قوم کے) لوگ کہنے لگے: اے شعیب! کیا تم کو تمھاری نماز (ہمارے بارے میں) یہ حکم دیتی ہے کہ ہمارے باپ دادا جن (بتوں) کی عبادت کرتے آئے ہیں ہم ان کو چھوڑ دیں یا ہم اپنے مالوں کے بارے میں (اپنی مرضی سے) جو چاہیں کر رہے ہیں (کیا ہم) اس کو بھی (کرنا چھوڑ دیں؟) یقیناً تم تو بہت ہی باوقار، نیک چلن آدمی ہو④ ﴿۸۷﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) جو ہر قسم کے عذاب کو گھیرنے والا (جامع) ہوگا۔ ② (دوسرا ترجمہ) اور تم لوگوں کی چیزوں میں نقصان مت کیا کرو۔ ③ (دوسرا ترجمہ) اگر تم کو میری (بات پر) یقین آوے (تو مان لو)

④ یہ مذاق اور طنز میں جملہ تھا، اہلِ دین لوگوں کے معاملات میں صحیح رہنمائی کرے وہ بھی ان کو پسند نہیں ہوتا، آج بھی کچھ لوگ ایسے ہیں جو یہ سمجھتے ہیں کہ علما کا کام صرف نماز، مسجد تک محدود ہے؛ حالاں کہ معاملات اور زندگی کے ہر شعبے میں شرعی رہبری کے لیے علما کی ضرورت ہے۔

قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَرَزَقَنِيْ مِنْهُ رِزْقًا حَسَنًا ۭ وَمَآ اُرِيْدُ
اَنْ اُخَالِفَكُمْ اِلٰى مَآ اَنْهٰىكُمْ عَنْهُ ۭ اِنْ اُرِيْدُ اِلَّا الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ۭ وَمَا تَوْفِيْقِيْٓ
اِلَّا بِاللّٰهِ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ﴿٨٨﴾ وَيٰقَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِيْٓ اَنْ يُّصِيْبَكُمْ مِّثْلُ
مَآ اَصَابَ قَوْمَ نُوْحٍ اَوْ قَوْمَ هُوْدٍ اَوْ قَوْمَ صٰلِحٍ ۭ وَمَا قَوْمُ لُوْطٍ مِّنْكُمْ بِبَعِيْدٍ ﴿٨٩﴾
وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ۭ اِنَّ رَبِّيْ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ ﴿٩٠﴾ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيْرًا
مِّمَّا تَقُوْلُ وَاِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْنَا ضَعِيْفًا ۚ وَلَوْلَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنٰكَ ۡ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْنَا بِعَزِيْزٍ ﴿٩١﴾

شعیب (علیہ السلام) نے کہا: اے میری قوم! بتلاؤ اگر میں اپنے رب کی طرف سے ایک روشن دلیل پر (قائم) ہوں اور اس نے مجھ کو اپنی طرف سے بہترین رزق دیا ہے (1) اور جن کاموں کے کرنے سے میں تم کو روکتا ہوں میں نہیں چاہتا کہ وہ کام میں خود کرنے لگوں (2) میں تو اپنی استطاعت کے مطابق تمہاری اصلاح کرنا چاہتا ہوں اور اللہ تعالیٰ (کی مدد) سے ہی مجھے (اصلاحی کاموں کی) توفیق ملتی ہے، اسی (اللہ تعالیٰ) پر میں نے بھروسہ کیا اور اسی کی طرف میں انابت کرتا ہوں ﴿۸۸﴾ اور اے میری قوم! میرے ساتھ جو تم کو مخالفت ہے وہ تم کو ایسے (برے) کاموں کی طرف نہ لے جاوے (3) جس کے نتیجے میں تم پر بھی اسی طرح کی مصیبت آپڑے جیسی نوح کی قوم یا ہود کی قوم یا صالح کی قوم پر آپڑی تھی اور لوط کی قوم (کا زمانہ اور علاقہ) تم سے (زیادہ) دور (بھی) نہیں ہے ﴿۸۹﴾ اور تم اپنے رب سے معافی مانگو، پھر اس کی طرف توبہ کرو، یقیناً میرے رب بہت ہی رحم کرنے والے، بہت زیادہ محبت کرنے والے ہیں ﴿۹۰﴾ (قوم کے) لوگ کہنے لگے: اے شعیب! تمہاری بہت ساری باتیں ہماری سمجھ میں نہیں آتی (4) اور ہم تو دیکھ ہی رہے ہیں کہ تم ہمارے درمیان میں بہت ہی کمزور (آدمی) ہو اور اگر تمہارے خاندان (والے جو ہمارے مذہب پر ہیں ان) کا خیال نہ ہوتا تو ہم تم کو ضرور پتھر مار کر ہلاک کر دیتے اور ہماری نظروں میں تمہاری کوئی عزت نہیں ہے ﴿۹۱﴾

---

(1) مراد: ظاہری حلال، پاکیزہ روزی اور باطنی رزق: عقل، فہم، وحی، نبوت۔ (2) (دوسرا) اور میرا ایسا ارادہ نہیں کہ جس بات سے میں تم کو منع کروں اس کے خلاف میں خود کروں۔ (3) عداوت میں حق کا انکار نہ کرو۔ (4) حقارت میں ایسا کہا، یا باتوں کو سن کر یہ کہتے تھے کہ ہماری سمجھ میں نہ آیا، یا بے توجہی سے منکر لوگ ایسا جواب دیتے۔

قَالَ يٰقَوْمِ اَرَهْطِيْٓ اَعَزُّ عَلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاتَّخَذْتُمُوْهُ وَرَآءَكُمْ ظِهْرِيًّا ؕ اِنَّ رَبِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿۹۲﴾ وَيٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ؕ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَمَنْ هُوَ كَاذِبٌ ؕ وَارْتَقِبُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ رَقِيْبٌ ﴿۹۳﴾ وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا شُعَيْبًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَاَخَذَتِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۹۴﴾ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ؕ اَلَا بُعْدًا لِّمَدْيَنَ كَمَا بَعِدَتْ ثَمُوْدُ ﴿۹۵﴾

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۹۶﴾ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ فِرْعَوْنَ ۚ وَمَآ اَمْرُ فِرْعَوْنَ بِرَشِيْدٍ ﴿۹۷﴾

شعیب (علیہ السلام) نے کہا: اے میری قوم! کیا میرے خاندان کا خیال (یعنی دباؤ) تمھاری نظروں میں اللہ تعالیٰ سے بھی زیادہ ہے اور تم نے اس (اللہ تعالیٰ) کو اپنی پیٹھ کے پیچھے ڈال رکھا ہے ① یقیناً تم لوگ جو کام بھی کرتے ہو میرے رب کے قابو میں ہے ﴿۹۲﴾ اور اے میری قوم! تم اپنی حالت پر کام کرتے رہو، میں اپنے طریقے کے مطابق عمل کر رہا ہوں، تھوڑے ہی دنوں میں تم کو پتہ چل جائے گا کس پر عذاب آتا ہے جو اس کو رسوا کر دیتا ہے اور کون جھوٹا ہے؟ اور تم لوگ انتظار کرو، یقیناً میں بھی تمھارے ساتھ انتظار کر رہا ہوں ﴿۹۳﴾ اور جب ہمارا (عذاب کا) حکم آپہنچا تو ہم نے شعیب (علیہ السلام) کو اور جو لوگ ان کے ساتھ ایمان لائے ان کو اپنی (خاص) رحمت سے بچا لیا ② اور ظالموں کو ایک بھیانک آواز نے پکڑ لیا، سو وہ (ظالم لوگ صبح کو) اپنے گھروں میں اوندھے منہ پڑے رہ گئے ﴿۹۴﴾ (وہ ایسے ہو گئے) جیسے کبھی ان (گھروں) میں بسے ہی نہیں تھے، سنو! مدین والے (اللہ تعالیٰ کی رحمت سے) ایسے ہی دور کیے گئے جیسے ثمود کے لوگ دور کیے گئے تھے ﴿۹۵﴾

اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو اپنی نشانیاں اور کھلی دلیل دے کر فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف بھیجا، سو وہ لوگ تو فرعون کے حکم پر چلتے رہے؛ حالاں کہ فرعون کی کوئی بات صحیح نہیں تھی ﴿۹۶﴾ ﴿۹۷﴾

---

① یعنی بالکل ہی بھلا رکھا ہے۔ ② رحمتِ الٰہی کی برکت سے عذاب سے حفاظت ہوئی۔

يَقْدُمُ قَوْمَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَاَوْرَدَهُمُ النَّارَ ؕ وَبِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُوْدُ ۝ وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهٖ لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ ۝ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْقُرٰى نَقُصُّهٗ عَلَيْكَ مِنْهَا قَآئِمٌ وَّحَصِيْدٌ ۝ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَمَآ اَغْنَتْ عَنْهُمْ اٰلِهَتُهُمُ الَّتِيْ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ لَّمَّا جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ؕ وَمَا زَادُوْهُمْ غَيْرَ تَتْبِيْبٍ ۝ وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَآ اَخَذَ الْقُرٰى وَهِيَ ظَالِمَةٌ ؕ اِنَّ اَخْذَهٗٓ اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ ۝ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّمَنْ خَافَ عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ؕ ذٰلِكَ يَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ ۙ لَّهُ النَّاسُ وَذٰلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ ۝

وہ (فرعون) قیامت کے دن اپنی قوم کے آگے آگے ہوگا، سو اپنی قوم کو آگ پر پہنچائے گا، سو وہ بہت ہی برا گھاٹ ہے جس پر وہ پہنچیں گے ﴿۹۸﴾ اور اس (دنیا) میں بھی لعنت ان کے پیچھے لگادی گئی اور قیامت کے دن بھی (لعنت میں ہوں گے) بہت برا انعام ان کو دیا گیا ﴿۹۹﴾ یہ سب ان بستیوں کے حالات ہیں جو ہم تمھارے سامنے بیان کرتے ہیں، ان میں سے کچھ (بستیاں ابھی تک) قائم ہیں (جیسے مصر) اور کچھ (بستیاں کٹی ہوئی کھیتی کی طرح) بالکل ختم ہو چکی ہیں ﴿۱۰۰﴾ اور ہم نے ان پر کوئی ظلم نہیں کیا بلکہ خود انھوں نے (نافرمانی کرکے) اپنی جانوں پر ظلم کیا ہے، سو جب تیرے رب کا (عذاب کا) حکم آپہنچا تو ان کے وہ معبود جن کو اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر وہ لوگ پکارا کرتے تھے وہ ان کو کچھ بھی کام نہیں آئے، اور وہ (جھوٹے معبود) ان (مشرکوں) کی تباہی میں ہی اضافے کے سبب ہوئے① ﴿۱۰۱﴾ اور اسی طرح تمھارے رب کی پکڑ ہوتی ہے جب وہ بستیوں کو پکڑتے ہیں؛ حالاں کہ وہ (بستیاں) ظالم ہوتی ہیں، یقیناً اس (اللہ تعالیٰ) کی پکڑ بڑی دردناک ہے، بہت ہی سخت ہے ﴿۱۰۲﴾ یقیناً ان سب (واقعات) میں اس شخص کے لیے بڑی عبرت ہے جو آخرت کے عذاب سے ڈرتا ہو، وہ ایسا دن ہوگا جس میں تمام لوگ جمع کیے جائیں گے اور وہ ایسا دن ہوگا جس کو کھلی ہوئی آنکھوں سے دیکھیں گے② ﴿۱۰۳﴾

---

① (دوسرا) ان (معبودوں) کی وجہ سے ان کی بربادی ہی زیادہ ہوئی۔

② (دوسرا) سب کے سب لوگ حاضر کردیے جائیں گے۔

وَمَا نُؤَخِّرُهٗۤ اِلَّا لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍؕ۝ يَوْمَ يَاْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖۚ فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَّسَعِيْدٌ۝ فَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِي النَّارِ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّشَهِيْقٌۙ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَؕ اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ۝ وَاَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِي الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَؕ عَطَآءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ۝ فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّمَّا يَعْبُدُ هٰۤؤُلَآءِؕ مَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا كَمَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُهُمْ مِّنْ قَبْلُؕ وَاِنَّا لَمُوَفُّوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ غَيْرَ مَنْقُوْصٍ۝

اورہم نے اس (دن) کو گنی ہوئی مدت ہی کے لیے ملتوی کیا ہے ﴿۱۰۴﴾ جب وہ (قیامت کا) دن آوے گا تو کوئی اس کی اجازت کے بغیر بات نہیں کر سکے گا، سو ان میں سے بعض لوگ تو برے نصیب والے ہوں گے اور (دوسرے) بعض لوگ اچھے نصیب والے ہوں گے ﴿۱۰۵﴾ سو جو لوگ برے نصیب والے (کافر) ہیں تو وہ جہنم میں رہیں گے، ان کے لیے اس (جہنم) میں چیخنے اور چلانے کی آواز ہوگی ﴿۱۰۶﴾ وہ لوگ اس (جہنم) میں ہمیشہ رہیں گے جب تک آسمان اور زمین قائم ہے (یعنی ہمیشہ)؛ الا یہ کہ تمھارے رب (کوئی اور بات) چاہیں، یقیناً تمھارے رب جس (کام) کا بھی ارادہ کرتے ہیں اس کو اچھی طرح کر ہی ڈالتے ہیں ﴿۱۰۷﴾ اور جو لوگ اچھے نصیب والے ہیں (یعنی ایمان والے) وہ جنت میں ہوں گے اس میں ہمیشہ رہیں گے جب تک آسمان اور زمین قائم ہیں (یعنی ہمیشہ)؛ مگر یہ کہ تمھارے رب (کوئی اور بات) چاہیں، یہ ایسا عطیہ ہے جو کبھی ختم نہیں ہوگا① ﴿۱۰۸﴾ سو وہ (مشرک) لوگ جن بتوں کی عبادت کرتے ہیں ان کے (باطل ہونے کے) بارے میں تم ذرا بھی شک میں مت رہنا②، وہ لوگ تو (بتوں کی) اسی طرح عبادت کرتے ہیں جس طرح ان کے باپ دادا پہلے عبادت کرتے تھے اور یقیناً ہم ان کو ان کا (عذاب کا) حصہ پورے پورا چکا دینے والے ہیں جس میں کوئی کمی نہیں ہوگی ﴿۱۰۹﴾

---

① دوسری آیتوں اور احادیث سے ثابت ہے کہ اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو ہمیشہ جنت میں اور کافروں کو ہمیشہ جہنم میں رکھیں گے۔ ② کہ ان بتوں کی عبادت جہنم میں لے جانے کا ذریعہ ہوگی (دوسرا ترجمہ) ذرا بھی دھوکہ میں مت رہنا۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۱۱۰﴾ وَاِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ اَعْمَالَهُمْ ؕ اِنَّهٗ بِمَا يَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۱۱﴾ فَاسْتَقِمْ كَمَاۤ اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا ؕ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱۲﴾ وَلَا تَرْكَنُوْۤا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ۙ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ؕ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ﴿۱۱۴﴾

اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے موسیٰ کو کتاب دی تو اس میں اختلاف کیا گیا اور اگر ایک بات تمھارے رب کی طرف سے پہلے سے طے نہ کردی گئی ہوتی① تو ان کے درمیان فیصلہ (دنیا ہی میں) کردیا جاتا اور یقیناً وہ لوگ ایسے شک میں پڑے ہوئے ہیں جو ان کو چین نہیں لینے دیتا ﴿۱۱۰﴾ اور یقیناً ان سب لوگوں کو وقت آنے پر تمھارے رب ان کے اعمال کا پورے پورا بدلہ چکا دیں گے، یقیناً جو کام وہ لوگ کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کو اس کی پوری خبر ہے ﴿۱۱۱﴾ جس طرح تم کو حکم دیا گیا ہے اس کے مطابق تم سیدھے راستے پر قائم رہو② اور وہ لوگ بھی جو (کفر سے) توبہ کر کے تمھارے ساتھ ہیں (وہ بھی تمھارے ساتھ سیدھے راستے پر قائم رہیں) اور تم حد سے آگے مت بڑھو، یقین رکھو جو عمل بھی تم لوگ کرتے ہو وہ (اللہ تعالیٰ) اس کو اچھی طرح دیکھتے ہیں ﴿۱۱۲﴾ اور تم لوگ ظالموں کی طرف (ذرا بھی) مائل نہ ہونا، ورنہ تم کو جہنم کی آگ پکڑ لے گی اور تمھارے لیے اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی حمایت کرنے والے نہیں ہوں گے پھر تم کو کوئی مدد بھی نہیں پہنچائی جاسکے گی ﴿۱۱۳﴾ اور (اے محمد ﷺ!) تم دن کے دونوں کناروں پر اور رات کے کچھ حصوں میں نماز کو قائم کرو، یقیناً نیکیاں برائیوں کو دور کردیتی ہیں، یہ نصیحت ہے نصیحت ماننے والوں کے واسطے ﴿۱۱۴﴾

---

① یعنی یہ کہ پورا عذاب تو آخرت ہی میں دیا جائے گا۔

② استقامت میں بھی انسان آزاد نہیں ہے رب کے حکم کے مطابق ہی ہونی چاہیے۔

وَاصْبِرْ فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ ﴿۱۱۵﴾ فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُونِ مِن قَبْلِكُمْ أُولُوا بَقِيَّةٍ يَنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْأَرْضِ إِلَّا قَلِيلًا مِّمَّنْ أَنجَيْنَا مِنْهُمْ ۗ وَاتَّبَعَ الَّذِينَ ظَلَمُوا مَا أُتْرِفُوا فِيهِ وَكَانُوا مُجْرِمِينَ ﴿۱۱۶﴾ وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرَىٰ بِظُلْمٍ وَأَهْلُهَا مُصْلِحُونَ ﴿۱۱۷﴾ وَلَوْ شَاءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ أُمَّةً وَاحِدَةً ۖ وَلَا يَزَالُونَ مُخْتَلِفِينَ ﴿۱۱۸﴾ إِلَّا مَن رَّحِمَ رَبُّكَ ۚ وَلِذَٰلِكَ خَلَقَهُمْ ۗ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ ﴿۱۱۹﴾

اور (اے نبی)! تم صبر کرو، سو یقیناً اللہ تعالیٰ نیکی کرنے والوں کے اجر کو ضائع نہیں کرتے ﴿۱۱۵﴾ سو جو امتیں تم سے پہلے (ہلاک) ہو چکی ہیں اُن میں ایسے لوگ کیوں نہیں ہوئے جن میں کچھ سمجھ بچی ہو جو زمین میں فساد (یعنی کفر) سے روکتے ہوں؛ مگر تھوڑے سے لوگ تھے (جو خود کفر سے بچتے تھے اور دوسروں کو روکتے تھے) ان میں سے جن کو ہم نے (عذاب سے) نجات دی تھی اور ظالم لوگ جس عیش میں تھے اسی کے پیچھے وہ پڑے رہے، اور وہ گنہگار تھے ﴿۱۱۶﴾ اور تمھارے رب ایسے نہیں ہیں کہ بستیوں (کے رہنے والوں) کو ظلم کرکے ① ہلاک کردیں؛ حالاں کہ ان (بستی) کے رہنے والے (خود کی اور دوسروں کی) اصلاح (یعنی حالت کو درست کرنے کی محنت) میں لگے ہوئے ہو② ﴿۱۱۷﴾ اور اگر تمھارے رب چاہتے تو (تمام) لوگوں کو ایک ہی طریقہ (یعنی اسلام) پر کردیتے اور (لیکن) لوگ ہمیشہ (آپس میں) اختلاف ہی کرتے رہیں گے؛ ﴿۱۱۸﴾ الا یہ کہ جن پر تمھارے رب رحم فرمائیں گے③ اور اسی (امتحان) کے لیے تو اس (اللہ تعالیٰ) نے ان کو پیدا کیا اور تمھارے رب کی بات (جو اس نے کہی تھی وہ) پوری ہو کر ہی رہے گی کہ میں جنات اور انسان سب سے جہنم کو ضرور بھر کر ہی رہوں گا ﴿۱۱۹﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) کفر کے سبب سے۔

② اصلاحی محنت عذاب کو روکنے کا ذریعہ ہے۔

③ تو ان کو سچائی پر قائم رکھیں گے۔

وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ ۚ وَجَآءَكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَّذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ ۭ اِنَّا عٰمِلُوْنَ ۝ وَانْتَظِرُوْا ۚ اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ۝ وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِلَيْهِ يُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ۭ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝

اور نبیوں کے واقعات میں سے (یہ جو اوپر ذکر کیے گئے ہیں) وہ تمام (واقعات) جو ہم تمھیں سناتے ہیں ہم ان کے ذریعہ تمھارے دل کو جما دیتے ہیں ① اور اس (سورت یا واقعہ) میں جو بات تمھارے پاس آئی وہ (خود) بھی حق ہے ② اور تمام مومنوں کے لیے نصیحت اور یاد دہانی ہے ﴿۱۲۰﴾ اور جو لوگ ایمان نہیں لاتے اُن کو کہہ دو کہ تم اپنی حالت پر عمل کرتے رہو ہم بھی (اپنے طریقہ پر) عمل کر رہے ہیں ﴿۱۲۱﴾ اور (اعمال کے نتائج کا) تم انتظار کرو ہم بھی انتظار کر رہے ہیں ﴿۱۲۲﴾ اور آسمانوں اور زمین میں جو کچھ بھی چھپا ہوا ہے اُن سب کو اللہ تعالیٰ ہی جانتے ہیں، اور ہر (قسم کے تمام) کام اسی (اللہ تعالیٰ) کی طرف لوٹائے جائیں گے، سو تو اسی (اللہ تعالیٰ) کی عبادت کر اور اسی (اللہ تعالیٰ) پر تو بھروسہ کر، اور جو کام تم کرتے ہو تمھارے رب اس سے غافل (یعنی بے خبر) نہیں ہیں ﴿۱۲۳﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) تمھارے دل کو قوت دے (کر مضبوط) کریں۔

② یعنی تحقیقی باتیں ہیں۔

سورة يوسف

(المكية)

آياتها:۱۱۱۔

رکوعاتها:۱۲۔

سورۂ یوسف

یہ سورت مکی ہے۔اس میں ایک سو گیارہ (۱۱۱) آیتیں ہیں، سورۂ ہود کے بعد اور سورۂ حجر سے پہلے ترپن (۵۳) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں اللہ کے ایک برگزیدہ پیغمبر حضرت یوسف بن یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم علیہم السلام کا عجیب وغریب واقعہ اللہ تعالیٰ نے بیان فرمایا ہے۔

حضرت یوسف علیہ السلام کا واقعہ پورے قرآن میں ایک ہی جگہ پر مرتب انداز میں بیان کیا گیا ہے، اس واقعے کی کسی اور جگہ تکرار نہیں ہوئی ہے؛ ہاں! سورۂ انعام اور سورۂ غافر میں صرف حضرت یوسف علیہ السلام کا نام مبارک ذکر کیا گیا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۟ اِنَّاۤ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۟ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ اَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَاۤ اَوْحَيْنَاۤ اِلَيْكَ هٰذَا الْقُرْاٰنَ ۖۗ وَاِنْ كُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الْغٰفِلِيْنَ ۟ اِذْ قَالَ يُوْسُفُ لِاَبِيْهِ يٰۤاَبَتِ اِنِّيْ رَاَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَاَيْتُهُمْ لِيْ سٰجِدِيْنَ ۟ قَالَ يٰبُنَيَّ لَا تَقْصُصْ رُءْيَاكَ عَلٰۤى اِخْوَتِكَ فَيَكِيْدُوْا لَكَ كَيْدًا ؕ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۟

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جس کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

الرٰ، یہ (سچائی کو) ظاہر کرنے والی کتاب کی آیتیں ہیں ﴿۱﴾ یقیناً ہم نے اس کو اتارا ہے قرآن عربی زبان کا؛ تاکہ تم (اس کو) سمجھو ﴿۲﴾ ہم سناتے ہیں تم کو بہترین قصہ اِس قرآن کے ذریعہ جو ہم نے تمھاری طرف وحی کے ذریعہ بھیجا①، اور تم اِس (قرآن) سے پہلے (اِس واقعہ سے) بالکل بے خبر تھے ﴿۳﴾ (وہ واقعہ سنو) جب کہ یوسف (علیہ السلام) نے اپنے ابا سے کہا کہ②: اے میرے ابا! یقیناً میں نے گیارہ ستارے اور سورج اور چاند کو (خواب میں) دیکھا ہے، میں نے ان کو دیکھا کہ وہ میرے سامنے سجدہ کر رہے ہیں ﴿۴﴾ یعقوب (علیہ السلام) نے کہا کہ: اے میرے بیٹے! تو اپنا خواب اپنے بھائیوں کے سامنے بیان نہ کرنا، ورنہ وہ تیرے خلاف کوئی سازش کریں گے، یقیناً شیطان تو انسان کا کھلا ہوا دشمن ہے ﴿۵﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) ہم نے وحی کے ذریعہ تمھاری طرف جو یہ قرآن اتارا (اِس میں) ہم تم کو بہترین قصہ سناتے ہیں۔

② حضرت یوسف علیہ السلام نے راز کی بات اپنے والد سے کہی ہے یہ مناسب طریقہ ہے جب کہ آج لوگ اس طرح کی باتیں دوستوں سے کرتے ہیں اور والدین اور گھر والوں سے چھپاتے ہیں۔

وَكَذٰلِكَ يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ وَيُعَلِّمُكَ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اٰلِ يَعْقُوْبَ كَمَآ اَتَمَّهَا عَلٰٓى اَبَوَيْكَ مِنْ قَبْلُ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ ۭ اِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝

لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖٓ اٰيٰتٌ لِّلسَّاۗىِٕلِيْنَ ۝ اِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ وَاَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ۭ اِنَّ اَبَانَا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنِ ۝ اقْتُلُوْا يُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ اَرْضًا يَّخْلُ لَكُمْ وَجْهُ اَبِيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِيْنَ ۝

اور اسی طرح ① تم کو تمھارے رب (نبوت کے لیے) چن لیں گے اور تم کو (تمھارے رب) باتوں کا (صحیح) مطلب نکالنا سکھائیں گے ② اور (دوسری نعمتیں دے کر) اپنے انعام کو پورا کریں گے تم پر اور یعقوب کے خاندان پر؛ جیسا کہ اپنا انعام پورا کیا تھا اس سے پہلے تمھارے دونوں باپ دادے: ابراہیم (پردادا) اور اسحاق (دادا) پر، یقیناً تمھارے رب بہت بڑے علم والے، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۶﴾

پکی بات یہ ہے کہ یوسف (علیہ السلام) اور اس کے بھائیوں (کے قصے) میں سوال پوچھنے والوں کے لیے (اللہ تعالیٰ کی قدرت اور آپ کے نبی ہونے کی) بڑی نشانیاں ہیں ﴿۷﴾ (وہ وقت یاد کرو) جب کہ وہ (یوسف علیہ السلام کے بھائی آپس میں) کہنے لگے کہ: ہمارے ابا جان کو یوسف اور اس (یوسف) کا بھائی ③ ہم سے بھی زیادہ پیارا ہے؛ حالاں کہ ہماری جماعت تو زیادہ طاقت والی ہے، واقعی ④ ہمارے ابا جان کھلی غلطی میں ہیں ⑤ ﴿۸﴾ تم یوسف کو مار ڈالو یا اس کو کسی دوسرے ملک میں ڈال کر کے آؤ ⑥ تو تمھارے ابا کی توجہ خالص تمھارے لیے ہو جائے گی اور تم اس کے بعد (توبہ کر کے) نیک قوم ہو کر کے رہنا ⑦ ﴿۹﴾

---

① خواب میں اشارہ تھا کہ ایک وقت آوے گا کہ یوسف علیہ السلام کو عزت کا ایسا اونچا مقام نصیب ہوگا کہ تمام بھائی ان کا اکرام کریں گے جس طرح تم کو یہ عزت ملی اسی طرح آئندہ نبوت اور تاویل احادیث جیسی نعمت ملے گی۔

② دوسرا مطلب: تم کو تمھارے رب خوابوں کی تعبیر سکھائیں گے ③ یعنی حقیقی بھائی بنیامین جو یوسف سے بھی چھوٹے تھے۔

④ چوں کہ ہم دس بھائی جوان اور ابا کے کام میں مددگار ہیں، پھر بھی ابا جان ہم سے محبت کم رکھتے ہیں۔

⑤ کہ اولاد کے درمیان انصاف نہیں کرتے۔ ⑥ یعنی دور کسی ملک میں چھوڑ دو؛ تاکہ وہاں سے واپس گھر نہ آسکے۔

⑦ اور یوسف کے دور ہو جانے کے بعد تمھارے سب کام بنتے جائیں گے۔

قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ وَاَلْقُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّيَّارَةِ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿۱۰﴾ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا لَكَ لَا تَاْمَنَّا عَلٰى يُوْسُفَ وَاِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ ﴿۱۱﴾ اَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا يَّرْتَعْ وَيَلْعَبْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴿۱۲﴾ قَالَ اِنِّيْ لَيَحْزُنُنِيْٓ اَنْ تَذْهَبُوْا بِهٖ وَاَخَافُ اَنْ يَّاْكُلَهُ الذِّئْبُ وَاَنْتُمْ عَنْهُ غٰفِلُوْنَ ﴿۱۳﴾ قَالُوْا لَئِنْ اَكَلَهُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ اِنَّآ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ فَلَمَّا ذَهَبُوْا بِهٖ وَاَجْمَعُوْٓا اَنْ يَّجْعَلُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ ۚ

ان (بھائیوں) میں سے ایک کہنے والے نے کہا: تم یوسف کو قتل مت کرو① اور اگر تم کچھ کرنا ہی چاہتے ہو تو اس (یوسف) کو تم گمنام (یا اندھیرے) کنویں میں ڈال دو، کہ کوئی قافلہ اس (یوسف) کو اٹھا کر لے جائے②﴿۱۰﴾ بھائیوں نے کہا: اے ہمارے ابا! آپ کے پاس کیا وجہ ہے کہ آپ یوسف کے بارے میں ہم پر اعتماد نہیں کرتے؟ حالاں کہ پکی بات یہ ہے کہ ہم اس (یوسف) کا بھلا ہی چاہتے ہیں﴿۱۱﴾ آپ اس (یوسف) کو ہمارے ساتھ آئندہ کل (تفریح میں) بھیجیے، کہ وہ خوب کھائے اور کھیلے اور (آپ ہم پر بھروسہ رکھیے) یقیناً ہم اس (یوسف) کی پوری پوری حفاظت کریں گے ﴿۱۲﴾ یعقوب (علیہ السلام) نے کہا کہ: تم اس (یوسف) کو (میرے پاس سے) لے جاؤ گے تو مجھے (جدائی کا) غم ہوگا اور مجھے خطرہ ہے کہ تمھارا (کھیل کود میں مشغول ہونے کی وجہ سے) اس کی طرف دھیان نہ ہے تو بھیڑیا (آ کر) اس کو کھا جائے③﴿۱۳﴾ سب (بھائی) کہنے لگے کہ: ہم طاقت والی جماعت ہے پھر بھی اگر بھیڑیا اس (یوسف) کو کھا جائے تب تو ہم بڑے نقصان میں ہوں گے④ ﴿۱۴﴾ سو جب وہ (سب بھائی) اس (یوسف) کو لے کر (جنگل میں) گئے اور ان سب (بھائیوں) نے (پہلے ہی سے) اتفاق کر لیا تھا کہ وہ اس کو گمنام (یعنی غیر معروف) کنویں میں ڈال دیں گے،

---

① اس لیے کہ قتل کا گناہ بڑا ہے۔ ② (دوسرا ترجمہ) کوئی مسافر اس کو اٹھا کر لے جائیں گے۔

③ اس جگہ حضرت یعقوبؑ کا اپنی اولاد پر حسن ظن دیکھیے کہ تم جان بوجھ کر بھیڑیے کو کھلا نہیں دو گے، ہاں! تم دوسرے کسی مشاغل میں ہوں اور یوسف کی طرف دھیان نہ ہے اور بھیڑیا اس کو کھا جائے۔

④ (دوسرا ترجمہ) ہم طاقت ور بھائیوں کی پوری جماعت کے ہوتے ہوئے بھی کوئی بھیڑیا یوسف کو کھا جاوے تو ہم گئے گذرے (یعنی نکمے) ہو گئے۔

وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ لَتُنَبِّئَنَّهُمْ بِاَمْرِهِمْ هٰذَا وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ۝ وَجَآءُوْٓا اَبَاهُمْ عِشَآءً يَّبْكُوْنَ۝ قَالُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّا ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ وَتَرَكْنَا يُوْسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا فَاَكَلَهُ الذِّئْبُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَلَوْ كُنَّا صٰدِقِيْنَ۝ وَجَآءُوْ عَلٰي قَمِيْصِهٖ بِدَمٍ كَذِبٍ ۭ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ۭ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ۭ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰي مَا تَصِفُوْنَ۝

اور ① ہم نے اس (یوسف علیہ السلام) کو وحی ② بھیجی (کہ ایک روز آئے گا) وہ ایسی حالت میں ہوں گے کہ وہ (بھائی تم کو) پہچانتے بھی نہ ہوں گے اور تم ان کو ان کا یہ (ظلم والا) کام ضرور یاد دلاؤ گے ③ ﴿۱۵﴾ اور (کنویں میں ڈالنے کی کارروائی کرکے) وہ رات کو روتے روتے اپنے ابا کے پاس آئے ﴿۱۶﴾ وہ (بھائی) کہنے لگے: اے ہمارے ابا! ہم سب دوڑنے کا مقابلہ کرنے چلے گئے تھے اور ہم نے یوسف کو اپنے سامان کے پاس چھوڑ دیا تھا، سو بھیڑیا (اکیلے پن اور بچپن کی کمزوری کا فائدہ اٹھا کر) اس (یوسف) کو کھا گیا اور ہم بالکل سچے ہیں پھر بھی آپ ہماری بات نہیں مانیں گے ﴿۱۷﴾ اور وہ اس (یوسف علیہ السلام) کے کرتے پر جھوٹا خون (بھی) لگا کر لائے، یعقوب علیہ السلام نے (کرتہ دیکھ کر کہ کہیں سے پھٹا نہیں ہے) کہا: (ہرگز ایسی بات نہیں کہ بھیڑیا میرے یوسف کو کھا گیا ہو) بلکہ تمھارے دلوں نے تمھارے لیے ایک بات بنالی ہے، سو (میرے لیے تو) صبر کرنا ہی بہتر ہے ④ اور جو بات تم ظاہر کرتے ہو (یا جو بات تم بتاتے ہو) ان پر میں اللہ تعالیٰ ہی سے مدد مانگتا ہوں ﴿۱۸﴾

---

① اور ان دس بھائیوں نے اپنی طے کی ہوئی بات پر عمل کرکے یوسف کو کنویں میں ڈال بھی دیا تب یہ وحی ہے۔

② ہو سکتا ہے کہ وحی کنویں میں ڈالنے سے پہلے آئی یا پھر کنویں میں ڈالے جانے کے بعد آئی۔

③ یہ وحی نبوت والی تشریعی نہیں ہے، موقع کی ضرورت کے مطابق کوئی بات کسی طرح بتا دی جائے وہ مراد ہے، نبوت والی وحی تو مصر میں جوانی کی عمر میں شروع ہوئی۔

④ (دوسرا ترجمہ) میں صبر جمیل کروں گا۔

صبر جمیل: (۱) تکلیف کی فریاد کسی غیر کے سامنے نہ کرے۔

(۲) جو تکلیف کا ذریعہ بنا اس سے انتقام کی کوشش نہ کرے۔

(۳) چیخ و پکار نہ کرے۔

وَجَآءَتْ سَيَّارَةٌ فَاَرْسَلُوْا وَارِدَهُمْ فَاَدْلٰى دَلْوَهٗ ۭ قَالَ يٰبُشْرٰى هٰذَا غُلٰمٌ ۭ وَاَسَرُّوْهُ بِضَاعَةً ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍۢ بَخْسٍ دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ ۚ وَكَانُوْا فِيْهِ مِنَ الزّٰهِدِيْنَ ﴿۲۰﴾

وَقَالَ الَّذِي اشْتَرٰىهُ مِنْ مِّصْرَ لِامْرَاَتِهٖٓ اَكْرِمِيْ مَثْوٰىهُ عَسٰٓى اَنْ يَّنْفَعَنَآ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا ۭ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ۡ وَلِنُعَلِّمَهٗ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ۭ

اور ایک قافلہ آیا① سو قافلے والوں نے اپنے پانی لانے والے کو (پانی لانے کے لیے) بھیجا، اس نے (کنویں میں) اپنا ڈول لٹکایا② وہ (پانی لانے والا) بولا: خوشی کی بات سنو! یہ تو (پانی کے بجائے) ایک لڑکا (نکلا) ہے اور ان قافلے والوں نے اس (یوسف علیہ السلام) کو قیمتی سرمایہ سمجھ کر چھپا لیا اور وہ (قافلے والے اور بھائی) جو کچھ کارروائی کر رہے تھے اللہ تعالیٰ اس کو اچھی طرح جانتے تھے ﴿۱۹﴾ اور ان (یوسف علیہ السلام کے) بھائیوں نے اس (یوسف علیہ السلام) کو بہت ہی معمولی قیمت یعنی گنتی کے چند درہم میں (قافلے والوں کے ہاتھ) بیچ دیا اور ان (بھائیوں) کو اس (یوسف علیہ السلام کی قیمت) سے کوئی دلچسپی نہیں تھی③ ﴿۲۰﴾

(قافلے والے یوسف علیہ السلام کو مصر لے گئے اور بیچ دیا) اور مصر کے جس آدمی نے اس (یوسف علیہ السلام) کو خریدا اس نے اپنی بیوی سے کہا کہ: تو اس (غلام یوسف) کو عزت سے رکھنا④ شاید یہ (یوسف) ہم کو کام آجائے⑤ یا ہم اس (یوسف) کو (اپنا) بیٹا ہی بنا لیں اور (جس طرح کنویں سے ہم نے یوسف علیہ السلام کو نکالا) اسی طرح ہم نے یوسف (علیہ السلام) کو (مصر کی) زمین میں عزت کی جگہ دی⑥ اور اس واسطے کہ ہم اس (یوسف علیہ السلام) کو باتوں کا صحیح مطلب نکالنا سکھا دیں⑦

---

① جس کنویں میں بھائیوں نے حضرت یوسف کو ڈال رکھا تھا وہاں۔
② تو یوسف ڈول میں بیٹھ کر اوپر آگئے، وہ پانی لانے والا یوسف کو دیکھ کر ایک دم پکار کر کے بولا۔
③ بھائیوں کا مقصد تو صرف یہ تھا کہ یوسف ابا کی نظروں سے دور ہو جائے، قیمت سے ان کو کوئی دلچسپی نہیں تھی۔
④ (دوسرا ترجمہ) اس یوسف کے ٹھہرنے کا اچھا انتظام کر۔ ⑤ (دوسرا ترجمہ) ہم کو فائدہ پہنچائے۔
⑥ اس طرح ہم نے یوسف کے قدم (مصر کی) زمین میں جما دیے۔ ⑦ (دوسرا ترجمہ) خوابوں کی تعبیر سکھا دیں۔

وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰۤى اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ۝ وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗۤ اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ۝ وَرَاوَدَتْهُ الَّتِىْ هُوَ فِىْ بَيْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ ؕ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّىْۤ اَحْسَنَ مَثْوَاىَ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ۝ وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ ۚ وَهَمَّ بِهَا لَوْلَاۤ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ؕ كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ وَالْفَحْشَآءَ ؕ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ۝

اور اللہ تعالیٰ کو اپنے کام میں پوری طاقت ہے ①لیکن اکثر لوگ اس بات کو جانتے نہیں ہیں ﴿۲۱﴾ اور جب وہ (یوسف علیہ السلام جس نے اس کو خریدا تھا اس کے گھر میں) جوان ہو گئے تو ہم نے اس (یوسف علیہ السلام) کو حکمت اور علم دیا اور اسی طرح (جیسا یوسف علیہ السلام کو ہم نے نوازا) نیکی کرنے والوں کو ہم (اچھا) بدلہ دیتے ہیں ﴿۲۲﴾ اور وہ (یوسف علیہ السلام) جس عورت کے گھر میں رہتے تھے اس نے اس (یوسف علیہ السلام) کو اپنی طرف مائل کرنے کے لیے پھسلانے کی کوشش کی اور اس عورت نے (اپنے مکان کے تمام) دروازے بند کر دیے اور وہ عورت (یوسف علیہ السلام سے) کہنے لگی: جلدی سے آجاؤ، اس (یوسف علیہ السلام) نے کہا: (جس برے کام زنا کے لیے تو مجھے بلاتی ہے اس سے میں) اللہ تعالیٰ کی پناہ (مانگتا ہوں)، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ یا عزیز مصر) تو میرا مالک ہے جس نے مجھے اچھی طرح رکھا ہے ②یقیناً ظلم کرنے والوں کو فلاح حاصل نہیں ہوتی ﴿۲۳﴾ اور اس عورت (راعیل یا زلیخا) نے اس (یوسف علیہ السلام) کے ساتھ (برے کام کا) پکا ارادہ کر ہی لیا تھا اور اگر وہ (یوسف علیہ السلام) اپنے رب کی دلیل نہ دیکھتے تو اس (یوسف علیہ السلام) کے دل میں بھی عورت کا خیال آتا ③اسی طرح ④تا کہ ہم اس (یوسف علیہ السلام) سے برائی اور بے حیائی کو ہٹا دیں، یقیناً وہ (یوسف) تو ہمارے چنے ہوئے بندوں میں سے تھے ⑤﴿۲۴﴾

---

① (دوسرا) اور اللہ تعالیٰ کو اپنے کاموں پر پوری طرح اختیار ہے۔ ② (دوسرا) جس نے میرے لیے رہنے کا بہت اچھا انتظام کیا ہے۔ ③ (دوسرا ترجمہ) یوسف کے دل میں بھی (بشری تقاضے سے جو شانِ نبوت کے منافی نہیں) عورت کا تھوڑا سا خیال آیا اگر وہ یوسف اپنے رب کی دلیل نہ دیکھتے (تو اس عورت کی طرف میلان کے بڑھنے کا اندیشہ تھا)۔
④ اللہ تعالیٰ نے دلیل دکھلا کر اور نبوی عفت کی برکت سے یوسف کو پاک دامنی پر ثابت رکھا۔ (باقی اگلے صفحہ پر)

وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَقَدَّتْ قَمِيْصَهٗ مِنْ دُبُرٍ وَّاَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَا الْبَابِ ۭ قَالَتْ مَا جَزَاۗءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ سُوْۗءًا اِلَّآ اَنْ يُّسْجَنَ اَوْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ قَالَ هِىَ رَاوَدَتْنِيْ عَنْ نَّفْسِيْ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَهُوَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ وَاِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝

اور وہ دونوں (یوسف اور زلیخا) آگے پیچھے دروازے کی طرف دوڑے اور اس (دوڑ بھاگ کے دوران) عورت نے ان (یوسف علیہ السلام) کا کُرتہ پیچھے سے (کھینچ کر) پھاڑ ڈالا اور (اسی وقت) دونوں (یوسف و زلیخا) نے اس (زلیخا) کے شوہر کو دروازے کے پاس (کھڑا ہوا) پایا، وہ عورت (اپنے شوہر سے) کہنے لگی کہ: جو (غلام) تمھاری بیوی سے بُرے کام کرنے کا ارادہ کرے اس کی سزا یہی ہے کہ اس کو جیل میں ڈال دیا جائے یا (اس کو) کوئی دردناک سزا دی جائے ﴿۲۵﴾ وہ (یوسف) کہنے لگے کہ: یہ عورت خود اپنی طرف مجھے مائل کرنے کے لیے پھسلاتی تھی① اور اس (عورت) کے خاندان والوں میں سے ایک (چھوٹے بچے) نے گواہی دی② اگر اس (یوسف) کا کرتہ آگے کی طرف سے پھٹا ہے تو عورت سچی ہے اور وہ (یوسف) جھوٹوں میں سے ہے ﴿۲۶﴾ اور اگر اس (یوسف) کا کرتہ پیچھے کی طرف سے پھٹا ہے تو عورت جھوٹی ہے اور وہ (یوسف) سچوں میں سے ہے ﴿۲۷﴾

⇐ ① جن بندوں کو اللہ تعالیٰ مخلوق کی اصلاح کے کام کے لیے چن لیتے ہیں ان کی گناہوں سے حفاظت فرماتے ہیں، ایک قرأت لام کے کسرہ کے ساتھ ہے، مفہوم: جو لوگ صرف اللہ تعالیٰ کی خوشی کے لیے عبادت کرتے ہیں ایسے لوگوں کی گناہ سے بچنے میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے مدد ہوتی ہے۔

① (دوسرا ترجمہ) اس عورت ہی نے گناہ کرنے کے لیے میرے نفس کو بے قابو کرنا چاہا۔

② عزیز مصر کے لیے بڑی حیرانی تھی کہ کس کی بات سنیں: اس لیے کہ ایک طرف بیوی کا الزام یوسف علیہ السلام پر، دوسری طرف یوسف علیہ السلام نے خود کو بے قصور بتلایا، عام طور پر ایسے وقت انسان اپنے گھر والوں کی ہی طرف داری کرتا ہے؛ لیکن اللہ تعالیٰ کی مدد ہوئی کہ عزیز نے بیوی کی طرف داری نہ کی اور فیصلے کے لیے شاہد کا غیبی انتظام ہو گیا اور اس وقت ایک چھوٹا دودھ پینے والا بچہ جو گہوارے میں تھا اس نے گواہی دی، جس سے سچائی کو سمجھنا آسان ہو گیا۔

فَلَمَّا رَاٰ قَمِیْصَهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ قَالَ اِنَّهٗ مِنْ كَیْدِكُنَّ ؕ اِنَّ كَیْدَكُنَّ عَظِیْمٌ ﴿۲۸﴾ یُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ٚ وَ اسْتَغْفِرِیْ لِذَنْۢبِكِ ۖۚ اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِـِٕیْنَ ﴿۲۹﴾

وَ قَالَ نِسْوَةٌ فِی الْمَدِیْنَةِ امْرَاَتُ الْعَزِیْزِ تُرَاوِدُ فَتٰىهَا عَنْ نَّفْسِهٖ ۚ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ؕ اِنَّا لَنَرٰىهَا فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿۳۰﴾ فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ اَرْسَلَتْ اِلَیْهِنَّ وَ اَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَاً وَّ اٰتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّیْنًا وَّ قَالَتِ اخْرُجْ عَلَیْهِنَّ ۚ فَلَمَّا رَاَیْنَهٗۤ اَكْبَرْنَهٗ

پس جب اس (عزیز) نے (سچائی کا فیصلہ کرنے کے لیے) اس (یوسف) کے کرتے کو دیکھا کہ وہ تو پیچھے سے پھٹا ہے تو اس (عزیز) نے کہا: یہ تم عورتوں کی مکّاری (یعنی فریب کاری) میں سے ہے، یقیناً تم عورتوں کی مکاری تو بڑی ہی (ہوتی) ہے ﴿۲۸﴾ (عزیز نے کہا) یوسف! اس بات کا چرچا اب جانے دو (یعنی بند کرو) اور اے عورت! تو اپنے گناہ پر (اللہ تعالیٰ سے اور اپنے شوہر اور یوسف سے) معافی مانگ، یقینی طور پر تو ہی گنہگاروں میں سے ہے ﴿۲۹﴾

اور شہر میں چند عورتیں (آپس میں) باتیں کرنے لگیں کہ: عزیز کی بیوی (یعنی زلیخا) اپنی خواہش پوری کرنے کے لیے اپنے غلام کو پھسلاتی ہے، اس (غلام یوسف) کی محبت اس عورت (یعنی عزیز کی بیوی) کے دل میں بیٹھ گئی ہے① ہم تو یقینی طور پر یہ مانتے ہیں کہ وہ (عزیز کی بیوی) کھلی ہوئی گمراہی میں ہے② ﴿۳۰﴾ پھر جب اس (عزیز کی بیوی) نے شہر کی عورتوں کی فریب سے بھری ہوئی باتوں کو سنا تو ان کو بلا بھیجا اور ان (عورتوں) کے لیے تکیہ لگی ہوئی بیٹھک (یعنی مجلس) تیار کی اور ان (عورتوں) میں سے ہر ایک کو ایک ایک چھری دی اور اس (عزیز کی بیوی) نے (یوسف علیہ السلام سے جو اس وقت دوسری جگہ تھے) کہا کہ: باہر نکل کر اُن (عورتوں) کے سامنے آؤ، سو جب ان عورتوں نے ان (یوسف علیہ السلام) کو دیکھا تو (عجیب حسن دیکھ کر) ان (یوسف علیہ السلام) کو بہت بڑا سمجھا

---

① (دوسرا ترجمہ) غلام کے عشق میں اس عورت کا دل فریفتہ ہو گیا ہے (تیسرا) یوسف کی محبت نے اس عورت کے دل میں گھر کر لیا ہے (دیوانہ ہو گیا ہے)

② یقیناً ہم اس عورت کو کھلی غلطی میں دیکھتے ہیں۔

وَقَطَّعْنَ اَیْدِیَهُنَّ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ؕ اِنْ هٰذَآ اِلَّا مَلَكٌ كَرِیْمٌ ۝ قَالَتْ فَذٰلِكُنَّ الَّذِیْ لُمْتُنَّنِیْ فِیْهِ ؕ وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ ؕ وَلَىِٕنْ لَّمْ یَفْعَلْ مَاۤ اٰمُرُهٗ لَیُسْجَنَنَّ وَلَیَكُوْنًا مِّنَ الصّٰغِرِیْنَ ۝ قَالَ رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَیَّ مِمَّا یَدْعُوْنَنِیْۤ اِلَیْهِ ۚ وَاِلَّا تَصْرِفْ عَنِّیْ كَیْدَهُنَّ اَصْبُ اِلَیْهِنَّ وَاَكُنْ مِّنَ الْجٰهِلِیْنَ ۝ فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ فَصَرَفَ عَنْهُ كَیْدَهُنَّ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ ثُمَّ بَدَا لَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا رَاَوُا الْاٰیٰتِ لَیَسْجُنُنَّهٗ حَتّٰى حِیْنٍ ۝

اوران عورتوں نے اپنے ہاتھوں (کی انگلیوں) کو کاٹ دیا اور (آپس میں) کہنے لگیں: حاشَ للہ (یہ یوسف تو اللہ واسطے گناہ سے دور ہے)، یہ (یوسف) کوئی انسان نہیں ہے، یہ تو کوئی بڑا بزرگی والا فرشتہ ہے ①﴿۳۱﴾ وہ عورت (یعنی عزیز کی بیوی) بولی: یہی تو وہ (غلام) ہے جس کے بارے میں تم مجھ کو ملامت کرتی تھیں اور واقعی میں نے اپنی خواہش پوری کرنے کے لیے اس کو پھسلایا تھا②؛ مگر اس نے خود کو (گناہ سے) بچالیا اور جو میں اس کو حکم دیتی ہوں اگر وہ (آئندہ) اس کو پورا نہیں کرے گا تو ضرور وہ قید کیا جائے گا اور ضرور وہ ذلیل لوگوں میں سے ہو جائے گا③﴿۳۲﴾ یوسف (علیہ السلام) نے دعا کی: اے میرے رب! جس (برے کام) کے لیے یہ عورتیں مجھے دعوت دے رہی ہیں اس سے تو مجھے جیل (جانا) زیادہ پسند ہے اور جوان عورتوں کے داؤ کو آپ مجھ سے دور نہ کریں گے تو میں ان کی طرف مائل ہو جاؤں گا④ اور میں نادانی کے کام کرنے والوں میں شامل ہو جاؤں گا﴿۳۳﴾ سو ان (یوسف) کے رب نے ان کی دعا کو قبول کرلیا، سو اس (رب) نے عورتوں کی چال کو ان سے دور کر دیا، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) ہر بات سننے والے، جاننے والے ہیں﴿۳۴﴾ پھر (یوسف علیہ السلام کی سچائی و پاکدامنی کی) نشانیاں دیکھنے کے بعد ان (عزیز اور اس کے متعلقین) کو یہ سمجھ میں آیا⑤ کہ اس (یوسف) کو ایک مدت تک جیل میں رکھیں﴿۳۵﴾

---

① یعنی بڑے اچھے کمالات والا فرشتہ ہے۔ ② (دوسرا ترجمہ) اس پر میں نے ڈورے ڈالے تھے۔ ③ دوسرا ترجمہ: اور وہ ضرور بے عزت ہوگا۔ ④ معلوم ہوا کہ ان میں وہ تمام عورتیں شامل تھیں کہ اگر زلیخا کے لیے اپنا مطلب پورا ہونے کا دروازہ کھل جاوے تو پھر ہمارے لیے بھی آسانی ہو جائے؛ اس لیے دعا میں حضرت یوسف علیہ السلام نے تمام عورتوں کو شامل کیا۔ ⑤

وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيٰنِ ؕ قَالَ اَحَدُهُمَاۤ اِنِّیۡۤ اَرٰىنِیۡۤ اَعۡصِرُ خَمۡرًا ۚ وَقَالَ الۡاٰخَرُ اِنِّیۡۤ اَرٰىنِیۡۤ اَحۡمِلُ فَوۡقَ رَاۡسِیۡ خُبۡزًا تَاۡكُلُ الطَّیۡرُ مِنۡهُ ؕ نَبِّئۡنَا بِتَاۡوِیۡلِهٖ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الۡمُحۡسِنِیۡنَ ﴿۳۶﴾ قَالَ لَا یَاۡتِیۡكُمَا طَعَامٌ تُرۡزَقٰنِهٖۤ اِلَّا نَبَّاۡتُكُمَا بِتَاۡوِیۡلِهٖ قَبۡلَ اَنۡ یَّاۡتِیَكُمَا ؕ ذٰلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِیۡ رَبِّیۡ ؕ اِنِّیۡ تَرَكۡتُ مِلَّةَ قَوۡمٍ لَّا یُؤۡمِنُوۡنَ بِاللّٰهِ وَهُمۡ بِالۡاٰخِرَةِ هُمۡ كٰفِرُوۡنَ ﴿۳۷﴾ وَاتَّبَعۡتُ مِلَّةَ اٰبَآءِیۡۤ اِبۡرٰهِیۡمَ وَاِسۡحٰقَ وَیَعۡقُوۡبَ ؕ مَا كَانَ لَنَاۤ اَنۡ نُّشۡرِكَ بِاللّٰهِ مِنۡ شَیۡءٍ ؕ

اور (جس وقت یوسف علیہ السلام جیل میں پہنچے اسی وقت) ان کے ساتھ (دوسرے) دو نوجوان جیل میں داخل ہوئے (ایک دن) ان دو (قیدیوں) میں سے ایک (یوسف علیہ السلام سے) کہنے لگا: میں (خواب میں) خود کو دیکھتا ہوں کہ میں (انگور میں سے) شراب نچوڑتا ہوں اور دوسرا (قیدی) کہنے لگا کہ: میں خود کو (خواب میں) دیکھتا ہوں کہ میں نے اپنے سر پر روٹیاں اٹھا رکھی ہیں، پرندے اس (روٹی) میں سے کھا رہے ہیں (اے یوسف!) آپ ہم کو اس (خواب) کی تعبیر بتلائیے، یقیناً ہم آپ کو نیک لوگوں میں سے دیکھتے ہیں ﴿۳۶﴾ یوسف نے کہا: (روزانہ) جو کھانا (جیل میں) تم کو ملتا ہے وہ کھانا (آج) تمھارے پاس آنے سے پہلے میں ① تم کو اس (خواب) کی تعبیر بتا دوں گا ② یہ (تعبیر بتلا دینا) میرے رب نے جو علم مجھے سکھایا ہے اس کا ایک حصہ ہے، جو لوگ اللہ تعالیٰ پر ایمان نہیں رکھتے اور آخرت کا انکار کرتے ہیں میں نے ان لوگوں کے دین کو (پہلے ہی سے) چھوڑ رکھا ہے ③ ﴿۳۷﴾ اور میں تو اپنے باپ دادے (یعنی) ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب (علیہم السلام) کے دین پر چلتا ہوں ④ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانے کا ہم کو بالکل حق نہیں ہے،

⇐ ⑧ یعنی اس وقت ان کو یہی مصلحت معلوم ہوئی۔

① تعبیر بعد میں، تبلیغ پہلے اور یہی داعیِ حق کا حال ہوتا ہے کہ موقع ملتے ہی وہ دین کی بات پہنچانا شروع کر دے۔

② (دوسرا ترجمہ) اس کھانے کے آنے سے پہلے میں تم کو اس (کھانے) کی حقیقت بتلا دیا کرتا ہوں کہ (فلاں چیز ایسی ایسی آج آوے گی)۔ ③ (دوسرا ترجمہ) ان لوگوں کے مذہب کو اختیار نہیں کیا ہے۔ نیز خاندانی شرافت سامنے والے کے دل میں اعتماد پیدا کرنے کا ذریعہ بنتی ہے۔ ④ عالم، مفتی کو غیر متعارف لوگوں کے سامنے دین کی بات بتانے سے پہلے اپنا تعارف اخلاص سے کروا دینا چاہیے؛ تا کہ دینی بات جو بتائی جاوے اس کے متعلق سامنے والوں میں اعتماد رہے۔

ذٰلِكَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ عَلَيْنَا وَعَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ۝ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ خَيْرٌ اَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ۝ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖۤ اِلَّاۤ اَسْمَآءً سَمَّيْتُمُوْهَاۤ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْۤا اِلَّاۤ اِيَّاهُ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ۝ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ اَمَّاۤ اَحَدُكُمَا فَيَسْقِيْ رَبَّهٗ خَمْرًا ۚ وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَيُصْلَبُ فَتَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْ رَّاْسِهٖ ؕ قُضِيَ الْاَمْرُ الَّذِيْ فِيْهِ تَسْتَفْتِيٰنِ۝

یہ (یعنی توحید کا نصیب ہونا) تو اللہ تعالیٰ کا ہم پر اور لوگوں پر احسان ہے①لیکن اکثر لوگ (اللہ تعالیٰ کا) شکر ادا نہیں کرتے ﴿۳۸﴾ اے میرے جیل کے دونوں ساتھیو! کیا الگ الگ بہت سارے معبود بہتر ہیں یا ایک اللہ تعالیٰ جو زبردست ہیں؟ ﴿۳۹﴾ اس (اللہ تعالیٰ) کو چھوڑ کر چند (بےحقیقت) ناموں کی تم عبادت کرتے ہو②جو تم نے اور تمھارے باپ دادوں نے رکھ لیے③ اللہ تعالیٰ نے ان (کے معبود ہونے) کی کوئی دلیل نہیں اتاری، اللہ تعالیٰ ہی کا حکم چلتا ہے④، اسی (اللہ تعالیٰ) نے حکم دیا کہ اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو، یہی سیدھا دین ہے؛ لیکن اکثر لوگ جانتے نہیں ہیں ﴿۴۰﴾ اے میرے جیل کے دونوں ساتھیو! تم دونوں میں سے ایک تو (جیل سے چھوٹ کر) اپنے مالک (یعنی بادشاہ) کو شراب پلایا کرے گا اور دوسرے کو سولی دی جائے گی، سو پرندے اس کے سر میں سے (نوچ نوچ کر) کھائیں گے، جو بات تم پوچھ رہے تھے اس کا فیصلہ (اسی طرح مقدر) کیا جا چکا⑤ ﴿۴۱﴾

① معلوم ہوا سب سے بڑا فضل توحید کی نعمت ہے۔
② (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ کے سوا جن کی تم عبادت کرتے ہو وہ تو صرف چند نام ہیں۔
③ (دوسرا ترجمہ) جو تم نے اور تمھارے باپ دادوں گھڑ لیے ہیں۔
④ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کا حکم چلتا نہیں ہے۔
⑤ (دوسرا ترجمہ) جس بات کی تم تحقیق کرنا چاہتے تھے وہ اب اسی طرح ہو کر رہے گی (یعنی جس طرح تعبیر بتائی ہے اسی طرح ہوگا، چاہے خواب سچا تھا یا میرے امتحان کے لیے خواب گھڑ لیا تھا)۔

وَقَالَ لِلَّذِیْ ظَنَّ اَنَّهٗ نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِیْ عِنْدَ رَبِّكَ٘ فَاَنْسٰىهُ الشَّیْطٰنُ ذِكْرَ رَبِّهٖ فَلَبِثَ فِی السِّجْنِ بِضْعَ سِنِیْنَؕ۠۝٤٢

وَقَالَ الْمَلِكُ اِنِّیْۤ اَرٰى سَبْعَ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ یَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعَ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ یٰبِسٰتٍؕ یٰۤاَیُّهَا الْمَلَاُ اَفْتُوْنِیْ فِیْ رُءْیَایَ اِنْ كُنْتُمْ لِلرُّءْیَا تَعْبُرُوْنَ۝٤٣ قَالُوْۤا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍۚ وَمَا نَحْنُ بِتَاْوِیْلِ الْاَحْلَامِ بِعٰلِمِیْنَ۝٤٤ وَقَالَ الَّذِیْ نَجَا مِنْهُمَا وَادَّكَرَ بَعْدَ اُمَّةٍ اَنَا اُنَبِّئُكُمْ بِتَاْوِیْلِهٖ فَاَرْسِلُوْنِ۝٤٥

اوران دونوں میں سے جس کے بارے میں یوسف کا خیال تھا کہ وہ چھوٹ کر جانے والا ہے① اس سے (یوسف علیہ السلام نے) کہا کہ: (جب تو چھوٹ کر جاوے تو) تیرے مالک (یعنی بادشاہ) سے میرا تذکرہ کرنا② پھر اس (چھوٹنے والے) کو (چھوٹنے کے بعد) اپنے مالک (بادشاہ) کے سامنے تذکرہ کرنے سے شیطان نے بھلا دیا اور وہ (یوسف علیہ السلام) جیل میں کئی برس رہے ﴿۴۲﴾

اور (ایک دن) بادشاہ کہنے لگا کہ: میں خواب میں یہ دیکھتا ہوں کہ سات موٹی گایوں کو سات دبلی گائیں کھا رہی ہیں اور سات خوشے (یعنی بالیاں) ہرے بھرے ہیں اور دوسری (سات) سوکھی (بالیاں) ہیں، (خشک بالیوں نے ہری بالیوں پر لپٹ کر ان کو بھی خشک کر دیا) اے دربار والو! اگر تم خواب کی تعبیر دے سکتے ہو تو مجھ کو میرے خواب کی تعبیر بتاؤ؟ ﴿۴۳﴾ وہ (درباری لوگ) کہنے لگے: یہ تو خیالی خواب ہے③ اور اس طرح کے خوابوں کی تعبیر ہم نہیں جانتے④ ﴿۴۴﴾ اور (بادشاہ کے دربار میں) ان دو قیدیوں میں سے جو (جیل سے) چھوٹ کر گیا تھا⑤ اس کو لمبے زمانے کے بعد (یوسف کی) بات یاد آ گئی، وہ کہنے لگا: میں تم کو اس (خواب) کی تعبیر بتاؤں گا، تم ذرا مجھے (جیل) جانے کی اجازت دو ﴿۴۵﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) جس کے بارے میں یوسف علیہ السلام کو یقین تھا کہ یہ (جیل سے) چھوٹ کر کے جانے والا ہے۔
② یعنی یہ کہ جیل میں ایک بے قصور یوسف ہے۔ معلوم ہوا کہ کسی کام کو آسان کرنے کے لیے تعلقات کو ذریعہ بنا سکتے ہیں۔
③ (دوسرا ترجمہ) پریشان کرنے والے خیالات ہیں۔
④ (دوسرا ترجمہ) ایسے بھی ہم خوابوں کی تعبیر کے فن سے واقف نہیں ہیں۔ ⑤ یعنی بادشاہ کو شراب پلانے والا۔

يُوْسُفُ اَيُّهَا الصِّدِّيْقُ اَفْتِنَا فِيْ سَبْعِ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ يَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعِ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ يٰبِسٰتٍ ۙ لَّعَلِّيْۤ اَرْجِعُ اِلَى النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۝ قَالَ تَزْرَعُوْنَ سَبْعَ سِنِيْنَ دَاَبًا ۚ فَمَا حَصَدْتُّمْ فَذَرُوْهُ فِيْ سُنْۢبُلِهٖۤ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا تَاْكُلُوْنَ ۝ ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ سَبْعٌ شِدَادٌ يَّاْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا تُحْصِنُوْنَ ۝ ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ فِيْهِ يُغَاثُ النَّاسُ وَفِيْهِ يَعْصِرُوْنَ ۝ۧ وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖ ۚ

(اس ساقی نے جیل میں جا کر کہا) اے یوسف صدیق!① تو ہم کو (اس خواب کا) مطلب بتا، کہ سات موٹی گایوں کو سات دبلی گائیں کھا رہی ہیں اور سات ہرے بھرے خوشے (یعنی بالیاں) ہیں اور دوسرے سوکھے ہوئے (خوشے یعنی بالیاں) ہیں؛ تا کہ میں (وہ خواب کی تعبیر لے کر) لوگوں کے پاس واپس جاؤں؛ تا کہ (سچی تعبیر کے ذریعہ) وہ (بادشاہ اور درباری لوگ آپ کے مرتبے اور بزرگی کو) جان لیویں ﴿۴۶﴾ یوسف (عليه السلام) نے کہا کہ: تم سات سال مسلسل (یعنی جم کر) کھیتی کرو گے، سو جو فصل تم کاٹو تو اس کو تم اس کی بالیوں میں رہنے دینا② البتہ تھوڑا سا (اناج بالیوں سے نکال لینا) جو تم کھاؤ ﴿۴۷﴾ پھر ان (سات کھیتی والے سالوں) کے بعد سات بڑے سخت سال آئیں گے، جو ذخیرہ (اناج کا) تم نے ان (خشک سخت سالوں) کے لیے جمع کر رکھا ہو گا وہ (سخت سال) سب کھا جائیں گے؛ مگر جو تھوڑا سا حصہ (بیج کے لیے) تم محفوظ رکھو گے (وہ بچ جائے گا)③ ﴿۴۸﴾ پھر اس کے بعد (یعنی سات سخت سالوں کے بعد) ایسا سال آئے گا جس میں لوگوں کے لیے (خوب) بارش ہوگی اور لوگ اس (سال) میں (پھلوں سے انگور زیادہ ہونے کی وجہ سے) رس نچوڑیں گے ﴿۴۹﴾

اور بادشاہ نے (تعبیر سن کر) کہا: اس (یوسف) کو (جیل سے نکال کر) میرے پاس لاؤ،

---

① یعنی ایسا آدمی جس کے منہ سے سچی بات ہی نکلتی ہو۔

② تا کہ کیڑا نہ لگے، جو غلہ بالیوں میں ہوتا ہے وہ جلدی سڑتا نہیں ہے، گویا تعبیر، تدبیر دونوں بتائی۔

③ (دوسرا ترجمہ) تھوڑا سا غلہ جو بچ جائے گا وہ بارش والے سال میں بیج میں کام آوے گا۔

فَلَمَّا جَآءَهُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ فَسْـَٔلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ الّٰتِىْ قَطَّعْنَ اَیْدِیَهُنَّ ؕ اِنَّ رَبِّیْ بِكَیْدِهِنَّ عَلِیْمٌ ۞ قَالَ مَا خَطْبُكُنَّ اِذْ رَاوَدْتُّنَّ یُوْسُفَ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ قُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا عَلِمْنَا عَلَیْهِ مِنْ سُوْٓءٍ ؕ قَالَتِ امْرَاَتُ الْعَزِیْزِ الْـٰٔنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ ٘ اَنَا رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ وَ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِیْنَ ۞ ذٰلِكَ لِیَعْلَمَ اَنِّیْ لَمْ اَخُنْهُ بِالْغَیْبِ وَ اَنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِیْ كَیْدَ الْخَآئِنِیْنَ ۞

سو جب (بادشاہ کا) قاصد یوسف (علیہ السلام) کے پاس پہنچا، تو یوسف (علیہ السلام) نے (قاصد سے) کہا: تو تیرے مالک (یعنی بادشاہ) کے پاس واپس جا اور تو اس (بادشاہ) کو پوچھ: جن عورتوں نے اپنے ہاتھ کاٹ دیے تھے ان کا حقیقی واقعہ کیا ہے؟ یقیناً میرے رب تو ان عورتوں کے سب فریب کو خوب اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۵۰﴾ بادشاہ نے (ان عورتوں کو بلوا کر ان سے) پوچھا: تم نے جب یوسف کو اپنی خواہش کے لیے پھسلانے کی کوشش کی تھی تو تمھارے (اس) واقعہ کی (صحیح) حقیقت کیا ہے؟ تو عورتیں کہنے لگیں: حَاشَ لِلّٰهِ ① ہم کو اس (یوسف) میں ذرا بھی برائی معلوم نہیں ہوئی، عزیز کی بیوی (زلیخا) بولی کہ: اب جب سچی بات (سب کے سامنے) کھل گئی تو واقعہ یہ ہے کہ میں نے ہی اپنی خواہش پوری کرنے کے لیے اس (یوسف) کو پھسلایا تھا ② اور یقیناً وہ (یوسف) تو سچے لوگوں میں سے ہے ﴿۵۱﴾ (جب یوسف علیہ السلام نے اس سچائی کے ظاہر ہونے کی خبر جیل میں سنی تو کہا) ③ (میں نے) یہ (تحقیق) اس لیے (کرائی) کہ عزیز جان لیوے کہ میں نے اس کی غیر حاضری میں اس (کی بیوی) کے ساتھ کوئی خیانت (یعنی دغابازی) نہیں کی اور یقیناً اللہ تعالیٰ خیانت کرنے والوں کے فریب کو نہیں چلنے دیتے ﴿۵۲﴾

---

① اللہ تعالیٰ تو پاک ہے یا یوسف اللہ واسطے گناہ سے دور ہے۔ ② (دوسرا ترجمہ) آمادہ کرنا چاہا تھا۔

③ جن مفسرین نے اس جملے کو حضرت یوسف کا مانا ہے ان کے لحاظ سے یہ ترجمہ ہے۔

③ بعضوں نے اس جملے کو زلیخا کا جملہ کہا: اس اعتبار سے یہ ترجمہ ہوگا) زلیخا کہنے لگی کہ: میں نے سچائی اس لیے ظاہر کردی؛ تا کہ میرا شوہر جان لیوے کہ میں نے چھپ کر (یا اپنے شوہر کی غیر موجودگی میں) کوئی خیانت (اپنی ذات کے بارے میں) نہیں کی ہے (یعنی صرف میں نے یوسف کو پھسلانے کی کوشش کی تھی، زنا وجود میں آیا نہیں تھا)۔

وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِيْ ۚ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّيْ ؕ اِنَّ رَبِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖٓ اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِيْ ۚ فَلَمَّا كَلَّمَهٗ قَالَ اِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِيْنٌ اَمِيْنٌ ۝ قَالَ اجْعَلْنِيْ عَلٰى خَزَآئِنِ الْاَرْضِ ۚ اِنِّيْ حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ ۝ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ۚ يَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَآءُ ؕ نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَلَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ۝

اور (یوسف علیہ السلام نے فرمایا کہ) میں یہ دعویٰ نہیں کرتا ہوں کہ میرا نفس بالکل پاک ہے، یقیناً نفس تو بُرائی سکھاتا ہے ①، ہاں! میرے رب جس (نفس) پر رحم فرمادیں (تو اس پر نفس کا داؤ نہیں چلتا) یقیناً میرے رب تو بہت معاف کرنے والے، بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۵۳﴾ اور ② بادشاہ نے کہا کہ: اس (یوسف) کو (جیل سے نکال کر) میرے پاس لے آؤ، میں اس کو میرے (کاموں) کے لیے خاص (مدد کرنے والا) بناؤں گا ③، پھر ④ جب بادشاہ نے یوسف سے (خود) بات چیت کی تو بادشاہ نے (یوسف سے) کہا: آج سے ہمارے پاس تمھارا بڑا مرتبہ ہوگا اور تم پر پورا بھروسہ کیا جائے گا ﴿۵۴﴾ یوسف علیہ السلام نے (بادشاہ کو) کہا کہ: تو مجھ کو زمین کے خزانوں (کے انتظام) پر لگادے، میں اچھی طرح (خزانوں کی) حفاظت کروں گا (اور خزانوں کے انتظام کو) اچھی طرح جانتا بھی ہوں ⑤ ﴿۵۵﴾ اور اسی طرح ① ہم نے یوسف کو ملک (مصر) میں بااختیار بنادیا کہ اس (ملک) میں جہاں چاہے اپنے لیے (رہنے کا) ٹھکانہ بنادے، ہم اپنی رحمت جس کو چاہتے ہیں پہنچاتے ہیں اور بھلائی کرنے والوں کا بدلہ ہم ضائع نہیں کیا کرتے ﴿۵۶﴾ اور آخرت کا اجر (وثواب) ایمان والوں کے لیے اور تقویٰ کے پابند لوگوں کے لیے بہت زیادہ اچھا ہے ﴿۵۷﴾

① (دوسرا ترجمہ) نفس تو بری ہی باتوں پر ابھارا کرتا ہے۔ ② جب حضرت یوسف علیہ السلام کے فرمانے کے مطابق بادشاہ نے پورے واقعے کی تحقیق کرلی اور زلیخا اور دوسری عورتوں نے اقرار کرلیا کہ وہ خود قصوروار تھی تب۔

③ (دوسرا ترجمہ) اپنے کاموں کے لیے خاص کرلوں گا۔

④ یعنی جب یوسف علیہ السلام جیل سے نکل کر بادشاہ کے دربار میں آگئے تب۔ ⑤ (دوسرا ترجمہ) میں ایک اچھا محافظ اور واقف کار ہوں۔ ① یعنی جس طرح مصر میں حضرت یوسف علیہ السلام کو عزت دی اسی طرح اقتدار بھی دیا۔

وَجَآءَ اِخْوَةُ يُوْسُفَ فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ۝ وَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُوْنِيْ بِاَخٍ لَّكُمْ مِّنْ اَبِيْكُمْ ۚ اَلَا تَرَوْنَ اَنِّيْۤ اُوْفِي الْكَيْلَ وَاَنَا خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ۝ فَاِنْ لَّمْ تَاْتُوْنِيْ بِهٖ فَلَا كَيْلَ لَكُمْ عِنْدِيْ وَلَا تَقْرَبُوْنِ ۝ قَالُوْا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ اَبَاهُ وَاِنَّا لَفٰعِلُوْنَ ۝ وَقَالَ لِفِتْيٰنِهِ اجْعَلُوْا بِضَاعَتَهُمْ فِيْ رِحَالِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَعْرِفُوْنَهَاۤ اِذَا انْقَلَبُوْۤا اِلٰۤى اَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۝

اور یوسف (علیہ السلام) کے بھائی آئے ①، سو وہ (سب بھائی) اس (یوسف) کے پاس پہنچے، تو اس (یوسف) نے ان (بھائیوں) کو پہچان لیا اور وہ اس (یوسف) کو نہیں پہچان سکے ﴿۵۸﴾ اور (بھائیوں کے روانہ ہونے کے وقت) جب اس (یوسف) نے بھائیوں کا سامان (اناج بھر کر) تیار کرایا تو اس (یوسف) نے (بھائیوں سے) کہا کہ: تم اپنے باپ شریک بھائی کو بھی (آئندہ) میرے پاس لے کر آنا، کیا تم دیکھتے نہیں کہ میں پیمانہ بھر کر (اناج) دیتا ہوں اور میں بہترین مہمان نوازی بھی کرتا ہوں ﴿۵۹﴾ پھر اگر تم (اپنے) اس (باپ شریک بھائی) کو میرے پاس نہیں لاؤ گے تو تم کو میرے پاس سے اناج نہیں ملے گا اور تم میرے پاس بھی مت آنا ﴿۶۰﴾ اب (بھائیوں) نے کہا: ہم اس کو اس کے باپ سے (ترکیب کے ساتھ) حاصل کرنے کی کوشش کریں گے ② اور ہم کو (آئندہ بھی غلہ حاصل کرنے کے لیے یہ کام) تو کرنا ہی کرنا ہے ﴿۶۱﴾ اور اس (یوسف علیہ السلام) نے اپنے خادموں کو حکم دیا کہ: (جب تم ان کا سامان ان کے کجاوے میں رکھو تب) ان کا مال بھی ③ ان ہی کے سامان میں رکھ دو کہ جب وہ لوٹ کر اپنے گھر والوں کے پاس واپس جائیں گے تو اپنے سرمایہ کو پہچان لیں گے، شاید وہ (بھائی دوبارہ مصر) واپس آجائیں ④ ﴿۶۲﴾

① یعنی قحط شروع ہوا تو اسی زمانے میں غلہ لینے کے لیے کنعان سے مصر آئے۔

② یعنی خود کے والد یعقوب علیہ السلام کو۔

③ پونجی، جس کے ذریعہ غلہ خریدا، جوتے اور چمڑے اور درہم تھے۔

④ یا تو بھائی یہ سوچیں گے کہ غلطی سے ثمن ہمارے سامان میں آگیا ہے؛ اس لیے پہنچانے کے لیے واپس مصر آویں گے یا میرا حسن سلوک سمجھ کر واپس مصر آویں گے۔

فَلَمَّا رَجَعُوْۤا اِلٰۤى اَبِیْهِمْ قَالُوْا یٰۤاَبَانَا مُنِعَ مِنَّا الْكَیْلُ فَاَرْسِلْ مَعَنَاۤ اَخَانَا نَكْتَلْ وَ اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴿۶۳﴾ قَالَ هَلْ اٰمَنُكُمْ عَلَیْهِ اِلَّا كَمَاۤ اَمِنْتُكُمْ عَلٰۤى اَخِیْهِ مِنْ قَبْلُ ؕ فَاللّٰهُ خَیْرٌ حٰفِظًا ۪ وَّ هُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ﴿۶۴﴾ وَ لَمَّا فَتَحُوْا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوْا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ اِلَیْهِمْ ؕ قَالُوْا یٰۤاَبَانَا مَا نَبْغِیْ ؕ هٰذِهٖ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ اِلَیْنَا ۚ وَ نَمِیْرُ اَهْلَنَا وَ نَحْفَظُ اَخَانَا وَ نَزْدَادُ كَیْلَ بَعِیْرٍ ؕ ذٰلِكَ كَیْلٌ یَّسِیْرٌ ﴿۶۵﴾

پھر جب وہ بھائی لوٹ کر اپنے ابا کے پاس پہنچے تو کہنے لگے: اے ہمارے ابا جان!① ہم کو غلہ دینے سے انکار کر دیا گیا ہے، سو آپ ہمارے ساتھ (آئندہ) ہمارے بھائی کو (مصر) بھیجیے؛ تا کہ ہم (پھر سے) غلہ لا سکیں اور ہم اس (بنیامین) کی پوری حفاظت کریں گے ﴿۶۳﴾ ابا جان نے کہا: کیا اس (بنیامین) کے بارے میں تم پر ویسا ہی بھروسہ کروں جیسا بھروسہ اس (بنیامین) کے بھائی (یوسف کے) بارے میں میں نے تم پر اس سے پہلے کیا تھا؟ سو اللہ تعالیٰ ہی بہتر حفاظت کرنے والے ہیں اور وہ (اللہ تعالیٰ) رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۶۴﴾ اور جب ② بھائیوں نے (مصر سے لایا ہوا) اپنا سامان کھولا، تو انھوں نے اپنے سرمایہ کو پایا③ کہ انہی کو واپس کر دیا گیا ہے، تو وہ (بھائی لوگ تعجب اور خوشی سے) کہنے لگے کہ: اے ہمارے ابا! ہمیں اور کیا چاہیے؟④ کہ یہ ہمارا سرمایہ ہے جو ہم کو واپس کر دیا گیا⑤ اور ہم (اب کی دفعہ پھر جا کر) اپنے گھر والوں کے لیے (دوسرا) غلہ لائیں گے اور ہم اپنے بھائی کی حفاظت کریں گے اور ایک اونٹ (پر جتنا) غلہ (آسکے اتنا) اور زیادہ ہم لائیں گے⑥ یہ غلہ تو (جو بھی پہلے سفر میں لائے) تھوڑا ہے⑦ ﴿۶۵﴾

---

① بھائی بنیامین کو لے جائے بغیر آئندہ۔ ② ابا جان سے بات چیت سے فارغ ہو کر۔

③ یعنی جو سرمایہ لے گئے تھے وہ جوں کا توں رکھا ہوا پایا۔ ④ یعنی اتنا اچھا حسن سلوک کہ ہمارا سرمایہ بھی واپس کر دیا۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) بھائی لوگ کہنے لگے: اے ہمارے ابا جان! (مصر کے دوسرے سفر کے لیے) ہم کو (نیا سرمایہ) نہیں چاہیے، یہی ہمارا (پہلے والا) سرمایہ (ہم پر احسان کر کے) ہم کو (جوں کا توں) (پورا پورا) واپس کر دیا گیا ہے۔

⑥ یعنی (بھائی بنیامین کو لے جانے سے) زیادہ غلہ آسانی سے مل جائے گا۔

⑦ اور گھر میں افراد زیادہ اور قحط کا زمانہ لمبا ہے۔

قَالَ لَنْ اُرْسِلَهٗ مَعَكُمْ حَتّٰى تُؤْتُوْنِ مَوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ لَتَاْتُنَّنِيْ بِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ يُّحَاطَ بِكُمْ ۚ فَلَمَّاۤ اٰتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ۝ وَقَالَ يٰبَنِيَّ لَا تَدْخُلُوْا مِنْۢ بَابٍ وَّاحِدٍ وَّادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ ؕ وَمَاۤ اُغْنِيْ عَنْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۚ وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ۝ وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ ؕ مَا كَانَ يُغْنِيْ عَنْهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰىهَا ؕ وَاِنَّهٗ لَذُوْ عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

یعقوب (ﷺ) نے کہا کہ: میں اس (بنیامین) کو تمھارے ساتھ ہرگز نہیں بھیج سکتا، جب تک تم اللہ تعالیٰ (کے نام) سے (قسم کھا کر) پکا عہد کرو کہ اس (بنیامین) کو ضرور میرے پاس واپس لاؤ گے؛ الا یہ کہ تم سب بے بس ہو جاؤ① پس جب ان سب (بیٹوں) نے ان (یعقوب ﷺ) کے سامنے اپنا پکا عہد کیا تو یعقوب (ﷺ) نے کہا کہ: جو بات ہم نے (آپس میں) کہی ہے اللہ تعالیٰ اس پر گواہ ہیں②《۶۶》اور (روانگی کے وقت) یعقوب (ﷺ) نے کہا: اے میرے بیٹو! تم سب (مصر میں) ایک دروازے سے داخل مت ہونا اور تم جدا جدا دروازوں سے داخل ہونا اور اللہ تعالیٰ کی (تقدیر کی) کسی بات سے میں (تدبیر بتا کر) تم کو بچا نہیں سکتا③ حکم تو اللہ تعالیٰ ہی کا چلتا ہے، اسی (اللہ تعالیٰ) پر میں نے بھی بھروسہ کیا اور توکل کرنے والوں کو اسی (اللہ تعالیٰ) پر بھروسہ کرنا چاہیے《۶۷》اور جس طرح ان کے ابا جان نے ان کو سکھایا تھا④ اسی طرح (الگ الگ دروازے سے) جب یہ (گیارہ بھائی مصر میں) داخل ہوئے تو یہ (احتیاطی) تدبیر اللہ تعالیٰ کی (تقدیر کی) کسی بات سے ان (لڑکوں) کو بچا نہیں سکتی تھی⑤؛ مگر یعقوب (ﷺ) نے دل میں ایک ارمان کیا تھا⑥ وہ انھوں نے پورا کرلیا⑦ یقیناً یعقوب (ﷺ) ہمارے ان کو سکھائے ہوئے علم (کی برکت) سے بڑے علم والے تھے؛ لیکن اکثر لوگ جانتے نہیں ہیں⑧《۶۸》

---

①(دوسرا ترجمہ) تم سب کا کوئی گھیراؤ کر لیوے (تو وہ مجبوری ہے)۔②(دوسرا ترجمہ) وہ سب باتیں اللہ کے سامنے ہیں یعنی ہمارا آپس کا عہد اللہ تعالیٰ کے سامنے ہے۔③(دوسرا) اور میں قضائے الٰہی میں سے کسی چیز کو تم پر سے دفع نہیں کر سکتا۔ ④(دوسرا ترجمہ) حکم دیا تھا۔⑤(دوسرا ترجمہ) اللہ کے حکم میں سے کسی چیز کو بھی ان لڑکوں پر سے ٹال نہیں سکتی تھی۔ ⇐

وَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰٓى اِلَيْهِ اَخَاهُ قَالَ اِنِّيْٓ اَنَا اَخُوْكَ فَلَا تَبْتَىِٕسْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۶۹﴾ فَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ فِيْ رَحْلِ اَخِيْهِ ثُمَّ اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ اَيَّتُهَا الْعِيْرُ اِنَّكُمْ لَسٰرِقُوْنَ ﴿۷۰﴾ قَالُوْا وَاَقْبَلُوْا عَلَيْهِمْ مَّاذَا تَفْقِدُوْنَ ﴿۷۱﴾ قَالُوْا نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ وَلِمَنْ جَآءَ بِهٖ حِمْلُ بَعِيْرٍ وَّاَنَا بِهٖ زَعِيْمٌ ﴿۷۲﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُمْ مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ فِي الْاَرْضِ وَمَا كُنَّا سٰرِقِيْنَ ﴿۷۳﴾ قَالُوْا فَمَا جَزَآؤُهٗٓ اِنْ كُنْتُمْ كٰذِبِيْنَ ﴿۷۴﴾

جب یہ (گیارہ بھائی) یوسف (علیہ السلام) کے پاس پہنچے تو یوسف نے اپنے بھائی (بنیامین) کو اپنے پاس ٹھہرایا (پھر تنہائی میں) یوسف علیہ السلام نے (اپنی پہچان کراتے ہوئے) کہا کہ: یقیناً میں ہی تیرا بھائی (یوسف) ہوں، لہٰذا یہ (دس بھائی آج تک) جو کام کرتے رہے اس کے بارے میں تو غمگین نہ ہو ﴿۶۹﴾ پھر جب (روانگی کے وقت) یوسف (علیہ السلام) نے ان (بھائیوں) کا (اناج بھرا ہوا) سامان تیار کر دیا تو پانی پینے کا پیالہ اپنے بھائی (بنیامین) کے سامان میں رکھ دیا، پھر (بھائیوں کے قافلے کے تھوڑے دور چلے جانے کے بعد) ایک (شاہی) پکارنے والے نے آواز لگائی، اے قافلے والو! تم تو پکے چور ہو ﴿۷۰﴾ (چوری کی بات سن کر رک گئے) اور وہ قافلے والے ان (پکارنے والوں) کی طرف متوجہ ہو کر پوچھنے لگے: تمھاری کیا چیز گم ہو گئی؟ ﴿۷۱﴾ (تو بادشاہ کے جو آدمی تلاش کرنے نکلے تھے) وہ کہنے لگے: ہم کو بادشاہ کا جام نہیں مل رہا ہے ① اور جو اس (پیمانے) کو لے آئے گا اس کو ایک اونٹ اٹھا سکے اتنا (غلہ انعام میں) دیا جائے گا اور اس (انعام دلوانے) کی ذمے داری میں لیتا ہوں ﴿۷۲﴾ وہ (گیارہ بھائی) بولے کہ: اللہ کی قسم! پکی بات ہے کہ تم کو تو معلوم ہے کہ ہم ملک (مصر) میں فساد پھیلانے کے لیے نہیں آئے اور ہم چوری کرنے والے لوگ نہیں ہیں ﴿۷۳﴾ (بادشاہ کے) خادموں نے کہا: اگر تم جھوٹے ثابت ہوئے ② تو اس (چوری) کی کیا سزا ہوگی؟ ﴿۷۴﴾

⬅ پچھلے صفحے کا حاشیہ: ① مگر یعقوب علیہ السلام کے دل میں ایک بات آئی تھی۔ ② وہ انھوں نے ظاہر کر دیا۔

③ یعنی انسان کو تقدیر پر بھروسہ ہو اور تدبیر اور اسباب بھی اختیار کرے۔

① یہ زبر جد یا سونے یا چاندی کا ایک بڑا پیالہ تھا جس کو بادشاہ پانی، رس وغیرہ پینے اور اناج ناپنے دونوں کام میں استعمال کرتے تھے۔ ② یعنی بادشاہ کا گم شدہ پیالہ تمھارے پاس نکل آیا تو کیا سزا ہوگی؟۔

قَالُوْا جَزَآؤُهٗ مَنْ وُّجِدَ فِیْ رَحْلِهٖ فَهُوَ جَزَآؤُهٗ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِی الظّٰلِمِیْنَ ۝ فَبَدَاَ بِاَوْعِیَتِهِمْ قَبْلَ وِعَآءِ اَخِیْهِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا مِنْ وِّعَآءِ اَخِیْهِ ؕ كَذٰلِكَ كِدْنَا لِیُوْسُفَ ؕ مَا كَانَ لِیَاْخُذَ اَخَاهُ فِیْ دِیْنِ الْمَلِكِ اِلَّاۤ اَنْ یَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ وَ فَوْقَ كُلِّ ذِیْ عِلْمٍ عَلِیْمٌ ۝ قَالُوْۤا اِنْ یَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ ۚ فَاَسَرَّهَا یُوْسُفُ فِیْ نَفْسِهٖ وَ لَمْ یُبْدِهَا لَهُمْ ؕ

وہ جواب دینے لگے کہ: اس کی سزا یہ ہوگی کہ جس آدمی کے کجاوے میں سے وہ (پیالہ) نکلے وہ آدمی خود سزا کے طور پر جاوے ① اسی طریقے سے ہم ظالموں (یعنی چوروں) کو سزا دیا کرتے ہیں ﴿۷۵﴾ ②پھر یوسف (علیہ السلام) نے اپنے (سگے) بھائی (بنیامین) کے تھیلے سے پہلے ان (دوسرے بھائیوں) کے تھیلوں سے تلاش کرنے کی شروعات کی، پھر (آخر میں بھائی بنیامین کے تھیلے کو تلاش کرکے) اس نے وہ (پیالہ) اپنے (سگے) بھائی کے تھیلے سے نکالا، اس طرح یوسف (علیہ السلام) کو ہم نے یہ تدبیر بتائی ③ (ورنہ) وہ (یوسف علیہ السلام) اپنے بھائی (بنیامین) کو (مصری) بادشاہ کے قانون میں (اپنے پاس مصر میں) رکھ نہیں سکتا تھا، ہاں! اللہ تعالیٰ کو منظور ہو ④ ہم جس کے درجات کو چاہتے ہیں بلند کرتے ہیں ⑤ اور ہر علم والے کے اوپر ایک بڑے جاننے والے (اللہ تعالیٰ) موجود ہیں ﴿۷۶﴾ وہ (دس بھائی) کہنے لگے کہ ⑥: اگر اس (بنیامین) نے چوری کی ہے تو (تم تعجب مت کرو) اس کے بھائی (یعنی یوسف) نے بھی اس سے پہلے چوری کی تھی، (یہ بات سن کر) یوسف (علیہ السلام) نے اپنے دل میں (حقیقت کو) چھپا کر رکھا اور ان (بھائیوں) کے سامنے ظاہر نہیں ہونے دیا،

---

① یعنی روک لیا جاوے، یہ حضرت یعقوب علیہ السلام کی شریعت کے قانون کے مطابق سزا تھی۔ ② بھائیوں کو واپس یوسف علیہ السلام کے پاس لایا گیا اس کے بعد۔ ③ (دوسرا ترجمہ) اسی طرح یوسف کے لیے (بنیامین کو مصر میں رکھنے کے خاطر) ہم نے یہ تدبیر بتائی۔ ④ اس لیے اس تدبیر سے رکھ لیا۔ ⑤ اللہ تعالیٰ علم و عمل، دنیوی و اخروی مراتب جس کے چاہے اس کے بلند فرماتے ہیں، یہاں عجیب حال دیکھو کل جو بھائی حضرت یوسف علیہ السلام کو کنویں میں ڈال رہے تھے وہ آج خود چوری کے الزام میں مجرم بن کر کھڑے ہیں اور حضرت یوسف علیہ السلام بادشاہت کے درجے پر ہیں۔ ⑥ یعنی جب بنیامین کے سامان میں سے یہ گم شدہ پیالہ نکلا اور بنیامین چوری کے الزام میں پکڑا گیا تو بھائی لوگ غصہ نکالتے ہوئے کہنے لگے۔

قَالَ اَنْتُمْ شَرٌّ مَّكَانًا ۚ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَصِفُوْنَ ۝ قَالُوْا يٰۤاَيُّهَا الْعَزِيْزُ اِنَّ لَهٗۤ اَبًا شَيْخًا كَبِيْرًا فَخُذْ اَحَدَنَا مَكَانَهٗ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ نَّاْخُذَ اِلَّا مَنْ وَّجَدْنَا مَتَاعَنَا عِنْدَهٗۤ ۙ اِنَّاۤ اِذًا لَّظٰلِمُوْنَ ۝

فَلَمَّا اسْتَيْـَٔسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا نَجِيًّا ۚ قَالَ كَبِيْرُهُمْ اَلَمْ تَعْلَمُوْۤا اَنَّ اَبَاكُمْ قَدْ اَخَذَ عَلَيْكُمْ مَّوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ وَمِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُّمْ فِيْ يُوْسُفَ ۚ فَلَنْ اَبْرَحَ الْاَرْضَ حَتّٰى يَاْذَنَ لِيْۤ اَبِيْۤ اَوْ يَحْكُمَ اللّٰهُ لِيْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ۝

(اور) یوسف علیہ السلام نے (اپنے دل میں) کہا کہ: تم ہی تو (چوری کے معاملے میں) بہت برے درجے پر ہو اور جو (چوری کی تہمت کی) بات تم کر رہے ہو اس (کی حقیقت) کو اللہ تعالیٰ خوب اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۷۷﴾ وہ (بھائی) کہنے لگے ①: اے عزیز! یقیناً اس (بنیامین) کا باپ بہت بوڑھا ہے؛ اس لیے ہم میں سے کسی ایک کو اس کی جگہ پر (روک) لیجیے، ہم آپ کو (لوگوں پر) احسان کرنے والوں میں سے سمجھتے ہیں ﴿۷۸﴾ یوسف نے کہا: (ایسی ناانصافی کرنے سے) میں اللہ تعالیٰ کی حفاظت چاہتا ہوں کہ ہمارا (چوری کا) مال جس کے پاس سے نکلا اس کو چھوڑ کر دوسرے کو ہم گرفتار کر لیویں، تب تو ہم یقیناً بڑے ناانصافی کرنے والے کہے جائیں گے ﴿۷۹﴾ پھر جب وہ (سب بھائی) یوسف (علیہ السلام) سے (بنیامین کو چھڑانے کے بارے میں) ناامید ہو گئے تو الگ بیٹھ کر آپس میں چپکے چپکے مشورہ کرنے لگے، ان میں سے بڑا بھائی (یہودا) بولا: کیا تم کو معلوم نہیں ہے کہ! یقیناً تمہارے اباجان نے اللہ تعالیٰ (کے نام) کی قسم کھلوا کر تم سے (بنیامین کو واپس گھر لے جانے کے بارے میں) پکا عہد لیا ہے اور اس سے پہلے یوسف کے بارے میں تم ایک قصور کر چکے ہو، میں تو اُس وقت تک اِس ملک سے ہٹ کر کے نہیں جاؤں گا جب تک کہ میرے ابا مجھے (گھر واپس آنے کے خود) اجازت دیویں، یا تو اللہ تعالیٰ ہی میرے لیے کوئی فیصلہ کر دیویں ② اور وہ (اللہ تعالیٰ) تو سب سے بہتر فیصلہ کرنے والے ہیں ﴿۸۰﴾

① شریعتِ یعقوب کے قانون کے مطابق چوری کے الزام کی وجہ سے بنیامین کو مصر میں روک لینا جب طے ہوا تو۔

② یعنی تقدیر میں ہوگا تو اِسی ملک مصر میں میری وفات ہو جائے گی یا کسی تدبیر سے بھائی بنیامین کو چھڑوا لوں گا۔

اِرْجِعُوْٓا اِلٰٓى اَبِیْكُمْ فَقُوْلُوْا یٰٓاَبَانَآ اِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ ۚ وَمَا شَهِدْنَآ اِلَّا بِمَا عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا لِلْغَیْبِ حٰفِظِیْنَ ۝ وَسْــَٔلِ الْقَرْیَةَ الَّتِیْ كُنَّا فِیْهَا وَالْعِیْرَ الَّتِیْٓ اَقْبَلْنَا فِیْهَا ؕ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ۝ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ؕ فَصَبْرٌ جَمِیْلٌ ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ یَّاْتِیَنِیْ بِهِمْ جَمِیْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ ۝ وَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ یٰٓاَسَفٰى عَلٰى یُوْسُفَ وَابْیَضَّتْ عَیْنٰهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِیْمٌ ۝

تم (باقی نو بھائی) اپنے ابا کے پاس واپس جاؤ اور کہو کہ: اے ہمارے ابا! یقیناً تمھارے (لاڈلے) بیٹے نے تو چوری کی اور جو بات ہمارے علم میں آئی اسی کی ہم خبر دیتے ہیں① اور چھپ کر کوئی بات ہو اس پر دھیان رکھنا ہمارے بس میں نہیں تھا ﴿۸۱﴾ آپ (بنیامین کی چوری والے واقعہ کی تحقیق کے لیے) اس بستی (یعنی مصر) والوں سے پوچھیے جس میں ہم تھے اور اس قافلے والوں سے بھی پوچھیے جس کے ساتھ ہم (مصر سے) آئے ہیں اور یقین رکھیے کہ ہم (بنیامین کی چوری والی بات میں) بالکل سچے ہیں ﴿۸۲﴾ یعقوب علیہ السلام (یہ سن کر) بولے②: بلکہ تمھارے دلوں نے خود ایک بات بنالی ہے، سو میرے لیے تو صبر کرنا ہی بہتر ہے③، (مجھ کو تو) اللہ تعالیٰ سے امید (یقین) ہے کہ وہی (اللہ تعالیٰ) ان سب (یوسف، بنیامین اور یہودا) کو مجھ تک پہنچادیں گے④، یقیناً اسی (اللہ تعالیٰ) کا علم کامل ہے اور اس کی حکمت بھی کامل ہے ﴿۸۳﴾ اور یعقوب (علیہ السلام) نے ان (بیٹوں) سے (دوسری طرف) منہ پھرالیا⑤ اور کہنے لگے: ہائے افسوس یوسف پر! اور غم سے (روتے روتے) ان (یعقوب علیہ السلام) کی دونوں آنکھیں سفید پڑ گئی تھیں⑥ اور وہ (یعقوب علیہ السلام) دل ہی دل میں (غم میں) گھٹتے رہتے تھے ﴿۸۴﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) ہم نے جو کچھ دیکھا ہے وہ ہم بیان کرتے ہیں۔
② میری سمجھ کے مطابق ایسا نہیں ہے کہ بنیامین چوری کی وجہ سے مصر میں روک لیا گیا۔
③ (دوسرا ترجمہ) میرے لیے تو صبر جمیل ہے۔
④ (دوسرا ترجمہ) میرے پاس لے آئیں گے۔
⑤ (دوسرا ترجمہ) پھر یعقوب بھی ان کے پاس سے چلے گئے۔ ⑥ یعنی بینائی جاتی رہی تھی۔

قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ يُوْسُفَ حَتّٰى تَكُوْنَ حَرَضًا اَوْ تَكُوْنَ مِنَ الْهٰلِكِيْنَ۝ قَالَ اِنَّمَآ
اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ۝ يٰبَنِيَّ اذْهَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ
يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ وَلَا تَايْــَٔسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ لَا يَايْــَٔسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ
الْكٰفِرُوْنَ۝ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلَيْهِ قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ مَسَّنَا وَاَهْلَنَا الضُّرُّ وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ
مُّزْجٰىةٍ فَاَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَجْزِي الْمُتَصَدِّقِيْنَ۝ قَالَ هَلْ
عَلِمْتُمْ مَّا فَعَلْتُمْ بِيُوْسُفَ وَاَخِيْهِ اِذْ اَنْتُمْ جٰهِلُوْنَ۝

بیٹے کہنے لگے: اللہ کی قسم! (ابا جان) آپ یوسف کو یاد کرنا نہیں چھوڑ و گے① یہاں تک کہ آپ غم میں بالکل گھل ہی جاؤ گے یا مر ہی جاؤ گے②﴿۸۵﴾ (یعقوب علیہ السلام نے) کہا: میں اپنے رنج وغم کی فریاد صرف اللہ تعالیٰ ہی کے سامنے کرتا ہوں اور میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے وہ باتیں جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے ہو③﴿۸۶﴾ (یعقوب علیہ السلام نے کہا:) اے میرے بیٹو! تم واپس (مصر) جاؤ اور یوسف اور اس کے بھائی (بنیامین) کا پتہ لگاؤ اور تم اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ناامید نہ ہو (اس لیے کہ) اللہ تعالیٰ کی رحمت سے تو کافر لوگ ہی ناامید ہوتے ہیں﴿۸۷﴾ (ابا کے حکم کے مطابق نو بھائی مصر گئے) پھر جب یہ یوسف کے پاس پہنچے تو کہنے لگے: اے عزیز!④ ہم پر اور ہمارے گھر والوں پر سخت مصیبت آپڑی ہے اور ہم معمولی (یعنی ناقص) پونجی لے کر آئے ہیں (اس کے بدلے میں) ہم کو پورا غلہ دو اور (اللہ واسطے) تم ہم پر خیرات کرو، جو لوگ (اللہ واسطے) خیرات کرتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کو اچھا بدلہ دیتے ہیں﴿۸۸﴾ یوسف (علیہ السلام) نے (بھائیوں کی اور اپنے گھر کی پریشانی کی بات سن کر) کہا: تم کو کچھ پتہ ہے کہ یوسف اور اس کے بھائی کے ساتھ تم نے کیا سلوک کیا تھا، جبکہ تم جہالت میں پڑے تھے؟⑤﴿۸۹﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) آپ یوسف کا ہمیشہ ہی تذکرہ کرتے رہو گے۔ ② یعنی بیمار ہو کر مرنے کے قریب ہو جاؤ گے۔
③ یعنی ابھی تو یوسف کے بچپن والے خواب کی تعبیر کا سامنے آنا باقی ہے؛ اس لیے سب سے ملاقات ہوگی، اس کی طرف اشارہ ہے۔ ④ یوسف علیہ السلام کا اس وقت کا لقب۔ ⑤ (دوسرا ترجمہ) کچھ تم کو وہ سلوک بھی معلوم ہے جو تم نے یوسف اور اور اس کے بھائی کے ساتھ اس زمانے میں کیا تھا جب تم جہالت میں مبتلا تھے۔

قَالُوْٓا ءَاِنَّكَ لَاَنْتَ يُوْسُفُ ۭ قَالَ اَنَا يُوْسُفُ وَهٰذَآ اَخِيْ ۡ قَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا ۭ اِنَّهٗ مَنْ
يَّتَّقِ وَيَصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝۹۰ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَاِنْ
كُنَّا لَخٰطِـــِٕيْنَ ۝۹۱ قَالَ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ۭ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ ۡ وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝۹۲
اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰي وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا ۚ وَاْتُوْنِيْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝۹۳
وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيْرُ قَالَ اَبُوْهُمْ اِنِّىْ لَاَجِدُ رِيْحَ يُوْسُفَ لَوْلَآ اَنْ تُفَنِّدُوْنِ ۝۹۴

وہ (بھائی) کہنے لگے: ارے واقعی تم یوسف ہو؟ یوسف (علیہ السلام) نے کہا کہ: میں یوسف ہی ہوں اور یہ (بنیامین) میرا (حقیقی) بھائی ہے، یقیناً اللہ تعالیٰ نے ہم پر احسان کیا، حقیقت بات یہ ہے کہ جو آدمی بھی گناہوں سے بچتا ہے اور (مصیبت پر) صبر کرتا ہے، تو اللہ تعالیٰ (ایسی) نیکی کرنے والوں کا ثواب ضائع نہیں کرتے ﴿۹۰﴾ وہ (بھائی لوگ) کہنے لگے: اللہ کی قسم! اللہ تعالیٰ نے تجھ کو (ہر اعتبار سے) ہم پر فضیلت (یعنی ترجیح) دی، اور یقیناً ہم ہی لوگ غلطی کرنے والے تھے① ﴿۹۱﴾ یوسف (علیہ السلام) نے کہا: آج تمہارے اوپر کوئی ملامت نہیں②، اللہ تعالیٰ تمہارے گناہ کو معاف کرے اور وہی (اللہ تعالیٰ) سارے رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں③ ﴿۹۲﴾ (بس) اب تم میرے اس کُرتے کو لے کر جاؤ اور اس کو میرے ابا کے چہرے پر ڈال دو، وہ (اس کرتے کی برکت سے) بینا ہو جائیں گے، اور تم سب اپنے گھر والوں کو لے کر میرے پاس (مصر) آجاؤ ﴿۹۳﴾

اور جب (مصر سے بھائیوں کا) قافلہ (کنعان آنے کے لیے) روانہ ہوا، تب ان کے ابا جان (یعنی یعقوب علیہ السلام) نے کہنا شروع کیا کہ: مجھے یوسف کی خوشبو آرہی ہے، اگر تم ایسا نہ کہو کہ: بوڑھا بہک (یعنی سٹھیا) گیا④ ﴿۹۴﴾

---

① یہ ماحول کا اثر ہے کہ غلطی کا فوری اعتراف کر لیا، وہ نبوت کے گھرانے میں رہتے تھے۔

② یعنی تمہاری سابقہ غلطیوں پر کوئی طعن تشنیع نہیں کی جاوے گی۔

③ یہ نبوی اخلاق ہے کہ بھائیوں کو ندامت پر عار دلانے کے بجائے فوری ہمدردی اور معافی۔

④ (دوسرا ترجمہ) اگر تم مجھ کو بڑھاپے کی بہکی باتیں کرنے والا نہ سمجھو تو ایک بات کہوں کہ مجھ کو تو یوسف کی خوشبو آرہی ہے۔

قَالُوْا تَاللّٰهِ اِنَّكَ لَفِیْ ضَلٰلِكَ الْقَدِیْمِ۝۹۵ فَلَمَّاۤ اَنْ جَآءَ الْبَشِیْرُ اَلْقٰىهُ عَلٰى وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِیْرًا ۚ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ ۚ اِنِّیْۤ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ۝۹۶ قَالُوْا یٰۤاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَاۤ اِنَّا كُنَّا خٰطِـِٕیْنَ۝۹۷ قَالَ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّیْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ۝۹۸

(گھر میں موجود لوگ یعقوب علیہ السلام کو) کہنے لگے: اللہ کی قسم! تم تو اپنی پرانی غلط خیالی میں ہی مبتلا ہو ①﴿۹۵﴾ پھر جب (مصر سے سفر کر کے بھائیوں کا قافلہ کنعان آ گیا اور) خوش خبری سنانے والا (کرتے کے ساتھ) آپہنچا② تو اس نے یعقوب (علیہ السلام) کے چہرے پر (یوسف علیہ السلام کا) کرتہ ڈالا تو وہ اسی وقت بینا ہو گئے③ یعقوب (علیہ السلام) نے کہا: کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ: میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے وہ باتیں جانتا ہوں جو تم لوگ نہیں جانتے④﴿۹۶﴾⑤ بیٹے کہنے لگے: اے ہمارے ابا جان! آپ ہمارے لیے (اللہ تعالیٰ سے) ہمارے گناہوں کی بخشش کی دعا کیجیے، بیشک ہم ہی غلطی کرنے والے تھے ﴿۹۷﴾ یعقوب (علیہ السلام) نے کہا: عنقریب⑥ اپنے رب سے تمھاری بخشش کی دعا کروں گا، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) بڑے بخشنے والے، بڑے مہربان ہیں ﴿۹۸﴾

---

① یعنی یوسف کی یاد میں۔

② بشیر: خوش خبری سنانے والا یوسف علیہ السلام کا بھائی یہودا تھا، وہ مصر سے کرتہ لیکر آیا، انھوں نے کہا کہ: جب بچپن میں بھائی یوسف کو کنویں میں ڈالا تھا اس وقت ان کے کرتے پر جھوٹا خون لگا کر میں ہی وہ کرتہ ابا کے پاس لے گیا تھا؛ اس لیے آج خوشی کے موقع پر بھی کرتہ میں ہی لے چلوں گا۔

③ یوسف علیہ السلام کے کرتے کی برکت ظاہر ہوئی اور اللہ تعالیٰ نے اس کرتے کو ذریعہ بنا کر یعقوب علیہ السلام کی بینائی واپس لوٹا دی، اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کی مستعمل چیزوں میں برکات ہیں اس کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔

④ یعنی یوسف زندہ ہے اور ملاقات ہوگی۔ ⑤ جب یوسف کو بھائیوں ہی نے کنویں میں ڈال کر گم کیا تھا یہ راز کھل گیا تب۔

⑥ یعنی بعد میں جمعہ کی رات میں یا تہجد کے وقت تمھارے لیے استغفار کروں گا۔ بھائیوں نے یوسفؑ کے سامنے قصور کا اعتراف کیا تو انھوں نے فوراً معاف کر دیا اور یعقوبؑ سے معافی طلب کی تو وعدہ کر لیا یعنی فوری معافی نہیں دی، حضرات مفسرین نے اس کی مختلف وجوہات لکھی ہیں، میرے مرشدِ ثانی حضرت اقدس مفتی احمد خانپوری صاحب (مدظلہ العالی) نے اس پر ایک نکتہ ارشاد فرمایا: یہ عمر کی تفاوت کی بات ہے، یوسفؑ جوان تھے اور یعقوبؑ بوڑھے تھے، جوانوں کے فیصلے فوری ہوتے ہیں اور بوڑھوں کے فیصلوں میں ''غور کریں گے، سوچیں گے، پھر جواب دیں گے'' یہ سب باتیں ہوتی ہیں؛ اس لیے جوانوں کو دینی محنت کا میدان بناؤ، جلدی فائدہ ہوگا۔

فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰۤى اِلَيْهِ اَبَوَيْهِ وَقَالَ ادْخُلُوْا مِصْرَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ﴿۹۹﴾ وَرَفَعَ اَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَخَرُّوْا لَهٗ سُجَّدًا ۚ وَقَالَ يٰۤاَبَتِ هٰذَا تَاْوِيْلُ رُءْيَايَ مِنْ قَبْلُ ۫ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّيْ حَقًّا ۭ وَقَدْ اَحْسَنَ بِيْۤ اِذْ اَخْرَجَنِيْ مِنَ السِّجْنِ وَجَآءَ بِكُمْ مِّنَ الْبَدْوِ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ نَّزَغَ الشَّيْطٰنُ بَيْنِيْ وَبَيْنَ اِخْوَتِيْ ۭ اِنَّ رَبِّيْ لَطِيْفٌ لِّمَا يَشَآءُ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۰۰﴾

پھر جب وہ سب ① یوسف (علیہ السلام) کے پاس پہنچے، تو یوسف (علیہ السلام) نے اپنے والدین کو اپنے پاس جگہ دی اور (یوسف علیہ السلام نے) کہا کہ: تم سب مصر میں داخل ہو جاؤ، ان شاء اللہ! ہر طرح امن و امان (یعنی چین و اطمینان) کے ساتھ رہو گے ﴿۹۹﴾ اور یوسف (علیہ السلام) نے اپنے والدین کو (اونچے) تخت پر بٹھا دیا اور وہ سب (یعنی والدین اور گیارہ بھائی) یوسف (علیہ السلام) کے سامنے سجدے میں گرے ② اور یوسف (علیہ السلام) نے کہا: اے میرے ابا جان! یہ تو میرے (اس) خواب کی تعبیر ہے جو میں نے پہلے (یعنی بچپن میں) دیکھا تھا، اس (خواب) کو میرے رب نے سچ کر کے دکھلایا اور میرے رب نے (اس وقت) مجھ پر بڑا احسان کیا کہ مجھ کو جیل سے نکالا اور (یہ بھی احسان ہوا کہ) شیطان نے میرے اور میرے بھائیوں کے درمیان جھگڑا کروا دیا تھا (اللہ تعالیٰ نے جدائی ختم کر دی) پھر میرے رب گاؤں ③ سے تم کو میرے پاس (مصر) لے آئے، میرے رب جو چاہتے ہیں اس کو عمدہ تدبیر سے کرتے ہیں، یقیناً اس (اللہ تعالیٰ) کا علم بھی کامل ہے اور اس کی حکمت بھی کامل ہے ﴿۱۰۰﴾

---

① یعنی والدین اور بھائی اور بھائیوں کا خاندان جو مجموعی بہتر یا ترانوے آدمی کا قافلہ تھا۔

② حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ: اللہ تعالیٰ کے سامنے شکر کا یہ سجدہ کیا گیا، عبادت کا سجدہ تو ہر شریعت میں صرف اللہ تعالیٰ ہی کے لیے جائز تھا؛ البتہ کسی کی تعظیم کے لیے سجدہ کرنا پچھلی شریعتوں میں جائز تھا؛ لیکن وہ شرک کا ذریعہ بن سکتا ہے؛ اس لیے اس امت میں وہ ناجائز قرار دیا گیا، بخاری شریف کی حدیث میں اس کی صراحت موجود ہے۔

③ ”کنعان“ مراد ہے جہاں حضرت یعقوب علیہ السلام آباد تھے۔

رَبِّ قَدْ اٰتَيْتَنِيْ مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِيْ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ۚ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۣ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ۝ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَاۗءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ۚ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ اَجْمَعُوْٓا اَمْرَهُمْ وَهُمْ يَمْكُرُوْنَ ۝ وَمَآ اَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَمَا تَسْــَٔـلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝

اے میرے رب! آپ نے مجھے حکومت کا بڑا حصہ عطا فرمایا اور مجھے خوابوں کی تعبیر کا علم بھی عطا فرمایا① اے آسمانوں اور زمین کو بنانے والے (اللہ تعالیٰ!) آپ ہی دنیا اور آخرت میں میرا کام بنانے والے ہیں، آپ مجھ کو اسلام (یعنی آپ کی فرماں برداری) کے ساتھ (دنیا سے) اٹھانا اور (مرنے کے بعد اپنے) نیک بندوں کے ساتھ مجھے ملا دینا②﴿۱۰۱﴾ یہ (قصہ) غیب کی خبروں میں سے ہے جو وحی کے ذریعہ ہم تم کو بتاتے ہیں اور جب یوسف (علیہ السلام) کے بھائیوں نے سازش کر کے (یوسف علیہ السلام کو کنویں میں ڈالنے کا) اپنا پکا فیصلہ کر لیا تھا (اور ڈال بھی دیا) تب تو تم (وہاں) ان کے پاس موجود نہ تھے③﴿۱۰۲﴾ تمھارا دل کتنا ہی چاہے پھر بھی (دنیا میں) اکثر لوگ ایمان لانے والے نہیں ہیں﴿۱۰۳﴾ حالاں کہ تم اس (قرآن کی تبلیغ) پر ان (دنیا کے لوگوں) سے کوئی اجرت بھی نہیں مانگتے، یہ (قرآن) تو تمام (اقوام) عالم کے لیے ایک نصیحت ہے﴿۱۰۴﴾

---

① دوسرا مطلب: مشکل اور الجھی ہوئی باتوں کو حل کرنے کا فن بھی سکھلایا۔

② یعنی ان نیک لوگوں کے ساتھ میرا حشر اور دخولِ جنت ہو، حضرت یعقوب علیہ السلام کی وفات کے بعد حضرت یوسف علیہ السلام کو بھی آخرت کا شوق بڑھ گیا اور آپ نے دعا مانگی۔ غور کرنے کا مقام ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام کے پاس نبوت (اعلیٰ ترین مقام ہے) بھی ہے اور دنیوی بادشاہت (جو دنیا میں ترقی کا اعلیٰ مقام ہے) بھی ہے، ان دونوں نعمتوں کے ہوتے ہوئے حسنِ خاتمہ اور آخرت میں صالحین کی معیت کی دعا مانگنا یہ حسنِ خاتمہ کی اہمیت کو بتلاتا ہے، اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس نعمت سے نوازے، قرآنی اس دعا کو مانگنے کا اہتمام کرنا چاہیے۔

③ اور ظاہر ہے کہ اخوانِ یوسف حضرت یوسف علیہ السلام کو جب کنویں میں ڈال رہے تھے اس وقت حضرت محمد رسول اللہ ﷺ وہاں موجود نہ تھے، آپ اُمّی ہونے کے باوجود پورا واقعہ تفصیل سے صحیح سنا دینا یہ آپ کے نبی ہونے کی دلیل ہے۔

وَكَاَيِّنۡ مِّنۡ اٰيَةٍ فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ يَمُرُّوۡنَ عَلَيۡهَا وَهُمۡ عَنۡهَا مُعۡرِضُوۡنَ ۝ وَمَا يُؤۡمِنُ اَكۡثَرُهُمۡ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمۡ مُّشۡرِكُوۡنَ ۝ اَفَاَمِنُوۡۤا اَنۡ تَاۡتِيَهُمۡ غَاشِيَةٌ مِّنۡ عَذَابِ اللّٰهِ اَوۡ تَاۡتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغۡتَةً وَّهُمۡ لَا يَشۡعُرُوۡنَ ۝ قُلۡ هٰذِهٖ سَبِيۡلِىۡۤ اَدۡعُوۡۤا اِلَى اللّٰهِ ؔ عَلٰى بَصِيۡرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِىۡ ؕ وَسُبۡحٰنَ اللّٰهِ وَمَاۤ اَنَا مِنَ الۡمُشۡرِكِيۡنَ ۝ وَمَاۤ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ قَبۡلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوۡحِىۡۤ اِلَيۡهِمۡ مِّنۡ اَهۡلِ الۡقُرٰى ؕ اَفَلَمۡ يَسِيۡرُوۡا فِى الۡاَرۡضِ فَيَنۡظُرُوۡا كَيۡفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ؕ وَلَدَارُ الۡاٰخِرَةِ خَيۡرٌ لِّلَّذِيۡنَ اتَّقَوۡا ؕ اَفَلَا تَعۡقِلُوۡنَ ۝

اور آسمان اور زمین میں (اللہ تعالیٰ کی قدرت کی) بہت سی نشانیاں ہیں جن پر سے اِن (مکہ والوں اور دوسرے انسانوں) کا گذر ہوتا رہتا ہے؛ لیکن وہ ان نشانیوں سے منہ پھرا کر جاتے ہیں① ﴿۱۰۵﴾ اور ان (مکہ کے کافر) میں سے اکثر لوگ اللہ تعالیٰ کو اس طرح مانتے ہیں کہ شرک بھی کرتے ہیں② ﴿۱۰۶﴾ کیا بھلا ان (نافرمانوں) کو اس بات کا ڈر نہیں لگتا کہ اللہ تعالیٰ کے عذاب کی کوئی آفت آ کر ان کو ڈھانک لیوے یا ان کو خبر بھی نہ ہو اس طرح اچانک ان پر قیامت آ جائے ﴿۱۰۷﴾ (اے پیغمبر!) تم (ان مخالفین سے) کہہ دو: یہی (توحید) میرا راستہ ہے، میں تو پوری بصیرت (سمجھداری) کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دیتا ہوں اور جتنے (میری اتباع کرنے والے) میرے ساتھی ہیں وہ بھی (اسی طرح توحید کی دعوت دیتے ہیں) اور اللہ تعالیٰ (ہر قسم کے شرک سے) پاک ہے اور میں بھی شرک کرنے والوں میں سے نہیں ہوں ﴿۱۰۸﴾ ہم نے تم سے پہلے مختلف بستی والوں میں سے جتنے (رسول) بھیجے وہ سب مرد ہی ہوتے تھے③، جن کی طرف ہم وحی بھیجتے تھے، کیا بھلا ان (کافر) لوگوں نے زمین میں چل پھر کر نہیں دیکھا کہ ان سے پہلی قوموں کا (برا) انجام کیسا ہوا؟④ جنھوں نے تقویٰ اپنایا ان کے لیے آخرت کا گھر بہتر ہے، کیا پھر بھی تم اتنی بات بھی نہیں سمجھتے؟ ﴿۱۰۹﴾

---

① یعنی قدرت کی نشانی پر دھیان نہیں دیتے؛ اس لیے عبرت بھی حاصل نہیں کرتے۔

② حضور ﷺ کے مبارک زمانے میں اور آج بھی دنیا میں اس طرح کے مشرکین ہیں جو اللہ تعالیٰ کو مانتے ہیں ساتھ میں دوسرے معبودوں کو بھی مانتے ہیں، یہ ایمان معتبر ہوتا نہیں ہے۔ ③ یعنی فرشتہ اور عورت نبی نہیں بنائے گئے ہیں، یہ جمہور کا قول ہے۔ ④ یعنی پہلی قوموں کے برے انجام کو دیکھ کر عبرت حاصل کر کے ایمان لے آتے۔

حَتّٰۤى اِذَا اسْتَایْــٴَسَ الرُّسُلُ وَ ظَنُّوْۤا اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا جَآءَهُمْ نَصْرُنَاۙ-فَنُجِّیَ مَنْ نَّشَآءُؕ-وَ لَا یُرَدُّ بَاْسُنَا عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِیْنَ(۱۱۰) لَقَدْ كَانَ فِیْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِی الْاَلْبَابِؕ-مَا كَانَ حَدِیْثًا یُّفْتَرٰى وَ لٰكِنْ تَصْدِیْقَ الَّذِیْ بَیْنَ یَدَیْهِ وَ تَفْصِیْلَ كُلِّ شَیْءٍ وَّ هُدًى وَّ رَحْمَةً لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ۠(۱۱۱)

یہاں تک (مہلت ملی) کہ جب رسول (اپنی امت کے لوگوں کے ایمان لانے سے) نا امید ہو گئے اور (تب عذاب میں تاخیر کی وجہ سے) کافر لوگ یہ سمجھنے لگے کہ ان کو (عذاب کی) جھوٹی دھمکی دی گئی تھی تو ہماری مدد ان (رسولوں) کے پاس آ گئی①، پھر جن کو ہم نے چاہا عذاب سے بچا لیا اور گنہگاروں سے ہمارا عذاب ٹالا نہیں جا سکتا②(۱۱۰) پکی بات یہ ہے کہ ان کے③ واقعات میں عقل والوں کے لیے عبرت کا بڑا سامان ہے، یہ (قرآن) مَن گھڑت (یعنی بنائی ہوئی) بات نہیں ہے (جو کسی نے اپنے دماغ سے گھڑ لی ہو) بلکہ اس (قرآن) سے پہلے جتنی (آسمانی) کتابیں آئیں یہ (قرآن) ان کی تصدیق ہے④ اور (قرآن میں دین کے متعلق ضروری) ہر ہر بات کی تفصیل ہے اور (قرآن) ایمان والے لوگوں کے لیے ہدایت اور رحمت کا ذریعہ ہے(۱۱۱)

---

① یعنی اللہ کا عذاب نافرمانوں پر آ گیا۔

② (دوسرا ترجمہ) ہمارا عذاب مجرموں پر آنے کے بعد پیچھے واپس نہیں کیا جا سکتا۔

③ اور اس سورت میں خاص کر حضرت یوسف علیہ السلام اور ان کے بھائیوں کے اور پچھلی امتوں کے واقعات ہیں۔

④ یعنی قرآن کی اور پچھلی آسمانی کتابوں کی بہت ساری باتیں آپس میں موافق ہیں۔

نوٹ: سورۂ یوسف کے مفصل فوائد خطباتِ محمود جلد (۸) میں ملاحظہ فرمائیں۔

❁❁❁

سورۃ الرعد

(المکیۃ)

آیاتھا:۴۳۔

رکوعاتھا:۶۔

سورۃ رعد

یہ سورت مدنی ہے۔اس میں تینتالیس (۴۳) یاسینتالیس (۴۷) آیتیں ہیں،سورۃ محمد کے بعداور سورۃ رحمن سے پہلے چھیانویں (۹۶) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں "رعد" کا تذکرہ کیا گیا ہے،رعد کیا چیز ہے؟

(۱) گرج۔اور جب آسمان میں گرج ہوتی ہے تو اللہ کے بندے بے اختیار سبحان اللہ اور الحمدللہ پڑھتے ہیں۔

(۲) ایک فرشتے کا نام ہے، جب وہ بادلوں کو ہانکتا اور چلاتا ہے تب وہ تسبیح پڑھتا ہے،اس تسبیح کو لوگ بادل کی آواز سمجھتے ہیں،اس کے ہاتھ میں آگ کا ایک کوڑا ہوتا ہے جس سے وہ بادلوں کو ہنکاتا ہے،اس سے جو چمک ظاہر ہوتی ہے وہ بجلی ہے۔

یہ بھی ہوسکتا ہے کہ بادلوں کو مارنے کی وجہ سے جو آواز پیدا ہوتی ہے وہ رعد ہو۔

(۳) رعد سے صرف آواز مراد ہے اور یہ خاص قسم کی تسبیح ہے چاہے ہم کو سمجھ میں نہ آئے۔

روایتوں میں آتا ہے کہ جو آدمی بادلوں کے گرج کی آواز سنے تو یہ پڑھے "سبحان من یسبح الرعد بحمدہ والملائکۃ من خیفتہ وھو ولی کل شئی قدیر"۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

الٓمّٓرٰ ۟ تِلۡکَ اٰیٰتُ الۡکِتٰبِ ؕ وَ الَّذِیۡۤ اُنۡزِلَ اِلَیۡکَ مِنۡ رَّبِّکَ الۡحَقُّ وَ لٰکِنَّ اَکۡثَرَ النَّاسِ لَا یُؤۡمِنُوۡنَ ① اَللّٰہُ الَّذِیۡ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَیۡرِ عَمَدٍ تَرَوۡنَہَا ثُمَّ اسۡتَوٰی عَلَی الۡعَرۡشِ وَ سَخَّرَ الشَّمۡسَ وَ الۡقَمَرَ ؕ کُلٌّ یَّجۡرِیۡ لِاَجَلٍ مُّسَمًّی ؕ یُدَبِّرُ الۡاَمۡرَ یُفَصِّلُ الۡاٰیٰتِ لَعَلَّکُمۡ بِلِقَآءِ رَبِّکُمۡ تُوۡقِنُوۡنَ ② وَ ہُوَ الَّذِیۡ مَدَّ الۡاَرۡضَ وَ جَعَلَ فِیۡہَا رَوَاسِیَ وَ اَنۡہٰرًا ؕ وَ مِنۡ کُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِیۡہَا زَوۡجَیۡنِ اثۡنَیۡنِ یُغۡشِی الَّیۡلَ النَّہَارَ ؕ

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

الٓمّٓرٰ یہ (اللہ کی) کتاب (قرآن) کی آیتیں ہیں اور (اے نبی!) تمھارے رب کی طرف سے تم پر جو (قرآن) نازل کیا گیا وہ حق ہے؛ لیکن اکثر لوگ (قرآن کو) مانتے نہیں ہیں① ﴿۱﴾ اللہ تعالیٰ وہ (ایسے قدرت والے) ہیں کہ جنھوں نے آسمانوں کو بغیر ستون کے (اتنا) اونچا بنایا کہ تم اس کو (ہر جگہ سے سہولت سے) دیکھتے ہو② پھر وہ (اللہ تعالیٰ اپنی شان کے مطابق) عرش پر قائم ہوئے اور سورج اور چاند کو کام میں لگا دیا، ہر ایک (سورج اور چاند) اپنے مقرر وقت تک (یعنی قیامت تک) چلتے رہیں گے③ وہ (اللہ تعالیٰ تمام) کاموں کی تدبیر کرتے ہیں وہ (اللہ تعالیٰ اپنی) نشانیوں کو کھول کھول کر بیان کرتے ہیں④؛ تا کہ تم یقین کرلو کہ (قیامت میں) تم کو اپنے رب سے ملنا ہے ﴿۲﴾ اور اسی (اللہ تعالیٰ) نے زمین پھیلا دی اور اس (زمین) میں (پہاڑ کے) بوجھ اور ندیاں بنادیں، ہر قسم کے پھلوں کے اس میں دو دو جوڑے پیدا کیے⑤، وہ (اللہ تعالیٰ) رات کو دن پر ڈھانپ دیتے ہیں⑥

---

① (دوسرا ترجمہ) ایمان نہیں لاتے ہیں۔ ② (دوسرا ترجمہ) اللہ کی قدرت ایسی ہے کہ اس نے آسمانوں کو آنکھوں سے نظر نہ آوے ایسے ستونوں پر اونچا بنایا ہے۔ (تیسرا) بغیر کسی ستون کے اس قدر اونچا بنادیا جیسا کہ تم اس کو دیکھتے ہو۔

③ (دوسرا ترجمہ) ہر ایک (سورج و چاند) اپنے متعین وقت پر چل رہے ہیں (یعنی چاند کا ایک چکر ایک مہینے میں اور سورج کا ایک چکر ایک سال میں پورا ہوتا ہے)۔ ④ اپنے دلائلِ قدرت تفصیل کے ساتھ بیان کرتے ہیں۔

⑤ (دوسرا) دو دو قسم پیدا کی۔ ⑥ (دوسرا ترجمہ) وہ اللہ تعالیٰ رات (کی کالی چادر) کو دن پر اوڑھا دیتے ہیں (جس سے دن کی روشنی ختم ہوجاتی ہے اور پوری دنیا کالی اندھری ہوجاتی ہے)

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ ۝ وَ فِی الْاَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ وَّ جَنّٰتٌ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّ زَرْعٌ وَّ نَخِیْلٌ صِنْوَانٌ وَّ غَیْرُ صِنْوَانٍ یُّسْقٰى بِمَآءٍ وَّاحِدٍ۫ وَ نُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ فِی الْاُكُلِؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ۝ وَ اِنْ تَعْجَبْ فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا ءَاِنَّا لَفِیْ خَلْقٍ جَدِیْدٍ۬ؕ اُولٰٓىٕكَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْۚ وَ اُولٰٓىٕكَ الْاَغْلٰلُ فِیْۤ اَعْنَاقِهِمْۚ وَ اُولٰٓىٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِۚ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

یقیناً ان چیزوں میں (یعنی اللہ تعالیٰ کی قدرت میں) غور وفکر کرنے والی قوم کے لیے بڑی نشانیاں ہیں ﴿۳﴾ اور (اللہ تعالیٰ نے) زمین میں مختلف ٹکڑے (کھیت اور حصے بنائے) ہیں جو آپس میں ایک دوسرے سے ملے ہوئے ہیں (یعنی پاس پاس ہے) اور انگوروں کے باغات اور کھیتی اور کھجور کے درخت (بنائے) ہیں بعض درخت دو تنے والے ہیں ① اور بعض درخت دو تنے والے نہیں (ہوتے) ہیں ②، ان سب (درختوں) کو ایک ہی طرح کا پانی دیا جاتا ہے، اور ہم ان پھلوں میں سے کسی کا ذائقہ دوسرے سے زیادہ بڑھا ہوا کر دیتے ہیں، یقیناً اس میں عقل سے کام لینے والی قوم کے لیے بڑی نشانیاں ہیں ③ ﴿۴﴾ اور اگر تم کو (ان کافروں کے قیامت کا انکار کرنے سے) تعجب ہو تو ان (کافروں) کی یہ بات (حقیقت میں) بہت عجیب ہے کہ کیا جب ہم (مر کر) مٹی میں مل جائیں گے تو (آخرت میں سچ مچ) نئے سرے سے پیدا کیے جائیں گے؟ انہی لوگوں نے اپنے رب (کی آخرت میں نئے سرے سے پیدا کیے جانے کی قدرت) کا انکار کیا اور یہی وہ لوگ ہیں جن کی گردنوں میں (آخرت یا دنیا میں) طوق (یعنی بیڑیاں) پڑی ہوں گی اور وہی جہنمی لوگ ہیں، وہ اس (جہنم) میں ہمیشہ رہیں گے ④ ﴿۵﴾

---

① یعنی زمین سے اوپر جا کر اس کی شاخیں بن جاتی ہیں۔ ② یعنی زمین سے لے کر اوپر تک ایک ہی تنہ ہوتا ہے جیسے: کھجور۔

③ یعنی جو اپنی عقل سے اللہ تعالیٰ کی قدرت میں غور کرے اور توحید کا یقین حاصل کرے۔

④ دنیا میں گلے میں طوق کا ہونا غلامی کی علامت ہے، یعنی یہ کافر لوگ خواہشاتِ نفسانی اور شیطان کی غلامی میں ہیں، گلے میں طوق ہو تو آدمی ادھر ادھر دیکھ نہیں سکتا، اسی طرح یہ لوگ حقائق دیکھنے سے محروم ہیں، آخرت میں گلے میں بھاری وزن دار طوق بھاری سزا اور تکلیف کا ذریعہ ہوگا۔

وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ وَقَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمُ الْمَثُلٰتُ ۭ وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ عَلٰي ظُلْمِهِمْ ۚ وَاِنَّ رَبَّكَ لَشَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ۝

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ۭ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۝ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ۝ سَوَاۗءٌ مِّنْكُمْ مَّنْ اَسَرَّ الْقَوْلَ وَمَنْ جَهَرَ بِهٖ وَمَنْ هُوَ مُسْتَخْفٍۢ بِالَّيْلِ وَسَارِبٌۢ بِالنَّهَارِ ۝

(اے نبی!) اور وہ (کافر) بھلائی سے پہلے تم سے برائی مانگنے میں جلدی کرتے ہیں ①؛ حالاں کہ ان سے پہلے (بھی دنیا میں) عذاب کے بہت سارے واقعات گذر چکے (تو ان کافروں پر بھی عذاب آسکتا ہے) اور حقیقت میں لوگوں کو ان کے ظلم (یعنی نافرمانی) کے باوجود تمھارے رب معاف بھی کرتے رہتے ہیں، اور یقیناً تمھارے رب کا عذاب بہت سخت ہے ﴿۶﴾ اور کافر لوگ (یوں) کہنے لگے: ان (یعنی محمد) پر (وہ کافر جیسا چاہتے ہیں ویسی) ان کے رب کی طرف سے نشانی کیوں نہیں اتاری جاتی؟ (تو جواب میں کہو کہ) تم تو صرف (جہنم سے) ڈرانے والے ہو ② اور (تم کوئی انوکھے نبی نہیں ہو؛ بلکہ) ہر قوم کے لیے (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) کوئی نہ کوئی ہدایت کا راستہ بتانے والا ضرور آیا ﴿۷﴾

ہر مادہ کو جو حمل ہوتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو جانتے ہیں اور مادہ کی رحم میں جو کمی زیادتی ہوتی ہے (اللہ تعالیٰ) اس کو بھی (جانتے ہیں) اور اس (اللہ تعالیٰ) کے یہاں ہر چیز کا ایک اندازہ مقرر ہے ﴿۸﴾ چھپی ہوئی اور کھلی ہوئی چیزوں کو وہ (اللہ تعالیٰ) جانتے ہیں، جن کی ذات بہت بڑی ہے اور شان بہت اونچی ہے ﴿۹﴾ جو آدمی تم میں سے چپکے چپکے سے بات کرے اور جو آدمی زور سے بولے اور جو آدمی رات کے وقت (کہیں) چھپا ہوا اور دن کے وقت (کہیں) چل پھر رہا ہو وہ سب (اللہ تعالیٰ کے علم میں) برابر ہیں ③ ﴿۱۰﴾

---

① اور وہ (کافر لوگ) بھلائی (یعنی خوش حالی کی مدت ختم ہونے) سے پہلے جلدی برائی مانگتے ہیں ② یعنی کافر جیسا چاہتے ہیں ویسا معجزہ دکھانا نبی کے اختیار میں نہیں ہے۔ ③ یعنی سب سے اللہ تعالیٰ اچھی طرح واقف ہیں۔

لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاِذَاۤ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ ﴿۱۱﴾ هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّيُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ﴿۱۲﴾ وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ ۚ وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيْبُ بِهَا مَنْ يَّشَآءُ وَهُمْ يُجَادِلُوْنَ فِي اللّٰهِ ۚ وَهُوَ شَدِيْدُ الْمِحَالِ ﴿۱۳﴾

اس (انسان) کے لیے کچھ فرشتے (محافظ) ہیں جو باری باری آتے ہیں① وہ (فرشتے) اللہ تعالیٰ کے حکم سے انسان کے سامنے اور اس کے پیچھے سے اس کی حفاظت کرتے ہیں، یقین جان لو کہ اللہ تعالیٰ کسی قوم کی حالت اس وقت تک نہیں بدلتے ہیں جب تک کہ وہ قوم اپنے حالات میں خود تبدیلی نہ لاوے، اور جب اللہ تعالیٰ کسی قوم پر آفت کا ارادہ کرتے ہیں تو (وہ آ کر رہتی ہے) پھر وہ (آفت) واپس نہیں ہو سکتی② اور ان کے لیے (یعنی جن پر آفت آئی ہے) اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا کوئی مدد کرنے والا نہیں ہوتا ﴿۱۱﴾ وہی (اللہ تعالیٰ) ہیں جو تم کو بجلی کی چمک دکھلاتے ہیں، جس سے تم کو (بجلی کے گرنے کا) ڈر بھی لگتا ہے اور (بارش کی) لالچ بھی پیدا ہو جاتی ہے اور (پانی سے بھرے) بھاری بادل (بھی) وہی (اللہ تعالیٰ) اٹھالاتے ہیں ﴿۱۲﴾ اور بادلوں کی گرج اس (اللہ تعالیٰ کے نام) کی حمد اور تسبیح کرتی ہے اور اس (اللہ تعالیٰ) کے خوف سے فرشتے بھی (تسبیح میں لگے ہوئے ہیں)③ اور کڑکتی بجلیاں بھی (زمین کی طرف) وہی (اللہ تعالیٰ) بھیجتے ہیں، پھر (اللہ تعالیٰ) جس پر چاہتے ہیں اس (بجلی) کو مصیبت بنا کر گرا دیتے ہیں اور وہ (کافر لوگ) اللہ تعالیٰ کے بارے میں جھگڑے کرتے ہیں④ حالاں کہ اس (اللہ تعالیٰ) کی پکڑ بہت سخت ہے⑤ ﴿۱۳﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) جن کی باری بدلتی رہتی ہے۔

② (دوسرا ترجمہ) وہ برائی ہٹنے کی کوئی صورت ہی نہیں۔

③ (دوسرا ترجمہ) اور رعد (نام کا) فرشتہ اور دوسرے فرشتے سب اللہ تعالیٰ کے خوف سے اللہ تعالیٰ کی حمد کے ساتھ پاکی بیان کرتے ہیں۔ ④ یعنی بے بنیاد بحثیں کرتے ہیں۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) حالاں کہ اللہ تعالیٰ بڑی سخت قوت و تدبیر کے مالک ہیں۔

لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ ؕ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُمْ بِشَيْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ اِلَى الْمَآءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ بِبَالِغِهٖ ؕ وَمَا دُعَآءُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ۝ وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ۝

خاص اسی (اللہ تعالیٰ ہی) سے دعا کرنا حق (یعنی صحیح) ہے ① اور اس (اللہ تعالیٰ) کو چھوڑ کر یہ لوگ جن کو بھی پکارتے ہیں وہ ان کی پکار کا (اس سے زیادہ) کوئی جواب نہیں دے سکتے ② مگر جیسے وہ شخص جو پانی کی طرف اپنے دونوں ہاتھ پھیلا کر یہ چاہے کہ وہ (پانی) اس کے منہ تک خود (اڑ کر) پہنچ جائے ③ حالاں کہ (ایسی چاہت سے) وہ (پانی) کبھی اس کے منہ تک نہیں پہنچ سکتا ④ کافروں کی دعا (یعنی درخواست) تو بھٹکتی ہی پھرتی ہے ⑤ ﴿١٤﴾ آسمانوں اور زمین میں جو مخلوق ہے خوشی اور ناخوشی سے اللہ تعالیٰ کو ہی سجدہ کرتی ہے، ⑥⑦ اور صبح اور شام کے اوقات میں ان (دنیوی مخلوقات) کے سائے بھی (اللہ تعالیٰ کے سامنے سجدہ کرتے ہیں) ⑧ ﴿١٥﴾

---

① چوں کہ وہ قبول کرنے کی قدرت رکھتے ہے۔ (دوسرا ترجمہ) سچا پکارنا اسی کے لیے خاص ہے۔
② یعنی پکارنے کے باوجود کچھ کام نہیں آسکتے۔
③ پانی کی طرف دونوں ہاتھ پھیلا کر اس کو اپنی طرف بلاؤ تو وہ اڑ کر آنہیں جاتا، اسی طرح اللہ کے سوا جن معبودوں کو بھی پکارو گے وہ تمھاری مدد کو نہیں آسکتے، اس کی ایک دوسری تعبیر یہ بھی ہوسکتی ہے کوئی آدمی پانی میں دونوں ہتھیلی کھول کر داخل کرے کہ اس پانی کو مٹھی میں بند کر کے منہ تک لے جاؤں تو یہ ہو نہیں سکتا؛ چوں کہ پانی تو نکل جائے گا، محفوظ نہیں رہے گا اور پانی پینے کا مقصد پورا نہیں ہوگا، اسی طرح اللہ کے علاوہ جس کو بھی پکارو گے وہ تمھاری مدد کا تمھارا مقصد پورا نہیں کرسکتا۔
④ اسی طرح بت ان کافروں کی مدد میں نہیں پہنچ سکتے۔ ⑤ یعنی اس کا کوئی فائدہ نہیں ہے؛ یعنی جس طرح پانی درخواست کرنے کے باوجود ان کے منہ تک نہیں آسکتا، پانی درخواست قبول کرنے سے عاجز ہے اسی طرح ان کے معبود بھی عاجز ہیں؛ اس لیے کافر لوگ ایسے معبودوں سے درخواست کریں گے تو اس کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا، وہ دعا بےکار جائے گی۔
⑥ یعنی انسان اور جنات میں سے مسلمان اور باقی تمام مخلوقات خوشی سے اللہ تعالیٰ کے سامنے سجدہ کرتی ہے۔
⑦ جنات اور انسان میں سے کافر کو اللہ کی تقدیر کے فیصلے کے مطابق رہنا پڑتا ہے، اسی طرح سخت حالات اور تنگی کے مواقع پر بھی اللہ تعالیٰ کی طرف دھیان ہو ہی جاتا ہے، نیز اللہ تعالیٰ اپنی ہر مخلوق میں جس طرح چاہے تصرف کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ ہی کا حکم چلتا ہے۔ یعنی جو اللہ تعالیٰ کو نہ مانے اس پر بھی اللہ تعالیٰ کا حکم چلتا ہے اور وہ اس کے خلاف نہیں کرسکتا، یہ ناخوشی میں سجدہ کرنے کا مطلب ہوا۔ ⑧ صبح شام سایہ کا گھٹنا بڑھنا جو بالکل نمایاں ہوتا ہے یہ بھی ایک طرح کا سجدہ ہے۔

قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ ؕ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءَ لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ اَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ ۚ اَمْ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ خَلَقُوْا كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ ؕ قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿١٦﴾ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتْ اَوْدِيَةٌۢ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَدًا رَّابِيًا ؕ وَمِمَّا يُوْقِدُوْنَ عَلَيْهِ فِي النَّارِ ابْتِغَآءَ حِلْيَةٍ اَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ؕ

(اے نبی!) تم (ان کافروں سے) پوچھو کہ: آسمانوں اور زمین کا رب کون ہے؟ (پھر ان سے) کہو: (زمین اور آسمان کے رب) اللہ تعالیٰ ہی ہیں، تم (ان کافروں سے یہ) کہو: کیا پھر بھی تم نے اس (اللہ تعالیٰ) کو چھوڑ کر (دوسروں کو اپنے) مددگار بنالیے؟ (جب کہ وہ خود ایسے عاجز ہیں کہ) وہ اپنے فائدے اور نقصان کی قدرت نہیں رکھتے① (اے نبی!) تم (ان سے) پوچھو کہ: کیا اندھا اور دیکھنے والا دونوں برابر ہوسکتے ہیں؟ یا کہیں اندھیریاں اور روشنی ایک جیسی ہوسکتی ہے؟ یا ان کافروں نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایسے شریک (یعنی بت) مان رکھے ہیں کہ اللہ تعالیٰ جیسے پیدا کرتے ہیں ایسی کوئی چیز انھوں نے (یعنی بتوں نے) پیدا کی ہے؟ جس کی وجہ سے ان (کافروں) کو ان دونوں (یعنی اللہ تعالیٰ کی اور بتوں) کی بنائی ہوئی چیزیں ایک جیسی لگ رہی ہوں (غلط فہمی میں کوئی پڑا ہو تو اس کو) تم بتادو کہ: اللہ تعالیٰ ہی ہر چیز کے پیدا کرنے والے ہیں اور وہی اکیلے ہیں، سب پر غالب ہیں ﴿١٦﴾ اس (اللہ) نے آسمان سے پانی اتارا، سو، ندی، نالے اپنی گنجائش کے مطابق (اس بارش کے پانی سے) بہہ نکلے② پھر سیلاب کا پانی پھولے ہوئے جھاگ (یعنی گھاس کے تنکے وغیرہ) کو اوپر اٹھالایا③ اور جن دھاتوں کو زیور یا سامان (یعنی برتن وغیرہ) بنانے کے لیے آگ میں پگھلاتے ہیں④ اس میں بھی اسی طرح کا میل کچیل ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ اسی طریقے سے حق اور باطل کی مثال بیان فرماتے ہیں

① تو دوسروں کا کیا فائدہ اور نقصان کریں گے۔ ② چھوٹے نالے میں کم پانی اور بڑے نالے میں زیادہ پانی۔
③ کچرا پانی کی سطح پر اوپر آجاتا ہے۔ ④ یعنی تپا کر کے گلاتے ہیں۔

فَأَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَآءً ۚ وَأَمَّا مَا يَنْفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الْأَرْضِ ۚ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْأَمْثَالَ ﴿١٧﴾ لِلَّذِينَ اسْتَجَابُوا لِرَبِّهِمُ الْحُسْنٰى ۚ وَالَّذِينَ لَمْ يَسْتَجِيبُوا لَهُ لَوْ أَنَّ لَهُمْ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا وَمِثْلَهُ مَعَهُ لَافْتَدَوْا بِهِ ۚ أُولٰئِكَ لَهُمْ سُوءُ الْحِسَابِ ۙ وَمَأْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۚ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿١٨﴾

أَفَمَنْ يَعْلَمُ أَنَّمَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ أَعْمٰى ۚ إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُولُوا الْأَلْبَابِ ﴿١٩﴾ الَّذِينَ يُوفُونَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَلَا يَنْقُضُونَ الْمِيثَاقَ ﴿٢٠﴾

سو جھاگ (یعنی میل کچیل باہر جا کر) سوکھ کر ضائع ہو جاتا ہے① اور جو چیز لوگوں کے لیے کام کی ہوتی ہے وہ زمین میں باقی رہتی ہے②، اسی طریقے سے اللہ تعالیٰ مثالوں کو بیان فرماتے ہیں ﴿۱۷﴾ جن لوگوں نے اپنے رب کے احکام کو مان لیا (اور مان کر عمل بھی کیا) انھی لوگوں کے لیے (آخرت میں) بھلائی ہے اور جن لوگوں نے اپنے رب کا حکم نہیں مانا، اگر ان کے پاس (بالفرض میدانِ قیامت میں) دنیا بھر کی تمام چیزیں ہوں؛ بلکہ اتنی ہی اس کے ساتھ اور بھی چیزیں ہوں اور وہ سب (مال و دولت) اپنے فدیے میں دے دیں (پھر بھی عذاب سے نجات نہ ہوگی)③ ان کے لیے برا (یا سخت) حساب ہوگا اور ان کا ٹھکانا جہنم ہوگا اور وہ بہت بری رہنے کی جگہ ہے ﴿۱۸﴾

(اے نبی!) کیا بھلا جو (مؤمن) شخص کہ یقین رکھتا ہو کہ جو (قرآن) تمھارے رب کی طرف سے تم پر اتارا گیا وہ حق ہے وہ بالکل اندھے (یعنی کافر) شخص کی طرح ہو سکتا ہے؟④ حقیقت یہ ہے کہ (ان باتوں سے) عقل والے ہی نصیحت حاصل کرتے ہیں ﴿۱۹﴾ یہ (عقل والے) وہ لوگ ہیں کہ جو انھوں نے اللہ تعالیٰ سے عہد کیا اس کو پورا کرتے ہیں⑤ اور (اللہ تعالیٰ سے کیے ہوئے) پکے وعدے کو وہ توڑتے نہیں ہیں⑥ ﴿۲۰﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) پھینک دیا جاتا ہے۔ ② جو دوسروں کو فائدہ مند ہوتا ہے اس کو جماؤ ہوتا ہے۔

③ دو حال کا ذکر ہے: ایک تو آخرت میں مال و دولت ہوگا ہی نہیں اور دوسرا بالفرض ہو تو بھی اس کو دے کر عذاب سے نجات نہیں پا سکیں گے۔ ④ یعنی دونوں کا انجام برابر نہیں ہو سکتا ہے۔

⑤ یعنی ایمان اور اطاعت کا جو معاہدہ اللہ تعالیٰ سے کیا اس کو نبھاتے ہیں۔ ⑥ یعنی اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہیں کرتے۔

وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُوْنَ سُوْٓءَ الْحِسَابِ ﴿٢١﴾ وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ﴿٢٢﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ﴿٢٣﴾ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ﴿٢٤﴾

اور وہ ایسے لوگ ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے جن (رشتوں) کو جوڑنے کا حکم دیا وہ (عقل والے) لوگ اس کو جوڑتے ہیں (۱) اور اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور برے حساب سے ڈرتے رہتے ہیں (۲) ﴿۲۱﴾ اور ان لوگوں نے اپنے رب کی خوشی حاصل کرنے کے لیے (دنیا میں تکالیف پر) صبر کیا اور انھوں نے نماز قائم کی اور جو روزی ہم نے ان کو دی اس میں سے چھپ کر (۳) اور ظاہر کر کے انھوں نے خرچ کیا اور وہ بدسلوکی کے بدلے میں حسن سلوک کرتے ہیں (۴) (آخرت کے) اصلی وطن میں اچھا انجام انہی لوگوں کے لیے ہوگا ﴿۲۲﴾ (اچھا انجام یہ ہے کہ) وہ خود اور ان کے باپ دادے اور ان کی بیویاں اور ان کی اولاد میں سے جو نیک ہوئے (یعنی جنت کے لائق ہوئے) وہ سب ہمیشہ رہنے کے باغات میں داخل ہوں گے ﴿۲۳﴾ اور فرشتے ان کے پاس ہر دروازے سے (یوں کہتے ہوئے) داخل ہوں گے کہ (دنیا میں مصیبت پر) تم نے صبر کیا اس کے بدلے میں تم پر (یہاں آخرت میں) سلامتی ہی سلامتی ہے، پس (آخرت کے اصلی وطن میں) کیا ہی اچھا تمھارا انجام ہے ﴿۲۴﴾

---

(۱) یعنی ایمان کے ساتھ اعمال صالحہ کو جوڑنا، اسی طرح حضرت محمد ﷺ پر ایمان کے ساتھ سابقہ نبیوں پر ایمان کو جوڑ دیا جاوے۔ رشتے داریوں کو جوڑنا بھی مراد ہے۔

(۲) قیامت کے حساب کے برے انجام سے ڈرتے ہیں۔

(۳) جو صدقہ چھپ کر کیا جائے وہ ریا کے احتمال تک سے پاک ہونے کی وجہ سے بہتر ہی ہوتا ہے "سراً" کو مقدم کیا گیا ہے اس سے اس کی طرف اشارہ معلوم ہو رہا ہے اگرچہ بعض حالات میں اخلاص کے ساتھ علانیہ خرچ بھی کرنا پڑتا ہے۔

(۴) (دوسرا ترجمہ) اور برائی کو بھلائی سے دفع کرتے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ ۙ اُولٰٓىِٕكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْۗءُ الدَّارِ ۝ اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيَقْدِرُ ۭ وَفَرِحُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا مَتَاعٌ ۝ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ اَنَابَ ۝ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَىِٕنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ۭ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَىِٕنُّ الْقُلُوْبُ ۝ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ۝

اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کے عہد کو اس کے مضبوطی سے باندھنے کے بعد بھی توڑ دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے جن (رشتوں اور تعلقات) کو جوڑنے کا حکم دیا، ان کو کاٹ دیتے ہیں اور زمین میں فساد مچاتے ہیں① یہی وہ لوگ ہیں جن پر لعنت ہے اور (آخرت کے) اصلی وطن میں ان کا بُرا انجام ہوگا ﴿٢٥﴾ اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں رزق میں وسعت دیتے ہیں② اور (جس کو چاہتے ہیں اس کے رزق کو) تنگ کر دیتے ہیں اور وہ (کافر) لوگ دنیا کی زندگی پر اِتراتے ہیں③ اور آخرت کے مقابلے میں دنیا کی زندگی تھوڑے سے فائدے اٹھانے کے سوا کچھ نہیں ﴿٢٦﴾

اور کافر لوگ کہتے ہیں کہ: اس (پیغمبر) پر (ہم جیسی مانگتے ہیں ایسی) کوئی نشانی ان کے رب کی طرف سے کیوں نہیں اتاری جاتی؟ (اے نبی!) تم (ان کو) کہہ دو: یقیناً اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں (اس کو) گمراہ کرتے ہیں اور جو بھی (اس اللہ تعالیٰ کی طرف) رجوع کرتا ہے اس کو (اللہ تعالیٰ) اپنا راستہ دکھلاتے ہیں ﴿٢٧﴾ جو ایمان لائے اور اللہ تعالیٰ کے ذکر سے ان کے دلوں کو اطمینان ملتا ہے، سن لو! اللہ تعالیٰ کا ذکر ہی (وہ چیز ہے جس) سے دلوں کو اطمینان ملتا ہے ﴿٢٨﴾ جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے ان کے لیے (دنیا اور آخرت میں) خوش حالی ہے④ اور بہترین انجام ہے ﴿٢٩﴾

---

① ہر گناہ فساد ہے اور سب سے بڑا فساد کفر ہے۔ ② (دوسرا ترجمہ) زیادہ رزق دیتے ہیں۔
③ (دوسرا ترجمہ) دنیا کی زندگی میں مست ہیں۔ ④ طوبیٰ، یا ان کے لیے جنت میں طوبیٰ نامی درخت۔

كَذٰلِكَ اَرْسَلْنٰكَ فِيْٓ اُمَّةٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهَآ اُمَمٌ لِّتَتْلُوَاۡ عَلَيْهِمُ الَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَهُمْ يَكْفُرُوْنَ بِالرَّحْمٰنِ ۭ قُلْ هُوَ رَبِّيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ مَتَابِ ۝ وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى ۭ بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا ۭ اَفَلَمْ يَايْــــــَٔسِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ لَّوْ يَشَاۗءُ اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعًا ۭ وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا تُصِيْبُهُمْ بِمَا صَنَعُوْا قَارِعَةٌ اَوْ تَحُلُّ قَرِيْبًا مِّنْ دَارِهِمْ حَتّٰى يَاْتِيَ وَعْدُ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝

اسی طرح ① ہم نے تم (محمد ﷺ) کو بھی ایسی امت میں (رسول بنا کر) بھیجا جس (امت) سے پہلے بہت ساری امتیں گذر گئیں؛ تاکہ جو (قرآن) ہم نے وحی کے ذریعہ تم پر بھیجا وہ ان کے سامنے تم پڑھ کر سناؤ اور وہ لوگ تو اس (اللہ تعالیٰ) کی ناشکری کرتے ہیں جو سب پر مہربان ہیں ② (اے نبی!) تم کہہ دو: وہ (سب پر مہربان اللہ) میرے رب ہیں، ان (اللہ تعالیٰ) کے سوا کوئی (حقیقی) معبود نہیں ہے، انہی (اللہ تعالیٰ) پر میں نے بھروسہ کیا ہے اور انہی (اللہ تعالیٰ) کی طرف لوٹ کر جانا ہے ﴿۳۰﴾ اور اگر کوئی قرآن ③ ایسا بھی اترتا جس کے ذریعہ پہاڑ (اپنی جگہ چھوڑ کر) چلنے لگتے یا اس (قرآن) کے اثر سے زمین ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتی ④ یا اس کی برکت سے مُردے بات کرنے لگ جاتے ⑤ (تو بھی یہ کافر ایمان نہ لاتے) حقیقت یہ ہے کہ سارے کام اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہیں، کیا پھر بھی ایمان والوں نے یہ بات سن کر کے اپنا ذہن فارغ نہیں کرلیا کہ اگر اللہ تعالیٰ چاہتے تو سب انسانوں کو (زبردستی) ہدایت کردیتے ⑥ اور کافروں پر تو ان کے کرتوت کی وجہ سے ہمیشہ سخت مصیبت پہنچتی ہی رہے گی، یا ان کی بستی کے قریب (کسی جگہ پر بھی) مصیبت نازل ہوتی رہے گی، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے (قیامت کے دن بڑے عذاب کا) جو وعدہ کر رکھا ہے وہ پورا ہو جائے گا ⑦ اور پورا یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ (اپنے) وعدہ کی خلاف ورزی نہیں کرتے ﴿۳۱﴾

---

① یعنی جس طرح ہم نے پہلے زمانے میں رسول بھیجے۔ ② آخری نبی اور قرآن جیسی اللہ کی نعمت کے باوجود ایسے مہربان اللہ کی وہ لوگ ناشکری کرتے ہیں، (دوسرا ترجمہ) اور وہ لوگ تو رحمٰن کے ساتھ کفر کرتے ہیں۔ ③ مراد کوئی بھی کتاب۔

④ یعنی زمین پھٹ جاتی یا زمین جلدی جلدی طے ہو جاتی اور اس میں سے ندیاں نکل کر بہنے لگ جاتیں۔ ⬅

وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَمْلَيْتُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۫ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ۝ اَفَمَنْ هُوَ قَآئِمٌ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ ۚ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ ؕ قُلْ سَمُّوْهُمْ ؕ اَمْ تُنَبِّــُٔوْنَهٗ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِى الْاَرْضِ اَمْ بِظَاهِرٍ مِّنَ الْقَوْلِ ؕ بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مَكْرُهُمْ وَصُدُّوْا عَنِ السَّبِيْلِ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ۝

اور (اے نبی!) تم سے پہلے بھی رسولوں کا مذاق اڑایا گیا تھا، پھر (ان مذاق اڑانے والے) کافروں کو میں مہلت دیتا رہا، پھر (مہلت کا کچھ وقت گذرنے کے بعد) میں نے ان (کافروں) کو (عذاب میں) پکڑ لیا، سو (اب دیکھ لو! مذاق کے بدلے میں جو) میری سزا (تھی وہ) کیسی تھی؟ ﴿۳۲﴾ بھلا بتاؤ کہ ایک طرف تو وہ (اللہ تعالیٰ کی) ایسی ذات ہے جو ہر شخص کے ہر کام کی پوری خبر رکھتے ہیں اور ان کافروں نے اللہ تعالیٰ کے لیے شریک مان رکھے ہیں ① (اے نبی!) تم (ان کافروں کو) کہو: ان (بتوں) کے نام بتاؤ ② یا تم اس (اللہ تعالیٰ) کو ایسے (بتوں کے وجود) کی خبر بتاتے ہو جس (کے وجود) کا پوری دنیا میں اس (اللہ تعالیٰ) کو پتہ بھی نہیں، یا صرف ظاہری طور پر ان کو شریک کہتے ہو ③ حقیقت بات تو یہ ہے کہ ان کافروں کو ان کی ایسی بناوٹی باتیں بہت اچھی لگتی ہیں ④ اور وہ ہدایت کے راستے سے روک دیے گئے ہیں ⑤ اور جس کو اللہ تعالیٰ گمراہی میں رکھے اس کو کوئی ہدایت پر نہیں لا سکتا ﴿۳۳﴾

⇐ ⑥ (دوسرا ترجمہ) یا اس کی برکت سے مردوں کے ساتھ کلام کیا جا سکتا۔ ⑦ یعنی اللہ تعالیٰ سب کو مسلمان ہی بنا دیتے یعنی سب کافر ایمان لے آویں اور ایسا نہیں ہوگا تو پھر تم مسلمان ان (کافروں) کی فکر میں لگے مت رہو۔

⑧ (دوسرا ترجمہ) یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ آ پہنچے۔

① جن بتوں کو کسی کے کسی کام کی کوئی خبر نہیں، کیا اللہ تعالیٰ اور وہ بت برابر ہو سکتے ہیں؟ ہر گز نہیں۔

② اگر کوئی کافر نام بولے تو اس کافر کو کہو تو بتوں کے نام بول کر دیکھ کہ ان میں الوہیت کی کوئی صفت ہو سکتی ہے؟

③ یعنی نام کے پیچھے کوئی حقیقت نہیں اور اللہ تعالیٰ کو ہر چیز کا پتہ ہے اگر یہ بت حقیقت میں ہوتے تو اللہ تعالیٰ کو پتہ ہوتا، لیکن بتوں کا واقعی وجود ہی نہیں ہے، صرف من گھڑت نام ہے۔

④ بلکہ حقیقت یہ ہے کہ کافروں کا مکر و فریب ان کی نظر میں خوش نما کر دیا گیا ہے۔

⑤ (دوسرا) اور وہ کافر ہدایت کے راستے سے محروم کر دیے گئے ہیں۔

لَهُمْ عَذَابٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَقُّ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿۳۴﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ اُكُلُهَا دَآئِمٌ وَّظِلُّهَا ؕ تِلْكَ عُقْبَى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۖ وَّعُقْبَى الْكٰفِرِيْنَ النَّارُ ﴿۳۵﴾ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمِنَ الْاَحْزَابِ مَنْ يُّنْكِرُ بَعْضَهٗ ؕ قُلْ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ وَلَآ اُشْرِكَ بِهٖ ؕ اِلَيْهِ اَدْعُوْا وَاِلَيْهِ مَاٰبِ ﴿۳۶﴾ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ حُكْمًا عَرَبِيًّا ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا وَاقٍ ﴿۳۷﴾

ان (کافروں) کے لیے دنیا کی زندگی میں عذاب ہے اور آخرت کا بہت سخت عذاب ہوگا اور اللہ تعالیٰ (کے عذاب) سے ان کو کوئی بچانے والا نہیں ہوگا ﴿۳۴﴾ (گمراہوں کے بُرے انجام کے مقابلے میں) جس جنت کا متقیوں سے وعدہ کیا گیا ہے اس کی خوبی یہ ہے کہ اس کے نیچے سے نہریں بہہ رہی ہوں گی، اس (جنت) کے پھل اور اس کا سایہ ہمیشہ رہے گا، یہ تقویٰ اختیار کرنے والوں کا (پیارا) انجام ہے اور کافروں کا انجام (جہنم کی) آگ ہے ﴿۳۵﴾ اور (اے نبی!) جن کو ہم نے کتاب (تورات وانجیل) دی (اور وہ اس کو پورے طور پر مانتے ہیں) وہ تم پر اتارے گئے قرآن کی وجہ سے خوش ہوتے ہیں① اور (اہل کتاب اور مشرکین میں سے) بعض فرقے ایسے بھی ہیں جو اس (قرآن) کی بعض باتوں (کو ماننے) سے انکار کرتے ہیں② (اے نبی!) تم (ان سے) کہہ دو: مجھ کو یہی حکم دیا گیا ہے کہ میں اللہ تعالیٰ ہی کی عبادت کروں اور میں اس (اللہ تعالیٰ) کے ساتھ کسی کو شریک نہ کروں، اسی کی طرف میں دعوت دیتا ہوں اور اسی (اللہ تعالیٰ) کے پاس مجھے لوٹ کر جانا ہے ﴿۳۶﴾ اور اسی طرح③ ہم نے اس (قرآن) کو عربی زبان میں حکم نامہ بنا کر اتارا ہے، اور (اے نبی!) تمھارے پاس جو (صحیح) علم (وحی) آچکا ہے اس کے بعد بھی بالفرض ان (کافروں) کی خواہشات پر چلے تو اللہ تعالیٰ کی پکڑ سے (بچانے کے لیے) آپ کا کوئی حمایتی نہیں ہوگا اور نہ تو (اللہ تعالیٰ کے عذاب سے) کوئی بچانے والا ہوگا ﴿۳۷﴾

---

① اور بہت سارے مان کر ایمان بھی لے آتے ہیں، چوں کہ قرآن کی خبر ان کی کتاب میں ہے۔ (باقی اگلے صفحہ پر)

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّذُرِّيَّةً ؕ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ ۝ يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ ۚ وَعِنْدَهٗۤ اُمُّ الْكِتٰبِ ۝ وَاِنْ مَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ ۝

اورحقیقت یہ ہے کہ (اے نبی!) ہم نے تم سے پہلے بہت سارے رسول بھیجے تھے اور ہم نے ان کو بیوی، بچے بھی دیے تھے اور کسی رسول کو یہ اختیار نہیں تھا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر ایک آیت ① بھی لا سکے، ہر زمانے کے مناسب (احکام لکھی ہوئی الگ) کتاب دی گئی ② ﴿۳۸﴾ اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں اس کو مٹا دیتے ہیں اور (جس کو چاہتے ہیں) باقی رکھتے ہیں اور تمام کتابوں کی اصل (یعنی لوحِ محفوظ) اس (اللہ تعالیٰ) کے پاس ہے ③ ﴿۳۹﴾ اور (اے نبی!) جس (عذاب) کا وعدہ ہم ان (کافروں) سے کرتے ہیں (چاہے) اس کا کچھ حصہ اگر ہم (تمھاری زندگی ہی میں) تم کو پورا کر کے دکھا دیں یا (دھمکی والا عذاب آنے سے پہلے) ہم تم کو دنیا سے اٹھا لیویں ④ بہر حال! (اللہ تعالیٰ کا پیغام بندوں کو) صرف پہنچا دینا آپ کی ذمے داری ہے اور (کافروں سے) حساب لینا ہماری ذمے داری ہے ﴿۴۰﴾

⇐ ⑦ یعنی تورات، انجیل میں جو باتیں ان کی خواہشات کے مطابق تحریف والی ہیں قرآن ان باتوں کے خلاف بیان کرتا ہے؛ اس لیے یہ لوگ قرآن کی ان باتوں کو مانتے نہیں ہیں۔ ⑧ یعنی جس طرح پہلے زمانوں میں مختلف رسولوں کو خاص خاص زبانوں میں خاص احکام دیے۔

اِس صفحے کا حاشیہ:

① یعنی قرآن کی کوئی آیت اتارنا یا کوئی نشانی دکھانا نبی کے اختیار میں نہیں۔

② (دوسرا ترجمہ) ہر کام کا (جس کا ہونا مقدر ہے) وقت اللہ تعالیٰ کے یہاں لکھا ہوا ہے (تیسرا ترجمہ) ہر زمانے کے مناسب خاص خاص احکام ہوتے ہیں۔ (چوتھا) ہر وقت کے مناسب عمل لکھا ہوا ہے۔

③ یعنی مٹانے، باقی رکھنے کے بعد جس پر عمل ہونے کا فیصلہ ہے وہ اللہ تعالیٰ کے پاس لوح محفوظ میں ہے، اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔ (دوسرا ترجمہ) اور ام الکتاب (یعنی لوح محفوظ) اسی کے پاس ہے۔

④ اور آپ کے دنیا سے جانے کے بعد کافروں پر عذاب آوے۔

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَأْتِي الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ۭ وَاللّٰهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ ۭ وَهُوَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝ وَقَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلِلّٰهِ الْمَكْرُ جَمِيْعًا ۭ يَعْلَمُ مَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ ۭ وَسَيَعْلَمُ الْكُفّٰرُ لِمَنْ عُقْبَى الدَّارِ ۝ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَسْتَ مُرْسَلًا ۭ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۙ وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ ۝

اور کیا ان (کافر لوگوں) کو یہ حقیقت نظر نہیں آتی کہ ہم ان کی زمین (یعنی حکومت) چاروں طرف سے (مسلمانوں کی حکومت کی وسعت کے ذریعہ) گھٹا رہے ہیں؟ اللہ تعالیٰ (جو چاہے) حکم دیتے ہیں، اس (اللہ تعالیٰ) کے حکم کو کوئی پیچھے نہیں ڈال سکتا① اور وہ (اللہ تعالیٰ) بہت جلد حساب لینے والے ہیں ﴿۴۱﴾ اور ان (مکہ کے کافروں) سے پہلے جو لوگ تھے ان لوگوں نے بھی (اپنے نبی کی دعوت کے مقابلہ میں دھوکہ دینے والی) چالیں چلی تھیں، لیکن تمام چالیں تو صرف اللہ تعالیٰ ہی کی چلتی ہیں② ہر شخص جو کچھ کرتا ہے اللہ تعالیٰ کو سب معلوم ہے③ کافروں کو عنقریب پتہ چل جائے گا کہ آخرت کا (نیک) انجام (یعنی جنت) کس کے حصہ میں آتا ہے؟ ﴿۴۲﴾ اور (اے نبی!) یہ کافر کہتے ہیں کہ: تم رسول نہیں ہو، تم (ان کافروں سے) کہو کہ: میرے اور تمھارے درمیان (میری نبوت پر) گواہی دینے کے لیے اللہ تعالیٰ اور جن (مخلصین اہلِ کتاب) کے پاس آسمانی کتاب کا علم ہے وہ کافی ہیں④ ﴿۴۳﴾

---

① یعنی اللہ کے حکم کو کوئی توڑ نہیں سکتا۔
② (دوسرا ترجمہ) لیکن سب تدبیریں اللہ ہی کے ہاتھ میں ہیں۔
③ (دوسرا ترجمہ) ہر شخص جو کچھ کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے کیے ہوئے کام کو جانتے ہیں۔
④ یعنی تمھارے انکار کرنے سے کچھ نہیں ہوتا۔

سورة ابراهيم

(المکیة)

آیاتها: ۵۲۔

رکوعاتها: ۷۔

سورۃ ابراہیم

یہ سورت مکی ہے۔ اس میں باون (۵۲) یا پچپن (۵۵) آیتیں ہیں، سورۃ شوریٰ یا سورۃ نوح کے بعد اور سورۃ انبیاء سے پہلے ستر (۷۰) یا بہتر (۷۲) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں کعبۃ اللہ، حج اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ذکرِ خیر ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۙ اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۗ وَوَيْلٌ لِّلْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ شَدِيْدِ ۙ الَّذِيْنَ يَسْتَحِبُّوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۗ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ بَعِيْدٍ ۝ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ ۗ

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

الر① (قرآن) ایک کتاب ہے جو ہم نے (اپنی طرف سے) تم پر نازل کی ہے؛ تاکہ تم لوگوں کو ان کے رب کے حکم② سے (گمراہی کی) اندھیریوں سے نکال کر (ہدایت کی) روشنی کی طرف لاؤ (یعنی اللہ تعالیٰ کی) ایسی ذات کے راستے پر لاؤ جو (اللہ تعالیٰ) زبردست، خوبیوں والے ہیں ﴿۱﴾ آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے وہ سب اسی اللہ تعالیٰ کی مالکی میں ہے اور کافروں کے لیے بربادی ہے، اس لیے کہ ان کے لیے (جہنم کا) سخت عذاب ہے ﴿۲﴾ جو (کافر) لوگ آخرت کے مقابلے میں دنیا کی زندگی کو پسند کرتے ہیں اور (دوسرے انسانوں کو) اللہ تعالیٰ کے راستے (یعنی اسلام پر آنے) سے روکتے ہیں اور اس (اللہ تعالیٰ کے دین) میں (کوئی) ٹیڑھی بات③ (یعنی عیب) تلاش کرنے (کی کوشش) میں لگے رہتے ہیں، ایسے لوگ (حق کا راستہ بھول کر کے) گمراہی میں دور جا کر پڑے ہیں④ ﴿۳﴾ اور ہر رسول کو ہم نے ان کی قوم کی زبان میں ہی (رسول بنا کر) بھیجا؛ تاکہ وہ (نبی) اپنی قوم کے سامنے (اللہ تعالیٰ کے دین کو اچھے طریقے سے) سمجھا دے،

① یہ حروفِ مقطعات میں سے ہے۔ ② حکم سے مراد اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق اور ہدایت کی برکت ہے۔

③: (الف) عوج سے مراد ہر انسان جس چیز کو ٹیڑھی سمجھتا ہے وہ چیز (ب) اسلام میں اشکالات تلاش کرنا۔ (ج) باطل نظریات کی تائید قرآن وحدیث سے تلاش کرنا (د) قرآن وحدیث کے معنی میں اپنی خواہش کے مطابق ہیرا پھیری کر کے اپنے باطل خیال پر دلیل نکالنے کی کوشش کرنا۔

④ یعنی گمراہی میں بہت آگے بڑھ گئے ہیں، بہت دور تک چلے گئے ہیں۔

فَيُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ④ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَاۤ اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ وَذَكِّرْهُمْ بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ⑤ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ اَنْجٰىكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ وَيُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ؕ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ⑥

وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ ⑦

سو اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں (اس کو) گمراہ کرتے ہیں اور جس کو چاہتے ہیں (اس کو) ہدایت دیتے ہیں اور وہ (اللہ تعالیٰ) بڑے زبردست، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۴﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ: ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو اپنی نشانی دے کر بھیجا: (مقصد یہ تھا) کہ اپنی قوم کو (گمراہی کی) اندھیریوں سے نکال کر (ہدایت کی) روشنی کی طرف لے آؤ اور خاص واقعات اللہ تعالیٰ نے جن دنوں میں دکھائے① وہ اپنی قوم کو یاد دلا کر نصیحت کرو، حقیقت یہ ہے کہ ان واقعات میں (سے ہر ایک) زیادہ صبر، زیادہ شکر کرنے والے کے لیے② (نصیحت حاصل کرنے کی) بڑی نشانیاں ہیں ﴿۵﴾ اور وہ وقت بھی یاد کرو جب موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم سے کہا کہ: تم اللہ تعالیٰ کے جو احسان تم پر ہیں ان کو یاد کرو، جب اس (اللہ تعالیٰ) نے تم کو فرعون کے لوگوں سے نجات دی جو تم کو سخت تکلیفیں پہنچاتے تھے اور تمھارے بیٹوں کو ذبح کرتے تھے اور تمھاری عورتوں③ کو زندہ (باقی) رکھتے تھے، اور ان حالات (یعنی مصیبت اور نجات) میں تمھارے رب کی طرف سے بڑا امتحان ہے ﴿۶﴾

اور (وہ وقت یاد کرو) جب تمھارے رب نے (تم کو) خبر دی کہ اگر تم واقعی (میرا) شکر کرو گے تو میں تم کو زیادہ (نعمت) دوں گا اور اگر تم نے (میری نعمت پر) ناشکری کی تو اچھی طرح سمجھ لینا کہ میرا عذاب بہت سخت ہے ﴿۷﴾

---

① یعنی جس دن میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی خاص نعمت ملی ہو یا کوئی بڑا عذاب آیا ہو۔

② یعنی جن لوگوں نے صبر اور شکر کی عادت بنالی ہو۔ ③ یعنی لڑکیوں کو جو بڑی ہو کر عورت بنے گی۔

وَقَالَ مُوسٰٓى اِنْ تَكْفُرُوْٓا اَنْتُمْ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ڟ وَالَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ڟ لَا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا اللّٰهُ ۭ جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرَدُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ فِيْٓ اَفْوَاهِهِمْ وَقَالُوْٓا اِنَّا كَفَرْنَا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ وَاِنَّا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَنَآ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ۝ قَالَتْ رُسُلُهُمْ اَفِي اللّٰهِ شَكٌّ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ يَدْعُوْكُمْ لِيَغْفِرَ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُؤَخِّرَكُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ

اور موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: (اے میری قوم!) اگر تم اور (دنیا بھر کی) زمین کے تمام لوگ (اللہ تعالیٰ کی) نافرمانی کریں تو (اللہ تعالیٰ کا کیا نقصان؟) یقیناً اللہ تعالیٰ کو کسی کی پروا نہیں ہے، ساری تعریف اس (اللہ تعالیٰ) کے لیے ہے ﴿۸﴾ (اے مکہ والو!)① تم کو تم سے پہلے جو نوح اور عاد اور ثمود کی قومیں تھیں اور وہ قومیں جو ان کے بعد (دنیا میں) آئیں کیا ان کے حالات کی خبر نہیں ہوئی②؟ ان (قوموں) کے (پورے) حالات اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا، ان کے پیغمبر (اپنی نبوت کی سچائی کی) کھلی دلیلیں لے کر اپنی قوموں کے پاس آئے تو لوگوں نے ان (نبیوں) کے منہ پر اپنے ہاتھ رکھ دیے③ اور قوم کے لوگوں نے (نبی سے) کہا کہ: جو دین (اسلام) دے کر تم کو بھیجا گیا ہے ہم اس کو نہیں مانتے اور جس دین کی طرف تم ہم کو دعوت دیتے ہو، اس کی سچائی کے بارے میں ہم کو تو بہت بھاری شک ہے ﴿۹﴾ (جواب میں) ان کے رسولوں نے (ان سے) کہا: کیا (تم کو) اللہ تعالیٰ (کے وجود اور توحید) کے بارے میں شک ہے؟ جو (اللہ) آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے ہیں، وہ (اللہ) تم کو (اپنی عبادت کی طرف) بلاتے ہیں؛ تاکہ (ایمان کی برکت سے) تمہارے خاطر تمہارے (کچھ) گناہ معاف کر دیویں اور تم کو (تمہاری زندگی کی) ایک مقررہ مدت تک ڈھیل دیویں④

---

① ایک دوسرا احتمال یا تو موسیٰ کا خطاب ہے ان کی قوم سے۔

② یعنی ان قوموں کی نافرمانی اور اس پر عذاب آنے کے حالات قرآن میں بتائے گئے۔

③ یعنی نبی کو حق بات بولنے ہی نہیں دی۔ دوسرا احتمال: یا نبی کی بات سے خود ایسے تعجب میں پڑ گئے کہ اپنی انگلیاں اپنے منہ میں ڈال دیں اور خود بالکل چپ ہو گئے۔

④ یعنی دنیا کی زندگی مزے سے گزرے۔

قَالُوْۤا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ؕ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَصُدُّوْنَا عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا فَاْتُوْنَا بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ۝۱۰ قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ اِنْ نَّحْنُ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَمُنُّ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَمَا كَانَ لَنَاۤ اَنْ نَّاْتِيَكُمْ بِسُلْطٰنٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ۝۱۱ وَمَا لَنَاۤ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا ؕ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَاۤ اٰذَيْتُمُوْنَا ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ۝۱۲

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُمْ مِّنْ اَرْضِنَاۤ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ؕ فَاَوْحٰۤى اِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ الظّٰلِمِيْنَ۝۱۳

قوم نے (رسول کی دعوت کے جواب میں) کہا: تم تو حقیقت میں ہمارے جیسے ہی انسان ہو، ہمارے باپ دادا جس چیز (یعنی بتوں) کی عبادت کرتے تھے تم ہم کو اس سے روکنا چاہتے ہو؟ سو (تمہاری دعوت سچی ہے تو کوئی) صاف معجزہ لا کر تم ہم کو دکھا دو①﴿۱۰﴾ ان کے رسولوں نے ان سے کہا: حقیقت میں ہم تمہارے جیسے ہی انسان ہیں؛ لیکن اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے جس پر بھی چاہتے ہیں (نبوت کا خصوصی) احسان کرتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر کوئی بھی معجزہ لا کر تم کو دکھانا ہمارے اختیار میں نہیں ہے، اور ایمان والوں کو اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے﴿۱۱﴾ اور ہمارے لیے کیا رکاوٹ ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ پر بھروسہ نہ کریں جب کہ اسی (اللہ) نے ہم کو ہمارے (کامیابی کے) راستے (یعنی اسلام) کی ہدایت دے دی ہے اور (دین کے خاطر) جو تکلیف تم ہم کو دیتے ہو ہم اس پر ضرور صبر کریں گے، اور جو لوگ بھروسہ رکھنا چاہیں ان کو تو اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے﴿۱۲﴾

اور کافروں نے اپنے رسولوں سے یہ (بھی) کہا کہ: ہم تم کو اپنے ملک سے ضرور نکال دیں گے یا تو ہمارے دین میں لوٹ کر آجانا پڑے گا②سو ان (رسولوں) کے رب نے ان کی طرف وحی بھیجی کہ ہم ضرور ظالموں کو ہلاک کر دیں گے﴿۱۳﴾

① یعنی ایسا معجزہ جس کو دیکھ کر ایمان لانے پر مجبور ہو ہی جائے۔

② (دوسرا ترجمہ) یا (اگر یہاں ہمارے ملک میں رہنا ہو) تو ہمارے دین میں لوٹ کر کے پھر آجاؤ۔

وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ الْأَرْضَ مِنْ بَعْدِهِمْ ۚ ذَٰلِكَ لِمَنْ خَافَ مَقَامِي وَخَافَ وَعِيدِ ﴿١٤﴾ وَاسْتَفْتَحُوا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيدٍ ﴿١٥﴾ مِنْ وَرَائِهِ جَهَنَّمُ وَيُسْقَىٰ مِنْ مَاءٍ صَدِيدٍ ﴿١٦﴾ يَتَجَرَّعُهُ وَلَا يَكَادُ يُسِيغُهُ وَيَأْتِيهِ الْمَوْتُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَمَا هُوَ بِمَيِّتٍ ۖ وَمِنْ وَرَائِهِ عَذَابٌ غَلِيظٌ ﴿١٧﴾ مَثَلُ الَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ ۖ أَعْمَالُهُمْ كَرَمَادٍ اشْتَدَّتْ بِهِ الرِّيحُ فِي يَوْمٍ عَاصِفٍ ۖ لَا يَقْدِرُونَ مِمَّا كَسَبُوا عَلَىٰ شَيْءٍ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الضَّلَالُ الْبَعِيدُ ﴿١٨﴾

اور ضرور ان (ظالموں کی ہلاکت) کے بعد ہم تم کو (اس) زمین میں آباد کر دیں گے ① یہ وعدہ ہے اس کے لیے کہ جو آدمی بھی میرے سامنے (قیامت میں حساب دینے کے لیے) کھڑے رہنے کا خوف رکھتا ہو اور میرے عذاب کے وعدے سے ڈرتا ہو ② ﴿۱۴﴾ اور ان (نبیوں یا کافروں) نے خود فیصلہ مانگا اور ہر سرکش، ضدی ہلاک ہو گیا ③ ﴿۱۵﴾ اس (دنیوی ہلاکت) کے بعد جہنم (کا عذاب آنے والا) ہے اور (جہنم میں) اسے پیپ کا پانی پلایا جائے گا ﴿۱۶﴾ (پیاس کی تکلیف سے) وہ اس کو گھونٹ گھونٹ پیئے گا اور ایسا لگتا ہے کہ (سخت گرم ہونے کی وجہ سے) وہ آسانی سے گلے کے نیچے اتار نہیں سکے گا اور ہر طرف سے اس کو موت آتی ہوئی معلوم ہوگی ④ اور وہ مرے گا نہیں (بلکہ تکلیف سے سسکتا رہے گا) اور اس کے آگے (ہمیشہ دوسرے) بھی سخت عذاب ہے ﴿۱۷﴾ جن لوگوں نے اپنے رب کے ساتھ کفر کیا ان کی حالت ایسی ہوگی کہ ان کے اعمال اس راکھ جیسے ہوں گے جس کو آندھی کے دن میں ہوا تیزی سے اڑا کر لے جاوے، جو (نیک) عمل (دنیا میں) انھوں نے کیے ان میں سے (قیامت کے دن) کچھ بھی ان کے ہاتھ میں نہیں آئے گا ⑤ اسی گمراہی میں دور جا کر پڑنا ہے ⑥ ﴿۱۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) آباد رکھیں گے۔ ② یعنی اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والے (مسلمانوں) کو دنیا میں بھی آباد کیا جاوے گا اور آخرت میں عذاب سے نجات ہوگی۔ ③ ہر سرکش نبی کا دشمن ہلاک ہو گیا۔ ④ موت کے اسباب مراد ہے۔

⑤ انسان کو نیک اعمال کی سب سے زیادہ ضرورت قیامت کے میدان میں ہوگی، وہاں ایمان کے ساتھ جو اعمال دنیا میں کیے تھے اسی پر اجر وثواب ملےگا۔ بہت سارے کافر دنیا میں اچھے اخلاق سے پیش آتے ہیں، صدقہ اور خیرات بھی کرتے ہیں لیکن ایمان نہ ہونے کی وجہ سے یہ تمام اعمال قیامت کے دن ہوا میں اڑ کر بے کار ہو جائیں گے جیسے آندھی چلتی ہے تو راکھ کے چھوٹے بڑے ذرات بھی اڑ جاتے ہیں، اسی طرح کافروں کے چھوٹے بڑے ہر قسم کے اعمال قیامت کے دن کچھ کام نہیں آئیں گے۔ ⑥ یہی گھٹیا درجے کی گمراہی ہے۔

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ إِنْ يَشَأْ يُذْهِبْكُمْ وَيَأْتِ بِخَلْقٍ جَدِيدٍ ﴿١٩﴾ وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللَّهِ بِعَزِيزٍ ﴿٢٠﴾ وَبَرَزُوا لِلَّهِ جَمِيعًا فَقَالَ الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوٓا إِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ أَنْتُمْ مُغْنُونَ عَنَّا مِنْ عَذَابِ اللَّهِ مِنْ شَيْءٍ ۚ قَالُوا لَوْ هَدٰىنَا اللَّهُ لَهَدَيْنٰكُمْ ۖ سَوَآءٌ عَلَيْنَآ أَجَزِعْنَآ أَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِنْ مَحِيصٍ ﴿٢١﴾

کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کو جیسا بنانا چاہیے ویسا ہی بنایا①؟ اگر وہ (اللہ تعالیٰ) چاہیں تو تم سب کو ختم کر دیویں اور (دوسری) نئی مخلوق کو پیدا کر کے لے آدیں②﴿۱۹﴾ اور یہ (نئی مخلوق کو بنانا) اللہ تعالیٰ کے لیے کوئی مشکل نہیں ہے③﴿۲۰﴾ اور یہ سب لوگ (قیامت کے دن) اللہ تعالیٰ کے سامنے (حساب کے لیے) کھڑے ہوں گے تو (عذاب کا فیصلہ ہونے پر) جو لوگ (دنیا میں) کمزور تھے، وہ (دنیا میں) خود کو بڑا بتانے والوں سے کہیں گے④ کہ: (دنیا میں) ہم تمھارے پیچھے چلتے تھے⑤ تو (آج ہم پر) اللہ تعالیٰ کا جو عذاب آیا ہے کیا اس میں سے تھوڑا عذاب تم ہم سے ہٹاؤ گے؟ وہ کہیں گے⑥: اگر اللہ تعالیٰ (دنیا میں) ہم کو ہدایت دیتے تو ہم ضرور تم کو ہدایت پر لاتے⑦ (اس وقت تو) ہم چیخیں چلائیں یا ہم عذاب پر صبر کریں⑧ یہ دونوں ہمارے لیے برابر ہے، ہمارے لیے عذاب سے چھٹکارے کا کوئی راستہ نہیں ہے⑨﴿۲۱﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) (یعنی فائدوں اور مصلحتوں پر مشتمل) ایک صحیح مقصد کے لیے بنایا (یعنی یہ سب انسان کی خدمت کریں اور انسان اللہ تعالیٰ کی عبادت کرے) (تیسرا ترجمہ) بالکل ٹھیک بنایا۔
② جب اللہ کے لیے نئی مخلوق پیدا کرنا آسان ہے تو تم کو آخرت میں دوبارہ پیدا کرنا کیسے مشکل ہوگا۔
③ یعنی پرانی مخلوق تم کو قیامت کے دن دوسری مرتبہ بنانا بھی ذرا مشکل نہیں۔④ (دوسرا ترجمہ) بڑائی مارنے والوں سے کہیں گے (یعنی خود بن بیٹھے لیڈروں سے)۔⑤ یعنی تمھارے کہنے کے مطابق کام کرتے تھے۔
⑥ یعنی بڑے لیڈر جواب میں عذاب سے بچانے کے بجائے عذاب کی وجہ بتاتے ہوئے یہ بات کہیں گے، اس کو بات کا رخ پھیرنا کہا جاتا ہے اور اصل مسائل سے دوسری طرف بات لے جانے میں یہ لیڈر بڑے ماہر ہوتے ہیں۔
⑦ لیکن ہم خود گمراہ تھے تو تم کو کیسے ہدایت پر لاتے۔ (دوسرا ترجمہ) جواب میں بڑے لیڈر لوگ کہیں گے کہ: اگر اللہ تعالیٰ عذاب سے چھوٹنے کا کوئی راستہ ہم کو بتلائیں گے تو ہم تم کو بھی راستہ بتلائیں گے۔
⑧ یعنی عذاب پر شور مچائیں یا شور نہ کریں۔⑨ (دوسرا ترجمہ) بچنے کی کوئی صورت نہیں ہے۔

وَقَالَ الشَّيْطٰنُ لَمَّا قُضِيَ الْاَمْرُ اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدْتُّكُمْ فَاَخْلَفْتُكُمْ ؕ وَمَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّاۤ اَنْ دَعَوْتُكُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِيْ ۚ فَلَا تَلُوْمُوْنِيْ وَلُوْمُوْۤا اَنْفُسَكُمْ ؕ مَاۤ اَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَاۤ اَنْتُمْ بِمُصْرِخِيَّ ؕ اِنِّيْ كَفَرْتُ بِمَاۤ اَشْرَكْتُمُوْنِ مِنْ قَبْلُ ؕ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۲﴾ وَاُدْخِلَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ؕ تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ﴿۲۳﴾

اور جب (قیامت کے دن) سب باتوں کا فیصلہ ہو جائے گا تب شیطان بولے گا: حقیقت میں اللہ تعالیٰ نے تم سے سچا وعدہ کیا اور میں نے بھی تم سے وعدہ کیا، سو میں نے وعدہ میں تم سے جھوٹ بولا تھا① اور میری (دنیا میں) تم پر کوئی حکومت (یعنی زبردستی) نہیں چلتی تھی، بس اتنی بات تھی کہ میں نے تم کو (اللہ کی نافرمانی کی) دعوت دی تھی، سو تم نے میری بات مان لی تھی② سو تم مجھے (عذاب کے فیصلہ پر کسی قسم کی ملامت نہ کرو③؛ بلکہ تم خود اپنے اوپر ملامت کرو④ میں تمھاری (عذاب کی مصیبت کی فریاد پر آج مدد نہیں کر سکتا اور تم میری مدد نہیں کر سکتے، تم نے اس (آخرت) سے پہلے (دنیا میں) مجھے (اللہ تعالیٰ کا) شریک مان لیا تھا⑤ (آج قیامت کے میدان میں سب کے سامنے) میں اس کا انکار کرتا ہوں⑥ یقینی بات ہے جن لوگوں نے (مجھے اللہ تعالیٰ کا شریک مان کر) ظلم کیا تھا ان کے لیے دردناک عذاب ہے ﴿۲۲﴾ اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کیے (آخرت میں) وہ ایسے باغات میں داخل کیے جائیں گے جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی، ان کے رب کے حکم سے وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے، وہ اس میں ایک دوسرے کی ملاقات (یعنی استقبال) سلام سے کریں گے⑦ ﴿۲۳﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) میں نے تم سے جو وعدہ کیا تھا اس سے خلاف کیا۔ ② (دوسرا ترجمہ) تم نے میری دعوت قبول کرلی تھی۔

③ (دوسرا) میرے پر کوئی الزام مت لگاؤ۔ ④ (دوسرا) تم خود اپنی ذات پر الزام لگاؤ (کہ تم نے اپنی مرضی سے کفر اپنایا تھا)۔

⑤: [۱] بہت سے لوگ خود شیطان کی بندگی کرتے تھے۔ [۲] شیطانی باتوں کو خدا کے احکام کی طرح مانتے تھے۔
[۳] لوگوں نے دنیا میں شیطان کو خدا کا مرتبہ دیا؛ اس لیے اس کی شرارتیں بڑھیں۔

⑥ یعنی تمھارے مجھے اللہ تعالیٰ کا شریک ماننے کو غلط مانتا ہوں۔ ⑦ یعنی دنیا کا سلام سلامتی کی دعا ہے اور جنت میں سلامتی مل گئی اس کی مبارک بادی کا سلام ہے اور یہ سلامتی ہمیشہ رہے گی اس کی خوش خبری دینا ہے۔

أَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ أَصْلُهَا ثَابِتٌ وَفَرْعُهَا فِي السَّمَاءِ ﴿٢٤﴾ تُؤْتِي أُكُلَهَا كُلَّ حِينٍ بِإِذْنِ رَبِّهَا ۗ وَيَضْرِبُ اللَّهُ الْأَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ﴿٢٥﴾ وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيثَةٍ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْأَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ﴿٢٦﴾ يُثَبِّتُ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ ۖ وَيُضِلُّ اللَّهُ الظَّالِمِينَ ۚ وَيَفْعَلُ اللَّهُ مَا يَشَاءُ ﴿٢٧﴾

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ بَدَّلُوا نِعْمَتَ اللَّهِ كُفْرًا وَأَحَلُّوا قَوْمَهُمْ دَارَ الْبَوَارِ ﴿٢٨﴾ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۖ وَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿٢٩﴾

(اے نبی!) کیا تم نے دیکھا نہیں اللہ تعالیٰ نے کلمۂ طیبہ کی کیسی مثال بیان کی ہے؟ کہ وہ (کلمۂ طیبہ) ایک پاکیزہ درخت کی طرح ہے، جس کی جڑ (زمین میں خوب مضبوط) جمی ہوئی ہے اور اس کی شاخ آسمان (کے نیچے کی کھلی فضا) میں (اونچی اٹھی ہوئی) ہے ﴿۲۴﴾ وہ (پاکیزہ درخت) اپنے رب کے حکم سے ہر وقت (موسم میں) اپنا پھل دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ (اس طرح کی) مثالیں لوگوں کے لیے بیان کرتے ہیں؛ تاکہ وہ لوگ (ان مثالوں کو سوچ کر) نصیحت حاصل کریں ﴿۲۵﴾ اور گندے (یعنی کفر کے) کلمے کی مثال ناپاک درخت کی طرح ہے، جس کو (زمین میں ذرا بھی) جماؤ نہ ہونے کی وجہ سے زمین کے اوپر اوپر سے اکھاڑ کر پھینک دیا جائے ﴿۲۶﴾ جو ایمان والے ہیں اللہ تعالیٰ ان کو مضبوط بات (یعنی کلمۂ توحید) پر دنیوی زندگی میں اور آخرت میں ثابت رکھتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ظالموں کو گمراہ کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ (اپنی حکمت سے) جو چاہتے ہیں وہ کرتے ہیں ﴿۲۷﴾

(اے نبی!) کیا تم نے ان (مکہ والوں) کو نہیں دیکھا جنھوں نے اللہ تعالیٰ کے احسان کو ناشکری سے بدل دیا؟① اور اپنی قوم کو تباہی کے گھر میں اتارا② ﴿۲۸﴾ یعنی جہنم میں جس میں وہ (کافر) لوگ جلیں گے③ اور وہ (جہنم) بہت برا ٹھکانہ ہے④ ﴿۲۹﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ کی نعمت (توحید) کو کفر سے بدل ڈالا۔ ② (دوسرا ترجمہ) پہنچایا۔ ③ (دوسرا ترجمہ) کافر لوگ داخل ہوں گے۔ ④ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی حضرت محمد ﷺ کی مخالفت پر دنیوی سزا جو ملی کہ ان کا مرکز کعبہ، مکہ اور اس کی تولیت اور سرداری ان کے ہاتھ سے چلی گئی، وہ مشاہدہ میں تھی؛ اس لیے وہ بیان نہیں ہوئی، آخرت کی سزا بیان کردی گئی۔

وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ قُلْ تَمَتَّعُوْا فَاِنَّ مَصِيْرَكُمْ اِلَى النَّارِ ﴿۳۰﴾ قُلْ لِّعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ ﴿۳۱﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ لِتَجْرِيَ فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْاَنْهٰرَ ﴿۳۲﴾ وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَيْنِ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ﴿۳۳﴾ وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ ؕ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ؕ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ ﴿۳۴﴾

اوران (کافروں) نے اللہ تعالیٰ کے لیے شریک بنائے؛ تا کہ وہ (دوسروں کو بھی) اس (اللہ تعالیٰ) کی راہ سے گمراہ کردیویں (اے نبی!) تم (ان سے) کہو: (تھوڑے دن دنیا میں) تم مزے اڑالو، آخر میں تم کو دوزخ ہی کی طرف جانا ہے ﴿۳۰﴾ (اے نبی!) تم میرے (خاص) ایمان والے بندوں سے کہو کہ: وہ نماز کو (برابر) قائم کریں اور جو روزی ہم نے ان کو دی اس میں سے چھپا کر اور ظاہر کر کے (نیکی کے کاموں میں) خرچ کریں، اس (قیامت یا موت کے) دن کے آنے سے پہلے کہ جس (دن) میں خریدنا، بیچنا نہ ہوگا اور کسی کو (کسی کی دنیوی نسبت کی) دوستی (بھی) کام نہیں آئے گی ﴿۳۱﴾ اللہ تعالیٰ ایسے ہیں کہ جنھوں نے آسمانوں اور زمین کو بنایا اور آسمان سے پانی اتارا، پھر اس (پانی) کے ذریعہ تمھاری روزی کے لیے پھل اگائے① اور تمھارے (نفع) لیے کشتیوں کو تابع کر دیا؛ تا کہ وہ اس (اللہ تعالیٰ) کے حکم سے سمندر میں چلیں اور نہروں کو بھی تمھارے (فائدے کے) لیے خدمت میں لگا دیا② ﴿۳۲﴾ اور سورج اور چاند کو (بھی) تمھارے کام میں لگا دیا کہ وہ دونوں (ایک نظام کے مطابق) لگا تار چلتے ہی رہتے ہیں③ اور تمھارے لیے (تو) رات اور دن کو (بھی) کام میں لگا دیا ﴿۳۳﴾ اور جو چیزیں تم نے اس (اللہ تعالیٰ) سے مانگیں (اس میں جو تمھارے لیے مناسب تھیں) وہ سب چیزیں اس نے تم کو دے دیں اور اگر تم اللہ تعالیٰ کی نعمت کی گنتی کرنا چاہو تو تم اس کو احاطے (یعنی شمار) میں نہیں لاسکتے④ بیشک انسان تو بڑا ہی ظلم کرنے والا، ناشکرا ہے ﴿۳۴﴾

---

① یعنی پھلوں کی قسموں سے تمھارے لیے رزق پیدا کیا۔ ② "سَخَّرَ" کا ایک مطلب ہے کہ استعمال کو آسان کر دینا۔ ☚

وَإِذْ قَالَ إِبْرَٰهِيمُ رَبِّ ٱجْعَلْ هَٰذَا ٱلْبَلَدَ ءَامِنًا وَٱجْنُبْنِى وَبَنِىَّ أَن نَّعْبُدَ ٱلْأَصْنَامَ ۝ رَبِّ إِنَّهُنَّ أَضْلَلْنَ كَثِيرًا مِّنَ ٱلنَّاسِ ۖ فَمَن تَبِعَنِى فَإِنَّهُۥ مِنِّى ۖ وَمَنْ عَصَانِى فَإِنَّكَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ رَّبَّنَآ إِنِّىٓ أَسْكَنتُ مِن ذُرِّيَّتِى بِوَادٍ غَيْرِ ذِى زَرْعٍ عِندَ بَيْتِكَ ٱلْمُحَرَّمِ رَبَّنَا لِيُقِيمُوا۟ ٱلصَّلَوٰةَ فَٱجْعَلْ أَفْـِٔدَةً مِّنَ ٱلنَّاسِ تَهْوِىٓ إِلَيْهِمْ وَٱرْزُقْهُم مِّنَ ٱلثَّمَرَٰتِ لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُونَ ۝

اور (وہ وقت بھی یاد کرو) جب ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا: اے میرے رب! آپ اس شہر (مکہ) کو امن والا بنا دیجیے اور مجھ کو اور میری اولاد کو بتوں کی عبادت سے بچا کر رکھیے ﴿۳۵﴾ اے میرے رب! یقیناً ان بتوں نے تو بہت سارے لوگوں کو گمراہ کر کے رکھ دیا ہے، سو جو آدمی میرے (توحید کے) راستے پر چلے یقیناً وہ میرا ہے ① اور جس آدمی نے میرا کہنا نہیں مانا ② تو یقیناً آپ ہی تو بہت بڑے معاف کرنے والے اور بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں ③ ﴿۳۶﴾ اے ہمارے رب! میں نے اپنی بعض (یعنی ایک) اولاد کو آپ کے محترم گھر (کعبہ) کے پاس ایک ایسی وادی (یعنی میدان) میں — جہاں کسی قسم کی کوئی کھیتی نہیں ہے — لا کر بسایا ہے ④ (یہ بسانے کا کام اس لیے کیا) اے ہمارے رب! تاکہ یہ نماز قائم کریں، لہٰذا بعض لوگوں کے دلوں میں ⑤ ان کی طرف کشش پیدا کر دیجیے ⑥ اور ان کو پھلوں کا رزق عطا فرمائیے ⑦ تاکہ وہ لوگ شکر کرنے والے بن جائیں ﴿۳۷﴾

⬅ ③ یعنی انسان کے فائدے کے لیے چلتے رہنا ان کی عادت بنا دی گئی ہے۔ ④ تم نعمت کی گنتی پوری نہیں کر سکو گے (اور تھک کر بیٹھ جاؤ گے)۔

① یعنی ابراہیم علیہ السلام کی توحید والی جماعت میں شامل ہے۔ ② اس کا معاملہ آپ پر چھوڑتا ہوں کہ ہدایت دے کر آپ اس کو معاف کر دیں اس لیے کہ۔ ③ اس دعا میں ایمان والوں کے لیے سفارش بھی ہے۔ ④ (دوسرا) آباد کیا ہے۔ آیت میں ذی زرع سے مراد: اس وقت کا زمانہ ہے جس وقت ابراہیم اپنی ذریت کو لے کر وہاں تشریف لائے، اس وقت اس مقام پر یہی حال تھا، آج وہاں باغات، درخت سب چیزیں موجود ہیں جو کہ آیت کے منافی نہیں۔ ⑤ بعض لوگوں کے دل ان کی طرف مائل کر دیجیے کہ دوسرے لوگ بھی وہاں آ کر رہیں، مکہ اس وقت چھوٹا میدان تھا۔ اور افئدۃ نکرہ ہے جو تقلیل بتاتا ہے ⑥ اگر ابراہیم علیہ السلام دعا میں "بعض" کی قید نہ لگاتے تو ساری دنیا آ کر مکہ میں آباد ہو جاتی اور مکہ کیسا وسیع ہو جاتا اس کا تصور بھی نہیں ہو سکتا۔ ⑦ یہ دعا بتلاتی ہے کہ اولاد کے لیے معاشی ضروریات و راحت کا انتظام حسب طاقت باپ کے ذمے ہے۔

رَبَّنَآ اِنَّكَ تَعۡلَمُ مَا نُخۡفِيۡ وَمَا نُعۡلِنُ ؕ وَمَا يَخۡفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنۡ شَىۡءٍ فِى الۡاَرۡضِ وَلَا فِى السَّمَآءِ ۞ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِىۡ وَهَبَ لِىۡ عَلَى الۡكِبَرِ اِسۡمٰعِيۡلَ وَاِسۡحٰقَ ؕ اِنَّ رَبِّىۡ لَسَمِيۡعُ الدُّعَآءِ ۞ رَبِّ اجۡعَلۡنِىۡ مُقِيۡمَ الصَّلٰوةِ وَمِنۡ ذُرِّيَّتِىۡ ‌ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلۡ دُعَآءِ ۞ رَبَّنَا اغۡفِرۡ لِىۡ وَلِـوَالِدَىَّ وَلِلۡمُؤۡمِنِيۡنَ يَوۡمَ يَقُوۡمُ الۡحِسَابُ ۞

وَلَا تَحۡسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعۡمَلُ الظّٰلِمُوۡنَ ؕ اِنَّمَا يُؤَخِّرُهُمۡ لِيَوۡمٍ تَشۡخَصُ فِيۡهِ الۡاَبۡصَارُ ۞ مُهۡطِعِيۡنَ مُقۡنِعِىۡ رُءُوۡسِهِمۡ لَا يَرۡتَدُّ اِلَيۡهِمۡ طَرۡفُهُمۡ‌ ۚ وَاَفۡـئِدَتُهُمۡ هَوَآءٌ ۞

اے ہمارے رب! جو کام ہم چھپا کر کرتے ہیں اور جو کام ہم دکھا کر کرتے ہیں① اس کو آپ پوری طرح جانتے ہیں، زمین اور آسمان کی کوئی چیز اللہ تعالیٰ سے چھپی ہوئی نہیں ہے ﴿۳۸﴾ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جس نے مجھے بڑھاپے میں اسماعیل اور اسحاق (جیسے دو بیٹے) عطا کیے، یقیناً میرے رب تو بڑے ہی دعاؤں کو سننے والے ہیں ﴿۳۹﴾ اے میرے رب! مجھ کو بھی اور میری اولاد میں سے بھی ایسے لوگ پیدا فرما دیجیے جو نماز کو قائم کرنے والے ہوں② اے ہمارے رب! اور آپ میری (یہ) دعا قبول کر لیجیے ﴿۴۰﴾ اے ہمارے رب! میری اور میرے والدین کی اور ایمان والوں کی حساب قائم ہونے (یعنی قیامت) کے دن آپ مغفرت فرما دیجیے③ ﴿۴۱﴾

تم (اے نبی!) یہ ظالم لوگ جو کچھ (نافرمانی) کر رہے ہیں اس سے اللہ تعالیٰ کو ہرگز بے خبر مت سمجھنا④ اس (اللہ تعالیٰ) نے تو ان کو (قیامت کے) اس دن تک مہلت دے رکھی ہے جس میں (قیامت کے بھیانک مناظر کی وجہ سے) آنکھیں کھلی رہ جائیں گی ﴿۴۲﴾ وہ (قیامت کے دن) اپنے سروں کو اوپر اٹھائے ہوئے دوڑ رہے ہوں گے، ذرا (دیر کے لیے) پلک بھی نہیں جھپکے گی⑤ اور ان کے دل (ہوش اڑ جانے کی وجہ سے) عقل و سمجھ سے بالکل خالی ہوں گے ﴿۴۳﴾

① (دوسرا ترجمہ) ظاہر کر کے ہم کرتے ہیں۔ ② نبی اپنے لیے اور اپنی اولاد کے لیے اس دعا کا اہتمام کرے تو ہم کو تو بدرجۂ اولیٰ اہتمام کرنا چاہیے۔ ③ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی یہ دعا ایمان کی توفیق کی دعا ہے جو مغفرت کا ذریعہ بن جائے۔ ④ غفلت کا مطلب ہے کاموں کی حقیقت سے واقف نہ ہو سکنا، دھیان نہ رہنا؛ یہ چیز اللہ تعالیٰ کے بارے میں تو ہو نہیں سکتی؛ اس لیے مراد یہ ہے کہ: اللہ تعالیٰ ظالموں کو سزا نہیں دیں ایسا نہیں ہوگا، سزا ضرور دیں گے۔

وَاَنۡذِرِ النَّاسَ يَوۡمَ يَاۡتِيۡهِمُ الۡعَذَابُ فَيَقُوۡلُ الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا رَبَّنَاۤ اَخِّرۡنَاۤ اِلٰۤى اَجَلٍ قَرِيۡبٍۙ نُّجِبۡ دَعۡوَتَكَ وَنَـتَّبِعِ الرُّسُلَ‌ؕ اَوَلَمۡ تَكُوۡنُوۡۤا اَقۡسَمۡتُمۡ مِّنۡ قَبۡلُ مَا لَـكُمۡ مِّنۡ زَوَالٍۙ‏ ﴿۴۴﴾ وَّسَكَنۡتُمۡ فِىۡ مَسٰكِنِ الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡۤا اَنۡفُسَهُمۡ وَتَبَيَّنَ لَـكُمۡ كَيۡفَ فَعَلۡنَا بِهِمۡ وَضَرَبۡنَا لَـكُمُ الۡاَمۡثَالَ‏ ﴿۴۵﴾ وَقَدۡ مَكَرُوۡا مَكۡرَهُمۡ وَعِنۡدَ اللّٰهِ مَكۡرُهُمۡ ؕ وَاِنۡ كَانَ مَكۡرُهُمۡ لِتَزُوۡلَ مِنۡهُ الۡجِبَالُ‏ ﴿۴۶﴾

اور (اے نبی!) آپ لوگوں کو اس دن سے ڈرائیے جس میں لوگوں پر عذاب آپڑے گا① تب ظالم لوگ کہیں گے: اے ہمارے رب! ہم کو تھوڑی سی مدت کے لیے اور مہلت دیجیے (اب تو) ہم آپ کی دعوت قبول کرلیں گے اور رسولوں کی بات پر عمل کرلیں گے (اسی وقت ان کی درخواست کے جواب میں کہا جائے گا) ارے! تم لوگوں نے اس سے پہلے قسم کھا کھا کر یہ نہیں کہا تھا کہ تم سے کوئی دنیا نہیں چھڑا سکتا؟② (۴۴) اور جن (پہلی امتوں کے) لوگوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا تھا③ تم انہی کی تو بستیوں میں آباد تھے اور یہ بات بھی تمھارے سامنے کھل کر آگئی کہ ہم نے ان ظالموں کے ساتھ کیسا سلوک کیا اور ہم نے (ان کے) قصے بھی (بطورِ مثال) تو تم کو بتادیے④ (۴۵) اور وہ (پہلی امت کے یا مکہ کے ظالم لوگ اپنے زمانے میں حق کے خلاف) اپنی بڑی بڑی چالیں چل چکے ہیں اور ان کی ساری چالوں کا توڑ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے، اگرچہ ان کی چالیں ایسی تھیں کہ اس کی وجہ سے پہاڑ اپنی جگہ سے ہٹ جاوے⑤ (۴۶)

⇒ ⑥ (دوسرا ترجمہ) ان کی آنکھیں خود ان کی طرف جھپکنے کے لیے واپس نہیں آئیں گی۔

① قیامت کے دن سے اور آخرت کے عذاب سے ڈراؤ۔ دنیوی عذاب اور دنیا میں عذاب سے ہلاک ہونے کے دن سے ڈراؤ۔ موت کے وقت کی سکرات سے ڈراؤ۔

② (دوسرا ترجمہ) تمھاری شان وشوکت پر کوئی زوال نہیں آسکتا (تیسرا ترجمہ) تم کو دنیا چھوڑ کر کہیں جانا ہی نہیں ہے (یعنی قیامت کا انکار کرتے رہے۔ ③ یعنی کفر اپنایا تھا۔ ④ کہ تم نافرمانی کروگے تو تم پر ان جیسا عذاب آوے گا۔

⑤ بعض مفسرین نے ''اِنْ'' کو نافیہ مانا ہے تب مطلب ہوگا کہ: ان مکہ کے ظالموں کی سازش کی وجہ سے جبلِ استقامت یعنی محمد ﷺ اپنی دعوت کو چھوڑنے والے نہیں ہیں۔

فَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ مُخْلِفَ وَعْدِهٖ رُسُلَهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ؕ﴿۴۷﴾ یَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَیْرَ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿۴۸﴾ وَتَرَى الْمُجْرِمِیْنَ یَوْمَئِذٍ مُّقَرَّنِیْنَ فِی الْاَصْفَادِ ۚ﴿۴۹﴾ سَرَابِیْلُهُمْ مِّنْ قَطِرَانٍ وَّتَغْشٰى وُجُوْهَهُمُ النَّارُ ۙ﴿۵۰﴾ لِیَجْزِیَ اللّٰهُ كُلَّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِیْعُ الْحِسَابِ ﴿۵۱﴾ هٰذَا بَلٰغٌ لِّلنَّاسِ وَلِیُنْذَرُوْا بِهٖ وَلِیَعْلَمُوْۤا اَنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّلِیَذَّكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۵۲﴾

سو (اے سامع!) اللہ تعالیٰ کے بارے میں کبھی بھی یہ خیال (اپنے دل میں) مت لانا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولوں سے جو (نافرمانوں پر عذاب کا) وعدہ کیا ہے وہ (اللہ تعالیٰ) اس کے خلاف کریں گے، یقیناً اللہ تعالیٰ ہی تو بڑے زبردست، بدلہ لینے والے ہیں ﴿۴۷﴾ جس (قیامت کے) دن یہ زمین دوسری زمین سے بدل دی جائے گی اور آسمان بھی (بدل دیے جائیں گے) اور سب لوگ اکیلے قہار (یعنی زبردست) اللہ تعالیٰ کے سامنے نکل کھڑے ہوں گے① ﴿۴۸﴾ اور اس دن تو مجرموں کو آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ زنجیروں میں جکڑا ہوا دیکھے گا ﴿۴۹﴾ ان (مجرموں) کے کُرتے گندھک کے ہوں گے اور ان (مجرموں) کے چہروں کے اوپر آگ چھائی ہوگی② (یہ سزا اس لیے ہوگی کہ اس سزا کے ذریعہ ﴿۵۰﴾ تاکہ اللہ تعالیٰ ہر نفس کو اس کے کیے ہوئے اعمال کا بدلہ (یعنی سزا) دیویں، یقیناً اللہ تعالیٰ بہت جلدی حساب چکانے والے ہیں ﴿۵۱﴾ یہ (قرآن) تمام لوگوں کے لیے (اللہ تعالیٰ کا) ایک پیغام ہے③ اور تاکہ اس (قرآن کے پیغام) کے ذریعہ لوگوں کو چوکنا دیا جاوے اور لوگ اس بات پر یقین کرلیویں کہ وہ اللہ تعالیٰ ایک ہی معبود (حقیقی) ہے اور تاکہ عقل والے لوگ نصیحت حاصل کریں④ ﴿۵۲﴾

---

① اللہ تعالیٰ کے روبرو پیش ہوں گے۔

② (دوسرا ترجمہ) لپٹی ہوئی ہوگی۔

③ (دوسرا ترجمہ) اس (قرآن) کے ذریعہ تمام لوگوں کو (احکام) پہنچا دینا ہے۔

④ اور آخرت سے غفلت کو دور کریں۔

سورة الحجر

(المكية)

آیاتها:۹۹۔

رکوعاتها:٦۔

سورۂ حجر

یہ سورت مکی ہے، اس میں ننانوے (۹۹) آیتیں ہیں، سورۂ یوسف کے بعد اور سورۂ انعام سے پہلے چون (۵۴) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں حجر کے رہنے والوں کا عبرت ناک انجام ذکر کیا گیا ہے۔

حجر: جس مکان کا احاطہ پتھروں سے بنایا جائے اور ایسا مکان دوسروں کے لیے ممنوع ہوتا ہے۔ یہ مدینہ منورہ اور ملکِ شام کے درمیان ایک علاقہ ہے، وہاں کے لوگوں نے پہاڑوں کو تراش تراش کر مکان بنائے تھے اور یہاں کے باشندے قومِ ثمود نے یہ علاقہ اپنے لیے خاص اور دوسروں کے لیے ممنوع قرار دیا تھا۔ سن ہجری نو (۹) میں غزوۂ تبوک کے موقع پر اس علاقے سے گزر ہوا تو آپ نے اپنی سواری تیز فرمادی، سر کو ڈھانپ لیا۔ یہ امت کے لیے بہت بڑی نصیحت ہے، آج امت ایسے مُعذَّب مقامات کو تفریح گاہ بنائے ہوئے ہے، مزید تفصیل کے لیے بندہ کا سفرنامہ "دیکھی ہوئی دنیا" ملاحظہ فرمائیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

الٓرٰ تِلْكَ اٰیٰتُ الْكِتٰبِ وَقُرْاٰنٍ مُّبِیْنٍ ① رُبَمَا یَوَدُّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِیْنَ ② ذَرْهُمْ یَاْكُلُوْا وَیَتَمَتَّعُوْا وَیُلْهِهِمُ الْاَمَلُ فَسَوْفَ یَعْلَمُوْنَ ③ وَمَاۤ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْیَةٍ اِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ مَّعْلُوْمٌ ④ مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا یَسْتَاْخِرُوْنَ ⑤ وَقَالُوْا یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْ نُزِّلَ عَلَیْهِ الذِّكْرُ اِنَّكَ لَمَجْنُوْنٌ ⑥ لَوْ مَا تَاْتِیْنَا بِالْمَلٰٓىٕكَةِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ⑦ مَا نُنَزِّلُ الْمَلٰٓىٕكَةَ اِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوْۤا اِذًا مُّنْظَرِیْنَ ⑧

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

الٓرٰ یہ (اللہ تعالیٰ کی) کتاب اور روشن قرآن کی آیتیں ہیں ﴿۱﴾ بہت سارے اوقات① ایسے آویں گے کہ یہ کافر لوگ تمنا کریں گے کہ ہم مسلمان ہوتے تو کتنا اچھا ہوتا؟ ﴿۲﴾ (اے نبی! ابھی تو) ان کو (ان کی حالت پر) چھوڑ دو (دنیا میں) خوب کھالیویں اور مزے اڑالیویں اور خیالی امیدیں ان کو غفلت میں ڈالے رکھیں②؛ کیوں کہ عنقریب ان کو حقیقت معلوم ہوجائے گی ﴿۳﴾ (ہر زمانے میں ایسا ہوا کہ تباہ ہونے والی) کسی بھی بستی کو ہم نے ایک لکھے ہوئے مقررہ وقت پر ہی ہلاک کیا ﴿۴﴾ کوئی بھی امت اپنے متعین وقت سے پہلے ہلاک نہیں ہوئی اور نہ تو (متعین وقت سے) آگے جاسکتی ہے③ ﴿۵﴾ اور وہ (دین کے مخالفین نبی سے یہ) کہنے لگے: اے وہ شخص جس پر قرآن اتارا گیا! یقینی بات ہے کہ تم دیوانے ہو ﴿۶﴾ اگر تم حقیقت میں (رسالت کے دعوے میں) سچے ہو تو ہمارے پاس فرشتوں کو کیوں نہیں لے آتے؟ ﴿۷﴾ ہم فرشتوں کو حق کے لیے ہی اتارتے ہیں④ اور (ان فرشتوں کے عذاب کا فیصلہ لیکر آنے کے بعد) اس وقت مہلت بھی نہیں دی جاتی ﴿۸﴾

---

① یعنی دنیا میں اور خاص کر آخرت میں۔
② مطلب: آخرت اور موت سے بےفکری اور دنیا کے لمبے لمبے منصوبے ان کو غفلت میں ڈالے ہوئے ہیں۔
③ (دوسرا ترجمہ) پیچھے رہ سکتی ہے۔
④ آیت میں لفظ "حق" ہے، اس کی ایک مراد "عذاب کا فیصلہ" دوسری مراد "قرآن" اور تیسری مراد "رسالت" ہے۔

إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحٰفِظُونَ ۝٩ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِي شِيَعِ الْأَوَّلِينَ ۝١٠ وَمَا يَأْتِيهِمْ مِنْ رَسُولٍ إِلَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِءُونَ ۝١١ كَذٰلِكَ نَسْلُكُهُ فِي قُلُوبِ الْمُجْرِمِينَ ۝١٢ لَا يُؤْمِنُونَ بِهِ وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْأَوَّلِينَ ۝١٣ وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِنَ السَّمَاءِ فَظَلُّوا فِيهِ يَعْرُجُونَ ۝١٤ لَقَالُوا إِنَّمَا سُكِّرَتْ أَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَسْحُورُونَ ۝١٥

وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَاءِ بُرُوجًا وَزَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِينَ ۝١٦ وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَجِيمٍ ۝١٧ إِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَأَتْبَعَهُ شِهَابٌ مُبِينٌ ۝١٨

حقیقت یہ ہے کہ ہم ہی نے ذکر (یعنی قرآن) اتارا اور ہم ہی اس (قرآن) کی پوری حفاظت کریں گے ﴿۹﴾ اور تحقیقی بات یہ ہے کہ ہم نے تم سے پہلے پہلی قوموں کے مختلف گروہوں میں رسولوں کو بھیجا ﴿۱۰﴾ اور کوئی بھی رسول ان کے پاس آئے تو وہ ان کا مذاق ہی کرتے تھے ﴿۱۱﴾ اسی طرح جو لوگ جرم کرتے رہتے ہیں ہم ان کے دلوں میں یہ (مذاق اڑانا) ڈال دیتے ہیں① ﴿۱۲﴾ کہ اس (قرآن) پر یہ لوگ ایمان نہیں لاتے اور پچھلے لوگوں کا یہی طریقہ چلا آرہا ہے② ﴿۱۳﴾ اور اگر ہم ان (مجرمین) پر آسمان کا کوئی دروازہ بھی کھول دیویں تو سارا دن (یعنی دن کے وقت) اس دروازے سے (آسمان پر) چڑھتے رہیں ﴿۱۴﴾ تب بھی وہ تو یہی کہیں گے: ہم پر نظر بندی کر دی گئی؛ بلکہ ہم لوگوں پر جادو کر دیا گیا ہے ﴿۱۵﴾

اور پکی بات ہے کہ ہم نے (تمھارے لیے) آسمان (کے نیچے کی کھلی ہوئی فضا) میں بہت سارے برج (یعنی بڑے بڑے ستارے) بنائے اور ہم نے اس (آسمان) کو (ستاروں سے) دیکھنے والوں کے لیے رونق والا بنا دیا ﴿۱۶﴾ اور ہر مردود شیطان سے ہم نے اس (آسمان) کو محفوظ کر دیا ﴿۱۷﴾ مگر جو (شیطان) چوری سے (چھپ کر فرشتوں کی بات) سننے کی کوشش کرے③ تو (آگ کا) چمکتا ہوا انگارہ (یعنی شعلہ) اس (شیطان) کا پیچھا کرتا ہے ﴿۱۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) بٹھا دیتے ہیں، داخل کر دیتے ہیں۔

② یعنی نبیوں کو وہ جھٹلاتے رہے ہیں۔ ③ (دوسرا ترجمہ) سن لیوے۔

وَالْأَرْضَ مَدَدْنَاهَا وَأَلْقَيْنَا فِيهَا رَوَاسِيَ وَأَنْبَتْنَا فِيهَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَوْزُونٍ ﴿١٩﴾ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيهَا مَعَايِشَ وَمَنْ لَسْتُمْ لَهُ بِرَازِقِينَ ﴿٢٠﴾ وَإِنْ مِنْ شَيْءٍ إِلَّا عِنْدَنَا خَزَائِنُهُ وَمَا نُنَزِّلُهُ إِلَّا بِقَدَرٍ مَعْلُومٍ ﴿٢١﴾ وَأَرْسَلْنَا الرِّيَاحَ لَوَاقِحَ فَأَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَسْقَيْنَاكُمُوهُ وَمَا أَنْتُمْ لَهُ بِخَازِنِينَ ﴿٢٢﴾ وَإِنَّا لَنَحْنُ نُحْيِي وَنُمِيتُ وَنَحْنُ الْوَارِثُونَ ﴿٢٣﴾

اور ہم نے تو زمین (پیدا کر کے) پھیلا دی اور ہم نے اس (زمین) میں بھاری بوجھ (یعنی پہاڑ) رکھ دیے① اور ہم نے اس (زمین) سے ہر قسم کی (ضرورت کی) چیزیں ایک توازن سے② اگائیں ﴿۱۹﴾ اور ہم نے تمھارے لیے اس (زمین) میں روزی کے سامان پیدا کر دیے اور ان (مخلوق) کے لیے بھی (روزی کا سامان پیدا کر دیا)③ جن کو تم روزی نہیں دیتے ہو④ ﴿۲۰﴾ اور ہر چیز کے ہمارے پاس خزانے ہیں اور ہر ایک چیز ہم ایک معین مقدار سے اتارتے رہتے ہیں ﴿۲۱﴾ اور بادلوں کو پانی سے بھر دینے والی ہوائیں ہم ہی تو چلاتے ہیں⑤ سو ہم آسمان سے پانی اتارتے ہیں، پس ہم تم کو وہ (پانی) پلاتے ہیں اور تمھارے بس میں نہیں ہے کہ تم اس (پانی) کا ذخیرہ کر کے رکھو ﴿۲۲﴾ اور یقیناً ہم ہی تو زندگی عطا کرتے ہیں اور ہم ہی تو موت دیتے ہیں اور (سب کے مرنے کے بعد) ہم ہی تو باقی رہنے والے ہیں ﴿۲۳﴾

---

① یعنی اس زمین کو ہلنے سے روک کر جمانے کے لیے۔

② (دوسرا ترجمہ) ایک اندازے سے (تیسرا) ایک متعین مقدار سے۔

③ (دوسرا ترجمہ) اور ہم نے زمین میں وہ مخلوقات بھی پیدا کی ہیں جن کو تم رزق نہیں دیتے ہو۔

④ یعنی بہت سارے جانور ایسے ہیں کہ انسان ان سے فائدہ تو اٹھاتا ہے، لیکن ان کو رزق نہیں دیتا، جیسے شکار کیے ہوئے جانور، اسی طرح اس کائنات میں دو طرح کی مخلوقات ہیں: ایک وہ مخلوق ہے جن کی روزی کا انسان ظاہراً ذریعہ بنتا ہے، دوسری بہت ساری ایسی مخلوقات ہیں جن کی روزی میں انسان کو کوئی دخل نہیں ہے، اللہ تعالیٰ بلاواسطہ ان کو روزی دیتے ہیں۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) ہم ہی تو ہواؤں کو بھیجتے رہتے ہیں جو بادل کو پانی سے بھر دیتی ہیں۔

وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنْكُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَأْخِرِيْنَ ۝ وَاِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَحْشُرُهُمْ ۭ اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ۝

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ۝ وَالْجَاۗنَّ خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ ۝ وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰۗىِٕكَةِ اِنِّىْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ۝

اور ہم اچھی طرح جانتے ہیں تم میں سے آگے نکل جانے والوں کو① اور پیچھے رہنے والوں سے بھی تو ہم پوری طرح واقف ہیں②﴿۲۴﴾ اور یہ بات یقینی ہے کہ تمھارے رب ہی ان سب کو (محشر میں) جمع کر کے لائیں گے، یقینی بات یہ ہے کہ اس (اللہ تعالیٰ) کی حکمت بھی بڑی ہے اور علم بھی بڑا ہے﴿۲۵﴾

اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے انسان کو مٹی کے سڑے ہوئے (بدبودار) گارے سے پیدا کیا جو (گارا سوکھنے کے بعد) کھن کھن بجتا ہو﴿۲۶﴾ اور ہم نے جنات③ کو (انسان کی پیدائش سے) پہلے لُو کی آگ سے پیدا کیا④﴿۲۷﴾ اور (وہ وقت بھی تو ذرا یاد کرو) جب تمھارے رب نے فرشتوں سے فرمایا کہ: یقیناً میں مٹی کے سڑے ہوئے (بدبودار) گارے سے جو (سوکھنے کے بعد) کھن کھن بجتا ہو ایک انسان کو پیدا کروں گا﴿۲۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) آگے بڑھ جانے والوں کو۔

② مستقدمین سے مراد:

[۱] جواب تک پیدا ہوئے۔ [۲] امتِ محمدیہ سے پہلے کی امت۔
[۳] جو مر کے دنیا سے آگے چلے گئے۔ [۴] اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرنے والے۔
[۵] اسلام لانے میں آگے بڑھنے والے۔ [۶] ہر نیک کام میں آگے بڑھنے والے۔
[۷] جہاد اور نماز کی صف میں آگے رہنے والے۔

اور مستأخرین سے مراد:

[۱] جو اب تک پیدا نہیں ہوئے۔ [۲] خود امتِ محمدیہ۔
[۳] جو زندہ ہے اور دنیا سے مر کے جانے والوں سے پیچھے رہ گئے۔
[۴] اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرنے والے۔ [۵] اسلام لانے میں پیچھے رہنے والے۔
[۶] نیک کام میں پیچھے رہنے والے۔ [۷] جہاد اور نماز کی صف میں پیچھے رہنے والے۔

③ یعنی اول جن ابو الجن کو۔ ④ یعنی ایک آگ سے جو گرم ہوا (جیسی) تھی۔

فَإِذَا سَوَّيْتُهُ وَنَفَخْتُ فِيهِ مِن رُّوحِي فَقَعُوا لَهُ سَاجِدِينَ ۝ فَسَجَدَ الْمَلَائِكَةُ كُلُّهُمْ أَجْمَعُونَ ۝ إِلَّا إِبْلِيسَ أَبَىٰ أَن يَكُونَ مَعَ السَّاجِدِينَ ۝ قَالَ يَا إِبْلِيسُ مَا لَكَ أَلَّا تَكُونَ مَعَ السَّاجِدِينَ ۝ قَالَ لَمْ أَكُن لِّأَسْجُدَ لِبَشَرٍ خَلَقْتَهُ مِن صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَإٍ مَّسْنُونٍ ۝ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَإِنَّكَ رَجِيمٌ ۝ وَإِنَّ عَلَيْكَ اللَّعْنَةَ إِلَىٰ يَوْمِ الدِّينِ ۝ قَالَ رَبِّ فَأَنظِرْنِي إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ ۝ قَالَ فَإِنَّكَ مِنَ الْمُنظَرِينَ ۝ إِلَىٰ يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُومِ ۝

سو جب میں اس (انسان) کو پوری طرح بنا لوں اور اپنی جان اس میں پھونک دوں ① تو تم سب (فرشتے) اس (انسان) کے آگے سجدے میں گر جانا ﴿۲۹﴾ سو ابلیس کے سوا سب فرشتوں نے مل کر (آدم کے سامنے) سجدہ کیا ﴿۳۰﴾ اس (ابلیس) نے سجدہ کرنے والوں کے ساتھ شامل ہونے سے انکار کر دیا ﴿۳۱﴾ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے ابلیس! تجھ کو کیا ہوا کہ تو سجدہ کرنے والوں میں شامل نہیں ہوا؟ ② ﴿۳۲﴾ اس (ابلیس) نے جواب میں کہا کہ: میں ایسا (گراہوا) نہیں ہوں کہ ایسے بشر کو سجدہ کروں جس کو تو نے ایسے مٹی کے سڑے ہوئے گارے سے پیدا کیا جو (سوکھنے کے بعد) کھن کھن بجتا ہو ﴿۳۳﴾ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: سو تو یہاں سے ③ نکل جا؛ کیوں کہ یقینی بات ہے کہ تو مردود ہو گیا ﴿۳۴﴾ اور یقینی بات ہے کہ بدلے کے دن (یعنی قیامت) تک تجھ پر لعنت رہے گی ④ ﴿۳۵﴾ وہ (ابلیس) درخواست کرنے لگا: اے میرے رب! پھر جب لوگ مرنے کے بعد (آخرت میں) دوبارہ زندہ کیے جاویں گے اس دن تک مجھے زندہ رہنے کی مہلت دے دے ﴿۳۶﴾ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: (جا) پھر تجھے (زندہ رہنے کی) مہلت دے دی گئی ﴿۳۷﴾ اس دن تک جس کا وقت (ہم کو) معلوم ہے ⑤ ﴿۳۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اپنی طرف سے اس میں روح پھونک دوں۔

② اگر فرشتوں کے ساتھ مل کر تو سجدہ کر لیتا تو تیرے لیے کتنا اچھا ہو جاتا!۔

③ ''یہاں'' سے مراد: (۱) جنت (۲) آسمان (۳) جس عالی مقام پر وہ پہنچا ہوا تھا۔

④ پھر جہنم کے عذاب میں ڈال دیا جائے گا۔

⑤ یعنی پہلا صور پھونکے جانے تک۔

قَالَ رَبِّ بِمَاۤ اَغْوَيْتَنِىْ لَاُزَيِّنَنَّ لَهُمْ فِى الْاَرْضِ وَلَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۙ﴿۳۹﴾ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۴۰﴾ قَالَ هٰذَا صِرَاطٌ عَلَىَّ مُسْتَقِيْمٌ ﴿۴۱﴾ اِنَّ عِبَادِىْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ اِلَّا مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ﴿۴۲﴾ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۙ﴿۴۳﴾ لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ ؕ لِكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ ﴿۴۴﴾

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِىْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ؕ﴿۴۵﴾ اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ اٰمِنِيْنَ ﴿۴۶﴾

اس (ابلیس) نے کہا کہ: اے میرے رب! جیسے تو نے (اپنی رحمت سے محروم کرکے) مجھ کو گمراہ کردیا، میں بھی زمین (یعنی دنیا) میں (گناہوں کو) انسان کی نظر میں دل کش (یعنی مرغوب) بنا کر دکھاؤں گا اور ان سب کو گمراہ کرکے رہوں گا ﴿۳۹﴾ مگر ہاں! جو آپ کے بندے ان (انسانوں) میں سے چنے ہوئے ہیں① ﴿۴۰﴾ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یہ (اخلاص اور بندگی کا) وہ سیدھا راستہ ہے جو مجھ تک پہنچتا ہے ﴿۴۱﴾ واقعی جو میرے (خاص) بندے ہیں② ان پر تیرا کوئی زور نہیں چلے گا؛ مگر ہاں! جو لوگ خود تیری بات مان کر گمراہوں میں شامل ہو جائیں (اس پر تیرا زور چلے گا) ﴿۴۲﴾ اور یقینی بات یہ ہے کہ جہنم ان سب کا طے شدہ ٹھکانہ ہے ﴿۴۳﴾ اس (جہنم) کے سات دروازے ہیں③ ہر ہر دروازے (سے داخل ہونے) کے لیے (شیطان کی بات ماننے والوں میں سے) ایک ایک جماعت تقسیم کردی گئی ہے④ ﴿۴۴﴾

یقیناً تقویٰ والے لوگ (قیامت کے دن حساب کے بعد) باغات میں اور چشموں میں (آباد) ہوں گے ﴿۴۵﴾ (ان کو کہا جائے گا کہ) تم ان (جنت کے باغوں) میں سلامتی اور (دل کے) اطمینان کے ساتھ داخل ہو جاؤ ﴿۴۶﴾

---

① یعنی ان کو آپ نے میرے مکر سے سلامت رکھا ہے۔

② یعنی جو اللہ تعالیٰ کے حکم پر چلنے کا پختہ عزم رکھتے ہیں۔

③: (۱) جہنم (۲) سعیر (۳) لظی (۴) حطمہ (۵) سقر (۶) جحیم (۷) ہاویہ، یہ سات درجے مراد ہیں، یا وہ سات دروازے مراد ہیں جن میں مجرم لوگ گناہوں کے اعتبار سے داخل کیے جائیں گے۔

④ (دوسرا ترجمہ) الگ الگ حصے بنا دیے گئے ہیں۔

وَنَزَعْنَا مَا فِي صُدُورِهِمْ مِّنْ غِلٍّ إِخْوَانًا عَلَىٰ سُرُرٍ مُّتَقَابِلِينَ ۝ لَا يَمَسُّهُمْ فِيهَا نَصَبٌ
وَمَا هُم مِّنْهَا بِمُخْرَجِينَ ۝ نَبِّئْ عِبَادِي أَنِّي أَنَا الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ۝ وَأَنَّ عَذَابِي
هُوَ الْعَذَابُ الْأَلِيمُ ۝ وَنَبِّئْهُمْ عَن ضَيْفِ إِبْرَاهِيمَ ۝ إِذْ دَخَلُوا عَلَيْهِ فَقَالُوا سَلَامًا
قَالَ إِنَّا مِنكُمْ وَجِلُونَ ۝ قَالُوا لَا تَوْجَلْ إِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامٍ عَلِيمٍ ۝ قَالَ أَبَشَّرْتُمُونِي
عَلَىٰ أَن مَّسَّنِيَ الْكِبَرُ فَبِمَ تُبَشِّرُونَ ۝ قَالُوا بَشَّرْنَاكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُن مِّنَ الْقَانِطِينَ ۝

اور ان کے (آپس میں ایک دوسرے کے) دلوں میں جو (دنیا میں) ناراضگی تھی① وہ ہم نکال کر دور کر دیں گے اور وہ سب بھائی بھائی بن کر (جنت میں) آمنے سامنے اونچے تختوں پر بیٹھیں گے ﴿٤٧﴾ اس (جنت) میں ان کو ذرا بھی تکلیف نہیں پہنچے گی② اور وہ اس (جنت) سے نہیں نکالے جائیں گے ﴿٤٨﴾ (اے نبی!) میرے بندوں کو بتلا دو کہ میں بہت معاف کرنے والا ہوں، بہت زیادہ رحم کرنے والا ہوں ﴿٤٩﴾ اور (اے نبی! میرے بندوں کو) یہ بھی (بتلا دو) کہ میرا عذاب (یعنی سزا) ہی دردناک عذاب ہے ﴿٥٠﴾ اور (اے نبی!) تم ان کو ابراہیم (علیہ السلام) کے مہمانوں کا حال (قصہ) بتلا دو③ ﴿٥١﴾ جب وہ (مہمان ابراہیم علیہ السلام کے گھر میں) ان کے پاس پہنچے تو انھوں نے سلام کیا، تو ابراہیم نے کہا: ہم کو تو تم سے ڈر لگتا ہے④ ﴿٥٢﴾ تو انھوں نے (یعنی فرشتوں نے) کہا: (اے ابراہیم!) گھبراؤ نہیں، ہم تو آپ کو ایک بڑے علم والے (ہوشیار) لڑکے کی خوش خبری سناتے ہیں ﴿٥٣﴾ ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا: جب مجھے بڑھاپا آچکا ایسے وقت میں مجھے خوش خبری سناتے ہو؟ پھر کس بنیاد پر تم مجھے خوش خبری دیتے ہو؟ ﴿٥٤﴾ وہ (فرشتے) کہنے لگے: ہم (صحیح) سچی خوش خبری آپ کو سناتے ہیں؛ لہٰذا ناامید ہونے والوں میں شامل مت ہو جاؤ ﴿٥٥﴾

---

① یعنی جو کینہ، دشمنی وغیرہ تھی۔ ② (دوسرا ترجمہ) اس (جنت) میں ان کو تھکن بھی نہیں لگے گی۔

③ جب یہ آئے تو شروع شروع میں مہمان لگے بعد میں پتہ چلا کہ یہ تو فرشتے ہیں۔ ④ فرشتے اس وقت قوم لوط کے لیے اللہ کے عذاب کو ساتھ لے کر آئے تھے اور اللہ تعالیٰ کے غضب کی شان کے مظہر بن کر لوط علیہ السلام کی قوم کی طرف جاتے جاتے ابراہیم علیہ السلام کے پاس خوش خبری دینے کے لیے رُکے تھے، اس عذاب کا طبعی اثر یہ ہوا کہ خود ابراہیم علیہ السلام پر خوف کی کیفیت طاری ہو گئی جس کا انھوں نے زبان سے اظہار کرتے ہوئے کہا کہ: ہم کو تم سے ڈر لگتا ہے۔

قَالَ وَمَنْ يَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ اِلَّا الضَّآلُّوْنَ ﴿۵۶﴾ قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۵۷﴾ قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ﴿۵۸﴾ اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ۭ اِنَّا لَمُنَجُّوْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۵۹﴾ اِلَّا امْرَاَتَهٗ قَدَّرْنَآ ۙ اِنَّهَا لَمِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۶۰﴾

فَلَمَّا جَاۗءَ اٰلَ لُوْطِ ۨ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۶۱﴾ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ﴿۶۲﴾ قَالُوْا بَلْ جِئْنٰكَ بِمَا كَانُوْا فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ﴿۶۳﴾ وَاَتَيْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۶۴﴾

ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا کہ: گمراہوں کے سوا اپنے رب کی رحمت سے اور کون نا امید ہو سکتا ہے؟ ﴿۵۶﴾ ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا: اے (اللہ تعالیٰ کے) بھیجے ہوئے فرشتو! اب تمھاری کیا مہم ہے؟ ﴿۵۷﴾ انھوں نے (یعنی فرشتوں نے) جواب دیا کہ: ہم کو ایک مجرم قوم کی طرف (عذاب نازل کرنے کے لیے) بھیجا گیا ہے ﴿۵۸﴾ مگر یقینی بات ہے کہ لوط (علیہ السلام) کے سب گھر والوں کو ہم بچا لیں گے ﴿۵۹﴾ مگر ان (لوط علیہ السلام) کی بیوی کے لیے ہم نے ① یہ طے کیا ہے کہ وہ (عذاب کا نشانہ بننے کے لیے) پیچھے رہنے والوں میں شامل رہے گی ﴿۶۰﴾ سو جب (اللہ تعالیٰ کے) بھیجے ہوئے فرشتے لوط (علیہ السلام) کے گھر پہنچے ﴿۶۱﴾ لوط (علیہ السلام) نے کہا: یقینی بات ہے کہ تم لوگ اجنبی لگ رہے ہو② ﴿۶۲﴾ تو ان (آنے والے) فرشتوں نے کہا: (ہم اجنبی مہمان نہیں ہیں) بلکہ جس (عذاب) کے بارے میں وہ (آپ کی قوم کے) لوگ شک میں پڑے ہیں وہ (عذاب) ہم (فرشتے) آپ کے پاس لے کر آئے ہیں③ ﴿۶۳﴾ اور ہم آپ کے پاس (عذاب کا) اٹل فیصلہ لے کر آئے ہیں④ اور (آپ) یقین رکھیے کہ ہم (عذاب کی خبر دینے میں) تو بالکل سچے ہیں ﴿۶۴﴾

---

① فرشتے اس وقت پر اللہ تعالیٰ کے عذاب کی تقدیر کو نافذ کرنے کے لیے آئے تھے، اس لیے نیابۃً تقدیر کی نسبت انھوں نے اپنی طرف کی کہ ہم نے طے کر لیا ہے۔

② یہ آنے والے مقامی لوگ بھی نہیں تھے؛ چوں کہ دین کی دعوت کی نسبت سے مقامی لوگوں سے نبی کا تعارف ہوتا ہی ہے اور دور سے کہیں سفر کر کے آئے ہوں ایسا بھی لگتا نہیں تھا؛ چوں کہ سفر کا کوئی نشان اور اثر ان کے بدن، کپڑے اور چہرے پر نہیں تھا، یہ انوکھی بات تھی؛ اس لیے حضرت لوط علیہ السلام کو اجنبی لگے۔

③ (دوسرا ترجمہ) ان فرشتوں نے کہا: بلکہ ہم آپ کے پاس وہ عذاب لیکر کے آئے ہیں جس عذاب کے بارے میں آپ کی قوم کے لوگ شک میں پڑے ہیں۔ ④ (دوسرا ترجمہ) اور ہم آپ کے پاس (عذاب کا) یقینی فیصلہ لیکر آئے ہیں۔

فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَاتَّبِعْ اَدْبَارَهُمْ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ وَّامْضُوْا حَيْثُ تُؤْمَرُوْنَ ﴿۶۵﴾ وَقَضَيْنَآ اِلَيْهِ ذٰلِكَ الْاَمْرَ اَنَّ دَابِرَ هٰٓؤُلَآءِ مَقْطُوْعٌ مُّصْبِحِيْنَ ﴿۶۶﴾ وَجَآءَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۶۷﴾ قَالَ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ ضَيْفِيْ فَلَا تَفْضَحُوْنِ ﴿۶۸﴾ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ ﴿۶۹﴾ قَالُوْٓا اَوَلَمْ نَنْهَكَ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۰﴾ قَالَ هٰٓؤُلَآءِ بَنٰتِيْٓ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿۷۱﴾ لَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۷۲﴾

پس رات کے کسی حصے میں آپ اپنے اہل (یعنی ایمان والوں) کو لے کر (آبادی سے) نکل جائیے اور آپ خود ان کے پیچھے چلیے، تم میں سے کوئی بھی پیچھے مڑ کر نہ دیکھے اور جہاں (جانے) کا حکم دیا جا رہا ہے وہاں چلے جانا ہے①﴿۶۵﴾ اور (وحی کے ذریعہ) ہم نے لوط (علیہ السلام) تک یہ بات پہنچا دی کہ صبح ہوتے ہی اس قوم کی جڑ کاٹ دی جائے گی②﴿۶۶﴾ اور (خوب صورت اجنبی مہمان کی خبر پاتے ہی) شہر والے خوش ہوتے ہوئے (لوط علیہ السلام کے گھر) پہنچ گئے③﴿۶۷﴾ (لوط علیہ السلام نے) کہا: یہ تو میرے مہمان ہیں؛ لہٰذا (ان کے سامنے) مجھے رسوا مت کرو﴿۶۸﴾ اور تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور مجھے ذلیل مت کرو﴿۶۹﴾ وہ (قوم کے) لوگ کہنے لگے: اور دنیا بھر کے لوگوں (کو مہمان رکھنے) سے کیا ہم نے تم کو منع نہیں کر دیا تھا؟﴿۷۰﴾ لوط (علیہ السلام) نے کہا: اگر تم کو اپنی خواہش پوری کرنی ہو تو یہ میری (روحانی) بیٹیاں④ ہیں⑤﴿۷۱﴾ (اے نبی!) تمھاری عمر کی قسم⑥ یہ لوگ اپنی بدمستی (کے نشے) میں⑦ اندھے بنے ہوئے ہیں⑧﴿۷۲﴾

---

① ملکِ شام یا کوئی اور جگہ۔ ② یعنی مکمل تباہ کر دیا جائے گا۔

③ بستی والوں کو جب پتا لگ گیا کہ حضرت لوط علیہ السلام کے گھر خوب صورت نوجوان آئے ہیں جو حقیقت میں فرشتے تھے تو وہ خوشیاں مناتے ہوئے آ گئے اور بھیڑ لگا دی تب ملائکہ نے اپنا صحیح تعارف کروایا کہ ہم اللہ کے فرشتے ہیں اور یہ لوگ ہم کو ہاتھ نہیں لگا سکیں گے، آپ بالکل اطمینان سے رہیے۔ ④ یعنی تمھاری بیویاں جو تمھارے پاس تمھارے نکاح میں پہلے ہی سے موجود ہیں۔ ⑤ (دوسرا ترجمہ) یہ میری بیٹیاں موجود ہیں (ان سے نکاح کر واور ضرورت پوری کرو)۔

⑥ (دوسرا ترجمہ) تمھاری جان کی قسم!۔ حضور ﷺ کی عمر مبارک کی قسم کھانا یہ بڑی فضیلت کی بات ہے، پورے قرآن میں اس طرح کسی اور نبی کے متعلق نظر نہیں آتا۔

⑦ (دوسرا ترجمہ) گمراہی کے نشے میں۔ ⑧ (دوسرا ترجمہ) مدہوش بنے ہوئے ہیں۔

فَاَخَذَتۡهُمُ الصَّيۡحَةُ مُشۡرِقِيۡنَ ۝ فَجَعَلۡنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمۡطَرۡنَا عَلَيۡهِمۡ حِجَارَةً مِّنۡ سِجِّيۡلٍ ۝
اِنَّ فِىۡ ذٰ لِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلۡمُتَوَسِّمِيۡنَ ۝ وَاِنَّهَا لَبِسَبِيۡلٍ مُّقِيۡمٍ ۝ اِنَّ فِىۡ ذٰ لِكَ لَاٰيَةً لِّلۡمُؤۡمِنِيۡنَ ۝
وَاِنۡ كَانَ اَصۡحٰبُ الۡاَيۡكَةِ لَظٰلِمِيۡنَ ۝ فَانْتَقَمۡنَا مِنۡهُمۡ‌ۘ وَاِنَّهُمَا لَبِاِمَامٍ مُّبِيۡنٍ ۝
وَلَقَدۡ كَذَّبَ اَصۡحٰبُ الۡحِجۡرِ الۡمُرۡسَلِيۡنَ ۝ وَاٰتَيۡنٰهُمۡ اٰيٰتِنَا فَكَانُوۡا عَنۡهَا
مُعۡرِضِيۡنَ ۝ وَكَانُوۡا يَنۡحِتُوۡنَ مِنَ الۡجِبَالِ بُيُوۡتًا اٰمِنِيۡنَ ۝

چناں چہ سورج نکلتے ہی ایک ہولناک آواز (یعنی چنگھاڑ) نے ان کو پکڑ لیا① ﴿۷۳﴾ پھر ہم نے اس (بستی کی) زمین کو تہ و بالا کر کے رکھ دیا② اور ہم نے ان کے اوپر پکی ہوئی مٹی کے پتھر برسائے ﴿۷۴﴾ یقیناً اس میں سمجھ داروں کے لیے بڑی نشانیاں ہیں③ ﴿۷۵﴾ اور یقیناً یہ (لوط علیہ السلام کی قوم کی عذاب دی ہوئی بستیاں) سیدھے راستے پر ہیں④ ﴿۷۶﴾ یقیناً اس میں ایمان والوں کے لیے بڑی نشانی (یعنی عبرت) ہے ﴿۷۷﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ "اَیۡکَۃ" والے بھی بڑے ظالم تھے⑤ ﴿۷۸﴾ سو ہم نے ان سے بھی انتقام لیا⑥ اور یہ دونوں (لوط علیہ السلام اور ایکہ والوں کی بستیاں) کھلے عام راستے پر ہیں⑦ ﴿۷۹﴾

اور پکی بات یہ ہے کہ حجر والوں نے بھی رسولوں کو جھٹلایا⑧ ﴿۸۰﴾ اور ہم نے ان (حجر والوں) کو اپنی نشانیاں دیں، پھر بھی وہ اس سے منہ ہی پھراتے رہے⑨ ﴿۸۱﴾ اور وہ پہاڑوں میں (بغیر کسی خوف و خطرے کے) مکان تراشتے تھے کہ اس میں اطمینان سے رہیں⑩ ﴿۸۲﴾

---

① پہلے صبح کا وقت بیان ہوا، دونوں کو ملانے سے یہ بات معلوم ہوئی کہ صبح صادق سے عذاب شروع ہوا، اشراق کے وقت تک میں خاتمہ ہو گیا۔ ② (دوسرا ترجمہ) ان کی بستیوں (کی زمین) کے اوپر والے حصے کو الٹ کر نیچے کر دیا۔
③ وہ انسان ہے جو بعض ظاہری قرائن سے کسی پوشیدہ چیز کا اندازہ لگا لیوے۔ عبرت کی نگاہ سے دیکھنے والے کو بھی کہتے ہیں۔ ④ (دوسرا ترجمہ) جن پر (لوگوں کا) آنا جانا رہتا ہے ایسے راستے پر ہیں۔ ⑤ اَیۡکَۃ: یعنی جہاں بہت زیادہ درخت ہوا یسے گھنے جنگل کی آبادی جس کو اردو میں "بَن" کہتے ہیں۔ ⑥ (دوسرا ترجمہ) ہم نے ان (ایکہ والوں) سے بھی (نافرمانی کا) بدلہ لیا۔ ⑦ اور ملک شام جاتے ہوئے راستے سے نظر آتی ہیں۔ ⑧ حضرت صالح علیہ السلام کی قوم حجاز اور ملک شام کے درمیان ایک وادی میں آباد تھی اس کو قوم ثمود کہتے ہیں۔ ⑨ یعنی مانتے نہیں تھے انکار کرتے تھے۔ ⑩ دوسرا ترجمہ: وہ پہاڑوں میں مکان تراشتے تھے (تاکہ اس میں) اطمینان سے رہیں۔ یعنی ان میں کوئی آفت نہ پہونچے۔

فَاَخَذَتْهُمُ الصَّیْحَةُ مُصْبِحِیْنَۙ۝ فَمَاۤ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَؕ۝ وَ مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ مَا بَیْنَهُمَاۤ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ وَ اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِیَةٌ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِیْلَ۝ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِیْمُ۝ وَ لَقَدْ اٰتَیْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِیْ وَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِیْمَ۝ لَا تَمُدَّنَّ عَیْنَیْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖۤ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَ لَا تَحْزَنْ عَلَیْهِمْ وَ اخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِیْنَ۝

پس صبح صبح میں ایک چنگھاڑ (یعنی سخت آواز) نے ان (حجر والوں) کو (عذاب میں) پکڑ لیا ﴿۸۳﴾ سو جو اعمال (یعنی دنیوی ہنر) وہ کیا کرتے تھے کوئی (اس میں سے) ان کے کام نہیں آئے① ﴿۸۴﴾ اور ہم نے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان میں ہے اس کو بغیر حکمت کے نہیں بنایا② اور یقینی بات ہے کہ قیامت تو ضرور آنے والی ہے، سو (کافروں کے کاموں پر) اچھے انداز سے درگزر کرو③ ﴿۸۵﴾ یقیناً تمھارے رب وہی سب کو پیدا کرنے والے، سب سے زیادہ جاننے والے ہیں ﴿۸۶﴾ اور (اے نبی!) پکی بات یہ ہے کہ ہم نے تم کو سات آیتیں جو بار بار پڑھی جاتی ہیں اور (ان سات آیات کو) عظمت والا قرآن (بھی کہا جا سکتا ہو) دے رکھا ہے④ ﴿۸۷﴾ ان (کافروں) کی الگ الگ جماعت کے لوگوں کو⑤ مزے اڑانے کے لیے جو چیزیں ہم نے دے رکھی ہیں ان کی طرف (حاصل ہو جائے اس امید سے)⑥ اپنی نظر اٹھا کر بھی تم نہ دیکھو اور ان (کافروں) پر غم بھی مت کرو⑦ اور ایمان والوں کے ساتھ شفقت کا برتاؤ کرو ﴿۸۸﴾

---

① یعنی پہاڑوں میں تراشے ہوئے مکان، جمع کیا ہوا مال، جسمانی طاقت، اللہ کے عذاب کے سامنے کچھ کام نہیں آئے۔

② (دوسرا ترجمہ) حق مقصد کے بغیر نہیں بنایا [تیسرا] بغیر مصلحت کے پیدا نہیں کیا۔

③ (دوسرا ترجمہ) (کافر لوگ کیسا بھی سلوک کرے) ابھی (ان کو) اچھے انداز سے جانے دو (یعنی ان کی بداخلاقی کا ابھی بدلہ مت لو) یہ مسلمانوں کو اعلیٰ اخلاق اپنانے کی تعلیم دی جا رہی ہے۔ ④ چھوٹی سی سورت کو درجے اور معانی کی جامعیت کے اعتبار سے پورا قرآن کہا گیا ہے۔ ⑤ (دوسرا ترجمہ) کافروں کے مختلف لوگوں کو۔ ⑥ افسوس سے یا غم سے۔

⑦: [۱] دولت مسلمانوں کو حاصل ہوتی تو وہ نیکی میں خرچ کرتے [۲] افسوس اس بات کا کہ دنیوی نعمت کی کثرت کی وجہ سے یہ لوگ ایمان نہ لائے [۳] کافر اللہ تعالیٰ کے دشمن ہیں؛ اس لیے ان سے اللہ واسطے ناراضگی میں یہ خیال نہ آوے کہ ایسی نعمت ان کے پاس نہ ہوتی تو اچھا ہوتا۔

وَقُلْ إِنِّي أَنَا النَّذِيرُ الْمُبِينُ ﴿۸۹﴾ كَمَا أَنْزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِينَ ﴿۹۰﴾ الَّذِينَ جَعَلُوا الْقُرْآنَ عِضِينَ ﴿۹۱﴾ فَوَرَبِّكَ لَنَسْأَلَنَّهُمْ أَجْمَعِينَ ﴿۹۲﴾ عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۹۳﴾ فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَأَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِينَ ﴿۹۴﴾ إِنَّا كَفَيْنَاكَ الْمُسْتَهْزِئِينَ ﴿۹۵﴾ الَّذِينَ يَجْعَلُونَ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ﴿۹۶﴾ وَلَقَدْ نَعْلَمُ أَنَّكَ يَضِيقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُولُونَ ﴿۹۷﴾ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِنَ السَّاجِدِينَ ﴿۹۸﴾ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتَّىٰ يَأْتِيَكَ الْيَقِينُ ﴿۹۹﴾

اورتم (یوں) کہہ دو کہ: میں تو کھلم کھلا (اللہ تعالیٰ کے عذاب سے) ڈرانے والا ہوں ﴿۸۹﴾ جیسا (آپ پر سورۂ فاتحہ اور قرآنِ عظیم اتارا ایسے ہی) تقسیم کرنے والوں (یعنی یہود ونصاریٰ) پر بھی ہم نے (پہلی کتابیں) اتاری تھی① ﴿۹۰﴾ جنھوں نے قرآن کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے رکھ دیا② ﴿۹۱﴾ ﴿۹۲﴾ سو تمھارے رب کی قسم ہم خود ان سب (اگلے پچھلے لوگوں) سے ان کے اعمال کے بارے میں (قیامت کے روز) ضرور سوال کریں گے ﴿۹۳﴾ جن باتوں (کو پہنچانے) کا حکم تم کو دیا جارہا ہے وہ (لوگوں کو) علی الاعلان (صاف صاف) سنا دو اور مشرکوں کی پرواہ مت کرو ﴿۹۴﴾ جو لوگ (آپ کا) مذاق کرتے ہیں ان سے نمٹنے کے لیے ہم تمھاری طرف سے کافی ہیں ﴿۹۵﴾ جن لوگوں نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ دوسرا معبود بنا رکھا ہے سو ان کو (اپنا انجام) عنقریب معلوم ہو جائے گا ﴿۹۶﴾ اور ہم کو اچھی طرح معلوم ہے کہ ان (کافروں) کی باتوں سے آپ کا دل تنگ ہوتا ہے ﴿۹۷﴾ سو تم اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے رہو اور تم سجدہ کرنے والوں میں (یعنی نماز پڑھنے والوں میں) شامل رہو ﴿۹۸﴾ اور یقینی چیز (یعنی موت) تمھارے پاس آنے تک اپنے رب کی عبادت میں مشغول رہو ﴿۹۹﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) (یہ عذاب پچھلی قوموں کی طرح) تقسیم کرنے والوں پر بھی ہم اتاریں گے (تیسرا ترجمہ) (پچھلی قوموں پر جس طرح ہم نے عذاب اتارا تھا) ہم تقسیم کرنے والوں پر بھی عذاب اتاریں گے (چوتھا ترجمہ) جیسا ہم نے (عذاب الگ الگ اوقات میں) ان لوگوں پر اتارا جنھوں نے (اللہ تعالیٰ کے احکام کے الگ الگ) حصے کر رکھے تھے (یعنی یہود ونصاریٰ مراد ہیں جنھوں نے اپنی مرضی کے موافق احکام کو مانا اور جو احکام مرضی کے خلاف ہو اس کو ماننے سے انکار کر دیا)
② یعنی بعض حصوں کو مانا بعض حصوں کو نہ مانا۔

سورة النحل

(المكية)

اٰیاتها:۱۲۸۔

رکوعاتها:۱۶۔

سورہ نحل

یہ سورت مکی ہے۔ اس میں ایک سو اٹھائیس (۱۲۸) آیتیں ہیں، سورۃ انبیاء کے بعد یا سورۃ کہف کے بعد اور سورہ سجدہ سے پہلے بہتر (۷۲) یا ستر (۷۰) نمبر پر نازل ہوئی۔

نحل: یعنی شہد کی مکھی میں اللہ تعالیٰ کی عجیب وغریب قدرت ہے۔

اس سورت کا ایک نام "سورہ نِعَم" بھی ہے؛ اس میں اللہ تعالیٰ کی بہت ساری نعمتوں کا تذکرہ کیا گیا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

أَتٰىٓ أَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ① يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوْحِ مِنْ أَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖٓ أَنْ أَنْذِرُوْٓا أَنَّهٗ لَآ إِلٰهَ إِلَّآ أَنَا فَاتَّقُوْنِ ② خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ③ خَلَقَ الْإِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ فَإِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ④ وَالْأَنْعَامَ خَلَقَهَا ۚ لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ وَّمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَأْكُلُوْنَ ⑤

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کا حکم ① آہی پہنچا ہے، سو تم اس کے لیے جلدی مت مچاؤ ② جو شرک یہ لوگ کرتے ہیں اس سے وہ (اللہ تعالیٰ کی ذات) پاک ہیں اور بہت بالا و برتر (یعنی دور) ہیں ﴿۱﴾ وہ (اللہ تعالیٰ) اپنے حکم سے اپنے بندوں (یعنی انبیاء) میں سے جس پر چاہتے ہیں فرشتوں کو وحی دے کر اتارتے ہیں ③ کہ تم لوگوں کو بتلا دو ④ کہ یقیناً میرے سوا کوئی معبود نہیں ہے؛ لھذا تم مجھ ہی سے ڈرتے رہو ﴿۲﴾ اس (اللہ تعالیٰ) نے آسمانوں اور زمین کو پوری حکمت کے ساتھ پیدا کیا ہے ⑤ جو شرک یہ لوگ کرتے ہیں اس سے وہ (اللہ کی ذات) بالا و برتر (یعنی دور) ہیں ﴿۳﴾ اس (اللہ تعالیٰ) نے انسان کو (منی کے) نطفے سے پیدا کیا تو وہ (انسان) دیکھتے ہی دیکھتے (اللہ کی ذات و صفات کے بارے میں) کھلم کھلا جھگڑے کرنے لگا ﴿۴﴾ اور اس (اللہ تعالیٰ) نے جانور پیدا کیے، تمھارے لیے ان (جانوروں) میں گرمی حاصل کرنے کی ⑥ چیزیں ہیں اور (دوسرے بھی) بہت سارے فائدے ہیں اور ان (جانوروں) میں سے بعضوں کو تم کھاتے ہو ﴿۵﴾

---

① یعنی نبی کی جماعت غالب رہے گی اور کافروں پر عذاب آئے گا۔

② (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ کے حکم کو جلدی مت مانگو۔

③ یہ وحی اتارنے کا سلسلہ آخری نبی حضرت محمد ﷺ تک برابر جاری رہا۔ ④ (دوسرا ترجمہ) لوگوں کو خبردار کر دو۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ نے آسمان اور زمین کو ٹھیک ٹھیک بنایا (تیسرا) برحق مقصد کے لیے بنایا۔

⑥ یعنی جانور کے بال اور کھال سے سردی میں حفاظت ہو ایسے کپڑے تیار کیے جاتے ہیں۔

وَلَكُمْ فِيهَا جَمَالٌ حِينَ تُرِيحُونَ وَحِينَ تَسْرَحُونَ ۝ وَتَحْمِلُ أَثْقَالَكُمْ إِلَىٰ بَلَدٍ لَّمْ تَكُونُوا بَالِغِيهِ إِلَّا بِشِقِّ الْأَنفُسِ ۚ إِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوفٌ رَّحِيمٌ ۝ وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيرَ لِتَرْكَبُوهَا وَزِينَةً ۚ وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُونَ ۝ وَعَلَى اللَّهِ قَصْدُ السَّبِيلِ وَمِنْهَا جَائِرٌ ۚ وَلَوْ شَاءَ لَهَدَاكُمْ أَجْمَعِينَ ۝

هُوَ الَّذِي أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً ۖ لَّكُم مِّنْهُ شَرَابٌ وَمِنْهُ شَجَرٌ فِيهِ تُسِيمُونَ ۝

اور تمھارے لیے ان (جانوروں) میں عزت ہے① جب تم شام کو چرا کر کے واپس لاتے ہو اور صبح جب تم چرانے کے لیے لے جاتے ہو②﴿۶﴾ اور جن شہروں تک تم خود بھی مشقت کے (جان جوکھم میں ڈالے) بغیر پہنچ نہیں سکتے ان (شہروں) تک تمھارے (بھاری) سامان کو یہ (جانور) اٹھا کر لے جاتے ہیں، یقینی بات یہ ہے کہ تمھارے رب بہت ہی شفقت کرنے والے، بہت ہی مہربان ہیں ﴿۷﴾ اور اس (اللہ تعالیٰ) نے گھوڑے اور خچر اور گدھے بھی پیدا کیے؛ تاکہ تم ان کے اوپر سواری کرو اور (تمھارے لیے ان جانوروں میں) زینت (رونق) ہے اور وہ (اللہ تعالیٰ) بہت سی ایسی چیزیں بھی پیدا کرتے ہیں جن کو (ابھی تک) تم جانتے بھی نہیں ہو③﴿۸﴾ اور (سیدھا) راستہ دکھانے کی ذمے داری اللہ تعالیٰ نے لے لی ہے④ اور کچھ راستے ٹیڑھے بھی ہیں (جو اللہ تعالیٰ تک پہنچتے نہیں ہیں) اور اگر وہ (اللہ تعالیٰ) چاہتے تو تم سب کو سیدھے راستے (ایمان) پر پہنچا دیتے ﴿۹﴾

اسی (اللہ تعالیٰ) نے آسمان سے پانی اتارا، اس میں سے کچھ (پانی) تمھارے پینے کے کام آتا ہے⑤ اور اسی (پانی) سے وہ درخت اگتے ہیں جن سے تم (جانوروں کو) چراتے ہو ﴿۱۰﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) رونق ہے (تیسرا) خوش نما منظر ہے (چوتھا) خوب صورتی ہے۔ ② شام ہو یا صبح ہو جب جانور نکلتے ہیں تو اس سے مالکوں کی ایک خاص شان ظاہر ہوتی ہے، خاص طور پر جب یہ شام کو چراگاہ سے واپس آتے ہیں تو اس وقت ان کے پیٹ بھرے ہوئے ہوتے ہیں اور جانور اس وقت فربہ اور تازہ نظر آتے ہیں؛ اس لیے اس وقت رونق اور خوب صورتی کا ایک خاص منظر سامنے ہوتا ہے، شاید اسی کی طرف اشارہ کرنے کے لیے شام کے جمال کو مقدم کیا گیا ہے۔

③ مستقبل میں ایجاد ہونے والی تمام قسم کی سواریوں کی طرف اشارہ نکلتا ہے۔ ④ (دوسرا ترجمہ) (واضح دلائل سے ثابت) سیدھا راستہ اللہ تعالیٰ پر پہنچتا ہے۔ ⑤ (دوسرا) اس سے پینے کی چیزیں حاصل ہوتی ہے۔

يُنۢبِتُ لَكُمْ بِهِ الزَّرْعَ وَالزَّيْتُوْنَ وَالنَّخِيْلَ وَالْاَعْنَابَ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۙ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ وَالنُّجُوْمُ مُسَخَّرٰتٌۢ بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَمَا ذَرَاَ لَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَهُوَ الَّذِيْ سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَاْكُلُوْا مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۴﴾

اسی (پانی) سے وہ (اللہ تعالیٰ) تمھارے لیے کھیتیاں اور زیتون اور کھجور کے درخت اور انگور اور ہر قسم کے پھل اگاتے ہیں، یقینی بات یہ ہے کہ غور وفکر کرنے والوں کے لیے اس میں بڑی نشانی ہے ﴿۱۱﴾ اور تمھاری خدمت کے لیے رات اور دن اور سورج اور چاند کو لگا رکھا ہے اور ستارے بھی اسی (اللہ تعالیٰ) کے حکم سے (تمھاری خدمت کے) کام میں لگے ہوئے ہیں، یقینی بات یہ ہے کہ جو لوگ (صحیح) عقل سے کام لیویں ان کے لیے اس میں بڑی نشانیاں ہیں ﴿۱۲﴾ اور وہ رنگ برنگ کی چیزیں بھی ① جو تمھارے لیے زمین میں پھیلا رکھی ہیں ② یقینی بات یہ ہے کہ سوچنے والی قوم کے لیے اس میں بڑی نشانی ہے ③ ﴿۱۳﴾ اور وہی (اللہ تعالیٰ) ہے جس نے سمندر کو کام میں لگا دیا؛ تاکہ تم اس (سمندر) میں سے تازہ گوشت (یعنی مچھلی) کھاؤ اور تم اس (سمندر) میں سے زیورات (موتی) نکالو جن کو تم پہنتے ہو اور تم کشتیوں کو دیکھتے ہو جو اس (سمندر) میں (پانی کو) پھاڑتی ہوئی (چیرتی ہوئی) چلی جاتی ہیں اور (سمندر کو) اس لیے بھی (تمھارے کام میں لگا دیا) کہ تم اس (اللہ تعالیٰ) کا فضل (یعنی حلال روزی) حاصل کرو اور تاکہ تم شکر ادا کرو ④ ﴿۱۴﴾

① (دوسرا ترجمہ) الگ الگ رنگ کی چیزیں۔
② یعنی وہ بھی اللہ تعالیٰ کے حکم سے کام میں لگی ہوئی ہیں۔
③ (دوسرا ترجمہ) یقینی بات یہ ہے کہ جو لوگ نصیحت حاصل کرتے ہیں ان کے لیے بڑی نشانیاں ہیں۔
④ (دوسرا ترجمہ) احسان مانو۔

وَاَلْقٰى فِى الْاَرْضِ رَوَاسِیَ اَنْ تَمِیْدَ بِكُمْ وَاَنْهٰرًا وَّسُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵﴾ وَعَلٰمٰتٍ ؕ وَبِالنَّجْمِ هُمْ یَهْتَدُوْنَ ﴿۱۶﴾ اَفَمَنْ یَّخْلُقُ كَمَنْ لَّا یَخْلُقُ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۸﴾ وَاللّٰهُ یَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَالَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا یَخْلُقُوْنَ شَیْـًٔا وَّهُمْ یُخْلَقُوْنَ ﴿۲۰﴾ اَمْوَاتٌ غَیْرُ اَحْیَآءٍ ۚ وَمَا یَشْعُرُوْنَ ۙ اَیَّانَ یُبْعَثُوْنَ ﴿۲۱﴾

اور اس (اللہ تعالیٰ) نے زمین میں بھاری (پہاڑ کے) بوجھ رکھ دیے؛ تاکہ تم کو لیکر وہ (زمین) ہلنے (یعنی ڈگمگانے) نہ لگے اور اسی (اللہ تعالیٰ) نے ندیاں بنائیں اور راستے بنائے؛ تاکہ تم (اس پر چل کر) جہاں جانا ہے وہاں پہنچ سکو ﴿۱۵﴾ اور (زمین پر راستوں کو پہچاننے کے لیے بہت ساری) علامتیں بنائیں اور ستاروں سے بھی وہ (لوگ) راستے معلوم کرتے ہیں ﴿۱۶﴾ اب بتاؤ کہ جو (اللہ تعالیٰ یہ سب کچھ) پیدا کرے وہ ان (بتوں) کے برابر ہوسکتا ہے جو (کبھی کچھ) پیدا نہیں کرسکتے؟ کیا پھر بھی (اتنی بات) تم نہیں سوچتے (سمجھتے)؟ ﴿۱۷﴾ اور اگر تم اللہ تعالیٰ کی نعمت کو گننے لگو تو تم اس کو شمار نہیں کرسکتے، یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ تو بہت معاف کرنے والے، بہت رحم کرنے والے ہیں ① ﴿۱۸﴾ اور جو تم چھپ کر کرتے ہو اور جو تم ظاہر کر کے کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس کو جانتے ہیں ﴿۱۹﴾ اور وہ (کافر) لوگ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر جن (دیوتاؤں) کو پکارتے ہیں وہ تو کچھ بھی نہیں بناتے اور وہ (بت) تو خود ہی مخلوق ہیں ﴿۲۰﴾ وہ تو سب بے جان ہیں، ان میں زندگی نہیں ہے، ان کو تو یہ بھی خبر نہیں ہے کہ ان (مردوں) کو کب زندہ کر کے (قیامت کے دن) اٹھایا جائے گا ﴿۲۱﴾

---

① بہت ساری چیزیں گننے کا رواج ہے، جب کہ بعض چیزوں کو اپنے ذرات اور افراد کی کثرت کی وجہ سے گننا دشوار؛ بلکہ ناممکن ہوتا ہے ایسی چیزوں میں مقدار کی تعیین کے لیے احاطہ کی پیمائش کو استعمال کرنا ہوتا ہے، جیسے ریت وغیرہ کی فروخت ''براس'' کے پیمانے سے ہوتی ہے، یہ بھی ایک ''احاطہ'' والا پیمانہ ہے جس میں ۱۰۰ کیوبک فٹ ہوتی ہے جس میں طول، عرض، عمق کسی طرح بھی ۱۰۰ کیوبک (گز) فٹ ہونا چاہیے، اللہ تعالیٰ کی نعمتیں بندوں پر اس قدر ہیں کہ شمار تو ممکن ہی نہیں، احاطہ کی پیمائش میں بھی لانا ناممکن ہے، شاید اسی بات کی طرف اشارہ کرنے کے لیے ''تَعُدُّوْا'' کے مقابلے میں ''لَا تُحْصُوْهَا'' کا لفظ آیا اور اس کا ترجمہ بعض حضرات نے ''احاطہ نہ کرسکو'' کیا ہے (دیکھیے لغات القرآن)۔

إِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ ۚ فَالَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ قُلُوبُهُم مُّنكِرَةٌ وَهُم مُّسْتَكْبِرُونَ ﴿٢٢﴾ لَا جَرَمَ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ ۚ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِينَ ﴿٢٣﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُم مَّاذَا أَنزَلَ رَبُّكُمْ ۙ قَالُوا أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ ﴿٢٤﴾ لِيَحْمِلُوا أَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۙ وَمِنْ أَوْزَارِ الَّذِينَ يُضِلُّونَهُم بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ أَلَا سَاءَ مَا يَزِرُونَ ﴿٢٥﴾
قَدْ مَكَرَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَأَتَى اللَّهُ بُنْيَانَهُم مِّنَ الْقَوَاعِدِ فَخَرَّ عَلَيْهِمُ السَّقْفُ مِن فَوْقِهِمْ وَأَتَاهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُونَ ﴿٢٦﴾

تمھارا (سچا) معبود تو بس ایک ہی معبود (یعنی اللہ تعالیٰ) ہے، سو جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے ہیں ان کے دل مانتے نہیں ہیں① اور وہ گھمنڈ میں پڑے ہوئے ہیں ﴿۲۲﴾ پکی بات ہے کہ جو بات وہ چھپاتے ہیں اور جو بات وہ ظاہر کرتے ہیں اللہ تعالیٰ اس کو جانتے ہیں، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) گھمنڈ کرنے والوں کو پسند نہیں کرتے ﴿۲۳﴾ اور جب ان (کافروں) سے پوچھا جاتا ہے کہ (قرآن کے متعلق) تمھارے رب نے کیا اتارا؟ تو جواب دیتے ہیں کہ پہلے زمانے کے لوگوں کی کہانیاں (یعنی فسانے) ﴿۲۴﴾ (اس طرح کی بات کہنے کا) انجام یہ ہوگا کہ قیامت کے دن اپنے گناہوں کا پورا بوجھ اٹھائیں گے اور جن لوگوں کو بغیر کسی علم کے گمراہ کر رہے ہیں ان کے گناہوں کے بوجھ کا کچھ حصہ بھی (اپنے اوپر اٹھانا ہوگا) سن لو! بہت ہی برا بوجھ وہ اپنے اوپر اٹھا رہے ہیں ﴿۲۵﴾
پکی بات یہ ہے کہ ان سے پہلے لوگوں نے مکر کے منصوبے کیے تھے، پھر (ایسا ہوا کہ مکر کے منصوبوں کی جو عمارتیں انھوں نے تعمیر کی تھیں) اللہ تعالیٰ نے ان کی جڑوں کو بنیاد سے اکھاڑ پھینکا② پھر (ان کی عمارت کی) چھت (بھی) ان کے اوپر سے ان پر گری، اور ان (مکر کرنے والوں) پر عذاب ایسی جگہ سے آیا کہ ان کو پتہ تک نہیں چلا③ ﴿۲۶﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) کہ دل میں (توحید کو) ماننے کی قابلیت ہی نہیں ہے۔
② (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ کے عذاب کا حکم ان کی عمارتوں پر بنیادوں سے آپہنچا۔ (آیت میں دین حق کے خلاف کفار کے منصوبوں کو مکمل طور پر ملیامیٹ کردینے کو ایک مثال سے سمجھایا گیا ہے)۔
③ (دوسرا ترجمہ) خیال تک نہیں ہوا۔

ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُخْزِيْهِمْ وَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تُشَآقُّوْنَ فِيْهِمْ ؕ قَالَ
الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَالسُّوْٓءَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۙ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ
الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۪ فَاَلْقَوُا السَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِنْ سُوْٓءٍ ؕ بَلٰٓى اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ
بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۞ فَادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ فَلَبِئْسَ مَثْوَى
الْمُتَكَبِّرِيْنَ ۞ وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا مَاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ؕ قَالُوْا خَيْرًا ؕ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ
هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ؕ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ ؕ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ ۙ

پھر قیامت کے دن وہ (اللہ تعالیٰ) ان کو رسوا کریں گے اور (کافروں سے) سوال کریں گے: کہاں ہیں میرے وہ شریک جن کے بارے میں تم (نبیوں اور مسلمانوں سے) جھگڑا کیا کرتے تھے؟① علم والے (جن کے پاس صحیح بات کی خبر تھی) کہیں گے کہ②: یقینی بات ہے کہ (ہر قسم کی) رسوائی اور عذاب آج کافروں پر ہے ﴿۲۷﴾ جن کی روحیں فرشتے اس حال میں نکالتے ہیں کہ (کفر کی وجہ سے) وہ اپنے آپ پر ظلم کر رہے ہیں، اس وقت وہ (کافر) بڑی فرماں برداری کی بات بولیں گے کہ: ہم (دنیوی زندگی میں) کوئی برا کام نہیں کرتے تھے (تب ان کو جواب میں کہا جائے گا) کیوں نہیں؟ واقعتاً (تم برے کام کرتے تھے) اللہ تعالیٰ کو وہ سب معلوم ہے جو تم (دنیا میں) کیا کرتے تھے ﴿۲۸﴾ سو تم جہنم کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ، اس میں ہمیشہ رہو، تکبر کرنے والوں کا (یہی) بُرا ٹھکانا ہے ﴿۲۹﴾ اور (دوسری طرف) متقی لوگوں (یعنی مسلمانوں) سے (جب قرآن کے بارے میں) پوچھا جاتا ہے کہ تمھارے رب نے کیا اتارا؟ تو وہ (جواب میں) کہتے ہیں کہ: (ہمارے رب نے) خیر ہی خیر اتاری③، جن لوگوں نے نیکی والی زندگی اپنائی ان کے لیے اس دنیا میں بھی بھلائی ہے اور آخرت کا گھر تو بہت ہی بہتر ہے اور واقعتاً تقویٰ والوں (یعنی شرک سے بچنے والوں) کا گھر بہترین ہے ﴿۳۰﴾

---

① (دوسرا) بڑی ضد کیا کرتے تھے۔

② یعنی جب کافر لوگ اللہ تعالیٰ کے اس سوال کا جواب نہیں دے سکیں گے تب۔ ③ یعنی قرآن سراپا خیر وبرکت ہے۔

جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ ؕ كَذٰلِكَ يَجْزِي اللّٰهُ الْمُتَّقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ ۙ يَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ ۙ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ يَاْتِيَ اَمْرُ رَبِّكَ ؕ كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝ فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝

وَقَالَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا عَبَدْنَا مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ نَّحْنُ وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ ؕ كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ

ہمیشہ رہنے کے باغات میں وہ داخل ہوجائیں گے، ان کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی، ان (تقویٰ والوں) کو اس (جنت) میں جو چاہیں گے ملے گا، اللہ تعالیٰ تقویٰ والوں کو اسی طرح بدلہ دیں گے ﴿۳۱﴾ فرشتے جن کی روحوں کو ایسی حالت میں قبض کرتے ہیں کہ وہ (شرک سے) پاک صاف ہیں ① وہ (فرشتے ان کو) کہتے جاتے ہوں گے کہ: تم پر سلامتی ہو، جو عمل تم کرتے تھے اس کے بدلے میں تم جنت میں چلے جاؤ ﴿۳۲﴾ یہ (کافرلوگ ایمان لانے کے لیے) کیا اس بات کا انتظار کررہے ہیں کہ (موت کے) فرشتے ان کے پاس آجائیں یا تمھارے رب کا حکم آجائے② جو (امتیں) ان سے پہلے گذر گئیں انھوں نے بھی ایسا ہی کیا تھا، اور اللہ تعالیٰ نے ان پر کوئی ظلم نہیں کیا؛ لیکن وہ خود اپنی جانوں پر ظلم کررہے تھے ﴿۳۳﴾ سو ان کے بُرے اعمال کا وبال ان پر آپڑا اور جس (عذاب) کا وہ مذاق کیا کرتے تھے اس (عذاب) نے (آکر) ان کو گھیرلیا ﴿۳۴﴾

اور مشرک لوگ یہ کہتے ہیں کہ: اگر اللہ تعالیٰ چاہتے تو ہم اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا کسی کی عبادت نہ کرتے، نہ ہم اور نہ ہمارے باپ دادے اور ہم اس (اللہ تعالیٰ) کے (حکم کے) بغیر کسی چیز کو حرام قرار نہ دیتے، اسی طرح کا (بُرا) کام ان سے پہلے (امت کے) لوگ بھی کرچکے ہیں،

---

① جو اپنی جانوں کو کفر وشرک کی گندگی سے پاک رکھتے ہوں اور معرفتِ الٰہیہ کی وجہ سے پورے انشراح اور شوق ورغبت سے اپنی جان سپرد کردیں۔ ② عذاب یا قیامت کی صورت میں اللہ تعالیٰ کا حکم آجائے۔ کیا تب یہ کافر ایمان لائیں گے؟ اس وقت کے ایمان کا کوئی فائدہ نہیں۔

فَهَلْ عَلَى الرُّسُلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِیْنُ۝ وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِیْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ هَدَى اللّٰهُ وَمِنْهُمْ مَّنْ حَقَّتْ عَلَیْهِ الضَّلٰلَةُ ؕ فَسِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِیْنَ۝ اِنْ تَحْرِصْ عَلٰى هُدٰىهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِیْ مَنْ یُّضِلُّ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِیْنَ۝ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَیْمَانِهِمْ ۙ لَا یَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ یَّمُوْتُ ؕ بَلٰى وَعْدًا عَلَیْهِ حَقًّا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ۝ لِیُبَیِّنَ لَهُمُ الَّذِیْ یَخْتَلِفُوْنَ فِیْهِ وَلِیَعْلَمَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰذِبِیْنَ۝

سو پیغمبروں کی ذمے داری اس کے سوا کچھ نہیں کہ وہ صاف صاف طور پر (اللہ تعالیٰ کا) پیغام پہنچا دیویں ﴿۳۵﴾ اور پکی بات ہے کہ ہم نے ہر امت میں کوئی نہ کوئی پیغمبر اس مقصد سے ضرور بھیجا (کہ وہ لوگوں کو دعوت دیوے) کہ تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اور گمراہی کی طرف بلانے والے سے بچو① پھر ان (نبی کی امت) میں سے کچھ وہ تھے جن کو اللہ تعالیٰ نے ہدایت دے دی اور ان میں سے کچھ ایسے بھی تھے جن پر گمراہی ثابت (یعنی مسلط) ہوگئی، سو تم زمین میں چلو، پھرو، پھر دیکھو کہ (نبی کو) جھٹلانے والوں کا (برا) انجام کیسا ہوا؟ ﴿۳۶﴾ (اے نبی!) اگر تم کو حرص ہے کہ یہ سب لوگ ہدایت پر آجائیں تو حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جن کو (ان کے عناد کی وجہ سے) گمراہ کرتے ہیں ان کو ہدایت تک نہیں پہنچاتے اور ان (گمراہوں) کی کوئی مدد کرنے والا بھی نہیں ﴿۳۷﴾ وہ (کافر لوگ) بڑا زور لگا کر (اس بات پر) اللہ تعالیٰ کی قسم کھاتے ہیں کہ جو شخص مرجاتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو دوبارہ زندہ نہیں کریں گے، بھلا! کیوں زندہ نہیں کریں گے؟ یہ تو (دوبارہ زندہ کرنے کا) ایک وعدہ ہے② جس کو پورا کرنے کی ذمے داری ان (اللہ تعالیٰ) پر ہے؛ لیکن اکثر لوگ (اس بات کو) جانتے نہیں ہیں ﴿۳۸﴾ (دوبارہ زندہ کرنا اللہ تعالیٰ پر ہے) تاکہ جن میں وہ لوگ اختلاف کیا کرتے تھے وہ (اللہ تعالیٰ) ان کے سامنے ان باتوں (کی حقیقت) کو اچھی طرح ظاہر کردیں اور اس لیے کہ کافر لوگ جان لیویں کہ وہ جھوٹے تھے ﴿۳۹﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) جھوٹے معبودوں سے بچو۔ ② (دوسرا ترجمہ) اس پر پکا وعدہ ہے۔

إِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ إِذَا أَرَدْنَاهُ أَنْ نَّقُولَ لَهُ كُنْ فَيَكُونُ ۝

وَالَّذِينَ هَاجَرُوا فِي اللَّهِ مِنْ بَعْدِ مَا ظُلِمُوا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ۖ وَلَأَجْرُ الْآخِرَةِ أَكْبَرُ ۚ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ۝ الَّذِينَ صَبَرُوا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ ۝ وَمَا أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ إِلَّا رِجَالًا نُّوحِي إِلَيْهِمْ ۚ فَاسْأَلُوا أَهْلَ الذِّكْرِ إِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ۝ بِالْبَيِّنَاتِ وَالزُّبُرِ ۗ وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ إِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ ۝ أَفَأَمِنَ الَّذِينَ مَكَرُوا السَّيِّئَاتِ أَنْ يَخْسِفَ اللَّهُ بِهِمُ الْأَرْضَ أَوْ يَأْتِيَهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُونَ ۝

ہم جب کسی چیز (کو پیدا کرنے) کا ارادہ کرتے ہیں تو ہماری طرف سے اتنی بات ہوتی ہے کہ اس (چیز) کو ہم اتنا کہتے ہیں کہ: ہوجا، تو وہ چیز ہوجاتی ہے ﴿۴۰﴾

اور جن لوگوں نے ظلم سہنے کے بعد اللہ تعالیٰ کے لیے اپنے وطن کو چھوڑا، ہم ان (مہاجرین) کو ضرور دنیا میں (بھی) اچھی طرح بسائیں گے اور آخرت کا ثواب تو سب سے بڑا ہے ہی، کاش کہ یہ (مہاجرین ہجرت کا ثواب) جان لیتے① ﴿۴۱﴾ وہ (مہاجرین) ہیں جنھوں نے (ہجرت میں آنے والی مصیبت پر) صبر کیا اور وہ (مہاجرین) اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں② ﴿۴۲﴾ اور (اے نبی!) ہم نے تم سے پہلے مردوں کے سوا کسی اور کو نبی بنا کر نہیں بھیجا جن کی طرف ہم وحی بھیجا کرتے تھے، اگر تم کو خبر نہیں ہے تو جو علم والے ہیں③ ان سے پوچھ لو ﴿۴۳﴾ نبیوں کو روشن دلائل (یعنی معجزات) اور آسمانی کتابیں دے کر بھیجا تھا اور (اے محمد!) ہم نے تم پر بھی یہ قرآن نازل کیا ہے؛ تاکہ لوگوں کے لیے (وحی میں) جو چیزیں نازل کی گئیں وہ آپ ان (لوگوں) کے سامنے پوری طرح کھول کر بتلا دیں؛ اور تاکہ وہ لوگ غور و فکر کریں ﴿۴۴﴾ کیا بھلا جو لوگ بری بری چالیں چلتے ہیں④ وہ بالکل بے خوف ہوگئے؟ اس بات سے کہ اللہ تعالیٰ ان کو زمین میں دھنسا دیویں یا اس طور سے ان پر عذاب آوے کہ ان کو احساس تک نہ ہو ﴿۴۵﴾

---

① تو وطن چھوڑنے پر ہونے والی تکلیف سہن کرنا آسان ہوجاتا۔ ② کہ وطن چھوڑنے کے باوجود اللہ تعالیٰ ہی ہماری ضرورت کو پورا فرمائیں گے۔ ③ یعنی جو سابقہ امتوں کے واقعات کا صحیح علم رکھتے ہیں۔

أَوْ يَأْخُذَهُمْ فِي تَقَلُّبِهِمْ فَمَا هُمْ بِمُعْجِزِينَ ۝ أَوْ يَأْخُذَهُمْ عَلَىٰ تَخَوُّفٍ ۚ فَإِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوفٌ رَحِيمٌ ۝ أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَىٰ مَا خَلَقَ اللَّهُ مِنْ شَيْءٍ يَتَفَيَّأُ ظِلَالُهُ عَنِ الْيَمِينِ وَالشَّمَائِلِ سُجَّدًا لِلَّهِ وَهُمْ دَاخِرُونَ ۝ وَلِلَّهِ يَسْجُدُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ مِنْ دَابَّةٍ وَالْمَلَائِكَةُ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ ۝ يَخَافُونَ رَبَّهُمْ مِنْ فَوْقِهِمْ وَيَفْعَلُونَ مَا يُؤْمَرُونَ ۩ ۝

یا ان کے چلتے پھرتے ہی وہ (اللہ تعالیٰ) ان کو پکڑ لیویں اور وہ لوگ (اللہ تعالیٰ کو) عاجز نہیں کر سکتے ﴿۴۶﴾ یا ڈرانے کے بعد (اللہ تعالیٰ) ان کو اپنی پکڑ میں لے لیویں (۱۸) (۱۹) سو یقیناً تمھارے رب تو بڑے شفقت کرنے والے، بڑے مہربان ہیں (۲۰) ﴿۴۷﴾ اور کیا انھوں نے اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی چیزوں کو نہیں دیکھا؟ کہ ان (چیزوں) کے سایے اللہ تعالیٰ کو سجدہ کرتے ہوئے (کبھی) داہنی جانب اور (کبھی) بائیں جانب جھکتے رہتے ہیں اور وہ سب (اللہ تعالیٰ کے سامنے) عاجزی کو ظاہر کرتے ہوتے ہیں ﴿۴۸﴾ اور آسمانوں اور زمین میں جتنے جاندار ہیں وہ اور (تمام) فرشتے اللہ تعالیٰ ہی کو سجدہ کرتے ہیں اور وہ ذرا بھی تکبر نہیں کرتے ﴿۴۹﴾ وہ اپنے اس رب سے ڈرتے ہیں جو ان کے اوپر ہیں (۲۱) اور جو حکم ان کو دیا جاتا ہے اس کو پورا کرتے ہیں ﴿۵۰﴾

⇐ (۱۷) (دوسرا ترجمہ) کیا جو لوگ (سچے دین کو مٹانے کی) بُری تدبیریں کرتے ہیں (تیسرا) (سچے دین کے خلاف) بُرے منصوبے بناتے ہیں۔

(۱۸) یعنی اچانک اللہ تعالیٰ عذاب نہ بھیجے؛ بلکہ ابتدا میں چھوٹی چیزیں دکھا کر ڈراوے پھر بھی توبہ نہ کرے تو بڑے عذاب میں پکڑ لیوے، اسی طرح نافرمان قوم کو عذاب میں اس طرح پکڑ لیوے کہ دوسری نافرمان جماعت اس منظر کو دیکھ کر ڈر جاوے۔

(۱۹) (دوسرا ترجمہ) یا اللہ تعالیٰ (آہستہ آہستہ) گھٹاتے ہوئے ان کو اپنی پکڑ میں لے لیویں۔ یعنی قحط، بیماری جیسی چیزوں کے ذریعے آہستہ آہستہ گھٹا گھٹا کر بالکل ختم کر دیوے۔ اسی طرح بُرے اعمال کی سزا میں مال و دولت کم ہوتا جائے، افراد کی قوت کم ہو جائے، اس سے انسان عبرت حاصل نہ کرے اور توبہ نہ کرے، پھر بالکل ختم کر دیا جاتا ہے۔

(۲۰) یہ اللہ تعالیٰ کی رافت ہے کہ نافرمانی پر فوراً عذاب نہیں دیتے۔ رافت، پسندیدگی کے ساتھ ہی ہوتی ہے جب کہ مہربانی ناپسندیدگی کے باوجود کسی مصلحت سے کی جاتی ہے۔ (۲۱) ہر مخلوق یہ سمجھتی ہے کہ اللہ تعالیٰ میرے اوپر ہے اور خود کو ہر مخلوق نیچے سمجھتی ہے، اسی کو بالادستی سے بھی تعبیر کرتے ہیں۔

وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوْٓا اِلٰـهَيْنِ اثْنَيْنِ ۚ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ ﴿۵۱﴾ وَلَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَهُ الدِّيْنُ وَاصِبًا ۭ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَتَّقُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَمَا بِكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ثُمَّ اِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَاِلَيْهِ تَجْــَٔــرُوْنَ ﴿۵۳﴾ ثُمَّ اِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنْكُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْكُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۴﴾ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۭ فَتَمَتَّعُوْا ۣ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَيَجْعَلُوْنَ لِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ نَصِيْبًا مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ ۭ تَاللّٰهِ لَتُسْــَٔـلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۶﴾ وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ ۙ وَلَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۵۷﴾

اور اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا کہ: تم دو معبود نہ بناؤ، یقینی بات یہ ہے کہ وہی (اللہ تعالیٰ) ایک معبود ہیں؛ اس لیے بس مجھ سے ہی ڈرا کرو ﴿۵۱﴾ اور آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے وہ اسی (اللہ تعالیٰ) کا ہے اور اسی (اللہ تعالیٰ) کی اطاعت ہمیشہ (ہر حال میں) ضروری ہے، کیا پھر بھی تم اللہ تعالیٰ کے سوا دوسروں سے ڈرتے ہو؟ ﴿۵۲﴾ اور جو نعمت بھی تمھارے پاس ہے سو وہ اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہوتی ہے، پھر جب تم کو تکلیف پہنچتی ہے تو تم اسی (اللہ تعالیٰ) کی طرف فریاد کرتے ہو ﴿۵۳﴾ پھر جب وہ (اللہ تعالیٰ) تم سے تکلیف کو دور کر دیتے ہیں تب اچانک تم میں کی ایک جماعت اپنے رب کے ساتھ شرک کرنے لگ جاتی ہے ﴿۵۴﴾ تاکہ جو نعمت ہم نے ان کو دی[۱] وہ اس کی ناشکری کریں، سو (تھوڑے دن) تم مزے اڑالو، پھر عنقریب (مرتے ہی) تم کو پتہ چل جائے گا[۲] ﴿۵۵﴾ اور وہ (کافر لوگ) ہمارے ان کو دیے ہوئے رزق میں ان بتوں کا حصہ لگاتے ہیں جن (کی صحیح حقیقت) کو تو یہ خود بھی جانتے نہیں ہیں، اللہ کی قسم! تم سے ضرور پوچھ ہوگی جو تم بہتان باندھا کرتے تھے؟ ﴿۵۶﴾ اور یہ (کافر لوگ) اللہ تعالیٰ کے لیے بیٹیاں مقرر کرتے ہیں، وہ (اللہ تعالیٰ) اس سے پاک ہیں اور خود اپنے لیے وہ جو دل سے پسند کرتے ہیں[۳] ﴿۵۷﴾

---

[۱] خاص کر تکلیف کو دور کر دی گئی یا ایک نعمت ہے۔

[۲] کہ اللہ تعالیٰ کی نعمت کی ناشکری کا وبال کیسا ہوتا ہے۔

[۳] یعنی بیٹے چاہتے ہیں۔

وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ ۝ يَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْٓءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ ؕ اَيُمْسِكُهٗ عَلٰى هُوْنٍ اَمْ يَدُسُّهٗ فِى التُّرَابِ ؕ اَلَا سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ۝ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ مَثَلُ السَّوْءِ ۚ وَلِلّٰهِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ۝

اور جب ان میں سے کسی کو بیٹی (پیدا ہونے) کی خوش خبری دی جاتی ہے تو (غم کے مارے) اس کا چہرہ کالا پڑ جاتا ہے اور وہ دل ہی دل میں گھٹتا رہتا ہے ﴿۵۸﴾ (بیٹی کی) جو خوش خبری اس کو دی گئی اس کو برا سمجھ کر (یعنی اپنے لیے عار سمجھ کر) لوگوں سے چھپتا پھرتا ہے (اور سوچتا ہے) کہ اس (لڑکی) کی ذلت گوارہ کر کے کیا اس کو اپنے پاس (زندہ) رہنے دیوے ① یا اس کو مٹی میں داب (یعنی گاڑ) دیوے، دیکھو! وہ لوگ کتنے برے فیصلے کرتے ہیں؟ ﴿۵۹﴾ جو لوگ آخرت پر ایمان (یعنی یقین) نہیں لاتے ان کی تو بری حالت ہے ② اور اللہ تعالیٰ کے لیے تو اعلیٰ درجے کی خوبیاں ہیں ③ اور وہ (اللہ تعالیٰ) بڑے زبردست، بڑے حکمت کے مالک ہیں ﴿۶۰﴾

اور اگر اللہ تعالیٰ لوگوں کو ان کے ظلم (یعنی کفر و شرک) کی وجہ سے (فوراً) پکڑنے لگتے تو روئے زمین پر کوئی جاندار باقی نہ چھوڑتے (بلکہ سب ہلاک ہو جائیں) لیکن وہ (اللہ تعالیٰ) ان کو ایک مقرر وقت تک مہلت دیتے ہیں، سو ان کا مقرر وقت جب آجائے گا تو ایک گھڑی کے لیے بھی نہ پیچھے ہو سکیں گے اور نہ آگے بڑھ سکیں گے ﴿۶۱﴾

---

① یعنی دنیوی عار قبول کر کے لڑکی کو رہنے دیوے یا ذلیل جانور کی طرح لڑکی کو بڑا کرے۔

② یعنی دنیا میں کفر کی ذلت اور آخرت میں جہنم کا عذاب۔

③ (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ کے لیے تو بڑے اعلیٰ درجے کے صفات ثابت ہیں۔

وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُوْنَ وَتَصِفُ اَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ اَنَّ لَهُمُ الْحُسْنٰى ؕ لَا جَرَمَ اَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَاَنَّهُمْ مُّفْرَطُوْنَ۝ تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَاۤ اِلٰۤى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ الْيَوْمَ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ۝ وَمَاۤ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِى اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ۝ وَاللّٰهُ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ۝

اور وہ (مشرکین) اللہ تعالیٰ کے لیے ایسی چیز ٹھہراتے ہیں جن کو وہ خود ناپسند کرتے ہیں، اور ان کی زبانیں جھوٹی بات بیان (یعنی دعوے) کرتی ہیں کہ① (اگر آخرت ہوگی تو ہر قسم کی) بھلائی ان ہی کے لیے ہوگی، پکی بات یہ ہے کہ ان (مشرکوں) کے لیے تو آگ ہی ہوگی اور یقینی بات ہے کہ وہ (اور مشرکین) سب سے آگے (آگ میں) بھیج دیے جائیں گے② ﴿۶۲﴾ اللہ کی قسم! تم سے پہلے جتنی امتیں گذر گئیں ان کے پاس جتنے پیغمبر ہم نے بھیجے تھے تو شیطان نے ان (پچھلی امتوں کے کافروں) کے اعمال مزین کر کے ان کو دکھلائے، سو وہی (شیطان) آج (دنیا میں) اِن (کافروں) کا رفیق (بنا ہوا) ہے اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے③ ﴿۶۳﴾ اور ہم نے یہ کتاب (قرآن) تم پر اس لیے اتاری کہ جن چیزوں میں وہ اختلاف کر رہے ہیں آپ ان باتوں کی حقیقت اچھی طرح کھول کر ان کے سامنے بیان کر دیں (نیز یہ قرآن اس لیے بھی اتارا) کہ یہ ایمان والوں کے لیے (خاص) ہدایت اور رحمت کا سامان ہے④ ﴿۶۴﴾ اور اللہ تعالیٰ نے آسمان سے (بارش کا) پانی اتارا، اس (پانی) کے ذریعے زمین کے مُردہ (یعنی ویران) ہونے کے بعد پھر اس کو زندہ کر دیا، یقیناً اس میں (بڑی) نشانی ہے اس قوم کے لیے جو (دھیان سے) بات سنتی ہے ﴿۶۵﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) ان کی زبانیں (خود کی) جھوٹی تعریف کرتی رہتی ہیں۔

② (دوسرا ترجمہ) یقینی بات ہے کہ ان مشرکوں کو آگ میں پڑا رہنے دیا جائے گا (تیسرا) یقینی بات ہے کہ وہ مشرکین (آگ کی طرف) بڑھائے جا رہے ہیں۔

③ (دوسرا ترجمہ) سو وہ شیطان آج (قیامت) کے دن ان کافروں کا ولی بنا ہوا ہے اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

④ یعنی سیدھا راستہ قرآن سے ملے گا۔

وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۭ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَاۗىِٕغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ۝۶۶ وَمِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ وَالْاَعْنَابِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا وَّرِزْقًا حَسَنًا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝۶۷ وَاَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِيْ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا وَّمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُوْنَ ۝۶۸ ثُمَّ كُلِيْ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ فَاسْلُكِيْ سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ۭ يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَاۗءٌ لِّلنَّاسِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝۶۹

اور یقینی بات یہ ہے کہ تمھارے لیے جانوروں میں سوچنے سمجھنے کا بڑا سامان ہے، اس کے پیٹ میں جو گوبر اور خون ہے اس کے بیچ میں سے ہم تم کو ایسا صاف ستھرا دودھ پلاتے ہیں جو پینے والوں کے لیے خوش گوار ہوتا ہے (۱) ﴿۶۶﴾ اور کھجور اور انگور کے پھلوں سے تم نشہ (یعنی شراب) بناتے ہو (۲) اور عمدہ روزی بھی (حاصل کرتے ہو)، یقینی بات یہ ہے کہ اس میں جو لوگ عقل سے کام لیتے ہیں ان کے لیے بڑی نشانی ہے ﴿۶۷﴾ اور تیرے رب نے شہد کی مکھی کے دل میں بات ڈالی کہ تو پہاڑ میں اور درخت میں اور لوگ (بیل چڑھانے کے لیے) جو چھتری (۳) بناتے ہیں ان میں (اپنا) گھر بنا ﴿۶۸﴾ پھر تو ہر قسم کے پھلوں میں سے کھا (۴) اور پھر جو راستے تیرے رب نے (تیرے لیے) آسان (یا صاف) بنا دیے ہیں تو اس پر چل (اس طرح) ان (مکھیوں) کے پیٹوں سے وہ پینے کی چیز (شہد) نکلتی ہے جس کے رنگ (۵) الگ الگ ہوتے ہیں (۶) جس میں لوگوں کے لیے (بڑی) شفا ہے، یقینی بات ہے کہ جو لوگ سوچتے سمجھتے ہیں ان کے لیے اس میں بڑی نشانی ہے ﴿۶۹﴾

---

(۱) (دوسرا ترجمہ) جو پینے والوں کے گلے میں آسانی سے اتر جاتا ہے۔

(۲) (سورت مکی ہے اور مکی دور میں شراب حلال تھی؛ اسی لیے آیت میں شراب کا تذکرہ ہوا ہے) (دوسرا ترجمہ) سرکہ بناتے ہو (تیسرا) نبیذ بناتے ہو۔

(۳) ٹٹیاں، مانڈوے۔ (۴) جن تک آسانی سے رسائی ہو جاوے۔

(۵) موسم، علاقہ اور پھل پھول کا شہد کی رنگت اور ذائقہ پر اثر ہوتا ہے۔

(۶) (دوسرا ترجمہ) الگ الگ رنگ والی پینے کی چیز یعنی (شہد) نکلتا ہے۔

وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ يَتَوَفّٰىكُمْ ۙ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْ لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْـًٔا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ۝

وَاللّٰهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلٰي بَعْضٍ فِي الرِّزْقِ ۚ فَمَا الَّذِيْنَ فُضِّلُوْا بِرَاۗدِّيْ رِزْقِهِمْ عَلٰي مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيْهِ سَوَاۗءٌ ۭ اَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ۝ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ بَنِيْنَ وَحَفَدَةً وَّرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۭ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ يَكْفُرُوْنَ ۝

اور اللہ تعالیٰ نے تم کو پیدا کیا، پھر وہ (اللہ تعالیٰ) تمھاری روح قبض کرتے ہیں اور تم میں سے بعض لوگ وہ ہیں جو عمر کے ناکارہ دور تک پہنچا دیے جاتے ہیں جس (دور) میں پہنچ کر یہ ہوتا ہے کہ بہت کچھ جاننے کے بعد بھی انسان بالکل ان جانے ہو جاتے ہیں، یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والے، بڑی قدرت والے ہیں ﴿۷۰﴾

اور اللہ تعالیٰ نے تم میں سے کچھ لوگوں کو رزق کے معاملے میں دوسروں سے بڑھا رکھا ہے، سو جن لوگوں کو رزق کے معاملے میں (اللہ کی طرف سے) بڑھایا گیا ہے وہ اپنی دولت اپنے غلاموں کو بھی اس طور پر دینے کے لیے تیار نہیں ہوتے کہ وہ (مال دار اور ان کے اپنے غلام) سب اس (مال) میں برابر ہو جائیں، کیا پھر بھی یہ لوگ اللہ تعالیٰ کی نعمت کا انکار کرتے ہیں؟① ﴿۷۱﴾ اور اللہ تعالیٰ نے تمھارے لیے تم میں سے بیویاں بنائی ہیں اور تمھاری بیویوں میں سے اس (اللہ تعالیٰ) نے تمھارے لیے بیٹے اور (بیٹے کے واسطے سے) پوتے پیدا کیے② اور اچھی اچھی چیزیں اس (اللہ تعالیٰ) نے تم کو کھانے (پینے) کے لیے دیں، کیا پھر بھی جھوٹی باتوں کو یہ لوگ مانتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی نعمت کا انکار کرتے ہیں؟③ ﴿۷۲﴾

---

① یعنی اللہ نے نعمت دی پھر بھی یہ کافر انکار کرتے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ ان کے بتوں نے یہ نعمت دی ہے۔ ② اولاد اور پوتوں کے ذریعے انسان کی نسل دنیا میں برابر چلتی رہتی ہے، اولاد کے پیدا ہونے میں ماں باپ دونوں ہی ضروری ہے، لیکن ماں کا حصہ زیادہ ہے۔ ’’حفدۃ‘‘ کا لفظ جمع ہے، ’’حافد‘‘ واحد ہے جس کا معنی ہے خوشی سے خدمت کے لیے دوڑنے والا اور پوتا، نواسا عام طور پر دادا، نانا کی خدمت کے لیے خوشی سے دوڑتا ہے ③ (دوسرا ترجمہ) اللہ کی نعمت کی ناشکری کرتے ہیں۔

وَيَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ شَيْئًا وَّلَا يَسْتَطِيعُونَ ۝ فَلَا تَضْرِبُوا لِلّٰهِ الْأَمْثَالَ ۚ إِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ وَأَنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ۝ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ وَّمَنْ رَّزَقْنٰهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا وَّجَهْرًا ۚ هَلْ يَسْتَوُونَ ۚ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ۝ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ أَحَدُهُمَا أَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰهُ ۙ أَيْنَمَا يُوَجِّهْهُّ لَا يَأْتِ بِخَيْرٍ ۚ هَلْ يَسْتَوِي هُوَ ۙ وَمَنْ يَّأْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ وَهُوَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ۝

اور وہ (کافر) اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر ایسی چیز کی عبادت کرتے ہیں جو ان کو آسمان اور زمین میں کسی طرح رزق دینے کا کوئی اختیار (ابھی) بھی نہیں رکھتی اور نہ تو (آئندہ) اختیار حاصل کر سکتی ہے ① ﴿۷۳﴾ سو تم اللہ تعالیٰ کے لیے (نامناسب) مثالیں نہ گڑھا کرو ② یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ جانتے ہیں اور تم نہیں جانتے ہو ﴿۷۴﴾ اللہ تعالیٰ نے ایک مثال بیان فرمائی (مان لو کہ ایک طرف تو) ایک غلام ہے جو کسی کی مالکی میں ہے، اس غلام کو کسی چیز کا کوئی اختیار نہیں ہے، اور (دوسری طرف) وہ (آدمی) ہے جس کو ہم نے اپنے پاس سے عمدہ رزق دے رکھا ہے اور وہ اس (رزق) میں سے چھپا کر اور کھلے طور پر (آزادی کے ساتھ) خرچ کرتا ہے، کیا یہ (دونوں قسم کے آدمی) آپس میں برابر ہو سکتے ہیں؟ تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں؛ لیکن ان میں سے اکثر لوگ (ایسی صاف بات بھی) نہیں جانتے ﴿۷۵﴾ اور اللہ تعالیٰ ایک (دوسری) مثال بیان فرماتے ہیں: دو ایسے آدمی ہیں، کہ ان میں سے ایک تو (غلام بھی ہے اور) گونگا ہے ③ جو کوئی کام نہیں کر سکتا اور وہ اپنے مالک پر بوجھ بنا ہوا ہے وہ (مالک) اس کو جہاں بھی بھیجے وہ کوئی ڈھنگ کا کام کر کے نہیں لاتا، کیا یہ (گونگا غلام) اور وہ (آدمی) برابر ہو سکتا ہے جو لوگوں کو انصاف کی تعلیم دیتا ہے ④ اور وہ خود بھی سیدھے راستے پر ہے؟ ⑤ ﴿۷۶﴾

---

① انسان کو ابھی کوئی چیز حاصل نہ ہو تو آئندہ محنت سے وہ اس کو حاصل کر سکتا ہے، آیت میں نفی کر دی گئی کہ یہ بت نظامِ رزق کو کبھی کسی طرح حاصل نہیں کر سکتے۔ ② دنیا میں بادشاہ ہو تو اس کے نائبین ہوتے ہیں اور لوگ نامنشوں کے ذریعے سے بھی کام کرواتے ہیں، اسی طرح نامنشوں کو بھی بہت سارے اختیارات حاصل ہوتے ہیں، ان کافروں نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ یہ بت اللہ کے نائب ہیں اور ان کے پاس بھی بہت سارے اختیارات ہیں۔ ③ گونگا بہت سی مرتبہ بہرہ بھی ہوتا ہے۔ ☚

وَلِلّٰهِ غَیْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَاۤ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَیْـًٔا ۙ وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ اَلَمْ یَرَوْا اِلَى الطَّیْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِیْ جَوِّ السَّمَآءِ ؕ مَا یُمْسِكُهُنَّ اِلَّا اللّٰهُ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ۝ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْۢ بُیُوْتِكُمْ سَكَنًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ بُیُوْتًا تَسْتَخِفُّوْنَهَا یَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَیَوْمَ اِقَامَتِكُمْ ۙ وَمِنْ اَصْوَافِهَا وَاَوْبَارِهَا وَاَشْعَارِهَاۤ اَثَاثًا وَّمَتَاعًا اِلٰى حِیْنٍ ۝

اور آسمانوں اور زمین کے سارے بھید اللہ تعالیٰ ہی کے قبضے میں ہیں (1) اور قیامت کا معاملہ تو آنکھ جھپکنے کی طرح ہوگا، یا اس سے بھی جلدی ہوگا، یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ تمام چیزوں پر قدرت رکھنے والے ہیں ﴿۷۷﴾ اور اللہ تعالیٰ نے تم کو تمھاری ماؤں کے پیٹوں سے ایسی حالت میں نکالا کہ تم کچھ جانتے نہیں تھے (2) اور اس (اللہ تعالیٰ) نے تمھارے لیے کان اور آنکھیں اور دل پیدا کیے؛ تاکہ تم شکر کرو ﴿۷۸﴾ کیا ان لوگوں نے غور نہیں کیا (3) پرندوں پر کہ آسمان کی فضا میں (اللہ تعالیٰ کے) حکم کے پابند ہیں؟ ان کو (گرنے سے) اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں روکتا، یقینی بات ہے کہ ایمان لانے والی قوم کے لیے اس میں بڑی نشانیاں ہیں ﴿۷۹﴾ اور اللہ تعالیٰ نے تمھارے گھروں کو تمھارے لیے رہنے کی جگہ بنا دیا (4) اور تمھارے لیے جانوروں کی کھالوں میں سے ایسے گھر (یعنی خیمے) بنا دیے جو تمھارے سفر میں اور تمھارے کسی جگہ ٹھہرنے کے وقت (اٹھانے و لگانے میں) تم کو ہلکے پھلکے لگتے ہیں اور ان (جانوروں) کے اون اور ان کے ببریوں (5) اور ان کے بالوں میں سے گھریلو سامان اور ایسی چیزیں پیدا کیں جو ایک مدت تک تم کو فائدہ اٹھانے کے کام میں آتی ہیں ﴿۸۰﴾

⬅ (6) یعنی اس میں قوت علمی ہے۔ (7) یعنی قوت عمل بھی ہے۔

(1) (دوسرا ترجمہ) آسمانوں اور زمین کی چھپی ہوئی چیزوں کا علم اللہ ہی کے پاس ہے۔

(2) معلوم ہوا علم انسان کا ذاتی ہنر نہیں ہے۔ ولادت کے بعد اظہارِ ضروریات کے لیے رونا بھی تو اللہ تعالیٰ ہی نے سکھایا۔

(3) (دوسرا ترجمہ) کیا ان لوگوں نے نہیں دیکھا؟۔

(4) (دوسرا ترجمہ) سکون کی جگہ بنا دیا۔ (5) اونٹ کے اون کو ببری کہتے ہیں۔

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا وَّجَعَلَ لَكُمْ سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ بَاْسَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ ۝ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝ يَعْرِفُوْنَ نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ يُنْكِرُوْنَهَا وَاَكْثَرُهُمُ الْكٰفِرُوْنَ ۝

وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ۝ وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الْعَذَابَ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ۝

اور اللہ تعالیٰ نے اپنی پیدا کی ہوئی چیزوں میں سے تمھارے لیے سایے بنائے اور تمھارے لیے پہاڑوں میں چھپنے کی جگہیں بنائیں اور تمھارے لیے ایسے قمیص (یعنی لباس) بنائے جو گرمی سے تمھاری حفاظت کرتے ہیں اور ایسے لباس (یعنی کرتے) بھی (بنائے) جو تمھاری جنگ میں تم کو بچانے کا کام دیتے ہیں (1) اسی طرح وہ (اللہ تعالیٰ) تم پر اپنی نعمت پوری کرتے ہیں؛ تاکہ تم فرماں بردار بن جاؤ ﴿۸۱﴾ پھر اگر وہ (ایمان سے) منہ پھرا لیویں (یعنی بات نہ مانے) تو تمھاری ذمے داری تو صرف کھول کر (اللہ تعالیٰ کی باتوں کو) پہنچا دینا ہے ﴿۸۲﴾ وہ لوگ اللہ تعالیٰ کی نعمت کو پہچانتے ہیں اس کے باوجود اس (نعمت) کا انکار کرتے ہیں (2) اور ان میں سے اکثر ناشکرے ہیں ﴿۸۳﴾

اور (وہ قیامت کا دن بھی یاد کرو) جس دن ہم ہر امت میں سے ایک گواہی دینے والا کھڑا کریں گے (3) پھر کافروں کو (معذرت کرنے کی) اجازت نہیں دی جائے گی اور نہ ان سے فرمائش کی جائے گی کہ وہ توبہ کریں (4) ﴿۸۴﴾ اور جب ظالم (کافر) لوگ عذاب کو دیکھ لیں گے تو ان سے عذاب (کسی طرح بھی) ہلکا نہیں کیا جائے گا اور نہ تو ان لوگوں کو مہلت دی جائے گی (5) ﴿۸۵﴾

---

(1) یعنی زرہیں۔ (2) (دوسرا ترجمہ) وہ کافر اللہ تعالیٰ کی نعمت کو پہچانتے ہیں پھر بھی وہ اس کا انکار کرتے ہیں۔ (3) گواہ سے مراد اس امت کے نبی ہیں جو اپنی امت کو اللہ تعالیٰ کا دین پہنچا دیا تھا اس کی گواہی دیں گے۔ (4) (دوسرا ترجمہ) اور ان کافروں کو توبہ کر کے اللہ کو راضی کرنے کے لیے اجازت نہیں دی جائے گی (تیسرا) نہ تو ان کافروں سے یہ چاہا جائے گا کہ وہ توبہ کر کے اللہ کو راضی کر لیوے (چوتھا) اور ان کا عذر قبول نہیں کیا جائے گا۔ (5) (دوسرا ترجمہ) اور نہ تو ان (کافروں) کو ڈھیل دی جائے گی (یعنی مجرمین جب جہنم کو دیکھ لیں گے تو جہنم فوراً ان کو اچک لے گی، اسی طرح جب عذاب شروع ہو جائے گا تو بیچ میں تھوڑی دیر کے لیے بھی عذاب نہیں رکے گا اور عذاب میں کمی بھی نہیں ہوگی۔

وَإِذَا رَأَ الَّذِينَ أَشْرَكُوا شُرَكَاءَهُمْ قَالُوا رَبَّنَا هَٰؤُلَاءِ شُرَكَاؤُنَا الَّذِينَ كُنَّا نَدْعُوا مِن دُونِكَ ۚ فَأَلْقَوْا إِلَيْهِمُ الْقَوْلَ إِنَّكُمْ لَكَاذِبُونَ ۝ وَأَلْقَوْا إِلَى اللَّهِ يَوْمَئِذٍ السَّلَمَ ۖ وَضَلَّ عَنْهُم مَّا كَانُوا يَفْتَرُونَ ۝ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَن سَبِيلِ اللَّهِ زِدْنَاهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوا يُفْسِدُونَ ۝ وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِي كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا عَلَيْهِم مِّنْ أَنفُسِهِمْ ۖ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيدًا عَلَىٰ هَٰؤُلَاءِ ۚ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً وَبُشْرَىٰ لِلْمُسْلِمِينَ ۝

اور جب مشرک لوگ (قیامت کے میدان میں) اپنے شریکوں کو دیکھ لیں گے تو کہیں گے: اے ہمارے رب! یہ تو ہمارے (بنائے ہوئے) وہ شریک ہیں جن کو ہم تجھ کو چھوڑ کر پکارا کرتے تھے، پس (اسی وقت) وہ (شریک) ان (مشرکوں) کی طرف بات پھینک ماریں گے (یعنی جواب دیں گے) کہ تم بالکل جھوٹے ہو ﴿۸۶﴾ اور وہ (مشرک) اس روز اللہ تعالیٰ کے سامنے فرماں برداری کی بات بولنے لگیں گے اور جو بہتان وہ باندھا کرتے تھے وہ سب (بت) ان مشرکوں سے غائب ہو جائیں گے ① ﴿۸۷﴾ جو لوگ کفر کرتے تھے اور اللہ کے راستے (اسلام) سے روکتے تھے تو ان کے فساد (یعنی کفریہ شرارت) کی سزا میں عذاب پر دوسرا عذاب ہم زیادہ کرتے رہیں گے ② ﴿۸۸﴾ اور جس (قیامت کے) دن ہم ہر امت میں ایک گواہ (یعنی اس امت کے نبی) کو ان ہی میں سے ان کے خلاف کھڑا کریں گے اور ہم تم کو (اے نبی!) لائیں گے ان لوگوں کے خلاف گواہی دینے کے لیے ③ اور ہم نے تمھارے اوپر کتاب (یعنی قرآن) اتاری جو ہر بات (یعنی اصول دین اسلام) کو کھول کھول کر بیان کر دے، اور ہدایت اور رحمت اور مسلمانوں کے لیے خوش خبری دینے والی ہے ④ ﴿۸۹﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) ان کا کچھ پتہ ہی نہیں چلے گا۔ ② ایک عذاب تو ان کافروں کو اس لیے ہوگا کہ وہ خود اللہ تعالیٰ کے دین کا انکار کرتے تھے اور دوسرا عذاب اس لیے ہوگا کہ وہ دوسرے لوگوں کو اللہ تعالیٰ کے دین سے روکتے تھے، یعنی ان میں دو قسم کی برائیاں تھیں: اس لیے ان کو ڈبل عذاب ہوگا۔ ③ (دوسرا ترجمہ) پھر آپ (ﷺ) کو ان تمام پر گواہی کے لیے لاویں گے۔ (قیامت کے میدان میں ہر نبی اپنی امت کے حالات کے متعلق گواہی دیں گے، اس وقت نبی کریم ﷺ بھی اپنی امت کے حالات بتلائیں گے؛ بلکہ آپ ﷺ تمام نبیوں کی شہادت کے سچا ہونے پر بھی گواہی دیں گے)۔

④ (دوسرا ترجمہ) جو (خاص کر) مسلمانوں کے لیے (بڑی) ہدایت اور (بڑی) رحمت اور خوش خبری سنانے والی ہے۔

إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ وَإِيتَاءِ ذِي الْقُرْبَىٰ وَيَنْهَىٰ عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ﴿٩٠﴾ وَأَوْفُوا بِعَهْدِ اللَّهِ إِذَا عَاهَدْتُمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْأَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيدِهَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللَّهَ عَلَيْكُمْ كَفِيلًا ۚ إِنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُونَ ﴿٩١﴾ وَلَا تَكُونُوا كَالَّتِي نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ أَنْكَاثًا ۚ تَتَّخِذُونَ أَيْمَانَكُمْ دَخَلًا بَيْنَكُمْ أَنْ تَكُونَ أُمَّةٌ هِيَ أَرْبَىٰ مِنْ أُمَّةٍ ۚ إِنَّمَا يَبْلُوكُمُ اللَّهُ بِهِ ۚ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَا كُنْتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ﴿٩٢﴾

یقیناً اللہ تعالیٰ انصاف اور احسان (یعنی بھلائی کرنے) اور رشتے داروں کو (ان کے حقوق) دینے کا حکم دیتے ہیں اور بے حیائی اور برائی اور ظلم سے وہ (اللہ تعالیٰ) روکتے ہیں وہ (اللہ تعالیٰ) تم کو (اس لیے) نصیحت کرتے ہیں؛ تاکہ تم نصیحت قبول کرلو ﴿۹۰﴾ اور تم اللہ تعالیٰ سے کیے ہوئے عہد کو پورا کرو① جب کہ تم نے معاہدہ کیا ہے اور (اللہ تعالیٰ کے نام کے ذریعے) اپنی قسموں کو پکا کرنے کے بعد تم ان کو تو ڑمت ڈالو اور پکی بات یہ ہے کہ (اللہ تعالیٰ کے نام کی قسم کھا کر) تم اللہ تعالیٰ کو اپنے اوپر گواہ (یعنی ضامن) بنا چکے ہو، یقینی بات ہے کہ تم جو کچھ کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس کو جانتے ہیں ﴿۹۱﴾ اور (قسم توڑنے میں) تم اس عورت جیسے مت بن جانا جو اپنے سوت کو (محنت کرکے) مضبوط کرنے کے بعد توڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کردیا کرتی تھی② کہ تم اپنی قسموں کو (توڑ کر) آپس میں فساد ڈالنے کا بہانہ (ذریعہ) بنانے لگو، اس لیے کہ کچھ لوگ دوسروں سے زیادہ فائدہ حاصل کرنے لگے③ یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے تمہارا امتحان لے رہے ہیں④ اور جن چیزوں میں تم اختلاف کرتے ہو قیامت کے دن اللہ تمہارے سامنے اس کی پوری حقیقت کھول دیں گے ﴿۹۲﴾

---

① شریعت میں اللہ کے جو حقوق ہیں اسی طرح اللہ تعالیٰ کے بندوں کے جو حقوق ہیں اس سلسلے میں جو معاہدے ہوئے ہوں ان سب کو پورا کرو اور جو معاہدے شریعت کے خلاف ہوں اس کو پورا کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ ② یعنی آپس کے عہد کو کچے دھاگے کی طرح مت سمجھو کہ جس طرح چاہے توڑ ڈالے۔ ③ یعنی جھوٹی قسم کھا کر یا کھائی ہوئی قسم کو توڑ کر دنیا کا فائدہ حاصل کرنے کی فکر مت کرو۔ (دوسرا ترجمہ) اس لیے کہ ایک جماعت دوسری جماعت سے بڑھ جاوے (یعنی ایک جماعت یا پارٹی سے تم نے معاہدہ کیا، پھر پتہ چلا کہ ان کی تعداد کم ہے اور یہ لوگ کمزور ہیں، (باقی اگلے صفحہ پر) ⟵

(باقی اگلے صفحہ پر)

وَلَوْ شَاءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَاۤءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۤءُ ؕ وَلَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ وَلَا تَتَّخِذُوْۤا اَيْمَانَكُمْ دَخَلًاۢ بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌۢ بَعْدَ ثُبُوْتِهَا وَتَذُوْقُوا السُّوْۤءَ بِمَا صَدَدْتُّمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَلَكُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ وَلَا تَشْتَرُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ اِنَّمَا عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝

اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتے تو تم کو ایک (دین کے ماننے والی) امت بنا دیتے؛ لیکن اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں گمراہ کرتے ہیں اور جس کو چاہتے ہیں (اس کو) ہدایت (کا راستہ سجھاتے) ہیں① اور جو کام تم لوگ کرتے ہو اس کے بارے میں تم سے ضرور سوال کیا جائے گا ﴿۹۳﴾ اور تم اپنی قسموں کو (خلاف کرکے) آپس میں دھوکہ دینے کا ذریعہ مت بناؤ② کہ کسی کا قدم جمنے کے بعد پھسل جائے اور تم کو اللہ تعالیٰ کے راستے سے روکنے کی وجہ سے بری سزا چکھنی پڑے اور (ایسی صورت میں) تم کو بڑا عذاب ہوگا③ ﴿۹۴﴾ اور اللہ تعالیٰ سے جو عہد کیا (اس کے خلاف کرکے) اس کے بدلے میں (دنیا کا) تھوڑا سا فائدہ حاصل نہ کرو، اگر تم (حقیقت کو) سمجھو تو اللہ تعالیٰ کے پاس جو اجر اور ثواب تمہارے لیے ہے وہ بہت بہتر ہے ﴿۹۵﴾

⇐ مال و دولت ان کے پاس کم ہے اور دوسری جماعت یا پارٹی ہمارے سامنے آئی جو طاقتور ہے، ان کے پاس افراد بھی زیادہ ہیں، مال بھی زیادہ ہے تو اب بغیر کسی شرعی وجہ کے پہلی جماعت سے معاہدہ توڑنا جائز نہیں ہے، پہلی کمزور جماعت کو چھوڑ کر دوسری طاقت والی جماعت کے ساتھ ہوجانے کا مقصد صرف دنیوی فائدہ ہوتا ہے، یاد رکھو کہ نفع اور نقصان تو صرف اللہ تعالیٰ کے قبضے میں ہے۔③ یعنی کسی جماعت سے معاہدہ کیا اس کو پورا کرتے ہو یا صرف دنیا کے فائدے کے لیے معاہدہ توڑ دیتے ہو۔

① (دوسرا ترجمہ) جس کو چاہتے ہیں اس کو صحیح راستے پر پہنچاتے ہیں۔② (دوسرا) آپس میں فساد کا ذریعہ مت بناؤ۔

③ قسم کھا کر کسی قوم سے معاہدہ کرو، پھر اس کی خلاف ورزی کرو تو اس سے لوگوں کے دلوں میں اسلام کے متعلق بدگمانی پیدا ہوگی، مسلمان بدنام ہوں گے، لوگ اسلام سے دور ہوں گے جس کی وجہ سے تم کو اللہ تعالیٰ کے دین سے روکنے کا گناہ ہوگا، اسی طرح بعض لوگ قسم کھاتے وقت ہی اس کو پورا نہ کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں، صرف سامنے والے کو دھوکہ دینے کے لیے قسم کھاتے ہیں، یہ سب گناہ کے کام ہیں، اس کا ایک بڑا نقصان یہ بھی ہوگا کہ تم کو دیکھ کر دوسرے لوگ بھی قسم توڑنے کا گناہ کریں گے اس کا وبال تم پر بھی آئے گا۔

مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ۗ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْٓا اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا
يَعْمَلُوْنَ ۝ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ
وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ
الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝ اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝
اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ ۝

وَاِذَا بَدَّلْنَآ اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ ۙ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مُفْتَرٍ ۭ بَلْ
اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

جو کچھ تمھارے پاس ہے وہ ختم ہو جائے گا اور جو کچھ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے وہ باقی رہے گا اور صبر سے کام کرنے والوں کو ان کے بہترین کاموں کے مطابق ان کا بدلہ ہم ضرور دیں گے ① ﴿۹٦﴾ جس مرد یا عورت نے مومن ہونے کی حالت میں نیک کام کیا ہم اس کو پاکیزہ زندگی بسر کروائیں گے ② اور ایسے لوگوں کو ان کے بہترین کاموں کے مطابق ان کا ہم ضرور بدلہ دیں گے ﴿۹۷﴾ سو جب تم قرآن پڑھو (یعنی پڑھنا چاہو) تو (پہلے) شیطان مردود سے اللہ تعالیٰ کی پناہ (یعنی حفاظت) مانگ لیا کرو ﴿۹۸﴾ یقینی بات ہے کہ جو ایمان والے ہیں اور اپنے رب پر توکل کرتے ہیں ایسے لوگوں پر اس (شیطان) کا زور نہیں چلتا ﴿۹۹﴾ یقیناً اس (شیطان) کا زور تو ایسے ہی لوگوں پر چلتا ہے جو اس کو اپنا دوست بناتے ہیں اور وہی لوگ اپنے رب کے ساتھ شرک کرتے ہیں ﴿۱۰۰﴾

اور جب ہم ایک آیت کی جگہ دوسری آیت بدل دیتے ہیں ③ اور اللہ جو (حکم) نازل کرتے ہیں اس (کی مصلحت) کو اچھی طرح جانتے ہیں تو کافر لوگ (اس تبدیلی پر) کہتے ہیں کہ تم تو (اللہ پر) جھوٹ باندھنے والے ہو؛ بلکہ ان میں سے اکثر لوگ (تبدیلی کی حقیقت کو) جانتے نہیں ہیں ﴿۱۰۱﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) صبر سے کام کرنے والوں کو جو بہترین کام وہ کیا کرتے تھے اس کا بدلہ ہم ضرور دیں گے۔ (بہترین کام دینی کام ہے جن میں حالات آتے ہیں اور صبر کرنا ہی پڑتا ہے اور اس پر اللہ ثواب عطا فرماتے ہیں)۔

② آخرت میں تو پرلطف زندگی ہے ہی؛ لیکن دنیا میں بھی مزے دار زندگی ہے، دنیوی سامان میں قلت کے باوجود قناعت کی وجہ سے اطمینان، دنیا کی مصیبت میں آخرت کے اجر کی امید میں لطف اور مزہ۔ ③ یعنی آیت میں نسخ ہوتا ہے۔

قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهُدًى وَّبُشْرٰى
لِلْمُسْلِمِيْنَ ۝ وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ؕ لِسَانُ الَّذِيْ يُلْحِدُوْنَ اِلَيْهِ
اَعْجَمِيٌّ وَّهٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِيْنٌ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۙ لَا يَهْدِيْهِمُ اللّٰهُ
وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ اِنَّمَا يَفْتَرِي الْكَذِبَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ
الْكٰذِبُوْنَ ۝ مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖٓ اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ وَلٰكِنْ
مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝

(اے نبی!) تم کہہ دو: یہ (قرآن مجید) روح القدس (یعنی جبرئیل علیہ السلام) تمھارے رب کی طرف سے ٹھیک ٹھیک لے کر آئے ہیں①؛ تاکہ وہ ایمان والوں کو ثابت قدم رکھیں اور مسلمانوں کے لیے ہدایت اور خوش خبری کا ذریعہ ہو ﴿۱۰۲﴾ اور (اے نبی!) ہم کو اچھی طرح معلوم ہے کہ یہ (لوگ تمھارے متعلق) کہتے ہیں کہ: (وہ قرآن) ان (محمد ﷺ) کو ایک آدمی سکھلاتا ہے؛ (حالاں کہ) جس آدمی کی طرف (قرآن سکھانے کی) نسبت کرتے ہیں اس کی زبان تو عجمی ہے اور یہ (قرآن) تو صاف عربی زبان میں ہے ﴿۱۰۳﴾ یقینی بات ہے کہ جو لوگ اللہ تعالیٰ کی آیتوں پر ایمان نہیں رکھتے اللہ تعالیٰ ان کو ہدایت پر نہیں لاتے اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے ﴿۱۰۴﴾ یقیناً (اللہ تعالیٰ پر) جھوٹ تو وہی لوگ باندھتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کی آیتوں پر ایمان نہیں رکھتے ہیں اور وہی لوگ (حقیقت میں) جھوٹے ہیں ﴿۱۰۵﴾ جو آدمی اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے کے بعد اس (اللہ تعالیٰ) کے ساتھ کفر کرے؛ مگر یہ کہ جس آدمی پر (کفر کا کلمہ بولنے کے لیے) زبردستی کی گئی اور اس کا دل ایمان پر قائم (یعنی برقرار) ہو (تو اس پر کوئی پکڑ نہیں ہوگی) مگر جو آدمی دل کھول کر کفر کرے② تو ان پر اللہ تعالیٰ کا غضب ہے اور ان کے لیے بڑا عذاب ہے ﴿۱۰۶﴾

---

① اللہ تعالیٰ جو انسانی زندگی کے ہر دور کو جانتے ہیں وہ اپنی پوری حکمت سے احکام میں ٹھیک ٹھیک تبدیلی فرماتے ہیں۔
② یعنی اپنے اختیار سے کفر کو صحیح اور مستحسن (یعنی اچھا سمجھ کر) کرے۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ۝ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ هَاجَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا فُتِنُوْا ثُمَّ جٰهَدُوْا وَصَبَرُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

يَوْمَ تَاْتِيْ كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝

یہ (غضب اور عذاب) اس لیے ہوا کہ انھوں نے آخرت (کی زندگی) کے مقابلے میں دنیا کی زندگی کو (زیادہ) محبوب رکھا اور (یہ غضب اور عذاب) اس وجہ سے کہ اللہ تعالیٰ ایسے (ضدی) کافر لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتے ﴿۱۰۷﴾ یہ ایسے لوگ ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں پر اور ان کے کان پر اور ان کی آنکھوں پر مہر لگا دی اور یہ وہی لوگ ہیں جو (اپنے انجام سے) بالکل غافل ہیں ﴿۱۰۸﴾ لازمی بات ہے① کہ یہی لوگ آخرت میں (سب سے زیادہ) نقصان میں ہوں گے ﴿۱۰۹﴾ پھر بھی تمھارے رب ایسے ہیں کہ (کفر کے) فتنے میں پڑنے کے بعد جن لوگوں نے (ایمان لا کر) ہجرت کی، پھر (انھوں نے اللہ تعالیٰ کے راستے میں) جہاد کیا اور صبر کیا② یقینی بات ہے کہ ایسے لوگوں کے لیے تمھارے رب ان (ایمان اور نیک اعمال) کے بعد بھی بہت زیادہ بخشنے والے، سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں③ ﴿۱۱۰﴾

(وہ دن قیامت کا یاد کرو) جس دن ہر انسان اپنے دفاع کی بات کرتا ہوا آئے گا④ اور ہر شخص کو جو عمل اس نے کیا اس کا پورا بدلہ مل جائے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا ﴿۱۱۱﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) ظاہری بات ہے۔ ② یعنی حالات آنے کے باوجود ایمان پر جمے رہے اور مصیبتوں کو برداشت کیا۔

③ یعنی ایمان کی برکت سے کفر کے زمانے کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں اور جہاد اور دوسرے اعمال صالحہ کی برکت سے جنت کے درجات بلند ہوتے ہیں۔

④ یعنی خود کو عذاب سے کس طرح چھٹکارا مل جائے اس کا فکر کرتا ہوا آئے گا (دوسرا ترجمہ) اپنی طرف داری میں بات کرتا ہوا آئے گا (تیسرا) خود کو بے قصور ثابت کرتا ہوگا (یعنی دوسروں کا فکر نہ ہوگا! بلکہ صرف اپنا ہی فکر ہوگا)۔

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَىِٕنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ۝ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ۝ فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۪ وَّاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ۝ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَاۤ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۝

اور اللہ تعالیٰ ایک بستی کی مثال بیان کرتے ہیں① جو امن اور اطمینان والی تھی، اس (بستی والوں) کی روزی ہر طرف سے اس کو فراوانی کے ساتھ پہنچ رہی تھی، پھر اس (بستی والوں) نے اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی ناشکری کی تو اللہ تعالیٰ نے ان (کی ناشکری) کے کاموں کی سزا میں اس کو بھوک اور خوف کے لباس کا مزہ چکھایا② ﴿۱۱۲﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ ان (بستی مکہ والوں) کے پاس ان ہی میں سے ایک رسول (یعنی حضرت محمد ﷺ) آئے تو اس بستی والوں نے اس (رسول یعنی حضرت محمد ﷺ) کو جھٹلایا، سو جب ان بستی والوں نے ظلم اپنایا تو ان کو عذاب میں پکڑ لیا ﴿۱۱۳﴾ سو جو روزی اللہ تعالیٰ نے حلال، پاکیزہ تم کو دی تم اس میں سے کھاؤ اور تم اللہ تعالیٰ کی نعمت کا شکر ادا کرو اگر تم واقعی اس (اللہ تعالیٰ) کی عبادت کرتے ہو ﴿۱۱۴﴾ یقیناً اس (اللہ تعالیٰ) نے تمہارے اوپر مُردار اور (بہتا) خون اور خنزیر کا گوشت اور جس جانور پر اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کا نام پکارا گیا ہو③ وہ حرام کیا ہے، سو جو آدمی بھوک سے بالکل مجبور ہو جائے، شرط یہ کہ مزے لینے کے لیے نہ کھاوے اور ضرورت سے④ زیادہ آگے نہ بڑھے تو یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ بہت زیادہ معاف کرنے والے، سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں⑤ ﴿۱۱۵﴾

① پہلے مکہ مراد ہے، پھر اس طرح کے دوسرے شہر بھی شامل ہو جائیں گے۔
② یعنی جس طرح لباس انسان کے بدن کو گھیر لیتا ہے، اس طرح بھوک اور خوف نے ان کو گھیر لیا۔
③ (دوسرا ترجمہ) اور جو جانور اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کے نام پر کر دیا گیا ہو۔
④ یعنی حرام چیزوں کو استعمال کرنے میں۔ ⑤ یعنی حرام کے استعمال کا گناہ نہ ہوگا۔

وَلَا تَقُولُوا لِمَا تَصِفُ أَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هَٰذَا حَلَالٌ وَهَٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوا عَلَى اللَّهِ الْكَذِبَ ۚ إِنَّ الَّذِينَ يَفْتَرُونَ عَلَى اللَّهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُونَ ﴿۱۱۶﴾ مَتَاعٌ قَلِيلٌ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿۱۱۷﴾ وَعَلَى الَّذِينَ هَادُوا حَرَّمْنَا مَا قَصَصْنَا عَلَيْكَ مِن قَبْلُ ۖ وَمَا ظَلَمْنَاهُمْ وَلَٰكِن كَانُوا أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ﴿۱۱۸﴾ ثُمَّ إِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِينَ عَمِلُوا السُّوءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوا مِن بَعْدِ ذَٰلِكَ وَأَصْلَحُوا إِنَّ رَبَّكَ مِن بَعْدِهَا لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿۱۱۹﴾

إِنَّ إِبْرَاهِيمَ كَانَ أُمَّةً قَانِتًا لِّلَّهِ حَنِيفًا وَلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿۱۲۰﴾

اور جن چیزوں کے بارے میں تمھاری زبانیں جھوٹی باتیں بناتی ہیں ان (چیزوں) کے بارے میں ایسا مت کہا کرو کہ: یہ چیزیں حلال ہیں اور یہ چیزیں حرام ہیں (اس کہنے کا مطلب یہ ہوگا) کہ تم اللہ تعالیٰ پر جھوٹا بہتان باندھو گے، یقینی بات ہے کہ جو لوگ اللہ تعالیٰ پر جھوٹا بہتان باندھتے ہیں ان کا بھلا نہیں ہوگا① ﴿۱۱۶﴾ (دنیا میں) تھوڑے دن کا فائدہ اٹھالینا ہے اور ان کے لیے دردناک عذاب (تیار) ہے ﴿۱۱۷﴾ اور (صرف) یہودیوں پر وہ چیزیں ہم نے حرام کردی تھیں جن کو ہم تمھارے سامنے پہلے بیان کرچکے ہیں② اور ہم نے ان (یہودیوں) پر کوئی ظلم نہیں کیا؛ لیکن وہ خود ہی (اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرکے) اپنی جانوں پر ظلم کیا کرتے تھے ﴿۱۱۸﴾ پھر تمھارے رب ایسے ہیں کہ جو لوگ نادانی میں کوئی برائی کر بیٹھیں پھر اس کے بعد توبہ کرلیں اور (اپنی) اصلاح کرلیں③ تو یقینی بات ہے کہ اس (توبہ) کے بعد بھی ایسے لوگوں کے لیے تمھارے رب (اللہ تعالیٰ) بہت ہی زیادہ معاف کرنے والے، بہت رحم کرنے والے ہیں④ ﴿۱۱۹﴾

یقینی بات ہے کہ ابراہیم (علیہ السلام خود اکیلے) ایک امت (کے برابر) تھے⑤ اللہ تعالیٰ کے فرماں بردار تھے ٹھیک سیدھے راستے پر تھے اور وہ (ابراہیم علیہ السلام) مشرکوں میں سے نہیں تھے ﴿۱۲۰﴾

---

① (دوسرا) وہ فلاح نہیں پائیں گے۔ ② سورۂ انعام، نساء، اور مائدہ میں۔ ③ یعنی اپنے کاموں کو اچھا اور نیک بنالیا۔

④ یعنی کفر سے توبہ کرکے ایمان قبول کرنے کی برکت سے پچھلے تمام گناہ اللہ تعالیٰ معاف کردیں گے۔ ⑤ یعنی ایک پوری امت اور قوم میں جو فضائل اور کمالات ہوسکتے ہیں وہ اکیلے ابراہیمؑ میں اللہ تعالیٰ نے جمع فرمادیے تھے، اسی طرح پوری دنیا میں جتنے مشہور مذاہب ہیں ہر ہر مذہب کے ماننے والے لوگ ابراہیمؑ کو اپنا پیشوا اور سردار مانتے ہیں۔

شَاكِرًا لِّأَنْعُمِهِ ۚ اجْتَبَاهُ وَهَدَاهُ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿١٢١﴾ وَآتَيْنَاهُ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ۖ وَإِنَّهُ فِي الْآخِرَةِ لَمِنَ الصَّالِحِينَ ﴿١٢٢﴾ ثُمَّ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ أَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا ۖ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿١٢٣﴾ إِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى الَّذِينَ اخْتَلَفُوا فِيهِ ۚ وَإِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿١٢٤﴾ ادْعُ إِلَىٰ سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ ۖ وَجَادِلْهُم بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ ۚ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَن ضَلَّ عَن سَبِيلِهِ ۖ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ ﴿١٢٥﴾

اس (اللہ تعالیٰ) کی نعمتوں کا شکر کرنے والے تھے، اس (اللہ تعالیٰ) نے ان کو چن لیا تھا اور اس (اللہ تعالیٰ) نے ان کو سیدھے راستے پر پہنچا دیا تھا ﴿۱۲۱﴾ اور ہم (یعنی اللہ تعالیٰ) نے ان کو دنیا میں خوبیاں دی تھیں اور یقینی بات ہے کہ آخرت میں بھی وہ (ابراہیم علیہ السلام) نیک لوگوں میں سے ہوں گے ① ﴿۱۲۲﴾ پھر ہم نے وحی کے ذریعے تم (محمد ﷺ) پر یہ حکم نازل کیا کہ تم ابراہیم (علیہ السلام) کے دین پر چلو جو ٹھیک سیدھے راستے پر تھے اور وہ شرک کرنے والوں میں سے نہیں تھے ﴿۱۲۳﴾ یقینی بات ہے کہ سنیچر کے دن کی تعظیم کرنا ان (یہودیوں) کے لیے ضروری کیا گیا تھا جو اس میں اختلاف کیا کرتے تھے، اور یقین رکھو کہ تمھارے رب ان لوگوں کے درمیان قیامت کے دن قطعی فیصلہ کریں گے ان باتوں میں جن میں وہ اختلاف کیا کرتے تھے ② ﴿۱۲۴﴾ (اے نبی!) تم اپنے رب کے راستے (دین اسلام) کی طرف حکمت اور عمدہ نصیحت کی بات سنا کر ③ دعوت دو اور (بحث کرنے کی ضرورت پڑے تو) بہترین طریقے سے ان سے بحث کرو، یقینی بات ہے کہ تمھارے رب ہی ان لوگوں کو بہت اچھی طرح جانتے ہیں جو اس (اللہ تعالیٰ) کے راستے سے بھٹک گئے ہیں اور جو سیدھے راستے پر ہیں ان کو بھی وہ (اللہ تعالیٰ) بہت اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۱۲۵﴾

---

① اعلیٰ مرتبے کے اچھے لوگوں میں سے ہوں گے۔

② بعض یہودی لوگ سنیچر کے دن کا احترام کرتے اور عبادت کے لیے جو پابندیاں تھیں اس پر عمل کرتے اور دوسرے بعض یہودی سنیچر کے دن کا احترام نہیں کرتے اور عبادت کے لیے جو پابندیاں تھی اس پر عمل نہیں کرتے تھے۔

③ (دوسرا) عمدہ اسلوب سے (تیسرا) عمدہ طریقہ اپنا کر کے۔

وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ ۚ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ ۝ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۝

اگر تم بدلہ لو تو جتنی تکلیف تم کو دی گئی اتنا ہی بدلہ لو اور اگر تم صبر کرو① تو یہ صبر کرنے والوں کے لیے بہت ہی اچھا ہے ﴿۱۲۶﴾ اور (اے نبی!) تم صبر کرو اور تم اللہ تعالیٰ کی مدد (یعنی توفیق) ہی سے صبر کر سکو گے② اور ان (کافروں کے کفر اور مخالفت) پر تم غمگین نہ ہو اور جو سازش (تمھارے خلاف) وہ (دشمن) کرتے ہیں اس سے تمھارا دل تنگ نہ ہو③ ﴿۱۲۷﴾ یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ تقویٰ اپنانے والے اور احسان کرنے والوں کے ساتھ ہیں④ ﴿۱۲۸﴾

① یعنی کسی ستانے کا بدلہ نہ لو۔
② یعنی اللہ تعالیٰ کی مدد کی برکت سے صبر کرنا آسان ہوگا۔
③ یعنی کافروں کی سازشوں کی وجہ سے آپ کو صدمہ نہیں ہونا چاہیے؛ چوں کہ ان کی سازشیں چلنے والی نہیں ہیں۔
④ یعنی تقویٰ والوں کی خصوصی مدد فرماتے ہیں۔ محسنین سے مراد مخلوق کے ساتھ اچھا سلوک کرنے والے۔

سورة بنی اسرائیل

(المکیة)

آیاتها: ۱۱۱۔

رکوعاتها: ۱۲۔

سورۂ اسرا

یہ سورت مکی ہے، اس میں ایک سو گیارہ (۱۱۱) یا ایک سو پندرہ (۱۱۵) آیتیں ہیں، سورۂ انبیاء یا سورۂ قصص کے بعد اور سورۂ سجدہ سے پہلے پچاس (۵۰) نمبر پر نازل ہوئی۔

اسراء: رات کے وقت چلنا۔ اس سورت میں حضرت نبیٔ کریم ﷺ کے معراج کا واقعہ موجود ہے اور وہ سفر رات میں ہوا تھا۔

اسی طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام کو بھی رات کے وقت چلنے کا حکم دیا گیا تھا "ان اسر بعبادی لیلا"۔ حضرت یعقوب علیہ السلام نے بھی رات کے وقت ایک سفر کیا تھا۔

اس سورت کا دوسرا نام "سورۂ بنی اسرائیل" بھی ہے؛ حضرت یعقوب کا لقب "اسرائیل" تھا؛ اس لیے ان کی اولاد کو بنی اسرائیل کہتے ہیں۔

اس سورت کی آیت آخری آیت:

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ﴿۱۱۱﴾

اِس کے متعلق ایک روایت میں آیا ہے کہ خاندانِ بنی عبد المطلب میں جب کوئی بچہ بولنے لگتا تھا تو نبیٔ کریم ﷺ اس کو یہی آیت پہلے سکھاتے تھے۔

ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ جو بھی اس آیت کی تلاوت کرے گا اس کے لیے زمین اور پہاڑوں جتنا ثواب اللہ کے یہاں لکھا جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

سُبْحٰنَ الَّذِيْٓ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِيْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِيَهٗ مِنْ اٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ① وَاٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَلَّا تَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِيْ وَكِيْلًا ② ذُرِّيَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا ③ وَقَضَيْنَآ اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ فِي الْكِتٰبِ لَتُفْسِدُنَّ فِي الْاَرْضِ مَرَّتَيْنِ وَلَتَعْلُنَّ عُلُوًّا كَبِيْرًا ④

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

وہ اللہ تعالیٰ ہر عیب سے پاک ہے جو اپنے بندے (محمد ﷺ) کو رات کے وقت① مسجدِ حرام② سے مسجدِ اقصیٰ تک لے گئے، جس کے اطراف میں ہم نے (ہر قسم کی) برکتیں رکھی ہیں (اس بندے محمد ﷺ کو وہاں لے جانے کا مقصد یہ تھا) تا کہ ہم ان کو ہماری (قدرت کی) کچھ نشانیاں دکھلائیں، یقینی بات ہے کہ وہ (اللہ تعالیٰ) ہر بات سننے والے، ہر چیز دیکھنے والے ہیں ﴿۱﴾ اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب (تورات) دی اور ہم نے اس (تورات) کو بنی اسرائیل کے لیے ہدایت کا ذریعہ بنا دیا (اور ان سے کہہ دیا) یہ کہ میرے سوا کو وکیل③ مت بناؤ ﴿۲﴾ تم ان لوگوں کی تو اولاد ہو جن کو ہم نے نوح (علیہ السلام) کے ساتھ (کشتی میں) سوار کیا تھا، یقیناً وہ (نوح علیہ السلام) تو بڑے ہی شکر کرنے والے بندے تھے ﴿۳﴾ اور ہم نے (اس تورات) کتاب میں④ بنی اسرائیل کو یہ بات صاف صاف بتلا دی تھی کہ تم زمین (یعنی ملکِ شام) میں دو مرتبہ فساد مچاؤ گے⑤ اور تم بڑی سخت سرکشی کرو گے⑥ ﴿۴﴾

---

① یعنی پوری رات نہیں؛ بلکہ رات کے ایک حصے میں۔ ② مراد: مکہ میں کعبہ والی مسجد۔ ③ یعنی کام بنانے والا۔
④ یا دوسرے نبیوں کی کتابوں میں۔ ⑤ یعنی ایک مرتبہ موسیٰ علیہ السلام کی شریعت کی مخالفت اور دوسری مرتبہ عیسیٰ علیہ السلام کی شریعت کی مخالفت میں۔ ⑥ (دوسرا ترجمہ) اور تم بڑی خرابی پھیلاؤ گے۔ (تیسرا ترجمہ) اور دوسروں پر بھی بڑا زور (ظلم) کرنے لگو گے (یعنی اللہ تعالیٰ کے اور اللہ تعالیٰ کے بندوں کے حقوق ضائع کرو گے)

فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ اُوْلٰىهُمَا بَعَثْنَا عَلَيْكُمْ عِبَادًا لَّنَآ اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ فَجَاسُوْا خِلٰلَ الدِّيَارِ ؕ وَكَانَ وَعْدًا مَّفْعُوْلًا ۝۵ ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ وَاَمْدَدْنٰكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَجَعَلْنٰكُمْ اَكْثَرَ نَفِيْرًا ۝۶ اِنْ اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ ۟ وَاِنْ اَسَاْتُمْ فَلَهَا ؕ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ لِيَسُوْٓءٗا وُجُوْهَكُمْ وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ كَمَا دَخَلُوْهُ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّلِيُتَبِّرُوْا مَا عَلَوْا تَتْبِيْرًا ۝۷ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يَّرْحَمَكُمْ ۚ وَاِنْ عُدْتُّمْ عُدْنَا ۘ وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ حَصِيْرًا ۝۸

پھر جب ان دو (مرتبہ کی شرارت) میں سے پہلا واقعہ پیش آیا تو ہم نے تمھارے مقابلے میں اپنے ایسے بندے بھیجے جو سخت لڑائی لڑنے والے تھے، سو وہ شہروں میں گھس کر پھیل گئے اور یہ ایسا وعدہ تھا جو پورا ہو کر ہی رہنے والا تھا ﴿۵﴾ پھر ہم نے تم کو ان (دشمنوں) پر دوبارہ غلبہ دیا[۱] اور مال اور بیٹوں کے ذریعے ہم نے تمھاری مدد کی[۲] اور ہم نے تمھارا لشکر (پہلے سے) اور زیادہ کر دیا ﴿۶﴾ اگر تم بھلائی کے کام کرو گے تو اس کا فائدہ تمھارے ہی لیے ہوگا اور اگر تم برے کام کرو گے تو تمھارے لیے ہی برا ہوگا، پھر جب دوسرے واقعہ کا وقت آیا (تو پھر ہم نے دوسرے بندوں کو تم پر بھیجا) تاکہ (مار مار کر) تمھارے چہروں کو بگاڑ دیں اور جس طرح پہلی مرتبہ (حملہ کرنے والے) مسجد میں گھس گئے تھے اسی طرح یہ (دوسری مرتبہ حملہ کرنے والے) بھی مسجد میں گھس پڑیں، اور جس پر وہ (حملہ کرنے والے) قابو پائیں وہ اس کو بالکل برباد کر ڈالیں گے ﴿۷﴾ عین ممکن ہے کہ تمھارے رب تم پر رحم فرمائیں[۳] بلیکن اگر تم پھر وہی (نبی کی مخالفت کا) کام کرو گے تو ہم بھی دوبارہ وہی (سزا کا) کام کریں گے اور ہم نے جہنم کو کافروں کے لیے قید خانہ بنا لیا ہے ﴿۸﴾

---

۱ (دوسرا ترجمہ) پھر ہم نے تم کو موقع دیا کہ پلٹ کر ان پر غالب آ جاؤ۔

۲ یعنی تمھارے مال اور بیٹے ہم نے زیادہ کر دیے۔

۳ حضرت محمد ﷺ کی شریعت کی اتباع کی برکت سے۔

إِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ أَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ أَنَّ لَهُمْ أَجْرًا كَبِيْرًا ﴿۹﴾ وَّأَنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ أَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا أَلِيْمًا ﴿۱۰﴾

وَيَدْعُ الْإِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَيْرِ ۗ وَكَانَ الْإِنْسَانُ عَجُوْلًا ﴿۱۱﴾ وَجَعَلْنَا الَّيْلَ وَالنَّهَارَ اٰيَتَيْنِ فَمَحَوْنَا اٰيَةَ الَّيْلِ وَجَعَلْنَا اٰيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ۗ وَكُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنٰهُ تَفْصِيْلًا ﴿۱۲﴾ وَكُلَّ إِنْسَانٍ أَلْزَمْنٰهُ طٰٓئِرَهٗ فِيْ عُنُقِهٖ ۗ وَنُخْرِجُ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كِتٰبًا يَّلْقٰىهُ مَنْشُوْرًا ﴿۱۳﴾ اِقْرَاْ كِتٰبَكَ ۗ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا ﴿۱۴﴾

حقیقت یہ ہے کہ یہ قرآن ایسا راستہ بتاتا ہے جو بالکل سیدھا ہے ① اور جو ایمان لا کر نیک عمل کرتے ہیں ان کو بڑے ثواب کی خوش خبری دیتا ہے ﴿۹﴾ اور (قرآن یہ بات بتاتا ہے کہ) جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے ہم نے ان کے لیے دردناک عذاب تیار کیا ہے ﴿۱۰﴾

اور (بعض) انسان برائی (کی ایسی دعا) مانگتا ہے جس طرح وہ بھلائی مانگتا ہے اور انسان تو بہت ہی جلدی کرنے والا ہے ﴿۱۱﴾ اور ہم نے رات اور دن کو دو نشانیاں بنایا ہیں، پھر ہم نے رات کی نشانی کو مٹا (کر اندھیرا بنا) دیا ہے اور دن کی نشانی کو (دیکھنے کے لیے) روشن بنا دیا؛ تاکہ تم (دن میں) اپنے رب کا فضل (یعنی روزی) تلاش کرو اور تاکہ تم کو سالوں کی گنتی اور (مہینوں کا) حساب معلوم ہو جائے اور ہم نے ہر چیز کو پوری طرح کھول کھول کر بتلا دیا ہے ﴿۱۲﴾ اور ہر انسان کی بری بھلی قسمت اس کی گردن میں ہم نے (چپٹا کر) لگا دی ہے اور قیامت کے دن اس (انسان) کا لکھا ہوا اعمال نامہ اس کے سامنے نکال کر ہم رکھ دیں گے جس کو وہ کھلا ہوا دیکھے گا ﴿۱۳﴾ (انسان کو کہا جائے گا کہ) تو تیرا اعمال نامہ خود پڑھ لے ② آج تو خود اپنا حساب کرنے کے لیے کافی ہے ﴿۱۴﴾

---

① "اَقْوَم" وہ راستہ جس میں تین خوبیاں ہوں: (۱) آسان ہو۔

(۲) قریب ہو منزل تک جانے کے لیے۔

(۳) خطرات سے خالی ہو۔ مؤمن کی منزل جنت ہے، قرآن میں یہ تینوں اوصاف اکمل طریقے سے ہیں۔

② دنیا کا ان پڑھ انسان بھی قیامت کے دن پڑھتا ہو جائے گا۔

مَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ؕ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا ۝۱۵ وَاِذَاۤ اَرَدْنَاۤ اَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً اَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا فَفَسَقُوْا فِيْهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنٰهَا تَدْمِيْرًا ۝۱۶ وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْۢ بَعْدِ نُوْحٍ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ۝۱۷ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَا نَشَآءُ لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلٰىهَا مَذْمُوْمًا مَّدْحُوْرًا ۝۱۸

جو آدمی بھی سیدھے راستے پر چلتا ہے وہ خود اپنے فائدے کے لیے چلتا ہے اور جو گمراہی کا راستہ اپناتا ہے وہ اپنے ہی پر نقصان اٹھاتا ہے اور کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا اور ہم اس وقت تک کسی کو سزا نہیں دیتے جب تک کوئی رسول (حجت پوری کرنے کے لیے) نہ بھیج دیں① ﴿۱۵﴾ اور ہم جب کسی بستی کو ہلاک کرنے کا ارادہ کرتے ہیں تو اس (بستی) کی اچھی حالت والے (مال دار) لوگوں کو (ایمان لا کر اطاعت کرنے کا) حکم دیتے ہیں، پھر وہ (مال دار لوگ) اس (بستی) میں نافرمانی کرتے ہیں تب ان پر (عذاب کی) بات پکی ہو جاتی ہے، سو ہم اس (بستی) کو بالکل تباہ و برباد کر ڈالتے ہیں② ﴿۱۶﴾ اور نوح (علیہ السلام) کے بعد کتنی قوموں کو ہم نے ہلاک کر دیا، تمھارے رب اپنے بندوں کے گناہوں کی پوری خبر رکھنے والے، دیکھنے والے کافی ہیں ﴿۱۷﴾ جو آدمی جلدی ملنے والی (دنیا ہی کو یا دنیا کے نقد فائدے) کو چاہتا ہو تو ہم جتنا چاہتے ہیں جس کے لیے چاہتے ہیں اس کو اس (دنیا ہی) میں جلدی دیتے ہیں، پھر ہم نے اس کے لیے جہنم بنا رکھی ہے جس میں وہ ذلیل و خوار ہو کر اور دھکے کھا کر داخل ہوگا ﴿۱۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) کسی بھی رسول کو (حجت پوری کرنے کے لیے) بھیجے بغیر ہم کسی کو عذاب نہیں دیا کرتے۔

② (دوسرا ترجمہ): اس آیت میں لفظ "اَمَرْنَا" میں ایک قرأت "اَمَّرْنَا" میم کی تشدید کے ساتھ آئی ہے، تب آیت کا معنی یہ ہوگا کہ: مالدار لوگوں کو ہم قوم کا امیر بنا دیتے ہیں۔ ایک قرأت "آمَرْنَا" کی بھی آئی ہے اس صورت میں آیت کا معنی یہ ہوگا: کہ ہم مال داروں کو زیادہ کر دیتے ہیں۔ دونوں قرأت کا نتیجہ یہ ہے کہ مال داروں اور عیش پسندوں کی حکومت اور ان کی کثرت کی وجہ سے پوری قوم اللہ کی نافرمانی میں مبتلا ہوتی ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کے عذاب آنے کی نشانی ہے۔

وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ كَانَ سَعْيُهُمْ مَّشْكُوْرًا ﴿١٩﴾ كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ ۭ وَمَا كَانَ عَطَآءُ رَبِّكَ مَحْظُوْرًا ﴿٢٠﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۭ وَلَلْاٰخِرَةُ اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ وَّاَكْبَرُ تَفْضِيْلًا ﴿٢١﴾ لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَقْعُدَ مَذْمُوْمًا مَّخْذُوْلًا ﴿٢٢﴾

وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۭ اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا ﴿٢٣﴾

اور جو شخص آخرت (کا فائدہ) چاہتا ہو اور اس (آخرت) کے لیے جیسی کوشش کرنی چاہیے ویسی کوشش کرتا (بھی) ہو اور وہ ایمان والا بھی ہو تو ایسے لوگوں کی کوشش کی قدردانی کی جائے گی① ﴿۱۹﴾ (اے نبی!) تمھارے رب کی عطا② میں سے ان (مؤمنین) کو بھی اور ان (کافروں) کو بھی ہر ایک کو ہم نوازتے ہیں③ اور (دنیا میں) تمھارے رب کی عطا کسی کے لیے بند نہیں ہے ﴿۲۰﴾ (اے نبی!) تم دیکھو! ہم نے بعض انسانوں کو بعض پر کس طرح فضیلت دے رکھی ہے اور یقیناً آخرت میں بڑے درجات ہیں اور بڑی فضیلت ہے④ ﴿۲۱﴾ اللہ تعالیٰ کے ساتھ دوسرا معبود مت بنا، سو تو برا حال اور بے کس ہو کر بیٹھ جائے گا⑤ ﴿۲۲﴾

اور تمھارے رب نے حکم دیا ہے کہ اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو اور والدین کے ساتھ اچھا سلوک کرو، اگر ان (والدین) میں سے کوئی ایک یا دونوں تمھارے سامنے بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو اس وقت بھی کبھی ان کو اُف (ہوں) تک نہ کہو اور ان دونوں کو جھڑک مت دو اور ان دونوں کے ساتھ عزت (یعنی ادب) سے بات کیا کرو ﴿۲۳﴾

---

① یعنی مقبول ہوگی۔ ایمان اور اخلاص والا عمل صالح جو سنت کے مطابق ہو مقبولیت کے لیے ضروری ہے۔

② دنیاوی روزی۔

③ (دوسرا ترجمہ) ہم مدد پہنچاتے ہیں۔

④ (دوسرا ترجمہ) اور آخرت درجات کے اعتبار سے بھی بڑی ہے اور فضیلت کے اعتبار سے بھی بڑی ہے۔

⑤ یہ اس شخص کے لیے ہے جو آخرت کا منکر ہو اسی طرح ہر عمل میں ہر وقت صرف دنیوی غرض ہی چھائی ہو۔

وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ﴿٢٤﴾ رَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِمَا فِيْ نُفُوْسِكُمْ ۚ إِنْ تَكُوْنُوْا صٰلِحِيْنَ فَإِنَّهٗ كَانَ لِلْأَوَّابِيْنَ غَفُوْرًا ﴿٢٥﴾ وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا ﴿٢٦﴾ إِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا إِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ ۖ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا ﴿٢٧﴾ وَإِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَآءَ رَحْمَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ تَرْجُوْهَا فَقُلْ لَّهُمْ قَوْلًا مَّيْسُوْرًا ﴿٢٨﴾ وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً إِلٰى عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُوْمًا مَّحْسُوْرًا ﴿٢٩﴾

اور مہربانی (نرمی) کا برتاؤ کرتے ہوئے خود کو ان کے سامنے تواضع کے ساتھ جھکا دو اور (ان کے لیے یہ) دعا کرو: اے میرے رب! جیسی میری ان دونوں نے بچپن میں پرورش کی آپ بھی ان کے ساتھ (ویسا ہی) رحم کا معاملہ فرمائیے ﴿۲۴﴾ تمہارے دلوں میں جو ہے اس کو تمہارے رب خوب اچھی طرح جانتے ہیں اگر تم نیک بن جاؤ (پھر کبھی غفلت سے کوئی گستاخی یا گناہ ہو جائے) تو یقیناً توبہ کرنے والوں کو وہ (اللہ تعالیٰ) بہت معاف کرنے والے ہیں① ﴿۲۵﴾ اور تو رشتے داروں کو اور مسکین کو اور مسافر کو ان کا حق دے اور (گناہ کے کاموں میں) مال مت اڑایا کر② ﴿۲۶﴾ یقینی بات ہے کہ مال کو (گناہ کے کام میں) اڑانے والے شیطان کے بھائی ہیں اور شیطان تو اپنے رب کا بڑا ہی ناشکرا ہے ﴿۲۷﴾ اور اگر کبھی تجھے تیرے رب کی طرف سے رحمت (یعنی روزی) ملنے کی امید ہو اور (ابھی کچھ نہ ہونے کی وجہ سے) ان (رشتے دار مسکین، مسافروں) سے منہ پھراتا ہو③ تو تُو ان سے نرم بات کر لیا کر ﴿۲۸﴾ اور اپنا ہاتھ (بخیلی کی وجہ سے) اپنی گردن سے باندھ کر نہ رکھ④ اور (ایسی فضول خرچی بھی مت کرو کہ) اس (ہاتھ) کو بالکل کھلا ہی چھوڑ دو، ایسا کرو گے تو ملامت کھا کر تھک ہار کر بیٹھ جانا پڑے گا⑤ ﴿۲۹﴾

---

① (دوسرا) جو توبہ کے لیے اللہ کی طرف زیادہ رجوع کرتا ہے تو اللہ اس کے گناہ بہت معاف کرتے ہیں۔ ② باطل و ناجائز کام کے لیے ذرہ برابر بھی خرچ کرنا یہ تبذیر یعنی مال کو اڑانا ہے۔ ③ یعنی دینے سے انکار کرنا پڑے ④ (دوسرا) ایسے کنجوس مت بنو کہ اپنا ہاتھ اپنی گردن سے باندھ کر رکھو ⑤ مال ہونے کے باوجود بخیلی کی وجہ سے ہاتھ روک دیا تو لوگ تم پر ملامت کریں گے اور زیادہ ہی خرچ کر ڈالا اور خود فقیر ہو گئے پھر خود پریشان ہونے لگے تو پھر پریشان ہونا پڑے گا اور ہمت ہار جاؤ گے۔

اِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ۚ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ﴿۳۰﴾ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ۚ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ۚ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا ﴿۳۱﴾ وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً ۚ وَسَآءَ سَبِيْلًا ﴿۳۲﴾ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِىْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ۚ وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ سُلْطٰنًا فَلَا يُسْرِفْ فِّى الْقَتْلِ ۚ اِنَّهٗ كَانَ مَنْصُوْرًا ﴿۳۳﴾ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِىْ هِىَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۚ وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ ۚ

یقینی بات ہے کہ تمھارے رب جس کو چاہتے ہیں اس کو زیادہ روزی دیتے ہیں اور (جس کے لیے چاہتے ہیں رزق میں) تنگی کرتے ہیں① یقینی بات ہے کہ وہ (اللہ تعالیٰ) اپنے بندوں کی پوری خبر رکھتے ہیں (بندوں کو) اچھی طرح دیکھتے ہیں ﴿۳۰﴾

اور مفلس ہوجانے کے ڈر سے تم تمھاری اولاد کو قتل مت کرو، ہم ہی تو ان (اولاد) کو اور تم کو روزی دیتے ہیں، یقینی بات ہے کہ ان (اولاد) کو قتل کرنا بھاری گناہ ہے ﴿۳۱﴾ اور تم زنا کے پاس بھی مت جاؤ، یقینی بات ہے کہ وہ (زنا) تو بڑی بے حیائی ہے اور بہت برا راستہ ہے ﴿۳۲﴾ جس شخص کو قتل کرنا اللہ تعالیٰ نے حرام کردیا ہے تم اس کو قتل مت کرو؛ اِلّا یہ کہ (شرعی) حق پہنچتا ہو② اور جو آدمی بھی ناحق (یعنی ظلماً) قتل کردیا گیا تو ہم نے اس (مقتول) کے والی کو (مقتول کے بدلے میں قاتل کو قتل کروادینے کا) حق دیا ہے، سو (مقتول کا والی) خون کا بدلہ لینے میں حد سے آگے نہ بڑھے، یقیناً وہ اس بات کے لائق ہے کہ اس کی مدد کی جائے③ ﴿۳۳﴾ تم یتیم کے مال کے (غلط طریقے سے کھاجانے کی نیت سے) قریب بھی مت جاؤ؛ مگر ایسے طریقے سے جو (یتیم کے حق میں) بہتر ہو، جب تک کہ وہ (یتیم) اپنی جوانی کو پہنچ جائے④ اور تم (اللہ اور اس کے بندوں کے) عہد کو پورا کرو،

---

① روزی کی کمی بیشی اللہ کے قبضے میں ہے، سخاوت سے کوئی فقیر نہیں ہوا، بخیلی سے کوئی مالدار نہیں بنا۔ ② تو ضروری کارروائی کے بعد قتل کرسکتے ہیں۔ ③ (دوسرا ترجمہ) اللہ کی مدد کے قابل ہے۔ اس میں ایک بات یہ بھی نکلتی ہے کہ اگر قاتل اور اس کے رشتہ داروں کے ساتھ مقتول کے ورثا نے زیادتی کی تو اللہ تعالیٰ کی نصرت قاتل کے رشتہ داروں کی طرف متوجہ ہوگی لوگ بھی ان کی مدد کریں گے ④ یعنی یتیم جوان ہوکر اپنے مال کی حفاظت خود کرنے لگے وہاں تک اس کے مال کو سنبھالنا ہے۔

إِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْئُولًا ۝ وَأَوْفُوا الْكَيْلَ إِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيمِ ۚ ذَٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيلًا ۝ وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ ۚ إِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ أُولَٰئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُولًا ۝ وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا ۖ إِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْأَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُولًا ۝ كُلُّ ذَٰلِكَ كَانَ سَيِّئُهُ عِنْدَ رَبِّكَ مَكْرُوهًا ۝ ذَٰلِكَ مِمَّا أَوْحَىٰ إِلَيْكَ رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ ۗ وَلَا تَجْعَلْ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ فَتُلْقَىٰ فِي جَهَنَّمَ مَلُومًا مَدْحُورًا ۝ أَفَأَصْفَاكُمْ رَبُّكُمْ بِالْبَنِينَ وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلَائِكَةِ إِنَاثًا ۚ إِنَّكُمْ لَتَقُولُونَ قَوْلًا عَظِيمًا ۝

یقیناً عہد کے بارے میں (تم سے قیامت کے دن) سوال کیا جائے گا ﴿۳۴﴾ اور جب (کسی کو) کوئی چیز پیمانے سے ناپ کر دو تو پیمانہ پورا بھر کر کے دو اور (کوئی چیز) تولو تو تولنے میں صحیح ترازو استعمال کرو، یہ (پورا ناپنا اور تولنا) اچھی بات ہے اور اس کا انجام بھی بہتر ہے① ﴿۳۵﴾ جس بات کی تجھ کو (تحقیقی) خبر نہ ہو (اس کو سچ سمجھ کر) اس پر عمل مت کر، یقینی بات ہے کہ کان اور آنکھ اور دل ان سب کے بارے میں (تم سے قیامت میں) سوال کیا جائے گا ﴿۳۶﴾ اور تو زمین میں اکڑ کر (اتراتے ہوئے تکبر سے) مت چل؛ (اس لیے کہ) نہ تو تُو (ایسی چال چل کر) زمین کو پھاڑ سکے گا اور نہ تو (سینہ تان کر بتکلف اونچا قد دکھا کر چلنے سے) پہاڑوں کی اونچائی تک پہنچ سکے گا ﴿۳۷﴾ یہ سب برے کام ایسے ہیں جو تمھارے رب کو بالکل پسند نہیں ہیں ﴿۳۸﴾ یہ سب حکمت کی باتیں ہیں جو تمھارے رب نے تمھاری طرف وحی کے ذریعے بھیجی ہیں، تو اللہ تعالیٰ کے ساتھ دوسرا معبود مت بنا ورنہ تجھ پر ملامت کر کے دھکے دے کر جہنم میں پھینک دیا جائے گا ﴿۳۹﴾ (اے مشرکو!) کیا تمھارے رب نے تم کو بیٹے دینے کے لیے چن لیا ہے اور خود (اپنے لیے) فرشتوں کو بیٹیاں بنا لیا ہے؟ یقینی بات ہے کہ تم بڑی بھاری (یعنی سنگین) بات کہہ رہے ہو ﴿۴۰﴾

---

① دھوکہ دے کر کم ناپنے اور تولنے والوں کو تجارت میں برکت نہیں ہوتی، گاہکوں کو پتہ چل جاتا ہے تو وہ خریدنا بند کر دیتے ہیں، یہ تو دنیوی نقصان ہوا اور آخرت میں جہنم کی سزا ہوگی۔

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِیْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِیَذَّكَّرُوْا ؕ وَمَا یَزِیْدُهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا ﴿۴۱﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ مَعَهٗۤ اٰلِهَةٌ كَمَا یَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰى ذِی الْعَرْشِ سَبِیْلًا ﴿۴۲﴾ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا یَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا كَبِیْرًا ﴿۴۳﴾ تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِیْهِنَّ ؕ وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِیْحَهُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا ﴿۴۴﴾ وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَیْنَكَ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ﴿۴۵﴾ وَّجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ یَّفْقَهُوْهُ وَفِیْۤ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ؕ

یقینی بات ہے کہ ہم نے اس قرآن میں (توحید کی سچائی اور شرک کا باطل ہونا) الگ الگ طریقے سے سمجھایا ہے①؛ تا کہ وہ نصیحت حاصل کریں، حالت یہ ہے کہ (ہمارے سمجھانے سے) ان کی نفرت ہی زیادہ ہوجاتی ہے ﴿۴۱﴾ تو (ان کو) کہہ دے: اگر اس (اللہ تعالیٰ) کے ساتھ کوئی اور بھی معبود ہوتے جیسا کہ یہ (مشرک) لوگ کہتے ہیں تب تو وہ سب مل کر عرش والے (اللہ تعالیٰ) پر چڑھائی کرنے کا کوئی راستہ پیدا کرتے ﴿۴۲﴾ (حقیقت یہ ہے کہ) جو باتیں یہ (مشرکین اللہ کے لیے) کہتے ہیں وہ (اللہ تعالیٰ کی ذات) ان سب سے بالکل پاک اور بہت زیادہ بلند (یعنی دور) ہیں ﴿۴۳﴾ ساتوں آسمان اور زمین اور جو (مخلوق) ان میں ہیں وہ سب اس (اللہ تعالیٰ) کی تسبیح② بیان کرتی ہیں اور ہر چیز اس (اللہ تعالیٰ ہی) کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتی ہے؛ لیکن تم ان کی تسبیح کو سمجھتے نہیں ہو، یقینی بات ہے کہ وہ (اللہ تعالیٰ) بڑے حلیم، بہت معاف کرنے والے ہیں ﴿۴۴﴾ جب آپ (دین پہنچانے کے لیے) قرآن پڑھتے ہیں تو ہم آپ کے اور جو آخرت پر ایمان نہیں لاتے ان (کافروں) کے بیچ ایک چھپا ہوا پردہ ڈال دیتے ہیں③ ﴿۴۵﴾ اور (وہ پردہ یہ ہے کہ) ہم ان کے دلوں پر ایسے پردے (یعنی غلاف) ڈال دیتے ہیں کہ وہ اس (قرآن اور اس کے مقصد) کو نہ سمجھ سکیں اور ہم ان کے کانوں میں گرانی (یعنی بوجھ) پیدا کردیتے ہیں،

① (دوسرا ترجمہ) پھیر پھیر کر بیان کیا ہے۔
② ہر عیب سے پاک ہونا۔
③ کافر اللہ تعالیٰ کی قدرت کو سمجھنا ہی نہیں چاہتے اس لیے ان ہی ان پر ڈال دی جاتی ہے۔

وَاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِی الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰۤی اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا ۝ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا یَسْتَمِعُوْنَ بِهٖۤ اِذْ یَسْتَمِعُوْنَ اِلَیْكَ وَاِذْ هُمْ نَجْوٰۤی اِذْ یَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ۝ اُنْظُرْ كَیْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا یَسْتَطِیْعُوْنَ سَبِیْلًا ۝ وَقَالُوْۤا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِیْدًا ۝ قُلْ كُوْنُوْا حِجَارَةً اَوْ حَدِیْدًا ۝ اَوْ خَلْقًا مِّمَّا یَكْبُرُ فِیْ صُدُوْرِكُمْ ۚ فَسَیَقُوْلُوْنَ مَنْ یُّعِیْدُنَا ؕ قُلِ الَّذِیْ فَطَرَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ

اور جب آپ قرآن میں اکیلے اپنے رب (کی صفات) کا ذکر کرتے ہیں① تو وہ کافر پیٹھ پھیر کر نفرت کرتے ہوئے چلے جاتے ہیں ﴿۴۶﴾ (اے نبی!) جس وقت یہ (کافر) لوگ آپ کی بات کان لگا کر (یعنی پورے دھیان سے) سنتے ہیں (تو جس غرض سے یہ آپ کی بات یعنی قرآن سنتے ہیں) ہم خوب اچھی طرح (اس کو) جانتے ہیں اور جب وہ (ظالم لوگ) آپس میں (کان میں) چپکے چپکے باتیں کرتے ہیں (ایسی باتوں کو بھی ہم اچھی طرح جانتے ہیں) جب یہ ظالم لوگ (اپنے تعلق والے مسلمانوں سے) یوں کہتے ہیں کہ: تم تو بس ایک جادو کیے ہوئے (یعنی مجنون) آدمی کے پیچھے چل پڑے ہو② ﴿۴۷﴾ آپ دیکھیے! یہ لوگ آپ کے لیے کیسی کیسی مثالیں (یعنی القاب) گھڑتے ہیں، سو وہ راستے سے بھٹک چکے ہیں، اب یہ (سیدھے) راستے پر نہیں آسکتے ﴿۴۸﴾ اور وہ (کافر لوگ) کہنے لگے کہ: جب ہم (مرنے کے بعد) ہڈیاں اور چورا چورا ہو جائیں گے تو پھر نئے سرے سے زندہ کر کے کیا ہم کو اٹھایا جائے گا؟ ﴿۴۹﴾ (اے نبی!) تم (ان سے) کہو کہ: تم پتھر یا لوہا بن جاؤ ﴿۵۰﴾ یا کوئی ایسی مخلوق ہو جاؤ کہ (اس کا دوبارہ زندہ ہونا) تم تمھارے دل میں بڑا مشکل سمجھتے ہو③ اب وہ (کافر لوگ) کہیں گے کہ: کون ہم کو دوبارہ زندہ کرے گا؟ تم (جواب میں) کہو کہ: تم کو وہی (اللہ تعالیٰ) زندہ کریں گے جس نے تم کو پہلی بار زندہ کیا تھا،

---

① یعنی قرآن میں صرف اللہ کے اوصاف کا ذکر ہوتا ہے ان کے باطل معبود یعنی بتوں کی کوئی بھی صفت بیان نہیں ہوتی تو اس سے وہ ناراض ہوتے ہیں۔

② (دوسرا ترجمہ) آدمی کی اتباع کرتے ہو۔

③ پھر بھی اللہ تعالیٰ تم کو دوبارہ زندہ کریں گے۔

فَسَيُنْغِضُوْنَ اِلَيْكَ رُءُوْسَهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هُوَ ؕ قُلْ عَسٰۤى اَنْ يَّكُوْنَ قَرِيْبًا ۝ يَوْمَ يَدْعُوْكُمْ فَتَسْتَجِيْبُوْنَ بِحَمْدِهٖ وَتَظُنُّوْنَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا ۝

وَقُلْ لِّعِبَادِيْ يَقُوْلُوا الَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ؕ اِنَّ الشَّيْطٰنَ يَنْزَغُ بَيْنَهُمْ ؕ اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ۝ رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِكُمْ ؕ اِنْ يَّشَاْ يَرْحَمْكُمْ اَوْ اِنْ يَّشَاْ يُعَذِّبْكُمْ ؕ وَمَاۤ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ۝ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِمَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ النَّبِيّٖنَ عَلٰى بَعْضٍ وَّاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ۝ قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ فَلَا يَمْلِكُوْنَ كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِيْلًا ۝

اس پر وہ (کافر) لوگ تمھارے سامنے اپنا سر ہلا دیں گے اور کہیں گے کہ: وہ (دوبارہ زندہ ہونا) کب ہوگا؟ تو تم کہہ دو کہ: شاید کہ اس کا وقت قریب ہی آ گیا ہے ﴿۵۱﴾ جس دن وہ (اللہ تعالیٰ) تم کو بلائیں گے① تو تم اس کی تعریف کرتے ہوئے حاضر ہو جاؤ گے اور تم یہ خیال کرتے ہوں گے کہ تم تو (بس دنیا میں) بہت کم ٹھہرے ﴿۵۲﴾

اور تم میرے (مؤمن) بندوں کو کہو کہ: وہ بہترین بات ہی کہا کریں، یقینی بات ہے کہ شیطان (سخت بات کہلوا کر) ان کے درمیان فساد ڈلواتا ہے اور یہ یقینی بات ہے کہ شیطان انسان کا کھلم کھلا دشمن ہے ﴿۵۳﴾ تمھارے رب تمھاری حالت بہت اچھی طرح جانتے ہیں، وہ (رب) اگر چاہیں تو تم پر رحم کریں یا چاہیں تو تم کو عذاب دیویں اور ہم نے تم کو ان پر (ان کی ہدایت) کا ذمے دار بنا کر نہیں بھیجا ﴿۵۴﴾ آپ کے رب آسمانوں اور زمین میں جو کوئی بھی ہے ان سب کے حال کو اچھی طرح جانتے ہیں اور بڑی پکی بات ہے کہ ہم نے بعض نبیوں کو بعض نبیوں پر فضیلت دی ہے اور ہم نے داود (علیہ السلام) کو زبور (نامی) کتاب دی ہے ﴿۵۵﴾ تم (ان مشرکین سے) کہہ دو: تم نے جن کو اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا معبود سمجھ رکھا ہے ان کو ذرا پکار کر تو دیکھو تو وہ تمھاری تکلیف دور کرنے کا اختیار نہیں رکھتے اور نہ تو تکلیف بدلنے کا اختیار رکھتے ہیں② ﴿۵۶﴾

---

① یعنی فرشتوں کے ذریعے میدانِ قیامت میں جمع ہونے کے لیے بلائیں گے۔

② کہ بھاری تکلیف کو بدل کر ہلکی تکلیف دیوے۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ یَبْتَغُوْنَ اِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِیْلَةَ اَیُّهُمْ اَقْرَبُ وَ یَرْجُوْنَ رَحْمَتَهٗ وَ یَخَافُوْنَ عَذَابَهٗؕ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُوْرًا۝ وَ اِنْ مِّنْ قَرْیَةٍ اِلَّا نَحْنُ مُهْلِكُوْهَا قَبْلَ یَوْمِ الْقِیٰمَةِ اَوْ مُعَذِّبُوْهَا عَذَابًا شَدِیْدًاؕ كَانَ ذٰلِكَ فِی الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا۝ وَ مَا مَنَعَنَاۤ اَنْ نُّرْسِلَ بِالْاٰیٰتِ اِلَّاۤ اَنْ كَذَّبَ بِهَا الْاَوَّلُوْنَؕ وَ اٰتَیْنَا ثَمُوْدَ النَّاقَةَ مُبْصِرَةً فَظَلَمُوْا بِهَاؕ وَ مَا نُرْسِلُ بِالْاٰیٰتِ اِلَّا تَخْوِیْفًا۝

(اور) جن کو (مشرک لوگ) پکارتے ہیں ① ان کی (خود کی) حالت یہ ہے: وہ اپنے رب تک پہنچنے کا ذریعہ تلاش کرتے ہیں ② کہ ان میں سے کونسا (بندہ اللہ تعالیٰ کے) بہت نزدیک ہے اور وہ خود (اپنے) اس (رب) کی رحمت (حاصل کرنے) کی امید کرتے ہیں اور وہ اس (رب) کے عذاب سے ڈرتے ہیں، یقینی بات ہے کہ تمھارے رب کا عذاب ڈرنے کی چیز ہے ﴿۵۷﴾ کوئی بستی ایسی نہیں ہے کہ ہم اس کو قیامت کے دن سے پہلے ہلاک نہ کر دیں یا اس (بستی والوں) کو سخت عذاب دیویں ③ اور یہ بات (تقدیری) کتاب میں لکھی جا چکی ہے ④ ﴿۵۸﴾ ہم نے (کافروں کے مانگے ہوئے) معجزات بھیجنا اس لیے موقوف کر دیا کہ پہلے لوگوں نے اس (طرح مانگے ہوئے معجزات) کو جھٹلایا تھا اور ہم نے قوم ثمود کو اونٹنی دی تھی جو آنکھیں کھولنے کے لیے کافی تھی ⑤ تو (قوم ثمود) نے اس (اونٹنی) کے ساتھ ظلم کیا (یعنی مار ڈالا) اور ہم (اس قسم کے) معجزات ڈرانے کے لیے بھیجا کرتے ہیں ⑥ ﴿۵۹﴾

---

① فرشتے اور جنات مراد ہیں عرب کے مشرکین جن کو معبود کا درجہ دیتے تھے اور ان کو پکارتے تھے؛ حالاں کہ فرشتے اور جنات کی حالت یہ ہے کہ وہ خود عبادت کے ذریعے اللہ کی نزدیکی حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

② وسیلہ: ہر ایسی چیز کو کہتے ہیں جو دوسرے تک پہنچنے کا ذریعہ بنے، اللہ تعالیٰ کے لیے وسیلے کا مطلب یہ ہے کہ نیک اعمال کے ذریعے اللہ کی نزدیکی حاصل کرنے کی کوشش کرنا۔

③: [۱] نافرمانوں کی بستی پر قیامت سے پہلے عذاب ضرور آئے گا۔

[۲] قیامت پر تو ہر شہر کے لوگ طبعی موت سے یا سخت آفت سے ویران کر دیے جائیں گے۔

④ کہ کافروں کو آخرت میں ہمیشہ عذاب ہوگا۔ ⑤ (دوسرا ترجمہ) جو اللہ کی قدرت سمجھانے کے لیے کافی تھی۔

⑥ کہ معجزہ دیکھ کر ایمان نہ لاوے تو اللہ کا عذاب آجاوے۔

وَاِذۡ قُلۡنَا لَكَ اِنَّ رَبَّكَ اَحَاطَ بِالنَّاسِ ؕ وَمَا جَعَلۡنَا الرُّءۡيَا الَّتِىۡۤ اَرَيۡنٰكَ اِلَّا فِتۡنَةً لِّلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الۡمَلۡعُوۡنَةَ فِى الۡقُرۡاٰنِ ؕ وَنُخَوِّفُهُمۡ ۙ فَمَا يَزِيۡدُهُمۡ اِلَّا طُغۡيَانًا كَبِيۡرًا ۝

وَاِذۡ قُلۡنَا لِلۡمَلٰۤـئِكَةِ اسۡجُدُوۡا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوۡۤا اِلَّاۤ اِبۡلِيۡسَ ؕ قَالَ ءَاَسۡجُدُ لِمَنۡ خَلَقۡتَ طِيۡنًا ۝ قَالَ اَرَءَيۡتَكَ هٰذَا الَّذِىۡ كَرَّمۡتَ عَلَىَّ لَئِنۡ اَخَّرۡتَنِ اِلٰى يَوۡمِ الۡقِيٰمَةِ لَاَحۡتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهٗۤ اِلَّا قَلِيۡلًا ۝

اور (وہ وقت یاد کرو) جب ہم نے تم سے کہا تھا کہ: یقینی بات ہے کہ تمھارے رب نے تمام لوگوں کو گھیرے میں لے لیا ہے ① اور ہم نے (اپنی قدرت کی عجیب چیزوں کا) جو نظارہ (معراج کے واقعے میں بیداری کی حالت میں) آپ کو دکھایا تھا اسی طرح وہ درخت جس پر قرآن میں لعنت آئی ہے، بس اس کو ہم نے (کافر) لوگوں کے لیے ایک فتنہ بنادیا ② اور ہم ان کو ڈراتے رہتے ہیں، سو ان کی بڑی شرارت زیادہ ہی ہوجاتی ہے ﴿۶۰﴾

اور (وہ وقت بھی یاد کرو) جب ہم نے فرشتوں سے کہا کہ: تم آدم کو سجدہ کرو تو سب فرشتوں نے سجدہ کیا؛ مگر ابلیس نے (سجدہ نہیں کیا)، ابلیس نے کہا: کیا میں اس (انسان) کو سجدہ کروں جس کو تو نے مٹی سے پیدا کیا؟ ﴿۶۱﴾ ابلیس بولا: بتاؤ! وہ شخص جس کو آپ نے مجھ پر فوقیت (یعنی فضیلت) دی ہے اگر آپ نے مجھ کو قیامت تک زندہ رہنے کی مہلت دے دی تو تھوڑے سے (لوگوں کو) چھوڑ کر اس کی تمام اولاد کو اپنے پورے قابو میں کرلوں گا ③ ﴿۶۲﴾

---

① آپ کے رب کا علم تمام لوگوں کے ظاہری، باطنی، موجودہ اور مستقبل کے حالات کو احاطہ میں لیے ہوئے ہے۔

②: [۱] یہ واقعہ ان کے لیے امتحان اور آزمائش کا ذریعہ بن گیا کہ وہ اس عجیب چیز کو مانتے ہیں یا نہیں مانتے ہیں۔

[۲] یہ بیداری کی حالت کا عجیب واقعہ سن کر لوگوں میں ایک ہنگامہ کھڑا ہوگیا، اس واقعے کو بعض لوگوں نے مانا بہت سوں نے نہیں مانا۔

③ احتناک کا اصلی معنیٰ تو آتا ہے ”جانور کے جبڑوں میں لگام ڈال دینا جس سے جانور پورا قابو میں آجاتا ہے“ اس طرح شیطان انسان کو پوری طرح قابو میں لینے کی کوشش کرتا ہے۔ شیطان اپنی پوری صلاحیت خرچ کردیوے۔

قَالَ اذْهَبْ فَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ فَاِنَّ جَهَنَّمَ جَزَآؤُكُمْ جَزَآءً مَّوْفُوْرًا ﴿۶۳﴾ وَاسْتَفْزِزْ مَنِ اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ وَاَجْلِبْ عَلَيْهِمْ بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ وَشَارِكْهُمْ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ وَعِدْهُمْ ؕ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿۶۴﴾ اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ وَكِيْلًا ﴿۶۵﴾ رَبُّكُمُ الَّذِيْ يُزْجِيْ لَكُمُ الْفُلْكَ فِي الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ﴿۶۶﴾ وَاِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي الْبَحْرِ ضَلَّ مَنْ تَدْعُوْنَ اِلَّاۤ اِيَّاهُ ۚ

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جا① ان (آدم) کی اولاد میں سے جو بھی تیرے کہنے پر چلے گا تو یقیناً جہنم تم سب کی پوری (بھرپور) سزا ہوگی ﴿۶۳﴾ ان (آدمیوں) میں سے جس پر تیرا بس چلے ان کو اپنی آواز سے گھبرا لے② اور ان (آدمیوں) پر تیرے گھوڑے سوار اور پیدل چلنے والوں کی فوج لا کر چڑھائی کر لے③ اور ان کے ساتھ مال اور اولاد میں تو شریک ہو جا④ اور ان سے (غلط سلط خوب) وعدے کر لے اور شیطان ان (آدمیوں) سے جو وعدہ کرتا ہے وہ تو دھوکہ ہی دھوکہ ہوتا ہے⑤ ﴿۶۴﴾ یقینی بات ہے میرے (جو خاص) بندے ہیں ان پر تیرا کوئی زور نہیں چلے گا اور (اے نبی!) تمھارے رب (ان خاص بندوں کی) حفاظت کے لیے کافی ہیں⑥ ﴿۶۵﴾ تمھارے رب ایسے (مہربان) ہیں جو تمھارے (نفع کے) لیے سمندر میں کشتی چلاتے ہیں؛ تاکہ تم (تمھارے) اس (اللہ تعالیٰ) کا فضل (یعنی روزی) تلاش کرو، یقینی بات ہے کہ وہ (اللہ تعالیٰ) تم پر بہت ہی مہربان ہیں ﴿۶۶﴾ اور جب تم کو سمندر (کے سفر) میں کوئی تکلیف آپہنچتی ہے تو (اس اللہ تعالیٰ کے سوا) جن (بتوں) کو تم پکارتے ہو ان سب کو تم بھول جاتے ہو⑦ صرف وہی (اللہ تعالیٰ ہی) یاد رہتے ہیں⑧

① گمراہ کرنے کا کام تجھ سے جو ہو سکے کر لے، یہ اس کو اختیار دیا گیا۔
② یعنی بہکا لے، اس کا قدم سیدھے راستے سے اکھاڑ دے۔
③ یعنی تیرا پورا لشکر مل کر گمراہ کرنے میں پورا زور لگا دیوے جو کفر یا معصیت کی حمایت میں لڑے۔
④ یعنی اپنا حصہ لگا لے۔ ⑤ (دوسرا ترجمہ) اور شیطان تو آدمیوں سے بالکل جھوٹے (دغابازی کے) ہی وعدے کرتا ہے۔
⑥ (دوسرا ترجمہ) تمھارے رب (ان خاص) بندوں کے کام بنانے کے لیے کافی ہے۔
⑦ (دوسرا) وہ سب تم سے غائب ہو جاتے ہیں۔ تم خود بتوں کو پکارتے نہیں ہو اور پکارو تو مدد نہ کر سکے۔
⑧ (دوسرا) صرف اللہ تعالیٰ ہی کام آتے ہیں۔

فَلَمَّا نَجّٰىكُمْ اِلَى الْبَرِّ اَعْرَضْتُمْ ؕ وَ كَانَ الْاِنْسَانُ كَفُوْرًا ﴿۶۷﴾ اَفَاَمِنْتُمْ اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمْ جَانِبَ الْبَرِّ اَوْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ وَكِيْلًا ﴿۶۸﴾ اَمْ اَمِنْتُمْ اَنْ يُّعِيْدَكُمْ فِيْهِ تَارَةً اُخْرٰى فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِّنَ الرِّيْحِ فَيُغْرِقَكُمْ بِمَا كَفَرْتُمْ ۙ ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ عَلَيْنَا بِهٖ تَبِيْعًا ﴿۶۹﴾ وَ لَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ وَ حَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ وَ رَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَ فَضَّلْنٰهُمْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا ﴿۷۰﴾

پھر جب وہ (اللہ تعالیٰ) تم کو بچا کر خشکی پر پہنچا دیتے ہیں تو تم منہ پھیر لیتے ہو اور انسان تو بڑا ہی ناشکرا ہے ﴿۶۷﴾ کیا تم اس بات سے بے فکر ہو گئے کہ وہ (اللہ تعالیٰ) تم کو (زمین پر لا کر) زمین کے کنارے پر دبا دیویں ① یا پتھر برسانے والی آندھی تم پر بھیج دیویں، پھر تم کو تمھاری حفاظت کرنے والا کوئی نہ ملے ② ﴿۶۸﴾ کیا تم کو اس بات سے ڈر نہیں لگتا ③ کہ وہ (اللہ تعالیٰ) تم کو دوبارہ اس (سمندر) میں لے جاویں، پھر تمھارے اوپر ہوا کا طوفان بھیجیں، پھر تم کو کفر کی سزا میں غرق کر دیویں، پھر تم کو کوئی ایسا نہ ملے جو تمھاری طرف سے اس بات پر ہمارا پیچھا کر سکے ④ ﴿۶۹﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے آدم کی اولاد کو (خاص خوبیاں دے کر) عزت دی اور ہم نے ان کو زمین اور دریا میں (چلنے والی سواری پر) سوار کیا اور ہم نے ان کو پاکیزہ چیزوں کا رزق دیا اور ہم نے ان کو ہماری بہت ساری مخلوقات پر اونچی فضیلت دی ﴿۷۰﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) زمین کے ایک حصے میں دھنسا دیویں۔

② (دوسرا ترجمہ) تمھارا کام بنانے والا (اللہ تعالیٰ کے سوا) کوئی نہ ملے۔

③ (دوسرا ترجمہ) تم اس بات سے بے فکر ہو گئے۔

④: (۱) (یعنی اللہ تعالیٰ کے عذاب کے فیصلے کو ٹال دینے والا کوئی نہیں ملیگا۔
(۲) اللہ نے کسی کو ہلاک کر دیا تو کیوں ہلاک کیا ایسی پوچھ کرنے والا کوئی نہیں ملیگا۔
(۳) جو لوگ ہلاک ہو گئے ان کی اللہ سے دیت وصول کرنے والا کوئی نہیں ملیگا۔
(۴) ان پر جو عذاب بھیجا اس کا اللہ سے کوئی بدلہ نہیں لے سکتا۔

یَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۭ بِاِمَامِهِمْ ۚ فَمَنْ اُوْتِیَ كِتٰبَهٗ بِیَمِیْنِهٖ فَاُولٰٓىٕكَ یَقْرَءُوْنَ كِتٰبَهُمْ
وَلَا یُظْلَمُوْنَ فَتِیْلًا ﴿۷۱﴾ وَمَنْ كَانَ فِیْ هٰذِهٖۤ اَعْمٰى فَهُوَ فِی الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَاَضَلُّ سَبِیْلًا ﴿۷۲﴾ وَاِنْ
كَادُوْا لَیَفْتِنُوْنَكَ عَنِ الَّذِیْۤ اَوْحَیْنَاۤ اِلَیْكَ لِتَفْتَرِیَ عَلَیْنَا غَیْرَهٗ ۖۗ وَاِذًا لَّاتَّخَذُوْكَ
خَلِیْلًا ﴿۷۳﴾ وَلَوْلَاۤ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ اِلَیْهِمْ شَیْـًٔا قَلِیْلًا ﴿۷۴﴾ اِذًا لَّاَذَقْنٰكَ ضِعْفَ
الْحَیٰوةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ عَلَیْنَا نَصِیْرًا ﴿۷۵﴾

جس (قیامت کے) دن ہم ہر انسان کو ان کے سرداروں کے ساتھ بلائیں گے①، پھر جن کو ان (کی
اعمال) کی کتاب ان کے داہنے ہاتھ میں دے دی جائے گی② وہ تو اپنی کتاب کو (خوشی خوشی)
پڑھیں گے اور ایک ریشے جتنا بھی ان پر ظلم نہیں ہوگا ﴿۷۱﴾ جو آدمی اس (دنیا) میں اندھا بنا رہا③ وہ
آخرت میں (نجات تک پہنچنے سے) اندھا ہی رہے گا؛ بلکہ راستے سے زیادہ بھٹکا ہوا ہوگا④ ﴿۷۲﴾
جو وحی ہم نے تمھاری طرف بھیجی ہے یہ (کافر) لوگ تم کو (فتنے میں ڈال کر) اس سے ہٹانے (کی
کوشش میں) لگے تھے⑤ تاکہ اس (وحی کے حکم) کے سوا کوئی (غلط) بات تم ہمارے نام پر بنا کر
پیش کرو، تب تو یہ (کافر) لوگ تم کو گہرا دوست بنا لیتے ﴿۷۳﴾ اور اگر ہم تم کو نہ سنبھالتے⑥ تو تم ان
کی طرف تھوڑا سا جھکنے کے قریب پہنچ جاتے⑦ ﴿۷۴﴾ (اگر ایسا ہو جاتا) تب تو ہم تم کو دنیا میں بھی
دُگنی سزا کا مزہ چکھاتے اور مرنے کے بعد بھی دُگنی سزا کا مزہ چکھاتے، پھر تم کو ہمارے مقابلے میں
کوئی مددگار نہ ملتا⑧ ﴿۷۵﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) ان کے اعمال نامے کے ساتھ بلائیں گے۔
② نامۂ اعمال اڑا دیے جاویں گے تو کسی کے داہنے ہاتھ، کسی کے بائیں ہاتھ میں آجاویں گے۔
③ آنکھ تھی؛ لیکن نجات کا راستہ دیکھنے سے اندھا رہا۔
④ (دوسرا ترجمہ) بلکہ اندھے سے بھی زیادہ راستے سے بھٹکا ہوا رہے گا۔
⑤ آج بھی مسلمانوں کے ساتھ یہ سلسلہ برابر جاری ہے۔ ⑥ (دوسرا) اور اگر ہم تم کو ثابت قدم نہ رکھتے۔
⑦ نبی کو بھی اللہ تعالیٰ ہی سنبھالتے ہیں پھر ہم کو بھی اللہ تعالیٰ سنبھالے اس کی بہت ضرورت ہے؛ اس لیے دین پر استقامت
کی دعا کا اہتمام کرو۔ ⑧ فرضی نافرمانی پر سزا کا یہ بیان ہے، معلوم ہوا کوئی کتنا ہی مقرب ہو، حقیقی نافرمانی پر سزا ہو سکتی ہے۔

وَاِنۡ كَادُوۡا لَيَسۡتَفِزُّوۡنَكَ مِنَ الۡاَرۡضِ لِيُخۡرِجُوۡكَ مِنۡهَا وَاِذًا لَّا يَلۡبَثُوۡنَ خِلٰفَكَ اِلَّا قَلِيۡلًا ۝ سُنَّةَ مَنۡ قَدۡ اَرۡسَلۡنَا قَبۡلَكَ مِنۡ رُّسُلِنَا وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحۡوِيۡلًا ۝

اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوۡكِ الشَّمۡسِ اِلٰى غَسَقِ الَّيۡلِ وَقُرۡاٰنَ الۡفَجۡرِ ؕ اِنَّ قُرۡاٰنَ الۡفَجۡرِ كَانَ مَشۡهُوۡدًا ۝ وَمِنَ الَّيۡلِ فَتَهَجَّدۡ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ۖ عَسٰۤى اَنۡ يَّبۡعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحۡمُوۡدًا ۝ وَقُلۡ رَّبِّ اَدۡخِلۡنِىۡ مُدۡخَلَ صِدۡقٍ وَّاَخۡرِجۡنِىۡ مُخۡرَجَ صِدۡقٍ وَّاجۡعَلۡ لِّىۡ مِنۡ لَّدُنۡكَ سُلۡطٰنًا نَّصِيۡرًا ۝

اور وہ (کافر) تو اس فکر میں لگے تھے کہ تمھارے قدم (مکہ یا مدینے کی) زمین سے اکھاڑ دیویں؛ تا کہ وہ (کافر) تم کو اس میں سے نکال دیویں، تب تو تمھارے جانے کے بعد ان کو بھی بہت تھوڑا رہنا نصیب ہوتا ﴿۷۶﴾ تم سے پہلے ہمارے بھیجے ہوئے رسولوں کے ساتھ بھی ہمارا یہ طریقہ رہا ہے اور تم ہمارے طریقے میں کوئی تبدیلی نہیں پاؤ گے ﴿۷۷﴾

(اے نبی!) سورج ڈھلنے کے وقت سے لیکر رات کے اندھیرے تک تم نماز قائم کرو اور فجر کے وقت میں قرآن پڑھا کرو① یقینی بات ہے کہ فجر میں قرآن پڑھنے کے وقت فرشتے حاضر ہوتے ہیں ﴿۷۸﴾ اور رات کے کچھ حصے میں (جاگ کر) تہجد کی نماز پڑھا کرو، یہ تمھارے لیے ایک زائد عبادت ہے، امید ہے کہ تم کو تمھارے رب مقامِ محمود پر پہنچا دیں گے② ﴿۷۹﴾ اور (اے نبی!) دعا کیجیے اے میرے رب! آپ مجھ کو اچھائی کے ساتھ داخل فرمائیے③ اور آپ مجھ کو اچھائی کے ساتھ نکالیے④ اور آپ مجھ کو اپنے پاس سے حکومت عطا فرمائیے جس کے ساتھ (آپ کی) مدد ہو⑤ ﴿۸۰﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) فجر کی نماز میں قرآن پڑھا کرو (تیسرا) فجر کی نماز بھی قائم کیا کرو۔ فجر میں طویل قراءت مطلوب ہے۔

② قیامت کے دن ابتدا میں جب کسی میں بولنے کی ہمت نہیں ہوگی، تمام مخلوق محشر کی پریشانی میں ہوں گی اس وقت نبی کریم ﷺ اللہ تعالیٰ کے سامنے عرض معروض کر کے حساب شروع کروا دیں گے، اس وقت تمام انسان حضور ﷺ کی تعریف کریں گے، خود باری تعالیٰ بھی تعریف فرما دیں گے۔ یہ مقامِ محمود ہوا۔

③ (دوسرا ترجمہ) راحت کے ساتھ، اچھائی کے ساتھ پہنچا۔ ④ (دوسرا ترجمہ) مجھ کو راحت کے ساتھ لے جا۔

⑤ یعنی کسی جگہ سے نکلنا اور کسی جگہ میں داخل ہونا یہ سب راحت کے ساتھ ہو، کوئی تکلیف نہ ہو۔

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ۝ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ۝ وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ يَـُٔوْسًا ۝ قُلْ كُلٌّ يَّعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ؕ فَرَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ اَهْدٰى سَبِيْلًا ۝

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ ؕ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ وَلَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ عَلَيْنَا وَكِيْلًا ۝ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا ۝

اور (اے نبی!) یوں کہو: حق (یعنی اسلام) آ گیا اور باطل (یعنی شرک) نکل کر بھاگ گیا① یقینی بات ہے کہ باطل تو بھاگنے والا ہی ہے② ﴿۸۱﴾ اور یہ قرآن جو ہم نے اتارا ہے وہ مسلمانوں کے لیے (خصوصی) شفا اور رحمت ہے؛ البتہ ظالموں③ کا تو اس سے نقصان ہی زیادہ ہوتا ہے ﴿۸۲﴾ اور جب ہم انسان کو نعمت دیتے ہیں تو وہ (شکر ادا کرنے کے بجائے) منہ پھیر لیتا ہے اور اپنا پہلو دور ہٹا لیتا ہے④ اور اس کو کوئی برائی پہنچتی ہے تو مایوس ہو کر بیٹھ جاتا ہے ﴿۸۳﴾ تم کہہ دیجیے: ہر ایک اپنے اپنے طریقے پر عمل کرتا ہے، اور تمھارے رب ہی بہتر جانتے ہیں کون زیادہ صحیح راستے پر ہے ﴿۸۴﴾

اور یہ (مشرکین) تم سے روح (کی حقیقت) کے بارے میں سوال کرتے ہیں، تو تم ان کو جواب میں کہو: روح تو میرے رب کے حکم سے بنتی ہے⑤ اور تم کو تو بس تھوڑا سا ہی علم دیا گیا ہے ﴿۸۵﴾ اور اگر ہم چاہیں تو جو وحی ہم نے تمھارے پاس بھیجی ہے وہ سب ہم واپس لے لیتے، پھر تم کو اس (کو واپس لانے) کے لیے ہمارے مقابلے میں کوئی مدد کرنے والا نہیں ملے گا ﴿۸۶﴾ یہ تو صرف تمھارے رب کی مہربانی ہے⑥ یقینی بات ہے کہ تم پر اس (اللہ) کا بہت بڑا فضل ہو رہا ہے ﴿۸۷﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) مٹ گیا۔ ② (دوسرا ترجمہ) مٹنے والا ہی ہے۔
③ یعنی جو قرآن سے نفرت کرکے دور بھاگتے ہیں ان کا تو نقصان ہی ہوتا ہے۔
④ (دوسرا ترجمہ) پہلو پھیر لیتا ہے (تیسرا) کروٹ پھیر لیتا ہے۔
⑤ (دوسرا ترجمہ) روح تو میرے رب کے حکم سے آتی جاتی ہے۔ ⑥ یعنی یہ کہ اس نے وحی واپس نہیں لی اور جاری رکھی۔

قُلْ لَّىِٕنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَ الْجِنُّ عَلٰۤى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَ لَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ۝ وَ لَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ؗ فَاَبٰۤى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ۝ وَ قَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْاَرْضِ يَنْۢبُوْعًا ۝ اَوْ تَكُوْنَ لَكَ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّ عِنَبٍ فَتُفَجِّرَ الْاَنْهٰرَ خِلٰلَهَا تَفْجِيْرًا ۝ اَوْ تُسْقِطَ السَّمَآءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا اَوْ تَاْتِيَ بِاللّٰهِ وَ الْمَلٰٓىِٕكَةِ قَبِيْلًا ۝ اَوْ يَكُوْنَ لَكَ بَيْتٌ مِّنْ زُخْرُفٍ اَوْ تَرْقٰى فِي السَّمَآءِ ؕ وَ لَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ ؕ قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ۝

(اے نبی! ان تمام انسانوں سے) کہو کہ: اگر انسان اور جنات سب آپس میں اس کے لیے جمع ہوجائیں کہ وہ سب اس قرآن جیسا دوسرا (کلام) بنالائیں تو اس جیسا بنا کر نہیں لاسکیں گے، چاہے وہ آپس میں ایک دوسرے کے مدد کرنے والے ہی بن جائیں (تو بھی بنا نہیں سکتے) ﴿۸۸﴾ ہم نے لوگوں کے (فائدے کے) لیے اس قرآن میں ہر قسم کی (عجیب اور عمدہ) باتیں الگ الگ انداز سے بیان کی① پھر بھی اکثر لوگ ناشکری کیے بغیر نہیں رہتے ﴿۸۹﴾ اور وہ (مکہ کے کافر) کہنے لگے: ہم اس وقت تک ہرگز آپ پر ایمان نہیں لائیں گے جب تک اس زمین کو پھاڑ کر آپ ہمارے لیے ایک چشمہ جاری کردیں ﴿۹۰﴾ یا آپ کا ایک کھجور اور انگور کا باغ (باڑی) ہو، سو آپ اس (باغ) کے بیچ میں زمین پھاڑ کر بہت ساری نہریں جاری کردو ﴿۹۱﴾ یا (جیسے کہ تم کہا کرتے ہو) آسمان کے ٹکڑے کرکے ہم پر گرادو یا اللہ تعالیٰ اور فرشتوں کو (کھلم کھلا) ہمارے سامنے لاکر کھڑا کردو ﴿۹۲﴾ یا آپ کے لیے ایک سنہرا (رہنے کا) مکان ہو② یا آپ (ہماری نظروں کے سامنے) آسمان پر چڑھ جاؤ اور ہم آپ کے (آسمان پر) چڑھ جانے کا اس وقت تک یقین نہیں کریں گے جب تک آپ ہمارے پاس ایسی کتاب نہ لاؤ③ جس کو ہم پڑھ سکیں، (اے نبی!) کہہ دو: میرے رب تو پاک ہیں، میں تو ایک بشر ہی ہوں جس کو رسول بنا کر بھیجا گیا ہے ﴿۹۳﴾

---

① ہر مثال کو پھیر پھیر کر بیان کیا۔ ② یعنی سونے کا مکان یا کم سے کم سونے کا پانی چڑھایا ہوا۔
③ (دوسرا ترجمہ) جب تک تم ہم پر ایسی کتاب نازل نہ کرادو۔

وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ یُّؤْمِنُوْۤا اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰۤى اِلَّاۤ اَنْ قَالُوْۤا اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿۹۴﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ فِی الْاَرْضِ مَلٰٓىٕكَةٌ یَّمْشُوْنَ مُطْمَىٕنِّیْنَ لَنَزَّلْنَا عَلَیْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَلَكًا رَّسُوْلًا ﴿۹۵﴾ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِیْدًۢا بَیْنِیْ وَ بَیْنَكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِیْرًۢا بَصِیْرًا ﴿۹۶﴾ وَ مَنْ یَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَ مَنْ یُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ اَوْلِیَآءَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ وَ نَحْشُرُهُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ عُمْیًا وَّ بُكْمًا وَّ صُمًّا ؕ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنٰهُمْ سَعِیْرًا ﴿۹۷﴾ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاٰیٰتِنَا وَ قَالُوْۤا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّ رُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِیْدًا ﴿۹۸﴾

اور جس وقت لوگوں کے پاس ہدایت آئی تو اس وقت ایمان لانے سے ان کو صرف اس بات نے روکا کہ وہ کہتے تھے کہ: کیا اللہ تعالیٰ نے ایک بشر کو رسول بنا کر بھیجا؟ ﴿۹۴﴾ (اے نبی!) تم (جواب میں ایسا) کہو کہ: اگر زمین میں فرشتے ہی اطمینان سے چلتے پھرتے ہوتے تو ہم ان پر آسمان سے فرشتے ہی کو رسول بنا کر بھیجتے ﴿۹۵﴾ (اے نبی!) تم (ان کافروں کو) کہو کہ: اللہ تعالیٰ میرے اور تمھارے درمیان (میرے سچے رسول ہونے کی) گواہی دینے کے لیے کافی ہیں، یقینی بات ہے کہ وہ (اللہ تعالیٰ) اپنے بندوں کی پوری خبر رکھتے ہیں (سب کچھ) دیکھتے ہیں ﴿۹۶﴾ جس کو اللہ تعالیٰ ہدایت دیویں وہی سیدھے راستے پر ہوتا ہے اور جس کو (اللہ) گمراہ کرتے ہیں تو تم ان (گمراہوں) کے لیے اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا کوئی مدد کرنے والا نہیں پاؤ گے اور ہم ان (گمراہوں) کو قیامت کے دن ان کے منہ کے بل (اوندھا چلا کر) اندھا اور گونگا اور بہرا (کرکے) جمع کریں گے، ان کا ٹھکانہ جہنم ہوگا، جب بھی اس کی آگ دھیمی ہونے لگے گی تب ہم بھڑکا کر ان (کافروں) پر تیز کردیں گے ﴿۹۷﴾ ان کی یہ سزا اس لیے ہوئی کہ انھوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا اور (دنیا میں) وہ کہتے تھے کہ: کیا جب ہم (مرنے کے بعد) ہڈیاں اور چورا چورا ہو جائیں گے پھر بھی ہم کو نئے سرے سے بنا کر (قبروں سے) اٹھایا جائے گا ﴿۹۸﴾

أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللَّهَ الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ قَادِرٌ عَلٰى أَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ وَجَعَلَ لَهُمْ أَجَلًا لَّا رَيْبَ فِيهِ ۚ فَأَبَى الظّٰلِمُوْنَ إِلَّا كُفُوْرًا ﴿۹۹﴾ قُلْ لَّوْ أَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ خَزَآئِنَ رَحْمَةِ رَبِّيْٓ إِذًا لَّأَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الْإِنْفَاقِ ۚ وَكَانَ الْإِنْسَانُ قَتُوْرًا ﴿۱۰۰﴾

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ فَسْـَٔلْ بَنِيْٓ إِسْرَآءِيْلَ إِذْ جَآءَهُمْ فَقَالَ لَهُ فِرْعَوْنُ إِنِّيْ لَأَظُنُّكَ يٰمُوْسٰى مَسْحُوْرًا ﴿۱۰۱﴾

کیا وہ (کافر) اتنی بات بھی نہیں سمجھتے کہ جس اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا وہ اس پر قادر ہے کہ ان جیسے (انسانوں) کو (پھر سے) پیدا کریں اور اللہ تعالیٰ نے ان (کو پیدا کرنے کا) ایک وقت (قیامت) مقرر کر رکھا ہے جس (کے آنے) میں ذرا برابر بھی شک نہیں ہے، پھر بھی یہ ظالم لوگ انکار کیے بغیر نہیں رہتے ﴿۹۹﴾ (اے نبی! ان کافروں سے) تم کہو: اگر میرے رب کی رحمت کے خزانے تمھارے اختیار میں ہوتے ① تب تو خرچ (ہو کر یا ختم) ہونے کے ڈر سے تم ہاتھ روک لیتے ② اور انسان تو دل کا بڑا تنگ ہے ③ ﴿۱۰۰﴾

اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو نو (۹) کھلی ہوئی نشانیاں (یعنی احکام) دی تھیں ④ پھر (اب) تم بنی اسرائیل (کے خاص کر علما) سے پوچھو: جب موسیٰ ان (بنی اسرائیل) کے پاس آئے ⑤ تو فرعون نے ان (موسیٰ علیہ السلام) سے کہا کہ: اے موسیٰ! میرا تمھارے بارے میں خیال یہ ہے کہ تم پر کسی نے جادو کر دیا ہے ⑥ ﴿۱۰۱﴾

---

① اس سے مراد نبوت اور رسالت کے خزانے ہیں، اسی طرح مال و دولت کے خزانے بھی ہے کہ اس کی تقسیم اللہ نے اپنے قبضے میں رکھی ہے، اگر یہ طبیعت کے بخیل انسان کو تقسیم حوالے کی جائے تو وہ کسی کو دینے کے لیے تیار نہ ہوتا۔ ② یعنی خزانوں کو بند کر کے بالکل خرچ نہ کرتے۔ ③ (دوسرا ترجمہ) انسان تو (اپنی طبیعت میں) بڑا ہی کنجوس ہے۔ ④ نشانی سے بعض مفسرین نے نو معجزات مراد لیے ہیں: [۱] عصا [۲] ید بیضا یعنی سفید چمکتا ہوا ہاتھ [۳] زبان سے لکنت کا دور ہونا [۴] دریا کا پھٹ کر اس میں راستے کا بن جانا [۵] طوفان [۶] ٹڈی [۷] قُمل (جوئیں) [۸] مینڈک [۹] خون۔

بعض مفسرین نے نو احکام مراد لیے ہیں: [۱] شرک نہ کرو [۲] چوری نہ کرو [۳] زنا نہ کرو [۴] کسی کو بھی ناحق قتل مت کرو [۵] کسی بے قصور پر ناحق جھوٹا الزام لگا کر قتل مت کرو [۶] جادو مت کرو [۷] سود مت کھاؤ [۸] پاک دامن عورت پر تہمت مت لگاؤ [۹] جہاد کے میدان سے مت بھاگو۔ یہ ترمذی اور ابن ماجہ کی روایت ہے۔ (باقی اگلے صفحہ پر)

قَالَ لَقَدْ عَلِمْتَ مَآ اَنْزَلَ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ بَصَآئِرَ ۚ وَاِنِّیْ لَاَظُنُّكَ يٰفِرْعَوْنُ مَثْبُوْرًا ﴿۱۰۲﴾ فَاَرَادَ اَنْ يَّسْتَفِزَّهُمْ مِّنَ الْاَرْضِ فَاَغْرَقْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ جَمِيْعًا ﴿۱۰۳﴾ وَّقُلْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ لِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اسْكُنُوا الْاَرْضَ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ جِئْنَا بِكُمْ لَفِيْفًا ﴿۱۰۴﴾ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۭ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿۱۰۵﴾ وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَى النَّاسِ عَلٰي مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا ﴿۱۰۶﴾ قُلْ اٰمِنُوْا بِهٖٓ اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا ۭ

موسیٰ علیہ السلام نے (جواب میں) کہا کہ: (اے فرعون!) تو (دل سے اچھی طرح) جانتا ہے کہ یہ تمام نشانیاں کسی اور نے نہیں؛ بلکہ آسمانوں اور زمین کے رب نے سمجھانے کے لیے① اتاری ہیں اور اے فرعون! تیرے بارے میں میرا خیال یہ ہے کہ تو (ہلاک و) برباد ہونے والا ہے ﴿۱۰۲﴾ پھر فرعون نے یہ ارادہ کیا کہ ان (بنی اسرائیل) کو (مصر کی) زمین میں چین سے رہنے نہ دیوے②، سو ہم نے (اسی وقت) اس (فرعون) کو اور اس کے ساتھ کے تمام لوگوں کو غرق کر دیا ﴿۱۰۳﴾ اس (فرعون) کے (غرق ہونے کے) بعد ہم نے بنی اسرائیل سے کہا کہ: تم زمین میں رہو، سو جب آخرت کے وعدے کے پورا ہونے کا وقت آئے گا تو ہم تم سب کو جمع کر کے (قیامت کے میدان میں سمیٹ کر) حاضر کر دیں گے ﴿۱۰۴﴾ اور قرآن کو سچائی کے ساتھ ہم نے اتارا اور قرآن سچائی کے ساتھ ہی اترا اور ہم نے تم کو (نیک لوگوں کے لیے جنت کی) خوش خبری سنانے والا بنا کر اور (نافرمانوں کو عذاب سے) ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے ﴿۱۰۵﴾ اور ہم نے قرآن کے جدا جدا حصے بنا دیے③؛ تاکہ تم اس کو لوگوں کے سامنے ٹھہر ٹھہر کر پڑھو اور ہم نے قرآن کو تھوڑا تھوڑا کر کے اتارا ہے ﴿۱۰۶﴾ (اے نبی!) تم (ان کافروں کو) کہو کہ: تم اس (قرآن) پر ایمان لاؤ کہ نہ لاؤ،

⇐ ⑧ یعنی بنی اسرائیل کو فرعون کے ظلم سے نجات دلانے اور توحید کی دعوت دینے کے لیے آئے۔

⑨ بعض نے مسحوراً کو اسمِ فاعل کے معنی میں لیا ہے، اس وقت ترجمہ یہ ہوگا: میرا تمہارے بارے میں خیال ہے کہ اے موسیٰ! تم جادوگر ہو۔ رواہ الترمذی وابن ماجہ)۔

① یعنی بصیرت پیدا کرنے کے لیے۔ ② (دوسرا ترجمہ) (مصر کی) زمین سے ختم کر دیوے۔ (مصر سے) نکال دیوے۔ ③ (دوسرا ترجمہ) اور قرآن کے یہ ہم نے (آیات، سورت وغیرہ سے) جگہ جگہ فصل رکھا۔

اِنَّ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖۤ اِذَا یُتْلٰى عَلَیْهِمْ یَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا ۟ۙ وَّ یَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَاۤ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا ۟ وَ یَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ یَبْكُوْنَ وَ یَزِیْدُهُمْ خُشُوْعًا ۟ قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَیًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ وَ لَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَ لَا تُخَافِتْ بِهَا وَ ابْتَغِ بَیْنَ ذٰلِكَ سَبِیْلًا ۟ وَ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّ لَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَ لَمْ یَكُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَ كَبِّرْهُ تَكْبِیْرًا ۟۠

یقیناً جن لوگوں کو اس (قرآن) سے پہلے (آسمانی کتابوں کا) علم دیا گیا تھا جب ان کے سامنے (قرآن کی آیت) تلاوت کی جاتی ہے تو وہ ٹھوڑیوں کے بل ① سجدے میں گر پڑتے ہیں ﴿۱۰۷﴾ اور وہ (زبان سے) یہ کہتے ہیں کہ: ہمارے رب کی ذات (وعدہ خلافی سے) پاک ہے اور ہمارے رب کا وعدہ تو پورا ہو کر ہی رہتا ہے ② ﴿۱۰۸﴾ اور روتے ہوئے ٹھوڑیوں کے بل (زمین پر) گر جاتے ہیں اور یہ (قرآن) ان کی عاجزی کو اور زیادہ کر دیتا ہے ③ ﴿۱۰۹﴾ (اے نبی!) تم کہو کہ: تم اللہ کہہ کر پکارو یا رحمٰن کہہ کر پکارو، جس نام سے بھی (اللہ کو) پکارو گے (ذات تو ایک ہی ہے) تمام اچھے اچھے نام تو اسی (اللہ تعالیٰ ہی) کے ہیں ④ اور تم (جہر کے وقت) اپنی نماز اونچی آواز سے پکار کر کے مت پڑھو اور اس میں بالکل چپکے چپکے (نیچی آواز سے) بھی مت پڑھو؛ بلکہ ان (دونوں آوازوں) کے درمیان ایک (متوسط) راستا اختیار کرو ⑤ ﴿۱۱۰﴾ اور تم کہہ دو کہ: تمام تعریفیں اس اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جس نے کوئی اولاد نہیں بنائی اور سلطنت میں کوئی اس کا شریک بھی نہیں ہے اور عاجزی (یعنی کمزوری) سے بچانے کے لیے اس (اللہ تعالیٰ) کو کسی مدد کرنے والے کی ضرورت نہیں ⑥ اور اس (اللہ تعالیٰ) کی ایسی بڑائی بیان کرو جیسی بڑائی بیان کیے جانے کا اس کو حق حاصل ہے ⑦ ﴿۱۱۱﴾

---

① یعنی منہ کے بل۔ ② اللہ تعالیٰ کا ہر وعدہ پورا ہی ہوتا ہے، یہاں خاص طور پر جس زمانے میں جس نبی پر جس کتاب کو اتارنے کا وعدہ ہو اس کی طرف اشارہ معلوم ہو رہا ہے، خاص طور پر بنی اسماعیل کے نبی حضرت محمد ﷺ پر قرآن کو اتارنے کی طرف اشارہ معلوم ہو رہا ہے۔ ③ قرآن کی تلاوت کے وقت رونا اچھی بات ہے۔ ④ (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ کے تو بہت اچھے اچھے نام ہیں۔ ⑤ معلوم ہوا آواز میں بھی اسراف ہوتا ہے اس سے بچنا چاہیے۔ ⑥ یعنی اللہ تعالیٰ میں کسی طرح کی کمزوری ہے ہی نہیں۔ ⑦ (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ کی بڑائی کے یقین کے ساتھ اس کی بڑائی تو بیان کر۔

❖ دارالمؤلفین ٹیلگرام چینل ❖

دارالمؤلفین - اردو، فارسی، عربی اور انگریزی- کتب کا ایک بڑا اور نہایت کارآمد ٹیلیگرام چینل ہے۔ جس میں آپ کو سات ہزار سے زائد کتابوں کا عظیم ترین ذخیرہ، ہر موضوع پر الگ الگ فہرستیں، نیز مشہور مصنفین کی الگ الگ فہرستیں آپ کو ملیں گی۔ جیسے:

①عقائد وعلم کلام	②تفسیر	③علوم القرآن	④احادیث
⑤علوم الحدیث	⑥شروحات حدیث	⑦فقہ	⑧اصول فقہ
⑨احکام ومسائل	⑩بلاغت	⑪منطق وفلسفہ	⑫نحو وصرف
⑬ادب؛ عربی، فارسی، اردو	⑭سیرت رسول اکرم ﷺ	⑮سیرتِ صحابہ	⑯سیرتِ اکابر
⑰تازہ ترین رسائل وجرائد	⑱درس نظامی (مکمل)	⑲درود ودعائیں	⑳رد فرق باطلہ

☆ Join & Share ☆

https://telegram.me/darulmuallifeen

❖ فہرست کتب ٹیلگرام چینل ❖

دارالمؤلفین ٹیلگرام چینل میں اپلوڈ کی گئی؛ ایک سے زائد جلدوں والی کتب کی فہرست، مشہور شخصیات کی کتب کی فہرست اور درس نظامی کی (درجہ تا دورۂ حدیث وتکمیلات) کتب کی فہرست نیز فن اور موضوع کے اعتبار سے الگ الگ فہرست تیار کی گئی ہیں۔

☆ Join & Share ☆

http://telegram.me/darulmuallifeenfehrist

❖ رہنمائے خطباء ٹیلگرام چینل ❖

خطباءِ عظام کے لیے حالات حاضرہ کے مطابق خطبات وبیانات، مقالات مضامین اور ماہنامے سے مختلف عنوانات پر قیمتی مواد ڈاؤن لوڈ لنکس سمیت فہرست یا پی، ڈی، ایف کی شکل میں ارسال کی جاتی ہے۔

☆ Join & Share ☆

https://telegram.me/rahnuma_e_khutaba

تیسیر القرآن

قرآنِ مجید کا نہایت آسان ترجمہ

مع تشریحی فوائد

سورۂ کہف تا سورۂ ناس

از:

مفتی محمود بن مولانا سلیمان حافظجی بارڈولی

مدرس جامعہ اسلامیہ تعلیم الدین ڈابھیل سملک گجرات، الہند

www.nooranimakatib.com

تیسیر القرآن

قرآنِ مجید کا نہایت آسان ترجمہ

مع

تشریحی فوائد

جلد دوم

از سورہ کہف تا سورہ ناس

از

مفتی محمود بن مولانا سلیمان حافظ جی بارڈولی

استاذ: جامعہ اسلامیہ تعلیم الدین ڈابھیل

ناشر

نورانی مکاتب

تفصیلات

نام کتاب:............ تیسیر القرآن، قرآن مجید کا نہایت آسان ترجمہ (جلد دوم)

مترجم:.......................... مفتی محمود صاحب بارڈولی دامت برکاتہم

صفحات: ۷۱۲

ناشر:.......................... ...... نورانی مکاتب

WWW.NOORANI MAKATIB.COM

ملنے کے پتے

مولانا یوسف صاحب بھانا، محمود نگر، ڈابھیل۔ 98240,96267

Email id: yusuf_bhana@hotmail.com

ادارۃ الصدیق ڈابھیل، گجرات۔ 99133,19190 \ 99048,86188

جامعہ دار الاحسان، بارڈولی، سورت، گجرات

جامعہ دار الاحسان، نواپور، نندوربار، مہاراشٹر

نمبر شمار	فہرست مضامین	صفحہ

سورة كهف

(المكية)

اٰیاتها:۱۱۰۔

رکوعاتها:۱۲۔

سورۂ کہف

یہ سورت مکی ہے، اس میں ایک سو دس (۱۱۰) آیتیں ہیں، سورۂ غاشیہ کے بعد آٹھ (۸) یا (۶۹) نمبر پر نازل ہوئی۔

فضائل: (۱) جمعہ کے دن پڑھنے سے آٹھ دن تک دجال اور ہر فتنے سے حفاظت ہوتی ہے اور ایک جمعہ سے دوسری جمعہ تک اور مزید تین دن تک کے گناہ معاف ہو جائیں گے اور ایسا نور اس کو دیا جائے گا جو آسمان تک پہنچے گا اور اس کے دل میں ایک خاص نور روشن ہو جاتا ہے۔

(۲) جس نے اس کی دس آیات زبانی یاد کر لی دجال کے فتنے سے اس کی حفاظت ہوگی۔

(۳) جس کے سامنے دجال آجائے وہ سورۂ کہف کی ابتدائی دس آیتیں پڑھے۔

(۴) جس نے سورۂ کہف کو جمعہ کی رات میں پڑھا تو اس پڑھنے والے اور کعبۃ اللہ کے درمیان پورے علاقے میں ایک نور اس کے لیے روشن ہو جاتا ہے (جس کے ذریعے وہ پڑھنے والا بیت اللہ کے انوار سے مستفیض ہوتا ہے)

ایک حدیث میں ارشاد فرمایا: جو کسی چیز کو دیکھے اور وہ اس کو اچھی لگے تو اس سورت کی آیت نمبر (۳۹) "**ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ**" پڑھ لیوے تو نظرِ بد نہیں لگے گی۔

امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ: گھر میں داخل ہوتے وقت بھی اس کو پڑھنا چاہیے۔

وھب ابن منبہؒ کے گھر کے دروازے پر "**ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ**" لکھا ہوا تھا۔

بے ادبی نہ ہو اس طرح لکھنا مناسب ہے۔

حضرت عبد اللہ ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ: اس سورت کی آخری دو آیتیں: "**قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا**" سے اخیر تک رات کو سوتے وقت پڑھ لو اور صبح جتنے بجے اٹھنا ہو اس کی نیت کر لو ان شاء اللہ! اللہ اس وقت آپ کو بیدار کر دیں گے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡۤ اَنۡزَلَ عَلٰی عَبۡدِہِ الۡکِتٰبَ وَلَمۡ یَجۡعَلۡ لَّہٗ عِوَجًا ؕ﴿۱﴾ قَیِّمًا لِّیُنۡذِرَ بَاۡسًا شَدِیۡدًا مِّنۡ لَّدُنۡہُ وَیُبَشِّرَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ الَّذِیۡنَ یَعۡمَلُوۡنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَہُمۡ اَجۡرًا حَسَنًا ۙ﴿۲﴾ مَّاکِثِیۡنَ فِیۡہِ اَبَدًا ۙ﴿۳﴾ وَّیُنۡذِرَ الَّذِیۡنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰہُ وَلَدًا ٭﴿۴﴾ مَا لَہُمۡ بِہٖ مِنۡ عِلۡمٍ وَّلَا لِاٰبَآئِہِمۡ ؕ کَبُرَتۡ کَلِمَۃً تَخۡرُجُ مِنۡ اَفۡوَاہِہِمۡ ؕ اِنۡ یَّقُوۡلُوۡنَ اِلَّا کَذِبًا ﴿۵﴾ فَلَعَلَّکَ بَاخِعٌ نَّفۡسَکَ عَلٰۤی اٰثَارِہِمۡ اِنۡ لَّمۡ یُؤۡمِنُوۡا بِہٰذَا الۡحَدِیۡثِ اَسَفًا ﴿۶﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

تمام تعریف اس اللہ تعالیٰ کے لیے ہے جنھوں نے اپنے بندے (محمد ﷺ) پر کتاب اتاری اور اس (اللہ تعالیٰ) نے اس (کتاب) میں کوئی خامی نہیں رکھی ﴿۱﴾ بالکل ٹھیک (کتاب اتاری) ①: تاکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو سخت عذاب آنے والا ہے اس سے (لوگوں کو) ڈرائیں اور جو لوگ ایمان لاتے ہیں، نیک کام کرتے ہیں ان کو خوش خبری سنائیں کہ یقینی بات ہے کہ (آخرت میں) ان کے لیے اچھا بدلہ ہے ﴿۲﴾ اس میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے ﴿۳﴾ اور تاکہ جو لوگ یوں کہتے ہیں کہ: اللہ تعالیٰ اولاد رکھتے ہیں ان لوگوں کو ڈرا دیں ﴿۴﴾ ان کو اور ان کے باپ دادوں کو اس (بات) کی کچھ بھی خبر نہیں ہے ② ان کے منہ سے جو بات نکل رہی ہے وہ بڑی بھاری بات ہے، جو کچھ وہ کہہ رہے ہیں وہ تو جھوٹ ہی ہے ③ ﴿۵﴾ اب (اے نبی!) اس (قرآن) کی بات پر اگر وہ (کافر) ایمان نہ لاویں تو ایسا لگتا ہے کہ ان کے پیچھے افسوس (غم) کر کے (تم) اپنی جان کو گھلا دو گے ④ ﴿۶﴾

---

① قرآن کے ذریعے بندوں کی مصلحتوں کی بھی حفاظت ہے۔ بندے قرآن کی سیدھی راہ پر عمل کر کے کامل بھی بن سکتے ہیں۔ ② (دوسرا ترجمہ) ان کے پاس اور ان کے باپ دادوں کے پاس کوئی علمی ثبوت دلیل نہیں ہے۔

③ (دوسرا ترجمہ) وہ لوگ تو بالکل ہی جھوٹ بکتے ہیں۔

④ (دوسرا ترجمہ) آپ خود کو ہلاک کر دو گے۔

إِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْأَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ أَيُّهُمْ أَحْسَنُ عَمَلًا ۝ وَإِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا ۝ أَمْ حَسِبْتَ أَنَّ أَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ ۙ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ۝ إِذْ أَوَى الْفِتْيَةُ إِلَى الْكَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ أَمْرِنَا رَشَدًا ۝ فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِي الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ۝

جتنی بھی چیزیں ہم نے اس زمین پر بنائیں وہ (ہم نے) اس (زمین) کی رونق کے لیے (بنائی) ہے؛ تاکہ ہم لوگوں کو آزمائیں کہ ان میں سے کون زیادہ اچھا عمل کرتا ہے① ﴿۷﴾ اور یقیناً اس (زمین) پر جو کچھ ہے اس کو ہم (قیامت میں) ضرور ایک صاف میدان کرنے والے ہیں ﴿۸﴾ کیا تم یہ خیال کرتے ہو کہ کہف اور رقیم والے ہماری (قدرت کی) نشانیوں میں سے کچھ (زیادہ ہی) عجیب چیز تھے؟② ﴿۹﴾ (وہ واقعہ بھی یاد کرو) جب چند نوجوانوں نے (پہاڑ کی) غار میں پناہ لی③ تو انھوں نے (اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہوئے یوں) کہا کہ: اے ہمارے رب! آپ ہم کو اپنے پاس سے (خاص) رحمت عطا کیجیے④ اور ہمارے اس کام میں ہمارے لیے بھلائی کا سامان مہیا کر دیجیے⑤ ﴿۱۰﴾ پس ہم نے ان کے کانوں پر تھپکی دے کر کئی سالوں تک غار میں سلائے رکھا⑥ ﴿۱۱﴾

---

① اللہ تعالیٰ کے یہاں عمل کا حسن مطلوب ہے۔

② رقیم سے کیا مراد ہے:

[۱] رقیم مرقوم کے معنیٰ میں ہے، ان سب نوجوان کے نام ایک تختی پر لکھ کر غار کے دروازے پر وہ لگا دیے تھے۔ [۲] جس پہاڑ کے غار میں وہ سوئے تھے اس پہاڑ کے نیچے ایک وادی تھی اس کا نام رقیم ہے۔

[۳] یہ غار جس پہاڑ میں تھا اسی پہاڑ کا نام رقیم تھا [۴] غار میں جانے سے پہلے جس شہر میں یہ نوجوان رہتے تھے اس شہر کا نام رقیم تھا۔

③ (دوسرا ترجمہ) جب چند نوجوان (پہاڑ کی) غار کی طرف پہنچے۔

④ آیت میں رحمت سے مراد ہے مقصد کا حاصل ہو جانا (ایمان اور دین کی سلامتی سب سے بڑا مقصد تھا) اور ''وَهَيِّئْ لَنَا مِنْ أَمْرِنَا'' سے مراد ہے کہ مقصد کو حاصل کرنے میں جن چیزوں کی ضرورت پڑتی ہے وہ ہم کو عطا فرما دے۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) ہمارے لیے ہمارے کام میں صحیح رہنمائی کا سامان مہیا کر دیجیے۔ (تیسرا) ہماری اس صورتِ حال میں ہمارے لیے بھلائی کا راستہ مہیا فرما دیجیے۔ ⑥ بہت سی مرتبہ نیند گناہوں سے حفاظت کا ذریعہ بنتی ہے۔

ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ اَیُّ الْحِزْبَیْنِ اَحْصٰی لِمَا لَبِثُوْۤا اَمَدًا ﴿۱۲﴾

نَحْنُ نَقُصُّ عَلَیْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّهُمْ فِتْیَةٌ اٰمَنُوْا بِرَبِّهِمْ وَ زِدْنٰهُمْ هُدًی ﴿۱۳﴾ وَّ رَبَطْنَا عَلٰی قُلُوْبِهِمْ اِذْ قَامُوْا فَقَالُوْا رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَاۡ مِنْ دُوْنِهٖۤ اِلٰهًا لَّقَدْ قُلْنَاۤ اِذًا شَطَطًا ﴿۱۴﴾ هٰۤؤُلَآءِ قَوْمُنَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً ؕ لَوْ لَا یَاْتُوْنَ عَلَیْهِمْ بِسُلْطٰنٍۭ بَیِّنٍ ؕ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا ﴿۱۵﴾

پھر ہم نے ان کو (نیند سے) اٹھایا (یعنی جگا دیا)؛ تا کہ ہم (اس بات کو) جان لیویں کہ (سونے والوں ہی) دونوں فریق میں سے کس نے (غار میں) رہنے کی مدت زیادہ یاد رکھی① ﴿۱۲﴾

ہم تم کو ان (غار میں سونے والوں) کا واقعہ صحیح (تحقیق) سناتے ہیں② یقینی بات ہے کہ وہ (غار میں سونے والے) چند نوجوان تھے جو اپنے رب پر ایمان لائے، اور ہم نے ان کو ہدایت میں خوب ترقی دی تھی③ ﴿۱۳﴾ اور ہم نے ان کے دلوں کو مضبوط کر دیا④ (یہ اس وقت ہوا) جس وقت وہ کھڑے ہوئے تو کہنے لگے: ہمارے رب تو آسمان وزمین کے رب ہیں، ہم تو ہرگز اس (اللہ تعالیٰ) کو چھوڑ کر کسی اور معبود کی عبادت نہیں کریں گے، اگر ہم ایسا کریں گے تو ہم عقل سے دور کی (لغو) بات کہیں گے ﴿۱۴﴾ یہ جو ہماری قوم کے لوگ ہیں انھوں نے اس (ایک رب) کو چھوڑ کر (دوسرے) معبود بنا رکھے ہیں، وہ ان (معبودوں کے صحیح ہونے) پر کوئی کھلی دلیل کیوں پیش نہیں کرتے؟ تو اس شخص سے بڑا ظالم کون ہوگا جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹا بہتان باندھے؟ ﴿۱۵﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) تا کہ ہم (اس بات کو) جان لیویں کہ (سونے والوں ہی) دونوں فریق میں سے کون سونے کی مدت کو زیادہ صحیح شمار کرتا ہے۔

② کوئی بھی واقعہ ہو، صحیح سنانا چاہیے، من گھڑت کہانیاں بیان نہ کریں اور واقعہ تحقیقی ہو، سنے سنائے، بغیر سر اور پیر کے واقعات بیان نہ کرے اور واقعہ جیسا ہو ویسا ہی بیان کرے، اپنی طرف سے اس میں مرچ مسالے نہ لگاوے۔

③ (دوسرا ترجمہ) ہم نے ان کو ہدایت میں خوب بڑھایا تھا (یعنی ایمان میں ترقی دیکر ولایت کا درجہ دیا)۔

④ دین کا کام کرنے والوں کے قلوب میں آپسی ربط بہت ضروری ہے، اتحادِ قلوب، وحدتِ عمل، یہ صحیح کامیابی کے بنیادی شرائط میں سے ہیں۔

وَاِذِ اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ فَاْوٗۤا اِلَى الْكَهْفِ يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَيُهَيِّئْ لَكُمْ مِّنْ اَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا۝ وَتَرَى الشَّمْسَ اِذَا طَلَعَتْ تَّزٰوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَاِذَا غَرَبَتْ تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ وَهُمْ فِيْ فَجْوَةٍ مِّنْهُ ؕ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا۝

وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ ۖۗ وَّنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ ۖۗ وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ ؕ لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَّلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا۝

اور (اے ساتھیو!) جب تم نے ان (قوم کے لوگوں) سے اور وہ (قوم کے لوگ) اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر جن معبودوں کی عبادت کرتے ہیں ان سے جدائی اختیار کر لی تو چلو تم اس غار میں پناہ لے لو، تمھارے رب تمھارے لیے اپنی رحمت پھیلا دیں گے اور تمھارے لیے تمھارے کام میں سہولت کا سامان مہیا کر دیں گے ﴿۱۶﴾ اور تو سورج کو دیکھے گا کہ جب وہ طلوع ہوتا ہے تو ان کی غار سے دائیں طرف ہٹ کر نکل جاتا ہے اور جب ڈوبتا ہے تو ان سے بائیں طرف (سے ہٹ کر) کترا کر چلا جاتا ہے اور وہ لوگ اس (غار) کے کشادہ حصے میں (سوئے ہوئے) تھے، یہ اللہ تعالیٰ کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے ہے، جس کو اللہ تعالیٰ ہدایت دیویں وہی ہدایت پا جاتا ہے اور جس کو اللہ تعالیٰ گمراہ کریں تو تم کو کوئی اس کی مدد کر کے راستہ بتانے والا نہیں ملے گا① ﴿۱۷﴾

اور تو ان کو (دیکھ کر) یہ سمجھے گا کہ وہ جاگتے ہیں؛ حالاں کہ وہ سوئے ہوئے تھے اور ہم ان کو دائیں اور بائیں کروٹ بدل دیتے ہیں اور ان کا کتا چوکھٹ پر اپنے دونوں ہاتھ (یعنی آگے والے پیر) پھیلائے ہوئے (بیٹھا) تھا، اگر تو ان (اصحابِ کہف) کو جھانک لیتا تو پیٹھ پھرا کر بھاگ لیتا اور تجھ میں ان کی دہشت بھر جاتی ﴿۱۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) تو اس کے لیے کوئی دوست راستہ بتانے والا ہرگز تم کو نہیں ملے گا۔

وَكَذٰلِكَ بَعَثْنٰهُمْ لِيَتَسَآءَلُوْا بَيْنَهُمْ ۭ قَالَ قَاۗىِٕلٌ مِّنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ ۭ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ۭ قَالُوْا رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ ۭ فَابْعَثُوْٓا اَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ هٰذِهٖٓ اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَلْيَنْظُرْ اَيُّهَآ اَزْكٰى طَعَامًا فَلْيَاْتِكُمْ بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَلَا يُشْعِرَنَّ بِكُمْ اَحَدًا ۝۱۹ اِنَّهُمْ اِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوْكُمْ اَوْ يُعِيْدُوْكُمْ فِيْ مِلَّتِهِمْ وَلَنْ تُفْلِحُوْٓا اِذًا اَبَدًا ۝۲۰ وَكَذٰلِكَ اَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ لِيَعْلَمُوْٓا اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاَنَّ السَّاعَةَ لَا رَيْبَ فِيْهَا ڇ اِذْ يَتَنَازَعُوْنَ بَيْنَهُمْ اَمْرَهُمْ فَقَالُوا ابْنُوْا عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا ۭ رَبُّهُمْ اَعْلَمُ بِهِمْ ۭ

اور (جس طرح ہم نے ان کو لمبا زمانہ سلایا تھا) اسی طرح ہم نے ان کو اٹھایا؛ تاکہ آپس میں ایک دوسرے سے سوال کریں، ان (اصحابِ کہف) میں سے ایک نے (اپنے ساتھیوں سے) کہا کہ: تم (غار میں) کتنی مدت (سوئے) رہے؟ تو دوسروں نے جواب دیا: ہم ایک دن یا اس سے کچھ کم (نیند میں سوئے) رہے ہوں گے، دوسروں نے کہا: تمھارے رب ہی خوب جانتے ہیں تم جتنی دیر اس حالت میں رہے، اب اپنے میں سے کسی ایک (ساتھی) کو یہ چاندی کا سکہ لے کر تم شہر بھیجو① وہ جا کر دیکھے (یعنی تحقیق کرے) کہ کون سا کھانا عمدہ (یعنی حلال، پاکیزہ) ہے② پھر اس میں سے کچھ کھانا تمھارے لیے لے آئے اور یہ کام ہوشیاری سے کرے اور کسی کو تمھاری خبر نہ ہونے دے ﴿۱۹﴾ کیوں کہ اگر قوم (کے لوگوں) کو تمھاری خبر ہو گئی تو تم کو وہ لوگ پتھر مار کر مار ڈالیں گے یا تم کو اپنے دین میں واپس آنے کے لیے مجبور کر دیں گے اور ایسا جو ہوا تو تم کو کبھی فلاح نہیں مل سکے گی ﴿۲۰﴾ اور (جس طرح ہم نے ان کو سلا کر پھر اٹھایا) اسی طرح ہم نے ان کی خبر ان (یعنی اس زمانے کے لوگوں) پر ظاہر کر دی؛ تاکہ وہ لوگ یقین کر لیویں اس بات کا کہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ بالکل سچا ہے اور یہ کہ قیامت (تو آنے ہی والی ہے) اس میں کوئی شک نہیں ہے (پھر وہ وقت بھی آیا کہ) جب وہ (اس زمانے کے) لوگ ان (اصحابِ کہف) کے بارے میں جھگڑا کر رہے تھے، سو کچھ لوگوں نے کہا کہ: ان پر ایک عمارت بنا دو، ان کے رب ان (کے حالات) کو بہت اچھی طرح جانتے ہیں،

---

① دینی اسفار میں اپنے ضروری اخراجات کا خود نظم کریں، اسبابِ طعام کا نظم کریں۔

② آج کے حالات میں تو اس کی اہمیت بہت زیادہ ہو گئی کہ حلال کی تحقیق کر لی جائے۔

قَالَ الَّذِينَ غَلَبُوا عَلَىٰ أَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِم مَّسْجِدًا ﴿٢١﴾ سَيَقُولُونَ ثَلَاثَةٌ رَّابِعُهُمْ
كَلْبُهُمْ وَيَقُولُونَ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ رَجْمًا بِالْغَيْبِ ۖ وَيَقُولُونَ سَبْعَةٌ
وَثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ قُل رَّبِّي أَعْلَمُ بِعِدَّتِهِم مَّا يَعْلَمُهُمْ إِلَّا قَلِيلٌ ۗ فَلَا تُمَارِ فِيهِمْ إِلَّا
مِرَاءً ظَاهِرًا وَلَا تَسْتَفْتِ فِيهِم مِّنْهُمْ أَحَدًا ﴿٢٢﴾

وَلَا تَقُولَنَّ لِشَيْءٍ إِنِّي فَاعِلٌ ذَٰلِكَ غَدًا ﴿٢٣﴾ إِلَّا أَن يَشَاءَ اللَّهُ ۚ وَاذْكُر رَّبَّكَ إِذَا
نَسِيتَ وَقُلْ عَسَىٰ أَن يَهْدِيَنِ رَبِّي لِأَقْرَبَ مِنْ هَٰذَا رَشَدًا ﴿٢٤﴾

جن کا کام غالب تھا① کہنے لگے: ہم ضرور ان پر ایک مسجد بنائیں گے ﴿۲۱﴾ کچھ لوگ تو (ان کہف والوں کا قصہ بیان کرتے وقت) یوں کہیں گے کہ: وہ (اصحابِ کہف) تین تھے (اور) چوتھا ان کا کتا تھا اور کچھ لوگ ایسا کہیں گے کہ وہ (اصحابِ کہف) پانچ تھے (اور) چھٹا ان کا کتا تھا، سب اٹکل کے تیر چلانے کی باتیں ہیں② اور کچھ لوگ تو یوں کہیں گے کہ وہ (اصحابِ کہف) سات تھے اور آٹھواں ان کا کتا تھا، آپ کہو کہ: ان کی (صحیح) تعداد تو میرے رب ہی جانتے ہیں، ان (کی صحیح تعداد) کا تھوڑے لوگوں کے سوا کسی کو پورا علم نہیں ہے، سو سرسری بات کے سوا ان کے بارے میں زیادہ بحث نہ کریں اور ان کے متعلق لوگوں میں سے کسی سے پوچھ تاچھ نہ کریں③ ﴿۲۲﴾

اور تم (اے نبی!) کسی بھی کام کے بارے میں ایسا نہ کہا کرو کہ: میں یہ کام آئندہ کل کر دوں گا ﴿۲۳﴾ ہاں! (یوں کہو کہ) اللہ تعالیٰ چاہے تو (کر دوں گا)④ اور جب کبھی (ان شاء اللہ کہنا) بھول جاؤ تو (یاد آنے پر) اپنے رب کو (ان شاء اللہ کہہ کر)⑤ یاد کر لیا کرو اور یوں کہہ دو کہ: مجھے امید ہے کہ میرے رب (نبوت کی دلیل کے طور پر) اس (کہف والے نوجوانوں کے واقعے) سے بھی زیادہ ہدایت میں قریب کی بات مجھے بتلا دیں گے ﴿۲۴﴾

---

① یعنی جن کو حکومت حاصل تھی۔

② (دوسرا ترجمہ) بغیر دیکھے نشانے پر تیر پھینکنا ہے (تیسرا) بغیر تحقیق بات بانکے جاتے ہیں۔

③ جس سوال کا تعلق کسی عمل یا عقیدے کے متعلق نہ ہو اس میں فضول بحث نہ کریں۔

④ یعنی ان شاء اللہ کہہ دیا کرو۔ ⑤ اللہ تعالیٰ چاہے تو کر لوں گا۔

وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ۝ قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا ۚ لَهٗ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَبْصِرْ بِهٖ وَاَسْمِعْ ؕ مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ ؗ وَّلَا يُشْرِكُ فِيْ حُكْمِهٖٓ اَحَدًا ۝ وَاتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ ۚ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ۝ وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ۝

وہ (اصحابِ کہف) اپنے غار میں تین سو اور اس کے اوپر نو سال زیادہ (سوتے) رہے ﴿۲۵﴾ (اور کوئی آدمی یہ بات نہ مانے اور بحث کرے تو اس کو یہ) کہہ دو کہ: اللہ تعالیٰ ہی ان کے (غار میں رہنے (کی مدت) کو زیادہ جانتے ہیں، اسی (اللہ تعالیٰ) کے علم میں آسمانوں اور زمین کی غیب کی بات ہے، کیسا ہی عجیب دیکھتے ہیں، کتنا ہی عجیب سنتے ہیں، ان (بندوں) کا اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا کوئی مدد کرنے والا نہیں اور وہ (اللہ تعالیٰ) اپنی حکومت میں کسی کو شریک نہیں کرتے ﴿۲۶﴾ (اے نبی!) تم پر تمہارے رب کی طرف سے وحی کے ذریعے جو کتاب بھیجی گئی اس کو پڑھ کر سناتے رہو، اس (اللہ تعالیٰ) کی باتوں کو کوئی نہیں بدل سکتا اور اس اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر کوئی (چھپنے کی) پناہ کی جگہ تم کو نہیں مل سکتی① ﴿۲۷﴾ جو لوگ صبح شام اپنے رب کی عبادت کیا کرتے ہیں② (اور) وہ لوگ اس (اللہ تعالیٰ) کی خوشی حاصل کرنا چاہتے ہیں③ تم اپنے آپ کو پابندی (یعنی استقامت) کے ساتھ ایسے لوگوں کے ساتھ رکھو، دنیاوی زندگی کی رونق کی تلاش میں تمہاری آنکھیں ایسے (مفلسین) لوگوں سے ہٹ نہ جاویں اور جس کے دل کو ہم نے اپنی یاد سے غافل رکھا اور جو اپنی خواہش کے پیچھے پڑا ہے اور جس کا معاملہ حد سے نکل چکا ہو ایسے آدمی کا کہنا نہ مانیے ﴿۲۸﴾

---

① یعنی بالفرض اگر آپ نے ان بڑے کافر لوگوں کی دل جوئی اس طرح سے کی کہ اللہ تعالیٰ کا حکم چھوٹ جائے تو اس اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر کوئی پناہ کی جگہ تم کو نہیں مل سکتی۔ ② (دوسرا ترجمہ) پکارتے ہیں۔

③ (دوسرا ترجمہ) جو لوگ صبح شام اللہ تعالیٰ کی خوشی حاصل کرنے کے لیے اپنے رب کی عبادت کرتے ہیں یا اپنے رب کو پکارتے ہیں۔

وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۗ فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ ۙ إِنَّآ أَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ نَارًا ۙ أَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ۗ وَإِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِي الْوُجُوْهَ ۗ بِئْسَ الشَّرَابُ ۗ وَسَآءَتْ مُرْتَفَقًا ۞ إِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ إِنَّا لَا نُضِيْعُ أَجْرَ مَنْ أَحْسَنَ عَمَلًا ۞ أُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْأَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ وَّإِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِـِٔيْنَ فِيْهَا عَلَى الْأَرَآئِكِ ۗ نِعْمَ الثَّوَابُ ۗ وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا ۞

اور تم کہہ دو کہ: سچا دین تو تمھارے رب کی طرف سے آچکا ہے، اب جو چاہے ایمان لائے اور جو چاہے وہ کافر رہے، یقینی بات ہے کہ ہم نے ظالموں (کافروں) کے لیے ایسی آگ تیار کررکھی ہے کہ اس کی قناتیں (لپٹیں) ان (کافروں) کو گھیرے میں لے لیں گی اور اگر وہ (کافر) لوگ (پیاس کی) فریاد کریں گے تو ان کی فریاد کے جواب میں ایسا پانی دیا جائے گا جو پگھلے ہوئے تانبے کی طرح ہوگا① جو (ان کے) چہرے کو بھون ڈالے گا، وہ کیسا ہی برا پانی ہے اور وہ (جہنم) کیسی ہی بری آرام کی جگہ ہے ﴿۲۹﴾ یقینی بات ہے کہ جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے تو یقیناً جو بھی اچھی طرح عمل کرے ہم اس کا ثواب ضائع نہیں کریں گے ﴿۳۰﴾ ان ہی لوگوں کے لیے ہمیشہ بسنے کے باغات ہیں (اور) ان کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، سونے کے کنگن ان کو وہاں پہنائے جائیں گے② اور ہرے رنگ کے باریک اور موٹے ریشمی کپڑے (اس جنت میں) پہنیں گے ان (باغوں) میں اونچے تختوں پر ٹیک لگا کر بیٹھے ہوں گے (جنت) کتنا ہی بہترین بدلہ ہے اور وہ (جنت) کتنی ہی حسین آرام کی جگہ ہے ﴿۳۱﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) تیل کی تلچھٹ کی طرح ہوگا (تیسرا) پیپ کی طرح ہوگا۔

② بہ طور اعزاز و اکرام مردوں کو کنگن پہنائے جائیں گے، گویا یہ بھی وہاں ایک طرح شاہی اعزاز کا سامان ہوگا، آج کے کہے جانے والے ترقی کے دور میں مرد بھی فیشن کے طور پر ہاتھوں میں اس طرح کی چیزیں پہنتے ہیں وہ ناجائز ہے۔

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِأَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ أَعْنَابٍ وَحَفَفْنَاهُمَا بِنَخْلٍ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا ﴿٣٢﴾ كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ آتَتْ أُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْئًا ۚ وَفَجَّرْنَا خِلَالَهُمَا نَهَرًا ﴿٣٣﴾ وَكَانَ لَهُ ثَمَرٌ ۚ فَقَالَ لِصَاحِبِهِ وَهُوَ يُحَاوِرُهُ أَنَا أَكْثَرُ مِنكَ مَالًا وَأَعَزُّ نَفَرًا ﴿٣٤﴾ وَدَخَلَ جَنَّتَهُ وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهِ ۚ قَالَ مَا أَظُنُّ أَن تَبِيدَ هَٰذِهِ أَبَدًا ﴿٣٥﴾ وَمَا أَظُنُّ السَّاعَةَ قَائِمَةً ۚ وَلَئِن رُّدِدتُّ إِلَىٰ رَبِّي لَأَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنقَلَبًا ﴿٣٦﴾ قَالَ لَهُ صَاحِبُهُ وَهُوَ يُحَاوِرُهُ أَكَفَرْتَ بِالَّذِي خَلَقَكَ مِن تُرَابٍ ثُمَّ مِن نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوَّاكَ رَجُلًا ﴿٣٧﴾

اور تم ان (لوگوں) کے سامنے دو آدمیوں کی① مثال (یعنی حالت) بیان کرو جن میں سے ایک کو (جو بددین تھا) ہم نے انگور کے دو باغ دیے تھے اور ان دونوں (باغوں) کو چاروں طرف سے ہم نے کھجور کے درخت سے گھیر لیا تھا اور دونوں (باغوں) کے درمیان ہم نے کھیتی لگا رکھی تھی ﴿٣٢﴾ وہ دونوں باغ (پورا پورا) پھل دیتے تھے اور پھل لانے میں کوئی کمی نہیں چھوڑتے تھے اور ہم نے ان دونوں (باغوں) کے درمیان نہر جاری کر رکھی تھی ﴿٣٣﴾ اور اس (آدمی) کے پاس (اور بھی بہت سے) پھل (مال و دولت) تھے تو وہ (ایک دن) اپنے (دوسرے دین دار) ساتھی سے باتیں کرتے ہوئے کہنے لگا کہ: میرے پاس مال و عزت والے لوگوں کا جتھا تجھ سے زیادہ ہے ﴿٣٤﴾ اور وہ اپنی جان پر ظلم (یعنی کفر) کرتے ہوئے اپنے باغ میں داخل ہوا اور کہنے لگا کہ: میں نہیں سمجھتا ہوں کہ کبھی یہ (باغ) برباد ہوگا② ﴿٣٥﴾ اور میرا خیال یہ ہے کہ قیامت کبھی نہیں آئے گی اور اگر (بالفرض) کبھی مجھے اپنے رب کے پاس لوٹایا بھی گیا③ تو اس سے بھی اچھی جگہ ملے گی ﴿٣٦﴾ اس کے ساتھی نے اس سے باتیں کرتے ہوئے کہا کہ: کیا تو اس ذات کے ساتھ کفر کرتا ہے جس نے (پہلے) تجھے مٹی سے پیدا کیا④ پھر نطفے سے (بنایا) پھر تجھ کو پورا (صحیح سالم) آدمی بنا دیا ﴿٣٧﴾

---

① جن میں آپس میں دوستی یا رشتے داری تھی۔

② (دوسرا ترجمہ) میرا تو خیال نہیں ہے کہ یہ باغ (میری زندگی میں) کبھی بھی برباد ہوگا۔

③ (دوسرا) واپس لے جایا بھی گیا۔ ④ اول انسان حضرت آدم علیہ السلام مٹی سے پیدا کیے گئے یا انسان جو غذا کھاتا ہے اس سے منی بنتی ہے اور اس سے بچہ پیدا ہوتا ہے اور غذا زمین میں اگتی ہے۔

لٰكِنَّا۠ هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ﴿۳۸﴾ وَلَوْلَآ اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَآءَ اللّٰهُ ۙ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۚ اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا ﴿۳۹﴾ فَعَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيْدًا زَلَقًا ﴿۴۰﴾ اَوْ يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ لَهٗ طَلَبًا ﴿۴۱﴾ وَاُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَآ اَنْفَقَ فِيْهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُشْرِكْ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ﴿۴۲﴾ وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ﴿۴۳﴾ؕ

لیکن (میں تو یہ عقیدہ رکھتا ہوں کہ) وہی اللہ تعالیٰ میرے رب ہیں اور میں میرے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا ﴿۳۸﴾ اور جب تو تیرے باغ میں داخل ہو رہا تھا تو تو نے ایسا کیوں نہیں کہا کہ: جو اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا ہے وہی ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر کسی میں کوئی طاقت نہیں ہے، اگر تجھے میرے بارے میں یہ نظر آرہا ہے کہ میرا مال اور میری اولاد تجھ سے کم ہے ﴿۳۹﴾ تو مجھے میرے رب سے امید ہے کہ مجھ کو تیرے باغ سے بہتر (باغ دنیا یا آخرت میں) عطا کرے اور اس (تیرے باغ) پر آسمان سے کوئی سخت آفت بھیج دیوے جس سے وہ (باغ) ایک صاف چٹیل میدان ہو کر رہ جائے ﴿۴۰﴾ یا اس (باغ) کا پانی (زمین میں) اتنا نیچے اتر جاوے کہ پھر تم اس کو کسی طرح بھی تلاش کر کے نہ لا سکو① ﴿۴۱﴾ اور (پھر ایسا ہوا کہ) اس کے (سارے) پھلوں کو عذاب نے گھیرے میں لے لیا، پھر جو مال اس نے اس (باغ کو بنانے) میں خرچ کیا تھا اس پر صبح کو اپنے ہاتھ ملتا رہ گیا اور اس باغ کی یہ حالت ہوئی کہ اپنی ٹٹیوں پر وہ گرا پڑا ہوا تھا اور وہ کہنے لگا کہ: کاش کہ میں میرے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرتا ﴿۴۲﴾ اور اس کو کوئی ایسی جماعت نہیں ملی جو اللہ تعالیٰ کے سوا اس کی مدد کرتی اور نہ وہ خود (اس قابل تھا کہ) بدلہ لیوے② ﴿۴۳﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) تو اس کو دوبارہ نکالنے کی کوشش بھی نہ کر سکے۔

② (دوسرا ترجمہ) خود پر آنے والی تکلیف کا دفاع کر سکے۔

هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ ۭ هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ۝
وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَاۗءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَاۗءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ۝ اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ اَمَلًا ۝ وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْاَرْضَ بَارِزَةً ۙ وَّحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ۝

ایسے ہی موقع پر (انسان کو پتہ چلتا ہے کہ) مدد کرنے کا سارا اختیار سچے اللہ تعالیٰ ہی کو حاصل ہے [۱] وہی (اللہ تعالیٰ) بہتر ثواب دیتے ہیں اور (دنیا میں بھی) بہتر انجام دکھاتے ہیں ﴿۴۴﴾

تم ان کے سامنے دنیا کی زندگی کی مثال (یعنی حالت) بیان کردو، اس پانی کی طرح ہے جو ہم نے آسمان سے اتارا، پھر اس (پانی) کے ذریعے زمین کا سبزہ (نباتات) خوب گھنا (یعنی گنجان) ہوگیا، پھر وہ (سبزہ خشک ہوکر) ایسا ریزہ ریزہ ہوگیا کہ [۲] کہ اس کو ہوائیں اڑا لے جاتی ہیں اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر مکمل قدرت رکھتے ہیں ﴿۴۵﴾ مال اور بیٹے دنیا کی زندگی کی رونق ہیں اور جو باقی رہنے والی نیکیاں ہیں [۳] وہ تمھارے رب کے نزدیک ثواب کے اعتبار سے بھی بہتر ہیں اور امید وابستہ کرنے کے اعتبار سے بھی بہتر ہیں [۴] ﴿۴۶﴾ اور (اس دن کا فکر کرو کہ) جس دن ہم (تمام) پہاڑوں کو چلائیں گے اور تو زمین کو دیکھے گا کہ کھلی پڑی ہے [۵] اور ہم ان سب لوگوں کو جمع کریں گے اور ہم ان میں سے کسی ایک کو بھی نہیں چھوڑیں گے ﴿۴۷﴾

---

[۱] (دوسرا) مدد کرنا تو اللہ تعالیٰ برحق ہی کا کام ہے۔

[۲] (دوسرا) ایسا چورا چورا ہوجاتا ہے۔

[۳] **باقیات الصالحات** سے مراد:

(۱) لاالٰہ الا اللہ، سبحان اللہ، الحمد للہ، اللہ اکبر، ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم، یہ کلمات پڑھنا (۲) پانچ وقت کی نماز (۳) مطلقاً اعمالِ صالحہ (۴) اعمالِ صالحہ کی نیت اور ارادہ جس پر اعمال کا قبول ہونا موقوف ہے (۵) نیک لڑکیاں بھی باقیات الصالحات سے مراد ہیں۔

[۴] (دوسرا) وابستہ کرنے کے لیے بھی بہتر ہے (یعنی اعمالِ صالحہ سے جو امید قائم ہوتی ہے وہ آخرت میں ضرور پوری ہوگی)

[۵] (دوسرا) کھلا میدان ہے۔ اور اس میں زمین سپاٹ ہوگی جو پوشیدہ چیزیں ہیں وہ سامنے آجاویں گی۔

وَعُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ؕ لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍۭ ؗ بَلْ زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا ۝ وَوُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّاۤ اَحْصٰىهَا ۚ وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ؕ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ۝

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْۤا اِلَّاۤ اِبْلِيْسَ ؕ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ ؕ اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ وَذُرِّيَّتَهٗۤ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِيْ وَهُمْ لَكُمْ عَدُوٌّ ؕ بِئْسَ لِلظّٰلِمِيْنَ بَدَلًا ۝

اور وہ تمھارے رب کے پاس① صف باندھ کر پیش کیے جائیں گے (اور ان سے کہا جائے گا کہ) پکی بات یہ ہے کہ جس طرح ہم نے تم کو پہلی بار پیدا کیا تھا② اسی طرح تم ہمارے سامنے (حاضر ہوکر) آئے (اس سے الٹا) بلکہ تم تو (دنیا میں) یہ سمجھتے تھے کہ ہم تمھارے لیے وعدے کا کوئی وقت ہی مقرر نہیں کریں گے ﴿۴۸﴾ اور کتاب (یعنی اعمال نامہ) رکھ دی جائے گی، سو (اس وقت) تم مجرموں کو دیکھو گے کہ وہ اس (کتاب) میں لکھی ہوئی باتوں سے ڈرتے ہوں گے اور یہ کہتے ہوں گے: ہائے ہماری بربادی! یہ کیسی کتاب (یعنی اعمال نامہ) ہے کہ اس نے کوئی چھوٹا بڑا عمل ایسا نہیں چھوڑا جس کا پورا احاطہ نہ کرلیا ہو اور وہ اپنا تمام کیا ہوا سامنے موجود پائیں گے③ اور تمھارے رب کسی پر ذرا بھی ظلم نہیں کریں گے ﴿۴۹﴾

اور (وہ وقت بھی یاد کرو) جب ہم نے فرشتوں سے کہا کہ: آدم کے سامنے سجدہ کرو تو سوائے ابلیس کے سب نے سجدہ کیا، وہ (ابلیس) تو جنات (کی قسم) میں سے تھا، چناں چہ اس نے اپنے رب کے حکم کی نافرمانی کی، کیا پھر بھی تم اس (نافرمان) کو اور اس کی اولاد کو مجھے چھوڑ کر (اپنا) دوست بناتے ہو؟④ حالاں کہ وہ سب تمھارے دشمن ہیں، ظالموں کو (اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر شیطان کی دوستی کا) کیسا ہی برا بدلہ ملا ہے ﴿۵۰﴾

---

① (دوسرا) اپنے سب کے سامنے۔ ② ننگے بدن ننگے پیر ختنہ کی چمڑی کے ساتھ اور پیشی انفرادی ہوگی۔

③ (دوسرا) اور جو کچھ انھوں نے (دنیا میں) کیا تھا وہ سب سامنے موجود پائیں گے۔

④ شیطان کی حقیقی اولاد اور اس کے جیسے صفات والے دونوں مراد ہوسکتے ہیں۔

مَآ اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَا خَلْقَ اَنْفُسِهِمْ ۪ وَمَا كُنْتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّيْنَ عَضُدًا ﴿۵۱﴾ وَيَوْمَ يَقُوْلُ نَادُوْا شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ مَّوْبِقًا ﴿۵۲﴾ وَرَاَ الْمُجْرِمُوْنَ النَّارَ فَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مُّوَاقِعُوْهَا وَلَمْ يَجِدُوْا عَنْهَا مَصْرِفًا ﴿۵۳﴾

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِلنَّاسِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ؕ وَكَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا ﴿۵۴﴾

آسمانوں اور زمین کے بناتے وقت میں نے ان (شیاطین) کو بلایا نہیں تھا① اور نہ تو خود ان کو بناتے وقت (میں نے ان کو حاضر کیا تھا)② اور میں ایسا (عاجز و کمزور) نہیں ہوں کہ گمراہ کرنے والوں کو (اپنا) مددکرنے والا بناؤں ﴿۵۱﴾ اور اس دن (کو یاد کرو جب) وہ (اللہ تعالیٰ مشرکوں سے) کہیں گے: جن کو تم میرا شریک سمجھا کرتے تھے ان کو پکارو، تب وہ (کافر لوگ) ان (بتوں) کو پکاریں گے، لیکن وہ (شریک) ان (کافروں) کو کوئی جواب ہی نہیں دیں گے اور ہم ان (کافروں اور ان کے شریکوں) کے درمیان ایک (مہلک) آڑ حائل کر دیں گے③ ﴿۵۲﴾ اور مجرم لوگ آگ کو دیکھ لیں گے تو سمجھ جائیں گے کہ ان کو اس میں گرنا ہی ہے اور وہ (مجرم لوگ) اس (آگ) سے بچ نکلنے کا کوئی راستہ نہیں پاویں گے④ ﴿۵۳﴾

اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے اس قرآن میں لوگوں کے (فائدے کے) لیے ہر طرح کے (عمدہ) مضامین الگ الگ انداز سے بیان کیے⑤ اور (یہ) انسان تو ہر چیز سے زیادہ جھگڑنے والا واقع ہوا ہے⑥ ﴿۵۴﴾

---

① (دوسرا) حاضر نہیں کیا تھا۔ ② یعنی ایک کو پیدا کرنے کے وقت دوسرے کو نہیں بلایا۔

③ یعنی کافروں اور ان کے باطل خداؤں کے درمیان آگ کی وسیع خندق حائل کر دی جائے گی۔ موبقا جہنم کا ایک درجہ یا وادی کا نام بھی ہے۔ ④ (آگ سے) پھر نکلنے کا راستہ نہیں پاوینگے۔

⑤ (دوسرا) پھرا پھرا کے بیان کیے (تیسرا) پھیر پھیر کر آیتیں بیان کی (یعنی ایک ہی مضمون کو دوہرا دوہرا کر کے بیان کیا (چوتھا) مختلف انداز سے۔ ⑥ (دوسرا ترجمہ) انسان جھگڑنے میں سب سے زیادہ بڑھ گیا ہے۔

وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰى وَيَسْتَغْفِرُوْا رَبَّهُمْ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ قُبُلًا ۝ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ وَيُجَادِلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَمَآ اُنْذِرُوْا هُزُوًا ۝ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ فَاَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ ۭ اِنَّا جَعَلْنَا عَلٰي قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۭ وَاِنْ تَدْعُهُمْ اِلَى الْهُدٰى فَلَنْ يَّهْتَدُوْٓا اِذًا اَبَدًا ۝

جب ان (لوگوں) کے پاس ہدایت آچکی تو ان (لوگوں) کو ایمان لانے سے اور اپنے رب سے استغفار کرنے سے صرف اس بات نے روکا کہ پچھلے لوگوں جیسے (ہلاکت کے) واقعات ان کو بھی پیش آجائیں یا (آخرت کا) عذاب ان کے سامنے آکر کھڑا ہو جائے① ﴿۵۵﴾ ہم رسولوں کو صرف اس لیے بھیجتے رہے کہ (ایمان والوں کو) خوش خبری دیویں اور (کافروں کو) ڈرائیں اور (یہ) کافر لوگ جھوٹا جھگڑا کھڑا کرتے ہیں②؛ تا کہ اس کے ذریعے سے حق کو ڈگمگادیویں③ اور ان (کافروں) نے میری آیتوں کو اور جس (عذاب) سے ان کو ڈرایا گیا ہے اس کو مذاق بنا رکھا ہے ﴿۵۶﴾ اور اس شخص سے بڑا ظالم کون ہوگا جس کو اس کے رب کی آیتوں کے ذریعے سے نصیحت کی گئی④ اس نے تو ان (آیتوں) سے منہ پھیر لیا اور اپنے ہاتھ کے (پہلے کے) کیے ہوئے (برے کاموں) کو بھول گیا⑤ حقیقت یہ ہے کہ (ان کے برے کاموں کی وجہ سے) ہم نے ان کے دلوں کے اوپر پردے ڈال دیے جس کی وجہ سے وہ اس (قرآن) کو سمجھتے نہیں ہیں اور ان کے کانوں میں ڈاٹ دے رکھی ہے⑥ اور اگر تم ان کو ہدایت کی طرف بلاؤ تب بھی وہ صحیح راستے پر ہرگز نہیں آئیں گے ﴿۵۷﴾

---

① کیا اس وقت ایمان لائیں گے؟ حالاں کہ اس وقت کا ایمان فائدہ نہیں دے گا۔ قُبُلًا کا دوسرا معنیٰ ہے قسم قسم کا عذاب۔

② (دوسرا ترجمہ) یہ کافر لوگ باطل کا سہارا لے کر جھگڑا کرتے ہیں۔

③ حق کو مٹانے کی کوشش اور حق والوں کو ڈگمگادینے کی سازش۔

④ (دوسرا ترجمہ) سمجھایا گیا۔

⑤ برے کاموں کو بھی بھول گیا اور اس کے انجام کو بھی بھول گیا۔

⑥ (دوسرا ترجمہ) اور ان کے کانوں میں ثقل پیدا کر دیا ہے۔

وَرَبُّكَ الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ لَوْ يُؤَاخِذُهُمْ بِمَا كَسَبُوْا لَعَجَّلَ لَهُمُ الْعَذَابَ ؕ بَلْ لَّهُمْ مَّوْعِدٌ لَّنْ يَّجِدُوْا مِنْ دُوْنِهٖ مَوْئِلًا ۝ وَتِلْكَ الْقُرٰٓى اَهْلَكْنٰهُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ مَّوْعِدًا ۝

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِفَتٰىهُ لَآ اَبْرَحُ حَتّٰٓى اَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ اَوْ اَمْضِيَ حُقُبًا ۝ فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوْتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ سَرَبًا ۝ فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ لِفَتٰىهُ اٰتِنَا غَدَآءَنَا ؗ لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا ۝

اور تمھارے رب تو بہت معاف کرنے والے ہیں (بڑی) رحمت والے ہیں، اگر وہ (اللہ تعالیٰ) ان کو ان کے کیے ہوئے کاموں کی وجہ سے پکڑنے لگ جاتے تو فوراً ہی ان پر عذاب بھیج دیتے؛ لیکن ان کے لیے (عذاب کا) ایک وقت مقرر ہے جس (عذاب) سے بچنے کے لیے ان کو کوئی پناہ کی جگہ نہیں ملے گی ﴿۵۸﴾ اور یہ سب بستیاں ہیں جب (وہاں کے رہنے والوں نے) ظلم (یعنی کفر) کیا تو ہم نے ان (بستیوں) کو تباہ کر دیا اور ان کو ہلاک کرنے کا ہم نے ایک وقت مقرر کیا تھا ﴿۵۹﴾

اور (وہ واقعہ بھی یاد کرو) جب موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنے نوجوان خادم (شاگرد: حضرت یوشع علیہ السلام) سے کہا: میں اس وقت تک اپنا سفر برابر جاری رکھوں گا جب تک کہ دو سمندر کے ملنے کی جگہ (سنگم) پر نہ پہنچ جاؤں یا برسوں تک چلتا ہی رہوں گا① ﴿۶۰﴾ پھر جب وہ دونوں (یعنی موسیٰ علیہ السلام اور ان کے نوجوان شاگرد) دو سمندر کے ملنے کی جگہ پر پہنچے تو دونوں اپنی مچھلی بھول گئے② اور اس (مچھلی) نے دریا میں سرنگ (جیسا) راستہ بنالیا ﴿۶۱﴾ پھر جب وہ دونوں آگے نکل گئے تو موسیٰ علیہ السلام نے اپنے خادم سے کہا کہ: ہمارے پاس ہمارا ناشتہ لاؤ، سچی بات ہے کہ ہم نے اپنے اس سفر میں (تھکن کی) بڑی تکلیف اٹھائی ہے ﴿۶۲﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) یا لمبے زمانے تک چلتا ہی رہوں گا۔

نوٹ: یہ علم کی طلب کا حال ہے، مقصد کا حصول سامنے ہو، چاہے وقت کتنا ہی لگ جائے۔

② خدام اور رفقا کا مفوضہ کام بھول جانا ایک قدیم زمانے سے چلا آتا ہوا سلسلہ ہے۔

قَالَ اَرَءَيْتَ اِذْ اَوَيْنَاۤ اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِنِّىْ نَسِيْتُ الْحُوْتَ ۚ وَمَاۤ اَنْسٰىنِيْهُ اِلَّا الشَّيْطٰنُ اَنْ اَذْكُرَهٗ ۚ وَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِى الْبَحْرِ ۖ عَجَبًا ﴿۶۳﴾ قَالَ ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ ۖ فَارْتَدَّا عَلٰۤى اٰثَارِهِمَا قَصَصًا ﴿۶۴﴾ فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَاۤ اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا ﴿۶۵﴾ قَالَ لَهٗ مُوْسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰۤى اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا ﴿۶۶﴾ قَالَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِىَ صَبْرًا ﴿۶۷﴾ وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلٰى مَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا ﴿۶۸﴾ قَالَ سَتَجِدُنِىْۤ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ صَابِرًا وَّلَاۤ اَعْصِىْ لَكَ اَمْرًا ﴿۶۹﴾

اس (خادم) نے کہا: کیا آپ نے وہ (عجیب) بات دیکھی جب ہم چٹان کے پاس ٹھہرے تھے، سو میں مچھلی (کی عجیب حالت آپ سے ذکر کرنا) بھول گیا اور (آپ سے) اس (مچھلی) کا ذکر کرنا مجھ کو صرف شیطان ہی نے بھلا دیا اور اس (مچھلی) نے تو بڑے عجیب طریقے سے سمندر میں اپنا راستہ کر لیا تھا ﴿۶۳﴾ تو موسیٰ علیہ السلام نے کہا: اسی بات کو تو ہم چاہتے تھے① پھر وہ دونوں اپنے قدم کے نشان دیکھتے ہوئے واپس پھرے ﴿۶۴﴾ تو ان دونوں نے ہمارے بندوں میں سے ایک بندے کو پالیا جن کو ہم نے اپنے پاس سے (خصوصی) رحمت سے نوازا تھا اور ہم نے اپنے پاس سے ایک (خاص) علم ان کو سکھایا تھا ﴿۶۵﴾ موسیٰ علیہ السلام نے ان سے کہا کہ: کیا میں اس غرض سے تمہارے ساتھ رہ سکتا ہوں کہ جو فائدہ والا علم آپ کو سکھایا گیا ہے اس میں سے کچھ حصہ آپ مجھ کو بھی سکھا دیویں؟ ﴿۶۶﴾ تو (خضر علیہ السلام نے) جواب دیا کہ: (مجھے) یقین ہے کہ آپ میرے ساتھ رہ کر کے بالکل صبر نہیں کر سکو گے ﴿۶۷﴾ اور جن باتوں کی آپ کو پوری طرح جان کاری نہیں ہے آپ اس پر کیسے صبر کر سکتے ہیں؟ ﴿۶۸﴾ موسیٰ علیہ السلام نے کہا: ان شاء اللہ (یعنی اللہ تعالیٰ کے چاہنے سے) آپ مجھے صبر کرنے والا پائیں گے② اور میں آپ کے کسی حکم کی خلاف ورزی نہیں کروں گا ﴿۶۹﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) (جس جگہ وہ مچھلی زندہ ہو) اسی جگہ کو تو ہم تلاش کر رہے تھے۔

② طالب صابر ہو اور قوانین کی خلاف ورزی نہ کرے، حضرت موسیٰ علیہ السلام باری تعالیٰ کی صفت کلام کے مظہر کلیم اللہ تھے، پھر بھی اپنی طبیعت اور وصف کے خلاف شرط منظور کر لی یہ ہے سچی طلب علمی۔

قَالَ فَاِنِ اتَّبَعْتَنِيْ فَلَا تَسْـَٔلْنِيْ عَنْ شَيْءٍ حَتّٰٓى اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا۟ۧ

فَانْطَلَقَا ٚ حَتّٰٓى اِذَا رَكِبَا فِي السَّفِيْنَةِ خَرَقَهَا ۭ قَالَ اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا ۚ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا اِمْرًا۝ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا۝ قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِيْ بِمَا نَسِيْتُ وَلَا تُرْهِقْنِيْ مِنْ اَمْرِيْ عُسْرًا۝ فَانْطَلَقَا ٚ حَتّٰٓى اِذَا لَقِيَا غُلٰمًا فَقَتَلَهٗ ۙ قَالَ اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةًۢ بِغَيْرِ نَفْسٍ ۭ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا نُّكْرًا۝

خضر علیہ السلام نے کہا کہ: میرے ساتھ رہنا ہے تو جب تک میں خود ہی آپ سے کسی بات کا تذکرہ شروع نہ کروں آپ مجھ سے (سامنے سے) کسی بھی چیز کے بارے میں سوال نہ کریں ﴿۷۰﴾

سو وہ دونوں (یعنی موسیٰ اور خضر علیہما السلام) چلے① یہاں تک کہ جب یہ دونوں (چلتے چلتے آگے جا کر) کشتی میں سوار ہوئے (تو تختہ توڑ کر) خضر علیہ السلام نے اس (کشتی) میں سوراخ کر ڈالا تو موسیٰ علیہ السلام نے کہا: ارے کیا آپ نے اس (کشتی) میں سوراخ کر دیا؛ تاکہ ان (سب کشتی والوں) کو ڈبو دیویں؟ یہ تو تم نے عجیب② کام کیا ﴿۷۱﴾ (خضر علیہ السلام نے) کہا: کیا میں نے (تم سے) کہا نہیں تھا کہ تم میرے ساتھ رہ کر ہرگز صبر نہیں کر سکو گے؟ ﴿۷۲﴾ تو موسیٰ علیہ السلام نے کہا: مجھ سے جو بھول ہو گئی اس پر میری گرفت نہ کیجیے اور میرے (علم حاصل کرنے کے) کام کو زیادہ مشکل مت بناؤ ﴿۷۳﴾ پھر وہ دونوں چلے، یہاں تک کہ جب دونوں ایک لڑکے سے ملے تو اس خضر (علیہ السلام) نے اس (لڑکے) کو قتل کر ڈالا تو موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا کہ: ارے کیا آپ نے ایک پاکیزہ③ جان کو مار ڈالا؟ جب کہ اس نے کسی کی جان نہیں لی تھی، پکی بات ہے کہ تم نے بڑا برا کام کیا ﴿۷۴﴾

---

① (دوسرا) دونوں روانہ ہوئے۔

② (دوسرا) انوکھا، خوفناک، بھاری چیز۔

③ یعنی بے گناہ یا بے قصور۔

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿٧٥﴾ قَالَ اِنْ سَاَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍۭ بَعْدَهَا فَلَا تُصٰحِبْنِيْ ۚ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّيْ عُذْرًا ﴿٧٦﴾ فَانْطَلَقَا ٚ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَتَيَاۤ اَهْلَ قَرْيَةِ ِۨاسْتَطْعَمَاۤ اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ يُّضَيِّفُوْهُمَا فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُّرِيْدُ اَنْ يَّنْقَضَّ فَاَقَامَهٗ ؕ قَالَ لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ اَجْرًا ﴿٧٧﴾ قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِيْ وَبَيْنِكَ ۚ سَاُنَبِّئُكَ بِتَاْوِيْلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿٧٨﴾ اَمَّا السَّفِيْنَةُ فَكَانَتْ لِمَسٰكِيْنَ يَعْمَلُوْنَ فِي الْبَحْرِ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِيْبَهَا وَكَانَ وَرَآءَهُمْ مَّلِكٌ يَّاْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ غَصْبًا ﴿٧٩﴾

خضر (علیہ السلام) نے کہا: کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ تم میرے ساتھ (رہ کر) ہرگز صبر نہیں کر سکتے؟ ﴿۷۵﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: اس (سوال) کے بعد بھی آپ سے کوئی بات پوچھوں تو آپ مجھے اپنے ساتھ مت رکھنا، بیشک آپ میری طرف سے عذر (قبول کرنے) کی (انتہائی) حد کو پہنچ گئے ہو ﴿۷۶﴾ پھر دونوں (آگے) روانہ ہو گئے، یہاں تک کہ جب یہ دونوں ایک گاؤں والوں کے پاس پہنچے تو اس گاؤں والوں سے کھانا طلب کیا، تو ان گاؤں والوں نے ان دونوں کی مہمان نوازی سے انکار کر دیا تو دونوں کو اس (بستی) میں دیوار ملی جو گرنا ہی چاہتی تھی ① تو اس (خضر علیہ السلام) نے اس (دیوار) کو سیدھا کھڑا کر دیا، موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: اگر تم چاہتے تو اس (دیوار کو سیدھا کھڑا کرنے) پر اجرت لے لیتے ② ﴿۷۷﴾ (اس پر) خضر (علیہ السلام) نے کہا: (اب) یہ میرے اور تمھارے درمیان جدائی کا وقت آ گیا، اب میں تم کو ان چیزوں کی (صحیح) حقیقت بتا دیتا ہوں جن پر تم سے صبر نہیں ہو سکا ﴿۷۸﴾ وہ جو کشتی تھی وہ (چند) غریب آدمیوں کی تھی جو سمندر میں مزدوری (یعنی محنت) کرتے تھے تو میں نے یہ ارادہ کیا کہ اس (کشتی) میں عیب پیدا کروں (اس لیے کہ) ان کے آگے ایک (ظالم) بادشاہ تھا جو ہر (اچھی) کشتی کو زبردستی چھین کر لے لیا کرتا تھا ﴿۷۹﴾

---

① گرنے ہی والی تھی۔

② مہمان مسافر کی جو خدمت نہ کرے، طلب کے باوجود توجہ نہ دیوے ایسے لوگوں کی اصلاح کے لیے اجرت طلب کرنا یہ بھی ایک اخلاقی بات تھی جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ذہن میں آئی، دوسری طرف یتامیٰ کے اموال کی حفاظت کے لیے بلا اجرت خدمت کا اخلاقی پہلو حضرت خضر علیہ السلام کے سامنے تھا۔

وَاَمَّا الْغُلٰمُ فَكَانَ اَبَوٰهُ مُؤْمِنَيْنِ فَخَشِيْنَآ اَنْ يُّرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ﴿۸۰﴾ فَاَرَدْنَآ اَنْ يُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِّنْهُ زَكٰوةً وَّاَقْرَبَ رُحْمًا ﴿۸۱﴾ وَاَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلٰمَيْنِ يَتِيْمَيْنِ فِي الْمَدِيْنَةِ وَكَانَ تَحْتَهٗ كَنْزٌ لَّهُمَا وَكَانَ اَبُوْهُمَا صَالِحًا ۚ فَاَرَادَ رَبُّكَ اَنْ يَّبْلُغَآ اَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنْزَهُمَا ۖ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۚ وَمَا فَعَلْتُهٗ عَنْ اَمْرِيْ ۚ ذٰلِكَ تَاْوِيْلُ مَا لَمْ تَسْطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿۸۲﴾

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ ۚ قُلْ سَاَتْلُوْا عَلَيْكُمْ مِّنْهُ ذِكْرًا ﴿۸۳﴾ اِنَّا مَكَّنَّا لَهٗ فِي الْاَرْضِ وَاٰتَيْنٰهُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ سَبَبًا ﴿۸۴﴾ فَاَتْبَعَ سَبَبًا ﴿۸۵﴾

اور وہ جو لڑکا تھا تو اس کے ماں باپ دونوں ایمان والے تھے، سو ہم کو اس بات کا ڈر رہا کہ وہ ان دونوں (یعنی ماں باپ) کو (زبردستی کر کر کے) سرکشی اور کفر میں پھنسا دے گا ﴿۸۰﴾ ہم کو یہ منظور ہوا کہ ان (ماں باپ) کے رب ان کو (ایسی اولاد) دیویں جو پاکیزگی (یعنی دین) میں اس (مقتول لڑکے) سے بہتر ہو اور (ماں باپ سے) شفقت① کرنے میں بڑھ کر ہو ﴿۸۱﴾ وہ جو دیوار تھی وہ شہر میں رہنے والے دو یتیم لڑکوں کی تھی اور اس (دیوار) کے نیچے ان دونوں (یتیم لڑکوں) کا خزانہ (دفن کیا ہوا) تھا اور ان دونوں (یتیم لڑکوں) کا (مرحوم) باپ ایک نیک آدمی تھا؛ اسی لیے آپ کے رب نے چاہا کہ وہ دونوں (لڑکے) اپنی جوانی کی عمر کو پہنچ جائیں اور خود اپنا خزانہ نکال لیں (یہ سب کام) آپ کے رب کی رحمت سے (ہوا)، میں نے اپنی رائے سے کوئی کام نہیں کیا، یہ حقیقت ہے ان سب باتوں کی جن پر آپ سے صبر نہیں ہو سکا ﴿۸۲﴾

اور (اے نبی!) یہ لوگ تم سے ذوالقرنین کے بارے میں پوچھتے ہیں، تو تم (ان کو) جواب دو کہ میں اس کے کچھ حالات تم کو پڑھ کر سناتا ہوں ﴿۸۳﴾ یقیناً ہم نے اس (ذوالقرنین) کو زمین پر حکومت دی تھی② اور ہم نے اس (ذوالقرنین) کو ہر قسم کے وسائل دیے تھے③ ﴿۸۴﴾ جس کی وجہ سے وہ ایک راستے پر چل پڑے④ ﴿۸۵﴾

---

① حسن سلوک، مہربانی۔ ② (دوسرا ترجمہ) اقتدار دیا تھا۔ ③ (دوسرا ترجمہ) ہم نے اس کو ہر کام کا ضروری سامان دیا تھا ④ (دوسرا ترجمہ) سو وہ ایک (سفر کے لیے) سامان کی تیاری میں لگ گئے۔

حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ مَغۡرِبَ الشَّمۡسِ وَجَدَهَا تَغۡرُبُ فِىۡ عَيۡنٍ حَمِئَةٍ وَّوَجَدَ عِنۡدَهَا قَوۡمًا ؕ قُلۡنَا يٰذَا الۡقَرۡنَيۡنِ اِمَّاۤ اَنۡ تُعَذِّبَ وَاِمَّاۤ اَنۡ تَتَّخِذَ فِيۡهِمۡ حُسۡنًا ۝ قَالَ اَمَّا مَنۡ ظَلَمَ فَسَوۡفَ نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ يُرَدُّ اِلٰى رَبِّهٖ فَيُعَذِّبُهٗ عَذَابًا نُّكۡرًا ۝ وَاَمَّا مَنۡ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهٗ جَزَآءَ ۨالۡحُسۡنٰى ۚ وَسَنَقُوۡلُ لَهٗ مِنۡ اَمۡرِنَا يُسۡرًا ۝ ثُمَّ اَتۡبَعَ سَبَبًا ۝ حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ مَطۡلِعَ الشَّمۡسِ وَجَدَهَا تَطۡلُعُ عَلٰى قَوۡمٍ لَّمۡ نَجۡعَلۡ لَّهُمۡ مِّنۡ دُوۡنِهَا سِتۡرًا ۝ كَذٰلِكَ ؕ وَقَدۡ اَحَطۡنَا بِمَا لَدَيۡهِ خُبۡرًا ۝ ثُمَّ اَتۡبَعَ سَبَبًا ۝

یہاں تک کہ جب وہ (ذوالقرنین) سورج کے ڈوبنے کی جگہ پر پہنچ گئے① تو وہ (سورج) ان کو ایک کالے کیچڑ کے چشمے میں ڈوبتا ہوا دکھائی دیا، وہاں پر اس (ذوالقرنین) نے ایک قوم کو پایا، ہم نے کہا کہ: اے ذوالقرنین! (تمھارے لیے اس قوم کے متعلق اختیار ہے) یا تو تم ان کو سزا دو یا تو ان کے معاملے میں اچھائی کا معاملہ اختیار کرو②﴿٨٦﴾ ذوالقرنین نے کہا: جو بھی ظلم (یعنی کفر) اپنائے گا تو ہم عنقریب اس کو سزا دیں گے، پھر وہ (مرنے کے بعد) اپنے رب کی طرف لوٹایا جائے گا تو وہ (اس کے رب) اس کو سخت سزا دیں گے③﴿٨٧﴾ اور جو آدمی ایمان لایا اور نیک کام کیے تو اس کو (آخرت میں بھی) اچھا بدلہ ملے گا اور ہم بھی اپنے برتاؤ میں اس کے ساتھ آسانی کریں گے④﴿٨٨﴾ پھر وہ (ذوالقرنین) ایک راستے پر چل پڑے⑤﴿٨٩﴾ یہاں تک کہ جب وہ سورج کے طلوع ہونے کی جگہ پر پہنچے تو اس (سورج) کو دیکھا کہ وہ ایک ایسی قوم پر طلوع ہو رہا ہے کہ جن کے لیے ہم نے اس (سورج کی دھوپ) سے بچاؤ کے لیے کوئی پردہ (یعنی آڑ) نہیں رکھا تھا﴿٩٠﴾ واقعہ اسی طرح ہوا ہے، اس (ذوالقرنین) کے پاس جو (سامان) تھا ہم کو اس کی پوری خبر تھی⑥﴿٩١﴾ پھر وہ (ذوالقرنین سامان کی تیاری کرکے) ایک راستے پر چل پڑے﴿٩٢﴾

---

① سامان کی تیاری کے بعد سفر میں روانہ ہو کر۔ ② کمال یہ ہے کہ خوب دعوت دے کر ان میں ایمانی خوبی پیدا کی جائے۔
③ (دوسرا ترجمہ) برا عذاب دیں گے۔ ④ (دوسرا ترجمہ) اور ہم بھی اس کو اپنا حکم دیتے وقت آسانی کی بات کہیں گے۔
⑤ (دوسرا ترجمہ) پھر وہ ایک (سفر کے لیے) سامان کی تیاری میں لگ گئے۔
⑥ اور سفر میں جو حالات پیش آئے ہم کو اس کی پوری خبر تھی۔

حَتّٰۤی اِذَا بَلَغَ بَیۡنَ السَّدَّیۡنِ وَجَدَ مِنۡ دُوۡنِہِمَا قَوۡمًا ۙ لَّا یَکَادُوۡنَ یَفۡقَہُوۡنَ قَوۡلًا ﴿۹۳﴾ قَالُوۡا یٰذَا الۡقَرۡنَیۡنِ اِنَّ یَاۡجُوۡجَ وَ مَاۡجُوۡجَ مُفۡسِدُوۡنَ فِی الۡاَرۡضِ فَہَلۡ نَجۡعَلُ لَکَ خَرۡجًا عَلٰۤی اَنۡ تَجۡعَلَ بَیۡنَنَا وَ بَیۡنَہُمۡ سَدًّا ﴿۹۴﴾ قَالَ مَا مَکَّنِّیۡ فِیۡہِ رَبِّیۡ خَیۡرٌ فَاَعِیۡنُوۡنِیۡ بِقُوَّۃٍ اَجۡعَلۡ بَیۡنَکُمۡ وَ بَیۡنَہُمۡ رَدۡمًا ﴿۹۵﴾ اٰتُوۡنِیۡ زُبَرَ الۡحَدِیۡدِ ؕ حَتّٰۤی اِذَا سَاوٰی بَیۡنَ الصَّدَفَیۡنِ قَالَ انۡفُخُوۡا ؕ حَتّٰۤی اِذَا جَعَلَہٗ نَارًا ۙ قَالَ اٰتُوۡنِیۡۤ اُفۡرِغۡ عَلَیۡہِ قِطۡرًا ﴿۹۶﴾

یہاں تک کہ جب وہ (ذوالقرنین) دو پہاڑ کے درمیان پہنچے تو ان (دو پہاڑوں) کے پیچھے ایک ایسی قوم کو (آباد) دیکھا جن کے بارے میں ایسا لگتا تھا کہ وہ کوئی بات نہیں سمجھتے① ﴿۹۳﴾ وہ (قوم کے لوگ) کہنے لگے②: اے ذوالقرنین! یقیناً یاجوج اور ماجوج زمین میں (بڑا) فساد کرتے ہیں، کیا ہم آپ کو کچھ مال (ٹیکس کے طور پر) جمع کر دیں جس کے بدلے آپ ہمارے اور ان کے درمیان ایک دیوار بنا دیں ﴿۹۴﴾ ذوالقرنین نے کہا: میرے رب نے جس (مال) پر مجھے قدرت دی ہے③ وہی (میرے لیے) بہتر (اور کافی) ہے، ہاں! اتنا کرو کہ (ہاتھوں کی) طاقت (یعنی محنت کے ذریعے) سے تم میری مدد کرو④ میں تمھارے اور ان (یاجوج ماجوج) کے درمیان ایک مضبوط دیوار بنا دوں گا ﴿۹۵﴾ تم میرے پاس لوہے کے تختے (یعنی ٹکڑے) لاؤ، یہاں تک کہ جب انھوں نے (لوہے کے تختوں کو پہاڑوں کے درمیان کی خالی جگہ میں رکھ کر) دونوں پہاڑوں کے اونچے کنارے تک برابر کر (کے ملا) دیا تب اس (ذوالقرنین) نے کہا: اب تم اس پر (آگ جلا کر) دھونکو، یہاں تک کہ (دھونکتے دھونکتے) اس (دیوار) کو جب (لال) انگارہ (جیسا) بنا دیا تو اس (ذوالقرنین) نے کہا کہ: میرے پاس پگھلا ہوا تانبا لاؤ، میں اس کے اوپر ڈال دوں⑤ ﴿۹۶﴾

---

① (دوسرا) کوئی بات سمجھنے کے پاس بھی نہیں پہنچتے تھے۔
② شاید کسی ترجمان کے واسطے سے۔
③ یعنی جس مال پر تصرف کرنے کا اللہ تعالیٰ نے مجھے اختیار دیا ہے وہ کافی ہے۔
④ یعنی جسمانی محنت جو تعمیر کے لیے ضروری ہے اس کے ذریعے تعاون کرو۔
⑤ تا کہ تختوں کے بیچ کی ڈراریں بھر جاویں، سپاٹ ہو جاوے اور پختگی زیادہ ہو جاوے۔

فَمَا اسْطَاعُوْٓا اَنْ يَّظْهَرُوْهُ وَمَا اسْتَطَاعُوْا لَهٗ نَقْبًا ۝ قَالَ هٰذَا رَحْمَةٌ مِّنْ رَّبِّيْ ۚ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ رَبِّيْ جَعَلَهٗ دَكَّآءَ ۚ وَكَانَ وَعْدُ رَبِّيْ حَقًّا ۝ وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَّمُوْجُ فِيْ بَعْضٍ وَّنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا ۝ وَّعَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لِّلْكٰفِرِيْنَ عَرْضًا ۝ الَّذِيْنَ كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ فِيْ غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِيْ وَكَانُوْا لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَمْعًا ۝

اَفَحَسِبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ يَّتَّخِذُوْا عِبَادِيْ مِنْ دُوْنِيْٓ اَوْلِيَآءَ ۭ اِنَّآ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ نُزُلًا ۝ قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا ۝

پھر وہ (یاجوج ماجوج) اس پر چڑھ بھی نہیں سکتے اور اس میں سوراخ بھی نہیں کر سکتے ﴿۹۷﴾ اس (ذوالقرنین) نے کہا کہ: یہ (دیوار) میرے رب کی رحمت (سے) ہے ①، پھر جب میرے رب کے وعدے کا وقت آ پہنچے گا تو وہ (میرے رب) اس (دیوار) کو (گرا کر) زمین کے برابر کردیں گے اور میرے رب کا وعدہ تو بالکل سچا ہی ہے ﴿۹۸﴾ اور اس دن ہم ان کی حالت ایسی کردیں گے کہ وہ موجوں کی طرح ایک دوسرے میں گھستے (یعنی ٹکراتے) ہوں گے اور صور پھونک دیا جائے گا تو ہم ان (تمام مخلوق) کو ایک ساتھ جمع کردیں گے ﴿۹۹﴾ اور اس دن ہم جہنم کو کافروں کے بالکل سامنے لے آویں گے ② ﴿۱۰۰﴾ وہ کافر جن کی آنکھوں پر میری نصیحت کے بارے میں (غفلت کا) پردہ پڑا ہوا تھا اور وہ (ہمارے کلام کو) سن بھی نہیں سکتے تھے ﴿۱۰۱﴾

کیا پھر بھی یہ کافر لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ مجھے چھوڑ کر میرے بندوں کو (اپنا) مدد کرنے والا بنائیں گے؟ ③ یقین رکھو! ہم نے ایسے کافروں کی مہمانی کے لیے جہنم تیار کر رکھی ہے ﴿۱۰۲﴾ تم (ان سے) پوچھو: کیا ہم تم کو بتلائیں ایسے لوگ جو اعمال کے اعتبار سے بڑے نقصان میں ہیں؟ ④ ﴿۱۰۳﴾

---

① جس نے مجھ سے ایسی مضبوط دیوار بنوائی۔

② آیت میں جہنم کو کافروں کے سامنے ظاہر کرنا یا جہنم کو کافروں کے قریب کرنا یا کافروں کو جہنم میں داخل کرنا مراد ہوسکتا ہے۔

③ یعنی اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو مددگار بنانے کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔

④ اگر ان کافروں کو اپنے کچھ اعمال پر ناز ہو تو۔

الَّذِیْنَ ضَلَّ سَعْیُهُمْ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَهُمْ یَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ یُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ﴿۱۰۴﴾ اُولٰٓىِٕكَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِاٰیٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَآىِٕهٖ فَحَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِیْمُ لَهُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَزْنًا ﴿۱۰۵﴾ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوْا وَاتَّخَذُوْۤا اٰیٰتِیْ وَرُسُلِیْ هُزُوًا ﴿۱۰۶﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿۱۰۷﴾ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا لَا یَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ﴿۱۰۸﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّیْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ﴿۱۰۹﴾ قُلْ اِنَّمَاۤ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ یُوْحٰۤى اِلَیَّ اَنَّمَاۤ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ یَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْیَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا یُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖۤ اَحَدًا ﴿۱۱۰﴾

یہ وہ لوگ ہیں جن کی (ساری) کوششیں (یعنی دوڑ دھوپ) دنیا کی زندگی میں بھٹکتی رہیں① اور (ان کی حالت یہ ہے کہ) وہ یہ سمجھتے رہے کہ وہ بہت اچھا کام کر رہے ہیں ﴿۱۰۴﴾ انھیں لوگوں نے اپنے رب کی آیتوں کا اور اس سے ملنے کا انکار کیا؛ اس لیے ان کے کیے ہوئے کام برباد ہو گئے اور ہم قیامت کے دن ان کے لیے کوئی ترازو قائم نہیں کریں گے ﴿۱۰۵﴾ ان کے کفر کی وجہ سے یہ جہنم ان کی سزا ہے (یہ سزا اس لیے بھی ہے کہ) انھوں نے میری آیتوں اور میرے رسولوں کا مذاق اڑایا تھا ﴿۱۰۶﴾ یقینی بات یہ ہے جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے، ہرے بھرے باغیچے② ان کی مہمانی کے لیے ہوں گے ﴿۱۰۷﴾ ان (باغوں) میں وہ ہمیشہ رہیں گے (اور) وہاں سے (جگہ بدل کر) کسی اور جگہ جانا وہ نہیں چاہیں گے ﴿۱۰۸﴾ (اے نبی!) تم (لوگوں سے ایسا) کہہ دو: اگر میرے رب کی باتیں لکھنے کے لیے سمندر روشنائی بن جائے تو میرے رب کی باتیں ختم ہونے سے پہلے سمندر ختم ہو جائے گا؛ اگرچہ (اس سمندر کی) مدد کے لیے ایسا ہی (سمندر کا پانی) ہم لے آئیں ﴿۱۰۹﴾ (اے نبی!) تم (لوگوں کو یہ بھی) کہو: میں تو تمھارے جیسا بشر ہوں (ہاں! یہ بات ہے کہ) میری طرف وحی آتی ہے کہ تمھارا معبود ایک ہی معبود ہے، سو جو شخص اپنے رب سے ملنے کی آرزو رکھتا ہو تو اس کو چاہیے کہ نیک عمل کرے اور اپنے مالک کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کرے ﴿۱۱۰﴾

---

① یعنی بے کار ہو گئی، گئی گذری ہو گئی۔ ② (دوسرا) ٹھنڈے سایے والے باغیچے (تیسرا) فردوس کے باغ۔

سورۃ مریم

(المکیۃ)

آیاتھا:۹۸۔رکوعاتھا:۶۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں اٹھانویں (۹۸) آیتیں ہیں، سورۃ فاطر کے بعد اور سورۃ طٰہ سے پہلے چوالیس (۴۴) نمبر پر نازل ہوئی۔

مریم: یہ سریانی زبان کا لفظ ہے، اس کا معنی آتا ہے "خدمت کرنے والی"، یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا نام ہے، حضرت مریمؑ کی والدہ کا نام "حنّا" ہے، اور والد کا نام "عمران" ہے۔

حضرت مریمؑ کو بغیر مرد کے اولاد ہونے کا عجیب وغریب واقعہ اللہ تعالیٰ نے اس سورت میں بیان فرمایا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

كٓهٰيٰعٓصٓ ۝ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ۝ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا ۝ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّيْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَيْبًا وَّلَمْ اَكُنْۢ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ۝ وَاِنِّيْ خِفْتُ الْمَوَالِيَ مِنْ وَّرَآءِيْ وَكَانَتِ امْرَاَتِيْ عَاقِرًا فَهَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۝ يَّرِثُنِيْ وَيَرِثُ مِنْ اٰلِ يَعْقُوْبَ ۖ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا ۝

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

کھیعص ﴿۱﴾ یہ تمھارے رب کی مہربانی کا ذکر ہے جو اس نے اپنے بندے زکریا (علیہ السلام) پر کی تھی ﴿۲﴾ (یہ اس وقت کی بات ہے) جب اس (زکریا علیہ السلام) نے اپنے رب کو آہستہ آواز سے پکارا تھا① ﴿۳﴾ زکریا (علیہ السلام) نے کہا: اے میرے رب! میری ہڈی تو (بڑھاپے کی وجہ سے) کمزور ہوگئی اور سر بڑھاپے کی سفیدی سے چمک اٹھا② اور میرے رب! میں آپ سے مانگ کر کبھی بھی محروم نہ رہا ﴿۴﴾ اور مجھے اپنے (مرنے) کے بعد رشتے داروں سے ڈر لگا ہوا ہے③ اور میری بیوی تو بانجھ ہے، سو آپ خاص مجھے اپنے پاس سے (ظاہری اسباب نہ ہونے کے باوجود) وارث (یعنی بیٹا) عطا کیجیے ﴿۵﴾ جو میرا (بھی نبوت والے کاموں میں) وارث بنے④ اور یعقوب (علیہ السلام) کے خاندان کا (علم اور دعوت کے کام میں) وارث بنے، اور میرے رب آپ اس کو اپنا پسندیدہ بنا دیجیے⑤ ﴿۶﴾

---

① آہستہ آواز سے دعا کرنا پسندیدہ ہے۔

② (دوسرا ترجمہ) میرے سر میں بالوں کی سفیدی پھیل پڑی۔ نکتہ: دعا میں اپنی کمزوری اور بدحالی کا ذکر قبولیت کا ذریعہ بنتی ہے۔ ③ یعنی چچا زاد بھائیوں سے کہ وہ پھر سے دین کی خدمت جیسی ہونی چاہیے ویسی نہیں کریں گے۔

④ (دوسرا ترجمہ) جو میری جگہ بیٹھے۔

⑤ یعنی اللہ تعالیٰ کے یہاں پسندیدہ ہو، عوام میں بھی مقبول ہو۔

يٰزَكَرِيَّاۤ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ اسْمُهٗ يَحْيٰى ۙ لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا ۞ قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِىْ غُلٰمٌ وَّكَانَتِ امْرَاَتِىْ عَاقِرًا وَّقَدْ بَلَغْتُ مِنَ الْكِبَرِ عِتِيًّا ۞ قَالَ كَذٰلِكَ ۚ قَالَ رَبُّكَ هُوَ عَلَىَّ هَيِّنٌ وَّقَدْ خَلَقْتُكَ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ تَكُ شَيْئًا ۞ قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّىْۤ اٰيَةً ؕ قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَ لَيَالٍ سَوِيًّا ۞ فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ مِنَ الْمِحْرَابِ فَاَوْحٰۤى اِلَيْهِمْ اَنْ سَبِّحُوْا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ۞ يٰيَحْيٰى خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ ؕ وَاٰتَيْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا ۞

(اللہ تعالیٰ نے فرمایا) اے زکریا! ہم آپ کو ایک لڑکے کی خوش خبری دیتے ہیں کہ اس کا نام یحییٰ ہوگا کہ ہم نے اس نام کا (ایسی صفات والا) اس سے پہلے کوئی (بچہ) پیدا نہیں کیا ﴿۷﴾ (زکریا علیہ السلام نے) کہا: اے میرے رب! مجھ کو کس طرح لڑکا ہوگا؟[1] حالاں کہ میری بیوی بانجھ ہے اور میں ایسے بڑھاپے پر پہنچ گیا ہوں کہ میرا بدن تو سوکھ گیا ہے[2] ﴿۸﴾ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اسی طرح ہوگا[3] تمھارے رب نے فرمایا: وہ (بڑھاپے میں اولاد دینا) میرے لیے آسان ہے[4] اور میں نے اس سے پہلے تم کو پیدا کیا تھا؛ حالاں کہ تم (پیدائش سے پہلے) کچھ نہیں تھے ﴿۹﴾ (زکریا علیہ السلام نے) کہا: اے میرے رب! آپ میرے لیے (بچہ پیدا ہونا نزدیک ہے اس کی) کوئی نشانی مقرر کردیجیے (اللہ تعالیٰ نے) فرمایا کہ: (وہ علامت یہ ہے کہ) تم تندرست ہونے کے باوجود تین رات (دن) تک لوگوں سے بات نہیں کرسکوگے ﴿۱۰﴾ پھر زکریا علیہ السلام (اپنی) عبادت کی جگہ سے نکل کر اپنی قوم کے پاس آئے اور ان (قوم کے لوگوں) کو اشارہ سے سمجھایا کہ (روزانہ کے معمول کے مطابق) صبح وشام تسبیح (یعنی عبادت) کیا کرو ﴿۱۱﴾ اے یحییٰ![5] کتاب (یعنی تورات) مضبوطی سے پکڑے رہنا[6] اور ہم نے بچپن ہی میں ان کو دین کی (خاص) سمجھ عطا کردی تھی ﴿۱۲﴾

---

(۱) یعنی بچے کی ولادت کی کیفیت کیا ہوگی، میں جوان ہوں گا یا بڑھاپا رہتے ہوئے اولاد ملے گی۔

(۲) میں تو بڑھاپے کی انتہا کو پہنچ چکا ہوں۔

(۳) یعنی موجودہ جسمانی حالت اسی طرح رہے گی۔ (۴) یعنی معمولی بات۔

(۵) یعنی پھر جب یحییٰ پیدا ہوگئے، بڑے بھی ہوگئے تب فرمایا۔

(۶) یعنی عمل کرنے کی خاص کوشش کرو۔

وَّحَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا وَزَكٰوةً ؕ وَكَانَ تَقِيًّا ۝ وَّبَرًّا بِوَالِدَيْهِ وَلَمْ يَكُنْ جَبَّارًا عَصِيًّا ۝ وَسَلٰمٌ عَلَيْهِ يَوْمَ وُلِدَ وَيَوْمَ يَمُوْتُ وَيَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا ۝

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مَرْيَمَ ۘ اِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ اَهْلِهَا مَكَانًا شَرْقِيًّا ۝ فَاتَّخَذَتْ مِنْ دُوْنِهِمْ حِجَابًا ۫ فَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهَا رُوْحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا ۝ قَالَتْ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِالرَّحْمٰنِ مِنْكَ اِنْ كُنْتَ تَقِيًّا ۝

ہم نے خاص اپنے پاس سے (یحییٰ کو) رحم دلی①اور (اخلاق کی) پاکیزگی (کی صفات عطا کی تھی) اور وہ بڑے تقویٰ والے تھے ﴿۱۳﴾ اور اپنے والدین کی بڑی خدمت کرنے والے تھے اور (مخلوق کے ساتھ) سرکشی (اور اللہ تعالیٰ کی) نافرمانی کرنے والے نہیں تھے ﴿۱۴﴾ اور جس دن وہ (یحییٰ) پیدا کیے گئے اور جس دن ان کو موت آئے گی اور جس (قیامت کے) دن زندہ کر کے دوبارہ اٹھائے جائیں گے (ہر حالت میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے) اس پر سلام (یعنی سلامتی) ہے ﴿۱۵﴾

اور (اے نبی!) تم اس کتاب (قرآن کے خاص حصے) میں مریم کا بھی تذکرہ کرو، جب وہ اپنے گھر والوں سے الگ ہو کر ایک ایسے مکان (جگہ) میں چلی گئی جو مشرق میں تھا②﴿۱۶﴾ پھر اس (مریم) نے (اپنے اور) ان (لوگوں) کے درمیان میں پردہ ڈال دیا، سو ہم نے ان کے پاس اپنا ایک فرشتہ (جبرئیل علیہ السلام) کو بھیجا جو اس (مریم) کے سامنے ایک مکمل انسان کی شکل میں ظاہر ہوا③﴿۱۷﴾ وہ (مریم) بولی: میں تجھ سے (اللہ) رحمن کی حفاظت چاہتی ہوں، اگر تو خدا سے ڈرنے والا ہے (تو یہاں سے چلا جا)④﴿۱۸﴾

---

① لوگوں پر شفقت کرنا آپ کی عادت تھی اور دل کی رقت بھی تھی۔

② بیت المقدس کا شرقی حصہ مراد ہے۔ تفصیل کے لیے ملاحظہ فرمائیں 'دیکھی ہوئی دنیا' جلد سوم اور واقعہ کی تفصیل خطباتِ محمود جلد: (۸) میں ملاحظہ فرمائیں۔

③ (دوسرا ترجمہ) پورا انسان بن کر آیا۔

④ (دوسرا ترجمہ) اگر تو خدا سے ڈرنے والا ہو تو بھی میں رحمن سے تیرے بارے میں پناہ مانگتی ہوں۔ یعنی متقی ہو تب بھی قریب مت آ۔ متقی کہے جانے والوں کو بھی ابلیس کسی وقت گمراہ کر سکتا ہے۔

قَالَ اِنَّمَآ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ ۖ لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا ۝١٩ قَالَتْ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ وَّلَمْ اَكُ بَغِيًّا ۝٢٠ قَالَ كَذٰلِكِ ۚ قَالَ رَبُّكِ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ ۚ وَلِنَجْعَلَهٗٓ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَرَحْمَةً مِّنَّا ۚ وَكَانَ اَمْرًا مَّقْضِيًّا ۝٢١ فَحَمَلَتْهُ فَانْتَبَذَتْ بِهٖ مَكَانًا قَصِيًّا ۝٢٢ فَاَجَآءَهَا الْمَخَاضُ اِلٰى جِذْعِ النَّخْلَةِ ۚ قَالَتْ يٰلَيْتَنِيْ مِتُّ قَبْلَ هٰذَا وَكُنْتُ نَسْيًا مَّنْسِيًّا ۝٢٣ فَنَادٰىهَا مِنْ تَحْتِهَآ اَلَّا تَحْزَنِيْ قَدْ جَعَلَ رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِيًّا ۝٢٤

وہ (فرشتہ) بولا: میں تو تیرے رب کا بھیجا ہوا ہوں (اس لیے بھیجا) تا کہ تجھ کو پاکیزہ لڑکا دوں ﴿۱۹﴾ اس (مریم) نے جواب دیا: مجھے لڑکا کیسے پیدا ہوگا؟ حالاں کہ مجھے کسی آدمی نے ہاتھ تک نہیں لگایا ہے(۱) اور میں بدکار عورت نہیں ہوں(۲) ﴿۲۰﴾ اس (فرشتے) نے کہا: ایسے ہی ہوگا(۳) تیرے رب نے کہا ہے: وہ میرے لیے بہت معمولی بات ہے اور (یہ لڑکا بغیر مرد کے ہم اس لیے پیدا کریں گے) تا کہ ہم اس (لڑکے) کو لوگوں کے لیے (اپنی قدرت کی) ایک نشانی بنا لیں اور ہماری رحمت (کے ظاہر ہونے کا ذریعہ) بنا لیں اور یہ بات پوری طرح طے ہو چکی ہے ﴿۲۱﴾ پھر(۴) مریم کو بیٹے کا حمل ٹھہر گیا، تو وہ اس (حمل) کو لے کر دور جگہ چلی گئی(۵) ﴿۲۲﴾ پھر ولادت کے وقت کا درد اس (مریم) کو کھجور کے درخت کے پاس لے گیا، وہ (مریم) بولی: کاش کہ اس حالت سے پہلے ہی میں مر گئی ہوتی اور مر کر ایسی ہو جاتی کہ کسی کو یاد بھی نہ رہتی! ﴿۲۳﴾ سو اس (جبرئیل علیہ السلام) نے اس (مریم) کو اس کے نیچے (کی جگہ)(۶) سے آواز دی کہ تو غم نہ کر، تمھارے رب نے تمھارے نیچے پانی کا ایک چشمہ پیدا کر دیا ہے ﴿۲۴﴾

(۱) عفت کا کیسا عجیب حال ہے کہ کسی اجنبی نے ہاتھ تک نہیں لگایا۔ (۲) (دوسرا ترجمہ) اور میں نے کبھی بدکاری نہیں کی۔
(۳) یعنی بچہ پیدا ہونے کے لیے عام طور پر جن اسباب کی ضرورت پڑتی ہے اس کے بغیر ہی بچہ پیدا ہو جائے گا۔
(۴) یعنی اس بات چیت کے بعد حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حضرت مریم کے گریبان میں ایک پھونک ماری جس سے مریم کو حمل ٹھہر گیا۔ (۵) یعنی یکسو ہو گئی، پہلی مرتبہ کا حمل اور وہ بھی بغیر شادی کے۔
(۶) اب حمل اور درد زہ کے وقت حضرت جبرئیل علیہ السلام سامنے نہیں آئے؛ بلکہ جہاں حضرت مریم علیہا السلام تھی وہاں سے نیچے اتر کر کھڑے رہے۔

وَهُزِّيۡۤ اِلَيۡكِ بِجِذۡعِ النَّخۡلَةِ تُسٰقِطۡ عَلَيۡكِ رُطَبًا جَنِيًّا ۝ فَكُلِىۡ وَاشۡرَبِىۡ وَقَرِّىۡ عَيۡنًا ۚ
فَاِمَّا تَرَيِنَّ مِنَ الۡبَشَرِ اَحَدًا ۙ فَقُوۡلِىۡۤ اِنِّىۡ نَذَرۡتُ لِلرَّحۡمٰنِ صَوۡمًا فَلَنۡ اُكَلِّمَ الۡيَوۡمَ
اِنۡسِيًّا ۝ فَاَتَتۡ بِهٖ قَوۡمَهَا تَحۡمِلُهٗ ؕ قَالُوۡا يٰمَرۡيَمُ لَقَدۡ جِئۡتِ شَيۡـًٔـا فَرِيًّا ۝ يٰۤاُخۡتَ هٰرُوۡنَ
مَا كَانَ اَبُوۡكِ امۡرَاَ سَوۡءٍ وَّمَا كَانَتۡ اُمُّكِ بَغِيًّا ۝ فَاَشَارَتۡ اِلَيۡهِ ؕ قَالُوۡا كَيۡفَ نُكَلِّمُ
مَنۡ كَانَ فِى الۡمَهۡدِ صَبِيًّا ۝ قَالَ اِنِّىۡ عَبۡدُ اللّٰهِ ؕ اٰتٰنِىَ الۡكِتٰبَ وَجَعَلَنِىۡ نَبِيًّا ۝

اور تو اپنی طرف کھجور کے تنے کو (پکڑ کر) ہلا (اس ہلانے سے) تازہ پکی کھجوریں تجھ پر گریں گی① ﴿۲۵﴾ اب تو (کھجور) کھا اور تو (چشمے کا) پانی پی اور (بچے کو دیکھ کر) آنکھ ٹھنڈی رکھ② پھر اگر تو کسی آدمی کو③ دیکھ لیوے تو (اشارے سے) کہہ دینا کہ: میں نے (اللہ) رحمن کے لیے ایک روزے کی منت مانی ہے؛ اس لیے میں آج کسی بھی انسان سے بات نہیں کروں گی④ ﴿۲۶﴾ وہ (مریم) اس (لڑکے) کو (گود میں) اٹھائے ہوئے اپنی قوم کے پاس آئی، وہ (قوم کے لوگ) کہنے لگے: اے مریم! تو نے تو بڑا غضب ہی کا کام کیا ﴿۲۷﴾ اے ہارون کی بہن! تیرا باپ کوئی برا آدمی نہیں تھا اور تیری ماں بھی کوئی بدکار عورت نہیں تھی ﴿۲۸﴾ سو اس (مریم) نے بچے کی طرف اشارہ کر دیا، قوم کے لوگ کہنے لگے: جو بچہ گود میں ہے⑤ اس کے ساتھ ہم کس طرح بات کریں گے؟ ﴿۲۹﴾ (اس پر) وہ (بچہ) بولا کہ: میں تو اللہ تعالیٰ کا بندہ ہوں، اس (اللہ تعالیٰ) نے مجھ کو کتاب دی ہے اور مجھ کو نبی بنایا ہے⑥ ﴿۳۰﴾

---

① اللہ تعالیٰ خود کھجوریں گرا سکتے تھے؛ لیکن اسباب کی دنیا میں حصولِ رزق کے اسباب اپنانے پڑتے ہیں۔

② اولاد ماں باپ کے سامنے ہوں اور دین دار ہوں یہ ان کے لیے دلی سکون کا ذریعہ ہے، نہ یہ کہ دور دراز ملکوں میں محض دنیوی اغراض کے لیے بھیج دی جائیں۔ ③ یعنی کسی شخص کو آتا ہوا اور بچے کے بارے میں اعتراض کرتا ہوا دیکھ لیوے۔

④ حضرت جبرئیل علیہ السلام کی بات سے حضرت مریم علیہا السلام کو تسلی ہوئی، تھوڑی دیر میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام پیدا ہوئے۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) جو بچہ پالنے (گہوارہ) میں ہے۔

⑥ مراد ہے کہ اس وقت انجیل کتاب اور نبوت کا دینا طے ہو چکا تھا، وعدہ بھی ہو چکا تھا؛ البتہ جب وقت آئے گا تب کتاب اور نبوت ملے گی۔

وَّجَعَلَنِیْ مُبٰرَكًا اَیْنَ مَا كُنْتُ ۪ وَاَوْصٰنِیْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَیًّا ۪ۖ وَّبَرًّۢا بِوَالِدَتِیْ ۫ وَلَمْ یَجْعَلْنِیْ جَبَّارًا شَقِیًّا ۝ وَالسَّلٰمُ عَلَیَّ یَوْمَ وُلِدْتُّ وَیَوْمَ اَمُوْتُ وَیَوْمَ اُبْعَثُ حَیًّا ۝ ذٰلِكَ عِیْسَى ابْنُ مَرْیَمَ ۚ قَوْلَ الْحَقِّ الَّذِیْ فِیْهِ یَمْتَرُوْنَ ۝ مَا كَانَ لِلّٰهِ اَنْ یَّتَّخِذَ مِنْ وَّلَدٍ ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ اِذَا قَضٰۤى اَمْرًا فَاِنَّمَا یَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ ۝ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ رَبِّیْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ ۝ فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَیْنِهِمْ ۚ فَوَیْلٌ لِّلَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ مَّشْهَدِ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ۝

میں جہاں کہیں بھی رہوں اس (اللہ تعالیٰ) نے مجھ کو برکت والا بنایا① اور جب تک میں (دنیا میں) زندہ رہوں مجھ کو نماز پڑھنے کا اور زکوۃ دینے کا حکم دیا ہے ﴿۳۱﴾ اور مجھ کو میری ماں کا خدمت کرنے والا بنایا ہے② اور مجھ کو شرارت کرنے والا، بدنصیب نہیں بنایا③ ﴿۳۲﴾ جس دن میں پیدا کیا گیا اور میں جس دن (قیامت کے قریب) مروں گا اور جس (قیامت کے) دن میں دوبارہ زندہ کر کے اٹھایا جاؤں گا (ہر موقع پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے) مجھ پر سلامتی ہوگی ﴿۳۳﴾ یہ عیسیٰ مریم کے بیٹے ہیں، (ان کی حقیقت کے بارے میں) سچی بات وہ ہے (جو میں بیان کرتا ہوں) جس میں لوگ جھگڑا کرتے ہیں ﴿۳۴﴾ اللہ تعالیٰ کی شان نہیں ہے کہ وہ کوئی اولاد رکھے، اس (اللہ تعالیٰ) کی ذات تو ہر عیب سے پاک ہے، جب کسی کام کے لیے کوئی فیصلہ کرتے ہیں تو اس سے کہتے ہیں کہ: "ہو جا" تو وہ ہو جاتا ہے ﴿۳۵﴾ اور یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ میرے اور تمھارے رب ہیں، سو تم اسی (اللہ تعالیٰ) کی عبادت کرو، یہی سیدھا راستہ ہے ﴿۳۶﴾ پھر الگ الگ فرقوں نے آپس میں اختلاف ڈال دیا، جب بڑے (قیامت کے) دن کو آنکھوں سے دیکھ لیں گے تب کافروں کے لیے بڑی تباہی ہے ﴿۳۷﴾

---

① جب آپ دنیا میں تھے اس وقت بھی بڑی برکتیں تھیں اور قیامت سے قریب دنیا میں نزول ہوگا تب بھی برکتوں کا ظہور ہوگا جیسا کہ احادیث میں آیا ہے، دینی اور دنیوی دونوں طرح کی برکتیں ہوں گی۔ جس کی کچھ تفصیل بندہ کی کتاب "ظہور مہدی" میں ملاحظہ فرمائیں۔

② یعنی ماں کے ساتھ حسن سلوک اور فرمانبرداری کرنے والا۔ ③ سخت دل نہیں بنایا۔

أَسْمِعْ بِهِمْ وَأَبْصِرْ ۙ يَوْمَ يَأْتُونَنَا لَٰكِنِ الظَّالِمُونَ الْيَوْمَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ﴿٣٨﴾ وَأَنذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ إِذْ قُضِيَ الْأَمْرُ ۘ وَهُمْ فِي غَفْلَةٍ وَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٣٩﴾ إِنَّا نَحْنُ نَرِثُ الْأَرْضَ وَمَنْ عَلَيْهَا وَإِلَيْنَا يُرْجَعُونَ ﴿٤٠﴾

وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ إِبْرَاهِيمَ ۚ إِنَّهُ كَانَ صِدِّيقًا نَّبِيًّا ﴿٤١﴾ إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ يَا أَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ مَا لَا يَسْمَعُ وَلَا يُبْصِرُ وَلَا يُغْنِي عَنكَ شَيْئًا ﴿٤٢﴾ يَا أَبَتِ إِنِّي قَدْ جَاءَنِي مِنَ الْعِلْمِ مَا لَمْ يَأْتِكَ فَاتَّبِعْنِي أَهْدِكَ صِرَاطًا سَوِيًّا ﴿٤٣﴾

جس (قیامت کے) دن وہ ہمارے پاس آئیں گے تب (اس دن) کیسے سننے اور دیکھنے والے ہوجائیں گے! لیکن یہ ظالم لوگ آج (دنیا میں) کھلی گمراہی میں پڑے ہیں ﴿۳۸﴾ اور (اے نبی!) تم ان کو پچھتانے کے دن سے ڈراؤ① جب (ہر) کام (آخری) فیصلہ کردیا جائے گا② (جب کہ آج دنیا میں) وہ لوگ غفلت میں پڑے ہوئے ہیں اور وہ لوگ ایمان نہیں لاتے ﴿۳۹﴾ یقیناً زمین کے اور اس (زمین) پر بسنے والے تمام کے ہم وارث ہوں گے اور یہ سب ہماری طرف لوٹائے جائیں گے③ ﴿۴۰﴾

اور (اے نبی!) تم اس کتاب (قرآن) میں ابراہیم (علیہ السلام) کا تذکرہ بھی کرو، یقینی بات ہے کہ وہ سچائی کی عادت والے نبی تھے ﴿۴۱﴾ جب کہ انھوں نے اپنے ابا سے کہا: اے میرے ابا جان! آپ ایسے معبودوں کی کیوں عبادت کرتے ہو جو (کچھ) سنتے نہیں اور (کچھ) دیکھتے نہیں اور آپ کا کوئی کام کرسکتے نہیں؟④ ﴿۴۲﴾ اے میرے ابا! پکی بات یہ ہے کہ میرے پاس ایک ایسا علم آیا ہے جو آپ کے پاس آیا نہیں ہے، سو تم میری بات مان لو، میں تم کو سیدھا راستہ بتلاؤں گا⑤ ﴿۴۳﴾

---

① قیامت کے دن کافر کا افسوس کفر و معصیت پر اور مسلمان کا افسوس اعمالِ صالحہ کی کمی اور وقت ضائع کرنے پر ہوگا۔

② موت کو ذبح کردیا جائیگا اور ہر ایک کا دائمی فیصلہ ہوگا۔

③ وارث کا مطلب ہے آخری مالک، دنیا کی عارضی ملکیت ختم ہوگی اور آخری مکمل ملکیت اللہ تعالیٰ ہی کی رہے گی۔

④ (دوسرا ترجمہ) اور تمھارے کچھ کام نہیں آسکتے۔ ⑤ چھوٹوں کی بات حق ہو تو بڑوں کو مان لینا چاہیے۔

يَٰٓأَبَتِ لَا تَعۡبُدِ ٱلشَّيۡطَٰنَۖ إِنَّ ٱلشَّيۡطَٰنَ كَانَ لِلرَّحۡمَٰنِ عَصِيّٗا ۝ يَٰٓأَبَتِ إِنِّيٓ أَخَافُ أَن يَمَسَّكَ عَذَابٞ مِّنَ ٱلرَّحۡمَٰنِ فَتَكُونَ لِلشَّيۡطَٰنِ وَلِيّٗا ۝ قَالَ أَرَاغِبٌ أَنتَ عَنۡ ءَالِهَتِي يَٰٓإِبۡرَٰهِيمُۖ لَئِن لَّمۡ تَنتَهِ لَأَرۡجُمَنَّكَۖ وَٱهۡجُرۡنِي مَلِيّٗا ۝ قَالَ سَلَٰمٌ عَلَيۡكَۖ سَأَسۡتَغۡفِرُ لَكَ رَبِّيٓۖ إِنَّهُۥ كَانَ بِي حَفِيّٗا ۝ وَأَعۡتَزِلُكُمۡ وَمَا تَدۡعُونَ مِن دُونِ ٱللَّهِ وَأَدۡعُواْ رَبِّي عَسَىٰٓ أَلَّآ أَكُونَ بِدُعَآءِ رَبِّي شَقِيّٗا ۝

اے میرے ابا جان! آپ شیطان کی عبادت نہ کریں، یقینی بات ہے کہ شیطان تو رحمٰن کا نافرمان ہے﴿۴۴﴾ اے میرے ابا جان! یقیناً میں اس بات سے ڈرتا ہوں کہ رحمٰن کی طرف سے کوئی عذاب آ کر آپ کو پکڑ لیوے جس کے نتیجے میں آپ (عذاب میں) شیطان کے ساتھی بن کر رہ جائیں①﴿۴۵﴾ (یہ سن کر ابراہیم علیہ السلام کے ابا نے) کہا: اے ابراہیم! کیا تو میرے معبودوں سے پھرا ہوا ہے؟ اگر تو اپنے اس (بتوں کی مخالفت کے) کام کو نہیں چھوڑے گا تو میں تجھ کو پتھر مار کر ختم کر دوں گا اور تو ہمیشہ کے لیے مجھ سے دور ہو جا﴿۴۶﴾ ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا کہ: میں آپ کو (آپ کے پاس سے رخصت ہونے کا) سلام کرتا ہوں② میں تمھارے لیے اپنے رب سے بخشش کی دعا کرتا رہوں گا، یقینی بات ہے کہ وہ (میرے رب) مجھ پر بہت ہی مہربان ہیں﴿۴۷﴾ اور میں تم کو چھوڑتا ہوں اور تم اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر جن کی عبادت کرتے ہو ان (بتوں) کو بھی (چھوڑتا ہوں)③ اور میں اپنے رب کی عبادت کرتا ہوں (اور) مجھے پوری امید ہے کہ میں اپنے رب کو پکار کر (کبھی بھی) محروم نہیں رہوں گا④﴿۴۸﴾

① یعنی اطاعت میں شیطان کا ساتھ دیا تو عقوبت وسزا میں بھی اس کے ساتھ رہو گے۔

② (دوسرا ترجمہ) میں آپ کو سلام کر کے جا رہا ہوں۔

③ دل سے پہلے بھی کبھی بتوں کو مانا نہیں بلکہ اب جہاں بت ہو وہاں رہنا بھی نہیں، دور چلا جاتا ہوں۔

④ رب کو پکارنے والا محروم نہیں رہتا، جب کہ بت پرستی کرنے والے بت کی طرف سے ہمیشہ محروم ہی رہتے ہیں۔

فَلَمَّا اعْتَزَلَهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۙ وَهَبْنَا لَهٗۤ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ؕ وَكُلًّا جَعَلْنَا نَبِيًّا ۝ وَوَهَبْنَا لَهُمْ مِّنْ رَّحْمَتِنَا وَجَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِيًّا ۝

وَاذْكُرْ فِى الْكِتٰبِ مُوْسٰٓى ۚ اِنَّهٗ كَانَ مُخْلَصًا وَّكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ۝ وَنَادَيْنٰهُ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ الْاَيْمَنِ وَقَرَّبْنٰهُ نَجِيًّا ۝ وَوَهَبْنَا لَهٗ مِنْ رَّحْمَتِنَاۤ اَخَاهُ هٰرُوْنَ نَبِيًّا ۝ وَاذْكُرْ فِى الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ ۚ اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ۝

پھر جب وہ (ابراہیم) ان (بت کی عبادت کرنے والی قوم اور باپ) سے اور جن (بتوں) کی وہ (لوگ) اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر عبادت کرتے تھے ان سے جدا ہو گئے تو ہم نے ان (ابراہیم علیہ السلام) کو اسحاق (جیسا بیٹا) اور یعقوب (جیسا پوتا) عطا کیا① اور ان میں سے ہر ایک کو ہم نے نبی بنایا ﴿۴۹﴾ اور ہم نے ان کو ہماری رحمت سے نوازا اور ہم نے ان کو اونچے درجے کی نیک نامی عطا کی② ﴿۵۰﴾

اور اس کتاب (قرآن) میں موسیٰ (علیہ السلام) کا بھی ذکر کرو، یقینی بات ہے کہ وہ چنے ہوئے تھے اور رسول اور نبی تھے ﴿۵۱﴾ اور ہم نے ان (موسیٰ) کو طور پہاڑ کی داہنی جانب سے پکارا اور راز کی بات کرنے کے لیے ہم نے ان (موسیٰ) کو نزدیک بلایا③ ﴿۵۲﴾ اور ہم نے ہماری رحمت سے ان کے بھائی ہارون کو نبی بنا کر ان کو دیا④ ﴿۵۳﴾ اور اس کتاب (قرآن) میں اسماعیل (علیہ السلام) کا بھی ذکر کرو، یقینی بات ہے کہ وہ (اسماعیل) وعدے کے (بڑے) سچے تھے⑤ اور رسول و نبی تھے ﴿۵۴﴾

---

① آبائی وطن جہاں ابراہیم رہتے تھے وہاں جس عورت سے شادی ہوئی وہ سارہ تھی، ان سے اسحاق کی ولادت ہوئی؛ چوں کہ باپ اور قوم کا تذکرہ ہو رہا ہے؛ اس لیے اس مناسبت سے خاندان والی بیوی سارہؓ کی اولاد کا ذکر ہوا، یہ سمجھ میں آرہا ہے (واللہ اعلم) ورنہ دوسری بیوی ہاجرہؓ سے اولاد پہلے پیدا ہوئی وہ اسماعیلؑ ہے، اللہ تعالیٰ کی نوازش دیکھو کہ دین کی نسبت پر آبائی خاندان چھوڑا تو وحشت محسوس ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ نے اولاد اور نئی بیوی کے ذریعہ نیا با عزت خاندان عطا فرمایا۔
نوٹ: تفصیلی واقعہ کے لیے خطباتِ محمود جلد: (۴، ۷) اور دیکھی ہوئی دنیا جلد سوم ملاحظہ فرمائیے۔
② آج تک ابراہیم علیہ السلام کا نام بڑے احترام سے زندہ ہے، ان کی یاد میں قربانی، حج اور درودِ ابراہیمی بھی زندہ ہے۔
③ (دوسرا ترجمہ) ہم نے راز کی باتیں کر کے موسیٰ علیہ السلام کو (مخصوص) قرب دیا۔
④ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی درخواست پر بھائی کو نبوت ملی۔ ⑤ ہر نبی میں اوصاف حمیدہ ہوتے ہی ہیں؛ لیکن جس نبی میں جو وصف امتیازی شان سے پایا جاوے اس کا خصوصی تذکرہ ہے۔

وَكَانَ يَأْمُرُ أَهْلَهُ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ ۪ وَكَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ مَرْضِيًّا ۝ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ إِدْرِيسَ ۚ إِنَّهُ كَانَ صِدِّيقًا نَّبِيًّا ۝ وَرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ۝ أُولٰٓئِكَ الَّذِينَ أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ مِنْ ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ ۗ وَمِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوحٍ ۡ وَّمِنْ ذُرِّيَّةِ إِبْرٰهِيمَ وَإِسْرَآءِيلَ ۡ وَمِمَّنْ هَدَيْنَا وَاجْتَبَيْنَا ۚ إِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُ الرَّحْمٰنِ خَرُّوا سُجَّدًا وَّبُكِيًّا ۩ ۝ فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ أَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ۝

اور وہ (اسماعیل علیہ السلام) اپنے گھر والوں کو نماز پڑھنے اور زکوۃ دینے کا حکم دیتے تھے ① اور وہ اپنے رب کے نزدیک پسندیدہ تھے ﴿۵۵﴾ اور تم (اس) کتاب (قرآن) میں ادریس (علیہ السلام) کا بھی ذکر کرو، یقینی بات ہے کہ وہ سچائی (کی عادت) والے نبی تھے ﴿۵۶﴾ اور ہم نے ان (ادریس علیہ السلام) کو اونچے مقام پر اٹھالیا ② ﴿۵۷﴾ آدم (علیہ السلام) کی اولاد میں سے یہ سب وہ نبی ہیں جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام فرمایا ③، ان میں سے کچھ تو ان لوگوں (کی اولاد) میں سے ہیں جن کو ہم نے نوح (علیہ السلام) کے ساتھ (کشتی میں) سوار کیا تھا ④ اور کچھ ابراہیم اور اسرائیل (یعنی یعقوب علیہ السلام) کی اولاد میں سے ہیں، اور یہ (سب نبی) ان (لوگوں) میں سے ہیں جن کو ہم نے ہدایت دی اور جن کو ہم نے (ہمارے دین کے لیے) چن لیا (ان نبیوں کا ایسا اونچا مرتبہ ہے اس کے باوجود) ان کے سامنے جب رحمٰن کی آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو وہ روتے ہوئے سجدے میں (زمین پر) گر جاتے ہیں ﴿۵۸﴾ پھر ان (لوگوں) کے بعد ایسے لوگ ان کی جگہ پر آئے جنھوں نے نماز کو برباد کر دیا ⑤ اور (نفسانی) خواہشات (یعنی مزوں) کے پیچھے پڑ گئے، عنقریب وہ اپنی گمراہی (کا پھل عذاب کی شکل میں) سامنے دیکھ لیں گے ﴿۵۹﴾

---

① گھر میں ماحول بن جائے تو دوسروں کو دعوت دینا اور خود کے لیے استقامت آسان ہو جاتی ہے۔

② (دوسرا ترجمہ) اور ہم نے ان کو (کمالات کے) بلند مرتبے تک پہنچا دیا۔ ③ (دوسرا ترجمہ) یہ وہ (خاص) لوگ ہیں کہ آدم علیہ السلام کی اولاد میں سے جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام فرمایا نبیوں کی جماعت میں سے (تیسرا) نبیوں کی جماعت میں سے یہ وہ خاص لوگ ہیں جن پر اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کی اولاد میں سے انعام فرمایا۔ ④ یہاں مذکور حضراتِ انبیاء میں ادریس علیہ السلام کے علاوہ باقی سب نوح علیہ السلام کی نسل سے ہیں۔ ⑤ گمراہی کی ابتدا ترکِ صلوۃ سے ہوتی ہے۔

إِلَّا مَن تَابَ وَءَامَنَ وَعَمِلَ صَٰلِحًا فَأُوْلَٰٓئِكَ يَدْخُلُونَ ٱلْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُونَ شَيْـًٔا ﴿٦٠﴾ جَنَّٰتِ عَدْنٍ ٱلَّتِى وَعَدَ ٱلرَّحْمَٰنُ عِبَادَهُۥ بِٱلْغَيْبِ ۚ إِنَّهُۥ كَانَ وَعْدُهُۥ مَأْتِيًّا ﴿٦١﴾ لَّا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْوًا إِلَّا سَلَٰمًا ۖ وَلَهُمْ رِزْقُهُمْ فِيهَا بُكْرَةً وَعَشِيًّا ﴿٦٢﴾ تِلْكَ ٱلْجَنَّةُ ٱلَّتِى نُورِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَن كَانَ تَقِيًّا ﴿٦٣﴾ وَمَا نَتَنَزَّلُ إِلَّا بِأَمْرِ رَبِّكَ ۖ لَهُۥ مَا بَيْنَ أَيْدِينَا وَمَا خَلْفَنَا وَمَا بَيْنَ ذَٰلِكَ ۚ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ﴿٦٤﴾ رَّبُّ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَٱعْبُدْهُ وَٱصْطَبِرْ لِعِبَٰدَتِهِۦ ۚ هَلْ تَعْلَمُ لَهُۥ سَمِيًّا ﴿٦٥﴾

البتہ جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور نیک کام کیا سو وہی لوگ جنت میں داخل ہوں گے اور ان پر ذرا بھی ظلم نہیں ہوگا ﴿۶۰﴾ یہ ہمیشہ رہنے کے باغات ہیں جن کا رحمن نے اپنے بندوں سے وعدہ کر رکھا ہے، (جن کو) بندوں نے دیکھا بھی نہیں ہے ①، یقیناً اس (اللہ تعالیٰ) کا جو وعدہ ہے وہ (وعدہ) ضرور آ کر رہے گا ﴿۶۱﴾ اس (جنت) میں وہ (اللہ تعالیٰ کے بندے) سلامتی کی بات کے سوا کوئی لغو بات نہیں سنیں گے ②، اس (جنت) میں ان (اللہ تعالیٰ کے بندوں) کو صبح و شام ان کی روزی ملتی رہے گی ③ ﴿۶۲﴾ یہ وہ جنت ہے جس کا ہم اپنے بندوں میں سے اس شخص کو وارث بنائیں گے جو متقی ہوگا ﴿۶۳﴾ اور ہم (فرشتے) تمھارے رب کے حکم کے بغیر (جب چاہو تب) نہیں اتر سکتے، جو کچھ ہمارے آگے ہے اور جو کچھ ہمارے پیچھے ہے اور جو کچھ ان کے بیچ میں ہے اسی (اللہ تعالیٰ) کی مالکی ہے اور تمھارے رب ایسے نہیں ہیں جو بھول جانے والے ہوں ﴿۶۴﴾ آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان میں ہے وہ اس کے رب ہیں، سو تو اسی (اللہ تعالیٰ) کی عبادت کر اور اس (اللہ تعالیٰ) کی عبادت پر جم کر رہ، کیا تمھاری جان کاری میں کوئی ایسا ہے جو اس (اللہ تعالیٰ) کے جیسی صفات رکھتا ہو؟ ④ ﴿۶۵﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) جس کا رحمن نے اپنے بندوں سے غائبانہ (یعنی بندوں کے دیکھے بغیر) وعدہ کر رکھا ہے۔

② (دوسرا ترجمہ) وہ ”سلام“ کے سوا کوئی لغو بات نہیں سنیں گے۔

③ یہ دو وقت تو ملنا یقینی ہے، دوسرے اوقات میں بھی چاہت ہوتے ہی کھانا ملے گا۔

④ اللہ تعالیٰ (جیسے) نام والا ہو، جو اللہ تعالیٰ جیسا ہی ہو۔ سوال کر کے نفی کرنا ہے۔

وَيَقُولُ الْإِنسَانُ أَإِذَا مَا مِتُّ لَسَوْفَ أُخْرَجُ حَيًّا ۝ أَوَلَا يَذْكُرُ الْإِنسَانُ أَنَّا
خَلَقْنَاهُ مِن قَبْلُ وَلَمْ يَكُ شَيْئًا ۝ فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ وَالشَّيَاطِينَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ
حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا ۝ ثُمَّ لَنَنزِعَنَّ مِن كُلِّ شِيعَةٍ أَيُّهُمْ أَشَدُّ عَلَى الرَّحْمَٰنِ عِتِيًّا ۝ ثُمَّ
لَنَحْنُ أَعْلَمُ بِالَّذِينَ هُمْ أَوْلَىٰ بِهَا صِلِيًّا ۝ وَإِن مِّنكُمْ إِلَّا وَارِدُهَا ۚ كَانَ عَلَىٰ رَبِّكَ حَتْمًا
مَّقْضِيًّا ۝ ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِينَ اتَّقَوا وَّنَذَرُ الظَّالِمِينَ فِيهَا جِثِيًّا ۝ وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا
بَيِّنَاتٍ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلَّذِينَ آمَنُوا أَيُّ الْفَرِيقَيْنِ خَيْرٌ مَّقَامًا وَأَحْسَنُ نَدِيًّا ۝

اور یہ (کافر) انسان (یوں) کہتا ہے: جب میں مرجاؤں گا تو کیا واقعۃً میں زندہ کر کے نکالا جاؤں گا؟
﴿٦٦﴾ (جواب میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں) کیا انسان کو یہ بات یاد نہیں کہ ہم نے اس سے پہلے اس
(انسان) کو پیدا کیا تھا؛ حالاں کہ وہ (انسان) کچھ بھی نہیں تھا؟ ﴿٦٧﴾ سو تمھارے رب کی قسم! ہم
ان (انسانوں) کو اور شیاطین کو ضرور جمع کریں گے ① پھر ہم ان کو جہنم کے آس پاس (اس طرح) لا کر
حاضر کریں گے کہ وہ (ہیبت کی وجہ سے) گھٹنوں پر گرے ہوں گے ﴿٦٨﴾ پھر ہر گروہ میں سے ان
لوگوں کو ہم ضرور کھینچ کر (جدا کر کے) نکالیں گے جو سب سے زیادہ رحمٰن سے سرکشی کرتے تھے ﴿٦٩﴾
پھر ہم ایسے لوگوں کو خوب اچھی طرح جانتے ہیں جو اس (جہنم) میں داخل کیے جانے کے زیادہ لائق
ہیں ﴿٧٠﴾ اور تم میں سے کوئی شخص بھی ایسا نہیں جس کا اس (جہنم) پر گذر نہ ہو ② اس بات کو تمھارے
رب نے لازمی طور پر اپنے اوپر طے کرلیا ہے ﴿٧١﴾ پھر ہم تقویٰ والوں کو بچالیں گے اور ظالموں کو
اس (جہنم) میں گھٹنوں پر پڑا ہوا ہم چھوڑ دیں گے ﴿٧٢﴾ اور جب ان (منکروں) کے سامنے ہماری
آیتیں کھلی کھلی پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو کافر ایمان والوں سے کہتے ہیں: دونوں (مسلمان اور کافر)
جماعت میں سے (دنیا میں) کس کا مقام زیادہ اچھا ہے اور کس کی مجلس زیادہ عمدہ ہے؟ ﴿٧٣﴾

---

① محشر میں ایک مرحلے میں مؤمن، کافر، شیاطین سب ساتھ ہوں گے پھر الگ کیے جاویں گے۔ بعض نے ''واؤ'' مع کے معنی میں لیا ہے، یعنی کافر انسان اور شیاطین کو ایک زنجیر میں ساتھ باندھا جاوے گا۔

② مؤمنوں کا گذر ایمان کے نور کے ساتھ سلامتی سے تیزی سے ہوگا، وہ جہنم کو دیکھ لیں گے تو جنت کی قدر و قیمت ان کے دل میں زیادہ ہو جائے گی اور کافر پھنس کر گر جائیں گے۔

وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِنْ قَرْنٍ هُمْ أَحْسَنُ أَثَاثًا وَرِئْيًا ﴿٧٤﴾ قُلْ مَنْ كَانَ فِي الضَّلَالَةِ فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمَٰنُ مَدًّا ۚ حَتَّىٰ إِذَا رَأَوْا مَا يُوعَدُونَ إِمَّا الْعَذَابَ وَإِمَّا السَّاعَةَ فَسَيَعْلَمُونَ مَنْ هُوَ شَرٌّ مَكَانًا وَأَضْعَفُ جُنْدًا ﴿٧٥﴾ وَيَزِيدُ اللَّهُ الَّذِينَ اهْتَدَوْا هُدًى ۗ وَالْبَاقِيَاتُ الصَّالِحَاتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَخَيْرٌ مَرَدًّا ﴿٧٦﴾ أَفَرَأَيْتَ الَّذِي كَفَرَ بِآيَاتِنَا وَقَالَ لَأُوتَيَنَّ مَالًا وَوَلَدًا ﴿٧٧﴾ أَطَّلَعَ الْغَيْبَ أَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمَٰنِ عَهْدًا ﴿٧٨﴾ كَلَّا ۚ سَنَكْتُبُ مَا يَقُولُ وَنَمُدُّ لَهُ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا ﴿٧٩﴾ وَنَرِثُهُ مَا يَقُولُ وَيَأْتِينَا فَرْدًا ﴿٨٠﴾ وَاتَّخَذُوا مِنْ دُونِ اللَّهِ آلِهَةً لِيَكُونُوا لَهُمْ عِزًّا ﴿٨١﴾

(یہ کافر لوگ یہ بات نہیں دیکھتے کہ) ہم نے ان سے پہلے کتنی جماعتیں ہلاک کر دیں کہ ان کا سامان اور ان کی ظاہری شان بان کتنی اچھی تھی؟ ﴿۷۴﴾ تم کہہ دو کہ: جو شخص گمراہی میں پڑا ہے اس کے لیے مناسب یہی ہے کہ رحمن اس کو لمبی ڈھیل دیتے رہیں، یہاں تک کہ جس کا ان سے وعدہ ہوا ہے جب اس کو وہ خود دیکھ لیں گے چاہے وہ (دنیا کا) عذاب ہو اور چاہے تو قیامت (کی سزا) ہو، تب ان کو پتہ چل جائے گا کہ کس کا برا مکان تھا اور کس کا لشکر زیادہ کمزور تھا؟ ﴿۷۵﴾ جن لوگوں نے ہدایت کا راستہ اپنایا ہے اللہ تعالیٰ ان کو (دنیا میں) ہدایت میں ترقی دیتے ہیں اور جو نیک عمل باقی رہنے والے ہیں اس کا ثواب تمھارے رب کے یہاں بہتر ملے گا اور اس کا انجام بھی اچھا ہی ہوگا ﴿۷۶﴾ (اے نبی! محمد ﷺ) کیا بھلا! تم نے اس آدمی کو نہیں دیکھا جس نے ہماری آیتوں کا انکار کر دیا اور (اوپر سے) کہتا ہے کہ: (آخرت میں) مجھے مال اور اولاد ضرور ملیں گے؟ ﴿۷۷﴾ کیا اس نے غیب (کی دنیا) کو جھانک کر دیکھ لیا یا رحمن سے کوئی عہد لے رکھا ہے؟ ﴿۷۸﴾ ہرگز نہیں! جو کچھ وہ کہہ رہا ہے ہم اس کو لکھ لیتے ہیں اور ہم اس کے عذاب کو بڑھاتے ہی رہیں گے ﴿۷۹﴾ اور جس (مال اور اولاد) کے لیے وہ کہتا ہے (مرنے پر) اس کے ہم وارث ہوں گے اور وہ ہمارے پاس اکیلا آئے گا[1] ﴿۸۰﴾ اور انھوں نے اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر کے کچھ معبود بنا رکھے ہیں؛ تا کہ وہ (معبود) ان کے لیے عزت (مدد) کا ذریعہ بنیں ﴿۸۱﴾

---

[1] اس کے دو بیٹے مسلمان ہو گئے تھے۔

كَلَّا ۚ سَيَكْفُرُونَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُونُونَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا ۝

أَلَمْ تَرَ أَنَّا أَرْسَلْنَا الشَّيَاطِينَ عَلَى الْكَافِرِينَ تَؤُزُّهُمْ أَزًّا ۝ فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ ۖ إِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا ۝ يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِينَ إِلَى الرَّحْمَٰنِ وَفْدًا ۝ وَنَسُوقُ الْمُجْرِمِينَ إِلَىٰ جَهَنَّمَ وِرْدًا ۝ لَا يَمْلِكُونَ الشَّفَاعَةَ إِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِندَ الرَّحْمَٰنِ عَهْدًا ۝ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمَٰنُ وَلَدًا ۝ لَّقَدْ جِئْتُمْ شَيْئًا إِدًّا ۝ تَكَادُ السَّمَاوَاتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنشَقُّ الْأَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ۝

ایسا ہرگز نہیں ہوگا (بلکہ) وہ (باطل معبود) تو ان (کافروں) کی عبادت ہی کا انکار کر دیں گے اور وہ (بت) ان کے مخالف ہو جائیں گے ﴿۸۲﴾

(اے نبی!) کیا تم کو معلوم نہیں ہے کہ یقینی بات ہے کہ ہم نے شیاطین کو کافروں پر چھوڑ دیا ہے جو ان کو (نافرمانی کے لیے) ابھارتے رہتے ہیں ﴿۸۳﴾ لہذا تم ان کے (عذاب) کے معاملے میں جلدی مت کرو، ہم ان کی (ہر چیز کی) پوری گنتی کر رہے ہیں① ﴿۸۴﴾ (قیامت کا وہ دن یاد رکھو) جس دن ہم (تمام) تقویٰ والوں کو رحمٰن کے پاس مہمان بنا کر جمع کریں گے② ﴿۸۵﴾ اور ہم مجرموں کو پیاس کی حالت میں جہنم کی طرف ہانک کر لے جائیں گے ﴿۸۶﴾ ان (لوگوں) کو کسی کی سفارش کا اختیار نہیں ہوگا، ہاں! جس نے رحمٰن سے کوئی اجازت حاصل کر لی ہوگی (صرف وہی سفارش کرے گا)③ ﴿۸۷﴾ اور یہ (مشرکین) کہنے لگے کہ: رحمٰن تو اولاد رکھتا ہے ﴿۸۸﴾ پکی بات یہ ہے کہ تم نے بڑی سخت بات کہہ ڈالی④ ﴿۸۹﴾ ایسی بات کی وجہ سے (لگتا ایسا ہے کہ) ابھی قریب ہی میں آسمان پھٹ پڑے اور زمین شق ہو کر ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے اور پہاڑ ٹوٹ کر گر پڑے ﴿۹۰﴾

---

① وہ تمام چیزیں جن پر ان کو سزا ہوگی۔

② (دوسرا ترجمہ) وفد کی شکل میں۔ (تیسرا ترجمہ) سوار کر کے۔

③ آیت میں عہد یعنی کلمہ طیبہ یا کتاب اللہ کا حفظ مع ادائے حقوق قرآن۔ اور سفارش کے لیے اللہ کی اجازت بھی ضروری ہوگی۔

④ (دوسرا ترجمہ) پکی بات یہ ہے کہ تم بھاری چیز میں پھنسے ہو (تیسرا) پکی بات یہ ہے کہ تم نے بڑی سنگین حرکت کی ہے۔

أَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا ﴿٩١﴾ وَمَا يَنْبَغِي لِلرَّحْمٰنِ أَنْ يَتَّخِذَ وَلَدًا ﴿٩٢﴾ إِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ إِلَّا آتِي الرَّحْمٰنِ عَبْدًا ﴿٩٣﴾ لَقَدْ أَحْصٰهُمْ وَعَدَّهُمْ عَدًّا ﴿٩٤﴾ وَكُلُّهُمْ آتِيهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَرْدًا ﴿٩٥﴾ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ﴿٩٦﴾ فَإِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِينَ وَتُنْذِرَ بِهِ قَوْمًا لُدًّا ﴿٩٧﴾ وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِنْ قَرْنٍ ۭ هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِنْ أَحَدٍ أَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ﴿٩٨﴾

اس بات پر کہ انھوں نے رحمن کے لیے اولاد ہونے کا دعویٰ کیا ہے ﴿۹۱﴾ رحمن کی یہ شان نہیں ہے کہ وہ اولاد رکھے ﴿۹۲﴾ جو کوئی آسمانوں اور زمین میں ہیں وہ سب رحمن کے سامنے ایک بندہ بن کر حاضر ہوگا ﴿۹۳﴾ پکی بات یہ ہے کہ (رحمن نے) ان سب کو (اپنی قدرت کے) احاطے میں لے رکھا ہے اور ان کو خوب اچھی طرح گن رکھا ہے ﴿۹۴﴾ اور ان میں سے ہر ایک اللہ تعالیٰ کے سامنے قیامت کے دن اکیلے اکیلے آئے گا ﴿۹۵﴾ یقینی بات ہے کہ جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے رحمن ان کے لیے (مخلوق کے دلوں میں) محبت پیدا کردیں گے ﴿۹۶﴾ سو اس (قرآن) کو ہم نے تمھاری (عربی) زبان میں آسان کردیا ہے؛ تاکہ تم اس (قرآن) کے ذریعے تقویٰ والوں کو خوش خبری سناؤ اور جھگڑنے والے لوگوں کو① اس (قرآن) کے ذریعے ڈراؤ ﴿۹۷﴾ ان سے پہلے ہم کتنی قوموں کو ہلاک کرچکے ہیں، کیا ان (ہلاک ہونے والوں) میں سے کسی کی آہٹ پاتے ہو؟② کیا ان (ہلاک ہونے والوں) میں سے کسی کی ہلکی سی آواز③ تم کو سنائی دیتی ہے؟④ ﴿۹۸﴾

---

① توحید، رسالت اور مرنے کے بعد زندہ ہونا ان امور میں جو جھگڑتے ہیں۔ لُدّ ایسے شخص کو کہتے ہیں جس کو کسی بات میں قائل کرنا ممکن نہ ہو۔

② (دوسرا ترجمہ) کیا ہلاک ہونے والوں میں سے کسی کو تم دیکھتے ہو؟۔

③ ایسی مخفی آواز جو سمجھ میں بھی نہ آوے اس کو "رِکز" کہتے ہیں۔

④ یعنی ایسے ہلاک ہوگئے کہ ان کا کوئی نام و نشان بھی باقی نہیں رہا۔

سورۃ طٰہٰ (المکیۃ)

اٰیاتھا: ۱۳۵۔ رکوعاتھا: ۸۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں ایک سو چونتیس (۱۳۴) یا پینتیس (۱۳۵) آیتیں ہیں، سورۃ ابراہیم یا سورۃ مریم کے بعد اور سورۃ واقعہ سے پہلے پینتالیس (۴۵) نمبر پر نازل ہوئی۔

حدیث میں آتا ہے کہ آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے سے دو ہزار سال پہلے اللہ تعالیٰ نے (فرشتوں کے سامنے) سورۃ طٰہٰ اور یاسین پڑھی، فرشتوں نے جب قرآن (کی یہ سورتیں) سنی تو بول اٹھے: اس امت کے لیے مبارک بادی ہو جس پر یہ اتارا جائے، خوش خبری ہے ان سینوں کے لیے جو اس کو اٹھائیں گے؛ یعنی یاد کریں گے اور خوش خبری ہے ان زبانوں کے لیے جو اس کی تلاوت کریں گی۔

اس سورت کے شروع میں طٰہٰ کا لفظ آیا ہے۔

طٰہٰ کے بارے میں ایک قول یہ ہے کہ "ط" اور "ہ" یہ دونوں حروفِ تہجی ہے، حروفِ مقطعات میں سے ہیں۔

دوسرا قول یہ ہے کہ "طٰہٰ" ایک معنیٰ والا کلمہ ہے جس کا معنیٰ ہوتا ہے: اے شخص! اور ظاہر ہے کہ کامل مرد اور کامل شخص حضرت محمد ﷺ کی ذات ہے۔

اس سورت کا دوسرا نام "سورۃ الکلیم" ہے، اس میں اللہ تعالیٰ کے کلیم حضرت موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ بہت اچھے انداز میں بیان کیا گیا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

طٰهٰ ﴿١﴾ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ﴿٢﴾ اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ﴿٣﴾ تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ
الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ﴿٤﴾ اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ﴿٥﴾ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى
الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى ﴿٦﴾ وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفٰى ﴿٧﴾ اَللّٰهُ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ لَهُ الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى ﴿٨﴾ وَهَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ﴿٩﴾ اِذْ رَاٰ نَارًا فَقَالَ لِاَهْلِهِ
امْكُثُوْٓا اِنِّىْٓ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّيْٓ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِقَبَسٍ اَوْ اَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى ﴿١٠﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

طٰہٰ ﴿١﴾ (اے نبی!) ہم نے (یہ) قرآن تم پر اس لیے نہیں اتارا کہ (تم) تکلیف میں پڑ جاؤ ﴿٢﴾ بلکہ یہ تو جو (آدمی) ڈرتا ہے اس کے لیے نصیحت ہے ﴿٣﴾ (قرآن) اس ذات نے اتارا ہے جس نے زمین اور اونچے آسمان پیدا کیے ﴿٤﴾ رحمٰن① (اپنی شان کے موافق) عرش پر قائم ہیں ﴿٥﴾ جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے اور جو کچھ ان (آسمان اور زمین) کے بیچ میں ہے اور گیلی (تر) مٹی کے نیچے جو ہے اسی (رحمٰن) کی مالکی ہے ﴿٦﴾ اور اگر تم زور سے کوئی بات کہو تو (اس کی تو اللہ تعالیٰ کو خبر ہے ہی) کیوں کہ وہ (اللہ تعالیٰ) تو چھپی ہوئی باتوں کو② اور اس سے بھی زیادہ چھپی ہوئی باتوں کو③ جانتے ہیں ﴿٧﴾ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی (حقیقی) معبود نہیں ہے، اسی (اللہ تعالیٰ) کے اچھے اچھے نام ہیں ﴿٨﴾ اور (اے محمد! ﷺ) کیا تمھارے پاس موسیٰ (علیہ السلام) کا واقعہ پہنچا؟ ﴿٩﴾ جب ان (موسیٰ علیہ السلام) کو (طور پہاڑ پر ایک) آگ نظر آئی تو اپنی بیوی سے کہا: تم یہیں ٹھہرو، میں نے ایک آگ دیکھی ہے، شاید کہ میں اس میں سے تمھارے پاس کوئی شعلہ لے آؤں یا آگ کے پاس مجھے راستے کا پتہ (بتانے والا کوئی) مل جائے ﴿١٠﴾

---

① جو بہت بڑی رحمت والے ہیں۔ ② یعنی جو بات دل میں ہے۔ ③ یعنی جو ابھی تک دل میں نہیں آئی آئندہ آئے گی، اس طرح کی باتوں کو تو خود انسان بھی نہیں جانتا، باری سبحانہ وتعالیٰ جانتے ہیں۔

فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِيَ يٰمُوْسٰى ﴿١١﴾ اِنِّيْٓ اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ ۚ اِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ﴿١٢﴾ وَاَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوْحٰى ﴿١٣﴾ اِنَّنِيْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ ۙ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ ﴿١٤﴾ اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ اَكَادُ اُخْفِيْهَا لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا تَسْعٰى ﴿١٥﴾ فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ فَتَرْدٰى ﴿١٦﴾ وَمَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ يٰمُوْسٰى ﴿١٧﴾

سو جب وہ (موسیٰ علیہ السلام) اس (آگ) کے پاس پہنچے تو (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) ان کو آواز دی گئی کہ: اے موسیٰ! ﴿۱۱﴾ پورا یقین رکھو! میں ہی تمھارا رب ہوں، سو تم اپنے دونوں جوتوں کو نکال دو①، یقینی بات ہے کہ تم طویٰ نامی مقدس میدان میں ہو② ﴿۱۲﴾ اور میں نے (نبوت کے لیے) تم کو چن لیا ہے، سو جو بات وحی کے ذریعے کہی جائے وہ دھیان سے سنو③ ﴿۱۳﴾ حقیقت یہ ہے کہ میں ہی اللہ ہوں، میرے سوا کوئی معبود نہیں ہے، سو تم میری ہی بندگی کرو اور مجھے یاد رکھنے کے لیے نماز قائم کرو④ ﴿۱۴﴾ یقین رکھو! قیامت تو آنے ہی والی ہے، میں (ابھی) اس (قیامت کے وقت) کو چھپا کر رکھنا چاہتا ہوں؛ تاکہ ہر نفس کو اس کے کیے ہوئے کام کا بدلہ دیا جاوے ﴿۱۵﴾ کہیں ایسا نہ ہو کہ جو شخص اس (قیامت) پر ایمان نہیں رکھتا اور اپنی نفسانی خواہشات کے پیچھے چلتا ہو وہ تم کو قیامت (کے فکر) سے ہرگز غافل نہ کردے⑤ ورنہ تم (بے فکری کی وجہ سے) ہلاک ہو جاؤ گے ﴿۱۶﴾ اور اے موسیٰ! تمھارے داہنے ہاتھ میں کیا ہے؟ ﴿۱۷﴾

---

① مقدس مقام میں مقدس کلام سن رہے ہو اس کا ادب سکھایا گیا، اسی طرح مبارک وادی کی مٹی کی برکت آپ کے بدن کو لگے۔

② اللہ تعالیٰ اپنی خاص حکمت سے زمین کے خاص حصوں کو امتیازات اور شرف عطا فرماتے ہیں۔

③ سنتے ہوئے فضول حرکت نہ ہو، نظر نیچی ہو۔ سمجھنے کی کوشش ہو۔ خلل پیدا کرنے والی کوئی بھی بات اس وقت نہ ہو۔ یہ کلام الٰہی سننے کے آداب بھی بتادیے گئے۔

④ نماز کی روح اللہ تعالیٰ کا ذکر ہے، شروع سے آخر تک نماز میں نمازی اللہ تعالیٰ کی یاد ہے۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) قیامت کی تیاری کرنے سے تم کو ہرگز روک نہ دیوے (جو قیامت پر ایمان نہ رکھے اور نفسانی خواہشات پر چلے ایسوں کی صحبت میں مت رہو؛ ورنہ انسان آخرت سے غافل ہو کر برباد ہو جاتا ہے)۔

قَالَ هِیَ عَصَایَ ۚ اَتَوَكَّؤُا عَلَیْهَا وَ اَهُشُّ بِهَا عَلٰی غَنَمِیْ وَ لِیَ فِیْهَا مَاٰرِبُ اُخْرٰی ﴿۱۸﴾ قَالَ اَلْقِهَا یٰمُوْسٰی ﴿۱۹﴾ فَاَلْقٰىهَا فَاِذَا هِیَ حَیَّةٌ تَسْعٰی ﴿۲۰﴾ قَالَ خُذْهَا وَ لَا تَخَفْ ٚ سَنُعِیْدُهَا سِیْرَتَهَا الْاُوْلٰی ﴿۲۱﴾ وَ اضْمُمْ یَدَكَ اِلٰی جَنَاحِكَ تَخْرُجْ بَیْضَآءَ مِنْ غَیْرِ سُوْٓءٍ اٰیَةً اُخْرٰی ﴿۲۲﴾ لِنُرِیَكَ مِنْ اٰیٰتِنَا الْكُبْرٰی ﴿۲۳﴾ اِذْهَبْ اِلٰی فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰی ﴿۲۴﴾

قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ﴿۲۵﴾ وَ یَسِّرْ لِیْۤ اَمْرِیْ ﴿۲۶﴾ وَ احْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ﴿۲۷﴾

موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا: یہ میری لکڑی ہے، میں اس پر ٹیک لگاتا ہوں اور اس (لکڑی) کے ذریعے اپنی بکریوں پر (درخت سے) پتے جھاڑتا ہوں اور میرے دوسرے کام بھی اس سے پورے ہوتے ہیں ﴿۱۸﴾ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے موسیٰ! اس (لکڑی) کو (نیچے زمین پر) پھینک دو ﴿۱۹﴾ پھر جب موسیٰ علیہ السلام نے وہ (لکڑی) ڈال دی تو وہ (ڈالتے ہی) یکایک (اللہ تعالیٰ کی قدرت سے) ایک دوڑتا سانپ بن گئی ﴿۲۰﴾ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: (موسیٰ!) اس کو پکڑ لو، اور ڈرو نہیں، ہم ابھی اس کو اس کی پہلی (لکڑی والی) حالت پر لوٹا دیتے ہیں ﴿۲۱﴾ اور تم اپنے ہاتھ کو اپنی (بائیں) بغل میں دباؤ تو وہ کسی بیماری کے بغیر سفید ہو کر (بہت چمکتا) نکلے گا① یہ (تمھاری نبوت کے لیے) دوسری نشانی ہے ﴿۲۲﴾ تاکہ ہم تم کو اپنی نشانیوں میں سے بعض بڑی نشانیاں دکھائیں ﴿۲۳﴾ تم فرعون کے پاس جاؤ، وہ شرارت میں حد سے نکل گیا ہے② ﴿۲۴﴾ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا: اے میرے رب! میرے لیے میرے سینے کو کھول دیجیے③ ﴿۲۵﴾ اور میرے لیے میرے کام کو آسان کر دیجیے ﴿۲۶﴾ اور میری زبان سے (لکنت کی) گرہ کھول دیجیے ﴿۲۷﴾

---

① منقول ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ہاتھ اس وقت سورج کی روشنی سے بھی زیادہ چمک دار ہو جاتا تھا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے قلب اطہر میں جو ایمان کا نور تھا اس کا ایک عکس ہاتھ پر منتقل ہوتا تھا جس کی وجہ سے یہ چمک ہوتی تھی، ایمان کا نور کامل پل صراط پر جگمگاوے گا اور پورا پل صراط روشن ہوگا۔

② (دوسرا ترجمہ) وہ بہت نافرمانی کر رہا ہے۔

③ حوصلہ بلند کر دیجیے، علوم نبوت کے لیے سینہ کھول دیجیے، دعوت کی راہ میں آنے والی تکالیف تحمل کرنے کے لیے سینہ کھول دیجیے۔

يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿۲۸﴾ وَاجْعَلْ لِّيْ وَزِيْرًا مِّنْ اَهْلِيْ ﴿۲۹﴾ هٰرُوْنَ اَخِي ﴿۳۰﴾ اشْدُدْ بِهٖۤ اَزْرِيْ ﴿۳۱﴾ وَاَشْرِكْهُ فِيْۤ اَمْرِيْ ﴿۳۲﴾ كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيْرًا ﴿۳۳﴾ وَّنَذْكُرَكَ كَثِيْرًا ﴿۳۴﴾ اِنَّكَ كُنْتَ بِنَا بَصِيْرًا ﴿۳۵﴾ قَالَ قَدْ اُوْتِيْتَ سُؤْلَكَ يٰمُوْسٰى ﴿۳۶﴾ وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلَيْكَ مَرَّةً اُخْرٰۤى ﴿۳۷﴾ اِذْ اَوْحَيْنَاۤ اِلٰۤى اُمِّكَ مَا يُوْحٰۤى ﴿۳۸﴾ اَنِ اقْذِفِيْهِ فِي التَّابُوْتِ فَاقْذِفِيْهِ فِي الْيَمِّ فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ بِالسَّاحِلِ يَاْخُذْهُ عَدُوٌّ لِّيْ وَعَدُوٌّ لَّهٗ ؕ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ۚ۬ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ ﴿۳۹﴾

جس کی وجہ سے وہ (لوگ) میری بات کو سمجھ سکیں ① ﴿۲۸﴾ اور میرے خاندان کے ایک آدمی کو میری مدد کرنے کے لیے مقرر کر دیجیے ﴿۲۹﴾ (یعنی) ہارون کو جو میرا بھائی ہے ﴿۳۰﴾ (اور) ان (ہارون علیہ السلام) کے ذریعے میری طاقت کو مضبوط کر دیجیے ② ﴿۳۱﴾ اور ان (ہارون) کو میرے کام میں شریک بنا دیجیے ﴿۳۲﴾ تا کہ ہم (دونوں مل کر) آپ کی زیادہ تسبیح کریں ﴿۳۳﴾ اور ہم آپ کا ذکر زیادہ کریں ③ ﴿۳۴﴾ یقیناً آپ ہماری حالت کو اچھی طرح دیکھ رہے ہیں ﴿۳۵﴾ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: موسیٰ! پکی بات ہے جو کچھ تم نے مانگا وہ سب تم کو دے دیا گیا ﴿۳۶﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے تم پر ایک اور مرتبہ بھی احسان کیا تھا ﴿۳۷﴾ اس وقت کو یاد کرو (وہ احسان یہ ہے کہ) جب ہم نے تمھاری اماں کو (الہام کے ذریعے) حکم بھیجا جو ہم آگے سنا رہے ہیں ﴿۳۸﴾ (وہ حکم یہ تھا) کہ اس (بچے موسیٰ) کو صندوق میں رکھ دو، پھر اس (صندوق) کو دریا میں ڈال دو، پھر دریا اس (صندوق) کو کنارے پر لا کر ڈال دے گا ④ جس کے نتیجے میں اس (موسیٰ) کو ایک ایسا آدمی (یعنی فرعون) اٹھائے گا جو میرا بھی دشمن ہے اور اس (موسیٰ) کا بھی دشمن ہے اور (اے موسیٰ!) میں نے تم پر اپنی طرف سے محبت ڈال دی ⑤ اور (یہ سب کام اس لیے کیے) تا کہ تم میری نظروں کے سامنے پرورش پاؤ ⑥ ﴿۳۹﴾

---

① مخاطب سمجھ جائے یہ کلام کرنے کا مقصد ہوتا ہے۔ ② ایک بھائی نے دوسرے بھائی کے لیے شاندار بے مثال دعا مانگی۔

③ جمع کے صیغے سے معلوم ہوا کہ اجتماعی ذکر کے خاص فوائد ہیں۔ اور اچھا ماحول اور اچھے رفقا خود ذکر کے داعی بنتے ہیں۔

④ (دوسرا ترجمہ) (اے دریا!) اس صندوق کو کنارے پر لا کر ڈال دے۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) محبوبیت ڈال دی۔ ⑥ اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں پرورش پانے لگے۔

إِذْ تَمْشِيْٓ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ يَّكْفُلُهٗ ؕ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰٓى اُمِّكَ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ ؕ وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا ۬ؕ فَلَبِثْتَ سِنِيْنَ فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ ۙ ثُمَّ جِئْتَ عَلٰى قَدَرٍ يّٰمُوْسٰى ﴿۴۰﴾ وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِيْ ﴿۴۱﴾ اِذْهَبْ اَنْتَ وَاَخُوْكَ بِاٰيٰتِيْ وَلَا تَنِيَا فِيْ ذِكْرِيْ ﴿۴۲﴾ اِذْهَبَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿۴۳﴾ فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهٗ يَتَذَكَّرُ اَوْ يَخْشٰى ﴿۴۴﴾ قَالَا رَبَّنَآ اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيْنَآ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى ﴿۴۵﴾

(اس وقت کو یاد کرو) جب تمھاری بہن (گھر سے) چلتی ہوئی آئی اور (فرعون کے ملازموں سے) کہنے لگی: کیا میں تم کو اس (عورت) کا پتہ بتاؤں جو اس بچے کی پرورش کرے؟ پھر (اس طرح) ہم نے تم کو تمھاری ماں کے پاس واپس لوٹا دیا؛ تا کہ اس (تمھاری ماں) کی آنکھ ٹھنڈی رہے اور وہ غمگین نہ ہو اور تم نے (غلطی سے) ایک (فرعونی) آدمی کو مار ڈالا تھا، پھر ہم نے تم کو اس غم (پریشانی) سے نجات دی اور ہم نے تمھارے بہت سارے امتحانات لیے ① پھر تم کئی سال مدین والوں میں رہے، پھر تم اے موسیٰ! مقدر سے (یعنی تقدیر کے فیصلے کے مطابق یہاں) آئے ② ﴿۴۰﴾ اور میں نے تم کو خاص اپنے (کام کے) لیے بنایا ہے ③ ﴿۴۱﴾ (موسیٰ!) تم اور تمھارا بھائی میری نشانیوں کو لے کر (توحید کی دعوت دینے کے لیے) جاؤ، اور میرا ذکر کرنے میں تم سستی مت کرنا ④ ﴿۴۲﴾ تم دونوں فرعون کے پاس جاؤ، یقیناً وہ حد سے بہت آگے نکل گیا ہے ⑤ ﴿۴۳﴾ پھر تم دونوں اس (فرعون) کو نرم بات کہو؛ شاید کہ وہ (فرعون) نصیحت قبول کرے یا (اللہ تعالیٰ کے عذاب سے) ڈر جائے ﴿۴۴﴾ دونوں (بھائیوں) نے عرض کیا: اے ہمارے رب! ہم اس بات سے ڈرتے ہیں کہ کہیں وہ (فرعون) ہم پر زیادتی نہ کرے یا زیادہ سرکشی نہ کرنے لگے ⑥ ﴿۴۵﴾

---

① امتحان ترقی کا ذریعہ ہے اس لیے محل نصیحت میں بیان ہوا۔ ② (دوسرا ترجمہ) پھر تم ایک خاص وقت پر (جو نبوت دینے کے لیے طے تھا) یہاں (طور سینا پر) آئے۔ ③ (دوسرا ترجمہ) میں تم کو (اپنا نبی بنانے کے لیے) منتخب کیا۔

④ دین کی دعوت کے لیے روانگی کے وقت اہم ترین ادب بتایا گیا: ذکر کی پابندی جو دینی کام میں قوت پیدا کرنے کا ذریعہ ہے۔ ⑤ (دوسرا ترجمہ) یقیناً وہ دادا گری کر رہا ہے (تیسرا) اس نے بہت سر اٹھایا ہے۔

⑥ (دوسرا ترجمہ) یا شرارت کرنے لگے (تیسرا) یا جوش میں آجائے۔

قَالَ لَا تَخَافَآ اِنَّنِيْ مَعَكُمَآ اَسْمَعُ وَاَرٰى ۞ فَاْتِيٰهُ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّكَ فَاَرْسِلْ مَعَنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ وَلَا تُعَذِّبْهُمْ ۭ قَدْ جِئْنٰكَ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ ۭ وَالسَّلٰمُ عَلٰي مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى ۞ اِنَّا قَدْ اُوْحِيَ اِلَيْنَآ اَنَّ الْعَذَابَ عَلٰي مَنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۞ قَالَ فَمَنْ رَّبُّكُمَا يٰمُوْسٰى ۞ قَالَ رَبُّنَا الَّذِيْٓ اَعْطٰي كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰى ۞ قَالَ فَمَا بَالُ الْقُرُوْنِ الْاُوْلٰى ۞ قَالَ عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ فِيْ كِتٰبٍ ۚ لَا يَضِلُّ رَبِّيْ وَلَا يَنْسَى ۞

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تم دونوں نہ ڈرو، یقیناً میں تمہارے ساتھ ہوں ① میں (سب کچھ) سن بھی رہا ہوں اور (ہر چیز) دیکھ بھی رہا ہوں ﴿۴۶﴾ تو اب تم دونوں اس (فرعون) کے پاس جاؤ، اور تم دونوں (اس فرعون کو) کہو: ہم تو تیرے رب کے رسول (بھیجے ہوئے) ہیں، سو تو ہمارے ساتھ بنی اسرائیل کو بھیج دے ② اور ان کو (کسی طرح کی) تکلیف مت پہنچا (اور) ہم تو تیرے پاس تیرے رب کی نشانی لے کر آئے ہیں اور اس آدمی کے لیے سلامتی ہے جو ہدایت (یعنی صحیح راستے) کی اتباع کرے ﴿۴۷﴾ یقینی بات یہ ہے ہم پر یہ وحی آئی ہے کہ (ہر قسم کا) عذاب اسی شخص کو ہوگا جو (سچے دین کو) جھٹلاوے اور منہ پھیر لیوے ﴿۴۸﴾ (دونوں کی سب باتیں سن کر) فرعون نے کہا: اے موسیٰ! تم دونوں کا رب کون ہے؟ ﴿۴۹﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: ہمارا رب وہ ہے جس نے ہر چیز کو (اس کے مناسب) اس کی صورت عطا فرمائی، پھر (اس کی) رہنمائی بھی فرمائی ③ ﴿۵۰﴾ فرعون نے کہا: تو ان (نبیوں کو جھٹلانے والی) قوموں کا کیا حال ہوا جو پہلے گذر گئیں؟ ﴿۵۱﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: ان کی خبر تو میرے رب کے پاس ایک کتاب (یعنی لوحِ محفوظ) میں ہے، میرے رب غلطی بھی نہیں کرتے ہیں اور بھولتے بھی نہیں ہیں ④ ﴿۵۲﴾

① دین کی دعوت لے کر چلنے والے کو اللہ تعالیٰ کی معیت حاصل ہوتی ہے۔

② اپنی امت کو دنیوی تکالیف سے نجات دلانا یہ بھی نبیوں کا کام ہے۔

③ ہر مخلوق کو کس کام کے لیے پیدا کیا، اس کو کیا کرنا ہے، اس کو کیسے زندگی گذارنی ہے کیسے ڈیوٹی بجالانی ہے اس کی رہنمائی خود اللہ تعالیٰ نے فرمائی اس کو ہدایت تکوینی کہتے ہیں۔

④ کرنا کچھ چاہے اور کچھ دوسرا ہو جاوے ایسی غلطی اللہ تعالیٰ کے یہاں نہیں ہے۔ میرے رب کسی چیز سے غافل نہیں۔

الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّسَلَكَ لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجْنَا بِهٖۤ اَزْوَاجًا مِّنْ نَّبَاتٍ شَتّٰى ۝ كُلُوْا وَارْعَوْا اَنْعَامَكُمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي النُّهٰى ۝

مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى ۝ وَلَقَدْ اَرَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ وَاَبٰى ۝ قَالَ اَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا مِنْ اَرْضِنَا بِسِحْرِكَ يٰمُوْسٰى ۝ فَلَنَاْتِيَنَّكَ بِسِحْرٍ مِّثْلِهٖ فَاجْعَلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ مَوْعِدًا لَّا نُخْلِفُهٗ نَحْنُ وَلَاۤ اَنْتَ مَكَانًا سُوًى ۝ قَالَ مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّيْنَةِ وَاَنْ يُّحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى ۝

وہ (اللہ تعالیٰ) جنھوں نے تمھارے لیے زمین کو بچھونا بنایا اور اس (زمین) میں تمھارے لیے راستے بنائے اور آسمان سے پانی اتارا، سو ہم نے اس (پانی) کے ذریعے سے مختلف قسم کی نباتات (یعنی سبزیاں) نکالیں ﴿۵۳﴾ تم خود بھی کھاؤ اور اپنے جانوروں کو بھی چراؤ، یقیناً ان سب باتوں میں عقل والوں کے لیے بڑی نشانیاں ہیں ﴿۵۴﴾

اسی (زمین) میں سے ہم نے تم کو (ابتدا میں) پیدا کیا، اور اسی (زمین) میں ہم تم کو (موت کے بعد) واپس لوٹا دیں گے اور اسی (زمین) سے ہم تم سب کو (قیامت میں) پھر دوبارہ نکالیں گے ﴿۵۵﴾ اور حقیقت میں ہم نے اس (فرعون) کو اپنی سب نشانیاں (جو اس وقت تک موسیٰ علیہ السلام کو دی گئی تھیں) دکھا دیں، سو وہ (فرعون) تو جھٹلاتا ہی رہا اور انکار ہی کرتا رہا ﴿۵۶﴾ فرعون نے کہا: اے موسیٰ! تو کیا ہمارے پاس اس لیے آیا ہے کہ تو اپنے جادو کے زور سے ہم کو ہمارے ملک سے باہر نکال دے ﴿۵۷﴾ تو اچھا اب ہم (بھی) تیرے مقابلے میں ایسا ہی جادو لائیں گے، اب تم کسی کھلے میدان میں ہمارے اور تمھارے درمیان مقابلے کا ایسا وعدہ طے کر لو جس کی خلاف ورزی نہ ہم کریں نہ تم کرو ﴿۵۸﴾ موسیٰ نے کہا: تمھارے (ساتھ مقابلے کے) وعدہ کا دن وہی ہے جس دن میں جشن ① منایا جاتا ہے اور یہ کہ چاشت (یعنی دن چڑھنے) کے وقت لوگ جمع کر لیے جائیں گے ﴿۵۹﴾

① کوئی دن تھا جب فرعونی لوگوں کا بڑا میلہ ہوتا تھا جس میں وہ اچھے کپڑے پہنا کرتے تھے۔

فَتَوَلّٰى فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهٗ ثُمَّ اَتٰى ۝ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰى وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا فَيُسْحِتَكُمْ بِعَذَابٍ ۚ وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرٰى ۝ فَتَنَازَعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ وَاَسَرُّوا النَّجْوٰى ۝ قَالُوْٓا اِنْ هٰذٰنِ لَسٰحِرٰنِ يُرِيْدٰنِ اَنْ يُّخْرِجٰكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا بِطَرِيْقَتِكُمُ الْمُثْلٰى ۝ فَاَجْمِعُوْا كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا ۚ

اس پر وہ (فرعون دربار سے اٹھ کر اپنی جگہ سے) چلا گیا، سو اس نے اپنی مکاری کے سارے داؤ جمع کیے، پھر وہ (مقابلے کے لیے) آیا ﴿٦٠﴾ (اس مقابلہ کے وقت) موسیٰ (علیہ السلام) نے ان (جادوگروں) سے کہا①: افسوس تم پر! اللہ تعالیٰ پر (کفر کر کے) جھوٹ مت بولو②، ورنہ وہ (اللہ تعالیٰ) تم کو کسی (سخت) عذاب سے بالکل تباہ و برباد کر دیں گے اور جو کوئی بھی (اللہ تعالیٰ پر) بہتان باندھے تو وہ (اپنے مقصد میں) ناکام رہتا ہے ﴿٦١﴾ سو (موسیٰ علیہ السلام کی اس بات پر) وہ (جادوگر لوگ) آپس میں اپنے کام کے بارے میں اختلاف کرنے لگے③ اور انھوں نے چپکے چپکے مشورہ کیا ﴿٦٢﴾ وہ (مصر کے فرعونی لوگ) کہنے لگے: یقینی طور پر بات یہ ہے کہ یہ (موسیٰ اور ہارون) دونوں جادوگر ہیں، وہ اپنے جادو کے زور سے تم کو تمھارے ملک سے نکال دینا چاہتے ہیں اور تمھارے سب سے اچھے (مصری فرعونی) دین کو ختم کر ڈالنا چاہتے ہیں④ ﴿٦٣﴾ سو تم سب (جادوگر) مل کر اپنی ساری تدبیر پکی کر لو⑤ پھر صفیں باندھ کر کے (مقابلے کے لیے) تم آؤ،

---

① عین مقابلے کے وقت حضرت موسیٰ علیہ السلام نے توحید کی دعوت دی، یہ ہے داعیِ حق کا حال ہر مناسب موقع پر ہر حال میں پہلا کام دعوت کا کرنا ہے یہاں مقابلے کے وقت تیار مجمع مل گیا تو دعوت دینا شروع کر دی۔

② (دوسرا ترجمہ) بہتان مت باندھو۔ سب سے بڑا بہتان کفر کرنا ہے۔

③ اخلاص سے دی ہوئی دعوت کا اثر ہوتا ہے، حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعوت کی برکت سے سچائی کا ان کو احساس ہوا اور مقابلہ کرنا یا نہ کرنا اس بارے میں اختلاف ہو گیا۔

④ قوم کے سرداروں کو بھی طریقہ کہتے ہیں مصریوں کی باعزت قیادت اور سرداری کا خاتمہ کرنا چاہتے ہیں۔

⑤ یہ ہے قدیم زمانے سے چلی آئی گندی سیاست کہ ایسے موقع پر علاقائی، وطنی، مذہبی تعصبات کے نعرے لگا کر لوگوں کو مشتعل کر کے اپنا ہم نوا بنایا جائے۔⑥ آیت کا مطلب: ایک رائے پر متفق ہو جاؤ، یا خوب مضبوط ہو کر نکلو، صف بنانے کے لیے نکلو؛ چوں کہ اس سے رعب پڑتا ہے۔

وَقَدْ أَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلَىٰ ۝ قَالُوا يَا مُوسَىٰ إِمَّا أَن تُلْقِيَ وَإِمَّا أَن نَّكُونَ أَوَّلَ مَنْ
أَلْقَىٰ ۝ قَالَ بَلْ أَلْقُوا ۖ فَإِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ إِلَيْهِ مِن سِحْرِهِمْ أَنَّهَا تَسْعَىٰ ۝
فَأَوْجَسَ فِي نَفْسِهِ خِيفَةً مُّوسَىٰ ۝ قُلْنَا لَا تَخَفْ إِنَّكَ أَنتَ الْأَعْلَىٰ ۝ وَأَلْقِ مَا فِي يَمِينِكَ
تَلْقَفْ مَا صَنَعُوا ۖ إِنَّمَا صَنَعُوا كَيْدُ سَاحِرٍ ۖ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ أَتَىٰ ۝ فَأُلْقِيَ
السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوا آمَنَّا بِرَبِّ هَارُونَ وَمُوسَىٰ ۝

اور یقین رکھو آج جو غالب آئے گا وہی کامیاب ہوگا ﴿٦٤﴾ جادوگروں نے (مقابلے میں آکر) کہا: اے موسیٰ! یا تو آپ (اپنی لاٹھی پہلے) ڈالیں یا ہم پہلے ڈالنے والے ہوں① ﴿٦٥﴾ موسیٰ علیہ السلام نے کہا: نہیں تم ہی پہلے ڈالو، پھر اچانک ان (جادوگروں) کی رسیاں اور لاٹھیاں (نظر بندی کی وجہ سے) ان کے جادو کے نتیجے میں اس (موسیٰ علیہ السلام) کے خیال میں ایسی محسوس ہونے لگیں کہ وہ تو دوڑ رہی ہیں ﴿٦٦﴾ یہ دیکھ کر موسیٰ (علیہ السلام) کو اپنے دل میں تھوڑا سا ڈر محسوس ہوا② ﴿٦٧﴾ ہم نے کہا کہ: (اے موسیٰ!) تم ڈرو نہیں، یقین رکھو کہ تم ہی غالب آؤ گے ﴿٦٨﴾ اور جو (لاٹھی) تمھارے داہنے ہاتھ میں ہے اس کو (میدان میں) ڈال دو③ وہ ان (جادوگروں) کی بنائی ہوئی تمام چیزوں کو نگل جائے گی جو کچھ انھوں نے بنایا ہے وہ تو صرف ایک جادوگر کا فریب ہی ہے اور جادوگر کہیں بھی چلا جائے اس کو فلاح نہیں ملتی④ ﴿٦٩﴾ پھر⑤ تمام جادوگر سجدے میں گرا دیے گئے، وہ (جادوگر زور سے) کہنے لگے: ہم ہارون اور موسیٰ (علیہما السلام) کے رب پر ایمان لے آئے ﴿٧٠﴾

---

① یہ جادوگروں کی طرف سے ادب کا اظہار ہے، ہوسکتا ہے کہ نبی کے ساتھ اس طرح کے ادب کے برتاؤ نے ان کو ایمان کی سعادت سے مالامال کیا ہو۔ ② لوگ معجزہ اور جادو میں کیسے فرق کرسکیں گے اس بات کا ڈر رہا۔

③ میدان میں دوڑتے ہوئے سانپوں سے بچاؤ کا ایک ہی ذریعہ عصا تھا، اس کو بھی چھوڑنے کا حکم ہوا اور موسیٰ علیہ السلام نے اس کو پورا کیا تو اس پر اللہ تعالیٰ کی مدد آئی۔ نتیجہ نکلا کہ حالات کے ظاہری تقاضوں کے خلاف اللہ کے حکم پر عمل کرو اللہ تعالیٰ کی مدد ضرور آوے گی ④ اس کا بھلا نہیں ہوتا۔

⑤ موسیٰ علیہ السلام نے لاٹھی پھینک دی اور وہ لاٹھی اژدہا بن گئی اور اس اژدہے نے جادوگروں کی تمام چیزوں کو نگل لیا اس منظر کا ایسا اثر ہوا کہ۔

قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ؕ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ وَّلَاُصَلِّبَنَّكُمْ فِيْ جُذُوْعِ النَّخْلِ ؗ وَلَتَعْلَمُنَّ اَيُّنَاۤ اَشَدُّ عَذَابًا وَّاَبْقٰى ﴿٧١﴾ قَالُوْا لَنْ نُّؤْثِرَكَ عَلٰى مَا جَآءَنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالَّذِيْ فَطَرَنَا فَاقْضِ مَاۤ اَنْتَ قَاضٍ ؕ اِنَّمَا تَقْضِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿٧٢﴾ اِنَّاۤ اٰمَنَّا بِرَبِّنَا لِيَغْفِرَ لَنَا خَطٰيٰنَا وَمَاۤ اَكْرَهْتَنَا عَلَيْهِ مِنَ السِّحْرِ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿٧٣﴾ اِنَّهٗ مَنْ يَّاْتِ رَبَّهٗ مُجْرِمًا فَاِنَّ لَهٗ جَهَنَّمَ ؕ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ﴿٧٤﴾

(یہ دیکھ کر) اس (فرعون) نے کہا: تم (جادوگروں) کو میں اجازت دوں اس سے پہلے ہی اس (موسیٰ) پر ایمان لے آئے، (اب) مجھے یقین ہو گیا کہ وہ (موسیٰ) تم سب کا بڑا (سردار) ہے، جس نے تم سب کو جادو سکھایا سو (میں نے پکا ارادہ کرلیا کہ) میں تمہارے ایک طرف کے ہاتھ اور دوسری طرف کے پاؤں کٹواؤں گا اور تم سب کو کھجور کے تنوں میں سولی پر چڑھاؤں گا① اور (اب) تم کو برابر پتہ چل جائے گا کہ ہم میں (یعنی مجھ میں اور موسیٰ کے رب میں) کس کا عذاب زیادہ سخت ہے اور دیر تک باقی رہنے والا ہے ﴿٧١﴾ ان (نومسلم) جادوگروں نے کہا: جس (اللہ تعالیٰ) نے ہم کو پیدا کیا اس کی قسم! ہمارے سامنے جو صاف صاف نشانیاں② آچکیں اس کے مقابلے میں (اب) ہم تجھ کو ہرگز ترجیح نہیں دے سکتے③ اب تجھے جو کرنا ہو کر ڈال، تو صرف اسی دنیا کی زندگی میں حکم چلا سکتا ہے④ ﴿٧٢﴾ یقیناً ہم ہمارے رب پر ایمان لائے؛ تاکہ وہ (اللہ تعالیٰ) ہمارے گناہوں کو معاف کردے اور جو جادو تو نے ہم سے زبردستی کروایا (اللہ) اس کو بھی (معاف کر دیوے) اور اللہ ہی سب سے اچھے ہیں اور ہمیشہ باقی رہنے والے ہیں ﴿٧٣﴾ حقیقت میں جو شخص اپنے رب کے پاس مجرم ہو کر آئے گا تو اس (مجرم) کے لیے جہنم ہے، وہ (مجرم) اس میں نہ مرے گا نہ زندہ رہے گا⑤ ﴿٧٤﴾

---

① اونچی جگہ سے بھاگ بھی نہ سکے اور دوسروں کو نظر بھی آوے تو عبرت ہو۔ ② اللہ تعالیٰ کے ایک ہونے کی اور موسیٰ کی نبوت کی۔ ③ تجھ کو ہرگز زیادہ (بڑھا ہوا) نہیں سمجھیں گے۔ ④ دنیا کی زندگی میں ہی کچھ سزا دے سکتا ہے دوسرا تو کیا کر سکتا ہے؟ ابھی ایمان لانے والے نبی کی چند لمحات صحبت کی برکت سے کیسا مضبوط ایمان ہو گیا کہ جان دینے کے لیے تیار ہے ایمان چھوڑنے تیار نہیں۔ ⑤ اس تکلیف سے جینا موت سے بدتر ہوگا اس لیے وہ جینا زندگی کہلانے کے قابل نہ ہوگا۔

وَمَنْ يَّاْتِهٖ مُؤْمِنًا قَدْ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ الْعُلٰى ۙ﴿۷۵﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزٰۗؤُا مَنْ تَزَكّٰى ﴿۷۶﴾

وَلَقَدْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى ڏ اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْ فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا ۙ لَّا تَخٰفُ دَرَكًا وَّلَا تَخْشٰى ﴿۷۷﴾ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ بِجُنُوْدِهٖ فَغَشِيَهُمْ مِّنَ الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ ۭ﴿۷۸﴾ وَاَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهٗ وَمَا هَدٰى ﴿۷۹﴾ يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ قَدْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ عَدُوِّكُمْ وَوٰعَدْنٰكُمْ جَانِبَ الطُّوْرِ الْاَيْمَنَ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ﴿۸۰﴾ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَلَا تَطْغَوْا فِيْهِ فَيَحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبِيْ ۚ وَمَنْ يَّحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِيْ فَقَدْ هَوٰى ﴿۸۱﴾

اور جو شخص اس (رب) کے پاس ایمان کے ساتھ آیا، اس نے نیک اعمال بھی کر رکھے ہیں تو ان کے لیے بڑے اونچے درجات ہوں گے ﴿۷۵﴾ ہمیشہ رہنے کے باغات ہیں، اس کے نیچے سے نہریں چلتی ہوں گی جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور یہ اس آدمی کا بدلہ ہے جو (کفر سے) پاک رہا① ﴿۷۶﴾

اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے (وحی کے ذریعے) موسیٰ (علیہ السلام) کو حکم بھیجا یہ کہ تم میرے بندوں کو لے کر راتوں رات روانہ ہو جاؤ، سو (لاٹھی مار کر) تم ان کے لیے سمندر میں سوکھے راستے بنا دینا کہ نہ تم کو (دشمن کے) آ کر پکڑنے کا خطرہ ہو اور (ڈوبنے کا) ڈر (بھی) نہ ہو ﴿۷۷﴾ سو فرعون نے اپنے لشکروں کو لے کر ان (بنی اسرائیل) کا پیچھا کیا، پھر دریا نے ان (فرعونیوں) کو جیسا (خوفناک طریقے سے) ڈھانکنا تھا ویسا ڈھانک ہی لیا② ﴿۷۸﴾ اور فرعون نے اپنی قوم کو گمراہ کر دیا اور (ان کو) صحیح راستہ نہیں دکھایا ﴿۷۹﴾ اے بنی اسرائیل! پکی بات یہ ہے کہ ہم نے تم کو تمھارے دشمن سے نجات دے دی اور طور پہاڑ کی داہنی جانب آنے کا تم سے وعدہ طے کر لیا③ اور ہم نے تم پر من اور سلویٰ اتارا ﴿۸۰﴾ جو پاکیزہ روزی ہم نے تم کو دی ہے اس میں سے تم کھاؤ اور اس (روزی) میں تم شرعی حد سے آگے مت نکلو④ ورنہ میرا غضب تم پر اترے گا اور جس پر میرا غضب اترا سو وہ تو ہلاکت میں گر کر ہی رہتا ہے ﴿۸۱﴾

---

① ”تزکیہ“ پر اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے۔ ② یعنی پانی کی موجوں نے ڈھانک کر غرق کر دیا۔ ③ یعنی تمھارے نبی حضرت موسیٰ علیہ السلام سے تمھارے فائدے کے لیے وعدہ طے کیا، وہاں بلا کر تورات کتاب دینی تھی۔ ④ (دوسرا ترجمہ) اور تم زیادتی مت کرو۔ (حرام طریقے سے روزی حاصل مت کرو اور خدا تعالیٰ کی دی ہوئی روزی کھا کر گناہ مت کرو)۔

وَإِنِّي لَغَفَّارٌ لِّمَن تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدَىٰ ﴿٨٢﴾ وَمَا أَعْجَلَكَ عَن قَوْمِكَ يَا مُوسَىٰ ﴿٨٣﴾ قَالَ هُمْ أُولَاءِ عَلَىٰ أَثَرِي وَعَجِلْتُ إِلَيْكَ رَبِّ لِتَرْضَىٰ ﴿٨٤﴾ قَالَ فَإِنَّا قَدْ فَتَنَّا قَوْمَكَ مِن بَعْدِكَ وَأَضَلَّهُمُ السَّامِرِيُّ ﴿٨٥﴾ فَرَجَعَ مُوسَىٰ إِلَىٰ قَوْمِهِ غَضْبَانَ أَسِفًا ۚ قَالَ يَا قَوْمِ أَلَمْ يَعِدْكُمْ رَبُّكُمْ وَعْدًا حَسَنًا ۚ أَفَطَالَ عَلَيْكُمُ الْعَهْدُ أَمْ أَرَدتُّمْ أَن يَحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبٌ مِّن رَّبِّكُمْ فَأَخْلَفْتُم مَّوْعِدِي ﴿٨٦﴾

اور یہ حقیقت ہے کہ جس (آدمی) نے توبہ کی اور ایمان لایا اور نیک کام کیے پھر سیدھے راستے پر قائم رہا تو میں اس کو بہت ہی بخشنے والا ہوں ﴿۸۲﴾ اور اے موسیٰ! اپنی قوم سے پہلے ہی (کس سبب سے) تم جلدی آ گئے؟ ﴿۸۳﴾ موسیٰ علیہ السلام نے کہا: وہ سب میرے پیچھے پیچھے ہی آ رہے ہیں اور میں تو آپ کے پاس اس لیے جلدی آ گیا تاکہ اے میرے رب! آپ (زیادہ) خوش ہو جائیں ﴿۸۴﴾ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ پھر ہم نے تمھارے آنے کے بعد تمھاری قوم کو ایک فتنے میں مبتلا کیا ہے اور ان کو سامری نے گمراہ کر دیا ﴿۸۵﴾ سو موسیٰ (علیہ السلام) غصے اور رنج میں بھرے ہوئے اپنی قوم کے پاس واپس لوٹے موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: اے میری قوم! کیا تم سے تمھارے رب نے ایک اچھا وعدہ نہیں کیا تھا؟① تو کیا تم پر کوئی لمبی مدت گزر گئی تھی؟② یا تم یہ چاہتے تھے کہ تمھارے رب کا تم پر غضب اترے اس لیے تم نے مجھ سے جو وعدہ کیا تھا اس کے خلاف کیا③ ﴿۸۶﴾

---

① اچھے وعدے سے مراد ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک جامع کتاب دی جائے گی جس پر عمل کر کے وہ دنیا و آخرت میں کامیاب ہوں گے، یا اللہ تعالیٰ کے نبی حضرت موسیٰ علیہ السلام کی اتباع کی برکت سے دنیا و آخرت میں کامیابی ملے گی۔

② یعنی حضرت موسیٰ علیہ السلام کوئی لمبے زمانے سے طور پہاڑ پر گئے نہیں تھے، بس ابھی چند روز پہلے ہی تو گئے اور وہاں قیام بھی مختصر وقت کے لیے تھا، پھر بھی تم نے بچھڑے کو معبود بنا ڈالا۔ نوٹ: اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں سے جب کوئی قوم لمبے عرصے تک دور رہتی ہے تو رحمتوں اور برکتوں سے محروم ہو کر کسی دینی فتنے میں مبتلا ہو جانے کا قوی اندیشہ رہتا ہے۔

③ موسیٰ علیہ السلام جب طور پر تشریف لے گئے تو قوم نے وعدہ کیا تھا کہ آپ کے واپس آنے تک کوئی نیا کام نہیں کریں گے اور آپ کے نائب ہارون علیہ السلام کی اتباع کرتے رہیں گے اس وعدے کو انھوں نے پورا نہیں کیا، ہارون علیہ السلام کے سمجھانے کے باوجود بات نہیں مانی اور بچھڑے کی عبادت میں لگ گئے۔ سامری والے فتنہ کے دور میں بنی اسرائیل کی تین جماعت بن گئی: (۱) توحید پر قائم رہنے والے (۲) بچھڑے کی پرستش کرنے والے لیکن ان کا یہ کہنا تھا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام منع فرماوینگے تو ہم چھوڑ دینگے (۳) موسیٰ علیہ السلام منع فرماوے تو بھی بت پرستی نہ چھوڑنے کا عزم کرنے والے۔

قَالُوْا مَآ اَخْلَفْنَا مَوْعِدَكَ بِمَلْكِنَا وَلٰكِنَّا حُمِّلْنَآ اَوْزَارًا مِّنْ زِيْنَةِ الْقَوْمِ فَقَذَفْنٰهَا فَكَذٰلِكَ اَلْقَى السَّامِرِيُّ ﴿٨٧﴾ فَاَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ فَقَالُوْا هٰذَآ اِلٰهُكُمْ وَاِلٰهُ مُوْسٰى فَنَسِيَ ﴿٨٨﴾ اَفَلَا يَرَوْنَ اَلَّا يَرْجِعُ اِلَيْهِمْ قَوْلًا وَّلَا يَمْلِكُ لَهُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ﴿٨٩﴾ وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ هٰرُوْنُ مِنْ قَبْلُ يٰقَوْمِ اِنَّمَا فُتِنْتُمْ بِهٖ وَاِنَّ رَبَّكُمُ الرَّحْمٰنُ فَاتَّبِعُوْنِيْ وَاَطِيْعُوْٓا اَمْرِيْ ﴿٩٠﴾ قَالُوْا لَنْ نَّبْرَحَ عَلَيْهِ عٰكِفِيْنَ حَتّٰى يَرْجِعَ اِلَيْنَا مُوْسٰى ﴿٩١﴾

قوم کے لوگوں نے کہا: ہم نے اپنے اختیار سے آپ کے وعدے کی خلاف ورزی نہیں کی؛ بلکہ ہوا یہ کہ (قبطی) قوم کے زیورات کا بھاری بوجھ ہم پر لدا ہوا تھا، سو ہم نے ان (زیورات) کو ڈال دیا، پھر اسی طرح سامری نے (اس کے پاس جو کچھ تھا آگ میں) ڈال دیا ﴿٨٧﴾ سو اس (سامری) نے ان (لوگوں) کے سامنے ایک بچھڑا (زیور میں سے بنا کر) نکالا جو صرف ایک جسم تھا جس میں سے (بچھڑے جیسی) ایک آواز نکلتی تھی (یہ منظر دیکھ کر سامری کی بات ماننے والے یعنی بچھڑے کی پوجا کرنے والے) لوگ کہنے لگے: یہ تمھارا معبود ہے اور موسیٰ کا معبود ہے، سو وہ (موسیٰ) بھول گئے ① ﴿٨٨﴾ کیا وہ (گمراہ لوگ) اتنا بھی نہیں دیکھ رہے تھے کہ وہ (بچھڑا) ان کی کسی بات کا جواب نہیں دیتا تھا اور ان کے کسی نقصان کا اختیار نہیں رکھتا تھا اور نفع کا (اختیار) بھی نہیں (رکھتا تھا) ② ﴿٨٩﴾

اور پکی بات یہ ہے کہ ہارون (علیہ السلام) نے پہلے ہی سے ③ ان (بنی اسرائیل) کو کہہ دیا تھا کہ: اے میری قوم! تم اس (بچھڑے) کی وجہ سے فتنے (یعنی گمراہی) میں پڑ گئے ہو اور حقیقت میں تمھارا رب تو رحمٰن ہے، سو تم میری بات مانو اور میرے کہنے پر چلو ﴿٩٠﴾ وہ (بنو اسرائیل) کہنے لگے: جب تک موسیٰ واپس لوٹ کر ہمارے پاس نہ آ دیں ہم تو اس (بچھڑے) کی عبادت میں برابر لگے رہیں گے ﴿٩١﴾

---

① اور طور پر خدا کی تلاش میں چلے گئے۔
② یعنی ان کو کوئی نقصان اور نفع نہیں پہنچا سکتا تھا۔
③ یعنی موسیٰ علیہ السلام کے لوٹ کر آنے سے پہلے۔

قَالَ يٰهٰرُوْنُ مَا مَنَعَكَ اِذْ رَاَيْتَهُمْ ضَلُّوْۤا ۟ۙ اَلَّا تَتَّبِعَنِ ؕ اَفَعَصَيْتَ اَمْرِيْ ۝ قَالَ يَبْنَؤُمَّ لَا تَاْخُذْ بِلِحْيَتِيْ وَلَا بِرَاْسِيْ ۚ اِنِّيْ خَشِيْتُ اَنْ تَقُوْلَ فَرَّقْتَ بَيْنَ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ وَلَمْ تَرْقُبْ قَوْلِيْ ۝ قَالَ فَمَا خَطْبُكَ يٰسَامِرِيُّ ۝ قَالَ بَصُرْتُ بِمَا لَمْ يَبْصُرُوْا بِهٖ فَقَبَضْتُ قَبْضَةً مِّنْ اَثَرِ الرَّسُوْلِ فَنَبَذْتُهَا وَكَذٰلِكَ سَوَّلَتْ لِيْ نَفْسِيْ ۝

موسیٰ (علیہ السلام) نے (طور سے واپس آنے کے بعد) کہا: اے ہارون! جب تم نے ان کو دیکھا کہ وہ (بنی اسرائیل) گمراہ ہو گئے ہیں تو تم کو میری اتباع کرنے سے کس بات نے روکا؟① ﴿۹۲﴾ بھلا کیا تم نے میرے حکم کی خلاف ورزی کی؟ ﴿۹۳﴾ ہارون علیہ السلام نے کہا: اے میری ماں کے بیٹے! تو میری داڑھی اور میرا سر مت پکڑ، حقیقت میں میں اس بات سے ڈرا کہ تم یوں کہو گے کہ تم نے بنی اسرائیل کے درمیان پھوٹ ڈال دی اور میری بات کا لحاظ نہیں کیا② ﴿۹۴﴾ (بھائی ہارون کی طرف سے فارغ ہو کر) موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: اے سامری! تجھے کیا ہوا تھا؟③ ﴿۹۵﴾ سامری نے کہا: میں نے ایک ایسی چیز دیکھ لی تھی جس کو ان دوسروں نے نہیں دیکھا تھا④ تو میں نے رسول (یعنی فرشتے) کے نشانِ قدم سے ایک (خاک کی) مٹھی اٹھا لی تھی⑤ اور میں نے اس کو ڈال دیا، اور (اس وقت) میرے دل نے ایسی ہی بات مجھے سمجھائی تھی ﴿۹۶﴾

---

① یعنی میرے پاس طور پر چلے آتے یا ان بچھڑے کی عبادت کرنے والوں سے جنگ کرتے۔

② (دوسرا ترجمہ) میری بات یاد نہیں رکھی۔ یعنی اگر طور پر آ جاتا تو میرے ساتھ موحدین بھی آ جاتے اور دو جماعت ہو جاتی اور مفسدین کو کھلا میدان مل جاتا۔

③ سامری: (۱) ملک شام میں سامرہ نام کا ایک مشہور قبیلہ تھا، اس کا یہ سردار تھا۔

(۲) فرعون کے خاندان کا قبطی آدمی تھا، حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پڑوس میں رہتا تھا، ظاہر میں ایمان لایا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ چلا۔

(۳) ہندوستان کا ہندو تھا۔

(۴) فارس کرمان کا رہنے والا تھا، گائے اور اس کی نسل کی پوجا کرنے والی ایک قوم کا فرد تھا اس کا نام موسیٰ بن ظفر تھا۔

④ (دوسرا ترجمہ) مجھے ایک ایسی چیز سوجھی تھی جو دوسرے کو نہیں سوجھی تھی۔ ⑤ (دوسرا ترجمہ) ایک مٹھی بھر لی تھی۔

قَالَ فَاذْهَبْ فَإِنَّ لَكَ فِي الْحَيٰوةِ أَنْ تَقُولَ لَا مِسَاسَ ۖ وَإِنَّ لَكَ مَوْعِدًا لَّنْ تُخْلَفَهٗ ۚ وَانْظُرْ إِلٰٓى إِلٰهِكَ الَّذِي ظَلْتَ عَلَيْهِ عَاكِفًا ۖ لَنُحَرِّقَنَّهٗ ثُمَّ لَنَنْسِفَنَّهٗ فِي الْيَمِّ نَسْفًا ۝ إِنَّمَآ إِلٰهُكُمُ اللّٰهُ الَّذِي لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ وَسِعَ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ۝ كَذٰلِكَ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنْۢبَآءِ مَا قَدْ سَبَقَ ۚ وَقَدْ اٰتَيْنٰكَ مِنْ لَّدُنَّا ذِكْرًا ۝ مَنْ أَعْرَضَ عَنْهُ فَإِنَّهٗ يَحْمِلُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وِزْرًا ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهِ ۖ وَسَآءَ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حِمْلًا ۝ يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ زُرْقًا ۝

موسیٰ علیہ السلام نے کہا: (یہاں سے) دور چلا جا، اب تیری سزا یہ ہے کہ تو لوگوں سے زندگی بھر یہ کہتا پھرے گا کہ "مجھے ہاتھ مت لگاؤ"① (اس کے علاوہ) اور تیرے لیے (اللہ تعالیٰ کے عذاب کا) ایک وعدہ مقرر ہے جس کا تجھ سے خلاف نہیں کیا جائے گا② اور تو اپنے اس (جھوٹے) معبود کو دیکھ جس (کی پوجا کرنے) پر تو جم کر بیٹھا ہے، ضرور ہم اس کو جلا ہی ڈالیں گے، پھر ہم اس کی راکھ بکھیر کر دریا میں بہا دیں گے ﴿۹۷﴾ حقیقت میں تمھارا معبود وہ اللہ ہے، جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، اس کے علم میں ہر چیز سما گئی ہے③ ﴿۹۸﴾ (جس طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ ہم نے سنایا) اسی طرح جو حالات پہلے گذر گئے ان میں سے کچھ واقعات ہم آپ کو سناتے ہیں اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے خاص اپنے پاس سے آپ کو نصیحت (کی کتاب قرآن) عطا کی ہے ﴿۹۹﴾ جو اس (نصیحت کی کتاب) سے منہ پھراتا ہے وہ قیامت کے دن بڑا بھاری بوجھ اٹھائے ہوئے ہوگا ﴿۱۰۰﴾ اس (بوجھ کے عذاب) میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور وہ بوجھ قیامت کے دن ان کے لیے بہت ہی برا ہوگا ﴿۱۰۱﴾ جس دن کہ صور پھونکا جائے گا اور ہم اس دن مجرموں کو اس حال میں جمع کریں گے کہ ان کی آنکھیں نیلی پڑی ہوں گی④ ﴿۱۰۲﴾

---

① لوگوں کی بھیڑ جمع کرنے کی سازش کی تھی اس پر عذاب الٹا آیا۔

② (دوسرا) جو تجھ سے ٹلنے والا نہیں ہے۔

③ (دوسرا ترجمہ) اس کا علم ہر چیز کا احاطہ کیے ہوئے ہے۔

④ (دوسرا ترجمہ) کہ مجرم لوگ نیلے پڑے ہوں گے۔ (یہ بدصورتی کی علامت ہے)

يَتَخَافَتُونَ بَيْنَهُمْ إِن لَّبِثْتُمْ إِلَّا عَشْرًا ۝ نَّحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَقُولُونَ إِذْ يَقُولُ أَمْثَلُهُمْ طَرِيقَةً إِن لَّبِثْتُمْ إِلَّا يَوْمًا ۝

وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنسِفُهَا رَبِّي نَسْفًا ۝ فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ۝ لَّا تَرَىٰ فِيهَا عِوَجًا وَلَا أَمْتًا ۝ يَوْمَئِذٍ يَتَّبِعُونَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهُ ۖ وَخَشَعَتِ الْأَصْوَاتُ لِلرَّحْمَٰنِ فَلَا تَسْمَعُ إِلَّا هَمْسًا ۝ يَوْمَئِذٍ لَّا تَنفَعُ الشَّفَاعَةُ إِلَّا مَنْ أَذِنَ لَهُ الرَّحْمَٰنُ وَرَضِيَ لَهُ قَوْلًا ۝ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيطُونَ بِهِ عِلْمًا ۝

وہ چپکے چپکے آپس میں کہتے ہوں گے کہ: تم (دنیا یا قبر میں) دس دن سے زیادہ نہیں ٹھہرے ﴿۱۰۳﴾ جس بات کو وہ کہتے ہیں ہم خوب اچھی طرح جانتے ہیں جب کہ ان میں سے بہترین رائے رکھنے والا ① وہ کہے گا کہ تم (دنیا یا قبر میں) ایک دن سے زیادہ نہیں ٹھہرے ﴿۱۰۴﴾

اور یہ لوگ آپ سے پہاڑوں کے بارے میں سوال کرتے ہیں (کہ قیامت میں ان کا کیا حال ہوگا) تو تم (جواب میں) کہو کہ: میرے رب ان کو (ریزہ ریزہ کرکے) دھول کی طرح اڑا دیں گے ② ﴿۱۰۵﴾ پھر اس (زمین) کو صاف (چٹیل) میدان بنا کر چھوڑ دیں گے ﴿۱۰۶﴾ کہ تم کو اس میں کوئی موڑ بھی نظر نہ آئے گا اور نہ کوئی ٹیلہ نظر آئے گا ﴿۱۰۷﴾ اس دن وہ (سب لوگ) ایک بلانے والے کے پیچھے چلے آویں گے، اس کے سامنے کوئی ٹیڑھا نہیں ہوگا ③ رحمٰن کے سامنے (اس کے ڈر سے) سب آوازیں دب جائیں گی چناں چہ ہلکی آواز ④ کے سوا کوئی آواز تم نہیں سن سکو گے ﴿۱۰۸﴾ اس دن کسی کی سفارش کام نہیں آئے گی؛ مگر جس کو رحمٰن نے اجازت دی ہوگی اور اس کے بولنے پر وہ (اللہ تعالیٰ) راضی بھی ہو ﴿۱۰۹﴾ وہ (اللہ تعالیٰ) لوگوں کی اگلی پچھلی باتوں کو جانتے ہیں اور لوگ ان کے علم کا احاطہ نہیں کر سکتے ﴿۱۱۰﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) جب کہ ان میں سے جس کا طریقہ سب سے اچھا ہے۔

② (دوسرا ترجمہ) دھول (غبار) کی طرح اڑا کر کے بکھیر دیں گے۔

③ دنیا میں لوگ نبی کی دعوت پر ٹیڑھے چلتے تھے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کی طرف سے بلایا جائے گا تو ٹیڑھے نہیں ہوں گے۔ ④ (دوسرا ترجمہ) کانا پھوسی۔ پاؤں کے چلنے کی آہٹ۔

وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ؕ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ﴿١١١﴾ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا يَخٰفُ ظُلْمًا وَّلَا هَضْمًا ﴿١١٢﴾ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا وَّصَرَّفْنَا فِيْهِ مِنَ الْوَعِيْدِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ اَوْ يُحْدِثُ لَهُمْ ذِكْرًا ﴿١١٣﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّقْضٰۤى اِلَيْكَ وَحْيُهٗ ۫ وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ﴿١١٤﴾ وَلَقَدْ عَهِدْنَاۤ اِلٰۤى اٰدَمَ مِنْ قَبْلُ فَنَسِيَ وَلَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا ﴿١١٥﴾

ہمیشہ زندہ رہنے والے، سب (مخلوق) کو سنبھالنے والے (اللہ تعالیٰ) کے سامنے سب چہرے جھکے ہوں گے اور جو شخص ظلم (یعنی شرک، گناہ) کا بوجھ اٹھائے ہوئے ہوگا وہ ناکام ہوگا ﴿١١١﴾ اور جس شخص نے بھی نیک کام کیے ہوں گے اور وہ مومن بھی ہو تو اس کو ظلم کا ڈر نہیں اور نہ نقصان پہنچنے کا① ﴿١١٢﴾ اسی طرح ہم نے اس قرآن کو عربی زبان میں اتارا اور پھرا پھرا کر ہم نے اس میں ڈرانے کی باتیں بیان کیں②؛ تاکہ وہ تقویٰ والے بن جائیں یا یہ (قرآن) ان (کے دلوں) میں سوچ سمجھ پیدا کرے③ ﴿١١٣﴾ سو اونچی شان ہے اللہ تعالیٰ کی جو حقیقی بادشاہت کے مالک ہیں اور (جب قرآن نازل ہو رہا ہو تو) آپ پر اس کی وحی کے پورا ہونے سے پہلے قرآن (پڑھنے) میں تم جلدی نہ کیا کرو اور یہ دعا کرو کہ: اے میرے رب! آپ میرے علم میں زیادتی عطا فرمائیے④ ﴿١١٤﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے اس سے (بہت زمانہ) پہلے آدم کو ایک بات کی تاکید کردی تھی، پھر وہ (آدم) بھول گئے اور ہم نے ان میں عزم نہیں پایا⑤ ﴿١١٥﴾

---

① یعنی کوئی گناہ اس نے نہ کیا ہو اور اس کے اعمال نامے میں زیادہ لکھ دیا جاوے یا نیکی کوئی کم لکھی جاوے ایسا کچھ نہ ہوگا۔

② دوسرا ترجمہ:۔ اور اس میں ہم نے وعید بار بار بیان کی ہے۔ تیسرا ترجمہ:۔ مختلف طریقے سے ڈرانے کی باتیں بیان کی۔

③ یعنی انجام کی سوچ جو ہدایت کا ذریعہ بن جائے۔

④ جو علم آج تک حاصل ہوا وہ یاد رہے، جو علم آج تک حاصل نہ ہوا وہ حاصل ہو جائے اور صحیح سمجھ پیدا ہو جائے یہ سب چیزیں اس دعا میں ہے۔ نوٹ:۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو سوائے علم کے کسی چیز کی زیادتی کا سوال کرنے کا حکم نہیں دیا۔

⑤ دوسرا ترجمہ:۔ اور ہم نے ان میں ہمت نہیں پائی۔ نسیان غیر اختیاری چیز ہے، یہ واقعہ نبوت سے پہلے پیش آیا ہو یہ بھی ممکن ہے، نافرمانی پر ارادے سے حکم الٰہی کی خلاف ورزی نہیں کی۔

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ اَبٰى ﴿۱۱۶﴾ فَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اِنَّ هٰذَا عَدُوٌّ لَّكَ وَلِزَوْجِكَ فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا مِنَ الْجَنَّةِ فَتَشْقٰى ﴿۱۱۷﴾ اِنَّ لَكَ اَلَّا تَجُوْعَ فِيْهَا وَلَا تَعْرٰى ﴿۱۱۸﴾ وَاَنَّكَ لَا تَظْمَؤُا فِيْهَا وَلَا تَضْحٰى ﴿۱۱۹﴾ فَوَسْوَسَ اِلَيْهِ الشَّيْطٰنُ قَالَ يٰٓاٰدَمُ هَلْ اَدُلُّكَ عَلٰى شَجَرَةِ الْخُلْدِ وَمُلْكٍ لَّا يَبْلٰى ﴿۱۲۰﴾ فَاَكَلَا مِنْهَا فَبَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ؗ وَعَصٰٓى اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰى ﴿۱۲۱﴾

اور (وہ وقت بھی یاد کرو) جب ہم نے فرشتوں کو کہا کہ: تم آدم کے سامنے سجدہ کرو تو ابلیس کے سوا سب (فرشتوں) نے سجدہ کیا، اس (ابلیس) نے (سجدہ کرنے سے) انکار کر دیا ﴿۱۱۶﴾ سو ہم نے کہا کہ: اے آدم! یقین رکھو یہ (ابلیس) تمھارا اور تمھاری بیوی کا دشمن ہے، کہیں ایسا نہ ہو کہ تم دونوں کو جنت سے نکلوا دے، سو تم (محنت کر کے ضروریات پوری کرنے کی) مصیبت میں پڑ جاؤ① ﴿۱۱۷﴾ یقینی بات ہے کہ اس (جنت) میں تمھارے لیے فائدہ یہ ہے کہ تم بھوکے بھی نہیں ہو گے② اور تم ننگے بھی نہیں ہو گے ﴿۱۱۸﴾ اور یقینی بات ہے کہ اس (جنت) میں تم پیاسے بھی نہیں رہو گے اور دھوپ کی تکلیف بھی نہیں اٹھاؤ گے ﴿۱۱۹﴾ پھر شیطان نے اس کے دل میں وسوسہ ڈالا، اس (شیطان) نے کہا: اے آدم! کیا میں تم کو بتاؤں ایسا درخت جس (کے کھانے) سے ہمیشہ کی زندگی اور ایسی بادشاہت جو کبھی پرانی نہ ہوئے وہ حاصل ہوتی ہے ﴿۱۲۰﴾ سو دونوں (آدم اور حوا) نے اس (درخت) میں سے (کچھ) کھا لیا، اس پر ان دونوں کی شرم کی جگہ (یعنی ستر) ان کے سامنے کھل گئی اور دونوں جنت کے پتوں کو (ملا ملا کر) اپنے اوپر چپکانے لگے③ اور آدم نے اپنے رب کی کہی ہوئی بات کو ٹال دیا④، سو وہ (آدم علیہ السلام) غلطی میں پڑ گئے⑤ ﴿۱۲۱﴾

---

① واحد کا صیغہ بتا رہا ہے کہ ضروریات کے لیے کمائی کی ذمہ داری شوہر پر ہے۔

② جس بھوک سے تکلیف ہو یا کھانے میں تاخیر ہو وہ نہیں۔

③ جنت میں دو ہی میاں بیوی انسان ہے، پھر بھی اصل انسانی حیا و شرم دیکھو کہ ستر ڈھانپنے کے لیے پتے استعمال کیے، بلکہ ”بےلباس“ رہنا گوارہ نہیں۔ ④ (دوسرا ترجمہ) اور آدم سے اپنے رب کا قصور ہو گیا۔

⑤ غیر ارادی خلاف ورزی کی وجہ سے زندگی تلخ ہو گئی۔ جنت کا عیش و آرام گیا۔

ثُمَّ اجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَتَابَ عَلَيْهِ وَهَدٰى ﴿۱۲۲﴾ قَالَ اهْبِطَا مِنْهَا جَمِيْعًا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى ۙ فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَايَ فَلَا يَضِلُّ وَلَا يَشْقٰى ﴿۱۲۳﴾ وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ﴿۱۲۴﴾ قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْٓ اَعْمٰى وَقَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا ﴿۱۲۵﴾ قَالَ كَذٰلِكَ اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا ۚ وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ تُنْسٰى ﴿۱۲۶﴾

پھر اس (آدم علیہ السلام) کو اس کے رب نے چن لیا①، سو اس (آدم علیہ السلام) کی توبہ قبول فرمالی اور اس (آدم علیہ السلام) کو صحیح راستے پر (ہمیشہ) قائم رکھا②﴿۱۲۲﴾ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تم دونوں کے دونوں اس (جنت) سے نیچے (دنیا میں) اتر جاؤ③، تم آپس میں ایک دوسرے کے دشمن ہو گے④، سو اگر تمہارے پاس میری طرف سے کوئی ہدایت پہنچے سو جو آدمی میری ہدایت پر چلے گا وہ گمراہ بھی نہیں ہوگا اور وہ کسی تکلیف میں بھی نہیں پڑے گا﴿۱۲۳﴾ اور جو آدمی بھی میری نصیحت سے منہ پھرائے گا⑤ تو اس کو (دنیا اور قبر میں) بڑی تنگ زندگی ملے گی⑥ اور ہم اس کو قیامت کے دن اندھا کر کے اٹھائیں گے﴿۱۲۴﴾ تو وہ بولے گا: اے میرے رب! تو نے مجھ کو اندھا کر کے کیوں اٹھایا؟ حالاں کہ میں تو (دنیا میں) آنکھوں سے دیکھنے والا تھا﴿۱۲۵﴾ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: تو نے (دنیا میں) ایسا ہی کام کیا تھا، کہ ہماری آیتیں (دنیا میں) تیرے پاس پہنچی تھی⑦، سو تو ان (آیتوں) کو بھول گیا⑧ اور (جس طرح تو ان آیتوں کو بھول گیا) آج اسی طرح تجھے بھلا دیا جائے گا⑨﴿۱۲۶﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) نواز دیا۔
② (دوسرا ترجمہ) آئندہ ایسی غلطی نہیں ہوئی۔ خوش نودی کے راستے پر قائم رکھا۔
③ حضرت آدم علیہ السلام، حضرت حوا اور ابلیس سب کو دنیا میں بھیج دیا گیا۔
④ انسان اور شیاطین میں اور انسانوں میں آپس میں دشمنی کا سلسلہ ہے۔
⑤ مراد دینی احکام سے منہ پھرانا ہے۔ اصل ذکر جس وقت اللہ تعالیٰ کا جو حکم ہے اس کو پورا کیا جاوے۔
⑥ عذاب قبر کی تنگی ہے اور دنیا میں قناعت سلب ہو جائے، حرص بڑھ جائے یہ بھی بڑا عذاب ہے۔
⑦ جیسا عمل ویسی سزا، دنیا میں احکام سے اندھے جیسا برتاؤ کیا تھا اس لیے آج یہ سزا ہے۔
⑧ (دوسرا ترجمہ) تو نے خیال نہیں کیا تھا۔
⑨ (دوسرا ترجمہ) تیرا خیال نہیں کیا جائے گا۔

وَكَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ اَسْرَفَ وَلَمْ يُؤْمِنْ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ؕ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَاَبْقٰى ۞ اَفَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِى النُّهٰى ۞

وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَكَانَ لِزَامًا وَّاَجَلٌ مُّسَمًّى ۞ فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا ۚ وَمِنْ اٰنَآئِ الَّيْلِ فَسَبِّحْ وَاَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضٰى ۞ وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ لِنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ

اور جو شخص بھی حد سے آگے نکل جاتا ہے اور اپنے رب کی آیتوں پر ایمان نہیں رکھتا ہے ہم اس کو اسی طرح سزا دیتے ہیں اور آخرت کا عذاب تو واقعی زیادہ سخت اور زیادہ دیر باقی رہنے والا ہے ﴿۱۲۷﴾ پھر کیا ان لوگوں کو اس بات سے بھی ہدایت حاصل نہیں ہوئی کہ ہم ان سے پہلے بہت ساری قوموں کو ہلاک کر چکے ہیں جن کے رہنے کے مکانات (یعنی بستیوں) میں یہ لوگ چلتے پھرتے ہیں①، یقیناً اس بات (یعنی پچھلی قوموں کی تباہی) میں عقل والوں کے لیے بڑی نشانیاں ہیں ﴿۱۲۸﴾

اور اگر تمھارے رب کی طرف سے ایک بات پہلے سے طے نہ ہوتی②اور (اس کے نتیجہ میں یہ عذاب کا) ایک وقت مقرر نہ ہوتا تو وہ (عذاب) ان پر چمٹ چکا ہوتا③﴿۱۲۹﴾ لہذا جو بات وہ (دشمن) کہتے ہیں اس پر تم صبر کرو اور سورج طلوع ہونے سے پہلے اور اس کے ڈوبنے سے پہلے اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح پڑھو اور رات کی کچھ گھڑیوں میں اور دن کے کناروں میں بھی سو تسبیح کرو؛ تا کہ (اس پر جو ثواب ملے) اس سے تم خوش ہو جاؤ ﴿۱۳۰﴾ اور ہم نے ان (کافروں) میں سے مختلف لوگوں کو دنیوی زندگی کی رونق کا جو سامان مزے اڑانے کے لیے دے رکھا ہے اس کی طرف آنکھیں اٹھا کر کے ہرگز مت دیکھو؛ تا کہ ہم ان کو اس میں آزمائیں،

① ملک شام جاتے ہوئے مکہ والوں کے راستے میں بعض ان قوموں کے مکانات آتے تھے۔ یا یہ مطلب کہ وہ قومیت کے دور میں خود اپنے مکانوں میں چلتی پھرتی تھی۔

② کہ عذاب میں تاخیر ہوگی۔ ③ (دوسرا ترجمہ) عذاب لازمی طور پر آچکا ہوتا۔

وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿۱۳۱﴾ وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا ۭ لَا نَسْـَٔــلُكَ رِزْقًا ۭ نَحْنُ نَرْزُقُكَ ۭ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى ﴿۱۳۲﴾ وَقَالُوْا لَوْلَا يَاْتِيْنَا بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ اَوَلَمْ تَاْتِهِمْ بَيِّنَةُ مَا فِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿۱۳۳﴾ وَلَوْ اَنَّآ اَهْلَكْنٰهُمْ بِعَذَابٍ مِّنْ قَبْلِهٖ لَقَالُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ نَّذِلَّ وَنَخْزٰى ﴿۱۳۴﴾ قُلْ كُلٌّ مُّتَرَبِّصٌ فَتَرَبَّصُوْا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ اَصْحٰبُ الصِّرَاطِ السَّوِيِّ وَمَنِ اهْتَدٰى ﴿۱۳۵﴾

اور تمھارے رب کا (دیا ہوا) رزق بہت اچھا اور سب سے زیادہ باقی رہنے والا ہے ﴿۱۳۱﴾ اور تم اپنے گھر والوں کو (بھی) نماز کا حکم کرو اور خود بھی اس (نماز) کے پابند رہو، ہم تم سے روزی نہیں مانگتے ① روزی تو ہم ہی آپ کو دیا کرتے ہیں اور بہترین انجام تقویٰ (والوں) ہی کا ہے ﴿۱۳۲﴾ اور یہ (کافر) کہنے لگے یہ (رسول) ہمارے پاس اپنے رب کی طرف سے (اپنی نبوت پر) کوئی نشانی کیوں نہیں لے آتے؟ کیا ان لوگوں کے پاس پچھلے (آسمانی) صحیفوں کے مضامین کی گواہی نہیں پہنچ گئی؟ ② ﴿۱۳۳﴾ اور اگر اس (قرآن کے اتارنے) سے پہلے ہم ان کو کسی عذاب میں ہلاک کر دیتے تو یہ لوگ (اس وقت یوں) کہتے کہ: اے ہمارے رب! آپ نے ہمارے پاس کوئی رسول کیوں نہیں بھیجا تھا کہ ہم ذلیل و رسوا ہونے سے پہلے تیرے احکام پر چلتے ﴿۱۳۴﴾ (اے نبی!) تم کہو: ہر ایک انتظار کر رہا ہے، سو تم بھی (اللہ تعالیٰ کے فیصلے کا) انتظار کرو، اب عنقریب تم کو پتہ چل جائے گا کہ سیدھے راستے والے لوگ کون ہیں اور ہدایت پانے والے لوگ کون ہیں ﴿۱۳۵﴾

---

① ہم تم سے روزی کموانا نہیں چاہتے۔

② پچھلے تمام آسمانی صحیفوں میں نبی کریم ﷺ اور قرآن کی بشارت موجود ہے اور خود حضور ﷺ نے اور قرآن نے پچھلی آسمانی کتابوں کو سچا بتایا ہے۔ (دوسرا ترجمہ) کیا ان لوگوں کے پاس پہلی (آسمانی) کتابوں میں کی روشن دلیل نہیں آچکی۔

سورۃ الأنبیاء

(المکیۃ)

آیاتھا: ۱۱۲۔ رکوعاتھا: ۷۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں ایک سو بارہ (۱۱۲) آیتیں ہیں۔ سورۃ حٰم سجدہ یا سورۃ ابراہیم کے بعد اور سورۃ نحل سے پہلے اکہتر (۷۱) یا تہتر (۷۳) نمبر پر نازل ہوئی۔

یہ اللہ کی طرف سے نازل ہونے والی وہ پہلی سورت ہے جس میں سولہ (۱۶) انبیائے کرام کا تذکرہ ہیں، اگرچہ سورۂ انعام میں اٹھارہ (۱۸) نبیوں کا تذکرہ ہے، لیکن اس کا نزول بعد میں ہوا۔

ترمذی کی ایک حدیث میں ہے کہ مچھلی کے پیٹ میں حضرت ذوالنون یونس علیہ السلام کی دعا یہ تھی "لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحٰنَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ"

جو اس سورت میں آیت نمبر ستاسی (۸۷) ہے۔

جو مسلمان بندہ بھی اس کے ذریعے سے کبھی بھی اللہ سے دعا کرے گا اس کی دعا قبول کر لی جائے گی۔

اس میں "إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ" انسان کے اپنے مجرم ہونے کا اعتراف ہے اور وہی دعا بھی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۱﴾ مَا يَأْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنْ رَّبِّهِمْ مُّحْدَثٍ اِلَّا اسْتَمَعُوْهُ وَهُمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿۲﴾ لَاهِيَةً قُلُوْبُهُمْ ۭ وَاَسَرُّوا النَّجْوَى ۖ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ هَلْ هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۚ اَفَتَاْتُوْنَ السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ﴿۳﴾ قٰلَ رَبِّيْ يَعْلَمُ الْقَوْلَ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۡ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۴﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

لوگوں کے لیے ان کا حساب (کا وقت)① نزدیک آگیا اور وہ تو غفلت کی حالت میں منہ پھرائے ہوئے ہیں ﴿۱﴾ ان (لوگوں) کے پاس نصیحت کی کوئی بھی نئی بات ان کے رب کی طرف سے آتی ہے تو وہ اس کو کھیلتے ہوئے سنتے ہیں② ﴿۲﴾ ان کے دل تو کھیل میں لگے ہوئے ہیں③ اور وہ ظالم چپکے چپکے ایک دوسرے کے کان میں④ باتیں کرتے ہیں کہ یہ (محمد) تم جیسا ہی ایک (معمولی) انسان ہے پھر کیوں تم لوگ آنکھوں سے دیکھتے ہوئے بھی (ان کے) جادو میں پھنس جاتے ہو⑤ ﴿۳﴾ رسول نے کہا: جو بات آسمانوں اور زمین میں کہی جاتی ہے میرے رب اس کو جانتے ہیں⑥ اور وہ (اللہ تعالیٰ) تو سب چیزوں کو سننے والے اور ہر چیز کو جاننے والے ہیں ﴿۴﴾

---

① موت کا وقت یا قیامت کا وقت مراد ہے۔

② (دوسرا ترجمہ) مذاق بنا کر وہ سنتے ہیں۔

③ (دوسرا ترجمہ) فضول چیزوں میں ان کے دل مشغول ہیں (قرآن مجید کو پورے دھیان سے سننا ایمان کا تقاضا ہے)۔

④ اسلام کو مٹانے کی خفیہ سازش کرنا۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) کیا پھر بھی تم جادو کی بات سننے کے لیے (ان کے پاس) جاؤ گے؟ حالاں کہ تم (اس بات کو) اچھی طرح جانتے ہو۔

نوٹ:۔ نبی وحی کے ذریعہ ان کی خفیہ باتیں بتا دیوے تو اس کو وہ سحر کہتے ہیں۔

⑥ چھپ کر کوئی بات کہی جائے تو بھی اللہ تعالیٰ اس کو جانتے ہیں۔

بَلْ قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍۭ بَلِ افْتَرٰىهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ ۚۖ فَلْيَاْتِنَا بِاٰيَةٍ كَمَآ اُرْسِلَ الْاَوَّلُوْنَ ۝ مَآ اٰمَنَتْ قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا ۚ اَفَهُمْ يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْــَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوْا خٰلِدِيْنَ ۝ ثُمَّ صَدَقْنٰهُمُ الْوَعْدَ فَاَنْجَيْنٰهُمْ وَمَنْ نَّشَاۗءُ وَاَهْلَكْنَا الْمُسْرِفِيْنَ ۝ لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ كِتٰبًا فِيْهِ ذِكْرُكُمْ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝

بلکہ (ظالموں نے تو) یہ بھی کہا (یہ قرآن) پریشان کرنے والے خوابوں (خیالات) کا مجموعہ ہے①؛ بلکہ اس (قرآن) کو اس (محمد) نے (خود) گھڑ لیا ہے؛ بلکہ وہ (محمد) شاعر ہے، سو جیسے پچھلے پیغمبر (نشانی کے ساتھ) بھیجے گئے ایسے ہی ہمارے پاس کوئی (بڑی) نشانی وہ (محمد) لاوے ﴿۵﴾ (حالاں کہ) جس بستی (کے لوگوں) کو ہم نے ان سے پہلے ہلاک کیا وہ ایمان نہیں لائی تو کیا یہ لوگ (اپنی مانگی ہوئی نشانی کو دیکھنے کے بعد) ایمان لائیں گے؟ ﴿۶﴾ اور ہم نے آپ سے پہلے مردوں ہی کو رسول بنا کر بھیجا جن کی طرف ہم وحی اتارتے تھے (تو اب کافروں سے کہو) اگر تم خود (اس بات کو) جانتے نہیں ہو تو نصیحت کا علم رکھنے والوں سے پوچھ لو② ﴿۷﴾ اور ہم نے ان (رسولوں) کو ایسا جسم بنا کر پیدا نہیں کیا کہ وہ کھانا ہی نہ کھاتے ہوں اور وہ ایسے بھی نہیں تھے کہ (دنیا میں) ہمیشہ رہنے والے ہوں ﴿۸﴾ پھر ان (رسولوں) سے جو وعدہ ہم نے کیا تھا وہ سچا کر کے دکھلا دیا③، پھر ہم نے ان (رسولوں) کو اور (رسولوں کے سوا) جن کو ہم نے چاہا ان سب کو (عذاب سے) بچا لیا اور جو لوگ حد سے باہر نکلتے تھے ان سب کو ہم نے ہلاک کر دیا ﴿۹﴾ پکی بات یہ ہے کہ ہم نے تمھارے پاس ایسی کتاب اتاری ہے جس میں تمھارے لیے (کافی) نصیحت ہے④ کیا پھر بھی تم (اتنی بات) سوچتے نہیں ہو؟ ﴿۱۰﴾

---

① یعنی قرآن تو ایسے خوابوں کا مجموعہ ہے جن میں کسی طرح کا جوڑ نہ ہو۔

② مراد خاص اہلِ کتاب علما یا تمام ہی اہلِ کتاب، آیت سے عمومی مضمون بھی نکلتا ہے کہ دین کی جو بات ہم نہیں جانتے، جاننے والوں سے پوچھ لیں۔ ③ یعنی پورا کر کے دکھلایا۔

④ (دوسرا ترجمہ) جس میں تمھارا تذکرہ ہے (یعنی عربی زبان میں قرآن کے نزول کی وجہ سے رہتی دنیا تک سارے عالم میں عربوں کا ذکرِ خیر ہے، عربوں کی شہرت ہے اور عربی میں قرآن اترنا عربوں کی فضیلت اور شرافت ہے)

وَكَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً وَّأَنْشَأْنَا بَعْدَهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ﴿١١﴾ فَلَمَّآ اَحَسُّوْا بَاْسَنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَرْكُضُوْنَ ﴿١٢﴾ لَا تَرْكُضُوْا وَارْجِعُوْٓا اِلٰى مَآ اُتْرِفْتُمْ فِيْهِ وَمَسٰكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْئَلُوْنَ ﴿١٣﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿١٤﴾ فَمَا زَالَتْ تِّلْكَ دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا خٰمِدِيْنَ ﴿١٥﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿١٦﴾ لَوْ اَرَدْنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ لَهْوًا لَّاتَّخَذْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّآ ۖ اِنْ كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿١٧﴾

اور کتنی بستیاں جن کے رہنے والے لوگ ظالم تھے ہم نے ان کو پیس ڈالا① اور ان (بستیوں کو تباہ کرنے) کے بعد ہم نے دوسری قوموں کو پیدا کیا ﴿۱۱﴾ سو جب انھوں نے ہمارے عذاب کی آہٹ محسوس کی② تب وہ اس (بستی) سے (نکل کر) بھاگنے لگے ﴿۱۲﴾ (ان کو کہا گیا) بھاگو مت اور عیش کے سامان کی طرف جو تم کو دیا گیا تھا اور تمھارے اپنے مکان کی طرف واپس چلے جاؤ③؛ تاکہ تم سے سوال کیا جائے④ ﴿۱۳﴾ (جواب میں) وہ لوگ کہنے لگے: ہائے افسوس! یقینی بات ہے کہ ہم ہی ظالم تھے ﴿۱۴﴾ ان کی یہی پکار برابر جاری رہی⑤، یہاں تک کہ ہم نے ان کو کٹی ہوئی کھیتی، بجھی ہوئی آگ (کی طرح فنا) کر کے رکھ دیا ﴿۱۵﴾ اور آسمان اور زمین اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان میں ہے ہم نے اس لیے نہیں پیدا کیا کہ ہم کوئی کھیل کرنا چاہتے ہوں⑥ ﴿۱۶﴾ اگر ہم کو کھیل ہی بنانا ہوتا تو ہم اپنے پاس کی چیزوں میں سے ہی کھیل بناتے اگر ہم کو ایسا ہی کرنا ہوتا ﴿۱۷﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) تباہ کر ڈالا۔

② (دوسرا ترجمہ) سو جب انھوں نے ہمارے عذاب کو آتا دیکھا۔

③ (دوسرا ترجمہ) جن جگہوں میں تم لوگ عیش کرتے تھے اور تمھارے مکانوں کی طرف واپس چلے جاؤ۔

④ تم قوم کے بڑے سمجھے جاتے تھے اور مشکلات میں لوگ تم سے مشورے طلب کرتے تھے اب اس بڑے عذاب کی مصیبت کے وقت بھاگنے کے بجائے گھر ہی میں رہو؛ تاکہ لوگ تم سے مشکل کا حل دریافت کرنے آویں، یہ تعریض ہے کہ ''تمھارا سامان، مکان جس پر تم کو ناز تھا اب وہ کچھ نہ رہا، کسی دوست کا نام ونشان نہ رہا۔ (دوسرا مطلب: تمھارے نوکر چاکر، خدام تمھاری چاہتوں کے بارے میں دریافت کرسکیں اس لیے گھروں میں رہو)

⑤ (دوسرا ترجمہ) ان کا یہی شور وغل برابر چالو رہا (تیسرا) سو ان کی یہی فریاد برابر جاری رہی۔

⑥ ''لعب'' وہ کام جس سے کوئی صحیح مقصد متعلق نہ ہو۔

بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهُ فَإِذَا هُوَ زَاهِقٌ ۚ وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا تَصِفُونَ ﴿١٨﴾ وَلَهُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَمَنْ عِنْدَهُ لَا يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِهِ وَلَا يَسْتَحْسِرُونَ ﴿١٩﴾ يُسَبِّحُونَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُونَ ﴿٢٠﴾ أَمِ اتَّخَذُوا آلِهَةً مِنَ الْأَرْضِ هُمْ يُنْشِرُونَ ﴿٢١﴾ لَوْ كَانَ فِيهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللَّهُ لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحٰنَ اللَّهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُونَ ﴿٢٢﴾ لَا يُسْأَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْأَلُونَ ﴿٢٣﴾ أَمِ اتَّخَذُوا مِنْ دُونِهِ آلِهَةً ۖ قُلْ هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ ۖ

بلکہ ہم حق کو باطل پر پھینک مارتے ہیں، سو وہ (حق) اس (باطل) کا سر پھوڑ ڈالتا ہے تب وہ (باطل) ایک دم ملیامیٹ ہوجاتا ہے اور جو (بے بنیاد) باتیں (اللہ تعالیٰ کے لیے) تم بناتے ہو اس سے تمھارے لیے بڑی خرابی ہے ﴿۱۸﴾ اور آسمانوں اور زمین میں جو لوگ بھی ہیں وہ اسی (اللہ تعالیٰ) کی ملکیت میں ہیں اور جو (فرشتے) اس (اللہ تعالیٰ) کے پاس ہوتے ہیں وہ اس (اللہ تعالیٰ) کی عبادت سے تکبر نہیں کرتے ① اور وہ تھکتے بھی نہیں ہیں ﴿۱۹﴾ وہ (فرشتے) رات اور دن (اللہ تعالیٰ کی) تسبیح پڑھتے رہتے ہیں، وہ (فرشتے کسی بھی وقت) سست نہیں پڑتے ہیں ② ﴿۲۰﴾ کیا ان لوگوں نے زمین میں (نئے) معبود بنا لیے ہیں کہ وہ (معبود مُردوں کو) زندہ کر کے اٹھا سکتے ہیں؟ ﴿۲۱﴾ اگر ان (یعنی زمین اور آسمان) میں اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی دوسرے معبود ہوتے تو وہ دونوں (یعنی آسمان اور زمین) تباہ ہوجاتے ③ سو عرش کے رب اللہ تعالیٰ ان چیزوں سے بالکل پاک ہیں جو یہ لوگ (اس اللہ تعالیٰ کے لیے شرک) بیان کرتے ہیں ﴿۲۲﴾ (اور) وہ (اللہ تعالیٰ) جو کچھ کرتے ہیں ان سے اس کا کوئی سوال نہیں ہوگا اور ان سب (انسان اور جنات) سے (جو وہ کام کرتے ہیں اس کے بارے میں) سوال کیا جائے گا ﴿۲۳﴾ کیا ان کافروں نے اس (اللہ تعالیٰ) کو چھوڑ کر دوسرے معبود بنا رکھیں ہیں؟ تم (ان سے) کہو کہ تم اپنی دلیل (شرک پر) لاؤ،

---

① (دوسرا ترجمہ) عار نہیں کرتے۔

② (دوسرا ترجمہ) وہ (فرشتے) تھکتے بھی نہیں ہیں۔

③ (دوسرا ترجمہ) آسمان اور زمین (دونوں کا نظام) درہم برہم ہوجائے (تیسرا) آسمان اور زمین دونوں خراب ہوجاتے۔

هٰذَا ذِكۡرُ مَنۡ مَّعِیَ وَذِكۡرُ مَنۡ قَبۡلِیۡ ؕ بَلۡ اَكۡثَرُهُمۡ لَا یَعۡلَمُوۡنَ ۙ الۡحَقَّ فَهُمۡ مُّعۡرِضُوۡنَ ﴿۲۴﴾ وَمَاۤ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ قَبۡلِكَ مِنۡ رَّسُوۡلٍ اِلَّا نُوۡحِیۡۤ اِلَیۡهِ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا فَاعۡبُدُوۡنِ ﴿۲۵﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحۡمٰنُ وَلَدًا سُبۡحٰنَهٗ ؕ بَلۡ عِبَادٌ مُّكۡرَمُوۡنَ ﴿ۙ۲۶﴾ لَا یَسۡبِقُوۡنَهٗ بِالۡقَوۡلِ وَهُمۡ بِاَمۡرِهٖ یَعۡمَلُوۡنَ ﴿۲۷﴾ یَعۡلَمُ مَا بَیۡنَ اَیۡدِیۡهِمۡ وَمَا خَلۡفَهُمۡ وَلَا یَشۡفَعُوۡنَ ۙ اِلَّا لِمَنِ ارۡتَضٰی وَهُمۡ مِّنۡ خَشۡیَتِهٖ مُشۡفِقُوۡنَ ﴿۲۸﴾

یہی (توحید کی) بات میرے ساتھ والوں کی کتاب (قرآن) میں موجود ہے اور یہی (توحید کی) بات مجھ سے پہلے والوں کی کتاب (تورات وانجیل) میں موجود ہے① حقیقت بات یہ ہے کہ ان میں کے اکثر لوگ حق کو سمجھتے ہی نہیں ہیں، سو وہ (حق بات کو) ٹالتے ہیں②﴿۲۴﴾ اور تم سے پہلے کوئی رسول ہم نے ایسا نہیں بھیجا جس پر ہم نے یہ وحی نازل نہ کی ہو کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں ہے، سو تم میری عبادت کیا کرو﴿۲۵﴾ اور وہ (کافر) کہنے لگے کہ: رحمن تو (فرشتے کی شکل میں بھی) اولاد رکھتا ہے، وہ (اللہ تعالیٰ) تو پاک ہیں؛ بلکہ وہ (فرشتے) تو عزت والے بندے ہیں﴿۲۶﴾ (اور) وہ (فرشتے) اس (اللہ تعالیٰ) سے آگے بڑھ کر کوئی بات نہیں بول سکتے اور وہ (فرشتے) اس (اللہ تعالیٰ) کے حکم کے مطابق ہی عمل کرتے ہیں﴿۲۷﴾ وہ (اللہ تعالیٰ) ان (فرشتوں) کی اگلی پچھلی باتوں کو جانتے ہیں اور وہ (فرشتے) کسی کی سفارش نہیں کر سکتے؛ الا یہ کہ جس کے لیے اس (اللہ تعالیٰ) کی مرضی ہو③ اور وہ سب (فرشتے) اس (اللہ تعالیٰ) کی ہیبت سے④ ڈرتے رہتے ہیں﴿۲۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) یہ قرآن (بھی موجود) ہے جس میں میرے ساتھ والوں کے لیے نصیحت ہے (اور تورات وانجیل بھی موجود ہے) جس میں مجھ سے پہلے لوگوں کے لیے نصیحت تھی (تیسرا ترجمہ) یہ (قرآن) نصیحت ہے میرے ساتھ والوں کے لیے اور جو لوگ مجھ سے بھی پہلے سے چلے آرہے ہیں (یہود ونصاریٰ) کے لیے بھی نصیحت ہے (چوتھا ترجمہ) اس قرآن میں میرے ساتھ والوں کا بھی ذکر (تذکرہ) ہے اور مجھ سے پہلے لوگوں کا بھی ذکر (تذکرہ) ہے۔
خلاصۂ مطلب: قرآن اور سابقہ آسمانی کتابیں چاہے وہ محرف ہوں ان میں کہیں بھی شرک کا مضمون نہیں ہے، یہ قرآن اس امت کے لیے دعوت ہے تو ساتھ میں سابقہ نبیوں کے واقعات کے محفوظ رہنے کا بھی ذریعہ ہے۔
② (دوسرا ترجمہ) سو وہ (حق بات سے) منہ پھراتے ہیں۔
③ اس کی سفارش کریں گے۔ ④ دوسرا ترجمہ: خوف سے۔

وَمَنْ يَّقُلْ مِنْهُمْ اِنِّیْۤ اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ نَجْزِیْهِ جَهَنَّمَ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِی الظّٰلِمِیْنَ۠ اَوَلَمْ يَرَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ؕ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَیْءٍ حَیٍّ ؕ اَفَلَا یُؤْمِنُوْنَ ۝ وَجَعَلْنَا فِی الْاَرْضِ رَوَاسِیَ اَنْ تَمِیْدَ بِهِمْ ۪ وَجَعَلْنَا فِیْهَا فِجَاجًا سُبُلًا لَّعَلَّهُمْ یَهْتَدُوْنَ ۝ وَجَعَلْنَا السَّمَآءَ سَقْفًا مَّحْفُوْظًا ۚۖ وَّهُمْ عَنْ اٰیٰتِهَا مُعْرِضُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ فِیْ فَلَكٍ یَّسْبَحُوْنَ ۝ وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ؕ اَفَاۡىِٕنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخٰلِدُوْنَ ۝ كُلُّ نَفْسٍ ذَآىِٕقَةُ الْمَوْتِ ؕ

اور (بالفرض) ان (فرشتوں) میں سے کوئی یوں کہہ دے کہ اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا میں معبود ہوں تو ہم اس کو جہنم کی سزا دیں گے، ایسے ظالموں کو ہم اسی طرح سزا دیا کرتے ہیں ﴿۲۹﴾

کیا ان کافروں کو یہ بات معلوم نہیں کہ آسمان اور زمین یقیناً بند تھے، پھر ہم نے ان دونوں کو (اپنی قدرت سے) کھول دیا اور ہم نے پانی سے ہر جاندار چیز پیدا کی، کیا پھر بھی وہ لوگ ایمان نہیں لاتے؟ ﴿۳۰﴾ اور ہم نے زمین میں بھاری بھاری پہاڑ کے بوجھ بنا دیے؛ تاکہ وہ (زمین) ان (لوگوں) کو لے کر ہلنے نہ لگے① اور ہم نے اس (زمین) میں چوڑے چوڑے راستے بنائے؛ تاکہ وہ (لوگ) منزل تک پہنچ سکیں② ﴿۳۱﴾ اور ہم نے آسمان کو (ہر طرح سے) محفوظ چھت بنایا③ اور وہ لوگ اس کی آیتوں سے منہ پھراتے ہیں ﴿۳۲﴾ اور وہی (اللہ تعالیٰ) ہے جس نے رات اور دن اور سورج اور چاند بنائے، یہ سب کے سب اپنے (خاص) دائرے میں تیرتے ہیں ﴿۳۳﴾ (اے نبی!) ہم نے تم سے پہلے کسی بھی بشر کے لیے ہمیشہ زندہ رہنا طے نہیں کیا، پھر اگر تمہارا انتقال ہوگیا تو کیا یہ (مخالفین) ہمیشہ جیتے رہیں گے؟ ﴿۳۴﴾ ہر نفس موت کا مزہ چکھنے والا ہے④

---

① (دوسرا ترجمہ) جھک نہ پڑے۔

② (دوسرا ترجمہ) تاکہ (چوڑے راستے والی نعمت میں غور کرکے توحید کی) ہدایت پائے۔

③ یعنی ٹوٹتا نہیں اور شیطان گھس سکتے نہیں۔

④ خاص تکلیف محسوس ہونا مراد ہے روح کو اپنی سواری بدن کو چھوڑنا پڑتا ہے اس کی وجہ سے تکلیف ہوتی ہے۔

وَنَبْلُوكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً ؕ وَإِلَيْنَا تُرْجَعُونَ ﴿۳۵﴾ وَإِذَا رَآكَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ يَتَّخِذُونَكَ إِلَّا هُزُوًا ؕ أَهَٰذَا الَّذِي يَذْكُرُ آلِهَتَكُمْ ۚ وَهُمْ بِذِكْرِ الرَّحْمَٰنِ هُمْ كَافِرُونَ ﴿۳۶﴾ خُلِقَ الْإِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ ۚ سَأُورِيكُمْ آيَاتِي فَلَا تَسْتَعْجِلُونِ ﴿۳۷﴾ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ﴿۳۸﴾ لَوْ يَعْلَمُ الَّذِينَ كَفَرُوا حِينَ لَا يَكُفُّونَ عَنْ وُجُوهِهِمُ النَّارَ وَلَا عَنْ ظُهُورِهِمْ وَلَا هُمْ يُنْصَرُونَ ﴿۳۹﴾ بَلْ تَأْتِيهِمْ بَغْتَةً فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ رَدَّهَا وَلَا هُمْ يُنْظَرُونَ ﴿۴۰﴾

اور ہم تم کو آزمانے کے لیے بری بھلی① حالت میں مبتلا کرتے ہیں اور تم سب ہماری طرف ہی لوٹا کر لائے جاؤ گے ﴿۳۵﴾ اور یہ کافر لوگ جہاں کہیں بھی تم کو دیکھتے ہیں تو ان کا یہی کام ہوتا ہے کہ وہ تمہارا مذاق اڑانے لگتے ہیں (اور وہ یوں کہتے ہیں) کیا یہ وہی آدمی ہے جو تمہارے معبودوں کا نام (برائی سے) لیا کرتا ہے؛ حالاں کہ وہ (کافر) تو رحمٰن کے نام کا انکار کرتے ہیں ﴿۳۶﴾ انسان جلد بازی کی عادت لے کر بنایا گیا ہے②، عنقریب میں تم کو میری نشانیاں③ دکھاتا ہوں، لہٰذا تم مجھ سے (اس کے مانگنے میں) جلدی مت کرو ﴿۳۷﴾ اور وہ (کافر) لوگ کہنے لگے کہ: (اے مسلمانو!) اگر تم سچے ہو تو (بتاؤ) یہ (عذاب کا) وعدہ کب پورا ہوگا؟ ﴿۳۸﴾ کاش ان کافروں کو اس وقت کا پتہ چل جاتا جب کہ وہ (کافر جہنم کی) آگ کو نہ اپنے چہروں سے اور نہ اپنی پیٹھوں سے روک سکیں گے اور ان کو کوئی مدد نہیں پہنچے گی ﴿۳۹﴾ بلکہ وہ (آگ) اچانک ان پر آپڑے گی، سو وہ (آگ) ان کے ہوش وحواس اڑا دے گی، سو وہ (کافر لوگ) اس (آگ) کو (پیچھے) پھر انہیں سکیں گے④ اور ان (کافروں) کو مہلت بھی نہیں دی جائے گی ﴿۴۰﴾

---

① شر سے مراد ہر خلاف طبع چیز اور خیر سے ہر مرغوب طبع چیز۔

② (دوسرا ترجمہ) انسان جلد بازی کے مزاج کا پیدا کیا گیا۔ (کسی چیز کو اس کے وقت سے پہلے طلب کرلینا انسانی کمزوری ہے۔ کوئی چیز کسی میں کثرت سے پائی جاوے تو اس کے لیے بھی یہ تعبیر استعمال ہوتی ہے۔ نوٹ: بعض اہل علم نے ''عجل'' کا معنیٰ ''کیچڑ، گیلی مٹی'' سے کیا ہے۔

③ نبوت کی سچائی کے معجزات یا کافروں کی سزا۔

④ (دوسرا ترجمہ) پھر اس آگ کو ہٹانے کی ان کو قدرت نہیں ہوگی۔

وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۴۱ قُلْ مَنْ يَّكْلَؤُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمٰنِ ۭ بَلْ هُمْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝۴۲ اَمْ لَهُمْ اٰلِهَةٌ تَمْنَعُهُمْ مِّنْ دُوْنِنَا ۭ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَ اَنْفُسِهِمْ وَلَا هُمْ مِّنَّا يُصْحَبُوْنَ ۝۴۳ بَلْ مَتَّعْنَا هٰٓؤُلَاۗءِ وَاٰبَاۗءَهُمْ حَتّٰى طَالَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۭ اَفَلَا يَرَوْنَ اَنَّا نَاْتِي الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ۭ اَفَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ۝۴۴ قُلْ اِنَّمَآ اُنْذِرُكُمْ بِالْوَحْيِ ڮ وَلَا يَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَاۗءَ اِذَا مَا يُنْذَرُوْنَ ۝۴۵

اور (اے نبی!) پکی بات یہ ہے کہ تم سے پہلے بہت سارے رسولوں کا مذاق اڑایا گیا، سو مذاق اڑانے والوں کو اسی عذاب نے آ کر گھیر لیا جس کا وہ لوگ مذاق اڑایا کرتے تھے ﴿۴۱﴾

تم کہو: رات اور دن میں رحمن (کے عذاب) سے تم کو کون بچاتا ہے؟ بلکہ بات یہ ہے کہ یہ لوگ اپنے رب کے ذکر سے منہ پھراتے ہیں ﴿۴۲﴾ کیا ہمارے سوا ان کے کچھ معبود ہیں جو ان کو بچاتے ہوں؟ (بلکہ) وہ (بت) تو خود اپنی مدد کرنے کی بھی طاقت نہیں رکھتے اور کوئی ہمارے مقابلے میں ان کا ساتھ نہیں دے سکتا ﴿۴۳﴾ بلکہ (ہمارا سلوک یہ ہے کہ) ہم نے ان (کافروں) کو اور ان کے باپ داداؤں کو (مزے اڑانے کا) سامان دیا، یہاں تک کہ (اسی عیش میں) ان پر لمبی زندگی گذر گئی (اب ایک چوکنا ہونے کی بات سنو!) کیا وہ لوگ اس بات کو نہیں دیکھتے کہ ہم ان (کافروں) کی زمین کو (مسلمانوں کی فتوحات کے ذریعے) مختلف کناروں سے گھٹاتے چلے جارہے ہیں؟ پھر کیا (ایسے حالات میں بھی) وہ (مسلمانوں پر) غالب آجائیں گے؟ ﴿۴۴﴾ تم کہو: میں تو تم کو صرف وحی کے ذریعے① ڈراتا ہوں اور بہرے لوگوں② کی حالت یہ ہے کہ جب ان کو ڈرایا جاتا ہے تو وہ کسی کی پکار نہیں سنتے ﴿۴۵﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) وحی کے مطابق۔

② مراد کافر ہے۔

وَلَئِنْ مَّسَّتْهُمْ نَفْحَةٌ مِّنْ عَذَابِ رَبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝ وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا ؕ وَاِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا بِهَا ؕ وَكَفٰى بِنَا حٰسِبِيْنَ ۝ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ الْفُرْقَانَ وَضِيَآءً وَّذِكْرًا لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَهُمْ مِّنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُوْنَ ۝ وَهٰذَا ذِكْرٌ مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ ؕ اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ۝

وَلَقَدْ اٰتَيْنَآ اِبْرٰهِيْمَ رُشْدَهٗ مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا بِهٖ عٰلِمِيْنَ ۝

اور تمھارے رب کے عذاب کا ذرا سا جھونکا① بھی اگر ان کو لگ جائے تو وہ ضرور یہ بات کہنے لگتے ہیں: ہائے افسوس!② ہم ہی تو گنہگار تھے ﴿۴۶﴾ اور قیامت کے دن ہم انصاف کی ترازوئیں قائم کریں گے، سو کسی شخص پر ذرہ بھی ظلم نہیں کیا جائے گا اور اگر رائی کے دانے کے برابر بھی کوئی عمل ہوگا تو ہم اس کو (وہاں) سامنے لاویں گے اور حساب لینے کے لیے ہم کافی ہیں ﴿۴۷﴾ اور پکی بات یہ ہے ہم نے موسیٰ اور ہارون کو (حق و باطل میں) فیصلہ کرنے والی اور روشنی والی اور تقویٰ والوں کے لیے نصیحت سے بھری (تورات) کتاب دی ﴿۴۸﴾ یہ وہ لوگ ہیں جو دیکھے بغیر (بھی) اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور وہ لوگ قیامت (کی گھڑی) سے گھبراتے رہتے ہیں③ ﴿۴۹﴾ اور یہ (قرآن تو) برکتوں والی نصیحت ہے اس کو ہم نے تو اتارا ہے، کیا پھر بھی تم اس (کو ماننے) سے انکار کرتے ہو؟④ ﴿۵۰﴾

اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے ابراہیم (علیہ السلام) کو پہلے ہی سے⑤ اس کی سمجھ بوجھ دی تھی اور ہم ان (کے حالات اور صلاحیت) کو اچھی طرح جانتے تھے ﴿۵۱﴾

① آیت میں مبالغہ ہے کہ پورا اور بڑا عذاب تو درکنار عذاب کی ذرا سی لپیٹ بھی چھو جاوے گی تو موت کو پکاریں گے اور گناہ کا اقرار کر لیں گے۔ ② (دوسرا ترجمہ) ہائے ہماری بربادی!۔

③ (دوسرا ترجمہ) خطرہ رکھتے ہیں۔ ④ یعنی ماننے سے انکار مت کرو، مان لو۔

⑤ [۱] یعنی بچپن ہی سے جوانی سے پہلے۔ یعنی توحید اور نیک راستے کی۔

[۲] حضرت موسیٰ (علیہ السلام) اور حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے دنیا میں آنے سے پہلے۔

إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِ مَا هَٰذِهِ التَّمَاثِيلُ الَّتِي أَنتُمْ لَهَا عَاكِفُونَ ۝ قَالُوا وَجَدْنَا آبَاءَنَا
لَهَا عَابِدِينَ ۝ قَالَ لَقَدْ كُنتُمْ أَنتُمْ وَآبَاؤُكُمْ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ۝ قَالُوا أَجِئْتَنَا بِالْحَقِّ
أَمْ أَنتَ مِنَ اللَّاعِبِينَ ۝ قَالَ بَل رَّبُّكُمْ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ الَّذِي فَطَرَهُنَّ وَأَنَا
عَلَىٰ ذَٰلِكُم مِّنَ الشَّاهِدِينَ ۝ وَتَاللَّهِ لَأَكِيدَنَّ أَصْنَامَكُم بَعْدَ أَن تُوَلُّوا مُدْبِرِينَ ۝
فَجَعَلَهُمْ جُذَاذًا إِلَّا كَبِيرًا لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ إِلَيْهِ يَرْجِعُونَ ۝

(اور اس وقت کو یاد کرو) جب ابراہیم علیہ السلام نے اپنے ابا اور اپنی قوم سے کہا: یہ کیسی مورتیاں ہیں کہ تم (ہر وقت) ان کے پاس جم کر بیٹھے رہتے ہو؟① ﴿۵۲﴾ وہ (ابا اور قوم کے لوگ) کہنے لگے: ہم نے ہمارے باپ داداؤں کو ان کی پوجا کرتے ہوئے پایا ﴿۵۳﴾ ابراہیم علیہ السلام نے کہا کہ: پکی بات تو یہ ہے کہ تم اور تمھارے باپ دادا کھلی گمراہی میں پڑے ہوئے ہو ﴿۵۴﴾ تو وہ (قوم کے) لوگ کہنے لگے: کیا تم ہمارے پاس کوئی سچی بات لائے ہو یا تم کھیل (مذاق) کرتے ہو؟② ﴿۵۵﴾ ابراہیم علیہ السلام نے کہا (یہ کوئی مذاق کی بات نہیں ہے) بلکہ تمھارے رب وہ ہیں جو آسمانوں اور زمین کے رب ہیں جس نے ان سب کو③ پیدا کیا اور میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں④ ﴿۵۶﴾ اور اللہ تعالیٰ کی قسم! جب تم (ان کے پاس سے) پیٹھ پھرا کر چلے جاؤ گے تب میں تمھارے بتوں کے بارے میں ضرور چال چلوں گا⑤ ﴿۵۷﴾ سو ابراہیم علیہ السلام نے ان کے بڑے بت کے سوا باقی سب کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیے؛ تاکہ وہ اس (بڑے بت) کی طرف رجوع کریں⑥ ﴿۵۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) تم اس کے پاس مجاور بن کر بیٹھے رہتے ہو
② یعنی تم صرف ٹائم پاس کرتے ہو۔
③ تمام مخلوق جس میں بت بھی شامل ہے۔
④ (دوسرا ترجمہ) میں اس بات کا قائل ہوں۔
⑤ (دوسرا ترجمہ) میں تمھارے بتوں کی گت بناؤں گا (جس سے ان کی حقیقت کھل جائے گی)۔
⑥ (دوسرا ترجمہ) تاکہ ان (حضرت ابراہیم علیہ السلام) کی طرف (حقیقت معلوم کرنے کے لیے) رجوع کریں (تیسرا) تاکہ وہ اس (حضرت ابراہیم علیہ السلام کے رب) کی طرف لوٹ آویں۔

قَالُوۡا مَنۡ فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَاۤ اِنَّهٗ لَمِنَ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿۵۹﴾ قَالُوۡا سَمِعۡنَا فَتًى يَّذۡكُرُهُمۡ يُقَالُ لَهٗۤ اِبۡرٰهِيۡمُ ﴿۶۰﴾ قَالُوۡا فَاۡتُوۡا بِهٖ عَلٰٓى اَعۡيُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمۡ يَشۡهَدُوۡنَ ﴿۶۱﴾ قَالُوۡۤا ءَاَنۡتَ فَعَلۡتَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا يٰۤاِبۡرٰهِيۡمُ ﴿۶۲﴾ قَالَ بَلۡ فَعَلَهٗ ۖ كَبِيۡرُهُمۡ هٰذَا فَسۡـَٔلُوۡهُمۡ اِنۡ كَانُوۡا يَنۡطِقُوۡنَ ﴿۶۳﴾ فَرَجَعُوۡۤا اِلٰٓى اَنۡفُسِهِمۡ فَقَالُوۡۤا اِنَّكُمۡ اَنۡتُمُ الظّٰلِمُوۡنَ ﴿۶۴﴾ ثُمَّ نُكِسُوۡا عَلٰى رُءُوۡسِهِمۡ ۚ لَقَدۡ عَلِمۡتَ مَا هٰۤؤُلَاۤءِ يَنۡطِقُوۡنَ ﴿۶۵﴾

وہ (لوگ) کہنے لگے ①: ہمارے بتوں کے ساتھ یہ (توڑ پھوڑ کا) کام کس نے کیا؟ یقیناً وہ تو کوئی بڑا ہی ظالم ہے ② ﴿۵۹﴾ لوگوں نے کہا ③: ہم نے ایک نوجوان ④ کو جس کو ابراہیم کہا جاتا ہے ان (بتوں) کے بارے میں کچھ (برا) کہتے ہوئے سنا ہے ⑤ ﴿۶۰﴾ وہ (لوگ) کہنے لگے: تو اس کو لوگوں کے سامنے لاؤ؛ تا کہ سب لوگ (اس کے اقرار کے) گواہ بن جائیں ⑥ ﴿۶۱﴾ وہ (لوگ) کہنے لگے ⑦: اے ابراہیم! کیا ہمارے معبودوں کے ساتھ یہ (توڑ پھوڑ کا) کام تم نے کیا ہے؟ ﴿۶۲﴾ ابراہیم علیہ السلام نے کہا: بلکہ یہ کام تو ان کے اس بڑے سردار نے کیا ہے، اگر یہ بت بول سکتے ہوں تو ان ہی سے پوچھ لو ﴿۶۳﴾ سو وہ (مشرک لوگ) اپنے ہی دل دل میں سوچنے لگے، پھر (اپنے دل میں) کہنے لگے کہ: یقینی بات ہے کہ تم خود ہی ظالم ہو ﴿۶۴﴾ پھر ان مشرکوں نے (شرم کے مارے) اپنے سروں کو جھکا لیا ⑧ (ابراہیم علیہ السلام سے کہا) تم کو تو یہ بات اچھی طرح معلوم ہی ہے کہ یہ بت تو کچھ بولتے نہیں ہیں ﴿۶۵﴾

---

① میلے سے واپسی پر بتوں کی ایسی حالت دیکھ کر۔ ② (دوسرا ترجمہ) یقیناً وہ تو (بڑے) ظالموں میں سے ہیں۔
③ جن لوگوں کو پہلے مناظرے کی خبر تھی ان لوگوں نے یا "تاللہ لاکیدن اصنامکم" والی بات جنھوں نے سنی تھی انھوں نے۔ ④ شرک کو ہاتھ سے روکنے کا نوجوانوں میں جذبہ ہونا چاہیے۔
⑤ (دوسرا ترجمہ) ایک نوجوان کو ہم نے سنا ہے وہ ان بتوں کے بارے میں (بری) باتیں کہتا ہے اس کو ابراہیم کہتے ہیں۔
⑥ (دوسرا ترجمہ) تا کہ سب لوگ دیکھ لیویں۔ یعنی اتنی بڑی ہمت جس شخص نے کی اس کو ذرا دیکھیں تو صحیح۔
⑦ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو لوگوں کے سامنے لایا گیا تب۔
⑧ ایک مطلب یہ بھی ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی تقریر سن کر بتوں کا عاجز ہونا سمجھ میں آ گیا قریب تھا کہ حق قبول کر لیوے، لیکن ان کی کھوپڑی الٹ دی گئی جس کی وجہ سے کفر کی طرف پلٹ گئے۔

قَالَ أَفَتَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَنفَعُكُمْ شَيْئًا وَلَا يَضُرُّكُمْ ﴿٦٦﴾ أُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ ۖ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿٦٧﴾ قَالُوا حَرِّقُوهُ وَانصُرُوا آلِهَتَكُمْ إِن كُنتُمْ فَاعِلِينَ ﴿٦٨﴾ قُلْنَا يَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَسَلَامًا عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ ﴿٦٩﴾ وَأَرَادُوا بِهِ كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ الْأَخْسَرِينَ ﴿٧٠﴾ وَنَجَّيْنَاهُ وَلُوطًا إِلَى الْأَرْضِ الَّتِي بَارَكْنَا فِيهَا لِلْعَالَمِينَ ﴿٧١﴾ وَوَهَبْنَا لَهُ إِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ نَافِلَةً ۖ وَكُلًّا جَعَلْنَا صَالِحِينَ ﴿٧٢﴾ وَجَعَلْنَاهُمْ أَئِمَّةً يَهْدُونَ بِأَمْرِنَا

ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا کہ: کیا پھر تم اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر ایسی چیز کی عبادت کرتے ہو جو تم کو کچھ بھی نفع نہ دیوے اور تم کو نقصان نہ دیوے ﴿٦٦﴾ میں تو تم سے بھی اور اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر جن کی تم عبادت کرتے ہو ان سے (بھی) دور (بیزار) ہوں①، کیا بھلا (اتنی بات بھی) تم سمجھتے نہیں ہو؟ ﴿٦٧﴾ ان لوگوں نے کہا کہ: تم اس (ابراہیم) کو آگ میں جلا دو اور تم اپنے معبودوں کی مدد کرو اگر تم کو کچھ کرنا ہی ہے تو② ﴿٦٨﴾ ہم نے حکم دیا کہ: اے آگ! تو ابراہیم (علیہ السلام) کے لیے ٹھنڈی اور سلامتی والی ہو جا ﴿٦٩﴾ انھوں نے ان (ابراہیم علیہ السلام) کے ساتھ برائی کا ارادہ کیا تھا، سو ہم نے ان کو پوری طرح ناکام کر ڈالا ﴿٧٠﴾ اور ہم ان (ابراہیم علیہ السلام) کو اور لوط (علیہ السلام) کو بچا کر اس زمین (یعنی ملکِ شام) کی طرف لے گئے جس میں ہم نے تمام جہان والوں کے لیے برکت رکھی تھی③ ﴿٧١﴾ اور ہم نے ان (ابراہیم علیہ السلام) کو اسحاق (جیسا بیٹا) اور یعقوب (جیسا پوتا) انعام کے طور پر دیا اور ہم نے ہر ایک کو نیک بنایا ﴿٧٢﴾ اور ہم نے ان کو امام بنا دیا جو ہمارے حکم کے مطابق لوگوں کی رہنمائی کرتے تھے،

---

① (دوسرا ترجمہ) تف ہے تم پر بھی اور جن کی تم اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہو ان پر بھی۔

② (دوسرا ترجمہ) لوگوں نے (آپس میں ایک دوسرے سے کہا) اگر تم کو کچھ کرنا ہی ہے تو ابراہیم کو آگ میں جلا دو اور تمھارے معبودوں کی مدد کرو (تیسرا) اپنے معبودوں کا (ابراہیم سے) بدلہ لو۔

③ (دوسرا ترجمہ) اور ہم نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اور لوط علیہ السلام کو ایسے ملک (شام) کی طرف بھیج کر (کافروں کی شرارت سے) بچایا جس میں ہم نے تمام جہاں والوں کے لیے برکت رکھی۔

وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ وَاِقَامَ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءَ الزَّكٰوةِ ۚ وَكَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ ۝ وَلُوْطًا اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا وَّنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ تَّعْمَلُ الْخَبٰٓئِثَ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فٰسِقِيْنَ ۝ وَاَدْخَلْنٰهُ فِيْ رَحْمَتِنَا ۭ اِنَّهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝

وَنُوْحًا اِذْ نَادٰى مِنْ قَبْلُ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ۝ وَنَصَرْنٰهُ مِنَ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ وَدَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ اِذْ يَحْكُمٰنِ فِي الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ ۚ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ شٰهِدِيْنَ ۝

اور وحی کے ذریعہ نیکیوں کے کام کرنے کی اور نماز قائم کرنے کی اور زکوۃ دینے کی ہم نے ان کو تاکید کردی تھی① اور وہ ہماری عبادت میں لگے رہتے تھے ﴿۷۳﴾ اور لوط (علیہ السلام) کو ہم نے حکمت (نبوت) اور علم دیا اور جس بستی کے لوگ گندے کام کرتے تھے اس سے ہم نے ان (لوط علیہ السلام) کو نجات دے دی، یقیناً وہ برائی والی نافرمان قوم تھی ﴿۷۴﴾ اور ہم نے ان (لوط علیہ السلام) کو ہماری رحمت میں داخل کردیا، یقیناً وہ نیک بندوں میں سے تھے ﴿۷۵﴾

اور نوح (علیہ السلام) کو بھی (یاد کرو) جب کہ انھوں نے اس سے پہلے② دعا کی تھی، سو ہم نے ان (نوح علیہ السلام) کی دعا قبول کرلی، سو ہم نے ان (نوح علیہ السلام) کو اور ان (نوح علیہ السلام) کے ماننے والوں کو (عذاب کی) بھاری مصیبت سے نجات دی ﴿۷۶﴾ اور جس قوم نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا اس کے مقابلے میں ہم نے ان (نوح علیہ السلام) کی مدد کی، یقیناً وہ برے لوگ تھے، سو ہم نے ان سب کو ڈبو دیا ﴿۷۷﴾ اور داؤد اور سلیمان (علیہما السلام) کو③ جب کہ وہ دونوں ایک کھیتی کے جھگڑے میں فیصلہ کر رہے تھے، جب کہ قوم کی بکریاں رات کے وقت اس (کھیت) میں گھس گئی تھیں اور ان لوگوں کا فیصلہ ہمارے سامنے تھا④ ﴿۷۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اور نیکیوں کے کام کرنے کا اور نماز قائم کرنے کا اور زکوۃ دینے کا ہم نے ان کو حکم بھیجا تھا۔

② حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانہ سے پہلے۔ ③ علم و حکمت عطا کیا تھا۔

④ (دوسرا ترجمہ) ان لوگوں کے بارے میں جو فیصلہ ہوا ہم خود اس کو دیکھ رہے تھے۔

فَفَهَّمۡنٰهَا سُلَيۡمٰنَ‌ۚ وَكُلًّا اٰتَيۡنَا حُكۡمًا وَّعِلۡمًا‌ؗ وَّسَخَّرۡنَا مَعَ دَاوٗدَ الۡجِبَالَ يُسَبِّحۡنَ وَالطَّيۡرَ‌ؕ وَكُنَّا فٰعِلِيۡنَ ۝ وَعَلَّمۡنٰهُ صَنۡعَةَ لَبُوۡسٍ لَّـكُمۡ لِتُحۡصِنَكُمۡ مِّنۡۢ بَاۡسِكُمۡ‌ۚ فَهَلۡ اَنۡتُمۡ شٰكِرُوۡنَ ۝ وَلِسُلَيۡمٰنَ الرِّيۡحَ عَاصِفَةً تَجۡرِىۡ بِاَمۡرِهٖۤ اِلَى الۡاَرۡضِ الَّتِىۡ بٰرَكۡنَا فِيۡهَا‌ؕ وَكُنَّا بِكُلِّ شَىۡءٍ عٰلِمِيۡنَ ۝ وَمِنَ الشَّيٰطِيۡنِ مَنۡ يَّغُوۡصُوۡنَ لَهٗ وَيَعۡمَلُوۡنَ عَمَلًا دُوۡنَ ذٰ لِكَ‌ۚ وَكُنَّا لَهُمۡ حٰفِظِيۡنَ ۝ وَاَيُّوۡبَ اِذۡ نَادٰى رَبَّهٗۤ اَنِّىۡ مَسَّنِىَ الضُّرُّ وَاَنۡتَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِيۡنَ ۝

پھر ہم نے اس فیصلے کی آسان شکل سلیمان (علیہ السلام) کو سمجھا دی ① اور ہم نے دونوں (داؤد و سلیمان علیہما السلام) میں سے ہر ایک کو حکومت اور علم ② دیا تھا اور ہم نے پہاڑوں اور پرندوں کو داؤد (علیہ السلام) کے تابع کر دیا تھا جو ان (داؤد علیہ السلام) کے ساتھ تسبیح کیا کرتے تھے ③ اور سب کچھ کام ہم ہی تو کرنے والے ہیں ﴿۷۹﴾ اور ہم نے ان (داؤد علیہ السلام) کو تمھارے فائدہ کے لیے لڑائی کے کپڑے (زرہیں وغیرہ) بنانا سکھا دیا؛ تاکہ وہ تمھاری لڑائی میں تم کو ایک دوسرے سے حفاظت میں رکھیں، اب بتاؤ کیا تم شکر کرنے والے ہو؟ ﴿۸۰﴾ اور تیز ہوا کو سلیمان (علیہ السلام) کے تابع کر دیا جو ان (سلیمان علیہ السلام) کے حکم سے اس سرزمین کی طرف چلتی تھی جس میں ہم نے (ہر قسم کی) برکتیں رکھی ہیں اور ہم ہر ہر چیز کی پوری خبر رکھتے ہیں ﴿۸۱﴾ اور بعض شریر جن بھی ہم نے تابع کر دیے جو ان (سلیمان علیہ السلام) کے لیے (سمندر میں) غوطہ لگاتے تھے اور اس (غوطہ لگانے) کے سوا دوسرے کام بھی کرتے تھے اور ہم ہی نے ان (شریر جنوں) کو سنبھال رکھا تھا ﴿۸۲﴾ اور ایوب (علیہ السلام کا واقعہ بھی تو سنو) جب انھوں نے اپنے رب کو پکارا کہ "بیشک مجھ کو بڑی تکلیف پہنچ رہی ہے اور آپ رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں" ④ ﴿۸۳﴾

---

① بہت سی مرتبہ بڑوں کے مقابلہ میں جوانوں کے ذہن میں بہترین تدابیر اللہ تعالیٰ کی طرف سے القا کی جاتی ہے۔ فیصلہ اور صلح دونوں اچھے تھے، البتہ صلح بہتر ہے۔

② یعنی فیصلہ کرنے کی صلاحیت۔

③ معلوم ہوا جامد چیزوں پر بھی ذکر کے اثرات ظاہر ہوتے ہیں۔

④ دوسرا ترجمہ:۔ اور آپ سب رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ۝ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِدْرِيْسَ وَذَا الْكِفْلِ ؕ كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ۝ وَاَدْخَلْنٰهُمْ فِيْ رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ۝ وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۝ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ؕ وَكَذٰلِكَ نُـْۨجِي الْمُؤْمِنِيْنَ۝ وَزَكَرِيَّآ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ۝

سو ہم نے ان (ایوب علیہ السلام) کی دعا قبول کر لی اور ان (ایوب علیہ السلام) کو جو تکلیف تھی ہم نے دور کر دی اور ہم نے ان (ایوب علیہ السلام) کو ان کے گھر والے بھی دیے اور ان کے ساتھ اتنے ہی (بال بچے) اور بھی دیے، یہ سب ہماری طرف سے رحمت (سے عطا کیا) ہے اور عبادت کرنے والوں کے لیے ایک نصیحت ہے ﴿۸۴﴾ اور اسماعیل اور ادریس اور ذوالکفل (علیہم السلام کا تذکرہ بھی سنو) ہر ایک صبر کرنے والوں میں تھے ﴿۸۵﴾ اور ان سب کو ہم نے ہماری رحمت میں داخل کر لیا تھا، یقینی بات ہے کہ وہ نیک بندوں میں سے تھے ﴿۸۶﴾ اور مچھلی والے (نبی یونس علیہ السلام کو دیکھو) جب وہ (اپنی قوم سے) غصہ ہو کر چلے گئے① پھر انھوں نے (اپنے ذہن میں) یہ سمجھا کہ ہم ان کو نہیں پکڑیں گے، سو انھوں نے اندھیریوں② میں سے آواز لگائی کہ (اے اللہ!) تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تیری ذات پاک ہے، یقیناً میں قصور کرنے والوں میں سے ہوں ﴿۸۷﴾ سو ہم نے ان (یونس علیہ السلام) کی دعا قبول کر لی اور ہم نے ان (یونس علیہ السلام) کو (اس) گھٹن سے نجات دے دی اور اسی طرح ہم ایمان والوں کو نجات دیا کرتے ہیں ﴿۸۸﴾ اور زکریا (علیہ السلام کی بات تو دیکھو) جب انھوں نے اپنے رب کو پکارا: اے میرے رب! آپ مجھ کو اکیلا مت چھوڑیے اور آپ تو سب سے اچھے وارث ہیں③ ﴿۸۹﴾

① اس لیے کہ ان کی قوم نے ایمان قبول نہیں کیا تھا؛ اس لیے یہ غصہ اللہ کی رضا کے لیے تھا۔ ② تین اندھیرے جمع ہوئے: (۱) رات (۲) مچھلی کا پیٹ (۳) سمندر کے پانی کی گہرائی۔ ③ یعنی پیچھے باقی رہنے والے۔

فَاسۡتَجَبۡنَا لَهٗ ۫ وَ وَهَبۡنَا لَهٗ یَحۡیٰی وَ اَصۡلَحۡنَا لَهٗ زَوۡجَهٗ ؕ اِنَّهُمۡ کَانُوۡا یُسٰرِعُوۡنَ فِی الۡخَیۡرٰتِ وَ یَدۡعُوۡنَنَا رَغَبًا وَّ رَهَبًا ؕ وَ کَانُوۡا لَنَا خٰشِعِیۡنَ ﴿۹۰﴾ وَ الَّتِیۡۤ اَحۡصَنَتۡ فَرۡجَهَا فَنَفَخۡنَا فِیۡهَا مِنۡ رُّوۡحِنَا وَ جَعَلۡنٰهَا وَ ابۡنَهَاۤ اٰیَۃً لِّلۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۹۱﴾ اِنَّ هٰذِهٖۤ اُمَّتُکُمۡ اُمَّۃً وَّاحِدَۃً ۫ۖ وَّ اَنَا رَبُّکُمۡ فَاعۡبُدُوۡنِ ﴿۹۲﴾ وَ تَقَطَّعُوۡۤا اَمۡرَهُمۡ بَیۡنَهُمۡ ؕ کُلٌّ اِلَیۡنَا رٰجِعُوۡنَ ﴿۹۳﴾

سو ہم نے ان (زکریا علیہ السلام) کی دعا قبول کر لی① اور ہم نے ان (زکریا علیہ السلام) کو یحیٰ (جیسا بیٹا) دیا اور ہم نے ان (زکریا علیہ السلام) کی خاطر ان کی بیوی کو اچھا (یعنی بچہ دے سکے ویسا) کر دیا②، یقیناً وہ (سب نبی) بھلے کاموں کے کرنے میں تیزی دکھاتے تھے③ اور ہم کو شوق اور ڈر سے پکارتے تھے④ اور وہ ہمارے آگے عاجزی کرنے والے تھے ﴿۹۰﴾ اور اس (پاک دامن) عورت کی (بات سنو) جس نے اپنی شرمگاہ کی (گناہ سے) حفاظت کی تو ہم نے اس (عورت) میں ہماری روح پھونک دی، اور ہم نے اس (عورت) کو اور اس کے بیٹے کو تمام جہاں والوں کے لیے (اپنی قدرت کی) ایک نشانی بنا دی ﴿۹۱﴾ یقین رکھو! یہ تمھاری امت ایک ہی (دین پر چلنے والی) امت ہے⑤ اور میں تمھارا رب ہوں، سو تم میری ہی عبادت کیا کرو ﴿۹۲﴾ اور ان لوگوں نے اپنے دین (کے کام) کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے آپس میں بانٹ لیا⑥، ہر ایک ہمارے ہی پاس لوٹ کر آنے والے ہیں ﴿۹۳﴾

① حضرت زکریا علیہ السلام کی دعا یہ تھی کہ ایک بیٹا مل جائے جو وارث بنے، لیکن بیٹا ملے کے نہ ملے، بیٹا بھی فنا ہونے والی چیز ہے، جبکہ اللہ تعالیٰ بہتر وارث ہیں، ہمیشہ باقی رہنے والے ہیں، یہ اللہ تعالیٰ کی طرف دھیان یہ نبوی ادب ہے۔

② یعنی بانجھ بیوی میں ولادت کی صلاحیت پیدا کر دی۔

③ (دوسرا ترجمہ) دوڑتے تھے۔

④ راحت اور تکلیف ہر حالت میں اللہ تعالیٰ کی طرف انابت کرنے والے تھے۔

⑤ یقین رکھو یہ تمھارا دین (طریقہ) ایک ہی دین (طریقہ) ہے۔

⑥ (دوسرا ترجمہ) ان لوگوں نے اپنے دین میں اختلاف پیدا کر دیا۔

فَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهٖ ۚ وَاِنَّا لَهٗ كٰتِبُوْنَ ۝ وَحَرٰمٌ عَلٰى قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَاۤ اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ۝ حَتّٰۤى اِذَا فُتِحَتْ يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ ۝ وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ فَاِذَا هِيَ شَاخِصَةٌ اَبْصَارُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ يٰوَيْلَنَا قَدْ كُنَّا فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا بَلْ كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝ اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ ۚ اَنْتُمْ لَهَا وٰرِدُوْنَ ۝ لَوْ كَانَ هٰۤؤُلَآءِ اٰلِهَةً مَّا وَرَدُوْهَا ۚ وَكُلٌّ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّهُمْ فِيْهَا لَا يَسْمَعُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰۤى ۙ اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ ۝

سو جو آدمی بھی نیک کام کرتا ہے اور وہ ایمان والا ہے تو اس کی (نیک) کوشش کی ناقدری نہیں ہوگی اور ہم اس (کی کوشش) کو لکھتے جاتے ہیں ﴿۹۴﴾ اور جس بستی (کے لوگوں) کو ہم نے ہلاک کر دیا ان کے لیے طے ہو چکا ہے کہ وہ (دنیا میں) پلٹ کر آنے والے نہیں ہیں① ﴿۹۵﴾ یہاں تک کہ جب یاجوج اور ماجوج کھول دیے جائیں گے اور وہ ہر اونچی جگہ سے پھسلتے ہوئے معلوم ہوں گے ﴿۹۶﴾ اور (اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹنے کے) سچے وعدے کے پورا ہونے کا وقت نزدیک آجائے گا تب اچانک (یہ حالت ہوگی کہ) کافروں کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ جائے گی② (اور کافر لوگ بولیں گے) ہائے افسوس! ہم تو اس (قیامت) سے بڑی غفلت میں تھے؛ بلکہ ہم ہی تو گنہگار تھے ﴿۹۷﴾ یقینی بات ہے کہ تم اور جن کی اللہ کو چھوڑ کر تم عبادت کرتے ہو وہ سب جہنم کا ایندھن ہوں گے اور تم کو اس (جہنم) میں اترنا ہے③ ﴿۹۸﴾ اگر یہ (معبود) واقعی خدا ہوتے تو وہ اس (جہنم) میں نہ پہنچتے اور سب کے سب④ اس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿۹۹﴾ وہ اس (جہنم) کے اندر چیخیں گے اور وہ اس میں (چیخ و پکار کے شور میں کسی کی بات) کچھ نہیں سن سکیں گے ﴿۱۰۰﴾ یقینی بات ہے کہ جن لوگوں کے لیے ہماری طرف سے پہلے ہی سے بھلائی لکھی جا چکی ہے ان کو اس (جہنم) سے دور رکھا جائے گا ﴿۱۰۱﴾

---

① یعنی واپس آنا محال ہے۔ ② (دوسرا ترجمہ) اوپر کی طرف لگی ہوئی رہ جائے گی۔
③ (دوسرا ترجمہ) پہنچنا ہے۔
④ یعنی بت کی عبادت کرنے والے اور خود بت۔

لَا يَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا ۚ وَهُمْ فِيْ مَا اشْتَهَتْ اَنْفُسُهُمْ خٰلِدُوْنَ ۝ لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ وَتَتَلَقّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ۭ هٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ۝ يَوْمَ نَطْوِي السَّمَآءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ ۭ كَمَا بَدَاْنَآ اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيْدُهٗ ۭ وَعْدًا عَلَيْنَا ۭ اِنَّا كُنَّا فٰعِلِيْنَ ۝ وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُوْرِ مِنْۢ بَعْدِ الذِّكْرِ اَنَّ الْاَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ ۝ اِنَّ فِيْ هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عٰبِدِيْنَ ۝ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝

(اور) وہ اس (جہنم) کی ہلکی سی آواز بھی نہیں سنیں گے اور وہ اپنی من پسند (جنت کی) لذت کی چیزوں میں ہمیشہ رہیں گے ﴿۱۰۲﴾ قیامت کے دن کی سب سے بڑی گھبراہٹ ان کو غمگین نہیں کرے گی اور فرشتے (یہ کہتے ہوئے) ان کا استقبال کریں گے ① "یہی تمھارا وہ دن ہے جس کا تم سے (دنیا میں) وعدہ کیا گیا تھا" ﴿۱۰۳﴾ (وہ دن یاد رکھو) جس دن ہم آسمانوں کو اس طرح لپیٹ لیں گے جس طرح دستاویز کا لکھا ہوا کاغذ لپیٹ دیا جاتا ہے ② جس طرح ہم نے پہلی بار مخلوقات کو پیدا کرنے کی ابتدا کی تھی اسی طرح ہم ان کو دوبارہ پیدا کریں گے (دوسری مرتبہ پیدا کرنے کا) ہمارے ذمے ایک وعدہ ہے جس کو ہم ضرور پورا کرنے والے ہیں ﴿۱۰۴﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ زبور میں نصیحت کے بعد ہم نے یہ لکھ دیا تھا کہ یقیناً زمین کے حقیقی مالک میرے نیک بندے ہوں گے ③ ﴿۱۰۵﴾ یقیناً اس (قرآن یا اس طرح کے مضامین) میں عبادت کرنے والوں کے لیے (مقصد کو حاصل کرنے کا) کافی پیغام ہے ﴿۱۰۶﴾ اور (اے نبی!) ہم نے تم کو تمام عالموں کے لیے رحمت ہی رحمت بنا کر بھیجا ﴿۱۰۷﴾

---

① قبر سے نکلتے وقت اور جنت میں داخلے کے وقت ملائکہ استقبال کریں گے۔

② (دوسرا ترجمہ) جس طرح لکھے ہوئے مضامین کا کاغذ لپیٹ دیا جاتا ہے۔

③ تورات میں اور تورات کے علاوہ دوسری آسمانی کتابیں: زبور، انجیل، قرآن اسی طرح لوح محفوظ اور تمام آسمانی کتابوں میں یہ مضمون مشترکہ طور پر ہے کہ جنت کی زمین صالحین بندوں کو ملے گی اور دنیا کی زمین پر صالحین بندوں کو ایک مرتبہ مکمل حکومت دی جا چکی اور قیامت سے قبل حضرت مہدیؓ اور حضرت عیسیٰؑ کے دور میں پھر سے ملنے والی ہے، دونوں باتوں کی طرف آیت میں اشارہ ہے۔

قُلْ اِنَّمَا يُوْحٰۤى اِلَیَّ اَنَّمَاۤ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿١٠٨﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ عَلٰى سَوَآءٍ ؕ وَاِنْ اَدْرِیْۤ اَقَرِیْبٌ اَمْ بَعِیْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ ﴿١٠٩﴾ اِنَّهٗ یَعْلَمُ الْجَهْرَ مِنَ الْقَوْلِ وَیَعْلَمُ مَا تَكْتُمُوْنَ ﴿١١٠﴾ وَاِنْ اَدْرِیْ لَعَلَّهٗ فِتْنَةٌ لَّكُمْ وَمَتَاعٌ اِلٰى حِیْنٍ ﴿١١١﴾ قٰلَ رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ﴿١١٢﴾

(اے نبی!) تم کہہ دو کہ: میری طرف تو یہی وحی آئی ہے کہ تمھارے معبود ایک ہی معبود ہیں، سو کیا تم فرماں بردار بنتے ہو؟ ﴿۱۰۸﴾ پھر بھی اگر وہ منہ پھرالیویں تو تم (ان کو ایسا) کہو کہ: میں نے تو تم کو برابر برابر خبر کردی ① اور جس (عذاب) کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے میں نہیں جانتا کہ وہ قریب ہے یا دور ہے ﴿۱۰۹﴾ یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) جو بات تم زور سے کہتے ہو اس کو جانتے ہیں اور جو (بات) تم چھپاتے ہو اس کو بھی جانتے ہیں ﴿۱۱۰﴾ اور میں نہیں جانتا ہوں (کہ عذاب میں جو دیر ہو رہی ہے) لگتا ایسا ہے کہ وہ تمھارے لیے آزمائش ہو اور ایک مقرر وقت تک (دنیا کے مزوں سے تم کو) فائدہ اٹھانے دینا ہو ﴿۱۱۱﴾ (آخر میں) رسول نے دعا کی کہ: اے میرے رب! آپ (میرے اور میری قوم کے درمیان) انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیجیے اور ہمارے رب تو بہت بڑے رحمت والے ہیں اور جو بات تم لوگ بتاتے ہو ② اس کے بارے میں ہم اسی کی مدد مانگتے ہیں ③

① (دوسرا ترجمہ) علی الاعلان (نہایت واضح) خبر کردی (تیسرا) میں نے تو تم کو خبر کردی (اب تم قبول کرو کہ نہ کرو) دونوں برابر ہے۔
② کہ دنیا سے مسلمان جلدی ختم ہو جائیں گے۔
③ انشاء اللہ ہر دور میں اللہ تعالیٰ مسلمانوں کی حفاظت فرماویں گے، سلامت رکھیں گے۔

سورۃ الحج

(المدنیۃ)

اٰیاتھا:۷۸۔ رکوعاتھا:۱۰۔

یہ سورت مدنی ہے یا مکی، بہتر یہ ہے کہ اس کو مخلوط کہا جائے، اس میں اٹھتر (۷۸) آیتیں ہیں۔ سورۂ نور کے بعد اور سورۂ منافقون سے پہلے ایک سو پانچ (۱۰۵) یا ایک سو تین (۱۰۳) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اعلانِ حج کا تذکرہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَیْءٌ عَظِیْمٌ ① یَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ
مُرْضِعَةٍ عَمَّاۤ اَرْضَعَتْ وَ تَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَ تَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَ مَا هُمْ
بِسُكٰرٰى وَ لٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِیْدٌ ② وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ یُّجَادِلُ فِی اللّٰهِ بِغَیْرِ عِلْمٍ وَّ یَتَّبِعُ
كُلَّ شَیْطٰنٍ مَّرِیْدٍ ③ كُتِبَ عَلَیْهِ اَنَّهٗ مَنْ تَوَلَّاهُ فَاَنَّهٗ یُضِلُّهٗ وَ یَهْدِیْهِ اِلٰى عَذَابِ
السَّعِیْرِ ④ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِیْ رَیْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ
نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّ غَیْرِ مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَیِّنَ لَكُمْ ؕ

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

اے لوگو! تم اپنے رب (کی ناراضگی) سے ڈرو، یقیناً قیامت کا زلزلہ① بڑی بھاری چیز ہے﴿۱﴾ جس دن تم اس (قیامت کے زلزلے) کو دیکھو گے تو حالت یہ ہوگی کہ ہر دودھ پلانے والی جس بچے نے اس سے دودھ پیا ہے اس (بچے تک) کو بھول جائے گی اور تمام حمل والیاں اپنے حمل کو ڈال دیں گی اور لوگ تم کو نشے میں نظر آئیں گے؛ حالاں کہ وہ نشے میں نہیں ہوں گے؛ لیکن اللہ تعالیٰ کا عذاب بہت سخت ہوگا﴿۲﴾ بعضے لوگ ایسے ہیں جو اللہ تعالیٰ کے بارے میں بغیر جانے بوجھے جھگڑا کرتے ہیں① اور ہر سرکش شیطان کے پیچھے چل پڑتے ہیں②﴿۳﴾ جس (شیطان) کی قسمت میں یہ لکھ دیا جا چکا ہے کہ جو شخص بھی اس کو اپنا دوست بنائے گا تو وہ (شیطان) اس کو گمراہ کردے گا اور اس کو بھڑکتی آگ کے عذاب میں لے جاوے گا﴿۴﴾ اے لوگو! اگر تم (قیامت کے دن) دوبارہ زندہ ہونے کے بارے میں شک میں پڑے ہوئے ہو تو یقیناً ہم نے تم کو مٹی سے پیدا کیا، پھر نطفے سے، پھر جمے ہوئے خون سے، پھر گوشت کے لوتھڑے سے جو (کبھی) پورا بنتا ہے① اور (کبھی) پورا نہیں بنتا ہے؛ تاکہ ہم تمھارے لیے (تمھاری حقیقت اور ہماری قدرت) کھول کر بتلادیں،

---

① قیامت کے قریب زمانہ میں بڑا زلزلہ آوے گا اسی طرح حشر کے وقت بھی زلزلہ آوے گا۔ (اگلے صفحہ پر)

وَنُقِرُّ فِي الْاَرْحَامِ مَا نَشَآءُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْــًٔا ۭ وَتَرَى الْاَرْضَ هَامِدَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَاَنْۢبَتَتْ مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّهٗ يُحْيِ الْمَوْتٰى وَاَنَّهٗ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ وَّاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ ۝

اور ہم ماؤں کے پیٹ میں ایک مقرر مدت تک جس (نطفے) کو ہم چاہتے ہیں ٹھہرائے رکھتے ہیں، پھر ہم تم کو بچے کی شکل میں (ماں کے پیٹ سے) باہر نکالتے ہیں پھر (ہم تم کو پالتے ہیں)؛ تاکہ تم اپنی جوانی کی عمر کو پہنچ جاؤ اور تم میں سے بعض وہ ہیں جو (ابھرتی جوانی سے پہلے ہی دنیا سے) اٹھالیے جاتے ہیں اور تم میں سے کوئی تو وہ ہے جو نکمی عمر تک پہنچا دیا جاتا ہے جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ سب کچھ جاننے کے بعد کچھ نہیں جانتا اور تم زمین کو دیکھو گے کہ وہ سوکھی پڑی ہوئی تھی①، سو جب ہم اس (زمین) پر (بارش کا) پانی اتارتے ہیں تو وہ حرکت میں آتی ہے② اور وہ ابھرنے لگتی ہے اور ہر قسم کی رونق دار (خوش نما) چیزیں اگانے لگتی ہے ﴿۵﴾ یہ سب اس واسطے ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات وہی حق ہے اور یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) مردوں کو زندہ کریں گے اور یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) تمام چیزوں پر پوری قدرت رکھتے ہیں ﴿۶﴾ اور یہ کہ قیامت تو ضرور آنے والی ہے جس میں کوئی شک ہی نہیں ہے اور جو لوگ قبروں میں ہیں (قیامت میں) اللہ تعالیٰ یقیناً ان کو دوبارہ زندہ کریں گے ﴿۷﴾

⇐ ① (دوسرا ترجمہ) بے خبری میں جھگڑا کرتے ہیں۔

② یعنی جیسا شیطان کہے ویسا عمل کرے۔

③ پورے اعضاء والا کامل بچہ یا نقص والا یا جس کی پیدائش مقدر ہو یا جس کا اسقاط کا فیصلہ ہوتا ہے۔

اس صفحے کا حاشیہ:

① (دوسرا ترجمہ) مرجھائی ہوئی تھی۔

② (دوسرا ترجمہ) اس میں بڑھوتری ہوتی ہے یعنی جس طرح سوکھی، بنجر، مردہ زمین بارش کی برکت سے دوبارہ زندہ، ہری بھری ہو جاتی ہے اسی طرح مرنے کے بعد دوبارہ اللہ تعالیٰ زندہ فرماویں گے۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ۙ﴿۸﴾ ثَانِيَ عِطْفِهٖ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ لَهٗ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّنُذِيْقُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۹﴾ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدٰكَ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۱۰﴾

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰي حَرْفٍ ۚ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُۨ اطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُۨ انْقَلَبَ عَلٰي وَجْهِهٖ ڗ خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۱﴾ يَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهٗ وَمَا لَا يَنْفَعُهٗ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ﴿۱۲﴾ يَدْعُوْا لَمَنْ ضَرُّهٗٓ اَقْرَبُ مِنْ نَّفْعِهٖ ۭ لَبِئْسَ الْمَوْلٰى وَلَبِئْسَ الْعَشِيْرُ ﴿۱۳﴾

اور بعض لوگ وہ ہیں کہ ان کے پاس کوئی علم نہیں، کوئی ہدایت نہیں، کوئی روشنی دینے والی کتاب نہیں (پھر بھی) وہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں جھگڑا کرتے ہیں ﴿۸﴾ (تکبر سے) اپنا پہلو موڑ کر (جھگڑا کرتے ہیں) تاکہ (دوسروں کو بھی) اللہ کے راستے سے گمراہ کریں، ایسے ہی شخص کے لیے دنیا میں رسوائی ہے اور ہم اس کو قیامت کے دن جلتی آگ کا عذاب چکھائیں گے ﴿۹﴾ تیرے ہاتھوں نے جو کام کر کے آگے بھیجے یہ اس کا بدلہ ہے اور یقیناً اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر ظلم کرنے والے نہیں ہیں ﴿۱۰﴾

اور لوگوں میں سے کوئی تو ایسا بھی ہے جو ایک کنارے پر رہ[۱] کر اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا ہے، سو اگر اس کو (دنیا میں) کوئی بھلائی پہنچ جائے تو اس کو اپنی عبادت پر اطمینان ہو جاتا ہے اور اگر اس کو کوئی آزمائش پہنچتی ہے تو وہ اپنا منہ پھرا کر (کفر کی طرف) الٹا چلتا ہے، اس کا دنیا اور آخرت کا نقصان ہو گیا اور یہ کھلا ہوا نقصان ہے ﴿۱۱﴾ وہ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر ایسی چیز کو پکارتا ہے جو اس کا کوئی نقصان نہیں کر سکتی ہے اور اس کو کوئی نفع نہیں پہنچا سکتی یہی وہ دور کی گمراہی ہے ﴿۱۲﴾ وہ (اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر) ایسے (جھوٹے خدا) کو پکارتا ہے جس کا نقصان اس کے فائدہ سے زیادہ نزدیک ہے، مدد کرنے والا بھی بڑا بُرا ہے اور ساتھی بھی کتنا ہی برا ہے ﴿۱۳﴾

---

[۱] ”حرف“ سے مراد کنارہ جس طرح کسی چیز کے کنارہ پر کوئی کھڑا ہو تو جب موقع پاوے چل دیوے اس طرح کمزور ایمان والوں کا حال ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ۝ مَنْ كَانَ يَظُنُّ اَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ اِلَى السَّمَآءِ ثُمَّ لْيَقْطَعْ فَلْيَنْظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهٗ مَا يَغِيْظُ ۝ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يُّرِيْدُ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصّٰبِـِٕيْنَ وَالنَّصٰرٰى وَالْمَجُوْسَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا ۖ اِنَّ اللّٰهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَآبُّ وَكَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ ؕ

یقیناً اللہ تعالیٰ ایمان لانے والوں اور نیک کام کرنے والوں کو ایسے باغات میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، یقیناً اللہ تعالیٰ جو ارادہ کرتے ہیں وہ کرتے ہیں (۱۴) جو شخص کہ یہ خیال کرتا ہو کہ اللہ تعالیٰ اس (نبی محمد ﷺ) کی دنیا اور آخرت میں ہرگز مدد نہیں کریں گے تو وہ آدمی آسمان تک ایک رسی تان لے، پھر وہ (آسمان پر جا کر محمد ﷺ پر آنے والی وحی کا) سلسلہ کاٹ ڈالے① پھر دیکھے کہ اس تدبیر سے جو چیز اس کو غصہ دلاتی ہے کیا وہ دور ہوگئی؟② (۱۵) اور اسی طرح ہم نے اس (قرآن) کو اتارا، کہ اس میں کھلی کھلی دلیلیں ہیں③ اور یقیناً اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں (اس کو) ہدایت دیتے ہیں (۱۶) یقیناً جو لوگ ایمان والے ہوں اور جو لوگ یہودی ہوں اور جو لوگ صابی ہوں اور جو لوگ نصرانی ہوں اور جو لوگ مجوسی ہوں اور جن لوگوں نے شرک کیا، یقیناً اللہ تعالیٰ ان سب کے درمیان قیامت کے دن فیصلہ کریں گے، یقیناً اللہ تعالیٰ تمام چیز پر گواہ ہیں④ (۱۷) کیا تم نے یہ چیز نہیں دیکھی جو آسمانوں میں ہے وہ سب اور جو زمین میں ہے وہ سب اور سورج اور چاند اور ستارے اور پہاڑ اور درخت اور جانور اور بہت سارے لوگ اس (اللہ) کے آگے سجدہ کرتے ہیں⑤

---

① (دوسرا ترجمہ) وہ آدمی اوپر (چھت) تک ایک رسی باندھ لے، پھر گلے میں پھندا ڈال کر خود پھانسی کھا جاوے۔
② اللہ تعالیٰ اپنے نبی پر وحی اور نصرت نازل فرماوے اس کو کوئی رُکواہی نہیں سکتا تھا۔
③ (دوسرا ترجمہ) کھلی کھلی نشانیوں کی صورت میں اسی طرح ہم نے یہ قرآن اتارا ہے (کہ اس میں ہمارے ارادے اور قدرت کے سوا کسی کا دخل نہیں ہے)۔ ④ (دوسرا ترجمہ) یقیناً تمام چیزیں اللہ تعالیٰ کے سامنے ہیں۔ (اگلے صفحہ پر)

وَكَثِيرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ۗ وَمَن يُهِنِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِن مُّكْرِمٍ ۚ إِنَّ اللَّهَ يَفْعَلُ مَا يَشَاءُ ۩ ﴿١٨﴾ هَٰذَانِ خَصْمَانِ اخْتَصَمُوا فِي رَبِّهِمْ ۖ فَالَّذِينَ كَفَرُوا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّن نَّارٍ يُصَبُّ مِن فَوْقِ رُءُوسِهِمُ الْحَمِيمُ ﴿١٩﴾ يُصْهَرُ بِهِ مَا فِي بُطُونِهِمْ وَالْجُلُودُ ﴿٢٠﴾ وَلَهُم مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيدٍ ﴿٢١﴾ كُلَّمَا أَرَادُوا أَن يَخْرُجُوا مِنْهَا مِنْ غَمٍّ أُعِيدُوا فِيهَا وَذُوقُوا عَذَابَ الْحَرِيقِ ﴿٢٢﴾

إِنَّ اللَّهَ يُدْخِلُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ يُحَلَّوْنَ فِيهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِن ذَهَبٍ وَلُؤْلُؤًا ۖ وَلِبَاسُهُمْ فِيهَا حَرِيرٌ ﴿٢٣﴾ وَهُدُوا إِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ وَهُدُوا إِلَىٰ صِرَاطِ الْحَمِيدِ ﴿٢٤﴾

اور بہت سارے لوگوں کے لیے عذاب طے ہو چکا ہے اور جس کو اللہ تعالیٰ ہی ذلیل کرے کوئی شخص اس کو عزت دینے والا نہیں ہے، یقیناً اللہ تعالیٰ جو چاہتے ہیں کرتے ہیں ﴿۱۸﴾ یہ (مؤمن وکافر) دو فریق ہیں جنھوں نے اپنے رب کے بارے میں ایک دوسرے سے جھگڑا کیا ہے، سو جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لیے آگ کے کپڑے کترے جائیں گے، ان کے سروں کے اوپر سے تیز گرم پانی ڈالا جائے گا ﴿۱۹﴾ اس (گرم پانی) کی وجہ سے جو چیزیں ان کے پیٹوں میں ہیں وہ اور ان کی کھالیں سب گل کر نکل جاویں گی ﴿۲۰﴾ ان (کو مارنے) کے لیے لوہے کے ہتھوڑے ہوں گے ﴿۲۱﴾ جب جب بھی وہ جہنم (کی تکلیف) سے (تنگ آکر) نکلنے کا ارادہ کریں گے تو پھر وہ اس (آگ) میں دھکیل دیئے جائیں گے اور (ان کو کہا جائے گا کہ) تم جلتی آگ کا عذاب (ہمیشہ) چکھو ﴿۲۲﴾

یقیناً اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو اور نیک کام کرنے والوں کو ایسے باغات میں داخل کریں گے کہ ان کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، سونے کے کنگن اور موتی ان کو اس (جنت) میں پہنائے جائیں گے اور اس (جنت) میں ان کا لباس ریشم کا ہوگا ﴿۲۳﴾ اور یہ وہ لوگ ہیں کہ ان کو پاکیزہ بات (کلمہ طیبہ اور قرآن کو ماننے) کی طرف پہنچا دیا گیا تھا اور وہ ہر تعریف والے (اللہ تعالیٰ) کے راستے کی طرف پہنچا دیئے گئے تھے ﴿۲۴﴾

⬅ ① صرف انسان اور جنات یہ دو ایسی مخلوق ہیں جن میں دو گروہ ہیں: ایک ایمان والوں کا، دوسرا کافروں کا، باقی تمام مخلوقات میں کفر و انکار نہیں ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَيَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ اللَّهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِي جَعَلْنَاهُ لِلنَّاسِ سَوَاءً الْعَاكِفُ فِيهِ وَالْبَادِ ۚ وَمَن يُرِدْ فِيهِ بِإِلْحَادٍ بِظُلْمٍ نُّذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ ﴿٢٥﴾ وَإِذْ بَوَّأْنَا لِإِبْرَاهِيمَ مَكَانَ الْبَيْتِ أَن لَّا تُشْرِكْ بِي شَيْئًا وَطَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّائِفِينَ وَالْقَائِمِينَ وَالرُّكَّعِ السُّجُودِ ﴿٢٦﴾ وَأَذِّن فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَأْتُوكَ رِجَالًا وَعَلَىٰ كُلِّ ضَامِرٍ يَأْتِينَ مِن كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ ﴿٢٧﴾

یقیناً (عذاب ایسے لوگوں کو ہوگا) جنھوں نے کفر کیا اور جو اللہ تعالیٰ کے راستے سے اور اس مسجدِ حرام سے روکتے ہیں① جس کو ہم نے سب لوگوں کے لیے (عبادت کی جگہ) بنایا، چاہے وہ وہاں کے رہنے والے ہوں اور باہر سے آنے والے ہوں سب برابر ہیں② اور جو شخص بھی وہاں ظلم کر کے بے دینی کا کام کرنا چاہے گا③ تو ہم اس کو دردناک عذاب چکھائیں گے ﴿۲۵﴾

اور (وہ وقت بھی یاد کرو) جب ہم نے ابراہیم (علیہ السلام) کو گھر (یعنی کعبہ) کی جگہ بتلا دی اور ہم نے یہ حکم دیا کہ میرے ساتھ کسی کو شریک مت کرو اور میرے گھر کو طواف کرنے والوں کے لیے اور عبادت کے لیے کھڑے رہنے والوں کے لیے اور رکوع، سجدہ کرنے والوں کے لیے (ظاہری و باطنی ناپاکی سے) پاک (صاف) رکھنا ﴿۲۶﴾ اور لوگوں میں حج (کے فرض ہونے) کا اعلان کر دو، کہ وہ لوگ تمھارے (بنائے ہوئے گھر کے) پاس پیدل چل کر آئیں گے اور ہر دبلی پتلی اونٹنیوں پر سوار ہو کر بھی جو لمبے راستے کا سفر کر کے آئیں گی④ ﴿۲۷﴾

① تاکہ مسلمان حرم میں نہ آسکے۔

② (دوسرا ترجمہ) جس کو ہم نے لوگوں کے لیے ایسا (عام عبادت کی جگہ) بنایا کہ اس میں وہاں کے رہنے والے اور باہر سے آنے والے سب برابر ہیں۔

③ (دوسرا ترجمہ) شرارت کر کے ٹیڑھا راستہ نکالے گا۔

④ مراد ہے لمبے سفر کی وجہ سے اونٹنیوں کا دبلا ہو جانا، اسی طریقے سے بہت سے مسلمانوں کے دل میں حج کا شوق ہے؛ لیکن پیسے کم ہو جانے کی وجہ سے یا اچھی سواری خرید نہیں سکتے اور دبلی پتلی سواری پر جو میسر آ گیا اس پر سفر کرتے ہیں۔

لِيَشْهَدُوا مَنَافِعَ لَهُمْ وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ فِي أَيَّامٍ مَّعْلُومَاتٍ عَلَىٰ مَا رَزَقَهُم مِّن بَهِيمَةِ الْأَنْعَامِ ۖ فَكُلُوا مِنْهَا وَأَطْعِمُوا الْبَائِسَ الْفَقِيرَ ﴿٢٨﴾ ثُمَّ لْيَقْضُوا تَفَثَهُمْ وَلْيُوفُوا نُذُورَهُمْ وَلْيَطَّوَّفُوا بِالْبَيْتِ الْعَتِيقِ ﴿٢٩﴾ ذَٰلِكَ ۖ وَمَن يُعَظِّمْ حُرُمَاتِ اللَّهِ فَهُوَ خَيْرٌ لَّهُ عِندَ رَبِّهِ ۗ

تا کہ وہ اپنے فائدوں کی چیزوں کو اپنی آنکھوں سے دیکھیں اور (قربانی کے) متعین دنوں میں اللہ تعالیٰ نے ان کو جو مویشی (جیسے جانور) عطا کیے ہیں ان پر (ذبح کرتے وقت) اللہ تعالیٰ کا نام لیویں ①، سو تم خود بھی ان (جانوروں) میں سے (کھانا ہو تو) کھاؤ اور بری حالت والے (یعنی مصیبت میں پھنسے ہوئے) محتاج کو بھی کھلاؤ (۲۸) پھر (قربانی کے بعد) وہ (حاجی) اپنا میل کچیل ② دور کریں اور اپنی اپنی منتیں پوری کریں ③ اور وہ بیتِ عتیق ④ (یعنی کعبہ) کا طواف کریں ⑤ (۲۹) یہ سب باتیں یاد رکھو اور جن چیزوں کو اللہ تعالیٰ نے حرمت (یعنی ادب اور احترام) ⑥ والا بنایا ہے جو شخص بھی اس کی تعظیم کرے گا ⑦ تو یہ کام اس کے لیے اس کے رب کے پاس بہت بہتر ہوگا،

① قربانی کے ایام کے علاوہ ذی الحجہ کا پہلا عشرہ بھی عبادت کی خاص فضیلت رکھتا ہے، اس میں کثرت سے اللہ تعالیٰ کا ذکر کریں۔ (نوٹ) کفار جانور کو ذبح کرتے وقت بتوں کا نام لیتے تھے، تم اللہ تعالیٰ کے نام سے ذبح کرو۔

② اس سے مراد ہے احرام کے زمانے میں بدن پر جو میل جمع ہو گیا، بال اور ناخن بڑے ہو گئے اس کو قربانی کرنے کے بعد احرام کھول کر صاف کرنا ہے۔

③ بعض مفسرین نے یہاں حج کے ارکان، واجبات اور دوسرے اعمال مراد لیے ہیں۔ اسی طرح جو منت مانی ہو یعنی جو کام شرعاً ضروری نہیں، اس کو اپنی زبان سے بول کر خود پر لازم کر لیوے اس کو بھی نبھاوے۔

④ بیتِ عتیق: یعنی پرانا گھر؛ چوں کہ کعبہ دنیا کا سب سے پرانا یعنی اول مکان ہے اس لیے اس کو بیتِ عتیق کہا گیا۔
نوٹ: کعبہ ایک ایسا گھر ہے کہ کافروں اور ظالموں کے قبضے سے وہ آزاد ہے، اسی طرح جو بھی اس گھر کو برباد کرنے کی نیت سے اٹھے گا اللہ اس کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔

⑤ اس سے طوافِ زیارت مراد ہے۔

⑥ قابلِ احترام احکام چاہے حج کے ہوں یا حج کے علاوہ کے ہوں۔ اور قابلِ احترام جگہیں جیسے حرم، صفا، مروہ، منیٰ، عرفات۔

⑦ (دوسرا ترجمہ) اس کو عزت دے گا۔

وَاُحِلَّتْ لَكُمُ الْاَنْعَامُ اِلَّا مَا یُتْلٰى عَلَیْكُمْ فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ ﴿۳۰﴾ حُنَفَآءَ لِلّٰهِ غَیْرَ مُشْرِكِیْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ یُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّیْرُ اَوْ تَهْوِیْ بِهِ الرِّیْحُ فِیْ مَكَانٍ سَحِیْقٍ ﴿۳۱﴾ ذٰلِكَ ۗ وَمَنْ یُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ ﴿۳۲﴾ لَكُمْ فِیْهَا مَنَافِعُ اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ مَحِلُّهَاۤ اِلَى الْبَیْتِ الْعَتِیْقِ ﴿۳۳﴾

اور تمام (مویشی جیسے) جانور تمہارے لیے حلال کر دیے گئے ہیں؛ الا یہ کہ جن جانوروں کا حرام ہونا تم کو پڑھ کر سنا دیا گیا ہے (۱)، سو تم بتوں کی گندگی (۲) سے بچتے رہو اور جھوٹی بات سے بچتے رہو (۳) ﴿۳۰﴾ تم صرف ایک اللہ تعالیٰ کے ہو کر رہو (اور) اس کے ساتھ شرک کرنے والے نہ بنو اور جو آدمی اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرتا ہے تو اس کی حالت ایسی ہے جیسے وہ آسمان سے گر گیا، سو اس کو پرندے نے اچک لیا، یا ہوا نے اس کو کوئی دور کی جگہ پر لے جا کر کے پھینک دیا (۴) ﴿۳۱﴾ یہ باتیں یاد رکھو اور جو آدمی اللہ تعالیٰ (کے دین) کی نشانیوں کا ادب (لحاظ) کرے تو یہ دل کے تقویٰ کی بات ہے ﴿۳۲﴾ تمہارے لیے ان (جانوروں) میں ایک مقررہ وقت تک فائدہ حاصل کرنا (جائز) ہے (۵) پھر ان (ہدی کے جانوروں) کے حلال ہونے کی جگہ قدیم گھر (یعنی کعبہ) کے آس پاس ہے (۶) ﴿۳۳﴾

---

(۱) سورۃ انعام وغیرہ میں۔

(۲) بت انسان کے باطن کو گندگی سے بھر دیتے ہیں۔

(۳) عقائد باطلہ۔ ہر وہ بات جو حق کے خلاف ہو۔ معاملات، شہادت میں جھوٹ۔

(۴) شرک کرنے والا آسمان توحید کی بلندی سے گرا دیا جاتا ہے اور مردار کھانے والے پرندوں کی طرح نفسانی خواہشات اس کو مزید برباد کر دیتی ہیں اسی طرح شیطانی وساوس اس کو گمراہی کی وادی میں پھینک دیتے ہیں اور وہ اس طرح ہلاک ہوتا ہے کہ نجات کی کوئی امید باقی نہیں رہتی۔

(۵) یعنی جب تک اس جانور کو شرعی طریقے سے ہدی نہ بنایا جائے وہاں تک۔

(۶) (دوسرا ترجمہ) پھر ان کے ذبح ہونے کی جگہ قدیم گھر (کعبہ) کے آس پاس ہے۔

وَلِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا لِّيَذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ عَلَىٰ مَا رَزَقَهُم مِّن بَهِيمَةِ الْأَنْعَامِ ۗ فَإِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ فَلَهُ أَسْلِمُوا ۗ وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِينَ ﴿۳۴﴾ الَّذِينَ إِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ وَالصَّابِرِينَ عَلَىٰ مَا أَصَابَهُمْ وَالْمُقِيمِي الصَّلَاةِ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ ﴿۳۵﴾ وَالْبُدْنَ جَعَلْنَاهَا لَكُم مِّن شَعَائِرِ اللَّهِ لَكُمْ فِيهَا خَيْرٌ ۖ فَاذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ عَلَيْهَا صَوَافَّ ۖ

اور ہم نے ہر امت کے لیے قربانی مقرر کی ①؛ تا کہ وہ مویشی (جیسے جانور) جو اس اللہ تعالیٰ نے ان کو دیے ہیں ان پر (قربانی کرتے وقت) اللہ تعالیٰ کا نام لیویں ②، سو تمھارا معبود ایک ہی معبود ہے، سو اسی کے حکم کو مانو اور تم عاجزی ③ کرنے والوں کو خوش خبری سنا دو ﴿۳۴﴾ یہ (عاجزی کرنے والے) ایسے لوگ ہیں کہ جب (ان کے سامنے) اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کے دل ڈر جاتے ہیں ④ اور جو مصیبت بھی ان کو پہنچتی ہے ان پر صبر کرتے ہیں اور وہ نماز کو قائم کرتے ہیں اور جو روزی ہم نے ان کو دی اس میں سے (اللہ کی راہ میں) وہ خرچ کیا کرتے ہیں ﴿۳۵﴾ (جو) بڑے جانور ⑤ (قربان کیے جاتے ہیں ان) کو ہم نے تمھارے لیے اللہ تعالیٰ کے دین کی نشانی مقرر کیا ہے ⑥، تمھارے لیے ان میں خیر ہی خیر ہے ⑦ سو (نحر کرتے وقت) قطار میں کھڑا کر کے تم ان پر اللہ تعالیٰ کا نام لو،

---

① ”منسکًا“ سے قربانی، حج کے اعمال، تمام قسم کی عبادات یہ سب مراد ہے۔

② (دوسرا ترجمہ) تا کہ وہ (ان جانوروں کی) قربانی کرتے وقت اللہ تعالیٰ کا نام لیویں اس بات کے شکریہ کے طور پر کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو مویشی جانوروں سے مالا مال کیا۔

③ مراد: [۱] ایک اللہ تعالیٰ ہی کے سامنے جھکنے والے۔

[۲] جو خود تو ظلم نہ کرے ساتھ ہی ظلم کرنے والوں سے بدلہ نہ لیوے۔

[۳] قضاءِ الٰہی پر ہر حال میں راضی رہنے والے۔

④ (دوسرا ترجمہ) ان کے دل پر رعب (ہیبت) طاری ہو جاتا ہے۔

نوٹ: وجلت سے ایسا خوف مراد ہے جو کسی کی عظمت کی وجہ سے دل میں پیدا ہو۔

⑤ قربانی میں دو طرح کے جانور ہوتے ہیں، ایک بڑے جیسے اونٹ، گائے، بھینس، بیل، کٹرے وغیرہ وہ ”بدن“ کہلاتے ہیں اور دوسرے چھوٹے جیسے بکرا، دنبہ وغیرہ۔ ⑥ دوسرا ترجمہ: یادگار

⑦ یعنی دنیا میں گوشت کھانا اور کھلانا اور آخرت میں ثواب لینا۔

فَإِذَا وَجَبَتْ جُنُوبُهَا فَكُلُوا مِنْهَا وَأَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ ۚ كَذَٰلِكَ سَخَّرْنَاهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝ لَنْ يَنَالَ اللَّهَ لُحُومُهَا وَلَا دِمَاؤُهَا وَلَٰكِنْ يَنَالُهُ التَّقْوَىٰ مِنْكُمْ ۚ كَذَٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللَّهَ عَلَىٰ مَا هَدَاكُمْ ۗ وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِينَ ۝ إِنَّ اللَّهَ يُدَافِعُ عَنِ الَّذِينَ آمَنُوا ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُورٍ ۝

أُذِنَ لِلَّذِينَ يُقَاتَلُونَ بِأَنَّهُمْ ظُلِمُوا ۚ وَإِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ نَصْرِهِمْ لَقَدِيرٌ ۝

سو جب وہ (ذبح ہوکر) اپنی کروٹ پر گر پڑیں تو ان (کے گوشت) میں سے تم خود بھی (کھانا چاہو تو) کھاؤ اور قناعت کرنے والے① اور (حاجت ظاہر کرکے بے قراری سے) سوال کرنے والے (فقیروں) کو بھی تم کھلاؤ، اسی طرح ان (جانوروں) کو ہم نے تمھارے تابع کر دیا②؛ تاکہ تم لوگ شکر ادا کرو﴿۳۶﴾ اللہ تعالیٰ کو ان (قربانیوں کے جانور) کا گوشت ہرگز نہیں پہنچتا اور نہ ان کا خون؛ لیکن اس (اللہ تعالیٰ) کو تو تمھارا تقویٰ پہنچتا ہے③، اسی طرح اس (اللہ تعالیٰ) نے ان (جانوروں) کو تمھارے قابو میں کر دیا؛ تاکہ اس بات پر تم اللہ تعالیٰ کی تکبیر (یعنی بڑائی بیان) کرو کہ اس نے تم کو (خاص کر قربانی کی) ہدایت (یعنی توفیق) دی اور نیکی کرنے والوں کو تم خوش خبری سنا دو④﴿۳۷﴾ یقیناً اللہ تعالیٰ ایمان والوں سے (دشمنوں کو) ہٹا دیں گے، یقیناً اللہ تعالیٰ ہر ایک خیانت کرنے والے، ناشکرے کو پسند نہیں کرتے﴿۳۸﴾

جن (مسلمانوں) سے لڑائی کی جاتی ہے ان کو اجازت دی جاتی ہے (کہ اپنے دفاع میں وہ کافروں سے لڑیں) کیوں کہ ان پر ظلم کیا گیا ہے اور یقیناً اللہ تعالیٰ ان (مظلوموں) کی مدد کرنے پر پوری طرح قدرت رکھتے ہیں﴿۳۹﴾

---

① یعنی غریبی کے باوجود صبر کرکے بیٹھے رہنے والے۔

② (دوسرا ترجمہ) اسی طرح (اتنے بھاری بڑے بڑے) جانوروں کو ہم نے تمھارے قابو میں کر دیا۔

③ مراد اخلاص اور اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کی نیت ہے (دل کے پاکیزہ جذبات کی اللہ تعالیٰ کے یہاں بڑی قدر ہے)۔ ④ (دوسرا ترجمہ) اچھے طریقے سے نیک عمل کرنے والوں کو آپ خوش خبری سنا دو۔

الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّآ اَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ۭ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا ۭ وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝ اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ۭ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ۝ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّثَمُوْدُ ۝ وَقَوْمُ اِبْرٰهِيْمَ وَقَوْمُ لُوْطٍ ۝

یہ وہ لوگ ہیں جن کو ان کے گھروں سے ناحق (یعنی بلاوجہ) صرف اتنا کہنے پر کہ ”ہمارے رب اللہ ہیں“ نکال دیا گیا① اور اگر اللہ تعالیٰ بعض لوگوں (کے شر) کو بعض لوگوں کے ذریعہ ہٹایا نہ کرتے② تو خانقاہیں③ اور عیسائیوں کی عبادت کی جگہیں اور یہودیوں کی عبادت کی جگہیں اور مسجدیں جن میں کثرت سے اللہ تعالیٰ کے نام کا ذکر کیا جاتا ہے وہ سب برباد (ویران) کردیے جاتے④ اور جو اس اللہ تعالیٰ (کے دین) کی مدد کرے گا اللہ تعالیٰ ضرور ان لوگوں کی مدد کرے گا، یقیناً اللہ تعالیٰ تو بڑے قوت والے، بڑے غلبہ والے ہیں ﴿۴۰﴾ یہ وہ لوگ ہیں کہ اگر ہم ان کو زمین میں قدرت دیدیں⑤ تو وہ (خود) نماز کو قائم کریں اور زکوۃ دیویں اور (دوسروں کو) اچھی باتوں کا حکم دیویں اور بری بات سے وہ روکیں اور تمام کاموں کا انجام اللہ تعالیٰ ہی کے اختیار میں ہے① ﴿۴۱﴾ اور اگر یہ (کافر) لوگ آپ کو جھٹلائیں تو پکی بات یہ ہے کہ ان سے پہلے نوح (علیہ السلام) کی قوم اور قومِ عاد اور قومِ ثمود (اپنے ماننے کے نبیوں کو) جھٹلا چکے ہیں ﴿۴۲﴾ اور ابراہیم (علیہ السلام) کی قوم اور لوط (علیہ السلام) کی قوم ﴿۴۳﴾

---

① یعنی ان کو پریشان کرکے ہجرت کرنے پر مجبور کیا گیا۔
② یعنی ان فسادیوں کے زور کو نہ گھٹواتے رہتے۔
③ نصرانی مذہب کے جو راہب جیسے لوگ دنیا چھوڑ کر جن جگہوں پر تنہائی میں عبادت میں مشغول رہتے تھے وہ مراد ہے۔
④ دنیا میں ہر دور میں فسادیوں کی ایک بڑی تعداد رہی ہے جو خیر اور بھلائی کو روکنا چاہتے ہیں، جہاد کا مقصد فسادیوں کے شر سے خیر کی شکلوں کو بچانا ہے۔ ⑤ یعنی حکومت دیویں۔
① آیت میں ریاستِ اسلامیہ کے بنیادی مقاصد بتادیے گئے۔

وَّاَصْحٰبُ مَدْيَنَ ۚ وَكُذِّبَ مُوْسٰى فَاَمْلَيْتُ لِلْكٰفِرِيْنَ ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۚ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۴۴﴾ فَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ ﴿۴۵﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَتَكُوْنَ لَهُمْ قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ بِهَاۤ اَوْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۚ فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِيْ فِي الصُّدُوْرِ ﴿۴۶﴾ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ وَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ ۚ وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ﴿۴۷﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ اَخَذْتُهَا ۚ وَاِلَيَّ الْمَصِيْرُ ﴿۴۸﴾

اور مدین والے بھی (اپنے زمانے کے نبیوں کو جھٹلا چکے ہیں) اور موسیٰ (علیہ السلام) کو (بھی) جھٹلایا گیا، سو میں نے کافروں کو ڈھیل دی، پھر میں نے ان (کافروں) کو پکڑ لیا تو میرا انکار کرنا کیسا رہا؟① ﴿۴۴﴾ سو اس وقت جبکہ کوئی بستی کے رہنے والے ظلم کر رہے تھے، ہم نے اس (بستی) کو ہلاک کر دیا، اب اس (بستی) کا حال یہ ہے کہ وہ (عذاب کے بعد) اپنی چھتوں کے بل گر پڑی ہے اور کتنے ہی کنویں (جو پہلے آباد تھے اب) بیکار پڑے ہیں اور کتنے ہی پکے بنے ہوئے محل (کھنڈر ہو چکے ہیں)② ﴿۴۵﴾ تو کیا وہ زمین میں چلتے پھرتے نہیں③ جس سے ان کے دل ایسے ہو جاتے کہ وہ ان سے سمجھنے لگ جاتے یا ان کے کان ایسے ہو جاتے جن سے وہ سننے لگ جاتے، سو حقیقت یہ ہے کہ آنکھیں اندھی نہیں ہوتی ہیں؛ لیکن سینوں کے اندر جو دل ہے وہ اندھے ہو جاتے ہیں ﴿۴۶﴾ اور وہ (کافر لوگ) تم سے عذاب جلدی مانگتے ہیں؛ حالاں کہ اللہ تعالیٰ اپنے وعدے کی خلاف ورزی کبھی نہیں کریں گے④ اور یقین جانو تمھارے رب کے یہاں کا ایک دن تمھاری (دنیوی) گنتی کے مطابق ایک ہزار سال کے برابر ہوتا ہے ﴿۴۷﴾ اور کتنی بستیاں ہیں جن کو میں نے مہلت دی تھی؛ حالاں کہ اس بستی کے رہنے والے گنہگار تھے، پھر میں نے ان سب کو (عذاب میں) پکڑ لیا اور (سب کو آخر میں) میرے پاس ہی لوٹنا ہے ﴿۴۸﴾

---

① یعنی انکار پر عذاب کیسا بھاری رہا۔ ② (دوسرا ترجمہ) کمزور پڑ چکے ہیں۔

③ عبرت حاصل کرنے کی نیت سے زمین کی سیر وسیاحت کی ترغیب ہے، یہ نہیں کہ سیر وسیاحت میں فرائض اور احکام شریعت چھوٹ جاوے، حرام کا ارتکاب ہونے لگے۔ ④ یعنی وعدہ کے مطابق عذاب ضرور آوے گا۔

قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَآ اَنَا لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۚ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝ وَالَّذِيْنَ سَعَوْا فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ۝ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰٓى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْٓ اُمْنِيَّتِهٖ ۚ فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِى الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۙ لِّيَجْعَلَ مَا يُلْقِى الشَّيْطٰنُ فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْقَاسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ ۗ

(اے نبی!) تم کہہ دو: اے لوگو! یقیناً میں تم سب کو کھول کھول کر ڈر سنانے والا ہوں ﴿۴۹﴾ سو جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے تو ان کے لیے مغفرت اور عزت کی روزی ہے (۱) ﴿۵۰﴾ اور جو لوگ ہماری آیتوں کو کم دکھانے کی (۲) کوشش کرتے رہتے ہیں ایسے لوگ جہنم (میں جانے) والے ہیں ﴿۵۱﴾ اور ہم نے تم سے پہلے جب بھی کوئی رسول یا نبی بھیجا ان کو یہ حالت پیش آئی کہ جب اس (نبی) نے (اللہ کا کلام) پڑھا تب ہی اس (نبی) کی پڑھی ہوئی بات میں شیطان نے (کافروں کے دلوں میں) کوئی شک وشبہ ڈالا (۳)، پھر اللہ تعالیٰ شیطان کے ڈالے ہوئے شک و شبہ کو مٹا دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اپنی آیتوں کو مضبوط کر دیتے ہیں (۴) اور اللہ تعالیٰ بڑے جاننے والے، خوب حکمت والے ہیں ﴿۵۲﴾ تاکہ وہ (اللہ تعالیٰ) شیطان کی ڈالی ہوئی بات کو ان لوگوں کے لیے فتنہ (یعنی آزمائش) بنادیں جن کے دلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے اور جن کے دل سخت ہیں (۵)،

---

(۱) عزت والی روزی اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے۔

(۲) (دوسرا ترجمہ) نیچا دکھانے کی (تیسرا) باطل کرنے کی۔

(۳) (دوسرا ترجمہ) تم سے پہلے جب کوئی رسول یا نبی ہم نے بھیجا تب اس کے ساتھ یہ ہوا کہ جب اس رسول نے کوئی تمنا کی تو شیطان نے اس کی تمنا میں رکاوٹ ڈال دی،

نوٹ: جیسے نبی کی تمنا تمام لوگ ایمان لے آویں ایسی ہی ہوتی ہے، لیکن شیطان لوگوں کو گمراہ کرتا ہے، نبی کی تمنا پوری نہیں ہونے دیتا۔

(۴) (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ (نبی کی تمنا کے متعلق) شیطان کی ڈالی ہوئی رکاوٹ کو دور کر دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اپنی آیتوں کو پکا کر دیتے ہیں (اللہ کی آیتیں خود پکی اور مستحکم ہیں، لیکن جب اعتراض ہوتا ہے تو اس کا مستحکم اور پکا ہونا اور زیادہ ظاہر ہوتا ہے)۔ (۵) یعنی جن کو باطل کا یقین ہے۔

وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَفِيْ شِقَاقٍۭ بَعِيْدٍ ۝ وَّلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ
فَيُؤْمِنُوْا بِهٖ فَتُخْبِتَ لَهٗ قُلُوْبُهُمْ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ وَلَا
يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً اَوْ يَاْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ
عَقِيْمٍ ۝ اَلْمُلْكُ يَوْمَىِٕذٍ لِّلّٰهِ ۭ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ۭ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ جَنّٰتِ
النَّعِيْمِ ۝ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا فَاُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝
وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْٓا اَوْ مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ رِزْقًا
حَسَنًا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝

یقیناً ظالم لوگ مخالفت میں بہت دور جا کر پڑے ہیں ﴿۵۳﴾ اور (نبی کی بات سے رکاوٹ دور کر دی اس کا فائدہ یہ ہے کہ) تا کہ علم (یعنی صحیح سمجھ) والے یقین کر لیویں کہ یہ (کلام) تمھارے رب کی طرف سے بالکل سچا ہے، سو وہ اس (کلام) پر یقین لاویں، سو ان کے دل اس (کلام) کے سامنے نرم پڑ جاویں① اور یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو سیدھے راستے کی ہدایت دینے والے ہیں ﴿۵۴﴾ اور کافر لوگ اس (کلام) کے متعلق ہمیشہ دھوکے میں رہیں گے②، یہاں تک کہ قیامت ان کے پاس اچانک آجاوے یا ان کے پاس ایسے دن کا عذاب آجاوے جو خیر سے بالکل خالی ہو ﴿۵۵﴾ بادشاہت اس دن اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہوگی، وہ (اللہ تعالیٰ) ان کے درمیان فیصلہ کریں گے، سو جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے وہ نعمتوں کے باغات میں ہوں گے ﴿۵۶﴾ اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا، سو ان کے لیے ایسا عذاب ہے جو ان کو ذلیل کر کے رکھ دے گا ﴿۵۷﴾

اور جن لوگوں نے اللہ تعالیٰ کے راستے میں ہجرت کی، پھر وہ قتل کر دیے گئے یا ان کو موت آ گئی تو اللہ ان کو ضرور عمدہ روزی عطا کریں گے اور یقیناً اللہ تعالیٰ ہی بہترین رزق دینے والے ہیں ﴿۵۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اس (پر عمل کرنے) کی طرف ان کے دل زیادہ جھک جاویں۔ (تیسرا ترجمہ) ان کے دل اس (کلام) سے مطمئن ہو جاوے۔

② (دوسرا ترجمہ) اس کلام کے متعلق برابر شک ہی میں پڑے رہیں گے۔

لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا يَّرْضَوْنَهٗ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ۝ ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوْقِبَ بِهٖ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ هُوَ الْبَاطِلُ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ۝ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ؗ فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ۝ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝

وہ (اللہ تعالیٰ) ان (مہاجرین) کو ایک ایسی جگہ ضرور پہنچائیں گے جس سے وہ خوش ہو جاویں گے① اور یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز کو اچھی طرح جاننے والے (اور) حلیم ہیں ﴿۵۹﴾ یہ بات تو سن لی اور جس شخص نے دشمن سے اتنا ہی بدلہ لیا جتنی تکلیف اس کو (دشمن کی طرف سے) پہنچائی گئی تھی، پھر (بدلہ لینے کے بعد ظالم کی طرف سے) اس پر زیادتی کی گئی تو اللہ تعالیٰ (جس پر زیادتی کی گئی) اس کی ضرور مدد کریں گے، یقیناً اللہ تعالیٰ تو بہت زیادہ معاف کرنے والے، بہت زیادہ بخشنے والے ہیں ﴿۶۰﴾ یہ بات تو طے ہو چکی② کہ یقیناً اللہ تعالیٰ رات کو دن میں داخل کرتے ہیں اور دن کو رات میں داخل کرتے ہیں اور یقیناً اللہ تعالیٰ بہت سنتے ہیں، بہت دیکھتے ہیں ﴿۶۱﴾ یہ (یقینی مدد) اس لیے کہ اللہ تعالیٰ ہی حق ہیں اور ان (اللہ تعالیٰ) کو چھوڑ کر جس (بت) کو یہ (مشرک) لوگ پکارتے ہیں وہ سراسر باطل ہے اور اللہ تعالیٰ تو اونچی شان والے، سب سے بڑے ہیں ﴿۶۲﴾ کیا آپ کو یہ بات معلوم نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی نے آسمان سے پانی اتارا، جس سے زمین ہری بھری ہو جاتی ہے، یقین رکھو کہ (وہی) اللہ تعالیٰ اچھی تدبیر کو جاننے والے ہیں③ (ہر چیز کی) خبر رکھنے والے ہیں ﴿۶۳﴾ آسمان اور زمین میں جو کچھ بھی ہے وہ اسی (اللہ تعالیٰ) کا ہے اور یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) غنی ہے (جو کسی کے محتاج نہیں) سب تعریف اس (اللہ تعالیٰ) کے واسطے ہیں ﴿۶۴﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) جس کو وہ پسند کریں گے۔

② یعنی مسلمانوں کا غالب ہونا یا اللہ تعالیٰ کی نصرت کا ملنا③ (دوسرا ترجمہ) بڑے لطف کرنے والے ہیں۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ۭ وَيُمْسِكُ السَّمَاۗءَ اَنْ تَقَعَ عَلَي الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَحْيَاكُمْ ۡ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ۭ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ ۝ لِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ نَاسِكُوْهُ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْاَمْرِ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ ۭ اِنَّكَ لَعَلٰى هُدًى مُّسْتَقِيْمٍ ۝ وَاِنْ جٰدَلُوْكَ فَقُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ اَللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ۝

کیا تم نے نہیں دیکھا کہ یقیناً اللہ تعالیٰ نے زمین کی تمام چیزوں کو تمھارے لیے کام میں لگا رکھا ہے ① اور کشتی (کو تمھارے قابو میں کر دیا) جو اس (اللہ تعالیٰ) کے حکم سے (تمھارے فائدوں کی چیزوں کو لے کر) سمندر میں چلتی ہے، اسی (اللہ تعالیٰ) نے آسمان کو اس طرح روکے رکھا ہے کہ وہ اس (اللہ تعالیٰ) کی اجازت کے بغیر زمین پر نہیں گر سکتا، یقیناً اللہ تعالیٰ لوگوں پر بڑے ہی شفقت کرنے والے، بڑے مہربان ہیں ﴿۶۵﴾ اور وہی (اللہ تعالیٰ) ہے جنھوں نے تم کو (دنیا میں) زندہ کیا، پھر وہ (اللہ تعالیٰ) تم کو موت دے گا، پھر (آخرت میں) وہ تم کو (دوسری مرتبہ) زندہ کرے گا، واقعۃً انسان تو بڑا ہی ناشکرا ہے ﴿۶۶﴾ ہر امت کے واسطے ہم نے عبادت (یا ذبح کرنے) کا ایک طریقہ مقرر کر دیا ہے وہ اسی طریقہ کے مطابق عبادت (یا ذبح) کرتے ہیں، (اے نبی)! سو ان (لوگوں) کو چاہیے کہ وہ اس کام میں تم سے کسی بھی طرح جھگڑا نہ کریں اور تم (ان کو) اپنے رب کی طرف دعوت دیتے رہو، یقیناً تم تو سیدھے راستے پر ہو ﴿۶۷﴾ اور اگر (پھر بھی) وہ (مخالفین مشرکین) لوگ تم سے جھگڑا کریں تو تم ان کو (جواب میں) کہو کہ: جو کام تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس کو خوب اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۶۸﴾ جن باتوں میں تم اختلاف کرتے ہو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن تمھارے درمیان فیصلہ کریں گے ﴿۶۹﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) تمھارے قابو میں کر دیا۔

أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ ۗ إِنَّ ذَٰلِكَ فِي كِتَابٍ ۚ إِنَّ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ ﴿٧٠﴾ وَيَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ سُلْطَانًا وَمَا لَيْسَ لَهُم بِهِ عِلْمٌ ۗ وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِن نَّصِيرٍ ﴿٧١﴾ وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ تَعْرِفُ فِي وُجُوهِ الَّذِينَ كَفَرُوا الْمُنكَرَ ۖ يَكَادُونَ يَسْطُونَ بِالَّذِينَ يَتْلُونَ عَلَيْهِمْ آيَاتِنَا ۗ قُلْ أَفَأُنَبِّئُكُم بِشَرٍّ مِّن ذَٰلِكُمُ ۗ النَّارُ وَعَدَهَا اللَّهُ الَّذِينَ كَفَرُوا ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿٧٢﴾

يَا أَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوا لَهُ ۚ إِنَّ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ لَن يَخْلُقُوا ذُبَابًا وَلَوِ اجْتَمَعُوا لَهُ ۖ

کیا (یہ بات) تم کو معلوم نہیں کہ آسمان اور زمین میں جو کچھ ہے یقیناً اللہ تعالیٰ اس کو جانتے ہیں، یقیناً یہ سب کچھ ایک کتاب (یعنی لوحِ محفوظ) میں (لکھا ہوا) ہے، یقیناً یہ سب کام اللہ تعالیٰ کے لیے بہت آسان ہیں ﴿۷۰﴾ اور وہ (کافر لوگ) اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر ایسی چیزوں کی عبادت کرتے ہیں جن (کے معبود ہونے) کی اس (اللہ تعالیٰ) نے کوئی سند (یا دلیل) نہیں اتاری ہے اور خود ان (لوگوں) کو بھی ان (بتوں) کے بارے میں کوئی علم نہیں ہے اور ظالموں کے لیے تو کوئی مدد کرنے والا نہیں ہے ﴿۷۱﴾ اور جب ان (کافروں) کے سامنے ہماری آیتیں صاف صاف① پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو ان کافروں کے چہروں پر ناگواری② کے نشانات تم صاف پہچان لیتے ہو، ایسا لگتا ہے کہ جو لوگ ان کو ہماری آیتیں پڑھ کر سناتے ہیں وہ (کافر لوگ) ان پر حملہ کر دیں گے، تم (ان کافروں سے جواب میں) کہو: کیا تم کو اس سے بھی زیادہ بری (یا ناگوار) چیز بتلاؤں؟ وہ تو ایک آگ ہے، اللہ تعالیٰ نے کافروں سے اس (آگ) کا وعدہ کر رکھا ہے اور وہ بہت برا ٹھکانہ ہے ﴿۷۲﴾

اے لوگو! ایک مثال بیان کی جا رہی ہے اب تم اس کو دھیان سے سنو، یقیناً اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر جن (معبودوں) کی تم عبادت کرتے ہو وہ ایک مکھی (جیسی چیز) بھی ہرگز پیدا نہیں کر سکتے، چاہے اس (مکھی پیدا کرنے) کے لیے وہ سب (بت ایک جگہ) جمع ہو جائیں،

---

① (دوسرا ترجمہ) پوری وضاحت کے ساتھ۔ ② باطنی ناگواری کے اثرات ظاہر میں نظر آتے ہیں۔

وَاِنۡ يَّسۡلُبۡهُمُ الذُّبَابُ شَيۡـئًـا لَّا يَسۡتَـنۡقِذُوۡهُ مِنۡهُ‌ ؕ ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالۡمَطۡلُوۡبُ‏ ﴿۷۳﴾ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدۡرِهٖ‌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِىٌّ عَزِيۡزٌ‏ ﴿۷۴﴾ اَللّٰهُ يَصۡطَفِىۡ مِنَ الۡمَلٰۤـئِكَةِ رُسُلًا وَّمِنَ النَّاسِ‌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيۡعٌۢ بَصِيۡرٌ‌ ۚ‏ ﴿۷۵﴾ يَعۡلَمُ مَا بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ وَمَا خَلۡفَهُمۡ‌ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرۡجَعُ الۡاُمُوۡرُ‏ ﴿۷۶﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوا ارۡكَعُوۡا وَاسۡجُدُوۡا وَاعۡبُدُوۡا رَبَّكُمۡ وَافۡعَلُوا الۡخَيۡرَ لَعَلَّكُمۡ تُفۡلِحُوۡنَ ۩ۚ‏ ﴿۷۷﴾ وَجَاهِدُوۡا فِى اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ‌ ؕ

اور اگر مکھی ان سے کوئی چیز چھین لیوے تو وہ (بت) اس (مکھی) سے اس کو چھڑا بھی نہیں سکتے (ان بتوں سے) مانگنے والا بھی کمزور اور جن (بتوں) سے مانگا جاتا ہے وہ بھی کمزور ﴿۷۳﴾ ان مشرکین نے اللہ تعالیٰ کی قدر کرنے کا جو حق تھا ویسی قدر نہیں سمجھی①، یقیناً اللہ تعالیٰ تو بہت زور والے، (سب پر) غالب ہیں ﴿۷۴﴾ اللہ تعالیٰ فرشتوں میں سے اور لوگوں میں سے (اپنا) پیغام پہنچانے والے چن لیتے ہیں، یقیناً اللہ تعالیٰ تو ہر بات سننے والے، ہر چیز دیکھنے والے ہیں ﴿۷۵﴾ اللہ تعالیٰ ان سب کے اگلے② اور پچھلے③ (حالات) کو جانتے ہیں اور تمام کام اللہ تعالیٰ تک پہنچتے ہیں④ ﴿۷۶﴾ اے ایمان والو! تم رکوع اور سجدہ کرتے رہو اور تم اپنے رب کی عبادت کرتے رہو اور تم لوگ اچھے کام کرو؛ تا کہ تم لوگ فلاح پا جاؤ ﴿۷۷﴾ اور تم اللہ تعالیٰ کے راستے میں جیسی محنت کرنے کا حق ہے ویسی ہی محنت کرو⑤

---

① (دوسرا ترجمہ) جیسی قدر (تعظیم) کرنی چاہیے تھی ویسی قدر نہیں کی۔

نوٹ: حق قدر کا ایک مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کی عبادت نہ کی جاوے۔

② یعنی آنے والے زمانے میں ہونے والے حالات۔

③ گزرے ہوئے زمانے میں جو حالات ہو چکے اس۔ ④ (دوسرا ترجمہ) تمام کاموں کا دارومدار اللہ ہی پر ہے۔

⑤ دوسرا ترجمہ: کوشش کرو۔ کسی بھی اچھے مقصد کو حاصل کرنے کے لیے اپنی پوری طاقت لگا دینا یہ جہاد ہے، یہ بہت عام لفظ ہے، نفس کی اصلاح کی کوشش، پر امن جدو جہد، مظلوم کی نصرت، کارِ خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا اور ضرورت کے وقت پر مسلح جدو جہد کرنا یہ سب اس میں شامل ہے اور "حق جهاده" کا مطلب یہ سب کوشش صرف اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کے لیے ہو، کوئی دنیوی غرض نہ ہو، اور پوری طاقت سے محنت کرے اور کسی کی ملامت کی پرواہ نہ کرے اور اتنے بڑے مقصد کے شایانِ شان محنت کریں۔

هُوَ اجْتَبٰىكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ۭ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ۭ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ڏ مِنْ قَبْلُ وَفِيْ هٰذَا لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَاۗءَ عَلَي النَّاسِ ښ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ۭ هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۧ

اس (اللہ تعالیٰ) نے تم کو پسند کرلیا① اور تم پر دین میں کوئی مشکل نہیں رکھی ہے②، تم اپنے باپ ابراہیم (علیہ السلام) کی ملت (یعنی دین) پر قائم رہو، اس (اللہ تعالیٰ) نے اس (قرآن کے اترنے) سے پہلے تمھارا نام مسلمان رکھا اور اس (قرآن) میں بھی (تمھارا نام مسلمان رکھا)؛ تاکہ رسول (یعنی محمد ﷺ) تم پر گواہ بنے اور تم دوسرے لوگوں کے لیے گواہ بنو، لہذا تم نماز قائم کرتے رہو اور تم زکوۃ دیتے رہو اور تم اللہ تعالیٰ کو مضبوطی③ سے پکڑو، وہی (اللہ تعالیٰ) تمھارے مالک ہیں، سو وہ (اللہ تعالیٰ) کتنے اچھے مالک ہیں اور وہ (اللہ تعالیٰ) کتنے اچھے مدد کرنے والے ہیں ﴿۷۸﴾

① یعنی افضل نبی محمد ﷺ کے دین پر ایمان لانے کے لیے۔
② دوسرا ترجمہ: تنگی نہیں رکھی ہے۔
③ قرآن اور حدیث پر مضبوطی سے عمل کرنا۔

سورة المؤمنون

(المكية)

اٰیاتھا:۱۱۸۔ رکوعاتھا:۶۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں ایک سو اٹھارہ (۱۱۸) آیتیں ہیں۔ سورۃ طور یا سورۃ انبیاء کے بعد اور سورۃ تبارک سے پہلے چھہتر (۷۶) یا (۷۴) نمبر پر نازل ہوئی۔

سورت کی شروعات ہی مؤمنین کے اوصاف سے ہوتی ہے اور یہ تمام اوصاف ایمان کے اہم شعبوں میں سے ہیں۔

اس سورت کی آیت افحسبتم انما الخ کی فضیلت: سورۃ مؤمنون کی یہ آخری آیتیں خاص فضیلت رکھتی ہیں، امام بغویؒ اور امام ثعلبیؒ نے حضرت عبداللہ ابن مسعود ﷛ سے روایت کیا ہے کہ وہ ایک ایسے آدمی کے پاس سے گزرے جو سخت بیماریوں میں مبتلا تھا، حضرت عبداللہ ابن مسعود ﷛ نے اس کے کان میں یہ آیتیں ''افحسبتم'' سے اخیر تک پڑھ دیں، وہ اسی وقت اچھا ہو گیا۔ رسول اللہ ﷺ نے ان سے دریافت فرمایا کہ: آپ نے اس کے کان میں کیا پڑھا؟ حضرت عبداللہ ابن مسعود ﷛ نے عرض کیا کہ: یہ آیتیں پڑھی ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس قبضے میں میری جان ہے! اگر کوئی یقین رکھنے والا آدمی یہ آیتیں پہاڑ کے سامنے پڑھ دے تو پہاڑ اپنی جگہ سے ہٹ سکتا ہے۔ (قرطبی: ۱۲/ ۱۵۷) مسنون وظائف: ص: ۶۵)

حضرت نبی کریم ﷺ نے ایک مرتبہ مکہ معظمہ میں صبح کی نماز پڑھائی تو آپ ﷺ نے ''قد افلح المؤمنون'' شروع کی اور پچاسویں آیت پر آپ نے رکوع کیا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ① الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ② وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ③ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ④ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ⑤ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ⑥ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ⑦ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ⑧ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ⑨ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ⑩

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

پکی بات ہے کہ وہ ایمان والے فلاح ① پاگئے ﴿۱﴾ جو اپنی نماز میں خشوع کرتے ہیں ② ﴿۲﴾ اور وہ لوگ جو لغو ③ بات پر دھیان نہیں دیتے ﴿۳﴾ اور وہ لوگ جو زکوۃ دیا کرتے ہیں ﴿۴﴾ اور وہ لوگ جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرتے ہیں ④ ﴿۵﴾ مگر اپنی بیویوں سے اور جو باندیاں ان کی مالکی میں آ گئی ہوں ان سے (ضرورت پوری کرتے ہیں) تو یقیناً ان لوگوں کے اوپر کوئی ملامت (یا الزام) نہیں ہے ﴿۶﴾ پھر جو شخص بھی اس کے سوا (شہوت پوری کرنے کا طریقہ) تلاش کرتا ہے، سو وہی لوگ (شریعت کی) حد سے آگے نکل جانے والے ہیں ﴿۷﴾ اور وہ لوگ جو اپنی امانتوں اور اپنے عہد کا پورا لحاظ کرتے ہیں ⑤ ﴿۸﴾ اور وہ لوگ جو اپنی (فرض) نمازوں پر پوری پابندی رکھتے ہیں ⑥ ﴿۹﴾ وہی لوگ وارث بننے والے ہیں ﴿۱۰﴾

---

① فلاح: کسی کو اس کی ہر مراد حاصل ہو جائے اور ہر تکلیف دور ہو جائے۔

② ظاہری اعضا میں سکون ہو، بے کار حرکت نہ ہو، دل میں اللہ تعالیٰ کے علاوہ کا خیال نہ آوے، نظر نیچے، آنکھ کے کنارے سے دائیں بائیں نہ دیکھے، بدن کے کسی حصے سے نہ کھیلے، نظر بھی نیچی ہو، آواز بھی مناسب پست ہو۔

③ (دوسرا ترجمہ) فضول لکمی بات۔ لغو یعنی ایسی چیز یا کام یا کلام جس کا دینی دنیوی کوئی فائدہ نہ ہو۔

④ (دوسرا ترجمہ) وہ لوگ جو اپنی شرمگاہوں کو قابو میں رکھتے ہیں۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) پورا نبھاتے ہیں۔ ⑥ (دوسرا ترجمہ) اپنی نمازوں کا پورا خیال رکھتے ہیں۔

الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ۭ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ⑪ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ⑫ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ⑬ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ۤ ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ۭ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ⑭ ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ⑮ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ⑯ وَلَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَاۗىِٕقَ ڰ وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِيْنَ ⑰ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءًۢ بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِي الْاَرْضِ ڰ وَاِنَّا عَلٰي ذَهَابٍۢ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ⑱

جو فردوس① کے وارث ہیں② وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿۱۱﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے (اول) انسان کو چھنی ہوئی مٹی③ سے پیدا کیا ﴿۱۲﴾ پھر ہم نے اس کو منی کے قطرے کی شکل میں ایک (جمی ہوئی محفوظ) جگہ (یعنی رحم) میں رکھا ﴿۱۳﴾ پھر ہم نے منی کے قطرے سے جما ہوا خون بنایا، پھر جمے ہوئے خون سے ہم نے گوشت کا لوتھڑا بنایا، پھر ہم نے گوشت کے لوتھڑے میں سے ہڈیاں بنائیں، پھر ہم نے ہڈیوں کے اوپر گوشت چڑھا دیا، پھر (ان تمام تبدیلیوں کے بعد) ہم نے اس کو ایک دوسری (نئی) شکل (وصورت) میں اٹھا کھڑا کر دیا④، سو بڑی شان ہے اللہ تعالیٰ کی جو سب بنانے والوں میں سب سے اچھے بنانے والے ہیں ﴿۱۴﴾ پھر اس کے بعد تم یقیناً مرنے والے ہو ﴿۱۵﴾ پھر یقیناً قیامت کے دن تم کو دوبارہ زندہ کیا جائے گا ﴿۱۶﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے تمہارے اوپر سات راستے بنائے ہیں⑤ اور ہم مخلوق (کی مصلحتوں) سے غافل نہیں ہیں ﴿۱۷﴾ اور ہم نے آسمان سے ٹھیک اندازے سے پانی اتارا⑥، سو ہم نے اس (پانی) کو زمین میں ٹھہرا دیا اور یقیناً ہم اس (پانی) کے لیجانے (یعنی تمہارے سامنے سے ختم کر دینے) پر بھی پوری قدرت رکھتے ہیں ﴿۱۸﴾

---

① یعنی جن باغیچوں میں ٹھنڈی چھاؤں ہوتی ہے۔

② وراثت کے لفظ سے "یقین" کو بتلایا گیا③ مٹی کے خاص اجزا، مٹی کا خلاصہ۔

④ (دوسرا ترجمہ) پھر ہم نے اس کو دوسری (نئی) مخلوق (زندہ انسان) بنا دیا۔

⑤ اس سے مراد فرشتوں کے آسمان پر جانے اور آنے کے سات راستے ہیں اور بعض نے سات آسمان بھی مراد لیے ہیں۔

⑥ (دوسرا ترجمہ) اور ہم نے آسمان سے (مناسب) مقدار میں پانی اتارا (تیسرا) ہم نے آسمان سے پانی ناپ کر اتارا۔

فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ ۘ لَكُمْ فِيْهَا فَوَاكِهُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ تَنْۢبُتُ بِالدُّهْنِ وَصِبْغٍ لِّلْاٰكِلِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۭ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهَا وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۲۳﴾ فَقَالَ الْمَلَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ

سو ہم نے اس (پانی) کے ذریعہ سے تمھارے لیے کھجور اور انگور کے باغیچے اگا دیے، تمھارے لیے ان میں بہت سے تازہ پھل بھی ہیں اور ان ہی میں سے تم (بچا کر، سوکھا کر) کھاتے بھی ہو ﴿۱۹﴾ اور ایسے (زیتون کے) درخت کو جو طور سینا سے نکلتا ہے وہ تیل اور کھانے والوں کے لیے سالن لے کر اگتا ہے① ﴿۲۰﴾ اور یقیناً تمھارے لیے جانوروں میں عبرت (یعنی دھیان) کی بات ہے، ان (جانوروں) کے پیٹوں میں جو (دودھ) ہے اس میں سے ہم تم کو پلاتے ہیں② اور تمھارے لیے ان (جانوروں) میں (دوسرے) بہت سے فائدے ہیں اور ان (جانوروں) میں سے بعض کو تم کھاتے (بھی) ہو ﴿۲۱﴾ اور ان (جانوروں) پر اور کشتی پر تم سوار کیے جاتے ہو ﴿۲۲﴾

اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے نوح (علیہ السلام) کو اپنی قوم کے پاس (رسول بنا کر) بھیجا، سو انھوں نے (یعنی نوح علیہ السلام) کہا: اے میری قوم! تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو، اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا تمھارا کوئی معبود نہیں، سو کیا تم لوگ ڈرتے نہیں ہو؟ ﴿۲۳﴾ سو ان (نوح علیہ السلام) کی قوم کے کافر سرداروں نے (آپس میں ایک دوسرے سے اور عوام سے) کہا: یہ تو تمھارے ہی جیسا ایک بشر ہے③

---

① (دوسرا ترجمہ) (اسی پانی سے) ہم نے (زیتون کا) درخت بھی پیدا کیا جو طور سینا میں (زیادہ) پیدا ہوتا ہے۔ (یہ بھی کہتے ہیں کہ زیتون کا درخت اولاً طور سینا میں نکلا پھر وہاں سے دوسری جگہ لے جایا گیا)

② (دوسرا ترجمہ) جو دودھ ان جانوروں کے پیٹ میں ہیں وہ ہم تم کو پلاتے ہیں۔

③ یعنی معمولی آدمی ہے۔

يُرِيدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً ۖۚ مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ۚ﴿۲۴﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌۢ بِهٖ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوْا بِهٖ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۲۵﴾ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿۲۶﴾ فَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ فَاسْلُكْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۚ وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۲۷﴾ فَاِذَا اسْتَوَيْتَ اَنْتَ وَمَنْ مَّعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ نَجّٰىنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۸﴾

اس کا ارادہ یہ ہے کہ تمھارے اوپر بڑا بن کر رہے اور اگر اللہ تعالیٰ (رسول بھیجنا) چاہتے تو فرشتے کو بھیجتے، یہ (توحید و رسالت کی) بات تو ہم نے اپنے اگلے باپ دادوں میں کبھی نہیں سنی ﴿۲۴﴾ بس یہ تو ایک آدمی ہے جس کو جنون ہو گیا ہے، سو ایک وقت تک اس کے بارے میں انتظار کرو① ﴿۲۵﴾ نوح (علیہ السلام) نے کہا: اے میرے رب! آپ میری مدد فرمائیے اس لیے کہ انھوں نے تو مجھے جھٹلا دیا ہے ﴿۲۶﴾ سو ہم نے ان (نوح علیہ السلام) کی طرف وحی بھیجی کہ ہماری نظروں کے سامنے اور ہماری وحی کے مطابق② تم کشتی بناؤ، سو جب ہمارا حکم (عذاب کا) آجائے اور تنور ابل پڑے تو ہر ایک قسم (کے جانور) میں سے ایک ایک جوڑا③ لے کر اس کو اس (کشتی) میں داخل کر دو اور اپنے گھر والوں کو بھی④ (کشتی میں سوار کر لو) الا یہ کہ ان میں سے جن کے بارے میں پہلے سے بات طے ہو چکی ہے⑤ (ایسے لوگوں کو کشتی میں سوار مت کرو) اور ظالموں کے بارے میں تم مجھ سے بات نہ کرو، یہ بات تو یقینی ہے کہ وہ سب غرق ہونے والے ہیں ﴿۲۷﴾ پھر جب تم اور تمھارے (مسلمان) ساتھی کشتی میں ٹھیک بیٹھ جاویں⑥ تو (اللہ تعالیٰ کے دربار میں یہ) کہنا: شکر تو اسی اللہ تعالیٰ کے لیے ہے جس نے ہم کو ظلم کرنے والی (کافر) قوم سے نجات دے دی" ﴿۲۸﴾

---

① شاید ہوش میں آجاوے۔ ② (دوسرا ترجمہ) ہماری نگرانی میں۔

③ یعنی نر مادہ دو فرد۔ ④ مراد تمام ایمان والے۔

⑤ یعنی ایمان نہ لانے اور عذاب میں پھنس جانے کی بات۔

⑥ ہر سواری میں بیٹھنے کے جو ضوابط ہوتے ہیں اس کے مطابق ٹھیک بیٹھے، ورنہ حادثات کا خطرہ لگا رہتا ہے۔

وَقُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ ۝ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ وَّاِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِیْنَ ۝ ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِیْنَ ۝ فَاَرْسَلْنَا فِیْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۝

وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهِ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ وَاَتْرَفْنٰهُمْ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ۙ مَا هٰذَاۤ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ یَاْكُلُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَیَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ ۝ وَلَىِٕنْ اَطَعْتُمْ بَشَرًا مِّثْلَكُمْ ۙ اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ۝ اَیَعِدُكُمْ اَنَّكُمْ اِذَا مِتُّمْ وَكُنْتُمْ تُرَابًا وَّعِظَامًا اَنَّكُمْ مُّخْرَجُوْنَ ۝

اور (یہ) دعا (بھی) کرو "اے میرے رب! آپ مجھے برکت والا اترنا نصیب فرمائیے اور آپ سب اتارنے والوں میں بہتر اتارنے والے ہے"① ﴿۲۹﴾ یقیناً اس (واقعہ) میں بڑی نشانیاں ہیں اور یقینی بات ہے کہ ہم کو تو جانچنا ہی ہے② ﴿۳۰﴾ پھر ان کے بعد ہم نے دوسری قومیں (عاد و ثمود) پیدا کیں ﴿۳۱﴾ سو ہم نے ان میں ان ہی میں سے ایک رسول (بنا کر) بھیجا (جنھوں نے کہا) کہ تم اللہ تعالیٰ ہی کی عبادت کرو، تمھارے لیے اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، سو کیا تم لوگ ڈرتے نہیں ہو؟ ﴿۳۲﴾

اور ان (نبی) کی قوم کے سردار لوگ کہنے لگے — جو کافر تھے اور آخرت کی ملاقات کو انھوں نے جھٹلایا تھا اور ہم نے ان کو دنیا کی زندگی میں خوب عیش دیا تھا — یہ تو بس تمھارے ہی جیسے ایک (معمولی) بشر ہیں، جو کھانا تم کھاتے ہو وہی کھانا وہ (رسول) کھاتے ہیں اور جو تم پیتے ہو وہ (رسول) بھی وہی چیز پیتے ہیں③ ﴿۳۳﴾ اور اگر تم نے اپنے ہی جیسے ایک (معمولی) انسان کی اطاعت کی④ یقیناً تب تو تم بڑے نقصان میں پڑو گے ﴿۳۴﴾ کیا یہ (نبی) تم کو وعدہ کرتے ہیں کہ جب تم مر جاؤ گے اور تم مٹی اور ہڈیاں بن جاؤ گے تو تم (زمین سے دوبارہ) نکالے جاؤ گے ﴿۳۵﴾

① کشتی میں بھی آرام رہے اور کشتی سے اتر کر ظاہری باطنی اطمنان رہے۔ ② (دوسرا ترجمہ) ہم تو جانچنے والے ہی ہیں۔
③ یعنی ظاہری احوال کوئی نرالے نہیں ہیں۔ ④ (دوسرا ترجمہ) بات مانی۔ (یہ بھی عجیب فلسفہ ہے خود کے جیسے انسان جو نبی ہیں اس کی اطاعت میں نقصان نظر آئے اور بے جان پتھر کے بت کی عبادت میں فائدہ؟ کیسی حماقت ہے!)

هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا تُوعَدُونَ ﴿٣٦﴾ إِنْ هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوتُ وَنَحْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوثِينَ ﴿٣٧﴾ إِنْ هُوَ إِلَّا رَجُلٌ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا وَمَا نَحْنُ لَهُ بِمُؤْمِنِينَ ﴿٣٨﴾ قَالَ رَبِّ انصُرْنِي بِمَا كَذَّبُونِ ﴿٣٩﴾ قَالَ عَمَّا قَلِيلٍ لَّيُصْبِحُنَّ نَادِمِينَ ﴿٤٠﴾ فَأَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنَاهُمْ غُثَاءً ۚ فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ﴿٤١﴾ ثُمَّ أَنشَأْنَا مِن بَعْدِهِمْ قُرُونًا آخَرِينَ ﴿٤٢﴾ مَا تَسْبِقُ مِنْ أُمَّةٍ أَجَلَهَا وَمَا يَسْتَأْخِرُونَ ﴿٤٣﴾ ثُمَّ أَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا ۖ كُلَّ مَا جَاءَ أُمَّةً رَّسُولُهَا كَذَّبُوهُ ۚ فَأَتْبَعْنَا بَعْضَهُم بَعْضًا وَجَعَلْنَاهُمْ أَحَادِيثَ ۚ فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُونَ ﴿٤٤﴾

جس بات سے تم کو ڈرایا جاتا ہے وہ (عقل سے) بہت ہی دور دور ہے ①﴿٣٦﴾ بس زندگی تو یہی ہماری دنیا کی زندگی ہے ②ہم مرتے ہیں اور ہم زندہ ہوتے ہیں اور ہم کو (مرنے کے بعد) دوسری مرتبہ زندہ نہیں ہونا پڑے گا ﴿٣٧﴾ یہ (نبی) تو بس ایک ایسے آدمی ہیں جنھوں نے اللہ تعالیٰ پر جھوٹا بہتان باندھ رکھا ہے اور ہم اس (نبی) پر ایمان لانے والے نہیں ہیں ﴿٣٨﴾ نبی نے کہا: اے میرے رب! آپ میری مدد فرمائیے اس لیے کہ انھوں نے تو مجھے جھٹلا دیا ہے ﴿٣٩﴾ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تھوڑے دنوں میں ہی یہ لوگ (اپنے کیے ہوئے پر صبح کے وقت) پچھتاتے ہوں گے ﴿٤٠﴾ سو (ہمارے) سچے وعدے کے مطابق ان کو ایک سخت چنگھاڑ نے پکڑ لیا، سو ہم نے ان کو سوکھا ہوا کوڑا کرکٹ بنا ڈالا، سو ظلم کرنے والی قوم کے لیے پھٹکار ہو ③﴿٤١﴾ پھر ان (عاد وثمود) کے بعد دوسری بہت ساری قومیں ہم نے پیدا کیں ﴿٤٢﴾ کوئی بھی امت (ہلاک ہونے میں) اپنے مقرر وقت سے آگے نہیں جا سکتی اور وہ پیچھے بھی نہیں رہ سکتی ﴿٤٣﴾ پھر ہم نے لگاتار اپنے رسول بھیجے، جب کبھی کسی قوم کے پاس اس کا (خاص) رسول آتا تو وہ (امت) اس (رسول) کو جھٹلاتی تو ہم ایک قوم کے بعد دوسری قوم کو ہلاک کرتے رہے اور ہم نے ان کو کہانیاں بنا ڈالا ④، سو جس قوم کے لوگ ایمان نہیں لاتے ان کے لیے (اللہ تعالیٰ کی رحمت سے) دوری ہے ﴿٤٤﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) جس بات سے تم کو ڈرایا جاتا ہے وہ بات کہاں سے ہو سکتی ہے، کیسے ہو سکتی ہے؟۔

② اور آخرت نام کی کوئی چیز نہیں ہے۔ ③ (دوسرا ترجمہ) ظلم کرنے والی قوم کے لیے اللہ تعالیٰ کی رحمت سے دوری ہو۔

④ یعنی عذاب میں ان کو بالکل ختم کر دیا گیا، نشانات تک باقی نہیں رہے، صرف ان کی باتیں کہانیوں کی طرح باقی رہیں۔

ثُمَّ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَاَخَاهُ هٰرُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۵﴾ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا عَالِيْنَ ﴿۴۶﴾ فَقَالُوْۤا اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَقَوْمُهُمَا لَنَا عٰبِدُوْنَ ﴿۴۷﴾ فَكَذَّبُوْهُمَا فَكَانُوْا مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ﴿۴۸﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗۤ اٰيَةً وَّاٰوَيْنٰهُمَاۤ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّمَعِيْنٍ ﴿۵۰﴾

يٰۤاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ اِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿۵۱﴾ وَاِنَّ هٰذِهٖۤ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ ﴿۵۲﴾ فَتَقَطَّعُوْۤا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا ؕ كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَذَرْهُمْ فِيْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۵۴﴾

پھر ہم نے موسیٰ اور ان کے بھائی ہارون کو (رسول بنا کر) بھیجا ہمارے احکام اور کھلی دلیل لے کر ﴿۴۵﴾ فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف، سو انھوں نے تکبر کیا اور وہ (پہلے ہی سے) بڑائی مارنے والی قوم تھی ﴿۴۶﴾ سو وہ کہنے لگے: کیا ہم اپنے ہی جیسے دو بشر (موسیٰ و ہارون) پر ایمان لائیں؛ حالاں کہ ان دونوں کی قوم ہماری غلامی (یعنی تابع داری) کر رہی ہے ﴿۴۷﴾ سو انھوں نے ان دونوں کو جھٹلا دیا، سو وہ ہلاک کیے جانے والوں میں سے ہو گئے ﴿۴۸﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے موسیٰ کو کتاب عطا کی؛ تا کہ وہ (موسیٰ کی قوم کے) لوگ رہنمائی حاصل کریں ﴿۴۹﴾ اور ہم نے مریم کے بیٹے اور اس کی ماں کو (ہماری قدرت کی) ایک بڑی نشانی بنا دی ہے اور ہم نے ان دونوں (ماں بیٹے) کو ایک اونچی جگہ پر ٹھکانہ دیا جو (پرسکون) رہنے کے لائق تھی اور وہاں صاف ستھرا پانی بہتا تھا ﴿۵۰﴾

اے پیغمبرو! تم پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور تم نیک کام کرو، یقیناً جو عمل تم کرتے ہو مجھے اس کا پورا علم ہے ﴿۵۱﴾ اور یقیناً یہ تمھارا دین ایک ہی دین ہے اور میں تمھارا رب ہوں، سو تم مجھ ہی سے ڈرتے رہو ﴿۵۲﴾ سو لوگوں نے اپنے دین کو آپس میں ٹکڑے ٹکڑے کر کے (الگ الگ) فرقوں میں بانٹ لیا، ہر جماعت کے لوگوں کے پاس جو (دین) ہے اس پر وہ خوش و خرم ہیں ﴿۵۳﴾ سو (اے نبی!) ان کو ایک خاص وقت تک ① ان کی اپنی غفلت میں ② پڑے رہنے دو ﴿۵۴﴾

---

① اللہ کے عذاب آنے تک یا موت آنے تک۔ ② (دوسرا ترجمہ) جہالت میں۔

أَيَحْسَبُونَ أَنَّمَا نُمِدُّهُم بِهِ مِن مَّالٍ وَبَنِينَ ۝ نُسَارِعُ لَهُمْ فِي الْخَيْرَاتِ ۚ بَل لَّا يَشْعُرُونَ ۝ إِنَّ الَّذِينَ هُم مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِم مُّشْفِقُونَ ۝ وَالَّذِينَ هُم بِآيَاتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُونَ ۝ وَالَّذِينَ هُم بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُونَ ۝ وَالَّذِينَ يُؤْتُونَ مَا آتَوا وَّقُلُوبُهُمْ وَجِلَةٌ أَنَّهُمْ إِلَىٰ رَبِّهِمْ رَاجِعُونَ ۝ أُولَٰئِكَ يُسَارِعُونَ فِي الْخَيْرَاتِ وَهُمْ لَهَا سَابِقُونَ ۝ وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ۖ وَلَدَيْنَا كِتَابٌ يَنطِقُ بِالْحَقِّ ۚ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝

کیا یہ لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ ہم ان کو جو مال و اولاد دیتے چلے جا رہے ہیں ﴿۵۵﴾ (اس کا مطلب یہ ہے کہ) ہم ان کو فائدہ پہنچانے میں جلدی کر رہے ہیں؛ بلکہ (حقیقت میں) وہ (لوگ بات) سمجھتے ہی نہیں① ﴿۵۶﴾ یقیناً جو لوگ اپنے رب کے رعب سے② ڈرتے ہیں ﴿۵۷﴾ اور وہ لوگ جو اپنے رب کی آیتوں پر یقین رکھتے ہیں ﴿۵۸﴾ اور وہ لوگ جو اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتے ﴿۵۹﴾ اور وہ لوگ دیتے ہیں جو کچھ بھی دیتے ہیں اس پر ان کے دل ڈرتے رہتے ہیں③ اس بات پر کہ ان کو ان کے رب کے پاس واپس جانا ہے ﴿۶۰﴾ یہی وہ لوگ ہیں جو دوڑ دوڑ کر بھلائیاں حاصل کرتے ہیں اور وہ ان (بھلائیوں) کی طرف سب سے آگے پہنچنے والے ہیں④ ﴿۶۱﴾ اور ہم کسی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف (یعنی ذمے داری) نہیں دیتے اور ہمارے پاس (اعمال نامے کی) ایک کتاب ہے⑤ جو (قیامت کے دن ان کے حالات کو) صحیح بولے گی اور ان لوگوں پر ظلم نہیں کیا جائے گا ﴿۶۲﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) بات ایسی نہیں ہے؛ بلکہ وہ لوگ اس کی حقیقت ہی نہیں سمجھتے۔ ② دوسرا ترجمہ: ہیبت سے۔

③ (دوسرا ترجمہ) اور وہ لوگ جو عمل بھی کرتے ہیں اور اس پر ان کے دل ڈرتے رہتے ہیں (یہ دوسری قرآت کے مطابق ترجمہ ہے) معلوم ہوا صدقات اور ہر نیکی کی مقبولیت کے لئے ڈرتے رہنا چاہیے۔

④ (دوسرا ترجمہ) وہ لوگ (اپنے) فائدے جلدی جلدی حاصل کر رہے ہیں اور وہ ان کی طرف دوڑ رہے ہیں۔

نوٹ: دوسرے لوگ دنیوی فائدہ کے پیچھے دوڑتے ہیں اور دوسروں سے آگے بڑھنے کی فکر کرتے ہیں یہ متقی حضرات دین کے لیے ایسی کوشش کرتے ہیں۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) ہمارے پاس سب لکھا ہوا ہے۔

بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِیْ غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا وَلَهُمْ اَعْمَالٌ مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ هُمْ لَهَا عٰمِلُوْنَ۝ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَخَذْنَا مُتْرَفِیْهِمْ بِالْعَذَابِ اِذَا هُمْ یَجْـَٔرُوْنَ۝ لَا تَجْـَٔرُوا الْیَوْمَ اِنَّكُمْ مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ۝ قَدْ كَانَتْ اٰیٰتِیْ تُتْلٰى عَلَیْكُمْ فَكُنْتُمْ عَلٰۤى اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ۝ مُسْتَكْبِرِیْنَ ۖۗ بِهٖ سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ۝ اَفَلَمْ یَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ اَمْ جَآءَهُمْ مَّا لَمْ یَاْتِ اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِیْنَ۝ اَمْ لَمْ یَعْرِفُوْا رَسُوْلَهُمْ فَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ۝ اَمْ یَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ ؕ بَلْ جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ وَاَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ۝ وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِیْهِنَّ ؕ

بلکہ ان (کافروں) کے دل اس (آخرت کے حساب) کی طرف سے غفلت میں پڑے ہوئے ہیں، اس کے سوا بھی ان کے اور بھی (دوسرے برے) کام ہیں جو وہ کرتے رہتے ہیں ﴿۶۳﴾ یہاں تک کہ جب ہم ان کے مال داروں کو عذاب میں پکڑلیں گے تب وہ چلانے لگیں گے ﴿۶۴﴾ آج تم چلاؤ مت، یقینی بات ہے کہ تم کو ہماری طرف سے کوئی مدد نہیں ملے گی ﴿۶۵﴾ پکی بات یہ ہے کہ میری آیتیں تمھارے سامنے پڑھ کر سنائی جاتی تھیں تب تو تم اپنی ایڑیوں کے بل الٹے پاؤں بھاگ جاتے تھے ﴿۶۶﴾ بڑے تکبر سے اس (قرآن) کے بارے میں رات کو مجلس لگا کر وہ غلط باتیں کرتے تھے ① ﴿۶۷﴾ سو کیا انھوں نے (اس) کلام میں غور نہیں کیا؟ یا ان کے پاس کوئی ایسی چیز آگئی جو ان کے اگلے باپ دادوں کے پاس نہیں آئی تھی؟ ﴿۶۸﴾ کیا وہ اپنے رسول کو (پہلے سے) جانتے پہچانتے (ہی) نہیں تھے کہ اس کی وجہ سے وہ اس (رسول) کا انکار کردے ﴿۶۹﴾ کیا وہ یوں کہتے ہیں: اس (رسول) کو جنون ہوگیا ہے ②؟ بلکہ (بات یہ ہے کہ) وہ (رسول) ان کے پاس سچی بات لے کر آئے اور ان میں سے اکثر لوگ سچی بات کو پسند نہیں کرتے ﴿۷۰﴾ اور اگر سچا دین ان کی خواہشات کے تابع ہوجاتا تو آسمان اور زمین اور اس کے رہنے والے سب لوگ تباہ ہوجاتے؛

---

① (دوسرا ترجمہ) بڑے تکبر سے (نبی کو) ایک فضول کہانی کہنے والا سمجھ کر ان کو چھوڑ کر چلے جاتے تھے۔
② جب کبھی بھی کسی عام برائی کے خلاف کوئی حق کی بات کہو تو لوگ اس کے کہنے والے کو دیوانہ کہتے ہیں۔

بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ مُّعْرِضُوْنَؕ۝۷۱ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ۖۗ وَّهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ۝۷۲ وَاِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ۝۷۳ وَاِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ لَنٰكِبُوْنَ۝۷۴ وَلَوْ رَحِمْنٰهُمْ وَكَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوْا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ۝۷۵ وَلَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوْا لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ۝۷۶ حَتّٰۤى اِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ اِذَا هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ۝۷۷

وَهُوَ الَّذِيْۤ اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ۝۷۸ وَهُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ۝۷۹

بلکہ ہم نے ان کے پاس ان کی نصیحت پہنچادی؛ مگر وہ اپنی نصیحت پر دھیان نہیں دیتے ﴿۷۱﴾ کیا تم ان سے (دین پہنچانے پر) کوئی معاوضہ (یا ٹیکس) مانگتے ہو؟① سو تمھارے رب کا (دیا ہوا) معاوضہ (تمھارے لیے) بہت بہتر ہے اور وہ سب سے بہتر روزی دینے والا ہے ﴿۷۲﴾ اور یہ بات تو یقینی ہے کہ تم تو ان کو سیدھے راستے (یعنی اسلام) کی طرف بلا رہے ہو ﴿۷۳﴾ اور یقیناً جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے (ان کی حالت یہ کہ) وہ (سیدھے) راستے سے بالکل ہٹے ہوئے ہیں ﴿۷۴﴾ اور اگر ہم ان پر رحم کریں اور جو تکلیف ان کو پہنچی ہے اس کو دور کریں تب بھی یہ لوگ اپنی شرارت میں برابر بھٹکتے ہوئے لگے رہیں گے ﴿۷۵﴾ اور واقعہ یہ ہے کہ ہم نے ان کو (پہلے) عذاب میں پکڑا تھا، پھر بھی انھوں نے اپنے رب کے آگے (پورے طور پر) عاجزی نہیں کی اور (اللہ تعالیٰ کے سامنے) وہ گڑگڑائے بھی نہیں ﴿۷۶﴾ یہاں تک کہ جب ہم ان پر ایک سخت عذاب کا دروازہ کھول دیں گے تب وہ ایک دم اس میں مایوس (یا حیرت زدہ) ہو کر رہ جائیں گے ﴿۷۷﴾

اور وہی (اللہ تعالیٰ) ہیں جنھوں نے تمھارے لیے کان اور آنکھیں اور دل بنائے (لیکن) تم لوگ بہت کم شکر کرتے ہو ﴿۷۸﴾ اور وہی (اللہ تعالیٰ) ہیں جنھوں نے تم کو زمین میں پھیلا رکھا ہے اور ان ہی (اللہ تعالیٰ) کی طرف تم کو اکٹھا کیا جائے گا② ﴿۷۹﴾

---

① جس کی وجہ سے وہ دین کو مانتے نہ ہوں۔ ② (دوسرا ترجمہ) اسی کے پاس تم لائے جاؤ گے۔

وَهُوَ الَّذِي يُحْيِي وَيُمِيتُ وَلَهُ اخْتِلَافُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۚ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿٨٠﴾ بَلْ قَالُوا مِثْلَ مَا
قَالَ الْأَوَّلُونَ ﴿٨١﴾ قَالُوا أَءِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَامًا أَءِنَّا لَمَبْعُوثُونَ ﴿٨٢﴾ لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ
وَآبَاؤُنَا هَٰذَا مِنْ قَبْلُ إِنْ هَٰذَا إِلَّا أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ ﴿٨٣﴾ قُلْ لِمَنِ الْأَرْضُ وَمَنْ فِيهَا إِنْ
كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿٨٤﴾ سَيَقُولُونَ لِلَّهِ ۚ قُلْ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ﴿٨٥﴾ قُلْ مَنْ رَبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ
وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ﴿٨٦﴾ سَيَقُولُونَ لِلَّهِ ۚ قُلْ أَفَلَا تَتَّقُونَ ﴿٨٧﴾ قُلْ مَنْ بِيَدِهِ مَلَكُوتُ
كُلِّ شَيْءٍ وَهُوَ يُجِيرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿٨٨﴾

وہی (اللہ تعالیٰ) ہیں جو زندگی اور موت دیتے ہیں اور رات اور دن کا بدلنا انہی کے اختیار میں ہے، سو کیا تم لوگ (اتنی بات بھی) نہیں سمجھتے ہو؟ ﴿۸۰﴾ بلکہ یہ لوگ بھی① ایسی ہی باتیں کہتے ہیں جیسی بات (ان سے) اگلے (کافر) لوگوں نے کہی تھی ﴿۸۱﴾ انھوں نے (یوں) کہا کہ: بھلا! جب ہم مرجائیں گے اور مٹی اور ہڈیاں ہوجائیں گے تو کیا ہم کو دوبارہ زندہ کیا جائے گا؟ ﴿۸۲﴾ پکی بات یہ ہے کہ یہ وعدے تو ہم سے اور ہم سے پہلے ہمارے باپ دادوں سے (بھی) کیے گئے تھے، (اس آخرت کی حقیقت تو یہ ہے کہ) یہ تو صرف پچھلے لوگوں کی بنائی ہوئی کہانیاں ہیں ﴿۸۳﴾ (اے نبی! ان سے) تم کہو کہ: (یہ) زمین اور اس زمین میں بسنے والے یہ سب کس کی ملکی ہے؟ اگر تم جانتے ہو (تو ذرا بتاؤ) ﴿۸۴﴾ تو یہ لوگ ضرور (یہی) جواب دیں گے: اللہ تعالیٰ ہی کی ملکی ہے، تو (جواب میں) تم کہو: کیا تم پھر بھی نصیحت حاصل نہیں کرتے؟② ﴿۸۵﴾ تم (ان سے) پوچھو: ساتوں آسمانوں کا مالک اور بڑے عالی شان عرش کا مالک کون ہے؟ ﴿۸۶﴾ تو یہ لوگ ضرور خود ہی بتائیں گے کہ: اللہ تعالیٰ ہی کا ہے، تو تم (ان سے) کہو: کیا پھر تم لوگ (اللہ تعالیٰ سے) ڈرتے نہیں ہو؟ ﴿۸۷﴾ (اے نبی!) تم پوچھو کہ: ہر چیز کی حکومت کس کے قبضے میں ہے؟ وہ (اللہ جس کو چاہے) پناہ دے سکتے ہیں اور ان کے مقابلے میں کوئی کسی کو پناہ نہیں دے سکتا③ اگر تم جانتے ہو (تو بتاؤ) ﴿۸۸﴾

---

① اللہ تعالیٰ کی قدرت کو سمجھ کر ایمان لانے کے بجائے۔

② (دوسرا ترجمہ) کیا پھر بھی تم سوچتے نہیں ہو۔

③ (دوسرا ترجمہ) وہ (اللہ تعالیٰ) جس کو چاہے بچالیتے ہیں اور اس (اللہ تعالیٰ کے عذاب) سے کوئی کسی کو بچا نہیں سکتا۔

سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ فَاَنّٰى تُسْحَرُوْنَ ﴿۸۹﴾ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِالْحَقِّ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۹۰﴾ مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ وَّمَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍۢ بِمَا خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۹۱﴾ عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۹۲﴾

قُلْ رَّبِّ اِمَّا تُرِيَنِّيْ مَا يُوْعَدُوْنَ ﴿۹۳﴾ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِيْ فِي الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۹۴﴾ وَاِنَّا عَلٰۤى اَنْ نُّرِيَكَ مَا نَعِدُهُمْ لَقٰدِرُوْنَ ﴿۹۵﴾ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ السَّيِّئَةَ ؕ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَصِفُوْنَ ﴿۹۶﴾

تو وہ لوگ ضرور خود بولیں گے کہ: یہ (سارا) اختیار تو اللہ تعالیٰ ہی کا ہے، تو تم (ان کو) کہو کہ: پھر کہاں سے تم پر جادو آ پڑتا ہے (کہ تم ایمان نہیں لاتے)؟ ﴿۸۹﴾ بلکہ ہم نے ان کے پاس (ایک) حق بات پہنچائی ہے اور وہ لوگ تو (خود ہی) یقیناً جھوٹے ہیں ﴿۹۰﴾ اللہ تعالیٰ نے اپنا کوئی بیٹا نہیں بنایا اور اس (اللہ) کے ساتھ کوئی اور معبود بھی نہیں ہے، (اگر ایسا ہوتا) تب تو ہر خدا اپنی مخلوق کو لے کر الگ ہو جاتا اور (غالب آنے کے لیے) ایک دوسرے کے اوپر چڑھائی کر دیتا (اللہ تعالیٰ کے بارے میں) جو باتیں یہ لوگ بیان کرتے ہیں اللہ تعالیٰ تو اس سے پاک ہیں ﴿۹۱﴾ وہ (اللہ تعالیٰ) چھپی ہوئی اور کھلی ہوئی بات کو جانتے ہیں اور وہ لوگ جو شرک کرتے ہیں وہ (اللہ) اس سے بہت دور ہیں ﴿۹۲﴾

(اے نبی!) تم دعا کرو: اے میرے رب! جس عذاب کا ان (کافروں) کو وعدہ کیا گیا ہے اگر وہ آپ مجھے ① دکھانے لگو ﴿۹۳﴾ تو اے میرے رب! بس آپ مجھے ان ظالموں کے ساتھ شامل نہ کرنا ② ﴿۹۴﴾ اور یقیناً جس (عذاب) کا ہم ان سے وعدہ کر رہے ہیں ③ وہ تم کو دکھانے کی ہم پوری قدرت رکھتے ہیں ﴿۹۵﴾ (اے نبی!) تم (ان کی) برائی کو بہت ہی اچھے طریقے سے دفع کرتے رہو، جو باتیں یہ لوگ بناتے ہیں ہم اس کو اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۹۶﴾

---

① یعنی میری زندگی میں، میری آنکھوں کے سامنے۔

② حضور ﷺ عذاب سے محفوظ تھے پھر بھی دعا امت کی تعلیم کے لیے اور اجر میں زیادتی کے لیے تعلیم کی گئی، صلحائے امت کو ڈرتے رہنا چاہیے کہ فتنے جب آتے ہیں ان کو بھی لپیٹ میں لے سکتے ہیں؛ اس لیے حفاظت کی دعاؤں کا اہتمام کیا جائے۔ ③ عمومی عذاب تو ﷺ آپ کی برکت سے نہیں آوے گا، چھوٹے چھوٹے برے حالات آسکتے ہیں۔

وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ﴿۹۷﴾ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ﴿۹۸﴾ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ ﴿۹۹﴾ لَعَلِّيْۤ اَعْمَلُ صَالِحًا فِيْمَا تَرَكْتُ كَلَّا ؕ اِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَا ؕ وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ فَاِذَا نُفِخَ فِى الصُّوْرِ فَلَاۤ اَنْسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَّلَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ فِىْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا كٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾

اور (اے نبی!) تم (یہ) دعا کرو کہ: اے میرے رب! میں شیطان کے اثرات (یعنی چھیڑ چھاڑ) سے آپ کی پناہ مانگتا ہوں ① ﴿۹۷﴾ اور اے میرے رب! وہ (شیاطین) میرے پاس آجائیں اس سے بھی میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں ﴿۹۸﴾ یہاں تک کہ جب ان (کافروں) میں سے کسی کو موت آپہنچتی ہے تو (اس وقت) وہ کہتا ہے: اے میرے رب! مجھے (دنیا میں) واپس بھیج دو ﴿۹۹﴾ تاکہ جس (دنیا) کو میں چھوڑ کر آیا ہوں اس (دنیا) میں (واپس جا کر میں) نیک عمل کروں (تو اس کے جواب میں کہا جائے گا) بالکل نہیں! یہ تو ایک بات ہی بات ہے جس کو وہ (زبان سے) کہہ رہا ہے ② اور ان کے آگے برزخ (کی دنیا) ہے جو دوسری مرتبہ زندہ کیے جانے کے دن تک قائم رہے گی ﴿۱۰۰﴾ سو جب (قیامت کے دن) صور پھونکا جائے گا تو ان کے آپس میں اس دن کوئی رشتے داری نہیں رہے گی اور کوئی کسی کو پوچھے گا بھی نہیں ﴿۱۰۱﴾ سو جس (کی نیکی) کے پلڑے بھاری ہوں گے سو وہی لوگ ہیں جو کامیاب ہوں گے ﴿۱۰۲﴾ اور جس (کی نیکی) کے پلڑے ہلکے ہوں گے سو یہ وہی ہوں گے جنھوں نے اپنے آپ کو نقصان میں ڈالا (اور) جہنم میں وہ ہمیشہ رہیں گے ﴿۱۰۳﴾ جہنم کی آگ ان کے چہروں کو جھلستی ہوگی اور اس (جہنم) میں ان کی صورتیں بگڑ جائیں گی ③ ﴿۱۰۴﴾

---

① شیطانی وسوسے سے کوئی کام خلاف مصلحت ہو جاوے، چاہے وہ شریعت کے خلاف نہ ہو اس سے حفاظت کی دعا مانگنا ہے۔ ② یعنی وہ بات پوری نہ ہوگی۔ ③ (دوسرا ترجمہ) وہ لوگ جہنم میں بدشکل ہو جائیں گے۔

اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ۝ قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ۝ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ۝ قَالَ اخْسَــُٔوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ۝ اِنَّهٗ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِيْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا حَتّٰٓى اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِيْ وَكُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ۝ اِنِّيْ جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوْٓا ۙ اَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۝ قٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الْاَرْضِ عَدَدَ سِنِيْنَ ۝

(ان کافروں سے کہا جائے گا): کیا تم پر میری آیتیں پڑھ پڑھ کر نہیں سنائی جاتی تھیں، سو تم تو ان کو جھٹلایا کرتے تھے ﴿۱۰۵﴾ تو وہ (کافر) کہنے لگیں گے: اے ہمارے رب! ہم پر ہماری کم بختی نے زور کیا① اور ہم تو گمراہ لوگ تھے ﴿۱۰۶﴾ اے ہمارے رب! آپ ہم کو (اب) اس (جہنم) سے نکال دیجیے، سو اگر ہم پھر سے (دنیا میں جاکر) وہی کام کریں گے تو یقیناً ہم (پورے) ظالم ہوں گے ﴿۱۰۷﴾ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: تم اس (جہنم) میں ذلیل ہو کر پڑے رہو اور مجھ سے بات بھی مت کرو ﴿۱۰۸﴾ یقیناً وہ میرے (مومن) بندوں کی ایک جماعت تھی جو یہ دعا کرتی تھی کہ: اے ہمارے رب! ہم ایمان لے آئے، بس آپ ہمارے گناہ کو معاف کر دیجیے اور آپ ہم پر رحم کیجیے اور آپ سب رحم کرنے والوں میں سب سے اچھے رحم کرنے والے ہیں ﴿۱۰۹﴾ سو تم نے ان (مؤمن بندوں) کا مزاق بنایا تھا، یہاں تک کہ انھوں نے تم سے میری یاد کو بھلا دیا تھا② اور تم تو ان (مؤمنوں) کی ہنسی اڑاتے رہے③ ﴿۱۱۰﴾ یقیناً آج میں نے ان کے صبر کرنے پر یہ بدلہ دیا کہ وہ (اپنے مقصد میں) کامیاب ہو گئے ﴿۱۱۱﴾ وہ (اللہ تعالیٰ کافر جہنم والوں سے) سوال کریں گے کہ: تم زمین میں گنتی کے کتنے سال رہے؟ ﴿۱۱۲﴾

① (دوسرا ترجمہ) ہم پر ہماری بدبختی چھا گئی۔
② (تم مسلمانوں کی چھیڑ چھاڑ میں اتنے مشغول ہو گئے کہ پیدا کرنے والے اللہ تعالیٰ کو بھول گئے)۔
③ (دوسرا ترجمہ) تم ان مؤمنوں سے ہنستے رہے۔

قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَسْـَٔلِ الْعَآدِّيْنَ ۝ قٰلَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا لَّوْ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۝ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

تو وہ جواب میں کہیں گے: ہم ایک دن (رہے) یا ایک دن سے بھی کم رہے ہوں گے①، سو جنھوں نے گنتی کی ہو ان سے پوچھ لیجیے②《۱۱۳》 وہ (اللہ تعالیٰ) فرمائیں گے کہ تم (دنیا میں) تھوڑی سی مدت کے علاوہ زیادہ نہیں رہے، کاش! یہ بات تم (اس وقت دنیا میں) جان لیتے《۱۱۴》 کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ ہم نے تم کو یوں ہی بے فائدہ (یعنی بے مقصد) پیدا کیا ہے اور تم کو (واپس) ہماری طرف لوٹایا نہیں جائے گا؟《۱۱۵》 سو اللہ تعالیٰ کی شان تو بہت اونچی ہے جو صحیح معنیٰ میں بادشاہ ہیں، ان کے سوا کوئی معبود نہیں، جو عزت والے عرش کے مالک ہیں《۱۱۶》 جو شخص اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی اور معبود کو پکارے گا کہ اس (غیر اللہ کو پکارنے) پر اس کے پاس کوئی دلیل نہیں ہے③، تو اس کا حساب اس کے رب کے پاس ہی ہوگا، یقیناً کافر لوگ کامیاب نہیں ہوں گے《۱۱۷》 اور (اے نبی!) تم یہ دعا کیا کرو: اے میرے رب! آپ معاف کر دیجیے اور آپ (مجھ پر) رحم فرمائیے اور آپ سب رحم کرنے والوں میں سب سے اچھے (بڑھ کر) رحم کرنے والے ہیں④《۱۱۸》

---

① ہم کو تو برابر یاد نہیں رہا۔
② عمر اور اعمال کا صحیح حساب کا کام فرشتے کرتے ہیں۔
③ اللہ تعالیٰ کے سوا دوسرے کی عبادت باطل ہے اور باطل کی کوئی دلیل نہیں ہوتی۔
④ "اغفر" اور "ارحم" دونوں فعلوں کا مفعول مذکور نہیں ہے، عموم کی طرف اشارہ ہے۔

سورۃ النور

(المدنیة)

آیاتہا:۶۴۔رکوعاتہا:۹۔

یہ سورت مدنی ہے، اس میں ایک چوسٹھ (۶۴) یا (۶۳) آیتیں ہیں۔ سورۃ نصر یا سورۃ حشر کے بعد اور سورۃ حج سے پہلے سو (۱۰۰) یا (۱۰۲) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں حیا، شرم، عفت، پاک دامنی کے اہم مضامین کو بیان کیا گیا ہے، جن کا لحاظ انسان کے ظاہر اور باطن کو نور والا بنا دیتا ہے اور جن کا لحاظ نہ کرنا انسان کو بے نور بنا دیتا ہے، اسی طرح اللہ کے نور مبارک کا بھی اس سورت میں تذکرہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا وَاَنْزَلْنَا فِیْهَاۤ اٰیٰتٍۭ بَیِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝۱ اَلزَّانِیَةُ وَالزَّانِیْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ۪ وَّلَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِیْ دِیْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ وَلْیَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَآىِٕفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ۝۲ اَلزَّانِیْ لَا یَنْكِحُ اِلَّا زَانِیَةً اَوْ مُشْرِكَةً ۫ وَّالزَّانِیَةُ لَا یَنْكِحُهَاۤ اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِكٌ ۚ وَحُرِّمَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِیْنَ ۝۳ وَالَّذِیْنَ یَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ یَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِیْنَ جَلْدَةً وَّلَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا ۚ وَاُولٰٓىِٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝۴

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

یہ ایک سورت ہے جو ہم نے اتاری ہے جس (کے احکام) کو ہم نے فرض کیا ہے① اور ہم نے اس میں صاف صاف② آیتیں اتاری ہیں؛ تاکہ تم نصیحت حاصل کرو﴿۱﴾ زنا کرنے والی عورت اور زنا کرنے والا مرد، سو دونوں میں سے ہر ایک کو سو کوڑے تم مارو، اگر تم اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہو تو تم کو ان دونوں پر اللہ تعالیٰ کے دین (کی حد جاری کرنے) میں کسی قسم کا رحم نہ آوے اور ایمان والوں کا ایک مجمع ان دونوں کی سزا کو اپنی آنکھ سے دیکھے③﴿۲﴾ زانی مرد زانیہ عورت سے یا شرک کرنے والی عورت سے ہی نکاح کرتا ہے اور زنا کار عورت سے زانی مرد یا مشرک مرد ہی نکاح کرتا ہے اور یہ بات ایمان والوں پر حرام کردی گئی ہے﴿۳﴾ اور وہ لوگ جو پاک دامن عورتوں پر تہمت لگاتے ہیں، پھر (زنا کو ثابت کرنے پر) چار گواہ نہیں لاتے، سو تم ان کو اسّی کوڑے مارو اور کبھی بھی ان لوگوں کی گواہی تم قبول مت کرو اور یہی لوگ خود نافرمان ہیں﴿۴﴾

---

① جس اللہ تعالیٰ نے یہ احکام مقرر فرمائے اسی اللہ تعالیٰ نے احکام کو ہمارے ذمے میں لازم فرمایا۔

② دوسرا، کھلی کھلی آیتیں۔

③ یعنی دونوں کی سزا کے وقت مسلمانوں کی ایک جماعت کو حاضر رہنا چاہیے۔

إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا مِنْ بَعْدِ ذَٰلِكَ وَأَصْلَحُوا ۚ فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿٥﴾ وَالَّذِينَ يَرْمُونَ أَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُمْ شُهَدَاءُ إِلَّا أَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ أَحَدِهِمْ أَرْبَعُ شَهَادَاتٍ بِاللَّهِ ۙ إِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِينَ ﴿٦﴾ وَالْخَامِسَةُ أَنَّ لَعْنَتَ اللَّهِ عَلَيْهِ إِنْ كَانَ مِنَ الْكَاذِبِينَ ﴿٧﴾ وَيَدْرَأُ عَنْهَا الْعَذَابَ أَنْ تَشْهَدَ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللَّهِ ۙ إِنَّهُ لَمِنَ الْكَاذِبِينَ ﴿٨﴾ وَالْخَامِسَةَ أَنَّ غَضَبَ اللَّهِ عَلَيْهَا إِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِينَ ﴿٩﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ وَأَنَّ اللَّهَ تَوَّابٌ حَكِيمٌ ﴿١٠﴾

إِنَّ الَّذِينَ جَاءُوا بِالْإِفْكِ عُصْبَةٌ مِنْكُمْ ۚ لَا تَحْسَبُوهُ شَرًّا لَكُمْ ۖ بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَكُمْ ۚ لِكُلِّ امْرِئٍ مِنْهُمْ مَا اكْتَسَبَ مِنَ الْإِثْمِ ۚ وَالَّذِي تَوَلَّىٰ كِبْرَهُ مِنْهُمْ لَهُ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿١١﴾

مگر جن لوگوں نے اس (تہمت) کے بعد توبہ کرلی اور (اپنی) اصلاح کرلی تو یقیناً اللہ تعالیٰ بڑے معاف کرنے والے، سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۵﴾ اور جو لوگ اپنی بیویوں پر تہمت لگاتے ہیں اور ان کے پاس اپنی ذات کے سوا اور کوئی گواہ نہ ہو ایسے آدمی کی گواہی یہ ہے کہ وہ چار مرتبہ اللہ تعالیٰ کے نام کی قسم کھا کر یہ گواہی دیوے کہ (”بیوی کے متعلق زنا کی بات جو اس مرد نے کہی اس بات میں) وہ (مرد) یقیناً سچا ہے“ ﴿۶﴾ اور پانچویں مرتبہ میں وہ یوں بولے کہ: اپنی اس بات میں وہ (یعنی میں) جھوٹا ہو تو اس پر (یعنی مجھ پر) اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو ﴿۷﴾ اس (عورت) پر سے (زنا کی) سزا دور کرنے کا راستہ یہ ہے کہ وہ عورت چار مرتبہ اللہ تعالیٰ کی قسم کھا کر یہ کہے کہ: ”وہ (یعنی میرا شوہر) بالکل جھوٹا ہے“ ﴿۸﴾ اور وہ (عورت) پانچویں مرتبہ یوں کہے کہ: اگر وہ (یعنی میرا شوہر) سچا ہو تو اس پر (یعنی خود مجھ پر) اللہ تعالیٰ کا غضب اترے ﴿۹﴾ اور اگر اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی رحمت تم پر نہ ہوتی (تو خود سوچ لو کہ تمہارا کیا ہوتا، تم کتنی تکلیف میں پڑ جاتے) اور یہ کہ اللہ تعالیٰ بہت زیادہ توبہ کو قبول کرنے والے، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۱۰﴾

یقیناً جن لوگوں نے (عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر جھوٹی تہمت لگا کر) یہ طوفان کھڑا کیا ہے وہ تمہارے ہی اندر کا ایک ٹولہ ہے، تم اس بات کو تمہارے لیے برا مت سمجھو؛ بلکہ وہ تو تمہارے حق میں بہت بہتر ہے، ان میں سے ہر ایک شخص نے جتنا کیا اتنا گناہ اس کے حصے میں آیا، اور جس شخص نے ان میں سے اس (طوفان) میں سب سے بڑا حصہ لیا اس کو بڑا عذاب ہوگا① ﴿۱۱﴾ (حاشیہ ←)

لَوْلَآ إِذْ سَمِعْتُمُوهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بِأَنفُسِهِمْ خَيْرًا ۙ وَّقَالُوا هٰذَآ إِفْكٌ مُّبِينٌ ﴿١٢﴾ لَّوْلَا جَآءُو عَلَيْهِ بِأَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ ۚ فَإِذْ لَمْ يَأْتُوا بِالشُّهَدَآءِ فَأُولٰٓئِكَ عِندَ اللَّهِ هُمُ الْكٰذِبُونَ ﴿١٣﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِي مَآ أَفَضْتُمْ فِيهِ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿١٤﴾ إِذْ تَلَقَّوْنَهُ بِأَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُولُونَ بِأَفْوَاهِكُم مَّا لَيْسَ لَكُم بِهِ عِلْمٌ وَتَحْسَبُونَهُ هَيِّنًا ۖ وَهُوَ عِندَ اللَّهِ عَظِيمٌ ﴿١٥﴾ وَلَوْلَآ إِذْ سَمِعْتُمُوهُ قُلْتُم مَّا يَكُونُ لَنَآ أَن نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتٰنٌ عَظِيمٌ ﴿١٦﴾

جب تم لوگوں نے اس (طوفان) کی خبر سنی تو ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں نے اپنے لوگوں ① کے ساتھ اچھا خیال کیوں نہیں کیا؟ اور (تہمت سنتے ہی) ایسا کیوں نہ کہا: یہ کھلی تہمت ہے ﴿۱۲﴾ وہ (بہتان لگانے والے) اس (بات) پر چار گواہ کیوں نہیں لائے؟ اب جب وہ (چار) گواہ نہیں لا سکے تو اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہی جھوٹے ہیں ﴿۱۳﴾ اور اگر اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی رحمت تم پر دنیا اور آخرت میں نہ ہوتی ② تو جس (چرچے) میں تم پڑے ہوئے تھے اس کی وجہ سے تم پر بڑا عذاب آپڑتا ﴿۱۴﴾ جب کہ تم اپنی زبانوں سے اس (تہمت) کو ایک دوسرے کے سامنے نقل کر رہے تھے ③ اور تم اپنے منہ سے ایک ایسی بات کہہ رہے تھے جس کی خبر تم کو بالکل نہیں تھی اور تم اس (تہمت والی بات) کو معمولی سمجھ رہے تھے؛ حالاں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے یہاں بہت بڑی (گناہ کی) بات تھی ﴿۱۵﴾ اور جب تم نے (اول) یہ (بہتان) سنا تو اسی وقت تم نے ایسا کیوں نہیں کہا کہ: ہم کو کوئی حق نہیں پہنچتا کہ ایسی بات ہم منہ سے نکالیں، آپ (اللہ تعالیٰ) تو پاک ہیں (معاذ اللہ) یہ تو بہت بڑا بہتان ہے ﴿۱۶﴾

⬅ (گذشتہ صفحے کا) ① یعنی عبد اللہ بن ابی جو اس تہمت کو اصل گھڑنے والا تھا۔

① اصل ترجمہ "اپنے بارے میں" ہوتا ہے؛ لیکن اس تعبیر سے دوسرے مسلمان کی عزت کی حفاظت خود کی عزت کی حفاظت کی طرح کرنی ہے اس کی طرف اشارہ ہے اسلئے کہ ایک مسلمان دوسرے مسلمان کو بدنام کرے تو وہ خود کو بدنام کر رہا ہے۔ ② یعنی دنیا میں توبہ کی توفیق دی اور قبول فرمالی۔ ③ بے دلیل بے تحقیق بات آگے کرنا۔

يَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖۤ اَبَدًا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷﴾ وَيُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۸﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۙ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۰﴾

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ وَمَنْ يَّتَّبِعْ خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ فَاِنَّهٗ يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَا زَكٰى مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَبَدًا ۙ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۱﴾

اللہ تعالیٰ تم کو نصیحت کرتے ہیں کہ اگر تم واقعی ایمان والے ہو تو آئندہ ایسی بات کبھی مت کرنا ﴿۱۷﴾ اور اللہ تعالیٰ کام کی باتیں تمھارے سامنے کھول کھول کے بیان کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ہر بات کو جاننے والے، بڑے حکمت والے ہیں ﴿۱۸﴾ یقیناً جو لوگ یہ چاہتے ہیں کہ ایمان والوں میں بے حیائی پھیلے① ان کے لیے دنیا و آخرت میں دردناک عذاب ہے اور اللہ تعالیٰ تو جانتے ہیں② اور تم نہیں جانتے ہو ﴿۱۹﴾ اور اگر اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی رحمت تم پر نہ ہوتی (تو تم میں سے کوئی بھی عذاب سے نہ بچتا) اور یہ کہ اللہ تعالیٰ بہت زیادہ مہربانی کرنے والے، سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۲۰﴾

اے ایمان والو! تم شیطان کے قدموں پر مت چلو اور جو بھی شیطان کے قدموں پر چلتا ہے تو یقیناً وہ (شیطان) تو بے حیائی اور برائی کے کام کرنے کے لیے کہے گا، اور اگر اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی رحمت تم پر نہ ہوتی تو تم میں سے کوئی بھی (گناہ سے توبہ کرکے) کبھی بھی پاک صاف نہ ہوتا③؛ لیکن اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں اس کو (توبہ کی توفیق دے کر) پاک صاف کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ تو ہر بات سننے والے اور ہر چیز جاننے والے ہیں ﴿۲۱﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) بے حیائی کا چرچا ہو۔ اہلِ ایمان کا معاشرہ بے حیائی والے کاموں اور باتوں سے پاک رہنا چاہیے، غلط باتوں کا چرچا اور اس کو سیکھنا سکھانا اس کے نت نئے طریقے بتانا یہ سب اس میں شامل ہیں اس دور میں میڈیا کے ذریعہ بہت بے حیائی کی اشاعت کا کام ہو رہا ہے جو ہرگز مناسب نہیں ہے۔ ② کونسا گناہ کس درجہ کا ہے وہ اللہ تعالیٰ جانتے ہے۔
③ تین نعمتوں کا تذکرہ ہے: [۱] توبہ کی توفیق [۲] توبہ کا قبول ہونا [۳] توبہ کی برکت سے صفائی۔

وَلَا يَأْتَلِ أُولُوا الْفَضْلِ مِنكُمْ وَالسَّعَةِ أَن يُؤْتُوا أُولِي الْقُرْبَىٰ وَالْمَسَاكِينَ وَالْمُهَاجِرِينَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۖ وَلْيَعْفُوا وَلْيَصْفَحُوا ۗ أَلَا تُحِبُّونَ أَن يَغْفِرَ اللَّهُ لَكُمْ ۗ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٢٢﴾ إِنَّ الَّذِينَ يَرْمُونَ الْمُحْصَنَاتِ الْغَافِلَاتِ الْمُؤْمِنَاتِ لُعِنُوا فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿٢٣﴾ يَوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ أَلْسِنَتُهُمْ وَأَيْدِيهِمْ وَأَرْجُلُهُم بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٢٤﴾ يَوْمَئِذٍ يُوَفِّيهِمُ اللَّهُ دِينَهُمُ الْحَقَّ وَيَعْلَمُونَ أَنَّ اللَّهَ هُوَ الْحَقُّ الْمُبِينُ ﴿٢٥﴾ الْخَبِيثَاتُ لِلْخَبِيثِينَ وَالْخَبِيثُونَ لِلْخَبِيثَاتِ ۖ وَالطَّيِّبَاتُ لِلطَّيِّبِينَ وَالطَّيِّبُونَ لِلطَّيِّبَاتِ ۚ أُولَٰئِكَ مُبَرَّءُونَ مِمَّا يَقُولُونَ ۖ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ﴿٢٦﴾

اور جو لوگ تم میں بڑے درجے والے ہیں① اور مال میں وسعت والے ہیں وہ ایسی قسم نہ کھالیویں کہ وہ رشتہ داروں کو اور محتاجوں کو اور اللہ کے راستے میں ہجرت کرنے والوں کو (کچھ) نہیں دیں گے؛ بلکہ (ایسے لوگوں کا) قصور معاف کردیں اور ان کو جانے دیں، کیا تم کو یہ پسند نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ تمھارے گناہوں کو معاف کردے؟ اور اللہ تو بہت معاف کرنے والے، بڑے رحم کرنے والے ہیں ﴿۲۲﴾ یقیناً جو لوگ پاک دامن، بھولی بھالی② ایمان والی عورتوں پر تہمت لگاتے ہیں ان کے لیے دنیا و آخرت میں لعنت کی جاتی ہے اور ان کے لیے بڑا عذاب ہے ﴿۲۳﴾ جس دن ان کے خلاف ان کی زبانیں اور ان کے ہاتھ اور ان کے پیر جو (برے) کام کہ وہ کرتے تھے ان کے بارے میں گواہی دیں گے ﴿۲۴﴾ اس دن جس سزا کے وہ حق دار ہیں اللہ تعالیٰ ان کو ان کی وہ پوری سزا دے دیں گے اور وہ جان لیں گے کہ یقیناً اللہ تعالیٰ ہی سچے ہیں (اور ساری باتوں کی حقیقت کو) کھولنے والے ہیں ﴿۲۵﴾ گندی عورتیں گندے مردوں کے لیے مناسب ہیں③ اور گندے مرد گندی عورتوں کے لیے مناسب ہیں اور پاکیزہ عورتیں پاکیزہ مردوں کے لیے مناسب ہیں اور پاکیزہ مرد پاکیزہ عورتوں کے لیے مناسب ہیں، جو (تہمت کی) بات وہ (منافق) لوگ کہتے ہیں وہ (نیک مرد اور عورتیں) اس سے بالکل بری (یعنی بے تعلق) ہیں، ان کے لیے (آخرت میں) مغفرت ہے اور عزت کی روزی ہے ﴿۲۶﴾

---

① یہ آیت حضرت ابوبکرؓ کے متعلق نازل ہوئی جو ان کے مرتبہ کو بتاتی ہے ② یعنی برے کاموں اور اس کے ارادے سے بے خبر ③ دوسرا مطلب: عام طور پر گندی باتیں گندوں کی زبان سے نکلتی ہے، نیک لوگوں کی زبان سے پاکیزہ باتیں نکلتی ہیں۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ لَا تَدْخُلُوا۟ بُيُوتًا غَيْرَ بُيُوتِكُمْ حَتَّىٰ تَسْتَأْنِسُوا۟ وَتُسَلِّمُوا۟ عَلَىٰٓ أَهْلِهَا ۚ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ۝ فَإِن لَّمْ تَجِدُوا۟ فِيهَآ أَحَدًا فَلَا تَدْخُلُوهَا حَتَّىٰ يُؤْذَنَ لَكُمْ ۖ وَإِن قِيلَ لَكُمُ ٱرْجِعُوا۟ فَٱرْجِعُوا۟ ۖ هُوَ أَزْكَىٰ لَكُمْ ۚ وَٱللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ عَلِيمٌ ۝ لَّيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَن تَدْخُلُوا۟ بُيُوتًا غَيْرَ مَسْكُونَةٍ فِيهَا مَتَٰعٌ لَّكُمْ ۚ وَٱللَّهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ وَمَا تَكْتُمُونَ ۝ قُل لِّلْمُؤْمِنِينَ يَغُضُّوا۟ مِنْ أَبْصَٰرِهِمْ وَيَحْفَظُوا۟ فُرُوجَهُمْ ۚ ذَٰلِكَ أَزْكَىٰ لَهُمْ ۗ إِنَّ ٱللَّهَ خَبِيرٌۢ بِمَا يَصْنَعُونَ ۝

اے ایمان والو! تم اپنے (رہنے کے) گھروں کے سوا دوسرے کے گھروں میں اس وقت تک داخل نہ ہو جب تک تم اجازت نہ لے لو اور تم اس (گھر) کے رہنے والوں کو سلام کرلو①، یہ تمہارے لیے بہتر ہے، امید ہے کہ تم خیال رکھو گے ﴿۲۷﴾ سو اگر اس (گھر) میں تم کو کوئی آدمی معلوم نہ ہو② تو جب تک تم کو اجازت نہ دے دی جاوے وہاں تک تم اس (گھر) میں داخل مت ہوؤ اور اگر (اجازت نہ ملے اور) تم کو (جواب میں یوں) کہہ دیا جائے کہ "تم واپس تشریف لے جاؤ" تو تم واپس لوٹ کر چلے جاؤ، یہی تمہارے لیے پاکیزہ طریقہ ہے اور جو کام بھی تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس کو اچھی طرح جاننے والے ہیں ﴿۲۸﴾ تم پر کوئی گناہ نہیں ہے کہ تم ایسے گھروں میں (بغیر اجازت) داخل ہو جاؤ جس میں کوئی آدمی (مستقل طور پر) رہتا نہ ہو اور اس میں تمہارا سامان بھی رکھا ہوا ہو③ اور جو چیز تم ظاہر کرتے ہو اور جو چیز تم چھپاتے ہو اللہ تعالیٰ اس کو جانتے ہیں ﴿۲۹﴾ (اے نبی!) ایمان والے مردوں سے تم کہو کہ: وہ اپنی نظروں کو نیچے رکھا کریں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کیا کریں، یہی ان کے لیے بڑا پاکیزہ طریقہ ہے، یقیناً جو کام وہ کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کو اس کی پوری خبر ہے ﴿۳۰﴾

① (دوسرا ترجمہ) جب تک مکان میں رہنے والوں سے سلام نہ کرلو۔

② واقعتاً گھر میں کوئی نہیں ہے یا گھر میں ہے، لیکن تم کو جواب نہ ملے۔

③ (دوسرا ترجمہ) اس سے تم کو بھی فائدہ اٹھانے کا حق ہو۔

نوٹ: عام مہمان خانہ، مرکز، عام خانقاہ، اس طرح کی عام اجازت والی جگہیں وہاں قیام کے لیے جو ضوابط ہوتے ہیں ان کی پابندی کی جائے۔

وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ ۪ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اٰبَآئِهِنَّ اَوْ اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَآئِهِنَّ اَوْ اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اَخَوٰتِهِنَّ اَوْ نِسَآئِهِنَّ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ اَوِ التّٰبِعِيْنَ غَيْرِ اُولِي الْاِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ اَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا عَلٰى عَوْرٰتِ النِّسَآءِ ۪ وَلَا يَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِيْنَ مِنْ زِيْنَتِهِنَّ ؕ وَتُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

اور (اے نبی!) تم ایمان والی عورتوں کو (بھی) کہو کہ: وہ اپنی نظروں کو نیچے رکھا کریں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کیا کریں ① اور اپنی سجاوٹ ② (کسی پر بھی) ظاہر نہ کریں؛ مگر جو اس میں سے (مجبوراً) ظاہر ہوجائے ③ اور اپنی اوڑھنیاں (دوپٹے) اپنے گریبانوں پر ڈال دیا کریں ④ اور اپنی سجاوٹ (کسی پر) ظاہر نہ کریں، ہاں! اپنے شوہروں کے سامنے یا اپنے باپوں کے سامنے یا اپنے شوہروں کے باپوں کے سامنے یا اپنے بیٹوں کے سامنے یا اپنے شوہروں کے بیٹوں کے سامنے یا اپنے بھائیوں کے سامنے یا اپنے بھائیوں کے بیٹوں کے سامنے یا اپنی بہنوں کے بیٹوں کے سامنے یا اپنی (میل جول کی) عورتوں کے سامنے، یا اپنے ہاتھ کی مالکی میں جو (باندیاں) ہیں ان کے سامنے یا (کھانے پینے کے واسطے) کسی کے تابع ہوکر آنے والے ⑤ جن کے دل میں کوئی مردانہ خواہش نہ ہو یا ایسے (نادان) بچوں کے سامنے جن کو (ابھی تک) عورتوں کے (بدن کے) چھپے ہوئے حصوں کے بارے میں کوئی خبر نہ ہو اور (مسلمان) عورتوں کو چاہیے کہ اپنے پیروں کو (زمین پر زور سے) اس طرح نہ ماریں کہ اس کی جو زینت چھپاتی ہے وہ معلوم ہوجائے ⑥ اور اے ایمان والو! تم سب اللہ تعالیٰ کے سامنے توبہ کرو؛ تاکہ تم لوگ کامیابی پاؤ ﴿۳۱﴾

---

① قرآن میں عام طور پر مرد عورت دونوں کے لیے ایک ہی ساتھ احکام بیان کیے جاتے ہیں؛ لیکن نگاہ اور شرمگاہ کی حفاظت کے لیے دونوں کو الگ الگ حکم دیا گیا، یہ اس کی اہمیت کو بتاتا ہے۔ ② اور زینت یعنی زینت کے اعضا کو خاص کر چھپاوے۔ ③ (دوسرا ترجمہ) مگر جو (غالباً) خود ہی کھلا رہ جاتا ہے جیسے ہتھیلی، قدم وغیرہ۔ ④ یعنی گلا اور سینہ ڈھک جائے اس طرح اوڑھنی اوڑھے۔ ⑤ تابعین کا دوسرا ترجمہ: خدمت گزاروں کے جن کے دلوں میں تقاضہ نہیں ہوتا۔

وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ ؕ اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۳۲﴾ وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ نِكَاحًا حَتّٰى يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَالَّذِيْنَ يَبْتَغُوْنَ الْكِتٰبَ مِمَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ فَكَاتِبُوْهُمْ اِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْرًا ۖ وَّاٰتُوْهُمْ مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ الَّذِيْۤ اٰتٰىكُمْ ؕ وَلَا تُكْرِهُوْا فَتَيٰتِكُمْ عَلَى الْبِغَآءِ اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِّتَبْتَغُوْا عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَمَنْ يُّكْرِهْهُّنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ مِنْۢ بَعْدِ اِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۳﴾

تم میں سے جن (آزاد مردوں اور عورتوں) کا نکاح نہ ہوا ان کا نکاح کراؤ① اور تمھارے غلاموں اور باندیوں میں سے جو نیک ہوں ان کا بھی (نکاح کراؤ) اگر وہ محتاج ہوں گے تو اللہ تعالیٰ ان کو اپنے فضل سے غنی کردیں گے اور اللہ تعالیٰ تو بہت وسعت والے، ہر چیز جاننے والے ہیں ﴿۳۲﴾ اور جن لوگوں کو نکاح کی طاقت نہ ہو وہ اپنے کو قابو میں رکھیں②، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ ان کو اپنے فضل سے مال دار کردیں اور تمھاری مالکی کے غلام اور باندی میں سے جو بھی مکاتبت کرنا چاہیں تو ان میں سے جن میں بھی تم کو بھلائی③ نظر آوے تو ان کو مکاتب بنالو، اور (اے مسلمانو!) اللہ تعالیٰ نے جو مال تم کو دیا ہے اس میں سے تم ان (غلام اور باندیوں) کو بھی دو④، تم دنیوی زندگی کا سامان حاصل کرنے کے لیے تمھاری باندیوں کو اگر وہ پاکدامن رہنا چاہتی ہوں تو زنا (کا کام کرانے) پر مجبور مت کرو اور جو آدمی بھی ان (باندیوں) کو (زنا پر) مجبور کرے گا تو یقین رکھو کہ ان (باندیوں) کی مجبوری کے بعد اللہ تعالیٰ تو بڑے ہی معاف کرنے والے، سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں⑤ ﴿۳۳﴾

⬅ ③ (دوسرا ترجمہ) (مسلمان) عورتیں اپنے پیروں کو زمین پر مارتے ہوئے چھپی ہوئی زینت کو (چھم چھم) ظاہر کرتی ہوئے نہ چلیں۔

① چاہے اب تک نکاح نہ ہوا ہو یا طلاق یا وفات کی وجہ سے نکاح نہ رہا ہو۔ اور نکاح کے لائق ہو۔ ② (دوسرا ترجمہ) وہ پاک دامن رہیں۔ ③ (یعنی نیکی کے آثار ہوں اور بدلِ کتابت کی صلاحیت ہو اور آزادی کے بعد اسلام اور مسلمانوں کے لیے خطرہ نہ ہو۔ ④ یعنی بدلِ کتابت ادا کرنے میں مالی تعاون کرو، زکوۃ بھی دے سکتے ہیں اور مقررہ بدلِ کتابت میں کمی بھی کرسکتے ہیں۔ ⑤ اور زبردستی کرنے والے مالک گنہگار ہوں گے۔

وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ وَّمَثَلًا مِّنَ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ۝ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ۝ فِيْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ وَيُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ ۙ يُسَبِّحُ لَهٗ فِيْهَا بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ۝

اور پکی بات ہے کہ ہم نے تم پر کھلے کھلے احکام اور تم سے پہلے جو قوم گذر گئی ان کے بعض حالات تم پر اتارے ہیں اور تقویٰ والوں کے لیے نصیحت ہے ﴿۳۴﴾

اللہ تعالیٰ تو آسمانوں اور زمین کا نور ہیں ①، ان (اللہ تعالیٰ) کے نور کی مثال ایسی ہے جیسے کہ ایک طاقچہ ہو (اور) جس میں چراغ ہو، چراغ شیشے کے اندر ہو، شیشہ ایسا ہو جیسے ایک ستارہ موتی کی طرح چمکتا ہوا، وہ چراغ برکت والے درخت زیتون (کے تیل) سے روشن کیا جاتا ہے، جو (درخت صرف) مشرق کے رخ پر بھی نہ ہو اور مغرب کے رخ پر بھی نہ ہو ② ایسا لگتا ہے کہ اس کا تیل خود ہی روشنی دے دیوے، چاہے اس کو آگ بھی نہ لگی ہو (اگر آگ بھی لگا دی جاوے تو) روشنی پر روشنی ہو جائے گی، اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں اپنے نور تک پہنچا دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ لوگوں کے فائدے کے لیے مثالیں بیان کرتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ تو ہر چیز کو اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۳۵﴾ (اللہ تعالیٰ کے دیے ہوئے نور سے ہدایت پانے والے بندے ایسے گھروں میں جا کر اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے ہیں) جن گھروں کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دیا ہے کہ ان (گھروں) کو (تعظیم کا) اونچا مقام دیا جائے ③ اور (یہ حکم بھی دیا کہ) ان (مکانوں) میں اس (اللہ تعالیٰ) کا نام بھی لیا جاوے ان (مکان) میں صبح، شام اس (اللہ تعالیٰ) کی تسبیح پڑھتے ہیں ﴿۳۶﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ (ہدایت کا) نور دینے والے ہیں آسمانوں (میں رہنے والوں) اور زمین (میں رہنے والو) کو۔
② یعنی پورا دن اس کو دھوپ لگتی ہے، زیتون کے درخت کو جتنی زیادہ دھوپ ملے گی اس کے پھل سے نکلنے والا تیل بہت زیادہ چمکدار رہتا ہے۔ ③ اس تعظیم کے ساتھ مسجد کی تعمیر کی طرف اشارہ ہے۔

رِجَالٌ ۙ لَّا تُلۡهِيۡهِمۡ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيۡعٌ عَنۡ ذِكۡرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيۡتَآءِ الزَّكٰوةِ ۙ يَخَافُوۡنَ يَوۡمًا تَتَقَلَّبُ فِيۡهِ الۡقُلُوۡبُ وَالۡاَبۡصَارُ ۙ لِيَجۡزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحۡسَنَ مَا عَمِلُوۡا وَيَزِيۡدَهُمۡ مِّنۡ فَضۡلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ يَرۡزُقُ مَنۡ يَّشَآءُ بِغَيۡرِ حِسَابٍ ۝ وَالَّذِيۡنَ كَفَرُوۡۤا اَعۡمَالُهُمۡ كَسَرَابٍۢ بِقِيۡعَةٍ يَّحۡسَبُهُ الظَّمۡاٰنُ مَآءً ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَهٗ لَمۡ يَجِدۡهُ شَيۡـًٔـا وَّوَجَدَ اللّٰهَ عِنۡدَهٗ فَوَفّٰٮهُ حِسَابَهٗ ؕ وَاللّٰهُ سَرِيۡعُ الۡحِسَابِ ۝ اَوۡ كَظُلُمٰتٍ فِىۡ بَحۡرٍ لُّـجِّىٍّ يَّغۡشٰٮهُ مَوۡجٌ مِّنۡ فَوۡقِهٖ مَوۡجٌ مِّنۡ فَوۡقِهٖ سَحَابٌ ؕ

وہ مرد جن کو کوئی تجارت اور خریدنا، بیچنا اللہ تعالیٰ کی یاد سے اور نماز کو قائم کرنے سے اور زکوۃ کو دینے سے غفلت میں نہیں ڈالتی ہے وہ ایسے دن (قیامت) سے ڈرتے ہیں جس میں (بہت سارے) دل اور آنکھیں الٹ جائیں گی ①﴿۳۷﴾ نتیجہ میں یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ ان کے کیے ہوئے کاموں کا ان کو بہترین بدلہ دیں گے ② اور وہ (اللہ تعالیٰ) اپنے فضل سے ان کو زیادہ بھی دیں گے اور اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں اس کو بے حساب روزی دیتے ہیں ﴿۳۸﴾ اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے اعمال ایسے ہیں ③ جیسے چٹیل میدان میں چمکتی ہوئی ریت، پیاسا اس کو (دور سے) پانی سمجھتا ہے، یہاں تک کہ جب وہ اس کے پاس پہنچتا ہے تو دیکھتا ہے کہ وہ تو کچھ بھی نہیں تھا ④ اور وہ اللہ تعالیٰ کو اس کے پاس پاتا ہے ⑤ سو وہ (اللہ تعالیٰ) اس (کی زندگی) کا حساب پورا پورا چکا دیتے ہے اور اللہ تعالیٰ تو بہت جلدی حساب لینے والے ہیں ﴿۳۹﴾ یا (اس کی مثال) جیسے گہرے سمندر میں اندھیرے پھیلے ہوئے ہوں ⑥ اس (سمندر کی اوپر والی سطح) کو ایک موج نے (اوپر سے) ڈھانک رکھا ہو، کہ اس (موج) کے اوپر دوسری موج ہو جس کے اوپر بادل ہو،

① (دوسرا) دل اور آنکھیں مضطرب (بے چین) ہوگی یعنی آنکھ سے ادھر ادھر دیکھتے ہوں گے کہ اعمال نامہ کس طرف سے ملتا ہے۔ ② (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ ان کے بہترین کاموں کا بدلہ دے گا۔

③ اس آیت میں وہ کافر مراد ہیں جو مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونے کو مانتے ہیں اور اپنے خیال کے مطابق آخرت کی زندگی میں کام آوے ایسے کچھ اعمال دنیا میں کرتے ہیں لیکن ایمان نہ ہونے کی وجہ سے وہ اعمال بے فائدہ ہوں گے۔

④ (دوسرا ترجمہ) اس کو کچھ بھی نہیں ملا۔

⑤ یعنی اللہ کے فیصلے موت کو۔ ⑥ جو قیامت ہی کو نہیں مانتے ان کافروں کی مثال۔

ظُلُمٰتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَاۤ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ۠

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُسَبِّحُ لَهٗ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالطَّيْرُ صٰٓفّٰتٍ ؕ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَتَسْبِيْحَهٗ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ۞ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ۞ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُزْجِىْ سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهٗ ثُمَّ يَجْعَلُهٗ رُكَامًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ جِبَالٍ فِيْهَا مِنْۢ بَرَدٍ فَيُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَيَصْرِفُهٗ عَنْ مَّنْ يَّشَآءُ ؕ يَكَادُ سَنَا بَرْقِهٖ يَذْهَبُ بِالْاَبْصَارِ ۞

اندھیرے ہی اندھیرے ایک دوسرے پر چھائے ہوئے ہوں، جب کوئی آدمی اپنا ہاتھ باہر نکالے تو اس کو دیکھ بھی نہ پاوے اور جس کو اللہ تعالیٰ ہی نور عطا نہ کریں اس کو کہیں بھی نور نہیں مل سکتا ﴿۴۰﴾

کیا آپ کو معلوم نہیں کہ آسمانوں اور زمین میں جو کوئی بھی (مخلوقات) ہیں اور جو پرندے پر پھیلائے پھرتے ہیں اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کرتے ہیں، ہر ایک نے اپنی نماز (یعنی عبادت)① اور اپنی تسبیح (کے طریقہ) کو جان رکھا ہے اور جو کام بھی وہ کرتے ہیں اللہ تعالیٰ اس کو اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۴۱﴾ آسمانوں اور زمین کی بادشاہت اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہے اور (ہر ایک کو) اللہ تعالیٰ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے ﴿۴۲﴾ کیا تم نے (یہ عجیب منظر) نہیں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ بادلوں کو چلاتے ہیں، پھر (اللہ تعالیٰ ہی ان کو) آپس میں (ایک دوسرے کے ساتھ) جوڑ دیتے ہیں، پھر ان کو تہہ پر تہہ بنا کر (گھٹا کی شکل میں) رکھتے ہیں، پھر تو بارش کو اس (بادل) کے درمیان سے برستا دیکھے گا اور آسمان میں (بادل کی شکل میں) جو پہاڑ ہوتے ہیں وہ (اللہ تعالیٰ) ان میں سے اولے برساتے ہیں، سو جس کے لیے چاہتے ہیں اس کے لیے مصیبت بناتے ہیں اور جس کو چاہتے ہیں اس سے بچا لیتے ہیں، ایسا لگتا ہے کہ اس کی بجلی کی چمک آنکھوں (کی بینائی) کو اب اچک کر لے جائے گی ﴿۴۳﴾

---

① اللہ تعالیٰ کے سامنے دعا اور التجا کا طریقہ ہر ایک کو معلوم ہے۔

يُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي الْاَبْصَارِ ۝ وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٍ مِّنْ
مَّآءٍ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى بَطْنِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى رِجْلَيْنِ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ
عَلٰۤى اَرْبَعٍ ؕ يَخْلُقُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ لَقَدْ اَنْزَلْنَاۤ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ ؕ
وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ وَيَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُوْلِ وَاَطَعْنَا ثُمَّ
يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ؕ وَمَاۤ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَاِذَا دُعُوْۤا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ
لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝ وَاِنْ يَّكُنْ لَّهُمُ الْحَقُّ يَاْتُوْۤا اِلَيْهِ مُذْعِنِيْنَ ۝

اللہ تعالیٰ رات اور دن کو بدلتے رہتے ہیں، یقیناً اس میں دیکھنے والوں کے واسطے بڑا عبرت کا سامان ہے؁ ﴿۴۴﴾ اور اللہ تعالیٰ نے ہر چلنے والے جانور کو پانی سے بنایا؁ تو ان میں سے کچھ جانور تو وہ ہیں جو اپنے پیٹ کے بل چلتے ہیں (جیسے سانپ) اور ان میں سے کچھ (جانور) تو وہ ہیں جو دو پیر پر چلتے ہیں (جیسے انسان) اور ان میں سے بعض (جانور) تو وہ ہیں جو چار پیر پر چلتے ہیں (جیسے گائے) اللہ تعالیٰ جو چاہتے ہیں پیدا فرماتے ہیں، یقیناً اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں ﴿۴۵﴾ پکی بات یہ ہے کہ ہم نے (حقیقت کو) کھول کر بتا دینے والی آیتیں اتار دیں اور اللہ تعالیٰ جس کو بھی چاہتے ہیں سیدھے راستے تک پہنچا دیتے ہیں؁ ﴿۴۶﴾ اور یہ (منافقین) کہتے ہیں کہ: ہم نے اللہ تعالیٰ کو اور رسول کو مانا اور ہم نے اطاعت کی، پھر اس (کہنے) کے بعد ان (منافقوں) کی ایک جماعت (اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے حکم سے) پھر جاتی ہے اور حقیقت میں وہ ایمان والے نہیں ہیں ﴿۴۷﴾ اور جب ان کو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف بلایا جاتا ہے؛ تاکہ وہ (رسول اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق) ان کے درمیان فیصلہ کریں تب ان میں سے ایک جماعت کے لوگ منہ پھرا لیتے ہیں ﴿۴۸﴾ اور اگر خود ان (منافقوں) کا (کسی سے) کچھ حق نکلتا ہو تو بڑے فرماں بردار بن کر اس (رسول) کے پاس چلے آتے ہیں ﴿۴۹﴾

؁ یعنی عبرت وہ حاصل کرے، جو سمجھنے کی نیت سے غور کر کے دیکھے۔

؁ (دوسرا ترجمہ) ایک طرح کے پانی سے بنایا۔ ؁ (دوسرا ترجمہ) سیدھے راستے پر چلاتے ہیں۔

أَفِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ أَمِ ارْتَابُوا أَمْ يَخَافُونَ أَن يَحِيفَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ وَرَسُولُهُ ۚ بَلْ أُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ ﴿٥٠﴾

إِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِينَ إِذَا دُعُوا إِلَى اللَّهِ وَرَسُولِهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ أَن يَقُولُوا سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا ۚ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴿٥١﴾ وَمَن يُطِعِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَيَخْشَ اللَّهَ وَيَتَّقْهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَائِزُونَ ﴿٥٢﴾ وَأَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ لَئِنْ أَمَرْتَهُمْ لَيَخْرُجُنَّ ۖ قُل لَّا تُقْسِمُوا ۖ طَاعَةٌ مَّعْرُوفَةٌ ۚ إِنَّ اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿٥٣﴾

کیا ان کے دلوں میں (کفر کی) بیماری ہے یا وہ (آپ کے رسول ہونے کے بارے میں) کوئی شک میں پڑے ہیں یا ان کو کوئی خوف ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ان پر ظلم کریں گے؟ بلکہ وہی لوگ ظلم کرنے والے ہیں ﴿۵۰﴾

ایمان والوں کی بات تو یہ ہوتی ہے جب کہ ان کو اللہ اور اس کے رسول کی طرف اس (مقصد) کے لیے بلایا جاتا ہے کہ رسول ان کے درمیان فیصلہ کریں تو وہ (خوشی سے) کہتے ہیں کہ: ہم نے سن لیا اور ہم نے اطاعت کر لی ① اور وہی لوگ کامیاب ہونے والے ہیں ﴿۵۱﴾ اور جو آدمی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے اور اس (اللہ تعالیٰ) کی نافرمانی سے بچتا ہے سو وہی لوگ کامیاب ہونے والے ہیں ② ﴿۵۲﴾ اور وہ (منافقین) بڑی تاکید سے اللہ تعالیٰ (کے نام) کی قسم کھا کر کہتے ہیں کہ: اگر آپ ان کو (جہاد یا ہجرت کے لیے نکلنے کا) حکم دیں تو وہ ضرور (سب چھوڑ کر) نکل جائیں گے، تو ان کو (جواب میں) کہو: بس قسمیں مت کھاؤ ③ تمہاری فرماں برداری (کی حقیقت سب کو) معلوم ہے، جو کام بھی تم لوگ کرتے ہو یقیناً اللہ تعالیٰ کو اس کی پوری خبر ہے ﴿۵۳﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) جب مومنوں کو اللہ اور اس کے رسول کی طرف بلایا جاتا ہے تاکہ رسول (اللہ کے حکم کے مطابق) ان کے درمیان فیصلہ کریں تو جواب میں ایمان والے (خوشی سے) یہ بات کہتے ہیں ہم نے بات سن لی اور ہم نے اطاعت کر لی۔

② "فلاح" سے مراد آخرت میں کامیابی پالینا ہے، بعض مرتبہ دنیوی کامیابی پر بھی یہ لفظ استعمال ہوتا ہے۔ اپنا انتہائی مقصد پالینا، سلامتی کے اصول کے ساتھ خیر کو پالینا یہ "فوز" کہلاتا ہے۔ ③ (دوسرا ترجمہ) خالی خالی قسمیں تم مت کھاؤ۔

قُلۡ اَطِيۡعُوا اللّٰهَ وَاَطِيۡعُوا الرَّسُوۡلَ‌ۚ فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَاِنَّمَا عَلَيۡهِ مَا حُمِّلَ وَعَلَيۡكُمۡ مَّا حُمِّلۡتُمۡ‌ؕ وَاِنۡ تُطِيۡعُوۡهُ تَهۡتَدُوۡا‌ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوۡلِ اِلَّا الۡبَلٰغُ الۡمُبِيۡنُ ۝ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا مِنۡكُمۡ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسۡتَخۡلِفَنَّهُمۡ فِى الۡاَرۡضِ كَمَا اسۡتَخۡلَفَ الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ۖ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمۡ دِيۡنَهُمُ الَّذِى ارۡتَضٰى لَهُمۡ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ خَوۡفِهِمۡ اَمۡنًا‌ؕ يَعۡبُدُوۡنَنِىۡ لَا يُشۡرِكُوۡنَ بِىۡ شَيۡــًٔـا‌ؕ وَمَنۡ كَفَرَ بَعۡدَ ذٰ لِكَ فَاُولٰٓـئِكَ هُمُ الۡفٰسِقُوۡنَ ۝ وَاَقِيۡمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيۡعُوا الرَّسُوۡلَ لَعَلَّكُمۡ تُرۡحَمُوۡنَ ۝ لَا تَحۡسَبَنَّ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا مُعۡجِزِيۡنَ فِى الۡاَرۡضِ‌ۚ وَمَاۡوٰٮهُمُ النَّارُ‌ؕ وَلَبِئۡسَ الۡمَصِيۡرُ ۝

ان کو کہو کہ: تم اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرو اور تم رسول کی اطاعت کرو، سو اگر تم منہ پھراؤ گے (اور بات نہیں مانو گے) تو اس (رسول) پر اتنا ہی بوجھ ہے جس کی ذمہ داری ان پر رکھی گئی ہے اور جو کچھ (رسول کی اطاعت کا) بوجھ تم پر رکھا گیا ہے اس کے ذمے دار تم خود ہو اور اگر تم اس (رسول) کی اطاعت کرو گے تو ہدایت پر آجاؤ گے اور رسول کی ذمہ داری تو صاف صاف① بات پہنچا دینا ہے②﴿۵۴﴾ اللہ تعالیٰ نے تم میں سے ایمان والوں کو اور نیک کام کرنے والوں کو وعدہ کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ زمین میں ان کو ضرور (اس طرح) حکومت والا بنائے گا جیسا کہ ان سے پہلے لوگوں کو حکومت والا بنایا تھا، اور ان کا جو دین (اللہ تعالیٰ نے) ان کے لیے پسند کیا ہے اس کو ان کے لیے جما دیں گے اور ان کے ڈر کے بعد ان کو امن سے ضرور بدل دیں گے، وہ میری عبادت کرتے رہیں، میرے ساتھ کسی کو شریک نہ کریں اور جو آدمی بھی (اللہ تعالیٰ کے) اس (وعدے کے ظاہر ہونے) کے بعد کفر کرے گا سو وہی لوگ نافرمان ہیں﴿۵۵﴾ اور تم نماز قائم کرو اور تم زکوٰۃ دیتے رہو اور تم رسول کی اطاعت کرو، تا کہ تمھارے اوپر (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) رحم ہو﴿۵۶﴾ تم کافروں کے بارے میں ایسا نہ سمجھو کہ وہ زمین میں (کہیں بھاگ کر ہم کو) تھکا دیں گے، ان کا ٹھکانہ تو آگ ہے اور وہ بہت ہی برا ٹھکانہ ہے﴿۵۷﴾

---

① رسول کی ذمے داری تبلیغ کی اور تمھاری ذمے داری اطاعت کی ہے۔

② اور وہ پہنچانے کا کام تو رسول نے کر لیا اور ذمے داری پوری ادا کر دی۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ لِيَسْتَـْٔذِنكُمُ ٱلَّذِينَ مَلَكَتْ أَيْمَٰنُكُمْ وَٱلَّذِينَ لَمْ يَبْلُغُوا۟ ٱلْحُلُمَ مِنكُمْ ثَلَٰثَ مَرَّٰتٍ ۚ مِّن قَبْلِ صَلَوٰةِ ٱلْفَجْرِ وَحِينَ تَضَعُونَ ثِيَابَكُم مِّنَ ٱلظَّهِيرَةِ وَمِنۢ بَعْدِ صَلَوٰةِ ٱلْعِشَآءِ ۚ ثَلَٰثُ عَوْرَٰتٍ لَّكُمْ ۚ لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌۢ بَعْدَهُنَّ ۚ طَوَّٰفُونَ عَلَيْكُم بَعْضُكُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ ۚ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ ٱللَّهُ لَكُمُ ٱلْءَايَٰتِ ۗ وَٱللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ۞ وَإِذَا بَلَغَ ٱلْأَطْفَٰلُ مِنكُمُ ٱلْحُلُمَ فَلْيَسْتَـْٔذِنُوا۟ كَمَا ٱسْتَـْٔذَنَ ٱلَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ ٱللَّهُ لَكُمْ ءَايَٰتِهِۦ ۗ وَٱللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ۞

اے ایمان والو! جو غلام اور باندیاں تمھاری ملکیت میں ہیں اور تم میں سے جو بچے (ابھی تک) بالغ نہیں ہوئے ہیں تین اوقات میں (تمھارے پاس آنے کے لیے) تم سے اجازت لے لیا کریں، فجر کی نماز سے پہلے اور دوپہر میں جب تم اپنے (زائد) کپڑے اتار کر رکھ دیا کرتے ہو اور عشا کی نماز کے بعد، تین وقت تمھارے پردے کے اوقات ہیں① (اور) ان (تین اوقات) کے علاوہ تم پر اور ان پر کوئی تنگی نہیں، تمہارا آپس میں ایک دوسرے کے پاس آنا جانا کثرت سے چلتا رہتا ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ تمھارے لیے احکام کو کھول کھول کے بیان کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو جاننے والے، بڑے حکمت والے ہیں ﴿۵۸﴾ اور جب تم میں کے (تمھارے) بچے بالغ ہونے کی حد کو پہنچ جائیں② تو وہ بھی اسی طرح اجازت لے لیا کریں③ جیسا کہ ان سے پہلے (کے بالغ ہونے والے) اجازت لیتے ہیں، اسی طرح اللہ تعالیٰ تمھارے لیے اپنے احکام کو کھول کھول کر بیان کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ تو (ہر ہر چیز کو) جانتے ہیں، بڑے حکمت والے ہیں ﴿۵۹﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) یہ تین تمھارے بدن کھولنے کے اوقات ہیں۔

② کچھ بچے تمھارے گھروں میں پہلے سے آتے جاتے ہیں تو بلوغ کے بعد پردہ اور اجازت ان کے لیے ضروری ہو جاوے گی، یہ نہیں کے بلوغ سے پہلے والا برتاؤ بعد میں بھی جاری رہے۔

③ (دوسرا ترجمہ) ان کے لیے بھی اسی طرح اجازت لے لینا ضروری ہے۔

وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَاءِ الّٰتِيْ لَا يَرْجُوْنَ نِكَاحًا فَلَيْسَ عَلَيْهِنَّ جُنَاحٌ اَنْ يَّضَعْنَ ثِيَابَهُنَّ غَيْرَ مُتَبَرِّجٰتٍۢ بِزِيْنَةٍ ۭ وَاَنْ يَّسْتَعْفِفْنَ خَيْرٌ لَّهُنَّ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ وَّلَا عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَنْ تَاْكُلُوْا مِنْۢ بُيُوْتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اٰبَاۗىِٕكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اُمَّهٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اِخْوَانِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَخَوٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَعْمَامِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ عَمّٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَخْوَالِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ خٰلٰتِكُمْ اَوْ مَا مَلَكْتُمْ مَّفَاتِحَهٗٓ اَوْ صَدِيْقِكُمْ ۭ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَاْكُلُوْا جَمِيْعًا اَوْ اَشْتَاتًا ۭ

اور بڑی بوڑھی عمر کی عورتیں ① جن کو (اب) نکاح کی کوئی امید باقی نہیں رہی وہ اپنے (زائد) کپڑے اتار دیا کریں تو اس میں ان پر کوئی گناہ نہیں ہے ②، مگر وہ بھی اپنی زینت کو دکھاتی نہ پھریں اور اس سے بھی وہ (بڑی) عورتیں بچتی رہیں تو (اس میں بھی) ان کے لیے بھلائی ہے اور اللہ تعالیٰ بڑے سننے والے، بڑے جاننے والے ہیں ﴿۶۰﴾ اندھے پر اس (بات) میں کوئی گناہ نہیں ہے اور لنگڑے پر بھی (اس میں) کوئی گناہ نہیں ہے اور بیمار پر بھی (اس بات میں) کوئی گناہ نہیں ہے اور خود تم پر کوئی گناہ نہیں ہے، یہ کہ تم اپنے گھروں سے ③ یا (تم) اپنے باپوں کے گھروں سے یا اپنی ماؤں کے گھروں سے یا اپنے بھائیوں کے گھروں سے یا اپنی بہنوں کے گھروں سے یا اپنے چچاؤں کے گھروں سے یا اپنی پھوپھیوں کے گھروں سے یا اپنے ماموؤں کے گھروں سے یا اپنی (سگی) خالاؤں کے گھروں سے یا جن (گھروں) کی چابیاں تمھارے اختیار میں ہوں ان گھروں سے یا (تم) اپنے دوستوں کے گھروں سے کھانا کھاؤ ④ (پھر) اس میں تم پر کوئی گناہ نہیں کہ تم سب مل کر کھاؤ یا الگ الگ کھاؤ،

---

① یعنی عام طور پر گھر میں بیٹھے رہنے والی۔

② ایسی عورتیں مکمل برقعہ وغیرہ نہ اوڑھیں اور سر، بال ڈھانکنے والی اوڑھنی اور مکمل بدن چھپانے والے ڈھیلے موٹے کپڑے پہنے ہوں تو اجازت ہے۔ البتہ یہ عورتیں بھی کامل ترین پردہ کا اہتمام کریں، اس میں خیریت ہے، شہوت پرستوں کے لیے سوکھا روکھا بھی بہت کچھ ہوتا ہے۔ ③ اپنا خود کا گھر یا اپنی اولاد کا گھر یا اپنی بیوی کا گھر مراد ہے۔

④ جن لوگوں سے بے تکلفی کا تعلق ہو، تم ان کے گھر میں، وہ تمھارے گھر میں آوے اور کھاوے، ایسا جانبین سے سلسلہ جاری ہو، اس طرح آنے جانے کھانے پینے سے کسی کو ناگواری، ناراضی نہ ہوتی ہو وہ مراد ہے۔

فَإِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوتًا فَسَلِّمُوا عَلَىٰ أَنفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ عِندِ اللَّهِ مُبَارَكَةً طَيِّبَةً ۚ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ﴿٦١﴾

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَإِذَا كَانُوا مَعَهُ عَلَىٰ أَمْرٍ جَامِعٍ لَّمْ يَذْهَبُوا حَتَّىٰ يَسْتَأْذِنُوهُ ۚ إِنَّ الَّذِينَ يَسْتَأْذِنُونَكَ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ ۚ فَإِذَا اسْتَأْذَنُوكَ لِبَعْضِ شَأْنِهِمْ فَأْذَن لِّمَن شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٦٢﴾

سو جب تم گھروں میں داخل ہوتو اپنے لوگوں کو (یعنی مسلمانوں کو) سلام کیا کرو، یہ ملاقات کے وقت کی برکت (۱) والی پاکیزہ دعا ہے (۲) جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر کی گئی ہے، اسی طرح اللہ تعالیٰ تمہارے لیے احکام کو کھول کھول کر بیان کرتے ہیں؛ تا کہ تم سمجھو ﴿۶۱﴾ یقیناً ایمان والے وہ ہیں جو (دل سے) اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے اور جب وہ اس (رسول) کے ساتھ اجتماعی کام میں شریک ہوتے ہیں تو رسول سے اجازت لیے بغیر (کہیں) نہیں چلے جاتے، یقیناً جو لوگ آپ سے اجازت لیتے ہیں یہی وہ لوگ ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان رکھتے ہیں، سو جب وہ اپنے کسی کام کے لیے (جانے کی) تم سے اجازت مانگیں تو تم ان میں سے جس کے لیے بھی چاہو اجازت دے دو (۳) اور تم ان کے لیے اللہ تعالیٰ سے استغفار کرو (۴)، یقیناً اللہ تعالیٰ بڑے معاف کرنے والے، بڑے رحم کرنے والے ہیں ﴿۶۲﴾

---

(۱) ثواب اور دعائیں ملتی ہیں اس لیے برکت۔

(۲) خاطب کا دل اس سے خوش ہوتا ہے۔

(۳) اس لیے کہ ممکن ہے کہ جس کام کو اجازت طلب کرنے والے نے ضروری سمجھا وہ حقیقت میں ضروری نہ ہو۔

(۴) اس لیے کہ صورتاً دنیوی کام کو دینی کام پر ترجیح دی یا غیر ضروری کام کو اپنے اجتہاد سے ضروری سمجھ لیا ہو؛ اس پر استغفار ہے۔

لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا ؕ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ يَتَسَلَّلُوْنَ مِنْكُمْ لِوَاذًا ۚ فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖۤ اَنْ تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ اَوْ يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۶۳﴾ اَلَاۤ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قَدْ يَعْلَمُ مَاۤ اَنْتُمْ عَلَيْهِ ؕ وَيَوْمَ يُرْجَعُوْنَ اِلَيْهِ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۶۴﴾

تم رسول کے بلانے کو ایسا (معمولی) مت سمجھو جیسا کہ آپس میں تم ایک دوسرے کو بلالیا کرتے ہو① پکی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ تم میں سے ایسے لوگوں کو (خوب) جانتے ہیں جو کسی کی آڑ میں (آنکھ بچا کر) چپکے سے (بغیر اجازت) مجلس سے کھسک جاتے ہیں، سو جو لوگ اس (اللہ تعالیٰ) کے حکم (جو رسول ﷺ کے واسطے سے آیا اس) کی مخالفت کرتے ہیں ان کو اس بات سے ڈرنا چاہیے کہ ان پر کوئی (دنیاوی) آفت آ پڑے یا ان کو دردناک عذاب آ پہنچے ﴿۶۳﴾ یاد رکھو! جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے وہ یقیناً اللہ تعالیٰ ہی کی مالکی میں ہے جس حالت پر تم ہو② وہ (اللہ تعالیٰ) اس کو جانتے ہیں اور جس دن سب لوگ ان کی طرف لوٹائے جائیں گے تو جو کام وہ لوگ کرتے تھے وہ (اللہ تعالیٰ) ان کو بتلا دیں گے اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۶۴﴾

---

①: [١] رسول اللہ ﷺ کسی کو بلاوے تو جانا اس کے لیے ضروری ہو جاتا ہے، ہمارے آپس کی طرح نہیں کہ بلانے پر گئے تو گئے نہ گئے تو کیا۔

[٢] آپ ﷺ کو مخاطب بنانے کے لیے یا آپ کے نام کے لیے ادب والے الفاظ کو استعمال کیا جاوے، آپس میں ایک دوسرے کو جیسے بے تکلف آواز دیتے ہیں، ایک دوسرے کا بے تکلفانہ انداز میں تذکرہ کرتے ہیں ویسا نہ ہو۔

②(دوسرا ترجمہ) جس چال چلت پر تم ہو۔ (تیسرا) جس روش پر تم لوگ ہو۔

سورة الفرقان

(المكية)

آیاتها: ۷۷۔ رکوعاتها: ۶۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں ستتر (۷۷) آیتیں ہیں۔ سورۃ یٰسین کے بعد اور سورۃ فاطر سے پہلے بیالیس (۴۲) نمبر پر نازل ہوئی۔

فرقان: یعنی دو چیزوں میں فرق کرنا۔ اس سورت میں ایسے مضامین ہیں جن سے حق اور باطل کے درمیان فیصلہ ہوجاتا ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

تَبٰرَكَ الَّذِیۡ نَزَّلَ الۡفُرۡقَانَ عَلٰی عَبۡدِهٖ لِیَكُوۡنَ لِلۡعٰلَمِیۡنَ نَذِیۡرَا ۙ﴿۱﴾ الَّذِیۡ لَهٗ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ وَ لَمۡ یَتَّخِذۡ وَلَدًا وَّ لَمۡ یَكُنۡ لَّهٗ شَرِیۡكٌ فِی الۡمُلۡكِ وَ خَلَقَ كُلَّ شَیۡءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقۡدِیۡرًا ﴿۲﴾ وَ اتَّخَذُوۡا مِنۡ دُوۡنِهٖۤ اٰلِهَةً لَّا یَخۡلُقُوۡنَ شَیۡـًٔا وَّ هُمۡ یُخۡلَقُوۡنَ وَ لَا یَمۡلِكُوۡنَ لِاَنۡفُسِهِمۡ ضَرًّا وَّ لَا نَفۡعًا وَّ لَا یَمۡلِكُوۡنَ مَوۡتًا وَّ لَا حَیٰوةً وَّ لَا نُشُوۡرًا ﴿۳﴾ وَ قَالَ الَّذِیۡنَ كَفَرُوۡۤا اِنۡ هٰذَاۤ اِلَّاۤ اِفۡكُ ۨافۡتَرٰىهُ وَ اَعَانَهٗ عَلَیۡهِ قَوۡمٌ اٰخَرُوۡنَ ۚۛ فَقَدۡ جَآءُوۡ ظُلۡمًا وَّ زُوۡرًا ۚ﴿۴﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

بڑی برکت ہے① اس (اللہ تعالیٰ) کی جس نے حق اور باطل میں فیصلہ کرنے والی کتاب اپنے (خاص) بندے (حضرت محمد ﷺ) پر اتاری؛ تاکہ وہ (بندہ) تمام عالموں کے لیے ڈرانے والا بنے ﴿۱﴾ وہی وہ ذات ہے کہ آسمانوں اور زمین کی حکومت اسی (اکیلے اللہ تعالیٰ) کے پاس ہے اور جس نے (خود کے لیے) کوئی اولاد نہیں بنائی اور حکومت میں اس کا کوئی شریک بھی نہیں ہے، اور ہر چیز کو اسی نے پیدا کیا، سو مناسب انداز میں اس کو ٹھیک ٹھاک کیا② ﴿۲﴾ اور ان (کافر) لوگوں نے اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا معبود بنا رکھیں ہیں جو کچھ بھی پیدا نہیں کرتے اور وہ خود پیدا کیے گئے ہیں اور وہ (خود) اپنے لیے نہ نقصان کا اور نہ نفع کا اختیار اور نہ (کسی کی) موت کا اور نہ (کسی کو) زندگی (دینے کا) اور نہ دوبارہ (قیامت میں) زندہ کرنے کا کوئی اختیار رکھتے ہیں ﴿۳﴾ اور کافر لوگ کہنے لگے: یہ (قرآن) تو ایک نرا جھوٹ ہے جس کو اس آدمی (یعنی محمد) نے (اپنے من سے) گھڑ لیا ہے اور دوسرے لوگوں نے اس (گھڑ لینے) میں اس کی مدد کی ہے، سو یہ (کافر) لوگ ظلم اور جھوٹ پر اتر آئے ہیں ﴿۴﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) بڑی شان ہے۔

② (دوسرا ترجمہ) سب کو الگ الگ انداز سے رکھا (یعنی ہر مخلوق کو اس کے مناسب شکل اور خواص عطا فرمائے)

وَقَالُوا أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلَىٰ عَلَيْهِ بُكْرَةً وَأَصِيلًا ۝ قُلْ أَنزَلَهُ الَّذِي يَعْلَمُ السِّرَّ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ إِنَّهُ كَانَ غَفُورًا رَّحِيمًا ۝ وَقَالُوا مَالِ هَٰذَا الرَّسُولِ يَأْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِي فِي الْأَسْوَاقِ ۙ لَوْلَا أُنزِلَ إِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُونَ مَعَهُ نَذِيرًا ۝ أَوْ يُلْقَىٰ إِلَيْهِ كَنزٌ أَوْ تَكُونُ لَهُ جَنَّةٌ يَأْكُلُ مِنْهَا ۚ وَقَالَ الظَّالِمُونَ إِن تَتَّبِعُونَ إِلَّا رَجُلًا مَّسْحُورًا ۝ انظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوا لَكَ الْأَمْثَالَ فَضَلُّوا فَلَا يَسْتَطِيعُونَ سَبِيلًا ۝

تَبَارَكَ الَّذِي إِن شَاءَ جَعَلَ لَكَ خَيْرًا مِّن ذَٰلِكَ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ وَيَجْعَل لَّكَ قُصُورًا ۝

اور وہ (کافر لوگ) کہنے لگے کہ: یہ تو اگلے لوگوں کی کہانیاں ہیں جو انھوں نے لکھ رکھی ہیں①، سو وہی صبح وشام اس کے پاس لکھوائی جاتی ہیں②﴿۵﴾ تم (جواب میں) کہو: یہ کلام تو اس (اللہ تعالیٰ) نے اتارا ہے جو آسمانوں اور زمین میں (ہر) چھپی ہوئی بات کو جانتا ہے، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) تو بہت معاف کرنے والے، بڑے رحم کرنے والے ہیں﴿۶﴾ اور وہ (کافر) لوگ کہنے لگے: یہ کیسے رسول ہیں جو کھانا کھاتے ہیں اور بازاروں میں چلتے پھرتے ہیں، اس کے پاس کوئی فرشتہ کیوں نہیں اتارا گیا؟ کہ جو اس کے ساتھ رہ کر (لوگوں کو) ڈراتا﴿۷﴾ یا اس (رسول) کے پاس کوئی خزانہ (غیب سے) آ پڑتا یا اس (رسول) کا کوئی باغ ہوتا جس میں سے وہ کھایا کرتا اور ظالم (کافر) لوگ کہنے لگے: (اے مسلمانو!) تم جس کے پیچھے چل رہے ہو اس پر تو جادو کیا گیا ہے﴿۸﴾ تم دیکھو! وہ تمھارے لیے کیسی کیسی باتیں بیان کر رہے ہیں، سو وہ گمراہ ہو گئے، سو وہ لوگ (کوئی صحیح) راستہ پا نہیں سکتے﴿۹﴾

بڑی شان ہے اس (اللہ تعالیٰ) کی جو (اللہ تعالیٰ) اگر چاہے تو (ان کافروں کے) اس (کہنے) سے بھی بہتر تمھارے لیے بہت سارے باغات دے دیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں اور وہ (اللہ تعالیٰ) تمھارے لیے بہت سارے محل بھی بنا دیں﴿۱۰﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) لکھوا رکھی ہے۔ ② (دوسرا ترجمہ) پھر وہی صبح شام ان کو پڑھ کر سنائی جاتی ہے۔

بَلْ كَذَّبُوْا بِالسَّاعَةِ وَاَعْتَدْنَا لِمَنْ كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِيْرًا ﴿۱۱﴾ اِذَا رَاَتْهُمْ مِّنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ سَمِعُوْا لَهَا تَغَيُّظًا وَّزَفِيْرًا ﴿۱۲﴾ وَاِذَآ اُلْقُوْا مِنْهَا مَكَانًا ضَيِّقًا مُّقَرَّنِيْنَ دَعَوْا هُنَالِكَ ثُبُوْرًا ﴿۱۳﴾ لَا تَدْعُوا الْيَوْمَ ثُبُوْرًا وَّاحِدًا وَّادْعُوْا ثُبُوْرًا كَثِيْرًا ﴿۱۴﴾ قُلْ اَذٰلِكَ خَيْرٌ اَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۭ كَانَتْ لَهُمْ جَزَآءً وَّمَصِيْرًا ﴿۱۵﴾ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ خٰلِدِيْنَ ۭ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْـُٔوْلًا ﴿۱۶﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَقُوْلُ ءَاَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ عِبَادِيْ هٰٓؤُلَاۗءِ اَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيْلَ ﴿۱۷﴾

بلکہ انھوں نے تو قیامت کو جھٹلایا اور جس نے قیامت کو جھٹلایا ہم نے اس کے لیے بھڑکتی ہوئی آگ تیار کر رکھی ہے ﴿۱۱﴾ جب وہ (آگ) ان (کافر) لوگوں کو دور سے دیکھے گی تو وہ (کافر لوگ) اس (جہنم) کے غصے (جوش و خروش) اور چلانے کی آوازیں سنیں گے ﴿۱۲﴾ اور جب وہ لوگ اس (جہنم) کی تنگ جگہ میں ایک زنجیر میں (کئی کئی لوگ ایک ساتھ) باندھ کر ڈال دیے جائیں گے تو اس موقع پر وہ لوگ موت کو پکاریں گے ﴿۱۳﴾ (اس وقت ان سے کہا جائے گا کہ) آج کے دن تم ایک موت کو مت پکارو اور تم بہت ساری موتوں کو پکارو① ﴿۱۴﴾ تم (ان سے) کہو کیا: یہ (جہنم کا انجام) بہتر ہے یا ہمیشہ رہنے والی جنت (اچھی ہے) جس کا متقی لوگوں سے وعدہ کیا گیا ہے، جو ان (کے تقویٰ) کا بدلہ ہے اور (جو ان کے) لوٹ کر کے جانے کی جگہ ہے② ﴿۱۵﴾ اس (جنت) میں ان کو ہر وہ چیز ملے گی جو وہ چاہیں گے، (اس میں) وہ ہمیشہ رہیں گے، یہ آپ کے رب کے ذمے ایک وعدہ ہے جس کو پورا کرنا تمھارے رب نے (اپنے فضل سے) اپنے ذمے لے لیا ہے③ ﴿۱۶﴾ جس دن وہ (اللہ تعالیٰ) ان (کافروں) کو اور جن (بتوں) کی یہ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر عبادت کرتے تھے ان (سب) کو جمع کریں گے، سو وہ (اللہ تعالیٰ) ان (بتوں) سے فرمائیں گے کہ: کیا تم نے میرے ان بندوں کو گمراہ کیا تھا یا وہ خود (صحیح) راہ سے بھٹک گئے تھے؟ ﴿۱۷﴾

① یعنی اس لیے کہ مصیبت کی وجہ سے موت کو پکاریں گے اور وہاں تو بہت ساری مصیبتیں ہیں اس لیے دفعِ مصائب کے لیے متعدد موت کو پکارنا ہوگا۔ ② (دوسرا ترجمہ) جو ان کا آخری ٹھکانہ ہے۔

③ (دوسرا ترجمہ) جو مانگنے سے ملیگا۔ (تیسرا) جس کا سوال کیا جائے گا (اور وہ سوال یقیناً پورا کیا جائے گا)۔

قَالُوْا سُبْحٰنَكَ مَا كَانَ يَنْۢبَغِيْ لَنَاۤ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ مِنْ اَوْلِيَآءَ وَ لٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ وَ اٰبَآءَهُمْ حَتّٰى نَسُوا الذِّكْرَۚ وَ كَانُوْا قَوْمًۢا بُوْرًا۱۸ فَقَدْ كَذَّبُوْكُمْ بِمَا تَقُوْلُوْنَۙ فَمَا تَسْتَطِیْعُوْنَ صَرْفًا وَّ لَا نَصْرًاۚ وَ مَنْ یَّظْلِمْ مِّنْكُمْ نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِیْرًا۱۹ وَ مَاۤ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِیْنَ اِلَّاۤ اِنَّهُمْ لَیَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَ یَمْشُوْنَ فِی الْاَسْوَاقِؕ وَ جَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ فِتْنَةًؕ اَتَصْبِرُوْنَۚ وَ كَانَ رَبُّكَ بَصِیْرًا۲۰

تو وہ (بت) کہیں گے: (اے اللہ!) آپ کی ذات تو پاک ہے، ہماری مجال نہیں تھی کہ ہم آپ کو چھوڑ کر (دوسروں کو) مدد کرنے والا (یعنی رفیق) بنالیں؛ لیکن (ایسا ہوا) آپ نے ان کو اور ان کے باپ دادوں کو (دنیا کے ہر قسم کا) سامان فائدہ اٹھانے کے لیے دیا①، یہاں تک کہ وہ (آپ کی) یاد②(یعنی نصیحت) کو بھلا بیٹھے اور وہ تو (خود) تباہ (برباد) ہونے والے لوگ تھے﴿۱۸﴾(اللہ تعالی فرمائیں گے: اے کافرو!) جو بات تم کہا کرتے تھے اس میں تو (خود تمھارے بنائے ہوئے) ان معبودوں نے ہی تم کو جھٹلا دیا، اب تو تم (خود) عذاب کو ٹال ہی نہیں سکتے ہو اور نہ تو تم (ایک دوسرے کی) مدد کر سکتے ہو③اور جو آدمی تم میں سے ظلم (یعنی شرک) کرتا ہے ہم اس کو بڑا عذاب چکھائیں گے﴿۱۹﴾اور ہم نے آپ سے پہلے جتنے بھی رسول بھیجے وہ تو یقینا کھانا بھی کھاتے تھے اور بازاروں میں چلتے پھرتے بھی تھے④اور ہم نے تم لوگوں کو ایک دوسرے کی آزمائش کا ذریعہ بنایا ہے⑤تو (بتاؤ) کیا تم صبر کرو گے⑥اور تمھارے رب تو (ہر ہر چیز کو) دیکھنے والے ہیں﴿۲۰﴾

---

① ان کو اور ان کے باپ دادوں کو اللہ تعالی نے دنیوی نعمتیں عطا فرمائی اس کا تقاضا شکر گذاری تھا اس کے بجائے انھوں نے کفر کیا۔

② یعنی حقیقت میں جو یاد رکھنے کی باتیں تھیں۔

③ (دوسرا ترجمہ) اور نہ کسی کی مدد تم حاصل کر سکتے ہو۔

④ نبوی کمالات دیکھ کر نبوت کی تصدیق کرنے کا ارادہ اور بشری تقاضوں کو دیکھ کر تم تکذیب کر دیتے ہو یہ ایک امتحان ہے کہ حق واضح ہونے کے بعد تم ایمان قبول کرتے ہو یا نہیں۔

⑤ ہر طبقے کی ہر حالت اللہ تعالی کی طرف سے امتحان ہے جیسے امیروں کی حالت غریبوں کے لیے امتحان ہے کہ غربا حسد میں مبتلا نہ ہو اور مالدار غرور میں مبتلا نہ ہو۔ ⑥ یعنی صبر کرنا چاہیے۔

وَقَالَ الَّذِينَ لَا يَرْجُونَ لِقَاءَنَا لَوْلَا أُنزِلَ عَلَيْنَا الْمَلَائِكَةُ أَوْ نَرَىٰ رَبَّنَا ۗ لَقَدِ اسْتَكْبَرُوا فِي أَنفُسِهِمْ وَعَتَوْا عُتُوًّا كَبِيرًا ﴿٢١﴾ يَوْمَ يَرَوْنَ الْمَلَائِكَةَ لَا بُشْرَىٰ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُجْرِمِينَ وَيَقُولُونَ حِجْرًا مَّحْجُورًا ﴿٢٢﴾ وَقَدِمْنَا إِلَىٰ مَا عَمِلُوا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنَاهُ هَبَاءً مَّنثُورًا ﴿٢٣﴾ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ مُّسْتَقَرًّا وَأَحْسَنُ مَقِيلًا ﴿٢٤﴾ وَيَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَاءُ بِالْغَمَامِ وَنُزِّلَ الْمَلَائِكَةُ تَنزِيلًا ﴿٢٥﴾ الْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ الْحَقُّ لِلرَّحْمَٰنِ ۚ وَكَانَ يَوْمًا عَلَى الْكَافِرِينَ عَسِيرًا ﴿٢٦﴾ وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلَىٰ يَدَيْهِ يَقُولُ يَا لَيْتَنِي اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُولِ سَبِيلًا ﴿٢٧﴾

اور جو (کافر) لوگ ہماری ملاقات کی امید نہیں رکھتے وہ لوگ یہ بات کہنے لگے کہ: ہمارے اوپر فرشتے کیوں نہیں اتارے جاتے یا (کم از کم یہ ہوتا کہ) ہم اپنے رب کو (خود) دیکھ لیویں، حقیقت میں (بات یہ ہے کہ) وہ اپنے جی میں خود کو بہت بڑا سمجھے ہوئے ہیں اور وہ بڑی شرارت میں پڑے ہیں ﴿۲۱﴾ جس (قیامت کے) دن وہ (کافر) فرشتوں کو دیکھ لیں گے تو اس دن (ان) مجرموں کو کوئی خوشی حاصل نہیں ہوگی اور وہ (مجرمین) کہتے پھریں گے: (اے اللہ!) کوئی آڑ (یعنی دیوار) لگا کر (ان فرشتوں کو ہمارے پاس آنے سے) روک دیا جاوے① ﴿۲۲﴾ اور ہم ان (مجرموں) کے (دنیا میں) کیے ہوئے کاموں کا فیصلہ کرنے پر آویں گے تو ہم اس کو فضا میں اڑتی ہوئی خاک کی طرح (بے قیمت) کر ڈالیں گے② ﴿۲۳﴾ اس دن جنت والوں کا (جنت میں) بہترین ٹھکانہ ہوگا اور دوپہر کو آرام کی جگہ بھی بہت اچھی ہوگی ﴿۲۴﴾ اور جس (قیامت کے) دن آسمان پھٹ کر ایک بادل کو راستہ دے گا اور فرشتے لگاتار اتارے جائیں گے ﴿۲۵﴾ اس (قیامت کے) دن سچی حکومت رحمٰن ہی کی ہوگی اور وہ (قیامت کا) دن کافروں پر بہت ہی سخت ہوگا ﴿۲۶﴾ اور جس (قیامت کے) دن ظالم (کافر) اپنے دونوں ہاتھوں کو کاٹ کھاوے گا، ظالم (کافر) بولے گا: اے کاش کہ! میں (دنیا میں) رسول کا راستہ اپنا لیتا ﴿۲۷﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) فرشتے کہیں گے: (اے کافرو!) جنت تم پر حرام اور ممنوع ہے (تیسرا) کافر کہیں گے: کہ (اے اللہ!) تو ہم کو ایسی پناہ دے کہ یہ (عذاب کے فرشتے) ہم سے دور ہو جاوے۔

② جن اعمال کو کافر نجات ذریعہ سمجھتے ہیں وہ بے کار غبار کی طرح ہوا میں اڑیں گے۔

يَٰوَيْلَتَىٰ لَيْتَنِى لَمْ أَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيلًا ۝ لَّقَدْ أَضَلَّنِى عَنِ ٱلذِّكْرِ بَعْدَ إِذْ جَآءَنِى ۗ وَكَانَ ٱلشَّيْطَٰنُ لِلْإِنسَٰنِ خَذُولًا ۝ وَقَالَ ٱلرَّسُولُ يَٰرَبِّ إِنَّ قَوْمِى ٱتَّخَذُوا۟ هَٰذَا ٱلْقُرْءَانَ مَهْجُورًا ۝ وَكَذَٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِىٍّ عَدُوًّا مِّنَ ٱلْمُجْرِمِينَ ۗ وَكَفَىٰ بِرَبِّكَ هَادِيًا وَنَصِيرًا ۝ وَقَالَ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ ٱلْقُرْءَانُ جُمْلَةً وَٰحِدَةً ۚ كَذَٰلِكَ لِنُثَبِّتَ بِهِۦ فُؤَادَكَ ۖ وَرَتَّلْنَٰهُ تَرْتِيلًا ۝ وَلَا يَأْتُونَكَ بِمَثَلٍ إِلَّا جِئْنَٰكَ بِٱلْحَقِّ وَأَحْسَنَ تَفْسِيرًا ۝

ہائے افسوس! کاش میں نے (دنیا میں) فلانے آدمی کو دوست بنایا نہ ہوتا ﴿۲۸﴾ پکی بات یہ ہے کہ میرے پاس تو نصیحت کی بات پہنچ چکی تھی، پھر اس کے بعد اس (دوست) نے (نصیحت ماننے سے) مجھے بھٹکا دیا تھا اور شیطان کی تو عادت ہی ہے کہ (مصیبت کے وقت) انسان کو دغا (دے کر تنہا چھوڑ) دیتا ہے ﴿۲۹﴾ اور رسول کہنے لگے کہ: اے میرے رب میری قوم تو اس قرآن کو بالکل ہی چھوڑ بیٹھی تھی ① ﴿۳۰﴾ اور اسی طرح ② ہم نے ہر نبی کے لیے مجرموں میں سے دشمن بنا دیے اور تمھارے رب ہدایت دینے کے لیے اور مدد کرنے کے لیے کافی ہیں ﴿۳۱﴾ اور کافر لوگ (یہ بات) کہنے لگے کہ: اس (نبی) پر پورا قرآن ایک ہی وقت میں کیوں نہیں اتارا گیا؟ (اے نبی!) ہم نے اس طرح (تھوڑا تھوڑا قرآن) اس لیے اتارا؛ تاکہ اس (قرآن) کے ذریعہ ہم تمھارے دل کو ثابت (یعنی مضبوط) رکھیں اور ہم نے اس (قرآن) کو بہت ٹھہر ٹھہر کر اتارا ہے ③ ﴿۳۲﴾ اور جب کبھی بھی یہ کافر لوگ تمھارے پاس کوئی انوکھا سوال لے آتے ہیں تو ہم اس کا صحیح اور زیادہ وضاحت کے ساتھ جواب تمھارے پاس پہنچا دیتے ہیں ﴿۳۳﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) میری قوم نے تو اس قرآن کو (جس کی طرف دھیان نہ دیا جاوے ایسی) چھوڑی ہوئی چیز بنا دیا تھا۔ مطلب: [۱] قرآن کا انکار۔ [۲] یا قرآن کو ماننے کے باوجود تلاوت کی پابندی نہ کرنا اور عمل نہ کرنا۔

نکتہ: حضرت نبی کریم ﷺ کو اپنی مظلومیت پر فریاد نہ ہوگی، صرف قرآن چھوڑنے پر فریاد ہوگی۔

② جس طرح آج کافر لوگ آپ کے دشمن ہیں۔

③ (دوسرا ترجمہ) بہت ٹھہر ٹھہر کر پڑھوایا ہے (تیسرا) ہم نے اس کو ٹھہر ٹھہر کر سنایا ہے۔ ترتیل کا معنی: قرآن کریم کو تجوید اور وقوف کی رعایت کے ساتھ پڑھنا۔

اَلَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ اِلٰى جَهَنَّمَ ۙ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿٣٤﴾
وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنَا مَعَهٗٓ اَخَاهُ هٰرُوْنَ وَزِيْرًا ﴿٣٥﴾ فَقُلْنَا اذْهَبَآ اِلَى الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۭ فَدَمَّرْنٰهُمْ تَدْمِيْرًا ﴿٣٦﴾ وَقَوْمَ نُوْحٍ لَّمَّا كَذَّبُوا الرُّسُلَ اَغْرَقْنٰهُمْ وَجَعَلْنٰهُمْ لِلنَّاسِ اٰيَةً ۭ وَاَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿٣٧﴾ وَّعَادًا وَّثَمُوْدَا۟ وَاَصْحٰبَ الرَّسِّ وَقُرُوْنًۢا بَيْنَ ذٰلِكَ كَثِيْرًا ﴿٣٨﴾ وَكُلًّا ضَرَبْنَا لَهُ الْاَمْثَالَ ۡ وَكُلًّا تَبَّرْنَا تَتْبِيْرًا ﴿٣٩﴾ وَلَقَدْ اَتَوْا عَلَى الْقَرْيَةِ الَّتِيْٓ اُمْطِرَتْ مَطَرَ السَّوْءِ ۭ اَفَلَمْ يَكُوْنُوْا يَرَوْنَهَا ۚ بَلْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ نُشُوْرًا ﴿٤٠﴾

جن لوگوں کو گھیر کر کے اپنے منہ کے بل جہنم کی طرف لے جایا جائے گا وہ لوگ بہت ہی بری جگہ پر ہوں گے اور ان لوگوں کا راستہ بھی بڑا گمراہی کا ہے ﴿۳۴﴾

اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب دی تھی اور ہم نے ان کے ساتھ ان کے بھائی ہارون (علیہ السلام) کو (دینی کاموں میں) مدد کرنے والا بنایا تھا ﴿۳۵﴾ سو ہم نے (موسیٰ اور ہارون سے) کہا: تم دونوں اس قوم کے پاس (دعوت کے لیے) جاؤ جس نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا ہے، سو ہم نے ان (جھٹلانے والوں) کو بالکل ہی ہلاک کر دیا ہے ﴿۳۶﴾ اور نوح (علیہ السلام) کی قوم کو بھی جب انھوں نے رسولوں کو جھٹلایا تو ہم نے ان کو (بھی) غرق کر دیا اور ہم نے ان کو لوگوں کے لیے (عبرت کی) نشانی بنا دی اور ہم نے ظالموں کے لیے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے ﴿۳۷﴾ اور (ہم نے) قومِ عاد کو اور قومِ ثمود کو اور کنویں والوں کو ① اور ان کے درمیان بہت سی قوم کو (ہم نے ہلاک کر دیا) ﴿۳۸﴾ اور ہر ایک کو (سمجھانے کے لیے) ہم نے مثالیں دیں ② اور (پھر نہ ماننے پر تو) ہم نے ہر ایک کو بالکل ہلاک کر ڈالا ③ ﴿۳۹﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ وہ (مکہ والے) اس بستی پر سے گذر کر آئے ہیں ④ جس پر بری طرح (پتھروں کی) بارش برسائی گئی تھی، تو کیا انھوں نے اس (بستی) کو (عبرت کی نظر سے) نہیں دیکھا؟ بلکہ بات یہ ہے کہ دوبارہ زندہ ہو کر اٹھنے کی وہ لوگ امید ہی نہیں رکھتے ﴿۴۰﴾

---

① قومِ ثمود پر جب عذاب آیا تب کچھ لوگ بچ گئے تھے، وہ کسی کچے کنویں کے پاس رہتے تھے ان پر بھی عذاب آیا۔
② (دوسرا ترجمہ) اور ہم نے ہر ایک (کی ہدایت کے لیے) عجیب مضمون والے واقعات بیان کیے۔
③ (دوسرا ترجمہ) ہر ایک کو ہم نے پیس کر رکھ دیا۔ ④ قومِ لوط کی برباد شدہ آبادی سے گذرنا مراد ہے۔

وَاِذَا رَاَوْكَ اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ؕ اَهٰذَا الَّذِيْ بَعَثَ اللّٰهُ رَسُوْلًا ۝ اِنْ كَادَ لَيُضِلُّنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا لَوْلَآ اَنْ صَبَرْنَا عَلَيْهَا ؕ وَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ حِيْنَ يَرَوْنَ الْعَذَابَ مَنْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ۝ اَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ ؕ اَفَاَنْتَ تَكُوْنُ عَلَيْهِ وَكِيْلًا ۝ اَمْ تَحْسَبُ اَنَّ اَكْثَرَهُمْ يَسْمَعُوْنَ اَوْ يَعْقِلُوْنَ ؕ اِنْ هُمْ اِلَّا كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ۝

اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ۚ ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا ۝ ثُمَّ قَبَضْنٰهُ اِلَيْنَا قَبْضًا يَّسِيْرًا ۝

اور جب بھی وہ (کافر) لوگ آپ کو دیکھتے ہیں ان کا یہی کام ہوتا ہے کہ وہ آپ کا مذاق اڑاتے ہیں کہ کیا یہ وہی شخص ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے رسول بنا کر بھیجا ہے ﴿۴۱﴾ اگر ہم ان (معبودوں کی عبادت) پر مضبوطی سے جمے نہ رہتے تو یہ (نبی) تو ہم کو ہمارے معبودوں سے گمراہ ہی کر ڈالتے① اور (جو کافر لوگ ابھی ایسی بات کر رہے ہیں) جب وہ عذاب کو اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں گے تب ان کو پتہ چل جائے گا کہ راستے سے بھٹکا ہوا کون تھا؟ ﴿۴۲﴾ (اے نبی!) کیا تم نے اس آدمی کی حالت کو دیکھا جس نے اپنی نفسانی خواہش کو اپنا خدا بنا رکھا ہے②؟ تو کیا تم اس (خواہش پرست) کی کوئی ذمے داری لے سکتے ہو؟ ﴿۴۳﴾ کیا تم یہ خیال کرتے ہو کہ ان میں سے اکثر لوگ سنتے ہیں یا سمجھتے ہیں، وہ تو جانوروں جیسے ہی ہیں؛ بلکہ وہ راستے سے (جانوروں سے بھی) زیادہ بھٹکے ہوئے ہیں ﴿۴۴﴾

کیا تم نے تمھارے رب (کی قدرت) کو نہیں دیکھا کہ وہ سایے کو کس طرح پھیلاتے ہیں؟ اگر وہ چاہتے تو اس (سایے) کو ایک ہی حالت پر ٹھہرا دیتے، پھر ہم نے سورج کو اس (سایے کے لمبا اور چھوٹا ہونے) پر (ظاہری) علامت بنایا③ ﴿۴۵﴾ پھر ہم اس (سایے) کو آہستہ آہستہ اپنی طرف سمیٹ لیتے ہیں ﴿۴۶﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) ہٹا ہی دیتے۔ یعنی رسول کا انداز بیان ایسا جادو جیسا ہے کہ وہ ہم کو ہمارے معبودوں کی عبادت سے ہٹا ہی دیتے۔

② معلوم ہوا خلافِ شرع خواہشاتِ نفسانی بھی ایک بت ہے؛ اس لیے من چاہی زندگی چھوڑ دو، رب چاہی زندگی پر آؤ۔

③ (دوسرا ترجمہ) رہنما بنایا۔ سایہ کو لمبا کرنا اور سمیٹنا حق تعالیٰ کی قدرت ہے۔

وَهُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ اللَّيْلَ لِبَاسًا وَالنَّوْمَ سُبَاتًا وَجَعَلَ النَّهَارَ نُشُورًا ﴿٤٧﴾ وَهُوَ الَّذِي
أَرْسَلَ الرِّيَاحَ بُشْرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهِ ۚ وَأَنزَلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً طَهُورًا ﴿٤٨﴾ لِنُحْيِيَ بِهِ بَلْدَةً
مَيْتًا وَنُسْقِيَهُ مِمَّا خَلَقْنَا أَنْعَامًا وَأَنَاسِيَّ كَثِيرًا ﴿٤٩﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنَاهُ بَيْنَهُمْ لِيَذَّكَّرُوا
فَأَبَىٰ أَكْثَرُ النَّاسِ إِلَّا كُفُورًا ﴿٥٠﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَبَعَثْنَا فِي كُلِّ قَرْيَةٍ نَذِيرًا ﴿٥١﴾

اور وہی (اللہ تعالیٰ) ہے جس نے تمھارے لیے رات کو لباس① بنایا اور نیند کو سکون کی چیز بنایا② اور دن کو دوبارہ اٹھنے کا ذریعہ بنایا ﴿۴۷﴾ اور وہ وہی (اللہ تعالیٰ) ہے جو اپنی رحمت (یعنی بارش) سے پہلے (بارش کی) خوش خبری دینے والی ہواؤں کو چلاتے ہیں اور ہم نے آسمان سے پاکیزہ③ پانی اتارا ﴿۴۸﴾ تا کہ ہم اس (پانی) کے ذریعہ مردہ (پڑے ہوئے) شہر کو زندگی دیویں اور اپنی مخلوق میں سے بہت سارے جانوروں④ کو اور بہت سارے انسانوں کو ہم پانی پلاویں ﴿۴۹﴾ اور ہم نے اس (پانی) کو لوگوں کے درمیان الگ الگ مقدار میں تقسیم کیا⑤؛ تا کہ وہ (لوگ غور کر کے) نصیحت حاصل کریں، پھر بھی اکثر لوگ ناشکری کیے بغیر نہیں رہتے ﴿۵۰﴾ اور اگر ہم چاہتے تو ہر ہر بستی میں (الگ الگ) ڈرانے والا (نبی) بھیجتے ﴿۵۱﴾

---

① یعنی اوڑھنے کی یا پردے کی چیز۔ رات کی تاریکی میں بہت ساری چیزیں چھپ جاتی ہے۔

② انسان سوتا ہے تو سب سے کٹ جاتا ہے اور تھکن بھی دور ہو جاتی ہے اور یہ دونوں چیزیں راحت کا ذریعہ ہے۔

③ جو خود پاک ہو اور دوسرے کو پاک کرنے والا ہو ایسا۔

④ جانوروں کو سیراب کرنا مقدم بیان کیا گیا، حکمت یہ سمجھ میں آتی ہے کہ اس دور میں گذران کا مدار زیادہ تر جانور اور کھیتی تھی؛ اس لیے جانوروں کو سیرابی انسانوں کی سیرابی۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) ہم نے اس (پانی) کو لوگوں کے درمیان میں الٹ پھیر کر کے رکھا ہے۔ (تیسرا) اور یقیناً وہ (پانی) ہم نے کئی طریقوں سے ان کے درمیان تقسیم کیا۔

نوٹ: غور کرو تو پانی کے ذخیروں کی اللہ تعالیٰ نے بہت ساری صورتیں بنائی، اصل ذخیرہ سمندر اور زمینوں میں، پھر ندی، نالے، چشمے، تالاب اور پہاڑوں پر برف کی شکل میں منجمد ذخیرہ بھی تو ہے اور عجیب نظام یہ بھی ہے کہ مستعمل نجس پانی سے بھی بھاپ کی شکل میں بادل بنتا ہے تو اس سے صاف پانی برستا ہے۔ بعض حضرات نے "صرفناہ" کا مرجع قرآن کو بتایا ہے یعنی قرآن میں مختلف مثالیں عمدہ مضامین میں الگ الگ انداز میں ہم نے بیان کی۔

فَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَجَاهِدْهُمْ بِهٖ جِهَادًا كَبِيْرًا ۝ وَهُوَ الَّذِيْ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَّهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ۚ وَجَعَلَ بَيْنَهُمَا بَرْزَخًا وَّحِجْرًا مَّحْجُوْرًا ۝ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا ۭ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيْرًا ۝ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُهُمْ وَلَا يَضُرُّهُمْ ۭ وَكَانَ الْكَافِرُ عَلٰى رَبِّهٖ ظَهِيْرًا ۝ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝ قُلْ مَآ اَسْـَٔـلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِلَّا مَنْ شَآءَ اَنْ يَّتَّخِذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝

(اے نبی!) سو تم (ان) کافروں کا کہنا نہ مانو ① اور اس (قرآن) کے ذریعہ ان کے ساتھ بڑا زوردار مقابلہ کرو ﴿۵۲﴾ اور وہی (اللہ تعالیٰ) ہے جس نے دو دریاؤں کو (ظاہر میں نظر آوے اس طرح) ملا کر چلایا، ایک میٹھا ہے، پیاس بجھانے والا ہے اور دوسرا کھارا، سخت کڑوا ہے اور ان دونوں کے درمیان میں ایک آڑ اور رکاوٹ حائل کر دی ② ﴿۵۳﴾ اور وہ (اللہ تعالیٰ) وہی ہے جس نے پانی ③ سے انسان کو پیدا کیا اور اس (انسان) کو نسبی اور سسرالی رشتہ والا بنایا اور تمھارے رب بڑی قدرت والے ہیں ﴿۵۴﴾ اور وہ (کافر لوگ) اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر ایسی چیز کی عبادت کرتے ہیں جو ان کو نفع بھی نہیں دیتی ہے اور ان کو نقصان بھی نہیں دیتی ہے اور کافر تو اپنے رب کے مقابلے میں (شیطان کا) مدد کرنے والا ہے ④ ﴿۵۵﴾ (اے نبی!) ہم نے تو تم کو (نیک لوگوں کے لیے) خوش خبری سنانے والا اور (نافرمانوں کے لیے) ڈرانے والا بنا کر کے ہی بھیجا ہے ﴿۵۶﴾ (اے نبی!) تم کہہ دو: اس (اللہ تعالیٰ کی بات پہنچانے) پر میں تم سے کوئی بدلہ نہیں مانگتا ہوں؛ مگر جو آدمی (اللہ کی توفیق سے) اپنے رب تک پہنچنے کا راستہ اپنا لیوے (یہی اجرت ہے) ⑤ ﴿۵۷﴾

---

① عقائد اور اعمال میں کافروں کی بات نہیں مانی جاوے گی۔ ② جس کی وجہ سے دونوں دریا آپس میں ملنے سے رکے ہوئے ہیں۔ ③ یعنی منی کے قطرے سے۔ ④ (دوسرا ترجمہ) کافر انسان تو اپنے رب کی طرف پیٹھ پھیر رہا ہے (تیسرا) کافر نے تو رب کی نافرمانی کرنے میں کمر باندھ رکھی ہے (چوتھا) کافر تو اپنے رب کا مخالف ہے۔

⑤ [۱] یہ نبی ﷺ کی بڑی شفقت ہے، امتی ایمان لے آوے، دین دار بنے، اس میں اس کا خود کا فائدہ ہے، اس کو نبی اپنا فائدہ سمجھے [۲] پوری امت کے اعمال میں سے نبی ﷺ کو اجر کا حصہ ضرور ملے گا؛ چوں کہ آپ ہی نے ان اعمالِ خیر کی رہبری فرمائی۔

وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَسَبِّحْ بِحَمْدِهٖ ۭ وَكَفٰى بِهٖ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرَا ۝ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۚ اَلرَّحْمٰنُ فَسْـَٔـلْ بِهٖ خَبِيْرًا ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اسْجُدُوْا لِلرَّحْمٰنِ قَالُوْا وَمَا الرَّحْمٰنُ ۤ اَنَسْجُدُ لِمَا تَاْمُرُنَا وَزَادَهُمْ نُفُوْرًا ۝

تَبٰرَكَ الَّذِيْ جَعَلَ فِي السَّمَاۗءِ بُرُوْجًا وَّجَعَلَ فِيْهَا سِرٰجًا وَّقَمَرًا مُّنِيْرًا ۝ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً لِّمَنْ اَرَادَ اَنْ يَّذَّكَّرَ اَوْ اَرَادَ شُكُوْرًا ۝

اور تم اس زندہ رب پر بھروسہ کرو جس کو کبھی موت نہیں آئے گی اور اس (رب) کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے رہو اور وہ (رب) خود اپنے بندوں کے گناہوں کی خبر رکھنے کے لیے کافی ہے (۵۸) جس (اللہ تعالیٰ) نے آسمانوں کو اور زمین کو اور ان دونوں کے درمیان جو کچھ ہے اس کو چھ دن میں پیدا کیا پھر (اپنی شان کے مطابق) عرش پر استواء فرمایا، وہ بہت ہی رحمت والا ہے؛ اس لیے اس کی شان تو کسی خبر رکھنے والے ہی سے پوچھ ① (۵۹) اور جب ان (مشرکوں) سے کہا جاتا ہے کہ تم رحمٰن کو سجدہ کرو تو وہ (جواب میں یہ) کہتے ہیں کہ رحمٰن کیا (چیز) ہے؟ کیا تم ہم سے جس (کو سجدہ کرنے) کے لیے کہو اس کو ہم سجدہ کرنے لگیں؟ اور (اس چیز سے) ان (مشرکوں) کا نفرت کرنا زیادہ ہو جاتا ہے (۶۰)

بڑی شان ہے ② اس (اللہ تعالیٰ) کی کہ جس نے آسمان میں بہت سارے برج بنائے ③ اور اس (آسمان) میں روشن چراغ (سورج) اور روشنی دینے والا چاند بنایا (۶۱) اور وہی (اللہ تعالیٰ) ہے جس نے رات اور دن کو ایک دوسرے کے پیچھے آنے (جانے) والا بنایا، اور (ان سب باتوں سے) فائدہ وہی آدمی اٹھاتا ہے جو نصیحت حاصل کرنا چاہتا ہو یا شکر کرنے کا ارادہ رکھتا ہو (۶۲)

---

① اللہ تعالیٰ کی شان (سب سے زیادہ جاننے والے حضرت نبی کریم ﷺ تھے۔
② (دوسرا ترجمہ) بڑی برکت ہے۔
③ برج کی ایک تفسیر بڑے ستارے ہیں۔

وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ۝ وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِيَامًا ۝ وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۝ اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ۝ وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا ۝ وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا ۝ يُّضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَيَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا ۝

اور رحمٰن کے (خاص) بندے وہ ہیں جو زمین پر عاجزی (تواضع) کے ساتھ چلتے ہیں اور جب ان سے نادان (بے سمجھ) لوگ بات کرنے لگتے تو وہ سلامتی ① کی بات کہتے ہیں ﴿۶۳﴾ اور جو اپنے رب کے آگے سجدہ اور قیام کرکے رات گزارتے ہیں ﴿۶۴﴾ اور جو لوگ (دعائیں) یہ کہتے ہیں کہ: اے ہمارے رب! جہنم کے عذاب کو ہم سے دور رکھیے، یقینی بات ہے کہ اس (جہنم) کا عذاب تو ہمیشہ کی تباہی ہے ﴿۶۵﴾ یقیناً وہ (جہنم) تو ٹھہرنے کی اور رہنے کی بہت بری جگہ ہے ﴿۶۶﴾ اور وہ (رحمٰن کے بندے) جب خرچ کرتے ہیں تو فضول خرچی ② نہیں کرتے اور تنگی (بھی) نہیں کرتے؛ بلکہ ان کا خرچ کرنا اس (افراط وتفریط) کے درمیان اعتدال کے ساتھ ہوتا ہے ﴿۶۷﴾ اور وہ (رحمٰن کے بندے) اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کی عبادت نہیں کرتے اور جس جان کو قتل کرنا اللہ تعالیٰ نے حرام کیا اس کو (ناحق) قتل نہیں کرتے؛ الا یہ کہ (قتل کرنے کا) کوئی شرعی حق ہو اور وہ لوگ زنا نہیں کرتے اور جو شخص بھی یہ (گناہ کے) کام کرے گا تو وہ گناہوں کا وبال دیکھے گا ﴿۶۸﴾ قیامت کے دن اس کے لیے عذاب دوگنا کردیا جائے گا اور وہ اس (عذاب) میں ذلیل ہوکر ہمیشہ رہے گا ﴿۶۹﴾

---

① مطلب: [۱] ایسی بات جس سے فتنہ برپا نہ ہو۔
[۲] سلامت رہو، ایسا کہہ دیا جاوے۔
② اللہ تعالیٰ نے جہاں خرچ کرنے کا حکم دیا اس میں کمی نہیں کرتے۔

إِلَّا مَنْ تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَأُولَٰئِكَ يُبَدِّلُ اللَّهُ سَيِّئَاتِهِمْ حَسَنَاتٍ ۗ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَحِيمًا ﴿٧٠﴾ وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَإِنَّهُ يَتُوبُ إِلَى اللَّهِ مَتَابًا ﴿٧١﴾ وَالَّذِينَ لَا يَشْهَدُونَ الزُّورَ وَإِذَا مَرُّوا بِاللَّغْوِ مَرُّوا كِرَامًا ﴿٧٢﴾ وَالَّذِينَ إِذَا ذُكِّرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوا عَلَيْهَا صُمًّا وَعُمْيَانًا ﴿٧٣﴾ وَالَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَامًا ﴿٧٤﴾

مگر جس شخص نے توبہ کی اور ایمان لے آیا اور اس نے نیک عمل کیا تو اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کے گناہوں کے بدلے میں نیکیاں عطا کر دیں گے اور اللہ تعالیٰ تو بہت معاف کرنے والے، بہت رحم کرنے والے ہیں ﴿٧٠﴾ اور جس شخص نے بھی توبہ کی اور نیک کام کیے سو حقیقت میں وہ آدمی اللہ تعالیٰ کی طرف ٹھیک لوٹ کر آتا ہے① ﴿٧١﴾ اور (رحمٰن کے بندے) وہ ہیں جو جھوٹے (بیہودہ) کاموں② میں شامل نہیں ہوتے اور جب لغو کاموں سے گزرتے ہیں تو سنجیدگی (وقار) کے ساتھ گزر جاتے ہیں③ ﴿٧٢﴾ اور (رحمٰن کے بندے) وہ ہیں جب ان کے رب کی آیتیں سنا کر ان کو نصیحت کی جاتی ہے تو وہ اس پر بہرے اور اندھے ہو کر نہیں گرتے④ ﴿٧٣﴾ اور وہ (رحمٰن کے بندے دعا میں یہ) کہتے ہیں: اے ہمارے رب! تو ہم کو ہماری بیویوں سے اور ہماری اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا کر اور تو ہم کو تقویٰ والوں کا امام بنا دے ﴿٧٤﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) تو وہ آدمی اللہ تعالیٰ کی طرف خاص طور پر رجوع کر رہا ہے۔ یعنی زبانی توبہ اور عمل دونوں موافق ہو۔

② بیہودہ کاموں سے مراد:

[١] کفریہ میلے۔ [٢] گانے بجانے ناچنے کی محفل۔ [٣] بے حیائی۔ [٤] شراب کی محفل۔
[٥] جھوٹی گواہی۔ [٦] کفر و شرک۔ [٧] جھوٹی بات اور کام۔

③ یعنی اس برے کام کو برا اور قابل نفرت سمجھتے ہیں اور اس میں مبتلا انسان کو حقیر نہیں سمجھتے اور اس سے خود کو افضل نہیں سمجھتے۔ ④ اس میں ایک بات یہ بھی ہے کہ بعض لوگ اللہ تعالیٰ کی باتیں سن کر بڑے اشتیاق کا مظاہرہ کرتے ہیں، وہ دین کی باتوں کے سامنے گرے گرے، جھکے جھکے نظر آتے ہیں، لیکن عمل کچھ بھی نہیں، یہ اس دور میں منافقین کا طرز تھا جو ریا کاری کا نتیجہ ہے اور مؤمنین دھیان سے سن کر عمل کرتے ہیں۔

أُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا تَحِيَّةً وَّسَلٰمًا ۙ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ۝ قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّيْ لَوْلَا دُعَآؤُكُمْ ۚ فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ يَكُوْنُ لِزَامًا ۝

ان لوگوں کو ان کے صبر (یعنی ثابت قدم رہنے) کے بدلے میں (جنت کے) بالا خانے دیے جائیں گے اور اس (جنت) میں خیر کی دعا اور سلام کے ساتھ ان کا استقبال کیا جائے گا①﴿۷۵﴾ وہ اس (جنت) میں ہمیشہ رہیں گے، وہ (جنت) ٹھہرنے اور رہنے کی بہترین جگہ ہے﴿۷۶﴾ (اے نبی!) تم کہہ دو کہ: اگر تم (میرے رب کو) نہ بھی پکارو② تو بھی میرے رب کو تمھاری کوئی پرواہ نہیں ہے، سو تم تو (سچی بات کو) جھٹلا چکے ہو③ اور یہ (جھٹلانا) گلے پڑ کر رہے گا④﴿۷۷﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) سب ان کو ملتے آئیں گے۔ یعنی ملائکہ جنت میں استقبال کریں گے، سبحان اللہ!

② (دوسرا ترجمہ) اگر تم میرے رب کی عبادت نہ بھی کرو۔

③ (دوسرا ترجمہ) تم تو (اللہ تعالیٰ کے احکام کو) جھوٹا سمجھتے ہو۔

④ (دوسرا ترجمہ) چپک کر رہے گا (تیسرا) جان کا وبال بن کر رہے گا۔

❁❁❁

سورۃ الشعراء

(المکیۃ)

ایاتھا: ۲۲۷۔ رکوعاتھا: ۱۱۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں دوسوستائیس (۲۲۷) آیتیں ہیں۔ سورۃ واقعہ کے بعد اور سورۃ نمل سے پہلے سینتالیس (۴۷) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں شاعروں کا تذکرہ ہے، عرب لوگ شاعری اور شاعروں کو بڑی اہمیت دیتے تھے، اس سورت میں بتایا گیا کہ: شاعری اور شاعر عام طور پر گمراہی کے منبع ہوتے ہیں اور حضراتِ انبیاء ہدایت کے منبع ہوتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

طٰسٓمّٓ ① تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ② لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ③ اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰيَةً فَظَلَّتْ اَعْنَاقُهُمْ لَهَا خٰضِعِيْنَ ④ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنَ الرَّحْمٰنِ مُحْدَثٍ اِلَّا كَانُوْا عَنْهُ مُعْرِضِيْنَ ⑤ فَقَدْ كَذَّبُوْا فَسَيَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰٓؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ⑥ اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الْاَرْضِ كَمْ اَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ ⑦ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ⑧ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ⑨

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

طسم ﴿۱﴾ یہ (حق اور باطل کو) ظاہر کرنے والی کتاب کی آیتیں ہیں① ﴿۲﴾ شاید ان (کافروں) کے ایمان نہ لانے کی وجہ سے تم اپنی جان ہلاک کردو گے② ﴿۳﴾ اگر ہم چاہیں تو آسمان سے کوئی (بڑی) نشانی ان پر اتار دیں تو اس (نشانی) کے سامنے ان کی گردنیں نیچی ہوجائیں③ ﴿۴﴾ کوئی بھی نئی نصیحت رحمن کی طرف سے ان کے پاس پہنچتی ہے تو وہ (کافر لوگ) اس سے منہ پھرا ہی لیتے ہیں ﴿۵﴾ سو پکی بات یہ ہے کہ وہ (کافر لوگ حقائق کو) جھٹلا چکے ہیں، اب عنقریب جس بات کا یہ لوگ مذاق اڑایا کرتے تھے اس کی حقیقت ان کے پاس پہنچ جائے گی ﴿۶﴾ کیا وہ لوگ زمین کو نہیں دیکھتے کہ ہم نے اس میں ہر قسم کی کتنی اچھی اچھی چیزیں اگائی ہیں؟ ﴿۷﴾ یقیناً اس میں بڑی نشانی ہے اور (پھر بھی) ان (کافروں) میں سے اکثر مانتے نہیں ہیں ﴿۸﴾ اور یقینی بات ہے کہ آپ کے رب وہ تو بہت ہی زبردست (یعنی پوری قدرت والے) بڑے ہی رحم کرنے والے ہیں ﴿۹﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) یہ صاف صاف بیان کرنے والی کتاب (قرآن) کی آیتیں ہیں۔

② جملہ خبریہ سے نفی مراد ہے یعنی ﷺ اتنا زیادہ غم نہ کرے۔

③ یعنی ایسی بڑی نشانی آجاوے کہ مجبوراً ایمان لانا ہی پڑے، ایسا مجبوری والا معاملہ مناسب نہیں۔

وَاِذْ نَادٰى رَبُّكَ مُوْسٰٓى اَنِ ائْتِ الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۰﴾ قَوْمَ فِرْعَوْنَ ؕ اَلَا يَتَّقُوْنَ ﴿۱۱﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّیْۤ اَخَافُ اَنْ يُّكَذِّبُوْنِ ؕ﴿۱۲﴾ وَيَضِيْقُ صَدْرِیْ وَلَا يَنْطَلِقُ لِسَانِیْ فَاَرْسِلْ اِلٰى هٰرُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَلَهُمْ عَلَیَّ ذَنْۢبٌ فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنِ ۚ﴿۱۴﴾ قَالَ كَلَّا ۚ فَاذْهَبَا بِاٰيٰتِنَاۤ اِنَّا مَعَكُمْ مُّسْتَمِعُوْنَ ﴿۱۵﴾ فَاْتِيَا فِرْعَوْنَ فَقُوْلَاۤ اِنَّا رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿۱۶﴾ اَنْ اَرْسِلْ مَعَنَا بَنِیْۤ اِسْرَآءِيْلَ ؕ﴿۱۷﴾ قَالَ اَلَمْ نُرَبِّكَ فِيْنَا وَلِيْدًا وَّلَبِثْتَ فِيْنَا مِنْ عُمُرِكَ سِنِيْنَ ۙ﴿۱۸﴾ وَفَعَلْتَ فَعْلَتَكَ الَّتِیْ فَعَلْتَ وَاَنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۹﴾

اور (وہ وقت ذرا یاد کرو) جب تمھارے رب نے موسیٰ کو پکارا تھا (اور حکم دیا تھا) کہ تم ظالم قوم کے پاس جاؤ ﴿۱۰﴾ جو فرعون کی قوم ہے، کیا وہ لوگ (ہمارے غضب سے) ڈرتے نہیں ہیں؟ ﴿۱۱﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے عرض کیا: اے میرے رب! میں اس بات سے ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے جھٹلا دیں ﴿۱۲﴾ اور میرا دل رکتا (یعنی تنگ ہوتا) ہے اور میری زبان نہیں چلتی، سو آپ ہارون پر بھی وحی بھیج دیجیے ① ﴿۱۳﴾ اور ان لوگوں کا میرے ذمے ایک جرم ہے، سو میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے قتل کر ڈالیں گے ﴿۱۴﴾ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ایسا ہرگز نہیں ہوگا، سو تم دونوں ہماری نشانیوں کو لے کر جاؤ، یقیناً ہم تمھارے ساتھ ② غور سے سننے والے موجود ہیں ﴿۱۵﴾ سو تم دونوں فرعون کے پاس جاؤ اور تم دونوں (اس فرعون سے) کہو کہ: ہم تمام عالموں کے رب کے بھیجے ہوئے (رسول) ہیں ③ ﴿۱۶﴾ یہ کہ تو بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ بھیج دے ﴿۱۷﴾ اس (فرعون) نے (موسیٰ علیہ السلام سے) کہا: کیا (تمھارے) بچپن میں ہم نے تم کو ہمارے پاس رکھ کر تمھاری پرورش نہیں کی تھی؟ اور تم اپنی زندگی کے کئی برس ہمارے پاس نہیں رہے؟ ﴿۱۸﴾ اور تم نے تمھارا وہ (ایک برا) کام بھی تو (ہمارے یہاں رہتے ہوئے) کر ڈالا جو کیا تھا اور تم تو ناشکروں میں سے ہو ④ ﴿۱۹﴾

---

① اپنے بھائی کی خاطر شاندار بے مثال خیر خواہی۔
② داعی کو اللہ تعالیٰ کی معیت والی نعمت ملتی ہے۔
③ نئی جگہ جا کر پہلے تعارفی بات کرنی چاہیے۔
④ ایک فرعونی کو بھول سے مار ڈالنے والا واقعہ، مگر مارنے کے گناہ ور وہم گیا۔

قَالَ فَعَلْتُهَآ اِذًا وَّاَنَا مِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿٢٠﴾ فَفَرَرْتُ مِنْكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ فَوَهَبَ لِيْ رَبِّيْ حُكْمًا وَّجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٢١﴾ وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا عَلَيَّ اَنْ عَبَّدْتَّ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿٢٢﴾ قَالَ فِرْعَوْنُ وَمَا رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٢٣﴾ قَالَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۭ اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ﴿٢٤﴾ قَالَ لِمَنْ حَوْلَهٗٓ اَلَا تَسْتَمِعُوْنَ ﴿٢٥﴾ قَالَ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآىِٕكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٢٦﴾ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَكُمُ الَّذِيْٓ اُرْسِلَ اِلَيْكُمْ لَمَجْنُوْنٌ ﴿٢٧﴾

موسیٰ علیہ السلام نے کہا: میں نے وہ (کام) اس وقت (ایسی حالت میں) کیا تھا کہ (وہ ایک مُکّے میں مر جائے گا اس کا) مجھے پتہ نہیں تھا① ﴿۲۰﴾ پھر جب مجھے تم لوگوں سے ڈر لگا تو میں تمھارے پاس سے فرار ہو گیا، سو مجھ کو میرے رب نے حکمت عطا فرمائی اور مجھ کو رسولوں میں شامل فرما دیا ﴿۲۱﴾ اور وہ (میری پرورش کا) جو احسان تو مجھ پر رکھتا ہے وہ یہی ہے کہ تو نے (تمام) بنی اسرائیل کو (جو) غلام بنا رکھا ہے (یہ کہاں تک درست ہے؟) ﴿۲۲﴾ فرعون نے کہا: (اے موسیٰ!) تمام عالموں کے رب (جس کی بات تم کہتے ہو اس) کی کیا حقیقت ہے②؟ ﴿۲۳﴾ موسیٰ علیہ السلام نے کہا: وہ تو آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان میں ہے اس کا رب ہے اگر تم کو یقین (حاصل) کرنا ہو تو③ ﴿۲۴﴾ فرعون نے اپنے آس پاس کے درباریوں سے کہا: کیا تم سن رہے ہو④؟ ﴿۲۵﴾ موسیٰ علیہ السلام نے کہا: (وہی تو) تمھارے رب ہیں اور تمھارے اگلے باپ دادوں کے (بھی) رب ہیں ﴿۲۶﴾ وہ (فرعون) بولا: تمھارا یہ رسول جو تمھاری طرف بھیجا گیا ہے وہ تو بالکل ہی دیوانہ ہے ﴿۲۷﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اس کام کے کرتے وقت میں چوکنے والوں میں سے تھا (تیسرا) وہ کام میں کر بیٹھا تھا اور مجھ سے غلطی ہو گئی تھی۔

② فرعون خود کو رب اعلیٰ کہلواتا تھا اس لئے اس کو تعجب ہوا اور سوال کیا۔

③ چوں کہ فرعون نے باری تعالیٰ کی حقیقت کے بارے میں سوال کیا جس کو سمجھنا کسی کے بس کی بات نہیں؛ اس لیے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے باری تعالیٰ کی قدرت اور اوصاف سمجھانے کی کوشش کی۔

④ کہ میرا سوال کیا اور موسیٰ کا جواب کیا۔

قَالَ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۖ إِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُونَ ۝ قَالَ لَئِنِ اتَّخَذْتَ إِلَٰهًا غَيْرِي لَأَجْعَلَنَّكَ مِنَ الْمَسْجُونِينَ ۝ قَالَ أَوَلَوْ جِئْتُكَ بِشَيْءٍ مُبِينٍ ۝ قَالَ فَأْتِ بِهِ إِنْ كُنْتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ۝ فَأَلْقَىٰ عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُبِينٌ ۝ وَنَزَعَ يَدَهُ فَإِذَا هِيَ بَيْضَاءُ لِلنَّاظِرِينَ ۝

قَالَ لِلْمَلَإِ حَوْلَهُ إِنَّ هَٰذَا لَسَاحِرٌ عَلِيمٌ ۝ يُرِيدُ أَنْ يُخْرِجَكُمْ مِنْ أَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِ فَمَاذَا تَأْمُرُونَ ۝

موسیٰ علیہ السلام نے کہا: (وہ تو) مشرق اور مغرب اور جو کچھ ان دونوں کے بیچ میں ہے ان کے بھی رب ہیں اگر تم سمجھ رکھتے ہو① ﴿۲۸﴾ فرعون نے کہا: (موسیٰ! یاد رکھو) اگر تم نے میرے سوا کسی اور کو معبود مانا تو میں ضرور تم کو قید میں پڑے ہوئے لوگوں میں شامل کر دوں گا ﴿۲۹﴾ موسیٰ علیہ السلام نے کہا: اگر میں تجھ کو ایسی چیز دکھاؤں جو حق بات ظاہر کر دے تو کیا (پھر مانو گے؟) ﴿۳۰﴾ فرعون بولا: اگر تم حقیقت میں سچے ہو تو اس (حق ظاہر کرنے والی چیز) کو لاؤ ﴿۳۱﴾ سو اس (موسیٰ علیہ السلام) نے اپنی لکڑی ڈال دی تو اسی وقت وہ (دیکھتے ہی دیکھتے) صاف اژدہا بن گیا ﴿۳۲﴾ اور اس (موسیٰ علیہ السلام) نے اپنا ہاتھ (بغل سے) باہر نکالا تو پل بھر میں وہ دیکھنے والوں کے سامنے (بہت ہی) سفید (یعنی چمک دار) بن گیا ﴿۳۳﴾

اس (فرعون) نے اپنے آس پاس (بیٹھنے) والے سرداروں سے کہا: یقیناً یہ شخص بڑا ماہر② جادوگر ہے ﴿۳۴﴾ جو تم کو اپنے جادو کے زور سے تمھارے ملک سے نکال دینا چاہتا ہے③ سو تم کیا مشورہ دیتے ہو④؟ ﴿۳۵﴾

---

① فرعون نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو جو مجنون کہا اس کا کتنا پیارا جواب دیا ذرا بھی غصہ نہیں ہوئے حالانکہ لوگ جلالی پیغمبر کہتے ہیں واقعی ایسے ہوتے ہیں۔

② (دوسرا ترجمہ) سمجھدار (تیسرا) بہت پڑھا ہوا۔

③ اقتدار پرستوں کو ہر چیز میں کرسی ہی نظر آتی ہے۔

④ کہ اس کے بارے میں کیا کیا جائے۔

قَالُوْٓا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَابْعَثْ فِي الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ۙ يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِيْمٍ ۞ فَجُمِعَ السَّحَرَةُ لِمِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ۙ وَّقِيْلَ لِلنَّاسِ هَلْ اَنْتُمْ مُّجْتَمِعُوْنَ ۙ لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ اِنْ كَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ۞ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالُوْا لِفِرْعَوْنَ اَئِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ۞ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ اِذًا لَّمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ۞ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ۞ فَاَلْقَوْا حِبَالَهُمْ وَعِصِيَّهُمْ وَقَالُوْا بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ اِنَّا لَنَحْنُ الْغٰلِبُوْنَ ۞ فَاَلْقٰى مُوْسٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ۚ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۙ

انھوں نے کہا کہ: اس (موسیٰ) کو اور اس کے بھائی کو (کچھ) مہلت دو اور تمام شہروں میں نقیبوں① کو بھیج دو ﴿۳۶﴾ جو تیرے پاس ہر ایک بڑے ہوشیار جادوگر کو لے آویں ﴿۳۷﴾ آخر کار مقرر دن کے خاص وقت پر جادوگر لوگ جمع کر لیے گئے ﴿۳۸﴾ اور لوگوں کو (اعلان کر کے) کہہ دیا گیا کہ کیا تم بھی جمع ہوں گے ﴿۳۹﴾ شاید اگر وہ جادوگر لوگ غالب آ گئے تو ہم ان (جادوگروں) ہی کے راستے پر چلیں گے ﴿۴۰﴾ پھر جب وہ جادوگر لوگ آ گئے تو وہ فرعون سے کہنے لگے: اگر ہم مقابلے میں غالب آ گئے تو کیا ہم کو کوئی بڑا انعام② ملے گا؟ ﴿۴۱﴾ اس (فرعون) نے کہا: ہاں! اور تب تو تم کو (میرے) خاص لوگوں میں ضرور شامل کر دیا جائے گا③ ﴿۴۲﴾ موسیٰ علیہ السلام نے ان سے کہا: تم کو جو ڈالنا ہو وہ ڈالو④ ﴿۴۳﴾ اس پر ان جادوگروں نے اپنی رسیاں اور اپنی لاٹھیاں ڈالیں اور وہ (جادوگر) بولے: فرعون کی عزت کی قسم! یقیناً ہم ہی غالب آویں گے ﴿۴۴﴾ اب موسیٰ (علیہ السلام) نے (اللہ تعالیٰ کے حکم سے) اپنی لکڑی (زمین پر) ڈالی تو اس نے اسی وقت (بڑا اژدہا بن کر) اس جھوٹے بنے بنائے ہوئے (جادوگروں کے) تماشے کو نگلنا شروع کر دیا ﴿۴۵﴾ سو جادوگر لوگ سجدہ میں گرا دیے گئے ﴿۴۶﴾

---

① یعنی جمع کرنے والے چپراسی۔
② داعیِ حق لوجہ اللہ دعوت دیتے ہیں دنیا پرست لوگ پہلے سے عوض کی شرط لگاتے ہیں۔
③ یعنی انعام تو ملے گا ہی ساتھ میں خصوصی مقام بھی۔
④ باطل کا ابطال اس کو ظاہر کروائے بغیر ممکن نہ تھا: اس لیے حضرت موسیٰ نے جادو کے اظہار کا حکم دیا۔

قَالُوٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٧﴾ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿٤٨﴾ قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۬ؕ لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ وَّلَاُوصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٤٩﴾ قَالُوْا لَا ضَيْرَ ۫ اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿٥٠﴾ اِنَّا نَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لَنَا رَبُّنَا خَطٰيٰنَآ اَنْ كُنَّآ اَوَّلَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٥١﴾

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْٓ اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿٥٢﴾

وہ (جادوگرلوگ) بولے: ہم تو تمام عالموں کے رب پر ایمان لائے ﴿٤٧﴾ جو موسیٰ (علیہ السلام) اور ہارون (علیہ السلام) کے رب ہیں① ﴿٤٨﴾ اس (فرعون) نے کہا: میں تم کو اجازت دوں اس سے پہلے تم اس (موسیٰ) پر ایمان لے آئے؟ واقعہ یہ ہے کہ② وہ (موسیٰ) تمہارا بڑا (یعنی استاد) ہے جس نے تم کو جادو سکھایا، سو عنقریب (اس کا نتیجہ) تم کو معلوم ہو جائے گا، یقیناً میں تم سب کے ایک طرف کے ہاتھ اور دوسری طرف کے پاؤں کٹواؤں گا اور تم سب کو سولی پر چڑھاؤں گا ﴿٤٩﴾ وہ (جادوگر) کہنے لگے: ہمارا تو کچھ نہیں بگڑے گا③، یقیناً ہم تو ہمارے رب کی طرف لوٹ کر چلے جاویں گے ﴿٥٠﴾ ہم تو (پورے شوق سے) امید لگائے ہوئے ہیں کہ ہمارے رب ہماری غلطیوں کو معاف کر دیں گے اس واسطے کہ ہم سب سے پہلے ایمان لائے ہیں ﴿٥١﴾

اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو حکم بھیجا کہ تم میرے بندوں کو لے کر راتوں رات روانہ ہو جاؤ، یقیناً تم لوگوں کا پیچھا کیا جائے گا ﴿٥٢﴾

---

① یہ ایک عجیب واقعہ ہے کہ یہ ہزاروں جادوگر جو پوری زندگی جادوگری کے کفر میں رہے اور فرعون کو خدا مان کر اس کی پوجا کرتے رہے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا معجزہ دیکھا تو فوراً ایمان لے آئے؛ بلکہ ایمان ایسا مضبوط ہو گیا کہ تمام سزاؤں سے گھبرائے بغیر بے دھڑک فرعون سے کہہ دیا "فَاقْضِ مَآ اَنْتَ قَاضٍ" اے فرعون تجھے جو کرنا ہو کر لے، اس پر ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے ایک کامل بندے کی جو تھوڑی سی صحبت اس میدان میں نصیب ہوئی اس نے ان کے ایمان کو اس قدر مضبوط کر دیا کہ اس کے لیے جان دینے تیار ہو گئے، صحیح بات ہے کہ اخلاص کے ساتھ اور سچی طلب کے ساتھ سچے لوگوں کی صحبت انسان کو ایمان کے کمال تک پہنچاتی ہے اور حسن خاتمہ کی سعادت حاصل ہونے کا ذریعہ بن جاتی ہے، احادیث میں نبی کریم ﷺ کی صحبت کے اثرات سے ایمان، پھر ایمان کا کمال، پھر مقام شہادت حاصل ہونے کے واقعات موجود ہیں۔ ② (دوسرا ترجمہ) یہ بات ثابت ہو گئی کہ۔ ③ (دوسرا ترجمہ) ہم کو ڈر نہیں۔

فَاَرْسَلَ فِرْعَوْنُ فِي الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿۵۳﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيْلُوْنَ ﴿۵۴﴾ وَاِنَّهُمْ لَنَا لَغَآئِظُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَاِنَّا لَجَمِيْعٌ حٰذِرُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَاَخْرَجْنٰهُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۵۷﴾ وَّكُنُوْزٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ﴿۵۸﴾ كَذٰلِكَ ؕ وَاَوْرَثْنٰهَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۵۹﴾ فَاَتْبَعُوْهُمْ مُّشْرِقِيْنَ ﴿۶۰﴾ فَلَمَّا تَرَآءَ الْجَمْعٰنِ قَالَ اَصْحٰبُ مُوْسٰٓى اِنَّا لَمُدْرَكُوْنَ ﴿۶۱﴾ قَالَ كَلَّا ۚ اِنَّ مَعِيَ رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ﴿۶۲﴾ فَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ ؕ فَانْفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ ﴿۶۳﴾

سو فرعون نے شہروں میں نقیبوں کو بھیجا ﴿۵۳﴾ پکی بات یہ ہے کہ یہ (بنی اسرائیل تو) ایک چھوٹی سی جماعت کے لوگ ہیں ﴿۵۴﴾ اور انھوں نے ہم کو سخت غصہ دلایا ہے ﴿۵۵﴾ اور ہم سب (ان سے) خطرہ محسوس کرتے ہیں① ﴿۵۶﴾ پھر ہم نے ان کو باغات سے اور چشموں سے ﴿۵۷﴾ اور خزانوں سے اور عمدہ عمدہ مکانوں سے باہر نکال دیا ﴿۵۸﴾ ہم نے ان کے ساتھ اسی طرح کیا اور ان سب چیزوں کا ہم نے بنی اسرائیل کو مالک بنا دیا ﴿۵۹﴾ پھر وہ سب (ایک دن) سورج نکلتے وقت ان (بنی اسرائیل) کے پیچھے پڑے ﴿۶۰﴾ پھر جب دونوں جماعتیں ایک دوسرے کو دیکھنے لگیں تو موسیٰ (علیہ السلام) کے ساتھیوں نے (گھبرا کر) کہا: پکی بات ہے کہ (اب تو) ہم پکڑے گئے ﴿۶۱﴾ موسیٰ (علیہ السلام نے) کہا: ہرگز (ہم پکڑے) نہیں (جاویں گے)، یقیناً میرے ساتھ میرے رب ہیں② جو عنقریب مجھے (دریا سے نکلنے کا) راستہ بتائیں گے ﴿۶۲﴾ سو ہم نے موسیٰ کو حکم بھیجا کہ اپنی لکڑی سے سمندر کو تم مارو، سو وہ (سمندر) پھٹ گیا، پھر ہر حصہ ایک بڑے پہاڑ کی طرح ہو گیا ﴿۶۳﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) ہم سب ایک ہتھیار بند جماعت (باقاعدہ فوج) ہیں۔ (تیسرا ترجمہ) ہم سب ان سے احتیاط کرتے ہیں (چوتھا) ہم سب ان سے ہوشیار رہتے ہیں۔

نکتہ: فرعون کا یہ کلام حضرت موسیٰ علیہ السلام کے خلاف عام لوگوں میں بدگمانی پیدا کرنے کی خطرناک سازش ہے تا کہ لوگ ان کے لائے ہوئے دین کو قبول نہ کر لے۔ اس لیے کہ ایک کم تعداد قوم کا فرد جس کے پاس نہ باقاعدہ فوج ہے نہ اسباب و وسائل ہے وہ کس طرح ایک منظم اور باقاعدہ فوج والی حکومت کے لئے خطرہ بن سکتا ہے؟ بس ایسی ہی گندی سیاست کا آج دور ہے۔

② یہاں معیت کی بات صرف نبی کے لیے ہے جبکہ امت محمدیہ کے افراد کے لیے بھی معیتِ الٰہی "ان اللہ معنا" الحمد للہ الذی شرفنا۔

وَاَزْلَفْنَا ثَمَّ الْاٰخَرِیْنَ ۞ وَاَنْجَیْنَا مُوْسٰی وَمَنْ مَّعَهٗۤ اَجْمَعِیْنَ ۞ ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِیْنَ ۞
اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ۞ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ۞
وَاتْلُ عَلَیْهِمْ نَبَاَ اِبْرٰهِیْمَ ۞ اِذْ قَالَ لِاَبِیْهِ وَقَوْمِهٖ مَا تَعْبُدُوْنَ ۞ قَالُوْا نَعْبُدُ
اَصْنَامًا فَنَظَلُّ لَهَا عٰكِفِیْنَ ۞ قَالَ هَلْ یَسْمَعُوْنَكُمْ اِذْ تَدْعُوْنَ ۞ اَوْ یَنْفَعُوْنَكُمْ اَوْ
یَضُرُّوْنَ ۞ قَالُوْا بَلْ وَجَدْنَاۤ اٰبَآءَنَا كَذٰلِكَ یَفْعَلُوْنَ ۞ قَالَ اَفَرَءَیْتُمْ مَّا كُنْتُمْ
تَعْبُدُوْنَ ۞ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمُ الْاَقْدَمُوْنَ ۞ فَاِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّیْۤ اِلَّا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ۞

اور دوسری (فرعون والی) جماعت کو ہم اسی جگہ کے پاس لے آئے ﴿۶۴﴾ اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو اور جو ان کے ساتھ تھے سب کو (غرق ہونے سے) بچالیا① ﴿۶۵﴾ پھر ہم نے دوسروں (یعنی فرعونیوں) کو غرق کر دیا ﴿۶۶﴾ یقیناً اس چیز میں (بڑی عبرت کی) نشانی ہے اور (اس کے باوجود بھی) ان (کافروں) میں سے اکثر ایمان نہیں لاتے ﴿۶۷﴾ اور یقیناً تمھارے رب وہی بڑے زبردست، سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۶۸﴾

(اے نبی!) تم ان کو ابراہیم (علیہ السلام) کا واقعہ پڑھ کر سناؤ ﴿۶۹﴾ جب انھوں نے اپنے ابا اور اپنی قوم سے کہا کہ: تم کس کی عبادت کرتے ہو؟② ﴿۷۰﴾ وہ کہنے لگے: ہم تو بتوں کی عبادت کرتے ہیں، اور پورا دن (یعنی ہر وقت) انہی کے پاس لگے بیٹھے رہتے ہیں ﴿۷۱﴾ ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا: جب تم (ان کو) پکارتے ہو تو کیا وہ تمھاری سنتے ہیں؟ ﴿۷۲﴾ یا تم کو فائدہ یا نقصان دیتے ہیں؟ ﴿۷۳﴾ انھوں نے جواب دیا کہ: (نہیں) بلکہ (اصل بات یہ ہے کہ) ہم نے ہمارے باپ دادوں کو ایسا ہی کام کرتے ہوئے پایا ہے ﴿۷۴﴾ ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا: کیا بھلا تم نے (کبھی غور سے بھی) دیکھا جس کی تم عبادت کرتے رہتے ہو ﴿۷۵﴾ تم بھی اور تمھارے اگلے باپ دادے بھی (جن کو پوجتے رہے ہیں) ﴿۷۶﴾ سو یقیناً وہ تو میرے دشمن ہیں③ سوائے تمام جہانوں کے رب کے (وہ میرے دوست ہیں) ﴿۷۷﴾

---

① صالحین کے ساتھ رہنے سے دنیوی مصائب سے بھی نجات ملتی ہے۔ ② سوال کی علت عدم علم نہیں ہے بلکہ غور و فکر کی دعوت دینا ہے۔ ③ جس طرح دشمن نقصان ہی پہنچاتا ہے اس طرح بتوں کی عبادت ہر حال میں نقصان دہ ہے۔

الَّذِي خَلَقَنِي فَهُوَ يَهْدِينِ ﴿٧٨﴾ وَالَّذِي هُوَ يُطْعِمُنِي وَيَسْقِينِ ﴿٧٩﴾ وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ ﴿٨٠﴾ وَالَّذِي يُمِيتُنِي ثُمَّ يُحْيِينِ ﴿٨١﴾ وَالَّذِي أَطْمَعُ أَن يَغْفِرَ لِي خَطِيئَتِي يَوْمَ الدِّينِ ﴿٨٢﴾ رَبِّ هَبْ لِي حُكْمًا وَأَلْحِقْنِي بِالصَّالِحِينَ ﴿٨٣﴾ وَاجْعَل لِّي لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْآخِرِينَ ﴿٨٤﴾ وَاجْعَلْنِي مِن وَرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيمِ ﴿٨٥﴾ وَاغْفِرْ لِأَبِي إِنَّهُ كَانَ مِنَ الضَّالِّينَ ﴿٨٦﴾ وَلَا تُخْزِنِي يَوْمَ يُبْعَثُونَ ﴿٨٧﴾ يَوْمَ لَا يَنفَعُ مَالٌ وَلَا بَنُونَ ﴿٨٨﴾ إِلَّا مَنْ أَتَى اللَّهَ بِقَلْبٍ سَلِيمٍ ﴿٨٩﴾

وہی (رب) ہے جس نے مجھ کو پیدا کیا، پھر وہی (ہر کام میں) مجھے (صحیح) راستہ دکھاتے ہیں ﴿۷۸﴾ اور وہی (رب) ہے جو مجھے کھانا (یعنی بہت ساری عمدہ چیزیں) کھلاتے ہیں اور (بہت ساری چیزیں) مجھے پلاتے ہیں ﴿۷۹﴾ اور جب میں بیمار پڑ جاتا ہوں تو وہی (رب) مجھے شفا دیتے ہیں ﴿۸۰﴾ اور وہی (رب) مجھے موت دیں گے، پھر مجھے زندہ کریں گے ﴿۸۱﴾ اور جس (رب) سے میں یہ امید لگائے ہوئے ہوں کہ وہ حساب (یعنی قیامت) کے دن میرے گناہوں کو معاف کردیں گے ﴿۸۲﴾ اے میرے رب! آپ مجھے حکمت عطا فرمائیے اور مجھ کو نیک لوگوں① کے ساتھ شامل کردیجیے ﴿۸۳﴾ اور آنے والی نسلوں میں میری سچی (یعنی اچھی) یادیں جاری رکھیے② ﴿۸۴﴾ اور آپ مجھ کو نعمتوں والی جنت کے وارث (ہونے والے) لوگوں میں سے بنا دیجیے ﴿۸۵﴾ آپ میرے باپ کو معاف کردیجیے یقیناً وہ تو گمراہ لوگوں میں سے تھے ﴿۸۶﴾ اور جس دن لوگ دوبارہ زندہ کیے جائیں گے اس دن آپ مجھے رسوا نہ کیجیے ﴿۸۷﴾ جس دن نہ کوئی مال کام آئے گا نہ کوئی اولاد (کام آئے گی) ﴿۸۸﴾ الا یہ کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کے پاس سلامتی والا (یعنی بے روگ) دل لے کر حاضر ہوگا (وہ نفع میں ہوگا)③ ﴿۸۹﴾

---

① صالحین میں شمولیت کے لیے ابوالانبیاء حضرت ابراہیم علیہ السلام دعا فرما رہے ہیں جو صلاح کے اعلیٰ مقام پر تھے تو ہمیں تو اس دعا کا کتنا اہتمام کرنا چاہیے اور اس کے لئے کتنی کوشش کرنی چاہیے۔

② (دوسرا ترجمہ) بعد میں آنے والی نسلوں کے لوگوں میں ایسی زبانیں پیدا فرما جو میری سچائی کی گواہی دیویں۔

③ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ: جو دل کلمہ توحید کی گواہی دیوے اور شرک سے پاک ہو وہ دل مراد ہے۔ اسی طرح رذائل باطنیہ سے سلامت دل بھی مراد ہے۔

وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِلْغٰوِيْنَ ۝ وَقِيْلَ لَهُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ۝ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ هَلْ يَنْصُرُوْنَكُمْ اَوْ يَنْتَصِرُوْنَ ۝ فَكُبْكِبُوْا فِيْهَا هُمْ وَالْغَاوٗنَ ۝ وَجُنُوْدُ اِبْلِيْسَ اَجْمَعُوْنَ ۝ قَالُوْا وَهُمْ فِيْهَا يَخْتَصِمُوْنَ ۝ تَاللّٰهِ اِنْ كُنَّا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ اِذْ نُسَوِّيْكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَمَاۤ اَضَلَّنَاۤ اِلَّا الْمُجْرِمُوْنَ ۝ فَمَا لَنَا مِنْ شَافِعِيْنَ ۝ وَلَا صَدِيْقٍ حَمِيْمٍ ۝ فَلَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝

اور جنت متقی لوگوں کے قریب لائی جائے گی① ﴿۹۰﴾ اور جہنم گمراہوں کے سامنے ظاہر کردی جاوے گی ﴿۹۱﴾ اور ان (گمراہوں) کو کہا جائے گا کہ (تمہارے) وہ (معبود) کہاں ہیں جن کی تم اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر عبادت کرتے تھے؟ ﴿۹۲﴾ کیا وہ تمہاری مدد کرسکتے ہیں یا (تمہاری طرف سے) بدلہ لے سکتے ہیں؟② ﴿۹۳﴾ پھر وہ (باطل معبود) اور گمراہ لوگ اور ابلیس کا پورا پورا لشکر سب کے سب اس (جہنم) میں اوندھے منہ ڈال دیے جائیں گے ﴿۹۴﴾ ﴿۹۵﴾ اور وہ (کافر لوگ) اس (جہنم) میں آپس میں (اپنے معبودوں سے) جھگڑا کرتے ہوئے بولیں گے ﴿۹۶﴾ کہ اللہ تعالیٰ کی قسم! (اس دنیا میں) ہم کھلی گمراہی میں پڑے تھے ﴿۹۷﴾ جب ہم تم کو رب العالمین کے برابر کا درجہ دیا کرتے تھے ﴿۹۸﴾ ہم کو تو (بڑے) مجرموں③ نے ہی گمراہ کیا تھا ﴿۹۹﴾ نتیجہ یہ ہوا کہ (آج سفارش کرنے والوں میں سے) کوئی ہماری سفارش کرنے والا نہیں ہے ﴿۱۰۰﴾ اور ہمدردی کرنے والا کوئی (مخلص) دوست بھی نہیں ﴿۱۰۱﴾ سو کاش! ہمیں (دنیا میں) واپس جانے کا ایک مرتبہ موقع مل جائے تو ہم مؤمن بن جائیں ﴿۱۰۲﴾ یقیناً اِس (قیامت کے پورے منظر کے بیان) میں بڑی (عبرت کی) نشانی ہے اور ان میں کے اکثر ایمان والے نہیں ہیں ﴿۱۰۳﴾ اور یقینی بات ہے کہ تمہارے رب وہی بڑے زبردست، بڑے رحم کرنے والے ہیں ﴿۱۰۴﴾

---

① متقی لوگوں کا اعزاز ہے، خود جنت قریب لائی جاوے گی۔

② (دوسرا ترجمہ) یا وہ اپنا خود کا بچاؤ کرسکتے ہیں۔ ③ یعنی گمراہی کے بانی۔

كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوْحِ ِۨالْمُرْسَلِيْنَ ۝ إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوْهُمْ نُوْحٌ أَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ إِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ أَمِيْنٌ ۝ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَأَطِيْعُوْنِ ۝ وَمَآ أَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۚ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَأَطِيْعُوْنِ ۝ قَالُوْٓا أَنُؤْمِنُ لَكَ وَاتَّبَعَكَ الْأَرْذَلُوْنَ ۝ قَالَ وَمَا عِلْمِيْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ إِنْ حِسَابُهُمْ إِلَّا عَلٰى رَبِّيْ لَوْ تَشْعُرُوْنَ ۝ وَمَآ أَنَا بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ إِنْ أَنَا إِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ يٰنُوْحُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمَرْجُوْمِيْنَ ۝ قَالَ رَبِّ إِنَّ قَوْمِيْ كَذَّبُوْنِ ۝

نوح (علیہ السلام) کی قوم نے رسولوں کو جھٹلایا ﴿۱۰۵﴾ جب ان سے ان کے بھائی نوح (علیہ السلام) نے کہا: کیا تم (اللہ تعالیٰ سے) ڈرتے نہیں ہو؟ ﴿۱۰۶﴾ یقیناً میں تو تمھارے لیے معتبر رسول ہوں ① ﴿۱۰۷﴾ سو تم اللہ سے ڈرو اور میری بات مان لو ﴿۱۰۸﴾ اس (تبلیغ کے کام) پر میں تم سے کوئی (دنیوی) بدلہ نہیں مانگتا ہوں، میرا اجر تو تمام عالموں کے رب ہی کے ذمے ہے ﴿۱۰۹﴾ تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور تم میری بات مان لو ﴿۱۱۰﴾ قوم (کے لوگوں) نے کہا: کیا ہم تیری بات مان لیویں؛ حالاں کہ کمینے (یعنی نیچے درجے کے) لوگ تیرے ساتھی ہو گئے ہیں ﴿۱۱۱﴾ نوح (علیہ السلام) نے کہا: جو کام وہ کر رہے ہیں مجھے وہ معلوم نہیں ② ﴿۱۱۲﴾ ان کا حساب لینا تو میرے رب ہی کے ذمے ہے اگر تم سمجھ سے کام لو ③ ﴿۱۱۳﴾ اور میں ایمان والوں کو (دھتکار کر) دور کرنے والا نہیں ہوں ﴿۱۱۴﴾ میں تو صرف کھول کر ڈرانے والا ہوں ﴿۱۱۵﴾ انھوں نے (یعنی قوم کے لوگوں نے) کہا: اے نوح! اگر تو (اپنے طریقہ کو) نہیں چھوڑے گا تو ضرور پتھر مار کر ہلاک کر دیا جائے گا ﴿۱۱۶﴾ نوح (علیہ السلام) نے دعا کی کہ: اے میرے رب! یقیناً میری قوم نے مجھے جھٹلا دیا ہے ﴿۱۱۷﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) امانت دار رسول ہوں۔

② (دوسرا ترجمہ) مجھے اس سے کوئی بحث نہیں ہے (یعنی ان کے خاندان اور پیشے سے مجھے بحث نہیں، خاندانی تفاوت اور کاروباری سے دین میں کیا اثر؟)۔

③ ان کا ایک الزام یہ تھا کہ یہ رذیل لوگ ذاتی مفاد کے خاطر ایمان لائے ہیں، اس کا جواب ہو گیا کہ ان کے دل میں کیا نیت ہے اس کے میں، یا تم مکلف نہیں ہیں، وہ اللہ تعالیٰ کے حوالے ہے۔

فَافْتَحْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَّنَجِّنِيْ وَمَنْ مَّعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١١٨﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿١١٩﴾ ثُمَّ اَغْرَقْنَا بَعْدُ الْبٰقِيْنَ ﴿١٢٠﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٢١﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿١٢٢﴾

كَذَّبَتْ عَادُ ِۨالْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٢٣﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ هُوْدٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿١٢٤﴾ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿١٢٥﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١٢٦﴾ وَمَا اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٢٧﴾ اَتَبْنُوْنَ بِكُلِّ رِيْعٍ اٰيَةً تَعْبَثُوْنَ ﴿١٢٨﴾

سو آپ میرے اور ان کے درمیان میں پورا فیصلہ کر دیجیے① اور مجھ کو اور میرے مومن ساتھیوں کو (ہلاکت سے) بچا لیجیے② ﴿۱۱۸﴾ سو ہم نے ان (نوح علیہ السلام) کو اور ان کے ساتھیوں کو بھری ہوئی③ کشتی میں (سوار کر کے) بچا لیا ﴿۱۱۹﴾ پھر اس کے بعد ہم نے باقی لوگوں کو غرق کر دیا ﴿۱۲۰﴾ یقیناً اس (واقعے) میں (عبرت کی) بڑی نشانی ہے اور ان میں اکثر لوگ ایمان لانے والے نہیں ﴿۱۲۱﴾ اور یقینی بات ہے کہ تمھارے رب وہی بڑے زبردست سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۱۲۲﴾

قومِ عاد نے رسولوں کو جھٹلایا ﴿۱۲۳﴾ جب کہ ان سے ان کے بھائی ہود (علیہ السلام) نے کہا کیا تم لوگ (اللہ تعالیٰ سے) ڈرتے نہیں ہو؟ ﴿۱۲۴﴾ یقیناً میں تو تمھارے لیے معتبر رسول ہوں④ ﴿۱۲۵﴾ سو تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور میری بات تم مان لو ﴿۱۲۶﴾ اور اس (تبلیغ کے کام) پر میں تم سے کوئی (دنیوی) بدلہ نہیں مانگتا ہوں، میرا اجر تو تمام عالموں کے رب ہی کے ذمے ہے ﴿۱۲۷﴾ کیا تم ہر اونچی جگہ پر یادگار (کی چیزیں) بنا کر کھیل (یعنی فضول کام) کرتے ہو؟⑤ ﴿۱۲۸﴾

---

① یعنی ان پر عذاب آوے۔

② حضرت نوح علیہ السلام نے نجات کی دعا کے موقع پر اپنے ساتھیوں کو بھی یاد رکھا اور ان کے لیے بھی نجات کی دعا کی، معلوم ہوا کہ اپنے ساتھیوں کی دینی و دنیوی فلاح کی فکر کرنا نبیوں کی سنت ہے۔

③ جن جانوروں اور پرندوں کی نسل باقی رکھنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقدر تھی ان سب کو کشتی میں ساتھ لیا گیا تھا۔

④ (دوسرا ترجمہ) امانت دار رسول ہوں۔

⑤ نام و نمود کے لیے اونچی اونچی عمارتیں بناتے تھے۔ اونچی عمارتوں کے بنانے میں غلو سے کام لیتے تھے اور اونچی عمارت پر بیٹھ کر نیچے گذرنے والوں کے ساتھ ناشائستہ حرکت کرتے تھے۔

وَتَتَّخِذُونَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُونَ ۝ وَإِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِينَ ۝ فَاتَّقُوا اللَّهَ
وَأَطِيعُونِ ۝ وَاتَّقُوا الَّذِي أَمَدَّكُمْ بِمَا تَعْلَمُونَ ۝ أَمَدَّكُمْ بِأَنْعَامٍ وَبَنِينَ ۝ وَجَنَّاتٍ
وَعُيُونٍ ۝ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ۝ قَالُوا سَوَاءٌ عَلَيْنَا أَوَعَظْتَ أَمْ لَمْ تَكُنْ
مِنَ الْوَاعِظِينَ ۝ إِنْ هَٰذَا إِلَّا خُلُقُ الْأَوَّلِينَ ۝ وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِينَ ۝ فَكَذَّبُوهُ فَأَهْلَكْنَاهُمْ ۚ
إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ مُؤْمِنِينَ ۝ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝

اور تم پکے محل بناتے ہو، شاید کہ تم کو (دنیا میں) ہمیشہ زندہ رہنا ہے① ﴿۱۲۹﴾ اور جب تم پکڑتے ہو تو بکے ظالم بن کر پکڑتے ہو② ﴿۱۳۰﴾ سو تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور میری بات تم مان لو ﴿۱۳۱﴾ اور تم اس (اللہ تعالیٰ) سے ڈرو جس نے ان چیزوں سے تمھاری مدد کی جو تم جانتے ہی ہو③ ﴿۱۳۲﴾ (یعنی) جانوروں اور اولاد ﴿۱۳۳﴾ اور باغات اور چشموں کے ذریعہ اس (اللہ تعالیٰ) نے تمھاری مدد کی ﴿۱۳۴﴾ میں تم پر بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں ﴿۱۳۵﴾ انھوں نے (یعنی قوم کے لوگوں نے) کہا: (اے ہود!) تو نصیحت کرے یا نصیحت کرنے والوں میں سے نہ بنے ہمارے لیے تو دونوں باتیں برابر ہیں ﴿۱۳۶﴾ یہ (جو) باتیں (تم کر رہے ہو وہ) تو پچھلوں کی بس ایک عادت رہی ہے④ ﴿۱۳۷﴾ اور ہم کو تو کوئی عذاب ہونے والا نہیں ہے ﴿۱۳۸﴾ سو ان لوگوں نے ان (ہود علیہ السلام) کو جھٹلایا تو پھر ہم نے ان سب کو ہلاک کر دیا، یقیناً اس میں (عبرت کی) بڑی نشانی ہے اور ان میں کے اکثر لوگ ایمان لانے والے نہیں ہیں ﴿۱۳۹﴾ اور یقیناً تمھارے رب وہی تو بڑے زبردست، بڑے رحم کرنے والے ہیں ﴿۱۴۰﴾

---

① یعنی جو عمارتیں محض کاری گیری کے مظاہرہ کے لئے بنائی جاویں۔ زرق برق پرشکوہ عمارتیں، لگتا ایسا ہے کہ دائمی اس میں رہنا ہے۔

② غریبوں پر ظلم کرتے تھے، معمولی غلطی پر بھاری گرفت کرتے تھے۔ کیسی تضاد عملی والی زندگی: ایک طرف عمارتوں کے پیچھے دولت کو خوب لگا رہے ہیں، دوسری طرف غریبوں پر زیادتی، ظلم؟

③ (دوسرا ترجمہ) ایسی ایسی چیزیں دیکر تمھاری طاقت بڑھائی جو تم جانتے نہیں ہو۔

④ یعنی گزرے ہوئے زمانے کے نبیوں کی اسی طرح باتیں ہوا کرتی تھیں۔

كَذَّبَتْ ثَمُودُ الْمُرْسَلِينَ ۝ إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ صَالِحٌ أَلَا تَتَّقُونَ ۝ إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ۝ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ۝ وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۚ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ أَتُتْرَكُونَ فِي مَا هَاهُنَا آمِنِينَ ۝ فِي جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ۝ وَزُرُوعٍ وَنَخْلٍ طَلْعُهَا هَضِيمٌ ۝ وَتَنْحِتُونَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا فَارِهِينَ ۝ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ۝ وَلَا تُطِيعُوا أَمْرَ الْمُسْرِفِينَ ۝ الَّذِينَ يُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ وَلَا يُصْلِحُونَ ۝ قَالُوا إِنَّمَا أَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِينَ ۝ مَا أَنْتَ إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُنَا فَأْتِ بِآيَةٍ إِنْ كُنْتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ۝ قَالَ هَٰذِهِ نَاقَةٌ لَهَا شِرْبٌ وَلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَعْلُومٍ ۝

قومِ ثمود نے رسولوں کو جھٹلایا ﴿۱۴۱﴾ جب ان سے ان کے بھائی صالح (علیہ السلام) نے کہا: کیا تم لوگ (اللہ تعالیٰ سے) ڈرتے نہیں ہو؟ ﴿۱۴۲﴾ یقیناً میں تمھارے لیے امانت دار رسول ہوں ﴿۱۴۳﴾ سو تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور میری بات مان لو ﴿۱۴۴﴾ اور میں تم سے اس (تبلیغ کے کام) پر کوئی (دنیوی) بدلہ نہیں مانگتا ہوں، میرا بدلہ تو تمام عالموں کے رب پر ہے ﴿۱۴۵﴾ کیا تم کو یہاں کی نعمتوں میں اطمینان کے ساتھ (ہمیشہ) رہنے دیا جاوے گا؟① ﴿۱۴۶﴾ باغوں میں اور چشموں میں؟ اور کھیتیوں میں اور کھجوروں میں کہ جس کے خوشے نرم ہیں؟② ﴿۱۴۷﴾ ﴿۱۴۸﴾ اور کیا تم پہاڑوں کو تراش کر بڑے ناز کے ساتھ③ گھر بناتے رہو گے؟ ﴿۱۴۹﴾ سو تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور میری بات مان لو ﴿۱۵۰﴾ اور تم حد سے آگے بڑھنے والوں کا حکم (یعنی کہنا) مت مانو ﴿۱۵۱﴾ جو لوگ زمین میں فساد مچاتے ہیں اور اصلاح نہیں کرتے④ ﴿۱۵۲﴾ وہ (یعنی قوم کے) لوگ کہنے لگے: یقیناً تم پر بڑا بھاری جادو کر دیا گیا ہے ﴿۱۵۳﴾ تم تو ہمارے جیسے ہی ایک (معمولی) انسان ہو، اگر تم سچے ہو تو (اپنے نبی ہونے کی) کوئی نشانی لاؤ ﴿۱۵۴﴾ صالح علیہ السلام نے کہا: یہ اونٹنی ہے اس کے لیے پانی پینے کی ایک باری ہے اور تمھارے (جانوروں کے لیے) پانی پینے کی باری مقرر دن میں ہے ﴿۱۵۵﴾

---

① آخرت سے بے فکری بھی اس دور میں عام ہے۔ ② (دوسرا ترجمہ) جن کے خوشے ایک دوسرے میں پیوست ہے یعنی کھجوروں میں بہت زیادہ پھل آتے ہیں۔ ③ یعنی اتراتے ہوئے۔ ایک معنیٰ ماہرین بھی ہیں، وہ اس طرح کے مکانات بنانے میں بڑے ماہر تھے۔ ④ ذمے داروں کے دو اہم کام: [۱] امن قائم کرنا۔ [۲] اصلاح کرنا۔

وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿١٥٦﴾ فَعَقَرُوْهَا فَاَصْبَحُوْا نٰدِمِيْنَ ﴿١٥٧﴾ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٥٨﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿١٥٩﴾

كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطِ ﹰالْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٦٠﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ لُوْطٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿١٦١﴾ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿١٦٢﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١٦٣﴾ وَمَاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٦٤﴾ اَتَاْتُوْنَ الذُّكْرَانَ مِنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٦٥﴾ وَتَذَرُوْنَ مَا خَلَقَ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ عٰدُوْنَ ﴿١٦٦﴾

اور تم بری نیت سے اس (اونٹنی) کو ہاتھ بھی مت لگانا، ورنہ تم کو بڑے (خطرناک) دن کا عذاب پکڑ لے گا ﴿۱۵۶﴾ پھر (ہوا یہ کہ) انھوں نے اس (اونٹنی) کی کونچیں کاٹ ڈالیں①، پھر وہ پچھتاتے ہوئے رہ گئے ﴿۱۵۷﴾ انجام یہ ہوا کہ ان کو عذاب نے پکڑ لیا، یقیناً اس میں بڑی (عبرت کی) نشانی ہے اور ان میں کے اکثر لوگ ایمان لانے والے نہیں ہیں ﴿۱۵۸﴾ اور یقیناً تمھارے رب وہی بڑے زبردست، بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۱۵۹﴾

لوط (علیہ السلام) کی قوم نے رسولوں کو جھٹلایا ﴿۱۶۰﴾ جب ان سے ان کے بھائی لوط (علیہ السلام) نے کہا: کیا تم لوگ (اللہ تعالیٰ سے) ڈرتے نہیں ہو؟ ﴿۱۶۱﴾ یقیناً میں تمھارے لیے معتبر رسول ہوں ﴿۱۶۲﴾ سو تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور میری بات مانو ﴿۱۶۳﴾ اور میں تم سے اس (تبلیغ کے کام) پر کوئی بدلہ نہیں مانگتا ہوں، میرا بدلہ تو تمام عالموں کے رب پر ہے ﴿۱۶۴﴾ کیا تمام عالموں کے لوگوں میں تم ہی ہو جو مردوں (یعنی لڑکوں) کے پاس جاتے ہو②﴿۱۶۵﴾ اور تمھارے رب نے تمھارے لیے جو تمھاری بیویاں پیدا کی ہیں ان کو تم چھوڑتے ہو③؟ بلکہ تم (انسانیت کی) حد سے بالکل آگے گزرے ہوئے لوگ ہو ﴿۱۶۶﴾

---

① یعنی اس کو مار ڈالا۔ ② اس سے پہلے دنیا کی کسی قوم میں یہ گناہ نہیں تھا، جانور تک اس گناہ میں مبتلا نہ ہوتے۔

③ بیوی حلال ہے اس کے خاص مقام — فرج — میں صحبت کرو، تم حلال بیوی کی فرج چھوڑ کر دوسرے گندے کام میں مت پڑو، اپنی بیوی کی دبر بھی حرام ہے۔

قَالُوۡا لَئِنۡ لَّمۡ تَنۡتَهِ يٰلُوۡطُ لَتَكُوۡنَنَّ مِنَ الۡمُخۡرَجِيۡنَ ﴿١٦٧﴾ قَالَ اِنِّىۡ لِعَمَلِكُمۡ مِّنَ الۡقَالِيۡنَ ﴿١٦٨﴾ رَبِّ نَجِّنِىۡ وَاَهۡلِىۡ مِمَّا يَعۡمَلُوۡنَ ﴿١٦٩﴾ فَنَجَّيۡنٰهُ وَاَهۡلَهٗۤ اَجۡمَعِيۡنَ ﴿١٧٠﴾ اِلَّا عَجُوۡزًا فِى الۡغٰبِرِيۡنَ ﴿١٧١﴾ ثُمَّ دَمَّرۡنَا الۡاٰخَرِيۡنَ ﴿١٧٢﴾ وَاَمۡطَرۡنَا عَلَيۡهِمۡ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الۡمُنۡذَرِيۡنَ ﴿١٧٣﴾ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكۡثَرُهُمۡ مُّؤۡمِنِيۡنَ ﴿١٧٤﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الرَّحِيۡمُ ﴿١٧٥﴾

كَذَّبَ اَصۡحٰبُ لۡئَيۡكَةِ الۡمُرۡسَلِيۡنَ ﴿١٧٦﴾ اِذۡ قَالَ لَهُمۡ شُعَيۡبٌ اَلَا تَتَّقُوۡنَ ﴿١٧٧﴾ اِنِّىۡ لَـكُمۡ رَسُوۡلٌ اَمِيۡنٌ ﴿١٧٨﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيۡعُوۡنِ ﴿١٧٩﴾

وہ (قوم کے لوگ) کہنے لگے: اے لوط! اگر تو (یہ بات) نہیں چھوڑے گا تو یقیناً (بستی سے) باہر نکال دیا جائے گا① ﴿١٦٧﴾ لوط علیہ السلام نے کہا: یقیناً میں تمہارے (اس برے) کام سے سخت نفرت کرتا ہوں ﴿١٦٨﴾ اے میرے رب! مجھ کو اور میرے گھر والوں کو جو (برے) کام وہ (قوم کے لوگ) کر رہے ہیں اس سے نجات عطا فرمائیے② ﴿١٦٩﴾ سو ہم نے ان (لوط علیہ السلام) کو اور ان کے سب گھر والوں③ کو نجات دی ﴿١٧٠﴾ مگر ایک بڑھیا جو پیچھے رہ جانے والوں میں شامل رہی④ ﴿١٧١﴾ پھر ہم نے دوسرے لوگوں کو ہلاک کر دیا ﴿١٧٢﴾ اور ہم نے ان پر (عجیب قسم کے پتھر کی) بارش برسائی، سو جن لوگوں کو ڈرایا گیا تھا ان پر بہت بری بارش تھی ﴿١٧٣﴾ یقیناً اس میں بڑی (عبرت کی) نشانی ہے اور ان میں کے اکثر لوگ ایمان لانے والے نہیں ہیں ﴿١٧٤﴾ اور یقیناً تمہارے رب وہی بڑے زبردست، بڑے رحم کرنے والے ہیں⑤ ﴿١٧٥﴾

بَن (یعنی گھنے جنگل) کے رہنے والوں نے رسولوں کو جھٹلایا ﴿١٧٦﴾ جب ان سے شعیب (علیہ السلام) نے کہا کہ: کیا تم لوگ (اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرنے سے) ڈرتے نہیں ہو؟ ﴿١٧٧﴾ یقیناً میں تمہارے لیے امانت دار رسول ہوں ﴿١٧٨﴾ سو تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور میری بات مانو ﴿١٧٩﴾

---

① مصلحین وصالحین کو دھمکی دینا اور خود سدھرنے کی کوشش نہ کرنا انتہائی قساوت قلبی کی بات ہے جو قوم لوط کا طریقہ ہے۔

② یعنی ایسے برے کاموں پر جو عذاب آنے والا ہے اس سے نجات عطا فرمائیے۔

③ اہل ایمان مراد ہیں۔ ④ یعنی حضرت لوط علیہ السلام کی بیوی جو ایمان نہیں لائی۔

⑤ اس علاقہ کا حال بندے کے سفرنامہ کی دوسری جلد میں ملاحظہ فرمائیں۔

وَ مَاۤ اَسۡـَٔلُكُمۡ عَلَیۡهِ مِنۡ اَجۡرٍ ۚ اِنۡ اَجۡرِیَ اِلَّا عَلٰی رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۱۸۰﴾ اَوۡفُوا الۡكَیۡلَ وَ لَا تَكُوۡنُوۡا مِنَ الۡمُخۡسِرِیۡنَ ﴿۱۸۱﴾ وَ زِنُوۡا بِالۡقِسۡطَاسِ الۡمُسۡتَقِیۡمِ ﴿۱۸۲﴾ وَ لَا تَبۡخَسُوا النَّاسَ اَشۡیَآءَهُمۡ وَ لَا تَعۡثَوۡا فِی الۡاَرۡضِ مُفۡسِدِیۡنَ ﴿۱۸۳﴾ وَ اتَّقُوا الَّذِیۡ خَلَقَكُمۡ وَ الۡجِبِلَّةَ الۡاَوَّلِیۡنَ ﴿۱۸۴﴾ قَالُوۡۤا اِنَّمَاۤ اَنۡتَ مِنَ الۡمُسَحَّرِیۡنَ ﴿۱۸۵﴾ وَ مَاۤ اَنۡتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثۡلُنَا وَ اِنۡ نَّظُنُّكَ لَمِنَ الۡكٰذِبِیۡنَ ﴿۱۸۶﴾ فَاَسۡقِطۡ عَلَیۡنَا كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ اِنۡ كُنۡتَ مِنَ الصّٰدِقِیۡنَ ﴿۱۸۷﴾ قَالَ رَبِّیۡۤ اَعۡلَمُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۱۸۸﴾ فَكَذَّبُوۡهُ فَاَخَذَهُمۡ عَذَابُ یَوۡمِ الظُّلَّةِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَذَابَ یَوۡمٍ عَظِیۡمٍ ﴿۱۸۹﴾ اِنَّ فِیۡ ذٰلِكَ لَاٰیَةً ؕ وَ مَا كَانَ اَكۡثَرُهُمۡ مُّؤۡمِنِیۡنَ ﴿۱۹۰﴾

اور میں تم سے اس (تبلیغ کے کام) پر کوئی (دنیوی) بدلہ نہیں مانگتا ہوں، میرا بدلہ تو تمام عالموں کے رب پر ہے﴿۱۸۰﴾ تم پورا پورا ناپ کر دیا کرو① اور نقصان پہنچانے والے مت بنو②﴿۱۸۱﴾ اور تم سیدھی ترازو③ سے تولا کرو﴿۱۸۲﴾ اور لوگوں کو ان کی چیزیں گھٹا کر مت دیا کرو اور تم زمین میں فساد مچاتے مت پھرو﴿۱۸۳﴾ اور تم اس (اللہ تعالیٰ) سے ڈرو جس نے تم کو اور اگلی تمام مخلوقات کو پیدا کیا﴿۱۸۴﴾ وہ لوگ کہنے لگے: یقیناً تجھ پر تو کسی نے بڑا بھاری جادو کر دیا گیا ہے④﴿۱۸۵﴾ تم ہمارے جیسے ایک (معمولی) آدمی ہی تو ہو اور ہمارا تو (تمہارے بارے میں) پکا خیال ہے کہ تم جھوٹے لوگوں میں سے ہو﴿۱۸۶﴾ اگر تم سچے ہو تو ہم پر آسمان کا کوئی ٹکڑا گرا دو﴿۱۸۷﴾ شعیب علیہ السلام نے کہا: جو کام تم کر رہے ہو میرے رب اس کو اچھی طرح جانتے ہیں⑤﴿۱۸۸﴾ سو (قوم کے) لوگوں نے ان (شعیب علیہ السلام) کو جھٹلایا، سو سائبان والے دن کے عذاب نے ان کو پکڑا، یقیناً وہ بڑے (خوفناک) دن کا عذاب تھا﴿۱۸۹﴾ یقیناً اس میں بڑی (عبرت کی) نشانی ہے اور ان میں کے اکثر لوگ ایمان لانے والے نہیں﴿۱۹۰﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) پیمانہ پورا بھرا کرو۔ ② (دوسرا ترجمہ) اور تم دوسروں کو گھاٹے میں ڈالنے والوں میں سے مت بنو۔

③ ناپ تول کے تمام قسم کے آلات اس میں شامل ہے۔

④ (دوسرا ترجمہ) جن پر بڑا بھاری جادو کر دیا ہو تم ان لوگوں میں سے ہو۔

⑤ لہذا کس کو کب عذاب بھیجنا ہمارا کام نہیں ہے، اللہ تعالیٰ کے علم و قدرت میں ہے۔

وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿١٩١﴾

وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٩٢﴾ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ﴿١٩٣﴾ عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿١٩٤﴾ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ ﴿١٩٥﴾ وَاِنَّهٗ لَفِيْ زُبُرِ الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٩٦﴾ اَوَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ اٰيَةً اَنْ يَّعْلَمَهٗ عُلَمٰٓؤُا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿١٩٧﴾ وَلَوْ نَزَّلْنٰهُ عَلٰى بَعْضِ الْاَعْجَمِيْنَ ﴿١٩٨﴾ فَقَرَاَهٗ عَلَيْهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿١٩٩﴾ كَذٰلِكَ سَلَكْنٰهُ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿٢٠٠﴾ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿٢٠١﴾ فَيَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٢٠٢﴾ فَيَقُوْلُوْا هَلْ نَحْنُ مُنْظَرُوْنَ ﴿٢٠٣﴾

اور یقیناً تمھارے رب وہی بڑے زبردست اور بڑے رحم کرنے والے ہیں ﴿۱۹۱﴾

اور یقیناً وہ (قرآن) تو تمام عالموں کے رب ہی کا اتارا ہوا ہے ﴿۱۹۲﴾ تمھارے دل پر ایک امانت دار فرشتہ اس (قرآن) کو لے کر اترا ہے؛ تاکہ تم ڈرانے والے رسولوں میں شامل ہو جاؤ ﴿۱۹۳﴾﴿۱۹۴﴾ (وہ فرشتہ) کھول کر بیان کرنے والی عربی زبان میں (لے کر اترا ہے) ﴿۱۹۵﴾ اور یقیناً اس (قرآن) کا تذکرہ پچھلی آسمانی کتابوں میں موجود ہے ﴿۱۹۶﴾ کیا ان (کافروں) کے لیے یہ دلیل نہیں ہے کہ اس (قرآن) کو بنی اسرائیل کے علما جانتے ہیں①؟ ﴿۱۹۷﴾ اور اگر ہم (بالفرض) اس (قرآن) کو کسی عجمی شخص پر اتار دیتے ﴿۱۹۸﴾ اور وہ (عجمی شخص) ان کے سامنے پڑھ بھی دیتا تب بھی وہ (ضد کی وجہ سے) اس پر ایمان نہ لاتے② ﴿۱۹۹﴾ اسی طرح ہم نے مجرموں کے دلوں میں اس (انکار) کو داخل کر دیا ہے③ ﴿۲۰۰﴾ یہ لوگ اس وقت تک اس (قرآن) پر ایمان نہیں لائیں گے جب تک وہ دردناک عذاب دیکھ نہ لیویں ﴿۲۰۱﴾ اور وہ (عذاب) ان پر اس طرح اچانک آجائے گا کہ ان کو (پہلے سے) خبر بھی نہیں ہوگی ﴿۲۰۲﴾ اس وقت یہ (مجرم) لوگ کہیں گے کہ: کیا ہم کو کچھ مہلت مل سکتی ہے؟ ﴿۲۰۳﴾

---

① جو بنی اسرائیل کے علماء ایمان لائے وہ قرآن کی حقانیت کو علی الاعلان بتاتے تھے اور جو ایمان نہ لائے وہ تنہائی میں حقانیت کا تذکرہ کرتے تھے۔

② غیر عربی شخص جس کو عربی پر قدرت نہ ہو وہ پڑھ دیتے تب بھی معجزہ ہوتا اور زیادہ واضح ہوتا پھر بھی یہ ضد میں ایمان نہ لاتے۔ ③ کان سے قرآن اس طرح سنا کہ اس کا اثر نہ ہوا، فائدہ نہیں اٹھا سکے۔ قرآن کی تکذیب ان کی طبیعت بن گئی تھی۔

أَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُونَ ﴿٢٠٤﴾ أَفَرَءَيْتَ إِن مَّتَّعْنَاهُمْ سِنِينَ ﴿٢٠٥﴾ ثُمَّ جَاءَهُم مَّا كَانُوا يُوعَدُونَ ﴿٢٠٦﴾ مَا أَغْنَىٰ عَنْهُم مَّا كَانُوا يُمَتَّعُونَ ﴿٢٠٧﴾ وَمَا أَهْلَكْنَا مِن قَرْيَةٍ إِلَّا لَهَا مُنذِرُونَ ﴿٢٠٨﴾ ذِكْرَىٰ وَمَا كُنَّا ظَالِمِينَ ﴿٢٠٩﴾ وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيَاطِينُ ﴿٢١٠﴾ وَمَا يَنبَغِي لَهُمْ وَمَا يَسْتَطِيعُونَ ﴿٢١١﴾ إِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُولُونَ ﴿٢١٢﴾ فَلَا تَدْعُ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ فَتَكُونَ مِنَ الْمُعَذَّبِينَ ﴿٢١٣﴾ وَأَنذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ ﴿٢١٤﴾ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿٢١٥﴾ فَإِنْ عَصَوْكَ فَقُلْ إِنِّي بَرِيءٌ مِّمَّا تَعْمَلُونَ ﴿٢١٦﴾

تو کیا وہ (مجرم اس وقت) ہمارے عذاب کو جلدی مانگتے ہیں؟ ﴿۲۰۴﴾ بھلا تو دیکھ! اگر ہم ان کو کئی برسوں تک (عیش کے سامان سے) مزے اڑانے دیویں ﴿۲۰۵﴾ پھر ان کے پاس وہ (عذاب) آجاوے جس سے ان کو ڈرایا جارہا ہے ﴿۲۰۶﴾ تو جو مزہ وہ اڑاتے رہے وہ ان کو کیا کام آئے گا①؟ ﴿۲۰۷﴾ جس بستی میں (اللہ تعالیٰ کی نافرمانی پر) ڈرانے والے (نبی یا ان کے نائب) نصیحت کرنے کے لیے نہ آئے ہوں ایسی کسی بستی کو ہم نے کبھی ہلاک ہی نہیں کیا② ﴿۲۰۸﴾ اور ظلم کرنا ہمارا کام نہیں ہے ﴿۲۰۹﴾ اور شیاطین اس (قرآن) کو لے کر اترے نہیں ہیں ﴿۲۱۰﴾ اور یہ (قرآن لے کر اترنے کا کام) ان کے مناسب نہیں ہے اور نہ تو وہ (ایسا کام) کر سکتے ہیں ﴿۲۱۱﴾ یقینی بات ہے کہ ان (شیاطین) کو (قرآن) سننے سے بھی دور کردیا گیا ہے③ ﴿۲۱۲﴾ سو تم اللہ تعالیٰ کے ساتھ دوسرے معبود کی عبادت مت کرو، ورنہ تم ان لوگوں میں شامل ہو جاؤ گے جن کو عذاب دیا جائے گا ﴿۲۱۳﴾ اور (اے نبی!) تم اپنے قریبی رشتے داروں کو (نافرمانی پر اللہ تعالیٰ کے عذاب سے) ڈراؤ ﴿۲۱۴﴾ اور جو ایمان والے تمھارے ساتھ چلے ان کے لیے (شفقت کا) اپنا بازو جھکادو④ ﴿۲۱۵﴾ سو اگر وہ تمھاری نافرمانی کریں تو ان کو کہہ دو کہ: جو کام تم کررہے ہو اس سے میرا کوئی تعلق نہیں ہے ﴿۲۱۶﴾

---

① یعنی دنیا کے عیش میں اضافے سے عذاب میں تخفیف نہ ہوگی۔ ② (دوسرا ترجمہ) جس بستی کو بھی ہم نے (عذاب سے) ہلاک کیا تو اس بستی میں (پہلے ہی سے ہماری طرف سے) ڈرانے والے نصیحت کرنے کی غرض سے پہنچ چکے تھے۔

③ (دوسرا ترجمہ) روک دیا گیا۔

④ ہر مومن چاہے وہ رشتہ دار ہو یا نہ ہو اس کے ساتھ شفقت سے پیش آنا ہے۔

وَتَوَكَّلْ عَلَى الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ﴿٢١٧﴾ الَّذِيْ يَرٰىكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ﴿٢١٨﴾ وَتَقَلُّبَكَ فِي السّٰجِدِيْنَ ﴿٢١٩﴾ اِنَّهٗ
هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٢٢٠﴾ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ عَلٰى مَنْ تَنَزَّلُ الشَّيٰطِيْنُ ﴿٢٢١﴾ تَنَزَّلُ عَلٰى كُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ﴿٢٢٢﴾
يُّلْقُوْنَ السَّمْعَ وَاَكْثَرُهُمْ كٰذِبُوْنَ ﴿٢٢٣﴾ وَالشُّعَرَآءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ ﴿٢٢٤﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّهُمْ فِيْ كُلِّ وَادٍ
يَّهِيْمُوْنَ ﴿٢٢٥﴾ وَاَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ ﴿٢٢٦﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَذَكَرُوا اللّٰهَ
كَثِيْرًا وَّانْتَصَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا ۭ وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ ﴿٢٢٧﴾

اور بڑے زبردست، بڑے رحم کرنے والے (اللہ تعالیٰ) پر تم بھروسہ کرو ﴿۲۱۷﴾ جو تم کو اس وقت بھی دیکھتے ہیں جب تم (عبادت کے لیے) کھڑے ہوتے ہو ﴿۲۱۸﴾ اور (نماز کے علاوہ) نمازیوں میں تمھارے آنے جانے کو بھی (وہ دیکھتے ہیں) (۱) ﴿۲۱۹﴾ یقین رکھو وہی (اللہ تعالیٰ) اچھی طرح سنتے ہیں، اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۲۲۰﴾ (اے نبی! لوگوں سے کہو) کیا میں تم کو بتاؤں کہ شیاطین کن لوگوں پر اترتے ہیں؟ ﴿۲۲۱﴾ (شیاطین تو) ہر بڑے جھوٹے، بڑے گنہگار پر اترتے ہیں ﴿۲۲۲﴾ جو (شیاطین سے) سنی سنائی بات لا ڈالتے ہیں (۲) اور ان میں کے اکثر جھوٹے ہیں (۳) ﴿۲۲۳﴾ اور شاعر کہ ان کی باتوں پر تو گمراہ (۴) لوگ ہی چلتے ہیں ﴿۲۲۴﴾ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ وہ ہر میدان میں سر مارتے پھرتے ہیں (۵) ﴿۲۲۵﴾ اور وہ یقیناً (زبان سے) ایسی باتیں کہا کرتے ہیں جو وہ کرتے نہیں ہیں ﴿۲۲۶﴾ مگر وہ (شاعران سے الگ ہیں) جو ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے اور اللہ تعالیٰ کا (۶) بہت ذکر کیا اور ان پر ظلم ہو جانے کے بعد انھوں نے بدلہ لیا (۷) اور ظلم کرنے والوں کو عنقریب پتہ چل جائے گا کہ کس جگہ (یعنی برے انجام) کی طرف ان کو پلٹ کر کے جانا ہے ﴿۲۲۷﴾

---

(۱) (دوسرا ترجمہ) سجدہ کرنے والوں میں آپ کے منتقل ہونے کو بھی وہ اللہ جانتے ہیں یعنی نمازیوں کے ساتھ جب آپ نماز میں ہوتے ہو اس وقت اور نماز کے علاوہ آپ کے اٹھنے بیٹھنے کو اللہ تعالیٰ دیکھتے ہیں۔

(۲) (دوسرا ترجمہ) جو شیاطین کی باتوں کی طرف کان لگا کر رکھتے ہیں (یعنی جب شیاطین کاہنوں کے پاس جھوٹی خبریں لاتے ہیں تب پورے دھیان سے ان کی بات سنتے ہیں)۔

(۳) یعنی شیاطین سنی سنائی ان کو سناتے ہیں اور وہ لوگوں کو جھوٹ ملا کر سناتے ہیں۔ (۴) حقائق سے دور خیالات اور بیجا مبالغے عام شاعری کا حال ہوتا ہے۔ (۵) (دوسرا ترجمہ) حیران پھرا کرتے ہیں۔ (۶) اشعار میں اور بغیر اشعار کے۔

(۷) یعنی دشمنوں کو شاعری کے انداز سے اچھا جواب دیا۔ تائیدِ دین، اشاعتِ دین کے اشعار بھی شامل ہے۔

سورة النمل

(المكية)

أياتها: ۹۳۔ رکوعاتها: ۷

یہ سورت مکی ہے، اس میں ترانوے (۹۳) یا پچانوے (۹۵) آیتیں ہیں، سورہ شعراء کے بعد اور سورہ قصص سے پہلے اڑتالیس (۴۸) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں چونٹی کا تذکرہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

طٰسٓ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَ كِتَابٍ مُّبِيْنٍ ۙ۝۱ هُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝۲ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝۳ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ زَيَّنَّا لَهُمْ اَعْمَالَهُمْ فَهُمْ يَعْمَهُوْنَ ۝۴ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْعَذَابِ وَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ۝۵ وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ ۝۶ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِاَهْلِهٖٓ اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ نَارًا ۭ سَاٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ اٰتِيْكُمْ بِشِهَابٍ قَبَسٍ لَّعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ۝۷

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

طٰس، یہ قرآن کی اور (حقیقت کو) کھولنے والی کتاب کی آیتیں ہیں ﴿۱﴾ (ایسے) ایمان والوں کے لیے ہدایت اور خوش خبری ہے ﴿۲﴾ جو نماز کو قائم کرتے ہیں اور وہ زکوۃ دیتے ہیں اور وہ آخرت پر یقین رکھتے ہیں ﴿۳﴾ حقیقت میں جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ہم نے ان کے (برے) اعمال ان کی نظروں میں خوش نما بنا دیے، سو وہ (حق سے دور جہالت میں) بھٹکتے پھرتے ہیں① ﴿۴﴾ ان ہی لوگوں کے لیے (دنیا میں بھی) برا عذاب ہے اور وہ آخرت میں سب سے زیادہ نقصان اٹھانے والے ہوں گے ﴿۵﴾ اور یقیناً تم کو یہ قرآن بڑے ہی حکمت والے، بڑے جاننے والے (اللہ تعالیٰ) کی طرف سے عطا کیا جا رہا ہے② ﴿۶﴾ (اے نبی! موسیٰ علیہ السلام کا وہ واقعہ بھی ان کو سناؤ) جب موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنے گھر والوں سے (مدین سے آتے ہوئے) کہا: کہ میں نے ایک آگ دیکھی ہے، میں ابھی وہاں سے تمھارے پاس کوئی خبر لے کر آتا ہوں یا آگ کا انگارہ سلگا کر تمھارے پاس لے آتا ہوں؛ تاکہ تم (اس سے) گرمی حاصل کر سکو③ ﴿۷﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) برابر بھٹکتے پھرتے ہیں (تیسرا) سو وہ کھیل میں پڑے ہیں۔

② (دوسرا ترجمہ) پہنچ رہا ہے۔ لفظ "تُلَقّٰی" سے تکلیف اور مشقت کا معنیٰ بھی نکلتا ہے، مراد وحی کے نزول کے وقت کی مشقت۔ ③ گھر والوں کی ضروریات کی تکمیل کی فکر شوہر کے ذمے ہے۔ بیوی کو بھی اکرام کے الفاظ سے خطاب کرے۔

فَلَمَّا جَآءَهَا نُوْدِیَ اَنْۢ بُوْرِكَ مَنْ فِی النَّارِ وَ مَنْ حَوْلَهَا ؕ وَ سُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ⑧ یٰمُوْسٰۤی اِنَّهٗۤ اَنَا اللّٰهُ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ⑨ وَ اَلْقِ عَصَاكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰی مُدْبِرًا وَّ لَمْ یُعَقِّبْ ؕ یٰمُوْسٰی لَا تَخَفْ ۫ اِنِّیْ لَا یَخَافُ لَدَیَّ الْمُرْسَلُوْنَ ⑩ اِلَّا مَنْ ظَلَمَ ثُمَّ بَدَّلَ حُسْنًۢا بَعْدَ سُوْٓءٍ فَاِنِّیْ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ⑪ وَ اَدْخِلْ یَدَكَ فِیْ جَیْبِكَ تَخْرُجْ بَیْضَآءَ مِنْ غَیْرِ سُوْٓءٍ ۫ فِیْ تِسْعِ اٰیٰتٍ اِلٰی فِرْعَوْنَ وَ قَوْمِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِیْنَ ⑫

سو جب وہ (موسیٰ علیہ السلام) اس (آگ) کے پاس پہنچے تو آواز دی گئی جو آگ میں ہیں اور جو اس (آگ) کے آس پاس ہے ① اس پر برکت ہو اور اللہ تعالیٰ تو پاک ہیں، جو تمام عالموں کے رب ہیں ﴿۸﴾ اے موسیٰ! حقیقت میں ② میں اللہ ہی ہوں، بڑا زبردست، بڑی حکمت والا (ہوں) ﴿۹﴾ (اے موسیٰ!) اور تم اپنی لاٹھی کو (زمین پر) ڈالو، پھر جب اس (موسیٰ علیہ السلام) نے اس (لاٹھی) کو دیکھا کہ وہ اس طرح ہلتی ہے ③ جیسے کوئی (تیز دوڑنے والا سفید پتلا) سانپ ہو، تو وہ (موسیٰ علیہ السلام) پیٹھ پھیر کر بھاگے اور پلٹ کر دیکھا بھی نہیں (اللہ تعالیٰ نے فرمایا:) اے موسیٰ! ڈرو نہیں، میرے پاس (کوئی) رسول ڈرا نہیں کرتے ④ ﴿۱۰﴾ الا یہ کہ کسی نے کوئی زیادتی کی ہو ⑤ پھر برائی کے بعد اس کے بدلے نیکی کرے تو پھر یقین رکھنا کہ میں بہت زیادہ معاف کرنے والا اور سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہوں ﴿۱۱﴾ اور تم (اے موسیٰ!) اپنے ہاتھ کو اپنے گریبان میں داخل کرو تو وہ بغیر کسی بیماری کے سفید (یعنی روشن) ہو کر نکلے گا (یہ دونوں معجزے ملا کر) نو نشانیاں لے کر فرعون اور اس کی قوم کی طرف تم جاؤ یقیناً وہ نافرمان قوم ہے ﴿۱۲﴾

---

① وہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ملائکہ موجود تھے۔ بعض حضرات نے نار سے نورِ الٰہی مراد لیا ہے؛ چوں کہ نور کو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے پہلے آگ سمجھا تھا۔

② (دوسرا ترجمہ) یقینی بات یہ ہے کہ۔

③ (دوسرا ترجمہ) پھن مارتی ہے۔

④ نبوت کا اعزاز جب ملے تب کوئی رسول ڈرتے نہیں؛ اس لیے تم کو بھی ڈرنا نہ چاہیے۔ یا جو چیز نبوت کی علامت بن رہی ہو اس سے ڈرنا نہیں۔ ⑤ تو اس لغزش کو یاد کر کے ڈرے اس میں حرج نہیں۔

فَلَمَّا جَاۗءَتْهُمْ اٰيٰتُنَا مُبْصِرَةً قَالُوْا ھٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَجَحَدُوْا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَآ اَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَّعُلُوًّا ۭ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ۝

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ عِلْمًا ۚ وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ فَضَّلَنَا عَلٰي كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَوَرِثَ سُلَيْمٰنُ دَاوٗدَ وَقَالَ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّيْرِ وَاُوْتِيْنَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ ۭ اِنَّ ھٰذَا لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِيْنُ ۝ وَحُشِرَ لِسُلَيْمٰنَ جُنُوْدُهٗ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالطَّيْرِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ۝

پھر جب ان (فرعونیوں) کے پاس ہمارے روشن معجزا تپہنچے ① تو وہ کہنے لگے کہ: یہ تو کھلم کھلا جادو ہے ﴿۱۳﴾ اوران لوگوں کے دل اس (سچائی) کا یقین کر چکے تھے، پھر بھی انھوں نے ظلم اور تکبر کی وجہ سے اس کاانکار کیا، سوتم دیکھو کہ فساد (یعنی شرارت) کرنے والوں کاانجام کیسا ہو؟ ﴿۱۴﴾

اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے داؤد اور سلیمان (علیہما السلام) کو ایک (خاص) علم عطا کیا تھا② اور (اس پر) وہ دونوں کہنے لگے: اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جس نے ہم کو بہت سارے ایمان والے بندوں پر فضیلت عطا فرمائی ہے ﴿۱۵﴾ اور سلیمان (علیہ السلام) داؤد (علیہ السلام) کے قائم مقام بنے③ اور سلیمان علیہ السلام نے کہا: اے لوگو! ہم کو پرندوں کی بولی سکھائی گئی ہے اور ہم کو ہر قسم کی (ضروری) چیز دی گئی ہے④ یقیناً یہ (حکومت، نبوت اللہ تعالیٰ کا) کھلا ہوا فضل ہے ﴿۱۶﴾ اور سلیمان (علیہ السلام) کے لیے ان کا لشکر جنات اور انسان اور پرندوں میں سے جمع کیا گیا، سو ان کی جماعتیں⑤ بنائی جاتی تھیں⑥ ﴿۱۷﴾

① آنکھوں کو کھول دیوے، توحید سمجھا دیوے ویسے۔ نبیوں کے معجزات لوگوں کو توحید اور رسالت سمجھانے کے خاطر ہوتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے بندے اللہ تعالیٰ سے جڑ جاویں، دنیا کے جادوگروں کی طرح صرف لوگوں کو متأثر کرنا اور خود کا گرویدہ بنانا مقصود نہیں ہوتا۔

② یعنی شریعت کا اور حکومت کا نظام چلانے کا۔

③ حکومت اور علوم نبوت دونوں میں۔

④ اس دور کے اعتبار سے۔

⑤ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ باری تعالیٰ کو نظم و نسق اور جماعت بندی، ترتیب سے کام کرنا پسند ہے اس لیے یہاں مدح کے انداز میں تذکرہ کیا۔ ⑥ (دوسرا ترجمہ) ان کو قابو میں رکھا جاتا تھا (تیسرا) ان کو روکا جاتا تھا۔

حَتّٰۤى اِذَاۤ اَتَوْا عَلٰى وَادِ النَّمْلِ ۙ قَالَتْ نَمْلَةٌ يّٰۤاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ ۚ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ ۙ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا وَقَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْۤ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْۤ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ مَا لِيَ لَاۤ اَرَى الْهُدْهُدَ ۖ اَمْ كَانَ مِنَ الْغَآئِبِيْنَ ۝ لَاُعَذِّبَنَّهٗ عَذَابًا شَدِيْدًا اَوْ لَاَاذْبَحَنَّهٗۤ اَوْ لَيَاْتِيَنِّيْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝

یہاں تک کہ جب وہ (سلیمان علیہ السلام اور ان کا لشکر) چیونٹیوں کے ایک میدان پر پہنچے، تو ایک چیونٹی بولی: اے چیونٹیو! تم اپنے اپنے سوراخوں میں داخل ہو جاؤ①، کہیں ایسا نہ ہو کہ سلیمان اور اس کا لشکر تم کو کچل ڈالے اور ان کو (اس کا) پتہ بھی نہ چلے②《۱۸》 پھر اس (چیونٹی) کی (اس) بات سے وہ (سلیمان علیہ السلام) مسکرا کر ہنس پڑے اور کہنے لگے: اے میرے رب! مجھے اس بات کا پابند بنا دیجیے کہ میں آپ کے ان احسانات کا شکر ادا کرتا رہوں جو آپ نے مجھ پر اور میرے والدین پر کیے اور میں ایسے نیک کام کرتا رہوں جن کو آپ پسند کرتے ہوں اور اپنی (خاص) رحمت سے مجھے اپنے نیک بندوں میں شامل رکھنا③《۱۹》 اور اس (سلیمان علیہ السلام) نے (ایک مرتبہ) پرندوں کی حاضری لی، سو وہ (سلیمان علیہ السلام) کہنے لگے: کیا بات ہے مجھے ہدہد (کیوں) نظر نہیں آتا④، کیا وہ کہیں غائب ہو گیا ہے؟⑤《۲۰》 میں اس کو (غیر حاضری پر) ضرور سخت سزا دوں گا یا اس کو ذبح کر ڈالوں گا یا میرے پاس کوئی ایسی وجہ بتلا دے جو (غیر حاضری کی) حقیقت کو ظاہر کرنے والی ہو⑥《۲۱》

---

① مصیبت تو مصیبت ہے امکانِ مصیبت سے بھی اپنے قوم کو بچانے کی تدبیر اور فکر کوئی چیونٹی جیسی چھوٹی مخلوق ہی سے سیکھ لیوے۔ ② اللہ تعالیٰ کے نیک بندے جان بوجھ کر تو نقصان نہیں پہنچاویں گے اس بات کا چیونٹی کو بھی یقین ہے، بے خبری میں کوئی بات ہو جاوے تو وہ الگ بات ہے۔ اسی طرح گھر مشکلات سے حفاظت کا ذریعہ ہے۔
③ صالحین میں شمولیت کی دعا کرنا بھی نبیوں کی سنت ہے۔ ④ (دوسرا) ہلکہ وخائب ہی ہے۔
⑤ ہدہد چھوٹا اور کمزور پرندہ ہے، معلوم ہوا چھوٹوں اور کمزوروں پر بھی نظر رہنی چاہیے۔ پرندوں کی طبیعت ایک جگہ رہتی نہیں وہ اڑتے پھرتے ہیں، معلوم ہوا ماتحتوں میں جن کا مزاج ہی گھومنے پھرنے کا ہو ان کی حاضری کی خصوصی فکر رکھیں اور اچانک حاضری لینے کا ثبوت بھی نکلتا ہے۔
⑥ یعنی غیر حاضری کا صحیح عذر مجھے بتاوے معلوم ہوا عذر بھی سننا چاہیے صرف تانا شاہی نہ چلاوے کہ بغیر اجازت سے گیا ہی کیوں؟

فَمَكَثَ غَيْرَ بَعِيدٍ فَقَالَ أَحَطتُ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهِۦ وَجِئْتُكَ مِن سَبَإٍۭ بِنَبَإٍ يَقِينٍ ﴿٢٢﴾ إِنِّى
وَجَدتُّ ٱمْرَأَةً تَمْلِكُهُمْ وَأُوتِيَتْ مِن كُلِّ شَىْءٍ وَلَهَا عَرْشٌ عَظِيمٌ ﴿٢٣﴾ وَجَدتُّهَا وَقَوْمَهَا
يَسْجُدُونَ لِلشَّمْسِ مِن دُونِ ٱللَّهِ وَزَيَّنَ لَهُمُ ٱلشَّيْطَٰنُ أَعْمَٰلَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ ٱلسَّبِيلِ
فَهُمْ لَا يَهْتَدُونَ ﴿٢٤﴾ أَلَّا يَسْجُدُوا۟ لِلَّهِ ٱلَّذِى يُخْرِجُ ٱلْخَبْءَ فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ وَيَعْلَمُ
مَا تُخْفُونَ وَمَا تُعْلِنُونَ ﴿٢٥﴾ ٱللَّهُ لَآ إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ ٱلْعَرْشِ ٱلْعَظِيمِ ۩ ﴿٢٦﴾

سو وہ (ہدہد) تھوڑی دیر بعد حاضر ہو گیا، اور وہ (ہدہد سلیمان علیہ السلام سے) کہنے لگا: میں نے ایک ایسی بات معلوم کی ہے جس بات کی آپ کو خبر نہیں ہے ① ور میں ملکِ سبا سے ایک یقینی خبر لے کر تمھارے پاس حاضر ہوا ہوں ②﴿۲۲﴾ میں نے ایک عورت کو (وہاں) دیکھا ہے جو ان پر حکومت کر رہی ہے اور اس کو ہر طرح کا (ضروری) سامان ملا ہے اور اس کا ایک بڑا تخت بھی ہے ﴿۲۳﴾ میں نے اس (عورت) کو اور اس کی قوم کو دیکھا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر سورج کے سامنے سجدہ کرتے ہیں اور شیطان نے ان کو یہ سمجھا دیا ہے کہ ان کے (کفر کے یہ) کام بہت اچھے ہیں سو اس (شیطان) نے ان کو (صحیح) راستے سے روک رکھا ہے؛ لہٰذا وہ صحیح راستے پر چلتے نہیں ہیں ﴿۲۴﴾ وہ لوگ اس اللہ تعالیٰ کو کیوں سجدہ نہیں کرتے جو آسمانوں اور زمین کی چھپی ہوئی چیزوں ③ کو باہر نکال کر لاتے ہیں اور جو چیز تم چھپاتے ہو اور جو چیز تم ظاہر کرتے ہو اس کو وہ (اللہ تعالیٰ) جانتے ہیں ﴿۲۵﴾ اللہ تعالیٰ کی ذات ہی ایسی ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے (اور) وہ بڑے عرش کے مالک ہیں ﴿۲۶﴾

---

① ہدہد کو بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ سمجھ ملی ہے کہ حضرات انبیاء عالم الغیب نہیں ہوتے۔ غور کرو جس نبی کے متعلق آیت ۱۵ میں خود باری تعالیٰ علم عطا فرمانا بیان کرے ان کو ہدہد نے ایک بات کی اطلاع دی۔ بڑے سے بڑے انسان کا علم محیط نہیں ہو سکتا کوئی اپنے علم کی وسعت پر نازاں نہ ہو۔ نیز اس سے یہ بات بھی معلوم ہوئی کہ بڑوں کو ہر چیز معلوم ہو یہ ضروری نہیں چھوٹوں کی معلومات سے بھی استفادہ کرنا چاہیے۔

② بڑوں کی خدمت میں یقینی اور تحقیقی باتیں عرض کرنی چاہییں۔

③ جس مخلوق کو اللہ تعالیٰ کی جو نعمت امتیازی طور پر ملی ہو "حمد" کرتے وقت اس نعمت کا وہ خصوصی تذکرہ کرتے ہیں، ہدہد کو زمین کے نیچے کے خزانے معلوم کرنے کی صلاحیت دی گئی ہے؛ اس لیے شاید اس نے یہ لفظ استعمال کیا۔

قَالَ سَنَنْظُرُ أَصَدَقْتَ أَمْ كُنْتَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿٢٧﴾ اِذْهَبْ بِّكِتٰبِيْ هٰذَا فَأَلْقِهْ إِلَيْهِمْ ثُمَّ
تَوَلَّ عَنْهُمْ فَانْظُرْ مَاذَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٢٨﴾ قَالَتْ يٰٓأَيُّهَا الْمَلَؤُا إِنِّيْٓ أُلْقِيَ إِلَيَّ كِتٰبٌ كَرِيْمٌ ﴿٢٩﴾ إِنَّهٗ
مِنْ سُلَيْمٰنَ وَإِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿٣٠﴾ أَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَأْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ﴿٣١﴾
قَالَتْ يٰٓأَيُّهَا الْمَلَؤُا أَفْتُوْنِيْ فِيْٓ أَمْرِيْ ۚ مَا كُنْتُ قَاطِعَةً أَمْرًا حَتّٰى تَشْهَدُوْنِ ﴿٣٢﴾
قَالُوْا نَحْنُ أُولُوْا قُوَّةٍ وَّأُولُوْا بَأْسٍ شَدِيْدٍ ۙ وَّالْأَمْرُ إِلَيْكِ فَانْظُرِيْ مَاذَا تَأْمُرِيْنَ ﴿٣٣﴾

(یہ بات سن کر) سلیمان علیہ السلام نے کہا: ابھی ہم دیکھ لیتے ہیں کہ تم سچ کہتے ہو یا تم بھی جھوٹ بولنے والوں میں شامل ہو گئے ہو① ﴿۲۷﴾ (اے ہدہد!) میرا یہ خط لے کر جا اور اس (خط) کو ان کے پاس ڈال دے، پھر ان کے پاس سے تو ہٹ جا②، پھر دیکھ③ وہ کیا جواب دیتے ہیں؟④ ﴿۲۸﴾ عورت⑤ بولی: اے (میرے) درباریو! مجھے ایک عزت والا خط ملا ہے⑥ ﴿۲۹﴾ یقیناً وہ (خط) سلیمان کی طرف سے آیا ہے اور وہ (خط) اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کیا گیا ہے، جس (اللہ تعالیٰ) کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۳۰﴾ (اس میں یہ لکھا ہے) کہ تم میرے مقابلے میں تکبر نہ کرو اور میرے سامنے مسلمان (یعنی فرماں بردار) بن کر چلے آؤ ﴿۳۱﴾

وہ (رانی) بولی: اے درباریو! یہ جو مسئلہ مجھے پیش آیا ہے اس (کے بارے) میں مجھے پکا مشورہ دو⑦، میں اس وقت تک کسی کام کا قطعی فیصلہ نہیں کیا کرتی جب تک تم لوگ میرے پاس موجود نہ ہو ﴿۳۲﴾ وہ (درباری) کہنے لگے: ہم تو پوری طاقت والے ہیں اور (ڈٹ کر) سخت لڑائی لڑنے والے لوگ ہیں، آگے معاملہ تمھارے اختیار میں ہے، اب آپ ہی دیکھ لیں کہ کیا حکم دیتی ہو⑧ ﴿۳۳﴾

---

① ماتحتوں کی بات کو جانچنا چاہیے کہ صحیح ہے یا بناوٹ ہے۔

② [۱] ماتحتوں کو آداب سکھارہے ہیں کہ کسی کے سر پر نہ رہے [۲] خط کے ذریعے سے بھی دعوت دینا نبیوں کا طریقہ ہے۔

③ ''فانظر'' کا دوسرا ترجمہ: تو انتظار کر۔ ④ حضرت سلیمان کا خط ہدہد چونچ میں لے کر چلا اور سبا جا کر بلقیس کو پہنچایا۔

⑤ یعنی سبا کی رانی: بلقیس۔ اس نے فوری مشورہ کیا، کفار بھی مشورہ کی اہمیت سمجھتے تھے۔

⑥ (دوسرا ترجمہ) میرے پاس ایک عزت (وقار) والا خط ڈالا گیا ہے۔

⑦ (دوسرا ترجمہ) ہم فیصلہ کر سکے ایسا مشورہ دو (ملکہ نے پہلے درباریوں کی عزت بڑھائی پھر کہا، یہ بھی کامیاب عمارت کی ایک تدبیر ہے۔ ⑧ ہم کو ہماری رائے پر اصرار نہیں، رائے کے خلاف امیر کا حکم ہو گا تب بھی عمل کریں گے۔

قَالَتْ إِنَّ الْمُلُوكَ إِذَا دَخَلُوا قَرْيَةً أَفْسَدُوهَا وَجَعَلُوا أَعِزَّةَ أَهْلِهَا أَذِلَّةً ۚ وَكَذَٰلِكَ يَفْعَلُونَ ﴿٣٤﴾ وَإِنِّي مُرْسِلَةٌ إِلَيْهِم بِهَدِيَّةٍ فَنَاظِرَةٌ بِمَ يَرْجِعُ الْمُرْسَلُونَ ﴿٣٥﴾ فَلَمَّا جَاءَ سُلَيْمَانَ قَالَ أَتُمِدُّونَنِ بِمَالٍ فَمَا آتَانِيَ اللَّهُ خَيْرٌ مِّمَّا آتَاكُم ۚ بَلْ أَنتُم بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُونَ ﴿٣٦﴾ ارْجِعْ إِلَيْهِمْ فَلَنَأْتِيَنَّهُم بِجُنُودٍ لَّا قِبَلَ لَهُم بِهَا وَلَنُخْرِجَنَّهُم مِّنْهَا أَذِلَّةً وَهُمْ صَاغِرُونَ ﴿٣٧﴾ قَالَ يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ أَيُّكُمْ يَأْتِينِي بِعَرْشِهَا قَبْلَ أَن يَأْتُونِي مُسْلِمِينَ ﴿٣٨﴾ قَالَ عِفْرِيتٌ مِّنَ الْجِنِّ أَنَا آتِيكَ بِهِ قَبْلَ أَن تَقُومَ مِن مَّقَامِكَ ۖ

وہ (ملکہ) بولی: جب بادشاہ (فاتح بن کر) کسی بستی میں داخل ہوا کرتے ہیں تو اس کو برباد کرڈالتے ہیں اور وہاں کے عزت والے لوگوں کو ذلیل کردیا کرتے ہیں اور یہ لوگ بھی ایسا ہی کریں گے ﴿۳۴﴾ اور میں ان کے پاس ہدیہ بھیجتی ہوں، پھر دیکھتی ہوں کہ (میرے) بھیجے ہوئے (قاصد) کیا جواب لے کر واپس آتے ہیں ﴿۳۵﴾ پھر وہ (قاصد) جب سلیمان (علیہ السلام) کے پاس پہنچا تو اس (سلیمان علیہ السلام) نے کہا کہ: کیا مال کے ذریعہ تم میری مدد کرنا چاہتے ہو؟ سو اللہ تعالیٰ نے مجھے جو کچھ دے رکھا ہے وہ اس سے زیادہ اچھا ہے جو تم کو دے رکھا ہے؛ بلکہ تم ہی لوگ تمھارے ہدیہ پر خوش ہوتے رہو ﴿۳۶﴾ (اے قاصد!) تو ان کے پاس واپس جا (اس لیے کہ) اب ہم ان کے پاس ایسا لشکر لے کر پہنچیں گے جس کا مقابلہ کرنے کی ان میں طاقت نہیں ہوگی اور ہم ضرور ان کو وہاں سے ذلیل کر کے نکالیں گے اور وہ ہمارے ماتحت بن کر رہیں گے ﴿۳۷﴾ ① سلیمان علیہ السلام نے کہا: اے (میرے) درباریو! تم میں کوئی ایسا ہے جو اس (عورت) کے تخت کو ان (سبا والوں) کے میرے پاس مسلمان بن کر آنے سے پہلے ہی لے آئے ﴿۳۸﴾ جناتوں میں سے ایک بڑے بھاری جسم والا بولا: ② آپ اپنی جگہ سے اٹھو ③ اس سے پہلے ہی میں اس (تخت) کو آپ کے پاس لے آؤں گا،

---

① پھر بلقیس کو حضرت سلیمان علیہ السلام کے نبی ہونے کا یقین ہوگیا تو اپنے ملک سبا سے چلی تو حضرت سلیمان علیہ السلام کو کسی ذریعے سے اس کے روانہ ہونے کا پتہ چل گیا تب۔

② (دوسرا ترجمہ) جناتوں میں سے ایک سرکش بولا۔ ③ دوسرا ترجمہ: مجلس سے اٹھو۔

وَإِنِّي عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ أَمِينٌ ۝ قَالَ الَّذِي عِنْدَهُ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتَابِ أَنَا آتِيكَ بِهِ قَبْلَ أَنْ يَرْتَدَّ إِلَيْكَ طَرْفُكَ ۚ فَلَمَّا رَآهُ مُسْتَقِرًّا عِنْدَهُ قَالَ هَٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّي ۖ لِيَبْلُوَنِي أَأَشْكُرُ أَمْ أَكْفُرُ ۖ وَمَنْ شَكَرَ فَإِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهِ ۖ وَمَنْ كَفَرَ فَإِنَّ رَبِّي غَنِيٌّ كَرِيمٌ ۝ قَالَ نَكِّرُوا لَهَا عَرْشَهَا نَنْظُرْ أَتَهْتَدِي أَمْ تَكُونُ مِنَ الَّذِينَ لَا يَهْتَدُونَ ۝ فَلَمَّا جَاءَتْ قِيلَ أَهَٰكَذَا عَرْشُكِ ۖ قَالَتْ كَأَنَّهُ هُوَ ۚ وَأُوتِينَا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهَا وَكُنَّا مُسْلِمِينَ ۝

اور (آپ میرے بارے میں) یقین رکھیے کہ میں اس (تخت کو لانے) کی پوری طاقت بھی رکھتا ہوں (اور) امانت دار بھی ہوں① ﴿۳۹﴾ ایک شخص جس کے پاس کتاب② (تورات) کا علم تھا وہ کہنے لگا: میں اس (تخت) کو آپ کے پاس آپ کی پلک جھپکنے سے پہلے ہی حاضر کر دیتا ہوں، سو جب انھوں نے (یعنی سلیمان علیہ السلام نے) اس تخت کو اپنے سامنے رکھا ہوا دیکھا تو کہنے لگے کہ: یہ تو میرے رب کا فضل ہے؛ تا کہ وہ مجھے آزمائیں کہ میں (رب کا) شکر کرتا ہوں یا میں ناشکری کرتا ہوں اور جو شخص بھی شکر کرتا ہے وہ تو اپنے فائدے کے لیے ہی شکر کرتا ہے اور جو شخص ناشکری کرتا ہے تو یقیناً میرے رب تو بے نیاز ہیں، بڑے کرم کرنے والے ہیں ﴿۴۰﴾ سلیمان (علیہ السلام) نے (خادموں سے) کہا: اس (بلقیس) کے لیے اس کے تخت میں کچھ تبدیلی کر دو③؛ تا کہ ہم دیکھ لیں کہ وہ اس کو پہچان لیتی ہے یا ان لوگوں میں سے ہوتی ہے جن کو پہچان نہیں ہے④ ﴿۴۱﴾ پھر جب وہ عورت (سلیمان کے پاس) پہنچ گئی تو اس کو پوچھا گیا: کیا تیرا تخت ایسا ہی ہے؟ تو وہ کہنے لگی: ایسا لگتا ہے کہ ہو بہو وہی ہے، اور ہم کو تو اس (واقعہ) سے پہلے ہی (آپ کی نبوت کی سچائی کا) علم ہو چکا تھا اور ہم مسلمان ہو چکے ہیں⑤ ﴿۴۲﴾

---

① جس کو کام حوالے کرتا ہو اس میں یہ دو خوبی (طاقت، امانت) ہونی چاہیے، وہاں حضرت موسیٰ کے واقعہ میں بھی یہ بات ہے۔ ② سابقہ آسمانی کتابوں کے علوم کے حامل کا یہ حال ہے تو افضل الکتب "قرآن" کے حاملین کی طاقت کا حال کیا ہوتا ہوگا؟ دنیا نے دورِ خلافت راشدہ میں اس کا مشاہدہ کر لیا ہے۔ کاش ہم صحیح معنیٰ میں حاملین قرآن بن جائیں!۔
③ (دوسرا ترجمہ) اس عورت کے سامنے اس کے تخت کی صورت بدل کر دکھاؤ۔ ④ (دوسرا ترجمہ) یا ان لوگوں میں سے ہوتی ہے جو حقیقت تک نہیں پہنچتے۔ ⑤ بعض حضرات نے "واوتینا العلم" سے حضرت سلیمان علیہ السلام کا قول مانا ہے، مطلب یہ ہوگا کہ ہم کو پہلے سے وحی کے ذریعہ بتا دیا گیا تھا کہ تو فرمانبردار بن کر حاضر ہوگی۔

وَصَدَّهَا مَا كَانَتْ تَّعْبُدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهَا كَانَتْ مِنْ قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ۝ قِيْلَ لَهَا ادْخُلِي الصَّرْحَ ۚ فَلَمَّا رَاَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً وَّ كَشَفَتْ عَنْ سَاقَيْهَا ؕ قَالَ اِنَّهٗ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّنْ قَوَارِيْرَ ؕ قَالَتْ رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ وَاَسْلَمْتُ مَعَ سُلَيْمٰنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَاۤ اِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ فَاِذَا هُمْ فَرِيْقٰنِ يَخْتَصِمُوْنَ ۝ قَالَ يٰقَوْمِ لِمَ تَسْتَعْجِلُوْنَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ ۚ لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝ قَالُوا اطَّيَّرْنَا بِكَ وَبِمَنْ مَّعَكَ ؕ قَالَ طٰٓئِرُكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تُفْتَنُوْنَ ۝

اور (آج تک) اس کو (ایمان لانے سے) اس بات نے روک رکھا تھا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے سوا (دوسروں) کی عبادت کیا کرتی تھی کیوں کہ وہ ایک کافر قوم میں سے تھی ﴿۴۳﴾ اس (عورت) کو کہا گیا: تو (اس) محل میں داخل ہو جا، پھر جب اس نے اس (کے صحن) کو دیکھا تو یہ سمجھی کہ یہ تو گہرا پانی ہے اور اس نے اپنی دونوں پنڈلیاں کھول دیں، سلیمان علیہ السلام نے کہا: یہ تو ایک محل ہے جس میں شیشے جڑے ہوئے ہیں①، وہ بولی: اے میرے رب! یقیناً میں (اب تک) اپنی جان پر (کفر کر کے) ظلم کرتی رہی اور میں سلیمان (علیہ السلام) کے ساتھ ہو کر اللہ رب العالمین کے لیے مسلمان بنتی ہوں ﴿۴۴﴾

اور پکی بات یہ ہے ہم نے قومِ ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح (علیہ السلام) کو (پیغمبر بنا کر) بھیجا (انھوں نے لوگوں کو یہ دعوت دی) کہ تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو، تب وہ لوگ دو فریق ہو کر② آپس میں (دین کے بارے میں) جھگڑنے لگے ﴿۴۵﴾ صالح علیہ السلام نے کہا کہ: اے میری قوم! تم بھلائی سے پہلے برائی (یعنی عذاب) کو کیوں جلدی مانگتے ہو③ تم اللہ تعالیٰ سے معافی کیوں نہیں مانگتے؟ تاکہ تم پر رحم کیا جائے ﴿۴۶﴾ وہ (قوم کے لوگ) کہنے لگے: ہم تو تم کو اور تمھارے ساتھیوں کو منحوس مانتے ہیں، صالح علیہ السلام نے کہا: تمھاری نحوست (کا سبب) تو اللہ تعالیٰ ہی کے قبضے میں ہے④؛ بلکہ تم لوگ تو (کفر کی وجہ سے) آزمائش میں مبتلا کیے گئے ہو⑤ ﴿۴۷﴾

---

① یعنی شیشوں سے بنا ہوا ہے۔ ② ایک جماعت مومنوں کی دوسری کافروں کی۔ ③ عذاب جلدی مانگنے کی چیز نہیں اس کو تو استغفار کے ذریعہ روکنا ہے۔ ④ (دوسرا ترجمہ) تمھاری نحوست کا حقیقی سبب تو اللہ تعالیٰ ہی کے علم میں ہے۔
⑤ (دوسرا ترجمہ) بلکہ تم لوگ تو عذاب میں مبتلا کیے گئے ہو۔

وَكَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ۝ قَالُوْا تَقَاسَمُوْا بِاللّٰهِ لَنُبَيِّتَنَّهٗ وَاَهْلَهٗ ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ لِوَلِيِّهٖ مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ اَهْلِهٖ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ۝ وَمَكَرُوْا مَكْرًا وَّمَكَرْنَا مَكْرًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ ۙ اَنَّا دَمَّرْنٰهُمْ وَقَوْمَهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ فَتِلْكَ بُيُوْتُهُمْ خَاوِيَةًۢ بِمَا ظَلَمُوْا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝ وَاَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ۝ وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖۤ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ۝

اور شہر میں نو آدمی ایسے تھے جو زمین میں فساد تو مچاتے تھے اور اصلاح کا کام نہیں کرتے تھے① ﴿۴۸﴾ ان نو فسادیوں نے (آپس میں ایک دوسرے سے) کہا کہ: تم سب آپس میں مل جل کر اللہ تعالیٰ کی قسم کھاؤ کہ ہم صالح اور اس کے گھر والوں پر رات کے وقت حملہ کریں گے، پھر (اس کی طرف سے قصاص کا دعویٰ کرنے والے) اس کے وارث سے (یوں) کہہ دیں گے کہ: ہم ان کے گھر والوں کی (اور خود صالح کی) ہلاکت (یعنی مرجانے) کے وقت موجود ہی نہیں تھے اور یقیناً ہم سچی بات بولتے ہیں ﴿۴۹﴾ ان لوگوں نے ایک چھپی ہوئی سازش کی اور ہم نے بھی (ان کے خلاف) ایک چھپی ہوئی تدبیر کی کہ ان کو پتہ بھی نہیں لگ سکا② ﴿۵۰﴾ سو تم (اے نبی!) دیکھو! ان کی سازش کا انجام کیسا ہوا کہ ہم نے ان (فسادیوں) کو اور ان کی پوری قوم کو ہلاک کر کے رکھ دیا ﴿۵۱﴾ سو یہ ان کے گھر ہیں جو ان کے کفر کی وجہ سے ویران پڑے ہیں، یقیناً جو لوگ جانتے ہیں ان کے لیے اس میں بڑی نشانی ہے ﴿۵۲﴾ اور جو لوگ ایمان لائے اور وہ تقویٰ والے تھے ان سب کو ہم نے (عذاب سے) بچالیا ﴿۵۳﴾ اور (ہم نے) لوط (علیہ السلام) کو (پیغمبر بنا کر بھیجا) جب انھوں نے اپنی قوم سے کہا کہ: کیا تم کھلی آنکھوں سے دیکھتے ہوئے بھی بے حیائی کے کام کرتے ہو؟③ ﴿۵۴﴾

---

① یہ نو افراد اپنے مال و افراد کی کثرت کی وجہ سے فرد ہو کر جماعت کے درجہ میں تھے ② (دوسرا ترجمہ) ان کو خبر بھی نہ ہوئی (یہ لوگ اپنی سازش پر عمل نہ کر سکے اور وہ نو لوگ ہلاک کر دیے گئے، اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی اور ایمان والوں کی حفاظت فرمائی)۔ ③ (دوسرا ترجمہ) تم سمجھ دار ہونے کے باوجود بے حیائی کا کام کرتے ہو، یعنی: [۱] ایک دوسرے کے سامنے بے شرمی کے کام کرتے تھے [۲] نافرمان قوموں کی تباہی کے نشانات تمھارے سامنے ہیں پھر بھی ایسی حرکت کرتے ہو۔

أَئِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّن دُونِ النِّسَاءِ ۚ بَلْ أَنتُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُونَ ۝ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِ إِلَّا أَن قَالُوا أَخْرِجُوا آلَ لُوطٍ مِّن قَرْيَتِكُمْ ۖ إِنَّهُمْ أُنَاسٌ يَتَطَهَّرُونَ ۝ فَأَنجَيْنَاهُ وَأَهْلَهُ إِلَّا امْرَأَتَهُ قَدَّرْنَاهَا مِنَ الْغَابِرِينَ ۝ وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِم مَّطَرًا ۖ فَسَاءَ مَطَرُ الْمُنذَرِينَ ۝

قُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ وَسَلَامٌ عَلَىٰ عِبَادِهِ الَّذِينَ اصْطَفَىٰ ۗ آللَّهُ خَيْرٌ أَمَّا يُشْرِكُونَ ۝

کیا تم لوگ اپنی خواہش پوری کرنے کے لیے عورتوں کو چھوڑ کر مردوں پر (للچا کر) جاتے ہو؛ بلکہ (حقیقت یہ ہے) تم لوگ جاہل ہی ہو ﴿۵۵﴾ سو ان (لوط علیہ السلام) کی قوم کے پاس اس کے سوا کوئی جواب نہیں تھا کہ وہ (آپس میں یوں) کہنے لگے: لوط کے (اور ایمان والے) لوگوں کو تم اپنی بستی سے نکال دو؛ کیوں کہ وہ بڑے پاک (یعنی صاف ستھرے) رہنا چاہتے ہیں① ﴿۵۶﴾ پھر ہوا یہ کہ ہم نے ان (لوط علیہ السلام) کو اور ان کے گھر والوں (یعنی تمام ایمان والوں) کو بچا لیا، سوائے ان کی بیوی کے، جس کے بارے میں ہم نے یہ طے کر لیا تھا کہ وہ (نافرمانوں کے ساتھ) پیچھے رہ جانے والوں میں شامل ہوگی ﴿۵۷﴾ اور ہم نے ان کے اوپر ایک بڑی زبردست بارش برسائی، سو جن کو ڈرایا گیا تھا② ان پر بہت ہی بری بارش ہوئی ﴿۵۸﴾ (اے نبی!) تم کہہ دو: تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں③ اور جن کو اس (اللہ تعالیٰ) نے پسند کیا④ اس کے ان بندوں پر سلامتی اترتی رہے⑤ کیا اللہ تعالیٰ بہتر ہے یا وہ جن (بتوں) کو ان لوگوں نے (اللہ تعالیٰ کے ساتھ) شریک بنا رکھا ہے؟ ﴿۵۹﴾

---

① برائی سے بچنے والے اور برائی سے روکنے والوں کو نکال دینے اور پریشان کرنے کی کوشش کرنا یہ خطرناک کام ہے جو قوم لوط کی ایک اور بری حرکت تھی۔

② جن کو پہلے سے خبردار کر دیا گیا تھا۔

③ (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ ہی کا شکر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے امت محمدیہ کو عمومی عذاب سے بچایا اور خود حضرت لوط علیہ السلام اور اہل ایمان کو عذاب سے بچایا گیا اس پر حمد۔

④ خاص طور پر انبیاء اور صحابہ رضی اللہ عنہم مراد ہیں۔

⑤ آگے توحید پر ایک جامع مضمون ہے جس کی ابتدا حمد اور سلام سے ہے۔

اَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ حَدَآئِقَ ذَاتَ
بَهْجَةٍ ۚ مَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُنْۢبِتُوْا شَجَرَهَا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ هُمْ قَوْمٌ یَّعْدِلُوْنَ ﴿۶۰﴾ اَمَّنْ جَعَلَ
الْاَرْضَ قَرَارًا وَّ جَعَلَ خِلٰلَهَاۤ اَنْهٰرًا وَّ جَعَلَ لَهَا رَوَاسِیَ وَ جَعَلَ بَیْنَ الْبَحْرَیْنِ حَاجِزًا ؕ ءَاِلٰهٌ
مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۶۱﴾ اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَ یَكْشِفُ السُّوْٓءَ
وَ یَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۶۲﴾ اَمَّنْ یَّهْدِیْكُمْ فِیْ ظُلُمٰتِ
الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ وَ مَنْ یُّرْسِلُ الرِّیٰحَ بُشْرًۢا بَیْنَ یَدَیْ رَحْمَتِهٖ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ﴿۶۳﴾

بھلا وہ کون (ذات) ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور تمھارے لیے آسمان سے پانی اتارا، پھر ہم نے اس (پانی) کے ذریعہ رونق والے باغ بنائے، تمھارے بس میں نہیں تھا کہ تم اس کے درختوں کو اگا سکو، کیا اللہ تعالیٰ کے ساتھ کوئی دوسرا معبود ہے؟ (جواب: نہیں)؛ بلکہ یہ ایسے لوگ ہیں کہ (اللہ تعالیٰ کے ساتھ) دوسروں کو (عبادت میں) برابر ٹھہراتے ہیں① ﴿۶۰﴾ بھلا کس نے زمین کو ٹھہرنے کے لائق بنایا اور اس (زمین) کے بیچ میں ندیاں بنائیں اور اس (زمین کو ٹھہرانے) کے لیے بھاری بھاری (پہاڑ کے) بوجھ بنائے اور دو سمندر کے درمیان ایک آڑ (یعنی پردہ) بنادی، کیا اللہ تعالیٰ کے ساتھ کوئی اور معبود ہے؟ (نہیں)؛ بلکہ ان میں سے اکثر لوگ (اس بات کو) جانتے (یعنی سمجھتے) بھی نہیں ہیں ﴿۶۱﴾ بھلا وہ کون ہے کہ جب کوئی بے کس ان کو پکارتا ہے② تو وہ اس کی دعا قبول کر لیتے ہیں اور تکلیف کو دور کرتے ہیں اور تم کو زمین میں (اگلوں کا) نائب بناتے ہیں، کیا اللہ تعالیٰ کے ساتھ کوئی معبود ہے؟ (نہیں) تم تو بہت کم نصیحت قبول کرتے ہو③ ﴿۶۲﴾ بھلا خشکی اور سمندر کی اندھیریوں میں کون ہے جو تم کو راستہ دکھاتا ہے؟ اور کون ہے جو اپنی رحمت (یعنی بارش) سے پہلے (بارش کی) خوش خبری دینے والی ہوائیں چلاتا ہے؟ کیا اللہ تعالیٰ کے ساتھ کوئی معبود ہے؟ (نہیں) جو شرک یہ لوگ کرتے ہیں اللہ تعالیٰ اس سے بہت اوپر (یعنی دور) ہے ﴿۶۳﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) بلکہ یہ ایسے لوگ ہیں جو (صحیح) راستے سے منہ پھیرلتے ہیں۔

② **مضطر**: وہ مجبور شخص ہے جو دنیا کے تمام سہاروں سے مایوس ہوجائے ایسا شخص جب خالص اللہ تعالیٰ کو پکارے تو اس کی مدد ضروری ہوتی ہے۔ ③ (دوسرا ترجمہ) تم تو بہت کم دھیان دیتے ہو۔

أَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَمَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٦٤﴾ قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ؕ وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿٦٥﴾ بَلِ ادّٰرَكَ عِلْمُهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ ۫ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْهَا ۫ بَلْ هُمْ مِّنْهَا عَمُوْنَ ﴿٦٦﴾

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا وَّاٰبَآؤُنَآ اَئِنَّا لَمُخْرَجُوْنَ ﴿٦٧﴾ لَقَدْ وُعِدْنَا هٰذَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٦٨﴾

بھلا وہ کون ہے جو (تمام) مخلوق کو پہلی بار پیدا کرتا ہے، پھر وہ ان کو دوبارہ پیدا کرے گا اور کون ہے جو تم کو آسمان اور زمین سے روزی دیتا ہے؟ کیا اللہ تعالیٰ کے ساتھ کوئی معبود ہے؟ (نہیں) (اے نبی!) تم کہہ دو: اگر تم (اپنے دعویٰ میں) سچے ہو تو اپنی دلیل لاؤ ﴿۶۴﴾ (اے نبی!) تم کہہ دو: آسمانوں اور زمین میں اللہ تعالیٰ کے سوا کسی (مخلوق) کو بھی غیب کا علم نہیں ہے اور ان لوگوں کو یہ بھی پتہ نہیں ہے کہ کب ان کو دوبارہ زندہ کیا جاوے گا① ﴿۶۵﴾ بلکہ آخرت کے بارے میں ان (انکار کرنے والوں) کا علم تھک کر (یعنی بے بس ہو کر) رہ گیا②؛ بلکہ وہ اس (آخرت) کے بارے میں شک میں پڑے ہیں؛ بلکہ وہ لوگ اس (آخرت) کے بارے میں اندھے بنے ہیں ﴿۶۶﴾

اور کافر لوگ کہنے لگے: کیا ہم اور ہمارے باپ دادے جب (مر کر دفن ہو کر) مٹی بن چکے ہوں گے تو کیا واقعی ہم کو (قبروں سے پھر) نکالا جاوے گا؟ ﴿۶۷﴾ پکی بات یہ ہے کہ اس قسم کے وعدے اس (نبی محمد) سے پہلے ہم سے اور ہمارے باپ دادوں سے کیے گئے تھے، یہ تو پہلے لوگوں کی (نقل ہوتی ہوئی چلی آئی) کہانیاں ہی ہیں ﴿۶۸﴾

---

① یعنی ان کو تو قیامت کے واقع ہونے ہی کی خبر نہیں ہے، پھر وقت کی تعیین کی خبر کیسے ہوگی؟۔

② (دوسرا ترجمہ) بلکہ آخرت کے بارے میں ان کا علم غائب ہو گیا (یعنی آخرت کو وہ سمجھ ہی نہ سکے، باقی دنیا میں بڑی سمجھ کے دعوے دار تھے) (تیسرا ترجمہ) بلکہ آخرت میں ان کا علم (آخرت کے بارے میں) مکمل ہو جائے گا (یعنی آخرت دیکھ کر آخرت کا یقین ہوگا جس کا کوئی فائدہ نہیں)

قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ۝ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُنْ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ۝ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ۝ قُلْ عَسٰى اَنْ يَّكُوْنَ رَدِفَ لَكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ تَسْتَعْجِلُوْنَ۝ وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ۝ وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ۝ وَمَا مِنْ غَآئِبَةٍ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ۝ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَقُصُّ عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَكْثَرَ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ۝ وَاِنَّهٗ لَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۝ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ بِحُكْمِهٖ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ۝ۚ

(اے نبی!) تم کہہ دو کہ: تم زمین میں سفر کر کے دیکھو کہ مجرموں کا کیسا انجام ہوا؟ ﴿۶۹﴾ اور (اے نبی! سمجھانے کے باوجود وہ مخالفت ہی کرے تو) ان (کافروں) پر غم نہ کرو اور جو سازش یہ لوگ کرتے ہیں اس کی وجہ سے تم تنگ نہ ہو① ﴿۷۰﴾ اور وہ (کافر) کہتے ہیں کہ: اگر تم سچے ہو تو (بتاؤ مرنے کے بعد زندہ ہونے کا) یہ وعدہ کب (پورا) ہوگا؟ ﴿۷۱﴾ (اے نبی!) تم کہہ دو: جس (عذاب) کو تم جلدی مانگ رہے ہو اس کا کچھ حصہ امید ہے کہ تمھارے پیٹھ ہی کے پیچھے آلگا ہو② ﴿۷۲﴾ اور یقیناً تمھارے رب لوگوں پر فضل کرنے والے ہیں، لیکن ان میں کے اکثر لوگ شکر نہیں کرتے ﴿۷۳﴾ اور یقین رکھو جو ان کے سینوں نے چھپا رکھا ہے اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں تمھارے رب اس کو جانتے ہی ہیں ﴿۷۴﴾ آسمان اور زمین میں کوئی چھپی چیز ایسی نہیں ہے جو کھلی کتاب (یعنی لوحِ محفوظ) میں موجود نہ ہو ﴿۷۵﴾ یقیناً یہ قرآن بنی اسرائیل کے سامنے اکثر ان باتوں کی حقیقت سناتا (یعنی ظاہر کرتا) ہے جن میں وہ (آپس میں) جھگڑتے رہتے ہیں ﴿۷۶﴾ اور یقیناً یہ (قرآن خاص) ہدایت اور رحمت ہے ایمان والوں کے لیے ﴿۷۷﴾ یقیناً تمھارے رب ان کے درمیان اپنے حکم سے (قیامت کے دن عملی) فیصلہ کریں گے اور وہ (اللہ تعالیٰ) بڑے زبردست، بڑے جاننے والے ہیں ﴿۷۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اس کی وجہ سے تم گھٹن محسوس نہ ہو۔ ② یعنی بالکل تمھارے پاس ہو۔

فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّكَ عَلَى الْحَقِّ الْمُبِيْنِ ۝ اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَاۗءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ۝ وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِي الْعُمْيِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ۭ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝ وَاِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَاۗبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ ۙ اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا لَا يُوْقِنُوْنَ ۝

وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّنْ يُّكَذِّبُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ۝ حَتّٰٓي اِذَا جَاۗءُوْ قَالَ اَكَذَّبْتُمْ بِاٰيٰتِيْ وَلَمْ تُحِيْطُوْا بِهَا عِلْمًا اَمَّاذَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝

سو (اے نبی!) تم اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ کرو، یقیناً تم صحیح کھلے راستے پر ہو ﴿۷۹﴾ یقیناً تم مُردوں کو (اپنی بات) نہیں سنا سکتے اور تم بہروں کو (اپنی آواز کی) پکار نہیں سنا سکتے (خاص کر) جب وہ پیٹھ پھرا کر لوٹ جاویں ﴿۸۰﴾ اور نہ تو تم اندھوں کو ان کی گمراہی سے (بچا کر) راستے پر لا سکتے ہو، تم تو صرف ان ہی لوگوں کو سنا سکتے ہو جو ہماری آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں، پھر وہی لوگ فرماں بردار ہیں ﴿۸۱﴾ اور جب ان لوگوں پر (ہماری) بات پوری ہونے کا وقت آپہنچے گا① تو ہم ان کے لیے زمین سے ایک (عجیب) جانور نکالیں گے جو ان سے بات کرے گا ''اس واسطے کہ (کافر) لوگ ہماری آیتوں پر یقین نہیں رکھتے'' تھے ﴿۸۲﴾

اور (اس قیامت کے دن کو نہ بھولو) جس دن ہر ایک امت میں سے ایک فوج (حساب کے لیے) ان لوگوں میں سے جمع کر کے لائیں گے جو ہماری آیتوں کو جھٹلاتے تھے، پھر ان کی جماعتیں بنائی جائیں گی② ﴿۸۳﴾ یہاں تک جب وہ سب حاضر ہو جائیں گے تو وہ (اللہ تعالیٰ) فرمائیں گے کہ: کیا تم ہی نے میری آیتوں (کی حقیقت) کو پوری طرح سمجھے بغیر (صرف سنتے ہی) جھٹلا دیا تھا (یاد کرو اور بولو) کیا کیا کام تم کرتے تھے؟ ﴿۸۴﴾

---

① یعنی قیامت قریب ہوگی۔

② (دوسرا ترجمہ) ان کو روکا جاوے گا (تاکہ کوئی آگے پیچھے نہ ہو اور سب جمع ہو کر حساب کی جگہ کی طرف چلیں)۔

وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ بِمَا ظَلَمُوا فَهُمْ لَا يَنْطِقُونَ ۝ اَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا الَّيْلَ لِيَسْكُنُوا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ وَيَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَفَزِعَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَكُلٌّ اَتَوْهُ دٰخِرِيْنَ ۝ وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَّهِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ؕ صُنْعَ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ ؕ اِنَّهٗ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَفْعَلُوْنَ ۝ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَهُمْ مِّنْ فَزَعٍ يَّوْمَئِذٍ اٰمِنُوْنَ ۝ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتْ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ ؕ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝

اوران کے ظلم کی وجہ سے ان پر (عذاب کی) بات پوری ہو کر ہی رہے گی، سو وہ (کافرلوگ) کچھ نہیں بول سکیں گے ① ﴿۸۵﴾ کیا وہ لوگ نہیں دیکھتے ہم نے ہی رات بنائی؛ تا کہ وہ اس میں آرام کریں ② اور دن اس طرح بنایا کہ (اس میں چیزیں) دکھائی دیوے، یقیناً اس میں جو قوم ایمان لاتی ہے ان کے لیے بڑی نشانیاں ہیں ﴿۸۶﴾ اور جس دن صور پھونکا جائے گا تو آسمانوں اور زمین کے رہنے والے سب گھبرا جائیں گے؛ الا یہ کہ اللہ تعالیٰ جس کو چاہے ③ اور ہر ایک اللہ تعالیٰ کے سامنے عاجز بن کر حاضر ہوں گے ﴿۸۷﴾ اور (آج) تم پہاڑوں کو دیکھتے تو ایسا سمجھتے کہ وہ (ایک جگہ) جمے ہوئے ہیں؛ حالاں کہ وہ (قیامت کے دن) بادل کی طرح اڑتے پھریں گے، یہ سب اللہ تعالیٰ کی کاری گری ہے جس نے ہر چیز کو مضبوط کیا ہے، یقیناً اس (اللہ تعالیٰ) کو جو کام بھی تم کرتے ہو اس کی پوری خبر ہے ﴿۸۸﴾ جو شخص بھی کوئی نیکی لے کر حاضر ہوگا تو اس کو اس (کی نیکی) سے بہتر (بدلہ) ملے گا اور وہ لوگ اس دن گھبراہٹ سے امن میں ہوں گے ﴿۸۹﴾ اور جو شخص بھی برائی لے کر حاضر ہوگا تو ایسے لوگ اوندھے منہ آگ میں ڈال دیے جائیں گے، جو اعمال تم کرتے تھے تم کو ان ہی کی سزا دی جارہی ہے ﴿۹۰﴾

---

① ابتداء میں کچھ عذر معذرت کی سعی کریں گے پھر خاموشی۔ ② (دوسرا ترجمہ) سکون حاصل کریں۔

③ اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے ایسے ہوں گے جن پر صور کی وجہ سے گھبراہٹ کا کوئی خاص اثر نہیں ہوگا جیسے کہ انبیا اور چار بڑے فرشتے اور عرش کے اٹھانے والے اور شہدائے کرام اور کثرت سے نیک اعمال کرنے والے اللہ کے نیک بندے۔

اللھم اجعلنا منھم بفضلک و کرمک (امین)

إِنَّمَآ أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ رَبَّ هَٰذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِي حَرَّمَهَا وَلَهُ كُلُّ شَيْءٍ ۖ وَأُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ ۝ وَأَنْ أَتْلُوَا الْقُرْآنَ ۖ فَمَنِ اهْتَدَىٰ فَإِنَّمَا يَهْتَدِي لِنَفْسِهِ ۖ وَمَن ضَلَّ فَقُلْ إِنَّمَآ أَنَا مِنَ الْمُنذِرِينَ ۝ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ سَيُرِيكُمْ آيَاتِهِ فَتَعْرِفُونَهَا ۚ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ۝

بس مجھ کوتو یہی حکم ملا ہے کہ اس شہر (یعنی مکہ) کے (حقیقی) مالک کی میں عبادت کروں جس نے اس (شہر) کو احترام والا بنایا ہے اور ہر ایک چیز کا مالک وہی ہے اور مجھ کو یہی حکم ہوا ہے کہ میں مسلمانوں میں سے ① بن کر رہوں ﴿۹۱﴾ اور (مجھے) یہ (حکم ملا ہے) کہ میں قرآن پڑھ پڑھ کر سناؤں، سو جو شخص بھی صحیح راستہ اپناتا ہے وہ اپنے ہی فائدہ کے لیے اپناتا ہے اور جو آدمی بھی گمراہ ہوا تو (اس کو) کہہ دینا کہ میں توڈرانے والوں (نبیوں) میں سے ہوں ﴿۹۲﴾ (اے نبی!) تم کہہ دو: تمام تعریفیں تو اللہ ہی کے لیے ہیں ②، وہ (اللہ تعالیٰ) عنقریب تم کو اپنی نشانیاں دکھلائیں گے، پھر تم ان (کے واقع ہونے کے وقت نشانیوں) کو پہچان بھی لوگے اور جو کام بھی تم کرتے ہو اس سے تمھارے رب بےخبر نہیں ہیں ﴿۹۳﴾

① یعنی پوری فرماں برداری کرنے والوں میں سے۔

② (دوسرا ترجمہ) شکر تو اللہ ہی کا۔

سورۃ القصص

(المکیۃ)

ایاتہا:۸۸۔رکوعاتہا:۹۔

یہ سورت مکی ہے،بعض کے نزدیک بوقتِ ہجرت اس کا نزول ہوا ہے،اس میں اٹھاسی (۸۸) آیتیں ہیں۔سورہ نمل کے بعد اور سورہ اسراء سے پہلے انچاس (۴۹) نمبر پر نازل ہوئی۔

قصص:خبر دینا۔قص۔بیان کرنے والا بھی جیسا واقعہ ہوتا ہے ویسا ہی بیان کرتا ہے۔

اس میں حضرت موسیٰ کے اور کچھ دوسرے واقعات موجود ہیں،اور اچھے واقعات اتباع اور پیروی کے لیے ہوا کرتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

طٰسٓمّٓ ① تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ② نَتْلُوْا عَلَيْكَ مِنْ نَّبَاِ مُوْسٰى وَفِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ③ اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِى الْاَرْضِ وَجَعَلَ اَهْلَهَا شِيَعًا يَّسْتَضْعِفُ طَآئِفَةً مِّنْهُمْ يُذَبِّحُ اَبْنَآءَهُمْ وَيَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ④ وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِى الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ اَئِمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ ⑤ وَنُمَكِّنَ لَهُمْ فِى الْاَرْضِ وَنُرِىَ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ ⑥

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں

طسم ﴿۱﴾ یہ (حقیقت کو) ظاہر کرنے والی کتاب (یعنی قرآن) کی آیتیں ہیں ﴿۲﴾ ہم ایمان والوں کے فائدے کے لیے تم کو موسیٰ (علیہ السلام) اور فرعون کے کچھ سچے واقعات پڑھ کر سناتے ہیں ﴿۳﴾ یقیناً فرعون (مصر کی) زمین میں سرکشی کر رہا تھا اور اس (مصر) کے رہنے والوں کو (الگ الگ) جماعتوں میں تقسیم کر دیا تھا① کہ ان میں سے ایک جماعت (یعنی بنی اسرائیل) کو (اتنا) کمزور کر رکھا تھا کہ وہ (فرعون) ان کے بیٹوں کو ذبح کر ڈالتا تھا اور ان کی عورتوں کو زندہ رکھتا تھا، یقیناً وہ (فرعون) فساد کرنے والوں میں سے تھا ﴿۴﴾ اور ہم یہ چاہتے تھے کہ جو لوگ (مصر کی) زمین میں کمزور کر دیے گئے تھے ان پر ہم احسان کریں اور ہم ان کو سردار بنا دیں② اور ہم ان کو (ملک کا) وارث بنا دیں ﴿۵﴾ اور ہم ان کو زمین میں حکومت دے دیں اور ہم فرعون اور ہامان اور ان دونوں کے لشکر کو ان (کمزور لوگوں کے ہاتھ) سے وہ (برے حالات) دکھا دیں جن سے وہ ڈرا کرتے تھے③ ﴿۶﴾

---

① یعنی مصری لوگوں کو عزت والا بنا رکھا تھا اور بنی اسرائیل کو ذلیل کر رکھا تھا۔

② اے اللہ تعالیٰ کمزوروں پر احسان یہ آپ کی سنت رہی ہے۔ اے اللہ تعالیٰ آپ کے آخری نبی کی امت بھی اس وقت زمین میں کمزور، بے بس ہے آپ ان کو بھی سرداری اور زمین کی وراثت کاملہ عطا فرما دیجیے۔

③ یعنی مصر کی حکومت ہاتھ سے نکل جائے گی اس کا ڈر لگا رہتا تھا؛ اس لیے حکومت کو بچانے کی تدبیریں کیا کرتے تھے۔

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى اَنْ اَرْضِعِيْهِ ۚ فَاِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَاَلْقِيْهِ فِى الْيَمِّ وَلَا تَخَافِىْ وَلَا تَحْزَنِىْ ۚ اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ فَالْتَقَطَهٗٓ اٰلُ فِرْعَوْنَ لِيَكُوْنَ لَهُمْ عَدُوًّا وَّحَزَنًا ۭ اِنَّ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا كَانُوْا خٰطِـِٕيْنَ ۝ وَقَالَتِ امْرَاَتُ فِرْعَوْنَ قُرَّتُ عَيْنٍ لِّيْ وَلَكَ ۭ لَا تَقْتُلُوْهُ ڰ عَسٰٓى اَنْ يَّنْفَعَنَآ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝

اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کی ماں کو الہام کیا کہ تو اس (موسیٰ) کو دودھ پلاتی رہ، پھر جب تجھے اس (بچے) کے بارے میں کوئی خطرہ لگے تو تو اس کو دریا میں ڈال دے ① اور تو ڈرنا مت اور غم نہ کرنا، یقیناً اس کو ہم تیرے پاس واپس پہنچادیں گے اور اس کو رسولوں میں سے (ایک رسول) بنادیں گے ﴿۷﴾ پھر (اس طرح) ② فرعون کے گھر والوں نے اس (موسیٰ) کو اٹھالیا؛ تاکہ یہ (بچہ) ان کے لیے دشمنی اور غم کا ذریعہ بنے، یقیناً فرعون اور ہامان اور ان دونوں کا لشکر بڑی غلطی کرنے والے تھے ③ ﴿۸﴾ اور فرعون کی بیوی (فرعون سے) کہنے لگی: (یہ بچہ) میری اور تیری آنکھ کی ٹھنڈک ہے، اس (بچے) کو تم قتل مت کرو ④، شاید کہ یہ (بچہ) ہم کو کام آئے گا یا اس کو ہم (اپنا) بیٹا بنالیں گے ⑤ اور (اس بات کا فیصلہ کرتے وقت) ان کو (انجام کا) پتہ نہیں تھا ﴿۹﴾

---

① اللہ تعالیٰ کی عجیب قدرت ایک خطرے سے بچنے کے لیے دوسرا خطرہ مول لیا جاوے کہ دریا میں بچے کو چھوڑ دو، حقیقت میں ظاہری احوال کے خلاف اللہ تعالیٰ کے حکم کی پابندی کرنے والے ناکام نہیں ہوتے۔

نوٹ: سورۂ قصص کا نزول سفرِ ہجرت کے وقت مکہ اور جحفہ (رابغ) کے درمیان ہوا۔ وطنِ مالوف چھوڑنا ہر کسی کو گراں گذرتا ہے، زندگی کی ترپن (۵۳) بہاریں جس وطنِ مقدس میں گذریں اس کو چھوڑنے پر جو غم تھا اس پر اس سورت کے ذریعہ باری تعالیٰ نے حضور ﷺ کو تسلی دی اور دیکھنے جاویں تو قرآن میں کئی مقامات پر تسلی کے مضامین ہیں۔ معلوم ہوا دینی کاموں میں چھوٹوں پر جو حالات آویں اس میں بڑوں کی طرف سے بار بار تسلی، حوصلہ افزائی کی ضرورت پڑتی ہے، چھوٹوں کو بھی چاہیے کہ اپنے بڑوں سے مربوط رہیں اور تسلی حاصل کریں، لیکن کام نہ چھوڑیں۔

② یعنی موسیٰ علیہ السلام کا صندوق سمندر میں تیرتا ہوا جب پہنچا تب۔ اللہ تعالیٰ کی قدرت دشمن کے گھر میں نبی کی حفاظت ہو رہی ہے۔ ③ جو بچہ ان کی سلطنت کے زوال کا ذریعہ بننے والا تھا اس کو گھر میں پال رہے تھے۔ یا وہ دونوں گنہگار تھے۔

④ حضرت آسیہ رضی اللہ عنہا نے جمع کا صیغہ استعمال کیا یا اپنے شوہر کی تعظیم کے طور پر۔ چاہے اس وقت دوسرے درباری موجود نہ ہوں، معلوم ہوا عورتوں کو اس ادب کا لحاظ رکھنا چاہیے۔ ⑤ وقت کا فرعون بھی عورت کے اصرار کے سامنے ماننے پر مجبور ہوا اور قتل سے معافی دی۔ کاش ہماری مسلمان بہنیں اپنی اس طاقت کو شوہر اور گھر والوں کی دینی اصلاح میں لگائیں!

وَاَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ مُوْسٰى فٰرِغًا ؕ اِنْ كَادَتْ لَتُبْدِيْ بِهٖ لَوْلَاۤ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَقَالَتْ لِاُخْتِهٖ قُصِّيْهِ ؗ فَبَصُرَتْ بِهٖ عَنْ جُنُبٍ وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ۙ وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ فَقَالَتْ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰۤى اَهْلِ بَيْتٍ يَّكْفُلُوْنَهٗ لَكُمْ وَهُمْ لَهٗ نٰصِحُوْنَ ۝ فَرَدَدْنٰهُ اِلٰۤى اُمِّهٖ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ࣖ

وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَاسْتَوٰۤى اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝

اور (ادھر صبح کے وقت) موسیٰ (علیہ السلام) کی ماں کا دل بے قرار تھا، اگر ہم اس کے دل کو مضبوط نہ کرتے ① تو قریب تھا کہ وہ اس (موسیٰ) کا راز ظاہر کر دیتی (یہ) اس واسطے ہوا کہ وہ (ہمارے وعدے پر) یقین کرنے والوں میں سے ہو جاوے ﴿۱۰﴾ اور اس (موسیٰ علیہ السلام کی ماں) نے اس (موسیٰ) کی بہن کو کہا: تو اس کے پیچھے پیچھے چلی جا②، پھر وہ (بہن) اس (موسیٰ) کو اجنبی بن کر (دور سے) اس طرح دیکھتی رہی کہ ان لوگوں کو پتہ بھی نہیں چلا③ ﴿۱۱﴾ اور ہم نے پہلے سے اس (موسیٰ) پر روک لگا دی تھی (سب) دودھ پلانے والیوں سے کہ (اس موسیٰ کو دودھ نہ پلا سکیں) اس پر اس (موسیٰ کی بہن) نے (فرعون کے لوگوں کو) کہا کہ: کیا میں تم کو ایسے گھر والوں کا پتہ بتلاؤں جو تمہارے لیے اس (بچہ) کی پرورش کریں اور وہ اس کی خیر خواہی کریں④ ﴿۱۲﴾ اس طرح ہم نے اس (موسیٰ) کو اس کی ماں کے پاس واپس پہنچا دیا؛ تاکہ اس (ماں) کی آنکھ ٹھنڈی رہے اور وہ غمگین نہ ہو؛ اور تاکہ اس (ماں) کو معلوم ہو جائے کہ یقیناً اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا ہے؛ لیکن اکثر لوگ جانتے نہیں ہیں ﴿۱۳﴾

اور جب وہ (موسیٰ علیہ السلام) اپنی بھرپور جوانی کو پہنچ گئے اور سنبھل گئے تو ہم نے ان کو حکمت اور علم عطا کیا اور نیکی⑤ کرنے والوں کو ہم اسی طرح بدلہ دیتے ہیں ﴿۱۴﴾

---

① یعنی اس کو ہم نہ سنبھالتے۔

② (دوسرا ترجمہ) تو موسیٰ کی خبر نکال۔

③ یعنی یہ کہ موسیٰ کی بہن ہے جو ان کی ہی فکر میں آئی ہے اس کا کسی کو پتہ نہ چلا۔

④ معلوم ہوا تربیت میں اصل نیت خیر خواہی ہے۔ ⑤ نیک چلنی سے علم میں ترقی ہوتی ہے۔

وَدَخَلَ الْمَدِيْنَةَ عَلٰى حِيْنِ غَفْلَةٍ مِّنْ اَهْلِهَا فَوَجَدَ فِيْهَا رَجُلَيْنِ يَقْتَتِلٰنِ ۖ هٰذَا مِنْ شِيْعَتِهٖ وَهٰذَا مِنْ عَدُوِّهٖ ۚ فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِيْ مِنْ شِيْعَتِهٖ عَلَى الَّذِيْ مِنْ عَدُوِّهٖ ۙ فَوَكَزَهٗ مُوْسٰى فَقَضٰى عَلَيْهِ ۖ قَالَ هٰذَا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ ۖ اِنَّهٗ عَدُوٌّ مُّضِلٌّ مُّبِيْنٌ ۞ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ فَغَفَرَ لَهٗ ۖ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۞ قَالَ رَبِّ بِمَآ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ فَلَنْ اَكُوْنَ ظَهِيْرًا لِّلْمُجْرِمِيْنَ ۞

اور (ایک دن) وہ (موسیٰ علیہ السلام) شہر میں ایسے وقت داخل ہوئے① جب کہ وہاں (شہر) کے لوگ غفلت میں تھے، تو انھوں نے اس (شہر) میں دو آدمیوں کو دیکھا کہ دونوں آپس میں لڑ رہے ہیں، ایک (ان میں سے) ان (موسیٰ علیہ السلام) کی جماعت (یعنی بنی اسرائیل) کا تھا اور دوسرا ان کی دشمن قوم (یعنی فرعونیوں) میں سے تھا، تو جو شخص ان کی جماعت کا تھا اس نے ان کی دشمن قوم کے شخص کے مقابلے میں ان (موسیٰ علیہ السلام) سے مدد مانگی تو موسیٰ (علیہ السلام) نے اس کو ایک مکا مارا② سو جس نے اس کا کام ہی تمام کر دیا③ تو (اس پر) انھوں نے (افسوس کرتے ہوئے) کہا: یہ تو شیطان کا ایک کام ہے، وہ تو یقیناً (آدمی کا) دشمن ہے، کھلم کھلا غلطی میں ڈالنے والا ہے ﴿۱۵﴾ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا: اے میرے رب! یقیناً میں نے اپنی جان پر ظلم کیا ہے④، سو آپ مجھ کو معاف کر دیجیے، تو اللہ تعالیٰ نے ان (موسیٰ علیہ السلام) کو معاف کر دیا، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) سب سے زیادہ معاف کرنے والے، بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۱۶﴾ موسیٰ علیہ السلام نے کہا: اے میرے رب! چوں کہ آپ نے مجھ پر (اپنا) انعام کیا ہے، سو میں (آئندہ) کسی مجرم کا مددگار نہیں بنوں گا ﴿۱۷﴾

① دوپہر کے وقت یا رات کا کچھ حصہ گزر جانے کے وقت۔
② یہ ظلم روکنے کے لیے مارا تھا۔
③ (دوسرا ترجمہ) وہ مر گیا۔
④ کوتاہی کا اقرار کر لینا نبیوں کی سنت ہیں۔

فَاَصْبَحَ فِي الْمَدِيْنَةِ خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ فَاِذَا الَّذِي اسْتَنْصَرَهٗ بِالْاَمْسِ يَسْتَصْرِخُهٗ ؕ قَالَ لَهٗ مُوْسٰۤى اِنَّكَ لَغَوِيٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۸﴾ فَلَمَّاۤ اَنْ اَرَادَ اَنْ يَّبْطِشَ بِالَّذِيْ هُوَ عَدُوٌّ لَّهُمَا ۙ قَالَ يٰمُوْسٰۤى اَتُرِيْدُ اَنْ تَقْتُلَنِيْ كَمَا قَتَلْتَ نَفْسًۢا بِالْاَمْسِ ۖ اِنْ تُرِيْدُ اِلَّاۤ اَنْ تَكُوْنَ جَبَّارًا فِي الْاَرْضِ وَمَا تُرِيْدُ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْمُصْلِحِيْنَ ﴿۱۹﴾ وَجَآءَ رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ يَسْعٰى ؗ قَالَ يٰمُوْسٰۤى اِنَّ الْمَلَاَ يَاْتَمِرُوْنَ بِكَ لِيَقْتُلُوْكَ فَاخْرُجْ اِنِّيْ لَكَ مِنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿۲۰﴾ فَخَرَجَ مِنْهَا خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ ؗ قَالَ رَبِّ نَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۱﴾

سو صبح کے وقت وہ (موسیٰ علیہ السلام) ڈرتے ڈرتے شہر میں حالات کا جائزہ لے رہے تھے ① تو اتنے میں دیکھا کہ وہی جس نے کل ان (موسیٰ علیہ السلام) سے مدد مانگی تھی (آج پھر) وہی ان (موسیٰ علیہ السلام) کو مدد کے لیے پکار رہا ہے، تو موسیٰ (علیہ السلام) نے اس سے کہا: یقیناً تو ہی کھلم کھلا شریر آدمی ہے ﴿۱۸﴾ پھر جب اس (موسیٰ علیہ السلام) نے اس (فرعونی) کو پکڑنے کا ارادہ کیا جو ان دونوں ② کا دشمن تھا تب وہ (غلط فہمی میں گھبرا کر موسیٰ علیہ السلام کی جماعت کا آدمی) بول پڑا: اے موسیٰ! جس طرح تم کل ایک شخص کو قتل کر چکے ہو (آج) اسی طرح مجھ کو قتل کرنا چاہتے ہو، تمھارا جی یہی چاہتا ہے کہ تم زمین میں مار دھاڑ کرتے رہو ③ اور صلح کرا دینے والے لوگوں میں سے تم نہیں ہونا چاہتے ہو ﴿۱۹﴾ اور شہر کے (دور کے) کنارے سے ایک آدمی دوڑتا ہوا آیا، کہنے لگا: اے موسیٰ! سردار لوگ تمھارے بارے میں مشورہ کر رہے ہیں؛ تاکہ وہ تم کو قتل کر ڈالیں، سو تم (یہاں سے) نکل جاؤ، یقیناً میں تمھاری بھلائی چاہنے والوں میں سے ہوں ﴿۲۰﴾ سو وہ (موسیٰ علیہ السلام) اس (شہر) سے ڈرتے ڈرتے حالات کا جائزہ لیتے ہوئے ④ نکلے، اس (موسیٰ علیہ السلام) نے (دعا میں) کہا: اے میرے رب! مجھے ظالم لوگوں سے بچا لیجیے ﴿۲۱﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) انتظار کر رہے تھے۔ ② یعنی موسیٰ اور ان کی جماعت کے آدمی کا دشمن تھا۔ یعنی قبطی آدمی۔
③ (دوسرا ترجمہ) زمین میں اپنی طاقت کا دھاک بٹھانا چاہتے ہو۔ نکتہ: اسرائیلی شخص کے بولنے سے راز ظاہر ہوا، نقصان اپنوں سے بھی پہنچا کرتا ہے؛ بلکہ بہت سی مرتبہ غیروں سے زیادہ اپنوں سے پہنچتا ہے، الامان والحفیظ! ④ (دوسرا ترجمہ) وحشت کی حالت میں نکل گئے۔ معلوم ہوا ایسے وقت میں جان بچانے کی تدبیر شانِ نبوت کے خلاف نہیں۔

وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَآءَ مَدْيَنَ قَالَ عَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يَّهْدِيَنِيْ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿۲۲﴾ وَلَمَّا وَرَدَ مَآءَ مَدْيَنَ وَجَدَ عَلَيْهِ اُمَّةً مِّنَ النَّاسِ يَسْقُوْنَ ۟ۙ وَوَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمُ امْرَاَتَيْنِ تَذُوْدٰنِ ۚ قَالَ مَا خَطْبُكُمَا ۭ قَالَتَا لَا نَسْقِيْ حَتّٰى يُصْدِرَ الرِّعَاۗءُ ۫ وَاَبُوْنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ ﴿۲۳﴾ فَسَقٰى لَهُمَا ثُمَّ تَوَلّٰٓى اِلَى الظِّلِّ فَقَالَ رَبِّ اِنِّىْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ﴿۲۴﴾ فَجَاۗءَتْهُ اِحْدٰىهُمَا تَمْشِيْ عَلَى اسْتِحْيَاۗءٍ ۡ قَالَتْ اِنَّ اَبِيْ يَدْعُوْكَ لِيَجْزِيَكَ اَجْرَ مَا سَقَيْتَ لَنَا ۭ

اور جب اس (موسیٰ علیہ السلام) نے مدین کی جانب رخ کیا تو اس (موسیٰ علیہ السلام) نے (دعا میں) کہا: امید ہے کہ میرے رب مجھے سیدھے راستے پر لے جاویں ﴿۲۲﴾ اور جب وہ (موسیٰ علیہ السلام) مدین کے کنویں پر پہنچے تو اس پر لوگوں کے ایک مجمع کو دیکھا کہ وہ لوگ (کنویں سے پانی کھینچ کر اپنے جانوروں کو) پانی پلا رہے ہیں اور ان (پانی پلانے والوں میں) سے ایک طرف دو عورتوں کو دیکھا جو (اپنے) جانوروں کو روکے ہوئے کھڑی تھی، تو اس (موسیٰ علیہ السلام) نے (ان دونوں عورتوں سے) پوچھا کہ: تمہارا کیا حال ہے؟① ان دونوں (عورتوں) نے جواب دیا: جب تک (یہ) چرواہے (اپنے جانور پانی پلا کر) واپس نہ لے جاویں ہم (اس وقت تک اپنے جانوروں کو) پانی نہیں پلا سکتیں اور ہمارے ابا تو بہت بوڑھے ہیں② ﴿۲۳﴾ چنانچہ (یہ سن کر) اس (موسیٰ علیہ السلام) نے ان دونوں (عورتوں) کے لیے (جانور کو) پانی پلا دیا③، پھر (وہاں سے) ہٹ کر وہ (موسیٰ علیہ السلام) ایک سایے کی جگہ میں چلے گئے اور (دعا میں) کہنے لگے: اے میرے رب! تو میرے لیے جو نعمت بھی اتارے میں اس کا محتاج ہوں ﴿۲۴﴾ سو تھوڑی دیر بعد ان دو (لڑکیوں) میں سے ایک (لڑکی) شرم وحیا سے چلتی ہوئی اس (موسیٰ علیہ السلام) کے پاس آئی، وہ (لڑکی) کہنے لگی: میرے ابا تم کو بلا رہے ہیں؛ تا کہ تم نے جو ہمارے لیے (جانوروں کو) پانی پلایا اس کا آپ کو انعام دیویں،

---

① یعنی تم دونوں پانی کیوں نہیں پلاتی؟۔

② اس دور میں بھی اس طرح کے کاموں کے لیے عورتوں کا باہر نکلنا ناپسندیدہ تھا؛ اس لیے یہ عذر پیش کرنے کی ضرورت پڑی۔ ③ بے لوث خدمت نبیوں کے اخلاق کا ایک حصہ ہے، خدمت سے ترقی ہوتی ہے اور راہیں کھلتی ہیں۔

نوٹ: یہ واقعہ بندہ کے ''خطباتِ محمود'' جلد اول میں تفصیل سے مع فوائد ملاحظہ فرمائیں۔

فَلَمَّا جَآءَهٗ وَقَصَّ عَلَيْهِ الْقَصَصَ ۙ قَالَ لَا تَخَفْ ٝ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۵﴾ قَالَتْ اِحْدٰىهُمَا يٰٓاَبَتِ اسْتَاْجِرْهُ ۡ اِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَاْجَرْتَ الْقَوِيُّ الْاَمِيْنُ ﴿۲۶﴾ قَالَ اِنِّيْٓ اُرِيْدُ اَنْ اُنْكِحَكَ اِحْدَى ابْنَتَيَّ هٰتَيْنِ عَلٰٓي اَنْ تَاْجُرَنِيْ ثَمٰنِيَ حِجَجٍ ۚ فَاِنْ اَتْمَمْتَ عَشْرًا فَمِنْ عِنْدِكَ ۚ وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اَشُقَّ عَلَيْكَ ۭ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَاۗءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۲۷﴾ قَالَ ذٰلِكَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ ۭ اَيَّمَا الْاَجَلَيْنِ قَضَيْتُ فَلَا عُدْوَانَ عَلَيَّ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ﴿۲۸﴾

سو جب وہ (موسیٰ علیہ السلام) اس (لڑکی کے ابا) کے پاس پہنچے اور ان کے سامنے تمام حالات بیان کیے تو اس (لڑکی کے ابا) نے کہا کہ: تم (اب) ڈرو مت، تم ظالم لوگوں سے بچ کر آئے ہو① ﴿۲۵﴾ ان دو (لڑکیوں) میں سے ایک کہنے لگی: اے میرے ابا جان! آپ اس شخص کو اجرت پر رکھ لیجیے② اس لیے کہ اچھا آدمی جس کو آپ اجرت پر رکھنا چاہیں وہ ہے جو طاقت والا (بھی) ہو اور امانت دار (بھی) ہو③ ﴿۲۶﴾ اس (لڑکی کے ابا) نے کہا: میں چاہتا ہوں کہ میری ان دو لڑکیوں میں سے ایک کا تمھارے ساتھ نکاح کرا دوں، (نکاح کی) شرط یہ رہے گی کہ تم میرے یہاں آٹھ سال اجرت پر کام کرو، سو اگر تم دس سال پورے کرو تو یہ تمھاری مرضی کی بات ہوگی④، میں تمھارے اوپر تکلیف نہیں ڈالنا چاہتا، ان شاء اللہ تم مجھے اچھا معاملہ کرنے والوں میں سے پاؤ گے⑤ ﴿۲۷﴾ موسیٰ علیہ السلام نے کہا: یہ بات میرے اور تمھارے درمیان طے ہوگئی، دونوں مدتوں میں سے جو مدت بھی میں پوری کروں تو مجھ پر کوئی زیادتی نہیں ہوگی اور جو بات ہم کہتے ہیں اس پر اللہ تعالیٰ گواہ (کافی) ہیں⑥ ﴿۲۸﴾

---

① پریشان حال لوگوں کو تسلی دینا چاہیے۔ ② ضرورت کے وقت ملازم رکھنا چاہیے۔

③ دو لڑکیاں شرم سے آئی تھیں، پھر بھی موسیٰ علیہ السلام نے سر جھکا کر ہی بات کی، اس سے امانت کا اندازہ لگایا۔

④ (دوسرا ترجمہ) تمھاری طرف سے احسان ہے۔ ⑤ ہم سخت خدمت نہیں لیں گے، معاملات میں اچھے ثابت ہوں گے، معلوم ہوا داماد کے ساتھ حسن سلوک کرنا چاہیے، تکلیف نہ دیوے۔

⑥ دنیا میں قسم قسم کے معاہدات ہوتے ہیں اور اس کو مضبوط کرنے کے لیے بھی قسم قسم کے طریقے اپنائے جاتے ہیں، لیکن جن کو معاہدہ توڑنا ہی ہو ان کے پاس شیطانی تدبیریں بھی کچھ کم نہیں ہوا کرتیں، بس ایک ہی بات ہے ”اللہ تعالیٰ کا ڈر“ وہ انسان کو پابند بنا سکتا ہے۔ نکتہ: موسیٰ نے حلال طریقے سے پیٹ و شرم گاہ کی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے طویل عرصہ خود کو ملازمت کے حوالے کر دیا، یہ ہے حلال کی اہمیت۔

فَلَمَّا قَضٰى مُوْسَى الْاَجَلَ وَسَارَ بِاَهْلِهٖۤ اٰنَسَ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ نَارًا ۚ قَالَ لِاَهْلِهِ
امْكُثُوْۤا اِنِّیْۤ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّیْۤ اٰتِیْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ جَذْوَةٍ مِّنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ۝
فَلَمَّاۤ اَتٰىهَا نُوْدِیَ مِنْ شَاطِئِ الْوَادِ الْاَیْمَنِ فِی الْبُقْعَةِ الْمُبٰرَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ اَنْ یّٰمُوْسٰۤی
اِنِّیْۤ اَنَا اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ وَاَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰی مُدْبِرًا وَّلَمْ
یُعَقِّبْ ؕ یٰمُوْسٰۤی اَقْبِلْ وَلَا تَخَفْ ۫ اِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِیْنَ ۝ اُسْلُكْ یَدَكَ فِیْ جَیْبِكَ تَخْرُجْ
بَیْضَآءَ مِنْ غَیْرِ سُوْٓءٍ ؗ وَّاضْمُمْ اِلَیْكَ جَنَاحَكَ مِنَ الرَّهْبِ

پھر جب موسیٰ (علیہ السلام) نے وہ مدت پوری کرلی اور اپنی اہلیہ کو لے کر (مصر کی طرف) چلے تو طور پہاڑ کی جانب میں ایک آگ دیکھی تو اس (موسیٰ علیہ السلام) نے اپنی اہلیہ سے کہا: تم (ذرا یہاں) ٹھہرو، میں نے ایک آگ دیکھی ہے، شاید میں وہاں سے تمھارے پاس کوئی خبر لے آؤں یا آگ کا کوئی انگارہ لے آؤں①؛ تا کہ تم (اس سے) گرمی حاصل کرسکو ﴿۲۹﴾ سو جب وہ (موسیٰ علیہ السلام) اس (آگ) کے پاس پہنچے تو میدان کے داہنی جانب کے کنارے سے② برکت والی جگہ میں ایک درخت③ سے اس کو یہ آواز دی گئی: اے موسیٰ! میں ہی اللہ ہوں، تمام عالموں کا رب ہوں ﴿۳۰﴾ اور یہ کہ (اے موسیٰ!) اپنی لکڑی کو (زمین پر) ڈال دو، (پھر یہ ہوا کہ) جب اس (موسیٰ علیہ السلام) نے اس (لاٹھی) کو اس طرح ہلتے دیکھا جیسے وہ (تیز دوڑنے والا) سانپ ہے تو وہ (موسیٰ علیہ السلام) پیٹھ پھرا کر بھاگے اور پیچھے مڑ کر دیکھا بھی نہیں (حکم ہوا: اے موسیٰ!) آگے آؤ④ اور تم ڈرو نہیں، یقیناً تم کو کوئی خطرہ نہیں⑤ ﴿۳۱﴾ تم اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں ڈال دو وہ کسی بیماری کے بغیر (چمکتا ہوا) سفید نکلے گا اور ڈر دور کرنے کے لیے اپنا ہاتھ (پھر) اپنے جسم سے ملا لینا⑥

---

① گھر والوں کی ضروریات کا نظم کرنا نبوی سنت ہے۔ ② مدین سے مصر واپسی ہو رہی تھی اس لحاظ سے وہ میدان حضرت موسیٰ کی داہنی جانب پڑ رہا تھا، ان مقامات کا آنکھوں دیکھا حال بندہ کے سفرنامہ "دیکھی ہوئی دنیا میں" ملاحظہ فرمائیں۔
③ بندہ نے مصر کے سفر میں مشاہدہ کیا تو جو درخت بتایا جاتا ہے وہ "علیق" (امر بیل) کا ہے۔
④ (دوسرا ترجمہ) اے موسیٰ! سامنے آؤ۔ ⑤ (دوسرا ترجمہ) تم بالکل امن (یعنی سلامتی) میں ہو۔ ⑥ عصا اور ہاتھ میں اچانک تغیر سے جو طبعی ڈر پیدا ہو جائے اس کو دور کرنے کا طریقہ بھی بتا دیا گیا۔

فَذٰنِكَ بُرْهَانٰنِ مِنْ رَّبِّكَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ۝ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ قَتَلْتُ مِنْهُمْ نَفْسًا فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنِ ۝ وَاَخِيْ هٰرُوْنُ هُوَ اَفْصَحُ مِنِّيْ لِسَانًا فَاَرْسِلْهُ مَعِيَ رِدْاً يُّصَدِّقُنِيْۤ ؗ اِنِّيْۤ اَخَافُ اَنْ يُّكَذِّبُوْنِ ۝ قَالَ سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِاَخِيْكَ وَنَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطٰنًا فَلَا يَصِلُوْنَ اِلَيْكُمَا ۚۛ بِاٰيٰتِنَاۤ ۚۛ اَنْتُمَا وَمَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغٰلِبُوْنَ ۝

اب یہ دو میری (طرف سے) دلیلیں ہیں جو تمھارے رب کی طرف سے فرعون اور اس کے سرداروں کے پاس جانے کے لیے ہے، یقیناً وہ تو بڑے نافرمان لوگ ہیں ﴿۳۲﴾ موسیٰ (علیہ السلام) بولے: اے میرے رب! میں نے ان میں سے ایک شخص کو قتل کر دیا تھا؛ اسی لیے میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے مار ڈالیں گے ① ﴿۳۳﴾ اور میرے بھائی ہارون کی زبان مجھ سے زیادہ صاف ہے ② تو آپ ان کو میرے ساتھ (توحید کی دعوت کے کام میں) مدد کرنے والا بنا کر بھیج دیجیے ③ کہ وہ (ہارون) مجھے (لوگوں کے سامنے) سچا بتائے ④، یقیناً میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے جھٹلا دیں گے ﴿۳۴﴾ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: عنقریب تمھارے بھائی (ہارون) کے ذریعہ ہم تمھارے بازو مضبوط کر دیتے ہیں اور ہم آپ دونوں کو ایسا رعب دیتے ہیں کہ ⑤ ہماری نشانیوں (کی برکت) سے وہ تم تک نہیں پہنچ سکیں گے ⑥ تم دونوں اور جو لوگ تم دونوں کے ساتھ ہیں وہی غالب رہنے والے ہیں ⑦ ﴿۳۵﴾

---

① اپنے ذہن میں جو بات ہو وہ بڑوں کے سامنے صاف صحیح بیان کر دینی چاہیے۔

② فصاحتِ لسان یہ بھی فضیلت اور ترقی کا ذریعہ ہے۔

③ حضرت ہارون علیہ السلام اس وقت وہاں موجود نہیں تھے پھر بھی ان کے لیے نبوت کی دعا کی۔ مسلمان بھائی کی غائبانہ خیر خواہی یہ بھی نبیوں کی سنت ہے۔

④ (دوسرا ترجمہ) وہ (ہارون) میری تائید کرے۔ معلوم ہوا بھائی بھائی کے لیے تقویت کا باعث بنے۔

⑤ نیک لوگوں کو قدرتی رعب دیا جاتا ہے۔

⑥ (دوسرا ترجمہ) ہماری نشانیوں کو لے کر تم دونوں جاؤ۔

⑦ اس میں بشارت ہے کہ تم دونوں اکیلے نہ رہو گے، ایک جماعت تمھارے ساتھ ہوگی اور غلبہ اہلِ حق کو ہوتا ہے۔

فَلَمَّا جَآءَهُمْ مُّوسٰى بِاٰيٰتِنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّفْتَرًى وَّمَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ۝ وَقَالَ مُوْسٰى رَبِّيْٓ اَعْلَمُ بِمَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى مِنْ عِنْدِهٖ وَمَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ مَا عَلِمْتُ لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرِيْ ۚ فَاَوْقِدْ لِيْ يٰهَامٰنُ عَلَى الطِّيْنِ فَاجْعَلْ لِّيْ صَرْحًا لَّعَلِّيْٓ اَطَّلِعُ اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى ۙ وَاِنِّيْ لَاَظُنُّهٗ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ وَاسْتَكْبَرَ هُوَ وَجُنُوْدُهٗ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اِلَيْنَا لَا يُرْجَعُوْنَ ۝ فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَجَعَلْنٰهُمْ اَىِٕمَّةً يَّدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ لَا يُنْصَرُوْنَ ۝ وَاَتْبَعْنٰهُمْ فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ هُمْ مِّنَ الْمَقْبُوْحِيْنَ ۝

سو جب موسیٰ (علیہ السلام) ان کے پاس ہماری کھلی نشانیوں کو لے کر پہنچے تو وہ (فرعونی) لوگ کہنے لگے کہ: یہ تو ایک بناوٹی جادو ہی ہے، اور ایسی بات تو ہم نے اپنے اگلے باپ دادوں (کے زمانے) میں (کبھی بھی) نہیں سنی ﴿۳۶﴾ اور موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا کہ: میرے رب اس شخص کو خوب اچھی طرح جانتے ہیں جو اس کے پاس سے ہدایت لے کر آیا ہے اور اس کو بھی (اچھی طرح جانتے ہیں) جس کو (دنیا یا آخرت میں) اچھا انجام ملے گا، یقیناً ظلم کرنے والے کامیابی نہیں پاتے ﴿۳۷﴾ اور فرعون کہنے لگا: اے درباریو! مجھ کو تو میرے سوا تمھارا کوئی معبود معلوم نہیں ہے، سوائے ہامان! تو میرے لیے آگ میں مٹی پکوا کر (اینٹیں تیار کر) پھر (ان اینٹوں سے) میرے لیے اونچا محل بنوا؛ تاکہ میں (اس کے اوپر سے) موسیٰ کے رب کو جھانک کر دیکھ لوں اور میں تو پورے یقین کے ساتھ اس (موسیٰ) کو جھوٹوں میں سے سمجھتا ہوں ﴿۳۸﴾ اور اس (فرعون) نے اور اس کے لشکر نے زمین میں ناحق گھمنڈ کیا اور وہ یہ سمجھ بیٹھے کہ ان کو ہمارے پاس واپس لوٹا کر نہیں لایا جائے گا ﴿۳۹﴾ پھر ہم نے اس (فرعون) کو اور اس کے لشکر کو پکڑ لیا، پھر ہم نے ان کو دریا میں ڈال دیا، اب دیکھ لو کہ ظالموں کا کیسا انجام ہوا؟ ﴿۴۰﴾ اور ہم نے ان کو (ایسا) پیشوا بنا دیا جو (لوگوں کو) جہنم کی (آگ کی) طرف بلاتے رہیں اور قیامت کے دن ان کی کوئی مدد نہیں کی جائے گی ﴿۴۱﴾ اور ہم نے اس دنیا میں (بھی) ان کے پیچھے لعنت لگا دی اور قیامت کے دن وہ بری حالت والے لوگوں میں (شامل) ہوں گے ﴿۴۲﴾

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِ مَاۤ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ الْاُوْلٰى بَصَآئِرَ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۳﴾ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ اِذْ قَضَيْنَاۤ اِلٰى مُوْسَى الْاَمْرَ وَمَا كُنْتَ مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَلٰكِنَّاۤ اَنْشَاْنَا قُرُوْنًا فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۚ وَمَا كُنْتَ ثَاوِيًا فِىْۤ اَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۙ وَلٰكِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الطُّوْرِ اِذْ نَادَيْنَا وَلٰكِنْ رَّحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّاۤ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۶﴾

اور پکی بات ہے کہ ہم نے پچھلی امتوں کو ہلاک کرنے کے بعد موسیٰ (علیہ السلام) کو (ایسی) کتاب دی جو لوگوں کو (سچائی) سمجھانے والی تھی① اور وہ (کتاب) ہدایت اور رحمت تھی؛ تاکہ وہ لوگ نصیحت حاصل کریں ﴿۴۳﴾ اور (اے محمد! طور پہاڑ کی) مغربی جانب تم اس وقت موجود نہیں تھے جب ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو احکام دیے تھے اور تم (اس کو) دیکھنے والوں میں بھی نہیں تھے② ﴿۴۴﴾ لیکن ہم نے (اس کے بعد) بہت ساری نسلیں پیدا کیں، پھر ان پر لمبا زمانہ گذر گیا③ اور (اے محمد!) تم مدین والوں میں رہتے بھی نہیں تھے کہ ان (مدین والوں) کو ہماری آیتیں پڑھ پڑھ کر سناتے ہوں؛ لیکن (تم کو اور تمام نبیوں کو) پیغمبر بنا کر بھیجنے والے ہم ہی ہیں ﴿۴۵﴾ اور (اے محمد!) تم تو طور پہاڑ کے کنارے (اس وقت بھی) موجود نہیں تھے جب ہم نے (اس موسیٰ علیہ السلام کو) پکارا تھا؛ لیکن (تم کو وحی کے ذریعہ یہ سب واقعات ہم بتا رہے ہیں) تمھارے رب کی (تم پر) رحمت ہے④؛ تاکہ تم اس قوم کو ڈراؤ⑤ جن کے پاس تم سے پہلے کوئی ڈرانے والا (یعنی نبی) نہیں آیا؛ تاکہ وہ لوگ نصیحت قبول کریں ﴿۴۶﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) بصیرت کی باتوں پر مشتمل۔

② (دوسرا ترجمہ) اور تم ان لوگوں میں بھی نہیں تھے جو اس کو دیکھ رہے ہوں (موجود نہ ہونے کے باوجود صحیح واقعہ بیان کرنا آپ کی نبوت کی دلیل ہے)۔ ③ لمبا زمانہ گذرنے کی وجہ سے علوم صحیحہ نایاب ہو گئے لوگ ہدایت کے محتاج ہو گئے۔

④ یعنی تم اپنے رب کی رحمت سے نبی بنائے گئے۔

⑤ "لتنذر" کا صیغہ دعوت کے تسلسل کو بتاتا ہے، لوگوں کے انکار پر مایوسی نہ ہو، دعوت برابر جاری رہے۔

وَلَوْلَآ اَنْ تُصِيْبَهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَيَقُوْلُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْا لَوْلَآ اُوْتِيَ مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى ؕ اَوَلَمْ يَكْفُرُوْا بِمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ۚ قَالُوْا سِحْرٰنِ تَظٰهَرَا ۟ وَقَالُوْٓا اِنَّا بِكُلٍّ كٰفِرُوْنَ ۝ قُلْ فَاْتُوْا بِكِتٰبٍ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ هُوَ اَهْدٰى مِنْهُمَآ اَتَّبِعْهُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكَ فَاعْلَمْ اَنَّمَا يَتَّبِعُوْنَ اَهْوَآءَهُمْ ؕ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

اور تاکہ جب ان لوگوں پر ان کے کیے ہوئے (برے) کاموں کی وجہ سے کوئی مصیبت آپڑتی تو وہ ایسا نہ کہنے لگتے کہ: اے ہمارے رب! آپ نے ہماری طرف کوئی رسول کیوں نہیں بھیجا؟ کہ ہم آپ کے حکموں پر چلتے اور ہم ایمان والوں میں سے ہو جاتے ﴿۴۷﴾ سو جب ان کے پاس ہماری طرف سے سچی بات آگئی تو (اس پر) یہ لوگ کہنے لگے کہ: جیسی کتاب موسیٰ کو دی گئی تھی ویسی کتاب اس (نبی محمد) کو کیوں نہیں دی گئی؟① حالاں کہ جو (کتاب) موسیٰ (علیہ السلام) کو دی گئی تھی، کیا انھوں نے پہلے ہی سے اس کا انکار نہیں کر دیا تھا؟ اور وہ یہ بھی کہنے لگے تھے کہ یہ دونوں (تورات و قرآن) تو جادو ہے② جو آپس میں ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں③ اور وہ یہ بھی کہنے لگے کہ: ہم تو (دونوں میں سے) کسی کو نہیں مانتے ﴿۴۸﴾ (اے نبی!) تم (ان سے) کہو: اگر تم سچے ہو تو (تورات اور قرآن کے علاوہ) کوئی اور کتاب اللہ تعالیٰ کے پاس سے لے آؤ جو ہدایت کے لحاظ سے ان دونوں سے بہتر ہو، میں بھی اس پر عمل کرنے لگوں گا ﴿۴۹﴾ سو اگر وہ تمھارے کہنے کے مطابق (کوئی کتاب) نہ لا سکے تو سمجھو کہ وہ (یعنی مکہ کے کافر) حقیقت میں صرف اپنی نفسانی خواہشات پر چلتے ہیں اور اس آدمی سے بڑا گمراہ کون ہوگا جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے آئی ہوئی ہدایت کے بغیر اپنی خواہش کے پیچھے چلے④ یقیناً اللہ تعالیٰ ظلم کرنے والی قوم کو ہدایت نہیں دیتے ﴿۵۰﴾

---

① تورات ایک ساتھ ایک مرتبہ میں اتری، اس طرح قرآن اترتا۔ ② (دوسرا ترجمہ) وہ (یہی) کہنے لگے تھے کہ: یہ تو دونوں (یعنی موسیٰ اور محمد) جادوگر ہیں۔ ③ (دوسرا ترجمہ) جو دونوں آپس میں ایک دوسرے کے موافق ہیں۔
④ اللہ تعالیٰ کی ہدایت کے خلاف نفسانی خواہشات پر چلنے والا سب سے بڑا گمراہ۔

وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ﴿٥١﴾ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِهٖ هُمْ بِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ﴿٥٢﴾ وَاِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖٓ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّنَآ اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلِهٖ مُسْلِمِيْنَ ﴿٥٣﴾ اُولٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَّرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوْا وَيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿٥٤﴾ وَاِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا عَنْهُ وَقَالُوْا لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ لَا نَبْتَغِي الْجٰهِلِيْنَ ﴿٥٥﴾

اور ہم ان (کی آسانی) کے لیے (نصیحت کی) بات لگاتار بھیجتے ہی رہیں؛ تا کہ وہ لوگ نصیحت حاصل کرلیں ﴿۵۱﴾ جن کو ہم نے اس (قرآن) سے پہلے (آسمانی) کتابیں دی ہیں وہ اس (قرآن) پر (بھی) ایمان لاتے ہیں① ﴿۵۲﴾ اور جب ان کے سامنے (قرآن پڑھ کر) سنایا جاتا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ: ہم اس (قرآن) پر ایمان لے آئے کہ یقیناً وہ سچا ہے، ہمارے رب کی طرف سے (اترا ہے) حقیقت میں اس (قرآن اترنے) سے پہلے ہی ہم اس کو مانتے تھے ﴿۵۳﴾ ایسے لوگوں کو ان کے صبر② کی وجہ سے دوہرا اجر دیا جائے گا③ اور وہ لوگ برائی کے بدلے میں بھلائی کرتے ہیں اور جو روزی ہم نے ان کو دی ہے اس میں سے (اللہ تعالیٰ کے راستے میں) وہ خرچ کرتے ہیں ﴿۵۴﴾ اور جب وہ بے کار بات کو سنتے ہیں تو وہ اس سے منہ پھیرا لیتے ہیں④ اور وہ کہنے لگتے ہیں کہ: ہمارے لیے ہمارے اعمال اور تمہارے لیے تمہارے اعمال ہیں (ہم) تم کو سلام کرتے ہیں⑤ ہم نادان (یعنی بے سمجھ) لوگوں سے الجھنا نہیں چاہتے ﴿۵۵﴾

---

① یعنی جو سابقہ آسمانی کتابوں پر ایمان رکھتے تھے اور اس میں قرآن کا ذکر ہے ہی؛ اس لیے قرآن کو بھی مانتے تھے اور آپ پر جب قرآن کا نزول شروع ہوا تو اس پر قائم رہے۔

نکتہ: اللہ تعالیٰ کے یہاں انصاف پسند لوگوں کی قدر ہے چاہے کسی بھی قوم سے ہو۔

② سابقہ دین پر ایمان تھا اب نزول قرآن کے بعد قرآن پر جم کر کے عمل کیا۔ اللہ کی اطاعت میں ثابت قدم رہے یہ صبر تھا۔

③ انسان پہلے سے ایک دین پر قائم ہو، پختگی سے مانتا ہو عمل کرتا ہو، اس پر فخر بھی ہو کہ یہ آسمانی کتاب پر عمل کرتا ہوں پھر اس کو ترک کر کے شرع محمدی کو اپنا لیا یہ کتنا دشوار کام ہے پھر اس کو دوہرا اجر ملےگا ہی۔

④ یعنی دور ہو جاتے ہیں۔ ہم بحث میں الجھنا نہیں چاہتے ہیں۔

⑤ فضول بحث میں الجھنے کا وقت نہیں ہے، ہم دعا کرتے ہیں تم کو اسلام کی توفیق ملے اور تم سلامت رہو۔

إِنَّكَ لَا تَهْدِي مَنْ أَحْبَبْتَ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ ۚ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ ۝ وَقَالُوا إِنْ نَتَّبِعِ الْهُدَىٰ مَعَكَ نُتَخَطَّفْ مِنْ أَرْضِنَا ۚ أَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَهُمْ حَرَمًا آمِنًا يُجْبَىٰ إِلَيْهِ ثَمَرَاتُ كُلِّ شَيْءٍ رِزْقًا مِنْ لَدُنَّا وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ۝ وَكَمْ أَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ بَطِرَتْ مَعِيشَتَهَا ۖ فَتِلْكَ مَسَاكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ مِنْ بَعْدِهِمْ إِلَّا قَلِيلًا ۖ وَكُنَّا نَحْنُ الْوَارِثِينَ ۝ وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرَىٰ حَتَّىٰ يَبْعَثَ فِي أُمِّهَا رَسُولًا يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِنَا ۚ وَمَا كُنَّا مُهْلِكِي الْقُرَىٰ إِلَّا وَأَهْلُهَا ظَالِمُونَ ۝

یقیناً تم جس کو چاہو ہدایت تک نہیں پہنچا سکتے؛ لیکن اللہ تعالیٰ جس کو بھی چاہتے ہیں ہدایت دیتے ہیں اور وہ (اللہ تعالیٰ) ہدایت قبول کرنے والوں کو خوب اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۵۶﴾ اور یہ (مکہ کے کافر) کہنے لگے: اگر ہم تمھارے ساتھ ہدایت (یعنی توحید) پر چلنے لگیں تو ہم اپنے ملک سے اچک لیے جائیں گے ①، کیا ہم نے ان کو امن والے حرم میں جگہ نہیں دی جس کی طرف ہر قسم کے پھل کھینچے چلے آتے ہیں جو ہماری طرف سے دیا ہوا (خاص) رزق ہے؛ لیکن ان میں کے اکثر لوگ جانتے ہی نہیں ہیں ﴿۵۷﴾ اور کتنی بستیوں کو ہم نے ہلاک کر دیا کہ وہاں کے رہنے والے اپنی معیشت پر اتراتے تھے، سو یہ ان کے مکانات (تمھارے سامنے) ہیں، ان (کے ہلاک ہونے) کے بعد تھوڑے لوگوں کے سوا وہاں کسی کو بسنا نصیب نہیں ہوا ② اور ہم ہی (آخر کار) سب کے مالک ہیں ③ ﴿۵۸﴾ اور (اے نبی!) تمھارے رب اس وقت تک بستیوں کو ہلاک نہیں کر ڈالتے جب تک ان (بستیوں) کے مرکزی مقام ④ میں کوئی رسول نہ بھیجے جو وہاں کے لوگوں کو ہماری آیتیں پڑھ پڑھ کر سناتے ہو اور ہم (رسول بھیجنے کے بعد بھی فوراً ان) بستیوں کو ہلاک نہیں کر ڈالتے؛ الا یہ کہ وہاں کے رہنے والے لوگ ظالم ہو جائیں (تب ہلاک کرتے ہیں) ﴿۵۹﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) مار کر نکال دیے جاویں گے۔

② قلیل: [الف] اس میں چند ہی مکانات پھر آئندہ آباد ہوئے۔ [ب] ان بستیوں میں بہت تھوڑی دیر کے لیے لوگ رکتے ہیں جیسے کوئی مسافر، اس کے سوا وہ بستیاں آباد نہ ہو سکی۔ ③ (دوسرا ترجمہ) سب کو سے لینے والے ہیں۔

④ یعنی راجدھانی، معلوم ہوا کہ مرکزی مقامات سے جو تحریک چلتی ہے اس کے اثرات زیادہ ہوتے ہیں۔

وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتُهَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۰﴾

اَفَمَنْ وَّعَدْنٰهُ وَعْدًا حَسَنًا فَهُوَ لَاقِيْهِ كَمَنْ مَّتَّعْنٰهُ مَتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ هُوَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ﴿۶۱﴾ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَاۗءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۶۲﴾ قَالَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا هٰٓؤُلَاۗءِ الَّذِيْنَ اَغْوَيْنَا ۚ اَغْوَيْنٰهُمْ كَمَا غَوَيْنَا ۚ تَبَرَّاْنَآ اِلَيْكَ ۡ مَا كَانُوْٓا اِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ ﴿۶۳﴾ وَقِيْلَ ادْعُوْا شُرَكَاۗءَكُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَرَاَوُا الْعَذَابَ ۚ لَوْ اَنَّهُمْ كَانُوْا يَهْتَدُوْنَ ﴿۶۴﴾

اور تم کو جو چیز بھی دی گئی سو وہ تو دنیوی زندگی کا سامان ہے اور اس (دنیوی زندگی) کی رونق ہے اور اللہ کے پاس جو کچھ ہے وہ کہیں زیادہ بہتر اور زیادہ باقی رہنے والا ہے، بھلا کیا تم لوگ سمجھتے نہیں؟ ﴿۶۰﴾

بھلا بتاؤ تو! ایک شخص (یعنی مؤمن) وہ ہے جس سے ہم نے اچھا وعدہ (جنت کا) کیا ہے، سو وہ اس (وعدے) کو پانے والا بھی ہے، کیا وہ اس شخص (یعنی کافر) جیسا ہو سکتا ہے جس کو ہم نے دنیوی زندگی کا سامان (چند دن) فائدہ اٹھانے کے لیے دے دیا ہو، پھر وہ قیامت کے دن پکڑ کر حاضر کیا جائے گا؟ ﴿۶۱﴾ اور (اس قیامت کے دن کو ہرگز مت بھولو) جس دن وہ (اللہ تعالیٰ) ان (کافروں) کو پکار کر فرمائیں گے کہ: میرے وہ شریک کہاں ہیں جن کو تم (دنیا میں میرا شریک) سمجھتے تھے؟ ﴿۶۲﴾ جن لوگوں کے خلاف (عذاب کی) بات ثابت ہو چکی ہے وہ کہیں گے کہ: اے ہمارے رب! یہ وہ لوگ ہیں جن کو ہم نے گمراہ کیا تھا ہم نے ان کو اس طرح گمراہ کیا تھا جیسا ہم خود گمراہ ہو گئے تھے، ہم آپ کے سامنے ان سے بری ہوتے ہیں① کہ یہ لوگ ہماری عبادت نہیں کرتے تھے ﴿۶۳﴾ اور (کافروں سے) کہا جائے گا: جن کو تم نے (اللہ تعالیٰ کے ساتھ عبادت میں) شریک بنا رکھا تھا ان کو پکارو، سو وہ (کافر) ان کو پکاریں گے تو وہ ان کو کوئی جواب نہیں دیں گے اور وہ (کافر اپنی آنکھوں سے) عذاب دیکھ لیں گے، کاش کہ وہ لوگ (دنیا میں) ہدایت کو قبول کر لیتے (تو آج عذاب کی یہ مصیبت اٹھانی نہ پڑتی) ﴿۶۴﴾

---

① یعنی ہمارا ان سے کوئی تعلق نہیں تھا۔

وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ فَيَقُولُ مَاذَا أَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِينَ ﴿۶۵﴾ فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْأَنبَاءُ يَوْمَئِذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَاءَلُونَ ﴿۶۶﴾ فَأَمَّا مَن تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسَىٰ أَن يَكُونَ مِنَ الْمُفْلِحِينَ ﴿۶۷﴾ وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ وَيَخْتَارُ ۗ مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ ۚ سُبْحَانَ اللَّهِ وَتَعَالَىٰ عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿۶۸﴾ وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُورُهُمْ وَمَا يُعْلِنُونَ ﴿۶۹﴾ وَهُوَ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ لَهُ الْحَمْدُ فِي الْأُولَىٰ وَالْآخِرَةِ ۖ وَلَهُ الْحُكْمُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿۷۰﴾ قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِن جَعَلَ اللَّهُ عَلَيْكُمُ اللَّيْلَ سَرْمَدًا إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَنْ إِلَٰهٌ غَيْرُ اللَّهِ يَأْتِيكُم بِضِيَاءٍ ۖ أَفَلَا تَسْمَعُونَ ﴿۷۱﴾

اور (وہ قیامت کا دن بھی یاد رکھو) جس دن اللہ تعالیٰ ان (کافروں) کو پکار کر پوچھیں گے کہ: تم نے پیغمبروں کو کیا جواب دیا تھا؟ ﴿۶۵﴾ سو اس دن (جو) باتیں (دنیا میں وہ بنایا کرتے تھے وہ سب) ان پر بند ہو جائیں گی①، سو آپس میں بھی کچھ نہیں پوچھیں گے ﴿۶۶﴾ سو جو آدمی کہ توبہ کرے اور ایمان لائے اور نیک کام کرے تو پوری امید ہے کہ ایسے لوگ (اس دن) فلاح پانے والوں میں سے ہوں گے ﴿۶۷﴾ اور تمھارے رب جو چاہیں پیدا کرتے ہیں اور پسند کرتے ہیں②، ان لوگوں کو پسند کرنے کا کوئی اختیار نہیں ہے، اللہ تعالیٰ کی ذات تو پاک ہے اور وہ لوگ اللہ تعالیٰ کے ساتھ جو چیز شریک کرتے ہیں وہ (اللہ تعالیٰ) اس سے بہت دور ہیں ﴿۶۸﴾ اور تمھارے رب جانتے ہیں جو ان کے سینوں نے چھپا کر رکھا ہے اور جو وہ کھلم کھلا کرتے ہیں③ ﴿۶۹﴾ وہی ہے اللہ تعالیٰ، اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، دنیا اور آخرت میں اسی کے لیے حمد ہے اور حکم اسی (اللہ تعالیٰ) کا چلتا ہے اور اسی (اللہ تعالیٰ) کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے ﴿۷۰﴾ (اے نبی!) تم (ان سے یہ) پوچھو کہ: تم بتلاؤ تو! اگر اللہ تعالیٰ تم پر ہمیشہ قیامت کے دن تک کے لیے رات ہی رہنے دیویں تو اللہ تعالیٰ کے سوا کونسا معبود ہے جو تمھارے پاس (کہیں سے) روشنی لے آوے، کیا تم لوگ سنتے نہیں ہو؟ ﴿۷۱﴾

---

① اور ان کو جواب سمجھ میں نہیں آئے گا اور ذہن میں سے ساری باتیں غائب ہو جائے گی۔

② یعنی جو احکام چاہے نافذ کرے، اپنے اعزاز و اکرام کے لیے جس بندے کو چاہے پسند کرے، کسی کو بھی دینی، علمی و روحانی فضیلت جو حاصل ہے وہ اللہ تعالیٰ کی عنایت ہے، انسان کا ذاتی کمال کچھ نہیں ہے۔ ③ (دوسرا ترجمہ) جو وہ ظاہر میں کرتے ہیں۔

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ النَّهَارَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِلَيْلٍ تَسْكُنُوْنَ فِيْهِ ؕ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ۝ وَمِنْ رَّحْمَتِهٖ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ۝ وَنَزَعْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا فَقُلْنَا هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ فَعَلِمُوْٓا اَنَّ الْحَقَّ لِلّٰهِ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝

اِنَّ قَارُوْنَ كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰى فَبَغٰى عَلَيْهِمْ ۪ وَاٰتَيْنٰهُ مِنَ الْكُنُوْزِ مَآ اِنَّ مَفَاتِحَهٗ لَتَنُوْٓاُ بِالْعُصْبَةِ اُولِي الْقُوَّةِ ۗ اِذْ قَالَ لَهٗ قَوْمُهٗ لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ ۝

(ان سے یہ بات بھی) تم پوچھو کہ: تم بتلاؤ تو! کہ اگر اللہ تعالیٰ تم پر ہمیشہ قیامت کے دن تک کے لیے دن ہی رہنے دیویں تو اللہ تعالیٰ کے سوا کونسا معبود ہے جو تمھارے پاس رات لے آوے جس میں تم سکون حاصل کرو؟ تو کیا تم لوگ دیکھتے نہیں ہو؟ ﴿۷۲﴾ اور اس (اللہ تعالیٰ) نے اپنی رحمت سے تمھارے لیے رات اور دن بنایا؛ تاکہ تم اس (رات) میں سکون حاصل کرسکو اور تاکہ (دن میں) اس (اللہ) کا فضل (یعنی حلال روزی) تلاش کرو؛ اور تاکہ تم لوگ (اللہ تعالیٰ کا) شکر ادا کرو ﴿۷۳﴾ اور جس دن وہ (اللہ تعالیٰ) ان (کافروں) کو پکار کر فرمائیں گے کہ: میرے شریک جن کا تم دعویٰ کرتے تھے وہ کہاں ہیں؟ ﴿۷۴﴾ اور ہم ہر امت میں سے ایک گواہی دینے والا (یعنی نبی) نکال کر لائیں گے، پھر ہم کہیں گے کہ: تم اپنی دلیل لاؤ①، تب ان کو یہ معلوم ہوجائے گا کہ سچی بات تو اللہ تعالیٰ ہی کی تھی اور جو باتیں انھوں نے (دنیا میں) گھڑ رکھی تھیں وہ سب ان سے گم ہو کر رہ جائیں گی② ﴿۷۵﴾

یقیناً قارون موسیٰ (علیہ السلام) کی قوم کا (ایک شخص) تھا، پھر وہ ان (بنی اسرائیل) پر زیادتی کرنے لگا، اور ہم نے اس کو اتنے خزانے دیے تھے کہ اس کی چابیاں اٹھانے سے طاقت والے لوگوں کی ایک جماعت تھک جاتی تھی، جب اس (قارون) کو اس کی قوم نے کہا: (مال پر) اترامت③، یقیناً اللہ تعالیٰ اترانے والوں کو پسند نہیں کرتے ہیں ﴿۷۶﴾

---

①اس وقت ان کو شرک کے صحیح ہونے پر کوئی دلیل نہیں مل سکے گی۔ ②یعنی آج کسی کا پتہ نہیں رہے گا۔ (باقی ←)

وَابْتَغِ فِيمَآ اٰتٰىكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا وَاَحْسِنْ كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْاَرْضِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ عِنْدِيْ ؕ اَوَلَمْ يَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَهْلَكَ مِنْ قَبْلِهٖ مِنَ الْقُرُوْنِ مَنْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً وَّاَكْثَرُ جَمْعًا ؕ وَلَا يُسْئَلُ عَنْ ذُنُوْبِهِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ فِيْ زِيْنَتِهٖ ؕ قَالَ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا يٰلَيْتَ لَنَا مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ قَارُوْنُ ۙ اِنَّهٗ لَذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّمَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ۚ

اور اللہ تعالیٰ نے (دنیا میں) تجھے جو کچھ دے رکھا ہے اس سے آخرت والا گھر بنانے کی کوشش کر اور دنیا میں سے اپنا حصہ مت بھول جا① اور جس طرح اللہ تعالیٰ نے تجھ پر احسان کیا ہے تو بھی (اللہ کے بندوں کے ساتھ) احسان کیا کر اور تو زمین میں فساد مچانے کی کوشش مت کر②، یقیناً اللہ تعالیٰ فساد کرنے والوں کو پسند نہیں کرتے ہیں ﴿۷۷﴾ وہ (قارون) کہنے لگا کہ: مجھے یہ سب کچھ میرے پاس جو علم (یعنی ذاتی ہنر) ہے③ اس کی وجہ سے ملا ہے، کیا اس کو یہ معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ اس سے پہلے (پچھلی قوموں میں سے) ایسے ایسے لوگوں کو ہلاک کر چکے ہیں جو طاقت اور مال جمع کرنے میں (یا افراد کے زیادہ ہونے میں قارون سے بھی) زیادہ بڑھے ہوئے تھے اور مجرموں سے ان کے گناہوں کے متعلق پوچھا بھی نہیں جائے گا④ ﴿۷۸﴾ پھر وہ (قارون) اپنی قوم کے سامنے اپنے پورے ٹھاٹھ کے ساتھ نکلا⑤ تو جو لوگ دنیوی زندگی کو چاہنے والے تھے وہ کہنے لگے: اے کاش! ہم کو ویسی چیزیں ملتیں جیسی چیزیں قارون کو ملی ہیں، یقیناً وہ (قارون) تو بڑی قسمت والا ہے ﴿۷۹﴾ اور جن کو (اللہ تعالیٰ کی طرف سے صحیح) علم دیا گیا تھا⑥ انھوں نے کہا: (اے دنیا کے چاہنے والو!) تم پر افسوس ہو، جو شخص ایمان لائے اور نیک کام کرے ان کے لیے تو اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا ثواب بہتر ہے،

⬅ ⑦ لذتِ عاجلہ فانیہ سے حاصل ہونے والی وہ خوشی جس میں انسان اللہ تعالیٰ کو بھول جاوے، اسی طرح جس خوشی کو اپنا ذاتی کمال سمجھے یہ بے اترانا۔

① دنیاوی ضروریات کو پورا کرو؛ لیکن اس میں اسراف نہ ہو، دنیاوی عمر کتنی ہے وہ سوچو، اس سے آخرت کے اعمال کرلو۔

② شرک و کفر اور نافرمانی بڑا فساد ہے۔ ③ علم اور ہنر کس نے دیا ہے، وہ سوچ لیوے۔ (باقی ⬅)

وَلَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ ۝ فَخَسَفْنَا بِهٖ وَبِدَارِهِ الْاَرْضَ ۣ فَمَا كَانَ لَهٗ مِنْ فِئَةٍ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۤ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُنْتَصِرِيْنَ ۝ وَاَصْبَحَ الَّذِيْنَ تَمَنَّوْا مَكَانَهٗ بِالْاَمْسِ يَقُوْلُوْنَ وَيْكَاَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ ۚ لَوْلَآ اَنْ مَّنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ بِنَا ۭ وَيْكَاَنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝

تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا ۭ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝ مَنْ جَاۗءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ جَاۗءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى الَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

اور یہ (مرتبہ) صبر کرنے والوں ہی کو ملتا ہے① ﴿۸۰﴾ پھر ہم نے اس (قارون) کو اور اس کے گھر کو زمین میں دھنسا دیا، پھر کوئی جماعت ایسی نہیں تھی جو اللہ تعالیٰ کے سوا اس کی مدد کرتی② اور وہ خود کو بھی بچا نہیں سکا ﴿۸۱﴾ اور کل جو لوگ اس (قارون) کے جیسا ہونے کی تمنا کر رہے تھے وہ کہنے لگے: اوہو! اب پتہ چل گیا کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے جس کے لیے چاہتے ہیں اس کو رزق زیادہ دے دیتے ہیں اور (جس کے لیے چاہتے ہیں) تنگ کرتے ہیں، اگر ہم پر اللہ تعالیٰ کا احسان نہ ہوتا تو وہ ہم کو بھی (زمین میں) دھنسا دیتے، اب پتا لگ گیا کہ وہ (اللہ تعالیٰ) کافروں کو کامیاب نہیں کرتے ﴿۸۲﴾

وہ آخرت کا گھر (جنت) ہم ان ہی لوگوں کے لیے خاص کرتے ہیں جو زمین میں بڑا بننا نہیں چاہتے③ اور فساد پھیلانا (بھی نہیں چاہتے)④ اور آخری (بہتر) انجام تو تقویٰ والوں کو ملے گا ﴿۸۳﴾ جو شخص نیکی لے کر حاضر ہوگا تو اس کو اس (نیکی) سے بہتر (بدلہ) ملے گا اور جو شخص برائی لے کر آئے گا تو جنھوں نے برے کام کیے ہیں ان کو ان کے کیے ہوئے کاموں ہی کی سزا دی جائے گی ﴿۸۴﴾

⬅ ⑦ اللہ کو ان کے گناہ پہلے سے معلوم ہی ہے اس لیے تحقیق کے لیے سوال کی ضرورت نہیں؛ البتہ تنبیہ اور زجر کے لیے سوال ہوگا۔ ⑧ (دوسرا ترجمہ) اپنے مال کی نمائش کرتے ہوئے نکلا۔ ⑨ اہل علم کی سوچ اور بول ایسا ہونا چاہیے۔

① یعنی کامل ثواب صبر کرنے والوں کو ملتا ہے، جو لوگ دنیا کی حرص سے صبر کرتے ہیں اور شریعت کی حدوں میں رہ کر مال کماتے ہیں۔ ② (دوسرا ترجمہ) جو اللہ کے مقابلے میں اس کے مدد کرتی (تیسرا) جو اس کو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے بچا لیتی ③ یعنی تکبر کر کے دوسروں کو حقیر نہیں سمجھتے۔ ④ ہر معصیت فساد ہے لوگوں پر ظلم بھی فساد ہے۔

إِنَّ الَّذِي فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْآنَ لَرَادُّكَ إِلَىٰ مَعَادٍ ۚ قُل رَّبِّي أَعْلَمُ مَن جَاءَ بِالْهُدَىٰ وَمَنْ هُوَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ﴿۸۵﴾ وَمَا كُنتَ تَرْجُو أَن يُلْقَىٰ إِلَيْكَ الْكِتَابُ إِلَّا رَحْمَةً مِّن رَّبِّكَ ۖ فَلَا تَكُونَنَّ ظَهِيرًا لِّلْكَافِرِينَ ﴿۸۶﴾ وَلَا يَصُدُّنَّكَ عَنْ آيَاتِ اللَّهِ بَعْدَ إِذْ أُنزِلَتْ إِلَيْكَ ۖ وَادْعُ إِلَىٰ رَبِّكَ ۖ وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿۸۷﴾ وَلَا تَدْعُ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ ۘ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ ۚ لَهُ الْحُكْمُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿۸۸﴾

یقیناً جس (اللہ تعالیٰ) نے تم پر قرآن (پر عمل کرنے کی اور تبلیغ) کی ذمے داری ڈالی ہے وہ ضرور تم کو (تمھارے) اصلی وطن (یعنی مکہ) پہنچانے والے ہیں① (اے نبی!) تم کہہ دو کہ: میرے رب تو اس آدمی کو بھی اچھی طرح جانتے ہیں جو (اس رب کی طرف سے) ہدایت (یعنی سچا دین) لے کر آیا ہے اور اس کو بھی اچھی طرح جانتے ہیں جو کھلم کھلا گمراہی میں (پڑا ہوا) ہے ﴿۸۵﴾ اور (اے نبی!) تم کو (پہلے سے) یہ امید نہیں تھی کہ تم پر (یہ) کتاب (یعنی قرآن) اتاری جائے گی؛ لیکن یہ تو تمھارے رب کی طرف سے رحمت ہے، سو تم کافروں کی بالکل مدد (یعنی تائید) کرنے والے مت بننا② ﴿۸۶﴾ اور اللہ تعالیٰ کی آیتیں (یعنی احکام) جب تم پر اتر گئیں تو اب اس کے بعد یہ لوگ تم کو اس (پر عمل کرنے) سے ہرگز نہ روکیں③ اور تم اپنے رب کی طرف دعوت دیتے رہو اور تم شرک کرنے والوں میں سے ہرگز مت ہو ﴿۸۷﴾ اور تم اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو مت پکارو، اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، اس (اللہ تعالیٰ) کی ذات کے سوا ہر چیز فنا ہونے والی ہے④، اسی (اللہ تعالیٰ) کی حکومت ہے اور اسی (اللہ تعالیٰ) کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے⑤ ﴿۸۸﴾

---

① یہ آیت سفرِ ہجرت میں نازل ہوئی جب جحفہ پہنچ کر مکہ والا معروف راستہ نظر آیا تو وطن کی یاد تازہ ہوگئی۔ بعض مفسرین نے ''معاد'' کو عادت سے مشتق مانا ہے تو معاد کا معنی یہ ہوگا جس جگہ رہنے کی انسان کو عادت پڑ جاوے، جہاں انسان کی طبیعت لگتی ہو، معلوم ہوا وطن سے محبت طبعی چیز ہے، یہ آیت بشارت ہے کہ مکہ پر تشریف آوری ہوگی اور بعض مفسرین نے معاد سے جنت مراد لیا ہے۔

② یعنی آج تک ایسا ہوا نہیں اور آئندہ بھی نہ ہو۔ ③ آیاتِ قرآنی پر عمل اور اس کی دعوت یہ دو ذمے داری ہے۔ ④ اخلاص والا عمل باقی رہے گا، باقی اعمال ضائع ہوں گے۔ ⑤ (دوسرا ترجمہ) اسی (اللہ تعالیٰ) کے پاس تم سب کو جانا ہے۔

سورة العنكبوت

(المكية)

آياتها:۶۹۔ رکوعاتها:۷۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں انہتر (۶۹) آیتیں ہیں۔ سورۂ روم کے بعد اور سورۂ مطففین سے پہلے پچاسی (۸۵) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں اللہ نے شرک کو باطل بتلانے کے لیے مکڑی کی مثال ذکر فرمائی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

الٓمّٓ ۝ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ ۝ وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ۝ اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّسْبِقُوْنَا ۭ سَاۗءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ۝ مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَاۗءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ۭ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ وَمَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَحْسَنَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

الم ﴿۱﴾ کیا لوگوں نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ وہ صرف اتنا کہہ دینے پر کہ "ہم ایمان لے آئے ہیں" چھوڑ دیے جائیں گے اور ان کو آزمایا نہیں جائے گا؟ ﴿۲﴾ حالاں کہ ان سے پہلے جو لوگ گذر چکے ہیں ہم ان (سب) کو آزما چکے ہیں، سو اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو ضرور معلوم کر کے رہیں گے جو (ایمان میں) سچے ہیں اور وہ (اللہ تعالیٰ) جھوٹوں کو بھی ضرور معلوم کر کے رہیں گے ﴿۳﴾ جن لوگوں نے برے کام کیے ہیں کیا وہ سمجھتے ہیں کہ وہ ہم سے بچ جاویں گے؟①، بہت برا وہ فیصلہ کرتے ہیں ﴿۴﴾ جو شخص بھی اللہ تعالیٰ سے ملاقات کی امید رکھتا ہو تو اس کو یقین رکھنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ (کے ملنے) کا مقرر (کیا ہوا) وقت آنے ہی والا ہے اور وہ (اللہ تعالیٰ) بڑے سننے والے، بڑے جاننے والے ہیں ﴿۵﴾ اور جو شخص (اللہ تعالیٰ کے راستے میں) محنت کرتا ہے تو وہ تو اپنے ہی فائدے کے لیے محنت کرتا ہے②، یقیناً اللہ تعالیٰ تمام عالموں سے بے پرواہ ہیں③ ﴿۶﴾ اور جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے، ہم ان پر سے ان کی برائیاں (یعنی گناہ) ضرور دور کر دیں گے اور جو نیک کام وہ کرتے تھے اس کا بہترین بدلہ ہم ان کو ضرور دیں گے ﴿۷﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) بھاگ کر کے کہیں آگے چلے جائیں گے۔ ② محنت کا اول فائدہ محنت کرنے والے کی ذات کو ملتا ہے۔
③ (دوسرا ترجمہ) یقیناً اللہ تعالیٰ کو تمام دنیا والوں میں سے کسی کی ضرورت نہیں ہے۔

وَوَصَّيْنَا الْإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا ۖ وَإِنْ جَاهَدَاكَ لِتُشْرِكَ بِي مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ۚ إِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَأُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٨﴾ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي الصَّالِحِينَ ﴿٩﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَقُولُ آمَنَّا بِاللَّهِ فَإِذَا أُوذِيَ فِي اللَّهِ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللَّهِ ۖ وَلَئِنْ جَاءَ نَصْرٌ مِنْ رَبِّكَ لَيَقُولُنَّ إِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ ۚ أَوَلَيْسَ اللَّهُ بِأَعْلَمَ بِمَا فِي صُدُورِ الْعَالَمِينَ ﴿١٠﴾

اور ہم نے انسان کو اپنے والدین کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کا (پوری تاکید سے) ①حکم دیا اور اگر وہ دونوں (والدین) تجھ پر زور ڈالیں ② کہ تو میرے ساتھ ایسے (معبود) کو شریک کر جس کی تجھ کو کوئی خبر نہیں ہے ③ تو (اس شرک کے بارے میں) ان دونوں کا کہنا نہ مان، میری طرف تم سب کو واپس آنا ہے، سو جو کام تم لوگ کرتے تھے وہ میں تم کو بتلا دوں گا ﴿۸﴾ اور جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے ہم ضرور نیک لوگوں (کے درجے میں جنت) میں ان کو داخل کریں گے ﴿۹﴾ اور کچھ لوگ ایسے ہیں جو کہتے ہیں کہ: ہم اللہ تعالیٰ پر ایمان لے آئے، پھر جب اللہ تعالیٰ کے راستے میں ان کو تکلیف پہنچائی جاتی ہے ④ تو لوگوں کی پہنچائی ہوئی تکلیف کو وہ اللہ تعالیٰ کے عذاب کی طرح (بڑی) سمجھتے ہیں اور اگر تمھارے رب کی طرف سے کوئی مدد (مسلمانوں پر) آجاوے تو (یہی لوگ) ضرور ایسا کہنے لگیں گے کہ: ہم تو تمھارے (یعنی مسلمانوں کے) ساتھ تھے ⑤ بھلا کیا اللہ تعالیٰ کو عالم کے لوگوں کے سینوں میں جو بات (چھپی ہوئی) ہے وہ اچھی طرح معلوم نہیں ہے؟ ⑥ ﴿۱۰﴾

---

① آیت میں لفظ "وصینا" استعمال ہوا ہے جس کا ایک مفہوم یہ ہے کہ کسی شخص کو کسی عمل کی طرف بلانا جب کہ وہ بلانا پوری خیر خواہی سے ہو۔

② (دوسرا ترجمہ) دباؤ ڈالے۔

③ (دوسرا ترجمہ) جس کے معبود ہونے کی کوئی (صحیح) دلیل تیرے پاس نہیں۔

④ (دوسرا ترجمہ) ان کو ستایا جاتا ہے۔

⑤ یعنی ہم دل سے تمھارے ساتھ تھے؛ اس لیے فتح کے نتائج (یعنی غنائم) میں ہم کو بھی شامل کرو۔

⑥ ضرور معلوم ہے اور ان منافقوں کے دلوں میں ایمان نہیں ہے وہ بھی اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے۔

وَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ ﴿۱۱﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوْا سَبِيْلَنَا وَلْنَحْمِلْ خَطٰيٰكُمْ ؕ وَمَا هُمْ بِحٰمِلِيْنَ مِنْ خَطٰيٰهُمْ مِّنْ شَيْءٍ ؕ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ ؗ وَلَيُسْـَٔلُنَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳﴾

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا ؕ فَاَخَذَهُمُ الطُّوْفَانُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۴﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ وَجَعَلْنٰهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۵﴾ وَاِبْرٰهِيْمَ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۶﴾

اور اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو ضرور معلوم کر کے رہیں گے اور وہ منافقین کو ضرور معلوم کر کے رہیں گے ﴿۱۱﴾ اور کافر لوگ ایمان والوں سے کہنے لگیں گے کہ: تم ہمارے طریقے پر چلو اور ہم تمھارے گناہوں کا بوجھ اٹھا لیں گے؛ حالاں کہ وہ (کافر لوگ) ان (مسلمانوں) کے گناہوں میں سے ذرا (سا بوجھ) بھی نہیں اٹھائیں گے، یقیناً وہ (کافر) بالکل جھوٹے ہیں ﴿۱۲﴾ اور وہ (کافر لوگ) اپنا (گناہ کا) بوجھ ضرور اٹھائیں گے اور اپنے (گناہ کے) بوجھ کے ساتھ دوسرے (گناہ) بوجھ بھی (اٹھائیں گے) اور وہ (کافر) جو جھوٹ بناتے تھے اس کے بارے میں قیامت کے دن ضرور ان سے سوال ہوگا ﴿۱۳﴾

اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے نوح (علیہ السلام) کو ان کی قوم کی طرف بھیجا، سو وہ (نوح علیہ السلام) ان (کی قوم) میں ایک ہزار میں پچاس کم سال (تبلیغ کرتے) رہے، سو (ایمان نہ لائے تو) طوفان نے ان (کی قوم) کو پکڑ لیا اور وہ ظالم تھے ﴿۱۴﴾ سو ہم نے ان (نوح علیہ السلام) کو اور کشتی والوں کو (طوفان سے) بچا لیا اور ہم نے اس (کشتی یا طوفان) کو عالموں کے لیے عبرت بنا دیا ﴿۱۵﴾ اور (ہم نے) ابراہیم (علیہ السلام) کو بھی (نبی بنا کر بھیجا) جب انھوں نے اپنی قوم سے کہا کہ: تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اور اس سے ڈرو (اور شرک چھوڑ دو) اگر تم جانتے ہو تو یہی تمھارے لیے بہتر ہے ﴿۱۶﴾

إِنَّمَا تَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ أَوْثَانًا وَتَخْلُقُونَ إِفْكًا ۚ إِنَّ الَّذِينَ تَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ لَا يَمْلِكُونَ لَكُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوا عِندَ اللَّهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوهُ وَاشْكُرُوا لَهُ ۖ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿۱۷﴾ وَإِن تُكَذِّبُوا فَقَدْ كَذَّبَ أُمَمٌ مِّن قَبْلِكُمْ ۖ وَمَا عَلَى الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ﴿۱۸﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ يُبْدِئُ اللَّهُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ ۚ إِنَّ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ ﴿۱۹﴾ قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانظُرُوا كَيْفَ بَدَأَ الْخَلْقَ ۚ ثُمَّ اللَّهُ يُنشِئُ النَّشْأَةَ الْآخِرَةَ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿۲۰﴾ يُعَذِّبُ مَن يَشَاءُ وَيَرْحَمُ مَن يَشَاءُ ۖ وَإِلَيْهِ تُقْلَبُونَ ﴿۲۱﴾ وَمَا أَنتُم بِمُعْجِزِينَ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ ۖ وَمَا لَكُم مِّن دُونِ اللَّهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ ﴿۲۲﴾

تم اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر صرف بتوں کی پوجا کرتے ہو اور (بتوں کے بارے میں) تم جھوٹی باتیں بناتے ہو، یقیناً اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر جن (بتوں) کی تم عبادت کرتے ہو وہ تو تم کو روزی (دینے) کا (بالکل) اختیار نہیں رکھتے، سو تم روزی اللہ تعالیٰ کے پاس ہی تلاش کرو اور تم اس (اللہ تعالیٰ) کی عبادت کرو اور اس (اللہ تعالیٰ) کا شکر کرو، اسی (اللہ تعالیٰ) کے پاس تم کو واپس لوٹایا جائے گا ﴿۱۷﴾ اور اگر تم (مجھے) جھٹلاؤ گے تو تم سے پہلے بھی مختلف قومیں (اپنے نبیوں کو) جھٹلا چکی ہیں اور رسول کی ذمے داری یہی ہے کہ وہ صاف صاف باتیں پہنچا دیویں ﴿۱۸﴾ اور کیا ان کافروں نے (یہ) نہیں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ مخلوق کو کس طرح پہلی بار پیدا کرتے ہیں؟ پھر وہی اس کو دوبارہ بھی پیدا کریں گے، یقیناً یہ بات اللہ تعالیٰ پر بہت ہی آسان ہے ﴿۱۹﴾ (اے نبی!) تم کہہ دو کہ: تم لوگ زمین میں چلو، پھرو، پھر دیکھو اس (اللہ) نے مخلوق کو پہلی بار کس طرح پیدا کیا؟ پھر اللہ تعالیٰ آخری مرتبہ زندہ کر کے اٹھائیں گے، یقیناً اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں ﴿۲۰﴾ وہ (اللہ) جس کو چاہتے ہیں (اس کو) عذاب دیتے ہیں① اور جس پر چاہتے ہیں رحم کرتے ہیں②، اور تم سب کو اسی کی طرف پلٹا کر لے جایا جائے گا ﴿۲۱﴾ اور نہ تم زمین میں اور نہ آسمان میں (کہیں بھاگ کر اللہ کو) عاجز کرنے والے ہو اور تمہارے لیے اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی حمایت کرنے والا نہیں، اور مدد کرنے والا (بھی) نہیں ہے ﴿۲۲﴾

---

① یعنی جو عذاب کا مستحق ہے اس کو۔ ② یعنی جو رحمت کا اہل ہو اس پر۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَلِقَآىِٕهٖۤ اُولٰٓىِٕكَ يَىِٕسُوْا مِنْ رَّحْمَتِيْ وَاُولٰٓىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ قَالُوا اقْتُلُوْهُ اَوْ حَرِّقُوْهُ فَاَنْجٰىهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ وَقَالَ اِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا ۙ مَّوَدَّةَ بَيْنِكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُ بَعْضُكُمْ بِبَعْضٍ وَّيَلْعَنُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا ۫ وَّمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ۝ فَاٰمَنَ لَهٗ لُوْطٌ ۘ وَقَالَ اِنِّيْ مُهَاجِرٌ اِلٰى رَبِّيْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

اور جن لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی آیتوں کا اور اس کی ملاقات کا انکار کیا وہی لوگ میری رحمت سے مایوس ہوگئے (۱) اور انہی لوگوں کے لیے دردناک عذاب ہے ﴿۲۳﴾ سو ان (ابراہیم علیہ السلام) کی قوم کے پاس کوئی جواب نہیں تھا؛ سوائے اس کے کہ وہ (آپس میں) کہنے لگے کہ اس (ابراہیم) کو قتل کردو یا اس (ابراہیم) کو جلا دو، سو اللہ تعالیٰ نے ان (ابراہیم علیہ السلام) کو آگ سے بچالیا، یقیناً اس میں جو قوم ایمان لاتی ہے اس کے لیے بڑی نشانیاں ہیں ﴿۲۴﴾ اور اس (ابراہیم علیہ السلام) نے کہا: یقیناً تم نے اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر بتوں کو (خدا) مانا ہوا ہے (جس کے ذریعہ) دنیوی زندگی میں آپس میں دوستی کرکے (تعلقات بنا رکھے ہیں) (۲)، پھر قیامت کے دن تم ایک دوسرے کا انکار کروگے (۳) اور تم آپس میں ایک دوسرے پر لعنت کروگے اور تمھارا ٹھکانہ آگ ہے اور تمھارے لیے کوئی مدد کرنے والا نہیں ہے ﴿۲۵﴾ پھر لوط ان (ابراہیم علیہ السلام) پر ایمان لائے اور اس (ابراہیم علیہ السلام) (۴) نے کہا کہ: میں ہجرت کرکے اپنے رب کی (بتائی ہوئی جگہ کی) طرف جارہا ہوں، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) بڑے زبردست ہیں، بڑے حکمت کے مالک ہیں ﴿۲۶﴾

---

(۱) یعنی آخرت میں ان کو مشاہدہ ہوگا کہ وہ محل رحمت نہیں ہے۔

(۲) (دوسرا ترجمہ) بس یہ تمھاری دنیا کی آپس کی دوستی کی وجہ سے ہے (عام طور پر انسان دوستوں اور رشتے داروں کے طریقے پر چلتا ہے اور حق بات کو سوچتا نہیں ہے، کفر بھی دوستوں کی وجہ سے اپنا لیتا ہے۔

(۳) (دوسرا ترجمہ) ایک دوسرے کے مخالف بن جاؤگے۔

(۴) بعض نے حضرت لوط علیہ السلام کو فاعل مانا ہے۔

وَوَهَبْنَا لَهٗ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَجَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِ النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ وَاٰتَيْنٰهُ اَجْرَهٗ فِي الدُّنْيَا ۚ وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖۤ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ ۫ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ وَتَقْطَعُوْنَ السَّبِيْلَ ۙ وَتَاْتُوْنَ فِيْ نَادِيْكُمُ الْمُنْكَرَ ؕ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ قَالُوا ائْتِنَا بِعَذَابِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ۝

وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَاۤ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى ۙ قَالُوْۤا اِنَّا مُهْلِكُوْۤا اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ ۚ اِنَّ اَهْلَهَا كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ۝

اور ہم نے ان (ابراہیم علیہ السلام) کو اسحاق (جیسا بیٹا) اور یعقوب (جیسا پوتا) عطا کیے اور ہم نے ان کی اولاد میں نبوت اور کتاب کا سلسلہ جاری کیا اور ہم نے ان (ابراہیم علیہ السلام) کو دنیا میں اس کا ثواب دیا① اور یقیناً وہ (ابراہیم علیہ السلام) آخرت میں نیک لوگوں میں سے ہوں گے ﴿۲۷﴾ اور (ہم نے) لوط (علیہ السلام) کو (نبی بنا کر بھیجا) جب انھوں نے اپنی قوم سے کہا کہ: حقیقت میں تم ایسی بے حیائی کا کام کرتے ہو جو تم سے پہلے تمام دنیا والوں میں کسی نے نہیں کیا ﴿۲۸﴾ کیا تم مردوں کے پاس (خواہش پوری کرنے) جاتے ہو اور راستے میں ڈاکہ ڈالتے ہو اور تم اپنی (بھری) مجلس میں برے کام کرتے ہو② سو ان (لوط علیہ السلام) کی قوم کا (آخری) جواب یہی تھا "کہ اگر تو سچوں میں سے ہے تو ہم پر اللہ تعالیٰ کا عذاب لے آ" ﴿۲۹﴾ اس (لوط علیہ السلام) نے دعا کی کہ: اے میرے رب! فساد کرنے والے لوگوں کے مقابلے میں آپ میری مدد فرمائیے ﴿۳۰﴾

اور جب ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے ابراہیم (علیہ السلام) کے پاس (بیٹا ہونے کی) خوش خبری لے کر پہنچے تو فرشتوں نے کہا: ہم اس بستی والوں کو (جس میں لوط علیہ السلام رہتے ہیں) یقیناً ہلاک کرنے والے ہیں، یقیناً اس (بستی) کے رہنے والے ظلم کرنے والے لوگ ہیں ﴿۳۱﴾

---

① دنیوی ثواب منصب امامت اور بڑی اچھی یادیں اور سب اقوام کا آپ کی عزت کرنا ہے۔

② گناہ کا کام علانیہ کرنا ایک دوسرا مستقل گناہ بن جاتا ہے۔

قَالَ اِنَّ فِيْهَا لُوْطًا ؕ قَالُوْا نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَنْ فِيْهَا٘ ؗ لَنُنَجِّيَنَّهٗ وَاَهْلَهٗۤ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ٗ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ۝ وَلَمَّاۤ اَنْ جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِیْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالُوْا لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ ٚ اِنَّا مُنَجُّوْكَ وَاَهْلَكَ اِلَّا امْرَاَتَكَ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ۝ اِنَّا مُنْزِلُوْنَ عَلٰۤى اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ۝ وَلَقَدْ تَّرَكْنَا مِنْهَاۤ اٰيَةًۢ بَيِّنَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ۝ وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۙ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَارْجُوا الْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَلَا تَعْثَوْا فِی الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ۝

انھوں نے (یعنی ابراہیم علیہ السلام) نے کہا کہ: یقیناً اس (بستی) میں تو لوط (رہتے) ہیں، ان فرشتوں نے کہا کہ: ہم اچھی طرح جانتے ہیں کہ اس (بستی) میں کون (رہتے) ہیں، ہم ان (لوط علیہ السلام) کو اور ان کے (خاص) متعلقین کو ضرور بچالیں گے؛ مگر ان (لوط علیہ السلام) کی بیوی جو پیچھے (عذاب میں) رہ جانے والوں میں سے ہوگی ﴿۳۲﴾ اور جب ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) لوط (علیہ السلام) کے پاس پہنچے تو وہ ان (فرشتوں کے آنے) کی وجہ سے خوش نہیں ہوئے، (ان لوط علیہ السلام کا) دل ان کی وجہ سے تنگ ہوا① اور وہ (فرشتے) کہنے لگے: (اے لوط!) تم ڈرو مت اور تم غم مت کرو، یقیناً ہم آپ کو اور آپ کے (خاص) متعلقین کو بچالیں گے آپ کی بیوی کے سوا، وہ تو پیچھے رہ جانے والوں میں سے ہوگی ﴿۳۳﴾ یقیناً ہم اس بستی والوں پر وہ جو نافرمانی کرتے تھے اس کی وجہ سے آسمان سے ایک عذاب اتارنے والے ہیں ﴿۳۴﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے اس بستی کی کچھ کھلی ہوئی② نشانی (اب تک) سمجھدار لوگوں کے لیے چھوڑ رکھی ہے ﴿۳۵﴾ اور مدین کی طرف ان کے بھائی شعیب (علیہ السلام) کو بھی (نبی بنا کر بھیجا)، سو اس (شعیب) نے کہا: اے میری قوم! تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اور آخرت کے دن کی امید رکھو اور تم زمین میں فساد مچاتے ہوئے مت پھرو ﴿۳۶﴾

① (دوسرا ترجمہ) لوط پریشان ہوئے (تیسرا) لوط غمگین ہو گئے۔

② یعنی ظاہری، نظر آنے والی نشانیاں۔ آج تک عذاب دی ہوئی قوم کے کھنڈرات موجود ہیں، باقی تفصیل بندے کے سفر نامے میں دیکھیے۔

فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ۝ وَعَادًا وَّثَمُوْدَا۟ وَقَدْ تَّبَيَّنَ
لَكُمْ مِّنْ مَّسٰكِنِهِمْ ۟ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَكَانُوْا
مُسْتَبْصِرِيْنَ ۝ وَقَارُوْنَ وَفِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ ۟ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ
فَاسْتَكْبَرُوْا فِي الْاَرْضِ وَمَا كَانُوْا سٰبِقِيْنَ ۝ فَكُلًّا اَخَذْنَا بِذَنْۢبِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ اَرْسَلْنَا
عَلَيْهِ حَاصِبًا ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْاَرْضَ ۚ
وَمِنْهُمْ مَّنْ اَغْرَقْنَا ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝

سو قوم کے لوگوں نے ان (شعیب علیہ السلام) کو جھٹلا دیا، سو زلزلے نے ان کو پکڑ لیا، پھر صبح کے وقت وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے ہوئے رہ گئے ﴿۳۷﴾ اور (ہم نے) قوم عاد کو اور قوم ثمود کو (بھی ہلاک کر دیا) اور ان (کی بربادی) کا حال تم پر ان کے مکانوں سے کھل چکا ہے اور شیطان نے ان کے (برے) کام ان کو اچھے بنا کر کے دکھلائے، پھر اس (شیطان) نے ان کو سیدھے راستے سے روک دیا تھا؛ حالاں کہ وہ بڑے ہوشیار تھے ① ﴿۳۸﴾ اور قارون اور فرعون اور ہامان کو (بھی ہلاک کر دیا) اور بالکل پکی بات یہ ہے کہ موسیٰ (علیہ السلام) ان کے پاس (حق کی) صاف صاف دلیلیں لے کر آئے تھے، سو انھوں نے زمین میں تکبر کیا اور وہ (ہمارے عذاب سے بچ کر) بھاگ نہیں سکے ② ﴿۳۹﴾ سو ہم نے سب کو ان کے اپنے گناہ کی سزا میں پکڑ لیا، سو ہم نے ان میں سے بعضوں پر تو پتھر برسانے والی آندھی بھیجی تھی اور ان میں سے کچھ وہ تھے جن کو چنگھاڑ (یعنی ڈراؤنی آواز) نے پکڑ لیا اور ان ہی میں سے بعضوں کو ہم نے زمین میں دھنسا دیا اور ان ہی میں سے کچھ لوگوں کو ہم نے (پانی میں) ڈبو دیا ③ اور اللہ تعالیٰ ان پر ظلم کرنے والے نہیں؛ لیکن وہ خود اپنی جانوں پر ظلم کیا کرتے تھے ﴿۴۰﴾

---

① [۱] دنیوی معاملات میں بڑے ہوشیار تھے؛ لیکن دین کی بات آتی تو وہ سمجھ سے کام نہ لیتے [۲] نبی کی سچائی کو دل سے سمجھتے تھے؛ لیکن دنیوی اغراض سے انکار کرتے تھے۔

② (دوسرا ترجمہ) وہ جیت جانے والے نہیں تھے۔ ③ آندھی کا عذاب قوم عاد پر، بھیانک آواز قوم ثمود کے لیے، زمین میں ڈھنسانا قارون کو، پانی میں ڈبو دینا قوم نوح اور فرعون اور ہامان کو ہوا۔

مَثَلُ الَّذِیْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِیَآءَ كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ۖۚ اِتَّخَذَتْ بَیْتًا ؕ وَ اِنَّ اَوْهَنَ الْبُیُوْتِ لَبَیْتُ الْعَنْكَبُوْتِ ۘ لَوْ كَانُوْا یَعْلَمُوْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ یَعْلَمُ مَا یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَیْءٍ ؕ وَ هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝ وَ تِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ ۚ وَ مَا یَعْقِلُهَاۤ اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ ۝ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ۝

جن لوگوں نے اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر (دوسروں کو) کام بنانے والا بنا رکھا ہے ان لوگوں کی مثال (یعنی حالت) مکڑی جیسی ہے، جس (مکڑی) نے ایک گھر بنا رکھا ہے اور یقیناً تمام گھروں میں سب سے کمزور مکڑی کا گھر ہوتا ہے، کاش کہ یہ لوگ (اس کی حقیقت) جان لیتے (تو ایسا نہ کرتے!)﴿۴۱﴾ وہ لوگ اس (اللہ تعالیٰ) کو چھوڑ کر جس چیز کو بھی پکارتے ہیں یقیناً اللہ تعالیٰ اس کو جانتے ہیں① اور وہ (اللہ تعالیٰ) بڑے زبردست ہیں، بڑے ہی حکمت والے ہیں﴿۴۲﴾ اور یہ (قرآنی) مثالیں ہم لوگوں کے فائدے کے لیے بیان کیا کرتے ہیں، جو علم والے ہیں وہی اس کو سمجھتے ہیں②﴿۴۳﴾ اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کو جیسا (بنانا) چاہیے (ویسا ہی) بنایا ہے، یقیناً اس میں ایمان والوں کے لیے بڑی نشانی ہے﴿۴۴﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) یقیناً اللہ تعالیٰ تو ان سب کی (حقیقت) جانتے ہیں جن کو یہ لوگ اس (اللہ تعالیٰ) کو چھوڑ کر پکارتے ہیں کہ وہ کوئی (قابلِ ذکر) چیز ہو۔

② حدیث شریف میں عالم کا مطلب یہ آیا ہے: جو اللہ تعالیٰ کے کلام میں غور و فکر کرے، اس کی طاعت پر عمل کرے، اس کو ناراض کرنے والے کاموں سے بچے۔

اُتْلُ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ وَاللّٰهُ یَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ ۝ وَلَا تُجَادِلُوْۤا اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ ۖۗ اِلَّا الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ وَقُوْلُوْۤا اٰمَنَّا بِالَّذِیْۤ اُنْزِلَ اِلَیْنَا وَاُنْزِلَ اِلَیْكُمْ وَاِلٰهُنَا وَاِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ۝ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنَاۤ اِلَیْكَ الْكِتٰبَ ؕ فَالَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ یُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۚ وَمِنْ هٰۤؤُلَآءِ مَنْ یُّؤْمِنُ بِهٖ ؕ وَمَا یَجْحَدُ بِاٰیٰتِنَاۤ اِلَّا الْكٰفِرُوْنَ ۝ وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِیَمِیْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ۝

جو کتاب تمھارے پاس وحی کے ذریعہ بھیجی گئی اس کو پڑھتے رہو① اور تم نماز کو قائم رکھو، یقیناً نماز بے حیائی اور برے کاموں سے روکتی ہے② اور اللہ تعالیٰ کا ذکر تو سب سے بڑی چیز ہے③ اور جو کام تم کرتے ہو اللہ اس کو جانتے ہیں ﴿۴۵﴾ اور تم اہلِ کتاب سے بحث مت کرو، مگر ایسے طریقے سے جو بہترین ہو؛ الا یہ کہ ان (اہلِ کتاب) میں سے جن لوگوں نے ظلم کیا④ اور تم یوں کہو: ہم ایمان لائے اس (قرآن) پر جو ہماری طرف اتارا گیا اور اس (کلام) پر بھی جو تمھاری طرف اتارا گیا، ہمارا اور تمھارا معبود تو ایک ہی ہے اور ہم اسی (اللہ) کا حکم ماننے والے ہیں ﴿۴۶﴾ اور (اے نبی! جس طرح پہلے نبیوں پر کتاب اتاری) اسی طرح ہم نے تمھاری طرف کتاب اتاری، سو جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی وہ اس (قرآن) پر ایمان لاتے ہیں اور ان (اہلِ مکہ) میں سے بھی کچھ لوگ ایسے ہیں جو اس (قرآن) کو مانتے ہیں اور (ضدی) کافر لوگ ہی ہماری آیتوں کا انکار کرتے ہیں ﴿۴۷﴾ اور (اے نبی!) تم اس (قرآن) سے پہلے کوئی کتاب نہیں پڑھتے تھے اور اپنے (داہنے) ہاتھ سے اس کو (یعنی کسی کتاب کو) نہیں لکھتے تھے، اگر ایسا کرتے ہوتے تو یہ جھوٹے لوگ شک میں پڑتے ﴿۴۸﴾

---

① مطلب [۱] خود تلاوت اور لوگوں کو قرآن سنانا [۲] معانی میں بھی غور کیا جائے [۳] تلاوت کے ذریعے ایمان کی دعوت۔
② نماز کو قائم کرنے سے گناہ سے بچنے کی توفیق نصیب ہوتی ہے۔ نماز کا کام فحشا اور منکر سے روکنا بتلایا گیا ہے، اب لوگ نہ رکیں تو نماز کا کیا قصور؟ یہ ایسا ہی ہے کہ واعظ لوگوں کو برے کام سے روکتا ہے اس کا کام روکنا ہے، لوگ نہ رکیں تو واعظ کا کوئی قصور نہیں (از ملفوظات فقیہ الامت) ③ نماز تکبیر تحریمہ سے لے کر سلام تک اللہ تعالیٰ کا ذکر ہے اور اللہ تعالیٰ کا ذکر نماز میں ہو کہ نماز کے باہر ہو بڑی چیز ہے ④ تو تم کو اجازت ہے کہ ان کی رعایت نہ کرو۔ آگے احسن طریقے کی وضاحت ہے۔

بَلۡ هُوَ اٰیٰتٌۢ بَیِّنٰتٌ فِیۡ صُدُوۡرِ الَّذِیۡنَ اُوۡتُوا الۡعِلۡمَ ؕ وَ مَا یَجۡحَدُ بِاٰیٰتِنَاۤ اِلَّا الظّٰلِمُوۡنَ ۝ وَ قَالُوۡا لَوۡ لَاۤ اُنۡزِلَ عَلَیۡهِ اٰیٰتٌ مِّنۡ رَّبِّهٖ ؕ قُلۡ اِنَّمَا الۡاٰیٰتُ عِنۡدَ اللّٰهِ ؕ وَ اِنَّمَاۤ اَنَا نَذِیۡرٌ مُّبِیۡنٌ ۝ اَوَ لَمۡ یَكۡفِهِمۡ اَنَّاۤ اَنۡزَلۡنَا عَلَیۡكَ الۡكِتٰبَ یُتۡلٰی عَلَیۡهِمۡ ؕ اِنَّ فِیۡ ذٰلِكَ لَرَحۡمَةً وَّ ذِكۡرٰی لِقَوۡمٍ یُّؤۡمِنُوۡنَ ۝

قُلۡ كَفٰی بِاللّٰهِ بَیۡنِیۡ وَ بَیۡنَكُمۡ شَهِیۡدًا ۚ یَعۡلَمُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ وَ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا بِالۡبَاطِلِ وَ كَفَرُوۡا بِاللّٰهِ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الۡخٰسِرُوۡنَ ۝ وَ یَسۡتَعۡجِلُوۡنَكَ بِالۡعَذَابِ ؕ وَ لَوۡ لَاۤ اَجَلٌ مُّسَمًّی لَّجَآءَهُمُ الۡعَذَابُ ؕ وَ لَیَاۡتِیَنَّهُمۡ بَغۡتَةً وَّ هُمۡ لَا یَشۡعُرُوۡنَ ۝

بلکہ وہ (قرآن) تو صاف ① کھلی ہوئی آیتوں کا مجموعہ ہے جو علم (یعنی سمجھ) والے لوگوں کے دلوں میں (محفوظ) ہے اور ظالم لوگ ہی ہماری آیتوں کا انکار کرتے ہیں ﴿۴۹﴾ اور وہ (کافر) لوگ کہنے لگے کہ: اس (محمد ﷺ) پر ان کے رب کی طرف سے (جیسی کافر چاہتے ہو ویسی) نشانیاں کیوں نہیں اتاری گئیں؟ (اے نبی!) تم (ان کو) کہہ دو کہ: یقیناً نشانیاں تو اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہیں اور میں تو صاف صاف ڈرانے والا (نبی) ہوں ﴿۵۰﴾ کیا ان (کافر) لوگوں کے لیے (نشانی کے طور پر) یہ (بات) کافی نہیں ہے کہ ہم نے تم پر کتاب اتاری جو ان کو پڑھ پڑھ کر سنائی جاتی ہے ②، یقیناً اس میں بڑی رحمت اور نصیحت ہے ایمان رکھنے والے لوگوں کے واسطے ﴿۵۱﴾

(اے نبی! کافروں سے) تم کہہ دو: اللہ تعالیٰ (میرے رسول ہونے پر) میرے اور تمہارے درمیان گواہی دینے کے لیے کافی ہیں، آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے وہ (اللہ تعالیٰ) اس کو جانتے ہیں اور جو لوگ جھوٹ (یعنی کفر) پر یقین رکھتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کا انکار کرنے والے ہیں وہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیں ﴿۵۲﴾ اور وہ (کافر) لوگ تم سے عذاب جلدی مانگتے ہیں اور اگر (عذاب کا) ایک وقت مقرر نہ ہوتا تو ان پر ضرور عذاب آجاتا اور وہ (عذاب) ان پر اچانک آنے ہی والا ہے اور ان کو پتہ (بھی) نہیں چلے گا ﴿۵۳﴾

---

① قرآن ایک کتاب ہے اور اس کا ہر حصہ معجزہ ہے اسی طرح ایسی کتاب ہے جس میں سورتوں کی شکل میں بہت سارے حصے ہیں اور ہر ایک معجزہ ہیں۔ ② ہمیشہ پڑھ کر سنائی جاتی ہے ایک مرتبہ میں معجزہ ہوتا سمجھ میں نہ آوے تو دوسری مرتبہ میں۔

يَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ؕ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ۝ يَوْمَ يَغْشٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ وَيَقُوْلُ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّ اَرْضِيْ وَاسِعَةٌ فَاِيَّايَ فَاعْبُدُوْنِ ۝ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ۟ ثُمَّ اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ نِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝ وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا ۖ اَللّٰهُ يَرْزُقُهَا وَاِيَّاكُمْ ۖؗ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۚ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝

وہ (کافر) لوگ عذاب تم سے جلدی مانگتے ہیں اور یقیناً جہنم (ان) کافروں کو ہر طرف سے گھیر نے والی ہے ﴿۵۴﴾ جس دن کہ ان کے اوپر سے بھی اور ان کے پیروں کے نیچے سے بھی عذاب ان کو گھیر لے گا اور وہ (اللہ تعالیٰ) فرمائیں گے: جو (برے کام) تم کرتے تھے اس کا مزہ تم چکھو ﴿۵۵﴾ اے میرے وہ بندو جو ایمان لاچکے ہو! (سنو) میری زمین تو بہت وسیع ہے، سو تم (خالص) میری ہی عبادت کرو ﴿۵۶﴾ ہر نفس کو موت کا مزہ چکھنا ہے، پھر تم (سب) ہماری طرف واپس لوٹائے جاؤ گے ﴿۵۷﴾ اور جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے ہم ضرور ان کو جنت کے ایسے جھروکوں ① میں جگہ دیں گے جس کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی، اس میں وہ ہمیشہ رہیں گے، (نیک) عمل کرنے والوں کو بہترین بدلہ ملے گا② ﴿۵۸﴾ جن لوگوں نے صبر کیا اور وہ اپنے رب ہی پر بھروسہ کرتے ہیں ﴿۵۹﴾ اور بہت سارے جانور ہیں جو اپنا رزق اٹھا کر نہیں رکھتے، اللہ تعالیٰ ان کو بھی اور تم کو بھی روزی پہنچاتے ہیں اور وہ (ہر بات کو) سننے والے (ہر چیز کو) جاننے والے ہیں ﴿۶۰﴾ اور اگر تم ان (کافروں) سے سوال کرو کہ: کس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور سورج اور چاند کو کام میں لگا دیا؟ تو وہ ضرور جواب دیں گے: اللہ تعالیٰ ہی نے، پھر وہ الٹے پھر کر کہاں چلے جاتے ہیں؟ ﴿۶۱﴾

---

① یعنی بالا خانوں، اوپر والی منزل۔ ② (دوسرا ترجمہ) نیک کام کرنے والوں کا کتنا اچھا بدلا ہے۔

اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ وَلَىِٕنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۭ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝

وَمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَهْوٌ وَّلَعِبٌ ۭ وَاِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِىَ الْحَيَوَانُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝ فَاِذَا رَكِبُوْا فِي الْفُلْكِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ڬ فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ اِذَا هُمْ يُشْرِكُوْنَ ۝ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ڔ وَلِيَتَمَتَّعُوْا ڣ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝

اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے جس کے لیے چاہتے ہیں روزی کو کشادہ کردیتے ہیں① اور جس کے لیے چاہتے ہیں ناپ کردیتے ہیں، یقیناً اللہ تعالیٰ ہر چیز کو اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۶۲﴾ اور اگر تم ان (کافروں) سے پوچھو کہ: کس نے آسمان سے پانی اتارا، پھر اس (پانی) کے ذریعہ زمین کو اس کے مردہ (یعنی سوکھی) ہوجانے کے بعد زندہ کیا؟ تو وہ جواب میں یہی بات کہیں گے کہ: اللہ تعالیٰ ہی نے② تم کہو کہ: تمام تعریف (یا شکر) اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہے؛ بلکہ ان میں کے اکثر لوگ سمجھتے نہیں ہیں ﴿۶۳﴾

اور یہ دنیا کی زندگی کھیل کود کے سوا کچھ نہیں ہے③ اور یقین رکھو کہ آخرت کی زندگی ہی حقیقت میں (اصلی) زندگی ہے، کاش کہ یہ لوگ اتنی بات سمجھ لیتے!④ ﴿۶۴﴾ سو جب وہ لوگ کشتی میں سوار ہوتے ہیں تو اسی (اللہ تعالیٰ) پر خالص عقیدہ رکھ کر اللہ تعالیٰ کو پکارنے لگتے ہیں، پھر جب ہم ان کو بچا کر زمین کے کنارے لے آتے ہیں تب وہ شرک کرنے لگتے ہیں ﴿۶۵﴾ (نجات کی نعمت کا نتیجہ یہ ہوا کہ) تاکہ جو (نعمت) ہم نے ان کو دی ہے اس کی ناشکری کریں اور وہ (تھوڑے دن دنیا میں) مزے اڑا لیویں بس (آگے) ابھی ان کو (سب) پتہ چل جاوے گا ﴿۶۶﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) پھیلا دیتے ہیں۔

② تو ان کافروں نے اللہ کے خالق ہونے کا اقرار کرلیا اس پر۔

③ کہ اس میں تھوڑی دیر مزہ آتا ہے۔

④ تو دنیا کے عارضی مزہ کے خاطر آخرت کو برباد نہ کرتے۔

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا اٰمِنًا وَّيُتَخَطَّفُ النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ ؕ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَكْفُرُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهٗ ؕ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۶۸﴾ وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۶۹﴾

کیا ان کافروں نے یہ نہیں دیکھا کہ ہم نے حرم کو امن کی جگہ بنایا؛ حالاں کہ لوگ ان (حرم والوں) کے آس پاس سے اچک لیے جاتے ہیں① کیا پھر بھی باطل (یعنی جھوٹے معبود) کو وہ لوگ مانتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی نعمت کی ناشکری کرتے ہیں؟ ﴿۶۷﴾ اور اس شخص سے بڑا ظالم کون ہوگا جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھے یا جب سچی بات اس کو پہنچی تو اس کو جھٹلائے، کیا جہنم میں (ایسے) کافروں کا ٹھکانہ نہیں ہے؟ (یقیناً ہے) ﴿۶۸﴾ اور جن لوگوں نے ہمارے واسطے محنت کی②ہم ان کو ہمارے راستوں پر ضرور پہنچا دیں گے③ اور یقیناً اللہ تعالیٰ تو نیکی کرنے والوں کے ساتھ ہیں ﴿۶۹﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) حالاں کہ ان کے اطراف کی جگہوں سے لوگوں کو مار کر نکالا جا رہا ہے (لوٹے اور مارے جاتے ہیں)۔
نکتہ: حرم کی نسبت پر اہلِ مکہ کے لیے بہت سارے خصوصی انعامات ہیں۔ اسی طرح دینی نسبت پر اللہ تعالیٰ نے ہم لوگوں کو بھی بہت نوازر کھا ہے، اللہ تعالیٰ اس کی قدر کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔
② (دوسرا ترجمہ) ہمارے واسطے تکلیف اٹھائی (تیسرا) ہمارے خاطر کوشش کی۔
③ دین کی خاطر محنت کی برکت سے اللہ تعالیٰ کی طرف سے حق کی طرف رہبری ہوتی ہے، خاص کر حق و باطل میں التباس ہو وہاں اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو حق پر چلاتے ہیں اور جنت کی منزل بھی آسان ہو جاتی ہے، جو علم پر عمل کرنے میں محنت کرتے ہیں ان پر اللہ تعالیٰ دوسرے علوم منکشف فرماتے ہیں اور عمل بھی آسان ہو جاتا ہے۔

سورۃ الروم

(المکیۃ)

ایاتھا: ۶۰۔ رکوعاتھا: ۶۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں ساٹھ (۶۰) آیتیں ہیں۔ سورۂ انشقاق کے بعد اور سورۂ عنکبوت سے پہلے چوراسی (۸۴) نمبر پر نازل ہوئی۔

رومیوں کے غلبہ کو اس سورت میں حضرت نبی کریم ﷺ کی نبوت کی دلیل کے طور پر بیان کیا گیا ہے۔

اس سورت کی آیت: فسبحان اللہ حین تمسون الخ کی فضیلت: حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص یہ آیات صبح کے وقت پڑھ لے تو جو بھی اس سے فوت ہو گیا وہ اسے پالے گا اور جو شام کو یہ آیات پڑھ لیوے، اس کو بھی چھوٹے ہوئے وظائف کا ثواب مل جائے گا۔ (ابوداؤد: ۲/۶۹۲) مسنون وظائف ص: ۲۷)

رسول اللہ ﷺ کے ایک صحابی فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فجر کی نماز میں سورۂ روم پڑھی، آپ ﷺ کو تشابہ لگ گیا، نماز سے فارغ ہو کر فرمایا کہ: کچھ لوگوں کا کیا حال ہے کہ ہمارے ساتھ نماز پڑھتے ہیں، طہارت اچھی طرح نہیں کرتے ہیں، یہی لوگ ہم کو تشابہ میں ڈال دیتے ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

الٓمّٓ ۚ﴿۱﴾ غُلِبَتِ الرُّوۡمُ ۙ﴿۲﴾ فِیۡۤ اَدۡنَی الۡاَرۡضِ وَ هُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ غَلَبِهِمۡ سَیَغۡلِبُوۡنَ ۙ﴿۳﴾ فِیۡ بِضۡعِ سِنِیۡنَ ۬ؕ لِلّٰهِ الۡاَمۡرُ مِنۡ قَبۡلُ وَ مِنۡۢ بَعۡدُ ؕ وَ یَوۡمَئِذٍ یَّفۡرَحُ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ ۙ﴿۴﴾ بِنَصۡرِ اللّٰهِ ؕ یَنۡصُرُ مَنۡ یَّشَآءُ ؕ وَ هُوَ الۡعَزِیۡزُ الرَّحِیۡمُ ۙ﴿۵﴾ وَعۡدَ اللّٰهِ ؕ لَا یُخۡلِفُ اللّٰهُ وَعۡدَهٗ وَ لٰکِنَّ اَکۡثَرَ النَّاسِ لَا یَعۡلَمُوۡنَ ﴿۶﴾ یَعۡلَمُوۡنَ ظَاهِرًا مِّنَ الۡحَیٰوةِ الدُّنۡیَا ۚۖ وَ هُمۡ عَنِ الۡاٰخِرَةِ هُمۡ غٰفِلُوۡنَ ﴿۷﴾ اَوَ لَمۡ یَتَفَکَّرُوۡا فِیۡۤ اَنۡفُسِهِمۡ ۟ مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ وَ مَا بَیۡنَهُمَاۤ اِلَّا بِالۡحَقِّ وَ اَجَلٍ مُّسَمًّی ؕ

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

الم ﴿۱﴾ (حجاز کے) قریب کے ملک میں رومی لوگ ہار گئے① ﴿۲﴾ اور وہ اپنے (اس) ہار جانے کے بعد عنقریب غالب آجائیں گے ﴿۳﴾ چند سالوں میں② (ہار جانے سے) پہلے بھی اور بعد میں بھی سارا اختیار اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے اور اس (جیت جانے کے) دن مسلمان (اس پیشین گوئی کے سچی نکلنے پر) بہت خوش ہوں گے③ ﴿۴﴾ (غلبہ تو) اللہ تعالیٰ (ہی) کی مدد سے (ملتا ہے) وہ (اللہ تعالیٰ) جس کی چاہتے ہیں مدد کرتے ہیں④ اور وہ (اللہ تعالیٰ) تو بڑے زبردست، سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۵﴾ یہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہو چکا، اللہ تعالیٰ اپنے وعدے کے خلاف نہیں کرتے، لیکن اکثر لوگ جانتے ہی نہیں ہیں ﴿۶﴾ وہ لوگ دنیا کی زندگی کے (تھوڑے سے) ظاہر ہی کو جانتے ہیں اور وہ لوگ آخرت کی طرف سے بالکل غفلت میں پڑے ہیں ﴿۷﴾ کیا انھوں نے اپنے دلوں میں (یہ) غور نہیں کیا کہ اللہ تعالیٰ نے آسمان اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان میں ہے وہ بالکل ٹھیک (صحیح مقصد کے لیے) اور ایک مقرر وقت تک ہی کے لیے پیدا کیا،

---

① اس کی تفصیل بندہ کے سفرنامہ کی جلد ۳ میں ملاحظہ فرمائیں۔
② تین سال سے لے کر نو سال کے اندر جیت جاویں گے۔
③ جب اس فتح کی خبر آئی تب مسلمان غزوہ بدر کی فتح سے بھی خوش تھے۔
④ (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ اپنی مدد سے جس کو چاہتے ہیں اس کو مدد کرتے ہیں۔

وَإِنَّ كَثِيرًا مِّنَ النَّاسِ بِلِقَاۤئِ رَبِّهِمْ لَكٰفِرُوْنَ ۝ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَانُوْۤا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاَثَارُوا الْاَرْضَ وَعَمَرُوْهَاۤ اَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوْهَا وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ؕ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْۤا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝ ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ اَسَآءُوا السُّوْۤاٰۤى اَنْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَكَانُوْا بِهَا يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝

اَللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُبْلِسُ الْمُجْرِمُوْنَ ۝

اور یقیناً بہت سارے لوگ اپنے رب کی ملاقات کو مانتے ہی نہیں ہیں ﴿۸﴾ کیا وہ (کافر لوگ) زمین میں چلتے پھرتے نہیں کہ ان سے پہلے جو (کافر لوگ) تھے ان کا انجام کیسا ہوا اس کو دیکھتے؟ وہ (پہلے لوگ) طاقت میں ان (موجود) لوگوں سے زیادہ مضبوط تھے اور انھوں نے زمین کو جوتا① اور جتنا (آج کے) ان کافروں نے زمین کو آباد کر رکھا ہے ان (پہلے) کافروں نے اس سے بھی زیادہ اس (زمین) کو آباد کر رکھا تھا② اور ان کے پاس ان کے پیغمبر کھلی ہوئی نشانیوں کو لے کر پہنچے، سو اللہ تعالیٰ کی یہ شان نہیں ہے کہ ان پر ظلم کریں بلکہ وہ خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کرنے والے تھے ﴿۹﴾ پھر جن لوگوں نے برے کام کیے تھے ان کا انجام برا ہوا؛ اس لیے کہ انھوں نے اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو جھٹلایا تھا اور وہ اس کے ساتھ مذاق کرتے تھے ﴿۱۰﴾

اللہ تعالیٰ ہی مخلوق کو پہلی بار پیدا کرتے ہیں، پھر دوبارہ بھی اس کو پیدا کریں گے، پھر اسی (اللہ تعالیٰ) کی طرف تم واپس بلائے جاؤ گے ﴿۱۱﴾ اور جس دن قیامت قائم ہوگی مجرم لوگ مایوس ہو کر کے رہ جائیں گے③ ﴿۱۲﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اور انھوں نے زمین میں بویا۔

② یعنی ان سے پہلے کافروں نے زمین کو آج کے کافروں سے بھی زیادہ جوتا تھا اور انھوں نے زمین کو آج کے کافروں سے بھی زیادہ آباد کیا تھا۔

③ (دوسرا ترجمہ) مجرم لوگ آس (امید) توڑ دیں گے۔

وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ مِّنْ شُرَكَآئِهِمْ شُفَعٰٓؤُا وَكَانُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ كٰفِرِيْنَ ﴿۱۳﴾ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّتَفَرَّقُوْنَ ﴿۱۴﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَهُمْ فِيْ رَوْضَةٍ يُّحْبَرُوْنَ ﴿۱۵﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآئِ الْاٰخِرَةِ فَاُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿۱۶﴾ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿۱۹﴾

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ اِذَآ اَنْتُمْ بَشَرٌ تَنْتَشِرُوْنَ ﴿۲۰﴾

اوران کے شریکوں میں سے کوئی بھی ان کی سفارش کرنے والا نہیں ہوگا اور وہ خود اپنے (مانے ہوئے) شریکوں کا انکار کریں گے ﴿۱۳﴾ اور جس دن قیامت قائم ہوگی اس دن سب لوگ جدا جدا ہو جائیں گے① ﴿۱۴﴾ سو جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کیے سو وہ لوگ (جنت کے) باغ میں ایسے خوش ہوں گے کہ (خوشی) ان کے چہروں سے پھوٹ رہی ہوگی ﴿۱۵﴾ اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو اور آخرت کی ملاقات کو جھٹلایا سو وہی لوگ عذاب میں پکڑے جائیں گے ﴿۱۶﴾ سو جب تم لوگ شام کرو اور جب تم صبح کرو② تب اللہ تعالیٰ کا پاک ہونا بیان کرو③ ﴿۱۷﴾ اور اسی (اللہ تعالیٰ) کے لیے تمام تعریف ہے آسمانوں میں اور زمین میں اور شام کو اور دوپہر کے وقت ﴿۱۸﴾ وہ (اللہ) زندہ کو مُردے سے نکالتے ہیں اور مردے کو زندہ سے نکالتے ہیں اور زمین کو اس کے مردہ (خشک) ہونے کے بعد زندہ کرتے ہیں، اسی طرح تم لوگ بھی (قیامت کے دن قبروں سے) نکالے جاؤ گے ﴿۱۹﴾

اور اس (اللہ تعالیٰ) کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے یہ ہے کہ اس نے تم کو مٹی سے پیدا کیا، پھر تم دیکھتے ہی دیکھتے انسان بن کر (زمین میں ہر طرف) پھیلے ہوئے ہو ﴿۲۰﴾

---

① یعنی مختلف قسموں میں بانٹ دیے جائیں گے۔

② اسلامی ترتیب میں رات پہلے دن بعد میں اس کی طرف بھی اشارہ نکلا۔

③ (دوسرا ترجمہ) پاک اللہ کو یاد کرو۔

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً
وَّرَحْمَةً ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَاَلْوَانِكُمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْعٰلِمِيْنَ ۝ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ مَنَامُكُمْ
بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَابْتِغَاۗؤُكُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ۝ وَمِنْ
اٰيٰتِهٖ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً فَيُحْيٖ بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ تَقُوْمَ السَّمَاۗءُ وَالْاَرْضُ بِاَمْرِهٖ ۭ

اور اس (اللہ تعالیٰ) کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے یہ ہے کہ تمھارے (فائدے کے) لیے تم ہی میں سے بیویاں بنائیں①؛ تاکہ تم ان کے پاس جا کر سکون (یعنی چین) حاصل کرو اور اس نے تمھارے (یعنی میاں بیوی کے) درمیان محبت اور رحمت (یعنی ہمدردی) کے جذبات پیدا کر دیے، یقیناً اس میں جو لوگ دھیان کرتے ہیں ایسی قوم کے لیے بڑی نشانیاں ہیں ﴿۲۱﴾ اور اس (اللہ تعالیٰ) کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے آسمانوں اور زمین کو بنانا ہے اور تمھاری زبان (یعنی بولیاں) اور تمھارے رنگ کا مختلف ہونا (بھی) ہے، یقیناً اس میں جاننے (یا سمجھنے) والوں کے لیے بڑی نشانیاں ہیں ﴿۲۲﴾ اور اس (اللہ) کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے تمھارا رات اور دن کے وقت میں سونا اور تمھارا اس (اللہ تعالیٰ) کے فضل (یعنی روزی) کو تلاش کرنا ہے، جو لوگ سنتے ہیں یقیناً ان کے لیے اس میں بڑی نشانیاں ہیں ﴿۲۳﴾ اور اس (اللہ تعالیٰ) کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے یہ ہے کہ وہ تم کو بجلی (چمکتی ہوئی) دکھلاتے ہیں جس سے (گرنے کا) ڈر بھی لگتا ہے اور (بارش کی) امید بھی ہوتی ہے اور وہ (اللہ تعالیٰ) آسمان سے پانی برساتے ہیں، پھر اس کے ذریعے اس (زمین) کے مردہ (یعنی سوکھی) ہو جانے کے بعد اس کو زندہ کر دیتے ہیں②، جو لوگ سوچتے ہیں③ ان کے لیے اس میں یقیناً بڑی نشانیاں ہیں ﴿۲۴﴾ اور اس (اللہ تعالیٰ) کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے ہے کہ آسمان اور زمین اس کے حکم سے قائم ہے،

---

① اپنی ہی جنس سے جوڑ کا ہونا بھی نعمت ہے ② یعنی تر و تازہ کر دیتے ہیں ③ (دوسرا ترجمہ) جو لوگ عقل سے کام لیتے ہیں۔

ثُمَّ اِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً ۖ مِّنَ الْاَرْضِ ۖ اِذَآ اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ ۝ وَلَهٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِیْ یَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ یُعِیْدُهٗ وَهُوَ اَهْوَنُ عَلَیْهِ ؕ وَلَهُ الْمَثَلُ الْاَعْلٰی فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝

ضَرَبَ لَكُمْ مَّثَلًا مِّنْ اَنْفُسِكُمْ ؕ هَلْ لَّكُمْ مِّنْ مَّا مَلَكَتْ اَیْمَانُكُمْ مِّنْ شُرَكَآءَ فِیْ مَا رَزَقْنٰكُمْ فَاَنْتُمْ فِیْهِ سَوَآءٌ تَخَافُوْنَهُمْ كَخِیْفَتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ۝ بَلِ اتَّبَعَ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْۤا اَهْوَآءَهُمْ بِغَیْرِ عِلْمٍ ۚ فَمَنْ یَّهْدِیْ مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِیْنَ ۝

پھر جب وہ تم کو (قیامت کے دن) پکار کر زمین سے بلائیں گے تب تم سب (پکارتے ہی زمین سے) نکل پڑو گے ﴿۲۵﴾ اور آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے وہ سب اسی (اللہ تعالیٰ) کی مالکی میں ہے، سب کے سب اسی (اللہ تعالیٰ) کے (حکم کے) تابع ہیں ﴿۲۶﴾ اور وہی (اللہ تعالیٰ) جو مخلوق کو پہلی بار پیدا کرتے ہیں، پھر وہ اس (مخلوق) کو دوبارہ پیدا کریں گے اور وہ (سب) اس (اللہ تعالیٰ) پر بہت آسان ہے①، اسی (اللہ تعالیٰ) کی شان آسمانوں اور زمین میں سب سے اونچی ہے اور وہ (اللہ تعالیٰ) بڑے زبردست ہیں، بڑے حکمت والے ہیں ﴿۲۷﴾

وہ (اللہ) تم کو تمھارے ہی اپنے حالات میں سے ایک (عجیب) مثال دیتے ہیں کہ جو رزق ہم نے تم کو دیا ہے کیا تمھاری مالکی کے غلاموں میں سے کوئی اس میں تمھارا شریک ہے؟ کہ (جس کے نتیجے میں ہماری دی ہوئی روزی میں) تم اور وہ (غلام) اس میں برابر (شریک) ہو کہ تم ان (غلاموں) سے (کاروبار میں) اس طرح ڈرو جیسے تم آپس میں ایک دوسرے (یعنی اپنے خود کے شریک) سے ڈرتے ہو، اسی طرح ہم آیتوں کو کھول کھول کر بیان کرتے ہیں ایسے لوگوں کے لیے جو سمجھتے ہیں ﴿۲۸﴾ بلکہ ظالم لوگ بغیر سمجھے (بغیر دلیل کے) اپنی خواہش پر چلتے ہیں، جس کو اللہ تعالیٰ (اس کی ضد کی وجہ سے) گمراہ کر دیویں اس کو کون ہدایت پر لا سکتا ہے؟ اور ان لوگوں کے لیے کوئی مدد کرنے والے نہیں ہیں ﴿۲۹﴾

---

① مخاطبین کی رعایت سے کلام ہے ورنہ اللہ تعالیٰ کے لیے اول مرتبہ پیدا کرنا بھی آسان ہے۔

فَأَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ۚ فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ۚ لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ۚ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۰﴾ مُنِيْبِيْنَ إِلَيْهِ وَاتَّقُوْهُ وَأَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۳۱﴾ مِنَ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا ۚ كُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَإِذَا مَسَّ النَّاسَ ضُرٌّ دَعَوْا رَبَّهُمْ مُنِيْبِيْنَ إِلَيْهِ ثُمَّ إِذَا أَذَاقَهُمْ مِنْهُ رَحْمَةً إِذَا فَرِيْقٌ مِنْهُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿۳۳﴾ لِيَكْفُرُوْا بِمَا آتَيْنٰهُمْ ۚ فَتَمَتَّعُوْا ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۴﴾

سو تم اپنا منہ (یعنی رخ سیدھے راستے پر) ایک طرف رہتے ہوئے (سچے) دین کی طرف سیدھا رکھو، اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی فطرت (یعنی قابلیت وصلاحیت) پر چلو جس پر اس نے لوگوں کو پیدا کیا① اللہ تعالیٰ کے بنائے ہوئے کو کوئی نہیں بدل سکتا، یہی صحیح دین ہے② لیکن اکثر لوگ جانتے نہیں ہیں ﴿۳۰﴾ (دین اسلام پر اس طرح عمل کرتے رہو کہ) اسی (اللہ) کی طرف تم نے لو لگا رکھی ہو③ اور تم اس (اللہ تعالیٰ) سے ڈرو اور تم نماز کو قائم کرو اور تم شرک کرنے والوں میں سے مت بنو ﴿۳۱﴾ وہ کہ جن لوگوں نے اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا اور الگ الگ فرقوں میں ہو گئے، ہر فرقے والے اپنے اپنے طریقوں پر اتراتے ہیں④ ﴿۳۲﴾ اور جب لوگوں کو کوئی تکلیف پہنچ جاتی ہے تو اپنے رب ہی کی طرف لو لگا کر⑤ اسی کو پکارنے لگتے ہیں، پھر جب وہ (اللہ تعالیٰ) ان کو اپنی طرف سے کسی رحمت کا مزہ چکھا دیتے ہیں تب ہی ان میں سے کچھ لوگ اپنے رب کے ساتھ شرک کرنے لگتے ہیں ﴿۳۳﴾ جس کا نتیجہ یہ ہے کہ ہم نے جو کچھ (نعمتیں) ان کو دی تھی اس کا انکار کریں⑥، سو (تھوڑے دن) تم مزے اڑا لو، سو بہت جلدی تم کو (سب کچھ) پتہ چل جائے گا ﴿۳۴﴾

---

① یعنی مذہب اسلام پر چلو۔

② (دوسرا ترجمہ) یہی سیدھا راستہ ہے۔

③ (دوسرا ترجمہ) کہ اسی (اللہ کی طرف) تمھاری انابت (پورا دھیان) ہو۔

④ (دوسرا ترجمہ) اپنے اپنے طریقوں پر مست ہیں۔ ⑤ (دوسرا ترجمہ) رجوع ہو کر۔

⑥ یعنی ناشکری کرتے ہیں اور یوں کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے کچھ نہیں دیا۔

أَمْ أَنزَلْنَا عَلَيْهِمْ سُلْطَانًا فَهُوَ يَتَكَلَّمُ بِمَا كَانُوا بِهِ يُشْرِكُونَ ۝ وَإِذَا أَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً فَرِحُوا بِهَا ۖ وَإِن تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ إِذَا هُمْ يَقْنَطُونَ ۝ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللَّهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن يَشَاءُ وَيَقْدِرُ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝ فَآتِ ذَا الْقُرْبَىٰ حَقَّهُ وَالْمِسْكِينَ وَابْنَ السَّبِيلِ ۚ ذَٰلِكَ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ يُرِيدُونَ وَجْهَ اللَّهِ ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝ وَمَا آتَيْتُم مِّن رِّبًا لِّيَرْبُوَ فِي أَمْوَالِ النَّاسِ فَلَا يَرْبُو عِندَ اللَّهِ ۖ وَمَا آتَيْتُم مِّن زَكَاةٍ تُرِيدُونَ وَجْهَ اللَّهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُونَ ۝

کیا ہم نے ان کے اوپر کوئی دلیل (یعنی کتاب) اتاری ہے کہ وہ (دلیل) اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرنے کو کہتی ہو① ﴿۳۵﴾ اور جب ہم لوگوں کو رحمت کا مزہ چکھاتے ہیں تو اس پر وہ اترانے (یعنی خوش ہونے) لگتے ہیں اور ان کے ہاتھوں نے جو (برے) کام کر کے آگے بھیجے ہیں اس کی وجہ سے اگر کوئی برائی (یا مصیبت) ان پر آ پڑے تب وہ ناامید ہو کر رہ جاتے ہیں ﴿۳۶﴾ کیا ان لوگوں نے نہیں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ جس کے لیے چاہتے ہیں رزق پھیلا دیتے ہیں② اور (جس کو چاہتے ہیں) کم دیتے ہیں، ایمان لانے والی قوم کے واسطے یقیناً اس میں بڑی نشانیاں ہیں ﴿۳۷﴾ سو تم رشتے داروں کو اور مسکین کو اور مسافر کو ان کا حق دیا کرو، جو لوگ اللہ تعالیٰ کی خوشی چاہتے ہیں ان کے لیے یہ بہت اچھا ہے اور وہی لوگ فلاح (یعنی کامیابی) پانے والے ہیں ﴿۳۸﴾ اور جو سود تم دیتے ہو③ کہ وہ لوگوں کے مال میں (مل کر) زیادہ ہو جاوے وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک تو زیادہ نہیں ہوگا④ اور جو زکوۃ تم اللہ تعالیٰ کی خوشی حاصل کرنے کے لیے دیتے ہو سو ایسا کرنے والے لوگ (اپنے مال اور ثواب کو اللہ تعالیٰ کے پاس) بڑھانے والے ہیں ﴿۳۹﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) جو دلیل (شرک کرنے کو) بول رہی ہو یعنی اس دلیل سے پتہ چلتا ہو کہ شرک کرو۔

② (دوسرا ترجمہ) زیادہ دیتے ہیں۔ ③ (دوسرا ترجمہ) اور سود پر جو تم دیتے ہو۔

④ سورت مکی ہے؛ اس لیے ربا کی مذمت ہے، حرمت مدنی دور میں آئی، اسی طرح شادیاں اور دوسرے مواقع پر جو کچھ دیتے ہیں ان میں بہت سی مرتبہ عام طور پر خالص اللہ تعالیٰ کی رضا مقصود نہیں ہوتی؛ بلکہ آئندہ بدلہ زیادہ ملے گا ایسا خیال ہوتا ہے؛ اس لیے وہ بری رسم کی قباحت بھی اس آیت سے نکلتی ہے۔

اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ۭ هَلْ مِنْ شُرَكَاۗىِٕكُمْ مَّنْ يَّفْعَلُ مِنْ ذٰلِكُمْ مِّنْ شَيْءٍ ۭ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝

ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِي النَّاسِ لِيُذِيْقَهُمْ بَعْضَ الَّذِيْ عَمِلُوْا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۝ قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلُ ۭ كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّشْرِكِيْنَ ۝ فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ الْقَيِّمِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ يَوْمَىِٕذٍ يَّصَّدَّعُوْنَ ۝

اللہ تعالیٰ کی ذات تو وہ ہے جس نے تم کو پیدا کیا، پھر تم کو اس نے روزی دی، پھر تم کو (دنیا میں) موت دیں گے، پھر تم کو (قیامت کے دن دوبارہ) زندہ کریں گے، کیا تمھارے (خود کے بنائے ہوئے) شریکوں میں سے کوئی ہے جو ان کاموں میں سے کوئی کچھ بھی کر سکتا ہو؟ اس (اللہ تعالیٰ) کی ذات تو پاک ہے اور یہ لوگ جو شرک کرتے ہیں اس سے اس (اللہ تعالیٰ) کی ذات بہت دور ہے ﴿۴۰﴾

لوگوں نے اپنے ہاتھوں سے جو (برے) کام کر رکھے ہیں اس کی وجہ سے زمین اور سمندر میں فساد① پھیل گیا ہے؛ تا کہ انھوں نے جو کام کیے ہیں وہ (اللہ تعالیٰ) ان میں سے کچھ کاموں کا② ان کو مزہ چکھا دیویں؛ تا کہ وہ (گناہوں کے کاموں سے) باز آجاویں ﴿۴۱﴾ (اے نبی!) تم کہہ دو کہ تم زمین میں چل پھر کر کے دیکھو جو پہلے لوگ تھے ان کا انجام کیسا ہوا؟ ان میں کے اکثر مشرک تھے ﴿۴۲﴾ لہٰذا تم تمھارا رخ صحیح دین (یعنی اسلام) پر قائم رکھو، اس دن کے آنے سے پہلے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ٹلنے والا نہیں ہے③ اس دن لوگ (بدلے کے اعتبار سے) الگ الگ ہو جائیں گے④ ﴿۴۳﴾

---

① یعنی بلائیں جیسے قحط، وبائی امراض، آگ زنی، برکت ختم، نفع والی چیزوں میں نفع کم نقصان زیادہ ہونے لگے۔

② سب برے اعمال کی سزا ہونے لگے تو کوئی زندہ ہی نہ رہے۔

③ (دوسرا ترجمہ) جس کا آنا اللہ تعالیٰ کی طرف سے ٹلنے والا نہیں ہے۔

④ یعنی کوئی جنت میں اور کوئی جہنم میں جائے گا۔

مَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِاَنْفُسِهِمْ يَمْهَدُوْنَ ۝ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ۝ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ يُّرْسِلَ الرِّيَاحَ مُبَشِّرٰتٍ وَّلِيُذِيْقَكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَلِتَجْرِيَ الْفُلْكُ بِاَمْرِهٖ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَاۗءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَانْتَقَمْنَا مِنَ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا ۭ وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ اَللّٰهُ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَيَبْسُطُهٗ فِي السَّمَاۗءِ كَيْفَ يَشَاۗءُ وَيَجْعَلُهٗ كِسَفًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ فَاِذَآ اَصَابَ بِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖٓ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ۝

جس نے بھی کفر کیا تو اس کفر کا وبال اس پر پڑے گا اور جس نے نیک کام کیے سو وہ اپنے ہی فائدے کے لیے تیاری کرر ہے ہیں ﴿۴۴﴾ جس کے نتیجے میں جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کیے تو وہ (اللہ تعالیٰ) اپنے فضل سے بدلہ دیں گے، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) کفر کرنے والوں کو پسند نہیں کرتے ﴿۴۵﴾ اور اس (اللہ تعالیٰ) کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے یہ ہے کہ وہ (اللہ تعالیٰ) ہواؤں کو چلاتے ہیں جو (بارش کی) خوش خبری لے کر آتی ہیں اور (ہوا اس لیے بھیجتا ہے) تاکہ وہ تم کو اپنی رحمت (یعنی بارش) کا مزہ چکھائیں اور تاکہ (ہوا کے ذریعہ) کشتی اس کے حکم سے (پانی میں) چلے اور تاکہ تم اس (اللہ تعالیٰ) کا فضل (یعنی حلال روزی) حاصل کرو؛ اور تاکہ تم شکر ادا کرو ﴿۴۶﴾ اور پکی بات یہ کہ ہم نے تم سے پہلے بہت سارے رسولوں کو ان کی قوم کے پاس بھیجا، پھر وہ (پیغمبر) ان (اپنی قوموں) کے پاس کھلی نشانیاں لے کر آئے (جب انھوں نے نہیں مانا) تب ہم نے گنہگاروں سے بدلہ لیا اور ایمان والوں کی مدد کرنے کی ہم نے اپنے اوپر ذمہ داری لے لی ہے ﴿۴۷﴾ اللہ تعالیٰ وہ ہے جو ہواؤں کو چلاتے ہیں، پھر وہ (ہوائیں) بادل کو اٹھاتی ہے، پھر وہ (اللہ) جس طرح چاہتے ہیں اس (بادل) کو آسمان (یعنی فضا) میں پھیلاتے ہیں اور اس کو کئی تہوں (والی گھٹا) میں بنا کر رکھتے ہیں، پھر تم دیکھتے ہو کہ بارش ان (بادلوں) کے درمیان سے برستی ہے، پھر وہ (اللہ تعالیٰ) اس (بارش) کو اپنے بندوں میں سے جن کو چاہتے ہیں ان کو پہنچا دیتے ہیں تب وہ بندے خوشیاں منانے لگتے ہیں ﴿۴۸﴾

وَاِنۡ كَانُوۡا مِنۡ قَبۡلِ اَنۡ يُّنَزَّلَ عَلَيۡهِمۡ مِّنۡ قَبۡلِهٖ لَمُبۡلِسِيۡنَ ۞ فَانۡظُرۡ اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحۡمَتِ اللّٰهِ كَيۡفَ يُحۡىِ الۡاَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِهَا ؕ اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحۡىِ الۡمَوۡتٰى‌ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ۞ وَلَئِنۡ اَرۡسَلۡنَا رِيۡحًا فَرَاَوۡهُ مُصۡفَرًّا لَّظَلُّوۡا مِنۡۢ بَعۡدِهٖ يَكۡفُرُوۡنَ ۞ فَاِنَّكَ لَا تُسۡمِعُ الۡمَوۡتٰى وَلَا تُسۡمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوۡا مُدۡبِرِيۡنَ ۞ وَمَاۤ اَنۡتَ بِهٰدِ الۡعُمۡىِ عَنۡ ضَلٰلَتِهِمۡ‌ؕ اِنۡ تُسۡمِعُ اِلَّا مَنۡ يُّؤۡمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمۡ مُّسۡلِمُوۡنَ ۞

اَللّٰهُ الَّذِىۡ خَلَقَكُمۡ مِّنۡ ضُؔعۡفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنۡۢ بَعۡدِ ضُؔعۡفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِنۡۢ بَعۡدِ قُوَّةٍ ضُؔعۡفًا وَّشَيۡبَةً‌ ؕ يَخۡلُقُ مَا يَشَآءُ‌ ۚ وَهُوَ الۡعَلِيۡمُ الۡقَدِيۡرُ ۞

حالاں کہ اس سے پہلے جب تک ان پر وہ (بارش) نہیں برسائی گئی تھی تو وہ بالکل ہی ناامید ہو گئے تھے ﴿۴۹﴾ سو تم اللہ تعالیٰ کی رحمت کے نشانات دیکھو کہ زمین کے مردہ (یعنی خشک) ہوجانے کے بعد کس طرح اس کو وہ (اللہ تعالیٰ) زندہ کرتے ہیں، یقیناً وہی (اللہ تعالیٰ) مردوں کو زندہ کرنے والے ہیں اور وہ (اللہ تعالیٰ) تمام چیز پر قدرت رکھتے ہیں ﴿۵۰﴾ اور اگر ہم (نقصان پہنچانے والی) ہوا چلاویں جس کی وجہ سے وہ اپنی کھیتی کو پیلی پڑی ہوئی دیکھیں تو اس کے بعد وہ لوگ ناشکری کرنے لگیں ﴿۵۱﴾ سو یقیناً تم مُردوں کو (اپنی بات) سنا نہیں سکتے اور بہروں کو (اپنے) پکارنے کی آواز نہیں سنا سکتے (خاص طور پر) جب وہ پیٹھ پھیر کر بھاگ رہے ہوں ﴿۵۲﴾ اور تم اندھوں کو ان کی گمراہی سے (نکال کر ہدایت کے) راستے پر نہیں لا سکتے، تم تو صرف انہی لوگوں کو اپنی بات سنا سکتے ہو جو ہماری آیتوں پر ایمان لائیں① پھر وہ مسلمان (یعنی ماننے والے) ہوتے ہیں ﴿۵۳﴾

اللہ تعالیٰ وہ ہیں جنھوں نے تم کو (پہلے) کمزوری میں پیدا کیا② پھر کمزوری کے بعد طاقت عطا کی، پھر طاقت کے بعد (دوبارہ) کمزوری اور بڑھاپا دیا، وہ جو چاہتے ہیں پیدا کرتے ہیں اور وہ (سب کچھ) جانتے ہیں، بڑی قدرت والے ہیں ﴿۵۴﴾

---

① ایمان، یقین اور نبی کی اطاعت کے ساتھ قرآن اور نبی کا کلام سننا نافع ہوتا ہے۔

② (دوسرا ترجمہ) کمزور حالت میں پیدا کیا۔

وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ يُقْسِمُ الْمُجْرِمُونَ ۙ مَا لَبِثُوا غَيْرَ سَاعَةٍ ۚ كَذَٰلِكَ كَانُوا يُؤْفَكُونَ ۝
وَقَالَ الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ وَالْإِيمَانَ لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِي كِتَابِ اللَّهِ إِلَىٰ يَوْمِ الْبَعْثِ ۖ فَهَٰذَا
يَوْمُ الْبَعْثِ وَلَٰكِنَّكُمْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ۝ فَيَوْمَئِذٍ لَا يَنْفَعُ الَّذِينَ ظَلَمُوا مَعْذِرَتُهُمْ
وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ ۝ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِي هَٰذَا الْقُرْآنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۚ وَلَئِنْ
جِئْتَهُمْ بِآيَةٍ لَيَقُولَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا مُبْطِلُونَ ۝ كَذَٰلِكَ يَطْبَعُ اللَّهُ عَلَىٰ
قُلُوبِ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ ۝ فَاصْبِرْ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ ۖ وَلَا يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِينَ لَا يُوقِنُونَ ۝

اور جس دن قیامت قائم ہوگی مجرم لوگ قسم کھائیں گے① کہ وہ (دنیا یا برزخ میں) ایک گھڑی سے زیادہ نہیں ٹھہرے، اسی طرح (دنیا میں بھی) یہ لوگ الٹے چلا کرتے تھے②﴿۵۵﴾ اور جن لوگوں کو علم (یعنی سمجھ) اور ایمان دیا گیا تھا وہ جواب دیں گے: تم اللہ تعالیٰ کی لکھی ہوئی تقدیر کے مطابق دوسری مرتبہ زندہ ہونے کے دن تک (برزخ میں) رہے ہو، سو دوسری مرتبہ زندہ ہونے کا دن یہی ہے، لیکن تم لوگ (دنیا میں) اس کو جانتے (یعنی مانتے) نہیں تھے﴿۵۶﴾ سو اس دن ظالموں کو ان کا معذرت کرنا کوئی فائدہ نہیں دے گا اور ان کو یہ نہیں کہا جائے گا کہ تم اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کو دور کرو﴿۵۷﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے اس قرآن میں لوگوں کو سمجھانے کے لیے ہر طرح کے (اچھے اچھے) مضامین (یعنی باتیں) بیان کر دیے، ان لوگوں کی حالت یہ ہے کہ اگر (ان کی چاہت کے مطابق) کوئی (بھی) نشانی تم ان کے پاس لے آؤ، پھر بھی یہ کافر لوگ یہی کہیں گے کہ تم سب (یعنی محمد ﷺ اور مسلمان مل کر) جھوٹ بنا لائے ہو﴿۵۸﴾ اسی طرح جو لوگ مانتے نہیں ہیں اللہ تعالیٰ ان کے دلوں پر مہر لگاتے ہیں﴿۵۹﴾ (اے نبی!) سو تم صبر کرو، یقیناً اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا ہے اور جو لوگ یقین نہیں رکھتے ان کی وجہ سے تم ڈھیلے مت پڑ جاؤ③﴿۶۰﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) گنہگار لوگ اس بات پر قسم کھائیں گے۔

② یعنی قیامت کے آنے ہی کا انکار کرتے تھے۔

③ (دوسرا ترجمہ) تم کو وہ لوگ جو یقین نہیں رکھتے وہ اکھاڑ نہ دیویں (تیسرا) اوچھا نہ کر دیویں (چوتھا) بے برداشت کر دیویں (پانچواں) جو لوگ یقین نہیں رکھتے وہ لوگ (تمھاری شان کے خلاف ہلکے کام اور بات پر) تم کو ابھار نہ دیویں۔

سورۃ لقمان

(المکیۃ)

آیاتھا: ۳۴۔ رکوعاتھا: ۴۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں چونتیس (۳۴) آیتیں ہیں۔ سورۃ صافات کے بعد اور سورۃ سبا سے پہلے ستاون (۵۷) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں حضرت لقمان کا واقعہ بیان کیا گیا ہے۔

ایک قول میں آپ کا نسب "لقمان ابن باعور ابن ناحور ابن آزر" ہے۔

دوسرا قول: لقمان بن عنقا بن سندون۔

تیسرا قول: لقمان بن ثار بن سندون۔

بعض کہتے ہیں کہ: حضرت ایوب علیہ السلام کے بھانجے یا خالہ کے بیٹے ہیں۔

یہ بھی لکھا ہے کہ حبشی غلام تھے، بڑھئی کا کام یا درزی کا کام یا چرواہے کا کام کرتے تھے۔ سوڈان کے رہنے والے تھے، حضرت ایوب علیہ السلام سے علم حاصل کیا، لمبی عمر پائی، حضرت داؤد علیہ السلام کا زمانہ پایا، حضرت داؤد علیہ السلام سے پہلے بنی اسرائیل کے قاضی اور مفتی تھے، مزید تحقیق کے لیے بندہ کی کتاب "دیکھی ہوئی دنیا" مصر کا سفرنامہ دیکھیے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

الٓمّٓ ۚ﴿۱﴾ تِلْكَ اٰیٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِیْمِ ۙ﴿۲﴾ هُدًی وَّ رَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِیْنَ ۙ﴿۳﴾ الَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ یُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَ هُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ یُوْقِنُوْنَ ؕ﴿۴﴾ اُولٰٓىِٕكَ عَلٰی هُدًی مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ اُولٰٓىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۵﴾ وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ یَّشْتَرِیْ لَهْوَ الْحَدِیْثِ لِیُضِلَّ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ بِغَیْرِ عِلْمٍ ۖۗ وَّ یَتَّخِذَهَا هُزُوًا ؕ اُولٰٓىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِیْنٌ ﴿۶﴾ وَ اِذَا تُتْلٰی عَلَیْهِ اٰیٰتُنَا وَلّٰی مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ یَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِیْۤ اُذُنَیْهِ وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ ﴿۷﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتُ النَّعِیْمِ ۙ﴿۸﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

الم ﴿۱﴾ یہ حکمت والی کتاب (یعنی قرآن) کی آیتیں ہیں ﴿۲﴾ جو ان نیک لوگوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے ﴿۳﴾ جو لوگ نماز قائم کرتے ہیں اور وہ زکوۃ دیتے ہیں اور وہ آخرت پر پورا یقین رکھتے ہیں ﴿۴﴾ وہی لوگ اپنے رب کی طرف سے ہدایت (یعنی سیدھے راستے) پر ہیں اور وہی لوگ کامیاب ہونے والے ہیں ﴿۵﴾ اور کچھ لوگ ایسے ہیں جو (قرآن چھوڑ کر اللہ تعالیٰ سے) غفلت میں ڈالنے والی باتوں کو خریدتے ہیں①؛ تاکہ بغیر سمجھے (لوگوں کو) اللہ تعالیٰ کے راستے سے گمراہ کردیویں اور وہ اس کا مذاق اڑاویں، ان لوگوں کے لیے ایسا عذاب ہوگا جو ان کو ذلیل کر کے رکھ دے گا ﴿۶﴾ اور جب ایسے شخص کے سامنے ہماری آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو وہ تکبر کے ساتھ منہ پھیر لیتا ہے، ایسا لگتا ہے اس نے ان (آیتوں) کو سنا ہی نہیں، ایسا لگتا ہے کہ اس کے دونوں کان بہرے ہیں، سو تم اس (شخص) کو دردناک عذاب کی خوش خبری سنادو ﴿۷﴾ یقیناً جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے ان کے لیے نعمتوں کے باغات ہیں ﴿۸﴾

---

① لھو الحدیث: [۱] جو چیزیں انسان کو ضروری کاموں سے غفلت میں ڈالے۔

[۲] اللہ تعالیٰ کی یاد سے غفلت میں ڈالنے والی چیزیں۔

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۹﴾ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَاۗبَّةٍ ۭ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ ﴿۱۰﴾ هٰذَا خَلْقُ اللّٰهِ فَاَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ۭ بَلِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۱﴾

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ ۭ وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿۱۲﴾ وَاِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ وَهُوَ يَعِظُهٗ يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ڼ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۳﴾

جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے، اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا ہے اور وہ بڑے زبردست، بڑے حکمت والے ہیں ﴿۹﴾ آسمانوں کو اللہ تعالیٰ نے بغیر ستون کے پیدا کیا (جیسا) تم اس کو دیکھتے ہو① اور زمین میں پہاڑ ڈال دیے؛ تا کہ وہ تم کو لے کر ہلنے نہ لگے② اور اس (زمین) میں ہر طرح کے جانور پھیلا دیے اور ہم نے آسمان سے پانی اتارا، سو ہم نے اس (زمین) میں ہر قسم کی اچھی اچھی چیزیں اگائیں ﴿۱۰﴾ یہ سب چیزیں تو اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی ہیں، اب مجھے بتاؤ اس کے سوا دوسروں نے کیا پیدا کیا؟؛ بلکہ ظالم لوگ کھلی گمراہی میں (پڑے) ہیں ﴿۱۱﴾

اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے لقمان کو حکمت دی (اور ہم نے حکم دیا) کہ تم اللہ کا شکر ادا کرو اور جو آدمی شکر کرتا ہے تو وہ اپنے فائدے ہی کے لیے شکر کرتا ہے اور جو آدمی ناشکری کرتا ہے تو یقیناً اللہ تعالیٰ تو غنی (یعنی بے پرواہ اور سب) تعریفوں کے مالک ہیں ﴿۱۲﴾ اور جب لقمان نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے کہا: اے میرے بیٹے! تو اللہ کے ساتھ شرک مت کر، یقیناً شرک تو بڑا بھاری ظلم ہے③ ﴿۱۳﴾

---

① ایک مفہوم یہ ہے کہ آسمان ستونوں پر قائم ہے؛ لیکن وہ ستون ایسے ہیں کہ تم ان کو دیکھ نہیں سکتے ہو۔

② (دوسرا ترجمہ) جھک نہ پڑے۔

③ ظلم یعنی کسی کا حق چھین کر دوسرے کو دے دینا، عبادت جو اللہ تعالیٰ کا حق ہے وہ دوسرے کے لیے کرنا شرک ہے۔

وَوَصَّيْنَا الْإِنسَانَ بِوَالِدَيْهِ ۚ حَمَلَتْهُ أُمُّهُ وَهْنًا عَلَىٰ وَهْنٍ وَفِصَالُهُ فِي عَامَيْنِ أَنِ اشْكُرْ لِي وَلِوَالِدَيْكَ ۚ إِلَيَّ الْمَصِيرُ ﴿١٤﴾ وَإِن جَاهَدَاكَ عَلَىٰ أَن تُشْرِكَ بِي مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ۖ وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوفًا ۖ وَاتَّبِعْ سَبِيلَ مَنْ أَنَابَ إِلَيَّ ۚ ثُمَّ إِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَأُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿١٥﴾ يَا بُنَيَّ إِنَّهَا إِن تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُن فِي صَخْرَةٍ أَوْ فِي السَّمَاوَاتِ أَوْ فِي الْأَرْضِ يَأْتِ بِهَا اللَّهُ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَطِيفٌ خَبِيرٌ ﴿١٦﴾ يَا بُنَيَّ أَقِمِ الصَّلَاةَ وَأْمُرْ بِالْمَعْرُوفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنكَرِ وَاصْبِرْ عَلَىٰ مَا أَصَابَكَ ۖ إِنَّ ذَٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ ﴿١٧﴾

اورہم نے انسان کو اس کے والدین کے بارے میں تاکید کی اس لیے کہ اس کی ماں نے کمزوری پر کمزوری اٹھا کر اس کو پیٹ میں رکھا① اور اس کا دودھ چھوٹنا دو سال میں ہے (اور یہ بھی تاکید کردی) کہ میرا اور اپنے والدین کا تو شکر یہ ادا کر، میری طرف ہی واپس لوٹ کر کے آنا ہے ﴿۱۴﴾ اور اگر وہ دونوں (یعنی ماں باپ) تجھ پر اس بات کا زور ڈالیں کہ تو میرے ساتھ ایسی چیز کو شریک کر جس (کے معبود ہونے) کی تیرے پاس کوئی دلیل نہیں تو تو ان دونوں کی بات مت مان اور تو ان دونوں کے ساتھ دنیا میں بھلائی کے ساتھ رہ اور جو شخص میری طرف رجوع کرتا ہے ایسے شخص کے راستے پر تو چل، پھر تم سب کو میری طرف ہی واپس آنا ہے، پھر میں تم کو جو کام تم کرتے تھے وہ بتلا دوں گا ﴿۱۵﴾ اے میرے بیٹے! اگر کوئی بھی چیز رائی کے دانے کے برابر ہو، پھر چاہے وہ پتھر کی کسی چٹان میں ہو یا آسمانوں میں ہو یا زمین میں ہو اللہ تعالیٰ اس کو لا کر کے حاضر کردیں گے② یقیناً اللہ تعالیٰ بہت باریکی سے دیکھتے ہیں، بڑے خبر رکھنے والے ہیں ﴿۱۶﴾ اے میرے بیٹے! تو نماز کو قائم کر اور تو اچھی بات سکھلا اور تو بری بات سے روک اور جو مصیبت تجھ کو پہنچے اس پر صبر کر، یقیناً یہ تو بڑے ہمت کے کاموں میں سے ہے③ ﴿۱۷﴾

---

①(دوسرا ترجمہ) اس کو تھک تھک کر پیٹ میں رکھا۔

②دنیا کے لحاظ سے آدمی جب بڑا ہو جاتا ہے تو اپنی چھوٹی چیزوں سے اس کی نظر ہٹ جاتی ہے؛ حالاں کہ اللہ تعالیٰ چھوٹی چیز بھی سامنے لاویں گے، اس نصیحت میں ''اصلاحِ عقیدہ'' ہے، اللہ تعالیٰ کی محیط قدرت کا بیان ہے۔

③اس آیت میں ہمت کے چار کام بتائے گئے۔ نوٹ: اس آیت میں اصلاح عمل ہے۔

وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا ۖ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُورٍ ﴿١٨﴾ وَاقْصِدْ فِي مَشْيِكَ وَاغْضُضْ مِن صَوْتِكَ ۚ إِنَّ أَنكَرَ الْأَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيرِ ﴿١٩﴾

أَلَمْ تَرَوْا أَنَّ اللَّهَ سَخَّرَ لَكُم مَّا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَأَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهُ ظَاهِرَةً وَبَاطِنَةً ۗ وَمِنَ النَّاسِ مَن يُجَادِلُ فِي اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَلَا هُدًى وَلَا كِتَابٍ مُّنِيرٍ ﴿٢٠﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّبِعُوا مَا أَنزَلَ اللَّهُ قَالُوا بَلْ نَتَّبِعُ مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا ۚ أَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطَانُ يَدْعُوهُمْ إِلَىٰ عَذَابِ السَّعِيرِ ﴿٢١﴾

اور تو لوگوں کے سامنے (تکبر سے) اپنا گال مت پھلا① اور تو زمین میں اتراتے ہوئے مت چل، یقیناً اللہ تعالیٰ ہر اترانے والے، بڑائی مارنے والے کو پسند نہیں کرتے ﴿۱۸﴾ اور تو بیچ کی چال چل② اور تو اپنی آواز کو نیچی رکھ③ یقیناً سب سے بری آواز گدھوں کی آواز ہے ﴿۱۹﴾

کیا تم لوگوں نے نہیں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین میں جو کچھ بھی ہیں ان سب کو تمھارے (فائدے کے) کام میں لگا رکھا ہے اور تم کو اپنی ظاہری اور باطنی نعمتیں پوری پوری دے رکھی ہیں اور انسانوں میں سے کچھ لوگ تو ایسے ہیں جو اللہ تعالیٰ (کی توحید) کے بارے میں بغیر کسی جان کاری اور بغیر کسی ہدایت اور بغیر کسی روشن کتاب کے جھگڑا کرتے ہیں ﴿۲۰﴾ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو حکم اتارا ہے اس پر چلو، تو وہ جواب میں (یوں) کہتے ہیں بلکہ: ہم تو اس حکم پر چلیں گے جس پر ہم نے ہمارے باپ دادوں کو (عمل کرتے ہوئے) پایا ہے، کیا شیطان ان کے باپ دادوں کو بھڑکتی آگ کی طرف بلاتا رہا ہو تب بھی④ ﴿۲۱﴾

---

① یعنی بے رخی مت کر، منہ پھرا کر بات مت کر۔

② (دوسرا ترجمہ) اور تو درمیانی چال چل۔

③ آواز میں بھی اسراف ہوتا ہے اس سے بچنا چاہیے۔

④ تب بھی وہ باپ دادوں کے پیچھے چلیں گے۔

وَمَنْ يُسْلِمْ وَجْهَهُ إِلَى اللَّهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَى ۗ وَإِلَى اللَّهِ عَاقِبَةُ الْأُمُورِ ﴿۲۲﴾ وَمَنْ كَفَرَ فَلَا يَحْزُنْكَ كُفْرُهُ ۚ إِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ فَنُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿۲۳﴾ نُمَتِّعُهُمْ قَلِيلًا ثُمَّ نَضْطَرُّهُمْ إِلَى عَذَابٍ غَلِيظٍ ﴿۲۴﴾ وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ لَيَقُولُنَّ اللَّهُ ۚ قُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿۲۵﴾ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ إِنَّ اللَّهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ ﴿۲۶﴾ وَلَوْ أَنَّ مَا فِي الْأَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ أَقْلَامٌ وَالْبَحْرُ يَمُدُّهُ مِنْ بَعْدِهِ سَبْعَةُ أَبْحُرٍ مَا نَفِدَتْ كَلِمَاتُ اللَّهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿۲۷﴾

اور جو شخص اپنا منہ (فرماں بردار بن کر) اللہ تعالیٰ کے تابع کردے اور وہ نیک عمل کرنے والا ہے تو یقیناً اس نے مضبوط کڑا (یعنی حلقہ) پکڑ لیا اور سب کاموں کا انجام اللہ تعالیٰ ہی کی طرف ہے ﴿۲۲﴾ اور جس شخص نے بھی کفر کیا تو اس کے کفر کی وجہ سے تم صدمے میں نہ رہو، ہماری طرف ان سب کو لوٹ کر آنا ہے، پھر جو کام وہ کرتے تھے اس کی حقیقت ہم ان کو بتلا دیں گے، یقیناً اللہ سینوں کی بات کو (بھی) بہت اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۲۳﴾ ہم ان کو تھوڑے دن مزہ اڑانے کا موقع دیں گے، پھر ہم ان کو سخت عذاب کی طرف کھینچ کر لے جائیں گے ﴿۲۴﴾ اور اگر تم ان سے سوال کرو کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا؟ تو جواب میں وہ ضرور (یوں) کہیں گے کہ: اللہ تعالیٰ ہی نے (پیدا کیا) تو تم کہو: الحمدللہ [1]، بلکہ ان کے اکثر لوگ جانتے نہیں ہیں ﴿۲۵﴾ آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے وہ اللہ تعالیٰ ہی کا ہے، یقیناً وہ اللہ تعالیٰ غنی ہیں، تمام تعریفیں اسی کے لیے ہیں ﴿۲۶﴾ اور اگر جتنے بھی درخت زمین میں ہیں وہ سب قلم بن جاویں اور یہ جو سمندر ہیں اس کے علاوہ دوسرے سات سمندر اس میں مل جائیں (اور وہ سب روشنائی بن کر اللہ کی خوبیاں لکھنے لگیں) تب بھی اللہ تعالیٰ کی باتیں ختم نہیں ہوں گی، یقیناً اللہ تعالیٰ تو بڑے زبردست ہیں، بڑے ہی حکمت کے مالک ہیں ﴿۲۷﴾

---

[1] کافروں نے توحید کے ثابت ہونے کا پہلا مقدمہ مان لیا اس پر الحمدللہ کہا گیا؛ اس لیے کہ دوسرا مقدمہ تو بالکل ظاہر ہے کہ جو خود مخلوق ہو وہ عبادت کے لائق نہیں۔

مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ اِلَّا كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ۞ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ كُلٌّ يَّجْرِىْٓ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّاَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۞ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الْبَاطِلُ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِىُّ الْكَبِيْرُ ۞

اَلَمْ تَرَ اَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِىْ فِى الْبَحْرِ بِنِعْمَتِ اللّٰهِ لِيُرِيَكُمْ مِّنْ اٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ۞ وَاِذَا غَشِيَهُمْ مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ

تم سب کو پیدا کرنا اور تم سب کو دوبارہ زندہ کرنا (اللہ تعالیٰ کے لیے) ایسا ہے جیسے ایک انسان کو (پیدا کرنا) یقیناً اللہ تعالیٰ (ہر چیز) سنتے ہیں، (ہر چیز) دیکھتے ہیں ﴿۲۸﴾ کیا تم نے یہ نہیں دیکھا کہ یقیناً اللہ تعالیٰ رات (کے اجزاء) کو دن میں داخل کرتے ہیں اور دن (کے اجزاء) کو رات میں داخل کرتے ہیں اور سورج اور چاند کو (اللہ تعالیٰ نے) کام میں لگا رکھا ہے، ہر ایک مقرر وقت (قیامت) تک چلتے رہیں گے اور جو کام بھی تم کرتے ہو یقیناً اللہ تعالیٰ کو اس کی پوری خبر ہے ﴿۲۹﴾ یہ سب اس لیے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات ہی حق ہے اور وہ (مشرک لوگ) اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا جن چیزوں کی عبادت کرتے ہیں وہی باطل (یعنی بے بنیاد) ہیں اور یقیناً اللہ تعالیٰ کی شان اونچی ہے اور وہ سب سے بڑے ہیں ﴿۳۰﴾

کیا تم نے نہیں دیکھا کہ کشتیاں سمندر میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے چلتی ہیں ①؛ تا کہ وہ تم کو اپنی (قدرت کی) نشانیوں میں سے کچھ دکھا دیں، یقیناً اس میں ہر بڑے صبر کرنے والے اور اونچے درجے کے شکر کرنے والے کے لیے بڑی نشانیاں ہیں ﴿۳۱﴾ اور جب (سمندر کی) موجیں ان پر سائبانوں کی طرح چڑھ آتی ہیں ② تو وہ خالص اللہ تعالیٰ پر ہی اعتقاد رکھ کر اس کو پکارنے لگتے ہیں،

① (دوسرا ترجمہ) اللہ کی نعمت کو لیکر چلتی ہے۔
② (دوسرا ترجمہ) گھیر لیتی ہیں۔

فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ؕ وَ مَا یَجْحَدُ بِاٰیٰتِنَاۤ اِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُوْرٍ ﴿۳۲﴾ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ وَ اخْشَوْا یَوْمًا لَّا یَجْزِیْ وَالِدٌ عَنْ وَّلَدِهٖ ۫ وَ لَا مَوْلُوْدٌ هُوَ جَازٍ عَنْ وَّالِدِهٖ شَیْــٴًـا ؕ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا ٙ وَ لَا یَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿۳۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَ یُنَزِّلُ الْغَیْثَ ۚ وَ یَعْلَمُ مَا فِی الْاَرْحَامِ ؕ وَ مَا تَدْرِیْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ؕ وَ مَا تَدْرِیْ نَفْسٌۢ بِاَیِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِیْمٌ خَبِیْرٌ ﴿۳۴﴾

پھر جب وہ ان کو بچا کر خشکی پر لے آتے ہیں تو ان میں سے کچھ لوگ تو (شرک چھوڑ کر) سیدھے راستے پر رہتے ہیں① اور ہر وہ آدمی جو بات کا بڑا جھوٹا ہو، بڑا ہی ناشکری کرنے والا ہو وہی ہماری آیتوں کا انکار کرتا ہے ﴿۳۲﴾ اے لوگو! تم اپنے رب سے ڈرتے رہو اور تم اس دن سے ڈرو جس دن کوئی باپ اپنے بیٹے کو ذرا بھی کام نہیں آئے گا اور کوئی بیٹا اپنے باپ کو ذرہ برابر بھی کام نہیں آسکے گا، یقیناً اللہ تعالیٰ کا وعدہ تو سچا ہے، سو تم کو دنیا کی زندگی دھوکے میں نہ ڈالے اور اللہ تعالیٰ کے معاملے میں وہ بڑا دغاباز (شیطان) تم کو دھوکے میں نہ ڈالے ﴿۳۳﴾ یقیناً قیامت کی خبر تو اس (اللہ تعالیٰ ہی) کے پاس ہے اور وہ بارش برساتے ہیں② اور (ماؤں کے) پیٹوں میں جو کچھ بھی ہے اس کو وہی جانتے ہیں اور کوئی شخص یہ نہیں جانتا کہ وہ خود کل کیا (عمل) کرے گا اور کسی شخص کو یہ معلوم نہیں کہ کس زمین پر اس کی موت آئے گی، یقیناً اللہ تعالیٰ بڑے جاننے والے (ہر چیز کی) پوری خبر رکھتے ہیں ﴿۳۴﴾

---

① اور باقی لوگ پہلے ہی کی طرح شرک کرنے لگتے ہیں۔

② یعنی بارش کب، کہاں، کتنی ہوگی وہ اللہ تعالیٰ ہی کے علم میں ہے۔

سورۃ الم سجدۃ

(المکیۃ)

اٰیاتھا:۳۰۔رکوعاتھا:۳۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں تیس (۳۰) آیتیں ہیں۔سورۃ نحل یا سورۃ مؤمنون کے بعد اور سورۃ نوح سے پہلے تہتر (۷۳) یا(۷۴) نمبر پر نازل ہوئی۔

حدیث میں ہے کہ نبیٔ کریم ﷺ جمعہ کے دن فجر میں الم سجدہ اور سورۃ دہر پڑھا کرتے تھے۔

نبیٔ کریم ﷺ سونے سے پہلے الم سجدہ اور تبارک پڑھ لیا کرتے تھے۔

قرآن کی آیت پر سجدے کا تذکرہ اس سورت میں کیا گیا ہے۔

سجدہ اللہ تعالیٰ کی نظر میں محبوب ترین عمل ہے، اللہ تعالیٰ کے آگے سجدہ اطاعت اور نافرمانی کے درمیان حدِ فاصل ہے، مطیع بندہ سجدہ کرتا ہے اور ابلیس کی راہ پر چلنے والا اللہ تعالیٰ کے سامنے سجدہ نہیں کرتا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

الٓمّٓ ۟ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۟ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ۟ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۭ مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا شَفِيْعٍ ۭ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ۟ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَاۗءِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗٓ اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ۟ ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۟ الَّذِيْٓ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ۟

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

الم ﴿۱﴾ تمام عالموں کے رب کی طرف سے کتاب اتاری جارہی ہے جس میں ذرہ بھی شک کی بات نہیں ہے ﴿۲﴾ کیا یہ (کافرلوگ ایسا) کہتے ہیں کہ: اس (محمد) نے خود اس (قرآن) کو گھڑلیا ہے؟ بلکہ وہ تو ایسا حق ہے جو تمھارے رب کی طرف سے اس لیے آیا ہے تا کہ تم اس کے ذریعہ ان لوگوں کو (اللہ تعالیٰ کے عذاب سے) ڈراؤ جن کے پاس تم سے پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں آیا؛ تا کہ وہ لوگ صحیح راستے پر آجائیں ﴿۳﴾ اللہ تعالیٰ کی ذات وہ ہے جس نے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان میں ہے اس کو چھ دن (کی مقدار) میں پیدا کیا، پھر (اپنی شان کے مطابق) عرش پر قائم ہوئے، تمھارے لیے اس کے سوا کوئی مدد کرنے والا نہیں ہے اور سفارش کرنے والا بھی نہیں ہے، کیا پھر بھی تم (اتنی سی بات پر بھی) دھیان نہیں کرتے ﴿۴﴾ وہ (اللہ تعالیٰ) آسمان سے لے کر زمین تک ہر ایک کام کی (خود) تدبیر (یعنی انتظام) کرتے ہیں، پھر وہ کام ایک ایسے دن میں چڑھ کر اس کے پاس پہنچ جاتا ہے جس کی مقدار تمھاری گنتی سے ایک ہزار سال ہوتی ہے ﴿۵﴾ وہی (اللہ) ہیں جو ہر چھپی اور کھلی چیز کے جاننے والے ہیں، بہت زبردست ہیں (سب پر) رحم کرنے والے ہیں ﴿۶﴾ جس نے ہر چیز پیدا کی، جو بہت اچھی بنائی اور انسان کی پیدائش مٹی سے شروع کی ﴿۷﴾

ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِیْنٍ ۝۸ ثُمَّ سَوّٰىهُ وَ نَفَخَ فِیْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَ جَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَ الْاَبْصَارَ وَ الْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝۹ وَ قَالُوْۤا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِی الْاَرْضِ ءَاِنَّا لَفِیْ خَلْقٍ جَدِیْدٍ ؕ۬ بَلْ هُمْ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ۝۱۰ قُلْ یَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِیْ وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ۝۱۱

وَ لَوْ تَرٰۤى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ رَبَّنَاۤ اَبْصَرْنَا وَ سَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ۝۱۲ وَ لَوْ شِئْنَا لَاٰتَیْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا وَ لٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّیْ لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ اَجْمَعِیْنَ ۝۱۳

پھر اس (انسان) کی نسل ایک نچوڑے ہوئے حقیر پانی سے چلائی ﴿۸﴾ پھر اس کو برابر بنایا①، اس میں اپنی روح پھونکی اور تمھارے لیے کان اور آنکھیں اور دل بنا دیے (اے انسانو!) تم (اللہ تعالیٰ کا) بہت کم شکر ادا کرتے ہو ﴿۹﴾ اور وہ (کافر لوگ) کہنے لگے: کیا جب ہم (فنا ہو کر) زمین میں گم ہو جائیں گے② تو کیا ہم نئے سرے سے پیدا ہوں گے؟ بلکہ وہ تو اپنے رب کی ملاقات ہی کا انکار کرتے ہیں ﴿۱۰﴾ (اے نبی!) تم کہو: تم کو تو موت کا فرشتہ پورا وصول کر لے گا③ جو تم پر مقرر (یعنی متعین) کیا گیا ہے، پھر تم کو اپنے رب کے پاس واپس لے جایا جائے گا ﴿۱۱﴾

اے نبی! کاش تم وہ منظر بھی دیکھو! جب یہ گنہگار لوگ اپنے رب کے سامنے سر جھکائے ہوئے (کھڑے) ہوں گے (کہتے ہوں گے) اے ہمارے رب! ہم نے دیکھ لیا اور ہم نے سن لیا، سو ہم کو (دنیا میں دوبارہ) واپس بھیج دیجیے، اب ہم نیک کام کریں گے ہم کو پورا یقین آ گیا ﴿۱۲﴾ اور اگر ہم چاہتے تو ہر شخص کو (پہلے ہی سے) اس کی ہدایت (یعنی راستہ) سمجھا دیتے، لیکن میری طرف سے جو بات کہی گئی تھی وہ سچ ہو کر کے ہی رہی کہ میں جنات اور لوگ سب سے جہنم کو ضرور بھر دوں گا ﴿۱۳﴾

---

① ماں کے پیٹ میں اللہ تعالیٰ نے تمام اعضا ٹھیک ٹھاک درست بنائے۔

② یعنی نیست و نابود ہو جائیں گے۔

③ یعنی تمھاری روح قبض کر لے گا۔

فَذُوۡقُوۡا بِمَا نَسِيۡتُمۡ لِقَآءَ يَوۡمِكُمۡ هٰذَا‌ ۚ اِنَّا نَسِيۡنٰكُمۡ‌ وَذُوۡقُوۡا عَذَابَ الۡخُلۡدِ بِمَا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۱۴﴾ اِنَّمَا يُؤۡمِنُ بِاٰيٰتِنَا الَّذِيۡنَ اِذَا ذُكِّرُوۡا بِهَا خَرُّوۡا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوۡا بِحَمۡدِ رَبِّهِمۡ وَهُمۡ لَا يَسۡتَكۡبِرُوۡنَ ﴿۱۵﴾ تَتَجَافٰى جُنُوۡبُهُمۡ عَنِ الۡمَضَاجِعِ يَدۡعُوۡنَ رَبَّهُمۡ خَوۡفًا وَّطَمَعًا ۖ وَّمِمَّا رَزَقۡنٰهُمۡ يُنۡفِقُوۡنَ ﴿۱۶﴾ فَلَا تَعۡلَمُ نَفۡسٌ مَّاۤ اُخۡفِىَ لَهُمۡ مِّنۡ قُرَّةِ اَعۡيُنٍ‌ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ﴿۱۷﴾ اَفَمَنۡ كَانَ مُؤۡمِنًا كَمَنۡ كَانَ فَاسِقًا ؔ‌ؕ لَا يَسۡتَوٗنَ ﴿۱۸﴾ اَمَّا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمۡ جَنّٰتُ الۡمَاۡوٰى نُزُلًاۢ بِمَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ﴿۱۹﴾ وَاَمَّا الَّذِيۡنَ فَسَقُوۡا فَمَاۡوٰٮهُمُ النَّارُ‌ؕ

سو تم (عذاب کا) مزہ چکھو؛ کیوں کہ تم اپنے آج کے دن کی ملاقات کو بھول گئے تھے، ہم نے بھی تم کو بھلا دیا① اور جو اعمال تم کرتے تھے اس کے بدلے ہمیشہ کے عذاب کا تم مزہ چکھو ﴿۱۴﴾ ہماری آیتوں پر تو وہی لوگ ایمان لاتے ہیں کہ جب ان کو اس سے نصیحت کی جاتی ہے تو وہ سجدے میں گر پڑتے ہیں اور وہ اپنے رب کی حمد (یعنی تعریف) کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں اور وہ لوگ (ایمان لانے سے) تکبر نہیں کرتے ﴿۱۵﴾ ان کے پہلو (یعنی کروٹیں ان کے) سونے کی جگہوں (یعنی بستروں) سے جدا رہتے ہیں (اور) وہ ڈر اور امید سے اپنے رب کی عبادت کرتے ہیں② اور جو روزی ہم نے ان کو دی ہے وہ اس میں سے خرچ کرتے ہیں ﴿۱۶﴾ سو کسی بھی شخص کو معلوم نہیں ہے ان کی آنکھوں کی ٹھنڈک کا جو سامان (اللہ کے یہاں) ان کے لیے چھپا کر رکھا گیا جو اعمال وہ کرتے تھے یہ اس کا بدلہ ہے ﴿۱۷﴾ بھلا وہ شخص جو ایمان والا ہو کیا وہ نافرمان کی طرح ہو سکتا ہے؟ وہ آپس میں برابر نہیں ہو سکتے ﴿۱۸﴾ چناں چہ جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے سو ان کے لیے جنت ٹھکانہ ہے③ جو کام وہ لوگ کرتے تھے اس کی مہمانی میں (یہ) دیا جائے گا ﴿۱۹﴾ اور رہے وہ لوگ جنھوں نے نافرمانی کی تھی سو ان کا ٹھکانہ تو جہنم کی آگ ہے،

① یعنی رحمت اور مہربانی سے یاد نہیں کیے جاویں گے۔

② ڈر: عبادت کے قبول نہ ہونے کا یا عتاب الٰہی کا اور "امید" اللہ تعالیٰ کی رحمت سے عبادت قبول ہوگی اور اس پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ثواب ملے گا۔

③ یعنی مستقل قیام کے باغات۔

كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَآ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَقِيْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ۝ وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنَ الْعَذَابِ الْاَدْنٰى دُوْنَ الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۝ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ثُمَّ اَعْرَضَ عَنْهَا ۭ اِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ مُنْتَقِمُوْنَ ۝

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَلَا تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَاۗىِٕهٖ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ۝ وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ اَىِٕمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا ړ وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يُوْقِنُوْنَ ۝

جب جب بھی وہ اس (آگ) سے نکلنا چاہیں گے تو وہ اس میں واپس لوٹا دیے جائیں گے اور ان سے کہا جائے گا: کہ آگ کے جس عذاب کو تم جھٹلایا کرتے تھے اس کا مزہ تم لوگ چکھو ﴿۲۰﴾ اور ہم ان (کافروں) کو بڑے عذاب سے پہلے (دنیا میں) کم درجے کے عذاب کا مزہ ضرور چکھائیں گے، شاید کہ وہ لوگ (کفر سے واپس) لوٹ جاویں ﴿۲۱﴾ اور اس شخص سے بڑا ظالم کون ہوگا جس کو اس کے رب کی آیتوں کے ذریعہ نصیحت کی گئی، پھر اس نے (اپنے رب کی) اس (بات) سے منہ پھیر لیا، یقیناً ہم (ایسے) مجرموں سے بدلہ لے کر کے رہیں گے ﴿۲۲﴾

اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے موسیٰ کو کتاب دی، لہذا تم (اے نبی!) اس کے ملنے کے بارے میں کسی طرح کا شک نہ کرو① اور ہم نے اس کو بنی اسرائیل کے لیے ہدایت بنایا تھا ﴿۲۳﴾ اور ہم نے ان میں سے کچھ لوگوں کو جب انھوں نے (برے حالات پر) صبر کیا تو (دین میں) ایسا پیشوا بنا دیا جو ہمارے حکم سے لوگوں کو راستہ بتاتے تھے اور وہ ہماری آیتوں پر یقین رکھتے تھے ﴿۲۴﴾

---

① لقاء بمعنی ملاقات: (۱) ضمیر کا مرجع ہے قرآن، آیت کا مطلب یہ ہوگا "جس طرح موسیٰ کو تورات کتاب دی گئی اس طرح آپ کو قرآن ملے اس میں کوئی شک نہ ہو"۔

(۲) ضمیر کا مرجع حضرت موسیٰ علیہ السلام ہے۔ مطلب آیت کا یہ ہوگا کہ موسیٰ علیہ السلام سے نبی کریم ﷺ کی ایک ملاقات معراج میں ہوئی، پھر دوسری ملاقات قیامت میں ہوگی، اس بارے میں کوئی شک نہیں ہونا چاہیے۔

(۳) ضمیر کا مرجع ہے "سخت حالات"۔ آیت کا مطلب یہ ہوگا کہ موسیٰ علیہ السلام کو اللہ کی طرف سے کتاب دی گئی، لوگوں نے اس کو جھٹلایا اور موسیٰ علیہ السلام کو ستایا گیا، سخت حالات کا آپ کو سامنا کرنا پڑا، اس میں بتلانا ہے کہ آپ ﷺ کو بھی دشمنوں کی طرف سے سخت حالات پیش آئیں گے۔

إِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ۝ أَوَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ أَهْلَكْنَا مِن قَبْلِهِم مِّنَ الْقُرُونِ يَمْشُونَ فِي مَسٰكِنِهِمْ ۚ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ ۖ أَفَلَا يَسْمَعُونَ ۝ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا نَسُوقُ الْمَآءَ إِلَى الْأَرْضِ الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ بِهِ زَرْعًا تَأْكُلُ مِنْهُ أَنْعٰمُهُمْ وَأَنفُسُهُمْ ۖ أَفَلَا يُبْصِرُونَ ۝ وَيَقُولُونَ مَتٰى هٰذَا الْفَتْحُ إِن كُنتُمْ صٰدِقِينَ ۝ قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنفَعُ الَّذِينَ كَفَرُوا إِيمٰنُهُمْ وَلَا هُمْ يُنظَرُونَ ۝ فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانتَظِرْ إِنَّهُم مُّنتَظِرُونَ ۝

جن باتوں میں وہ لوگ اختلاف کرتے تھے تمھارے رب یقیناً قیامت کے دن ان کے درمیان ان باتوں میں فیصلہ کردیں گے ﴿۲۵﴾ اور کیا ان (مکہ کے کافروں) کو (اس بات سے) کوئی ہدایت نہیں ملی کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی جماعتوں کو ہلاک کردیا کہ ان کے مکانوں میں یہ (خود) چلتے پھرتے ہیں①، یقیناً اس میں تو (عبرت کی) بڑی نشانیاں ہیں، تو کیا وہ لوگ سنتے نہیں ہیں؟ ﴿۲۶﴾ اور کیا انھوں نے نہیں دیکھا کہ ہم پانی کو کھینچ کر (یعنی چلا کر) خشک (چٹیل) زمین تک پہنچا دیتے ہیں②، پھر ہم اس (پانی) کے ذریعہ سے کھیتی پیدا کرتے ہیں جس میں سے ان کے جانور اور وہ خود بھی کھاتے ہیں③، تو کیا وہ لوگ دیکھتے نہیں؟ ﴿۲۷﴾ اور وہ کہتے ہیں کہ: اگر تم سچے ہو تو (یہ بتاؤ) یہ (آخری) فیصلہ کب ہوگا؟④ ﴿۲۸﴾ تو تم (جواب میں) کہہ دو کہ: فیصلے کے دن ان کافروں کو ان کا ایمان کوئی نفع نہیں دے گا اور ان کو ڈھیل نہیں دی جاوے گی ﴿۲۹﴾ لہذا تم ان (کافروں) کا خیال چھوڑ دو⑤ اور انتظار کرتے رہو، یقیناً وہ بھی انتظار کررہے ہیں ﴿۳۰﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) ان کے مکانوں کے پاس سے وہ آتے جاتے ہیں۔

② ایک علاقے کی زمین نرم ہے، زیادہ بارش کی تحمل نہیں، وہاں پوری بارش برسائی جاوے تو نقصان ہوسکتا ہے؛ اس لیے دوسری زمین پر پانی برسا کر دریا اور نہروں کے ذریعہ اس علاقے میں پانی پہنچایا جاتا ہے (یعنی بارش کا پانی برسا کسی اور جگہ، پھر اس کو ندی نالوں کے ذریعہ چلا کر دوسرے علاقے میں لے جاتے ہیں اور دوسری جگہ اس سے کھیتی اگتی ہے)۔

③ یہاں آیت میں ''انعام'' یعنی جانور مقدم ہے، حکمت یہ سمجھ میں آتی ہے کہ نزولِ قرآن کے دور میں عربوں کی معیشت کا مدار جانوروں پر تھا۔ ④ آخری فیصلے سے مراد قیامت کا دن ہے یا فیصلہ کن موقع ''غزوۂ بدر'' مراد ہے۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) سو تم ان کافروں کی طرف سے دھیان ہٹا دو۔ یا ان کی پرواہ نہ کرو، یا ہلاک کردیوے ایسے غم میں مت پڑو۔

سورۃ الاحزاب

(المدنیۃ)

آیاتھا: ۷۳۔ رکوعاتھا: ۹۔

یہ سورت مدنی ہے، اس میں تہتر (۷۳) یا (۷۰) آیتیں ہیں۔ سورۃ انفال یا سورۃ آل عمران کے بعد اور سورۃ مائدہ سے پہلے نوے (۹۰) نمبر پر نازل ہوئی۔

جماعتوں اور ٹولیوں اور گروہوں کو احزاب کہتے ہیں۔ مشرکین کی بہت ساری جماعتوں نے ۵ھ میں مدینہ منورہ پر حملہ کیا تھا، ان کے دفاع کے لیے جو جنگ لڑی گئی اس کو غزوۂ احزاب کہتے ہیں، اس کا اس سورت میں تذکرہ ہے۔

اس سورت کی ایک خوبی یہ ہے کہ اس میں حضرت زید ﷛ کا نام صراحۃً آیا ہے، پورے قرآن میں انہی ایک صحابی کا نام اس سورت میں صراحۃً مذکور ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُطِعِ الۡكٰفِرِیۡنَ وَالۡمُنٰفِقِیۡنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِیۡمًا حَكِیۡمًا ۙ﴿۱﴾ وَّاتَّبِعۡ مَا یُوۡحٰۤی اِلَیۡكَ مِنۡ رَّبِّكَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِیۡرًا ۙ﴿۲﴾ وَّتَوَكَّلۡ عَلَی اللّٰهِ ؕ وَكَفٰی بِاللّٰهِ وَكِیۡلًا ﴿۳﴾ مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنۡ قَلۡبَیۡنِ فِیۡ جَوۡفِهٖ ۚ وَمَا جَعَلَ اَزۡوَاجَكُمُ الّٰٓیِٴۡ تُظٰهِرُوۡنَ مِنۡهُنَّ اُمَّهٰتِكُمۡ ۚ وَمَا جَعَلَ اَدۡعِیَآءَكُمۡ اَبۡنَآءَكُمۡ ؕ ذٰلِكُمۡ قَوۡلُكُمۡ بِاَفۡوَاهِكُمۡ ؕ وَاللّٰهُ یَقُوۡلُ الۡحَقَّ وَهُوَ یَهۡدِی السَّبِیۡلَ ﴿۴﴾ اُدۡعُوۡهُمۡ لِاٰبَآئِهِمۡ هُوَ اَقۡسَطُ عِنۡدَ اللّٰهِ ۚ فَاِنۡ لَّمۡ تَعۡلَمُوۡۤا اٰبَآءَهُمۡ فَاِخۡوَانُكُمۡ فِی الدِّیۡنِ وَمَوَالِیۡكُمۡ ؕ وَلَیۡسَ عَلَیۡكُمۡ جُنَاحٌ فِیۡمَاۤ اَخۡطَاۡتُمۡ بِهٖ ۙ وَلٰكِنۡ مَّا تَعَمَّدَتۡ قُلُوۡبُكُمۡ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوۡرًا رَّحِیۡمًا ﴿۵﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

اے نبی! تم اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو اور تم کافروں کا اور منافقوں کا کہنا مت مانو، یقیناً اللہ تعالیٰ (ہر چیز کو) بڑے جاننے والے، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۱﴾ اور جو وحی تم پر تمھارے رب کی طرف سے بھیجی جائے اس پر تم چلو، جو کام بھی تم لوگ کرتے ہو یقیناً اللہ تعالیٰ کو اس کی پوری خبر ہے ﴿۲﴾ اور تم اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ کرو، اور کام بنانے کے لیے تو اللہ تعالیٰ کافی ہیں ﴿۳﴾ اللہ تعالیٰ نے کسی شخص کے سینے میں دو دل نہیں بنائے اور اپنی جن بیویوں سے تم ظہار کرتے ہو اس نے ان کو تمھاری (سچی) مائیں نہیں بنا دیا اور تمھارے منہ بولے بیٹوں (یعنی لے پالک) کو تمھارے (حقیقی) بیٹے نہیں بنایا، یہ تو تمھاری بات ہی بات ہے جو تم منہ سے کہتے ہو اور اللہ تعالیٰ تو سچی بات کہتے ہیں اور وہی سیدھا راستہ بتلاتے ہیں ﴿۴﴾ تم ان کو ان کے (حقیقی) باپوں کے نام سے پکارا کرو، یہی طریقہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک پورے انصاف کا ہے، پھر اگر تم کو ان کے (اصلی) باپ معلوم نہیں ہے تو وہ تمھارے دینی بھائی اور تمھارے دوست ہیں اور تم سے جو بھول چوک ہو جائے اس کی وجہ سے تم پر کوئی گناہ نہیں ہوگا؛ لیکن جو کام تم اپنے دلوں سے جان بوجھ کر کرو (اس میں گناہ ہے) اور اللہ تعالیٰ تو بہت زیادہ معاف کرنے والے، سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۵﴾

اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَاَزْوَاجُهٗٓ اُمَّهٰتُهُمْ ؕ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ اِلَّآ اَنْ تَفْعَلُوْٓا اِلٰٓى اَوْلِيٰٓئِكُمْ مَّعْرُوْفًا ؕ كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ۞ وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ۪ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ۞ لِّيَسْـَٔلَ الصّٰدِقِيْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ۞

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ۞

نبی ایمان والوں کے ساتھ (خود) ان کی جان (اور ذات) سے بھی زیادہ تعلق رکھتے ہیں① اور اس (نبی) کی بیویاں ان (ایمان والوں) کی مائیں ہیں②؛ لیکن اللہ تعالیٰ کی کتاب (کے حکم) کے مطابق رشتے دار (دوسرے) ایمان والوں (انصار) اور مہاجرین کے مقابلے میں ایک دوسرے پر (میراث کے بارے میں) زیادہ حق دار ہیں؛ الا یہ کہ تم اپنے دوستوں میں سے کسی کے ساتھ کوئی احسان کرنا چاہو③، کتاب (یعنی قرآن یا لوحِ محفوظ) میں یہ حکم (ہمیشہ کے لیے) لکھا جا چکا ہے ﴿۶﴾ اور (وہ زمانہ بھی ذرا یاد کرو) جب ہم نے نبیوں سے ان کا عہد (یعنی اقرار) لیا تھا اور تم سے اور نوح④ اور ابراہیم اور موسیٰ اور مریم کے بیٹے عیسیٰ (علیہم السلام) سے (بھی عہد لیا تھا) اور ہم نے ان سب سے پکا اقرار لیا تھا ﴿۷﴾ تا کہ سچے لوگوں سے ان کی سچائی کے بارے میں وہ (اللہ تعالیٰ) سوال کریں⑤ اور اس نے کافروں کے لیے دردناک عذاب تیار کیا ہے ﴿۸﴾ اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ نے تم پر (کیسا) احسان کیا وہ (ذرا) یاد کرو جب کہ بہت سارے لشکر تم پر چڑھ آئے تھے، تو ہم نے ان پر ایک آندھی اور ایسے (فرشتوں کے) لشکر بھیجے جو تم کو نظر نہیں آ رہے تھے اور جو کام بھی تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس کو دیکھتے ہیں ﴿۹﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) ایمان والوں کے لیے یہ نبی ان کی اپنی جان سے بھی زیادہ نزدیک ہے۔ (تیسرا) نبی سے ایمان والوں کو اپنی جان سے بھی زیادہ لگاؤ ہے۔ ② یعنی تعظیم و تکریم میں ماؤں کی طرح ہیں۔ ③ تو ان کے لیے وصیت کر دو یا زندگی میں تحفہ دے دو۔ ④ نکتہ:۔ کسی موقع پر عمومی تذکرہ کے بعد چند حضرات کے خصوصی تذکرے میں کوئی برائی نہیں ہے۔
⑤ یعنی یہ کہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں کس قدر سچائی اور پختگی سے کام کیا۔

إِذْ جَاءُوكُم مِّن فَوْقِكُمْ وَمِنْ أَسْفَلَ مِنكُمْ وَإِذْ زَاغَتِ الْأَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّونَ بِاللَّهِ الظُّنُونَا ۝ هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُونَ وَزُلْزِلُوا زِلْزَالًا شَدِيدًا ۝۱۱ وَإِذْ يَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللَّهُ وَرَسُولُهُ إِلَّا غُرُورًا ۝۱۲ وَإِذْ قَالَت طَّائِفَةٌ مِّنْهُمْ يَا أَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوا ۚ وَيَسْتَأْذِنُ فَرِيقٌ مِّنْهُمُ النَّبِيَّ يَقُولُونَ إِنَّ بُيُوتَنَا عَوْرَةٌ ۖ وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ ۖ إِن يُرِيدُونَ إِلَّا فِرَارًا ۝۱۳

جب کہ وہ (سب لشکر) تمھارے اوپر کی طرف سے اور تمھارے نیچے کی طرف سے چڑھ کر آئے① اور جب آنکھیں (دہشت کی وجہ سے) کھلی کی کھلی رہ گئیں② اور کلیجے منہ کو آنے لگے③ اور تم اللہ تعالیٰ کے بارے میں طرح طرح کی باتیں سوچنے لگے④ ﴿۱۰﴾ اس وقت ایمان والوں کی (بڑی) آزمائش ہوئی اور وہ زور سے (پورے پورے) ہلا دیے گئے ﴿۱۱﴾ اور جب منافق لوگ اور وہ لوگ جن کے دلوں میں بیماری تھی وہ کہنے لگے کہ: اللہ اور اس کے رسول نے ہم سے جو وعدہ کیا تھا وہ تو ایک دھوکہ ہی تھا ﴿۱۲﴾ اور جب ان (منافقوں) میں کی ایک جماعت کہنے لگی: اے یثرب (یعنی مدینہ) والو! تم کو (یہاں) ٹھہرنے کا کوئی موقع نہیں ہے⑤، سو تم واپس چلے جاؤ، تو ان میں سے ایک جماعت (گھر رہنے کی) نبی سے اجازت مانگنے لگی، وہ کہنے لگے کہ: ہمارے گھر تو کھلے پڑے ہیں؛ حالاں کہ وہ کھلے پڑے نہیں ہیں⑥، وہ تو صرف بھاگنا ہی چاہتے ہیں ﴿۱۳﴾

---

① مکہ کی طرف سے آنے والے متحدہ لشکر کو "فوق" اور بنی قریظہ جو مدینہ میں رہتے تھے وہ "اسفل" یہ ایک تفسیر ہے۔
② (دوسرا ترجمہ) اور جب آنکھیں بدلنے لگی۔
③ (دوسرا ترجمہ) اور دل تو گلوں کو پہنچ گئے۔
④ سختی کے موقع پر غیر اختیاری وساوس آنے لگتے ہیں اور اس پر پکڑ نہیں ہوتی۔
⑤ اس لیے کہ یہاں موت کا خطرہ ہے۔
⑥ یعنی دیواریں پکی اور مکان غیر محفوظ ہیں۔

وَلَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِمْ مِّنْ اَقْطَارِهَا ثُمَّ سُئِلُوا الْفِتْنَةَ لَاٰتَوْهَا وَمَا تَلَبَّثُوْا بِهَآ اِلَّا يَسِيْرًا ﴿۱۴﴾ وَلَقَدْ كَانُوْا عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ لَا يُوَلُّوْنَ الْاَدْبَارَ ؕ وَكَانَ عَهْدُ اللّٰهِ مَسْـُٔوْلًا ﴿۱۵﴾ قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۶﴾ قُلْ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَعْصِمُكُمْ مِّنَ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَ بِكُمْ سُوْٓءًا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً ؕ وَلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۷﴾

اور اگر اس (مدینہ) کے اطراف سے کوئی (دشمن کا لشکر) ان پر چڑھ آوے، پھر ان سے فتنہ (وفساد) کی شرکت کا مطالبہ کیا جائے تو وہ ضرور (فتنے میں) شامل ہو جائیں گے① اور (اس وقت) وہ گھروں میں تھوڑی دیر ہی ٹھہریں گے ﴿۱۴﴾ حالاں کہ اس (خندق کی لڑائی) سے پہلے وہ اللہ تعالیٰ سے عہد کر چکے تھے کہ وہ (دشمن کے مقابلے سے) پیٹھ پھرا کر نہیں جائیں گے② اور اللہ تعالیٰ کے عہد کے بارے میں ضرور سوال کیا جائے گا ﴿۱۵﴾ (اے نبی!) تم کہہ دو: اگر تم موت سے یا قتل سے بھاگ بھی جاؤ گے تو بھی یہ بھاگنا تم کو ہرگز (کچھ بھی) فائدہ نہیں دے گا③ اور اس (بھاگنے کی) صورت میں تم کو (زندگی سے) فائدہ اٹھانے کا تھوڑا سا ہی موقع دیا جائے گا ﴿۱۶﴾ (اے نبی! ان کو) تم پوچھو: وہ کون ہے جو تم کو اللہ تعالیٰ سے بچا سکتا ہے؟ اگر وہ (اللہ تعالیٰ) تم کو برائی پہنچانے کا ارادہ کرے④ یا تم کو رحمت⑤ پہنچانے کا ارادہ کرے⑥ اور وہ خود کے لیے اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر کے کوئی حمایت کرنے والا اور کوئی مدد کرنے والا نہیں پائیں گے ﴿۱۷﴾

① یعنی مسلمانوں سے لڑنے کے لیے ان کو کہا جاوے تو فوراً بلا تاخیر گھروں کی پروا کیے بغیر مسلمانوں کے خلاف لڑائی میں شامل ہو جاویں گے۔

② غزوۂ بدر میں شرکت نہ کر سکنے کا مخلصین کو واقعی صدمہ تھا اور آئندہ کے لیے انھوں نے مضبوط عزائم کیے تھے، جبکہ منافقین نے بس دکھاوے کے لیے کچھ عزائم کیے تھے۔

③ مقدر کی موت وقت پر آ کر ہی رہتی ہے۔

④ (دوسرا ترجمہ) وہ کون ہے کہ اگر (اللہ تعالیٰ) تم کو برائی پہنچانے کا ارادہ کرے تو تم کو اللہ تعالیٰ سے بچا سکتا ہو؟۔

⑤ دنیوی رحمت یعنی زندگی مل بھی گئی تو آخرت کے مقابلہ میں بہت معمولی ہے۔

⑥ تو وہ کون ہے جو تم سے رحمت کو روک لیوے۔

قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ مِنْكُمْ وَالْقَآئِلِيْنَ لِاِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ اِلَيْنَا ۚ وَلَا يَاْتُوْنَ الْبَاْسَ اِلَّا قَلِيْلًا ۙ﴿۱۸﴾ اَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ۚۖ فَاِذَا جَآءَ الْخَوْفُ رَاَيْتَهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ تَدُوْرُ اَعْيُنُهُمْ كَالَّذِيْ يُغْشٰى عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۚ فَاِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوْكُمْ بِاَلْسِنَةٍ حِدَادٍ اَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ ؕ اُولٰٓئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوْا فَاَحْبَطَ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿۱۹﴾ يَحْسَبُوْنَ الْاَحْزَابَ لَمْ يَذْهَبُوْا ۚ وَاِنْ يَّاْتِ الْاَحْزَابُ يَوَدُّوْا لَوْ اَنَّهُمْ بَادُوْنَ فِي الْاَعْرَابِ يَسْاَلُوْنَ عَنْ اَنْۢبَآئِكُمْ ؕ وَلَوْ كَانُوْا فِيْكُمْ مَّا قٰتَلُوْٓا اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۲۰﴾

پکی بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ تم میں سے ان سب کو جانتے ہیں جو لوگ (جہاد میں شریک ہونے سے) روکتے ہیں اور اپنے بھائیوں① سے کہتے ہیں کہ تم ہمارے پاس چلے آؤ، یہ لوگ لڑائی میں آتے ہی نہیں، مگر بہت ہی کم②﴿۱۸﴾ (آتے بھی ہیں تو) تم (یعنی مسلمانوں) پر وہ لالچ رکھتے ہوئے، پھر جب ڈر کا وقت آجائے تو (اے نبی!) تم ان کو دیکھو کہ وہ تمھاری طرف دیکھ رہے ہیں کہ ان کی آنکھیں (یعنی پتلیاں) اس طرح چکراتی ہیں جس طرح کسی شخص پر موت کی بے ہوشی طاری ہوتی ہے، پھر جب خوف (یعنی خطرہ) دور ہو جائے تو وہ مال کی پوری لالچ میں تم پر تیز تیز زبانیں چلاتے ہیں، (حقیقت میں) یہ لوگ ایمان نہیں لائے ہیں، سو اللہ تعالیٰ نے ان کے اعمال کو برباد کر دیا ہے اور یہ بات اللہ تعالیٰ کے لیے بہت آسان ہے﴿۱۹﴾ یہ (منافقین اب تک یہ) سمجھتے ہیں کہ ابھی تو (مکہ والوں کے) لشکر گئے نہیں ہیں اور اگر (بالفرض دوبارہ) لشکر آجاویں تو ان (منافقین) کی چاہت یہ ہوگی، کاش کہ وہ دیہات میں جا کر رہیں③ (وہیں سے) تمھاری خبریں معلوم کرتے رہیں اور اگر یہ (بزدل منافق) تمھارے درمیان رہ بھی گئے ہو تو تھوڑی سی ہی وہ لڑائی لڑیں گے④﴿۲۰﴾

---

① نسبی یا وطنی اخوت مراد ہے۔
② (دوسرا ترجمہ) مگر کبھی کبھی۔
③ (دوسرا ترجمہ) دیہاتوں میں نکلے ہوئے ہو۔
④ یعنی لڑائی میں تھوڑا سا حصہ لے لیں گے۔

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَن كَانَ يَرْجُو اللَّهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ
وَذَكَرَ اللَّهَ كَثِيرًا ﴿٢١﴾ وَلَمَّا رَأَى الْمُؤْمِنُونَ الْأَحْزَابَ قَالُوا هَٰذَا مَا وَعَدَنَا اللَّهُ وَرَسُولُهُ
وَصَدَقَ اللَّهُ وَرَسُولُهُ ۚ وَمَا زَادَهُمْ إِلَّا إِيمَانًا وَتَسْلِيمًا ﴿٢٢﴾ مِّنَ الْمُؤْمِنِينَ رِجَالٌ صَدَقُوا
مَا عَاهَدُوا اللَّهَ عَلَيْهِ ۖ فَمِنْهُم مَّن قَضَىٰ نَحْبَهُ وَمِنْهُم مَّن يَنتَظِرُ ۖ وَمَا بَدَّلُوا تَبْدِيلًا ﴿٢٣﴾
لِّيَجْزِيَ اللَّهُ الصَّادِقِينَ بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ الْمُنَافِقِينَ إِن شَاءَ أَوْ يَتُوبَ عَلَيْهِمْ ۚ إِنَّ
اللَّهَ كَانَ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿٢٤﴾ وَرَدَّ اللَّهُ الَّذِينَ كَفَرُوا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوا خَيْرًا ۚ وَكَفَى اللَّهُ
الْمُؤْمِنِينَ الْقِتَالَ ۚ وَكَانَ اللَّهُ قَوِيًّا عَزِيزًا ﴿٢٥﴾

پکی بات یہ ہے کہ تمھارے لیے اللہ کے رسول (کی ذات) میں ایک بہترین نمونہ موجود ہے، اس شخص کے لیے بھی جو اللہ تعالیٰ اور قیامت کے دن کی امید (یعنی ڈر) رکھتا ہو اور اللہ تعالیٰ کا بہت ذکر کرتا ہو① ﴿۲۱﴾ اور جب ایمان والوں نے لشکروں کو دیکھ لیا تو کہنے لگے: یہ تو وہی بات ہے جس کا ہم سے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول نے وعدہ کیا تھا اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول نے سچ کہا تھا اور اس واقعہ نے ان کے ایمان اور اطاعت (یعنی فرماں برداری) کو بڑھا دیا ﴿۲۲﴾ کتنے ایمان والے مرد ہیں کہ انھوں نے اللہ تعالیٰ سے جو عہد کیا تھا وہ سچا (یعنی پورا) کر کے دکھلا دیا، سو ان میں سے کوئی تو وہ ہیں جو اپنی ذمے داری کو پورا کر چکا ہے② اور ان میں سے کوئی تو (شہادت کا) انتظار کر رہا ہے اور انھوں نے (اپنے ارادوں کو) ذرا بھی نہیں بدلا ﴿۲۳﴾ تا کہ اللہ تعالیٰ سچے لوگوں کو ان کی سچائی کا انعام دیویں اور اگر چاہیں تو منافقین کو عذاب دیویں یا ان کو توبہ کی توفیق دیویں (اور قبول کر لیویں) یقیناً اللہ تعالیٰ تو بہت زیادہ معاف کرنے والے، سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۲۴﴾ اور اللہ تعالیٰ نے کافروں کو ان کے پورے غصہ کے ساتھ (اس طرح) واپس کر دیا کہ ان کو کوئی بھلائی ہاتھ میں نہیں آئی③ اور اللہ تعالیٰ ایمان والوں کی طرف سے لڑائی کے لیے کافی ہو گئے④ اور اللہ تعالیٰ تو بڑے طاقت والے ہیں، بڑے زبردست ہیں ﴿۲۵﴾

---

① ذکر اللہ کی کثرت مطلوب ہے۔ ② یعنی شہید ہو گیا۔ ③ یعنی مسلمانوں کو ہرا دینے کی ان کی مراد پوری نہ ہوئی۔ ④ اللہ تعالیٰ کے فضل سے جنگ کی نوبت نہیں آئی اور کافر ناکام واپس گئے۔

وَأَنزَلَ الَّذِينَ ظَاهَرُوهُم مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ مِن صَيَاصِيهِمْ وَقَذَفَ فِي قُلُوبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِيقًا تَقْتُلُونَ وَتَأْسِرُونَ فَرِيقًا ۝ وَأَوْرَثَكُمْ أَرْضَهُمْ وَدِيَارَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ وَأَرْضًا لَّمْ تَطَئُوهَا ۚ وَكَانَ اللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرًا ۝

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُل لِّأَزْوَاجِكَ إِن كُنتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِينَتَهَا فَتَعَالَيْنَ أُمَتِّعْكُنَّ وَأُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيلًا ۝ وَإِن كُنتُنَّ تُرِدْنَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَالدَّارَ الْآخِرَةَ فَإِنَّ اللَّهَ أَعَدَّ لِلْمُحْسِنَاتِ مِنكُنَّ أَجْرًا عَظِيمًا ۝ يَا نِسَاءَ النَّبِيِّ مَن يَأْتِ مِنكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُضَاعَفْ لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرًا ۝

اور جن اہل کتاب نے ان (مشرکین) کی مدد کی تھی اللہ تعالیٰ ان کو ان کے قلعوں سے اتار لائے اور اس (اللہ تعالیٰ) نے ان کے دلوں میں ایسا رعب ڈال دیا کہ (اے مسلمانو! ان میں سے) ایک جماعت کو تم قتل کر رہے تھے اور (ان میں سے) بہت ساروں کو تم قیدی بنا رہے تھے ﴿۲۶﴾ اور اللہ تعالیٰ نے تم کو ان کی زمین کا ان کے گھروں کا اور ان کے مالوں کا اور ایسی زمین کا جن پر تم نے ابھی تک قدم بھی نہیں رکھا وارث (یعنی مالک) بنا دیا① اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قدرت رکھتے ہیں ﴿۲۷﴾

اے نبی! تم اپنی بیویوں سے کہہ دو کہ: اگر تم دنیا کی زندگی اور اس کی رونق چاہتی ہو تو آؤ میں تم کو کچھ مال سامان (تحفہ میں) دے دوں اور میں تم کو اچھی طرح رخصت کر دوں ﴿۲۸﴾ اور اگر تم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کو اور آخرت کے گھر کو چاہتی ہو تو یقیناً اللہ تعالیٰ نے تم میں سے نیک عورتوں کے لیے بڑا ثواب تیار کر رکھا ہے ﴿۲۹﴾ اے نبی کی عورتو! جو تم میں سے کھلی بے حیائی کا کام کریں② تو ایسی عورت کی سزا بڑھا کر دوگنا عذاب کر دیا جائے گا اور ایسا کرنا تو اللہ تعالیٰ کے لیے بہت آسان ہے ﴿۳۰﴾

---

① خیبر کی فتح کی طرف اشارہ ہے، اسی طرح مستقبل میں جو دوسری فتوحات ہونے والی ہے اس کی بھی خوش خبری دی گئی جو خلافت راشدہ کے دور میں آنکھوں کے سامنے آ گئی۔

② مراد ہر وہ کام ہے جس سے حضور ﷺ کو تکلیف ہو۔ (نبی ﷺ کے گھرانے کی عورتوں سے زنا کا صدور ہو ہی نہیں سکتا)
نوٹ: واقعہ کی تفصیل خطبات محمود میں ملاحظہ فرمائیں۔

وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِهَآ اَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ ۙ وَاَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا كَرِيْمًا ﴿٣١﴾ يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ﴿٣٢﴾ وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى وَاَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ

اور جو عورت تم میں سے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتی ہے اور نیک عمل کرتی ہے تو ہم اس کو اس کا ثواب① دوگنا دیں گے اور ہم نے اس کے لیے عزت کی روزی تیار کر رکھی ہے ﴿۳۱﴾ اے نبی کی عورتو! تم عام عورتوں کی طرح نہیں ہو② اگر تم (اللہ تعالیٰ سے) ڈرتی ہو③ تو تم نزاکت (یعنی لچک) کے ساتھ بات نہ کیا کرو، سو (اس کی وجہ سے) جس کے دل میں روگ ہوتا ہے④ وہ لالچ کرنے لگے گا⑤ اور بھلائی والی باتیں تم کہا کرو⑥ ﴿۳۲﴾ اور (اے ایمان والی عورتو!) تم اپنے گھروں میں قرار سے رہو⑦ اور پہلی جاہلیت کی طرح (پرائے مردوں کو) اپنا بناؤ سنگھار (یعنی میک اپ) دکھلاتی مت پھرو اور تم نماز قائم کرتی رہو اور تم زکوٰۃ دیتی رہو اور تم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتی رہو،

① یعنی آخرت میں۔ ② آیت میں جو حکم ہے وہ تمام مسلمان عورتوں کے لیے عام ہے؛ لیکن امہات المؤمنین کو اس حکم پر عمل خصوصی اہتمام کے ساتھ کرنا ہے۔
③ امہات المؤمنین میں تقویٰ کا ہونا یا ایک ظاہری بات ہے؛ لیکن یہ یاددہانی کرائی ہے کہ تمھاری فضیلت کی بنیاد تقویٰ ہے جس کا ہمیشہ لحاظ رہے۔ ④ منافقوں کے دلوں کے اندر ناپاک شہوت ہوتی ہی تھی؛ لیکن اگر کوئی مخلص ایمان والے کا دل حرام شہوت کی طرف مائل ہوا تو وہ بھی نفاق کا ایک شعبہ ہے اور دل کا ایک گناہ ہے۔ ⑤ یعنی دل میں غلط خیال قائم کرے گا۔ ⑥ یعنی ایسی پھیکی بات جس میں نرمی نہ ہو، نزاکت نہ ہو، چوں کہ نزاکت والی بات سے سننے والے کے دل میں غلط شہوت پیدا ہوتی ہے؛ اس لیے عفت اور پاک دامنی کے قانون کے مطابق اکھڑے ہوئے انداز میں بات کریں؛ تاکہ سامنے والے کے دل میں کوئی گندی لالچ پیدا نہ ہو۔ ظاہر بات ہے کہ ایسی نزاکت والی نرم بات امہات المؤمنین کر ہی نہیں سکتی (ان کو سنا کر امت کی عام عورتوں کو خاص تاکید ہے)؛ اس لیے عورت کی آواز میں جو ایک عام فطری، طبعی نرمی اور مٹھاس ہوتی ہے ایسے لہجے سے اجنبی مردوں کے سامنے ہرگز نہ بولیں؛ لیکن اتنا ضرور لحاظ رکھیں کہ سامنے والے کو اذیت اور تکلیف پہنچے اس انداز سے بھی کوئی عورت کسی مرد سے بات نہ کریں، یہ بداخلاقی ہے۔
⑦ (دوسرا ترجمہ) ٹھہری رہو۔ آج کی عورت سب کچھ بن رہی ہے عورت عورت ہی نہیں بن رہی۔

اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ﴿۳۳﴾ وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفًا خَبِيْرًا ﴿۳۴﴾

اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْقٰنِتٰتِ وَالصّٰدِقِيْنَ وَالصّٰدِقٰتِ وَالصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰبِرٰتِ وَالْخٰشِعِيْنَ وَالْخٰشِعٰتِ وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ وَالْمُتَصَدِّقٰتِ وَالصَّآئِمِيْنَ وَالصّٰٓئِمٰتِ وَالْحٰفِظِيْنَ فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ ۙ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۳۵﴾

اے نبی کے گھر والو! اللہ تعالیٰ تو یہ چاہتے ہیں کہ (ہر قسم کی) گندگی تم سے دور رکھیں اور تم کو پورا پاک صاف رکھیں ﴿۳۳﴾ اور تمھارے گھروں میں اللہ تعالیٰ کی (یعنی قرآن کی) جو آیتیں اور حکمت (یعنی سنت) کی باتیں (پڑھ کر) سنائی جاتی ہیں① ان کو یاد رکھو②، یقیناً اللہ تعالیٰ تو راز جاننے والے، پوری خبر رکھنے والے ہیں ﴿۳۴﴾

یقیناً مسلمان (یعنی فرماں بردار) مرد اور مسلمان عورتیں اور ایمان لانے والے مرد اور ایمان لانے والی عورتیں③ اور عبادت کرنے والے مرد اور عبادت کرنے والی عورتیں اور سچائی والے مرد اور سچائی والی عورتیں④ اور صبر کرنے والے مرد اور صبر کرنے والی عورتیں اور عاجزی کرنے والے (یعنی دل سے جھکنے والے) مرد اور عاجزی کرنے والی عورتیں اور صدقہ کرنے والے مرد اور صدقہ کرنے والی عورتیں اور روزہ رکھنے والے مرد اور روزہ رکھنے والی عورتیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرنے والے مرد اور (اپنی شرمگاہ کی) حفاظت کرنے والی عورتیں اور اللہ تعالیٰ کا بہت ذکر کرنے والے مرد اور (اللہ تعالیٰ کا بہت) ذکر کرنے والی عورتیں⑤، اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے مغفرت اور بڑا (شان دار) بدلہ تیار کر رکھا ہے ﴿۳۵﴾

---

① اس آیت سے بعض علما نے یہ مسئلہ نکالا کہ حدیث شریف کی تلاوت ثواب کی نیت سے جائز ہے۔ ② یعنی خود عمل کرو اور دوسروں کو پہنچا دو۔ نوٹ: قرآن وسنت کی خدمت جس گھرانے کو نصیب ہو وہ اس نعمت کی خصوصی قدر کریں۔
③ "مسلمین" سے اعمالِ اسلام اور "مومنین" سے عقائد کا بیان ہے۔ ④ بات بھی سچی اور عمل ریا سے پاک، عمل میں کم ہمتی اور سستی نہ ہو۔ ⑤ مراد: صبح شام اور مختلف اوقات کی جو دعائیں احادیث میں بتائی گئی ہیں ان کا اہتمام (از ملفوظات)۔

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ إِذَا قَضَى اللهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ؕ وَمَنْ يَّعْصِ اللهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ؕ وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْۤ اَنْعَمَ اللهُ عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللهَ وَتُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَا اللهُ مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ ۚ وَاللهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ ؕ فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا لِكَيْ لَا يَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ فِيْۤ اَزْوَاجِ اَدْعِيَآئِهِمْ اِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللهِ مَفْعُوْلًا ۞ مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيْمَا فَرَضَ اللهُ لَهٗ ؕ سُنَّةَ اللهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرَا ۞

اور جب اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کسی بات کا فیصلہ کر دیں ① تو کسی ایمان والے مرد اور ایمان والی عورت کو اپنے معاملے میں ② کوئی اختیار باقی نہیں رہتا اور جو شخص اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرتا ہے یقیناً وہ کھلی گمراہی میں پڑ گیا ﴿۳۶﴾ اور (اے نبی!) جس آدمی (یعنی زید رضی اللہ عنہ) پر اللہ تعالیٰ نے احسان کیا اور تم نے بھی اس پر احسان کیا اس سے تم جب کہہ رہے تھے کہ تم اپنی بیوی (زینب) کو اپنے نکاح میں رہنے دو اور تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو ③ اور (اے نبی!) تم اپنے دل میں وہ بات چھپا رہے تھے جس کو اللہ تعالیٰ ظاہر کرنے ہی والے تھے اور تم لوگوں (کے طعنے) سے ڈر رہے تھے؛ حالاں کہ اللہ تعالیٰ سے زیادہ ڈرنا چاہیے، پھر جب زید نے اس (عورت) سے (اپنی) حاجت پوری کر لی ④ تو ہم نے اس (زینب) سے تمھارا نکاح کرا دیا؛ تاکہ ایمان والوں کے لیے اپنے منہ بولے (یعنی لے پالک) بیٹوں کی بیویوں (سے نکاح کرنے) میں کوئی تنگی (یعنی گناہ اور حرج) نہ رہے، جب کہ ان لے پالکوں نے ان (اپنی بیویوں) سے (طلاق دے کر) تعلق ختم کر دیا ہو اور اللہ تعالیٰ کا حکم تو پورا ہو کر کے ہی رہنے والا تھا ﴿۳۷﴾ اللہ تعالیٰ نے جو کام نبی کے لیے طے کر لیا ہو اس کام میں نبی پر کوئی اعتراض نہیں، یہ اللہ تعالیٰ کا طریقہ ہے جو پہلے گزرے ہوئے لوگوں (یعنی نبیوں) میں بھی رہا ہے اور اللہ تعالیٰ کا حکم یعنی تقدیر کا جو پہلے سے مقدر ہوتا ہے وہ تو ہو کر کے ہی رہتا ہے ﴿۳۸﴾

① (دوسرا ترجمہ) کسی بات کا حکم کر دیں۔ ② (دوسرا ترجمہ) اپنے کام میں۔
③ یعنی طلاق دینے سے بچو، حق کو ادا کرنے میں کوتاہی سے بچو۔ ④ تعلق ختم کر دیا۔

الَّذِيْنَ يُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ وَيَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ۝ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا ۝ وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝ هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ۝ تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ ۖۚ وَاَعَدَّ لَهُمْ اَجْرًا كَرِيْمًا ۝ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝

(نبی) وہ ہیں جو اللہ تعالیٰ کے احکام کو لوگوں تک پہنچایا کرتے ہیں اور وہ اس سے ڈرتے ہیں اور وہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے ہیں اور حساب لینے کے لیے تو اللہ تعالیٰ کافی ہیں① ﴿۳۹﴾ محمد (ﷺ) تمھارے مردوں میں سے کسی کے (نسبی) باپ نہیں ہیں؛ لیکن وہ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں اور نبیوں میں سب سے آخری نبی ہیں اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۴۰﴾

اے ایمان والو! تم اللہ تعالیٰ کا بہت ذکر کرو ﴿۴۱﴾ اور صبح وشام تم اس کی تسبیح پڑھو ﴿۴۲﴾ وہی (اللہ تعالیٰ) ہے جو تمھارے اوپر (خود) رحمت بھیجتے رہتے ہیں اور اس کے فرشتے بھی (رحمت کی دعا کرتے ہیں)؛ تا کہ وہ تم (مسلمانوں) کو اندھیریوں سے نکال کر روشنی میں لے آئیں اور وہ ایمان والوں پر بہت رحم کرنے والے ہیں ﴿۴۳﴾ جس دن وہ (مسلمان) اس (اللہ تعالیٰ) کو ملیں گے تو ان کا استقبال (خود اللہ تعالیٰ کی طرف سے) سلام سے ہوگا② اور اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے عزت والا بدلہ تیار کر رکھا ہے ﴿۴۴﴾ اے نبی! یہ بات یقینی ہے کہ ہم نے آپ کو گواہی دینے والا اور (ایمان والوں کے لیے) خوش خبری سنانے والا اور (کافروں کو عذاب سے) ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے ﴿۴۵﴾

---

① اس کو کسی کی ضرورت نہیں ہے۔

② یعنی اللہ تعالیٰ جنتیوں سے فرمائیں گے "السلام علیکم"۔ (جب اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے سلامتی کا پروانہ مل جاوے گا تو پھر آگے کوئی خطرہ ہی نہ رہیگا)

وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ۝ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا ۝ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَدَعْ اَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ فَمَتِّعُوْهُنَّ وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ۝ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّاۤ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْۤ اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّاۤ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَبَنٰتِ عَمِّكَ وَبَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَبَنٰتِ خَالِكَ وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ الّٰتِيْ هَاجَرْنَ مَعَكَ ؗ

اور (لوگوں کو) اللہ تعالیٰ کی طرف بلانے والا اس کے حکم سے① اور (ہدایت کی) ایک روشنی پھیلانے والا چراغ بنا کر ﴿۴۶﴾ اور تم ایمان والوں کو خوش خبری سنا دو کہ ان پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے بڑا فضل ہونے والا ہے ﴿۴۷﴾ اور تم کافروں اور منافقوں کی بات مت مانو اور ان کی (طرف سے جو) تکلیف (پہنچے اس) کی پرواہ (یعنی خیال) مت کرو اور تم اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرو اور اللہ تعالیٰ کام بنانے کے لیے کافی ہیں ﴿۴۸﴾ اے ایمان والو! جب تم نے ایمان والی عورتوں سے نکاح کر لیا ہو، پھر ان کو ہاتھ لگانے سے پہلے ہی ان کو طلاق دے دی ہو② تو تمھارے لیے ان (عورتوں) کے ذمے کوئی عدت نہیں جس کو تم شمار کرنے لگو، سو تم ان عورتوں کو فائدہ پہنچا دو③ اور تم ان عورتوں کو اچھے طریقے سے رخصت کر دو ﴿۴۹﴾ اے نبی! جن کا مہر تم نے ادا کر دیا ہو وہ تمھاری بیویاں (چار سے زائد) ہم نے (خاص) تمھارے لیے حلال کر دی ہیں اور جو غنیمت کا مال اللہ تعالیٰ نے تم کو دیا اس میں سے جو باندیاں تمھاری مالکی میں آگئیں وہ بھی (تمھارے لیے حلال ہیں) اور تمھارے چچا کی بیٹیاں اور تمھاری پھوپھیوں کی بیٹیاں اور تمھارے ماموں کی بیٹیاں اور تمھاری خالاؤں کی بیٹیاں بھی (حلال ہیں) جنھوں نے تمھارے ساتھ ہجرت کی ہے،

---

① دعوت الی اللہ، مشکل کام جو اللہ تعالیٰ کی مدد سے آسان ہوگا۔

② یعنی جماع اور خلوت سے پہلے۔

③ یعنی تحفہ دے دو۔

وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ اَرَادَ النَّبِيُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا ۗ خَالِصَةً لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِيْٓ اَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ لِكَيْلَا يَكُوْنَ عَلَيْكَ حَرَجٌ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ تُرْجِيْ مَنْ تَشَاۗءُ مِنْهُنَّ وَتُـــْٔوِيْٓ اِلَيْكَ مَنْ تَشَاۗءُ ۭ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ ۭ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ تَقَرَّ اَعْيُنُهُنَّ وَلَا يَحْزَنَّ وَيَرْضَيْنَ بِمَآ اٰتَيْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَلِيْمًا ۝

اور ایمان والی عورت کو جو بغیر مہر کے اپنی ذات نبی (کے ساتھ نکاح کرنے) کے لیے (ہدیہ کے طور پر) پیش کر دیویں، شرط یہ ہے کہ نبی اس کے ساتھ نکاح کرنے کا ارادہ کریں (وہ بھی حلال ہے) یہ تمام احکام تمہارے (یعنی نبی کے) لیے خاص ہیں، دوسرے ایمان والوں کے لیے نہیں، پکی بات یہ کہ ان (عام مسلمانوں) پر جو احکام ہم نے ان کی بیویوں اور ان کی باندیوں کے بارے میں مقرر کیے ہیں وہ ہم کو معلوم ہیں (نبی کے لیے بعض احکام اس لیے خاص کیے) تاکہ تم پر کوئی تنگی نہ رہے اور اللہ تعالیٰ تو بہت معاف کرنے والے، سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۵۰﴾ ان (بیویوں) میں سے (اے نبی!) جس (کی باری) کو تم چاہو ملتوی کر دو اور جس کو چاہو اپنے پاس رکھو اور جن عورتوں کو (باری سے) الگ کر دیا ہو ان میں سے جس عورت کو بھی اپنے پاس واپس بلانا چاہو تو اس میں تمہارے لیے کوئی گناہ نہیں ہے[۱]، اس میں زیادہ امید ہے کہ ان (سب عورتوں) کی آنکھیں ٹھنڈی رہیں گی اور ان (بیویوں) کو کوئی غم نہیں ہوگا اور آپ ان کو جو کچھ بھی دو گے اس پر وہ سب کی سب راضی رہیں گی اور (اے مسلمانو!) تمہارے دلوں کے اندر جو کچھ ہے[۲] اللہ تعالیٰ اس کو جانتے ہیں اور اللہ تعالیٰ بڑے جاننے والے اور بڑے حلم والے ہیں ﴿۵۱﴾

---

① یعنی باری ضروری نہیں پھر بھی آپ ان کے یہاں رات گزارے۔

② حضرت نبی کریم ﷺ کے لیے جو خصوصیات ہیں اس پر کوئی دل میں غلط خیال نہ لاوے، اپنے دل کو بے جا اشکالات والے، بے ادبی بھرے خیالات سے محفوظ رکھیں۔

لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَآءُ مِنۢ بَعْدُ وَلَآ أَن تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ أَزْوَٰجٍ وَلَوْ أَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ إِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِينُكَ ۗ وَكَانَ ٱللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ رَّقِيبًا ۝
يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ لَا تَدْخُلُوا۟ بُيُوتَ ٱلنَّبِىِّ إِلَّآ أَن يُؤْذَنَ لَكُمْ إِلَىٰ طَعَامٍ غَيْرَ نَٰظِرِينَ إِنَىٰهُ وَلَٰكِنْ إِذَا دُعِيتُمْ فَٱدْخُلُوا۟ فَإِذَا طَعِمْتُمْ فَٱنتَشِرُوا۟ وَلَا مُسْتَـْٔنِسِينَ لِحَدِيثٍ ۚ إِنَّ ذَٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِى ٱلنَّبِىَّ فَيَسْتَحْىِۦ مِنكُمْ ۖ وَٱللَّهُ لَا يَسْتَحْىِۦ مِنَ ٱلْحَقِّ ۚ وَإِذَا سَأَلْتُمُوهُنَّ مَتَٰعًا فَسْـَٔلُوهُنَّ مِن وَرَآءِ حِجَابٍ ۚ ذَٰلِكُمْ أَطْهَرُ لِقُلُوبِكُمْ وَقُلُوبِهِنَّ ۚ وَمَا كَانَ لَكُمْ أَن تُؤْذُوا۟ رَسُولَ ٱللَّهِ وَلَآ أَن تَنكِحُوٓا۟ أَزْوَٰجَهُۥ مِنۢ بَعْدِهِۦٓ أَبَدًا ۚ

اس (یعنی اوپر جو بتائی گئیں یا موجودہ عورتوں) کے بعد دوسری عورتیں تمھارے لیے حلال نہیں ہیں اور یہ بھی جائز نہیں کہ تم ان (موجودہ عورتوں) کے بدلے میں کسی دوسری عورت سے نکاح کرلو، اگرچہ ان (عورتوں) کی خوبی تم کو پسند آئی ہو①، مگر جو باندیاں تمھاری مالکی میں آئیں (وہ تمھارے لیے حلال ہے) اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کی نگرانی کرنے والے ہیں (۵۲) اے ایمان والو! تم نبی کے گھروں میں (بغیر اجازت) داخل مت ہو، الا یہ کہ تم کو کھانے کے لیے (آنے کی) اجازت دے دی گئی ہو، وہ بھی اس طرح (آؤ) کہ تم کو اس (کھانے) کے پکنے کے انتظار میں بیٹھے نہ رہنا پڑے، لیکن جب تم کو بلایا جاوے تب جاؤ، پس جب تم کھانا کھا چکو تو اٹھ کر چلے جاؤ اور آپس میں باتوں میں جی لگا کر بیٹھے مت رہو، حقیقت میں تمھاری اس بات سے نبی کو تکلیف ہوتی ہے، پس وہ (نبی) تم کو کہتے ہوئے شرماتے ہیں② اور اللہ تعالیٰ حق بات کہنے میں (کسی سے) نہیں شرماتے③ اور جب تم ان (نبی کی بیویوں) سے کوئی سامان مانگنے جاؤ تو ان سے پردے کے پیچھے سے مانگو، یہ طریقہ تمھارے دلوں کو اور ان کے دلوں کو پاک رکھنے کا بہترین ذریعہ ہے④ اور تمھارے لیے بالکل جائز نہیں ہے کہ تم اللہ کے رسول کو تکلیف دو اور تمھارے لیے نبی کے بعد کبھی بھی ان کی بیویوں سے نکاح کرنا جائز نہیں ہے،

① (دوسرا ترجمہ) ان (عورتوں) کا حسن تم کو پسند آئے۔
نوٹ: چوں کہ اکثر و بیشتر نکاح کی رغبت حسن و جمال کی وجہ سے ہوتی ہے۔
② اس لیے وہ تمھارا لحاظ کرتے ہیں ③ (دوسرا) کسی کا لحاظ نہیں کرتے ④ آج تک دل صاف رہے ہیں، آئندہ بھی رہے۔

إِنَّ ذَٰلِكُمْ كَانَ عِندَ اللَّهِ عَظِيمًا ۝ إِن تُبْدُوا شَيْئًا أَوْ تُخْفُوهُ فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا ۝ لَّا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِي آبَائِهِنَّ وَلَا أَبْنَائِهِنَّ وَلَا إِخْوَانِهِنَّ وَلَا أَبْنَاءِ إِخْوَانِهِنَّ وَلَا أَبْنَاءِ أَخَوَاتِهِنَّ وَلَا نِسَائِهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُنَّ ۗ وَاتَّقِينَ اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدًا ۝ إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا ۝ إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِينًا ۝ وَالَّذِينَ يُؤْذُونَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوا فَقَدِ احْتَمَلُوا بُهْتَانًا وَإِثْمًا مُّبِينًا ۝

یہ (ان کی بیویوں سے نکاح کرنا) یقیناً اللہ تعالیٰ کے یہاں بہت بڑا گناہ ہوگا ﴿۵۳﴾ اگر تم کسی چیز کو ظاہر کرو یا اس (چیز) کو چھپاؤ تو یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز کو اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۵۴﴾ ان (نبی کی عورتوں) پر اپنے باپوں کے سامنے اور اپنے بیٹوں کے سامنے اور اپنے بھائیوں کے سامنے اور اپنے بھائیوں کے بیٹوں (یعنی بھتیجوں) کے سامنے (آنے میں) اور اپنی بہنوں کے بیٹوں (یعنی بھانجوں) کے سامنے (آنے میں) اور اپنی عورتوں (جن سے عام طور پر ملنا جلنا رہتا ہے) کے سامنے (آنے میں) اور اپنی باندیوں① کے سامنے (بغیر پردہ آنے میں) کوئی گناہ کی بات نہیں ہے اور تم اللہ تعالیٰ سے ڈرتی رہو، یقین رکھو ہر چیز اللہ تعالیٰ کے سامنے ہے ﴿۵۵﴾ یقیناً اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے نبی پر درود (یعنی رحمت) بھیجتے ہیں، اے ایمان والو! تم بھی ان (محمد ﷺ) پر درود اور خوب سلام بھیجا کرو ﴿۵۶﴾ یقیناً جو لوگ اللہ تعالیٰ کو اور اس کے رسول کو (جان بوجھ کر) تکلیف دیتے ہیں، اللہ تعالیٰ ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت کرتے ہیں اور اس (اللہ تعالیٰ) نے ان کے لیے عذاب تیار کر کے رکھا ہے جو ان کو ذلیل کر کے رکھ دے گا ﴿۵۷﴾ اور جو لوگ ایمان والے مردوں کو اور ایمان والی عورتوں کو جنھوں نے کوئی گناہ کا کام نہیں کیا ہو (پھر بھی) تکلیف پہنچاتے ہیں تو ایسے لوگوں نے اپنے اوپر بہتان اور کھلے گناہ کا بوجھ اٹھا لیا ہے② ﴿۵۸﴾

① "ماملکت" کے لفظ میں غلام، باندی دونوں شامل ہے، بلکہ غلام سے بالغ ہونے سے پہلے مراد لیا جائے۔
② جو مسلمان شرعی طور پر مستحق نہ ہو اس کو ایذا دینا حرام ہے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يُّعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْمُرْجِفُوْنَ فِي الْمَدِيْنَةِ لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ ثُمَّ لَا يُجَاوِرُوْنَكَ فِيْهَآ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ مَّلْعُوْنِيْنَ ۚ اَيْنَمَا ثُقِفُوْٓا اُخِذُوْا وَقُتِّلُوْا تَقْتِيْلًا ۝ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ۝ يَسْـَٔلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا ۝

اے نبی! تم اپنی بیویوں سے اور اپنی بیٹیوں سے اور (قیامت تک آنے والی تمام) ایمان والی عورتوں سے کہہ دو کہ: وہ اپنی چادریں (تھوڑی سی) اپنے (منہ کے) اوپر جھکا (یعنی لٹکا) لیا کریں، اس طریقے میں اس بات کی زیادہ امید ہے کہ وہ (آزاد عورت ہے یہ) پہچان لی جائیں گی؛ لہٰذا وہ ستائی نہیں جائیں گی اور اللہ تعالیٰ تو بہت معاف کرنے والے، سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۵۹﴾ اگر منافق لوگ اور جن کے دلوں میں (ناپاک شہوت کی) بیماری ہے وہ اور وہ لوگ جو مدینہ میں (یا کسی بھی شہر میں) جھوٹی خبریں پھیلایا کرتے ہیں① وہ (سب) اپنے کاموں سے رک نہیں گئے تو ہم تم کو ان پر ضرور مسلط کر دیں گے② پھر وہ لوگ تھوڑے دن سے زیادہ تمھارے ساتھ اس (مدینہ) میں رہ نہیں سکیں گے ﴿۶۰﴾ ان پر (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) لعنت کی گئی ہے، جہاں کہیں بھی وہ ملیں گے پکڑ لیے جائیں گے اور ان کو ایک ایک کر کے قتل کر دیا جاوے گا③ ﴿۶۱﴾ اللہ تعالیٰ کا یہی دستور پہلے (زمانے میں) جو لوگ گزر گئے ان میں بھی جاری رہا ہے اور تم اللہ تعالیٰ کے دستور (یعنی معمول) میں کوئی تبدیلی ہرگز نہیں پاؤ گے ﴿۶۲﴾ یہ (کافر) لوگ تم سے قیامت کے بارے میں سوال کرتے ہیں تو تم (جواب میں) کہو کہ: اس (قیامت) کا علم تو اللہ تعالیٰ کے پاس ہی ہے اور تم کو کیا خبر شاید کہ قیامت قریب ہی (آ گئی) ہو ﴿۶۳﴾

---

① جن افواہوں کی وجہ سے مسلمانوں میں تشویش اور پریشانی پھیل جائے وہ حرام ہے۔
② (دوسرا ترجمہ) تو ہم ضرور ایسا کریں گے کہ تم ان کے خلاف کھڑے ہوں گے۔
③ علانیہ بغاوت کی یہ سزا ہے۔

إِنَّ اللَّهَ لَعَنَ الْكَٰفِرِينَ وَأَعَدَّ لَهُمْ سَعِيرًا ﴿٦٤﴾ خَٰلِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۖ لَّا يَجِدُونَ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا ﴿٦٥﴾ يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوهُهُمْ فِى النَّارِ يَقُولُونَ يَٰلَيْتَنَآ أَطَعْنَا اللَّهَ وَأَطَعْنَا الرَّسُولَا ﴿٦٦﴾ وَقَالُوا رَبَّنَآ إِنَّآ أَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَآءَنَا فَأَضَلُّونَا السَّبِيلَا ﴿٦٧﴾ رَبَّنَآ ءَاتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيرًا ﴿٦٨﴾

يَٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ ءَامَنُوا لَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ ءَاذَوْا مُوسَىٰ فَبَرَّأَهُ اللَّهُ مِمَّا قَالُوا ۚ وَكَانَ عِندَ اللَّهِ وَجِيهًا ﴿٦٩﴾ يَٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ ءَامَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَقُولُوا قَوْلًا سَدِيدًا ﴿٧٠﴾

اس بات میں کوئی شک نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے کافروں پر لعنت کی ہے① اور ان کے لیے بھڑکتی آگ تیار کی ہے ﴿۶۴﴾ اس (آگ) میں وہ ہمیشہ رہیں گے (اور) وہ نہ (اپنا) کوئی حمایت کرنے والا، اور نہ کوئی مدد کرنے والا پائیں گے ﴿۶۵﴾ جس دن ان کافروں کے چہروں کو آگ میں الٹ پلٹ کیا جائے گا تو وہ (کافر) لوگ کہیں گے: اے کاش کہ ہم نے (دنیا میں) اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی ہوتی اور ہم نے رسول کا کہنا مان لیا ہوتا ﴿۶۶﴾ اور وہ (کافر) لوگ کہیں گے: اے ہمارے رب! یقیناً ہم نے (دنیا میں) اپنے سرداروں کا اور اپنے بڑوں کا کہنا مانا تھا②، سو انھوں نے ہم کو (سیدھے) راستے سے گمراہ کر دیا ﴿۶۷﴾ (عام کافر لوگ کہیں گے:) اے ہمارے رب آپ ان (سرداروں) کو دوگنا (یعنی ڈبل) عذاب دیجیے اور ان پر ایسی لعنت کیجیے جو بڑی بھاری لعنت ہو③ ﴿۶۸﴾

اے ایمان والو! تم ان لوگوں کی طرح مت ہو جاؤ جنھوں نے (تہمت لگا کر) موسیٰ (علیہ السلام) کو ستایا تھا، پھر ان کی کہی بات سے④ اللہ تعالیٰ نے ان (موسیٰ علیہ السلام) کو بری کر دیا اور وہ (موسیٰ علیہ السلام) اللہ تعالیٰ کے یہاں بڑے مرتبہ والے تھے ﴿۶۹﴾ اے ایمان والو! تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور سیدھی بات بولو⑤ ﴿۷۰﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اللہ نے ان کو اپنی رحمت سے دور کر دیا ہے۔

② دنیوی بڑے جو گمراہی کے پیشوا ہوتے ہیں۔

③ سرداروں کو دوہری سزا دلوا کر دل کو ٹھنڈا کرنا ہے۔ ④ یعنی جو تہمت لگائی تھی اس سے۔

⑤ ایسی سچی بات جس میں جھوٹ کا شائبہ تک نہ ہو، نرم کلام ہو، دل خراش نہ ہو، ہر بات سوچ کر بولے اور بول کر سوچے۔

يُصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا۝ اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا۝ لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ وَيَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا۝

تو وہ (اللہ تعالیٰ) تمھارے (فائدے کے) لیے تمھارے (نیک) کاموں کو سنوار دیں گے① اور تمھارے گناہوں کو معاف کر دیں گے اور جس نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی اطاعت کر لی سو پکی بات یہ ہے کہ اس نے بڑی کامیابی حاصل کر لی ﴿۷۱﴾ یقین رکھو یہ امانت② ہم نے آسمانوں اور زمین اور پہاڑ کے سامنے پیش کی تھی تو انھوں نے تو اس (کی ذمے داری) کو اٹھانے سے انکار کر دیا اور اس (کی ذمہ داری) سے وہ سب ڈر گئے اور انسان نے اس کو اٹھا لیا، یقیناً وہ (انسان) بہت بڑا ظالم، بہت بڑا جاہل ہے ﴿۷۲﴾ (احکام نہ ماننے کا انجام یہ ہوا) کہ اللہ تعالیٰ عذاب دیں گے منافق مردوں کو اور منافق عورتوں کو اور شرک کرنے والے مردوں کو اور شرک کرنے والی عورتوں کو اور اللہ تعالیٰ ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں کو معاف کریں گے اور اللہ تعالیٰ تو بہت زیادہ معاف کرنے والے، سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۷۳﴾

---

① قبول کریں گے۔

② امانت سے مکمل شریعت مراد ہے۔

سورۃ السبا

(المکیۃ)

اٰیاتھا: ۵۴۔ رکوعاتھا: ۶۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں چون (۵۴) آیتیں ہیں۔ سورۃ لقمان کے بعد اور سورۃ زمر سے پہلے اٹھاون (۵۸) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں قومِ سبا اور ان کے حسین ترین اور سرسبز و شاداب ملک کا تذکرہ ہے۔

سبا ایک قوم کا نام ہے، یمن کے اطراف میں یہ لوگ آباد تھے، حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ سبا ایک شخص کا نام تھا، اس کے دس بیٹے تھے، پھر سبا ایک شہر اور پوری ایک قوم کا نام بھی بن گیا تھا، جس کو مارب سے بھی یاد کرتے تھے، یہ یمن سے قریب تھا۔

یہ بھی کہا جاتا ہے کہ: سبا یہ ایک شخص کا لقب ہے اور نام عمر یا عبد شمس ہے، یہ عبد شمس بڑا فاتح تھا، بہت سے لوگوں کو گرفتار کر کے اس نے قیدی بنایا؛ اس لیے سبی پر سے سبا ہو گیا۔

سبا کا ایک معنی تجارتی سفر کے بھی آتے ہے، اور سبا کی قوم تجارت میں بڑی ماہر قوم تھی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي الْاٰخِرَةِ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ① يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ؕ وَهُوَ الرَّحِيْمُ الْغَفُوْرُ ② وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِيْنَا السَّاعَةُ ؕ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتَاْتِيَنَّكُمْ ۙ عٰلِمِ الْغَيْبِ ۚ لَا يَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ وَلَآ اَصْغَرُ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرُ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ③ۙ لِّيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ④

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

تمام تعریفیں اس اللہ تعالیٰ ہی کے لیے خاص ہیں کہ آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے اسی کی مالکی ہے اور آخرت میں بھی تمام تعریفیں اسی (اللہ تعالیٰ) کی ہیں اور وہ بڑے حکمت والے، بڑے خبر رکھنے والے ہیں ﴿۱﴾ زمین میں جو چیز داخل ہوتی ہے اور جو چیز اس (زمین) سے نکلتی ہے اور جو چیز آسمان سے اترتی ہے اور جو چیز اس (آسمان) میں چڑھتی ہے (اللہ تعالیٰ) ان سب کو جانتے ہیں اور وہ (اللہ تعالیٰ) سب سے زیادہ رحم کرنے والے، بہت زیادہ معاف کرنے والے ہیں ﴿۲﴾ اور کافر لوگ کہتے ہیں کہ: ہم پر تو قیامت نہیں آئے گی، تو تم (ان کو ایسا) کہو: کیوں نہیں (آئے گی)؟ میرے رب جو تمام غیب کی باتوں کو جاننے والے ہیں ان کی قسم! وہ (قیامت) تم پر ضرور آئے گی① کوئی ذرہ برابر بھی چیز آسمانوں میں اور زمین میں اس (میرے رب) سے چھپی نہیں ہے اور نہ تو اس (ذرہ) سے چھوٹی اور نہ تو (اس سے) بڑی کوئی بھی چیز مگر وہ کھلی کتاب (یعنی لوح محفوظ) میں (لکھی ہوئی) ہے ﴿۳﴾ (قیامت اس لیے آئے گی) تا کہ وہ (اللہ تعالیٰ) ایمان والوں کو اور جنھوں نے نیک کام کیے ان کو بدلہ دیویں کہ جن کے لیے مغفرت ہے اور عزت کی روزی ہے ﴿۴﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) میرے رب کی قسم ہے! وہ (قیامت) تم پر ضرور آ کر رہے گی وہ (میرے اللہ تعالیٰ) تو غیب کی باتوں کو جاننے والے ہیں)۔

وَالَّذِيْنَ سَعَوْ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ۝۵ وَيَرَى الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ هُوَ الْحَقَّ ۙ وَيَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۝۶ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا هَلْ نَدُلُّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ يُّنَبِّئُكُمْ اِذَا مُزِّقْتُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۙ اِنَّكُمْ لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۝۷ اَفْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَمْ بِهٖ جِنَّةٌ ۭ بَلِ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ فِي الْعَذَابِ وَالضَّلٰلِ الْبَعِيْدِ ۝۸ اَفَلَمْ يَرَوْا اِلٰى مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ مِّنَ السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنْ نَّشَاْ نَخْسِفْ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ عَلَيْهِمْ كِسَفًا مِّنَ السَّمَاۗءِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ۝۹

اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو ناکام ① بنانے کے لیے کوشش کی تھی ② ان کے لیے سخت قسم کا درد ناک عذاب ہے ﴿۵﴾ (اے نبی!) جن لوگوں کو (آسمانی کتابوں کا) علم (یعنی سمجھ) دیا گیا ہے وہ سمجھتے ہیں کہ تم پر تمھارے رب کی طرف سے جو (قرآن) اتارا گیا ہے وہ تو حق ہے اور وہ (قرآن) اس (اللہ تعالیٰ) کا راستہ بتلاتا ہے جو بڑے زبردست ہیں، تمام خوبیوں والے ہیں ﴿۶﴾ اور کافر لوگ (ایک دوسرے سے) کہنے لگے: کیا ہم تم کو ایک ایسا آدمی (محمد ﷺ) بتائیں جو تم کو یہ (انوکھی) خبر دیتا ہو کہ جب تم (مر کے) بالکل ریزہ ریزہ ہو جاؤ گے اس وقت تم کو نئے سرے سے پیدا ہونا ہے ﴿۷﴾ پتہ نہیں اس آدمی (یعنی محمد) نے اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھا ③ یا ان کو جنون ہو گیا ہے، (نہیں) بلکہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے وہ عذاب میں اور گمراہی میں دور جا کر کے پڑے ہیں ﴿۸﴾ بھلا ان کے آگے اور پیچھے جو آسمان ④ اور زمین ہیں کیا انھوں نے اس کو نہیں دیکھا؟ اگر ہم چاہتے تو ان کو زمین میں دھنسا دیتے یا ہم ان پر آسمان سے کوئی ٹکڑا ہی گرا دیتے، یقیناً اس میں ہر اس بندے کے لیے (عبرت کی) بڑی نشانی ہے جو (اللہ تعالیٰ کی طرف) انابت رکھنے والا ہو ﴿۹﴾

---

① آیتوں پر فضول اعتراض کرتے یا دوسروں کو ایمان لانے سے روکنا۔ ② (دوسرا ترجمہ) جن لوگوں نے ہماری آیتوں کے بارے میں باطل کرنے کی کوشش کی تھی اسی طرح نبی کو ہرانے کی کوشش بھی مراد لی گئی ہے۔

③ یعنی مرنے کے بعد زندہ ہونے کی بات اللہ تعالیٰ نے نہیں کہی؛ بلکہ یہ خود اپنی طرف سے کہہ رہے ہیں، یہ منکرین کا الزام تھا۔ ④ یعنی ہر طرف سے نظر آنے والا آسمان۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا ؕ يٰجِبَالُ اَوِّبِىْ مَعَهٗ وَالطَّيْرَ ۚ وَاَلَنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ ﴿۱۰﴾ اَنِ اعْمَلْ سٰبِغٰتٍ وَّقَدِّرْ فِى السَّرْدِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ اِنِّىْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱﴾ وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ ۚ وَاَسَلْنَا لَهٗ عَيْنَ الْقِطْرِ ؕ وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ يَّعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ؕ وَمَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ ﴿۱۲﴾ يَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا يَشَآءُ مِنْ مَّحَارِيْبَ وَتَمَاثِيْلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُوْرٍ رّٰسِيٰتٍ ؕ اِعْمَلُوْۤا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا ؕ

اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے داوٗد (علیہ السلام) کو اپنی طرف سے ایک (خاص) فضل عطا کیا تھا، اے پہاڑو! تم تسبیح پڑھنے میں ان (داوٗد علیہ السلام) کے ساتھ ہو جاؤ① اور پرندوں کو بھی (ساتھ میں پڑھنے کا حکم دیا) اور ہم نے ان (داوٗد علیہ السلام) کے لیے لوہے کو نرم کر دیا②﴿۱۰﴾ کہ (اے داوٗد!) تم پوری پوری (کشادہ) زرہیں بناؤ اور تم کڑیوں کو (مناسب) اندازے سے جوڑو③ اور تم نیک کام کرتے رہو، تم جو (نیک) کام کرتے ہو یقین رکھو وہ سب میں دیکھتا ہوں ﴿۱۱﴾ اور سلیمان (علیہ السلام) کے (حکم کے) آگے ہم نے ہواؤں کو تابع بنا دیا، اس کا صبح کا سفر ایک مہینے کی دوری کا ہوتا اور اس کا شام کا سفر ایک مہینے کی دوری کا ہوتا اور ہم نے ان کے لیے پگھلے تانبے کا چشمہ بہا دیا اور کتنے جنات تھے جو اس کے رب کے حکم سے اس (سلیمان علیہ السلام) کے سامنے (الگ الگ) کام کرتے تھے اور جو بھی ان (جنات) میں سے ہمارے حکم سے (ہٹ کر) ٹیڑھا راستہ اپنائے گا ہم اس کو بھڑکتی آگ کا عذاب چکھائیں گے ﴿۱۲﴾ وہ (جنات) اس (سلیمان علیہ السلام) کے لیے جو وہ چاہے بنا دیا کرتے تھے: بڑی بڑی اونچی عمارتیں (یعنی قلعے) اور تصویریں (یعنی مجسمے) اور حوض جتنے بڑے بڑے لگن اور (بڑی بڑی) دیگیں جو (بہت بھاری ہونے کی وجہ سے) ایک ہی جگہ جمی ہوئی رہتی تھیں۔ داوٗد کے گھر والو! تم (نعمتوں کے) شکر میں نیک کام کیا کرو

---

① "اَوِّبِىْ" کا معنی دوہرانا، لوٹانا: یعنی داوٗد علیہ السلام کے ساتھ پہاڑ بھی وہی کلمات پڑھیں۔ ② حلال روزی کے لیے کچھ وقت طے کر لیں یہ بھی مناسب ہے، اشیائے ضروریہ کی ایجاد خود باری تعالیٰ نے نبیوں کو سکھلائی، یہ اس کی اہمیت کی طرف اشارہ ہے، صنعت، حرفت، پیشوں سے برادریاں بنا کر کسی کی حقارت کرنا اور اونچے مرتبے والا سمجھنا غلط ہے ③ غرض مصنوعات میں باطنی خوبی اور حسن ظاہری دونوں مطلوب اور اچھی چیز ہے بلکن نیک اعمال اور ضروری دینی ذمے داری چھوڑ کر ہرگز نہیں۔

وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ ﴿۱۳﴾ فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ الْمَوْتَ مَا دَلَّهُمْ عَلٰى مَوْتِهٖٓ اِلَّا دَآبَّةُ الْاَرْضِ تَاْكُلُ مِنْسَاَتَهٗ ۚ فَلَمَّا خَرَّ تَبَيَّنَتِ الْجِنُّ اَنْ لَّوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ مَا لَبِثُوْا فِي الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ﴿۱۴﴾ لَقَدْ كَانَ لِسَبَاٍ فِيْ مَسْكَنِهِمْ اٰيَةٌ ۚ جَنَّتٰنِ عَنْ يَّمِيْنٍ وَّشِمَالٍ ۬ؕ كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ؕ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَّرَبٌّ غَفُوْرٌ ﴿۱۵﴾ فَاَعْرَضُوْا فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ وَبَدَّلْنٰهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ اُكُلٍ خَمْطٍ وَّاَثْلٍ وَّشَيْءٍ مِّنْ سِدْرٍ قَلِيْلٍ ﴿۱۶﴾ ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِمَا كَفَرُوْا ؕ وَهَلْ نُجٰزِيْٓ اِلَّا الْكَفُوْرَ ﴿۱۷﴾

اور میرے بندوں میں بہت کم شکر کرنے والے ہوتے ہیں ﴿۱۳﴾ پھر جب ہم نے ان (سلیمان علیہ السلام) پر موت کا فیصلہ (جاری) کیا تو ان (جناتوں) کو ان (سلیمان علیہ السلام) کی موت کی خبر کسی نے نہیں دی؛ مگر زمین کے ایک کیڑے (یعنی گھن) نے (خبر دی) ① جو ان کی لکڑی کو کھا رہا تھا، سو جب وہ گر پڑے تو جناتوں کو حقیقت معلوم ہوئی کہ اگر وہ غیب کی بات جانتے ہوتے تو ذلت والی تکلیف میں نہ رہتے ﴿۱۴﴾ پکی بات یہ ہے کہ سبا والوں کے لیے خود ان کی بستی میں (اللہ تعالیٰ کی قدرت کی عجیب) نشانی تھی، باغوں (یعنی باڑیوں) کی دو لائن تھی (شہر کی) داہنی طرف اور بائیں طرف، اپنے رب کا دیا ہوا رزق (یعنی روزی) کھاؤ اور تم اس (رب) کا شکر ادا کرو، پاکیزہ شہر ہے اور بہت معاف کرنے والے رب ہیں ﴿۱۵﴾ سو انھوں نے (ہدایت کی طرف) دھیان نہیں دیا ② تو ہم نے ان پر زور دار بند والا سیلاب چھوڑ دیا اور ہم نے ان کے دونوں طرف والے باغوں کو ایسے دو باغوں سے بدل دیا جس میں برے مزے والے پھل ③ اور جھاؤ (کے درخت) اور تھوڑے سے بیریوں کے درخت تھے ﴿۱۶﴾ ان کی ناشکری کی وجہ سے ہم نے ان کو یہ سزا دی اور ہم صرف بڑے ناشکروں کو ہی (ایسی) سزا دیتے ہیں ﴿۱۷﴾

---

① بہت سی مرتبہ ضعیف کے ذریعے قوی کو علم حاصل ہوتا ہے۔

② (دوسرا ترجمہ) سبا والوں نے (ہدایت سے) منہ پھیر لیا۔

③ (دوسرا ترجمہ) کانٹے والے، کڑوے درخت۔

وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْقُرَى الَّتِي بٰرَكْنَا فِيهَا قُرًى ظَاهِرَةً وَّقَدَّرْنَا فِيهَا السَّيْرَ ۭ سِيْرُوْا فِيهَا لَيَالِيَ وَاَيَّامًا اٰمِنِيْنَ ﴿۱۸﴾ فَقَالُوْا رَبَّنَا بٰعِدْ بَيْنَ اَسْفَارِنَا وَظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ وَمَزَّقْنٰهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۱۹﴾ وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ اِبْلِيْسُ ظَنَّهٗ فَاتَّبَعُوْهُ اِلَّا فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَمَا كَانَ لَهٗ عَلَيْهِمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يُّؤْمِنُ بِالْاٰخِرَةِ مِمَّنْ هُوَ مِنْهَا فِيْ شَكٍّ ۭ وَرَبُّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ﴿۲۱﴾

اور ہم نے ان (سبا والوں) کے اور ان بستیوں کے درمیان جن میں ہم نے برکت رکھی ہے① بہت سی ایسی آبادیاں بسائی تھیں جو (راستے پر دور سے بھی) نظر آتی تھیں اور ہم نے ان میں سفر کی منزلیں (یعنی مرحلے) مناسب فاصلوں پر رکھی تھیں (اور ہم نے کہا تھا کہ) ان (بستیوں) میں (سے) رات اور دن امن سے سفر کرو ﴿۱۸﴾ تو وہ (سبا والے) کہنے لگے: اے ہمارے رب! تو ہمارے سفر کی منزلوں (یعنی مرحلوں) کو دور کر دے اور انھوں نے ہی اپنی جانوں پر ظلم کیا، سو ہم نے ان کو کہانیاں (یعنی افسانہ) بنا ڈالا اور ہم نے ان کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے تتر بتر کر ڈالا، یقیناً اس واقعہ میں ہر ایک بڑے صبر کرنے والے، بڑے شکر کرنے والے کے لیے (عبرت کی بڑی) نشانیاں ہیں ﴿۱۹﴾ اور پکی بات ہے کہ ابلیس نے ان لوگوں کے بارے میں اپنا (جو) خیال (قائم کیا تھا)② وہ (بالکل) صحیح پایا، پس ایمان والوں کی ایک تھوڑی سی جماعت کے سوا (باقی) سب لوگ اس (ابلیس) کے پیچھے چل پڑے③ ﴿۲۰﴾ اور اس (ابلیس) کا ان پر کوئی زور نہیں تھا؛ مگر اس لیے کہ ہم جان لیویں کہ④ کون آخرت پر ایمان رکھتا ہے اور کون ہے جو اس (آخرت) کے بارے میں شک میں (پڑا ہوا) ہے اور تمھارے رب تو ہر چیز کی پوری نگرانی کرتے ہیں ﴿۲۱﴾

---

① یعنی ملک شام۔
② یعنی اکثر انسان کو گمراہ کرنے کا جو عزم ابلیس نے آسمان سے نکالے جاتے وقت کیا تھا۔
③ یعنی ابلیس کی بات ماننے لگے۔
④ یعنی صرف ابلیس کو وسوسہ کے ذریعہ بہکانے کی صلاحیت اس لیے دی تھی؛ تا کہ ہم جان لیویں الخ۔

قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۚ لَا يَمْلِكُوْنَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ وَمَا لَهُمْ فِيْهِمَا مِنْ شِرْكٍ وَّمَا لَهٗ مِنْهُمْ مِّنْ ظَهِيْرٍ ﴿۲۲﴾ وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا لِمَنْ اَذِنَ لَهٗ ؕ حَتّٰۤى اِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا مَاذَا ۙ قَالَ رَبُّكُمْ ؕ قَالُوا الْحَقَّ ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿۲۳﴾ قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّاۤ اَوْ اِيَّاكُمْ لَعَلٰى هُدًى اَوْ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۴﴾

(اے نبی!) تم کہہ دو کہ: پکارو ان کو جن کو تم نے اللہ تعالیٰ کے علاوہ (خدا) سمجھ رکھا ہے وہ نہ آسمانوں میں ذرہ برابر کوئی اختیار رکھتے ہے اور نہ زمین میں اور ان دونوں (یعنی آسمانوں اور زمین کے تمام کاموں) میں (اللہ تعالیٰ کے ساتھ) ان (جھوٹے معبودوں) کی کوئی شرکت نہیں ہے اور ان (جھوٹے معبودوں) میں سے کوئی بھی اس (اللہ) کی مدد کرنے والا نہیں ہے ﴿۲۲﴾ اور اس (اللہ تعالیٰ) کے پاس کوئی سفارش کام نہیں آئے گی؛ الا یہ کہ (خود) اس (اللہ تعالیٰ) نے جس کے لیے (اس سفارش کی) اجازت دی ہو (اس کے لیے سفارش کام آسکتی ہے) یہاں تک کہ جب ان (فرشتوں) کے دلوں سے گھبراہٹ دور کر دی جاتی ہے تو وہ (آپس میں ایک دوسرے سے) پوچھتے ہیں کہ تمھارے رب نے کیا حکم دیا؟ وہ (فرشتے) جواب دیتے ہیں کہ حق بات ہی کا (حکم دیا) اور وہ (اللہ تعالیٰ) سب سے اوپر ہیں، سب سے بڑے ہیں① ﴿۲۳﴾ (اے نبی!) تم (ان سے) پوچھو کہ آسمانوں اور زمین سے (پانی برسا کر اور پھل، کھیتی اگا کر) تم کو کون روزی دیتا ہے؟ تم (خود ہی جواب میں) کہہ دو: اللہ تعالیٰ ہی اور یقیناً ہم یا تم (دو میں سے کوئی ایک) ضرور ہدایت پر ہیں یا کھلی ہوئی گمراہی میں ہیں ﴿۲۴﴾

① اللہ تعالیٰ آسمان میں جب کوئی حکم جاری فرماتے ہیں تو سب فرشتے تسبیح پڑھنے لگ جاتے ہیں اور ان پر ایسی ہیبت طاری ہو جاتی ہے کہ وہ گھبرا جاتے ہیں اور عرش کے اٹھانے والے فرشتوں سے لے کر سماء دنیا تک تسبیح کا ماحول بن جاتا ہے، پھر جب وہ گھبراہٹ دور ہو جاتی ہے تب آپس میں ایک دوسرے سے پوچھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے کونسا حکم جاری فرمایا، اسی طرح جب کسی کی سفارش کا حکم ملتا ہے تو اس حکم کو سن کر بھی گھبرا جاتے ہیں، نتیجہ یہ ہوا کہ ملائکہ جیسی مخلوق جب کسی حکم کے سنتے وقت یا سفارش کے حکم کے وقت ایسے گھبرا جاتے ہیں تو پھر بت کی کیا مجال کہ وہ اللہ تعالیٰ کے سامنے کسی کی سفارش کر سکیں جس طرح کسی بڑے کی بات صحیح سمجھنے کے لیے یا یاد کرنے کے لیے چھوٹے لوگ آپس میں ایک دوسرے سے پوچھتے ہیں اسی طرح فرشتے بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملنے والے تازہ حکم کے لیے آپس میں ایک دوسرے سے سوال کرتے ہیں۔

قُلْ لَّا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّآ اَجْرَمْنَا وَلَا نُسْـَٔلُ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ قُلْ يَجْمَعُ بَيْنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ يَفْتَحُ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ ؕ وَهُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ ۝ قُلْ اَرُوْنِيَ الَّذِيْنَ اَلْحَقْتُمْ بِهٖ شُرَكَآءَ كَلَّا ؕ بَلْ هُوَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ قُلْ لَّكُمْ مِّيْعَادُ يَوْمٍ لَّا تَسْتَاْخِرُوْنَ عَنْهُ سَاعَةً وَّلَا تَسْتَقْدِمُوْنَ ۝

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ بِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَلَا بِالَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ ؕ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ مَوْقُوْفُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ

(اے نبی!) تم (ان سے) کہہ دو: ہم نے جو جرم کیا اس کے بارے میں تم سے سوال نہیں کیا جائے گا اور تم جو عمل کرتے ہو اس کے بارے میں ہم سے سوال نہیں کیا جائے گا ﴿۲۵﴾ (اے نبی!) تم (ان سے) کہہ دو: (ایک وقت ضرور آوے گا جب) ہمارے رب ہم سب کو جمع کریں گے، پھر وہ ہمارے درمیان حق (یعنی انصاف) کے ساتھ فیصلہ کریں گے اور وہی (اللہ تعالیٰ) سب سے بڑے فیصلہ کرنے والے، بڑے جاننے والے ہیں ﴿۲۶﴾ (اے نبی!) تم کہہ دو: جن کو تم نے اس (اللہ تعالیٰ) کے ساتھ شریک بنا کر (عبادت میں) ملا رکھا ہے انھیں (ذرا) مجھے بھی تو دکھاؤ، ہرگز (اس کا کوئی شریک ہی) نہیں؛ بلکہ وہ اللہ تو بڑے زبردست ہیں، بڑے حکمت والے ہیں ﴿۲۷﴾ اور ہم نے تم کو تمام لوگوں کے لیے خوش خبری دینے والا اور ڈرانے والا ہی بنا کر بھیجا؛ لیکن اکثر لوگ جانتے نہیں ہیں ﴿۲۸﴾ اور وہ (کافر لوگ) کہتے ہیں کہ یہ (قیامت کا یا دنیوی عذاب کا) وعدہ کب (پورا) ہوگا؟ اگر تم سچے ہو (تو دکھاؤ) ﴿۲۹﴾ (اے نبی!) تم کہہ دو: تمھارے لیے ایک (خاص) دن کا وعدہ مقرر ہے، اس سے ایک گھڑی دیر بھی تم نہیں کرو گے اور تم اس سے ایک گھڑی جلدی بھی نہیں کرو گے ﴿۳۰﴾

اور کافر لوگ کہنے لگے: ہم اس قرآن پر کبھی ایمان نہیں لائیں گے اور اس سے پہلی آسمانی کتابوں پر بھی (ایمان) نہیں (لائیں گے) اور اگر (اس منظر کو) آپ دیکھ لیں جب یہ ظالم لوگ اپنے رب کے سامنے کھڑے کیے جائیں گے،

يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضِ الْقَوْلَ ۚ يَقُولُ الَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا لَوْلَا أَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِينَ ۞ قَالَ الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا لِلَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا أَنَحْنُ صَدَدْنَاكُمْ عَنِ الْهُدَىٰ بَعْدَ إِذْ جَاءَكُمْ ۖ بَلْ كُنْتُمْ مُجْرِمِينَ ۞ وَقَالَ الَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا بَلْ مَكْرُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ إِذْ تَأْمُرُونَنَا أَنْ نَكْفُرَ بِاللَّهِ وَنَجْعَلَ لَهُ أَنْدَادًا ۚ وَأَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَأَوُا الْعَذَابَ ۚ وَجَعَلْنَا الْأَغْلَالَ فِي أَعْنَاقِ الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ هَلْ يُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۞ وَمَا أَرْسَلْنَا فِي قَرْيَةٍ مِنْ نَذِيرٍ إِلَّا قَالَ مُتْرَفُوهَا إِنَّا بِمَا أُرْسِلْتُمْ بِهِ كَافِرُونَ ۞ وَقَالُوا نَحْنُ أَكْثَرُ أَمْوَالًا وَأَوْلَادًا وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِينَ ۞

وہ آپس میں ایک دوسرے پر بات ڈالتے ہوں گے ①(دنیا میں) جو لوگ کمزور سمجھے جاتے تھے وہ بڑے بنے ہوئے لوگوں سے کہیں گے: اگر تم نہ ہوتے تو ہم یقیناً ایمان لانے والے ہوتے ﴿۳۱﴾ بڑے بنے ہوئے لوگ کمزور سمجھے گئے لوگوں سے کہیں گے: جب تمہارے پاس (ہدایت) پہنچ چکی تھی تو کیا اس کے بعد ہم نے تم کو ہدایت (قبول کرنے) سے (زبردستی) روکا تھا؟ بلکہ (اصل) گنہگار تم ہی لوگ تھے ﴿۳۲﴾ اور جو لوگ (دنیا میں) کمزور سمجھے جاتے تھے وہ بڑے بنے لوگوں سے کہیں گے: بلکہ (تمہارے) رات دن کی مکاری (تدبیر) ہی تو تھی جب تم ہم کو حکم دیا کرتے تھے کہ ہم اللہ تعالیٰ کے ساتھ کفر کریں اور ہم اس کے ساتھ (دوسروں کو) شریک مانیں اور جب وہ عذاب دیکھ لیں گے تو اپنی ندامت (یعنی پچھتاوا) چھپاویں گے اور ہم ان سب کافروں کے گلوں میں طوق ڈال دیں گے ② جو کام وہ لوگ کرتے تھے اسی کی سزا ان کو دی جائے گی ﴿۳۳﴾ اور ہم نے کسی بھی بستی میں کسی بھی ڈرانے والے کو بھیجا تو وہاں کے مال دار لوگ یہی کہنے لگے: جو (پیغام) تمہارے ساتھ بھیجا گیا ہے ہم تو اس کو مانتے ہی نہیں ﴿۳۴﴾ اور وہ (مال دار لوگ) کہنے لگے: ہمارے پاس تو مال و اولاد (تمہارے مقابلے میں) تو بہت زیادہ ہیں اور ہم کو (کبھی) عذاب نہیں دیا جائے گا ﴿۳۵﴾

---

① جب کوئی بات بگڑ جاتی ہے تو اس طرح ایک دوسرے پر الزام ڈالنے کی عادت ہے۔

② ان کو زنجیر کے ذریعہ باندھ دیا جاوے گا، ہاتھ کڑیاں پہنا دی جاوے گی، گلوں میں وزن دار بھاری چیزیں لٹکا دی جاوے گی جس سے وہ ادھر ادھر نہیں ہو سکیں گے: بالکل جکڑے ہوئے قیدی کی طرح کر دیے جاویں گے۔

قُلْ اِنَّ رَبِّیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ وَ یَقْدِرُ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ۠ ﴿۳۶﴾ وَ مَاۤ اَمْوَالُكُمْ وَ لَاۤ اَوْلَادُكُمْ بِالَّتِیْ تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا زُلْفٰۤی اِلَّا مَنْ اٰمَنَ وَ عَمِلَ صَالِحًا٘ فَاُولٰٓىٕكَ لَهُمْ جَزَآءُ الضِّعْفِ بِمَا عَمِلُوْا وَ هُمْ فِی الْغُرُفٰتِ اٰمِنُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَ الَّذِیْنَ یَسْعَوْنَ فِیْۤ اٰیٰتِنَا مُعٰجِزِیْنَ اُولٰٓىٕكَ فِی الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿۳۸﴾ قُلْ اِنَّ رَبِّیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَ یَقْدِرُ لَهٗ ؕ وَ مَاۤ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَهُوَ یُخْلِفُهٗ ۚ وَ هُوَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ﴿۳۹﴾

(اے نبی! ان کو) تم کہہ دو: یقیناً میرے رب جس کے لیے چاہتے ہیں رزق پھیلا دیتے ہیں اور (جس کے لیے چاہتے ہیں اس کے لیے) تنگ کرتے ہیں؛ لیکن اکثر لوگ جانتے نہیں ہیں ﴿۳۶﴾

اور تمھارا مال اور تمھاری اولاد کوئی ایسی چیز نہیں ہے جو تم کو ہمارے زیادہ نزدیک پہنچا دیویں؛ الا یہ کہ جو آدمی ایمان لایا اور اس نے نیک کام کیا تو ایسے لوگوں کو ان کے اعمال کا دوگنا ثواب ملے گا اور وہ لوگ (جنت کے) بالاخانوں میں اطمینان سے رہیں گے ﴿۳۷﴾ اور جو لوگ ہماری آیتوں کو ناکام بنانے کی کوشش کرتے ہیں وہ لوگ عذاب میں پکڑے ہوئے لائے جائیں گے ﴿۳۸﴾ (اے نبی!) تم (ان کو) کہہ دو: یقیناً میرے رب اپنے بندوں میں سے جس کے لیے چاہتے ہیں (اس کے لیے) رزق پھیلاتے ہیں① اور جس کے لیے چاہتے ہیں تنگ کرتے ہیں، اور تم جو چیز بھی خرچ کرتے ہو تو وہ (اللہ تعالیٰ) اس کی جگہ پر دوسری چیز (بدلے میں) دے دیتے ہیں② اور وہ اللہ بہترین رزق دینے والے ہیں ﴿۳۹﴾

---

① آیت نمبر ۳۵ جو اوپر ہے اس میں بھی یہی بات ہے اور یہاں ۳۹ نمبر کی آیت میں بھی ظاہراً یہی بات ہے۔ دونوں آیت کے مضمون میں فرق ہے، اوپر کافروں کے متعلق ہے جو دنیا کے مال اور اولاد پر فخر کرتے ہیں اور یوں سمجھتے ہیں کہ جس طرح ہم کو دنیا میں یہ ملا ہے اسی طرح آخرت میں بھی بہت سارا مال ملے گا، یہ غلط سوچ ہے۔ اور یہاں مومن کی حالت کا بیان ہے، وہ اللہ تعالیٰ کی محبت میں مال کو اللہ تعالیٰ کے نام پر برابر خرچ کریں گے اور مال کے حقوق ادا کرنے سے اکتا نہیں جاویں گے، مال کی محبت دل میں اترنے نہیں دیں گے۔ یا اوپر عام انسانوں کے اعتبار سے ہے اور یہاں ایک فرد کے اعتبار سے۔

② اللہ کے دین کے لیے مال، طاقت، وقت، صلاحیت، ذہن جو بھی استعمال کرو گے اس کا بہترین بدلہ دنیا آخرت میں اللہ تعالیٰ عطا فرمائیں گے، تقدفائدہ یہ کہ جو چیز بھی اللہ واسطے لگائی اللہ تعالیٰ دنیا میں اس میں برکت عطا فرماتے ہیں۔

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ يَقُولُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اَهٰٓؤُلَآءِ اِيَّاكُمْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿٤٠﴾ قَالُوْا
سُبْحٰنَكَ اَنْتَ وَلِيُّنَا مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ بَلْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ ۚ اَكْثَرُهُمْ بِهِمْ مُّؤْمِنُوْنَ ﴿٤١﴾
فَالْيَوْمَ لَا يَمْلِكُ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ نَّفْعًا وَّلَا ضَرًّا ۭ وَنَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ
النَّارِ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿٤٢﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا
رَجُلٌ يُّرِيْدُ اَنْ يَّصُدَّكُمْ عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُكُمْ ۚ وَقَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّآ اِفْكٌ مُّفْتَرًى ۭ
وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٤٣﴾ وَمَآ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ
كُتُبٍ يَّدْرُسُوْنَهَا وَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ قَبْلَكَ مِنْ نَّذِيْرٍ ﴿٤٤﴾

اور جس (قیامت کے) دن وہ (اللہ تعالیٰ) ان سب کو جمع کریں گے، پھر وہ (اللہ تعالیٰ) فرشتوں سے پوچھیں گے: کیا یہ (کافر) لوگ (واقعۃً) تمھاری عبادت کیا کرتے تھے؟① ﴿۴۰﴾ تو وہ (فرشتے) کہیں گے: آپ کی ذات تو (شرک سے) پاک ہے، ہمارا تعلق آپ ہی سے ہے، ان (کافر) لوگوں سے نہیں ہے؛ بلکہ وہ (کافر) تو جنّ (یعنی شیطان) کی پوجا کرتے تھے (اور) ان (کافروں) میں سے اکثر لوگ تو ان ہی پر اعتقاد رکھتے تھے ﴿۴۱﴾ سو آج تم آپس میں ایک دوسرے کو نہ تو نفع پہنچانے کا اور نہ تو نقصان (دور کرنے) کا اختیار رکھتے ہو اور ہم ظالموں سے کہیں گے: جس آگ کے عذاب کو تم جھٹلاتے تھے اس کا تم مزہ چکھو ﴿۴۲﴾ اور جب ان کے سامنے ہماری آیتیں صاف صاف تلاوت کی جاتی ہیں تو وہ لوگ (ہمارے نبی کے بارے میں) یوں کہتے ہیں کہ تمھارے باپ دادے جس چیز کی پوجا کرتے تھے یہ آدمی (یعنی نبی) تم کو اس سے روک دینا ہی چاہتے ہیں اور (ساتھ میں) یہ بھی کہتے ہیں کہ یہ (قرآن) تو بس من گھڑت جھوٹ ہے اور جب ان کافروں کے پاس حق (یعنی قرآن) پہنچا تو وہ اس کے بارے میں کہنے لگے: یہ تو کھلا جادو ہے ﴿۴۳﴾ حالاں کہ ان (کافروں) کو ہم نے (قرآن سے پہلے) کوئی (آسمانی) کتابیں نہیں دی تھیں جن کو یہ لوگ پڑھتے پڑھاتے ہوں اور ہم نے تم سے پہلے ان (عرب والوں) کی طرف کوئی ڈرانے والا نہیں بھیجا تھا② ﴿۴۴﴾

---

① مشرکین کو لاجواب کرنے کے لیے یہ سوال ہوگا② کتاب اور نبی دونوں نعمت غیر مترقبہ تھی اس کی تو خوب قدر کرنی چاہیے۔

وَكَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۙ وَمَا بَلَغُوْا مِعْشَارَ مَآ اٰتَيْنٰهُمْ فَكَذَّبُوْا رُسُلِيْ ۣ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ۝

قُلْ اِنَّمَآ اَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ ۚ اَنْ تَقُوْمُوْا لِلّٰهِ مَثْنٰى وَفُرَادٰى ثُمَّ تَتَفَكَّرُوْا ۣ مَا بِصَاحِبِكُمْ مِّنْ جِنَّةٍ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ ۝ قُلْ مَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ ۭ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَقْذِفُ بِالْحَقِّ ۚ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۝ قُلْ جَاۗءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيْدُ ۝

اور ان سے پہلے (کافر) لوگوں نے (نبیوں کو) جھٹلایا تھا اور جو کچھ (سامان) ہم نے ان (پہلے لوگوں) کو دیا تھا اس کے دسویں حصہ کو بھی یہ (عرب کے کافر) پہنچے نہیں ہیں، سو ان (کافر) لوگوں نے میرے رسولوں کو جھٹلایا تھا تو میرے انکار کی سزا کیسی (سخت) ہوئی؟ (ذرا دیکھو تو) ﴿۴۵﴾

(اے نبی!) تم (ان سے) کہہ دو کہ: میں تو تم کو ایک بات کی نصیحت کرتا ہوں کہ تم اللہ تعالیٰ (کو خوش کرنے) کے لیے (اس کے نام پر) دو دو (مل کر) اور ایک ایک کھڑے ہو جاؤ① پھر تم غور کرو کہ تمھارے صاحب (یعنی محمد ﷺ) کو کوئی جنون نہیں ہے، وہ تو ایک سخت عذاب کے آنے سے پہلے تم کو ڈرانے والے ہیں ﴿۴۶﴾ (اے نبی!) تم (ان سے) کہہ دو: (اس دعوت کے کام پر) میں تم سے کوئی بدلہ مانگوں تو وہ تم تمھارے پاس ہی رکھو② میرا اجر تو (میرے) اللہ کے ذمے ہے اور تمام چیزاس کے سامنے ہے ﴿۴۷﴾ تم (یہ) کہہ دو کہ: یقیناً میرا رب سچا دین اوپر سے بھیجتے ہیں③ غیب کی باتوں کو وہ خوب اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۴۸﴾ (اے نبی!) تم کہہ دو کہ: حق (یعنی سچا دین) آ گیا اور باطل (کسی چیز کو) شروع نہیں کر سکتا اور باطل (کسی چیز کو) دوبارہ نہیں کر سکتا ﴿۴۹﴾

---

① یعنی اجتماعی طور پر اور انفرادی طور مستعد ہو کر غور کرو، زیادہ ہجوم میں یکسوئی ختم ہو جاتی ہے۔

② یعنی وہ تمھارا ہی ہے، اس میں طلب اجر کی ممانعت بطور مبالغہ ہے۔ ③ (دوسرا ترجمہ) میرے رب سچی بات (نبیوں کے دل میں) اوپر سے ڈالتے ہیں (تیسرا) میرے رب سچے دین کو غالب کر کے رہیں گے، ("یَقْذِفُ" کا معنی: پھینک مارنا یعنی جس طرح بھاری چیز گرنے سے نازک چیز چورا ہو جاتی ہے، اسی طرح حق کے مقابلے میں باطل پاش پاش ہو جاتا ہے اور حق بات وحی کے ذریعہ اوپر سے آتی ہے، یہ مراد بھی ہو سکتی ہے۔

قُلْ اِنْ ضَلَلْتُ فَاِنَّمَاۤ اَضِلُّ عَلٰى نَفْسِیْۚ وَ اِنِ اهْتَدَیْتُ فَبِمَا یُوْحِیْۤ اِلَیَّ رَبِّیْؕ اِنَّهٗ سَمِیْعٌ قَرِیْبٌ۝۵۰ وَ لَوْ تَرٰۤى اِذْ فَزِعُوْا فَلَا فَوْتَ وَ اُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ قَرِیْبٍۙ۝۵۱ وَّ قَالُوْۤا اٰمَنَّا بِهٖۚ وَ اَنّٰى لَهُمُ التَّنَاوُشُ مِنْ مَّكَانٍۭ بَعِیْدٍۚۖ۝۵۲ وَّ قَدْ كَفَرُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُۚ وَ یَقْذِفُوْنَ بِالْغَیْبِ مِنْ مَّكَانٍۭ بَعِیْدٍ۝۵۳ وَ حِیْلَ بَیْنَهُمْ وَ بَیْنَ مَا یَشْتَهُوْنَ كَمَا فُعِلَ بِاَشْیَاعِهِمْ مِّنْ قَبْلُؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا فِیْ شَكٍّ مُّرِیْبٍ۠۝۵۴

(اے نبی!) تم کہہ دو: اگر میں گمراہ ہوں تو میرے گمراہ ہونے کا نقصان میری ذات پر ہی ہوگا اور اگر میں ہدایت (سیدھے راستے) پر ہوں تو اس وحی (یعنی قرآن کی برکت) سے جو میرے رب میری طرف بھیجتے ہیں①، یقیناوہ (رب) بڑے سننے والے، بہت قریب ہیں ﴿۵۰﴾ اور اگر (اے نبی!) تم (کافروں کی) اس حالت کو دیکھو جب وہ گھبرائے پھرتے ہوں گے اور (بھاگ کر) بچ نکلنے کا کوئی راستہ نہیں ہوگا اور وہ بہت قریب کی جگہ سے پکڑ لیے جائیں گے② ﴿۵۱﴾ اور وہ (یوں) کہتے ہوں گے: ہم اس (سچے دین) پر ایمان لے آئے: حالاں کہ اتنی دور کی جگہ سے ان کا ہاتھ (ایمان کو) کہاں سے حاصل کرسکتا ہے③ ﴿۵۲﴾ حالاں کہ وہ پہلے سے (دنیا میں) اس (ایمان) کا انکار کرچکے اور دور کی جگہ سے نشانہ دیکھے بغیر پھینکا کرتے تھے④ ﴿۵۳﴾ اور (اس وقت) جس کی وہ آرزو کرتے ہوں گے اس کے اور ان (کافروں) کے بیچ میں ایک آڑ کردی جائے گی، جیسا کہ ان کے جیسے لوگوں کے ساتھ پہلے ایسا ہی (برتاؤ) کیا گیا، کیوں کہ وہ لوگ ایسے شک میں پڑے ہیں جو ان کو چین لینے نہیں دیتا⑤ ﴿۵۴﴾

---

① خود نبی کریم ﷺ سے کہلوایا جارہا ہے کہ میں جو ہدایت پر ہوں وہ میرے رب کی عنایت ہے۔ ② یعنی موت کے وقت یا قیامت کے میدان میں فوراً پکڑ لیے جائیں گے۔ ③ ایمان کی جگہ دنیا تھی، اب آخرت میں پہنچنے کے بعد دنیا دور ہوگئی؛ اس لیے آخرت میں ہوتے ہوئے اتنی دور دنیا میں سے ایمان کیسے اٹھا سکیں گے۔ ④ مطلب: (۱) دنیا میں جب تھے تو دور ہی دور سے باتیں ہانکا کرتے تھے، بغیر تحقیق، بغیر دلیل محض اپنے خیالات سے باتیں کیا کرتے تھے جس کو بات ہانکنا کہتے ہیں (۲) جو بات وہ زبان سے کہتے تھے وہ باتیں دل سے دور ہوتی تھی: یعنی دل میں اس بات کے متعلق عقیدہ نہیں ہوتا تھا۔ ⑤ [۱] قیامت کے دن ان کی چاہت جنت کی اور اللہ تعالیٰ کی رضا کی ہوگی یا ایمان لا کر نجات پانے کی ہوگی؛ لیکن ایمان اور جنت اور کافروں کے بیچ میں ایک آڑ کردی جائے گی وہ اس کو حاصل نہیں کرسکیں گے [۲] موت کے وقت پر ان کی چاہت کی چیز دنیا کا سامان وہ ان سے جدا ہوجائے گا۔

سورۃ الفاطر

(المکیۃ)

آیاتھا:۴۵۔رکوعاتھا:۵۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں پینتالیس (۴۵) آیتیں ہیں۔سورہ فرقان کے بعد اور سورہ مریم سے پہلے تیالیس (۴۳) نمبر پر نازل ہوئی۔

فاطر: عدم سے وجود میں لانے والا۔اللہ تعالیٰ نے عالمین سے پردۂ عدم کو پھاڑ کر وجود بخشا۔اس سورت میں اللہ کے خالق ہونے کو بیان کیا گیا ہے۔

اس کا ایک نام ''سورۂ ملائکہ'' بھی ہے،اس سورت میں ملائکہ کے خاص خاص حالات کا تذکرہ ہے۔

''الحمدللہ'' سے شروع ہونے والی پانچ سورتوں میں یہ آخری سورت ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جَاعِلِ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا اُولِيْٓ اَجْنِحَةٍ مَّثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ؕ يَزِيْدُ فِي الْخَلْقِ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ① مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا ۚ وَمَا يُمْسِكْ ۙ فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ②

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے خاص ہیں جو آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے والا ہے، فرشتوں کو پیغام لانے کے لیے مقرر کیا جو (فرشتے) دو دو اور تین تین اور چار چار پروں والے ہیں①، وہ (اللہ تعالیٰ اپنی) مخلوق میں جتنا چاہتے ہیں (اتنا) بڑھا دیتے ہیں②، یقیناً اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں ﴿۱﴾ اللہ تعالیٰ جس رحمت کو لوگوں کے لیے کھول دیتے ہیں تو اس کو کوئی بند کرنے والا نہیں اور جو (رحمت اللہ تعالیٰ) روک لیویں تو اس کو اس (اللہ) کے سوا کوئی بھیجنے (یعنی جاری کرنے) والا نہیں اور وہ (اللہ تعالیٰ) بڑے زبردست ہیں، بڑے حکمت والے ہیں ﴿۲﴾

---

① (تنبیہ) آیت میں لفظ "مثنیٰ" اور "ثلٰث" اور "رباع" آیا ہے، اس کو بعض مفسرین نے "اَجْنِحَةٍ" کی صفت بتلایا ہے، اس لحاظ سے یہ ترجمہ ہے: یعنی فرشتوں میں سے بعض کے دو پر ہیں، بعض کے تین پر ہیں اور بعض کے چار پر ہیں، اس سے زیادہ بھی ہو سکتے ہیں، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ چار تو سمجھانے کی تعداد ہے؛ اس لیے کہ مسلم شریف کی حدیث میں حضرت جبرئیل علیہ السلام کے چھ سو پر کا ذکر آیا ہے۔

(دوسرا ترجمہ) جو فرشتے پروں والے ہیں (کبھی) دو دو اور (کبھی) تین تین اور (کبھی) چار چار (کی تعداد میں) آتے ہیں، (تنبیہ) بعض مفسرین نے لفظ "مثنیٰ" اور "ثلٰث" اور "رباع" کو "رُسُلًا" کی صفت مانا ہے، اس لحاظ سے یہ دوسرا ترجمہ ہے: یعنی یہ فرشتے جب اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچانے کے لیے دنیا میں تشریف لاتے ہیں تو کبھی ایک ساتھ دو آتے ہیں، کبھی ایک ساتھ تین آتے ہیں، کبھی ایک ساتھ چار آتے ہیں اور یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ یہاں بھی چار کا عدد ایک مثال ہے ورنہ فرشتے اس سے بھی بڑی تعداد میں رسالت اور وحی پہنچانے کے لیے دنیا میں آتے ہیں۔

② مخلوق کی حسن صورت ہو یا حسن سیرت ہو اللہ تعالیٰ جتنا چاہے اضافہ فرماتے ہیں۔

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ؕ هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللّٰهِ يَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۫ۖ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝۳ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝۴ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ٝ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ۝۵ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْهُ عَدُوًّا ؕ اِنَّمَا يَدْعُوْا حِزْبَهٗ لِيَكُوْنُوْا مِنْ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ۝۶ۜ اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ؕ۬ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝۷

اَفَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ فَرَاٰهُ حَسَنًا ؕ فَاِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۫ۖ

اے لوگو! اللہ تعالیٰ نے تمھارے اوپر جو نعمت اتاری ہے اس کو یاد کرو، کیا اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی پیدا کرنے والا ہے جو تم کو آسمان اور زمین سے روزی دیتا ہو؟ اس کے سوا کوئی معبود نہیں، پھر تم کہاں الٹے پھرے جاتے ہو؟① ﴿۳﴾ اور (اے نبی!) اگر وہ (کافر لوگ) تم کو جھٹلا دیں تو پکی بات تو یہ ہے کہ تم سے پہلے بہت سارے رسولوں کو جھٹلایا جا چکا ہے اور تمام کام (آخر میں) اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹائے جاویں گے ﴿۴﴾ اے لوگو! یقیناً اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا ہے، سو تم کو دنیا کی زندگی دھوکے میں نہ ڈالے اور اللہ تعالیٰ کے نام سے وہ بڑا دھوکہ دینے والا② تم کو دھوکے میں نہ ڈالے ﴿۵﴾ یقین رکھو شیطان تو تمھارا دشمن ہی ہے، اسی لیے تم (بھی) اس کو (اپنا) دشمن ہی سمجھو③ وہ تو اپنے ماننے والوں کو اسی لیے دعوت دیتا ہے؛ تاکہ وہ بھڑکتی آگ (میں داخل ہونے) والے ہو جاویں ﴿۶﴾ جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لیے تو سخت عذاب ہے اور جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے ان کے لیے تو مغفرت ہے اور بڑا ثواب ہے ﴿۷﴾

بھلا بتاؤ! جس شخص کی نظر میں اس کے برے کام خوش نما بنا کر دکھائے گئے پھر وہ اس (برے عمل) کو اچھا سمجھتا ہو (ایسا شخص نیک آدمی جیسا کیسے ہو سکتا ہے؟) سو یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں اس کو گمراہ کرتے ہیں اور جس کو چاہتے ہیں اس کو ہدایت دیتے ہیں،

---

① یعنی توحید چھوڑ کر بت پرستی میں لگ جاتے ہو② شیطان جس کا کام ہی دھوکا دینے کا ہے③ انسان جس کو دشمن سمجھتا ہے اس کی طرف سے اچھی لگنے والی بات کو بھی مانتا نہیں کہ اس میں کوئی سازش چھپی ہوگی، ویسا برتاؤ شیطان کے ساتھ کرنا ہے۔

فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ حَسَرٰتٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ۝٨ وَاللّٰهُ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ
الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَسُقْنٰهُ اِلٰى بَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَحْيَيْنَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ كَذٰلِكَ
النُّشُوْرُ ۝٩ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعِزَّةَ فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ جَمِيْعًا ۭ اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ
الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ ۭ وَالَّذِيْنَ يَمْكُرُوْنَ السَّيِّاٰتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۭ وَمَكْرُ اُولٰۗىِٕكَ هُوَ
يَبُوْرُ ۝١٠ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ اَزْوَاجًا ۭ وَمَا تَحْمِلُ مِنْ
اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ۭ وَمَا يُعَمَّرُ مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّلَا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهٖٓ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ
عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝١١ وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرٰنِ ڰ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ سَاۗىِٕغٌ شَرَابُهٗ وَهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ۭ

اسی لیے ایسا نہ ہو کہ ان (کافروں) پر افسوس کرتے کرتے تمھاری جان ہی چلی جائے، جو کام وہ
کرتے ہیں یقیناً اللہ تعالیٰ اس کو اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۸﴾ وہی اللہ تعالیٰ ہے جو ہواؤں کو چلاتے
ہیں، پھر وہ (ہوائیں) بادلوں کو اٹھاتی ہیں، پھر ہم اس (بادل) کو ہانک کر (قحط سے) مرے ہوئے
(یعنی سوکھے) شہر کی طرف لے جاتے ہیں، پھر ہم اس کے ذریعے سے زمین کو (نئی) زندگی دیتے ہیں
اس کے مرجانے کے بعد، اسی طرح (انسانوں کو قیامت میں) نئی زندگی دی جائے گی ﴿۹﴾ جو شخص بھی
عزت حاصل کرنا چاہتا ہے تو تمام عزتیں تو اللہ تعالیٰ کے قبضے میں ہیں، پاکیزہ کلمہ اسی کی طرف چڑھتا ہے
اور نیک عمل اس (کلمہ) کو اوپر اٹھالیتا ہے ① اور جو لوگ بری بری تدبیریں کرتے ہیں ان کے لیے سخت
عذاب ہے اور ان کی (بری) تدبیریں وہ (سب) برباد ہو جائیں گی ﴿۱۰﴾ اور اللہ تعالیٰ نے تم (یعنی
پہلے انسان) کو مٹی سے پیدا کیا، پھر نطفے سے پھر تم کو جوڑے جوڑے بنایا اور کسی بھی مؤنث کو جو حمل رہتا
ہے اور وہ مؤنث جو کچھ جنتی ہے وہ سب اس (اللہ تعالیٰ) کے علم سے ہوتا ہے، اور کسی بھی بڑے عمر والے
کو جتنی (زیادہ) عمر دی جاتی ہے اور کسی کی عمر میں جو کمی کی جاتی ہے وہ سب ایک کتاب (یعنی لوح محفوظ)
میں لکھا ہوا ہے، حقیقت میں یہ سب کام اللہ تعالیٰ کے لیے بہت آسان ہیں ﴿۱۱﴾ اور دو سمندر برابر نہیں
ہوتے، یہ (ایک) تو میٹھا ہے، پیاس بجھاتا ہے، اس کا پینا خوشگوار ہے ② اور یہ (دوسرا) کھارا، کڑوا ہے،

---

① یعنی مقبول ہو جاتا ہے۔ ② یعنی آسانی سے پیٹ میں اتر جاتا ہے اور طبیعت اس کو قبول بھی کر لیتی ہے۔

وَمِنْ كُلٍّ تَأْكُلُوْنَ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْنَ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ فِيْهِ مَوَاخِرَ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲﴾ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۙ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ۚ وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ قِطْمِيْرٍ ﴿۱۳﴾ اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا دُعَآءَكُمْ ۚ وَلَوْ سَمِعُوْا مَا اسْتَجَابُوْا لَكُمْ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُوْنَ بِشِرْكِكُمْ ۚ وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيْرٍ ﴿۱۴﴾
يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَاللّٰهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۱۵﴾

(دونوں میں سے) ہر ایک سے تم تازہ (مچھلیوں کا) گوشت کھاتے ہو اور تم زیور نکالتے ہو جو تم کو پہننے کے کام آتا ہے اور تم اس میں کشتیوں کو دیکھتے ہو کہ جو (دریا میں) پانی کو پھاڑتی ہوئی چلی جاتی ہیں؛ تاکہ تم اس (اللہ تعالیٰ) کا فضل (یعنی روزی) حاصل کرو اور تاکہ تم شکر کرنے والے بن جاؤ ﴿۱۲﴾ وہ (اللہ تعالیٰ) رات کو دن میں داخل کرتے ہیں اور دن کو رات میں داخل کرتے ہیں اور اس (اللہ تعالیٰ) نے سورج اور چاند کو بھی کام میں لگادیا (ان میں سے) ہر ایک مقرر وقت (یعنی قیامت) تک کے لیے چلتا رہے گا، یہی اللہ تعالیٰ ہے جو تمھارے رب ہیں، اسی کی حکومت ہے اور اس (اللہ تعالیٰ) کو چھوڑ کر جن بتوں کو تم پکارتے ہو وہ تو کھجور کی گٹھلی کے چھلکے کے بھی مالک نہیں ہیں① ﴿۱۳﴾ اگر تم ان کو پکاروگے تو وہ تمھاری پکار سنیں گے ہی نہیں اور اگر (مان لو کہ) وہ سن بھی لیویں تو تم کو کوئی جواب نہیں دیں گے② اور قیامت کے دن وہ تمھارے شرک کرنے کا انکار کریں گے اور جس (اللہ تعالیٰ) کو تمام باتوں کی پوری خبر ہے اس کے جیسا تم کو کوئی (صحیح بات) نہیں بتائے گا ﴿۱۴﴾
اے لوگو! تم سب اللہ کے محتاج ہو اور اللہ تعالیٰ تو وہی غنی ہے③ تمام خوبیوں والا ہے ﴿۱۵﴾

---

① ایک چھلکے کے برابر کا بھی وہ اختیار نہیں رکھتے ہیں۔ "قطمیر" کا دوسرا معنی کھجور کی گٹھلی کے بیچ کا دھاگا، مراد ہے معمولی چیز کے بھی وہ مالک نہیں ہے۔ ② (دوسرا ترجمہ) تو تمھارا کہنا نہ کریں گے۔

③ ویسے تو اللہ تعالیٰ کے سوا جو کوئی ہے ہر ایک اللہ تعالیٰ کے محتاج ہیں؛ لیکن انسان ہی ایسا ہے کہ وہ غنی ہونے کا دعوے دار بنتا ہے، دنیا میں دوسری مخلوق میں یہ بات نہیں ہے؛ اس لیے خاص طور پر خاص کو خطاب ہوا کہ اے لوگو! تم اپنی تمام تر ظاہری غنا کے باجود اللہ تعالیٰ کے سب سے زیادہ محتاج ہو۔

إِنْ يَشَأْ يُذْهِبْكُمْ وَيَأْتِ بِخَلْقٍ جَدِيدٍ ﴿١٦﴾ وَمَا ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ بِعَزِيزٍ ﴿١٧﴾ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَىٰ ۚ وَإِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ إِلَىٰ حِمْلِهَا لَا يُحْمَلْ مِنْهُ شَيْءٌ وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبَىٰ ۗ إِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ ۚ وَمَنْ تَزَكَّىٰ فَإِنَّمَا يَتَزَكَّىٰ لِنَفْسِهِ ۚ وَإِلَى اللَّهِ الْمَصِيرُ ﴿١٨﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْأَعْمَىٰ وَالْبَصِيرُ ﴿١٩﴾ وَلَا الظُّلُمَاتُ وَلَا النُّورُ ﴿٢٠﴾ وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُورُ ﴿٢١﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْأَحْيَاءُ وَلَا الْأَمْوَاتُ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُسْمِعُ مَنْ يَشَاءُ ۖ وَمَا أَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَنْ فِي الْقُبُورِ ﴿٢٢﴾ إِنْ أَنْتَ إِلَّا نَذِيرٌ ﴿٢٣﴾ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ بِالْحَقِّ بَشِيرًا وَنَذِيرًا ۚ وَإِنْ مِنْ أُمَّةٍ إِلَّا خَلَا فِيهَا نَذِيرٌ ﴿٢٤﴾

اگر وہ (اللہ تعالیٰ) چاہیں تو تم سب کو فنا کر دیویں اور (تمھاری جگہ) نئی مخلوق (پیدا کر کے) لے آویں ﴿۱۶﴾ اور یہ کام اللہ تعالیٰ کے لیے کوئی مشکل نہیں ہے ﴿۱۷﴾ اور (قیامت کے دن) کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا اور اگر جس پر (گناہ کا) بھاری بوجھ ہوگا وہ (کسی دوسرے کو) اپنا بوجھ اٹھانے کے لیے پکارے گا تو بھی اس میں سے ذرہ بھی بوجھ نہیں اٹھایا جائے گا، چاہے (جس کو آواز دی) وہ اس کا رشتے دار ہی ہو (تو بھی اٹھانے نہیں آئے گا)، یقینی بات ہے کہ تم تو ایسے ہی لوگوں کو ڈرا سکتے ہو جو اپنے رب سے بغیر دیکھے ہوئے ڈرتے ہیں اور انھوں نے نماز قائم کی اور جو آدمی بھی پاک صاف ہوگا تو وہ اپنے ہی فائدہ کے لیے پاک صاف ہوتا ہے اور (آخر میں سب کو) اللہ تعالیٰ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے ﴿۱۸﴾ اور اندھا اور دیکھنے والا (دونوں) برابر نہیں ہو سکتے ﴿۱۹﴾ اور اندھیریاں اور روشنی (دونوں) برابر نہیں ہو سکتے ① ﴿۲۰﴾ اور سایہ اور دھوپ (دونوں) برابر نہیں ہو سکتے ② ﴿۲۱﴾ اور زندہ لوگ اور مردے (دونوں) برابر نہیں ہو سکتے، یقیناً اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں (اس کو بات) سناتے ہیں اور جو (مردے) قبریں (مدفون) ہیں تم ان کو (بات) نہیں سنا سکتے ﴿۲۲﴾ تم تو صرف ڈرانے والے ہی ہو ﴿۲۳﴾ یقیناً ہم نے تم کو سچا دین لے کر خوش خبری سنانے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا، اور کوئی امت ایسی نہیں ہے جس میں ڈرانے والا گزرا نہ ہو ﴿۲۴﴾

① کفر کی قسمیں بہت ساری ہیں اس لیے ظلمات جمع ہے اور ایمان ایک ہے اس لیے نور واحد ہے۔
② جہنم کی دھوپ اور جنت کے سائے کبھی برابر نہیں ہو سکتے۔

وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالزُّبُرِ وَبِالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ۝ ثُمَّ اَخَذْتُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ۝

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ ثَمَرٰتٍ مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهَا ۭ وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌۢ بِيْضٌ وَّحُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهَا وَغَرَابِيْبُ سُوْدٌ ۝ وَمِنَ النَّاسِ وَالدَّوَآبِّ وَالْاَنْعَامِ مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ كَذٰلِكَ ۭ اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ غَفُوْرٌ ۝

اور اگر وہ (کافر) تم کو جھٹلا دیں تو ان سے پہلے جو (کافر) تھے انھوں نے بھی (پیغمبروں کو) جھٹلایا تھا (اور) ان کے پاس ان کے پیغمبر کھلی کھلی دلیلیں اور صحیفے اور روشنی پھیلانے والی کتاب لے کر آئے ﴿۲۵﴾ پھر (ان کے جھٹلانے پر) میں نے کافروں کو پکڑ لیا، سو میرے انکار کرنے کی سزا کیسی رہی؟ ﴿۲۶﴾

کیا تم نے یہ بات نہیں دیکھی کہ اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی اتارا، پھر ہم نے اس (پانی) کے ذریعے سے الگ الگ رنگ کے پھل نکالے اور پہاڑوں میں بھی سفید اور لال الگ الگ رنگ کے (الگ الگ) حصے (یعنی ٹکڑے یا گھاٹیاں) ہیں، (دوسرے) گہرے کالے رنگ کے بھی ہیں ① ﴿۲۷﴾ اور اسی طرح انسانوں اور جانوروں اور چوپایوں میں بھی الگ الگ رنگ کے ہیں، اللہ تعالیٰ سے اس کے بندوں میں سے علم والے ہی (خاص طور پر) ڈرتے ہیں②، یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ تو بڑے زبردست ہیں، بہت معاف کرنے والے ہیں③ ﴿۲۸﴾

---

① یعنی ایک ہی رنگ مثلاً لال تو اس میں بھی ہلکے اور گہرے الگ الگ رنگ ہوتے ہیں، یہ حال سفید اور کالے رنگ کا بھی ہے ہم اللہ کی اس قدرت کا مشاہدہ کرتے ہی رہتے ہیں مثلاً پہاڑ زمین پھل الگ الگ رنگ کے بھی اور ایک ہی رنگ میں گہرے ہلکے رنگ کے بھی ہوتے ہیں ② (دوسرا ترجمہ) اللہ سے اس کے بندوں میں سے ایسے ہی لوگ ڈرتے ہیں (جو اللہ کی قدرت اور عظمت کا) علم رکھتے ہیں ③ ہمارے یہاں کے عام نسخوں میں ''کذلک'' پر وقف کی نشانی ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ لفظ ''کذلک'' کا تعلق آیت کے پہلے حصے سے ہے اور بندے نے ترجمے میں اس کو ملحوظ رکھا ہے؛ یعنی پھل، پہاڑ، جانور، انسان وغیرہ کو الگ الگ رنگ پر پیدا کرنا یہ اللہ کی قدرت کی ایک نشانی ہے، بعض روایت سے پتہ چلتا ہے کہ ''کذلک'' کا تعلق آیت کے بعد والے حصے سے ہے، اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ جس طرح پھل، پہاڑ، جانور اور انسان الگ الگ رنگوں کے ہیں اسی طریقے سے اللہ کی خشیت میں بھی الگ الگ درجے کے لوگ ہیں، کسی کو اللہ کی خشیت کا اعلیٰ درجہ ملا ہوا ہے، کسی کو کم درجہ ملا ہے ''انما'' کا لفظ خصوصیت کو بتاتا ہے یعنی خشیت کا تعلق علم سے ہے، جس کے پاس جس قدر علم ہوگا اس درجے کی اس کو خشیت حاصل ہونی چاہیے، علما کا وصف خاص خشیت ہے، اس لیے غیر عالم میں خشیت نہ ہو یہ ضروری نہیں۔

إِنَّ الَّذِينَ يَتْلُونَ كِتَابَ اللَّهِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَنفَقُوا مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ سِرًّا وَعَلَانِيَةً
يَرْجُونَ تِجَارَةً لَّن تَبُورَ ﴿٢٩﴾ لِيُوَفِّيَهُمْ أُجُورَهُمْ وَيَزِيدَهُم مِّن فَضْلِهِ ۚ إِنَّهُ غَفُورٌ شَكُورٌ ﴿٣٠﴾
وَالَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ مِنَ الْكِتَابِ هُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ بِعِبَادِهِ لَخَبِيرٌ
بَصِيرٌ ﴿٣١﴾ ثُمَّ أَوْرَثْنَا الْكِتَابَ الَّذِينَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا ۖ فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهِ
وَمِنْهُم مُّقْتَصِدٌ وَمِنْهُمْ سَابِقٌ بِالْخَيْرَاتِ بِإِذْنِ اللَّهِ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيرُ ﴿٣٢﴾ جَنَّاتُ
عَدْنٍ يَدْخُلُونَهَا يُحَلَّوْنَ فِيهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِن ذَهَبٍ وَلُؤْلُؤًا ۖ وَلِبَاسُهُمْ فِيهَا حَرِيرٌ ﴿٣٣﴾

یقیناً جو لوگ اللہ تعالیٰ کی کتاب کی تلاوت کرتے ہیں(۱) اور ان لوگوں نے نماز قائم کی اور جو روزی ہم نے ان کو دی ہے اس میں سے چھپ کر اور ظاہر کر کے وہ خرچ کرتے ہیں، وہ ایسی تجارت کی امید کرتے ہیں جس میں کبھی نقصان پہنچنے والا ہی نہیں ہے ﴿۲۹﴾ تاکہ وہ (اللہ تعالیٰ) ان کو ان کا پورا ثواب دیویں اور ان کو اپنے فضل سے (اور) زیادہ بھی دیویں، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) بہت معاف کرنے والے، بہت زیادہ قدر کرنے والے ہیں ﴿۳۰﴾ (اے نبی!) ہم نے جو کتاب وحی کے ذریعہ تم پر بھیجی ہے وہ تو بالکل سچی ہے (اور) اپنے سے پہلی (آسمانی) کتابوں کو سچا بتلاتی ہے، یقیناً اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی پوری خبر رکھتے ہیں، وہ ہر چیز کو دیکھتے ہیں ﴿۳۱﴾ پھر ہم نے (اس) کتاب کا وارث اپنے ان بندوں میں سے ان کو بنایا جن کو ہم نے چن لیا تھا(۲) سو ان میں سے کچھ تو وہ ہیں جو (گناہ کر کے) اپنی جان پر ظلم کرنے والے ہیں(۳) اور ان میں بعض درمیانی درجے کے ہیں(۴) اور ان میں سے بعض وہ ہیں جو اللہ تعالیٰ کی توفیق سے نیک کاموں میں آگے بڑھ جانے والے ہیں، یہی (اللہ تعالیٰ کا) بہت بڑا فضل ہے ﴿۳۲﴾ سدا بہار باغوں میں داخل ہوں گے، ان (باغوں) میں ان کو سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائیں گے اور ان کا لباس اس (جنت) میں ریشمی ہوگا ﴿۳۳﴾

---

(۱) مراد تلاوت پر مداومت اور عمل میں قرآن کی اتباع مراد ہے۔ (۲) قرآن سب سے پہلے نبی ﷺ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کیا گیا، پھر امت کو یہ میراثِ بے مثال نصیب ہوئی، خوش نصیب ہے وہ حضرات جو قرآن مجید کے پڑھنے پڑھانے کے لیے چن لیے گئے ہیں یہ انتخابِ الٰہیہ ہے، اللھم اجعلنا منھم فی الدنیا والاخرۃ۔ (۳) (دوسرا ترجمہ) اپنا ہی خود کا برا کرنے والے ہیں۔ (۴) (دوسرا ترجمہ) درمیانی چال چلنے والے ہیں۔

وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ۭ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرُۨ ۝ الَّذِيْٓ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ لَا يَمَسُّنَا فِيْهَا نَصَبٌ وَّلَا يَمَسُّنَا فِيْهَا لُغُوْبٌ ۝ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ ۚ لَا يُقْضٰى عَلَيْهِمْ فَيَمُوْتُوْا وَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ مِّنْ عَذَابِهَا ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِيْ كُلَّ كَفُوْرٍ ۝ وَهُمْ يَصْطَرِخُوْنَ فِيْهَا ۚ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ ۭ اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَاۗءَكُمُ النَّذِيْرُ ۭ فَذُوْقُوْا فَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ۝

اِنَّ اللّٰهَ عٰلِمُ غَيْبِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

وہ (ان باغوں میں داخل ہو کر) کہیں گے: تمام تعریف اس اللہ تعالیٰ کے لیے ہے جس نے (ہمیشہ کے لیے) ہم سے (ہر قسم کا) غم دور کر دیا، یقیناً ہمارے رب بہت زیادہ معاف کرنے والے ہیں، بہت زیادہ قدر کرنے والے ہیں ﴿۳۴﴾ جس (اللہ تعالیٰ) نے ہم کو اپنے فضل سے ہمیشہ آباد رہنے کے گھر میں اتارا ہے جس میں ہم کو کوئی مشقت نہیں پہنچے گی اور اس میں کوئی تھکن بھی ہم کو نہیں لگے گی ﴿۳۵﴾ اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لیے تو جہنم کی آگ ہے، ان پر موت کا حکم نہیں دیا جائے گا① کہ وہ مر جائیں اور ان لوگوں سے وہاں کا عذاب ذرا بھی ہلکا نہیں کیا جائے گا، ہر بڑے ناشکرے کو ہم اسی طرح سزا دیا کرتے ہیں ﴿۳۶﴾ اور وہ اس (جہنم) میں چیخ و پکار کریں گے (اور کہیں گے:) اے ہمارے رب! ہم کو باہر نکال دیجیے (اور پہلے) جو کام کیا کرتے تھے اس کو چھوڑ کر نیک عمل کریں گے، (ان کو جواب ملے گا) کیا ہم نے تم کو اتنی عمر نہیں دی تھی کہ جس کو بھی سوچنا (اور سمجھنا) ہو وہ اس (عمر) میں سوچ لیوے اور تمھارے پاس (ہماری طرف سے) ڈرانے والا بھی پہنچا تھا② سو تم لوگ (عذاب کا) مزہ چکھو، سو ظالموں کے لیے تو کوئی مدد کرنے والا نہیں ہوگا ﴿۳۷﴾

یقیناً اللہ تعالیٰ آسمان اور زمین کی غیب کی چیزوں کو جانتے ہیں، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) سینوں کی باتوں کو بہت اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۳۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) نہ تو ان کو موت ہی آوے گی۔ ② یعنی (۱) حضور ﷺ (۲) حضرات صحابہؓ اور علماء اولیاء، (۳) پوتے نواسے (۴) سفید بال (۵) امراض (۶) عمر کے مختلف مراحل یا موت کو یاد دلانے والی چیزیں یہ سب چیزیں نذیر ہیں۔

هُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ فِي الْاَرْضِ ۭ فَمَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ ۭ وَلَا يَزِيْدُ الْكٰفِرِيْنَ كُفْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ اِلَّا مَقْتًا ۚ وَلَا يَزِيْدُ الْكٰفِرِيْنَ كُفْرُهُمْ اِلَّا خَسَارًا ۝ قُلْ اَرَءَيْتُمْ شُرَكَاۗءَكُمُ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ۚ اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا فَهُمْ عَلٰي بَيِّنَتٍ مِّنْهُ ۚ بَلْ اِنْ يَّعِدُ الظّٰلِمُوْنَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا اِلَّا غُرُوْرًا ۝ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ڬ وَلَىِٕنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ۭ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ۝ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَىِٕنْ جَاۗءَهُمْ نَذِيْرٌ لَّيَكُوْنُنَّ اَهْدٰى مِنْ اِحْدَى الْاُمَمِ ۚ

اسی (اللہ تعالیٰ) نے تم کو زمین میں (پہلے لوگوں کا) جانشین بنایا، سو جو آدمی بھی کفر کرے گا اس کے کفر کا وبال اسی پر پڑے گا اور (ان) کافروں کے لیے ان کے کفر کی وجہ سے ان کے رب کے پاس ناراضگی ہی زیادہ ہوگی اور کافر لوگوں کو ان کے کفر کی وجہ سے نقصان ہی زیادہ ہوگا ﴿۳۹﴾ (اے نبی) تم (ان کافروں سے) کہہ دو کہ: تم ذرا دیکھو اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر اپنے جن (من گھڑت) شریکوں کی تم پوجا کرتے ہو، ذرا مجھے دکھاؤ انھوں نے زمین کا کونسا حصہ پیدا کیا یا آسمانوں (کو پیدا کرنے) میں ان کی شرکت ہے؟ یا (پھر) ہم نے ان کو کوئی کتاب دے رکھی ہے کہ ① جس کی کھلی دلیل (یعنی سند) پر یہ لوگ (قائم) ہیں ②؛ بلکہ یہ ظالم لوگ (آپس میں) ایک دوسرے کو دھوکے ہی دھوکے کا وعدہ کرتے ہیں ﴿۴۰﴾ یقیناً اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کو روکے رکھا ہے کہ وہ (اپنی جگہ سے) ہٹ نہ جائیں اور اگر وہ دونوں (اپنی جگہ سے) ہٹ جائیں تو اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا کوئی ان دونوں کو روک نہیں سکتا، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) تو بڑے حلم والے ہیں، بہت زیادہ معاف کرنے والے ہیں ﴿۴۱﴾ اور وہ (مکہ کے کافر) لوگ (نبی کریم ﷺ کے آنے سے پہلے) اللہ تعالیٰ کے نام سے بڑی پکی قسمیں کھاتے تھے کہ اگر ان کے پاس کوئی ڈرانے والا (نبی) آگیا تو وہ ہر ایک دوسری امت سے زیادہ ہدایت قبول کرنے والے ہوں گے،

---

① جس میں شرکت کا ثبوت ہو۔ ② (دوسرا ترجمہ) کھلی ہدایت پر یہ لوگ قائم ہیں۔

فَلَمَّا جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ مَّا زَادَهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا ۝ اسْتِكْبَارًا فِي الْاَرْضِ وَمَكْرَ السَّيِّئِ ۚ وَلَا يَحِيْقُ الْمَكْرُ السَّيِّئُ اِلَّا بِاَهْلِهٖ ۚ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا سُنَّتَ الْاَوَّلِيْنَ ۚ فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَحْوِيْلًا ۝ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَكَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعْجِزَهٗ مِنْ شَيْءٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ ۚ اِنَّهٗ كَانَ عَلِيْمًا قَدِيْرًا ۝ وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا كَسَبُوْا مَا تَرَكَ عَلٰى ظَهْرِهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِعِبَادِهٖ بَصِيْرًا ۝

سو جب ان کے پاس ڈرانے والے (یعنی حضرت محمد ﷺ) آگئے تو ان کی نفرت ہی زیادہ ہوگئی (۴۲) (دنیا کی) زمین میں خود کو بڑا سمجھنے کی وجہ سے ① اور (حق کے مقابلے میں) بری بری چالیں چلنے کی وجہ سے؛ حالاں کہ بری چال خود اس (بری) چال (چلنے) والے ہی کو گھیرے میں لیتی ہے، کیا وہ لوگ پچھلے لوگوں کے (ساتھ جیسا) دستور (یعنی عذاب ہوا اسی) کا انتظار کر رہے ہیں؟ سو تم اللہ تعالیٰ کے دستور میں بالکل تبدیلی نہیں پاؤ گے اور تم اللہ تعالیٰ کے دستور کو ٹلتا ہوا نہیں پاؤ گے ② (۴۳) اور کیا ان لوگوں نے زمین (یعنی ملکوں) میں سفر نہیں کیا جس سے وہ یہ دیکھتے کہ جو لوگ ان سے پہلے گزر گئے ہیں ان کا انجام کیسا ہوا؛ حالاں کہ وہ ان (مکہ کے کافروں) سے بہت زیادہ طاقت والے تھے اور اللہ تعالیٰ کو آسمانوں اور زمین میں کوئی بھی چیز عاجز نہیں کر سکتی، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) بڑے جاننے والے، پورے پوری قدرت والے ہیں (۴۴) اور اگر اللہ تعالیٰ انسانوں کو ان کے کئے ہوئے (برے) کاموں کی وجہ سے پکڑنے لگتے تو اس (زمین) کی پیٹھ پر کسی چلنے والے کو نہ چھوڑتے (بلکہ گناہوں کی وجہ سے سب کو ہلاک کر ڈالتے) بلکہ وہ (اللہ) ایک مقرر وقت تک ان کو مہلت دیتے رہتے ہیں، پھر جب ان کا مقرر وقت آجائے گا تو یقیناً اللہ تعالیٰ خود اپنے بندوں کو دیکھ لیں گے ③ (۴۵)

---

① دوسرا ترجمہ: ملک میں تکبر کرتے ہوئے۔ ② تبدیل: یعنی عذاب کو کسی چیز سے بدلا نہیں جاتا۔ تحویل: مجرم کی طرف سے کسی غیر مجرم کی طرف پھیرا نہیں جائے گا۔ ③ یعنی کافروں اور نافرمانوں کو سزا دیں گے۔

سورۃ یس (المکیۃ)

ایاتھا: ۸۳۔ رکوعاتھا: ۵۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں تراسی (۸۳) آیتیں ہیں۔ سورۂ جن کے بعد اور سورۂ فرقان سے پہلے اکتالیس (۴۱) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت کے شروع میں "یٰس" کا لفظ آیا ہے۔ ایک حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ جو آدمی ایک مرتبہ "سورۂ یٰس" پڑھے اس کو دس مرتبہ قرآن پڑھنے کا ثواب ملتا ہے۔ جو آدمی رات میں اللہ تعالیٰ کی خوشی کے لیے سورۂ یٰس پڑھے تو اس رات میں اس کی مغفرت کردی جاتی ہے۔ جس کا آخری وقت چل رہا ہو اس کے پاس پڑھنے سے روح نکلنے میں آسانی کردی جاتی ہے۔ جو صبح پڑھے اس دن کی آسانیاں اور رات میں پڑھے تو رات کی آسانیاں اس کو میسر ہوگی۔

حضرت عطا بن ابی رباحؒ فرماتے ہیں کہ: مجھے یہ حدیث پہنچی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو آدمی دن کے شروع حصہ میں یٰس پڑھے گا، اس کی تمام حاجتیں پوری کی جائیں گی۔

(مشکوٰۃ شریف ص: ۱۸۹) مسنون وظائف ص ۱۹)

امام مالکؒ نے "کسی کا نام یٰس" رکھنے کو پسند نہیں کیا ہے؛ اس لیے کہ ان کے نزدیک یہ اسمائے الٰہیہ میں سے ہے اور اس کے صحیح معنی معلوم نہیں، اس لیے ممکن ہے کہ کوئی ایسے معنی ہو جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہیں، جیسے خالق، رازق وغیرہ؛ البتہ اس لفظ کو "یاسین" کے رسم الخط سے لکھا جائے تو یہ کسی انسان کا نام رکھنا جائز ہے؛ کیوں کہ قرآن میں آیا ہے "سلام علی آل یاسین" (ابن عربی) آیتِ مذکورہ کی معروف قرأت "الیاسین" ہے؛ مگر بعض قرأتوں میں "آل یاسین" بھی آیا ہے۔

ہجرت کے موقع پر نبی کریم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنے بستر پر سلایا، اپنے دستِ بابرکت میں ایک مٹھی مٹی لی، سورۂ یٰس پڑھنا شروع کی "فھم لا یبصرون" تک پہنچے تو مٹی کافروں کی طرف اڑادی، اللہ تعالیٰ نے ان کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا، آپ ﷺ صحیح سلامت نکل گئے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

یٰسٓ ۚ﴿۱﴾ وَ الۡقُرۡاٰنِ الۡحَکِیۡمِ ۙ﴿۲﴾ اِنَّکَ لَمِنَ الۡمُرۡسَلِیۡنَ ۙ﴿۳﴾ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ ؕ﴿۴﴾ تَنۡزِیۡلَ الۡعَزِیۡزِ الرَّحِیۡمِ ۙ﴿۵﴾ لِتُنۡذِرَ قَوۡمًا مَّاۤ اُنۡذِرَ اٰبَآؤُہُمۡ فَہُمۡ غٰفِلُوۡنَ ﴿۶﴾ لَقَدۡ حَقَّ الۡقَوۡلُ عَلٰۤی اَکۡثَرِہِمۡ فَہُمۡ لَا یُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۷﴾ اِنَّا جَعَلۡنَا فِیۡۤ اَعۡنَاقِہِمۡ اَغۡلٰلًا فَہِیَ اِلَی الۡاَذۡقَانِ فَہُمۡ مُّقۡمَحُوۡنَ ﴿۸﴾ وَ جَعَلۡنَا مِنۡۢ بَیۡنِ اَیۡدِیۡہِمۡ سَدًّا وَّ مِنۡ خَلۡفِہِمۡ سَدًّا فَاَغۡشَیۡنٰہُمۡ فَہُمۡ لَا یُبۡصِرُوۡنَ ﴿۹﴾ وَ سَوَآءٌ عَلَیۡہِمۡ ءَاَنۡذَرۡتَہُمۡ اَمۡ لَمۡ تُنۡذِرۡہُمۡ لَا یُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۱۰﴾ اِنَّمَا تُنۡذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّکۡرَ وَ خَشِیَ الرَّحۡمٰنَ بِالۡغَیۡبِ ۚ

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

یٰس ﴿۱﴾ قسم ہے حکمت سے بھرے ہوئے قرآن کی!① ﴿۲﴾ یقیناً تم تو رسولوں میں سے ہو ﴿۳﴾ بالکل سیدھے راستے پر (ہو) ﴿۴﴾ (یہ قرآن) بڑے زبردست، بڑے رحم کرنے والے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اتارا جا رہا ہے ﴿۵﴾ تاکہ تم ایک ایسی قوم کو (عذاب سے) ڈراؤ جن کے باپ دادے (قریب میں کسی رسول کے ذریعے) ڈرائے نہیں گئے تھے؛ اس لیے وہ غفلت میں پڑے ہوئے ہیں ﴿۶﴾ ان میں سے اکثر لوگوں کے بارے میں (عذاب کی) بات پکی ہو چکی ہے؛ اس لیے وہ لوگ ایمان نہیں لائیں گے ﴿۷﴾ یقیناً ہم نے ان کے گلوں میں طوق ڈال دیے ہیں، سو وہ ان کی ٹھوڑیوں تک (پہنچے ہوئے) ہیں اس وجہ سے ان کے سر اوپر کی طرف اٹھے ہوئے رہ گئے ہیں ﴿۸﴾ اور ہم نے ان کے آگے ایک آڑ بنادی اور ان کے پیچھے ایک آڑ (دیوار کھڑی) کردی ہے، پھر ہم نے ان کو (ہر طرف سے) ڈھانک لیا ہے جس کے نتیجے میں ان کو کچھ بھی سمجھ میں نہیں آتا ہے ﴿۹﴾ اور تم ان کو ڈراؤ یا نہ ڈراؤ ان کے بارے میں (دونوں بات) برابر ہیں کہ وہ ایمان نہیں لائیں گے ﴿۱۰﴾ تم تو صرف ایسے شخص کو ڈرا سکتے ہو جو نصیحت پر چلے اور بغیر دیکھے رحمن سے ڈرے،

---

① (دوسرا ترجمہ) اس قرآن کی قسم جس کی دلیلیں بہت پکی ہیں۔

فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ﴿١١﴾ اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ۛؕ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ﴿١٢﴾

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ اِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿١٣﴾ اِذْ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ﴿١٤﴾ قَالُوْا مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ وَمَآ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ مِنْ شَيْءٍ ۙ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ﴿١٥﴾ قَالُوْا رَبُّنَا يَعْلَمُ اِنَّآ اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ﴿١٦﴾ وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿١٧﴾

سو تم اس کو مغفرت کی اور عزت والے ثواب (یعنی بدلے) کی خوش خبری سنا دو ﴿۱۱﴾ یقیناً ہم ہی (قیامت کے دن) مردوں کو زندہ کریں گے اور جو (عمل) انھوں نے آگے بھیج دیے اس کو اور (جو) ان کے نشانات (یعنی اثرات ہیں ان) کو① ہم لکھتے جاتے ہیں اور کھلی کتاب (یعنی لوح محفوظ) میں ہم نے ہر چیز کا احاطہ (ضبط) کر لیا ہے ﴿۱۲﴾

اور (اے نبی!) تم ان کے سامنے گاؤں کے لوگوں کی مثال (یعنی قصہ) بیان کرو، جب اس (گاؤں) میں بہت سارے رسول آئے تھے② ﴿۱۳﴾ جب ہم نے ان کے پاس (شروع میں) دو (رسول) بھیجے تھے③ تو ان (گاؤں والے) لوگوں نے دونوں کو جھٹلا دیا تو ہم نے ایک تیسرے (رسول) کے ذریعہ ان کی تائید کی تو یہ (تینوں) کہنے لگے: یقین رکھو، ہم سب کو تمھارے پاس بھیجا گیا ہے ﴿۱۴﴾ وہ (گاؤں والے) کہنے لگے: حقیقت میں تم ہمارے جیسے (معمولی) آدمی ہو اور رحمن نے کوئی بھی چیز نہیں اتاری، تم تو جھوٹ ہی بولتے ہو ﴿۱۵﴾ یہ کہنے لگے: ہمارے رب تو جانتے ہیں کہ یقیناً ہم کو تمھاری طرف (رسول بنا کر) بھیجا گیا ہے ﴿۱۶﴾ ہماری ذمے داری تو صرف (یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی بات) صاف صاف پہنچا دینا ہے ﴿۱۷﴾

---

① مسجد کی طرف جانے والے قدم کے نشانات یا اعمال کے نتائج جو بعد میں ظاہر ہوں۔ ”آثار خیر“

② (دوسرا ترجمہ) جب اس گاؤں میں بہت سارے (اللہ تعالیٰ کے) بھیجے ہوئے لوگ آئے تھے۔ یعنی نبی یا نبی کے جانشین تھے۔

③ مشائخین اپنے متعلقین کو مختلف شہروں میں احیائے ذکر اور دعوت توحید کے لیے بھیجیں۔

قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَىِٕنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ قَالُوْا طَآىِٕرُكُمْ مَّعَكُمْ ۭ اَىِٕنْ ذُكِّرْتُمْ ۭ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ۝ وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ۝ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْـَٔلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝

وہ (گاؤں والے) کہنے لگے: ہم نے تمھارے اندر نحوست دیکھی ہے، اگر تم (اپنے اس دعوے سے) رک نہیں گئے تو ہم تم پر ضرور پتھر برسائیں گے اور تم کو ہماری طرف سے دردناک سزا ملے گی ﴿۱۸﴾ وہ (اللہ تعالیٰ کی طرف سے بھیجے ہوئے لوگ) کہنے لگے: تمھاری نحوست (کی وجہ) تمھارے ساتھ (تو لگی ہوئی) ہے کیا (تم یہ سلوک) اس لیے (کر رہے ہو) کہ تم کو نصیحت کی گئی ہے ①؛ بلکہ تم تو حد سے آگے بڑھنے والے لوگ ہو ﴿۱۹﴾ (یہ بات پھیل گئی تو) اور شہر کے کنارے سے ② ایک (مسلمان) آدمی دوڑتا ہوا آیا (اور) کہنے لگا: اے میری قوم! تم (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) بھیجے ہوئے لوگوں کے راستے پر چلو ﴿۲۰﴾ تم ان لوگوں کے راستے پر چلو جو تم سے (تبلیغ پر) کوئی بدلہ نہیں مانگتے اور وہ لوگ خود صحیح راستے پر ہیں ﴿۲۱﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) کیا اس بات کو تم نحوست سمجھتے ہو کہ تم کو نصیحت کی جائے (نصیحت جو باعث سعادت ہے اس کو نحوست سمجھتے ہو، جس کو تم نحوست سمجھتے ہو وہ تو اللہ کے داعی کی بات نہ ماننے سے ہے)۔

② شہر کے کنارے پر رہنے والوں کو شہر کی گندی سیاست اور برے ماحول کا اثر نہیں ہوتا ہے، عام طور پر وہاں رہنے والے بھولے مخلص ہوتے ہیں۔

وَمَالِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ
بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ۝ اِنِّيْۤ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ اِنِّيْۤ اٰمَنْتُ
بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِ ۝ قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ؕ قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ ۝ بِمَا غَفَرَ لِيْ رَبِّيْ
وَجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ۝ وَمَاۤ اَنْزَلْنَا عَلٰى قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا
كُنَّا مُنْزِلِيْنَ ۝ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ ۝ يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا
يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝

اور میں اس (اللہ تعالیٰ) کی عبادت کیوں نہ کروں جس نے مجھے پیدا کیا اور تم سب کو اسی کی طرف واپس بھیجا جائے گا ﴿۲۲﴾ کیا میں اس (اللہ تعالیٰ) کو چھوڑ کر ایسوں کو معبود مانوں کہ اگر (اللہ) رحمٰن مجھے کوئی تکلیف (پہنچانے) کا ارادہ کریں تو ان (جھوٹے معبودوں) کی سفارش مجھے کچھ بھی کام نہیں آئے گی اور وہ مجھ کو چھڑا بھی نہیں سکیں گے ﴿۲۳﴾ (اگر میں ایسا کروں گا) تب تو یقیناً میں کھلم کھلی گمراہی میں پڑ جاؤں گا ﴿۲۴﴾ یقیناً میں تو تمھارے رب پر ایمان لا چکا ہوں، اب تم میری بات سن لو① ﴿۲۵﴾ اس کو کہا گیا②: تو جنت میں داخل ہو جا (تو جنت کی نعمتیں دیکھ کر) اس نے کہا: اے کاش! میری قوم کو یہ بات معلوم ہو جاتی ﴿۲٦﴾ کہ میرے رب نے مجھ کو معاف کر دیا اور مجھے عزت والے لوگوں میں شامل کر دیا ﴿۲۷﴾ اور اس (شخص) کے (شہید ہونے کے) بعد ہم نے اس کی قوم پر آسمان سے کوئی (فرشتوں کا) لشکر نہیں اتارا اور ہم کو اتارنے کی ضرورت بھی نہیں تھی ﴿۲۸﴾ وہ (سزا) تو صرف ایک بھیانک آواز تھی جس سے وہ ایک دم بجھ کر (یعنی ٹھنڈے پڑ کر) رہ گئے③ ﴿۲۹﴾ بندوں پر کیا ہی افسوس ہے! (جب بھی) کوئی رسول ان کے پاس آیا تو وہ اس کا مذاق ہی اڑاتے تھے ﴿۳۰﴾

---

① قوم کو خطاب یا رسولوں کو شاہد بنانے کے لیے خطاب۔ ② یعنی بستی والوں نے اس کو قتل کر دیا تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کو کہا گیا ہے۔ ③ حیات سے بدن میں حرارت ہے حیات ختم تو حرارت ختم۔

اَلَمۡ یَرَوۡا کَمۡ اَہۡلَکۡنَا قَبۡلَہُمۡ مِّنَ الۡقُرُوۡنِ اَنَّہُمۡ اِلَیۡہِمۡ لَا یَرۡجِعُوۡنَ ﴿۳۱﴾ وَ اِنۡ کُلٌّ لَّمَّا جَمِیۡعٌ لَّدَیۡنَا مُحۡضَرُوۡنَ ﴿۳۲﴾

وَ اٰیَۃٌ لَّہُمُ الۡاَرۡضُ الۡمَیۡتَۃُ ۚۖ اَحۡیَیۡنٰہَا وَ اَخۡرَجۡنَا مِنۡہَا حَبًّا فَمِنۡہُ یَاۡکُلُوۡنَ ﴿۳۳﴾ وَ جَعَلۡنَا فِیۡہَا جَنّٰتٍ مِّنۡ نَّخِیۡلٍ وَّ اَعۡنَابٍ وَّ فَجَّرۡنَا فِیۡہَا مِنَ الۡعُیُوۡنِ ﴿۳۴﴾ لِیَاۡکُلُوۡا مِنۡ ثَمَرِہٖ ۙ وَ مَا عَمِلَتۡہُ اَیۡدِیۡہِمۡ ؕ اَفَلَا یَشۡکُرُوۡنَ ﴿۳۵﴾

کیا انھوں نے (یہ) نہیں دیکھا کہ ہم نے ان سے پہلے قوموں (کے لوگوں) کو ہلاک کر دیا کہ وہ ان کے پاس (دنیا میں) لوٹ کر واپس نہیں آئے ﴿۳۱﴾ اور (پھر آخرت میں) یہ جتنے لوگ ہیں ان سب کو (پکڑ کر) ہمارے پاس ضرور حاضر کیا جائے گا ﴿۳۲﴾

اور ان کے لیے (اللہ تعالیٰ کی قدرت کی) ایک نشانی مردہ (یعنی خشک) زمین ہے، ہم نے اس (زمین) کو (بارش سے) زندہ کر دیا اور ہم نے اس (زمین) سے (مختلف) اناج نکالے سو اس میں سے وہ لوگ کھاتے ہیں ﴿۳۳﴾ اور ہم نے اس (زمین) میں کھجور اور انگوروں کے باغات بنا دیے اور ہم نے اس میں چشمے جاری کر دیے ﴿۳۴﴾ تاکہ وہ (لوگ) اس (باغ) کے پھلوں میں سے کھاویں؛ حالاں کہ اس (اناج اور پھلوں) کو ان کے ہاتھوں نے نہیں بنایا①، کیا پھر بھی وہ لوگ شکر ادا نہیں کرتے؟ ﴿۳۵﴾

---

① بعض مفسرین نے ''ما'' کو نفی کے لیے نہیں؛ بلکہ ''الذی'' اسم موصول کے معنی میں بتلایا ہے، تب آیت کا ترجمہ اس طرح ہوگا: ہم نے یہ سب چیزیں اس لیے پیدا کی؛ تاکہ لوگ ان کے پھل کھاویں اور انسانوں کے ہاتھوں نے جو چیز بنائی ہے (اس کو بھی کھاویں)۔ اس تفسیر سے ایک بات یہ سمجھ میں آئی کہ پھلوں میں سے انسان قسم قسم کے حلوے، اچار چٹنی تیار کرتا ہے، پھلوں میں سے تیل نکالتا ہے، مختلف پھلوں سے جام اور مربے تیار کرتا ہے، ان سب چیزوں کو بنانے کا سلیقہ اللہ نے انسان کو سکھایا ہے۔

نکتہ: دنیا میں جتنے بھی جانور ہیں ان میں سے بعض جانور نباتات، گھاس، پھوس اور پھل کھاتے ہیں اور کچھ جانور گوشت وغیرہ کھاتے ہیں؛ لیکن تمام ہی جانور مفرد غذائیں کھاتے ہیں کہ گھاس والے جانور صرف گھاس اور گوشت والے جانور صرف گوشت کھاتے ہیں، جبکہ انسان کو اللہ نے یہ سلیقہ عطا فرمایا کہ یہ مختلف چیزوں کو ملا کر اپنی غذا تیار کرتا ہے اور ایک ہی چیز میں سے متعدد قسم کے کھانے بنا لیتا ہے، یہ بھی اللہ کا احسان ہے کہ انسانوں کو یہ سب چیزیں سکھلائیں۔

سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَ مِمَّا لَا یَعْلَمُوْنَ۝ وَ اٰیَةٌ لَّهُمُ الَّیْلُ ۖۚ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَۙ۝ وَ الشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِؕ۝

پاک ہے وہ ذات جس نے ہر چیز کے جوڑے پیدا کیے (۱) اس میں سے جس کو زمین اُگاتی ہے اور خود ان انسانوں کے بھی اور ان چیزوں کے بھی جن کی (عام) لوگوں کو (ابھی تک) خبر بھی نہیں ہے ﴿۳۶﴾ اور ان (لوگوں) کے لیے (اللہ تعالیٰ کی قدرت کی) ایک (اور) نشانی رات ہے کہ ہم اس پر سے دن کو کھینچ کر اتار لیتے ہیں پھر تب ہی وہ لوگ اندھیرے میں رہ جاتے ہیں ﴿۳۷﴾ اور سورج اپنے ٹھکانے کی طرف چلتا رہتا ہے (۲) یہ اس (اللہ تعالیٰ) کا مقرر کیا ہوا نظام ہے جو بڑے زبردست ہیں، بڑے جاننے والے ہیں ﴿۳۸﴾

---

(۱) قرآن میں یہاں "اَزْوَاج" کا لفظ آیا ہے، اس کا مطلب ہوتا ہے "جوڑا" یعنی ایک دوسرے کے متقابل چیزیں جیسے مرد، عورت، نر، مادہ، اس سے یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ انسانوں کی طرح زمین سے اگنے والی تمام چیزوں میں مذکر اور مؤنث کا سلسلہ ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ دوسری تمام مخلوقات میں بھی اس طرح جوڑے ہوں۔

بعض حضرات نے "اَزْوَاج" کا مطلب "اقسام" لیا ہے، انسان میں رنگ کے اعتبار سے، جسم کی شکل وصورت کے اعتبار سے، زبان کے اعتبار سے الگ الگ قسمیں پائی جاتی ہے، اسی طرح زمین سے جو پھل اور اناج پیدا ہوتے ہیں ان میں بھی الگ الگ بہت ساری قسمیں پائی جاتی ہے، زمین، پہاڑ اور سمندروں میں ایسی بہت ساری مخلوقات ہیں جن کو ابھی تک انسان جانتا بھی نہیں ہے، ان میں بھی بہت ساری قسمیں اور جوڑ پائی جاتی ہے۔

(۲) حدیث شریف سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ سورج روزانہ چلتا رہتا ہے اور ہر روز عرش کے نیچے پہنچ کر سجدہ کرتا ہے اور نئے دورے کی اجازت مانگتا ہے، اجازت ملتے ہی نیا دور فوراً شروع کرتا ہے اور ذرہ برابر بھی وقفہ نہیں لیتا، اسی طرح اس کا سلسلہ جاری رہے گا، جیسے ایک ٹرین ہوتی ہے چلتی بھی رہتی ہے اور سگنل لائٹ کے کلر کی تبدیلی سے اجازت بھی پاتی رہتی ہے۔ قیامت کے بالکل قریب سورج اپنے معمول کے مطابق ایک روز سجدہ کر کے نئے دورے کی اجازت مانگے گا تو اس کو نئے دورے کی اجازت نہیں ملے گی اور اس کو حکم ہوگا کہ جس طرف سے تو آیا ہے اسی طرف سے لوٹ جا، ڈوبنے کی جگہ مغرب کی جانب سے پھر طلوع ہو جا اور یہ چیز قیامت کی آخری بڑی نشانیوں میں سے ہوگی اس کے بعد کسی کافر کا ایمان اور گنہگار کی توبہ قبول نہیں ہوگی (یہ مستقرِ مکانی ہوا اور مستقر زمانی یعنی قیامت تک چلتا رہے گا)

دوسرا مطلب آیت کا یہ بھی ہے کہ سورج کے لیے اللہ کی طرف سے ایک راستہ متعین کیا گیا ہے، سورج اپنے اسی متعین مدار میں ایک مضبوط نظام سے چل رہا ہے، جس دن قیامت آئے گی اس کے چلنے کا نظام ختم ہو جائے گا، گویا قیامت کے آنے تک وہ اللہ کے طرف سے بنائے نظام کے مطابق برابر چلتا رہے گا۔

وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ ۝ لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ۭ وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ۝ وَاٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ۝ وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ۝ وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ ۝ اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝ وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ۝

اور چاند کی ہم نے منزلیں مقرر کردی ہیں، یہاں تک (جب مہینے کا آخر ہوتا ہے تب) وہ کھجور کی پرانی ٹہنی کی طرح (پتلا) ہوکر رہ جاتا ہے ﴿۳۹﴾ سورج سے یہ نہیں ہوسکتا ہے کہ وہ چاند کو پکڑ لیوے اور رات دن سے آگے نہیں نکل سکتی اور (ان میں سے) ہر ایک، ایک (دائرہ کے) چکر (یعنی کھلی فضا) میں تیرتے رہتے ہیں ﴿۴۰﴾ اور ان کے لیے (اللہ تعالیٰ کی قدرت کی) ایک نشانی ہے، یہ کہ ہم نے ان کی اولاد کو بھری ہوئی کشتی پر سوار کیا ﴿۴۱﴾ اور ہم نے ان کے لیے اس (کشتی) جیسی (دوسری) چیزیں بھی پیدا کردیں جن پر وہ (لوگ) سوار ہوتے ہیں① ﴿۴۲﴾ اور اگر ہم چاہیں تو ان کو غرق کردیں، سو نہ ان کی فریاد کو پہنچنے والا کوئی ہو اور نہ ان کو (ڈوبنے سے) بچایا جاسکے ﴿۴۳﴾ مگر ہماری مہربانی سے اور (زندگی کے) ایک مقرر وقت تک مزہ اٹھانے کا ان کو موقع دیا گیا ہے (وہاں تک وہ بچے ہوئے ہیں) ﴿۴۴﴾ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تم اس (عذاب) سے بچو جو تمھارے آگے ہے اور جو تمھارے پیچھے ہے؛ تاکہ تم پر رحم کیا جائے② ﴿۴۵﴾ ان کے پاس ان کے رب کی نشانیوں میں سے کوئی بھی نشانی آتی ہے تو وہ اس سے منہ پھرا لیتے ہیں③ ﴿۴۶﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اور ہم نے ان کے لیے ایسی چیزیں بھی بنادی ہے جن پر وہ (آئندہ) سواری کریں گے (یعنی ہوائی جہاز، ٹرین وغیرہ)۔

② تو وہ لوگ ایسی بات کو سنتے ہی نہیں۔

③ بعض نے حکم کا ترجمہ کیا ہے یعنی رب کی طرف سے پہنچنے والے ہر حکم کو ٹال دیتے ہیں، مانتے نہیں۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ يَشَاۗءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗٓ ڰ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ۝ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ ۝

وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ۝ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ۜ هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ۝ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ۝

اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو روزی تم کو دی ہے اس میں سے کچھ (غریبوں پر بھی) خرچ کرو تو یہ کافر لوگ ایمان والوں سے کہتے ہیں کہ: (اے ایمان والو!) کیا ہم ایسے لوگوں کو کھانا کھلائیں جن کو اگر اللہ تعالیٰ چاہتے تو کھانا کھلاتے، تم لوگ تو محض کھلم کھلی گمراہی میں پڑے ہو ﴿۴۷﴾ اور وہ (کافر) لوگ کہتے ہیں: اگر تم سچے ہو تو (بتاؤ) یہ (قیامت کا) وعدہ کب پورا ہوگا① ؟ ﴿۴۸﴾ وہ لوگ تو صرف ایک بھیانک آواز② کا انتظار کر رہے ہیں کہ جب وہ آپس میں جھگڑتے ہوں گے③ ایسی حالت میں وہ ان کو (آ کر) پکڑے گی ﴿۴۹﴾ سو وہ لوگ وصیت بھی نہیں کر سکیں گے اور اپنے گھر والوں کے پاس واپس لوٹ کر جا بھی نہیں سکیں گے ﴿۵۰﴾

اور صور پھونک دیا جائے گا تو وہ یکایک (اپنی) قبروں سے نکل کر اپنے رب کی طرف تیزی سے چلنے لگیں گے ﴿۵۱﴾ وہ (کافر) لوگ کہیں گے کہ: ہائے ہماری بربادی، (آج) ہم کو ہماری نیند کی جگہ سے کس نے اٹھا (کر کھڑا کر) دیا؟ (ان کو جواب ملے گا) کہ یہ تو وہ (قیامت) ہے جس کا رحمٰن نے وعدہ کیا تھا اور پیغمبروں نے بالکل سچ کہا تھا ﴿۵۲﴾ وہ تو ایک زوردار آواز ہوگی کہ جس کے بعد وہ سب (اچانک) ہمارے سامنے (قیامت کے میدان میں) حاضر کر دیے جائیں گے ﴿۵۳﴾

---

① انکار اور استہزا کے طور پر سوال ہے۔

② چنگھاڑ یعنی پہلی مرتبہ صور پھونکا جانا۔

③ (دوسرا ترجمہ) حجت بازی کرتے ہوں گے۔

فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ۝ اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ۝ هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ۝ لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ۝ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ۝ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ۝ اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ۝ وَّاَنِ اعْبُدُوْنِيْ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ۝ وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ۝ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ۝ اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ۝

سو آج کے دن کسی بھی نفس پر ذرہ برابر ظلم نہیں کیا جائے گا اور تم لوگ جو کام کرتے تھے تم کو صرف اسی (کام) کا بدلہ دیا جائے گا ﴿۵۴﴾ یقیناً جنت والے آج ایک مشغلے میں لذت لے رہے ہوں گے① ﴿۵۵﴾ وہ اور ان کی بیویاں (گھنے) سایوں میں تختوں پر تکیوں سے ٹیک لگا کر بیٹھے ہوں گے ﴿۵۶﴾ ان کے لیے اس (جنت) میں میوے ہوں گے اور جو چیز بھی وہ منگوائیں گے وہ سب ان کو مل جائے گی ﴿۵۷﴾ رحمت والے رب کی طرف سے ان کو سلام کہا جائے گا② ﴿۵۸﴾ اور اے گنہگارو! آج تم (مومنوں سے) الگ ہو جاؤ ﴿۵۹﴾ اے آدم کی اولاد! کیا میں نے تم کو تاکید سے کہہ نہیں دیا تھا کہ تم لوگ شیطان کی عبادت مت کرو یقیناً وہ تو تمھارا کھلم کھلا دشمن ہے؟ ﴿۶۰﴾ اور یہ کہ تم میری ہی عبادت کرتے رہو، یہی سیدھا راستہ ہے ﴿۶۱﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ اس (شیطان) نے تم میں سے بہت ساری مخلوق کو گمراہ کر ڈالا تھا، کیا پھر بھی تم لوگ سمجھتے نہیں تھے؟ ﴿۶۲﴾ یہی جہنم ہے جس کا تم سے (کفر کی وجہ سے) وعدہ کیا گیا تھا③ ﴿۶۳﴾ آج تمھارے کفر کی وجہ سے تم سب اس میں داخل ہو جاؤ ﴿۶۴﴾

---

① دنیا میں انسان اطاعت، عبادت، ضروریات میں مشغول ہوتا ہے، بیکاری دل کو گھبرانے والی چیز ہے، لیکن جنت میں تفریحات کی مشغولی اتنی ہوگی کہ دل گھبرائے گا نہیں؛ بلکہ عمدہ لذت دار مشغولیات ہوں گی۔

② اللہ تعالیٰ فرمائیں گے السلام علیکم یا اہل الجنۃ!۔

③ (دوسرا ترجمہ) جس سے تم کو ڈرایا گیا تھا۔

ٱلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلَىٰٓ أَفْوَٰهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ أَيْدِيهِمْ وَتَشْهَدُ أَرْجُلُهُم بِمَا كَانُوا۟ يَكْسِبُونَ ﴿٦٥﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلَىٰٓ أَعْيُنِهِمْ فَٱسْتَبَقُوا۟ ٱلصِّرَٰطَ فَأَنَّىٰ يُبْصِرُونَ ﴿٦٦﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنَٰهُمْ عَلَىٰ مَكَانَتِهِمْ فَمَا ٱسْتَطَٰعُوا۟ مُضِيًّا وَلَا يَرْجِعُونَ ﴿٦٧﴾

وَمَن نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِى ٱلْخَلْقِ ۖ أَفَلَا يَعْقِلُونَ ﴿٦٨﴾ وَمَا عَلَّمْنَٰهُ ٱلشِّعْرَ وَمَا يَنۢبَغِى لَهُۥٓ ۚ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ وَقُرْءَانٌ مُّبِينٌ ﴿٦٩﴾ لِّيُنذِرَ مَن كَانَ حَيًّا وَيَحِقَّ ٱلْقَوْلُ عَلَى ٱلْكَٰفِرِينَ ﴿٧٠﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا۟ أَنَّا خَلَقْنَا لَهُم مِّمَّا عَمِلَتْ أَيْدِينَآ أَنْعَٰمًا فَهُمْ لَهَا مَٰلِكُونَ ﴿٧١﴾

آج ہم ان کے مونہوں پر مہر لگا دیں گے اور ان کے ہاتھ ہم سے بات کریں گے اور جو (گناہ) وہ کماتے تھے ان کے پاؤں اس کی گواہی دیں گے ﴿۶۵﴾ اور اگر ہم چاہیں تو (آج دنیا ہی میں) ان کی آنکھیں بالکل مٹا دیں، پھر راستے (کی تلاش) میں وہ دوڑیں گے؛ لیکن ان کو کہاں سے دکھائی دے گا؟ ﴿۶۶﴾ اور اگر ہم چاہیں تو ان کی اپنی ہی جگہ پر ہم صورتیں مسخ کر دیں① پھر نہ وہ آگے چل سکیں اور نہ پیچھے لوٹ کے آسکیں ﴿۶۷﴾

اور جس کو ہم (لمبی) عمر دیتے ہیں تو اس کو تخلیق② میں الٹا کر دیتے ہیں، کیا پھر بھی وہ لوگ سمجھتے نہیں ہیں؟ ﴿۶۸﴾ اور ہم نے اس (نبی) کو شاعری نہیں سکھائی اور وہ (شاعری) ان کے شایانِ شان بھی نہیں (ان کو جو سکھایا گیا ہے) وہ تو خالص نصیحت ہے اور قرآن ہے جو (احکام اور حقائق) کھول کھول کر بتلا دیوے ﴿۶۹﴾ تاکہ وہ (قرآن سنا کر کے) جو زندہ ہو③ اس کو ڈرا دیویں اور کافروں پر الزام (یعنی حجت) ثابت ہو جائے ﴿۷۰﴾ اور کیا ان لوگوں نے نہیں دیکھا کہ ہمارے ہاتھوں کی بنائی ہوئی چیزوں میں سے ہم نے ان کے لیے چوپائے پیدا کر دیے اور وہ ان کے مالک بنے ہوئے ہیں④ ﴿۷۱﴾

---

① یعنی ان کی صورت بدل ڈالیں؛ یعنی اپاہج کی طرح کر ڈالیں۔ ② تخلیق یعنی پیدائش، طبعی حالت۔ لمبی عمر سے ہر اعلیٰ عمدہ چیز میں کمی آتی ہے، جسمانی قوت میں کمی، اعضا کے فوائد میں کمی؛ البتہ قرآن وحدیث کی خدمت کی برکت سے عقل وفہم میں برکت ہوتی ہے۔ ③ قلب میں ایمان کی برکت سے جو روحانی حیات ہوتی ہے وہ مراد ہے۔

④ دوسرا ترجمہ "قابو میں کرتے ہیں"۔ انسان کا بڑے بھاری جانوروں کو قابو کرنا یہ بھی ایک نعمت ہے۔

وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ۝ وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ؕ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ۝ وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ۝ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ ۙ وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ۝ فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۝ اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ؕ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ۝ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ

اوران (چوپایوں) کو ہم نے ان کے قابو میں دے دیا ہے، سو ان میں سے بعض ان کی سواریاں ہیں اور ان میں سے بعض کو وہ کھاتے ہیں ﴿۷۲﴾ اور ان کے لیے ان (جانوروں) میں (دوسرے) فائدے بھی حاصل ہوتے ہیں اور پینے کی چیزیں بھی (ان کو ملتی ہیں) کیا پھر بھی وہ لوگ شکر نہیں کرتے؟ ﴿۷۳﴾ اور ان کافروں نے اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر اس امید پر دوسرے معبود بنا رکھے ہیں کہ (ان سے) ان کو مدد ملے ﴿۷۴﴾ ان (معبودوں) میں ان (کافروں) کی مدد کرنے کی طاقت ہی نہیں اور وہ (بت قیامت میں) ان (کافروں) کے لیے (مخالف) لشکر بن کر حاضر کر دیے جائیں گے ﴿۷۵﴾ اس لیے (اے نبی!) ان کی بات سے تم غمگین نہ ہو، جو چیز وہ لوگ چھپاتے ہیں اور جو چیز وہ لوگ ظاہر کرتے ہیں یقیناً ہم اس کو جانتے ہیں ﴿۷۶﴾ اور کیا انسان نے یہ نہیں دیکھا کہ ہم نے اس کو (منی کے) ایک قطرے سے پیدا کیا، پھر تب ہی وہ کھلم کھلا جھگڑا کرنے والا بن گیا① ﴿۷۷﴾ اور ہمارے بارے میں وہ عجیب بات بناتا ہے② اور وہ اپنی پیدائش کو بھول گیا③ (اور) کہتا ہے کہ پرانی (کھوکھلی) ہو چکی ہڈی کو کون زندہ کرے گا؟④ (یہ سوال کرتے وقت وہ اپنی پیدائش کو بھول گیا) ﴿۷۸﴾ تو تم (اس کو جواب میں) کہو کہ: وہ (اللہ تعالیٰ) جس نے اس کو پہلی بار پیدا کیا تھا وہی اس کو زندہ کریں گے،

---

① اور اللہ کی قدرت کا انکار کرنے لگا۔

② (دوسرا ترجمہ) ہمارے بارے میں وہ (عجیب) مثال بولتا ہے۔

③ کہ ہم نے اس کو ناپاک منی کے قطرے سے بنایا اور پھر کامل انسان بنایا۔

④ (دوسرا ترجمہ) (کافر انسان) کہتا ہے کہ کون ہڈیوں کو زندہ کرے گا: حالاں کہ وہ تو پرانی (کھوکھلی) ہو چکی ہوں گی۔

وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمُۙ۝ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ۝ اَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ۭ بَلٰى ۤ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ۝ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـــًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ۝ فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ۝

اور وہ پیدا کرنے کا ہر کام جانتے ہیں①﴿۷۹﴾ وہی (اللہ تعالیٰ) ہیں جو تمھارے لیے ہرے درخت میں سے آگ پیدا کرتے ہیں②، پھر تم اس (درخت کی آگ) سے (دوسری) آگ سلگاتے ہو ﴿۸۰﴾ اور کیا جس (اللہ تعالیٰ) نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا وہ اس بات کی قدرت نہیں رکھتے کہ وہ ان جیسے (دوسرے انسانوں) کو پیدا کردیں؟ کیوں نہیں؟ وہ تو بہت بڑے پیدا کرنے والے ہیں، بڑے جاننے والے ہیں ﴿۸۱﴾ اس (اللہ تعالیٰ) کا حکم (یعنی معمول) یہی ہے کہ وہ جب کسی چیز کا ارادہ کرتے ہیں تو اس (چیز) کو کہتے ہیں کہ ”ہوجا“ تو (اسی وقت) وہ (چیز) ہوجاتی ہے ﴿۸۲﴾ وہ (اللہ تعالیٰ تو) پاک ہے جس کے قبضے میں ہر چیز کی حکومت ہے اور تم سب کو اسی (اللہ تعالیٰ) کی طرف لے جایا جائے گا ﴿۸۳﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) وہ ہر قسم کا پیدا کرنا جانتے ہیں] (تیسرا) اور وہ (اللہ) ہر مخلوق کو خوب اچھے طریقے سے جانتے ہیں۔

② اگر ہم غور کریں تو ہر درخت کا آخری انجام آگ ہے؛ اس لیے کہ ہر درخت میں سے جو چیز بھی بنتی ہے وہ کبھی نہ کبھی جل کر یا جلا کر راکھ بنادی جاتی ہے، گویا آج کا ہرا بھرا درخت ایک نہ ایک روز آگ بن کے جلنے والا ہے۔

(عرب میں مرخ اور عفار نام کے درخت بھی ہوتے ہیں۔ ہرے بھرے درخت کی لکڑیاں رگڑ رگڑ کر اس میں سے آگ نکلتی ہے)

سورۃ الصافات

(المکیۃ)

ایاتھا:۱۸۲۔رکوعاتھا:۵۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں ایک سو بیاسی (۱۸۲) آیتیں ہیں۔سورۃ انعام کے بعد اور سورۃ لقمان سے پہلے چھپن (۵۶) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں اللہ کا حکم سننے کے انتظار میں یا عبادت کے لیے صفوں میں مل مل کر کھڑے رہنے والے فرشتوں کی قسم کھائی گئی ہے جیسے انسان جہاد کی صفوں میں اور نماز کی صفوں میں کھڑا رہتا ہے۔

نماز کے بعد اور مجلس کے بعد اس سورت کی آخری آیتیں: سبحان ربک رب العزۃ الخ پڑھنے کی فضیلت: الگ الگ تفسیر میں امام بغوی کے حوالے سے حضرت علیؓ کا یہ قول منقول ہے کہ جو شخص یہ چاہتا ہو کہ قیامت کے روز اسے بھرپور پیمانے سے اجر (بدلہ اور ثواب) ملے اسے چاہیے کہ وہ اپنی ہر مجلس کے اخیر میں یہ دعا پڑھے۔(خاص خاص فضیلتوں والی مسنون دعائیں: ص: ۹۳)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۝۱ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۝۲ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۝۳ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۝۴ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ۝۵ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ۨالْكَوَاكِبِ ۝۶ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝۷ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝۸ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۝۹

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

قسم ہے قطاریں کھڑے ہو کر صف باندھنے والوں (یعنی فرشتوں) کی ﴿۱﴾ پھر ان کی جو روک ٹوک کرتے ہیں① ﴿۲﴾ پھر (اللہ تعالیٰ کے) ذکر کی تلاوت کرنے والوں کی② ﴿۳﴾ یقین رکھو کہ تمہارے معبود تو ایک ہی ہیں ﴿۴﴾ آسمانوں کے اور زمین کے اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے اس کے رب ہیں اور (جہاں سے سورج اور دوسرے ستارے نکلتے ہیں ان) مشرقوں کے رب ہیں③ ﴿۵﴾ یقیناً ہم نے نزدیک والے آسمان کو④ ستاروں کی رونق سے سجا دیا ﴿۶﴾ اور ہر شریر شیطان سے حفاظت کا ذریعہ بنایا ہے ﴿۷﴾ اوپر کے جہان کی وہ باتیں سن نہیں سکتے⑤ اور (جب کبھی قریب جا کر سننے کی کوشش کرتے ہیں تب) ہر طرف سے ان پر مار پڑتی ہے ﴿۸﴾ (اور شیطانوں کو) بھگا دیا جاتا ہے اور ان کے لیے (آخرت میں) ہمیشہ عذاب ہوگا ﴿۹﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) جو جھڑک کر کے ڈانٹنے والے ہیں۔

② (دوسرا ترجمہ) یاد کر کر کے پڑھنے والوں کی۔ (ملائکہ اللہ کا حکم سننے یا عبادت کے لیے صف میں کھڑے رہتے ہیں اور شیاطین کو عالم بالا تک آنے سے روکتے ہیں، حصولِ برکت کے لیے آسمانی کتابیں پڑھتے ہیں یا اللہ کا ذکر کرتے ہے، اسی طرح غازی صفوں میں مقابلہ کے لیے تیار کھڑے رہ کر دشمنوں کو روک دیتا ہے اور ہر وقت احکامِ الٰہی کی تعمیل اور ذکر تلاوت میں رہتا ہے)

③ مطلب: [۱] اس سے ایک مراد یہ ہے کہ الگ الگ ستاروں کی نکلنے کی الگ الگ جگہیں [۲] سورج روزانہ الگ الگ جگہوں سے نکلتا ہے۔ ④ (دوسرا ترجمہ) دنیا سے نظر آنے والے آسمان کو۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) اوپر کی مجلس کی وہ باتیں سن نہیں سکتے (یعنی مار پڑنے کے ڈر سے دور ہی رہتے ہیں)۔

اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ﴿۱۰﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ۭ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ﴿۱۱﴾ بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَاِذَا ذُكِّرُوْا لَا يَذْكُرُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَاِذَا رَاَوْا اٰيَةً يَّسْتَسْخِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ وَقَالُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۱۶﴾ اَوَاٰبَاۗؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿۱۷﴾ قُلْ نَعَمْ وَاَنْتُمْ دَاخِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمْ يَنْظُرُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَقَالُوْا يٰوَيْلَنَا هٰذَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۲۰﴾ هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۱﴾

البتہ جو کوئی (شیطان) کوئی خبر اچک کر کے بھاگتا ہے تو ایک چمکتا ہوا شعلہ اس کا پیچھا کرتا ہے ﴿۱۰﴾ اب ذرا تم ان (کافروں) کو پوچھو: کیا ان کو پیدا کرنا زیادہ مشکل ہے یا ہماری پیدا کی ہوئی دوسری مخلوق کو؟① حقیقت میں ہم نے ہی ان (انسانوں) کو چپکتی ہوئی مٹی سے پیدا کیا ہے ﴿۱۱﴾ بلکہ (اے نبی!) تم تو (ان ایمان کا انکار کرنے والی کی باتوں پر) تعجب کرتے ہو اور وہ (تمھاری باتوں کا) مذاق اڑاتے ہیں ﴿۱۲﴾ اور جب ان کو نصیحت کی جاتی ہے تو وہ نصیحت مانتے نہیں ہیں ﴿۱۳﴾ اور جب وہ لوگ کسی آیت (یعنی معجزہ) کو دیکھتے ہیں تو (اور زیادہ) مذاق اڑاتے ہیں ﴿۱۴﴾ اور وہ لوگ کہتے ہیں کہ یہ تو کھلم کھلا جادو ہی ہے ﴿۱۵﴾ کیا جب ہم مرجائیں گے اور ہم مٹی اور ہڈیاں ہوجائیں گے تو کیا ہم کو پھر سے زندہ کیا جائے گا؟ ﴿۱۶﴾ اور کیا ہمارے اگلے باپ دادوں کو بھی (دوبارہ زندہ کیا جائے گا)؟ ﴿۱۷﴾ تو تم (ان کو) کہو: ہاں! اور (تمھاری حالت یہ ہوگی کہ) تم ذلیل بھی ہوں گے② ﴿۱۸﴾ یقیناً وہ تو ایک زوردار آواز ہوگی جس کے بعد وہ سب (زندہ ہوکر) اچانک دیکھنے لگیں گے ﴿۱۹﴾ اور وہ کہنے لگیں گے: ہائے افسوس! یہ حساب (یعنی بدلہ) کا دن ہے ﴿۲۰﴾ (ان کو کہا جائے گا) یہ تو فیصلے کا دن ہے جس کو تم (دنیا میں) جھٹلایا کرتے تھے ﴿۲۱﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) یا جتنی مخلوق ہم نے بنائی ہے ان کو۔

② یعنی دوسری مرتبہ زندہ کرکے اٹھائے جاؤ گے تب۔

اُحْشُرُوا الَّذِينَ ظَلَمُوا وَأَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوا يَعْبُدُونَ ۝ مِن دُونِ اللَّهِ فَاهْدُوهُمْ إِلَىٰ
صِرَاطِ الْجَحِيمِ ۝ وَقِفُوهُمْ إِنَّهُم مَّسْئُولُونَ ۝ مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُونَ ۝ بَلْ هُمُ الْيَوْمَ
مُسْتَسْلِمُونَ ۝ وَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ يَتَسَاءَلُونَ ۝ قَالُوا إِنَّكُمْ كُنتُمْ تَأْتُونَنَا
عَنِ الْيَمِينِ ۝ قَالُوا بَل لَّمْ تَكُونُوا مُؤْمِنِينَ ۝ وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُم مِّن سُلْطَانٍ ۚ بَلْ
كُنتُمْ قَوْمًا طَاغِينَ ۝ فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَا ۖ إِنَّا لَذَائِقُونَ ۝ فَأَغْوَيْنَاكُمْ إِنَّا كُنَّا
غَاوِينَ ۝ فَإِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُونَ ۝ إِنَّا كَذَٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِينَ ۝

(فرشتوں کو حکم دیا جائے گا کہ) تم ظالموں کو اور ان کی بیویوں کو① ور جن کی یہ لوگ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر عبادت کرتے تھے ان سب کو جمع کر کے لے آؤ سو ان کو جہنم کا راستہ دکھاؤ② ﴿۲۲﴾﴿۲۳﴾ اور ان کو ذرا کھڑا رکھو؛ کیوں کہ ان سے پوچھا جائے گا ﴿۲۴﴾ (اے مجرمو!) تم کو کیا ہو گیا کہ آپس میں ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے؟ ﴿۲۵﴾ بلکہ وہ تو آج آپس میں ایک دوسرے کو پکڑ واتے ہوں گے③ ﴿۲۶﴾ اور وہ ایک دوسرے کی طرف منہ کر کے آپس میں سوال جواب کرنے لگیں گے ﴿۲۷﴾ وہ (ماتحت لوگ سرداروں سے) کہیں گے کہ: یقیناً تم لوگ ہم پر پوری طاقت کے ساتھ (گمراہ کرنے کے لیے چڑھ کر) آئے تھے④ ﴿۲۸﴾ تو وہ (سردار لوگ) کہیں گے: بلکہ تم خود ہی ایمان نہیں لائے تھے ﴿۲۹﴾ اور ہمارا تمھارے اوپر کوئی زور ہی نہیں تھا: بلکہ تم ہی حد سے نکل جانے والے لوگ تھے ﴿۳۰﴾ سو ہم سب پر ہمارے رب کی بات ثابت ہو گئی ہے کہ ہم سب کو (جہنم میں عذاب کا) مزہ چکھنا ہی ہے ﴿۳۱﴾ سو ہم نے تم کو گمراہ کیا تھا (جیسے) ہم خود بھی گمراہ تھے ﴿۳۲﴾ سو وہ سب کے سب (یعنی سردار اور عوام) اس دن عذاب میں ایک دوسرے کے ساتھ شریک ہوں گے ﴿۳۳﴾ یقیناً ہم (ایسے) گنہگاروں کے ساتھ ایسا ہی سلوک کرتے ہیں ﴿۳۴﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) ان کے ساتھیوں کو، یعنی ہم مشرب لوگوں کو۔
② (دوسرا ترجمہ) ان کو جہنم کے راستے کی طرف چلاؤ۔
③ (دوسرا ترجمہ) بلکہ وہ آج کے دن سر جھکا کر کھڑے ہوں گے۔
④ بعض نے "یمین" کو قسم کے معنی میں لیا ہے: یعنی رسول کی تعلیم غلط ہے اس بات کی تم قسم کھا کر آتے تھے۔

اِنَّهُمْ كَانُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ۙ يَسْتَكْبِرُوْنَ ۙ﴿۳۵﴾ وَيَقُوْلُوْنَ اَئِنَّا لَتَارِكُوْٓا اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ ۭ﴿۳۶﴾ بَلْ جَاۗءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳۷﴾ اِنَّكُمْ لَذَاۗىِٕقُوا الْعَذَابِ الْاَلِيْمِ ۚ﴿۳۸﴾ وَمَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۙ﴿۳۹﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۴۰﴾ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ ۙ﴿۴۱﴾ فَوَاكِهُ ۚ وَهُمْ مُّكْرَمُوْنَ ۙ﴿۴۲﴾ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۙ﴿۴۳﴾ عَلٰي سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۴۴﴾ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ۙ﴿۴۵﴾ بَيْضَاۗءَ لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ﴿۴۶﴾ لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ عِيْنٌ ۙ﴿۴۸﴾

یقیناً ان کی حالت ایسی تھی کہ جب ان کو کہا جاتا تھا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے تو وہ لوگ تکبر کرتے تھے①﴿۳۵﴾ اور وہ تو (یوں) کہتے تھے کہ: کیا ہم ایک دیوانے، شاعر (کے کہنے) کی وجہ سے ہمارے معبودوں کو چھوڑ دیں؟ ﴿۳۶﴾ حالاں کہ وہ (نبی) تو سچا دین لے کر آئے ہیں اور (دوسرے) سب رسولوں کو سچا بتاتے ہیں ﴿۳۷﴾ یقیناً تم لوگ دردناک عذاب (کا مزہ) چکھ کر رہو گے ﴿۳۸﴾ اور تم جو کام کرتے تھے تم کو ان ہی کاموں کی سزا دی جائے گی ﴿۳۹﴾ مگر اللہ تعالیٰ کے جو خاص چنے ہوئے بندے ہیں②﴿۴۰﴾ یہ وہ ہیں کہ ان کے لیے مقرر کی ہوئی روزی ہے③ ﴿۴۱﴾ میوے ہیں اور نعمتوں کے باغات میں، ان کی پوری پوری عزت ہوگی ﴿۴۲﴾ ﴿۴۳﴾ (اونچے) تختوں پر ایک دوسرے کے آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے ﴿۴۴﴾ صاف سفید رنگ کی (بہتی) شراب کے پیالے ان کے سامنے (خادم لوگ لے کر) گھومتے ہوں گے ﴿۴۵﴾ پینے والوں کے لیے مزیدار ہوگی ﴿۴۶﴾ اس کی وجہ سے سر بھی نہیں چکرائے گا اور اس کو پی کر وہ عقل بھی نہیں کھو بیٹھیں گے ﴿۴۷﴾ اور ان کے پاس نیچی④ نظروں والی بڑی آنکھوں والی (حوریں) ہوں گی ﴿۴۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اکڑ دکھاتے تھے۔ ② یعنی وہ عذاب سے بچے رہیں گے۔

③ (دوسرا ترجمہ) ان کے لیے ایسی روزی ہے جن کا حال (قرآن میں) معلوم (ہو چکا) ہے۔

④ یعنی شرم حیا سے ان کی نظریں نیچی رہے گی یعنی جن کی نظر شوہر کے سوا کسی طرف نہ اٹھے ویسی۔ ایک مطلب یہ بھی ہے کہ اپنے حسن وجمال کی وجہ سے اپنے شوہر کی نظر نیچی کر دے گی کہ کسی دوسرے کی طرف اٹھنے ہی نہ دے گی۔

نوٹ: جنت کی عورتیں نیچی نظر والی، دنیا کی عورتوں کے لیے بھی اسی وصف میں دنیا و آخرت کی جنت ہے۔

كَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ ۝ فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ۝ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ اِنِّیْ كَانَ لِیْ قَرِيْنٌ ۝ يَّقُوْلُ اَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِيْنَ ۝ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَدِيْنُوْنَ ۝ قَالَ هَلْ اَنْتُمْ مُّطَّلِعُوْنَ ۝ فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِیْ سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ۝ قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ كِدْتَّ لَتُرْدِيْنِ ۝ وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّیْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ۝ اَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِيْنَ ۝ اِلَّا مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ۝ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

ایسا لگے گا کہ وہ (حوریں) چھپے ہوئے انڈے ہیں①﴿۴۹﴾ پھر وہ (جنتی لوگ) ایک دوسرے کی طرف منہ کر کے آپس میں سوال (یعنی بات چیت) کریں گے②﴿۵۰﴾ تو ان (جنت والوں) میں سے ایک کہنے والا (اپنی مجلس والوں سے) کہے گا کہ: میرا تو ایک (دنیا میں) ساتھی تھا﴿۵۱﴾ وہ (مجھ کو تعجب سے یوں) کہا کرتا تھا کہ کیا تو بھی (آخرت کو) سچا ماننے والوں میں سے ہے؟﴿۵۲﴾ (اور وہ مجھے یوں بھی کہتا تھا کہ) کیا ہم لوگ جب مر کر مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے تب کیا ہم کو (ہمارے کاموں کا دوبارہ زندہ کر کے) بدلہ دیا جائے گا؟﴿۵۳﴾ وہ (اللہ تعالیٰ) فرمائیں گے: کیا تم (اس ساتھی کو) جھانک کر دیکھو گے؟﴿۵۴﴾ تو وہ (جنتی دوست) جھانک کر کے دیکھے گا تو وہ اس کو جہنم کے بیچوں بیچ پڑا دیکھے گا﴿۵۵﴾ تو وہ (جنتی) کہے گا: اللہ تعالیٰ کی قسم! کہ تو تو مجھ کو بالکل ہلاک ہی کر ڈالتا﴿۵۶﴾ اور اگر میرے رب کا میرے اوپر فضل نہ ہوتا تو میں بھی پکڑ کر (جہنم میں) لایا جاتا﴿۵۷﴾③ کیا سوائے پہلی مرتبہ (دنیا میں) ہمارے مر چکنے کے اب ہم کو مرنا نہیں ہے؟ اور ہم کو عذاب نہیں ہوگا④؟﴿۵۸﴾،﴿۵۹﴾ (جنتی نعمتیں جنت میں ملی وہ) حقیقت میں یہی بہت بڑی کامیابی ہے﴿۶۰﴾

---

①: [۱] بعض مفسرین نے شتر مرغ کی انڈے مراد لیے ہیں جو نہایت خوبصورت ہوتے ہیں ان کے ساتھ تشبیہ دی ہے۔
[۲] ایسی سفیدی جس میں زردی بھی ہو جیسے دیسی مرغوں کے انڈے میں ہوتا ہے ایسا رنگ مراد ہے۔
[۳] انڈے کے چھلکے کے نیچے ایک جھلی ہوتی ہے جو نرم و نازک ہوتی ہے، نرمی اور نزاکت میں تشبیہ دینا ہے۔
② (دوسرا ترجمہ) آپس میں حالات پوچھیں گے۔ ③ پھر وہ جنتی خوشی سے اپنے دوسرے مجلس کے ساتھی سے کہے گا۔
④ اللہ تعالیٰ نے جو تمام تکلیفوں سے بچا لیا اور جنت ملی اس پر خوشی کے جوش میں یہ باتیں کہی جاوے گی۔

لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ ﴿٦١﴾ اَذٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا اَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ﴿٦٢﴾ اِنَّا جَعَلْنٰهَا فِتْنَةً لِّلظّٰلِمِيْنَ ﴿٦٣﴾ اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِيْٓ اَصْلِ الْجَحِيْمِ ﴿٦٤﴾ طَلْعُهَا كَاَنَّهٗ رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ ﴿٦٥﴾ فَاِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ مِنْهَا فَمٰلِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿٦٦﴾ ثُمَّ اِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿٦٧﴾ ثُمَّ اِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَاِلَى الْجَحِيْمِ ﴿٦٨﴾ اِنَّهُمْ اَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ ضَآلِّيْنَ ﴿٦٩﴾ فَهُمْ عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ يُهْرَعُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٧١﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿٧٢﴾ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿٧٣﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٧٤﴾

وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ ﴿٧٥﴾ وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿٧٦﴾

اس جیسی کامیابی (حاصل کرنے) کے لیے عمل کرنے والوں کو عمل کرنا چاہیے ﴿٦١﴾ کیا یہ مہمانی اچھی ہے یا زقوم کا درخت؟ ﴿٦٢﴾ یقیناً ہم نے اس (درخت) کو ظالموں کے لیے ایک فتنہ① بنا دیا ہے ﴿٦٣﴾ یقیناً وہ ایک ایسا درخت ہے جو جہنم کی جڑ میں سے نکلتا ہے ﴿٦٤﴾ اس کا خوشہ ایسا ہے جیسے کہ شیطانوں کے سر ہوتے ہیں ﴿٦٥﴾ سو وہ (جہنمی لوگ) اس (زقوم) کو کھائیں گے اور اس سے (اپنے) پیٹوں کو بھریں گے ﴿٦٦﴾ یقیناً پھر ان لوگوں کو اس (زقوم) کے اوپر سے سخت کھولتا ہوا پانی (یعنی پیپ) ملا کر دیا جائے گا ﴿٦٧﴾ (ان سب تکلیف کے بعد عذاب ختم نہ ہوگا؛ بلکہ) پھر جہنم کی (آگ کی) طرف وہ لوگ ضرور لوٹیں گے② ﴿٦٨﴾ (سزا کی وجہ یہ ہوگی) کہ انھوں نے اپنے باپ دادوں کو گمراہی کی حالت میں پایا ﴿٦٩﴾ پھر وہ انہی کے قدم کے نشان پر تیزی سے دوڑتے ہوئے چلے گئے ﴿٧٠﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ ان سے پہلے اگلوں کے اکثر لوگ گمراہ ہو چکے ہیں ﴿٧١﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ ہم ان میں ڈرانے والے بھیجتے ہی رہے ﴿٧٢﴾ سو تم دیکھو کہ ڈرائے گئے لوگوں کا انجام کیسا ہوا؟ ﴿٧٣﴾ مگر اللہ کے چنے ہوئے بندے (وہ عذاب سے محفوظ رہے) ﴿٧٤﴾

اور پکی بات یہ ہے کہ نوح (علیہ السلام) نے ہم کو پکارا تو ہم (ان کی پکار کا) بہت ہی اچھے جواب دینے والے تھے ﴿٧٥﴾ اور ہم نے اس (نوح) کو اور اس کے اہل کو بڑی گھبراہٹ سے بچا لیا ﴿٧٦﴾

---

① یعنی عذاب کا ذریعہ یا امتحان کا ذریعہ۔ (وہ یوں کہتے تھے کہ جہنم کی آگ میں درخت کیسے زندہ رہے گا؟)

② یعنی ان کا ٹھکانا جہنم ہی ہوگا اس سے چھوٹ نہ پاویں گے۔

وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِيْنَ ۝ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ۝ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ۝ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ۝ وَاِنَّ مِنْ شِيْعَتِهٖ لَاِبْرٰهِيْمَ ۝ اِذْ جَآءَ رَبَّهٗ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ۝ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَاذَا تَعْبُدُوْنَ ۝ اَئِفْكًا اٰلِهَةً دُوْنَ اللّٰهِ تُرِيْدُوْنَ ۝ فَمَا ظَنُّكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُوْمِ ۝ فَقَالَ اِنِّيْ سَقِيْمٌ ۝ فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِيْنَ ۝ فَرَاغَ اِلٰٓى اٰلِهَتِهِمْ فَقَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ۝ مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ ۝

اور ہم نے اس (نوح) کی اولاد (یعنی نسل) کو ہی باقی رکھا① ﴿۷۷﴾ اور (نوح علیہ السلام کے) بعد میں آنے والے لوگوں میں ہم نے اس کے لیے یہ بات باقی رہنے دی کہ ﴿۷۸﴾ (وہ ایسا کہتے رہیں) نوح (علیہ السلام) پر تمام عالموں میں سلام ہو ﴿۷۹﴾ یقیناً ہم نیکی کرنے والوں کو اسی طرح بدلہ دیتے ہیں ﴿۸۰﴾ یقیناً وہ (نوح علیہ السلام) ہمارے ایمان لانے والے بندوں میں سے تھے ﴿۸۱﴾ پھر ہم نے دوسروں کو ڈبو دیا ﴿۸۲﴾ اور یقیناً اس (نوح) کے طریقوں پر چلنے والوں میں ابراہیم (علیہ السلام) بھی تھے ﴿۸۳﴾ جب کہ وہ (ابراہیم علیہ السلام) اپنے رب کے پاس صاف ستھرا دل لے کر آئے ﴿۸۴﴾ جب کہ اس (ابراہیم) نے اپنے ابا اور اپنی قوم سے کہا: تم کس چیز کی عبادت کرتے ہو؟ ﴿۸۵﴾ کیا اللہ کو چھوڑ کر جھوٹے بنائے ہوئے معبودوں کو تم لوگ چاہتے ہو ﴿۸۶﴾ سو تمام عالموں کے رب کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے؟ ﴿۸۷﴾ سو اس (ابراہیم علیہ السلام) نے ستاروں کی طرف ایک نظر ڈال کر دیکھا ﴿۸۸﴾ سو اس (ابراہیم علیہ السلام) نے کہا: میری طبیعت ٹھیک نہیں ہے② ﴿۸۹﴾ پھر قوم کے لوگ پیٹھ پھرا کر اس (ابراہیم علیہ السلام) کے پاس سے چلے گئے③ ﴿۹۰﴾ پھر وہ (ابراہیم) ان کے (بنائے ہوئے) بتوں (کے مندر) میں چپکے سے گھس گئے، سو اس (ابراہیم) نے بتوں سے کہا: تم (یہ چڑھاوے) کھاتے کیوں نہیں ہو؟ ﴿۹۱﴾ تم کو کیا ہو گیا، بولتے (کیوں) نہیں؟ ﴿۹۲﴾

---

① حضرت نوح علیہ السلام کے تین بیٹے سام، حام، یافث سے پوری دنیا کی انسانیت چلی۔ ② (دوسرا ترجمہ) میں بیمار ہونے والا ہوں۔ ③ یعنی حضرت ابراہیم کا عذر سن کر ان کو چھوڑ کر کے قوم کے لوگ میلے میں چلے گئے۔

فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًا بِالْيَمِينِ ﴿۹۳﴾ فَأَقْبَلُوا إِلَيْهِ يَزِفُّونَ ﴿۹۴﴾ قَالَ أَتَعْبُدُونَ مَا تَنْحِتُونَ ﴿۹۵﴾ وَاللَّهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُونَ ﴿۹۶﴾ قَالُوا ابْنُوا لَهُ بُنْيَانًا فَأَلْقُوهُ فِي الْجَحِيمِ ﴿۹۷﴾ فَأَرَادُوا بِهِ كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ الْأَسْفَلِينَ ﴿۹۸﴾ وَقَالَ إِنِّي ذَاهِبٌ إِلَىٰ رَبِّي سَيَهْدِينِ ﴿۹۹﴾ رَبِّ هَبْ لِي مِنَ الصَّالِحِينَ ﴿۱۰۰﴾ فَبَشَّرْنَاهُ بِغُلَامٍ حَلِيمٍ ﴿۱۰۱﴾ فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ يَا بُنَيَّ إِنِّي أَرَىٰ فِي الْمَنَامِ أَنِّي أَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرَىٰ ۚ قَالَ يَا أَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۖ سَتَجِدُنِي إِنْ شَاءَ اللَّهُ مِنَ الصَّابِرِينَ ﴿۱۰۲﴾

پھر پوری طاقت سے مارتے ہوئے ان (بتوں) پر ٹوٹ پڑے ① ﴿۹۳﴾ پھر وہ (ابراہیم علیہ السلام کی قوم کے) لوگ ان کے پاس دوڑتے ہوئے ② آئے ﴿۹۴﴾ اس (ابراہیم علیہ السلام) نے کہا: جن کو تم خود تراشتے ہو، کیا تم انہی کی عبادت کرتے ہو؟ ﴿۹۵﴾ حالاں کہ اللہ تعالیٰ نے تم کو (بھی) اور جو کچھ تم بناتے ہو اس کو (بھی) پیدا کیا ﴿۹۶﴾ (قوم کے) لوگوں نے کہا کہ: اس (ابراہیم) کے لیے ایک عمارت بناؤ اور اس (ابراہیم) کو آگ کے ڈھیر میں پھینک دو ﴿۹۷﴾ پھر انھوں نے اس (ابراہیم علیہ السلام) کے خلاف ایک برا منصوبہ بنانے کا ارادہ کیا؛ لیکن ہم نے ان کو نیچا کر کے دکھا دیا ﴿۹۸﴾ اور ابراہیم علیہ السلام نے کہا: میں تو اپنے رب کی طرف ہجرت کر کے جا رہا ہوں، وہی مجھ کو (دوسری اچھی جگہ جانے کا) ضرور راستہ بتلائیں گے ﴿۹۹﴾ اے میرے رب! مجھ کو کوئی نیک بیٹا عطا کیجیے ③ ﴿۱۰۰﴾ پس ہم نے اس (ابراہیم علیہ السلام) کو ایک تحمل کرنے والے بیٹے کی خوش خبری دی ④ ﴿۱۰۱﴾ پھر وہ لڑکا جب اس (ابراہیم علیہ السلام) کے ساتھ چلنے پھرنے کے لائق ہو گیا ⑤ تو (ابراہیم علیہ السلام) نے کہا: اے میرے بیٹے! میں خواب میں دیکھتا ہوں کہ میں تم کو ذبح کر رہا ہوں تو سوچ لو تمھاری کیا رائے ہے؟ بیٹے نے کہا کہ: اے میرے ابا! آپ کو جو حکم دیا جا رہا ہے اس کو کر ڈالیے، ان شاء اللہ! آپ مجھے صبر کرنے والوں میں سے پائیں گے ﴿۱۰۲﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) پھر ان پر پوری قوت کے ساتھ جا پڑے اور مارنے لگے آیت میں "یمین" کا لفظ ہے، بعض حضرات نے اس کا ترجمہ داہنے ہاتھ سے بتوں کو مارنے سے کیا ہے۔ ② گھبراتے ہوئے غصے میں۔ ③ یہ دعا عراق سے ملک شام پہنچ جانے کے بعد مانگی ہے۔ ④ حلیم کا ایک معنی ہے باوقار، جو آدمی غضب کی وجہ سے جوش میں نہ آوے؛ بلکہ طبیعت اور نفس کو قابو میں رکھے۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام مراد ہے۔ ⑤ (دوسرا ترجمہ) کام میں مدد کرنے کے لائق ہو گیا۔

فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ ﴿۱۰۳﴾ وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ ﴿۱۰۴﴾ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا ۚ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِيْنُ ﴿۱۰۶﴾ وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۰۷﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ سَلٰمٌ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿۱۰۹﴾ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۱۰﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۱﴾ وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اِسْحٰقَ ۭ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَّظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ مُبِيْنٌ ﴿۱۱۳﴾

سوجس وقت (اللہ تعالیٰ کا) حکم پورا کرنے کے لیے وہ دونوں (باپ اور بیٹے) تیار ہو گئے اوراس (ابراہیم علیہ السلام) نے اپنے بیٹے کو (ذبح کرنے کے لیے) پیشانی کے بل پچھاڑ دیا① ﴿۱۰۳﴾ اور ہم نے اس کو آواز لگائی کہ: اے ابراہیم! (شاباش) ﴿۱۰۴﴾ تم نے تو خواب پوری طرح سچا کر کے دکھا دیا، یقیناً ہم نیکی کرنے والوں کو اسی طرح بدلہ دیتے ہیں② ﴿۱۰۵﴾ یقیناً وہ تو ایک کھلا ہوا امتحان تھا ﴿۱۰۶﴾ اور ہم نے ایک بڑا جانور ذبح کرنے کے واسطے دے کر اس (بچے) کو بچالیا ﴿۱۰۷﴾ اور (اس ابراہیم علیہ السلام کے) بعد میں آنے والے لوگوں میں ہم نے اس کے لیے یہ بات باقی رہنے دی ﴿۱۰۸﴾ کہ (وہ ایسا کہتے رہیں کہ) ابراہیم پر سلام ہو ﴿۱۰۹﴾ ہم نیکی کرنے والوں کو اسی طرح بدلہ دیتے ہیں ﴿۱۱۰﴾ یقیناً وہ (ابراہیم علیہ السلام) ہمارے ایمان لانے والے بندوں میں سے تھے ﴿۱۱۱﴾ اور ہم نے اس (ابراہیم علیہ السلام) کو اسحاق (جیسے بیٹے) کی خوش خبری دی، جو نیک لوگوں میں سے نبی ہوں گے ﴿۱۱۲﴾ اور ہم نے ان (ابراہیم علیہ السلام) پر اور اسحاق پر برکت اتاری اور ان دونوں کی اولاد میں سے کچھ لوگ تو نیک عمل کرنے والے تھے اور کچھ لوگ (گناہ کر کے) اپنی جان پر کھلا ظلم کرنے والے تھے ﴿۱۱۳﴾

---

① پیشانی کا ایک کنارہ زمین سے چھونے لگا۔

② علامہ انور شاہ کشمیریؒ فرماتے ہیں کہ: حضرت ابراہیمؑ نے خواب میں یہ نہیں دیکھا تھا کہ **"أني ذبحتك"** کہ میں نے اسماعیل کو ذبح کر دیا؛ بلکہ یہ دیکھا تھا کہ **"أني أذبحك"** کہ میں ذبح کر رہا ہوں یعنی ذبح کا جو فعل ہے "گردن پر چھری چلانا" وہ کر رہا ہوں، سو بیداری میں اتنا کرنے سے جتنا خواب میں دیکھا تھا اتنا پورا ہو گیا، آپ سچے ثابت ہو گئے۔

وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَنَجَّيْنٰهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۱۵﴾ وَنَصَرْنٰهُمْ فَكَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ وَاٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَهَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿۱۱۸﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۰﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ اِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَاِنَّ اِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّتَذَرُوْنَ اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ ﴿۱۲۵﴾ اللّٰهَ رَبَّكُمْ وَرَبَّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۲۸﴾

اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) اور ہارون (علیہ السلام) پر (بھی) احسان کیا ﴿۱۱۴﴾ اور ہم نے ان دونوں (موسیٰ اور ہارون) کو اور ان دونوں کی قوم (بنی اسرائیل) کو بڑی مصیبت (یعنی گھبراہٹ) سے بچالیا① ﴿۱۱۵﴾ اور ہم نے ان کی مدد کی، جس کے نتیجے میں وہی لوگ غالب آگئے ﴿۱۱۶﴾ اور ہم نے ان دونوں کو ایسی کتاب دی جو بالکل ظاہر تھی ﴿۱۱۷﴾ اور ہم نے ان دونوں کو سیدھا راستہ سمجھادیا② ﴿۱۱۸﴾ اور (موسیٰ اور ہارون علیہ السلام کے) بعد میں آنے والے لوگوں میں ہم نے ان دونوں کے لیے یہ بات باقی رہنے دی ﴿۱۱۹﴾ (کہ وہ ایسا کہتے رہیں) کہ: موسیٰ اور ہارون پر سلام ہو ﴿۱۲۰﴾ یقیناً ہم نیکی کرنے والوں کو اسی طرح بدلہ دیتے ہیں ﴿۱۲۱﴾ یقیناً وہ دونوں (موسیٰ اور ہارون علیہ السلام) ہمارے (کامل) ایمان لانے والے بندوں میں سے تھے ﴿۱۲۲﴾ اور یقیناً الیاس (علیہ السلام) بھی رسولوں میں سے تھے ﴿۱۲۳﴾ جب اس نے اپنی قوم سے کہا: کیا تم لوگ (اللہ تعالیٰ سے) ڈرتے نہیں ہو؟ ﴿۱۲۴﴾ کیا تم بعل (دیوتا) کو پکارتے ہو اور سب سے اچھے بنانے والے (اللہ تعالیٰ) کو تم لوگ چھوڑ دیتے ہو؟ ﴿۱۲۵﴾ اللہ تعالیٰ تو تمھارے رب ہیں اور تمھارے اگلے باپ دادوں کے (بھی) رب ہیں ﴿۱۲۶﴾ سو ان لوگوں نے اس (الیاس علیہ السلام) کو جھٹلا دیا، سو یقیناً وہ سب (قیامت میں) پکڑ کے حاضر کر دیے جائیں گے ﴿۱۲۷﴾ مگر اللہ تعالیٰ کے چنے ہوئے بندے (وہ عذاب سے محفوظ رہیں گے) ﴿۱۲۸﴾

---

① فرعون کی طرف سے زیادتیاں۔ ② (دوسرا ترجمہ) سیدھے راستے پر قائم رکھا۔

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْآخِرِيْنَ ﴿١٢٩﴾ سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلْ يَاسِيْنَ ﴿١٣٠﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٣١﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٣٢﴾ وَاِنَّ لُوْطًا لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٣٣﴾ اِذْ نَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿١٣٤﴾ اِلَّا عَجُوْزًا فِي الْغٰبِرِيْنَ ﴿١٣٥﴾ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿١٣٦﴾ وَاِنَّكُمْ لَتَمُرُّوْنَ عَلَيْهِمْ مُّصْبِحِيْنَ ﴿١٣٧﴾ وَبِالَّيْلِ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿١٣٨﴾

وَاِنَّ يُوْنُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٣٩﴾ اِذْ اَبَقَ اِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿١٤٠﴾

اور (الیاس علیہ السلام کے) بعد میں آنے والے لوگوں میں ہم نے اس کے لیے یہ بات باقی رہنے دی ﴿١٢٩﴾ (کہ وہ ایسا کہتے رہیں) کہ: الیاسین پر سلام ہو① ﴿١٣٠﴾ یقیناً ہم نیکی کرنے والوں کو اسی طرح بدلہ دیتے ہیں ﴿١٣١﴾ یقیناً وہ (الیاس) ہمارے (کامل) ایمان لانے والے بندوں میں سے تھے ﴿١٣٢﴾ اور یقیناً لوط (علیہ السلام) بھی رسولوں میں سے تھے ﴿١٣٣﴾ (وہ واقعہ یاد کرو) جب ہم نے اس (لوط) کو اور اس کے سب گھر والوں کو (عذاب سے) بچالیا ﴿١٣٤﴾ مگر ایک بڑھیا② جو پیچھے رہ جانے والوں میں سے تھی ﴿١٣٥﴾ پھر ہم نے دوسروں کو ہلاک کر دیا ﴿١٣٦﴾ اور یقیناً (اے مکہ والو!) تم اس (لوط علیہ السلام کی ہلاک کی ہوئی بستیوں سے کبھی تو) صبح کے وقت ان پر گزرتے ہو ﴿١٣٧﴾ اور (کبھی تو) رات کے وقت (گزرا کرتے ہو)③، پھر بھی کیا تم سمجھتے نہیں ہو④ ﴿١٣٨﴾

اور یقیناً یونس (علیہ السلام) بھی رسولوں میں سے تھے ﴿١٣٩﴾ جب وہ (اپنی قوم سے) بھاگ کر⑤ (مسافروں سے) بھری ہوئی کشتی میں پہنچ گئے ﴿١٤٠﴾

---

①: [١] الیاسین سے مراد خود حضرت الیاس علیہ السلام ہے اور سابقہ آیت سے یہی معلوم ہوتا ہے۔ عربوں کی عادت ہے کہ جب عجمی نام عربوں میں آتے ہیں تو "یا" اور "نون" بڑھا دیتے ہیں تو الیاس عجمی نام ہے یا اور نون بڑھ گیا تو الیاسین ہو گیا جیسے سینا سے سینین ہو گیا [٢] ان کے ابا کا نام یاسین ہے اور ایک قرأت میں آل یاسین آیا ہے؛ اس لیے معنیٰ ہو گا کہ یاسین کی اولاد، اس لیے الیاس علیہ السلام ہی ہوئے [٣] الیاسین سے مراد حضرت الیاس علیہ السلام کو ماننے والے لوگ۔

② یعنی ان کی بیوی۔ ③ مکہ سے جو قافلے تجارت کے لیے ملک شام جاتے تھے ان کے چلنے کی ترتیب ایسی ہوتی کہ جاتے وقت عام طور پر صبح کے وقت قوم لوط کے کھنڈرات سے گزرتے اور واپسی میں عام طور پر رات کے وقت وہاں سے گزرتے۔ ④ کہ کفر کرنے والوں کا کیسا انجام ہوا ہے۔ ⑤ حضرت یونس علیہ السلام وحی کے انتظار کے بغیر روانہ ہوئے اسی کو بھاگنے سے تعبیر کیا؛ اس لیے کہ نبی کو ہجرت کے لیے بھی اللہ کی طرف سے ہجرت کے حکم کی ضرورت پڑتی ہے۔

فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ ۝ فَالْتَقَمَهُ الْحُوْتُ وَهُوَ مُلِيْمٌ ۝ فَلَوْلَآ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ۝ لَلَبِثَ فِيْ بَطْنِهٖٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ۝ فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ سَقِيْمٌ ۝ وَاَنْۢبَتْنَا عَلَيْهِ شَجَرَةً مِّنْ يَّقْطِيْنٍ ۝ وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ ۝ فَاٰمَنُوْا فَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ۝ فَاسْتَفْتِهِمْ اَلِرَبِّكَ الْبَنَاتُ وَلَهُمُ الْبَنُوْنَ ۝ اَمْ خَلَقْنَا الْمَلٰٓئِكَةَ اِنَاثًا وَّهُمْ شٰهِدُوْنَ ۝ اَلَآ اِنَّهُمْ مِّنْ اِفْكِهِمْ لَيَقُوْلُوْنَ ۝ وَلَدَ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝

پھر وہ (یونس علیہ السلام کشتی والوں کے ساتھ) قرعہ ڈالنے میں شریک ہوئے تو (ہر مرتبہ قرعہ میں) یونس ہار گئے①《۱۴۱》سو مچھلی نے ان (یونس علیہ السلام) کو نگل لیا اور وہ (یونس علیہ السلام اجتہادی غلطی کی وجہ سے) اپنے اوپر ملامت کر رہے تھے《۱۴۲》سو وہ (یونس علیہ السلام) اگر اللہ تعالیٰ کی تسبیح نہ کرتے《۱۴۳》تو (مردوں کو) دوسری مرتبہ زندہ کیے جانے کے دن تک اسی (مچھلی) کے پیٹ میں رہتے②《۱۴۴》سو ہم نے ان (یونس علیہ السلام) کو کھلے میدان میں ڈال دیا اور وہ تو بالکل بیمار (یعنی ایسے کمزور کہ بدن پر بال بھی نہ) تھے《۱۴۵》اور ہم نے اس پر بیل والا درخت اگا دیا③《۱۴۶》اور ہم نے ان (یونس علیہ السلام) کو ایک لاکھ بلکہ (ایک) لاکھ سے بھی زیادہ لوگوں کی طرف رسول بنا کر بھیجا④《۱۴۷》سو وہ سب ایمان لے آئے، اسی لیے ایک زمانے تک ہم نے ان کو (زندگی سے) فائدہ اٹھانے کا موقع دیا《۱۴۸》سو (اے نبی!) تم ان (مکہ کے مشرکین) سے پوچھو کہ: کیا تمہارے رب کے یہاں بیٹیاں ہیں اور ان کے لیے بیٹے ہیں؟《۱۴۹》یا ہم نے فرشتوں کو عورتیں بنایا اور (ان کے بننے کے وقت) وہ دیکھ رہے تھے؟《۱۵۰》(نعوذ باللہ) سن لو! وہ اپنی من گھڑت بات کی وجہ سے کہتے ہیں《۱۵۱》کہ اللہ تعالیٰ کی کوئی اولاد ہے اور یقیناً وہ (مشرک) لوگ بالکل جھوٹے ہیں《۱۵۲》

---

① تو یونس ہی خطاوار نکلے ② یعنی مچھلی کی خوراک بن جاتے ... ③ بیلوں کا تنہ نہیں ہوتا، لیکن یہاں اللہ کی قدرت سے کدو کی بیل درخت کی شکل میں تنے والی اگ گئی اور بعض مفسرین لکھتے ہے کہ کدو کی بیل کسی درخت پر چڑھ کے ٹھنڈا سایہ کر رہی تھی ④ عاقل بالغ لاکھ اور بچوں کو بھی شمار کرلیوے تو زیادہ، کسر کے بغیر ایک لاکھ، کسر کے ساتھ لاکھ سے زیادہ، یا یہ کلام عام آدمی کی بول چال پر تنزل سے ہے کہ عام آدمی وہاں کے باشندوں کو دیکھے تو کہے: ایک لاکھ ہے یا اس سے زیادہ ہے۔

أَصْطَفَى الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِينَ ﴿۱۵۳﴾ مَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُونَ ﴿۱۵۴﴾ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ﴿۱۵۵﴾ أَمْ لَكُمْ سُلْطَانٌ مُّبِينٌ ﴿۱۵۶﴾ فَأْتُوا بِكِتَابِكُمْ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿۱۵۷﴾ وَجَعَلُوا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا ۚ وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ إِنَّهُمْ لَمُحْضَرُونَ ﴿۱۵۸﴾ سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يَصِفُونَ ﴿۱۵۹﴾ إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ﴿۱۶۰﴾ فَإِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُونَ ﴿۱۶۱﴾ مَا أَنتُمْ عَلَيْهِ بِفَاتِنِينَ ﴿۱۶۲﴾ إِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ الْجَحِيمِ ﴿۱۶۳﴾ وَمَا مِنَّا إِلَّا لَهُ مَقَامٌ مَّعْلُومٌ ﴿۱۶۴﴾ وَإِنَّا لَنَحْنُ الصَّافُّونَ ﴿۱۶۵﴾ وَإِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُونَ ﴿۱۶۶﴾ وَإِن كَانُوا لَيَقُولُونَ ﴿۱۶۷﴾ لَوْ أَنَّ عِندَنَا ذِكْرًا مِّنَ الْأَوَّلِينَ ﴿۱۶۸﴾ لَكُنَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ﴿۱۶۹﴾

کیا اس (اللہ تعالیٰ) نے بیٹوں کے بجائے بیٹیاں پسند کی؟ ﴿۱۵۳﴾ تم کو کیا ہو گیا؟ تم کیسا فیصلہ کرتے ہو؟ ﴿۱۵۴﴾ بھلا کیا تم (اتنا بھی) دھیان نہیں دیتے؟ ﴿۱۵۵﴾ یا تمھارے پاس کوئی کھلی ہوئی سند (دلیل) ہے؟ ﴿۱۵۶﴾ سو اگر تم سچے ہو تو اپنی کتاب لا کر دکھاؤ ﴿۱۵۷﴾ اور ان کافروں نے اس (اللہ تعالیٰ) اور جنوں کے درمیان نسبی رشتے داری بنا رکھی ہے اور پکی بات یہ ہے کہ (کافر) جنوں کو یہ بات معلوم ہے کہ وہ لوگ (مجرم بن کر) پکڑ کے حاضر کر دیے جائیں گے ﴿۱۵۸﴾ جو باتیں یہ لوگ (اللہ تعالیٰ کے بارے میں) بتلاتے ہیں اس سے اللہ تعالیٰ (کی ذات) پاک ہے ﴿۱۵۹﴾ مگر اللہ کے چنے ہوئے بندے (وہ پکڑ سے محفوظ رہیں گے) ﴿۱۶۰﴾ اس لیے کہ تم اور جن کی تم عبادت کرتے ہو (وہ سب مل کر) ﴿۱۶۱﴾ (کسی کو) اس (اللہ تعالیٰ) کے بارے میں گمراہ نہیں کر سکتے ① ﴿۱۶۲﴾ مگر وہ شخص جو (اللہ تعالیٰ کے علم میں) جہنم میں جلنے ہی والا ہے ﴿۱۶۳﴾ اور (فرشتے تو یہ کہتے ہیں کہ) ہم میں سے ہر ایک کا ایک ٹھکانہ (یعنی مقام) مقرر ہے ② ﴿۱۶۴﴾ اور ہم تو (اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں اور اللہ تعالیٰ کا حکم سننے کے لیے) صف میں کھڑے رہتے ہیں ﴿۱۶۵﴾ اور ہم لوگ تو تسبیح ہی کرتے رہتے ہیں ﴿۱۶۶﴾ اور وہ (کافر) لوگ (پہلے تو ایسا) کہتے تھے: اگر ہمارے پاس پہلے لوگوں جیسی نصیحت (کی کتاب) ہوتی ﴿۱۶۷﴾ تو (نصیحت حاصل کر کے) ہم بھی ضرور اللہ کے خاص بندے ہو جاتے ﴿۱۶۸﴾ ﴿۱۶۹﴾

① (دوسرا ترجمہ) کسی کو اللہ (کی عبادت) سے پھیر نہیں سکتے (تیسرا) کسی کو اس (اللہ) کے ہاتھ سے بہکا کر نہیں لے سکتے
② ہر ایک اپنے مقرر مقام پر احکام الٰہی کی بجا آوری میں مشغول ہے، اپنی رائے سے کچھ نہیں کرتے۔ ⬤

فَكَفَرُوۡا بِهٖ فَسَوۡفَ يَعۡلَمُوۡنَ ۝ وَلَقَدۡ سَبَقَتۡ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الۡمُرۡسَلِيۡنَ ۝ اِنَّهُمۡ لَهُمُ الۡمَنۡصُوۡرُوۡنَ ۝ وَاِنَّ جُنۡدَنَا لَهُمُ الۡغٰلِبُوۡنَ ۝ فَتَوَلَّ عَنۡهُمۡ حَتّٰى حِيۡنٍ ۝ وَّاَبۡصِرۡهُمۡ فَسَوۡفَ يُبۡصِرُوۡنَ ۝ اَفَبِعَذَابِنَا يَسۡتَعۡجِلُوۡنَ ۝ فَاِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمۡ فَسَآءَ صَبَاحُ الۡمُنۡذَرِيۡنَ ۝ وَتَوَلَّ عَنۡهُمۡ حَتّٰى حِيۡنٍ ۝ وَّاَبۡصِرۡ فَسَوۡفَ يُبۡصِرُوۡنَ ۝ سُبۡحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الۡعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوۡنَ ۝ وَسَلٰمٌ عَلَى الۡمُرۡسَلِيۡنَ ۝ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۝

سوان لوگوں نے تو اس (قرآن یا نبی) کا انکار کیا تو تھوڑے ہی دنوں میں (اس کا انجام) معلوم ہوجائے گا ﴿۱۷۰﴾ اور پکی بات ہے کہ ہمارے پیغمبر بندوں کے بارے میں ہماری پہلے سے یہ بات طے ہو چکی ہے ﴿۱۷۱﴾ کہ یقیناً ان کی مدد کی جائے گی ﴿۱۷۲﴾ اور یقیناً ہمارا لشکر ہی① غالب ہو کر رہنے والا ہے ﴿۱۷۳﴾ سو (اے نبی!) تم ایک وقت تک ان (کافر لوگوں) سے بے پرواہ ہوجاؤ② ﴿۱۷۴﴾ اور ان (کافروں) کو دیکھتے رہو، سوآگے وہ خود بھی (اپنا انجام) دیکھ لیں گے ﴿۱۷۵﴾ کیا بھلا! ہمارے عذاب کے بارے میں وہ لوگ جلدی مچا رہے ہیں؟ ﴿۱۷۶﴾ پھر جب وہ (عذاب) ان کے آنگن میں اتر آئے گا③ تو جن کو (پہلے سے) ڈرایا گیا تھا ان کی صبح بہت بری ہوگی ﴿۱۷۷﴾ اور (اے نبی!) تم ایک وقت تک ان کافروں سے دھیان ہٹالو ﴿۱۷۸﴾ اور (اے نبی! ان کافروں کو) دیکھتے رہو، آگے وہ خود بھی (اپنا انجام) دیکھ لیں گے ﴿۱۷۹﴾ تمھارے رب جو عزت والے ہیں پاک ہیں ان سب باتوں سے جو یہ لوگ بناتے ہیں ﴿۱۸۰﴾ اور رسولوں پر سلامتی اترے ﴿۱۸۱﴾ اور تمام تعریف اس اللہ تعالیٰ کے لیے خاص ہے جو تمام عالموں کے رب ہیں ﴿۱۸۲﴾

⇐ ④ (دوسرا ترجمہ) اگر ہمارے پاس پہلے لوگوں کے کچھ حالات آئے ہوتے۔

① وہ ایمان والے جو پوری زندگی نفس اور شیطان سے مقابلہ کرے، اعدائے دین سے مقابلہ کرے وہ اللہ تعالیٰ کا لشکر ہے۔

② یعنی ان کی مخالفت اور ایذا رسانی کا خیال نہ کرو (دوسرا ترجمہ) دھیان ہٹالو۔

③ سامنے آجانا مراد ہے۔

سورۃ ص

(المکیۃ)

ایاتہا:۸۸۔

رکوعاتہا:۵۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں اٹھاسی (۸۸) یا(۸۶) آیتیں ہیں۔ سورۃ قمر کے بعد اور سورۃ اعراف سے پہلے اڑتیس (۳۸) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت کے شروع میں حروفِ مقطعات میں سے "ص" آیا ہے۔

اس سورت کا ایک دوسرا نام "سورۃ داؤدؑ" بھی ہے، اس میں حضرت داؤدؑ کا تذکرہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِی الذِّكْرِ ؕ﴿۱﴾ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِیْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ﴿۲﴾ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ ﴿۳﴾ وَعَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ ۫ وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ۚ﴿۴﴾ اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ عُجَابٌ ﴿۵﴾ وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ مِنْهُمْ اَنِ امْشُوْا وَاصْبِرُوْا عَلٰٓی اٰلِهَتِكُمْ ۚ اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ يُّرَادُ ۚ﴿۶﴾ مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِی الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ ۚ اِنْ هٰذَآ اِلَّا اخْتِلَاقٌ ۚ﴿۷﴾ ءَاُنْزِلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ مِنْۢ بَيْنِنَا ؕ بَلْ هُمْ فِیْ شَكٍّ مِّنْ ذِكْرِیْ ۚ بَلْ لَّمَّا يَذُوْقُوْا عَذَابِ ؕ﴿۸﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

ص نصیحت سے بھرے ہوئے قرآن کی قسم!① ﴿۱﴾ بلکہ یہ کافر لوگ تو گھمنڈ میں اور (حق کی) مخالفت (کرنے) میں (پڑے ہوئے) ہیں ﴿۲﴾ ہم نے ان سے پہلے کتنی قوموں کو ہلاک کر ڈالا تو وہ لوگ (ہلاک ہوتے وقت) چیختے (یعنی پکارتے) رہے جب کہ (عذاب آ گیا تب) چھٹکارے کا وقت رہا ہی نہیں ﴿۳﴾ اور ان (مکہ کے قریشی) لوگوں کو اس بات پر تعجب ہوا کہ ان کے پاس ایک ڈرانے والا انہی میں سے آ گیا اور کافر لوگ کہنے لگے کہ: یہ تو بڑا جھوٹا جادوگر ہے ﴿۴﴾ کیا اس نے سارے معبودوں کے بجائے ایک ہی معبود کر ڈالا②؟ یقیناً یہ تو بڑے تعجب کی بات ہے ﴿۵﴾ اور ان (قریش) کے سردار (ایسا کہہ کر مجلس سے اٹھ کر) چل دیے کہ چلو! اور تم اپنے معبودوں (کی عبادت) پر جمے رہو، یقیناً یہ تو ایک ایسی بات ہے کہ اس کے پیچھے کچھ دوسرا ہی ارادہ ہے③ ﴿۶﴾ یہ (ایک معبود والی) بات پچھلے مذہب میں ہم نے (کبھی) نہیں سنی، یہ تو من گھڑت بات ہے ﴿۷﴾ یا ہم سب کو چھوڑ کر (یہ) نصیحت کی بات اسی (شخص) پر اتاری گئی؛ بلکہ وہ (کافر) لوگ تو میری نصیحت (قرآن) کے بارے میں شک (یعنی انکار) میں (پڑے ہوئے) ہیں؛ بلکہ بات ایسی ہے کہ انھوں نے ابھی میرے عذاب کا مزہ چکھا ہی نہیں ہے ﴿۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) سمجھانے والے قرآن کی قسم۔ ② یعنی ایک کے سوا سارے معبودوں کی عبادت کی نفی کر ڈالی۔

③ (دوسرا ترجمہ) اس میں ضرور کوئی دوسری ہی غرض ہے۔

أَمْ عِندَهُمْ خَزَآئِنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ الْعَزِيزِ الْوَهَّابِ ۝ أَمْ لَهُم مُّلْكُ السَّمَٰوَٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَلْيَرْتَقُوا فِي الْأَسْبَابِ ۝ جُندٌ مَّا هُنَالِكَ مَهْزُومٌ مِّنَ الْأَحْزَابِ ۝ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَعَادٌ وَفِرْعَوْنُ ذُو الْأَوْتَادِ ۝ وَثَمُودُ وَقَوْمُ لُوطٍ وَأَصْحَابُ لْـَٔيْكَةِ ۚ أُولَٰٓئِكَ الْأَحْزَابُ ۝

کیا تمھارے رب جو بڑے زبردست ہیں، بہت بخشنے والے ہیں اس کی رحمت کے تمام خزانے ان کے پاس ہیں؟① ﴿۹﴾ کیا ان لوگوں کے قبضہ میں آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے ان سب کی حکومت ہے؟ (اگر ایسی ہی کوئی بات ہے) تو رسیاں باندھ کر ان کو (آسمان پر) چڑھ جانا چاہیے② ﴿۱۰﴾ (ان کی حقیقت یہ ہے کہ نبیوں کی مخالف) جماعتوں میں سے (مکہ والوں کا) بھی ایک لشکر ہے جو یہاں پر بھی ہرادیا جائے گا ﴿۱۱﴾ ان (مکہ والوں) سے پہلے نوح (علیہ السلام) کی قوم نے اور (قومِ) عاد نے اور میخوں والے فرعون نے (نبیوں کو) جھٹلایا تھا③ ﴿۱۲﴾ اور (قومِ) ثمود نے اور لوط (علیہ السلام) کی قوم نے اور ایکہ (یعنی گھنے جنگل) والوں نے (نبیوں کو جھٹلایا تھا)④ وہ تو (بڑے مخالف) لشکر تھے ﴿۱۳﴾

---

① ان خزانوں میں نبوت بھی ہے، کیا نبوت کی تقسیم ان کے حوالے ہوگئی تو وہ کہہ سکیں کہ ہم نے کسی بشر کو نبوت نہیں دی، جب ان کو نبوت کی تقسیم کا حق نہ ملا تو وہ ایسا کہہ بھی نہیں سکتے۔ ② (دوسرا ترجمہ) سیڑھی لگا کے ان کو آسمان پر چڑھ جانا چاہیے

③ آیت میں فرعون کو میخوں والا کہا گیا ہے، اس کا مطلب: [۱] جب کسی کو سزا دینا ہوتا تھا تو فرعون اس کو چت لٹا کر اس کے چاروں ہاتھ پاؤں میں میخیں (کیلے) گھاڑ دیتا تھا، اپنی بیوی حضرت آسیہ جب ایمان لائی تو ان کے ساتھ بھی کچھ ایسا ہی ظلم کیا تھا۔ [۲] رسی اور میخوں سے کوئی کھیل کھیلنے کا ان کے یہاں عام رواج تھا۔ [۳] بڑی مضبوط عمارتیں بھی مراد لی گئی ہیں۔ "ذوالاوتاد" کا دوسرا ترجمہ ہے: فرعون کی حکومت کے کھونٹیں گڑ گئے تھے یعنی اس کی حکومت بہت مضبوط ہوگئی تھی

④ آیت نمبر (۱۱) میں "**مھزوم من الأحزاب**" کا جو لفظ ہے: یعنی تباہ و برباد ہونے والے لشکر، اس سے مراد قومِ نوح، قومِ عاد، قومِ فرعون ہیں، یہ بات "**أولٰئک الأحزاب**" کے ذریعہ سے بتلائی گئی۔ بعض حضرات نے "**أولٰئک الأحزاب**" کو الگ ہی بتلایا ہے: یعنی طاقت، قوت، شان و شوکت کے اعتبار سے اگر کوئی جماعت جماعت کہلانے کے قابل ہے یا کوئی لشکر لشکر کہلانے کے قابل ہے تو یہی قومِ نوح، قومِ عاد، قومِ فرعون، قومِ ثمود، قومِ لوط اور ایکہ والے ہیں، ان کے مقابلے میں مکہ کے کافروں کی کوئی حیثیت نہیں؛ لیکن جب ان طاقت والے جماعتوں نے اللہ کی نافرمانی کی تو ان پر اللہ کا عذاب آپڑا تو اگر یہ مکہ والے نافرمانی کریں گے تو اللہ کا عذاب ان کو بھی پکڑ ہی لے گا تھا۔

اِنْ كُلٌّ اِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ ۝

وَمَا يَنْظُرُ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً مَّا لَهَا مِنْ فَوَاقٍ ۝ وَقَالُوْا رَبَّنَا عَجِّلْ لَّنَا قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ ۝ اِصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوٗدَ ذَا الْاَيْدِ ۚ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ۝ اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ ۝ وَالطَّيْرَ مَحْشُوْرَةً ۭ كُلٌّ لَّهٗٓ اَوَّابٌ ۝ وَشَدَدْنَا مُلْكَهٗ وَاٰتَيْنٰهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ ۝ وَهَلْ اَتٰىكَ نَبَؤُا الْخَصْمِ ۘ اِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ ۝ اِذْ دَخَلُوْا عَلٰى دَاوٗدَ فَفَزِعَ مِنْهُمْ قَالُوْا لَا تَخَفْ ۚ

یہ جتنے بھی تھے ان سب نے ہی رسولوں کو جھٹلایا تو میرا عذاب (ان پر) اترا ﴿۱۴﴾

اور یہ (مکہ کے لوگ) بس ایک بھیانک آواز کا انتظار کر رہے ہیں جو (ایک مرتبہ شروع ہو جانے کے بعد) بیچ میں ذرہ بھی رکے گی نہیں① ﴿۱۵﴾ اور وہ (کافر) لوگ (مذاق کے طور پر) کہنے لگے: اے ہمارے رب! ہمارا (عذاب کا) حصہ حساب کے دن (آنے) سے پہلے ہی ہم کو دے ﴿۱۶﴾ (اے نبی!) وہ لوگ جو (تکلیف دینے والی باتیں) کہہ رہے ہیں اس پر تم صبر کرو اور ہمارے بندے داوٗد (علیہ السلام) کو یاد کرو جو (عبادت میں) بڑے طاقت (یعنی ہمت) والے تھے یقیناً وہ بہت لَو لگانے والے تھے ﴿۱۷﴾ یقیناً ہم نے پہاڑوں کو (داوٗد علیہ السلام کے) تابع کر دیا تھا جو شام کو اور سورج نکلنے کے وقت ان کے ساتھ تسبیح پڑھا کرتے تھے ﴿۱۸﴾ اور پرندوں کو بھی (داوٗد علیہ السلام کے تابع کر دیا تھا) جو (ان کے پاس) جمع ہو جاتے تھے، وہ سب ان کے ساتھ (مل کر اللہ تعالیٰ کا) خوب ذکر کرتے تھے ﴿۱۹﴾ اور ہم نے ان (داوٗد علیہ السلام) کی حکومت کو خوب مضبوط کیا تھا اور ہم نے ان کو حکمت اور (بڑی خوبی سے) بات کا فیصلہ کرنا② عطا کیا تھا ﴿۲۰﴾ اور کیا تم کو مقدمہ والوں کی خبر پہنچی؟ جب وہ عبادت کرنے کی جگہ کی دیوار پر چڑھ کر داوٗد (علیہ السلام) کے پاس پہنچ گئے ﴿۲۱﴾ سو وہ (داوٗد علیہ السلام) تو ان سے گھبرا گئے، تو وہ کہنے لگے: تم گھبراؤ مت،

---

① تھن میں سے ایک مرتبہ دودھ دوہ لینے کے بعد دوبارہ دودھ بھر جائے اتنے سے معمولی سے وقفے کو "فواق" کہتے ہیں، مراد یہاں مسلسل بھیانک آواز کا ہونا ہے۔ ② (دوسرا ترجمہ) فیصلہ کرنے کی طاقت (تیسرا) فیصلہ کرنے والی تقریر۔ (بعض نے اس کا ترجمہ "زورِ بیان، خطابت کی قوت" سے بھی کیا ہے)

خَصۡمٰنِ بَغٰى بَعۡضُنَا عَلٰى بَعۡضٍ فَاحۡكُمۡ بَيۡنَنَا بِالۡحَقِّ وَلَا تُشۡطِطۡ وَاهۡدِنَاۤ اِلٰى سَوَآءِ الصِّرَاطِ ﴿۲۲﴾ اِنَّ هٰذَاۤ اَخِىۡ لَهٗ تِسۡعٌ وَّتِسۡعُوۡنَ نَعۡجَةً وَّلِىَ نَعۡجَةٌ وَّاحِدَةٌ فَقَالَ اَكۡفِلۡنِيۡهَا وَعَزَّنِىۡ فِى الۡخِطَابِ ﴿۲۳﴾ قَالَ لَقَدۡ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعۡجَتِكَ اِلٰى نِعَاجِهٖ ؕ وَاِنَّ كَثِيۡرًا مِّنَ الۡخُلَطَآءِ لَيَبۡغِىۡ بَعۡضُهُمۡ عَلٰى بَعۡضٍ اِلَّا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَقَلِيۡلٌ مَّا هُمۡ ؕ وَظَنَّ دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰهُ فَاسۡتَغۡفَرَ رَبَّهٗ وَخَرَّ رَاكِعًا وَّاَنَابَ ۩ ﴿۲۴﴾ فَغَفَرۡنَا لَهٗ ذٰلِكَ ؕ وَاِنَّ لَهٗ عِنۡدَنَا لَزُلۡفٰى وَحُسۡنَ مَاٰبٍ ﴿۲۵﴾

ہم تو ایک جھگڑے کے دو فریق ہیں، ہم میں سے ایک نے دوسرے پر زیادتی کی ہے تو تم ہمارے درمیان انصاف سے فیصلہ کر دو اور (بے انصافی کر کے ہم پر) زیادتی مت کرو① اور ہم کو صحیح راستہ بتلا دو ﴿۲۲﴾ یقیناً یہ میرا بھائی ہے، اس کے پاس تو ننانوے دنبیاں ہیں اور میرے پاس تو ایک ہی دنبی ہے، سو یہ (بھائی) کہتا ہے کہ وہ (ایک دنبی) بھی میرے حوالے کر دے اور بات میں مجھ پر زبردستی کرتا ہے② ﴿۲۳﴾ (داؤد علیہ السلام نے) کہا: یہ جو تیری دنبی کو اپنی دنبیوں میں ملانے کا سوال کرتا ہے تو اس میں واقعۃً وہ تجھ پر ظلم کرتا ہے اور بہت سارے لوگ جن کے درمیان شرکت ہوا کرتی ہے وہ آپس میں ایک دوسرے پر زیادتی ہی کیا کرتے ہیں؛ الا یہ کہ جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے (وہ زیادتی نہیں کرتے) اور ایسے لوگ بہت کم ہیں اور داؤد (علیہ السلام) کو خیال آیا کہ ہم نے ان کی آزمائش کی تو انھوں نے اپنے رب سے معافی مانگی اور جھک کر (سجدے میں) گر گئے اور (اللہ تعالیٰ کی طرف) انابت کی ﴿۲۴﴾ پھر ہم نے اس (داؤد علیہ السلام) کو اس معاملے میں معاف کر دیا اور یقیناً اس (داؤد) کے لیے ہمارے پاس خاص قربت (یعنی نزدیکی) کا مقام ہے اور بہترین ٹھکانہ (یعنی جنت ہے) ﴿۲۵﴾

---

①(دوسرا ترجمہ) ٹالنے کی بات مت کرو۔

②(دوسرا ترجمہ) اپنی تیز باتوں سے مجھ کو دبا لیتا ہے۔

يٰدَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنٰكَ خَلِيْفَةً فِى الْاَرْضِ فَاحْكُمْ بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى فَيُضِلَّكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَضِلُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌۢ بِمَا نَسُوْا يَوْمَ الْحِسَابِ ۝

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ؕ ذٰلِكَ ظَنُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنَ النَّارِ ۝ اَمْ نَجْعَلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَالْمُفْسِدِيْنَ فِى الْاَرْضِ ۫ اَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِيْنَ كَالْفُجَّارِ ۝ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝ وَوَهَبْنَا لِدَاوٗدَ سُلَيْمٰنَ ؕ نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ۝

اے داؤد! یقیناً ہم نے تم کو زمین میں خلیفہ (یعنی نائب) بنایا ہے، اس لیے تم لوگوں کے درمیان انصاف سے فیصلہ کرو اور تم خواہش پر مت چلو① ورنہ وہ (خواہش پر چلنا) تم کو اللہ تعالیٰ کے راستے سے بھٹکا دے گا، یقیناً جو لوگ اللہ تعالیٰ کے راستے سے بھٹکتے ہیں ان کے لیے سخت عذاب ہے؛ اس لیے کہ انھوں نے حساب کے دن کو بھلا دیا ﴿۲۶﴾

اور آسمان اور زمین اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان میں ہے ان کو ہم نے فضول② پیدا نہیں کیا (ان چیزوں کا بے کار ہونا) یہ تو کافروں کا خیال ہے، سو ان کافروں کے لیے آگ کی (شکل میں) بڑی بربادی ہے ﴿۲۷﴾ کیا جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے ان لوگوں کو ہم ایسے لوگوں کے برابر کر دیں گے جو زمین میں فساد کرتے تھے؟ کیا ہم تقویٰ والوں کو برے کام کرنے والوں (یعنی فاجروں) کے برابر کر دیں گے؟③ ﴿۲۸﴾ یہ کتاب ہے جو ہم نے تم پر اتاری جو بہت ہی برکت والی ہے؛ تاکہ لوگ اس کی آیتوں میں غور کریں اور عقل والے لوگ نصیحت قبول کر لیں ﴿۲۹﴾ اور ہم نے داؤد (علیہ السلام) کو سلیمان (جیسا بیٹا) عطا کیا، وہ بہت اچھے بندے تھے، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ کی طرف) بہت زیادہ لو لگانے والے تھے ﴿۳۰﴾

---

① یعنی آج تک آپ نے نفسانی چاہت کی اتباع نہیں کی ہے آئندہ بھی اسی طرح رہنا ہے۔

② یعنی بے کار، مقصد اور حکمت سے خالی۔ ③ جو آدمی کھلم کھلا گناہ کے کام کرتا ہو وہ فاجر ہوتا ہے۔

اِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصّٰفِنٰتُ الْجِيَادُ ۟ۙ فَقَالَ اِنِّيْۤ اَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ ۚ حَتّٰى تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ ۟ٙ رُدُّوْهَا عَلَيَّ ؕ فَطَفِقَ مَسْحًۢا بِالسُّوْقِ وَالْاَعْنَاقِ ۝ وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ۝ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَهَبْ لِيْ مُلْكًا لَّا يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝ فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيْحَ تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖ رُخَآءً حَيْثُ اَصَابَ ۟ۙ

جب کہ شام کے وقت عمدہ نسل کے اچھی قسم کے (خاص) گھوڑے ان کو دکھانے کے لیے لائے گئے ﴿۳۱﴾ تو سلیمان علیہ السلام نے کہا کہ: میں میرے رب کے ذکر (یعنی فرض یا نفل نماز) سے اس مال کی محبت میں لگ کر غافل ہو گیا، یہاں تک کہ وہ (سورج) پردے (یعنی مغرب) میں چھپ گیا① ﴿۳۲﴾ (تو سلیمان علیہ السلام نے کہا) ان (گھوڑوں) کو میرے پاس واپس لاؤ، تو اس (سلیمان علیہ السلام) نے ان (گھوڑوں) کی پنڈلیوں اور گردنوں پر ہاتھ صاف کرنا شروع کر دیا②،③ ﴿۳۳﴾ اور پکی بات ہے کہ ہم نے سلیمان (علیہ السلام) کا امتحان لیا اور ہم نے ان کی کرسی پر ایک دھڑ لا کر کے ڈال دیا تھا، پھر سلیمان (علیہ السلام) نے (اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پہلے سے بھی زیادہ) انابت کی ﴿۳۴﴾ اس (سلیمان علیہ السلام) نے دعا مانگی: اے میرے رب! آپ مجھ کو معاف کر دیجیے اور آپ مجھ کو ایسی حکومت عطا کر دیجیے جو میرے بعد کسی کے لیے مناسب نہ ہو④، یقیناً آپ ہی بہت زیادہ دینے والے ہیں ﴿۳۵﴾ سو ہم نے ہوا کو ان (سلیمان علیہ السلام) کے قابو میں کر دیا جو ان (سلیمان علیہ السلام) کے حکم سے وہ جہاں بھی پہنچنا چاہتے تھے نرم نرم چلتی تھی ﴿۳۶﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) سلیمانؑ نے کہا: میں نے اس مال سے محبت اپنے رب کی یاد ہی کی وجہ سے اختیار کی ہے، یہاں تک کہ وہ سب گھوڑے روپوش ہو گئے (یعنی پردے میں چلے گئے)

② یعنی سب کو قتل کروا ڈالے، اللہ تعالیٰ کی یاد سے جو چیز غفلت کا ذریعہ بنے اس کو اب ہٹا دو؛ اس لیے کہ ان کی شریعت میں گھوڑوں کی قربانی جائز تھی۔

③ (دوسرا ترجمہ) تو سلیمانؑ نے فرمایا کہ: ان سب گھوڑوں کو میرے پاس واپس لاؤ، تو وہ سلیمانؑ ان گھوڑوں کی پنڈلیوں اور گردنوں پر ہاتھ پھیرانے لگے، اور یہ عمل جہادی گھوڑوں سے محبت کی وجہ سے چونکہ وہ اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جہاد کا ذریعہ ہے، (جو چیز دین کے کاموں میں معاون ہوں ان سے محبت یہ بھی عبادت ہے) ④ (دوسرا ترجمہ) کسی کو میسر نہ ہو۔

وَالشَّيٰطِيْنَ كُلَّ بَنَّآءٍ وَّغَوَّاصٍ ﴿۳۷﴾ وَّاٰخَرِيْنَ مُقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ﴿۳۸﴾ هٰذَا عَطَآؤُنَا فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۹﴾ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۴۰﴾

وَاذْكُرْ عَبْدَنَآ اَيُّوْبَ ۘ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ ﴿۴۱﴾ اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ ۚ هٰذَا مُغْتَسَلٌۢ بَارِدٌ وَّشَرَابٌ ﴿۴۲﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنَّا وَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۴۳﴾ وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِّهٖ وَلَا تَحْنَثْ ۗ اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا ۗ نِعْمَ الْعَبْدُ ۗ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿۴۴﴾

اور (اسی طرح ہم نے) شریر جنات بھی (تابع کردیے) جو عمارت بنانے والے بھی اور غوطہ لگانے والے بھی تھے ﴿۳۷﴾ اور دوسرے بہت سارے (جنات) زنجیروں میں جکڑے رہتے تھے ﴿۳۸﴾ (سلیمان!) یہ ہماری بخشش ہے، چاہے تو احسان کر کے (کسی کو کچھ) دے دو یا (اپنے پاس ہی سب کچھ) رکھ چھوڑو، (تم سے) کوئی حساب نہیں ہوگا① ﴿۳۹﴾ یقیناً ان کے لیے ہمارے پاس ایک خاص (نزدیکی کا) مرتبہ ہے اور اچھا ٹھکانہ (ہے) ﴿۴۰﴾

اور تم ہمارے بندے ایوب کو (بھی تو) یاد کرو، جب انھوں نے اپنے رب کو آواز دی کہ: (اے اللہ)! شیطان نے مجھ کو تو دکھ اور تکلیف پہنچا رکھی ہے② ﴿۴۱﴾ (ہم نے حکم دیا کہ زمین پر) تم اپنا پیر مارو، یہ ٹھنڈا پانی ہے جو نہانے اور پینے کے کام میں آئے گا ﴿۴۲﴾ اور ہم نے ان (ایوب علیہ السلام) کو ان کے گھر والے دے دیے اور ان کے ساتھ اتنے ہی دوسرے بھی (عطا کیے)، یہ ہماری طرف سے ایک رحمت تھی اور عقل والوں کے لیے ایک نصیحت تھی ﴿۴۳﴾ اور (اے ایوب!) تم تنکوں کا ایک مٹھا اپنے ہاتھ میں لے لو، سو اس سے (اپنی بیوی کو) مار دو اور (اپنی) قسم کو مت توڑو، یقیناً ہم نے ان (ایوب علیہ السلام) کو صبر کرنے والا پایا، (حقیقت میں) وہ بہت ہی اچھے بندے تھے، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ کی طرف) بہت زیادہ لو لگانے والے تھے ﴿۴۴﴾

---

①(دوسرا ترجمہ) تم پر حساب کی کوئی ذمےداری نہیں۔ ②کاملین پر شیطان اثر ڈالتا ہے بلکہ وہ ان کو معصیت تک لے جا سکتا نہیں۔ ''نصب'' سے جسمانی تکلیف اور ''عذاب'' سے اہل اور مال کا نقصان مراد ہے۔

وَاذْكُرْ عِبٰدَنَآ إِبْرٰهِيْمَ وَإِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ أُولِي الْأَيْدِيْ وَالْأَبْصَارِ ﴿۴۵﴾ إِنَّآ أَخْلَصْنٰهُمْ بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى الدَّارِ ﴿۴۶﴾ وَإِنَّهُمْ عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْأَخْيَارِ ﴿۴۷﴾ وَاذْكُرْ إِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَذَا الْكِفْلِ ۖ وَكُلٌّ مِّنَ الْأَخْيَارِ ﴿۴۸﴾ هٰذَا ذِكْرٌ ۚ وَإِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۴۹﴾ جَنّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْأَبْوَابُ ﴿۵۰﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ وَّشَرَابٍ ﴿۵۱﴾ وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ أَتْرَابٌ ﴿۵۲﴾ هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۵۳﴾ إِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ ﴿۵۴﴾ هٰذَا ۚ وَإِنَّ لِلطّٰغِيْنَ لَشَرَّ مَاٰبٍ ﴿۵۵﴾ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۵۶﴾ هٰذَا ۙ فَلْيَذُوْقُوْهُ حَمِيْمٌ وَّغَسَّاقٌ ﴿۵۷﴾ وَّاٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖٓ أَزْوَاجٌ ﴿۵۸﴾

اور تم ہمارے بندوں ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب کو یاد کرو، جو (نیک کام کرنے اور خیرات کرنے والے) ہاتھوں والے اور آنکھوں (سے دیکھنے) والے تھے ﴿۴۵﴾ یقیناً ہم نے ان کو ایک خاص (امتیازی) صفت کے لیے چن لیا تھا جو آخرت کے گھر کی یاد تھی ﴿۴۶﴾ اور یقیناً وہ لوگ ہمارے نزدیک چنے ہوئے، بہترین (دین دار) بندوں میں سے تھے ﴿۴۷﴾ اور تم اسماعیل کو اور یسع کو اور ذوالکفل کو (ذرا) یاد تو کرو، اور وہ سب بہترین لوگوں میں سے تھے ① ﴿۴۸﴾ یہ (جو مضمون نبیوں کے واقعات کے ذریعہ سنایا گیا) ایک نصیحت ہے اور یقین رکھو کہ تقویٰ والوں کے لیے تو ضرور اچھا ٹھکانہ ہے ﴿۴۹﴾ (یعنی) ہمیشہ رہنے کے باغیچے کہ ان (جنتیوں) کے لیے (ان کے) دروازے پوری طرح کھول دیے گئے ہیں ﴿۵۰﴾ ان میں وہ تکیہ لگا کر بیٹھیں گے اور بہت سارے میوے اور پینے کی چیزیں وہ ان میں منگواتے ہوں گے ﴿۵۱﴾ اور ان کے پاس نیچی نظروں والی ہم عمر عورتیں ہوں گی ﴿۵۲﴾ یہ ہے وہ (نعمتوں بھری زندگی) جس کا تم کو حساب کے دن (کے آنے) پر وعدہ کیا گیا ہے ﴿۵۳﴾ یقیناً یہ ہماری دی ہوئی روزی ہے جو کبھی بھی ختم ہونے والی نہیں ہے ﴿۵۴﴾ یہ (نیک لوگوں کے انجام کا بیان) ہو گیا اور یقیناً (دوسری طرف) شرارت کرنے والوں کا بہت برا ٹھکانہ ہوگا ﴿۵۵﴾ (یعنی) جہنم میں وہ داخل ہوں گے سو وہ رہنے کی بہت بری جگہ ہے ﴿۵۶﴾ یہ ہے گرم (کھولتا ہوا) پانی اور پیپ، سو اب وہ اس کا مزہ چکھیں ﴿۵۷﴾ اور اسی طرح کی الگ الگ قسم کی دوسری چیزیں بھی ہوں گی ﴿۵۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) بڑی خوبی والے لوگوں میں سے تھے۔

هٰذَا فَوْجٌ مُّقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ ۚ لَا مَرْحَبًۢا بِهِمْ ۚ اِنَّهُمْ صَالُوا النَّارِ ۝ قَالُوْا بَلْ اَنْتُمْ ۚ لَا مَرْحَبًۢا بِكُمْ ۚ اَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوْهُ لَنَا ۚ فَبِئْسَ الْقَرَارُ ۝ قَالُوْا رَبَّنَا مَنْ قَدَّمَ لَنَا هٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا ضِعْفًا فِی النَّارِ ۝ وَقَالُوْا مَا لَنَا لَا نَرٰی رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُمْ مِّنَ الْاَشْرَارِ ۝ اَتَّخَذْنٰهُمْ سِخْرِیًّا اَمْ زَاغَتْ عَنْهُمُ الْاَبْصَارُ ۝ اِنَّ ذٰلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ اَهْلِ النَّارِ ۝
قُلْ اِنَّمَاۤ اَنَا مُنْذِرٌ ۖ وَّمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝

①یہ ایک (دوسری) فوج ہے جو تمھارے ساتھ (عذاب میں) گھسنے کے لیے آرہی ہے، ان کو جگہ نہ ملے②، یقیناً وہ تو آگ میں گھسنے ہی والے ہیں③﴿۵۹﴾ تو وہ (عوام اپنے لیڈروں سے) کہیں گے: بلکہ تم ہی لوگوں کا برا ہو وے، تم ہی لوگ تو یہ (عذاب) ہمارے لیے آگے لائے ہو④، سو (اب تو) بہت بری جگہ میں رہنا ہے﴿۶۰﴾ وہ (عام لوگ) کہیں گے: اے ہمارے رب! جو آدمی بھی ہمارے لیے یہ (عذاب) آگے لایا ہے سو اس کو جہنم میں دوگنا عذاب دیجیے﴿۶۱﴾ اور وہ (جہنمی آپس میں ایک دوسرے سے) کہیں گے: کیا بات ہے (یہاں جہنم میں) ہم کو وہ لوگ نظر نہیں آتے جن کو ہم (دنیا میں) برے لوگوں میں شمار کیا کرتے تھے⑤﴿۶۲﴾ کیا ہم نے ان کا (ناحق) مذاق اڑایا تھا یا ان (کو دیکھنے) سے (ہماری) نظریں غلطی کر رہی ہیں⑥﴿۶۳﴾ یقیناً جہنم والوں کا آپس میں لڑنا جھگڑنا یہ بالکل سچی بات ہے (جو ہو کر رہی گی)﴿۶۴﴾

(اے نبی!) تم (ان سے) کہہ دو: یقیناً میں تو ایک ڈرانے والا (نبی) ہوں اور اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں، جو اکیلے ہیں، (سب پر) غالب ہیں﴿۶۵﴾

①جب کہ لیڈر لوگ جہنم میں پہلے سے گر چکے ہوں گے، پھر ان کے ماننے والے جب جہنم کی طرف آتے ہوئے نظر آئیں گے تو یہ لیڈر لوگ آپس میں بات کریں گے۔ ②(دوسرا ترجمہ) ان کا برا ہو وے (تیسرا) ان پر اللہ تعالیٰ کی مار ہو۔
③(دوسرا ترجمہ) یقیناً وہ سب آگ میں (گھس کر) جلنے والے ہیں۔
④(دوسرا ترجمہ) تم (لیڈر ہی لوگوں) نے تو اس عذاب کو ہمارے لیے پہلے سے تیار کیا ہے۔
⑤کافروں کا یہ جملہ مسلمانوں کے متعلق ہوگا جن کو بلا وجہ دنیا میں شریر فسادی دہشت گرد کے القاب دیا کرتے تھے۔
⑥(دوسرا ترجمہ) یا ہماری نظریں ان کو دیکھنے سے چکرا گئی ہیں۔

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ۝ قُلْ هُوَ نَبَؤٌا عَظِيْمٌ ۝ اَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُوْنَ ۝ مَا كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍۢ بِالْمَلَاِ الْاَعْلٰٓى اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ۝ اِنْ يُّوْحٰٓى اِلَيَّ اِلَّآ اَنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ طِيْنٍ ۝ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ۝ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ۝ اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ اِسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ ؕ اَسْتَكْبَرْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ الْعَالِيْنَ ۝

آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے ان کے رب ہیں، بڑے زبردست ہیں، بہت زیادہ معاف کرنے والے ہیں ﴿۶۶﴾ (اے نبی!) تم کہو (کہ): وہ① بہت بڑے واقعے کی خبر ہے ﴿۶۷﴾ تم تو اس (خبر) سے منہ پھراتے ہو② ﴿۶۸﴾ مجھ کو تو اوپر کی مجلس کی (بات چیت کی وحی سے پہلے) کوئی خبر ہی نہیں تھی، جبکہ وہ (فرشتے اللہ تعالیٰ سے) سوال وجواب کر رہے تھے③ ﴿۶۹﴾ میرے پاس تو وحی صرف اس لیے آتی ہے کہ میں صاف صاف ڈرانے والا ہوں ﴿۷۰﴾④ (وہ وقت تو ذرا یاد کرو) جب تمہارے رب نے فرشتوں سے کہا تھا کہ: میں ایک بشر مٹی سے بنانے (ہی) والا ہوں ﴿۷۱﴾ سو جب میں اس (بشر) کو پورا بنا دوں اور اس میں اپنی روح پھونک دوں تو تم اس کے سامنے سجدے میں گر پڑو ﴿۷۲﴾ سو (جب اللہ تعالیٰ نے آدمؑ کو بنا لیا تو) سب کے سب فرشتوں نے سجدہ کیا ﴿۷۳﴾ مگر ابلیس نے (سجدہ نہیں کیا) کہ اس نے تکبر کیا اور کفر کرنے والوں میں سے ہو گیا ﴿۷۴﴾ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے ابلیس! جس کو میں نے اپنے دونوں ہاتھوں سے پیدا کیا اس کو سجدہ کرنے سے تجھ کو کس چیز نے روکا؟ کیا تو نے تکبر کیا یا تو (حقیقت میں) بڑے درجے کے لوگوں میں سے تھا؟ ﴿۷۵﴾

---

① یعنی مجھے توحید اور احکام سکھانے کے لیے رسول بنا کر بھیجنا، (یہ اس کا ایک مطلب ہے)۔ ② (دوسرا ترجمہ) بے پرواہ ہوتے ہو۔ ③ حضرت آدم ﷺ کی تخلیق کے وقت ملائکہ نے تحقیق حال کے لیے جو سوال جواب کیے تھے اس کی طرف اشارہ ہے ظاہر ہے اس واقعہ کے وقت حضرت نبی کریم ﷺ موجود نہ تھے پھر بھی اس کی خبر دیتے ہے یہ آپ کی نبوت کی دلیل ہے۔ ④ آیت نمبر ۶۹ کے مطابق فرشتوں کی اللہ تعالیٰ سے بات چیت اس وقت ہوئی تھی۔

قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ ؕ خَلَقْتَنِيْ مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ۝ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ۝ۚۖ وَّاِنَّ عَلَيْكَ لَعْنَتِيْۤ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْۤ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ۝ قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ۝ۙ اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ۝ قَالَ فَبِعِزَّتِكَ لَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ۙ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ۝ قَالَ فَالْحَقُّ ؗ وَالْحَقَّ اَقُوْلُ ۝ۚ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ قُلْ مَاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَاۤ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ۝ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَاَهٗ بَعْدَ حِيْنٍ ۝ؑ

اس (ابلیس) نے کہا کہ: میں تو اس (آدم) سے بہتر ہوں، تو نے مجھ کو آگ سے پیدا کیا اور اس (آدم) کو مٹی سے پیدا کیا ﴿۷۶﴾ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تو تو یہاں (آسمان) سے نکل ① کیوں کہ تو مردود ہے ﴿۷۷﴾ اور یقین رکھ، تیرے اوپر بدلے کے دن تک میری لعنت ہے ﴿۷۸﴾ اس (ابلیس) نے کہا: اے میرے رب سو مجھے اس دن تک (کے لیے جینے کی) مہلت دے دیجیے جب مردے دوبارہ زندہ کیے جائیں گے ﴿۷۹﴾ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ: یقیناً تجھ کو مہلت دے دی گئی ہے ﴿۸۰﴾ مقرر وقت کے دن تک ② ﴿۸۱﴾ ابلیس نے کہا کہ: (میں) تو تیری عزت کی قسم (کھاتا ہوں) میں ان سب لوگوں کو (دنیا میں) ضرور گمراہ کروں گا ﴿۸۲﴾ مگر ان میں سے تیرے چنے ہوئے بندے ہیں (وہ محفوظ رہیں گے) ﴿۸۳﴾ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ: تو یہی ٹھیک بات ہے ③ اور میں سچی بات ہی کہتا ہوں ﴿۸۴﴾ تجھ سے اور جو ان میں سے تیرے راستے پر چلے ان سب سے میں جہنم کو ضرور بھر دوں گا ﴿۸۵﴾ (اے نبی!) تم (ان سے) کہو: میں تم سے اس (دعوت کے کام) پر کوئی بدلہ نہیں مانگتا ہوں اور میں بناوٹ کرنے والے لوگوں میں سے بھی نہیں ہوں ﴿۸۶﴾ یہ (قرآن) تو تمام عالموں کے لیے نصیحت ہے ﴿۸۷﴾ اور تھوڑے وقت کے بعد ہی (مرنے پر) تم کو اس کی (صحیح) حقیقت ضرور معلوم ہو جائے گی ④ ﴿۸۸﴾

① یعنی جنت اور دوسرے مراتبِ فائقہ، مقاماتِ عالیہ سے نکال دیا گیا۔ ② (دوسرا ترجمہ) اس وقت کے دن تک جو معلوم ہے۔ یعنی پہلا صور پھونکا جائے وہاں تک ③ (دوسرا ترجمہ) میں بالکل حق ہوں۔ ④ کہ قرآن حق تھا اور اس کو نہ ماننا بہت بڑی غلطی تھی؛ لیکن اس وقت ماننے سے کوئی فائدہ نہ ہوگا۔

سورۃ الزمر

(المکیۃ)

آیاتھا:۷۵۔رکوعاتھا:۸۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں پچھتر (۷۵) آیتیں ہیں۔سورۃ سبا کے بعد اور سورۃ غافر سے پہلے انسٹھ (۵۹) نمبر پر نازل ہوئی۔

زمر: جتھے اور گروہ کو کہتے ہیں، چھوٹی جماعتوں کو بھی کہتے ہیں۔اس سورت میں جنت اور جہنم میں جانے والی جماعتوں کا تذکرہ ہے۔

حدیث میں آتا ہے کہ نبی کریم ﷺ سونے سے پہلے سورۃ زمر اور سورۃ بنی اسرائیل کی تلاوت فرمایا کرتے تھے۔

اس سورت ایک نام "سورۃ غرف" بھی منقول ہے، اس سورت میں تقویٰ والوں کے لیے جنت کے بالاخانوں کا تذکرہ ہے۔

اس سورت کی ایک آیت "وما قدروا اللہ حق قدرہ" جو غرق سے حفاظت ہے، اس کا عمل پہلے سورۃ ہود میں گزر چکا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ① اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ② اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ ۗ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ۘ مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى ۗ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ فِيْ مَا هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ كٰذِبٌ كَفَّارٌ ③ لَوْ اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا لَّاصْطَفٰى مِمَّا يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۙ سُبْحٰنَهٗ ۗ هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ④ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ يُكَوِّرُ الَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ وَيُكَوِّرُ النَّهَارَ عَلَى الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۗ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ۗ اَلَا هُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ⑤

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

کتاب (قرآن) کا اتارا جانا بڑے زبردست، بڑے حکمت والے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے ﴿۱﴾ یقیناً ہم نے تمھاری طرف حق کے ساتھ کتاب اتاری، سو تم اللہ تعالیٰ کی (اس طرح) عبادت کرو کہ خالص بندگی اسی کے واسطے ہو ﴿۲﴾ سنو! خالص بندگی تو اللہ تعالیٰ کا حق ہے اور جن لوگوں نے اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا حمایتی پکڑ رکھے ہیں (اور وہ یوں کہتے ہیں کہ:) ہم ان کی عبادت صرف اس لیے کرتے ہیں کہ وہ ہم کو اللہ تعالیٰ کی طرف قریب کے درجے میں پہنچا دیویں، جس چیز میں وہ لوگ اختلاف کر رہے ہیں اس میں یقیناً اللہ تعالیٰ ان کے درمیان فیصلہ کریں گے، جو آدمی جھوٹا اور سخت کافر ہو یقیناً اللہ تعالیٰ ایسے کو ہدایت نہیں دیتے ﴿۳﴾ اگر اللہ تعالیٰ اولاد بنانے کا ارادہ کرتے تو وہ اپنی مخلوق میں سے جس کو چاہتے ضرور پسند کر لیتے، اس کی ذات تو پاک ہے، وہی اللہ تعالیٰ اکیلے ہیں، جو (سب پر) غالب ہیں ﴿۴﴾ اسی (اللہ تعالیٰ) نے آسمانوں اور زمین کو ٹھیک ٹھیک پیدا کیا رات (کی تاریکی) کو دن پر لپیٹتے ہیں اور دن (کی روشنی کو) کو رات پر لپیٹتے ہیں اور سورج اور چاند کو کام میں لگایا ہوا ہے، ہر ایک ایک مقرر وقت کے لیے چلتا رہے گا، سن لو وہی اللہ تعالیٰ بڑے زبردست، بہت معاف کرنے والے ہیں ﴿۵﴾

خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ؕ يَخْلُقُكُمْ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ خَلْقًا مِّنْۢ بَعْدِ خَلْقٍ فِيْ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ۞ اِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنْكُمْ ۟ وَلَا يَرْضٰى لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ ۚ وَاِنْ تَشْكُرُوْا يَرْضَهُ لَكُمْ ؕ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ؕ اِنَّهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۞ وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهُ مُنِيْبًا اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَا خَوَّلَهُ نِعْمَةً مِّنْهُ نَسِيَ مَا كَانَ يَدْعُوْٓا اِلَيْهِ مِنْ قَبْلُ وَجَعَلَ لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِهِ ؕ قُلْ تَمَتَّعْ بِكُفْرِكَ قَلِيْلًا ۖ اِنَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ۞

اس (اللہ تعالیٰ) نے تم کو ایک شخص ① سے پیدا کیا، پھر اس میں سے اس کا جوڑا بنایا اور تمھارے لیے جانوروں کے آٹھ جوڑے پیدا کیے ②، وہی (اللہ تعالیٰ) تم کو تمھاری ماؤں کے پیٹ میں ایک مرحلے کے بعد دوسرے مرحلے سے (گزرتے ہوئے) تین اندھیریوں میں پیدا کرتے ہیں ③ وہی اللہ تعالیٰ تمھارے رب ہیں، اسی کی حکومت ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، پھر تم کہاں پھرے جارہے ہو؟ ﴿٦﴾ اگر تم کفر کرو گے تو یقیناً اللہ تعالیٰ تو تمھاری پرواہ نہیں کرتے ④ اور اپنے بندوں کے لیے وہ کفر کو پسند نہیں کرتے اور اگر تم شکر کرو گے تو اس کو تمھارے لیے پسند کریں گے اور کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا، پھر تم کو اپنے رب کے پاس واپس لوٹ کر کے جانا ہے، پھر جو کام تم (دنیا میں) کرتے تھے وہ (یعنی اس کی حقیقت) تم کو بتلادیں گے، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) سینوں کی باتوں کو پوری طرح جانتے ہیں ﴿٧﴾ اور جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ اپنے رب کو اسی سے لو لگا کر پکارتا ہے، پھر جب وہ (اللہ تعالیٰ) اس (انسان) کو اپنی طرف سے کوئی نعمت عطا کرتے ہیں تو وہ (انسان) اس (تکلیف) کو بھول جاتا ہے جس کے لیے پہلے (اس کو) پکار رہا تھا اور اللہ تعالیٰ کے لیے شریکوں کو گھڑ لیتا ہے؛ تاکہ وہ (دوسروں کو بھی) اس (اللہ تعالیٰ) کے راستے سے گمراہ کردے (اس سے) تم کہہ دو کہ: تو اپنے کفر سے تھوڑا سا مزہ اڑالے، یقیناً تو آگ والوں میں سے ہوگا ﴿٨﴾

① یعنی حضرت آدم علیہ السلام۔ ② آیت میں "انزل" ہے: [١] جانور کی تخلیق میں پانی کا دخل ہے جو آسمان سے برستا ہے۔

أَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ آنَاءَ اللَّيْلِ سَاجِدًا وَّقَائِمًا يَّحْذَرُ الْآخِرَةَ وَيَرْجُوْا رَحْمَةَ رَبِّهٖ ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَالَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ؕ إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُولُوا الْأَلْبَابِ ۞

قُلْ يٰعِبَادِ الَّذِيْنَ آمَنُوا اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ؕ لِلَّذِيْنَ أَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ؕ وَأَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ ؕ إِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ أَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۞ قُلْ إِنِّيْٓ أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ۞ وَأُمِرْتُ لِأَنْ أَكُوْنَ أَوَّلَ الْمُسْلِمِيْنَ ۞ قُلْ إِنِّيْٓ أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۞

کیا بھلا جو رات کی گھڑیوں میں عبادت کرتا ہے، کبھی سجدہ میں ہوتا ہے اور کبھی کھڑا ہوا ہوتا ہے، آخرت سے ڈرتا ہے اور اپنے رب کی رحمت کی امید رکھتا ہے (کیا یہ آدمی مشرک کے برابر ہوسکتا ہے؟) (اے نبی!) تم کہہ دو کہ: کیا جو لوگ جانتے ہیں اور جو لوگ جانتے نہیں ہیں وہ برابر ہو سکتے ہیں؟ عقل والے لوگ ہی نصیحت حاصل کرتے ہیں ﴿۹﴾

اے نبی! تم کہہ دو: اے میرے ایمان والے بندو! تم اپنے رب سے ڈرو، جو لوگ اس دنیا میں اچھے کام کیا کرتے ہیں ان کے لیے (دنیا اور آخرت میں) بھلائی (ہی بھلائی) ہے اور اللہ تعالیٰ کی زمین تو (بہت) کشادہ ہے① اور صبر کرنے والوں کو ان کا ثواب بے حساب ملتا ہے ﴿۱۰﴾ (اے نبی!) تم کہو کہ: مجھ کو تو یہ حکم ہوا ہے کہ میں اسی اللہ تعالیٰ کی عبادت کروں کہ خالص بندگی اسی کے واسطے ہو (یعنی اس میں شرک بالکل نہ ہو) ﴿۱۱﴾ اور مجھے یہ بھی حکم ہوا ہے کہ میں سب سے پہلا مسلمان بن کر رہوں② ﴿۱۲﴾ (ان سے یہ بھی) تم کہہ دو: اگر (جو) میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو میں ایک بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں ﴿۱۳﴾

⬅ پچھلے صفحے کا ما بقیہ: [۲] جانور کی اصل بھی جنت میں پیدا کی گئی پھر دنیا میں اتارے گئے [۳] اللہ اپنی قدرت سے جانور پیدا فرمائے پھر انسان کو عطا فرمائے۔ ④ [۱] ماں کا پیٹ [۲] رحم دانی [۳] جھلی، یہ تین سے مراد ہیں۔ ⑤ یعنی تمہاری عبادت کی اللہ تعالیٰ کو حاجت نہیں ہے۔

اس صفحے کا حاشیہ: ① وطن میں نیکی کرنے سے رکاوٹ ہو تو دوسری جگہ جاؤ۔

② احکام کو قبول کرنے میں نبی اول ہوتے ہیں جس چیز کی دعوت دیوے اس پر خود پہلے عمل کرے۔

قُلِ اللّٰهَ اَعۡبُدُ مُخۡلِصًا لَّهٗ دِيۡنِىۡ ﴿۱۴﴾ فَاعۡبُدُوۡا مَا شِئۡتُمۡ مِّنۡ دُوۡنِهٖ ؕ قُلۡ اِنَّ الۡخٰسِرِيۡنَ الَّذِيۡنَ خَسِرُوۡۤا اَنۡفُسَهُمۡ وَاَهۡلِيۡهِمۡ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ ؕ اَلَا ذٰلِكَ هُوَ الۡخُسۡرَانُ الۡمُبِيۡنُ ﴿۱۵﴾ لَهُمۡ مِّنۡ فَوۡقِهِمۡ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَمِنۡ تَحۡتِهِمۡ ظُلَلٌ ؕ ذٰلِكَ يُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهٖ عِبَادَهٗ ؕ يٰعِبَادِ فَاتَّقُوۡنِ ﴿۱۶﴾ وَالَّذِيۡنَ اجۡتَنَبُوا الطَّاغُوۡتَ اَنۡ يَّعۡبُدُوۡهَا وَاَنَابُوۡۤا اِلَى اللّٰهِ لَهُمُ الۡبُشۡرٰى ۚ فَبَشِّرۡ عِبَادِ ﴿۱۷﴾ الَّذِيۡنَ يَسۡتَمِعُوۡنَ الۡقَوۡلَ فَيَتَّبِعُوۡنَ اَحۡسَنَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيۡنَ هَدٰىهُمُ اللّٰهُ وَاُولٰٓئِكَ هُمۡ اُولُوا الۡاَلۡبَابِ ﴿۱۸﴾ اَفَمَنۡ حَقَّ عَلَيۡهِ كَلِمَةُ الۡعَذَابِ ؕ اَفَاَنۡتَ تُنۡقِذُ مَنۡ فِى النَّارِ ﴿۱۹﴾

تم کہو کہ: میں اللہ تعالیٰ کی ہی عبادت اس طرح کرتا ہوں کہ اپنی عبادت خالص اسی کے لیے ہو ﴿۱۴﴾ سوتم اس (اللہ تعالیٰ) کو چھوڑ کر جس کی چاہو عبادت کرو① تم کہہ دو کہ: (یقینی بات ہے کہ) قیامت کے دن وہی لوگ نقصان میں ہوں گے جن لوگوں نے کہ اپنی جانوں کو اور اپنے گھر والوں کو نقصان میں ڈال دیا، سن لو! یہی کھلم کھلا نقصان ہے ﴿۱۵﴾ ان کے لیے ان کے اوپر سے بھی آگ کے بادل (یعنی سائبان) ہیں اور ان کے نیچے بھی (ویسے ہی) بادل (یعنی سائبان) ہیں، یہی وہ (عذاب) ہے کہ اللہ تعالیٰ جس سے اپنے بندوں کو ڈراتے ہیں، اے میرے بندو! لہذا تم مجھ سے ہی ڈرتے رہو ﴿۱۶﴾ اور جن لوگوں نے اپنے آپ کو شیطانوں کو پوجنے سے بچالیا اور انھوں نے اللہ تعالیٰ کی طرف انابت کی انہی لوگوں کے لیے خوش خبری ہے بلہذا تم میرے ان بندوں کو خوش خبری سنا دو ﴿۱۷﴾ جو دھیان سے (اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی) بات کو سنتے ہیں، پھر اس میں سے اچھی اچھی باتوں پر وہ لوگ چلتے ہیں② یہی لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے ہدایت دی اور وہی لوگ عقل والے ہیں ﴿۱۸﴾ کیا بھلا جس (شخص) پر عذاب کی بات طے ہو چکی ہے، جو شخص آگ میں پڑ چکا ہو کیا پھر تم اس کو بچاؤ گے؟ ﴿۱۹﴾

---

① اس میں نہ ماننے والوں کو بطور تنبیہ ڈانٹ کر یہ بات کہی جارہی ہے۔

② اللہ تعالیٰ کا ہر حکم اچھا ہی ہے۔

لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِّنْ فَوْقِهَا غُرَفٌ مَّبْنِيَّةٌ ۙ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ وَعْدَ اللّٰهِ ؕ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ الْمِيْعَادَ ۝ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَلَكَهٗ يَنَابِيْعَ فِى الْاَرْضِ ثُمَّ يُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَجْعَلُهٗ حُطَامًا ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِاُولِى الْاَلْبَابِ ۝

اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ فَوَيْلٌ لِّلْقٰسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ فِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝

لیکن جو لوگ اپنے رب سے ڈرتے ہیں تو ان کے (رہنے کے) لیے ایسے بالاخانے ① ہیں کہ جن کے اوپر دوسرے بالاخانے بنے ہوئے ہیں، جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی، یہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے، اللہ تعالیٰ اپنے وعدے کے خلاف نہیں کرتے ﴿۲۰﴾ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے ہی آسمان سے پانی اتارا، پھر اس (پانی) کو زمین کے چشموں میں داخل کر دیا ②، پھر اس (پانی) کے ذریعے سے ایسی کھیتیاں نکالتے (یعنی اگاتے) ہیں کہ اس کے الگ الگ رنگ ہوتے ہیں، پھر وہ (کھیتی جب پکنے لگتی ہے تب) سوکھ جاتی ہے، پھر تم اس کو دیکھو گے کہ وہ پیلی پڑ رہی ہے، پھر (اللہ تعالیٰ) اس کو چورا چورا کرتے ہیں، یقیناً اس میں عقل والوں کے لیے بڑی نصیحت ہے ﴿۲۱﴾

کیا بھلا وہ آدمی جس کا سینہ اللہ تعالیٰ نے اسلام کے لیے کھول دیا ہو ③ سو وہ اپنے رب کی طرف سے دی ہوئی روشنی میں آچکا ہو ④، سو جن کے دل اللہ کے ذکر (یعنی احکام) کے بارے میں سخت ہوتے ہیں ⑤ ایسے ہی لوگوں کے لیے بڑی بربادی ہے، وہی لوگ کھلم کھلا گمراہی میں پڑے ہیں ﴿۲۲﴾

---

① یعنی اوپر رہنے کی منزل۔ ② (دوسرا ترجمہ) زمین کے چشموں میں چلایا۔ ③ شرح صدر: [۱] نورِ ایمانی کی وجہ سے قلب میں وسعت پیدا ہو جاتی ہے، احکامِ الٰہیہ کا سمجھنا اور اس پر عمل کرنا آسان ہوتا ہے [۲] اسلام کی حقانیت کا یقین [۳] آسمان اور زمین کو دیکھ کر دل سے سوچ کر عبرت حاصل کرے [۴] کتاب اللہ میں نازل شدہ احکام پر غور کر کے استفادہ کرے۔

④ کیا وہ آدمی اور جس کا دل اللہ تعالیٰ کے ذکر سے متاثر نہیں ہوتا دونوں برابر ہو سکتے ہیں؟ ہرگز نہیں۔

⑤ یعنی اللہ تعالیٰ کے ذکر سے ان کے دل پر کوئی اثر نہیں ہوتا ہے۔ (اسی طرح اللہ تعالیٰ کے احکام کے بارے میں جس کے دل سخت ہوتے ہیں ان کے سامنے شرعی حکم کی بات کرو تو وہ اس کو پسند نہیں کرتے۔

اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ ۖ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۲۳﴾ اَفَمَنْ يَّتَّقِيْ بِوَجْهِهٖ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ وَقِيْلَ لِلظّٰلِمِيْنَ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۲۴﴾ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۵﴾ فَاَذَاقَهُمُ اللّٰهُ الْخِزْيَ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۷﴾

اللہ تعالیٰ نے بہترین کلام (قرآن) اتارا ہے، جو ایسی کتاب ہے جس کی باتیں آپس میں ایک دوسرے سے ملتی جلتی ہیں (اس کی بعض باتیں سمجھانے کے لیے) بار بار دہرائی جاتی ہیں جس سے وہ لوگ جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں ان کی کھال پر (ان کے) بال کھڑے ہو جاتے ہیں ① پھر ان کی کھالیں (یعنی بدن) اور ان کے دل نرم ہو کر کے اللہ کے ذکر کی طرف لگ جاتے ہیں ② یہی (قرآن) اللہ تعالیٰ کی ہدایت ہے جس کے ذریعہ وہ جس کو بھی چاہتے ہیں ہدایت پر لاتے ہیں اور جس کو اللہ تعالیٰ گمراہ کر دیتے ہیں سو اس کے لیے کوئی ہدایت کرنے والا نہیں ہے ﴿۲۳﴾ بھلا (اس شخص کی کتنی بری حالت ہوگی) جو اپنے چہرے سے ہی قیامت کے دن برے عذاب کو روکنا چاہے گا ③ اور ظالموں کو کہا جائے گا جو تم (برے کام) کماتے تھے اس کا مزہ چکھو ﴿۲۴﴾ جو لوگ ان سے پہلے تھے انھوں نے بھی (حق کو) جھٹلایا، پھر ان کے پاس ایسی جگہ سے عذاب آ پہنچا کہ ان کو خیال بھی نہیں تھا ﴿۲۵﴾ سو اللہ تعالیٰ نے ان کو دنیا کی زندگی میں رسوائی کا مزہ چکھایا اور آخرت کا عذاب تو بہت بڑا ہے، کاش کہ وہ لوگ جان لیتے! ﴿۲۶﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے لوگوں کے لیے اس قرآن میں ہر قسم کی (عمدہ) مثالیں (یعنی مضامین) بیان کر دیں؛ تا کہ وہ لوگ نصیحت حاصل کریں ﴿۲۷﴾

---

① یعنی کانپ اٹھتے ہیں۔ ② (دوسرا ترجمہ) پھر ان کی کھالیں (یعنی جسم) نرم ہو جاتی ہیں اور ان کے دل اللہ کی یاد میں لگ جاتے ہیں۔ ③ دنیا میں ہاتھ پاؤں سے مدافعت کی کوشش کی جاتی ہے جہنم میں صرف منہ سے مدافعت کی کوشش ہوگی۔

قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِيْ عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ۝ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِيْهِ شُرَكَآءُ مُتَشٰكِسُوْنَ وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ ؕ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۚ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ۝ اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ۝ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ۝

یہ قرآن تو عربی زبان میں ہے، جس میں کوئی ٹیڑھی بات نہیں ہے؛ تا کہ وہ (قرآن کے احکام کے خلاف کرنے سے) بچ کر چلیں ﴿۲۸﴾ اللہ تعالیٰ نے (موحد اور مشرک کی) ایک مثال بیان فرمائی کہ ایک مرد (غلام) ہے جس میں کئی (مالک) شریک ہیں جو آپس میں جھگڑتے بھی ہیں اور دوسرا مرد (یعنی غلام) پورے پورا ایک ہی آدمی کی مالکی میں ہے کیا ان دونوں (غلاموں) کی حالت ایک جیسی ہوسکتی ہے؟ الحمد للہ!① بلکہ ان کے اکثر لوگ بات جانتے نہیں ہیں ﴿۲۹﴾ یقینی بات ہے کہ تم کو موت آنے ہی والی ہے اور یقینی بات ہے کہ ان کو بھی موت آنے والی ہے ﴿۳۰﴾ یقینا پھر تم لوگ قیامت کے دن اپنے رب کے سامنے بحث و مباحثہ کرو گے②﴿۳۱﴾

① یعنی کیسی بہترین مثال سے توحید سمجھادی۔

② جھگڑا کرو گے (تیسرا) اپنا اپنا مقدمہ پیش کرو گے (چوتھا) اپنا اپنا معاملہ پیش کرو گے۔

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ اِذْ جَآءَهٗ ؕ اَلَيْسَ فِىْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ۝ وَالَّذِىْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖۤ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ۝ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الْمُحْسِنِيْنَ ۝ۚ لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَسْوَاَ الَّذِىْ عَمِلُوْا وَيَجْزِيَهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ الَّذِىْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ؕ وَيُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ۝ۚ وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيْزٍ ذِى انْتِقَامٍ ۝ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ

اب بتاؤ! جس آدمی نے اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بولا اور جب سچی بات① اس کے پاس آ گئی تو اس کو (بھی) جھٹلا دیا اس (آدمی) سے بڑا ظالم اور کون ہوسکتا ہے؟ کیا کافروں کا ٹھکانہ جہنم میں نہیں ہوگا؟ ﴿۳۲﴾ اور جو (لوگوں کے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے) سچی بات لے کر کے آئے اور (خود بھی) اس (بات) کو سچا مانے② وہی لوگ تقویٰ والے ہیں ﴿۳۳﴾ ان کے لیے ان کے رب کے پاس جو وہ چاہیں گے وہ تمام چیز ملے گی، یہی نیکی کرنے والوں کا بدلہ ہے ﴿۳۴﴾ تا کہ جو برے کام انھوں نے کیے تھے وہ اللہ تعالیٰ ان سے دور کردیویں اور جو بہترین کام وہ کر رہے تھے وہ ان کا ثواب ان کو دیویں ﴿۳۵﴾ کیا اللہ تعالیٰ اپنے بندے③ کے لیے کافی نہیں ہیں؟ اور (اے نبی!) یہ (کافر لوگ) تم کو اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا دوسروں سے ڈراتے ہیں اور جس کو اللہ تعالیٰ گمراہ کرتے ہیں تو کوئی اس کو ہدایت پر لانے والا نہیں ہے ﴿۳۶﴾ اور جس کو اللہ تعالیٰ ہدایت دیویں تو اس کو کوئی گمراہ کرنے والا نہیں ہے، کیا اللہ تعالیٰ بڑے زبردست، انتقام لینے والے نہیں ہیں؟ ﴿۳۷﴾ اور اگر تم ان سے سوال کرو کہ: کس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا تو وہ جواب میں ضرور (یہ) کہیں گے کہ: اللہ ہی نے (پیدا کیا)

---

① مراد قرآن اور نبی کریم ﷺ کی پاکیزہ تعلیمات۔

② نبی اللہ تعالیٰ کے یہاں سے سچی بات لیکر آتے ہیں اور مومنین نبی کی بات کو سچ مانتے ہیں۔

③ عبد سے حضور ﷺ مراد یا عام مومنین۔

قُلْ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَنِيَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖٓ اَوْ اَرَادَنِيْ بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ ؕ قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ؕ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۳۸﴾ قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿۴۰﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۴۱﴾

اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا ۚ فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰٓى اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۴۲﴾

(تو پھر) تم (ان سے) کہو کہ: تم ذرا (مجھے) بتاؤ کہ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر جن (بتوں) کو تم پکارتے ہو اگر اللہ تعالیٰ مجھ کو کوئی تکلیف پہنچانے کا ارادہ کریں تو کیا وہ (بت) اس کی بھیجی ہوئی تکلیف کو دور کر سکتے ہیں یا وہ (اللہ تعالیٰ) مجھ پر کوئی مہربانی کرنا چاہے تو کیا وہ (بت) اس کی رحمت کو روک سکتے ہیں؟ تم کہہ دو کہ: مجھے تو (میرے) اللہ تعالیٰ ہی کافی ہیں، بھروسہ کرنے والے اسی (اللہ تعالیٰ) پر بھروسہ کیا کرتے ہیں ﴿۳۸﴾ (اے نبی!) تم کہہ دو کہ: اے میری قوم! تم اپنے طریقے پر عمل کرو، یقیناً میں (اپنے طریقے پر) عمل کرتا ہوں، سو عنقریب تم کو پتہ چل جائے گا ﴿۳۹﴾ کہ کس پر ایسا عذاب آتا ہے جو اس کو رسوا کر دیتا ہے اور کس پر (مرنے کے بعد) ہمیشہ رہنے والا عذاب اترتا ہے ﴿۴۰﴾ یقیناً ہم نے تمہارے اوپر لوگوں کے فائدے کے لیے ایک سچی کتاب اتاری، سو جو شخص (اس) ہدایت کے راستے پر آجائے گا تو اس کا فائدہ اسی کو ہوگا اور جو آدمی گمراہی اختیار کرتا ہے تو وہ گمراہی سے اپنا ہی نقصان کرتا ہے اور تم ان پر کوئی ذمے دار نہیں ہو ﴿۴۱﴾

اللہ تعالیٰ (تمام) جانوں (یعنی روحوں) کو ان کے مرنے کے وقت کھینچ لیتے ہیں اور جن (جانوں) کا ابھی مرنے کا وقت آیا نہیں ہے ان کو بھی ان کی نیند کی حالت (میں قبض کر لیتے ہیں) پھر جن کے بارے میں اس نے موت کا فیصلہ کر لیا ہے ان کو (اپنے پاس) روک لیتے ہیں اور دوسری روحوں کو ایک مقررہ وقت تک بھیج دیتے ہیں، یقیناً اس میں ایسے لوگوں کے لیے (بڑی) نشانیاں ہیں جو غور و فکر کرتے ہیں ﴿۴۲﴾

أَمِ اتَّخَذُوا مِنْ دُونِ اللّٰهِ شُفَعَآءَ ۚ قُلْ أَوَلَوْ كَانُوا لَا يَمْلِكُونَ شَيْـًٔا وَّلَا يَعْقِلُونَ ۝ قُلْ
لِّلّٰهِ الشَّفَاعَةُ جَمِيعًا ۖ لَّهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۖ ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ۝ وَإِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ
وَحْدَهُ اشْمَأَزَّتْ قُلُوبُ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْاٰخِرَةِ ۚ وَإِذَا ذُكِرَ الَّذِينَ مِنْ دُونِهٖٓ إِذَا هُمْ
يَسْتَبْشِرُونَ ۝ قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ أَنْتَ
تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِي مَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ۝ وَلَوْ أَنَّ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا مَا فِي الْأَرْضِ
جَمِيعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ مِنْ سُوٓءِ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ
مَا لَمْ يَكُونُوا يَحْتَسِبُونَ ۝

کیا ان لوگوں نے اللہ تعالیٰ کے سوا (دوسروں کو) سفارش کرنے والے بنا رکھے ہیں؟ تم (ان کو ایسا) کہو: چاہے وہ (اللہ تعالیٰ کے سوا دوسرے معبود) کسی چیز کا اختیار نہ رکھتے ہوں اور وہ (کوئی چیز) سمجھتے (بھی) نہ ہوں پھر بھی (تم ان کو سفارش کرنے والے مانو گے)؟ ﴿۴۳﴾ (اے نبی!) تم کہہ دو: سفارش تو ساری کی ساری اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے، اسی کے لیے آسمانوں اور زمین کی حکومت ہے، پھر اسی کی طرف تم لوگ لوٹائے جاؤ گے ﴿۴۴﴾ اور جب صرف ایک اللہ تعالیٰ کا نام لیا جاتا ہے تو جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ان کے دلوں میں نفرت (یعنی انقباض، ناخوشی) آجاتی ہے اور جب اس کے سوا دوسرے (معبودوں) کا نام لیا جاتا ہے تو وہ لوگ خوش ہونے لگتے ہیں ﴿۴۵﴾ (اے نبی!) تم دعا کرو[1]: اے اللہ، آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے، چھپی ہوئی اور کھلی ہوئی چیزوں کے جاننے والے! آپ تو اپنے بندوں کے درمیان میں فیصلہ کریں گے اس چیز میں جس میں وہ بندے (آپس میں) اختلاف کر رہے ہیں ﴿۴۶﴾ اور اگر ظالموں کے لیے جو کچھ بھی زمین میں ہے وہ سب کا سب ہووے اور اس کے ساتھ دوسرا اتنا اور ہو تو قیامت کے دن کے برے عذاب سے بچنے کے لیے سب کچھ فدیے میں دینے لگیں گے (پھر بھی قبول نہیں کیا جاوے گا) اور ان کے لیے اللہ تعالیٰ کی طرف سے وہ بات سامنے آجائے گی جس کا وہ لوگ خیال (یعنی گمان) بھی نہیں رکھتے تھے ﴿۴۷﴾

---

[1] کافروں کی سخت دشمنی سے محزون نہ ہوں؛ بلکہ دعا کرو۔

وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ فَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ۡ ثُمَّ اِذَا خَوَّلْنٰهُ نِعْمَةً مِّنَّا ۙ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ ۭ بَلْ هِىَ فِتْنَةٌ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ قَدْ قَالَهَا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ۭ وَالَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ هٰٓؤُلَاۗءِ سَيُصِيْبُهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ۙ وَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ۝ اَوَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيَقْدِرُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝

اور جو (برے) کام وہ لوگ کماتے تھے ان کی برائیاں ان کے سامنے ظاہر ہو جائیں گی اور جس عذاب کا وہ لوگ مذاق اڑاتے تھے وہی ان کو (چاروں طرف سے) گھیر لے گا ﴿۴۸﴾ سو جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ تو ہم کو پکارنے لگتا ہے، پھر جب ہم اس کو اپنی طرف سے کوئی (خاص) نعمت عطا کرتے ہیں تو وہ (یوں) کہتا ہے کہ یہ تو مجھ کو صرف (میری) علمی قابلیت (یعنی تدبیر، ہنر) کی وجہ سے ملا ہے ①؛ بلکہ وہ (نعمت کا ملنا) تو ایک آزمائش ہے ②؛ لیکن ان میں کے اکثر لوگ جانتے نہیں ہیں ﴿۴۹﴾ یہی بات ہے کہ ان سے پہلے کے لوگ بھی یہ بات کہہ چکے ہیں، سو جو وہ کماتے تھے وہ ان کو کچھ کام نہیں آیا ﴿۵۰﴾ سو جو انھوں نے کمائی کی تھی اس کا وبال ان پر آپڑا اور ان لوگوں میں سے جنہوں نے بھی ظلم کیا ③ ان کے کمائے ہوئے برے کاموں کا وبال بھی عنقریب ان پر آنے ہی والا ہے اور وہ لوگ (بھاگ کر) تھکانے والے نہیں ہیں ﴿۵۱﴾ کیا ان کو یہ بات معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ جس کے لیے بھی چاہتے ہیں (اس کے لیے) رزق کشادہ کرتے ہیں اور (جس کے لیے چاہتے ہیں اس کو) تنگ کرتے ہیں، یقیناً اس میں ایمان لانے والی قوم کے لیے بڑی نشانیاں ہیں ﴿۵۲﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) یہ جو مجھ کو ملا ہے اس کا ملنا تو مجھے پہلے سے معلوم ہی تھا۔

② یہاں فتنے کا مطلب یہ ہے کہ جب نعمت ملتی ہے تو اللہ کو بھول کر کفر کرنے لگ جاتا ہے یا اللہ کو یاد رکھتا ہے، اور نعمت پر شکر کرتا ہے۔

③ ھٰٓؤُلَاۗءِ کا مرجع عرب کے مشرکین۔

قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝ وَاَنِيْبُوْٓا اِلٰى رَبِّكُمْ وَاَسْلِمُوْا لَهٗ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ۝ وَاتَّبِعُوْٓا اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً وَّاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ۝ اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ يّٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا فَرَّطْتُّ فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ وَاِنْ كُنْتُ لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ ۝ اَوْ تَقُوْلَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ هَدٰىنِيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ۝ اَوْ تَقُوْلَ حِيْنَ تَرَى الْعَذَابَ لَوْ اَنَّ لِيْ كَرَّةً فَاَكُوْنَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

(اے نبی!) تم کہہ دو، اے میرے وہ بندو! جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتیاں① کی ہیں، کہ: تم اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ناامید مت ہو، یقیناً اللہ تعالیٰ تمام گناہوں کو معاف کرنے والے ہیں، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) تو بہت زیادہ معاف کرنے والے، سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۵۳﴾ اور تم اپنے رب کی طرف انابت (یعنی رجوع) کرو اور تم اس (اللہ تعالیٰ) کے فرماں بردار بن جاؤ اس سے پہلے پہلے کہ تم پر عذاب آپہنچے، پھر تم لوگوں کی مدد نہیں کی جائے گی ﴿۵۴﴾ اور تمھارے رب کی طرف سے جو بہترین باتیں② (یعنی احکام) تم پر اتاری گئی ہیں تم اس پر چلو اس سے پہلے کہ تم پر اچانک عذاب آجاوے اور تم کو پتہ بھی نہ چلے ﴿۵۵﴾ (اور) یہ کہ کوئی نفس (قیامت میں یہ بات) کہنے لگے: ہائے افسوس! کہ میں اللہ تعالیٰ کے حکموں کو پورا کرنے میں کوتاہی کرتا رہا اور میں تو (اللہ تعالیٰ کے احکام کی) مذاق اڑانے والوں میں ہی شامل رہا ﴿۵۶﴾ یا (یہ کہ وہ کہیں ایسا) کہنے لگے کہ: اگر اللہ تعالیٰ مجھے ہدایت دیتے تو میں بھی تقویٰ والوں میں سے بن جاتا ﴿۵۷﴾ یا جب عذاب کو (اپنی) آنکھوں سے دیکھ لیوے تب (ایسا) کہنے لگے کہ: اگر مجھ کو (دنیا میں ایک مرتبہ) جانے کا پھر موقع ملے تو میں نیکی کرنے والوں میں سے ہو جاؤں ﴿۵۸﴾

---

① یعنی معصیت اور خیانت کے ذریعے نفس پر زیادتی۔

② پورا قرآن بہترین مضامین کا مجموعہ ہے۔

بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ اٰيٰتِيْ فَكَذَّبْتَ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَرَى الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلَى اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ ؕ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ ۝ وَيُنَجِّي اللّٰهُ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا بِمَفَازَتِهِمْ ۫ لَا يَمَسُّهُمُ السُّوْٓءُ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ۫ وَّهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ۝ لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝

قُلْ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ اَعْبُدُ اَيُّهَا الْجٰهِلُوْنَ ۝

(اللہ تعالیٰ کی طرف سے جواب ملے گا:) کیوں نہیں میرے احکام تو تیرے پاس پہنچ چکے تھے، تو نے تو ان (احکام) کو جھٹلایا تھا اور تو نے تو (میری آیتوں کے مقابلے میں) تکبر کیا تھا اور تو تو کفر کرنے والوں میں سے تھا ﴿۵۹﴾ اور قیامت کے دن تم دیکھو گے کہ جو لوگ اللہ تعالیٰ کے بارے میں جھوٹ بولتے تھے ان کے چہرے کالے پڑ گئے ہوں گے، کیا جہنم میں تکبر کرنے والوں کا ٹھکانہ نہیں ہے؟ ﴿۶۰﴾ اور تقویٰ کے پابند لوگوں کو اللہ تعالیٰ ان کی کامیابی کے ساتھ (جہنم سے) نجات دیں گے①، (وہاں) ان کو (کسی طرح کی) کوئی تکلیف نہیں پہنچے گی اور وہ غمگین بھی نہیں ہوں گے ﴿۶۱﴾ اللہ تعالیٰ تمام چیز کے پیدا کرنے والے ہیں اور وہی ہر چیز کی حفاظت کرنے والے ہیں ﴿۶۲﴾ آسمانوں اور زمین کی کنجیاں② اسی (اللہ تعالیٰ) کے اختیار میں ہیں اور جن لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی آیتوں کا انکار کیا ہے وہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیں ﴿۶۳﴾

(اے نبی!) تم (ان سے) کہہ دو کہ: اے جاہلو! کیا اب بھی تم مجھ سے یہی کہتے ہو کہ میں اللہ تعالیٰ کے سوا کی عبادت کروں③ ﴿۶۴﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) تقویٰ کے پابند لوگوں کو (جہنم سے) نجات دیں گے، پھر ان کو ان کی کامیابی کی جگہ (جنت میں) پہنچا دیں گے۔

② یہاں تصرف کے مالک ہونے کی طرف اشارہ ہے۔

③ (دوسرا ترجمہ) (توحید کا ثبوت اور کفر کا باطل ہونا ظاہر ہو جانے کے بعد بھی) تم مجھ کو اللہ تعالیٰ کے سوا کی عبادت کرنے کے لیے کہتے ہو۔

وَلَقَدْ أُوحِيَ إِلَيْكَ وَإِلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَئِنْ أَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ ﴿٦٥﴾ بَلِ اللَّهَ فَاعْبُدْ وَكُنْ مِنَ الشَّاكِرِينَ ﴿٦٦﴾ وَمَا قَدَرُوا اللَّهَ حَقَّ قَدْرِهِ ۖ وَالْأَرْضُ جَمِيعًا قَبْضَتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَالسَّمَاوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِينِهِ ۚ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَىٰ عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿٦٧﴾ وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ إِلَّا مَنْ شَاءَ اللَّهُ ۖ ثُمَّ نُفِخَ فِيهِ أُخْرَىٰ فَإِذَا هُمْ قِيَامٌ يَنْظُرُونَ ﴿٦٨﴾ وَأَشْرَقَتِ الْأَرْضُ بِنُورِ رَبِّهَا وَوُضِعَ الْكِتَابُ وَجِيءَ بِالنَّبِيِّينَ وَالشُّهَدَاءِ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿٦٩﴾

اور پکی بات یہ ہے کہ (اے محمد ﷺ!) تمھاری طرف اور تم سے پہلے جتنے بھی (نبی) تھے ان کی طرف (یہی) وحی کی گئی کہ: اگر تم نے شرک کیا تو ضرور تمھارا عمل ضائع ہوگا اور تم ضرور نقصان میں پڑ جانے والوں میں سے ہوں گے ﴿۶۵﴾ بلکہ اللہ تعالیٰ ہی کی عبادت تم کرو اور تم شکر کرنے والوں میں سے ہو جاؤ ﴿۶۶﴾ اور ان لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی قدر نہیں پہچانی جیسا اس (اللہ تعالیٰ) کی قدر پہچاننے کا حق تھا①؛ حالاں کہ زمین ساری کی ساری اس کی ایک مٹھی میں قیامت کے دن ہوگی اور آسمان اس کے داہنے ہاتھ میں لپٹے ہوئے ہوں گے، اس کی ذات تو پاک ہے اور جو چیز وہ لوگ شریک کرتے ہیں وہ اس سے بہت دور ہے ﴿۶۷﴾ اور (جب قیامت کے دن) صور پھونکا جائے گا تو آسمانوں اور زمین میں جو کوئی بھی ہے وہ سب بے ہوش پڑ جائیں گے، مگر جس کو اللہ تعالیٰ چاہے② پھر دوسری مرتبہ اس کو پھونکا جائے گا تو وہ لوگ فوراً کھڑے ہو کر (چاروں طرف) دیکھنے لگیں گے ﴿۶۸﴾ اور زمین اپنے رب کے نور سے چمک اٹھے گی اور (اعمال کے) دفتر (لا کر سامنے) رکھ دیئے جائیں گے اور نبیوں کو اور (سب) گواہوں کو (لا کر کے) حاضر کر دیا جائے گا اور ان کے درمیان انصاف سے فیصلہ کر دیا جائے گا اور ان (لوگوں) پر ظلم نہیں کیا جائے گا ﴿۶۹﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) ان لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی (عظمت وجلال) کا حق نہیں سمجھا جتنے وہ (بزرگی اور عظمت والے) ہیں۔

② جن کو اللہ تعالیٰ چاہیں گے ان کو اس وقت بے ہوشی اور موت نہ آوے گی؛ یعنی جب صور پھونکا جاوے گا تو اس کے اثر سے حضرت جبرئیل علیہ السلام، حضرت اسرافیل علیہ السلام، حضرت میکائیل علیہ السلام، حضرت ملک الموت اور عرش کے اٹھانے والے فرشتوں کو اس وقت موت نہیں آوے گی، ہاں ابعد میں ان کو بھی موت آجاوے گی۔

وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَا يَفْعَلُوْنَ۠

وَسِيْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اِلٰى جَهَنَّمَ زُمَرًا ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَآءُوْهَا فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَاۤ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَتْلُوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ رَبِّكُمْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ۝ قِيْلَ ادْخُلُوْۤا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ۝ وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَآءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ۝

اور ہر شخص کو اس کے عمل کا پورا بدلہ دے دیا جائے گا اور وہ (اللہ تعالیٰ) وہ لوگ جو کام کرتے ہیں اس کو خوب اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۷۰﴾

اور جن لوگوں نے کفر کیا تھا ان کو گروہوں کی شکل میں جہنم کی طرف ہانکا جائے گا؛ یہاں تک کہ جب وہ اس (جہنم) کے پاس پہنچ جائیں گے تو اس (جہنم) کے دروازے کھول دیے جائیں گے اور اس (جہنم) کی حفاظت کرنے والے ان سے کہیں گے کہ: کیا تمھارے پاس تم ہی میں سے ہی پیغمبر نہیں آئے تھے؟ جو تم کو تمھارے رب کی آیتیں پڑھ پڑھ کر سناتے تھے اور وہ تم کو تمھارے اس دن (قیامت) کا سامنا کرنے سے ڈراتے تھے؟ کافر لوگ کہیں گے: ہاں! (آئے تھے) لیکن عذاب کی بات کافروں پر پوری ہو کر کے ہی رہے گی ﴿۷۱﴾ ان (کافروں) کو کہا جائے گا: جہنم کے دروازوں میں ہمیشہ رہنے کے لیے تم داخل ہو جاؤ، سو تکبر کرنے والے کا بہت ہی برا ٹھکانہ ہے ﴿۷۲﴾ اور جو لوگ اپنے رب سے ڈرتے تھے وہ بھی جنت کی طرف گروہوں کی شکل میں لے جائے جائیں گے؛ یہاں تک کہ جب وہ اس (جنت) پر پہنچ جائیں گے اور اس (جنت) کے دروازے (پہلے سے) ان کے لیے کھولے جا چکے ہوں گے [1] اور اس (جنت) کی حفاظت کرنے والے ان سے کہیں گے: تم پر سلام ہو، مزے میں رہو، سو اس (جنت) میں ہمیشہ رہنے کے لیے داخل ہو جاؤ ﴿۷۳﴾

---

[1] جنتیوں کے استقبال میں پہلے سے دروازے کھول دیے جائیں گے، اس طرف ''واو'' سے اشارہ نکلتا ہے، جہنمیوں کے تذکرے میں ''واو'' نہیں ہے۔

وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَآءُ ۚ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ۝ وَتَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ حَآفِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۚ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

اور وہ (نیک لوگ) کہیں گے: اس اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جس نے اپنا وعدہ ہم سے سچا کر کے دکھا دیا اور ہم کو اسی زمین کا وارث (یعنی مالک) بنایا کہ جنت میں (رہنے کے لیے) ہم جہاں چاہیں ٹھکانہ (یعنی گھر) بنا دیں①، سو (نیک) عمل کرنے والوں کا یہ بہترین بدلہ ہے ﴿۷۴﴾ اور (قیامت کے دن) تم فرشتوں کو دیکھو گے کہ عرش کے چاروں طرف وہ حلقہ باندھے ہوئے (یعنی گھیرے ہوئے) ہوں گے، اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے ہوں گے اور ان کے درمیان انصاف سے فیصلہ کر دیا جائے گا اور کہا جائے گا کہ: تمام تعریف تو اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہے جو تمام عالموں کے رب ہیں ﴿۷۵﴾

---

① سیر وسیاحت کے لیے جہاں چاہیں وہاں جاسکیں گے، مقاماتِ عالیہ میں بھی جانے کی اجازت ہوگی، جان پہچان والوں سے ملنے کے لیے جانے کی بھی اجازت ہوگی۔

سورۃ الغافر (المکیۃ)

آیاتھا: ۸۵۔ رکوعاتھا: ۹۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں پچاسی (۸۵) آیتیں ہیں۔ سورۃ زمر کے بعد اور سورۃ فصلت سے پہلے ساٹھ (۶۰) نمبر پر نازل ہوئی۔

یہاں سے ''آل حم'' کی سورتیں شروع ہوتی ہیں؛ یعنی جو سورتیں ''حم'' سے شروع ہوتی ہے اور یہ کل سات ہیں، حدیث میں آتا ہے کہ: جہنم کے سات دروازے ہیں، ہر دروازے پر سورۃ حم اپنے تلاوت کرنے والے کو جہنم کے عذاب سے بچانے والی ہوگی۔

اس سورت میں اللہ کے لیے ''غافر الذنب'' یعنی گناہوں کو بخشنے والا ہونا بیان کیا گیا ہے۔

اس کا ایک نام ''سورۃ مؤمن'' بھی ہے۔ اس میں ایک مردِ مؤمن کا حق کے اعلان کا واقعہ بیان کیا گیا ہے۔

ایک نام سورۃ ''الطول'' بھی ہے۔ شروع سورت میں اللہ کو ''ذی الطول'' یعنی بڑی قدرت والا ہونا بیان کیا گیا ہے۔

اس کا ایک نام ''سورۃ حم'' بھی ہے، سورت کی پہلی ہی آیت ''حم'' ہے۔

آیۃ الکرسی اور حم تنزیل سورۃ غافر کی ابتدائی آیات کا عمل: حضرت ابوہریرہؓ روایت ہے کہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ: جو شخص صبح میں سورۃ مؤمن کی پہلی تین آیتیں اور آیۃ الکرسی پڑھ لے وہ اس دن شام تک (ہر برائی اور تکلیف سے) محفوظ رہے گا اور جو شام کو پڑھ لے تو صبح تک (ہر برائی اور تکلیف سے) محفوظ رہے گا۔ (ترمذی:۲/۱۱۵) مسنون وظائف ص ر ۴۲)

جو شخص اس سورت کی آیت نمبر (۴۴) ''وافوض امری الی اللہ'' پڑھ لے گا تو روایت میں آتا ہے کہ: وہ لوگوں کے مکروفریب سے مامون ہو جائے گا؛ فوقہ اللہ سیئات مامکروا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

حٰمٓ ۚ﴿۱﴾ تَنۡزِیۡلُ الۡکِتٰبِ مِنَ اللّٰہِ الۡعَزِیۡزِ الۡعَلِیۡمِ ۙ﴿۲﴾ غَافِرِ الذَّنۡۢبِ وَ قَابِلِ التَّوۡبِ شَدِیۡدِ الۡعِقَابِ ۙ ذِی الطَّوۡلِ ؕ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ؕ اِلَیۡہِ الۡمَصِیۡرُ ﴿۳﴾ مَا یُجَادِلُ فِیۡۤ اٰیٰتِ اللّٰہِ اِلَّا الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا فَلَا یَغۡرُرۡکَ تَقَلُّبُہُمۡ فِی الۡبِلَادِ ﴿۴﴾ کَذَّبَتۡ قَبۡلَہُمۡ قَوۡمُ نُوۡحٍ وَّ الۡاَحۡزَابُ مِنۡۢ بَعۡدِہِمۡ ۪ وَ ہَمَّتۡ کُلُّ اُمَّۃٍۭ بِرَسُوۡلِہِمۡ لِیَاۡخُذُوۡہُ وَ جٰدَلُوۡا بِالۡبَاطِلِ لِیُدۡحِضُوۡا بِہِ الۡحَقَّ فَاَخَذۡتُہُمۡ ۟ فَکَیۡفَ کَانَ عِقَابِ ﴿۵﴾ وَ کَذٰلِکَ حَقَّتۡ کَلِمَتُ رَبِّکَ عَلَی الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡۤا اَنَّہُمۡ اَصۡحٰبُ النَّارِ ۘ﴿۶﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

حم ﴿۱﴾ ایک (خاص) کتاب (یعنی قرآن) کا اتارا جانا اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے جو بڑے زبردست ہیں، بہت زیادہ جاننے والے ہیں ﴿۲﴾ جو (اللہ) گناہ کو معاف کرنے والے اور توبہ کو قبول کرنے والے، سخت سزا دینے والے، بڑی طاقت والے ہیں، اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، اسی (اللہ تعالیٰ) کی طرف لوٹ کر جانا ہے ﴿۳﴾ اللہ تعالیٰ کی آیتوں کے بارے میں کافر لوگ ہی جھگڑا اکھڑا کرتے ہیں، سو ان (کافروں) کا (ایک) شہر سے (دوسرے) شہر پھرنا تم کو دھوکے میں نہ ڈالے ① ﴿۴﴾ ان سے پہلے نوح (علیہ السلام) کی قوم نے اور ان کے بعد کے (کتنے) گروہوں (فرقوں) نے (سچے دین کو) جھٹلایا اور ہر امت نے اپنے نبی کے بارے میں یہ ارادہ کیا کہ وہ اس (نبی) کو پکڑ لیوے (اور قتل کر دیوے) اور باطل کا سہارا لے کر کے جھگڑے کیے؛ تاکہ اس کے ذریعے سچے دین کو مٹا دیویں ②، سو میں نے ان (کافروں) کو پکڑ لیا، پھر (دیکھو کہ) میری سزا کیسی رہی؟ ﴿۵﴾ اور اسی طرح تمہارے رب کی بات کافروں پر پکی ہو چکی ہے کہ یقیناً وہ لوگ جہنم والے ہیں ﴿۶﴾

---

① کہ ان کافروں کو کوئی سزا نہیں ہوگی۔ ② (دوسرا ترجمہ) ڈگمگا دیویں۔

اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهٗ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۝ رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِالَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ ۭ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ۭ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَىِٕذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ۭ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

وہ (فرشتے) جو عرش کو اٹھاتے ہیں اور جو (فرشتے) اس کے آس پاس ہیں وہ اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے ہی رہتے ہیں اور وہ اس (اپنے رب) پر (کامل) ایمان رکھتے ہیں اور وہ (فرشتے) ایمان والوں کے لیے استغفار کرتے ہیں (اور یوں دعا کرتے ہیں کہ): اے ہمارے رب! آپ کی رحمت اور آپ کے علم میں ہر چیز سمائی ہوئی ہے، سو جن لوگوں نے توبہ کی اور آپ کے راستے پر وہ چلے (اے اللہ!) آپ ان کو معاف کر دیجیے اور آپ ان کو جہنم کے عذاب سے بچا لیجیے ﴿۷﴾ (اور یہ دعا کرتے ہیں): اے ہمارے رب! اور آپ ان کو ہمیشہ رہنے کے باغوں میں داخل کر دیجیے جن کا آپ نے ان سے وعدہ کیا ہے اور ان کے باپ دادوں میں سے اور ان کی بیویوں میں سے اور ان کی اولاد میں سے جو نیک ہوں① (ان کو بھی جنت میں داخل کر دیجیے) یقیناً آپ تو بڑے زبردست ہیں، بڑے حکمت والے ہیں ﴿۸﴾ (اے اللہ!) آپ ان کو برائیوں (کی سزا) سے بچا لیجیے② اور جس شخص کو آپ نے اس (محشر کے) دن تکلیف سے بچا لیا تو یہی بات ہے کہ آپ نے اس پر بڑی مہربانی کی اور یہی بہت بڑی کامیابی ہے③ ﴿۹﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) جو اس جنت کے لائق ہوں۔

② یعنی معاف کر دیجیے۔

③ (دوسرا ترجمہ) آپ ان کو برائیوں (کی عادت) سے بچا لیجیے اور جس کو آپ نے اس (دنیا کے) دن میں برائی سے بچا لیا تو یہی بات ہے کہ آپ نے اس پر بڑی مہربانی کی اور یہ بہت بڑی کامیابی ہے (یعنی دنیا میں جس پر اللہ تعالیٰ کا فضل ہوا اور برائیوں سے بچا لیا گیا اسی کو آخرت میں اعلیٰ درجے کی کامیابی حاصل ہوگی۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا يُنَادَوْنَ لَمَقْتُ اللَّهِ أَكْبَرُ مِن مَّقْتِكُمْ أَنفُسَكُمْ إِذْ تُدْعَوْنَ
إِلَى الْإِيمَانِ فَتَكْفُرُونَ ﴿١٠﴾ قَالُوا رَبَّنَا أَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَأَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا
بِذُنُوبِنَا فَهَلْ إِلَىٰ خُرُوجٍ مِّن سَبِيلٍ ﴿١١﴾ ذَٰلِكُم بِأَنَّهُ إِذَا دُعِيَ اللَّهُ وَحْدَهُ كَفَرْتُمْ ۖ وَإِن
يُشْرَكْ بِهِ تُؤْمِنُوا ۚ فَالْحُكْمُ لِلَّهِ الْعَلِيِّ الْكَبِيرِ ﴿١٢﴾ هُوَ الَّذِي يُرِيكُمْ آيَاتِهِ وَيُنَزِّلُ لَكُم مِّنَ
السَّمَاءِ رِزْقًا ۚ وَمَا يَتَذَكَّرُ إِلَّا مَن يُنِيبُ ﴿١٣﴾ فَادْعُوا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ وَلَوْ كَرِهَ
الْكَافِرُونَ ﴿١٤﴾ رَفِيعُ الدَّرَجَاتِ ذُو الْعَرْشِ يُلْقِي الرُّوحَ مِنْ أَمْرِهِ عَلَىٰ مَن يَشَاءُ مِنْ
عِبَادِهِ لِيُنذِرَ يَوْمَ التَّلَاقِ ﴿١٥﴾

یقینا جن لوگوں نے کفر کیا ان کو پکار کر کے کہا جائے گا: (آج) تم جتنا غصہ اپنے (خود کے) بارے میں کرتے ہو اس سے بھی زیادہ غصہ (یعنی نفرت) اللہ تعالیٰ کو (تم سے) اس وقت تھا جب تم کو ایمان کی دعوت دی جاتی تھی تو تم لوگ کفر کرتے تھے① ﴿۱۰﴾ کافر لوگ کہیں گے: اے ہمارے رب! تو نے ہم کو دو مرتبہ موت دی② اور تو نے ہم کو دو مرتبہ زندگی دی، سو ہم نے اپنے گناہوں کا اقرار کر لیا تو کیا (جہنم سے) نکلنے کا کوئی راستہ ہے؟ ﴿۱۱﴾ یہ (تمھاری حالت) اس لیے (ہوئی) ہے کہ جب (صرف) اکیلے اللہ تعالیٰ کا نام پکارا جاتا تھا تو تم کفر کرتے تھے اور اگر اس کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرایا جاتا تھا تو تم لوگ مان لیتے تھے، سو فیصلہ تو اللہ تعالیٰ ہی کا ہے جس کی شان بہت اونچی ہے، جس کی ذات بہت بڑی ہے ﴿۱۲﴾ وہی (اللہ تعالیٰ) ہے جو تم لوگوں کو اپنی (قدرت کی) نشانیاں دکھاتے ہیں اور تمھارے لیے آسمان سے روزی اتارتے ہیں اور جو لوگ انابت کرتے ہیں وہی لوگ نصیحت حاصل کرتے ہیں ﴿۱۳﴾ سو تم خالص اللہ تعالیٰ کے واسطے بندگی کرتے ہوئے اسی (اللہ تعالیٰ) کو پکارو اگرچہ کافر لوگ کتنا ہی برا مانیں③ ﴿۱۴﴾ (اللہ تعالیٰ وہی) اونچے درجوں والے ہیں، عرش کے مالک ہیں، اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتے ہیں اپنے حکم سے روح (یعنی وحی، راز کی بات) اتار دیتے ہیں، تاکہ ملاقات کے دن (یعنی قیامت) سے وہ ڈراویں ﴿۱۵﴾

---

① یعنی دنیا میں ایمان کی دعوت نہ قبول کرنا یہ اللہ تعالیٰ کے غصے کا سبب بنا ہوا تھا۔ ② دو موت: (۱) پیدائش سے پہلے (۲) دنیا کی زندگی کے خاتمے پر موت۔ دو زندگی: (۱) دنیا کی زندگی (۲) آخرت کی زندگی۔ ③ (دوسرا ترجمہ) ناگوار ہو۔

يَوْمَ هُمْ بٰرِزُوْنَ ۚ لَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْهُمْ شَيْءٌ ۭ لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ۭ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ۝ اَلْيَوْمَ تُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ ۭ لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝ وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْاٰزِفَةِ اِذِ الْقُلُوْبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ كٰظِمِيْنَ ۭ۬ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ حَمِيْمٍ وَّلَا شَفِيْعٍ يُّطَاعُ ۝ يَعْلَمُ خَاۗىِٕنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ ۝ وَاللّٰهُ يَقْضِيْ بِالْحَقِّ ۭ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَقْضُوْنَ بِشَيْءٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ۝
اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ كَانُوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ

جس دن وہ لوگ کھل کر کے سامنے آجائیں گے ① ان کی کوئی چیز اللہ تعالیٰ سے چھپی ہوئی نہیں ہوگی (پوچھا جائے گا) آج کس کی حکومت ہے؟ (تو جواب دیا جائے گا) صرف اللہ تعالیٰ کی حکومت ہے جو اکیلے ہیں، (سب پر) غالب ہیں ﴿۱۶﴾ آج کے دن ہر نفس کو اس کی کمائی کا بدلہ دیا جائے گا، آج (کسی پر) ظلم نہیں ہوگا، یقیناً اللہ تعالیٰ بہت جلدی حساب لینے والے ہیں ﴿۱۷﴾ اور آپ ان کو نزدیک آنے والے (قیامت کے) دن (کی مصیبت) سے ڈراؤ جب کہ (لوگوں کے) دل (یعنی کلیجے) گلوں (یعنی منہ) کو آجائیں گے تو وہ (اس کو) دبا رہے ہوں گے (کہ باہر نہ نکل جائے) ② ظلم کرنے والوں کے لیے کوئی دوست نہیں ہوگا اور کوئی سفارش کرنے والا نہیں ہوگا کہ جس کی بات مان لی جائے ﴿۱۸﴾ آنکھوں کی چوری کو اور جو چیز سینوں نے چھپا رکھی ہے اس کو وہ (اللہ تعالیٰ) جانتے ہیں ﴿۱۹﴾ اور اللہ تعالیٰ تو حق کا (یعنی ٹھیک) فیصلہ کرتے ہیں اور اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا جن کو یہ لوگ پکارتے ہیں وہ کسی چیز کا فیصلہ نہیں کر سکتے، یقیناً اللہ تعالیٰ بہت زیادہ سننے ہیں، بہت زیادہ دیکھتے ہیں ﴿۲۰﴾

کیا وہ لوگ زمین میں چلتے پھرتے نہیں کہ وہ دیکھ لیتے کہ جو (کافر) لوگ ان سے پہلے تھے ان کا انجام کیسا ہوا؟

---

① (دوسرا ترجمہ) جس (قیامت کے) دن وہ نکل کر سامنے کھڑے ہو جائیں گے۔
② (دوسرا ترجمہ) جبکہ لوگوں کے دل (کلیجے) گھٹ کر گلوں (منہ) کو آجائیں گے۔

كَانُوْا هُمْ اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِي الْاَرْضِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿۲۱﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَكَفَرُوْا فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۲﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۳﴾ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَقَارُوْنَ فَقَالُوْا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ﴿۲۴﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوا اقْتُلُوْٓا اَبْنَآءَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ وَاسْتَحْيُوْا نِسَآءَهُمْ ؕ وَمَا كَيْدُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۲۵﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ ذَرُوْنِيْٓ اَقْتُلْ مُوْسٰى وَلْيَدْعُ رَبَّهٗ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ يُّبَدِّلَ دِيْنَكُمْ اَوْ اَنْ يُّظْهِرَ فِي الْاَرْضِ الْفَسَادَ ﴿۲۶﴾

وہ لوگ طاقت کے اعتبار سے اور زمین میں چھوڑی ہوئی (عمارت، باغات کی) یادگاروں کے اعتبار سے ان (عرب کے مشرکوں) سے زیادہ مضبوط تھے، سو اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو ان کے گناہوں کی سزا میں پکڑ لیا اور ان لوگوں کو اللہ تعالیٰ (کے عذاب) سے کوئی بچانے والا نہیں تھا ﴿۲۱﴾ یہ اس واسطے کہ ان کے پاس ان کے پیغمبر کھلی کھلی دلیلیں لے کر آتے تھے، پھر انھوں نے انکار کیا، سو اللہ نے ان کو پکڑ لیا، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) بڑی طاقت والے ہیں، سخت سزا دالے ہیں ﴿۲۲﴾ اور پکی بات ہے کہ ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو اپنی نشانیاں اور کھلی دلیل لے کر فرعون اور ہامان اور قارون کی طرف بھیجا، تو وہ سب لوگ کہنے لگے: (کہ یہ) جادوگر ہے (اور) بڑا جھوٹا ہے① ﴿۲۳﴾ ﴿۲۴﴾ سو جب وہ (موسیٰ علیہ السلام) ان کے پاس ہماری طرف سے (آئی ہوئی) سچی بات لے کر آئے تو وہ لوگ کہنے لگے کہ: جو لوگ ان (موسیٰ) کے ساتھ ایمان لائے ان کے بیٹوں کو تم مار ڈالو② اور ان کی عورتوں کو زندہ چھوڑ دو اور کافروں کی تدبیر تو ناکام ہی رہی③ ﴿۲۵﴾ اور فرعون نے (اپنے درباریوں سے) کہا: مجھے چھوڑ دو④ کہ میں موسیٰ کو قتل کر دوں اور اس کو چاہیے کہ اپنے رب کو (مدد کے لیے) پکارے، مجھے یہ ڈر ہے کہ وہ تمھارے دین کو بدل ڈالے گا یا زمین میں فساد پھیلائے گا ﴿۲۶﴾

---

① اہلِ حق کے خلاف غلط پروپیگنڈہ کرنا سیاسی لوگوں کی پرانی عادت ہے۔ ② اولاد کے قتل کا انسان کو زیادہ غم ہوتا ہے، قتلِ اولاد سے نسل نہیں پھیلتی، انسان کمزور ہو جاتا ہے اور یہ جتایا گیا کہ اولاد کا قتل ایمان کے سبب سے ہے: تاکہ لوگ ایمان سے دور رہے۔ ③ (دوسرا ترجمہ) کافروں کا داؤ غلطی ہی میں رہا۔ ④ (دوسرا ترجمہ) مجھے موقع دو۔

وَقَالَ مُوسَىٰٓ إِنِّي عُذْتُ بِرَبِّي وَرَبِّكُم مِّن كُلِّ مُتَكَبِّرٍ لَّا يُؤْمِنُ بِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۲۷﴾

وَقَالَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ مِّنْ آلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ إِيمَانَهُۥٓ أَتَقْتُلُونَ رَجُلًا أَن يَقُولَ رَبِّيَ اللَّهُ وَقَدْ جَآءَكُم بِالْبَيِّنَٰتِ مِن رَّبِّكُمْ ۖ وَإِن يَكُ كَٰذِبًا فَعَلَيْهِ كَذِبُهُۥ ۖ وَإِن يَكُ صَادِقًا يُصِبْكُم بَعْضُ الَّذِي يَعِدُكُمْ ۖ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ ﴿۲۸﴾ يَٰقَوْمِ لَكُمُ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ظَٰهِرِينَ فِي الْأَرْضِ فَمَن يَنصُرُنَا مِنۢ بَأْسِ اللَّهِ إِن جَآءَنَا ۚ قَالَ فِرْعَوْنُ مَآ أُرِيكُمْ إِلَّا مَآ أَرَىٰ وَمَآ أَهْدِيكُمْ إِلَّا سَبِيلَ الرَّشَادِ ﴿۲۹﴾ وَقَالَ الَّذِيٓ آمَنَ يَٰقَوْمِ إِنِّيٓ أَخَافُ عَلَيْكُم مِّثْلَ يَوْمِ الْأَحْزَابِ ﴿۳۰﴾

اور موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا کہ: یقیناً میں اپنے رب اور تمھارے رب سے ہر تکبر کرنے والے سے — جو حساب کے دن پر ایمان نہ رکھتا ہو — پناہ لے چکا ہوں ﴿۲۷﴾

اور فرعون کے خاندان کا ایک آدمی جو ایمان لا چکا تھا (اور اب تک) اپنے ایمان کو وہ چھپا رہا تھا (یہ مشورہ سن کر) وہ کہنے لگا: کیا تم ایک ایسے آدمی کو قتل کرتے ہو جو یوں کہتا ہو کہ میرے رب اللہ تعالیٰ ہیں؛ حالاں کہ وہ تمھارے پاس تمھارے رب کی طرف سے کھلی ہوئی نشانیاں لے آیا ہے اور اگر وہ جھوٹا ہے تو اس کے جھوٹ کا وبال اسی پر پڑے گا اور اگر وہ سچا ہے تو جس چیز سے وہ تم کو ڈرا رہا ہے① اس میں سے کوئی نہ کوئی حصہ تم پر پڑ کر رہے گا②، جو آدمی حد سے آگے بڑھنے والا ہو، بڑا جھوٹا ہو یقیناً اللہ تعالیٰ ایسے کو ہدایت نہیں دیتے ﴿۲۸﴾ اے میری قوم! آج تمھارا راج ہے کہ (تم اس) ملک میں غالب ہو، سو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے (بچنے میں) کون ہماری مدد کرے گا؟ اگر وہ (اللہ تعالیٰ کا عذاب) ہمارے پاس آجائے، فرعون کہنے لگا: میں تم کو وہی رائے دیتا ہوں جس کو میں (خود صحیح) سمجھتا ہوں اور جس میں بھلائی ہو وہی راستہ میں تم کو بتلاتا ہوں ﴿۲۹﴾ اور جو شخص ایمان لا چکا تھا اس نے کہا: اے میری قوم! یقیناً میں (تمھارے بارے میں) ڈرتا ہوں کہ تم پر دوسری قوموں کی طرح برا دن آجائے ﴿۳۰﴾

---

① مراد عذاب کی پیشین گوئی ہے۔ ② بعض حضرات نے "بعض" سے دنیوی عذاب مراد لیا ہے، یا "بعض" تلطف اور نرمی کو بتلا رہا ہے؛ تاکہ مخاطب وحشت زدہ نہ ہو جائے، جبکہ کچھ حضرات نے "بعض" کو "کل" کے معنی میں بھی مراد لیا ہے۔

مِثْلَ دَاْبِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ وَالَّذِیْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ؕ وَمَا اللّٰهُ یُرِیْدُ ظُلْمًا لِّلْعِبَادِ ۝ وَیٰقَوْمِ اِنِّیْۤ اَخَافُ عَلَیْكُمْ یَوْمَ التَّنَادِ ۝ یَوْمَ تُوَلُّوْنَ مُدْبِرِیْنَ ۚ مَا لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ وَمَنْ یُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ۝ وَلَقَدْ جَآءَكُمْ یُوْسُفُ مِنْ قَبْلُ بِالْبَیِّنٰتِ فَمَا زِلْتُمْ فِیْ شَكٍّ مِّمَّا جَآءَكُمْ بِهٖ ؕ حَتّٰۤی اِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ لَنْ یَّبْعَثَ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِهٖ رَسُوْلًا ؕ كَذٰلِكَ یُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ مُّرْتَابُ ۝ ۟ۙ الَّذِیْنَ یُجَادِلُوْنَ فِیْۤ اٰیٰتِ اللّٰهِ بِغَیْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ؕ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ؕ كَذٰلِكَ یَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰی كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ ۝

نوح کی قوم اور قومِ عاد اور قومِ ثمود اور جو لوگ ان کے بعد تھے ان کے جیسی حالت (تمھاری نہ ہو جائے) اور اللہ تعالیٰ بندوں پر (کسی طرح) ظلم کرنا نہیں چاہتے ﴿۳۱﴾ اے میری قوم! میں تمھارے بارے میں ڈرتا ہوں ایسے دن سے جس میں چیخ پکار مچی ہوئی ہوگی ﴿۳۲﴾ جس دن تم (حساب کے میدان سے) پیٹھ پھرا کر کے (جہنم کی طرف) بھاگو گے (تو اس وقت) اللہ تعالیٰ (کے عذاب) سے تم کو کوئی بچانے والا نہیں ہوگا① اور جس کو اللہ تعالیٰ گمراہ کر دیویں تو اس کو کوئی ہدایت دینے والا نہیں ہوگا ﴿۳۳﴾ اور اس سے پہلے تمھارے پاس یوسف (علیہ السلام توحید کی) کھلی ہوئی دلیلیں لے کر آچکے تھے، سو جو بات وہ (یوسف علیہ السلام) تمھارے پاس لے کر کے آئے تھے تم اس کے بارے میں ہمیشہ (برابر) شک ہی کرتے رہے، یہاں تک کہ جب ان (یوسف علیہ السلام) کی وفات ہوگئی تو تم (ایسا) کہنے لگے کہ: (اب) اللہ تعالیٰ ان (یوسف علیہ السلام) کے بعد ہرگز کوئی رسول نہیں بھیجیں گے، اسی طرح اللہ تعالیٰ ہر ایسے آدمی کو جو حد سے آگے بڑھنے والا (یعنی بے باک) شک میں پڑا رہنے والا ہو اس کو گمراہی (یعنی غلطی) میں ڈالے رکھتے ہیں ﴿۳۴﴾ جو لوگ اپنے پاس کسی دلیل کے آئے بغیر اللہ تعالیٰ کی آیتوں میں جھگڑے نکالا کرتے ہیں یہ بات اللہ تعالیٰ کے یہاں اور ایمان والوں کے نزدیک بڑی نفرت کی ہے، اسی طریقے سے اللہ تعالیٰ ہر تکبر کرنے والے، بڑی شرارت کرنے والے کے دل پر مہر لگا دیتے ہیں ﴿۳۵﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) جس دن تم پیٹھ پھرا کر (اس طرح) بھاگو گے کہ کوئی بھی تم کو اللہ سے بچانے والا نہیں ہوگا (باقی:ے)

وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰهَامٰنُ ابْنِ لِيْ صَرْحًا لَّعَلِّيْۤ اَبْلُغُ الْاَسْبَابَ ۝ اَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ فَاَطَّلِعَ اِلٰۤى اِلٰهِ مُوْسٰى وَاِنِّيْ لَاَظُنُّهٗ كَاذِبًا ؕ وَكَذٰلِكَ زُيِّنَ لِفِرْعَوْنَ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَصُدَّ عَنِ السَّبِيْلِ ؕ وَمَا كَيْدُ فِرْعَوْنَ اِلَّا فِيْ تَبَابٍ ۝

وَقَالَ الَّذِيْۤ اٰمَنَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوْنِ اَهْدِكُمْ سَبِيْلَ الرَّشَادِ ۝ يٰقَوْمِ اِنَّمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا مَتَاعٌ ؗ وَّاِنَّ الْاٰخِرَةَ هِيَ دَارُ الْقَرَارِ ۝ مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً فَلَا يُجْزٰۤى اِلَّا مِثْلَهَا ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ يُرْزَقُوْنَ فِيْهَا بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

اور فرعون نے کہا: اے ہامان! تو میرے لیے ایک اونچی عمارت بنا؛ تاکہ میں راستوں تک پہنچ جاؤں ﴿۳۶﴾ (یعنی) آسمانوں کے راستوں پر (پہنچ جاؤں) ① سو میں موسیٰ کے معبود کو ② جھانک کر دیکھوں اور میں تو یقینی طور پر ان (موسیٰ علیہ السلام) کو جھوٹا ہی خیال کرتا ہوں، اسی طرح فرعون کو اس کے برے اعمال اس کی نظر میں مزین کر کے دکھائے گئے اور اس کو سیدھے راستے سے روک دیا گیا تھا ③ اور فرعون نے جو بھی چال چلی وہ تباہ و برباد ہو گئی ﴿۳۷﴾

اور جو شخص ایمان لے آیا تھا اس نے کہا: اے میری قوم! تم میری بات مان لو، میں تم کو نیکی کے راستے پر لے جاؤں گا ④ ﴿۳۸﴾ اے میری قوم! یقیناً یہ دنیا کی زندگی تو تھوڑا سا مزہ اڑا لینا ہے اور یقیناً آخرت وہ جم کر (یعنی ہمیشہ) رہنے کا گھر ہے ﴿۳۹﴾ جس شخص نے بھی برا کام کیا تو اس کو صرف اس (کی برائی) کے برابر سزا دی جائے گی اور جس نے بھی نیک عمل کیا چاہے وہ مرد ہو یا عورت ہو اور وہ ایمان والا ہے تو وہ لوگ جنت میں داخل ہوں گے اور وہاں ان کو بے حساب رزق دیا جائے گا ﴿۴۰﴾

⇐ (یعنی اس میں قیامت کے دن بھاگنا بھی مراد ہوسکتا ہے کہ میدانِ قیامت سے نکل کر بھاگے گر چہ وہ ہو نہیں سکے گا اسی طرح دنیا میں جب عذاب آوے اس وقت کا بھاگنا بھی مراد ہوسکتا ہے، ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے آنے والے عذاب کے وقت کوئی بچانے والا نہیں ہوسکتا۔

① فرعون سمجھتا تھا کہ ایسی اونچی عمارت بن ہی نہیں سکتی کہ اس کے ذریعہ آسمان پر پہنچ جائے۔ یہ تو عوام کی توجہ دوسری طرف کرنے کے لیے یہ بات کہی۔ سیاست کے لوگ عوام کو بے وقوف بنا کر کام چلاتے ہیں، بنیادی مسائل سے توجہ ہٹانے کے لیے کوئی نیا مسئلہ یا حادثہ کھڑا کر دیتے ہیں۔ ② یہ طنزیہ جملہ ہے؛ اس لیے کہ وہ تو خود کو خدا مانتا تھا۔

③ (دوسرا ترجمہ) وہ سیدھے راستے سے رک گیا تھا۔ ④ کامل مومن کی اتباع بھی انسان کو نیکی کے راستے پر چلاتی ہے۔

وَيٰقَوْمِ مَا لِيْٓ اَدْعُوْكُمْ اِلَى النَّجٰوةِ وَتَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَى النَّارِ ﴿۴۱﴾ تَدْعُوْنَنِيْ لِاَكْفُرَ بِاللّٰهِ وَاُشْرِكَ
بِهٖ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ ۡ وَّاَنَا اَدْعُوْكُمْ اِلَى الْعَزِيْزِ الْغَفَّارِ ﴿۴۲﴾ لَا جَرَمَ اَنَّمَا تَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ
لَيْسَ لَهٗ دَعْوَةٌ فِي الدُّنْيَا وَلَا فِي الْاٰخِرَةِ وَاَنَّ مَرَدَّنَآ اِلَى اللّٰهِ وَاَنَّ الْمُسْرِفِيْنَ هُمْ اَصْحٰبُ
النَّارِ ﴿۴۳﴾ فَسَتَذْكُرُوْنَ مَآ اَقُوْلُ لَكُمْ ۭ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۴۴﴾
فَوَقٰىهُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا وَحَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْۗءُ الْعَذَابِ ﴿۴۵﴾

اور اے میری قوم! یہ کیا بات ہے کہ میں تو تم کو نجات (کے راستے) کی دعوت دیتا ہوں اور تم مجھے آگ کی طرف دعوت دیتے ہو ﴿۴۱﴾ تم تو مجھے یہ دعوت دیتے ہو کہ میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ کفر کروں اور میں اس (اللہ) کے ساتھ ایسی چیز کو شریک کروں جس کے بارے میں مجھے کوئی علم (یعنی خبر) نہیں ہے اور میں تو تم کو بڑے زبردست، بہت زیادہ معاف کرنے والے (اللہ) کی طرف دعوت دیتا ہوں ﴿۴۲﴾ یقینی بات تو یہ ہے کہ جن کی عبادت کی طرف تم مجھے بلاتے ہو وہ خود اپنی طرف دعوت دینے کی (یعنی بلانے کی) صلاحیت نہ دنیا میں رکھتا ہے اور نہ آخرت میں ① اور یقیناً اللہ تعالیٰ ہی کی طرف ہمارا پھر کر جانا ہے اور یقیناً حد سے آگے بڑھنے والے ہی آگ میں پڑنے والے ہیں ﴿۴۳﴾ غرض جو بات میں تم کو کہہ رہا ہوں وہ تم (آگے چل کر) عنقریب یاد کرو گے اور میں تو اپنا کام اللہ تعالیٰ کو سونپتا ہوں، یقیناً اللہ تعالیٰ بندوں کو پورا پورا دیکھتے ہیں ﴿۴۴﴾ نتیجہ یہ ہوا کہ جو برے برے منصوبے انھوں نے بنائے تھے اللہ تعالیٰ نے ان سے اس کو بچا لیا ① اور فرعون والوں کو برے عذاب نے آ کر گھیر لیا ﴿۴۵﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) دنیا و آخرت میں (کسی بھی حاجت کے لیے) پکارے جانے کے لائق ہی نہیں ہے۔

① "فَوَقٰىهُ" میں ضمیر کا مرجع حضرت موسیٰ علیہ السلام بھی ہو سکتے ہیں۔ فرعون کے سامنے اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کے مؤمن ساتھیوں کو کامیاب کیا اور فرعونیوں کی تمام سازشیں ناکام ہوئیں۔ بعض حضرات نے مرجع اسی مردِ مؤمن کو قرار دیا ہے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے سچے خیر خواہ ثابت ہوئے اور قومِ فرعون کو علی الاعلان توحید کی دعوت دے رہے تھے ان کو بھی اللہ تعالیٰ نے غرق سے اور فرعونیوں کی سازش سے نجات دی، یہ رشتے میں فرعون کے چچازاد بھائی تھے لیکن ایمان کی سعادت نصیب ہوئی۔ شاید یہی وہ آدمی ہے جس نے قبطی کے قتل کے واقعے کے موقع پر جب فرعون کے دربار میں موسیٰ علیہ السلام سے قصاص کی بات چل رہی تھی تب دوڑ کر آئے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اس کی اطلاع دی اور مصر سے روانہ ہونے کا مشورہ دیا۔ ہر دور میں اہلِ حق کو کچھ نہ کچھ مخلص، باوفا خیر خواہ مل ہی جاتے ہیں، یہ اللہ کی ایک بڑی نعمت ہے۔

اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّعَشِيًّا ۚ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ ۟ اَدْخِلُوْٓا اٰلَ فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ ۝ وَاِذْ يَتَحَآجُّوْنَ فِي النَّارِ فَيَقُوْلُ الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا نَصِيْبًا مِّنَ النَّارِ ۝ قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُلٌّ فِيْهَآ ۙ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَكَمَ بَيْنَ الْعِبَادِ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ فِي النَّارِ لِخَزَنَةِ جَهَنَّمَ ادْعُوْا رَبَّكُمْ يُخَفِّفْ عَنَّا يَوْمًا مِّنَ الْعَذَابِ ۝ قَالُوْٓا اَوَلَمْ تَكُ تَاْتِيْكُمْ رُسُلُكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۭ قَالُوْا بَلٰى ۭ قَالُوْا فَادْعُوْا ۚ وَمَا دُعٰۗؤُا الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ۝

(یعنی) آگ ہے جس کے سامنے صبح شام وہ (فرعونی لوگ) لائے جاتے ہیں اور جس دن قیامت قائم ہوگی اس دن (حکم ہوگا کہ) تم فرعونیوں کو سخت عذاب میں داخل کردو ﴿۴۶﴾ اور جب وہ لوگ آپس میں ایک دوسرے سے آگ میں جھگڑ رہے ہوں گے تو (دنیا میں) جو کمزور لوگ تھے وہ (دنیا میں) بڑے بنے ہوئے لوگوں سے کہیں گے: ہم تو یقیناً تمھارے (کہنے کے مطابق دنیا میں تمھارے) پیچھے چلنے والے لوگ تھے تو کیا آگ کا کچھ حصہ ہمارے بدلے تم خود لے لو گے؟① ﴿۴۷﴾ جو لوگ (دنیا میں) بڑے بنے ہوئے تھے وہ کہیں گے: ہم سب اس (آگ) میں پڑے ہوئے ہیں، یقیناً اللہ تعالیٰ (اپنے) بندوں کے درمیان (جو فیصلہ کرنا تھا وہ) کر چکے ہیں ﴿۴۸﴾ اور جو لوگ آگ میں پڑے ہوئے ہوں گے وہ جہنم کے نگرانوں② سے کہیں گے کہ: تم اپنے رب سے دعا کرو کہ کسی دن تو ہمارے اوپر سے تھوڑا سا عذاب ہلکا کردیوے ﴿۴۹﴾ وہ (جہنم کے نگران فرشتے) کہیں گے: کیا تمھارے پاس تمھارے پیغمبر کھلی ہوئی نشانیاں لے کر آئے نہیں تھے؟ تو وہ (جہنمی) لوگ کہیں گے کہ: ہاں (آئے تو تھے) تو وہ (جہنم کے حفاظت کرنے والے فرشتے) کہیں گے: تو تم ہی لوگ دعا کرلو اور کافروں کی دعا تو بے کار ہی جانے والی ہے③ ﴿۵۰﴾

① (دوسرا ترجمہ) ہم سے اٹھا لوگے (تیسرا) ہم سے ہٹا سکتے ہو۔

② نگرانی کرنے والے فرشتوں؛ یعنی جہنم کے داروغے "مالک" اور اس کے رفقا۔

③ (دوسرا ترجمہ) کافروں کی دعا کا (آخرت میں) کوئی بھی اثر ہونے والا ہی نہیں ہے۔

إِنَّا لَنَنصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِينَ آمَنُوا فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ يَقُومُ الْأَشْهَادُ ﴿٥١﴾ يَوْمَ لَا يَنفَعُ الظَّالِمِينَ مَعْذِرَتُهُمْ وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوءُ الدَّارِ ﴿٥٢﴾ وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْهُدَىٰ وَأَوْرَثْنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ الْكِتَابَ ﴿٥٣﴾ هُدًى وَذِكْرَىٰ لِأُولِي الْأَلْبَابِ ﴿٥٤﴾ فَاصْبِرْ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْإِبْكَارِ ﴿٥٥﴾ إِنَّ الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِي آيَاتِ اللَّهِ بِغَيْرِ سُلْطَانٍ أَتَاهُمْ ۙ إِن فِي صُدُورِهِمْ إِلَّا كِبْرٌ مَّا هُم بِبَالِغِيهِ ۚ فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ ۖ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ ﴿٥٦﴾ لَخَلْقُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ أَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٥٧﴾

یقیناً ہم اپنے رسولوں کی اور ایمان والوں کی دنیا کی زندگی میں مدد کرتے ہی ہیں اور جس (قیامت کے) دن گواہی دینے والے کھڑے ہوں گے اس دن بھی (مدد کریں گے) ﴿۵۱﴾ جس دن ظالموں کو ان کے بہانے کوئی فائدہ نہیں دیں گے اور ان کے لیے تو لعنت ہوگی اور ان (کے رہنے) کے لیے بہت برا گھر ہوگا ﴿۵۲﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو ہدایت (نامہ یعنی تورات) عطا کی ① اور ہم نے بنی اسرائیل کو (ایسی) کتاب کا وارث بنایا، جو عقل والوں کے لیے ہدایت اور نصیحت تھی ﴿۵۳﴾ ﴿۵۴﴾ سو (اے نبی!) تم صبر کرو، یقیناً (رسولوں کو مدد کرنے کا) اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا ہے اور اپنے گناہ پر معافی مانگتے رہو اور اپنے رب کی حمد کے ساتھ شام اور صبح تسبیح کرتے رہو ﴿۵۵﴾ یقیناً جو لوگ اللہ تعالیٰ کی آیتوں کے بارے میں جھگڑے نکالا کرتے ہیں جبکہ ان کے پاس (ان کے دعوے شرک کی) کوئی بھی دلیل پہنچی نہیں ہے، ان کے دلوں میں تو صرف بڑا بننے کی ایک چاہت ہے جس (چاہت) تک وہ کبھی پہنچنے والے نہیں ہیں، سو آپ (ان کے شر کے بارے میں) اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگو، یقیناً وہی (اللہ تعالیٰ) بڑے سننے والے، بڑے دیکھنے والے ہیں ﴿۵۶﴾ البتہ آسمانوں اور زمین کا بنانا لوگوں کو (دوبارہ) بنانے سے زیادہ بڑا کام ہے ② لیکن اکثر لوگ جانتے نہیں ہیں ﴿۵۷﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) صحیح راستے کی سمجھ عطا کی۔

② جب وہ بڑا کام اللہ تعالیٰ کے لیے کوئی مشکل نہیں تو انسان کا پیدا کرنا کیسے مشکل ہوگا؟۔

وَمَا يَسْتَوِي الْأَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ۬ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَلَا الْمُسِيْٓءُ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَتَذَكَّرُوْنَ ۝ اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ ۝

اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ۝ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ۘ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۫ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝ كَذٰلِكَ يُؤْفَكُ الَّذِيْنَ كَانُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ۝

اور اندھا اور دیکھنے والا دونوں برابر نہیں ہو سکتے اور نہ جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے اور برا کام کرنے والا (یعنی دونوں برابر نہیں ہو سکتے) تم لوگ بہت کم دھیان دیتے ہو ﴿۵۸﴾ یقیناً قیامت تو آنے ہی والی ہے، اس میں (کسی طریقے کا بھی) کوئی شک نہیں ہے؛ لیکن اکثر لوگ مانتے نہیں ہیں ﴿۵۹﴾ اور تمھارے رب نے کہا کہ: تم مجھ کو پکارو، میں تمھاری دعا کو قبول کروں گا، یقینی بات ہے کہ جو لوگ میری عبادت ① سے تکبر کرتے ہیں ② وہ لوگ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے ﴿۶۰﴾

اللہ تعالیٰ وہ ہے جس نے تمھارے واسطے رات بنائی ہے؛ تا کہ تم لوگ اس میں سکون حاصل کرو اور دن دیکھنے کے لیے (یا دکھانے والا، یا روشن) بنایا، یقیناً اللہ تعالیٰ لوگوں پر فضل والے ہیں؛ لیکن اکثر لوگ (نعمتوں کا) شکر ادا نہیں کرتے ﴿۶۱﴾ وہی اللہ تعالیٰ تمھارے رب ہیں، ہر چیز کے پیدا کرنے والے ہیں، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، پھر (ایمان سے) کہاں پھرے جاتے ہو ﴿۶۲﴾ اسی طرح ③ وہ (پہلے لوگ) بھی الٹے چلا کرتے تھے جو اللہ تعالیٰ کی آیتوں کا انکار کیا کرتے تھے ﴿۶۳﴾

---

① ہر عبادت دعا ہے اور عبادت کا مغز دعا ہے۔
② (دوسرا ترجمہ) منہ پھیر لیتے ہیں۔
③ یعنی جس طرح یہ لوگ الٹے پھر کر چلے جاتے ہیں اسی طرح۔

اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً وَّصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ښ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ؀ هُوَ الْحَيُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۭ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ؀ قُلْ اِنِّىْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَمَّا جَآءَنِيَ الْبَيِّنٰتُ مِنْ رَّبِّيْ ۡ وَاُمِرْتُ اَنْ اُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ؀ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ثُمَّ لِتَكُوْنُوْا شُيُوْخًا ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى مِنْ قَبْلُ وَلِتَبْلُغُوْٓا اَجَلًا مُّسَمًّى وَّلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ؀

اللہ تعالیٰ (کی ذات) وہ ہے جس نے تمھارے لیے زمین کو ٹھہرنے کی جگہ بنایا اور آسمان کو چھت بنایا اور تمھاری صورت بنائی سو تمھاری بہترین صورت بنائی اور تم کو پاکیزہ چیزوں سے روزی دی، وہ اللہ تعالیٰ تمھارے رب ہیں، سو بڑی برکت والے ہیں① جو تمام عالموں کے رب ہیں ﴿۶۴﴾ وہی (اللہ) زندہ ہیں، اس کے سوا کوئی معبود نہیں تو تم خالص اس کے لیے بندگی کرتے ہوئے اس کو پکارو، تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جو تمام عالموں کے رب ہیں ﴿۶۵﴾ (اے نبی!) تم کہہ دو کہ مجھے اس بات سے منع کر دیا گیا ہے کہ جب میرے پاس میرے رب کی طرف سے کھلی ہوئی نشانیاں آ چکیں تو پھر میں ان (بتوں) کی عبادت کروں جن کو تم اللہ تعالیٰ کے سوا پکارا کرتے ہو② اور مجھ کو تو یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں تمام عالموں کے رب کا تابع بن کر رہوں ﴿۶۶﴾ وہی (اللہ تعالیٰ) ہے جس نے تم لوگوں کو مٹی سے پیدا کیا، پھر نطفے سے، پھر جمے ہوئے خون سے، پھر وہ تم کو بچے کی شکل میں باہر نکالتے ہیں، پھر (زندہ رکھ کر اللہ تعالیٰ تمھاری پرورش کرتے ہیں) تا کہ تم اپنی بھرپور طاقت (یعنی جوانی) کو پہنچ جاؤ، پھر تا کہ تم بوڑھے ہو جاؤ اور تم میں سے کوئی تو وہ ہے جو اس (جوانی اور بڑھاپے) سے پہلے ہی وفات پا جاتا ہے؛ اور تا کہ تم سب ایک مقرر وقت تک پہنچ جاؤ③؛ اور تا کہ تم سمجھ سے کام لو ﴿۶۷﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) بڑی شان والے ہیں۔ ② (دوسرا ترجمہ) جب میرے پاس میرے رب کی طرف سے (توحید پر) کھلی کھلی نشانیاں آ چکی تو اب مجھے اس بات سے منع کر دیا گیا ہے کہ میں ان بتوں کی عبادت کروں جن کو تم اللہ کے سوا پکارا کرتے ہو۔ ③ ہر ایک کے لیے ایک وقت مقرر ہے۔

هُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۚ فَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۶۸﴾

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ ۭ اَنّٰى يُصْرَفُوْنَ ﴿۶۹﴾ۚۛ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِالْكِتٰبِ وَبِمَآ اَرْسَلْنَا بِهٖ رُسُلَنَا ۫ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۰﴾ۙ اِذِ الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلٰسِلُ ۭ يُسْحَبُوْنَ ﴿۷۱﴾ۙ فِي الْحَمِيْمِ ڏ ثُمَّ فِي النَّارِ يُسْجَرُوْنَ ﴿۷۲﴾ۚ ثُمَّ قِيْلَ لَهُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿۷۳﴾ۙ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا بَلْ لَّمْ نَكُنْ نَّدْعُوْا مِنْ قَبْلُ شَـيْـــًٔا ۭ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۴﴾ ذٰلِكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَفْرَحُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَمْرَحُوْنَ ﴿۷۵﴾ۚ اُدْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۷۶﴾

وہی (اللہ تعالیٰ) ہیں جو زندگی دیتے ہیں اور موت بھی دیتے ہیں، سو جب کسی کام کا فیصلہ کر دیتے ہیں تو اس کو بس اتنا ہی کہہ دیتے ہیں کہ "ہوجا" تو وہ کام ہوجاتا ہے ﴿۶۸﴾

کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو اللہ تعالیٰ کی آیتوں کے بارے میں جھگڑا کرتے ہیں، کوئی کہاں سے ان کو الٹا پھیر دیتا ہے؟① ﴿۶۹﴾ جن لوگوں نے کتاب (قرآن) کو اور ان چیزوں کو (بھی) جھٹلایا جن (چیزوں) کو ہم نے اپنے رسولوں کو دے کر بھیجا تھا، سو عنقریب ان کو (اپنا انجام) معلوم ہوجائے گا ﴿۷۰﴾ جب کہ طوقیں اور زنجیریں ان کی گردنوں میں (پڑی ہوئی) ہوں گی (پھر) ان کو گھسیٹتے ہوئے گرم پانی میں پہنچایا جاوے گا ﴿۷۱﴾ پھر ان کو آگ میں ڈال دیا جائے گا ﴿۷۲﴾ پھر ان کو پوچھا جائے گا: کہاں ہیں وہ (تمہارے معبود) جن کو تم اللہ تعالیٰ کے سوا شریک مانا کرتے تھے؟ ﴿۷۳﴾ تو وہ (کافر) کہیں گے: وہ سب ہم سے غائب ہوگئے؛ بلکہ اس سے پہلے ہم کسی چیز کو نہیں پکارتے تھے، اسی طرح اللہ کافروں کو گمراہ کر دیتے ہیں② ﴿۷۴﴾ یہ (عذاب) اس لیے ہوگا کہ تم زمین میں ناحق اترایا کرتے تھے③ اور اس لیے کہ تم اکڑتے پھرتے تھے④ ﴿۷۵﴾ تم جہنم کے دروازوں میں ہمیشہ اس میں رہنے کے لیے داخل ہوجاؤ، سو تکبر کرنے والوں کا بہت ہی برا ٹھکانہ ہے ﴿۷۶﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) (حق سے) پھر کر کہاں چلے جارہے ہیں؟ ② (دوسرا ترجمہ) غلطی میں پھنسائے رکھتے ہیں ان کافروں کی ضد کی پاداش میں۔ ③ اللہ کو بھول کر ناحق لذت حاصل کرنا۔ ④ مال و دولت پر فخر و غرور کرکے حقوق میں تعدی کرنا۔

فَاصْبِرْ إِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ فَإِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِي نَعِدُهُمْ أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَإِلَيْنَا يُرْجَعُونَ ۝ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّن قَبْلِكَ مِنْهُم مَّن قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُم مَّن لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ ۗ وَمَا كَانَ لِرَسُولٍ أَن يَأْتِيَ بِآيَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللّٰهِ ۚ فَإِذَا جَاءَ أَمْرُ اللّٰهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُونَ ۝

اللّٰهُ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَنْعَامَ لِتَرْكَبُوا مِنْهَا وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ ۝ وَلَكُمْ فِيهَا مَنَافِعُ وَلِتَبْلُغُوا عَلَيْهَا حَاجَةً فِي صُدُورِكُمْ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُونَ ۝

لہٰذا (اے نبی!) تم صبر کرو، یقیناً اللہ تعالیٰ کا وعدہ تو (بالکل) سچا ہے، اب جس عذاب سے ہم ان کو ڈرایا کرتے ہیں① اگر تھوڑا سا اس میں سے ہم تم کو (تمھاری زندگی میں) دکھلا دیں گے یا ہم تم کو (دنیا سے) اٹھا لیویں، سو وہ لوگ ہمارے پاس واپس لائے جائیں گے ﴿۷۷﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے تم سے پہلے بہت سارے رسول بھیجے، ان میں سے کچھ (پیغمبر) تو وہ ہیں جن کے واقعات ہم نے تمھارے سامنے بیان کر دیے اور ان میں سے بعض وہ ہیں کہ تمھارے سامنے ہم نے ان کے واقعات بیان نہیں کیے اور کسی رسول کو یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ کوئی نشانی (خود) لے آوے②؛ مگر اللہ تعالیٰ ہی کے حکم سے (معجزہ آسکتا ہے) سو جب اللہ کا (دنیا یا آخرت میں عذاب کا) حکم آوے گا تو انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جاوے گا اور جھوٹے لوگ اس وقت نقصان میں پڑ جاویں گے③ ﴿۷۸﴾

اللہ تعالیٰ وہ ہے جس نے تمھارے لیے چوپائے بنائے؛ تاکہ ان میں سے بعض پر تم سواری کرو اور ان میں سے بعضوں کو تم کھاتے ہو ﴿۷۹﴾ اور تمھارے لیے ان (جانوروں) میں بہت سارے (دوسرے) فائدے ہیں اور ان (جانوروں) کا مقصد یہ بھی ہے کہ تم ان پر (سوار ہو کر) تمھارے دلوں میں (کہیں جانے کی) حاجت ہو تو تم اس تک پہنچ سکو اور ان (جانوروں) پر اور کشتی پر اٹھا کر کے تم کو لے جایا جاتا ہے ﴿۸۰﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) جس عذاب کا ہم ان سے وعدہ کیا کرتے ہیں۔ ② (ترجمہ کی دوسری تعبیر) کسی پیغمبر کو یہ طاقت نہیں ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی اجازت کے بغیر کوئی معجزہ لے آوے۔ ③ (دوسرا ترجمہ) آیا۔ ہو گیا۔ پڑ گئے (یعنی تینوں جگہ ماضی کا ترجمہ بھی ہو سکتا ہے)۔

وَيُرِيكُمْ اٰيٰتِهٖ ۖ فَاَيَّ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُنْكِرُوْنَ ﴿۸۱﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَانُوْٓا اَكْثَرَ مِنْهُمْ وَاَشَدَّ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِي الْاَرْضِ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَلَمَّا جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرِحُوْا بِمَا عِنْدَهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۸۳﴾ فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهٖ مُشْرِكِيْنَ ﴿۸۴﴾ فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا ۭ سُنَّتَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ فِيْ عِبَادِهٖ ۚ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۵﴾

اور وہ (اللہ تعالیٰ) تم کو (اپنی) نشانیاں دکھلاتے رہتے ہیں، سو اللہ تعالیٰ کی کون کون سی نشانیوں کا تم انکار کروگے؟ ﴿۸۱﴾ کیا بھلا انھوں نے زمین میں چل پھر کر کے دیکھا نہیں کہ جو لوگ ان سے پہلے تھے ان کا انجام کیسا ہوا، جو (تعداد میں) ان (مکہ والوں) سے زیادہ تھے اور طاقت میں بھی (ان سے) زیادہ مضبوط تھے اور زمین پر جو نشانیاں (عمارت وغیرہ کی چھوڑ گئے ہیں) اس میں بھی (زیادہ تھے) کہ جو کمائی وہ کمایا کرتے تھے وہ ان کو کچھ بھی کام نہیں آئی ﴿۸۲﴾ سو جب ان کے پاس ان کے رسول کھلی ہوئی نشانیوں کو لے کر پہنچے تو ان کے پاس جو (دنیوی) علم تھا① اس پر وہ اترانے لگے، اور جس (عذاب) کا وہ مزاق اڑاتے تھے اس (عذاب) نے (آ کر) ان کو گھیر لیا ﴿۸۳﴾ سو جب انھوں نے (جب) ہمارے عذاب کو دیکھ لیا تب کہنے لگے کہ: ہم تو ایک اللہ تعالیٰ پر ایمان لے آئے اور اس کے ساتھ جو شرک ہم کرتے تھے اس کا ہم نے انکار کر دیا ﴿۸۴﴾ سو جب انھوں نے ہمارے عذاب کو دیکھ لیا تب ان کو ان کا ایمان نفع نہیں پہنچا سکتا تھا② اللہ تعالیٰ کا یہی معمول ہے جو اس کے بندوں میں (پہلے سے) ہوتا ہوا چلا آیا ہے اور کافر لوگوں نے اس وقت سخت نقصان اٹھایا ﴿۸۵﴾

---

① دنیوی معاش کو اصلی سمجھنا اور معاشی علوم کو اصلی سمجھ کر اس پر اترانے لگے۔

② وہ اضطراری حالت کا ایمان تھا۔

سورة فصلت

(المکیة)

ایاتها: ۵۴۔ رکوعاتها: ٦۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں چون (۵۴) آیتیں ہیں۔ سورۂ غافر کے بعد اور سورۂ زخرف سے پہلے اکسٹھ (٦١) نمبر پر نازل ہوئی۔

فصلت: لغت میں معنیٰ آتا ہے: کھول کر بیان کردی گئی، وضاحت کردی گئی۔ اس سورت میں قرآن کے بارے میں آیا ہے کہ اس کی آیات صاف صاف بیان کی گئی ہے۔

اس کا ایک نام "سورۂ مصابیح" بھی ہے۔ اس سورت کی ایک آیت میں آسمان کے جگمگانے والے ستاروں کو مصابیح کے لفظ سے ذکر کیا گیا ہے۔ اس کو "سورۂ حم سجدہ" بھی کہتے ہیں۔ اس میں ایک سجدہ کی آیت ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

حٰمٓ ۚ تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۚ كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ
يَّعْلَمُوْنَ ۙ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۚ فَاَعْرَضَ اَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۴﴾ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا فِيْۤ
اَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُوْنَاۤ اِلَيْهِ وَفِيْۤ اٰذَانِنَا وَقْرٌ وَّمِنْۢ بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ حِجَابٌ فَاعْمَلْ اِنَّنَا عٰمِلُوْنَ ﴿۵﴾
قُلْ اِنَّمَاۤ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰۤى اِلَيَّ اَنَّمَاۤ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَاسْتَقِيْمُوْۤا اِلَيْهِ وَاسْتَغْفِرُوْهُ ۗ
وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِيْنَ ۙ الَّذِيْنَ لَا يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ۙ

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

حم ﴿۱﴾ یہ (قرآن) اس (اللہ تعالیٰ) کی طرف سے اتارا گیا ہے جس کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۲﴾ یہ ایک ایسی کتاب ہے کہ اس کی آیتیں جدا جدا کی گئی ہیں① (یعنی یہ) قرآن عربی زبان میں (ہے) جو قوم سمجھتی ہے اس کے واسطے ﴿۳﴾ (یہ قرآن تو) خوش خبری سناتا ہے اور ڈراتا ہے، سو ان میں سے اکثر لوگ دھیان نہیں کرتے جس کی وجہ سے وہ لوگ سنتے نہیں ہیں ﴿۴﴾ اور وہ (کافر) کہنے لگے کہ: جس (توحید) کی طرف تم ہم کو بلا رہے ہو اس سے ہمارے دل غلافوں میں (لپٹے ہوئے) ہیں اور ہمارے کانوں میں ڈاٹ (لگی) ہے② اور ہمارے اور تمہارے درمیان میں ایک پردہ ہے، سو تم (تمہارا) کام کرو، ہم اپنا کام کرتے رہیں گے ﴿۵﴾ (اے نبی!) تم کہہ دو: میں تو تمہارے جیسا ایک بشر ہی ہوں، میری طرف وحی آتی ہے یہ کہ تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے، لہذا تم اسی (اللہ تعالیٰ) کی طرف (عبادت میں) اپنا رخ سیدھا رکھو اور اس (اللہ تعالیٰ) سے معافی مانگو اور ایسے مشرکوں کے لیے بڑی بربادی ہے ﴿۶﴾ جو زکوۃ نہیں دیتے اور وہ آخرت کا (بھی) انکار کرتے ہیں ﴿۷﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) صاف صاف بیان کی گئی ہیں (تیسرا) اس کی آیتیں تفصیل سے بیان کی گئی ہیں۔

② یعنی بہرے ہو گئے۔

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ ﴿٨﴾

قُلْ أَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُونَ بِالَّذِي خَلَقَ الْأَرْضَ فِي يَوْمَيْنِ وَتَجْعَلُونَ لَهُ أَندَادًا ۚ ذَٰلِكَ رَبُّ الْعَالَمِينَ ﴿٩﴾ وَجَعَلَ فِيهَا رَوَاسِيَ مِن فَوْقِهَا وَبَارَكَ فِيهَا وَقَدَّرَ فِيهَا أَقْوَاتَهَا فِي أَرْبَعَةِ أَيَّامٍ سَوَاءً لِّلسَّائِلِينَ ﴿١٠﴾ ثُمَّ اسْتَوَىٰ إِلَى السَّمَاءِ وَهِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْأَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا أَوْ كَرْهًا قَالَتَا أَتَيْنَا طَائِعِينَ ﴿١١﴾ فَقَضَاهُنَّ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ فِي يَوْمَيْنِ وَأَوْحَىٰ فِي كُلِّ سَمَاءٍ أَمْرَهَا ۚ وَزَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيحَ وَحِفْظًا ۚ ذَٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ ﴿١٢﴾

یقیناً جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے ان کے لیے ایسا ثواب ہے جو کبھی موقوف ہونے والا نہیں ہے①﴿۸﴾

(اے نبی!) تم (ان کو) کہہ دو: کیا تم لوگ اس ذات کا انکار کرتے ہو جس نے زمین کو دو دن میں پیدا کیا اور تم لوگ اس (اللہ تعالیٰ) کے لیے دوسروں کو برابر (شریک) بناتے ہو، وہ (اللہ تعالیٰ) تو تمام عالموں کے رب ہیں﴿۹﴾ اور اس (اللہ تعالیٰ) نے (تمھارے لیے) اس (زمین) میں اس پر جمے ہوئے پہاڑ قائم کر دیے اور اس (زمین) میں برکت رکھی اور اس میں اس (زمین پر رہنے والے جانوروں) کی خوراک ایک خاص مقدار میں رکھ دی (یہ) سب کچھ چار دن میں (ہوا) سوال پوچھنے والوں کے لیے برابر (یعنی پورا جواب) ہو گیا﴿۱۰﴾ پھر اس (اللہ سبحانہ وتعالیٰ) نے آسمان کی طرف توجہ کی، اور (اس وقت) وہ دھواں تھا تو اس (آسمان) کو اور زمین کو کہا کہ: تم دونوں خوشی سے یا زبردستی سے آجاؤ تو (آسمان زمین) دونوں کہنے لگے: ہم دونوں خوشی خوشی آ گئے﴿۱۱﴾ پھر اس نے (ہمارے فیصلے کے مطابق) ان کو دو دن میں سات آسمان بنائے اور ہر آسمان میں ان کے مناسب حکم بھیجا اور ہم نے قریب والے آسمان کو چراغوں (یعنی ستاروں) سے سجایا اور (ہم نے آسمان کو) محفوظ بھی کر دیا، یہ بڑے زبردست، بڑے جاننے والے (اللہ تعالیٰ) کا مقرر کیا ہوا انتظام ہے﴿۱۲﴾

---

① تندرستی کے دور میں جو نفل اعمال پابندی سے کیے اگر بیماری و سفر میں نہ کر سکے تو اللہ تعالیٰ اس کا ثواب عطا فرما دیتے ہیں۔

فَإِنْ أَعْرَضُوا فَقُلْ أَنذَرْتُكُمْ صَاعِقَةً مِّثْلَ صَاعِقَةِ عَادٍ وَثَمُودَ ﴿١٣﴾ إِذْ جَاءَتْهُمُ الرُّسُلُ مِن
بَيْنِ أَيْدِيهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ أَلَّا تَعْبُدُوا إِلَّا اللَّهَ ۖ قَالُوا لَوْ شَاءَ رَبُّنَا لَأَنزَلَ مَلَائِكَةً فَإِنَّا
بِمَا أُرْسِلْتُم بِهِ كَافِرُونَ ﴿١٤﴾ فَأَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوا فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَقَالُوا مَنْ
أَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ۖ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللَّهَ الَّذِي خَلَقَهُمْ هُوَ أَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً ۖ وَكَانُوا بِآيَاتِنَا
يَجْحَدُونَ ﴿١٥﴾ فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا صَرْصَرًا فِي أَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِيقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي
الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَخْزَىٰ ۖ وَهُمْ لَا يُنصَرُونَ ﴿١٦﴾ وَأَمَّا ثَمُودُ فَهَدَيْنَاهُمْ
فَاسْتَحَبُّوا الْعَمَىٰ عَلَى الْهُدَىٰ فَأَخَذَتْهُمْ صَاعِقَةُ الْعَذَابِ الْهُونِ بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿١٧﴾

سو اگر وہ لوگ منہ پھرائیں① تو تم (ان کو ایسا) کہہ دو کہ: میں تم کو (سخت) ہولناک عذاب سے ڈراتا ہوں جیسا ہولناک عذاب قومِ عاد اور ثمود پر اترا تھا ﴿۱۳﴾ جب ان کے پاس پیغمبر ان کے سامنے سے اور ان کے پیچھے سے② آئے، یہ کہ تم صرف اللہ تعالیٰ ہی کی عبادت کرو، تو وہ (قوم) کے لوگ کہنے لگے: اگر ہمارے رب چاہتے تو (رسول بنا کر) فرشتوں ہی کو اتار دیتے، سو ہم تو جس (توحید) کو دے کر تم کو بھیجا گیا ہے اس کا انکار کرتے ہیں ﴿۱۴﴾ سو بہر حال قومِ عاد کے لوگوں نے تو زمین میں ناحق تکبر کیا اور وہ لوگ کہنے لگے: کون ہم سے زیادہ طاقت والا ہے؟ بھلا کیا ان کو یہ بات معلوم نہیں جس اللہ تعالیٰ نے ان کو پیدا کیا وہ طاقت میں ان سے بھی زیادہ ہیں اور وہ ہماری آیتوں کا انکار کرتے تھے ﴿۱۵﴾ سو ہم نے منحوس (یعنی مصیبت کے) دنوں میں③ سخت تیز ہوا (یعنی آندھی) ان پر بھیجی؛ تاکہ ہم ان کو دنیا کی زندگی میں رسوائی کا عذاب چکھائیں اور آخرت کا عذاب تو اس سے بھی زیادہ رسوا کرنے والا ہے اور (عذاب کے وقت) ان لوگوں کی (کوئی) مدد نہیں کی جائے گی ﴿۱۶﴾ اور بہر حال قومِ ثمود تو ہم نے ان کو (رسول کے ذریعہ) سیدھا راستہ دکھایا تھا تو انھوں نے ہدایت کے مقابلے میں اندھا رہنے کو پسند کیا تو انھوں نے جو (بری) کمائی کر رکھی تھی اس کے بدلے میں ذلتی کے عذاب کے کڑاکے نے ان کو پکڑ لیا④ ﴿۱۷﴾

---

① یعنی بات نہیں مانیں۔ ② یعنی ہر طرف سے جان توڑ محنت کرتے ہوئے۔ نبیوں کے مسلسل آنے کا سلسلہ بھی رہا۔ ☚

وَنَجَّيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۱۸﴾

وَيَوْمَ يُحْشَرُ اَعْدَآءُ اللّٰهِ اِلَى النَّارِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿۱۹﴾ حَتّٰٓى اِذَا مَا جَآءُوْهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ وَاَبْصَارُهُمْ وَجُلُوْدُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَقَالُوْا لِجُلُوْدِهِمْ لِمَ شَهِدْتُّمْ عَلَيْنَا ؕ قَالُوْٓا اَنْطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْطَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَّهُوَ خَلَقَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَآ اَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُوْدُكُمْ وَلٰكِنْ ظَنَنْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِيْ ظَنَنْتُمْ بِرَبِّكُمْ اَرْدٰىكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾

اور جولوگ ایمان لائے اور وہ ڈرتے رہتے تھے ان کو ہم نے بچالیا ﴿۱۸﴾

اور جس دن اللہ تعالیٰ کے دشمنوں کو جمع کر کے آگ کی طرف لے جایا جاوے گا، پھر ان کی ٹولیاں بنائی جائیں گی① ﴿۱۹﴾ یہاں تک کہ جب وہ لوگ (جمع ہوکر) اس (آگ) کے قریب پہنچ جائیں گے تو ان کے کان اور ان کی آنکھیں اور ان کے چمڑے ان کے خلاف جو کام وہ لوگ کرتے تھے اس کی گواہی دیں گے ﴿۲۰﴾ اور وہ (دشمن) اپنی کھالوں (یعنی اعضا) سے کہیں گے کہ: تم نے ہمارے خلاف کیوں گواہی دی؟ تو وہ (کھالیں) کہیں گی کہ: ہم کو تو اس اللہ تعالیٰ نے بلوایا جس نے ہر چیز کو بلوایا اور اسی نے تم کو پہلی مرتبہ پیدا کیا اور اسی (اللہ تعالیٰ) کی طرف تم کو واپس لے جایا جائے گا ﴿۲۱﴾ اور تم لوگ (گناہ کرتے وقت) اس بات سے تو (کسی طرح) چھپ (یعنی بچ) ہی نہیں سکتے تھے کہ تمھارے کان اور تمھاری آنکھیں اور تمھارے چمڑے② تمھارے خلاف گواہی دیں گے؛ لیکن تم نے تو یہ سمجھ رکھا تھا کہ تمھارے بہت سارے اعمال کی اللہ تعالیٰ کو خبر ہی نہیں ہے ﴿۲۲﴾ اور اپنے رب کے بارے میں تمھارا ایسی تو خیال تھا جو تم رکھتے تھے جس نے تم کو برباد کر دیا جس کے نتیجے میں تم لوگ نقصان میں پڑ کر کے رہ گئے ﴿۲۳﴾

⬅ ④ ان کے برے اعمال کی وجہ سے وہ دن منحوس کہے گئے ورنہ حقیقت میں کوئی دن منحوس نہیں ہوا کرتا۔

⑤ یعنی برے اعمال کی وجہ سے ذلت کے عذاب کی آفت نے ان کو پکڑ لیا۔

① (دوسرا ترجمہ) پھر ان کو روک دیا جائے گا (تیسرا) ان لوگوں کو دھکیل دیا جائے گا۔ ② یعنی دوسرے اعضا۔

فَإِنْ يَّصْبِرُوْا فَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ۚ وَإِنْ يَّسْتَعْتِبُوْا فَمَا هُمْ مِّنَ الْمُعْتَبِيْنَ ۝ وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَآءَ فَزَيَّنُوْا لَهُمْ مَّا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۚ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ۝

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَالْغَوْا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ ۝ فَلَنُذِيْقَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ وَّلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ ذٰلِكَ جَزَآءُ اَعْدَآءِ اللّٰهِ النَّارُ ۚ لَهُمْ فِيْهَا دَارُ الْخُلْدِ ۭ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا رَبَّنَآ اَرِنَا الَّذَيْنِ اَضَلّٰنَا مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ اَقْدَامِنَا لِيَكُوْنَا مِنَ الْاَسْفَلِيْنَ ۝

سواب (ان کی حالت ایسی ہے کہ) اگر وہ صبر بھی کریں تو بھی آگ ان کے لیے ٹھکانہ ہوگی اور اگر وہ عذر بھی کرنا چاہیں تو ان کا عذر قبول نہیں کیا جائے گا ﴿۲۴﴾ اور ہم نے (دنیا میں) ان (کافروں) کے لیے کچھ (ایسے شیطان) ساتھی مقرر کر دیے تھے کہ جنھوں نے ان کے آگے اور ان کے پیچھے کے (برے) کاموں کو ان کی نگاہ میں مزین کر کے دکھلایا تھا اور (دوسرے) جنات اور انسان میں سے جو فرقے ان سے پہلے گذر گئے ان کے ساتھ (اللہ تعالیٰ کے) عذاب کی بات ان پر بچی ہو کر رہی کہ یقیناً وہ سب نقصان میں پڑنے والے ہو گئے ﴿۲۵﴾

اور کافر (ایک دوسرے سے یہ) کہتے ہیں: اس قرآن کو مت سنو اور اس (کے پڑھنے کے درمیان) میں بک بک کر دیا کرو① تاکہ تم لوگ غالب آجاؤ② ﴿۲۶﴾ تو ہم کافروں کو ضرور سخت عذاب چکھائیں گے اور برے سے برے کام جو وہ کرتے تھے ہم اس کا بدلہ ان کو ضرور دیں گے ﴿۲۷﴾ یہ اللہ تعالیٰ کے دشمنوں کی سزا آگ ہے، ان کے لیے اس میں ہمیشہ رہنے کا ٹھکانہ ہوگا، وہ جو ہماری آیتوں کا انکار کرتے تھے یہ اس کی سزا ہے ﴿۲۸﴾ اور کافر لوگ کہیں گے: اے ہمارے رب! جنات اور انسانوں میں سے جنھوں نے ہم کو گمراہ کیا تھا، وہ دونوں تو ہم کو (ذرا) دکھلا دے تو ہم ان دونوں کو اپنے قدموں کے نیچے ایسا ڈال دیویں کہ وہ سب سے نیچے (یعنی ذلیل) ہو جاویں ﴿۲۹﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) شور وغل کر دیا کرو۔ ② اور پیغمبر ہار کر چپ ہو جاوے۔

إِنَّ الَّذِينَ قَالُوا رَبُّنَا اللَّهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلَائِكَةُ أَلَّا تَخَافُوا وَلَا تَحْزَنُوا وَأَبْشِرُوا بِالْجَنَّةِ الَّتِي كُنتُمْ تُوعَدُونَ ﴿٣٠﴾ نَحْنُ أَوْلِيَاؤُكُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ ۖ وَلَكُمْ فِيهَا مَا تَشْتَهِي أَنفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيهَا مَا تَدَّعُونَ ﴿٣١﴾ نُزُلًا مِّنْ غَفُورٍ رَّحِيمٍ ﴿٣٢﴾

وَمَنْ أَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّن دَعَا إِلَى اللَّهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَقَالَ إِنَّنِي مِنَ الْمُسْلِمِينَ ﴿٣٣﴾ وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ۚ ادْفَعْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ فَإِذَا الَّذِي بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ عَدَاوَةٌ كَأَنَّهُ وَلِيٌّ حَمِيمٌ ﴿٣٤﴾

یقیناً جن لوگوں نے اقرار کیا کہ: ہمارے رب تو اللہ تعالیٰ ہی ہیں، پھر وہ (اس پر) جم گئے تو ان پر فرشتے اترتے ہیں① (اور یہ کہتے ہیں) کہ تم خوف مت کرو اور تم غمگین مت ہوؤ اور تم اس جنت سے خوش ہو جاؤ جس کا تم لوگوں سے وعدہ کیا گیا تھا ﴿۳۰﴾ ہم دنیا کی زندگی میں تمہارے دوست تھے② اور آخرت میں بھی رہیں گے اور تم کو اس (جنت) میں وہ تمام چیزیں ملیں گی جو تمہارا جی چاہے گا اور جو چیز تم وہاں منگوانا چاہو گے وہ بھی تم کو ملے گی ﴿۳۱﴾ یہ میزبانی ہے بہت زیادہ معاف کرنے والے، بہت زیادہ رحم کرنے والے (اللہ تعالیٰ) کی طرف سے ﴿۳۲﴾

اور اس آدمی سے زیادہ اچھی بات کس کی ہوگی جو اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دیوے③ اور نیک کام کرے④ اور کہے کہ: یقیناً میں تو مسلمانوں میں سے ہوں ﴿۳۳﴾ اور نیکی اور برائی دونوں برابر نہیں ہو سکتی، تم (برائی کا) جواب ایسے طریقے سے دیا کرو جو بہت اچھا ہو، جس کی وجہ سے تمہارے اور جس آدمی کے درمیان دشمنی تھی وہ دیکھتے ہی دیکھتے وہ ایسا ہو جائے گا جیسے جگری (یعنی ہمدردی کرنے والا) دوست ہو ﴿۳۴﴾

---

① یعنی موت کے وقت پھر قبر میں پھر قیامت کے میدان میں۔

② ملائکہ دنیوی زندگی میں نیکی کا الہام کرتے ہے اور تکلیف کے وقت سکون کا الہام کرتے ہے، یہ فرشتوں کی مبارک صحبت کا اثر ہے اور آخرت میں تو علانیہ ساتھ ہوں گے۔

③ اس میں اذان بھی شامل ہے۔

④ اذان اور اقامت کے درمیان نفل پڑھنا بھی اس میں شامل ہے اور اس وقت دعا بھی قبول ہوتی ہے۔

وَمَا يُلَقّٰهَآ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا ۚ وَمَا يُلَقّٰهَآ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ۝ وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ وَمِنْ اٰيٰتِهِ الَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ۭ لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَهُنَّ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ۝ فَاِنِ اسْتَكْبَرُوْا فَالَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ يُسَبِّحُوْنَ لَهٗ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُمْ لَا يَسْـَٔمُوْنَ ۝ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنَّكَ تَرَى الْاَرْضَ خَاشِعَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاۗءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ ۭ اِنَّ الَّذِيْٓ اَحْيَاهَا لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۭ اِنَّهٗ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

یہ بات صرف صبر کرنے والے (یعنی مستقل مزاج) کو ہی ملتی ہے اور یہ بات بڑی قسمت والے ہی کو ملتی ہے ﴿۳۵﴾ اور اگر شیطان کی طرف سے کوئی وسوسہ تم کو آنے لگے ① تو تم (فوراً) اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگو ② یقیناً وہی (اللہ تعالیٰ) بہت زیادہ سننے والے، بہت زیادہ جاننے والے ہیں ﴿۳۶﴾ اور (اللہ تعالیٰ کی قدرت) کی نشانیوں میں سے رات ہے ③ اور دن ہے اور سورج ہے اور چاند ہے، تم لوگ نہ سورج کو اور نہ چاند کو سجدہ کرو اور تم اس اللہ تعالیٰ کے سامنے سجدہ کرو جس نے ان سب (نشانیوں) کو پیدا کیا اگر تم کو (حقیقت میں) اسی (اللہ تعالیٰ) کی عبادت کرنا ہو تو ﴿۳۷﴾ پھر بھی اگر وہ لوگ تکبر کریں ④ تو جو (فرشتے) تمھارے رب کے پاس ہیں وہ اس (اللہ تعالیٰ) کی رات اور دن تسبیح کرتے ہیں اور وہ (فرشتے ذرا) تھکتے (یعنی اکتاتے) نہیں ہیں ﴿۳۸﴾ اور اس (اللہ کی قدرت) کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ تم زمین کو دیکھتے ہو کہ وہ تو مرجھائی پڑی ہوئی ہے، سو جب ہم نے اس (زمین) پر پانی اتارا تو وہ تر و تازہ ہوگئی اور بڑھ گئی، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) جس نے اس (زمین) کو زندہ کر دیا وہی مردوں کو زندہ کر کے رہیں گے، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) تمام چیز پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں ﴿۳۹﴾

① (دوسرا ترجمہ) کوئی کچوکا لگے۔

② یعنی عام طور پر شیطانی اثر سے انسان غصہ ہو جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ سے غصے سے حفاظت چاہے۔

③ آیت میں رات مقدم ہے، اسلامی نظام میں رات پہلے دن بعد میں ہوتا ہے۔ ④ (دوسرا ترجمہ) کرتے ہیں۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْۤ اٰيٰتِنَا لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا ؕ اَفَمَنْ يُّلْقٰى فِي النَّارِ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ يَّاْتِيْۤ اٰمِنًا يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ ۙ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالذِّكْرِ لَمَّا جَآءَهُمْ ۚ وَاِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِيْزٌ ۝ لَّا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ ؕ تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ ۝ مَا يُقَالُ لَكَ اِلَّا مَا قَدْ قِيْلَ لِلرُّسُلِ مِنْ قَبْلِكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ وَّذُوْ عِقَابٍ اَلِيْمٍ ۝

یقیناً جو لوگ ہماری آیتوں کے بارے میں ٹیڑھے چلتے ہیں① وہ ہم سے چھپ نہیں سکتے، کیا بھلا جس شخص کو آگ میں ڈال دیا جائے وہ بہتر ہے یا وہ شخص جو قیامت کے دن امن کے ساتھ② آئے گا، تم لوگ جو چاہے کرتے رہو③ یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) جو کام تم لوگ کرتے ہو اس کو پوری طرح دیکھتے ہیں ﴿۴۰﴾ یقیناً جن لوگوں نے نصیحت (یعنی قرآن کو ماننے) سے انکار کر دیا جب کہ وہ (نصیحت) ان کے پاس آ چکی تھی اور یقیناً وہ تو ایک بڑی عزت والی کتاب ہے④ ﴿۴۱﴾ باطل جس تک پہنچ نہیں سکتا آگے سے بھی نہیں اور پیچھے سے بھی نہیں⑤ یہ (قرآن) اس ذات کی طرف سے اتارا جا رہا ہے جو بڑے حکمت والے ہیں، تمام تعریف کے مالک ہیں ﴿۴۲﴾ (اے نبی!) یہ جو باتیں تم کو کہی جا رہی ہیں یہ سب وہی (باتیں) ہیں جو تم سے پہلے نبیوں کو کہی گئی تھیں⑥، یقیناً تمہارے رب تو بڑے مغفرت (کرنے) والے اور دردناک سزا (دینے) والے ہیں ﴿۴۳﴾

---

① یعنی آیتوں پر ایمان اور استقامت کے بجائے یہ لوگ تکذیب کرتے ہیں، اسی طرح آیت کے معانی قرآن وسنت کے نصوص اور جمہور امت کے خلاف گھڑے۔

② یعنی بغیر کسی خوف اور خطرے کے جنت میں۔

③ یہ اختیار نہیں دیا جا رہا ہے؛ بلکہ تنبیہ کی جا رہی ہے۔

④ (دوسرا ترجمہ) بڑی نادر کتاب ہے (تیسرا) بڑی بے نظیر کتاب ہے (چوتھا) بڑی وقعت والی کتاب ہے۔

⑤ تمام جانب مراد ہے۔

⑥ تسلی اور حوصلہ افزائی کا مضمون ہے، ہر داعی کو برے القاب سے نوازنے والے ہوتے ہیں ان سے گھبرا کر اپنا کام نہ چھوڑیں۔

وَلَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا لَّقَالُوْا لَوْلَا فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ ؕ ءَاَعْجَمِيٌّ وَّعَرَبِيٌّ ؕ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ؕ وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ فِيْۤ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ وَّهُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى ؕ اُولٰٓئِكَ يُنَادَوْنَ مِنْ مَّكَانٍۭ بَعِيْدٍ۠ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ۝ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَيْهَا ؕ وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ۝

اور اگر ہم اس (قرآن) کو (عربی زبان کے بجائے) عجمی قرآن میں بناتے تو یہ (کافر) لوگ ضرور (یوں) کہتے کہ: اس کی آیتیں صاف صاف کیوں بیان نہیں کی گئیں؟ یہ کیسی بات ہے کہ قرآن عجمی اور نبی عربی؟ تو تم کہہ دو کہ: جو لوگ ایمان لائے ہیں ان کے لیے یہ (قرآن) ہدایت اور شفا ہے اور جو لوگ ایمان نہیں لائے ہیں ان کے کانوں میں توڈاٹ (لگ گئی) ہے اور وہ (قرآن) ان کے لیے اندھیرے (میں بھٹکنے) کا سامان ہے، یہ لوگ ایسے ہیں جو کسی دور کی جگہ سے پکارے جارہے ہیں① ﴿۴۴﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے موسیٰ کو کتاب دی تھی تو اس (کتاب) میں اختلاف ہو گیا② اور اگر تمھارے رب کی طرف سے ایک بات پہلے طے نہ ہو چکی ہوتی③ تو ان کے درمیان میں (آخری) فیصلہ ہو چکا ہوتا، اور یقیناً وہ لوگ اس (قرآن) کے بارے میں ایسے شک میں پڑے ہوئے ہیں جو ان کو چین نہیں لینے دیتا ہے ﴿۴۵﴾ جو آدمی نیک کام کرے تو (وہ) اپنے فائدے کے لیے (کرتا) ہے اور جس آدمی نے برائی کی تو اس (کی برائی) کا وبال اسی پر پڑے گا اور تمھارے رب بندوں پر ذرا بھی ظلم کرنے والے نہیں ہیں ﴿۴۶﴾

---

① کوئی آدمی دور سے پکارتا ہو تو بات تو سمجھ میں نہیں آتی کہ کیا کہنا چاہتا ہے صرف آواز سنائی دیتی ہے اسی طرح ان کافروں کو حق سے کوئی نفع نہیں پہنچتا۔

② یعنی کسی نے مانا اور کسی نے نہیں مانا۔

③ کہ پورا عذاب تو آخرت میں ہوگا۔

اِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ ؕ وَمَا تَخْرُجُ مِنْ ثَمَرٰتٍ مِّنْ اَكْمَامِهَا وَمَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ؕ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ اَيْنَ شُرَكَآءِيْ ۙ قَالُوْٓا اٰذَنّٰكَ ۙ مَا مِنَّا مِنْ شَهِيْدٍ ۚ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَدْعُوْنَ مِنْ قَبْلُ وَظَنُّوْا مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ۞ لَا يَسْـَٔمُ الْاِنْسَانُ مِنْ دُعَآءِ الْخَيْرِ ۫ وَاِنْ مَّسَّهُ الشَّرُّ فَيَـُٔوْسٌ قَنُوْطٌ ۞ وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ رَحْمَةً مِّنَّا مِنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ هٰذَا لِيْ ۙ وَمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى ۚ

(جس) قیامت (میں نافرمانوں کو سزا ملنے والی ہے اس کے واقع ہونے) کا علم صرف اسی (اللہ تعالیٰ) کے حوالہ ہے① اور کوئی پھل اپنے غلاف (یعنی شگوفہ) سے نہیں نکلتا اور کسی بھی مادہ (یعنی عورت) کو حمل نہیں رہتا اور کسی (بھی مادہ) کو بچہ نہیں ہوتا الایہ کہ یہ سب کام اس (اللہ تعالیٰ ہی) کے علم (یعنی اطلاع) سے ہی ہوتے ہیں اور جس (قیامت کے) دن وہ (اللہ تعالیٰ) ان (مشرکوں) کو پکار کر کہیں گے: میرے شریک کہاں ہیں (ان کو بلاؤ جو تم کو مصیبت سے چھڑائے) تو وہ (مشرکین) کہیں گے کہ: ہم نے تو آپ سے (یہ) عرض کر دیا کہ ہم میں سے کوئی بھی اس (شرک والے عقیدہ) کا اقرار نہیں کرتا② ﴿۴۷﴾ اور اس (قیامت سے) پہلے (دنیا میں) جن (جھوٹے معبودوں) کو یہ لوگ پکارا کرتے تھے وہ سب ان سے غائب ہو جائیں گے اور وہ سمجھ جائیں گے کہ ان کے لیے چھٹکارے (یعنی بچاؤ یا بھاگنے) کا کوئی راستہ نہیں ہے ﴿۴۸﴾ انسان بھلائی مانگنے سے تھکتا نہیں ہے③ اور اگر اس کو کوئی برائی پہنچ جائے تو مایوس ہو کر نا امید ہو جاتا ہے④ ﴿۴۹﴾ اور اگر جو تکلیف (انسان) کو پہنچی تھی اس کے بعد ہم اس کو اپنی طرف سے کسی رحمت کا مزہ چکھا دیں تو ضرور کہنے لگے گا: یہ میرے لائق ہے⑤ اور میں نہیں سمجھتا کہ قیامت (کبھی) آنے والی ہے اور اگر مجھے اپنے رب کے پاس واپس بھیجا بھی گیا تو مجھے یقین ہے کہ اس کے پاس مجھے خوش حالی ضرور ملے گی،

---

① (دوسرا ترجمہ) قیامت (کے واقع ہونے) کا علم اسی (اللہ) کی طرف لوٹایا جاتا ہے۔② (دوسرا ترجمہ) ہم میں سے کوئی بھی (شرک کی) گواہی نہیں دیتا۔ یعنی کوئی بھی شرک کا اقراری مجرم بننے تیار نہیں ہوگا، اسی طرح دلیری سے جھوٹ بھی بولنے کی کوشش کریں گے۔③ یعنی ہر حالت میں ترقی کی خواہش ایسی چیز ہے کہ اس سے انسان کا دل بھرتا نہیں ہے جو اس کے بڑے حریص ہونے کی نشانی ہے۔ انسان دنیا کا مال، اسباب، صحت، قوت، عزت، رفعت اور (باقی: ←)

فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بِمَا عَمِلُوا ۚ وَلَنُذِيقَنَّهُم مِّنْ عَذَابٍ غَلِيظٍ ۝ وَإِذَا أَنْعَمْنَا عَلَى الْإِنسَانِ أَعْرَضَ وَنَأَىٰ بِجَانِبِهِ ۚ وَإِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُو دُعَاءٍ عَرِيضٍ ۝ قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِن كَانَ مِنْ عِندِ اللَّهِ ثُمَّ كَفَرْتُم بِهِ مَنْ أَضَلُّ مِمَّنْ هُوَ فِي شِقَاقٍ بَعِيدٍ ۝ سَنُرِيهِمْ آيَاتِنَا فِي الْآفَاقِ وَفِي أَنفُسِهِمْ حَتَّىٰ يَتَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُ الْحَقُّ ۗ أَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ أَنَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ ۝ أَلَا إِنَّهُمْ فِي مِرْيَةٍ مِّن لِّقَاءِ رَبِّهِمْ ۗ أَلَا إِنَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيطٌ ۝

سو ہم ان کافروں کو جو اعمال وہ کرتے رہے اس (کی پوری حقیقت) کو بتلا دیں گے اور ہم ان کو سخت عذاب کا مزہ ضرور چکھا دیں گے ﴿۵۰﴾ اور جب ہم انسان کو نعمتیں عطا کرتے ہیں تو وہ (ہم سے اور ہمارے احکام سے) منہ پھیر لیتا ہے ① اور اپنی کروٹ پھرا کر دور چلا جاتا ہے اور جب اس کو کوئی برائی پہنچ جاتی ہے تو (ہاتھ پھیلا پھیلا کر) لمبی چوڑی دعائیں کرنے لگ جاتا ہے ﴿۵۱﴾ (اے نبی!) کافروں کو تم کہو کہ: بھلا تم (ذرا مجھے یہ) بتاؤ کہ اگر یہ (قرآن) اللہ تعالیٰ کی طرف سے (آیا) ہو پھر بھی تم اس کا انکار کرتے ہو تو اس آدمی سے زیادہ گمراہ (یعنی غلطی میں) کون ہوگا جو اس کا مخالف ہو کر بہت دور چلا جائے ﴿۵۲﴾ ہم عنقریب ان کو دنیا کے اطراف میں اور (خود) ان کی ذات میں اپنی (قدرت کی) نشانیاں دکھائیں گے ② تاکہ یہ بات کھل کر ان کے سامنے آجائے گی کہ یقیناً وہ (قرآن) حق ہے (اے نبی!) اور کیا تمھارے رب کی یہ بات کافی نہیں ہے کہ وہ ہر چیز پر گواہ ہے ﴿۵۳﴾ سنو! یہ لوگ اپنے رب کے سامنے حاضر ہونے کے بارے میں شک (یعنی دھوکے) میں (پڑے ہوئے) ہیں، یاد رکھو کہ یقیناً اس (اللہ تعالیٰ) نے ہر چیز کو گھیر رکھا ہے ﴿۵۴﴾

⇐ دیگر دنیوی نعمتیں مانگنے سے تھکتا نہیں ہے؛ بلکہ مانگتا ہی رہتا ہے، مراد انسانوں کی غالب اکثریت ہے؛ تاکہ اللہ کے نیک بندے اس عموم سے خارج ہو جائیں۔ ② یہ اللہ تعالیٰ کی ناشکری کی بات ہے۔ ③ (دوسرا ترجمہ) یہ تو میرا حق ہے؛ یعنی یہ چیز میری تقدیر اور لیاقت اور فضلیت سے مجھ کو ملی ہے اور ایسا میرے لیے ہونا ہی چاہئے تھا، یہ بات ناشکری اور تکبر کی علامت ہے۔

① یہ انتہائی ناشکری کی علامت ہے۔

② یعنی ایسی نشانیاں جن سے قرآن کی حقانیت ظاہر ہو جائے۔

سورۃ الشوریٰ

(المکیۃ)

اٰیاتھا:۵۳۔رکوعاتھا:۵۔

یہ سورت مکی ہے،اس میں پچاس (۵۰) یا ترپن (۵۳) آیتیں ہیں۔سورۃ حم سجدہ یا سورۃ فصلت کے بعد اور سورۃ زخرف سے پہلے باسٹھ (۶۲) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں مشورے کی ترغیب دی گئی ہے۔اس کا دوسرا نام ''حم عسق'' ہے، اس سورت کی شروعات ''حم عسق'' سے ہوئی ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

حٰمٓ ۚ﴿۱﴾ عٓسٓقٓ ﴿۲﴾ کَذٰلِکَ یُوۡحِیۡۤ اِلَیۡکَ وَ اِلَی الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِکَ ۙ اللّٰہُ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ ﴿۳﴾ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الۡاَرۡضِ ؕ وَ ہُوَ الۡعَلِیُّ الۡعَظِیۡمُ ﴿۴﴾ تَکَادُ السَّمٰوٰتُ یَتَفَطَّرۡنَ مِنۡ فَوۡقِہِنَّ وَ الۡمَلٰٓئِکَۃُ یُسَبِّحُوۡنَ بِحَمۡدِ رَبِّہِمۡ وَ یَسۡتَغۡفِرُوۡنَ لِمَنۡ فِی الۡاَرۡضِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ اللّٰہَ ہُوَ الۡغَفُوۡرُ الرَّحِیۡمُ ﴿۵﴾ وَ الَّذِیۡنَ اتَّخَذُوۡا مِنۡ دُوۡنِہٖۤ اَوۡلِیَآءَ اللّٰہُ حَفِیۡظٌ عَلَیۡہِمۡ ۫ۖ وَ مَاۤ اَنۡتَ عَلَیۡہِمۡ بِوَکِیۡلٍ ﴿۶﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

حٰم ﴿۱﴾ عسق ﴿۲﴾ (اے نبی! جس طرح آپ پر یہ سورت اتاری جارہی ہے) اللہ تعالیٰ جو زبردست، بڑے حکمت والے ہیں تم پر اور تم سے پہلے رسولوں پر اسی طرح وحی بھیجتے رہے ہیں ﴿۳﴾ جو کچھ کہ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ کہ زمین میں ہے وہ انہی کا ہے، اور وہ (اللہ تعالیٰ) سب سے اوپر ہیں، سب سے بڑے ہیں ﴿۴﴾ ایسا لگتا ہے کہ آسمان اپنے اوپر کی جانب سے[۱] پھٹ پڑے[۲] اور فرشتے اپنے رب کی حمد کے ساتھ پاکی بیان کرتے ہیں اور وہ (ملائکہ) زمین والوں کے لیے استغفار کرتے ہیں، دھیان سے سن لو! یقیناً وہی اللہ تعالیٰ بہت زیادہ معاف کرنے والے، بڑے رحم کرنے والے ہیں ﴿۵﴾ اور جنھوں نے اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا (دوسروں کو) ولی (یعنی کام بنانے والے) بنا رکھے ہیں اللہ تعالیٰ نے ان (کے اعمال) کو محفوظ کرلیا ہے[۳] اور تم ان پر ذمے دار نہیں ہو ﴿۶﴾

---

۱ یعنی ہر اوپر والا آسمان پھٹ کر نیچے والے آسمان پر اترتا چلا جائے۔

۲ (دوسرا ترجمہ) آسمان ان (کافروں یا زمین) کے اوپر سے پھٹ پڑے۔

۳ (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ نے ان (کے اعمال) کو یاد رکھا ہے۔ (تیسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ ان (کے اعمال) کو دیکھ رہے ہیں۔ (چوتھا ترجمہ) اللہ تعالیٰ ان کے اعمال پر نگران ہیں۔

وَ كَذٰلِكَ اَوْحَيْنَاۤ اِلَيْكَ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَ مَنْ حَوْلَهَا وَ تُنْذِرَ يَوْمَ الْجَمْعِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ؕ فَرِيْقٌ فِي الْجَنَّةِ وَ فَرِيْقٌ فِي السَّعِيْرِ ۝ وَ لَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَهُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّ لٰكِنْ يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ وَ الظّٰلِمُوْنَ مَا لَهُمْ مِّنْ وَّلِيٍّ وَّ لَا نَصِيْرٍ ۝ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءَ ۚ فَاللّٰهُ هُوَ الْوَلِيُّ وَ هُوَ يُحْيِ الْمَوْتٰى ؗ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

وَ مَا اخْتَلَفْتُمْ فِيْهِ مِنْ شَيْءٍ فَحُكْمُهٗۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبِّيْ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۖۗ وَ اِلَيْهِ اُنِيْبُ ۝

اوراسی طرح ①ہم نے تم پر قرآن عربی زبان میں وحی کے ذریعہ اتارا؛ تاکہ تم مرکزی بستی (یعنی مکہ والوں) کواوراس کے آس پاس (رہنے) والوں کوڈراؤ②اوراس دن سے ڈراؤ جس میں سب کو جمع کیاجائے گا،جس (کے آنے) میں کوئی شک نہیں ہے (اس دن) ایک فریق (مؤمنین کا) جنت میں اورایک فریق (کافروں کا) بھڑکتی آگ میں (داخل کیاجائے گا) ﴿۷﴾ اوراگراللہ تعالیٰ چاہتے تو اُن سب کوایک ہی جماعت (یعنی زبردستی مسلمان) بنادیتے③لیکن وہ (اللہ تعالیٰ) جس کو چاہتے ہیں اپنی رحمت میں داخل کرتے ہیں اورجوگنہگارہیں نہ ان کا کوئی حمایت کرنے والاہوگااورنہ کوئی مدد کرنیوالا (ہوگا) ﴿۸﴾ کیاان لوگوں نےاس (اللہ تعالیٰ) کے سوا (دوسروں کواپنے) ولی (کام بنانے والے) بنارکھے ہیں؟ تو (سچی بات تویہ ہے کہ) وہی اللہ تعالیٰ مدد کرنے والے ہیں اوروہی مُردوں کوزندہ کرنے والے ہیں اوروہ ہرچیز پرپوری قدرت رکھتے ہیں ﴿۹﴾

اور (جولوگ توحید میں آپ سے اختلاف کرتے ہیں ان کوکہہ دیجیے کہ) جس بات میں بھی تم لوگ اختلاف کرتے ہوتواس کافیصلہ اللہ تعالیٰ کے حوالے ہے،وہی اللہ تعالیٰ میرے رب ہیں، انہی پرمیں نے بھروسہ کیااورانہی کی طرف میں لولگاتاہوں ﴿۱۰﴾

---

① یعنی جس طرح دوسرے نبیوں پران کی قومی زبان میں وحی نازل کی گئی اسی طرح۔

② (دوسراترجمہ) اس کے چاروں طرف رہنے والوں کو۔

③ (دوسراترجمہ) ان سب کوایک ہی طریقے (اسلام) پرکردیتے۔

فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ جَعَلَ لَكُمۡ مِّنۡ اَنۡفُسِكُمۡ اَزۡوَاجًا وَّمِنَ الۡاَنۡعَامِ اَزۡوَاجًا ۚ يَذۡرَؤُكُمۡ فِيۡهِ ؕ لَيۡسَ كَمِثۡلِهٖ شَىۡءٌ ۚ وَهُوَ السَّمِيۡعُ الۡبَصِيۡرُ ﴿۱۱﴾ لَهٗ مَقَالِيۡدُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۚ يَبۡسُطُ الرِّزۡقَ لِمَنۡ يَّشَآءُ وَيَقۡدِرُ ؕ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمٌ ﴿۱۲﴾ شَرَعَ لَكُمۡ مِّنَ الدِّيۡنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوۡحًا وَّالَّذِىۡۤ اَوۡحَيۡنَاۤ اِلَيۡكَ وَمَا وَصَّيۡنَا بِهٖۤ اِبۡرٰهِيۡمَ وَمُوۡسٰى وَعِيۡسٰٓى اَنۡ اَقِيۡمُوا الدِّيۡنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوۡا فِيۡهِ ؕ كَبُرَ عَلَى الۡمُشۡرِكِيۡنَ مَا تَدۡعُوۡهُمۡ اِلَيۡهِ ؕ اَللّٰهُ يَجۡتَبِىۡۤ اِلَيۡهِ مَنۡ يَّشَآءُ وَيَهۡدِىۡۤ اِلَيۡهِ مَنۡ يُّنِيۡبُ ﴿۱۳﴾

آسمانوں اور زمین کو وہی (اللہ تعالیٰ) پیدا کرنے والے ہیں، اس (اللہ تعالیٰ) نے تمھارے لیے تم ہی میں سے جوڑے بنائے اور مویشیوں کے بھی جوڑے بنائے (اور) وہ (اللہ تعالیٰ) تم کو اس میں بڑھاتے ہیں① کوئی چیز اس کے جیسی نہیں ہے اور وہی ہر بات سنتے ہیں (اور) سب کچھ دیکھتے ہیں ﴿۱۱﴾ آسمانوں اور زمین کی سب کنجیاں اسی کے اختیار میں ہیں② وہ (اللہ تعالیٰ) جس کے لیے چاہتے ہیں رزق میں وسعت کر دیتے ہیں اور (جس کی روزی چاہتے ہیں) ماپ کر دیتے ہیں، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) ہر چیز کو پوری طرح جانتے ہیں ﴿۱۲﴾ اس (اللہ تعالیٰ) نے تمھارے لیے دین کا وہی طریقہ مقرر (یعنی طے) کر دیا جس (دین) کا حکم اس (اللہ تعالیٰ) نے نوح (علیہ السلام) کو دیا تھا اور جو (دین اے نبی!) ہم نے تمھارے پاس وحی کے ذریعہ بھیجا ہے اور جس (دین) کا حکم ہم نے ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ (علیہم السلام) کو (بھی) دیا تھا (اور کہا تھا) کہ: تم سب (اسی) دین کو قائم رکھنا اور اس میں اختلاف نہ ڈالنا (پھر بھی ان) شرک کرنے والوں پر وہ چیز (یعنی توحید) بہت بھاری ہے جس کی طرف تم ان کو دعوت دیتے ہو، اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں اپنی طرف کھینچ لیتے ہیں اور جو (اس اللہ تعالیٰ سے) لو لگاتا ہے③ اس کو اپنے پاس پہنچا دیتے ہیں ﴿۱۳﴾

---

① یعنی نر مادہ کے اختلاط سے نسل چلاتے اور زیادہ کرتے رہتے ہیں اور انسان اور جانوروں کو پوری زمین پر اپنی قدرت سے پھیلا دیا ہے۔ دوسرا: پھیلاتے ہیں۔

② یعنی آسمانوں اور زمین کے سب خزانے (اختیارات) اللہ تعالیٰ کے قبضے میں ہیں۔

③ (دوسرا ترجمہ) جو اس اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اپنی جانب اس کی رہنمائی فرماتے ہیں۔

وَمَا تَفَرَّقُوْٓا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْیًاۢ بَیْنَهُمْ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى لَّقُضِیَ بَیْنَهُمْ ؕ وَاِنَّ الَّذِیْنَ اُوْرِثُوا الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لَفِیْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِیْبٍ ﴿۱۴﴾ فَلِذٰلِكَ فَادْعُ ۚ وَاسْتَقِمْ كَمَاۤ اُمِرْتَ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ ۚ وَقُلْ اٰمَنْتُ بِمَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنْ كِتٰبٍ ۚ وَاُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَیْنَكُمْ ؕ اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ؕ لَنَاۤ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ؕ لَا حُجَّةَ بَیْنَنَا وَبَیْنَكُمْ ؕ اَللّٰهُ یَجْمَعُ بَیْنَنَا ۚ وَاِلَیْهِ الْمَصِیْرُ ﴿۱۵﴾ وَالَّذِیْنَ یُحَآجُّوْنَ فِی اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا اسْتُجِیْبَ لَهٗ حُجَّتُهُمْ دَاحِضَةٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَعَلَیْهِمْ غَضَبٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ شَدِیْدٌ ﴿۱۶﴾

اور جن لوگوں نے آپس میں عداوتوں (یعنی ضد) کی وجہ سے (دین میں) اختلاف ڈالا ہے وہ (صحیح) علم ان کے پاس آچکنے کے بعد ہی (ڈالا ہے) ① اور اگر تمھارے رب کی طرف سے ایک معین وقت (یعنی مقررہ وعدہ) تک (کے لیے) پہلے سے ایک بات طے نہ ہوتی ② تو (کب سے) ان کے درمیان (دنیا ہی میں فوری) فیصلہ ہوجاتا، اور ان (اگلے لوگوں) کے بعد جن کو (اللہ تعالیٰ کی) کتاب کا وارث بنایا گیا ہے ③ وہ اس (کتاب) کے بارے میں ایسے شک میں (پڑے ہوئے) ہیں جو اِن کو چین لینے نہیں دیتا ﴿۱۴﴾ لہٰذا (اے نبی!) تم (لوگوں کو) اسی (دین) کی طرف دعوت دیتے رہو اور خود بھی جس طرح تم کو حکم دیا گیا ہے اس پر جمے رہو اور ان (انکار کرنے والوں) کی خواہشات پر مت چلو اور کہہ دو: اللہ تعالیٰ نے جتنی کتاب نازل فرمائی ہیں میں تو ان سب پر ایمان لاتا ہوں اور مجھ کو حکم دیا گیا ہے کہ میں تمھارے درمیان انصاف کروں، اللہ تعالیٰ ہمارے بھی رب ہیں اور تمھارے بھی رب ہیں، ہمارے لیے ہمارے عمل ہیں، اور تمھارا کیا ہوا تمھارے لیے ہے، ہمارے تمھارے درمیان (اب) کوئی بحث (یعنی جھگڑا) نہیں ہے، اللہ تعالیٰ ہم سب کو جمع کریں گے اور اسی (اللہ) کی طرف (ہم سب کو آخر) جانا ہے ﴿۱۵﴾ اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کے (دین کے) بارے میں (مسلمانوں سے) جھگڑا اکھڑا کرتے ہیں ④ جبکہ (لوگ) اس (دین) کو مان چکے ہیں ⑤ تو ان کا جھگڑا ان کے رب کے پاس باطل ہے اور ان لوگوں پر (اللہ کا) غضب ہے اور ان لوگوں کے لیے سخت عذاب ہے ﴿۱۶﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اور لوگ صحیح (یقینی) علم (سمجھ) آنے کے بعد ہی محض آپس کی ضد سے الگ الگ ہوگئے ہیں۔ ←

اَللّٰهُ الَّذِیْۤ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ وَ الْمِیْزَانَ ؕ وَ مَا یُدْرِیْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِیْبٌ ﴿۱۷﴾ یَسْتَعْجِلُ بِهَا الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِهَا ۚ وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مُشْفِقُوْنَ مِنْهَا ۙ وَ یَعْلَمُوْنَ اَنَّهَا الْحَقُّ ؕ اَلَاۤ اِنَّ الَّذِیْنَ یُمَارُوْنَ فِی السَّاعَةِ لَفِیْ ضَلٰلٍۭ بَعِیْدٍ ﴿۱۸﴾ اَللّٰهُ لَطِیْفٌۢ بِعِبَادِهٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ ۚ وَ هُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ ﴿۱۹﴾

مَنْ كَانَ یُرِیْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِیْ حَرْثِهٖ ۚ وَ مَنْ كَانَ یُرِیْدُ حَرْثَ الدُّنْیَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَ مَا لَهٗ فِی الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِیْبٍ ﴿۲۰﴾

اللہ تعالیٰ ہی وہ ہیں جنھوں نے سچے دین پر مشتمل کتاب اور (انصاف کی) ترازو اتاری① اور تم کو کیا خبر شاید قیامت کی گھڑی قریب ہی ہو ﴿۱۷﴾ جو لوگ اس (قیامت) کو مانتے نہیں ہیں وہی (لوگ) اس (قیامت) کو جلدی چاہتے ہیں اور جو لوگ (قیامت پر) ایمان رکھتے ہیں وہ اس سے ڈرتے ہیں اور وہ اس بات کا یقین رکھتے ہیں کہ یہ (قیامت کا وقوع) حق ہے، سنو! حقیقت بات یہ ہے کہ جو لوگ قیامت کے بارے میں جھگڑا (یعنی بحث) کر رہے ہیں وہ گمراہی میں بہت دور چلے گئے ہیں ﴿۱۸﴾ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر بڑے مہربان ہیں② وہ (اللہ تعالیٰ) جس کو چاہتے ہیں رزق دیتے ہیں اور وہی (اللہ تعالیٰ) بڑے قوت والے، بڑے زبردست ہیں ﴿۱۹﴾

جو شخص آخرت کی کھیتی چاہتا ہو تو ہم اس کے لیے اس کی کھیتی کو بڑھا دیتے ہیں③ اور جو شخص (صرف) دنیا کی کھیتی چاہتا ہے تو ہم اسی میں سے اس کو کچھ دے دیتے ہیں اور اس کے لیے آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہوگا ﴿۲۰﴾

ف ① یعنی یہ کہ مکمل عذاب آخرت میں ہوگا۔ ② مراد حضرت محمد ﷺ کی امت کے منکرین۔ ③ یعنی فضول بحثیں کرتے ہیں۔ ④ دوسرا: وہ دین لوگوں میں مقبول ہو چکا ہے۔

① یعنی شریعت کے احکام عدل و انصاف کی تعلیم دیتے ہیں اور انصاف کا طریقہ بھی بتاتے ہیں اور سب سے پہلے مادی ترازو حضرت نوح علیہ السلام پر اتاری گئی۔

② (دوسرا ترجمہ) نرمی رکھتے ہیں۔

③ (دوسرا ترجمہ) ہم اس کے لیے اس کی کھیتی میں ترقی دیتے ہیں۔

أَمْ لَهُمْ شُرَكَٰٓؤُا۟ شَرَعُوا۟ لَهُم مِّنَ ٱلدِّينِ مَا لَمْ يَأْذَنۢ بِهِ ٱللَّهُ ۚ وَلَوْلَا كَلِمَةُ ٱلْفَصْلِ لَقُضِىَ بَيْنَهُمْ ۗ وَإِنَّ ٱلظَّٰلِمِينَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٢١﴾ تَرَى ٱلظَّٰلِمِينَ مُشْفِقِينَ مِمَّا كَسَبُوا۟ وَهُوَ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۗ وَٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَعَمِلُوا۟ ٱلصَّٰلِحَٰتِ فِى رَوْضَاتِ ٱلْجَنَّاتِ ۖ لَهُم مَّا يَشَآءُونَ عِندَ رَبِّهِمْ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ ٱلْفَضْلُ ٱلْكَبِيرُ ﴿٢٢﴾ ذَٰلِكَ ٱلَّذِى يُبَشِّرُ ٱللَّهُ عِبَادَهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَعَمِلُوا۟ ٱلصَّٰلِحَٰتِ ۗ قُل لَّآ أَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا إِلَّا ٱلْمَوَدَّةَ فِى ٱلْقُرْبَىٰ ۗ وَمَن يَقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهُۥ فِيهَا حُسْنًا ۚ إِنَّ ٱللَّهَ غَفُورٌ شَكُورٌ ﴿٢٣﴾

کیا ان (کافروں) کے کچھ (خود طے کیے ہوئے) شریک ہیں؟ جنھوں نے ان (کافروں) کے لیے ایسا دین مقرر کر دیا ہو جس (دین) کی اللہ تعالیٰ نے اجازت نہیں دی① اور اگر (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) ایک فیصلہ کی بات (مقرر) نہ ہوتی تو ان (کافروں) میں فیصلہ ہو گیا ہوتا اور یقین رکھو! ان ظالموں کے لیے (آخرت میں) دردناک عذاب (ہونے والا) ہے ﴿۲۱﴾ (اے نبی!) تم (ان) ظالموں کو دیکھو گے جو کمائی (یعنی برے اعمال) انھوں نے کی ہے اس (کے وبال) سے ڈرتے ہوں گے؛ حالاں کہ وہ (وبال) ان پر واقع ہو کر رہے گا اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال کیے وہ جنت کے باغوں میں ہوں گے، ان کو ان کے رب کے پاس وہ سب کچھ ملے گا جو وہ چاہیں گے، یہی بڑا فضل (یعنی انعام) ہے ﴿۲۲﴾ یہی (وہ نعمت) ہے جس کی خوش خبری اللہ تعالیٰ اپنے ان بندوں کو دیتے ہیں جو ایمان لائے ہیں اور جنھوں نے نیک عمل کیے ہیں، (اے نبی!) تم (ان کافروں سے) کہہ دو کہ: میں تم سے اس (تبلیغ) پر کوئی بدلہ نہیں مانگتا، رشتے داری کی محبت کے سوا (کوئی بدلہ نہیں چاہتا)②، جو شخص بھی کوئی نیکی کرے گا تو ہم اس کے لیے اس (نیکی) میں خوبی (یعنی ثواب) بڑھا دیں گے، یقیناً اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے، بڑے قدر دان ہیں ﴿۲۳﴾

---

① یعنی کسی میں یہ طاقت نہیں کہ دینِ الٰہی کے سوا دوسرے کسی معتبر دین کو مقرر کر سکے۔

② یعنی رشتے داری کا لحاظ رکھ کر مجھ سے عداوت میں جلدی نہ کرو اور میری توحید کی دعوت پوری طرح سن لو۔

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۚ فَاِنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يَخْتِمْ عَلٰى قَلْبِكَ ؕ وَيَمْحُ اللّٰهُ الْبَاطِلَ وَيُحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَعْفُوْا عَنِ السَّيِّاٰتِ وَيَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ۝ وَيَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ وَالْكٰفِرُوْنَ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۝ وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا فِي الْاَرْضِ وَلٰكِنْ يُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرٌۢ بَصِيْرٌ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْۢ بَعْدِ مَا قَنَطُوْا وَيَنْشُرُ رَحْمَتَهٗ ؕ وَهُوَ الْوَلِيُّ الْحَمِيْدُ ۝

کیا یہ (کافر) لوگ (یہ) کہتے ہیں کہ: اس (نبی نے خود قرآن بنا کر) اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھا، سو اگر اللہ تعالیٰ چاہتے تو تمھارے دل پر مہر لگا دیتے① اور اللہ تعالیٰ باطل (یعنی جھوٹے دعوے) کو مٹا دیتے ہیں اور وہ (اللہ تعالیٰ) اپنے احکامات سے حق کو ثابت (یعنی غالب) کرتے ہیں، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) جو بات سینوں میں چھپی ہوئی ہے اس کو بھی جانتے ہیں ﴿۲۴﴾ اور وہی (اللہ تعالیٰ) ہیں جو اپنے بندوں کی توبہ کو قبول کرتے ہیں اور وہ گناہوں کو معاف کرتے ہیں اور جو کچھ تم کرتے ہو وہ (اللہ تعالیٰ) ان کو جانتے ہیں ﴿۲۵﴾ اور جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے اللہ تعالیٰ ان کی دعا (اور عبادت) قبول کرتے ہیں اور ان کو اپنے فضل سے اور زیادہ دیتے ہیں اور جو کافر ہیں ان کے لیے سخت عذاب ہے ﴿۲۶﴾ اور اگر اللہ تعالیٰ اپنے (تمام) بندوں کے لیے روزی کو پھیلا دیتے تو ضرور وہ زمین (یعنی دنیا) میں شرارت (یعنی فساد) کرنے لگتے؛ لیکن وہ جتنا چاہتے ہیں ماپ کر (یعنی مناسب اندازے سے رزق) اتارتے ہیں، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) اپنے بندوں کی پوری خبر رکھتے ہیں (اور ان پر) نظر رکھتے ہیں ﴿۲۷﴾ اور وہی اللہ تعالیٰ ہیں جو لوگوں کے ناامید ہونے کے بعد بارش برساتے ہیں اور اپنی رحمت کو پھیلاتے ہیں اور وہی (اللہ تعالیٰ سب کے) کام بنانے والے، تعریف کے لائق ہیں ﴿۲۸﴾

---

① مہر لگانے کا مطلب یہ ہے کہ قرآن اترنا ہی بند ہو جائے اور پہلے کا اترا ہوا بھول جائے۔ بعض حضرات نے ”یختم“ کا ترجمہ مضبوط کرنے سے بھی کیا ہے، یعنی ان کفار کی ایذاؤں کو برداشت کرنے کے لیے ہم آپ کا دل مضبوط کر دیں۔

وَمِنۡ اٰیٰتِہٖ خَلۡقُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَمَا بَثَّ فِیۡہِمَا مِنۡ دَآبَّۃٍ ؕ وَہُوَ عَلٰی جَمۡعِہِمۡ اِذَا یَشَآءُ قَدِیۡرٌ ﴿۲۹﴾

وَمَاۤ اَصَابَکُمۡ مِّنۡ مُّصِیۡبَۃٍ فَبِمَا کَسَبَتۡ اَیۡدِیۡکُمۡ وَیَعۡفُوۡا عَنۡ کَثِیۡرٍ ﴿ؕ۳۰﴾ وَمَاۤ اَنۡتُمۡ بِمُعۡجِزِیۡنَ فِی الۡاَرۡضِ ۚۖ وَمَا لَکُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰہِ مِنۡ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیۡرٍ ﴿۳۱﴾ وَمِنۡ اٰیٰتِہِ الۡجَوَارِ فِی الۡبَحۡرِ کَالۡاَعۡلَامِ ﴿ؕ۳۲﴾ اِنۡ یَّشَاۡ یُسۡکِنِ الرِّیۡحَ فَیَظۡلَلۡنَ رَوَاکِدَ عَلٰی ظَہۡرِہٖ ؕ اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّکُلِّ صَبَّارٍ شَکُوۡرٍ ﴿ۙ۳۳﴾ اَوۡ یُوۡبِقۡہُنَّ بِمَا کَسَبُوۡا وَیَعۡفُ عَنۡ کَثِیۡرٍ ﴿۫۳۴﴾ وَّیَعۡلَمَ الَّذِیۡنَ یُجَادِلُوۡنَ فِیۡۤ اٰیٰتِنَا ؕ مَا لَہُمۡ مِّنۡ مَّحِیۡصٍ ﴿۳۵﴾

اور اس (اللہ تعالیٰ) کی نشانیوں میں سے آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنا اور ان دونوں میں ①جو جانور اللہ تعالیٰ نے پھیلا رکھے ہیں ان کو بھی (پیدا کرنا ہے) ②اور وہ (اللہ تعالیٰ) جب چاہیں ان سب کو جمع کرنے کی پوری قدرت رکھتے ہیں ﴿۲۹﴾

اور تم کو جو مصیبت (یعنی سختی) پہنچتی ہے سو وہ تمھارے ہی ہاتھوں کے کیے ہوئے کاموں کی وجہ سے (پہنچتی) ہے اور بہت سے گناہوں کو وہ (اللہ تعالیٰ) معاف ہی کر دیتے ہیں اور تمھاری مجال نہیں کہ تم زمین میں (کہیں بھاگ کر اللہ تعالیٰ کو) تھکا (یعنی عاجز کر) سکو اور تمھارے لیے اللہ تعالیٰ کے سوا نہ کوئی حمایت کرنے ہے والا اور نہ کوئی مدد کرنے والا ہے ﴿۳۰﴾ اور اسی (اللہ تعالیٰ) کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے سمندر میں (چلنے والے) جہاز ہیں جو پہاڑوں جیسے (اونچے) ہیں، اگر وہ (اللہ تعالیٰ) چاہیں تو ہوا کو ٹھہرا دیویں جس سے وہ (جہاز) اس (سمندر) کی پیٹھ پر کھڑے کے کھڑے رہ جاویں، یقیناً اس میں ہر بڑے صبر کرنے والے کے لیے، بڑے شکر کرنے والے کے لیے بڑی بڑی نشانیاں ہیں ﴿۳۱﴾ یا (اگر اللہ تعالیٰ چاہیں تو) ان کے (برے) اعمال کی وجہ سے ان کو تباہ ہی کر ڈالیں اور بہت سے لوگوں کو معاف فرما دیویں ﴿۳۲﴾ اور جو لوگ ہماری آیتوں (یعنی قدرتوں) میں جھگڑتے ہیں ان کو پتہ چل جاوے کہ ان کے لیے کوئی بھاگنے (یعنی بچاؤ) کی جگہ نہیں ہے ﴿۳۵﴾

---

① اس ترجمے سے ظاہر ہوتا ہے کہ زمین کی طرح آسمان میں بھی جانور یا جانور جیسی کوئی مخلوق ہے ② (دوسرا) زمین اور آسمان کے درمیان جو جانور پھیلا رکھے ہیں (اس ترجمہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ زمین اور آسمان کے درمیان بہت سے جانور پھیلے ہیں۔

فَمَآ أُوتِيتُم مِّن شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَمَا عِندَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّأَبْقٰى لِلَّذِينَ آمَنُوا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ ۝ وَالَّذِينَ يَجْتَنِبُونَ كَبٰٓئِرَ الْإِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَإِذَا مَا غَضِبُوا هُمْ يَغْفِرُونَ ۝ وَالَّذِينَ اسْتَجَابُوا لِرَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۖ وَأَمْرُهُمْ شُورٰى بَيْنَهُمْ ۖ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنفِقُونَ ۝ وَالَّذِينَ إِذَآ أَصَابَهُمُ الْبَغْيُ هُمْ يَنتَصِرُونَ ۝ وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا ۖ فَمَنْ عَفَا وَأَصْلَحَ فَأَجْرُهُ عَلَى اللّٰهِ ۚ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِينَ ۝ وَلَمَنِ انتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهِ فَأُولٰٓئِكَ مَا عَلَيْهِم مِّن سَبِيلٍ ۝ إِنَّمَا السَّبِيلُ عَلَى الَّذِينَ يَظْلِمُونَ النَّاسَ وَيَبْغُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۚ أُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ وَلَمَن صَبَرَ وَغَفَرَ إِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ ۝

سو تم کو جو کوئی چیز دی گئی ہے وہ تو محض دنیوی زندگی کا سامان ہے ① اور جو کچھ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے وہ اس (دنیوی سامان) سے بہتر اور ہمیشہ باقی رہنے والا ہے ان لوگوں کے لیے جو ایمان لائے اور وہ اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں ﴿۳۶﴾ اور جو لوگ بڑے گناہوں سے اور بے حیائی کے کاموں سے بچتے ہیں اور جب ان کو غصہ آتا ہے تو وہ (قصوروار کو) معاف فرمادیتے ہیں ﴿۳۷﴾ اور وہ لوگ جو اپنے رب کا حکم مانتے ہیں اور وہ نماز کی پابندی کرتے ہیں اور ان کا ہر کام آپس کے مشورے سے ہوتا ہے اور ہم نے اُن کو جو رزق دیا ہے وہ اس میں سے (نیکی کے کاموں میں) خرچ کرتے ہیں ﴿۳۸﴾ اور وہ ایسے لوگ ہیں کہ جب ان پر ظلم ہوتا ہے تو وہ (مناسب) بدلہ لیتے ہیں ﴿۳۹﴾ اور کسی برائی کا بدلہ اسی جیسی برائی ہے، پھر بھی جو شخص معاف کردیوے اور (آپس میں) صلح (صفائی) کرلیوے تو اس کا ثواب اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے، یقیناً اللہ تعالیٰ ظلم کرنے والوں کو پسند نہیں کرتے ﴿۴۰﴾ اور البتہ جو شخص اپنے اوپر ظلم کیے جانے کے بعد (مناسب) بدلہ لیوے تو ایسے لوگوں پر کوئی الزام (یعنی پکڑ) نہیں ہے ﴿۴۱﴾ الزام (یعنی پکڑ) تو صرف ان لوگوں پر ہے جو لوگوں پر ظلم کرتے ہیں اور زمین میں ناحق زیادتی کرتے ہیں، ایسے ہی لوگوں کے لیے دردناک عذاب ہے ﴿۴۲﴾ اور حقیقت یہ ہے کہ جو شخص صبر کرے اور معاف کردیوے تو یقین جانو کہ یہ تو بڑے ہمت کے کاموں میں سے ہے ② ﴿۴۳﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) دنیوی زندگی میں فائدہ اٹھانا ہے (یعنی جیسے ہی دنیا کی زندگی ختم وہ سامان کا فائدہ بھی ختم۔

وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ وَّلِيٍّ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ۭ وَتَرَى الظّٰلِمِيْنَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ يَقُوْلُوْنَ هَلْ اِلٰى مَرَدٍّ مِّنْ سَبِيْلٍ ۝ وَتَرٰىهُمْ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا خٰشِعِيْنَ مِنَ الذُّلِّ يَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ ۭ وَقَالَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اَلَآ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ فِيْ عَذَابٍ مُّقِيْمٍ ۝ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ اَوْلِيَاۗءَ يَنْصُرُوْنَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ سَبِيْلٍ ۝ اِسْتَجِيْبُوْا لِرَبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ۭ

اور جس شخص کو اللہ تعالیٰ گمراہ کر دیں تو اس کے بعد (یعنی اس کے سوا) اس کی کوئی مدد کرنے والا نہیں ①اور جب ظالم لوگ عذاب کو دیکھ لیں گے تو (اے نبی!) تم ان کو یہ بات کہتا ہوا دیکھو گے کہ کیا (یہاں سے دنیا میں) واپس جانے کا کوئی راستہ (یعنی صورت) ہے ﴿۴۴﴾ (اے نبی!) اور تم ان کو دیکھو گے کہ ان کو اس (آگ) کے سامنے اس طرح لایا جائے گا کہ وہ ذلت سے جھکے ہوئے چھپی ہوئی (یعنی نیچی) نظروں سے (جہنم کو) دیکھ رہے ہوں گے ②اور ایمان والے لوگ کہیں گے کہ:③ اصلی نقصان میں وہ لوگ ہیں جنھوں نے قیامت کے دن اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو نقصان میں ڈالا، سن لو! یقیناً ظالم لوگ ہمیشہ رہنے والے عذاب میں ہوں گے ﴿۴۵﴾ اور (وہاں) ان کو کوئی ایسے مدد کرنے والے نہیں ملیں گے جو اللہ تعالیٰ کے سوا ان کی مدد کریں اور جس کو اللہ تعالیٰ گمراہ کر دیں④ تو اس کے لیے (ہدایت کا) کوئی راستہ نہیں (ملتا) ﴿۴۶﴾ تم لوگ اپنے رب کا حکم اس دن کے آنے سے پہلے پہلے مان لو جس کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ٹالا نہیں جائے گا⑤

⬅ ④ ظلم و زیادتی پر صبر کر کے اس کو معاف کر دے یہ حقیقی ہمت کا کام ہے اگرچہ آج دنیا کے لوگ ایسے شخص کو بزدل کہتے ہیں۔

① یعنی جو اس کو گمراہی سے بچا کر صحیح راستے پر لاوے۔ ② (دوسرا ترجمہ) آنکھ کے کنارے سے جہنم کو دیکھ رہے ہوں گے۔
③ ایمان والوں کا یہ قول کہ "خود بچ گئے" اس پر شکر کرتے ہوئے اور کافروں پر ملامت کرتے ہوئے کہیں گے۔
④ یعنی رہنمائی نہ فرمائیں۔ ⑤ دنیا کی سزا تو کسی طرح ٹل بھی سکتی ہے۔ دوسرا: تم لوگ اپنے رب کا حکم مان لو اس سے پہلے کہ تم پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے وہ دن آجائے جو واپس ہونے والا نہیں۔

مَا لَكُمْ مِّنْ مَّلْجَاٍ یَّوْمَىِٕذٍ وَّ مَا لَكُمْ مِّنْ نَّكِیْرٍ۝ فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَمَاۤ اَرْسَلْنٰكَ عَلَیْهِمْ حَفِیْظًاؕ اِنْ عَلَیْكَ اِلَّا الْبَلٰغُؕ وَ اِنَّاۤ اِذَاۤ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً فَرِحَ بِهَاۚ وَ اِنْ تُصِبْهُمْ سَیِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَیْدِیْهِمْ فَاِنَّ الْاِنْسَانَ كَفُوْرٌ۝ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِؕ یَخْلُقُ مَا یَشَآءُؕ یَهَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ اِنَاثًا وَّ یَهَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ الذُّكُوْرَ۝ اَوْ یُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّ اِنَاثًاۚ وَ یَجْعَلُ مَنْ یَّشَآءُ عَقِیْمًاؕ اِنَّهٗ عَلِیْمٌ قَدِیْرٌ۝

اس دن تمھارے لیے کوئی بچاؤ (یعنی پناہ) کی جگہ نہیں ہوگی اور تمھارے لیے انکار کرنے کی گنجائش نہیں ہوگی① ﴿۴۷﴾ (اے نبی!) پھر بھی یہ لوگ اگر منہ پھرا دیں② تو ہم نے تم کو ان پر نگران بنا کر نہیں بھیجا ہے، تمھارے ذمے تو صرف (بات) پہنچا دینا ہی ہے اور جب ہم اپنی طرف سے انسان کو (اپنی) کسی رحمت (یعنی عنایتوں) کا مزہ چکھاتے ہیں تو وہ اس پر اِتراتا ہے اور اگر (خود) اپنے ہاتھوں کے (برے) کاموں کی وجہ سے ان لوگوں کو کوئی مصیبت پیش آجائے تو انسان بڑی ناشکری کرنے لگتا ہے③ ﴿۴۸﴾ آسمانوں اور زمین کی حکومت اللہ تعالیٰ ہی کی ہے، وہ (اللہ تعالیٰ) جو چاہتے ہیں پیدا کرتے ہیں، جس کو چاہتے ہیں (اس کو) بیٹیاں عطا کرتے ہیں اور جس کو چاہتے ہیں بیٹے عطا کرتے ہیں ﴿۴۹﴾ یا ان کو لڑکے اور لڑکیاں (دونوں) جمع کر دیتے ہیں اور جس کو چاہتے ہیں (اس کو) بانجھ (یعنی بے اولاد) رکھتے ہیں، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) بڑے جاننے والے، بڑے قدرت والے ہیں ﴿۵۰﴾

① ''نکیر'' کا دوسرا ترجمہ ناصر بھی ہے یعنی وہاں کوئی مدد کرنے والا نہ ہوگا۔ تیسرا ترجمہ نجات دلانے والے کا بھی ہے یعنی کوئی نجات دلانے والا نہ ہوگا، اسی طرح نکارت سے بھی ہو سکتا ہے کہ دنیا میں جس طرح مجرم کو کوئی پہچان نہ سکے اور چھوٹ جائے اس طرح اجنبیت کی وجہ سے بھی وہ چھوٹ نہ سکے گا۔

② یعنی ایمان نہ لاویں۔

③ (دوسرا ترجمہ) ان کے ہاتھ جو برے کام کر چکے ہیں اس کی وجہ سے کوئی مصیبت پیش آجائے تو انسان تو پکا ناشکرا بن جاتا ہے۔

وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنۡ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحۡيًا اَوۡ مِنۡ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوۡ يُرۡسِلَ رَسُوۡلًا فَيُوۡحِىَ بِاِذۡنِهٖ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ عَلِىٌّ حَكِيۡمٌ ۝ وَكَذٰلِكَ اَوۡحَيۡنَاۤ اِلَيۡكَ رُوۡحًا مِّنۡ اَمۡرِنَا ؕ مَا كُنۡتَ تَدۡرِىۡ مَا الۡكِتٰبُ وَلَا الۡاِيۡمَانُ وَلٰـكِنۡ جَعَلۡنٰهُ نُوۡرًا نَّهۡدِىۡ بِهٖ مَنۡ نَّشَآءُ مِنۡ عِبَادِنَا ؕ وَاِنَّكَ لَتَهۡدِىۡۤ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ ۝ صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِىۡ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ ؕ اَلَاۤ اِلَى اللّٰهِ تَصِيۡرُ الۡاُمُوۡرُ ۝

اور کسی انسان کے لیے یہ ممکن نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سے (دنیا میں روبہ رو) بات کریں؛ الا یہ کہ وحی (یاالہام یا سچے خواب) کے ذریعے سے ہو یا پردے کے پیچھے سے ہو یا کوئی پیغام لانے والا (فرشتہ) بھیج دیویں اور وہ (فرشتہ) اس (اللہ تعالیٰ) کے حکم سے جو وہ چاہیں پیغام پہنچ دیوے، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) بڑی اونچی شان والے ہیں، بڑی حکمت کے مالک ہیں ﴿۵۱﴾ اور اسی طرح① (اے نبی!) ہم نے تمھارے پاس اپنے حکم سے ایک روح② بطور وحی بھیجی ہے (اور) تم کو (اس سے پہلے) خبر نہیں تھی کہ کتاب کیا چیز ہے اور یہ بھی نہیں جانتے تھے کہ ایمان کیا چیز ہے؛ لیکن ہم نے اس (قرآن) کو ایک نور بنایا ہے، اس کے ذریعہ اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتے ہیں ہدایت (یعنی روشنی) دیتے ہیں اور یقیناً تم (لوگوں) کو سیدھا راستہ دکھا رہے ہو ﴿۵۲﴾ اس اللہ تعالیٰ کا راستہ ہے، جن کی مالکی میں وہ سب کچھ ہے جو آسمانوں میں ہے اور وہ سب کچھ ہے جو زمین میں ہے اور سن لو! تمام کام اللہ تعالیٰ ہی کی طرف لوٹتے ہیں (یا لوٹیں گے) ﴿۵۳﴾

---

① یعنی جس طرح بشر کے ساتھ ہمارے ہم کلام ہونے کا طریقہ بیان کیا گیا ہے اسی طرح۔

② روح سے مراد قرآن ہے اس سے مردہ دلوں کو روحانی زندگی ملتی ہے یا حضرت جبرئیل علیہ السلام مراد ہے جو روحانی احکام سے بھرا قرآن لاتے ہیں۔

سورۃ الزخرف

(المکیۃ)

اٰیاتھا:۸۹۔رکوعاتھا:۷۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں نواسی (۸۹) آیتیں ہیں۔سورۃ فصلت یا سورۃ شوریٰ کے بعد اور سورۃ دخان سے پہلے باسٹھ (۶۲) یا (۶۳) نمبر پر نازل ہوئی۔

کسی چیز کے کامل حسن کو زخرف کہتے ہیں۔اسی لیے صانع کو زخرف کہتے ہے، رونق، زینت، چمک، سنگار یہ سب بھی اس کے معانی ہیں، جب بات کی طرف اس کی نسبت ہوتی ہے تو ''زخرف القول'' جھوٹی اور ملمع کی ہوئی بات کو کہتے ہے۔اس طرح کی دنیوی زینتوں کا اس سورت میں ذکر کیا گیا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

حٰمٓ ﴿۱﴾ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۲﴾ اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۳﴾ وَاِنَّهٗ فِيْۤ اُمِّ
الْكِتٰبِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ ﴿۴﴾ اَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا اَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا
مُّسْرِفِيْنَ ﴿۵﴾ وَكَمْ اَرْسَلْنَا مِنْ نَّبِيٍّ فِي الْاَوَّلِيْنَ ﴿۶﴾ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ
يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۷﴾ فَاَهْلَكْنَاۤ اَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَّمَضٰى مَثَلُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۸﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ
خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ خَلَقَهُنَّ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ﴿۹﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

حٰم ﴿۱﴾ قسم ہے واضح کتاب کی① ﴿۲﴾ یقیناً ہم نے اس کو عربی زبان کا قرآن بنایا ہے؛ تاکہ تم (آسانی سے) سمجھ سکو② ﴿۳﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ وہ (قرآن) ہمارے پاس لوحِ محفوظ میں اونچے مرتبے کی حکمت سے بھری ہوئی (مستحکم) کتاب ہے ﴿۴﴾ بھلا کیا ہم تم سے (اس) نصیحت (سے بھری کتاب قرآن) کو صرف اس بات پر ہٹا لیں گے کہ تم (اطاعت کی) حد سے نکلنے والے لوگ ہو ﴿۵﴾ اور ہم پہلے لوگوں میں بہت سارے نبی بھیج چکے ہیں ﴿۶﴾ اور ان کے پاس کوئی نبی ایسے نہیں آئے جن کی وہ مذاق نہ اڑاتے ہوں ﴿۷﴾ پھر ہم نے ان (اگلے لوگوں) کو جو ان (مشرکوں) سے کہیں زیادہ زور والے تھے ہلاک کردیا اور پچھلے لوگوں کا حال (پیچھے) گزر چکا ہے③ ﴿۸﴾ اور اگر تم ان (مشرکوں) سے پوچھو کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا ہے تو وہ جواب میں ضرور (یہی بات) کہیں گے کہ: ان کو بڑے زبردست، بڑے جاننے والے نے پیدا کیا ہے ﴿۹﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) سچائی کو ظاہر کرنے والی کتاب کی۔

② اس میں قرآن کے مخاطبین اولین عربوں کو خطاب ہے، مادری زبان میں بات سمجھنا آسان ہوتا ہے اور انسیت بھی ہوتی ہے، اسی طرح کسی بھی مضمون کو سمجھنے کے لیے عربی زبان میں جو الفاظ کی وسعت اور عمدہ تعبیرات ہیں وہ دوسری زبان میں نہیں، اس لیے عربی زبان سیکھنے کے بعد قرآنی مضامین کو سمجھنا آسان ترین ہوجاتا ہے۔

③ (دوسرا ترجمہ) اور پہلے لوگوں کی یہ حالت ہو چکی ہے۔

الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ مَهْدًا وَجَعَلَ لَكُمْ فِيهَا سُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ﴿١٠﴾ وَالَّذِي نَزَّلَ
مِنَ السَّمَاءِ مَاءً بِقَدَرٍ ۚ فَأَنشَرْنَا بِهِ بَلْدَةً مَّيْتًا ۚ كَذَٰلِكَ تُخْرَجُونَ ﴿١١﴾ وَالَّذِي خَلَقَ الْأَزْوَاجَ
كُلَّهَا وَجَعَلَ لَكُم مِّنَ الْفُلْكِ وَالْأَنْعَامِ مَا تَرْكَبُونَ ﴿١٢﴾ لِتَسْتَوُوا عَلَىٰ ظُهُورِهِ ثُمَّ تَذْكُرُوا
نِعْمَةَ رَبِّكُمْ إِذَا اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ وَتَقُولُوا سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هَٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ ﴿١٣﴾
وَإِنَّا إِلَىٰ رَبِّنَا لَمُنقَلِبُونَ ﴿١٤﴾ وَجَعَلُوا لَهُ مِنْ عِبَادِهِ جُزْءًا ۚ إِنَّ الْإِنسَانَ لَكَفُورٌ مُّبِينٌ ﴿١٥﴾
أَمِ اتَّخَذَ مِمَّا يَخْلُقُ بَنَاتٍ وَأَصْفَاكُم بِالْبَنِينَ ﴿١٦﴾

جس (اللہ تعالیٰ) نے تمھارے لیے زمین کو بچھونا بنا دیا اور تمھارے لیے اس (زمین) میں راستے بنا دیے؛ تا کہ تم منزل مقصود تک پہنچ سکو① ﴿۱۰﴾ اور وہی (اللہ تعالیٰ) ہیں جس نے تمھارے لیے آسمان سے ایک خاص اندازے سے پانی برسایا، پھر ہم نے اس (پانی) کے ذریعہ مردہ زمین (یعنی علاقے) کو نئی زندگی دے دی، اسی طرح تم (بھی قبر سے) نکالے جاؤ گے ﴿۱۱﴾ وہی (اللہ تعالیٰ) ہے جس نے (تمھارے لیے) ہر چیز کے جوڑے پیدا کیے② اور تمھارے لیے وہ کشتیاں اور چوپائے بنائے جن پر تم سواری کرتے ہو ﴿۱۲﴾ تا کہ تم ان (کشتیوں اور جانوروں) کی پیٹھ پر خوب جم کر بیٹھو، پھر جب تم (اطمینان سے) ان پر بیٹھ جاؤ تو اپنے رب کی نعمت (یعنی احسان) کو یاد کرو اور (ایسا) کہو (یعنی دعا پڑھو) کہ: پاک ہے وہ ذات جس نے اس (سواری) کو ہمارے بس (یعنی قابو) میں دے دیا، اور ہم تو ایسے (طاقت والے) نہیں تھے کہ اس کو (اپنے) قابو میں کر سکتے ﴿۱۳﴾ اور یقیناً ہم اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانے ہی والے ہیں ﴿۱۴﴾ اور ان لوگوں نے اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سے بعض کو اس کا ایک جز (یعنی اولاد) بنا رکھا ہے، حقیقت یہ ہے کہ انسان کھلم کھلا ناشکرا ہے ﴿۱۵﴾

کیا اس (اللہ تعالیٰ) نے اپنی مخلوق میں سے (تمھارے خیال میں اپنے لیے) بیٹیاں پسند کی ہیں اور تم کو چن کر بیٹے دے دیے ﴿۱۶﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) تا کہ تم منزل کا راستہ پا سکو۔

② (دوسرا ترجمہ) اور اسی (اللہ تعالیٰ) نے تمھارے لیے تمام چیزوں کی مختلف قسمیں بنائی۔

وَإِذَا بُشِّرَ أَحَدُهُم بِمَا ضَرَبَ لِلرَّحْمَٰنِ مَثَلًا ظَلَّ وَجْهُهُ مُسْوَدًّا وَهُوَ كَظِيمٌ ﴿١٧﴾ أَوَمَن يُنَشَّأُ فِي الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِي الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِينٍ ﴿١٨﴾ وَجَعَلُوا الْمَلَائِكَةَ الَّذِينَ هُمْ عِبَادُ الرَّحْمَٰنِ إِنَاثًا ۚ أَشَهِدُوا خَلْقَهُمْ ۚ سَتُكْتَبُ شَهَادَتُهُمْ وَيُسْأَلُونَ ﴿١٩﴾ وَقَالُوا لَوْ شَاءَ الرَّحْمَٰنُ مَا عَبَدْنَاهُم ۗ مَّا لَهُم بِذَٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۖ إِنْ هُمْ إِلَّا يَخْرُصُونَ ﴿٢٠﴾ أَمْ آتَيْنَاهُمْ كِتَابًا مِّن قَبْلِهِ فَهُم بِهِ مُسْتَمْسِكُونَ ﴿٢١﴾

حالاں کہ ان میں سے کسی کو جب اس (بیٹی) کی (ولادت کی) خوش خبری دی جاتی ہے جس کی وہ (اللہ) رحمٰن کے لیے مثال بیان کرتا ہے تو (وہ اتنا ناراض ہوتا ہے کہ) اس کا چہرا کالا پڑ جاتا ہے اور وہ دل ہی دل میں گھٹتا (یعنی غم زدہ) رہتا ہے① ﴿۱۷﴾ اور کیا وہ (لڑکی) جو زیوروں میں پرورش پاتی ہے② اور جو بحث و مباحثہ میں (عادتاً) اپنی بات صاف طور پر بتا بھی نہیں سکتی ﴿۱۸﴾ اور (اس کے علاوہ) ان کافروں نے فرشتوں کو جو (اللہ) رحمٰن کے بندے (یعنی مخلوق) ہیں ــ عورتیں مان رکھا ہے کیا وہ (کافر) لوگ ان (فرشتوں) کی پیدائش کے وقت موجود تھے؟ اب اُن کی شہادت کو (یعنی ان کا بے دلیل دعویٰ) لکھ لیا جائے گا اور اُن سے (قیامت میں) پوچھ ہوگی ﴿۱۹﴾ اور یہ (کافریوں) کہتے ہیں کہ: اگر (اللہ) رحمٰن چاہتے تو ہم ان (فرشتوں) کی (کبھی) عبادت نہ کرتے③ ان کو اس بات (کی حقیقت) کا ذرا بھی علم نہیں ہے④ وہ (سب کافر) تخمینے ہی کیا کرتے ہیں⑤ ﴿۲۰﴾ کیا ہم نے اُن (مشرکوں) کو اس (قرآن) سے پہلے کوئی اور کتاب دی تھی کہ انھوں نے اس کو مضبوط پکڑ رکھا ہے؟⑥ ﴿۲۱﴾

---

① یعنی تم بیٹی کی ولادت سے بہت نفرت کرتے ہو۔ ② یعنی پالی پوسی جاتی ہے۔

③ یعنی اللہ تعالیٰ ہم کو جبراً روک دیتے۔

④ دنیا میں بندے کو کوئی کام تقدیری فیصلہ کے مطابق کرنے دینا اس بات کی دلیل نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کام سے راضی ہے، ہر تقدیری امر پر رضائے الٰہی ہونا ضروری نہیں۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) بے تحقیق بات کرتے ہیں۔

⑥ (دوسرا ترجمہ) وہ اس کتاب سے (شرک پر) استدلال کرتے ہو؟

بَلْ قَالُوْٓا اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓی اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓی اٰثٰرِهِمْ مُّهْتَدُوْنَ۝ وَكَذٰلِكَ مَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِیْ قَرْیَةٍ مِّنْ نَّذِیْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ ۙ اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓی اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓی اٰثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ۝ قٰلَ اَوَلَوْ جِئْتُكُمْ بِاَهْدٰی مِمَّا وَجَدْتُّمْ عَلَیْهِ اٰبَآءَكُمْ ؕ قَالُوْٓا اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ۝ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَانْظُرْ كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِیْنَ۝

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِیْمُ لِاَبِیْهِ وَقَوْمِهٖٓ اِنَّنِیْ بَرَآءٌ مِّمَّا تَعْبُدُوْنَ۝ اِلَّا الَّذِیْ فَطَرَنِیْ فَاِنَّهٗ سَیَهْدِیْنِ۝ وَجَعَلَهَا كَلِمَةًۢ بَاقِیَةً فِیْ عَقِبِهٖ لَعَلَّهُمْ یَرْجِعُوْنَ۝

بلکہ ان (کافروں) کا (تو یہ) کہنا ہے کہ ہم نے اپنے باپ دادوں کو (کفر یا شرک کے) ایک طریقہ پر پایا ہے اور ہم ان کے نقشِ قدم پر ٹھیک راستے پر جا رہے ہیں① ﴿۲۲﴾ اور اسی طرح (اے نبی!) ہم نے تم سے پہلے جب بھی کسی بستی میں ڈر سنانے والا (پیغمبر) بھیجا تو وہاں کے خوش حال (یعنی دولت والے، عیاش) لوگوں نے یہی کہا: کہ ہم نے اپنے باپ دادوں کو ایک طریقے پر پایا، اور ہم بھی ان ہی کے نقشِ قدم پر چلتے ہیں② ﴿۲۳﴾ (اس پر ان سے) اس (نبی) نے کہا کہ: جس (طریقے) پر تم نے اپنے باپ دادوں کو پایا ہے کیا اگر میں تمھارے پاس اس سے زیادہ ہدایت کی بات③ لے آیا ہوں تب بھی (باپ دادوں کے غلط طریقہ پر چلو گے؟) تب وہ کافر کہنے لگے: تم جو پیغام (یعنی دین) دے کر بھیجے گئے ہو ہم اس کو ماننے والے نہیں ہیں ﴿۲۴﴾ نتیجہ یہ ہوا کہ ہم نے ان (کافروں) سے بدلہ لیا، سو (اب) دیکھ لو! جھٹلانے والوں کا (برا) انجام کیسا ہوا؟ ﴿۲۵﴾

اور (وہ واقعہ بھی دھیان میں رکھنے کے لائق ہے) جب ابراہیم (علیہ السلام) نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے کہا کہ: جن چیزوں کی عبادت تم کرتے ہو میں ان سے الگ (یعنی بیزار، بے تعلق) ہوں ﴿۲۶﴾ مگر ہاں! جس ذات نے مجھ کو پیدا کیا (اس اللہ تعالیٰ سے تعلق رکھتا ہوں) سو وہی (اللہ تعالیٰ) مجھ کو راستہ سمجھائیں گے ﴿۲۷﴾ اور اس (توحید) کو اس (ابراہیم) نے اپنی اولاد میں قائم (یعنی باقی) رہنے والی بات بنا گئے؛ تاکہ وہ لوگ (شرک سے) باز رہیں ﴿۲۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) ہم بھی ان ہی کے قدم کے نشانات پر راہ سے لگے ہوئے ہیں۔

② (دوسرا ترجمہ) ہم بھی ان کی اقتدا کرتے ہیں۔ ③ یعنی اس سے زیادہ اچھا طریقہ۔

بَلۡ مَتَّعۡتُ هٰۤؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمۡ حَتّٰى جَآءَهُمُ الۡحَقُّ وَرَسُوۡلٌ مُّبِيۡنٌ۝ وَلَمَّا جَآءَهُمُ الۡحَقُّ قَالُوۡا هٰذَا سِحۡرٌ وَّاِنَّا بِهٖ كٰفِرُوۡنَ۝ وَقَالُوۡا لَوۡلَا نُزِّلَ هٰذَا الۡقُرۡاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الۡقَرۡيَتَيۡنِ عَظِيۡمٍ۝ اَهُمۡ يَقۡسِمُوۡنَ رَحۡمَتَ رَبِّكَ ؕ نَحۡنُ قَسَمۡنَا بَيۡنَهُمۡ مَّعِيۡشَتَهُمۡ فِى الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا وَرَفَعۡنَا بَعۡضَهُمۡ فَوۡقَ بَعۡضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعۡضُهُمۡ بَعۡضًا سُخۡرِيًّا ؕ وَرَحۡمَتُ رَبِّكَ خَيۡرٌ مِّمَّا يَجۡمَعُوۡنَ۝ وَلَوۡلَاۤ اَنۡ يَّكُوۡنَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً لَّجَعَلۡنَا لِمَنۡ يَّكۡفُرُ بِالرَّحۡمٰنِ لِبُيُوۡتِهِمۡ سُقُفًا مِّنۡ فِضَّةٍ وَّمَعَارِجَ عَلَيۡهَا يَظۡهَرُوۡنَ۝ۙ

(پھر بھی بہت سارے شرک سے باز نہ رہے) اس کے باوجود بھی میں نے اِن کو اور اِن کے باپ دادوں (یعنی بڑوں) کو (زندگی میں) فائدہ اٹھانے کا (ہر قسم کا) سامان دیا، یہاں تک کہ ان کے پاس حق (یعنی سچا دین یا قرآن) اور (سچی بات) کھول کر کے سنانے والے رسول آ گئے ﴿۲۹﴾ اور جب ان کے پاس حق آ گیا تو وہ کہنے لگے کہ: یہ تو جادو ہے، اور ہم اس کو نہیں مانیں گے ﴿۳۰﴾ اور وہ (کافر لوگ) کہنے لگے کہ: یہ قرآن (ان) دونوں بستیوں (یعنی مکہ اور طائف) کے کسی (بڑے) آدمی پر کیوں نہیں اتارا گیا؟① ﴿۳۱﴾ کیا تمہارے رب کی رحمت (یعنی نبوت) کو یہ لوگ (اپنی رائے اور مرضی کے مطابق) تقسیم کرنا چاہتے ہیں؛ حالاں کہ دنیوی زندگی میں بھی ان کی روزی (کے اسباب) کو ہم نے ہی ان کے درمیان تقسیم کر رکھا ہے، ہم نے ان میں سے بعض کو بعض پر (دنیوی رزق کی تقسیم میں) بلند درجے عطا فرمائے؛ تاکہ ان میں کا ایک دوسرے سے خدمت (یعنی کام) لے سکیں اور تمہارے رب کی رحمت اس (دنیوی نعمت) سے بہت بہتر ہے جس کو یہ لوگ جمع کر رہے ہیں ﴿۳۲﴾ اور اگر یہ اندیشہ نہ ہوتا کہ تمام انسان ایک ہی دین (یعنی کفر) پر ہو جائیں گے تو جو لوگ (اللہ) رحمٰن کا انکار کرنے والے ہیں ہم ان کے گھروں کی چھتوں کو چاندی کی کر دیتے اور جن سیڑھیوں پر وہ چڑھتے ہیں ان کو (بھی چاندی کی بنا دیتے) ﴿۳۳﴾

---

① قرآن بڑی شان والے آدمی پر اترنا چاہیے تھا اور ان کی نظر میں حضور ﷺ ظاہری مال دار نہیں تھے؛ اس لیے نبوت نہ ملنی چاہیے (نعوذ باللہ)۔

وَلِبُيُوْتِهِمْ اَبْوَابًا وَّسُرُرًا عَلَيْهَا يَتَّكِـُٔوْنَۙ۝ وَزُخْرُفًا ؕ وَاِنْ كُلُّ ذٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَالْاٰخِرَةُ عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِيْنَ۠۝

وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ۝ وَاِنَّهُمْ لَيَصُدُّوْنَهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ۝ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَنَا قَالَ يٰلَيْتَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ فَبِئْسَ الْقَرِيْنُ۝ وَلَنْ يَّنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ اِذْ ظَّلَمْتُمْ اَنَّكُمْ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ۝ اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ اَوْ تَهْدِي الْعُمْيَ وَمَنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ۝

اوران کے گھروں کے دروازے بھی اوران تختوں کو بھی (چاندی کے بناڈالتے) جن پر وہ تکیہ لگا کر بیٹھتے ہیں ﴿۳۴﴾ اور (اتنا ہی نہیں بلکہ اُن سب کو) سونے کی بنا دیتے اور یہ سب کچھ صرف دنیوی زندگی کا سامان ہے اور آخرت تمھارے رب کے نزدیک تقویٰ والوں کے لیے ہے ﴿۳۵﴾

اور جو شخص بھی (اللہ) رحمٰن کے ذکر (یعنی قرآن) سے آنکھیں بند کر لیوے ① تو ہم اس پر ایک شیطان مسلط (یعنی مقرر) کر دیتے ہیں، سو وہ (شیطان) اس کے ساتھ رہتا ہے ② ﴿۳۶﴾ اور وہ (ساتھ رہنے والے شیطان) ان (کافروں) کو (ہدایت کے) راستے سے برابر روکتے ہیں اور وہ (کافر) یہ سمجھتے ہیں کہ وہ (یعنی ہم ٹھیک) سیدھے راستے پر ہیں ﴿۳۷﴾ یہاں تک کہ جب وہ (نصیحت بھولنے والا) ہمارے پاس آئے گا تو (اپنے ساتھی شیطان سے) کہے گا: اے کاش کہ! میرے اور تیرے درمیان (دنیا میں) مشرق و مغرب کا فاصلہ ہوتا کیوں کہ تو تو بہت بُرا ساتھی تھا ﴿۳۸﴾ اور (ان سے کہا جائے گا کہ) جب تم ظلم (یعنی شرک) کر چکے ہو تو تم کو آج (قیامت میں) یہ بات ہر گز کوئی فائدہ نہیں پہنچائے گی کہ تم عذاب میں ایک دوسرے کے شریک ہو ③ ﴿۳۹﴾ کیا پھر (اے نبی!) (جب تم کو ان کی ایسی حالت کا پتہ چل گیا تو اب) تم بہروں کو سناؤ گے یا اندھوں کو اور ان لوگوں کو جو کھلی ہوئی گمراہی میں (پڑے) ہیں (ان کو) صحیح راستے پر لاؤ گے؟ ﴿۴۰﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اور جو شخص رحمٰن کی نصیحت سے اندھا بن جاوے۔ ② یعنی ساتھی بن جاتا ہے۔

③ دنیا میں جب کوئی تکلیف پہنچتی ہے اور اس میں کوئی شریک بھی ہو تو تخفیف محسوس ہوتی ہے، آخرت میں ایسا نہ ہوگا، اسی طرح جب دنیا میں کفر کیا تھا تو آج عذاب کی حسرت اور عذاب میں شرکت کوئی کام نہیں آوے گی۔

فَاِمَّا نَذْهَبَنَّ بِكَ فَاِنَّا مِنْهُمْ مُّنْتَقِمُوْنَ ﴿۴۱﴾ اَوْ نُرِيَنَّكَ الَّذِيْ وَعَدْنٰهُمْ فَاِنَّا عَلَيْهِمْ مُّقْتَدِرُوْنَ ﴿۴۲﴾ فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِيْٓ اُوْحِيَ اِلَيْكَ ۚ اِنَّكَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۴۳﴾ وَاِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ وَلِقَوْمِكَ ۚ وَسَوْفَ تُسْــَٔلُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَسْــَٔلْ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رُّسُلِنَآ اَجَعَلْنَا مِنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ اٰلِـهَةً يُّعْبَدُوْنَ ﴿۴۵﴾

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ىِٕهٖ فَقَالَ اِنِّيْ رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۶﴾ فَلَمَّا جَاۗءَهُمْ بِاٰيٰتِنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَضْحَكُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَمَا نُرِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ اِلَّا هِيَ اَكْبَرُ مِنْ اُخْتِهَا ۡ وَاَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۴۸﴾

اب (تو یہ ہوگا کہ) اگر ہم تم کو (دنیا سے) اٹھالیں تب بھی ہم ان (کافروں) سے ضرور بدلہ لینے والے ہیں ﴿۴۱﴾ یا اُن (کافروں) سے ہم نے جو (عذاب کا) وعدہ کر رکھا ہے وہ تم کو (بھی) دکھلا دیویں تب بھی (ہر حال میں) ہم ان پر پوری طرح قدرت رکھتے ہیں① ﴿۴۲﴾ لہذا تم پر جو وحی (یعنی قرآن) نازل کی گئی ہے اس کو مضبوطی سے پکڑے رہو، یقیناً تم سیدھے راستے پر ہو ﴿۴۳﴾ اور یقیناً وہ (قرآن) تمھارے لیے اور تمھاری قوم کے لیے بڑی نیک نامی کی چیز ہے② اور عنقریب تم سے (قیامت کے دن) پوچھا جائے گا ﴿۴۴﴾ اور اپنے جو پیغمبر ہم نے تم سے پہلے بھیجے ہیں اُن سے پوچھ لو کہ③ کیا ہم نے (اللہ) رحمٰن کے سوا (دوسرے) معبود مقرر کیے تھے کہ جن کی عبادت کی جاوے ﴿۴۵﴾

اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو اپنی نشانیاں دے کر فرعون اور اس کے سردار وں (یعنی درباریوں) کے پاس بھیجا تو اس (موسیٰ) نے (جاکر) کہا: یقیناً میں عالمین کے رب کا (بھیجا ہوا) پیغمبر ہوں ﴿۴۶﴾ پھر جب اس (موسیٰ علیہ السلام) نے ان کے پاس ہماری نشانیاں پیش کیں تو دفعتہ وہ اس کا مذاق اڑانے لگے ﴿۴۷﴾ اور ہم ان کو جو نشانی بھی دکھاتے تھے وہ پہلی نشانی سے بڑھ چڑھ کر (یعنی بڑی) ہوتی تھی اور ہم نے اُن کو (الگ الگ قسم کے) عذاب (یعنی سزاؤں) میں پکڑا؛ تاکہ وہ (کفر سے) باز آجاویں ﴿۴۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) طاقت رکھتے ہیں۔

② (دوسرا ترجمہ) بڑی شرافت کی چیز ہے۔ ③ یعنی انبیائے سابقین کے ادیان کی اصلی تعلیمات اور کتابوں میں غور کرلو۔

وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَ السّٰحِرُ ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ اِنَّنَا لَمُهْتَدُوْنَ ۞ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِذَا هُمْ يَنْكُثُوْنَ ۞ وَنَادٰى فِرْعَوْنُ فِيْ قَوْمِهٖ قَالَ يٰقَوْمِ اَلَيْسَ لِيْ مُلْكُ مِصْرَ وَهٰذِهِ الْاَنْهٰرُ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِيْ ۚ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ۞ اَمْ اَنَا خَيْرٌ مِّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ مَهِيْنٌ ۙ وَّلَا يَكَادُ يُبِيْنُ ۞ فَلَوْلَآ اُلْقِيَ عَلَيْهِ اَسْوِرَةٌ مِّنْ ذَهَبٍ اَوْ جَآءَ مَعَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ مُقْتَرِنِيْنَ ۞ فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهٗ فَاَطَاعُوْهُ ۚ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ۞

اور وہ (موسیٰ علیہ السلام کو) کہنے لگے: اے جادوگر!① تمھارے رب نے تم سے جو عہد کر رکھا ہے② اس کے واسطے سے تم اس سے ہمارے لیے دعا کرو،③ ہم یقیناً سیدھے راستہ پر آجائیں گے ﴿۴۹﴾ پھر جب بھی ہم ان سے عذاب (یعنی سزائیں) دور کر دیتے تو فوراً وہ اپنا وعدہ توڑ ڈالتے تھے ﴿۵۰﴾ اور فرعون نے اپنی قوم میں پکار کر کہا: اے میری قوم! کیا (پورے) مصر کی حکومت میرے ہاتھ (یعنی قبضے) میں نہیں ہے؟ اور (دیکھو!) یہ نہریں میرے (محل کے) نیچے جاری ہیں، کیا پھر بھی تم دیکھتے نہیں ہو؟④ ﴿۵۱﴾ بلکہ (صحیح بات یہ ہے کہ) میں اس شخص (یعنی موسیٰ) سے (مال و عزت و حکومت میں) بہت زیادہ اچھا ہوں جس کی کوئی عزت نہیں ہے⑤ اور وہ (اپنی بات) صاف طور پر بول بھی نہیں سکتا ﴿۵۲﴾ پھر (اگر یہ اللہ تعالیٰ کا رسول ہے تو) اس پر (یعنی ہاتھ میں) سونے کے کنگن کیوں نہیں ڈالے گئے یا (پھر) اس کے ساتھ فرشتے جمع ہو کر کیوں نہیں آتے⑥ ﴿۵۳﴾ اس طرح اس فرعون نے اپنی قوم کو بے وقوف بنایا⑦ اور انھوں نے اس (فرعون) کا کہنا مان لیا⑧ حقیقت یہ ہے کہ وہ سب گنہگار لوگ تھے ﴿۵۴﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اے بڑے مولانا صاحب!۔ ③ یعنی کفر سے توبہ پر عذاب دور کر دیا جاوے گا۔

② (دوسرا ترجمہ) تمھارے رب نے تم کو جو سکھلا رکھا ہے اس کے مطابق ہمارے لیے دعا کر دو۔

④ (دوسرا ترجمہ) کیا تم کو (یہ سب) دکھائی نہیں دیتا۔ ⑤ (دوسرا ترجمہ) جو حقیر (جیسا) ہے۔

⑥ جیسے دنیوی حکمرانوں کے اردگرد گارڈ ہوتے ہیں۔

⑦ یعنی متاثر کر دیا مغلوب العقل کر دیا۔

⑧ (دوسرا ترجمہ) اور وہ فرعون کی بات میں آگئے۔

فَلَمَّاۤ اٰسَفُوْنَا انْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِیْنَۙ۝ فَجَعَلْنٰهُمْ سَلَفًا وَّ مَثَلًا لِّلْاٰخِرِیْنَ۠۝ وَ لَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْیَمَ مَثَلًا اِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ یَصِدُّوْنَ۝ وَ قَالُوْۤا ءَاٰلِهَتُنَا خَیْرٌ اَمْ هُوَ ؕ مَا ضَرَبُوْهُ لَكَ اِلَّا جَدَلًا ؕ بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُوْنَ۝ اِنْ هُوَ اِلَّا عَبْدٌ اَنْعَمْنَا عَلَیْهِ وَ جَعَلْنٰهُ مَثَلًا لِّبَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَؕ۝ وَ لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنَا مِنْكُمْ مَّلٰٓىِٕكَةً فِی الْاَرْضِ یَخْلُفُوْنَ۝ وَ اِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَ اتَّبِعُوْنِ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ۝

پھر جب انھوں نے ہم کو غصہ دلایا تو ہم نے ان سے بدلہ لیا، سو ہم نے ان سب کو غرق کر دیا ﴿۵۵﴾ اور ہم نے ان کو ایک گئی گذری قوم (بنا دیا) اور بعد میں آنے والے لوگوں کے لیے (عبرت کا) نمونہ بنا دیا ﴿۵۶﴾۔

اور جب (عیسیٰ) مریم کے بیٹے کی مثال بیان کی گئی① تو فوراً تمھاری قوم کے لوگ اس سے (خوشی کے مارے) شور مچانے لگے ﴿۵۷﴾ اور وہ کہنے لگے کہ: ہمارے معبود بہتر ہیں یا وہ (عیسیٰ ابن مریم) یہ (اعتراض کی) بات انھوں نے تمھارے سامنے محض جھگڑے کی غرض سے بیان کی ہے، اصل بات یہ ہے کہ وہ لوگ ہی (اپنی عادت سے) جھگڑالو ہیں ﴿۵۸﴾ وہ (عیسیٰ علیہ السلام) تو بس ہمارے ایک بندے تھے جن پر ہم نے اپنا فضل (یعنی انعام) کیا تھا② اور ہم نے بنی اسرائیل کے لیے ان کو (ہماری قدرت کا) نمونہ بنایا تھا ﴿۵۹﴾ اور اگر ہم چاہیں تو تم سے فرشتے پیدا کر دیں③ جو زمین میں تمھارے قائم مقام ہوں④ ﴿۶۰﴾ اور یقین رکھو! وہ (عیسیٰ) تو قیامت کی ایک علامت ہے⑤ اس لیے تم اس (بات کے صحیح ہونے) میں شک مت کرو اور میرا کہنا مانو، یہی سیدھا راستہ ہے ﴿۶۱﴾

① (دوسرا ترجمہ) اور جب عیسیٰ مریم کے بیٹے کے متعلق ایک عجیب بات بیان کی گئی۔ ② یعنی عبدیت اور نبوت کے کمالات دے کر۔ ③ یعنی جس طرح تم سے بچے پیدا ہوتے ہیں اس طرح فرشتے پیدا کر دیں۔

④ یعنی جس طرح انسان ایک دوسرے کے جانشین ہوتے ہیں اس طرح ملائکہ ایک کے بعد ایک رہا کریں۔

⑤ اس کے دو مطلب ہے: (۱) جو اللہ تعالیٰ بغیر مرد کے انسان کو دنیا میں پیدا کر سکتے ہیں وہ قیامت کے دن تمام انسانوں کو بغیر کسی ظاہری اسباب پیدا کر سکتے ہیں (۲) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا قیامت سے قبل نزول وہ قیامت کی آخری نشانیوں میں سے ہے۔

وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۶۲﴾ وَلَمَّا جَآءَ عِيْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ قَالَ قَدْ جِئْتُكُمْ بِالْحِكْمَةِ وَلِاُبَيِّنَ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ تَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۶۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۴﴾ فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ عَذَابِ يَوْمٍ اَلِيْمٍ ﴿۶۵﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۶۶﴾ اَلْاَخِلَّآءُ يَوْمَئِذٍۭ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِيْنَ ﴿۶۷﴾ يٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَاۤ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿۶۸﴾

اور ایسا کبھی نہ ہو کہ شیطان تم کو (صحیح راستہ سے) روک دے، یقیناً وہ تمھارا کھلا ہوا دشمن ہے① ﴿۶۲﴾ اور جب عیسیٰ (علیہ السلام) کھلی ہوئی نشانیاں (یعنی دلائل) لے کر آئے تھے تو انھوں نے (لوگوں سے) کہا تھا کہ: میں تمھارے پاس حکمت② کی بات لے کر آیا ہوں اور (نشانیاں اس لیے ساتھ لایا ہوں) تاکہ جن بعض باتوں میں تم اختلاف کر رہے ہو ان کی حقیقت تم کو بتلا دوں، سو تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور میری بات مانو ﴿۶۳﴾ یقیناً اللہ تعالیٰ ہی میرے رب ہیں اور تمھارے بھی رب ہیں، سو تم اس کی عبادت کرو، یہی سیدھا راستہ ہے ﴿۶۴﴾ پھر بھی ان (بنی اسرائیل) میں سے بہت سے گروہوں (یعنی فرقوں) نے آپس میں اختلاف ڈال دیا، سو ایسے ظالم لوگوں کے لیے ایک دردناک دن کے عذاب (یعنی آفت) کی وجہ سے بڑی تباہی ہوگی ﴿۶۵﴾ اب یہ لوگ صرف (حق ظاہر ہونے کے بعد) اس بات کا انتظار کر رہے ہیں کہ قیامت ان کے سامنے اچانک آ کھڑی ہووے اور ان کو خبر بھی نہ ہو ﴿۶۶﴾ جتنے (دنیا کے) دوست ہیں اس دن آپس میں ایک دوسرے کے دشمن ہوں گے؛ سوائے تقویٰ والوں کے③ ﴿۶۷﴾

(جن کو کہا جائے گا کہ) اے میرے بندو! آج تم پر کوئی خوف نہیں ہوگا اور تم کو کوئی غم بھی نہیں ہوگا ﴿۶۸﴾

---

①(دوسرا ترجمہ) یقیناً وہ تمھارا ایسا دشمن ہے جس کی عداوت کھلی ہوئی ہے۔ ②حکمت: [۱] پکی باتیں [۲] سمجھ داری کی باتیں [۳] نبوی احکام۔ ③یعنی جو دوستی اللہ تعالیٰ کے واسطے ہوگی وہ کام آوے گی۔

اَلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا بِاٰیٰتِنَا وَ کَانُوۡا مُسۡلِمِیۡنَ ﴿ۚ﴾ اُدۡخُلُوا الۡجَنَّۃَ اَنۡتُمۡ وَ اَزۡوَاجُکُمۡ تُحۡبَرُوۡنَ ﴿﴾ یُطَافُ عَلَیۡہِمۡ بِصِحَافٍ مِّنۡ ذَہَبٍ وَّ اَکۡوَابٍ ۚ وَ فِیۡہَا مَا تَشۡتَہِیۡہِ الۡاَنۡفُسُ وَ تَلَذُّ الۡاَعۡیُنُ ۚ وَ اَنۡتُمۡ فِیۡہَا خٰلِدُوۡنَ ﴿ۚ﴾ وَ تِلۡکَ الۡجَنَّۃُ الَّتِیۡۤ اُوۡرِثۡتُمُوۡہَا بِمَا کُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿﴾ لَکُمۡ فِیۡہَا فَاکِہَۃٌ کَثِیۡرَۃٌ مِّنۡہَا تَاۡکُلُوۡنَ ﴿﴾ اِنَّ الۡمُجۡرِمِیۡنَ فِیۡ عَذَابِ جَہَنَّمَ خٰلِدُوۡنَ ﴿ۚۖ﴾ لَا یُفَتَّرُ عَنۡہُمۡ وَ ہُمۡ فِیۡہِ مُبۡلِسُوۡنَ ﴿ۚ﴾ وَ مَا ظَلَمۡنٰہُمۡ وَ لٰکِنۡ کَانُوۡا ہُمُ الظّٰلِمِیۡنَ ﴿﴾ وَ نَادَوۡا یٰمٰلِکُ لِیَقۡضِ عَلَیۡنَا رَبُّکَ ؕ قَالَ اِنَّکُمۡ مّٰکِثُوۡنَ ﴿﴾ لَقَدۡ جِئۡنٰکُمۡ بِالۡحَقِّ وَ لٰکِنَّ اَکۡثَرَکُمۡ لِلۡحَقِّ کٰرِہُوۡنَ ﴿﴾

جو ہماری آیتوں پر ایمان لائے تھے اور (ظاہر میں بھی اللہ تعالیٰ کا) ہر حکم پورا کرتے تھے ﴿۶۹﴾ تم اور تمھاری بیویاں خوشی خوشی سے (یا چمکتے چہروں کے ساتھ) جنت میں داخل ہو جاؤ ﴿۷۰﴾ سونے کی رکابیاں اور گلاس ان (جنت والوں) کے سامنے پھرائے جائیں گے① اور اس (جنت) میں جو دل چاہے ہر وہ چیز ملے گی جس سے آنکھوں کو لذت ملے گی اور تم اس (جنت) میں ہمیشہ رہو گے ﴿۷۱﴾ اور یہ وہ جنت ہے جس کا تم کو تمھارے اعمال کے بدلے میں وارث (یعنی مالک) بنا دیا گیا ہے ﴿۷۲﴾ تمھارے لیے اس میں بہت میوے ہیں جن میں سے تم کھاؤ گے ﴿۷۳﴾ یقیناً جو لوگ مجرم ہیں وہ جہنم کے عذاب میں ہمیشہ رہیں گے ﴿۷۴﴾ ان پر سے وہ عذاب (کسی وقت) ہلکا نہیں کیا جائے گا اور وہ اس (عذاب) میں مایوس پڑے رہیں گے ﴿۷۵﴾ اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا؛ لیکن وہ خود ہی ظلم کرنے والے تھے ﴿۷۶﴾ اور وہ (کافر جہنم کے داروغہ فرشتے کو) پکار کر کہیں گے کہ: اے مالک! (تم ہی سفارش کر دو کہ) تمھارا رب (ہم کو موت دے کر) ہمارا کام ہی تمام کر دے تو وہ (مالک) جواب دے گا کہ: تم کو ہمیشہ اسی میں رہنا ہے ﴿۷۷﴾ اور حقیقت یہ ہے کہ ہم تمھارے پاس سچا دین لائے تھے؛ لیکن تم میں سے اکثر لوگ حق کو برا مانتے ہیں② ﴿۷۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) پیش کیے جا رہے ہوں گے۔ ② (دوسرا ترجمہ) اور حقیقت یہ ہے کہ ہم نے تمھارے پاس سچا دین پہنچایا تھا؛ لیکن تم میں سے اکثر لوگ حق سے نفرت کرتے تھے۔

اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ۝ اَمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ ۭ بَلٰى وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُوْنَ ۝ قُلْ اِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ ڰ فَاَنَا اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ ۝ سُبْحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝ فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ فِي السَّمَاۗءِ اِلٰهٌ وَّفِي الْاَرْضِ اِلٰهٌ ۭ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ۝ وَتَبٰرَكَ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ وَعِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝

کیا انھوں نے (یعنی کافروں نے رسول کو تکلیف دینے کی) کچھ (کارروائی) کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے تو ہم نے بھی ایک کام (یعنی رسول کی حفاظت کرنے) کا فیصلہ کرلیا ہے ﴿۷۹﴾ کیا انھوں نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ ہم ان کی خفیہ باتوں کو اور ان کے آپس کے مشوروں کو سنتے نہیں ہیں؟ ہاں! (ہم ضرور سنتے ہیں) اور ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے جو ان کے پاس ہیں وہ (سب کچھ) لکھتے رہتے ہیں ﴿۸۰﴾ (اے نبی!) تم (ان سے) کہو کہ: اگر (بالفرض والمحال اللہ) رحمٰن کی کوئی اولاد ہوتی تو سب سے پہلے میں عبادت کرنے والا ہوتا ﴿۸۱﴾ پاک ہیں وہ (اللہ تعالیٰ) جو آسمانوں اور زمین کے مالک ہیں، عرش کے (بھی) مالک ہیں ان ساری باتوں سے جو وہ (مشرک) لوگ بیان کرتے ہیں ﴿۸۲﴾ لہذا (اے نبی!) ان کو (اپنے حال پر) چھوڑ دو، وہ بک بک کرتے رہیں① اور کھیل کرتے رہیں، یہاں تک کہ وہ اپنے اس (قیامت کے) دن سے ملاقات کرلیں جس کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے ﴿۸۳﴾ اور وہی (اللہ تعالیٰ) ہیں جو آسمان میں بھی عبادت کے لائق ہیں، اور زمین میں بھی عبادت کے لائق ہیں اور وہ بڑے حکمت کے مالک، بڑے جاننے والے ہیں ﴿۸۴﴾ اور بڑی برکت (یعنی شان) ہے اس (اللہ تعالیٰ) کی جس کے قبضے میں آسمانوں اور زمین اور جو کچھ اس کے درمیان ہے اس کی حکومت ہے اور اللہ تعالیٰ کے پاس ہی قیامت کا علم ہے اور اسی (اللہ تعالیٰ) کے پاس تم سب کو واپس لوٹایا جائے گا ﴿۸۵﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اور (اس طرح کی باطل) باتوں میں ڈوبا رہے۔

وَلَا يَمْلِكُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنْ شَهِدَ بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ۝ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ۝ وَقِيْلِهٖ يٰرَبِّ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ۝ فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ سَلٰمٌ ۭ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ۝

اور یہ (مشرک لوگ) اس (اللہ تعالیٰ) کو چھوڑ کر جن (بتوں) کو پکارتے ہیں اُن کو سفارش (تک) کا کوئی اختیار نہ ہوگا؛ مگر ہاں وہ لوگ جو (زبان سے) حق بات کی گواہی دیتے ہیں اور وہ (اس حق کا دل سے) یقین رکھتے ہیں①﴿۸۶﴾ اور اگر تم ان سے پوچھو کہ: ان کو کس نے پیدا کیا؟ تو وہ ضرور (یہی) جواب دیں گے کہ: اللہ تعالیٰ ہی نے (پیدا کیا)، اس کے باوجود کوئی اُن کو کہاں سے الٹا چلا دیتا ہے②﴿۸۷﴾ اور قسم ہے اس (رسول) کی بات کی کہ: اے میرے رب! یہ (کفار) ایسے لوگ ہیں جو ایمان لاتے نہیں﴿۸۸﴾ لہٰذا اے نبی! تم ان کی پروامت کرو اور کہہ دو کہ: "سلام"③ سو عنقریب (تھوڑے دنوں میں) خود ان کو سب پتہ چل جائے گا﴿۸۹﴾

---

① یعنی جن کے پاس ایمان ویقین ہے وہ سفارش کر سکیں گے۔

② (دوسرا ترجمہ) اس کے باوجود الٹے پھر کر کہاں جاتے ہیں (یعنی توحید کو ماننا چھوڑ کر شرک کی الٹی راہ پر کیوں چلے جاتے ہیں)۔

③ یعنی ہماری دعوت نہیں مانتے تو تم تمہارے راستے ہم ہمارے راستے پر۔

سورۃ الدخان

(المکیۃ)

آیاتھا:۵۹۔رکوعاتھا:۳۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں انسٹھ (۵۹) یا (۵۷) آیتیں ہیں۔ سورۂ زخرف کے بعد اور سورۂ جاثیہ سے پہلے تریسٹھ (۶۳) یا (۶۴) نمبر پر نازل ہوئی۔

دخان کے معنیٰ آتا ہے: دھواں، اس سورت میں دخان یعنی دھواں کا ذکر آیا ہے۔ ایک دھواں نبیٔ کریم ﷺ کے زمانے میں ظاہر ہو چکا، جب کفارِ قریش نے بہت شدت سے مخالفت کی تو ان پر قحط سالی مسلط کردی گئی جس کی وجہ سے وہ اتنے کمزور ہو گئے کہ جب بھی آسمان کی طرف سر اٹھا کر دیکھتے تو کمزوری کی وجہ سے آنکھوں کے سامنے ایک بادل اور دھواں سا نظر آتا۔ اور ایک دھواں قیامت سے پہلے ظاہر ہوگا جو قیامت کی آخری علامتوں میں سے ہے۔

نبیٔ کریم ﷺ اس سورت کو فجر کی نماز میں پڑھا کرتے تھے۔

احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جو آدمی سورۂ دخان کو جمعہ کے دن رات کو پڑھے تو اس کی مغفرت ہو جاتی ہے۔ ستر ہزار ملائکہ اس کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہیں، جنت میں اس کے لیے محل بنائے جاتے ہیں، حورِ عین سے اس کی شادی کردی جاتی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

حٰمٓ ۝ وَالْكِتٰبِ الْمُبِیْنِ ۝ اِنَّاۤ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ اِنَّا كُنَّا مُنْذِرِیْنَ ۝ فِیْهَا یُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِیْمٍ ۝ اَمْرًا مِّنْ عِنْدِنَا ؕ اِنَّا كُنَّا مُرْسِلِیْنَ ۝ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا ۘ اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِیْنَ ۝ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ ؕ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآىِٕكُمُ الْاَوَّلِیْنَ ۝ بَلْ هُمْ فِیْ شَكٍّ یَّلْعَبُوْنَ ۝ فَارْتَقِبْ یَوْمَ تَاْتِی السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِیْنٍ ۝ یَّغْشَى النَّاسَ ؕ هٰذَا عَذَابٌ اَلِیْمٌ ۝ رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ۝

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

حٰم ﴿۱﴾ قسم ہے اس کتاب کی جو (حق کو) واضح (یعنی ظاہر) کرنے والی ہے ﴿۲﴾ یقیناً ہم نے اس (قرآن) کو ایک مبارک رات (یعنی شبِ قدر) میں اتارا ہے؛ (کیوں کہ) ہم ہی (لوگوں کو) خبردار کرنے والے تھے ﴿۳﴾ اس (رات) میں ہر حکیمانہ کام ہمارے حکم سے طے کر دیا جاتا ہے ﴿۴﴾ یقیناً ہم ہی (نبی محمد ﷺ کو) بھیجنے والے ہیں (۴) تمھارے رب کی (طرف سے جو) رحمت (ہوتی ہے اس کی وجہ) سے①، یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) باتوں کو سننے والے، بڑے جاننے والے ہیں ﴿۵﴾ آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان میں ہیں ان کے رب ہیں، اگر تم واقعی یقین کرتے ہو ﴿۶﴾ اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا کوئی معبود نہیں ہے وہی زندگی دیتے ہیں اور وہی موت دیتے ہیں ﴿۷﴾ تمھارے بھی رب ہیں اور تمھارے اگلے باپ دادوں کے بھی رب ہیں ﴿۸﴾ بلکہ وہ لوگ شک (یعنی دھوکے) میں کھیل کر رہے ہیں ﴿۹﴾ لہٰذا تم (اے نبی!) اس دن کا انتظار کرو جب آسمان سے ایک کھلا ہوا (یعنی نظر آنے والا) دھواں ظاہر ہوگا ﴿۱۰﴾ جو (ان) سب لوگوں پر چھا جائے گا، یہ (دھواں) ایک دردناک سزا ہے ﴿۱۱﴾ (اس وقت وہ لوگ کہیں گے:) اے ہمارے رب! ہم سے (یہ) عذاب (یعنی آفت) دور کر دیجیے، ہم ضرور ایمان لے آئیں گے ﴿۱۲﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) تمھارے رب کی رحمت کی وجہ سے ہم ہی آپ کو رسول بنانے والے ہیں۔

أَنَّىٰ لَهُمُ الذِّكْرَىٰ وَقَدْ جَاءَهُمْ رَسُولٌ مُّبِينٌ ﴿١٣﴾ ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوا مُعَلَّمٌ مَّجْنُونٌ ﴿١٤﴾
إِنَّا كَاشِفُو الْعَذَابِ قَلِيلًا ۚ إِنَّكُمْ عَائِدُونَ ﴿١٥﴾ يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرَىٰ ۚ إِنَّا
مُنتَقِمُونَ ﴿١٦﴾ وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ وَجَاءَهُمْ رَسُولٌ كَرِيمٌ ﴿١٧﴾ أَنْ أَدُّوا إِلَيَّ
عِبَادَ اللَّهِ ۖ إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿١٨﴾ وَأَن لَّا تَعْلُوا عَلَى اللَّهِ ۖ إِنِّي آتِيكُم بِسُلْطَانٍ مُّبِينٍ ﴿١٩﴾
وَإِنِّي عُذْتُ بِرَبِّي وَرَبِّكُمْ أَن تَرْجُمُونِ ﴿٢٠﴾ وَإِن لَّمْ تُؤْمِنُوا لِي فَاعْتَزِلُونِ ﴿٢١﴾

(بھلا!) ان کو نصیحت کہاں نصیب ہوتی ہے (جس کی وجہ سے وہ ایمان لا دیں؟) حالاں کہ ان کے پاس ایک رسول آئے جنھوں نے (حقیقت کو) کھول کر رکھ دیا ﴿۱۳﴾ پھر انھوں نے اس (رسول) سے منہ پھیر لیا① اور کہنے لگے کہ: (یہ تو دوسرے انسان کا) سکھایا ہوا② دیوانہ ہے ﴿۱۴﴾ (اچھا) ہم عذاب کو تھوڑی مدت کے لیے ہٹا دیتے ہیں (مگر) پھر بھی تم اپنی (پہلی) حالت پر لوٹ آؤ گے ﴿۱۵﴾ جس (قیامت کے) دن ہماری طرف سے بڑی پکڑ ہوگی تو پکی بات ہے کہ ہم پورا بدلہ لے لیں گے ﴿۱۶﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے ان (مکہ کے لوگوں) سے پہلے فرعون کی قوم کو آزمایا تھا اور ان کے پاس ایک معزز پیغمبر آئے تھے ﴿۱۷﴾ (اور اس رسول نے تم سے کہا تھا) کہ: تم اللہ تعالیٰ کے بندوں کو میرے حوالے کر دو③، یقیناً میں تمھارے لیے ایک معتبر (یعنی امانت دار) پیغمبر ہوں ﴿۱۸﴾ اور یہ کہ تم اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں سرکشی مت کرو، میں تمھارے سامنے (اپنی نبوت کی) کھلی ہوئی دلیل پیش کرتا ہوں ﴿۱۹﴾ اور میں اپنے رب اور تمھارے رب کی اس بات سے پناہ (یعنی حفاظت) لیتا ہوں کہ تم مجھے پتھر مار کر مار ڈالو ﴿۲۰﴾ اور اگر تم مجھ پر ایمان (یعنی یقین) نہیں رکھتے ہو تو مجھ سے الگ ہو جاؤ④ ﴿۲۱﴾

---

① یعنی نافرمانی کی۔

② (دوسرا ترجمہ) پڑھایا ہوا۔

③ یعنی بنی اسرائیل جن کو اس دور میں فرعونیوں نے تکالیف میں پھنسا رکھا تھا۔ نوٹ: آزادی کی جدوجہد بھی کار نبوت میں سے ہے۔ ④ یعنی میری دعوت نہیں مانتے تو مجھے تکلیف دے کر تم اپنے جرم کو زیادہ سنگین نہ کرو اور میری دعوت کے کام میں رکاوٹ نہ بنو۔

فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنَّ هٰۤؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ ﴿۲۲﴾ فَاَسْرِ بِعِبَادِیْ لَیْلًا اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ؕ اِنَّهُمْ جُنْدٌ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۲۴﴾ كَمْ تَرَكُوْا مِنْ جَنّٰتٍ وَّعُیُوْنٍ ﴿۲۵﴾ وَّزُرُوْعٍ وَّمَقَامٍ كَرِیْمٍ ﴿۲۶﴾ وَّنَعْمَةٍ كَانُوْا فِیْهَا فٰكِهِیْنَ ﴿۲۷﴾ كَذٰلِكَ ۫ وَاَوْرَثْنٰهَا قَوْمًا اٰخَرِیْنَ ﴿۲۸﴾ فَمَا بَكَتْ عَلَیْهِمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ وَمَا كَانُوْا مُنْظَرِیْنَ ﴿۲۹﴾

وَلَقَدْ نَجَّیْنَا بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ مِنَ الْعَذَابِ الْمُهِیْنِ ﴿۳۰﴾ مِنْ فِرْعَوْنَ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَالِیًا مِّنَ الْمُسْرِفِیْنَ ﴿۳۱﴾ وَلَقَدِ اخْتَرْنٰهُمْ عَلٰی عِلْمٍ عَلَی الْعٰلَمِیْنَ ﴿۳۲﴾ وَاٰتَیْنٰهُمْ مِّنَ الْاٰیٰتِ مَا فِیْهِ بَلٰٓؤٌا مُّبِیْنٌ ﴿۳۳﴾

سو (آخر) اس (نبی) نے اپنے رب سے دعا کی کہ: یہ لوگ بڑے ہی گنہگار ہیں ﴿۲۲﴾ تو (اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تم اے موسیٰ!) میرے بندوں کو لے کر راتوں رات نکل جاؤ (کیوں کہ) تم لوگوں کا پیچھا ضرور کیا جائے گا ﴿۲۳﴾ اور سمندر کو ٹھہرا ہوا چھوڑ جانا①؛ (اس لیے) کہ ان (فرعونیوں) کا لشکر ڈبو دیا جائے گا ﴿۲۴﴾ وہ (لوگ) کتنے ہی باغات اور چشمیں چھوڑ گئے ﴿۲۵﴾ اور (کتنی ساری) کھیتیاں اور عمدہ عمدہ مکانات ﴿۲۶﴾ اور عیش (وآرام) کا سامان جن میں وہ مزے کر رہے تھے② ﴿۲۷﴾ اسی طرح سے (ان کا انجام) ہوا اور ہم نے ان سب چیزوں کا وارث (یعنی مالک) ایک دوسری قوم کو بنا دیا ﴿۲۸﴾ پھر ان لوگوں پر نہ آسمان رویا اور نہ زمین اور نہ ان کو کوئی مہلت (یعنی ڈھیل) دی گئی ﴿۲۹﴾

اور (اس طرح فرعونیوں کو ڈبو کر) پکی بات یہ ہے کہ ہم نے بنی اسرائیل کو ذلیل کرنے والی مصیبت سے نجات دی ﴿۳۰﴾ جو (مصیبت) فرعون کی طرف سے تھی، واقعی بات ہے کہ وہ (فرعون) بڑا سرکش (یعنی متکبر) حد سے نکل جانے والے لوگوں میں سے تھا ﴿۳۱﴾ اور ہم نے ان (بنی اسرائیل) کو جان بوجھ کر کے تمام دنیا والوں پر (بعض چیزوں میں) فضیلت دی ﴿۳۲﴾ اور ہم نے ان (بنی اسرائیل) کو ایسی نشانیاں دیں جن میں کھلا ہوا انعام تھا③ ﴿۳۳﴾

---

① یعنی پانی کے بیچ میں جو راستے بن جاویں گے ان کو اسی حال پر چھوڑ دینا۔

② (دوسرا ترجمہ) جن میں بیٹھ کر باتیں بنایا کرتے تھے۔ ③ (دوسرا ترجمہ) کھلی ہوئی مدد تھی۔

إِنَّ هَٰؤُلَاءِ لَيَقُولُونَ ۝ إِنْ هِيَ إِلَّا مَوْتَتُنَا الْأُولَىٰ وَمَا نَحْنُ بِمُنْشَرِينَ ۝ فَأْتُوا بِآبَائِنَا إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ۝ أَهُمْ خَيْرٌ أَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ وَالَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ أَهْلَكْنَاهُمْ ۖ إِنَّهُمْ كَانُوا مُجْرِمِينَ ۝ وَمَا خَلَقْنَا السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لَاعِبِينَ ۝ مَا خَلَقْنَاهُمَا إِلَّا بِالْحَقِّ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ۝ إِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ مِيقَاتُهُمْ أَجْمَعِينَ ۝ يَوْمَ لَا يُغْنِي مَوْلًى عَنْ مَوْلًى شَيْئًا وَلَا هُمْ يُنْصَرُونَ ۝ إِلَّا مَنْ رَحِمَ اللَّهُ ۚ إِنَّهُ هُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝ إِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّومِ ۝ طَعَامُ الْأَثِيمِ ۝ كَالْمُهْلِ ۛ يَغْلِي فِي الْبُطُونِ ۝ كَغَلْيِ الْحَمِيمِ ۝

یقیناً یہ (مکہ کے کفار قیامت کا انکار کرتے ہوئے) کہتے ہیں ﴿۳۴﴾ کہ بس یہی ہمارا پہلی ہی مرتبہ کا مرجانا ہے (اور دنیوی موت ہوگی) اور ہم کو دوسری مرتبہ زندہ نہیں کیا جائے گا ﴿۳۵﴾ سو اگر تم سچے ہو تو ہمارے اگلے باپ دادوں کو (زندہ کرکے) لے آؤ ﴿۳۶﴾ بھلا وہ (قریش کے کفار) بہتر ہیں یا (یمن کے بادشاہ) تبع کی قوم؟ اور وہ لوگ جو ان (تبع کی قوم) سے پہلے تھے، ہم نے ان سب کو ہلاک کردیا (کیوں کہ) وہ لوگ یقینی طور پر (بڑے) گنہگار تھے ﴿۳۷﴾ اور ہم نے آسمانوں اور زمین اور ان کے درمیان کی چیزیں (بے فائدہ) کھیل کے لیے نہیں بنائی ﴿۳۸﴾ ہم نے ان دونوں (آسمان و زمین) کو برحق مقصد ہی کے لیے (بڑی حکمت سے) پیدا کیا؛ لیکن ان میں کے اکثر لوگ سمجھتے نہیں ہیں ﴿۳۹﴾ پکی بات یہ ہے کہ فیصلے کا دن ان سب لوگوں کے (دوسری مرتبہ زندہ ہوکر جزا و سزا پانے کے) وعدہ کا وقت ہے ﴿۴۰﴾ جس دن کوئی حمایت کرنے والا کسی حمایتی کو ذرا بھی کام نہیں آئے گا اور ان کی کوئی مدد بھی نہیں کی جائے گی ﴿۴۱﴾ مگر جس پر اللہ تعالیٰ رحم (یعنی مہربانی) فرمائے ① یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) بڑے زبردست، بڑے رحم والے ہیں ﴿۴۲﴾

یقینی بات ہے کہ زقوم کا درخت ﴿۴۳﴾ (بڑے) گنہگار (یعنی کافر) کا کھانا ہوگا ﴿۴۴﴾ (وہ زقوم) سیاہ تیل کی تلچھٹ جیسا ہوگا ② وہ (لوگوں کے) پیٹوں میں کھولتے ہوئے پانی کی طرح جوش مارے گا ﴿۴۵﴾ ﴿۴۶﴾

---

① یعنی تب ہی اللہ تعالیٰ کی اجازت سے سفارش کام آئے گی۔ ② (دوسرا ترجمہ) پگھلے ہوئے تانبے کے جیسا ہوگا۔

خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ۝ ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ ۝ ذُقْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ۝ اِنَّ هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ تَمْتَرُوْنَ ۝ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ مَقَامٍ اَمِيْنٍ ۝ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۝ يَّلْبَسُوْنَ مِنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ۝ كَذٰلِكَ ۣ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ۝ يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ اٰمِنِيْنَ ۝ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا الْمَوْتَ اِلَّا الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰى ۚ وَوَقٰىهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۝ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكَ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۝ فَارْتَقِبْ اِنَّهُمْ مُّرْتَقِبُوْنَ ۝

(اور فرشتوں کو حکم دیا جائے گا کہ) اس کو پکڑو اور گھسیٹ کر اس کو جہنم کے درمیانی حصے تک (بیچ و بیچ) لے جاؤ ﴿۴۷﴾ پھر اس کے سر پر سخت کھولتے ہوئے پانی کا عذاب ڈال دو ﴿۴۸﴾ تو (عذاب کا مزہ) چکھ، یقیناً تو بڑا عزت والا① (سردار) تھا ﴿۴۹﴾ یہی وہ چیز ہے جس کے بارے میں تم شک کیا کرتے تھے ﴿۵۰﴾ (دوسری طرف) تقویٰ والے لوگ امن و امان والی جگہ میں ہوں گے ﴿۵۱﴾ باغیچوں اور چشموں میں ہوں گے ﴿۵۲﴾ وہ باریک اور گاڑھی ریشم کے کپڑے پہنے ہوئے اور ایک دوسرے کے سامنے بیٹھے ہوں گے (ان کے ساتھ) اسی طرح (اکرام کا برتاؤ) کیا جائے گا ﴿۵۳﴾ اور ہم گوری گوری، بڑی بڑی آنکھوں والی (حوروں) کے ساتھ ان کو جوڑ دیں گے ﴿۵۴﴾ وہ ان (باغوں) میں اطمینان سے ہر قسم کے میوے منگواتے ہوں گے ﴿۵۵﴾ جو موت ان کو پہلے (دنیا میں) آچکی تھی اس کے علاوہ وہاں کسی (دوسری) موت کا مزہ نہیں چکھیں گے اور وہ (اللہ تعالیٰ) ان کو جہنم کے عذاب سے محفوظ (یعنی سلامت) رکھیں گے ﴿۵۶﴾ (یہ سب کچھ ان کو) تمھارے رب کے فضل سے (ملے گا) یہی بڑی کامیابی ہے ﴿۵۷﴾ سو (اے نبی! محمد ﷺ) ہم نے اس (قرآن) کو تمھاری زبان (یعنی عربی) میں آسان کر دیا؛ تاکہ وہ لوگ (اس کو سمجھ کر) نصیحت حاصل کریں ﴿۵۸﴾ (اے نبی!) اب تم بھی انتظار کرو②، وہ لوگ بھی انتظار کر رہے ہیں③ ﴿۵۹﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) بڑے مرتبہ والا (اقتدار والا)۔ ② یعنی ان کے ایمان نہ لانے کی وجہ سے عذاب کا انتظار کرو۔
③ یعنی تم پر کوئی مصیبت پڑے اس کا، حالاں کہ نبی پر مصیبت آنے والی نہیں ہے۔

سورة الجاثية

(المكية)

أياتها: ۳۷۔ رکوعاتها: ۴۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں سینتیس (۳۷) آیتیں ہیں۔ سورۂ دخان کے بعد اور سورۂ احقاف سے پہلے چونسٹھ (۶۴) یا (۶۵) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں "جاثیہ" کا تذکرہ ہے، زانو پر بیٹھنے والی یا گرنے والی کو جاثیہ کہا جاتا ہے۔

آیت میں جاثیہ کا لفظ واحد ہونے کے باوجود جمع کی جگہ پر استعمال ہوا ہے۔ کافروں کے سامنے جب جہنم ظاہر کی جائے گی اس کے شعلے بھڑکتے ہوں گے شعلوں کی آواز سمندر کے طوفانی تھپیڑوں کی طرح اٹھتی ہوئی نظر آئے گی تو سب لوگ گھٹنوں کے بل بیٹھ جائیں گے۔

اس سورت کا دوسرا نام "شریعہ" بھی ہے، اس سورت میں شریعت کا تذکرہ ہے، دین کے دستور کو شریعت کہتے ہیں، انسان اپنی ذات سے خود کوئی کام انجام نہیں دے سکتا، انسانی زندگی شریعت اور شارع کی محتاج ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

حٰمٓ ﴿۱﴾ تَنْزِیْلُ الْکِتٰبِ مِنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ ﴿۲﴾ اِنَّ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰیٰتٍ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۳﴾ وَفِیْ خَلْقِکُمْ وَمَا یَبُثُّ مِنْ دَآبَّۃٍ اٰیٰتٌ لِّقَوْمٍ یُّوْقِنُوْنَ ﴿۴﴾ وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّھَارِ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰہُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ رِّزْقٍ فَاَحْیَا بِہِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِھَا وَتَصْرِیْفِ الرِّیٰحِ اٰیٰتٌ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ﴿۵﴾ تِلْکَ اٰیٰتُ اللّٰہِ نَتْلُوْھَا عَلَیْکَ بِالْحَقِّ ۚ فَبِاَیِّ حَدِیْثٍۭ بَعْدَ اللّٰہِ وَاٰیٰتِہٖ یُؤْمِنُوْنَ ﴿۶﴾ وَیْلٌ لِّکُلِّ اَفَّاکٍ اَثِیْمٍ ﴿۷﴾ یَّسْمَعُ اٰیٰتِ اللّٰہِ تُتْلٰی عَلَیْہِ ثُمَّ یُصِرُّ مُسْتَکْبِرًا کَاَنْ لَّمْ یَسْمَعْھَا ۚ فَبَشِّرْہُ بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ ﴿۸﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

حٰمٓ ﴿۱﴾ یہ کتاب اللہ تعالیٰ کی طرف سے اتاری جارہی ہے جو بڑے زبردست، بڑے حکمت والے ہیں ﴿۲﴾ یقیناً آسمانوں اور زمین میں ایمان والوں (یعنی ماننے والوں) کے لیے بہت ساری نشانیاں ہیں ﴿۳﴾ اور (خود) تمھارے پیدا کرنے میں اور جو جانور اس (اللہ تعالیٰ) نے (زمین میں) پھیلا رکھے ہیں ان میں یقین رکھنے والوں کے لیے نشانیاں ہیں ﴿۴﴾ اور رات اور دن کے آنے جانے میں اور اس روزی (یعنی بارش) میں جو اللہ تعالیٰ آسمان کی جانب سے اتارتے ہیں، پھر اس (بارش) کے ذریعہ زمین کو اس کے مردہ (یعنی خشک) ہوجانے کے بعد زندہ کرتے ہیں اور ہواؤں کے بدلنے میں ان لوگوں کے لیے (بڑی) نشانیاں ہیں جو عقل سے کام لیتے ہیں ﴿۵﴾ یہ اللہ تعالیٰ کی آیتیں ہیں ① جو ہم تم کو ٹھیک ٹھیک (یعنی صحیح صحیح) پڑھ کر کے سناتے ہیں، پھر اللہ تعالیٰ اور اُن کی آیتوں کے بعد اب وہ لوگ کونسی بات پر ایمان لائیں گے ﴿۶﴾ ہر اس بڑے جھوٹے گنہگار کے لیے بڑی تباہی ہوگی ﴿۷﴾ جو اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو سنتا بھی ہے جو وہ آیتیں اس کے سامنے پڑھ کر سنائی جاتی ہیں، پھر بھی تکبر کرتے ہوئے اس طرح (کفر پر) اَڑا رہتا ہے جیسے اس نے اُن (آیتوں) کو سنا ہی نہیں؛ سو اس (شخص) کو دردناک عذاب کی خوش خبری سنادو ﴿۸﴾

① (دوسرا ترجمہ) قدرت کی نشانیاں ہیں۔

وَاِذَا عَلِمَ مِنْ اٰيٰتِنَا شَيْئًا اتَّخَذَهَا هُزُوًا ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ؕ﴿۹﴾ مِنْ وَّرَآئِهِمْ جَهَنَّمُ ۚ وَلَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ مَّا كَسَبُوْا شَيْئًا وَّلَا مَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ؕ﴿۱۰﴾ هٰذَا هُدًى ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ﴿۱۱﴾

اَللّٰهُ الَّذِيْ سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِيَ الْفُلْكُ فِيْهِ بِاَمْرِهٖ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۚ﴿۱۲﴾ وَسَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مِّنْهُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۳﴾ قُلْ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَغْفِرُوْا لِلَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ اَيَّامَ اللّٰهِ

اور جب ہماری آیتوں میں سے کوئی آیت ایسے شخص کے علم میں آتی ہے تو وہ اس کا مزاق آڑاتا ہے، ایسے لوگوں کے لیے عذاب ہوگا جو ان کو ذلیل کر کے رکھ دے گا ﴿۹﴾ (اور) ان کے آگے جہنم (کی آگ) ہوگی اور جو کچھ انھوں نے (دنیا میں) کمایا تھا وہ ان کو کچھ کام نہیں آئے گا اور اللہ تعالیٰ کے سوا جن (معبودوں) کو انھوں نے (اپنے) مدد کرنے والے بنا رکھے تھے وہ بھی (کچھ کام نہیں آئیں گے) اور ان لوگوں کو بڑا عذاب ہوگا ﴿۱۰﴾ (اور) یہ (قرآن تو) ہدایت سے بھرا ہوا (ہی) ہے اور جن لوگوں نے اپنے رب کی آیتوں کا انکار کیا ان لوگوں کے لیے ایک (بری) بلا کا دردناک عذاب ہے ﴿۱۱﴾

اللہ تعالیٰ وہ ہے جنھوں نے تمھارے (فائدہ کے) لیے سمندر کو کام میں لگادیا ہے؛ تاکہ اس (اللہ تعالیٰ) کے حکم سے اس میں کشتیاں چلیں؛ اور تاکہ تم اس کا فضل (یعنی حلال روزی) تلاش کرو؛ اور تاکہ (روزی ملنے پر) تم شکر ادا کرو ﴿۱۲﴾ اور جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے ان سب کو اس (اللہ تعالیٰ) نے اپنی طرف (یعنی اپنے حکم) سے تمہارے کام میں لگادیا ہے، یقیناً اس میں ان لوگوں کے لیے بڑی نشانیاں (یعنی دلائل) ہیں جو غور وفکر کرتے رہتے ہیں ﴿۱۳﴾ (اے نبی!) جو لوگ ایمان لائے ہیں تم ان کو کہہ دو کہ: جو لوگ اللہ تعالیٰ کے دنوں کی امید نہیں رکھتے ① ان لوگوں سے درگزر کریں؛

---

① [دوسرا ترجمہ] یقین نہیں رکھتے [تیسرا] خطرہ نہیں رکھتے [چوتھا] اندیشہ نہیں رکھتے۔

(ایام اللہ سے مراد وہ دن ہیں جن میں اللہ تعالیٰ دین کے دشمنوں کو خاص سزا دیوے یا اللہ تعالیٰ اپنے ماننے والوں کو خاص انعام واکرام سے نوازے؛ گویا خاص عذاب یا اکرام سے وہ دن یادگار بن گیا ہو)

لِيَجْزِيَ قَوْمًا بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَيْهَا ۫ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ۝ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَاٰتَيْنٰهُمْ بَيِّنٰتٍ مِّنَ الْاَمْرِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوْٓا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ ۙ بَغْيًاۢ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝ ثُمَّ جَعَلْنٰكَ عَلٰي شَرِيْعَةٍ مِّنَ الْاَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ اِنَّهُمْ لَنْ يُّغْنُوْا عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْـــًٔا ۭ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۚ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ ۝ هٰذَا بَصَاۗىِٕرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۝

تاکہ وہ (اللہ تعالیٰ) ایک قوم کو ان کاموں کا بدلہ دیوے جو وہ لوگ کرتے تھے ﴿۱۴﴾ جو شخص بھی نیک کام کرتا ہے تو وہ اپنے ہی (فائدہ کے) لیے کرتا ہے اور جو شخص برائی کرتا ہے تو وہ اپنا ہی نقصان کرتا ہے، پھر تم سب کو اپنے ہی رب کی طرف واپس لایا جائے گا ﴿۱۵﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب اور حکومت اور نبوت دی تھی اور ہم نے ان کو عمدہ عمدہ چیزیں کھانے کے لیے دی تھی اور ہم نے ان کو اقوامِ عالم پر (بعض چیزوں میں) فضیلت (یعنی اونچا مرتبہ) دی تھی ﴿۱۶﴾ اور ہم نے ان کو (دین کے بارے میں) کھلے کھلے احکام دیے تھے، پھر انھوں نے (صحیح) علم ان کے پاس آجانے کے بعد ہی (محض) آپس کی ضد سے (ایک دوسرے سے) اختلاف کیا، یقیناً تمھارے رب ان کے درمیان قیامت کے دن ان باتوں میں فیصلہ کردیں گے جن میں وہ (آپس میں) اختلاف کرتے تھے ﴿۱۷﴾ پھر (اے نبی!) ہم نے تم کو دین کے ایک خاص راستے پر قائم کردیا بلہذا تم اسی (راستے) پر چلو اور ان لوگوں کی خواہشات پر مت چلنا جو (صحیح) علم نہیں رکھتے ﴿۱۸﴾ کیوں کہ وہ (کافر) لوگ اللہ تعالیٰ کے سامنے (یا مقابلے میں) تم کو ذرا بھی کام نہیں آئیں گے اور یقیناً ظالم لوگ ایک دوسرے کے دوست ہوا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ تو تقویٰ والوں کے دوست ہیں ﴿۱۹﴾ یہ (قرآن) تمام لوگوں کے لیے بصیرت (یعنی سمجھ کی باتوں) کا مجموعہ ہے اور جو لوگ یقین کرتے ہیں ان کے لیے ہدایت ہے اور (بڑی) رحمت (کا ذریعہ) ہے ﴿۲۰﴾

أَمْ حَسِبَ الَّذِينَ اجْتَرَحُوا السَّيِّئَاتِ أَنْ نَجْعَلَهُمْ كَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ ۙ سَوَاءً مَحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ ۚ سَاءَ مَا يَحْكُمُونَ ﴿٢١﴾

وَخَلَقَ اللَّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزَىٰ كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿٢٢﴾ أَفَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلَٰهَهُ هَوَاهُ وَأَضَلَّهُ اللَّهُ عَلَىٰ عِلْمٍ وَخَتَمَ عَلَىٰ سَمْعِهِ وَقَلْبِهِ وَجَعَلَ عَلَىٰ بَصَرِهِ غِشَاوَةً فَمَنْ يَهْدِيهِ مِنْ بَعْدِ اللَّهِ ۚ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ﴿٢٣﴾ وَقَالُوا مَا هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَا إِلَّا الدَّهْرُ ۚ وَمَا لَهُمْ بِذَٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۖ إِنْ هُمْ إِلَّا يَظُنُّونَ ﴿٢٤﴾

کیا جن لوگوں نے بُرے کام کرر کھے ہیں وہ یہ سمجھتے ہیں کہ ہم اُن کو اُن لوگوں کے برابر کردیں گے جو ایمان لائے ہیں اور انہوں نے نیک کام کیے ہیں کہ (جس کے نتیجے میں) ان کا جینا اور مرنا ایک جیسا ہو جاوے؟ کتنا برا وہ فیصلہ کرتے ہیں! ﴿۲۱﴾

اور اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کو (پوری) حکمت کے ساتھ پیدا کیا① اور تاکہ ہر شخص کو اس کی کمائی کا بدلہ دیا جاوے اور (بدلہ دیتے وقت) ان پر (کسی قسم کا) ظلم نہیں کیا جائے گا ﴿۲۲﴾ (اے نبی!) کیا بھلا تم نے اس شخص کو بھی دیکھا جس نے اپنی نفسانی خواہش کو اپنا خدا بنا رکھا ہے اور علم کے باوجود اللہ تعالیٰ نے اس کو گمراہ کر دیا② اور اس کے کان اور اس کے دل پر مہر لگادی اور اس کی آنکھ پر پردہ ڈال دیا، اب اللہ تعالیٰ کے بعد کون ہے جو اس کو ہدایت (کے راستے) پر لاوے؟ کیا پھر بھی تم دھیان نہیں دیتے؟③ ﴿۲۳﴾ اور وہ (قیامت کا انکار کرنے والے یوں) کہتے ہیں کہ: ہماری (اس) دنیوی زندگی کے سوا کوئی زندگی نہیں ہے، ہم (یہی دنیا میں) مرتے اور جیتے ہیں اور زمانہ ہی ہم کو ہلاک کرتا ہے؛ حالاں کہ ان (انکار کرنے والوں) کے پاس اس (بات کے کہنے) پر کوئی دلیل (یعنی علم) نہیں ہے، وہ لوگ محض خیالی باتیں کرتے ہیں ﴿۲۴﴾

---

① [دوسرا ترجمہ] حق مقصد کے لیے پیدا کیا [تیسرا] جیسا بنانا چاہیے ویسا بنایا۔
② یعنی حق بات کو سنا، سمجھا، پھر نفسانی خواہشات کی پیروی میں وہ گمراہ ہو گیا۔
③ (دوسرا ترجمہ) کیا پھر بھی تم نصیحت حاصل نہیں کرتے۔

وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ مَا كَانَ حُجَّتَهُمْ إِلَّا أَنْ قَالُوا ائْتُوا بِآبَائِنَا إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ﴿٢٥﴾ قُلِ اللَّهُ يُحْيِيكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا رَيْبَ فِيهِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٢٦﴾

وَلِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَخْسَرُ الْمُبْطِلُونَ ﴿٢٧﴾ وَتَرَىٰ كُلَّ أُمَّةٍ جَاثِيَةً ۚ كُلُّ أُمَّةٍ تُدْعَىٰ إِلَىٰ كِتَابِهَا الْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٢٨﴾ هَٰذَا كِتَابُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ ۚ إِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٢٩﴾

اور جب ان کو ہماری آیتیں پوری وضاحت کے ساتھ پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو ان کی کوئی دلیل نہیں مگر یہی کہ وہ کہتے ہیں کہ (اچھا) اگر تم سچے ہو تو ہمارے باپ دادوں کو (زندہ کر کے) لے آؤ ﴿۲۵﴾ (اے نبی!) تم (ان سے جواب میں) کہہ دو کہ: اللہ تعالیٰ ہی تم کو زندگی دیتے ہیں، پھر وہی (اللہ تعالیٰ) تم کو موت دیں گے، پھر تم سب کو قیامت کے دن میں جمع کریں گے جس (قیامت کے آنے) میں ذرا بھی شک نہیں؛ لیکن اکثر لوگ سمجھتے نہیں ہیں ﴿۲۶﴾

اور آسمانوں اور زمین میں اللہ تعالیٰ ہی کی حکومت (یعنی راج) ہے اور جس دن قیامت قائم ہوگی اس دن باطل والے لوگ سخت نقصان اٹھائیں گے ﴿۲۷﴾ اور (اے نبی!) تم ہر فرقے کو گھٹنوں پر گرا ہوا دیکھو گے، ہر فرقے کو اپنے اعمال نامے کی طرف بلایا جائے گا (اور ان کو کہا جائے گا کہ) آج تم کو ان اعمال کا بدلہ دیا جائے گا جو تم کیا کرتے تھے ﴿۲۸﴾ یہ ہمارا (لکھوایا ہوا) دفتر (یعنی اعمال نامہ) ہے جو تمہارے (کاموں کے) بارے میں ٹھیک ٹھیک بولتا ہے (اس لیے کہ) جو اعمال تم (دنیا میں) کیا کرتے تھے ہم ان کو (اپنے فرشتوں سے) لکھوا لیا کرتے تھے① ﴿۲۹﴾

---

① [دوسرا ترجمہ] یہ (اعمال نامہ) ہماری کتاب ہے جو تمہارے مقابلے میں حقیقت کو ظاہر کر رہی ہے کیوں کہ تم جو اعمال کیا کرتے تھے ہم ان کو لکھواتے جاتے تھے۔

فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ۝ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۟ اَفَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنْتُمْ قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ۝ وَاِذَا قِيْلَ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيْهَا قُلْتُمْ مَّا نَدْرِيْ مَا السَّاعَةُ ۙ اِنْ نَّظُنُّ اِلَّا ظَنًّا وَّمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِيْنَ ۝ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ وَقِيْلَ الْيَوْمَ نَنْسٰىكُمْ كَمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا وَمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ۝

(حساب کے بعد یہ فیصلہ ہوگا کہ) سو جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے تو ان کے رب ان کو اپنی رحمت (یعنی جنت) میں داخل کریں گے (اور) یہی کھلی ہوئی کامیابی ہوگی ﴿۳۰﴾ اور جن لوگوں نے (دنیا میں) کفر اپنالیا تھا (اُن کو کہا جائے گا کہ) بھلا کیا تمھارے سامنے میری آیتیں پڑھ کر سنائی نہیں جاتی تھی؟ پھر بھی تم نے (ان کو قبول کرنے سے) تکبر کیا تھا اور تم تو بڑے ہی گنہگار لوگ تھے ﴿۳۱﴾ اور جب (تم سے دنیا میں) کہا جاتا تھا کہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا ہے اور قیامت (کے آنے) میں کوئی شک نہیں ہے تو تم (جواب میں) کہتے تھے کہ: ہم نہیں جانتے کہ قیامت کیا چیز ہے؟ ہم کو (قیامت کے بارے میں) ایک ہلکا سا خیال تو ہوتا ہے اور ہم کو (قیامت کے آنے کا) یقین ہوتا نہیں ہے ﴿۳۲﴾ اور (اس موقع پر) انھوں نے جو اعمال کیے تھے ان کی برائیاں (کھل کر) ان کے سامنے آجائیں گی① اور جس (عذاب) کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھے وہی ان کو گھیر لے گا② ﴿۳۳﴾ اور (اُن سے) کہا جائے گا کہ: آج ہم تم کو اسی طرح بھلادیں گے③ جس طرح تم نے اپنے اس دن کے سامنے آنے کو بھلا دیا تھا④ اور تمھارا ٹھکانا آگ ہے اور تمھارے لیے کوئی مدد کرنے والا نہیں ہوگا ﴿۳۴﴾

---

① [دوسرا ترجمہ] اور (اس وقت) ان پر اپنے تمام برے اعمال ظاہر ہوجائیں گے۔

② [دوسرا ترجمہ] وہی اتر آئے گا۔

③ یعنی ہم اپنی رحمت، رضا اور جنت سے محروم کردیں گے۔

④ آج کی اس ملاقات کو بھلا دیا تھا۔

ذٰلِكُمْ بِاَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا وَّغَرَّتْكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُوْنَ مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿۳۵﴾ فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۶﴾ وَلَهُ الْكِبْرِيَآءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۪ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۳۷﴾

یہ سب اس لیے کہ تم نے اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو مذاق بنایا تھا اور دنیوی زندگی نے تم کو دھوکے میں ڈال دیا تھا، سو آج ایسے لوگ اس (آگ) سے نکالے نہیں جائیں گے اور ان کو معافی مانگنے کے لیے نہیں کہا جائے گا① ﴿۳۵﴾ سو اللہ تعالیٰ ہی کے واسطے تمام تعریفیں ہیں جو آسمانوں کے رب ہیں اور زمین کے رب ہیں، تمام عالموں کے رب ہیں ﴿۳۶﴾ اور آسمانوں اور زمین میں (ہر قسم کی) بڑائی اسی کے لیے ہے اور وہی (اللہ تعالیٰ) بڑے زبردست، بڑے حکمت والے ہیں ﴿۳۷﴾

① یعنی قیامت میں توبہ استغفار کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کا موقع نہیں دیا جائے گا۔

سورۃ الأحقاف

(المکیۃ)

آیاتھا:۳۵۔ رکوعاتھا:۴۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں چونتیس (۳۴) یا پینتیس (۳۵) آیتیں ہیں۔ سورۃ جاثیہ کے بعد اور سورۃ ذاریات سے پہلے پینسٹھ (۶۵) یا (۶۶) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں احقاف کا ذکر آیا ہے۔

احقاف: ریت کے لمبے، اونچے ذرا موڑے ہوئے ٹیلوں کو کہتے ہیں۔ قومِ عاد کا یہ مرکزی مقام تھا۔ نجران، حضر موت کے قریب یہ علاقہ تھا، آج کل جو "الربع الخالی" یعنی دنیا کا عظیم صحرا ہے، وہاں یہ علاقہ تھا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

حٰمٓ ۝ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝ مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَمَّآ اُنْذِرُوْا مُعْرِضُوْنَ ۝ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ؕ اِيْتُوْنِيْ بِكِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ هٰذَآ اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗٓ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَآىِٕهِمْ غٰفِلُوْنَ ۝

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

حم ﴿۱﴾ یہ کتاب اللہ تعالیٰ کی طرف سے اتاری جارہی ہے جو بڑے زبردست، بڑے حکمت والے ہیں ﴿۲﴾ آسمانوں اور زمین اور ان کے درمیان کی چیزوں کو برحق مقصد① ہی کے لیے اور ایک متعین وعدہ (یعنی قیامت) تک کے لیے ہی بنایا ہے اور جن لوگوں نے کفر اپنا لیا ہے ان کو جس چیز سے ڈرایا جارہا ہے اس سے منہ پھیر لیتے ہیں② ﴿۳﴾ تم (ان سے) کہو کہ: کیا تم نے (ان چیزوں کو) دھیان سے دیکھا③ جن (بتوں) کی تم اللہ تعالیٰ کے سوا عبادت کرتے ہو ذرا مجھے دکھاؤ کہ انھوں نے زمین کا کونسا حصہ پیدا کیا یا آسمانوں (کے بنانے) میں ان کی کوئی شرکت (یعنی حصہ) ہے؟ میرے پاس اس (قرآن) سے پہلے کی کوئی (صحیح) کتاب لے آؤ یا (پچھلے نبی کی کوئی) نقل ہوتی ہوئی علمی روایت④ ہو تو لے آؤ اگر تم لوگ سچے ہو ﴿۴﴾ اور اس آدمی سے بڑا گمراہ کون ہوگا؟ جو اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر ان (من گھڑت معبودوں) کو پکارے جو قیامت کے دن تک بھی اس (کی پکار) کا جواب نہیں دے سکتے اور وہ (خود بنائے ہوئے معبود) ان (مشرکوں) کے پکارنے سے (بھی بالکل) بے خبر ہیں ﴿۵﴾

---

① حق مقصد: یعنی حکمت اور خاص مصلحت۔ ② (دوسرا ترجمہ) یعنی بے رخی برتتے ہیں۔
③ (دوسرا ترجمہ) تم نے ان چیزوں میں غور بھی کیا۔ (تیسرا) تم مجھ کو یہ تو بتلاؤ۔
④ (دوسرا ترجمہ) نقل ہوتے ہوئے چلا آتا ہوا علم۔ (یعنی کوئی معتبر علمی مضمون جو زبانی نقل ہوتا ہوا چلا آتا ہو لے آؤ۔

وَاِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا لَهُمْ اَعْدَآءً وَّكَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِيْنَ۝ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ۝ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَلَا تَمْلِكُوْنَ لِيْ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِمَا تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ كَفٰى بِهٖ شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ؕ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ۝

اور جب لوگوں کو (محشر میں) جمع کیا جائے گا تو وہ (معبود) ان (مشرکوں) کے دشمن بن جائیں گے اور وہ (معبود) ان کی عبادت ہی سے انکار کر دیں گے① ﴿۶﴾ اور جب ہماری آیتیں اُن (کافروں) کے سامنے پوری وضاحت کے ساتھ سنائی جاتی ہیں تو (یہ) کافر لوگ حق (یعنی قرآن) کے ان تک پہنچ جانے کے بعد (یوں) کہتے ہیں کہ: یہ (تو) کھلا ہوا جادو ہے ﴿۷﴾ کیا ان (کافروں) کا (یہ) کہنا ہے کہ اس (قرآن) کو اس شخص (یعنی حضرت محمد ﷺ) نے از خود بنا لیا ہے؟ (اے نبی جواب میں) تم کہہ دو کہ: اگر میں نے اس (قرآن) کو اپنی طرف سے بنا لیا ہے تو مجھ کو تم لوگ اللہ تعالیٰ (کی پکڑ) سے ذرا بھی بچا نہیں سکتے، جو باتیں (قرآن اور میرے بارے میں) تم بنا رہے ہو② وہ (اللہ تعالیٰ) ان کو خوب جانتے ہیں (اس لیے وہ تم کو سزا دیں گے) میرے اور تمہارے درمیان گواہ بننے کے لیے وہی (اللہ تعالیٰ) کافی ہے اور وہی (اللہ تعالیٰ) بڑے معاف کرنے والے، بڑے رحم کرنے والے ہیں ﴿۸﴾

---

①: [۱] بعض انسان دنیا سے گذر جانے والے دوسرے انسانوں کی عبادت کرتے ہیں، ان انسانوں کو بسا اوقات پتہ بھی نہیں ہوتا کہ ان کی عبادت ہو رہی ہے؛ اس لیے وہ محشر میں صاف انکار کر دیں گے [۲] جن انسانوں کو پتہ ہوا ہوگا کہ ہماری عبادت کی جا رہی ہے تو وہ محشر میں کہیں گے کہ: درحقیقت ہماری عبادت نہیں کی جا رہی ہے؛ بلکہ یہ لوگ اپنی نفسانی خواہش کی عبادت کرتے تھے [۳] بعض انسان ملائکہ کی عبادت کرتے ہیں تو ملائکہ صاف انکار کر دیں گے، یہ تو شیاطین کے بہکانے سے ان کی عبادت کرتے تھے [۴] اور بے جان بتوں کی جو عبادت کی جاتی ہے، لگتا ایسا ہے کہ قیامت میں اللہ تعالیٰ ان سے بلوائیں گے اور وہ واقعی خبر دیں گے کہ ہماری دنیا میں عبادت کی جاتی تھی اس کی ہم کو خبر ہی نہ تھی، یہ بھی ہو سکتا ہے کہ زبانِ حال سے بتلا دے کہ ہم تو بے جان ہیں ہم کو کیا خبر ہمارے ساتھ کون کیا کر رہا ہے۔

②: (دوسرا ترجمہ) جن باتوں میں تم لگے ہوئے ہو (تیسرا) جو نکتہ چینی تم لوگ کر رہے ہو۔

قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَمَا أَدْرِي مَا يُفْعَلُ بِي وَلَا بِكُمْ ۖ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَىٰ إِلَيَّ وَمَا أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ مُّبِينٌ ﴿٩﴾ قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِن كَانَ مِنْ عِندِ اللَّهِ وَكَفَرْتُم بِهِ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّن بَنِي إِسْرَائِيلَ عَلَىٰ مِثْلِهِ فَآمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ ۖ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ﴿١٠﴾

وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلَّذِينَ آمَنُوا لَوْ كَانَ خَيْرًا مَّا سَبَقُونَا إِلَيْهِ ۚ وَإِذْ لَمْ يَهْتَدُوا بِهِ فَسَيَقُولُونَ هَٰذَا إِفْكٌ قَدِيمٌ ﴿١١﴾ وَمِن قَبْلِهِ كِتَابُ مُوسَىٰ إِمَامًا وَرَحْمَةً ۚ

اے نبی! تم (ان سے) کہہ دو کہ: میں کوئی نیا (یعنی انوکھا) رسول نہیں ہوں اور میں نہیں جانتا کہ میرے ساتھ کیا کیا جائے گا اور نہ یہ جانتا ہوں کہ تمھارے ساتھ کیا ہوگا① اور میں تو صرف اسی وحی (یعنی حکم) پر چلتا ہوں (یعنی عمل کرتا ہوں) جو میرے پاس بھیجی جاتی ہے اور میں تو صرف ایک صاف صاف ڈرانے والا ہوں ﴿۹﴾ تم (ان سے) کہو کہ: مجھے ذرا یہ بتاؤ! اگر وہ (قرآن) اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور تم نے اس (قرآن) کا انکار کر دیا اور بنی اسرائیل میں سے ایک گواہ نے اس جیسی کتاب کے حق ہونے کی گواہی دے دی② پھر وہ اس پر ایمان بھی لے آیا اور تم لوگ اپنے تکبر میں پڑے رہے (تو یہ کتنا بڑا تمھارا ظلم ہے؟) یقین رکھو! اللہ تعالیٰ ایسے ظالم (لوگوں) کو ہدایت تک نہیں پہنچاتا ﴿۱۰﴾

اور جن لوگوں نے کفر اپنا لیا وہ ایمان لانے والے کے بارے میں (یوں) کہتے ہیں: اگر یہ (ایمان لانا) بہتر ہوتا تو یہ (مسلمان خاص کر فقراء) اس بارے میں ہم سے آگے نہ نکلتے اور جب ان (کافر) لوگوں نے اس (قرآن) سے ہدایت حاصل نہیں کی تو پھر یہی کہیں گے کہ: یہ تو پرانے زمانے کا جھوٹ ہے ﴿۱۱﴾ اور اس (قرآن) سے پہلے موسیٰ کی کتاب امام (یعنی راستہ بتانے والی) اور رحمت بن کر آچکی ہے،

---

① یعنی وحی کے نزول کے بغیر ذاتی طور پر مجھے یہ پتہ نہیں چلتا کہ میرے اور تمھارے ساتھ دنیا و آخرت میں کیا معاملہ کیا جائے گا، جو کچھ پتہ چلتا ہے وہ صرف وحی کی برکت سے ہے۔

② (دوسرا ترجمہ) اس جیسی بات کے حق میں (یعنی اللہ کے طرف سے ہونے کی) گواہی دے دی۔

وَهٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٢﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ
قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿١٣﴾ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٤﴾ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ اِحْسٰنًا ۗ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ
كُرْهًا وَّوَضَعَتْهُ كُرْهًا ۗ وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ۗ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَبَلَغَ اَرْبَعِيْنَ
سَنَةً ۙ قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ
صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿١٥﴾

اور یہ (قرآن) ایسی کتاب ہے جو عربی زبان میں ہوتے ہوئے (اس تورات کو) سچا بتا رہی ہے؛ تاکہ گنہگاروں کو ڈرائے اور نیک کام کرنے والوں کو خوش خبری سنائے ﴿۱۲﴾ یقیناً جن لوگوں نے (سچے دل سے) کہا① کہ ہمارے رب اللہ تعالیٰ ہیں، پھر وہ اس پر مضبوطی سے قائم رہے② تو ایسے لوگوں پر کسی قسم کا خوف نہیں اور وہ لوگ غمگین بھی نہیں ہوں گے ﴿۱۳﴾ وہ جنت (میں جانے) والے لوگ ہیں، اس میں ہمیشہ رہیں گے، جو عمل وہ کرتے تھے یہ اس کا بدلہ ہے ﴿۱۴﴾ اور ہم نے انسان کو اپنے ماں باپ کے ساتھ نیک سلوک کرنے کی تاکید کی ہے (خاص طور پر ماں کے ساتھ؛ کیوں کہ) اس کی ماں نے اس کو بڑی تکلیف سے (پیٹ میں) اٹھائے رکھا اور بڑی تکلیف سے اس کو جنا اور اس (انسان) کو پیٹ میں رکھنے اور دودھ چھڑانے کی مدت تیس مہینے ہوتی ہیں، یہاں تک کہ جب وہ (بچہ) اپنی جوانی (یعنی بالغ ہونے کی عمر) کو پہنچا اور (پھر آہستہ آہستہ) چالیس سال (کی عمر) کو پہنچ گیا تو وہ (بچہ دعا میں) کہنے لگا: اے میرے رب! مجھے توفیق دیجیے کہ میں آپ کی اس نعمت کا شکر ادا کروں جو آپ نے مجھے اور میرے والدین کو عطا فرمائی اور میں وہ نیک کام کرتا رہوں جن سے آپ راضی ہو جائیں اور میرے لیے میری اولاد میں صلاحیت دے دیجیے③ میں آپ کے دربار میں (گناہوں سے) توبہ کرتا ہوں اور میں (آپ کا) حکم پورا کرنے والوں میں سے ہوں ﴿۱۵﴾

---

① یعنی اقرار کیا۔ ② یعنی توحید کو کبھی نہ چھوڑا اور اس کے تقاضوں پر ہمیشہ عمل کیا۔

③ یعنی اولاد میں ایسی دینی صلاحیت عطا فرما دیجیے جو دنیا و آخرت میں عزت کا ذریعہ بنے اور دنیوی نفع سے بھی راحت پہنچے۔

أُولَٰٓئِكَ الَّذِينَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ أَحْسَنَ مَا عَمِلُوا وَنَتَجَاوَزُ عَن سَيِّـَٔاتِهِمْ فِىٓ أَصْحَٰبِ الْجَنَّةِ ۖ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِى كَانُوا يُوعَدُونَ ﴿١٦﴾ وَالَّذِى قَالَ لِوَٰلِدَيْهِ أُفٍّ لَّكُمَآ أَتَعِدَانِنِىٓ أَنْ أُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُونُ مِن قَبْلِى وَهُمَا يَسْتَغِيثَانِ اللَّهَ وَيْلَكَ ءَامِنْ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ فَيَقُولُ مَا هَٰذَآ إِلَّآ أَسَٰطِيرُ الْأَوَّلِينَ ﴿١٧﴾ أُولَٰٓئِكَ الَّذِينَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِىٓ أُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِهِم مِّنَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ ۖ إِنَّهُمْ كَانُوا خَٰسِرِينَ ﴿١٨﴾ وَلِكُلٍّ دَرَجَٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوا ۖ وَلِيُوَفِّيَهُمْ أَعْمَٰلَهُمْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿١٩﴾

یہی وہ لوگ ہیں کہ جن سے ان کے نیک اعمال ہم قبول کرلیں گے اور ان کے برے کاموں کو ہم معاف کردیں گے (جس کی وجہ سے) وہ جنت والوں میں شامل ہوں گے (یہ سلوک) اس سچے وعدے کے بنا پر ہوگا جو ان سے (دنیا میں) کیا جاتا تھا ﴿۱۶﴾ اور جس شخص نے اپنے ماں باپ کو کہا کہ تم پر تُف ہے ① کہ کیا تم مجھ کو خبر دیتے ہو ② کہ میں (قبر سے) نکالا جاؤں گا؛ حالاں کہ مجھ سے پہلے بہت ساری قومیں گزر چکی ہیں اور وہ دونوں (ماں باپ) اللہ تعالیٰ سے فریاد کرتے ہیں (اور دردمندی سے بیٹے کو کہتے ہیں کہ) افسوس تجھ پر! تو ایمان لے آ، یقین رکھ! اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا ہے تو وہ (بیٹا جواب میں) کہتا ہے: یہ سب تو محض اگلے لوگوں کے (چلے آرہے) افسانے (یعنی کہانیاں) ہیں ﴿۱۷﴾ یہی وہ لوگ ہیں جن کے بارے میں جناتوں اور انسانوں کے جو فرقے ان سے پہلے گزر چکے ہیں ان کے ساتھ (عذاب کی) بات پوری ہوکر رہی، حقیقت میں وہ سب بڑا نقصان اٹھانے والے ہیں ﴿۱۸﴾ اور ہر ایک (فرقے) کے لیے اپنے اعمال کی وجہ سے (مختلف) درجے ہوں گے ③ اور (یہ اس لیے ہوگا) تاکہ وہ (اللہ تعالیٰ) ان سب کو ان کے اعمال کا پورا بدلہ دیویں اور ان پر (کوئی) ظلم نہیں کیا جائے گا ﴿۱۹﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) یعنی میں تم سے بیزار ہوں۔

② (دوسرا ترجمہ) یہ دھمکی دیتے ہو۔

③ یعنی نیک لوگوں کے لیے اعمال کے اعتبار سے جنت کے درجات میں تفاوت ہوگا، اسی طرح نافرمانوں کے لیے جہنم کے درجات میں تفاوت ہوگا۔

وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِؕ اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَاۚ فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ۠﴿۲۰﴾

وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍؕ اِذْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖۤ اَلَّا تَعْبُدُوْۤا اِلَّا اللّٰهَؕ اِنِّيْۤ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ﴿۲۱﴾ قَالُوْۤا اَجِئْتَنَا لِتَاْفِكَنَا عَنْ اٰلِهَتِنَاۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَاۤ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ﴿۲۲﴾ قَالَ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۖ٘ وَاُبَلِّغُكُمْ مَّاۤ اُرْسِلْتُ بِهٖ وَلٰكِنِّيْۤ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ﴿۲۳﴾

اوراس دن (کو یادرکھو جب) ان کافروں کو آگ کے سامنے پیش کیا جائے گا (اوران کو کہا جائے گا) تم نے اپنے (حصے کے) مزے اپنی دنیوی زندگی میں حاصل کر لیے اوران (مزے کی چیزوں) سے (دنیا میں) خوب فائدہ اٹھالیا بلہذا آج تم کو ذلیل کرنے والے عذاب کی سزا دی جائے گی؛ کیوں کہ تم زمین میں ناحق تکبر کیا کرتے تھے① وراس وجہ سے (بھی) کہ تم (برابر) نافرمانی کرتے تھے﴿۲۰﴾

اور (اے نبی!) قومِ عاد کے بھائی (یعنی ہودؑ) کا تذکرہ کرو جب انھوں نے اپنی قوم کو احقاف میں ڈرایا تھا② اور یہی بات ہے کہ ان سے پہلے اوران کے بعد میں بھی بہت سارے ڈرانے والے (یعنی انبیاء) گزر چکے ہیں (نبی کی دعوت کا خلاصہ یہ ہے) کہ تم صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو؛ اس لیے کہ میں تم پر ایک بڑے دن کی آفت (یعنی عذاب) سے ڈرتا ہوں﴿۲۱﴾ وہ (قوم کے لوگ) بولے (اے ہود!) کیا تو ہمارے پاس اس لیے آیا ہے کہ ہم کو ہمارے (خود بنائے ہوئے) خداؤں سے پھرادیوے، اچھا! اگر تم سچے ہو تو وہ (عذاب) لے آؤ جس سے تم ہم کو ڈراتے ہو③﴿۲۲﴾ اس (نبی) نے کہا: (اس عذاب کے آنے کے وقت کا) علم تو صرف اللہ تعالیٰ ہی کے پاس ہے اور میں تم کو وہی پیغام پہنچا رہا ہوں جو (پیغام) دے کر مجھ کو بھیجا گیا ہے؛ لیکن میں تم کو دیکھتا ہوں کہ تم لوگ جہالت (یعنی نادانی) کی باتیں کر رہے ہو﴿۲۳﴾

---

① یہاں ایسا تکبر مراد ہے جو ایمان سے محروم رکھے۔ ② جس علاقے میں اس قوم کی آبادی تھی وہاں اونچے اونچے ریت کے ٹیلے بہت تھے، ریگستانی علاقہ تھا وہ علاقہ احقاف کے نام سے معروف ہو گیا③ دوسرا: جس کی تم (ہم کو) دھمکی دیتے ہو۔

فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ اَوْدِيَتِهِمْ ۙ قَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا ؕ بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُمْ بِهٖ ؕ رِيْحٌ فِيْهَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۴﴾ تُدَمِّرُ كُلَّ شَيْءٍۭ بِاَمْرِ رَبِّهَا فَاَصْبَحُوْا لَا يُرٰۤى اِلَّا مَسٰكِنُهُمْ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۲۵﴾ وَلَقَدْ مَكَّنّٰهُمْ فِيْمَاۤ اِنْ مَّكَّنّٰكُمْ فِيْهِ وَجَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعًا وَّاَبْصَارًا وَّاَفْـِٕدَةً ۖ فَمَاۤ اَغْنٰى عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ وَلَاۤ اَبْصَارُهُمْ وَلَاۤ اَفْـِٕدَتُهُمْ مِّنْ شَيْءٍ اِذْ كَانُوْا يَجْحَدُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۲۶﴾

وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُمْ مِّنَ الْقُرٰى وَصَرَّفْنَا الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۷﴾

پھر جب اُن لوگوں نے اس (عذاب) کو بادل کی شکل میں اپنے میدانوں کی جانب آتا ہوا دیکھا تو کہنے لگے کہ: یہ بادل ہے جو ہم پر بارش برسائے گا، ایسی بات نہیں، یہ تو وہ (عذاب) ہے جس کو تم نے جلدی مانگا تھا، ایک آندھی ہے جس میں دردناک عذاب ہے ﴿۲۴﴾ وہ (آندھی) ہر چیز کو اپنے رب کے حکم سے اکھاڑ کر پھینک رہی تھی① پھر وہ لوگ ایسے ہو گئے کہ ان کے گھروں کے سوا کچھ نظر نہیں آتا تھا②، مجرم لوگوں کو ہم اسی طرح عذاب دیا کرتے ہیں ﴿۲۵﴾ اور (اے عرب کے لوگو!) ہم نے اُن (قوم عاد کے) لوگوں کو ان چیزوں کی طاقت دی تھی جن چیزوں کی ہم نے تم کو طاقت نہیں دی اور ہم نے ان کو کان اور آنکھیں اور دل (سب کچھ) دے رکھے تھے؛ لیکن وہ لوگ چوں کہ اللہ تعالیٰ کی آیتوں کا انکار کرتے تھے؛ اس لیے نہ ان کے کان اور نہ ان کی آنکھیں اور نہ ان کے دل ان کو کچھ کام آئے اور جس (عذاب) کا وہ مزاق اڑایا کرتے تھے اسی نے (آکر) ان کو گھیر لیا ﴿۲۶﴾

اور پکی بات ہے کہ ہم نے تمہارے آس پاس کی (دوسری) بستیوں کو بھی (کفر کی وجہ سے) ہلاک کیا ہے اور ہم نے طرح طرح کی (اپنی) نشانیاں دکھلائیں؛ تاکہ وہ (نافرمانی سے) باز آجائیں③ ﴿۲۷﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) تہس نہس کر رہی تھی۔ درہم برہم کر رہی تھی۔

② یعنی انسان، جانور کچھ بھی نظر نہ آتا تھا کھنڈر مکانات کے نشانات بطور عبرت رہ گئے تھے۔

③ (دوسرا ترجمہ) اور ہم نے (ہلاک کرنے سے پہلے) بار بار (اپنی) نشانیاں ان کو بتلا دی تھی۔

فَلَوْلَا نَصَرَهُمُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قُرْبَانًا اٰلِهَةً ؕ بَلْ ضَلُّوْا عَنْهُمْ ۚ وَذٰلِكَ اِفْكُهُمْ وَمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝ وَاِذْ صَرَفْنَاۤ اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ فَلَمَّا حَضَرُوْهُ قَالُوْۤا اَنْصِتُوْا ۚ فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ۝ قَالُوْا يٰقَوْمَنَاۤ اِنَّا سَمِعْنَا كِتٰبًا اُنْزِلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِيْۤ اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ يٰقَوْمَنَاۤ اَجِيْبُوْا دَاعِيَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝

پھر انھوں نے (اللہ تعالیٰ کی) نزدیکی حاصل کرنے کے لیے جن کو اللہ تعالیٰ کے سوا معبود بنا رکھا تھا انھوں نے ان (مشرکین) کی مدد کیوں نہیں کی؟ بلکہ وہ سب (جھوٹے معبود) ان سے غائب (یعنی گم یا بے نشان) ہو گئے اور (ان غیر اللہ کو اللہ تعالیٰ کے تقرب کے لیے معبود بنانا) یہ ان (مشرکین) کا سراسر جھوٹ تھا اور بہتان تھا جو انھوں نے باندھ رکھا تھا ﴿۲۸﴾ اور (اے نبی! وہ وقت یاد کرو) جب ہم نے جنات کی ایک جماعت کو تمھاری طرف متوجہ کیا① (اور) وہ قرآن سننے لگے، پھر جب وہ (جنات) وہاں (یعنی قرآن سننے کی جگہ) پہنچ گئے تو انھوں نے (آپس میں ایک دوسرے سے) کہا کہ: خاموش ہو جاؤ، پھر جب (قرآن کی) تلاوت ہو چکی تو وہ اپنی قوم کے پاس ڈرانے کی غرض سے واپس گئے② ﴿۲۹﴾ (وہاں جا کر) انھوں نے کہا اے ہماری قوم کے لوگو! یقین جانو! ہم نے ایک ایسی (عجیب) کتاب (یعنی قرآن) سنی جو موسیٰ (کی کتاب) کے بعد اتاری گئی ہے، وہ (کتاب) اپنے سے پہلے کی (تمام آسمانی) کتابوں کو سچا بتاتی ہے، وہ (کتاب) حق (یعنی سچا دین) اور سیدھے راستے کی طرف رہنمائی کرتی ہے ﴿۳۰﴾ اے ہماری قوم کے لوگو! تم اللہ تعالیٰ کے داعی (یعنی محمد ﷺ) کی بات مان لو اور اس پر ایمان لے آؤ (اگر ایسا کرو گے تو) وہ (اللہ تعالیٰ) تمھارے گناہوں کو معاف کر دیں گے اور تم کو ایک دردناک عذاب سے بچا لیں گے ﴿۳۱﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) جنات کی ایک جماعت کو تمھاری طرف لے آئے۔

② (دوسرا ترجمہ) اپنی قوم کے پاس (نزولِ قرآن اور نبی کی بعثت کی) خبر پہنچانے کے واسطے واپس چلے گئے۔

وَمَنْ لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْاَرْضِ وَلَيْسَ لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءُ ؕ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۲﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ؕ بَلٰٓى اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۳۳﴾ وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ؕ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَرَبِّنَا ؕ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۴﴾ فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِلْ لَّهُمْ ؕ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ ۙ لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ ؕ بَلٰغٌ ۚ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۳۵﴾

اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی طرف بلانے والے (داعی) کی بات نہ مانے تو وہ (ساری) زمین میں (کہیں بھی بھاگ کر اللہ تعالیٰ کو) عاجز نہیں کر سکتا اور اس کے لیے اس (اللہ تعالیٰ) کے سوا مدد کرنے والے نہیں ہوں گے، وہی لوگ کھلم کھلی گمراہی میں پڑے ہیں ﴿۳۲﴾ کیا اُن (قیامت کا انکار کرنے والے) لوگوں نے اس بات کو نہیں سمجھا کہ جس اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور ان کو پیدا کرنے میں ذرا بھی نہیں تھکے وہ (اللہ تعالیٰ بدرجہ اولیٰ) اس بات پر پوری قدرت رکھتے ہیں کہ مُردوں کو زندہ کر دیویں (اور) کیوں (قدرت) نہ ہووے؟ یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) ہر چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں ﴿۳۳﴾ اور جس دن کافر لوگ آگ کے سامنے لائے جائیں گے (اس دن اُن سے سوال کیا جائے گا) کیا یہ (جہنم کی آگ) سچ نہیں ہے؟ وہ (کافر) کہیں گے کہ: کیوں نہیں؟ ہمارے رب کی قسم! (یہ تو واقعۃً سچ ہے) تو وہ (اللہ تعالیٰ) فرمائیں گے: سو جو کفر تم کرتے تھے اس کے بدلے عذاب کا مزہ چکھو ﴿۳۴﴾ سو (اے نبی!) ہمت والے پیغمبروں نے جس طرح صبر کیا اسی طرح تم صبر کرتے رہو اور اُن (کافروں کے عذاب) کے بارے میں جلدی مت کرو، جس دن وہ (کافر) اس (عذاب) کو دیکھ لیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا جا رہا ہے① تو (وہاں کے بھیانک مناظر دیکھ کر) وہ ایسا خیال کریں گے جیسے وہ (دنیا میں) دن کی ایک گھڑی کے برابر رہے ہوں② یہ (قرآن کی شکل میں محمد ﷺ کے واسطے سے) پیغام پہنچا دیا گیا ہے، بس اب وہی لوگ برباد ہوں گے جو نافرمان ہیں ﴿۳۵﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) جس کی ان کو دھمکی دی جا رہی تھی۔ ② (دوسرا ترجمہ) وہ (دنیا میں) دن بھر میں ایک گھڑی رہے ہو۔

سورة محمد (المدنية)

آیاتہا: ۳۸۔ رکوعاتہا: ۴۔

یہ سورت مدنی ہے، اس میں اڑتیس (۳۸) یا (۳۹) آیتیں ہیں۔ سورۃ حدید کے بعد اور سورۃ رعد سے پہلے پچانوے (۹۵) یا چھیانوے (۹۶) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں حضرت نبی کریم ﷺ کا اسمِ بابرکت صراحتاً آیا ہے۔ پورے قرآنِ مجید میں نبی کریم ﷺ کا نام مبارک صراحتاً چار مرتبہ آیا ہے۔

اس سورت کا دوسرا نام "الذین کفروا" بھی ہے سورت کی شروعات الذین کفروا سے ہوئی ہے۔

تیسرا نام "قتال" بھی ہے، اس میں کافروں کے ساتھ قتال کا ذکر ہے۔

بعض حضرات کہتے ہیں کہ: یومِ بدر کے بعد یہ سورت نازل ہوئی اور بعض کہتے ہیں کہ: غزوۂ احد میں اس کا نزول ہوا۔

محمد کے معنیٰ آتا ہے: وہ شخص جس کے اندر اچھی عادتیں، پسندیدہ صفات بہت زیادہ ہوں، نام ہونے کے باوجود اس میں صفات کی طرف اشارہ ہے۔

ایک ضروری نوٹ: مفسرین کی مقررہ اصطلاح کے مطابق جو آیتیں ہجرت کے موقع پر مکہ مکرمہ سے روانگی کے بعد نازل ہوئیں؛ یہاں تک کہ مدینہ پہنچنے سے پہلے نازل ہوئیں، وہ سب بھی مکی کہلاتی ہیں، اس سورت کی آیت نمبر ۱۳ مکہ سے روانگی کے بعد نازل ہوئی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝١ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَاَصْلَحَ بَالَهُمْ ۝٢ ذٰلِكَ بِاَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ وَاَنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبَعُوا الْحَقَّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۭ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ اَمْثَالَهُمْ ۝٣ فَاِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَضَرْبَ الرِّقَابِ ۭ حَتّٰٓى اِذَآ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ ڰ فَاِمَّا مَنًّۢا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَاۗءً حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا ڔ

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

جن لوگوں نے (خود) کفر اپنالیا ہے اور (دوسروں کو) اللہ تعالیٰ کے راستے سے روکا ہے تو اس (اللہ تعالیٰ) نے ان کے اعمال کو ضائع کردیا ہے ① ﴿۱﴾ اور جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے اور جو (قرآن) محمد (ﷺ) پر اتارا گیا اس کو (دل سے) مانا اور وہی حق (یعنی سچا دین) ہے جو ان کے رب کی طرف سے (آیا) ہے، اللہ تعالیٰ نے ان کی برائیوں کو معاف کردیا اور ان کی حالت کو درست کردیا ② ﴿۲﴾ یہ اس لیے ہوا کہ جن لوگوں نے کفر اپنالیا ہے وہ باطل (یعنی جھوٹی بات) پر چلے ہیں اور جو ایمان والے ہیں وہ اس سچے دین پر چلے ہیں جو ان کے رب کی طرف سے (آیا) ہے، اسی طرح اللہ تعالیٰ لوگوں کے فائدے کے لیے ان کے حالات بتلاتے ہیں ﴿۳﴾ پھر جب تمھارا کفر اپنانے والوں سے مقابلہ ہوجائے تو تم (ان کی) گردنے مارو، یہاں تک کہ جب تم ان کو خوب قتل کرچکو ③ تو مضبوطی سے (باندھ کر) قید کرلو، پھر اس کے بعد چاہے احسان کرکے (بغیر بدلہ لیے ہوئے چھوڑ دو) یا فدیہ لے کر چھوڑ دو؛ یہاں تک کہ لڑائی اپنے ہتھیار رکھ دیوے ④

① یعنی صدقہ خیرات جیسے نیک کام جو وہ کرتے تھے آخرت میں ایمان نہ ہونے کی وجہ سے کام نہ آویں گے یا ان کی خفیہ تدبیروں کو ختم کردیا۔ ② یعنی دین بھی درست ہوگا، دنیا میں عزت ملے گی، معاصی سے حفاظت کی جاوے گی۔

③ یعنی خون بہا چکو اور ان کی طاقت کمزور پڑ جائے۔ ④ یعنی لڑائی ختم ہوجائے (دوسرا ترجمہ) جب تک لڑنے والے (دشمن) اپنے ہتھیار نہ رکھ دیں۔

ذٰلِكَ ۛ وَلَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ وَلٰكِنْ لِّيَبْلُوَا بَعْضَكُمْ بِبَعْضٍ ؕ وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَنْ يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝۴ سَيَهْدِيْهِمْ وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ ۝۵ وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ۝۶ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ ۝۷ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَتَعْسًا لَّهُمْ وَاَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝۸ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَرِهُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ۝۹ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ دَمَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۫ وَلِلْكٰفِرِيْنَ اَمْثَالُهَا ۝۱۰

یہ (جہاد کا) حکم تم کو دیا گیا، اگر اللہ تعالیٰ چاہتے تو (خود) ان (کافروں) سے انتقام لے لیتے① لیکن (یہ قتال کا حکم تم کو دیا گیا) تاکہ تمہارا ایک دوسرے کے ذریعہ امتحان لیویں② اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کے راستے میں مارے گئے تو وہ (اللہ تعالیٰ) ان کے اعمال کو ہرگز ضائع نہیں کریں گے ﴿۴﴾ وہ (اللہ تعالیٰ) ان کو منزل (یعنی جنت) تک پہنچادیں گے اور (دنیا آخرت کی تمام منزلوں میں) ان کی حالت درست رکھیں گے ﴿۵﴾ اور وہ (اللہ تعالیٰ) ان کو اس جنت میں داخل کردیں گے جس کی انھیں پہچان کرادی ہے③ ﴿۶﴾ اے ایمان والو! اگر تم اللہ تعالیٰ (کے دین) کی مدد کرو گے تو وہ (اللہ تعالیٰ) تمہاری مدد کریں گے اور تمہارے قدم جمادیں گے ﴿۷﴾ اور جن لوگوں نے کفر اپنالیا ہے سو ان کے لیے تباہی ہے④ اور اللہ تعالیٰ (آخرت میں) ان کے اعمال برباد کردیں گے ﴿۸﴾ یہ اس لیے کہ ان (کافر) لوگوں نے اللہ تعالیٰ کے اتارے ہوئے احکام کو ناپسند کیا؛ لہٰذا اس (اللہ تعالیٰ) نے ان کے اعمال کو ضائع کردیا ﴿۹﴾ کیا بھلا ان لوگوں نے زمین میں چل پھر کر نہیں دیکھا کہ جو لوگ ان سے پہلے (گزر چکے) تھے ان کا انجام کیسا ہوا؟ اللہ تعالیٰ نے ان کے اوپر بربادی ڈالی اور کافروں کے بھی اسی جیسے انجام ہونے والے ہیں ﴿۱۰﴾

---

① قدرتی عذاب کے ذریعہ۔

② جنگ میں مسلمان کافر دونوں کا امتحان ہے، مسلمان کا اس طرح کہ اللہ تعالیٰ کے حکم پر کون جان دیوے اور کافر اس طرح کہ قتال کی تکلیف سے اس کو تنبیہ ہو اور کفر سے توبہ کرے اور ایمان قبول کرے۔ ③ (دوسرا ترجمہ) جو ان کو معلوم کرادی گئی ہے (تیسرا) جس کی خوشبو چاپسادی گئی ہے۔ ④ (دوسرا ترجمہ) وہ ٹھوکریں کھائیں گے۔

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ مَوْلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاَنَّ الْكٰفِرِيْنَ لَا مَوْلٰى لَهُمْ ﴿۱۱﴾

اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَتَمَتَّعُوْنَ وَيَاْكُلُوْنَ كَمَا تَاْكُلُ الْاَنْعَامُ وَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ﴿۱۲﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ هِيَ اَشَدُّ قُوَّةً مِّنْ قَرْيَتِكَ الَّتِيْۤ اَخْرَجَتْكَ ۚ اَهْلَكْنٰهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ ﴿۱۳﴾ اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ كَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَاتَّبَعُوْۤا اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۴﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ فِيْهَاۤ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ

یہ (سلوک) اس لیے کہ جو لوگ ایمان لائے ہیں اللہ تعالیٰ ان کے رفیق (یعنی مدد کرنے والے) ہیں اور جن لوگوں نے کفر اپنا لیا ہے ان کی کوئی مدد کرنے والا نہیں ہے ﴿۱۱﴾

یقیناً اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے ایسے باغات میں داخل کریں گے جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی اور جن لوگوں نے کفر (یعنی انکار) کیا وہ (یہاں دنیا میں) عیش کر رہے ہیں اور اس طرح (آخرت سے بےفکر ہو کر) کھا رہے ہیں جیسے چوپائے کھاتے ہیں اور (جہنم کی) آگ ان (کافروں) کا (آخری) ٹھکانہ ہے ﴿۱۲﴾ اور (اے نبی!) کتنی ہی بستیاں ہیں جو قوت (اور طاقت) میں تمھاری اس بستی (کے رہنے والوں) سے زیادہ زور والی (یعنی مضبوط) تھی، جس (بستی والوں) نے تم کو جلاوطن کیا ہے ہم نے ان سب (بستیوں) کو (وہاں کے رہنے والوں کے ساتھ) ہلاک کر دیا، پھر ان کا کوئی مدد کرنے والا نہ ہوا ﴿۱۳﴾ اب بتاؤ کہ جو لوگ اپنے رب کی طرف سے ایک روشن (یعنی صاف) راستہ پر (چلتے) ہیں کیا وہ لوگ ان لوگوں کے برابر ہو سکتے ہیں جن کے لیے ان کا برا عمل خوش نما بنا دیا گیا ہو اور وہ اپنی نفسانی خواہشات پر چلتے ہوں ﴿۱۴﴾ تقویٰ والے لوگوں کے لیے جس جنت کا وعدہ کیا گیا ہے اس کا حال یہ ہے کہ اس میں ایسے پانی کی نہریں (چلتی) ہیں جو پانی خراب ہونے والا نہیں ① اور (بہت ساری) ایسے دودھ کی نہریں ہیں جس کا ذائقہ (ذرا) بھی نہیں بدلے گا،

---

① دوسرا ترجمہ: جس پانی کے رنگ، بو، مزہ، ذرا بھی بدلنے والا نہیں۔

وَاَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ۖ وَلَهُمْ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ
وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ۖ كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِي النَّارِ وَسُقُوْا مَآءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَآءَهُمْ ﴿۱۵﴾
وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ حَتّٰۤى اِذَا خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ
مَاذَا قَالَ اٰنِفًا ۟ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَاتَّبَعُوْۤا اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۶﴾ وَالَّذِيْنَ
اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَّاٰتٰىهُمْ تَقْوٰىهُمْ ﴿۱۷﴾ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ
بَغْتَةً ۚ فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا ۚ فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ ﴿۱۸﴾ فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا
اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۖ

اور ایسی شراب کی نہریں ہیں جو پینے والوں کے لیے (بہت ہی) مزے دار ہوں گی اور ایسے شہد کی نہریں ہیں جو بالکل صاف (شفاف اور خالص) ہوگا اور اُن (جنت والوں) کے لیے وہاں ہر قسم کے پھل ہوں گے اور ان کے رب کی طرف سے مغفرت ہوگی، کیا یہ (متقی جنتی) لوگ ان (کافروں) کے برابر ہو سکتے ہیں جو ہمیشہ جہنم میں رہیں گے اور ان کو گرم پانی پلایا جائے گا تو وہ (پانی) ان کے آنتوں کے ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالے گا ﴿۱۵﴾ اور (اے نبی!) ان (کافروں) میں سے بعض ایسے لوگ ہیں جو تمھاری باتوں کو کان سے سنتے ہیں (یعنی منافق لوگ) لیکن جب تمھارے پاس (یعنی مجلس) سے باہر جاتے ہیں تو وہ (منافق) جن کو علم ملا ہے ان سے پوچھتے ہیں کہ: اس شخص (یعنی محمد) نے ابھی (مجلس میں) کیا کہا تھا؟ یہ وہی لوگ ہیں جن کے دلوں پر اللہ تعالیٰ نے مہر لگادی اور وہ اپنی نفسانی خواہشات پر چلتے ہیں ﴿۱۶﴾ اور جن لوگوں نے ہدایت کا راستہ اختیار کیا ہے ان کو وہ (اللہ تعالیٰ) ہدایت میں ترقی دیتے ہے اور انھیں ان کے تقویٰ کی توفیق عطا کرتے ہے ﴿۱۷﴾ کیا اب یہ (کافر) لوگ صرف قیامت کا انتظار کر رہے ہیں کہ وہ ان کے پاس اچانک آجائے (اگر قیامت ہی کا انتظار ہے) تو اس کی علامتیں تو آہی چکی ہیں، پھر جب وہ (قیامت) ان کے پاس آہی جائے گی تب ان کے لیے نصیحت حاصل کرنے کا موقع کہاں سے آئے گا؟ ﴿۱۸﴾ لہٰذا (اے نبی!) تم (پورا) یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور اپنی (کچھ ظاہری) خطاؤں پر معافی مانگتے رہو اور سب ایمان والے مردوں اور عورتوں کے لیے بھی (معافی مانگا کرو)

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ ﴿۱۹﴾

وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُوْرَةٌ ۚ فَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ فِيْهَا الْقِتَالُ ۙ رَاَيْتَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يَّنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ؕ فَاَوْلٰى لَهُمْ ﴿۲۰﴾ طَاعَةٌ وَّقَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ ۫ فَاِذَا عَزَمَ الْاَمْرُ ۫ فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ﴿۲۱﴾ فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَكُمْ ﴿۲۲﴾

اور اللہ تعالیٰ تمھارے آنے جانے کو① اور تمھارے آخری ٹھکانے② کو جانتے ہیں ﴿۱۹﴾

اور ایمان والے کہتے رہتے ہیں کہ: کیا اچھی بات ہو کہ کوئی (نئی) سورت (اللہ تعالیٰ کے یہاں سے) اترے③ پھر جب کوئی محکم④ سورت (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) اتاری جاوے اور اس میں لڑائی (یعنی جہاد) کا ذکر ہو تو جن لوگوں کے دلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے (اے نبی!) تم ان کو دیکھو گے کہ وہ تمھاری طرف (بھیانک نظروں سے) تاکنے لگتے ہیں جیسے وہ شخص تاکتا ہے جس پر موت کی بے ہوشی تاری ہو⑤ سو ایسے (منافقوں) کے لیے بڑی خرابی ہے ﴿۲۰﴾ (جہاد کی) بات مان لینا چاہیے اور بھلی بات کہنا چاہیے پھر جب (جہاد کا) حکم لازم ہو جاوے⑥ تو (اس وقت) وہ اگر اللہ تعالیٰ کے ساتھ (جہاد کا حکم پورا کرنے میں) سچے رہیں تو یہ ان کے لیے بہت اچھا ہو ﴿۲۱﴾ پھر کیا تم سے (ایسی) توقع (لگائی جاسکتی) ہے کہ⑦ اگر تم کو حکومت مل جاوے تو تم زمین میں فساد مچاؤ⑧ اور اپنے رشتوں کو کاٹ ڈالو⑨ ﴿۲۲﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) تمھارے نقل وحرکت کو (تیسرا) تمھارے چلنے پھیرنے کو۔ ② یعنی رہنے سہنے اور تمام اعمال۔

③ صحابہ کو اللہ تعالیٰ سے اور قرآن سے کامل محبت تھی؛ اس لیے نزولِ قرآن کے دور میں ان کی چاہت یہ رہتی تھی کہ نئی آیت یا سورت اترے جس سے ایمان میں تازگی ہو، ثواب حاصل ہو، نئے احکام پر عمل کریں۔ دوسرا کیوں نہیں نازل ہوئی؟

④ یعنی جو منسوخ نہ ہو معنی بالکل ظاہر ہو، جچی تلی ہو۔ ⑤ دشمنوں کا خوف بزدلی اور موت سے نفرت کی وجہ سے ہوتا تھا۔

⑥ (دوسرا ترجمہ) پھر جب جہاد کے کام کی تیاری ہو جائے۔ ⑦ (دوسرا ترجمہ) پھر تم سے یہ بھی کچھ بعید نہیں کہ۔

⑧ یعنی یہ حکومت کے نشے میں آکر یہ شرارتیں کروگے۔ ⑨ (دوسرا ترجمہ) اگر تم لوگ (ایمان یا جہاد سے) منہ پھیراؤ گے تو تم سے کیا یہی توقع رکھی جائے کہ تم زمین میں فساد مچادوگے اور تم لوگ رشتوں کو کاٹ دوگے (یعنی جہاد چھوڑنے کے نتیجہ میں یہ مظالم عام ہوں گے یا ایمان چھوڑ دوگے تو جاہلیت والی برائیاں آجائے گی)

أُولَٰٓئِكَ الَّذِينَ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فَأَصَمَّهُمْ وَأَعْمَىٰٓ أَبْصَٰرَهُمْ ﴿۲۳﴾ أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْءَانَ أَمْ عَلَىٰ قُلُوبٍ أَقْفَالُهَآ ﴿۲۴﴾ إِنَّ الَّذِينَ ارْتَدُّوا عَلَىٰٓ أَدْبَٰرِهِم مِّنۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى ۙ الشَّيْطَٰنُ سَوَّلَ لَهُمْ وَأَمْلَىٰ لَهُمْ ﴿۲۵﴾ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوا لِلَّذِينَ كَرِهُوا مَا نَزَّلَ اللَّهُ سَنُطِيعُكُمْ فِي بَعْضِ الْأَمْرِ ۖ وَاللَّهُ يَعْلَمُ إِسْرَارَهُمْ ﴿۲۶﴾ فَكَيْفَ إِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلَٰٓئِكَةُ يَضْرِبُونَ وُجُوهَهُمْ وَأَدْبَٰرَهُمْ ﴿۲۷﴾ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمُ اتَّبَعُوا مَآ أَسْخَطَ اللَّهَ وَكَرِهُوا رِضْوَٰنَهُۥ فَأَحْبَطَ أَعْمَٰلَهُمْ ﴿۲۸﴾

یہ وہ لوگ ہیں کہ ان کو اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت سے دور کر دیا، پھر ان کو (اللہ تعالیٰ کی باتیں سننے سے) بہرا کر دیا اور ان کی آنکھیں اندھی کر دی ﴿۲۳﴾ کیا وہ لوگ قرآن میں غور نہیں کرتے یا ان کے دلوں پر تالے لگ گئے ﴿۲۴﴾ یقیناً جو لوگ بھی ہدایت کے ان کے سامنے (اچھی طرح) ظاہر ہو چکنے کے بعد بھی مرتد ہو گئے ①شیطان نے ان کو پٹی پڑائی ② اور ان کی امیدوں کو لمبا کر دیا ہے ﴿۲۵﴾ اس کا سبب یہ ہوا کہ ان (منافق) لوگوں نے ایسے لوگوں سے جو اللہ تعالیٰ کے اتارے ہوئے احکام کو پسند نہیں کرتے ان سے (خفیہ طور پر) یوں کہا کہ: بعض کاموں میں ہم تمھاری بات مانیں گے ③ ور اللہ تعالیٰ ان کی چھپی باتوں کو (اچھی طرح) جانتے ہیں ﴿۲۶﴾ پھر (ان مرتد ہونے والوں کا) اس وقت کیا حال ہوگا جب فرشتے ان (کی روح) کو (اس طرح) قبض کریں گے ④ کہ ان کے چہروں اور پیٹھوں پر مارتے جاتے ہوں گے ﴿۲۷﴾ یہ (سلوک) اس لیے ہوا کہ وہ اس راستہ پر چلے جو اللہ تعالیٰ کو ناراض کرنے والا تھا اور اس (اللہ تعالیٰ) کی رضا (حاصل کرنے) کو خود انھوں نے ناپسند کیا؛ اس لیے (اللہ تعالیٰ نے) اُن کے اعمال مٹا دیے ﴿۲۸﴾

---

① یعنی دین چھوڑ کر الٹے پھر کر کفر میں چلے گئے۔

② (دوسرا ترجمہ) اور شیطان نے ان کو چکمہ دیا ہے۔ (تیسرا) یہ بات ان کو آراستہ کر کے دکھائی ہے۔

③ اسلام اور نبی ﷺ کی دشمنی اور لوگوں کو اسلام سے روکنے والی بات۔

④ (دوسرا ترجمہ) نکالیں گے۔

أَمْ حَسِبَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ أَنْ لَنْ يُخْرِجَ اللَّهُ أَضْغَانَهُمْ ۝ وَلَوْ نَشَاءُ
لَأَرَيْنَاكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُمْ بِسِيمَاهُمْ ۚ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِي لَحْنِ الْقَوْلِ ۚ وَاللَّهُ يَعْلَمُ
أَعْمَالَكُمْ ۝ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتَّىٰ نَعْلَمَ الْمُجَاهِدِينَ مِنْكُمْ وَالصَّابِرِينَ ۙ وَنَبْلُوَا
أَخْبَارَكُمْ ۝ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ وَشَاقُّوا الرَّسُولَ مِنْ بَعْدِ مَا
تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَىٰ ۙ لَنْ يَضُرُّوا اللَّهَ شَيْئًا ۚ وَسَيُحْبِطُ أَعْمَالَهُمْ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا
أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَلَا تُبْطِلُوا أَعْمَالَكُمْ ۝ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَنْ
سَبِيلِ اللَّهِ ثُمَّ مَاتُوا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يَغْفِرَ اللَّهُ لَهُمْ ۝

کیا جن لوگوں کے دلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے وہ یہ سمجھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کے (چھپے ہوئے) کینوں (یعنی عداوتوں) کو کبھی ظاہر نہیں کریں گے ﴿۲۹﴾ اور اگر ہم چاہتے تو تم کو وہ (منافق) اس طرح دکھائی دیتے کہ تم ان کو ان کی صورت (یعنی علامت) سے پہنچان جاؤ اور اب بھی تم اُن کو (ان کی) بات کے لہجے (یعنی ڈھب، انداز) سے ضرور پہچان ہی جاؤ گے اور اللہ تعالیٰ تمھارے کام کو جانتے ہیں ﴿۳۰﴾ اور ہم ضرور تم سب کی آزمائش کریں گے؛ تاکہ ہم (ظاہر کر کے) دیکھ لیویں کہ تم میں کون جہاد کرنے والے ہیں اور (مصیبت میں) ثابت قدم رہنے والے ہیں اور (تاکہ) ہم تمھارے (دوسرے) حالات (یعنی اطاعت اور نافرمانی) کو جانچ لیویں ﴿۳۱﴾ یقیناً جن لوگوں نے کفر کیا اور اللہ تعالیٰ کے (دین کے) راستے سے (دوسروں کو) روکا اور رسول کی مخالفت کی باوجود یہ کہ ان کے سامنے ہدایت (یعنی دین کی راہ) پوری طرح کھل کر آ گئی تو یہ لوگ اللہ تعالیٰ (کے دین) کو ذرا سا بھی نقصان نہیں پہنچا سکتے اور عنقریب اللہ تعالیٰ ان کے اعمال کو مٹا دیں گے ﴿۳۲﴾ اے ایمان والو! تم اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرو اور تم رسول کی اطاعت کرو اور تم اپنے اعمال کو برباد مت کرو ﴿۳۳﴾ یقیناً جن لوگوں نے کفر کیا اور (دوسروں کو) اللہ تعالیٰ کے راستے سے روکا، پھر وہ کفر ہی کی حالت میں مر گئے، تو اللہ تعالیٰ ان کو کبھی معاف نہیں کریں گے ﴿۳۴﴾

فَلَا تَهِنُوْا وَتَدْعُوْٓا اِلَى السَّلْمِ ۖۗ وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ ۖۗ وَاللّٰهُ مَعَكُمْ وَلَنْ يَّتِرَكُمْ اَعْمَالَكُمْ ۝ اِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ۭ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا يُؤْتِكُمْ اُجُوْرَكُمْ وَلَا يَسْــَٔـلْكُمْ اَمْوَالَكُمْ ۝ اِنْ يَّسْــَٔـلْكُمُوْهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوْا وَيُخْرِجْ اَضْغَانَكُمْ ۝ هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَاۗءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ فَمِنْكُمْ مَّنْ يَّبْخَلُ ۚ وَمَنْ يَّبْخَلْ فَاِنَّمَا يَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖ ۭ وَاللّٰهُ الْغَنِيُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَاۗءُ ۚ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۙ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ ۝

سو (اے مسلمانو!) تم ہمت مت ہارو① اور تم (خود کافروں کو) صلح کی دعوت مت دو اور تم ہی سر بلند (یعنی غالب) رہو گے اور اللہ تعالیٰ تمھارے ساتھ ہیں اور وہ (اللہ تعالیٰ) تمھارے اعمال (کا ثواب) ہرگز کم نہیں کریں گے ﴿۳۵﴾ (اور) دنیا کی زندگی تو بس کھیل اور تماشا ہے اور اگر تم ایمان لے آؤ گے اور تقویٰ والے بن جاؤ گے تو وہ (اللہ تعالیٰ) تمھارے اجر (اور ثواب) تم کو دے دیں گے اور تم سے تمھارے (کل) مال کو نہیں مانگیں گے② ﴿۳۶﴾ (اور) اگر وہ (اللہ تعالیٰ) تم سے (تمھارے) وہ (کل) مال طلب کرنے لگیں اور تمھارا سب کچھ سمیٹ لیویں③ تو تم (میں سے اکثر لوگ) بخیلی کرنے لگو اور وہ (اللہ تعالیٰ) تمھارے دل کی ناگواریوں کو ظاہر کر دیں ﴿۳۷﴾ (اے مسلمانو!) سنو! تم ایسے لوگ ہو کہ تم کو اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرنے کے لیے بلایا جاتا ہے تب تم میں سے کچھ لوگ (خود) بخیلی کرتے ہیں④ اور جو شخص بھی بخیلی کرتا ہے وہ اپنی ذات (کے نقصان) سے ہی بخیلی کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ بے نیاز (یعنی کسی کے محتاج نہیں) ہے اور تم لوگ (اسی کے) محتاج ہو، اور اگر تم (اللہ کے دین سے) منہ پھراؤ گے تو وہ تمھاری جگہ دوسری (غیر) قوم کو لے آئیں گے پھر وہ تمھارے جیسے (بخیل اور نافرمان) نہیں ہوں گے ﴿۳۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) تم کمزور (یعنی کم ہمت) مت جنو۔ ② یعنی کل مال اللہ تعالیٰ نہیں مانگتے، بس ایک حصہ یعنی زکوۃ، صدقہ، قربانی وغیرہ چاہتے ہیں، اسی طرح اللہ تعالیٰ اپنے فائدے کے لیے کبھی تم سے مال طلب نہیں فرماتے، وہ تو تمھارے ہی فائدے کے لیے مال طلب فرماتے ہیں کہ صدقات کا دنیا آخرت میں بڑا فائدہ ہے۔ ③ (دوسرا ترجمہ) طلب کرنے میں مبالغہ سے کام لیوے۔ ④ یعنی مال ظاہر میں طلب کیا جاتا ہے تو اس سے دین کے متعلق دل کی ناراضگی ظاہر ہوتی ہے۔

سورة الفتح

(المدنية)

ایاتها:۲۹۔رکوعاتها:۴۔

یہ سورت مدنی ہے، اس میں انتیس (۲۹) آیتیں ہیں۔ سورہ صف یا سورہ جمعہ کے بعد اور سورۂ توبہ سے پہلے ایک سوتین (۱۰۳) یا (۱۱۱) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں فتحِ مکہ کی عظیم بشارت کا تذکرہ ہے۔

فتح کا معنی آتا ہے جو بندش ظاہر میں نظر آتی ہے اس کو کھول دینا، دور کر دینا، مصیبتوں کو دور کر دینا اور واقعۃً مکہ کی فتح مسلمانوں کے لیے بہت ساری بندشوں اور مصیبتوں کے دائمی ازالے کا ذریعہ بنی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۝ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝ وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ۝ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ۭ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

(اے نبی!) یقیناً ہم نے تم کو (حدیبیہ کی صلح کے ذریعہ) ایک کھلی ہوئی (مکہ کی) فتح دے دی ① ﴿۱﴾ تا کہ تمھاری اگلی اور پچھلی کوتاہیوں کو اللہ تعالیٰ معاف کر دیویں ② اور (تا کہ) اپنی نعمت تم پر مکمل کر دیویں؛ اور (تا کہ) تم کو سیدھے راستے پر چلاوے ③ ﴿۲﴾ اور (تا کہ) اللہ تعالیٰ تمھاری زبردست مدد کرے ④ ﴿۳﴾ وہی (اللہ تعالیٰ) تو ہیں جنھوں نے ایمان والوں کے دلوں میں اطمینان (یعنی رحمت، یا وقار، یا تحمل، یا ضبط) پیدا کر دیا؛ تا کہ جو ایمان پہلے سے ان کو حاصل تھا اس کے ساتھ ایمان میں اور بڑھ جاویں اور آسمانوں اور زمین کے تمام لشکر اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں اور اللہ تعالیٰ (تو ہر چیز کو) جاننے والے، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۴﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اے نبی! یقیناً ہم نے تمھارے واسطے صاف صاف فیصلہ کر ڈالا۔

② کبھی غیر افضل بات پر عمل ہو گیا ہو جو نبوت کی عالی شان کے پیشِ نظر خلافِ اولیٰ ہے، اس طرح کی کچھ بات نبوت ملنے سے پہلے اور بعد میں پیش آئی، صلح کی برکت سے جب راستے پر امن ہو گئے، لوگ اسلام میں کثرت سے داخل ہونے لگے تو ثواب کی زیادتی اور بعثت کے مقاصد خوب پورے ہو رہے ہیں، اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس طرح کی خلافِ افضل چیزوں کو معاف کرنے کی بات فرمائی گئی۔

③ آپ ﷺ پہلے ہی سے سیدھے راستے پر تھے، اب مزید ثابت قدمی میں ترقی ہو رہی ہے اور بتایا جا رہا ہے کہ کفار کی روک ٹوک آپ کی دعوت سے ختم ہو رہی ہے۔

④ دوسرا: اللہ تعالیٰ تم کو ایسا غلبہ دیوے جس میں عزت ہی عزت ہو۔ تیسرا: اللہ تعالیٰ تمہاری ایسی مدد فرمائے جو مدد باعزت (فتح کو شامل) ہو۔

لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِيْمًا ۝۵ وَّيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۝۶ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝۷ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝۸ لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ ؕ وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝۹

تاکہ وہ (اللہ تعالیٰ) ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں کو ایسے باغات میں داخل کردیں جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے اور ان سے اُن کی برائیوں کو زائل کر دیں اور یہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بہت بڑی کامیابی ہے ﴿۵﴾ اور تاکہ نفاق والے مردوں کو اور نفاق والی عورتوں کو اور شرک کرنے والے مردوں کو اور شرک کرنے والی عورتوں کو سخت سزا (یعنی عذاب) دیویں جو اللہ تعالیٰ کے بارے میں (طرح طرح کی) بدگمانیاں کیا کرتے ہیں، برائی کا چکر (مصیبت کی شکل میں) انہی پر پڑنے والا ہے① اور اللہ تعالیٰ ان پر غضب ناک ہوں گے اور ان کو اپنی رحمت سے دور کردیں گے اور ان کے لیے جہنم تیار کر رکھی ہے اور وہ بہت بُرا ٹھکانہ ہے ﴿۶﴾ اور آسمانوں اور زمین کے سب لشکر اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں اور اللہ تعالیٰ بڑے زبردست، بڑی حکمت کے مالک ہیں ﴿۷﴾ (اے نبی!) ہم نے تم کو (قیامت کے دن امت کے اعمال پر) گواہی دینے والا اور خوش خبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے ﴿۸﴾ تاکہ (اے انسانو!) تم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اس کی مدد کرو اور اس کی تعظیم کرو② اور صبح و شام اس (اللہ تعالیٰ) کی تسبیح کرتے رہو ﴿۹﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) برا وقت انہی پر آنے والا ہے۔ (تیسرا ترجمہ) ان لوگوں پر بری گردش واقع ہونے والی ہے۔

② اللہ تعالیٰ کی مدد یعنی اللہ تعالیٰ کے دین اسلام کی مدد اور خود نبی کریم ﷺ کی بھی مدد کرنی ہے اور اللہ تعالیٰ اور ان کے رسول کی تعظیم کرنی ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ ؕ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ ۚ فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَوْفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۰﴾

سَيَقُوْلُ لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَآ اَمْوَالُنَا وَاَهْلُوْنَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ يَقُوْلُوْنَ بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ؕ بَلْ كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۱﴾ بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّنْقَلِبَ الرَّسُوْلُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ اِلٰٓى اَهْلِيْهِمْ اَبَدًا وَّزُيِّنَ ذٰلِكَ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَظَنَنْتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ ۖۚ وَكُنْتُمْ قَوْمًا بُوْرًا ﴿۱۲﴾

(اے نبی!) یقیناً جو لوگ تم سے بیعت کر رہے ہیں وہ حقیقت میں اللہ تعالیٰ سے بیعت کر رہے ہیں، اللہ تعالیٰ کا ہاتھ ان کے ہاتھوں پر ہے، اس کے بعد بھی جو کوئی عہد توڑتا ہے ① تو اس عہد توڑنے کا نقصان اسی پر پڑے گا اور جو کوئی شخص اللہ تعالیٰ سے کیے ہوئے عہد (یعنی قرار) کو پورا کرے گا تو اللہ تعالیٰ ان کو عنقریب بڑا ثواب دیں گے ﴿۱۰﴾

گاؤں کے رہنے والے جو (حدیبیہ کے سفر سے) پیچھے رہ گئے تھے وہ عنقریب (مدینہ پہنچتے ہی) تم سے کہیں گے کہ: ہمارے مال (دولت) اور ہمارے گھر والوں نے ہم کو مشغول کر دیا تھا، سو آپ ہمارے لیے (اللہ تعالیٰ سے اس کوتاہی پر) معافی کی دعا کر دیجیے، وہ اپنی زبانوں سے وہ بات کہتے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں ہے، تم (ان سے) کہو: اگر اللہ تعالیٰ تم کو کوئی نقصان پہنچانا چاہے یا تم کو فائدہ پہنچانا چاہے تو کون ہے جو اللہ تعالیٰ کے سامنے تمہارے معاملے میں کچھ بھی کرنے کا اختیار رکھتا ہو؛ بلکہ جو کچھ بھی تم کرتے ہو اس کی اللہ تعالیٰ کو پوری خبر ہے ﴿۱۱﴾ بلکہ (حقیقت ایسی ہے کہ) تم نے تو یہ سمجھ لیا تھا کہ رسول (یعنی محمد ﷺ) اور (دوسرے) ایمان والے اپنے گھر والوں کے پاس کبھی لوٹ کر ہی نہیں آئیں گے اور یہی بات تمہارے دلوں کو اچھی بھی لگتی تھی اور تم نے (طرح طرح کے) بدگمانیاں کی تھی اور تم لوگ (اس طرح کے کفریہ گمان کی وجہ سے) برباد ہونے والی قوم بن گئے ﴿۱۲﴾

---

① یعنی اطاعت کے بجائے نافرمانی کرے۔

وَمَنْ لَّمْ يُؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَاِنَّاۤ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَعِيْرًا ۝ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ سَيَقُوْلُ الْمُخَلَّفُوْنَ اِذَا انْطَلَقْتُمْ اِلٰى مَغَانِمَ لِتَاْخُذُوْهَا ذَرُوْنَا نَتَّبِعْكُمْ ۚ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّبَدِّلُوْا كَلٰمَ اللّٰهِ ؕ قُلْ لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا كَذٰلِكُمْ قَالَ اللّٰهُ مِنْ قَبْلُ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ بَلْ تَحْسُدُوْنَنَا ؕ بَلْ كَانُوْا لَا يَفْقَهُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ قُلْ لِّلْمُخَلَّفِيْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ اِلٰى قَوْمٍ اُولِىْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ يُسْلِمُوْنَ ۚ

اورر جو شخص بھی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول پر ایمان نہیں لائے گا تو (وہ شخص یاد رکھے) یقیناً ہم نے کافروں کے لیے بھڑکتی آگ تیار کر رکھی ہے ﴿۱۳﴾ اور آسمانوں اور زمین کی حکومت اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہے، وہ (اللہ تعالیٰ) جس کو چاہے معاف کر دیویں اور جس کو چاہے عذاب دیویں اور اللہ تعالیٰ (تو) بہت معاف کرنے والے، بڑے رحم والے ہیں ﴿۱۴﴾ جو لوگ (حدیبیہ کے سفر سے) پیچھے رہ گئے تھے عنقریب جب تم (خیبر کی فتح اور) غنیمت کا مال لینے کے لیے چلو گے تب وہ (تم سے) کہیں گے کہ: ہم کو بھی تمہارے ساتھ چلنے کی اجازت دو، وہ چاہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی (فرمائی ہوئی) بات (یعنی حکم) کو بدل دیں تم کہہ دینا: تم ہرگز ہمارے ساتھ نہیں چل سکتے، اللہ تعالیٰ نے پہلے ہی اس طرح فرمادیا ہے① اس پر وہ کہیں گے (کہ: یہ بات نہیں)؛ بلکہ تم لوگ ہم سے حسد کرتے ہو② (حقیقت ایسی نہیں ہے) بلکہ یہ لوگ خود ہی بات کو بہت کم سمجھتے ہیں ﴿۱۵﴾ (اے نبی! ان) پیچھے رہ جانے والے دیہاتیوں سے تم کہہ دو کہ: تم کو عنقریب ایسے لوگوں کے مقابلے کی دعوت دی جائے گی جو بڑے سخت لڑنے والے ہوں گے③ تم ان سے جنگ کرتے رہو یا وہ اطاعت قبول کرلیں،

---

① حدیبیہ سے واپسی میں اللہ تعالیٰ نے یہ فرمادیا تھا کہ غزوۂ خیبر میں وہی لوگ ساتھ چلیں گے جو حدیبیہ کے سفر میں تھے۔

② یعنی ہم کو فائدہ ملے اس سے تم کو جلن ہے۔

③ اس دور کی دنیا کی بڑی طاقت خاص کر روم اور فارس کی سلطنت کی طرف اشارہ ہے اور یہ جنگیں زیادہ تر خلافتِ راشدہ میں ہوئی ہیں؛ اس لیے کہ تبوک میں باقاعدہ جنگ کی نوبت نہیں آئی۔ اس سے حضراتِ خلفائے راشدین کی دعوت نہ ماننے والوں کے لیے وعید بھی معلوم ہوئی جس سے ان حضرات رضی اللہ عنہم کی فضیلت بھی ثابت ہوتی ہے۔

فَاِنْ تُطِيْعُوْا يُؤْتِكُمُ اللّٰهُ اَجْرًا حَسَنًا ۚ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِّنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۶﴾ لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ ۗ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۷﴾

لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿۱۸﴾ وَّمَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّاْخُذُوْنَهَا ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۱۹﴾ وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً تَاْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ ۚ وَلِتَكُوْنَ اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿۲۰﴾

پھر اگر تم (اس وقت جہاد کا) حکم مانو گے تو اللہ تعالیٰ تم کو اچھا بدلہ عطا کریں گے اور اگر تم منہ پھرالو گے جیسا تم نے اس سے پہلے (حدیبیہ میں) منہ پھرالیا تھا تو وہ (اللہ تعالیٰ) تم کو دردناک عذاب دیں گے ﴿۱۶﴾ اندھے پر کوئی گناہ نہیں ہے اور لنگڑے پر بھی کوئی گناہ نہیں ہے اور بیمار پر بھی کوئی گناہ نہیں اور جو شخص بھی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی بات مانے گا وہ (اللہ تعالیٰ) اس کو ایسے باغات میں داخل کریں گے کہ جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی اور جو شخص منہ پھرائے گا وہ (اللہ تعالیٰ) اس کو دردناک عذاب دیں گے ﴿۱۷﴾

یقیناً اللہ تعالیٰ (ان) ایمان والوں سے خوش ہو گئے جب کہ وہ تم سے (ایک) درخت کے نیچے (جہاد میں جم کر رہنے پر) بیعت کرنے لگے، سو ان کے دلوں میں جو کچھ تھا اس (اللہ تعالیٰ) کو وہ معلوم تھا، پھر اس (اللہ تعالیٰ) نے ان (مسلمانوں) پر دل کا اطمینان اتارا اور ان کو نزدیک کی ایک فتح (یعنی خیبر کی) انعام میں عنایت فرمائی ﴿۱۸﴾ اور بہت ساری غنیمتیں بھی (دیں) جن کو وہ حاصل کر رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ بڑے زبردست، بڑے حکمت والے ہیں ﴿۱۹﴾ اور اللہ تعالیٰ تم سے بہت ساری غنیمتوں کا وعدہ فرما چکے ہیں جن کو تم حاصل کرو گے اور فوری طور پر اس (اللہ تعالیٰ) نے تم کو یہ (خیبر کی غنیمت) عطا کر دی اور لوگوں کے ہاتھوں کو تم سے روک دیا؛ اور تا کہ یہ (واقعہ) ایمان والوں کے لیے (اللہ تعالیٰ کی قدرت کا) نمونہ بن جائے اور (اس لیے بھی) وہ (اللہ تعالیٰ) تم کو (آئندہ ہر کام میں) سیدھے راہ پر چلائیں ﴿۲۰﴾

وَّاُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا قَدْ اَحَاطَ اللّٰهُ بِهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرًا ﴿۲۱﴾ وَلَوْ قٰتَلَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوَلَّوُا الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۲۲﴾ سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِیْ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلُ ۖۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿۲۳﴾ وَهُوَ الَّذِیْ كَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ﴿۲۴﴾ هُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَالْهَدْیَ مَعْكُوْفًا اَنْ يَّبْلُغَ مَحِلَّهٗ ؕ وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ وَنِسَآءٌ مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ تَطَئُوْهُمْ فَتُصِيْبَكُمْ مِّنْهُمْ مَّعَرَّةٌۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ لِيُدْخِلَ اللّٰهُ فِیْ رَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۚ

اور دوسری (ایک فتح) بھی ہے جو ابھی تمھارے قابو (یعنی بس) میں نہیں آئی (لیکن) اللہ تعالیٰ نے اس کو (بھی) اپنی قدرت میں لے رکھا ہے اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں ﴿۲۱﴾ اور اگر یہ کافر لوگ تم سے لڑتے تو یقیناً وہ پیٹھ پھیر کر بھاگ جاتے، پھر اُن کو کوئی حمایت کرنے والا نہ ملتا اور نہ مدد کرنے والا (ملتا) ﴿۲۲﴾ اللہ تعالیٰ کا یہی دستور ہے جو پہلے سے چلا آرہا ہے اور تم اللہ تعالیٰ کے دستور میں کسی قسم کی تبدیلی ہر گز نہیں پاؤ گے ﴿۲۳﴾ اور وہی (اللہ تعالیٰ) ہیں جنھوں نے مکہ کی وادی میں① اُن (کافروں) کے ہاتھوں کو تم (مسلمانوں) سے اور تمھارے ہاتھوں کو اُن سے روک دیا، اُن (کافروں) پر تم کو قابو دے چکنے کے باوجود اور جو کچھ تم کر رہے تھے اللہ تعالیٰ اس کو دیکھ رہے تھے ﴿۲۴﴾ یہ (مکہ والے) وہی تو (لوگ) ہیں جنھوں نے کفر اپنایا اور تم کو مسجدِ حرام سے (روکا) اور قربانی کے جو جانور (حدیبیہ میں) رکے ہوئے تھے اُن کو اپنی جگہ (منیٰ) تک پہنچنے سے روک دیا اور اگر کچھ ایمان والے مرد اور کچھ ایمان والی عورتیں (مکہ میں) نہ ہوتیں جن کو تم پہچانتے نہیں تھے کہ (خطرہ یہ تھا کہ خبر نہ ہونے کی وجہ سے) تم ان کو پیس ڈالتے، پھر ان (بے گناہ مسلمانوں) کی وجہ سے تم کو بے خبری میں نقصان (یعنی رنج اور افسوس) پہنچتا (تب تو لڑائی ہو جاتی اسی طرح جنگ سے روکنے کی یہ حکمت بھی تھی) تاکہ اللہ تعالیٰ جس کو چاہیں اپنی رحمت (یعنی ایمان) میں داخل کریں،

---

① یعنی مکہ کے قریب حدیبیہ میں۔

لَوْ تَزَيَّلُوْا لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝ اِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَكَانُوْٓا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ۙ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ ۙ لَا تَخَافُوْنَ ؕ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ۝

(ہاں!) اگر (اس طرح کہ) وہ (ایمان والے) الگ ہوگئے ہوتے تو ہم اُن (مکہ والوں) میں سے جو کافر تھے اُن کو دردناک سزا دیتے ﴿۲۵﴾ پھر جب اِن کافروں نے اپنے دلوں میں حمیت (یعنی ضد، یا عار، یا غیرت) کو جگہ دی جو جاہلیت (یعنی نادانی) کی حمیت تھی تو اللہ تعالیٰ نے اپنی طرف سے اپنے رسول اور ایمان والوں پر سکینت (یعنی ضبط، یا تحمل، یا اطمینان) کو اتارا اور اُن (مسلمانوں) کو تقویٰ کی بات پر جمائے رکھا① اور وہ اسی (تقویٰ کی بات) کے زیادہ حق دار اور اسی کے لائق تھے اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو پوری طرح جانتے ہیں ﴿۲۶﴾

پکی بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو سچا خواب دکھلایا جو حقیقت کے بالکل مطابق ہوا کہ تم ضرور ان شاء اللہ! مسجدِ حرام میں امن و امان کے ساتھ داخل ہوں گے (اس طرح کہ تم میں سے بعض حضرات) اپنے سر منڈواتے اور (کچھ حضرات) بال کٹواتے ہوں گے (اور) تم کو (کسی طرح کا) خوف نہیں ہوگا، سو وہ (اللہ تعالیٰ) ان باتوں کو جانتے ہیں جو تم نہیں جانتے② پھر اللہ تعالیٰ نے اس (مسجدِ حرام میں داخل ہونے کے خواب کو پورا ہونے) سے پہلے ایک بہت قریب کی فتح (یعنی خیبر کی) عنایت کردی ﴿۲۷﴾

---

① کلمہ طیبہ کا تقاضا طاعت پر جمنا مراد ہے۔

② یعنی سن ۶ ہجری میں عمرہ کیوں نہ ہوسکا اور ۷ ہجری میں ہی کیوں ہوا جو تم نہیں جانتے۔

هُوَ الَّذِیْۤ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَ دِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّیْنِ كُلِّهٖؕ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِیْدًاؕ(۲۸) مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِؕ وَ الَّذِیْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا یَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَ رِضْوَانًا٘ سِیْمَاهُمْ فِیْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِؕ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِی التَّوْرٰىةِ ۛۖۚ وَ مَثَلُهُمْ فِی الْاِنْجِیْلِ۫ۚ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْــٴَـهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ یُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِیَغِیْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَؕ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّ اَجْرًا عَظِیْمًا۠(۲۹)

وہ (اللہ تعالیٰ) ایسے ہیں جنھوں نے اپنے رسول کو ہدایت (کا سامان یعنی قرآن) اور سچا دین دے کر بھیجا؛ تاکہ اس (دین) کو (دوسرے) تمام ادیان (باطلہ) پر غالب کردیویں اور (اس بات کی) گواہی دینے کے لیے اللہ تعالیٰ کافی ہیں (۲۸) (کہ) محمد (ﷺ) اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں اور جو لوگ (یعنی صحابہ) ان کے ساتھ ہیں وہ کافروں کے مقابلے میں سخت اور آپس میں (ایک دوسرے کے لیے) رحم دل ہیں، تم ان کو دیکھو گے (کبھی) رکوع میں ہیں (کبھی) سجدے میں ہیں (خلاصہ یہ ہے کہ) وہ اللہ تعالیٰ کے فضل اور رضا (یعنی خوشنودی) کی تلاش میں لگے ہوئے ہیں، ان کی علامت سجدوں کے اثر (یعنی تاثیر) سے اُن کے چہروں پر (صاف ظاہر ہو رہی) ہیں یہ ان (صحابہ) کے اوصاف ہیں جو تورات میں ذکر کیے گئے ہیں اور ان کے اوصاف انجیل میں بھی (ذکر کیے گئے) ہیں کہ جیسے ایک کھیتی ہو جس نے (پہلے زمین سے) اپنی کونپل نکالی، پھر اس کو مضبوط کیا، پھر (اور بڑھ کر) موٹی ہوگئی، پھر اپنے تنے پر اس طرح سیدھی کھڑی ہوگئی کہ کھیتی کرنے والے (یعنی کسان) خوش ہوتے ہیں؛ تاکہ اللہ تعالیٰ اِن (کی اس ترقی) سے کافروں (کے دلوں) کو غصے میں مبتلا کریں (یا حسد میں جلائے) اور اللہ تعالیٰ نے ان میں سے جو ایمان لائے اور نیک کام کیے اُن کے لیے مغفرت کا اور بڑے ثواب کا وعدہ کیا ہے (۲۹)

سورۃ الحجرات

(المدنیۃ)

آیاتہا:۱۸۔ رکوعاتہا:۲۔

یہ سورت مدنی ہے، اس میں اٹھارہ (۱۸) آیتیں ہیں۔ سورۃ مجادلہ کے بعد اور سورۃ تحریم سے پہلے ایک سو چھ (۱۰۶) یا ایک سو آٹھ (۱۰۸) نمبر پر نازل ہوئی۔

بنی تمیم کے کچھ لوگوں نے آ کر حضرت نبی کریم ﷺ کو حجرے کے پیچھے سے آواز لگائی، اس واقعہ کا اس سورت میں تذکرہ ہے۔

چہار دیواری کے ذریعہ جس کو گھیر لیا جائے اس کو حجرہ کہتے ہیں۔ یہ چہار دیواری دوسروں کو آنے سے ''حجر'' یعنی رکاوٹ کا ذریعہ بنتی ہے اور یہ دیوار بنانے میں ''حجر'' یعنی پتھر کا استعمال ہوتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝۱ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْۤا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ۝۲ اِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰى ؕ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝۳ اِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝۴ وَلَوْ اَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتّٰى تَخْرُجَ اِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۵

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے آگے نہ بڑھا کرو اور تم اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو، یقیناً اللہ تعالیٰ (ہر بات کو) سننے والے، (ہر چیز کو) جاننے والے ہیں ﴿۱﴾ اے ایمان والو! اپنی آوازوں کو نبی کی آواز سے بلند نہ ہونے دو اور اس (نبی) سے بات کرتے ہوئے اس طرح پکار کر نہ بولو جس طرح تم ایک دوسرے سے پکار کر بولتے ہو① کہیں تمھارے اعمال برباد نہ ہو جاویں اور تم کو پتہ بھی نہ چلے ﴿۲﴾ یقین رکھو جو لوگ اللہ تعالیٰ کے رسول (ﷺ) کے سامنے اپنی آوازیں نیچی رکھتے ہیں یہ وہ لوگ ہیں جن کے دلوں کو اللہ تعالیٰ نے تقویٰ کے لیے جانچ لیا ہے، ان کے لیے (بڑی) مغفرت ہے اور بڑا ثواب بھی ﴿۳﴾ (اے نبی!) جو لوگ آپ کو حجروں کے پیچھے (یا باہر) سے آواز دیتے ہیں ان میں سے اکثر کو عقل نہیں ہے ﴿۴﴾ اور اگر وہ لوگ اس وقت تک (ذرا) صبر کرتے جب تک (خود) تم باہر نکل کر ان کے پاس تشریف لے آتے تو یہ ان کے لیے بہتر ہوتا اور اللہ تعالیٰ تو بہت معاف کرنے والے، (سب پر) بہت رحم کرنے والے ہیں ﴿۵﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اور نبی سے بات کرتے ہوئے اس طرح جس طرح تم ایک دوسرے سے کھل کر بات کرتے ہو۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًۢا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ۝۶ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۝۷ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝۸ وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ فَاِنْۢ بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى تَفِيْٓءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝۹ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝۱۰

اے ایمان والو! اگر کوئی فاسق (یعنی گنہگار یا شریر) تمھارے پاس کوئی خبر لے آئے تو (اس کی) اچھی طرح تحقیق کر لیا کرو، کہیں ایسا نہ ہو کہ تم نادانی سے کسی قوم کو نقصان پہنچا بیٹھو، پھر تم اپنے کیے پر پچھتاتے پھرو ﴿۶﴾ اور جان لو کہ تمھارے درمیان اللہ کے رسول موجود ہیں، بہت سی باتیں ایسی ہوتی ہیں کہ ان میں، اگر وہ (رسول) تمھاری بات مان لیں تو (خود) تم بڑی مشکل میں پڑ جاؤ؛ لیکن اللہ نے تمھارے لیے (دل میں) ایمان کی محبت بٹھا دی اور اس کو تمھارے دلوں کے اندر خوش نما بنا دیا اور تمھارے اندر کفر کی اور گناہوں اور نافرمانی کی نفرت بٹھا دی، یہی وہ لوگ ہیں جو سیدھے راستہ پر آچکے ہیں ﴿۷﴾ یہ (سب کچھ) اللہ تعالیٰ کی طرف سے فضل اور نعمت ہے اور اللہ تعالیٰ بڑے جاننے والے، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۸﴾ اور اگر مسلمانوں کے دو فریق آپس میں لڑ پڑے تو (اختلاف ختم کرا کے) ان کے درمیان صلح کرا دو، پھر اگر ان میں سے ایک (فریق) دوسرے پر زیادتی کرے تو جو (فریق) زیادتی کر رہا ہے تم اس سے لڑو، یہاں تک کہ وہ (فریق) اللہ تعالیٰ کے حکم کی طرف لوٹ آئے، پھر اگر وہ (زیادتی کرنے والا فریق) لوٹ آوے تو اُن دونوں کے درمیان انصاف کے ساتھ صلح کرا دو اور تم (ہر حال میں) انصاف کرو، یقیناً اللہ تعالیٰ انصاف کرنے والوں کو پسند فرماتے ہیں ﴿۹﴾ حقیقت تو یہ ہے کہ ایمان والے (آپس میں) بھائی بھائی ہیں؛ اس لیے اپنے دو بھائیوں میں صلح کرا دو اور تم (صلح کرانے میں) اللہ سے ڈرتے رہو؛ تاکہ تم لوگوں پر رحم کیا جاوے ﴿۱۰﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۚ وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ۭ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِيْمَانِ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَتُبْ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝۱۱ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ ۡ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ۭ اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ ۝۱۲ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَاۗىِٕلَ لِتَعَارَفُوْا ۭ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ۝۱۳

اے ایمان والو! مردوں کی کوئی جماعت (دوسرے) مردوں کی کسی جماعت کا مذاق نہ اڑائے، ہوسکتا ہے کہ وہ (جن کا مذاق اڑایا جارہا ہے) ان (مذاق اڑانے والوں) سے (اللہ تعالیٰ کے یہاں) بہتر ہو اور نہ عورتیں دوسری عورتوں کا مذاق اڑائیں، ہوسکتا ہے کہ وہ (جن عورتوں کا مذاق اڑایا جارہا ہے) اُن (مذاق اُڑانے والیوں) سے (اللہ تعالیٰ کے یہاں) بہتر ہوں اور تم ایک دوسرے کو طعنہ نہ دیا کرو اور ایک دوسرے کو برے القاب سے نہ پکارو، ایمان لانے کے بعد فسق (یعنی گناہ) کا نام بہت بُرا ہے اور جو شخص (ایسی عادت سے) توبہ نہیں کرے گا سو وہی لوگ ظلم کرنے والے ہیں ﴿۱۱﴾ اے ایمان والو! بہت گمان کرنے سے بچو؛ کیوں کہ بعض گمان گناہ ہوا کرتے ہیں اور (کسی کے) عیب کی تلاش میں مت لگے رہو اور تم میں سے ایک دوسرے کی غیبت نہ کیا کریں، کیا تم میں کوئی یہ پسند کرتا ہے کہ وہ اپنے مرے ہوئے بھائی کا گوشت کھائے؟ تم (خود) اس کو تو برا سمجھتے ہو اور تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو، یقیناً اللہ تعالیٰ بڑے توبہ قبول کرنے والے، (سب پر) بہت رحم کرنے والے ہیں ﴿۱۲﴾ اے لوگو! حقیقت یہ ہے کہ ہم نے تم سب کو ایک مرد (یعنی آدم) اور ایک عورت (یعنی حوا) سے پیدا کیا ہے اور تم کو مختلف (قوموں کی) شاخوں اور خاندانوں میں اس لیے تقسیم کیا ہے؛ تاکہ تم ایک دوسرے کی پہچان کرسکو، یقیناً اللہ تعالیٰ کے نزدیک تم سب میں بڑا عزت والا وہ ہے جو تم میں سے سب سے زیادہ تقویٰ والا ہو، یقیناً اللہ تعالیٰ بڑے جاننے والے، بڑے خبر رکھنے والے ہیں ﴿۱۳﴾

قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا ؕ قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ قُوْلُوْۤا اَسْلَمْنَا وَلَمَّا یَدْخُلِ الْاِیْمَانُ فِیْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاِنْ تُطِیْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَا یَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ شَیْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۴﴾ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ یَرْتَابُوْا وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓىِٕكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ﴿۱۵﴾ قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ بِدِیْنِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ یَعْلَمُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿۱۶﴾ یَمُنُّوْنَ عَلَیْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا ؕ قُلْ لَّا تَمُنُّوْا عَلَیَّ اِسْلَامَكُمْ ۚ بَلِ اللّٰهُ یَمُنُّ عَلَیْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ لِلْاِیْمَانِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۱۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ یَعْلَمُ غَیْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بَصِیْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸﴾

(بعض) گاؤں (کے رہنے) والے کہتے ہیں کہ: ہم ایمان لے آئے ہیں، تم (اُن سے جواب میں) کہہ دو: تم ایمان تو نہیں لائے ہو، البتہ (یوں) کہو کہ: ہم (کچھ اعمال کی وجہ سے ظاہر میں) مسلمان ہوئے ہیں① اور ابھی تک ایمان تمھارے دلوں میں داخل نہیں ہوا اور اگر تم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی (صحیح طور پر) اطاعت کرو تو (اللہ تعالیٰ) تمھارے اعمال (کے ثواب) میں ذرا بھی کمی نہیں کریں گے، یقیناً اللہ تعالیٰ بڑے معاف کرنے والے (سب پر) بہت رحم کرنے والے ہیں ﴿۱۴﴾ یقیناً (کامل) ایمان والے تو وہ لوگ ہیں جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول پر ایمان لائے، پھر انھوں نے (پوری زندگی اسلام کے بارے میں کبھی) شک نہیں کیا اور اپنے مال (و دولت) اور اپنی جانوں سے اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کیا، وہی لوگ ہیں جو (ایمان کی بابت میں) سچے ہیں ﴿۱۵﴾ (ان گاؤں والوں سے) تم کہو کہ: کیا تم اللہ تعالیٰ کو اپنے دین کی خبر دے رہے ہو؛ حالاں کہ آسمانوں میں جو کچھ ہے اور زمین میں جو کچھ ہے اللہ تعالیٰ جانتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو پوری طرح جانتے ہیں ﴿۱۶﴾ (اے نبی!) یہ لوگ اپنے اسلام لانے کا تم پر احسان جتلاتے ہیں، تم (اُن سے) کہہ دو کہ: اپنے اسلام لانے کا مجھ پر احسان مت جتلاؤ؛ بلکہ اگر تم (اپنے ایمان کے دعوے میں) سچے ہو تو یہ اللہ تعالیٰ کا تم پر احسان ہے کہ اس نے تم کو ایمان کی ہدایت دی ﴿۱۷﴾ یقیناً اللہ تعالیٰ آسمانوں اور زمین کی ہر چھپی چیز کو جانتے ہیں اور جو کام تم لوگ کر رہے ہو اللہ تعالیٰ اچھی طرح دیکھ رہے ہیں ﴿۱۸﴾

---

①(دوسرا ترجمہ) لیکن ایسا کہو کہ: ہم (مخالفت چھوڑ کر) بات ماننے والے بن گئے ہیں۔

سورۃ ق

(المکیۃ)

اٰیاتھا:۴۵۔رکوعاتھا:۳۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں پینتالیس (۴۵) آیتیں ہیں۔سورۃ مرسلات کے بعد اور سورۃ بلد سے پہلے چونتیس (۳۴) یا انتالیس (۳۹) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت کے شروع ہی میں "ق" حروف مقطعات میں سے ہے۔

نبیٔ کریم ﷺ اس سورت کو جمعہ اور عیدین کی نمازوں میں پڑھتے تھے، اسی طرح جمعہ کے خطبے میں بھی پڑھتے تھے، فجر کی نماز میں بھی اس کو پڑھتے تھے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

قٓ ۚ وَالۡقُرۡاٰنِ الۡمَجِيۡدِ ۚ﴿۱﴾ بَلۡ عَجِبُوۡۤا اَنۡ جَآءَهُمۡ مُّنۡذِرٌ مِّنۡهُمۡ فَقَالَ الۡكٰفِرُوۡنَ هٰذَا شَىۡءٌ عَجِيۡبٌ ۚ﴿۲﴾ ءَاِذَا مِتۡنَا وَكُنَّا تُرَابًا ۚ ذٰلِكَ رَجۡعٌۢ بَعِيۡدٌ ﴿۳﴾ قَدۡ عَلِمۡنَا مَا تَنۡقُصُ الۡاَرۡضُ مِنۡهُمۡ ۚ وَعِنۡدَنَا كِتٰبٌ حَفِيۡظٌ ﴿۴﴾ بَلۡ كَذَّبُوۡا بِالۡحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمۡ فَهُمۡ فِىۡۤ اَمۡرٍ مَّرِيۡجٍ ﴿۵﴾ اَفَلَمۡ يَنۡظُرُوۡۤا اِلَى السَّمَآءِ فَوۡقَهُمۡ كَيۡفَ بَنَيۡنٰهَا وَزَيَّنّٰهَا وَمَا لَهَا مِنۡ فُرُوۡجٍ ﴿۶﴾ وَالۡاَرۡضَ مَدَدۡنٰهَا وَاَلۡقَيۡنَا فِيۡهَا رَوَاسِىَ وَاَنۡۢبَتۡنَا فِيۡهَا مِنۡ كُلِّ زَوۡجٍۢ بَهِيۡجٍ ۙ﴿۷﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

ق، قسم ہے قرآن مجید کی① ﴿۱﴾ (نبوت کا انکار کرنے کی ان کے پاس کوئی دلیل نہیں ہے) بلکہ اُن (کافروں) کو اس بات پر تعجب ہوا کہ اُن کے پاس انھیں (انسانوں) میں سے (ایمان نہ لانے پر عذاب سے) ایک ڈرانے والا (کیسے) آ گیا؟ اس پر (یہ) کافر لوگ کہنے لگے: یہ تو بڑی عجیب بات ہے ﴿۲﴾ کیا جب ہم مر جائیں گے اور ہم مٹی ہو جائیں گے (اس وقت پھر سے ہم کو زندہ کیا جائے گا؟) یہ دوبارہ زندہ ہونا تو (ہماری سمجھ سے) بہت دور کی بات ہے ﴿۳﴾ حقیقت یہ ہے کہ زمین ان کے (بدن کے) جن حصوں کو (کھا کر) گھٹا دیتی ہے ہم اس کو (اچھی طرح) جانتے ہیں اور ہمارے پاس ایک کتاب ہے جس میں سب کچھ محفوظ ہے ﴿۴﴾ بلکہ (بات یہ ہے کہ) جب حق ان کے پاس پہنچا تو (اسی وقت) انھوں نے اس کو جھٹلا دیا تھا، غرض یہ کہ وہ لوگ ایک الجھی ہوئی بات میں پڑے ہوئے ہیں② ﴿۵﴾ بھلا کیا انھوں نے اپنے اوپر آسمان کو نہیں دیکھا کہ ہم نے اس کو کیسے (اونچا اور بڑا) بنایا ہے اور ہم نے اس کو رونق (یعنی خوب صورتی) دی ہے اور اس میں (کہیں) کسی قسم کے سوراخ (یا رخنے یعنی پھٹن) نہیں ﴿۶﴾ اور ہم نے زمین کو پھیلا دیا ہے اور اس (زمین) میں (پہاڑ کے) بھاری بوجھ ڈال دیے ہیں اور اس میں ہر قسم کی خوش نما چیزیں اگائی ہیں ﴿۷﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) بڑی شان والے قرآن کی قسم [تیسرا] قسم ہے اس قرآن شریف کی۔

② نبی کریم ﷺ اور قرآن کو کبھی شاعر و شاعری، کبھی جادوگر، جادو اس طرح الگ الگ باتیں کہتے رہتے ہیں۔

تَبْصِرَةً وَّذِكْرٰى لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ۝ وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَكًا فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ جَنّٰتٍ وَّحَبَّ الْحَصِيْدِ ۝ وَالنَّخْلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلْعٌ نَّضِيْدٌ ۝ رِّزْقًا لِّلْعِبَادِ ۙ وَاَحْيَيْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا ؕ كَذٰلِكَ الْخُرُوْجُ ۝ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّاَصْحٰبُ الرَّسِّ وَثَمُوْدُ ۝ وَعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ وَاِخْوَانُ لُوْطٍ ۝ وَّاَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ وَقَوْمُ تُبَّعٍ ؕ كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيْدِ ۝ اَفَعَيِيْنَا بِالْخَلْقِ الْاَوَّلِ ؕ بَلْ هُمْ فِيْ لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۝

تاکہ اللہ تعالیٰ سے لو لگانے والے ہر بندے کے لیے (توحید کو) سمجھنے کا ذریعہ بنے اور نصیحت کا سامان بنے ① ﴿۸﴾ اور ہم نے آسمان سے برکت والا پانی اتارا، پھر ہم نے اس (پانی) سے باغات اور اناج کے دانے اگائے جس کا کھیت کاٹا جاتا ہے ﴿۹﴾ اور کھجور کے اونچے اونچے درخت (اگائے) کہ جن کے خوشے تہہ بہ تہہ ہوتے ہیں ② ﴿۱۰﴾ (یہ سب کچھ) بندوں کو رزق دینے کے لیے (اگایا ہے) اور (اسی طرح) ہم نے اس (پانی) سے ایک مردہ پڑے ہوئے شہر کو زندہ کر دیا، اسی طرح (مردوں کو زندہ ہو کر مٹی سے) نکلنا ہوگا ﴿۱۱﴾ اِن (مکہ کے کافروں) سے پہلے نوح کی قوم اور کنویں والوں اور ثمود نے بھی (رسولوں کو) جھٹلایا تھا ﴿۱۲﴾ اور عاد اور فرعون اور لوط کے بھائیوں نے (یعنی برادرانِ وطن نے) ﴿۱۳﴾ اور ایکہ والوں نے اور تبع کی قوم نے بھی اِن سب نے رسولوں کو جھٹلایا تھا؛ اس لیے میرے عذاب کا وعدہ (اُن پر) پورا ہو کر رہا ③ ﴿۱۴﴾ بھلا کیا ہم پہلی بار پیدا کر کے تھک گئے ہیں (ایسی بات نہیں) بلکہ یہ لوگ نئی پیدائش کے بارے میں دھوکے (یعنی شک) میں (پڑے ہوئے) ہیں ﴿۱۵﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ سے لو لگانے والے ہر بندے کے لیے (دل کی) آنکھیں کھولنے کا اور نصیحت کا ذریعہ بنے۔

② (دوسرا ترجمہ) جن کے گچھے خوب ملے ہوئے ہوتے ہیں۔

(تیسرا ترجمہ) ان کا گھا بھا خوب گھنا ہوا ہوتا ہے۔

③ (دوسرا ترجمہ) اس لیے میں نے جس عذاب کی دھمکی دی تھی وہ (ان پر) آپکی ہو کر کے رہی۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهٖ نَفْسُهٗ ۚۖ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ ﴿۱۶﴾ اِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيٰنِ عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيْدٌ ﴿۱۷﴾ مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ ﴿۱۸﴾ وَجَآءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيْدُ ﴿۱۹﴾ وَنُفِخَ فِى الصُّوْرِ ؕ ذٰلِكَ يَوْمُ الْوَعِيْدِ ﴿۲۰﴾ وَجَآءَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا سَآئِقٌ وَّشَهِيْدٌ ﴿۲۱﴾ لَقَدْ كُنْتَ فِىْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ﴿۲۲﴾

اور پکی بات یہ ہے کہ انسان کو ہم (ہی) نے پیدا کیا ہے اور جو باتیں اس کے دل میں آتی رہتی ہیں ان (خیالات) کو بھی ہم جانتے ہیں اور ہم دھڑکتی رگ (یعنی شہ رگ، جس رگ میں جان ہوتی ہے) سے بھی زیادہ اس (انسان) کے قریب ہیں ﴿۱۶﴾ اس وقت بھی جب (انسان کے عمال کو) لکھنے والے دو فرشتے لکھ رہے ہوتے ہیں ایک دائیں جانب دوسرا بائیں جانب بیٹھا ہوتا ہے[۱] ﴿۱۷﴾ انسان کوئی لفظ بھی (زبان سے) بول نہیں پاتا؛ مگر اس کے پاس ایک انتظار کرنے والا (یعنی نگران فرشتہ) بالکل تیار (رہتا) ہے ﴿۱۸﴾ اور موت کی سختی سچ مچ آنے ہی والی ہے، (اے انسان!) یہی تو وہ چیز ہے جس سے تو بچتا پھرتا تھا[۲] ﴿۱۹﴾ اور صور پھونکا جائے گا، یہی وہ دن ہے جس سے ڈرایا جاتا تھا ﴿۲۰﴾ اور ہر شخص اس طرح آئے گا کہ اس کے ساتھ (ایک میدانِ قیامت میں) ہانک کر لانے والا (فرشتہ) اور (دوسرا اس کے ساتھ) گواہی دینے والا ہوگا ﴿۲۱﴾ (اور کہا جائے گا) پکی بات یہ ہے کہ تو اس (قیامت کے دن) سے غفلت میں (پڑا ہوا) تھا اب ہم نے تجھ پر سے تیرا پردہ ہٹا دیا ہے[۳] سو آج تیری نظر خوب تیز ہوگئی[۴] ﴿۲۲﴾

---

[۱] (دوسرا ترجمہ) جب دائیں اور بائیں جانب بیٹھے دو (فرشتے اعمال کو) لکھ کر لیتے رہتے ہیں [تیسرا] جب دو لینے والے (فرشتے) انسان جس عمل میں بھی ہوتا ہے اس کو لیتے رہتے ہیں جو دائیں اور بائیں طرف بیٹھے رہتے ہیں۔

[۲] (دوسرا ترجمہ) بھاگتا پھرتا تھا۔

[۳] یعنی سے غفلت اور قیامت سے انکار کا پردہ مراد ہے۔

[۴] اس لیے اب قیامت کے مناظر دیکھنے میں کوئی رکاوٹ نہیں رہی۔

وَقَالَ قَرِيْنُهٗ هٰذَا مَا لَدَيَّ عَتِيْدٌ ؕ﴿۲۳﴾ اَلْقِيَا فِيْ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ ۙ﴿۲۴﴾ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيْبِ ۙ﴿۲۵﴾ الَّذِيْ جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَاَلْقِيٰهُ فِي الْعَذَابِ الشَّدِيْدِ ﴿۲۶﴾ قَالَ قَرِيْنُهٗ رَبَّنَا مَاۤ اَطْغَيْتُهٗ وَلٰكِنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍۭ بَعِيْدٍ ﴿۲۷﴾ قَالَ لَا تَخْتَصِمُوْا لَدَيَّ وَقَدْ قَدَّمْتُ اِلَيْكُمْ بِالْوَعِيْدِ ﴿۲۸﴾ مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ وَمَاۤ اَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۲۹﴾

يَوْمَ نَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَاْتِ وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَّزِيْدٍ ﴿۳۰﴾ وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ غَيْرَ بَعِيْدٍ ﴿۳۱﴾

اور جو (فرشتہ) اس کے ساتھ رہتا تھا وہ کہے گا کہ: یہ وہ (اعمال نامہ) ہے جو میرے پاس تیار ہے① ﴿۲۳﴾ (فرشتوں کو حکم دیا جائے گا کہ) تم دونوں ہر ایسے شخص کو جہنم میں ڈال دو جو کٹر کافر (حق کا) پکا دشمن تھا ﴿۲۴﴾ جو (دوسروں کو) بھلائی سے روکنے کا عادی تھا (جو بندگی کی) حد سے باہر جانے والا② (دین میں) شک پیدا کرنے والا تھا ﴿۲۵﴾ جس نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ دوسرا معبود بنا رکھا تھا؛ لہٰذا تم دونوں اس (شخص) کو سخت عذاب میں ڈال دو ﴿۲۶﴾ اس کا ساتھی (یعنی شیطان) بولے گا: اے ہمارے رب! میں نے تو اس کو گمراہ نہیں کیا تھا③ لیکن وہ خود گمراہی میں دور پڑا ہوا تھا ﴿۲۷﴾ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: میرے سامنے تم جھگڑے (کی باتیں) مت کرو اور میں پہلے ہی تمہارے پاس عذاب کا وعدہ (یعنی دھمکی) بھیج چکا تھا ﴿۲۸﴾ میرے سامنے بات بدلی نہیں جا سکتی اور میں بندوں پر ذرا بھی ظلم نہیں کرتا ہوں ﴿۲۹﴾

(اے نبی! وہ وقت یاد رکھنے کے لائق ہے) جس دن ہم جہنم سے کہیں گے: کیا تو بھر چکی؟ اور وہ بولے گی: کیا کچھ اور بھی ہے؟④ ﴿۳۰﴾ اور جنت تقویٰ والوں کے لیے اتنی نزدیک کر دی جائے گی کہ وہ کچھ بھی دور نہیں رہے گی ﴿۳۱﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اور اس کا ساتھی کہے گا: یہ وہ (اعمال نامہ) ہے جو میرے پاس تھا حاضر ہے۔

② (دوسرا ترجمہ) (شریعت کی حد میں) زیادتی کرنے والا۔

③ (دوسرا ترجمہ) میں نے اس کو شرارت میں نہیں ڈالا تھا۔

④ (دوسرا ترجمہ) کیا کچھ زیادہ بھی ہے۔

هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِيْظٍ ۝ مَنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِيْبِ ۝ ادْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ ؕ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُوْدِ ۝ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ فِيْهَا وَلَدَيْنَا مَزِيْدٌ ۝ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَشَدُّ مِنْهُمْ بَطْشًا فَنَقَّبُوْا فِى الْبِلَادِ ؕ هَلْ مِنْ مَّحِيْصٍ ۝ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِمَنْ كَانَ لَهٗ قَلْبٌ اَوْ اَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيْدٌ ۝ وَلَقَدْ خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ۖ وَّمَا مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ ۝ فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ ۝

(اور کہا جائے گا کہ) یہی وہ (جنت) ہے جس کا تم سے دنیا میں وعدہ کیا گیا تھا ہر اس شخص کے لیے جو (اللہ تعالیٰ سے) خوب لو لگانے والا (اور اللہ تعالیٰ کے حقوق کی) حفاظت کرنے والا ہو① ﴿۳۲﴾ جو رحمٰن سے بغیر دیکھے ڈرتا ہو اور (اللہ تعالیٰ کی طرف) انابت (یعنی رجوع ہونے) والا دل لے کر آیا ہو ﴿۳۳﴾ تم سب اس (جنت) میں سلامتی سے داخل ہو جاؤ، یہ ہمیشہ کی زندگی (کے فیصلے) کا دن ہوگا ﴿۳۴﴾ ان (جنتیوں) کے واسطے اس (جنت) میں جو وہ چاہیں گے وہ ملے گا اور ہمارے پاس اس سے بھی زیادہ ہے② ﴿۳۵﴾ اور ہم ان (مکہ کے کافروں) سے پہلے کتنی قوموں کو ہلاک کر چکے ہیں جن کی طاقت ان (مکہ والوں) سے زیادہ سخت تھی، پھر وہ بہت سارے شہروں میں تلاش کرتے پھرے کہ کیا (ان کے لیے) کوئی بھاگنے کی جگہ ہے؟ ﴿۳۶﴾ یقیناً اس میں اس شخص کے لیے بڑی نصیحت (یعنی عبرت) ہے جس کے پاس (حق سمجھنے والا) دل ہو یا پورے دھیان کے ساتھ (سننے کے لیے) کان لگا دیتا ہو ﴿۳۷﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور ان کے درمیان کی چیزوں کو چھ دن میں پیدا کیا ہے اور ہم کو تھکان نے چھوا تک نہیں③ ﴿۳۸﴾ سو (اے نبی!) یہ (کافر لوگ) جو کچھ کہہ رہے ہیں اس پر تم صبر کرو اور سورج نکلنے سے پہلے اور سورج ڈوبنے سے پہلے اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرو ﴿۳۹﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) جو (معاصی سے) بہت رجوع کرنے والا ہو (اور اعمال کی) پابندی کرنے والا ہو۔

② جنتیوں کی چاہی ہوئی نعمتوں سے بھی زیادہ اللہ تعالیٰ ایسی نعمتیں عطا فرمائیں گے (جہاں) اس جنتی کا ذہن کبھی بھی نہیں گیا ہوگا۔ ③ (دوسرا ترجمہ) اور ہم کو تھکان بھی نہیں ہوئی۔

وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ۝ وَاسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ۝ يَّوْمَ يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوْجِ۝ اِنَّا نَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَاِلَيْنَا الْمَصِيْرُ۝ يَوْمَ تَشَقَّقُ الْاَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا ؕ ذٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيْرٌ۝ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ وَمَاۤ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ ۟ فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ مَنْ يَّخَافُ وَعِيْدِ۝

اور رات کے کچھ حصوں میں بھی اس کی تسبیح کرو اور سجدوں (یعنی نماز) کے بعد بھی (تسبیح کرو)① ﴿۴۰﴾ اور (اس دن کی بات) ذرا دھیان سے سن جس دن ایک پکارنے والا قریب کی جگہ سے پکارے گا② ﴿۴۱﴾ جس دن لوگ یقینی طور پر پکار کی آواز سن لیں گے③ یہ (دن قبروں سے) نکلنے کا دن ہوگا ﴿۴۲﴾ یقیناً ہم ہی زندگی دیتے ہیں اور ہم ہی موت دیتے ہیں اور سب کو ہم تک پہنچنا ہے، ﴿۴۳﴾ جس دن زمین ان (مردوں) پر پھٹ پڑے گی④ کہ وہ جلدی سے نکلتے ہوں گے⑤ یہ (زندہ کرکے) جمع کرنا ہمارے لیے آسان ہوگا ﴿۴۴﴾ وہ (کافر) جو باتیں کرتے ہیں ہم ان کو خوب جانتے ہیں اور (اے نبی!) تم ان پر (دین کے خاطر) زبردستی کرنے والے نہیں ہو لہٰذا تم قرآن کے ذریعہ سے ہر اس شخص کو نصیحت کرتے رہو جو میری وعید سے ڈرتا ہے ﴿۴۵﴾

---

① فرض کے بعد سنن ونوافل کا اہتمام کرو اور فرض نماز کے بعد کی تسبیحات پڑھنا بھی مراد ہو سکتا ہے۔

② حضرت اسرافیل علیہ السلام جب صور پھونکیں گے تو اس کی آواز ایسی بھیانک ہوگی کہ ہر ایک کو نہایت قریب سے وہ آواز آتی ہوئی معلوم ہوگی۔

③ (دوسرا ترجمہ) جس دن لوگ سچ مچ پکار کی آواز سن لیں گے۔

④ (دوسرا ترجمہ) اس دن زمین (ان مُردوں) پر سے کھل جائے گی۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) کہ وہ (قبر سے قیامت کے میدان کی طرف) دوڑتے ہوں گے۔

❁❁❁

سورۃ الذاریات

(المکیۃ)

اٰیاتھا:٦٠۔رکوعاتھا:٣۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں ساٹھ (٦٠) آیتیں ہیں۔سورۃ احقاف کے بعد اور سورۃ غاشیہ سے پہلے چھیاسٹھ (٦٦) یا (٦٧) نمبر پر نازل ہوئی۔

جو ہوائیں غبار اور ذرات کو بکھیرتی ہیں اس کو "ذاریات" کہا جاتا ہے اور سورت کی پہلی آیت میں اس کی قسم کھائی گئی ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

وَالذّٰرِیٰتِ ذَرۡوًا ۙ﴿۱﴾ فَالۡحٰمِلٰتِ وِقۡرًا ۙ﴿۲﴾ فَالۡجٰرِیٰتِ یُسۡرًا ۙ﴿۳﴾ فَالۡمُقَسِّمٰتِ اَمۡرًا ۙ﴿۴﴾ اِنَّمَا تُوۡعَدُوۡنَ لَصَادِقٌ ۙ﴿۵﴾ وَّ اِنَّ الدِّیۡنَ لَوَاقِعٌ ؕ﴿۶﴾ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الۡحُبُکِ ۙ﴿۷﴾ اِنَّکُمۡ لَفِیۡ قَوۡلٍ مُّخۡتَلِفٍ ۙ﴿۸﴾ یُّؤۡفَکُ عَنۡہُ مَنۡ اُفِکَ ؕ﴿۹﴾ قُتِلَ الۡخَرّٰصُوۡنَ ۙ﴿۱۰﴾ الَّذِیۡنَ ہُمۡ فِیۡ غَمۡرَۃٍ سَاہُوۡنَ ۙ﴿۱۱﴾ یَسۡـَٔلُوۡنَ اَیَّانَ یَوۡمُ الدِّیۡنِ ؕ﴿۱۲﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

قسم ہے ان (ہواؤں) کی جو (غبار وغیرہ کو) اڑا کر بکھیر دیتی ہیں ﴿۱﴾ پھر ان کی قسم جو بوجھ اٹھانے والیاں ہیں ﴿۲﴾ پھر نرمی (یعنی آسانی) سے چلنے والیوں کی قسم ﴿۳﴾ پھر ان کی قسم جو حکم سے تقسیم کرتی ہیں ﴿۴﴾ کہ یقیناً تم سے جو (قیامت کا) وعدہ کیا جا رہا ہے وہ سچ ہے① ﴿۵﴾ اور بیشک انصاف کا ہونا یقینی چیز ہے② ﴿۶﴾ قسم ہے راستوں والے آسمان کی③ ﴿۷﴾ کہ تم لوگ مختلف باتیں کرنے میں لگے ہوئے ہو④ ﴿۸﴾ اس (قیامت کو ماننے) سے وہی پھرتا ہے جس کو (سعادت سے) پھیر دیا گیا⑤ ﴿۹﴾ جو لوگ (عقیدوں کے متعلق) تخمینے لگاتے ہیں⑥ (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) ہلاک کر دیے جاویں ﴿۱۰﴾ جو غفلت میں ایسے (ڈوبے) ہیں کہ (سب کچھ) بھول رہے ہیں ﴿۱۱﴾ وہ پوچھتے ہیں کہ انصاف (یعنی جزا، سزا) کا دن کب ہوگا ﴿۱۲﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) وہ یقینی طور پر ہونے والا ہے۔

② (دوسرا ترجمہ) اور (اعمال کا) بدلہ یقیناً ملنے والا ہے۔

③ آسمان میں فرشتوں کے لیے آنے جانے کے لیے راستے بنے ہوئے ہیں، اسی طرح آسمان کے نیچے کھلی فضا میں ستاروں کے راستے بھی متعین ہیں۔

④ آخرت اور قرآن کے متعلق کفار متضاد باتیں کرتے ہیں۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) (اس نبی، قرآن یا آخرت) کو ماننے سے وہی منہ پھرتا ہے جس کو (ہدایت سے) پھیر دیا گیا ہے۔

(تیسرا ترجمہ) جو (حق سے) بالکل ہی پھرا ہوا ہوتا ہے۔

⑥ (دوسرا ترجمہ) اٹکل کی باتیں کرتے ہیں۔

يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُونَ۝ ذُوْقُوْا فِتْنَتَكُمْ ؕ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ۝ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ۝ اٰخِذِيْنَ مَاۤ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُحْسِنِيْنَ۝ كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ۝ وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ۝ وَفِيْۤ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ۝ وَفِي الْاَرْضِ اٰيٰتٌ لِّلْمُوْقِنِيْنَ۝ وَفِيْۤ اَنْفُسِكُمْ ؕ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ۝ وَفِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ۝ فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَاۤ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ۝

جس دن وہ لوگ آگ پر تپائے جائیں گے① ﴿۱۳﴾ (اور کہا جائے گا کہ) تم اپنی شرارت کا مزہ چکھو، یہی تو وہ (عذاب) ہے جس کو تم جلدی مانگا کرتے تھے ﴿۱۴﴾ یقیناً تقویٰ والے لوگ باغیچوں اور چشموں میں ہوں گے ﴿۱۵﴾ (اس طرح) ان کے رب نے جو کچھ ان کو دیا اس کو وہ (خوشی خوشی) لے رہے ہوں گے؛ اس لیے کہ وہ اس (آخرت) سے پہلے ہی نیک عمل کرنے والے تھے ﴿۱۶﴾ وہ رات کے وقت کم سوتے تھے ﴿۱۷﴾ اور رات کے آخری حصہ میں وہ استغفار کیا کرتے تھے ﴿۱۸﴾ اور ان کے مال و دولت میں سوال کرنے والوں کا اور محروم② لوگوں کا حق ہوتا تھا③ ﴿۱۹﴾ اور یقین کرنے والوں کے لیے زمین میں (اللہ تعالیٰ کی قدرت کی) بہت ساری نشانیاں ہیں ﴿۲۰﴾ اور خود تمھاری ذات میں بھی (نشانیاں موجود ہیں) کیا پھر بھی تم کو دکھائی نہیں دیتا؟④ ﴿۲۱﴾ اور آسمان ہی میں تمھارا رزق اور جو تم سے (جنت، جہنم اور عذاب کا) وعدہ کیا جاتا ہے وہ سب کچھ ہے ﴿۲۲﴾ سو آسمان اور زمین کے رب کی قسم! (قیامت کی) یہ بات بالکل ایسی ہی حق ہے جیسی کہ تم بول رہے ہو ﴿۲۳﴾

① (دوسرا ترجمہ) جس دن وہ آگ پر الٹے سیدھے پڑیں گے۔

② یعنی سوال سے بچنے والے واقعی محتاج۔

③ زکوٰۃ و صدقات ضرورت مندلوگوں کا حق ہے جو حق پہنچانے کی مال والوں کو توفیق ہو رہی ہے، ورنہ ان ضرورت مندوں پر مال والوں کا کوئی احسان نہیں ہے۔

④ (دوسرا ترجمہ) پھر بھی تم کو سمجھ میں نہیں آتا۔

هَلْ اَتٰىكَ حَدِیْثُ ضَیْفِ اِبْرٰهِیْمَ الْمُكْرَمِیْنَۘ۝۲۴ اِذْ دَخَلُوْا عَلَیْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًاؕ قَالَ سَلٰمٌۚ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَۚ۝۲۵ فَرَاغَ اِلٰۤى اَهْلِهٖ فَجَآءَ بِعِجْلٍ سَمِیْنٍۙ۝۲۶ فَقَرَّبَهٗۤ اِلَیْهِمْ قَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ٘۝۲۷ فَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِیْفَةًؕ قَالُوْا لَا تَخَفْؕ وَ بَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِیْمٍ۝۲۸ فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِیْ صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَ قَالَتْ عَجُوْزٌ عَقِیْمٌ۝۲۹ قَالُوْا كَذٰلِكِۙ قَالَ رَبُّكِؕ اِنَّهٗ هُوَ الْحَكِیْمُ الْعَلِیْمُ۝۳۰

(اے نبی!) کیا ابراہیم کے عزت والے مہمانوں کا واقعہ تم کو پہنچا ہے؟﴿۲۴﴾ جب وہ (مہمان) اس (ابراہیم) کے پاس آئے تو انھوں نے سلام کہا، (اس پر) ابراہیم نے بھی (جواب میں) سلام کہا (اور ابراہیم دل میں یا کسی سے یوں کہنے لگے کہ): یہ انجان (یعنی اجنبی) لوگ ہیں ﴿۲۵﴾ پھر وہ (ابراہیم) خاموشی سے اپنے گھر والوں کے پاس گئے اور ایک موٹا بچھڑا (بھونا ہوا) لے کر آئے ﴿۲۶﴾ پھر وہ (بچھڑا) ان کے سامنے رکھا (اور) کہا کہ: تم لوگ کھاتے کیوں نہیں؟ ﴿۲۷﴾ پھر وہ (ابراہیم) اپنے دل میں ان سے ڈرنے لگے (تب) ان مہمانوں نے کہا کہ: آپ ڈریئے نہیں اور انھوں نے اس (ابراہیم) کو ایک بڑے عالم لڑکے (یعنی اسحاق) کی خوش خبری دی ﴿۲۸﴾ اتنے میں اس (ابراہیم) کی بیوی (سارہ) زور سے بولتی ہوئی آئی اور اس نے اپنے چہرے پر ہاتھ مارا اور کہنے لگی کہ: (کیا) ایک بڑھیا (جو) بانجھ (بھی ہو کیا وہ بچہ جنے گی؟) ﴿۲۹﴾ وہ (مہمان) کہنے لگے کہ: تیرے رب نے اسی طرح فرمایا ہے، یقیناً وہ اللہ بڑی حکمت والے، بڑے جاننے والے ہیں ﴿۳۰﴾

❁❁❁

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۳۱﴾ قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ﴿۳۲﴾ لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ طِيْنٍ ﴿۳۳﴾ مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۴﴾ فَاَخْرَجْنَا مَنْ كَانَ فِيْهَا مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۵﴾ فَمَا وَجَدْنَا فِيْهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۳۶﴾ وَتَرَكْنَا فِيْهَآ اٰيَةً لِّلَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿۳۷﴾ وَفِيْ مُوْسٰٓى اِذْ اَرْسَلْنٰهُ اِلٰى فِرْعَوْنَ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۸﴾ فَتَوَلّٰى بِرُكْنِهٖ وَقَالَ سٰحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿۳۹﴾ فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِى الْيَمِّ وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿۴۰﴾ وَفِيْ عَادٍ اِذْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيْحَ الْعَقِيْمَ ﴿۴۱﴾

ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا: اے (اللہ تعالیٰ کے) بھیجے ہوئے فرشتو! تم کس مہم (یعنی مشن) پر ہو؟ ﴿۳۱﴾ اُنہوں نے جواب دیا کہ: ہم ایک مجرم قوم (یعنی قومِ لوط) کے پاس بھیجے گئے ہیں ﴿۳۲﴾ تاکہ ہم ان پر مٹی کے پتھر برسائے ﴿۳۳﴾ ان (پتھروں) پر حد سے گزرے ہوئے لوگوں کے لیے تمہارے رب کے پاس سے خاص نشان بھی لگا ہوگا ﴿۳۴﴾ پھر (جب عذاب کا وقت آیا تب) اس (بستی) میں جتنے ایمان والے تھے ہم نے ان کو (وہاں سے بچا کر) نکال دیا ﴿۳۵﴾ اور ہم نے اس (بستی) میں مسلمانوں کے ایک گھر کے سوا اور کوئی گھر نہیں پایا ﴿۳۶﴾ اور ہم نے اس (برباد ہو چکی بستی) میں ایسے لوگوں کے لیے (عبرت کی) ایک نشانی چھوڑ دی جو دردناک عذاب سے ڈرتے ہیں ﴿۳۷﴾ اور موسیٰ (کے قصے) میں بھی (ہم نے ایسی ہی نشانی چھوڑی) ﴿۳۸﴾ جب ہم نے اس (موسیٰ) کو فرعون کے پاس کھلی دلیل کے ساتھ بھیجا تھا، پھر اس (فرعون) نے اپنے طاقت کے بل پر منہ موڑ لیا① اور وہ (فرعون) کہنے لگا: یہ (موسیٰ) یا تو جادوگر ہے یا دیوانہ ہے ﴿۳۹﴾ پھر ہم نے اس (فرعون) کو اور اس کے لشکر کو پکڑ کر سب کو سمندر میں پھینک دیا اور وہ ملامت کے لائق تھا② ﴿۴۰﴾ اور عاد کی قوم میں بھی (ہم نے ایسی ہی نشانی چھوڑی تھی) جب ہم نے ان پر ایسی آندھی بھیجی جو خیر (یعنی ہر قسم کے نفع اور برکت) سے خالی تھی ﴿۴۱﴾

---

① [دوسرا ترجمہ] پھر فرعون نے اپنی حکومت کے امیروں کے ساتھ منہ موڑ لیا۔

② [دوسرا ترجمہ] اس نے کام ہی ملامت کا کیا تھا (یعنی بربادی کا الزام اس پر ہے)۔

مَا تَذَرُ مِنْ شَیْءٍ اَتَتْ عَلَیْهِ اِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِیْمِ ﴿۴۲﴾ وَفِیْ ثَمُوْدَ اِذْ قِیْلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوْا حَتّٰی حِیْنٍ ﴿۴۳﴾ فَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ وَهُمْ یَنْظُرُوْنَ ﴿۴۴﴾ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مِنْ قِیَامٍ وَّمَا كَانُوْا مُنْتَصِرِیْنَ ﴿۴۵﴾ وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِیْنَ ﴿۴۶﴾

وَالسَّمَآءَ بَنَیْنٰهَا بِاَیْىدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَمِنْ كُلِّ شَیْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَیْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۹﴾ فَفِرُّوْۤا اِلَی اللّٰهِ ؕ اِنِّیْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۵۰﴾

وہ (آندھی) جس کسی چیز پر سے گزرتی تھی اس کو چورا چورا جیسا کر کے چھوڑتی تھی ﴿۴۲﴾ اور ثمود میں بھی (ایسی ہی نشانی چھوڑی تھی) جب ان سے کہا گیا تھا کہ تھوڑے وقت تک مزہ اڑا لو ﴿۴۳﴾ اس پر بھی انھوں نے اپنے رب کا حکم ماننے سے شرارت اختیار کی① پھر ایک ہولناک کڑک نے آ کر ان کو پکڑ لیا اور وہ دیکھتے رہ گئے② ﴿۴۴﴾ انجام یہ ہوا کہ وہ کھڑے بھی نہیں ہو سکے اور اپنا بچاؤ بھی نہیں کر سکے③ ﴿۴۵﴾ اور ان (قوموں) سے پہلے نوح علیہ السلام کی قوم کو بھی (ہم ہلاک کر چکے تھے) یقین جانو! وہ (بھی) بڑے نافرمان لوگ تھے ﴿۴۶﴾

اور آسمان کو ہم نے (اپنی) قدرت سے بنایا ہے اور یقیناً ہم (خود) ہی (آسمان میں) وسعت پیدا کرنے والے ہیں④ ﴿۴۷﴾ اور زمین کو ہم نے ہی بچھایا ہے، سو ہم بہت اچھا بچھانے والے ہیں ﴿۴۸﴾ اور ہر چیز کے ہم نے جوڑے پیدا کیے؛ تاکہ تم دھیان دو⑤ ﴿۴۹﴾ سو تم اللہ تعالیٰ کی طرف دوڑو⑥ یقیناً میں تم سب کے لیے اس (اللہ تعالیٰ) کی طرف سے کھلم کھلا ڈرانے والا ہوں ﴿۵۰﴾

---

① یعنی مہلت ملی پھر بھی تکبر کرتے رہے۔

② [دوسرا ترجمہ] پھر ان کے دیکھتے ہی دیکھتے ایک ہولناک کڑک نے آ کر پکڑ لیا۔

③ [دوسرا ترجمہ] ہم سے بدلہ بھی نہ لے سکے۔ ④ [دوسرا ترجمہ] اور ہم تو بڑی قدرت والے ہیں۔

⑤ [دوسرا ترجمہ] تاکہ تم سمجھ سے کام لو [تیسرا] تاکہ تم نصیحت حاصل کرو۔

⑥ یعنی توحید کے دلائل اور سابقہ امتوں کے واقعات میں غور کر کے توحید اور اطاعت کی طرف پورے متوجہ ہو جاؤ، گناہوں کو چھوڑ کر توبہ میں جلدی کرو، معاصی کی دعوت دینے والوں سے دور بھاگو اور اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں رہو۔

وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۭ اِنِّیْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ۝ كَذٰلِكَ مَاۤ اَتَى الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا قَالُوْا سَاحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ۝ اَتَوَاصَوْا بِهٖ ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ۝ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ فَمَاۤ اَنْتَ بِمَلُوْمٍ ۝ وَّذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِیْنَ ۝ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ ۝ مَاۤ اُرِیْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ وَّمَاۤ اُرِیْدُ اَنْ یُّطْعِمُوْنِ ۝ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِیْنُ ۝ فَاِنَّ لِلَّذِیْنَ ظَلَمُوْا ذَنُوْبًا مِّثْلَ ذَنُوْبِ اَصْحٰبِهِمْ فَلَا یَسْتَعْجِلُوْنِ ۝ فَوَیْلٌ لِّلَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ یَّوْمِهِمُ الَّذِیْ یُوْعَدُوْنَ ۝

اور تم اللہ تعالیٰ کے ساتھ دوسرا معبود نہ بناؤ، یقیناً میں تمھارے لیے اس (اللہ تعالیٰ) کی طرف سے صاف صاف ڈرانے والا ہوں ﴿۵۱﴾ (جس طرح یہ کافر لوگ آپ سے کہتے ہیں) اسی طرح ان سے پہلے جو (کافر) لوگ تھے ان کے پاس جو رسول بھی آتے اس کو وہ لوگ جادوگر یا دیوانہ ہی کہتے تھے① ﴿۵۲﴾ کیا وہ ایک دوسرے کو اسی بات کی وصیت کرتے چلے آئے ہیں؟ (نہیں!) بلکہ وہ سب کے سب شریر لوگ ہیں ﴿۵۳﴾ لہٰذا (اے نبی!) آپ ان سے بے رخی کا برتاؤ کرو② کیوں کہ (اب) تم پر کوئی الزام نہیں ﴿۵۴﴾ اور نصیحت کرتے رہو؛ کیوں کہ نصیحت ایمان والوں کو فائدہ دیتی ہے ﴿۵۵﴾ اور میں نے جنات اور انسانوں کو اپنی عبادت ہی کے لیے پیدا کیا ہے③ ﴿۵۶﴾ میں ان سے کسی قسم کا رزق نہیں چاہتا اور یہ نہیں چاہتا کہ وہ مجھے کھلائیں ﴿۵۷﴾ اللہ تعالیٰ تو خود ہی رزاق (یعنی روزی بہت ہی دینے والے) زور والے، مضبوط ہیں ﴿۵۸﴾ تو جن لوگوں نے ظلم کیا ان کی بھی (سزا کی) باری آئے گی، جیسے ان کے ساتھیوں کی (پہلے زمانے میں) باری آئی تھی؛ اس لیے وہ مجھ سے مانگنے میں جلدی نہ کریں ﴿۵۹﴾ سو جن لوگوں نے کفر اختیار کیا ہے ان کے لیے ان کے اس دن (یعنی قیامت کے آنے) سے بڑی خرابی ہوگی جس کا ان سے وعدہ کیا جا رہا ہے ﴿۶۰﴾

---

① دوسرا: اسی طرح جو (کافر) لوگ ان سے پہلے گزرے ہیں ان کے پاس کوئی رسول ایسے نہیں آئے جس کو ان (کافروں) نے جادوگر یا مجنون نہ کہا ہو۔ ② دوسرا: دھیان ہٹالو (یعنی آپ کی زیادہ توجہ ایمان والوں کی طرف ہو، نہ ماننے والے ضدی کافروں کا زیادہ فکر نہ کرو، سمجھانے کا سلسلہ جاری رہے یہ کافی ہے۔

③ دوسرا: اور میں نے جنات اور انسانوں کو اسی واسطے پیدا کیا ہے کہ وہ میری عبادت کیا کریں۔

سورۃ الطور

(المکیۃ)

ایاتھا:۴۹۔رکوعاتھا:۲۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں اڑتالیس (۴۸) یا انچاس (۴۹) آیتیں ہیں۔ سورۃ نوح یا سورۃ سجدہ کے بعد اور سورۃ مؤمنون سے پہلے پچھتر (۷۵) یا (۷۶) نمبر پر نازل ہوئی۔

سریانی اور نبطی زبان میں لفظ طور پہاڑ کے لیے استعمال ہوتا ہے، وادیٔ سینا میں مصر اور مدین کے درمیان واقع ایک مخصوص پہاڑ کی قسم سورت کی پہلی آیت میں کھائی گئی ہے۔

طور کی مزید تفصیل کے لیے دیکھی ہوئی دنیا جلد چہارم میں ملاحظہ کیجیے۔

آپ ﷺ نے لوگوں کو (حجۃ الوداع کے موقع پر) صبح کی نماز میں سورۃ والطور پڑھائی تھی جس کو ام سلمہ رضؓ نے طواف کرتے وقت سنا تھا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

وَالطُّوْرِ ۙ﴿۱﴾ وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ۙ﴿۲﴾ فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ۙ﴿۳﴾ وَّالْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ ۙ﴿۴﴾ وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ ۙ﴿۵﴾ وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ ۙ﴿۶﴾ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ۙ﴿۷﴾ مَّا لَهٗ مِنْ دَافِعٍ ۙ﴿۸﴾ يَّوْمَ تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا ۙ﴿۹﴾ وَّتَسِيْرُ الْجِبَالُ سَيْرًا ﴿۱۰﴾ فَوَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۱﴾ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ خَوْضٍ يَّلْعَبُوْنَ ﴿۱۲﴾ يَوْمَ يُدَعُّوْنَ اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ﴿۱۳﴾ هٰذِهِ النَّارُ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَفَسِحْرٌ هٰذَآ اَمْ اَنْتُمْ لَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۱۵﴾ اِصْلَوْهَا فَاصْبِرُوْٓا اَوْ لَا تَصْبِرُوْا ۚ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ ۭ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

قسم ہے طور (پہاڑ) کی ﴿۱﴾ اور اس کتاب کی ① جو ایک کھلے ہوئے صحیفے (یعنی کاغذ) میں لکھی ہوئی ہے ﴿۲﴾ ﴿۳﴾ اور آباد گھر کی ② ﴿۴﴾ اور اونچی چھت کی ﴿۵﴾ اور جوش مارتے ہوئے سمندر کی ③ ﴿۶﴾ یقیناً آپ کے رب کا عذاب واقع ہو کر رہے گا ﴿۷﴾ کوئی اس کو ٹال نہیں سکے گا ﴿۸﴾ جس دن آسمان زور زور سے لرزنے لگے گا ﴿۹﴾ اور پہاڑ تیزی سے چلیں گے ﴿۱۰﴾ سو اس دن (حق کو) جھٹلانے والوں کے لیے بڑی بربادی ہوگی ﴿۱۱﴾ جو بے ہودہ نکتہ چینیوں میں مشغول رہتے ہیں ④ ﴿۱۲﴾ جس دن اُن لوگوں کو دھکے دے کر جہنم کی آگ کی طرف دھکیل دیا جائے گا ﴿۱۳﴾ (کہا جائے گا کہ) یہی آگ ہے جس کو تم (دنیا میں) جھٹلایا کرتے تھے ﴿۱۴﴾ بھلا کیا یہ جادو ہے یا تم کو (اب بھی) نظر نہیں آتا؟ ⑤ ﴿۱۵﴾ اس (آگ) میں داخل ہو جاؤ، پھر تم صبر کرو یا نہ کرو تمھارے لیے دونوں برابر ہے، جیسے اعمال تم کرتے تھے ویسا ہی تم کو بدلہ دیا جائے گا ﴿۱۶﴾

---

① مراد انسانوں کے اعمال نامے یا قرآن ہے۔ ② یعنی ساتویں آسمان پر ملائکہ کا کعبہ۔

③ (دوسرا ترجمہ) پانی سے بھرے ہوئے سمندر کی (جو قیامت کے دن آگ سا بنا دیا جاوے گا۔

④ (دوسرا ترجمہ) جو بے ہودہ باتوں میں کھیلتے رہتے ہیں۔

⑤ دنیا میں نظر میں نہ آنے کی وجہ سے انکار کرتے تھے اب بولو۔ (دوسرا ترجمہ) کیا تم کو اب بھی سمجھ میں نہیں آتا۔

إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَنَعِيمٍ ﴿١٧﴾ فَاكِهِينَ بِمَا آتَاهُمْ رَبُّهُمْ وَوَقَاهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيمِ ﴿١٨﴾ كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيئًا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿١٩﴾ مُتَّكِئِينَ عَلَىٰ سُرُرٍ مَصْفُوفَةٍ ۖ وَزَوَّجْنَاهُمْ بِحُورٍ عِينٍ ﴿٢٠﴾ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِإِيمَانٍ أَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَا أَلَتْنَاهُمْ مِنْ عَمَلِهِمْ مِنْ شَيْءٍ ۚ كُلُّ امْرِئٍ بِمَا كَسَبَ رَهِينٌ ﴿٢١﴾ وَأَمْدَدْنَاهُمْ بِفَاكِهَةٍ وَلَحْمٍ مِمَّا يَشْتَهُونَ ﴿٢٢﴾ يَتَنَازَعُونَ فِيهَا كَأْسًا لَا لَغْوٌ فِيهَا وَلَا تَأْثِيمٌ ﴿٢٣﴾ وَيَطُوفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَهُمْ كَأَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَكْنُونٌ ﴿٢٤﴾ وَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ يَتَسَاءَلُونَ ﴿٢٥﴾

یقیناً تقویٰ والے لوگ باغیچوں میں اور (مختلف قسم کی) نعمتوں میں ہوں گے ﴿۱۷﴾ ان کے رب نے ان کو جس طرح نوازا اور ان کے رب ہی نے ان کو دوزخ کے عذاب سے بچالیا، اس پر وہ لطف اٹھا رہے ہوں گے ① ﴿۱۸﴾ (ان سے کہا جائے گا کہ) خوب مزے سے کھاؤ اور پیو ان اعمال کے بدلے میں جو تم کرتے تھے ﴿۱۹﴾ برابر بچھے ہوئے تختوں پر ② تکیے لگائے ہوئے ہوں گے اور بڑی بڑی آنکھوں والی حوروں سے ہم ان کی شادی کرادیں گے ﴿۲۰﴾ اور جو لوگ ایمان لائے اور ان کی اولاد بھی ایمان میں ان کے راستے پر چلی تو ہم ان کی اولاد کو ان کے ساتھ (اوپر والے درجہ میں) ملادیں گے اور ہم ان سے ان (متبوعین) کے اعمال میں سے کوئی عمل کم نہیں کریں گے، ہر آدمی اپنے کمائے ہوئے کاموں میں پھنسا ہوا ہے ③ ﴿۲۱﴾ اور ہم لگاتار میوے اور گوشت جو بھی ان کا دل چاہے گا دیتے رہیں گے ﴿۲۲﴾ وہ اس (جنت) میں شراب کے جام پر (مزے لینے کے لیے) آپس میں چھینا جھپٹی (بھی) کریں گے، اس (شراب) میں نہ بکواس ہے اور نہ کوئی گناہ ہوگا ﴿۲۳﴾ اور ان کے آس پاس ان کے چھوکرے (ان کی خدمت کے لیے) پھرتے ہوں گے، وہ ایسے (خوب صورت) ہوں گے جیسے چھپے ہوئے موتی ④ ﴿۲۴﴾ اور وہ (جنتی لوگ) ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہوکر آپس میں (حال واحوال) پوچھتے ہوں گے ﴿۲۵﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) وہ خوش ہوں گے (تیسرا) میوے کھا رہے ہوں گے۔

② (دوسرا ترجمہ) قطار میں بچھے ہوئے تختوں پر (تیسرا) نہایت سلیقے سے بچھی ہوئی اونچی بیٹھکوں پر۔

③ یعنی جیسی کرنی ویسی بھرنی، کسی کے گناہ کسی پر نہیں ڈالے جاویں گے۔ ④ غلمان سے مراد کم عمر کھلتے نوجوان لڑکے۔

قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِيْٓ اَهْلِنَا مُشْفِقِيْنَ ﴿۲۶﴾ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَوَقٰىنَا عَذَابَ السَّمُوْمِ ﴿۲۷﴾ اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلُ نَدْعُوْهُ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيْمُ ﴿۲۸﴾

فَذَكِّرْ فَمَآ اَنْتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَّلَا مَجْنُوْنٍ ﴿۲۹﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهٖ رَيْبَ الْمَنُوْنِ ﴿۳۰﴾ قُلْ تَرَبَّصُوْا فَاِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُتَرَبِّصِيْنَ ﴿۳۱﴾ اَمْ تَاْمُرُهُمْ اَحْلَامُهُمْ بِهٰذَآ اَمْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿۳۲﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ تَقَوَّلَهٗ ۚ بَلْ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۳﴾ فَلْيَاْتُوْا بِحَدِيْثٍ مِّثْلِهٖٓ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ﴿۳۴﴾ اَمْ خُلِقُوْا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ اَمْ هُمُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿۳۵﴾ اَمْ خَلَقُوا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ بَلْ لَّا يُوْقِنُوْنَ ﴿۳۶﴾

وہ کہیں گے کہ: ہم اس سے پہلے (یعنی دنیا میں) اپنے گھر والوں میں (آخرت کے انجام کے بارے میں) ڈرتے رہتے تھے ﴿۲۶﴾ آخر اللہ تعالیٰ نے ہم پر احسان کیا اور ہم کو جھلسا دینے والی ہوا کے عذاب سے بچا لیا ﴿۲۷﴾ یقیناً ہم اس (آخرت) سے پہلے (دنیا میں) ان (اللہ تعالیٰ) کو پکارا کرتے تھے، حقیقت یہ ہے کہ وہی (اللہ تعالیٰ) بڑا محسن، بہت رحم کرنے والے ہیں ﴿۲۸﴾

سو (اے نبی!) تم نصیحت کرتے رہو، کیوں کہ تم اپنے رب کے فضل سے نہ تو کاہن ہو، نہ تو مجنون ہو ﴿۲۹﴾ کیا وہ لوگ (یوں) کہتے ہیں کہ: یہ (شخص) شاعر ہے جس پر ہم زمانے کی گردش (یعنی موت) کا انتظار کر رہے ہیں ﴿۳۰﴾ (اے نبی!) تم (ان کو) کہو کہ: تم انتظار کرو، سو میں بھی تمھارے ساتھ انتظار کرتا ہوں ﴿۳۱﴾ کیا ان کی عقلیں ان کو اس طرح کی باتیں سکھلاتی ہیں① یا وہ خود شریر لوگ ہیں ﴿۳۲﴾ یا وہ (یوں) کہتے ہیں کہ: اس (نبی) نے وہ (قرآن) خود سے گھڑ لیا ہے؛ بلکہ وہ لوگ (ضد میں) ایمان نہیں لا رہے ہیں ﴿۳۳﴾ سو اگر وہ (اپنے اس دعوے میں) سچے ہوں تو اس (قرآن) جیسا کوئی کلام وہ (خود بنا کر) لے آویں ﴿۳۴﴾ کیا وہ بغیر کسی (پیدا کرنے والے) کے خود بخود پیدا ہو گئے ہیں یا وہ خود (اپنے) پیدا کرنے والے ہیں ﴿۳۵﴾ کیا انھوں نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے؛ بلکہ (اصل بات یہ ہے کہ) وہ یقین نہیں کرتے ﴿۳۶﴾

---

①[دوسرا ترجمہ] کیا ان کو ان کی عقلیں ایسی چیز کرنے کو کہتی ہیں۔

أَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَبِّكَ أَمْ هُمُ الْمُصَيْطِرُونَ ﴿۳۷﴾ أَمْ لَهُمْ سُلَّمٌ يَسْتَمِعُونَ فِيهِ ۚ فَلْيَأْتِ مُسْتَمِعُهُمْ بِسُلْطَانٍ مُبِينٍ ﴿۳۸﴾ أَمْ لَهُ الْبَنَاتُ وَلَكُمُ الْبَنُونَ ﴿۳۹﴾ أَمْ تَسْأَلُهُمْ أَجْرًا فَهُمْ مِنْ مَغْرَمٍ مُثْقَلُونَ ﴿۴۰﴾ أَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُونَ ﴿۴۱﴾ أَمْ يُرِيدُونَ كَيْدًا ۖ فَالَّذِينَ كَفَرُوا هُمُ الْمَكِيدُونَ ﴿۴۲﴾ أَمْ لَهُمْ إِلَٰهٌ غَيْرُ اللَّهِ ۚ سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿۴۳﴾ وَإِنْ يَرَوْا كِسْفًا مِنَ السَّمَاءِ سَاقِطًا يَقُولُوا سَحَابٌ مَرْكُومٌ ﴿۴۴﴾ فَذَرْهُمْ حَتَّىٰ يُلَاقُوا يَوْمَهُمُ الَّذِي فِيهِ يُصْعَقُونَ ﴿۴۵﴾

کیا ان (لوگوں) کے پاس تمھارے رب (کی نعمتوں اور رحمتوں) کے خزانے ہیں یا وہ داروغے (یعنی تصرف کرنے کا اختیار رکھنے والے) بنے ہوئے ہیں ﴿۳۷﴾ کیا ان لوگوں کے پاس کوئی سیڑھی ہے جس پر (چڑھ کر آسمان کی باتیں) سن لیتے ہیں، (اگر ایسا ہے) تو ان میں سے جو (آسمان کی باتیں) سن کر آتا ہے وہ (اس پر) کھلی ہوئی دلیل پیش کردے ﴿۳۸﴾ کیا اس (اللہ تعالیٰ) کے حصے میں بیٹیاں ہیں اور تمھارے حصے میں بیٹے ہیں؟ ﴿۳۹﴾ (اے نبی!) کیا تم ان سے (تبلیغ پر بدلہ (یعنی معاوضہ) مانگتے ہو جس کی وجہ سے وہ تاوان کی بوجھ میں دبے جا رہے ہوں؟ ﴿۴۰﴾ یا ان کے پاس کوئی غیب کا علم ہے جس کو وہ لکھ لیتے ہوں؟ ﴿۴۱﴾ یا وہ لوگ کوئی مکر (یعنی برائی کا داؤ) کرنا چاہتے ہیں؟ تو (حقیقت میں) جو لوگ کافر ہیں وہ خود ہی برائی کے داؤ میں پڑیں گے① ﴿۴۲﴾ کیا ان کے لیے اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی خدا ہے؟ تو اللہ تعالیٰ ان (مشرکوں) کے شرک سے پاک ہیں ﴿۴۳﴾ اور اگر وہ آسمان سے کوئی ٹکڑا گرتے ہوئے دیکھ بھی لیں تو یہی کہیں گے کہ: یہ تو گھرا بادل ہے② ﴿۴۴﴾ سو (اے نبی!) ان کو (ان کے حال پر) چھوڑ دو، یہاں تک کہ وہ اپنے اس دن کو دیکھ لیں جس میں ان کے ہوش گم کردیے جائیں گے③ ﴿۴۵﴾

---

① [دوسرا ترجمہ] یا وہ کوئی چال چلنا چاہتے ہیں، سو جو لوگ کافر ہیں وہ خود ہی برائی کی چال میں پڑیں گے (یعنی پھنسیں گے)

② [دوسرا ترجمہ] یہ تو تہہ بہ تہہ جما ہوا بادل ہے (یعنی وہ لوگ تاویل کے ماہر ہیں)۔

③ دوسرا ترجمہ: اڑا دیے جائیں گے۔

يَوْمَ لَا يُغْنِي عَنْهُمْ كَيْدُهُمْ شَيْئًا وَلَا هُمْ يُنْصَرُونَ ﴿٤٦﴾ وَإِنَّ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا عَذَابًا دُونَ ذَٰلِكَ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٤٧﴾ وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَإِنَّكَ بِأَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِينَ تَقُومُ ﴿٤٨﴾ وَمِنَ اللَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَإِدْبَارَ النُّجُومِ ﴿٤٩﴾

جس دن ان کی مکاری ان کو کچھ کام نہیں آئے گی اور (کہیں سے) ان کو مدد بھی نہیں پہنچے گی ﴿۴۶﴾ اور ظالموں کو اس سے پہلے بھی ایک عذاب (دنیا میں) ہونے والا ہے؛ لیکن ان میں سے اکثر لوگوں کو پتہ نہیں ہے ﴿۴۷﴾ اور تم اپنے رب کے حکم پر جمے رہو؛ کیوں کہ تم ہماری نگرانی میں ہو① اور جب تم (آرام یا مجلس سے) اٹھتے ہو اس وقت اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرو ﴿۴۸﴾ اور رات کے کسی حصے میں بھی اور ستارے ڈوبتے ہیں اس وقت بھی اس (اپنے رب) کی تسبیح کرو ﴿۴۹﴾

① [دوسرا ترجمہ] آپ اپنے رب کے حکم کے انتظار میں صبر سے کام لیجیے کیوں کہ آپ ہماری حفاظت میں ہو۔

سورة النجم

(المكية)

اياتها: ٦٢۔ رکوعاتها: ٣۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں باسٹھ (٦٢) آیتیں ہیں۔ سورۂ اخلاص کے بعد اور سورۂ عبس سے پہلے تیئیس (٢٣) نمبر پر نازل ہوئی۔

کہتے ہیں کہ: معراج کے بعد یہ سورت نازل ہوئی، اس سورت کی پہلی ہی آیت میں نجم کی قسم کھائی گئی ہے۔ نجم تارے کو کہتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ﴿۱﴾ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى ﴿۲﴾ وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ﴿۳﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ﴿۴﴾ عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى ﴿۵﴾ ذُوْ مِرَّةٍ ؕ فَاسْتَوٰى ﴿۶﴾ وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ﴿۷﴾ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ﴿۸﴾ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ﴿۹﴾ فَاَوْحٰى اِلٰى عَبْدِهٖ مَا اَوْحٰى ﴿۱۰﴾ مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى ﴿۱۱﴾ اَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰى مَا يَرٰى ﴿۱۲﴾ وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى ﴿۱۳﴾ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ﴿۱۴﴾ عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَاْوٰى ﴿۱۵﴾ اِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشٰى ﴿۱۶﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

قسم ہے ستارے کی جب وہ گرے① ﴿۱﴾ (اے مکہ والو!) تمھارے ساتھ رہنے والے (یعنی حضرت محمد ﷺ) نہ تو راستہ بھولے اور نہ تو غلط راستہ پر چلے ﴿۲﴾ اور نہ وہ اپنے نفس کی خواہش سے کچھ بولتے ﴿۳﴾ وہ تو ایک وحی ہے جو (ان کی طرف) بھیجی جاتی ہے ﴿۴﴾ ایک مضبوط طاقت والا (فرشتہ) ان کو سکھلاتا ہے ﴿۵﴾ جو زور والا ہے، پھر وہ سیدھا کھڑا ہو گیا② ﴿۶﴾ اور وہ آسمان کے اونچے کنارے پر تھا ﴿۷﴾ پھر وہ (فرشتہ) نزدیک آیا اور جھک پڑا③ ﴿۸﴾ یہاں تک کہ وہ دو کمانوں کے فاصلے کے برابر رہ گیا؛ بلکہ اس سے بھی کم ﴿۹﴾ پھر اس (اللہ تعالیٰ) نے اپنے بندے پر جو وحی بھیجنی تھی بھیجی ﴿۱۰﴾ جو کچھ اس (رسول) نے دیکھا دل نے (اس کو سمجھنے میں) غلطی نہیں کی ﴿۱۱﴾ کیا پھر بھی تم اس (رسول) سے اس کی دیکھی ہوئی چیز کے بارے میں جھگڑتے ہو؟ ﴿۱۲﴾ اور پکی بات ہے کہ اس (رسول) نے اس (فرشتے) کو (اصلی شکل میں) ایک اور مرتبہ بھی دیکھا ہے ﴿۱۳﴾ سدرۃ المنتہیٰ کے پاس④ ﴿۱۴﴾ اس (بیری) کے پاس آرام سے رہنے کی جنت ہے ﴿۱۵﴾ اس وقت اس بیری پر وہ چیزیں چھائی ہوئی تھیں جو بھی (اس پر) چھائی ہوئی تھیں⑤ ﴿۱۶﴾

---

① یعنی غروب ہونے لگے۔ ② (دوسرا ترجمہ) پھر وہ سامنے آ گیا۔ ③ (دوسرا ترجمہ) اتر آیا۔

④ (دوسرا ترجمہ) اس بیر کے درخت کے پاس جو حد کی انتہا کے پاس واقع ہے۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) جس وقت اس (بیری) کو ڈھانک رکھا تھا اس نے جس نے ڈھانک رکھا تھا۔

مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى ﴿۱۷﴾ لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ﴿۱۸﴾ اَفَرَءَيْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰى ﴿۱۹﴾ وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الْاُخْرٰى ﴿۲۰﴾ اَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الْاُنْثٰى ﴿۲۱﴾ تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰى ﴿۲۲﴾ اِنْ هِيَ اِلَّآ اَسْمَآءٌ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَمَا تَهْوَى الْاَنْفُسُ ۚ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنْ رَّبِّهِمُ الْهُدٰى ﴿۲۳﴾ اَمْ لِلْاِنْسَانِ مَا تَمَنّٰى ﴿۲۴﴾ فَلِلّٰهِ الْاٰخِرَةُ وَالْاُوْلٰى ﴿۲۵﴾

وَكَمْ مِّنْ مَّلَكٍ فِي السَّمٰوٰتِ لَا تُغْنِيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اَنْ يَّاْذَنَ اللّٰهُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَرْضٰى ﴿۲۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ لَيُسَمُّوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ تَسْمِيَةَ الْاُنْثٰى ﴿۲۷﴾

(رسول کی) آنکھ نہ ہٹی اور نہ (مقصد سے) آگے بڑھی① ﴿۱۷﴾ پکی بات یہ کہ اس (رسول) نے اپنے رب (کی قدرت کے عجائبات یا نشانیوں کو یا اس) کے بڑے بڑے نمونے دیکھے ﴿۱۸﴾ کیا بھلا تم نے لات اور عزیٰ ﴿۱۹﴾ اور اس ایک اور تیسرے منات (کے حال) پر غور کیا؟ ﴿۲۰﴾ کیا تمہارے لیے بیٹے (طے کر کے رکھے) ہیں اور اس (اللہ تعالیٰ) کے لیے بیٹیاں ہیں؟ ﴿۲۱﴾ یہ تو بہت کھونڈی (یعنی انصاف سے دور) تقسیم ہوئی ﴿۲۲﴾ یہ سب تو بس نام ہی ہیں جو تم نے اور تمہارے باپ دادوں نے رکھ لیے ہیں، اللہ تعالیٰ نے اس کے بارے میں کوئی ثبوت نہیں اتارا، یہ (کافر) لوگ محض گمان (یعنی بے بنیاد خیالات) اور نفسانی خواہشات کے پیچھے چلتے ہیں اور پکی بات یہ ہے کہ ان کے پاس ان کے رب کی طرف سے (صحیح) ہدایت آ چکی ہے ﴿۲۳﴾ کیا انسان کی ہر تمنا (یعنی چاہی ہوئی بات) پوری ہوا کرتی ہے؟ ﴿۲۴﴾ (ایسا نہیں ہے) کیونکہ آخرت اور دنیا اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہیں ﴿۲۵﴾

اور آسمانوں میں کتنے فرشتے ہیں جن کی سفارش ذرا بھی کام نہیں آسکتی، مگر اس کے بعد کہ اللہ تعالیٰ جس کے حق میں (سفارش کو) چاہیں اور پسند کریں (سفارش کرنے کی) اجازت دیوے ﴿۲۶﴾ یقینی بات یہ ہے کہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے وہ فرشتوں کے عورتوں والے نام رکھتے ہیں ﴿۲۷﴾

---

① [دوسرا ترجمہ] نہ چکرائی نہ آگے بڑھی۔

وَمَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ ۚ وَاِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْئًا ۚ﴿۲۸﴾ فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰى ۙ عَنْ ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ اِلَّا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ؕ﴿۲۹﴾ ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۙ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اهْتَدٰى ﴿۳۰﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۙ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اَسَآءُوْا بِمَا عَمِلُوْا وَيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا بِالْحُسْنٰى ۚ﴿۳۱﴾ اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ اِذْ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ فَلَا تُزَكُّوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى ﴿۳۲﴾

حالاں کہ ان کو اس (بات) کا ذرا بھی علم (یعنی خبر) نہیں ہے، وہ لوگ صرف (بے بنیاد) خیالات (یعنی وہم و گمان) پر چلتے ہیں اور حق کے مقابلے میں بے بنیاد خیالات ذرا بھی کام نہیں آسکتے ﴿۲۸﴾ سو تم ایسے شخص پر دھیان مت دو جس نے ہماری نصیحت سے منہ پھرا لیا اور وہ دنیوی زندگی کے سوا کچھ نہیں چاہتا① ﴿۲۹﴾ بس ان (لوگوں) کے علم (یعنی سمجھ) کی یہیں تک پہنچ ہے، یقینا تمھارے رب خوب اچھی طرح جانتے ہیں اس کو جو اس کے راستے سے بھٹک چکا ہے اور وہی خوب جانتے ہیں کہ کس نے (صحیح) راستہ پایا ﴿۳۰﴾ اور آسمانوں میں جو کچھ ہے اور زمین میں جو کچھ ہے وہ اللہ تعالیٰ ہی کا ہے، نتیجہ یہ ہے کہ جن لوگوں نے برے کام کیے ان کو ان کے کیے کی سزا دیوے اور جنھوں نے نیک کام کیے ان کو بہترین بدلہ دیوے ﴿۳۱﴾ جو لوگ بڑے گناہوں سے اور بے حیائی کے کاموں سے بچتے ہیں؛ الا یہ کہ کوئی معمولی گناہ (کبھی ہو جاوے)، یقین رکھو! تمہارے رب کی مغفرت بہت وسیع ہے، وہ (اللہ تعالیٰ) تم کو اس وقت سے اچھی طرح سے جانتے ہیں جب اس نے تم کو زمین سے پیدا کیا تھا اور جب تم اپنی ماؤں کے پیٹ میں بچہ (کی شکل میں) تھے؛ لہذا تم اپنی خوبیاں بیان مت کرو② وہ (اللہ تعالیٰ) خوب اچھی طرح جانتے ہیں کون متقی ہے ﴿۳۲﴾

---

① [دوسرا ترجمہ] اور دنیوی زندگی کے سوا (اس کا) کوئی مقصد ہی نہیں ہے۔

② [دوسرا ترجمہ] لہذا اپنے آپ کو پاکیزہ مت بتاؤ [تیسرا] تم اپنے آپ کو مقدس مت بتاؤ۔

اَفَرَءَيْتَ الَّذِيْ تَوَلّٰىۙ وَاَعْطٰى قَلِيْلًا وَّاَكْدٰى۝ اَعِنْدَهٗ عِلْمُ الْغَيْبِ فَهُوَ يَرٰى۝ اَمْ لَمْ يُنَبَّاْ بِمَا فِيْ صُحُفِ مُوْسٰىۙ وَاِبْرٰهِيْمَ الَّذِيْ وَفّٰۤىۙ اَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰىۙ وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰىۙ وَاَنَّ سَعْيَهٗ سَوْفَ يُرٰىۖ ثُمَّ يُجْزٰىهُ الْجَزَآءَ الْاَوْفٰىۙ وَاَنَّ اِلٰى رَبِّكَ الْمُنْتَهٰىۙ وَاَنَّهٗ هُوَ اَضْحَكَ وَاَبْكٰىۙ وَاَنَّهٗ هُوَ اَمَاتَ وَاَحْيَاۙ وَاَنَّهٗ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰىۙ مِنْ نُّطْفَةٍ اِذَا تُمْنٰىۙ وَاَنَّ عَلَيْهِ النَّشْاَةَ الْاُخْرٰىۙ وَاَنَّهٗ هُوَ اَغْنٰى وَاَقْنٰىۙ وَاَنَّهٗ هُوَ رَبُّ الشِّعْرٰىۙ

(اے نبی!) کیا بھلا تم نے اس شخص کو بھی دیکھا جس نے (دینِ حق سے) منہ پھیر لیا؟ ﴿۳۳﴾ اور تھوڑا سا (مال) دیا، پھر (دینا) بند کر دیا ﴿۳۴﴾ کیا اس کے پاس غیب کا علم (کسی صحیح ذریعے سے آیا) ہے کہ وہ اس کو دیکھ رہا ہو؟ ﴿۳۵﴾ کیا اس کو ان (مضامین) کی خبر نہیں پہنچی جو موسیٰ علیہ السلام کے صحیفوں میں مذکور ہیں ﴿۳۶﴾ اور ابراہیم علیہ السلام کے (صحیفوں میں بھی ہیں) جو مکمل وفادار تھے ① ﴿۳۷﴾ (وہ) یہ کہ کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کے گناہ کا بوجھ نہیں اٹھائے گا ﴿۳۸﴾ اور یہ کہ انسان کو صرف اپنی کوشش کا بدلہ ہی ملتا ہے ② ﴿۳۹﴾ اور یہ کہ اس (انسان) کی کوشش عنقریب ضرور دیکھی جائے گی ③ ﴿۴۰﴾ پھر اس کو پورے پورا بدلہ دیا جائے گا ﴿۴۱﴾ اور یہ کہ آخر (سب کو) تمھارے رب ہی کے پاس پہنچنا ہے ﴿۴۲﴾ اور یہ کہ وہی (اللہ تعالیٰ) ہنساتے اور رلاتے ہیں ﴿۴۳﴾ اور یہ کہ وہی (اللہ تعالیٰ) موت دیتے ہیں اور زندگی بخشتے ہیں ﴿۴۴﴾ اور یہ کہ وہی (اللہ تعالیٰ) جوڑا یعنی نر اور مادہ پیدا کرتے ہیں ﴿۴۵﴾ ایک نطفے سے (پیدا کرتے ہیں) جب وہ رحم میں ڈالا جاتا ہے ﴿۴۶﴾ اور یہ کہ دوسری مرتبہ پیدا کرنا بھی انھوں نے اپنے ذمے میں لے لیا ہے ﴿۴۷﴾ اور یہ کہ وہی (اللہ تعالیٰ) مال دار بناتے ہیں اور (دولت دے کر اس کو) محفوظ کراتے ہیں ﴿۴۸﴾ اور یہ کہ وہی (اللہ تعالیٰ) شعریٰ ستارے کے رب ہیں ﴿۴۹﴾

---

① [دوسرا ترجمہ] جس نے ہر حکم کو پورا کیا۔ ② ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ: یہ آیت "والذین امنوا واتبعتھم ذریتھم بایمان الخ" سے منسوخ ہے۔ اور بعض لوگوں نے سعی سے سعیِ ایمانی مراد لی ہے۔ ③ [دوسرا ترجمہ] دکھائی جائے گی۔

وَأَنَّهُ أَهْلَكَ عَادًا الْأُولَىٰ ۝ وَثَمُودَا فَمَا أَبْقَىٰ ۝ وَقَوْمَ نُوحٍ مِّن قَبْلُ ۖ إِنَّهُمْ كَانُوا هُمْ أَظْلَمَ وَأَطْغَىٰ ۝ وَالْمُؤْتَفِكَةَ أَهْوَىٰ ۝ فَغَشَّاهَا مَا غَشَّىٰ ۝ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكَ تَتَمَارَىٰ ۝ هَٰذَا نَذِيرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْأُولَىٰ ۝ أَزِفَتِ الْآزِفَةُ ۝ لَيْسَ لَهَا مِن دُونِ اللَّهِ كَاشِفَةٌ ۝ أَفَمِنْ هَٰذَا الْحَدِيثِ تَعْجَبُونَ ۝ وَتَضْحَكُونَ وَلَا تَبْكُونَ ۝ وَأَنتُمْ سَامِدُونَ ۝ فَاسْجُدُوا لِلَّهِ وَاعْبُدُوا ۩ ۝

اور یہ کہ اسی (اللہ تعالیٰ) نے پہلے زمانے کی قومِ عاد کو ہلاک کیا ﴿۵۰﴾ اور ثمود کو بھی (اسی اللہ تعالیٰ نے ہلاک کیا) پھر (اُن قوموں میں سے) کسی کو باقی نہیں چھوڑا ﴿۵۱﴾ اور (عاد اور ثمود سے) پہلے نوح علیہ السلام کی قوم کو بھی (ہلاک کیا) یقیناً وہ سب کے سب بڑے ظالم اور بہت زیادہ شریر تھے ﴿۵۲﴾ اور (اللہ تعالیٰ نے) الٹی ہوئی بستیوں کو بھی پھینک مارا① ﴿۵۳﴾ پھر ان (بستی) کو جس (خوفناک) چیز نے ڈھانپا وہ ان کو ڈھانپ کر ہی رہی② ﴿۵۴﴾ لہٰذا (اے انسان!) تو اپنے رب کی کون کونسی نعمتوں میں شک (و انکار) کرتا رہے گا؟ ﴿۵۵﴾ یہ (نبی بھی) پہلے ڈرانے والے (نبیوں) کی طرح ایک ڈرانے والے ہیں ﴿۵۶﴾ جو (قیامت) جلدی آنے والی ہے وہ قریب آ پہنچی ہے ﴿۵۷﴾ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی اس کو ہٹانے والا نہیں③ ﴿۵۸﴾ کیا بھلا تم اس بات (یعنی قرآن) سے تعجب کرتے ہو؟ ﴿۵۹﴾ اور (مذاق کرتے ہوئے) تم ہنستے ہو اور تم لوگ روتے نہیں ہو ﴿۶۰﴾ اور تم لوگ (تکبر کے ساتھ) غفلت (یعنی بےفکری) کا برتاؤ کرتے ہو④ ﴿۶۱﴾ بس اب اللہ تعالیٰ کے سامنے سجدہ کرو اور تم (اس کی) عبادت کرو ﴿۶۲﴾

① [دوسرا ترجمہ] اور الٹی ہوئی بستیوں کو پٹخ دیا۔

② [دوسرا ترجمہ] (بستی) پر (خوفناک چیز) آ پڑی جو آ کر ہی رہی۔

③ [دوسرا ترجمہ] اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی اس کو کھولنے والا نہیں (یعنی وقتِ مقررہ پر قیامت کو اللہ تعالیٰ ہی ظاہر فرمائیں گے اور اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی اس کو ٹال نہیں سکتا۔

④ [دوسرا ترجمہ] اور تم (اطاعت کے بجائے) گانے بجانے (یا کھیل تماشے) میں پڑے رہتے ہو۔

سورۃ القمر

(المکیۃ)

اٰیاتھا:۵۵۔رکوعاتھا:۳۔

یہ سورت مکی ہے،اس میں پچپن (۵۵) آیتیں ہیں۔سورۃ طارق کے بعد اور سورۃ ص سے پہلے سینتیس (۳۷) نمبر پر نازل ہوئی۔

چاند کے دو ٹکڑے ہونے کا واقعہ اس سورت میں بیان کیا گیا ہے۔

ہر مہینے کی تیسری تاریخ سے یا تیسری تاریخ کے بعد سے مہینے کی آخری تاریخ تک کے چاند کو "قمر" کہتے ہیں۔ہاں!چودھویں تاریخ کے چاند کو "بدر" اور شروع کی تاریخ کے چاند کو "ہلال" کہا جاتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ① وَاِنْ يَّرَوْا اٰيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ ② وَكَذَّبُوْا وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ وَكُلُّ اَمْرٍ مُّسْتَقِرٌّ ③ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنَ الْاَنْۢبَآءِ مَا فِيْهِ مُزْدَجَرٌ ④ حِكْمَةٌۢ بَالِغَةٌ فَمَا تُغْنِ النُّذُرُ ⑤ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ ۘ يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِ اِلٰى شَيْءٍ نُّكُرٍ ⑥ خُشَّعًا اَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ كَاَنَّهُمْ جَرَادٌ مُّنْتَشِرٌ ⑦ مُّهْطِعِيْنَ اِلَى الدَّاعِ ؕ يَقُوْلُ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا يَوْمٌ عَسِرٌ ⑧

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

قیامت قریب آچکی ہے اور چاند پھٹ گیا ﴿۱﴾ اور (ان کافر لوگوں کا حال یہ ہے کہ) اگر کوئی معجزہ وہ دیکھتے بھی ہیں تو منہ پھرا لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ: یہ تو پہلے سے چلا آتا ہوا جادو ہے ﴿۲﴾ اور انھوں نے (حق کو) جھٹلایا اور اپنے نفس کی خواہشات پر چلے اور ہر کام کی ایک حد ہے جہاں وہ ٹھہرنے والا ہے① ﴿۳﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ ان (کافر لوگوں) کے پاس (پچھلی قوموں کے) اتنے واقعات پہنچ چکے ہیں کہ ان میں تنبیہ کی بڑی باتیں ہیں ﴿۴﴾ (یعنی دل میں) اتر جانے والی حکمت کی باتیں موجود تھیں② پھر بھی ڈرانے والی باتوں نے (ان کو) کوئی نفع نہیں دیا③ ﴿۵﴾ لہٰذا (اے نبی!) تم ان کی پرواہ مت کرو، جس دن ایک پکارنے والا (فرشتہ) ایک سخت ناگوار چیز کی طرف بلائے گا ﴿۶﴾ یہ اپنی آنکھیں جھکائے ہوئے قبروں سے اس طرح نکل پڑیں گے جیسے ٹڈی ہر طرف پھیل جاتی ہے ﴿۷﴾ (قیامت کو نہ ماننے والے اس) پکارنے والے کی طرف دوڑ رہے ہوں گے، کافر لوگ کہتے جائیں گے: یہ بڑا سخت دن آگیا ﴿۸﴾

---

① دوسرا ترجمہ: ہر کام ایک وقت پر ٹھہرا رکھا ہے (یعنی ان پر عذاب ایک وقت پر آئے گا، اللہ کے علم میں ان کی گمراہی اور ہلاکت جو طے شدہ ہے وہ کسی طرح ٹلنے والی نہیں، ہر کام کا ایک انجام ہوتا ہے: لہٰذا حضور ﷺ جو فرما رہے ہیں اور کافر جو کر رہے ہیں اس کا انجام عنقریب معلوم ہو جائے گا، ہر کام اپنی انتہا پر پہنچ کر صاف ہو جاتا ہے اور بناوٹ کا پردہ زائل ہو جاتا ہے

② دوسرا ترجمہ: اعلیٰ درجے کی حکمت کی باتیں موجود ہیں۔ ③ دوسرا ترجمہ: پھر ڈرانے والوں نے ان کو کوئی نفع نہیں پہنچایا۔

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ فَكَذَّبُوا عَبْدَنَا وَقَالُوا مَجْنُونٌ وَّازْدُجِرَ ﴿۹﴾ فَدَعَا رَبَّهُ أَنِّي مَغْلُوبٌ فَانْتَصِرْ ﴿۱۰﴾ فَفَتَحْنَا أَبْوَابَ السَّمَاءِ بِمَاءٍ مُّنْهَمِرٍ ﴿۱۱﴾ وَّفَجَّرْنَا الْأَرْضَ عُيُونًا فَالْتَقَى الْمَاءُ عَلَىٰ أَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ﴿۱۲﴾ وَحَمَلْنَاهُ عَلَىٰ ذَاتِ أَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ ﴿۱۳﴾ تَجْرِي بِأَعْيُنِنَا ۚ جَزَاءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ ﴿۱۴﴾ وَلَقَدْ تَّرَكْنَاهَا آيَةً فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۱۵﴾ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ ﴿۱۶﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۱۷﴾ كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ ﴿۱۸﴾ إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا صَرْصَرًا فِي يَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ ﴿۱۹﴾

ان (موجودہ کافروں) سے پہلے نوح علیہ السلام کی قوم جھٹلانے کا کام کر چکی ہے، سو انھوں نے ہمارے بندے (نوح علیہ السلام) کو جھٹلایا اور کہنے لگے کہ: یہ تو دیوانہ ہے اور ان کو دھمکیاں دی گئی① ﴿۹﴾ پس اس (نوح علیہ السلام) نے اپنے رب سے دعا کی کہ: میں عاجز (یعنی بے بس) ہو گیا ہوں② اب آپ ہی ان سے بدلہ لے لیجیے ﴿۱۰﴾ سو ہم نے بہت زیادہ برسنے والے پانی سے آسمان کے دروازے کھول ڈالے ﴿۱۱﴾ اور ہم نے زمین کو پھاڑ کر چشمے بہا دیے③ پھر (بارش اور زمین کا) پانی (مل کر) اس (عذاب کے) کام کے لیے جمع ہو گیا جو مقدر ہو چکا تھا ﴿۱۲﴾ اور ہم نے اس (نوح) کو ایک تختوں اور کیلوں والی کشتی پر سوار کر دیا ﴿۱۳﴾ جو کشتی ہماری حفاظت (یعنی نگرانی) میں چلتی تھی اس (نبی) کی طرف سے بدلہ لینے کے لیے جن کے ساتھ کفر (یعنی انکار) کیا گیا④ ﴿۱۴﴾ اور حقیقت یہ ہے کہ ہم نے اس (کشتی اور طوفان کے واقعے) کو (عبرت حاصل ہو سکے ایسی) نشانی کے طور پر چھوڑ دیا تو کیا کوئی ہے نصیحت حاصل کرنے والا ﴿۱۵﴾ سو میرا عذاب اور میرا ڈرانا کیسا ہوا؟ ﴿۱۶﴾ اور حقیقت یہ ہے کہ ہم نے قرآن کو نصیحت حاصل کرنے کے لیے آسان بنا دیا ہے، اب کیا کوئی ہے نصیحت حاصل کرنے والا؟ ﴿۱۷﴾ عاد (کی قوم) نے بھی (نبی کو) جھٹلانے کا کام کیا، سو (دیکھو!) میرا عذاب اور میرا ڈرانا کیسا رہا؟ ﴿۱۸﴾ یقیناً ہم نے ایک مسلسل نحوست کے دن میں ان پر تیز آندھی والی ہوا بھیجی ﴿۱۹﴾

---

① [دوسرا ترجمہ] ان کو جھڑک ڈالا۔ ② یعنی میں مقابلہ نہیں کر سکتا۔ ③ [دوسرا ترجمہ] اور ہم نے زمین کے چشموں کو جاری کر دیا۔ ④ [دوسرا ترجمہ] جن کی قدر نہ کی گئی (یعنی ناشکری کی گئی)۔

تَنْزِعُ النَّاسَ ۙ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنْقَعِرٍ ﴿۲۰﴾ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿۲۱﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا
الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۲۲﴾
كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِالنُّذُرِ ﴿۲۳﴾ فَقَالُوْٓا اَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهٗٓ ۙ اِنَّآ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ
وَّسُعُرٍ ﴿۲۴﴾ ءَاُلْقِيَ الذِّكْرُ عَلَيْهِ مِنْۢ بَيْنِنَا بَلْ هُوَ كَذَّابٌ اَشِرٌ ﴿۲۵﴾ سَيَعْلَمُوْنَ غَدًا مَّنِ
الْكَذَّابُ الْاَشِرُ ﴿۲۶﴾ اِنَّا مُرْسِلُوا النَّاقَةِ فِتْنَةً لَّهُمْ فَارْتَقِبْهُمْ وَاصْطَبِرْ ﴿۲۷﴾ وَنَبِّئْهُمْ اَنَّ
الْمَآءَ قِسْمَةٌۢ بَيْنَهُمْ ۚ كُلُّ شِرْبٍ مُّحْتَضَرٌ ﴿۲۸﴾ فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطٰى فَعَقَرَ ﴿۲۹﴾

جو (ہوا) لوگوں کو (اس طرح) اکھاڑ پھینک دیتی تھی جیسے کہ وہ کھجور کے اکھڑے ہوئے تنے ہوں ﴿۲۰﴾ سو میرا عذاب اور میرا ڈرانا کیسا رہا؟ ﴿۲۱﴾ پکی بات یہ ہے کہ ہم نے قرآن کو نصیحت حاصل کرنے کے لیے آسان بنا دیا، اب کیا کوئی ہے کوئی نصیحت حاصل کرنے والا؟ ﴿۲۲﴾

قومِ ثمود نے بھی ڈرانے والوں کو جھٹلانے کا کام کیا ﴿۲۳﴾ چناں چہ وہ کہنے لگے کہ: کیا ہم اپنے ہی میں سے ایک ایسے آدمی کی بات ماننے لگیں؟ جو تن تنہا ہے، (ایسا کریں گے تو) اس وقت ہم بڑی غلطی (یعنی گمراہی) اور دیوانگی میں پڑ جائیں گے① ﴿۲۴﴾ کیا ہم سب میں سے اسی (ایک آدمی) پر نصیحت (یعنی وحی) اتار دی گئی (یہ بات نہیں) بلکہ وہ شخص بڑا جھوٹا، بڑائی مارنے والا ہے② ﴿۲۵﴾ (ہم نے نبی صالح سے کہا) عنقریب کل ہی ان کو پتہ چل جائے گا کہ کون بڑا جھوٹا اور بڑائی مارنے والا ہے؟ ﴿۲۶﴾ ہم ان کی آزمائش کے طور پر (ان کے پاس ان کے مانگنے کے مطابق) اونٹنی بھیج رہے ہیں؛ اس لیے تم (ہوشیاری سے) ان کو دیکھتے رہو اور تم صبر سے کام لو ﴿۲۷﴾ اور ان لوگوں کو بتلا دو کہ پانی ان کے درمیان تقسیم کر دیا گیا ہے، ہر (پانی کے) باری والے کو (اپنی باری پر) حاضر ہونا ہے ﴿۲۸﴾ پھر انھوں نے اپنے ساتھی (یعنی رفیق قدار) کو پکارا، پھر اس نے (اونٹنی پر) ہاتھ چلایا③ اور (اونٹنی کو) کاٹ ڈالا ﴿۲۹﴾

---

① [دوسرا ترجمہ] اور (ہم) آگ میں پڑ جائیں گے (اللہ تعالیٰ کے نبی ان کو فرماتے کہ: میری بات مان لو؛ ورنہ آگ میں ڈالے جاؤ گے تو وہ جواب میں کہنے لگے: اگر ہم نے تمھاری بات مانی تو ہم آگ میں ڈالے جائیں گے ایسی الٹی بات کہی۔

② دوسرا: خود پسند، شیخی مارنے والا۔ ③ یعنی تلوار سے وار کیا۔

فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ ﴿٣٠﴾ إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَاحِدَةً فَكَانُوا كَهَشِيمِ الْمُحْتَظِرِ ﴿٣١﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ ﴿٣٢﴾ كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوطٍ بِالنُّذُرِ ﴿٣٣﴾ إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ حَاصِبًا إِلَّا آلَ لُوطٍ ۖ نَّجَّيْنَاهُم بِسَحَرٍ ﴿٣٤﴾ نِّعْمَةً مِّنْ عِندِنَا ۚ كَذَٰلِكَ نَجْزِي مَن شَكَرَ ﴿٣٥﴾ وَلَقَدْ أَنذَرَهُم بَطْشَتَنَا فَتَمَارَوْا بِالنُّذُرِ ﴿٣٦﴾ وَلَقَدْ رَاوَدُوهُ عَن ضَيْفِهِ فَطَمَسْنَا أَعْيُنَهُمْ فَذُوقُوا عَذَابِي وَنُذُرِ ﴿٣٧﴾ وَلَقَدْ صَبَّحَهُم بُكْرَةً عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّ ﴿٣٨﴾ فَذُوقُوا عَذَابِي وَنُذُرِ ﴿٣٩﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ ﴿٤٠﴾

سو (تم دیکھو!) میرا عذاب اور میرا ڈرانا کیسا رہا؟ ﴿۳۰﴾ یقینی بات ہے کہ ہم نے ان پر ایک ہولناک آواز (یعنی فرشتہ کی چنگھاڑ) کو مسلط کیا جس سے وہ ایسے ہوگئے جیسے (کسی باڑھ لگانے والے کی) باڑھ کا چورا ہو جاتا ہے ﴿۳۱﴾ اور حقیقت یہ ہے کہ ہم نے قرآن کو نصیحت حاصل کرنے کے لیے آسان بنا دیا، اب کیا کوئی ہے نصیحت حاصل کرنے والا؟ ﴿۳۲﴾ لوط علیہ السلام کی قوم نے بھی ڈرانے والوں کو جھٹلایا ﴿۳۳﴾ یقیناً ہم نے ان پر پتھر برسانے والی آندھی بھیجی سوائے لوط کے گھر والوں کے، ان کو ہم نے رات کے آخری وقت میں بچا لیا[1] ﴿۳۴﴾ یہ ہماری طرف سے ایک نعمت تھی[2] جو لوگ شکر کرتے ہیں ہم اُن کو ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں ﴿۳۵﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ اس (لوط علیہ السلام) نے ان کو ہماری پکڑ سے ڈرایا تھا؛ مگر انھوں نے ڈرانے میں جھگڑے کھڑے کیے[3] ﴿۳۶﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ وہ بری نیت سے اس (لوط) کے مہمانوں کو اس (لوط) سے مانگنے لگے، جس پر ہم نے ان کی آنکھیں مٹا دی[4] سو تم میرے عذاب اور میرے ڈرانے کا مزہ چکھو ﴿۳۷﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ صبح سویرے ہی ان پر ایسا عذاب آپڑا جو جم کر (یعنی ٹھہر کر) رہ گیا[5] ﴿۳۸﴾ سو تم میرے عذاب اور میرے ڈرانے کا مزہ چکھو ﴿۳۹﴾ اور حقیقت یہ ہے کہ ہم نے قرآن کو نصیحت حاصل کرنے کے لیے آسان بنا دیا، اب کیا کوئی ہے نصیحت حاصل کرنے والا؟ ﴿۴۰﴾

---

[1] مراد مؤمنین جو آپ کی نبوت کو ماننے والے تھے۔ [2] یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے بچا لیا۔

[3] یعنی بےکار شک اور جھگڑے کر کے انکار کرنے لگے۔ [4] [دوسرا ترجمہ] اندھی کر دی [تیسرا] چوپٹ کر دی۔

[5] [دوسرا ترجمہ] اور صبح سویرے ہی ان پر ہمیشہ رہنے والا عذاب آپڑا۔

وَلَقَدْ جَآءَ اٰلَ فِرْعَوْنَ النُّذُرُ ۝ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كُلِّهَا فَاَخَذْنٰهُمْ اَخْذَ عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ ۝ اَكُفَّارُكُمْ خَيْرٌ مِّنْ اُولٰٓئِكُمْ اَمْ لَكُمْ بَرَآءَةٌ فِي الزُّبُرِ ۝ اَمْ يَقُوْلُوْنَ نَحْنُ جَمِيْعٌ مُّنْتَصِرٌ ۝ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ۝ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ ۝ اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ۝ يَوْمَ يُسْحَبُوْنَ فِي النَّارِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ ؕ ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرَ ۝ اِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍ ۝ وَمَآ اَمْرُنَآ اِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍ بِالْبَصَرِ ۝

اور پکی بات یہ ہے کہ فرعونیوں کے پاس بھی ڈرانے والے (یعنی رسول) پہنچے ① ﴿۴۱﴾ (مگر) انھوں نے ہماری سب نشانیوں کو جھٹلایا، پھر ہم نے ان کو ایسی پکڑ میں لے لیا جو ایک زبردست اقتدار والے کی پکڑ ہوتی ہے ② ﴿۴۲﴾ کیا تمھارے کافر ان (گزرے ہوئے کافروں) سے اچھے ہیں؟ ③ کیا تمھارے لیے (آسمانی) کتابوں میں کوئی معافی کا پروانہ (لکھ دیا گیا) ہے؟ ﴿۴۳﴾ یا اِن کا (یہ) کہنا ہے کہ ہم بدلہ لینے والی جماعت ہیں ④ ﴿۴۴﴾ سو عنقریب اس مجمع (یعنی جماعت) کو شکست دی جائے گی اور وہ سب پیٹھ پھرا کر بھاگیں گے ⑤ ﴿۴۵﴾ (یہی نہیں)؛ بلکہ ان کے (اصلی) وعدے کا وقت تو قیامت ہے اور قیامت بڑی ہی سخت، بہت کڑوی (یعنی ناگوار) ہے ﴿۴۶﴾ حقیقت میں گنہگار لوگ (بڑی) گمراہی اور جہالت میں پڑے ہوئے ہیں ⑥ اور حقیقت میں گنہگار لوگ (دنیا میں) بڑی غلطی میں ہیں ﴿۴۷﴾ جس دن وہ آگ میں اوندھے منہ گھسیٹے جائیں گے (اور ان کو کہا جائے گا کہ) آگ کے لپٹنے کا مزہ چکھو ﴿۴۸﴾ یقیناً ہم نے ہر چیز کو ایک (خاص) اندازے کے ساتھ پیدا کیا ہے ﴿۴۹﴾ اور ہمارا حکم تو بس ایک ہی مرتبہ آنکھ جھپکنے کی طرح ہو جاتا ہے ﴿۵۰﴾

① [دوسرا ترجمہ] اور پکی بات یہ ہے کہ فرعونیوں کے پاس بھی ڈرانے والی (چیزیں) پہنچیں۔
② [دوسرا ترجمہ] پھر ہم نے ان کو زبردست قابو میں کر کے پکڑ لیا۔
③ [دوسرا ترجمہ] کہ یہ موجودہ کافر کفر اور نافرمانی کرے پھر بھی ان کو سزا نہ ہو؟۔
④ [دوسرا ترجمہ] یا ان کا یہ کہنا ہے کہ ہم ایسی جماعت ہیں جو اپنا بچاؤ خود کر لیں گے [تیسرا] یا ان کا یہ کہنا ہے کہ ہم ایسی جماعت ہے جو غالب ہی رہیں گے۔
⑤ جیسے غزوۂ احزاب میں ہوا۔ ⑥ [دوسرا ترجمہ] (آخرت میں) بھڑکتی ہوئی آگ میں ہیں۔

وَلَقَدْ اَهْلَكْنَآ اَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۞ وَكُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوْهُ فِي الزُّبُرِ ۞ وَكُلُّ صَغِيْرٍ وَّكَبِيْرٍ مُّسْتَطَرٌ ۞ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ ۞ فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ ۞

اور پکی بات یہ ہے کہ ہم تمھاری جماعت کے لوگوں کو پہلے ہی (اپنے عذاب سے) ہلاک کر چکے ہیں ① تو (بتاؤ) کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے؟ ﴿۵۱﴾ اور جو چیز انھوں نے کی وہ اعمال ناموں میں (لکھی گئی) ہے ﴿۵۲﴾ اور ہر چھوٹی اور بڑی بات لکھی ہوئی ہے ﴿۵۳﴾ یقیناً تقویٰ والے لوگ باغوں اور نہروں میں ہوں گے ﴿۵۴﴾ سچی عزت والی بیٹھک میں ② ایسے بادشاہ کے نزدیک جن کا سب پر قبضہ ہے ③ ﴿۵۵﴾

---

① [دوسرا ترجمہ] پکی بات یہ ہے کہ ہم تمھارے جیسے کافر لوگوں کو (پہلے ہی عذاب میں) ہلاک کر چکے ہیں۔

② [دوسرا ترجمہ] عمدہ مقام میں۔

③ [دوسرا ترجمہ] جن کے قبضے میں سارا اقتدار ہے [تیسرا] جو بڑے قدرت والے ہیں۔

سورۃ الرحمٰن

(المدنیۃ)

آیاتھا:۷۸۔رکوعاتھا:۳۔

یہ سورت مکی ہے؛ لیکن اکثر حضرات کی رائے یہ ہے کہ یہ مدنی ہے، اس میں اٹھتر (۷۸) یا (۷۹) آیتیں ہیں۔ سورۂ فرقان یا سورۂ رعد کے بعد اور سورۂ فاطر سے پہلے تینتالیس (۴۳) نمبر پر نازل ہوئی۔

یہ سورت رحمٰن ہی کے لفظ سے شروع ہوتی ہے۔ پورے قرآن میں سے یہ ایک ایسی سورت ہے جو اللہ کے اسمائے حسنٰی میں سے کسی ایک سے شروع ہوتی ہے۔

اس سورت میں رحمٰن تعالیٰ شانہٗ کی رحمت کے عجیب عجیب کرشموں کو بیان کیا گیا ہے۔

اس سورت کو حدیث میں ''عروس'' کہا گیا ہے۔

اس سورت میں ''فَبِاَیِّ اٰلَاءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ'' ۳۱ مرتبہ آیا ہے، جب بھی یہ آیت تلاوت کی جائے تو سنت ہے کہ سننے والے کو چاہیے کہ جواباً یہ کلمہ پڑھے ''لا بشیءٍ من نعمتک ربنا نکذب فلک الحمد''۔ البتہ نماز میں جب یہ آیت سنے تو دل ہی دل میں اس مضمون کا تصور کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَلرَّحْمٰنُ ۙ﴿۱﴾ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ؕ﴿۲﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۙ﴿۳﴾ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ﴿۴﴾ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ۙ﴿۵﴾ وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدٰنِ ﴿۶﴾ وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ ۙ﴿۷﴾ اَلَّا تَطْغَوْا فِى الْمِيْزَانِ ﴿۸﴾ وَاَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ ﴿۹﴾ وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ ۙ﴿۱۰﴾ فِيْهَا فَاكِهَةٌ ۙ وَّالنَّخْلُ ذَاتُ الْاَكْمَامِ ۖ﴿۱۱﴾ وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ ۚ﴿۱۲﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۱۳﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ۙ﴿۱۴﴾ وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ۚ﴿۱۵﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

رحمٰن ہی نے ﴿۱﴾ قرآن سکھایا ﴿۲﴾ اسی (اللہ تعالیٰ) نے انسان کو پیدا کیا ﴿۳﴾ اسی نے اس (انسان) کو (صفائی سے) بولنا سکھایا① ﴿۴﴾ سورج اور چاند مقررہ حساب سے (چلتے) ہیں ﴿۵﴾ اور (چھوٹے) جھاڑ اور (بڑے) درخت② سب (اس اللہ تعالیٰ کے آگے) سجدہ کرتے ہیں ﴿۶﴾ اور آسمان کو اسی (اللہ تعالیٰ) نے اونچا کیا اور اسی (اللہ تعالیٰ) نے ترازو رکھی ہے ﴿۷﴾ کہ تم تولنے میں زیادتی (یعنی ظلم، بے اعتدالی یا کمی بیشی) نہ کرو ﴿۸﴾ اور تم انصاف کے ساتھ وزن کو ٹھیک رکھو اور تم تول میں کمی مت کرو ﴿۹﴾ اور اسی نے زمین کو ساری مخلوق کے نفع کے لیے (اس جگہ) رکھ دیا ہے ﴿۱۰﴾ اسی (زمین) میں میوے اور کھجور کے درخت ہیں جن (کے پھلوں) پر غلاف ہوتے ہیں③ ﴿۱۱﴾ اور (اسی میں) بھوسے والا اناج (یعنی غلہ) اور خوشبو والے پھول بھی ہیں ﴿۱۲﴾ سو (اے انسانوں اور جنات! اب بتاؤ کہ) تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿۱۳﴾ اسی (اللہ تعالیٰ) نے انسان کو ٹھیکرے کی طرح (کھن کھن) بجنے والی (خشک) مٹی سے پیدا کیا ﴿۱۴﴾ اور جنات (یعنی جناتوں کے اول فرد) کو (بغیر دھویں کی) خالص آگ سے پیدا کیا ﴿۱۵﴾

---

① [دوسرا ترجمہ] اسی نے انسان کو (سمجھ میں آئے) ایسا بولنا سکھایا۔ ② [دوسرا ترجمہ] بغیر تنے کے درخت اور تنے والے درخت [تیسرا] سجدہ کا مفہوم اطاعت بھی لے سکتے ہے۔ ③ [دوسرا ترجمہ] اور کھجور کے گابھوں والے درخت بھی ہیں۔

فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ۝ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَئٰتُ فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝

كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ۝ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ يَسْــَٔـلُهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ ۝

سو (اے انسانوں اور جنات! اب بتاؤ کہ) تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿۱۶﴾ دونوں مشرقوں کے حقیقی مالک اور دونوں مغربوں کے حقیقی مالک وہی ہیں ﴿۱۷﴾ سو (اے انسانوں اور جنات! اب بتاؤ کہ) تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿۱۸﴾ اسی نے دو سمندروں کو اس طرح جاری کیا کہ دونوں (ظاہر میں) آپس میں ملے ہوئے ہیں ﴿۱۹﴾ (پھر بھی) ان کے درمیان ایک آڑ (یعنی پردہ) ہے کہ (جس سے) وہ ایک دوسرے کی حد (یعنی جگہ) سے بڑھ نہیں سکتے ﴿۲۰﴾ سو (اے انسانوں اور جنات! اب بتاؤ کہ) تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿۲۱﴾ ان دونوں (سمندروں) سے موتی اور مونگا نکلتا ہے ﴿۲۲﴾ سو (اے انسانوں اور جنات! اب بتاؤ کہ) تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿۲۳﴾ اور اسی (اللہ تعالیٰ) کے اختیار میں ہے وہ جہاز جو سمندر میں پہاڑوں کی طرح اونچے (معلوم ہوتے) ہیں ﴿۲۴﴾ سو (اے انسانوں اور جنات! اب بتاؤ کہ) تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿۲۵﴾

جو کوئی بھی (اس) زمین پر ہے وہ سب فنا ہونے والے ہیں ﴿۲۶﴾ اور صرف تمہارے رب کی ذات جو عظمت اور فضل و کرم والی ہے وہ باقی رہ جائے گی ﴿۲۷﴾ سو (اے انسانوں اور جنات! اب بتاؤ کہ) تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿۲۸﴾ آسمانوں اور زمین میں جو (مخلوق) بھی ہیں اسی (اللہ تعالیٰ) سے (اپنی حاجتیں) مانگتے ہیں، وہ (اللہ تعالیٰ) ہر روز ایک نئی شان میں ہے ﴿۲۹﴾

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ۝ سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ۝ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ۝ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ۝ فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ۝

سو (اے انسانوں اور جنات! اب بتاؤ کہ) تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿۳۰﴾ اے (جن اور انس) دو بھاری مخلوق ہم عنقریب تمھارے (حساب کے) لیے فارغ ہونے والے ہیں① ﴿۳۱﴾ سو (اے انسانوں اور جنات! اب بتاؤ کہ) تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿۳۲﴾ اے جنات اور انسانوں کی جماعت! اگر تم کو آسمان اور زمین کی حدود (یعنی کناروں) سے باہر نکل جانے کی قدرت ہو تو (پار) نکل جاؤ اور تم زبردست زور (یعنی طاقت) کے بغیر نہیں نکل سکتے (اور وہ تمھارے پاس نہیں ہے) ﴿۳۳﴾ سو (اے انسانوں اور جنات! اب بتاؤ کہ) تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿۳۴﴾ تم پر (خالص) آگ کا شعلہ اور دھواں چھوڑا جائے گا، پھر تم اپنا بچاؤ نہیں کر سکو گے② ﴿۳۵﴾ سو (اے انسانوں اور جنات! اب بتاؤ کہ) تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿۳۶﴾ پھر (قیامت کا وقت آ جائے گا کہ) جب آسمان پھٹ کر کے ایسا لال ہو جائے گا جیسے تیل کی تلچھٹ③ ﴿۳۷﴾ سو (اے انسانوں اور جنات! اب بتاؤ کہ) تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿۳۸﴾

---

① فراغت سے استعارہ ہے، آیت کا خلاصہ یہ ہے کہ اس وقت اللہ تعالیٰ کائنات کے امور کی تدبیر کی طرف متوجہ ہیں، ابھی حساب کی طرف متوجہ نہیں ہیں بلکہ بہت جلد قیامت آئے گی اور اللہ تعالیٰ حساب کی طرف متوجہ ہوں گے یعنی ابھی کا ایک دور ختم ہوگا اور دوسرا نیا دور شروع ہوگا۔

② [دوسرا ترجمہ] پھر تم اس کو ہٹا نہیں سکو گے [تیسرا] پھر تم اس کا مقابلہ نہیں کر سکو گے [چوتھا] پھر تم بدلہ نہیں لے سکو گے۔

③ [دوسرا ترجمہ] جیسے لال چمڑا (لال یہ علامتِ غضب ہے)۔

فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْـَٔلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖۤ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ۚ﴿۳۹﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۰﴾ يُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِيْمٰهُمْ فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِيْ وَالْاَقْدَامِ ۚ﴿۴۱﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۲﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ۘ﴿۴۳﴾ يَطُوْفُوْنَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيْمٍ اٰنٍ ۚ﴿۴۴﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۵﴾

وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ۚ﴿۴۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۙ﴿۴۷﴾ ذَوَاتَاۤ اَفْنَانٍ ۚ﴿۴۸﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۹﴾ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ تَجْرِيٰنِ ۚ﴿۵۰﴾

پھر اس دن کسی انسان سے اور کسی جن سے اس کے گناہوں کے بارے میں سوال نہیں کیا جائے گا⑴ ﴿۳۹﴾ سو (اے انسانوں اور جنات! اب بتاؤ کہ) تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿۴۰﴾ مجرم لوگ ان (کے چہروں) کی علامتوں⑵ سے پہچان لیے جائیں گے، پھر ان کو پیشانی کے بال اور پاؤں ملا کر پکڑا جائے گا ﴿۴۱﴾ سو (اے انسانوں اور جنات! اب بتاؤ کہ) تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿۴۲﴾ یہی ہے وہ جہنم جس کو مجرم لوگ جھٹلایا کرتے تھے ﴿۴۳﴾ وہ (مجرمین) اس (آگ) کے اور گرم کھولتے پانی کے بیچ میں چکر لگائیں گے ﴿۴۴﴾ سو (اے انسانوں اور جنات! اب بتاؤ کہ) تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿۴۵﴾

جو شخص (دنیا میں) اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے سے (ہر وقت) ڈرتا تھا اس کے لیے دو باغ ہوں گے ﴿۴۶﴾ سو (اے انسانوں اور جنات! اب بتاؤ کہ) تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿۴۷﴾ وہ دونوں (باغ) کثرت سے ٹہنیوں والے ہوں گے ﴿۴۸﴾ سو (اے انسانوں اور جنات! اب بتاؤ کہ) تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿۴۹﴾ ان دونوں (باغوں) میں دو چشمے بہتے ہوئے ہوں گے ﴿۵۰﴾

⑴ جرم ایسا واضح اور دوسرے ثبوت موجود ہوں گے کہ جرم کو ثابت کرنے کے لیے سوال کرنے کی ضرورت ہی نہیں۔ اسی طرح قیامت میں الگ الگ مواقع ہوں گے، ابتدائی وقت میں سوال نہ ہوں گے، بعد میں سوالات کا سلسلہ شروع ہوگا۔

⑵ یعنی کالا چہرہ اور آسمانی رنگ کی آنکھ۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ فِیْهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجٰنِ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ مُتَّكِـِٕیْنَ عَلٰى فُرُشٍۭ بَطَآىِٕنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍؕ وَ جَنَا الْجَنَّتَیْنِ دَانٍ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ فِیْهِنَّ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِۙ لَمْ یَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَ لَا جَآنٌّ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ كَاَنَّهُنَّ الْیَاقُوْتُ وَ الْمَرْجَانُ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ وَ مِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝

سو (اے انسانوں اور جنات! اب بتاؤ کہ) تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿۵۱﴾ ان دونوں (باغوں) میں ہر پھل کی دو، دو قسمیں ہوں گی① ﴿۵۲﴾ سو (اے انسانوں اور جنات! اب بتاؤ کہ) تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿۵۳﴾ وہ (جنتی لوگ) ایسے بچھونوں پر تکیہ لگائے (بیٹھے) ہوں گے جن کے استر موٹے ریشم کے ہوں گے اور ان دونوں باغوں کے پھل بہت ہی قریب ہوں گے② ﴿۵۴﴾ سو (اے انسانوں اور جنات! اب بتاؤ کہ) تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿۵۵﴾ ان (جنتوں) میں نیچی نگاہوں والی (ایسی عورتیں) ہوں گی جن کو ان (جنتیوں) سے پہلے نہ کسی انسان نے استعمال کیا ہوگا اور نہ کسی جن نے (استعمال کیا ہوگا) ﴿۵۶﴾ سو (اے انسانوں اور جنات! اب بتاؤ کہ) تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿۵۷﴾ وہ (عورتیں) ایسی (خوشنما یعنی صاف شفاف) ہوں گی جیسے یاقوت اور مرجان ہیں ﴿۵۸﴾ سو (اے انسانوں اور جنات! اب بتاؤ کہ) تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿۵۹﴾ اچھائی کا بدلہ اچھائی کے سوا اور کیا (ہو سکتا) ہے؟ ﴿۶۰﴾ سو (اے انسانوں اور جنات! اب بتاؤ کہ) تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿۶۱﴾ اور ان دونوں (باغوں) سے ذرا کم درجے کے دو باغ دوسرے بھی ہوں گے ﴿۶۲﴾ سو (اے انسانوں اور جنات! اب بتاؤ کہ) تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿۶۳﴾

① [دوسرا ترجمہ] ہر پھل کے دو دو جوڑے ہوں گے۔ ② [دوسرا ترجمہ] جھک پڑ رہے ہوں گے۔

مُدْهَآمَّتٰنِ ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۚ فِیْهِمَا عَیْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۚ فِیْهِمَا فَاكِهَةٌ وَّ نَخْلٌ وَّ رُمَّانٌ ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۚ فِیْهِنَّ خَیْرٰتٌ حِسَانٌ ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۚ حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِی الْخِیَامِ ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۚ لَمْ یَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَ لَا جَآنٌّ ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۚ مُتَّكِـِٕیْنَ عَلٰى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّ عَبْقَرِیٍّ حِسَانٍ ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۚ تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِی الْجَلٰلِ وَ الْاِكْرَامِ ۚ

دونوں گہرے سبز (ہونے کی وجہ کالے جیسے) ہوں گے ﴿۶۴﴾ سو (اے انسانوں اور جنات! اب بتاؤ کہ) تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿۶۵﴾ ان دونوں باغوں میں (پانی کے) ابلتے ہوئے (یعنی جوش مارتے ہوئے) دو چشمے ہوں گے ﴿۶۶﴾ سو (اے انسانوں اور جنات! اب بتاؤ کہ) تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿۶۷﴾ ان دونوں (باغوں) میں میوے اور کھجوریں اور انار ہوں گے ﴿۶۸﴾ سو (اے انسانوں اور جنات! اب بتاؤ کہ) تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿۶۹﴾ ان (باغوں) میں اچھی (یعنی خوب سیرت) خوب صورت عورتیں ہوں گی ﴿۷۰﴾ سو (اے انسانوں اور جنات! اب بتاؤ کہ) تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿۷۱﴾ وہ حوریں جن کو خیموں میں حفاظت سے رکھا گیا ہوگا ﴿۷۲﴾ سو (اے انسانوں اور جنات! اب بتاؤ کہ) تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿۷۳﴾ ان (جنت والوں) سے پہلے ان کو نہ کسی انسان نے استعمال کیا ہوگا اور نہ کسی جن نے ﴿۷۴﴾ سو (اے انسانوں اور جنات! اب بتاؤ کہ) تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿۷۵﴾ وہ (جنتی لوگ) سبز رنگ کے مسندوں پر اور عجیب خوشنما (یعنی خوب صورت) فرشوں پر تکیہ لگائے ہوئے بیٹھے ہوں گے ﴿۷۶﴾ سو (اے انسانوں اور جنات! اب بتاؤ تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿۷۷﴾ (اے نبی!) تمھارے رب کا نام بڑی برکت والا ہے جو (رب) عظمت (یعنی بڑائی) والے، اور کرم (یعنی انعام) والے ہیں ﴿۷۸﴾

سورۃ الواقعۃ

(المکیۃ)

آیاتہا: ۹۶۔ رکوعاتہا: ۳۔

یہ سورت مکی ہے اس میں چھیانوے (۹۶) یا (۹۷) آیتیں ہیں۔ سورۃ طٰہٰ کے بعد اور سورۃ شعراء سے پہلے چھیالیس (۴۶) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں "الواقعہ" یعنی ہو پڑنے والی چیز" قیامت کا تذکرہ ہے۔

الواقعہ: قیامت کے ناموں میں سے ایک نام ہے، قیامت یقیناً واقع ہونے والی چیز ہے۔

نبیٔ کریم ﷺ فجر کی نماز میں اس کو تلاوت فرمایا کرتے تھے۔

حدیث میں آتا ہے کہ جو آدمی رات میں سورۃ واقعہ کی تلاوت کرے اس کو کبھی فقر و فاقہ نہیں پہنچے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

إِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ﴿۱﴾ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ﴿۲﴾ خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ﴿۳﴾ إِذَا رُجَّتِ الْأَرْضُ رَجًّا ﴿۴﴾ وَبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ﴿۵﴾ فَكَانَتْ هَبَاءً مُّنْبَثًّا ﴿۶﴾ وَكُنْتُمْ أَزْوَاجًا ثَلَاثَةً ﴿۷﴾ فَأَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ مَا أَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ ﴿۸﴾ وَأَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ مَا أَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ ﴿۹﴾ وَالسَّابِقُونَ السَّابِقُونَ ﴿۱۰﴾ أُولَٰئِكَ الْمُقَرَّبُونَ ﴿۱۱﴾ فِي جَنَّاتِ النَّعِيمِ ﴿۱۲﴾ ثُلَّةٌ مِّنَ الْأَوَّلِينَ ﴿۱۳﴾ وَقَلِيلٌ مِّنَ الْآخِرِينَ ﴿۱۴﴾ عَلَىٰ سُرُرٍ مَّوْضُونَةٍ ﴿۱۵﴾ مُّتَّكِئِينَ عَلَيْهَا مُتَقَابِلِينَ ﴿۱۶﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

جب وہ (قیامت کا) ہونے والا واقعہ ہوجائے گا ﴿۱﴾ تو اس (قیامت) کے ہونے کے وقت کوئی اس کو جھٹلانے والا نہیں ہوگا ﴿۲﴾ وہ (قیامت) کسی (یعنی کافر) کو (جہنم کے درکات میں) نیچا کرے گی، کسی (یعنی مومن) کو (جنت کے درجات میں) اونچا کرے گی ﴿۳﴾ جب زمین بہت زور سے ہلادی جائے گی ﴿۴﴾ اور پہاڑوں کو توڑ پھوڑ کر چورا کردیا جائے گا ﴿۵﴾ یہاں تک کہ وہ (پہاڑ) بکھرا ہوا (یعنی اڑتا ہوا) غبار ہوجائیں گے ﴿۶﴾ اور (اے لوگو!) تم (اس قیامت کے دن) تین قسم پر ہوجاؤ گے ﴿۷﴾ سو دائیں طرف والے کہ کیسی اچھی حالت میں دائیں طرف والے ہوں گے؟ ﴿۸﴾ اور بائیں طرف والے، سو کیسی بری حالت میں ہوں گے بائیں طرف والے؟ ﴿۹﴾ اور آگے رہنے والے، سو وہ تو ہیں ہی آگے رہنے والے ﴿۱۰﴾ وہی لوگ تو (اللہ تعالیٰ کے) مقرب بندے ہیں ﴿۱۱﴾ وہ نعمتوں کے باغات میں ہوں گے ﴿۱۲﴾ (ان مقربین کی) ایک بڑی جماعت پہلے لوگوں میں ہوگی① ﴿۱۳﴾ اور بعد کے لوگوں میں سے تھوڑے ہوں گے ﴿۱۴﴾ سونے کے تاروں سے بنے ہوئے اونچے تختوں پر ﴿۱۵﴾ ایک دوسرے کے آمنے سامنے تکیہ لگائے ہوئے بیٹھے ہوں گے ﴿۱۶﴾

---

① چوں کہ پچھلی امتوں میں انبیا کی کثرت رہی۔

يَطُوفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُونَ ﴿۱۷﴾ بِأَكْوَابٍ وَأَبَارِيقَ ۙ وَكَأْسٍ مِّن مَّعِينٍ ﴿۱۸﴾ لَّا يُصَدَّعُونَ عَنْهَا وَلَا يُنزِفُونَ ﴿۱۹﴾ وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُونَ ﴿۲۰﴾ وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُونَ ﴿۲۱﴾ وَحُورٌ عِينٌ ﴿۲۲﴾ كَأَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُونِ ﴿۲۳﴾ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۲۴﴾ لَا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْوًا وَلَا تَأْثِيمًا ﴿۲۵﴾ إِلَّا قِيلًا سَلَامًا سَلَامًا ﴿۲۶﴾ وَأَصْحَابُ الْيَمِينِ ۙ مَا أَصْحَابُ الْيَمِينِ ﴿۲۷﴾ فِي سِدْرٍ مَّخْضُودٍ ﴿۲۸﴾ وَطَلْحٍ مَّنضُودٍ ﴿۲۹﴾ وَظِلٍّ مَّمْدُودٍ ﴿۳۰﴾ وَمَاءٍ مَّسْكُوبٍ ﴿۳۱﴾ وَفَاكِهَةٍ كَثِيرَةٍ ﴿۳۲﴾ لَّا مَقْطُوعَةٍ وَلَا مَمْنُوعَةٍ ﴿۳۳﴾ وَفُرُشٍ مَّرْفُوعَةٍ ﴿۳۴﴾

ہمیشہ لڑکے ہی رہنے والے ان کے سامنے (آگے بیان ہونے والی چیزوں کو لئے) پھرتے ہوں گے ﴿۱۷﴾ ایسی صاف ستھری (یعنی بھانے والی) شراب کے پیالے اور جگ اور (بھرے ہوئے) گلاس لے کر کے ﴿۱۸﴾ جس سے ان کے سر میں درد نہیں ہوگا اور نہ ان کے ہوش اڑیں گے ① ﴿۱۹﴾ اور پھل لے کر جن کو وہ (جنتی لوگ) پسند کریں گے ﴿۲۰﴾ اور پرندوں کا ایسا گوشت لے کر جس کی ان کو رغبت ہو ﴿۲۱﴾ اور گوری بڑی آنکھوں والی عورتیں (یعنی حوریں) ہوں گی ﴿۲۲﴾ (ایسی صاف ستھری) جیسے (سیپی میں) چھپا کر رکھے ہوئے موتی ﴿۲۳﴾ جو (نیک) اعمال وہ (دنیا میں) کیا کرتے تھے اس کا بدلہ ہے ﴿۲۴﴾ وہ اس (جنت) میں نہ کوئی بکواس اور نہ کوئی بیہودہ بات سنیں گے ﴿۲۵﴾ بس (ہر طرف) سلام سلام (یعنی سلامتی) ہی کی آواز ہوگی ﴿۲۶﴾ اور جو دائیں طرف والے ہیں کیسی اچھی حالت میں ہوں گے دائیں طرف والے؟ ﴿۲۷﴾ وہ ان باغوں میں ہوں گے جن میں بغیر کانٹوں کی بیریاں ہوگی ﴿۲۸﴾ اور تہ بہ تہ کیلے ہوں گے ② ﴿۲۹﴾ اور دور تک پھیلے ہوئے سائے ہوں گے ﴿۳۰﴾ اور بہتا ہوا پانی ہوگا ﴿۳۱﴾ اور بہت زیادہ میوے ہوں گے ﴿۳۲﴾ جو کبھی ختم نہیں ہوں گے اور ان پر کوئی پابندی (یعنی روک ٹوک) نہیں ہوگی ﴿۳۳﴾ اونچے اونچے بچھونے ہوں گے ③ ﴿۳۴﴾

---

① [دوسرا ترجمہ] بکواس نہیں کریں گے۔ ② مراد اوپر سے نیچے تک کیلے خوب لگے ہوں گے۔

③ جنت میں اونچے تختوں پر بچھونے بچھائے گئے ہوں گے، عمدگی اور ظاہری اعتبار سے بھی اونچے ہوں گے۔

إِنَّا أَنْشَأْنَاهُنَّ إِنْشَاءً ﴿٣٥﴾ فَجَعَلْنَاهُنَّ أَبْكَارًا ﴿٣٦﴾ عُرُبًا أَتْرَابًا ﴿٣٧﴾ لِأَصْحَابِ الْيَمِينِ ﴿٣٨﴾ ثُلَّةٌ مِنَ الْأَوَّلِينَ ﴿٣٩﴾ وَثُلَّةٌ مِنَ الْآخِرِينَ ﴿٤٠﴾ وَأَصْحَابُ الشِّمَالِ مَا أَصْحَابُ الشِّمَالِ ﴿٤١﴾ فِي سَمُومٍ وَحَمِيمٍ ﴿٤٢﴾ وَظِلٍّ مِنْ يَحْمُومٍ ﴿٤٣﴾ لَا بَارِدٍ وَلَا كَرِيمٍ ﴿٤٤﴾ إِنَّهُمْ كَانُوا قَبْلَ ذَٰلِكَ مُتْرَفِينَ ﴿٤٥﴾ وَكَانُوا يُصِرُّونَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيمِ ﴿٤٦﴾ وَكَانُوا يَقُولُونَ أَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَامًا أَإِنَّا لَمَبْعُوثُونَ ﴿٤٧﴾ أَوَآبَاؤُنَا الْأَوَّلُونَ ﴿٤٨﴾ قُلْ إِنَّ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ ﴿٤٩﴾ لَمَجْمُوعُونَ إِلَىٰ مِيقَاتِ يَوْمٍ مَعْلُومٍ ﴿٥٠﴾ ثُمَّ إِنَّكُمْ أَيُّهَا الضَّالُّونَ الْمُكَذِّبُونَ ﴿٥١﴾

یقین جانو! ہم نے ان (جنت کی عورتوں) کو (خاص) نئی اٹھان دی ہے[1] سوان (عورتوں) کو ہم نے ایسا بنایا ہے کہ ﴿۳۵﴾ وہ باکرہ (یعنی کنواری) ہی رہیں گی ﴿۳۶﴾ (شوہروں کی) محبوبہ اور عمر میں برابر ہوں گی ﴿۳۷﴾ یہ سب کچھ داہنی طرف والوں کے لیے ہیں ﴿۳۸﴾ (ان داہنی طرف والوں کی) ایک بڑی جماعت پہلے لوگوں میں ہوگی ﴿۳۹﴾ اور ایک بڑی جماعت پچھلے لوگوں میں ہوگی ﴿۴۰﴾ اور جو بائیں طرف والے ہیں سو وہ بائیں طرف والے کیسی بری حالت میں ہیں؟ ﴿۴۱﴾ وہ لوگ آگ[2] اور کھولتے ہوئے گرم پانی میں ہوں گے ﴿۴۲﴾ اور کالے دھوئیں کے سایہ میں ہوں گے ﴿۴۳﴾ وہ (سایہ) ٹھنڈا (بھی) نہیں ہوگا اور نہ کوئی فائدہ پہنچائے گا[3] ﴿۴۴﴾ وہ لوگ اس (آخرت) سے پہلے (دنیا میں) بڑے عیش (یعنی خوش حالی) میں تھے ﴿۴۵﴾ اور وہ بڑے بھاری گناہ (یعنی شرک) پر اصرار (یعنی ضد) کرتے تھے[4] ﴿۴۶﴾ اور وہ کہا کرتے تھے کہ: کیا جب ہم مرجائیں گے اور مٹی اور ہڈیاں ہوجائیں گے تو کیا ہم دوبارہ زندہ کرکے اٹھائے جائیں گے؟ ﴿۴۷﴾ کیا ہمارے پہلے گزرے ہوئے باپ دادا بھی (اٹھائے جائیں گے) ﴿۴۸﴾ تو (اے نبی!) تم کہہ دو: یقیناً سب اگلے اور پچھلے لوگ ﴿۴۹﴾ ایک مقررہ دن کے وقت پر ضرور جمع کیے جائیں گے ﴿۵۰﴾ پھر (جمع کیے جانے کے بعد) تم اے گمراہو، جھٹلانے والو! ﴿۵۱﴾

---

[1] [دوسرا ترجمہ] (خاص) طور سے بنایا ہے۔ [2] سموم جہنم کی وادی ہے یا جہنم کا ایک نام ہے یا تیز آگ جیسی ہوا جس کو "لو" کہا جاتا ہے۔ [3] [دوسرا ترجمہ] فرحت (یا راحت) بخش نہیں ہوگا۔ [4] [دوسرا ترجمہ] وہ بڑے بھاری گناہ (یعنی شرک) پر اڑے رہتے تھے (حنث کا ایک مطلب دانستہ جھوٹی قسم کھانا بھی ہے)۔

لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍۙ۝۵۲ فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَۚ۝۵۳ فَشٰرِبُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيْمِۚ۝۵۴
فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ الْهِيْمِؕ۝۵۵ هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِؕ۝۵۶ نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ۝۵۷
اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَؕ۝۵۸ ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗۤ اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ۝۵۹ نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ
وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَۙ۝۶۰ عَلٰۤى اَنْ نُّبَدِّلَ اَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ فِيْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ۝۶۱ وَلَقَدْ
عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى فَلَوْلَا تَذَكَّرُوْنَ۝۶۲ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَؕ۝۶۳ ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗۤ اَمْ
نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ۝۶۴ لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ۝۶۵

تم کو زقوم کے درخت سے کھانا پڑے گا ﴿۵۲﴾ پھر اسی سے (اپنے) پیٹوں کو بھرنا ہوگا ﴿۵۳﴾ پھر اس (زقوم) کے اوپر سے کھولتا ہوا گرم پانی پینا پڑے گا ﴿۵۴﴾ جس طرح پیاس کی بیماری والے اونٹ پیتے ہیں اس طرح پینا ہوگا ﴿۵۵﴾ یہ جزاوسزا (یعنی انصاف) کے دن ان کی مہمانی ہوگی ﴿۵۶﴾ ہم نے تم کو (پہلی بار) پیدا کیا ہے، پھر تم (توحید اور قیامت کو) کیوں سچ نہیں مانتے؟ ﴿۵۷﴾ ذرا یہ تو بتاؤ کہ جو منی تم (عورتوں کے رحم میں) ٹپکاتے ہو ﴿۵۸﴾ کیا تم اس (منی یا انسان) کو پیدا کرتے ہو یا ہم (اس کے) پیدا کرنے والے ہیں؟ ﴿۵۹﴾ ہم نے ہی تمہارے درمیان موت کو (معین وقت پر) مقرر کر رکھا ہے اور ہم اس بات سے عاجز نہیں ہے ﴿۶۰﴾ کہ ہم تمہاری جگہ تم ہی جیسی کوئی اور قوم لے آئیں اور تم کو ایسی جگہ اٹھا کھڑا کردیں جسے تم نہیں جانتے ہو①② ﴿۶۱﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ تم کو پہلی پیدائش کا پورا پتہ ہے، پھر تم (توحید اور قیامت کو) کیوں نہیں سمجھتے ہو؟③ ﴿۶۲﴾ اچھا بتاؤ جو بیج تم زمین میں ڈالتے ہو ﴿۶۳﴾ کیا تم اس کو اگاتے ہو یا ہم (اس کو) اگانے والے ہیں؟ ﴿۶۴﴾ اگر ہم چاہیں تو اس (فصل) کو چورا چورا کر ڈالیں پھر تم تعجب (یا ندامت) کرتے ہی رہ جاؤ④ ﴿۶۵﴾

---

① یعنی دوسری آخرت کی دنیا جس کو تم پورے طور پر جانتے نہیں ہو وہاں تم کو لے جاویں۔ ② دوسرا مطلب: انسان والی صورت سے مسخ کر کے جانور یا پتھر کی شکل میں بنا دیویں یا مر کر مٹی کی شکل میں تبدیل کر دیویں۔ دوسرا اور ہم تم کو ایسی صورت میں بنا دے جن کو تم جانتے بھی نہیں ہو۔ ③ [دوسرا ترجمہ] پھر تم کیوں نصیحت حاصل نہیں کرتے ہو؟ ④ [دوسرا ترجمہ] پھر تم باتیں ہی بناتے رہ جاؤ (کہ اس طرح نقصان ہو گیا جیسے عام طور پر نقصان کے وقت اس طرح باتیں بنانے کا رواج ہے)

إِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ﴿٦٦﴾ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿٦٧﴾ أَفَرَءَيْتُمُ الْمَآءَ الَّذِيْ تَشْرَبُوْنَ ﴿٦٨﴾ ءَأَنْتُمْ أَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ أَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ ﴿٦٩﴾ لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ أُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ ﴿٧٠﴾ أَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِيْ تُوْرُوْنَ ﴿٧١﴾ ءَأَنْتُمْ أَنْشَأْتُمْ شَجَرَتَهَآ أَمْ نَحْنُ الْمُنْشِئُوْنَ ﴿٧٢﴾ نَحْنُ جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً وَّمَتَاعًا لِّلْمُقْوِيْنَ ﴿٧٣﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿٧٤﴾

فَلَآ أُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ﴿٧٥﴾ وَإِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ﴿٧٦﴾ إِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ﴿٧٧﴾ فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ﴿٧٨﴾ لَّا يَمَسُّهٗٓ إِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ﴿٧٩﴾ تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٨٠﴾

کہ ہم تو قرض دار رہ گئے ﴿۶۶﴾ بلکہ ہم تو بالکل ہی محروم (یعنی بے نصیب) رہ گئے① ﴿۶۷﴾ اچھا بھلا بتاؤ جو پانی تم پیتے ہو ﴿۶۸﴾ کیا تم اس کو بادل سے برساتے ہو یا ہم برسانے والے ہیں؟ ﴿۶۹﴾ اگر ہم چاہیں تو اس (پانی) کو کھارا بنا کر رکھ دیں پھر تم شکر کیوں نہیں کرتے؟ ﴿۷۰﴾ اچھا یہ بتاؤ کہ یہ آگ جو تم سلگایا کرتے ہو ﴿۷۱﴾ کیا اس (آگ) کے درخت کو تم نے پیدا کیا یا ہم پیدا کرنے والے ہیں؟ ﴿۷۲﴾ ہم نے ہی اس کو نصیحت کا② سامان اور مسافروں کے لیے فائدہ کی چیز بنایا ہے ﴿۷۳﴾ سو (اے نبی!) تم اپنے عظیم رب کا نام لے کر تسبیح کرو ﴿۷۴﴾

سو میں ستاروں کے گرنے کی (یعنی چھپنے کی) جگہوں کی قسم کھاتا ہوں③ ﴿۷۵﴾ اور اگر تم سمجھو تو یہ بڑی زبردست قسم ہے ﴿۷۶﴾ یقیناً وہ تو عزت والا (یعنی باوقار) قرآن ہے ﴿۷۷﴾ جو ایک چھپی ہوئی کتاب (یعنی لوحِ محفوظ) میں (پہلے سے) لکھا ہوا ہے ﴿۷۸﴾ اس کو بہت پاک لوگ ہی چھوتے ہیں ﴿۷۹﴾ یہ (قرآن) تمام عالموں کے رب کی طرف سے تھوڑا تھوڑا کر کے اتارا ہوا ہے ﴿۸۰﴾

---

① یعنی فصل برباد ہوئی مفت کا تاوان پڑا اور پورا سرمایہ برباد ہو گیا۔

② دنیوی آگ سے جہنم کی آگ کا اندازہ لگاؤ؛ حالاں کہ دنیوی آگ دوزخ کی آگ کا سترواں حصہ ہے، پھر اس سترویں حصہ کو دوبار پانی سے بجھایا گیا تب نفع اٹھانے کے قابل اور اس کے قریب جا سکو ایسی ہوئی۔

③ [دوسرا] سو میں (ستاروں سے زیادہ چمک دار) آیتوں کے اترنے کی جگہوں [نبیوں کے دلوں کی] قسم کھاتا ہوں۔

أَفَبِهَٰذَا الْحَدِيثِ أَنتُم مُّدْهِنُونَ ﴿۸۱﴾ وَتَجْعَلُونَ رِزْقَكُمْ أَنَّكُمْ تُكَذِّبُونَ ﴿۸۲﴾ فَلَوْلَا إِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُومَ ﴿۸۳﴾ وَأَنتُمْ حِينَئِذٍ تَنظُرُونَ ﴿۸۴﴾ وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنكُمْ وَلَٰكِن لَّا تُبْصِرُونَ ﴿۸۵﴾ فَلَوْلَا إِن كُنتُمْ غَيْرَ مَدِينِينَ ﴿۸۶﴾ تَرْجِعُونَهَا إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿۸۷﴾ فَأَمَّا إِن كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِينَ ﴿۸۸﴾ فَرَوْحٌ وَرَيْحَانٌ وَجَنَّتُ نَعِيمٍ ﴿۸۹﴾ وَأَمَّا إِن كَانَ مِنْ أَصْحَابِ الْيَمِينِ ﴿۹۰﴾ فَسَلَامٌ لَّكَ مِنْ أَصْحَابِ الْيَمِينِ ﴿۹۱﴾ وَأَمَّا إِن كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِينَ الضَّالِّينَ ﴿۹۲﴾ فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيمٍ ﴿۹۳﴾ وَتَصْلِيَةُ جَحِيمٍ ﴿۹۴﴾ إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِينِ ﴿۹۵﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ ﴿۹۶﴾

کیا پھر بھی تم اس کلام سے بے پروائی (یعنی سستی) برتتے ہو① ﴿۸۱﴾ اور تم نے اپنا وظیفہ ہی بنالیا کہ تم (اس کو) جھٹلاتے رہو ﴿۸۲﴾ پھر ایسا کیوں نہیں ہوتا کہ جب (کسی کی) روح (موت کے وقت) گلے تک پہنچ جاتی ہے ﴿۸۳﴾ اور تم اس وقت (حسرت سے اس مرنے والے کو) دیکھتے رہتے ہو ﴿۸۴﴾ اور ہم اس (مرنے والے) کے تم سے زیادہ قریب ہوتے ہیں؛ مگر تم کو (ہمارا نزدیک ہونا) نظر نہیں آتا② ﴿۸۵﴾ پھر اگر (تم اپنی سمجھ میں ایسے ہو کہ) تمھارا کوئی حساب کتاب ہونے والا نہیں ہے③ ﴿۸۶﴾ تو اگر تم سچے ہو تو اس (کی روح) کو (بدن میں) واپس کیوں نہیں لوٹا دیتے ﴿۸۷﴾ پھر اگر وہ (مرنے والا اللہ تعالیٰ کے) مقرب بندوں میں سے ہو ﴿۸۸﴾ تو (اس کو) راحت ہی راحت ہے اور خوشبو ہی خوشبو ہے اور نعمتوں سے بھرا ہوا باغ ہے ﴿۸۹﴾ اور اگر وہ (مرنے والا) داہنی طرف والوں میں ہو ﴿۹۰﴾ تو (اس کو کہا جائے گا کہ) تمھارے لیے تو سلامتی ہی سلامتی ہے (یعنی امن وامان ہی ہے) کہ تم داہنی طرف والوں میں سے ہو ﴿۹۱﴾ اور اگر وہ (شخص) ان گمراہوں میں سے ہو جو (حق کو) جھٹلانے والے تھے ﴿۹۲﴾ تو (اس کے لیے) جلتے ہوئے پانی کی دعوت ہوگی ﴿۹۳﴾ اور دوزخ میں داخل ہونا ہوگا ﴿۹۴﴾ یقیناً یہ باتیں سراسر حق (اور) یقینی ہے ﴿۹۵﴾ لہذا (اے نبی!) تم اپنے عظیم رب کا نام لے کر (اس کی) تسبیح کرو ﴿۹۶﴾

---

① [دوسرا ترجمہ] کیا پھر بھی تم اس کلام کو سرسری بات سمجھتے ہو؟ ② [دوسرا ترجمہ] سمجھ میں نہیں آتا۔ ③ [دوسرا ترجمہ] پھر اگر تم (تمھاری سمجھ کے مطابق) کسی کے قابو کے تحت (یعنی کسی کا حکم پر چلتا نہ ہو، تم کسی کے اختیار میں نہ ہو) نہیں ہو۔

سورۃ الحدید

(المدنیۃ)

ایاتها:۲۹۔رکوعاتها:۴۔

یہ سورت مدنی ہے، اس میں انتیس (۲۹) آیتیں ہیں۔سورۃ زلزال کے بعد اور سورۃ محمد سے پہلے چورانوے (۹۴) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں حدید کا تذکرہ کیا گیا ہے، جو اللہ کی بہت بڑی نعمت ہے۔

سورۃ حدید، حشر، صف، جمعہ اور تغابن کو مسبحات کہا جاتا ہے۔

نبی کریم ﷺ رات کو سوتے وقت ان کی تلاوت فرماتے تھے، اور یہ بھی فرمایا کہ: ان میں ایک آیت ایسی ہے جو ہزار آیتوں سے بہتر ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ① لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ② هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ③ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۚ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ۚ وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ ۚ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ④ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ⑤

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

آسمانوں اور زمین میں جو کچھ (مخلوقات) ہیں وہ سب اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتی ہے اور وہ (اللہ تعالیٰ) بڑے ہی زبردست اور بڑی حکمت والے ہیں ﴿۱﴾ اسی (اللہ تعالیٰ) کے لیے آسمانوں اور زمین کی حکومت ہے، وہی (اللہ تعالیٰ) زندگی دیتے ہیں اور موت دیتے ہیں اور وہ (اللہ تعالیٰ) ہر چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں ﴿۲﴾ وہی (اللہ تعالیٰ) سب سے پہلے اور سب سے آخر میں ہیں، (وہی) ظاہر میں بھی ہیں چھپے ہوئے بھی ہیں اور وہی (اللہ تعالیٰ) ہر چیز کو پوری طرح جانتے ہیں ﴿۳﴾ وہی (اللہ تعالیٰ) ہیں جنھوں نے آسمان اور زمین کو چھ دن (کی مقدار) میں پیدا کیا، پھر (اپنی شان کے مطابق) عرش پر قائم ہوئے، جو چیز زمین میں داخل ہوتی ہے① اور جو اس (زمین) سے نکلتی ہے② اور جو چیز آسمان سے اترتی ہے③ اور جو اس (آسمان) میں چڑھتی ہے④ ان سب کو وہ (اللہ تعالیٰ) جانتے ہیں اور تم جہاں کہیں بھی رہو وہ (اللہ تعالیٰ علم اور قدرت اور قابو سے) تمھارے ساتھ ہے اور جو کام بھی تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس کو دیکھتے ہیں ﴿۴﴾ اسی (اللہ تعالیٰ) کے لیے آسمانوں اور زمین کی حکومت ہے اور سب کام اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹائے جاتے ہیں ﴿۵﴾

---

① یعنی بارش کا پانی، بیج، مُردے وغیرہ۔ ② یعنی نباتات، معدنیات۔

③ یعنی بارش، ملائکہ، احکام، رحمت، عذاب۔ ④ یعنی نیک اور برے اعمال، ملائکہ، ارواح۔

يُولِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۚ وَهُوَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ⑥ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ
وَرَسُوْلِهٖ وَاَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ ۚ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَاَنْفَقُوْا لَهُمْ
اَجْرٌ كَبِيْرٌ ⑦ وَمَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ۚ وَالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ لِتُؤْمِنُوْا بِرَبِّكُمْ وَقَدْ اَخَذَ
مِيْثَاقَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ⑧ هُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ عَلٰى عَبْدِهٖٓ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَكُمْ مِّنَ
الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۚ وَاِنَّ اللّٰهَ بِكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ⑨ وَمَا لَكُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ لَا يَسْتَوِيْ مِنْكُمْ مَّنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَقٰتَلَ ۚ

وہی (اللہ تعالیٰ) رات کو دن میں داخل کرتے ہیں ① اور وہی دن کو رات میں داخل کرتے ہیں ② اور وہ سینوں میں چھپی ہوئی (تمام) باتوں کو جانتے ہیں ﴿۶﴾ تم لوگ اللہ تعالیٰ پر اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اس (مال) میں سے (اللہ تعالیٰ کے راستہ میں) خرچ کرو جس میں اس (اللہ تعالیٰ) نے تم کو دوسروں کا نائب (یعنی قائم مقام) بنایا ہے، سو جو لوگ تم میں سے ایمان لائے اور انھوں نے اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کیا ان کو بہت بڑا اجر ملے گا ﴿۷﴾ اور تمھارے لیے کیا وجہ ہے کہ تم (اللہ تعالیٰ پر) ایمان نہیں لاتے؛ حالانکہ رسول تم کو دعوت دے رہے ہیں کہ تم اپنے رب پر ایمان رکھو اور وہ تم سے پکا (ایمان اور نصرت کا) عہد لے چکے ہیں، اگر تم واقعی ایمان لانے والے ہو تو ﴿۸﴾ وہی (اللہ تعالیٰ) ہیں جو اپنے بندے (یعنی محمد ﷺ) پر صاف صاف آیتیں اتارتے ہیں؛ تاکہ تم کو (کفر کی) اندھیریوں سے نکال کر (ایمان کی) روشنی میں لائیں اور یقین رکھو اللہ تعالیٰ تم پر بڑے شفیق، بہت مہربان ہیں ﴿۹﴾ اور تمھارے لیے کون سی وجہ ہے کہ تم اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ نہ کرو؛ حالاں کہ آسمانوں اور زمین کی ساری میراث اللہ تعالیٰ کی ہے ③ تم میں سے جن لوگوں نے (مکہ کی) فتح سے پہلے (اللہ تعالیٰ کے راستہ میں) خرچ کیا اور جہاد کیا وہ (بعد والوں کے) برابر نہیں ہو سکتے،

---

① جس سے دن لمبا ہو جاتا ہے۔

② جس سے رات لمبی ہو جاتی ہے۔

③ اس وقت کی عارضی ملکیت ختم ہو گی اور آخر سب چیزیں اللہ تعالیٰ ہی کی ملکیت میں رہے گی۔

أُولَٰئِكَ أَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِينَ أَنفَقُوا مِن بَعْدُ وَقَاتَلُوا ۚ وَكُلًّا وَعَدَ اللَّهُ الْحُسْنَىٰ ۚ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ﴿١٠﴾

مَّن ذَا الَّذِي يُقْرِضُ اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضَاعِفَهُ لَهُ وَلَهُ أَجْرٌ كَرِيمٌ ﴿١١﴾ يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ يَسْعَىٰ نُورُهُم بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَبِأَيْمَانِهِم بُشْرَاكُمُ الْيَوْمَ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿١٢﴾ يَوْمَ يَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَالْمُنَافِقَاتُ لِلَّذِينَ آمَنُوا انظُرُونَا نَقْتَبِسْ مِن نُّورِكُمْ قِيلَ ارْجِعُوا وَرَاءَكُمْ فَالْتَمِسُوا نُورًا فَضُرِبَ بَيْنَهُم بِسُورٍ لَّهُ بَابٌ بَاطِنُهُ فِيهِ الرَّحْمَةُ وَظَاهِرُهُ مِن قِبَلِهِ الْعَذَابُ ﴿١٣﴾

(بلکہ) وہ (پہلے لوگ) مرتبے میں ان لوگوں سے بہت بڑھے ہوئے ہیں جنھوں نے (مکہ کی) فتح کے بعد (اللہ تعالیٰ کے راستے میں) خرچ کیا اور جہاد کیا اور (ہاں!) اللہ تعالیٰ نے ہر ایک سے بھلائی (یعنی نیکی اور جنت) کا وعدہ کیا ہے اور جو اعمال تم کرتے ہو اس کی پوری خبر رکھتے ہیں ﴿۱۰﴾

کون ہے جو اللہ تعالیٰ کو قرض دیوے اچھی طرح (قرض دینا) ① جس کے نتیجے میں وہ (اللہ تعالیٰ) اسے اس (قرض دینے والے) کے لیے کئی گنا بڑھاتے چلے جاویں اور اس (شخص) کو بڑا عزت کا ثواب ملے گا ﴿۱۱﴾ (اے نبی!) اس دن تم ایمان والے مرد اور ایمان والی عورتوں کو دیکھو گے کہ ان کا نور ان کے سامنے اور ان کی داہنی جانب دوڑ رہا ہوگا (اور ان کو کہا جائے گا کہ): آج تم کو ایسے باغات کی خوش خبری ہے جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، ان (باغوں) میں ہمیشہ (رہو گے) یہی تو بہت بڑی کامیابی ہے ﴿۱۲﴾ اس دن نفاق والے مرد اور نفاق والی عورتیں ایمان والوں سے کہیں گے کہ: (پل صراط پر) ہمارا (ذرا) انتظار کرو کہ ہم بھی تمھارے نور (یعنی روشنی) میں سے کچھ (نور) حاصل کرلیں تو ان کو کہا جائے گا کہ: تم اپنے پیچھے کی جانب لوٹ جاؤ، پھر (وہاں) نور تلاش کرو، اتنے میں ان (مؤمنوں اور منافقوں) کے درمیان ایک (ایسی) دیوار کھڑی کردی جائے گی جس میں ایک دروازہ ہوگا، اس کے اندر کی جانب رحمت اور اس کے باہر کی جانب عذاب ہوگا ﴿۱۳﴾

---

① یعنی اخلاص سے اللہ تعالیٰ کے دین کے تقاضوں پر خرچ کرنا۔

يُنَادُونَهُمْ أَلَمْ نَكُن مَّعَكُمْ ۖ قَالُوا بَلَىٰ وَلَٰكِنَّكُمْ فَتَنتُمْ أَنفُسَكُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ الْأَمَانِيُّ حَتَّىٰ جَاءَ أَمْرُ اللَّهِ وَغَرَّكُم بِاللَّهِ الْغَرُورُ ﴿١٤﴾ فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ مِنكُمْ فِدْيَةٌ وَلَا مِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ مَأْوَاكُمُ النَّارُ ۖ هِيَ مَوْلَاكُمْ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿١٥﴾ أَلَمْ يَأْنِ لِلَّذِينَ آمَنُوا أَن تَخْشَعَ قُلُوبُهُمْ لِذِكْرِ اللَّهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ وَلَا يَكُونُوا كَالَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ مِن قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْأَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوبُهُمْ ۖ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ ﴿١٦﴾ اعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يُحْيِي الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ﴿١٧﴾

وہ (منافق) ان (ایمان والوں) کو پکاریں گے کہ: کیا ہم تمھارے ساتھ ① نہیں تھے تو وہ (ایمان والے) جواب میں کہیں گے: ہاں! ساتھ تھے تو سہی، لیکن تم نے خود اپنے کو فتنہ (یعنی گمراہی) میں ڈال دیا تھا اور تم انتظار (یعنی تمنا) میں رہے اور تم شک میں پڑے رہے اور تمھاری غلط آرزوؤں نے تم کو دھوکے میں ڈال رکھا تھا، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا حکم (یعنی موت) آپہنچا اور اللہ تعالیٰ کے بارے میں تم کو اس بڑے دھوکے باز (یعنی شیطان) نے دھوکے میں رکھا ﴿۱۴﴾ سو آج نہ تو تم (منافقوں) سے کوئی فدیہ (یعنی معاوضہ) قبول کیا جائے گا اور نہ ان لوگوں سے جنھوں نے کفر کیا اور تم سب کا ٹھکانہ (جہنم کی) آگ ہے، وہی (ہمیشہ کے لیے) تمھاری رکھوالی ہے ② اور وہ بہت بری جگہ پہنچے ﴿۱۵﴾ جو لوگ ایمان لے آئے ہیں کیا ان کے لیے ابھی تک وہ وقت نہیں آیا کہ ان کے دل اللہ تعالیٰ کے ذکر کے لیے اور جو حق نازل ہوا ہے اس کے لیے جھک جاوے ③ اور وہ ان لوگوں جیسے نہ بنے جن کو اس سے پہلے (آسمانی) کتاب دی گئی تھی، پھر ان پر لمبی مدت گزر گئی، پھر ان کے دل سخت ہو گئے اور (اب ان کی حالت یہ ہے کہ) ان میں سے اکثر نافرمان ہیں ﴿۱۶﴾ (یہ بات) جان لو کہ اللہ تعالیٰ زمین کو اس کے مرنے (یعنی خشک ہونے) کے بعد زندہ کرتے ہیں، پکی بات یہ ہے کہ ہم نے تمھارے لیے (اپنی) نشانیاں کھول کھول کر بیان کر دی؛ لہذا تم عقل (یعنی سمجھ) سے کام لو ﴿۱۷﴾

---

① یعنی دنیا میں ظاہری ایمان و اطاعت میں۔ ② [دوسرا ترجمہ] وہی جہنم تمھارے لائق ہے۔ ③ [دوسرا] گڑگڑائیں۔

إِنَّ الْمُصَّدِّقِينَ وَالْمُصَّدِّقَٰتِ وَأَقْرَضُوا اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا يُضَٰعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ أَجْرٌ كَرِيمٌ ﴿۱۸﴾ وَالَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرُسُلِهِ أُولَٰئِكَ هُمُ الصِّدِّيقُونَ ۖ وَالشُّهَدَاءُ عِندَ رَبِّهِمْ لَهُمْ أَجْرُهُمْ وَنُورُهُمْ ۖ وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ﴿۱۹﴾

اعْلَمُوا أَنَّمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَلَهْوٌ وَزِينَةٌ وَتَفَاخُرٌ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ ۖ كَمَثَلِ غَيْثٍ أَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهُ ثُمَّ يَهِيجُ فَتَرَاهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُونُ حُطَامًا ۖ وَفِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيدٌ وَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللَّهِ وَرِضْوَانٌ ۚ

یقیناً صدقہ دینے والے مرد اور صدقہ دینے والی عورتیں اور جو اللہ تعالیٰ کو اچھی طرح (یعنی اخلاص کے ساتھ) قرض دیا کرتے ہیں تو ان کے لیے اس کو کئی گنا بڑھا دیا جائے گا اور ان لوگوں کو عزت کا ثواب ملے گا ﴿۱۸﴾ اور جو لوگ اللہ تعالیٰ پر اور ان کے (سب) رسولوں پر ایمان لائے تو وہی لوگ اپنے رب کے نزدیک سچے ایمان والے اور شہید ① (یعنی گواہی دینے والے) ہیں ان کے لیے ان کا اجر اور ان کا نور ہے اور جن لوگوں نے کفر اپنا لیا ہے اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا ہے وہی دوزخ کے لوگ ہیں ﴿۱۹﴾

(اچھی طرح) جان لو کہ (آخرت کے مقابلے میں) اس دنیا کی زندگی کی حقیقت تو کھیل کود اور ظاہری سجاوٹ اور آپس میں ایک دوسرے پر فخر (یعنی بڑائی) جتانا اور مال اور اولاد میں ایک دوسرے سے بڑھنے کی کوشش کرنا ہے ② (اس کی مثال ایسی ہے) جیسے بارش کہ جس سے اگنے والی چیز کسانوں کو خوش کرتی ہے، پھر وہ (اگنے والی چیز) سوکھ جاتی ہے پھر تم اس کو دیکھتے ہو کہ وہ زرد پڑ گئی ③، پھر وہ چورہ چورہ ہو جاتی ہے اور آخرت (کی حالت یہ ہے کہ اس) میں (کافروں کے لیے) سخت عذاب ہے اور (ایمان والوں کے لیے) اللہ تعالیٰ کی طرف سے مغفرت اور رضامندی ہے،

---

① [۱] اس آیت کے لحاظ سے ہر مومن ایک حیثیت سے صدیق اور شہید ہے۔
[۲] ہر کامل ایمان والوں کو، طاعت کے پابند لوگوں کو صدیق اور شہید کا لقب دیا گیا۔
[۳] اس امت کا ہر فرد سابقہ نبیوں کی امت کے خلاف نبی کی تصدیق کے لیے گواہ بنے گا۔

② [دوسرا] ایک دوسرے سے خود کو زیادہ بتلانے کی کوشش کرنا ہے۔ ③ [دوسرا] پھر وہ اگنے والی چیز اپنا زور دکھاتی ہے۔

وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿۲۰﴾ سَابِقُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۙ اُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۭ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۱﴾ مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَهَا ۭ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿۲۲﴾ لِّكَيْلَا تَاْسَوْا عَلٰي مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَآ اٰتٰىكُمْ ۭ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرِ ﴿۲۳﴾ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ ۭ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۲۴﴾ لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَالْمِيْزَانَ لِيَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۚ

اور دنیا کی زندگی تو دھوکے کے سوا اور کچھ نہیں ﴿۲۰﴾ تم اپنے رب کی مغفرت اور جنت کی طرف ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرو کہ اس (جنت) کی چوڑائی آسمان اور زمین کی چوڑائی جیسی ہے، وہ (جنت) ان لوگوں کے لیے تیار رکھی گئی ہے جو اللہ تعالیٰ اور ان کے رسولوں پر ایمان رکھتے ہیں، یہ (مغفرت اور جنت) اللہ تعالیٰ کا فضل ہے، وہ اپنا فضل جس کو چاہتے ہیں دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والے ہیں ﴿۲۱﴾ کوئی مصیبت جو زمین (یعنی دنیا) میں پڑے اور خود تمھاری جانوں کو پہنچے وہ ایک کتاب (یعنی لوح محفوظ) میں اس کو (دنیا میں) ہمارے پیدا کرنے سے پہلے ہی لکھ دیا ہے، یقین جانو یہ (پہلے سے تقدیر میں لکھ دینا) اللہ تعالیٰ کے لیے بہت آسان ہے ﴿۲۲﴾ یہ اس لیے تاکہ جو چیز① تم سے جاتی رہی اس پر تم غم میں نہ پڑو اور اس (اللہ تعالیٰ) نے جو تم کو دیا اس پر تم نہ اتراؤ اور اللہ تعالیٰ کسی اترانے والے، بڑائی مارنے والے کو پسند نہیں کرتے ﴿۲۳﴾ وہ ایسے لوگ ہیں جو خود (بھی) بخیلی کرتے ہیں اور (دوسرے) لوگوں کو کنجوسی کرنا سکھاتے ہیں اور جو شخص بھی منہ پھرا لیوے تو یاد رکھو وہ اللہ تعالیٰ (سب سے) بے نیاز ہیں اور سب خوبیوں والے ہیں ﴿۲۴﴾ اور پکی بات ہے ہم نے اپنے رسولوں کو کھلی نشانیاں دے کر بھیجا اور ہم نے ان کے ساتھ کتاب اور ترازو اتاری② تاکہ لوگ انصاف پر قائم رہیں،

---

① یعنی تندرستی، مال، اولاد، عزت کے جانے پر غم زدہ نہ ہو۔

② حضرت نوح ؑ کے زمانہ میں حقیقی ترازو اتاری گئی، اسی طرح انصاف سے بھرے ہوئے قوانین اللہ تعالیٰ نے اتارے۔

وَاَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ بَاْسٌ شَدِيْدٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ وَرُسُلَهٗ بِالْغَيْبِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝۲۵

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا وَّاِبْرٰهِيْمَ وَجَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ فَمِنْهُمْ مُّهْتَدٍ ۚ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝۲۶ ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلٰٓي اٰثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا وَقَفَّيْنَا بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ ڏ وَجَعَلْنَا فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ رَاْفَةً وَّرَحْمَةً ۭ وَرَهْبَانِيَّةَۨ ابْتَدَعُوْهَا مَا كَتَبْنٰهَا عَلَيْهِمْ اِلَّا ابْتِغَاۗءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۚ فَاٰتَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْهُمْ اَجْرَهُمْ ۚ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝۲۷

اورہم نے لوہا اتارا (یعنی پیدا کیا) جس میں سخت لڑائی (کا سامان) ہے اور لوگوں کے لیے (دوسرے) فائدے بھی ہیں اور تا کہ اللہ تعالیٰ (ظاہری طور پر) جان لیویں ① کہ کون بغیر دیکھے ان (اللہ کے دین) کی اور ان کے رسولوں کی مدد کرتا ہے، یقیناً اللہ تعالیٰ بہت زور والے، بڑے زبردست ہیں ﴿۲۵﴾

اور پکی بات ہے کہ ہم نے نوح علیہ السلام اور ابراہیم علیہ السلام کو (رسول بنا کر) بھیجا اور ان دونوں کی اولاد میں نبوت اور کتاب کا سلسلہ جاری رکھا، پھر ان اولاد میں سے بعض تو ہدایت پر رہے اور ان میں بہت سارے نافرمان رہے ﴿۲۶﴾ پھر ان کے بعد ان ہی کے نقش قدم پر ہم اپنے دوسرے رسولوں کو بھیجتے رہے اور ان کے بعد ہم نے عیسیٰ ابن مریم کو بھیجا اور ہم نے اس (عیسیٰ) کو انجیل عطا فرمائی اور جن لوگوں نے اس (عیسیٰ) کی اتباع کی ہم نے ان لوگوں کے دلوں میں شفقت اور رحم دلی پیدا کر دی اور رہبانیت (یعنی دنیا چھوڑ کر الگ تھلگ رہنا) تو اسے خود انھوں نے ایجاد کر لیا تھا، اس (رہبانیت) کو ہم نے ان پر لازم نہیں کیا تھا، لیکن انھوں نے (رہبانیت کو) اللہ تعالیٰ کی خوشی حاصل کرنے کے لیے اختیار کیا، پھر وہ اس کی رعایت (یعنی نباہ کرنے) کا جو حق ہے ویسی رعایت نہیں کر سکے، غرض ان میں سے جو ایمان لائے ان کو ہم نے ان کا ثواب دیا اور ان میں سے بہت سارے لوگ نافرمان رہے ﴿۲۷﴾

---

① [دوسرا] تا کہ اللہ تعالیٰ ظاہر کر دیوے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَاٰمِنُوْا بِرَسُوْلِهٖ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِنْ رَّحْمَتِهٖ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ نُوْرًا تَمْشُوْنَ بِهٖ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۙ لِّئَلَّا يَعْلَمَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَلَّا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاَنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۟

اے (پچھلے نبیوں پر) ایمان لانے والو! تم اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو اور تم اس کے رسول (یعنی محمد ﷺ) پر ایمان لاؤ، وہ (اللہ تعالیٰ) تم کو اپنی رحمت سے دو حصے عطا فرمائیں گے اور تمھارے لیے ایسا نور پیدا کر دیں گے جس کو لے کر تم چلو ① اور (اللہ تعالیٰ) تمھارے گناہوں کو معاف کر دیں گے اور اللہ تعالیٰ بہت معاف کرنے والے، نہایت رحم والے ہیں ﴿۲۸﴾ تاکہ اہلِ کتاب کو معلوم ہو جاوے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل میں سے کسی چیز پر بھی ان کو کوئی اختیار (یعنی قدرت) نہیں ہے اور یہ کہ فضل اللہ تعالیٰ ہی کے قبضے میں ہے، وہ جس کو چاہتے ہیں اپنا فضل عطا فرماتے ہیں اور اللہ تعالیٰ تو بڑے فضل والے ہیں ﴿۲۹﴾

① یعنی دنیا میں بھی وہ نورِ ہدایت ہر موقع پر ساتھ دے گا اور پل صراط پر بھی کام آئے گا) [دوسرا ترجمہ] جس کو لے کر کے تم چلو پھرو (یعنی اللہ تعالیٰ جس کو نورِ ہدایت عطا کرے وہ اس کی روشنی میں خود بھی چلے اور انسانیت کو وہ روشنی پہنچائے اس روشنی کو لے کر ایک جگہ بیٹھے نہ رہے)۔

سورة المجادلة

(المدنية)

اٰیاتھا:۲۲۔رکوعاتھا:۳۔

یہ سورت مدنی ہے،اس میں بائیس (۲۲) آیتیں ہیں۔سورۃ منافقون کے بعد اور سورۃ تحریم سے پہلے ایک سوتین (۱۰۳) یا (۱۰۵) نمبر پر نازل ہوئی۔

ایک عورت حضرت خولہؓ نبیِ کریم ﷺ کی خدمت ایک اہم مسئلہ میں سوال و جواب کرنے آئی تھی اس اہم واقعہ کا ذکر اس سورت میں کیا گیا ہے۔اس سورت کی ایک خوبی یہ ہے کہ اس کی تمام کی تمام ۲۲ آیتوں میں ہر ہر آیت میں اللہ کا مبارک نام آیا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِيْ تُجَادِلُكَ فِيْ زَوْجِهَا وَتَشْتَكِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ① اَلَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْكُمْ مِّنْ نِّسَاۗىِٕهِمْ مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمْ ۭ اِنْ اُمَّهٰتُهُمْ اِلَّا الّٰۗـِٔيْ وَلَدْنَهُمْ ۭ وَاِنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ② وَالَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْ نِّسَاۗىِٕهِمْ ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَاۗسَّا ۭ ذٰلِكُمْ تُوْعَظُوْنَ بِهٖ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ③

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

(اے نبی!) یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس عورت کی بات سن لی جو اپنے شوہر کے بارے میں تم سے بحث کر رہی تھی اور اللہ تعالیٰ کے سامنے فریاد کر رہی تھی اور اللہ تعالیٰ تم دونوں کے سوال و جواب (یعنی بات چیت) کو سن رہے تھے، یقیناً اللہ تعالیٰ ہر بات کو سننے والے، ہر چیز کو دیکھنے والے ہیں ﴿۱﴾ جو لوگ تم میں سے اپنی بیویوں سے ظہار کرتے ہیں① تو (اس کہنے سے) وہ بیویاں (حقیقت میں) ان کی مائیں نہیں ہو جاتیں، ان کی (حقیقی) مائیں وہی عورتیں ہیں جنھوں نے ان کو جنم دیا اور یقیناً وہ (ظہار کرنے والے) بہت بُری اور جھوٹی بات کہتے ہیں اور یقیناً اللہ تعالیٰ تو بہت ہی معاف کرنے والے، بڑے بخشنے والے ہیں ﴿۲﴾ اور جو لوگ اپنی بیویوں سے ظہار کرتے ہیں پھر وہ اپنی کہی ہوئی بات سے رجوع کرنا چاہتے ہوں② تو ان کے ذمے ایک غلام کو آزاد کرنا (ضروری) ہے اس سے پہلے کہ وہ دونوں (میاں بیوی) آپس میں ایک دوسرے کو ہاتھ لگا دیں، اس (کفارے کے حکم) سے تم کو نصیحت کی جا رہی ہے③ اور جو کام بھی تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس کی پوری خبر رکھتے ہیں ﴿۳﴾

---

① مثلاً بیوی کو کہے: تو میرے لیے ماں کی طرح ہے۔ ② یعنی جس عورت کے لیے کہا تھا اس سے بیوی والا برتاؤ کرنا چاہے۔ ③ [دوسرا ترجمہ] اس کفارے کے حکم سے تم کو نصیحت ہوگی (کہ آیندہ ایسی غلطی نہیں کرو گے)۔

فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَآسَّا ۚ فَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَاِطْعَامُ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا ۚ ذٰلِكَ لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ۚ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ كُبِتُوْا كَمَا كُبِتَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ۚ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ۚ اَحْصٰىهُ اللّٰهُ وَنَسُوْهُ ۚ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ مَا يَكُوْنُ مِنْ نَّجْوٰى ثَلٰثَةٍ اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ اِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ

پھر جس کو (غلام یا باندی) نہ ملے تو اس کے ذمے دو مہینے کے لگا تار روزے ہیں اس سے پہلے کہ وہ دونوں (میاں بیوی) آپس میں ایک دوسرے کو ہاتھ لگا دیں، پھر جس شخص کو روزے کی بھی طاقت نہ ہو تو اس کے ذمے ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے، یہ (حکم) اس لیے (دیا جا رہا) ہے تاکہ تم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور یہ (احکام) اللہ تعالیٰ کی (مقرر کی ہوئی) حدیں ہیں اور کافروں کے لیے دردناک عذاب ہے ﴿۴﴾ یقین رکھو! جو لوگ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی مخالفت کرتے ہیں وہ اسی طرح ذلیل کیے جائیں گے جس طرح ان سے پہلے لوگ ذلیل کیے گئے اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے صاف صاف آیتیں (یعنی احکام) اتاریں اور کافروں کے لیے ایسا عذاب ہے جو (ان کو) رسوا کر کے رکھ دے گا ﴿۵﴾ (یہ عذاب) اس دن ہو گا جب اللہ تعالیٰ ان سب کو دوبارہ زندہ کریں گے، پھر جو اعمال انھوں نے کیے تھے وہ ان کو بتا دیں گے، اللہ تعالیٰ نے ان (سب اعمال) کو شمار رکھا ہے؛ حالاں کہ وہ خود اسے (کر کے) بھول گئے اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کے گواہ ہیں① ﴿۶﴾

کیا تم نے اس بات پر نظر نہیں کی کہ آسمانوں میں جو کچھ ہے اور زمین میں جو کچھ ہے اللہ تعالیٰ ان (سب) کو جانتے ہیں، کہیں تین آدمیوں کی خفیہ بات ایسی نہیں ہوتی جس میں چوتھے وہ (اللہ تعالیٰ) نہ ہوں اور پانچ آدمیوں کی خفیہ بات ایسی نہیں ہوتی جس میں اللہ تعالیٰ چھٹے نہ ہوں،

---

① [دوسرا ترجمہ] اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کی خبر رکھتے ہیں۔

وَلَآ اَدْنٰى مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْثَرَ اِلَّا هُوَ مَعَهُمْ اَيْنَ مَا كَانُوْا ۚ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نُهُوْا عَنِ النَّجْوٰى ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَيَتَنٰجَوْنَ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ ۡ وَاِذَا جَاۗءُوْكَ حَيَّوْكَ بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللّٰهُ ۙ وَيَقُوْلُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ لَوْلَا يُعَذِّبُنَا اللّٰهُ بِمَا نَقُوْلُ ۭ حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَنَاجَيْتُمْ فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ وَتَنَاجَوْا بِالْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝

اور خفیہ بات کرنے والے اس (تین) سے کم ہوں یا (پانچ سے) زیادہ ہوں وہ (مشورہ کرنے والے) جہاں کہیں بھی ہوں وہ (اللہ تعالیٰ) ان کے ساتھ ہوتے ہیں، پھر انھوں نے جو کچھ کیا وہ (اللہ تعالیٰ) ان کو قیامت کے دن بتلادیں گے، یقیناً اللہ تعالیٰ ہر چیز کو پوری طرح جانتے ہیں ﴿۷﴾ کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جن کو خفیہ بات (یا خفیہ مشورہ) کرنے سے منع کیا گیا تھا، پھر بھی وہ (ایک دوسرے کے ساتھ) وہی بات کرتے ہیں جس سے ان کو منع کیا گیا تھا اور وہ آپس میں گناہ اور ظلم (یعنی زیادتی) اور رسول کی نافرمانی کی باتیں چپکے چپکے کیا کرتے ہیں اور جب وہ تمھارے پاس آتے ہیں تو ایسے الفاظ سے تم کو سلام کرتے ہیں جن الفاظ سے اللہ تعالیٰ نے تم پر سلام نہیں بھیجا① اور اپنے دلوں میں کہتے ہیں کہ: ہم (نبی کی بے ادبی والی بات) جو کہتے ہیں اس پر اللہ تعالیٰ ہم کو عذاب کیوں نہیں دیتے؟ جہنم ان (کی سزا) کے لیے کافی ہے، اس (جہنم) میں وہ لوگ داخل ہوں گے، سو وہ بہت ہی برا ٹھکانہ ہے ﴿۸﴾ اے ایمان والو! جب تم آپس میں ایک دوسرے سے (کسی ضرورت سے) خفیہ بات کرو تو گناہ اور ظلم (یعنی زیادتی) اور رسول کی نافرمانی کی خفیہ بات مت کرو اور نیک کام② اور تقویٰ کی باتوں کا آپس میں مشورہ کیا کرو اور تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو جس کے پاس تم سب کو جمع کر کے لے جایا جائے گا ﴿۹﴾

---

① یعنی یہود و منافقین حضور ﷺ کی مجلس میں آکر "السام علیک" یعنی آپ کی موت ہو (نعوذ باللہ) ایسے جملے بولتے تھے۔

② [دوسرا ترجمہ] دوسروں کو نفع پہنچانے کے کام۔

إِنَّمَا النَّجْوَىٰ مِنَ الشَّيْطَانِ لِيَحْزُنَ الَّذِينَ آمَنُوا وَلَيْسَ بِضَارِّهِمْ شَيْئًا إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ۚ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ﴿١٠﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا قِيلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوا فِي الْمَجَالِسِ فَافْسَحُوا يَفْسَحِ اللَّهُ لَكُمْ ۖ وَإِذَا قِيلَ انْشُزُوا فَانْشُزُوا يَرْفَعِ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنْكُمْ وَالَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ دَرَجَاتٍ ۚ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ﴿١١﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُولَ فَقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوَاكُمْ صَدَقَةً ۚ ذَٰلِكَ خَيْرٌ لَكُمْ وَأَطْهَرُ ۚ فَإِنْ لَمْ تَجِدُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿١٢﴾ أَأَشْفَقْتُمْ أَنْ تُقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوَاكُمْ صَدَقَاتٍ ۚ فَإِذْ لَمْ تَفْعَلُوا وَتَابَ اللَّهُ عَلَيْكُمْ فَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَأَطِيعُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ ۚ

یقیناً ایسی (بری) خفیہ باتیں شیطان کی طرف سے ہوتی ہے؛ تاکہ وہ ایمان والوں کو غم (یعنی رنج و تکلیف) میں ڈال دیوے اور وہ ان کو اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر ذرا بھی نقصان نہیں پہنچا سکتے اور ایمان والوں کو تو اللہ تعالیٰ پر ہی بھروسہ کرنا چاہیے ﴿۱۰﴾ اے ایمان والو! جب تم کو کہا جائے کہ: مجلس میں (دوسروں کے لیے) جگہ کی گنجائش پیدا کرو تو جگہ کھول دیا کرو① اللہ تعالیٰ تمھارے لیے (جنت میں) وسعت پیدا کریں گے اور جب (تم کو) کہا جائے کہ: (مجلس سے) اٹھ جاؤ② تو اٹھ جایا کرو، تم میں سے جو لوگ ایمان لائے ہیں (ان کے) اور جن کو علم دیا گیا ہے ان کے درجوں کو اللہ تعالیٰ بلند کریں گے اور جو عمل بھی تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس کی پوری خبر رکھتے ہیں ﴿۱۱﴾ اے ایمان والو! جب تم رسول سے تنہائی میں کوئی بات کرنا چاہو تو اپنی تنہائی کی بات سے پہلے (مسکینوں کو) خیرات کر دیا کرو، یہ (صدقہ دینا) تمھارے لیے بہت بہتر ہے اور صاف ستھرا طریقہ ہے، ہاں! اگر تمھارے پاس (صدقہ دینے کے لیے) کچھ نہ ہو تو یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ بہت معاف کرنے والے، بڑے ہی مہربان ہیں ﴿۱۲﴾ کیا تم ڈر گئے کہ تنہائی میں بات کرنے سے پہلے صدقہ دے دیا کرو؟ اب جب تم ایسا نہیں کر سکے اور اللہ تعالیٰ نے تم کو معاف کر دیا سو تم نماز کو قائم کرتے رہو اور زکوۃ دیتے رہو اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کا کہنا مانو③

---

① یعنی جگہ میں وسعت، گنجائش کر دو۔ ② (دوسرا ترجمہ) کھڑے ہو جاؤ۔
③ [دوسرا ترجمہ] اللہ اور اس کے رسول کے حکم پر چلو۔

وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ۝

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۭ مَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلَا مِنْهُمْ ۙ وَيَحْلِفُوْنَ عَلَى الْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ۝ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۭ اِنَّهُمْ سَاۗءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ۝ اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ۝ لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـــًٔا ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۭ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ۝ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيَحْلِفُوْنَ لَهٗ كَمَا يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ عَلٰي شَيْءٍ ۭ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ۝

اور جو کام تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ کو اس کی پوری خبر ہے ﴿۱۳﴾

کیا تم نے ان (منافق) لوگوں کو نہیں دیکھا جو ایسی قوم (یعنی یہود) سے دوستی رکھتے ہیں جن پر اللہ تعالیٰ غصے ہوئے، وہ لوگ (پوری طرح) تم (مسلمانوں) میں سے نہیں ہیں اور نہ ان (کافروں) میں سے ہیں اور وہ لوگ خود بھی جانتے ہوئے جھوٹی جھوٹی قسمیں کھاتے ہیں ﴿۱۴﴾ اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے سخت عذاب تیار کر رکھا ہے، یقیناً وہ بہت ہی برے کام کر رہے ہیں① ﴿۱۵﴾ ان منافقوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنا رکھا ہے، پھر (دوسروں کو بھی) اللہ تعالیٰ کے راستے (یعنی اسلام) سے روکتے ہیں، ان کے لیے ایسا عذاب ہے جو (ان کو) ذلیل کر کے رکھ دے گا ﴿۱۶﴾ ان کو ان کا مال اور ان کی اولاد اللہ تعالیٰ (کے عذاب) سے ذرا بھی بچا نہیں سکیں گے، وہی لوگ آگ (میں جانے) والے ہیں اور وہ لوگ اس (آگ) میں ہمیشہ رہیں گے ﴿۱۷﴾ جس دن اللہ تعالیٰ ان سب کو دوبارہ زندہ کریں گے، پھر وہ اس (اللہ تعالیٰ) کے سامنے اس طرح (جھوٹی) قسمیں کھائیں گے جس طرح تمہارے سامنے (جھوٹی) قسمیں کھایا کرتے ہیں اور وہ سمجھتے ہیں کہ ان کو کوئی سہارے کی چیز مل گئی② دھیان سے سنو! وہ پکے جھوٹے لوگ ہیں ﴿۱۸﴾

---

① [دوسرا ترجمہ] یقیناً بہت ہی برے ہیں جو کام وہ کر رہے ہیں۔

② [دوسرا ترجمہ] وہ کسی اچھی حالت میں ہیں۔

اِسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطٰنُ فَاَنْسٰىهُمْ ذِكْرَ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ الشَّيْطٰنِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ حِزْبَ الشَّيْطٰنِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۞ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗۤ اُولٰٓئِكَ فِى الْاَذَلِّيْنَ ۞ كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِىْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ قَوِىٌّ عَزِيْزٌ ۞ لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْۤا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِىْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ ؕ وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۞

شیطان نے ان پر پوری طرح قابو کرلیا ہے، سو اس (شیطان) نے ان سے اللہ تعالیٰ کی یاد بھلا دی، یہی لوگ شیطان کا لشکر ہیں، سنو! یقیناً شیطان کا لشکر ہی برباد ہونے والا ہے ﴿۱۹﴾ یقیناً جو لوگ اللہ تعالیٰ اور ان کے رسول کی مخالفت کرتے ہیں وہ بڑے ذلیل لوگوں میں سے ہیں ﴿۲۰﴾ اللہ تعالیٰ (ازل میں یہ بات) لکھ چکے ہیں کہ میں اور میرے رسول ضرور غالب آئیں گے، یقیناً اللہ تعالیٰ بڑے طاقت والے، بڑے زبردست ہیں ﴿۲۱﴾ (اے نبی!) جو لوگ اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں ان کو ایسے لوگوں کے ساتھ محبت کرتے ہوئے نہ دیکھوں گے کہ جنھوں نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی مخالفت کی ہو، چاہے وہ ان کے باپ دادا ہوں یا ان کے بیٹے ہوں یا ان کے بھائی ہوں یا ان کے خاندان کے ہوں، یہ وہ لوگ ہیں جن کے دلوں میں اس (اللہ تعالیٰ) نے ایمان کو (پکا) لکھ دیا ہے اور اپنی روح سے① ان کی مدد فرمائی اور اللہ تعالیٰ ان کو ایسے باغات میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے، اللہ تعالیٰ ان (کی اطاعت) سے راضی ہوگئے اور وہ اس (اللہ تعالیٰ کی نوازشات) سے راضی ہوگئے، وہی اللہ تعالیٰ کی جماعت ہے، سن لو! یقیناً اللہ تعالیٰ کی جماعت ہی کامیاب ہونے والی ہے ﴿۲۲﴾

---

① دوسرا ترجمہ: اپنے غیبی فیض سے ان کی مدد فرمائی۔ روح سے مراد: نور اور غیبی فیض جس سے دل کو ایک خاص روحانی زندگی ملتی ہے یا قرآنی دلائل جو روح ایمان ہیں یا روح القدس حضرت جبریل۔

سورة الحشر

(المدنية)

ایاتھا:۲۴۔رکوعاتھا:۳۔

یہ سورت مدنی ہے، اس میں چوبیس (۲۴) آیتیں ہیں۔سورۃ بینہ کے بعد اور سورۃ نصر سے پہلے اٹھانوے (۹۸) یا (۱۰۱) نمبر پر نازل ہوئی۔

قبیلہ بنو نضیر کے یہودی کا اول حشر یعنی جلاوطنی کا اس سورت میں ذکر کیا گیا ہے اور اس کو غزوہ بنو نضیر بھی کہا جاتا ہے جو ۴ھ ہجری میں پیش آیا؛ اس لیے حضرت ابن عباسؓ اس سورت کو بنو نضیر بھی کہتے تھے۔

حشر کا ایک ترجمہ اجتماع کا بھی ہے؛ یعنی مسلمانوں کے لشکر کا پہلا اجتماع ہوا، اس جنگ میں مقابلہ کی ضرورت نہیں پڑی اور یہود بنو نضیر قابو میں آگئے۔

اول کا لفظ یہ اشارہ دے رہا تھا کہ آئندہ بھی ان یہود کی جلاوطنی ہوگی اور وہ حضرت عمرؓ کے دورِ خلافت میں پیش آئی۔

حدیث شریف میں ہے کہ جو "اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطان الرجیم" تین مرتبہ پڑھے، پھر اس سورت کی یہ آیت "ھو اللہ الذی ـــــ الحکیم" پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے ستر ہزار فرشتے مقرر فرمادیتے ہیں، جو صبح سے شام تک اور شام سے صبح تک اس پر رحمت بھیجتے رہتے ہیں۔(یعنی نیکیوں کی توفیق وغیرہ کی دعا کرتے رہتے ہیں) اور اگر اس دن یا رات میں مرجائے تو شہادت کی موت مرے گا۔ (ترمذی: حدیث نمبر:۲۹۲۲، ۱۲۰:۲۔ مسنون وظائف: ص ۴۸)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ① هُوَ الَّذِيْٓ اَخْرَجَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ ۭ مَا ظَنَنْتُمْ اَنْ يَّخْرُجُوْا وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مَّانِعَتُهُمْ حُصُوْنُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَاَتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوْا ۤ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ يُخْرِبُوْنَ بُيُوْتَهُمْ بِاَيْدِيْهِمْ وَاَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۤ فَاعْتَبِرُوْا يٰٓاُولِي الْاَبْصَارِ ② وَلَوْلَآ اَنْ كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ الْجَلَاۗءَ لَعَذَّبَهُمْ فِي الدُّنْيَا ۭ وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابُ النَّارِ ③

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

جو (مخلوقات) آسمانوں میں اور جو (مخلوقات) زمین میں ہیں سب اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتی ہیں، وہی (اللہ تعالیٰ) زبردست ہیں، حکمت کے مالک ہیں ﴿۱﴾ وہی (اللہ تعالیٰ) ہیں جنھوں نے اہل کتاب میں سے کافروں (یعنی بنی نضیر) کو ان کے گھروں سے پہلی مرتبہ میں ہی اکھٹا کر کے نکال دیا① (اے مسلمانو!) تم کو تو یہ خیال بھی نہیں تھا کہ وہ نکل جائیں گے اور وہ خود بھی یہ خیال رکھتے تھے کہ ان کے قلعے ان کو اللہ تعالیٰ (کی پکڑ) سے بچالیں گے، پھر اللہ تعالیٰ (کا عذاب) ان کے پاس ایسی جگہ سے پہنچا جہاں سے ان کو گمان بھی نہیں تھا اور اس (اللہ تعالیٰ) نے ان کے دلوں میں (مسلمانوں کا) رعب ڈال دیا کہ ②وہ اپنے گھروں کو (خود) اپنے ہاتھوں سے اور مسلمانوں کے ہاتھوں سے (بھی) برباد کر رہے تھے، لہذا اے آنکھوں والو! عبرت حاصل کرلو ﴿۲﴾ اور اگر اللہ تعالیٰ نے جلاوطن ہونا ان کی قسمت میں نہ لکھا ہوتا تو ان کو دنیا ہی میں (قتل وغیرہ کی) سزا دیتے اور ان کے لیے آخرت میں آگ کا عذاب ہے ﴿۳﴾

---

① یعنی مسلمانوں کا پہلا حملہ ہی کامیاب ہوگیا اور وہ قابو میں آگئے یا جلاوطنی ان کی یہ پہلی مرتبہ تھی، پھر دوسری مرتبہ حضرت عمرؓ کے دور میں ہوئی۔ ② [دوسرا ترجمہ] مسلمانوں کی دھاک بٹھادی۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَمَنْ يُّشَآقِّ اللّٰهَ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۴﴾ مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَآئِمَةً عَلٰٓى اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۵﴾ وَمَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَآ اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۶﴾ مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ كَيْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةًۢ بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ مِنْكُمْ ۚ وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۚ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۷﴾

یہ (سزا) اس لیے کہ وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے مخالف ہو گئے اور جو شخص اللہ تعالیٰ سے دشمنی رکھتا ہے تو اللہ تعالیٰ تو سخت عذاب دینے والے ہیں ﴿۴﴾ (اے مسلمانو!) تم نے کھجور کے جو درخت کاٹ ڈالے یا جن کو اپنی جڑوں پر کھڑے رہنے دیا① تو یہ سب اللہ تعالیٰ کے حکم سے تھا② اور تا کہ وہ (اللہ تعالیٰ) نافرمانوں کو رسوا کرے ﴿۵﴾ اور جو مال اللہ تعالیٰ نے ان (بنونضیر) کا اپنے رسول کے ہاتھ (بغیر جنگ کے) لگوا دیا③ (اس میں تم کو تصرف کا اختیار نہیں ہے؛ چوں کہ) اس پر تم نے نہ گھوڑے دوڑائے اور نہ تو اونٹ (دوڑائے) لیکن اللہ تعالیٰ اپنے رسولوں کو جن پر چاہتے ہیں مسلط (یعنی غالب) فرما دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں ﴿۶﴾ (بنونضیر کے اموال کی طرح) جو مال بھی اللہ تعالیٰ اپنے رسول کو (دوسری) بستیوں (کے کفر کرنے) والوں سے فَی کے طور پر دلوا دیوے تو وہ اللہ تعالیٰ کا حق ہے اور (اللہ تعالیٰ کے) رسول کا (حق ہے) اور (نبی کے) رشتے داروں کا (حق ہے) اور یتیموں کا (حق ہے) اور مسکینوں کا (حق ہے) اور مسافروں کا (حق ہے)، (یہ حکم اس لیے دیا گیا) تا کہ وہ (مال) تم میں سے صرف مال داروں کے درمیان پھرتا نہ ہو جاوے④ اور رسول جو تم کو دیوے وہ لے لو اور جس چیز سے تم کو روکے (یعنی منع کرے) اس سے رک جایا کرو اور تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو، یقین رکھو! اللہ تعالیٰ سخت سزا دینے والے ہیں ﴿۷﴾

① یعنی بچا لیا۔ ② یعنی رضائے الٰہی کے موافق تھا۔ ③ [دوسرا ترجمہ] اپنے رسول کو (بغیر جنگ کے) بطورِ فَی دلوا دیا۔

④ (دوسرا ترجمہ) صرف مال داروں کے درمیان لینے دینے میں نہ آوے [تیسرا] صرف مال داروں کے قبضے میں نہ آجاوے۔

لِلۡفُقَرَآءِ الۡمُهٰجِرِيۡنَ الَّذِيۡنَ اُخۡرِجُوۡا مِنۡ دِيَارِهِمۡ وَاَمۡوَالِهِمۡ يَبۡتَغُوۡنَ فَضۡلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضۡوَانًا وَّيَنۡصُرُوۡنَ اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوۡنَ ۚ﴿۸﴾ وَالَّذِيۡنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَالۡاِيۡمَانَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ يُحِبُّوۡنَ مَنۡ هَاجَرَ اِلَيۡهِمۡ وَلَا يَجِدُوۡنَ فِىۡ صُدُوۡرِهِمۡ حَاجَةً مِّمَّاۤ اُوۡتُوۡا وَيُؤۡثِرُوۡنَ عَلٰٓى اَنۡفُسِهِمۡ وَلَوۡ كَانَ بِهِمۡ خَصَاصَةٌ ؕ وَمَنۡ يُّوۡقَ شُحَّ نَفۡسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ۚ﴿۹﴾ وَالَّذِيۡنَ جَآءُوۡ مِنۡۢ بَعۡدِهِمۡ يَقُوۡلُوۡنَ رَبَّنَا اغۡفِرۡ لَنَا وَلِاِخۡوَانِنَا الَّذِيۡنَ سَبَقُوۡنَا بِالۡاِيۡمَانِ وَلَا تَجۡعَلۡ فِىۡ قُلُوۡبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا رَبَّنَاۤ اِنَّكَ رَءُوۡفٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۱۰﴾

(اسی طرح وہ فَی کا مال) ان حاجت مند (یعنی مفلس) ہجرت کرنے والوں کا بھی حق ہے جو اپنے گھروں اور اپنے مالوں سے (ظلماً) نکال دیے گئے ہیں، وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے فضل اور خوشی چاہتے ہیں اور وہ اللہ تعالیٰ اور ان کے رسول کی مدد کرتے ہیں، وہی لوگ حقیقت میں (ایمان میں) سچے ہیں ﴿۸﴾ اور (اسی طرح وہ فَی کا مال) ان لوگوں کو ملے گا جو ان (مہاجرین) سے پہلے ہی اس جگہ (یعنی مدینہ منورہ میں) ایمان کے ساتھ رہتے ہیں① جو کوئی ان کے پاس ہجرت کر کے آتے ہیں وہ ان سے محبت کرتے ہیں اور جو کچھ ان (مہاجرین) کو دیا جاتا ہے وہ اس سے اپنے دلوں میں کوئی تنگی (یعنی خلش) محسوس نہیں کرتے اور ان (مہاجرین) کو اپنی ذات پر ترجیح دیتے ہیں② چاہے وہ خود کتنے ہی فاقے (یعنی تنگی) میں ہو اور جو شخص بھی اپنی طبیعت کی بخیلی (یعنی لالچ) سے بچا لیا گیا سو وہی لوگ کامیاب ہونے والے ہیں ﴿۹﴾ اور (اسی طرح وہ مال ان لوگوں کو ملے گا) جو ان (مہاجرین اور انصار) کے بعد آئے وہ (دعا میں یوں) کہتے ہیں کہ: اے ہمارے رب! ہماری اور ہمارے ان بھائیوں کی مغفرت فرما دیجیے جو ایمان لانے میں ہم سے پہلے ہیں اور ہمارے دلوں میں ایمان لانے والوں کے بارے میں کوئی بغض (یعنی کینہ اور عداوت) نہ رکھیے، اے ہمارے رب! آپ تو بڑی شفقت کرنے والے ہیں، بڑے مہربان ہیں ﴿۱۰﴾

① [دوسرا ترجمہ] جو دار (یعنی دار الاسلام مدینہ میں) مقیم (یعنی جگہ پکڑے ہوئے) ہیں۔

② [دوسرا ترجمہ] اور ان (مہاجرین) کو اپنی ذات سے آگے رکھتے ہیں۔

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ نَافَقُوا يَقُولُونَ لِإِخْوَانِهِمُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَئِنْ أُخْرِجْتُمْ لَنَخْرُجَنَّ مَعَكُمْ وَلَا نُطِيعُ فِيكُمْ أَحَدًا أَبَدًا وَإِنْ قُوتِلْتُمْ لَنَنْصُرَنَّكُمْ وَاللَّهُ يَشْهَدُ إِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ ﴿١١﴾ لَئِنْ أُخْرِجُوا لَا يَخْرُجُونَ مَعَهُمْ وَلَئِنْ قُوتِلُوا لَا يَنْصُرُونَهُمْ وَلَئِنْ نَصَرُوهُمْ لَيُوَلُّنَّ الْأَدْبَارَ ثُمَّ لَا يُنْصَرُونَ ﴿١٢﴾ لَأَنْتُمْ أَشَدُّ رَهْبَةً فِي صُدُورِهِمْ مِنَ اللَّهِ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَا يَفْقَهُونَ ﴿١٣﴾ لَا يُقَاتِلُونَكُمْ جَمِيعًا إِلَّا فِي قُرًى مُحَصَّنَةٍ أَوْ مِنْ وَرَاءِ جُدُرٍ بَأْسُهُمْ بَيْنَهُمْ شَدِيدٌ تَحْسَبُهُمْ جَمِيعًا وَقُلُوبُهُمْ شَتَّىٰ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَا يَعْقِلُونَ ﴿١٤﴾ كَمَثَلِ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَرِيبًا ذَاقُوا وَبَالَ أَمْرِهِمْ

(اے نبی!) کیا تم نے اِن منافق لوگوں کو نہیں دیکھا جو اہلِ کتاب میں سے اپنے کافر (یعنی ہم مذہب) بھائیوں سے (یوں) کہتے ہیں کہ: اگر تم کو (وطن سے) نکال دیا گیا تو ہم بھی تمھارے ساتھ ضرور نکل جائیں گے اور ہم تمھارے معاملے میں کسی کا کبھی کہنا نہیں مانیں گے اور اگر تم سے لڑائی کی گئی تو ہم ضرور تمھاری مدد کریں گے، اللہ تعالیٰ گواہی دیتے ہیں کہ وہ (منافق) لوگ پکے جھوٹے ہیں ﴿۱۱﴾ پکی بات یہ ہے کہ اگر ان (کافر اہلِ کتاب) کو نکالا گیا تو وہ (منافق) ان کے ساتھ نہیں نکلیں گے اور اگر ان (اہلِ کتاب) سے لڑائی کی گئی تو وہ (منافق) ان کی مدد نہیں کریں گے اور اگر (بالفرض) وہ ان کی مدد کریں (اور لڑائی میں شریک ہوگئے) تو پیٹھ پھیر کر ضرور بھاگ جائیں گے، پھر ان (اہلِ کتاب) کی کوئی مدد نہیں کی جائے گی ﴿۱۲﴾ یقیناً (مسلمانوں) تمھارا خوف اُن (منافقوں) کے دلوں میں اللہ تعالیٰ (کے خوف) سے زیادہ ہے، یہ اس لیے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو (اللہ کی عظمت کو) سمجھتے نہیں ہیں ﴿۱۳﴾ وہ سب مل کر بھی تم سے جنگ نہیں کر سکتے؛ اِلّا یہ کہ قلعوں میں محفوظ بستیوں میں یا دیواروں کے پیچھے سے (چھپ کر تھوڑی بہت تمھارے خلاف کارروائی کرلیں گے) ان کی لڑائی آپس میں بڑی سخت ہے، تم سمجھتے ہو کہ وہ متحد ہیں؛ حالاں کہ ان کے دل جدا جدا ہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ ایسی قوم ہے کہ ان کو عقل نہیں ہے ﴿۱۴﴾ ان (بنونضیر) کی حالت ان (بنوقینقاع کے) لوگوں جیسی ہے جو ان سے پہلے قریب میں ہی اپنے (کیے ہوئے غداریوں کے) کاموں کی سزا کا مزہ (دنیا میں) چکھ چکے ہیں،

وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ اِذْ قَالَ لِلْاِنْسَانِ اكْفُرْ ۚ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكَ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَآ اَنَّهُمَا فِي النَّارِ خَالِدَيْنِ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ۝

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ نَسُوا اللّٰهَ فَاَنْسٰىهُمْ اَنْفُسَهُمْ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝ لَا يَسْتَوِيْٓ اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۭ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَاۗىِٕزُوْنَ ۝

اور ان کے لیے (آخرت میں) دردناک عذاب ہے ﴿۱۵﴾ ان (منافقوں) کی مثال شیطان جیسی ہے کہ وہ (پہلے تو) انسان کو کہتا ہے کہ: تو کافر ہو جا، پھر جب وہ (انسان) کافر ہو جاتا ہے تو کہتا ہے: میرا تجھ سے کوئی تعلق نہیں ہے① میں تو اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہوں جو تمام عالموں کے رب ہیں② ﴿۱۶﴾ پھر ان دونوں (یعنی شیطان اور اس کے ماننے والے انسان) کا انجام یہ ہے کہ وہ دونوں آگ میں ہوں گے، وہ دونوں اس (آگ) میں ہمیشہ رہیں گے اور ظلم کرنے والوں کی یہی سزا ہے ﴿۱۷﴾

اے ایمان والو! تم اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو اور ہر شخص یہ دیکھ لے کہ اس نے کل (قیامت) کے لیے کیا آگے بھیجا ہے اور تم اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو، یقیناً جو کام تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ کو اس کی پوری خبر ہے③ ﴿۱۸﴾ اور تم ان لوگوں جیسے نہ ہو جانا جو اللہ تعالیٰ کو بھول گئے تو اس (اللہ تعالیٰ) نے ان کو خود ان کی اپنی جانوں سے بھلا دیا④ وہی لوگ نافرمان ہیں ﴿۱۹﴾ جنت والے اور آگ والے دونوں برابر نہیں ہو سکتے، جنت والے ہی (اپنے مقصد میں) کامیاب ہونے والے ہیں ﴿۲۰﴾

---

① [دوسرا ترجمہ] میں تجھ سے الگ ہوں۔

② یہ بات شیطان کی دکھاوے کی ہے، ورنہ اس کی طبیعت میں خوفِ خدا ہے ہی نہیں۔

③ تقویٰ کتنی اہم چیز ہے، ایک ہی آیت میں دو دو مرتبہ اس کا حکم آیا۔ اللھم اجعلنا من عبادک المتقین بفضلک یا رب العالمین امین۔

④ یعنی ان کی عقل ایسی ماری گئی کہ وہ اپنا حقیقی نفع یعنی آخرت کی کامیابی کو حاصل کرنا بھول گئے۔

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۴﴾

اور اگر ہم نے اس قرآن کو کسی پہاڑ پر اتارا ہوتا تو تم اسے دیکھتے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ڈر سے دب (یعنی جھک) جاتا اور پھٹ جاتا اور یہ مثالیں ہم لوگوں کے لیے اس لیے بیان کرتے ہیں تاکہ وہ غور کریں ﴿۲۱﴾ وہ اللہ تعالیٰ ایسے ہیں کہ جن کے سوا کوئی معبود نہیں، ہر چھپی اور کھلی بات کو جانتے ہیں وہ جن کی رحمت سب کے لیے ہے جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۲۲﴾ وہ اللہ تعالیٰ ایسے ہیں کہ ان کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ بادشاہ ہیں، پاک ذات ہیں① سلامتی دینے والے ہیں، امن دینے والے ہیں، حفاظت میں لینے والے ہیں② بڑے زبردست ہیں، ہر خرابی کو ٹھیک کرنے والے ہیں③ اور بڑائی کے مالک ہیں④ وہ (کافر) جو شرک کرتے ہیں اس سے اللہ تعالیٰ (کی ذات) پاک ہے ﴿۲۳﴾ وہی اللہ تعالیٰ ہیں جو (ہر چیز کو) پیدا کرنے والے، وجود میں لانے والے، صورت بنانے والے ہیں، عمدہ عمدہ نام اسی (اللہ تعالیٰ) کے ہیں، جتنی بھی چیزیں آسمانوں اور زمین میں ہیں وہ سب اس (اللہ تعالیٰ) کی تسبیح کرتی ہیں اور وہ اللہ تعالیٰ بڑے زبردست، بڑے حکمت والے ہیں ﴿۲۴﴾

① قدوس وہ ذات ہے جو تمام ان چیزوں سے جو ان کے شایانِ شان نہ ہو اس سے پاک ہو اور ہر قسم کے عیب اور کمی سے پاک ہو وہ صرف اللہ تعالیٰ ہیں۔

② [دوسرا ترجمہ] دیکھ بھال کرنے والے ہیں۔

③ [دوسرا ترجمہ] عظمت (بڑائی) والے ہیں۔

④ ہر بڑائی حقیقت میں اللہ تعالیٰ کے لیے خاص ہے، جو کسی چیز کے محتاج نہیں ہیں؛ چوں کہ جو محتاج ہوتا ہے وہ بڑا نہیں ہو سکتا۔

سورة الممتحنة

(المدنية)

اٰیاتھا:۱۳۔رکوعاتھا:۲۔

یہ سورت مدنی ہے، اس میں تیرہ (۱۳) آیتیں ہیں۔ سورۃ احزاب کے بعد اور سورۃ نسا سے پہلے اکیانوے (۹۱) یا بانوے (۹۲) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں نبیِ کریم ﷺ کی خدمت میں مکہ سے مدینہ ہجرت کر کے آنے والی عورتوں کا امتحان لینے کا تذکرہ کیا گیا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ تُلْقُوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوْا بِمَا جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ ۚ يُخْرِجُوْنَ الرَّسُوْلَ وَاِيَّاكُمْ اَنْ تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ رَبِّكُمْ ۭ اِنْ كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَادًا فِيْ سَبِيْلِيْ وَابْتِغَآءَ مَرْضَاتِيْ ڰ تُسِرُّوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ ڰ وَاَنَا اَعْلَمُ بِمَآ اَخْفَيْتُمْ وَمَآ اَعْلَنْتُمْ ۭ وَمَنْ يَّفْعَلْهُ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ۝ اِنْ يَّثْقَفُوْكُمْ يَكُوْنُوْا لَكُمْ اَعْدَآءً وَّيَبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ وَاَلْسِنَتَهُمْ بِالسُّوْۗءِ وَوَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ ۝

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

اے ایمان والو! تم میرے دشمنوں اور اپنے دشمنوں کو دوست مت بناؤ کہ تم ان کو محبت کے پیغام بھیجنے لگو؛ حالاں کہ جو سچا دین تمھارے پاس آیا ہے انھوں نے اس کا انکار کیا ہے، وہ رسول کو اور تم کو صرف اسی وجہ سے (مکہ سے) باہر نکالتے رہے ہیں کہ تم اپنے رب اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے ہو، اگر تم (مسلمان) میرے راستے میں جہاد کرنے کے لیے اور میری رضا (یعنی خوشی) حاصل کرنے کے لیے (گھر سے) نکلے ہو (تو ان کافروں کو دوست مت بناؤ) تم چپکے چپکے ان سے دوستی کی باتیں کرتے ہو؛ حالاں کہ جو کچھ تم چھپا کر کے کرتے ہو اور جو کچھ ظاہر کر کے کرتے ہو میں سب کو پوری طرح جانتا ہوں اور جو کوئی بھی تم میں سے ایسا کرے گا تو پکی بات ہے کہ وہ سیدھے راستے سے بھٹک گیا ﴿۱﴾ اگر وہ (کافر) تم پر قابو پالیں گے تو وہ تمھارے دشمن بن جائیں گے① اور تمھاری طرف اپنے ہاتھ اور اپنی زبانیں برائی کے ساتھ چلائیں گے② اور ان کی چاہت یہی ہے کہ تم (کسی طرح) کافر بن جاؤ ﴿۲﴾

---

① [دوسرا ترجمہ] اگر تم ان کافروں کے ہاتھ میں آجاؤ تو وہ تمھارے لیے دشمنی (ظاہر) کریں گے۔

② یعنی دست درازی اور زبان درازی کریں گے۔ [دوسرا ترجمہ] اور وہ کافر اپنے ہاتھ اور زبانیں پھیلا کر تم مسلمانوں کے ساتھ برائی کریں گے۔

لَنْ تَنْفَعَكُمْ أَرْحَامُكُمْ وَلَا أَوْلَادُكُمْ ۚ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ ۚ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ﴿٣﴾ قَدْ كَانَتْ لَكُمْ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِي إِبْرَاهِيمَ وَالَّذِينَ مَعَهُ ۚ إِذْ قَالُوا لِقَوْمِهِمْ إِنَّا بُرَآءُ مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ ۚ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَاءُ أَبَدًا حَتَّىٰ تُؤْمِنُوا بِاللَّهِ وَحْدَهُ إِلَّا قَوْلَ إِبْرَاهِيمَ لِأَبِيهِ لَأَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ وَمَا أَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللَّهِ مِنْ شَيْءٍ ۖ رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَإِلَيْكَ أَنَبْنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ ﴿٤﴾ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِلَّذِينَ كَفَرُوا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۖ إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٥﴾

قیامت کے دن تمھاری رشتے داریاں کچھ بھی کام نہیں آئے گی اور نہ تمھاری اولاد، اللہ تعالیٰ تمھارے درمیان فیصلہ کریں گے اور جو کام بھی تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس کو اچھی طرح دیکھتے ہیں ﴿۳﴾ پکی بات ہے کہ ابراہیمؑ اور جو لوگ (ایمان میں) ان کا ساتھ دینے والے تھے ان کی زندگی میں تمھارے لیے بہترین نمونہ ہے، جب انھوں نے اپنی قوم سے کہا تھا کہ: ہم تم سے اور ان (بتوں) سے جن کی اللہ تعالیٰ کے سوا تم عبادت کرتے ہو الگ (یعنی بے تعلق) ہیں، ہم تمھارے (باطل عقائد کے) منکر ہیں اور ہمارے اور تمھارے درمیان ہمیشہ کے لیے دشمنی اور بغض ظاہر ہو گیا ہے جب تک کہ تم اکیلے اللہ تعالیٰ پر ایمان نہ لے آؤ؛ لیکن ابراہیم نے تو اپنے ابا سے اتنا کہا تھا: میں تمھارے لیے (اللہ تعالیٰ سے) مغفرت (کی دعا) ضرور مانگوں گا اگرچہ میں اللہ تعالیٰ کے سامنے تمھارے لیے کوئی فائدہ پہنچانے کا اختیار نہیں رکھتا، اے ہمارے رب! ہم آپ ہی پر بھروسہ کرتے ہیں اور ہم آپ ہی کی طرف رجوع کرتے ہیں اور آپ ہی کی طرف (سب کو) لوٹ کر آنا ہے ﴿۴﴾ اے ہمارے رب! ہم کو کافروں کا تختۂ مشق (یعنی محلِ آزمائش) مت بنائیے[1] اور اے ہمارے رب! ہماری مغفرت کر دیجیے، یقیناً آپ تو بڑے زبردست، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۵﴾

---

[1] اس دعا کے مفہوم میں یہ سب باتیں شامل ہیں: (۱) کافروں کو ہمارے پر ایسا موقع نہ ملے کہ وہ ہم پر ظلم کرنے لگیں (۲) مسلمانوں کو کوئی ایسی بری حالت پیش نہ آوے کہ ان کو خوش ہونے کا موقع مل جاوے (۳) اسلام اور مسلمانوں کے خلاف آوازیں لگائیں، تحریریں لکھیں ایسا نہ ہو (۴) اسلام کے مقابلے میں اپنے باطل عقائد کی حقانیت پر دلیلیں پیش نہ کرنے لگیں (۵) کافر ہم پر مسلط ہو کر سخت ایذائیں دینے لگیں، ایسے اسباب پیدا نہ ہوں۔

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيهِمْ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَن كَانَ يَرْجُوا اللَّهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ ۚ وَمَن يَتَوَلَّ فَإِنَّ اللَّهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ ﴿٦﴾

عَسَى اللَّهُ أَن يَجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِينَ عَادَيْتُم مِّنْهُم مَّوَدَّةً ۚ وَاللَّهُ قَدِيرٌ ۚ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٧﴾ لَا يَنْهَاكُمُ اللَّهُ عَنِ الَّذِينَ لَمْ يُقَاتِلُوكُمْ فِي الدِّينِ وَلَمْ يُخْرِجُوكُم مِّن دِيَارِكُمْ أَن تَبَرُّوهُمْ وَتُقْسِطُوا إِلَيْهِمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ ﴿٨﴾ إِنَّمَا يَنْهَاكُمُ اللَّهُ عَنِ الَّذِينَ قَاتَلُوكُمْ فِي الدِّينِ وَأَخْرَجُوكُم مِّن دِيَارِكُمْ وَظَاهَرُوا عَلَىٰ إِخْرَاجِكُمْ أَن تَوَلَّوْهُمْ ۚ وَمَن يَتَوَلَّهُمْ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ ﴿٩﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا جَاءَكُمُ الْمُؤْمِنَاتُ مُهَاجِرَاتٍ فَامْتَحِنُوهُنَّ ۖ

(اے مسلمانو!) پکی بات یہ ہے کہ تمھارے لیے ان (یعنی حضرت ابراہیم اور ان کے ساتھیوں کے طرزِ عمل) میں بہترین نمونہ ہے جو شخص کہ اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن کی امید رکھتا ہو اس کے لیے اور جو شخص منہ پھیر ائے تو یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ بے نیاز ہیں اور تمام تعریفوں والے ہیں ﴿۶﴾

امید ہے کہ اللہ تعالیٰ تمھارے اور جن لوگوں سے تمھاری دشمنی ہے ان کے درمیان دوستی پیدا کردے اور اللہ تعالیٰ (اس بات پر) پوری طرح قدرت رکھتے ہیں اور اللہ تعالیٰ تو بڑے معاف کرنے والے، مہربان ہیں ﴿۷﴾ اللہ تعالیٰ تم کو اس بات سے منع نہیں کرتے کہ جن لوگوں نے تم سے دین کے بارے میں جنگ نہیں کی اور تم کو تمھارے گھروں سے نہیں نکالا کہ تم ان کے ساتھ حسنِ سلوک کرو، اور ان سے انصاف کا برتاؤ کرو، یقین رکھو! اللہ تعالیٰ انصاف کرنے والوں سے محبت کرتے ہیں ﴿۸﴾ اللہ تعالیٰ تم کو صرف ایسے لوگوں سے دوستی کرنے سے منع کرتے ہیں جن لوگوں نے تمھارے ساتھ دین کے معاملے میں جنگ کی اور تم کو تمھارے گھروں سے نکالا اور تمھارے خلاف نکالنے والوں کی مدد کی① اور جو ان کے ساتھ دوستی رکھے گا سو وہی لوگ ظلم کرنے والے ہیں ﴿۹﴾ اے ایمان والو! جب تمھارے پاس ایمان والی عورتیں ہجرت کرکے آجائیں تو تم ان کا امتحان لے لیا کرو،

---

① [دوسرا ترجمہ] اور تم کو نکالنے میں ایک دوسرے کے ساتھ شریک ہوئے۔

اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِهِنَّ ۚ فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَى الْكُفَّارِ ۗ لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّوْنَ لَهُنَّ ۗ وَاٰتُوْهُمْ مَّاۤ اَنْفَقُوْا ۗ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ اِذَاۤ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ۗ وَلَا تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَاسْـَٔلُوْا مَاۤ اَنْفَقْتُمْ وَلْيَسْـَٔلُوْا مَاۤ اَنْفَقُوْا ۗ ذٰلِكُمْ حُكْمُ اللّٰهِ ۗ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۞ وَاِنْ فَاتَكُمْ شَيْءٌ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ اِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ فَاٰتُوا الَّذِيْنَ ذَهَبَتْ اَزْوَاجُهُمْ مِّثْلَ مَاۤ اَنْفَقُوْا ۗ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْۤ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ۞

ان کے (حقیقی) ایمان کو تو اللہ تعالیٰ خوب اچھی طرح جانتے ہیں، پھر اگر تم کو معلوم ہو جائے کہ وہ (واقعی) ایمان والیاں ہیں تو تم اُن کو کافروں کے پاس واپس نہ کرو (کیوں کہ) وہ (عورتیں) ان (کافروں) کے لیے حلال نہیں ہیں اور وہ (کافر) ان (عورتوں) کے لیے حلال نہیں ہیں اور ان (کافر شوہروں) کو جو انھوں نے (مہر) خرچ کیا ہو تم واپس کر دو اور تم کو ان (ہجرت کر کے آنے والی) عورتوں سے نکاح کرنے میں کوئی گناہ نہیں ہے جب کہ تم ان کو ان (عورتوں) کا مہر ادا کر دو اور تم کافر عورتوں کی عصمتیں اپنے قبضے میں باقی نہ رکھو① اور جو (مہر) تم نے (ان کافر بیویوں پر) خرچ کیا ہو وہ (ان کے نئے شوہروں سے) مانگ لو اور ان کافر شوہروں نے جو (مہر ایمان لانے والی بیویوں پر) خرچ کیا ہو وہ (ان عورتوں کے نئے مسلمان شوہروں سے) مانگ لے، یہ اللہ تعالیٰ کا فیصلہ ہے، وہ (اللہ تعالیٰ) تمھارے درمیان فیصلہ کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سب کچھ جانتے ہیں، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۱۰﴾ اور اگر تمھاری بیویوں میں سے کوئی کافروں کی طرف چلے جانے سے تمھارے ہاتھ سے نکل گئی② پھر تمھاری باری آئے تو وہ (مہر کی) رقم (کافروں کے بجائے) ان (مسلمانوں) کو دے دو جن کی بیویاں جاتی رہی ہیں اتنی ہی جتنی ان مسلمانوں نے خرچ کی تھی③ اور تم اس اللہ تعالیٰ سے ڈرو جس پر تم ایمان رکھتے ہو ﴿۱۱﴾

---

① [دوسرا ترجمہ] اور تم کافر عورتوں سے بیوی والا کوئی تعلق باقی نہ رکھو۔ ② یعنی نعوذ باللہ! کوئی مسلمان عورت مرتد ہو کر چلی گئی، اسی طرح مسلمان کی بیوی کافروں کے پاس ہی رہ گئی، دارالاسلام نہ آئی۔ (باقی اگلے صفحے پر:③)

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ يُبَايِعْنَكَ عَلٰۤى اَنْ لَّا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْـًٔا وَّلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ وَلَا يَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِيْ مَعْرُوْفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوْا مِنَ الْاٰخِرَةِ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ ۝

اے نبی! جب ایمان والی عورتیں تمھارے پاس آئے کہ اس بات پر تم سے بیعت کریں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کریں گی اور چوری نہیں کریں گی اور زنا بھی نہیں کریں گی اور اپنی اولاد کو قتل نہیں کریں گی اور ایسا بہتان نہیں باندھے گی جو انھوں نے اپنے ہاتھوں اور پاؤں کے درمیان گڑھ لیا ہو① ور کسی (شرعی) بھلائی کے کام میں وہ تمھاری نافرمانی نہیں کریں گی تو تم ان عورتوں کو بیعت کرلو② ور تم ان عورتوں کے لیے اللہ تعالیٰ سے استغفار کرو، یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ تو بہت معاف کرنے والے، بہت رحم کرنے والے ہیں ﴿۱۲﴾ اے ایمان والو! ایسے لوگوں سے دوستی نہ کرو جن پر اللہ تعالیٰ غصہ ہوئے، وہ آخرت سے اس طرح ناامید ہوگئے ہیں جس طرح کافر لوگ قبر میں دفن کیے لوگوں سے ناامید ہوگئے ہیں ﴿۱۳﴾

(گذشتہ صفحہ کا حاشیہ:) ③ اگر کسی مسلمان کی بیوی کافر کے پاس چلی گئی اور کافر سے نکاح کرلیا اور کافر نے شرط کے مطابق اس عورت کے سابق مسلمان شوہر کو مہر کی رقم نہ دی، اسی درمیان ایسا موقع آیا کہ ہجرت کرکے آنے والی عورت سے کسی مسلمان نے نکاح کیا اور اس مسلمان کے ذمے اس عورت کے سابق کافر شوہر کا مہر چکانا ہے تو وہ مسلمان وہ مہر کی رقم اس دوسرے مسلمان کو دے دیوے جس کی بیوی کافر کے پاس چلی گئی، اسی طرح یہ بھی ہوسکتا ہے کہ جس مسلمان کی بیوی کافر کے پاس چلی گئی اور اس کا مہر نئے کافر شوہر نے مسلمان کو ادا نہ کیا اور اسی درمیان مسلمانوں کو کافروں سے مال غنیمت ملے تو اسی سے مسلمان شوہر کو اس کی چلی جانے والی بیوی کا حق مہر دے دیا جاوے۔

اس صفحے کا حاشیہ:

① یعنی دوسرے مرد کی منی سے پیدا ہونے والے بچے کو اپنے شوہر کا بتا دیوے، یہ غلط کام ہے۔

② اصلاح اعمال کی نیت سے بیعت اس آیت سے ثابت ہوتی ہے۔

سورة الصف

(المدنية)

ایاتہا: ۱۴۔ رکوعاتہا: ۲۔

یہ سورت مدنی ہے، اس میں چودہ (۱۴) آیتیں ہیں۔ سورۂ تغابن کے بعد اور سورۂ فتح سے پہلے ایک سو آٹھ (۱۰۸) یا (۱۰۹) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں اللہ کے راستے میں صف بستہ ہو کر دشمنوں سے قتال کرنے والوں کا تذکرہ ہے۔

حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ اس سورت کی تلاوت اللہ کے نزدیک بہت محبوب چیز ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ① يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ② كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ③ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ④ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ لِمَ تُؤْذُوْنَنِيْ وَقَدْ تَّعْلَمُوْنَ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ ۚ فَلَمَّا زَاغُوْۤا اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ ۚ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ⑤

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

آسمانوں میں جو کوئی مخلوق ہیں اور زمین میں جو کوئی مخلوق ہیں وہ اللہ تعالیٰ ہی کی تسبیح کرتی ہیں اور وہ (اللہ تعالیٰ) تو بڑے زبردست ہیں، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۱﴾ اے ایمان والو! تم ایسی بات کیوں کہتے ہو جو کرتے نہیں ہو؟ ﴿۲﴾ یہ بات اللہ تعالیٰ کے نزدیک بہت ناراضگی کی ہے کہ تم ایسی بات کہو جو تم کرو نہیں ﴿۳﴾ یقیناً اللہ تعالیٰ (خاص طور پر) ان لوگوں سے محبت کرتے ہیں جو اس (اللہ تعالیٰ) کے راستے میں صف باندھ کر لڑتے ہیں جیسے وہ سیسہ پلائی ہوئی عمارت ہو① ﴿۴﴾ اور (وہ واقعہ یاد کرو) جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا تھا: اے میری قوم کے لوگو! تم مجھے کیوں ستاتے ہو؟ حالاں کہ تم جانتے ہو کہ میں تمھارے پاس اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں، پھر جب وہ ٹیڑھے ہی رہے② تو اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں کو اور (زیادہ) ٹیڑھا کر دیا③ اور اللہ تعالیٰ نافرمان قوم کو ہدایت تک نہیں پہنچاتے ﴿۵﴾

---

① یعنی آپس میں مل کر دشمنوں سے جنگ کرتے ہیں اور لڑائی میں اپنی جگہ سے ہلتے نہیں، جمے رہتے ہیں۔

② یعنی سمجھانے کے باوجود بھی بات انھوں نے قبول نہیں کی۔

③ [دوسرا ترجمہ] پھر جب وہ (ہدایت سے) پھر گئے تو اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں کو اور زیادہ پھیر دیا۔

وَاِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًۢا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ ۭ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعٰٓى اِلَى الْاِسْلَامِ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِــــُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۝ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۝

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰي تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝

اور (وہ واقعہ بھی یاد کرو) جب مریم کے بیٹے عیسیٰ نے کہا تھا کہ: اے بنی اسرائیل! میں تمھاری طرف اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں کہ مجھ سے پہلے جو توراۃ (اتاری گئی) تھی اسے میں سچا بتاتا ہوں اور ایک ایسے رسول کی خوش خبری سناتا ہوں جو میرے بعد تشریف لائیں گے جن کا نام احمد ہوگا، پھر جب وہ (رسول) ان کے پاس صاف صاف دلیل لے کر آگئے تو وہ کہنے لگے: یہ تو کھلا ہوا جادو ہے ﴿٦﴾ اور اس شخص سے بڑا ظالم کون ہوگا جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھے؛ حالاں کہ اس کو اسلام کی دعوت دی جاتی ہے اور اللہ تعالیٰ ظلم کرنے والی قوم کو ہدایت تک نہیں پہنچاتے ﴿٧﴾ یہ لوگ تو چاہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے نور (یعنی دینِ اسلام) کو اپنے منہ سے (پھونک مار کر) بجھادیویں؛ حالاں کہ اللہ تعالیٰ اپنے نور کو پورا کر کے رہیں گے چاہے کافر لوگ کتنا ہی برا مانیں ﴿٨﴾ وہی اللہ تعالیٰ ہے جنھوں نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچا دین دے کر بھیجا؛ تاکہ وہ اس کو تمام ادیان (باطلہ) پر غالب کردیوے، چاہے شرک کرنے والے کو (یہ بات) کتنی ہی بری لگے ﴿٩﴾

اے ایمان والو! کیا میں تم کو ایسی تجارت بتلاؤں جو تم کو دردناک عذاب سے بچالیوے[1]

﴿١٠﴾

---

[1] اس میں اخروی عذاب کے ساتھ دنیوی حوادث سے بھی حفاظت ہے۔

تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۱﴾ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۲﴾ وَاُخْرٰى تُحِبُّوْنَهَا ؕ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْۤا اَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيّٖنَ مَنْ اَنْصَارِيْۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ فَاٰمَنَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْۢ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ وَكَفَرَتْ طَّآئِفَةٌ ۚ فَاَيَّدْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلٰى عَدُوِّهِمْ فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِيْنَ ﴿۱۴﴾

تم اللہ تعالیٰ پر اور اس کے رسول پر ایمان رکھو اور اللہ تعالیٰ کے راستے میں اپنے مال اور اپنی جان سے جہاد کرو، یہ تمہارے لیے بہترین بات ہے اگر تم سمجھو ﴿۱۱﴾ جس کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ تمہارے لیے تمہارے گناہوں کو معاف کر دیں گے اور تم کو ایسے باغات میں داخل کریں گے کہ ان کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی اور عمدہ مکانوں میں (داخل کریں گے) جو ہمیشہ رہنے کے باغوں میں واقع ہوں گے اور یہ بہت بڑی کامیابی ہے ﴿۱۲﴾ اور (ان نعمتوں کے علاوہ تمہارے لیے) دوسری نعمت بھی ہے جس کو تم پسند کرتے ہو (اور وہ) اللہ تعالیٰ کی طرف سے مدد ① اور جلدی حاصل ہونے والی فتح ہے اور (اے نبی!) ایمان والوں کو خوش خبری سنا دو ﴿۱۳﴾ اے ایمان والو! تم اللہ تعالیٰ (کے دین) کی مدد کرنے والے بن جاؤ جس طرح عیسیٰ مریم کے بیٹے نے حواریوں سے کہا تھا: کون اللہ تعالیٰ کے (دین کی) خاطر میری مدد کرے گا؟ (اس پر) حواریوں نے جواب دیا کہ: ہم اللہ تعالیٰ (کے دین) کی مدد کرنے والے ہیں، پھر (ان کوشش کے بعد بھی) بنی اسرائیل کی ایک جماعت ایمان لے آئی اور ایک جماعت نے کفر اپنا لیا، پھر ہم نے ایمان والوں کی ان کے دشمنوں کے خلاف مدد کی جس کے نتیجے میں وہ غالب آ گئے ﴿۱۴﴾

① نقد فائدہ انسان کو بہت زیادہ محبوب ہوتا ہے۔

سورة الجمعة

(المدنية)

اٰیاتھا:۱۱۔رکوعاتھا:۲۔

یہ سورت مدنی ہے، اس میں گیارہ(۱۱) آیتیں ہیں۔ سورۃ تحریم یا سورۃ صف کے بعد اور سورۃ تغابن سے پہلے ایک سو چھ(۱۰۶) یا(۱۱۰) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں جمعہ کی نماز اور جمعہ کے کچھ احکام کا تذکرہ ہے۔

جمعہ کے لفظ میں اجتماع کا معنیٰ نکلتا ہے، اس دن سب مسلمان ایک جگہ جمع ہو کر جمعہ کی نماز ادا کرتے ہیں۔

نبی کریم ﷺ جمعہ کی نماز کی پہلی رکعت میں اس سورت کو تلاوت فرماتے تھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ① هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۗ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ② وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ③ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ④ مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ۭ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ⑤

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

آسمانوں میں جتنی مخلوق ہیں اور زمین میں جتنی مخلوق ہیں وہ سب اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتی ہیں جو بادشاہ ہیں، پاک ذات ہیں، بڑے زبردست ہیں، بڑی حکمت کے مالک ہیں ﴿۱﴾ وہی (اللہ تعالیٰ) ہیں جنھوں نے (عرب کے) امی (یعنی ان پڑھ) لوگوں میں ان ہی میں سے ایک رسول بھیجا جو اس (اللہ تعالیٰ کے قرآن) کی آیتیں ان کے سامنے پڑھ کر سناتے ہیں اور ان کو پاکیزہ بناتے ہیں اور ان کو کتاب اور حکمت سکھلاتے ہیں؛ اگرچہ وہ اس سے پہلے کھلی گمراہی میں پڑے ہوئے تھے ﴿۲﴾ اور (یہ رسول جن کی طرف بھیجے گئے) ان میں کچھ دوسرے لوگ بھی ہیں جو ابھی تک ان میں شامل نہیں ہوئے ہیں[1] اور وہ اللہ تعالیٰ بڑے زبردست، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۳﴾ یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے، وہ اپنا فضل جس کو چاہتے ہیں عطا فرماتے ہیں اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والے ہیں ﴿۴﴾ ان لوگوں کی مثال جن پر تورات کا بوجھ ڈالا گیا پھر انھوں نے اس کا بوجھ نہیں اٹھایا[2] اس گدھے کی سی ہے جو بہت ساری (بڑی بڑی) کتابیں اٹھائے ہوئے ہو، جن لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو جھٹلایا ان کی بہت بری مثال ہے اور اللہ تعالیٰ ایسے ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتے ﴿۵﴾

---

① بلکہ قیامت تک آنے والے زمانے میں شامل ہوتے رہیں گے۔

② یعنی تورات کے علوم پر عمل کی ذمہ داری ڈالی گئی تھی جو انھوں نے نہیں نبھائی۔

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ هَادُوْٓا اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِيَآءُ لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٦﴾ وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗٓ اَبَدًاۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿٧﴾ قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِيْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٨﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٩﴾ فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿١٠﴾

(اے نبی!) تم کہہ دو کہ: اے یہودیو! اگر تم لوگوں کا یہ دعویٰ ہے کہ سارے لوگوں کو چھوڑ کر تم ہی اللہ تعالیٰ کے دوست ہو تو موت کی تمنا کرو، اگر تم سچے ہو ﴿٦﴾ اور ان یہودیوں نے اپنے ہاتھوں (سے کیے ہوئے) جو (برے) اعمال آگے بھیج رکھے ہیں ان کی وجہ سے کبھی بھی اس (موت) کی تمنا نہیں کریں گے اور اللہ تعالیٰ ظالموں کو خوب اچھی طرح جانتے ہیں ﴿٧﴾ (اے نبی!) تم (ان کو) کہہ دو کہ: جس موت سے تم بھاگتے ہو وہ یقیناً تم کو مل کر ہی رہے گی① پھر تم کو اس (اللہ تعالیٰ) کی طرف لوٹایا جائے گا جو ہر چھپی اور کھلی ہوئی باتوں کو جانتے ہیں، پھر وہ (اللہ تعالیٰ) جو کام تم کرتے ہو تم کو بتلا دیں گے ﴿٨﴾

اے ایمان والو! جب جمعہ کے دن نماز کے لیے اذان دے دی جائے تو اللہ کے ذکر کی طرف فوراً چل پڑو② اور خریدنا بیچنا چھوڑ دیا کرو③ یہ تمہارے لیے اچھی بات ہے اگر تم سمجھو ﴿٩﴾ پھر جب (جمعہ کی) نماز پوری ہو جائے تو (اختیار ہے کہ) تم زمین میں پھیل جاؤ (یعنی چلو، پھرو) اور اللہ تعالیٰ کا فضل (یعنی حلال روزی) تلاش کرو اور تم اللہ تعالیٰ کا بہت زیادہ ذکر کرو؛ تا کہ تم لوگ کامیاب ہو جاؤ ﴿١٠﴾

---

① [دوسرا ترجمہ] تم کو پکڑ کر ہی رہے گی۔ تیسرا ترجمہ: پہنچ کر ہی رہے گی۔ ② یعنی خطبہ نماز کے لیے جلدی چلو۔
③ یعنی دنیوی مشاغل بھی چھوڑ دینے چاہیے۔

وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً أَوْ لَهْوًا انْفَضُّوا إِلَيْهَا وَتَرَكُوكَ قَائِمًا ۚ قُلْ مَا عِنْدَ اللَّهِ خَيْرٌ مِنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ ۚ وَاللَّهُ خَيْرُ الرَّازِقِينَ ﴿١١﴾

اور جب کچھ لوگوں نے تجارت یا کوئی کھیل (تماشا) دیکھا تو اس کی طرف دوڑ پڑے اور تم کو کھڑا ہوا چھوڑ دیا (اے نبی!) تم کہہ دو کہ: (ثواب کی) جو چیز اللہ تعالیٰ کے پاس ہے وہ کھیل (اور تماشا) اور تجارت سے بہت بہتر ہے اور اللہ تعالیٰ تو رزق دینے والوں میں سب سے اچھے ہیں① ﴿۱۱﴾

① دنیا میں کوئی انسان کسی کے لیے ظاہری رزق کا ذریعہ بنتا ہے، حقیقی رزاق تو اللہ تعالیٰ ہی ہے۔

سورۃ المنافقون

(المدنیہ)

ایاتہا: ۱۱۔ رکوعاتہا: ۲۔

یہ سورت مدنی ہے، اس میں گیارہ (۱۱) آیتیں ہیں۔ سورۂ جمعہ یا سورۂ حج کے بعد اور سورۂ مجادلہ سے پہلے ایک سو دو (۱۰۲) یا (۱۰۴) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں منافقین کی بری عادتوں کا ذکر کیا گیا ہے۔

حضرت نبی کریم ﷺ جمعہ کی دوسری رکعت میں سورۂ منافقون کی تلاوت فرماتے تھے۔

منافق آدمی ظاہر میں زبان سے ایمان کا اقرار کرتا ہے، دکھاوے کے لیے کچھ اسلامی اعمال بھی کرلیتا ہے، دل میں اسلام کے خلاف عقیدے رکھتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ۘ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ۚ① اِتَّخَذُوْۤا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ② ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ③ وَاِذَا رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ ؕ وَاِنْ يَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ ؕ كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ؕ يَحْسَبُوْنَ كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ ؕ هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ؕ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۫ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ④

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

(اے نبی!) جب منافق لوگ تمھارے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ: ہم (اس بات کی) گواہی دیتے ہیں کہ یقیناً آپ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں اور اللہ تعالیٰ جانتے ہیں کہ آپ واقعی اس (اللہ تعالیٰ) کے رسول ہیں اور اللہ تعالیٰ گواہی دیتے ہیں کہ یقیناً یہ منافق لوگ جھوٹے ہیں ﴿۱﴾ انھوں نے اپنی قسموں کو (اپنی جان و مال بچانے کے لیے) ڈھال بنا رکھا ہے، پھر وہ (دوسروں کو) اللہ تعالیٰ کے راستے سے روکتے ہیں، جو کام وہ لوگ کر رہے ہیں وہ واقعی بہت برے ہیں ﴿۲﴾ یہ ساری باتیں صرف اس وجہ سے ہے کہ وہ (شروع میں صرف زبان سے) ایمان لے آئے، پھر وہ کافر ہو گئے؛ لہٰذا ان کے دلوں پر مہر لگا دی گئی جس کے نتیجے میں وہ لوگ (حق بات کو) سمجھتے ہی نہیں ہیں ﴿۳﴾ اور اگر تم ان کو دیکھو تو (ظاہری شان و شوکت کی وجہ سے) ان کے جسم تم کو بہت اچھے لگیں گے اور اگر وہ بات کریں تو (نہایت میٹھی اور دل چسپ ہونے کی وجہ سے) تم ان کی باتیں سنتے ہی رہ جاؤ، (ان کی مثال ایسی ہے) جیسے کہ وہ لوگ ایسی لکڑیاں ہیں جو کسی سہارے سے لگا دی گئی ہوں① ہر چیخ و پکار کو② وہ اپنے خلاف (خطرہ) سمجھتے ہیں، یہی لوگ (تمھارے) دشمن ہیں؛ لہٰذا تم ان سے بچتے رہو، اللہ تعالیٰ ان کو ہلاک کریں، وہ (سچے دین کو چھوڑ کر) کہاں اوندھے چلے جا رہے ہیں؟ ﴿۴﴾

---

①[۱] حضور ﷺ کی مجلس میں دیوار سے ٹیک لگا کر بیٹھ جاتے تھے اس کی طرف اشارہ ہے، اس سے معلوم ہوا کہ (باقی ⇐)

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْا رُءُوْسَهُمْ وَرَاَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۵﴾ سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۶﴾ هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ؕ وَلِلّٰهِ خَزَآىِٕنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ ﴿۷﴾ يَقُوْلُوْنَ لَىِٕنْ رَّجَعْنَاۤ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ؕ وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۸﴾

اور جب ان (منافقوں) کو کہا جاتا ہے کہ: آؤ! اللہ تعالیٰ کے رسول تمھارے لیے مغفرت کی دعا کریں تو وہ اپنے سروں کو مٹکاتے ہیں (یعنی ہلاتے پھراتے) اور تم ان کو دیکھو گے کہ وہ تکبر کے ساتھ بات ماننے سے رک جاتے ہیں ﴿۵﴾ (اے نبی!) ان کے لیے (دونوں باتیں) برابر ہے، چاہے تم ان کے لیے مغفرت کی دعا کرو یا نہ کرو، اللہ تعالیٰ ہرگز ان کو معاف نہیں کریں گے، یقین رکھو! اللہ تعالیٰ نافرمان لوگوں کو ہدایت تک نہیں پہنچاتے ﴿۶﴾ یہی وہ (منافق تو) ہیں جو (ایسا) کہتے ہیں: جو لوگ (یعنی مہاجرین مخلصین) اللہ تعالیٰ کے رسول کے پاس (رہتے) ہیں ان پر کچھ خرچ مت کرو، یہاں تک کہ وہ (خود رسول کے پاس سے) منتشر ہو جائیں؛ حالاں کہ آسمانوں اور زمین کے خزانے تو اللہ تعالیٰ کے پاس ہے؛ لیکن منافق لوگ سمجھتے نہیں ہیں ﴿۷﴾ وہ (منافق) کہتے ہیں: اگر ہم مدینہ واپس لوٹ کر جائیں گے تو عزت والا وہاں سے ذلت والے کو نکال دے گا[1] حالاں کہ عزت تو صرف اللہ تعالیٰ کے لیے ہے اور اس (اللہ تعالیٰ) کے رسول کے لیے اور ایمان والوں کے لیے؛ لیکن منافق لوگ جانتے نہیں ہیں ﴿۸﴾

⇐ دینی مجالس میں بلا عذر ٹیک لگا کر بیٹھنا بے ادبی ہے [۲] بے فائدہ لکڑی کو چھت یا دیوار میں لگانے کے بجائے دیوار سے ٹیک لگا کر کھڑی کر دی جاتی ہے اس طرح کا حال منافقین کا ہے وہ علم وعمل ایمان سے خالی ہیں۔ ۞ [دوسرا] ہر اونچی آواز کو (چاہے وہ کسی وجہ سے ہو)

[1] [دوسرا ترجمہ] طاقت والا کمزور کو نکال دے گا۔ یعنی ان کے زعم میں ہم مدینہ والے عزت اور زور والے ہیں ہم ان پردیسی ذلیل کمزور مکہ کے لوگوں کو مدینہ سے نکال دیں گے، اس طرح کے منافقانہ، وطنی، علاقائی تعصبات سے آج امت مسلمہ کی اللہ تعالیٰ ہی حفاظت فرماوے۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ لَا تُلْهِكُمْ أَمْوَٰلُكُمْ وَلَآ أَوْلَٰدُكُمْ عَن ذِكْرِ ٱللَّهِ ۚ وَمَن يَفْعَلْ ذَٰلِكَ فَأُو۟لَٰٓئِكَ هُمُ ٱلْخَٰسِرُونَ ﴿٩﴾ وَأَنفِقُوا۟ مِن مَّا رَزَقْنَٰكُم مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِىَ أَحَدَكُمُ ٱلْمَوْتُ فَيَقُولَ رَبِّ لَوْلَآ أَخَّرْتَنِىٓ إِلَىٰٓ أَجَلٍ قَرِيبٍ فَأَصَّدَّقَ وَأَكُن مِّنَ ٱلصَّٰلِحِينَ ﴿١٠﴾ وَلَن يُؤَخِّرَ ٱللَّهُ نَفْسًا إِذَا جَآءَ أَجَلُهَا ۚ وَٱللَّهُ خَبِيرٌۢ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿١١﴾

اے ایمان والو! تم کو نہ تو تمھارے مال اور نہ تمھاری اولاد اللہ تعالیٰ کی یاد (اور اطاعت) سے غافل کردیوے اور جو ایسا کرے گا تو وہی لوگ سخت نقصان میں رہیں گے ﴿۹﴾ اور جو رزق ہم نے تم کو دیا ہے اس میں سے (اللہ تعالیٰ کے قانون کے مطابق) خرچ کرو اس سے پہلے کہ تم میں سے کسی کو موت آجائے تو وہ (موت کے آثار کو دیکھ کر) کہنے لگے: اے میرے رب! آپ نے مجھے تھوڑے دنوں کی مہلت کیوں نہیں دی کہ میں خوب صدقہ کرتا اور میں نیک لوگوں میں شامل ہو جاتا؟ ﴿۱۰﴾ اور کسی بھی نفس (یعنی جان دار) کا مقرر وقت جب آجاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو ہرگز مہلت نہیں دیتے اور جو کام تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس کی پوری خبر رکھتے ہیں ﴿۱۱﴾

سورۃ التغابن

(المدنیۃ)

آیاتھا:۱۸۔رکوعاتھا:۲۔

یہ سورت مکی ہے، اکثر حضرات کی رائے یہ ہے کہ یہ مدنی ہے، اس میں اٹھارہ (۱۸) آیتیں ہیں۔سورۃ جمعہ یا سورۃ تحریم کے بعد اور سورۃ صف سے پہلے ستتر (۷۷) یا (۱۰۸) نمبر پر نازل ہوئی۔

ہار جیت کو عربی میں تغابن کہتے ہیں اور قیامت کے دن اہلِ ایمان کی جیت ہوگی اور وہ جنت میں چلے جائیں گے اور کافروں کی ہار ہوگی اور وہ جہنم میں چلے جائیں گے۔

تغابن کا ایک معنیٰ آتا ہے "ایک دوسرے سے بازی لے جانا" اور قیامت کے دن ہر ایک کو یہی تمنا ہوگی کہ میں دوسرے سے بازی لے جاؤں اور میری جیت ہو جائے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

یُسَبِّحُ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الۡاَرۡضِ ۚ لَہُ الۡمُلۡکُ وَ لَہُ الۡحَمۡدُ ۫ وَ ہُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ۝۱ ہُوَ الَّذِیۡ خَلَقَکُمۡ فَمِنۡکُمۡ کَافِرٌ وَّ مِنۡکُمۡ مُّؤۡمِنٌ ؕ وَ اللّٰہُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِیۡرٌ ۝۲ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ بِالۡحَقِّ وَ صَوَّرَکُمۡ فَاَحۡسَنَ صُوَرَکُمۡ ۚ وَ اِلَیۡہِ الۡمَصِیۡرُ ۝۳ یَعۡلَمُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ وَ یَعۡلَمُ مَا تُسِرُّوۡنَ وَ مَا تُعۡلِنُوۡنَ ؕ وَ اللّٰہُ عَلِیۡمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ ۝۴ اَلَمۡ یَاۡتِکُمۡ نَبَؤُا الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا مِنۡ قَبۡلُ ۫ فَذَاقُوۡا وَبَالَ اَمۡرِہِمۡ وَ لَہُمۡ عَذَابٌ اَلِیۡمٌ ۝۵ ذٰلِکَ بِاَنَّہٗ کَانَتۡ تَّاۡتِیۡہِمۡ رُسُلُہُمۡ بِالۡبَیِّنٰتِ فَقَالُوۡۤا اَبَشَرٌ یَّہۡدُوۡنَنَا ۫

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

آسمانوں میں جو کوئی (مخلوق) ہے اور زمین میں جو کوئی (مخلوق) ہے وہ سب اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتی ہے، حکومت ان ہی کی ہے اور تمام تعریفیں ان ہی کے لیے ہیں اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتے ہیں ﴿۱﴾ وہی (اللہ تعالیٰ) ہیں جنہوں نے تم کو پیدا کیا تو تم میں سے کوئی کافر ہے اور تم میں سے کوئی ایمان والا ہے اور جو عمل تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس کو اچھی طرح دیکھتے ہیں ﴿۲﴾ اس (اللہ تعالیٰ) نے آسمانوں اور زمین کو ٹھیک طور پر پیدا کیا اور اسی نے تمھاری صورتیں بنائی، سو تمھاری بہترین صورتیں بنائی اور انہی کی طرف (سب کو) واپس پھر کر جانا ہے ﴿۳﴾ آسمانوں میں اور زمین میں جو کوئی ہے وہ (اللہ تعالیٰ) اس کو جانتے ہیں اور جو کام تم چھپ کر کرتے ہو اور جو تم کھلم کھلا کرتے ہو وہ (اللہ تعالیٰ) اس کو جانتے ہیں اور اللہ تعالیٰ تو دلوں کی باتوں کو خوب اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۴﴾ کیا تم لوگوں کو ان لوگوں (کے حالات) کی خبر نہیں پہنچی جو تم سے پہلے کافر ہو چکے ہیں، پھر انھوں نے اپنے کاموں کا وبال (دنیا میں بھی) چکھا اور ان کو (آخرت میں) دردناک عذاب ہونے والا ہے ﴿۵﴾ یہ (دنیا آخرت کی سزا) اس لیے کہ ان کے پاس ان کے رسول کھلی ہوئی نشانیاں لے کر آتے رہے تو وہ کہتے تھے کہ: کیا (ہمارے جیسے) انسان ہماری رہنمائی کریں گے؟

فَكَفَرُوْا وَتَوَلَّوْا وَّاسْتَغْنَى اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝ زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا ؕ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ؕ وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِيْۤ اَنْزَلْنَا ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝ يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ ؕ وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَاۤ اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَاۤ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝

غرض انھوں نے کفر کیا اور انھوں نے (ایمان سے) منہ پھیر لیا اور اللہ تعالیٰ نے بھی (ان کی) کچھ پروا نہیں کی① اور اللہ تعالیٰ بے نیاز ہیں، سب تعریفوں والے ہیں ﴿۶﴾ جن لوگوں نے کفر اپنایا ہے وہ یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ ان کو کبھی دوبارہ زندہ نہیں کیا جائے گا، تم کہہ دو: کیوں نہیں؟ قسم ہے میرے رب کی! تم کو ضرور دوبارہ زندہ کیا جائے گا، پھر تم نے جو کچھ کیا تھا وہ تم کو ضرور بتا دیا جائے گا اور یہ اللہ تعالیٰ کے لیے بہت آسان ہے ﴿۷﴾ سو تم اللہ تعالیٰ پر اور اس (اللہ) کے رسول پر اور اس نور (یعنی قرآن) پر ایمان لاؤ جو ہم نے اتارا اور جو عمل تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس کی پوری خبر رکھتے ہیں ﴿۸﴾ اس (قیامت کے) دن کو (یاد کرو) جس جمع ہونے کے دن میں اللہ تعالیٰ تم سب کو جمع کریں گے، یہ (ایمان والوں کے لیے) نفع اور (کافروں کے لیے) نقصان ظاہر ہونے کا دن ہوگا② اور جو شخص اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتا ہے اور نیک کام کرتا ہے وہ (اللہ تعالیٰ) اس سے اس کے گناہ کو دور کر دیں گے اور اس کو ایسے باغات میں داخل کریں گے جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی، جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے، یہ بہت بڑی کامیابی ہے ﴿۹﴾ اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری (یعنی قرآن کی) آیتوں کو جھٹلایا یہی لوگ آگ (میں جانے) والے ہیں، اس میں وہ لوگ ہمیشہ رہیں گے اور وہ بہت بری جگہ (پہنچنے کی) ہے ﴿۱۰﴾

① یعنی اللہ تعالیٰ نے ان کی بے طلبی کی وجہ سے نظرِ رحمت اٹھالی۔

② [دوسرا ترجمہ] یہ (ایمان والوں کے لیے) جیت اور (کافروں کی) ہار کا دن ہوگا۔

مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهٗ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ⑪ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاِنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ⑫ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ⑬ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَاَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ وَاِنْ تَعْفُوْا وَتَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ⑭ اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ؕ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ⑮

کوئی بھی مصیبت اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر آیا نہیں کرتی اور جو شخص اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتا ہے تو وہ (اللہ تعالیٰ) اس کے دل کو صحیح راستہ دکھاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو بہت اچھی طرح جانتے ہیں ﴿۱۱﴾ اور تم اللہ تعالیٰ کی بات مانو اور رسول (یعنی محمد ﷺ) کی بات مانو، پھر اگر تم (اطاعت سے) منہ پھراؤ گے تو ہمارے رسول کی ذمہ داری تو صرف صاف صاف (بات) پہنچا دینا ہے ﴿۱۲﴾ اللہ تعالیٰ وہ ہیں کہ ان کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور ایمان والوں کو تو اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے ﴿۱۳﴾ اے ایمان والو! تمھاری بیویوں اور تمھاری اولاد میں سے کچھ تمھارے دشمن ہیں ① سو تم ان (کی شریعت کے خلاف بات ماننے) سے بچتے رہو اور اگر تم معاف کرو اور درگزر کرو اور (زبان اور دل سے ان کو) بخش دو ② تو یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ تو بہت معاف کرنے والے، بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۱۴﴾ یقیناً تمھارے مال اور تمھاری اولاد (تمھارے لیے) ایک آزمائش ہے ③ اور اللہ تعالیٰ ہی کے پاس بڑا ثواب ہے ﴿۱۵﴾

---

① یعنی جو اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کے کام کروائیں۔

② یعنی نافرمانی چھوڑ کر دین پر عمل کرنے لگیں اور اللہ تعالیٰ سے بھی معافی مانگ لیں اور تم سے بھی معافی مانگیں تو معاف کر دیا کرو، بیوی اور اولاد پر بے جا غصہ کرتے رہنے سے گھر کا نظام درہم برہم ہو جاتا ہے؛ اس لیے ان کی شرارت سے بے فکر بھی مت ہو اور ان کی بات مان کر دینی فرائض اور نیکیاں مت چھوڑو۔

③ یعنی مال اور اولاد کی خاطر اللہ تعالیٰ کے دین پر عمل کرنے میں کمی کوتاہی کرتے ہو یا مکمل دین پر چلتے ہو؟

فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوْا وَاَطِيْعُوْا وَاَنْفِقُوْا خَيْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ۗ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۶﴾ اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۗ وَاللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۷﴾ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۸﴾

سو تم سے جتنا ہو سکے اتنا تم اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو① اور تم (شریعت کے احکام) سنو اور مانو اور (اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق) خرچ کرتے رہو، یہ تمھارے لیے بہتر ہے اور جو لوگ اپنے نفس کی لالچ (یعنی بخیلی) سے بچا لیے گئے بس وہی لوگ کامیاب ہونے والے ہیں ﴿۱۶﴾ اگر تم اللہ تعالیٰ کو اچھی طرح قرض دو گے تو وہ (اللہ تعالیٰ) اس (کے ثواب) کو تمھارے لیے کئی گنا بڑھا دیں گے اور تم کو معاف کر دیں گے اور اللہ تعالیٰ تو بہت قدر کرتے ہیں② (اور) حلیم ہے③ ﴿۱۷﴾ ہر چھپی اور کھلی چیز کے جاننے والے ہیں، بڑے زبردست، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۱۸﴾

---

① تقویٰ انسان کے بس کی بات ہے، قابو سے باہر کی بات بے شک نہیں، ظاہر ہے کہ تقویٰ کا مفہوم یعنی حرام سے بچنا کوئی مشکل کام نہیں **اللّٰھم وفقنا۔**

② بندہ کمزور ہے؛ اس لیے اس کے نیک اعمال میں کمی کوتاہیاں رہ جاتی ہیں، پھر بھی اللہ تعالیٰ بندوں کے نیک اعمال قبول فرما کر اپنی رضا اور اجر سے نوازتے ہیں اور مزید کی توفیق عطا فرماتے ہیں، یہ کتنی بڑی قدردانی ہوئی، کوئی انسان دوسرے انسان کی صحیح قدر کر ہی نہیں سکتا؛ چوں کہ انسان کی قدردانی جس شکل میں بھی ہوگی وہ فانی ہوگی اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو قدردانی ہے وہ دائمی ہے۔

③ یعنی گناہ پر فوری سزا نہیں دیتے۔

سورۃ الطلاق

(المدنیۃ)

آیاتہا: ۱۲۔ رکوعاتہا: ۲۔

یہ سورت مدنی ہے، اس میں بارہ (۱۲) آیتیں ہیں۔ سورۃ انسان کے بعد اور سورۃ بینہ سے پہلے بیانوے (۹۲) یا چھیانوے (۹۶) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں طلاق کے احکام کو اہمیت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔

اس سورت کا دوسرا نام "نساء صغریٰ" بھی ہے، اس میں عورت کے خرچے، رہائش، عدت وغیرہ کے احکام کا ذکر کیا گیا ہے۔

نکاح کے بندھن سے عورت باہر آجائے اسے طلاق کہتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَاَحْصُوا الْعِدَّةَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ رَبَّكُمْ ۚ لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْۢ بُيُوْتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ۭ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ۭ لَا تَدْرِيْ لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا ① فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ وَّاَشْهِدُوْا ذَوَيْ عَدْلٍ مِّنْكُمْ وَاَقِيْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ۭ ذٰلِكُمْ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۬

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

اے نبی! (مسلمانوں کو بتلادو) جب تم (اپنی) بیویوں کو طلاق دینے کا ارادہ کرو تو ان عورتوں کو ان کی عدت کے وقت (سے پہلے پاکی کے زمانے میں) طلاق دو اور (طلاق کے بعد) عدت کو گنتے رہو اور (طلاق کے بعد) تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو جو تمھارے رب ہیں، تم ان (طلاق دی ہوئی عورتوں) کو ان کے (رہنے کے) گھروں سے (عدت ختم ہونے تک) مت نکالو اور وہ عورتیں خود بھی نکل نہ جائیں؛ الا یہ کہ وہ کسی کھلی بے حیائی کا کام کریں (تو اس کو گھر سے روانہ کر سکتے ہو)① اور یہ اللہ تعالیٰ کی حدیں ہیں اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی حدوں سے آگے بڑھا تو پکی بات ہے کہ اس نے اپنی جان پر ظلم کیا، تم نہیں جانتے کہ اس (طلاق دینے) کے بعد شاید اللہ تعالیٰ کوئی نئی شکل بنادیوے ②(۱) پھر جب وہ (طلاق دی ہوئی) عورتیں اپنی عدت کو (پوری کرنے کے قریب) پہنچے تو ان کو اچھے طریقے سے (اپنے نکاح میں) روکے رکھو یا ان کو اچھے طریقے سے الگ کردو اور اپنے (یعنی مسلمان) میں سے دو معتبر شخص کو گواہ بنالو اور خالص اللہ تعالیٰ کے لیے ٹھیک ٹھیک گواہی دو، یہ وہ باتیں ہیں جس کی نصیحت اس شخص کو کی جاتی ہے جو اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو،

---

①[۱] چوری، زنا اس طرح کا کوئی کام کریں [۲] بدظنی کی وجہ سے ہر وقت جھگڑا ہی کرتی رہتی ہے، ایسی مجبوری میں روانہ کر سکتے ہیں۔ ② یعنی ندامت ہو اور مرد عورت شرعی طریقے سے پھر سے ساتھ ہو جانے کا ارادہ کر لیوے۔

وَّمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًاۙ﴿۲﴾ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا﴿۳﴾ وَالّٰٓـئِْ يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ مِنْ نِّسَآئِكُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ ۙ وَّالّٰٓـئِْ لَمْ يَحِضْنَ ؕ وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ؕ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ اَمْرِهٖ يُسْرًا﴿۴﴾ ذٰلِكَ اَمْرُ اللّٰهِ اَنْزَلَهٗۤ اِلَيْكُمْ ؕ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُعْظِمْ لَهٗۤ اَجْرًا﴿۵﴾ اَسْكِنُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ مِّنْ وُّجْدِكُمْ وَلَا تُضَآرُّوْهُنَّ لِتُضَيِّقُوْا عَلَيْهِنَّ ؕ

اور جو کوئی شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے تو وہ (اللہ تعالیٰ) اس کے لیے (مشکلوں سے نکلنے کا) کوئی راستہ بنا ہی دیتے ہیں ﴿۲﴾ اور اس کو ایسی جگہ سے روزی پہنچاتے ہیں جہاں سے اس کو خیال بھی نہیں ہوتا اور جو آدمی اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرتا ہے تو وہ (اللہ تعالیٰ) اس (کا کام بنانے) کے لیے کافی ہے، یقیناً اللہ تعالیٰ اپنا کام (جس طرح چاہتے ہیں) پورا کر کے ہی رہتے ہیں، پکی بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کا ایک اندازہ مقرر کر رکھا ہے ﴿۳﴾ اور جو تمھاری عورتیں حیض آنے سے ناامید ہو گئی ہوں (اور ایسی عورتوں کی عدت کے بارے میں) اگر تم کو شک ہو جاوے تو ان کی عدت تین مہینے ہیں اور جن (عورتوں) کو (عمر کم ہونے کی وجہ سے) حیض آنا شروع بھی نہیں ہوا ان کی عدت بھی (تین مہینے ہیں) اور جن عورتوں کے پیٹ میں حمل ہے ان کی عدت یہ ہے کہ وہ اپنے پیٹ کا بچہ جن لیویں اور جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے تو وہ (اللہ تعالیٰ) اس کے لیے اس کے کام میں آسانی پیدا کر دیتے ہیں ﴿۴﴾ یہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے جو اللہ تعالیٰ نے تمھاری طرف اتارا ہے اور جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے تو وہ (اللہ تعالیٰ) اس سے اس کے گناہوں کو معاف کر دیں گے اور اس کو بڑا ثواب دیں گے ﴿۵﴾ تم ان (طلاق دی ہوئی) عورتوں کو (عدت کے زمانے میں) اپنی حیثیت کے مطابق جس جگہ تم رہتے ہو اسی جگہ رہنے کا گھر دو[1] اور تم ان عورتوں کو تنگ کرنے کے لیے تکلیف مت پہنچاؤ،

---

[1] یعنی مکان کے ایک حصے میں پردے کے اہتمام کے ساتھ عدت کے دنوں میں رہنے دو۔

وَاِنْ كُنَّ اُولَاتِ حَمْلٍ فَاَنْفِقُوْا عَلَيْهِنَّ حَتّٰى يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۚ فَاِنْ اَرْضَعْنَ لَكُمْ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ۚ وَاْتَمِرُوْا بَيْنَكُمْ بِمَعْرُوْفٍ ۚ وَاِنْ تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهٗۤ اُخْرٰى ۝ لِيُنْفِقْ ذُوْ سَعَةٍ مِّنْ سَعَتِهٖ ۚ وَمَنْ قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهٗ فَلْيُنْفِقْ مِمَّاۤ اٰتٰىهُ اللّٰهُ ۚ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا مَاۤ اٰتٰىهَا ۚ سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا ۝

وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ اَمْرِ رَبِّهَا وَرُسُلِهٖ فَحَاسَبْنٰهَا حِسَابًا شَدِيْدًا ۙ وَّعَذَّبْنٰهَا عَذَابًا نُّكْرًا ۝

اور اگر وہ (طلاق دی ہوئی) عورتیں حاملہ ہیں تو اپنے پیٹ کا بچہ جننے وہاں تک ان کو خرچ دیتے رہو، پھر اگر وہ (طلاق دی ہوئی) عورتیں تمھارے کہنے سے (بچے کو) دودھ پلاویں تو ان کو ان کی اجرت (یعنی دودھ پلانے کا بدلہ) ادا کرو اور (اجرت طے کرنے کے لیے) آپس میں مناسب طریقے سے مشورہ کرلیا کرو ① اور اگر تم دونوں آپس میں ایک دوسرے کے لیے مشکلیں پیدا کرو گے تو (شوہر کے کہنے سے) کوئی دوسری عورت اس (بچے) کو دودھ پلائے گی ﴿٦﴾ مالی وسعت والا اپنی گنجائش کے مطابق خرچ دیوے اور جس شخص پر اس کی روزی تنگ کردی گئی ہو ② تو اللہ تعالیٰ نے جو کچھ اس کو دیا ہے اس میں سے خرچ دیوے، اللہ تعالیٰ نے جس کو جتنا دیا ہے اس کو اس سے زیادہ تکلیف (یعنی بوجھ) نہیں دیتے، مشکل کے بعد عنقریب اللہ تعالیٰ آسانی (بھی) پیدا کردیں گے ﴿٧﴾

اور بہت سی بستیاں (یعنی وہاں کے لوگ) اپنے رب اور اس کے رسولوں کے حکم سے (شرارت کے ساتھ) نکل گئیں، سو ہم ان سے سخت حساب لیں گے ③ اور ہم ان کو ایسا عذاب دیں گے جو کبھی دیکھنے میں نہ آیا ہو ﴿٨﴾

① (دوسرا ترجمہ) دودھ پلانے کا معاملہ آپس میں مشورہ سے طے کرو۔

② [دوسرا ترجمہ] جس شخص کو اس کی روزی ناپ کر ملتی ہو۔

③ حساب سے مراد: [١] جس طرح حساب کتاب کے بعد مجرم کی سزا طے کردی جاتی ہے اس طرح ان کی سزا متعین کردی گئی [٢] آخرت میں ان سے سخت حساب لینا طے کردیا گیا [٣] حساب اور عذاب سے دنیوی سزا اور آخرت کا عذاب دونوں مراد ہوسکتے ہیں۔

فَذَاقَتْ وَبَالَ اَمْرِهَا وَكَانَ عَاقِبَةُ اَمْرِهَا خُسْرًا ۞ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰۤاُولِي الْاَلْبَابِ ۚۖ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۛ قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكُمْ ذِكْرًا ۞ رَّسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ مُبَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَاۤ اَبَدًا ؕ قَدْ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَهٗ رِزْقًا ۞ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ الْاَرْضِ مِثْلَهُنَّ ؕ يَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ بَيْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۙ۬ وَّاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ۞

غرض انھوں نے اپنے (بُرے) کاموں کا وبال چکھا اور ان کے کاموں کا انجام نقصان ہی نقصان ہوا ﴿۹﴾ اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے سخت عذاب تیار کیا ہے تو اے عقل والو! جو ایمان لا چکے ہو تم اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو، پکی بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تم پر نصیحت اتاری ہے ﴿۱۰﴾ یعنی (قرآن کی شکل میں نصیحت لے کر کے اللہ تعالیٰ نے) رسول (بھیجے ہیں) جو تم کو (اللہ تعالیٰ کے احکام) کھول کھول کر بتلانے والی اللہ کی آیتیں پڑھ پڑھ کر سناتے ہیں؛ تاکہ جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے ان کو (کفر کی) اندھریوں سے نکال کر (ایمان کی) روشنی کی طرف لے آویں اور جو شخص اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتا ہے اور نیک کام کرتا ہے وہ (اللہ تعالیٰ) اس کو ایسے باغات میں داخل کریں گے جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی، ان میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، پکی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے بہترین روزی طے کر دی ہے ﴿۱۱﴾ اللہ تعالیٰ تو وہ (قدرت والے) ہیں جنھوں نے سات آسمان پیدا کیے اور زمین بھی انہی (آسمانوں) کی طرح (سات پیدا کی اللہ تعالیٰ کا تشریعی اور تکوینی) حکم ان (آسمانوں اور زمین) کے درمیان اترتا رہتا ہے؛ تاکہ تم کو معلوم ہو جاوے کہ یقیناً اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں اور یقیناً اللہ تعالیٰ کے علم نے ہر چیز کا احاطہ کر لیا ہے① ﴿۱۲﴾

---

① [دوسرا ترجمہ] ہر چیز کو اپنے علم میں سما لیا ہے۔

سورة التحريم

(المدنية)

اٰیاتھا: ۱۲۔ رکوعاتھا: ۲۔

یہ سورت مدنی ہے، اس میں بارہ (۱۲) آیتیں ہیں۔ سورہ حجرات کے بعد اور سورہ جمعہ سے پہلے ایک سو پانچ (۱۰۵) یا (۱۰۷) نمبر پر نازل ہوئی۔

ایک مباح چیز جیسے کہ شہد کو اپنے اوپر حرام کر لینے کا واقعہ اس سورت میں موجود ہے۔

تحریم کا معنیٰ آتا ہے کسی چیز کو حرام قرار دینا یا کسی چیز پر حرام ہونے کا حکم لگانا۔

اس سورت کا دوسرا نام "سورۃ النبی ﷺ" بھی ہے، سورت کی شروعات ہی یا ایھا النبی کے پیار بھرے خطاب سے ہوتی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ ۚ تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ① قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ اَيْمَانِكُمْ ۚ وَاللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ② وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ اِلٰى بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِيْثًا ۚ فَلَمَّا نَبَّاَتْ بِهٖ وَاَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ عَرَّفَ بَعْضَهٗ وَاَعْرَضَ عَنْۢ بَعْضٍ ۚ فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتْ مَنْ اَنْۢبَاَكَ هٰذَا ۭ قَالَ نَبَّاَنِيَ الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ ③

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

اے نبی! جو چیزیں اللہ تعالیٰ نے تمھارے لیے حلال کی ہیں تم اپنی بیویوں کی خوشی حاصل کرنے کے لیے (قسم کھا کر) ان کو کیوں حرام کرتے ہو؟ اور اللہ تعالیٰ بہت معاف کرنے والے بہت رحم کرنے والے ہیں ﴿۱﴾ پکی بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تمھارے لیے تمھاری قسموں (کی پابندی) سے نکلنے کا طریقہ مقرر کر دیا ہے① اور اللہ تعالیٰ تمھارے کام بنانے والے ہیں اور وہ (اللہ تعالیٰ ہر کام کو) پوری طرح جاننے والے، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۲﴾ اور (وہ واقعہ بھی یاد کرو) جب نبی نے اپنی کسی بیوی (یعنی حفصہ) کو (راز کے طور پر) چپکے سے ایک بات کہی تھی، پھر جب وہ بات اس بیوی نے (کسی دوسری بیوی یعنی عائشہؓ کو) بتلادی اور اللہ تعالیٰ نے اس بات کی اس (نبی) کو خبر دی تو اس (نبی) نے (اس راز کو ظاہر کرنے والی بیوی کو) کچھ بات جتلادی اور کچھ بات نظر انداز کر دی (یعنی نہیں بتلائی) پھر جب اس (نبی) نے اس (راز ظاہر کرنے والی) بیوی کو (کچھ بات بتلادی تو وہ (تعجب سے) کہنے لگی کہ: آپ کو یہ بات کس نے بتلادی؟ تو اس (نبی) نے کہا کہ: مجھے تو (اس اللہ تعالیٰ نے جو) بڑے جاننے والے، بڑی خبر رکھنے والے نے اطلاع دی ﴿۳﴾

---

① یعنی نامناسب قسم پر کفارہ ادا کرو اور قسم کی پابندی سے نکل جاؤ۔

إِن تَتُوبَا إِلَى اللَّهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوبُكُمَا ۖ وَإِن تَظَاهَرَا عَلَيْهِ فَإِنَّ اللَّهَ هُوَ مَوْلَاهُ وَجِبْرِيلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِينَ ۖ وَالْمَلَائِكَةُ بَعْدَ ذَٰلِكَ ظَهِيرٌ ﴿۴﴾ عَسَىٰ رَبُّهُ إِن طَلَّقَكُنَّ أَن يُبْدِلَهُ أَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنكُنَّ مُسْلِمَاتٍ مُّؤْمِنَاتٍ قَانِتَاتٍ تَائِبَاتٍ عَابِدَاتٍ سَائِحَاتٍ ثَيِّبَاتٍ وَأَبْكَارًا ﴿۵﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا قُوا أَنفُسَكُمْ وَأَهْلِيكُمْ نَارًا وَقُودُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلَائِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا يَعْصُونَ اللَّهَ مَا أَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُونَ مَا يُؤْمَرُونَ ﴿۶﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ كَفَرُوا لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ ۖ إِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿۷﴾

(اے نبی کی دونوں بیویاں!) اگر تم اللہ تعالیٰ کے سامنے توبہ کرلو (تو یہ تمہارے لیے بہتر ہے) کہ تم دونوں کے دل اس کی طرف مائل ہو ہی گئے ہیں① اور اگر تم دونوں نے اس (نبی) کے مقابلے میں ایک دوسرے کی مدد کی تو (یاد رکھنا کہ) یقیناً اللہ تعالیٰ اس (نبی) کا ساتھ دینے والے ہیں اور جبرئیل اور نیک ایمان والے بھی (ساتھ دینے والے ہیں) اور ان کے علاوہ فرشتے بھی مدد کرنے والے ہیں ﴿۴﴾ اگر وہ (نبی) تم سب بیویوں کو طلاق دے دیں تو ان کے رب بہت جلدی تمہارے بدلے تم سے بہتر بیویاں ان کو دے دیں گے کہ جو مسلمان، ایمان والیاں، اطاعت کرنے والیاں، توبہ کرنے والیاں، عبادت کرنے والیاں، روزے رکھنے والیاں، پہلے شادی کرچکی ہوں ایسی اور کنواریاں ہوں ﴿۵﴾ اے ایمان والو! تم اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو (جہنم کی) آگ سے بچاؤ کہ اس (آگ) کا ایندھن انسان اور پتھر ہوں گے، اس (آگ) پر مزاج کے سخت، بہت زور والے فرشتے مقرر ہیں، جو اللہ تعالیٰ کے کسی حکم میں ان کی نافرمانی نہیں کرتے اور جو حکم ان کو دیا جاتا ہے وہی کام کرتے ہیں ﴿۶﴾ (قیامت کے دن کہا جاوے گا) اے کفر والو! آج تم کوئی بہانے مت کرو② یقیناً جو کام تم کرتے تھے اس کا بدلہ تم کو دیا ہی جائے گا ﴿۷﴾

---

① [۱] تم دونوں کے دل توبہ کی طرف مائل ہوگئے ہیں: اس لیے توبہ کرلو [۲] نبی کا راز بتلا دینا نامناسب تھا اس نامناسب بات کی طرف تمہارے دل مائل ہوگئے ہیں۔

② [دوسرا ترجمہ] آج کے دن تم کوئی عذر مت پیش کرو۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْۤا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ؕ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّكَفِّرَ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ يَوْمَ لَا يُخْزِى اللّٰهُ النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۚ نُوْرُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَاۤ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۞ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ؕ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۞ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا امْرَاَتَ نُوْحٍ وَّامْرَاَتَ لُوْطٍ ؕ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ فَخَانَتٰهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا وَّقِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ الدّٰخِلِيْنَ ۞

اے ایمان والو! تم اللہ تعالیٰ کے سامنے سچی (یعنی صاف دل سے) توبہ کرو، امید ہے کہ تمھارے رب تم سے تمھاری برائیاں (یعنی گناہ) دور کردیویں (یعنی معاف کردیویں) اور تم کو ایسے باغیچوں میں داخل کردیویں جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی، اس دن اللہ تعالیٰ نبی اور ان کے ساتھ ایمان والوں کو رسوا نہیں کریں گے، ان کا نور ان کے سامنے اور ان کی داہنی طرف (تیزی سے) دوڑ رہا ہوگا، وہ (یوں) دعا کرتے ہوں گے کہ: اے ہمارے رب! ہمارے لیے ہمارے نور کو پورا کر دیجیے ① اور ہم کو معاف کر دیجیے، یقیناً آپ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں ﴿۸﴾ اے نبی! کافروں اور منافقوں سے جہاد کرو اور ان پر سختی کرو اور ان کا ٹھکانہ تو جہنم ہے اور وہ بہت بری جگہ ہے ﴿۹﴾ اللہ تعالیٰ نے کافروں کے کے لیے نوح کی بیوی کی اور لوط کی بیوی کی حالت بیان فرمائی ہے، یہ دونوں (بیویاں) ہمارے بندوں میں سے دو خاص نیک بندوں کے نکاح میں تھیں، پھر دونوں بیویوں نے ان دونوں (شوہروں) کے ساتھ بے وفائی کی تو وہ دونوں (نیک بندے) اللہ تعالیٰ (کے عذاب) کے مقابلے میں ان دونوں (بیویوں) کو کچھ بھی کام نہیں آسکے اور (ان عورتوں کو) حکم دیا گیا کہ (دوسرے آگ میں) جانے والوں کے ساتھ تم دونوں بھی آگ میں داخل ہو جاؤ ② ﴿۱۰﴾

---

① یعنی پورے پل صراط پر نور باقی رہے، راستے میں بجھ نہ جاوے۔ ② حضرت نوح علیہ السلام اور حضرت لوط علیہ السلام کی بیویوں کا تفصیلی واقعہ بندے کے خطبات "خطباتِ محمود جلد: ۸" میں ملاحظہ کیجیے۔

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ ۘ اِذْ قَالَتْ رَبِّ ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَنَجِّنِيْ مِنْ فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهٖ وَنَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۙ﴿١١﴾ وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرٰنَ الَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا وَصَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهٖ وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ﴿١٢﴾

اور اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں (کی تسلی) کے لیے فرعون کی بیوی کی مثال بیان فرمائی، جب اس عورت نے دعا کی: اے میرے رب! میرے لیے جنت میں آپ اپنے قریب ایک گھر بنا دیجیے① اور مجھے فرعون اور اس کے (برے) کام سے نجات دیجیے اور مجھے ظالم قوم سے نجات عطا فرمائیے② ﴿١١﴾ اور (اسی طرح) عمران کی بیٹی مریم (کی مثال بیان فرمائی) جس نے اپنی شرم گاہ کی (حلال و حرام سے) حفاظت کی تو ہم نے اس میں اپنی روح پھونک دی③ اور مریم نے اپنے رب کی باتوں اور اس کی کتابوں کا یقین رکھا تھا④ اور وہ بندگی کرنے والوں میں تھی⑤ ﴿١٢﴾

---

① پہلے اللہ تعالیٰ کے قرب کا سوال کیا، پھر جنت مانگی، کیسی عشق الٰہی والی عورت تھی۔ **اللھم ارزقنا بفضلک۔**

② حضرت آسیہ کا مفصل قصہ ”خطباتِ محمود کی جلد:١“ میں ملاحظہ کیجیے۔

③ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کے حکم سے ان کے گریبان میں روح پھونک دی جس کے نتیجے میں وہ حاملہ ہو گئیں۔

④ [دوسرا] اللہ تعالیٰ کی باتوں کو سچا جانا یعنی مانا اور یہ سچا ہے ایسا دوسروں کو بھی بتایا۔

⑤ حضرت مریم کا مفصل قصہ ”خطباتِ محمود کی جلد:٢“ میں ملاحظہ کیجیے۔

سورۃ الملک

(المکیۃ)

ایاتھا:۳۰۔رکوعاتھا:۲۔

یہ سورت مکی ہے، حسن بصریؒ اس کو مدنی قرار دیتے ہیں، اس میں تیس (۳۰) آیتیں ہیں۔سورۃ طور کے بعد اور سورۃ حاقہ سے پہلے ستتر (۷۷) نمبر پر نازل ہوئی۔

سورت کے شروع ہی میں اللہ کی عظیم سلطنت اور حکمرانی کا تذکرہ ہے۔

اس سورت کا دوسرا نام "تبارک" بھی ہے، سورت کی شروعات اللہ کی عظمت اور برکت والا ہونے کے تذکرے سے ہو رہی ہے۔

اس کا تیسرا نام "مانعہ" ہے؛ یعنی اپنے پڑھنے والے سے عذاب کو روکنے والی۔

چوتھا نام "دافعہ" ہے؛ یعنی عذاب کو دفع کرنے والی۔

پانچواں نام "واقیہ" ہے؛ یعنی عذاب سے بچانے والی۔

چھٹا نام "منجیہ" دنیا میں گمراہی اور آخرت میں عذاب سے نجات کا ذریعہ۔

حضرت نبی کریم ﷺ رات کو سوتے وقت اس کی تلاوت فرمایا کرتے تھے۔حضرت نبی کریم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں: میرا دل چاہتا ہے کہ یہ سورت میری امت کے ہر شخص کے دل میں محفوظ ہو، ہر مسلمان کو چاہیے کہ اس کو زبانی یاد کرلیوے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ ۡ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرُ ۙ① الَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ۙ② الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ؕ مَا تَرٰى فِيْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ ؕ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ③ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ ④ وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ وَجَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا لِّلشَّيٰطِيْنِ وَاَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ السَّعِيْرِ ⑤ وَلِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ⑥ اِذَآ اُلْقُوْا فِيْهَا سَمِعُوْا لَهَا شَهِيْقًا وَّهِيَ تَفُوْرُ ۙ⑦

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

بہت بڑی شان اس (اللہ تعالیٰ) کی ہے جن کے قبضے میں (پوری) حکومت ہے اور وہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں ﴿۱﴾ جنھوں نے موت اور زندگی کو پیدا کی؛ تاکہ وہ تم کو آزمائے کہ کون تم میں سے زیادہ اچھا عمل کرتا ہے①؟ اور وہ (اللہ تعالیٰ) بڑے زبردست، بڑے معاف کرنے والے ہیں ﴿۲﴾ جس (اللہ تعالیٰ) نے ایک پر ایک (فاصلے سے) سات آسمان پیدا کیے ہیں، تم رحمن کی تخلیق میں کوئی تفاوت نہیں دیکھو گے②، اب پھر نظر دوڑا کر دیکھو! کیا کہیں تم کو پھٹا ہوا نظر آتا ہے؟ ﴿۳﴾ پھر بار بار نظر ڈال کر کے دیکھو!③ (تو نتیجہ یہ ہوگا کہ) نظر تھک ہار کر تمھارے پاس ناکام واپس آئے گی ﴿۴﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ ہم نے دنیا سے نظر آنے والے آسمان کو چراغوں سے سجا رکھا ہے④ اور ہم نے ان کو شیطان کے مارنے کا ذریعہ بھی بنایا ہے اور ہم نے ان کے لیے بھڑکتی ہوئی آگ کا عذاب تیار کر رکھا ہے ﴿۵﴾ اور جو لوگ اپنے رب کا انکار کرتے ہیں ان کے لیے جہنم کا عذاب ہے اور وہ بہت بری جگہ ہے ﴿۶﴾ جب وہ (کافر) اس (جہنم کی آگ) میں ڈالے جائیں گے تو اس کی خوفناک آواز سنیں گے، اور وہ (جہنم) جوش مارتی ہوگی ﴿۷﴾

---

① حرام سے پرہیز اور اللہ کی اطاعت میں ہر وقت مستعد، یہ حسنِ عمل ہے۔ ② تفاوت یعنی بے ضابطگی کہیں نظر نہیں آئے گی۔ ③ [دوسرا ترجمہ] پھر دو، دو بار نظر پھرا کر دیکھو۔ ④ [دوسرا ترجمہ] چراغوں سے رونق دی ہے۔

تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ ۖ كُلَّمَا أُلْقِيَ فِيهَا فَوْجٌ سَأَلَهُمْ خَزَنَتُهَا أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَذِيرٌ ﴿٨﴾ قَالُوا بَلَىٰ
قَدْ جَاءَنَا نَذِيرٌ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللَّهُ مِنْ شَيْءٍ إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا فِي ضَلَالٍ كَبِيرٍ ﴿٩﴾ وَقَالُوا
لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ أَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِي أَصْحَابِ السَّعِيرِ ﴿١٠﴾ فَاعْتَرَفُوا بِذَنْبِهِمْ ۚ فَسُحْقًا لِأَصْحَابِ
السَّعِيرِ ﴿١١﴾ إِنَّ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ كَبِيرٌ ﴿١٢﴾ وَأَسِرُّوا قَوْلَكُمْ
أَوِ اجْهَرُوا بِهِ ۖ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿١٣﴾ أَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ۚ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ ﴿١٤﴾
هُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ ذَلُولًا فَامْشُوا فِي مَنَاكِبِهَا وَكُلُوا مِنْ رِزْقِهِ ۖ

ایسا لگتا ہوگا کہ وہ غصے کی وجہ سے (ابھی) پھٹ پڑے گی، جب بھی اس میں (نافرمانوں کی) کسی فوج کو پھینکا جائے گا تو اس (جہنم) کے حفاظت کے فرشتے ان سے پوچھیں گے کہ: کیا تمھارے پاس کوئی ڈرانے والا (پیغمبر) آئے نہیں تھا؟ ﴿۸﴾ تو وہ (نافرمان) جواب دیں گے کہ کیوں نہیں؟ (ہاں) بیشک ڈرانے والے پیغمبر ہمارے پاس آئے تھے؛ مگر ہم نے تو جھٹلا دیا تھا اور ہم نے کہا تھا: اللہ تعالیٰ نے (دین اور شریعت جیسی) کوئی چیز نہیں اتاری، تم لوگ تو بڑی بھاری گمراہی میں پڑے ہوئے ہو ﴿۹﴾ اور کافر لوگ (یہ بھی) کہیں گے کہ: اگر (دنیا میں) ہم سن لیا کرتے یا سمجھ سے کام لیا کرتے تو ہم جہنم کی آگ والوں میں سے نہ ہوتے ﴿۱۰﴾ اس طرح وہ خود اپنے گناہوں کا اقرار کرلیں گے، سو (اے) جہنم والو! تم (اللہ تعالیٰ کی) رحمت سے دور ہو جاؤ ﴿۱۱﴾ (ان کے برخلاف) جو لوگ اپنے رب سے غائبانہ (دیکھے بغیر) ڈرتے ہیں ان کے لیے مغفرت ہے اور بہت بڑا اجر ہے ﴿۱۲﴾ اور تم اپنی بات چھپا کر کرو یا زور سے کرو (اللہ تعالیٰ سب باتوں کو جانتے ہیں؛ اس لیے کہ) وہ تو سینوں میں چھپی ہوئی باتوں کو پوری طرح جانتے ہیں ﴿۱۳﴾ کیا جس نے پیدا کیا وہ اپنی مخلوق کو جانتا نہیں؟ اور وہی (اللہ تعالیٰ تو) باریکی سے دیکھنے والے ① سب خبر رکھنے والے ہیں ﴿۱۴﴾

وہی (اللہ تعالیٰ) ہیں جنھوں نے تمھارے (نفع کے) لیے زمین کو نیچے کر دیا ②؛ تاکہ تم اس کے کندھوں پر چلو پھرو ③ اور تم اس کا رزق کھاؤ،

---

① [دوسرا ترجمہ] بھید کو جاننے والے۔ ② دوسرا: مسخر، ماتحت کر دیا۔ ③ یعنی اس کے اطراف وجوانب میں چلو پھرو۔

وَإِلَيْهِ النُّشُورُ ۞ ءَأَمِنتُم مَّن فِي السَّمَاءِ أَن يَخْسِفَ بِكُمُ الْأَرْضَ فَإِذَا هِيَ تَمُورُ ۞ أَمْ أَمِنتُم مَّن فِي السَّمَاءِ أَن يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ۖ فَسَتَعْلَمُونَ كَيْفَ نَذِيرِ ۞ وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ ۞ أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صَافَّاتٍ وَيَقْبِضْنَ ۚ مَا يُمْسِكُهُنَّ إِلَّا الرَّحْمَٰنُ ۚ إِنَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ بَصِيرٌ ۞ أَمَّنْ هَٰذَا الَّذِي هُوَ جُندٌ لَّكُمْ يَنصُرُكُم مِّن دُونِ الرَّحْمَٰنِ ۚ إِنِ الْكَافِرُونَ إِلَّا فِي غُرُورٍ ۞ أَمَّنْ هَٰذَا الَّذِي يَرْزُقُكُمْ إِنْ أَمْسَكَ رِزْقَهُ ۚ بَل لَّجُّوا فِي عُتُوٍّ وَنُفُورٍ ۞ أَفَمَن يَمْشِي مُكِبًّا عَلَىٰ وَجْهِهِ أَهْدَىٰ أَمَّن يَمْشِي سَوِيًّا عَلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ۞

اور دوبارہ زندہ ہو کر ان ہی کے پاس جانا ہے ﴿۱۵﴾ کیا آسمان والے (یعنی اللہ تعالیٰ) سے تم نڈر (یعنی بے خوف) ہو گئے کہ وہ تم کو زمین میں دھنسا دیوے، پھر وہ (زمین) ایک دم لرزنے (یعنی تھرتھرانے) لگے ﴿۱۶﴾ کیا تم آسمان والے (اللہ تعالیٰ) سے بے خوف ہو کر بیٹھے ہو کہ وہ تمھارے پر پتھر برسانے والی آندھی بھیج دیوے، پھر عنقریب تم کو پتہ چل جائے گا کہ میرا (عذاب سے) ڈرانا کیسا تھا؟ ﴿۱۷﴾ اور پکی بات یہ ہے کہ ان (مکہ والوں) سے پہلے لوگوں نے بھی جھٹلانے کا کام کیا تھا، سو میرے انکار کا انجام کیسا رہا؟ ﴿۱۸﴾ اور کیا ان لوگوں نے اپنے اوپر (اڑتے ہوئے) پرندوں کو نظر اٹھا کر نہیں دیکھا جو پروں کو پھیلائے ہوئے (اڑتے پھرتے) ہیں اور (کبھی پر) سمیٹ بھی لیتے ہیں، ان کو رحمن کے سوا کوئی تھامے (روکے) ہوئے نہیں ہے① یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) ہر چیز کو پوری طرح دیکھتے ہیں ﴿۱۹﴾ بھلا اللہ رحمن کے سوا وہ کون ہے جو لشکر بن کر (آفتوں میں) تمھاری مدد کرے؟ کافر لوگ تو (اپنے معبودوں کے متعلق) سراسر دھوکے میں پڑے ہوئے ہیں ﴿۲۰﴾ اگر وہ (اللہ) اپنا رزق بند کر دیوے تو بھلا وہ کون ہے جو تم کو روزی عطا کر سکے؟ اصل بات یہ ہے کہ یہ (کافر) شرارت اور نفرت پر اڑے ہوئے ہیں ﴿۲۱﴾ کیا جو (کافر) شخص اپنے منہ کے بل اوندھا چل رہا ہو وہ زیادہ ہدایت پر ہوگا یا وہ (مسلمان) شخص جو (اسلام کے) سیدھے راستے پر برابر چل رہا ہو② ﴿۲۲﴾

---

① یعنی اس طرح ہوا میں معلق رکھنا یہ اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے۔② یعنی منزل مقصود پر کون پہنچ سکے گا) (دوسرا ترجمہ) سیدھا سیدھا چل رہا ہو۔

قُلْ هُوَ الَّذِیْۤ اَنْشَاَكُمْ وَ جَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَ الْاَبْصَارَ وَ الْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ۝ قُلْ هُوَ الَّذِیْ ذَرَاَكُمْ فِی الْاَرْضِ وَ اِلَیْهِ تُحْشَرُوْنَ۝ وَ یَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ۝ قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۪ وَ اِنَّمَاۤ اَنَا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ۝ فَلَمَّا رَاَوْهُ زُلْفَةً سِیْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَ قِیْلَ هٰذَا الَّذِیْ كُنْتُمْ بِهٖ تَدَّعُوْنَ۝ قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ اَهْلَكَنِیَ اللّٰهُ وَ مَنْ مَّعِیَ اَوْ رَحِمَنَا ۙ فَمَنْ یُّجِیْرُ الْكٰفِرِیْنَ مِنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ۝ قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ وَ عَلَیْهِ تَوَكَّلْنَا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ۝ قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ یَّاْتِیْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِیْنٍ۝

(اے نبی!) تم کہو: وہی (اللہ تعالیٰ) ہیں جنھوں نے تم کو پیدا کیا اور تمھارے لیے کان اور آنکھیں اور دل بنا دیا ہے (پھر بھی) تم لوگ بہت ہی کم شکر ادا کرتے ہو ﴿۲۳﴾ (اے نبی!) کہہ دو کہ: وہی (اللہ تعالیٰ) ہیں جنھوں نے تم کو زمین میں پھیلا رکھا ہے اور انھی کے پاس تم سب کو (قیامت میں) جمع کیا جائے گا ﴿۲۴﴾ اور وہ (کافر) کہتے ہیں کہ: اگر تم سچے ہو تو بتاؤ یہ (قیامت کا) وعدہ کب پورا ہوگا؟ ﴿۲۵﴾ تو (ان کو) کہہ دو: اس کا علم تو اللہ تعالیٰ ہی کے پاس ہے، بس میں تو صرف صاف صاف ڈرانے والا ہوں ﴿۲۶﴾ پھر جب وہ اس (قیامت کے عذاب) کو قریب آتا دیکھ لیں گے تو کافروں کے چہرے بگڑ جائیں گے اور (ان کو) کہا جائے گا کہ: یہ (عذاب) وہ چیز ہے جس کو تم (دنیا میں) برابر مانگتے تھے ﴿۲۷﴾ (اے نبی!) تم (ان لوگوں کو) کہہ دو کہ: ذرا یہ تو بتاؤ اگر اللہ تعالیٰ (تمھاری آرزو کے مطابق) مجھے اور میرے ساتھیوں کو ہلاک کردیوے یا ہم پر رحم فرما دیوے (دونوں حالت میں) کافروں کو دردناک عذاب سے کون بچائے گا؟ ﴿۲۸﴾ (اے نبی!) کہہ دو: وہ رحمن ہے، ہم ان پر ایمان لائے، اور اسی (اللہ تعالیٰ) پر ہم نے بھروسہ کیا ہے، سو عنقریب تم کو معلوم ہو جائے گا کہ کون کھلی گمراہی میں پڑا ہوا ہے؟ ﴿۲۹﴾ (اے نبی! یہ بات) کہہ دو کہ: ذرا یہ بتاؤ اگر کسی صبح میں تمھارے (کنووں کا) پانی نیچے اتر کر خشک ہو جائے تو کون ہے جو (صاف شفاف) بہتا پانی① تمھارے لیے لے کر آئے؟② ﴿۳۰﴾

---

① [دوسرا ترجمہ] چشموں سے بہتا پانی۔ ② [جواب] اللہ تعالیٰ ہی اپنی قدرت سے لاسکتے ہیں۔

سورة القلم

(المكية)

اٰیاتھا: ۵۲۔ رکوعاتھا: ۲۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں باون (۵۲) آیتیں ہیں۔ سورۃ علق کے بعد اور سورۃ مزمل سے پہلے دوسرے (۲) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت کے بالکل شروع میں قلم کا تذکرہ ہے۔ لکھنے کے آلہ کو قلم کہتے ہیں۔ ایک قلم وہ ہے جو انسانوں کی تقدیر لکھنے کا کام کرتا ہے۔ جس کے چلنے کی آواز خود حضرت نبیٔ کریم ﷺ نے معراج کی رات میں سنی۔

اس سورت کا دوسرا نام ''ن'' ہے، اس کی شروع والی آیت میں لفظ ''ن'' آیا ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

نٓ وَالۡقَلَمِ وَمَا یَسۡطُرُوۡنَ ۙ﴿۱﴾ مَاۤ اَنۡتَ بِنِعۡمَۃِ رَبِّکَ بِمَجۡنُوۡنٍ ۚ﴿۲﴾ وَاِنَّ لَکَ لَاَجۡرًا غَیۡرَ مَمۡنُوۡنٍ ۚ﴿۳﴾ وَاِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیۡمٍ ﴿۴﴾ فَسَتُبۡصِرُ وَیُبۡصِرُوۡنَ ۙ﴿۵﴾ بِاَىیِّکُمُ الۡمَفۡتُوۡنُ ﴿۶﴾ اِنَّ رَبَّکَ ہُوَ اَعۡلَمُ بِمَنۡ ضَلَّ عَنۡ سَبِیۡلِہٖ ۪ وَہُوَ اَعۡلَمُ بِالۡمُہۡتَدِیۡنَ ﴿۷﴾ فَلَا تُطِعِ الۡمُکَذِّبِیۡنَ ﴿۸﴾ وَدُّوۡا لَوۡ تُدۡہِنُ فَیُدۡہِنُوۡنَ ﴿۹﴾ وَلَا تُطِعۡ کُلَّ حَلَّافٍ مَّہِیۡنٍ ﴿ۙ۱۰﴾ ہَمَّازٍ مَّشَّآءٍۭ بِنَمِیۡمٍ ﴿ۙ۱۱﴾ مَّنَّاعٍ لِّلۡخَیۡرِ مُعۡتَدٍ اَثِیۡمٍ ﴿ۙ۱۲﴾ عُتُلٍّۭ بَعۡدَ ذٰلِکَ زَنِیۡمٍ ﴿ۙ۱۳﴾ اَنۡ کَانَ ذَا مَالٍ وَّبَنِیۡنَ ﴿ؕ۱۴﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

ن، قسم ہے قلم کی اور اس چیز کی جو وہ (تقدیر لکھنے والے فرشتے) لکھ رہے ہیں① ﴿۱﴾ کہ تم اپنے رب کے فضل سے دیوانے (یعنی مجنون) نہیں ہو ﴿۲﴾ اور یقیناً تمھارے لیے ایسا ثواب ہے جو کبھی ختم نہیں ہوگا ﴿۳﴾ اور یقیناً تم بڑے اونچے اخلاق پر (پیدا کیے گئے) ہو ﴿۴﴾ اب عنقریب تم بھی دیکھ لوگے اور وہ (کافر) بھی دیکھ لیں گے ﴿۵﴾ کہ تم میں سے کون (حقیقی) دیوانے پن میں تھا؟ ﴿۶﴾ یقیناً تمھارے رب اس شخص کو اچھی طرح جانتے ہیں جو ان کے راستے سے بھٹک گیا ہے اور وہ ان لوگوں کو بھی اچھی طرح جانتے ہیں جو سیدھے راستے پر ہیں ﴿۷﴾ لہٰذا تم جھٹلانے والوں کی بات مت مانو ﴿۸﴾ وہ (کافر) یہ چاہتے ہیں کہ اگر تم (بتوں کے بارے میں) نرم پڑ جاؤ تو وہ بھی (آپ کی مخالفت میں) ڈھیلے پڑ جائیں گے ﴿۹﴾ اور (کبھی) تم ایسے شخص کی بات مت ماننا جو بہت قسمیں کھانے والا ہو ذلیل ہو② ﴿۱۰﴾ طعنے دینے کی عادت رکھتا ہو، چغل خوری کرتا پھرتا ہو ﴿۱۱﴾ بھلائی (کے کام) سے روکنے والا ہو، حد سے آگے بڑھنے والا ہو③ بڑا گنہگار ہو ﴿۱۲﴾ بد مزاج ہو، ان سب برائیوں کے علاوہ نچلے نسب والا ہو ﴿۱۳﴾ صرف اس وجہ سے کہ وہ شخص مال اور اولاد والا ہو④ ﴿۱۴﴾

① بعض مفسرین نے "**مایسطرون**" سے علما اپنے قلم سے جو علم دین کی باتیں لکھتے ہیں وہ مراد لیا ہے۔

② یعنی لوگ اس کی بات پر اعتماد نہیں کرتے؛ اس لیے اس کو بار بار قسم کھانی پڑتی ہے۔③ [دوسرا ترجمہ] زیادتی کرنے والا ہو۔④ یعنی صرف مال اور اولاد کی کثرت کی وجہ سے اس کی بات نہیں مانی جانی چاہیے۔

اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ سَنَسِمُهٗ عَلَى الْخُرْطُوْمِ ۝ اِنَّا بَلَوْنٰهُمْ كَمَا بَلَوْنَآ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ ۚ اِذْ اَقْسَمُوْا لَيَصْرِمُنَّهَا مُصْبِحِيْنَ ۝ وَلَا يَسْتَثْنُوْنَ ۝ فَطَافَ عَلَيْهَا طَآئِفٌ مِّنْ رَّبِّكَ وَهُمْ نَآئِمُوْنَ ۝ فَاَصْبَحَتْ كَالصَّرِيْمِ ۝ فَتَنَادَوْا مُصْبِحِيْنَ ۝ اَنِ اغْدُوْا عَلٰى حَرْثِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰرِمِيْنَ ۝ فَانْطَلَقُوْا وَهُمْ يَتَخَافَتُوْنَ ۝ اَنْ لَّا يَدْخُلَنَّهَا الْيَوْمَ عَلَيْكُمْ مِّسْكِيْنٌ ۝ وَّغَدَوْا عَلٰى حَرْدٍ قٰدِرِيْنَ ۝ فَلَمَّا رَاَوْهَا قَالُوْٓا اِنَّا لَضَآلُّوْنَ ۝ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ۝

جب اس کے سامنے ہماری آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو کہتا ہے کہ: یہ تو پچھلے لوگوں کی کہانیاں ہیں ﴿۱۵﴾ عنقریب ہم اس کی ناک پر (رسوائی ظاہر کرنے کے لیے) داغ لگا دیں گے① ﴿۱۶﴾ ہم نے ان (مکہ والوں) کی اسی طرح آزمائش کی ہے جس طرح ہم نے ان باغ والوں کی آزمائش کی تھی جب کہ انھوں نے قسم کھائی تھی کہ صبح ہوتے ہی ضرور اس باغ کا پھل توڑ لیں گے ﴿۱۷﴾ اور (یہ کہتے ہوئے) وہ استثنا بھی نہیں کر رہے تھے② ﴿۱۸﴾ پھر (ایسا ہوا کہ) جس وقت وہ سو رہے تھے اس وقت تمھارے رب کی طرف سے ایک بلا اس (باغ) پر چکر لگا گئی ﴿۱۹﴾ جس کی وجہ سے صبح ہوتے ہوتے تو وہ (باغ) کٹی ہوئی کھیتی کی طرح ہو گیا ﴿۲۰﴾ پھر صبح ہوتے ہی وہ (باغ والے) آپس میں ایک دوسرے کو پکارنے لگے ﴿۲۱﴾ کہ اگر پھل توڑنے ہے تو صبح سویرے اپنے کھیت کی طرف چلو ﴿۲۲﴾ پھر وہ آپس میں چپکے چپکے یہ بات کہتے ہوئے روانہ ہوئے ﴿۲۳﴾ کہ آج کوئی مسکین اس (باغ) میں تمھارے پاس آنے نہ پائے ﴿۲۴﴾ اور وہ خود کو (مسکینوں کو نہ دینے پر) قادر سمجھتے ہوئے صبح سویرے (کھیت کی طرف) روانہ ہوئے ﴿۲۵﴾ پھر جب (وہاں پہنچ کر) اس (باغ) کو دیکھا تو کہنے لگے: ہم ضرور راستہ بھٹک گئے ﴿۲۶﴾ (پھر کچھ دیر بعد کہا کہ: نہیں! راستہ بھولے نہیں ہے) بلکہ ہم تو (باغ ہی سے) محروم کر دیے گئے③ ﴿۲۷﴾

---

① ولید بن مغیرہ کو دنیا میں غزوۂ بدر میں ناک پر تلوار کا نشان آیا جو پوری عمر باقی رہا۔

② ان کے والد جو انتقال کر گئے تھے وہ فقراء کا حصہ الگ رکھتے تھے، انھوں نے الگ کرنے کی بات نہیں بولی یا ان شاء اللہ نہیں بولا۔ ③ بری نیت کا انجام دنیا ہی میں دیکھ لیا۔

قَالَ اَوْسَطُهُمْ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ لَوْلَا تُسَبِّحُوْنَ۝ قَالُوْا سُبْحٰنَ رَبِّنَاۤ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِیْنَ۝ فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ یَّتَلَاوَمُوْنَ۝ قَالُوْا یٰوَیْلَنَاۤ اِنَّا كُنَّا طٰغِیْنَ۝ عَسٰى رَبُّنَاۤ اَنْ یُّبْدِلَنَا خَیْرًا مِّنْهَاۤ اِنَّاۤ اِلٰى رَبِّنَا رٰغِبُوْنَ۝ كَذٰلِكَ الْعَذَابُؕ وَ لَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُۘ لَوْ كَانُوْا یَعْلَمُوْنَ۝

اِنَّ لِلْمُتَّقِیْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتِ النَّعِیْمِ۝ اَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِیْنَ كَالْمُجْرِمِیْنَ۝ مَا لَكُمْ۫ كَیْفَ تَحْكُمُوْنَ۝ اَمْ لَكُمْ كِتٰبٌ فِیْهِ تَدْرُسُوْنَ۝ اِنَّ لَكُمْ فِیْهِ لَمَا تَخَیَّرُوْنَ۝

ان (باغ کے مالکوں) میں جو درمیانی عمر والا تھا① وہ کہنے لگا: کیا میں نے تم سے کہا نہیں تھا کہ تم (اللہ تعالیٰ کی) تسبیح کیوں نہیں کرتے؟ ﴿۲۸﴾ (اس پر) سب (توبہ کے طور پر) کہنے لگے: ہمارے رب کی ذات تو ہر عیب سے پاک ہے، یقیناً ہم ہی ظلم کرنے والے ہیں ﴿۲۹﴾ پھر ایک دوسرے کی طرف منہ کر کے ایک دوسرے کو ملامت کرنے لگے② ﴿۳۰﴾ (آخر میں) سب (ایک ساتھ) کہنے لگے: ہم سب پر افسوس ہے کہ ہم ہی حد سے بڑھ جانے والے لوگ تھے ﴿۳۱﴾ امید ہے کہ ہمارے رب ہم کو (اس باغ کے بدلے) اس سے اچھا (باغ) عطا کر دیوے، یقیناً ہم ہمارے رب ہی سے آرزو رکھتے ہیں③ ﴿۳۲﴾ عذاب ایسا ہی ہوا کرتا ہے اور یقیناً (دنیا کے عذاب سے) آخرت کا عذاب سب سے بڑا ہے، کاش یہ (کافر) لوگ سمجھتے ہوتے ﴿۳۳﴾

یقیناً تقویٰ والوں کے لیے ان کے رب کے پاس نعمتوں کے باغات ہیں ﴿۳۴﴾ کیا ہم مسلمانوں کو (جزا دینے میں) مجرموں کے برابر کر دیں گے؟ ﴿۳۵﴾ تم کو کیا ہو گیا تم کیسا فیصلہ کرتے ہو؟ ﴿۳۶﴾ کیا تمھارے پاس کوئی کتاب ہے جس میں تم یہ پڑھتے ہو؟ ﴿۳۷﴾ کہ تم کو اس (آخرت) میں وہ چیز ملے گی جس کو تم پسند کرتے ہو ﴿۳۸﴾

---

① یہ بیچ والا بھائی رائے میں معتدل اور عمر میں درمیانی تھا اور کچھ اچھا تھا۔

② کوئی کام اچھا ہوتا ہے تو ہر ایک اس کا سہرا خود باندھنے تیار ہوتا ہے اور کام بگڑتا ہے تو ایک دوسرے پر الزام ڈالا جاتا ہے۔

③ [دوسرا ترجمہ] یقیناً ہم ہمارے رب ہی سے (توبہ کے ذریعہ معافی کی) رغبت رکھتے ہیں۔

اَمْ لَكُمْ اَیْمَانٌ عَلَیْنَا بَالِغَةٌ اِلٰى یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ۙ اِنَّ لَكُمْ لَمَا تَحْكُمُوْنَ ۚ سَلْهُمْ اَیُّهُمْ بِذٰلِكَ زَعِیْمٌ ۚ اَمْ لَهُمْ شُرَكَآءُ ۚ فَلْیَاْتُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِیْنَ ۝ یَوْمَ یُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ وَّ یُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ فَلَا یَسْتَطِیْعُوْنَ ۙ خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ؕ وَ قَدْ كَانُوْا یُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ وَ هُمْ سٰلِمُوْنَ ۝ فَذَرْنِیْ وَ مَنْ یُّكَذِّبُ بِهٰذَا الْحَدِیْثِ ؕ سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَیْثُ لَا یَعْلَمُوْنَ ۙ وَ اُمْلِیْ لَهُمْ ؕ اِنَّ كَیْدِیْ مَتِیْنٌ ۝ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ اَجْرًا فَهُمْ مِّنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ۚ

کیا تم نے ہم سے قیامت کے دن تک باقی رہنے والی قسمیں لے لی ہے کہ تم کو وہ سب چیزیں ملے گی جو تم اپنے لیے طے کر رہے ہو ﴿۳۹﴾ (اے نبی!) ان سے پوچھو! ان میں سے کون ہے جو اس قسم کی بات کا ذمے دار ہے؟ ﴿۴۰﴾ کیا ان (مشرکوں) کے (مانے ہوئے) کچھ شریک ہیں (جنھوں نے یہ سب دلوانے کی ذمے داری لی ہو) پھر اگر وہ (مشرکین) سچے ہوں تو اپنے (ان) شریکوں کو لے آئے ﴿۴۱﴾ جس دن ساق کھول دی جائے گی ① اور ان (کافروں) کو سجدے کے لیے بلایا جائے گا تو پھر وہ سجدہ نہیں کر سکیں گے ﴿۴۲﴾ ان کی نگاہیں جھکی ہوئی ہوں گی، ان پر ذلت چھائی ہوئی ہوگی اور (اس کی وجہ یہ ہے کہ) ان کو (دنیا میں) سجدے کے لیے بلایا جاتا تھا حالاں کہ اس وقت صحیح سلامت (یعنی تندرست، طاقت دار) تھے ﴿۴۳﴾ لہٰذا (اے نبی!) جو لوگ اس کلام کو جھٹلا رہے ہیں ان کو اور مجھ کو چھوڑ دو، ہم ان کو اس طرح دھیرے دھیرے عذاب کی طرف لے جائیں گے کہ ان کو پتہ بھی نہیں چلے گا ﴿۴۴﴾ اور میں ان کو مہلت دے رہا ہوں، یقیناً میری تدبیر (یعنی داؤ، پکڑ) بڑی مضبوط ہے ﴿۴۵﴾ (اے نبی!) کیا تم ان سے (اس تبلیغ پر) کوئی معاوضہ مانگتے ہو کہ وہ معاوضہ کے بوجھ میں دبے جا رہے ہیں؟ ﴿۴۶﴾

① (ا) ساق: پنڈلی [۱] اس کی پوری کیفیت محشر میں پتہ چلے گی
[۲] قیامت کے دن کے سخت حالات کی طرف اشارہ ہے
[۳] قیامت کے دن تمام حقائق بے نقاب کر دیے جائیں گے اور لوگوں کے احوال کھل کر سامنے آجاویں گے وہ مراد ہے۔

اَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُوْنَ ۝ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تَكُنْ كَصَاحِبِ الْحُوْتِ ۘ اِذْ نَادٰى وَهُوَ مَكْظُوْمٌ ۝ لَوْلَآ اَنْ تَدٰرَكَهٗ نِعْمَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ لَنُبِذَ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ مَذْمُوْمٌ ۝ فَاجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَجَعَلَهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝

یا ان کے پاس (کوئی) غیب کا علم ہے جسے وہ لکھ رہے ہیں؟ ﴿۴۷﴾ غرض تم اپنے رب کا حکم آنے تک صبر کرتے رہو اور (دل تنگ کرنے میں) مچھلی والے (یونس علیہ السلام) کی طرح نہ ہو جانا، جب انھوں نے (قوم کی نافرمانی پر) غم سے گھٹ گھٹ کر ہم کو پکارا تھا ﴿۴۸﴾ اگر ان کے رب کے فضل نے ان کو سنبھالا نہ ہوتا تو ان کو چٹیل (یعنی کھلے) میدان میں پھینک دیا جاتا اور اس کا حال برا ہوتا (لیکن اللہ کے فضل سے بری حالت سے بچ گئے) ﴿۴۹﴾ پھر ان کے رب نے ان کو نواز دیا[1] اور ان کو (اونچے درجے کے) نیک لوگوں میں شامل کر دیا ﴿۵۰﴾ اور جن لوگوں نے کفر اپنا لیا ہے جب وہ (قرآنی) نصیحت سنتے ہیں تو ایسا لگتا ہے کہ وہ اپنی تیز آنکھوں سے تم کو پھسلا کر گرا دیں گے اور وہ (یوں) کہتے ہیں کہ: یہ شخص تو دیوانہ ہی ہے ﴿۵۱﴾ حالاں کہ وہ (قرآن) تو تمام عالم کے لوگوں کے لیے نصیحت ہی نصیحت ہے ﴿۵۲﴾

[1] [دوسرا ترجمہ] سو ان کے رب نے ان کو (نبوت کے لیے) چن لیا۔

سورۃ الحاقۃ

(المکیۃ)

اٰیاتھا: ۵۲۔ رکوعاتھا: ۲۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں اکیاون (۵۱) یا باون (۵۲) آیتیں ہیں۔ سورہ تبارک کے بعد اور سورۃ معارج سے پہلے سات (۷) نمبر پر نازل ہوئی۔

حاقّہ کے لفظ سے سورت شروع ہو رہی ہے، یہ قیامت کی صفت ہے۔ حق اور ثابت ہونے والی، چمٹنے والی، مسلط ہونے والی قیامت کے لیے لفظ "الحاقّۃ" یہاں استعمال ہوا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَلْحَآقَّةُ ۝ مَا الْحَآقَّةُ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحَآقَّةُ ۝ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ وَعَادٌۢ بِالْقَارِعَةِ ۝ فَاَمَّا ثَمُوْدُ فَاُهْلِكُوْا بِالطَّاغِيَةِ ۝ وَاَمَّا عَادٌ فَاُهْلِكُوْا بِرِيْحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ ۝ سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَّثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ ۙ حُسُوْمًا ۙ فَتَرَى الْقَوْمَ فِيْهَا صَرْعٰى ۙ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ۝ فَهَلْ تَرٰى لَهُمْ مِّنْۢ بَاقِيَةٍ ۝ وَجَآءَ فِرْعَوْنُ وَمَنْ قَبْلَهٗ وَالْمُؤْتَفِكٰتُ بِالْخَاطِئَةِ ۝ فَعَصَوْا رَسُوْلَ رَبِّهِمْ فَاَخَذَهُمْ اَخْذَةً رَّابِيَةً ۝ اِنَّا لَمَّا طَغَا الْمَآءُ حَمَلْنٰكُمْ فِي الْجَارِيَةِ ۝

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

وہ (قیامت) جو ہو کر رہے گی ﴿۱﴾ کیا ہے وہ جو ہو کر ہی رہے گی؟ ﴿۲﴾ اور تم کو کچھ خبر ہے کہ وہ چیز کیا ہے جو ہو کر ہی رہے گی؟ ﴿۳﴾ ثمود اور عاد (کی قوم) نے (اس) جھنجھوڑنے والی (قیامت) کو جھٹلایا تھا ﴿۴﴾ نتیجہ یہ ہوا کہ ثمود تو ایک حد سے زیادہ (بھیانک) آفت سے ہلاک کر دیے گئے ﴿۵﴾ اور (قوم) عاد کے لوگ تو ایسی طوفانی بے قابو ہَوا سے ہلاک کر دیے گئے ﴿۶﴾ جس کو اس (اللہ تعالیٰ) نے ان پر سات رات اور آٹھ دن تک لگاتار مسلط کر دیا تھا، سو تم (اگر وہاں ہوتے تو) دیکھتے کہ وہاں لوگ کھجور کے (گرے ہوئے) کھوکھلے تنوں کی طرح پچھاڑے ہوئے پڑے تھے ﴿۷﴾ اب کیا تم کو ان میں سے کوئی بچا ہوا نظر آتا ہے؟ ﴿۸﴾ اور فرعون اور اس سے پہلے کے (عاد اور ثمود کے) لوگ اور (لوط علیہ السلام کی) الٹی ہوئی بستیوں (کے رہنے والوں) نے (بڑی بڑی) خطائیں کی ﴿۹﴾ سو انھوں نے اپنے رب کے پیغمبر کی نافرمانی کی تھی، آخر اس (اللہ تعالیٰ) نے ان کو سختی کے ساتھ پکڑ لیا ﴿۱۰﴾ یقیناً جس وقت پانی حد سے اونچا ہوا تو ہم نے تم کو کشتی میں سوار کر دیا① ﴿۱۱﴾

---

① جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق حضرت نوح علیہ السلام نے بنائی تھی۔

لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَّتَعِيَهَآ اُذُنٌ وَّاعِيَةٌ ﴿١٢﴾ فَاِذَا نُفِخَ فِى الصُّوْرِ نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ ﴿١٣﴾ وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ﴿١٤﴾ فَيَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ﴿١٥﴾ وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَهِىَ يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ ﴿١٦﴾ وَّالْمَلَكُ عَلٰٓى اَرْجَآئِهَا ؕ وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمٰنِيَةٌ ﴿١٧﴾ يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُوْنَ لَا تَخْفٰى مِنْكُمْ خَافِيَةٌ ﴿١٨﴾ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِىَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۙ فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ﴿١٩﴾ اِنِّىْ ظَنَنْتُ اَنِّىْ مُلٰقٍ حِسَابِيَهْ ﴿٢٠﴾ فَهُوَ فِىْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ﴿٢١﴾ فِىْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ﴿٢٢﴾ قُطُوْفُهَا دَانِيَةٌ ﴿٢٣﴾

تا کہ ہم اس (واقعے) کو تمھارے لیے (عبرت سے بھری ہوئی) یادگار بنا دیوے اور یاد رکھنے والے کان اس کو (سن کر) یاد رکھیں ﴿۱۲﴾ پھر جب صور میں ایک ہی دفعہ پھونک ماردی جائے گی ﴿۱۳﴾ اور زمین اور پہاڑ (اپنی جگہ سے) اٹھا لیے جائیں گے اور ایک ہی (مرتبہ کی) چوٹ میں ریزہ ریزہ کردیے جائیں گے ﴿۱۴﴾ تو اس دن ہوجانے والی چیز (یعنی قیامت) واقع ہوہی جائے گی① ﴿۱۵﴾ اور آسمان پھٹ جائے گا، سو وہ اس دن بالکل کمزور ہوجائے گا ﴿۱۶﴾ اور فرشتے (آسمان پھٹتے اس وقت) اس کے کناروں پر ہوں گے اور تمھارے رب کے عرش کو اس دن آٹھ فرشتے اپنے اوپر اٹھائے ہوئے ہوں گے ﴿۱۷﴾ اس دن تم اس طرح حاضر کیے جاؤ گے کہ تمھاری کوئی چھپی ہوئی چیز چھپی نہیں رہے گی ﴿۱۸﴾ پھر جس کو اس کا اعمال نامہ اس کے داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا تو وہ (لوگوں کو) کہے گا: لو! ذرا یہ میرا اعمال نامہ تو پڑھو ﴿۱۹﴾ میں (پہلے ہی) سمجھتا تھا کہ مجھے اپنے حساب کا سامنا کرنا ہوگا② ﴿۲۰﴾ سو وہ شخص پسندیدہ عیش میں ہوگا ﴿۲۱﴾ (یہ پسندیدہ عیش) اونچی جنت میں ہوگا ﴿۲۲﴾ اس کے پھل بہت قریب ہوں گے③ ﴿۲۳﴾

---

① [دوسرا ترجمہ] اس دن پیش آنے والی چیز (یعنی قیامت) پیش آہی جائے گی۔

② [دوسرا ترجمہ] مجھے میرا حساب ملنے ہی والا ہے۔

③ جو کھڑے، بیٹھے، لیٹے ہر حالت میں چنے جاسکے [دوسرا ترجمہ] جھک پڑے ہوں گے۔

كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔۢا بِمَآ اَسْلَفْتُمْ فِي الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ ۝ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِشِمَالِهٖ ۙ فَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُوْتَ كِتٰبِيَهْ ۝ وَلَمْ اَدْرِ مَا حِسَابِيَهْ ۝ يٰلَيْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِيَةَ ۝ مَآ اَغْنٰى عَنِّيْ مَالِيَهْ ۝ هَلَكَ عَنِّيْ سُلْطٰنِيَهْ ۝ خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ۝ ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ ۝ ثُمَّ فِيْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ ۝ اِنَّهٗ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ ۝ وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ۝ فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هٰهُنَا حَمِيْمٌ ۝ وَّلَا طَعَامٌ اِلَّا مِنْ غِسْلِيْنٍ ۝ لَّا يَاْكُلُهٗٓ اِلَّا الْخَاطِــُٔوْنَ ۝

فَلَآ اُقْسِمُ بِمَا تُبْصِرُوْنَ ۝ وَمَا لَا تُبْصِرُوْنَ ۝

(ان کو کہا جائے گا کہ): جو اعمال تم نے پہلے گزرے ہوئے دنوں میں کیے تھے اس کے بدلے میں تم مزے سے کھاؤ، پیو ﴿۲۴﴾ اور جس کو اس کا اعمال نامہ بائیں ہاتھ میں دیا جائے گا تو وہ کہے گا کہ: اے کاش کہ مجھ کو میرا اعمال نامہ دیا ہی نہ جاتا! ﴿۲۵﴾ اور مجھے خبر ہی نہ ہوتی کہ میرا احساب کیا ہے (تو بہت اچھا ہوتا) ﴿۲۶﴾ کتنا اچھا ہوتا کہ وہ (پہلی) موت ہی (میرا معاملہ) ختم کر دیتی! ﴿۲۷﴾ مجھے میرا مال کچھ کام نہیں آیا ﴿۲۸﴾ میری حکومت مجھ سے ہلاک ہوگئی ﴿۲۹﴾ (حکم ہوگا کہ) اس کو پکڑو اور اس کے گلے میں طوق ڈال دو ﴿۳۰﴾ پھر اس کو جہنم میں داخل کر دو ﴿۳۱﴾ پھر ایک ایسی زنجیر میں جس کی لمبائی ستر ہاتھ کے برابر ہے اس کو جکڑ دو ﴿۳۲﴾ کیوں کہ یہ اللہ تعالیٰ جو سب سے بڑے ہیں ان پر ایمان نہیں لاتا تھا ﴿۳۳﴾ اور محتاجوں کو کھانا کھلانے کی تاکید نہیں کرتا تھا① ﴿۳۴﴾ لہٰذا یہاں آج اس کا کوئی ہمدردی کرنے والا دوست نہیں ہے ﴿۳۵﴾ اور غسلین کے سوا کھانے کی کوئی چیز نہیں ہے② ﴿۳۶﴾ جس کو گنہگار لوگ ہی کھائیں گے ﴿۳۷﴾

اب میں ان چیزوں کی قسم کھاتا ہوں جن کو تم دیکھتے ہو ﴿۳۸﴾ اور ان چیزوں کی جن کو تم دیکھتے نہیں③ ﴿۳۹﴾

---

① [دوسرا ترجمہ] ترغیب نہیں دیتا تھا۔ ② زخم دھوتے وقت جو پانی گرتا ہے یا اس جیسی کوئی کھانے کی چیز۔ ③ اس وقت حضور ﷺ نظر آتے تھے، حضرت جبرئیل نظر نہیں آتے تھے یا نظر آنے والی اور نہ نظر آنے والی مخلوق کی قسم کھائی گئی ہے۔

إِنَّهُۥ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ ﴿٤٠﴾ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ ۚ قَلِيلًا مَّا تُؤْمِنُونَ ﴿٤١﴾ وَلَا بِقَوْلِ كَاهِنٍ ۚ قَلِيلًا مَّا تَذَكَّرُونَ ﴿٤٢﴾ تَنزِيلٌ مِّن رَّبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٤٣﴾ وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْأَقَاوِيلِ ﴿٤٤﴾ لَأَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِينِ ﴿٤٥﴾ ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِينَ ﴿٤٦﴾ فَمَا مِنكُم مِّنْ أَحَدٍ عَنْهُ حَاجِزِينَ ﴿٤٧﴾ وَإِنَّهُۥ لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِينَ ﴿٤٨﴾ وَإِنَّا لَنَعْلَمُ أَنَّ مِنكُم مُّكَذِّبِينَ ﴿٤٩﴾ وَإِنَّهُۥ لَحَسْرَةٌ عَلَى الْكَافِرِينَ ﴿٥٠﴾ وَإِنَّهُۥ لَحَقُّ الْيَقِينِ ﴿٥١﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ ﴿٥٢﴾

کہ یقیناً یہ (قرآن) بہت ہی عزت والے پیغام لانے والے (فرشتے) کا کلام ہے ﴿۴۰﴾ اور وہ (قرآن) کسی شاعر کا کلام نہیں ہے؛ (مگر) تم بہت تھوڑا ایمان لاتے ہو ﴿۴۱﴾ اور وہ کسی کاہن کا کلام نہیں ہے، تم بہت کم دھیان دیتے ہو ﴿۴۲﴾ یہ (قرآن) تمام عالموں کی رب کی طرف سے اتارا جا رہا ہے ﴿۴۳﴾ اور اگر (بالفرض) یہ نبی ہماری طرف کچھ (غلط) باتیں (بیان کر کے) منسوب کر دیتے ﴿۴۴﴾ تو ہم ان کا داہنا ہاتھ پکڑ لیتے ﴿۴۵﴾ پھر ہم ان کی شہ رگ کاٹ دیتے① ﴿۴۶﴾ پھر تم میں سے کوئی بھی (ان کو) اس (قتل کی سزا) سے روکنے والا نہ ہوتا ﴿۴۷﴾ اور یقین رکھو کہ وہ (قرآن تو) تقویٰ والوں کے لیے نصیحت ہی نصیحت ہے ﴿۴۸﴾ اور ہم اچھی طرح جانتے ہیں کہ تم میں بعض (اس قرآن کو) جھٹلانے والے ہیں ﴿۴۹﴾ اور یقیناً وہ (قرآن) کافروں کے لیے حسرت کا ذریعہ ہے ﴿۵۰﴾ اور یقیناً وہی (قرآن) حق اور یقینی ہے ﴿۵۱﴾ سو تم اپنے رب جو بڑی عظمت والے ہیں ان کے نام کی تسبیح پڑھتے ﴿۵۲﴾

---

① یعنی قتل کر دیتے۔

سورة المعارج

(المكية)

ایاتھا: ۴۴۔ رکوعاتھا: ۲۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں چوالیس (۴۴) آیتیں ہیں۔ سورۃ حاقہ کے بعد اور سورۃ نبا سے پہلے (۷۸) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں اللہ کی عظمت، برتری اور درجات کی بلندی کا تذکرہ ہے، یعنی اللہ بڑے فضائل والے، بڑے بلندیوں والے ہیں۔

معارج کا دوسرا مطلب ہے: فرشتے اور ایمان والوں کی روحیں درجہ بدرجہ طے کر کے اللہ کی بارگاہِ قرب تک چڑھتی ہیں۔

تیسرا مطلب یہ بھی ہے کہ اللہ کے بندے اللہ کی تابعداری میں دل وجان سے کوشش کر کے اور اچھی عادتوں سے آراستہ ہو کر اللہ کے قرب اور وصول کے روحانی مرتبوں اور درجوں سے ترقی کرتے ہوئے اللہ کی حضوری سے مشرف ہوتے ہیں۔

معارج کا ایک مطلب یہ بھی ہے کہ آسمان پر چڑھنے کے راستے، جن راستوں پر چڑھ کر فرشتے اوپر کی دنیا میں پہنچتے ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

سَاَلَ سَآئِلٌۢ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ ۝۱ لِّلۡکٰفِرِیۡنَ لَیۡسَ لَہٗ دَافِعٌ ۝۲ مِّنَ اللّٰہِ ذِی الۡمَعَارِجِ ۝۳ تَعۡرُجُ الۡمَلٰٓئِکَۃُ وَ الرُّوۡحُ اِلَیۡہِ فِیۡ یَوۡمٍ کَانَ مِقۡدَارُہٗ خَمۡسِیۡنَ اَلۡفَ سَنَۃٍ ۝۴ فَاصۡبِرۡ صَبۡرًا جَمِیۡلًا ۝۵ اِنَّہُمۡ یَرَوۡنَہٗ بَعِیۡدًا ۝۶ وَّ نَرٰىہُ قَرِیۡبًا ۝۷ یَوۡمَ تَکُوۡنُ السَّمَآءُ کَالۡمُہۡلِ ۝۸ وَ تَکُوۡنُ الۡجِبَالُ کَالۡعِہۡنِ ۝۹ وَ لَا یَسۡـَٔلُ حَمِیۡمٌ حَمِیۡمًا ۝۱۰

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

ایک مانگنے والے نے وہ عذاب مانگا ہے ① جو کافروں پر آنے ہی والا ہے، اس (عذاب) کو کوئی ہٹانے والا نہیں ہے ② ﴿۱﴾ ﴿۲﴾ (وہ عذاب) اس اللہ تعالیٰ کی طرف سے (آئے گا) جو چڑھنے کے راستوں (یعنی آسمانوں) کے مالک ہیں ③ ﴿۳﴾ فرشتے اور روح اس کی طرف اس دن میں چڑھتے ہوں گے جس کی مقدار پچاس ہزار سال ہے ④ ﴿۴﴾ لہٰذا (اے نبی!) تم خوب صورتی کے ساتھ صبر کرتے جاؤ ⑤ ﴿۵﴾ یہ لوگ اس (عذاب کے دن) کو (بہت) دور سمجھ رہے ہیں ﴿۶﴾ اور ہم اس کو قریب دیکھ رہے ہیں ﴿۷﴾ (وہ عذاب) اس دن (ہوگا) جب آسمان پگھلے ہوئے تانبے کی طرح ہو جائے گا ⑥ ﴿۸﴾ اور پہاڑ رنگین اون کی طرح ہو جائیں گے ﴿۹﴾ اور کوئی جگری دوست کسی جگری دوست کو پوچھے گا بھی نہیں ﴿۱۰﴾

① سأل کا صلہ ''ب'' آئے تو درخواست اور طلب کا معنی ہوتا ہے، یہ مطالبہ کرنے والا نضر بن حارث تھا۔

② [دوسرا ترجمہ] ایک مانگنے والے نے (ایسا) عذاب مانگا ہے جو (یقیناً) پڑنے والا ہی ہے، کافروں پر سے اس عذاب کو کوئی روکنے والا نہیں ہے۔

③ [دوسرا ترجمہ] جو سیڑھیوں کے (یعنی آسمانوں) کے مالک ہیں۔ تیسرا: جو بلند درجات کے صاحب ہے۔

④ [دوسرا ترجمہ] جن سیڑھیوں سے فرشتے اور (ایمان والوں کی) روح اس کے پاس چڑھ کر جاتی ہے وہ عذاب اس دن میں واقع ہوگا جس کی مقدار پچاس ہزار سال ہے۔

⑤ یعنی ایسا صبر جس میں کوئی شکایت نہ ہو۔ ⑥ [دوسرا ترجمہ] تیل کی تلچھٹ کی طرح ہو جائے گا۔

يُبَصَّرُونَهُمْ ۭ يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِيْ مِنْ عَذَابِ يَوْمِىِٕذٍۢ بِبَنِيْهِ ۝ وَصَاحِبَتِهٖ وَاَخِيْهِ ۝ وَفَصِيْلَتِهِ الَّتِيْ تُــــْٔوِيْهِ ۝ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۙ ثُمَّ يُنْجِيْهِ ۝ كَلَّا ۭ اِنَّهَا لَظٰى ۝ نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰى ۝ تَدْعُوْا مَنْ اَدْبَرَ وَتَوَلّٰى ۝ وَجَمَعَ فَاَوْعٰى ۝ اِنَّ الْاِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوْعًا ۝ اِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوْعًا ۝ وَّاِذَا مَسَّهُ الْخَيْرُ مَنُوْعًا ۝ اِلَّا الْمُصَلِّيْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ عَلٰي صَلَاتِهِمْ دَاۗىِٕمُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ فِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَّعْلُوْمٌ ۝ لِّلسَّاۗىِٕلِ وَالْمَحْرُوْمِ ۝ وَالَّذِيْنَ يُصَدِّقُوْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ عَذَابِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ۝

حالاں کہ وہ ایک دوسرے کو دکھا بھی دیے جائیں گے، مجرم چاہے گا کہ اس دن کے عذاب سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے اپنے بیٹے کو ﴿۱۱﴾ اور اپنی بیوی کو اور اپنے بھائی کو ﴿۱۲﴾ اور اپنے اس گھرانے کو جس میں وہ رہتا تھا ﴿۱۳﴾ اور زمین کے تمام رہنے والوں کو فدیہ میں دے ڈالے، پھر (فدیہ دے کر) خود کو بچائے ﴿۱۴﴾ (لیکن ایسا) ہرگز نہیں ہوگا، وہ تو ایک بھڑکتی ہوئی آگ ہے ﴿۱۵﴾ جو کھال کھینچ لینے والی ہوگی ﴿۱۶﴾ وہ (آگ) اس شخص کو پکارتی ہوگی جس نے (ایمان سے) پیٹھ پھرالی ہوگی اور منہ پھرا کر چلا گیا ہوگا ﴿۱۷﴾ اور (مال کو) جمع کیا ہوگا اور سنبھال کر (حفاظت سے) رکھ دیا ہوگا① ﴿۱۸﴾ یقیناً انسان بہت کم صبر کرنے والا پیدا کیا گیا ہے② ﴿۱۹﴾ جب اس کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو بہت گھبرا جاتا ہے ﴿۲۰﴾ اور جب کوئی بھلائی اس کو پہنچتی ہے تو (مال خرچ کرنے سے) بہت منع کرتا ہے③ ﴿۲۱﴾ مگر ہاں وہ نمازی لوگ (ایسے نہیں ہے) ﴿۲۲﴾ جو اپنی نماز کی برابر پابندی رکھتے ہیں ﴿۲۳﴾ اور وہ جن کے مالوں میں متعین حصہ ہے ﴿۲۴﴾ سوال کرنے والے کا بھی اور سوال سے بچنے والے کا بھی ﴿۲۵﴾ اور وہ لوگ جو بدلے کے دن کا یقین (یعنی اعتقاد) رکھتے ہیں ﴿۲۶﴾ اور وہ جو اپنے رب کے عذاب سے ڈرتے رہتے ہیں ﴿۲۷﴾

---

① یعنی مال میں جو حقوق ہے وہ ادا نہیں کرتا تھا۔

② [دوسرا] کم ہمت پیدا کیا گیا [تیسرا] کم حوصلہ پیدا کیا گیا۔

③ [دوسرا ترجمہ] بہت بخیل بن جاتا ہے۔

اِنَّ عَذَابَ رَبِّهِمْ غَيْرُ مَاْمُوْنٍ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۝ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۝ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِشَهٰدٰتِهِمْ قَآئِمُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ فِيْ جَنّٰتٍ مُّكْرَمُوْنَ ۝

فَمَالِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا قِبَلَكَ مُهْطِعِيْنَ ۝ عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ عِزِيْنَ ۝ اَيَطْمَعُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ اَنْ يُّدْخَلَ جَنَّةَ نَعِيْمٍ ۝ كَلَّا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّمَّا يَعْلَمُوْنَ ۝

یقیناً ان کے رب کے عذاب سے نڈر (یعنی بے خوف) نہیں ہونا چاہیے ﴿۲۸﴾ اور وہ لوگ جو اپنی شرم گاہوں کی (برابر) حفاظت رکھتے ہیں① ﴿۲۹﴾ سوائے اپنی بیویوں کے یا ان باندیوں کے جو ان کی ملکی میں آچکی ہوں تو ان پر کوئی ملامت نہیں ہے ﴿۳۰﴾ اور جو بھی اس کے علاوہ (شہوت پورا کرنے کا دوسرا طریقہ اپنانا) چاہے گا سو وہی لوگ (شریعت کی) حد سے آگے نکلنے والے ہیں ﴿۳۱﴾ اور وہ لوگ جو اپنی امانتوں کو اور اپنے عہدوں کو نبھاتے ہیں ﴿۳۲﴾ اور وہ لوگ جو اپنی گواہیاں ٹھیک ٹھیک ادا کرتے ہیں ﴿۳۳﴾ اور وہ لوگ جو اپنی (فرض) نمازوں کی پوری حفاظت کرتے ہیں ﴿۳۴﴾ وہی لوگ ہیں جو جنتوں میں عزت (یعنی احترام) کے ساتھ رہیں گے ﴿۳۵﴾

(اے نبی!) تو ان کافروں کو کیا ہو گیا وہ داہنی طرف سے بھی اور بائیں طرف سے بھی آپ کی طرف ٹولیاں بنا بنا کر دوڑ دوڑ کر آ رہے ہیں ﴿۳۶﴾ ﴿۳۷﴾ کیا ان میں سے ہر شخص یہ لالچ رکھتا ہے کہ اس کو نعمتوں والی جنت میں داخل کر دیا جائے گا؟ (ایسا) ہرگز نہیں ہوگا ﴿۳۸﴾ ہم نے ان کو جس چیز سے پیدا کیا ہے② اس کو وہ بھی جانتے ہیں ﴿۳۹﴾

---

① یعنی قابو میں رکھتے ہیں۔

② یعنی منی کے بے جان قطرے سے۔

فَلَآ اُقْسِمُ بِرَبِّ الْمَشٰرِقِ وَالْمَغٰرِبِ اِنَّا لَقٰدِرُوْنَ ۝ عَلٰٓى اَنْ نُّبَدِّلَ خَيْرًا مِّنْهُمْ ۙ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ۝ فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ۝ يَوْمَ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ سِرَاعًا كَاَنَّهُمْ اِلٰى نُصُبٍ يُّوْفِضُوْنَ ۝ خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ۭ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ۝

سو اب میں مشرقوں اور مغربوں① کے رب کی قسم کھاتا ہوں کہ ہم یقیناً اس بات پر پوری قدرت رکھتے ہیں کہ ہم ان کی جگہ ان سے بہتر لوگوں کو (بدل کر کے) لے آئیں اور وہ ہمارے قابو سے نکل نہیں جائیں گے ﴿۴۰﴾﴿۴۱﴾ لہذا (اے نبی!) تم ان کو چھوڑ دو کہ وہ بیہودہ باتوں میں لگے رہیں اور کھیل کود کرتے رہیں، یہاں تک کہ وہ اپنے اس دن سے جا ملیں جس کا ان سے وعدہ کیا جارہا ہے ﴿۴۲﴾ جس دن وہ (کافر) قبروں سے اس طرح جلدی جلدی نکلیں گے جیسے وہ کسی بت کے تھان کی طرف دوڑ رہے ہوں ﴿۴۳﴾ ان کی آنکھیں جھکی ہوئی ہوں گی② ذلت ان پر چھا رہی ہوگی، یہ وہی دن ہے جس کا ان سے وعدہ کیا جارہا ہے ﴿۴۴﴾

---

① یعنی جن جگہوں سے ستارے طلوع ہوتے ہیں اور جن جگہوں پر ستارے غروب ہوتے ہیں۔

② [دوسرا ترجمہ] ان کی آنکھیں نیچی ہو رہی ہوں گی۔

سورۃ نوح

(المکیۃ)

ایاتھا:۲۸۔رکوعاتھا:۲۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں اٹھائیس (۲۸) آیتیں ہیں۔ سورۃ نحل کے بعد اور سورۃ طور سے پہلے اکہتر (۷۱) یا تہتر (۷۳) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں اللہ کے ایک جلیل القدر نبی حضرت نوح بن لامک کا تذکرہ ہے۔

کہتے ہیں: نوحہ یعنی کثرت سے رونے کی وجہ سے آپ کا نام نوح سے مشہور ہو گیا، اصلی نام عبد الجبار بھی بتایا جاتا ہے۔

آپ کا لقب "آدمِ ثانی" ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اِنَّاۤ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖۤ اَنْ اَنْذِرْ قَوْمَكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۱ قَالَ
يٰقَوْمِ اِنِّيْ لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۲ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ وَاَطِيْعُوْنِ ۝۳ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ
ذُنُوْبِكُمْ وَيُؤَخِّرْكُمْ اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ اِذَا جَآءَ لَا يُؤَخَّرُ ۘ لَوْ كُنْتُمْ
تَعْلَمُوْنَ ۝۴ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ دَعَوْتُ قَوْمِيْ لَيْلًا وَّنَهَارًا ۝۵ فَلَمْ يَزِدْهُمْ دُعَآءِيْۤ اِلَّا فِرَارًا ۝۶
وَاِنِّيْ كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ جَعَلُوْۤا اَصَابِعَهُمْ فِيْۤ اٰذَانِهِمْ وَاسْتَغْشَوْا ثِيَابَهُمْ
وَاَصَرُّوْا وَاسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَارًا ۝۷

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

یقیناً ہم نے نوح کو ان کی قوم کی طرف (نبی بنا کر) بھیجا کہ اپنی قوم کو (کفر کی سزا سے) ڈراؤ اس سے پہلے کہ ان پر کوئی دردناک عذاب آپہنچے ﴿۱﴾ نوح نے (اپنی قوم کو) کہا کہ: اے میری قوم! میں تمھارے لیے صاف صاف ڈرانے والا ہوں ﴿۲﴾ یہ کہ تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اور اس (اللہ تعالیٰ) سے ڈرو اور میری بات مان لو ﴿۳﴾ وہ (اللہ تعالیٰ) تمھارے کچھ گناہوں کی مغفرت کر دیں گے اور تم کو مقرر وقت (یعنی جتنی زندگی مقدر ہے وہاں) تک باقی رکھیں گے① یقیناً اللہ تعالیٰ نے جو وعدہ کیا ہے جب وہ آجائے گا تو پھر اس کو پیچھے نہیں ہٹایا جا سکتا، کاش تم یہ بات سمجھتے ہوتے ﴿۴﴾ نوح نے کہا: اے میرے رب! میں اپنی قوم کو رات اور دن (توحید کی) دعوت دیتا رہا ﴿۵﴾ لیکن میری دعوت سے وہ (ایمان سے) اور زیادہ بھاگنے لگے ﴿۶﴾ اور میں نے جب بھی ان کو (توحید کی) دعوت دی تاکہ آپ ان کی مغفرت کر دے تو انھوں نے اپنے کانوں میں اپنی انگلیاں ڈال دی اور اپنے کپڑے اپنے اوپر (اوڑھ کر) لپیٹ لیے اور (کفر پر) اڑے رہے② اور انھوں نے انتہائی تکبر کیا ﴿۷﴾

---

① [دوسرا ترجمہ] اور تم کو مقرر وقت تک ڈھیل دیں گے۔ ② [دوسرا ترجمہ] ضد کرنے لگے۔

ثُمَّ اِنِّیْ دَعَوْتُهُمْ جِهَارًا ﴿۸﴾ ثُمَّ اِنِّیْٓ اَعْلَنْتُ لَهُمْ وَاَسْرَرْتُ لَهُمْ اِسْرَارًا ﴿۹﴾ فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا ﴿۱۰﴾ یُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَیْكُمْ مِّدْرَارًا ﴿۱۱﴾ وَّیُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِیْنَ وَیَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّیَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ﴿۱۲﴾ مَا لَكُمْ لَا تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ وَقَارًا ﴿۱۳﴾ وَقَدْ خَلَقَكُمْ اَطْوَارًا ﴿۱۴﴾ اَلَمْ تَرَوْا كَیْفَ خَلَقَ اللّٰهُ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ﴿۱۵﴾ وَّجَعَلَ الْقَمَرَ فِیْهِنَّ نُوْرًا وَّجَعَلَ الشَّمْسَ سِرَاجًا ﴿۱۶﴾ وَاللّٰهُ اَنْۢبَتَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ نَبَاتًا ﴿۱۷﴾

پھر میں نے ان کو بلند آواز سے دعوت دی① ﴿۸﴾ پھر میں نے ان کو کھل کر (یعنی علانیہ) بھی سمجھایا اور چپکے چپکے بھی ان کو سمجھایا② ﴿۹﴾ سو میں نے (ان سے) کہا کہ تم اپنے رب سے استغفار کرو، یقین رکھو وہ بہت معاف کرنے والے ہیں ﴿۱۰﴾ وہ تمہارے اوپر آسمان سے خوب بارش برسائیں گے ﴿۱۱﴾ اور تمہارے مال اور اولاد میں مدد کریں گے③ اور تمہارے لیے باغات پیدا کردیں گے اور تمہارے لیے نہریں جاری کردیں گے④ ﴿۱۲﴾ تم کو کیا ہوگیا کہ تم اللہ تعالیٰ کی عظمت سے بالکل ڈرتے نہیں ہو⑤ ﴿۱۳﴾ حالاں کہ اس (اللہ تعالیٰ) نے تم کو (منی کے نطفے سے انسان بننے تک) مختلف دور سے گزار کر پیدا کیا ہے ﴿۱۴﴾ کیا تم (یہ) نہیں دیکھتے کہ اللہ تعالیٰ نے کس طرح اوپر نیچے سات آسمان پیدا فرمائے ہیں؟ ﴿۱۵﴾ اور ان (آسمانوں) میں چاند کو نور اور سورج کو چراغ بنایا ہے ﴿۱۶﴾ اور اللہ تعالیٰ نے تم کو خاص طریقے سے زمین سے اگایا ہے⑥ ﴿۱۷﴾

---

① یعنی مجلسوں میں جا جا کر مجمع عام میں بھی دعوت دی۔ ② یعنی انفرادی ملاقاتیں، تنہائی میں چپکے چپکے سمجھایا، غرض جس طرح بھی دعوت دی جاسکتی ہو ان تمام طریقوں سے دعوت دی۔ ③ [دوسرا ترجمہ] بڑھادیں گے۔ قرآن کی آیتوں اور احادیث میں اولاد کی کثرت کو بطور نعمت بیان کیا گیا ہے اور بعض آیتوں میں بتایا گیا کہ نافرمان لوگ بھی اولاد کی کثرت کو فخریہ انداز میں بیان کرتے ہیں، افسوس! آج کے دور میں اولاد کی کثرت کو لوگ معیوب سمجھ رہے ہیں، کیسا الٹا حال ہے؟

④ استغفار کے عجیب فوائد اور حضرت حسن بصری کا واقعہ خطبات محمود میں ملاحظہ فرمائیں۔

⑤ [دوسرا ترجمہ] تم کو کیا ہوگیا کہ تم اللہ تعالیٰ کی بڑائی سے بالکل امید نہیں رکھتے یعنی اللہ کی عظمت سے امید رکھو کہ اگر تم اطاعت کروں گے تو تم کو عزت ملے گی، یا بڑائی کا اعتقاد رکھ کر عظمت سے ڈرو۔

⑥ عام طور پر انسان منی سے پیدا ہوا ہے اور منی غذا سے بنی ہے اور غذا کا تعلق زمین سے اگنے والی چیزوں سے ہے اور انسانِ اول حضرت آدم تو مٹی سے پیدا کیے گئے تھے۔

ثُمَّ يُعِيدُكُمْ فِيهَا وَيُخْرِجُكُمْ إِخْرَاجًا ﴿۱۸﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ بِسَاطًا ﴿۱۹﴾ لِتَسْلُكُوا مِنْهَا سُبُلًا فِجَاجًا ﴿۲۰﴾

قَالَ نُوحٌ رَّبِّ إِنَّهُمْ عَصَوْنِي وَاتَّبَعُوا مَن لَّمْ يَزِدْهُ مَالُهُ وَوَلَدُهُ إِلَّا خَسَارًا ﴿۲۱﴾ وَمَكَرُوا مَكْرًا كُبَّارًا ﴿۲۲﴾ وَقَالُوا لَا تَذَرُنَّ آلِهَتَكُمْ وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا وَلَا سُوَاعًا ۙ وَلَا يَغُوثَ وَيَعُوقَ وَنَسْرًا ﴿۲۳﴾ وَقَدْ أَضَلُّوا كَثِيرًا ۖ وَلَا تَزِدِ الظَّالِمِينَ إِلَّا ضَلَالًا ﴿۲۴﴾ مِّمَّا خَطِيئَاتِهِمْ أُغْرِقُوا فَأُدْخِلُوا نَارًا فَلَمْ يَجِدُوا لَهُم مِّن دُونِ اللّٰهِ أَنصَارًا ﴿۲۵﴾

پھر وہ (اللہ تعالیٰ) تم کو اس (زمین) میں دوبارہ لے جائیں گے اور (قیامت میں وہیں سے) تم کو باہر نکالیں گے ﴿۱۸﴾ اور اللہ تعالیٰ نے تمھارے لیے زمین کو فرش (یعنی بچھونا) بنا دیا ﴿۱۹﴾ تا کہ تم اس کے کھلے (یعنی کشادہ) راستوں پر چلو پھرو ﴿۲۰﴾

نوح علیہ السلام نے کہا کہ: اے میرے رب! حقیقت یہ ہے کہ انھوں نے میرا کہنا نہیں مانا اور ان (سرداروں) کی بات پر چلے جن کو ان کے مال اور اولاد نے نقصان ہی زیادہ پہنچایا ﴿۲۱﴾ اور انھوں نے (میرے خلاف) بڑی بھاری مکاری (یعنی تدبیریں) کی ﴿۲۲﴾ اور (ان سرداروں نے عوام سے) کہا کہ: تم اپنے معبودوں کو ہرگز مت چھوڑنا اور (خاص طور پر) بالکل مت چھوڑنا "ود" کو اور نہ تو "سواع" کو اور نہ تو "یغوث" کو اور (نہ تو) "یعوق" کو اور (نہ تو) "نسر" کو① ﴿۲۳﴾ اور پکی بات ہے کہ (اس طرح) ان سرداروں (اور بتوں) نے بہت سوں کو گمراہ کر دیا؛ اور (اے رب!) آپ بھی ان ظالموں کو گمراہی میں اور زیادہ کر دیجیے ﴿۲۴﴾ وہ لوگ اپنے گناہوں کی وجہ سے (پانی میں) ڈبو دیئے گئے اور آگ میں داخل کر دیے گئے، پھر اپنے لیے انھوں نے اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی مدد کرنے والا نہیں پایا (جو ان کو عذاب سے بچالیوے) ﴿۲۵﴾

---

① حضرت شاہ عبد العزیز صاحب محدث دہلویؒ نے تفسیر فتح العزیز میں لکھا ہے کہ ہندوستان میں آج تک ان بتوں کی عبادت ہوتی ہے، نام یہاں بدلے ہوئے ہیں:

ود: بشن۔ سواع: برہما۔ یغوث: اندر۔ یعوق: شیو۔ نسر: ہنومان۔

وَقَالَ نُوحٌ رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْأَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِينَ دَيَّارًا ۝ إِنَّكَ إِنْ تَذَرْهُمْ يُضِلُّوا عِبَادَكَ وَلَا يَلِدُوٓا إِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا ۝ رَبِّ اغْفِرْ لِي وَلِوٰلِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۖ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِينَ إِلَّا تَبَارًا ۝

اور نوح علیہ السلام نے عرض کیا کہ: اے میرے رب! آپ کافروں میں سے زمین پر کسی بسنے والے کو باقی نہ چھوڑے①﴿۲۶﴾ یقیناً اگر آپ ان کو باقی رکھیں گے تو وہ آپ کے بندوں کو گمراہ کردیں گے اور ان سے بدکار، پکّی کافر اولاد ہی پیدا ہوگی﴿۲۷﴾ اے میرے رب! آپ میری مغفرت کردیجیے اور میرے والدین کی اور جو میرے گھر میں ایمان لاکر داخل ہوجائے اس کی اور (قیامت تک آنے والے) ایمان والے مردوں کی اور ایمان والی عورتوں کی، اور ظالموں کی تو بربادی ہی زیادہ کردیجیے ﴿۲۸﴾

① [دوسرا ترجمہ] زمین پر ایک گھر بھی باقی نہ رکھیے۔

سورۃ الجن

(المکیۃ)

ایاتہا: ۲۸۔ رکوعاتہا: ۲۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں اٹھائیس (۲۸) آیتیں ہیں۔ سورۃ اعراف کے بعد اور سورۃ یٰسین سے پہلے چالیس (۴۰) نمبر پر نازل ہوئی۔

جناتوں کے قرآن سننے کے واقعے کو اس سورت میں بیان کیا گیا ہے۔

''جن'' اللہ تعالیٰ کی ایک مستقل مخلوق ہے، ان کی پیدائش آگ سے ہوئی، ان کی پیدائش کی تفصیلی کیفیت ہم کو معلوم نہیں، ہماری طرح وہ بھی احکامِ شرعیہ کے مکلف ہیں، توالد وتناسل کا سلسلہ بھی ہے، ایمان والے بھی ہیں، غیر ایمان والے بھی ہیں۔

''جن'' کا لفظ ''جَنَّ'' سے بنا ہے، جس کا معنیٰ آتا ہے چھپا لینا، یہ عام طور پر نظروں سے غائب رہتے ہیں؛ اسی لیے ان کو ''جن'' کہا جاتا ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

قُلۡ اُوۡحِیَ اِلَیَّ اَنَّہُ اسۡتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الۡجِنِّ فَقَالُوۡۤا اِنَّا سَمِعۡنَا قُرۡاٰنًا عَجَبًا ۙ﴿۱﴾ یَّہۡدِیۡۤ اِلَی الرُّشۡدِ فَاٰمَنَّا بِہٖ ؕ وَ لَنۡ نُّشۡرِکَ بِرَبِّنَاۤ اَحَدًا ۙ﴿۲﴾ وَّ اَنَّہٗ تَعٰلٰی جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَۃً وَّ لَا وَلَدًا ۙ﴿۳﴾ وَّ اَنَّہٗ کَانَ یَقُوۡلُ سَفِیۡہُنَا عَلَی اللّٰہِ شَطَطًا ۙ﴿۴﴾ وَّ اَنَّا ظَنَنَّاۤ اَنۡ لَّنۡ تَقُوۡلَ الۡاِنۡسُ وَ الۡجِنُّ عَلَی اللّٰہِ کَذِبًا ۙ﴿۵﴾ وَّ اَنَّہٗ کَانَ رِجَالٌ مِّنَ الۡاِنۡسِ یَعُوۡذُوۡنَ بِرِجَالٍ مِّنَ الۡجِنِّ فَزَادُوۡہُمۡ رَہَقًا ۙ﴿۶﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

(اے نبی!) تم کہہ دو کہ: میرے پاس وحی بھیجی گئی ہے کہ جنات کی ایک جماعت نے (قرآن کو) غور سے سنا① پھر انھوں نے (اپنی قوم کو جا کر) کہا کہ: ہم نے تو ایک عجیب قرآن سنا ﴿۱﴾ جو نیک راستہ بتلاتا ہے؛ لہذا ہم اس (قرآن) پر ایمان لے آئے ہیں② اور ہم اپنے رب کے ساتھ کسی کو (عبادت میں) بالکل شریک نہیں مانیں گے ﴿۲﴾ اور یہ کہ ہمارے رب کی شان بہت اونچی ہے، اس نے نہ کسی کو بیوی بنایا اور نہ کسی کو بیٹا بنایا ﴿۳﴾ اور یہ کہ ہم میں سے بے وقوف لوگ اللہ تعالیٰ کی شان میں حقیقت سے دور باتیں کرتے تھے③ ﴿۴﴾ اور ہم تو یہ خیال کرتے تھے کہ انسان اور جنات اللہ تعالیٰ کی شان میں کبھی کوئی جھوٹی بات نہیں کہیں گے ﴿۵﴾ اور یہ کہ انسانوں میں سے کچھ لوگ جنات کے کچھ لوگوں سے پناہ لیا کرتے تھے، اس طرح ان (حفاظت لینے والے) انسانوں نے ان جناتوں کی شرارت (یعنی بد دماغی) زیادہ کر دی④ ﴿۶﴾

---

① یعنی حضرت نبی کریم ﷺ سے سنا، طائف کی مشقت پر دو نقد انعام دنیا ہی میں ملے (۱) جناتوں میں ایمان پھیلنا شروع ہوا (۲) معراج۔

② یہ جناتوں کی قابلِ تقلید بات ہے کہ حق بات سنی تو فوری ایمان قبول کر لیا۔ اس سے پوچھیں گے۔ اس سے تحقیق کریں گے۔ غور کریں گے۔ اس طرح ٹالنے والے چکروں میں نہ پڑے۔

③ [دوسرا ترجمہ] (نامناسب) باتیں حد سے بڑھ کر کہتے تھے۔

④ [دوسرا ترجمہ] اس طرح جناتوں کو اور زیادہ سر پر چڑھا دیا۔

وَّاَنَّهُمْ ظَنُّوْا كَمَا ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ اَحَدًا ۙ﴿۷﴾ وَّاَنَّا لَمَسْنَا السَّمَآءَ فَوَجَدْنٰهَا مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِيْدًا وَّشُهُبًا ۙ﴿۸﴾ وَّاَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ ۭ فَمَنْ يَّسْتَمِعِ الْاٰنَ يَجِدْ لَهٗ شِهَابًا رَّصَدًا ۙ﴿۹﴾ وَّاَنَّا لَا نَدْرِيْٓ اَشَرٌّ اُرِيْدَ بِمَنْ فِي الْاَرْضِ اَمْ اَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ رَشَدًا ۙ﴿۱۰﴾ وَّاَنَّا مِنَّا الصّٰلِحُوْنَ وَمِنَّا دُوْنَ ذٰلِكَ ۭ كُنَّا طَرَاۗىِٕقَ قِدَدًا ۙ﴿۱۱﴾ وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ نُّعْجِزَ اللّٰهَ فِي الْاَرْضِ وَلَنْ نُّعْجِزَهٗ هَرَبًا ۙ﴿۱۲﴾ وَّاَنَّا لَمَّا سَمِعْنَا الْهُدٰٓى اٰمَنَّا بِهٖ ۭ فَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِرَبِّهٖ فَلَا يَخَافُ بَخْسًا وَّلَا رَهَقًا ۙ﴿۱۳﴾ وَّاَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُوْنَ وَمِنَّا الْقٰسِطُوْنَ ۭ

اور یہ کہ جس طرح تم (جناتوں) نے خیال قائم کر رکھا تھا ویسا ہی ان انسانوں نے خیال قائم کر رکھا تھا کہ اللہ تعالیٰ کسی کو (مرنے کے بعد) دوسری مرتبہ ہرگز زندہ نہیں کریں گے ① ﴿۷﴾ اور یہ کہ ہم نے آسمان کی تلاشی لینا چاہی ② تو اسے بڑے سخت چوکیداروں اور شعلوں سے بھرا ہوا پایا ﴿۸﴾ اور یہ کہ (پہلے) ہم تو اس (آسمان) کی کچھ جگہوں پر سننے کے لیے بیٹھا کرتے تھے ③ لیکن اب جو کوئی سننا چاہے تو وہ دیکھتا ہے کہ ایک شعلہ اس کی گھات میں لگا ہے ④ ﴿۹﴾ اور یہ کہ ہم (یہ) نہیں جانتے کہ (اس روک ٹوک سے) زمین کے رہنے والوں سے کوئی برا ارادہ کیا گیا ہے یا ان کے رب نے ان کو سیدھا راستہ دکھانے کا ارادہ کیا ہے؟ ﴿۱۰﴾ اور یہ کہ ہم میں سے کچھ نیک ہیں اور ہم میں سے کچھ ان کے سوا (دوسری طرح کے) بھی ہیں، (غرض) ہم الگ الگ طریقوں پر (چلے آ رہے) تھے ﴿۱۱﴾ اور یہ کہ ہم سمجھ چکے ہیں کہ ہم اللہ تعالیٰ کو زمین میں بالکل عاجز نہیں کر سکتے اور نہیں بھاگ کر کے ان کو تھکا (یعنی ہرا) نہیں سکتے ﴿۱۲﴾ اور یہ کہ جب ہم نے (قرآن کی شکل میں) ہدایت کی بات سن لی تو ہم اس پر ایمان لے آئے؛ لہٰذا جو شخص بھی اپنے رب پر ایمان لے آئے گا تو اس کو کسی کمی (یعنی نقصان) کا ڈر نہیں ہوگا اور نہ کسی زبردستی (یا زیادتی) کا ﴿۱۳﴾ اور یہ کہ ہم میں سے کچھ تو مسلمان (ہو گئے) ہیں اور ہم میں سے کچھ (تو ابھی بھی) ظالم ہیں،

---

① [دوسرا ترجمہ] اب اللہ تعالیٰ کسی (رسول کو) ہرگز مبعوث نہیں کریں گے۔ ② [دوسرا ترجمہ] چھان بین کرنا چاہی۔
③ ملائکہ آسمان سے نیچے اتر کر بادل کے قریب جاری کیے جانے والے فیصلوں کا تذکرہ کرتے ہیں شیاطین ان باتوں کو سننے کی کوشش کرتے تھے۔ ④ [دوسرا ترجمہ] ایک شعلہ کو (انتظار میں) تیار پاتا ہے۔

فَمَنْ اَسْلَمَ فَاُولٰٓئِكَ تَحَرَّوْا رَشَدًا ﴿۱۴﴾ وَاَمَّا الْقٰسِطُوْنَ فَكَانُوْا لِجَهَنَّمَ حَطَبًا ﴿۱۵﴾ وَّاَنْ لَّوِ اسْتَقَامُوْا عَلَى الطَّرِيْقَةِ لَاَسْقَيْنٰهُمْ مَّآءً غَدَقًا ﴿۱۶﴾ لِّنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ۭ وَمَنْ يُّعْرِضْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهٖ يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا ﴿۱۷﴾ وَّاَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا ﴿۱۸﴾ وَّاَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ كَادُوْا يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ لِبَدًا ﴿۱۹﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَدْعُوْا رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ بِهٖٓ اَحَدًا ﴿۲۰﴾ قُلْ اِنِّيْ لَآ اَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا رَشَدًا ﴿۲۱﴾

سو جو مسلمان ہو گئے تھے تو انھوں نے نیک راستہ تلاش کر لیا ہے① ﴿۱۴﴾ اور وہ لوگ جو ظالم ہیں سو وہ جہنم کا ایندھن بنیں گے ﴿۱۵﴾ اور (اے نبی! تم) یہ (بھی کہو) کہ: (مجھ پر یہ وحی بھی آئی ہے کہ) اگر وہ لوگ (ہدایت کے) راستے پر سیدھے رہتے تو ہم ان کو وافر پانی سے سیراب کرتے ﴿۱۶﴾ تا کہ اس میں ہم ان کو آزما دیں② اور جو شخص بھی اپنے رب کی یاد سے منہ پھرائے گا تو وہ (اللہ تعالیٰ) اس کو ایک چڑھتے عذاب میں ڈال دیں گے③ ﴿۱۷﴾ اور (مجھے) یہ (بھی وحی کی گئی) کہ مسجدیں اللہ تعالیٰ ہی کے لیے خاص ہیں، سو (ان میں) اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کی عبادت نہ کرو④ ﴿۱۸﴾ اور یہ بھی کہ جب اللہ تعالیٰ کا (خاص) بندہ (یعنی حضرت محمد ﷺ) اس کی عبادت کرنے کے لیے کھڑا ہوتا ہے تو ایسا لگتا ہے جیسے وہ لوگ اس (بندے) پر ٹوٹ پڑتے ہوں⑤ ﴿۱۹﴾ (اے نبی!) تم کہہ دو کہ میں تو اپنے رب ہی کی عبادت کرتا ہوں اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا ہوں ﴿۲۰﴾ (اور یہ بھی) کہہ دو کہ: تمھارا کوئی نقصان میرے اختیار میں نہیں ہے اور نہ (تمھاری) کوئی بھلائی ﴿۲۱﴾

① [دوسرا ترجمہ] نیکی کا راستہ اپنا لیا ہے۔ ② کہ ان نعمتوں پر کون شکر ادا کرتا ہے اور کون ناشکری کرتا ہے؟ ③ صعدا: [۱] ایسا عذاب جس میں پریشانی اور مصائب کی بلندیوں پر چڑھتے ہی رہنا پڑے [۲] مشقت بھرا عذاب [۳] جہنم کے ایک پہاڑ کا نام بھی صعدا ہے۔ ④ پوری زمین اللہ تعالیٰ ہی کی ہے، اللہ تعالیٰ کی زمین پر غیر اللہ کی عبادت ہونی ہی نہیں چاہیے، خاص کر مساجد میں تو غیر اللہ کی عبادت کا خیال تک نہ آوے، مساجد غیر اسلامی رسومات سے پاک رہیں۔ (دوسرا ترجمہ) کہ تمام سجدے تو اللہ تعالیٰ ہی کا حق ہے (یعنی انسان کے بدن کے ہر عضو سے صرف اللہ تعالیٰ ہی کی فرماں برداری ظاہر ہو) سو تم اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی دوسرے کو مت پکارو۔ ⑤ ابتدائے اسلام میں حضور ﷺ پر دورانِ نماز حملے بھی ہوتے (دوسرا ترجمہ) اس بندے پر بھیڑ لگا دیتے ہوں (کفار دشمنی میں بھیڑ لگا دیتے اور مسلمان محبت میں شوق سے بھیڑ لگاتے)

قُلْ إِنِّي لَنْ يُجِيرَنِي مِنَ اللّٰهِ أَحَدٌ ۙ وَلَنْ أَجِدَ مِنْ دُونِهِ مُلْتَحَدًا ۝ إِلَّا بَلَاغًا مِنَ اللّٰهِ وَرِسَالَاتِهِ ۚ وَمَنْ يَعْصِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ فَإِنَّ لَهُ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۝ حَتّٰى إِذَا رَأَوْا مَا يُوعَدُونَ فَسَيَعْلَمُونَ مَنْ أَضْعَفُ نَاصِرًا وَأَقَلُّ عَدَدًا ۝ قُلْ إِنْ أَدْرِي أَقَرِيبٌ مَا تُوعَدُونَ أَمْ يَجْعَلُ لَهُ رَبِّي أَمَدًا ۝ عَالِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهِ أَحَدًا ۝ إِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَسُولٍ فَإِنَّهُ يَسْلُكُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ رَصَدًا ۝ لِيَعْلَمَ أَنْ قَدْ أَبْلَغُوا رِسَالَاتِ رَبِّهِمْ وَأَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ وَأَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا ۝

(اے نبی! یہ بات) کہہ دو کہ (تمھاری چاہت کے مطابق دین میں اگر میں تبدیلی کر دوں تو) اللہ تعالیٰ (کے ہاتھ) سے مجھے کوئی بچا نہیں سکتا اور میں اس کو چھوڑ کر کوئی حفاظت کی جگہ پا نہیں سکتا ﴿۲۲﴾ (میرا تو) بس (اتنا ہی کام ہے کہ) میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے (احکامات) پہنچا دیتا ہوں اور اس کے پیغامات بھی (لاکر بندوں کو دے دیتا ہوں) اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے گا تو یقیناً اس کے لیے جہنم کی آگ ہے، وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے ﴿۲۳﴾ (اور یہ لوگ نافرمانی کرتے رہیں گے) یہاں تک کہ جب وہ (نافرمان لوگ) اس چیز کو دیکھ لیں گے جس سے ان کو ڈرایا جا رہا ہے تب ان کو پتہ چل جائے گا کہ کس کے مددگار کمزور ہیں اور تعداد کے اعتبار سے کون کم ہے؟ ﴿۲۴﴾ (اے نبی!) تم کہہ دو: میں نہیں جانتا کہ جس (عذاب) کا وعدہ تم سے کیا گیا ہے کیا وہ نزدیک (آنے والا) ہے یا میرے رب نے اس کے لیے کوئی لمبی مدت مقرر فرمائی ہے؟ ﴿۲۵﴾ (وہ اللہ تو) غیب کی باتوں کو جاننے والے ہیں، چناں چہ وہ اپنے غیب کی کسی کو خبر نہیں دیا کرتے ﴿۲۶﴾ سوائے کسی رسول کے جس کو انھوں نے پسند فرما لیا ہو، سو وہ بھی (اس اہتمام کے ساتھ کہ) اس (رسول) کے آگے اور اس کے پیچھے حفاظت کرنے والے (یعنی چوکیداروں) کو چلاتے ہیں ﴿۲۷﴾ تا کہ وہ (اللہ تعالیٰ) یہ دیکھ لیویں کہ انھوں نے اپنے رب کے پیغامات کو (پوری حفاظت سے) پہنچا دیا[1] اور اس (اللہ) نے ان کے سارے حالات کا احاطہ کر رکھا ہے اور (ان کی) ہر چیز کی پوری گنتی کر رکھی ہے ﴿۲۸﴾

[1] کہ اللہ تعالیٰ دیکھ لے کہ فرشتوں نے پیغمبروں کو یا پیغمبروں نے دوسرے بندوں کو اللہ تعالیٰ کے پیغامات ہو بہو کمی زیادتی کیے بغیر پہنچا دیے ہیں۔

سورۃ المزمل

(المکیۃ)

اٰیاتھا:۲۰۔رکوعاتھا:۲۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں بیس (۲۰) آیتیں ہیں۔ سورۃ مدثر کے بعد تین (۳) نمبر پر یا سورۃ نون والقلم کے بعد چار (۴) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں نبیٔ کریم ﷺ کو ایک خاص ادا یعنی ’’چادر میں لپٹنا‘‘ کے ذریعے خطاب کیا گیا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

يٰۤاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۙ﴿۱﴾ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۙ﴿۲﴾ نِّصْفَهٗۤ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۙ﴿۳﴾ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَ رَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ؕ﴿۴﴾ اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ﴿۵﴾ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّ اَقْوَمُ قِيْلًا ؕ﴿۶﴾ اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ؕ﴿۷﴾ وَ اذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَ تَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ؕ﴿۸﴾ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَ الْمَغْرِبِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ﴿۹﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

اے چادر میں لپٹنے والے! ﴿۱﴾ رات کا تھوڑا حصہ چھوڑ کر باقی رات (عبادت کے لیے) کھڑے ہو جایا کرو ﴿۲﴾ اس کا آدھا حصہ (عبادت کے لیے کھڑے ہو) یا اس میں سے کچھ کم کر لو ﴿۳﴾ یا اس سے کچھ زیادہ کر دیا کرو اور قرآن کو اطمینان سے صاف صاف پڑھا کرو ﴿۴﴾ ہم عنقریب تم پر ایک وزن دار کلام اتارنے والے ہیں ﴿۵﴾ (اور) یقیناً رات کو اٹھنا وہ ایسا موثر عمل ہے جس سے نفس بڑی اچھی طرح کچلتا ہے اور بات بھی سیدھے طریقے پر نکلتی ہے ﴿۶﴾ یقیناً دن میں تو تمھارے ساتھ لمبی مشغولیات لگی رہتی ہیں① اور اپنے رب کے نام کا ذکر کرو اور سب سے الگ ہو کر پورے طور پر اسی کی طرف متوجہ رہو② ﴿۷﴾ مشرق اور مغرب کے مالک ہیں، ان کے سوا کوئی معبود نہیں، سو انھیں کو وکیل بنا لو③ ﴿۹﴾

---

① حضرت نبی کریم ﷺ کی دن بھر کی مشغولیات خالص دینی، دعوتی ہوا کرتی تھی پھر بھی رات کو عبادت کے لیے یکسوئی کا حکم ہے، دین کا کام کرنے والے حضرات اس کی طرف خصوصی توجہ دیں، رات کی عبادت اور رونا، مانگنا اور دن میں محنت کرنا یہ کامیابی کی چابی ہے جو باللیل رهبان و بالنهار فرسان۔ صحیح بات کسی نے کہی: جب تک امت میں رات کو رونے کا عام ماحول تھا اللہ تعالیٰ دن کے اجالے میں امت کو خوشی، فتح وظفر کے حالات دکھاتے تھے، جب سے راتوں کا رونا ختم یا کم ہو گیا تب سے دن کے اجالے میں رلانے والے حالات دیکھنے کو ملتے ہیں۔ کچھ ہاتھ نہیں آتا بے آہِ سحر گاہی۔

② [دوسرا ترجمہ] پورے طور پر اسی کے بن کے رہو۔

③ یعنی سارے کام اللہ تعالیٰ کو سونپ دو، وہی کام بنانے والے ہیں۔

وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ۝ وَذَرْنِيْ وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا ۝ اِنَّ لَدَيْنَآ اَنْكَالًا وَّجَحِيْمًا ۝ وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِيْمًا ۝ يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ۝ اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ۝ فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا ۝ فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا ۝ السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌۢ بِهٖ ۭ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ۝ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝

اور وہ (کافر لوگ) جو بات کہتے ہیں اس پر صبر کرو اور خوب صورتی کے ساتھ ان کو (ان کے حال پر) چھوڑ دو① ﴿۱۰﴾ اور (تم کو) جھٹلانے والے جو عیش و آرام میں (پڑے) رہتے ہیں ان کے معاملے کو مجھ پر چھوڑ دو اور ان کو تھوڑی سی مہلت دے دو ﴿۱۱﴾ یقیناً ہمارے پاس بیڑیاں ہیں اور بھڑکتی آگ ہے ﴿۱۲﴾ اور ایسا کھانا ہے جو گلے میں پھنس جاتا ہو اور دردناک عذاب ہے ﴿۱۳﴾ (یہ سزائیں اس دن ہوں گی) جس دن زمین اور پہاڑ ہلنے لگیں گے اور (سارے) پہاڑ اڑتے ہوئے ریت کے ٹیلے ہو جائیں گے② ﴿۱۴﴾ یقیناً ہم نے تمھاری طرف (اللہ تعالیٰ کے یہاں) تم پر گواہی دینے والے رسول کو بھیجا ہے جیسا ہم نے فرعون کی طرف رسول بھیجا تھا ﴿۱۵﴾ سو فرعون نے رسول کا کہنا نہیں مانا تو ہم نے اس کو ایسا پکڑ لیا جو اس کے لیے ایک زبردست وبال تھا ﴿۱۶﴾ سو اگر تم کفر کے اوپر رہے تو اس (قیامت کے) دن (کے عذاب) سے کیسے بچو گے جو (دن) بچوں کو بوڑھا بنا دے گا③ ﴿۱۷﴾ اس (دن) میں آسمان پھٹ پڑے گا، اس (اللہ تعالیٰ) کا وعدہ پورا ہو کر رہے گا ﴿۱۸﴾ یقیناً یہ ایک نصیحت کی بات ہے، اب جو چاہے اپنے رب کی طرف (پہنچنے کا) راستہ (یعنی دینِ اسلام) اپنا لیوے ﴿۱۹﴾

---

① یعنی مسلسل دعوت کے بعد بھی ایمان نہ لائے تب۔
② [دوسرا ترجمہ] پھسلتے ہوئے ریت کے ٹیلے ہو جائیں گے [تیسرا] بکھرے ہوئے ریت کے ٹیلے ہو جائیں گے۔
③ یعنی قیامت کے دن لمبے وقت کی وجہ سے یا بھیانک مناظر کی وجہ سے۔

إِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ أَنَّكَ تَقُومُ أَدْنَىٰ مِن ثُلُثَيِ اللَّيْلِ وَنِصْفَهُ وَثُلُثَهُ وَطَائِفَةٌ مِّنَ الَّذِينَ مَعَكَ ۚ وَاللَّهُ يُقَدِّرُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۚ عَلِمَ أَن لَّن تُحْصُوهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ ۖ فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ ۚ عَلِمَ أَن سَيَكُونُ مِنكُم مَّرْضَىٰ ۙ وَآخَرُونَ يَضْرِبُونَ فِي الْأَرْضِ يَبْتَغُونَ مِن فَضْلِ اللَّهِ ۙ وَآخَرُونَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۖ فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۚ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَأَقْرِضُوا اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا ۚ وَمَا تُقَدِّمُوا لِأَنفُسِكُم مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِندَ اللَّهِ هُوَ خَيْرًا وَأَعْظَمَ أَجْرًا ۚ وَاسْتَغْفِرُوا اللَّهَ ۖ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٢٠﴾

(اے نبی!) یقیناً تمھارے رب جانتے ہیں کہ تم دوتہائی رات کے قریب اور (کبھی) آدھی رات اور (کبھی) ایک تہائی رات (تہجد پڑھنے کے لیے) کھڑے ہوتے ہو اور تمھارے ساتھیوں میں سے بھی ایک جماعت (ایسا ہی کرتی ہے) اور رات اور دن (کی صحیح مقدار) تو اللہ تعالیٰ ہی مقرر فرماتے ہیں ① اس (اللہ تعالیٰ) کو معلوم تھا کہ تم اس کا صحیح حساب ہرگز نہیں رکھ سکو گے، اس لیے اس (اللہ تعالیٰ) نے تم پر عنایت فرمائی، اب تم قرآن میں جتنا آسانی سے پڑھ سکو پڑھو، وہ (اللہ تعالیٰ) جانتے ہیں کہ تم میں سے کچھ لوگ بیمار ہوں گے اور دوسرے کتنے لوگ ایسے ہوں گے جو اللہ تعالیٰ کا فضل (یعنی حلال روزی) تلاش کرنے کے لیے زمین میں سفر کر رہے ہوں گے اور دوسرے بعض لوگ اللہ تعالیٰ کے راستے میں قتال کرتے ہوں گے، لہٰذا اب تم اس (قرآن) میں سے جتنا آسان ہو اتنا پڑھ لیا کرو ② اور تم نماز قائم کرو اور زکوۃ دیتے رہو اور تم اللہ تعالیٰ کو اچھے طریقے سے قرض دو اور جو نیکی تم اپنے لیے آگے بھیج دو گے اس کو اللہ تعالیٰ کے پاس پہنچ کر بہتر حالت میں اور بڑے ثواب کی شکل میں پاؤ گے اور تم اللہ تعالیٰ سے معافی مانگتے رہو ③ یقیناً اللہ تعالیٰ بڑے معاف کرنے والے، بڑے رحمت والے ہیں ﴿۲۰﴾

---

① [دوسرا ترجمہ] رات اور دن کا پورا اندازہ تو اللہ تعالیٰ ہی کر سکتے ہیں۔

② پہلے تہجد فرض تھی اور اس کے لیے مقدار بھی متعین تھی، بعد میں آسانی کر دی گئی، اب جتنی ہو سکے اتنی تہجد پڑھ لینا چاہیے، بہت ہی فائدے کی نماز ہے، آخری درجہ میں رات کو سونے سے قبل یا عشا کے ساتھ دو چار رکعت تہجد کی نیت سے پڑھ لو، اللھم وفقنا۔ ③ بہت سارے نیک اعمال کے ساتھ استغفار کا حکم ہے، کون ہے جو یہ دعویٰ کرے کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کا حق ادا کر سکتا ہوں؟ ایسا لگتا ہے کہ اسی وجہ سے استغفار کا حکم ہوا ہے۔

سورۃ المدثر

(المکیۃ)

ایاتہا: ۵۶۔ رکوعاتہا: ۲۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں چھپن (۵۶) آیتیں ہیں۔ سورہ علق کی ابتدائی آیات کے بعد یا سورہ مزمل کے بعد یا چار (۴) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں بھی خطاب کا انداز عشق و محبت کا ہے یعنی ''حضور ﷺ لحاف میں لپٹے ہوئے ہیں'' اس ادا کے ذریعے خطاب کیا گیا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ① قُمْ فَاَنْذِرْ ② وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ③ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ④ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ⑤ وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ ⑥ وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ⑦ فَاِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُوْرِ ⑧ فَذٰلِكَ يَوْمَئِذٍ يَّوْمٌ عَسِيْرٌ ⑨ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ غَيْرُ يَسِيْرٍ ⑩ ذَرْنِيْ وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِيْدًا ⑪ وَّجَعَلْتُ لَهٗ مَالًا مَّمْدُوْدًا ⑫ وَّبَنِيْنَ شُهُوْدًا ⑬ وَّمَهَّدْتُّ لَهٗ تَمْهِيْدًا ⑭ ثُمَّ يَطْمَعُ اَنْ اَزِيْدَ ⑮ كَلَّا ۭ اِنَّهٗ كَانَ لِاٰيٰتِنَا عَنِيْدًا ⑯

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

اے لحاف میں لپٹنے والے! ﴿۱﴾ اٹھو! اور (لوگوں کو عذاب سے) ڈراؤ① ﴿۲﴾ اور اپنے رب کی تکبیر کہو② ﴿۳﴾ اور اپنے کپڑوں کو (اچھے طریقے سے) پاک رکھو ﴿۴﴾ اور (ہر قسم کی) گندگی (یا بتوں کی گندگی) سے دور ہی رہو ﴿۵﴾ اور (کسی پر) اس غرض سے احسان مت کرو کہ زیادہ وصول کرو ﴿۶﴾ اور اپنے رب کے لیے صبر کرتے رہو ﴿۷﴾ پھر جب صور پھونکا جائے گا ﴿۸﴾ تو وہ دن بڑا مشکل دن ہوگا ﴿۹﴾ کافروں کے لیے آسان دن نہیں ہوگا ﴿۱۰﴾ اس شخص کا معاملہ میرے اوپر چھوڑ دو جس کو میں نے اکیلا پیدا کیا ﴿۱۱﴾ اور میں نے اس کو دور تک پھیلا ہوا مال دیا③ ﴿۱۲﴾ اور ایسے بیٹے (دیے) جو آنکھ کے سامنے رہتے ہیں④ ﴿۱۳﴾ اور میں نے اس کے لیے ہر کام کا راستہ آسان کر دیا⑤ ﴿۱۴﴾ پھر بھی وہ یہ لالچ کرتا ہے کہ میں (اس کو) اور زیادہ دوں؟ ﴿۱۵﴾ (ایسا) ہرگز نہیں ہوگا، وہ تو ہماری آیتوں کا دشمن بن ہی گیا ہے ﴿۱۶﴾

---

① یعنی اپنی جگہ سے اٹھو، یا مستعد ہو جاؤ۔ ② تکبیر سے دوسروں کے دل میں اللہ تعالیٰ کی عظمت آوے گی، خود کے دل میں اللہ کی بڑائی اور عظمت کا یقین پیدا ہوگا اور دوسروں کو بھی سمجھاؤ کہ اللہ تعالیٰ ہی بڑے ہیں۔ ③ یعنی میں نے اس کو بہت زیادہ مال دیا، مختلف مقامات پر اس انسان کی پھیلی ہوئی جائیداد اور مال کی طرف اشارہ معلوم ہو رہا ہے۔ ④ جو اولاد نظروں کے سامنے ہوں وہ مستقل نعمت ہے، اس نعمت کی مزید وضاحت بندے کے خطبات جلد: دوم (۲) میں ملاحظہ فرمائیں۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) اور میں نے اس کو سب طرح کا (دنیوی) سامان مہیا کر دیا۔

سَاُرۡهِقُهٗ صَعُوۡدًا ﴿۱۷﴾ اِنَّهٗ فَكَّرَ وَقَدَّرَ ﴿۱۸﴾ فَقُتِلَ كَيۡفَ قَدَّرَ ﴿۱۹﴾ ثُمَّ قُتِلَ كَيۡفَ قَدَّرَ ﴿۲۰﴾ ثُمَّ نَظَرَ ﴿۲۱﴾ ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ ﴿۲۲﴾ ثُمَّ اَدۡبَرَ وَاسۡتَكۡبَرَ ﴿۲۳﴾ فَقَالَ اِنۡ هٰذَاۤ اِلَّا سِحۡرٌ يُّؤۡثَرُ ﴿۲۴﴾ اِنۡ هٰذَاۤ اِلَّا قَوۡلُ الۡبَشَرِ ﴿۲۵﴾ سَاُصۡلِيۡهِ سَقَرَ ﴿۲۶﴾ وَمَاۤ اَدۡرٰىكَ مَا سَقَرُ ﴿۲۷﴾ لَا تُبۡقِىۡ وَلَا تَذَرُ ﴿۲۸﴾ لَوَّاحَةٌ لِّلۡبَشَرِ ﴿۲۹﴾ عَلَيۡهَا تِسۡعَةَ عَشَرَ ﴿۳۰﴾ وَمَا جَعَلۡنَاۤ اَصۡحٰبَ النَّارِ اِلَّا مَلٰۤـئِكَةً ۙ وَّمَا جَعَلۡنَا عِدَّتَهُمۡ اِلَّا فِتۡنَةً لِّلَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا ۙ لِيَسۡتَيۡقِنَ الَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡكِتٰبَ وَيَزۡدَادَ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِيۡمَانًا

عنقریب میں اس کو ایک مشقت والی چڑھائی پر چڑھاؤں گا ﴿۱۷﴾ اس نے (قرآن کے بارے میں) سوچ کر ایک بات طے کر لی ﴿۱۸﴾ سو اللہ تعالیٰ اس کو برباد کر دے! کیسی بات طے کر ڈالی؟ ﴿۱۹﴾ پھر (دوبارہ) اللہ تعالیٰ اس کو برباد کر ڈالے! کیسی بات طے کر ڈالی؟ ﴿۲۰﴾ پھر اس نے (حاضرین کی طرف) نظر دوڑائی ﴿۲۱﴾ پھر تیور چڑھائے اور منہ بگاڑا ﴿۲۲﴾ پھر پیٹھ پھرائی اور غرور دکھایا① ﴿۲۳﴾ پھر کہنے لگا کہ: یہ (قرآن) کچھ نہیں، یہ تو ایک جادو ہے، جو نقل ہوتا ہوا چلا آتا ہے ﴿۲۴﴾ یہ (قرآن) تو صرف (کسی) آدمی کا کلام ہے ﴿۲۵﴾ اب میں اس شخص کو (جلدی ہی) آگ میں ڈال دوں گا ﴿۲۶﴾ اور (اے نبی!) تم کو کچھ خبر ہے کہ وہ آگ کیا چیز ہے؟ ﴿۲۷﴾ وہ (داخل کیے جانے والی کسی چیز) کو باقی نہیں رکھے گی اور نہ (کسی کافر) کو چھوڑے گی ﴿۲۸﴾ کھال کو جھلس دینے والی ہے② ﴿۲۹﴾ اس (جہنم) پر انیس (۱۹) (فرشتے) مقرر ہیں ﴿۳۰﴾ اور ہم نے جہنم کے داروغے فرشتوں کے سوا اور کسی کو نہیں بنایا③ اور ان (فرشتوں) کی گنتی صرف کافروں کو آزمائش میں ڈالنے کے لیے مقرر کی ہے؛ تاکہ جن کو کتاب دی گئی ہے ان کو (سنتے ہی) یقین آجائے④ اور ایمان والوں کا ایمان اور زیادہ (قوی) ہو جاوے،

① تاکہ دیکھنے والوں کو لگے کہ اس کو قرآن سے نفرت ہے۔
② یعنی چمڑی کو بگاڑ دینے والی (سیاہ کر دینے والی) ہے، (دوسرا ترجمہ) (دوزخ) انسان کے سامنے ظاہر ہو جائے گی۔
③ یعنی ہم نے جہنم کے کارکن صرف فرشتے ہی کو بنایا انسان کو نہیں بنایا۔
④ اہل کتاب کے یہاں جہنم کے ملائکہ کی تعداد انیس ۱۹ مشہور تھی۔

وَّلَا يَرْتَابَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۙ وَلِيَقُوْلَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْكٰفِرُوْنَ مَاذَاۤ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَا يَعْلَمُ جُنُوْدَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ ؕ وَمَا هِيَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْبَشَرِ ﴿۳۱﴾ كَلَّا وَالْقَمَرِ ﴿۳۲﴾ وَالَّيْلِ اِذْ اَدْبَرَ ﴿۳۳﴾ وَالصُّبْحِ اِذَاۤ اَسْفَرَ ﴿۳۴﴾ اِنَّهَا لَاِحْدَى الْكُبَرِ ﴿۳۵﴾ نَذِيْرًا لِّلْبَشَرِ ﴿۳۶﴾ لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّتَقَدَّمَ اَوْ يَتَاَخَّرَ ﴿۳۷﴾ كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ رَهِيْنَةٌ ﴿۳۸﴾ اِلَّاۤ اَصْحٰبَ الْيَمِيْنِ ﴿۳۹﴾ فِيْ جَنّٰتٍ ۛ يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۴۰﴾ عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۴۱﴾ مَا سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ ﴿۴۲﴾ قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ ﴿۴۳﴾

اور جن کو کتاب دی گئی وہ اور ایمان والے کسی شک (یعنی دھوکے) میں نہ پڑے اور تاکہ جن لوگوں کے دلوں میں بیماری ہے اور جو لوگ کافر ہیں وہ یہ کہیں کہ: اس قسم کی عجیب بات بیان کرنے سے اللہ تعالیٰ کا کیا مقصد ہے؟ اسی طریقہ سے اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں گمراہ کردیتے ہیں اور جس کو چاہتے ہیں (اس کو) ہدایت دیتے ہیں اور تمھارے رب کے لشکر کو اس کے سوا کوئی نہیں جانتا اور وہ (جہنم کے احوال اور اس طرح کی دوسری باتیں تمام) انسان کے لیے نصیحت ہی ہے ﴿۳۱﴾

خبردار! (جہنم کا انکار مت کرو، وہ تو بالکل سچی بات ہے) قسم ہے چاند کی! ﴿۳۲﴾ اور رات کی جب وہ پیٹھ پھرا کر جانے لگے ﴿۳۳﴾ اور صبح کی جب روشنی پھیل جاوے ﴿۳۴﴾ یقیناً وہ (جہنم) تو بڑی (بھیانک) چیزوں میں سے ایک ہے ﴿۳۵﴾ جو لوگوں کو ڈرانے والی ہے ﴿۳۶﴾ اس کے لیے تم میں سے (نیکی میں) آگے بڑھنا چاہے، یا جو پیچھے ہٹنا چاہے (سب کے لیے) ﴿۳۷﴾ ہر شخص اپنے کیے ہوئے کاموں میں پھنسا ہوا ہے ① ﴿۳۸﴾ مگر داہنی طرف والے ② ﴿۳۹﴾ کہ وہ جنتوں میں ہوں گے (اور) مجرموں کے بارے میں پوچھتے ہوں گے ﴿۴۰﴾ ﴿۴۱﴾ تم کو کس چیز نے جہنم میں داخل کیا؟ ﴿۴۲﴾ وہ جواب دیں گے: ہم نماز پڑھنے والوں میں نہیں تھے ﴿۴۳﴾

---

① انسان کی ذات رہن یعنی گروی رکھی ہوئی ہے، ایمان لایا تو پوری ذات کو نجات اور جنت ملے گی، ورنہ اس کی پوری ذات جہنم میں ڈالی جاوے گی۔

② جن کے اعمال نامے داہنے ہاتھ میں دیے جائیں گے وہ نیک لوگ۔

وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ ﴿٤٤﴾ وَكُنَّا نَخُوْضُ مَعَ الْخَآئِضِيْنَ ﴿٤٥﴾ وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ﴿٤٦﴾ حَتّٰٓى اَتٰىنَا الْيَقِيْنُ ﴿٤٧﴾ فَمَا تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشّٰفِعِيْنَ ﴿٤٨﴾ فَمَا لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِيْنَ ﴿٤٩﴾ كَاَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَةٌ ﴿٥٠﴾ فَرَّتْ مِنْ قَسْوَرَةٍ ﴿٥١﴾ بَلْ يُرِيْدُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ اَنْ يُّؤْتٰى صُحُفًا مُّنَشَّرَةً ﴿٥٢﴾ كَلَّا ۭ بَلْ لَّا يَخَافُوْنَ الْاٰخِرَةَ ﴿٥٣﴾ كَلَّآ اِنَّهٗ تَذْكِرَةٌ ﴿٥٤﴾ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ﴿٥٥﴾ وَمَا يَذْكُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۭ هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ﴿٥٦﴾

اور ہم مسکینوں کو کھانا نہیں کھلاتے تھے ﴿۴۴﴾ اور جو لوگ بیہودہ باتوں میں لگے رہتے تھے ہم بھی ان کے ساتھ بیہودہ باتوں میں لگے رہتے تھے① ﴿۴۵﴾ اور ہم بدلے کے دن (یعنی قیامت) کو جھٹلاتے تھے ﴿۴۶﴾ یہاں تک کہ (وہ) یقینی چیز (یعنی موت) ہمارے پاس آپہنچی② ﴿۴۷﴾ لہذا ایسے لوگوں کو سفارش کرنے والوں کی سفارش کام نہیں آئے گی ﴿۴۸﴾ سو ان (نافرمانوں) کو کیا ہو گیا کہ وہ نصیحت کی بات (یعنی قرآن) سے اس طرح منہ پھیرا لیتے ہیں ﴿۴۹﴾ جیسے کہ وہ جنگلی گدھے ہوں ﴿۵۰﴾ جو کسی شیر سے (ڈر کر) بھاگ رہے ہوں ﴿۵۱﴾ بلکہ ان میں سے ہر شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کو کھلے ہوئے (آسمانی) صحیفے دے دیے جاویں ﴿۵۲﴾ (ایسا) ہرگز نہیں ہوگا (کہ ہر ایک کو کوئی آسمانی کتاب دے دی جاوے) بلکہ (اصل بات یہ ہے کہ) وہ آخرت (کے عذاب) سے ڈرتے ہی نہیں ہیں ﴿۵۳﴾ ہرگز نہیں! وہ (قرآن) تو نصیحت ہے ﴿۵۴﴾ پھر جو شخص چاہے تو اس (نصیحت) کو قبول کر لیوے ﴿۵۵﴾ اور وہ لوگ نصیحت قبول کرنے والے نہیں ہیں؛ الا یہ کہ اللہ تعالیٰ چاہیں، تو (وہ نصیحت قبول کرلیں گے) وہی (اللہ تعالیٰ) اس بات کے لائق ہیں کہ ان (کی پکڑ) سے ڈرا جاوے اور وہی (ایمان والوں کی) مغفرت کرنے کے لائق ہیں ﴿۵۶﴾

① یہاں خاص طور پر کفار کے سردار مراد ہیں، جو دینِ اسلام کے متعلق نکتہ چینی اور مذاق کیا کرتے تھے اور اس کے لیے باقاعدہ مجلس قائم کرتے تھے، البتہ آیت کے عموم میں تمام قسم کی بیہودہ باتیں اور بیجا نکتہ چینیاں شامل ہیں، جو آخرت میں وبال کا ذریعہ بنے، اللہ تعالیٰ ہی اپنے فضل سے حفاظت میں رکھے۔

② دنیا کے عیش میں آخرت کا یقین نہ آیا اور موت آئی تب آخرت کا یقین ہوا، اور وہ فائدہ مند نہ ہوا۔

سورۃ القیامۃ

(المکیۃ)

ایاتھا: ۴۰۔ رکوعاتھا: ۲۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں چالیس (۴۰) آیتیں ہیں۔ سورۃ القارعہ کے بعد اور سورۃ ہمزہ سے پہلے اکتیس (۳۱) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں قیامت کی دن کی قسم کھائی گئی ہے۔ القیامہ کا معنیٰ آتا ہے ایک بار کھڑا ہونا، قیامت کے دن سب لوگ یک بارگی کھڑے ہوجائیں گے، قیام کے ایک معنیٰ ثبوت کا بھی آتا ہے یعنی قیامت ثابت ہے، اٹل ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

لَآ اُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۝ وَلَآ اُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ ۝ اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَلَّنْ نَّجْمَعَ عِظَامَهٗ ۝ بَلٰى قٰدِرِيْنَ عَلٰٓى اَنْ نُّسَوِّيَ بَنَانَهٗ ۝ بَلْ يُرِيْدُ الْاِنْسَانُ لِيَفْجُرَ اَمَامَهٗ ۝ يَسْـَٔلُ اَيَّانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ ۝ فَاِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ ۝ وَخَسَفَ الْقَمَرُ ۝ وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ۝ يَقُوْلُ الْاِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ اَيْنَ الْمَفَرُّ ۝ كَلَّا لَا وَزَرَ ۝ اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ ۨالْمُسْتَقَرُّ ۝

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

میں قسم کھاتا ہوں قیامت کے دن کی ﴿۱﴾ اور قسم کھاتا ہوں ملامت کرنے والے نفس کی① ﴿۲﴾ کیا انسان یہ خیال کرتا ہے کہ ہم اس کی ہڈیوں کو ہرگز اکٹھا نہیں کرسکیں گے؟ ﴿۳﴾ کیوں نہیں (جب کہ) ہم کو اس پر بھی قدرت ہے کہ اس (کی انگلیوں) کے پوروں کو ٹھیک ٹھیک بنادے دیں ﴿۴﴾ بلکہ (قیامت کے انکار کی وجہ یہ ہے کہ) انسان یہ چاہتا ہے کہ اپنے آگے کی زندگی میں (بے باک ہوکر) کھلے گناہ کرتا رہے ﴿۵﴾ (انکار کرنے کے لیے) سوال کرتا ہے کہ قیامت کا دن کب آئے گا ﴿۶﴾ سو جس وقت آنکھیں چندھیا جاویں گی ﴿۷﴾ اور چاند کو گرہن لگ جاوے گا② ﴿۸﴾ اور سورج اور چاند کو اکٹھا کردیا جاوے گا③ ﴿۹﴾ اس دن انسان کہے گا کہ: کوئی جگہ ہے جہاں بھاگ کر چلا جاؤں؟ ﴿۱۰﴾ ہرگز (بھاگنا ممکن) نہیں! کوئی بچاؤ کی جگہ نہیں ہوگی ﴿۱۱﴾ اس دن (ہر ایک کو) تمھارے رب ہی کے سامنے جا کر ٹھہرنا ہوگا ﴿۱۲﴾

---

① (الف) جو نفس ہر وقت زیادہ نیکی کرنے کے لیے ٹوکتا ہو

(ب) کافروں کو اس کا نفس کفر پر ملامت کرے گا

(ج) قیامت میں مؤمن کا نفس نیکی زیادہ کیوں نہیں کی اس پر ملامت کرے گا

(د) دنیا میں دکھ سکھ کسی حال میں قرار نہیں ہے؛ اس لیے انسانی نفس احوال بدلنے پر ملامت کرتا ہے۔

② یعنی قیامت میں بے نور ہوگا۔

③ یعنی دونوں کی روشنی قیامت میں ختم ہوجاوے گی۔

يُنَبَّؤُا الْاِنْسَانُ يَوْمَئِذٍۭ بِمَا قَدَّمَ وَاَخَّرَ ۝ بَلِ الْاِنْسَانُ عَلٰى نَفْسِهٖ بَصِيْرَةٌ ۝ وَّلَوْ اَلْقٰى مَعَاذِيْرَهٗ ۝ لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ۝ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ۝ فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ۝ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ۝ كَلَّا بَلْ تُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ ۝ وَتَذَرُوْنَ الْاٰخِرَةَ ۝ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ۝ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ۝ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍۭ بَاسِرَةٌ ۝ تَظُنُّ اَنْ يُّفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ۝

اس دن (ہر) انسان کو اس کے اگلے پچھلے (تمام) اعمال سے آگاہ کر دیا جائے گا ﴿۱۳﴾ بلکہ انسان خود اپنی ذات سے اچھی طرح واقف ہوگا (1) ﴿۱۴﴾ چاہے وہ اپنے کتنے ہی بہانے بنا دے ﴿۱۵﴾ (اے نبی! اس قرآن کے اترنے کے وقت) اس کو جلدی جلدی یاد کرنے کے لیے اپنی زبان کو ہلایا (یعنی چلایا) نہ کرو (2) ﴿۱۶﴾ یقین رکھو! اس (قرآن) کو (دل میں) یاد کروا دینا (3) اور (زبان سے) اس کو پڑھوا ہماری ذمہ داری ہے ﴿۱۷﴾ پھر جب ہم اس کو (فرشتے کے واسطے سے) پڑھنے لگیں تو تم (ذہن اور فکر سے) اس کے پڑھنے کے ساتھ رہو (4) ﴿۱۸﴾ پھر اس (کے معانی اور مطالب) کو کھول کر بتانا ہماری ذمہ داری ہے ﴿۱۹﴾ سنو! (اے کافرو!) بلکہ (اصل بات یہ ہے کہ) تم جلدی ملنے والی چیز (یعنی دنیا) سے محبت کرتے ہو ﴿۲۰﴾ اور تم آخرت کو چھوڑے بیٹھے ہو ﴿۲۱﴾ اس دن بہت سارے چہرے خوش و خرم ہوں گے (5) ﴿۲۲﴾ وہ اپنے رب کی طرف دیکھ رہے ہوں گے ﴿۲۳﴾ اور اس دن بہت سارے چہرے اداس ہوں گے (6) ﴿۲۴﴾ وہ سمجھ رہے ہوں گے کہ ان کے ساتھ کمر توڑنے والا معاملہ کیا جائے گا (7) ﴿۲۵﴾

---

(1) (دوسرا ترجمہ) بلکہ انسان خود اپنے خلاف (یا اپنے واسطے) کھلی دلیل ہوگا۔

(2) (دوسرا ترجمہ) اس قرآن کے اترنے کے وقت اس قرآن کو جلدی جلدی حاصل کرنے کی غرض سے اپنی زبان کو قرآن کے ساتھ حرکت نہ دیا کرو۔

(3) اس قرآن کو آپ ﷺ کے قلب اطہر میں جمع کروا دینے کی اور یاد کروا دینے کی بھی ذمے داری اللہ تعالیٰ نے لی ہے۔

(4) یعنی اس کے پڑھنے کے تابع رہو۔ جس طرح جبریل علیہ السلام نے پڑھا آئندہ اسی طرح آپ کو پڑھنا ہے، وحی کے نزول کو دھیان سے سن لیجیے، الفاظ ہم آپ کو یاد کروا دیں گے، اور آیات پر عمل کی طرف متوجہ رہیے۔

(5) یعنی بارونق چمکتے ہوئے چہرے ہوں گے۔ (6) (دوسرا ترجمہ) بگڑے ہوں گے، اداس ہوں گے۔

(7) یعنی ان پر سخت عذاب ہوگا۔

كَلَّآ اِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ ۙ﴿۲۶﴾ وَقِيْلَ مَنْ ٜ رَاقٍ ۙ﴿۲۷﴾ وَّظَنَّ اَنَّهُ الْفِرَاقُ ۙ﴿۲۸﴾ وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ ۙ﴿۲۹﴾ اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ الْمَسَاقُ ۙ﴿۳۰﴾

فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى ۙ﴿۳۱﴾ وَلٰكِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۙ﴿۳۲﴾ ثُمَّ ذَهَبَ اِلٰى اَهْلِهٖ يَتَمَطّٰى ۙ﴿۳۳﴾ اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ۙ﴿۳۴﴾ ثُمَّ اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ۙ﴿۳۵﴾ اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ يُّتْرَكَ سُدًى ۙ﴿۳۶﴾ اَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِّنْ مَّنِيٍّ يُّمْنٰى ۙ﴿۳۷﴾ ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰى ۙ﴿۳۸﴾ فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ۙ﴿۳۹﴾ اَلَيْسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ۧ﴿۴۰﴾

ہرگز نہیں! جب جان ہنسلیوں① تک پہنچ جاتی ہے ﴿۲۶﴾ اور (مریض کی خدمت کرنے والے کی طرف سے) کہا جاتا ہے کہ: کوئی جھاڑ پھونک کرنے والا ہے؟② ﴿۲۷﴾ اور وہ (مرنے والا) سمجھ جاتا ہے کہ جدائی کا وقت آ گیا ﴿۲۸﴾ اور (ایک) پنڈلی (دوسری) پنڈلی سے لپٹ جاتی ہے ﴿۲۹﴾ اس دن تمھارے رب کی طرف کھینچ کر چلنا ہے③ ﴿۳۰﴾

ان سب کے باوجود بھی (انسان) نے نہیں مانا اور نہ نماز پڑھی ﴿۳۱﴾ بلکہ (حق کو) جھٹلایا اور (دین سے) منہ پھیر لیا ﴿۳۲﴾ پھر④ فخر کرتا ہوا اپنے گھر والوں کے پاس چل دیا ﴿۳۳﴾ (اے انسان!) تیرے لیے بربادی ہے، سو بربادی ہے ﴿۳۴﴾ پھر تیری بربادی ہے سو بربادی ہے ﴿۳۵﴾ کیا انسان یہ خیال کرتا ہے کہ اس کو یوں ہی بے کار (یعنی مہمل) چھوڑ دیا جاوے گا ﴿۳۶﴾ کیا وہ ایک منی کا قطرہ نہیں تھا جو (ماں کے رحم میں) ٹپکایا جاتا ہے ﴿۳۷﴾ پھر وہ ایک لوتھڑا بنا پھر اس (اللہ تعالیٰ) نے (اس کو انسان) بنایا، سو (اس کے اعضا کو) ٹھیک ٹھاک کیا ﴿۳۸﴾ پھر اسی سے مرد اور عورت دو قسمیں کر دی ﴿۳۹﴾ کیا (وہ خدا جنھوں نے انسان کو ابتداءً میں بنایا) وہ اس بات پر قادر نہیں ہیں کہ وہ مردوں کو (دوبارہ) زندہ کر دیویں؟ ﴿۴۰﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) حلق تک۔ ② عام طور پر امراض میں علاج ومعالجے سے ہار کر لوگ عاملوں کو تلاش کرتے ہیں، عرب میں بھی اس کا بڑا دستور تھا۔ بعض حضرات نے "راق" کو "الرقی" یعنی لے کر چڑھنے کے معنی میں لیا ہے، یعنی انسان کا جب آخری وقت ہوتا ہے تب ملائکہ آپس میں بات کرتے ہیں کہ رحمت کے فرشتے یا عذاب کے فرشتے میں سے کون اس کی روح کو لیکر آسمان کی طرف چڑھے گا؟۔ ③ لفظ "مساق" میں ہنکانا کے معنی بھی نکلتے ہے۔ ④ سچے داعی کی دعوت کو چھوڑ کر۔

سورۃ الدھر

(المدنیة)

ایاتھا:۳۱۔رکوعاتھا:۲۔

یہ سورت مکی ہے، بعض اس کو مدنی کہتے ہیں، اس میں اکتیس (۳۱) آیتیں ہیں۔ سورۂ رحمٰن کے بعد اور سورۂ طلاق سے پہلے اٹھانوے (۹۸) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں دہر یعنی زمانہ اور وقت کا ذکر کیا گیا ہے۔ دہر یعنی عالم کے وجود میں آنے سے لے کر ختم ہونے تک کی مدت کو کہتے ہیں۔ اسی طرح ہر بڑی مدت کو بھی کہتے ہیں۔

اس سورت کا دوسرا نام ''انسان'' بھی ہے۔ سورت کے بالکل شروع میں انسان کا تذکرہ ہے۔

اس کا تیسرا نام ''امشاج'' بھی ہے۔ امشاج منی کے قطرے کو کہتے ہیں۔ جو مختلف غذاؤں سے مل کر اس کے خلاصے کے طور پر تیار ہوتا ہے یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ مرد اور عورت کی منی مل کر انسان بنتا ہے۔

نبیِ کریم ﷺ جمعہ کے دن فجر کی دوسری رکعت میں اس سورت کی تلاوت فرمایا کرتے تھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

هَلْ أَتَىٰ عَلَى الْإِنسَانِ حِينٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُن شَيْئًا مَّذْكُورًا ﴿١﴾ إِنَّا خَلَقْنَا الْإِنسَانَ مِن نُّطْفَةٍ أَمْشَاجٍ نَّبْتَلِيهِ فَجَعَلْنَاهُ سَمِيعًا بَصِيرًا ﴿٢﴾ إِنَّا هَدَيْنَاهُ السَّبِيلَ إِمَّا شَاكِرًا وَإِمَّا كَفُورًا ﴿٣﴾ إِنَّا أَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ سَلَاسِلَ وَأَغْلَالًا وَسَعِيرًا ﴿٤﴾ إِنَّ الْأَبْرَارَ يَشْرَبُونَ مِن كَأْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُورًا ﴿٥﴾ عَيْنًا يَشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللَّهِ يُفَجِّرُونَهَا تَفْجِيرًا ﴿٦﴾ يُوفُونَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُونَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهُ مُسْتَطِيرًا ﴿٧﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

کیا زمانے میں انسان پر ایک ایسا وقت آیا ہے کہ وہ تذکرہ کرنے کے قابل چیز بھی نہیں تھا ① ﴿۱﴾ ہم نے انسان کو (الگ الگ چیزوں سے) ملے ہوئے نطفے سے اس طرح پیدا کیا کہ ہم اس کو (مکلف بنا کر) آزماوے، پھر ہم نے اس کو سننے والا، دیکھنے والا بنا دیا ﴿۲﴾ ہم نے اس کو (رسولوں کے ذریعے) راستہ دکھا دیا ② اب وہ یا تو شکر کرنے والا بنے یا تو وہ ناشکری کرنے والا بنے ﴿۳﴾ یقیناً ہم نے کافروں کے لیے زنجیریں اور (گلے کے) طوق اور بھڑکتی ہوئی آگ تیار کر رکھی ہے ﴿۴﴾ البتہ (جو) نیک لوگ (ہیں وہ) ایسے جام سے (پینے کی چیزیں) پیویں گے جس میں کافور ملی ہوئی ہوگی ﴿۵﴾ وہ ایک چشمہ ہے جس سے اللہ تعالیٰ کے (نیک) بندے پیتے ہوں گے، وہ (نیک) لوگ اس کو (جہاں چاہیں گے) آسانی سے بہا کر لے جائیں گے ③ ﴿۶﴾ وہ لوگ (اپنی اپنی) منتوں کو پورا کرتے ہیں ④ اور اس دن سے ڈرا کرتے ہیں جس کی سختی ہر طرف پھیلی ہوگی ⑤ ﴿۷﴾

---

① دوسرا ترجمہ: یقینی بات ہے کہ زمانے میں انسان پر ایک ایسا وقت آیا ہے کہ جب وہ زبان پر لانے کے قابل چیز بھی نہیں تھا۔ ② (دوسرا ترجمہ) ہم نے اس کو راستہ سمجھا دیا۔

③ وہ چشمہ ان کے اختیار میں کر دیا جائے گا جہاں دل چاہے وہاں جاری ہو جاوے گا، یہ بھی نقل کیا جاتا ہے کہ اس چشمے کا اصل منبع حضور ﷺ کا قصرِ عالی ہوگا، وہاں سے سب جگہ پانی پہنچتا ہوگا۔ ④ تمام شرعی واجبات کو پورا کرنا مراد ہے۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) جس کی برائی (کے اثرات) ہر طرف پھیلے ہوں گے۔

وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلَىٰ حُبِّهِ مِسْكِينًا وَيَتِيمًا وَأَسِيرًا ﴿٨﴾ إِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللَّهِ لَا نُرِيدُ مِنكُمْ جَزَاءً وَلَا شُكُورًا ﴿٩﴾ إِنَّا نَخَافُ مِن رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوسًا قَمْطَرِيرًا ﴿١٠﴾ فَوَقَاهُمُ اللَّهُ شَرَّ ذَٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَقَّاهُمْ نَضْرَةً وَسُرُورًا ﴿١١﴾ وَجَزَاهُم بِمَا صَبَرُوا جَنَّةً وَحَرِيرًا ﴿١٢﴾ مُّتَّكِئِينَ فِيهَا عَلَى الْأَرَائِكِ ۖ لَا يَرَوْنَ فِيهَا شَمْسًا وَلَا زَمْهَرِيرًا ﴿١٣﴾ وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلَالُهَا وَذُلِّلَتْ قُطُوفُهَا تَذْلِيلًا ﴿١٤﴾

اور وہ اس (اللہ تعالیٰ) کی محبت میں مسکینوں کو اور یتیموں کو اور قیدیوں کو کھانا کھلاتے ہیں[1] ﴿۸﴾ (اور وہ کھانا کھلانے والے ان سے کہتے ہیں کہ:) ہم تو تم کو محض اللہ تعالیٰ کی خوشی حاصل کرنے کے لیے کھانا کھلا رہے ہیں، ہم تم سے کسی طرح کا نہ تو بدلہ اور نہ شکریہ چاہتے ہیں ﴿۹﴾ ہم تو اپنے رب کی طرف سے (آنے والے) اس دن سے ڈرتے ہیں جو دن بڑا سخت، بڑی مصیبت والا ہوگا[2] ﴿۱۰﴾ سو اللہ تعالیٰ ان کو اس دن کی سختی سے بچالیں گے اور ان کو تازگی اور خوشی سے نوازیں گے ﴿۱۱﴾ اور ان لوگوں نے جو صبر کیا اس کے بدلے میں ان کو جنت اور ریشمی لباس عطا کریں گے ﴿۱۲﴾ وہاں (باغوں) میں (اونچے) تختوں پر تکیہ لگائے ہوئے (بیٹھے) ہوں گے اور اس (جنت) میں نہ سورج کی گرمی اور نہ سخت سردی دیکھیں گے ﴿۱۳﴾ اور حالت یہ ہوگی کہ ان (باغوں) کے سائے ان پر جھکے ہوئے ہوں گے[3] اور اس کے پھل ان کے اختیار میں کردیے جائیں گے[4] ﴿۱۴﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اور وہ اس کھانے کی خود کو رغبت کے باوجود مسکینوں اور یتیموں اور قیدیوں کو کھلاتے ہیں۔ (خود یتائی مساکین اور قیدیوں سے بھی محبت کرتے ہیں اور ان کو کھانا کھلاتے ہیں)

② (دوسرا ترجمہ) ہم تو اپنے رب کی طرف سے (آنے والے) اس دن سے ڈرتے ہیں جس (دن) میں چہرے اداسی سے بگڑے ہوئے ہوں گے۔

③ (الف) مراد جنت کے درختوں کی ٹہنیاں ہیں وہ جھکی ہوئی ہوں گی۔

(ب) واقعی اس طرح کا سایہ ہوگا۔

(ج) جنت میں سورج کی دھوپ تو نہیں ہے بلکہ انوارات انواع و اقسام کے پھیلے ہوئے ہوں گے۔

④ (دوسرا ترجمہ) پھل ان کے قابو میں کردیے جائیں گے۔

وَيُطَافُ عَلَيْهِمْ بِاٰنِيَةٍ مِّنْ فِضَّةٍ وَّاَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِيْرَا۟ ﴿۱۵﴾ قَوَارِيْرَا۟ مِنْ فِضَّةٍ قَدَّرُوْهَا تَقْدِيْرًا ﴿۱۶﴾ وَيُسْقَوْنَ فِيْهَا كَاْسًا كَانَ مِزَاجُهَا زَنْجَبِيْلًا ﴿۱۷﴾ عَيْنًا فِيْهَا تُسَمّٰى سَلْسَبِيْلًا ﴿۱۸﴾ وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ۚ اِذَا رَاَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنْثُوْرًا ﴿۱۹﴾ وَاِذَا رَاَيْتَ ثَمَّ رَاَيْتَ نَعِيْمًا وَّمُلْكًا كَبِيْرًا ﴿۲۰﴾ عٰلِيَهُمْ ثِيَابُ سُنْدُسٍ خُضْرٌ وَّاِسْتَبْرَقٌ ۫ وَّحُلُّوْٓا اَسَاوِرَ مِنْ فِضَّةٍ ۚ وَسَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُوْرًا ﴿۲۱﴾ اِنَّ هٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَآءً وَّكَانَ سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا ﴿۲۲﴾

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ تَنْزِيْلًا ﴿۲۳﴾

اوران لوگوں کے سامنے (کھانے پینے کی چیزیں پہنچانے کے لیے) چاندی کے برتن اور شیشے کے پیالے پھرائے جائیں گے① ﴿۱۵﴾ شیشے بھی چاندی کے ہوں گے جن کو بھرنے والوں نے مناسب انداز سے بھرا ہوگا ﴿۱۶﴾ اوران لوگوں کو اس (جنت) میں ایسا جام پلایا جائے گا جس میں سونٹھ ملی ہوئی ہوگی ﴿۱۷﴾ اس (جنت) میں ایک چشمہ ہوگا جس کا نام سلسبیل ہوگا ﴿۱۸﴾ اوران کے سامنے (خدمت کے لیے) ایسے لڑکے پھرتے ہوں گے جو ہمیشہ لڑکے ہی رہیں گے، جب تم ان (لڑکوں) کو دیکھو گے تو ان کو بکھرے ہوئے موتی سمجھو گے ﴿۱۹﴾ اور (سچی بات یہ ہے کہ) جب تم وہ جگہ دیکھو گے تو تم کو (بے شمار) نعمتیں اور بڑی سلطنتیں نظر آئیں گی ﴿۲۰﴾ ان (جنت والوں) کے اوپر باریک ریشم کے سبز رنگ کے کپڑے ہوں گے اور موٹے ریشم کے (کپڑے) بھی (پہنائے جائیں گے) اوران کو چاندی کے کنگنوں سے سجایا جائے گا اوران کو ان کے رب (نہایت) پاکیزہ شراب پلائیں گے ﴿۲۱﴾ (اوران جنت والوں کو کہا جائے گا کہ) یہ تمھارا (دنیا میں کی ہوئی نیکیوں کا) بدلہ ہے اور تمھاری محنت کی پوری قدر کی گئی② ﴿۲۲﴾

(اے نبی!) ہم نے تم پر یہ قرآن تھوڑا تھوڑا کر کے اتارا ہے ﴿۲۳﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اوران لوگوں کے سامنے چاندی کے برتن اور پیالے پیش کیے جائیں گے، جو شیشے کے ہوں گے۔

② (دوسرا ترجمہ) اور تمھاری محنت مقبول ہوگئی۔

فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا اَوْ كَفُوْرًا ۝ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝ وَمِنَ الَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيْلًا ۝ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ يُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ وَيَذَرُوْنَ وَرَآءَهُمْ يَوْمًا ثَقِيْلًا ۝ نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ وَشَدَدْنَآ اَسْرَهُمْ ۚ وَاِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَآ اَمْثَالَهُمْ تَبْدِيْلًا ۝ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ وَالظّٰلِمِيْنَ اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝

سو اپنے رب کے حکم پر جمے رہو اور ان میں سے کسی گنہگار یا کافر کی بات نہ مانو ﴿۲۴﴾ اور اپنے رب کے نام کا صبح وشام ذکر کیا کرو ﴿۲۵﴾ اور رات کے کچھ حصے میں بھی (اپنے) اس (رب) کے آگے سجدہ کیا کرو اور رات کے لمبے حصے میں اس (رب) کی تسبیح کرو ﴿۲۶﴾ یقیناً وہ (کافر) لوگ جلدی ملنے والی (دنیا کی) چیزوں سے محبت رکھتے ہیں اور اپنے پیچھے (قیامت کا) جو بھاری دن آرہا ہے اس کو چھوڑ بیٹھے ہیں ﴿۲۷﴾ ہم نے ہی ان کو پیدا کیا اور ہم نے ہی ان کے جوڑ بند کو مضبوط کیا اور ہم جب چاہیں گے ان کے بدلے ان کے جیسے دوسرے لوگ پیدا کر دیں گے ﴿۲۸﴾ یقیناً یہ تو نصیحت ہے، اب جو چاہے اپنے رب کی طرف (پہنچنے کا) راستہ اختیار کر لیوے ﴿۲۹﴾ اللہ تعالیٰ کے چاہے بغیر تم کوئی بات چاہ نہیں سکتے، یقیناً اللہ تعالیٰ تو بڑے جاننے والے، بڑی حکمت والے ہیں ﴿۳۰﴾ جس کو چاہتے ہیں اپنی رحمت میں داخل کر لیتے ہیں اور ظالم لوگ کہ ان کے لیے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے ﴿۳۱﴾

سورۃ المرسلات

(المکیۃ)

ایاتھا:۵۰۔رکوعاتھا:۲۔

یہ سورت مکی ہے،اس میں پچاس (۵۰) آیتیں ہیں۔سورۃ ھمزہ کے بعد اور سورۃ ق سے پہلے تینتیس (۳۳) نمبر پر نازل ہوئی۔

حضرت نبی کریم ﷺ منٰی کے ایک کے غار میں تھے اور سورۃ مرسلات نازل ہوئی۔

مکہ کے رہنے والے حضرات نے ہم کو منٰی میں ایک غار دکھایا کہ اسی میں سورۃ مرسلات کا نزول ہوا۔

حضرت ام الفضل لبابہ بنت حارثؓ کہتی ہے کہ: میں نے مغرب کی نماز میں حضرت نبی کریم ﷺ کو سورۃ مرسلات پڑھتے ہوئے سنا جو زندگی کے آخری نماز حضور ﷺ نے پڑھائی تھی۔(بخاری، حدیث:۷۲۹)

مرسلات سے کیا مراد ہے؟(۱) ہوائیں جس کے لطیف جھونکے چلتے ہیں جن سے مخلوق کی زندگی اور منافع وابستہ ہے۔

(۲) فرشتے مراد ہیں جو عالم میں بہت ساری چیزوں کے پھیلانے پر مامور ہیں، اسی طرح احکام لے کر بھی ملائکہ بھیجے جاتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا ۙ﴿۱﴾ فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا ۙ﴿۲﴾ وَّالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا ۙ﴿۳﴾ فَالْفٰرِقٰتِ فَرْقًا ۙ﴿۴﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

قسم ہے ان ہواؤں کی جو فائدہ پہنچانے کے لیے ① لگا تار بھیجی جاتی ہیں ② ﴿۱﴾ پھر ان (ہواؤں) کی (قسم) جو (طوفانی) آندھی بن کر زور سے چلتی ہیں (جن سے خطرات پیدا ہوتے ہیں) ③ ﴿۲﴾ پھر (قسم ہے) ان (ہواؤں) کی جو (بادلوں کو اور خوشبوؤں اور بدبوؤں کو) اچھی طرح پھیلا دیتی ہیں ④ ﴿۳﴾ پھر (قسم ہے) ان (ہواؤں) کی جو (بادلوں کو) پھاڑ کر جدا کر دیتی ہیں ⑤ ﴿۴﴾

---

① بندوں کو فائدہ پہنچے تو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔

② (دوسرا ترجمہ) قسم ہے ان ہواؤں کی جو (نرم نرم چل کر) دل کو خوش کردے (اور ان سے مخلوقات کو بارش، کھیتی وغیرہ کی بڑی اچھی توقعات اور امیدیں وابستہ ہوتی ہیں) (تیسرا ترجمہ) قسم ہے ان فرشتوں کی جو نیکی کے کاموں کے لیے بھیجے جاتے ہیں۔

③ (دوسرا ترجمہ) پھر (قسم ہے) ان فرشتوں کی جو بہت تیزی سے (آنے جانے کا یا روح نکالنے کا) کام کرتے ہیں (ملائکہ آسمان سے زمین پر اور زمین سے آسمان پر بڑی تیزی سے آتے جاتے ہیں اور روح نکالنے کا کام بھی بڑی تیزی سے کرتے ہیں اور کفار کی روح بڑی سختی سے نکالتے ہیں)۔

④ (دوسرا ترجمہ) پھر (قسم ہے) ان ہواؤں کی جو (بخارات کو) اٹھا کر اوپر لے جاتے ہیں (جن سے بادل تیار ہوتے ہیں) (تیسرا ترجمہ) پھر (قسم ہے) ان فرشتوں کی جو (اپنے پروں کو ہوا میں اور شریعت کے احکام کو زمین میں) پورے طور پھیلاتے ہیں۔

⑤ (یعنی ہوائیں اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق بادلوں کے حصے کر کے جہاں جہاں پہنچانا ہوتا ہے وہاں پہنچا دیتی ہیں، اسی طرح بارش جب برس جاتی ہے اس وقت بھی بادل متفرق جدا ہو جاتے ہیں) (دوسرا ترجمہ) پھر (قسم ہے) ان فرشتوں کی جو (حق اور باطل کو) جدا جدا کر دیتے ہیں (تیسرا) پھر (قسم ہے) قرآن کی آیتوں کی جو (حق و باطل اور حلال و حرام کو) جدا کر دیتی ہیں۔

فَالْمُلْقِيٰتِ ذِكْرًا ۝ عُذْرًا اَوْ نُذْرًا ۝ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَوَاقِعٌ ۝ فَاِذَا النُّجُوْمُ طُمِسَتْ ۝ وَاِذَا السَّمَآءُ فُرِجَتْ ۝ وَاِذَا الْجِبَالُ نُسِفَتْ ۝ وَاِذَا الرُّسُلُ اُقِّتَتْ ۝ لِاَيِّ يَوْمٍ اُجِّلَتْ ۝

پھر ان (ہواؤں) کی (قسم) جو (دل میں خدا کی) یاد ڈالتی ہیں①﴿۵﴾ (یہ اللہ تعالیٰ کی یاد) عذر کرنے کے لیے② یا ڈرانے کے لیے③﴿۶﴾ یقیناً جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جا رہا ہے وہ ضرور واقع ہو کر ہی رہے گا④﴿۷﴾ سو جب تارے مٹا دیے جائیں گے⑤﴿۸﴾ اور جب آسمان چیر دیا جائے گا⑥﴿۹﴾ اور جب پہاڑ (ریزہ ریزہ کر کے) اڑا دیے جائیں گے﴿۱۰﴾ اور جب رسولوں کے (اپنی امت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے سامنے) جمع ہونے کا وقت آجائے گا⑦﴿۱۱﴾ (اگر کوئی کافر سوال کرے کہ اس اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش ہونے کا معاملہ) کس دن کے لیے ملتوی کر دیا گیا ہے؟⑧﴿۱۲﴾

---

① (نرم خوش گوار ہواؤں سے انسان کو دل میں ترغیب پیدا ہوتی ہے اور سخت آندھی سے دل میں ڈر پیدا ہوتا ہے، دونوں صورتوں میں دل میں اللہ تعالیٰ کی یاد تازہ ہوتی ہے)۔ (دوسرا ترجمہ) پھر ان ہواؤں کی (قسم) جو وحی (کی آواز) کو (کانوں تک) پہنچاتی ہیں۔ (تیسرا) پھر (قسم ہے) ان فرشتوں کی جو نصیحت کی باتیں نازل کرتے ہیں (فرشتے انسانی رسولوں کو وحی پہنچاتے ہیں اور رسول تمام انسانوں اور جناتوں کو وحی کی باتیں پہنچاتے ہیں)

② یعنی ہواؤں کی ان کیفیات سے جب اللہ تعالیٰ کی طرف بندوں کی توجہ بڑھ جاتی ہے تو انسان اپنے گناہوں پر نادم ہو کر معذرت پیش کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے۔

③ (دوسرا ترجمہ) (وحی کے ذریعے کافروں کا) الزام دور کرنا ہے، یا (ان کو) ڈرانا ہے (تیسرا) (نیک لوگوں کے لیے وحی) معافی مانگنے کا سبب بنتی ہے یا (برے لوگوں کو) ڈرانے کا ذریعہ بنتی ہے (یعنی وحی سے گناہوں سے معافی مانگنے کی دعوت دی جاتی ہے اور نافرمان لوگوں کو جہنم سے ڈرایا جاتا ہے)۔

نوٹ: سورۂ مرسلات کی ابتدائی آیات کے ترجمے میں جتنے اقوال زیادہ مناسب معلوم ہوئے ان کو سامنے رکھ کر تراجم پیش کیے گئے۔

④ یعنی مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کرنے کا وعدہ۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) سو جب تارے بجھا دیے جائیں گے (تیسرا) سو جب تارے بے نور کر دیے جاویں گے۔

⑥ (دوسرا ترجمہ) اور جب آسمان میں شگاف پڑ جائیں گے۔

⑦ (دوسرا ترجمہ) اور جبکہ رسولوں کو ایک مقررہ وقت پر جمع کر دیا جائے گا۔

⑧ (دوسرا ترجمہ) کس دن کے لیے تاخیر (یعنی دیر) کی گئی ہے؟

لِيَوْمِ الْفَصْلِ ﴿۱۳﴾ وَمَآ أَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الْفَصْلِ ﴿۱۴﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۵﴾ أَلَمْ نُهْلِكِ الْأَوَّلِيْنَ ﴿۱۶﴾ ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۷﴾ كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۸﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۹﴾ أَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ﴿۲۰﴾ فَجَعَلْنٰهُ فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ﴿۲۱﴾ إِلٰى قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۲۲﴾ فَقَدَرْنَا ۖ فَنِعْمَ الْقٰدِرُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۲۴﴾ أَلَمْ نَجْعَلِ الْأَرْضَ كِفَاتًا ﴿۲۵﴾ أَحْيَآءً وَّأَمْوَاتًا ﴿۲۶﴾ وَّجَعَلْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ شٰمِخٰتٍ وَّأَسْقَيْنٰكُمْ مَّآءً فُرَاتًا ﴿۲۷﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۲۸﴾

(توجواب یہ ہے کہ) فیصلہ کےدن کے لیے (تاخیر کی گئی ہے) ﴿۱۳﴾ اورتم کو کیا معلوم کہ وہ فیصلہ کا دن کیسا ہے؟ ﴿۱۴﴾ اس دن (حق کو) جھٹلانے والوں کے لیے بڑی تباہی ہے ﴿۱۵﴾ کیا ہم نے اگلے (کافر) لوگوں کو ہلاک نہیں کر دیا؟ ﴿۱۶﴾ پھر ہم (ان) بعد میں آنے والوں کو بھی ان (اگلے لوگوں) کے پیچھے (بربادی میں) چلتا کر دیں گے ① ﴿۱۷﴾ مجرموں کے ساتھ ہم ایسا ہی سلوک کیا کرتے ہیں ﴿۱۸﴾ اس دن (حق کو) جھٹلانے والوں کے لیے بڑی بربادی ہوگی ﴿۱۹﴾ کیا ہم نے تم کو حقیر پانی (یعنی منی) سے پیدا نہیں کیا؟ ﴿۲۰﴾ پھر ہم نے اس (نطفے) کو ایک مقرر وقت تک مضبوط و محفوظ جگہ (یعنی عورت کی رحم) میں رکھا② ﴿۲۱﴾ ﴿۲۲﴾ پھر ہم نے (انسان کی بناوٹ میں) توازن کیا③، سو ہم کیسے اچھے توازن کرنے والے ہیں④ ﴿۲۳﴾ اس دن (حق کو) جھٹلانے والوں کے لیے بڑی تباہی ہے ﴿۲۴﴾ کیا ہم نے زمین کو زندوں اور مردوں کو سمیٹ کر رکھنے والی نہیں بنایا⑤؟ ﴿۲۵﴾ ﴿۲۶﴾ اور ہم نے اس (زمین) میں بوجھ کے لیے اونچے پہاڑ بنا دیے اور ہم نے تم کو میٹھا پیاس بجھانے والا پانی پلایا ﴿۲۷﴾ اس دن (حق کو) جھٹلانے والوں کے لیے بڑی تباہی ہے ﴿۲۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) پھر ہم بعد میں آنے والوں کو ان (اگلے لوگوں) کے ساتھ (بربادی میں) کر دیں گے ② (دوسرا ترجمہ) جمے ہوئے ٹھکانے۔ ③ یعنی تمام اعضا برابر برابر بنائے۔ ④ (دوسرا ترجمہ) پھر ہم نے (نطفے میں تصرفات کا) اندازہ مقرر کیا (نطفے کو مختلف مراحل سے گزار کر کامل انسان بنانے کا اندازہ اور جسم میں کوئی ضروری چیز باقی رہ نہ جاوے اور جسم میں کوئی زائد بیکار چیز پیدا نہ ہو جائے) سو ہم کتنے اچھے اندازہ کرنے والے ہیں (تیسرا) پھر ہم نے منصوبہ بنایا، سو ہم کتنے اچھے منصوبہ بندی کرنے والے ہیں۔ ⑤ زندہ لوگ زمین پر چلتے پھرتے ہیں اور مردے زمین میں سوتے ہیں۔

اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰى مَا كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ۚ اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰى ظِلٍّ ذِيْ ثَلٰثِ شُعَبٍ ۙ لَّا ظَلِيْلٍ وَّلَا يُغْنِيْ مِنَ اللَّهَبِ ۭ اِنَّهَا تَرْمِيْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ ۚ كَاَنَّهٗ جِمٰلَتٌ صُفْرٌ ۭ وَيْلٌ يَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝ هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ ۙ وَلَا يُؤْذَنُ لَهُمْ فَيَعْتَذِرُوْنَ ۝ وَيْلٌ يَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝ هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ ۚ جَمَعْنٰكُمْ وَالْاَوَّلِيْنَ ۝ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ كَيْدٌ فَكِيْدُوْنِ ۝ وَيْلٌ يَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝

(ان کافروں سے کہا جائے گا کہ) جس (عذاب) کو تم جھٹلاتے تھے اس کی طرف چلو ﴿٢٩﴾ تم ایک ایسے سائبان کی طرف چلو جس کی تین شاخیں ہیں ① ﴿٣٠﴾ اس (سائبان) میں ایسا گہرا سایہ نہیں ہے (جو گرمی سے بچائے) اور نہ آگ کی تپش سے بچائے ﴿٣١﴾ وہ (جہنم) تو محل جیسے بڑے بڑے شعلے پھینکتی ہوگی ② ﴿٣٢﴾ (ایسا لگے گا) جیسے وہ زرد رنگ کے اونٹ ہیں ③ ﴿٣٣﴾ اس دن (حق کو) جھٹلانے والوں کے لیے بڑی تباہی ہے ﴿٣٤﴾ یہ ایسا دن ہے جس میں وہ لوگ بول بھی نہیں سکیں گے ﴿٣٥﴾ اور ان کو اس بات کی اجازت بھی نہیں ہوگی کہ وہ کوئی عذر پیش کریں ④ ﴿٣٦﴾ اس دن (حق کو) جھٹلانے والوں کے لیے بڑی تباہی ہے ﴿٣٧﴾ یہ فیصلے کا دن ہے، ہم نے تم کو اور اگلے لوگوں کو جمع کر دیا ﴿٣٨﴾ پھر اگر تمہارے پاس کوئی داؤ (یعنی تدبیر) ہے؟ تو مجھ پر (اپنا) داؤ چلاؤ ⑤ ﴿٣٩﴾ اس دن (حق کو) جھٹلانے والوں کے لیے بڑی تباہی ہے ﴿٤٠﴾

---

① آیت کا حاصل ہو دوزخ کی آگ سے بہت زیادہ دھواں اٹھے گا جو اونچا ہوگا اور سائبان کی طرح کفار کے سروں پر آجاوے گا اور اونچا ہو کر تین حصوں میں تقسیم ہوگا، ایک حصہ کفار کے سروں پر، دوسرا ان کی داہنی جانب، تیسرا حصہ بائیں جانب ہوگا حساب ختم ہونے تک کفار اسی دھوئیں کے سائبان میں رہیں گے۔ (دوسرا ترجمہ) تم (دھوئیں) کے ایک سایہ کی طرف چلو جس کی شاخیں تین ہیں (دوزخ کی آگ سے نکلنے والے دھوئیں کا سایہ ہوگا جو برائے نام سایہ ہوگا جس میں گرمی اور پیاس میں کوئی کمی نہیں آئے گی۔ مؤمنین کاملین ایسے وقت عرش کے سایہ میں ہوں گے، اللھم اجعلنا منھم بفضلک وکرمک۔

② (دوسرا ترجمہ) وہ دھوئیں کا سائبان تو محل جیسی بڑی بڑی چنگاریاں پھینکتا ہوگا۔

③ گہرا زرد کالے جیسا لگتا ہے اس لیے کالے کا ترجمہ بھی کیا گیا ہے۔

④ یعنی توبہ کرنے کا موقع نہیں دیا جائے گا۔ ⑤ عذاب کو ٹالنے کی کوئی تدبیر ہو تو کر کے دکھاؤ۔

إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي ظِلَالٍ وَعُيُونٍ ﴿٤١﴾ وَفَوَاكِهَ مِمَّا يَشْتَهُونَ ﴿٤٢﴾ كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيئًا بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٤٣﴾ إِنَّا كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ﴿٤٤﴾ وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِينَ ﴿٤٥﴾ كُلُوا وَتَمَتَّعُوا قَلِيلًا إِنَّكُم مُّجْرِمُونَ ﴿٤٦﴾ وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِينَ ﴿٤٧﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ ارْكَعُوا لَا يَرْكَعُونَ ﴿٤٨﴾ وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِينَ ﴿٤٩﴾ فَبِأَيِّ حَدِيثٍ بَعْدَهُ يُؤْمِنُونَ ﴿٥٠﴾

یقینا تقویٰ والے سایوں① اور چشموں (کے درمیان) میں ہوں گے ﴿۴۱﴾ اور جن کو دل چاہتے ہوں ایسے میووں میں ہوں گے② ﴿۴۲﴾ (ان کو کہا جائے گا کہ) جو اعمال تم کرتے تھے اس کے بدلے میں مزے سے کھاؤ اور پیو ﴿۴۳﴾ ہم نیکی کرنے والوں کو ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں ﴿۴۴﴾ اس دن (حق کو) جھٹلانے والوں کے لیے بڑی تباہی ہے ﴿۴۵﴾ (اے کافرو! دنیا میں) کچھ وقت کھالو اور مزے اڑا لو، بے شک تم مجرم ہو ﴿۴۶﴾ اس دن (حق کو) جھٹلانے والوں کے لیے بڑی تباہی ہے ﴿۴۷﴾ اور جب ان (کافروں) کو کہا جاتا ہے کہ: (اللہ تعالیٰ کے آگے) جھک جاؤ تو وہ جھکتے نہیں ہیں ﴿۴۸﴾ اس دن (حق کو) جھٹلانے والوں کے لیے بڑی تباہی ہے ﴿۴۹﴾ اس (قرآن) کے بعد اب کونسی بات پر وہ ایمان لائیں گے؟ ﴿۵۰﴾

---

① پہلے عرش کا پھر جنت کا۔

② (دوسرا ترجمہ) اور اپنے من پسند میووں میں ہوں گے۔

سورة النبا

(المكية)

اياتها:۴۰۔رکوعاتها:۲۔

یہ سورت مکی ہے،اس میں چالس(۴۰) آیتیں ہیں۔سورۃ معارج کے بعد اور سورۃ نازعات سے پہلے اسی(۸۰) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں نبأعظیم یعنی عظیم الشان خبر یا ہیبت ناک بات یعنی قیامت کا تذکرہ ہے۔

اس سورت کا دوسرا نام "عم یتساءلون" بھی ہے؛سورت کے شروع ہی میں یہ لفظ آیا ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

عَمَّ یَتَسَآءَلُوۡنَ ۚ﴿۱﴾ عَنِ النَّبَاِ الۡعَظِیۡمِ ۙ﴿۲﴾ الَّذِیۡ ہُمۡ فِیۡہِ مُخۡتَلِفُوۡنَ ؕ﴿۳﴾ کَلَّا سَیَعۡلَمُوۡنَ ۙ﴿۴﴾ ثُمَّ کَلَّا سَیَعۡلَمُوۡنَ ﴿۵﴾ اَلَمۡ نَجۡعَلِ الۡاَرۡضَ مِہٰدًا ۙ﴿۶﴾ وَّ الۡجِبَالَ اَوۡتَادًا ۪ۙ﴿۷﴾ وَّ خَلَقۡنٰکُمۡ اَزۡوَاجًا ۙ﴿۸﴾ وَّ جَعَلۡنَا نَوۡمَکُمۡ سُبَاتًا ۙ﴿۹﴾ وَّ جَعَلۡنَا الَّیۡلَ لِبَاسًا ﴿۱۰﴾ وَّ جَعَلۡنَا النَّہَارَ مَعَاشًا ﴿۱۱﴾ وَّ بَنَیۡنَا فَوۡقَکُمۡ سَبۡعًا شِدَادًا ﴿۱۲﴾ وَّ جَعَلۡنَا سِرَاجًا وَّہَّاجًا ﴿۱۳﴾ وَّ اَنۡزَلۡنَا مِنَ الۡمُعۡصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا ﴿۱۴﴾ لِّنُخۡرِجَ بِہٖ حَبًّا وَّ نَبَاتًا ﴿۱۵﴾ وَّ جَنّٰتٍ اَلۡفَافًا ﴿۱۶﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

وہ (آخرت کا انکار کرنے والے) آپس میں کس چیز کے بارے میں سوال کر رہے ہیں؟ ﴿۱﴾ اس بڑی عظیم خبر کے متعلق (سوال کر رہے ہیں)① ﴿۲﴾ جس کے بارے میں خود ان کی باتیں مختلف ہیں ﴿۳﴾ خبردار! ان کو بہت جلدی معلوم ہو جائے گا ﴿۴﴾ دوبارہ خبردار! ان کو بہت جلدی پتہ چل جائے گا ﴿۵﴾ کیا ہم نے زمین کو بچھونا نہیں بنایا؟ ﴿۶﴾ اور پہاڑوں کو میخیں نہیں بنایا؟ ﴿۷﴾ اور ہم نے ہی تم کو (مرد و عورت کا) جوڑا بنایا ﴿۸﴾ اور ہم نے تمھاری نیند کو تھکن دور کرنے (یعنی راحت حاصل کرنے) کا ذریعہ بنایا ﴿۹﴾ اور ہم نے رات کو لباس (یعنی پردے کا ذریعہ) بنایا② ﴿۱۰﴾ اور ہم نے دن کو روزی حاصل کرنے کا وقت بنایا ﴿۱۱﴾ اور ہم نے تمھارے اوپر سات مضبوط آسمان بنا دیے ﴿۱۲﴾ اور ہم نے ہی ایک جگمگاتا چراغ (یعنی سورج) بنا دیا ﴿۱۳﴾ اور ہم نے ہی برسنے والے بادلوں میں سے موسلا دھار پانی برسایا③ ﴿۱۴﴾ تاکہ ہم اس (پانی) کے ذریعہ سے اناج اور سبزیاں اگائیں ﴿۱۵﴾ اور (پتوں میں) لپٹے ہوئے (گھنے) باغات بنائے ﴿۱۶﴾

---

① قیامت یا قرآن کے متعلق سوالات۔

② نکتہ: حضرت ابن عباسؓ کو کسی نے سوال کیا: نکاح کی مجلس رات میں یا دن میں ہو؟ ارشاد فرمایا: رات میں؛ اس لیے کہ قرآن میں عورتوں کو بھی لباس کہا گیا اور رات کو بھی لباس کہا گیا؛ اس لیے دونوں کو ایک دوسرے سے مناسبت ہے۔

③ (دوسرا ترجمہ) اور ہم نے ہی پانی سے بھرے ہوئے بادلوں سے بکثرت پانی برسایا۔

إِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيقَاتًا ﴿١٧﴾ يَوْمَ يُنفَخُ فِي الصُّورِ فَتَأْتُونَ أَفْوَاجًا ﴿١٨﴾ وَفُتِحَتِ السَّمَاءُ
فَكَانَتْ أَبْوَابًا ﴿١٩﴾ وَسُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا ﴿٢٠﴾ إِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ﴿٢١﴾
لِّلطَّاغِينَ مَآبًا ﴿٢٢﴾ لَّابِثِينَ فِيهَا أَحْقَابًا ﴿٢٣﴾ لَّا يَذُوقُونَ فِيهَا بَرْدًا وَلَا شَرَابًا ﴿٢٤﴾ إِلَّا حَمِيمًا
وَغَسَّاقًا ﴿٢٥﴾ جَزَاءً وِفَاقًا ﴿٢٦﴾ إِنَّهُمْ كَانُوا لَا يَرْجُونَ حِسَابًا ﴿٢٧﴾ وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا كِذَّابًا ﴿٢٨﴾ وَكُلَّ
شَيْءٍ أَحْصَيْنَاهُ كِتَابًا ﴿٢٩﴾ فَذُوقُوا فَلَن نَّزِيدَكُمْ إِلَّا عَذَابًا ﴿٣٠﴾

إِنَّ لِلْمُتَّقِينَ مَفَازًا ﴿٣١﴾ حَدَائِقَ وَأَعْنَابًا ﴿٣٢﴾ وَكَوَاعِبَ أَتْرَابًا ﴿٣٣﴾ وَكَأْسًا دِهَاقًا ﴿٣٤﴾

یقیناً فیصلہ کا دن ایک وقت مقرر ہے ﴿۱۷﴾ جس دن صور پھونکا جائے گا تو تم سب الگ الگ جماعت ہو کر آؤ گے ① ﴿۱۸﴾ اور آسمان کھول دیا جائے گا تو اس میں دروازے ہی دروازے ہو جائیں گے ② ﴿۱۹﴾ اور پہاڑوں کو چلایا جائے گا تو وہ چمکتا ریت ہو جائیں گے ③ ﴿۲۰﴾ یقین رکھو! جہنم تو تاک میں لگی ہوئی ہے ④ ﴿۲۱﴾ وہ شریروں کا ٹھکانہ ہے ﴿۲۲﴾ وہ اس میں مدتوں (اس طرح) رہیں گے ﴿۲۳﴾ کہ اس (جہنم) میں وہ کسی ٹھنڈک (یا راحت) کا مزہ نہیں چکھیں گے اور نہ پینے کے قابل کوئی چیز کا ﴿۲۴﴾ مگر (ہاں!) سخت گرم پانی اور بہتی ہوئی پیپ (ملے گی) ﴿۲۵﴾ یہ ان کا پورا بدلہ ہوگا ⑤ ﴿۲۶﴾ کیوں کہ وہ (آخرت کے) حساب کا ڈر نہیں رکھتے تھے ﴿۲۷﴾ اور انھوں نے ہماری آیتوں کو بڑھ چڑھ کر جھٹلایا تھا ⑥ ﴿۲۸﴾ اور ہر چیز کو ہم نے لکھ کر ضبط (یعنی محفوظ) کر رکھا ہے ﴿۲۹﴾ (اور ان کو کہا جائے گا) اب تم (عذاب کا) مزہ چکھو! سو ہم تم پر عذاب ہی بڑھاتے رہیں گے ﴿۳۰﴾

یقیناً تقویٰ والوں کے لیے بڑی کامیابی ہے ﴿۳۱﴾ باغات اور انگور ہیں ﴿۳۲﴾ اور ابھرتی جوانی والی ہم عمر لڑکیاں ہیں ﴿۳۳﴾ اور چھلکتے ہوئے پیالے ہیں ﴿۳۴﴾

---

① یعنی مؤمن کافر سب الگ الگ جماعتوں میں ہوں گے، نیک اور برے اعمال کے اعتبار سے بھی مختلف جماعتیں ہوں گی۔ ② جس طرح بہت سارے دروازے کھلنے سے بہت بڑی جگہ کھل جاتی ہے اس طرح یہ آسمان کھل جائے گا۔
③ یعنی پہاڑوں کو ان کی جگہ سے ہٹا دیا جائے گا۔ ④ (دوسرا ترجمہ) یقین رکھو! جہنم گھات میں لگی ہوئی ہے۔ ⑤ (دوسرا ترجمہ) یہ ان کا (ان کے اعمال کے) موافق بدلہ ہوگا۔ ⑥ (دوسرا ترجمہ) انھوں نے ہماری آیتوں کو بالکل ہی جھٹلا دیا تھا۔

لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا كِذّٰبًا ۝ جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً حِسَابًا ۝ رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا ۝ يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا ۛ لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ۝ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ۝ اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا قَرِيْبًا ۚ يَّوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ وَيَقُوْلُ الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرٰبًا ۝

اس (جنت) میں وہ کوئی لغویات نہیں سنیں گے① اور نہ جھوٹی بات (سنیں گے) ﴿۳۵﴾ تمھارے رب کی طرف سے ایسا بدلہ ہوگا اور ایسی دین ہوگی جو اعمال کے حساب سے دی جائے گی② ﴿۳۶﴾ جو آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان میں ہے اس کے مالک ہیں، بڑی رحمت والے ہیں، کسی کو مجال نہیں ہوگی کہ ان کے سامنے بول سکے③ ﴿۳۷﴾ جس دن روح④ اور فرشتے (اللہ تعالیٰ کے سامنے) صف بنا کر کھڑے ہوں گے اس دن کوئی شخص بول نہیں سکے گا، مگر (ہاں!) رحمٰن جس کو اجازت دیوے اور وہ بات بھی ٹھیک (یعنی معقول) کہے⑤ ﴿۳۸﴾ یہ (قیامت کا) دن (کہ اس کا واقع ہونا) یقینی ہے، اب جو چاہے اپنے رب کے پاس ٹھکانہ بنالیوے⑥ ﴿۳۹﴾ حقیقت یہ ہے کہ ہم نے تم کو قریب آنے والے عذاب سے ڈرایا ہے، جس دن ہر شخص اپنے ان اعمال کو (اپنی آنکھوں سے) دیکھ لے گا جو اس کے ہاتھوں نے آگے بھیجے ہیں اور کافر (یہ) کہے گا: کاش میں (کسی طرح) مٹی ہو جاتا! ﴿۴۰﴾

---

① یعنی جنت بھی لغویات سے پاک ہے، کاش ہم ہماری زندگی کو لغویات سے بچانے والے بن جائے۔ ② (دوسرا ترجمہ) تمھارے رب کی طرف سے ایسا بدلہ ہوگا جو (ان کی ضروریات کے) حساب سے دیا جائے گا (تیسرا ترجمہ) تمھارے رب کی طرف سے ایسا بدلہ ہوگا جو پورا انعام ہوگا۔ (انسان کمزور ہے، اعمال میں بھی کمزوریاں ہے، وہ کہاں اس قابل کہ اس کے بدلے جنت ملے، یہ جنت کا ملنا تو محض انعام الٰہی ہے، اس پر مزید یہ کہ اس کو ہمارے اعمال کے بدلے میں بتایا جاوے۔ اللھم لک الحمد کما ینبغی لجلال وجھک و عظیم سلطانک۔ ③ (دوسرا ترجمہ) کسی کو طاقت نہیں ہوگی کہ دو ان سے بات کر سکے۔ ④ روح: (۱) تمام جاندار مراد ہیں (۲) روح اعظم مراد ہے (۳) جبرئیل علیہ السلام مراد ہے۔

⑤ اللہ تعالیٰ کی اجازت سے صرف مستحق ہی کی سفارش کریں گے اور دنیا میں جو لوگ سب سے زیادہ ٹھیک بات یعنی کلمۂ شہادت دل و زبان سے بولتے تھے وہی سفارش کے مستحق ہوں گے۔

⑥ یعنی نیک اعمال کے ذریعے آخرت میں اچھا ٹھکانہ بنالیوے۔ آخرت کی تیاری کر لیوے۔

سورة النازعات

(المكية)

اياتها: ۴۶۔ رکوعاتها: ۲۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں چھیالیس (۴۶) آیتیں ہیں۔ سورۃ نبا کے بعد اور سورۃ انفطار سے پہلے اکیاسی (۸۱) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں نازعات کی قسم کھائی گئی ہے۔ نازعات سے مراد: وہ فرشتے جو کافروں کی روحوں کو سختی سے جسم کی رگوں سے گھسیٹ کر نکال لیتے ہیں، جیسے بھیگی ہوئی روئی میں کانٹوں والی سلاخ ڈال کر کھینچی جائے تو روئی کے اجزاء کو لے کر سلاخ نکلتی ہے، ویسا حال کافروں کی روحوں کا ہوتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا ۙ﴿۱﴾ وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا ۙ﴿۲﴾ وَّالسّٰبِحٰتِ سَبْحًا ۙ﴿۳﴾ فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا ۙ﴿۴﴾ فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ۘ﴿۵﴾ يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ۙ﴿۶﴾ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ ؕ﴿۷﴾ قُلُوْبٌ يَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ۙ﴿۸﴾ اَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ ۘ﴿۹﴾ يَقُوْلُوْنَ ءَاِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِي الْحَافِرَةِ ؕ﴿۱۰﴾ ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً ؕ﴿۱۱﴾ قَالُوْا تِلْكَ اِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ ۘ﴿۱۲﴾ فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ ۙ﴿۱۳﴾ فَاِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ ؕ﴿۱۴﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

قسم ہے ان (فرشتوں) کی جو (کافروں کی روح) نہایت سختی سے کھینچتے ہیں ﴿۱﴾ اور جو (ایمان والوں کی روح کی) گرہ نرمی سے کھول دیتے ہیں① ﴿۲﴾ اور (ہوا میں) تیرتے ہوئے (آتے) جاتے ہیں② ﴿۳﴾ پھر (جو حکم ملتا ہے اس کو پورا کرنے میں) دوڑ کر آگے بڑھتے ہیں ﴿۴﴾ پھر جو حکم ملا اس (کو پورا کرنے) کی تدبیر (یعنی انتظام) کرتے ہیں ﴿۵﴾ کہ جس دن ہلا دینے والی (ہر چیز کو) ہلا ڈالے گی③ ﴿۶﴾ جس کے بعد پیچھے آنے والی چیز آوے گی④ ﴿۷﴾ کتنے دل اس دن دھڑکتے ہوں گے ﴿۸﴾ ان کی آنکھیں جھکی ہوئی ہوں گی ﴿۹﴾ وہ (قیامت کا انکار کرنے والے) کہتے ہیں کہ: کیا ہم پہلی والی حالت پر پھر لوٹا دیے جائیں گے؟⑤ ﴿۱۰﴾ کیا جب ہم کھوکھلی (یعنی بوسیدہ) ہڈیوں میں تبدیل ہو چکے ہوں گے؟ ﴿۱۱﴾ کہتے ہیں کہ: اگر ایسا ہوا تب تو بڑی نقصان دینے والی واپسی ہوگی ﴿۱۲﴾ سو وہ تو ایک ہی سخت آواز ہوگی ﴿۱۳﴾ جس کے بعد وہ سب لوگ فوراً کھلے میدان میں آجائیں گے ﴿۱۴﴾

---

① نہایت آسانی نرمی سے صالحین کی ارواح قبض کرتے ہیں۔ **اللھم ارزقنا منہ بفضلک و کرمک۔**

② ملائکہ بڑی تیزی اور آسانی سے آتے جاتے ہیں۔

③ پہلی صور کے وقت زلزلہ آوے گا جس سے ہر چیز ہلنے لگے گی۔

④ (دوسرا ترجمہ) پھر اس کے پیچھے دوسرا جھٹکا آئے گا۔

⑤ یعنی موت کے بعد ایک دوسری نئی زندگی ہوگی؟

هَلْ أَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ﴿۱۵﴾ إِذْ نَادٰىهُ رَبُّهٗ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ﴿۱۶﴾ اِذْهَبْ إِلٰى فِرْعَوْنَ إِنَّهٗ طَغٰى ﴿۱۷﴾ فَقُلْ هَلْ لَّكَ إِلٰٓى أَنْ تَزَكّٰى ﴿۱۸﴾ وَأَهْدِيَكَ إِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى ﴿۱۹﴾ فَأَرٰىهُ الْاٰيَةَ الْكُبْرٰى ﴿۲۰﴾ فَكَذَّبَ وَعَصٰى ﴿۲۱﴾ ثُمَّ أَدْبَرَ يَسْعٰى ﴿۲۲﴾ فَحَشَرَ فَنَادٰى ﴿۲۳﴾ فَقَالَ أَنَا رَبُّكُمُ الْأَعْلٰى ﴿۲۴﴾ فَأَخَذَهُ اللّٰهُ نَكَالَ الْاٰخِرَةِ وَالْأُوْلٰى ﴿۲۵﴾ إِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ﴿۲۶﴾

ءَأَنْتُمْ أَشَدُّ خَلْقًا أَمِ السَّمَآءُ ۚ بَنٰىهَا ﴿۲۷﴾ رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوّٰىهَا ﴿۲۸﴾ وَأَغْطَشَ لَيْلَهَا وَأَخْرَجَ ضُحٰىهَا ﴿۲۹﴾

(اے نبی!) کیا تم کو موسیٰ کا واقعہ پہنچا ہے ① ﴿۱۵﴾ جب ان کو ان کے رب نے طویٰ نامی ایک مقدس میدان میں آواز دی تھی ﴿۱۶﴾ کہ (موسیٰ!) تم فرعون کے پاس جاؤ؛ کیوں کہ وہ حد سے آگے بڑھ گیا ہے ﴿۱۷﴾ پھر (اس کو) کہو کہ: کیا تیرا دل چاہتا ہے کہ تو درست ہو جاوے؟ ﴿۱۸﴾ اور میں تیرے رب کی طرف تیری رہنمائی کروں کہ تو (اس سے) ڈر جائے ﴿۱۹﴾ پھر موسیٰ نے اس کو بڑا معجزہ دکھایا ﴿۲۰﴾ پھر بھی اس (فرعون) نے (موسیٰ کو) جھٹلایا اور (اس نبی کی) بات نہیں مانی ﴿۲۱﴾ پھر پیٹھ پھرا کر چلا اور (موسیٰ کے خلاف) کوشش کرنے لگا ② ﴿۲۲﴾ پھر (لوگوں کو) جمع کیا اور اونچی آواز لگائی ﴿۲۳﴾ اور (یوں) کہا کہ: میں تمھارا سب سے بڑا رب ہوں ﴿۲۴﴾ نتیجہ یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو آخرت اور دنیا (دونوں) کے عذاب میں پکڑ لیا ﴿۲۵﴾ یقیناً اس (واقعے) میں اس شخص کے لیے بڑی عبرت ہے جو (اللہ تعالیٰ کا) ڈر رکھتا ہو ﴿۲۶﴾

(اے انسانو!) کیا تم کو پیدا کرنا زیادہ مشکل ہے یا آسمان کو؟ اس (اللہ تعالیٰ) نے اس (آسمان) کو بنایا ﴿۲۷﴾ اس کی چھت کو بلند کیا ③ سو اس کو ٹھیک ٹھاک بنایا ④ ﴿۲۸﴾ اور اس کی رات اندھیری بنائی اور اس کے دن کی دھوپ کو ظاہر کیا ⑤ ﴿۲۹﴾

---

① اس قدر سمجھانے کے باوجود لوگ قیامت کو مانتے نہیں جس کی وجہ سے حضرت نبی کریم ﷺ کے قلب اطہر پر بڑا اثر ہونا لازمی بات تھی؛ اس لیے آپ ﷺ کو تسلی دینے کے لیے حضرت موسیٰؑ کا واقعہ سنایا جا رہا ہے۔ ② (دوسرا ترجمہ) پھر (موسیٰ کے خلاف) دوڑ دھوپ کرنے کے لیے پیٹھ پھرا کر چلا۔ ③ (دوسرا ترجمہ) اس کی بلندی کو اونچا کیا۔ ④ (دوسرا ترجمہ) سو (اس کی گولائی) برابر کر دی۔ ⑤ رات دن کی تبدیلی سورج کے طلوع اور غروب سے ہے اور سورج آسمان میں ہے۔

وَالْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰىهَاؕ۝۳۰ اَخْرَجَ مِنْهَا مَآءَهَا وَمَرْعٰىهَا۝۳۱ وَالْجِبَالَ اَرْسٰىهَا۝۳۲ مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْؕ۝۳۳ فَاِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى۝۳۴ يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ مَا سَعٰىۙ۝۳۵ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِمَنْ يَّرٰى۝۳۶ فَاَمَّا مَنْ طَغٰىۙ۝۳۷ وَاٰثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَاۙ۝۳۸ فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ الْمَاْوٰىؕ۝۳۹ وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰىۙ۝۴۰ فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰىؕ۝۴۱ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَاؕ۝۴۲ فِيْمَ اَنْتَ مِنْ ذِكْرٰىهَاؕ۝۴۳ اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهٰىهَاؕ۝۴۴ اِنَّمَاۤ اَنْتَ مُنْذِرُ مَنْ يَّخْشٰىهَاؕ۝۴۵ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْۤا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰىهَا۝۴۶

اور زمین کو اس کے بعد بچھا دیا①﴿۳۰﴾ اور اس (زمین) سے اس کا پانی اور اس کا چارہ نکالا﴿۳۱﴾ اور پہاڑوں کو اس پر گاڑھ دیا②﴿۳۲﴾ تا کہ تم کو اور تمھارے جانوروں کو فائدہ پہنچاوے﴿۳۳﴾ پھر جب وہ سب سے بڑا (قیامت کا) ہنگامہ برپا ہوگا﴿۳۴﴾ جس دن انسان اپنے سب کیے ہوئے کاموں کو یاد کرے گا﴿۳۵﴾ اور جہنم کو دیکھنے والوں کے سامنے ظاہر کر دیا جائے گا﴿۳۶﴾ سو جو شخص حد سے نکلا تھا﴿۳۷﴾ اور دنیا کی زندگی کو بہتر سمجھا تھا③﴿۳۸﴾ تو جہنم ہی (اس کا) ٹھکانہ ہوگا﴿۳۹﴾ اور جو شخص اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرا تھا اور (اپنے) نفس کو (ناجائز) خواہشات سے روکا تھا﴿۴۰﴾ تو جنت ہی (اس کا) ٹھکانہ ہوگا﴿۴۱﴾ وہ لوگ تم سے قیامت کے بارے میں سوال کرتے ہیں کہ: وہ (قیامت) کب قائم ہوگی؟﴿۴۲﴾ اس کا وقت بیان کرنے سے تمھارا کیا تعلق؟④﴿۴۳﴾ اس (قیامت) کے (واقع ہونے کے) علم کا منتہیٰ تمھارے رب کی جانب ہے⑤﴿۴۴﴾ جو شخص اس (قیامت) سے ڈرتا ہو تم صرف اسی کو ڈرانے والے ہو﴿۴۵﴾ وہ لوگ جس دن اس (قیامت) کو دیکھ لیں گے تو ان کو ایسا معلوم ہوگا کہ وہ (دنیا میں یا قبر میں) ایک شام یا اس کی ایک صبح سے زیادہ نہیں رہے﴿۴۶﴾

---

① زمین کو رہائش کے قابل بنایا، اس کے رہنے والوں کی تمام ضروریات کے اسباب مہیا کر دیئے۔ ② (دوسرا ترجمہ) اور پہاڑوں کو (اس زمین پر) قائم کر دیا۔ ③ (دوسرا ترجمہ) اور دنیا کی زندگی کو ترجیح دی تھی۔ ④ (دوسرا ترجمہ) اس کا وقت بیان کرنے سے تمھارا کیا کام ہے؟ ⑤ (دوسرا ترجمہ) اس (قیامت) کے واقع ہونے کا علم رب ہی کے حوالے ہے۔

سورة عبس

(المكية)

اياتها: ۴۲۔ رکوعها: ۱۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں بیالیس (۴۲) آیتیں ہیں۔ سورۃ نجم کے بعد اور سورۃ قدر سے پہلے چوبیس (۲۴) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت کے شروع ہی میں لفظ "عبس" آیا ہوا ہے۔

سورت کے شروع میں حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک خاص ادا کا تذکرہ ہے۔

"عبس" کہتے ہیں "منہ بنالینے" کو، جو انسان کے دل میں کسی چیز کے بارے میں تنگی ہوتی ہے تو اس کا ظہور پیشانی پر بل آجانے سے ہوتا ہے۔

اگر منہ بنانے کی وجہ سے دانت بھی ظاہر ہوجائے تو "کلح" کہتے ہیں۔

اور اگر منہ بنانے کا فکر اور اہتمام بھی ہو تو اس کو "بسر" کہتے ہیں۔

اور ساتھ میں غصہ بھی ہو تو "بسل" کہتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

عَبَسَ وَتَوَلّٰٓى ۝ اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰى ۝ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّهٗ يَزَّكّٰٓى ۝ اَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰى ۝ اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰى ۝ فَاَنْتَ لَهٗ تَصَدّٰى ۝ وَمَا عَلَيْكَ اَلَّا يَزَّكّٰى ۝ وَاَمَّا مَنْ جَآءَكَ يَسْعٰى ۝ وَهُوَ يَخْشٰى ۝ فَاَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰى ۝ كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ۝ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ۝ فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ۝ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ۝

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

پیشانی پر بل آیا① اور منہ پھیر لیا ﴿۱﴾ اس لیے کہ ان کے پاس ایک نابینا شخص آیا تھا ﴿۲﴾ اور (اے نبی!) تم کو کیا خبر کہ (تمھاری تعلیمات کی برکت سے) شاید وہ سنور جاتا ﴿۳﴾ یا وہ کوئی نصیحت کی بات قبول کر لیتا تو اس کو نصیحت کرنا فائدہ پہنچاتا ﴿۴﴾ سو وہ شخص جو (دین سے) بے پروائی کرتا تھا ﴿۵﴾ تم اس کی فکر میں لگتے ہو (کہ وہ کسی طرح ایمان میں داخل ہو جائے) ﴿۶﴾ حالاں کہ وہ نہ سدھرے تو آپ پر کوئی ذمے داری نہیں آتی تھی ﴿۷﴾ اور جو شخص (پوری طلب سے) تمھارے پاس دوڑتا ہوا آیا ہے ﴿۸﴾ اور وہ ڈرتا بھی ہے ﴿۹﴾ تو تم اس کی طرف سے بے پروائی کرتے ہو؟ ﴿۱۰﴾ ہرگز ایسا نہ کیجیے، وہ (قرآن) تو ایک نصیحت ہے② ﴿۱۱﴾ اب جو کوئی چاہے اسے قبول کرے③ ﴿۱۲﴾ وہ (قرآن لکھا ہوا ہے) عظمت (یعنی تقدس) والے صحیفوں میں ہیں ﴿۱۳﴾ (وہ صحیفے اللہ تعالیٰ کی نظر میں) اونچے مرتبہ والے ہیں④ بڑے پاکیزہ ہیں ﴿۱۴﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) منہ بنایا۔ حضرت نبی کریم ﷺ کے لیے غائب کے صیغے استعمال ہوئے ہیں، آپ کے عالی مقام اور اعزاز واکرام کی بات ہے۔ اس سے ایک سبق ملا کہ کسی پر کسی وجہ سے عتاب کا اظہار کرنا ہو تو غائب کے صیغے یا عمومی انداز اختیار کیا جائے جس پر عتاب کیا جا رہا ہے وہ شخص سمجھ ہی جائے گا؛ لیکن ان کی عزتِ نفس سلامت رہے گی، کسی کو تعیین سے اس کا قصوروار ہونا معلوم نہیں ہو سکے گا، خود حضرت نبی کریم ﷺ کے طرزِ بیان میں بھی یہ انداز ملتا ہے۔

② اور آپ کے ذمے اس کی تبلیغ ہے۔ ③ (دوسرا ترجمہ) اب جو کوئی چاہے اس کو یاد کر لے۔

④ اور ان کا ظاہری مقام بھی بہت اونچا ہے، ساتوں آسمان کے اوپر لوحِ محفوظ ہے۔

بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ ۝ كِرَامٍۭ بَرَرَةٍ ۝ قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهٗ ۝ مِنْ اَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ ۝ مِنْ نُّطْفَةٍ ؕ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ۝ ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ ۝ ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ۝ ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ ۝ كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَآ اَمَرَهٗ ۝ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ اِلٰى طَعَامِهٖ ۝ اَنَّا صَبَبْنَا الْمَآءَ صَبًّا ۝ ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ۝ فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا حَبًّا ۝ وَّعِنَبًا وَّقَضْبًا ۝

جو ایسے لکھنے والوں کے ہاتھوں میں رہتے ہیں ﴿۱۵﴾ جو خود بڑی عزت والے، بڑے نیک ہیں ① ﴿۱۶﴾ انسان مارا جاوے! وہ کتنا ناشکرا ہے؟ ﴿۱۷﴾ (انسان ذرا سوچے تو) اللہ تعالیٰ نے اس کو کس چیز سے پیدا کیا ہے؟ ﴿۱۸﴾ نطفے سے ② اس کو پیدا کیا، پھر اس کو (ہر چیز میں) ایک خاص انداز عطا فرمایا ③④ ﴿۱۹﴾ پھر اس کے لیے راستہ آسان کر دیا ⑤ ﴿۲۰﴾ پھر اس کو موت دی اور اس کو قبر میں پہنچا دیا ⑥ ﴿۲۱﴾ پھر اللہ تعالیٰ جب چاہیں گے اس کو دوبارہ زندہ کر دیں گے ﴿۲۲﴾ ہرگز نہیں! اللہ تعالیٰ نے اس (انسان) کو جس بات کا حکم دیا تھا ابھی تک اس نے اس کو پورا ہی نہیں کیا ﴿۲۳﴾ سو انسان کو اپنے کھانے کو دیکھ لینا چاہیے ﴿۲۴﴾ کہ ہم نے (اوپر سے) خوب پانی برسایا ﴿۲۵﴾ پھر ہم نے زمین کو عجیب طریقے سے پھاڑا ﴿۲۶﴾ پھر ہم نے اس (زمین) میں غلے اگائے ﴿۲۷﴾ اور انگور اور سبزیاں (اگائیں) ﴿۲۸﴾

---

① لوح محفوظ سے نقل کرنے والے ملائکہ بھی بڑے معزز نیک ہیں اور دنیا میں کاتبین وحی حضراتِ صحابہ بھی ملائکہ جیسے اوصاف کے حاملین ہیں۔

② یعنی منی کے ایک قطرے سے۔ ③ انسان کو رحم مادر سے ہی اعضا کا حسین توازن عطا فرمایا، قد و قامت، شکل و صورت کا بہترین انداز عنایت فرمایا۔ ④ (دوسرا ترجمہ) پھر اس کی تقدیر طے فرمائی۔ یعنی جب بچہ رحم مادر میں ہوتا ہے تب ہی سے اس کی تقدیر لکھ دی جاتی ہے۔ ⑤ فرج کے نہایت تنگ راستے سے دنیا میں آنے کا راستہ آسان فرمایا، دنیا میں ایمان، اطاعت، نیکی، بھلائی یا کفر، نافرمانی سب راستے آسان ہے، اسی طرح انسان کی اپنی ضروریات کی تکمیل کی تمام راہیں بھی اللہ تعالیٰ نے آسان بنا دی۔ ⑥ نعمتوں کے بیان میں موت اور قبر کا تذکرہ ہے، چوں کہ حدیث شریف میں ہے کہ موت مؤمن کے لیے تحفہ ہے، دنیوی الجھنوں سے نجات پا کر راحت والی آخرت کی زندگی کا موت ذریعہ ہے اور غسل، کفن، نمازِ جنازہ، دفن یہ بھی ایک نعمت ہے، ورنہ جانوروں کا مرنے کے بعد کا حال ہمارے سامنے ہے اور کتنے انسان مرنے کے بعد اس طرح کی نعمت سے محروم رہتے ہیں، اللھم احفظنا، امین۔

وَّزَيْتُونًا وَّنَخْلًا ۝ وَّحَدَآئِقَ غُلْبًا ۝ وَّفَاكِهَةً وَّاَبًّا ۝ مَّتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ۝ فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ ۝ يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ۝ وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ ۝ وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِ ۝ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِ ۝ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ۝ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ۝ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ۝ تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ۝ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ ۝

اور زیتون اور کھجور (اگائی) ﴿۲۹﴾ اور گھنے باغات (اگائے) ﴿۳۰﴾ اور پھل فروٹ اور چارہ (پیدا کیا) ﴿۳۱﴾ یہ سب تم کو اور تمھارے جانوروں کو فائدہ پہنچانے کے لیے ہیں ﴿۳۲﴾ پھر جب وہ کان پھاڑنے والی (صور کی) سخت آواز آجائے گی ﴿۳۳﴾ اس دن انسان اپنے بھائی سے ﴿۳۴﴾ اور اپنی ماں سے اور اپنے باپ سے ﴿۳۵﴾ اور اپنی رفیقہ حیات سے اور اپنی اولاد سے بھاگے گا ﴿۳۶﴾ ان میں سے ہر شخص کو اس دن ایک فکر لگا ہوگا جو اس کو (دوسروں سے) بے پرواہ کر دے گا① ﴿۳۷﴾ اس دن کتنے چہرے چمکتے ہوں گے؟ ﴿۳۸﴾ ہنستے خوشی مناتے ہوں گے ﴿۳۹﴾ اور کتنے چہروں پر اس دن گرد وغبار پڑی ہوگی ﴿۴۰﴾ ان پر سیاہی چھائی ہوگی ﴿۴۱﴾ یہی وہ لوگ ہیں جو کافر بدکار تھے ﴿۴۲﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اس کو دوسروں کی طرف سے غافل کر دے گا۔

سورۃ التکویر

(المکیۃ)

ایاتھا:۲۹۔رکوعھا:۱۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں انتیس (۲۹) آیتیں ہیں۔سورۃ فاتحہ یا سورۃ مسد کے بعد اور سورۃ اعلیٰ سے پہلے سات (۷) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت کی پہلی ہی آیت میں ''کُوِّرَت'' کا لفظ آیا ہے یعنی قیامت کے دن سورج کی شعائیں لپیٹ دی جائے گی اور سورج بے نور ہو جائے گا۔

عمرو بن حریثؓ سے مروی ہے کہ انھوں نے نبی کریم ﷺ کو یہ سورت فجر کی نماز میں پڑھتے سنا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ۝١ وَإِذَا النُّجُومُ انكَدَرَتْ ۝٢ وَإِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ ۝٣ وَإِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ۝٤ وَإِذَا الْوُحُوشُ حُشِرَتْ ۝٥ وَإِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ ۝٦ وَإِذَا النُّفُوسُ زُوِّجَتْ ۝٧ وَإِذَا الْمَوْءُودَةُ سُئِلَتْ ۝٨ بِأَيِّ ذَنبٍ قُتِلَتْ ۝٩ وَإِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ ۝١٠ وَإِذَا السَّمَاءُ كُشِطَتْ ۝١١ وَإِذَا الْجَحِيمُ سُعِّرَتْ ۝١٢

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

جب سورج لپیٹ دیا جائے گا (جس کے نتیجے میں اس کی روشنی ختم ہوجائے گی) ﴿۱﴾ اور جب ستارے ٹوٹ کر گر پڑیں گے ﴿۲﴾ اور جب پہاڑوں کو چلا دیا جائے گا ﴿۳﴾ اور جب دس مہینوں کی گابھن اونٹنی (جو ولادت کے قریب ہوتی ہے اس) کو بیکار چھوڑ دیا جائے گا① ﴿۴﴾ اور جب وحشی جانور (ہولناک مناظر سے گھبرا کر) آپس میں مل جائیں گے② ﴿۵﴾ اور جب سمندروں کو بھڑکا دیا جائے گا③ ﴿۶﴾ اور جب لوگوں کے (عقائد اور اعمال کے اعتبار سے) جوڑے جوڑے بنا دیے جائیں گے④ ﴿۷﴾ اور جب جس بچی کو زندہ قبر میں گاڑ دیا گیا تھا اس سے پوچھا جائے گا ﴿۸﴾ کہ کس گناہ کے بدلے میں اس کو مار دیا گیا تھا؟ ﴿۹﴾ اور جب اعمال نامے کھول دیے جائیں گے⑤ ﴿۱۰﴾ اور جب آسمان کا پردہ ہٹا دیا جائے گا⑥ ﴿۱۱﴾ اور جب جہنم خوب بھڑکا دی جائے گی ﴿۱۲﴾

---

① یعنی اتنی قیمتی دولت کو سنبھالنے کا ہوش نہ ہوگا۔ اس کی طرف توجہ نہ رہے گی۔
② (دوسرا ترجمہ) اور جب وحشی جانور (مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کرکے) اکٹھے کردیے جائیں گے۔
③ (دوسرا ترجمہ) اور جب سمندروں کو خلط ملط کردیا جائے گا (تیسرا ترجمہ) اور جب سمندروں کو بھر دیا جائے گا۔ (قیامت کے دن تمام قسم کے دریا، سمندر آپس میں ملا دیے جائیں گے، پھر سمندروں کو سورج، چاند، ستارے ڈال کر بھر دیے جائیں گے، پھر سمندروں میں آگ بھڑکا دی جاوے گی۔ ④ (دوسرا ترجمہ) اور جب لوگوں (کی روح کو جسم کے ساتھ) جوڑ دیا جاوے گا۔ ⑤ تاکہ سب لوگ اپنے اعمال کو دیکھ لیویں۔ ⑥ (دوسرا ترجمہ) اور جب آسمان کا چھلکا اتار دیا جائے گا (یعنی آسمان کھول دیا جاوے گا جس کی وجہ سے اندر کی چیزیں نظر آنے لگے گی) (تیسرا ترجمہ) جب آسمان کو لپیٹ دیا جائے گا (اس وقت آسمان سروں پر چھت کی طرح ہے اس کو لپیٹ دیا جائے گا)۔

وَإِذَا الْجَنَّةُ أُزْلِفَتْ ﴿۱۳﴾ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا أَحْضَرَتْ ﴿۱۴﴾ فَلَا أُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ﴿۱۵﴾ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ﴿۱۶﴾ وَاللَّيْلِ إِذَا عَسْعَسَ ﴿۱۷﴾ وَالصُّبْحِ إِذَا تَنَفَّسَ ﴿۱۸﴾ إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ ﴿۱۹﴾ ذِي قُوَّةٍ عِندَ ذِي الْعَرْشِ مَكِينٍ ﴿۲۰﴾ مُّطَاعٍ ثَمَّ أَمِينٍ ﴿۲۱﴾ وَمَا صَاحِبُكُم بِمَجْنُونٍ ﴿۲۲﴾ وَلَقَدْ رَآهُ بِالْأُفُقِ الْمُبِينِ ﴿۲۳﴾ وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِينٍ ﴿۲۴﴾ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطَانٍ رَّجِيمٍ ﴿۲۵﴾ فَأَيْنَ تَذْهَبُونَ ﴿۲۶﴾ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ ﴿۲۷﴾ لِمَن شَاءَ مِنكُمْ أَن يَسْتَقِيمَ ﴿۲۸﴾ وَمَا تَشَاءُونَ إِلَّا أَن يَشَاءَ اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ ﴿۲۹﴾

اور جب جنت قریب کردی جائے گی ﴿۱۳﴾ (اس وقت) ہر شخص جو اعمال وہ لے کر آیا ہے ان کو جان لے گا ﴿۱۴﴾ سو میں قسم کھاتا ہوں ان (ستاروں) کی جو (سیدھے چلتے ہوئے) پیچھے کی طرف چلنے لگتے ہیں① ﴿۱۵﴾ جو (پیچھے کی طرف) چلتے چلتے چھپ جاتے ہیں ﴿۱۶﴾ اور میں قسم کھاتا ہوں رات کی جب وہ جانے لگے ﴿۱۷﴾ اور صبح کی (قسم کھاتا ہوں) جب وہ سانس لیوے② ﴿۱۸﴾ یقیناً وہ (قرآن) ایک عزت والے فرشتے کا لایا ہوا کلام ہے ﴿۱۹﴾ جو بڑی قوت والا ہیں، عرش والے (اللہ تعالیٰ) کے پاس بڑے رتبے والا ہے ﴿۲۰﴾ وہاں (فرشتوں میں) اس کی بات مانی جاتی ہے، وہ امانت دار ہے ﴿۲۱﴾ اور (اے مکہ والو!) تمھارے ساتھ رہنے والے (یعنی محمد ﷺ) دیوانے نہیں ہیں ﴿۲۲﴾ اور پکی بات ہے کہ انھوں نے اس (جبریل فرشتے) کو (آسمان کے) صاف (یعنی کھلے) کنارے پر دیکھا بھی ہے ﴿۲۳﴾ اور وہ غیب کی باتوں کو بتلانے میں بخیل نہیں ہیں ﴿۲۴﴾ اور وہ (قرآن) کسی مردود شیطان کی (کہی ہوئی) بات نہیں ہے ﴿۲۵﴾ پھر بھی تم لوگ کس طرف چلے جارہے ہو؟ ﴿۲۶﴾ وہ (قرآن) تو عالموں کے واسطے ایک نصیحت ہی ہے ﴿۲۷﴾ خاص تم میں سے اس شخص کے لیے جو سیدھا راستہ چلنا چاہے ﴿۲۸﴾ اور سب عالموں کے رب اللہ تعالیٰ کے چاہے بغیر تم کچھ بھی نہیں چاہ سکتے ﴿۲۹﴾

---

① ستارے کبھی مشرق سے مغرب کی طرف اور کبھی مغرب سے مشرق کی طرف چلتے نظر آتے ہیں، پھر چلتے چلتے غائب ہو جاتے ہیں، یہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کا عجیب کرشمہ ہے۔ ② یعنی صبح طلوع ہو جائے، اسی طرح صبح صبح "نسیم ہوا" چلتی ہے اس کی طرف بھی آیت میں بلیغ اشارہ ہے، ایسے بھی ایسی ہواؤں میں سانس لینا نہایت مفید ہے۔

سورۃ الانفطار

(المکیۃ)

ایاتھا:۱۹۔ رکوعھا:۱۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں انیس (۱۹) آیتیں ہیں۔ سورۃ نازعات کے بعد اور سورۃ انشقاق سے پہلے بیاسی (۸۲) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت کی پہلی ہی آیت میں ''انفطرت'' کا لفظ آیا ہے۔ قیامت کے دن آسمان پھٹ جائے گا یعنی آسمان کا پورا نظام درہم برہم ہو جائے گا۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

اِذَا السَّمَآءُ انۡفَطَرَتۡ ۙ﴿۱﴾ وَ اِذَا الۡكَوَاكِبُ انۡتَثَرَتۡ ۙ﴿۲﴾ وَ اِذَا الۡبِحَارُ فُجِّرَتۡ ۙ﴿۳﴾ وَ اِذَا الۡقُبُوۡرُ بُعۡثِرَتۡ ۙ﴿۴﴾ عَلِمَتۡ نَفۡسٌ مَّا قَدَّمَتۡ وَ اَخَّرَتۡ ؕ﴿۵﴾ يٰۤاَيُّهَا الۡاِنۡسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الۡكَرِيۡمِ ۙ﴿۶﴾ الَّذِيۡ خَلَقَكَ فَسَوّٰٮكَ فَعَدَلَكَ ۙ﴿۷﴾ فِيۡۤ اَىِّ صُوۡرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ ؕ﴿۸﴾ كَلَّا بَلۡ تُكَذِّبُوۡنَ بِالدِّيۡنِ ۙ﴿۹﴾ وَ اِنَّ عَلَيۡكُمۡ لَحٰفِظِيۡنَ ۙ﴿۱۰﴾ كِرَامًا كَاتِبِيۡنَ ۙ﴿۱۱﴾ يَعۡلَمُوۡنَ مَا تَفۡعَلُوۡنَ ﴿۱۲﴾ اِنَّ الۡاَبۡرَارَ لَفِىۡ نَعِيۡمٍ ۚ﴿۱۳﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں

جب آسمان پھٹ جائے گا ﴿۱﴾ اور جب تارے (ٹوٹ کر) گر جائیں گے ﴿۲﴾ اور جب سمندروں کو ابال دیا جائے گا① ﴿۳﴾ اور جب قبریں اکھاڑ دی جائیں گی② ﴿۴﴾ تو (اس وقت) ہر شخص کو پتہ چل جائے گا کہ اس نے کیا آگے بھیجا اور کیا پیچھے چھوڑا③ ﴿۵﴾ اے انسان! تیرے رب کے بارے میں جو بڑا کرم والا ہے کس چیز نے تجھے فریب میں ڈال رکھا ہے؟ ﴿۶﴾ جس نے تجھے پیدا کیا، پھر تجھ کو ٹھیک ٹھاک کیا، پھر تیرے اندر (خاص تناسب اور) اعتدال پیدا کیا ﴿۷﴾ جس صورت میں چاہا تجھے جوڑ کر تیار کیا ﴿۸﴾ ہر گز (اللہ تعالیٰ کی قدرت کے بارے میں دھوکہ) نہیں (ہونا چاہیے) بلکہ تم تو (آخرت میں) بدلہ (ملنے) کو جھٹلاتے ہو ﴿۹﴾ اور یقینی بات ہے کہ تم پر دیکھ بھال کرنے والے (فرشتے) مقرر ہیں④ ﴿۱۰﴾ جو بڑے عزت والے (اعمال کو) لکھنے والے ہیں ﴿۱۱﴾ جو کام بھی تم لوگ کرتے ہو وہ ان سب کو جانتے ہیں ﴿۱۲﴾ یقیناً نیک لوگ بڑی نعمتوں میں ہوں گے ﴿۱۳﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اور جب (سب) سمندر (ملا کر ایک ساتھ) بہا دیے جائیں گے۔

② یعنی زمین کے اندر کی چیزیں باہر آجائیں گی، یہاں تک کہ مردے بھی باہر آجائیں گے۔

③ یعنی جو اعمال کر کے آخرت میں جمع کروا دیے اور جو اعمال نہیں کر سکا۔

④ (دوسرا ترجمہ) حالاں کہ تمھارے اوپر تمھارے (اعمال کو) یاد رکھنے والے فرشتے مقرر ہیں۔

وَاِنَّ الْفُجَّارَ لَفِيْ جَحِيْمٍ ﴿۱۴﴾ يَّصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿۱۵﴾ وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَآئِبِيْنَ ﴿۱۶﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۱۷﴾ ثُمَّ مَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۱۸﴾ يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْـًٔا ۖ وَالْاَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ﴿۱۹﴾

اور یقین رکھو کہ بُرے کام کرنے والے لوگ ضرور جہنم میں ہوں گے (۱) ﴿۱۴﴾ وہ اس (جہنم) میں انصاف کے دن داخل ہوں گے ﴿۱۵﴾ اور وہ اس (جہنم) سے کبھی غائب نہیں ہوسکیں گے ﴿۱۶﴾ اور (اے نبی!) تم کو کیا خبر وہ بدلہ ملنے کا دن کیسا ہے؟ ﴿۱۷﴾ پھر (ہم دوبارہ کہتے ہیں:) تم کو کیا خبر وہ بدلہ ملنے کا دن کیسا ہے؟ ﴿۱۸﴾ جس دن کوئی شخص کسی شخص کو کوئی نفع پہنچانے کا اختیار نہیں رکھتا ہوگا، اور اس دن تمام حکم اللہ تعالیٰ ہی کا ہوگا ﴿۱۹﴾

---

(۱) فجور کا معنی پھاڑنا، مراد جن لوگوں نے کفر و معصیت کے ہاتھ سے دین اور دیانت کا پردہ پھاڑ دیا۔

سورۃ المطففین

(المکیۃ)

آیاتھا:۳۶۔رکوعھا:۱۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں چھتیس (۳۶) آیتیں ہیں۔سورۂ عنکبوت کے بعد اور سورۂ بقرہ سے پہلے چھیاسی (۸۶) نمبر پر نازل ہوئی۔

بعض حضرات کہتے ہیں کہ: مکہ مکرمہ میں سب سے اخیر میں یہ سورت نازل ہوئی اور بعض کے قول میں ہجرت کے بعد مدینہ منورہ میں نازل ہوئی۔

مطففین کا لفظ اس سورت کی پہلی ہی آیت میں آیا ہے جس کا معنیٰ ہے گھٹانے والے۔جس انسان کے دل میں ایمان کامل ہوتا ہے وہ لین دین میں دھوکا اور خیانت نہیں کرتا، کمی بیشی نہیں کرتا۔

اس سورت کا دوسرا نام ''تطفیف'' بھی ہے، تطفیف کا معنیٰ آتا ہے: کنارہ، کمی کرنے کو بھی تطفیف کہتے ہیں، برتن پورا نہ بھرے؛ بلکہ بھرنے کے قریب ہو اور اس کو چھوڑ دے تو اس کو تطفیف کہتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ اِذَا اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُوْنَ ۝ وَاِذَا كَالُوْهُمْ اَوْ وَّزَنُوْهُمْ يُخْسِرُوْنَ ۝ اَلَا يَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ ۝ لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝ يَّوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ الْفُجَّارِ لَفِيْ سِجِّيْنٍ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا سِجِّيْنٌ ۝ كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ۝ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُكَذِّبُوْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ۝ وَمَا يُكَذِّبُ بِهٖٓ اِلَّا كُلُّ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ۝ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

ناپ تول میں کمی کرنے والوں کے لیے بڑی خرابی ہے ﴿۱﴾ ان کی حالت ایسی ہے کہ جب لوگوں سے خود کوئی چیز ناپ کر لیتے ہیں تو پوری پوری (بھر کر) لیتے ہیں ﴿۲﴾ اور جب ان (لوگوں) کو ناپ کر یا تول کر دیتے ہیں تو گھٹا کر دیتے ہیں ﴿۳﴾ کیا وہ لوگ خیال نہیں کرتے کہ ان کو بڑے (سخت) دن میں دوبارہ زندہ کر کے اٹھایا جائے گا ﴿۴﴾﴿۵﴾ جس دن (وہ) لوگ تمام عالموں کے رب کے سامنے کھڑے ہوں گے ﴿۶﴾ ہرگز (ایسا خیال مت کرو کہ قیامت) نہیں (آئے گی) یقین رکھو کہ برے کام کرنے والے لوگوں کا اعمال نامہ سجین میں ہوگا① ﴿۷﴾ اور تم کو کیا معلوم کہ سجین (میں رکھا ہوا اعمال نامہ) کیا چیز ہے؟ ﴿۸﴾ وہ ایک لکھی ہوئی کتاب ہے② ﴿۹﴾ اس دن (حق کو) جھٹلانے والوں کے لیے بڑی بربادی ہوگی ﴿۱۰﴾ جو بدلہ ملنے کے دن کو جھٹلاتے ہیں ﴿۱۱﴾ اور اس دن کو ہر وہ شخص ہی جھٹلاتا ہے جو حد سے آگے بڑھنے والا، بڑا گنہگار ہو ﴿۱۲﴾ جب اس کے سامنے ہماری آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو وہ (ایسا) کہتا ہے کہ: پچھلے زمانے کے لوگوں کے افسانے (یعنی کہانیاں) ہیں ﴿۱۳﴾

---

① ساتویں زمین کے نیچے کافروں کی ارواح رکھنے کا قید خانہ جو تنگ اور اندھیرا ہے۔

② (دوسرا ترجمہ) وہ ایک لکھا ہوا رجسٹر ہے۔

كَلَّا بَلْ ۜ رَانَ عَلَىٰ قُلُوبِهِم مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿١٤﴾ كَلَّا إِنَّهُمْ عَن رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوبُونَ ﴿١٥﴾ ثُمَّ إِنَّهُمْ لَصَالُو الْجَحِيمِ ﴿١٦﴾ ثُمَّ يُقَالُ هَٰذَا الَّذِي كُنتُم بِهِ تُكَذِّبُونَ ﴿١٧﴾ كَلَّا إِنَّ كِتَابَ الْأَبْرَارِ لَفِي عِلِّيِّينَ ﴿١٨﴾ وَمَا أَدْرَاكَ مَا عِلِّيُّونَ ﴿١٩﴾ كِتَابٌ مَّرْقُومٌ ﴿٢٠﴾ يَشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُونَ ﴿٢١﴾ إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ ﴿٢٢﴾ عَلَى الْأَرَائِكِ يَنظُرُونَ ﴿٢٣﴾ تَعْرِفُ فِي وُجُوهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيمِ ﴿٢٤﴾ يُسْقَوْنَ مِن رَّحِيقٍ مَّخْتُومٍ ﴿٢٥﴾ خِتَامُهُ مِسْكٌ ۚ وَفِي ذَٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُونَ ﴿٢٦﴾ وَمِزَاجُهُ مِن تَسْنِيمٍ ﴿٢٧﴾ عَيْنًا يَشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُونَ ﴿٢٨﴾

ہرگز نہیں! بلکہ ان کے دلوں پر جو اعمال وہ کرتے ہیں انہوں نے زنگ چڑھا دیا ہے ﴿۱۴﴾ (جیسا کافروں کا خیال ہے ایسا) ہرگز نہیں! یقیناً وہ (کافر) لوگ اس دن اپنے رب کی زیارت سے روک دیے جائیں گے ﴿۱۵﴾ پھر یقیناً ان لوگوں کو جہنم میں داخل ہونا ہی پڑے گا ﴿۱۶﴾ پھر (ان سے) کہا جائے گا کہ: یہ (عذاب) وہ چیز ہے جس کو تم لوگ جھٹلایا کرتے تھے ﴿۱۷﴾ (برے اور نیک لوگوں کا انجام) ہرگز (ایک جیسا) نہیں (ہوسکتا بلکہ) نیک لوگوں کا اعمال نامہ علّیین میں ہوگا ﴿۱۸﴾ اور تم کو کچھ معلوم ہے کہ علّیین (میں رکھا ہوا اعمال نامہ) کیا چیز ہے؟ ﴿۱۹﴾ وہ ایک لکھی ہوئی کتاب ہے ﴿۲۰﴾ جس کو (اللہ تعالیٰ کے) مقرب فرشتے دیکھتے رہتے ہیں ﴿۲۱﴾ یقیناً نیک لوگ بڑی نعمتوں میں ہوں گے ﴿۲۲﴾ تختوں پر (بیٹھے ہوئے شوق سے) نظارہ کررہے ہوں گے ﴿۲۳﴾ تم ان کے چہروں پر نعمتوں کی تازگی (صاف) پہچان لو گے① ﴿۲۴﴾ ان کو ایسی خالص شراب پلائی جائے گی جو مہر لگی ہوئی ہوگی ﴿۲۵﴾ اس کی مہر بھی مشک ہوگی اور یہی وہ چیز ہے جس پر للچانے والوں کو ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر کے للچانا چاہیے② ﴿۲۶﴾ اور اس (شراب) میں تسنیم کا پانی ملا ہوا ہوگا ﴿۲۷﴾ جو (تسنیم) ایسا چشمہ ہے جس میں سے (اللہ تعالیٰ کے) مقرب بندے پئیں گے ﴿۲۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) تم ان کے چہروں پر نعمتوں کی رونق نمایاں پاؤ گے۔

② (دوسرا ترجمہ) اور یہی تو وہ چیز ہے جس میں رغبت کرنے والوں کو ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر رغبت دکھانی چاہیے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا كَانُوْا مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَضْحَكُوْنَ ﴿٢٩﴾ وَاِذَا مَرُّوْا بِهِمْ يَتَغَامَزُوْنَ ﴿٣٠﴾ وَاِذَا انْقَلَبُوْۤا اِلٰۤى اَهْلِهِمُ انْقَلَبُوْا فَكِهِيْنَ ﴿٣١﴾ وَاِذَا رَاَوْهُمْ قَالُوْۤا اِنَّ هٰۤؤُلَآءِ لَضَآلُّوْنَ ﴿٣٢﴾ وَمَاۤ اُرْسِلُوْا عَلَيْهِمْ حٰفِظِيْنَ ﴿٣٣﴾ فَالْيَوْمَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُوْنَ ﴿٣٤﴾ عَلَى الْاَرَآئِكِ يَنْظُرُوْنَ ﴿٣٥﴾ هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿٣٦﴾

یقینا جو لوگ مجرم تھے وہ (دنیا میں) ایمان والوں پر ہنسا کرتے تھے ﴿۲۹﴾ اور جب وہ (ایمان والے) ان (کافروں) کے سامنے سے گزرتے تھے تو وہ (کافر) آپس میں ایک دوسرے کو آنکھوں سے اشارہ کرتے تھے ﴿۳۰﴾ اور جب وہ (کافر) اپنے گھروں کے پاس لوٹتے تھے تو (وہاں بھی ایمان والوں کا تذکرہ کر کے) مزہ لیتے ہوئے لوٹتے تھے① ﴿۳۱﴾ اور جب وہ (کافر لوگ) ان (مسلمانوں) کو دیکھتے تو کہتے: بے شک یہ لوگ بھٹکے ہوئے ہیں② ﴿۳۲﴾ حالاں کہ ان (کافروں) کو ان (مسلمانوں) پر نگران بنا کر بھیجا نہیں گیا تھا③ ﴿۳۳﴾ سو آج (قیامت) کے دن ایمان لانے والے کافروں پر ہنس رہے ہوں گے ﴿۳۴﴾ (اور جنتی) تختوں پر (بیٹھ کر ایسی خوش حالی، اور کافروں کی بدحالی) دیکھ رہے ہوں گے ﴿۳۵﴾ کہ واقعی کافر لوگوں کو ان کے کیے ہوئے کاموں کا بدلہ مل گیا ﴿۳۶﴾

① (دوسرا ترجمہ) اور جب وہ (کافر) اپنے گھروں کے پاس لوٹتے تھے تو (مسلمانوں کا مذاق اڑاتے ہوئے) دل لگی کرتے جاتے تھے۔

② (دوسرا ترجمہ) بے شک یہ لوگ (اسلام قبول کر کے) بڑی غلطی میں ہیں۔

③ کہ ہر وقت مسلمانوں کو دیکھتے رہیں کہ وہ کیا کیا کرتے ہیں۔

سورة الانشقاق

(المکیة)

آیاتها: ۲۵۔ رکوعها: ۱۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں پچیس (۲۵) آیتیں ہیں۔ سورۃ انفطار کے بعد اور سورۃ روم سے پہلے تراسی (۸۳) نمبر پر نازل ہوئی۔

"انشقت" کا لفظ اس سورت کی پہلی ہی آیت میں آیا ہے، جس میں قیامت کے دن آسمان کے پھٹ پڑنے کا تذکرہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ﴿۱﴾ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿۲﴾ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ﴿۳﴾ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا
وَتَخَلَّتْ ﴿۴﴾ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿۵﴾ يٰۤاَيُّهَا الْاِنْسَانُ اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ﴿۶﴾
فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ﴿۷﴾ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا ﴿۸﴾ وَّيَنْقَلِبُ اِلٰۤى اَهْلِهٖ
مَسْرُوْرًا ﴿۹﴾ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهْرِهٖ ﴿۱۰﴾ فَسَوْفَ يَدْعُوْا ثُبُوْرًا ﴿۱۱﴾ وَّيَصْلٰى سَعِيْرًا ﴿۱۲﴾
اِنَّهٗ كَانَ فِيْۤ اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ﴿۱۳﴾ اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ ﴿۱۴﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

(صور پھونکنے کے بعد) جب آسمان پھٹ جائے گا ﴿۱﴾ اور وہ اپنے رب کا حکم (سن کر) مان لے گا اور اس پر (رب کا حکم) ماننا لازم ہے ﴿۲﴾ اور جب زمین (کھینچ کر) پھیلا دی جائے گی ﴿۳﴾ اور جو کچھ اس کے اندر ہے وہ اس کو (نکال کر) باہر پھینک دے گی اور خالی ہو جائے گی ﴿۴﴾ اور وہ اپنے رب کا حکم (سن کر) مان لے گی اور اس پر (رب کا حکم) ماننا لازم ہے ﴿۵﴾ اے انسان! تو اپنے رب کے پاس جانے تک پوری کوشش (کے ساتھ عمل) کر رہا ہے، پھر وہ اس (اپنے اعمال کی جزا) سے ملنے والا ہے① ﴿۶﴾ پھر جس شخص کو اس کا اعمال نامہ اس کے داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا ﴿۷﴾ تو اس سے آسان حساب لیا جائے گا ﴿۸﴾ اور وہ اپنے گھر والوں کے پاس خوشی مناتے ہوئے واپس آئے گا ﴿۹﴾ اور لیکن جس شخص کو اس کا اعمال نامہ اس کی پیٹھ کے پیچھے سے دیا جائے گا ﴿۱۰﴾ تو وہ موت کو پکارے گا ﴿۱۱﴾ اور وہ بھڑکتی آگ میں داخل ہوگا ﴿۱۲﴾ (یہ) وہ شخص (ہے جو دنیا میں) اپنے گھر والوں میں بہت خوش (یعنی بے فکر) رہا کرتا تھا ﴿۱۳﴾ اس نے یہ سمجھ رکھا تھا کہ وہ کبھی پلٹ کر (اللہ تعالیٰ کے سامنے) نہیں جائے گا ﴿۱۴﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اے انسان! تو اپنے رب کے پاس پہنچنے تک (یعنی موت تک) بڑی تکلیف میں ہے، پھر تو اس (اللہ) سے ملنے ہی والا ہے (دنیا میں مختلف قسم کی مشقتیں، تکالیف لگی رہتی ہیں)۔

بَلٰى ۚ اِنَّ رَبَّهٗ كَانَ بِهٖ بَصِيْرًا ۝ فَلَآ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ۝ وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ۝ وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ ۝ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ۝ فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَاِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ ۝ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُكَذِّبُوْنَ ۝ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُوْعُوْنَ ۝ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝

ہاں! ضرور جانا ہے یقیناً اس کے رب اس کو برابر دیکھ رہے تھے ﴿۱۵﴾ سو میں شفق کی قسم کھاتا ہوں ① ﴿۱۶﴾ اور رات کی اور ان چیزوں کی جن (چیزوں) کو وہ سمیٹ لیتی ہے ② ﴿۱۷﴾ اور چاند کی جب وہ بھر کر کے پورا ہو جاوے ③ ﴿۱۸﴾ (ان سب چیزوں کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ) ضرور تم کو ایک حالت کے بعد دوسری حالت پر پہنچنا ہے ④ ﴿۱۹﴾ پھر ان (کافروں) کو کیا ہو گیا کہ وہ ایمان نہیں لاتے؟ ﴿۲۰﴾ اور جب ان کے سامنے قرآن پڑھا جاتا ہے تو وہ سجدہ نہیں کرتے ﴿۲۱﴾ بلکہ کافر لوگ (الٹا قرآن کو) جھٹلاتے ہیں ﴿۲۲﴾ اور اللہ تعالیٰ اچھی طرح جانتے ہیں جو باتیں وہ لوگ جمع کر رہے ہیں ⑤ ﴿۲۳﴾ سو ان کو دردناک عذاب کی خوش خبری سنا دو ﴿۲۴﴾ مگر جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے ان کو ایسا ثواب ملے گا جو کبھی ختم نہیں ہوگا ﴿۲۵﴾

---

① سورج ڈوبنے کے بعد لالی پھر سفیدی آجاتی ہے وہ شفق ہے۔

② انسان، جانور جو دن بھر ادھر ادھر ہوتے ہیں وہ رات کو اپنے ٹھکانے پر آجاتے ہیں۔

③ مراد چودھویں کا چاند "بدر کامل"۔

④ زندگی کے مختلف مراحل ہیں: بچپن، جوانی، بڑھاپا ہر ایک سے انسان کو گزرنا ہے، اسی مختلف احوال سے دنیا قیامت تک گزرتی رہے گی اور انسانی سوچ میں بھی تبدیلیاں ہوتی رہتی ہیں۔

⑤ (دوسرا ترجمہ) بھر رہے ہیں (یعنی ان کے دل میں جو عقائد جمع ہیں اللہ تعالیٰ جانتے ہیں، ان کے اعمال ناموں میں جو اعمال ظاہری ہیں اللہ تعالیٰ ان کو بھی جانتے ہیں)۔

سورۃ البروج

(المکیۃ)

آیاتھا: ۲۲۔ رکوعھا: ۱۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں بائیس (۲۲) آیتیں ہیں۔ سورۃ والشمس کے بعد اور سورۃ تین سے پہلے ستائیس (۲۷) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت کی پہلی ہی آیت میں اللہ تعالیٰ نے بروج والے آسمان کی قسم کھائی ہے۔

بروج سے مراد: برج کے معنی بلند عمارت اور محل کے ہے، یہاں کیا مراد ہے؟:

(۱) آسمان کے ستارے۔

(۲) آسمان کے بارہ برج جن کی مسافت سورج ایک سال میں طے کرتا ہے۔ یوں سمجھو! آسمان میں مشرق سے مغرب تک بارہ پھانک ہیں، جیسے خربوزے میں ہوتی ہیں، سورج برس بھر میں اس کو طے کرتا ہیں۔ (۳) آسمان کے وہ حصے جہاں فرشتوں کا پہرہ رہتا ہے۔

حضرت جابر سمرہ ﷛ روایت کرتے ہیں کہ حضرت نبی کریم ﷺ ظہر و عصر میں **"والسماء ذات البروج"** اور **"والسماء والطارق"** اور ان ہی جیسی سورتیں پڑھا کرتے تھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ۙ﴿۱﴾ وَالْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ ۙ﴿۲﴾ وَشَاهِدٍ وَّمَشْهُوْدٍ ؕ﴿۳﴾ قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ۙ﴿۴﴾ النَّارِ ذَاتِ الْوَقُوْدِ ۙ﴿۵﴾ اِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُوْدٌ ۙ﴿۶﴾ وَّهُمْ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ شُهُوْدٌ ؕ﴿۷﴾ وَمَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّاۤ اَنْ يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۙ﴿۸﴾ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ؕ﴿۹﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

قسم ہے برجوں والے آسمان کی① ﴿۱﴾ اور اس (قیامت کے) دن کی جس کا وعدہ کیا گیا ہے ﴿۲﴾ اور اس کی جو حاضر ہوتا ہے اور اس (دن) کی جس میں حاضری ہونی ہے② ﴿۳﴾ خندقوں والے مارے گئے ﴿۴﴾ یعنی بہت سے ایندھن کی آگ والے ﴿۵﴾ جس وقت وہ (خندق کھودنے والے) اس (آگ) کے آس پاس بیٹھے تھے ﴿۶﴾ اور وہ ایمان والوں کے ساتھ جو (ظلم) کر رہے تھے اس کو (اپنے سامنے) دیکھ رہے تھے ﴿۷﴾ اور وہ (خندق کھودنے والے) ان (ایمان والوں) کو صرف اس وجہ سے سزا دے رہے تھے کہ وہ اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے تھے جو بڑے زبردست، تمام صفات والے ہیں③ ﴿۸﴾ جس (اللہ تعالیٰ) کے لیے آسمانوں اور زمین کی حکومت ہے اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو دیکھ رہے ہیں ﴿۹﴾

---

① ایک قول یہ ہے کہ آسمانی قلعے مراد ہیں جن میں ملائکہ پہرا دیتے ہیں، یا بڑے ستارے مراد ہیں، یا آسمان کی منزلیں جو سورج سال بھر میں طے کرتا ہے۔

② (دوسرا ترجمہ) اور اس (دن) کی جو حاضر ہوتا ہے۔ [۱] شاہد: یعنی جمعہ کا دن اور مشہود یعنی عرفہ کا دن [۲] شاہد سے مراد انسان اور مشہود یعنی قیامت کا دن؛ اس لیے کہ قیامت کے دن ہر انسان اللہ تعالیٰ کے سامنے ہو جائے گا [۳] شاہد یعنی گواہ اور مشہود یعنی جس کے حق میں گواہی دی جائے۔ قیامت کے دن حضرت نبی کریم ﷺ ایمان والوں کے ایمان اور اعمال صالحہ کی گواہی دیں گے۔

③ (دوسرا ترجمہ) اور ان (خندق کھودنے والوں) نے ان (ایمان والوں) میں صرف یہی قصور پایا کہ وہ اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہیں جو بڑے زبردست خوبیوں والے ہیں۔

إِنَّ الَّذِينَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوبُوا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيقِ ﴿۱۰﴾ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۚ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيرُ ﴿۱۱﴾ إِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيدٌ ﴿۱۲﴾ إِنَّهُ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيدُ ﴿۱۳﴾ وَهُوَ الْغَفُورُ الْوَدُودُ ﴿۱۴﴾ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيدُ ﴿۱۵﴾ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيدُ ﴿۱۶﴾ هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْجُنُودِ ﴿۱۷﴾ فِرْعَوْنَ وَثَمُودَ ﴿۱۸﴾ بَلِ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي تَكْذِيبٍ ﴿۱۹﴾ وَاللَّهُ مِن وَرَائِهِم مُّحِيطٌ ﴿۲۰﴾ بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَّجِيدٌ ﴿۲۱﴾ فِي لَوْحٍ مَّحْفُوظٍ ﴿۲۲﴾

یقیناً جن لوگوں نے ایمان والے مردوں کو اور ایمان والی عورتوں کو فتنہ میں ڈالا① پھر انھوں نے توبہ نہیں کی تو ان کے لیے جہنم کا عذاب ہے اور ان کے لیے آگ میں جلنے کی سزا ہے ﴿۱۰﴾ یقیناً جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے تو ان کے لیے ایسے باغات ہیں جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی، یہ بہت بڑی کامیابی ہے ﴿۱۱﴾ یقیناً تمھارے رب کی پکڑ بہت سخت ہے ﴿۱۲﴾ وہی پہلی مرتبہ (بھی) پیدا کرتے ہیں اور (قیامت میں) دوبارہ بھی پیدا کریں گے ﴿۱۳﴾ وہی اللہ تعالیٰ بہت معاف کرنے والے، بہت محبت کرنے والے ہیں ﴿۱۴﴾ عرش کے مالک ہیں، بڑی شان والے ہیں ﴿۱۵﴾ جو چاہتے ہیں اسے کر ہی ڈالتے ہیں ﴿۱۶﴾ (اے نبی!) کیا تمھارے پاس ان لشکروں کا واقعہ پہنچا ﴿۱۷﴾ فرعون اور ثمود کا ﴿۱۸﴾ بلکہ (ان سب کا برا انجام سن لینے کے باوجود بھی) کافر لوگ (نبی کے) جھٹلانے میں لگے ہوئے ہیں ﴿۱۹﴾ اور اللہ تعالیٰ نے ان کو ہر طرف سے گھیرے میں لے لیا ہے ﴿۲۰﴾ (ان کے کافروں سے جھٹلانے سے کوئی فرق نہیں پڑتا) بلکہ یہ تو ایک بڑی شان والا قرآن ہے ﴿۲۱﴾ جو لوح محفوظ میں لکھا ہوا ہے ﴿۲۲﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) نشانہ بنایا (تیسرا ترجمہ) تکلیف پہنچائی۔

سورة الطارق

(المكية)

اٰیاتھا:۱۷۔ رکوعھا:۱۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں سترہ (۱۷) آیتیں ہیں۔ سورۃ بلد کے بعد اور سورۃ قمر سے پہلے چھتیس (۳۶) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت کی پہلی ہی آیت میں طارق کی قسم کھائی گئی ہے۔

طارق: اندھیرے میں آنے والا۔ آیت میں رات میں ظاہر ہونے والا ستارہ مراد ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ۙ﴿۱﴾ وَمَاۤ اَدۡرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ۙ﴿۲﴾ النَّجۡمُ الثَّاقِبُ ۙ﴿۳﴾ اِنۡ كُلُّ نَفۡسٍ لَّمَّا عَلَيۡهَا حَافِظٌ ؕ﴿۴﴾ فَلۡيَنۡظُرِ الۡاِنۡسَانُ مِمَّ خُلِقَ ؕ﴿۵﴾ خُلِقَ مِنۡ مَّآءٍ دَافِقٍ ۙ﴿۶﴾ يَّخۡرُجُ مِنۡۢ بَيۡنِ الصُّلۡبِ وَالتَّرَآئِبِ ؕ﴿۷﴾ اِنَّهٗ عَلٰى رَجۡعِهٖ لَقَادِرٌ ؕ﴿۸﴾ يَوۡمَ تُبۡلَى السَّرَآئِرُ ۙ﴿۹﴾ فَمَا لَهٗ مِنۡ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ؕ﴿۱۰﴾ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجۡعِ ۙ﴿۱۱﴾ وَالۡاَرۡضِ ذَاتِ الصَّدۡعِ ۙ﴿۱۲﴾ اِنَّهٗ لَقَوۡلٌ فَصۡلٌ ۙ﴿۱۳﴾ وَّمَا هُوَ بِالۡهَزۡلِ ؕ﴿۱۴﴾ اِنَّهُمۡ يَكِيۡدُوۡنَ كَيۡدًا ۙ﴿۱۵﴾ وَّاَكِيۡدُ كَيۡدًا ۖۚ﴿۱۶﴾ فَمَهِّلِ الۡكٰفِرِيۡنَ اَمۡهِلۡهُمۡ رُوَيۡدًا ﴿۱۷﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

قسم ہے آسمان کی اور (اندھیری) رات میں آنے والے (ستارے) کی ﴿۱﴾ اور (اے نبی!) تم کو کچھ معلوم ہے وہ رات میں آنے والا کیا ہے؟ ﴿۲﴾ وہ تو چمکتا ہوا ستارا ہے ﴿۳﴾ کہ کوئی جان ایسی نہیں ہے جس پر کوئی نگرانی کرنے والا (فرشتہ) موجود نہ ہو ﴿۴﴾ سو انسان کو یہ دیکھنا چاہیے کہ اس کو کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے؟ ﴿۵﴾ اسے ایک اچھلتے ہوئے پانی سے پیدا کیا گیا ہے ﴿۶﴾ جو پیٹھ اور سینے (کی ہڈیوں) کے درمیان سے نکلتا ہے① ﴿۷﴾ یقیناً اللہ تعالیٰ اس (انسان) کو دوبارہ زندہ کرنے پر پوری قدرت رکھتے ہیں ﴿۸﴾ جس دن تمام بھیدوں کی جانچ ہوگی② ﴿۹﴾ تو اس (انسان) کے پاس (خود کی طرف سے دفاع کرنے کا) نہ تو کوئی زور ہوگا اور نہ کوئی اس کی مدد کرنے والا ہوگا ﴿۱۰﴾ قسم ہے بارش والے آسمان کی③ ﴿۱۱﴾ اور (بیج سے کونپل نکلتے وقت) پھٹ پڑنے والی زمین کی قسم ﴿۱۲﴾ کہ یہ (قرآن) دوٹوک فیصلہ کرنے والا کلام ہے ﴿۱۳﴾ اور وہ کوئی مذاق نہیں ہے ﴿۱۴﴾ بے شک وہ (کافر لوگ حق کے مقابلے میں) الگ الگ چالیں چل رہے ہیں ﴿۱۵﴾ میں بھی (ان کی چالوں کی توڑ کی) تدبیریں کر رہا ہوں ﴿۱۶﴾ لہذا (اے نبی!) تم ان کافروں کو مہلت دو، ان کو تھوڑے دنوں (ان کے حال پر) چھوڑ دو ﴿۱۷﴾

---

① مرد کے منی کی جگہ پیٹھ اور عورت کی منی کی جگہ سینہ کے پاس بتلاتے ہیں۔ ② (دوسرا ترجمہ) جس دن راز ظاہر ہوں گے۔ ③ ایسا معلوم ہو رہا ہے کہ بارش بار بار پلٹ کر آتی ہے اس لیے ''رجع'' سے تعبیر کیا گیا۔

سورۃ الأعلیٰ

(المکیۃ)

ایاتھا:۱۹۔ رکوعھا:۱۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں انیس (۱۹) آیتیں ہیں۔ سورۃ تکویر کے بعد اور سورۃ اللیل سے پہلے آٹھ (۸) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت کی پہلی ہی آیت میں اللہ تعالیٰ کے لیے لفظ اعلیٰ استعمال ہوا ہے۔ اللہ کی ذات سب سے اعلیٰ ہے، سب سے بلند ہے۔

حضرت نبیٔ کریم ﷺ عیدین اور جمعہ کی نماز میں پہلی رکعت میں سورۃ اعلیٰ اور دوسری رکعت میں سورۃ غاشیہ تلاوت فرماتے تھے۔

نبیٔ کریم ﷺ وتر کی پہلی رکعت میں سورۃ اعلیٰ، دوسری میں سورۃ کافرون اور تیسری رکعت میں سورۃ اخلاص پڑھتے تھے۔ اسی طرح تیسری رکعت میں سورۃ اخلاص کے ساتھ معوذتین بھی پڑھنا حدیث سے ثابت ہے۔

حضرت انس بن مالکؓ کہتے ہیں کہ: میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ظہر کی نماز (باجماعت) پڑھی تو آپ ﷺ نے (پہلی) دونوں رکعتوں میں ان دونوں سورتوں کی قرأت فرمائی:

سبح الاسم ربك الأعلى اور **هل اتك حديث الغاشية**۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ۝ الَّذِيْ خَلَقَ فَسَوّٰى ۝ وَالَّذِيْ قَدَّرَ فَهَدٰى ۝ وَالَّذِيْ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ۝ فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰى ۝ سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰى ۝ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ۝ وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ۝ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ۝

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

(اے نبی اور ایمان لانے والے!) تم اپنے رب کے نام کی تسبیح (یعنی پاکی بیان) کرو جس کی شان سب سے اونچی ہے① ﴿۱﴾ جس (اللہ تعالیٰ) نے (سب کچھ) پیدا کیا، سو ٹھیک ٹھاک بنایا ﴿۲﴾ اور جس (اللہ تعالیٰ) نے ہر چیز کو ایک خاص اندازہ دیا، پھر (دنیا میں رہنے کا) مناسب طریقہ بتلادیا② ﴿۳﴾ اور جس (اللہ تعالیٰ) نے (ہرا) چارہ زمین سے نکالا ﴿۴﴾ پھر اس کو کالے رنگ کا (سوکھا ہوا) کوڑا (کرکٹ) بناڈالا ﴿۵﴾ اے نبی! ہم تم کو پڑھائیں گے پھر تم بھولو گے نہیں③ ﴿۶﴾ مگر ہاں! اللہ تعالیٰ جو چاہے④ یقین رکھو! وہ (اللہ تعالیٰ) کھلی ہوئی چیزوں کو اور چھپی ہوئی چیزوں کو جانتے ہیں ﴿۷﴾ اور ہم آسان دین پر (عمل کے لیے) تم کو آسانیاں پہنچائیں گے⑤ ﴿۸﴾ لہٰذا اگر نصیحت کا فائدہ ہوتا ہو تو تم نصیحت کرتے رہو⑥ ﴿۹﴾

---

① اللہ تعالیٰ کے نام کی تعظیم وتکریم کرنا مراد ہے، جب بھی اللہ کا نام آئے ادب، خشوع، خضوع کا لحاظ رکھو، جو نام اللہ کے لیے نصوص میں منقول ہے انہی سے پکارو، جو نام اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے اس کو کسی مخلوق کے لیے استعمال نہ کرو۔

② ہر چیز کو جس مقصد کے لیے بنایا اس کی سمجھ بھی عطا فرمادی۔ (دوسرا ترجمہ) اور جس (اللہ تعالیٰ) نے (اپنی مخلوق کی) تقدیر بنائی، پھر (نیکی اور برائی کا) راستہ بتلادیا۔

③ یعنی جتنا قرآن نازل ہورہا ہے ہم اتنا یاد بھی کروادیں گے۔

④ جن آیات کا منسوخ ہونا اللہ کے یہاں طے ہے وہ بھول سکتے ہیں۔

⑤ شریعت خود آسان ہے، اس پر عمل دنیا آخرت میں آسانی کا ذریعہ ہے، شریعت کی سمجھ، اس پر عمل، اس کی تبلیغ بھی آسان ہے۔ ایک ترجمہ یہ بھی ہے کہ ہم تمھارے لیے جنت (میں لے جانے والے اعمال کا کرنا) آسان کردیں گے۔

⑥ (دوسرا ترجمہ) سو اگر سمجھانے سے فائدہ ہو تو تم سمجھاتے رہو۔ نصیحت فی ذاتہ فائدے کی چیز ہے وہ کرتے رہو۔

سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ﴿۱۰﴾ وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ﴿۱۱﴾ الَّذِيْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ﴿۱۲﴾ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ﴿۱۳﴾ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ﴿۱۴﴾ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ﴿۱۵﴾ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿۱۶﴾ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿۱۷﴾ اِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿۱۸﴾ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ﴿۱۹﴾

جو شخص (دل سے اللہ تعالیٰ سے) ڈرتا ہے وہ جلدی ہی نصیحت قبول کرے گا ﴿۱۰﴾ اور جو بڑا بدبخت ہو وہی اس (نصیحت) سے دور بھاگتا ہے ﴿۱۱﴾ جو سب سے بڑی (جہنم کی) آگ میں داخل ہوگا ﴿۱۲﴾ پھر اس (آگ) میں نہ مرے گا اور نہ (آرام سے) زندہ رہے گا ﴿۱۳﴾ جو شخص (ظاہری باطنی ناپاکی سے) پاکیزہ ہوا یقیناً اس نے کامیابی حاصل کی ﴿۱۴﴾ اور اس نے اپنے رب کا نام لیا پھر نماز پڑھی ﴿۱۵﴾ (اے کافرو!) بلکہ تم تو دنیاوی زندگی کو آگے رکھتے ہو① ﴿۱۶﴾ حالاں کہ آخرت بہت بہتر اور بہت زیادہ باقی رہنے والی ہے ﴿۱۷﴾ یقیناً یہ (مضامین) پچھلے (آسمانی) صحیفوں میں موجود ہیں ﴿۱۸﴾ ابراہیمؑ اور موسیٰؑ کے صحیفوں میں ﴿۱۹﴾

---

① دوسرا ترجمہ: بلکہ تم دنیوی زندگی کو ترجیح دیتے ہو۔

سورة الغاشية

(المكية)

ایاتھا:۲۶۔رکوعھا:۱۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں چھبیس (۲۶) آیتیں ہیں۔سورۃ ذاریات کے بعد اور سورۃ کہف سے پہلے سڑسٹھ (۶۷) یا (۶۸) نمبر پر نازل ہوئی۔

سورت کی پہلی ہی آیت میں قیامت کے لیے "غاشیہ" کا لفظ استعمال ہوا ہے۔قیامت کی ہولناکیاں سب پر چھا جائیں گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ ۝۱ وُجُوْهٌ يَّوْمَىِٕذٍ خَاشِعَةٌ ۝۲ عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ ۝۳ تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً ۝۴ تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ ۝۵ لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ اِلَّا مِنْ ضَرِيْعٍ ۝۶ لَّا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِيْ مِنْ جُوْعٍ ۝۷ وُجُوْهٌ يَّوْمَىِٕذٍ نَّاعِمَةٌ ۝۸ لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ۝۹ فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ۝۱۰ لَّا تَسْمَعُ فِيْهَا لَاغِيَةً ۝۱۱ فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ ۝۱۲ فِيْهَا سُرُرٌ مَّرْفُوْعَةٌ ۝۱۳

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

کیا تم کو ڈھانک لینے والی (قیامت) کی خبر پہنچی ہے؟① ﴿۱﴾ بہت سارے چہرے اس دن ذلیل ہونے والے ہیں② ﴿۲﴾ تکلیف جھیلتے ہوں گے، تھکن سے چور ہوں گے ﴿۳﴾ بہت ہی تیز گرم آگ میں داخل ہوں گے ﴿۴﴾ ان کو کھولتے ہوئے چشمے کا پانی پلایا جائے گا③ ﴿۵﴾ ان کو ضریع (یعنی ایک کانٹے والے جھاڑ) کے سوا کوئی کھانا نہیں ملے گا④ ﴿۶﴾ جو جسم کا وزن بھی نہیں بڑھائے گا اور بھوک (دور کرنے) کے کام میں (بھی) نہیں آئے گا⑤ ﴿۷﴾ بہت سے چہرے اس دن رونق دار ہوں گے ﴿۸﴾ (دنیا میں) اپنی کی ہوئی (نیک) محنتوں سے خوش ہوں گے ﴿۹﴾ عالی شان جنت میں ہوں گے ﴿۱۰﴾ جس میں وہ کوئی لغویات نہیں سنیں گے ﴿۱۱﴾ اس (جنت) میں بہتے ہوئے چشمے ہوں گے ﴿۱۲﴾ اس (جنت) میں اونچے اونچے تختے ہوں گے ﴿۱۳﴾

---

① قیامت کا اثر پورے عالم پر چھا جائے گا۔

② آخرت میں تو یہ حال کافروں کا ہوگا ہی۔ بعض حضرات نے اس کو دنیا سے بھی متعلق مانا ہے کہ بہت سارے لوگ دنیا میں ریاضت، محنتیں کرتے کرتے تھک جاتے ہیں، مگر ان سب کی محنت حق پر نہ ہونے کی وجہ سے بے کار ہو جاتی ہے۔

③ جس کے اوپر حرارت کی کوئی "ڈگری" ہی نہ ہو، اتنا گرم ہوگا۔ ④ جہنم کا ایک درخت جو بہت ہی کڑوا، بدبو والا، آگ سے زیادہ گرم ہوگا۔

⑤ طعام کے دو فائدے: (۱) جسم کا وزن بڑھے۔

(۲) بھوک دور ہو۔

وَّاَكْوَابٌ مَّوْضُوْعَةٌ ﴿ۙ﴾ وَّنَمَارِقُ مَصْفُوْفَةٌ ﴿ۙ﴾ وَّزَرَابِيُّ مَبْثُوْثَةٌ ﴿ؕ﴾ اَفَلَا يَنْظُرُوْنَ اِلَى الْاِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ﴿ٙ﴾ وَاِلَى السَّمَآءِ كَيْفَ رُفِعَتْ ﴿ٙ﴾ وَاِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ ﴿ٙ﴾ وَاِلَى الْاَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ ﴿ٙ﴾ فَذَكِّرْ ؕ اِنَّمَاۤ اَنْتَ مُذَكِّرٌ ﴿ؕ﴾ لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ ﴿ۙ﴾ اِلَّا مَنْ تَوَلّٰى وَكَفَرَ ﴿ۙ﴾ فَيُعَذِّبُهُ اللّٰهُ الْعَذَابَ الْاَكْبَرَ ﴿ؕ﴾ اِنَّ اِلَيْنَاۤ اِيَابَهُمْ ﴿ۙ﴾ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ ﴿ࣖ﴾

اور (سامنے) رکھے ہوئے پیالے ہوں گے① ﴿۱۴﴾ اور ترتیب سے (قطار میں) رکھے ہوئے تکیے ہوں گے ﴿۱۵﴾ اور سب طرف غالیچے پھیلے ہوں گے ﴿۱۶﴾ تو کیا وہ لوگ اونٹوں کو نہیں دیکھتے کہ وہ کیسے (عجیب طریقے سے) پیدا کیے گئے ہیں؟ ﴿۱۷﴾ اور آسمان کو (نہیں دیکھتے) کہ کیسا اس کو اونچا کیا گیا؟ ﴿۱۸﴾ اور پہاڑوں کو (نہیں دیکھتے) کہ وہ کیسے کھڑے کر دیے گئے (کہ وہ اپنی جگہ سے ہلتے نہیں)؟ ﴿۱۹﴾ اور زمین کو (نہیں دیکھتے) کہ وہ کیسے بچھائی گئی؟ ﴿۲۰﴾ سو (اے نبی!) تم نصیحت کرتے رہو، بس تم نصیحت کرنے والے ہی ہو ﴿۲۱﴾ تم ان پر ذمے دار نہیں ہو (کہ زبردستی منواؤ) ﴿۲۲﴾ (ہاں!) مگر جو شخص منہ پھرا لیوے اور کفر کرے ﴿۲۳﴾ تو اللہ تعالیٰ اس کو بہت بڑا عذاب دیں گے ﴿۲۴﴾ یقین جانو ان سب کو ہماری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے ﴿۲۵﴾ پھر ان کا حساب لینا ہمارے ہی ذمے ہے ﴿۲۶﴾

① جہاں پانی اور مشروبات ہو، وہیں اس کو پینے کے لیے گلاس، پیالے بھی ہوں؛ تاکہ تکلیف نہ ہو، ہر چیز اس کی مناسب جگہ پر رکھنا ادب ہے اور اسی میں سہولت ہے؛ ورنہ پیاس لگی، پانی ہے؛ لیکن گلاس کی تلاش میں پریشانی ہے۔

سورۃ الفجر

(المکیۃ)

ایاتھا: ۳۰۔ رکوعھا: ۱۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں تیس (۳۰) آیتیں ہیں۔ سورۃ اللیل کے بعد اور سورۃ ضحیٰ سے پہلے دس (۱۰) نمبر پر نازل ہوئی۔

سورت کی پہلی ہی آیت میں فجر کی قسم کھائی گئی ہے۔ صبح کی روشنی کو فجر کہتے ہیں۔ طلوعِ صبح صادق اور طلوعِ آفتاب کی روشنی کے عالم میں پھیل جانے کا منظر جب انسان دیکھ لیوے تو اس سے یہ یقینی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ بس اسی طرح کفر اور گمراہیوں کی ظلمتیں نورِ نبوت کی برکت سے دور ہوجائے گی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

وَالۡفَجۡرِ ۙ﴿۱﴾ وَلَیَالٍ عَشۡرٍ ۙ﴿۲﴾ وَّالشَّفۡعِ وَالۡوَتۡرِ ۙ﴿۳﴾ وَالَّیۡلِ اِذَا یَسۡرِ ۚ﴿۴﴾ ہَلۡ فِیۡ ذٰلِکَ قَسَمٌ لِّذِیۡ حِجۡرٍ ؕ﴿۵﴾ اَلَمۡ تَرَ کَیۡفَ فَعَلَ رَبُّکَ بِعَادٍ ۪ۙ﴿۶﴾ اِرَمَ ذَاتِ الۡعِمَادِ ۪ۙ﴿۷﴾ الَّتِیۡ لَمۡ یُخۡلَقۡ مِثۡلُہَا فِی الۡبِلَادِ ۪ۙ﴿۸﴾ وَثَمُوۡدَ الَّذِیۡنَ جَابُوا الصَّخۡرَ بِالۡوَادِ ۪ۙ﴿۹﴾ وَفِرۡعَوۡنَ ذِی الۡاَوۡتَادِ ۪ۙ﴿۱۰﴾ الَّذِیۡنَ طَغَوۡا فِی الۡبِلَادِ ۪ۙ﴿۱۱﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

فجر (کے وقت) کی قسم ①﴿۱﴾ اور دس راتوں کی ②﴿۲﴾ اور جفت کی ③ اور طاق کی ﴿۳﴾ اور رات کی جب وہ رخصت ہونے لگے ﴿۴﴾ کیا یہ (جو) قسمیں (کھائی گئیں وہ) ایک عقل والے کو یقین دلانے کے لیے کافی نہیں ہے؟ ﴿۵﴾ (اے نبی!) کیا تم نے نہیں دیکھا کہ تمھارے رب نے عاد یعنی ارم قوم کے ساتھ کیسا سلوک کیا؟ ﴿۶﴾ جو اونچے اونچے ستون والے تھے ④﴿۷﴾ کہ اس جیسی (لمبائی اور طاقت والی) کوئی اور قوم (دنیا کے تمام) شہروں میں پیدا نہیں کی گئی ⑤﴿۸﴾ اور ثمود کے ساتھ (کیسا سلوک کیا) جنھوں نے وادی میں پتھر کی چٹانوں کو (گھر بنانے کے لیے) تراشا تھا ﴿۹﴾ اور میخوں والے فرعون کے ساتھ (کیسا سلوک کیا) ⑥﴿۱۰﴾ جنھوں نے (دنیا کے مختلف) ملکوں میں سر اٹھایا تھا ﴿۱۱﴾

---

① ہر دن صبح کا وقت ایک تازگی اور نئے کام کی آرزو کے ساتھ آتا ہے۔
② ذی الحجہ کی ابتدائی دس راتوں میں عبادت کا بڑا ثواب ہے۔ یہ ایک تفسیر ہے۔
③ جفت یعنی عید الاضحیٰ کا دن دسویں تاریخ، طاق یعنی عرفہ نو ذی الحجہ۔ یہ ایک قول ہے۔
④ (دوسرا ترجمہ) اے نبی! کیا تم نے نہیں دیکھا کہ تمھارے رب نے عاد کے ساتھ کیسا سلوک کیا؟ جو ارم کہلاتے تھے، جو اونچے اونچے ستونوں والے تھے۔
⑤ (دوسرا ترجمہ) کہ اس جیسی آبادی (دنیا کے شہروں میں) کوئی اور نہیں بنائی گئی۔
⑥ فرعون کسی کو سزا دینا چاہتا تو اس کو زمین پر پشت کی جانب لٹا کر اس کے ہاتھ پیر میں کیلیں مار کر زمین سے جکڑ دیتا تھا، اسی طرح اس کی فوج کے لیے بہت ساری میخیں گاڑ کر خیمے بنائے جاتے تھے۔

فَاَكْثَرُوْا فِيْهَا الْفَسَادَ ﴿۱۲﴾ فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ ﴿۱۳﴾ اِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ﴿۱۴﴾ فَاَمَّا الْاِنْسَانُ اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ رَبُّهٗ فَاَكْرَمَهٗ وَنَعَّمَهٗ فَيَقُوْلُ رَبِّيْٓ اَكْرَمَنِ ﴿۱۵﴾ وَاَمَّآ اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهٗ فَيَقُوْلُ رَبِّيْٓ اَهَانَنِ ﴿۱۶﴾ كَلَّا بَلْ لَّا تُكْرِمُوْنَ الْيَتِيْمَ ﴿۱۷﴾ وَلَا تَحٰٓضُّوْنَ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ﴿۱۸﴾ وَتَاْكُلُوْنَ التُّرَاثَ اَكْلًا لَّمًّا ﴿۱۹﴾ وَّتُحِبُّوْنَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ﴿۲۰﴾ كَلَّآ اِذَا دُكَّتِ الْاَرْضُ دَكًّا دَكًّا ﴿۲۱﴾ وَّجَآءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا ﴿۲۲﴾ وَجِايْٓءَ يَوْمَئِذٍۭ بِجَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ يَّتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ وَاَنّٰى لَهُ الذِّكْرٰى ﴿۲۳﴾

پھر انھوں نے ان (ملکوں) میں بہت فساد مچایا تھا ﴿۱۲﴾ (اور) انجام یہ ہوا کہ تمھارے رب نے ان پر عذاب کا کوڑا برسایا ﴿۱۳﴾ یقین رکھو! تمھارے رب (نافرمانوں کو) پوری نظر میں رکھے ہوئے ہیں① ﴿۱۴﴾ سو انسان کا حال یہ ہے کہ جب اس کو اس کے رب آزماتے ہیں، پھر اس کو (دنیا میں عزت اور) اکرام اور انعام سے نوازتے ہیں، تو کہنے لگتا ہے کہ: میرے رب نے میری عزت کی② ﴿۱۵﴾ اور جب (اس کے رب) اس کو آزماتے ہیں اور اس کی روزی اس پر تنگ کردیتے ہیں تو کہنے لگتا ہے کہ: میرے رب نے میری توہین کی③ ﴿۱۶﴾ (جیسا تو سمجھ رہا ہے ایسا) ہرگز نہیں (ہے) بلکہ تم یتیم کی عزت نہیں کرتے ہو ﴿۱۷﴾ اور مسکینوں کو کھانا کھلانے کے لیے آپس میں ترغیب نہیں دیتے ہو ﴿۱۸﴾ اور تم میراث کا سارا مال سمیٹ کر کھا جاتے ہو ﴿۱۹﴾ اور تم مال سے بہت ہی محبت کرتے ہو ﴿۲۰﴾ (ایسا) ہرگز نہیں (ہونا چاہیے) جب زمین کو توڑ کر ریزہ ریزہ کردیا جائے گا④ ﴿۲۱﴾ اور (جب) تمھارے رب (اپنی شان کے مطابق محشر میں) آئیں گے اور فرشتے صفیں باندھ کر (حاضر ہوں گے) ﴿۲۲﴾ اور جہنم اس دن (سامنے) لائی جائے گی اس دن انسان کو سمجھ آجائے گی؛ اور اس وقت سمجھنا فائدہ والا کہاں ہوگا؟ ﴿۲۳﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) یقین رکھو! تمھارے رب (نافرمانوں کی) تاک میں لگے ہوئے ہے۔

② یعنی میں میرے رب کے یہاں مقبول ہوں؛ اس لیے مجھے یہ سب نعمتیں ملی ہیں۔

③ یعنی میں انعام کا حق دار ہوں پھر بھی میرے رب نے مجھے گرادیا ہے۔

④ یعنی زمین کے اونچے حصے جیسے پہاڑوں کو توڑ کر عام زمین کے برابر کردیا جائے گا۔

يَقُولُ يٰلَيْتَنِي قَدَّمْتُ لِحَيَاتِي ۝ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُعَذِّبُ عَذَابَهُ أَحَدٌ ۝ وَّلَا يُوثِقُ وَثَاقَهُ أَحَدٌ ۝ يٰأَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ۝ ارْجِعِي إِلَىٰ رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ۝ فَادْخُلِي فِي عِبَادِي ۝ وَادْخُلِي جَنَّتِي ۝

وہ (انسان) کہےگا: اے کاش! میں نے اپنی (آخرت کی مزیدار) زندگی کے لیے (کوئی نیک عمل) آگے بھیج دیا ہوتا ﴿۲۴﴾ پھر اس دن اس (اللہ تعالیٰ) کے عذاب کے جیسا کوئی عذاب دینے والا نہیں ہوگا ﴿۲۵﴾ اور نہ اس (اللہ تعالیٰ) کے باندھنے کے جیسا کوئی باندھنے والا ہوگا ﴿۲۶﴾ اے (اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں) اطمینان (یعنی سکون، چین) پانے والی جان! ﴿۲۷﴾ تو اپنے رب کی طرف اس طرح لوٹ کر آجا کہ تو اس (اللہ تعالیٰ) سے راضی ہے اور وہ (اللہ تعالیٰ) تجھ سے راضی ہیں ﴿۲۸﴾ اور تو میرے (خاص نیک) بندوں میں شامل ہوجا ﴿۲۹﴾ اور تو میری جنت میں داخل ہوجا ﴿۳۰﴾

سورۃ البلد

(المکیۃ)

اٰیاتھا: ۲۰۔ رکوعھا: ۱۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں بیس (۲۰) آیتیں ہیں۔ سورۂ ق کے بعد اور سورۂ طارق سے پہلے پینتیس (۳۵) نمبر پر نازل ہوئی۔

سورت کی پہلی ہی آیت میں بلدِ مقدس مکہ مکرمہ کی قسم کھائی گئی ہے۔ یہ مکہ مکرمہ کے لیے بہت ہی شرف کی بات ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِۙ وَاَنْتَ حِلٌّۢ بِهٰذَا الْبَلَدِۙ وَوَالِدٍ وَّمَا وَلَدَۙ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْ كَبَدٍؕ اَيَحْسَبُ اَنْ لَّنْ يَّقْدِرَ عَلَيْهِ اَحَدٌۘ يَقُوْلُ اَهْلَكْتُ مَالًا لُّبَدًاؕ اَيَحْسَبُ اَنْ لَّمْ يَرَهٗۤ اَحَدٌؕ

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

میں اس (مکہ) شہر کی قسم کھاتا ہوں ﴿۱﴾ اور تمھارے لیے اس شہر میں لڑائی حلال ہونے والی ہے① ﴿۲﴾ اور (قسم کھاتا ہوں) باپ (آدم) کی اور اس کی اولاد (بنی آدم) کی② ﴿۳﴾ پکی بات یہ ہے کہ ہم نے انسان کو بڑی مشقت (تکلیف) میں (رہنے والا) پیدا کیا ہے③ ﴿۴﴾ کیا وہ یہ سمجھتا ہے کہ اس پر کسی کا بس (یعنی قابو) نہیں چلے گا؟ ﴿۵﴾ کہتا ہے کہ: میں نے بہت زیادہ مال (اللہ تعالیٰ کی نافرمانی اور رسول کی مخالفت میں) خرچ کر ڈالا ﴿۶﴾ کیا وہ یہ سمجھتا ہے کہ اس کو کسی نے نہیں دیکھا ہے④ ﴿۷﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) اور تم (ابھی) اس شہر میں اترے ہوئے (یعنی مقیم) ہو:

[۱] مکہ شہر پہلے سے ہی بابرکت ہے؛ لیکن حضرت نبی کریم ﷺ کی اس شہر میں ولادت باسعادت اور پھر آپ ﷺ کے مکہ میں قیام نے مکہ شہر کی برکتوں کو اور خوب بڑھا دیا۔ (تیسرا ترجمہ) اور تمھارا (قتل) اس شہر والوں (کی نظر میں) حلال (سمجھا جا رہا) ہے۔

[۲] مکہ والوں نے حرم کا بھی لحاظ نہیں کیا اور اللہ تعالیٰ کے آخری نبی کو قتل کرنے کے منصوبہ بنایا جس کے نتیجہ میں ہجرت کا واقعہ پیش آیا۔ مکہ ہمیشہ حرم ہے، صرف فتح مکہ کے دن حضرت نبی کریم ﷺ کے لیے جنگ کو حلال کیا گیا، گرچہ باقاعدہ جنگ کی نوبت نہیں آئی، یہ حضور ﷺ کی خصوصیت ہے۔

② یہ انسان کے لیے بڑی شرافت کی بات ہے کہ خود باری تعالیٰ اس کی قسم کھاوے، کاش انسان اپنی اس شرافت کی خود قدر کر لیوے، اور اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کرے۔

③ کسی نہ کسی طرح دنیا میں مشقتیں لگی ہوئی ہیں۔

④ انسان گناہ کرے اور اس پر بے خوف ہو کر اترائے۔

اَلَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ عَيْنَيْنِۙ﴿۸﴾ وَلِسَانًا وَّشَفَتَيْنِۙ﴿۹﴾ وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِۚ﴿۱۰﴾ فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ ﴿۱۱﴾ وَمَاۤ اَدْرٰىكَ مَا الْعَقَبَةُ ﴿۱۲﴾ فَكُّ رَقَبَةٍ ﴿۱۳﴾ اَوْ اِطْعٰمٌ فِيْ يَوْمٍ ذِيْ مَسْغَبَةٍ ﴿۱۴﴾ يَّتِيْمًا ذَا مَقْرَبَةٍ ﴿۱۵﴾ اَوْ مِسْكِيْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ ﴿۱۶﴾ ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ ﴿۱۷﴾ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ﴿۱۸﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا هُمْ اَصْحٰبُ الْمَشْـَٔمَةِ ﴿۱۹﴾ عَلَيْهِمْ نَارٌ مُّؤْصَدَةٌ ﴿۲۰﴾

کیا ہم نے اس کو دو آنکھیں نہیں دی؟ ﴿۸﴾ اور ایک زبان اور دو ہونٹ نہیں دیے؟ ﴿۹﴾ اور ہم نے اس کو (خیر و شر) دونوں راستے بتلا دیے ہیں ﴿۱۰﴾ پھر بھی وہ (ثواب کی) گھاٹی میں داخل نہیں ہو سکا ① ﴿۱۱﴾ اور تم کو معلوم ہے وہ گھاٹی کیا ہے؟ ﴿۱۲﴾ کسی (غلام) کی گردن چھڑا دینا ہے ﴿۱۳﴾ یا بھوک کے دن میں کھانا کھلا دینا ہے ﴿۱۴﴾ کسی رشتے دار یتیم کو ﴿۱۵﴾ یا کسی مسکین کو جو مٹی پر بیٹھا رہتا ہو ﴿۱۶﴾ پھر وہ ان لوگوں میں سے نہ ہوا جو ایمان لائے ہوئے ہیں ② اور ایک دوسرے کو صبر کی تاکید کرتے ہیں اور ایک دوسرے کو (مخلوق پر) رحم کرنے کی تاکید کرتے ہیں ﴿۱۷﴾ وہی لوگ داہنی جانب والے ہیں ③ ﴿۱۸﴾ اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا وہ بائیں جانب والے ہیں ④ ﴿۱۹﴾ ان پر ہر طرف سے بند کی ہوئی آگ مسلط کر دی جائے گی (تاکہ وہ نکل ہی نہ سکے) ﴿۲۰﴾

① نیکی اور ثواب کو گھاٹی سے تعبیر فرمایا؛ اس لیے کہ دین کا کام کرنا، ثواب کمانا اس میں ہر طرح کے شیطانوں کی مخالفت کا سامنا کرنا اور حرام سے دور رہنا جو خود نفس کے لیے شاق ہے۔ یہ ”گھاٹی“ میں چلنے سے کچھ کم مشکل کام نہیں ہے۔

② تمام نیکیوں کی مقبولیت کا مدار ایمان پر ہے۔

③ عرش کی داہنی جانب والے جن کو داہنے ہاتھوں میں اعمال نامہ دیا جائے گا۔ (دوسرا ترجمہ) اور وہی لوگ اچھے نصیب والے ہیں۔

④ عرش کی بائیں جانب والے جن کو بائیں ہاتھ میں اعمال نامہ دیا جائے گا۔ (دوسرا ترجمہ) اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا وہی لوگ برے نصیب والے ہیں۔ (تیسرا) نحوست والے ہیں۔

سورۃ الشمس

(المکیۃ)

ایاتہا:۱۵۔رکوعہا:۱۔

یہ سورت مکی ہے،اس میں پندرہ (۱۵) آیتیں ہیں۔سورۃ قدر کے بعد اور سورۃ بروج سے پہلے چھبیس (۲۶) نمبر پر نازل ہوئی۔

شمس: سورج کو کہتے ہیں اور دھوپ کو بھی کہتے ہیں، دونوں چیزیں اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمتوں میں سے ہیں۔

حضرت نبی کریم ﷺ نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ: جب تم امامت کرو تو "**والشمس وضحٰها**" اور "**اقرأ باسم ربك**" اور "**والليل اذا يغشٰى**" (وغیرہ) پڑھا کرو۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

وَالشَّمۡسِ وَضُحٰهَا ۞ وَالۡقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا ۞ وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰهَا ۞ وَالَّيۡلِ اِذَا يَغۡشٰهَا ۞ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰهَا ۞ وَالۡاَرۡضِ وَمَا طَحٰهَا ۞ وَنَفۡسٍ وَّمَا سَوّٰهَا ۞ فَاَلۡهَمَهَا فُجُوۡرَهَا وَتَقۡوٰهَا ۞ قَدۡ اَفۡلَحَ مَنۡ زَكّٰهَا ۞ وَقَدۡ خَابَ مَنۡ دَسّٰهَا ۞

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

قسم ہے سورج اوراس کی (پھیلی ہوئی) دھوپ کی ﴿۱﴾ اور چاند کی (قسم) جب وہ سورج کے پیچھے آوے ﴿۲﴾ اور (قسم ہے) دن کی جب وہ اس (سورج) کو روشن کردیوے ﴿۳﴾ اور رات کی (قسم) جب وہ اس پر چھا جاوے① ﴿۴﴾ اور (قسم ہے) آسمان کی اور اس ذات کی جس نے اس کو بنایا ہے② ﴿۵﴾ اور زمین کی (قسم) اور اس ذات کی جس نے اس کو بچھایا ہے③ ﴿۶﴾ اور (انسان کی) جان④ کی اور اس کی جس نے اس کو درست بنایا ہے ﴿۷﴾ پھر جو چیز اس کے لیے برائی کی ہے اور جو اس کے تقویٰ کی ہے وہ اس کے دل میں ڈال دی⑤ ﴿۸﴾ پکی بات ہے جس نے اس (نفس) کو پاکیزہ رکھا وہ کامیاب ہوگیا⑥ ﴿۹﴾ اور پکی بات ہے جس نے اس (نفس) کو (گناہ میں) چھپادیا وہ ناکام ہوگیا⑦ ﴿۱۰﴾

---

① رات کی تاریکی ہر چیز کو چھا جاتی ہے۔

② (دوسرا ترجمہ) اور (قسم) ہے آسمان کی اور جیسی شان والا اس کو بنایا ہے۔

③ (دوسرا ترجمہ) اور (قسم ہے) زمین کی اور جیسی عمدہ اس کو بچھایا ہے اس کی۔

④ (دوسرا ترجمہ) اور (انسان کی) جان کی (قسم) اور جیسا اس کو بنایا ہے اس کی۔

⑤ یعنی نیکی اور برائی دونوں سمجھائی، انسان اپنی مرضی سے جو چاہے اپناوے۔

⑥ (دوسرا ترجمہ) پکی بات ہے جس نے اس (نفس) کو سنوارا وہ فلاح پانے والا ہوگیا۔

⑦ (دوسرا ترجمہ) اور پکی بات ہے جس نے اس نفس کو (نافرمانی میں) دھنسادیا (یا، دبادیا) وہ ناکام ہوگیا (تیسرا) اور جس نے اس (نفس) کو خراب کیا وہ ناکام ہوگیا۔

كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰىهَآ ۝ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰىهَا ۝ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْيٰهَا ۝ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا ۙ فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ۝ وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ۝

ثمود قوم نے اپنی شرارت سے (حضرت صالح علیہ السلام کو) جھٹلایا ﴿۱۱﴾ جب کہ اس قوم میں (جو) سب سے زیادہ بدبخت (تھا وہ اونٹنی کو مارنے) اٹھ کھڑا ہوا① ﴿۱۲﴾ اس پر اللہ تعالیٰ کے رسول نے قوم کے لوگوں کو کہا کہ: اللہ تعالیٰ کی اونٹنی اور اس کی پانی پینے کی باری کا پورا خیال رکھنا ﴿۱۳﴾ پھر بھی انھوں نے اس (رسول) کو جھٹلایا، سو اس (اونٹنی) کو کاٹ ڈالا، انجام یہ ہوا کہ ان کے گناہ کی وجہ سے ان کے رب نے ان پر عذاب بھیج دیا②، پھر سب کو (مٹا کر) برابر کر دیا③ ﴿۱۴﴾ اور اس (اللہ تعالیٰ) کو اس (ثمود) کے انجام سے کوئی ڈر نہیں ﴿۱۵﴾

---

① اس کا نام ”قدار“ تھا، شاید اسی کی طرف نسبت کرتے ہوئے آج بھی ”قدار اشور“ کی پرستش کی جاتی ہے۔

② (دوسرا ترجمہ) عذاب الٹ دیا۔

③ اور اس ہلاکت کو سب پر برابر کر دیا۔

سورۃ اللیل

(المکیۃ)

اٰیاتھا:۲۱۔رکوعھا:۱۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں اکیس (۲۱) آیتیں ہیں۔ سورۃ اعلیٰ کے بعد اور سورۃ فجر سے پہلے نو (۹) نمبر پر نازل ہوئی۔

رات اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے۔ سورت کی پہلی ہی آیت میں رات کی قسم کھائی گئی ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

وَالَّيۡلِ اِذَا يَغۡشٰىۙ ۝۱ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰىۙ ۝۲ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالۡاُنۡثٰٓىۙ ۝۳ اِنَّ سَعۡيَكُمۡ لَشَتّٰىؕ ۝۴ فَاَمَّا مَنۡ اَعۡطٰى وَاتَّقٰىۙ ۝۵ وَصَدَّقَ بِالۡحُسۡنٰىۙ ۝۶ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلۡيُسۡرٰىؕ ۝۷ وَاَمَّا مَنۡۢ بَخِلَ وَاسۡتَغۡنٰىۙ ۝۸ وَكَذَّبَ بِالۡحُسۡنٰىۙ ۝۹ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلۡعُسۡرٰىؕ ۝۱۰ وَمَا يُغۡنِىۡ عَنۡهُ مَالُهٗۤ اِذَا تَرَدّٰىؕ ۝۱۱ اِنَّ عَلَيۡنَا لَلۡهُدٰىۖ ۝۱۲

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

قسم ہے رات کی جب کہ وہ ڈھانک لیوے ① ﴿۱﴾ اور دن کی (قسم) جب خوب روشن ہو جاوے ﴿۲﴾ اور اس ذات کی (قسم) جس نے مذکر (یعنی نر) اور مؤنث (یعنی مادہ) کو پیدا کیا ﴿۳﴾ یقیناً تمھاری کوششیں الگ الگ قسم کی ہے ② ﴿۴﴾ سو جس شخص نے (اللہ تعالیٰ کے راستے میں مال) دیا اور تقویٰ اختیار کیا ﴿۵﴾ اور اچھی بات (اسلام) کو دل سے مانا ﴿۶﴾ تو ہم اس کو آسان چیز تک آسانی سے پہنچادیں گے ③ ﴿۷﴾ اور جس شخص نے بخیلی کی اور (دین پر عمل کرنے میں) بے پرواہی کی ﴿۸﴾ اور اچھی بات (اسلام) کو جھٹلا دیا ﴿۹﴾ تو ہم اس کو مشکل چیز (جہنم) تک آسانی سے پہنچادیں گے ﴿۱۰﴾ اور ایسا شخص جب (آگ میں) گرے گا تب اس کا مال اس کو کچھ کام نہیں آئے گا ﴿۱۱﴾ یقیناً (ہدایت کا) راستہ بتلا دینا ہمارے ہی ذمے ہے ﴿۱۲﴾

---

① رات آفتاب اور دن کو اپنے اندھیرے میں چھپالیتی ہے۔

② انسان کی دینی اور دنیوی کوششیں اور نیک اور برے اعمال الگ الگ قسم کے ہیں؛ اس لیے اس کا نتیجہ جنت اور جہنم الگ الگ قسم کا ہوگا۔

③ یعنی اس کے لیے نیکی کا راستہ آسان کردیا جائے گا اور اس کی برکت سے جنت میں پہنچادیا جائے گا۔ دنیا میں شریعت پر عمل اور اس کی برکت سے آخرت میں جنت سب سے زیادہ راحت والی چیز ہے۔

وَإِنَّ لَنَا لَلْآخِرَةَ وَالْأُولَىٰ ﴿١٣﴾ فَأَنذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظَّىٰ ﴿١٤﴾ لَا يَصْلَاهَا إِلَّا الْأَشْقَى ﴿١٥﴾ الَّذِي كَذَّبَ وَتَوَلَّىٰ ﴿١٦﴾ وَسَيُجَنَّبُهَا الْأَتْقَى ﴿١٧﴾ الَّذِي يُؤْتِي مَالَهُ يَتَزَكَّىٰ ﴿١٨﴾ وَمَا لِأَحَدٍ عِندَهُ مِن نِّعْمَةٍ تُجْزَىٰ ﴿١٩﴾ إِلَّا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْأَعْلَىٰ ﴿٢٠﴾ وَلَسَوْفَ يَرْضَىٰ ﴿٢١﴾

اور یقینی بات ہے کہ آخرت اور دنیا ہمارے ہی ہاتھ میں ہیں ﴿١٣﴾ لہذا میں نے تم کو ایک بھڑکتی آگ سے ڈرا دیا ﴿١٤﴾ اس میں سب سے بڑا بدبخت ہی داخل ہوگا① ﴿١٥﴾ جس نے (اسلام کو) جھٹلایا اور منہ پھر الیا ﴿١٦﴾ اور اس (آگ) سے بڑے تقویٰ والے کو دور رکھا جائے گا② ﴿١٧﴾ جو اپنا مال پاک کرنے کی غرض سے (اللہ کے راستے میں) دیتا رہا③ ﴿١٨﴾ حالاں کہ اس پر کسی کا احسان نہیں تھا کہ جس کا بدلہ دیا جائے ﴿١٩﴾ اس کا مقصد تو صرف اپنے رب کی خوشی حاصل کرنا ہے جن کی شان سب سے اونچی ہے ﴿٢٠﴾ اور یقین رکھو④ کہ ایسا شخص عنقریب خوش ہو جائے گا ﴿٢١﴾

---

① ایمان سے محرومی سب سے بڑی بدبختی ہے۔

② کفر سے بچا لیا جانا اور ایمان ملنا سب سے بڑا تقویٰ ہے۔

③ اللہ کے راستے میں مال خرچ کرنے سے خود مال بھی پاک ہوتا ہے، اور انسان کا نفس مال کی ناپاک محبت سے پاک ہوتا ہے۔

④ ان آیات کا نزول حضرت صدیق اکبرؓ کے لیے ہوا، مظلوم مؤمن غلاموں کو خرید خرید کر آزاد فرمایا کرتے تھے، اگرچہ آیت میں بیان کیے ہوئے صفات والا ہر مؤمن اس کا مصداق ہے۔

سورة الضحیٰ

(المکیة)

اٰیاتھا:۱۱۔رکوعھا:۱۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں گیارہ (۱۱) آیتیں ہیں۔ سورۂ فجر کے بعد اور سورۂ انشراح سے پہلے گیارہ (۱۱) نمبر پر نازل ہوئی۔

چڑھتی دھوپ کے وقت کو "ضحیٰ" کہتے ہیں، جس کو ہم ہمارے عرف میں چاشت کا وقت بھی کہتے ہیں، سورت کی پہلی ہی آیت میں اس چڑھتی دھوپ کی قسم کھائی گئی ہے۔ یہ وقت بھی بڑا اثر الا وقت ہے، حضرت موسیٰ کا جادوگروں سے مقابلہ ایک کھلے میدان میں اسی وقت ہوا تھا وان یحشر الناس ضحیٰ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

وَالضُّحٰى ۙ﴿۱﴾ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ۙ﴿۲﴾ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ؕ﴿۳﴾ وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ؕ﴿۴﴾ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ؕ﴿۵﴾ اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ۪﴿۶﴾ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ۪﴿۷﴾ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ؕ﴿۸﴾ فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ؕ﴿۹﴾ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ؕ﴿۱۰﴾ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ﴿۱۱﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

میں قسم کھاتا ہوں دن کے چڑھنے کے وقت کی ﴿۱﴾ اور رات کی (قسم) جب (اس کا اندھیرا) پوری طرح چھا جائے① ﴿۲﴾ تمھارے رب نے تم کو چھوڑا بھی نہیں اور ناراض بھی نہیں ہوئے ﴿۳﴾ اور یقیناً آگے آنے والی حالت تمھارے لیے پہلی حالت سے بہتر ہے② ﴿۴﴾ اور یہ بات طے ہے کہ آگے چل کر تمھارے رب تم کو اتنا دیں گے کہ تم خوش ہو جاؤ گے ﴿۵﴾ کیا اس نے تم کو یتیم نہیں پایا تھا؟ پھر (تم کو) ٹھکانہ دیا③ ﴿۶﴾ اور تم کو (شریعت کے راستے سے) ناواقف پایا تو (تم کو) شریعت کا راستہ دکھا دیا④ ﴿۷﴾ اور تم کو نادار پایا تو غنی کر دیا⑤ ﴿۸﴾ سو اب جو یتیم ہو تو اس پر سختی نہ کرنا ﴿۹﴾ اور جو سوال کرنے والا ہے تو اس کو جھڑکنا نہیں⑥ ﴿۱۰﴾ اور اپنے رب کی نعمت کا تذکرہ کرتے رہنا⑦ ﴿۱۱﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) میں قسم کھاتا ہوں چاشت کے وقت کی روشنی کی۔

② (دوسرا ترجمہ) یقیناً آخرت تمھارے لیے دنیا سے بہت بہتر ہے۔

③ آپ ﷺ پیدائش کے وقت سے یتیم تھے۔ دادا جان اور چچا جان کی شفقتوں میں بڑے ہوئے۔

④ (دوسرا ترجمہ) تو تم کو (شریعت کی) منزل پر پہنچا دیا۔

⑤ اللہ تعالیٰ کی طرف سے قلب غنی تو حضور ﷺ کو ملا ہی تھا۔ ساتھ میں حضرت خدیجہؓ جیسی باوفا زوجہ محترمہ نے اپنی دولت کے دہانے آپ کے لیے کھول دیے۔

⑥ سوال کرنے والا مال کا ہو یا علم کا ہو۔

⑦ (دوسرا ترجمہ) اس کو بیان کرتے رہنا۔

سورۃ الم نشرح

(المکیۃ)

ایاتھا: ۸۔ رکوعھا: ۱۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں آٹھ (۸) آیتیں ہیں۔ سورۃ والضحیٰ کے بعد اور سورۃ عصر سے پہلے بارہ (۱۲) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت کی پہلی ہی آیت میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سینۂ اطہر کو کشادہ کرنے کا بیان ہے۔ یہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبوبیت کی بات ہے کہ آپ کے جسدِ اطہر کے مختلف اعضاء کا قرآنِ مجید میں تذکرہ آیا ہے۔

یہاں سینۂ مبارک کا ذکر ہے۔ دوسری جگہ قلب اطہر کا تذکرہ ہے۔ ایک جگہ آپ کی پشت مبارک کا تذکرہ ہے تو کہیں آپ کے ہاتھ مبارک کا تذکرہ ہے، کہیں آپ کے چہرۂ منور کا ذکر ہے، کہیں آپ کے عمر مبارک کی قسم کھائی گئی ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝
اَلَمۡ نَشۡرَحۡ لَكَ صَدۡرَكَ ۝۱ وَوَضَعۡنَا عَنۡكَ وِزۡرَكَ ۝۲ الَّذِيۡۤ اَنۡقَضَ ظَهۡرَكَ ۝۳ وَرَفَعۡنَا لَكَ ذِكۡرَكَ ۝۴ فَاِنَّ مَعَ الۡعُسۡرِ يُسۡرًا ۝۵ اِنَّ مَعَ الۡعُسۡرِ يُسۡرًا ۝۶ فَاِذَا فَرَغۡتَ فَانۡصَبۡ ۝۷ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارۡغَبۡ ۝۸

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

(اے نبی!) کیا ہم نے تمہارے لیے تمہارے سینے کو کھول نہیں دیا؟① ﴿۱﴾ اور ہم نے تم پر سے تمہارا وہ بوجھ اتار دیا② ﴿۲﴾ جس نے تمہاری کمر توڑ رکھی تھی ﴿۳﴾ اور ہم نے تمہارے لیے تمہارے تذکرے کو بلند کیا③ ﴿۴﴾ سو یقیناً (ہر) مشکل کے ساتھ آسانی ہوتی ہے ﴿۵﴾ یقیناً (ہر) مشکل کے ساتھ آسانی ہوتی ہے④ ﴿۶﴾ لہٰذا جب تم (مخلوق کی خدمت سے) فارغ رہو تب خود کو تھکاؤ⑤ ﴿۷﴾ اور اپنے رب ہی سے دل لگاؤ (یعنی عبادت اور دعا) ﴿۸﴾

---

① یعنی علوم ومعارف کے لیے اور مخالفین کی ایذاؤں پر تحمل کے لیے اور اخلاقِ حسنہ کے لیے قلب کو وسیع کر دیا۔

② نبوت کی ذمہ داریاں بہت مشکل تھیں، اللہ تعالیٰ نے اس مشکل کام کو آسان کر دیا۔

③ اذان واقامت میں، کلمہ میں، خطبہ میں، مجالس میں ہر جگہ حضور ﷺ کا ذکرِ خیر ہے، پورے عالم کے اوقات پر غور کیا جاوے تو ۲۴ گھنٹے میں ہر وقت دنیا میں کسی نہ کسی جگہ اذان واقامت میں اللہ تعالیٰ کے مبارک نام کے ساتھ حضور ﷺ کا ذکرِ خیر بلند کیا جاتا ہے: **اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا محمد وعلی اله وصحبه وعلی من تبعھم باحسان الی یوم الدین۔**

④ دعوت کے کام میں سختیوں کے بعد آسانیاں نصیب ہوں گی، مادرِ علمی جامعہ ڈابھیل میں جن کے متبرک حجرے میں قیام پذیر ہو کر قرآنِ مجید کا ترجمہ اور حواشی کا اکثر حصہ لکھنے کی سعادت حاصل ہوئی وہ حضرت علامہ شبیر احمد عثمانیؒ بہت خوب لکھتے ہیں: اب بھی عادۃ اللہ یہی ہے کہ جو شخص سختی پر صبر کرے اور سچے دل سے اللہ پر اعتماد رکھے اور ہر طرف سے ٹوٹ کر اسی سے لو لگائے، اسی کے فضل ورحمت کا امیدوار رہے، امتدادِ زمانہ سے گھبرا کر آس نہ توڑ بیٹھے تو ضرور اللہ اس کے حق میں آسانی کرے گا، ایک طرح کی نہیں کئی طرح کی۔

⑤ دن میں محنت، رات کی عبادت، اور دعا یہ ہر داعی کے لیے ضروری ہے۔

سورۃ التین (المکیۃ)

آیاتھا:۸۔رکوعھا:۱۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں آٹھ (۸) آیتیں ہیں۔ سورۃ بروج کے بعد اور سورۃ ایلاف سے پہلے اٹھائیس (۲۸) نمبر پر نازل ہوئی۔

سورت کی پہلی ہی آیت میں تین یعنی انجیر کی قسم کھائی گئی ہے۔

قاضی بیضاویؒ لکھتے ہیں: ''انجیر اور زیتون'' اللہ تعالیٰ نے پھلوں میں خصوصیت کے ساتھ ان ہی دو کی قسم کھائی ہے؛ کیوں کہ انجیر ایک عمدہ میوہ ہے جس میں فضلہ نہیں ہوتا اور غذائے لطیف، سریع الہضم اور کثیر النفع ہے، طبیعت کو نرم کرتا ہے اور بلغم کو تحلیل کرتا ہے، گردوں کو صاف کرتا ہے، ریگ مثانہ کو نکالتا ہے، جگر اور تلی کے سدے کھولتا ہے، بدن کو فربہ کرتا ہے اور زیتون پھل کا پھل، سالن کا سالن اور دوا کی دوا ہے، اس کا تیل لطیف ہوتا ہے، جس کے فائدے بہت ہیں۔

(۱) تین سے انجیر کا درخت یا پھل اور زیتون نے زیتون کا درخت یا پھل مراد ہے، ان دونوں کی قسم سے ان کے فائدوں کی طرف اشارہ ہے، انجیر ایک ایسا پھل ہے جس میں گٹھلی بھی نہیں ہوتی ہے اور چھلکا نکالنے کی ضرورت نہیں ہوتی، غذا بھی ہے اور دوا بھی، اس کے درخت پر کانٹے بھی نہیں ہوتے، انجیر کا درخت اتنا اونچا بھی نہیں ہوتا کہ پھل حاصل ہونے کے لیے تکلیف ہو۔

(۲) تین اور زیتون دو شہروں کے نام ہیں، تین دمشق کو کہتے ہیں اور زیتون بیت المقدس کو کہتے ہیں۔(۳) دو پہاڑوں کے نام مراد ہے، بیت المقدس جس پہاڑ پر واقع ہے اس کے دو ٹکڑے ہیں، ایک جبل زیتون، دوسرا جبل تین۔

حضرت نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو آدمی سورۃ تین پڑھے اور ''**الیس اللہ باحکم الحاکمین**'' پر پہنچے تو ''بلی وانا علی ذلک لمن الشاہدین'' پڑھے۔

براء بن عازبؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ سفر میں تھے تو آپ نے عشا کی دو رکعتوں میں ایک میں سورۃ ''**والتین**'' پڑھی۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

وَالتِّيۡنِ وَالزَّيۡتُوۡنِ ۙ‏ ﴿۱﴾ وَطُوۡرِ سِيۡنِيۡنَ ۙ‏ ﴿۲﴾ وَهٰذَا الۡبَلَدِ الۡاَمِيۡنِ ۙ‏ ﴿۳﴾ لَقَدۡ خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ فِىۡۤ اَحۡسَنِ تَقۡوِيۡمٍ ﴿۴﴾ ثُمَّ رَدَدۡنٰهُ اَسۡفَلَ سٰفِلِيۡنَ ۙ‏ ﴿۵﴾ اِلَّا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمۡ اَجۡرٌ غَيۡرُ مَمۡنُوۡنٍؕ‏ ﴿۶﴾ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعۡدُ بِالدِّيۡنِؕ‏ ﴿۷﴾ اَلَيۡسَ اللّٰهُ بِاَحۡكَمِ الۡحٰكِمِيۡنَ ﴿۸﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں

قسم کھاتا ہوں انجیر کی اور زیتون کی ﴿۱﴾ اور طور (پہاڑ جو) سینا (کے صحراء میں ہے اس) کی ﴿۲﴾ اور اس امن والے شہر (مکہ) کی ﴿۳﴾ کہ ہم نے انسان کو اچھے سے اچھے انداز (یعنی اسلوب) پر بنایا ہے① ﴿۴﴾ پھر ہم اس کو نچلی حالت والوں میں سب سے زیادہ نچلی حالت میں کر دیتے ہیں② ﴿۵﴾ مگر جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کیے تو ان کے لیے ایسا ثواب ہے جو کبھی ختم ہونے والا نہیں ہے ﴿۶﴾ پھر (اے انسان!) وہ کونسی چیز ہے جو اس کے بعد تجھ کو بدلے کے دن (قیامت) کو جھٹلانے پر آمادہ کرتی ہے؟③ ﴿۷﴾ کیا اللہ تعالیٰ سب حکمرانوں سے بڑھ کر حاکم نہیں ہے؟④ ﴿۸﴾

---

① (دوسرا ترجمہ) کہ ہم نے انسان کو بہت اچھے سانچے میں ڈھال کر پیدا کیا ہے (تیسرا) کہ ہم نے انسان کو بہت خوبصورت بناوٹ کے ساتھ پیدا کیا ہے (چوتھا) یقیناً ہم نے انسان کو بہترین صورت میں پیدا کیا ہے۔

② انسان جب حق کا انکار کرے تو گرتے گرتے جانور سے بھی بدتر ہو جاتا ہے، ایک جانور دو باسی روٹی کھلانے والے کے لیے جان تک دے دیتا ہے، لیکن یہ انسان اپنے خالق و مالک کی تمام تر نعمت استعمال کر کے نافرمان بنتا ہے اور جہنم کی پستی میں دھکیلا جاتا ہے **(نعوذ باللہ من ذلک)** دنیا میں اس کا بھی تجربہ ہوتا رہتا ہے کہ جوان تندرست آدمی بڑھا ضعیف ہو کر ذلیل ترین عمر کی طرف لوٹ جاتا ہے۔

③ (دوسرا ترجمہ) پھر اے انسان! اس (قدر دلیلوں) کے بعد تو بدلہ ملنے کے دن (قیامت) کو کیوں جھٹلاتا ہے؟

④ نوٹ: ابوداؤد اور ترمذی کی ایک حدیث شریف سے معلوم ہوتا ہے کہ اس آیت کو پڑھنے کے وقت یہ کہنا مستحب ہے " **بلی و انا علی ذلک من الشاھدین** " (کیوں نہیں؟ میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ سارے حکمرانوں سے بڑھ کر حکمران ہے)۔

سورۃ العلق

(المکیۃ)

آیاتھا:۱۹۔ رکوعھا:۱۔

یہ سورت مکی ہے، ابتدائی پانچ آیتیں سب سے پہلے غار حراء میں نازل ہوئی، اس میں انیس (۱۹) آیتیں ہیں۔ سورۂ قلم سے پہلے ایک (۱) نمبر پر نازل ہوئی۔

علق: جما ہوا خون، یا عام خون، یا جو خون بہت زیادہ سرخ ہو۔ اس سورت کی دوسری آیت میں انسان کو علق یعنی جمے ہوئے خون سے پیدا کرنے کا تذکرہ ہے۔ ایک منی کا نطفہ جو چند دنوں میں جمے ہوئے خون کی شکل اختیار کرتا ہے، اس میں مختلف تغیرات کے بعد کامل انسان کی شکل میں تیار ہوتا ہے، یہ اللہ کی عظیم قدرت کا نشان ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ۝۱ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۝۲ اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۝۳ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝۴ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ۝۵ كَلَّآ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰٓى ۝۶ اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ۝۷ اِنَّ اِلٰى رَبِّكَ الرُّجْعٰى ۝۸ اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يَنْهٰى ۝۹ عَبْدًا اِذَا صَلّٰى ۝۱۰ اَرَءَيْتَ اِنْ كَانَ عَلَى الْهُدٰٓى ۝۱۱ اَوْ اَمَرَ بِالتَّقْوٰى ۝۱۲ اَرَءَيْتَ اِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝۱۳ اَلَمْ يَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى ۝۱۴ كَلَّا لَىِٕنْ لَّمْ يَنْتَهِ ۙ۬ لَنَسْفَعًۢا بِالنَّاصِيَةِ ۝۱۵ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ۝۱۶ فَلْيَدْعُ نَادِيَهٗ ۝۱۷ سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ ۝۱۸ كَلَّا ؕ لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ۝۱۹ ۩

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

(اے نبی!) اپنے رب کا نام لے کر (قرآن) پڑھو جس نے (سب کچھ) پیدا کیا ﴿۱﴾ جس (رب) نے انسان کو جمے ہوئے خون سے پیدا کیا ﴿۲﴾ (اے نبی!) تم پڑھو اور تمھارے رب سب سے زیادہ کرم والے ہیں ﴿۳﴾ جس نے قلم کے ذریعہ تعلیم دی ﴿۴﴾ اس (رب) نے انسان کو وہ باتیں سکھائی جن کو وہ جانتا نہیں تھا ﴿۵﴾ سچ بات یہ ہے کہ انسان حد سے نکل جاتا ہے① ﴿۶﴾ کیوں کہ اس نے خود کو بےنیاز (مال دار) سمجھ لیا ہے ﴿۷﴾ یقیناً تمھارے رب ہی کی طرف (سب کو) لوٹ کر جانا ہے ﴿۸﴾ کیا تم نے اس شخص کو دیکھا جو ایک (خاص) بندے کو روکتا ہے ﴿۹﴾ جب کہ وہ بندہ نماز پڑھتا ہے ﴿۱۰﴾ بھلا بتاؤ اگر وہ (نماز پڑھنے والا بندہ) صحیح راستے پر قائم ہو ﴿۱۱﴾ یا تقویٰ سکھلاتا ہو (تو کیا اس کو نماز سے روکنا ظلم نہیں ہے؟) ﴿۱۲﴾ بھلا یہ بھی بتاؤ کہ اگر وہ (روکنے والا حق کو) جھٹلاتا اور منہ پھراتا ہو ﴿۱۳﴾ کیا اس شخص کو معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ دیکھ رہے ہیں ﴿۱۴﴾ (نماز سے) ہرگز (روکنا) نہیں (چاہیے) اگر وہ (روکنے والا) باز نہیں آیا تو ہم اس کو پیشانی کے بال پکڑ کر گھسیٹیں گے ﴿۱۵﴾ وہ پیشانی جو گنہگار ہے (اور) خطا کار ہے ﴿۱۶﴾ سو وہ اپنی مجلس والوں کو بلا لیوے ﴿۱۷﴾ ہم زبانیہ② کو بلا لیں گے ﴿۱۸﴾ ہرگز نہیں اس کی بات نہ مانو③ اور (اللہ کے سامنے) سجدہ کرو، اور (اس کا) قرب (یعنی نزدیکی) حاصل کرو ﴿۱۹﴾

---

① (دوسرا) کھلم کھلی شرارت کرتا ہے ② دوزخ کے سخت فرشتے ③ جیسے آج تک بات نہ مانی آئندہ بھی اس کی بات ماننا نہیں۔

سورۃ القدر (المکیۃ)

آیاتھا: ۵۔ رکوعھا: ۱۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں پانچ (۵) آیتیں ہیں۔ سورۂ عبس کے بعد اور سورۂ شمس سے پہلے پچیس (۲۵) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں بار بار لفظ قدر آیا ہے۔ قدر کا ایک معنیٰ آتا ہے اندازہ اور دوسرا معنیٰ آتا ہے شرافت، عظمت۔ شب قدر واقعی بڑے عظیم مرتبے والی رات ہے اور اس رات میں جو کتاب قرآن اتاری گئی وہ بھی بڑی عظیم المرتبت کتاب ہے اور جس نبی پر یہ کتاب اتاری گئی وہ بھی بڑے عظیم المرتبت ہے اور جس امت کے لیے یہ کتاب اتاری گئی وہ بھی قابلِ قدر اور خیر الامم ہے۔

اس رات میں بندے جو اعمالِ صالحہ کرتے ہیں اس کی اللہ کے یہاں بڑی قدر و منزلت ہے اور اس رات میں سال بھر میں پیش آنے والی باتوں کا اندازہ کر دیا جاتا ہے یعنی تقدیری فیصلہ کر دیا جاتا ہے۔

یہ نکتہ بھی ہے اس طرح کی قدر اور عظمتوں کی طرف اشارہ کرنے کے لیے سورت میں تین مرتبہ قدر کا لفظ آیا ہے۔

بعض حضرات کہتے ہیں کہ: لفظ ''قدر'' تنگی کے معنیٰ میں بھی آتا ہے جیسے ''ومن قدر علیہ رزقہ'' اور اس رات کو لیلۃ القدر اس لیے کہا گیا کہ زمین پر اور فضا میں اتنے زیادہ انوار اور برکات پھیل جاتے ہیں کہ زمین اور فضا اس کے لیے تنگ ہو جاتی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

إِنَّآ أَنزَلْنَٰهُ فِى لَيْلَةِ ٱلْقَدْرِ ۝ وَمَآ أَدْرَىٰكَ مَا لَيْلَةُ ٱلْقَدْرِ ۝ لَيْلَةُ ٱلْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ ۝ تَنَزَّلُ ٱلْمَلَٰٓئِكَةُ وَٱلرُّوحُ فِيهَا بِإِذْنِ رَبِّهِم مِّن كُلِّ أَمْرٍ ۝ سَلَٰمٌ هِىَ حَتَّىٰ مَطْلَعِ ٱلْفَجْرِ ۝

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

یقیناً ہم نے اس (قرآن) کو شب قدر (یعنی عظمت والی رات) میں اتارا ہے ① ﴿۱﴾ اور تم کو معلوم ہے شب قدر کیا چیز ہے؟ ﴿۲﴾ شب قدر ایک ہزار مہینوں سے بہتر ہے ﴿۳﴾ اس میں فرشتے اور روح ② اپنے رب کے حکم سے ہر معاملہ کو لے کر اترتے ہیں ③ ﴿۴﴾ وہ پوری رات سلامتی ہے صبح کے طلوع ہونے تک ﴿۵﴾

---

① دوسرا ترجمہ: یقیناً ہم نے اس (قرآن) کو تقدیر لکھی جانے والی رات میں اتارا ہے۔ یعنی جس رات میں بڑے بڑے کاموں کا تقدیری فیصلہ کیا جاتا ہے۔

② روح سے مراد:

(۱) حضرت جبریل علیہ السلام۔

(۲) ایک بڑا فرشتہ جس کے سامنے آسمان اور زمین ایک لقمہ کے بقدر ہے۔

(۳) اللہ تعالیٰ کی کوئی خاص مخلوق جو کھاتے پیتے ہیں؛ لیکن انسان اور فرشتے نہیں ہیں۔

(۴) حضرت عیسیٰ مراد ہے۔

(۵) فرشتوں کی ایک خاص جماعت جو لیلۃ القدر میں ہی نظر آتی ہے۔

(۶) اللہ تعالیٰ کی خاص رحمت مراد ہے۔

③ (دوسرا ترجمہ) ہر کام کے لیے اترتے ہیں (پورے سال کے تقدیری فیصلے ملائکہ کے حوالے کردیے جاتے ہیں اور پھر وہ موقع کے مطابق عمل کرتے ہیں)

سورۃ البینۃ

(المدنیۃ)

ایاتھا:۸۔ رکوعھا:۱۔

یہ سورت مدنی ہے، بعض حضرات اس کو مکی کہتے ہیں، اس میں آٹھ (۸) آیتیں ہیں۔ سورۃ طلاق کے بعد اور سورۃ حشر سے پہلے سو (۱۰۰) یا ایک سو ایک (۱۰۱) نمبر پر نازل ہوئی۔

"بینہ" کھلی دلیل کو کہتے ہیں، اسی طرح عقلی، محسوس یا واضح دلالت کو بھی کہتے ہیں۔

اس سورت کی پہلی ہی آیت میں اللہ کی ایک واضح دلیل اور حجت اللہ کے رسول حضرت محمد ﷺ تذکرہ ہے۔

ہمارے اکابر میں سے حضرت شاہ عبدالعزیز صاحبؒ نے "بینہ" سے حضرت عیسیٰؑ کو مراد لیا ہے، جو کھلی ہوئی نشانیاں لے کر آئے اور انھوں نے حضور ﷺ بعثت کی بشارت سنائی تھی۔

اس سورت کا ایک نام بخاری و مسلم کی حدیث سے "لم یکن الذین کفروا" بھی آیا ہے، سورت کی شروعات اسی کلمے سے ہو رہی ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

لَمۡ یَکُنِ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا مِنۡ اَہۡلِ الۡکِتٰبِ وَ الۡمُشۡرِکِیۡنَ مُنۡفَکِّیۡنَ حَتّٰی تَاۡتِیَہُمُ الۡبَیِّنَۃُ ۙ﴿۱﴾ رَسُوۡلٌ مِّنَ اللّٰہِ یَتۡلُوۡا صُحُفًا مُّطَہَّرَۃً ۙ﴿۲﴾ فِیۡہَا کُتُبٌ قَیِّمَۃٌ ؕ﴿۳﴾ وَ مَا تَفَرَّقَ الَّذِیۡنَ اُوۡتُوا الۡکِتٰبَ اِلَّا مِنۡۢ بَعۡدِ مَا جَآءَتۡہُمُ الۡبَیِّنَۃُ ؕ﴿۴﴾ وَ مَاۤ اُمِرُوۡۤا اِلَّا لِیَعۡبُدُوا اللّٰہَ مُخۡلِصِیۡنَ لَہُ الدِّیۡنَ ۬ۙ حُنَفَآءَ وَ یُقِیۡمُوا الصَّلٰوۃَ وَ یُؤۡتُوا الزَّکٰوۃَ وَ ذٰلِکَ دِیۡنُ الۡقَیِّمَۃِ ؕ﴿۵﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں

اہلِ کتاب اور مشرکین میں سے جو لوگ (حضرت محمد ﷺ کی بعثت سے پہلے) کافر تھے وہ اس وقت تک (کفر سے) باز آنے والے نہیں تھے، جب تک ان کے پاس کھلی دلیل نہ آجاتی ﴿۱﴾ (وہ کھلی دلیل) اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک رسول ہے جو پاک صحیفے (یعنی قرآن) پڑھ کر سنائے① ﴿۲﴾ جن میں سیدھی سچی تحریریں (لکھی ہوئی) ہوں② ﴿۳﴾ اور جو اہلِ کتاب ہیں ان کے پاس کھلی ہوئی دلیل آچکنے کے بعد ہی انھوں نے جدا راستہ اپنایا③ ﴿۴﴾ حالاں کہ ان کو یہی حکم دیا گیا تھا کہ اللہ تعالیٰ کی اس طرح عبادت کریں کہ عبادت اسی کے لیے خالص رکھے، سیدھے راستے پر چلتے ہوئے اور وہ نماز کو قائم رکھیں اور زکوۃ دیا کریں اور یہی طریقہ مضبوط ہے④ ﴿۵﴾

---

① قرآن کی ہر سورت ایک مستقل آسمانی صحیفے کی طرح ہے، سابقہ تمام آسمانی کتب اور صحائف کا خلاصہ قرآن مجید میں ہے۔

② (دوسرا ترجمہ) جن (صحائف) میں درست مضامین لکھے ہوئے ہو (تیسرا) جس میں صحیح صحیح احکام لکھے ہوئے ہیں (چوتھا) جن میں مضبوط کتابیں ہیں۔

③ دوسرا ترجمہ: وہ متفرق ہوگئے۔

④ (دوسرا ترجمہ) یہی مضبوط امت کا دین ہے (تیسرا) اور یہی سیدھی سچی امت کا دین ہے (چوتھا) اور یہی صحیح دین کا طریقہ ہے (پانچواں) مضبوط لوگوں کا یہی راستہ ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ ۙ أُولَٰئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ۞ جَزَاؤُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ جَنَّاتُ عَدْنٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۖ رَّضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ ۚ ذَٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهُ ۞

یقیناً اہلِ کتاب اور مشرکوں میں سے جنھوں نے کفر کیا وہ جہنم کی آگ میں (داخل) ہوں گے، اس میں ہمیشہ رہیں گے، وہی ساری مخلوق میں سب سے برے ہیں ﴿۶﴾ یقیناً جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کیے وہ ساری مخلوق میں سب سے اچھے ہیں ﴿۷﴾ ان کا بدلہ ان کے رب کے پاس ہمیشہ رہنے کے ایسے باغات ہیں جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی، وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، اللہ تعالیٰ ان سے خوش ہوگا اور وہ اللہ تعالیٰ سے خوش ہوں گے، یہ بدلہ اس شخص کے لیے ہے جو اپنے رب سے (دل سے) ڈرتا ہو ﴿۸﴾

سورۃ الزلزال

(المدنیۃ)

ایاتھا:۸۔رکوعھا:۱۔

یہ سورت مدنی ہے۔بعض حضرات مکی کہتے ہیں،اس میں آٹھ(۸) آیتیں ہیں۔سورۃ نساء کے بعداور سورۃ حدید سے پہلے ترانویں(۹۳) یا چورانویں(۹۴) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت کی شروعات ہی میں قیامت کے موقع پر پیش آنے والے زلزلوں کا تذکرہ ہے۔

زلزلہ: زمین کا ہل جانا۔بعض حضرات کا قول ہے:اس میں حروف جو مکرر آئے ہیں اس سے معنیٰ نکلتا ہے بار بار ہلانا۔

ایک حدیث میں آتا ہے کہ سورۃ اذا زلزلت پڑھنے سے آدھے قرآن کے بقدر ثواب ملتا ہے۔

نبی کریم ﷺ کے بعد کی دو نفل بیٹھ کر ادا فرماتے تو پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد اذا زلزلت اور دوسری میں قل یاایہاالکافرون پڑھتے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۝١ وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا ۝٢ وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا ۝٣ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا ۝٤ بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا ۝٥ يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا ۙ لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ۝٦ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۝٧ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۝٨

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں

جب زمین اپنے زلزلے سے خوب ہلائی جائے گی ﴿۱﴾ اور زمین اپنے بوجھ (یعنی دفینے اور مردوں) کو باہر نکال دے گی ﴿۲﴾ اور انسان کہنے لگے گا کہ: اس (زمین) کو کیا ہو گیا؟ ﴿۳﴾ اس روز زمین اپنی ساری باتیں (اور خبریں) بتا دے گی ﴿۴﴾ اس لیے کہ تمھارے رب نے اس کو یہی حکم دیا ہوگا ﴿۵﴾ اس دن لوگ الگ الگ جماعت بن کر واپس ہوں گے؛ تاکہ ان کو ان کے اعمال دکھا دیے جاویں① ﴿۶﴾ سو جس شخص نے ذرہ برابر نیکی کی ہوگی وہ (اس کا بدلہ) دیکھ لے گا ﴿۷﴾ اور جس شخص نے ذرہ برابر برائی کی ہوگی وہ (اس کی سزا) دیکھ لے گا ﴿۸﴾

---

①: [۱] قبر سے قیامت کی طرف لوگوں کو لایا جاوے گا۔

[۲] ہر خاندان کا ہر فرد تتر بتر ہو جائے گا اور خود کے غم میں ایسا ہوگا کہ وہ کسی دوسرے کے کام نہیں آسکے گا۔

[۳] حساب کے بعد الگ الگ جماعت کی شکل میں اپنے اچھے یا برے نتائج دیکھ لیں گے۔

سورۃ العادیات

(المکیۃ)

آیاتھا:۱۱۔ رکوعھا:۱۔

یہ سورت مکی ہے، بعض حضرات مدنی کہتے ہیں، اس میں گیارہ (۱۱) آیتیں ہیں۔ سورۃ عصر کے بعد اور سورۃ کوثر سے پہلے چودہ (۱۴) نمبر پر نازل ہوئی۔

سورت کی پہلی ہی آیت میں عادیات کی قسم کھائی گئی ہے۔ عادیات سے گھوڑے مراد ہیں یا اونٹنیاں۔

جو اللہ کی راہ میں چلے وہ اس قدر مبارک ہوجاتا ہے کہ اس کی مختلف اداؤں کو بھی قدر و منزلت کے ساتھ بیان کیا جاتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا ۙ﴿۱﴾ فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا ۙ﴿۲﴾ فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا ۙ﴿۳﴾ فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ۙ﴿۴﴾ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ۙ﴿۵﴾ اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ ۚ﴿۶﴾ وَاِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ ۚ﴿۷﴾ وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ ۭ﴿۸﴾ اَفَلَا يَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِي الْقُبُوْرِ ۙ﴿۹﴾ وَحُصِّلَ مَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ﴿۱۰﴾ اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّخَبِيْرٌ ﴿۱۱﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

قسم ہے ان گھوڑوں کی جو ہانپتے ہوئے دوڑتے ہیں ﴿۱﴾ پھر جو (پتھر یا پتھریلی زمین پر اپنی) ٹاپ مار کر چنگاریاں اڑاتے ہیں ﴿۲﴾ پھر جو صبح سویرے (دشمن پر) چھاپا مارتے ہیں[1] ﴿۳﴾ تو وہ اس وقت غبار اڑاتے ہیں ﴿۴﴾ پھر وہ اس وقت (دشمنوں کے) جمگھٹے کے بیچ میں گھس جاتے ہیں ﴿۵﴾ بے شک انسان اپنے رب کا بڑا ہی ناشکرا ہے ﴿۶﴾ اور بے شک وہ (انسان)[2] اپنی ناشکری پر خود گواہ بھی ہے[3] ﴿۷﴾ اور یقیناً وہ انسان مال کی محبت (اور چاہت) میں بہت پکا ہے ﴿۸﴾ کیا بھلا اس (انسان) کو وہ وقت معلوم نہیں جب وہ مردے جو قبروں میں ہیں ان کو زندہ کر کے اٹھایا جائے گا ﴿۹﴾ اور سینوں میں جو کچھ (چھپا) ہے اس کو ظاہر کر دیا جائے گا ﴿۱۰﴾ یقیناً ان کے رب اس دن ان کی (اس) حالت سے پوری خبر رکھتے ہوں گے ﴿۱۱﴾

[1] (دوسرا ترجمہ) جو یلغار کرتے ہیں (تیسرا) حملہ کرتے ہیں۔

[2] خاص کر کافر انسان۔

[3] (دوسرا ترجمہ) اور یقیناً اس (انسان) کو اپنی اس ناشکری کی خبر ہے ہی (تیسرا) اور یقیناً اس (رب) کو (انسان کی اس (ناشکری) کی پوری خبر ہے۔

سورۃ القارعۃ

(المکیۃ)

اٰیاتھا:۱۱۔رکوعھا:۱۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں گیارہ (۱۱) آیتیں ہیں۔ سورۂ قریش کے بعد اور سورۂ قیامہ سے پہلے تیس (۳۰) نمبر پر نازل ہوئی۔

سورت کی پہلی ہی آیت میں لفظ "القارعۃ" آیا ہے۔ اچانک آنے والی مصیبت اسی طرح حادثہ کو قارعہ کہتے ہیں، قیامت بھی اچانک آنے والی مصیبت اور عظیم حادثہ ہے؛ اسی لیے اس کو قیامت کہتے ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

اَلۡقَارِعَةُ ۙ﴿۱﴾ مَا الۡقَارِعَةُ ۚ﴿۲﴾ وَمَاۤ اَدۡرٰىكَ مَا الۡقَارِعَةُ ؕ﴿۳﴾ يَوۡمَ يَكُوۡنُ النَّاسُ كَالۡفَرَاشِ الۡمَبۡثُوۡثِ ۙ﴿۴﴾ وَتَكُوۡنُ الۡجِبَالُ كَالۡعِهۡنِ الۡمَنۡفُوۡشِ ؕ﴿۵﴾ فَاَمَّا مَنۡ ثَقُلَتۡ مَوَازِيۡنُهٗ ۙ﴿۶﴾ فَهُوَ فِىۡ عِيۡشَةٍ رَّاضِيَةٍ ؕ﴿۷﴾ وَاَمَّا مَنۡ خَفَّتۡ مَوَازِيۡنُهٗ ۙ﴿۸﴾ فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ ؕ﴿۹﴾ وَمَاۤ اَدۡرٰىكَ مَا هِيَهۡ ؕ﴿۱۰﴾ نَارٌ حَامِيَةٌ ﴿۱۱﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

وہ کھٹکھٹانے والی (قیامت کو یاد کرو)① ﴿۱﴾ وہ کھٹکھٹانے والی کیا ہے؟ ﴿۲﴾ اور تم کو کیا معلوم وہ کھٹکھٹانے والی (قیامت) کیا (چیز) ہے؟ ﴿۳﴾ جس دن لوگ (پریشان حال) پھیلے ہوئے پروانوں کی طرح ہوجائیں گے② ﴿۴﴾ اور پہاڑ دھنکی ہوئی رنگین اون کی طرح ہوجائیں گے ﴿۵﴾ سو جس شخص کے (نیک اعمال کے) پلے بھاری ہوں گے ﴿۶﴾ تو وہ من پسند زندگی میں ہوگا ﴿۷﴾ اور جس شخص کے پلے ہلکے ہوں گے ﴿۸﴾ تو اس کا ٹھکانہ ایک گہرا گڑھا ہوگا ﴿۹﴾ اور تم کو کچھ خبر ہے وہ گہرا گڑھا کیا چیز ہے③؟ ﴿۱۰﴾ وہ تو ایک بھڑکتی ہوئی آگ ہے ﴿۱۱﴾

---

① سخت حادثہ، بڑی بھاری مصیبت کو "قارعہ" کہتے ہیں، قیامت کے دن سخت گھبراہٹ ہونے کی وجہ سے دل مچل اٹھیں گے اور کان کڑاکے کی وجہ سے پھٹ پڑیں گے۔ (دوسرا ترجمہ) وہ کھڑکھڑانے والی چیز کو یاد کرو۔

② ہر پروانہ بے تاب چلا جاتا ہے اس طرح انسانوں کا حال ہوگا، اسی طرح پروانوں کی کمزوری یا کثرت یا بے انتظامی سے بھی تشبیہ ہو سکتی ہے۔

③ جہنم کا ایک نام ہاویہ بھی ہے، جہنم کے ایک طبقے کا نام بھی ہاویہ ہے۔

سورۃ التکاثر (المکیۃ)

آیاتھا:۸۔رکوعھا:۱۔

یہ سورت مکی ہے، بعض حضرات کی رائے یہ ہے کہ یہ مدنی ہے، اس میں آٹھ (۸) آیتیں ہیں۔سورۃ کوثر کے بعد اور سورۃ ماعون سے پہلے سولہ (۱۶) نمبر پر نازل ہوئی۔

سورت کی پہلی ہی آیت میں لفظ تکاثر کا تذکرہ ہے۔

تکاثر: مال اور دولت کو زیادہ جمع کرنے کی لالچ، اور مال اور اولاد پر فخر کرنا۔

اس سورت کو ایک مرتبہ پڑھنے سے ایک ہزار آیتوں کے پڑھنے کا ثواب ملتا ہے۔

سورۃ العصر (المکیۃ)

آیاتھا:۳۔رکوعھا:۱۔

یہ سورت مکی ہے، بعض حضرات مدنی کہتے ہیں، اس میں تین (۳) آیتیں ہیں۔سورۃ انشراح کے بعد اور سورۃ عادیات سے پہلے تیرہ (۱۳) نمبر پر نازل ہوئی۔

سورت کی پہلی ہی آیت میں زمانے کی قسم کھا کر انسان کو یہ بتایا گیا کہ زندگی کا وقت ایک عظیم سرمایہ ہے، فطری اور طبعی کمزوریوں کی وجہ سے انسان اس گراں قدر سرمایہ کو ضائع نہ کر جائے۔

حضراتِ صحابہ میں سے دو صحابی کا معمول تھا کہ جب آپس میں ملتے تو یہ سورت ایک دوسرے کو ضرور سناتے۔

لفظ عصر کا ایک معنیٰ ہے پچھلا پہر یعنی دن کا آخری حصہ اور مراد اس سے عصر کی نماز بھی ہے۔

ایک اہم نوٹ: قرآن میں بہت سی چیزوں کی قسم اللہ نے کھائی ہے، اس کا ایک مقصد یہ ہوسکتا ہے کہ قسم کے ذریعے مخلوق کی عظمت ظاہر کر کے اللہ خود اپنی عظمت کو ثابت فرمارہے ہیں۔اسی طرح ان چیزوں کے فائدے کی طرف بندوں کو توجہ دلانا بھی مقصد ہوسکتا ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اَلۡهٰىكُمُ التَّكَاثُرُ ۙ﴿۱﴾ حَتّٰى زُرۡتُمُ الۡمَقَابِرَ ؕ﴿۲﴾ كَلَّا سَوۡفَ تَعۡلَمُوۡنَ ۙ﴿۳﴾ ثُمَّ كَلَّا سَوۡفَ تَعۡلَمُوۡنَ ؕ﴿۴﴾ كَلَّا لَوۡ تَعۡلَمُوۡنَ عِلۡمَ الۡيَقِيۡنِ ؕ﴿۵﴾ لَتَرَوُنَّ الۡجَحِيۡمَ ۙ﴿۶﴾ ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيۡنَ الۡيَقِيۡنِ ۙ﴿۷﴾ ثُمَّ لَتُسۡـَٔلُنَّ يَوۡمَئِذٍ عَنِ النَّعِيۡمِ ﴿۸﴾

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

وَالۡعَصۡرِ ۙ﴿۱﴾ اِنَّ الۡاِنۡسَانَ لَفِىۡ خُسۡرٍ ۙ﴿۲﴾ اِلَّا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوۡا بِالۡحَقِّ ۙ وَتَوَاصَوۡا بِالصَّبۡرِ ﴿۳﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

تم لوگوں کو ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر (دنیا کا عیش) حاصل کرنے کی لالچ نے غفلت میں ڈال رکھا ہے ﴿۱﴾ یہاں تک کہ تم قبرستانوں میں پہنچ جاتے ہو ﴿۲﴾ ہرگز (ایسا) نہیں (کرنا چاہیے!) تم کو عنقریب پتہ چل جائے گا ﴿۳﴾ پھر (سن لو! تم کو) ہرگز ایسا نہیں (کرنا چاہیے!) تم کو عنقریب پتہ چل جائے گا ﴿۴﴾ اگر تم یقینی علم کے ساتھ جان لیتے تو ہرگز (ایسی لالچ) نہیں کرتے ﴿۵﴾ بیشک تم جہنم کو ضرور دیکھو گے ﴿۶﴾ پھر تم اس (جہنم) کو بالکل یقین کی آنکھ سے دیکھ ہی لو گے ﴿۷﴾ پھر تم سے اس دن نعمتوں کے بارے میں ضرور سوال کیا جائے گا (کہ تم نے اس کا کیا حق ادا کیا؟) ﴿۸﴾

❁❁❁

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

زمانے کی قسم ﴿۱﴾ یقیناً انسان بڑے نقصان میں ہے ﴿۲﴾ ان لوگوں کے سوا جو ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے اور آپس میں ایک دوسرے کو حق (یعنی سچے دین پر قائم رہنے) کی تاکید کرتے رہے اور آپس میں ایک دوسرے کو صبر (یعنی تحمل پر قائم رہنے) کی تاکید کرتے رہے ﴿۳﴾

سورۃ الھمزۃ

(المکیۃ)

ایاتھا:۹۔رکوعھا:۱۔

یہ سورت مکی ہے،اس میں نو(۹) آیتیں ہیں۔سورۃ قیامہ کے بعد اور سورۃ مرسلات سے پہلے بتیس(۳۲) نمبر پر نازل ہوئی۔

سورت کی پہلی ہی آیت میں ہمزہ کا تذکرہ ہے۔عیب گوئی کرنے والے اور کثرت سے غیبت کرنے والے کو ہمزہ کہا جاتا ہے۔طعنہ دینا،عیب جوئی کرنا یہ تکبر کا نتیجہ ہے۔

بعض حضرات کہتے ہیں کہ" ہمزہ" ایسے شخص کو کہتے ہیں جو رو برو عیب گوئی کرتا ہو اور" لمزہ" جو پیٹھ پیچھے برائی کرتا ہو۔بعض نے اس کا عکس بھی کہا ہے۔ایک رائے یہ بھی ہے کہ" ہمزہ" وہ شخص ہے جو کسی کے نسب میں طعنہ دیوے، جیسے فلاں کی ماں ایسی ہے، باپ ایسا تھا۔اور"لمزہ" وہ شخص ہے جو ہاتھ پاؤں کے اشارے اور حرکتوں سے دوسروں کی تحقیر اور توہین کرے،اسی طرح "ہمزہ" ایسے شخص کو کہتے ہیں جو کسی کی زبان سے برائی کرے اور "لمزہ" ایسے شخص کو کہتے ہیں جو کام کے ذریعے کسی کے دل کو تکلیف پہنچائے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

وَیۡلٌ لِّکُلِّ ہُمَزَۃٍ لُّمَزَۃِۣ ۙ﴿۱﴾ الَّذِیۡ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَہٗ ۙ﴿۲﴾ یَحۡسَبُ اَنَّ مَالَہٗۤ اَخۡلَدَہٗ ۚ﴿۳﴾ کَلَّا لَیُنۡۢبَذَنَّ فِی الۡحُطَمَۃِ ۫ۖ﴿۴﴾ وَمَاۤ اَدۡرٰىکَ مَا الۡحُطَمَۃُ ؕ﴿۵﴾ نَارُ اللّٰہِ الۡمُوۡقَدَۃُ ۙ﴿۶﴾ الَّتِیۡ تَطَّلِعُ عَلَی الۡاَفۡـِٕدَۃِ ؕ﴿۷﴾ اِنَّہَا عَلَیۡہِمۡ مُّؤۡصَدَۃٌ ۙ﴿۸﴾ فِیۡ عَمَدٍ مُّمَدَّدَۃٍ ﴿۹﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

بڑی خرابی ہے ہر اس شخص کے لیے جو پیٹھ پیچھے دوسروں پر عیب لگانے والا اور منہ پر طعنہ دینے والا ہو ﴿۱﴾ جو مال جمع کرتا ہو اور اس کو بار بار گنتا رہتا ہو① ﴿۲﴾ وہ (یوں) سمجھتا ہے کہ اس کا مال (اس کے پاس) ہمیشہ رہے گا② ﴿۳﴾ (ایسا) ہرگز نہیں (ہوگا)، اس کو تو ایسی جگہ میں پھینک دیا جائے گا جو ہر چیز کو چورا چورا کرنے والی ہے ﴿۴﴾ اور کیا تم کو معلوم ہے وہ چورا چورا کر دینے والی چیز کیا ہے؟ ﴿۵﴾ وہ اللہ تعالیٰ کی سلگائی ہوئی آگ ہے ﴿۶﴾ جو دلوں تک پہنچ جائے گی③ ﴿۷﴾ یقیناً وہ (آگ) ان (جہنم والوں) پر (ہر طرف سے) بند کر دی جائے گی ﴿۸﴾ ان کی حالت یہ ہوگی کہ وہ لمبے لمبے ستون کے ساتھ (بندھے ہوئے) ہوں گے④ ﴿۹﴾

---

① انسان جس چیز کو بار بار دیکھتا ہے اس کی محبت دل میں ہوتی ہے؛ اس لیے مال جیسی چیز بلا ضرورت بار بار نہ دیکھے۔

② (دوسرا ترجمہ) وہ یوں سمجھتا ہے کہ اس کا مال اس کو ہمیشہ زندہ رکھے گا۔

③ (دوسرا ترجمہ) جو دلوں پر چڑھ جائے گی۔

④ [۱] آگ کے شعلے لمبے ستونوں کی طرح ہوں گے۔

[۲] نافرمانوں کو ان ستونوں کے ساتھ باندھ دیا جائے گا؛ تا کہ حرکت نہ کر سکے۔

[۳] یا چاروں طرف آگ کے ستون ہوں گے جس کی وجہ سے باہر نکلنے کا راستہ نہ ہوگا۔ یا جہنم پر آگ کے لمبے ستون رکھ دیے جائیں گے۔

سورۃ الفیل (المکیۃ)

آیاتہا:۵۔ رکوعہا:۱۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں پانچ (۵) آیتیں ہیں۔ سورۃ کافرون کے بعد اور سورۃ فلق سے پہلے انیس (۱۹) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں کعبۃ اللہ پر ناکام حملہ کرنے والے اور تباہ ہونے والے ہاتھی والوں کا واقعہ بیان کیا گیا ہے۔ یہ واقعہ نبیٔ کریم ﷺ کی ولادت با سعادت سے ۵۰ یا ۵۵ دن پہلے پیش آیا، یہ واقعہ ایک طرف قدرتِ الٰہیہ کا نمونہ ہے تو دوسری طرف نبی کریم ﷺ کی عظمت کی بھی دلیل ہے، گویا یہ واقعہ آپ کی ولادت کا ایک غیبی اشارہ اور اعلان تھا جس کو اصطلاح میں ارہاص کہا جاتا ہے۔

سورۃ القریش (المکیۃ)

آیاتہا:۴۔ رکوعہا:۱۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں چار (۴) آیتیں ہیں۔ سورۃ تین کے بعد اور سورۃ قارعہ سے پہلے انتیس (۲۹) نمبر پر نازل ہوئی۔

عرب کا معزز خاندان قریش کا اس سورت میں تذکرہ ہے۔ نضر ابن کنانہ کی اولاد عرب میں قریش کے نام سے مشہور ہوئی، اسی خاندان میں نضر ابن کنانہ کی تیرھویں پشت میں نبی کریم ﷺ کی ولادت با سعادت ہوئی۔ قریش: سمندر کے ایک طاقتور جانور کو کہتے ہیں، اور خاندان قریش بھی بڑا بہادر تھا۔ قریش کا ایک معنٰی ہے جمع کرنا، خاندانِ قریش کے ایک محترم بزرگ "قصی" نے متفرق قوموں کو مکہ میں جمع کیا تھا۔

قریش کا ایک معنٰی کسب یعنی کمائی کے بھی ہے، اور قریشی لوگ بڑے تجارت پیشہ تھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ۝ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍ ۝ وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ۝ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ ۝ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۝ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۝ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

(اے نبی!) کیا تم نے دیکھا نہیں کہ تمھارے رب نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا برتاؤ کیا؟ ﴿۱﴾ کیا اس نے ان (ہاتھی والوں) کی تمام چالیں بیکار (یعنی ضائع) نہیں کردی تھی ﴿۲﴾ اور ان پر پرندوں کی بہت ساری ٹکڑیاں بھیجی ① ﴿۳﴾ جو ان پر پکی مٹی کے پتھر پھینکتے تھے ﴿۴﴾ انجام یہ ہوا کہ ان (ہاتھی والوں) کو اس (اللہ تعالیٰ) نے کھائے ہوئے بھوسے کی طرح (پامال) کردیا ﴿۵﴾

❁❁❁

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

چوں کہ قریش کے لوگ مانوس ہیں، ﴿۱﴾ وہ سردی اور گرمی میں (یمن اور شام کا) سفر کرنے سے مانوس ہیں ﴿۲﴾ اس لیے ان کو چاہیے کہ وہ اس گھر (یعنی کعبہ) کے مالک کی عبادت کریں ﴿۳﴾ جس نے ان کو بھوک کی حالت میں کھانا دیا، اور خوف سے ان کو امن دیا ﴿۴﴾

---

① ہمارے یہاں اردو گجراتی میں جن کو ابابیل کہتے ہیں وہ مراد نہیں، یہ کوئی خاص پرندے تھے جو کبوتر سے چھوٹے سمندر کی طرف سے آئے تھے، لال ہرے رنگ کے تھے، ہر ایک کے پاس تین کنکر تھی، ایک چونچ میں اور ہر پنجے میں ایک ایک۔

سورۃ الماعون (المکیۃ)

آیاتہا: ۷۔ رکوعہا: ۱۔

یہ سورت مکی ہے، بعض لوگ کہتے ہیں کہ نصفِ اول مکہ میں اور نصفِ آخر مدینہ میں نازل ہوئی ہے اس میں سات (۷) آیتیں ہیں۔ سورۃ تکاثر کے بعد اور سورۃ کافرون سے پہلے سترہ (۱۷) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں ماعون کا تذکرہ ہے۔ ماعون سے کیا مراد ہے؟

(۱) جو چیز کسی مانگنے والے کو مدد کے لیے دی جاوے یا روک دی جاوے (از قبیلِ اضداد) جو چیز کسی کو دی جاتی ہے وہ دوسرے کے لیے معونۃ (مدد) بن جاتی ہے۔ اور جو نہیں دی جاتی ہے وہ اپنے لیے باعثِ معونت بن جاتی ہے۔

(۲) زکوٰۃ مراد ہے۔ دراصل قلیل چیز کو ماعون کہتے ہیں اور کثیر مال میں زکوٰۃ کی مقدار قلیل اور معمولی ہوا کرتی ہے۔

(۳) برتنے کی معمولی معمولی چیزیں جس کے دینے میں نہ مالی بوجھ ہو، نہ مشکل ہو، جیسے ڈول، کلہاڑی، ہانڈی، موبائل کا چارجر، لائٹر، اس طرح کی چیزوں میں عام طور پر بخل نہیں کیا جاتا اور ایسی چیز مانگنے کو عیب بھی نہیں کہتے۔

(۴) عاریت مراد ہے۔

(۵) جس سے کسی کو روکنا شرعاً حلال نہ ہو جیسے پانی، نمک۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اَرَءَیۡتَ الَّذِیۡ یُکَذِّبُ بِالدِّیۡنِ ؕ﴿۱﴾ فَذٰلِکَ الَّذِیۡ یَدُعُّ الۡیَتِیۡمَ ۙ﴿۲﴾ وَ لَا یَحُضُّ عَلٰی طَعَامِ الۡمِسۡکِیۡنِ ؕ﴿۳﴾ فَوَیۡلٌ لِّلۡمُصَلِّیۡنَ ۙ﴿۴﴾ الَّذِیۡنَ هُمۡ عَنۡ صَلَاتِهِمۡ سَاهُوۡنَ ۙ﴿۵﴾ الَّذِیۡنَ هُمۡ یُرَآءُوۡنَ ۙ﴿۶﴾ وَ یَمۡنَعُوۡنَ الۡمَاعُوۡنَ ٪﴿۷﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

کیا تم نے اس شخص کو دیکھا ہے جو (قیامت میں) بدلہ ملنے کو جھٹلاتا ہے ﴿۱﴾ سو وہ یہی شخص تو ہے جو یتیم کو دھکے دیتا ہے ﴿۲﴾ اور مسکین کو کھانا دینے کی ترغیب تک نہیں دیتا ﴿۳﴾ پھر بڑی خرابی ہے ان نمازیوں کے لیے ﴿۴﴾ جو اپنی نماز سے غفلت برتتے ہیں① ﴿۵﴾ جو دکھاوا کرتے ہیں ﴿۶﴾ اور (روزمرہ کے برتنے کی) معمولی چیز بھی نہیں دیتے② ﴿۷﴾

① (دوسرا ترجمہ) جو اپنی نماز کو بھلا بیٹھے ہیں۔ یعنی قضا کر دیتے ہیں، نماز کی پرواہ نہیں کرتے ہیں، پڑھی تو پڑھی، نہ پڑھی تو نہ پڑھی، نماز میں سستی کرتے ہیں، نماز فوت ہونے پر افسوس نہیں کرتے، نماز نہ پڑھنے پر عذاب سے نہیں ڈرتے نماز پڑھ بھی لیوے تو ثواب کی امید نہیں رکھتے۔

② (دوسرا ترجمہ) اور وہ زکوۃ بھی نہیں دیتے۔ (زکوۃ کل مال کی معمولی مقدار ہے پھر بھی نہیں دیتے)۔

سورۃ الکوثر (المکیۃ)

ایاتہا: ۳۔ رکوعہا: ۱۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں تین (۳) آیتیں ہیں۔ سورۃ عادیات کے بعد اور سورۃ تکاثر سے پہلے پندرہ (۱۵) نمبر پر نازل ہوئی۔

کلمات اور حروف کی تعداد میں سب سے چھوٹی سورت ہے۔

اس سورت کے شروع میں نبی کریم ﷺ کو کوثر عطا کیے جانے کا تذکرہ ہے۔

کوثر سے مراد:

(۱) خیر کثیر یعنی حکمت، یا ہر قسم کی دینی، دنیوی، حسی، معنوی نعمتیں، یا نبوت، یا قرآن اس سے مراد ہے۔

(۲) جنت کی ایک نہر یا حوض جو قیامت کے دن نبی کریم ﷺ کو خصوصی طور پر عنایت کیا جائے گا، اسی پر آپ کا منبر مبارک ہوگا، اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ میٹھا ہوگا، اس کا ایک گھونٹ بھی پینے والا کبھی پیاسا نہیں ہوگا۔

دنیا میں نبی کریم ﷺ نے انسانیت کو ایک معنوی حوضِ کوثر یعنی رشد و ہدایت کے سمندر سے سیراب فرمایا تو آخرت میں حوضِ کوثر سے خوش نصیبوں کو سیراب فرمائیں گے، اللھم اسقنا من حوضہ، امین۔

حدیث میں ہے کہ معراج کی رات میں بھی کوثر نہر نبی کریم ﷺ کو دکھائی گئی، جس کے کنارے موتیوں کے خیمے تھے، اس کا پانی مشک سے زیادہ خوشبودار۔ جبرئیل امینؑ نے عرض کیا: یہ وہی کوثر ہے جو اللہ نے آپ کو عطا کیا ہے، اس کی سب سے بڑی خوبی یہ ہوگی کہ نبی کریم ﷺ اپنے نورانی ہاتھوں سے اپنی امت کو اس کے پانی سے سیراب فرمائیں گے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اِنَّاۤ اَعۡطَیۡنٰکَ الۡکَوۡثَرَ ؕ﴿۱﴾

فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَ انۡحَرۡ ؕ﴿۲﴾ اِنَّ شَانِئَکَ ہُوَ الۡاَبۡتَرُ ٪﴿۳﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں

(اے نبی!) یقیناً ہم نے تم کو کوثر عطا کر دی ہے① ﴿۱﴾ لہٰذا تم اپنے رب (کا شکر ادا کرنے) کے لیے نماز پڑھو اور قربانی کرو ﴿۲﴾ یقیناً جو تمھارا دشمن ہے اسی کی جڑ کٹی ہوئی ہے② ﴿۳﴾

---

① دوسرا ترجمہ: بہت زیادہ بھلائی (۱) (جیسے: نبوت، قرآن، شفاعت وغیرہ)۔ (۲) جنت کا ایک حوض جو محشر میں ہوگا، اس پر آسمان کے ستاروں کی مقدار میں برتن رکھے ہوں گے، اور بڑی بات یہ ہے کہ حضور ﷺ دستِ بابرکت سے سیراب فرمائیں گے اللھم اجعلنا منھم بفضلک و کرمک (۳) اسی طرح وہ تمام بھلائیاں بھی اس میں شامل ہے جو حضور ﷺ کے طفیل اس امت کو ملی ہے اور ملتی رہے گی۔ ② (دوسرا ترجمہ) جس کی نسل آگے نہیں چلے گی (تیسرا) جس کا نام و نشان نہیں رہے گا۔

سورۃ الکافرون (المکیۃ)

ایاتھا:٦۔رکوعھا:١۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں چھ (٦) آیتیں ہیں۔ سورۂ ماعون کے بعد اور سورۂ فیل سے پہلے اٹھارہ (١٨) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں کافروں سے خطاب ہے کہ ایک مسلمان اپنے مذہب کی خصوصی روایات کو کبھی ترک نہیں کرسکتا۔ کفر کے معنیٰ لغت میں چھپانے کے آتے ہیں، کافر فطری تقاضائے ایمان کو چھپاتا ہے، ایک کفر شرعی ہوتا ہے جس میں ایمان کا انکار ہے۔ کفر کا ایک مطلب ہے نعمت کی ناشکری۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے طواف کے بعد دو رکعت میں سورۂ کافرون اور اخلاص تلاوت فرمائی، فجر سے پہلے اور مغرب کے بعد کی سنتوں میں پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ کافروں اور دوسری رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص پڑھا کرتے تھے۔

رات کو بستر پر لیٹتے وقت بھی سورۂ کافرون تلاوت فرماتے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علیؓ کو بھی اس کی تاکید فرمائی۔ ایک حدیث میں ہے کہ یہ سورت کفر اور شرک سے برأت ہے۔ ایک حدیث میں ہے کہ ایک مرتبہ سورۂ کافرون پڑھنے سے ربع قرآن کی تلاوت کا ثواب ملتا ہے۔

سورۃ النصر (المکیۃ) ایاتھا:٣۔رکوعھا:١۔

یہ سورت مدنی ہے، ایک روایت ہے کہ حجۃ الوداع کے موقع پر ایامِ تشریق میں منیٰ میں یہ سورت نازل ہوئی۔ بعض کہتے ہیں کہ فتح مکہ سے پہلے نازل ہوئی۔ اس میں تین (٣) آیتیں ہیں۔ سورۂ حشر یا سورۂ توبہ کے بعد اور سورۂ نور سے پہلے ایک سو تین (١٠٣) یا (١١٤) نمبر پر نازل ہوئی۔

سورت کی پہلی ہی آیت میں اللہ کی نصرت کا تذکرہ ہے۔

اس سورت کا ایک نام ''سورۃ التودیع'' بھی ہے، اس کے نزول پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سمجھ لیا کہ یہ میرے لیے پیغامِ الوداع ہے اور اسی کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبۂ حجۃ الوداع دیا، ایک حدیث میں اس سورت کو بھی رُبع قرآن کہا گیا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَۙ۝۱ لَاۤ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَۙ۝۲ وَ لَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُۚ۝۳ وَ لَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْۙ۝۴ وَ لَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُؕ۝۵ لَكُمْ دِیْنُكُمْ وَلِیَ دِیْنِ۠۝۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَ الْفَتْحُۙ۝۱ وَ رَاَیْتَ النَّاسَ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًاۙ۝۲ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَ اسْتَغْفِرْهُ ؔؕ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا۠۝۳

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں

(اے نبی!) تم کہہ دو: اے (سچائی کا انکار کرنے والے) کافرو! ﴿۱﴾ تم جن (معبودوں) کی پوجا کرتے ہو میں ان کی پوجا نہیں کرتا ﴿۲﴾ اور تم اس (اللہ تعالیٰ) کی عبادت نہیں کرتے جن کی میں عبادت کرتا ہوں ﴿۳﴾ اور (آئندہ بھی) جن کی (معبودوں کی) پوجا تم کرتے ہو میں ان کی پوجا کرنے والا نہیں ﴿۴﴾ اور تم اس (اللہ تعالیٰ) کی عبادت کرنے والے نہیں جس کی عبادت میں کرتا ہوں ﴿۵﴾ تمھارے لیے تمھارا دھرم ہے[۱] اور میرے لیے میرا دین ہے ﴿۶﴾

❀❀❀

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

(اے نبی!) جب اللہ تعالیٰ کی مدد اور فتح آجاوے ﴿۱﴾ اور تم لوگوں کو دیکھ لو کہ وہ اللہ تعالیٰ کے دین میں فوج در فوج داخل ہو رہے ہیں ﴿۲﴾ تم اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرو اور اس سے مغفرت مانگو! یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ) بہت معاف کرنے والے ہیں ﴿۳﴾

---

۱ مسلمانوں کے علاوہ دوسرے بہت سارے لوگ اپنے مذہب کے لیے "دھرم" کا لفظ استعمال کرتے ہیں، اس عرف کو سامنے رکھتے ہوئے یہ ترجمہ کیا گیا ہے۔

سورۃ اللھب (المکیۃ)

اٰیاتھا: ۵۔ رکوعھا: ۱۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں پانچ (۵) آیتیں ہیں۔ سورۃ فاتحہ کے بعد اور سورۃ تکویر سے پہلے چھ (۶) نمبر پر نازل ہوئی۔ اس سورت کی پہلی ہی آیت میں ابولہب کا تذکرہ ہے۔

لہب: آگ بھڑکنا، دھوئیں اور غبار کو بھی لہب کہتے ہیں۔ عبدالعزیٰ بن عبدالمطلب بہت حسین آدمی تھا، آگ کے شعلے کی طرح اس کا چہرہ چمکتا تھا، اسی لیے اس کی کنیت ابولہب ہوگئی۔ نبی کریم ﷺ کے نبوت کا انکار کرنے کی وجہ سے جہنمی ہوا۔ ابولہب کنیت سے اس کا جہنمی ہونا بھی ظاہر ہو رہا ہے۔

اس سورت کا ایک دوسرا نام "سورۃ المسد" بھی ہے؛ ابولہب کی بیوی جس کا نام اروی تھا، حسن وجمال کی وجہ سے ام جمیل کہلاتی تھی۔ موج ایک قسم کی گھاس ہوتی ہے جس میں سے رسی بنائی جاتی ہے اس رسی کو عربی میں مسد کہتے ہیں۔ ابولہب کی بیوی اپنے گلے میں ہار پہنا کرتی تھی، بخل کی وجہ سے یا آگے چل کر فقر کے حالات کی وجہ سے جنگل سے لکڑیاں لاد کر لایا کرتی تھی وہی اس کے گلے کے لیے پھندا بن گئی ۔گلا گھونٹا اور تڑپ تڑپ کر مرگئی محل حسن محل عذاب بن گئی۔

اس سورت کا ایک نام "تبت" بھی ہے، اس لفظ سے یہ سورت شروع ہوتی ہے، یعنی ابولہب کے دونوں ہاتھ ٹوٹ گئے، وہ تباہ و برباد ہو گیا۔

سورۃ الاخلاص (المکیۃ) اٰیاتھا: ۴۔ رکوعھا: ۱۔

یہ سورت مکی ہے، اس میں چار (۴) آیتیں ہیں۔ سورۃ ناس کے بعد اور سورۃ نجم سے پہلے بائیس (۲۲) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں اخلاص کے ساتھ اللہ کی خالص عبادت کی دعوت دی گئی ہے اور یہی اخلاص انسان کے لیے عذاب سے خلاصی کا ذریعہ ہوتا ہے۔ سورۃ اخلاص کو ایک بار پڑھنے سے ایک تہائی قرآن پڑھنے کا ثواب ملتا ہے۔ اس سورت کی محبت جنت میں لے جانے والی اور اللہ کی محبت دلانے والی ہے۔ دس مرتبہ پڑھنے سے جنت میں ایک محل بنتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ۝ مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ۝ سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۝ وَّامْرَاَتُهٗ ۭ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۝ فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ڏ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

ابولہب کے دونوں ہاتھ ٹوٹ جائیں اور وہ ہلاک ہوجائے ﴿۱﴾ اس کا مال اور اس کی کمائی اس کے کچھ کام نہیں آئی ﴿۲﴾ وہ عنقریب (مرتے ہی) ایک بھڑکتے شعلوں والی آگ میں داخل ہوگا ﴿۳﴾ اور اس کی بیوی بھی جو سر پر جلانے کی لکڑی اٹھا کر لاتی ہے ﴿۴﴾ اس کی گردن میں خوب مضبوط بٹی ہوئی رسی ہوگی① ﴿۵﴾

❁❁❁

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

(اے نبی!) تم (لوگوں کو) کہہ دو: وہ اللہ تعالیٰ ایک ہے ﴿۱﴾ اللہ تعالیٰ کسی کے محتاج نہیں ہیں اور سب ان کے محتاج ہیں ﴿۲﴾ ان کی کوئی اولاد نہیں ہے اور وہ (اللہ تعالیٰ) کسی سے پیدا نہیں ہوئے ہیں ﴿۳﴾ اور اس (اللہ تعالیٰ) کے جوڑ کا کوئی نہیں ہے② ﴿۴﴾

---

① آخرت میں جہنم کے طوق سلاسل اس کی گردنوں میں پڑے ہوں گے، اور دنیا میں بھی اسی طرح ایک رسی گلے میں پھنس گئی جو موت کا سبب بنی، ''گردن'' عورت کے لیے محلِ حسن ہے، جہاں خوب صورت ہار پہن کر زینت کی نمائش کرتی ہے، اس عورت ام جمیل کے لیے محلِ زینت محلِ عذاب ہوگیا۔

نوٹ: ابولہب اور اس کی بیوی کا مفصل واقعہ خطبات محمود جلد: ۸ میں ملاحظہ فرمائیں۔

② (دوسرا ترجمہ) اللہ تعالیٰ کے برابر کوئی نہیں۔

سورۃ الفلق (المدنیۃ)

آیاتھا: ۵۔ رکوعھا: ۱۔

یہ سورت مدنی ہے، بعض حضرات کہتے ہیں کہ مکی ہے، اس میں پانچ (۵) آیتیں ہیں۔ سورۃ فیل کے بعد اور سورۃ ناس سے پہلے بیس (۲۰) نمبر پر نازل ہوئی۔

سورت کی پہلی ہی آیت میں لفظ فلق آیا ہے۔ فلق کا معنی آتا ہے "پھاڑنا" اور صبح کی روشنی سیاہی کے پردے کو پھاڑ کر نکلتی ہے اس لیے اس کو فلق کہتے ہیں۔ فلق کا ایک معنی ہے مخلوق اور مخلوق عدم کے پردے کو پھاڑ کر وجود میں آتی ہے اس لیے اس کو فلق کہتے ہیں۔

آخری ان دونوں سورتوں کو فرض نماز میں پڑھنا نبی کریم ﷺ سے ثابت ہے۔

سورۃ الناس (المدنیۃ)

آیاتھا: ۶۔ رکوعھا: ۱۔

یہ سورت مدنی ہے، بعض حضرات کہتے ہیں کہ مکی ہے، اس میں چھ (۶) آیتیں ہیں۔ سورۃ فلق کے بعد اور سورۃ اخلاص سے پہلے اکیس (۲۱) نمبر پر نازل ہوئی۔

اس سورت میں پانچ مرتبہ لفظ "ناس" آیا ہے۔

بعض حضرات کے نزدیک ناس کا ماخذ "نسی" یعنی بھولنا ہے، حروف کی جگہ بدل کر ناس بنایا؛ گویا انسان نسیان سے ہے جس کا ظہور ہوتا ہی رہتا ہے۔

بعض کا کہنا ہے کہ: نوس سے ہے جس کا معنی ہے "لہریں مارنا، مضطرب ہونا" اور یہ دونوں چیزیں انسانوں میں مختلف طریقوں سے دیکھنے میں آتی رہتی ہے۔ جب لفظ ناس سے خطاب کیا جائے تو اس سے وہ لوگ مراد ہوتے ہیں جن میں مخاطب ہونے کی صلاحیت ہو۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ﴿۱﴾ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ﴿۲﴾ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ﴿۳﴾ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۙ﴿۴﴾ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ﴿۱﴾ مَلِكِ النَّاسِ ۙ﴿۲﴾ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ﴿۳﴾ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ﴿۴﴾ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ﴿۵﴾ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿۶﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

(اے نبی!) تم (لوگوں کو) کہہ دو کہ میں صبح کے رب (اللہ تعالیٰ) کی حفاظت لیتا ہوں ﴿۱﴾ ان کی پیدا کی ہوئی ہر چیز کی برائی سے ﴿۲﴾ اور اندھیری رات کے شر سے جب (اس کا اندھیرا) چھا جاوے ﴿۳﴾ اور ان عورتوں کے شر سے جو گرہوں میں (سحر کے کلمات پڑھ پڑھ کر) پھونک مارتی ہیں① ﴿۴﴾ اور (ہر) حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرنے لگے ﴿۵﴾

❀❀❀

اللہ تعالیٰ کے نام سے (میں شروع کرتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

(اے نبی!) تم کہہ دو: میں حفاظت لیتا ہوں سب لوگوں کے رب کی② ﴿۱﴾ سب لوگوں کے بادشاہ کی ﴿۲﴾ سب لوگوں کے معبود کی ﴿۳﴾ اس وسوسہ ڈالنے والے (شیطان) کے شر سے جو پیچھے چھپ جاتا ہے③ ﴿۴﴾ جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہے ﴿۵﴾ چاہے وہ جنوں میں سے ہو یا انسانوں میں سے ہو ﴿۶﴾

---

① سحر کرنے والے مردوں کی بھی جماعت ہوتی ہے۔ ② رب: جو ابتدا ہی سے انسان کے لیے تدبیر و اصلاح کرے، ہوا سے بارش، بارش سے کھیتی، کھیتی سے غذا، غذا سے منی کا نطفہ، پھر رحمِ مادر کے تمام مراحل ہر جگہ اللہ تعالیٰ کی شانِ ربوبیت کارفرما ہے، پھر یہ اصلاح و تدبیر کا سلسلہ زندگی بھر جاری رہتا ہے اور یہ اصلاح و تدبیر کا سلسلہ چند خصوصی افراد کے لیے نہیں، تمام انسانوں بلکہ اپنی تمام مخلوق کے لیے ہے۔ ③ انسان ذکر کرتا ہے تو شیطان پیچھے چلا جاتا ہے، اور ذکر سے غفلت کرتا ہے تو شیطان آ کر وساوس ڈالتا ہے۔

یہ میرے رب کی نوازش ہے کہ جنھوں نے حیرت انگیز ترتیب سے اس بے علم و عمل کمزور بندے سے اپنی کتاب قرآنِ مجید کے ترجمہ اور حواشی کا کام کروالیا۔

زبان، دل، قلم اس کا شکر ادا نہیں کرسکتا

بس: **اللھم لا نحصی ثناء علیک انت کما اثنیت علی نفسک**

بس درخواست یہ ہے کہ جس طرح اپنے فضل و کرم سے یہ کام کروالیا فضل و کرم فرما کر اس کو قبول فرمالیجیے۔

اپنے بندے بندیوں کے لیے ہدایت کا، خیر کا، قرآن فہمی کا، قرآن پر عمل اور اشاعت کا ذریعہ بنادیجیے۔

حضرت نبیٔ کریم ﷺ کے لیے اور خود بندے کے لیے اور گھر والوں کے لیے اور والدین اور اساتذہ کے لیے اور اس کارِ خیر میں کسی طرح کا تعاون کرنے والوں کے لیے اور پوری امت محمدیہ کے لیے صدقۂ جاریہ بنادیجیے۔

اے اللہ تعالیٰ! اپنا فضل فرما کر قبولیت سے مالامال فرمادیجیے اور اس کو مقبول بنادیجیے۔

آپ کی کتاب کا حق ہم ادا نہیں کرسکتے، کوتاہیوں سے درگذر فرمادیجیے۔

اہلِ قرآن میں شمولیت کا ذریعہ بنادیجیے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم، وتب علینا یا مولانا انک انت التواب الرحیم

وصلی اللّٰہ علی سیدنا محمد وعلی الہ وصحبہ وعلی من تبعھم باحسان الی یوم الدین

❁❁❁

مؤلف کی دیگر مساعئ جمیلہ

نمبر شمار	اسمائے کتب	لغت
۱	عرفات کی دعائیں اور اعمال	گجراتی
۲	ظہورِ مہدی	اردو، گجراتی، ہندی، انگریزی
۳	ہر مسلمان مرد و عورت کے لیے ضروری مسنون دعائیں	گجراتی
۴	خاص خاص فضیلتوں والی مسنون دعائیں	اردو، گجراتی، ہندی، انگریزی
۵	مختصر سیرتِ نبوی ﷺ پہلا حصہ (اسٹوڈنٹس کے لیے)	گجراتی
۶	ہندستان کی جنگ آزادی اور جمعیتِ علمائے ہند (زیرِ طبع)	گجراتی
۷	احمدیہ قادیانی جماعت کا تعارف	گجراتی
۸	ترتیب مبادیاتِ حدیث	اردو
۹	ماہِ رمضان کو وصول کرنے کا جامع مختصر نسخہ	گجراتی
۱۰	عیدالاضحیٰ مسائل و فضائل (پمفلٹ)	گجراتی
۱۱	مرزا غلام احمد قادیانی کی شخصیت کا تعارف	گجراتی
۱۲	مرزا غلام احمد قادیانی کے متضاد دعوے	گجراتی
۱۳	قادیانی غیر مسلم (دیوبندی، بریلوی، غیر مقلد اور جماعتِ اسلامی کے علما کے فتاوی)	گجراتی
۱۴	ختمِ نبوت، قرآن و حدیث کی روشنی میں	گجراتی
۱۵	دیکھی ہوئی دنیا (اول، دوم)	اردو
۱۶	خطباتِ محمود (اول تا ہشتم)	اردو

۱۷	دینی بیانات (اول تا ہشتم)	گجراتی
۱۸	مسنون وظائف	اردو، گجراتی
۱۹	منتخب مسنون دعائیں	اردو
۲۰	بیعت	اردو، گجراتی
۲۱	آسان حج	گجراتی
۲۲	اسلام کا امن اور شانتی کا پیغام	گجراتی، ہندی
۲۳	حج کے پانچ ایام	گجراتی
۲۴	ممبئی سے مکہ مکرمہ	گجراتی
۲۵	زیارت مدینہ منورہ	گجراتی
۲۶	مختصر عرفات کے اعمال اور دعائیں	اردو
۲۷	مکتب کے بچوں کے لیے منتخب مسنون دعائیں	اردو، گجراتی ہندی
۲۸	تذکرۂ قاریان بارڈولی	اردو
۲۹	حضرت شیخ الہندؒ اور ریشمی رومال	گجراتی
۳۰	مسلمانوں کا خزانہ	گجراتی

نوٹ: انٹرنیٹ پر: بخارا، مسجد اقصی، ترکی، اسپین، طائف وغیرہ اسفار کی کارگزاری اور دیگر علمی بیانات اور سورت میں ہونے والی ہر پیر کی قرآن مجید کی تفسیر کی مجلس اور جلالین شریف کا درس اور مکاتب میں تعلیم کا انوکھا آسان سہل طریقہ یہ سب چیزیں دیکھنے اور سننے کے لیے حسب ذیل ویب سائٹ کا استعمال کریں:

WWW.NOORANIMAKATIB.COM

اس ویب سائٹ پر بہت ساری کتابیں مفت میں ڈاؤن لوڈ بھی کرنے کی سہولت ہے۔